کو چھوڑنا ـ تارک ہونا ـ میلی ـ باز تیر مژه بر جان بلاکش زد و رفت ✤ ہمچو
برق آمد و در خرمنم آتش زد و رفت ✤
آتش سرد کردن ـ آگ بجھانا کسی کے غصه کو فرو کرنا اطمینان دلانا ـ حافظ ـ
یا رب این آتش که در جان من ست ✤ سرد کن زانسان که کردی بر خلیل ✤
آتش عنان ـ تیز رفتار گھوڑا اور چالاک سوار ـ صائب ـ ناله آتش
عنانم رخنه در گردون کند ✤ گریه پا در رکابم کوه را ہامون کند ✤
آتش افشان ـ بجلی اور پھلجھڑی جو ایک قسم کی آتشبازی ہے ـ مولانا اکبر ـ
زند آتش ببام چرخ آه آتش افشانم ✤ بر آرد دود از دریای جیحون چشم گریانم ✤
آتشگون ـ سرخ رنگ خوبصورت ـ و نام ایک سرخ پھول کا جو لاله کی قسم سے ہے ـ
آتش کاو ـ وه لکڑی جو آگ مین جلائی جائے ـ اور جو اله جو لکڑی کے
دونون طرف تیل کے بھیگے ہوئے لتے باندھ کر اور جلا کر پھراتے مین
یه ایک مشہور کھیل ہے ہند مین اسکو بنیٹھی بولتے ہین ـ
آتش فروزه ـ یه ایک ہوائی تیز آتشباز بناتے ہین ـ آگ دینے پر
سیدھا نشانے پر جاتی ہے ـ
آتش افروزنه ـ ایندھن ـ لکڑی وغیره جو آگ مین جلائین ـ
آتشپاره ـ معشوق شوخ و شنگ و طرار ـ سعید اشرف ـ شوخ آتشپاره ام
ہرگز نه گردد رام تو ✤ اضطرابم شعله جواله گرد دام تو ✤
آتش دیده ـ جلا ہوا یا جلتا ہوا ـ صائب ـ آسمان چون خانه زنبور
آتش دیده است ✤ در ته این سقف آتشبار چون خواهد کسے ✤
آتش زنه ـ سنگ چقماق ـ منوچہر ـ ای خداوندیکه روز چشم تو از
بیم تو ✤ در جهد آتش بسنگ آتش و آتش زنه ✤
آتشین رخساره ـ آتشین رخسار ـ خوبصورت آدمی اور معشوق ـ سلوف ـ
کن نثار از دو دیده آب سرشک ✤ در غم یار آتشین رخساره ✤ وله ـ
مهر طلعت آتشین رخسارهٔ ✤ دلبر زهره جبین مه پارهٔ ✤

الف ممدوده باجیم

آجیدن ـ دوختن یعنی سینا ـ

الف ممدوده باخاے

آخر سالار ـ گھوڑون کا داروغه ـ میر آخور ـ خاقانی ـ ہر جا که
براق احمدی ہست ✤ آخر سالار جبرئیل ست ✤

آختن - کھینچنا اور نکالنا تلوار کا میان سے - سعدی - اگر تیغ
دورانش انداخت ست + نہ شمشیر دوران ہنوز آخت ست +
آختہ - نکالی گئی تلوار میان سے - سعدی - ایا شمشیر جفا بر سر ما
آختہ + صلح کردیم کہ ما را سر پیکان تو نیست +
آخرگاہ - گھوڑون کی گھاس دانہ کھانے کی جگہ - میر خسرو - ابلق ایام
در آخر گہش + زاویۂ فقر نفاخر گہش +

الف ممدودہ با دال مہملہ

آدم پیرا - ذات حق جل وعلا و مرشد و اُستاد -

الف ممدودہ با ذال معجمہ

آذر افزا - آگ جلانے والا - نان پز وغیرہ -

الف ممدودہ با رائے مہملہ

آرزو سنج - امیدوار - صاحب تمنا - التجائی - میر خسرو - بخاک
پاے او چرخ آرزو سنج + سران را دست جودش دادہ صد گنج +
آرزومند - خواہشمند - اُمیدوار - ؎ سران ملک با او بستہ
پیوند + شہان بر در ستادہ آرزومند +
آرزوناک - خواہشمند - امیدوار - زلالی - پئے اظہار عشق آرزوناک +
چو لعل از کان تہمت دامنش پاک +
آرزو آمدن - تمنا رکھنا - امیدوار ہونا - میر معزی - آرزو باید
ہمی بغدادیان را با تو شاہ + روزگار معتصم بار روزگار مستعین +
آرزو بخاک بردن - زندگی مین تمنا حاصل نہونا اسی آرزو مین مرجانا -
شفیع اثر - زلیس نداشت بدنیا لباس گردن بخاک حسود تو آرزو بکفن +
آرزو برلستن - مقصود حاصل ہونا - میر خسرو - کسیکہ دست بفتراک
دولت تو زند + ہزار آرزو از روزگار بر بندد +
آرزو پختن - امیدواری کی حالت مین رہنا - سعدی - وان دگر
پخت ہمچنان ہوسے + وین عمارت بسر نہ برد کسے + صائب
آرزوہای کہ دل در دیگ فطرت می پزد + چون نباشد خام شیر خام خوردہ ستہ
آرزو تراویدن - کسی کی رویت اور صورت سے اُسکی تمنا کا حال
دریافت کرنا - قاسم مشہدی - باشک حسرتم از دیدہ آرزو
تراود + زبیم رفتنت از بس اضطراب نگریم +
آرزو خواستن - مطلب مانگنا سوال کرنا - نظامی - غرور سے چہ باید
برآراستن + نہ بہجاے خود آرزو خواستن +
آرزو داشتن - امیدوار رہنا تمنا رکھنا - ظہوری - داشتم صد
آرزوے مردہ پیش + از نگاہش جملہ را جان در تن ست +
آرزو در جگر داشتن - نا امید ہوجانا - صائب - ہر آرزو کہ شکنی
امروز در جگر + فردا کہ این قفس شکند بال و پر شود +
آرزو در کنار گذاشتن - آرزو ملنا مقصود پر پہونچنا - صائب
توقعی کہ مرا از سپہر ہست اینست + کہ آرزوے مرا در کنار نگذارد +
آرزو در کنار کشیدن - مطلب پر پہونچنا - ؎ ہر کس کشید
آرزوے خویش در کنار + من دست خویش در بغل خود کشیدہ ام +
آرزو سوختن - نا امید ہونا - نامراد رہنا -
آرزو کردن - التجا کرنا - مطلب چاہنا - ؎ دست گر کوتاہ
باشد آرزوے میکنم + زلف مشکین ترا از دور بوسے می کنم +
آرامگاہ - وہ جگہ جہان کوئی آرام پاے - ؎ نیست آسایش
درین ویران مقام + نیست آرامے درین آرامگاہ +
آرام گرفتہ - ٹھہرا ہوا - آرام کی حالت مین - میر خسرو - باز آمدہ
تا بنجائی و لبسوزی + وز شور میار این دل آرام گرفتہ +
آرزوگاہ - امید کا مقام - نظامی - دران آرزوگاہ فرخار
ولیس + نکرد آرزو با مقابل بکیس +
آرزو خواہ - امیدوار - تمنائی - سائل - نظامی - دل شحنۂ
نکتہ آگاہ شد + ازان آرزو آرزو خواہ شد + -
آرزوکدہ - امید کی جگہ - مطلب کا مقام - ظہوری - سوزاغ گشتہ
سینہ ام از داغ حسرتی + میخواست آرزوکدہ ام روزنی چنین +

الف ممدودہ با زائے معجمہ

آزاد درخت - یہ درخت جرجان مین ہوتا ہے - طاق و ملک و
علقم زجرہ بھی اسکے نام ہین اسکے میوہ کو حنظل بولتے ہین
لکڑی اسکی عمدہ ہوتی ہے - اور پتی سم قاتل جو کھاتا ہے مرجاتا ہے والہ ہروی
آزاد درخت چمن عشقم و دہقان + پیراہن بلبل کند از برگ خزانم
آزاد مرد - بی تکلف خوش مزاج آدمی - نظامی - سخن سید
صراف آزاد مرد + وز آمیزش زر بد و قصہ کرد +
آزمند - خواہشمند - حریص - طماع - سوزنی - حاسد و
بدخواہ جاہ او بمرگ ست آزمند + گر درین حسرت بمیرد باک نے دگو بمیر +
آزرم ساز - صلح کل - نیک خو - خوش مزاج - میر خسرو -

آمده آدر پذیرای راز + قصهٔ آزرم بآزرم ساز +

آزاد طبع - جو شخص کسی کا کہنا نہ مانے اپنے خیال پر کام کرے - صائب
بر سر آزاد طبعان سایهٔ بال ہما + در گرانی ہیچ کم از تیشهٔ فرہاد نیست +

آزدن - بخیہ کرنا - سینا - امتحان کرنا -

آزمودن - آزمانا - امتحان کرنا -

آژندن - ہموار کرنا - سوہان کرنا - سینا -

آژندیدن - دو اینٹون مین گارا یا چونا لگانا -

آژیدن - چھید کرنا - سینا -

آژبریدن - مہیا کرنا - آمادہ کرنا - خبردار کرنا - ہوش مین لانا - آواز دینا -

آزادرو - اپنے ارادے پر چلنے والا - خودرو - سه - فرض عین سعی
بآزادروان عزت خار + قطرهٔ چشم درین مرحله میباید نبود +

آزاد دارو - جنگلی چقندر جسکی بیج کو خلیمون کہتے ہین - نقرس و وجع المفاصل
کو اسکا ضماد مفید ہے -

آزادنامہ - وہ وثیقہ جو مالک غلام کو بعد آزاد کرنے کے لکھدیتا ہے - طاہر وحید
دیوانہ ام شوم ز تراشیدن خطش + چون بندهٔ که گم کند آزادنامه را +

الف ممدودہ با سین مہملہ

آسمان از کجا و ریسمان از کجا - بیڈھنگ اور لغو کلام - جسکا
نہ سر ہو نہ پانون - مولوی معنوی - دلا دلا بسر رشته خوش مثل
بشنو + که آسمان ز کجا هست و ریسمان ز کجا +

آستان روب - غلام - خدمتگذار - فراش - آملی - گہے بزاویهٔ
کعبه سجده کردانم + گہے بطرف صنمخانه آستان روبم +

آسایش از بی آبروئی دائرست - یعنے اسکے کام کا مدار
بے آبروئی پر ہے - محسن تاثیر - آسیائی ہر که از بی آبروئی دائرست +
میتواند چون فلک با عالمے یکرو کند +

آسمان سیر - عالی ہمت - صاحب حوصلہ - صائب - از جنون
این عالم بیگانه را گم کرده ام + آسمان سیرم زمین خانه را گم کرده ام +

آسمان گیر - شامیانہ - خیمہ - سائبان - سالک ہروی - بجز
گلیمم زمین نیست فرش در زیرم + بغیر دود جگر نیست آسمان گیرم +

آسیمہ سر - مضطرب و غمناک -

آسمان خیز - نہایت بلند و بلند مرتبہ - ظہوری - سرم بسجدهٔ ہر در
فرو نمی آید + بآستان تو نازم که آسمان خیز ست +

آستان بوس - آداب بجالانا اور آداب بجا لانیوالا - نوکر غلام - میر خسرو
بادشاہا ہمہ شاہان که بجواب ابد اند + آستان بوس تو در خواب تمنا کردند +

آسان نیوش - سرسری بات سننے والا - نظامی - چه پنداری ای مرد
آسان نیوش + که آسان تراز در توان کرد گوش +

آستین گل - جھولی بھری ہوئی پھولون کی -

آستین از چشم برداشتن - رونا - ظاہر کرنا - صائب - سگ دیوانه من
آستین از چشم بردار + کند فوارهٔ خون گردباد این بیابان را +

آستین از دور برداشتن - آواز دینا - خبردار کرنا - مفید بلخی - حیرت
عشقم ز راه خاکساری برده بود + گرد بادی گرمی برداشت از دور آستین +

آستین از دہن برداشتن - ہنسنا - مسکرانا - جمالی - درون چمن که تو
برداری آستین ز دہن + در آستین کند از شرم خنده پنہان گل +

آستین از دیده برداشتن - رونا - آنسو بہانا - صائب - گذارند آستین
بر چشم خود سنگین دلان صائب + اگر من آستین از دیدهٔ خونبار بردارم +

آستین از مژه جدا کردن - رونا - جوش ظاہر کرنا - قدسی - آستین
از مژه ترکه جدا کرد که باز + سیلے آمد که بگرداب فرو شد دریا +

آستین فشاندن - رونا ترک کرنا - الگ ہونا - صائب - ہیچ کارے
بی تامل گرچه صائب خوب نیست + بی تامل آستین فشاندن از دنیا خوش است +

آستین بالا زدن - آستین بالا کردن - لڑنے کو مستعد ہونا - ابو طالب کلیم
آستین گریه را گاہی که بالا میزنم + سیلی سیلاب بر رخسار دریا میزنم - میر فطرت
خوش نمایدمی ز مینای بلورین ریختن + شوخی رنگ حنائیش آستین بالا کند +

آستین بر جبین کشیدن - غمخواری کرنا - منہ پونچھنا - غبار جھاڑنا - ظہوری
در غبار کوی غم ردی ظہوری گشت گم + آستینے بر جبین کش خاکسار خویش را +

آستین بر چشم کشیدن - تسلی دینا - آنسو پونچھنا - صائب - نیست غیر از
آه غمخواری دل تنگ مرا + رشته گاہی آستین بر چشم سوزن مے کشد +

آستین بر چیزی زدن - ترک کرنا - چھوڑنا - انکار کرنا - ناظم تبریزی
کی شراب از دست این خونناب کش خواہد گرفت + آنکه از ناز آستین بر آب کوثر میزند +

آستین بر دیده گذاشتن - آنسو پونچھنا - رونے نہ دینا - صائب
اول بگیر رخنهٔ طوفان نوح را + دیگر بیا بدیدهٔ ما آستین گذار +

آستین بر چیدن - کسی کام پر آمادہ ہونا -

آستین بہ تر کردن - الگ رہنا - جدا رہنا -

آستین بر زدن - آمادہ و مستعد ہونا - عبد اللہ ہاتفی - تیغ سودگی
را قلم در زدند + بکار نبرد آستین بر زدند +

آستین بر شمع زدن - شمع کو گل کرنا - طالب آملی - در بزم سینه ها
نتوان یافت جز دلم + پروانه که بر رخ شمع آستین زند +

آستین برگناه کشیدن - گناه معاف کرنا - میر خسرو - چو دشمن بزاری شود عذر خواه + برحمت بکش آستین برگناه +

آستین بالیدن - کسی کام پر آماده ہونا - آصفی - آستین مالیده دامن برزد آن بیباک مست + وای بر چون من که افتادم زپا رفتم ز دست +

آسمان بازمین دوختن - کامل تیر اندازی کرنا - فردوسی - گہے از کنار د کمان روز کین + بدوزم ہمی آسمان بازمین +

آسمان در چشم کسی لیسمان بودن - نہایت غرور و تکبر کی حالت مین ہونا - نظامی - ملک زمستی آنساعت چنان بود + که در چشمش آسمانش لیسمان بود +

آسمانرا بابرو پوشیدن - ایک علانیہ امر کو ناحق چھپانا - نظامی - اگر پیکر نیست چندین مجوش + بابروے خود آسمانرا مپوش +

آسمانرا بزمین آوردن - مشکل کام کو آسان کرنا - باقر کاشی - آسمانرا بزمین آورده ام + تا بابروے تو چین آورده ام +

آسیا بآب خضر گشتن - ہمیشہ سے صاحب عزت ہونا - محسن تاثیر - جاوید گشته غیرتم از پاس آبرو + گردد بآب چشمه خضر آسیاے من +

آسمان برین - فلک الافلاک جو بلند ہے - مولف لغت مین - بسوے مدینه بود صبح و شام + بسجده سر آسمان برین + ستاده سلیمان و اسکندر ست + بدربانے خاتم المرسلین +

آسیاے دندان - وہ دانت جن سے کھانا چبایا جاتا ہے - صائب - بہر که سر چه نه رو نیست داده اند آنرا + بس است آب ہن آسیاے دندانرا +

آسیب رسانیدن - صدمہ پہونچانا - تکلیف دینا - سروری کاشانی - ز سری نقد جان برافشانم + دلی ترسم که ہجر رساند آسیبی با جانانرا +

آسیب زدن - دھکا دینا - رنج پہونچانا - فرقدی - شعلہ قہر تو گر با تو ترا آسیب زند + زو برآید مہجبان از قعر دوزخ التہاب +

آسیب یافتن - تکلیف پانا - رنج اٹھانا - عرفی - ز ایران گر دولت آسیب می یابد بدین سرش بر + که بر بندند ز کفر بر بازوے ایمانش +

آستین پاره - حالت افلاس و تنگدستی - اسماعیل ایما - گوشه فقر است آیا مانع رنگینیم + آستین پاره پوشیدست احوال مرا +

آسمان ذره - کہکشان جو صورت مجموعی ستارون کی آسمان پر ہے - منجک - بکجا که روی بالکف گہر افشان + چو آسمان ذره سازی زلبس گہر بازی +

آسمان کشای - وہ عقدہ جو آسانی سے کھل جاے - صائب - اگرچه بر دل دریاست بار عقده من + خوشم که عقده ام آسمان کشاست ہمچو حباب +

آسان گذاری - کسی چیز کو آسانی کے ساتھ چھوڑ دینا - غم نہ کرنا - نظامی - بآسان گذاری دمی میشمار + که آسان زید مرد آسان گذار +

الف ممدوده با شین معجمه

آش دم پخت - یہ ایک قسم کی آش ہے جسکے پکانے کے وقت آٹا لگا کر دم بند کر دیتے ہین - شفیع اثر - واعظ از اجر ضیافت بسکه میشود زدرش + آش دم پختے برائے خود مہیا می کند +

آش تو در کاسه نیست - تیرا رزق تجھکو ملیگا - حیاتی گیلانی - ترا ہیم از تو تلواسه نیست + و گرنه آش تو در کاسه نیست +

آش خمار - یہ آش شراب کے خمار کے دفع کرنے کے لیے شرابی کو پلاتے ہین -

آشفته روزگار - دلگیر و غمناک و پریشان - صائب - دست نوازشے تو بزلف آشنا کنی + غافل مشو ز صائب آشفته روزگار +

آشنا گر - آشناور - پانی پر تیرنے والا - تیراک - دبیراک - سید حسن شفائی - دلبسته روزگار بر زرق شدن + با نیستہ لقای چون برق شدن + چون مردم آشنا گر اندر گرداب + دستے زدن ست و عاقبت غرق شدن +

آش مزور - آش تزویر - یہ ایک آش ہے جو بجاے پانی کے بیمار کو دیتے ہین -

آش پرہیز - اوگرا جو بیمار کو پکا کر کھلاتے ہین -

آشفته مغز - دیوانہ و حواس باختہ - طالب آملی - در نشاط آشفته مغز و در مصیبت خوش دماغ + نغمه مخمورانه اما شیونم مستانه است +

آش مویز - یہ آش انگور سے بناتے ہین -

آش دقیق - یہ آش چانولون کے آٹے سے پکائی جاتی ہے -

آش خلیل - یہ آش مسور کے غلہ سے بناتے ہین - عدسیہ بھی اسکا نام ہے - چونکہ موجد اسکا خلیل طبیب تھا اُسکے نام سے مشہور ہوئی -

آشفته حال - آشفته دل - پریشان و غمگین - ابتر حالت مین ہو - چہرہ آشفته حالان میدہد از دل خبر + گرچه نشان و عرض مطلب بزبان قلم ...

آش پختن - آش پکانا - کسی کی بدی کی تجویز مین ہونا - ظہوری - کاسه خورشید لیسیدن نمی آید ز من + گو فلک می پزد کین روز آش گرم

آشنائی دادن - دوست ہونا آشنا بنانا - کمال اسمٰعیل - من آنم زخویش بیگانه گشتم + که افتاد با تو مرا آشنائی +

آشوردن - ملانا - خمیر کرنا - گوندھنا -

آشوفتن - خراب کرنا - پریشان کرنا - سعدی - چو زنبور خانه برآشوفتی + گریز از محلت که در اوفتی +

آشنا زده - وہ شخص جو دوست آشنا سے نفرت رکھتا ہو - مفید بلخی - زفکر معنی بیگانه میکند وحشت + دل رسیده من بسکه آشنا زده است

آویزگن - وہ گدا جو بے لیے بغیر دروازے سے نہ ٹلے -

آویختن - لٹکانا - اور لٹکنا - اور لپٹنا - صائب - مبادا آہ کم صبت بدامانت درآویزد + زخلوت برمیا زنہار بیا کانہ درشب ہا +

آوریدن - حملہ کرنا - لڑنا - لانا -

آوردن - بردن کے مقابلہ پر لانا - لڑنا - حملہ کرنا -

آواز افتادن - بیٹھ جانا آواز کا - خراش پیدا ہونا - میر خسرو - موذن قرص صوفی رازدہ کاز + زحلوا خوردنش افتاد آواز +

آواز با واز رساندن - پے درپے آوازین دینا - سالک یزدی - بانگ جرس قافلۂ راست روانم + دربادیہ آواز بہ آواز رسانم +

آواز بدل دزدیدن - آواز چرانا - بولتے بولتے رہ جانا - میر خسرو - دل بانگ دزدیہا کند کش نشنوی فریاد من + ازنالہ ہا غیرت برم وزدم بدل آواز

آواز برآمدن - آواز نکلنا - صدا بلند ہونا - حافظ - غزل سرائی ناہید صرفہ میزد + دران مقام کہ حافظ برآورد آواز +

آواز برخاستن - آواز کا اٹھنا - بلند ہونا - شوکت بخاری - سبک گلگون قبایم چون پی رفتن زجا خیزد + زدست از رفتن رنگ حنا آوازپا خیزد +

آواز برکشیدن - آواز نکالنا - حافظ - صبا بمقدم گل راح روح بخشد باز + کجاست بلبل خوشگو کہ برکشد آواز +

آواز بلند شدن - آواز کا بلند ہونا - صائب - مہر بر لب زن کہ درخاموشی جاوید ماند + چون سپند آنکس کہ کرد آواز در محفل بلند +

آواز پیچیدن - آواز کا بند ہو کر نکلنا - میرزا بیدل - ندانم دل اسیر کیست اما اینقدر دانم + کہ در گرد نفس پیچیدہ است آواز زنجیرے +

آواز دادن - آواز دینا - بلانا - طلب کرنا - صائب - عاشق دل شدہ ہر چند کہ آواز دہد + کوہ تمکین تو مشکل کہ صدا باز دہد +

آواز داشتن - صاحب آواز ہونا - آواز دینا - صائب - نمی بود اینقدر خواب غرور دلبران سنگین + اگر میداشت آوازی شکست شیشۂ دلہا

آواز کردن - آواز کرنا - بلانا - طلب کرنا - صائب - خضر در بادیہ شوق زہمراہی من + این قدر دور نماندست کہ آواز کنم +

آواز چیزی نشاندن - کسی چیز کو گمنام و بے عزت کرنا - ظہوری - خون ناب جگر بسر شک کردیم + آوازۂ ارغوان فشاندیم +

آوازہ شدن - مشہور و معروف ہونا -

آواز خراشیدن - آواز جو زیادہ بولنے سے بیٹھ جاسے - آقا ہی نیشاپوری - از بہد میم بے تو بزندان غم ہجر + آواز خراشیدہ وزنجیر گرفت است +

آوردگاہ - لڑائی کا میدان - معرکہ کی جگہ - فردوسی - دو جنگی بکردار درندہ گرگ + نہادند آوردگاہ بزرگ + نظامی - ہمان رفت و آمد با وردگاہ + کہ وا ماندزود ہم در نیمہ راہ +

الف ممدودہ باہاے

آہوپا - تیز رفتار - اور شتاب چلنے والا - میر حسن دہلوی - خود از یک کلک آہوپای چندان نافہ ریزداد + کہ ہر یک نافہ صد آہو کند ہر نافہ آہو را اور وہ مکان جو شش پہلو بنا ہو - اور متفرنس صورت کا گھر - ابوالفرج - ای بمبارک بنای آہوپاے + آہوے نانہادہ در تو خداے طلحہ قیت و برجستن چو آہو تند خیز + گاہ بر رفتن چو آہو تیز پا +

آہن خا - اسپ توانا و پر زور - تیز رفتار -

آہو گذشت - وقت جاتا رہا اب کچھ نہین ہوگا - تاثیر - چون جوانی گذشت از کار جوانان ہم مکن + رنج بیجا می بری اے دل خبر آہو گذشت

آہ کش - آہ کھینچنے والا - عاشق ظہوری - خطاب تو مستغنی ای ماہ وشش + مرا نام بیچارۂ و آہ کش +

آہن رگ - چست و چالاک و قوی -

آہن دل - سخت - دلاور - پہلوان - میر خسرو - مرد کہ آہن دل و روئین تن است + نی زرہش حاجت و نی جوشن است +

آہن چنگال - سخت پنجہ و صاحب زور - سعدی - سایہ پروردہ چہ طاقت آن + کہ رود با مبارزان بقتال + سست بازو بجہل می فگند + پنجہ با مرد آہنی چنگال +

آہو چشم - جسکی آنکھین ہرن کی سی ہون - جو کسی کا لحاظ نہ کرے جاننے والون سے نفرت کرے - ملا منیر - دانستم زان شوخ آہو چشم امید نگاہ + گوشۂ چشمے نمود از دور و گفت آہو گذشت +

آہ از لب گسستن - آہ کا لب سے نکالنا جدا کرنا - درویش والہ ہروی - سیر طبع از کسوف فسق در بیت الشرف + زین خجالت آہم از لب نگسلد شندہ

آہ با آہ انداختن - پے درپے آہ کرنا - علی ترکمان - نظر از دیدہ ہمان بہ کہ براہ اندازیم + در رہ شوق نگاہی بہ نگاہ اندازیم + از دل سوختہ در فرقت آن ماہ لقا + پردہ افگنم و آہ باہ اندازیم +

آہ بر دمیدن - آہ کرنا - آہ نکالنا - طالب آملی - چون بر دمسم زرد زن بدل آہ آتشین + تمثال اژدہا زگریبان برآورم +

آہ پیچیدن - آہ کا منہ سے نکلنے نہ پانا - صائب - مرا آہ خموشی در دل دیوانہ می پیچد + کہ از بی روزنی ہا دود در کاشانہ می پیچد +

آہ در جگر نبودن - مفلس اور تنگدست ہونا - کمال اسمٰعیل

آن سپہر گشتہ کہ نبود آہ در جگر + آرزوغ امتلا زند اکنون زخوانِ شکر +
آہ زدن - ٹھنڈی سانس لینا - بابا فغانی - بس آہ زدیم چون
فغانے + فریاد رسی نہ ماند مارا +
آہن افسردہ کوفتن - لغو اور بیفائدہ کام کرنا - سعدی -
آہن افسردہ می کوبد کہ تہبد + با قضاے آسمانی میکند
آہن انداختن - زنجیر اتارنا - قید سے نکالنا - نظامی - بخیرہ وبیلا نرا
بر خویش خواند + سزا در ترجا ئیگاہی نشاند + زپا وز دست آہن انداختش
زمنسوج زر خلعتے ساختش +
آہن پوشیدن - ہتھیار پہننا -
آہن جان - بہادر آدمی - جمال الدین سلمان - حلقہ شد پشت
من از بار ومن آہن جان + ہمچنان در ہوست روی برین در دارم +
آہن سرد کوفتن - لغو ولا حاصل کام کرنا - فطرت - تا بکی لبسمل
ما بردم تیغ توحید + آہن سرد کسے چند بکوبد اینجا +
آہوی لنگ گرفتن - عاجز کو مارنا غریب کو ستانا - صائب -
بود مصاف تو ہر وقت با شکستہ دلان + ہمیشہ شیر تو آہوی لنگ میگرد +
آہیختن - کھینچنا نکالنا تلوار کا میان سے -
آہ کشیدن - غم کرنا - آہ کھینچنا - سے روز محشر جو بہ پرسند کہ خون
تو کہ ریخت + آہ حسرت کشم و سوے تو نظارہ کنم +
آہنجیدن - کھینچنا - نکالنا - جذب کرنا - شرف - چونکہ آن گہ گہ
نشترت افشاند این دائم کرد + چونکہ آن گہ گہ بخار آہنجد این دائم روان +
آہستہ خو - نرم خو - نرم مزاج - برد بار - گھوڑے کی تعریف میں سے
ہم آہو جہد ہم آہستہ خو + ہم یوز رنگ + ہم آہستہ خو ہست ہم تیز گام +
آہن گاو - زمینداروں کی ہل جس سے زمین درست کرتے ہیں
آہستہ رائی - متحمل - مآل اندیش - بردبار - نظامی - کرا - ن
نگارندہ ان مرد آہستہ راے + چہ از رسم خدمت نیارد بجاے +

الف ممدودہ با یاے تحتانی

آئینہ سیما - محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی - کلیم - میکنم بیتابی خود را
تماشا بیشتر + روبرو ہر کہ با آن آئینہ سیما میشوم +
آئینہ تاب - تلوار کی تعریف مین کہا جاتا ہی - نظامی - درخشیدن
تیغ آئینہ تاب + درخشان تر از چشمۂ آفتاب +
آئینہ دست - آرسی کا آئینہ جو انگشتری مین نصب ہوتا ہی - نظامی
کلید یکہ گنجینہ را ز یتام دید + در آئینۂ دست گشت آن کلید +

آئینہ فتح - شمشیر یعنے تلوار - نظامی - گرہ بر میاور با بروے
خویش + در آئینۂ فتح بین روے خویش -
آئینۂ تصویر - وہ آئینہ جو تصویر پر لگایا جاتا ہی - صائب - صلح کردیم
بیک نقش ز نقاش جہان + محو یک چہرہ چو آئینۂ تصویر شدیم +
آئینہ دار - آئینہ دکھلانے والا - لوگون کے عیب ظاہر کرنے والا - سے
کن نہ عیب خلق در دہر آشکار + ہان مشو مثل فلک آئینہ دار +
آئینۂ پیل - آئینہ جو ہاتھی کے ماتھے پر باندھتے ہین - نظامی -
ز آئینۂ پیل و زنگ شتر + صدف را شبہ رستہ بر جاے دُر +
آئینہ بخاکستر کشیدن - آئینہ صفا کرنا - راسخ - بخاکستر کشم
آئینہ خویش + پر پروانہ سازم سینۂ خویش +
آئینہ برہم خوردن - خراب ہونا - آئینہ کا - صائب - پیشانی عفو
ترا پر چین نسازد جرم ما + آئینہ کی برہم خورد از زشتی تمثالہا +
آئینہ گاہ - عورتون کی سنگار کی جگہ -
آئین پرستی - متابعت وفرمانبرداری - نظامی - پریچہرہ چو از
سر تخت خویش + فرود آمد وخدمت آورد پیش + عروسانہ بر کرسی
نشست + شہنشاہ را گشت آئین پرست +
آئین بندی - شہر کی آرایش جو بادشاہی جلوس کے روز کی جاتی ہی
آئینۂ چینی - آفتاب عالمتاب اور وہ آئینہ جو چین میں مس برنج سونا
چاندی ملکے سکہ جست وغیرہ دھاتون سے بنایا جاتا ہی - عربی مین اسکو
سنجنجل کہتے ہین - لقوہ کی بیماری کی وہ عمدہ دوا ہی - یوسفی - آنرا کہ رسد
از مرض لقوہ گزند + باید کہ بیاد دار دازمن این پند + آئینۂ چینی بنظر
آوردہ + در خانۂ تاریک نشیند یک چند + نظامی - چو آئینۂ
چینی آمد پدید + سکندر سپہ را سوے چین کشید +
آئینۂ سکندری - یہ ایک صنعتی آئینہ ارسطو نے بنایا اور اسکندریہ
کے پاس دریا کے کنارے مینار پر نصب کیا تھا تاکہ اس آئینہ سے
اہل فرنگ کا حال جو سکندر کے مخالف تھے معلوم ہوتا رہے اور اس
عمل سے دو بار فرنگی مقہور ومنکوب ہوئے تیسرے بار محافظان آئینہ کی غفلت
سے فرنگی غالب آ گئے اُنھون نے مینار گرا دیا آئینہ دریا مین ڈال دیا شہر کو
لوٹ لیا - جب سکندر سرزمین کی سیر سے واپس آیا تو شہر کو پھر آباد کیا - چونکہ
آئینہ فولادی تھا ارسطو نے کشتی کی تہ مین مقناطیس نصب کرکے کشتی دریا
مین چلائی - جذب مقناطیسی سے آئینہ دریا کی تہ سے اُٹھکر کشتی کو
چمٹ گیا اس حکمت سے ارسطو نے آئینہ دریا سے نکالا اور دوبارہ
مینار پر نصب کیا اور ہشیار محافظ مقرر کیے -

چوتھی فصل

اصطلاحات و محاورات اُردو کے بیان مین

الف ممدوده با با

آب آب ہونا - پسینے پسینے ہونا - شرمنده ہونا -
آباد کرنا - کسی مکان کو رہنے کے لائق کرنا زمین جوتنا کھیتی کرنا بنجر توڑنا -
آب چڑھانا - آب بڑھانا - صیقل کرنا - جلا کرنا - سان پر دھرنا تیز کرنا -
آبخورے بھرنا - شربت یا دودھ کے آبخورے بھر کر خدا کی راہ مین بانٹنا یہ ایک منت ہی -
آبرو اُتارنا - آبرو بگاڑنا - آبرو خاک مین ملانا - مولف - چشم گریبان کے مقابل ہر گوہر بار کی + آبرو اتری کی عزت خاک مین ملجائیگی +
آبخرے دماغ کو چڑھنا - بخارات کا دماغ کو صعود کرنا - دیوانہ بیہوش باولا - مغرور و متکبر ہوجانا -
آپ کو دور کھینچنا - خودی و تکبر مین آنا - اپنے آپ کو بڑا اور دون کو خُرد تصور کرنا - اپنے آپ کو لائق لوگون کو نالائق جانتا - محمد انور حکیم اپنی کم فہمی سے مرد خود پرست + کھینچتا ہی دور اپنے آپ کو + دیوتے بد تری گرچہ وہ شریر + جانتا ہی ہو را اپنے آپ کو +
آپ کو شاخ زعفران جاننا - بڑائی و غرور کرنا - اپنے آپ کو زمانہ سے نرالا جاننا - مولانا اکبر لاہوری یان تھی مولی باپ تھا جنکا پایہ + گلشن عالم مین بے نام و نشان + حق کی قدرت ہی کہ اپنے آپ کو + جانتے ہین آج شاخ زعفران
آپ کو آسمان پر کھینچنا - غرور کرنا - گھمنڈ مین آنا - متکبر ہونا - محمد انور حکیم پیرا خاک ہی جب آدمی زاد + بدن بھی خاک سے اسکا بنا ہی + پھر اپنے آپ کو کس واسطے یہ نا زمین سے آسمان پر کھینچتا ہی -
آپا دھاپی پڑنا - اپنی فکر پڑجانا - دوسرے کا خیال نہ رہنا -
آپہونچنا - قریب آجانا - نزدیک ہونا - مولف در نعت نبی فرش زمین سے جب بہ بام عرش جا پہونچا + ندا آئی مکان و لامکان کا مالک آپہونچا +
آپ سے آپ باتین کرنا - بک بک کرنا بڑ مارنا -
آپ سے باہر ہوجانا - غضب کی حالت مین اپنے قابو مین نہ رہنا بے بس ہوجانا
آپے مین آنا - ہوش مین آنا - حواس باختہ درست ہونا -
آپے مین نہ رہنا - ہوش مین نہ رہنا - حواس باختہ ہونا -
آپ ہی آپ - خود بخود - اپنی ذات سے بہ ذات خاص - مولف سنکی رکھتا ہی وہ رزاق خبر آپ ہی آپ + روزی پہونچاتا ہی ہر ایک کے گھر آپ ہی آپ
آب حرام - شراب جو شرعاً حرام ہی - مولف - جو کھاتے ہین اپنے جگر کے کباب + حلال اُسکے خاطر ہی آب حرام -

الف ممدوده باتا ے

آتا جاتا - مسافر راہ چلتا - آینده رونده - مولف - کھلا رستہ ہی دار دنیا کا + کوئی آتا ہی کوئی جاتا ہی +
آتما ٹھنڈی کرنا - کسی کے دل کو خوشی پہونچانا - مولف - خوش کرو شعر و رکسی کا دل جو تم سے ہو سکے فیض پہونچاؤ کسی کی آتما ٹھنڈی کرو +
آتما ٹھنڈی ہونا - خوش ہونا -
آتما ستانا - دل دکھانا - تکلیف پہونچانا -
آٹا کرنا - پیسنا باریک کرنا -
آٹا گیلا ہونا - غم و الم مین ہونا -
آٹا ماٹی ہونا - خراب و برباد ہونا -
آٹا ہوجانا - پس جانا - خراب ہوجانا -
آٹھ اٹھارہ کردینا - تتر بتر کرنا - پریشان کردینا - تین تیرہ کردینا -
آٹھ آٹھ آنسو رلانا - رنج پہونچانا - تکلیف دینا - حد سے زیادہ رلانا
آٹھ آٹھ آنسو رونا - پھوٹ پھوٹ کر رونا - زار قطار رونا -
آٹے کی آپا - بیوقوف عورت بھولی بھالی مٹی کی مورت -
آٹے کے ساتھ گھن پس جانا - بڑے آدمی کے ساتھ غریب کا کسی بلا مین مبتلا ہونا -
آٹے کا تیلا ہونا - مفلس و نادار ہونا -
آٹے کا ڈھیلا ہونا - بیمار و علیل ہونا -
آٹھ گانٹھ کمیت - وہ گھوڑا جو چار ٹخنون اور چار گھٹنون سے درست ہو اور آدمی تجربہ کار - ہوشیار جہاندیدہ جانباز - فریبی پرانا گھاگ سب گنون پورا -
آتش مزاج - گرم مزاج غضبناک - تندخو - مولف - لرزتی ہی ہمیشہ برق سوزان + تمھاری دیکھ کے آتش مزاجی -
آٹے مین نمک - کم مقدار - قدر قلیل -
آتش زبان - بدزبان بے سوچے سمجھے بولنے والا - مولانا اکبر ایک دم مین دل جلون کے دل کو کردیتی ہی خاک + شوخی و طراری تو آتش زبانی آپ کی +
آتش کا پرکالہ - شریر - مفسد - چالاک آگ کا پتلا سہ - پھر بہار آئی چمن مین زخم دل آلے ہوے + پھر مرے داغ جگر آتش کے پرکالے ہوے +
آٹھ پہر سولی ہی - ہر وقت تکلیف ہی -
آٹھ پہری - وہ کام کرنے والا جو دن رات کام کیے - اور تپ جو ہر وقت چڑھی رہے -

الف ممدودہ با جیم

آج کل کرنا۔ ٹالنا۔ لیت و لعل کرنا۔ وعدوں میں دن گذارنا۔ مولف
دل لگا کر ایک دن بھی کی نہیں ہے بندگی + نفس سرکش کا فریب افسوس ہم کھاتے رہے
جھوٹے وعدوں میں ہمیشہ راتیں کٹ جاتی ہیں + آج کل میں عمر بھر کے دن گذر جاتے ہیں +
آج کدھر کا چاند نکلا۔ یعنے آج آپ کدھر سے تشریف لائے خلاف
معمول قدم رنجہ کیا۔
آج تک پڑے ہینگ بگتے ہیں۔ یعنے بیمار پڑے ہیں۔
آج کسکا منہ دیکھ کر گھر سے نکلے۔ گھر سے نکل کر جب کسی کو کوئی
صدمہ پہونچتا ہے تو یہ جملہ کہتا ہے۔

الف ممدودہ با خائے معجمہ

آخر ہونا۔ ختم ہونا۔ پورا ہونا۔ مرجانا۔ دم نکلنا۔ گذر جانا۔ مولف
جب بنی آدم کا دم آخر ہوا + جسقدر تھا رنج و غم سب آخر ہوا +
آخرت سنوارنا۔ نیک کام کرنا۔
آخری بہار۔ خاتمہ کا وقت۔ مرنے کے قریب۔ محمد انور حکیم۔ موسم
گل گیا خزاں آئی + گذر گلشن کے لالہ زار کا وقت + سیر کرلو کہ اب
ہے اے انور + آخری باغ کی بہار کا وقت +
آخرالامر۔ سب سے پچھلا۔ آخر معاملہ۔ یہ فارسی لفظ اردو میں مستعمل
ہے۔ بند خمسہ کا۔ شیخ جی محفل رندان میں جو کل لے گئے + خوسے ناچار تھے
کچھ وعظ بھی فرمائے گئے + پہلے تو رند بہت غصہ و غم کھائے گئے + آخرالامر
وہ اس طرح نکلوائے گئے + پا بدست دگرے دست بدست دگرے +
آخرکار۔ انجام کام کا۔ سب کے بعد۔ مولف۔ چھوڑ جائیگی جسم خاکی کو +
آہ یہ جان زار آخرکار + آڑ کے تا شرق و غرب پہونچیگی + خاک جسم
نزار آخرکار +
آخری زمانہ۔ آخری وقت۔ بڑھاپا یا ضعیفی کا وقت۔ مرنے کے قریب
آخور کی بھرتی۔ کوڑا کرکٹ۔ بیکار مال۔ احمق اور جاہلوں کا گروہ

الف ممدودہ با دال

آدمی بننا۔ آدمیت کا جامہ پہننا۔ لائق ہونا۔ مہذب ہونا۔ تمیز سیکھنا۔ انور دہلوی
آدمی ہے خاک سے پیدا ہوا + خاک ہے اصلیت اسکی لا کلام + آدمی بنجاؤ تم
اے خاکسار + خاک سے رکھو تعلق صبح و شام +
آدمی بناتا۔ علم پڑھانا۔ تربیت کرنا۔ مولف۔ حق نے دی ہے
آدمیت جب تمہیں + تم بھی حیوان کو بناؤ آدمی +
آدمیت اٹھ جانا۔ بے تمیز ہونا۔ بے علم ہونا۔
آدمیت پکڑنا۔ صاحب تمیز ہونا۔
آدھا ہونا۔ [illegible] ہونا۔ دبلا ہونا۔
آدھ سیر آٹا۔ تھوڑی [illegible]۔ ٹکڑے کا گذارا۔
آدھ گلا۔ کھانا جو نیم پختہ ہو۔
آدھ موا۔ نیم جان۔ نہ مرا نہ جیتا۔
آدھا آدھا ہونا۔ کڑھنا۔ افسوس کرنا۔ شرمانا لجانا۔ محجوب ہونا۔
آدھی بات نہ پوچھنا۔ بے پروا ہونا۔ خبر نہ لینا۔
آدھی بات نہ کہنا۔ منہ سے نہ بولنا۔ زبان نہ ہلانا۔
آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دوڑنا۔ وہ بھی گنوانا۔ تھوڑے رزق کو
کو چھوڑ کر زیادہ کی تلاش کرنا وہ بھی گنوا بیٹھنا۔ مثل۔ ڈھونڈھ ڈھونڈھ
کے عمر گنوائی + آدھی رہی نہ ساری پائی +
آدھین ہونا۔ عاجز ہونا محتاج و محکوم ہونا۔
آدھا تیتر آدھا بٹیر۔ آدھا کچھ آدھا کچھ۔ آدھا دودھ آدھا پانی۔ آدھا اچھا آدھا برا
آداب مجلس۔ مجلس میں بیٹھنے اٹھنے کا سلیقہ گفتگو کا ڈھنگ۔ مولف
جاؤ ہر مجلس میں تم بسر و ر مگر + اولاً آداب مجلس سیکھ لو + اہل مجلس کا سنو
دل سے کلام + لیک اسمین دخل بے پوچھے نہ دو +
آدھوں آدھ۔ نصف نصف۔ ایک کے دو حصے۔
آدمی پیچھے۔ فی نفر۔ فی کس۔ ایک ایک کو۔

الف ممدودہ با رائے

آرام پانا۔ چین لینا۔ سکھ پانا۔ بیمار کا اچھا ہونا۔
آڑ لگانا۔ آنکس مارنا۔ جگانا۔ ایڑ لگانا۔
آرام کرنا۔ دم لینا لیٹنا۔ سونا۔ تندرست کرنا۔
آڑین کرنا۔ خیرات کرنا۔ وقف کرنا۔
آرزو کرنا۔ خواہش کرنا۔ چاہنا۔ خوشامد کرنا۔
آرزو اٹھانا۔ التجا کرنا۔ احسانمند ہونا۔
آرے بلے کرنا۔ آج کل کرنا۔ ٹالنا۔ وقت گذارنا۔
آڑے چلنا۔ مددگار ہونا۔ روک بننا۔ حائل ہونا۔ سہ ٹل گئی
غیر کے سر پر مرے سر کی آفت + میرے آڑے بخدا میری وفائیں آئین +
آڑے ہاتھ لینا۔ جھڑکنا۔ برا بولنا۔ سرزنش کرنا۔ مولف دم آخر
تلک پھر اسکو دم لینے نہیں دیتی + تری برے سے جسکو آڑے ہاتھ لیتی ہے +

آستین سے نہ کھلا ساعد رنگین انکا + آڑے ہاتھون نجھے ای پنجۂ مرجان لتیا +

آرام طلب - سست اور نکما آدمی -

آرام جان - معشوق و محبوب -

آرام مین ہین - سوئے ہوئے ہین - لیٹے ہین -

آرام گاہ - خوابگاہ سونے کا مقام -

آرام والی - گھر والی - جورو - بی بی - منکوحہ -

الف ممدودہ بازاے معجمہ

آزمانا - آزمایش کرنا - امتحان لینا - مولف در لغت [illegible] - وفا کرے ہین

سیر [illegible] محمد + انھین ہمنے کئی بار آزمایا +

آزاد کا سونٹا - بے لحاظ - نڈر - بے شرم - بے حیا -

آزمودہ لینا - آزمانا - بھید لینا -

الف ممدودہ باسین

آسنائی ہونا - یار بنکر ٹھگنا - دوست بنکر لوٹنا -

آس بندھنا - امید ہونا - توقع ہونا -

آس تجنا - بے تعلق ہونا -

آس چھوڑنا - امید قطع کرنا -

آس باندھنا - امیدوار رہنا -

آسرا تکنا - دوسرے شخص کی دستگیری کی امید پر خود کوشش [illegible] دینا

آستین مین سانپ پالنا - دشمن کو پرورش کرنا - مولف -

[illegible] اپنا دشمن بیان ہر [illegible] ہوتی + نہ پالتا مین کبھی اپنی آستین مین سانپ +

آسن دینا - تسلی دینا -

آسرا دینا - رہنے کو مکان دینا - سہارا دینا - امید دینا -

آس ٹوٹنا - امید قطع ہونا -

آسرا تکنا - بے اطمینان ہونا -

آستین چڑھانا - لڑنے کو مستعد ہونا - ؎ کبھی دامن جو چھوڑا

[illegible] انکے دامن سے + تو مجھپر آستین وہ سر محفل چڑھاتے ہین

آسرا ڈھونڈھنا - جا سے پناہ تلاش کرنا -

آس رکھنا - امید و بھروسا رکھنا - مولف نعت مین - نبی کا نام

صبح و شام اسکے آس رکھتے ہین + خرد نیا و دین مین ہم نبی کی آس رکھتے ہین

آس لگانا - امید لگانا - توقع رکھنا -

آسمان پہ اڑنا - اکڑنا - غرور کرنا - اترانا -

آسمان پر تھوکنا - ناکردہ گناہ پر جھوٹا الزام لگانا - مولف -

مرد ناکردہ گنہ پر دوستو + کوئی بہتان باندھ سکتا ہے کہان + تھوکتے ہی

اسکے منہ پر آئیگا + جو کوئی تھوکے بسوے آسمان +

آسمان پر چڑھانا - حد سے زیادہ تعریف کرنا -

آسمان پر دماغ ہونا - تکبر و غرور مین ہونا -

آسمان پر دماغ کھینچنا گھمنڈ کرنا غرور مین آنا -

آسمان پر ہونا - دماغدار ہونا مغرور ہونا -

آسمان ٹوٹ پڑنا - ناگہانی مصیبت مین گرفتار ہونا - مولف

آپکا جسپر آشنا ہی غضب + ٹوٹ پڑتا ہے اسی پر آسمان +

آسمان پھٹ پڑنا - غضب الٰہی نازل ہونا -

آسمان ٹوٹنا - ناگہانی بلا نازل ہونا - مولف - زمین شق ہو گئی

ٹوٹے ستارے آسمان ٹوٹا + مگر رشتہ محبت کا نہیں ہی میری جان ٹوٹا

آسمانی غضب ٹوٹنا قہر الٰہی آ جانا - ؎ خدا کے واسطے اتنا

تو محبوب سمجھ مت بولو + کہین نہ ٹوٹ پڑے آسمان کو سنتے سر +

آسمان زمین کا ایک ہو جانا - بھاری انقلاب ہونا [illegible] کی

دنیا ادھر ہو جانا - مولف - ودلی آتی نہین دل مین کبھی حد سے

بر ستون سے + زمین و آسمان گر ایک ہو جائے تو ہو جائے

آسمان تکنا - متحیر ہونا - حیرت مین آنا - حکیم محمد نور لاہوری

ترے دیکھنے کو ہم ای ماہ طلعت + زمین پر کھڑے آسمان تکتے ہین +

آسمان زمین کے قلابے ملانا - سخت محنت و عیاری و چالاکی کرنا -

آسمان سر پر اٹھانا - غل شور کرنا - ؎ [illegible] نہین کوئی

ہمارے تیرے کوچے مین + اگر چہ ہم آسمان سر پر اٹھاتے ہین

آسمان سے باتین کرنا - کسی مینار پر چڑھنا -

آسمان سے ٹکر کھانا - کسی مکان کا بلند ہونا -

آسمان سے گرنا - کسی [illegible] مفت ملجانا - دولتمند کا مفلس ہو جانا -

آسمان سے گرا کھجور مین اٹکا - ایک جگہ سے نکلا دوسری جگہ

مین پھنس گیا -

آسمان کے تارے توڑنا - فریب سے کام نکالنا - مشکل کام کو کر لینا - ؎

عرش کے توڑے ہین تارے انکا مضمون بلند + آج بارے امتحان طبع عالی ہو گیا +

آسمان مین چھید کرنا اور تھگلی لگانا - کمال عیاری و چالاکی کرنا - ؎

لائی ہر دور دور کی آہ رسا خبر + تھگلی لگانے ڈالی ہے یہ آسمان مین

آسمان مین چھید ہو جانا - سخت بارش ہونا -

آسمانی دھکا - آسمانی غضب آسمانی گولا -

آسمانی پلانا - سبزی پلانا بھنگ پلانا -
آسن اکھڑنا - سوار کی نشست میں فرق آنا زین سے اکھڑ جانا اپنے ارادہ پر ناکام رہنا -
آسن پاٹی لیکر پڑ رہنا - بحالت ناراضگی الگ چارپائی پر پڑ رہنا -
آسن تلے آنا - ران کے نیچے آنا عورت یا گھوڑی کا -
آسن سے آسن جوڑنا - ران سے ران ملانا -
آسن سے آسن ملاکر بیٹھنا - پہلو بہ پہلو بیٹھنا -
آسن ڈگنا - نشست میں فرق آنا -
آسن لینا - ہم بستری پر آمادہ ہونا -
آسن مار کر بیٹھنا - چار زانو بیٹھنا -
آستین کا سانپ - دوست نما دشمن بغلی گھونسا مولانا کہر
بہانے لپٹنے تری جتنے ہیں یہ مطلب کے دوست + مار ڈالینگے تجھے یہ آستین کے سانپ ہیں
آسمانی آفت - آسمانی بلا ناگہانی مصیبت -
آس اولاد - بالک بچے بیٹا بیٹی لڑکے بالے -
آسمان قدر - بہت بڑا امیر دولتمند -
آسمانی مار - خدا کی مار خدا کا قہر -
آسمانی تیر - بے ٹھکانا کام -
آستان بوس - خادم نوکر - غلام - ملازم - خدمتگار - مؤلف
ماہ درگوش شہنشاہ عرب ہیں مہر و ماہ + آستان بوس جناب مصطفےٰ ہی آسمان
آسمان زمین کا فرق - بہت بڑا فرق نہایت تفاوت -
مؤلف کہاں تاباں کہاں حسن انسان + کہ ہے آئینہ میں فرق آسمان و زمین کا
آسمان کو ہلا دیتے ہیں - یعنی ایسی دردناک حالت ہے جسکو دیکھکر آسمان ہل جائے -
آسمان پھاڑے تھگلی لگائے - یہ محاورہ چالاک عورت کے حق میں بولتے ہیں کہ وہ آسمان کو پھاڑتی بھی ہے اور پیوند بھی لگادیتی ہے -

الف ممدودہ باشین

آش پکانا - خوب مارنا رگیدنا بنانا بھرتہ کرنا -
آشنائی کرنا - دوستی کرنا یارانہ لگانا -

الف ممدودہ بافاء

آفت اٹھانا - دکھ پانا مصیبت میں پڑنا میر حسن
یکبیک عشق آفت اٹھانے لگا + مرے دل کو مجھ سے چھڑانے لگا

آفت آنا آفت پڑنا آفت ٹوٹنا - کوئی غضب نازل ہونا بلا کا اترنا - مولانا اکبر لاہوری محبت دل میں جب [illegible] پانی سماتی ہے + پلٹ جاتی ہے حالت سر پہ آفت تازہ آتی ہے -
آفت توڑنا - نہایت درجہ کا غضب ظاہر کرنا -
آفت ڈھانا - دھوم مچانا غل مچانا شور کرنا -
آفت اٹھانا - غل غپاڑا کرنا -
آفت کا مارا - کم بخت مصیبت کا مارا -
آفت کا پرکالا - شوخ شریر فتنہ پرداز -
آفت کا ٹکڑا - فتنہ انگیز سخت [illegible] -
آفت میں پڑنا - کسی مصیبت میں مبتلا ہونا -
آفتاب لب بام - قریب مرگ چراغ سحری - مؤلف
مسیحی چہرہ پر نور آج دکھلا دو + کہ آفتاب لب بام ہے ترا بیمار -
آفت جان - بلائے جان - جان کی آفت + مؤلف جو اپنی
کسطرح سے مبتلا گیسوے جانان کا + کہ آخر کار دنیا کام ہے اس آفت جان کا
آفت رسیدہ - مظلوم بدقسمت بدنصیب - ع غم دیدہ غم کشیدہ
داز خود رمیدہ ہوں + جو کچھ کہو ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں -
آفرین - شاباش ہے صد رحمت -

الف ممدودہ باکاف

آگا پیچھا - پس و پیش - ابتدا انتہا - صفدر فوقانی
کیا کرتا ہے جب نادان کوئی کام + نہ آگا اور نہ پیچھا سوچتا ہے
خبر رکھتا نہیں وہ نیک و بد کی + نہ بیگانہ نہ اپنا سوچتا ہے
آگے آنا - سامنے آنا مقابل آنا روبرو ہونا بدلہ پانا یا داش کو پہونچنا
آگا بھاری ہونا - حاملہ ہونا پیٹ سے ہونا -
آگا تاگا لینا - حساب سمجھنا - باز پرس کرنا -
آگا روکنا - سدراہ ہونا - راستہ بند کرنا - ابتدا سے کام میں انجام اس کا سوچنا -
آگا سنبھالنا - آئندہ انتظام میں مصروف ہونا -
آگا مارنا - کسی کی بھلائی کو آئندہ کے لئے روکنا -
آگ اٹھنا - طبیعت میں جوش سا پیدا ہونا
آگا پیچھا کرنا - پس و پیش کرنا دبدا میں پڑنا -
آگا پیچھا دیکھنا - دور اندیشی کرنا - سوچنا بچار کرنا -
آگا لینا - استقبال کرنا -

آگ بجھانا ۔ پیاس بجھانا ہوس نکالنا فساد مٹانا ۔ صلح کرانا ۔
آگ بجھنا ۔ آگ کا فرو ہونا بجھ جانا ۔
آگ برسانا ۔ گولہ باری کرنا ۔ توپ چلانا ۔
آگ برسنا ۔ گرمی پڑنا دھوپ پڑنا ۔
آگ بگولا ہونا ۔ غضب و غصہ مین آنا ۔
آگ بنانا ۔ آگ سلگانا غصہ دلانا ۔
آگ بن جانا ۔ جوش و غضب مین آنا ۔
آگ بھڑکانا ۔ دو شخصون کو لڑا دینا عشق بڑھانا ۔
آگ بھڑکنا ۔ لڑائی و فساد شروع ہو جانا ۔
آگ پڑنا ۔ دھوپ پڑنا قحط ہونا ۔
آگ پھانکنا ۔ جھوٹھ بولنا بات گڑھنا ۔
آگ پھکنا ۔ سخت گرمی پڑنا غضبناک ہونا ۔
آگ پھونک دینا ۔ دو شخصون کو لڑا دینا ۔ پیاس لگنا ۔
آگ تراشنا ۔ کوئی نئی بات طبیعت سے نکالنا ۔
آگ جاگنا ۔ آگ چمک پڑنا ۔
آگ جوڑنا ۔ آگ سلگانا ۔
آگ دھونا ۔ آگ کو راکھ سے نکالنا ۔ مؤلف ۔ عبث کب ہے
مرا ہر دم غم دلدار مین رونا + بآب اشک ہے منظور دل کی آگ کو دھونا +
آگ دینا ۔ آگ لگانا ۔ مردہ وغیرہ کو جلانا ۔ ؎ غم نے ہمارے
خانۂ دل کو جو آگ دی + روشن برنگ خانۂ زنبور ہو گیا ۔
آگ سے پانی ہو جانا ۔ غصہ فرو ہونا ۔ رحم مین آنا ۔
آگ کا پتلا ۔ گرم مزاج تیز فہم ۔ آگ کا پرکالہ ۔ مفتی حیدر لاہوری
خاک سے پیدا ہوا ہی جب یہ انسان خاکسار + پھر یہ خاکی آگ کا پتلا بنا کس واسطے
آگ کرنا ۔ آگ بنانا ۔ گرم کرنا غضب مین لانا ۔
آگ لگا کر تماشا دیکھنا ۔ لڑائی کرا کر تماشا دیکھنا ۔
آگ لگانا ۔ غصہ دلانا فتنہ برپا کرنا ؎ بزم جانان مین بندھی
میری جو آہون کی ہوا + جل گئے دیکھ کے سب آگ لگانے والے +
آگ لگ جانا ۔ آگ بھڑک اٹھنا غضب مین آنا ۔
آگ لگنا ۔ جل اٹھنا بیکل ہونا ۔
آگ لگی پر کنوان کھودنا ۔ نقصان اٹھا کر نے سود کوشش کرنا ۔
آگ لینے آنا ۔ آ کر بہت جلد واپس چلے جانا ۔ ؎
لیتے ہی دل جو عاشق دل سوز کا چلے + تم آگ لینے آئے تھے کیا آئے کیا چلے +
آگ مین آگ لگانا ۔ آگ مین تیل ڈالنا ۔ لڑائی چمکانا ۔ صفدر
فوقانی ۔ بس جلے دل کو کیون جلاتے ہو + آگ مین آگ کیون لگاتے ہو +
آگ مین پانی ڈالنا ۔ لڑائی کو دفع کرنا ۔ شر مٹانا ۔
آگ مین پڑنا ۔ جان بوجھ کر کوئی مصیبت اپنے اوپر لینا ۔
آگ مین تیل ڈالنا ۔ لڑائی کو چمکانا فساد بڑھانا ۔
آگ ہو جانا ۔ گرم ہونا غضب مین آنا ۔
آگ ہونا ۔ نہایت خفا ہونا ۔ گرم ہونا ۔
آگے دھر لینا ۔ مہرہ پر رکھ لینا ۔ متصرف ہو جانا ۔
آگے یا لینا ۔ حکم بجا لانا ۔
آگے کا اٹھا کھانے والا ۔ فضلہ خور ۔ بہر دیگی چمچہ ۔
آگے کا قدم پیچھے پڑنا ۔ گھبرانا ۔ رعب چھا جانا ۔ ٹانگین
بھول جانا ۔ جھجکنا ۔
آگے نکل جانا ۔ سبقت لیجانا بڑھ جانا ۔
آگے ہونا ۔ دوبرو آنا ۔ سامنے آنا ۔
آگاسی برت ۔ نامعلوم روزی توکلی گذران
آگ پھونس کی عداوت ۔ قدرتی عداوت ذاتی بیر ۔
آگے ہاتھ پیچھے پات ۔ برہنہ تن نردھن مفلس ۔
آگ پانی کا بیر ۔ قدرتی عداوت ذاتی دشمنی ۔
آگاس کھیل ۔ حرامی بچہ جسکا باپ معلوم نہو ۔
آگ پر لوٹتے ہین ۔ جلتے ہین بیقرار ہین ۔
آگ لگا کر پانی کو دوڑتے ہین ۔ خود فساد برپا کر کے اسکے
دفع کرنے کی فکر مین ہونا ۔ زخم لگا کر مرہم کی تلاش مین جانا ۔
آگ لگاؤ ۔ فساد برپا کرنے والا لڑانے والا ۔
آگے آگے ۔ آیندہ زمانہ مین پیش پیش ۔ ؎ ابتدائے
عشق مین روتا ہے کیا + آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا ۔
آگے پیچھے ۔ پے در پے علی التواتر علی الاتصال ۔
آگاس بانی ۔ آسمانی آواز غیب کی ندا ہاتف غیب الہام ۔
آگ کھانے انگارے ہگے جیسا کرے ویسا بھرے اپنے اعمال کی سزا پاے
آگ کے مول ہے ۔ بہت گران ہے مہنگا ہے ۔
آگے دیکھ کے ۔ غور کر کے سوچ سمجھ کے ۔
آگے سے ہوتی آئی ہے ۔ قدیم رسم ہے ۔
آگے کو کان ہو گئے ۔ آیندہ کے لیے نصیحت آئی کہ پھر ایسا کام نکرینگے

الف ممدودہ بالام

آلا بالا بتانا — حیلہ حوالہ کرنا ٹالنا بہانہ کرنا۔
آن دگانا — کوئی داستان گا کر سنانا۔ اپنا رونا رونا۔ اپنی ہی ہانکنا۔

الف ممدودہ بامیم

آمد برآمد کے دن۔ موسم بدلنے کے دن۔

الف ممدودہ بانون

آنا — فارسی میں آمدن عربی میں جی۔ مؤلف۔ ہے گیسوئے مسلسل دام تزویر + خبردار اسکے پھندے میں نہ آنا۔
آنا جانا — آمد و رفت۔ مؤلف۔ سفت میں جاتی رہیگی ایک دن جان حزین + کوے جانان میں رہا گر آنا جانا چند روز۔
آنسو بہانا — رونا گریہ زاری کرنا۔ ۵ مرنے دل مت رو بہا آنسو بہانا منع ہے + اس نفس کے قیدیوں کو اب دوا نا منع ہے۔
آنگ لگنا — جسم سے ملنا۔ بدن پر چڑھنا۔ غذا کا گوشت پوست بننا اچھی طرح ہضم ہونا طاقت بخشنا جسم میں ملنا جزو بدن ہونا کام میں آنا۔
آن پہونچنا — منزل پر پہونچنا۔ مؤلف۔ ایک دم بھی کسی نہیں ہوگا مرگ جب سر پہ آن پہونچیگی۔
آنت بھاری ہونا — بدہضمی و امتلا ہونا۔
آن توڑنا — عہد توڑنا۔ بدعہدی کرنا۔
آنتوں میں بل پڑنا — پیٹ میں درد ہونا۔
آنتوں کا بل کھولنا — پیٹ بھر کے کھانا۔
آنتیں سمیٹنا — فاقہ کشی کرنا۔
آنتیں گلے میں آنا — کسی بلا میں گرفتار ہونا۔
آنتیں منہ کو آنا — نہایت دق ہونا ناک میں دم آنا ہونا۔
آنٹ پڑنا — گرہ پڑنا رنجیدگی ہونا۔
آنٹ لگانا — روگ لگانا سدلہ ہوجانا چاندی تپا کر اسکا کھوٹ دیکھنا۔
آنچ آنا — ضرب و ایذا پہونچنا نقصان ہونا گرمی پہونچنا۔
آنچ دکھانا — گرم کرنا تپانا آگ پر رکھنا۔
آنچ کھا جانا — ستا کھا جانا زیادہ سینک لگ جانا۔
آنچل پڑنا — اول اول ہم بستر ہونا۔
آنچل دبانا — بچہ کے منہ میں پستان دینا۔
آنچل دینا — بچہ کو دودھ پلانا۔
آنچل لینا — مہمان عورت کا دامن چھونا پاؤں پڑنا قدمبوس ہونا۔

آنچل میں بات باندھنا — کسی کی نصیحت کو یاد رکھنا۔
آنڈی بانڈی کھانا — ادھر ادھر واہی تباہی پھرنا۔
آنسو بھر لانا — رونے لگنا۔ ۵ شبنم گذر جاتی ہے جب اختر شماری میں مجھے + آنسو بھر لاتی ہے شبنم میرے حال زار پر۔
آنسو تھمنا — تسکین و تسلی ہونا آنسو بند ہونا۔ ۵ میرے رونے کا اثر رقت ہے + کچھ تو آنسو تھمے غنیمت ہے۔
آنسو پونچھنا — تسلی و امید دینا آنسو بند ہونا۔ ۵ اشنا وا دیلا کر کے گر لیتے + گل اگر بلبل کے آنسو پونچھتا۔
آنسو پینا — آنسو آنکھوں سے نکلنے نہ دینا دل پر صدمہ سہارنا ضبط کرنا۔ ۵ ادھر غیر دل لیتے ہم بدنصیب بیٹھے ہو + ادھر ہم لخت دل کھاتے ہیں آنسو پیتے ہیں۔ مؤلف۔ تجھ سے تو ہم کے سوا کچھ نہیں سکتے مگر درد کے دل ہی دل میں آنسو اپنے پیتے ہیں۔
آنسو ڈالنا — رونا آنسو بہانا۔
آنسو گرانا — رونا ماتم کرنا۔ مفتی حیدر۔ گرگیا آج کل میں دیدہ گریاں سے جو آنسو + گہرا گیا نور آنکھوں کی یاد دلاتے ہیں۔
آنسو نکل پڑنا — بے اختیار رو دینا۔ مؤلف۔ کانپتی ہے برق میرے دیدۂ گریان کو دیکھ + اوس ٹپکتے ہیں آنسو ابر گوہر بار سے۔
آنسوؤں سے منہ دھونا — بہت سا رونا۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ جبکہ ہم زار زار روتے ہیں + اپنا منہ آنسوؤں سے دھوتے ہیں۔
آنسوؤں کا تار باندھ دینا — برابر روتے رہنا۔ ظفر۔ جو بندھ گیا آنسوؤں کا تار دیکھا تو اسنے ہنسکر یہ مجھ سے پوچھا + کیوں لے پہنے گلے میں لا یہ موتیوں کا سا ہار کیسا۔
آنکنا — اندازہ کرنا جانچنا۔
آنکھ اٹکنا — کسی کے ساتھ دل لگی ہونا آنکھ لڑ جانا عشق و محبت ہونا۔
آنکھ اٹھا کر دیکھنا — متوجہ ہوکر دیکھنا۔ چراغ الدین روشن۔ منفعل ہوتا ماہتابان و خجل ہو خورشید + تیری صورت کو اگر آنکھ اٹھا کر دیکھیں۔
آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا — بے پروائی کرنا متوجہ نہ ہونا۔ مؤلف۔ ہے چند روزہ گلشن عالم کی آب و تاب + اسکی طرف تم آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔
آنکھ اٹھانا — چھوڑ دینا ترک کرنا۔ نظیر۔ جب آنکھ اٹھائی ہستی سے تب نین لگی مٹکانے + سب کا جھگڑا سب کی اس سے چھیل چھبیلے کو۔
آنکھیں آنا — آنکھیں دکھنے آنا درد کی سی بیماری ہونا۔ ۵ لیدہ نہ آیا آگئیں آنکھیں میری + سنگدل پتھرا گئیں آنکھیں میری۔
آنکھ اونچی نہ کرنا — شرم کرنا لحاظ کرنا۔ مولانا اکبر۔ چمن میں مرے گل کا چہرہ جو دیکھا + دوبارہ نہ کی اونچی نرگس نے آنکھیں۔
آنکھ بچا جانا — اغماض کرنا ٹال جانا۔ آنکھ چرا کر نکل جانا۔

ے کیوں نظر ہم سے وہ دلدار چرا جاتے ہیں جب ملتے جب رستہ میں ہیں آنکھ بچا جاتے ہیں

آنکھ بچنا۔ نظر کا چوکنا دھیان بٹنا۔ مولف نے تحقیقت دولت دنیا کا کیا ہے اعتبار ہنع گئی جب آنکھ اپنا مال بیگانہ ہوا۔

آنکھ بدلنا۔ یک لخت ناراض ہو جانا رخ بدل جانا طبیعت میں تغیر آنا مولف سارا زمانہ دشمن جان ہو گیا میرا + اس جانجان کی جس گھڑی آنکھیں بدل گئیں

آنکھ برابر نہ کر سکنا۔ حیا کرنا شرمانا ے گل ہو سکا نہ باغ میں اس گل کی روبرو + نرگس بھی اس سے آنکھ برابر نکر سکی۔

آنکھ بند کرکے کام کرنا۔ سوچے سمجھے بغیر کام کرنا۔ مولف کہاں اس کام کا عقدہ کھلے گا + کریں جو کام آنکھیں بند کر کے +

آنکھیں بند کر لینا۔ سو جانا بے خبر ہو جانا۔ چراغ دین روشن۔ ابھی سے دیکھ لو جو دیکھنا ہے کھولکر آنکھیں + نظر آئیگا کیا جس وقت آنکھیں بند کر لوگے۔

آنکھ بنوانا۔ جالا اتروانا۔ موتیا نکلوانا تمیز حاصل کرنا عقل سیکھنا۔ لطف ظاہر و باطن کشل آئینہ + صاف بن جاؤ خدا کے واسطے + سینۂ تاریک کو روشن کرو + آنکھیں بنواؤ خدا کے واسطے +

آنکھ بھر کر دیکھنا۔ پوری نگاہ سے دیکھنا۔ گہری نظر سے دیکھنا۔ گھور کر دیکھنا۔ لالہ اکبر ایکدم میں بدر ہو حسن بنجا تا ہلال اسکو تم بھر ان گر آنکھ بھر کر دیکھتے

آنکھ بھر لانا۔ رونے لگنا۔ مولف کیسی حالت پلٹ گئی افسوس جبکہ گلزار میں خزان آئی + دیکھکر حال نرگس بیمار + بلبل زار آنکھ بھر لائی +

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا۔ چین بجبین ہونا۔ تیوری بدلنا۔ ے کیا غضب ہے اسنے کی بس آنکھ بھوں ٹیڑھی وہیں + کچھ اشارے سے کہا جب یار سے اغیار نے۔

آنکھ بیٹھ جانا۔ اندھا ہو جانا۔ مولف۔ کھڑا ہوا جو لب بام شام کو وہ چاند + بس ایک جلوہ سے سورج کی آنکھ بیٹھ گئی۔

آنکھ پڑنا۔ نظر پڑنا دیکھنا۔ ے ہم نے چھپ چھپ کے بارہا دیکھا + آنکی ہم پر بھی آنکھ پڑتی ہے۔

آنکھ پر اٹھانا۔ تعظیم کرنا پیار کرنا محبت کرنا۔ ے گل کا گلشن میں جو گزر ہوتا + بلبلیں آنکھ پر اٹھا لاتیں۔

آنکھ پھی مال دوستوں کا۔ دیکھتے دیکھتے مال اڑا کر لیجانا چالاکی سے لے جانا۔

آنکھ بند کیے ہوئے جانا۔ مجبور ہے کام نکرنا۔

آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔ غور و آزد و شوق سے دیکھنا۔

آنکھ پھرنا آنکھ پھر جانا۔ بے رخ و بے لحاظ ہو جانا دوسری طرف نظر ہٹا لینا۔ مولف۔ دوست اور دشمن نے آنکھیں پھیر لیں پھر گئی جب آنکھ اس دلدار کی + ولہ۔ اپنا بیگانہ پھرا سارا زمانہ پھر گیا + آنکھ ہم سے جب اچانک پھر گئی دلدار کی۔

آنکھ پھڑکنا۔ اپنے آپ آنکھ کے حدقے کا حرکت کرنا ے دیکھتا شکل ہجر کی نکتی ہے وصل میں + رہ رہ کے بائیں آنکھ پھڑکتی ہے وصل میں

آنکھ پھوٹنا۔ آنکھ پر چوٹ آنا اندھا ہونا۔ مولف تنے ٹیڑھی نظر سے دیکھتا ہے + رقیب روسیہ کی آنکھ پھوٹے۔

آنکھ پھوڑ ٹڈا۔ یہ ایک پردار بہت چھوٹا جانور ہے جو غلتے چلنے آدمی کی آنکھوں میں پڑ جاتا ہے اور آدمی محسن کش بے مروت۔

آنکھ پر چڑھنا۔ نظر منظور ہونا مقبول ہونا صفدر فرو دلی چڑھ گیا جب آنکھ پر انکی رقیب + گر گئے جتنے نظر منظور تھے

آنکھ پھوڑنا۔ کسی باریک کام کرنے یا خط باریک لکھنے پڑھنے میں محنت کرنا۔ راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔

آنکھ پھسلنا بے اختیار اور مائل ہو کر دیکھنا۔

آنکھ ٹوٹ آنا۔ اچانک آنکھیں سرخ ہو جانا۔

آنکھیں ٹھنڈی کرنا۔ دیکھکر خوش ہونا اور خوش کرنا تسلی و تشفی دینا

آنکھ ٹیڑھی کرنا۔ تیوری بدلنا منہ پھیرنا نظر ہٹا لینا۔ مولف بہت نگین جگر نرمی کسی سے بھی نہیں کرتے + نہیں ہوتے ہیں سیدھے جس سے ٹیڑھی آنکھ کرتے ہیں

آنکھ جلنا۔ مغلوب ہونا دبنا شرمانا۔

آنکھ جا لڑنا۔ عشق ہونا آشنائی ہونا۔

آنکھ جھپکانا۔ شرمانا جھپنا۔ قیلولہ کرنا۔ ذرا آرام کرنا۔

آنکھ جھپکنا۔ شرمندہ ہونا کنیانا لحاظ آنا چکا چوند لگنا آنکھ نہ ٹھہرنا

آنکھ جھک آنا۔ دکھنے آنا۔ شرمانا لجانا۔

آنکھ جھکنا۔ آنکھ نیچے ہونا شرمندہ ہونا۔ مولف بار احسان سر پہ جب رکھا گیا + آیا خم گردن میں آنکھیں جھک گئیں

آنکھ چھپنا۔ شرمسار ہونا۔ ذلیل ہونا۔

آنکھ چار کرنا۔ مقابل ہونا ایک دوسرے کو محبت سے دیکھنا۔ مولف دردل سے نہیں پھر عاشق و معشوق کے دل میں + وہ دونوں بعد جب عشق آنکھیں چار کرتے ہیں

آنکھ چار نکرنا۔ شرمانا لجانا۔ گردن نیچے رکھنا۔

آنکھ چرا کر دیکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ نظر بچا کر دیکھنا چوری چوری دیکھنا بہانہ سے دیکھنا۔ مولف چرا لیتے ہیں دل لکو چپکے چپکے + وہ جب آنکھیں چرا کر دیکھتے ہیں۔

آنکھ چرانا۔ نظر بچانا۔ اغماض کرنا۔ کترانا۔ ولہ جرم سے اپنے بندۂ مجرم + منفعل ہے کہ منہ چھپاتا ہے

جتنے ہم چشم آسکے ہین سب سے اپنے مالک کے روبرو آخر وہ بھی مجرم کی آہ وزاری پہ ہوئی دونون پہ شرم جب غالب	شرم سے آنکھ وہ چھپاتا ہی ہوکے شرمندہ جبکہ آتا ہی نرم دل ہوکے شرم کھاتا ہی وہ گنہگار بخشا جاتا ہی

آنکھ چھپانا۔ خاطر مین لانا حیا کرنا۔ آنکھ سامنے نکرنا۔ مولف
غیر سے ملتے ہین جانان بےحجاب + کس لیے ہمسے چھپا لیتے ہین آنکھ
آنکھ جھمکنا۔ پلکون کو جنبش دینا ہلانا۔
آنکھ چیر چیر دیکھنا۔ غور اور توجہ سے دیکھنا۔
آنکھ داب کر دیکھنا۔ ایک آنکھ بند کرکے دوسری آنکھ سے دیکھنا تاکہ بخوبی نظر آجائے۔
آنکھ دکھانا۔ آنکھ دکھلانا۔ دھمکانا گھُرکنا چشم نمائی کرنا خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ نسیم۔ منھ پھیر کے ایک مسکرائی + آنکھ ایک نے ایک کو دکھائی۔
آنکھ ڈالنا۔ رستے چلتے دیکھنا سرسری دیکھنا۔
آنکھ ڈبڈبانا۔ آنسو بھرنا رونے لگنا۔
آنکھ دُکھنا۔ آنکھ درد کرنا۔ دُکھنا۔
آنکھ رکھنا۔ امید رکھنا نظر رکھنا۔ آس رکھنا۔ مولف۔
آپ کی لطف و مہربانی پر + بندہ مدت سے آنکھ رکھتا ہی +
آنکھ روشن ہونا۔ دیکھنا۔ ملنا۔ خوش ہونا صفدر فوقانی۔ کھلین گلزار مین جب گل کی آنکھین + وہین روشن ہوئین بلبل کی آنکھین +
آنکھ سامنے نکرنا۔ شرم یا خوف سے روبرو نہو سکنا۔ سید علی الفت در نعت تیری وحشت سے مثل خورشید + سامنے آنکھ نہین کرتے ہین +
آنکھ سے آنکھ ملانا۔ نظر آنا مقابل ہونا ہمسری کرنا۔ مولف
آنکھ سے آنکھ مل گئی جس دم + پھر جدائی کہان رہی باقی +
آنکھ سے گرنا۔ بے اعتبار خوار و ذلیل ہونا۔ مولف۔
آنکھ سے جو گرا بصورت اشک + دوسری بار اٹھ نہین سکتا +
اپنے پانؤن سے جو نکل جائے + شکل دیوار اٹھ نہین سکتا +
آنکھ سیدھی کرنا۔ دوستی قایم رکھنا۔
آنکھ سے بچ کر نکلنا۔ کسی کے دام مین نہ آنا بدی سے بچے رہنا۔
آنکھ سے ٹپ ٹپ آنسو بہنا۔ رونا گریہ وزاری کرنا۔
آنکھ سے دیکھکر کام کرنا۔ احتیاط سے کام کرنا۔
آنکھ سے خون ٹپکنا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا آنکھین سرخ ہونا۔
آنکھ سے ندیکھنا۔ بے دیکھے جلدی کام کرنا سلام لگا اڑنا۔

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا۔ بیوقوف بھولا بھالا ناتجربہ کار۔ دولتمند مفتی حیدر۔ کیون نہ لٹ جائے گا بازار + آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا +
آنکھ کا تارا۔ آنکھ کی روشنی اور پتلی۔
آنکھ کا کاجل چرانا۔ آنکھون سے کاجل چرانا۔ چوری مین استاد ہونا چورون کا مال اڑانا۔
آنکھ کھلنا۔ جاگنا ہوش مین آنا آگاہ ہونا۔ مولف۔ آنکھ اُس وقت مین بلبل کی کھلی + سر پہ جب موسم خزان آچکا۔
آنکھ کھولنا۔ ہوش پکڑنا بیدار ہونا۔ مولف۔ دن جوانی کے گئے سر پر ضعیفی آگئی + اب تو اُس غفلت کی مدہوشی سے آنکھین کھولیئے
آنکھین کھولکر دیکھنا۔ توجہ اور غور سے دیکھنا۔ مولف۔ چشم کے پردہ مین بھی موجود وہ پردہ نشین + دیکھ لو تم اسکو اپنی گر کبھی آنکھین کھول کے +
آنکھ کا پتھرا جانا۔ آنکھون کا حرکت سے رہجانا نزع کی حالت ہوجانا
آنکھ کا پانی بہ جانا۔ حد سے زیادہ رونا۔
آنکھ گاڑنا۔ نہایت غور سے دیکھنا۔
آنکھ لجانا۔ شرمانا لحاظ کرنا آنکھین نیچی کرنا۔ مولف۔ خوا نچے پر کسی کے جو میٹھے + نہین ممکن کہ پھر اُٹھائے آنکھ + صفحۂ دل پہ یہ مثل لکھ لو + کھائے جس وقت منھ لجائے آنکھ +
آنکھ لڑانا۔ پیار کی نظر سے دیکھنا پریت جوڑنا نیہا لگانا عشق کرنا۔ صفدر فوقانی۔ آنکھین جب اسنے لڑائین غیر سے + اُسی دن سے لڑائی ہوگئی +
آنکھ لڑجانا۔ دو شخصون مین محبت قائم ہوجانا عشق پیدا ہونا نیہا لگنا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ ملگئے دل اور آنکھین لڑگئین + برچھیان نکلین نگاہین گڑگئین +
آنکھین لڑنا۔ نیہا لگنا عشق پیدا ہونا۔ محمد انور لاہوری۔ دل ملے جس وقت دونون کے جدائی پھر کہان + لڑگئین جسوقت دو آنکھین لڑائی پھر کہان +
آنکھ لگا مردوا آشنائی کا شوہر۔ جان صاحب۔ گو آنکھ لگا مردوا چھا چھوٹا دیور + کنبے مین مرے جاکے بڑا نام کرآیا +
آنکھ لگانا۔ نیہا لگانا دوستی پیدا کرنا۔
آنکھ لگنا۔ سوجانا۔ دوستی ہوجانا۔
آنکھ لگ جانا۔ دل لگی ہونا عشق ہونا۔ ۔ اب کی کچھ اور غضب سے آنکھ لگی + نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی +
آنکھ للچانا۔ کسی کو دیکھکر اُسکے حسن پر مائل ہونا۔
آنکھ لہو لہو ہونا۔ آنکھ کا سُرخ ہوجانا۔
آنکھ مارنا۔ اشارہ کرنا سین کرنا۔ نصیر۔ حلقہ بگوش مہ جب ہو ہلال آسکا + اختر پہ آنکھ مارے کیونکر نہ خال اسکا +

آنکھ مٹکانا۔ اشارے سے بات کرنا۔ سمجھانا۔ حرکت دینا۔
آنکھ مچنا۔ آنکھ مندنا۔ آنکھ بند کرنا۔ سونا۔ نیند آنا۔ آنکھ لگنا۔ مرجانا ؎
یار دیگر کون کھولے گا انکھین + جب گھڑی مند جائینگی آنکھین میری +
آنکھ ملانا۔ چار آنکھین ہونا۔ روبرو ہونا۔ مولف۔ نہین دل
کھول کر ملتے اگر آپ + غنیمت ہے ذرا آنکھین ملانا +
آنکھ میلی کرنا۔ ناراض ہونا۔ بدنظر دیکھنا۔
آنکھ مین آنکھ ڈالنا۔ گھور کر بیحیائی بیباکی بے شرمی سے دیکھنا۔
آنکھ مین سمانا۔ نظر مین سمانا۔ نگاہ پر چڑھ رہنا۔ فرید لاہوری پلیں
لقو ہستے لگا [illegible] کی حرکت + اے بت ہستے لگے اللہ اکبر آنکھ میں +
آنکھ مین چھپنا۔ منظور نظر ہونا۔ پسند آنا۔
آنکھ مین چوٹ آنا۔ چوٹ لگنا۔ ضرب آنا۔
آنکھ مین آنسو یا پانی یا میل نہونا۔ بے شرم و بے رحم و
سنگدل بے درد بے مروت ہونا۔
آنکھ مین کھٹکنا۔ برا معلوم ہونا۔
آنکھ مین سمانا۔ کسی کا تصور بندھے رہنا۔ مولف۔ کہین دل
مین گھر کرکے بیٹھے ہوئے ہین + کہین آنکھ مین وہ سماکے ہوئے ہین +
آنکھ مین نیل کی سلائی پھیرنا۔ اندھا کر دینا۔
آنکھ مین لحاظ نہونا۔ بے شرم و بے حیا ہونا۔
آنکھ ناک سے ڈرنا۔ عزت سے ڈرنا۔
آنکھ نہ اٹھانا۔ انکار نکرنا۔ حکم مان لینا۔
آنکھ نہ پڑنا۔ نگاہ نہ پڑنا۔ رغبت نکرنا۔ اسیر۔ اٹھائے ہین
جہان مین رنج ایسے خوبرویون سے + پڑ گئی آنکھ جنت مین نہ اپنی حور غلمان پر +
آنکھ نہ پسیجنا۔ آنکھ مین آنسو نہ آنا۔ بے رحم ہونا۔
آنکھ نہ پھیرنا۔ کہا مان لینا۔
آنکھ نہ جھپکنا۔ بیدار رہنا۔ بے شرمی و بے لحاظی کرنا۔ ؎
اے جنون تجھسے مری آنکھ نہین جھپکے گی + قیدخانہ تو دکھایا نہ مجھے صحرا دکھلا +
آنکھ نہ رکھنا۔ امید و نظر نہ رکھنا۔ غیر واقف ہونا۔
آنکھ نہ کھولنا۔ نیند مین غافل و بے سدھ رہنا۔ حکیم محمد انور۔
بیہشان بادۂ وحدت جو ہین + کھولتے ہرگز نہین مستی سے آنکھ +
آنکھ نہ ملا سکنا۔ مقابلہ نہ کر سکنا۔ تاب نہ لا سکنا۔ مولف۔
چاند سورج باوجِ حسن اس سے + آنکھ ہرگز نہین ملا سکتے +
آنکھ نہ ملانا۔ مقابل اور سامنے ہونا۔ صفدر فوقانی۔ تمھارے
مقابل بیا زار حسن مع جو یوسف بھی ہو تو ملائے نہ آنکھ +

آنکھ نیچے کرنا۔ ہونا۔ شرم و حیا کرنا۔ مولف۔ سر جھکا لیتا ہے ہمکو
دیکھکر سرو سہی + نیچی ہو جاتی ہین آنکھین نرگس بیمار کی +
آنکھ نہ ٹھہرنا۔ دیکھ نہ سکنا۔ پسند نہ آنا۔ ؎ شمع مجلس مین
ہوئی تیرے مقابل روشن + پھر نہ آسپر کسی پروانکی آنکھین ٹھہرین +
آنکھ والا۔ مبصر۔ نظرباز۔ بینا۔ مولف۔ نظر آئیگا سب مین نور الٰہی
جو دیکھے گا اسکو کوئی آنکھ والا۔
آنکھون پر بٹھانا۔ تعظیم و مدارات کرنا۔ مولف۔ وا ے افسوس
کہ ہمسے کبھی سیدھے نہوئے + مثل ابرو جنھین آنکھونپہ بٹھایا ہمنے
آنکھون پر پٹی باندھنا۔ اندھا اور غافل ہونا۔ مولف۔ خواب
غفلت مین پڑے کسواسطے ہو بیخبر + کسلیے بیٹھے ہو تم آنکھونپہ پٹی باندھکے
آنکھون پر پردہ پڑے رہنا۔ غافل رہنا۔ دھوکا کھانا۔ مولف۔
اپنی حالت سے نہی غافل کسلیے یہ آدمی + ایسا پردہ اسکی آنکھونپر پڑا رہتا ہے کیون
آنکھون پر پلکون کا بوجھ نہین ہوتا۔ یعنے اپنا بوجھ اپنے آپ
کو بھاری نہین لگتا۔
آنکھون پر ہاتھ رکھ لینا۔ جان بوجھ کر اندھا ہونا۔ مولف۔ تو ہے
اندھا آدمی کیون دیکھ بھال کر + آنکھون پہ ہاتھ رکھتا ہے کیون جان بوجھکے
آنکھون پر جگہ دینا۔ عزت سے پیش آنا۔ چراغ دین روشن۔ طلبگار ان
الفت جنہ جان و دل سے مائل ہین + قدم لیتے ہین انکے اور جگہ دیتے ہین آنکھونپر
آنکھونپر رکھنا۔ بزرگ سمجھنا۔ تعظیم کرنا۔
آنکھونپر قدم لینا۔ تعظیم سے پیش آنا۔ عزت کرنا۔ نعتیہ از مولف
زمانے مین جو ہین اہل بصیرت صاحب بینش + جناب سرور دین کے قدم آنکھونپہ لیتے ہین +
آنکھون تلے پھرنا۔ تصور بندھا رہنا۔
آنکھون دیکھا۔ چشم دیدہ۔ دیکھا بھالا ہوا جسکو کئی بار دیکھ چکے ہون۔
آنکھون سے اترنا۔ حقیر و بے عزت ہونا۔ مولانا اکبر۔ چڑھ گیا
اغیار کا گردون گردان پر دماغ + جب سے اترا ہے تری آنکھون سے یہ خدمتگذار +
آنکھون سے اٹھانا۔ ادب و اعزاز سے اٹھانا۔ محمد انور حکیم
گری جو خاک کف پاے خاتم پر سے + صبا نے دوڑ کے اسکو اٹھایا آنکھون سے +
آنکھون سے گرانا۔ دل سے اتار دینا۔ حقیر سمجھنا۔ صفدر فوقانی
نعتیہ وہ اٹھ سکتا نہین ہرگز کسیکی دستگیری سے + وہ شاہنشاہ دین جسکو گرا دیتے ہین آنکھون سے +
آنکھون سے گرنا۔ حقیر و ذلیل و خوار ہونا۔ مولف۔ بزرگون کے
مقابل ہوکے جو آنکھین دکھاتے ہین + وہ مثل اشک آخرکار گر جاتے ہین آنکھون سے +
آنکھون سے لگانا۔ قدر و توقیر کرنا۔ چراغ دین روشن۔ نعتیہ۔ کوئی
سر پہ شب معراج رکھتا پائون حضرت کے + کوئی چھاتی پہ اور کوئی لگاتا ہے آنکھون سے +

آنکھون سے نیل ڈھلنا۔ نزع مین آنکھون سے نیر یعنی پانی نکلنا۔

آنکھون سے نیند اُڑجانا۔ تمام رات جاگتے رہنا۔ **مولف**
بستر غم پر شب فرقت مین کب آتی ہے نیند + دل سے اُڑجاتا ہے صبر آنکھون سے اُڑجاتی ہے نیند

آنکھون کا پانی ڈھلنا۔ بے شرم و بے لحاظ ہوجانا۔

آنکھون کا تیل نکالنا۔ باریک کام کرنا۔

آنکھون کورو بیٹھنا۔ اندھا ہونا۔

آنکھون کے آگے تارے چھوٹنا۔ ضعف کے مارے آنکھون کے سامنے ترمرے نظر آنا۔

آنکھون کے آگے پھر جانا۔ کسی غائب چیز کا نقشہ آنکھون کے سامنے آجانا۔

آنکھون کے آگے رکھنا۔ روبرو اور سامنے رکھنا۔ **مولف**
تصور اپنے اُس نور نظر کا + سدا رکھتے ہین ہم آنکھون کے آگے

آنکھون کے آگے اندھیرا آنا۔ ضعف طاری ہونا۔ دماغ کو بخارات جانا۔

آنکھون کے بل چلنا۔ کمال شوق و آداب سے پیش آنا۔ **مولف**
یار آتا ہے تو استقبال کو + دوڑ کر آنکھون کے بل جاتے ہین ہم +

آنکھون مین آنا۔ نجنا سمانا نشہ کی کیفیت ظاہر ہونا۔ **میر**
نہین آتے کسی کی آنکھ مین ہم + ہو کے عاشق بہت حقیر ہوئے +

آنکھون مین رہنا۔ منظور نظر ہونا روبرو رہنا۔ **مولف**
ڈھونڈھ لیتے ہین جو ہین عاشق صادق ہر رہ + رشتہ وہ پردہ نشین دل مین دیا آنکھون مین +
ولہ کبھی تو ہی دل مین ہو دارجان و دل آہ سر + کبھی وہ اپنا منظور نظر آنکھون مین رہتا ہے +

آنکھون مین آنکھین ڈالنا۔ غور سے دیکھنا۔ گھورنا۔

آنکھون مین بسنا۔ ہر وقت تصور مین رہنا۔ **مفتی حیدر**۔ وہ رشک ماہ جنکے دیکھنے کو سب ترستے ہین + سدا نور نظر بنکر مری آنکھون مین بستے ہین

آنکھون مین بیٹھنا۔ پسند آنا۔ بھلا لگنا۔ بھاجانا۔

آنکھون مین پالنا۔ روبرو پرورش کرنا۔

آنکھون مین پھر جانا۔ کسی کی صورت کا تصور بندھ جانا۔ ؎
یاد آیا کوچۂ دلدار جب + پھر گیا آنکھون مین نقشہ خلد کا +

آنکھون مین پھرنا۔ بار بار خیال آنا۔ **مولف**۔ ترا نقشہ کھچا رہتا ہے ہر دم صفحۂ دل پر + مری آنکھون مین ہر ساعت تری تصویر پھرتی ہے +

آنکھون مین پھیکا لگنا۔ بُرا معلوم ہونا۔ اچھا نہ لگنا۔

آنکھون مین پی جانا۔ رونے سے طبیعت کو روکنا آنسو گرنے نہ دینا۔ دیر تک دیکھتے رہنا۔

آنکھون مین تکلے چبھونا۔ زمانہ سلف کی رانیان ہند مین سزا سے تکلے چبھونے کی اپنی کنیزون کو دیتی تھین۔

آنکھون مین تلنا۔ نظر مین جانچ لینا۔ اندازہ کرنا ؎ تل گئی مہر وفا اے یار اپنی آنکھ مین + جب ترازو سینہ مین تیر نظر ہونے لگا

آنکھون مین ٹھہرنا۔ منظور نظر و صاحب توقیر ہونا ؎ رکھتا مدام خانۂ دل مین مرے قیام + رہتا ہمارے سینہ مین آنکھون مین ٹھہرتا

آنکھون مین جان آنا۔ نزع مین ہونا۔ آنکھین ٹھنڈی ہونا۔

آنکھون مین جچنا۔ آنکھون مین تلنا۔ اندازہ ہونا۔

آنکھون مین حلقے پڑنا۔ حلقے پڑنا بینائی مین فرق آنا۔

آنکھون مین جگہ دینا۔ عزت اور پیار کرنا۔

آنکھون مین جی کھچ آنا۔ ناچار ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ **میر** شتابی وہ کا آنکھون مین کھچ آیا ہے جی + دیکھیے اب بھی نہ تم آؤ تو کیا اندھیر ہے +

آنکھون مین چرانا۔ دیکھتے دیکھتے اڑا لیجانا۔ دھوکا دینا۔

آنکھون مین چربی چھانا۔ مغرور و متکبر ہونا۔

آنکھون مین چڑھنا۔ منظور ہونا۔ بھلا لگنا۔ بھاجانا۔

آنکھون مین حلقے پڑنا۔ لاغری سے آنکھون کا اندر کو گڑجانا ڈگر کو گر کرنا۔ ؎ پڑ گئے ہین ناتوانی سے جو حلقے اندر کی سب کو میری چشم تر پر ہے گمان گرداب کا۔

آنکھون مین خار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ ناگوار گذرنا دیکھ نسکنا۔ کانٹا سا نظر مین کھٹکنا۔ **وزیر علی صبا**۔ جو تو وہ گل ہے کہ آنکھون سبکی ہے تری جا + جو سبکی آنکھ مین کھٹکا کیا وہ خار ہون مین۔

آنکھون مین خاک ڈالنا۔ جھونکنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا چھل کرنا۔ چالاکی کرنا۔ **مفتی حیدر**۔ آیا شب جب بزم مین وہ شمع رو + لیگیا دل ڈالکر آنکھون مین خاک +

آنکھون مین دم آنا۔ جان بلب ہونا۔ آخر وقت ہونا۔

آنکھون مین رات کاٹنا۔ رات بھر بیدار رہنا۔ **مولف**
کس مصیبت مین تونے اے سرور + زندگی بے ثبات کاٹی ہے +
دن گذارا ہے گریہ زاری مین + اور آنکھون مین رات کاٹی ہے +

آنکھون مین رات کٹنا۔ رات بھر نیند نہ آنا۔ **مولف**
جو گذرا دن تو گذرا رنج و غم مین + جو آئی رات آنکھون مین کٹی رات +

آنکھون مین رکھنا۔ نظرون مین رکھنا۔ پیار سے رکھنا۔
مولف۔ گرانا مت غم وندان مین آنسو + یہ گوہر بے بہا آنکھون مین رکھنا +

آنکھون مین سبک ہونا۔ حقیر و بے عزت ہونا۔
آنکھون مین رہنا۔ پیارا ہونا۔ عزیز ہونا۔ نظر مین رہنا۔ مولف
نہین جاتا ہی آنکھون سے تصور اسکے دندان کا + وہ گوہر تپلیان بنکر
سدا آنکھون مین رہتا ہی۔
آنکھون مین سرسون پھولنا۔ زردی چھاجانا۔ بسنتی نظر آنا۔ تیرہ ایک بست
ہوجاتا ہے۔ پہنا دلدار نے بسنتی شال + سرسون پھولی ہماری آنکھون مین ج
آنکھون مین سمانا۔ تصور بندھا رہنا۔ ہر وقت خیال رہنا۔ مولف
جب آئے نظر تو آئے میری آنکھون مین + رہے پوشیدہ دل مین وہ سمائے میری آنکھون مین
آنکھون مین کھبنا۔ منظور نظر ہونا۔ پسند ہونا۔ بھانا۔ مولانا اکبر +
گھس گئے دل مین سری اور کھبے آنکھون مین تم + فی الحقیقت اب نکلنا ہو میسر کس طرح
آنکھون مین کھٹکنا۔ برا معلوم ہونا۔ ناپسند ہونا ع یہ لاکھا باتین
کھٹکتی ہین فلک کی آنکھ مین + دیکھنا بھی اس پر بھی کا معتقد ہوجائیگا۔
آنکھون مین کہنا۔ اشارون سے سمجھانا۔ صفدر فوقانی
ملے دل زبان سے نہین بولتے + وہ آنکھون سے کہتے ہین ہر مدعا۔
آنکھون مین گھر کرنا۔ فریفتہ کر لینا۔ عاشق بنا لینا۔ مومن۔
گھر آنکھون مین کر گیا ہی دلدار + دل چھین لیا نظر ملا کے +
آنکھون مین گھر ہونا۔ عزیز ہونا۔ پیارا ہونا۔ آتش۔ دل و دیدہ و
چشم عالم مین گھر ہی + تمھارے لیے ہین مکان کیسے کیسے +
آنکھون مین لیجانا۔ دیکھتے دیکھتے کوئی چیز اڑا لیجانا۔ مولف
محفل گلرخان مین وہ عیار + لے گیا دل ہزار آنکھون مین +
آنکھون مین خون ڈالنا۔ اندھا کر دینا۔
آنکھون مین نہ آنا۔ ناپسند ہونا۔
آنکھون مین اترنا۔ منظور و پسند ہونا۔
آنکھون مین گھیرنا۔ سائل کر لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ مولف
پھنسا ہین کبھی دکھلاتے گیسوے سلسل کو + کبھی کرتے ہین آنکھون کی وہ چتون گھیر لیتے ہین +
آنکھین اٹھ جانا۔ آنکھین سوج جانا۔ ورم ہوجانا۔
آنکھین آنا۔ آنکھون مین آشوب ہونا۔ جعفر۔ انتظاری مین تیری
راہ کو تکتے تکتے + تو تو آیا نہ پر درد مری آئی آنکھین۔ مولف
آہ کو روکا تو سینہ جل اٹھا + تھم گئے آنسو تو آنکھین آگئین +
آنکھین ابل آنا۔ رمد کی بیماری ہونا۔
آنکھین بچھانا۔ انتظار مین راستہ دیکھتے رہنا۔ شوق۔
تری راہ مین ورش کے واسطے + ہمین اپنی آنکھین بچھانے سے ہے
آنکھین بدلنا۔ یکایک ناراض ہوجانا۔ مولف۔ غیر سے
کرتے ہین باتین پیار کی + دیکھ کر ہمکو بدل لیتے ہین آنکھ +
آنکھین بند کرنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔ مرجانا۔ مولف۔ عزیز و دیکھ لو
جو دیکھنا ہی دنیا مین + کہ عنقریب تمھاری کرینگے آنکھین بند +
آنکھین بند ہونا۔ سونا۔ نیند آنا۔ مرجانا۔ مولف۔ جان نکل جائیگی
جسم نازنین سے ایک روز + بند ہوجائینگی یہ چشم جہان بین ایک دن +
آنکھین بنوانا۔ آنکھین درست کروانا۔ جالا کٹوانا۔ مولف۔
چارہ گر ڈھونڈو تمھاری جس سے صحت ٹھیک ہو + آنکھین بنوا دو کہ روشن دیدۂ تاریک ہو +
آنکھین بھر آنا۔ رونے کے قریب ہونا۔
آنکھین پتھرانا۔ بے حرکت و بے نور ہونا ع معلوم نہین آنے
یا حضرت موسے + کیا طور پہ دیکھا ہی کہ پتھرا گئی آنکھین میر راہ تکتے
تکتے اپنی آنکھین بھی پتھرا چلین + یہ نہ جانا تھا کہ سختی اسقدر دیکھینگے ہم +
آنکھین ٹم ہوجانا۔ آنکھین بند ہوجانا۔ شوق۔ یا الٰہی جو جھوٹی
قسمین کھائین + دونون آنکھین انھین ٹم ہوجائین +
آنکھین پلٹ جانا۔ محبت و دوستی مین فرق آنا۔ ظفر۔ سیدھی
آنکھون سے کیون نہین ملتے + کس گنہ پر پلٹ گئی آنکھین۔
آنکھین پونچھنا۔ تسلی دینا۔ آنسو پونچھنا۔
آنکھین پھاڑ کر دیکھنا۔ نہایت شوق سے دیکھنا۔
آنکھین پھٹنا۔ سخت درد ہونا۔ حسد و رشک کرنا۔
آنکھین پھر جانا۔ موت کی علامت ظاہر ہونا۔ بے مروت ہونا۔
مخالف ہونا۔ دشمن بن جانا۔ میر۔ رات گذری ہی مجھے نزع مین روتے
روتے + آنکھین پھر جائینگی اب صبح کے ہوتے ہوتے۔ مصحفی۔ خدا سے
پھر گئین زاہد کی آنکھین + نظر آیا کوئی کافر صنم کیا +
آنکھین پانون سے ملنا۔ منت و خوشامد کرنا۔
آنکھین پھوڑنا۔ باریک کام کرنا۔ اندھا کرنا۔ راستہ تکنا۔
آنکھین پھیر لینا۔ ناراض ہونا۔ بگڑ جانا۔ مولف۔ تمھاری گرچہ
بے مہری ہی مشہور + مگر ہمسے نہ آنکھین پھیر لینا + وزیر۔ پھیر لیتا ہی جو
مین وہ آنکھین + چشم بد دور کیا ہی بدخو ہے۔
آنکھین پھیر دینا۔ نزع کی حالت ظاہر ہونا۔
آنکھین ترسنا۔ دیکھنے کا مشتاق ہونا۔ ع سوز و غم
و حسرت دیدار ہر ساعت + ادھر جلتا ہی سینہ ادھر آنکھین ترستی ہین
آنکھین تلوون سے ملنا۔ منت و خوشامد کرنا۔
آنکھین تلے ہونا۔ زیر نظر ہونا۔ شرمسار ہونا۔
آنکھین ٹمٹمانا۔ آنکھین آہستہ آہستہ کھولنا۔

آنکھین لوٹ آنا - دور سے دکھنے آنا۔
آنکھین ٹھنڈی کرنا - دیکھ کر خوش ہونا۔
آنکھین ٹھنڈی ہونا - دیکھ کر خوش ہونا۔
آنکھین جاتی رہنا - اندھا ہو جانا۔
آنکھین جلنا - حرقة العین کی بیماری ہونا۔
آنکھین جھک آنا - آشوب ہونا۔
آنکھین چار ہونا - روبرو ہونا - ایک دوسرے کو دیکھنا۔ شیدا -
دل رنجیدہ کہتا ہی نہ ہو دونون یار سے لیکن + جب آنکھین چار ہوتی ہین محبت آہی جاتی ہی +
آنکھین چڑھنا - شراب کے سبب یا نیند کے سبب آنکھین خمار مین ہونا۔
آنکھین چھت سے لگ جانا - پتلیان پھر جانا - حرکت سے رہجانا - جرأت -
گرے یون بستر غم پر کہ آنکھین لگ گئین چھت سے + نظر آیا تھا جرأت ہمکو جلوہ بام پر کس کا +
آنکھین دکھانا - چشم نمائی کرنا - دھمکانا۔
آنکھین دیوار ہو جانا - بند ہو جانا - اندھا ہو جانا۔
آنکھین دوڑانا - ادھر ادھر نظر بازی کرنا - صفدر فوقانی -
دیکھتے تجھسا نہین کوئی حسین + آنکھین ہر سو گرچہ دوڑاے مین ہم +
آنکھین دیکھنا - اچھون کی صحبت مین رہنا - منتفع ہونا - [illegible] اہل بصیرت
صاحب بینش [illegible] مین + [illegible] دونون کی آنکھین جسنے دیکھی ہین +
آنکھین ڈبڈبانا - آبدیدہ ہونا - آنسو بھر آنا۔
آنکھین ڈگر ڈگر کرنا - آنکھین [illegible] پڑ جانا - دبلا اور کمزور ہو جانا۔
آنکھین رکھنا - بینا ہونا - عقلمند ہونا۔
آنکھین روشن ہونا - صاحب بصارت ہونا - مولف صفا انکا
سینہ شکل آئینہ کیا حق نے + عزیزو جنکی روشن نور عرفان سے ہوئین آنکھین +
آنکھین زمین سے لگ جانا - شرمندہ و نادم ہونا۔
آنکھین سامنے نہ کرنا - شرمسار و خجل ہونا۔
آنکھین سامنے کرنا - مقابل ہونا - بے شرم ہونا - رنگین - ہم سے تھا
اقرار آنے کا سو گئے گھر غیر کے + پھر تم آنکھین سامنے کرتے ہو شرماتے نہین +
آنکھین سفید ہونا - اندھے ہو جانا - میر آنکھین سفید ہو چلی ہین راہ دیکھتے +
یارب انھون کا ہوگا ادھر بھی گذر کبھی +
آنکھین سی کھل جانا - خوش ہو جانا - ہوش آ جانا - جسم مین جان آ جانا - لطف -
یاد آگیا خدا تری صورت کو دیکھ کے + آنکھین سی کھل گئین تری صورت کو دیکھ کے +
آنکھین سینکنا - معشوق کو گھورنا - نظر بازی کرنا۔
آنکھین غبار لانا - نظر کم ہو جانا - بصارت جاتی رہنا - آفاق - راہ اسکی
برسون دیکھی آنکھین غبار لائین + نکلا نہ کام اپنا اس انتظار مین بھی +

آنکھین گڑوانا - نیند غالب ہونا۔
آنکھین کھلنا - جاگنا - ہوش مین آنا - مولف - نظر آئین ہزارون
خواب غفلت مین ہمین شکلین + نہ دیکھا کچھ بھی غیر از ذات حق جب دم کھلین آنکھین +
آنکھین کھلی رہجانا - متحیر ہونا - حواس باختہ ہونا - دیکھتے دیکھتے جان نکل
جانا - مولف - نکل دم گیا تیرے بیمار کا + یہ آنکھین کھلی کی کھلی رہگئین +
آنکھین کھونا - اندھا ہونا - آنکھین بند ہونا - مولف - آنکھین کھو بیٹھے
بہت سے لوگ اے یوسف لقا + صورت یعقوب تیرے حسرت دیدار مین +
آنکھین گڑ جانا - آنکھین بیٹھ جانا - حلقے پڑ جانا - ندیدہ ہونا - کسی چیز
کو برابر دیکھتے جانا۔
آنکھین گلابی ہونا - نشہ کا سرور ہونا۔
آنکھین لڑانا - آنکھ سے آنکھ ملانا - نیہا لگانا - مولف - بت کافر سے
جب آنکھین لڑائین + لگی ساری خدائی ہمسے لڑنے +
آنکھین لال کرنا - غصہ و غضب کرنا - مولف - غضب کرتے ہو تم اے
غیرت گل موسم گل مین + کہ پی پی کر شراب ناب آنکھین لال کرتے ہو +
آنکھین لال ہونا - آنکھین دکھنے آنا یا شراب پیکر لال ہونا - مولف
ہوئین جب مے سے لال ان کی آنکھین + اسی دم آگئین بلبل کی آنکھین +
آنکھین لگائے رہنا - منتظر رہنا - راہ تکتے رہنا - مولف - گل و بلبل
یہ بوستان جہان + ہم بھی آنکھین لگائے رہتے ہین +
آنکھین لگنا - دھیان لگانا - آنکھ بند ہونا - ع سوتے ہین خاک پے
آنکھین لگ رہین سوے بام + طالب معراج ہین فتادگان کوے دوست +
آنکھین مانگنا - بصارت چاہنا - مولانا اکبر - بجز دیدار مطلب اپنا
کیا ہی + کہ اندھا حق سے آنکھین مانگتا ہی +
آنکھین میچنا - آنکھین بند کرنا۔
آنکھین ملنا - غور سے دیکھنا۔
آنکھین نکالنا - اندھا کرنا - خفگی سے کسی کی طرف دیکھنا۔
آنکھین نیلی پیلی کرنا - نہایت غضب و غصہ مین آنا - ع روز آنکھین
نیلی پیلی کرکے جاتا ہی وہ شوخ + بزم مین تو چشم حسرت سے نہ دیکھا کر ہمین +
آنکھین ہونا - بینا ہونا - باخبر ہونا - مولف - مل گئے دونون کے دل
باہم دوئی جاتی رہی + دلربا کے ساتھ اپنی چار آنکھین جب ہوئین +
آن لگنا - نزدیک ہونا - موقع پر پہونچنا - نشانہ پر لگنا - کنارہ پر لگنا - میر ظلم ہوئے ہین
کیا کیا ہم پر صبر کیا ہی کیا کیا ہم + آن لگے ہین گور کنارے تیری گلی مین جا جا ہم +
آن لینا - آپکڑنا - دبا لینا - مغلوب کرنا۔
آن ماننا - شکست کھانا - ہارنا - قایل ہونا - نظیر دیکھکر کرتی گلے مین

سبز دھانی آپ کی + دھان کے بھی کھیت نے ہر آن مانی آپ کی +
آنٹ سانٹ - سازش آمیزش ل بانٹ -
آنندی پرش - خوش مزاج آدمی -
آنکھ کا لحاظ - روبرو آنے کی شرم -
آنکھون کے آگے ناک سوجھے کیا خاک - یہ جملہ اسکے حق مین بولتے ہین جسکو سامنے رکھی ہوئی چیز دکھائی نہ دیوے -
آنکھون کی عینک - آنکھ کی پتلی - نور چشم - فرزند دلبند - اور جو شخص روبرو رہتا ہو -
آنکھون مین خاک - چشم بد دور - نظر نہ لگے دشمنون کی آنکھون مین خاک ہو
بجائے سرمہ لگاتی ہین بلبلین ای گل + بصدق دل ترے کوچے کی خاک آنکھون مین
آنڈو بیل سانڈ بیل - جو کھیتی کے لائق نہو -
آنکھ کا تل - آنکھ کی پتلی - بہت عزیز - پیارا - نور چشم -
آنسو ڈھال - یہ بیماری گھوڑے کو ہوتی ہر - اور اسکی آنکھ سے پانی بہتا ہر -
آندھی کے آم - مفت کی چیز -
آنکھ مین کی شرم - دل کے نرم - یعنی ہماری شرم اور نرمی کے سبب سے طرف ثانی اپنا مطلب نکال لے گیا - انکار نہ کر سکے -
آنکھون مین موتی کوٹ کوٹ بھرے ہین - نہایت خوبصورت چمکیلی و رسیلی آنکھین ہین -
آنکھون مین - روبرو - سامنے - **مولف** - بھولی جب باغ محبت کی بہار آنکھوان مین + خار و گل آئے نظر صورت خار آنکھون مین +
آنکھون ہی آنکھون مین - اشارون سے - چوری چوری - آزردہ ہم سے آنکھون ہی آنکھون مین گر ہوتا ہر + ہمارے منھ سے نہ کہوا کہ آزردہ کیا ہر
آنکھین پھوٹین - قسمیہ کلمہ ہر - اگر مین یہ بات غلط کہتا ہون تو میری آنکھین پھوٹ جاین -
آنکھین چربی کی ہوئی ہین - یعنے تو اندھا ہو گیا ہر کہ سامنے کی رکھی ہوئی چیز نظر نہین آتی -
آنکھین لگ رہی ہین - راہ دیکھتے ہین - منتظر ہین - میر چاک قفس سے آنکھین لگی ہین تا کہ رہین + اک برگ گل نسیم ہماری طرف بھی لاؤ +
آن کی آن مین - ذرا سی دیر مین -
آن بان - سج دھج - شان شوکت -
آن تان - غیرت حمیت - بزرگی - شرافت -
آنکھون کے ناخون لو - شناخت پیدا کرو - تمیز سیکھو - اور ناخنہ ایک آنکھون کی بیماری کا نام ہر
آنگ لگو - جسم سے چمٹنے والا - گود سوار -
آنکھ کا اندھا نام نین سکھ - صورت معتبر اصل مین بد معاش -
آنتین قل ہو اللہ احد پڑھنے لگین - نہایت بھوک لگی ہر بھوک سے بے اختیار ہو گئے ہین -
آنچ کی کسر ہر - یہ حیلہ کیمیا گر کرتے ہین جب نسخہ خراب ہو جاتا ہر -
آنچ کا کھیل ہر - آنچ ٹھیک آئی تو نسخہ بن گیا -
آنچ کھا جانا اچھا نہین ہر - تاؤ زیادہ کھجانے سے تو بہتر نہین ہر -
آندھی چل رہی ہر - عورت لڑ رہی ہر -
آنکھ کی برائی بھون کے آگے - باپ کی شکایت بیٹے کے آگے -
آنکھ لگی لگائی - آشنائی کی عورت -
آنکھون دیکھے - اپنی آنکھون کے سامنے -
آنکھون سے - خوشی سے رضامندی سے - مولف نعتیہ خاک پاے نبوی باؤن گر ای سرور + اسکے پاؤن کی قسم یون مین ملتا آنکھون سے ۵ کسیکے آنے کی خبر آئی کہ ایسا بیکراں شک + پیش قدمی کے لیئے آنکھون سے دوڑا جاتا ہر
آنکھون کے تارے نیچے - آل اولاد عزیز - ۵ آیا جب سامنے وہ غیرت خورشید مرے + طالع یاور ہوے آنکھون کا ستارہ چمکا +
آنکھون کی پتلی - نور چشم - فرزند - بیٹا -
آنکھون کے آگے - روبرو - سامنے - پیش نظر -
آنکھون کے آگے آئے - بد دعا ہر - سزا آنکھون سے پائے اندھا ہو ۵ دام الفت مین گرفتار کیا آنکھون نے + یا الہی مری آنکھون کے یہ آگے آئے +
آنکھون کے آگے پلکون کی برائی - باپ کے آگے بیٹے کی برائی -
آنکھون کے آگے عالم تاریک ہر - غم کے مارے زمانہ تاریک ہر -
آنکھون کے ڈورے - سرخ رگین جو آنکھون مین پیدا ہو جاتی ہین -
آنکھون مین خون برستا ہر - نہایت غصہ مین ہر -
آنکھون مین خون اترا آتا ہر - جوش غضب ہر -
آنکھین بند کرکے - اندھا دھند - بے سوچے سمجھے بلا تامل **مولف** روز حشر نا بینا اٹھائے جائینگے سرور + جو اس دنیا مین آنکھین بند کرکے کام کرتے ہین +
آنے جانے دنیا - ناپایدار - بے ثبات و بے قیام - **مولف** - یہ عمر و دولت و اولاد و مال و ملک فانی ہر + بھروسا اپنے مت کرنا کہ دنیا آنی جانی ہر +

الف ممدودہ با واو

آواز بھر آنا - آواز بھاری ہونا - آواز بیٹھ جانا -
آواز پر لگنا - بولی پر لگنا - ہل جانا - مانوس ہونا - ۵ - حافظ مین

جب بلاؤ تم اے رشک گل انھین + آواز پر ہین بلبلین ساری لگی ہوئی +
آواز بیٹھنا - آواز جھرجھری ہونا - بھرّا جانا -
آواز دینا - پکارنا - بلانا - بولنا - ؎ معجزہ کرتے ہین ظاہر وہ مسیح +
مردہ بول اُٹھے اگر آواز دین +
آواز کھلنا - آواز صاف ہونا - صفدر فوقانی - دم بخود تھی تعجب
تھی بلبل نالان اسیر + کھل گئی آواز جب باب قفس کھولا گیا +
آواز لگانا - پکارنا - بلانا - گانا -
آواز مین تتی لگ جانا - بُری آواز ہونا - صاف نہ بول سکنا ؎ بلبلونے
باغ مین گایا تھا تنک گل کا گیت + گاتے گاتے انکی تتی لگ گئی آواز مین +
آواز نکالنا - بولنا - گانا - بلانا - بات کرنا - مولانا اکبر - دخل جب
بادخزان کا ہوا اس گلشن مین + پھر نہین بلبل لان نے نکالی آواز +
آوازہ پھینکنا - چھیڑ چھاڑ کرنا - طعنہ دینا -
آؤلے آنا - آفت کا نازل ہونا - مصیبت پڑنا -
آؤلے ٹلنا - بلا رد ہونا - مصیبت دور ہونا -

الف ممدوده با ہاے

آہ بھرنا - لمبی سانس لینا - افسوس کرنا - حکیم محمد انور - اُسی دم ایک
اندھیاری سی چھا جاتی ہے عالم پر + تیرے عاشق نیا ذ زلف جسدم آہ بھرتے ہین +
آہ پڑنا - آہ لگنا - بددعا لگنا - صبر پڑنا - مولف - دم مین بنکر آتش
سوزان اثر دکھلائیگی + تمپہ اے ظالم کسی کی آہ جب پڑ جائیگی +
آہ لینا - بددعا لینا - سراپ لینا - صفدر فوقانی - عاشقون تم اے
ستم ایجاد + رنج دیتے ہو آہ لیتے ہو -
آہ نہ کرے - صبر کرے منہ سے نہ بولے - سانس نہ لے -

الف ممدوده با یاے

آیا گیا ہونا - گم ہونا - فیصلہ پانا - ختم ہونا - مولف - آگیا جو اس
سراے دہر مین + ایک دن آیا گیا ہو جائیگا -
آئے دن - ہر روز - نت - ہمیشہ - اکثر - مولف - جیےگا کس طرح یہ کشتہ
غم + کہ عاجز آئے دن رہتا ہے بیمار +

پانچوین فصل

ادویات ولغات متعلق علم طب کے بیان مین -

الف ممدوده با بے

آبار - شرب سوختہ یعنی جلا ہوا سیسہ جسکو ہندی مین بنک بکسر بااور
سیندور کہتے ہین - آنکھ کی سوزش دجوش و زخم خصیہ و بواسیر اور
پرانے زخمون کے اندمال کے لیے فائدہ بخش ہے - مرہمون مین اکثر یہ
استعمال کیا جاتا ہے - کھانا زہر ہے -
آبنوس - ذکر اسکا پہلے بھی درج ہو چکا ہے - اور یہ مشہور درخت مشابہ
درخت عناب کے ہے - مگر اُس سے بڑا پھل اسکا زرد رنگ مائل
بہ سُرخی قدرے شیرین کسیلا ہے - یونانی مین آبانس و سینا قیطوس
اسکا نام ہے - لکڑی اسکی نہایت سیاہ اور وزن دار ہوتی ہے - مگر کاٹنے
کے وقت ایسی سیاہ نہین ہوتی جسقدر پرانی ہوتی جاتی ہے سیاہ
ہوتی جاتی ہے - ہندی و حبشی دو قسم کا یہ درخت ہے - حبشی نہایت سیاہ
اور سخت - اور چکنا - اور وزن دار ہوتا ہے - کھانا اسکا بول کو جاری
کرتا ہے - محلل ریاح ہے - سدون کو کھولتا ہے - ضماد اسکا رعاف کو بند کرتا
ہے شُرمہ اگر اسکی لکڑی کو پیسکر آنکھ مین لگائین تو شب کوری کو دفع
کرتا ہے اور بھی بے شمار فائدے اس لکڑی سے انسان
کو حاصل ہین -
آبیل - یہ ایک بوٹی کی جڑ ہے کہ بہار مین پیدا ہوتی ہے شاخین اسکی
بہت ہوتی ہین - گاجر کے بیج کی طرح اسکے بیج ہین - جڑ اسکی شلغم
کی شکل پر خوشبودار - الفقرتلی کی بیماریون مین اسکا استعمال نہایت مفید ہے -

الف ممدوده با جیم

آجر - عربی مین اینٹ کو کہتے ہین - جو عمارت مین لگائی جاتی ہے
چونکہ اطبا نے اسکو ادویات مین لکھا ہے اس فصل مین درج ہوا عربی
مین اسکو لبن بکسر لام بھی کہتے ہین - اور فارسی مین خشت پختہ کوری
اینٹ اگر آگ مین سرخ کرکے پانی یا شراب مین ڈالین اور سر کو اُسکے
بخار پر رکھین تو نزلہ مزمنہ اور درد سر دفع ہو جاتا ہے پھنسیان اور
ورم اور استسقا و بواسیر اسکے استعمال سے جاتی رہتی ہے اور
جو پختہ سفید رنگ اینٹ گرم کرکے اُسپر پانی یا شراب چھڑک
دین اور کپڑے مین لپیٹ کر اُس عضو پر جسمین درد ریح یا سردی
کا ہوتا ہو تکمید کرین فی الفور درد رفع ہو - اور خواص اسکے کتابون
مین بہت لکھے ہین خصوصاً اینٹ کا تیل جسکو دہن المبارک کہتے ہین
صرع اور لقوہ اور نسیان کو نہایت مفید ہے -
آچین - یہ ایک درخت کا نام ہے جسکے پتے جامن اور آنب سے
بڑے ہوتے ہین پھول سفید اور خوشبودار بہار مین پہلے اسکے

پھول نکلتے ہین پھر پتے نکلتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک اسکی جڑ کے پوست کو بھگو کر پئین تو دست بہت آتے ہین۔

الف ممدودہ باذال معجمہ

آذان الفار۔ یہ ایک نبات ہی۔ یونانی مین اسکو مہروش ہندی مین چوہے کنی کہتے ہین۔ چونکہ اسکے پتون کی صورت چوہے کے کانون کی طرح ہوتی ہی۔ اس لیے اس نام سے موسوم ہوئی شاخین اسکی باریک پھول گلابی۔ تخم دھنیے کی شکل پر ہوتا ہی۔ مزاج اسکا گرم اور تیز بینا (؟) سکا صرع کو دفع کرتا ہی۔ ضماد زخمون کو ملاتا ہی۔ بری اور باغی دونون قسم کی یہ بوٹی ہوتی ہی۔ اور خواص الگ الگ ہین۔

آذریون۔ یہ ایک پھول ہی۔ فارسی مین اسکو گل آفتاب پرست ہندی مین سورج مکھی عربی مین حنوہ کہتے ہین۔ باغون مین ہوتا ہی۔ پھول زرد رنگ سنہری چوڑا ہی۔ اکثر اوقات رخ اس پھول کا سورج کی طرف ہوتا ہی۔ منقی دماغ ہی ام الصبیان اور امراض باردۂ دماغی کو فائدہ بخش ہی۔ اعصاب اور دانتون کو طاقت دیتا ہی معدہ اور جگر کو قوی کرتا ہی۔ باہ بڑھاتا ہی۔ اور فائدے اسکے بھی کتب طبیہ مین بہت لکھے ہین۔

آذربویہ آذربویہ۔ جڑ ایک نبات کی ہی شاخ اور پتے اسکے مشابہ زرنب کے۔ پھل اسکا دانۂ نخود کے پوست کی طرح جنکے اندر دو تین دانہ زرد رنگ ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک مدر بول اور مدر حیض ہی۔ دافع سرفہ اور ہچکی ہی۔ حاملہ عورت کو اسکی بو سونگھنے سے چھینکین بہت آتی ہین۔

الف ممدودہ باراے مہملہ

آرغیس۔ عربی لفظ ہی۔ اہل دمشق و مصر اسکو عود الریح۔ اہل فارس پوست بیخ زرد۔ اہل ہند زرشک کی جڑ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی آنکھ کی رطوبات کو بند کرتی ہی۔ اہل مصر بجاے مامیرا اسکا استعمال کرتے ہین۔ سرمہ اسکا مقوی بصر ہی منجن دانتون کو قوی کرتا ہی مطبوخ کے پانی سے اگر حقنہ کیا جاے دانتون کے زخم اچھے ہو جاتے ہین۔ کرم نکل آتے ہین۔ اور بھی بہت فائدے ہین۔

آردتول۔ بہ دال مہملہ ایک آش کا نام ہی۔ جو آٹے سے پکائی جاتی ہی۔

آرزکل۔ یہ ایک درخت ہی۔ خواص اسکے عجیب ہین زخمون کو اچھا کرتا ہی۔ آماس کو دور کرتا ہی۔

آرزو۔ مشہور درخت ہی۔ پھل اسکا ترش و دیر ہضم ہوتا ہی بہار کے موسم مین پھول اسکے پتون سے اول نکلتے ہین۔

آریائی۔ ایک قسم خیار کی ہی۔ مولد بلغم و ریح نہایت ثقیل محدث تپ۔

الف ممدودہ بازاے معجمہ

آزاد درخت۔ یہ ایک بڑا درخت ہی۔ پھل اسکا مشابہ عزا زرد رنگ اور کڑوا خوشہ دار ہی۔ عربی مین اسکو شجرۃ الحرۃ و خریطہ دارو ان و باطوس کہتے ہین۔ جرجان مین زہر زمین۔ مازندران و سیستان و ہند مین بکائن۔ مگر بکائن اور درخت ہی۔ جو صرف ہند مین ہوتا ہی۔ اور آزاد درخت ہر ایک ملک مین موجود ہی۔ پھول اسکا بنفشی کم رنگ خوشبودار ہی اسکے پھولون اور پتون کا مزاج گرم ہی۔ سُدّون کو کھولتا ہی۔ قولنج کو دفع کرتا ہی۔ رحم کے درد کو نافع ہی۔ جذام۔ برص۔ قروح خبیثہ کا علاج ہی۔

الف ممدودہ باسین

آس۔ یہ ایک پھول ریحان کے اقسام سے ہی فارسی مین اسکو سرسا ایمارس۔ یونانی مین اورقیطس۔ ہندی مین ادھیرا کہتے ہین نبات اسکا جنگلی انار کے ساتھ مشابہت تامہ رکھتا ہی پھول اسکا سپید رنگ خوشبودار پھل سیاہ شیرین تھوڑی سی تلخی و کسیلاپن کے ساتھ طبیعت سرد و خشک منقوی (؟) ہی۔ رعاف کو بند کرتا ہی دافع دردسر ہی۔ درد گوش کو تسکین دیتا ہی۔ اسکے پھل کے کھانے سے سوزش پیشاب اور زخم مثانہ کا جاتا رہتا ہی۔ اسکے پتون کا ضماد بواسیر اور ورم خصیہ کا دور کرتا ہی۔

آسیوس۔ عربی لفظ ہی یونان مین اسکو نمک چینی کہتے ہین۔ یہ نمک دریاے شور کے کنارے سنگ سپید و زرد پر جو وہان اکثر ہوتا ہی مادہ ارضی و رطوبت دریائی و گرمی آفتاب سے نوشادر اور سجی کی طرح پیدا ہوتا ہی۔ پانی مین گھل جاتا ہی۔ قرحہ ریہ و ضیق النفس کو دفع کرتا ہی۔ تلی کے ورم پر ضماد اسکا سرکہ کے ساتھ مفید ہی۔

الف ممدودہ باطاے مہملہ

اطریلال - یہ لغت بربری ہی یعنی اسکے چڑیا یا کوے کا پانوں بہ سبب مشابہت اسکی صورت کے ہی اس گھاس کو عربی مین حشیشۃ الارض وحزالشیاطین - ترکی مین نمازاباغی - ہندی مین کاگا چنگی یعنی کوے کا پانون - کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک - برص کی بیماری کے واسطے یہ زیادہ تر مفید ہی - اور خواص کی تشریح کتب طبیہ مین مفصل تحریر ہی -

الف ممدودہ بالام

آلسن - یونانی زبان مین یہ ایک گھاس کا نام ہی ڈنڈی اسکی بہ قدر ایک گز کے سونف کے درخت کی طرح ہوتی ہی پھول اسکا لال مائل بتاریکی جڑ اسکی مولی اور شلغم کی طرح لمبی اور گول ذائقہ مین تلخ ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک دردسر اور زکام وضیق النفس وریح معدہ وریح گردہ و درد مفاصل کو نافع ہی - کھلانا اسکے تخم کا اُس بیمار کو جسکو دیوانہ کتے نے کاٹا ہو از بس مفید ہی -

الف ممدودہ بامیم

آملیاس - بربری زبان مین یہ ایک گھاس کا نام ہی - اور بقدر قد آدمی کے بلند ہی پتے اسکے مورون کے پتون کے سے ہوتے ہین اور پھل نرم بقدر مسور کے پک کر سیاہ ہوجاتا ہی - بہت قابض مقوی جگر نافع استسقا اسکے باریک ریشون کا اگر خسانده کیا جاے تو دست لاتا ہی تقویت کبد اور تلی کی کرتا ہی

الف ممدودہ بالنون

آنس النفس - طالسن بھی اسکا نام ہی - یہ ایک گھاس ہی جو ہر سال ربیع مین پیدا ہوتی ہی - پھول اسکا ترہ تیزک کے پھول کے ساتھ مشابہ ہی - مقوی حواس وحافظہ ومفرح دل غم کو دور کرتا ہی - قائم مقام شراب کے بدون مستی کے ہی -

آنول - یہ ایک درخت عجیب الخواص جذام کو دفع کرتا ہی بلغم کا دافع ہی - آنکھون کو جلا دیتا ہی - ذہن کو طاقت بخشتا ہی خون کو بڑھاتا ہی -

دوسرا باب

الف مقصورہ کے بیان مین اسمین پانچ فصل ہین

پہلی فصل

لغات عربی وفارسی وترکی وغیرہ کے ذکر مین

الف مقصورہ باباے

اَبا - بفتح اول ہر ایک آش اور مطبوخ اور شوربا -

اِبا - بکسر اول انکار کرنا - قبول نکرنا - ملا طغرا - گل از غیر خود بسکہ دار د اِبا + بد مساز پیش غنچہ گرد صبا +

ابتلا - بکسر اول بلا ومصیبت مین پڑنا - مولف - وقت تنگی تنگدل ہرگز مشو + باش صابر صبر کن در ابتلا +

اِبتغا - چاہنا - خواہش کرنا -

اَنجوسا - بفتح اول سریانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکے پتے سیاہ سرخی مائل ہوتے ہین - بوخیا اور شنگار بھی اُسکو کہتے ہین نقرس کی بیماری کا علاج ہی -

اِبدا - پیدا کرنا - ظاہر کرنا - ابتدا کرنا -

اَبرا - پاک کرنا - اچھا کرنا - بری کرنا - تبرا کرنا - میر خسرو - ز خلق زان کنم ابرا کہ اہل ناپیداست + بموم زان زنم آتش کہ انگبین فت سعا

اَبرکیا - بفتح اول تار عنکبوت - مکڑی کا جالا اگر اسکو زخم پر رکھین تو خون بند ہوجاتا ہی - ورم بھی نہین ہوتا -

اَبستا - بفتح اول وکسر با - ابراہیم زرتشت کی کتاب کا نام ہی -

اِبطا - ٹھہرنا - توقف کرنا - دیر کرنا -

اِبقا - بکسر اول - باقی رہنا - باقی رکھنا -

اَبنا - پسران - بہت سے بیٹے - مولوی معنوی - یک نظر زاکہ مستغنی شوم زابناے جنس + سگ چو شد منظور نجم الدین سگان را سرورست

ابوخلسا - ایک دوا کا نام ہی جسکو شنگار بھی کہتے ہین -

اَب - بفتح اول پدر یعنے باپ - ناصح - خورسندہ بنیک وبد خود باید بود + اندازہ شناس حد خود باید بود + اول سبق تو ابجد آمد یعنی بر سیرت اب وجد خود باید بود +

ابن العنب - کنیت شراب کی ہی -

اَباحت - مباح کرنا - حلال وجائز کرنا -

ابن الوقت - تابع وقت یعنی وقت پر کام کرنے والا - اصل مین
یہ لفظ ابوالوقت ہی **محسن تاثیر** - بخت ابن الوقت اپنچ زسعادت بہرہ نیست
ماہ وقت وساعت از عقرب نمی آید برون +
اُبُوّت - باپ ہونا -
اُبَّہَت - بزرگی وعزت وآبرو -
ابلوج - قند وشکر سفید -
ابن الصبح - آفتاب عالمتاب -
آبا عن جد - اباعن جد - باپ دادا سے ہی -
ابجد - حروف مفردات اور آٹھ کلمے - ابجد - ہوز - حطی - کلمن
سعفص - قرشت - ثخذ - ضظغ - جو اعداد کے شمار کے لیے ہین -
اَبَد بفتحتین - ہمیشہ - اور وہ زمانہ جسکی انتہا نہو -
اَبعاد - بفتح اول بہت سی دوریان اور فاصلے -
اِبعاد - بکسر اول - دور ہٹکنا -
اَبوزید - یہ ایک شطرنج باز کا نام ہی - **سعدی** - گدائے کہ بر
خیر نرزین نہد + ابوزید را اسپ و فرزین دہد +
اَبتر - دم بریدہ پیچھا کٹا ہوا - ناتمام - بے اولاد - پراگندہ ضایع - **ع**
زلف ابتر شدہ در گوش سخن میگوید + مو بمو حال پریشانی من میگوید **منیرا**
بیدل حسن کجی شرم از نگاہ بوالہوس ابتر شود + ایمن ز گلچین نباشد باغ چون بے در شود +
اَبحار - بفتح اول - بہت سے دریا اور سمندر -
اَبرار - بہت سے نیکوکار - **محمد انور حکیم** - محمد ہادی اشرار و فجار +
محمد رہنماے جملہ اَبرار +
اَبر - بہ فتح اول - بادل - اور مرد جو عورت کے مقابل ہی - **نظامی**
ازان ابر عاصی چنان ریزم آب + کہ نازد دگر دست بر آفتاب +
اَیرَہ - بفتح اول وثانی - زندی زبان مین مرد کا آلہ تناسل -
ابر شہر - نیشاپور شہر کا اصلی نام ہی جس جگہ فیروزہ کی کان ہی -
ابر کار - حیران وسرگردان -
ابقر - بفتح اول - شورہ جس سے باروت بناتے ہین -
ابکار - بہ فتح اول جمع بکر کنواری لڑکیان -
ابوالبشر - آدم علیہ السلام - سب کا باپ -
ابوزرجمہر - نوشیروان کے وزیر کا نام ہی -
اَبہر - ایک شہر کا نام ہی -
ابوجعفر - نام نامی حضرت امام جعفر صادق بن امام باقر بن علی بن
حسین بن علی علیہم السلام -

ابراز - نکالنا - ظاہر کرنا - باہر لانا -
ابریز - بکسر اول - چاندی - سونا خالص -
ابرویز - خطاب خسرو بادشاہ کا -
ابیز - بفتح اول وکسر ثانی - شرارہ آگ کا -
ابلاس - بکسر اول - ناامیدی وغمگینی -
ابلیس - جو رحمت سے ناامید ہو شیطان - **سعدی** - نہ ابلیس
کردنیکی بدید + بر پاک ناید ز تخم پلید + **مولف** - کہتا ہی دھوکا
آدمی ابلیس نفس کا + ہر مکر وہر فریب مین اور ہر لباس مین +
ابن العرس - نیولا جو ایک مشہور جانور ہی -
ابوعلس - گل خیری جو ایک پھول ہی -
اَباش - ایک جنس اور قوم کا مجمع -
ابرش - بفتح اول - ابلق گھوڑا -
ابرطوروش - بڑے جسم کا گھوڑا - بزرگ ہیکل جانور -
ابرص - وہ جسکے بدن پر سفید داغ ہون -
ابیض - روشن وسپید رنگ -
اَبط - بر - بغل - کنارہ -
ابتلاع - حلق سے اُتارنا - نگل جانا -
ابداع - نئی بات نکالنا - بدعت کرنا -
ابرق - سپید روشن - چمکتا ہوا -
ابریق - چمڑے کا آفتابہ - جو مسافر اپنے پاس رکھتے ہین وضو کا لوٹا
ابلق - ہر چیز جسکے دو رنگ ہون - اور دو رنگا گھوڑا - اور جیغہ - اور
کلغی - اور وہ قیمتی پر جو امرا اپنی ٹوپیون پر لگاتے ہین - **صائب**
باشد ہمیشہ در صف عشاق سربلند + آنرا کہ آہ ابلق طرف کلاہ شد +
ابرک - چھوٹا بادل - اور چمکتا ہوا پتھر جو تہ بہ تہ ہوتا ہی - بسبب اسکی
چمک دمک کے اسکو ابرق بہ قاف قرشت بھی کہتے ہین -
اَبشک - بہ فتح اول ودوم - شبنم جو رات کو برستی ہی -
اَبلک - دو رنگ گھوڑا - اور ہر چیز دورنگی - معرب اسکا ابلق ہی
اَبلک بفتح اول وکسر ثانی - شرارہ آتش - آگ کا انگارا - اور ہر چیز چمکتی ہوئی
ابلوک - منافق آدمی - بہ ظاہر دوست اندرونی دشمن -
ابابیل - مشہور پرند ہی - **ع** ز دست ابابیل ساز د ذلیل + خدا
لشکر فیل واصحاب فیل -
ابتہال - عاجزی کرنا - زاری کرنا -
ابتذال - پاتا نگاہ رکھنا - بے اعتباری - بے قدری -

اِبْدال - بکسر اوّل - بدلنا - معاوضہ کرنا -
اَبْدال - بفتح اوّل - اولیاء اللہ تعالیٰ ایک جماعت کا نام ہی جو تعداد مین ستر ہین - چالیس شام مین ہین اور مقامات مین قیام پذیر ہین ایک اُنمین سے مرجاتا ہی تو دوسرا مقرر ہو جاتا ہی -
اِبِل - بکسر مین وکسر اوّل وسکون ثانی - شتران یعنے بہت سے اونٹ یہ وہ جمع ہی کہ جسکا واحد نہین -
اَبُل - بفتح اول وضم ثانی ایک دوا ہی جسکو شیرین بل اور طرثوث بھی کہتے ہین - ناک اور مقعد کا خون بند کرتا ہی -
اَبِل - بفتح اول وکسر ثانی قافلہ صغار یعنے چھوٹی الائچی -
ابن السبیل - راہ چلتا مسافر سعدی شنیدم کہ بگفتہ ابن السبیل + نیامد بمہانسرائے خلیل -
اُبْہل - بضم اوّل پہاڑی سرو کی بیج جسکو ثمرۃ العرعر بھی کہتے ہین
اَبام - بفتحتین - دام یعنے قرض - ہندی مین اُدھار -
اِبْتسام - ہنسنا - تبسم کرنا - شگفتہ ہونا -
اِبْرام - بکسر اول - استوار ومضبوط کرنا - رسّی کو دُہرا کرکے بانٹنا -
ابراہیم - نام ایک نبی مرسل کا - جنکو نمرود بادشاہ کافر نے آگ مین ڈالدیا اور آگ اُنپر گلزار ہوگئی - اور نام ایک بلخ کے بادشاہ کا جسکے باپ کا نام ادہم تھا اور اُسنے بادشاہت ترک کرکے فقیری اختیار کی تھی - مثل ابراہیم ادہم ترک کن جاہ وجلال + تا نویابی از لقائے حضرت اللہ حظ +
ابریشم - جو کرم پیلہ کے لعاب سے بنتا ہی اور قیمتی لباس اُس سے بنائے جاتے ہین نظامی - بریشم تنے بلکہ پولو سمے + روندہ چو پولو بر ابریشمے +
ابو القاسم - کنیت حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم -
ابہام - نر انگشت یعنے انگوٹھا ہاتھ یا پانون کا آہستہ بولنا اور چھپانا
اَبّان - بفتح اول وتشدید باے موحدہ - وقت اور زمانہ -
ابدان - بہ فتح اوّل جمع بدن کی - بہت سے بدن -
ابرنجن - ایک زیور کا نام ہی جو عورتین ہاتھ مین پہنتی ہین یا پانون مین ہاتھ کے زیور کا نام ابرنجن دست - اور پانون کے زیور کا نام ابرنجن پا ہی - ہندی مین جوڑا اور پازیب اسکا نام ہی -
ابسان - الیسان - افسان - وہ پتھر جسپر ہتھیار تیز کرتے ہین
اَبشتن - اَبستن - حاملہ اور چھپا رکھنا -
ابن سیرین - یہ بزرگ علم تعبیر خواب مین اُستاد تھا - سعدی - ہر سبر خواب پریشانم ببوے زلف دوست + ابن سیرینے نمی یابم کہ تعبیر کند +
ابن اللبون - اونٹ کا بچہ جو دودھ پیتا ہو -

ابن یمین - یوسف علیہ السلام کے حقیقی بھائی کا نام ہی اور تخلص ایک شاعر کا -
ابوریحان - یہ شخص ہیئت کے علم مین امام تھا -
ابناخون - حصار وقلعہ ومقامات مستحکم -
ابوطامون - مومیائی کوہی جسکو عربی مین قفر الیہود کہتے ہین -
ابوقلمون - زنگارنگ اور ایک جانور جو چلپاسہ کی صورت پر ہوتا ہی اور ہر وقت اپنے جسم کے نئے نئے رنگ بدلتا ہی اور نام دیباے رومی وسنگ یشم - سعدی - باد در سایہ ہمایونش + گسترانید فرش بوقلمون +
ابیون - افیون جسکو ہندی مین افیم کہتے ہین -
ابرو - بھوین جو آنکھون پر ہوتی ہین - فطرت - دو شمشیر و یک قبضہ ابروے سینہ تابش + کہ ہر دم میدہد آن تندخو از زہر چشم آتش + نسیم - تلوار سے قتل ہو جو منظور + ابرو کے اشارے سے کر دو پورا + سعدی دونون ابرو دونون زلفین چار موذی ہین بہم + ایک جوڑا بچھوون کا ایک جوڑا سانپ کا
اَبْہو - آبی رنگ - آسمانی رنگ -
ابخرہ - بفتح اول وکسر خاے بخارات اور دھوین -
اَبْرہ - دوہرے لباس کا اوپر کی تہ اور ابرہ جسکو اسفنج کہتے ہین -
اِبْرہ - بکسر اول سوزن یعنے سوئی - اور نوک وزنیش اور تازہ میوہ -
اَبْرہہ - اصحاب فیل کے لشکر کے سرگروہ کا نام ہی جو ہاتھیون کا لشکر لیکر حبش سے کعبہ کو گرانے آیا تھا - اور خداے جل جلالہ نے ابابیل کے لشکر سے اُسکو ہلاک کیا - مولف قطعہ - زور جب تیاہی حق کمزور کو + غلبہ پاتے ہین اکثر بر قلیل + کردیا چڑیون نے ابرہہ کو ہلاک + مارڈالے فیل اور اصحاب فیل +
اَبْلِستہ - بفتح اول وکسر ثانی جاسوس وچاپلوس -
ابعاد ثلاثہ - تین مقدار - طول عرض - عمق -
ابکانہ - حمل کچا جو ولادت کی میعاد سے پہلے گرجاے -
ابلہ - احمق - بے وقوف - بے عقل -
ابنیہ - بنیادین - عمارتین -
ابن مقلہ - ایک بزرگ خطاط کا نام ہی - جسنے چھ طرح کے خط ثلث توقیع - محقق - نسخ - ریحان - رقاع - ایجاد کیے - آخر عمر حاکم نے کسی جرم پر اسکے ہاتھ کٹوا دیے -
ابو شحمہ - حضرت عمر فاروق خلیفہ ثانی کے بیٹے کا نام تھا - جسنے باغوے طبیب یہودی شراب پی اور شراب کی بدمستی مین زنا کیا اور باپ کے سامنے اقبال کرکے حد شرعی اپنے اوپر جاری کرائی - اور ستو دُرّے ہنوز لگ نہین سکا تھا کہ مر گیا -
آبا ئی - بروزن گدائی کفل پوش کشتی گیرون کا - ہندی مین جانگھیا

جسکو کہتے ہین۔

ابدالی۔ افغانون کی ایک قوم کا نام ہی جنکے بزرگ کا نام ابدال تھا۔ احمد شاہ بادشاہ دُرّانی بھی اسی خاندان سے تھا۔ صاحب بہار عجم اسکے معنی ظرافت و تمسخر کہتے ہین۔ اور یہ شعر تمثیل مین تحریر کیا ہی۔ غزالی مشہدی۔ بعہدم کاشکے میبود مجنون + کہ میکردم با و ابدالی چند +

اَبَوِی۔ بفتحین باپ۔ پدر۔

ابہی۔ بفتح اول۔ زیبا و خوبصورت۔

ابی۔ بفتح اول۔ عربی مین سرکش و منمرد و نا فرمان۔

اَبیری۔ ژندی زبان مین پیراہن و قمیص۔

الف مقصورہ با تا ے

اَتبا۔ ژندی زبان مین تیر جو کمان کے ذریعہ سے چلتا ہی۔ اور عربی مین اسکو سہم کہتے ہین۔

اِتقا۔ بکسر اول پرہیز کرنا۔ خدا سے ڈرنا۔ **مولف**۔ میرسد بر اوج قرب کبریا + متقی از نردبان اتقا +

اَتقیا۔ متقی لوگ۔ پرہیزگار لوگ۔ **صفدر فوقانی**۔ سرنگون دارند بر خاک نیاز کبریا + انبیا و اولیا و اصفیا و اتقیا +

اتکا۔ تکیہ کرنا۔ بھروسا کرنا۔ **مولف**۔ غیر ذات ایزدی بر ما سوا + بندگان را نیست واجب اتکا +

اِتعاب۔ بکسر اول رنج پہونچانا۔

اَتعاب۔ بفتح اول جمع تعب بہت سے رنج۔

اِتّعاب۔ بکسر اول و کسترے مشدد۔ تکلیف اور رنج مین ڈالنا۔ مولف بہر دنیا ہان مکش بر دوش جان + بار رنج اضطراب و اتعاب۔

اَتراب۔ بفتح اول جمع ترب۔ کنواری لڑکیان۔

اِتّہاب۔ بکسر اول و تشدید ثانی بخشش قبول کرنا۔

اتوت۔ ژندی زبان مین تیزی و تندی۔

اُترج۔ بہ ضم اول ترنج جو مشہور میوہ ہی۔

اتحاد۔ ایک ہونا۔ دوستی کرنا۔ **توحید**۔ ایک بن جاؤ دوئی کو چھوڑ دو + رکھو آپس مین ہمیشہ اتحاد +

اِتخاذ۔ بخاے معجمہ و ذال معجمہ بر وزن اتحاد۔ اخذ کرنا۔ حاصل کرنا۔ لینا۔

اتجار۔ تجارت کرنا۔ لین دین کرنا۔

اَترار۔ بفتح اول زرشک۔ جو مشہور دوا ہی۔

اِتسز۔ ایک بادشاہ کا نام ہی جو خوارزم مین فرمان فرما تھا۔ چونکہ یہ بادشاہ لاغر جسم تھا۔ اسواسطے اسکو اِتسز کہتے تھے کہ اتسز ترکی مین لاغر کو کہتے ہین۔ فرزانہ زمخشری اسکے ہم عہد تھا۔ رشید الدین وطواط نے کتاب حدیقۃ السحر اسکے نام پر لکھی۔ اس بادشاہ نے سلطان سنجر کے ساتھ جنگ کی تھی۔

اتباع۔ پیروی و متابعت کرنا۔ **اسیری**۔ در طریقت کے شوی متبوع پیش بندگان + در شریعت گر نداری چون اسیرے اتباع +

اتساع۔ کشادہ ہونا۔ فراخ ہونا۔

اتحاف۔ تحفہ دینا۔ سوغات دینا۔

اتصاف۔ صفت کرنا۔ موصوف ہونا۔

اِتلاف۔ بکسر اول۔ تلف کرنا۔ ضائع کرنا۔

اتالیق۔ لیاقت سکھلانے والا۔ ادیب۔

اتاق۔ ترکی مین گھر اور خیمہ۔ سکونت گاہ۔

اتساق۔ محکم و درست و فراہم ہونا۔

اتفاق۔ واقع ہونا کسی امر کا بے باعث اور سبب کے۔ **حافظ**۔ بہ بارگاہ تو چون باد را نہ باشد راہ + کی اتفاق جواب سلام ما افتد +

اتابک۔ ترکی مین اسکے معنے بزرگ امیر کے ہین۔ و استاد اتالیق و ادیب۔ چونکہ اتا ترکی مین باپ کو کہتے ہین اور بک امیر کو پس اتابک مرکب ان دونون الفاظ کا ہی۔

اترغ۔ جمع ترک جو مشہور قوم ہی۔ اور لوہے کے خود جو سپاہی پہنتے ہین۔

اتمک۔ قرص۔ نان۔ روٹی۔

اتصال۔ وصل ہونا۔ اور نظر کرنا کواکب کا ایک دوسرے پر باعتبار فاصلے کے۔ **توحید**۔ بھاگنا دنیا سے دون سب ہی دہی جسکا ہو جاتا ہی حق سے اتصال +

اتکال۔ توکل کرنا خدا پر بھروسا رکھنا۔

اتم۔ بفتحتین۔ پورا اور کامل۔

اتمام۔ تمام کرنا۔ اور پورا کرنا۔

اتہام۔ تہمت لگانا۔ دوش دینا۔

اتیان۔ پہونچنا۔ داخل ہونا۔

اتقان۔ بکسر اول۔ استواری و محکمی۔

اُتّو۔ بہ ضم اول و تاے مشدد ایک مشہور آرایش ہی جو کپڑون پر کرتے ہین۔ اصل مین یہ ایک آہنی اوزار کا نام ہی جسکو گرم کر کے کپڑون پر خط کھینچتے ہین۔ اس کام کے کرنے والے کو اتو کش کہتے ہین۔

اتاقہ - کلغی جیغہ اور پر جو امرا ٹوپی پر لگاتے ہین - اور پگڑیون پر باندھتے ہین - ظہوری - چو رخش جاہ ترا چرخ دید کلب دود + کند اتاقۂ خورشید پاک گرد عنان + آملی - اتاقہ سر کشانرا زسر رفتہ + جو بلبل از درخت گل درافتد -

اتکہ - بفتح اول دایہ کا شوہر - اور قائم مقام پدر - ترکی مین ات دادا باپ کو کہتے ہین - اور کہ کے معنی قائم مقام کے یعنی بجاے باپ -

اتبشتی - پہلوی مین خارپشت کلان جو اپنے خارون کو لوگون پر تیر کی طرح مارتا ہے - سیہون بھی اسکو کہتے ہین - اور مشہور ہے کہ جس گھر مین اسکا خار ہو اُس گھر مین لڑائی رہتی ہے -

الف مقصورہ با ثاے مثلث

اثنا - بکسر اول - بیچ درمیان -

اثاث البیت - گھر کا سامان -

اثبات - ثابت کرنا - ثبوت تک پہونچانا -

اثاث - بہت ہونا - انبوہ ہونا -

اثمد - سنگ سرمہ جو آنکھون مین لگاتے ہین -

اثر - بفتحتین تاثیر - نشان - کھوج - اور سنت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم - صائب - ز آب تیغ اثر در گلوے ما مگذار + ازین شراب نمی در سبوے ما مگذار +

اثر - بفتح اول وسکون ثانی - تلوار کا جوہر - اور نقل حدیث رسول صلے اللہ علیہ وسلم -

اثر - بکسر اول وسکون ثانی - نشان اور پیچھا ہر چیز کا -

اثمار - جمع ثمر - بہت سے میوے -

اثیر - بلند اور اونچا اور آسمان اور کرۂ ناری جو تین کرون سے اونچا ہے

اثغیز - بزاے معجمہ آگ کا شرارہ اور نام ایک دوا کا جسکو بوسے مادران بھی کہتے ہین جس گھر مین اسکو جھاڑ دین موذی جانور وہان سے بھاگ جاتے ہین -

اثقال - بفتح اول جمع ثقل بہت سے بوجھ -

اثقال - بکسر اول بھاری کر دینا -

اثل - بفتح اول - گز کا درخت - اور شورہ گر آدمی -

اثمان - بفتح اول - قیمتا -

اثنین - اثنان - دو جو مشہور عدد ہے -

اثاثہ - اثاث کا مفرد - گھر کا اسباب -

اثفیہ - تیسرا حرف فاے - دیگدان یعنے چولھا -

اثافی - بہت سے چولھے -

اثنا عشری - فرقہ شیعۂ امامیہ جو بارہ امام ذوی الاکرام کے پیرو ہین اور نام ایک رودہ کا پیٹ مین -

الف مقصورہ با جیم

اجتبا - پسند کرنا - چھانٹنا -

اجرا - جاری کرنا - روان کرنا - چلانا -

اجزا - بکسر اول جزیہ دینا - جزا دینا - بے نیاز کرنا -

اجزا - بفتح اول - بہت سے جزو اور ٹکڑے -

اجل گیا - بفتح اول ایک زہریلا پھل کا نام ہے - جسکو عربی مین بیش کہتے ہین

اجلا - جمع جلیل بزرگ لوگ -

اجانب - جمع اجنبی - بیگانے لوگ -

اجتناب - ایک طرف ہونا - پرہیز کرنا - مولف - غیرون کے ساتھ دوستی اور ہمسے دشمنی + اورون سے بے تکلفی اور ہمسے اجتنا

اجوب - ترکی مین کشادہ و فراخ -

اجابت - جواب دینا - قبول کرنا - اور اطبا کی اصطلاح مین دست جو بعد دینے مسہل کے آتے ہین - مولف - تم اُس رزاق سے جو مانگنا ہے مانگ لو بندو + کہ رہتا ہے کھلا ہر وقت دروازہ اجابت کا +

اجازت - حکم دینا - جائز رکھنا کسی امر کو صائب - اگرچہ خوش نہ بود سیر بوستان تنہا + گرفتہ ایم اجازت ز باغبان تنہا -

اجالت - پھیرنا - اور جلوہ دینا -

اجرت - مزدوری - معاوضہ - بدلا -

اَنج - کدو جو مشہور ترکاری ہے - خام لوگ پکا کر کھاتے ہین - اور بیج اسکی دوا مین مستعمل ہے -

اجملاج - دری زبان مین دوزخ کا نام ہے -

اجاج - شور پانی اور تلخ پانی -

اجتناد - پھل چننا - میوہ جمع کرنا -

اجتہاد - کوشش کرنا - سوچ کر نئی بات نکالنا -

اجداد - باپ دادا - بزرگ لوگ -

اجساد - بہت سے جسم - جمع جسد کی - مولف - ہے وہی روزی رسان وحش و طیر + اور وہ خالق خالق ارواح و اجساد ہے +

اجمود - اجوائن جو مشہور دوا ہے -

اجناد - جمع جنود - بہت سے لشکر -
اجلواذ - بکسر اول و سکون ثانی و کسر لام و تشدید واو اخیر مین ذال معجمہ شناختن - یعنی پہچاننا -
اجبار - زور اور جبر سے کام لینا - مولف - نہد گردن کجا این نفس سرکش ✣ بکار حق بلا اکراہ و اجبار ✣
اَجر - اجرت مزدوری معاوضہ - بدلا ✣
اجور - اجرتین - مزدوریان -
اجہار - ذکر جہر کرنا - بلند آواز ہو کر پکارنا -
اجہر - روز کور - جو دن کو اندھا ہو جاے اور رات کو دیکھ سکے -
اجمیر - ہند مین ایک مشہور شہر ہی جس شہر مین مرقد منور و مزار پرانوار خواجہ معین الدین چشتی واقع ہی - ؎ شہر اجمیر عجب منبع علم و دین است ✣ زانکہ آرامگہ شاہ معین الدین ست ✣
اجیر - اجرت لینے والا - مزدور -
اجلاس - بیٹھنا - بٹھلانا -
اجاص - بکسر اول و تشدید ثانی ایک ترش میوہ آلوچہ کی قسم سے ہی
اجتماع - جمع ہونا - یکجا ہونا - اور نجومیون کے نزدیک وہ موقع کہ چاند اور سورج ایک برج ایک درجہ ایک دقیقہ مین جمع ہون اُس وقت چاند نظر سے غائب ہوتا ہی - اور وہ موقع نجومیون کے احکام مین منحوس شمار کیا جاتا ہی -
اَجدَع - بفتح اول وہ شخص جسکے ناک کان کٹے ہوے ہون -
اجماع - بکسر اول - یکجا و ہم صلاح و متفق ہونا - ؎ خلیفہ بن گئے بعد از نبی وہ ✣ ہوا جنکی طرف اجماع امت -
اجاغ - ترکی مین دیگدان یعنے چولھا -
اجحاف - بکسر اول - لیجانا - نقصان کرنا - نزدیک ہونا -
اجلاف - جمع جلف یعنے پاجی - کمینہ کم ذات آدمی -
اجوف - جو چیز اندر سے پولی ہو اور جسکے عین کلمہ مین حرف علت کا ہو
اجاق - ترکی مین دیگدان یعنے چولھا - کاشی - در گلستان بے تکلف شتربان از بہر طبخ ✣ بر کنار جو بہر گامی اجاقی بستہ اند -
اجدل - شکاری مرغ جسکو چرغ کہتے ہین -
اَجَلّ - بفتحتین و لام مشدد - بڑا - بزرگ -
اجل - بفتحتین و لام ساکن - مہلت و مدت و میعاد - اور حالت اخیر و مرگ و موت - ؎ جان بچا نا ہی وہ دگر نہ از تو بستاند اجل ✣ خود تو منصف باش ای دل این نکو یا آن نکو ✣

اَجُل - بفتح اول و سکون ثانی - برداشتن یعنے اُٹھانا -
اجلال - بکسر اول - بزرگی و عزت و آبرو - ؎ سرزمین خاکبوس اقبالش ✣ آسمان سایہ بان اجلالش ✣
اجمال - مختصر کرنا - بہت کو تھوڑا کرنا -
اجحام - باز رکھنا - ہلاکت کے نزدیک پہونچنا -
اجرام - اجسام - مگر اطلاق اس لفظ کا آسمانی ستارون اور جواہرات پر کرتے ہین
اجمام - بکسر اول - آراستہ کرنا گھوڑے کا سواری کے لیے -
اَجَم - بفتحتین - بہت سے نیستان اور جنگل -
اجفان - بفتح اول - آنکھون کی پلکین -
اجنبان - ہر چیز جو غیر متحرک ہو -
اجارہ - اجرت پر کام کرنا یا کرانا - کاشی - اجارہ کرد دماغم کلابجانہ وصل ✣ نسیم در رہ من شرمسار می آید ✣
اَجلہ - بزرگ لوگ - جمع جلیل -
اجنحہ - جمع جناح - مرغون کے پر اور بازو آدمیون کے -
اجنہ - جمع جنین اور جمع لفظ جن کی مگر خلاف قیاس -
اَجوِبہ - جمع جواب کی - بہت سے جواب -
اجورہ - اجرت مزدوری محنتانہ -
اجہرہ - ایک خاردار گھاس ہی - اُسکا کانٹا جسکے لگجاے پھر نہین نکلتا
اجری - اُجری - وظیفہ روزمرہ جو مقرر رہو -
اجنبی - پردیسی - بیگانہ - ناواقف -
اجی - ترکی مین بڑا بھائی -

الف مقصورہ با حاے حطی

احبا - جمع حبیب - بہت سے دوست -
احتوا - گھیر لینا ہر طرف سے پکڑ لینا -
احشا - بہ فتح اول - اندرونی اعضا مثل دل و جگر - و معدہ و رودہ و گردہ و سپرز وغیرہ -
احصا - بہ کسر اول - شمار کرنا - گنتی مین لانا -
احیا - بکسر اول زندہ کرنا - اور نام ایک کتاب مصنفہ امام محمد غزالی کا ہی ؎ چون زمین مردہ کز ابر گردد تازہ رو ✣ از عرق روی تو احیا میکند آئینہ را ✣
اَحیا - بفتح اول زندہ لوگ جیتے جاگتے -
احیاناً - بفتح اول - گاہ گاہ - کبھی کبھی -
احب - بفتحتین - بہت دوست - بہت پیارا -

احباب - بہت سے دوست اور پیارے ؎ وصل وصول اصحاب رسول + قابل ومقبول احباب رسول -

احتساب - بکسر اول حساب و باز پرس و آزمایش مین لانا - باز رکھنا نواہی سے از روے احکام شرع کے -

احتجاب - بہ کسر اول - چھپ جانا - پردہ مین ہونا -

احالت - حیلہ و حوالہ کرنا -

احدیت - بہ فتح اول یگانہ ہونا ایک ہونا - توحید - قرب ذات احد کند حاصل + بندہ اندر مقام احدیت +

احسنت - بفتح اول - آفرین - شاباش - اچھا کیا تو نے -

احداث - بکسر اول نئی چیز اور نئی بات کا ظاہر کرنا کسی حادثہ کا وقوع مین لانا

احداث - بفتح اول - نوخاستہ - جوان آدمی -

احتیاج - آرزو - حاجت - نیازمندی - صائب شریف را نجیبس احتیاج می افتد + کہ برگ کاہ بود داردی بریدن چشم + ؎ - آنکہ شیران راکند روبہ مزاج + احتیاج ست احتیاج ست احتیاج ست احتیاج +

اَحَد - بفتحتین - یگانہ - ایک - لاشریک - ذات واحد - نام خدا وند جل و علی کا ہے - توحید - ذات لاثانی و یکتا و خداوند احد + لاشریک و بیمثال و بی نیاز ست و صمد +

اُحُد - بضمتین - ایک مقام کا نام مدینہ منورہ کے پاس ہے - جس جگہ کفار قریش نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ کی تھی -

احفاد - بفتح اول وفاے معجمہ جمع حفد عیال و اطفال - پوتے پر پوتے لڑکیان - لڑکے -

احقاد - بہ کسر اول وقاف قرشت - غصہ دلانا - عداوت ڈالنا -

اَحْقاد - بفتح اول دشمن و عداوتی لوگ -

اَحْمَد - بہت تعریف کیا گیا - اور نام نامی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا موٴلف محبت کی بڑھا دی میم فوراً لفظ احمد مین + قلم نے نام جب لکھا احد کے بعد حمد کا +

احبار - دانا و عقلمند لوگ -

احتکار - بکسر اول جمع کرنا غلہ کا اس نیت سے کہ جب گرانی ہوگی تو فروخت کیا جائیگا -

احجار - جمع حجر - بہت سے پتھر -

احرار - جمع حر آزاد لوگ - اور لقب خواجہ عبید اللہ نقش بند کا -

احضار - حاضر کرنا - روبرو لانا -

احقر - حقیر - عاجز - ذلیل -

احمر - سرخ - لال -

احور - بفتح اول - جسکا بدن سفید اور آنکھین سیاہ ہون -

احتراز - بکسر اول بچنا - پرہیز کرنا - صائب - خدنگ فتنہ آن چشم نیم باز کنید + زمیز بان سیہ کاسہ احتراز کنید +

احراز - محکم کرنا - جمع کرنا - گھیرنا -

احتباس - بہ کسر اول روکنا - بند کرنا - بند ہونا -

احتراس - بکسر اول حفاظت کرنا -

احساس - چھونا - دریافت کرنا - معلوم کرنا -

احمض - بفتح اول - نہایت ترش - ذائقہ مین -

احتیاط - گھیرنا - احاطہ کرنا - بچنا - پرہیز کرنا -

احتظاظ - حظ اٹھانا - مزا حاصل کرنا -

احتراف - حرفت وکسب و پیشہ کرنا -

احرف - بفتح اول وضم ثالث جمع حرف - بہت سے حرف -

احنف - وہ شخص جسکے پاؤن کج ایک دوسرے کی طرف جھکے ہوے ہون - اور نام ایک فاضل اجل کا جو حضرت کے تابعین سے تھا

احتراق - بکسر اول - جلانا - پھونکنا - جل جانا - اور نجومیون کے نزدیک چھپ جانا ایک ستارہ کا پانچ ستارون یعنی سیارون سے سوائے قمر کے شعاع آفتاب مین بسبب جمع ہونے کے ایک برج مین - اور اطبا کے نزدیک کثیف ہو جانا ایک خلط کا چار اخلاط مین سے اور تحلیل ہو جانا اسکے اجزاے لطیف کا

احداق - بہ فتح اول جمع حدقہ - آنکھون کی پتلیان -

احراق - جلانا - پھونکنا - آگ دینا -

اَحَق - بفتحتین بہت درست - اور راست -

احمق - بفتح اول - نہایت بیوقوف اور بے عقل - رباعی - نہ سنیم کہ کند طعنہ رافضی احمق + نہ رافضی کہ کند سنیم گریبان شق + غلام حضرت عشقم دگر نمیدانم + کہ کیست بر سر باطل کدام بر سر حق +

احتکاک - بکسر اول چھیلنا - آپس مین رگڑنا -

احتمال - اٹھانا - برداشت کرنا - گمان کرنا -

احتیال - حیلہ کرنا - فریب دینا - دھوکا دینا -

احلیل - سوراخ عضو تناسل مرد -

اَحمال - بار اٹھانا - گمان کرنا -

احول - بفتح اول بھینگا جو ایک کو دو دیکھے - مولف نظر یکسان نہوگی جب تلک انوار وحدت سے + نہ جائیگی دوئی حرص و ہوا کی دل سے احول کے

احوال - بفتح اول بہت سی حالتین اور اوقات - محسن تاثیر سای کرد حال خود عیان از صورت احوالہا + آئینہ دار سیئت تغیرہا در حالہا -

[illegible] ام حرمت دینا - آبرو بخشنا - میر معزی مخالف چو از شعبگی یافت

نام + چو اہل حجاز ش کند احترام +

احتشام - بکسر اول - دولت وحشمت حاصل کرنا - مولف - مرد حق گوشہ گزین خلوت نشین + دل مین کب رکھتا ہی حُب احتشام +

احتلام - خواب مین انزال ہو جانا - مولف - ہین مزے دنیا کے شکل احتلام + کچھ نہو گا آنکھ جب کھل جایگی -

احتجام - حجامت کرنا +

احرام - بکسر اول - عزم - کعبہ مین داخل ہونا یعنی چیز حلال و مباح کا چندروز اپنے اوپر حرام کرنا - اور احکام شرعیہ احرام یہ ہین - کہ صاحب احرام سیا ہوا کپڑا نہ پہنے - حجامت نہ کرائے بال نہ کٹوائے - خوشبو نہ لگائے - جماع نکرے ایک لنگ باندھے دوسرا کمر مین اور ایک اوپر رکھے - کسی جانور کو ذبح نہ کرے - طالب آملی - خوش کعبہ لبیت کوئی کز لذت طواف + بار ہر ران بہر قدم احرام بستہ ایم +

احزم - بڑا ہی مجمہ ہشیار اور دانا آدمی -

احشام - بفتح اول نوکر اور خادم لوگ -

احکام - بفتح اول جمع حکم - بہت حکم و ارشاد

احکام - بکسر اول محکم کرنا - حکم دینا -

احلام - خوابین - نیندین - بدخوابیان -

احمر اقیم - نہایت سُرخ مائل بسیاہی -

احاسن - بفتح اول و کسر سین - خوبیان - بھلائیان -

احتضان - بغل مین لینا - ملنا - بغلگیر ہونا -

احزان - بکسر اول - غم مین ڈالنا غمناک کرنا -

احزان - بہت سے غم و اندوہ - ع - ای فروغ سینۂ سوزان من + اے چراغ کلبۂ احزان من -

احسان - بکسر اول نیک رکھنا نیکی کرنا - میرزا اسحاق - چہ احسانہا کہ من با خویش کردم + کہ آخر خویش را درویش کردم +

احسن - بفتح اول - بہت اچھا بہت نیک - اور احسان کر صیغہ امر مین

احصان - نکاح کرنا - عورت مرد کا محکمی و استواری کرنا -

احیان - جمع حین - بہت سے وقت -

احاطہ - بکسر اول مکان جو چار دیواری سے گھرا ہوا ہو اور گھیرنا -

احجیہ - بضم اول و جیم مکسور و یاے تحتانی مشدد چیستان جسکو ہندی مین پہیلی کہتے ہین -

احنہ - بکسر اول وضم نون - غضب وغصہ و کینہ -

احدی - بفتحتین - اکبر بادشاہ کے وقت مین ایک ذات تھی جو مقرر تھا اور بادشاہ کی طرف سے امراے احکام شاہی کے واسطے بلا توسط دیوان کے بھیجے جاتے تھے -

احلی - بہت شیرین - بہت میٹھا -

احمر قانی - وہ سُرخی جو خون کے رنگ سے ملتی ہو -

الف مقصورہ با خاے

اخا - بکسر اول - برادری و رشتہ داری -

اختفا - بکسر اول - چھپانا اور پوشیدہ کرنا -

اختر جوزا - ستارۂ عطارد جسکا گھر جوزا ہی -

اخسا - خسیس کمینے - بخیل و ذلیل لوگ -

اخصا - خصی کرنا - خصیے نکال ڈالنا -

اخفا - پوشیدہ کرنا - چھپانا -

اخلا - جمع خلیل - دوست لوگ -

اخرب - بہت خراب - اور اجڑا ہوا -

اُخت - بضم اول ہمشیرہ یعنی بہن -

اختیارات - علم طب مین بہ تشریح خواص ادویات ایک کتاب کا نام ہی

اخراجات - طرح طرح کے خرچ -

اُخوت - بضم اول و دوم - بھائی ہونا -

اخوت - بہ کسر اول بہت سے بھائی -

اخوات - بفتح اول و دوم - بہت سی بہنین -

اختلاج - پھڑکنا اور حرکت کرنا آنکھ یا کسی اور عضو کا خود بخود بلا حرکت دینے کے

اخراج - نکالنا - باہر کر دینا خرچ کر ڈالنا -

اَخ - بفتح اول برادر یعنے بھائی - اور کلمہ تحسین فارسی مین -

اَخ اَخ - شاباش - شاباش -

اخدود - زمین کا شگاف اور پہاڑی غار -

اخوند - بفتح اول - بزرگ استاد - پیر و مرشد +

اخاذ - تالاب جو ویرانہ مین ہو اور زمین جو بادشاہ نے اپنے واسطے خرید کی ہو اور لینا اور پکڑنا -

اخاذ - سخت گیر - زور اور سختی سے پکڑنے والا -

اخذ - لینا وصول کرنا -

اِخبار - بکسر اول - خبر دینا - اطلاع کرنا -

اَخبار - بفتح اول - بہت سی خبرین -

اختر - بفتح اول ستارہ و فال و شگون و طالع و علم و نشان و رایت اور نام ایک فرشتہ کا جو سرزمین پر آمین آمین کہتا پھرتا ہی جسکی دعا اسکی آمین کے مطابق ہوتی ہی - قبول ہو جاتی ہی -

طاہر غنی - شمع آہم چو کند بزم فلک روشن + اختر سوختہ ام چون پر پروانہ فتد +
اختصار - بکسر اول مختصر کرنا - کوتاہ کرنا - کم کرنا - صائب - صائب
بہ تنک چشمی ما نیست می کشی + چون لالہ اختصار بیک جام کردہ ایم +
اختیار - بکسر اول پسند کرنا - چننا قدرت و تصرف - بیدل -
وقت ترحم است کنون اے نسیم صبح + کان شوخ اختیار بدست نقاب داد +
اختبار - خبر لینا - امتحان لینا - آزمانا -
اخذر - بھتیجے - بھانجے -
اخضر - سبز چیز - اور سبز رنگ -
اخگر - آگ کا انگارا جسکو انگشت بھی کہتے ہین - ابوطالب کلیم -
گرم رو رنگ مکان گیرد در اثنائے سلوک + لالہ اخگر آب رسید نیلوفر است +
اخلوار - بفتح اول یہ ایک سرخ رنگ بسیاہی مائل میوہ گردہ کی شکل پر
ہوتا ہی جسکو شیراز مین کوار کہتے ہین - اور سرکہ مین ڈالکر
کھاتے ہین -
اخیر - انتہا - پچھلا - انجام - آخر - صفدر فوقانی - یاد کن وقتے
کہ ہنگام اخیر + ساقی مرگت دہد جام اخیر -
اخرس - گونگا جو بول نسکتا ہو -
اخس - نہایت زبون و بخیل -
اخیروس - جنگلی خود رو گیہون -
اخیوس - یہ ایک نبات پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی پھل
اسکا سیاہ اور دراز ہوتا ہی -
اخروش - شور و غوغا -
اخش - بھاؤ قیمت مول ہر چیز کا -
اخفش - کم نظر ضعیف بصارت کا آدمی جو سورج کو نہ دیکھ سکے اور
نام ایک بزرگ کا جو علم لغت مین اور صرف نحو و قرات مین استاد تھا -
اختصاص - خاص کرنا خصوصیت رکھنا -
اخص - بہت خاص خاص الخاص -
اخلاص - دلی دوستی و محبت و پیار -
اخمص - وہ حصہ کف پا کا جو زمین کے ساتھ نہین لگتا -
اختلاط - ملنا - آمیزش کرنا محبت بڑھانا - عبداللطیف خان -
اختلاطم بروپان روز بر ہم میخورد + از رگ گل رشتہ باشد گوئی این گلدستہ را +
اخلاط - چار خلطین صفرا سودا بلغم خون -
اختراع - نئی بات نکالنا ایجاد کرنا کھودنا زمین کا -
اختلاف - مخالفت و ضد پر ہونا -

اختطاف - بجلی کا چمکنا -
اخف - بہت خفیف و کم وزن - و سبک -
اخلاف - متوفی کے پس ماندہ لوگ -
اختناق - حلق بند ہونا گلا پکڑا جانا -
اختراق - پھاڑنا - پھٹنا -
اخشیک - چار عنصر مین سے ایک عنصر اور ہر ایک چیز جو آپس مین مخالف ہو
اخلوک - زردآلو جو خام ہو -
اختلال - خلل ڈالنا خلل پڑنا -
اختیال - خیال کرنا - گردن کشی کرنا -
اخطل - عرب کے ایک شاعر کا نام ہی -
اخکل - گیہون کے خوشے کے بالائے خار - جن کو داسنہ
بھی کہتے ہین -
اخوال - جمع خال یعنی ماموان اور لشکر کے علم اور خال یعنی تل جو معشوقون
کے رخسارون پر ہوتا ہی - ہندی - چند بنید خال بر رخسار گلگون +
بداغ حسرت از لالہ جاند ہین +
اختتام - ختم کرنا - تمام کرنا - پورا کرنا - ــــــہ - یا الٰہی بہر
ختم المرسلین + ہلو مرا ایمان و دین پر اختتام +
اخرم - ناک کٹا آدمی -
اخزم - بہ زائے معجمہ مار نر یعنی نر سانپ -
اخشم - وہ شخص جسکی قوت شامہ زائل ہو چکی ہو -
اخم - چین پیشانی و ابرو - ملا طغرا - میکند نازک دلان را
صحبت بدخو ملول + نرد را چین بر جبین از اخم روئے مسطر است +
اخجون - ایک جنگلی میوہ ہی جسکی شکل اژدہا کے سر کی طرح ہوتی ہی
عربی مین سکو لاتعی کہتے ہین جب اسکی انگلی سے تیلی ہوتی ہی کھاتا اسکا دفع زہر ہی
اختان - جمع ختن بہت سے داماد -
اخشتان - نام بادشاہ جو ممدوح خاقانی و نظامی تھا -
اخدان - جمع خدن دوست پیارے محبتی -
اخریان - گھر کا اسباب -
اخوان - بکسر اول برادران یعنی بہت سے بھائی یہ جمع اخ کی ہی
جو اصل مین اخو تھا جو واو واحد مین لسبب تخفیف کے حذف کیا گئی
تھی جمع مین پھر آگئی فعلان کے وزن پر اور جو لوگ بفتح الف پڑھتے
ہین خطا پر ہین - کھنیالال ہندی - چرا از کوشش اخوان
خورم نان + چرا بر سر نہم این بار احسان +

اخاذہ - تالاب وحوض وآبگیر۔
اَخْبِیَہ - منازل قمر سے چوبیسوین منزل کا نام ہے اور وہ چار ستارے نحس ہین۔
اَخْتَہ - وہ گھوڑا جسکے خصیے نکالے جائین۔
اختہ خانہ - گھوڑون کا طویلہ۔
اَخچہ - چاندی سونے کے ٹکڑے روپیہ اشرفی۔
اَخمہ - چین و شکنج۔
اَخسی - ماوراء النہر مین ایک قصبہ ہے۔
اَخوی - میرا بھائی۔
اَخی - بھائی - اور میرا بھائی۔
اَخیافی - بفتح اول وہ بھائی جنکی مان ایک اور باپ الگ الگ ہون۔

الف مقصورہ با دال مہملہ

اَدَا - پورا کرنا پہونچانا گذارش کرنا بیان کرنا یہ لفظ مصدر نہین مگر معنی مصدر کے دیتا ہے - فارسی مین خوبی حرکات معشوق و رمز و اشارہ و کنایہ ؎ جو ہے فرض تجھپر حق بندگی ✶ ادا کر ادا کر ادا کر ادا + اوحد الدین انوری - بر منبرے کہ خطبہ مدحش ادا کنند + بوسد زفخر پایۂ آن منبر آفتاب +
اُدَبَا - ادب سکھلانے والے استاد - یہ لفظ جمع ادیب ہے۔
اِدّعا - دعوے مطلب و رخواست - ؎ کس لیے دست دعا بندہ اُٹھائے بار بار + جانتا ہے ادعاے بندۂ داعی خدا +
اَدَب - بفتحتین اندازہ و طریق اور حد ہر ایک چیز کی اور ادا کرنا اُسکا بطور پسندیدہ اور علوم صرف و نحو و معانی و بیان و بدیع وغیرہ ادب کے متعلق ہین - مولوی معنوی - ادب تاجے است از لطف الٰہی ✶ بنہ بر سر برو ہر جا کہ خواہی +
ادیب - ادب سکھلانے والا اُستاد - محمد انور در نعت سب کو ملی محبت حق اُس حبیب سے + سیکھا زمانہ سارا ادب اس ادیب سے +
اَدَات - اوزار ہتھیار - لُہار سُنار وغیرہ کے۔
اَدَامَت - ہمیشگی اور زمانہ دراز۔
اَدَوَات - بہت سے اوزار۔
اِدباج - بکسر اول لپیٹنا - اور بانٹنا۔
ادبار - پیٹھ پھیرنا اقبال و دولت کا کم بختی و نحوست کا زمانہ آنا - لطف مو کبھی زمانے مین تنگی کبھی فراخی ہے + کبھی ہے دنیا مین اقبال ور کبھی ادبار + خدا نے نعمتین جتنی تجھے عطا کی ہین + تو اُنکا شکر ادا کر زبان سے ہر بار +
ادبیر - امالہ ادبار کا۔

اِدّخار - بکسر اول و تشدید دال مہملہ جمع رکھنا اور رکھنا کسی چیز کا یہ لفظ اذتخار تھا ذال معجمہ اور تاے فوقانی دونون دال مہملہ کے ساتھ بدل کر اِدّخار ہو گیا۔
ادرار - جاری کرنا - وان مونا بول کا بخشش کرنا روزینہ لگانا۔
ادغر - بادگیر یعنی پنکھا۔
ادوار - زمانے اوقات گردشین انقلاب - مولانا اکبر گیے روز راست روشن گہ شب تار + ببین ادوار و در چرخ دوار +
ادرافیس - بکسر اول و فاے فوقانی زبد البحر یعنی سمندر جھاگ جو ایک دوا ہے۔
اَدْناس - جمع دنس چرک اور میل۔
ادوس - بفتح اول دواؤ کم نظر و شب کور۔
اَذَانُوش - نام اُسکا جو ایلچی بنکر وامق کی طرف سے عذرا کے پاس گیا اور عذرا نے اُسکی آنکھین اپنی اُنگلیون سے نکال لین۔
اَدَق - بہت دقیق اور مشکل۔
ادارف - وہ جزیرہ جسکی چہار طرف پانی ہو۔
اِدراک - پانا معلوم کرنا دریافت کرنا بالغ ہونا بچہ کا پختہ ہونا میوہ کا صائب چشم زان حسن جہانگیر چہ ادراک کند + در حباب چہ قدر جلوہ کند دریاے + سعدی - نہ ادراک در کنہ ذاتش رسد + نہ فکرت بغور صفاتش رسد +
اِدْرنگ - بکسر اول رنج و ہلاکت عزلی مین دمار۔
اُدک - بفتح اول و ضم دال فرج عورت کی۔
اَدِل - صاحب دلیل رہنما مرشد۔
اِدلال - بکسر اول ناز کرنا ادا دکھلانا۔
اِدام - بکسر اول نان خورش یعنی سالن۔
ادغام - بکسر اول دانتون مین چبائے بغیر کھا جانا - گھوڑے کو لگام دینا ایک حرف کو دوسرے مین لانا۔
اَدْہَم - نام پدر سلطان ابراہیم بادشاہ بلخ جنھون نے بادشاہت چھوڑ کر فقیری اختیار کی۔
اَدِیم - بلغار کا خوشبو چمڑا جو یمن سے آتا ہے اور ہر ایک چمڑا دباغت دیا ہوا - مولانا جامی ادیم طایفی نعلین پاکن + شراک از رشتۂ جانہاے ماکن + سعدی ادیم زمین سفرۂ عام اوست + برین خوان یغما چہ دشمن چہ دوست +
اَدَارین - زندی زبان مین زشت و زبون۔
اَدْرَفْن - بفتح اول دلو کی بیماری جو جلدی ہوتی ہے اور دھرلی مین اُسکو وبا کہتے ہین

اَذْکَن - بفتح اول خاکستری -

اَدْمان - ہمیشگی ایک کام ہمیشہ کرتے رہنا -

اَذْمُن - کستوری جسکو مشک بھی کہتے ہین -

اَذُوْن - کمینہ و ناکارہ آدمی -

اَدْیان - بہت سے دین و مذہب - محمد انور حلیم لاہوری
جان جسم و جان رسول اللہ ہین + زینت ادیان رسول اللہ ہین +

اَدْیون - دوڑتا ہوا چارپایہ -

اَدْخنہ - جمع دخان بہت سے دھوئین اور بخار -

اُدْرہ - بڑھ جانا خصیہ کا اصل مقدار سے -

اَدْعِیہ - بہت سی دعائین -

اَدْعیہ ماثورہ - اثر والی دعائین -

اُدْحِیہ - بفتحتین چارپائی کا فرش پلنگ پوش -

اَدْوِیہ - بہت سی دوائین -

اَدانی - خادم اور خدمتگزار لوگ اور نزدیک -

اَدَاراکی - بچلہ جو ایک قسم کا زہر ہے اور عربی مین اسکو سم الکلب کہتے ہین اور کتا اسکو کھاکر فوراً مرجاتا ہے وجع المفاصل کو مفید ہے -

اَدْنیٰ - مقابل اعلیٰ کے کم قدر کم رتبہ کم ذات و زبون مشتق دنو و دنائیت سے - مولف - خدا پر صرف رکھتا ہے بھروسا +
کہ ہو ہمہ نیک و بد ادنی و اعلیٰ +

اَدْوائے - ژندی زبان مین آواز و صدائے -

اَدْوِی - ترکی مین ایک دوا ہے جسکو اگر اور روج کہتے ہین بعض کے نزدیک مصبر کا نام ہے -

الف مقصورہ با ذال معجمہ

اُذْناب - گناہ کرنا قصور کرنا -

اِذْہاب - ملمع کرنا - سونا چڑھانا - دان کرنا -

اِذَاعت - ظاہر کرنا - آشکارا کرنا -

اَذِیّت - تکلیف اور رنج پہونچانا -

اِذْخَر - مرچیا گھاس جو خوشبودار ہوتی ہے -

اِذْخار - بکسر اول ذخیرہ کرنا - جمع رکھنا -

اِذْفَر - بکسر اول ہر ایک چیز جسکی بو تیز ہو چنانچہ مشک اذفر -

اَذْکار - بفتح اول جمع ذکر بہت سے ذکر -

اِذْکار - بکسر اول ذکر کرنا یاد کرنا -

اِذْلال - بکسر اوّل ذلیل اور خوار کرنا -

اَذْیال - بفتح اول جمع ذیل بہت سے دامن -

اَذان - آواز اور بانگ نماز - صفدر فوقانی - کوئی غم تھا
نہ ہمکو وصل کی رات + فقط تھا دل مین اندیشہ اذان کا +

اِذْعان - بکسر اول فرمانبرداری کرنا -

اِذْن - حکم فرمان اجازت امر - گلستان شود آتش
بر خلیل + باذن خداوند رب جلیل +

اُذُن - بضمتین گوش یعنی کان -

اَذْہان - جمع ذہن بہت سے ذہن -

اَذْکیٰ - نہایت عقلمند اور دانا آدمی -

اَذیٰ - بفتحتین رنج دکھ تکلیف اور بکسر اول اور اخیر مین الف بمعنے ہرگاہ اور پس اور جس وقت کے - آیہ کریمہ
اِذا جاءَ اَجَلُھُم لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَۃً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ

الف مقصورہ با رائے مہملہ

اَرَاقُوا - رومی زبان مین ایک تخم کا نام ہے جو عدس یعنی مسور کے غلہ مین ملا ہوا ہوتا ہے اور پکانے مین نہین گلتا ضماد اسکا ہر ایک قسم کے ورم کو مفید ہے -

اَرْبُوجینا - ژندی زبان مین خربزہ کو کہتے ہین -

اِرْتشا - رشوت کھانا ناجائز طور پر لینا -

اِرْتضا - راضی ہونا خوش ہونا - مؤلف - از صحابہ داشتہ
شان بلند + مرتضی اندر مقام ارتضا +

اِرْتقا - ترقی کرنا - اوپر چڑھنا -

اَرْتا - ژندی زبان مین زمین کو کہتے ہین -

اِرْجا - امید وار کرنا - نزدیک بلانا -

اِرْخا - سست و بیکار کرنا -

اَرْدا - نام ایک حکیم کا جو اردشیر بابکان کے وقت فارس مین تھا لوگ اسکو نبی کہتے تھے -

اُرْمیا - بضم اول و میم مکسور نام نبی علیہ السلام کا -

اِرْوا - بفتح اول تازہ و سیراب کرنا -

اَرائب - حاجتین و آرزوئین -

اِرْب - بکسر اول حاجت و ضرورت -

اَرْباب - بفتح اول جمع رب صاحبان و خداوندان رؤسائے قوم

حافظ - ارباب حاجتیم زبان سوال نیست + در حضرت کریم تقاضا چہ حاجت ست
ارتکاب - بکسر اول سوار ہونا دخل دینا - آغاز کرنا - گناہ کرنا -
ارتیاب - بکسر اول شک اور شبہہ مین پڑنا -
اَرَدب - بفتح اول وفتح دال جنگ فساد لڑائی -
ارغاب - شاہ ارغاسب کی نہر کا نام ہی -
ارغنداب - آذربایجان مین ایک نہر ہی -
اَرنَب - بفتح اول دنون خرگوش جو جانور مشہور ہی -
اُریب - ٹیڑھا - اور ٹیڑھا پن کجی وکجرفتاری -
ارادت - ارادہ کرنا مرید ہونا -
ارائیت - بروزن اجابت دکھلانا -
اراحت - آسودہ ہونا -
اراقت - گرانا - چھڑکنا پانی وغیرہ کا -
اُردی بہشت - فارسی مین یہ شمسی مہینے کا نام ہی ہندی مین جیٹھ - اور نام ہر ایک شمسی مہینے کے تیسرے دن کا چونکہ اس مہینے مین شگوفہ اوج پر ہوتا ہی نام اسکا اردی بہشت رکھا گیا یعنی بہشت کی مانند
ارہفت - باعتقاد کفار خراسان ارہفت ایک پیغمبر تھا - اس کے پیرو چھ قومین تناسخ کی قائل ہین وہ کہتے ہین کہ چار ہزار ارہفت آچکیگا تو دنیا ختم ہوگی -
اِرث - مال متروکہ - متوفی کا جو وارث کو ملے اور بقیہ ہر چیز کا اور خاکستر جو آگ کے فرو ہونے کے بعد رہجائے -
ارتجاج - بکسر اول ہلنا - اور کانپنا -
اَرج ارز - بفتح اول قیمت - بھاؤ - قدر - ومنزلت -
اَرنج - بفتح اول وکسر ثانی ہر چیز خوشبودار اور کرگدن جو مشہور جانور ہی -
اُرگنج - خراسان مین ایک قصبہ ہی -
ارواح - بہت سی روحین اور جانین - اور فرشتے -
ارتیاح - راحت پانا - اور خوش رہنا -
ارتباح - تجارت مین سود لینا -
اروند - شان وشوکت - نام دریاے دجلہ جو بغداد مین جاری ہی اور نام کوہ الوند -
ارتداد - بکسر اول مرتد ہونا - اسلام چھوڑنا -
ارتیاد - بکسر اول ڈھونڈھنا تلاش کرنا -
ارتشولد - بفتح اول لشکر وسپاہ اور نام نہر کا حدود قبچاق مین -
اَرتَند - بفتح اول ایک نبات ہی جسکے تخم کو فلفل بری اور حب اللفت کہتے ہین اور بسبب اسکے کہ اسکے پانچ پتے ہین پنج انگشت ودو ...

اس کا نام ہی -
ارجمند - صاحب قدر ومنزلت - نظامی - سپہر را جوانے چنان ارجمند + پسند آمد از شہریار بلند +
اَزد - بفتح اول قہر وغضب - وغصہ -
اُزد - بضم اول مانند ونظیر -
اِرد - بکسر اول نام پچیسوین روز کا ہر ایک شمسی مہینے سے -
ارشاد - حکم - فرمان - ہدایت - ع - کرو فرمان اپنے مالک کا قبول + مان لو مرشد کا جو ارشاد ہو -
ارشد - ارشاد وہدایت پانے والا -
ارغند - مرد شجاع وبہادر ودلیر -
ارمزد - مشتری ستارہ اور نام ہر ایک شمسی مہینہ کی پہلی تاریخ کا
ارغد - جسکی آنکھین دکھتی ہون -
اروند - کوہ الوند جو ایک پہاڑ ہی -
اریدبرید - یہ ایک دوا پیاز کی شکل پر سیستان مین پیدا ہوتی ہی - اور حیض کے لیے مفید اور دافع بواسیر ہی -
اردشیر - خطاب بہمن بن اسفندیار بادشاہ کا معنے اسکے شیر کے مانند سوا اسکے ایک اور بادشاہ اردشیر بابکان بھی گذر چکا ہی -
ارغر - ارغک - عشق پیچہ کی بیل -
اُرور - بضم اول نباتات یعنی وہ چیزین جو زمین سے اُگتی ہین -
ارزیز - قلعی جسکو رانگ کہتے ہین -
ارز - بھاؤ قیمت - قدر - توقیر - رتبہ -
اُرُز - بضمتین وزاے مشدد عربی ہی فارسی مین برنج ہندی مین چاول
ارمز - ہر مہینے شمسی کی پہلی تاریخ -
ارموز - نام پسر اسفندیار ونام ستارہ مشتری -
اَرَس - بفتحتین نام ایک دریا کا جو تفلیس آذربایجان مین جاری ونام ایک شتر کا ہی
اَرس - بفتح اول آنسو جسکو اشک ودمع کہتے ہین -
اُرس - بضم اول نام ایک درخت کا جسکو عربی مین ابہل وعرعر کہتے ہین
ارسطاطالیس - نام حکیم جو سکندر کا وزیر تھا -
ارطس - یونان مین ایک بادشاہ تھا -
اَروس - گھر کا اسباب - وسامان -
اَروِیس - وہ رسی جو بالون سے بٹی گئی ہو -
اُرلیس - ژندی زبان مین دانا وآہستہ یاد اور عربی مین زمیندار کاشتکار -

ارلیپ

ارتعاش- کانپنا- اور بیماری رعشہ کی۔
ارشمیدش- ایک حکیم اسکندر کا مشیر تھا۔
ارش- فاصلہ انسان کے ہاتھ کا انگلیوں سے آرنج تک۔
ارقش- بفتح اوّل وقاف معجمہ قافلہ وکاروان۔
ارض- بفتح اوّل کرۂ زمین جسکا دائرہ عظیمہ مفروضہ آٹھ ہزار فرسخ ہی ہر فرسخ تین میل ہر میل تین ہزار گز اور ہر ایک گز بائیس انگلی اور ہر انگلی چھ جو معتدل کی اور قطر زمین کا دو ہزار پانسو چھپالیس فرسخ ہی جسکے تخمیناً سات ہزار چھ سو چھتیس میل ہوتے ہین اور مساحت تمام کرۂ زمین کی چھ کرور بیس لاکھ تیس ہزار دو سو میل و مسافت آبادی ربع مسکون کی ایک کرور چالیس لاکھ تیس ہزار دو سو تیس میل اور بعد مقعر فلک قمر مرکز عالم سے اڑتالیس ہزار نو سو چھتیس فرسخ اور بعد محدب فلک قمر جو فلک عطارد کا مقعر ہی مرکز عالم سے بیاسی ہزار سات سو تین فرسخ اور بعد مقعر فلک شمس ایک لاکھ بیس ہزار آٹھ سو بیاسی فرسخ اور بعد محدب فلک ثوابت جو مقعر فلک اعظم ہی اڑتیس لاکھ چوبیس ہزار تین سو نو فرسخ اور محدب فلک اعظم کا بعد سوا اسکے علام الخبیر کوئی نہین جانتا۔ اور قطر آفتاب کا سترہ ہزار پانسو اٹھتیس فرسخ اور جرم اسکا تین سو چھبیس حصے زمین سے زیادہ ہی اور قطر قمر کا ستاسو اکتیس فرسخ اور جرم اسکا چھ اور سات حصہ زمین سے زیادہ ہی۔
ارماض- بکسر اوّل گرم ریگ سے کسی چیز کو جلانا۔
ارتباط- رابطہ و محبت و دوستی۔ **توحید**- مرد حق دار دبہر یک نیک دید + دوستی وارتباط و اتحاد +
اربع بچار و چار جو مشہور عدد ہی۔
ارباع- جمع ربع گھر اور منزلین۔ اور مقامات۔
ارتفاع- بکسر اوّل بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔ دور کرنا۔ رفع دفع کرنا۔ **سہ** گردن تسلیم خم رکھو زمین پر روز و شب + گرچہ حاصل ہو تمھین پایہ گردون ارتفاع +
ارتجاع- بکسر اوّل رجوع لانا رجوع کرنا۔ منھ پھیرنا۔
ارجاع- متوجہ کرنا- رجوع کرنا
اراجیف- جمع ارجاف لغو اور بیہودہ باتین۔
ارانشاف سکیدن یعنی چوسنا۔
ارتفاق- بکسر اوّل رفاقت کرنا۔
ارزاق- بفتح اوّل جمع رزق بہت سی روزیان۔
ارشق- بفتح اوّل خوش قامت سنیک اندام۔
ارق- بفتح اوّل و دوم بیخوابی و بیداری۔

ارق- بفتح اوّل و دوم و تشدید قاف وہ چیز جو نہایت باریک۔
ارائک- بفتح اوّل و دوم جمع اریکہ بہت سے تخت۔
ارتجک- بکسر اوّل برق یعنی بجلی
ارتنگ- نام کتاب نگار نامہ مانی مصور و نام بت خانہ نور نقاشوں کے لکھنے کا تختہ۔ **والہ ہروی**- بنازی باد بہاری کہ زدور دوری بود چو خانہ ارتنگ از تو خانۂ زین۔
اردک- بضم اوّل ترکی زبان مین مرغابی جو مشہور جانور ہی طاہر بکھتی آنکہ از صولت پر پنجہ شاہین و عقاب + بال جائی مکس راشکند چون ارتک
ارژنگ- نام مانی کی کتاب کا اور وہ اشکال جو عالم کی متعلق ہین۔
ارشک- بفتح اوّل رشک و حسد و کینہ۔
ارکاک- بفتح اوّل خفیف بارش و قطرات و سطرات۔
ارک- بفتح اوّل بادشاہی تخت و قلعہ اور نام دار بیت گاہ۔
ارہنگ- بدخشان مین ایک قصبہ ہی جو ارہنگ امام حسین کہلاتا ہی وہان ایک قبر زیارت گاہ نبی ہی اور مشہور ہی کہ امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک وہان مدفون ہی۔
اریک- ترکی زبان مین دور اور بعید۔
اراذل- رذیل- کمین پاجی لوگ۔
ارتجال- بکسر اوّل بے سوچے بات کہہ دینا۔
ارتحال- رحلت کرنا- کوچ کرنا۔
ارجل- وہ گھوڑا جسکا ایک پاؤن سپید ہو اور تین اور رنگ کے یہ گھوڑا مالک کے واسطے نحس گنا جاتا ہی۔
اردبیل- بفتح اوّل نام ایک شہر کا۔ **سعدی**- یکے آہنی پنجہ در اردبیل + ہمی بگذرانید بیلک زپیل۔
ارذل- کمینہ اور پاجی آدمی۔
ارسال- بھیجنا روانہ کرنا تحفہ و سوغات۔ **سنجر کاشی**- نفدتہ بوسہ بہ پیغام میکند ارسال + نگینش راحجر الاسود از رہ تعظیم +
ارمال- ایک خوشبو لکڑی کا نام ہی جو دارچینی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہی۔
ارتسام- بکسر اوّل نقش باندھنا۔ صورت لکھنا۔
ارتطام- بکسر اوّل پیچھے جانا گرفتار ہونا مٹی مین ڈالنا۔
ارحم- بفتح اوّل مہربان صاحب رحم۔ **مولف**- معرّی حالت زار پر رحم کر + خدایا تو ہی ارحم الراحمین +
ارحام- جمع رحم عورت کے بچہ دان۔

ارغام - بکسر اول خوار کرنا کسی کی ناک زمین پر گھسنا -
ارقم - وہ کالا سانپ جسکی پشت پر سفید نقطہ ہون -
ارقام - بفتح اول جمع رقم بہت سی رقمین -
ارقام بکسر اول لکھنا - رقم کرنا -
ارم - بکسر اول و فتح ثانی نام عاد کے شہر در عاد کے باپ کا نام اور نام اُس باغ کا جو شداد نے بہشت کے نمونہ پر بنایا تھا اور وہ باغ بمقام صنعا حضر موت اقلیم اول مین بنایا تھا بارہ بارہ میل چار چار طرف سے اُسکی دیوارین تھین -
ارزن - نام ایک ملک کا جہان سونے چاندی کی کان ہی -
اربعین - چہل یعنی چالیس عدد -
اربیان - رومی زبان مین ملخ یعنی ٹیڑی جو مشہور جانور ہی اور عربی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو جراد البحر کہتے ہین اور فارسی مین بابونہ -
ارجانون - ایک بیل ہی جو عشق پیچہ کی طرح درختون پر چڑھ جاتی ہی فارسی مین اسکو کرم دشتی عربی مین کرمۃ البیضا کہتے ہین -
ارجان - پہاڑی بادام یا چلغوزہ -
ارجن - تلخ بادام کا درخت -
ارجین - صفاہان مین ایک پہاڑی ہی -
اردوان - ایک بادشاہ تھا جسکو اردشیر بابکان اُسکے نوکر نے قتل کیا اور خود بادشاہ ہوا -
اردجان - نجوم کے جدولون مین سے ایک کا نام ہی -
اردن - دمشق مین ایک نہر ہی جسمین بی بی مریم علیہا السلام نے حضرت عیسیٰ کو بعد ولادت غسل دیا تھا -
اردان - نام ایک بادشاہ کا نسل گشتاسپ سے اور نام ایک ولایت کا
ارزان - سستی اور کم قیمت چیز -
ارزن - پہاڑی تلخ بادام کا درخت جسکی لکڑی مضبوط ہوتی ہی عصا بنائے جاتے ہین اور میوہ دوا مین مستعمل ہی اور نام ایک غلہ کا جسکو ہندی مین چینا کہتے ہین اور نام ایک گانون کا تین فرسنگ شیراز سے
ارزیتون - بہرام گور بادشاہ کی خوبصورت زوجہ کا نام ہی -
ارسلان - ترکی میر، بندہ و غلام و شیر درندہ -
ارسانیقون - زرد ہرتال جو مشہور چیز ہی اگر بکری کے دودھ مین ملا کر کسی کو کھلائین تو زہر قاتل ہی -
ارس بزان - پہاڑی بکری یا بیل کی آنکھون کا میل فی الاصل تریاک اُسیکا نام ہی مسموم و مار گزیدہ کو کھلائین تو فوراً اچھا ہو جائے پہاڑی بکرا اور بیل بحالت گرسنگی سانپ کے سوراخ پر جا کر اپنی سانس کے زور سے سانپ کو کھینچکر کھا جاتے ہین سانپ کے زہر کی مستی کی حالت مین جو میل انکی آنکھ سے نکلتا ہی وہی تریاک ہی -
ارستن - زندی زبان مین مجلس و مجمع و انجمن -
ارضین - بہت سی زمینین -
ارغنون - ارغن - ایک ساز کا نام ہی جو افلاطون کا اختراع ہی بہت سے راگ اُس سے نکلتے ہین -
ارغوان - ایک درخت ہی جو بہار کے موسم مین قبل نکلنے پتون کے کثرت سے سرخ پھول نکالتا ہی اسکے پھولون کا شربت شراب کے خمار کو دفع کرتا ہی لکڑی اسکی جلا کر بھوون پر ملین تو بال سیاہ نکلتے ہین - عرب مین اسکو ارجوان کہتے ہین -
ارغون - نام قوم ترک و نام بادشاہ و نام ساز - ظہوری
قلمت از تند و رفتاری + صفحہ را کرد رشک بوقلمون + مگسلانید ارغنون صریر + تار قانون شہرت ارغون +
ارغن - مخفف ارغنون نام ساز - فغانی - گر جوش گریہ مہر نمو ستیم لشکنا + بس نیش نالہ در رگ ارغن در آورم +
ارقان - بفتح اول حنا یعنی مہندی -
ارکان - جمع رکن بہت سے ستون و عناصر اربعہ و علما و فضلا و امرا
ارکونتن - زندی زبان مین بخشش و عطایات +
ارغامون - جنگلی خشخاش جسکو فارس مین مامیثائی سرخ کہتے ہین
ارمان - ترکی لفظ ہی آرزو و التجا افسوس - ع چھوڑ کر زر چل دیا آخر بخیل + دل مین افسوس اور ارمان لیگیا +
ارمن - یہ ایک ملک ایران و روم و فرنگ کے درمیان ہی -
ارمغان - تحفہ سوغات جو سفر سے ہمراہ لائین -
ارمکان - مرلی اور ولی نعمت زندی زبان مین -
ارمنین - جنگلی انار و انار دانہ جسکو عربی مین حب القلقل کہتے ہین یہ لغت رومی ہی -
ارمون - بیگی اُجرت اور مزدوری -
ارمین - کیقباد بادشاہ کے چوتھے بیٹے کا نام ہی -
ارنیول - زیرک و دانا اور نام ایک حکیم کا - اور نام ایک پتھر کا جب اسکو توڑو تو وہ پنج گوشہ ٹوٹتا ہی -
ارونتن - زندی زبان مین شستن یعنی دھونا -

ارزیز

اَرْوِین - آزمایش و امتحان -
ارہ جان - شیراز سے ساٹھ میل ایک شہر ہے -
ارہ بو - نام ایک میوہ کا جسکو امرود کہتے ہین -
اُرْدُو - فوج و لشکر اور نام ایک زبان کا جو فی الحال ہند مین بولی جاتی ہی
اَرابہ - اسباب لادنے کی چوبی گاڑی - ظہوری - قلۂ قاف توتیا گردد + دررہ کوشش ارابہ کشان +
ارِاقہ - گرانا اور چھڑکنا پانی کا -
اربعہ متناسبہ - حساب مین ایک قاعدہ ہی جس سے عدد مجہول معلوم ہو جاتا ہی
اردولہ - نام ایک آش کا ہی جسکو ہریرہ کہتے ہین -
ارژنہ - ارجنہ - فارس مین ایک جنگل ہی جسمین بعالم باطن حضرت علی علیہ السلام نے پہونچکر سلمان کو شیر کے پنجہ سے چھڑایا تھا -
ارژرہ - گارا جس سے دیوارون کو کہگل کرتے ہین و درخت چلغوزہ و سرو و صنوبر
ارضہ - وہ کرم جو زمین مین پیدا ہوتے ہین -
ارغدہ ارغندہ - بہادر - و جنگجو -
ارگجہ - ایک قسم کی خوشبو ہی - جو مشک و صندل و گلاب وغیرہ و عنبر ملا کر بناتے ہین
ارمنہ - ایک شہر ہی جسمین آتش کدہ ارخش مجوسی کا تھا -
ارنبہ - مادۂ خرگوش -
اُرْدانہ - گل خیری جو ایک پھول ہی -
ارہ - لکڑی چیرنے کا آہنی اوزار -
اریکہ - تخت اور چھپر کھٹ -
اراپچی - گاڑیبان - گاڑی چلانے والا - سیفی - ہر جا کہ آن راپچی من کند گذر + ہمچون ارابہ درپی اسپش دوم بسر + روزیکہ بر ارابہ سوار ند دلبران + در دلبری است از ہمہ این شوخ بیشتر +
ارادی - وہ کام جو ارادہ سے کیا جاوے -
ارانسی - جمع ارض بہت سی زمینین -
ارجمندی - آبرو و عزت - توقیر - شعر بپالش مسند فیروزمندی + بسعی نہادہ دہ تاج ارجمندی +
اُردی - سال شمسی کے دوسرے مہینے کا نام ہی جسمین سورج ثور برج مین ہوتا ہی ہند مین اسکو جیٹھ کہتے ہین -
ارزانی - ارزان ہونا غلہ وغیرہ کا -
ارزنی - وہ روٹی جو غلہ ارزن کے آٹے سے پکائی جائے -
ارضی - جو چیز زمین پر پیدا ہوئی ہو -
ارمغانی - پیشکش تحفہ سوغات - نذر - سعدی - بدل گفتم از مصر قند آورند + بر دوستان ارمغانے برند +
ارمنی - وہ شخص جو ارمن کا رہنے والا ہو - شعر - کرو خم گردن تسلیم بہ پیش معبود + کافر و ارمنی و مسلم و ترسا و یہود +
ارِنی - دکھلا مجکو یہ لفظ حضرت موسیٰ نبی نے خدا کے روبرو کہا اور التجا کی کہ رَبِّ اَرِنی اَنْظُرْ اِلَیْکَ یعنی ای رب ظاہری دیدار سے مجھکو مشرف کر کہ مین دیکھون خطاب ہوا کہ تو مجھکو نہین دیکھ سکتا اور لن ترانی کی آواز ہوئی حسن سنجری - رب ارنی نے ہمین سر بر زد از موسیٰ و بس + کین زمان ہم طالبان از غیب سر بر کردہ اند
اری - مخفف آری کلمہ ندا ہی - شفائی - سارے گیدی تو چہ دانی درک کجا شعر کجا + لاف چیزے کہ ندانی چہ زنی پیش کسان +

الف مقصورہ بازاے معجمہ

ازا - بکسر اول مقابل و برابر -
ازانجا - اس جگہ اس موقعہ پر اس باعث سے شعر - ازانجا کہ پیمایش بجان و دل ہست + اثر از محبت باآب و گل است +
ازاریا - تنبان شلوار - پاجامہ -
اژدہا - بہت بڑا سانپ - نسیم بو کہ یہ جو لٹھ مرا ہی + موسیٰ کا عصا ہی اژدہا ہی +
ازکیا - زکی کی جمع عقلمند لوگ -
ازاحت - دور کرنا - نکالنا -
ازالت - زائل کرنا - اتارنا -
ازکات - منافق و بد باطن آدمی -
ازلات - نزدیک کرنا جمع کرنا - واجب ہونا -
ازدواج - جفت کرنا - نکاح باندھنا عورت مرد کا اور شعرا کے نزدیک آنا ایک قسم کے دو لفظون کا اخیر مصرع پر جیسا کہ اس شعر مین ہین - شعر ای لعل آتشینت دردل گلنار نار + غیر دل بردن نداری اے بت مکار کار ہیچ از رخ تو دردل گلنار نار زا از موے تست نافہ تاتار تار و سے شب خیال زلف تو میداشتم کہ بود + بر موے بر تن من بیمار مار مار +
ازعاج - ہلانا نکالنا - اٹھانا -
ازنج - بفتح اول عشق پیچہ جسکی بیل درختون پر چڑھ جاتی ہی -
ازواج - جمع زوج بہت سے جوڑے -
ازخ - مستہ جو سیاہ رنگ انسان کے جسم پر نکلتا ہی عربی مین اسکو ثولول کہتے ہین -
ازار بند - وہ فیتہ وغیرہ جو پاجامہ مین ڈالکر باندھتے ہین -

ازتعاد - اونٹ کی آواز

ازدیاد - زیادہ ہونا - بڑھنا -

ازدراد - گلے سے اتارنا کھانا -

ازد - سوزن یعنی سوئی چبھونا -

اَزند - وہ گارا جو عمارت میں لگایا جاتا ہے -

ازناد - ہمدان کے ملک میں ایک علاقہ ہے -

ازاہیر - جمع ازہار بہت سے شگوفے -

ازار - بکسر اول شلوار تنبان یا جامہ جس سے زیرناف میں ڈھانکا جاتا ہے

ازبر - بفتح اول حفظ اور یاد زبان پر -

اژدر - بفتح اول بڑا اسانپ - سعدی - گرچہ کس بے اجل نخواہد مرد + تو مرو در دہان اژدرہا -

ازہار - بفتح اول روشن کرنا چراغ وغیرہ کا -

ازیر - بیہنر کار دانا لایق -

اَزہار - بفتح اول بہت سے شگوفے -

ازہر - بروزن انور بہت روشن اور چمکتا ہوا -

از - یہ فارسی لغت ہے عربی میں مِن و عَن اور ہندی میں سے کے معنے دیتا ہے - فارسی میں یہ ابتداے علت کے موقع پر آتا ہے اور کبھی زاید بضرورت شعری وغیرہ لایا جاتا ہے اور کبھی سراے کے معنی دیتا ہے - ظہوری - زگل چینان باغش فصل نوروز + شگفتہ غنچہ از جنبش باد + کبھی بعض کے معنی دیتا ہے - سعدی - یکے راتپ آمد زصاحبدلان + دگر گفت شکر بخواہ از فلان + کبھی از کا لفظ بیانیہ بھی ہوتا ہے - نظامی - برانگیخت رومی جوبارندہ میغ + تگرگش ز پیکان و باران ز تیغ + کبھی ازرا کے معنی دیتا ہے - ع - بخوبی ہندر سم نیا دہا + ز دولت بہ نیکی کند یادہا + کبھی ازور کے معنے دیتا ہے - نظامی - چہل روز خود را گرفتم بجام + کا دیم از چہل روز گردد تمام + کبھی از بالا کے معنی دیتا ہے مصرع - عروس جہان را نشاط از سرش + کبھی ازبا اور مع کے معنی دیتا ہے - صفدر فوقانی - یکلبشی رنگ و بو گل از تو دارد + نشاط نغمہ بلبل از تو دارد + کبھی از استغراقیہ آتا ہے - نظامی - مگر شاہ زان داد چوگان بمن + کہ تا از دل تنم ملک سر خوشیتن + کبھی از لواحق کے موقع پر لکھا جاتا ہے - ع - گر گزیند سرمہ از خاک درش مژگان چو باز + غنچہ گل اندازد ز سراغ دیدۂ بیناے من +

از سر آواز - بیک کے بوس کی دراز از سر کی آواز - ازدیاد و نالہ و زاری -

ازبس - بہت اور بہت سا - ع - ازبسکہ بزندان غمت دیر بماندم + زنجیر بہ تنگ آمد و زندان گلہ دارد +

ازیغ - نفرت و کینہ و غصہ و رنج -

اَزَغ - بفتحتین کٹی ہوئی شاخیں درختوں کی -

ازاحیف - جمع زحف تغیرات ارکان بحور شعر -

ازرق - بفتح اول نیلگوں رنگ اور پانی جو صاف ہو - اور آدمی گربہ چشم اور نام اُس شخص کا جو شمر لعین کے ساتھ امام حسین علیہم السلام کے شہید کرانے میں شامل تھا محسن تاثیر - ہر صبح بحکم ملک تیرہ حرامی است + ہر شام کہ صبح کبود از رق شامی است +

اژدہاک - ضحاک بادشاہ کا خطاب تھا -

اَزنگ - بفتحتین وہ شکن جو ضعیف آدمی کے بدن پر ہوں -

اَزسرائف - بفتح اول اصلی نام ضحاک بادشاہ کا تھا -

اَزَل - بفتحتین وہ زمانہ جسکی ابتدا معلوم نہو -

ازمیل - بکسر اول موچیوں کا اوزار یعنی رانپی - ادہیہ اوزار آہنی ہوتا ہے -

ازل - بکسر اول ژندی زبان میں بہت اور تمام -

ازاز دم - بکسر اول و ہردو زاے معجمہ تو بیہ - جو مشہور غلط ہے -

اِزدحام - اِزحام - بکسر اول انبوہ و ہجوم -

اُزم - بضمتین ترکی زبان میں انگور -

ازمان - بکسر اول ضعیف و صاحب زمانہ اور مسن یعنے بوڑھا ہونا -

ازمان - بفتح اول بہت سے زمانے -

اُزدو - بضم اول ہر ایک درخت کا گوند خصوصاً درخت ارجن یعنی بادام کوہی کا گوند -

ازالہ - بکسر اول دور کرنا - ہٹانا -

اژدَہ - بفتح اول ساربان جو مشہور جنیز ہے -

ازوہ - رنگ کیا گیا -

ازمنہ - بفتح اول و کسر ثالث بہت سے زمانے -

اَزِمّہ - بفتح اول و کسر ثانی و تشدید میم جمع زمام بہت سی باگیں گھوڑوں کی -

اُشنہ - آہک یعنی چونہ و گل جسکو عربی میں کلس اور نورہ کہتے ہیں

اَزدمی - بفتح اول و دال مہملہ نام ایک جانور کا۔
اَزرودی تازی - صمغ عربی یعنی کیکر کا گوند۔
اَزکی - صاحب عقل و ذہن ولیاقت۔
اَزَلی - منسوب بہ ازل ہمیشگی والا۔

الف مقصورہ باسین

اَسَاءِ - بہ برا عربی ہی اور اخیر ہمزہ - آیت شریف مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْہَا۔
اَسَا - خمیازہ - و شبیہ و نظیر۔
استبرا - بری ہونے کی خواہش کرنا۔
استرضا - رضامندی چاہنا۔
استغنا - بے پروائی و دولتمندی و بے نیازی - میرزا جلال اسیر - منتی دارم کہ از اعجاز نجبت و اثر گردن دہ او نماید لطف و من دانستہ استغنا کنم +
استنشا - ناک جھاڑنا ناک سنکنا۔
استنجا - طہارت کرنا شرمگاہ کو دھونا - ملا اشرف بخاری - در وضو کن بہ نیم من استنجا + دار مردست وپلے نیم من را +
استیفا - پورا کرنا - وفا کرنا۔
استبقا - باقی رکھنا - باقی چھوڑنا۔
استوا - برابر ہونا دوپہر کا وقت ہونا۔
استدعا - چاہنا مانگنا - درخواست کرنا - صفدر - فوقانی دوئی کو دور کردہ ہو رہو خدا کے تم + کرو نہ غیر سے اُسکے دعا و استدعا۔
اُستا - زرتشت کی کتاب کا نام ہی جو اُسنے ژند کی تفسیر مین لکھی تھی و مخفف لفظ اُستاد۔
استقرا - تلاش و جستجو و پیروی۔
استقصا - بخل کرنا اور انتہا تک پہونچنا۔
استعفا - معافی چاہنا - الگ ہونا۔
استعلا - بلند و صاحب رتبہ ہونا۔
استثنا - باہر نکالنا - انشاء اللہ کہنا۔
استحصا - شمار کرنا بندش مین لانا۔
استسقا - پانی مانگنا پیاسا ہونا - معنام بیماری کا - ظہیرالدین نوری - زبلد صولت دشک خواہد استسقار نہ قعر ہیبت او آب گیرد استغفار +
استہزا - ہنسی ٹھٹھلی کرنا۔
استرخا - سست اور ڈھیلا ہونا۔
استبطا - توقف کرنا - ڈھیل ڈالنا۔

استجلا - روشن کرنا - جلا دینا۔
استخیا - بہت سے سخی لوگ۔
اِسرا - بکسر اول رات کو راستہ چلنا۔
اُسرا - بضم اول جمع اسیر بہت سے قیدی۔
اَسَفار - بفتحتین غم و اندوہ و افسوس۔
اسقا - بکسر اول پانی یا شراب پلانا۔
اُسقفا - قاضی ترسایان و پابند ریاضت۔
اَسَالیب - طور طریق اور راہین۔
اسپ - گھوڑا عربی مین فرس - حافظ - اسپ تازی شدہ مجروح بزیر پالان + طوق زرین ہمہ در گردن خر مے بنیم +
اَسباب - جمع سبب ذریعے اور وسیلے - مؤلف - جب مسبب خود خدا بن جائیگا + ہونگے پیدا خود بخود اسباب نیک +
اسپیجاب - ماوراء النہر مین ایک شہر ہی۔
اسپرغم آب - کسی دوا کا جوشاندہ۔
استعجاب - تعجب مین ہونا۔
استغراب - تعجب دلانا عجیب بات کرنا۔
استجلاب - اپنی طرف کھینچنا حاصل کرنا۔
استیعاب - بالکل لیلینا تمام اور سب کا سب لیلینا ماخوذ عرب سے جسکے معنی تمام کرنے ہین۔
استکساب - کسب کرنا کام کرنا۔
استکتاب - کتابت کرنا لکھنا۔
اسراب - سرب یعنی سکہ و سیسہ جس سے گولی بندوق وغیرہ کی بناتے ہین۔
اُسطرلاب - ایک آلہ کا نام ہی جس سے ارتفاع آفتاب اور آسمانی ستارون کا معلوم ہوتا ہی۔
اُسلوب - بضم اول طرز و روش اور رنگ ڈھنگ۔
اسہاب - بکسر اول و ہائے ہوز بہت بولنا جنگل مین چلنا۔
اَسَاءت - بدی و بُرائی کرنا۔
است - ہندی مین اسکے معنے ہی۔
استراحت - راحت چاہنا آرام چاہنا۔
استعانت - امداد مانگنا - اعانت چاہنا - سعدی - ہر آنکہ استعانت بدرویش برد + اگر بر فریدون زد او پیش برد۔
استمالت - خوشامد کرنا - مائل کرنا۔
استقامت - قائم ہونا سیدھا ہونا۔
استہانت - خوار و بیعزت جاننا۔

استدامت - ہمیشگی چاہنا۔
استعاذت - پناہ پکڑنا۔
استغاثت - فریادرسی چاہنا۔
استعادت - واپسی چاہنا۔
استحالت - محال و ناممکن ہونا۔
استنارت - روشنی پکڑنا۔
استجابت - قبول کرنا - جواب دینا۔
استطابت - پاکیزگی و خوشبوئی چاہنا۔
استکانت - فروتنی - و مسکینی و عجز۔
استطاعت - طاقت و مقدور و دسترس۔
اُسطقسات - بضم اول و ثالث و سین مشدد چار عنصر موجودات و چار اخلاط جسمی و اجرام سماوی۔
اَسپنج - بفتح اول یہ ایک گھاس دوا میں مستعمل ہی اصفہان مین اسکو تنگ کہتے ہین - خراسان مین ریش بزغالہ۔
استخراج - ایک بات نکالنا - نکالنے کی خواہش کرنا۔
استعلاج - علاج طلب کرنا - دوا مانگنا۔
استدراج - وہ خرق عادت جو کسی کافر سے واقع ہو۔
استمزاج - مشورہ لینا - تجویز پوچھنا۔
اسرنج - اسنج - جھانجھ جو باجہ نواز بجاتے ہین۔
اسفراج - درخت مایو بہ جسکے پتے رازیانہ کی طرح ہین۔
اسفنج - اسفرنگ - سمرقند کے پاس ایک شہر ہی۔
اسفیدباج - گوشت یخنی جو بیمار کو دیتے ہین۔
اسفیدلج - سفیدہ کاشغری۔
اسفنج - ابر مردہ جو پانی کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہی مگر شراب کو نہین کھینچتا یہ کوئی دریائی جانور ہی یا دریائی نبات۔
اسکنج - بفتح اول بدبو آنا منھہ سے جسکو عربی مین بخر الفم کہتے ہین۔
استصلاح - صلاح پوچھنا - مشورہ لینا۔
اسلاخ - پوست اتارنا - چمڑہ اتارنا۔
اسفناخ اسعناخ - بکسر اول پالک کا ساگ جو ایک خوراکی سبزہ مشہور ہی۔
اسپند - بفتح اول مشہور تخم ہی جسکو ہرمل کہتے ہین اکثر آگ مین جلایا جاتا ہی اور اسکے دھوئین کو دافع آسیب جسمانی تصور کرتے ہین - دوا مین بھی مستعمل ہی۔

اسپیدرود - ایک رود کا نام ہی۔
اسپہبد - سپہ سالار - فوج کا سردار۔
استمداد - امداد مانگنا - مدد چاہنا - صائب - این غزل را پیش ازین ہر چند انشا کردہ بود صائب از روح شفائی دیگرے امداد کرد+
استداد - ضد و اصرار کرنا ایک بات پر کھڑے ہونا۔
اُستاد - معلم علم پڑھانے والا چونکہ اُستا فارسی مین کتاب کو کہتے ہین اُستاد کے معنی کتاب پڑھانے والا - سنجر کاشی - ما طفل نکتہ دان دبستان فطرتیم + تعلیم اوستاد کدام و کتاب چیست۔
استعداد - آمادگی و قابلیت۔
استطراد - نکالنے اور نکلنے کی خواہش کرنا۔
استبعاد - الگ اور علیحدہ رہنے کی خواہش کرنا۔
استعباد - غلام اور بندہ بنانا۔
استشہاد - گواہی چاہنا - شہادت مانگنا۔
استسعاد - سعادت چاہنا - نیکی مانگنا۔
استیلاد - ولادت چاہنا۔
استرداد - واپس مانگنا۔
اَسَد - شیر جو مشہور درندہ ہی - ؎ گہ جنگ بردام وود حملہ کرد + بہر حملہ مثل اسد حملہ کرد۔
اِسعاد - یاری و نیک بختی۔
اَسعد - نیک آدمی۔
اسفندارمذ - شمسی بارھوان مہینہ جب آفتاب برج حوت مین ہو۔
اِسناد - بکسر اول - سند دینا - اور نسبت دینا۔
اَسناد - بفتح اول بہت سے سند۔
اُسُود - بضمتین جمع اسد بہت سے شیر۔
اَسوَد - بفتح اول سیاہ اور کالا سانپ۔
استلذاذ - لذت پانا مزہ حاصل کرنا۔
اَساطیر - سطرین اور خطوط اور داستانین اور کہانیان
اَسانیر - نام اُس شہر کا جسکو نوشیروان نے آباد کیا تھا۔
اسفندیار - نام بادشاہ کا جو گشتاسپ کا بیٹا تھا قلعہ روئین کو فتح کرکے ارجاسپ شاہ کو قتل کیا اور اپنی دونون بہنون کو قید سے چھڑایا اسکے جسم پر کوئی ہتھیار کارگر نہین ہوتا تھا رستم نے دو شاخہ تیر بنوا کر اسکی آنکھون مین مارا جس سے یہ مارا گیا۔

اُسْپیدار۔ ایک بے پھل درخت کا نام ہی۔
اِسْپید کار۔ برتن قلعی کرنے والا۔
اُستا کار۔ دوکان کا مالک اُستا دکار۔
اِستقصار۔ قصور کرنا۔ کم کرنا۔ کمی چاہنا۔
اِستکبار۔ تکبر و غرور کرنا۔ بڑائی مین آنا۔ محمد انور حکیم۔ یافت فخر مغفرت
آدم چو استغفار کرد + راندۂ درگاہ شد شیطان چو استکبار کرد +
اِستمرار۔ قدیم زمانہ ہمیشگی۔
اُستوار۔ محکم و مضبوط۔ مولانا اکبر۔ میشود در نامداران زمانہ نامدار
ہرکہ اندر کار خود باشد ہمیشہ استوار +
اِستخر۔ نام قلعہ فارس جسمین بڑا تالاب ہی
اِستغفار۔ مغفرت مانگنا۔ آمرزش چاہنا۔ سعدی۔ عاصیان
از گناہ توبہ کنند + عابدان از عبادت استغفار + مولف۔ حق سے
سرور بخشوا اپنے گناہ + ورد کر ہر وقت استغفار کا +
اِستبشار۔ بشارت لینا۔ خوشی کی خبر پوچھنا۔
اِستقرار۔ قرار پانا آرام پانا۔
اِستظہار۔ پشت پناہ بنانا۔ مدد چاہنا۔
اِستحقار۔ حقیر سمجھنا۔ ناچیز جاننا۔
اُستخوان دار۔ مضبوط و محکم۔
اِستبصار۔ بینائی چاہنا۔ یقین کی حالت کو پہونچنا۔
اِستجبار۔ جبر و زبردستی کرنا۔
اِستحضار۔ حضوری چاہنا۔ یاد رکھنا۔
اُستر۔ وہ چارپایہ جسکو خچر کہتے ہین باپ اُسکا گدھا اور مان گھوڑی ہوتی ہی
اَستار۔ بفتح اول جمع ستر بہت سے پردے۔ س۔ وہ خدا ے
مہربان ستار ہی غفار ہی + واقف اسرار ہی اور کاشف استار ہی +
اِستار۔ بکسر اول پردہ ڈالنا۔ چھپانا۔
اِستتار۔ پردہ مین ہونا۔ چھپنا۔
اِستثمار۔ میوہ چکنا۔ ثمر حاصل کرنا۔
اِستکرار۔ تکرار کرنا۔ بار بار کہنا۔
اِستنصار۔ مدد چاہنا۔ یاری مانگنا۔
اِستفسار۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔
اَسحار۔ جمع سحر بہت سی فجرین اور جمع سحر بہت سے جادو۔
اَسرار۔ بفتح اول جمع سِر بہت سے بھید۔ س۔ دل کے دینے مین
نہین انکار کرتے اہل دل + سینے والا پر اگر لایق کوئی دلدار ہو +

راز کردیتے ہین اہل راز سب اپنا عیان + رد برو گر سننے والا محرم اسرار ہو +
اَسَر۔ بہت مسرور۔ بہت خوش۔
اَسطخر۔ نام ایک قلعہ کا فارس مین۔
اُسطر۔ رومی زبان مین تولنے کی ترازو۔
اُسغر۔ بضم اول و ثالث خارپشت جسکو شیخول فارسی مین ہندی مین
سینبہا کہتے ہین یہ جانور اپنے جسم سے خار نکالکر دشمن کو مارتا ہی۔
اَسفار۔ جمع سفر و سفر ہی بہت سے سفر کرنیوالے اور بہت سے سفر
اِسفار۔ بکسر اول سفر کرنا۔
اَسفندیار۔ اسکی تشریح اسپندیار مین ہو چکی ہی۔
اُشفار۔ بضم اول نام ایک ملک کا ہی جسمین ایک دریا ہی اور
وہ تین برس خشک رہکر تین ماہ جاری ہوتا ہی اور نام ایک پھول کا۔
اِسفیدار۔ نام ایک درخت کا جسکا عرب مین غرب نام ہی۔
اِستقنقور۔ رومی زبان مین سوسمار کو کہتے ہین۔
اِستکبار۔ غرور و تکبر کرنا۔
اِستکثار۔ بہت سا مانگنا۔
اُسکدار۔ ڈاک چوکی اور قاصد۔
اِسکندر۔ مشہور رومی بادشاہ ہی۔
اسود و احمر۔ کالا اور لال نیکی اور بدی۔
اُسوار۔ زیور کنگن اور نام ایک شہر کا۔
اَسوبار۔ ژندی زبان مین گھوڑے کا سوار۔
اَسیر۔ قیدی اور محبوس۔ عبداللہ ہاتفی۔ متاع کسان بعد
قتل و اسیر + ببردیم از بوریا تا حریر + مفتی حیدر۔ جیتے جی وہ چھوٹ
سکتا ہی کہان + زلف کے پنجہ مین جو ہوگا اسیر +
اسپ انگیز۔ مہمیز یعنی وہ لوہا جو اسپ سوار اپنی بوتے کی ایڑی
کو لگاتا ہی اور گھوڑا اُسکے اشارے سے چلتا ہی۔
اسپرز۔ تلی جو ایک عضو اندرونی اعضا سے ہی۔
اسپندارمز۔ بارھوین مہینے شمسی کا نام ہی۔ نیز ہر ماہ شمسی کے
پانچوین تاریخ کا۔
اسکیز۔ گھوڑے اور گدھے کا دولتہ۔
اُس۔ بضم اول ترکی مین عقل و ہوش و دانائی۔
اَساس۔ بنیاد اور نیو مکان کی۔ سعدی۔ بناے کہ محکم ندارد
اساس + بلندش مکن ور کنی زو ہراس +
اَسالیطوس۔ یونانی مین ایک زہریلی مٹی کا نام ہی جسب انگور

کا شگوفہ نکلتا ہی - تو وہ مٹی اُسپر لگا دیتے ہین - تاکہ کوئی جانور اُسکو نہ کھا جائے -

اُسپیرلوس - ترکی مین شاہی محل و قلعہ -

اِستیناس - اُنس پکڑنا - خو پکڑنا -

اِستنفاس - زندگی چاہنا - خون نکالنا -

اِستفلس - ایک قسم کی مومیائی ہی -

اسطخودوس - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی -

اُسطقس - بضم اول ایک عنصر چار عنصر مین سے و چار اخلاط سے ایک خلط و علم ہندسہ و اصل ماہ -

اُسقلطس - پہاڑی مومیائی عربی مین فقر الیہود -

اسقلینس - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین جبلہ لنطحال و زنگی اد کہتے ہین

اسقلینوس - دو حکما یونانی اس نام کے تھے جو صاحب مذہب مشہور تھے -

استقولوس - ایک جڑ ہی جو دوا مین مستعمل ہی -

اسکندروس - اسکندر رومی کے بیٹے کا نام ہی پسر یعنی پسر یعنی السع

اُشپُتش - بضم اول و ثالث وہ کرم جو نمد و پوستین و گندم وغیرہ کو کھا جاتا ہی -

اسپیوس - بذر قطونہ یعنی اسپغول -

استیعماش - ضعیف البصر و کم نظر ہونا -

استرس - زمین کھودنے کا بھالا -

اسروش - فرشتہ و آواز خوش اور سترھوین مہینے شمسی کی

اسپغوش - بذر قطونہ یعنی اسپغول -

اسکالش - فکر و اندیشہ -

استرخاص - رخصت مانگنا - مرخص ہونا -

[illegible] - [illegible] دلوانا - ہا کرنا -

اَسباط - بفتح اول جمع سبط آل اولاد -

اِستنباط - ایک چیز کو دوسرے سے نکالنا -

اِسقاط - ساقط کرنا بچہ گرانا پیٹ سے -

اسواط - جمع سوط بہت سے کوڑے اور تازیانے -

اَسابیع - ایک ہفتہ سات روز -

اُسبوع - ایک ہفتہ سات روز -

اِستمتاع - نفع اور فایدہ اٹھانا -

اِسترجاع - واپس لینا - اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہنا

اِستشفاع - شفاعت چاہنا -

استدفاع - کسی کی دفع کرنے کی فکر مین ہونا -

اِستطلاع - خبر پوچھنا -

اِستنقاع - خشک دوا پانی مین بھگو کر نقوع لینا -

اَسجاع - سخن کو قافیہ و ردیف سے زینت دینا -

اَسجاع - بفتح بہت سے موزون و با قافیہ و ردیف کلام -

اسرع - تیز اور جلد کام کرنے والا -

استماع - شنیدن یعنی سننا - **علی خراسانی** - زاہد نو ہے
عشق تو چون استماع کرد + برخاست ہمچو شعلہ وطرح سماع کرد +

اسماع - سنوانا - گانا - گالیان دینا -

اَسماع - جمع سمع بہت سے کان -

اسباع - تمام کرنا - کامل کرنا - رنگ کرنا -

استفراغ - فراغت چاہنا - قی کرنا -

استنکاف - ننگ و عار رکھنا -

استعطاف - مہربانی چاہنا -

استیناف - آغاز کرنا - شروع کرنا -

استیلاف - الفت و محبت چاہنا -

استخفاف - ڈرانا - خوف دلانا -

اسراف - بیجا خرچ کرنا - فضول خرچی کرنا - **مؤلف** -
حق ہی جب لاتسرفوا فرما چکا + مال کو ضایع نکر اسراف سے +

اسیف - غمناک و دلگیر -

اسیاف - جمع سیف بہت سی تلوارین -

اسعاف - حاجت روائی کرنا -

اسف - غم و اندوہ -

اُسقف - بضم اول و ثالث خطیب و واعظ -

اسلاف - بزرگ لوگ - قدیم لوگ -

اَسبق - سب سے پہلا اور بڑھا ہوا -

استغراق - غرق ہونا - محو ہونا -

استیثاق - مضبوطی و استحکام چاہنا -

استراق - چوری چوری بات سننا -

استنطاق - بولنا - بات پوچھنا -

استحقاق - بکسر اول حق ظاہر کرنا -

استطلاق - طلاق مانگنا - رہائی چاہنا -

استنشاق - ناک مین پانی یا دوا ڈالنا -

اسم - وہ نام جو کسی کا مقرر ہو۔

اسم اعظم - ذاتی نام خدا کا - اللہ اور حی القیوم۔

اساتین - جمع ستون - بہت سے ستون -

اساطین - جمع اسطوانہ بہت سے ستون -

اسارون - ایک گھاس کی بیخ ہے - بعض کے نزدیک سنبل رومی کی جڑ کا یہ نام ہے - تخم اسکا بزر البنج کی طرح ہوتا ہے - اگر اسکو ٹکڑہ اور تازہ دودھ مین ملاکر خصیہ کے نیچے ملین تو نعوظ پیدا ہوتا ہے -

اسپرائن - خراسان مین ایک شہر ہے - چونکہ اس شہر کے لوگ سپر باندھتے تھے اسپرائن مشہور ہوگیا -

اسپندان - ایک تخم ہے جسکو خردل فارسی - ہندی مین رائی کہتے ہین

اسپونتن - ژندی زبان مین دیکھنا - مشاہدہ کرنا -

اسپہان - ایک شہر عراق عجم کا دارالحکومت ہے - اسکو دار الیہود بھی کہتے ہین کہ دجال کا خروج اسی شہر سے ہوگا -

استران - بالون کو مونڈنا -

استردن - عورت عقیمہ یعنی بانجھ جسکے پیٹ سے اولاد نہو -

استخوان - بدن کی ہڈی اور نام زنگیون کے ایک جنگی ہتھیار کا -

استحسان - نیک جاننا - پسند کرنا -

استن - ستون کھینچا -

استان - آرامگاہ وجاے راحت -

استوان - محکم ومضبوط -

استودان - مقبرہ آتش پرستون کا -

اسطفین - یونانی مین زردک یعنی گاجر -

اسفل السافلین - دوزخ مین سب سے نچلا طبقہ -

اسقوردیون - یونان مین ایک دوا ہے جسکو روم مین ایک درلا شیرازمیں سیر کو عربی مین ثوم الحیہ وعنصل ہے - یہ جنگلی لسن ہے سانپ کھائے تو مرجائے - تریاک فاروق کے اجزا مین سے یہ بھی ایک جزو ہے -

اسقورون - خبث الحدید یعنے لوہے کا میل -

اسنان - بہت سے دانت -

اسن - کچا خربزہ اور جسنے الٹے کپڑے پہنے ہون -

اسنستان - وامق کی عورت کے باپ کا نام ہے -

اسفرود - سیاہ رنگ چڑیا جو کنکر کھاتی ہے - سر پر اسکے کلغی ہے عربی مین بھی اسکو قطا کہتے ہین -

اسقولو - سندی - پانی گاے جسکو عربی مین قطاس کہتے ہین -

اساتذہ - بفتح اول - استاد -

اسادہ - بکسر اول ودال مفتوح بالش - گدی -

اسولہ - جمع سوال - بہت سے سوال -

اسوہ - پیشوا - وپیشرو -

اسامہ - گھر کا سامان اور آنکھ کے گوشے سے دیکھنا -

اسپاہ - بکسر اول ژندی زبان مین سگ یعنے کتا جسکو عربی مین کلب کہتے ہین - وسپاہ ولشکر -

اسپہدخورہ - نفس ناطقہ - روح انسانی -

استفاضہ - فیض حاصل کرنا -

استہ - تخم خرما وکنار وشفتالو وغیرہ -

استرہ - جس سے بال مونڈتے ہین - میر خسرو - دبدبۂ خسرویم شد بلند + زلزلہ در گور نظامی فگند + استرہ ہرچند دم تیز داشت + موستردمو نتواند شگافت +

استنباہ - خبر مانگنا - اطلاع چاہنا -

استعارہ - عاریتاً لینا کسی چیز کا - اور شعرا کے نزدیک کسی لفظ کو جو حقیقی معنی رکھتا ہو نقل کرکے دوسری چیز پر بسبیل عاریت استعمال کرے - چنانچہ آہو اور نرگس کو بجاے چشم اور سنبل کو بجاے زلف اور سرو بجاے قد لے آئے -

استخارہ - نیکی چاہنا - اور اپنے کام کے انجام کے لیے غیب سے بشارت لینا - جو طریق بزرگون مین مقرر ہین یعنی کوئی دعا یا آیت پڑھکر رات کو سونا - اور خواب مین اسکا جواب حاصل کرنا -

استجازہ - اجازت چاہنا -

استشارہ - مشورہ لینا - صلاح پوچھنا -

استحالہ - حیلہ کرنا - محال امر کو طلب کرنا - ایک حال سے برگشتہ ہونا محال ہونا

استغاثہ - فریاد کرنا - داد چاہنا - مولف - کون سنتا ہے بجز ذات آلہ + استغاثہ بندۂ مظلوم کا -

استکراہ - کراہت کرنا - نفرت کرنا -

استرادہ - پھر جانا برگشتہ ہونا -

استارہ - ستارہ آسمانی اور نام ایک سازکا وسایبان وشامیانہ وسط لوہے کا - اور جدول کشون کی لکڑی اور نام ایک ملک وقلعہ کا

استمنہ - بدشکل وزبون ودلیر آدمی وجن ودیو وبیماری کابوس کی -

استموہ - افسردہ دل ودرماندہ -

استیزہ - لڑائی وجنگ وخصومت -

استینہ - تخم مرغ - مرغ کا انڈا -
اسطورہ - بے بنیاد کہانیان اساطیر اسکی جمع ہے -
اسطوانہ - گھر کا ستون -
اسغدہ - تیار و آمادہ و مہیا -
اُشکنہ - بفتح اول ترکھانون کا اوزار جسکو نہائی کہتے مین میر طاہر وحید
برای عدو را ز بیخ و بنہ + چو بر سر خوری ضرب چون اسکنہ +
اشکنہ - بہ کسر اول ترکھانون کا برما -
اسکندریہ - نام شہر جو اسکندر رومی نے آباد کیا تھا -
اسکرہ - مٹی کا برتن جس سے پانی پئین -
اسلحہ - بہت سے سلاح یعنے ہتھیار -
اسامی - یہ جمع الجمع اسم کی ہے اسم کی جمع اسما اور اسما کی جمع اسامی
میر حسن دہلوی - اسامی سگان کوے او
دریک ورق دیدم + وران دیباچۂ دولت حدیث نامی گنجد +
اُساری - جمع اسیر - بہت سے قیدی - اس لفظ کے اخیر مین
الف مقصورہ بصورت یاے تحتانی ہے -
اُساری - اخیر مین یاے مجہول - قربانی - اور وہ فرقہ کفار کا
جو گھوڑے کے ذکر کی پرستش کرتے ہین -
اسپری - نیست و نابود ہوا ہوا - اور عبور کرنا -
اسپنوئی - یہ ایک حسینہ عورت تژاو افراسیاب کے داماد کی کنیز
تھی - تژاو بھاگ گیا تو بیژن اُسپر متصرف ہوا -
استواری - مضبوطی و محکمی -
استومی - پشت کا مہرہ -
اسی - حیران و پریشان و غمناک -

الف مقصورہ با شین

اشترا - خرید کرنا - مول لینا - حکیم محمد انور لاہوری - بندگی
کا سب سے اچھا کام ہے + شغل رکھو اسکا ای مرد خدا + سودا بازار
محبت کا کرو + چھوڑ دو ہر ایک بیع و اشترا +
اشتا - بکسر اول - جلدی و شتابی -
اَشدا - بہت سے سمجی کرنے والے لوگ -
اشقیا - جمع شقی - بدبخت لوگ -
اشموسا - یونانی زبان مین ایک جنگلی بوٹی کا نام ہے - جسکو
فارسی مین مردم شکن کہتے ہین -

آشنا - آشناب - پانی مین تیرنے والا -
اشیا - جمع شی - بہت سی چیزین -
اشکوب - گھر کی چھت وخیمہ وسائبان -
اشہب - ہر چیز سیاہ جسپر سفیدی غالب ہو سبزہ گھوڑا اور عنبر خام
اشارت - سینہ مارنا - اشارہ کرنا نظامی - اشارت جہان آمد
ای شہریار + کہ پیغام خاقان چہ داری بیار حافظ آن کسی ست
بشارت کہ اشارت داند + نکتہ ہا ہست دلی محرم اسرار کجاست +
اشارات - جمع اشارت اور نام کتاب مصنفۂ بو علی سینا -
اشاعت - ظاہر کرنا - روشن کرنا -
اشعات - جمع اشعہ - بہت سی روشنیان -
اشکفت - بفتح اول - رخنہ اور غار -
اشعث - ایک شخص بخیل اور طماع کا نام ہے -
اشج - جسکا سر ٹوٹا ہوا ہو -
اشباح - بفتح اول دبلے موحدہ وہاے حطی جمع شبح بہت سے جسم و بدن
اشکوح - بکسر اول پھسلنا - لغزش کھانا -
اشتداد - شدت اور سختی کرنا -
اشتاد - بفتح اول ہر شمسی مہینے کی چھبیسوین[26] تاریخ -
اشتاد - بہ ضم اول - جلد و شتاب -
اشد - سخت و مضبوط و تیز مزاج و بے رحم
اشفند - شہر[3] گانون کا پرگنہ نیشاپور کے پاس ہے -
اشک داود - ایک جواہر کا نام ہے جو نہایت قیمتی ہوتا ہے -
اشکاوند - سیستان مین ایک پہاڑ ہے -
اشکیود - ہر ایک چیز مرکب -
اشہاد - بہ کسر اول - گواہی دینا -
اشتر - اونٹ مشہور چارپایہ ہے - سعدی - نہ بر اشترے سوارم
چو شتر نہ زیر بارم + نہ خلیفۂ رعیت نہ غلام شہریارم +
اشتہار - مشہور کرنا - شہرت دینا -
اشتر خوار کنہ یعنے چچڑی جو ایک جانور ہے اونٹ کے جسم کو
چمٹ کر اسکا خون چوس لیتی ہے -
اشجار - جمع شجر - بہت سے درخت -
اشخار - سجی و نوشادر و زاج سیاہ -
اشر - بفتح اول و کسر ثانی - خود پسند و جنگی لڑکا -
اشر - بفتح اول و ثانی نہایت شریر و مفسد -

اشرار - بہ فتح اول شریر لوگ -
اشعار - بفتح اول - بہت سے شعر و کلام موزون -
اشغر - بفتح اول و غین معجمہ - بڑا خار پشت جسکو سینہا کہتے ہین -
اشقر - سُرخ رنگ مائل بہ سیاہی و زردی اور سرنگ گھوڑا -
اشہر - بہت مشہور -
اشکبوس - افراسیاب کے لشکر کا ایک پہلوان تھا جو رستم کے ہاتھ سے مارا گیا
اشخاص - بہت سے لوگ -
اشتراط - شرط کرنا -
اشباع - بکسر اول - سیر کرنا اور پڑھنا فتحہ یا ضمہ یا کسرہ کا اسطرح پر کہ وہ حرف
حرف علت سے اسکے مناسب ہو نکل آئے فتحہ سے الف ضمہ سے واو کسرہ سے یاے پیدا
اشجع - بہادر و دلاور آدمی -
اشنع - بد اور خراب -
اشیاع - جمع شیعہ - بہت سے فرقے اور گروہ -
اشترمرغ - ایک مرغ ہی جسکی ٹانگین لمبی ہوتی ہین - کنکر اور آگ کھا لیتا ہی
فرید الدین عطار - چون شترمرغ شناس این نفس را + کہ نہ باری نہ پرد بہوا +
اشراف - بکسر اول - بلند ہونا - بزرگ ہونا -
اشراف - بفتح اول - شریف کی جمع ہی - جیسے کہ احباب جمع حبیب کی -
اشرف - نہایت شریف اور بزرگ -
اشگرف - بہ فتح اول - بزرگ و عجیب و خوش -
اشاق - بہ ضم اول ترکی غلام بے ریش اور امرد لڑکا -
اشتقاق - بہ کسر اول - شق کرنا - چیرنا -
اشتیاق - شوق ہونا - دل چاہنا -
اشراق - روشن ہونا - چاند سورج کا نکلنا -
اشفاق - بہت سی مہربانیان -
اشق - بہ ضم اول - ایک درخت کے گوند کا نام ہی -
اشق - بفتح اول و دوم و تشدید قاف - سخت و دشوارتر -
اشلق - ترکی مین تہمت و بہتان -
اشباک - بفتح اول جمع شبکہ بہت سی جالیان -
اشتباک - شبکہ سے شبکہ ملانا -
اشتراک - شراکت و ساجھا پن -
اشنگ - بکسر اول وہ کپڑا جسمین نیا پیدا ہوا بچہ لپیٹتے ہین -
اشک - پانی کا قطرہ اور آنسو - رضی دانشق - چگونہ بار بمنزل برد
مسافر اشک + کہ رہزنی کمین ہمچو آستین دارد + صفدر فوقانی -
مہربانی سے تری ہر ذرہ خور بنتا رہا + چشم تر سے اشک جو نکلا وہ دریا بنتا رہا
اشناک - ترکی مین گدھا جسکو فارسی و عربی مین خر اور حمار کہتے ہین -
اشتعال - آگ بھڑکانا -
اشتغال - مشغول ہونا -
اشتمال - شامل ہونا - شامل کرنا -
اشعال - افروختہ کرنا - آگ بھڑکانا -
اشغال - بفتح اول جمع شغل - بہت سے شغل -
اشقاقل - شقاقل - جنگلی گاجر -
اشکال - بہ فتح اول - بہت سی شکلین -
اشکال - بکسر اول - مشکل ہونا - دشوار ہونا -
اشکل - بہ فتح اول - اونٹ کا پالان باندھنے کی رسی - سُرخ آنکھین
اور سُرخ و سپید رنگ - اور خوشتر اور پوشیدہ - اور نہایت مشکل
اور وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھ اور بایان پانون سپید ہو -
اشکیل - بفتح اول مکر و حیلہ اور وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھ اور بایان پانون سپید ہو -
اشل - بفتحتین و تشدید لام وہ شخص جسکا ایک ہاتھ بیکار ہو -
اشہل - رنگ سیاہ و زردی مائل اور میش چشم آدمی -
اشام - خوراک بقدر حاجت قوت لایموت -
اشتلم - بہ ضم اول - غلبہ اور تندی و زور و تعدی میر خسرو - اندیشہ متاع
صبرم گم کرد + غم بر دل و دیدہ اشتلم کرد +
اشیم - بفتح اول ریم و خون جو پھوڑے مین ہو -
اشکم - شکم یعنی پیٹ - ۵ شیشے کی گوش و سر و اشکم کہ دید + اینچنین
شیشے اخدا خود نا فرید +
اشکیل چشم - نام ایک جنگلی گھاس کا ہی جسکو عربی مین اذن سچ کہتے ہین
اسکا پانی آنکھون کی سپیدی دور کرتا ہی -
اشمام - سونگھنا اور سنگھانا -
اشقرد یون - ثوم البری و حافظ الاجساد - یعنی جنگلی لہسن -
اشکانیان - عجم کے بادشاہون کے ایک خاندان کا نام ہی ۵ نظر بچشم
ترمن زردی عبرت آگن + ز خان دادہ اشکانیان ہمین ماند ست
اشنان - ایک گھاس شور زمین مین ہوتی ہی - پنجاب مین اسکو لانی کہتے
ہین اور اسکو جلا کر سجی بناتے ہین اسکے پانی سے میلے کپڑے سپید ہو جاتے
ہین - عربی مین اسکو غسول کہتے ہین -
اشتن - اُلٹا کپڑا جو پہنا ہوا ہو اور کچا خربزہ جسکو ککری کہتے ہین -
اشناں دارو - سنا - زوفا مصری جو مشہور دوا استسقا کو مفید ہی -

اَشبَاہ - بفتح اول مثالین تمثیلین صورتین شکلین -
اِشتبَاہ - شبہہ اور شک مین پڑنا -
اَشتَرِادہ - اشترابہ - ایک قسم کا ریشمی کپڑا -
اَشرِبہ - جمع شراب پینے والی چیزین -
اَشعَۃ - جمع شعاع چمکارے و روشنیان -
اَشکَرہ - شکرہ جو مشہور شکاری جانور ہی -
اَشکنہ - برما تر کھانون کا اور ٹکڑے روٹی کے جو آب گوشت مین بھگو کر کھاتے ہین اور چین اور نام ایک راگ کا - ؎
خوردہ مانندہ غم آشوبان + از پئے اشکنہ غم خوبان +
اَشگوفہ - بہار کا شگوفہ -
اَشکوہ - دبدبہ و عظمت و شکوہ -
اَشنوسہ - عطسہ یعنی چھینک -
اَشنہ - ایک خوشبو گھاس سیاہ و سپید ہی جسکو چھاڑ چھبیلہ و چھریلہ و کچرا کہتے ہین -
اِشنہ - ایک گھاس ہی جو ٹوٹے جوڑون پر باندھتے ہین -
اَشہہ - گھوڑی کی آواز -
اِشراقی - حکماے سلف سے یہ ایک گروہ تھا کہ کثرت عبادت و ریاضت سے قلب انکا روشن ہوتا ہر ایک چیز کی کیفیت وہ نور باطن سے معلوم کر لیتے تھے کسی کی شاگردی نکرتے افلاطون و بقراط وغیرہ دوسرا گروہ جو مشائین مشہور تھا اُنکی شاگردی سے کمال کو پہونچا -
اَشرفی - مشہور سکہ طلائی منسوب باشرف شاہ بادشاہ ہی -
اَشعری - نام ایک شخص کا کہ جب مان کے پیٹ سے پیدا ہوا جسم پرا سکے بال تھے -
اَشفی - موچیون کی ستانی جس سے چمڑے مین سوراخ کر لیتے ہین -
اَشکال جنوبی شمالی - واضح ہو کہ فلک ثوابت پر اڑتالیس شکلین قرار دی گئی ہین بارہ منطقۃ البروج پر واقع ہین جنکو بارہ برج کہتے ہین اور پندرہ منطقۃ البروج کی جنوب کی سمت اور اکیس شمال کی طرف ہین -
اَشہی - آرزومند -

الف مقصورہ با صاد مہملہ

اَصحّا - صحیح کی جمع تندرست لوگ -
اَصدقا - بفتح اول جمع صدیق دوست اور سچ بولنے والا -
اِصطِفا - چننا - چھانٹنا -
اِصغا - کسی بات پر کان رکھنا -
اَصفیا - صوفی لوگ - ؎ سرور اصفیا نظام الدین + مرشد اولیا نظام الدین +
اَصلا - اصل کے رو سے ہرگز -
اَصحاب - جمع صحب بہت سے یار دوست - مولف - معدن اخلاص اصحاب رسول اللہ ہین + جان نثار خاص احباب رسول اللہ ہین
اُصطُرلاب - ایک برنجی آلہ ہوتا ہی جسپر علم نجوم کے احکام کے بموجب نقوش و خطوط کھدے ہوئے ہوتے ہین اس سے آفتاب و ستارون کی ارتفاع سالانہ کا حساب بخوبی معلوم ہو جاتا ہی معنے اسکے آفتاب کی ترازو ہین کیونکہ اصطر یونانی مین ترازو کو کہتے ہین اور لاب آفتاب کو ارسطو و بلیناس نے سکندر کے حکم سے اُسکو بنایا اور اوجام تسخیری سے احکام ستارون کے اُسپر لکھے بعض کہتے ہین کہ یہ آلہ ابرخس حکیم کی ایجاد ہی صحیح نام اسکا سطرلاب سین مہملہ کے ساتھ ہی - یعنی آفتاب کی سطرین اور نقش -
اَصلاب - جمع صلب بہت سی پشتین -
اَصوب - بہت اچھا - عین صواب -
اَصہب - ہر چیز سرخ مائل بسپیدی -
اَصالت - اصل جڑھ اور بیخ -
اِصابت - رسائی پانا - جواب پانا -
اَصحاب السبت - یہ فرقہ موسی علیہ السلام کی قوم مین تھا - اور بخلاف حکم آلہی ہفتہ کے روز مچھلیون کو شکار کرتے - اِس نافرمانی پر صورت اُنکی مسخ ہو گئی اور بندر بن گئے اور مر گئے -
اَصوات - جمع صوت - بہت سی آوازین -
اِصباح - بکسر اول حالت بدلنا - صبح کرنا -
اَصباح - بہت سے صبح کے وقت جمع صبح کی -
اِصطلاح - باہم صلح کرنا ایک بات پر قائم ہونا -
اَصح - نہایت صحیح اور تندرست -
اِصلاح - خوبی پر لانا - درست کرنا -
اَصلح - بہت درست - بہت اچھا -
اَصطخر - نام شہر و قلعہ فارس -
اِصطیاد - بکسر اول شکار کرنا -

اصفاد - بہت سی زنجیرین - اور قیدین -

اصاغر - چھوٹے ننھے - جمع اصغر کی -

اصدار - نکالنا - جاری کرنا - صادر کرنا -

اصرار - ضد کرنا - ہٹ کرنا - باز نہ آنا -

اصطبار - صبر کرنا - ٹھہرے رہنا -

اصغر - سب سے چھوٹا اور نام مولف کتاب کے پانچوین لڑکے کا جو سب سے چھوٹا تھا اور بارہ برس کی عمر مین اچانک بہ بیماری ہیضہ ماہ رمضان سنہ ۱۲۹۰ ہجری مین مرگیا اور مولف نے کتاب انشا یادگار اصغری نظم و نثر اُسکے نام پر تصنیف کی جو دوبارہ چھپ چکی ہی - مولف

نور چشم غلام اصغر گشت	آہ پوشیدہ از نظر ناگاہ
گل ز گلزار بست رخت سفر	یوسف مصر رفت اندر چاہ
شمع گل شد ز باد صرصر دہر	گشت پنہان ز چشم مردم ماہ
وائے کین نوجوان مہ طلعت	زود رحلت از جہان بجنت راہ
سال تاریخ رحلتش سر و بر	از سر آہ گفت اصغر آہ ۱۲۹۰ھ

اصفر - زرد رنگ - بسنتی رنگ -

اصابع الجوز - ایک تیز بی کا نام ہی جو انگلیون کی شکل پر بنی ہوئی ہوتی ہی -

اصابع - انگلیان ہاتھ پاؤن کی -

اصبع - انگلی ہاتھ پاؤن کی -

اصطناع - رغبت کرنا - راغب ہونا -

اصلع - گنجا جسکے سر پر گنج کے دل ہون -

اصباغ - بکسر اول رنگ کرنا - رنگین بنانا -

اصباغ - بفتح اول بہت سے رنگ -

اصطباغ - غوطہ دینا - رنگ کرنا -

اصحاب کہف - یہ سات شخص خداپرست دقیانوس بادشاہ کے خوف سے بھاگے ایک کتا اُنکے ساتھ ہولیا جب تھک گئے تو پہاڑ کی غار مین سوگئے اور تین سو برس تک سوتے رہے پھر جاگے اور خیال کیا کہ ہم ایک روز تک سوئے ہونگے ایک اُنمین سے کچھ کھانا خریدنے شہر مین گیا اور دقیانوس کے نام کا مسکوک روپیہ جب نان بزنے دیکھا تو جانا کہ اسنے کوئی پُرانا خزانہ مدفونہ پایا ہی فی الفور حاکم کو خبر کی اُسنے روبرو بلایا اور حال پوچھا اور اُنکی بڑی عزت کی اور وہ اُسی غارمین مع کتے کے پھر سوگئے اور قیامت تک سوتے رہینگے اُنکے نام نامی یہ ہین - یملیخا - مکسلمینا - کشفوطط - تبیونش - کشافطیونس - ازرفطیونس - یوانس -

اصداف - جمع صدف بہت سی سیپ -

اصراف - بکسر اول خرچ کرنا -

اصراف - بفتح اول بہت سے خرچ -

اصف - ایک ترش میوہ سپاری سے بڑا ہی -

اصناف - طرح طرح - قسم قسم - نوع نوع -

اصداق - بہت سی سچی باتین -

اصطکاک - وہ آواز جو دو سخت چیزون کے ٹکرانے سے نکلے - یا دو پتھرون سے -

اصحاب الشمال - دوزخی لوگ جو قیامت کے روز تخت رب العالمین کے بائین سمت ہونگے -

اصحاب منقل - انیس و جلیس جو ایک آتشدان پر بیٹھکر آگ سینکین محسن تاثیر - در محفلیکہ بستہ زبان سپند من + صد آتشین عذار ز اصحاب منقل است -

اصطبل - گھوڑے باندھنے کا مکان -

اصل - بیخ بنیاد - جڑ - ع تو اصل وجود آمدی از نخست + دگر ہرچہ موجود شد فرع تست +

اصول - بیخین اور بنیادین -

اصیل - صاحب اصل - شریف و نجیب -

اصم - بہرا جو بات نہ سُن سکتا ہو اور سخت پتھر اور خطاب حاتم نام ایک ولی کا -

اصنام - جمع صنم بہت سے بُت اور مورتین -

اصحاب الیمین - بہشتی لوگ جو قیامت کے دن تخت رب العلمین کی دہنی طرف ہونگے -

اصفہان - نام ایک شہر کا جو ملک عراق عجم کا دارالحکومت ہی

اصمعی - نام ایک محدث کا جو اہل عرب سے تھا -

اصلی - منسوب باصل ذاتی -

الف مقصورہ یہ ضاد معجمہ

اضراب - بکسر اول روگردانی کرنا سرنگون رہنا نر کو مادہ پر ڈالنا - سیر کرنا - ظاہر کرنا -

اَضراب - بفتح اول ضربین مثالین چوٹین۔

اِضطراب - بکسر اول بیقراری و پریشانی - توحید - عفو کن عفوای شه عالی جناب + زانکه دارم جرم بیحد و حساب + حامی و ہمدم بخیر و شر توئی + حافظ و ناصر به بیداری و خواب + تو زہر خاطر کنی اندوه دور + می بری از دل تو رنج و اضطراب +

اِنسابت - بکسر اول روشن کرنا۔

اِضافت - بکسر اول منسوب کرنا ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ ان دونون مین سے ایک کو مضاف دوسرے کو مضاف الیه کہتے ہین فارسی مین اسم مضاف کو کسرہ کی حرکت دینا نشان اضافت کا ہے اور اردو مین کا اور کی نشان اضافت ہے فارسی کی مثال اسپ زید یعنی زید کا گھوڑا

اِضاعت - ضایع کرنا - تلف کرنا۔

اَضداد - جمع ضد بہت سی ضدین و اضرار۔

اِضرار - بکسر اول نقصان پہونچانا - ضرر دینا۔

اَضرار - بفتح اول بہت ضرر و نقصان۔

اِضطرار - بے قراری و بے آرامی - توحید - دیده بینا اگر دارت خدا + کن نظر بر انقلاب روزگار + دور کن از دوش دل اے حق پرست + بار رنج و اضطراب و اضطرار +

اِضمار - ضمیر لانا کسی اسم کے لیے کلام مین۔

اَضراس - بفتح اول دانت اور ڈاڑھین۔

اِضطجاع - پہلو پر سونا۔

اَضلاع - بفتح اول پسلیان جمع ضلع اور اطراف ملک اور علاقے

اَضیع - ضایع کرنے والا۔

اَضایف - جمع ضیف بہت سے مہمان۔

اَضعف - بفتح اول بہت ضعیف و کمزور۔

اَضعاف - دو چند کرنا دگنا کرنا۔

اَضیاف - بہت سے مہمان۔

اِضحاک - ہنسانا تعجب دلانا۔

اِضلال - گمراہ کرنا - راستی سے باز رکھنا۔

اَضغاث احلام - خشک و تر گھاس کے آپس مین ملے ہوئے اضغاث جمع ضغث بکسر اول اور احلام جمع حلم بضم اول جسکے معنی خواب پریشان کے ہین

اضافه - زیادتی بڑھاؤ۔

اضحوکه - مسخرہ اور وہ شخص جسکی صورت دیکھنے سے ہنسی آتی ہو۔

اضعاف مضاعفه - دگنا تگنا - آیت شریف
لَا تَاکُلُوا الرِّبٰوا اَضعافاً مُّضاعفة۔

اِضافی - نسبتی جو اصلی نہو۔

اَضحی - بضم اول جمع اضحات اصل مین یه لفظ اضحیه تھا جسکے معنی قربانی کے ہین اور کرنا کام کا چاشت کے وقت۔

الف مقصوره با طاء

اَطا - بفتح اول ایک درخت ہے جسکو عربی مین غرب یعنی مجرد کہتے ہین که وہ میوہ نہین رکھتا گوندا اسکا کارآمد چیز ہے چھلکا اسکا جس جگه اُتارین گوند نکل آتا ہے اسکے پتون کا پانی کان کے زخم کو اچھا کرتا ہے۔

اَطبا - بہت سے طبیب۔

اِطرا - بکسر اول مبالغه کرنا کسی کی مدح و ذم مین۔

اِطفا - چراغ کا گل کرنا اور آگ کا بجھانا۔

اِطمیسا - بکسر اول عربی مین ایک خوشبو گھاس کا نام ہے اسکے پتے جس گھر مین ہون اُس گھر سے موذی جانور بھاگ جاتے ہین۔

اَطیب - بہت پاکیزہ - اور خوشبودار

اِطالت - بکسر اول دراز کرنا - طول دینا۔

اِطارت - کسی پرنده کو اڑانا۔

اِطاعت - بکسر اول فرمانبرداری۔

اِطراح - بکسر اول ڈالنا۔

اِطراد - راست و درست ہونا۔

اَطواد - بفتح اول جمع طود پہاڑیان اور ریگ کے انبار اور تودے

اَطہار - جمع طاہر کی پاک لوگ۔

اِطراز - نقش کرنا زینت دینا۔

اُطروش - بضم اول بہرا جسکے کان بند ہون۔

اَطلس - درم بے نقش اور قسم ریشمی کپڑے کا۔

اِطلاع - خبر پانا - آگاہ ہونا - روشن ہونا۔

اِطماع - بکسر اول طمع مین ڈالنا۔

اَطماع - بفتح اول جمع طمع بہت سی امیدین۔

اَطراف - بفتح اول کنارے اور سمتین اور ہاتھ پانون۔

اِطلاق - روان کرنا چھوڑنا۔

اِطریفل - ہلیله بلیله آمله ان تین ادویات کی مرکب کو اطریفل کہتے ہین پہلی یه لفظ ہندی مین تری پھل تھا معرب اسکا اطریفل ہوا

اَطلال - بفتح اول پرانی عمارتون کے نشان۔

اِطمینان - بکسر اول تسلی پانا۔
اَطریہ - بفتح اول رشتہ گندم جسکو ہندی مین سویان کہتے ہین۔
سویان کا لفظ بھی سیما ہو یعنی چاندی کی تارین۔
اُطروبہ - بضم اول سامان طرب وعیش راگ رنگ۔
اُطرہ - بضم اول ناخن انگلیون کے۔
اَطعمہ - بفتح اول کھانا خوراک۔

الف مقصورہ با ظاء معجمہ

اِظہار - بکسر اول ظاہر کرنا۔ پیدا کرنا۔
اَظہر - بہت ظاہر سب کے روبرو برملا۔

الف مقصورہ با عین

اَعتا - جمع عتوت سرکش ونافرمان۔
اِعتلا - بلند ہونا۔ اونچا چڑھنا۔
اِعتنا - غمخواری وتیمارداری کرنا۔
اَعدا - جمع عدو بہت سے دشمن۔
اَعشا - عرب کے ایک شاعر کا نام ہو۔
اِعصا - نافرمانی کرنا۔ عاصی ہونا۔
اَعضا - جوڑ ہاتھ پاؤن کے۔ سعدی - بنی آدم اعضاے یکدیگر اند * کہ در آفرینش زیک جوہر اند +
اِعطا - بکسر اول بخشنا اور دینا۔
اَعفا - بفتح اول جمع عفیف پاک لوگ۔
اعلا - اَعلی - بہت بلند۔ بہت اونچا۔ ۵ - حق پرستون کا دین ودنیا مین + درجہ اونچا ہو مرتبہ اعلی +
اِعلا - بلند کرنا۔ عزت بخشنا۔
اِعیا - بکسر اول ماندہ ہونا۔ تھک جانا۔
اَعاجیب - جمع عجیب جیسا احادیث جمع حدیث ہو۔
اِعجاب - غرور کرنا۔ تعجب مین ڈالنا۔
اِعراب - روشن کرنا۔ اور حرکتین زیر زبر پیش کی۔
اَعشاب - سبز اور تر گھاس۔
اَعقاب - پیچھے رہی ہوئی آل اولاد۔ وارث۔
اَعرج - لنگ جسکا ایک پاؤن بیکار ہو۔
اِعوجاج - بکسر اول کج اور ٹیڑھا ہونا۔

اِعتضاد - بازو دینا - امداد دینا۔
اِعتقاد - گرہ باندھنا۔ یقین کرنا۔
اِعتداد - شمار مین لانا۔
اِعتماد - اعتبار اور تکیہ اور بھروسا کرنا۔ مولف - دن قیامت کے خدا سے بخشوائینگے ہمین + ہمکو ہو سرور تشفع المذنبین پر اعتماد +
اِعتیاد - غور کرنا۔ عادت پکڑنا۔
اَعداد - جمع عدد بہت سے حساب وشمار۔
اکھڑنا - جڑ سے نکالنا -

اُگتے ہی جل جانا - پیدا ہوتے ہی مرجانا -

اُکسنے نہ دینا - کہین جانے نہ دینا - اختیار مین نہ رکھنا -

اُکل کھرا - اکیلا رہنے والا - بے تعلق مجرد -

اُگل اُگل کے کھانا - بغیر خواہش اور بھوک کے کھانا -

اُگل پڑنا - تلوار کا میان سے اور لقمہ حلق سے نکل پڑنا -

اُگل دینا - دل کا بھید ظاہر کر دینا - برملا کہدینا -

اگن مین پڑنا - گرنا - کسی بلا مین مبتلا ہونا -

اکھاڑ دینا - بھید کھول دینا - پردہ فاش کرنا -

اُکھڑی اُکھڑی باتین کرنا - رنجیدگی ظاہر کرنا ۵ ایسے آکے ٹرے ہمسے وقت شام وہ رشک قمر + اُکھڑی اُکھڑی پھیکی باتین رات بھر کرتے رہے -

اُکھاڑ پچھاڑ - تغیر بدل اُلٹ پلٹ توڑ جوڑ -

اکڑباز - اکڑ کر چلنے والا - اینٹھو -

اکڑ چال - اتراکر چلنا - سینہ نکالکر چلنا -

اگر دھون دھوان - فربہ آدمی - موٹا بدن -

اکھرا بدن - لاغر جسم - کمزور بدن - دبلا پتلا -

اکڑ کھون - خود سر - مغرور - متکبر -

اگاڑی - وہ رسی جو گھوڑے کی اگلی ٹانگون یعنی ہاتھون مین باندھیں -

اکسیر ہی - کیمیا ہی - بہت مفید ہی - کارآمد ہی -

اگلے زمانے والے - پُرانے لوگ بڑے بوڑھے -

اگھوڑے - سبلا نوش - بلا چٹ - ناپاک -

الف مقصورہ بالام

اُلٹ پلٹ کرنا - زیر و زبر کرنا -

اُلٹے پانوٗن پھرنا - جاتے ہی واپس آنا -

اُلٹا توا - نہایت سیاہ رنگ آدمی -

اُلٹا دھڑا باندھنا - معاملہ برعکس کر دینا - بے نصافی پر قائم ہو جانا

اُلٹ پڑنا - مخالف و برعکس ہونا - **مولف** اُلٹ پڑتے ہین جبکہ خود وہ ہو کر برہم و درہم + نہین ہوتے مین پھر سیدھے بشکل گیسوے پیچان +

اُلٹ جانا - بدل جانا - منحرف ہونا - پلٹا کھانا - **موٗلف** - سیدھی باتون سے اُلٹ جاتے ہین + کر کے اقرار پلٹ جاتے ہین + پھر قدم اُسپہ نہین رکھتے ہین + پہلے جس رستہ سے ہٹ جاتے ہین

اُلٹنا - ایک پہلو سے دوسرا پہلو بدلنا ۵ پلٹا کھایا ہی کیسا قسمت نے ہماے کیسی اُلٹ گئی تقدیر ۵ جارہی نقاب رخ سے لوای مہ جبین لٹ + گھڑاکے دم بھی جائے نہ پھر کہین لٹ +

اُلٹ دینا - برعکس کر دینا - گرادینا - **مولانا اکبر** - اُلٹ دیتے صف اعدا کو حیدر + اکیلے جب سر میدان نکلتے -

اُلٹی پٹی پڑھانا - برخلاف مشورہ دینا -

اُلٹی سیدھی سنانا - بُرا بھلا کہنا -

اُلٹی سیفی پڑھنا - بددعا دینا - کوسنا -

اُلٹی ترازو تولنا - بے انصافی کرنا - **قطعہ** - خوشامد غیر کی کرتے ہین جاناں + بُرا ہمکو ہمیشہ بولتے ہین + وہ بے انصاف بے رحمی سے اپنی + سدا اُلٹی ترازو تولتے ہین +

اُلٹی شکر کرنا - قے کرنا -

اُلٹی کھوپری کا - بے وقوف احمق نادان -

اُلٹی گنگا بہانا ۔ بے انصافی و بدی کرنا ۔
اُلٹی مالا پھیرنا ۔ بے انصافی کرنا ۔
اُلٹے ملک کا ۔ خلاف دستور کرنے والا ۔
اُلٹا جنا ۔ وہ بچہ جو اُلٹا پیدا ہو یعنے اُسکے پانون مان کے پیٹ سے باہر آئین ۔
الجھیڑے مین پھنسنا ۔ کسی مصیبت مین پھنسنا ۔
الزام دینا ۔ جرم قایم کرنا ۔
السّس کرنا کھانا ۔ جھوٹا کرنا ۔
الف ہونا ۔ سیخ پا ہونا گھوڑے کا ۔
القط کرنا ۔ قطع تعلق کرنا ۔ غرض نرکھنا ۔
الکھ جگانا ۔ خدا کے نام کا مانگنا ۔
الگ کرنا ۔ جدا کرنا ۔ موقوف کرنا ۔
اللہ اللہ کرنا ۔ خدا کا ذکر کرنا ۔
اللہ آمین سے پالنا ۔ بچہ کو ناز و نعمت سے پالنا ۔
اللہ کا مارا ۔ خراب آدمی ۔
الو بولنا ۔ اجڑ جانا ویران ہو جانا مولف خزان آئی گیا موسم بہاری + ہر سبزہ نشاط گل مرجھا گیا ہے + نہ بلبل بولتی ہے اور نہ قمری ہے اب گلشن مین الو بولتا ہے +
الّلے تلّلے کرنا ۔ عیش و عشرت کرنا ۔ گلچھڑے اڑانا ۔
الم غلم بکنا ۔ بیہودہ کلام کرنا ۔
الم غلم کرنا ۔ حساب مین کم و بیش کرنا ۔ حیص بیص کرنا پس و پیش کرنا ۔
الم نشرح ہونا ۔ مشہور و معروف ہونا ۔
النگ پر آنا ۔ جوبن پر آنا جوان ہونا ۔
اُلو بنا ۔ بیوقوف و احمق بننا ۔
الو بنانا ۔ احمق بنانا نشہ پلانا ۔
الو کا ماس کھلانا ۔ بیوقوف بنانا ۔
اللی تلّی لگانا ۔ فضول خرچی کرنا ۔
اُلٹی مت ۔ ناقص عقل خیال خام ۔
الابالی مزاج ۔ بے پروا مزاج لاُوبالی طبیعت ۔
الٰہی خرچ ۔ جو خرچ خدا کی راہ مین ہوا انشا ۔ نہ فقیرون کے جان داہی خرچ + او میان اُنکے ہین الٰہی خرچ ۔
اللہ اکبر ۔ اللہ بہت بڑا ہے نماز کے ہر ایک رکن پر یکلمہ بولا جاتا ہے
اللہ کا نور ۔ نہایت حسین و جمیل و خوبصورت مولف وہ حسن احمدی اللہ کا نور ہے جسکی روشنی نزدیک اور دور +
الٰہی خیر ۔ خدایا خیر کیجیو ۔
الٰہی مہر ۔ کھری رقم جو بلا عذر ادا ہو ۔
الکھ پرش ۔ ذات الٰہی اور جو شخص نظر سے غائب اور رہرو فنا ہو جائے
اللہ کے لوگ ۔ بھولے بھالے سادہ لوح خدا پرست ۔ مولف رہا کرتے ہین حق کی بندگی مین + جو ہین سینہ صفا اللہ کے لوگ +
الگ لگ ۔ جدا جدا علیٰحدہ علیحدہ مظفر آگئے تو ہم سے اسقدر رہا کیجو الگ الگ + اب ہوئی ایسی کیا خطا رہتا ہے تو الگ الگ +
الگ تھلگ ۔ بالکل جدا اور پرے پرے ۔ ظاہر تھا اس پر کہ گلے اسکے کیا لگون + دن عید کے جو مجھسے رہا وہ الگ تھلگ
الم غلم ۔ لغو پوچ مہمل یا دہوائی واہیات ۔
اللہ کی جان ۔ اللہ کا جی جان دار جیوا ۔
اللہ کا نام لو ۔ خدا کا نام لو خدا کو یاد کرو سے چھوڑ دو اس دنیا کی الفت ۔ نام لو اللہ کا + کر دو ترک اسکی محبت نام لو اللہ کا +
اللہ راسی کارخانہ ۔ بے پروائی و کم توجہی کا کام ۔
الٹا زمانہ ۔ وہ زمانہ جسمین سیدھی بات اُلٹی سمجھی جائے ۔ کیسا اُلٹا زمانہ [illegible] پرسان + کہ سیدھی بات سمجھتے ہین آشنا اُلٹی +
الف اللہ ۔ ایک آپ اکیلا تنہا یگانہ ۔ مصفیہ فوقانی ۔ دو آنکھین مین ابرو نوری گیسو لام کی تشکلین + الف بینی کا کھینچا ہے الف اللہ کی صورت +
الفت کا بندہ ۔ محبت کرنے والا آدمی محمد انور لاہوری خدا کا چاہنے والا وہی ہے + زمانہ مین جو ہے الفت کا بندہ +
اللہ اللہ ۔ حیرت کے موقعہ پر بولتے ہین مولف ۔ دو رخسارے تمہارے اللہ اللہ + جو دیکھے وہ پکارے اللہ اللہ ۔
اللہ آمین کا بچہ ۔ ناز پروردہ لڑکا ۔
الکھ جاگے ۔ الوپ روپ ہر جگہ موجود ہے ۔
اللہ نگہبان + اللہ بیلی ۔ یہ کلمات رخصت کے وقت بولتے ہین ۔
اللہ توکلی ۔ خدا پر بھروسا رکھنے والا ۔
اللہ رے ۔ یہ کلمہ تعجب کا ہے ۔ اللہ رے سو رحسن شری سر بلندیان + لرزان ہے جس سے برق شرربار ابر مین ۔
اللہ کرے ۔ خدا کرے کلمہ تمنائی ۔
اللہ کے گھر سے پھرا ہے ۔ مرتا مرتا پھرا ہے نیا جنم لیا ہے ۔
اللہ والے ۔ عابد زاہد خدا پرست ۔

اللہ ہی اللہ ہے - سوائے ذات الٰہی کے اور کوئی نہین مولف
عزیزو مر گئے جس وقت ہم اللہ ہی اللہ ہے + نکلا جسدم گیا سینہ سے دم
اللہ ہی اللہ ہے -
الی الذی نہ اولو الذی - نہ ادھر کا نہ ادھر کا تو انوانڈول -
نہ گھر کا نہ گھاٹ کا نہ دین کا نہ دنیا کا نعی - نہ تو دام و دد نہ تو آدمی
نہ تو جن نہ دیو نہ ہری پری + تری صورت ایسی ہے او تعنی نہ الذے
نہ اولو الذی +

الف مقصورہ با میم

امر ہونا - زندہ جاوید و لایزال ہونا -
امکا دھمکا - بڑا چھوٹا فلان فلان -
امل پالی کرنا - بھنگ پوست پینا -
امک دھمک - واہیات بیہودہ -
امرت بانی - خوش تقریر خوش کلام -

الف مقصورہ با نون

انتقال کرنا - ایک مکان سے دوسرے مین جانا مرجانا بیع
کردینا کسی مکان وغیرہ کو -
انٹی کرنا - سوت کو اٹیرنا چھپانا جوئے کے وقت کوڑی چھپانا
انٹی مارنا - بیگانہ مال فریب سے کھانا -
ان جان بننا - احمق و بیوقوف بننا ۵ دل دیا اس دلربا کو
کس لیے + بن گئے ان جان ہم کیون جان کے -
انجر پنجر ڈھیلے ہونا - تھک جانا - درماندہ ہوجانا -
انجھر پڑھ کے مارنا - جادو کرنا - سحر کرنا -
انچی انچی رہنا - الگ الگ رہنا -
اندازا آنا - دوسرے کی وضع اختیار کرنا -
اندر کا اکھاڑا - راجہ اندر کی مجلس - اندر سبھا -
اندر والا - من جی دل و جان -
اندھا بنانا - فریب دینا - دھوکا دینا -
اندھا گھوڑا - پاپوش یعنی جوتا -
اندھا ہونا - مست و بے خبر ہونا -
اندھیر کھاتا - بے انصافی و بے ایمانی -
اندھیر مچانا - ظلم و ستم کرنا -
اندھیری چھانا - اندھیرا ہوجانا - شام ہوجانا -
اندھیری دینا - گھوڑے یا بیل کی آنکھین باندھنا -

اندھیرے گھر کا اجالا - باپ کا ایک بیٹا -
انڈا ڈھیلا ہوجانا - تھک جانا گھبرا جانا -
انڈون پر ہونا - انڈا دینے کے قریب ہونا -
انڈے اڑانا - بہت جھوٹ بولنا -
انڈیانا - انڈے دینے لگنا -
انڈے سینا - گھر مین بیٹھے رہنا -
انرتھ کرنا - ظلم کرنا -
انزال ہونا - نازل ہونا - انزنا جماع سے فارغ ہونا -
انسانیت برتنا - خلق و تہذیب سے پیش آنا -
انس نکال لینا - زور جوس لینا کمزور کردینا -
انسان ہونا - آدمی ہونا حکیم محمد انور - معرفت سے ہے جو خالی
آدمی + خاک کا پتلا ہے وہ انسان نہین +
انگارا بننا - غضب و غصہ مین آنا -
انگارون پر لٹانا - جلانا تڑپانا رنج دینا -
انگارون پر لوٹنا - بیقرار و بے چین ہونا ۵ بنا کر ان آہ سوزان
کھینچکر تارون کو مین انگر + خدا جانے تو انگارون پہ لوٹے آسمان برسون
انگارے برسنا - گرمی پڑنا - دھوپ پڑنا - مولف اسکے سوزان کا
قول ہے ۵ تمہارے دل جلے جس شہر یا بستی مین بستے ہین +
عوض پانی کے وان بادل سے انگارے برستے ہین +
انگڑائیان توڑنا - سستی اتارنا بیکاری کا وقت گزارنا -
انگشت نما ہونا - مشہور ہونا -
انگلی پکڑنا - سہارا لگانا - دچا ہنا -
انگلی پکڑ کے پہونچا پکڑ لینا - ایک لیکر دوسرے کی طمع کرنا -
انگلی دھرنا - کسی کے عیب پر انگلی رکھنا -
انگلی کرنا - دق کرنا - تکلیف دینا ستانا -
انگلی لگانا - بدن کو چھونا ہلکا سا تماچہ مارنا مولف جسکا زمانے
ہو اسکو یا جناب دستگیر + مارنا تو کیا کوئی انگلی لگا سکتا نہین +
انگلیون پر نچانا - ہنسی اور مسخری مین اڑانا ۵ اپنا عاشق
جسے وہ پاتا ہے + انگلیون پر اسے نچاتا ہے -
ان گنا - شمار سے باہر آٹھوان مہینہ حمل کا چونکہ اس مہینہ کا بچہ
ہو یا بچہ مر جاتا ہے اس واسطے عورتین اسکو ان گنا مہینہ کہتی ہین -
انگوٹھا چومنا - خوشامد کرنا - پانون پڑنا -
انگوٹھا دکھانا - چڑانا چھیڑنا - ٹھینگا دکھانا -

انگور بندھنا۔ زخم پر چھلکا آجانا۔
انیس بیس ہوجانا۔ کوئی حادثہ واقع ہوجانا۔
اناپ شناپ۔ بے سوچے بات کہنا۔
اندھیر گپ۔ نہایت تاریکی۔ اور اندھیرا۔
اندھا دربار۔ ظالم بادشاہ کا دربار۔
اندھی سرکار۔ ظالم و نا انصاف۔
اندھے کے ہاتھ بٹیر۔ مفلس کے پاس روپیہ۔
ان گھڑ۔ بے سوچی بات ناشائستہ آدمی۔
انیس بیس کا فرق۔ بہت تھوڑا فرق۔
اناج کا دشمن۔ بہت سا کھانے والا۔
ان تیلون مین تیل نہین۔ اس مین مروت نہین۔
ان کے پیچھے کھڑا ہوں۔ یہ جملہ قسمیہ ہے کہنے والا کہتا ہے کہ اگر مین غلط کہتا ہون تو یہ چھت کا بوجھ جسکے نیچے مین کھڑا ہون مجھپر آپڑے اور مین دب کر مرجاؤن۔
انت لیتا ہون۔ انجام دیکھتا ہون آزماتا ہون۔
اندھا کنوان۔ بے آب کنوان۔
انڈے کا شہزادہ۔ گھر سے باہر نہ نکلنے والا۔
ان بندھا موتی۔ باکرہ عورت کنواری لڑکی۔
ان بلارالی۔ بدماغ دماغدار عورت۔
انتریان جلانے والی۔ کھانا کم کھانے والی عورت۔
انتہا کا پاجی۔ بہت خراب آدمی۔
اندھا دھند مچ رہا ہے۔ ظلم ہو رہا ہے۔
اندھیرے اجالے۔ صبح و شام وقت بیوقت۔
اندھیری کوٹھری۔ پیٹ اور قبر۔
اندھے کی لاٹھی۔ ضعیفی کی عمر کا بچہ۔
انڈے بچے۔ آل اولاد۔ دھوتے پوتے۔

الف مقصورہ با واو

اوبرا ادبر جانا۔ خالی جانا بیکار جانا ؎ اسقدر غیر سے تم گرمی صحبت نہ دکھاؤ + اوبرا اوبر نہین جانے کا جلانا اپنا۔
اوبر کے دم بھرنا۔ نزع کی حالت مین ہونا ؎ نہ آؤ گے تو مرجائیگا عاجز ایک دو دم مین + مسیحا دم ترا بیمار دم اوبر کا بھرتا ہے
اوبر والا۔ خدا کی ذات یا چاند۔ بالائی کام کا نوکر +

اوت پڑنا۔ فائدہ ہونا بچت ہونا۔
اوجھل ہوجانا۔ نظر سے غائب ہوجانا۔
اوج کو پہونچنا۔ رتبہ حاصل کرنا۔
اوجھ بھرنا۔ پیٹ بھرنا۔
اوجھڑی آنا۔ لات مارنا۔ دھکا دینا۔
اوچھی سمجھ بتانا۔ بد مشورہ دینا۔
اوٹنا۔ روئی سے بنولے نکالنا۔
اوچھے کام کرنا۔ نالائق کام کرنا۔
اوچھل رکھنا۔ کچھ فرق رکھکر قیمت جنس کی بیان کرنا۔
اودھم اٹھانا۔ شور و غل کرنا۔
اور سے اور ہونا۔ کچھ کا کچھ ہوجانا ؎ بن گئی طرز نئی اور نئے طور ہوے + دیکھ کر غیر کی شکل اور سے کچھ اور ہوئے۔
اور کیا۔ درست بیشک بہت خوب فی الواقع۔
اوری کرنا۔ مارنا پیٹنا پیچھین کرنا۔
اوڑا پڑنا۔ قحط پڑنا کمی ہونا۔ نایاب ہونا۔
اوڑا اٹھنا۔ اوڑ کرنا۔ حفاظت و حمایت کرنا۔
اوڑ نبھانا۔ انجام تک پہونچانا۔
اوڑھنا اتارنا عورت کو بیعزت اور بے ستر کرنا۔
اوڑھنا اوڑھانا۔ رانڈ عورت کی شادی کردینا۔
اوڑھنا گلے مین ڈالنا۔ مزاحمت کرنا گلے مین کپڑا ڈالکر کھینچنا بیعزت کرنا۔ پلہ پکڑنا۔
اوسان اڑانا۔ ہوش جاتے رہنا اوسان خطا ہونا ؎ اس پری کو دیکھکر انسان کے اوسان اڑ گئے + ہر ملک بیہوش آدم زاد دیوانہ ہو
اوس پڑجانا۔ ٹھٹھر جانا اداس ہونا شرمندہ ہونا۔
اوکھلی مین سر دیکر رونا چھپ کر رونا پوشیدہ رونا۔
اوکھلی مین سر دینا۔ دیدہ دانستہ خطرہ مین پڑنا مثل اوکھلی مین سر دیا تو موصلون سے کیا ڈرنا۔
اوگ بہنا۔ پسینہ بہنا غلاظت بہنا۔
اولا کرنا۔ سرد کرنا۔
اولا ہونا۔ سرد ہونا۔
اول منزل پہونچانا۔ قبر مین رکھنا مردہ کو۔
اول مین دینا۔ کوئی آدمی ضمانت مین دینا۔
اونچا سننا۔ کان سے بہرا ہونا۔

(۱۴۴)

اونچا گھر اونچا گھرانہ - امیر گھر بڑا خاندان -

اونچا نیچا - زیر و زبر پست و بلند ظفر کب تا ابر سینہ نظر ہو زمین سے اونچا فلک سے نیچا + یہ اپنا دود دل دیگر ہو زمین سے اونچا فلک سے نیچا +

. اوندھانا - اُلٹانا کسی برتن کو -

اونچا ہاتھ رہنا - سخاوت میں مشغول رہنا مولف بلند وا زہر اہل عبادت حق کے بندون مین + سخاوت مین سخی کا سب سے اونچا ہاتھ رہتا ہے +

اوندھا جانا - نشہ مین بیہوش ہوجانا -

. اوندھے منھ گر جانا - سجدہ کرنا پاؤن پر سر رکھنا مولف اوندھے منھ خاک پر گرتے ہین منھ زادن مین ہر رو رہ + جھکے کرون پہ سمجھتے ہین جو وہ باب کعبہ +

اونے پونے بیچ ڈالنا - مفلس محض ہوجانا -

اونچ نیچ - نفع نقصان برائی بھلائی سردی گرمی -

اوپر اوپر - بالا بالا - الگ الگ چیکے چیکے -

اوپر ہی اوپر - الگ ہی الگ نظر بچا کر مولف مرا دل وہ دلبر چُرا لے گئے ہین + اُسے چوری چوری اٹھا لے گئے ہین + وہ چالاکیان دل کے لینے مین کی ہین + کہ اوپر ہی اوپر اُڑا لے گئے ہین +

اوپر تواوپر - اسکے سوا سے قطع نظر اسکے -

اوٹ پٹانگ - واہی تباہی لغو بے معنی -

اونچی ناک - عزت - آبرو - دولتمندی -

اول جلول - مور کھ اناڑی کمزور - بے عقل ۵ کرے جو دنیا مین دین سے زیادہ غرض و رطول ہو بیوقوف ہی لغوا ور اول جلول +

اول فول - گالیان اور بیہودہ باتین -

اوپر کا کام - بالائی کام -

اوپر والیان - پریان جنتیان کنیزین - پرستارین -

اونچی دکان - نامور دکان مشہور دکان - مثل - اونچی دکان اور پھیکا پکوان -

اود بلاؤ - اوت بلاؤ - بیوقوف جاہل احمق جنگلی جانور - نکارہ آدمی -

اونچا دروازہ - بڑا خاندان - مولف - باب فیض بڑا وہی گھر تھی رسول اللہ کا + اونچا بام چرخ سے در ہے رسول اللہ کا +

اوپر اوپر سے - الگ الگ بغیر آمیزش کے -

اوپر تلے کے - وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہون -

اوپر سے - آمدنی سوائے تنخواہ مقررہ کے -

اوپر تلے - زیر و بالا درجہ بدرجہ -

اوپر والے - منتظم مہتمم کارکن -

اوپرے پرائے - جن بھوت دیو پری -

اود بلاؤ کی ڈھیری - وہ مقدمہ جو کبھی فیصل نہو -

اوس پڑ گئی - آب داسی برسنے لگی - بیرونقی چھائی -

اوس کے موتی - شبنم کے قطرے ناپائدار چیز - مولانا اکبر اوس کے موتی ہین اہل دنیا سے عوان کی لذتین + ایک لحظے کے سوا ہرگز نہین جنکو قیام +

اوکی چکی - بھول بسری کبھی کبھی لگا رہے گا ہے -

اونچی شنائی - کان سے بہرا ہونا - ذوق از فلک مجکو جو اونچا نہ سنائی دیتا - نالہ میرا نہ کبھی اتنا دو ہائی دیتا -

اوندھی پیشانی - سادہ ندھی کھوپڑی بیوقوف بدقسمت بے نصیب

الف مقصورہ باہائے ہوز

آہ بھر کر رہگیا - صدمہ اٹھا کر چپ رہگیا کلیجہ تھام کر رہگیا دل مسوس کر رہگیا - مولف تیرا عاشق کوئی مر کر رہگیا + اور کوئی آہ بھر کر رہگیا +

اہلے گہلے پھرنا - خوش و خرم و اتراتے پھرنا آزردہ - جنکے ہاتھ نہ لیتی ہیر بھی وکوڑی کے + جا نملی چوک مین وہ پھرتے ہین اہلے گہلے +

اہل کتاب - وہ اتین جنکے نبیون پر آسمانی کتابین نازل ہوئین موسیٰ و عیسیٰ و داؤد و محمد صلے اللہ علیہم السلام سے بھائی بھائی انکو کہنا چاہیے + جتنے اس دنیا مین ہین اہل کتاب +

اہل سنت - چاریار یعنی خلفاے اربعہ کے ماننے والے قرآن و حدیث و اجماع کے پیرو اسلام کا اولین اور سب سے بڑا فرقہ ہر مین برگزیدہ اسلام مین انکی تعداد سب سے زیادہ ہے چار گروہ ہین حنفی و شافعی مالکی و حنبلی انہیں کے چار مصلے کعبہ مین ہین قطعہ

عزیزو کن سے کون اسکو حقیقی | ہر مخلوق جناب ذات باری
کہین ہین وحش و طیور جن و انسانی | کہین ہے جلوہ نوری و ناری
کہین بلبل کہین گل ہے کہین خار | کہین ابر اور کہین باد بہاری
کہین ہے زور شور عیسائیون کا | کہین اسلام کا مجمع ہے بھاری
کہین ہے اجتماع قوم ہندو | کہین زردشت کا مذہب ہے جاری
کہین شیعہ کہین صوفی صفاکیش | کہین ہین اہل سنت چار یاری

اہل بیت - یہ لفظ عربی اردو مین مستعمل ہے یعنی اسکے گھر کے لوگ لیکن گھر کے لوگ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے علی رض فاطمہ رض حسن رض حسین رض وازواج مطہرات جنکی شان مین آیہ تطہیر نازل ہوئی -

مولف۔ عرش سے اونچا کیا حق نے مقام اہلبیت + نامداروں مین کہا مشہور ہے نام اہلبیت +

اہل روزگار۔ زمانہ کے لوگ خدا کی خلقت صفدر فوقانی رزق کی دیتا ہے روزی انکو وہ روزی رسان عالم ایجاد مین جتنے ہین اہل روزگار

اہل نظر۔ صاحب کرامت ولی خدا پرست مولف خدا کا جلوہ سب مین دیکھتے ہین + جو منظور خدا اہل نظر ہین۔

اہل غرض۔ مطلب کا دوست گون کا یار مولف سب دوست اس دنیا کے ہین اہل غرض + ہو نہ ہرگز نہ انکی بات پر +

اہل دول۔ دولتمند مالدار لوگ سہ پوچھتے حق کو نہین اہل دول جو لوگ ہین + بندے دنیا کے فقط وہ آجکل جو لوگ ہین

اہل وعیال۔ جورو بچے گھر کے لوگ مولانا اکبر سب ایکا خدا انھین غفلت نے مارے یاد + ہر وقت جنکو فکر ہے اہل عیال کا

اہل سیف وقلم۔ بہادر و منشی لوگ حکیم انور لاہوری شہسوار عرصۂ نو افلاک ارتبہ بادشاہ عجم محمد ہین + صاحب حکم و مالک املاک + اہل سیف و قلم محمد ہین۔

اہل زبان۔ ہر ایک زبان کا واقف چراغ دہلوی روشن لکھتے ہین ورد زبان نام خداوند کریم + ہر زبان ہر لحظہ مین جتنے ہین اہل زبان

اہل سخن۔ صاحب کلام شاعر لوگ مولف ہمیشہ زندہ اس دار فنا مین + ولی اللہ یا اہل سخن مین۔

اہل اللہ۔ خدا سے طالب اولیا لوگ مولف صبر شکر و زہد و تقوے و ریاضت بندگی + عشق حق کے واسطے شیوہ ہے اہل اللہ کا۔

اہل حرفہ۔ ہر قسم کا کام کرنے والے۔

اہل خانہ۔ گھر کے لوگ ایک عورت یا مرد یا اولاد سہ ملیگا کب خداوند یگانہ + اگر ہو دل مین حب اہل خانہ۔

الف مقصورہ یا یاے

ایام سے ہونا۔ حیض سے ہونا عورت کا۔

ایچ پیچ نہ جاننا۔ مکر و فریب نہ جاننا۔

ایڑ کرنا۔ گھوڑے کو ایڑی لگانا مہمیز لگانا تیز کرنا چلنا جلد مصحفی یا ذوق عمر رفتہ کا توسن چلا اتنا سلیے + تجھکو یارہ جلد کرے میان سے ایڑ تو

ایڑ لگانا ایڑ مارنا۔ ترغیب دینا ابھارنا۔

ایڑیان رگڑنا۔ ایڑیان گھسنا۔ منت کرنا پانوون پڑنا تکلیف کی حالت مین ہونا ناظم سمجھی کریم بیٹھے ایڑیان رگڑتے ہین + بخیل موشیون کو سلوان سے چھڑتے ہین۔

ایسا ویسا۔ بے قدر حقیر کم عزت سہ اس پری کے واسطے کوئی فرشتہ چاہیے + ایسا ویسا آدمی کب اسکی آنکھون پسند +

ایسا تیسا۔ سفلہ کمینہ ذلیل۔ ذوق۔ جب تک کہ گرہ مین احمقون کے پیسے + سب کہتے تھے انکو آپ ایسے ایسے + پیسے نرہے تو پھر کسی نے اے ذوق + پوچھا نہ کہ تھے وہ کون ایسے تیسے

ایسی تیسی کرنا۔ بے عزتی کرنا۔ یون توں کرنا مسکین۔ آہ دل تونے ہم سے تیسی کی + ہست تیرے دل کی ایسی تیسی کی +

ایسے ویسے ہونا۔ خراب حالت مین ہونا۔

ایکانت مین رہنا۔ تنہائی مین رہنا۔

ایک آنکھ سے سبکو دیکھنا۔ سبکو برابر دیکھنا یکسان پیش آنا سہ۔ موحد جو ہین نیک و بد کو برابر + بہرحال ایک آنکھ سے دیکھتے ہین۔

ایک آنکھ نہین بھاتا۔ بالکل پسند نہین۔

ایک ایک کے دو دو کرنا۔ بفائدہ کام کرنا۔

ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا۔ تھوڑے سے فائدے ایکے لیے بڑا نقصان کرنا۔

ایک ایک پر گرنا۔ کثرت سے خریداری ہونا سہ گرم اس یوسف خوبی کا یہ بازار ہوا + وقت جلوے کے خریدار گرا ایک پہ ایک

ایک ٹانگ پر پھرنا۔ ہر وقت کام مین حاضر رہنا۔

ایک ٹانگ کھڑا رہنا۔ نوکری مین حاضر رہنا۔

ایک جا کرنا۔ جمع کرنا سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا سید علی الفت چھوڑ کر زیر زمین مسکن جہان سے چلدیا + عمر بھر جو مال و دولت ایکجا کرتا رہا

ایک جان ہونا۔ بے تکلف دوست ہونا مولف محبت ہوگئی دل مین عاشق و معشوق کے + فی الحقیقت دونون قالب یکجان ہو جائیگے

ایک ذات کا۔ ایک جنس اور قسم کا۔

ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا۔ چہرہ کا رنگ بسبب خوف اور دہشت کے متغیر ہونا ذوق دل جو صدمہ پڑا اٹھاتا تھا ایک رنگ آتا اور ایک جاتا تھا۔

ایک سے دن نہ رہنا۔ سدا کسی کی ایک حالت نہ رہنا مولف پریشان گردش دوران سے مت ہو ہنین رہتے ہمیشہ ایک سے دن

ایک طرح کا۔ ایک قسم اور صورت اور شکل کا مولف نسیم ہر ایک طرح کا غم اسکو دنیا مین + کہ رہتا فکر مین ہر وقت ہر فیشلوا

ایک کی دس سنانا۔ ایک کے بدلے دس باتین کہنا مولف

آج کل جس سے ہم کرین نیکی + وہ برائی سے پیش آتا ہے۔ بات جس سے کرین بھلائی کی + ایک کی دس وہی سنا تا ہے۔

ایک ہوجانا ۔ اتفاق کر لینا۔ گٹھ جانا مولف ۔ ایک ہوجاؤ دوئی کو چھوڑ دو + دل سے غیریت کا رشتہ توڑ دو +

ایمان بیچنا ۔ بے ایمانی کرنا۔ ہٹ دھرمی کرنا۔ مولف بیچ لینا جسم اور جان بیچنا + پر نہ اپنا دین و ایمان بیچنا +

ایمان ٹھکانے نہونا ۔ بے ایمان ہونا نیت درست نہونا مولف بیت عر بصورت ہین بت دیکھنے ہین + مگر انکا ایمان ٹھکانے نہین

ایمان کی کہنا ۔ سچ سچ کہنا راست بیان کرنا ۵ بتونکے حلقۂ گیسو مین گویا بند بیٹھے ہین + خدا پر ہم یقین رکھتے ہیں و ایمان کی کہتے ہین +

ایمان مین فرق آنا ۔ بد اعتقاد و بد نیت ہونا اکبر الہ آبادی بت کی جانب جو سر جھکتا ہے + فرق آتا ہے جسکے ایمان مین ۔

ایمان لانا ۔ مسلمان ہونا تسلیم کرنا مولف عزیز و بتکے پھندے مین نہ آنا خدا کی ذات پر ایمان لانا ۔

اینٹ سے اینٹ بجانا ۔ اینٹ سے اینٹ لڑانا۔ دو شخصون مین لڑائی کرا دینا۔ گھر برباد کر دینا ۔

اینٹ سے اینٹ بج جانا ۔ گھر برباد ہو جانا ۔

اینٹ کا گھر مٹی کر دیا ۔ مال برباد کر دیا ۔

اینٹ کا گھر مٹی ہو گیا ۔ کچھ باقی نہ رہا خانہ ویرانی ہو گئی بنا بنایا گھر اجڑ گیا

اینٹھ جانا ۔ اکڑ جانا سخت ہو جانا ناراض ہو جانا مولف آنکھے اور منہ مین غیر کے ساتھ + ہم بلائین تو اینٹھ جاتے ہین ۔

اینٹھ رکھنا ۔ کینہ و غرور رکھنا اکڑے رہنا ۵ جلتے جلتے ہین غیر سے دلدار + ہم سے کیون اتنی اینٹھ رکھتے ہین ۔

اینٹھ کر چلنا ۔ اکڑ کر چلنا غرور سے چلنا ۵ قمریان جھک جھک کے انکے چوم لیتی ہین قدم + اینٹھ کر چلتے ہین جب گلزار مین وہ سرو ناز +

اینٹھ لینا ۔ چھین لینا دبا لینا غصب کر لینا ۔

اینٹھنا ۔ بل دینا کاتنا کان مروڑنا اکڑنا سخت ہونا ستم گار و سفا مولف مہربانی غیر پر ہم پر ستم + غیر سے ملنا ہے ہم سے اینٹھنا +

اینچ دینا ۔ جلدی سے کھینچ دینا گھسیٹ دینا ۔

اینچ کرنا ۔ نکالنا کھینچنا ۔ بے اتفاقی کرنا ۔

اینچ لینا ۔ تلوار کو میان سے نکالنا چوس لینا فریب سے مال اڑا لینا خیانت کرنا ۔ مولف کبھی زلفون کو دکھلا کر مرا دل کھینچ لیتے ہین + کبھی دکھلا کے چہرہ جسم سے جان اینچ لیتے ہیں ۔

ایندھن ہو جانا ۔ مردہ ہو جانا جلانے کے قابل ہونا ۔

اینڈا بینڈا پھرنا ۔ مغرور و مست پھرنا اتراتے پھرنا ۔

اینڈا اٹھانا ۔ دھڑا کرنا وزن کا اندازہ کرنا۔ جانچنا ۔

اینڈ کر دینا ۔ خراب و نکما کر دینا ۔

اینڈ ہونا ۔ بیکار و خراب ہونا ۔

اینڈے بینڈے سنانا ۔ گالیان دینا۔ برا بولنا ۔

ایک مشت ۔ ایکبار ایک دفعہ یکجا اکٹھے ۔

ایک نٹ کھٹ ۔ بڑا شریر اور شوخ شوق مین سمجھتی ہون جو اسا دہ ہے + ایک نٹ کھٹ حرامزادہ ہے ۔

اینچ پیچ ۔ مکر و فریب حیلہ و بہانہ مولف جانتے ہین حق کے طالب انکو ہیچ + سمجھتے ہین دنیائے دون کے اینچ پیچ ۔

ایک عمر ۔ مدت مدید سالہا سال۔ تعیتہ خلق کو کرتے رہتے مصرت ہے اپنی ایک عمر + اور اٹھایا دوش پر یہ بار محنت ایک عمر +

ایک نظر ۔ ایک نگاہ تھوڑی دیر کے لیے مولف خاک نا پاک کو اکسیر مین زر کرتے ہین + جسپہ وہ اہل نظر ایک نظر کرتے ہین +

اینٹھ باز ۔ مغرور و متکبر آدمی ۔

ایڑی سے چوٹی تک ۔ سر سے پاؤن تک ۵ عزیز و انکا سراپا لکھے ظلم کیونکر + کہ بینگے ایڑی سے چوٹی تلک وہ حسن کی کان +

ایک ٹانگ ۔ روپیہ کے چار آنے ہر چیز کا چوتھا حصہ ۔

ایک رنگ ۔ ہمرنگ ہم مشرب برابر مولف گلشن عالم مین آتا ہے نظر + گرچہ ہر گل کا نرالا رنگ ڈھنگ + دیدۂ اہل نظر مین ہے مگر + جلوہ گر ہر رنگ گل سے ایک رنگ +

ایک کے پیچھے ایک ۔ متواتر لگاتار مسلسل مولف یون ہی گزر گیا زمانہ ایک کے پیچھے ایک + ہوگا جاری آنا جانا ایک کے پیچھے ایک کے +

ایک نہ ایک ۔ کوئی نہ کوئی مولف ہوتا رہا ہے یہان کوئی نہ کوئی طوفان + نازل اس دنیا مین ہوتی ہے بلا ایک نہ ایک +

ایک تول ۔ ایک وزن یکسان برابر مولف تولتا ہے مرد نادان نیک و بد کو ایک تول + ڈالتا ہے عالم اور جاہل کا احمق ایک مول +

اینڈی مینڈی چال ۔ مستانہ چال آہستہ خرام +

ایک دم ۔ ایک سانس ایک لحظہ ایک آن مولف حضرت خالق نے ہے تجھے کیا + مہربانی کتنی اور کتنا کرم + ایسے مالک کو کبھی مت بھولنا + ایک ساعت ایک لحظہ ایک دم +

ایک قلم یک لخت ۔ بالکل برابر ۵ لوح پر لکھا جبوقت گیا نام

گر پڑا سجدۂ طاعت مین قلم ایک قلم۔

ایڑی چوٹی پہ واردن - ایڑی چوٹی پہ قربان کردن اپنے سر پیر پر قربان کردن + امانت مین پری ہے کے ادلیسے یہ فدا جان کردن + ایڑی چوٹی پہ موسئے دیو کو قربان کردن +

ایسے مین - اب اسوقت اسنے مین اس عرصہ مین۔

ایک پل مین - دم کے دم مین ذراسی دیر مین مولف جلادین دم مین دو مردہ مسیحا + کرین بیمار اچھا ایک پل مین۔

ایک منہ ایک زبان - متفق اللفظ سب ملکر مولف محبت چاہیے آپس مین ایسی + کہ سبکا ایک منہ ہو اور زبان ایک + دوئی باقی نہو دل مین کسی کے + ہر صغیر و کلان پیر و جوان ایک +

اینٹھے خان - اکڑ کر چلنے والا - اکڑ باز - اکڑ بھون۔

ایڑ کرو - جاؤ ہوا کھاؤ چلتے پھرتے نظر آؤ۔

ایسا نہو - مبادا خدا نخواستہ خدا نکرے مولف - ذرا اسکی خبر لیجیو مسیحا + نہو ایسا کہ مرجائے یہ بیمار +

ایسی میسی مین جاؤ - ہماری طرف سے کہین جاؤ ۵ اگرچہ بادشاہ ہو ملک کا ارج کار آمد نہ کرے کام مین اپنے تو جائے ایسی میسی مین +

ایک نغل ہو جاؤ - ایک طرف ہو جاؤ۔

ایک ماں باپ کے بن جاؤ - بھائی بھائی بنجاؤ حکیم محمد انور بھائی بھائی ہین حقیقت مین سب آدمی لعد ایک ماں باپ کے نتجا ئین اکر حفا

ایکا ایکی - یکایک وفعتا اچانک۔

ایک ایک کرکے - چن چن کر چھانٹ چھانٹ کر مولف اجل نے بہت لوگ چن چن کے مارے + کیا قتل ہر ایک ایک ایک کرکے +

ایک بات ہی - سہل سا ہی آسان بات ہی مولف کیسا ظالم ہی وہ جسکے روبرو + قتل کر دینا فقط اک بات ہی ولے غیر تھے جتنے سب جیسے ہو گئے + ہو گئی جب اسکی میری ایک بات۔

ایکبارگی - دفعتا اچانک یکایک ناگہان مولف کھل گئی تھین تری جالی زمین کہان + اب پھر گئی نظر تری کیون ایکبارگی۔

ایک پیٹ کے - ایک ماں کے بچے حقیقی بھائی مولف دشمن ہین ایک دوسرے کے اس جہان مین + جتنے حقیقی بھائی ہین اور ایک پیٹ کے +

ایک طرف کا بازار بند ہی - فلان شخص یک چشم ہی۔

ایک ہی - یگانہ بے مثل بے نظیر واحد ہی مولف خداوند کون و مکان ایک ہی + شہنشاہ دور زمان ایک ہی۔

اپرے غیرے - اجنبی بیگانے نا آشنا ۵ بار مجھکو دیا نہ مجلس

مین + ایرون غیرون کو پاس بٹھلایا۔

ایمان کانپتا ہی - دل ڈرتا ہی جی لرزتا ہی مولف - خدا بت بکنے نہ بجے سے ہمکو چھڑائے + کہ ہمکا نپتا اس سے ایمان ہمارا +

اینچ تان سے - کھینچ کھانچ کے ہزار دقت سے۔

اینچا تانی - کش مکش گھسیٹا گھسائی۔

اینچ منوتی - ضمانت - آڑ ذمہ داری۔

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب یعنی ادویات کے بیان مین

الف با بار

ابو خلسا - نام ایک دوا کا ہی جسکو ہندی مین رتن جوت کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک محلل اخلاط صفراوی قابض اسہال مدر حیض دافع درد سپرز و جگر و گردہ دافع یرقان و تپ و خنازیر و نقرس۔

ابراخیا - ہند مین یہ ایک درخت ہی جسکی پتی اور پھل مقوی بصر مصفی آواز دافع درد گلو و جذام و فساد باہ و صفرا و بلغم ہی

ابازیر - وہ مصالح جو کھانے مین پڑتا ہی۔

ابزار - یہ ایک گھاس موسم ربیع مین پیدا ہوتی ہی سرد اور بر فانی ملکون مین ملتی ہی کھانا اسکا باہ کو حرکت دیتا ہی۔

ابقر - شورہ جو مشہور چیز ہی مفتح و منقی بلغم و مسہل و دافع احتباس بول ہی پانی اس سے سرد کیا جاتا ہی۔

ابن عرس - نام ایک جانور کا ہی جسکو فارسی مین راسو اور موش خرما ہندی مین نیول کہتے صرع و استسقاء و نقرس و خنازیر و ضماد و وجع مفاصل کو دفع کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی - جگر کو قوی کرتا ہی محلل ریاح ہی

ابو قانس - یہ ایک گھاس ہی جو شام اور مصر مین بکثرت ہوتی ہی اسکی بیخ کے پانی سے کپڑے سپید ہوجاتے ہین زیتون کے درخت سے اسکے پتے ملتے ہین نمناک اور ریگی زمین مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسہل بلغم ہی استسقا کا یہ خاص علاج ہی۔

ابو فسطس - یہ بھی ایک نبات ہی جو ابو قانس کے ساتھ مشابہت رکھتی ہی مزاج اسکا گرم خشک دافع صرع و ضیق النفس و درد اعصاب وغیرہ امراض بلغمی ہی۔

ابہل - یہ ایک درخت سرد کوہی کی قسم سے ہی عرعار و عرعر
یونانی مین فوس سریانی مین ہندی مین دیودار کہتے ہین طبیعت
اسکی گرم و خشک ہی سرسام و فالج و استرخا کو مفید ہی اور
بواسیر کو دفع کرتا ہی۔

ابریشم - مشہور چیز ہی کرم کے لعاب سے پیدا ہوتا ہی اور وہ
کرم توت کے درخت کی پتی کھاتے ہین ہزارون قسم کے قیمتی
کپڑے اور پوشاکین اس سے بنائی جاتی ہین صدہا امراض کو
یہ دور کرتا ہی روح کو خوش کرتا ہی دل کو طاقت دیتا ہی باہ کو
بڑھاتا ہی مسام کھولتا ہی خفقان کو دور کرتا ہی خون کو صفائی دیتا ہی

ابرون - یہ ایک درخت ہی جسکو دائم الحیات کہتے ہین کیونکہ وہ
کبھی پتے نہین جھاڑتا عربی مین حی العالم فارسی مین ہمیشہ بہار اسکا
نام ہی پھول اسکا چھوٹا زرد مائل بسرخی اکثر امراض کے علاج
مین مستعمل ہی جگر اور طحال کے سدون کو کھولتا ہی دافع دردسر
و درد چشم ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی معدہ کے کرمون کو مارتا ہی اسہال
صفراوی دفع ہو جاتے ہین رحم کی رطوبت جاتی رہتی ہی۔

ابراہیمیہ - یہ ایک مرکب آش کا نام ہی جو قند و بادام و گلاب عود وغیرہ
ملا کر پکاتے ہین طبعی مزاج بیمار کے واسطے نہایت مفید ہی۔

الف مقصورہ با تاء مثناۃ

اترج - ترنج جو مشہور میوہ ہی قابض ہی اور روح کو راحت
دینے والا صفراوی قی کو ٹھہرانے والا خفقان کو دور کرنیوالا ہی

اتیس - ایک گھاس کی جڑ ہی مقوی باہ و ہاضم و حابس اسہال
و دافع بلغم صفراوی فاسد و استسقاء و بواسیر ہی۔

اتان - بضم اول خرمادہ یعنی گدھی اسکا دودھ دافع تپ دق اور سل ہی

اتباطون - یہ ایک شرب کا نام ہی جو انگور یا پانی او شہد وغیرہ اور
ادویات گرم کے ملانے سے نکالی جاتی ہی بوڑھے آدمی پیتے ہین۔

الف مقصورہ با ثاء مثلثہ

اثمد - عربی مین اسکو کحل بھی کہتے ہین فارسی مین سرمہ ہندی
مین انجن یہ کالی پتھر ہی بعض اسکی اصفہانی و سلیمانی و سیاہ و سفید
بہت ہین طبیعت اسکی سرد و خشک حافظ صحت چشم مقوی اعصاب
مقوی باصرہ زخمون کو بند کرنے والا جاری کرنے والا حیض کا اور
اچھا کرنے والا جلے ہوئے عضو کا ہی۔

اثلق - اسی دوا کو عربی مین نجشک فارسی مین پچشک ہندی مین
سنبھالو کہتے ہین - قاطع باہ و قاطع نسل قابض و محلل نافع ورم
سر و جنون و بواسیر و احتباس حیض و زہر مار و سگ ہی۔

اثل - یہ ایک درخت ہی جسکو ہندی مین جھاؤ اور فارسی مین
گز کہتے ہین جگر کو طاقت دیتا ہی دافع درد دندان و جذام و محلل
ورم جگر ہی قوہ کو دور کرتا ہی۔

الف مقصورہ با جیم

اجاص - مشہور میوہ ہی جسکو آلو اور آلو بخارا کہتے ہین بستانی
اور کوہی ترش و شیرین دونون قسم کا ہوتا ہی ملین مسہل صفرا دفع
دردسر و تپ صفراوی و تشنگی و قی صفراوی ہی۔

الف مقصورہ با حاء حطی

احریص - بکسر اول فارسی مین گل کافشہ ہندی مین کسم کا پھول
جنگلی اور بستانی دونون قسم کا ہوتا ہی منضج و محلل و مقوی کبد ہی
ضماد اسکا اگر مثانہ پر کیا جائے تو بول کو فی الفور کھول دیتا ہی۔

اخیون - یونانی زبان مین معنے اسکے سانپ کا سر جو ایک
گھاس کا پھل سانپ کے سر کی شکل پر ہی طبیعت اسکی گرم تر ہی
بول اور حیض کو جاری کرتا ہی حیوانی زہرون کا علاج ہی کرکے درد کو
دفع کرتا ہی خارش کو مفید ہی۔

الف مقصورہ با خاء معجمہ

اخرساج - یہ ایک درخت گرم ملک اور خشک زمین مین پیدا ہوتا
ہی درخت انجیر کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی پھل اور پتے اسکے
جوش دیکر مضروب عضو کے درد کو دور کرتا ہی اور راکھ اسکی سرکہ
مین ملا کر جرب اور خارش پر لگائین تو بیماری کو دفع کرتی ہی۔

اخثاء البقر - سرگین گاؤ یعنی گاؤ کا گوبر تازہ اور خشک اپلا طبیعت
اسکی گرم و خشک محلل و جاذب اور خون کا بند کرنے والا
زہردار جانورون کے نیش کے درد کو دفع کرنے والا ہی پانی
اسکا رعاف کو بند کرتا ہی اگر ناک مین ڈالین ضماد اسکا چہرے وغیرہ
کے زخمون کے خون کو بند کرتا ہی۔

اخینوس - یہ ایک نبات نمناک زمین مین پیدا ہوتی ہی پتے
تلسی کی سی پھول سفید پھل سیاہ ہی اسکے پھل کو شکر شہد
کے ساتھ آنکھ مین لگائین تو رطوبت کو دور کرتا ہی عصارہ اسکا
کان مین ڈالین تو درد کو دفع کرے۔

اخیرودس - یہ ایک گھاس کنگنی کی شکل ہوتی ہی پھول اسکا سفید اور پھل سیاہ دونون آنکھون کی بیماریون کو نافع ہی۔

الف مقصورہ با دال مہملہ

ادرک - فارسی مین اسکو آلوچہ سلطانی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر دافع صفرا و ملین ہی خام مسہل ہی اور پختہ کا پانی گرم کھانسی کو دفع کرتا ہی صاحب تپ دق کو خاص فائدہ پہنچاتا ہی۔

الف مقصورہ با ذال معجمہ

اذخر - یہ ایک گھاس ہی جسکو فارسی مین کاہ مکہ اور ہندی مین گنڈا سی کہتے ہین بو اسکی تند ہوتی ہی فالج و لقوہ و نسیان و درد دندان کو مفید ہی۔

اذارفیون - یہ ایک قسم کا کف دریا یعنی سمندر جھاگ سو راخدار اور کم وزن ہی کھانا اسکا زہر قاتل ہی سرمہ اسکا آنکھ کے ناخنہ کو دور کرتا ہی

اذاراقی - سریانی لفظ ہی عربی مین قاتل الکلب فارسی مین کچولہ ہندی مین کچلہ کہتے ہین اگرچہ ہر ایک جاندار اس سے ہلاک ہو سکتا ہی مگر کتے کے لیے زہر قاتل ہی طبیعت اسکی گرم خشک فالج و استرخا و وجع مفاصل کو مفید ہی۔

الف مقصورہ با رای مہملہ

اربرید - سوسن سرخ جنگلی بہت گرم اور تیز جاذب اور جالی ہی طلا اسکا خون بواسیر کو بند کرتا ہی۔

ارزن - بضم اول چانول جسکو فارسی مین برنج کہتے ہین اور غلہ شالی کو کوٹ کر یہ چانول نکالے جاتے ہین انسان کی عمدہ خوراک ہین اقسام اسکے بہت ہین مولد خلط صالح ہین بدن کو فربہ کرتے ہین مولد منی و مقوی بدن اور بھی فائدے اسکے بے انتہا ہین جو کتب طبیہ مین درج ہین۔

اراک - مشہور درخت ہی جسکو درخت مسواک بھی کہتے ہین اور ہندی مین پیلون پھول اسکا سرخی مائل پھل سرخ سیاہی مائل شیرین طبیعت اسکی گرم و خشک رطوبات لزجہ و غلیظ کو دفع کرتا ہی عسر البول کو مفید ہی۔

اسعال - ارمالک - یہ ایک درخت کا پوست ہی زرد رنگ خوشبودار طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دل ہو ہاضم ہی مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی بو اسکی مقوی دماغ ہی منجن اسکا دانتون کو محکم و سپید کرتا ہی

اربع دارنعین - یہ ایک جانور حشرات الارض مین سے ہی فارسی مین اسکو ہزار پا ہندی مین کنکھجورا کہتے ہین ایک انگلی سے ایک بالشت تک لمبا ہوتا ہی بدن گرہ دار سر پر دو باریک شاخین پتلی دم ہوتی ہی دو زبانین رکھتا ہی بائیس اسکے پانون ہین سیدھا الٹا دونون طرف چلتا ہی آدمی کے عضو مین یہ اپنے کانٹے گاڑ دیتا ہی جو بمشکل نکلتے ہین منہ سے بھی کاٹتا ہی - خرد قسم کے کاٹنے سے درد کم ہوتا ہی بڑا تریاق اسکے زہر کا یہ ہی کہ اسکو مار کر اور کوٹ کر نیش کی جگہ پر باندھ دین فوراً اچھا ہو جاتا ہی اور درد موقوف

ارتکان - بکسر اول فارسی لفظ ہی اور یہ کنکریان زرد رنگ کی ہوتی ہین جلانے سے سرخ ہو جاتی ہین طبیعت سرد اور قابض طلا اسکا اورام گرم کو دفع کرتا ہی

ارجوان - بضم اول ایک درخت ہی جسکو فارسی مین ارغوان کہتے ہین پھول اسکا سرخ پھل لذت مین قدرے شیرین ہوتا ہی فارس کے لوگ اسکو کھاتے ہین کہ مفرح ہی اور آواز کو صاف کرتا ہی معدے کی سردی جاتی رہتی ہی اور بھی فائدے بہت ہین۔

ارسطون - یہ ایک قسم کی شراب ہی جسکے پینے سے امراض باردہ بلغمیہ دفع ہو جاتے ہین۔

ارقیطون - یہ ایک نبات ہی جسکے پتے کدو کی طرح ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک دافع وجع مفاصل و عرق النساء و ضیق النفس وغیرہ ہی۔

ارقطیون - یہ ایک گھاس مشابہ لبلاب کے ہی اسکی بیخ کے جوشاندے کو شراب کے ساتھ ملا کر غرغرے کرین تو دانت محکم ہو جاتے ہین اگر پئین تو عسر البول و عرق النساء کو دفع کرتا ہی

ارمنین - یہ ایک نبات باغی و جنگلی دونون قسم کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل و جاذب و محرک باہ ہی۔

اراقو - یہ ایک سبزہ گیہون اور مسور کے کھیت مین پیدا ہوتا ہی تخم اسکے گول اور سیاہ ہین محلل و ملین دافع اورام مورث قولنج ریحی ہی

ارضہ - یہ وہ کرم ہی جسکو ہندی مین دیمک کہتے ہین بہت چھوٹا ہوتا ہی لکڑی درخت کاغذ کتاب سبکو کھا جاتا ہی اگر ان کو پیل کے کوہان کی چربی مین حل کرکے بواسیر پر لگائین تو فائدہ ہوتا ہی۔

ارنبہ - ارنب خرگوش جو مشہور جانور ہی مادہ اسکی عورتون کی طرح حیض کرتی ہی گوشت اسکا فالج و صرع و رعشہ وغیرہ امراض باردہ بلغمیہ کو فایدہ کرتا ہی - اسکی مادہ کی فرج اگر عورت پکا کر کھائے تو حاملہ فی الفور ہو جائے۔

اُروسہ — ہندی لغت ہی اسکو بانسا روانسا بھی کہتے مین لونی بنگالہ وغیرہ مقامات ہند مین پیدا ہوتی ہی پتے اسکے مشابہ بید کے پتون کے اور لکڑی سپید پھول سپید بعض کے سرخ مین آگ اسکی جلی ہوئی لکڑی تیز اور دیر پا ہی اور اس سے بارود بناتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک تپ دق کو مفید ہی بیج اسکی کھانسی وضیق النفس وتپ بلغمی وسوزاک وغیرہ امراض کو دفع کرتی ہی —

اروق ناقی — بکسر اول ایک بوٹی ہی نہایت گرم دواؤن مین اسکا استعمال ہی —

ارغامونی — یہ ایک نبات مشابہ خشخاش کے ہی پھول اسکا سرخ ہوتا ہی اور دودھ زعفرانی نکلتا ہی جو پرانے زخمون اور ناسورون کو اچھا کرتا ہی —

ارنب بحری — دریائی خرگوش یونانی مین اسکو عروش ہندی مین کانسا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم ہی قوت باصرہ کو امداد کرتا ہی خون اسکا زہر قاتل ہی —

الف مقصورہ باسین مہملہ

اُسرنج — بضم اول سیندور جو مشہور چیز ہی قلعی یا سیسے کے سفیدے سے بنایا جاتا ہی رنگ اسکا سرخ مائل بزردی شگفتہ ہوتا ہی زخمون کو صفا کرتا ہی تازہ گوشت پیدا کرتا ہی ورم اتارتا ہی آگ سے جلے ہوئے عضو کو جلدی اچھا کرتا ہی —

اسفنج البحر — ابر مردہ یعنی مرا بادل عربی مین اسکو سحاب البحر اور غمامہ ترکی مین بلوط کہتے ہین یہ چیز دریاے شور کے کنارے پتھرون پر پیدا ہوتی ہی پانی اسپر ڈالیں تو پانی کو جذب کر لیتی ہی نچوڑنے سے پھر پانی نکل آتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک ہی محلل ومجفف قروح پرانے زخمون کا اچھا کرنے والا رگون سے منھ کھولنے والا اگر اسکی راکھ کو زخم پر رکھین تو فی الفور خون بند ہو جائے

اسفیداج — مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین سفیدا فارسی مین سفیدہ یونانی مین یازوق اور سمونیون ترکی مین کریان بولتے مین قلعی اور سیسہ اور جست کو جلا کر بنایا جاتا ہی — طبیعت اسکی سرد اور خشک مجفف وقاطع گوشت زائد ومدمل قروح سوختگی آتش اورام گرم ہی اور بھی فائدے اسکے بہت ہین جو کتب طبیہ مین لکھے ہین —

اسلیخ — ایک گھاس باغی وجنگلی دونون قسم کی ہی

مشابہ ترہ تیزک طبیعت اسکی گرم وخشک محلل ومنضج ودافع اورام وعلاج سموم ورافع جمرہ ہی —

اسفیدباج — بکسر اول شوربا گوشت کا جو منجملہ غذاؤن کے ہی طبیعت اسکی گرم تر اکثر امراض فالج ولقوہ وغیرہ مین دیا جاتا ہی

اسود سالخ — کالا سانپ تعلور اسکے پوست جوش کیے ہوئے کا شراب مین کان کے درد کو دور کرتا ہی اسکے دانت اور سر کو تیل مین جوش دین وتیل خذامی کے جسم کو ملین تو بیمار اچھا ہو جائے

اسفاناخ — مشہور سبزہ ہی جسکو ہندی مین پالک کہتے مین فارسی مین سپناخ یونانی مین سوران رومی مین ایرقیا باغی اور جنگلی دونون قسم کا ہوتا ہی لبنانی خوراک مین صرف ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد تر اور بعضون کے نزدیک معتدل تپ گرم اور کھانسی خشک کو نافع ہی سریع الہضم جید الغذا ہی امراض سینہ وشش وسل ودرد کمر وموے کو دافع کرتا ہی —

اُسَد — مشہور درندہ ہی جسکو فارسی مین شیر ہندی مین باگھ بولتے مین گوشت اسکا دیر ہضم شجاعت پیدا کرنے والا اضمار دسکی چربی کا کمر اور خصیتین وقضیب اور مقعد پر مقوی باہ ہی کباب اسکے خصیون کا مقوی دل وباہ ہی اور بیٹھنا اسکے چمڑے پر بواسیر کو نافع ہی اور رکھنا اسکے چمڑے کے ٹکڑے کا صندوق مین اسباب کی حفاظت کے لیے کافی ہی کہ کوئی کیڑا اسباب مین نہین لگتا شیر کی زبان سکھا کر اور پیسکر مصری کے ساتھ صاحب ضیق النفس کو کھلائین تو جلد اچھا ہو جائے شیر کا یعنی گوہ شیر بہ مین حاملہ کے شیرانی کو پلائین تو شراب پینے سے اسکی طبیعت متنفر ہو جائے شیر کی مدبخم زہر قاتل ہی

اسلر — یہ ایک درخت ہی جسکے پتے مشابہ درخت مورد اور پھل مقدار فندق ہی نچوڑ اسکا دانتون کے درد کے لیے مفید ور پینا اسکے نچوڑ کا شراب کے ساتھ محرک باہ ومعاون قواے بدنیہ ہی —

اسقنقور — بکسر اول ایک جانور بکری کے بچے سے بڑا ہاتھ پاؤن کے ساتھ بعض کہتے ہین کہ وہ دریل مائی ہی مگر مشابہ اسکے ضرور ہی کہ نیل دریا کے کنارے ریگستان مین پیدا ہوتا ہی کھانا اسکے گوشت کا واسطے فالج ولقوہ ورعشہ ونقرس ودرد مفاصل کو مفید ہی —

اسعد العدس — یہ ایک گھاس مسور کے درخت کی طرح ہی پھول اسکا سپید اور زرد جڑ اسکی گاجر کی طرح محلل بلغم وسودا ہے عیر محرق ومدر بول ودافع یرقان ہی —

اسطراغالیس — بکسر اول وحرف ثالث طا یونانی لغت ہی

عربی مین اسکو مخلب لعقاب الابیض کہتے ہین یہ ایک نبات ہی پتے اور شاخین اسکی نخود یعنی چنے کے پتون کی طرح ہوتے ہین جڑ اسکی گول سیاہ اور سخت ہوتی ہی اسکی جڑ قابض مجفف قروح و مدربول سفوف اسکا پرانے یعنی کہنہ زخمون کو اچھا کرتا ہی۔ مگر بسبب سختی کے کوٹی مشکل سے جاتی ہی۔

اسطوخودوس ۔ لفظ یونانی ہی معنی اسکے حافظ الارواح عربی مین آتش الارواح و ممسک الارواح اسکا نام ہی اور اسکے گھاس کو صرم بضم ضاد کہتے ہین سریانی مین سجارس ہندی مین دھارد بولتے ہین یہ گھاس نمناک جگہ مین پیدا ہوتی ہی پتے اسکے مشابہ پتے سعتر کے اور باریک پھول بنفشی سفیدی مائل بو کافور کی سی طبیعت گرم خشک مقوی بدن دل و دماغ دافع امراض سینہ مانند کھانسی و نزلہ و امراض کبدی و طحال وغیرہ ۔

اسقلیناس ۔ یہ ایک گھاس ہی جسکی شاخین اور پتے لمبے ریشے اسکے باریک اور خوشبودار جوشاندہ اسکی جڑون کا شراب کے ساتھ پینا دافع زحیر و پیچش ہی اور ضماد پتون کا زہردار جانورون کے زہر کا کافی علاج ہی۔

اسرفودیع ۔ یہ ایک کیڑا گھاس کی جڑون اور ریگستان مین ہوتا ہی خاص فائدہ اسکا یہ ہی کہ ٹوٹے ہوئے جوڑون کو اسکا ضماد فی الفور جوڑ دیتا ہی۔

اسقیل ۔ یونانی لغت ہی فارسی مین اسکو پیاز دشتی و پیاز موش ہندی مین کاندہ و لندور کہتے ہین یہ ایک سبزہ کی جڑ پیاز کی شکل پر ہی جنگل مین پیدا ہوتی ہی اسکے پھول کی بو گل نیلوفر کی بو کے ساتھ ملتی ہی اور تخم مانند تخم پیاز کے ہی چوہا اس سے بھاگتا ہی اگر سونگھے یا کھائے فوراً مرجائے طبیعت اسکی گرم و خشک صرع و مالیخولیا و شقیقہ و صداع و اختلاج و استرخا و فالج و لقوہ و نسیان کے لیے علاج ہی اور جس مکان مین ہو موذی جانور وہان سے بھاگ جاتے ہین

اسل ۔ عربی لغت ہی ہندی مین اسکو کسرانی کہتے ہین یہ گھاس بہت لمبی ہوتی ہی اور اس سے بوریے بنے جاتے ہین نمناک زمین مین پیدا ہوتی ہی ضماد اسکا تحلیل ورم و تسکین وجع کے لیے عمدہ دوا ہی مالیخولیا و استرخا و استسقاء و ادرار بول کو مفید ہی

اساردن ۔ یہ لغت سریانی ہی یونانی مین اسکو سنبلون ہندی مین تگر کہتے ہین یہ ایک گھاس کی جڑ گرہ دار طولانی صورت ہلدی کی طرح زرد رنگ خوشبودار بعض خاکستری مائل جزر دی پتے اسکے بیل کے پتون کی طرح ہین پھول اسکا بنفشی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و ملطف و مفتح و مقوی و منقی دماغ و اعصاب و معدہ و جگر و سپرز و گردہ ہی صرع و لقوہ و فالج و استرخا و تشنج وغیرہ امراض بارد و بلغمیہ کو دفع کرتا ہی اور فائدے اسکے بہت ہین طبیہ کتابون میں درج ہیں

اسفندان ۔ ایک قسم کی شراب کا نام ہی ۔

اسفیداج الرصاصین ۔ شہر یزد کی کانون مین سے یہ ایک سپید پتھر نکلتا ہی اصفہان مین بھی پایا جاتا ہی ۔ فارسی مین اسکو سفیدات یزدی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ہی اسکو جلاکر اگر جرب لگائین تو بیمار اچھا ہو جاتا ہی جراحات تازہ کو مندمل کرتا ہی ۔ رعاف کو بند کرتا ہی شریان کا زخم بند کرتا ہی ۔ شرخ بادہ اور اورام گرم کو نافع ہی مگر کھانا اسکا زہر ہی اگر آدمی کھاجاے تو مرجائے ۔

اسقوردیون ۔ بضم اول اور چھٹا حرف وال ایک نبات ہی ۔ جسکو فارسی مین موسیر کہتے ہین دو قسم کا ہوتا ہی ایک پہاڑی اور مصری جسکو کراث بری کہتے ہین دوسرا باغی جو لہسن کی شکل پر ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مدر بول و حیض اور تریاق ہلاک ہے اسکے واسطے ہی

اسقولوقندریون ۔ یونانی لفظ ہی معنے اسکے مزیل الصفا یعنی دور کرنے والا صفائی کا و معنے کا دی سپرز یعنی داغ دینے والا تلی کا یہ نبات بغیر ڈنڈی و خوشہ اور پھل کے ہی زمین پتھریلی مین پیدا ہوتی ہی نہایت گرم اور خشک صرع اور یرقان و طحال و امراض سوداوی کے لیے شرباً و ضماداً بے نظیر ہی دودھ مین پکاکر چالیس دن پینا اور ضماد کرنا تلی کی بیماری کا کامل علاج ہی ہچکی و تقطیر بول کو مفید ہی ۔

اسکنو ۔ یہ ایک گھاس کی جڑ ہی جو گول اور بہت لذیذ شیرین چنے کے برابر ہوتی ہی سعد بھی اسکو کہتے ہین عربی مین حب العزیز اسکا نام ہی پھل اور پھول اور بیج اسکا نہین ہوتا ہی اکثر بیمارون کی دوا مین مستعمل ہی

اسکندہ ۔ بکسر اول یہ ایک جڑ ہی بقدر ایک انگلی کے لمبی ذائقہ مین کڑوی طبیعت اسکی گرم خشک کھانسی و ضیق و برص کو مفید ہی ۔

الف مقصورہ با شین معجمہ

اشترغار ۔ معرب اشترخار ہندی مین اونٹ کٹارا اسکا نام ہی اس بوٹی کے پھول زرد و سپید خر مشابہ انجدان نہایت بدبو و بد مزہ تند اور تلخ طبیعت اسکی گرم و خشک کھولنے والی سدون کی ہاضم طعام بھوک لگانے والی مدر بول اور دافع یرقان و اسہال ہی ۔

اشنراس - عربی لغت ہی فارسی مین اسکو سریش کہتے مین ایک نبات ہی جسکی جڑھ کا یہ نام ہی پھول اسکا سفید مائل بسرخی پھل گول تند مزہ طبیعت اسکی گرم خشک دافع درد پہلو و کھانسی و یرقان مدر بول و حیض ہی -

اشخص - بکسر اول ایک درخت ہی جسکو ہندی مین نیگم کہتے مین طبیعت اسکی گرم خشک دافع جنون و استسقا ہی -

اشق - یہ ایک درخت کا گوند ہی جسکو عربی مین ارسج اور فارسی مین اشنہ کہتے ہین اور اسکے درخت کو آنا شومیں بولتے مین طبیعت اسکی گرم و خشک سدون کے کھولنے والا فالج و خدر و تشنج کے دفع کرنے والا ہی -

اشنان - بضم اول لغت عربی ہی اسکو حرض بضم حا اور غاسول بھی کہتے مین اس واسطے کہ کپڑے اس سے دھوئے جاتے ہین اور یہ وہ گھاس ہی جسکو جلا کر سجی بناتے مین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مضر حیض نافع استسقا و مدر بول ہی ہندی مین اسکا نام ....

اشنہ - بضم اول یونانی مین اسکو ابرنیون عربی مین شیبتہ العجوز فارسی مین دوالہ ہندی مین چھڑیلہ اور چریرہ بولتے ہین یہ ایک چیز ہی جیسے باریک رسی کے آپس مین لپٹی ہوئی - بلوط اور صنوبر کے درختون کی شاخون پر پیدا ہوتی ہی بہتر قسم سپید اور خوشبودار ہی - اور سیاہ ناکارہ گرمی و سردی مین معتدل ملائم جوہر روح اور مقوی دل بسبب خوشبو کے ہی -

الف مقصورہ با صاد مہملہ

اصابع الصفر - فارسی مین اسکو کف عائشہ و کف مریم کہتے ہین ہندی مین ہلس بھری یہ دو قسم پر منقسم ہی قسم اول یہ ایک گھاس کی جڑ ہی پتے اسکے مشابہ پتے گندنا کے ڈنڈی باریک پھول بنفشی جڑ ہتھیلی کی صورت پر اور اسکے ساتھ پانچ جڑ مثل انگلیون کی شکل پر ہوتی مین نمناک اور ریگی زمین مین ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل قوی تریاق سموم مار و کژدم وغیرہ دافع جنون و وسواس و امراض سوداوی و بلغمی دوسری مشابہ ناخن شیر و پلنگ ہی مگر یہ قسم علاوہ قسم اول سے ہی -

اصابع الاصوص - یہ ایک گھاس کی جڑ ہی اگر اسکو منھ مین رکھین تو پھٹ کر مغز اسکا روئی کی طرح نکلتا ہی جو تحریک باہ کے لیے نہایت موثر ہی -

اصطرک - بکسر اول و فتح طاے و فتح راے ایک قسم میع کا اور بعض کے نزدیک گوند زیتون کا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک نزلہ و کھانسی و گرفتگی آواز کے واسطے بہت مفید ہی -

اصابع فرعون - یہ چیز سیپون سے مشابہ انگلی مانند سنے خالی گرہ دار تھوڑی جو نرسی نکلتی ہی اگر اسکو پانی مین تو اند سے آواز چھرکی آتی ہی حوالی یمن و عمان سے لاتے ہین اسکو لوگ قائم مقام مومیائی جانتے ہین جو ٹرون ٹوٹے ہوؤن کا علاج اس سے کرتے ہین -

الف مقصورہ با طاے مہملہ

اطراطیقوس - یونانی لغت ہی معنی اسکے شبیہ الکواکب ہین اور یہ ایک گھاس بنفشی رنگ ہی پھول اسکے ستارون کی طرح جلوہ دیتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک امراض صرع و ام الصبیان و خناق کو نافع ہی -

اطریۃ - عربی لغت ہی فارسی مین آش آرد اور رشتہ خطا سانحہ مین ماہیچہ ہندی مین سویان اور سیمیا اسکو کہتے ہین اور گیہون کے میدہ سے بنائی جاتی ہین بعض ہاتھ سے بناتے ہین اور بعض باریک چھلنی سے نکالتے ہین پھر خشک کر کے آگ پر بھونتے ہین پھر پانی مین جوش دیکر قند اور دودھ ملا کر کھاتے ہین بعض گرم مصالح و گوشت ملا کر پکاتے اور کھاتے ہین - یہ غذا دیر ہضم ہی مگر جو ماتو رن کے آٹے سے بناتے ہین وہ سریع الہضم ہین -

اطریالہ - یہ ایک گھاس ہی اسکا تخم اکثر بیماریان جیسے درد کو نافع ہی -

الف مقصورہ با ظاے معجمہ

اظفار الطیب - عربی لغت ہی فارسی مین اسکو ناخن پریان اور ناخن عرس کہتے ہین یہ ایک چیز سخت جسم کی سیپ کی طرح ناخن کی شکل مائل بھولاہٹ دریاے ہند کے کنارے سے لاتے مین بعض سپید سرخی مائل اسکو ہندی کہتے ہین بعض سرخ اسکو ترشی بولتے ہین بڑا سنگرا اور سفید اور بکنا اور نیلا عمدہ قسم ہندی ہی - ان کو اگر آگ پر جلائین تو بدبو آتی ہی اگر تیل مین جلائین تو خوشبو آتی ہی - مگر کسی دریائی کیڑے کا سیپ کی طرح ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک خفقان و درد معدہ و درد جگر وغیرہ امراض کو مفید ہی -

اظفار الجن - یہ ایک بوٹی بغیر پتے اور پھول کے ہوتے ناخن

کی طرح ہوتی ہی۔ خاکستری رنگ ہندی مین سگا گرن ۔ بات نام ہی۔ طبیعت گرم اور خشک یرقان سیاہ اور کھانسی کو دفع کرتی ہی۔

الف مقصورہ با فاے

افیغطس ۔ یونانی لغت مین ایک بوٹی کا نام ہی شلجم کے ساتھ اسکو مشابہت تام ہی مصر مین اسکو شلجم کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک درد جگر اورام باردہ کو دفع کرتی ہی سوا ایک زہر کا علاج ہی۔

افیوس ۔ یونانی لغت ہی فافیوس الحدقی بھی اسکو کہتے ہین خاما لونلو یہ محل پتنگلا بھی اسکا نام ہی۔ اذخر کے ساتھ اسکو مشابہت تامہ ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی یرقان کا معالجہ ہی آنکھ کی سفیدی اس سے دور ہوجاتی ہی۔

افیمون ۔ بفتح اول الکاس بیل جو اکثر درختون خصوصاً درخت کنار پر خود بخود رشتہ کی صورت نمودار ہو کر درخت کو چھپا لیتی ہی یہ لغت یونانی ہی معنی اسکے دوا الجنون عربی مین شعر القضیع سریانی مین سورہ مورہ رومی مین عیمون طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل سودا و بلغم اور بنفشہ کے ساتھ مسہل صفرا دماغی و عصباتی امراض کو مفید ہی۔

افربیون ۔ فتحتین ایک گوند ہی جسکو فرنیون اور فربیون کہتے ہین رنگ خاکستری مائل بزردی تیز بو اور تیز ذائقہ رکھتی ہی زبان پر رکھین تو زبان کو کاٹتی ہی لقوہ و فالج و استرخا و تشنج کا علاج ہی۔

افسنتین ۔ یونانی لغت ہی اور گھاس اسکی بابونہ کے ساتھ مشابہت رکھتی ہی۔ پھول اسکے بھی بابونہ کے پھولون کی طرح ہین ذائقہ مین تلخ طبیعت گرم خشک مفتح و ملطف و مشتہی و قابض مسہل صفرا ہی

افیقون ۔ یہ نبات گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی نہایت سرد اور مخدر ہی اکثر بیماریون مین اسکا طلا فائدہ دیتا ہی پینا اور کھانا اسکا بسبب سمیت منع ہی۔

افیمیدون ۔ یونانی مین فافیوس بھی اسکو کہتے ہین اس نبات کی ایک شاخ اور دس بارہ پتے ہوتے ہین پھل اور پھول نہین ہوتا طبیعت سرد تر ہی عورت کے پستان پر اگر اسکا ضماد کرین تو بڑھنے نہین پاتا عورت اگر اسکو پیے تو توالد و تناسل سے جاتا رہے

افیون ۔ اسکو ابیون بھی کہتے ہین ہندی مین افیم عربی مین لبن الخشخاش نام ہی مخدر قابض و منوم و محلل مسکن اوجاع مانع تعفن ہی آنکھون کی بیماریون اور کھانسی و ضیق کے لیے مفید ہی اور زیادہ کھانا مہلک

افادیہ ۔ خوشبودار دوائین جو کھانون مین ڈالکر کھانون کو خوشبو کرتی مین مثل لونگ و الایچی و دارچینی وغیرہ۔

افلنجہ ۔ یہ ایک تخم مشابہ خردل یعنی رائی کے ہی بو اسکی تند و تیز سیب کی طرح سرخ رنگ ذائقہ مین تلخ ہندی مین اسکو بل برنگ کہتے ہین پتے بادام کے سے پھول سفید طبیعت گرم و خشک مقوی دل و دماغ و دافع مضرت سموم ہی۔

افعی ۔ یہ ایک قسم کا حیہ یعنی سانپ بقدر دو گز کے لمبا ہاتھ پاؤن اور دم باریک سر چوڑا اور بڑا مثلث شکل کا گردن باریک بوقت چلنے کے اسکے چمڑے سے آواز نکلتی ہی قوی زور و رنگ برنگ زہر دار ہوتا ہی۔ مادہ کے چار دانت نر کے دو دانت ہوتے ہین مادہ کا زہر نر سے زیادہ اور مہلک ہی اس سانپ کے سر اور دم کو کاٹکر باقی گوشت پکا کر کھائے تو مجذوم اچھا ہوجائے تریاق فاروق جو ہر ایک زہر کا علاج ہی اسی سانپ کے گوشت سے بنایا جاتا ہی اسکا پختہ گوشت واسطے دفع سموم مشروبہ و ملدوغہ و ضعف البصر و درد اعصاب و برص و خنازیر و حفاظت جوانی و تقویت قواے حیوانی و نفسانی و درستی ذہن و فکر و لقوہ و رعشہ و درازی عمر اکسیر اعظم ہی ہر شخص ایک بار کھانا چاہیے۔

الف مقصورہ با قاف

اقاقیا ۔ کیکر کے درخت کے پھل کو کہتے وہ کیکر جس سے صمغ عربی نکلتا ہی طریق بنانے اقاقیا کا یہ ہی کہ پختہ پھل کیکر کا اتار کر کوٹین اور صاف کر کے ملائم آگ پر رکھین جب بستہ ہوجائے تو قالبون مین ڈالین اکثر لوگ کیکر کے پتون کا پانی بھی اسمین داخل کرتے ہین اقاقیا مغسول اسطرح بنایا جاتا ہی کہ کیکر کے پھل کو پانی کے ساتھ پیسین اور جسقدر پانی پر ٹھہرے اسکو اٹھا کر قرص بنائین اور خشک کر کے کام مین لائین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی معدہ و کبد و حابس نزلات دافع استرخا مقوی بصر دافع رمد و اورام حارہ ہی طلا اسکا بالون کو سیاہ کرتا ہی۔ اور زخم سوختگی آتش کو انڈے کی سفیدی کے ساتھ اچھا کرتا ہی۔ اور بھی ہزارون فائدے اسکے درج کتب طبیہ ہین۔

اقلیمیا ۔ چاندی سونے کا میل جو بعد گلانے کے بوتہ کے ساتھ جم جاتا ہی۔ طبیعت اسکی اصل کے مانند ہی مگر یوست اسمین زیادہ ہی۔ مقوی باصرہ و مصفی چشم و قاطع سفیدی چشم و سبل و ناخنہ و دافع نزول الماء وغیرہ ہی۔

اقط ۔ عربی لغت ہی۔ فارسی مین اسکو کشک پنیر ترکی مین قروطہ

بولتے ہین چھاچھ کو جوش دیکر اسکی مائیت کو الگ اور دہنیت کو
الگ کر لیتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک قابض و مسکن صفرا ہی
ضماد اسکا سوختگی آتش کے واسطے مفید اور قاطع بواسیر ہی۔

اقحوان عربی لغت ہی فارسی مین بابونہ گاؤ و بابونہ گاؤ چشم نام ہی۔
صغیر اور کبیر دو قسم پر منقسم ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل اورام
مقعد و مدر بول و عرق و حیض و مسقط جنین و دافع ورم مثانہ و ورم
سپرز و استسقا و فواق معدہ و قولنج ہی۔

اقسون ۔ یہ ایک بوٹی ہی پھول اسکا خاردار سوئی کی طرح تخم
اسکا زرد طبیعت اسکی گرم و خشک تشنج داورام گردن دفع کرتی ہی

الف مقصورہ با کاف

اکارع عربی مین جمع کراع بکری کا بچہ یکسالہ جسکو فارسی مین پاچہ
ہندی مین پایا لیتے مین۔ لزج اور دیر ہضم اور بعد ہضم ہونے کے
مولد خون صالح نافع کھانسی خشک و سل و دق و عسر البول وغیرہ ہی۔

اکنمکت ۔ بفتح اول و کسر کاف و سکون تاے ۔ فارسی مین اسکو
خایۂ ابلیس کہتے مین۔ یہ پھل ایک درخت خاردار کا ہی جسکو ہند مین
کرنجوا اور کرنج بولتے ہین ۔ غلاف اس پھل کا آنب کی گٹھلی کے
غلاف کی طرح ہوتا ہی غلاف کے اندر دو یا تین دانے شاہ بلوط
شکل کے اندر مغز اکھروٹ کے مغز کی طرح نہایت تلخ اور طبیعت
اسکی سرد و خشک بعض کے نزدیک گرم و خشک کھانا اسکا مانع
تاثیر ہواے وبائی اور ساکن درد قولنج ریحی ہی پھول اسکا
اگر بانجھ عورت پیس کر کھاوے تو حاملہ ہو جاوے۔

اکلیل الملک ۔ فارسی مین اسکو گیاہ قیصر ہندی مین پرنگ
کہتے مین ذائقہ اور بو مین میتھی کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی
طبیعت اسکی گرم و خشک منضج قابض ملطف مقوی اعضا
دافع درد سر و سکتہ و استرخا وغیرہ ہی۔

اکلیل الجبل ۔ یہ ایک شی ہی جسکو یونانی مین اوتلاوا دقا کہتے
مین اسکندریہ مین بکثرت ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک
کھانسی و خفقان و استسقا و درد جگر کو نافع ہی یرقان سوداوی کو دور کرتی ہی

الف مقصورہ با لام

الاء ۔ لغت عربی ہی اور یہ ایک خاردار درخت مشابہ درخت
اترج کے ہی اور کھانا اسکا زہر قاتل ہی۔

التنج ۔ یہ ایک بوٹی کی جڑ ہی مشابہ زردک طبیعت اسکی گرم و خشک
تقطیر البول اور اسقاط مشیمہ کے واسطے مفید ہی۔

الوسن یا **الوسون** ۔ یہ ایک بوٹی مانند روئی کے درخت کے
ہی خدا نے اسمین یہ خاصیت پیدا کی ہی کہ دیوانہ کتے کا زہر اسکے
استعمال سے دفع ہو جاتا ہی۔

الومن یونانی مین یہ ایک بوٹی کا نام ہی جسکے پھول سرخ مایل
بزردی جڑ مشابہ چقندر کے نمناک ریگی زمین مین پیدا ہوتی ہی
جب اسکو زمین سے نکالتے مین مغز اسکا نکالکر پھینک دیتے
ہین۔ پوست اور تخم اسکا استعمال مین آتا ہی طبیعت اسکی
گرم و خشک مسہل قوی واسطے دفع سوداکے ہی۔ اور دفع جنون
کے لیے کامل علاج ہو سکتی ہی جڑ اسکی یرقان اسود کے لیے مفید

الیہ ۔ فارسی مین اسکو دنبہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ملین
اعصاب اور تمام جسم کا ہی۔

انومالی ۔ عسل داؤد اسکا نام ہی۔ یہ ایک رطوبت چکنی غلیظ
صاف براق ذائقہ مین نہایت شیرین شہر تدمر مین ایک درخت
سے نکلتی ہی۔ سب سے پہلے جنے اسکو معلوم کیا اسکا نام داؤد تھا
اس لیے عسل داؤدی اسکا نام رکھا گیا طبیعت اسکی گرم و خشک
جرب و درد جمع المفاصل و ظلمت بصر کو مفید ہی و مسہل اخلاط ردیہ

الف مقصورہ با میم

امعاء عربی لفظ ہی فارسی مین رودہ ہندی مین آنت یا انتری مراد
اس سے رودہ حیوانات کا ہی کہ اعضاے عصبانی سے ہی طبیعت
اسکی سرد اور خشک ہی پکا کر کھانا اسکا ساتھ گوشت اور سرکہ کا معدہ گرم
کے مصلح ہی واسطے اس معدہ کے کہ صفراوی رقیق اسمین پیدا ہوا ہو۔

ام الکلب ۔ یہ ایک درخت بقدر ایک گز کے ہی پتے جنگلی سے
پھول زرد مشابہ پھول لاغیہ نہایت بدبو پتا اسکے عصارہ کا دیوانہ کتے کے
زہر کو دفع کرتا ہی اسی واسطے اسکو ام الکلب کہتے مین۔

املج ۔ فارسی آملہ ہندی آنولہ کہتے مین طبیعت اسکی سرد و خشک
مانع انجرہ سوداویہ و صفراویہ قابض مقوی دل و تشنگی ہی اور دماغ کا حافظ

امشوغ ۔ بربری زبان مین نام ایک بوٹی کا ہی جسکی لکڑی نے
کی طرح مجوف اور گرہ دار ہوتی ہی ریتلی زمین مین پیدا ہوتی ہی پھل اسکا
سماق بقدر چنے کے ہی مزا سخت منشی ہی طبیعت اسکی سرد و
خشک قابض و مقوی اعضا و مانع نزلات و قابض اسہال ہی

امرود — یہ ایک پھل ہی جسکو عربی مین کمثری کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور تر مسکن حدت صفرا و خون ہی۔

امل بید — ہندی میوہ مشابہ نارنج اقسام لیمو سے ہی پوست زرد پانی کھٹا ایسا تیز کہ لوہے کی سوئی اسمین ڈالین تو گل جائے طبیعت سرد تر قامع صفرا مولد بلغم و ہاضم بدرجہ غائت ہی۔

ام وجع الکبد — یہ ایک گھاس بقلہ سے زیادہ پتلے پتے چھوٹے پھول خاکستری بکریان اسکو نہائت شوق سے کھاتی ہین درد کبد کی یہ خاص دوا ہی۔

امبر باریس — زرشک جو مشہور دوا ہی قاطع صفرا مسکن تشنگی مقوی دل و جگر و معدہ و خفقان و غشی ہی۔

اماریطین — یونانی زبان مین یہ ایک بوٹی کا نام ہی پتی اسکی پتلی اور پراگندہ پھل گول اور سپید اور سرخ اکھروٹ کی طرح طبیعت گرم خشک مدر بول و حیض و دافع رطوبات معدہ ہی۔

امدریان — یونانی زبان مین ایک درخت کا نام ہی پتے مشابہ درخت کبر اور پھل بقدر چنے کے چونکہ اسکے پھل کی تسبیح بناتے ہین سو واسطے اسکو شجر التسبیح بھی کہتے ہین بیت المقدس اور اسکے نواح مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مقوی جگر مسکن زحیر دافع سموم ہوام ہی۔

ام غیلان — نام کیکر کے درخت کا ہی اسکے گوند کو صمغ عربی بولتے ہین اقاقیا بھی اس سے بنتا ہی سرد خشک حابس فضلات تقوع اسکا قروح مجاری بول و سوزش پیشاب کو مفید ہی سفوف پتون اور پوست اور پھولون کا رقت منی و سرعت انزال و کثرت احتلام و جریان منی کو سود کرتا ہی اور بھی صدہا فائدے اسکے درج کتب طبیہ مین۔

امرطہ — ہندی مین نام ایک درخت کا ہی جو مشابہ درخت اکھروٹ کے ہی میوہ کچا اسکا سبز نازک بے ریشہ ترش پختہ زرد چاشنی دار ہوتا ہی لوگ پختہ و خام کو گوشت مین پکا کر نان خورش بناتے ہین یہ درخت بنگال مین بکثرت ہی طبیعت اسکی سرد خشک امراض صفراوی و اسہال صفراوی کو مفید ہی۔

امل کچلی — یہ ایک گھاس ہندی صحرائی خاردار ہی پتے اسکے مشابہ پتے املی کے طبیعت اسکی سرد تر سخت تپ کے علاج مین اسکا پانی نہائت مفید ہی۔

الف مقصورہ با نون

بوحا ۔ یونانی مین ایک گھاس کا نام ہی جسکو فارسی مین بادپرین کہتے ہین ۔ اور اسکی جڑ کو جدوار ۔

بوّاب ۔ بفتح اول و تشدید ثانی ۔ دربان ۔ چوکیدار ۔ حاجب ۔

بولہب ۔ یہ شخص حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا چچا اور دشمن تھا ۔ اصل نام اسکا عبد العزی بسبب عداوت حضرت رسالتماب کے اس خطاب سے خدا نے اسکو مخاطب کیا ۔

بوالعجب ۔ عجب چیز جسکو دیکھکر تعجب مین آئین ۔

بوتراب ۔ کنیت حضرت علی المرتضی کرم اللہ وجہہ کی ہی ایکدفعہ حضرت علی مسجد کے صحن کی زمین پر سوتے تھے جسم مبارک گرد آلود تھا رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام آئے اور فرمایا قم یا بوتراب ۔ اٹھ اے مٹی کے باپ اُس روز سے حضرت علی کی یہ کنیت قرار پائی اور حضرت اسپر فخر کرتے تھے ۔ نظم ۔ بانگ اتفاق سے اگر اکسیر ہو چاہتا ہی گنج دولت بیحساب + سجدہ کرلے دیدۂ اخلاص مین + صدق دل سے خاک پاے بوتراب +

بوطالب ۔ حضرت مرتضی علی کے والد کا نام ہی جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حقیقی چچا تھے ۔

بوب ۔ بضم اول ۔ گھر کا فرش ۔

بوشاسپ ۔ خواب دیکھنا ۔ جسکو عربی مین رویا کہتے ہین ۔

بواعث ۔ جمع باعث کی بمعنے سبب ۔

بوج ۔ بفتح اول ۔ خودنمائی و خودپرستی ۔

بونج ۔ بضم اول ۔ منہ کے اندر کا حصہ تالو زبان دانت وغیرہ ۔

بوشنج ۔ معرب توشنج جو ایک قصبہ خراسان مین ہی ۔

بوعنج ۔ بضم اول ۔ ایک سیاہ تخم ہی جسکو فارسی مین شونیز اور ہندی مین کلونجی کہتے ہین ۔

بویزید ۔ ایک ولی کامل شہر بسطام مین تھے ۔

بوسعید ۔ یہ بزرگ پیر طریقت حضرت غوث الاعظم محبوب سبحانی قطب ربانی سید شیخ سلطان محی الدین عبد القادر جیلانی کے تھے ۔

بوارد ۔ بکسر اول ۔ ترشی اور ہر ایک ترش چیز ۔

بوبرد ۔ بضم اول ہر وہ پرندہ یا بلبل جو شور کرتا ہی ۔ عندلیب بلبل جسکو کہتے ہین ۔

بوزکند ۔ بضم اول ۔ ایوان ۔ اور گھر کا صحن ۔

بود و نابود ۔ ہستی و نیستی ۔ عدم و وجود ۔ ابیات ۔ تو بودی بیشک ولاریب موجود + نہ بد وقتیکہ بود و بود و نابود + بہر مذہب ملت بہر دین تو مقصودی تو مسجودی تو معبود +

بوشاد ۔ بفتح اول ۔ شلغم ۔

بوند ۔ بضم اول ۔ آہستگی و تحمل ۔

بوند ۔ بفتح اول ۔ متکبر و مغرور و صاحب نخوت ۔

بوتیجر ۔ بضم اول ۔ ملحد و بے دین و بدیانت ۔

بوتیمار ۔ یہ ایک مرغ سفید رنگ دراز گردن دریا کے کنارے رہتا ہی مچھلیان کھاتا ہی ۔ فارسی مین اسکو ماہی خورہ و غم خورہ کہتے ہین ۔ باوجود پانی پر رہنے کے وہ پانی کم پیتا ہی اس غم سے کہ پانی کم نہوجاوے عربی مین اسکو طیر الحزین یا مالک الحزین کہتے ہین یونانی مین نقیفتین ہندی مین بگلا بولتے ہین ۔

بور ۔ بضم اول و واو مجہول ۔ سرخ رنگ گھوڑا جسکو عربی مین اشقر کہتے ہین اور اسکے سوا سرخ رنگ والے یعنی شیر کو بھی بور بولتے ہین نظامی ۔ ہمان بور گلگونی بادپا + بصد زخم چوگان بجنبد زجا +

بوزار ۔ بضم اول ۔ گرم مصالحہ ۔ لونگ دارچینی ۔ زیرہ فلفل سیاہ وغیرہ جو سالن مین ڈالتے ہین ۔

بوصیر ۔ بضم اول ۔ ایک گھاس دوا مین مستعمل ہی عربی مین اسکو آذان الاب فارسی مین گوش خر بسبب مشابہت اسکے پتونکے کہتے ہین ۔

بوزرجمہر ۔ نوشیروان کے وزیر کا نام ہی ۔

بواسیر ۔ مشہور بیماری ہی ۔ یہ لفظ جمع باسور کی ہی ۔ اور باسور اسکو کہتے ہین جو ایک گوشت کا ٹکڑا مقعد یا ناک مین پیدا ہو ۔

بوار ۔ بفتح اول ۔ ہلاکت و سختی و خرابا ۔

بوعمرو ۔ پیشوایان علم قرأت مین سے جو سات ہین یہ ایک بزرگ تھے ۔

بوذر ۔ اصحاب مہاجرین رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم مین سے یہ ایک بزرگ تھے ۔

بوافزار ۔ گرم مصالحہ ۔ الایچی ۔ لونگ ۔ مرچ ۔ دارچینی وغیرہ جو سالن مین ڈالتے ہین ۔

بونار ۔ ایک خوشبودار نبات ہی جسکو نار بوبھی کہتے ہین ۔

بورسم ۔ بضم اول و واو مجہول ۔ نیلا گھوڑا جسکا رنگ سفیدی پر زیادہ مائل ہو اور گھوڑا مانند تیز رفتار اور آدمی تیز فہم و صاحب ادراک ۔

بوزر ۔ بفتح اول ۔ سبزی جو بسبب رطوبت کے زردی اور پٹھے وغیرہ پر جم جاتی ہی درخت و شاخ زنبور سیاہ ۔

بوتر ۔ بفتح اول ۔ گرداب یعنی بھنور جو دریا مین پڑتا ہی ۔

بوتر ۔ بضم اول ۔ حرارت تپ کی ۔

بونیز ۔ بضم اول ۔ بمعنی تیر جسکا سر دو شاخہ ہوتا ہی ۔

بوس ۔ بضم اول ۔ واو مع ہمزہ درویشی و شدت و احتیاج و سختی ۔

بوس - بضم اول وسکون واو مجہول مخفف بوسہ جسکو عربی مین قبلہ کہتے ہین سعدی اِمشب مگر بوقت نمیخواند این خروس عشاق بس نکردہ ہنوز از کنار و بوس -

بوفراس - کنیت فرزدق شاعر -

بوقبیس - مکہ معظمہ کے قریب مین ایک پہاڑ ہی -

بوالہوس - صاحب حرص و ہوا -

بواس - بفتح اول - رنج و آزار و سختی -

بوباش - بضم اول ہمیشہ و ندیم -

بودش - بضم اول ہستی و عالم ایجاد -

بورلطیش - بضم اول - ایک جوہر کا نام ہی جسکو یونانی مین فریشیا کہتے ہین اور عربی مین حجر النور آنکھون کو روشن کرنا اسکی طبیعت ہی

بوش - بفتح اول وکسر ثانی فاور ہونا - قدرت رکھنا -

بوش - بفتح اول وسکون ثانی - کر و فر و خود نمائی اور وہ درویش جو بہت عیال رکھتا ہو - اور بیکار د آوارہ آدمی - اوباش اسکی جمع ہی

بوشق - بضم اول وسکون ثانی - یہ ایک نبات کوہ دماوند اور زرنب مین پیدا ہوتی ہی اسلیے اسکو بوشق رنبد کہتے ہین - یہ اکثر دوا مین مستعمل ہی

بونافع - ایک دوا ے معجون کا نام ہی -

بوخلاف - کنیت شیطان لعین کی -

بوعلی دقاق - ایک شاعر کا نام ہی -

بوارق - جمع بارقہ - روشنیان و چمکاری -

بوق - شہنائی و سنکہ جو ہندو بجاتے ہین -

بورق - ایک قسم کی آتش ہی -

بوسحاق - فیروزہ کی کان کا نام ہی - اور نام ایک شاعر کا -

بوبک - بضم اول - ہدہد جو مشہور جانور ہی - اور کنواری لڑکی کی اور داد ان دہی

بورغ - قمار خانہ کا بوسیدہ وہ سبزی جو باسی روٹی پر جم جاتی ہی دوسرا ایک قسم کا کھانا جسکو سنبوسہ کہتے ہین اور عربی مین تہنیتہ و تبایکہ باب

بورنگ - ریحان کوہی جو ایک قسم کا پھول ہی -

بوسلیک - موسیقی کے بارہ مقامات سے ایک کا نام ہی دوسرے پودے مین

بوک - شاید عنقریب جسکو عربی مین عسی کہتے ہین اور وہ مقام جس جگہ غلہ کا ذخیرہ ہو - اور آتش تر -

بوکالک - ایک مغزدار میوہ کا نام ہی -

بولوک - ترکی مین شہر اور آسمان -

بوزغ - وہ سبزی جو سرد ہوا کے سبب سے اکثر چیزون پر جاتی ہی -

صاحب ہفت قلزم بورک کے معنے جو براے مہملہ ہی یہی لکھتا ہی

بونیلب - ایک سبزہ کا نام ہی جسکو بادروبہ کہتے ہین

بوالفضول - ناکارہ و نالائق آدمی -

بول - بفتح اول - پیشاب - موت -

بوتم - بواو معروف - ترکی زبان مین بچہ -

بوتمام - نام ایک عرب کے شاعر کا -

بوالحکم - کنیت ابوجہل -

بونجم - شہر شہلاب مین ایک شخص تھا کہ اسکی موچھون کے بال بہت لمبے تھے

بوم - بواو معروف - وہ زمین جسمین ہل نہ چلایا گیا ہو اور نام ایک مشہور نحس جانور کا جسکو اُلّو بولتے ہین و منزل اور جگہ اور مقام داصل طینت و سرشت و طبیعت -

بوقلمون - اقسام دیباے روم سے ایک کپڑا ہی جو ہر لحظہ اسمین سے اور ہی رنگ نظر آتا ہی - اور عربہ جو ایک جانور ہی وہ بھی ایک گھڑی مین بہت سے رنگ بدلتا ہی

بوالحسن - لقب حضرت مرتضیٰ علی کہ حسن کے باپ تھے -

بون - بضم و فتح اول - جدائی و دوری و تفاوت -

بوستان - باغ جس جگہ پھولون کی بو ہو - شعر گل آورد سعدی سوے بوستان - بشوخی چو فلفل بہندوستان -

بوغدان - قلندرون کی گدائی کا برتن -

بواطن - جمع باطن کی -

بوان - نام ایک ولایت کا جہان انار و انگور بہت ہی -

بوریدان - نام ایک دوا کا ہی جو مصر سے لاکر کھاتے ہین بدن کو وہ فربہ کرتی ہی

بوغاصن - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین لسان الثور اور فارسی مین گاؤزبان کہتے ہین -

بوکان - بچہ دان و زہدان اور عورت کا رحم -

بولوبودیون - بیر سہ حرکات باے موحدہ - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین کثیر الارجل و بسفایج کہتے ہین اور معنی اسکے بھی بہت سے پانون والا ہین -

بواوطریخون - یونانی لغت ہی معنے اسکے کثیر الشعر یعنے بہت سے بالون والا ہین - فارسی مین اسکا نام پرسیاوشان ہی -

بومادران و بوماوان - یہ ایک گھاس نیلے رنگ کی اور تیز ہی عربی مین اسکو صنیقوم کہتے ہین اور یہ دوا مین مستعمل ہی -

بومسن - یونانی زبان مین بھو نچال کو کہتے ہین یعنے کانپنا زمین کا

بهیند - بفتح اول و کسر ثانی - ایک اوزار کا نام ہے جس سے پتھر توڑتے
ہین ہندی مین اُسکو گلتمی کہتے ہین -
بہار - فصل ربیع کا موسم - جب تک آفتاب برج حمل مین رہے و نام
آتشخانه و نام بتخانه - اور نام ایک قسم کپڑے کا - اُگنا اور پھولنا
پھولون کا - اور نام ایک پھول کا جسکو گل گاوچشم کہتے ہین - اور نام
ایک جزیرہ کا - و بکسر اول نام ایک خطہ کا ہے ہندوستان مین - شعر در بہار
گل منہ داغ ستم ای باغبان + بلبل زار دست درگلزار داد ی آشیان +
بہادر - بفتح اول و ضم دال - مرد شجاع - یہ لفظ ترکی ہے - عرفی عرفی
شنیدہ ام کہ بت تو بہادر ست + آری بہادر ست و لی بی بہادرست
بهیر - بروزن فقیر - ہجوم و مجمع - و بہازدی لشکر اور فوج -
بہتر - بہت اچھا - بہت مناسب -
بہر - واسطے اور نصیب و قسمت و حصہ -
بہاگیر - بہت قیمتی چیز -
بہرام گور - ایران کے بادشاہ پسر یزدجرد کا نام ہے چونکہ وہ گورخر کا
شکار اکثر کیا کرتا تھا اسلیے بہرام گور مشہور ہوا -
بہور - بضم اول - سندی زبان مین آنکھ جسکو فارسی مین چشم
عربی مین عین کہتے ہین -
بہماز - بکسر اول - اصیل گھوڑا -
بہروز - بکسر اول - سنگ نفیس در بلور نیلا جو مشہور پتھر ہے -
بہشن - بفتح اول - اُس درخت کے میوے کا نام ہے جسکی مستی
سے عقل زائل پیدا ہوتا ہے جب تک یہ میوہ تر رہتا ہے اسکو بہش
کہتے ہین - خشک ہو تو وکُل بولتے ہین -
بہق - بفتح اول - ایک بیماری جلدی ہے جس سے بدن پر سپید
داغ سے پڑ جاتے ہین -
بہترک - پارسیون کے حساب مین یہ ایک سال تیرہ مہینے کا جو تین
مہینے کے بعد آتا ہے - اور جس بادشاہ کے وقت یہ سال آتا ہے اسکو
بڑا بادشاہ تصور کیا جاتا ہے چنانچہ نوشیروان کے عہد مین یہ سال آیا -
بہرک - بفتح اول - ریم و خون و چرک -
بہک - بفتح اول - وہ بیماری جس سے بدن پر سفید داغ پڑتے
ہین مرض سابق ہے -
بہحال - ہر حالت مین - ہر وقت شعر عبادت مین رہو شاغل
بہر حال و بہر روز و بہر ماہ و بہر سال -
بہلول - مرد خندان و رود پیشوا - قوم و مجرا اور نام ایک ترک کا -

بہل - بکسر ثانی - چھوڑ صیغہ امر ہلیدن سے -
بہرام تل - بفتح تاے فوقانی - وہ مینار جو بہرام چوبین نے شہر
ترکان مین بنایا تھا -
بہرام - نام عراق کے بادشاہ کا جو بڑا عادل و سخی تھا و نام ستارہ
مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے اور بیسوین تاریخ ہر ایک مہینے شمسی کی نام
سپہ سالار ہرمز بن نوشیروان - صفدر لاہوری فوقانی -
ز دنیا ہر کہ آمد رفت آخر + ز ہر نیک و بد و ہر خاص و ہر عام + بجز
نام از جہان چیزے نہ بر بند + شہان اسکندر و دارا و بہرام +
بہایم - چارپائے مثل اسپ شتر و غیرہ - جمع بہیمہ جسکے معنی
چارپایہ کے ہین - فرید الدین عطار - مدد کم خور گرچہ صایم مستی
پر مخور تا آخر بہایم نیستی +
بہیم - بحصر و ملفوظ و بالاخطاء اور نام ایک راجہ کا ہند کے راجاؤن
مین سے اور نام ایک گھوڑے کا -
بہ آفرید - اسفندیار بادشاہ کی بہن کا نام تھا جسکو ارجاسپ نے
اسیر کرکے روئین دژ مین رکھا تھا - اسفندیار وہان گیا اور ارجاسپ
کو قتل کیا بہن کو قید سے چھڑایا -
بہامین - بہار کی فصل پھولون کا موسم -
بہاران - بہار کا موسم -
بہرام چوبین - یہ شخص ہرمز بن نوشیروان کے لشکر کا سپہ سالار تھا
چونکہ قد اسکا لمبا اور بدن لاغر تھا اس لیے بہرام چوبین اسکو کہتے تھے -
بہرامن و بہرامان - گل معصفر کسوب کے پھول اور قسم ایک
کپڑے کی جسکو بافتہ ابریشمی کہتے ہین اور قسم یاقوت سرخ اور
وہ گھگہ جو عورتین منہ پر لگاتی ہین -
بہرمن - بتخانہ و قسم یاقوت سرخ -
بہلستان - نام ایک ملک کا -
بہترین - بہت بہتر - سب سے اچھا - اچھون مین سے -
بہتان - بضم اول - کسی کو جھوٹی تہمت لگانا - افترا باندھنا -
بہمن - بفتح اول - نام ایک شمسی مہینے کا جسمین آفتاب برج دلو مین
ہو اور نام دوسرے روز کا ہر مہینے شمسی سے - اور نام ایک فرشتہ کا جسکو
عقل اول کہتے ہین - اور نام ایک بادشاہ کا جو اسفندیار کا بیٹا تھا اور نام
ایک وادی کا یعنی بہمن مرغ و بہمن سپید - نام ایک پردہ موسیقی کا - وحید
ہیچ دنیا کار دنیا جملہ ہیچ + ہیچ مال و ملک عزو افتخار - بسفت کیکاؤس
و رستم از جہان + رفت زال و بہمن و اسفندیار +

بھو بفتح اول - بڑا مکان - عالیشان حویلی -
بہ - بہتر بہت اچھا اور نام ایک میوہ کا -
بہار خانہ - بتخانہ - کیونکہ بہار کے معنے بت کے ہین -
بہرامہ - درخت بید مشک اور کپڑا ابریشمی جو سبز و سرخ دونون قسم کا ہے -
بہرمہ - ترکھانون کا اوزار جس سے لکڑی کو سوراخ کرتے ہین برمہ بھی اسکو کہتے ہین -
بہرہ - حصہ و نصیب -
بہمنہ - لٹو جسکو بچے پھراتے ہین -
بہمنجہ - ماہ بہمن کا دوسرا دن جس روز فارسی عید کرتے ہین -
بہنانہ - بفتح اول - بوزنہ یعنے بندر جو مشہور جانور ہے -
بہنانہ - بکسر اول - قلیچہ اور روغنی روٹی -
بہینہ - بکسر اول ہفتہ کا دن اور نداف و حلاج روئی دھنکنے والا -
بہدانہ - تخم ہے جسکا لعاب دوا مین مستعمل ہے -
بہیتہ - بفتح اول - روشن اور چمکتا ہوا -
بہیہ - بکسر اول - میوہ بہی -
بہیمہ - چارپایہ - اونٹ - گھوڑا - گدھا وغیرہ -
بہلہ - بفتح اول - چمڑے کا دستانہ جو شکاری شکرہ باز کو ہاتھ پر بٹھلاتے ہین
بہانہ حیلہ - مکر و فریب -
بہیمی - چارپایے والی عادت یا خصلت -
بہی - بکسر من - ایک میوہ کا نام ہے - اور بھلائی -
بہی - بفتح اول و کسر ثانی - روشن اور چمکتا ہوا - خوب زیبا -
بہرامی - بہادری - دلاوری -
بہشتی رو - خوش صورت و خوبرو - سعدی - نہ آنچنان بتو مشغولم ای بہشتی رو + کہ یاد خویشتنم در ضمیر می آید -

باب با یای تحتانی

بیت الخلا - پاخانہ - صحت خانہ - رفع حاجت کا مقام -
بیدا - میدان اور بیوندا و ہلاک ہونا -
بیضا - بفتح اول - روشن اور چمکتا ہوا - اور آفتاب اور نام ایک شہر کا
بینوا - مفلس - تنگدست - بے سامان -
بیدپا - ایک ہندی حکیم کا نام ہے -
بیا - آ - صیغہ امر آمدن سے - اور بیٹھا ہوا - اور گھر کا دروازہ -
بیتا - ہندی زبان مین بیت یعنے گھر -
بیدگیا - ایک گھاس کا نام ہے جو دوا مین مستعمل ہے -

بیدلا - سخنان بے ربط و ہذیان
بیرتوشا - ہندی زبان مین خیار جسکو فارسی مین بادرنگ ہندی مین کھیرا کہتے ہین -
بے سروپا - بے سامان - سراسیمہ - پریشان -
بیلوا - دارو فروش - دوا بیچنے والا -
بے محابا - بیدریغ و بے ترس -
بینا - دیکھنے والا - صاحب بصارت - اور ہندی زبان مین مہینہ جسکو فارسی مین ماہ - عربی مین شہر کہتے ہین -
بیوراسپ - دس ہزار گھوڑا - یہ لقب ضحاک بادشاہ کا تھا کہ دس ہزار گھوڑا خاص سواری کا رکھتا تھا - بیور کے معنے دس ہزار - اسپ کے معنی گھوڑا -
بیست - بروزن چیست - بیس عدد - عربی عشرین -
بیوت - بضمتین - جمع بیت بمعنے گھر -
بینات - بفتح اول - روشن کرنے والے اور گواہ روشن اور روشن دلیلین - جمع بینہ کی نیز بینات ایک قسم کا حساب عدد حروف ابجد ہے - اور نام ہر ایک حرف کا باعتبار اسکے تلفظ کے لیتے ہین - دو حرفی حروف سے دو حرف لے کر پہلا حرف جو اسکا مسمے ہے ترک کر دیتے ہین اور دوسرا جو باقی رہتا ہے اسکے عدد لے لیتے ہین - اسی طرح سہ حرفی حروف سے پہلا چھوڑ کر دو باقیماندہ کے اعداد لیتے ہین جس طرح ہر کہ سین و شین و عین و غین کے جو تین تین حرف ہین پہلا حرف چھوڑ کر یا اور نون کے ساٹھ ساٹھ محسوب ہونگے - الف کے ایک سو دس - صاد اور ضاد کے پانچ پانچ با اور تا اور ثا کا ایک ایک اور ہر ایک حرف کے ابتدائی حرف کو جب چھوڑ کر عدد نکالتے ہین تو اسکو زبر کہتے ہین -
بیات - بفتح اول و ثانی - موسیقی کے ایک شعبہ کا نام ہے اور ترکی مین نام ایک قوم کا اور عربی مین رات کا وقت اور رات کی باسی روٹی
بے خواست - بے تلاش و بے سوال - خود بخود
بیعت - اپنے آپ کو بیچ دینا - غلام و مطیع ہوجانا - مرید ہونا
بیتوتت - بفتح اول - کسی کے گھر مین رات کاٹنا -
بیت - گھر جسکو فارسی مین خانہ کہتے ہین اور شعر جسکے دو مصرع موزون ہون
بینونت - جدائی و مفارقت و علیحدگی -
بے حمیت - بے غیرت - بیحیا - نثر سعدی - ببین آن بے حمیت را کہ ہرگز نخواہد دید روی نیکبختی تن آسانی گزیند خویشتن را

زن و فرزند بگذاشد به سختی

بیوتات۔ بادشاہی محل بیگمون کے رہنے کے۔
بیدخت۔ بکسر اول۔ ستارۂ زہرہ جسکو ناہید بھی کہتے ہین تیسرے آسمان پر پانچوین ولایت کا مالک۔
بیخ۔ اصل و جڑ ہر ایک درخت کی۔
بیدخ۔ بفتح اول و فتح دال۔ گھوڑا تند و تیز۔
بیستاخ۔ گستاخ و بے ادب۔
بیاد۔ بکسر اول۔ ہشیار و بیدار و باخبر۔
بیخود۔ بیہوش و بیخبر و مست۔
بید۔ بفتح اول۔ جمع بیدا بمعنی جنگل و بیابان و بیوند اور ہلاک ہونا۔
بید۔ بکسر اول نام ایک درخت کا ہی جو پھل نہین رکھتا۔ اور جو رکھتا ہی تو کھانے کے قابل نہین اور بید سادہ سوائے شگوفہ کے میوہ نہین رکھتا اسکے اقسام مثل گربہ بید۔ و خر بید و بید مجنون و مشک بید و بید موش و بید طبرکی و بید سادہ و سرخ بید و سیاہ بید و بید مولہ وغیرہ بہت ہین۔ **شوکت بخاری**۔ مردم دیوانہ را دولت بہ پیری میرسد بید مجنون چون خزان گردید زنجیر بلاست + و بمعنی شعور و ہوش و خبرداری۔ و بیہودہ۔ اور نام ایک کوہ کا مازندران مین۔ اور نام اس کرم کا جو کاغذ و قالین و پشمینہ کو خراب کرتا ہی۔ اور ہندوؤن کے اصل اصول کی چار کتابین جنکو چار بید کہتے ہین۔ اول رکھ بید دوم ججر بید تیسرے سیام بید چوتھی اتھربن بید تین بیدون مین احکام شریعت و امر و نہی درج ہین۔ اور چوتھی مین اول آفرینش سے آخر تک۔
بیداد۔ ظلم و ستم اور ظالم و ستمگار۔ **نظامی** ۔ و بیداد و پیشہ بہ پیش اندرون + بہ بیداد خود شاہ را رہنمون۔
بیدوفند۔ بکسر اول اور چوتھا حرف واو مفتوح ایک دوا کا نام ہی جسکو فناداند بھی کہتے ہین۔ آنکھون کی روشنی کے لیے مفید ہی۔
بیزرد۔ بکسر اول ایک گوند مصطگی کی طرح سبک و خشک بو تند و تیز ہی۔ بچہ مردہ کو پیٹ سے نکالتا ہی حیض بند کو جاری کرتا ہی۔
بیکند۔ بفتح۔ شہر کا نام ہی جسکو فریدون نے آباد کیا تھا اور یہی شہر پایۂ تخت افراسیاب تھا۔
بیہود۔ وہ چیز جو آگ کی گرمی سے جلنے کے قریب ہو پہنچ چکی ہو۔ ناحق و باطل و بیفائدہ۔ **اشرف بخاری**۔ غم دنیا مخور کہ بیہودہ است + ہیچکس در جہان نیاسودہ است۔

بیطار۔ چارپایون کا علاج کرنے والا طبیب۔
بے روزگار۔ وہ شخص جو کوئی کسب نجانتا ہو۔ **سعدی**۔ آوارہ ام بس بیقرار است + بہ بند زلف او بے روزگار است +
بیدار۔ ہوشیار۔ دانا۔ عقلمند۔ یہ لفظ خفتہ کے مقابلہ میں ہی۔ **میر خسرو دہلوی**۔ چون ہمت بیدار داری ہمہ آن باشد کہ با این کار رواری مو تمام شب ہمہ شب بذکر و فکر گذار + دیدہ خوابیدہ دار و دل بیدار +
بیت المعمور۔ یہ ایک مسجد چوتھے آسمان پر زمرد سبز و یاقوت سرخ سے بنی ہوئی مقابل کعبۂ معظمہ کے ہی۔ پہلے زمین پر تھی۔ نوح نبی کے طوفان کے وقت فرشتے اسکو اٹھا کر آسمان پر لے گئے۔
بیدانجیر۔ ایک درخت ہی جسکو ارنڈ کہتے ہین اسکے پھل کا تیل نکلکر دوا مین صرف ہوتا ہی۔
بیدر۔ بیائے مجہول۔ دکن مین ایک شہر ہی۔
بیر۔ بکسر اول۔ عربی مین کنوان جسکو فارسی مین چاہ کہتے ہین۔
بئس المصیر۔ کنایہ دوزخ۔ مقام بد۔
بیاوار۔ بفتح اول و حرف چہارم واو۔ کام شغل عمل علاقہ تعلق۔
بے جوہر۔ بے عقل۔ بے ہنر۔
بید ستر۔ بکسر اول۔ ایک حیوان کا نام ہی کہ پانی و خشکی مین رہتا ہی ترکی مین اسکو قندز اور ہندی مین لدبر کہتے ہین اسکے خصیون کو جند بید ستر کہتے ہین جو دوا مین مستعمل ہین۔
بیر۔ بکسر اول و سکون یائے مجہول۔ حفظ کرنا۔ ازبر کرنا و صاعقہ و طوفان۔ بامہ خواب۔ زرائی ضائین و توشک۔
بیسر۔ بکسر اول و سکون یائے مجہول۔ ایک شکاری جانور کا نام ہی۔
بیسو۔ بکسر با و سکون یائے تحتانی۔ ایک شہر کا نام ہی۔
بیش بہا۔ ایک نہال ہی جو ہمیشہ سر سبز رہتا ہی کبھی پتے نہین جھاڑتا۔ گیلان مین اسکو ہمیشہ جوان۔ اور عربی مین حی العالم کہتے ہین اسکے پتون سے مگر بہت سبز رنگ نکال کر کپڑے رنگتے ہین۔
بیمار۔ مریض و خستہ و ناتوان۔
بیوار۔ بکسر اول۔ دس ہزار کا عدد۔
بے نیاز۔ بے احتیاج جو کسی کا محتاج نہو۔ **مولف**۔ پیش کس حاجت مبر اندر جہان + باش محتاج خدائے بے نیاز +
بیدار مغز۔ دانا۔ و ہوشیار آدمی۔
بیزار۔ حیوانات کے سینگ۔
بیواز۔ بکسر اول و زیر حرف واو خفاش جسکو شب پرہ فارسی مین اور ہندی مین

چمگادڑ کہتے ہین۔

بیمار خیز۔ جو شخص بیماری سے اُٹھا ہو۔

بیت المقدس۔ یہ عمارت شام کے ملک مین داؤد علیہ السلام نے شروع کی اور سلیمان علیہ السلام نے ختم کی اور قبلہ انبیا کا قرار پایا۔

بیناس۔ گھر کا دریچہ۔ ہوادان۔

بیوس۔ بفتح اول و ضم یاے۔ تواضع و چاپلوسی خواہش و طمع۔

بیہوشش۔ بیخبر بجو دبیہوش و بیکس تنہا۔ مجرد۔

بے غل و غش۔ راست راست۔ خالص بغیر ملاپ کے۔

بیش۔ بیاے مجہول۔ زیادہ بہت بڑھ کے۔ **مولف**۔ کہ بدست آید ترا اندر جہان + مال بیش از رفعت و از مقسوم بیش۔

بینش۔ عقلمندی۔ دانائی۔ بصارت۔ **مولف**۔ دیکھتا ہی جو اہل بینش ہی + حق کو زیر و زبر مین ویسا +

بیارش۔ بفتح اول و کسر راے۔ تدبیر و چارہ۔

بیجاوس۔ لوہے کا میل جسکو ریم آہن کہتے ہین۔

بید موش۔ ایک قسم کے درخت بید کا نام ہی۔

بیش۔ بکسر اول و یاے معروف ایک گھاس کی جڑ ہی جسکو ماہ و پروین کہتے ہین۔ زہر قاتل اور کشندہ ہی۔

بیش موش۔ ایک چھوٹا جانور چوہے کی شکل کا درخت بیش کی جڑ مین سوراخ کرکے رہتا ہی بیش کے دفع زہر کے لیے اُسکا گوشت تریاق ہی عربی مین اسکا نام فارۃ البیش ہی۔

بیاض۔ بفتح اول۔ ہر چیز کی سفیدی اور سادہ کاغذ اور نام ایک شکل کا رمل کی سولہ اشکال سے۔

بیض۔ بفتح اول۔ جمع بیضہ بہت سے انڈے اور عورتین سفید رنگ جمع بیضا اور ایام بیض تیرہوین چودھوین پندرھوین ہر ایک چاند کے ہین۔

بیع۔ بفتح اول۔ بیچنا اور خریدنا۔

بیاع۔ بفتح اول و تشدید ثانی۔ بائع و مشتری بیچنا اور خریدنا۔

بیت الشرف۔ عزت و بزرگی کا گھر اور اہل نجوم کے نزدیک شرف آفتاب کا برج حمل مین اور شرف قمر کا ثور مین اور شرف مشتری کا سرطان مین اور شرف زہرہ کا حوت مین اور شرف عطارد کا سنبلہ مین اور مریخ کا جدی مین اور زحل کا میزان مین ہی۔ مصرع۔ آن مہر اوج سلطنت اندر بیت الشرف چون آفتاب +

بیت العتیق۔ خانہ قدیم یعنی خانۂ کعبہ۔ بیت اللہ۔ شعر قطوبی لباب کبیت العتیق + حوالیہ من کل فج عمیق +

بیدق۔ شطرنج کا پیادہ۔ حافظ۔ تا چہ بازی رخ نماید بیدقی خواہیم راند + عرصۂ شطرنج رندان را مجال شاہ نیست۔

بیرق۔ علم اور فوج کا نشان جو بہت بڑا نہو۔ ملا شانی تکلو۔ دگر خیل خصومت را مجال آن رسیدن نیست + چو در میدان اشاہ محبت بیرق اندازد۔

بیباق۔ جس حساب کی باقی کچھ نہ رہے۔

بیلک۔ وہ تیر جسکا پھل چوڑا ہو۔ سعدی۔ یکی آہنی پنجہ در زرد بیل + ہمی بگذراند بیلک ز نیل۔

بید مشک۔ ایک درخت ہی جسکے پھول ابتداے بہار مین ہوتے ہین بیلے خوشہ کی صورت پر نہایت خوشبودار نکلتے ہین عرق انکا بو نکالتے ہین۔ **نظامی**۔ ایران نگر تا بروز سفید + قلم چون تراشند از مشک بید + نہان مرا آشکارا برند + ز گنجینہ گوہر تا بخارا برند +

بیجک۔ ہندی لفظ ہی۔ فرد اسباب تجارت کی جو ایک شخص دوسرے کے نام روانہ کرے اسباب کے ساتھ روانہ کرنے مین اسمین مفصل مال جنس وار مع قیمت و محصول درج ہوتا ہی۔

بیسراک۔ جوان اونٹ اور وہ اونٹ جسکی ماں عربی اور باپ اُسکا کسی اور ولایت کا ہو۔

بیرنگ۔ وہ عمارت کا نقشہ جو عمارت کے بنانے سے پہلے بطور نمونہ کھینچتے ہین اور وہ نقشہ جسمین ابھی رنگ نہ بھرا گیا ہو۔ اور وہ عکسی نقشہ جو دوسرے نقشہ سے اُتارا گیا ہو۔

بید برگ۔ ایک تیر بید کے پتے کی صورت پر ہوتا ہی۔

بیک۔ امیر و حاکم۔ ترکی لفظ ہی۔

بیگلر بیگ۔ امیر الامرا اور بڑا حاکم۔

بیلنگ۔ وہ گھاس جس سے بوریا بناتے ہین۔

بیباک۔ بیخوف۔ بہادر و شجاع۔

بیرنگ۔ بے غیرت۔ دیوث۔ بے حمیت۔

بیناسک۔ گھر کا دریچہ۔

بیوگ۔ عروس وہ عورت جسکی شادی ہوئی ہو۔

بیت المال۔ بادشاہی خزانہ جو حق رعیت و فوج کا ہو۔

بیل۔ آہنی ہتیار جس سے زمین کھودتے ہین۔ کدال پھاوڑا کنتی وغیرہ۔

بیمال۔ صیقل کرنا اور زنگ اُتارنا تلوار وغیرہ کا۔

بیغال۔ نیزہ۔ برچھی جسکو عربی مین رمح کہتے ہین۔

بیت الحرام۔ گھر عزت و حرمت کا۔ کعبۃ اللہ۔ سعدی۔ بدو گفت سالار بیت الحرام + کہ ای حامل وحی برتر خرام + بگفتا فراتر مجالم نماند +

بماندم کہ نیروے بالم نماند +

بیرم - بفتح اول تیر کمانون کا برمہ جس سے لکڑی کو چھیدتے ہین و بڑا تیر اور قسم ایک کپڑے کی و ترکی مین عید و جشن و خوشی کا موقع -

بیگم - دولتمند عورت امیر کی زوجہ یا دختر -

بیم - خوف - ڈر -

بیچون وچگون - بے مثل ذات ربانی شعر - خالی از عیب ست صنع ذات بیچون وچگون + در جنابش نیست کس را زہرہ چون وچرا

بیژن - بیاے مجہول - نام پہلوان پسر گیو جو رستم کا ہمشیرزادہ تھا اور افراسیاب کی لڑکی منیژہ کا عاشق تھا - مدت تک چاہ مین محبوس رہا اور مصائب اٹھائے تھا

بیابان - جنگل ویرانہ - اصل مین یہ لفظ بے آبان تھا -

بیستون - ایک پہاڑ کا نام ہے جسکو فرہاد نے شیرین کے حکم سے کھودا تھا

بیلقان - معرب بیلگان ایران مین ایک شہر ہے -

بیت الحزن - یعقوب علیہ السلام کا حجرہ جسمین وہ بیٹھ کر یوسف علیہ السلام کے فراق مین رویا کرتے تھے -

بیگاہان - صلات کا وقت -

بیقرین - بیمثل و بے نظیر -

بین - بفتح اول و سکون ثانی - درمیان -

بین بین - بیچو لیا بیچ -

بین - بفتح اول و تشدید یاے مکسور - روشن و ظاہر و آشکارا -

بیان - وہ تقریر جسکے ذریعہ سے کوئی امر ظاہر کیا جاے -

بیلزن - بھاٹ - زمین کھودنے والا -

بئس القرین - منافق دوست و ہمسایہ بد -

بید مجنون - ایک درخت کا نام ہے جسکی شاخین سب جھکی ہوئی ہوتی ہین

بیرون - باہر -

بیخ سوسن - ایک مشہور دوا ہے -

بیس - بکسر اول - ژندی زبان مین زہر قاتل -

بیون - بفتح اول - ژندی زبان مین افیون -

بیہن - بکسر اول و سکون یا - غار لشت کلان جسکو سینہ کہتے ہین اور وہ اپنے کانٹے اپنے جسم سے نکال کر پونون کو ہلاک کرتا ہے -

بیاستو - وہ شخص جسکے منہہ سے بدبو آئے عربی مین اس بیماری کو بخر کہتے ہین

بیرو - آدمی بے شرم و بد طبیعت اور وہ کمینہ جسمین ذرہ بھی اشرفی ہو -

بیو - بکسر اول و یاے مجہول - وہ کرم جو کاغذ اور پشمینہ مین پیدا ہو کر اسکو تلف کر دیتا ہے -

بیوہ - بفتح اول و ضم یاے معروف عروس جسکی نئی شادی ہوئی ہو -

بیشرو - زیادہ چلنے والا - آگوادمی -

بیت اللہ - سخانہ کعبہ - خدا کا گھر - مولانا اکبر لاہوری - دل نیست ہر تی الحقیقت ایک بیت اللہ ہے + سبکو اسکی سمت از راہ محبت راہ ہے +

بے چوبہ - ایک قسم کا خیمہ ہے -

بیشائبہ - بیشک - بے شبہہ -

بیشہ - جنگل ویرانہ - وادی -

بیعانہ - وہ تھوڑا روپیہ جو کسی چیز کے بیع کے اقرار پر پیشگی لیا جاوے

بیمہ - وہ روپیہ جو کسی ساہوکار کی معرفت محصول و بیمہ کسی کی طرف بھیجا جاے

بیہودہ - بیفائدہ بے سود - بے نفع -

بیگانہ - غیر و ناآشنا و ناشناس شعر - ناگہان جب ہمسے وہ دلبر یگانہ پھر گیا + اپنا بیگانہ پھر سارا زمانہ پھر گیا -

بے سکہ - بے مقدور کم رتبہ - وہ بادشاہ جو اپنا سکہ جاری نرکھتا ہو نظامی - کہ بے سکہ را چہ یارا بود + کہ ہمسکہ نام دارا بود +

بینہ - بفتح اول و یاے مشدد مکسور و نون مفتوح حجت روشن و گواہ -

بیوہ - بکسر اول و یاے مجہول ساکن وہ عورت جسکا خاوند مرگیا ہو یا وہ مرد جسکی عورت مرگئی ہو - وزن بیکار و بیلہ گرد او نام ایک اکا جسکو عربی مین فناء القہری و قثاء الحمار کہتے ہین -

بیجادہ - ایک زرد و سرخ جوہر کا نام ہے جو کہربا کی طرح گھاس کو اٹھا لیتا ہے -

بیضہ - مرغی کا انڈا اور خود لوہے کا جو سپاہی سر پر رکھتے ہین و جماعت و گروہ اور گرمی جو شدت کی ہو - و ہر چیز کا درمیانہ حصہ اور دردسر جو تمام سر مین محیط ہو -

بیارہ - بروزن شرارہ - وہ درخت جسکی ساق قائم نہو مثل کدو و خیار و خربزہ وغیرہ -

بیرانہ - ویرانہ - اجاڑ جنگل -

بیبی - مخفف بی بی - عورت - معشوقہ -

بیگاہ - ناوقت - شام کے وقت -

بیلہ - بیاے مجہول - زمین جو خشک ہو اور چارون طرف اسکے پانی محیط ہو - و بمعنی حصار و نرتیلہ جسمین دو ائین ہون و قبالہ و منشور و خط -

بیانہ - ایک شہر کا نام ہے - جہان نیل بکثرت ہوتا ہے -

بے بہرہ - بے نصیب - بدقسمت -

بیتانہ - ژندی زبان مین بیگانہ -

بیلستہ - ایک قسم کا پھول ہو - اور ہاتھ کی انگلیان -
بیت اقصی - بیت المقدس پیغمبرون کا قبلہ جو شام مین ہو -
بیکوئی - بیکسی و بے رفیق -
بے حضوری - بیماری و ناتوانی اسواسطے کہ بیماری مین
عبادت قضا ہو جاتی ہو -
بید طری - ایک قسم بید کی ہو جو شگوفہ سرخ رکھتا ہو -
بے اندامی - بے ادبی و بے اعتدالی -
بیوگاق - شادی - کدخدائی جسکو ترکی میں طوی کہتے ہین بیوی کو کہتے ہین
بے نمازی - حیض کے دن -
بیضاوی - منسوب بہ بیضا جو ایک شہر ہو -
بیت المالچی - خزانچی جسکے حوالہ خزانہ ہو -
بیضی - سفید و شفاف - اور سفیدی جو انڈے کے اندر ہوتی ہو
اور نام اُس رطوبت کا جو درمیان پردہ عنبیہ و عنکبوتیہ کے ہو -
بیمروئی - بے مروتی و بے لحاظی و بے رونقی -
بیرنگی - بے چونی - یہ صفت خاص ذات احد کے متعلق ہو -
بید ماغی - کم توجہی - و کم التفاتی -
بے جگری - بزدلی - نامردی -
بینی - ناک - شعر نعتیہ مولف - یعنی وہ بینی کہ جسکا کام خود بینی
نہ تھا + دونون آنکھین مطلع عین الیقین نور کمال +
بیضوی - وہ چیز جو بیضہ کی شکل ہو -
بیشتی - زیادتی - بڑھاؤ -
بی بی - گھر کی عورت - گھر کی مالک -
بیداری - ہوشیاری و خبرداری -
بیتری - ہر ایک قسم کا فرش جو بچھایا جاے -
بیلائی - زندی زبان مین کنوئین کو کہتے ہین جسکو عربی مین
بیر فارسی مین چاہ کہتے ہین -
بے نیازی - بے پروائی - بے حاجتی - مولف - خاکساری
کام ہو اس بندۂ ناچیز کا + بے نیازی ہو خداے کبریا کے واسطے

دوسری فصل

اُردو لغات کے بیان مین

باب الف

بلہا - باپ - بزرگ - پیر و مرشد - جاے ادب - مولانا اکبر چند سوزہ
سر ہے دنیا کی + چلنے کو باندھ لو کمر بابا + قبر اصلی تمہارا مسکن ہو +
یان نہ بیٹھو بنا کے گھر بابا -
بادیا - بڑا پیالہ پانی پینے کا جسکو فارسی مین جام کہتے ہین -
بارہ سنگا - جنگلی گاے جسکے سینگ شاخ در شاخ ہوتے
ہین جسکو فارسی مین گوزن اور عربی مین ایل بروزن تیبد کہتے ہین -
باڑھیا - وہ شخص جو تلوار وغیرہ پر صیقل کرے - سان پر رکھے -
بالا - گوشوارا ایک زیور کا نام ہو جو عورتین کانون مین پہنتی ہین مولف
کان کا بالا جو دیکھا ہوگئے حلقہ بگوش + دیکھ لی زلف مسلسل
جب تو آگئے دام مین -
بانا - کپڑے کی بنت مین دو قسم کا سوت ہوتا ہو - ایک تانا جو
طول مین کھینچا جاتا ہو - دوسرا بانا جو عرض مین جولاہا اسمین ڈال کر
کپڑا بنتا ہو فارسی مین اسکو پود کہتے ہین اور عربی مین لحمہ -
بانٹنا - تقسیم کرنا - حصہ حصہ کرنا -
بانڈا - دُم کٹا - ابتر - خراب -
باجا - پیاز و طبلہ و سارنگی و نقارہ جو بجایا جاتا ہو -
باجرا - ایک قسم غلہ ہو جسکو عربی مین جاورس اور ہندی مین گاورس کہتے ہین
بادھا - وہ رقم جو اصل رقم سے زیادہ ہو -
باڑا - وقف مکان - قبرستان - تکیہ احاطہ جیسے نام باڑہ -
جانصاحب - کہان لائی ہو آہ ری تقدیر - ہوا باڑا تیرا کسطرح سے فقیر
باسا - آرام - سکونت - شب باشی - بسیرا -
بالا بالا - اوپر ہی اوپر - بے خبر - مولف - دکھا کر اپنا بالا لے گئے
یار + مرے دل کو اڑا کر بالا بالا -
بانکا - طناز - صف شکن - ضعدار - بیباک - اکڑباز - متکبر - مغرور - چھیل چھبیلا - البیلا -
باوا - بزرگ آدمی - باپ - پیر و مرشد - گرو -
باہا - واسطہ - لین دین -
باپ - بپا - پدر - اب - قطعہ مولف - تیرے بیٹے تو جیتے جیتے
جبکہ تیرے عزیز اور رہا باپ + اپنا غم کھاؤ آپ اے سرور + فکر
رکھو ہمیشہ اپنی آپ +
بانب - ایک قسم کی مچھلی کا نام ہو جو سانپ کی صورت پر ہوتی ہو -
بات - سخن - کلمہ - قول - مقولہ - کہانی - کہاوت - حکایت - کلام -
تقریر - تسیم - منظور جو ہی حیات میری + تو مان لے ایک بات میری میتر جہری
تو مدتون سے مساوات ہوگئی + گلی کبھی نہ دی تھی سو آج بات ہوگئی جرأت
منہ سے نکلی کچھ ایسی بات کہ اب + بات کرنے کی بھی نہ بات رہی +

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی ۔ حیف آہ آس بت سے
ملاقات نہونے پائی ۔

بات چیت ۔ گفتگو ۔ تقریر ۔ کلام ۔
باٹ ۔ سنگ ترازو جس سے کوئی چیز تولین ۔
بالشت ۔ انگوٹھے سے چھوٹی انگلی تک کا فاصلہ ۔ اس صورت مین کہ پنجہ کھلا ہو فارسی مین اسکو وجب اور عربی مین شبر کہتے ہین بکسر شین ۔
بانات ۔ یہ ایک اعلی کپڑا یورپ مین بنا جاتا ہی عربی مین اسکو جوخ اور فارسی مین سقرلات کہتے ہین ۔
بانجھ ۔ وہ عورت جسکو حمل نہو اور نہ بچہ جنے عربی مین عقیمہ و عاقر فارسی مین سترون کہتے ہین ۔
باد ۔ وہ کھوٹ جو چاندی سونے مین سنار ڈالتے ہین ۔ اور بیماری جسکو باد فرنگ کہتے ہین ۔
بازو بند ۔ ایک زیور کا نام ہی جو عورتین بازو پر باندھتی ہین ۔
باگ ڈور ۔ گھوڑے کے کھینچنے کا رستہ اسکو عربی مین مقود اور فارسی مین پالنگ کہتے ہین ۔
بازیگر ۔ ایک قوم کا نام ہی جو طرح طرح کے کھیل کرتے ہین ۔
بالچھڑ ۔ یہ ایک خوشبودار گھاس ہی جسکو عربی مین سنبل و سنبل الطیب کہتے ہین ۔
بانگر ۔ اونچی اور سخت اور ویرانہ زمین ۔
باہر ۔ مقابل اندر کے ۔ الگ ۔ جدا ۔ فارسی مین بیرون ۔
باڑ ۔ تلوار کی دھار ۔ دم شمشیر ۔ احاطہ بندی ۔ حد بندی ۔ کھیتی کی باڑ جو کانٹون سے لگائی جاتی ہی ۔ بندوقون اور توپون کو ایک ہی بار چلانا ۔ باڑ مارنا ۔
بازار ۔ شہر مین جہان دو طرفہ لمبی قطار دوکانون کی ہو اسکو بازار کہتے ہین ۔ خرید و فروخت کا مقام ۔ منڈی کی جگہ ۔ شعر مولف ۔ تو وہ خورشید ہی جس سے در و دیوار روشن ہی ۔ ضیا گھر گھر ہی اور ہر کوچہ و بازار روشن ہی ۔
باز ۔ مشہور شکاری جانور ہی ۔ مولف ۔ لگا کر شوق کے پر اپنے دل کو ۔ کرون ہندوستان سے جبکہ پرواز ۔ خدا چاہے پہونچ جاؤن مدینے ۔ بیک پرواز مثل صورت باز ۔
باس ۔ بو ۔ خوشبو ہو یا بدبو ۔
بانس ۔ ایک مشہور لکڑی ہی ۔
بائیس ۔ ایک عدد ہی جسکو فارسی مین بست و دو اور عربی مین اثنان و عشرین کہتے ہین ۔

باغ ۔ وہ سرزمین ۔ جہان درخت اور گلزار ہو ۔
باغ باغ ۔ بہت خوش ۔ نہایت خورسند ۔ **شعر مولف** ۔ باغ کا گر تم دل اور مہربان ہو باغبان ۔ گل رہے سرسبز گلشن بازدلبل باغ باغ ۔
بابرنگ ۔ ایک دوا کا نام ہی جسکو فارسی مین برنگ کابلی کہتے ہین ۔
باگ ۔ گھوڑے کی لگام جسکو عربی مین عنان کہتے ہین ۔
بادل ۔ فارسی مین ابر ۔ عربی مین سحاب ۔
بال ۔ اسکو فارسی مین مو عربی مین شعر کہتے ہین ۔
باتین ۔ بات کی جمع ہی ۔
بان ۔ یہ ایک چیز آتشبازی کی قسم مین سے ہی جسکے خول مین بارود بھری جاتی ہی اور اسکے ساتھ ایک پتلا بانس باندھ دیتے ہین اور جنگ کے موقع پر دشمن کی فوج کی طرف آگ لگا کر چھوڑ دیتے ہین بعد وہ وہان پہونچ کر گھوڑون اور آدمیون مین تفرقہ ڈال دیتا ہی خشک چیزون مین آگ لگا دیتا ہی ۔ خون بھی کثر کرتا ہی ۔
باسن ۔ برتن جسکو آوند و ظرف کہتے ہین ۔
بائین ۔ سمت چپ ۔
بازو ۔ بیرونی اعضا مین سے ایک عضو ہی ۔ مرفق سے شانہ تک عربی مین عضد عضد رفوقانی ۔ اگر ہستی قوی بازو قوی زور ۔ بکن زور آوری بہ مور کمزور ۔
بابو ۔ بزرگ ۔ امیر ۔ حاکم ۔
بالو ۔ فارسی ریگ ۔ عربی رمل ۔ مشہور ریت ۔
بانگرو ۔ جنگلی ۔ بانگر کا رہنے والا ۔
باندھنو ۔ ایک قسم کی بندش ہی جو کپڑا رنگنے سے اول کپڑے پر تاگے سے باندھ دیتے ہین اس کپڑے کو باندھنو کہتے ہین جو اکثر عورتین پہنتی ہین ۔
باو ۔ ہوا جسکو فارسی مین ہوا اور عربی مین ریح کہتے ہین ۔
بابونہ ۔ اسکی صفت فصل ادویات مین تحریر ہی ۔
باچھ ۔ انسان کے دہان کے دونون گوشے ۔
بارہ ۔ فارسی مین دوازدہ عربی مین اثنا عشر ۔
بانہہ ۔ بازو جو ایک عضو ہی ۔
باڑھ ۔ ایک دریا کا نالہ پشاور مین ہی اسکے کنارے ایک قسم کا عمدہ چانول پیدا ہوتا ہی اسکو بھی باڑھ کہتے ہین ۔
باشہ ۔ ایک شکاری مرغ کا نام ہی ۔ جو باز کی قسم مین سے ہی ۔
باگھ ۔ شیر جو ایک درندہ جانور ہی عربی مین اسکو اسد کہتے ہین ۔
بالاخانہ ۔ بالائی منزل مکان کی ۔ جو انکار ریاست دستکشی

بہ بالا خانۂ دولت نشستی +

باندھ - وہ بند جو پانی کے جرلے پر باندھتے ہین - فارسی مین بند آب عربی مین برغ کہتے ہین -

بایان ہاتھ - دست چپ -

بارانی - وہ پوشاک جو بارش مین پہنتے ہین - اور وہ زمین جسمین بارش کے پانی سے کھیتی ہو -

بارہ بانی - خالص سونا جسمین کھوٹ نہو -

بار برداری - اونٹ خچر - گدھا وغیرہ جن پر سفر کا سامان لادین -

باری - نوبت و ہنگام وقت - بعتیہ از موکف - سمجھے جاینگے گنہگار جو ہین امت کے بفضل باری سے جب ان لوگون کی باری آئے

بازاری - بازار کی چیزین اور بازار کے لوگ -

باسی - رات کا رہا ہوا کھانا - فارسی مین اسکو شبانہ اور عربی مین بائت کہتے ہین -

بالی - گندم کا خوشہ جسکو عربی مین سنبلہ اور ترکی مین باشاق کہتے ہین

بانبی - سانپ کا سوراخ جسمین وہ رہتا ہو عربی مین اسکو مجر کہتے ہین

بانسلی و بانسری - نے جسکو بجاتے ہین -

بادبندی - ہوابندی - بیفائدہ و بےسود کام -

باورچی - کھانا پکانے والا - طباخ -

باولی - زینہ دار کنوان جسکو فارسی مین وائی کہتے ہین اور دیوانی عورت

باتونی بہت سی باتین بنانے والا آدمی فضول گو - بکواسی -

بانڈھی - لکڑی کی چھڑی جو ہاتھ مین رکھین -

بانی - داستان - تقریر - گفتگو - کلام -

باڑھی - کھیتی زراعت -

بادامی - رنگ مشہور ہے اور وہ مخروطی ڈبیا جو بادام کی شکل ہے

باد فروشی - فضول گوئی - بکواس بیہودہ تقریر -

بادی - بلغم و ریزش وغیرہ -

بالائی - ملائی جو دودھ ... گرم کرنے سے آجاتی ہے -

با با بای

ببتا - بکسر اول سختی مصیبت - ناگہانی بلا -

بپھرنا - دماغ مین آنا - باغی ہونا - مچلنا -

بباد - فتنہ فساد - خرابی -

ببول - خاردار درخت ام غیلان یعنے کیکر

ببری - سر کے بال منڈ لفین - لیٹن -

با با تا

بتھوا - ایک سبزی کا نام ہے جسکو گنوار لوگ کہاتے بھی ہین عربی مین اسکو سرمق کہتے ہین -

بتا - بضم اول و تشدید تا - دھوکا - فریب -

بتولا - فریب دھوکا -

بتاسا - مشہور چیز ہے جو کھانڈ سے بنایا جاتا ہے -

بتانا - جتانا - واقف کرنا ظاہر کرنا -

بپتا - بکسر اول سرگذشت مصیبت کی کہانی داستان -

بٹا - بفتح اول و تشدید ثانی کمی خسارہ نقصان گھاٹا لوگون پتھر جس سے مصالحہ پیسا جاے اور وزنہ جس سے کوئی چیز تولین

بٹنا - رسی وغیرہ کو باٹنا بل دینا اور وہ آرد خوشبو مین ملایا ہوا جو عورتین بدن پر مل کر بدن کو صاف کرتی ہین - فروخت کرنا کم نا تقسیم ہو جانا -

بٹواسا - چھوٹا بوٹا - چھوٹا درخت -

بٹوا کیسہ جسمین روپیہ پیسہ ڈالین -

بٹیا - جو چیز لایق تقسیم کے ہو - چھوٹا سا رستہ - پگڈنڈی ناریل کی گری پستان - چھاتی کوچی - گول پتھر کا ٹکڑا یعنی چھوٹا سا بٹا -

بت - بضم اول مٹی یا پتھر کی مورت جسکو عربی مین صنم اور وثن کہتے ہین شعر ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو ہم عطا سمجھے + جو اسپر بھی نہ سمجھے بت تو اس بت سے خدا سمجھے -

بت - بکسر اول بساط - طاقت امکان - توفیق -

بٹ - بفتح اول بل پیچ بٹ کی سلوٹین جو رسہ بٹنے کا بٹ

بٹیر - مشہور پرندہ ہے جسکو فارسی مین تیہو کہتے ہین -

بتی باز - مداری - بازیگر - شعبدہ باز -

بتیس - ایک عدد ہے فارسی مین سی و دو عربی مین اثنان و ثلاثہ کہتے ہین

بتانہ - ایک زیور کا نام ہے جسکا ہندی مین کنگن بھی نام ہے عورتین ہاتھ مین پہنتی ہین - عربی مین اسکو سوار یکسر سین فارسی مین دستینہ و دست برنجن کہتے ہین -

بتی - اسکو فتیلہ کہتے ہین جو چراغ مین رکھکر جلاتے ہین - یا موم کی بتی جو جلائی جاتی ہے اور وہ بتی جو زخم کے اندر دوا سے بھر کر رکھتے ہین

با با جیم

بجا - درست - بیشک - صحیح - ذاوق - بجا کہے جسے عالم اسے بجا سمجھو + زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو +

بجانا۔ نواختن یعنے بجانا کسی باجہ کا۔ کاملہ بیگم۔ غرورحسن پرنا حق وہ ہمسے جھانج کرتے ہین + یہ نوبت چند روزہ ہر بجاے جسکا جی چاہے

بجالانا۔ ادا کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام تک پہونچانا مفتی اکبر۔ جان و دل

بجھہ کیا ہی قربان۔ ہم بجالاے ہین فرمان تیرا +

بجد ہونا۔ ضد کرنا۔ اصرار کرنا۔ مصر ہونا۔

بجنا۔ آواز دینا نقارہ وغیرہ کا۔ مفتی حیدر لاہوری۔ پڑا ہی بیخبر کس واسطے اس خواب غفلت مین + ترے سر پہ ہمیشہ موت کا نقارہ بجتا ہی +

بجوڑ نا۔ بیٹھا ملانا۔ ٹھیک بنانا۔

بجوگ پڑنا۔ جدائی ہونا۔ بچھڑ جانا۔

بجھانا۔ آگ پر پانی ڈالنا۔ سرد کرنا۔ شعلہ فرو کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔

بجھنا۔ سرد ہونا۔ ٹھنڈا ہونا آگ کا۔

بچاجانا۔ بھاگ جانا۔ ٹال دینا۔ چھپ جانا۔

بچارنا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ تامل کرنا۔ خیال کرنا۔

بچانا۔ حفاظت کرنا۔ محفوظ رکھنا۔

بچکانا۔ چھوٹی لڑکی یا لڑکا۔

بچلنا۔ پھسلنا۔ چوکنا۔ بھولنا۔

بچنا۔ محفوظ رہنا۔ بیماری سے شفا پانا۔ رہائی پانا۔ خلاص ہونا۔

بچھانا۔ فرش کرنا۔ بچھونا کرنا۔

بچھڑا۔ گاے کا بچہ۔

بچھیا۔ وہ گاے جسنے بچہ نہ دیا ہو۔

بچھنا۔ فرش ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔

بچھونا۔ فرش جو بچھایا جاے۔

بچھوڑا۔ جدائی۔ فراق علیحدگی۔

بچ۔ بفتح اول۔ ایک دوا ہی جسکو عربی مین وج کہتے ہین۔

بچن۔ قول۔ اقرار۔ عہد۔ پیمان۔

بچو۔ ایک جانور کا نام ہی جسکو گفتار فارسی مین کہتے ہین۔

بچھو۔ موذی جانور ہی جسکو فارسی مین کژدم عربی مین عقرب کہتے ہین

بچاؤ۔ پناہ۔ روک۔ آڑ۔ حفاظت۔

بچنہ۔ وہ کپڑا جو عورتین حیض کے دنون مین اندام نہانی پر رکھتی ہین

بچہ۔ آدمی یا کسی جانور کا۔

بجلی۔ جو بادل مین چمکتی ہی۔ اسکو عربی مین برق اور فارسی مین درخش کہتے ہین۔ اور جو زمین پر گرتی ہی اسکو صاعقہ بولتے ہین مولف۔ ادھر ہین چشم گریان اور ادھر لب مثل گل خندان + ادھر پانی برستا ہی ادھر بجلی چمکتی ہی۔

بچی۔ چھوٹی ڈاڑھی جو لب کے نیچے چند بال ہوتے ہین فارسی مین اسکو ریش بچہ اور عربی مین عنفقہ کہتے ہین۔

باب با حا

بحث۔ یہ لفظ عربی اردو مین مستعمل ہی۔ باہمی تکرار اور مناظرہ و گفتگو

بحالی۔ بدستور سابق مقرر رہنا اپنی نوکری و عہدہ پر۔ اور حسب معمول اپنے عہدہ پر کام کرنا۔

باب با خا

بخارا۔ ایک مشہور شہر ہی۔

بخار۔ تپ جو انسان کو چڑھ جاتی ہی۔

بخرہ۔ حصہ۔ حق جو کسی کا ہو۔

بخشی۔ تنخواہ بانٹنے والا۔

بخاری۔ وہ دریچہ جو گھر کی دیوار مین دھوئین کے نکلنے کے لیے کھلی جاے اور بخارا شہر کا رہنے والا جیسے سید بخاری۔ قطعہ مولف۔ آج کل کے نائی دھوبی اور کشمیری کلال + مال اور دولت سے ہین لاکھی ہزاری بن گئے۔ چڑھ گیا تقدیر سے جھلکے ذرا سر پر بخار + شیخ کہلانے لگے سید بخاری بن گئے۔

باب با دال

بدبلا۔ نہایت شریر۔ فتنہ پرداز۔ خراب۔

بدکانا۔ بکسر اول۔ بھگانا۔ ڈرانا۔ چوکنا کرنا۔

بدلنا۔ پلٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت مین ہونا۔ تبادلہ کرنا

بدنا۔ بکسر اول۔ مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔

بدھ ملانا۔ آمد و خرچ کے حساب کا مقابلہ کرنا۔

بدھیا۔ بیل۔ نرگاؤ جو خصی ہو۔

بدیا۔ بکسر اول و تشدید ثانی۔ علم و ہنر۔

بدھوا۔ بکسر اول۔ وہ عورت جسکا خاوند مر جائے۔

بدرکاب۔ شریر گھوڑا۔

بدذات۔ پاجی۔ مفسد۔ شریر۔ فتنہ انگیز۔

بدمزاج۔ جسکا مزاج درست نہو۔ محمد انور لاہوری۔ نیک بندون سے بدی کرتا ہی وہ + ہو جو بدکردار و بدخو بدمزاج۔

بدبر۔ بدگمان۔ بدظن۔ بدارادہ۔ چراغ الدین وسن خوشنما ہمسے وہ دلبر کس لیے ہین + صفا باطن سے بدبر کس لیے ہین +

بدر۔ بکسر اول۔ کوفت کا کام جس سے چاندی ملواکے قبضون و بیٹھ آہنی

فولادی حقون مین کوفت کی جاتی ہی چنانچہ بدری جتنے قیمتی ہند مین بہت سے ملتے ہین۔

بدکار۔ فاسق۔ فاجر۔ بُرے کام کرنے والا۔ مولانا اکبر کہ کوئی سے کیا تعلق ہی بُرائی کے بغیر + عردک بدطینت و بدکار و بدکردار کا +

بدپرہیز۔ ناپرہیز آدمی۔ ہمہ خور۔ قطعہ ازمولف امان پاتا نہین ہی وہ فلک سے + جو ہو بدخو سے بدطینت ستمگار + بدی سے کوئی بھی جان بر نہوگا + کہ مرجاتا ہی بدپرہیز بیمار +

بدمعاش۔ چور۔ کیسہ بُر وغیرہ جسکی معاش نیک نہو۔ شعر مفتی حیدر ہوگی کب اُسکو بھلائی کی نصیب + بدا گر ہوگی معاش بدمعاش +

بددماغ۔ مغرور۔ متکبر۔ بدخو۔ بدخلق شعر مولف۔ ٹوٹتی ہی گردن گردن کشان + سرنگون ہوتا ہی آخر بددماغ۔

بددل۔ ڈرپوک۔ خائف۔ منافق۔ سید علی لغت۔ مرد بددل اہل دل کے کب برا آئیگا کیا + صورت اپنی زمرۂ مردان مین کھلائیگا کیا

بدفعل۔ بُرے کام کرنے والا زانی۔ چور۔ شرابی چراغ الدین روشن۔ نیک بندے یا دنیکی سے اُسے کرتے نہین + اس جہان مین جو کوئی بدفعل و بدکردار ہی +

بدلگام۔ سرکش گھوڑا۔ نظم کا سخت مولف۔ سر جھکا سجدے مین سرور صبح و شام + کس لیے بنتا ہی گھوڑا بدلگام +

بدنام۔ وہ شخص جسکا نام بدی سے لیا جائے اکبر اللہ ہوری۔ کیا کرتے ہین جو بدی کیے کلام + نیکنامون مین ہین وہی بدنام

بداؤن۔ ہندمین ایک شہر کا نام ہی۔

بدچلن۔ عیاش۔ بدطوار۔ بدافعال سے نیک ہی دل سے جو کرے نیکی + بد وہی ہی جو بدچلن ہوگا۔

بدزبان۔ جسکی زبان پر گالی گلوچ بیہودہ تقریر ہو۔ منفتی حیدر زمانہ بدزبان سے بھاگتا ہی + کہ کرتا ہی ہمیشہ بدکلامی +

بدن۔ انسان کا جسم سر سے پانون تک سے ہو کسنے اترکر نکلنا مت شب مہتاب مین + چاندنی ہو جائیگی میلا بدن ہو جائیگا +

بدو۔ بدنام۔ رسوا۔ انگشت نما۔

بدھو۔ بدھ والا عقلمند اور بطور استفہام احمق بیوقوف۔

بدمزہ۔ جس چیز کی لذت اچھی نہو۔ مولف۔ اُس لب شیرین کی لذت جب مجھے یاد آتی ہی تو جی اُکھتا ہی طبیعت بدمزہ ہو جاتی ہی۔

بدراہ۔ بُرا راستہ جسمین خطرہ ہو اور بدچلن آدمی شعر مولف آؤ سیدھے راستہ پر جسطرح سے ہو سکے + بدسے رک لو اس نفس سگ بدراہ کو نسیم

گر اُسکی تلاش مین ہو ان کھولی + بدراہ نہ کھسکیگا کوئی +

بدخواہ۔ دشمن بُرائی چاہنے والا شعر مولف۔ کوئی بیگانہ نہین دشمن ترا + بالکہ اپنا آپ تو بدخواہ ہی۔

بُدھ۔ عقل۔ ہوش۔ علم۔ فضل۔ ہنر

بدھ۔ حساب شمار و مقابلہ و روز چہار شنبہ۔

بدمعاملہ۔ جو شخص لین دین کا کھرا نہو۔ نلے ایمان معاملہ کا خراب۔

بدابدی۔ باہمی تکرار و بحث۔

بدعتی۔ مذہب مین نئی بات نکالنے والا خرابی ڈالنے والا۔

بدمزگی۔ آپس کی رنجیدگی و بگاڑ و ناموافقت۔

بدھائی۔ مبارکباد۔

بدی۔ بُرائی۔ سرکشی۔ ستربالی۔

بدھی۔ پھولون کا مالا جو گلے مین پہنا جاوے۔

بدشگنی۔ بدفال جسکو عربی مین طیرا کہتے ہین۔

بدکاری۔ فسق و فجور گناہ۔

بدلی۔ بادل کا ٹکڑا۔

بدھنی۔ آفتابہ پانی کا۔

بدمعاملگی۔ بدعہدی۔ لین دین مین خرابی نظم ازمولف۔ یہ بیوفائی وے اعتنائی و شوخی + یہ بدمعاملگی اور ایسی ویسی بدعہدی + ہزار بار کیا ہمسے وصل کا اقرار + مگر ملے نہ کبھی آپ ہمسے لیتنر بھی +

باب بارا سے

بُرا۔ خراب۔ ناقص۔ بد۔ بھلے کے مقابل۔ قطعہ کسیکا گر بھلا کرنے رہوگے + تمھارا بھی بھلا ہوتا رہیگا + بُرائی کی اگر نیت رہیگی + تو اپنا بھی بُرا ہوتا رہیگا +

بُرا بھلا۔ نیک و بد۔ خوب و زشت۔ جھوٹ و سچ۔ دشمن دوست خیر و شر۔ خدا جانے کہ اس دنیا مین کیا ہو + کسی سے کچھ بُرا ہو یا بھلا ہو

برجنا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔ روکنا۔ تھامنا۔ ہٹانا بُرائی سے۔

برسنا۔ بارش ہونا۔ پانی پڑنا۔ مولف۔ کیا اقرار ہمسے درینون نے کیے جانان + مثل مشہور ہی مرد کہیں گرجین کہین برسین +

برملا۔ روبرو منہ پر سامنے۔ علانیہ۔ قطعہ ہمسے چھپ چھپ کے گفتگو کرنا + اور رقیبون کو برملا ملنا + ایسے ملنے سے صبر بہتر ہی + فی الحقیقت ہی ایسا کیا ملنا +

بُرمُیا۔ بضم اول و حرف چہارم یلے مشدد۔ بدکار فتنہ پرداز۔ فسادی چغلخور۔ فتانہ۔ لُچا۔ چھٹا۔

بڑھیا - بفتح - وہ جنس جو زیادہ قیمت کی ہو -
بُڑھیا - بضم اول - عورت ضعیف عمر کی -
بڑا بوڑھا - بہت ضعیف مرد - بڑا نا آدمی جیسکا انور اللہ سورج
سنو دل سے بڑے بوڑھے کی باتین + کہ عقل و ہوش مین تمسے بڑے ہین
بڑانا نیند مین چونک اٹھنا - کابوس کی حالت مین ہونا -
بڑھانا - زیادہ کرنا - ترقی دینا - تعریف کرنا - خوشامد کرنا - مبالغہ کرنا - اٹھانا - بلند کرنا - گھٹاؤ کبر و عجب و بغض و کینہ + عبادت ہوسکے جتنی بڑھاؤ -
برچھا - مبا نیزہ جسکو عربی مین رمح کہتے ہین -
برھا - سیلاب کا رستہ جس رستہ پانی آتا ہو -
برما - وہ آہنی اوزار جس سے ترکھان لکڑی مین سوراخ کرتے ہین عربی مین اسکو مثقب اور فارسی مین سنہ واسکنہ کہتے ہین -
برمانا - لکڑی مین چھید ڈالنا -
برنگا - وہ چھوٹی لکڑیان جنسے کوئی بالاخانہ یا چھجہ مکان کا چھایا جائے
برو تھلا - دروازہ مکان کے ساتھ ملی ہوئی عمارت جسکو عربی مین سدہ کہتے ہین - دروازہ کی محراب و زینہ وغیرہ -
بڑا - کلان - لمبا - دراز - وسیع - چوڑا - چکلا - شعر ذوقی - کرو کام دنیا مین ایسا ذوقی + کہ جس سے تمہارا بڑا نام ہو -
بڑبڑانا - آہستہ ہونٹھون مین باتین کرنا - حالت رنج یا غصہ مین
بڑنکا - وہ شخص جسکی ناک بڑی ہو -
بڑھنا - زیادہ ہونا - عزت پانا - لمبا - مولف - قدم رکھنا نہ اندازے سے باہر + خبردار اپنی حد سے تم نہ بڑھنا -
بڑہیرا - ایک گھاس کا نام ہے خوباریک سوت کی طرح نہایت خوشبو ہوتی ہے -
بڑہونٹھا - جسکے دونون ہونٹھ بڑے ہون -
برداشت - خبرگیری و حساب خرچ روزمرہ - سہار - تحمل - چاہ - اٹھانا
برسات - بارش کا موسم جسکو فارسی مین برشکال و عربی مین بسارہ کہتے ہین - صفدر لال ہوری فوقانی - برسنا بھول جاتے ابر ترکو + اگر دیکھے مری آنکھون کی برسات +
برسپت - نام مشتری ستارہ کا ہے جو چھٹے آسمان پر چمکتا ہے جسکو برجیس بھی کہتے ہین -
برکت - ترقی و زیادتی - رونق - نمود -
برآورد - تکدمہ فرد حساب - گوشوارہ تنخواہ وغیرہ کا -

برگد - بڑ کا درخت جسکو عربی میں ذات الذوائب کہتے ہین -
برباد - ویران - تباہ - اجاڑ - ناس - خراب - مولف - بچا لے آگ سے اس بتنے جسم خاکی کو + نہ کر تو آبرو اے بندۂ خدا برباد +
بُرد - وہ شطرنج کی بازی جو برد ہوجائے یعنی آدھی مات ہو فقط بادشاہ ہی رہجائے - ۲ - فائدہ - نفع - یافت آمد بالائی رشوت وغیرہ کی
بَر - زور طاقت - قدرت - توفیق - اختیار - ۲ - خاوند - شوہر بر - ش منگیتر -
برابر - مساوی - یکسان - کمتی نہ بڑھتی - مطابق - ٹھیک - شعر نعتیہ از مولف - جسکی ہمدوشی سے ہے عرش معلی سرنگون + اوج عزت پر محمد کے برابر کون ہے -
بڑ - ایک مشہور درخت ہے جسکو عربی مین ذات الذوائب کہتے ہین
برس - ایک سال - بارہ مہینے مہ حسن - برس پندرہ یا کہ سولہ کا سن + مرادون کی راتین جوانی کے دن -
بُڑھ بھس - بڑھاپے مین خواہش نفسانی ضعیفی مین جوانی کی حرکتین بوالہوسی -
برقع - لفظ عربی اردو مین مستعمل ہے - وہ پردہ جو عورتین منھ پر ڈالتی ہین شعر از مولف - خجل ہو چاند گل ہو شمع سورج منفعل ہوجائے + وہ گل چہرہ اگر برقع اٹھا دے روے تابان سے +
برطرف - کنارے پر - معزول - بیکار - بے تعلق شعر از مولف حسن کا دعوی اگر اسکے سوا بر سورج کرے + اوج عزت سے اسے کردے زمانہ برطرف
برف - وہ برف جو آسمان سے سردی کے موسم مین برستی ہے شعر وزیر شعلہ تھا عہد جوانی اُڑ گیا + برف تھا ہنگام پیری جم رہا -
بُراق - عربی اردو مین مستعمل ہے - بہت سفید - بہت اُجلا - چمکتا دمکتا روشن - چالاک - تیز - ہشیار - عقیل - ذہن - بادرفتار -
برحق - ٹھیک - درست - سچ - بجا - قطعہ از مولف - سات لو اولا خدا برحق + بعد ازان ذات مصطفا برحق + چار یارون کو جان سچے + پنجتن پاک کو بجا برحق +
برجوگ - جوان لڑکی جو شادی کے لائق ہوجائے -
برمحل - وقت پر - موقع پر - ٹھیک -
برسون - کئی برس - کئی سال - شعر از مولف - کبھی پرسون کبھی کل اور کبھی آج + رہا دلدار کا اقرار برسون -
برن - بفتح و سکون رائے و نون موقوف - ذات مذہب پنتھ - فرقہ - قسم -

برہن - بفتح اول و دوم و سکون ثالث اعضاے انسان سر سے پانون تک اور تعریف سراپا و حلیہ۔

برتن - بھانڈا جسکو فارسی مین آوند عربی مین ظرف کہتے ہین شعر از مولف - رہیگا تا قیامت وہ ٹپکتا + ترے برتن مین جو ڈالا گیا ہے

برہمن - خدا پرست - برہم کا پوجنے والا۔

برتاؤ - چال چلن - ڈھنگ - اطوار قاعدہ - دستور۔

برادہ - بورا لکڑی وغیرہ کا جو چیرنے اور خراد چڑھانے سے نکلتا ہی

برابری - ہمسری ہمدوشی مساوات - رقابت - بے ادبی گستاخی

برادری - رشتہ داری - قرابت - قومیت ناتا - یگانگت - بھائی چارہ

برائی - بدی - بدذاتی - شرارت - فساد قطعہ از مولف - بھلائی چاہتا ہو گر خدا سے + نہ کر مخلوق سے اسکی برائی + عوض احسان کا احسان ہی جہان مین + ہی ملتا بدلہ نیکی کا بھلائی۔

برچھی - چھوٹا نیزہ جسکو فارسی مین تروین کہتے ہین۔

برہنگی - خاک کی چٹکی پر جادو پڑھ کر مارنا فریفتہ کرنا منھ لینا عاشق بنانا

بڑائی - عزت - حرمت - افتخار - لغو - از تعریف - صفت - مدح - شعر از مولف - بڑون کی کر بڑائی ہر طرح سے + کہ حاصل ہو تجھے حق سے بڑائی

برفی - ایک شیرینی کی قسم ہی جو دودھ سے بنتی ہی اور برف کی طرح جمائی جاتی ہی۔

برنی - وہ مقام جہان سے آنکھون کی پلکون کے بال نکلتے ہین۔

برواہی - کانٹون کی باڑ جو زراعت کی حفاظت کے لیے بناتے ہین

بری - وہ زیور و اسباب جو داماد نکاح کے وقت عروس کے گھر لے جاتا ہی۔

بڑھئی - ترکھان جسکو فارسی مین درودگر اور عربی مین نجار کہتے ہین

براتی - وہ لوگ جو نکاح کے لیے داماد کے ساتھ جاتے ہین

بڑی - یہ نان خورش دال کی پیس کر بناتے اور خشک کر رکھتے ہین عند الحاجت پکا کر کھاتے ہین - ہندؤن کی یہ اکثر خوراک ہی۔

برمونھی - بدصورت - برے منھ والی۔

باب باء زاے

بز - بضم اول - ایک قسم کا نام ہی جو اکثر پانی کے کنارے رہتا ہی جو ہیچ اوسکی لمبی ہوتی ہی اور رنگ سیاہ و سفید - فارسی اسکو بز کہتے ہین

بز اخفش - احمق نادان - بیوقوف خالی دماغ معنے اسکے بز اخفش کا اور اخفش نام ایک طالب علم تھا - روزمرہ کا سبق وہ اپنے بکرے کو سامنے کھڑا کر کے یاد کیا کرتا جبتک نہ بولتا پڑھتا جاتا - مدت تک حالت رہی - آخر اس بکرے کو ذبح کیا تو بکرے کا دماغ خالی پایا اب بز اخفش احمق اور خالی دماغ بیوقوف کو کہتے ہین۔

بزرگ - بڑا بوڑھا باپ - پیر و مرشد۔

بزدل - ڈرپوک - خائف - نامرد آدمی۔

باب باء سین

بستر - فرش جو سونے و آرام کے وقت بچھایا جاے - شعر از چراغ الدین روشن - پیر خاکسار نہ بیٹھا ہی خاک بستر + کہتے ہین پاک لوگ مین پاک بستر

بسانا - آباد کرنا - خوشبودار کرنا۔

بسورنا - جمع کرنا - فراہم کرنا۔

بسولا - ترکھانون کا اوزار آہنی جس سے لکڑی کاٹتے ہین۔

بسیرا - آرام کرنا - استراحت کرنا - ٹھہرنا - سونا - پرندون کا درختون پر قطعہ از مولف - اٹھ بندگی کر خدا کی جیسے مرغان چمن کو ہین بسیرا ایک لحظہ مبادا اپنے عبادت + ضائع ہو جاے وقت تیرا۔

بسنت - ایک تہوار ہی جو بہار مین ہوتا ہی - مولف - ہوگئی رخصت خزان گلشن سے جب آئے بسنت + ساتھ ساتھ اپنے بہار بیخزان لاے بسنت۔

بساند - بکسر اول مچھلی یا گوشت کی بو - بدبو عفونت عربی مین عفن

بس - بفتح اول بہت ہی - کافی ہی - اور ضرورت نہین ہی۔

بس - بکسر اول زہر جسکے کھانے سے جاندار مرجاے عربی مین اسکو سم و فارسی مین ہلاہل و ہلاہل کہتے ہین۔

بسرام - بکسر اول ٹھہرنا - استراحت - رات رہنا - آرام کرنا سونا شعر از مولف - گھر بنا بیٹھے ہو کیون تم اس سراے دہر کو + ایک دو دم ہی یہان موقع فقط بسرام کا +

بسم اللہ - شروع خدا کے نام سے یہ لفظ ہند مین مسلمان ہر ایک نیک کام کے آغاز مین پڑھتے ہین - شعر - ہم یہان پہلے ہی سے گردن جھکائے بیٹھے ہین + قتل کرنے کا ارادہ ہی تو بسم اللہ ہی۔

بسیٹھ - جوا جو ہل چلانے کے وقت بیلون کی گردن پر رکھا جاتا ہی نیز گماشتہ - کارکن - مختار کار۔

بسیکھ - فرق - تمیز - امتیاز - خاصیت - عادت - سبھاؤ۔

بستی - شہر - آبادی - قصبہ۔

بساطی - خردہ فروش - متفرق اسباب بیچنے والا۔

بسولی - ترکھانون کا آہنی اوزار۔

باب باء شین

بشارت - عربی لفظ اردو مین مستعمل ہی - خوش خبری - نوید - اچھی خبر
بشنی - عیاش - شہوت پرست - نخریدار -
بشی - عیش عشرت - سنڈا - بھوگ - فسق و فجور -

باب با طاے

بطّ - بطار مشدد - ایک جانور ہی جسکو بط و مرغابی کہتے ہین -
بطن - عربی اردو مین مستعمل ہی - پیٹ - شکم - اندرونی حصہ جسم کا -
بطانہ - عربی اردو مین مستعمل ہی - استر جو ابرے کے نیچے لگایا جائے -

باب با غین

بغبغایا - مستانہ - مغرور - متکبر - جسطرح اونٹ مست ہو جاتا ہی -
بغبغا - وہ گوشت جو ذقن کے نیچے ہوتا ہی فارسی مین اسکو غبغب کہتے ہین -
بغرا - بضم اول وہ گوشت جو اونٹ مستی کے وقت منہ سے نکالتا ہی -
بغلگیر - جو شخص بغل کھول کر ملے -
بغل - مشہور لفظ ہی -
بغلول - احمق - بیوقوف - مورکھ -
بغلی - گدائی کی زنبیل جو گدا گر بغل مین ڈالے رہتا ہی -

باب با فا

بفا - سر کی خشکی جو سر کے بالون مین گیہون کی چھانن کی سی پیدا ہوتی ہی - اسکو عربی مین حزاز کہتے ہین -

باب با کاف

بکبکا - بیہودہ تقریر - بیمعنی - اور وہ چیز جو بے مزہ ہو -
بکرا - مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین بز - عربی مین تیس - ترکی مین قچقار کہتے ہین -
بکھیرنا - کمنڈلانا - گرانا - پریشان کرنا - منتشر کرنا - پھیلانا - پراگندہ کرنا - عربی مین اسکو نشر و منتشر کہتے ہین -
بکھیڑا - الجھاو - جھگڑا - تردد - تشویش - بگاڑ - تکرار - آڑ - سد راہ - انشاء اللہ خان - انشاء اللہ خان کہ صاحب آپ نہ چھیڑ و محفل مین - ان باتون مین بیٹھے بھلاے لاکھ بکھیڑے پڑتے ہین -
بکنا - بفتح لول - بیہودہ گفتگو کرنا - یاوہ گوئی کرنا - گالی گلوچ کرنا
بکنا - بکسر اول - فروخت ہونا - اوچین ہونا - احسان مند ہونا - شعر - دل لیتے لیتے آپ ہی دلدار بک گئے ہی یوسف بھی ایکدن سر بازار بک گئے -
بکھانا - ملامت کرنا - سخت سست کہنا - برا بھلا کہنا -
بکھر جانا - ہاتھون سے نکل جانا - بے قابو ہونا - گر پڑنا -
اختیار سے نکلتا جانا -
بکھرنا - پریشان ہونا - کمنڈلنا - پھیلنا - منتشر ہونا - تتر بتر ہونا -
بکھیڑیا - جھگڑالو - جھمیلا پھیلانے والا -
بگاڑنا - تباہ کرنا - ضائع کرنا - برباد کرنا - خاک مین ملانا - فضول خرچی کرنا - شعر - گم کر دیے ہین عشق نے نام و نشان کئی - الفت نے ہین بگاڑ دیے خاندان کئی -
بگڑنا - خراب ہونا - بے عزت ہونا - بدحال ہونا - ابتر ہونا - برہم و درہم ہونا - میر - باہم سلوک تھا تو اٹھاتے تھے نرم گرم - کاہیکو میر کوئی دبے جب بگڑ گئی - حالی - بگڑین نہ بات بات پہ کیون جانتے ہین وہ - ہم وہ نہین کہ ہمکو منایا نہ جائیگا -
بگونا - بدگوئی کرنا - بدنام کرنا - برائی کرنا - ہجو کرنا - بدنام کرنا
بگلا - مشہور پرندہ ہی جسکو فارسی مین بوتیمار کہتے ہین -
بگنا - چلنا - جاری ہونا پانی وغیرہ کا -
بگولا - چکر کھاتی ہوئی ہوا جسکو فارسی مین بادگرد کہتے ہین لوغونی مین اعصار بولتے ہین -
بگھیلا - شیر بچہ جسکو عربی مین شبل کہتے ہین -
بگھار - مسالحہ کو گھی مین بھون کر دال یا گوشت مین ڈالنا چھونکنا
بگاڑ - بربادی - ابتری - سرخمیدگی - پراگندگی - خرابی - بدنظمی - نقصان - زبان ظفر بادشاہ - اپنی بگڑ گئی ہو جو تقدیر کیا کرین - تقدیر کے بگاڑ کی تدبیر کیا کرین -
بگھیسہ - تصدق - سنتار - جو دولہا دلہن کے گھر جا کر کرتا ہی روپیہ پیسہ لٹایا جاتا ہی -
بک - بہت بولنا - بے فائدہ باتین کرنا - معرب اسکا بق ہی بکواس بھی اسکو کہتے ہین -
بکل - ہر ایک درخت کا چھلکا -
بکواسن - وہ عورت جو بہت سی بے معنی باتین کرنیوالی ہو
بکری - مادہ بز -
بکواسی - وہ شخص جو بہت بولتا ہی -
بکی - بہت بولنے والا آدمی - بکواسی -
بکینی - بکری گاے وغیرہ جسکا دودھ کم ہوگیا ہو -

باب با لام

بلا - گربہ نر جو مشہور جانور ہی -
بلا - آفت - مصیبت - دکھ - زحمت - جن بھوت - چڑیل وغیرہ وغیرہ الف

مہربان ہونگے اگر خیر الوریٰ + ساری امت کی بلا ٹل جائیگی + حشر کے دن اسکے استعمال کو + خلد سے اللہ کی رحمت آئیگی +

بلبلانا - بکسر اول تڑپنا - بیقرار ہونا - اضطراب کرنا -

بلبلا - پانی کا بلبلا جسکو حباب کہتے ہین - قطعہ مولف - آدمی کی زندگانی کی بنا + ہی ہوا پر رکھی یا پانی پہ ہی + ایک دم بھی اسکو مشکل ہی قیام + کیونکہ یہ اک بلبلا پانی پہ ہی -

بلبلانا - بفتح اول اونٹ کی طرح مستا کر بیفائدہ بکنا ناحق غصہ مین لال پیلا رہنا -

بل بل جانا - تصدق ہونا - قربان ہونا - واری جانا -

بل پڑنا - پیچ پڑنا - ان بن ہونا - رنجیدگی ہونا -

بلکنا - بچہ کا پھوٹ پھوٹ کر رونا - بلبلانا چلانا یا چیخنا -

بلنا - بانٹے دینا یا لپیٹنا - کاتنا -

بلونا - دہی یا دودھ کو بلو کر مسکہ نکالنا میر - پایا نہ دل بہا یا ہوا سیل اشک کا + مین پنجہ مژہ سے سمندر بلو چکا +

بلنا - آگ مین جلنا - سلگنا پھنکنا -

بلینڈا - چھپر کے بیچ کا بڑا بانس یا لکڑی -

بلکھینا - دکھائی نہ دینا - نظر نہ آنا - نیست و نابود ہو جانا -

بل کھانا - ٹیڑھا ہونا - کج ہونا - پیچ کھانا -

بل کھلنا - پیچ کھلنا - سیدھا ہونا -

بلاپ - کسی کے فراق مین رونا چلانا - بیقرار ہونا -

بلا چٹ - وہ شخص جو ہر چیز کھا جاسے کسی چیز کا اسکو پرہیز نہو -

بلور - مشہور پتھر کا نام ہی -

بلاق - ایک زیور کا نام ہی جو عورتین ناک مین پہنتی ہین -

بل - بکسر اول - سوراخ مار و موش وغیرہ -

بل - بفتح اول - زور و قوت و طاقت و توانائی و قدرت -

بل - بضم اول عورتوں کی شرمگاہ -

بلبل - مشہور پرند ہی جسکی سکونت اکثر باغ مین ہی شعر بلبل نے آشیانہ چمن سے اٹھا لیا + اسکی بلا سے بوم رہے یا ہما رہے +

بلبل چشم - ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی جسکی بنت مین گول گول دائرے آنکھون کی شکل پر بنائے جاتے ہین -

بلائین - جمع بلا کی ہی بہت سی بلائین -

بلند محل ۔ صاحب شان و شوکت **کمال اسمعیل** زہی خدمت تو آسمان بلند محل + زہی رسایۂ تو آفتاب روی شناس۔

بلند نام ۔ مشہور آدمی **صائب** ۔ بلند نام بلاف دگر نمیتوان شد + ببال کرگس نتوان بچرخ کرد صعود +

بلا ریختن ۔ کسی پر مصیبت ڈالنا **سعدی** ۔ طمع کرد در مال ہاناز آگان بلا ریخت بر جان بیچارگان +

بلا کشیدن ۔ مصیبت میں پڑنا۔ **صائب** دست و پا کم میکنم نا بنرگس نیلوفری + من کہ عمرے شد بلاے آسمانی میکشم +

بلا گریہ کردن ۔ حد سے زیادہ رونا۔ **میر نجات** طغیان اشک کن دو جہان را خراب کرد + در ہجر دوستان چہ بلا گریہ میکنم +

بلا بر خویش کردن اپنے واسطے کسی چیز کو بلا کرنا **میر خسرو** یکچند زہر سو بازآمدہ بود این دل + ناگاہ ترا دیدم بر خویش بلا کردم +

بلا باریدن ۔ مصیبت پر مصیبت نازل ہونا۔ **ابوطالب کلیم** ابندہ دلوار میبارد بلا در راہ عشق + یک سر ایم ہیش و نماید کہ طوفانی نہ اشست +

بلا چکیدن ۔ بلا نازل ہونا **سیاقر کاشی** ۔ چون زلف تو از صبا بہ جنبد از ہر طرفے بلا بچکید +

بلا شدن ۔ آفت ہونا۔ بلا ہونا **محمد قلی سلیم** ۔ طالع شہرت پروانہ بلا شد در عشق + ورنہ بیتابی دل از ہمہ کس می آید +

بلا چین ۔ صدقہ جسکے دینے سے بلا دفع ہو جاے۔ **بلا موقی تبریزی** شکری شد لب او را بلا چین + کہ عوضش بود ہمچون نام شیرین +

بلا گردان ۔ کوئی تعویذ یا نظر بٹو جسکے باندھنے سے نظر بد کا اثر نہو **صائب** ۔ بے بلا گردان خطر دارد ز چشم شور حسن + وای بر شمعی کہ بلند از نظر بد از زلا +

بلبلستان ۔ جس باغ میں بلبلیں ہوں **درویش والہ ہروی** طلسم دلربائی کردہ حسن جزای خوبی را + بیک گل در قفس زنان داد گوچا بلبلستانرا +

بلبل شدن ۔ **بلبل گردیدن** ۔ عاشق ہونا۔ شور کرنا۔ **محمد قلی سلیم** ۔ عاشق ہر شکوہ خاموش از تغافل میشود + طوطی از آئینہ عریان دیدہ بلبل میشود + فغان خالق شو سرد کہ قمری تو باشم + گل گرد کہ بلبل تو گردم +

بلبل کردن ۔ بلبنا سکھلانا **محمد قلی سلیم** سواد چو آئینہ بلبلش کردست + وگرنہ طوطی من گفتگو چہ میداند +

بلند انداختن ۔ بڑھا کر تعریف کرنا۔ **بیت** ۔ بیجگہ در عشق کو تکرہ نگردم از دنا ؎ ہر کہ پرسید از قد جانان بلند انداختم +

بلند شدن سخن ۔ بات کا بڑھ جانا۔ شہرت پانا۔ **حافظ** ۔ ہوے

زقامت تونیا مد کہ دم تر زند + زین قصہ بگذرم کہ سخن میشود بلند +

بلند شنیدن - اونچا سننا یعنی کم سننا - میر خسرو - در لفغان بر کشد آواز بلند گوش فلک نشنود الا بلند +

بلورین - سپید اور روشن اور چمکتا ہوا - حافظ - ہر می لعل کزان دست بلورین ستدم + آب حسرت شد و در چشم گہربار بماند +

بلند بازو - زبردست و صاحب زور - میرزا صائب - پنجۂ عقل بلند بازو را + کسی تباک زیر دست بر نمی آید +

بلند شدن بو - خوشبو ظاہر ہونا - شیخ العارفین - بتو دیدہ مہر عزیز چشم نسیدم + بوی خوش یار از در و دیوار بلند ست - **صائب** - ز دل نگفت گرہ مراد و سینہ تاب بلند + نشد ز سوختگی بوی این کباب بلند +

بلند شدن گوشۂ ابرو - عتاب و غصہ مین آنا - میرزا صائب - کدام گوشۂ ابرو بلند شد یارب + کہ ہمچو قبلہ نما قبلہ گاہ میلرزد +

بلند پایہ - صاحب اعزاز آدمی - کمال اسمعیل - بلند پایہ بزرگی کہ دست بخشش تو + ز ساحت دل ما بر کشید بیخ نیاز +

بلند شدن فتنہ - ہنگامہ برپا ہونا - میرزا رضی دانش - فتنہ از بزم میخواران و شد امشب بلند + سر گذشت کاکلی را و رمیان می افگنم +

بلند کردن پنجہ - سخاوت کرنا - میرزا بیدل - عاجزی با گرد برما پنجۂ قاتل بلند + میشود دست کرم از نالۂ سائل بلند +

بلند کردہ - پرورش کیا ہوا - بڑھایا ہوا - امیر معزی - گردون بلند کردۂ اورا نگر داشت + دولت عزیز کردۂ او را نکرد خوار +

بلند مرتبہ - صاحب عزت و رتبہ - مولانا ہلالی - بہر کوش ہلالی کہ عاقبت چو ہلال + بلند مرتبہ گردی فلک مقام شوی -

بلبلی - ایک قسم کے چمڑے کا نام ہے - فوقی - آنکہ بارغش بد دشمن من ستہ گلرخے بلبلے فروش من ست +

بلند پروازی - لاف و خود نمائی و غرور - محمد قلی سلیم - فروغ حسن بتے را مخور کہ خوبی او + مثال زلف نماید بلند پروازی +

بلندی - اونچائی - بڑھاؤ - ترقی - زیادتی - امیر معزی - دوستان و دشمنانش را بلندی داد چرخ + دوستانش را ز تخت و دشمنانش را ز دار +

باے با میم

بمانند - تشبیہ کا کلمہ ہے - میر خسرو - چرا شد پدر ہفت و ما در چہار + چگونہ سہ فرزند شد آشکار + چو این ہر سہ ہم زین پدر ما درانند + چرا نہ بمانند یکدیگر اند +

بمکتب دادن - مکتب مین پڑھنے بٹھلانا - سعدی - بادشاہی پسر بمکتب داد + لوح سیمینش در کنار نہاد + بر سر لوح او نوشتہ بزر جور استاد بہ ز مہر پدر -

بموکشیدن - بال کے ساتھ کھینچ لینا - بہت آسانی کے ساتھ کام نکالنا - صفدر فوقانی - کشاد حسن تو صد باب رنج و غم بر خلق + بموکشید سر زلف تو جہانی را +

بمہر رسانیدن - مہر کیا جانا - سند ہو جانا - نور الدین ظہوری - گواہ گرمی خون داغہای پیکر ما + بمہر لالہ عذاران رسد محضر ما +

بمہمان آمدن - مہمان بنکر آنا - میر خسرو - وزی اگر آن ماہ بمہمان من آید + دو راین فلک رتہ فرمان من آید + کمال خجند - امشب آن مہ بو ثاق لہ فردی آید + گر بمہمان من آید چہ نکو فی آید +

باے با نون

بناب - بن آب یعنی گہرا و عمیق پانی کا - ظہوری - در خمارم شراب میخواہم + در سر ہم بناب میخواہم +

بنگاب - بنگ کا پانی جو بنگی پیتے ہین - ملا قاسم مشہدی - سبز چشم ما بنور خود بود چون آفتاب + کاسۂ بنگاب ما سر چشمۂ حیوان ما +

بندوبست - انتظام و تدبیر - محمد افضل ثابت - ہمچو اقلیم سخن کرد نظم بندوبست یافت + زیب آئینی ز مو زون ملک و دو ہشت یافت +

بناگاہ - فی الفور - یکایک - ناگہان - حکیم سوزنی - چنین دولت کہ من دارم کہ دیدم + چنین ممدوح مکرم را بناگاہ -

بنام ایزد - خدا کے نام کے ساتھ یعنے بنام ایزد - یہ کلمہ تبرکاً و تیمناً تعجب کے مقام پر بولتے ہین - میر خسرو - زہی مالیدہ روییت لالہ را گوش + بنام ایزد عجب خط و بنا گوش -

بنا بر زمین گذاشتن - کوئی تعمیر بنا کر چھوڑ جانا - میرزا رضی دانش - گردون بنای حسن ترا بر زمین گذاشت + گردے کہ رنگ خانۂ گل را بہار ریخت -

بنا افگندن - کوئی مکان بنانا - حسین ثنائی - ازین بنا کہ شہنشاہ کامران افگند + زمین کلاہ بشارت بر آسمان افگند -

بنا بر روی آب انداختن - پانی پر نیو رکھنا - بے ثبات کام کرنا - ابو نصر نصیر ای بدخشانی - کشتی دل را بدریای شراب انداختم + خانۂ غم را بنا بر روی آب انداختم +

بنا نہادن - عمارت شروع کرنا - مخلص کاشی - در ازل بست مخلص دل با آن شمشاد قد + عشق چون بر راستی نہند بنای خویش را + نظامی - بنا بر سلسے نہادم نخست + کہ دیوار آن خانہ باشد درست +

بنا کردن ۔ عمارت بنانا میرزا سعید عمارتی اگر از دل بنا توانی کرد + درون کعبہ تحقیق جا توانی کرد + سعدی بنا کردو نان داد و لشکر نواخت + هم از بهر درویش شب خانه ساخت +

بنا شکستن ۔ مسمار کرنا مکان کا ۔ خواجہ آصفی ۔ سیل غم تو بردل آباد می گذشت + هر سو بنائے خانہ صبر و سکون شکست +

بنا برهم خوردن ۔ ٹوٹ پھوٹ جانا مکان کا مشهدی ۔ بنائے هستیم برهم خورد چون رخ برافروزی + نمیسوزد بغیر از آتش گل آشیان من +

بنا بآب دادن ۔ غرقاب کرنا بنیاد کا ۔ بهر کجا که خوری باده بنا بخواب بده + بنائے خانهٔ ناموس را بآب بده ۔

بنا برداشتن ۔ بنا بلند کرنا خان خالص ۔ کی روا باشد بنا برداشتن + وقت رفتن چون بود بگذاشتن

بناف کسی چیزے نهادن ۔ قصد دیکر اپنا کام نکال لینا جسکا دینا ہو اسی وقت دیدینا ۔ قرضہ دینا ۔ فی الفور بلا تامل ادا کرنا تقاضے تک نوبت نہ پہونچانا باقر کاشی ۔ مدعی گر رگ گردن بجدل کند کند + تو تسلیم بنافش نه و خاموشش کن +

بناگوش ۔ بنا گوشان ۔ کان کا آغاز جو رخسارہ کی طرف ہوتا ہے یعنی نرمہ گوش ۔ کمال خجند ۔ نازکی و لطف و زدید از بناگوش تو دردہ غوطہ ہا دادند در آب انکشن آویختند + آرزو ۔ ز خورشید بناگوشت که باشد طالع خوبی + سرشک شوق در چشم گہر گردیدنی دارد + میر معزی ۔ رخسار تو گل ست بناگوش تو سمن + گل در میان لاله و سمن زیر عنبر ست ۔ فوقی یزدی ۔ سبزه و لعل و گوهر گویددام + راز خوبی با بناگوشان تو +

بنام بادشاه زر زدن ۔ سکہ جاری کرنا میر معزی ۔ تا عشق دوست بر دل من گشت بادشاه + بر رخ بنام شہ ہمہ شب زر زدہ ہم نم +

بنام کسی تسبیح کردن ۔ اچھی طرح سے یاد کرنا میر معزی ۔ همی کنند بنامش فرشتگان تسبیح + همی کنند ز مدحش ستارگان تکرار +

بنام کسی نظم کردن ۔ کسی کے نام پر نظم کتاب لکھنا سعدی ۔ ولی نظم کردم بنام فلان + مگر باز گویند صاحبدلان + که سعدی که گوی بلاغت ربود + در ایام بوبکر بن سعد بود +

بند زدن ۔ پیوند کرنا ۔ بند لگانا صفدر فوقانی ۔ برد با خود نه غیر از رنج و افسوس + زند هر کس که بر گنج گهر بند +

بند گشادن ۔ بند کھولنا میرزا صائب ۔ ندد طاقت بند گران بال سکبر دعان + بران اندام نازک حرم کن بند قبا بکشاد نظامی چو خوردند چندانکه آمد پسند + بجام و صراحی کشادند بند +

بند کمر ۔ بند میان ۔ کمر بند جو کمر پر باندھتے ہیں میر معزی ۔ بر میان بند کمر بند و بخدمت پیش شاه + هر که اندر دم فخر از بند زنار آورد + صفدر فوقانی ۔ چو در عشقش میان بند محبت بر کمر بستم + بحمد الله که از بند بلاے این و آن رستم +

بندگی کشیدن ۔ بندگی کرنا غلامی کرنا میر خسرو ۔ خواجہ که داند وش بندگی + بر در رو ناکه کشد بندگی +

بندگی رسانیدن ۔ سلام پہونچانا خواجہ حافظ ۔ حافظ مرید جام می ست ای صبا برو + از بنده بندگی برسان شیخ جام را +

بنگ زدن ۔ ایک مسکر گھاس ہے اکثر لوگ اسکو گھوٹ کر پیتے ہیں بنگ گھوٹنا سے بنگی زدیم و سر انا الحق شد آشکار + ما را بر این گیاه ضعیف این گمان نبود +

بنیاد افگندن ۔ نیو رکھنا امیر خسرو ۔ چو این بنیاد بدرا خود فگندی + گناه خویش را بر من چه بندی +

بنیاد بآب بردن ۔ پانی تک نیو کھودنا امیر خسرو ۔ برد بنیاد هر تمونه بآب + تا نگردد دگر بآب خراب +

بنیاد برافگندن ۔ بر انداختن ۔ نیو کھود ڈالنا حافظ ۔ اگر غم لشکر انگیزد که خون عاشقان ریزد + من و ساقی بهم سازیم و بنیادش براندازیم + عطار ۔ تا بر رخ تو نظر فگندیم + بنیاد وجود برفگندیم +

بنیاد کردن ۔ مکان بنانا ۔ نیو رکھنا ۔ حافظ ۔ صوفی نهاد دام و سر حقه باز کرد + بنیاد مکر با فلک حقه باز کرد +

بنیاد کندن ۔ بنیاد نکال ڈالنا میرزا صائب ۔ باشکی توان کند بنیاد غفلت + که یک قطره سیل ست خواب گران را +

بنیاد نهادن ۔ عمارت شروع کرنا حافظ ۔ در خرقه ازین بیش منافق نتوان بود + بنیادش ازین شیوهٔ رندانه نهادیم +

بناگاه ۔ اچانک ۔ ناگہان ۔ دیکھتے دیکھتے ۔ اسیری لاہجی ۔ جام تجلیش که بناگاه نمیدهند + میدان یقین که با دل آگاه میدهند +

بندخانه ۔ قیدخانہ ۔ محمد قلی سلیم ۔ ز بند خانهٔ حشمت که جسته + که زنجیرش سراپا زنگ بسته +

بنگاله ۔ ہند میں ایک ملک کا نام ہے حافظ ۔ شکر شکن شوند همه طوطیان هند + زین قند پارسی که به بنگاله میرود +

بنگاه ۔ جگہ ۔ مکان ۔ حویلی ۔ عمارت سعدی ۔ ز بنگاه حاتم یکی نیکمرد + طلب ده درم سنگ فانیذ کرد +

بلیچہ بضم اول۔ وہ جمع کی قسم کہ اصل معاملہ یعنی شاہی خراج کے علاوہ ملک و مکان کے متعلق ہو۔ **والہ ہروی**۔ قیمت سازد نہ اصل ممنوع مرا + رفتہ سے فگند خاطر مجموع مرا + گوئی ز ازل ای ان دیوان قضا + از حشر بلیچہ کرد موضوع مرا +

بندہ پروری۔ مالک کی مہربانی و پرورش۔ **حافظ**۔ تو بندگی چو گدایان بشرط مزد مکن + کہ شاہ خود روش بندہ پروری داند +

بناچاری۔ بناچار بنا کام۔ ضرورتاً دل چاہے یا نہ چاہے۔ گلے پڑتی بات۔ **خواجہ ہروی**۔ دان غنیمت چار روز زندگی + از جہان آخر بناچاری روی + مسیحا چارہ سازی کن درین دم + کہ بیمار ست و رنجور تو ناچار + **حافظ**۔ دست رنج تو ہمان بہ کہ شود صرف بکام + دانی آخر کہ بناکام چہ خواہد بودن +

بنداری۔ بندار۔ مالک۔ خزانچی۔ امین۔ **دولتی ہروی**۔ بہشت لمال دین بر ذات احمد + امین ختم و بنداری تمام ست + **ناصر خسرو**۔ بر سر گنجی کہ یزدان در دل احمد نہاد + جو علی گنجور و غیر از مرتضی بندار نیست

باے با واو

بواجب۔ بواجبی۔ معلوم ہے۔ در وہ امر جو واجب ہو۔ **میرزا معز فطرت**۔ رباعی۔ تعریف علی بگفتگو ممکن نیست + گنجایش بحر در سبو ممکن نیست + من ذات علی بواجبی کی شناسم + الا دانم کہ مثل او ممکن نیست + **امام فخر الدین رازی**۔ رباعی۔ کنہ خردم در خور اثبات تو نیست + آسایش جان بجز مناجات تو نیست + من ذات ترا بواجبی کی دانم + دانندہ ذات تو بجز ذات تو نیست + **نظامی**۔ چو ترتیب لشان بواجب شناخت + سر ان سپہ را یکایک نواخت +

بوشناس۔ اشارہ فہم و رمز شناس۔ **میرزا صائب**۔ یا بحسن صورت از معنی قناعت کردہ ایم + بوشناسان را قماش پیرہن منظور نیست

بوریا پوش۔ نہایت مفلس نادار۔ **طاہر وحید**۔ ہوس آستین زری دارد + ہر کجا رند بوریا پوش ست۔ **طالب آملی**۔ نیم صحن حریم دیر کاطلس پوش شنغلیم + زمین مسجدم جز بوریا پوشی نمیدانم +

بوریا باف۔ بوریا بننے والا۔ **سعدی**۔ نہ دہد ہوشمند روشن رائے + بفرومایہ کارہاے خطیر + بوریا باف گرچہ بافندہ ست + نہ برندش بکارگاہ حریر +

بوسہ بہ پیغام۔ دوسرے شخص کے ذریعہ سے مقصود ملنا۔ **ابوطالب کلیم**۔ مثنوی۔ در آغوشش بود طالع مارا + اما ز لبش بوسہ بہ پیغام گرفتیم +

بو بر داشتن۔ فائدہ حاصل کرنا۔ **طاہر وحید**۔ چون از ان شوخ نوانم می گل زناگہ گرفت + من کہ از ضعف گل بو نہ توانم برداشت +

بو پریدن۔ بو کا اڑنا ظاہر ہونا۔ **ظہوری**۔ رباعی۔ از شوق تو چشم آرزو می پردہ + سیما موی تو از شمامہ بو می پرد + رخسار تو باز تا ر آن زلف کشند + آری خوبی ببال لوی پرد۔

بو چکیدن۔ بو کا پھیلنا ظاہر ہونا۔ **میر نجات**۔ سبوی گلاب ز رند دیوار میچکد + خوش آب و رنگ از رخ گلزار میچکد +

بو خوردن۔ بو لینا۔ بو سونگھنا۔ **سالک قزوینی**۔ سالکا ارباب سخن از فکر معنی زندہ اند + جای آب و دانہ بلبل در چمن بو می خورد +

بو دادن۔ بریان کرنا یا دلیم اور پستہ کو آگ پر دوا کے استعمال کے واسطے۔ **شفیع اثر**۔ ز آتش می گشت چشم کا فر مش دلخواہ تر + ہمچو بادامی کہ بہر تقویت بو بیدہند +

بو دویدن۔ بو کا پھیلنا۔ **میرزا صائب**۔ بلبلان دیوانہ اند و بوی گل از اتحاد دہی دود در کوچہ و بازار چون دیوانگان +

بو ریختن۔ کسی چیز کو خوشبو ملا کر خوشبو دار کر دینا۔ **سعدی**۔ بوے زلفے بگریبان وفا ریختہ اند + طرفہ شوری بدماغ دل ما ریختہ اند +

بو زدن۔ بو معلوم ہونا۔ **میر خسرو**۔ ای فاختہ زنالہ زبان آتش بہ بوستان کان گل امید نیست کہ بوے وفا زند +

بو سوختن۔ بخور کرنا۔ صندل و عود وغیرہ کا۔ **نظامی**۔ بفرمود تا آتش انگیختند + برسم مغان بوے خوش سوختن۔

بوسہ نصیب شدن۔ بوسہ لینا۔ **مولانا ذہنی**۔ زان شکرین لبان بوسہ نصیب دگران شد + در طالع ما تلخی و دشنام نوشتند +

بوسہ از دہان ریختن۔ خود بخود بوسہ دینے پر مستعد ہونا۔ **میرزا صائب**۔ مستی بی طلب بوسہ ز دہان یار میریزد + ثمر چون پختہ گردد خود بخود از دار میریزد +

بوسہ دان۔ دہان محبوب۔ **صائب**۔ سگر در خلوت آئینہ تنہا بینی خود را + کہ از نقش حیا سادہ ست مہر بوسہ دان تو۔

بو کردن۔ سونگھنا کسی بو کا۔ **طاہر غنی**۔ ساغر بکف گرفتہ چو نرگس میان بروں + ترسم بدین بہانہ دہان تو بو کنند + **میرزا صائب**۔ با غبان در مکشو دست گلستان ترا + بو نکرد ست صبا سیب زنخدان ترا +

بو یافتن۔ بو حاصل کرنا۔ **میرزا صائب**۔ منت آمیز و را کہ ز بخم چو صبا ضائع نہ شد + عاقبت بوی از ان سیب زنخدان یافتم +

بو برخاستن۔ بو اٹھنا۔ بو پھیلنا۔ **میرزا طاہر وحید**۔ آتشین رخ او چو نقاب برخیزد + ز رنگ با دہ بوے کباب برخیزد +

بوے تیغ آمدن۔ بوے خون آمدن۔ لڑائی اور جنگ کے

سامان ظاہر ہونا۔ نظامی۔ سکہ با این کہ پہلو دریدم چو میغ + ہمی آید از پہلوم بوی تیغ۔ ابوطالب کلیم۔ سر نوشتم گر شہادت نیست در کوئیت چرا + بوی خون می آید از خاکی کہ بر سر می کنم۔

بوی دمیدن ۔ باس آنا۔ بو آنا۔ بو سونگھنا۔ اوحدی ہمدانی۔ از سبزۂ خط تو دمد بوے جان ہنوز + بلبل برون نہ رفتہ ازین گلستان ہنوز +

بوی شیر آمدن ۔ بچپن پایا جانا۔ خام مزاج ہونا۔ صائب۔ مگر از ہمت مردانہ سازد کوہکن کاری + وگرنہ از دہان تیشہ بوی شیر می آید

بوام گرفتن ۔ قرض لینا۔ ادھار لینا۔ میرزا صائب۔ گوش گیر د گل بوام از عندلیب + ہر کجا صائب سخن گستر شود +

باب بائی ہوز

بہم خوردن مینا ۔ شراب کے شیشہ کا حرکت کرنا۔ شفیع اثر۔ لبسلہ خونم با می گلرنگ می آید بجوش + میخورد برہم مزاجم گر بہم خورد مینا بہم +

بہشتی سرشت بہشتی سواد ۔ سرسبز زمین۔ سرسبز علاقہ و محبوب خوبصورت۔ نظامی۔ عجب بادمستہ زان بہشتی سواد + کہ چون آورد خندہ بے مراد + عرفی۔ بصد مضایقہ نازی قبول میکردم + ز شاہدان بہشتی سرشت حور نژاد + کنون بغاشیہ بافان ریش اندازم + کرشمہ ہاے عروسان تلخ و نوشاد +

بہار آلود ۔ خوبصورت و رنگین۔ میرزا صائب۔ می بجامم میکند چشم خمار آلود تو + گل بطرف سم میدہد روے بہار آلود تو۔

بہار بند ۔ بستانی مکان جو کھلا اور ہوادار ہو۔ محمد شریف اشرف۔ نشینی این ہمہ زاہد بخانہ چند بر آ + بیا بسیر بہار از بہار بند بر آ +

بہ افتاد ۔ بھلائی اور فائدہ و بہبودی۔ سعدی۔ بحکم نظر در بہ افتاد خویش + گرفتند ہر یک یکے راہ پیش +

بہا گیر ۔ وہ مال جو قیمتی ہو۔ فردوسی۔ دو لعل بہا گیر و دو گوشوار + یکے طوق بر گوہر شاہوار +

بہاور ۔ بواو مفتوح۔ قیمتی چیز جسکا نرخ گران ہو۔ ابوالخیر۔ بہاور درے اندہم برون کرد + بہ نیرنگ و فسون این دہر غدار +

بہرہ ور بہرہ مند ۔ صاحب نصیب و قسمت۔ ابوطالب کلیم۔ چون عصا ہر کس کہ باشد بہرہ مند از راستی + ز سر بیت خلق شد محکوم منا فتاد + سعدی۔ ازین بہرہ ور تر در آفاق کیست + کہ در ملکرانی بانصاف زیست

بہشت زار ۔ بہشت کا مقام۔ عرفی۔ بہشت زار مقام خدا شناسان است + در مشاہدہ بر روے سوء چین بکشا +

بہار اندام ۔ خوبصورت و رنگین۔ شوکت بخاری۔ بہار اندام

سروی پیرہن چاکم چو گل دارد + کہ رنگ ساعدا و آستین از گل بدامان کرد

بہاشکستن ۔ نرخ کم کردینا۔ صائب۔ خط شکین لعل بہای لعل جانان را شکست + دیدہ حق از نمک لیست و نمکدان را شکست

بہا نیاوردن ۔ قیمت اصلی پر فروخت نہونا۔ ظہیر فاریابی۔ بعیار بانۂ من دانش ست و میدانی + کہ این متاع نیارد بہا درین بازار +

بہا گرفتن ۔ نرخ بڑھ جانا۔ مخلص کاشی۔ ہمیشہ جنس ہنر بر لب از غنا گیرد + گہر ز دست صدف چون رود بہا گیرد +

بہای سہل نہادن ۔ کم نرخ رکھنا۔ بسنتی تہانیسری۔ دل بہا سہل نہادی و نرخ کم + معلوم میشود کہ خریدار نیستی +

بہا بلند شدن ۔ قیمت چڑھ جانا۔ اسدی۔ بہا میل خرید میشود قرت بلند کرد زلیخا بہاے یوسف را۔

بہار آمدن ۔ فصل بہار شروع ہونا۔ ظہور الدین مظہر۔ ز دل صبر و قرارم رفت و شد وحشت فزون مظہر + بہار آمد بہار آمد بہار آمد بہار آمد +

بہار چکیدن ۔ بہار کا موسم آنا۔ صائب۔ چہ عارض ست کہ در آفتاب زرد خزان + بہار میچکد از خط ہمچو ریحانش +

بہار افشان ۔ خوشبو و رنگین و خوبصورت۔ طالب آملی۔ بارگی بہار افشان چو پیدا شد ز دور + بر تن مجلس نشینان جامہ بوی گل ست

بہارستان ۔ باغ اور نام ایک کتاب کا جو مولانا عبدالرحمن جامی نے گلستان سعدی کے طرز پر نہایت مطبوع نظم و نثر لکھی ہے۔ مظہر۔ گلستان دیدی و ہم بوستان سعدی اے مظہر + چو آید وقت گل سیر بہارستان جامی کن

بہانہ افتادن ۔ حیلہ قایم ہونا۔ بہانہ بن جانا۔ میر حسن دہلوی۔ یار آوارگی ہمی خواہد + رفتن و نیک بہانہ افتادست۔

بہانہ نہادن ۔ کوئی حیلہ اٹھانا۔ بہانہ رکھنا۔ میر حسن۔ روے تو سکندر جہان روشن + چہ نہی بر جہان بہانہ روز۔

بہانہ شکستن ۔ عذر توڑنا۔ بہانہ دور کرنا۔ میرزا طاہر وحید۔ ہمیشہ پیش اشتم زینہار آن یگانہ را + تیغش بدست داد و شکستم بہانہ را +

بہانہ داشتن ۔ حیلہ کرنا۔ بہانہ رکھنا۔ جعفر بیگ شوری۔ از تو غم بہانہ دارد + بلبل گل را بہانہ دارد +

بہبہان ۔ بروزن کہکشان بہر دو بای ابجد ایک شہر ملک دیلم کا پایۂ تخت ہے اس شہر کے لوگ لا مذہب وغیر مقلد و ناسفیہ ہیں۔ چاندی اس شہر کی خراب ہوتی ہے۔ فوقی یزدی۔ درشتی جہانے کہ قلب اند + بیقدر چو سیم بہبہانم +

بہتان بستن ۔ تہمت کرنا۔ جھوٹھ باندھنا۔ درویش الہی ہمدانی

گذشت آنکہ بقانون سنت شعرا + توان بخاطر ممدوح بست بہتان را +

بہتان کردن - تہمت لگانا جھوٹھ باندھنا۔ **اسدی** - گر یبا نزاید بست چاک دہ طور مجانین را + دگر بیگانہ ہم زین نسبتی برخویش بہتان کن -

بہتان نہادن - تہمت کرنا۔ الزام لگانا۔ **نظیری نیشاپوری** - بہتان گنج بر دل مسکین نہادہ + ورنہ خراج بر دل ویران نبود شرط +

بہترین - بہت بہتر بہت اچھا۔ **نظامی** - بدو گفت کای بہترین بخت تن + سزاوار پیرائیہ تخت من -

بہر دوا نماندن - نایاب ہونا کسی چیز کا جو دوا کے واسطے بھی نہ ملے **سلیم** - چوب گل بہر دوا در ہمہ بازار نماند + ور طرازان زیب چمن رونق گلزار نماند

بہر دو دست چسپیدن - دونون ہاتھ سے لپٹ جانا کوئی چیز کسی سے با صرار تمام طلب کرنا لے کے چھوڑنا۔ **خان خالص** - بباید ز زور می بوقت رعشہ ترسیدن + بہر دو دست بباید بجام بادہ چسپیدن **میرزا صائب** - بحیرتم کہ چرا زلف یار با این قب + بہر دو دست بسیب ذقن نمی چسپد

بہشت خوردن - آرام پانا۔ فائدہ اٹھانا۔ **سعدی** - بہشت تن آسانی آنگہ خوری + کہ بر دوزخ نیستی بگذری +

بہفت آب و بہفتاد آب و بہفتاد و ہفت آب شستن - بہت مرتبہ دھوکے پاک کرنا۔ **نظامی** - چو ہمزاد خضری درین حرف جو + بہفتاد و ہفت آب لب را بشو + **ولہ** - بشو یا نیم گر بہفتاد آب + ز آلائش و شعلہ اجتناب + **کمال اسمعیل** - دہان نشست بہفت آب خاک فتوی کند بدست تو کہ نگوید چنین سخنہا باز +

بہم آوردن - جمع کرنا یکجا کرنا۔ **میرزا بیدل** - حاصل جمعیت اسباب جز عبرت نبود + مفت ما بیدل کہ از مژگان بہم آوردہ ایم +

بہم افتادن - پریشانی و خرابی کی حالت مین ہونا۔ **وحید الدین انوری** - در تلخ جو پیری و جوانی بہم افتاد + اسباب فراغت بہم افتاد جہان را -

بہم ریختن - دو فوجون کا آپس مین لڑنا۔ **شفیع اثر** - کی سر شکم کی خورد مژگان و چشم تر بہم + خون بجوش آمد چو ریزند از دو صف لشکر بہم

بہم زدن - برہم و درہم کرنا پریشان کرنا۔ **میرزا طاہر وحید** - چنان کز سنگ و آہن آتش سوزان شود پیدا + نگر ہر دو لبا شد بہم جانان شود پیدا

بہانہ خو - جسکو حیلہ و بہانہ کی عادت ہو۔ **میر خسرو** - برسر پا بود جان ناز و کرشمہ ہاے تو + داد بہانہ ہا بسے جان بہانہ خوی را +

بہانہ جو - بہانہ کرنے والا حیلہ باز آدمی۔ **میرزا صائب** - ناز بہانہ جو زابر یک طرف نہادہ + شرم ستیزہ خو لد رخاک خون کشیدہ **عرفی** - بہانہ جو تو عرفی بناز عادت کرد + بآشتی مرو اکنون کہ صلح ہم جنگ ست

بہشت رو - محبوب خوبصورت و معشوق۔ **نورالدین ظہوری** - در نظر بہشت او دارد + کہ نگار بہشت رو دارد +

بہشت سیما و بہشتی رو - خوبصورت معشوق۔ **صائب** - نظر بروی و خط آن بہشت سیما کن + شکستہ قلم صنع را تماشا کن + **سعدی** - نہ آنچنان بتو مشغولم ای بہشتی رو + کہ یاد خویشتنم در ضمیر من آید +

بہاری - منسوب بہ بہار جیسے باد بہاری و موسم بہاری وغیرہ۔ **محسن تاثیر** - غلام عطش سنبل نو بہار ست + چو ہند و کہ نامست او را بہاری

باب بایاے تحتانی

بے آشنا - بیکس جسکا کوئی دوست نہو۔ **ابو طالب کلیم** - منم آن بیکس بے آشناے کنج تنہائی + کہ غیر از پرتو مہر از درم کس در نمی آید

بے بہا - قیمتی چیز گران قیمت چیز اور وہ چیز جسکا کچھ مول نہو۔ **محسن تاثیر** - گرچہ بے قدریم تا ئیم از حادثات + چون متاع بے بہا ہر جا ز یغما ماندہ ایم +

بیت الخلا - پاخانہ۔ طہارت خانہ۔ صحت خانہ۔

بیت الدعا - کعبہ معظمہ مین ایک مقام جہان دعا ہو آسکو بیت الدعا کہتے ہین۔ **جمال الدین سلمان** - بادشاہا بر دعای کست مبنی شعر من + لاجرم چون کعبہ ہر بیتی از ان بیت الدعا ست -

بیت الدوا - شفا خانہ جس جگہ سے بیمار کو دوا ملے **صفی الدین فوقانی** - چو بر دار الشفای احمد آمد + مریض لا دوا جب شفا یافت + نہ شد بیمار تا روز قیامت + دوا ہر کس کہ زین بیت الدوا یافت +

بیدست و پا - بے اختیار و سراسیمہ و بیکار۔ **مخلص کاشی** - بست پا او شدن نہ ہمین لازم حیات + آن دست و پا کہ دید کہ بیدست و پا نشد

بے پایاب - جو پانی پایاب نہو عمیق ہو۔ **سعدی** - وقتی درآب تا میان دستی و پای میزدم + اکنون ہمان پندا شتم دریای بے پایاب را +

بیتاب - بیقرار اور ملول و غمگین۔ **میرزا بیدل** - دلم بر شوخی مژگان بیتاب تو میلرزد + کہ روز و شب بزیر سایہ تیغ ایدران ابرو -

بے جواب - جو شخص جواب نہ رکھتا ہو۔ **فوقی** - شد چو بہر قتل من تیغش علم + سر نگون کردم مقتل جواب +

بحساب - جسکا شمار نہو و ظلم و ستم۔ **صائب** - تا چند بحساب باتل نظر کنی + اینک سید نوبت روز حساب خط + **مخلص کاشی** - شاہی کہ بر رعیت خود بحساب کرد + سیلاب گشت و خانہ خود را خراب کرد

بے حمیت - بے غیرت۔ دیوث۔ بے شرم۔ **سعدی** - ببین آن بے حمیت را کہ ہرگز + نخواہد دید روی نیکبختی + تن آسانی گزیند خویشتن را +

زن و فرزند بگذارد بسختی۔
بیدار دولت ۔ صاحب نصیب و مقسوم ۔ کمال اسمٰعیل ۔ دوران عہد
خواجہ بیدار دولت ست + خفتست فتنہ تو کہ بیدار می کند +
بیت فرد ۔ ایک بیت جو الگ غزل سے ہو ۔ میرزا بیدل فلک
پیوستہ دور از دوستان بیدارم بیدل + بروے صفحۂ آفاق
بیت فرد را مانم +
بے چشم درد ۔ بے لحاظ و بے حیا آدمی ۔ محسن تاثیر ۔ بے چشم درد درد
دل ای باغبان کجاست + گل چیدہ و شرم ز بلبل نکردہ +
بیداد مند ۔ ظالم ۔ بے انصاف ۔ میر خسرو ۔ جفا بین ز گردون
بیداد مند + چو من خسروی در چنین تختہ بند +
بے بصر ۔ اندھا ۔ نابینا ۔ سعدی ۔ حکایت بشہر اندر افتادہ جوش
کہ آن بے بصر دیدہ بر کردہ دوش +
بیت المعمور ۔ فرشتون کا کعبہ جو آسمان پر ہے ۔ مسیح کاشی ۔ ہمین
پاییم و یکدل اندرون دل زخم ناسورے + نباشد چون دل ویرانہ
ما بیت معمورے +
بیدادگر ۔ ظالم ۔ بے انصاف ۔ نظامی ۔ تو با دادی او ہست بیدادگر +
تو میزان زور او ترازوے تر ۔
بیدار خاطر ۔ صاحب علم و ہوش ۔ میر خسرو ۔ بیدار خاطران کہ جہان
آزمودہ اند + ایمن بخوابگاہ جہان کم غنودہ اند +
بیزار ۔ ملول ۔ و ناخوش ۔ ہلالی ۔ زہی زخوے بت گرم فتنہ را بازار +
خدا ز خلق تو بیزار و خلق در آزار ۔
بے زنہار ۔ جو کسی کو امان نہ دے سکے ۔ میرزا صائب
زیر پاے چرخ کج رفتار چون خواہد کسے + در رہ این سیل در یا بار
چون خواہد کسے + تشنۂ خون ست تیغ آبدار کہکشان + زیر این شمشیر
بے زنہار چون خواہد کسے +
بیضۂ زر ۔ آفتاب عالمتاب اور دھوپ ۔ عرفی ۔ دانہ از کشت
جو دشش از مرغی + چینند و در گلو درانداند + ہمچو سیمرغ آسمان ہر روز +
بر زمین بیضۂ زر اندازد +
بیماردار ۔ بیمار کی تیمارداری کرنے والا ۔ رضی دانش ۔ نہ پردا خت
چشمت بحال دل ما + ز بیمار بیمارداری نیاید +
بیدار مغز ۔ بیدار ہوش ۔ دانا و ہوشیار ۔ نظامی ۔ ہم آن گونہ
گز چند بیدار مغز + شنیدم درین شیوہ گفتار نغز + فردوسی ۔ کہ گفت
آن خردمند بیدار ہوش + کہ با اختر بد بمردی مکوش +

بیت العروس ۔ شادی کا گھر ۔ محبوب کا مقام ۔ نظامی ۔ ز رسواے
ہند و ز صفراے روس + فرو شست عالم چو بیت العروس +
بیت المقدس ۔ پہلے پیغمبرون کا قبلہ جو شام میں ہے ۔ سعدی
چو بیت المقدس برون پر ز تاب + رہا کردہ دیوار بیرون خراب +
بیخ نرگس ۔ نرگس کی جڑ ۔ نرگس کی پیاز ۔ مولانا کاشی ۔ چو
بیخ نرگس اگر دور افگنند ز خاک + نہان درون کفن باشدم ہزار قدح
بیاض تیغ ۔ تلوار کی چمک و دھار ۔ جمال الدین سلمان ۔
بیاض تیغ تو آئینہ جمال ظفر + زبان کلک تو دندانۂ کلید رجا +
بیت النطاف ۔ لولی خانہ ۔ زنا خانہ ۔ پاخانہ ۔ شفائی ہجو میں ۔
بابا ے تو چار دب کش بیت نطف بود + اجداد تو گشتند بتدریج بزرگان ۔
بیت العتیق ۔ بیت اللہ ۔ کعبۂ معظمہ ۔ سعدی ۔ فطوبی لباب کبیت العتیق
حوالیہ منکل رنج عمیق +
بیابان مرگ ۔ مہلک جنگل اور بلا اضافت جو جنگل میں مر جاے
محمد رفیع ۔ واعظ ۔ نداری جامیان خلق گر از اہل آزاری + بیابان
مرگ دایم شیر از در ندگی باشد +
بے برگ ۔ بے خرچ ۔ بے سامان ۔ سعدی ۔ چو درویش بے برگ
دیدیم درخت + قوی بازوان سست در ماندہ سخت +
بیرگ سست ۔ او رنکما آدمی ۔ نور الدین ظہوری ۔ از بی رگی
سمند سعیم + رگ در تن تازیانہ برخاست ۔
بے اصل ۔ بناوٹی ۔ مصنوعی چیز ۔ صائب ۔ سخن دعوی بے اصل
مہر بین نشود + حرف کج راست بزور رگ گردن نشود +
بیت الاموال ۔ جن گھرون مین مال جمع ہو ۔ عبد الغنی قبول ۔ از
شاعران ماند بعالم بادشاہان را + نمی باشد فزون تر از مدیح بیت اموالی +
بیت الغزل ۔ شاہ بیت جو تمام غزل میں اچھا ہو ۔ حافظ ۔ شعر
حافظ ہمہ بیت الغزل معرفت ست + آفرین بر نفس دلکش و لطف سخنش +
بتیل ۔ بیکار و ناکارہ و خراب ۔ باقر کاشی ۔ مبتذل معنی پوشیدہ
دو وا ماندہ دہر + مال خود ساختہ با یکدو سہ بیت بتیل ۔
بیدار دل ۔ صفا سینہ ۔ صاحب عرفان ۔ میرزا صائب ۔ شیمرد
نفس سر نزند از جگر صبح + ہر روز بہ بیدار دلان روز حساب ست +
بیدمال ۔ جلا دینا ۔ تلوار وغیرہ کو بید کی لکڑی سے ۔ میر خسرو
بین تیغ عادلی کہ ز عہدش ز آہنے + آزاد بود تیغ چو سوسن ز بیدمال
بیت الحرام ۔ عزت کا گھر ۔ مکہ معظمہ ۔ سعدی ۔ بد گفت سالار
بیت الحرام + کہ اے حامل وحی برتر خرام +

بیت الصنم - بتخانہ - ٹھاکردوارہ - دیوی دوارہ - صائب - صنا روامدار کہ بیت الحرام دل - از فکرہای بیہدہ بیت الصنم شود +
بیضۂ اسلام - اسلام کا دائرہ - شفیع اثر - شاہ دریادل علے المرتضی کہ تیغ او + باشد ہمین بیضۂ اسلام چون گوہر آب + صائب - چشم غنوش بیضۂ اسلام را بر سنگ زد - زلف کافرکیش و نگذشت ایمانی درست +
بیابان بریدن - سفر مین جنگل طے کرنا - میرزا صائب - این بیابانرا بتنہائی بریدن مشکل ست + چون جرس گلبانگ عشرت در سفر باشد مرا +
بیاد کسے بادہ خوردن - کسی کی یاد مین شراب پینا - نظامی - بیکے جام زرین پراز بادہ کرد + بیاد رخ آن پری زاد خورد +
بیاد گذشتن - یاد آجانا بھولی ہوئی بات کا - باقر کاشی - ہزار دوزخ سوزان فتادہ در جگرم + گہے کہ شعلۂ روئے تو ام بیاد گذشت
بیاض زدن - سپیدی ظاہر ہونا - مخلص کاشی - بر سواد عمر زد چون موے کافوری بیاض + یک قلم باید حساب آرزو ہا بر کشید +
بے پردہ گفتن - سب کے روبرو بات کہنا - بیت سخن بے پردہ مے گویم زخود چون غنچہ بیرون آ رہ کہ پیش از پنج روزی نیست حکم میر نوروز سے +
بیت الاحزان - یعقوب علیہ السلام کے حجرہ کا نام ہے جسمین حضرت یوسف کے فراق مین بیٹھ کر سالہا سال روتے رہے - حافظ - یوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعان غم مخور + بیت احزان شود روزے گلستان غم مخور +
بیخ کردن - قائم و مستحکم ہونا - جڑ پکڑنا - بیت - درخت کرم ہر کجا بیخ کرد + گذشت از فلک شاخ بالاے او + گر امیدواری کزو برخوری + بمنت منہ ارّہ بر پاے او +
بیخ زدن - جڑ قایم کرنا - مضبوط ہونا - اوحدالدین انوری - گرچہ در ہر جگرے دردِ غمت بیخ زد + کہ تسبالی روز سے چون تو کر تو ور نشو و نماست +
بیخ نشاندن - درخت لگانا - حافظ - شکر ایزد کہ دگر بار رسید سے بہ بہار + بیخ نیکی بہ نشان و گل توفیق ببوے +
بیداری کشیدن - بیدار رہنا - جاگتے رہنا - جمال الدین سلمان - شب دراز بہ تحصیل علم و حکمت عین + بسا کہ نرگس مسکین کشید بیداری +
بیدہان - بے زبان - خاموش بارعب - صائب - عاشقان بیدہان را ہوس گفتار نیست + ورنہ جاے بوسہ ہا خالیست در کنج دہن
بیرونی کردن - سختی بیرونی کرنا - صائب - ما بیک دیدار زان رخسار صائب قانعیم + پس چرا سختی و بیرونی کند با ما نقاب +
بیرون انداختن - باہر ڈالنا - نکالنا - صائب - خوردن گندم برون انداخت آدم را ز خلد + تا بدانی پیش حق یک جو طاعت سہل نیست
بیرون زدن - باہر نکال دینا - نظامی - چو روز دگر صبح بلق سوار + طویلہ برون زد برین مرغزار +
بیرون دادن - باہر نکالنا - جدائی کرنا - زلالی - اگر بیرون دہم راز دل خویش + کند پروانہ شکر سوزش خویش -
بے سکون - بے آرام و بیقرار - مولانا وحید جو رکی تعریف مین - ہمچو شرر مضطرب و بے سکون + باز شدی از رہ روزن برون +
بیضہ افگندن - انڈے ڈالنا - ڈرنا - خوف کرنا - محسن تاثیر - شاہ حسین میرزا کی تعریف مین - تا کرد ز دست و پنجہ اش یاد + افگند ز بیم بیضہ فولاد +
بیضہ دادن - انڈے دینا - انڈے اتارنا - ملا طغرا - بسکہ آب و دانہ مار السختی میدہند + میتواند بلبل یا بیضۂ فولاد داد +
بیضہ نہادن - انڈے دینا - محمد قلی سلیم - جواب نامہ ما را زبس تغافل کرد + ہزار بیضہ کبوتر نہاد بر بامش +
بیعت بستن - عہد باندھنا - مرید ہونا - انوری - بستہ با کلک تو قضا بیعت + گفتہ با را سے او قدر اسرار -
بیعت کردن - مرید ہونا - عہد باندھنا - ملا وحشی - ترک ما کرد و مہر و لطف بیعت با تو کرد + ناز و استغنا ولی ہم عہد و ہم پیمان ماست -
بیعت رفتن - عہد پیمان ہونا - میر معزی - بستے داد پیمان زلف او با چشم من + یعنی رفت ست گوئی سرو را با یکدگر - زلف او در شد بتاب و چشم من در شد بآب + چشم من گم کرد خواب و زلف او گم کرد سر
بے فرمان - وہ شخص جو کسی کا حکم نہ مانے - عبد الرزاق - جو آفتاب جہان سوز ہمچو اختر شوخ + چو روزگار لجوج و چو چرخ بے فرمان
بیک پا ستادن - روبرو حاضر رہنا - ملا غنیمت - پرستاران شدی شوخ دز ہر پا + ستادہ بر سر خدمت بیک پا +
بیک سر کار گذاشتن - ایک ندا نے سر چھوڑنا - اسمٰعیل ایما - بیک سر کار ما را کی گذارد + جنون دوری دیوانۂ ما +
بیک پہلو افتادن - کوشش سے کسی کام کو انجام دینا - سعدی - دو تشنگی شیران جنگی شکار + بیک پہلو افتادہ در کارزار +
بیک چشم دیدن - ایک آنکھ سے دیکھنا - سبکو برابر جاننا - تعصب نہ کرنا - کنھیا لال ہندی - مہاراجہ رنجیت عہد سعید

ہمہ بندگانرا بیک چشم دید + ز عدل و کرم خلق را شاد کرد + جہانرا ز بند غم آزاد کرد + فائدہ ۔ چونکہ مہاراجہ رنجیت سنگھ یک چشم تھا بیک چشم دید کا جملہ اسپر نہایت موزون ہی ۔

بیک روزہ محتاج کردن ۔ نہایت محتاج کرنا ۔ **حکیم زلالی** ۔ نظامی بر و بوم تاراج کرد + سخن را بیک روزہ محتاج کرد +

بیل زدن ۔ دہقان مٹی کا کام کرتا ۔ **نظامی** ۔ ہمان بیل زن گرد آلت شناس + کند بیلکش را بہ بیلے قیاس ۔

بیم دادن ۔ ڈرانا ۔ دھمکانا ۔ **جمال الدین سلمان** ۔ ای آنکہ بہ فردا دہی امروز مرا بیم + زر بیم کسی دہ کہ امید تیش بفرداست ۔

بیم کردن ۔ ڈرنا ۔ خوف دلانا ۔ **سعدی** ۔ بہ خردی درش زجر و تعلیم کن + بہ نیک و بدش وعدہ و بیم کن ۔

بیم داشتن ۔ ڈرنا ۔ خوف رکھنا ۔ **صائب** ۔ از سینہ برنیاورد نتمروہ یک نفس را + چون صبح ہر کہ در دل بیم حساب دارد ۔

بینی زدن ۔ انکار کرنا ۔ ناک چڑھانا ۔ **مولوی روم** ۔ چون اشارتہاش را بر جان نہی + در وفای آن اشارت جان دہی + پس اشارتہاے اسرارت دہد + ناز بردارد ز تو کارت دہد + در اشارتہاش را بینی زنے + مرد پنداری و چون بینی زنی +

بیرو ۔ شوخ ۔ بیمروت ۔ بے لحاظ ۔ **ملا ظہورا** ۔ تا صحبتا تا چند بیروے کنی با عاشقان + خود بیا بنگر کز ان و بیتوان پوشید چشم +

بیکس و کو ۔ تنہا ۔ بیکس ۔ بے یار ۔ بے غمگسار ۔ **محمد یوسف** ۔ یوسف ہر روز شادی و غم بیکس و کو نیستم یوسف + چو بلبس نغمہ پرداز دو چو قمرے نوحہ گر دارم +

بے نروانگاہ ۔ مغرور ۔ دشمنکار ۔ **میرزا صائب** ۔ نرمی بود نگاہے آب ز چشمش نمیگردد + ز خور فسیدگران سنگیدل را دیگر کنار نہد

بیت اللہ ۔ خدا کا گھر ۔ کعبہ جہان حج کرتے ہیں ۔ **موٴلف** ۔ فی الحقیقت ہے گھر محمد کا + نام نامی ہے جسکا بیت اللہ +

بے تہ ۔ بے حوصلہ ۔ سبک مزاج ۔ **محمد قلی سلیم** ۔ بدمستی کشی چو کوہ و بہم بیکسی پیش گیر ہمچو دریا چند خواہی جوش زد وادی تہی

بیدادپیشہ ۔ ظالم و بے انصاف + **نظامی** ۔ و بیداد بہ پیشہ اندرون + ببیداد خود شاہ را رہنمون ۔

بے دیدہ ۔ اندھا ۔ نابینا ۔ **نظامی** ۔ بہ بی دیدہ نتوان نمودن چراغ + کہ چیز دیدہ را دل نخواہد بباغ +

بے شکوہ ۔ جو کسیکی شکایت نکرے ۔ **ابوطالب کلیم** ۔ بیستے ہیکیتی دو چیز جستم و کم یافتم + عاشق بی شکوہ و آتش بی دود را

بیک انگشت بستہ ۔ ایک انگلی کے ساتھ بندھا ہوا یعنے وہ ایسا غنا ہمت ہے کہ ہزارون کام اسکی ایک انگلی کے ساتھ بندھے ہوے ہین ۔ **محسن تاثیر** ۔ بہ قدرت خامہ صاحب سخن دستی چنان دارد + کہ چندین رستم و دستان بیک انگشت او بستہ +

بیمارانہ ۔ بیمارون کی طرح ۔ **قاضی یحیی** ۔ ز دورم یار دید و گفت کاین یحیی ست پنداری + کہ سخت افتان و خیزان مست و بیمارانہ می آید +

بینیہ ۔ بینے معروف وہ شخص جو حمام مین کپڑے اتارتا ہی ۔ **شفیع اثر** ۔ در ہجو حمام ۔ ندارم بینیہ آن تنگ دا + بسان کفش بیش از یکقدم جا چو دہلیز عدم از پیش بیش + رہ باریک تا پاسے خزینہ ۔

بیارہ باغی ۔ ایک گھاس کا نام ہی جو عشق پیچے کی طرح درختون پر چڑھ جاتی ہی اور ہمیشہ سرسبز رہتی ہی ۔ **شعر** ۔ بباغ دہر اے روشن ستارہ + خدا سبزت کند مثل بیارہ +

بے حضوری ۔ پراگندہ دلی ۔ پریشانی و فکر و اندیشہ ۔ **عارف لاہجی** ۔ وصال یار ز جوشتر انعدائی ست + مقام قرب بہ باشد ز دوری + ہمان در خدمتش حاضر کہ عارف + حضوری ہست از بے خدیوی

بیکوئی ۔ بیکسی ۔ تنہائی ۔ بے خویشی ۔ **مسیح کاشی** ۔ نسیم وارہ آوارگی و بیکوئی + مرا صلا زدہ بلبل ز آشیانہ خویش ؟

بیکسی ۔ بیکس ہونا ۔ تنہا ہونا ۔ ؏ ۔ مشکلی پیش آمدست و من در بیکسے + یا رسول اللہ فریادم رسی +

بیمارپرسی ۔ بیمار کے حال کو پوچھنا ۔ عیادت کرنا ۔ **خواجہ آصفی** ۔ دوش جانان حال من پرسید و من رفتم ز حال + امشب آن بیمارپرسیہا مرا بیمار کرد +

بیہودہ خندی ۔ بے سبب ہنسنا ۔ بیفائدہ ہنسنا ۔ تمسخر کرنا ۔ **میرزا صائب** ۔ دانست دلتنگی مرا چون غنچہ در بستان ہا چون گل از بیہودہ خندے خرمنم برباد رفت +

بیہودہ خواری ۔ زیادہ کھانا ۔ فضول خرچی کرنا ۔ اسراف کا مرتکب ہونا ۔ بیجا مال اڑانا ۔ **نظامی** ۔ چنان نیز یکسر سر ما کنیم کہ آئے ز بیہودہ خواری برنج ۔

چوتھی فصل

اردو اصطلاحات و محاورات کے بیان مین

ردیف با الف

باپ بنانا ۔ وقت پر کسی کی خوشامد کرکے اپنا کام نکالنا ۔ باپ

بناکر مطلب لینا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ شریف گا لیان کھاتے ہین
اپنے مطلب کو + گدھے کو باپ بناتے مین اپنے مطلب کو۔

باپ کا ہو جانا۔ اپنی ملکیت و تصرف مین آجانا۔

باپ کا کر بیٹھنا۔ بیگانہ مال اپنا بنا بیٹھنا۔

باتین بنانا۔ بے فائدہ تقریرین کرنا۔

بات مین بات ملانا۔ کسی کے کلام مین دخل دینا۔

بات اٹھانا۔ تقریر شروع کرنا۔ کسی کا کہنا نہ ماننا۔ سوال پورا کرنا

بات الٹ دینا۔ تردید کرنا۔ پورا جواب دینا۔ کافی جواب دینا

بات آنا۔ کوئی الزام یا حرف آنا۔

بات باندھنا۔ دروغ دلیلین لانا۔ بیجا تقریرین کرنا۔

بات بدلنا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا۔ کہکر مکر جانا۔ عہد پر نہ
ٹھہرنا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ دینگے بوسہ نہین امید نہین + بات
وہ کہکے بدل جاتے مین۔

بات بڑھانا۔ تکرار بڑھانا۔ فساد قایم کرنا۔ کسی کے کلام
کی تائید کرنا۔ مبالغہ کرنا۔

بات بڑھنا۔ تکرار و فساد بڑھنا۔

بات بڑی کرنا۔ کلام کی تائید کرنا۔ ہان مین ہان ملانا۔

بات بگاڑنا۔ کام بگاڑنا۔ خراب و برباد کرنا۔ مطلب خبط کرنا۔ مفتی
حیدر لاہوری۔ پھیر جو انکے پاس بیٹھے ہین + ہر گھڑی صبح و شام
دل و رات + وہی برپا فساد کرتے ہین + وہی اپنی بگاڑتے ہین بات

بات بننا۔ کامیابی ہونا۔ مراد حاصل ہونا۔ مولف۔ کوئی ایسا بھی
دن ہوگا کوئی رات + کہ بنجائے مری بگڑی ہوئی بات +

بات بنا لینا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ جھوٹی تقریر سے مطلب نکالنا

بات پانا۔ سخن کے مغز کو پہونچنا۔ مطلب سمجھ لینا۔ حکیم محمد انور
لاہوری۔ بات پالیتے ہین ہر اک بات سے + یار کی محفل مین جب
جاتے ہین ہم + رمز سے مطلب لیتے ہین نکال + اشارے کو سمجھ جاتے ہین ہم

بات پر آنا۔ اپنی ضد اور عادت پر آنا۔ مولف۔ پھر کسی کی
بات سنتا ہی نہین + جبکہ آجاتا ہے اپنی بات پر +

بات پرجانا۔ کسی کے کہنے پر بھروسا کرنا۔

بات پر پکڑنا۔ بات پکڑنا۔ کسی کو اسی کی بات پر قائل کرنا
نقص نکالنا۔ حرف گیری کرنا۔ مولف۔ بات سنتے ہین آپ
غیر ملک کی + مجھکو ہر بات پر پکڑتے ہین۔

بات پکی کرنا۔ عہد و پیمان کرنا۔ پختہ اقرار کرنا۔

بات پلٹنا۔ کہکر مکرنا۔ بات سے بدل جانا۔ **مولف**۔ مکر جاتے ہین
کہکر اپنے منہ سے + پلٹ دیتے ہین وہ ہر بات مین بات +

بات پوچھنا۔ حال دریافت کرنا۔ خبر لینا۔ **مولف**۔ گئے جو
عالم فانی سے وہ گئے گذرے + کسی نے آ کی زمانے مین پھر نہ پوچھی بات

بات پھوٹنا۔ بات پھیلانا۔ بھید کھل جانا۔ افشائے راز ہونا

بات پھیلانا۔ مشہور کرنا۔ بات بڑھانا۔ جھگڑے کو ترقی دینا۔

بات پی جانا۔ پی جانا۔ کسی کے راز کو چھپانا۔ بھید ظاہر نہ کرنا

بات سنکر چپ رہنا۔ ذکر نکرنا۔ متحمل ہونا۔ سنی ان سنی کر جانا۔ معروف
تلخ بات آپکی پی جا سکتے نہ کیونکر پی جاؤن + میرے نزدیک وہ اک
گھونٹ ہے شربت کا سا + مولف۔ اس لب جان بخش کی باتون سے
پی جاتے ہین ہم + گالیان سن سن کے مثل شہد پی جاتے ہین ہم +

بات پھبکنا۔ کسی بات کو رائگان کرنا۔ طعنہ دینا۔ بولی ٹھولی مارنا۔

بات تال لینا۔ بات سن کے جواب نہ دینا۔ گالیان سنکر خاموش رہنا
مولف۔ جنکا ہوتا ہے بردبار مزاج + بات وہ سن کے ٹال دیتے ہین +

بات ٹھہرنا۔ بات ٹھہر جانا۔ کسی امر کا مقرر ہونا۔ تجویز قرار پانا۔

بات جانا۔ ساکھ بگڑنا۔ بے آبرو ہونا۔ مولف۔ خاک بھی آئی نہ
ہاتھ اس اردنیا مین سے + بگڑی جسکی آبرو وہ بات ہی جاتی رہی

بات جمانا۔ اپنی تدبیر و خیال کو دوسرے شخص کے ذہن نشین
کرنا ؎ پھنسین ملتے مین اس سے جو رقیب + ذہن مین انکے جما دیتے ہین بات

بات چبا جانا۔ کسی امر کو کہتے کہتے رک جانا۔ ہکلا کے کہتے کرتے مطلب بلیغ نہ دینا

بات چلانا۔ ذکر چھیڑنا۔ تقریر شروع کرنا۔

بات ذمے آنا۔ اپنے ذمہ جوابدہی پڑنا۔ بازپرس ہونا۔ صفدر
فوقانی گالیان دیتی ہون جتنی دیجیے + ایکدن یہ بات ذمے آئیگی۔

بات ڈالنا۔ کسی امر کو قبول نہ کرنا۔ درخواست نہ ماننا۔

بات رکھ لینا۔ عزت مین فرق نہ آنے دینا۔ آبرو بچا لینا۔
عیب چھپانا۔ پردہ پوشی کرنا ؎ روز محشر بات رکھینگے مری
خیر البشر + بخشوا دینگے اگر اس عاصی بدکار کو +

بات رکھنا۔ کسی کو الزام یا عیب لگانا۔ ملزم کرنا۔ برا جاننا ؎
نیمی بیٹھنے کی اگر دل مین نیت + تو کیون بات رکھکر اٹھے دوسرے پر

بات رہ جانا۔ ساکھ رہجانا۔ عزت رہجانا۔ **مولف**۔ کوئی
دن مین یہ دن گذر جائینگے + مگر بر زبان بات رہجائیگی۔

بات رہنا۔ عزت رہنا۔ ساکھ رہنا۔ آبرو رہنا۔ **مولف**۔ اگرچہ
جان پر آئی ہے آفت محبت مین پر اپنی رہگئی بات +

بات کا بتنگڑ کرنا۔ چھوٹی سی بات کو بڑا کر دینا۔ بڑھا کر کہنا۔ مبالغہ کرنا
بات کا پورا۔ بات کا پکا۔ بات کا سچا۔ صادق القول۔ سچا آدمی
وفادار۔ مولف۔ نوع انسان مین حقیقت مین وہی ہی آدمی + عہد کا
پورا جو ہو دنیا مین پکا بات کا۔
بات کاٹنا۔ بات مین بولنا۔ بات مین بات کرنا۔ قطع کلام کرنا
بیچ مین بولنا۔ دخل ناحق دینا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ تم کسو کو کچھ
کہو ہمکو وہ ہی شایان تمھین + غیر لیکن بولتے مین کیون ہماری بات مین
بات کان پڑنا۔ کسی بات کا سنائی دینا۔ گوش گذار ہونا۔ کم توجہی سے سننا
بات کا ہیٹا۔ وہ شخص جو عہد پر قائم نہ رہے اور اسکی زبان کا
کچھ ٹھیک نہو۔
بات کرسی نشین ہونا۔ بات کا ٹھیک بیٹھ جانا۔ تسلیم کیا جانا۔
منظور ہونا۔ مولف۔ اپنا پایہ عرش تک بڑھ جائیگا + ہو گی بات
اپنی اگر کرسی نشین +
بات کرنا۔ بات چیت کرنا۔ بتیانا۔ کلام کرنا۔ گفتگو کرنا۔ بولنا
باتین کرنا۔ شوق۔ نئی بندی سے تم نہ ریت کرو + پاس سے
ہٹ کے بات چیت کرو + حکیم محمد انور لاہوری۔ لیکن کس طور سے
اس پردہ نشین سے + نہین ممکن ہی جس سے بات کرنا۔
بات کو آنچل مین باندھنا۔ بات پلے باندھنا۔ جانا۔ نصاب
سر کی چادر تلک نہ چھوڑیگا + باندھ لے میری بات آنچل مین +
بات کھلنا۔ بھید کھلنا۔ شہرت پانا۔ مولف۔ نہ کر سکتے تھے
جس مطلب کو ظاہر وہی باتون باتون مین آخر کھل گئی بات۔
بات کہنا۔ ذکر کرنا۔ زبان سے بولنا۔ چراغ الدین روشن
سدا غیرون سے ہوتے مشورے ہین + برا لگتا ہی میری بات کہنا
بات کھونا۔ بات کھو دینا۔ ناکارہ بات کہکر عزت بگاڑ لینا
مولف کسی سے بھی تمام گفتگو مین + مخاطب آپ بے پوچھے نہونا +
مجلس مین اٹھانا تم ندامت نہ اپنے منہ سے اپنی بات کھونا۔
بات گرہ مین باندھنا۔ بات کو نہ بھولنا۔ ہمیشہ یاد رکھنا۔
بات گڑھنا۔ دروغ بات اپنے دل سے بنا لینا خلاف واقع کہنا
مولف اعتبار انپر نہ کرنا چاہیے + جو سخن جی مین دل سے گڑھ لیتے ہین بات +
ہی کلام انکا دروغ و بیفروغ + انکی باتون مین نہین صدق و ثبات +
بات لگانا۔ برائی۔ نند۔ غیبت کرنا۔ کان بھرنا۔ لگائی
بجھائی کرنا۔ بدنام کرنا۔ تہمت لگانا۔
بات مارنا۔ جھٹلانا۔ بات دبانا۔ ٹالنا۔ طعنہ دینا۔ شیخی مارنا۔

بات منہ پر رکھنا۔ کسی بات کو جتانا۔ ذکر کرنا۔
بات مین سے بات نکالنا۔ دوسرے کے کلام مین سے
اپنے مطلب کی بات نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ برائی یا بھلائی ظاہر کرنا۔
مفتی حیدر لاہوری۔ نکتہ چینی فقط ہی جنکا کام + بات مین سے نکالتے ہین بات +
بات مین سے پی نکالنا۔ عیب چینی و حرف گیری کرنا۔ نقص نکالنا
بات نہ پوچھنا۔ متوجہ نہونا۔ التفات نہ کرنا۔ منہ نہ لگانا۔ مولف
بحر۔ ذات خلاق روزی رسان + نہین پوچھتا کوئی بندون کی بات +
نہین دیکھتا انکی حالت کوئی + نہ کرتا ہی کوئی ادھر التفات۔
بات نہ کرنا۔ چپ رہنا۔ زبان سے نہ بولنا۔ صفدر فوقانی
غیر کو آپ روز ملتے ہین + ہمسے اک بات بھی نہین کرتے۔
باتون کا جھاڑ باندھنا۔ برابر بولتے چلے جانا۔ زبان تالو
سے نہ لگنے دینا۔ لگے تار بکتے جانا۔
باتون مین اڑانا۔ ہنسی مین اڑانا۔ احمق بنانا۔ مغالطہ اور دھوکہ
دینا۔ مولف۔ بگوش ہوش سنتے ہین پر یوش غیر کا مطلب +
مرے مقصد کی باتون کو اڑا دیتے ہین باتون مین۔
باتون مین آنا۔ دم جھانسے مین آنا۔ فریب کھانا۔ باتون مین
لگجانا۔ مولف زمانہ ہی فریبی اور مکار + خبردار اسکا ہرگز دم نہ کھانا +
تمھارے دوست سب مطلب کے ہین دوست + تم ان لوگون کی باتون مین نہ آنا
باتون مین بہلانا۔ پھسلانا۔ باتین بناکر خوش کرنا۔ باتین بناکر
کام لینا۔ دم جھانسا دینا۔
باتون مین دھر لینا۔ باتون مین قائل کرنا۔ لاجواب کر دینا۔
باتون مین لگانا۔ گفتگو مین پھانس لینا۔ تقریر مین مشغول رکھنا
مولانا اکبر لاہوری۔ وہ باتونی نہانے کو لگا لیتے ہین باتون مین +
ہر اک مرغ ولادر کو پھنسا لیتے ہین باتون مین۔
باتونیا۔ بہت سی باتین کرنے والا۔ پرگو۔ بسیار گو۔ بکواسی
بات ہیٹی ہونا۔ پست پڑنا۔ بات کا غوت مین فرق آنا۔
باتین بگھارنا۔ بہت سی باتین کرنا۔ سخن سازی کرنا۔
باتین بنانا۔ جھوٹ بکنا۔ فضول کہنا۔ جو کارآمد سخن ہو منہ سے
بولو + کبھی اتنی باتین مت بناؤ +
باتین چھانٹنا۔ ایسی باتین کہنا جو دوسرے شخص کو ناگوار ہون۔
طنز کرنا۔ طعنہ دینا۔
باتین سنانا۔ سخت سست کہنا۔ برا بولنا۔ طعنے دینا۔
باتین سننا۔ برا بھلا سننا۔ صلواتین سننا۔ طعنے سہنا۔ کڑوی

باتین سہارنا۔ مولف۔ اگر کہنے مین اپنے دوستا ہوتے + دشنتے غیر کی ہم اتنی باتین +
باتین سنوانا۔ ملامت کرانا۔ عتاب دلوانا۔ برا بھلا سنوانا۔ صغیر سنیر آسنے رقیبون سے باتین سنوائین + یہ بات دل مین لگی تیر جانستان کی طرح۔
باتین ملانا۔ اصل مین باتون مین ساختہ باتین ملا کر کہنا۔ مولف۔ جوسن لیتے ہین پھر انپی کوئی بات + بہت اسپر بڑھا لیتے ہین باتین بزہ شیطنت اپنی طرف سے + نئی گڑھ کر ملا لیتے ہین باتین +
باٹ دکھانا۔ راستہ دکھانا۔ انتظار مین رکھنا +
باجرا برسنا۔ ترشح ہونا۔ تھوڑی بارش ہونا۔ پھوار پڑنا۔
باجرا سا بکھرنا۔ بے چین ہوئے آلم ہونا۔ تھککر چور ہو جانا۔
باچھ ڈالنا۔ عقدہ ڈالنا۔ آستین رکھانی کرنا۔
باچھین آنا۔ ہونٹون کے گوشون مین زخم ہو جانا۔ ماس پھٹ جانا۔
باچھین کھڈی تک آنا۔ ہنسی مین اتنا منہ کھولنا کہ کھڈی تک باچھین کھل جائین +
باچھین کھل جانا۔ بہت سا ہنسنا۔
بادھا ہونا۔ ترقی ہونا۔ تنخواہ کا بڑھنا۔
بادی پھیلانا۔ نحوست پھیلانا۔ فساد برپا کرنا۔
بارہ باٹ کرنا۔ بکھرانا۔ تتر بتر کرنا۔ اجاڑنا۔ تباہ کرنا۔
بارہ پتھر باہر کرنا۔ شہر باہر کرنا۔ حد سے نکالنا۔
باریکیان چھانٹنا۔ نکتہ چینی و حرف گیری کرنا۔
باڑ دم چھانا۔ ایک ہی دفعہ بہت سی بندوقین چلا دینا۔
باڑھ باندھنا۔ باڑ لگانا۔ باڑ بنانا۔ کھیتون پر کانٹون سے حد بندی کرنا۔ روک لگانا۔
باڑ پر چڑھانا۔ ہتھیار تیز کرنا۔ سان پر رکھنا۔
باڑ پر رکھنا۔ مرے یا کٹنے پر رکھنا۔ مروا دینا۔ مکنوا دینا۔
باڑ کا ڈورا۔ خفیف ساز خم یا نشان جو تلوار کی دھار سے سر بنا۔
بازار بڑھا ہوا۔ قیمت چڑھی ہوئی۔ نرخ گراں ہے + آج کل مہ حسن کا بازار بڑھ گیا + اس جنس کا ہی جس سے خریدار بڑھ گیا۔
بازار دکھانا۔ کوئی چیز بیچنے کو بازار لیجانا۔
بازار کے بھاؤ بٹنا۔ نرخ کم پر فروخت ہونا۔
بازار گرم ہونا۔ بازار رونق پر ہونا۔ لین دین کی ترقی ہونا۔ مولف زندگی کا کھلا ہے اب بازار + خیر و خوبی کی کر خریداری۔ کل کو ہو جائیگی اچانک سرد + عمر و دولت کی گرم بازاری۔
بازار لگانا۔ دکانین کھولنا۔ اسباب قرینے سے لگانا۔ اشیا پھیلانا۔ مولف۔ ایک ہفتے مین چلے جائینگے + دار فانی مین جو آ بیٹھے مین + بند کر جائینگے آخر دوکان + اب جو بازار لگا بیٹھے ہین +
بازار مندا ہونا۔ نرخ کم ہو جانا۔ لین دین نہونا۔
بازار ناپنا۔ بازارون کا چکر لگانا۔ واہی تباہی پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ مولف۔ کام کرنے کے لیے آئے ہو جب + پھر پھرا کرتے ہو تم بیکار کیون + اپنے گھر کی جب نہین رکھتے خبر + ناپتے پھرتے ہو پھر بازار کیون +
باز آنا۔ چھوڑ دینا۔ دست بردار ہونا۔ تیاگنا۔ ترک کرنا۔ مولف بخش دیگا تمھین خدائے کریم + تم اگر کار بد سے باز آؤ + دل دکھاؤ نہ نیک و بد کا + کبر و بغض و حسد سے باز آؤ +
بازو دینا۔ مدد دینا۔ امداد کرنا۔ معاون ہونا۔ قوت دینا۔ طاقت بخشنا۔
بازی دینا۔ مات دینا۔ ہرانا۔ جیتنا۔
بازی کھانا۔ مات کھانا۔ بازی۔ ہارنا۔
بازی لگانا۔ شرط باندھ کر کھیلنا۔
بازی لیجانا۔ بازی جیتنا۔ سبقت لیجانا۔ غالب رہنا کھیل مین۔ مولف۔ ایک دن اٹھ جائیگا شطرنج کا رنگین بساط + خالی آئیگا نظر ہر ایک خانہ ایک دن + شاہ و فرزین و پیادہ سارے مارے جائینگے + بازی لیجائیگا تمسے یہ زمانہ ایک دن +
باسا کرنا۔ رات کی رات ٹھہرنا۔ بسرام کرنا۔ بسیرا کرنا۔ شب باش ہونا۔ صفدر فوقانی۔ مسافر آدمی کے واسطے ہے + سراے دہر مین دو دن کا باسا +
باغ باغ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ شگفتہ ہونا۔
باغ سبز دکھانا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا۔ دام مین لانا۔ مولف۔ بھولنا مت فریب مت کھانا + دیکھکر سبز باغ دنیا کا + گل کوئی دم مین ہونے والا ہے + ہر جو روشن چراغ دنیا کا +
باگ اٹھانا۔ گھوڑا دوڑانا۔ روانہ ہونا۔ اپنے مقام سے چلدینا۔
باگ ڈھیلی چھوڑنا۔ گھوڑے کو اسکی مرضی پر چھوڑ دینا تاکہ خوب دوڑے۔ مولانا اکبر ؒ جوڑنا ہو ندمت دنیا کے ساتھ تم + اپنے دل اسکا رشتہ توڑنا۔ محو ہو جانا۔ اسکے عشق مین ایسی لگ اپنی ڈھیلی چھوڑنا۔
باگ موڑنا۔ گھوڑے کو الٹا پھیرنا۔
باگ ہاتھ سے چھوٹنا۔ موقع ہاتھ سے نکل جانا۔ اختیار نہ رہنا۔
باگ منہ سے چھوڑنا۔ مطلق العنان کر دینا۔

بالا بالا - الگ الگ چپکے چپکے بے اطلاع دیے کہے سنے اوپر ہی اوپر۔

بالا بتانا - ٹالنا - لیت و لعل کرنا - بہانہ کرنا - بتا دینا - دھوکا دینا۔

بال اترنا - بالوں کا خود بخود گر جانا - یا استرے سے مونڈا جانا۔

بال آنا - بال نکلنا - بال اگنا - درز و شگاف پڑ جانا۔

بال بال بچ گیا - بچاؤ ہو گیا - مصیبت سے چھوٹے۔

بال بال دشمن ہو گیا - تمام زمانہ دشمن ہو گیا۔

بال بال گج موتی پرونا - بھاری اور قیمتی سنگار کرنا ایڑی سے چوٹی تک سنوارنا - ہر ایک بال میں قیمتی موتی پرونا۔

بال باندھا تابعدار - نہایت مطیع - فرمان بردار - بال کے ساتھ باندھ کر جس طرف کھینچ لے جاؤ - عذر نہیں۔ **مولف** - فدا تیرے گیسوئے مشکین پہ ہے - یہ بندہ ترا بال باندھا غلام۔

بال باندھی کوڑی اڑانا - تیر نشانہ پر لگانا۔

بال بنانا - چوٹی گوندھنا کنگھی کرنا - حجامت بنانا۔

بال بیکا نہ ہونا - کچھ صدمہ نہ پہونچنا۔ **مولف** - خدا حافظ اگر ہو آدمی کا + نہیں ہوتا کسی سے بال بیکا۔

بال دینا - مونڈ منڈانا - جو ہندو ماں باپ اور گرو کے مرنے پر مونڈ منڈاتے ہیں۔

بال سفید ہونا - بوڑھا ہونا - ضعیف ہونا۔

بال کا کمبل بنانا - بال کی بھیڑ بنانا - چھوٹی سی بات کو بڑھا کر کہنا - تل کا پہاڑ بنانا - چھوٹی بات کو بڑی بنانا۔

بال کی کھال کھینچنا - باریکیاں نکالنا - موشگافی کرنا - حد درجہ کی چھان بین کرنا - کنجوسی کرنا - نہایت ہوشیاری کرنا۔ **مولف** - جو معنی رس فہیم و نکتہ داں ہیں + قلم سے کھینچتے ہیں بال کی کھال۔

بال لینا - بال مونڈنا - استرہ دینا۔

بال و پر نکالنا - اڑنے کے قابل ہونا - ہوش سنبھالنا - سٹا نچو ہونا۔

بانا باندھنا - ہتھیار باندھنا - مسلح ہونا۔ **صفدر فوقانی** - گردن گردن دو دن جھک جائیگی - آؤگے جس وقت بانا باندھ کے۔

باندھنا - ڈمکانا - روکنا - بند لگانا - گرہ لگانا - مقید کرنا - عقد باندھنا - ہاتھ باندھنا - قطار باندھنا - پل باندھنا - مضمون باندھنا - پردہ باندھنا - نسبت باندھنا - منصوبہ باندھنا - بہتان باندھنا - انشاء اللہ خاں انشا - سب کو سر باندھے میں تو اسکو نار باندھو ہے کی گر طلب ہو گر گدا سکے باندھو۔ **مولف** - جبتک نکلے نہ دم کھلنے نہ پائے + دل خدا کے ساتھ ایسا باندھنا۔

باندھنو باندھنا - منصوبہ باندھنا - سازش کرنا - بندش باندھنا - بہ بش۔

کرنا - کسی نئی چیز کی فکر میں ہونا۔

بانڈی چلنا - لٹھ چلنا - لڑائی ہونا۔

بانسا پھر جانا - ناک ٹیڑھی ہو جانا جو اکثر مرنے کے قریب ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔

بانس پر چڑھنا - بدنام ہونا - رسوا ہونا - برائی کے ساتھ مشہور ہونا۔

بانسوں اچھلنا - خوشی کی حالت میں ناچنا کودنا۔

بانک بگڑنا - بنا بنایا کام خراب ہونا - عورت کا خاوند مر جانا۔

بانک بننا - موقع بننا - اتفاق لگنا - سنجوگ بننا۔

بانہہ ٹوٹ جانا - بازو ٹوٹ جانا - کوئی عزیز مر جانا۔

بانہہ دینا - امداد دینا - مدد کرنا۔

بانچھیں چڑھانا - لڑنے کو طیار ہونا۔

باؤ باندھنا - ہوا باندھنا - خوشامد سے اپنا مطلب نکالنا۔

باؤ پر آ جانا - دماغ و غرور میں آ جانا - متکبر ہو جانا۔ **تل سیخ** - کیوں سلاطین زمانہ آ گئے ہیں باؤ پر - تختۂ تابوت جب تخت سلیماں ہو گیا۔

باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا - مغرور متکبر ہونا۔ **مولف** - ہیں پوشیدہ بزیر خاک میں + باؤ کے گھوڑے پہ جو کل تھے سوار۔

باؤلی دینا - شکاری پرندے کو دوسرے جانور پر چھوڑ کر تیز کرنا سدھارنا - سنوارنا - بھڑکی دینا۔

با ہاپڑنا - واسطہ پڑنا - معاملہ پڑنا۔

با ہا ڈالنا - واسطہ اور معاملہ ڈالنا۔

باہر اندر جانا - سیر تماشے کو نکلنا - ادھر ادھر پھرنا۔

باہر جانا - سفر کو جانا - جنگل کو جانا - اندازے سے نکلنا - حد سے بڑھنا - قدم رکھنا - اندازے سے باہر + جو حد ہو اس سے تم باہر جانا۔

باہر کا - بیگانہ - اوپرا - پرایا - دیہاتی - دہقانی - گنوار۔ **مولف** - دل بدخواہ نے اندر سے مجھکو کر دیا غارت نہیں داخل ہوا اس گھر میں کوئی چور باہر کا +

باہر کرنا - نکال دینا - الگ کرنا - خارج کرنا - طلاق دینا۔ **مولف** - کرو باہر انھیں گھر سے نکالو + کہ ہیں یہ نفس و شیطان دونوں بدخواہ + چھپے رہتے ہیں یہ گھر میں تمھارے + رہو تم انکی بدخواہی سے آگاہ +

باہر والا - بھنگی - خاکروب - غیر آدمی۔

بایاں پیر پوجنا - کسی کے کمال اور بڑائی کا قائل ہونا - اسکے فن میں شاگرد ہو جانا - پورا ہشیار دشمن پر زور کرنا۔ **شوق** - مجھکو مفصول کے خوب یاد ہیں سیر + پوجیے آپکا کیا بایاں پیر۔

بائیں بائیں کرنا - بیہودہ بکنا - بکواس کرنا - غل مچانا - شور برپا کرنا

بارہ پنی توپ - بارہ پونڈ کا گولہ کھانے والی توپ بھجانگی عورت
بازاری گپ - **بازاری بات** - غیر معتبر خبر-
بات چیت - گفتگو - بول چال سے لیا غیروں سے میدان
ہمنے جیت + ہو گئی جسوقت آ نلسے بات چیت +
باریک بات - باریک نکتہ - متین کلام - گہری بات جو
بہ مشکل سمجھی جائے -
بازاری عورت - پیشہ دار عورت - رنڈی -
بالادست - زبردست حاکم - سخی - **مولف** - دستگیری ہی انھین
لوگون کا کام + جو کہ مال و زر مین بالا دست ہین + ہو رہے ہین
سرلسبر بے دست و پا + حوصلے دنیا مین جنکے پست ہین -
بالائی یافت - وہ آمدنی جو ملازم کو سوا تنخواہ کے رشوت وغیرہ کی ہو
بات کی پچ - اپنے سخن کا پاس اور بات کا لحاظ -
بادشاہی خرچ - وہ خرچ جو حیثیت سے زیادہ ہو -
بانہہ پکڑے کی لاج - ہاتھ پکڑے کی شرم -
بات کا بھید - مغز سخن فحوائے کلام مضمون مطلب -
بالا چاند - نیا چاند - ہلال - ماہ نو -
باپ مارے کا بیر - عداوت جو بزرگون سے چلی آتی ہو
بادشاہی چور - نامی گرامی چور - قزاق - ڈاکو - چورون کا افسر
بار بار - گھڑی گھڑی - ہر وقت - **مولف** - حق سے وہ پائے
دولت دیدار بار بار + ملجائے جسکو یار بہ بسیار بار بار + آنکھون
سے جسنے پردۂ غفلت اٹھا دیا + دیکھا اسی نے چہرۂ دلدار بار بار +
کس کس طرح دکھاتا ہو تازہ بہار دیکھ + ہر فصل مین یہ گلشن بیخار بار بار +
کیا بار بار ہونگی گلشن مین بلبلین + پھولیگا کب یہ حسن کا گلزار بار بار +
پھیلا بغیر حق کے نہ غیرون کے روبرو + دست سوال تو کرنا وار بار بار +
باربردار - بوجھ اٹھانے والا آدمی یا گھوڑا -
بارگیر - لدو گھوڑا - خچر - اونٹ - اور وہ فوجی سوار جسکا
ذاتی گھوڑا نہو -
بانی کار - جس سے کسی کام کی ابتدا ہو - سود اہو بین - جتنے
نوکر ہین اُسکے خدمتگار + فن دزدی مین سب ہین بانی کار +
باہر اندر - نہ سودا - کچھ راضی کچھ ناراض -
بازار کا روز - پینٹھ لگنے کا دن - منڈی کا دن بیوپاری کے آنیکا دن -
بانڈی باز - لٹھ باز - جھگڑالو - مفسد - لڑاکا - شوریدہ پشت -
باز پرس - محاسبہ - تحقیقات - دریافت - پوچھ گچھ - **مولف**

پوچھے جاؤگے خدا کے روبرو + آئیگا جس روز روز باز پرس -
بادفروش - باتونی - خوشامدی - مسخرا - بکواسی - بھاٹ بھانڈ
جو ایک مشہور قوم ہے -
باشوق - شوق سے - راضی خوشی
بابو لوگ - انگریزی دفتر کے سرکاری ملازم انکی نسبت یہ شعر
مشہور ہے کہ بابو بیک نقطہ یابو شود + لگاشن ۃ ماکہ قابو شود
بال سے باریک - نہایت باریک اور مہین -
بال بال - ذرا ذرا - مو بمو - سب - تمام - **مولف** - محو ایسا عشق
حق مین ہو کہ تیرے جسم کا + ذاکر و شاغل رہے ذکر خدا مین بال بال +
بال گوپال - لڑکے بالے - عیال اطفال -
باہوبل - زور بازو - قوت بازو +
باریک کلام - دقیق کلام -
باریک کام - وہ کام جو باریک قلم سے نقاش کرے -
بات بات مین - فی الفور - بہت جلد -
بات کرتے مین - **بات کی بات مین** - ذراسی دیر مین ایک
لحظہ مین - **مولف** - غضب ہے کہ وہ بے سبب رات کو + خفا
ہو گئے بات کی بات مین - **ولہ** - کیا ٹھکانا ہے اُس طبیعت کا + جو
بگڑ جائے بات کرنے مین +
بات کرنے مین پھول جھڑتے مین اُسکے منہ سے باتین
کیا نکلتی ہین گویا پھول جھڑتے ہین - نہایت شیرین گفتار **لطف** ہو
موتی گرتے ہین وقت ہنسنے کے + بات کرنے مین پھول جھڑتے مین
بادشاہ ہین حاکم وقت مالک تخت و تاج ہین - صاحب اختیار
ہین سے آزاد ہین کسی کے نہین اختیار مین + ہین آج وہ
ولایت خوبی کے بادشاہ +
بات کی بات کو - ذراسی دیر کے واسطے **صفدر فوقانی**
گذر اسکا میری طرف آج کل نہ دن کو کبھی ہے نہ ہر رات کو + دگر
بھول کے بھی کبھی آ گئے + تو آئے فقط بات کی بات کو +
بازارو - وہ چیز جو جلد فروخت ہوجائے سستی ہلکی قیمت کی +
بازو - زور - طاقت قوت مددگار - دوست اور بھائی **مولف**
نہو تم دست و پا بیدست و پا کے + جو ہو کمزور تم ہو اسکے بازو +
بات بڑی چھوٹا منہ - وہ ناجائز کلمہ جو زبان سے نکالنے
کے لائق نہو - **مولانا اکبر لاہوری** - لب جانان سے کیونکر
بوسہ مانگون + کہ اپنا منہ ہے چھوٹا اور بڑی بات +

بادامی آنکھ - چھوٹی آنکھ -
بار داشہ - سامان - برتن بھانڈا - ڈیرہ خیمہ پال تنبو وغیرہ -
باضابطہ - دستور کے مطابق -
باقاعدہ - قاعدہ کے مطابق -
بال بدھ - بچوں کی سی سمجھ اور عقل -
بانہہ - ہاتھ بازو - آستین عضو پنجہ سے مونڈھے تک +
باپ دادا سے - قدیم سے بزرگوں کے وقت سے ۵
غیر اپنا کبھی نہیں بنتا + سنتے آئے ہیں باپ دادا سے -
بات پر بات یاد آتی ہے - تقریر ختم نہیں ہوتی - ایک بات کے ختم ہونے پر دوسری یاد آجاتی ہے -
بات تو یہ ہے - حقیقت یہ ہے - خلاصہ یہ ہے - الغرض - القصہ -
باتوں کا دھنی ہے - بڑا باتونی ہے باتیں بنانے والا ہے زباندراز ہے
بات ہے - اصل میں کچھ نہیں زبان کی بات ہے -
بادہوائی - لغو بیہودہ - ناکارہ - نکما -
بارہ باٹ - جدا جدا الگ الگ - تین تیرہ تتر بتر -
باربرداری - بوجھ سامان جو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لیجائیں
بارہ بانی - پورا - کامل - بے نقص ۵ اس بن مجھکو چین نہ آوے
وہ میرے تن آن بجھاوے + ہے وہ سب گن بارہ بانی ہے
سکھی ساجن نہیں سکھی پانی -
بارہ مہینے - ایک سال -
بازار کی مٹھائی - بازار کی شیرینی کسبن عورت جسکا ہر کوئی خریدار ہو سکے -
بازاری - منسوب بہ بازار جو چیز بازار کے متعلق ہو مولف
گھر سے ہرگز قدم نہ رکھ باہر + عمر گوشہ میں کر بسر ساری + نکلا
باہر تو کاٹ کھائینگے + تجھکو کتے ہیں جتنے بازاری -
بال بچے باڑی کھیتی - زمین - آل اولاد +
باقی ساقی - رہا سہا - بچا بچایا -
بالائی مزے - اوپر کے مزے علاوہ آمدنی کے -
بال بچے - عیال و اطفال - کنبہ - قبیلہ - آل - اولاد -
بال برابر ہے - نہایت باریک و رنہیں چیز مولانا اکبر یہ اپال کے اسکی کمر ہے + کہاں ہے کس طرف ہے اور کدھر ہے -
بانہہ بلند ہے - ہاتھ اونچا ہے صاحب اختیار ہے -
باؤ بندی ہوئی - بناوٹ - گرمجوشی - خیالی پلاؤ -

باد بھری کھال ہے - انسان کا جسم جسکا مدار دم پر ہے - مولف
زمانے میں اس زندگی کا قیام + کوئی روز یا ماہ یا سال ہے + جو آتا ہے جاتا ہے وہ
ایک وز + بیان تبدلے سے یہی حال ہے فنا عمر ہے اور فنا زندگی + فنا ملک ہے اور فنا
مال ہے + نکل دم گیا جب تو پھر کچھ نہیں + کہ یہ کھال باد بھری کھال ہے +
باہر کر کے - ماسوائے - علاوہ بریں - اسکے بغیر -
باہر کی پھرنے والی - بے پردہ عورت جو گھر میں نہ بیٹھے - اور خادمہ و پرستار عورت جو کام خدمت پر مقرر ہو -

باے یا ماے ابجد

بپا اٹھانا - فتنہ و فساد برپا کرنا - طوفان اٹھانا - مقدمہ کھڑا کرنا
بیزیاں چھوڑنا - زلفیں بڑھانا - لٹیں چھوڑنا - بال لمبے چھوڑنا
ببول کے پیڑ بونا - کانٹے بونا - بدی کرنے پر مستعد ہونا - دیہا
کرنی کرے تو کیوں ڈرے کر کے کیوں پچھتائے + بوئے پیڑ ببول
کے تو آم کہاں سے کھائے +
بپتا پڑنا - مصیبت پڑنا - آفت آنا -
بپھرنا - مچلنا - ضد کرنا - قابو میں نہ رہنا - باغی ہونا -
بپادی - فسادی - جھگڑالو - فتنہ انگیز -

باے یا تاے فوقانی

بتا دینا - جتلا دینا - فریب دینا - ٹالنا - حیلہ حوالہ کرنا -
بتاسے کی طرح گھل جانا - بیماری یا غم سے لاغر ہو جانا و دبلا ہونا
بتانا - آگاہ کرنا - واقف کرنا - جواب دینا - بولنا - نام لینا - راز افشا کرنا
بھید کھولنا - اشارہ کرنا - سکھانا - دکھانا - سمجھانا - رہنمائی کرنا - مولف
بڑا بھاری خزانہ ہے محبت + اسے چوروں کی آنکھوں سے چھپانا
کسیکو راز کا واقف نکرنا - یہ بھید لینا کسی کو مت بتانا - میر حسن کبھی ناچنا اور گانا
کبھی مدھ جھانا کبھی اور بتانا کبھی + مثل اندھے کو اندھا ملا راہ بتائے کون -
بت بننا بت ہو جانا - موت کی طرح چپ ہو جانا منہ سے نہ بولنا -
مولف خدایا آج کیوں چپ ہیں وہ دلدار + مرے بت آج
کیوں بت بن گئے ہیں +
بتلانا - بدرانا - کسی کی برائی نکالنا - عیب ظاہر کرنا - نکتہ چینی کرنا
بتولے میں آنا - فریب میں آنا -
بپتا سنانا - اپنی مصیبت ظاہر کرنا - سرگذشت سنانا -
بتی لگانا - چراغ روشن کر دینا - آگ جلانا -
بتی چڑھانا - موم کی بتی فانوس یا شمعدان پر لگانا -
بتی دکھانا - آگ لگانا - داغنا - جلانا - پھونک دینا - روشنی دکھانا

بتیس دانتوں کی بھاکا۔ کوسنا۔ بد دعا دینا۔
بتیس دھار ہو کر نکلنا۔ بتیس دانتوں سے نکلنا۔ پھوٹ پھوٹ کر نکلنا
بتیسی بجنا۔ سردی کے سبب سے کانپنا اور دانتوں کا آپس میں ٹکرانا
بتیسی بند ہو جانا۔ جبڑے ملجانا۔ دندان پر جانا۔ منہ بند ہو جانا
بتیسی دکھانا۔ دانت نکلنا۔ ناحق ہنسنا۔ بیہودہ طور پر ہنسنا
بٹا دینا۔ گھاٹا اٹھانا۔ نقصان لینا
بٹا لگانا۔ گھٹوتی کاٹنا۔ نقص یا کھوٹ یا نرخ کی کمی کا عوض لینا۔
بٹا لگنا۔ تہمت لگنا۔ بدنامی ہونا۔ کٹوتی کٹنا۔ نقص یا کھوٹ کا عوض دیا جانا۔
بٹانا۔ تقسیم کر لینا۔ کھینچنا۔ پراگندہ کرنا۔ بدلانا۔
بٹھانا۔ بٹھلانا۔ دھرنا۔ رکھنا۔ جمانا۔ ٹھہرانا۔ قائم کرنا۔ میر حسن۔ یہ وہ دل کو اکجا بٹھاتا نہیں + کسی کام سے وصل بھاتا نہیں
بٹیر کا بیٹھ جانا۔ بٹیر کا دانہ ملنے کے سبب سے دُبلا ہو جانا۔
بٹاؤ۔ مسافر۔ غیر۔ اجنبی بیگانہ۔
بٹیر سے دیدے۔ موٹی اور چوڑی آنکھیں۔ ٹھہرائی ہوئی آنکھیں جو تیچی نہوں۔
بٹے کھاتے۔ وہ رقم جو وصول کے قابل نہو۔

باے باجیم

بجرا۔ بڑا سخت۔ ہیرا۔ بجلی۔ برق۔ سوداہا تھی کی ہجو میں ہے اپنا بجرا چلنے میں یہ ذات + نہیں ہاتھی مصیبت کی ہے یہ رات۔
بچن بند ہونا۔ عہد و پیمان کر لینا۔ قول و قرار کا پابند ہونا۔
بچن توڑنا۔ عہد توڑنا۔ اقرار سے پھر جانا۔
بچن دینا۔ قول اور عہد کرنا۔
بچن ڈالنا۔ سوال کرنا۔ درخواست کرنا۔
بچن مارنا۔ عہد کرنا۔
بچن نبھانا۔ عہد پر قائم رہنا
بچن ہارنا۔ اقرار و عہد کر کے صاف مکر جانا۔
بچھا دینا۔ پھیلا دینا۔ بکھیر دینا۔ فرش کر دینا۔
بچھونا لپٹنا۔ فرش لپیٹا جانا۔ ماتم اور سوگ کا زمانہ ختم ہونا۔
بچھونا کرنا۔ بستر لگانا۔ فرش کرنا۔
بچھیا کا باوا۔ پسل۔ بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ مولف فلک چلتا ہے کیسی الٹی چالیں + زمانہ آگیا ہے کیسا الٹا + وہ تارے کی ہر پچھلی سر زمین پر + کہ ہے چاروں طرف اندھیر چھایا + جو اچھے لوگ اہل خاندان تھے

نہیں ملتا انھیں کھانے کو ٹکڑا + ہوے خانہ نشین اہل شرافت + کوئی ان کا نہیں حیلہ وسیلا + گذرتی ہے جو ان پر حالت زار + نہیں اہل بصیرت دیکھ سکتا کمینے صاحب مکنت ہوے ہیں + جو ادنیٰ تھے وہ بن بیٹھے ہیں اعلا + جو غلہ بیچنے والے تھے بقال + حکومت کا انھیں حاصل ہے رتبا + جو تھے فرش زمین پر کفش بردار + دماغ انکا بہ بام عرش پہونچا + ہر اک دفتر میں اس دفتر کا افسر + اڑوڑا ہے کوئی اور کوئی بنیا + جنھے جب بیچتے تھے انکے بیٹے + کوئی ہے راے صاحب کوئی راجا + وہ کہلاتے ہیں انسان جو کہ پہلے + فقط حیوان تھے اور بچھیا کے باوا +
بچے نکلوانا۔ مرغی کو انڈوں پر بٹھلانا۔
بجلی بسنت۔ بسنت کے موسم کی بجلی جو زیادہ کڑکتی اور گرجتی ہے۔ عورت جنگجو اور لڑنے والی زبان دراز۔ چالاک گھوڑا یا در رفتار +
بجلی کی تلوار۔ تیغ براں۔ تیز تلوار +
بچن پال۔ سخن پرور۔ عہد کا پابند +
بچوں کا کھیل۔ آسان کام۔
بچھیرا پلٹن۔ بچوں کی فوج۔

باے باحاے حطی

بحال رکھنا۔ قایم و برقرار رکھنا۔
بحال کرنا۔ بدستور برقرار و قائم کرنا۔
بحال ہونا۔ اپنے کام پر قائم ہونا۔ مولف۔ غم نہیں رکھتے جو دل میں حال و استقبال کا + فی الحقیقت خرم و خورسند ہیں ہر حال میں شادی و غم میں طبیعت انکی ہوتی ہے بحال + ہر گھڑی ہر لحظہ و روز و مہ و ہر سال میں۔
بحر کھلنا۔ ذہن اور حافظہ کھلنا۔

باے باخاے

بخار چڑھنا۔ بخار آنا۔ بدن گرم ہونا۔ حرارت ہونا۔ سہ نام سنتا ہے جب رقیب مرا + ڈر سے اسکو بخار چڑھتا ہے +
بخار دل میں رکھنا۔ دل میں غصہ رکھنا۔ دل سے عداوت کرنا مولف نہیں معلوم کس لیے دلدار + میرے ملنے سے عار رکھتے ہیں غیر کی بات پر یقین کر کے + دل میں مجھسے بخار رکھتے ہیں +
بخار نکالنا۔ خوب لڑ جھگڑ لینا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ جو کہنا تھا وہ بر ملا کہدیا + نکالا جو تھا اپنے دل میں بخار +
بخت آزمائی کرنا۔ قسمت کو آزمانا۔ بر لبدہ کے بھروسے پر کوشش کرنا۔ مفتی حیدر لاہوری۔ محبت میں جو ہونا ہو الٰہی ہوگا + مگر بندہ بخت آزمائی کرے

بخشنا - دینا۔ سخاوت کرنا۔ حکیم انور لاہوری۔ چاہتے بخشش ہو گر اللہ کی + اُسکے بندوں کی خطائیں بخش دو +

بخیہ ادھیڑنا - ٹانکے اُدھیڑنا۔ پردہ کھولنا۔ راز فاش کرنا۔

بختاوری آئی ہے - شامت آئی ہے کمبختی نے گھیرا ہے۔ شوق۔ کیا دھما چوکڑی مچائی ہے + دیکھو بختاوری کچھ آئی ہے۔

باب بادال

بدأون کے للا - بھولا بھالا۔ سادہ لوح۔ مورکھ۔ نادان۔

بد بد کرنا - بدظن کرنا۔ دل سے بُرا کرنا۔

بدر نکالنا - حساب میں سے بقایا نکالنا۔

بدعت کرنا - نئی بات نکالنا۔

بدن بگڑ جانا - جذام کی بیماری ہو جانا۔

بدن پھل جانا - بہت سی چھوٹی پھنسیاں نکلنا۔ بدن پر خارش ہونا

بدن بھدکا ہونا - خفیف سا بخار ہونا۔

بدن توڑنا - انگڑائیاں لینا۔ سستی پھیلانا۔

بدن ٹوٹنا - جوڑ جوڑ میں درد ہونا۔ اعضا شکنی ہونا۔

بدن چرانا - شرم کے مارے اپنے بدن کو سکیڑنا۔ چھپانا۔ شوق۔ سب حیا سے بدن چرائے ہوئے + پائینچے ناز سے اُٹھائے ہوئے +

بدنظر دیکھنا - بُری نگاہ سے دیکھنا۔ بدنیت ہونا۔ تاکنا۔ جھانکنا۔ صفدر رقائی۔ نیک صورت خوبرو دلدار کو + کب روا ہے بدنظر سے دیکھنا

بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا - کسی خوف یا سردی کے باعث بدن کے بال کھڑے ہو جانا۔

بدو کرنا - بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

بدجائی دینا - مبارکباد دینا۔

بدہضمی ہونا - گرانی ہونا۔ کھانا ہضم نہ ہونا۔

بدھ کھانا - جمع خرچ کی میزان برابر ہونا۔

بدھ ملانا - حساب جانچنا۔ دو لکھاؤ لکھنوں کی جمع تیریاں ملانا۔

بدھیا بیٹھ جانا - چلتے بیل کا بیٹھ جانا۔ جاری کام بند ہو جانا۔

بدھیا کرنا - بیل کو خصی کرنا۔

بدھیاں پڑنا - کسی یا کوڑے کا نشان بدن پر پڑنا۔

بدی پر آنا - بُرائی کرنے پر مستعد ہونا۔

بدی چیتنا - بُرائی چاہنا۔ بُرا مانگنا۔

بدی کرنا - بُرائی اور دشمنی کرنا۔ غیبت کرنا۔ میر حسن۔ کسی کی بدی تو نہ کر عیب ہے + کہ اُسکا خدا عالم الغیب ہے۔

بدوضع - بداطوار۔ بدچلن آدمی۔

بڈھا پھونس - نہایت بڈھا۔ پیر فرتوت۔

بدابدی - بجنا بجنی۔ ضد م ضدا۔ ہاتھی ٹکرا۔

بدپرہیزی - بے احتیاطی و بے اعتدالی جو بیمار سے وقوع میں آئے

باب بارے

برابر کا - ہم عمر۔ ہم قد۔ ہموزن۔ ہمسر۔

برابر کرنا - طول و عرض و عمق میں ایک چیز کو دوسری کے ساتھ یکساں کرنا

برابر ہونا - ہر طرف سے یکساں ہونا۔

برابری کرنا - مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ گستاخی کرنا۔

بُرا بنانا - رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔

بُرا بھلا کہنا - لعنت ملامت کرنا۔

براجمان ہونا - قدم رنجہ فرمانا۔ تشریف رکھنا۔ بیٹھنا۔ زینت بخشنا

بُرا حال کرنا - بُرا درجہ کرنا۔ پتلا حال کرنا۔ بےعزت کرنا۔ بےحرمت کرنا

بُرا حال ہونا - بیمار ہونا۔ خستہ حال ہونا۔ پتلا حال ہونا۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ خبر اب تو لے اے مسیحا نفس + بُرا حال ہے تیرے بیمار کا +

بُرا کہنا - سب سے یاد کرنا۔ شکایت اور غیبت کرنا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ بھلا مانگو بھلے کا اور بُرے کا + خداوند زمین و آسمان سے + بُرا بھی ہو اگر کوئی تو اُسکو + نہ کہنا تم بُرا اپنی زبان سے۔

بُرا لکھا - بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ بدطالعی۔ چراغ الدین روشن۔ بغیر اسکا قدرت بدل سکتا نہیں کوئی + اگر پہلے بُرا لکھا گیا ہے اپنی قسمت میں +

بُرا لگنا - بدنما معلوم ہونا۔ طبیعت کو نہ بھانا۔ محمد انور لاہوری۔ حساب لیتے میں جبر ہ مجھسے دلدار + بُری لگتی ہے شاید میری صورت +

بُرا ماننا - ناراض ہونا۔ ناخوش ہونا۔ بگڑ جانا۔ رنجیدہ خاطر ہونا۔ مفتی حیدر لاہوری۔ جو سنتے ہیں مجھسے بھلائی کی بات + دل آرام دل سے بُرا مانتے ہیں +

برآمد کر دینا - سراغ نکالنا۔ مال نکالنا۔ ظاہر کر دینا۔

برآمد ہونا - نکلنا۔ باہر آنا۔ ظاہر ہونا۔

برآنا - حاصل ہونا۔ ملنا۔ کامیاب ہونا۔ سید علی الغت۔ یلیں ہمکو خلوت میں وہ پردہ دار + الٰہی ہماری بر آئے مراد +

برانگیختہ کرنا - آمادہ و مستعد کرنا۔ بھڑکانا۔ بہکانا۔ اغوا کرنا۔

برباد کرنا - تباہ کرنا۔ اجاڑنا۔ ویران کرنا۔ خراب کرنا۔ مؤلف۔ نہ کھونا سر ور اپنی آبرو کو + نہ اپنی خاک کو برباد کرنا +

برپا کرنا - غل مچانا۔ اٹھانا۔ پھیلانا۔ وزیر لکھنوی۔ برپا ہوا ہے فتنہ محشر جو اے وزیر + کچھ ذکر آ گیا ہے کہیں اُسکی چال کا +

برچھی لگنا۔جگر کے پار ہونا۔صدمہ پہونچنا۔آفت آنا۔مصیبت میں مبتلا ہونا **شوق** جب نظر سے نظر دو چار ہوگئی + ایکسا برچھی جگر کے پار ہوگئی

برخاست کرنا۔موقوف کرنا۔برطرف کرنا۔

برداشتہ خاطر ہونا۔جی اُچاٹ ہونا۔اداس ہونا۔گھبرانا۔

بردینا۔طاقت دینا۔زور بخشنا۔دختر کو شوہر دینا۔

برس پڑنا۔بارش ہونے لگنا۔جوش و غصے میں آنا۔

برسوں جھولنا۔کسی مید میں مدتوں پڑے رہنا۔

برف پڑنا۔نہایت سردی ہونا۔

برف میں لگانا۔برف میں سرد کرنا۔ ع جگر کی آگ نہ بجھے جس سے جلد وہ شیشہ لا + لگا کے برف میں ساقی صراحی مے لا +

برف ہونا۔سرد ہونا۔

برکت اُٹھ جانا۔ترقی موقوف ہونا۔**صفدر فوقانی** آگیا بددن کی جب نیت میں فرق + جسقدر تھی خیر و برکت اٹھ گئی +

برکت دینا۔افزائش و ترقی دینا۔**مولانا اکبر لاہوری**۔تو گر کرم خیر عمر ہو ان کی + دیگا برکت خدا کمائی میں۔

بڑکی ڈالنا۔مٹی کی ٹھیکری پر جادو پڑھ کے کسی کی طرف پھینکنا

بر مانگنا۔طاقت و زور مانگنا۔عورت کا شوہر طلب کرنا۔ ع آجکل بارہ برس کی کنیا۔اپنے منہ سے آپ ہے بر مانگتی +

برملا سُنانا۔روبرو کہنا۔مقابلہ پر بولنا۔

برہم ہونا۔ناراض ہونا۔بگڑنا۔**صفدر فوقانی**۔رات بھر ہم سے نہ بولے اور کی منہ سے نہ بات + ایک بوسے پر پری وش ہمسے برہم ہوگئے۔

بُرے حالوں جینا۔افلاس کی حالت میں زندگی بسر کرنا۔

بُری سُنانا۔بُری خبر سُنانا۔خلاف مرضی بات کہنا۔**ذوق** آئی گھر سے تو نے پھر جلنے کی سنائی + ہو جلوں سن نہ کیونکر یہ تو بُری سنائی۔

بڑا بوڑھا۔بڑی عمر کا آدمی۔ ع کر دتقلید ہر ایک کام میں اپنے بزرگوں کی + بغور اسکو سنو جو بات فرمائے بڑا بوڑھا۔

بڑا کرنا۔بڑھانا۔زیادہ کرنا۔ ع یہ ہے ماں باپ کا بیٹے پہ احسان + کہ چھوٹے سے بڑا کرتے ہیں اسکو +

بڑانا۔سوتے سوتے بکنا۔

بڑا نام کرنا۔ناموری حاصل کرنا۔**چراغ الدین روشن** بڑا نام ہو جس سے وہ کام کرنا۔بڑا بن کے تم بھی بڑا نام کرنا

بڑائی دینا۔عزت و توقیر دینا۔**مولف** بھلائی پاتا ہے وہ جو بھلائی دے + ہے بڑا وہ ہوتا ہے جسکو خدا بڑائی دے

بڑائی کرنا۔اپنی تعریف آپ کرنا۔**مولف** ضعیف و عاجز و کمزور ہے یہ بندۂ زار + عبث یہ خاک کا پتلا بڑائی کرتا ہے۔

بڑبڑانا۔آہستہ آہستہ غصہ کی حالت میں بُرا بولنا۔

بڑھو تُھس لگنا۔بوڑھی عمر میں جوانی کے عیش و عشرت کی طرف رغبت ہونا۔بڑھاپے میں خواہش نفسانی کی کثرت ہونا **مولف** بڑھاپے کا زمانہ اور ہوس دل میں جوانی کی + خباثت ہے خساست ہے حماقت ہے جہالت ہے + حقیقت میں جو لے بوسہ کوئی انزال کے پیچھے + نہ جسمی اسمیں حظ ہے اور نہ روحی اسمیں لذت ہے

بڑھاوا دینا۔حوصلہ دینا۔ہمت بڑھانا۔جھوٹی تعریف و خوشامد کرنا

بڑھاوے میں آنا۔دھوکے و فریب میں آنا۔دم کھا جانا۔

بڑھ بڑھ کے بولنا۔اپنے رتبہ و حیثیت سے باہر ہو کر بولنا۔ ع آپ نے جب سے منہ لگا یا ہے۔کیسا بڑھ بڑھ کے بولتا ہے رقیب +

بڑھتی کا پہرا۔ترقی کا زمانہ۔

بڑھتی لکھ لینا۔حساب میں زیادہ دام لگا دینا۔ ع رزق جو مقسوم میں تحریر ہے + اس سے بڑھتی لکھ نہیں سکتا کوئی +

بڑھ جانا۔اپنے انداز سے نکل جانا۔دولتمند ہو جانا۔ ع نہ نکلنا حد معین سے + اپنے انداز سے نہ بڑھ جانا۔

بڑھ چلنا۔آگے نکل جانا۔قدم بڑھانا۔ ع رہنا اپنے مقام پر قائم + اس سے زیادہ کہیں نہ بڑھ چلنا۔

بڑے باپ کا بیٹا۔عالی خاندان۔صاحب عزت۔بڑا آدمی۔**مولف**۔بڑائی نہیں بے ہنر کے نصیب + اگرچہ ہو بیٹا بڑے باپ کا

بڑے گھر جانا۔مرجانا۔خدا کے گھر جانا۔

برگشتہ بخت۔بدنصیب۔بدقسمت۔ ع جو کوئی باب نبی سے پھر گیا ہے وہی برگشتہ بخت و بدنصیب +

بُری نسبت۔بُری حرام چیز۔خراب چیز۔

بُری بات۔خراب [illegible]

بڑی بات۔[illegible] ضروری کام۔

برابر کی چوٹ۔برابر کی جوڑ۔ہمسر۔ہم پلہ۔ہمتہ برابر کا

برل۔[illegible] عامی آدمی۔لونڈی بچہ۔لامذہب۔نا ہنجار۔

[illegible] مکان۔و عالی خاندان **صفدر فوقانی**۔بڑا گھر تم [illegible] دا ہے میں بے بنیاد آخر کار دونوں +

برس۔تمام سال۔بارہ مہینے۔

بڑا شخص۔بڑا آدمی۔امیر۔عالم۔فاضل۔تجربہ دار۔جہاندیدہ

[illegible]

بڑا قاف - کنایۃً از مساق - دیوث - بھڑوا - بے غیرت -

بڑا بول - تکبر و غرور کا کلمہ جو زبان سے نکلے - مولف - تکبرانہ بول منہ سے کلمہ + کہ کر دیتا ہے سر نیچا بڑا بول +

برا کام - فعل ناجائز جو شرعاً و عرفاً منع ہو - مفتی حیدر لاہوری - بھلائی کسے ہوگی بھلائی نصیب + برے کام سے ہے برائی نصیب

برسوین دن - جو دن برس کے بعد آئے -

برس برس کے دن - تہوار کا دن عید شب برات وغیرہ کا دن جو برس برس کے بعد آتے ہیں -

برن باہر ہیں - ذات برادری سے خارج ہیں -

برے دن - نحوست کے دن - بدقسمتی کا زمانہ ؎ مرے گھر میں وہ بے بلائے چلے آئے + برے دن گئے آج کل ہیں ہمارے

بڑا دن - متبرک دن عید وغیرہ کا -

بڑی بات نہیں - کچھ بڑی بات نہیں - کچھ مشکل نہیں - کچھ دشوار نہیں ممکن امر ہے - ہونے والی بات ہے -

بڑے میاں - بزرگ آدمی عمر رسیدہ -

برس بیاؤ - وہ عورت یا مادہ جانور جو ہر سال بچہ دیوے -

بڑا مزا ہو - بڑا لطف ہو - بڑی سیر ہو - مضطر - بڑا مزا ہو جو ہو جائے خدا کچھ دن + ادھر ہیان کی طرح اور ادھر دہان کی طرح -

بڑی بہو - بڑے بیٹے کی عورت -

بڑا دیدہ - شوخ چشم - بیباک - نڈر -

بڑا رستہ - مرگ کا رستہ -

بڑا گھرانہ - بڑا خاندان - امیروں کا گھر جو باپ دادا سے امیر ہوں -

برائی بھلائی - نیکی بدی خیر و شر - مولف - تری رہ جائیگی مر کے پیچھے + زمانے میں برائی یا بھلائی - برائی سے برا ہوئیگا تو یاد بھلائی تجھکو بخشیگی بھلائی -

برق ہے - ہشیار ہے - تیز ہے - بجلی ہے - آتش کا پرکالہ ہے - مولف - وقت جلوہ ماہ ہے یا مہر ہے - یا برق ہے + آسمان پر وہ زمین پر ہے اپنا غرق ہے

برکت ہے - کھانا زیادہ ہوگیا یعنے تقسیم ہوچکا ختم ہوچکا - اب برکت ہے - مولف - خط جو آیا حسن کا سارا خزانہ لٹ گیا + اس سے پیچھے گھر میں باقی خیر و برکت ہے فقط +

بڑا آدمی - امیر ذی عزت دولتمند - عالم - فاضل - حکیم - مولف - جو اپنی زبان سے بڑائی کرے + نہیں ہے وہ اصلا بڑا آدمی + جسے لوگ دنیا میں اچھا کہیں + وہ ہے سب سے اچھا بڑا آدمی

بڑا کوئی - شریر - مفسد - حرامزادہ - شرارت انگیز -

بڑھتی دولت رہے - دولت میں ترقی رہے - بلا دعا ہے - مولف - بڑھتے اور گھٹتے جب تک زندگی ہے ترے حسن کی بڑھتی دولت رہے ؎ ہمیشہ تری بڑھتی دولت رہے + ترقی میں ملک و حکومت رہے

بڑی بوڑھی - بڑی عمر کی عورت - سیانی عورت - تجربہ کار عورت جہاندیدہ - نانی دادی -

بڑے بوڑھے - بہر دو یائے مجہول بڑی عمر کے مرد - جہاندیدہ گرم و سرد آزمودہ - نانا - دادا - بزرگ - استاد - پیر -

بڑی بی - عمر رسیدہ عورت -

بائے بازائے

بزرگوں کا ٹھیکرا - وہ پرانا مکان جو آبا اجداد سے چلا آتا ہو

بزن بولنا - قتل عام کا حکم دینا -

بزن کرنا - قتل عام کرنا -

بائے باسین

بس اگلنا - زہر اگلنا - برا بولنا - بدکلامی کرنا -

بس ہونا - کڑوا ہونا - زہر ہوجانا -

بس بونا - زہر بونا - اپنے حق میں برائی کرنا -

بستر لگانا - فرش بچھانا - رات کے سونے کا -

بس چلنا - اختیار ہونا - قابو ہونا ؎ فرشتے کو کبھی یہ جان نہ دیتا + اگر بس چلتا ہمیں آدمی کا -

بس دیکھ لیا - خوب امتحان کر لیا اچھی طرح جانچ لیا - [illegible]

بسرام کرنا - ٹھہرنا - اترنا - شب باش ہونا - آرام کرنا - سونا -

بسم اللہ کرنا - آغاز کرنا - ابتدا کرنا - ذبح کرنا - صفدر فوقانی - اگر دل میں ارادہ ذبح کا ہے + نہیں انکار بسم اللہ کیجے -

بس ملانا - زہر ملانا - نقصان کرنا - کھوٹ ملانا - بگاڑ دینا -

بس میں آنا - [illegible] پھنسنا - قابو میں آنا - مولانا اکبر - پھنس گئے جو لوگ [illegible] + بس وہ بے بس ہیں [illegible] سے بس آ گئے

بس میں پڑنا - [illegible] بس میں آجانا - قبضہ و قابو میں ہونا - مطیع ہونا - [illegible] لاہوری - [illegible] مر گئے وہ زندگی رو چکے + ہیں [illegible] بے بس ہو چکے -

بس میں رہنا - [illegible] فرمانبردار رہنا - مطیع رہنا - شعر - ہزار دل [illegible] ملا ہیں [illegible] رہتا ہے + [illegible] پھندے [illegible] ہو گئے [illegible]

بس مین کرنا۔ بس مین آنا ۔ اپنے قابو مین لانا۔ مغلوب کرنا۔ سید علی شاہ الفت ۔ اُسکو باقی کچھ نہین رہتی ہوس + جسکو اپنے بس مین کر لیتے ہو تم۔

بسنت پھولنا ۔ سرسون پھولنا۔ زردی چھا جانا۔ بہار کا آغاز۔ مولف ۔ بسنتی آپ نے کر لی جو زیب تن پوشاک + نظر مین اہل نظر کے بسنت پھول گیا۔

بستر دینا ۔ آرام دینا۔ بستر کرا دینا۔

بستیر الینا ۔ جانورون کا رات کو درختون پر آرام کرنا۔

بسولی خاصیت ۔ تیشے کی خاصیت جو اپنی ہی طرف لکڑی کے چھلکے اُتارتا ہے ۔ اور آدمی خود غرض ۔ خود مطلب۔

بس بس ۔ کافی ہے۔ زیادہ حاجت نہین ہے کیا بوسے کا شب جو ہمنے سوال + بولے جھنجھلا کے سُن لیا بس بس۔

بسم اللہ ہی غلط ۔ شروع ہی سے خراب پہلے ہی سے غلطی ہوئی ہے۔ مُنہ لگاتے ہی اولے پڑنے سے آگے آگے انتہا تک دیکھیے ہوتا ہے کیا + ابتدائے عشق مین ہے جبکہ بسم اللہ غلط۔

بسر و چشم ۔ سر آنکھون سے ۔ خوشی سے ۔ دل وجان سے ہے جان بھی جس کسے آپ مانگتے مین + بسر و چشم حاضر لیتا ہے۔

بس کرو ۔ صبر کرو ۔ جانے دو۔ چُپ رہو۔ تمام کرو۔ ختم کرو۔ مولانا اکبر ۔ بہت ہو چکی ہے جفا بس کرو + بتواب برائے خدا بس کرو۔

بس کی گانٹھ ۔ زہر کی گرہ ۔ مفسد ۔ شریر ۔ فسادی جھگڑالو ۔ جانصاحب ۔ میٹھی باتون پہ نہ جا بس کی ہے یہ گانٹھ موا + کیا کہون اس سے جو صدمے مجھے کیا کیا پہنچے۔

بائے باشین

بشارت دینا ۔ خوشخبری سنانا۔ اچھی خبر دینا۔ حکیم محمد انور محمود نے عنایت سب یہ کی ہے ۔ شفاعت کی بشارت سنادی ہے۔

بشیش کرنا ۔ خاص کرنا۔

بشی ۔ عیش کرنا۔ مزے اُڑانا۔

بائے باغین

بغل جانا ۔ رستے سے ایک طرف ہو کر نکلنا۔

بغل گرم کرنا ۔ دو شخصون کا بغلگیر ہونا۔

بغلگیر ہونا ۔ گلے لگانا۔ ہم آغوش ہونا۔

بغل مین ایمان دبا لینا ۔ بے ایمان ہونا۔ بد دیانتی کرنا۔

بغل مین منہ ڈالنا ۔ شرمندہ کرنا۔ شرمندہ ہونا۔ شرمسار ہونا۔

بغلین بجانا ۔ کسیکی برائی سنکر خوش ہونا۔ مولانا اکبر۔ عتاب آمیز باتین ہمسے جب کرتا ہو وہ گلرو + تو ہنس ہنس کر رقیب سنگدل بغلین بجاتا ہے۔

بغلین جھانکنے لگنا ۔ جواب نہ آنا۔ منہ تکتے رہجانا۔ شرمندہ و شرمگین ہونا۔

بغلین لینا ۔ بغلون کے بال مونڈنا۔

بغل کا دشمن ۔ وہ شخص جو گھر مین رہکر دشمنی کرے۔ گھر کا دشمن اور آستین کا سانپ۔ مولف۔ دل ہی دشمن ہے مرا زیر بغل + دل ہی اپنی آستین کا سانپ ہے۔

بائے باکاف

بک بک کرنا ۔ بیفائدہ باتین کرنا۔

بکھیڑا چکانا ۔ مقدمہ فیصل کرنا۔

بکھیڑا ڈالنا ۔ جھمیلا ڈالنا۔ کام بڑھانا۔

بگ ٹٹ دوڑانا۔ بگ چھٹ دوڑانا ۔ ایسا گھوڑا دوڑانا جس سے باگ ٹوٹ جائے ۔ یا ہاتھ سے چھوٹ جائے۔

بگڑ بیٹھنا ۔ ناراض ہو بیٹھنا۔ لڑنے پر مستعد فساد پر تیار ہونا۔ مولف ۔ پھر سنورنے مین نہین آتے دوست + ہمسے جسوقت بگڑ بیٹھتے مین۔

بکونا ۔ بدی و بدگوئی کرنا۔

بکویا کرنا ۔ ہجو کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

بگلا بھگت ۔ بظاہر دوست دل سے دشمن۔

بکرے کی اولاد ۔ حرامی بچہ ولد الزنا۔

بگڑے دل ۔ دیوانہ۔ سودائی۔ بیوقوف ۔ وحشی باولا۔

بائے بالام

بلا بو غما ۔ بہت موٹا۔ بھینس بدصورت۔

بلا پیچھے لگانا ۔ اپنے آپکو کسی مصیبت مین پھنسانا۔ جان بوجھکر خرابی مین آنا۔ رعدی ۔ ہمنے ہی ہم خود پھنس گئے + یہ بلا پیچھے لگالی ہمنے آپ +

بلا کا بنا ہوا۔ بلا کا پتلا ۔ نہایت تیز و چالاک و فطرتی ۔ صفدر فوقانی ۔ بلا ہو تم نہین محبت سے + دل نہین یہ بلا کا پتلا ہے۔

بلا کی طرح پیچھے پڑنا ۔ بری طرح سے کسی کے پیچھے پڑنا۔

بلبلا کر لپٹنا ۔ بھنّا ہو کر چمٹنا۔

بلبلانا ۔ رونا۔ نوحہ کرنا۔ ملاپ کرنا۔

بل بل کرتا ہوا۔ بلبلاتا ۔ نہایت شوق سے۔ خوشی سے سرگرمی سے دلی جوش سے۔

بلبلا سا ۔ ناپائدار کوئی دم کا مہمان ۔ مولف ۔ دم آیا آیا آدمی کا عبث ہے اسکے جینے کا بھروسا + قیام اسکو بھلا ہو کس طرح سے بشر اس دریا مین ہے یہ بلبلا سا +

بل بنانا۔ حساب تیار کرنا۔
بل بھرنا۔ زور بھرنا۔ قوت مین آنا۔
بل جانا۔ بھڑک اٹھنا۔ آگ کا مشتعل ہونا۔ جل جانا۔
بلمانا۔ روک رکھنا۔ ٹھہرانا۔ موہ لینا۔ پھنسا لینا۔
بلا۔ دام مین لانا۔
بلما۔ دوست پیارا محبوب۔
بل نکال لینا۔ پیچ نکالنا۔ سیدھا کر دینا۔ مومن۔ ہم نکال لینگے سن ہے موج ہوا بل تیرا + اُسکی زلفون کے اگر بال پریشان ہو گئے۔
بل نکلنا۔ سیدھا ہونا۔ پیچ وخم جاتے رہنا + درست ہونا ٹھیک ہونا۔ حساب صاف ہونا۔ مولف۔ ہے یہ ممکن کہان کہ شانے سے زلف پیچان کے بل نکل جائین۔
بلور کا ٹکڑا۔ نہایت صاف و سپید بدن۔
بلا بدتر۔ نہایت خراب اور نکمی چیز۔
بلا تکلف۔ بلا روک ٹوک۔ بلا وسواس
بلا توقف۔ فی الفور۔ ترت۔ معاً۔ جلد۔
بلوۂ عام۔ عام لوگون کا ہجوم جو کسی بات کی تکرار ہو جاے۔
بلا گردان۔ تصدق ہونے والا۔ قربان ہونے والا۔
بلائین لون۔ قربان جاؤن۔ صدقے جاؤن۔ مولف۔ دل اپنا دون مین اُس زلف دوتا کو + بلائین لون مین اُس کالی بلا کی۔
بلوان۔ بہادر۔ پہلوان۔ صاحب زور۔
بلون باون۔ خواہش۔ چاہت۔ ضرورت۔
بیل مین۔ کمزور۔ ناطاقت۔ نامرد۔
بلا ناغہ۔ ہر روز۔ متواتر۔ نت۔ برابر۔
بلا واسطہ۔ بغیر وسیلے اور ذریعہ کے۔
بلا جانے۔ ہم نہین جانتے۔
بلا سے۔ کچھ پروا نہین۔ بیزار سے۔
بلبے۔ شاباش۔ مرحبا۔ صد آفرین۔ فرید لاہوری۔ آف رے گیسوے مسلسل کون تجھ سے بچ سکے + بلبے وکالی بلا کا ماترا آ جاتا ہے
بلی اُلانگ کر تو نہین آئے۔ یعنے تم اُس رستہ سے تو نہین آئے جس رستے سے بلی گئی تھی جو آتے ہی لڑنے لگے۔ چونکہ وہمی آدمی بلی کے کاٹے ہوے رستہ پر چلنے کو برا جانتے ہین اس سبب سے جب کوئی شخص کسی کے یہان آتا ہے اور تکرار کرنے لگتا ہے تو اُس تکرار کو اُس رستہ کٹنے کا اثر خیال کر کے یہ محاورہ بولتے ہین۔

باے با میم

بم پھوٹنا۔ کسی جگہ سے پانی کا جوش مارنا۔
بم مچانا۔ شور و غل مچانا۔ دہائی دینا۔

باے با نون

بنا ٹھنا۔ پوشاک و زیور سے آراستہ۔ بنا سنورا۔
بنا رہنا۔ آباد رہنا۔ زندہ رہنا۔ موجود رہنا۔ قایم و بحال رہنا۔ مولف دعائیہ۔ جبتلک ہے بنلے دین قائم + تیرا یارب بنا رہے اقبال
بن آنا۔ بن پڑنا۔ مطلب و مراد حاصل ہونا۔ قسمت کھل جانا۔ مومن۔ سنا ہے کہ اسنے زلف واکی + اگر سچ ہے تو بن آئی صبا کی + نظیر۔ جدھر کو جاؤ اُدھر غم جگر کو ہے کھاتا + عجب خرابی ہے کچھ ہاے بن نہین آتا
بناؤ کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا۔ سجنا۔ درست کرنا۔ سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔ زینت بنا۔ جسم کو لباس و زیور سے + جب بناؤ ہو کر کیا اُسنے سنگار + ہو گئی پھر حسن کی تازہ بہار +
بن آئے مرنا۔ بغیر موت کے مرنا۔ عمر طبعی سے پہلے مر جانا۔ مرگ مفاجات سے گذر جانا۔ صفدر فوقانی۔ کچھ تو مارے زلف نے کچھ کروٹ لے پڑنے قتل + سب ترے جانباز عاشق آہ بن آئے مرے +
بن بن کر بگڑ جانا۔ درست ہو کر خراب ہو جانا۔ بنی چیز کا ٹوٹ جانا۔ مولف۔ سیکڑون جی جی کے مر جاتے ہین لوگ + لاکھون بن بن کے بگڑ جاتے ہین کام۔
بنتی کرنا۔ منت کرنا۔ عاجزی کرنا۔ زاری کرنا۔ پاؤن پڑنا۔ عذر خواہی کرنا۔
بنجارے کی سی آگ چھوڑ جانا۔ نشان چھوڑ جانا۔ جس طرح قافلہ کوچ کر جاتا ہے اور چولھون مین آگ پڑی رہجاتی ہے۔
بنجنا۔ بیچ یا بیوپار کرنا۔ ناتہ یا شادی قرار دینا۔ خرید فروخت کرنا۔
بنجے جانا۔ گھر گھر گلی گلی پھر کر سودا فروخت کرنا۔ پھیری پھرنا۔
بند باندھنا۔ پشتہ بنانا۔ روک لگانا۔ انسداد کرنا۔ انشا۔ اے دود آہ رات نہ بگڑے وہ پھبا باندھ + جا کر گلے مرغ سحر پر کمند باندھ۔
بند بند جدا کر دینا۔ جوڑ جوڑ الگ کر دینا۔ ٹکڑے کر دینا۔ مولف۔ نہ ٹوٹیگا تری الفت کا پیوند + اگرچہ ہو جدا ہر بند سے بند +
بند بند جکڑ جانا۔ پکڑ جانا۔ جوڑ جوڑ مین درد ہو جانا۔ ہر ایک عضو مین کشش ہونا۔ گٹھیا ہو جانا۔ بیچھا کے زلفون کا دام دلبر نے مرغ دل کو پکڑ لیا ہے + کہ بند بند اسکا بند غم مین پکڑ لیا ہے جکڑ لیا ہے۔
بند بند رہنا۔ غمناک و پریشان رہنا۔ چپ رہنا۔ سست رہنا۔ مولف۔ باغ مین اے رشک گل جس روز تم آتے نہین + ہے اداسی سے کوئی ایک غنچہ بند بند۔

بند ڈھیلے کر دینا - سخت لتکوب کرنا - مارنا کوٹنا کمزور کر دینا۔ مارے غم کے تار بستر ہو رہا ہوں آج کل + تیری زلفوں نے کیا ہی ایسا ڈھیلا بند بند۔

بند چھڑانا - قید سے رہائی دینا۔ مولف۔ غم گیسو سے دلوا دو رہائی + مجھے اس بند سے یارب چھڑالو +

بندر بھبکی دینا - بندر کی سی صورت بنا کر ڈرانا۔ دھمکانا۔

بندگی بجانا - خدمت کرنا۔ ٹہل کرنا۔

بندوق بھرنا - بندوق میں باروت بھرنا۔

بندوق چھتیانا - بندوق چھاتی کی طرف سیدھی کرنا۔

بندوق لگانا یا چلانا - بندوق چھوڑنا۔ سر کرنا۔ دو کرنا۔

بندہ بن جانا - غلام بن جانا۔ مطیع ہونا۔ بندگی کرنا۔ مولف۔ باندھ لو حق کی عبادت میں کمر + بندے بن جاؤ خدا کے واسطے + کر چکے بس بھول کر جتنے گناہ + اُنسے باز آؤ خدا کے واسطے +

بند ھوانا - قید کرانا۔ گرفتار کرانا۔ کاٹھ دلوانا۔ زنجیر پہنوانا۔

بند ہونا - بند ہو جانا۔ قید ہو جانا۔ رک جانا۔ مسدود ہو جانا۔ ختم ہونا۔ مولف۔ کبھی وزی جو ہی روزی رساں نے + کہاں ممکن ہے اسکا بند ہونا +

بند ہیچ کی دوا - امساک کی دوا۔ اسہال کی دوا۔ قابض دوا اور وہ دوا جس سے اسقاط حمل نہو۔

بنسی کھیلنا - ڈور کانٹے سے مچھلی پکڑنا۔

بنکر کھیل بگڑ گیا - کام سنور کر خراب ہو گیا۔ کامیابی ہوتے ہوتے رہ گئی۔

بنگا ٹھوکنا یا ٹھوکنا - رکت دینا۔ بھانجی مارنا۔ ہوتے کام میں ہرج دینا۔

بن مارے شہید ہونا - بغیر قتل کے قتل ہونا۔ عاشق ہونا۔ گرویدہ ہونا۔ مولف۔ عشق کرتا ہے بے شمشیر قتل۔ زلف کر دیتی ہے بے مارے شہید + عشق وہ دوزخ ہے جسکی آگ سے + ہے بلند آوازہ ھل من مزید +

بنیاد ڈالنا - کام شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ صفدر فوقانی۔ آغاز ظلم و جور و جفا آپ سے ہوا + پہلے ستم کی ڈالی ہے بنیاد آپ نے +

بندھی بات - ہونے والی بات۔ مقررہ بات۔ حکیم محمد انور تخلص انور + نہیں ٹلتی اجل ٹالے کسی سے + کہ ہے روز ازل سے یہ بندھی بات +

بندھا ہوا خرچ - معمولی خرچ اور مقررہ وظیفہ۔

بنجر - بن کا بھرنے ڈالا جائے۔ اور زمین چراگاہ مویشی کی +

بنارسی ٹھگ - بنارس کا ٹھگ۔ کیسہ بر۔ بھاری چور۔

بن داموں غلام - وہ شخص جو بغیر اجرت کے کام کرے اور باوجود زر خرید نہونے کے غلام بنا رہے۔

بنیوں کا سا چلن - نہایت کنجوسی و کفایت شعاری و کھچی سی۔

بندر گھاؤ - وہ زخم جو کبھی اچھا نہو کیونکہ بندر اپنے زخم کو اچھا نہیں ہونے دیتا۔ جب انگور آتا ہے اسکو اتار دیتا ہے۔

بن کھاؤ - جولاہا۔ بافندہ۔

بن مارے کی توبہ - قبل زمرگ واویلا۔ بیجا شکایت۔ ناحق شور۔

بن جانے - بغیر وقفیت کے بیخبری کی حالت میں بھولے سے۔

بندہ عاجز ہے - بندہ بے بس ہے خدا کے سامنے اسکی کچھ پیش رفت نہیں ہے۔ مولف۔ بندہ مملوک اور خدا مالک + حق زبردست بندہ عاجز ہے +

بندھی بہاری - گھر والوں کا باہمی اتفاق۔ سلوک محبت پیار۔ جاروب کا اگر بندھن درست نہو تو وہ تنکا تنکا ہو جائے۔

بندھی مٹھی - باہمی اتفاق۔ یکجائی۔ گذران دلی اتحاد یکجہتی رہنا گھر کے لوگوں کا۔

باے با واو

بوائی پھٹنا - سردی کے مارے ایڑی میں شگاف آجانا۔ زخم آجانا

بو چھوٹنا - باس نکلنا۔ بو پھیلنا۔ مشہور ہونا۔ نیکنام یا بدنام ہونا

بوتا - بواو مجہول طاقت۔ قوت۔ زور۔ توفیق۔ حیثیت۔

بوٹا گاڑنا - پودا لگانا۔ درخت قائم کرنا۔

بوٹی اتار لینا - دانت سے کاٹ کھانا۔

بوٹی توڑ لینا - چٹکی بھر لینا۔

بوٹی چڑھنا - فربہ ہونا موٹا ہونا۔

بوٹیاں اڑانا - مارنا پیٹنا۔ کھال اتارنا۔

بوٹیاں نوچنا - بوٹیاں توڑنا۔ چٹکیاں بھرنا۔ طعنہ دینا۔

بوٹیاں کاٹ کاٹ کھانا - نہایت غصے ہونا۔ غضبناک ہونا

بوٹیاں کھانا - دق کرنا۔ صدمہ پہونچانا۔

بلو جانا - بھینس یا بن ہونا۔

بوجھ اتارنا - سبکدوش ہونا۔ شکایت دور ہونا۔

بوجھ اٹھانا - برداشت کرنا۔

بوجھ پڑنا - زیر باری ہونا۔

بوجھ پکڑنا - طبیعت کا متحمل ہونا۔ عورت کا حاملہ ہونا۔ اشرف مہر و سنے بوجھ پکڑا مشکل ہوا ہے جینا + اللہ خیر رکھے بھاری ہے یہ مہینا

بو جھاڑ کرنا - وپسلنا نا۔ باڑا کرنا۔

بوڑا کرنا - ہمت توڑ دینا۔ کچا کرنا۔

بور بور کرنا - ریزہ ریزہ کرنا - ملامت کرنا - برا بولنا -

بوڑھا چونچلا - بڑھاپے کا نخرہ -

بوسما جانا - گھمنڈ کرنا - غرور کرنا - **داغ** - ایسی کیا بوسما گئی تمکو + ہمسے جو اسقدر دماغ ہوا -

بوغر انکالنا - مارتے مارتے کچلا کر دینا -

بول اٹھنا - بیچین و بیقرار ہوجانا - صبر نہ کرسکنا - عاجز ہوجانا ؎ بوجہ فرقت کا جب نہیں اٹھتا + ہوکے ناچار بول اٹھتے ہیں

بول بالا ہونا - عزت ہونا - نیکنامی ہونا - بہتری ہونا - شہرت ہونا - **رنگین** - کان میں سرو قد کے بالا ہے - آج رنگین کا بول بالا ہے

بول جانا - ہارجانا - مات ہوجانا - **صبا** - بحث گریہ میں ابر بول گیا + دیدۂ اشکبار کیا کہنا + **اسیر** + دلا کہا نہ گیا کچھ بھی منع کے پیچھے + زبان بول گئی وقت امتحان دیکھا +

بولنے پر آنا - گفتگو کرنا شروع کرنا - **شوق** - مین اگر بولنے پہ آؤنگی + لاکھ دھرّے ترے اڑاؤنگی -

بولیان بولنا - خوش لحانی و نغمہ سنجی کرنا - گانا - طعنے مارنا - آوازے کسنا - گالیان دینا - **ظفر** - یہ چمن یونہیں رہیگا اور ہزاروں جانور + اپنی اپنی بولیان سب بول کر اڑجائینگے + **سودا** - باتیں کدھر گئیں وہ تری بھولی بھولیان + دل لیکے آج بولتے ہو ود بولیان +

بولیان سننا - بول سننا - طعنے مہنے سننا +

بوتی ٹھولی مارنا - طعنے دینا - ملامت کرنا -

بوند ہوجانا - نہایت بلند چڑھنا چنانچہ تکل بوند ہوگئی -

بودی بات - اوچھی بات -

بوڑھا خرانٹ - پرانا آدمی - جہاندیدہ تجربہ کار -

بوٹا سا قد - چھوٹا سا قد - پستہ قد ؎ وہ بوٹا سا قد اور وہ موزون بدن + ڈھلتے ہوے گیسوے پر شکن +

بوند بھر - ایک قطرہ تھوڑا سا - ذرا سا - قدرے قلیل -

بوند ساون - نہایت چھوٹا دن ؎ تو بھی ہوجا شب ہجران کہیں جلدی کوتاہ + بوند سا وصل کا دن جلدی سے ڈھل جاتا ہے +

بور کے لڈو - ظاہری ٹیپ ٹاپ اور اصل میں کچھ بھی نہیں - جسطرح کوئی لکڑی کی بور سے لڈو بنالے - **برق** - لذت فراق و وصل کی دونون میں دل کو زہر + بوسے دہان یار کے لڈو ہیں بور کے

بوٹی سبزہ - گھاس پات اور بھنگ جسکو گھوٹ کے پیتے ہیں -

بوٹی بوٹی پھڑکتی ہے - آرام نہیں کرتا نہایت شوخ چنچل شریر ہے

بوجھ سر پر ہے - قرضہ دینا ہے فلان شخص کے احسان مند ہیں -

بوڑھے طوطے - بڑے عمر کے لوگ -

بوڑھے منہ مہاسے - ضعیفی میں جوانی کی سی عادتیں و شغل -

بول بالا رہے - عزت رہے آبرو رہے - اقبال بنا رہے **بیخود** - چراغ شبستان اقبال سے + ترا گھر ہمیشہ اجالا رہے + ترے قد کا سرو سہی کی طرح + بباغ جہان بول بالا رہے -

بوندا باندی - ترشح - تھوڑی برسات -

باے باہلے ہوز

بہا بہا پھرنا - کسی سیال چیز کا کثرت سے بہتے پھرنا - وہی تباہی ڈانوان ڈول پھرنا - مارا مارا پھرنا -

بہا دینا - سستا بیچ ڈالنا - ارزان فروخت کرنا -

بہار پر آنا - رونق پر آنا - عالم شباب کا ترقی پر ہونا - جوبن پر آنا

بہار لوٹنا - گلچھرے اڑانا - عیش لوٹنا - لطف حاصل کرنا - **امیر لکھنوی** - نوید وصل مٹاتی ہے دل کے داغون کو + بہار لوٹتی ہے باغ کو خزان کیطرح ہو لطف سنبل مشکین عذار روشن پر - رات اور دن بہار لوٹتی ہے +

بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا - مشکل کام کے کرنے سے انکار کرنا **رباعی** - اس بت کو نہ چھوڑنے تھے پر چھوڑ دیا + اس پیار میں یکبارگی ضرر چھوڑ دیا + ایک بوسہ پہ سو ناز نہ اٹھتے ہمسے + بھاری پتھر تھا چوم کر چھوڑ دیا

بھاری لگنا - ناگوار معلوم ہونا - دوبھر معلوم ہونا ؎ بتوں کی دوستی لگتی ہے بھاری + خدا اس سے رہائی ہمکو بخشے -

بھاری ہونا - بوجھل ہونا - وزن دار ہونا - مشکل ہونا - دشوار ہونا ؎ بعد مرنے کے بھی بھولیگا نہیں عشق بتان + قبر میں بھی ہمکو مشکل ہونگے بھاری تین دن -

بھاڑ جھونکنا - ذلیل پیشہ اختیار کرنا - وقت ضایع کرنا **قطعہ** زبر کا ہوا و زیر کا زبر ہوجاے + بانقلاب شب و روز و گردش دوار + کہ بھاڑ جھونکنے لگی اے شاہ عالی جاہ + ہو بادشاہ ولایت گدا گر نادار -

بھاڑ کھانا - خرچی کھانا - زنا کی کمائی کھانا - دیوث و بےغیرت ہونا -

بھاڑ میں جانا - بھٹی میں جانا - آگ میں جانا - چولھے میں جانا **شوق** - بھاڑ میں جاے ترا ایسا پیار + چل نہ مجھے ہو تجھے خدا کی مار +

بھاشا - بھاکا - پرانی زبان ہندوستان کی -

بھاگ پھوٹنا - بدنصیب ہوجانا - خاوند مرجانا عورت کا - بیرحم نکلنا

بھاگ جاگنا - نصیب جاگنا - قسمت کھلنا -

بھاگ لگنا - صاحب نصیب ہونا میر - دل ہوخون اور خنا کو بھاگ لگے + ہت تری منفعی کو آگ لگے - ولہ آنکھ ہر ایک کی دوڑے ہی کفک پر تیرے + پانون سے لگ کے ترے مہندی کو کچھ بھاگ لگے

بھانجی مارنا - کسی کام مین خلل ڈالنا - مخل اور حارج ہونا -

بھانڈا پھوٹ جانا - بھید ظاہر ہونا - راز کھل جانا -

بھانڈا پھوڑنا - راز ظاہر کردینا -

بھاؤ اُترنا - نرخ اُترجانا - سستا ہونا قیمت کم ہونا -

بھاؤ بتانا - ناچنے کے وقت ہاتھ اور بدن اور جوڑون کے وسیلے سے راگ کے بولون کا روپ کھڑا کردینا - سمان راگ کا باندھ دینا - نرت کرنا - راگ کی تصویر کھینچنا -

بھائین بھائین کرنا - مکان کا ویران ہوجانا - غیر آبادی کے آثار معلوم ہونا - ہوا کی آوازین آنا -

بھبکی مین آجانا - دھمکی مین آجانا - ڈرجانا -

بھبوت رما لینا - جوگی ہوکر بدن پر راکھ ملنا - بیراگ لینا -

بھبوکا ہونا - غضب مین آنا - نار رانفس ہونا - افروختہ ہونا - بھڑک جانا میر حسن - یہ سنکر وہ شعلہ بھبوکا ہوئی + لگی کہنے کیا ہی

بھبوکے اٹھنا - غضب کے شعلے اٹھنا - بدن مین آگ لگجانا

ع اودھر غم مین بھبوکا سا دل سوزان سے اٹھتا ہے + اودھر دریائے خون بہتا ہے اپنی چشم گریان سے -

بھپارا دینا - کسی دوا کو جوش دیکر اسکی بھاپ بیمار کو دینا - دم جھانسا دینا فریب دینا - انشا - دمبدم منت کے جھوٹے یہ بھپارے دیکر + کیون بھبکے کو مرے آگ لگاتے ہو تم -

بھپارے مین آنا - دم مین آنا - فریب کھانا -

بھتّا سا اڑا دینا - دو ٹکڑے کردینا - ایک ہی ہاتھ سے الگ کردینا

بھچک رہجانا - حیران رہجانا -

بھچھڑ لانا - بے ایمانی کرنا - دھاندلی کرنا - فیل لانا -

بھدّ لگا دینا - گرا دینا - دے مارنا -

بھدّر کرنا - ڈاڑھی مونچھ سر کے بال منڈانا - چار ابرو کی صفائی کرنا - بسبب مرگ باپ یا مرشد وغیرہ کے -

بھرّا جانا - آواز بیٹھ جانا -

بھرّا دینا - کبوتروں کو ایک ہی دفعہ اڑانا - بھرکی دینا دم جھانسا دینا

بھرتا کردینا - مارنا کچلا کردینا - جلادینا - جھلس دینا -

بھرت بھرنا - ایک جگہ سے مال اُٹھا کر دوسری جگہ لیجانا

بھرتی کرنا - آدمیون کو نوکر رکھنا - مال بھرنا -

بھرکس نکلنا - مارنا پتلا حال کردینا - راتیا کردینا پسلیان توڑ ڈالنا - چور چور بور بور کردینا -

بھرمار کردینا - کسی چیز کی ریل پیل کردینا - کثرت کے ساتھ سے آنا

بھرم باندھنا - اعتبار پیدا کرنا - ساکھ جمانا -

بھرم کرنا - شبہہ کرنا -

بھرم کھل جانا - راز کھل جانا - پردہ فاش ہونا -

بھرم گنوانا - آبرو گنوانا - اعتبار کھونا - عزت گنوانا -

بھرن پڑنا - سخت بارش ہونا -

بہروپ بدلنا - نیا روپ دکھانا - سانگ بھرنا - نکہت - کبھی ہے شام کبھی صبح سایہ ہے گہ دھوپ + کہ چرخ بوقلمون بدلے ہے نیا بہروپ

بھرّے پر چڑھنا - دم مین لانا - فریب دینا -

بھری کھیر کی تھالی کو لات مارنا - اپنے آرام کو آپ چھوڑنا ہی نوکری کو ترک کرنا ناشکری کرنا -

بھڑاس نکالنا - بخار نکالنا - غبار نکالنا - رنج ظاہر کرنا -

بھڑ کا چھتّا - زنبور کا گھر - بدخو آدمی سخت لڑنے والا

بھڑ کے چھتّے کو چھیڑنا - کم ظرف اوچھے آدمی کو غصہ دلانا - بھڑکانا چھیڑنا -

بھُس اُڑانا - مارنا اور ماتم کرنا -

بھُس مین چنگاری ڈالنا - آگ لگا دینا - لڑائی کرادینا

بھسم ہونا - جلکر خاک ہونا -

بہشت کی ہوا - سرد ہوا -

بہشت پر لات مارنا - باپ کو رنجیدہ کرنا - بزرگون کو ستانا بنا بنایا روزگار سب چھوڑ دینا -

بھکائے مین آنا - فریب مین آنا -

بھکّ سے اُڑ جانا - دفعتہً اُڑ جانا -

بھک منگا - گدا گر فقیر -

بھک موا - فاقہ کش -

بھگت لینا - کوئی بات اپنے ذمہ پر لینا - سمجھ لینا نباہ لینا -

بھگت بنانا - سوانگ بنانا - روپ بھرنا - مسخرا بنانا - ہنسی مین اڑانا

بھگت ہونا - مار پڑنا - مٹی پلید ہونا - بری گت ہونا -

بھگل گانٹھنا - پھٹے پرانے کپڑون کو پیوند لگانا -

بھگو بھگو کے مارنا - لعنت ملامت کرنا - ذلیل کرنا -

بھلا رے بھلا۔ کیا مضائقہ ہو دیکھا جائیگا۔ میر حسن ؎ یہ سن
سن کے وہ نازنین مسکرا + لگی کہنے اچھا بھلا رے بھلا۔
بھلا کرنا۔ نیکی کرنا سلوک کرنا ؎ برائی سے تری ہوگی برائی +
بھلا کرلے کہ تیرا بھی بھلا ہو۔
بھلا لگنا۔ اچھا معلوم ہونا۔ پیارا لگنا۔ جرات۔ گر کون نام
خدا لگتے ہو تم کیا ہی بھلے + تو یہ کہتا ہی بھلا ہو لی تو بھلا مجھکو کیا۔
بھلا ماننا۔ پسند کرنا منظور کرنا۔ مولف۔ ہم سنائینگے حال دل
ہر بار + تم بھلا مانو یا برا مانو +
بھلائی لینا۔ نیکنامی حاصل کرنا۔ نام پانا ؎ دل دکھانا نہ
کسی کا ہرگز + ساری دنیا سے بھلائی لینا +
بھنک پڑنا۔ کان میں آواز پڑنا۔
بھنگ بھاڑ سے میں جانا۔ رائیگاں جانا۔ مفت جانا۔ متفرقات
میں خرچ ہونا۔ رقم برباد ہونا۔
بھوت اترنا۔ غصہ کا فرو ہونا۔ مولانا اکبر ؎ غصہ کس وقت ہو فرو
اسکا + دیکھیے اسکا بھوت کب اترے۔
بھوت بننا۔ شراب کے نشہ یا غصہ میں ہونا۔
بھوت چڑھنا۔ شراب کا نشہ یا غصہ چڑھنا۔
بھوت ہوجانا۔ غصہ یا نشہ کی حالت میں بے اختیار ہوجانا۔
بھوت ہوکر چمٹنا۔ کسی چیز کے سر ہوجانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔
بھور اڑانا۔ مال ضایع کرنا۔
بھور کر دینا۔ زد و کوب کرنا۔ سخت مارنا۔ بیجان کر دینا۔
بھور ہونا۔ ختم ہونا۔ خرچ ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔
بھوسی بنانا۔ انکار کرنا۔ صاف جواب دینا۔
بھوگ بلاس کرنا۔ بھوگ بھوگنا۔ صحبت کرنا۔ ہم بستر ہونا۔
بھوگ پڑنا۔ لعنت ملامت ہونا۔ گالیاں ملنا۔
بھوگ سنانا۔ گالیاں سنانا۔ برا بولنا۔
بھوگ کرنا۔ ہمبستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔
بھوگ لگانا۔ ٹھاکرجی کے منہ کو کھانا لگانا۔ طعام پیش کرنا۔
بھول کے آجانا۔ غلطی سے آجانا۔ مولف۔ کھو گئی افسوس اپنی
آبرو ہم + تری محفل میں آئے بھول کے۔
بھول کے نہ کرنا۔ غلطی سے بھی نہ کرنا۔ ہرگز ہرگز نہ کرنا۔
بھولے سے نام لینا۔ بھول کر کسی کا نام پکار اٹھنا جسکا نام
لینے کو دل نہ چاہتا ہو۔ قول غم ؎ دیکھو ذرا انکی تیغ کرکے ہوگئے ٹکڑے

لیا تھا نام بھولے سے مرے چاک گریبان کا۔
بھوں بھوں کرنا۔ شور مچانا۔ بیہودہ بکنا۔
بھون بھون کر کھانا۔ آگ پر بھون کر کھانا۔ کباب بنا کر
کھانا ؎ تمنے صاحب اگر اڑائی میں + ہمنے بھی بھون بھون کھائی میں
بھویں تاننا۔ بھویں چڑھانا۔ تیوری چڑھانا۔ خفگی ظاہر کرنا۔
بہی پر چڑھ جانا۔ رقم بہی پر لکھ لینا۔
بھینٹ لینا۔ نذر لینا۔ رشوت لینا۔
بھیجا پک جانا۔ مغز پک جانا۔ دماغ پریشان ہوجانا۔
بک بک سنتے سنتے تھک جانا۔
بھیجا کھانا۔ مغز کھانا۔ سمع خراشی کرنا۔
بھید کا کھلنا۔ حقیقت ظاہر ہونا۔ راز کھلنا۔
بھید دیدینا۔ دل کی بات کہدینا۔
بھید لے لینا۔ کسی کے دل کا راز معلوم کرلینا۔
بھیروں ناچنا۔ شور برپا ہونا۔ دُند مچانا۔ بگاڑ ہونا۔
بھیرویں اڑانا۔ خوشی کا راگ گانا۔
بھیڑ بھاڑ اور بھیڑ بھڑکا۔ بہت سے آدمی نوکر چاکر آل اولاد
بھیڑ پڑنا۔ مصیبت پڑنا۔ ضرورت ہونا۔
بھیڑ کرنا۔ بہت سے آدمی جمع کرنا۔
بھیک کا ٹکڑا۔ گدائی کا ٹکڑا۔
بھیک کا بھکارا۔ وہ چیز جسکے ذریعہ سے بھیک ملے۔
بھیگی بلی بتانا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ عذر کرنا۔ نقل۔ ایک آقا نے نوکر
کو رات کے وقت حکم دیا کہ باہر جاکر دیکھو بارش ہوتی ہے یا نہیں وہ بولا
ہوتی ہے کیونکہ ابھی بھیگی ہوئی بلی باہر سے آئی ہے۔
بھیں الاپنا۔ بچہ کا منہ پسار پسار کر رونا۔
بھنگڑ خانہ کی گپ۔ بازاری گپ۔ بے اعتبار خبر۔ واہیات بات۔
بھولی بھولی صورت۔ پیاری صورت۔ پیاری شکل۔ مولف۔ دل میں
آجاتا ہے پیار انسان کے + بھولی بھولی اسکی صورت دیکھ کے۔
بھجا ڈنڈ۔ صاحب طاقت و زور۔
بھانڈا پھوڑ۔ پیٹ کا ہلکا۔ بھید ظاہر کر دینے والا۔
بھُسکڑ۔ بھکو۔ بہت کھانے والا۔ جو بھس کو بھی کھا جائے۔
بہشت کا جانور۔ طاؤس یعنی مور۔
بھنور جال۔ دنیا کا دام جس سے آدمی نکل نہ سکے۔ مولف
عزیزو اس سے مشکل ہے نکلنا + جو ہے دنیائے فانی کا بھنور جال۔

بھیڑیا چال - دیکھا دیکھی جسطرح ایک بھیڑ کے پیچھے اور بھیڑین اندھا دھند چلنے لگتی ہین - اوردن کے دیکھا دیکھی بے سوچے کام کرنا -
بھرے بیٹھے ہین - غصہ مین نہایت خفا آزردہ خاطر رونے کو تیار - رباعی - ایک وہ ہین کہ ڈرے بیٹھے ہین + ایک ہم ہین کہ بھرے بیٹھے ہین + شیشہ مَی کی طرح آوزاہد + چھیڑ یو مت کہ بھرے بیٹھے ہین +
بھری مجلس مین - سب کے آگے سب کے روبرو مین مجلس مین ۵ کیا غضب ہے کہ بھری مجلس مین + آبرو میری اُتاری تمنے +
بھلے کا زمانہ نہین - بھلائی کے عوض مین برائی حاصل ہوتی ہے یہ زمانہ ہی ایسا ہے - مفتی حیدر - بھلائی سے ہوتی ہے حاصل برائی + عزیز و بھلے کا زمانہ نہین ہے -
بھوت کا کمھوان - مفت کی دولت جسکے خرچ کرنے مین دریغ نہ آئے
بھولی بھولی باتین - پیاری پیاری بچون کی سی باتین ۵ تیری بھاتی نہین ہر چاہتا اٹھنے کو دل + بھولی بھولی میٹھی میٹھی سنکے باتین آپکی +
بھاڑے کا ٹٹو - کرایے کا گھوڑا -
بھاؤ تاؤ - مول تول - نرخ - قیمت -
بھجن کرو - خدا کو یاد کرو - رخصت ہے -
بھلے کو - خوب ہوا - اچھا ہوا - مناسب ہوا - بھلائی ہوئی ۵ بجرم ترے تیغ ہی رکھا تھا گلے کو + کچھ بات بری منہ سے نہ نکلی تھی بھلے کو +
بھٹیارخانہ - بھٹیاری کا گھر - سرائے اور وہ جگہ جہان شور وغل ہو
بھس کے مول مالیدہ - بہت سستا مالیدہ - اشراف و اجلاف یکسان ہونا - سونا اور پیتل ایک مول -
بہشت کا میوہ - انجیر -
بھنگڑ خانہ - بھنگ گھوٹنے کی جگہ
بھاگ بھری - نیک نصیب عورت اور ہتا لب دہر نیک نصیب مرد سے
بھاگتے کی لنگوٹی - ڈوبی ہوئی رقم سے جو ملے یا غنیمت ہے -
بھرے کو بھرتا ہے - دولتمند ہی کو دولت ملتی ہے - مفتی حیدر - مردِ نادار بھوکو (اس) مرتا ہے + میرا مولا بھرے کو بھرتا ہے -
بھلے آئے - خوب آئے اچھے آئے - مولف - انتظار کی مین کرنگی سیدات ۔ اے مرے مہربان بھلے آئے + خوب وعدہ وفا کیا تمنے + بھلے آئے میان بھلے آئے +
بھلے برے - نیک و بد - مسلمان - ہندو - حکیم محمد انور لاہوری - کرو بھلا خلق کا کہ دنیا مین + رہین تجھ سے بھلے برے راضی +
بھوسی ہے - کچھ نہین (کنایہ) ہے یہ محاورہ ندا (انکار) کی جگہ بولتے ہین یعنی شئے مطلوبہ کی جگہ بھوسی جو ایک ناچیز چیز ہے لیلو ۵ ایک بوسہ ہمین نہ تمنے دیا + جب یہ مانگا کہا کہ بھوسی ہے -
بھوک بھاگتی ہے - فلان شخص ایسا خوبصورت ہے کہ اسکے دیکھنے سے بھوک بھاگ جاتی ہے کھانے کی خواہش نہین رہتی اسکو دیکھا کرتے ہین
بھوک جاتی ہے - خواہش نہین رہتی یعنے درد رہتا نہین رہتی -
بھیلی مرغی - وہ شخص جو باوجود عیالداری کے مفلس نادار ہو
بھینی بھینی - وہ خوشبو جو نہایت مطبوع ہو -

باب ے یا یاے

بے آپے ہونا - اپنے آپ سے باہر ہو جانا -
بے اختیار ہونا - اپنے قابو مین نہ رہنا -
بے اختیار رونا - پھوٹ پھوٹ کر رونا - مولف برق ہنستی ہے مرے جلنے سے + ابر لے اختیار روتا ہے -
بیاہ رچانا - شادی کا سامان بنانا -
بیباق کردینا - حساب چکادینا - کچھ باقی نہ رکھنا ۵ محبت کے ہے تقاضے مین بوسہ تمہ باقی ہے + وہ دیتے تو سارے ستان بیباق
بے پر کی اڑانا - بے اصل بات مشہور کرنا - بادہوائی بکنا - لغو ہی باتین بناتا ہے نئی تہمت لگاتا ہے رقیب بدگمان ہر وقت بے پر کی اڑاتا ہے -
بیٹا بنانا - گود لینا متبنی کرنا - اس شخص کو جو اپنا بیٹا نہو -
بیٹھ جانا - نشست کرنا - جلوس کرنا - آنکھ بیٹھ جانا مکان بیٹھ جانا بیکار ہوکر بیٹھ جانا ۵ ہے غنیمت تری محفل مین جدھر جگہ لینے خواہ ادھر بیٹھ گئے خواہ اُدھر بیٹھ گئے -
بیج بونا - تخم بونا - بنیاد کرنا - مولانا - بھلائی کرکے جہان سے + برائی کا نہ ہرگز بیج بونا -
بیج جاتا رہنا - بے اولاد ہونا نسل کا جاتا رہنا - علامت ہونا
بیج جمنا - پودے کا زمین سے نکلنا - اولاد پیدا ہونا -
بیج ڈالنا - تخم ریزی کرنا کھیتی بونا - مولف - رہیگی کیونکی نہ اسکی سبز کھیتی + نکوئی کا ہے جسنے بیج ڈالا -
بیج ناس کرنا - نیست و نابود کرنا - جڑ سے اکھاڑنا - نشان مٹا دینا
بیجا بننا - بدصورت بدشکل بننا - بھوت کے ڈرانے کے لیے کاغذ ایک چہرہ بنا کر اپنے منہ پر رکھ لیتے مین بیجا اسکو دیکھکر ڈرتا ہے بیجا آتی اسکو کہا ڈرتے ہین
بیخ و بن کرنا - اجاڑنا برباد کرنا - مولف - مار ڈالنے اجل لیے دم مین + صاحب ملک و سلطنت والے + سیکڑون خاندان کیے برباد -

گھر کے گھر نے چراغ کر ڈالے۔
بیچراغ ہونا - اُجڑنا - ویران ہو جانا - داغ آج راہی جہان سے
ذاغ ہوا + خانۂ عشق بے چراغ ہوا۔
بیچ میں بولنا - دخل دینا - مداخلت کرنا - درمیان میں بولنا۔
بیچ میں پڑنا - ضامن ہونا - ذمہ دار ہونا - ثالث بن کے دو
شخصوں سے آپس میں صلح کرا دینا۔
بے حرمت کرنا - بے عزت کرنا - ذلیل کرنا - آبرو اتارنا۔
بے حس و حرکت رہ گیا - حیران و پریشان سکتہ بیمار۔
بیخود ہو جانا - بیہوش ہو جانا - مدہوش و مخمور و بدمست ہونا۔
بیدخل کر دینا - قبضہ اٹھانا - نکال دینا - محروم کرنا - عاق کرنا۔
بیدست و پا - عاجز - بیکس - بے اختیار - مولف - مر ربیدست و
پا کی تو خبر با دستگیر بستر غم پر پڑا ہی زار و ناچار آج کل۔
بیراگ لینا - فقیر ہونا - دنیا کو ترک کرنا - بیراگی ہو جانا۔
بیر باندھنا - دشمنی کرنا - دشمن ہونا ؎ اچھا کیا جو آپ نے
باندھا ہے ہم سے بیر + جیتے رہے تو سمجھینگے اور مر گئے تو خیر۔
بیرخ ہونا - بے مروت ہونا - بگڑنا - بے لحاظ ہونا - نسیم لکھنوی
بیرخ ترے واسطے ہوے ہیں + فرخ ترے واسطے ہوئے ہیں
بیر لینا - بیر نکالنا - بدلا لینا - عوض - عداوت لینا۔
بیرنگ آنا - خالی آنا - ناکام آنا - بے نیل مرام واپس ہونا۔
بے رونق کر دینا - بدصورت و بدنما کر دینا - خراب کر دینا۔
بیر دان میں تھیلیان ملانا - اچھی چیز میں بری چیز کو ملانا
گڈبڈ کر دینا - خراب کر دینا۔
بیڑا اٹھانا - ذمہ داری کرنا - مشکلکشائی کے لیے کمر ہمت
باندھنا - مستعد ہونا - مصمم ارادہ کر لینا - مولف - تیر و نا مرسیہ سب بخشا
جائیگا + اسکے بخشانے کا بیڑا جب اٹھائینگے رسول + میاں حرم
لاہوری بیان کھا کر قتل کا بیڑا اٹھایا شوخ نے + رنگ ہر
حرم تو کر دے جانسپاری اندنون۔
بیڑا باندھنا - مجمع کرنا - پنچایت کرنا - ارادہ کرنا - عزم باندھنا
بیڑا پار کرنا - مشکل آسان کرنا - مصیبت دور کرنا - امید پوری
کرنا - صفدر فوقانی - غریق لجۂ رنج والم ہوں + الٰہی بیڑا پار کرنا
بیڑا پار ہونا - مشکلکشائی ہونا - مراد حاصل ہونا - حکیم محمد انور لاہوری
ہوے خیر البشر جو کشتیبان + وہیں امت کا بیڑا پار ہوا +
بیڑا چبانا - بیڑا کھلانا - بیان چبانا - بیان کھلانا - نسبت سگائی کرنا

بیڑا ڈالنا - مشکل کام کو آسان کرنے کے لیے سوال کرنا۔
بیڑی بڑھانا - منت و نیاز کا کڑا جو بچوں کے پاؤں میں پہنا
رکھتے ہیں بعد گذرنے میعاد کے اتارنا - اسکو بیڑی کی بیڑی کہتے ہیں
اور اتارنے کے دن جشن کرتے ہیں۔
بیڑی پڑنا - مقید ہونا - اسیر ہونا ؎ مرتے دم تک بھی نہیں نکلا وہ
اس زنجیر سے + پڑ گئی ہے جسکو بیڑی گیسوے حدار کی ؎ نہیں
گردن ہلا سکتا وہ ایسی قید سنگین سے + پڑی ہے جسکے پاؤں میں
عیال اطفال کی بیڑی +
بیڑی پہنانا - قید کر دینا - اسیر کرنا ؎ اسکی زلفوں میں پھنسا لیتے
ہیں جسکو دوستو + قید میں لیجا کے اسکو بیڑی پہناتے نہیں۔
بیڑی کٹنا - قید سے نکلنا - زنجیر سے پاؤں نکلنا - مولف
اگر ترے کٹے گیسوے دلدار + وہیں کٹ جائیگی عاشق کی بیڑی
بیسر ہونا - خودسر ہونا - بے مالک ہونا ؎ کیوں نہ بگڑے
سلطنت کا انتظام + سارا لشکر جبکہ بیسر ہو گیا۔
بے عزتی کرنا - بے آبرو کرنا - بے پت کرنا - ہتک کرنا۔
بیغیرتی پر کمر باندھنا - دیوث اور بے غیرت ہونا۔
بیکنٹھ باشی ہونا - مرجانا - بہشت میں جانا۔
بیگار ٹالنا - بیدلی سے کام کرنا - بوجھ اتارنا۔
بیلا بٹنا - خیرات بٹنا۔
بیل پڑنا - ڈوم ڈھاڑیوں رنڈیوں وغیرہ کو بدھائی دینا۔
خیرات دینا - ناچنے والوں کو انعام بخشنا۔
بیل منڈھے چڑھنا - پروان چڑھنا - شادی و بیاہ کا تکمیل ہونا
مرغیہ - کنگنی تیرے بنا میری کمائی نکلے + بیل بھی تیری منڈھے چڑھتے دکھائی دے
بیندی سناتا - سخت جواب دینا۔
بیندی کی کھوپڑی - الٹی سمجھ والا - بیوقوف - احمق - نادان۔
بے نقط سنانا - ایسی گالیاں دینا جنمیں نقطہ نہو جیسے سور
حرامکا - ولدالحرام - الو - گھوڑا - گدھا - مردک - وغیرہ جو بے نقط الفاظ ہوں
وزیر - کیا بے نقط سناتا ہے تیر و بان تنگ + گویا کہ ہم کلمہ دشنام ہو گیا
بے نماز ہونا - ناپاک ہونا - حیض میں ہونا - حکیم محمد انور لاہوری
بھیڑیا ہو خوف ہو بندہ ہو کتا ہو مگر + ہو نہو دنیا میں اے کردگار
بے دین بے نماز +
بیوا کرنا - بیولا دینا - خبر دینا - اطلاع دینا۔
بیونت پھیلانا - بیونت کھانا - حساب ٹھیک بیٹھ جانا - حساب درست نکلنا

بیوی کا دانہ کھانے والا - جورو کی کمائی کھانے والا - بھڑوا دیوث - بے غیرت -

بے کم و کاست - ٹھیک ٹھیک - صحیح صحیح - جون کا تون -

بے وحدت - کافر مشرک - توحید کا منکر - بے شرم الشاعر مین نہ آیا قیس وحشت نے کہا + چل بے بے وحدت یہ کیون یان تو لایا انتشار -

بے ہموار کی بات - لین دین کی بات اور معاملہ کی بات ٹھیک بات -

بے طرح - بہت نہایت - از بس از حد - منشی حیدر مجھکو غم بیطرح ستاتا ہے + زندگی جس سے مجھے بھاری ہے -

بیدرد - بیرحم سنگدل آدمی - صفدر فوقانی - جو ہو خود سنگدل بیرحم و بیدرد + وہ ہو کیونکر دوا سے درد مندان -

بے بال و پر - جسکے پر و بازو نہون - مفلس بیکس بے یار بے مددگار - حکیم محمد انور لیاہو سی نے مرغ دل کو شوق کے جب بال و پر لگ جائینگے سوے یثرب ہے یقین مثل ہوا اُڑ جائیگا - میر - رنگ اُڑ چلا گیا دل کا چمن مین تو اے نسیم + ہمکو تو روزگار نے بے بال و پر کیا -

بے پیر - جو اُڑنے کے لائق نہو - مولف - علی زور غریبان ہے نصیب نے نصیبان ہو علی بس کس ہے بیکسن کا علی بس پر ہے بے پر کا -

بے پیر - بے مرشد - بدچلن آدمی -

بیچارہ مرد - بیکس لڑکا نوجوان بے لگاؤ مصفا -

بے خبر - غافل - نادان - بیہوش بیست - بیمار - بیخود - مولف کبھی سنا و مرض ہے درد دل کا + کبھی درد جگر اور درد سر ہے مسیحا تو خبر جلدی کہ بیمار + پڑا بیہوش بیخود بیخبر ہے -

بیورے وار - تفصیل دار اور واضح و مشرح - ستہ وار نشان آ -

بیدار مغز - دانا لائق - عالم - فاضل - ہوشمند و ماغ - ہوشیار -

بیچ کی راہ - اوسط درجہ کی چیز نہ بھلی نہ بری -

بے حواس - بیہوش - بیخود - بے شرت - میر - کچھ نہین سوجھتا ہمین اس بن - شوق نے ہمکو بے حواس کیا -

بے ننگ و ناموس - بے شرم ننگا - بے عزت - رند شرابی - مولف - نہ مرنے سے ڈرتا ہے عاشق ترا + نہ کچھ جان جانیکا افسوس ہے + نہ رکھتا ہے عزت کا دل مین خیال + نہ اندیشہ ننگ و ناموس کر -

بے غل و غش - بے پروائی - بے فکری - بے لگاؤ -

بے لحاظ - بے شرم بیحیا - ننگا اور گستاخ -

بے تکلف - سیدھا سادہ - ہم مشرب - ہم خیال - بے سوچے تامل - بے دھڑک کرنا - جیسے لوگ - صفدر فوقانی - ڈھونڈھا کیا ملنے سے آج تامل ملتا نہین + بے تکلف دوست اور ہمراز دوست +

بے نمک - بے مزہ - ناگوار - ناپسند - میر اظہار درد گرچہ بہت بے نمک ہے پر + ٹک بیٹھو تو دکھائین تمھین چھاتیون کے گھاؤ + مولوی نصر سر محفل برا بولا گیا کتنا مری نسبت + لب شیرین سے غصہ مین جو نکلا بے نمک نکلا +

بے حال - ابتر - خراب خستہ - قریب مرگ - ظہیر - لیجیے گا جلدی ای مسیحا + کہ ہے اب آپ کا بیمار بیحال +

بے دال بودم - اُلّو - احمق - نادان - بودم کے لفظ سے اگر دال نکال دیا جائے تو بوم رہجاتا ہے جسکو اُلّو کہتے ہین -

بے پیر گنھلی سب ہضم - لا مذہب - غیر مقلد آدمی جسکو کسی چیز کا پرہیز نہو ہمہ خور +

بیگار کا کام - مفت کا کام - بے اجرت -

بے لگام - منہ زور منہ پھٹ - آزاد - مولف - نفس گردن کش کی گردن توڑ دو + تو مشقت کا ہمیشہ اس سے کام + زیر پالان رکھو یہ سرکش گدھا + ایسے گھوڑے کو نہ چھوڑو بے لگام +

بے ایمان - توحید الٰہی اور رسالت پیمبر کا منکر - بد اعتقاد و بدکردار -

بے سر و سامان - مفلس کنگال - نادار غریب - میری لیجے خبر کہ ہون یا پیر + بندۂ زار و بے سر و سامان +

بیٹھے رہو - چپ رہو - مت بولو اس خیال کو جانے دو - محمد تلوّر کو جو تمہین دکھاتے ہو بانکپن + بیٹھے رہو مین ایسی داؤن سے ڈر چکا +

بے لگاؤ - الگ - جدا محفوظ - بے جوڑ - بے لاگ - صفدر فوقانی - رکھو خلقت سے ہمیشہ خلق نیک + اور خالق سے محبت بے لگاؤ -

بیچارہ - عاجز ضعیف - بیمار - لاعلاج - بیبس - لا دوا - محمد انور لالہ ہے دہ مین دار و بے درد و دردمند آن + وہ ہین ہر ایک بیچارے کا چارہ +

بے ٹھکانے - آوارہ - بے نشان - بے اصل - بے بنیاد - مولانا اکبر جو اہل نام تھے گمنام ہو گئے ہین آج + ٹھکانے والے تھے جتنے وہ بے ٹھکانے ہین +

بیٹھے بٹھائے - بیٹھے بیٹھے - خواہ مخواہ - بے سبب لاحاصل ناحق - مولف - جو باہر تھے اندر بلائے گئے ہین + جو اندر کھڑے تھے بٹھائے گئے ہین + گنہ ہمسے کیا ایسا صادر ہوا ہے + کہ بیٹھے بٹھائے اُٹھائے گئے ہین + آشفتہ چلا ہے کعبہ کو آشفتہ پارسا بن کر + خدا نے بیٹھے بٹھائے اسے خراب کیا -

بیٹھی روٹی - دائمی وظیفہ - حین حیات پنشن - بھلا جانے کیون اُٹھ سکے وہ اپنے گھر سے + کرے لطف جسکو خدا بیٹھی روٹی -

بیچ کے گھڑے — بہت تیز اور خالص شراب جو درمیانی گھڑے میں سے ہو۔ رنگین — ساقیا زر یہ میٹھی بھر کے لے پھر مجھے بیچ کے گھڑے کی دے

بیحیا بوٹی — نہایت ہی بے شرم عورت۔ بیحیا۔

بیحیائی کا برقع منھ پر ڈال لیا ہی — یعنی بیحیائی کا جامہ پہن لیا ہی

بے حجابی — بے حجابانہ — بے پردگی۔ بے تکلفی۔ بے روک ٹوک۔ علانیہ۔ کھلّم کھلا۔ بے پردہ۔ مولف — دختر رز کو آج ساتھ اپنے آ لے جلوہ لائیے ساقی + کس کا پردہ ہی اپنی محفل ہی + بے حجابانہ آ ہے ساقی + حافظ — بے حجابانہ در آ از در کاشانۂ ما + کہ کسی نیست بجز درد تو در خانۂ ما

بسوے بیس — غالب۔ ضرور۔ غالبًا یقین کے قریب۔ دولہا چلتا ہی رہنا نہیں چلنا بسوے بیس + ایسے سہج سہاگ پر کون گندھاوے سیس +

بے نیازی — بے پروائی۔ بے احتیاجی یعنی کسی کا محتاج نہ ہونا۔ مولف — چشم عبرت سے ہمیشہ دیکھتے ہیں اہل دید + گریہ زاری عاشقوں کی بے نیازی کی + غالب — ہم بھی تسلیم کی خو ڈالینگے + بے نیازی تری عادت ہی سہی + فوقانی — ادھر عجز و نیاز و خاکساری + ادھر ناز و غرور و بے نیازی +

پانچویں فصل

ادویات و لغات متعلق علم طب کے بیان میں

باے با الف

باقلا — یہ مشہور حبوب میں تازہ سرد خشک محلل اور منفتح دافع سرفہ ہیں باہ کو بڑھاتے ہیں۔ ورم خصیہ کا علاج ہیں زہردار جانور کے نیش پر اسکا ضماد کریں تو زہر کو کھینچ لیتے ہیں۔

بابونج — بابونق — مشہور گھاس دوا میں مستعمل ہی فارسی اور ہندی میں اسکو بابونہ کہتے ہیں اسکی لمبی ڈنڈی اور پھول زرد تیلا ہی اور خوشبودار طبیعت اسکی گرم اور خشک ملطف و محلل و منفتح و مقوی مدر عرق و شیر و بول و حیض ہی

بادروج — قبطی لغت ہی عربی میں اسکو حوک فارسی میں ریحان کوہی تره خراسانی۔ ہندی میں بابری ڈنگلی تلسی بولتے ہیں طبیعت اسکی گرم و خشک و مفرح و مقوی دل و قوت شامہ مسہل مدر شیر بول و حیض و منضج و محلل اورام ہی۔

بادآورد — بحرف پنجم واو ایک خاردار گھاس ہی۔ فارسی میں کیکر سپید بھی اسکو کہتے ہیں اور عربی میں شوکۃ البیضا۔ ہندی میں جواسا بولتے ہیں طبیعت اسکی گرم خشک تپ اسکے مسہل بلغم و سودا و مقوی معدہ اور سدہ کھولنے والی مدر بول و حیض ہیں اگر اسکو گھر میں لٹکا رکھیں تو سانپ بچھو بھاگ جائیں تخم اسکا تشنج اور کھانسی اور تحلیل ریاح کو مفید ہی۔

بارزد — بحرف الف و دال حرف چہارم زاے منقوطہ گندہ بروزہ مشہور چیز ہی یہ ایک درخت کا گوند ہی جو سرحدی طرف اونچا ہوتا ہی اسکی شاخوں کو توڑنے سے چھیل دیں تو گندہ بروزہ ٹپکنے لگتا ہی دیو دار اور چیر کی ستی بھی ایسی ہی ہوتی ہی بو نہایت تیز و نا مطبوع ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و جاذب ہی کھانسی و ضیق و اختناق رحم و صرع و بواسیر و سوزاک کو مفید ہی فوائد اسکے کتابوں میں بہت لکھے ہیں۔

بارود — باروت — شورہ جو مشہور چیز ہی جب درخت زاخیل یعنی آک کے کوئلے شورے میں ملائیں اور گندھک داخل کریں تو بارود بنجاتی ہی بندوق اور توپ میں بھر کر چلاتے ہیں طبیعت اسکی گرم و خشک جالی و منقطع سدہ دافع ورم طحال و درد پشت ہی اور درد مفاصل کی جگہ کانٹے سے بدن پچھ کر اسکو لگائیں تو درد کو دور کر دیتا ہی۔ گردہ ورد یہ کو مفید ہی

بازہر — یہ فارسی نام ہی عربی میں حجر السم و فادزہر حیوانی و معدنی دو قسم ہی معدنی ایک پتھر شروان میں ملتا ہی اور حیوانی ایک پتھر بکری اور گاؤ کوہی اور بندر کے پیٹ سے نکلتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع و قاطع ہر ایک زہر کا خواہ حیوانی ہو یا جمادی یا نباتی یہ خاصہ اس دوا کا ذاتی ہی جو خدا حقیقی نے اسمیں رکھا ہی سوائے اسکے مقوی روح و حواس و اعضاے رئیسہ و مفرح ہی۔ یہ تریاق بادشاہی دواخانوں میں یہ حفاظت رکھا جاتا ہی کہ اس سے زیادہ دافع زہر اور کوئی چیز نہیں ہی اعلیٰ بازہر حیوانی ہوتا ہی اور حیوانی میں سے وہ جو بندر کے پیٹ سے نکلے۔

باکر — یہ ہندی نام ایک درخت کا ہی جسکی شاخوں اور پتوں سے دودھ نکلتا ہی اسکا پھل اکثر اہل ہند گوشت میں یا بلا گوشت پکا کر کھاتے ہیں طبیعت اسکی سرد و تر دافع فساد بلغم و صفرا ہی۔

باز — مشہور شکاری جانور ہی طبیعت اسکے گوشت کی گرم و خشک دیر ہضم ہی اسکا سر جلا کر زخموں پر لگاؤ تو زخم خشک ہو جائیں خون اسکا اگر آنکھ میں ڈالیں تو بیاض چشم کو اتار دیتا ہی بخور اسکے پروں کا جنین کو پیٹ سے جلد باہر لے آتا ہی۔

باشق — معرب باشہ جو ایک شکاری جانور ہی باغبہ اور جرہ بھی اسکو کہتے ہیں عرب میں یہ صقر لکارا جاتا ہی طبیعت اسکے گوشت کی گرم اور خشک باز سے زیادہ لطیف ہی آدھا درم اسکا زہرہ یعنی پتا خفقان سوداوی کے لیے مفید ہی اگر آنکھ میں ڈالیں تو نزول الماء کو دور کر دے اسکی بیٹ یعنی فضلہ کا ضماد کلف پر کیا جاے تو کلف جاتا رہے

بادنجان — معرب بادنگان ہی عربی میں منداو غط ہندی میں بینگن اور بتاؤں کہتے ہیں کھانے میں آتا ہی گوشت میں ڈال کر سالن بنا یا جاتا [illegible]ن لگا کر تیل میں تل لیتے ہیں طبیعت اسکی گرم و خشک [illegible] ملین [illegible] باشد و مدر بول و مسکن وجاع حارہ و دافع بدبوے زیر بغل

موروث درد پہلو و بواسیر و مولد سودا و مفسد رنگ رخسار ہی پھنسیان بدن
پر نکالتا ہی۔ رنگ اسکے مختلف اود او سپید و سرخ و سیاہ ہین۔
بارلیو مائن - یہ ایک بے ساق گھانس کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی طبیعت
اسکی گرم اور خشک بیج اور پتے اسکے مدر بول و ضیق النفس و ورم الطحال کو مفید ہی
بالنگو - یہ نہال ریحان کی قسم سے ہی اسکے تخم کو تخم بالنگو کہتے ہین
جو دوا مین مستعمل ہی اسکی طبیعت گرم تر مقوی دل دافع خفقان
و توحش و اسہال دموی ہی۔
بادرنجبویہ - یہ ایک گھانس دو قسم کی صغیر و کبیر ہوتی ہی۔ فارسی
مین بادرنجبویہ ہندی مین بلی لوٹن کیونکہ بلی اسکو بہت دوست رکھتی ہی
طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دل و دماغ و معدہ و حواس و حفظ و ذکا و دافع توحش ہی
پالسہ فالسہ - یہ مشہور میوہ ہی مشابہ آلو ذائقہ ترش و لذیذ طبیعت
سرد و خشک مقوی دل و معدہ و جگر دافع اسہال صفراوی و قی و تشنگی و
سوزش اعضا و خناق گرم ہی۔
بامیہ - یہ ایک نبات کا پھل ہی جو مصر کی ولایت مین ہوتا ہی سیاہ
سخت بقدر مٹر کے طبیعت اسکی سرد تر ہی اکثر لوگ اسکو کھاتے ہین
بعض کے نزدیک یہ وہ پھل ہی جسکو ہندی مین بھنڈی کہتے ہین قلیل الغذا
خون پیدا کرتی ہی لزوجت اسمین بہت ہوتی ہی۔
بادزہر قنفذی - قنفذ ایک جانور کا نام ہی جسکو فارسی مین خارپشت
ہندی مین سیہ کہتے ہین اسکے پیٹ سے یہ ایک پتھر اکھروٹ کی مقدار
خارپشت کے رنگ پر نکلتا ہی بعض جزائر یورپ مین خصوصا جزیرہ
جاوا مین جس خارپشت کے پیٹ مین یہ پتھر پیدا ہوتا ہی وہ دن بدن لاغر
و ضعیف ہوتا جاتا ہی اور خارپشتون سے الگ رہتا ہی۔ آخر مر جاتا ہی تو وہ
لوگ جو اسکو پہچانتے ہین پیٹ اسکا چاک کرکے پتھر نکال لیتے ہین اکثر
زہرون کو یہ دفع کرتا ہی بدہضمی اور ہیضہ کا علاج ہی درد گردہ و مثانہ کو
دور کرتا ہی۔ طریق اسکے استعمال کا یہ ہی کہ چالیس مثقال پانی مین اسکو
رکھ دیتے ہین چند لحظہ کے بعد پانی تلخ ہو جاتا ہی تو پتھر کو نکال لیتے ہین اور
وہ تلخ پانی بیمار کو دیتے ہین نمک کی طرح یہ پانی مین گھل کر پانی کو تلخ
کر دیتا ہی۔ زیادہ استعمال سے مقدار اسکی بھی کم ہو جاتی ہی۔
بادزہر معدنی - اسکو عربی مین حجر السم اور حجر قیطاس کہتے ہین ہندی مین
زہر مہرہ مشہور ہی ملک خطا و چین و ہند و دکن و تبت و قندھار و باجور
و خراسان و کرمان و توران و مدینہ طیبہ کے پہاڑون سے نکلتا ہی
سبز و زرد و سپید رنگت کا ہوتا ہی افیون اور نیم کی تلخی کو دور کرتا ہی۔
افعی کے منہ مین اگر مس کر دین افعی کو ہلاک کرتا ہی طبیعت اسکی معتدل مائل
بحرارت دافع سموم مقوی قوائے جسمانی و ارواح و حواس مانع ضرر ہوا و عفونت اخلاط
و مقوی اعصاب مفاصل و محلل ورم ہی ہر آیت تاثیر اسکی بالخاصیت ہی۔
بادنجان بری - جنگلی بیگن یہ باغی سے گرم خشک زیادہ ہی بلغمی
ورمون کو دور کرتا ہی بالون کو سیاہ کرتا ہی کھانسی اور ضیق النفس کا دافع ہی
بادیان خطائی - یہ ایک پھل جوزی رنگ ہشت پرہ ہی اور ہر ایک
پر اسکے دو ٹکڑے ملے ہوئے آپس مین اوپر سے پھٹے اسکے اندر بیج چھوٹا
جوزی رنگ مزہ اسکا فی الجملہ سونف کے ساتھ ملتا ہی اس لیے اسکو بادیان
خطائی کہتے ہین نیپال و چین اور خطا کے ملک مین پیدا ہوتی ہی طبیعت
اسکی گرم و خشک مفتح و محلل و مقوی معدہ دافع ریاح و مدر بول ہی۔
باقلائے قبطی - یہ بھی ایک قسم باقلا کی ہی۔ دانے اسکے چھوٹے
سیاہ رنگ نے بستانی باقلا سے بڑے پھول سرخ طبیعت قابض سرد
خشک مقوی معدہ نافع قرحہ امعا اور اسہال ہی۔
بالک جولی - یہ ایک مشہور سبزہ ہی جو اکثر کھاتے ہین طبیعت
اسکی گرم تر اور فائدے اسکے کثیر ہین۔

باے با بائے ابجد

بیغا - یہ لغت پہلے بھی لغات فارسی کی فصل مین درج ہو چکا ہی چونکہ
اس موقع مین اسکے خواص کا بیان کرنا منظور ہی مکرر اسکی خالی لطف سے
نہین یہ پرندہ اکثر سبز رنگ اور سرخ چونچ کا ہوتا ہی اور بھی مختلف رنگ
اسکے چنانچہ چندنا و کجلہ و فریدی و توتیا وغیرہ سرکاری چڑیا خانہ مین کئی
طرح کے رنگون کے طوطے دیکھنے مین آئے ہین طبیعت اسکی دوسرے
درجہ مین خشک گوشت اسکا نہایت دیر ہضم و مفرح دل زخمونکا التیام
دینے والا اسکے گوشت کا ضماد دانتون کے نکلنے کے لیے مفید ہی اور کھاتا
دل اور زبان کا موروث فصاحت زبان ہی لڑکون کو کھلائی جاے تو
جلد بولنا سیکھ جائین خون اسکا آنکھون مین ڈالا جاے تو بیاض کو دفع کرتا ہی
پپیا - ایک درخت کا پھل ہی جو بنگالہ مین بکثرت ہوتا ہی قد اسکا بلند
سر پر چھوٹی پتی پھل نارجیل کی طرح شاخون کے ساتھ لٹکتے ہوے وہ
پھل تمام سال درخت پر رہتے ہین سردیون مین پکتے ہین طبیعت
اسکی سرد و تر بواسیر گرم و سوزاک و سوزش دل و معدہ و جگر کو نافع ہی۔
بہیتہ - یہ ایک درخت کے پھل کا بیج ہی وہ پھل نارنج کے برابر ہوتا ہی پوست
اسکا جوزی رنگ سیاہی مائل ہی اسکے اندر سے یہ تخم سیاہ رنگ سخت
مثلث شکل نہایت تلخ یعنی کڑوا نکلتا ہی مغز تازہ اسکا سپید پرانا ہو
تو صندلی و سیاہ ہو جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک ساتھ قوت تریاقیہ کے
بینا اسکا بلغمی ہیضہ کو مفید ہی قے اس سے فوراً بند ہو جاتی ہی ضیق النفس کا علاج ہی

جوڑون کے دردون کے لیے بھی فائدہ بخش ہے۔

باب با خاے منقوطہ

بخور الاکراد - یہ ایک نبات سولف کی صورت پر پہاڑون مین پیدا ہوتی ہے اندلس مین اسکو بربطوریہ سریانی مین لندرسیون کہتے ہین چونکہ کرد لوگ اسکو بخور کیا کرتے ہین بخور الاکراد اسکا نام عربی مین مقرر ہوگیا طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح و مدر فضلات و مسقط جنین ہے گوند جو اس سے نکلتا ہے فالج و درد سر بلغمی کے واسطے مفید ہے عصارہ اسکا کھانسی و ورم الطحال بیماریون کو فائدہ دیتا ہے۔

بختہ جوش - اُس شراب کو کہتے ہین جسکو اور کئی دواؤن کے ساتھ جوش دیا گیا ہو اس طرح کہ شیرۂ انگور کو بھی بکری کے گوشت کے ساتھ دیگ مین ڈال دین اور دوائین بھی جو اسمین ڈالنی منظور ہون ہم کوب کر کے کسی تھیلی مین باندھ کر دیگ مین رکھ دین اور آگ جلائین جب گوشت بخوبی گل جائے تو اتار لین اور صاف کر کے پئین فائدہ دیتی ہے۔

بخور مریم - یہ ایک گھاس نمناک زمین مین ہوتی ہے پتے اسکے مشابہ لبلاب کے پھول سرخ مین جڑ اسکی شلغم کے مانند ہے اسکی گھاس کو شجرہ مریم کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح و محلل جاذب و ملطف مدر بول و حیض مسقط جنین ہے۔

بخور السودان - یہ مشک گھاس بقدر ایک بالشت کے ہے لاجوردی پھول ہین رطوبت لزج کے ساتھ طبیعت اسکی گرم و خشک عرق النسا کی بیماری کا یہ خاص علاج ہے بلغمی بیماریان سب اس سے دفع ہو جاتی ہین۔

باب با دال مہملہ

بدھل - یہ ایک ہندی درخت کا پھل ہے جو بڑا درخت ہے مزا اسکا چاشنی آمیز شیرینی اور ترشی ملی ہوئی بو اسکی ہینگ کی بو کے ساتھ ملتی ہے بیج اسکا جدا کر کے پلاؤ اور قلیہ مین داخل کرتے ہین بنگالہ مین یہ پھل بکثرت ہوتا ہے طبیعت اسکی سرد و تر مولد بلغم دافع صفرا منی کو کم کرتا ہے باہ کو گھٹاتا ہے۔

بداشقان - معرب بدسگان یہ ایک گھاس سیستان مین پیدا ہوتی ہے آذربایجان مین بکثرت ہے طبیعت گرم و خشک ملطف و محلل و مدر بول دافع امراض باردہ بلغمیہ و کھانسی و ضیق +

باب با راے مہملہ

برٹھسا - ہندی دوا ہے گرم و خشک مقوی دل اور مشتہی دافع ضیق النفس تپ کہنہ و درد شکم و کرم معدہ ہے۔

برط - مشہور درخت ہے طبیعت اسکی سرد و تر اسکے دودھ کے پینے سے بواسیر رفع ہوتی ہے جریان منی رقت منی سرعت انزال کثرت احتلام تقویت اعضاے رئیسہ کا مجرب علاج ہے۔

برنجاسف - فارسی مین اسکو بومادران اور ہندی مین گندنا کہتے ہین ایک سبزہ ہے جو ایک گز تک اونچا ہوتا ہے شاخین پتلی پتی چھوٹی پھول زرد اور سپید پہاڑون مین پیدا ہوتی ہے طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح و مدر بول ہے معدے کے کرم نکالتا ہے علاوہ اسکا اقسام درد سر کو دور کرتا ہے۔

بربوف - فارسی مین اسکو شاہ بانگ کہتے ہین اور معرب شاہ بانج ہے بچون کی مرگی وام الصبیان کو مفید ہے منہ کی رطوبت اس سے خشک ہوتی ہے معدہ کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔

برواق - بحرف سوم واو عرب مین یہ نام ایک لکڑی کا ہے اور عجم مین نام ایک کم وزن زرد پتھر کا جو عراق کے ملک مین پیدا ہوتا ہے اور کہربا اور سندروس کی طرح گھاس کو اٹھاتا ہے طبیعت اسکی گرم و خشک مانع سیلان خون و نافع خفقان و ورم الطحال ہے اور اگر پیسکر زخمون پر لگائین تو زخم اچھے ہو جاتے مین اور اگر انگشتری مین اسکا نگینہ لگایا جائے تو پانی مین ڈوبنے سے نجات ملے اور اسکا ٹکڑا سنگ چقماق کے ساتھ کپڑے مین لپیٹ کر رات کو تکیے کے نیچے رکھین تو جو بات ہونے والی ہو خواب مین نظر آجائے اور برق بحذف الف سوا ہے اسکے ہے مگر اسکے ساتھ مشابہ ہے۔

برک - یہ ایک درخت کا پوست ہے جو جنوبی امریکہ سے لایا جاتا ہے جیزوئیٹس برک بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہے صفراوی تپ جو سردی کے ساتھ چڑھے یا تیسرے روز اور چوتھے روز چڑھے اسکے واسطے یہ دوا ہے اگر تنقیہ کے بعد دیجاوے خطا نہین کرتی۔

برزم - بعض کے نزدیک یہ کیکر کے درخت کا شگوفہ ہے بعض کہتے مین کہ وہ اور خاردار درخت سواے کیکر کے ہے مفرح اور مطیب نفس ہے تازہ معتدل و خشک حابس گوند اسکا کھانسی کو دفع کرتا ہے عرق و عطر اسکا عطریات مین استعمال کیا جاتا ہے۔

برسیاوشان - یہ ایک قسم کا سبزہ ہے پتے اسکے مشابہ دھنیان کے پتون کے شاخ اور پھل نہین رکھتا شاخین بہت باریک سخت اور سیاہ لو سرخ رنگ نمناک زمین اور سایہ دار مقامات مین پیدا ہوتا ہے طبیعت اسکی معتدل مائل بگرمی و خشکی ملطف و مفتح و محلل ہے پینا اسکے جوشاندے کا واسطے رفع درد سینہ و یرقان و ضیق النفس و ادرار بول و حیض کے مفید ہے۔

برسیان - یہ ایک سبزہ بلاد بابل حوالی کوفہ مین پیدا ہوتا ہے شگوفہ اور پھل نہین رکھتا طبیعت اسکی گرم و خشک ہے سونگھنا اور پینا اسکا مقوی دماغ و روح و بصر و جگر و معدہ و محلل ریاح و مسہل اخلاط ہے۔

بربالہ - یہ ایک ہندی گھاس عنب الثعلب کی شکل پر ہے دو قسم کی ایک کے پھول سپید دوسرے کے پھول زرد ہین طبیعت اسکی گرم و تر بعض سکے نزدیک

سرد اسکے پتے کہ لعاب دار ہوتے ہین اگر رات کو پانی مین بھگو رکھین اور صبح کو ملکر پیئین تو جریان منی کو بند کرتا ہی اور سنگ مثانہ و بواسیر کو دفع کرتا ہی اور اسکے تازے پتون کا عصارہ سانپ کے زہر کو دور کرتا ہی اگر مار گزیدہ بیہوش ہو تو عصارہ ناک کے رستے اسکے دماغ مین پہونچائین۔

بردی - فارسی مین اسکو پیزر ہندی مین گوندل کہتے ہین طبیعت اس گھاس کی سرد خشک ہی اور جڑ کے چبانے سے بدبو منہ کی جاتی رہتی ہی اور ضماد اورام کو تحلیل کرتا ہی۔

برطانیقی - یہ ایک سبزہ ربیعی ہی طبیعت اسکی مرکب القوی قوت قابضہ کے ساتھ ضماد اسکا محلل ورم اور پتے عصارہ التیام زخمون کے واسطے نافع اور مضمضہ اسکے جوشاندے کا منہ کے قروح کے لیئے نہایت فائدہ بخش ہی۔

برگ شیرازی - کسی درخت کے پتے ہین جو درخت انگور کی قسم سے ہی اور اسکی جڑ کو عود تری کہتے ہین طبیعت اسکی بہت گرم اور خشک ہی اسکے کھانے سے سکر بھی ہوتا ہی زیادہ کھائے تو مر جاوے۔

برنگ کابلی - معرب اسکا برنق و بھبرنج ہی ہند مین اسکو باؤبڑنگ کہتے ہین دانے اسکے چھوٹے گول مغز اسکا سپید قدرے تلخ ہی بو اسکی اسقدر تیز ہی کہ محرور المزاج کو اسکے سفوف کے سونگھنے سے ناک سے خون جاری ہوجاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل بلغم غلیظ و سوداوی مادہ لزجہ ہی معدے کے کرم اس سے نکل آتے ہین وجہ اسکو پیشاب لقم کے رنگ پڑتا ہی۔

بروانی - بفتح اول اور تیسرے حرف واو سے فارسی لفظ ہی یونانی مین اسکو اسفو انس بطرنی مین عبروس کہتے ہین شاخین اس گھاس کی کمان کی طرح خمدار پھول سپید پھل زیتون کی طرح مزہ تیز جڑ اسکی سپید اور پوست جڑ کا زرد ہی طبیعت اسکی گرم و تر مفرح دل و مقوی باہ ہی بول کو جاری کرتی ہی سنگریزے مثانہ سے نکالتی ہی ضماد اسکا استسقا اور بواسیر کے واسطے مفید ہی شہد کے ساتھ کھائین تو جگر کو تقویت دیتا ہی۔

بریا مصری - بقلہ مصری بھی اسکو کہتے ہین کرنس کے مشابہ ہی اور خوشبو اسکی سونف کی سی ہی مصر مین یہ پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مقوی معدہ و جگر مانع نزلات و مفتح سدہ و محرک باہ و مصفی مجاری بول اور دافع اسپرکے

باب زاے معجمہ

بزر قطونا - یہ مشہور تخم ہی جسکو اسپغول کہتے ہین یہ ایک گھاس ہی اسکی تمک لنچی پتلی پتی سر پر خوشے گیہون کی طرح ہوتے ہین اسکی تین قسم ہین ایک سپید جو عمدہ ہی دوسری سرخ جو ضعیف الاثر ہی تیسری قسم سیاہ جو زہر یلا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد تر مسکن تشنگی دافع حمیات گرم و غلیان خون و خشونت سینہ و حلق وغیرہ امراض صفراوی و ذات الجنب امراض دموی و قرحہ امعا

وزحیر وغیرہ بہت سی بیماریون کا ہی مگر کوٹنا اسکا منع ہی کہ زہر ہوجاتا ہی۔

بزر القثا - ککڑی کا بیج مدر بول سرد و تر منقی عروق مسکن غلیان دم صفرا و دافع تشنگی ہی۔

بزر السداب - تخم سداب یعنی تتلی سکے بیج کھانا اور حمول کرنا اسکا بعد جماع مانع حمل ہی بلغم کو بہ قطع کرتا ہی اور مسہل بلغم ہی اور مسقط جنین۔

بزر اللفت - تخم شلغم محلل ریاح و مقوی آلہ تناسل ہی۔

بزر کثوث - یہ تخم معدے کو قوی کرتا ہی قبض و حبس نزف الدم و سیلان رحم کا عمدہ علاج ہی۔

بزر الکراث - تخم گندنا دافع امراض باردہ و قاطع نفث الدم و نزف الدم ہی۔

بزر البنج - اجوائن خراسانی نیند لاتا ہی مخدر ہی کان کے درد کو دور کرتا ہی دانتون کے درد کو مفید ہی نزلہ و سرفہ و سیلان رحم کو فائدہ دیتا ہی۔

بزغنج - بزغند بضم اول و ثالث پستہ کے درخت کا پھل جسمین مغز نہو کہتے ہین کہ پستہ کے پھل مین ایک سال مغز پڑتا ہی اور ایک سال خالی مغز سے رہتا ہی پس جسمین مغز نہو اسکو بزغنج کہتے ہین نہایت سرد اور خشک و قابض و مفرح ہی۔

بزر البطیخ - خربزہ کا بیج مبہی ہی باہ کو بڑھاتا ہی سدے کو کھولتا ہی بول کو جاری کرتا ہی گردہ و مثانہ و امعا کو صاف کرتا ہی۔

بزر القثد - کھیرے کا بیج محرک مواد ساکنہ مدر بول مخرج صفراے سوختہ دافع درد ریہ و قرحہ و حرقۃ البول و ورم کبد و طحال و حمیات حارہ ہی اور سرد و تر۔

بزر الورد - گلاب کے پھولون کا زیرہ قابض و حابس خون مقوی جسم و مضیق فرج و دافع نفث الدم و اسہال ہی۔

بزر بقلۃ الابصار - کلم کا بیج باہ کو بڑھاتا ہی معدے کے کرم نکالتا ہی۔

بزر القرع - کدو کا بیج مسکن اخلاط محترق ہی سینے کی سوزش کو دور کرتا ہی نفث الدم ریہ و تشنگی و حارہ تپون کا علاج ہی۔

بزر الکتان - السی کا بیج محلل و ملین ہی درد سر اور کھانسی کو دور کرتا ہی۔

بزر المرد - کنوچہ دافع اسہال دموی و قرحۂ امعا ہی۔

بزر الکزبرہ - تخم کشنیز دھنیان کا بیج مفرح و مقوی دماغ و دل ہی ابخرے دماغ کو چڑھنے نہین دیتا خفقان و وسواس کو دور کرتا ہی۔

بزر البطیخ ہندی - تخم تربوز المعروف ہندوانہ مسکن مواد متحرک اور ہر ایک خواص مین تخم کدو کے ساتھ اسکی مشابہت ہی۔

بزر الکرفس بستانی - تخم اجمود یعنی اجوائن کا بیج مفتح و ہاضم و جاذب ہی دردون کو دفع کرتا ہی۔ استسقا کو مفید ہی

باب با سین

بستیاج بفتح اول۔ یونانی لفظ ہی۔ فارسی مین اسکو خلال عربی مین سدی کہتے ہین یہ خار دار گھاس ہی جسکی شاخین پتلی پتلی ہوتی ہین لوگ اسکا خلال بناتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی خلال اس سی دانت کی تقویت واسطے دانتون اور طلا واسطے تحلیل اورام کے مفید ہو اور پینا اسکے جوشاندے کا اصلاح رحم و ادرار بول کے لیے نافع ہی۔

بسفایج بفتح اول عربی لفظ ہی یونانی مین اسکو بوزیون ہندی مین کھنکالی کہتے ہین یہ ایک جڑ خاکستری مائل سیاہی ہزار پا جانور کی طرح گرہ در گرہ ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل سودا و بلغم غلیظ دافع جذام وغیرہ سوداوی بیماریون کا۔

بسد بضم اول یہ ایک پتھر ہی جسمین بہت سے سوراخ زنبورون کے چھتے کی طرح ہوتے ہین سرخ رنگ پانی مین پیدا ہوتا ہی جو اسکو مرجان کی جڑ کہتے ہین مغالطہ ہی طبیعت اسکی سرد و خشک مفرح دل و روح دافع وسواس و جنون و صرع و خفقان و ضعف معدہ و سنگ مثانہ و گردہ و بواسیر ہی۔

بسر بضم اول غورہ خرما جو زرد مائل بشیرینی ہوا ہو طبیعت اسکی گرم خشک مقوی معدہ و حرارت غریزی و قابض ہی چبانا اسکا دانتون کی تقویت اور مسوڑھون کی مضبوطی کے لیے فائدہ بخش ہی۔

بستان افروز عربی مین اسکو حبق و زینۃ الریاحین اور دراج کہتے ہین فارسی مین تاج خروس و گل یوسف ہندی مین نوع ضغیر کا کوکنی اور نوع کبیر کا جٹا دھاری نام ہی طبیعت اسکی سرد خشک معدہ و جگر کی حرارت دور کرتا ہی طحال کے سدّے نکالتا ہی ہر ایک نہر کو دفع کرتا ہی سوزش بول و بول الدم کیواسطے نافع

بسباسہ عجمی لغت ہی فارسی مین اسکو بزبار اور ہندی مین جاوتری کہتے ہین اور یہ جائپھل کا نچلا پوست ہی اوپر کا پوست جب اتار دیا جاوے تو یہ چھلکا پوست ظاہر ہوتا ہی اسی کا نام بسباسہ ہی اور یہ اوپر کے صندقی پو پر لپٹا ہوا ہوتا ہے بہتر وہ ہی کہ اشقر مائل بہ سرخی تند بو اور تیز مزہ ہو طبیعت اسکی گرم خشک مفرح و مقوی معدہ و جگر و باہ و مغلظ منی ہاضم ہی منہ کو خوشبو کرتا ہی سدون کو کھولتا ہی مثانہ کی برودت کو نکالتا ہی۔

باب با شین معجمہ

بشام بفتح اول نام ایک حجازی درخت کا ہی کہ مکہ کی زمین مین پیدا ہوتا ہی وہان سے بیت المقدس و عراق و مصر مین لاتے ہین بالفعل بلسان کے عوض تخم اور لکڑی اور دودھ اسکا مستعمل ہی طبیعت اسکے تمام اجزا کی گرم دوسرے درجے اور خشک پہلے درجے مین ہی مقوی معدہ و اعضای باطنی ہی بچھو کے زہر کو شرباً و ضماداً دفع کرتا ہی اسکے پتون سے خضاب کرین تو بال سیاہ ہوجاتے ہین اسکی لکڑی کا عصا اپنے پاس رکھنا نہایت متبرک ہی اسواسطے کہ اسکی لکڑی کو خشب البشر و عصای موسی کہتے ہین اسکی لکڑی سے مسواک کرین تو منہ سے خوشبوئی آوے اور دانت مضبوط ہون

بشنین بفتح اول ایک گھاس مشابہ نیلوفر پانی مین پیدا ہوتی ہی جب سورج نکلتا ہی پانی سے سر نکالتی ہی جب غروب ہوجاتا ہی تو یہ بھی پانی مین چھپ جاتی ہی اسکے تخم کو لوگ پیسکر روٹیان پکاتے ہین جڑ اسکی شلغم کی شکل پر ہوتی ہی اسکو بھی پکا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین سرد تیسرے درجہ مین تر ہی سب خواص اسکے نیلوفر کے سے ہین جڑ اسکی اگر گوشت مین پکا کر کھائین تو مقوی معدہ و مقوی باہ و دافع زحیر و اسہال صفراوی ہی اور دودھ کے ساتھ کھانا کھانسی کو دفع کرتا ہی اور یہ روغن جو اسکے پھول سے بنایا جاتا ہی دافع جنون و دردسر و شقیقہ ہی اور بھی فوائد اسکے بہت ہین

باب با صاد مہملہ

بصاق لعاب دہن یعنی تھوک جبتک منہ مین ہی طبیعت اسکی گرم سا تھ رطوبت بالفعل کے اور یابس خارج مین تھوک کے وقت گرمی و خشکی اسکی زیادہ اور محصورہ ریاضت کے وقت کمال گرمی مین بہق و کلف کو دور کرتا ہی اگر گیہون کو نہار چبا کر تھوک کے قطرے کان مین ڈالین تو کان کے کرم مرجاتے ہین اور گرمی کے وقت کا تھوک سانپ کو ہلاک کردیتا ہی اگر اسکے منہ مین ڈالین اور بھی فوائد اسکے بہت ہین۔

بصل پیاز جو جنگلی اور باغی دونون قسم کی ہوتی ہی طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم اور اول درجہ مین خشک سدون کو کھولتی ہی باہ کو قوی کرتی ہی گوشت کے ساتھ پکا کر کھانا اسکا دافع نقصان ہوا ہی وبا و طاعون کا علاج ہی سفر مین اسکا کھانا مفید ہی کہ ملک ملک کے پانی پینے سے جو مضرت مسافر کو ہوتی ہی اسکو دفع کرتی ہی روٹی کے ساتھ اگر کچی کھائی جاوے تو مدر بول و حیض سنگ مثانہ کو نکالتی ہی دافع اسکی بدبو کا ہی قلیہ و مغز اخروٹ تخم اسکا دوسرے درجہ مین گرم اور خشک لعاب مبہی ہی ضماد اسکا داء الثعلب بہق کا علاج ہی

بصل الفار یہ ایک چھوٹی قسم کی پیاز پوست سیاہ پتی لمبی طبیعت گرم اسکے کھانے سے قی ہوجاتی ہی گلا سوج جاتا ہی اسواسطے کھانا اسکا ممنوع ہی۔

باب با طاے مہملہ

بطارخ بفتحتین مچھلی کے انڈون کا مادہ جو مچھلی سے انڈون کی صورت پیدا ہو رہت کے مانند مچھلی کے پیٹ سے نکلتا ہی تازہ اچھا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع بلغم اور مضر گرم مزاج والے کے واسطے ہی۔

بطیخ بکسر اول عربی لفظ ہی یونانی مین اسکو فانس فارسی مین خربزہ ہندی مین خربوزہ کہتے ہین اقسام اسکے بہت ہین کوئی گول کوئی لمبا کوئی سبز کوئی سرخ

کوئی زرد ہوتا ہی شیرین خوشبو مطبوع و عمدہ ہوتا ہی میٹھا خربزہ گرم تر اور تریز دافع صفرا جالی و مقطع و ملطف سریع النفوذ مرطب دماغ بدن کو فربہ کرتا ہی سدّون کو کھولتا ہی استسقا اور یرقان کو نافع ہی پیشاب بہت لاتا ہی نفخ بشتا ہی

بط یہ مشہور جانور ہی گوشت اسکا گرم خشک دیر ہضم دافع ریاح گرم ہی اسکے بازو بدن کو موٹا کرتے ہین خون بڑھاتے ہین اگر گوشت اسکا ہضم ہو جاوے تو بہتر ہین گوشتون سے ہی اور چربی اسکی ازدیاد باہ کے لیے مجرب گرم و لطیف و محلل ہی پانی مین نہین ڈوبتا ہی ؎ بچہ بط اگرچہ دوشیبہ بود آب دریاش تا بہ سینہ بود +

بطم بضم اول نام ایک درخت کا ہی جسکو عربی مین حب الخضرا اور ترکی مین سنقل کہتے مین یہ درخت بڑا ہوتا ہی پتے لمبے پھول معطر تخم مشابہ سماق اور عدس کے مغز سبز اور شیرین دہنیت کے ساتھ پتے کی طرح پہاڑی زمین سخت اور خشک مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل و فاتح ہی

بطیخ ہندی اسکو بطیخ زرقی و بطیخ اخضر عربی مین اللارغ دالو تہ فارسی مین خربزہ ہندی و ہندوانہ کہتے مین بہت اقسام کا ہوتا ہی بعض ہندوانہ ریگی زمین کا ایک ایک من وزن کا سرخ و شیرین ہوتا ہی سپید رنگ بھی بکثرت ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد تر صفرا کو کم کرتا ہی تشنگی کو دفع کرتا ہی مدر بول و مولد خون رقیق ہی بلغم شیرین پیدا کرتا ہی مرطب بدن بھی ہی حمیات محرقہ و غب خالص کو مفید ہی

باے یا عین

بغرا یہ ایک غذا ایجاد کی ہوئی بغرا خان بادشاہ کی ہی ذکر اسکا پہلے ہی مذکور ہو چکا ہی اس مقام پر اسکی کیفیت لکھی جاتی ہی کہ گیہون کے میدے کو گوندہ کر کسی تختہ پر پھیلا دیتے مین جب ذرا خشک ہو جاتا ہی اسکے ٹکڑے کر لیتے ہین انھین خشک ٹکڑون کو تیخنی کے پانی مین پکا لیتے ہین پھر پودینہ اور سرکہ بلغرق لیمون اسپر اضافہ کر کے دو ایک جوش دیتے مین پھر نیم گرم پیا جاتا ہی یا ویسے ہی کھاتے مین طبیعت اسکی مائل بہ اعتدال ہی یہ غذا بھوک کم لگاتی ہی اور صفرا کو دفع کرتی ہی تشنگی کو دور کرتی ہی خون صالح پیدا کرتی ہی مگر دیر ہضم و دیر ہو لد ریاح ہی

بغل بفتح اول استر یعنی خچر جسکا باپ گدھا اور مان گھوڑی ہو یا برخلاف اسکے گوشت اسکا درد مفاصل و درد نقرس کے واسطے دافع ہی جگر اسکا عورت کھاوے کبھی حمل نہو اسکے پیشاب کے پینے سے حمل گر جاتا ہی اسکے بال اور کان کا میل بھی یہی خاصیت رکھتا ہی اسکی لید اور بالون کے بخور سے سانپ بچھو وغیرہ بھاگ جاتے ہین —

باے یا قاف

بقلۃ الحمقا — خرفہ جو ایک مشہور سبزہ ہی پکا کر کھایا جاتا ہی تخم اسکا دوا مین مستعمل ہی تیسرے درجہ مین سرد اور دوسرے درجہ مین تر اور تھوڑا ساقابض اسکے پتے و ساق مسکن صفرا و مسکن خون و گرمی جگر و معدہ و دافع حمیات گرم و صفراوی و ذیابیطس و مانع نزلات گرم مبرد دماغ ہی —

بقلۃ الریاح — یہ ایک سبزہ ہی پتے اسکے بادرنگ کے پتون سے مشابہ ہوتے ہین بلاد مغرب مین ہوتا ہی اسکی جڑ کو اگر کوٹ کر پانی نکالین تو جانور دیکھنے لینے زہر ہی اہل اندلس جڑ معشر اسکی بجاے کندش کے استعمال کرتے مین طبیعت اسکی نہایت گرم و خشک ہی تین درم تک قاتل ہی —

بقر عربی لفظ ہی فارسی مین گاؤ ہندی مین بیل و رگاے کہتے مین اگر عمر اسکی ایک برس سے زیادہ ہو تو اسکا گوشت گرم اور خشک و نشہ کے گوشت سے زیادہ گرم بکری کے گوشت سے زیادہ خشک اور صحت کے لیے مضر ہی طرح طرح کی بیماریان اس سے پیدا ہوتی ہین جنکی تفصیل کتابون مین لکھی ہی دودھ گاے کا شفا ہی لیکن گوشت بیماری حدیث مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہی البقر لبنہ دواء و لحمہ داء یعنی گاے کا دودھ دوا ہی اور گوشت بیماری

بقلۃ الانصار — کرنب کا ساگ یا کلم کا ساگ طبیعت اسکی گرم و خشک منضج و ملین نافع تاریکی چشم و سستی اعصاب —

بقس بفتح اول — درخت شمشاد جو عظیم الشان درخت ہی پتے اسکے انار کے پتون کے سے اور پھول خوشبو اور لکڑی نہایت عمدہ طبیعت گرم اور خشک و نشہ اسکے پتے نہین کھاتا اگر کھاوے تو مر جاوے مرادہ اسکی لکڑی کا حنا مین ملا کر بالون مین لگاتے مین جس سے بال قوی ہو جاتے مین درد سر جاتا رہتا ہی درد مفاصل کو نفع کرتا ہی جمرہ اور نملہ کو تسکین کرتا ہی

بقر الوحش نیل گاؤ اسکے سینگ کا ٹکڑا جو کوئی اپنے پاس رکھے جنگلی ربیے اس سے بھاگ جاتے ہین اور جس گھر مین اسکا بخور ہو وہان بھی سانپ نہین رہتے

بقلۃ الاوجاع — یونان مین سلوقا کہتے مین میدان افریقہ مین پیدا ہوتی ہی مشابہ انیسون کے طبیعت اسکی گرم و خشک ہی پیٹ کے درد کے واسطے علاج ہی اسی سبب سے اسکا نام بقلۃ الاوجاع رکھا گیا ہی —

بق — پشہ یعنی مچھر جو مشہور جانور ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی حنا کے ساتھ اگر اسکو سنہ نگل جاوین تو عسر البول کو دفع کرتا ہی اور ایسا ہی عدد مچھرون کا اگر بادلہ کی نالی مین جو اندر سے پولی ہو رکھ کر الکلیجا مین تھوپے کی تپ دور رہ جاوے اور اسکے مثل رہر کو دفع کرنے کے لیے تیل اور عرق لیمون مانا ہی

بقم — یہ ایک درخت دریاے ہند و دکن و زنگبار مین پیدا ہوتا ہی بادام کے سے پتے اور زرد پھول لکڑی کا رنگ سرخ اسکی لکڑی سے رنگ نکالکر کپڑے رنگے جاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک پڑانے اور نئے زخمون کو اچھا کرتی ہی مفاصل کو تقویت دیتی ہی پانچ درم زہر قاتل ہی —

بقتو قرتن بفتح اول ہر سوختہ مثلثہ یونانی لفظ ہی ایک گھاس کا نام ہی

جسکے پتے تو نرگس کے پتون کی شکل پر لمبے تیز مزہ ہوتے ہین شاخ مربع پھول مادر وج کا سا اور تخم گندنا کے تخم کی شکل پر چرب سیاہ بو شراب کی سی نرم زمینون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت گرم خشک محلل و ملطف و مقطع ہی اسکے پتون کا ضماد کیا جاے تو کانٹا جو بدن مین ہو نکل آتا ہی بلکہ تیر کے پھل کو نکال دیتا ہی اسکے تخم کا پانی پینے سے متوحش خواب آتے ہین ۔

بقلہ یمانیہ ۔ ایک سبزہ ہی جسکو چولائی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر دو ایمن طبع و مرطب بدن و مطفی حرارت غریبہ و قلیل الغذا مسکن تشنگی ہی ۔

بقلہ حامضہ ۔ یہ بھی ایک سبزہ ہی جسکو ساگ چوکا کہتے ہین مزہ ترش ہی طبیعت سرد خشک صفرا کو کم کرتا ہی بھوکھ لگاتا ہی سرد مزاج کو مضر ہی ۔

بقلۃ البری ۔ یہ سبزہ ریگی زمین مین پیدا ہوتا ہی مزہ تلخ و شور ہی آخر سردیون مین پیدا ہوتا ہی لوگ اسکو کھاتے ہین طبیعت اسکی بعض کے نزدیک گرم و خشک ہضم جلد ہوتا ہی خفقان دور کرتا ہی منہ کو خوشبودار کرتا ہی معدہ اور کبد کو تقویت دیتا ہی بلغمی تپون کو نافع ہی اگر رات کو فرش کے نیچے رکھین تو اچھے خواب دیکھین اکثر ویرانہ جنگلو مین اسکی پیدایش ہی

باے با کاف

بکا ۔ یہ ایک درخت مکہ معظمہ مین بشام درخت کے ساتھ ملتا ہوا ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ پر گرم و خشک بلغمی تپ اور سرد کھانسی حبس البول و سنگ مثانہ کو فائدہ بخش ہی ۔

بکتن ۔ ایک ہندی گھاس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی پتے چھوٹے تھوڑے لمبے طبیعت گرم و خشک اسکے پتون کا پانی حمیات بلغمی و کھانسی و حبس البول سنگ مثانہ کو فائدہ بخش ہی ۔

بکون ۔ گھاس پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی سماق کے درخت کی طرح شاخین اسکی بالشت سے زیادہ نہین ہوتین شتر از راہ اُ یہ سرخی پتے اسکے لپٹے ہوے پھول سپید طبیعت گرم و خشک مفتح نافع طحال اسکا تخم اگر ایک برس مین کھاے تمام سال حاملہ نہو اگر سات سال تک برابر ایک یک مرتبہ کھالی ہے تمام عمر حاملہ نہو یہ گھاس تیوعات یعنی شیر دار بوٹون مین ہی

بکھر نیدہ ۔ یہ درخت اکثر بنگالے مین پیدا ہوتا ہو پتے اسکے بیل نیم کے سے پھل بدون خوشے کے تیوع یعنی شیر اسکا تازے زخمون کو مندمل کرتا ہی نزف الدم کو فی الفور اچھا کر دیتا ہی ۔

بکچی ۔ ہندی لغت ہی اسکو باکچی بھی کہتے ہین یہ تخم گول و لمبے چوڑے باہر سے کالے اندر سے سپید اور ایک گول غلاف کے اندر تین چار عدد آپس مین ایک خوشے مین ملے ہوے عنب الثعلب کی طرح پتے اور بقلہ خراسانی کی طرح پھول گلابی رنگ طبیعت گرم خشک مین نفاخ و

مشتہی و مفرح برص و بہق اور جرب فساد خون و جذام کو تسکین و ضماد آ فائدہ بخشی ہی

باے یا لام

بلاس پاپڑا ۔ یہ پھل ایک درخت کا ہی سرخ نیلا زرد و سپید چارون قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر پینا اسکا واسطے دفع بواسیر و حب القرع کے نافع ہی

بلیلج ۔ یہ ایک پھل ہی جسکو فارسی مین بلیلہ ہندی مین بہیڑا کہتے ہین یہ ہندی درخت کا پھل ہی جو مشہور و معروف ہی طبیعت اسکی سرد و خشک ملطف و قابض معدہ کو قوت دینے والا اشتہا پیدا کرنیوالا مسہل سودا قاطع رطوبات و بخارات دافع درد سر و بواسیر ہاتا ہی ۔

بلح ۔ بفتح اول غورہ خرما یعنے کچی کھجور سرد خشک ہی مقوی لثہ و معدہ و جگر و دافع

بلادر ۔ بفتح اول و دوم پھل ہندی درخت کا ہی ہند مین اسکو بھلاوا کہتے ہین اسکے ہمشکل شاخین اسکی زمین پر گری ہوئی ریشے نکالکر دوسرا درخت قائم ہو جاتا ہی اس پھل مین تیل بہت ہوتا ہی اسکے نکالنے کے لیے ایک طریق ہی مگر وہ تیل اگر انسان کے جسم کو لگجاے تو ورم کر جاتا ہی طبیعت اسکی چوتھے درجے مین گرم اور خشک و ر پوست تیسرے درجے مین گرم اور پہلے درجے مین خشک مسخن محلل ملطف و فرح امراض بارده دماغی دافع فالج و لقوہ و رعشہ و خدر و نسیان و اختلاج و ریاح سلسل بول وغیرہ ہی اور بھی فوائد اسکے کثیر ہین

بلاسطور ۔ یہ دوا معلومات اہل فرنگ سے ہی جو امریکہ مین معلوم ہوا یہ درخت مشابہ لسان العصافیر کے ہی اسکی لکڑی پر ہر اچھڑا ہی اوپر کا چمڑا بلوط کے چمڑے کی طرح اور دوسرا اسکے نیچے لکڑی سیاہ سنگین وزن دار آبنوس سے ملتی ہوئی اور چکنی صنوبر کی لکڑی کی طرح یہ لکڑی جہازون پر لادکر قسطنطنیہ لاتے ہین اور تلوارون و چھریون کے قبضے و دستے بناتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک صرع و نسیان و نزول الماء و ضیق النفس و تقویت معدے کیواسطے علاج ہی

بلغار ۔ بفتح اول مشہور چمڑا ہی جو خوشبودار ہوتا ہی سرخ رنگ خوشبودار چمڑا شہر ششترخان سے لاتے ہین اور اس شہر مین ایک درخت ہی جسکی چھال خوشبودار ہوتی ہی وہ چھال ڈالکر وہ چمڑا پکایا جاتا ہی اسی سے چمڑا خوشبودار ہو جاتا ہی اس شہر کے بغیر وہ درخت اور کہین نہین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی دل و دافع خفقان ہی و ملیریا کو ضعیف کرتا ہی سوختہ اسکا تازہ زخمون کو بھر لاتا ہی ۔

بلور ۔ یہ ایک پتھر سپید شفاف مشہور ہی کشمیر کا بلور نہایت سخت اور عظیم آبلو کا نرم التحال اسکی خوب پسی ہوئی کا واسطے رفع سپیدی آنکھ در سبل اور جرب کے مفید ہی اور تعلیق اسکا واسطے رعشہ اور نیند سے چونک پڑنے بچون کے مجرب ہی ۔

بلاس ۔ ایک درخت ہی جسکو ہندی مین ڈھاک اور ٹیسو کہتے ہین پتے اسکے گول اور گوند مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم تر ہی جو نکہ گوند اسمین بہت ہی سرد و خشک بھی اسکو کہتے ہین بھوکھ لگاتا ہی باہ پیدا کرتا ہی بواسیر کو رفع کرتا ہی پھول اسکا

سرد و خشک قابض شکم دافع بلغم ہی۔

بلبوس - بفتح اول - یونانی لغت ہی عرب مین اسکو بصل الذیب و بصل الزیر فارسی مین زیر و لمخہ پیاز کہتے ہین یہ پیاز اصل پیاز سے چھوٹی ہوتی ہی اگرچہ ذائقہ مین پیاز سے ملتی ہی مگر حدت نہین ہوتی بدن کو موٹا کرتی ہی باہ کو بڑھاتی ہی

بلوط الارض - یہ سبزہ ریگلی زمین مین پیدا ہوتا ہی مزہ اسکا شیرین قدرے تلخ ہی جڑ اسکی ہمشکل بلوط کے زمین مین مدور ہوتی ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین خشک قاطع مواد و فضول مفتح سدہ مدر بول و حیض ہی ضماد اسکا طحال کی بیماری کو دفع کرتا ہی اور بیماریان بھی اس سے اکثر دور ہوتی ہین

بلوط - بفتح اول ایک درخت کا پھل ہی جو بڑا درخت کوہستان تہہ تلی زمین مین ہوتا ہی یہ پھل دو قسم کا ہوتا ہی ایک لمبا دوسرا گول جسکو شاہ بلوط و بلوط الملک کہتے ہین گول قسم لمبی سے لذیذ زیادہ ہی بلوط شیرین پہلے درجہ مین سرد دوسرے درجہ مین خشک اور قابض ہی مغلظ اور دیر ہضم کثیر الغذا تسلسل البول اور تقطیر البول کو نافع ہی حابس اسہال ہی۔

بل - ہندی لغت ہی خیار ہندی بھی اسکو کہتے ہین ہندی مین اسکو کحری بھی بولتے ہین بنگال مین اسکا کڑی نام ہی بیج اسکا کڑوا مغز چکنا پوست خامی مین سبز پختگی مین زرد بو خوش طبیعت دوسرے درجہ مین گرم اور خشک مقوی احشا محلل صلابات عصب فالج و بواسیر کو نافع ہی۔

بلول - یہ پھل ایک ہندی سبزے کا ہی جو خیار کی قسم سے ہی اکثر لوگ اسکو گوشت مین لگاتے ہین اور کھاتے ہین دلمہ چاشنی دار بھی بناتے ہین بہت لذیذ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر دل کو قوی کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی بھوک لگاتا ہی کھانسی دفع کرتا ہی پیٹ کے کرم نکالتا ہی اخلاط کی اصلاح کرتا ہی

بلبل ہزار داستان - یہ ایک مشہور چڑیا ہی خوبصورت سبز و سیاہ و سپید خوش آواز گرم اور خشک تیسرے درجہ مین اسکے سر کا مغز محرک باہ انڈے اور بیٹ جالی ساتھ قوت قابضہ کے ضماد اسکا کلف کو دور کرتا ہی اسقاط جنین کے لیے موثر ہی۔

بلسان - یہ لغت پہلے بھی فارسی لغات کی فصل مین تحریر ہو چکا ہی گویا قند مکرر ہی۔ یہ بڑا درخت ہی پرورش کرنے سے بڑے اوج کو پہونچتا ہی آدمی کی طرح سردی و گرمی و پیاس سے اذیت پاتا ہی پس موسم ادر فصل مین اسکی خبرگیری کیجاتی ہی پتے اسکے سداب کے پتون کی طرح ہین منبت اسکا ابتدائے زمانہ مین صرف عین الشمس تھا جو ایک گانون مصر کے علاقہ مین ہی باعث اسکی پیدائش کا یہ ہوا کہ جب بی بی مریم علیہا السلام بیت المقدس سے عیسیٰ علیہ السلام کو لیکر بھاگین مطریہ مین آکر اقامت کی اسی طرح مین یک کنوان تھا بی بی مریم نے کپڑے دھوکر پانی پھینکا اُس سے درخت بلسان پیدا ہوا نصاری اسکی بڑی تعظیم کرتے ہین اسکے دہن کو

گران قیمت پر خرید لے ہین لکڑی اسکی بہی قیمتی ہی جسکو عود بلسان کہتے ہین اصل لکڑی وہ ہی جو خوشبودار سرخ رنگت دلوست ہو اور اصلی دہن وہ ہی جو پانی مین ڈوب جائے زرد ہی اور کپڑا اُس سے تر کرکے دھوئین تو تیل کی چکناہٹ کپڑے مین باقی نہ رہے اور اگر اُس کپڑے کو آگ مین جلائین تو تیل جلجائے مگر کپڑا نہ جلے اسکے پتون کے جوشاندے کا پینا تحلیل نفخ و ریاح غلیظہ اور نکالنے جونک کے جو حلق مین رہ گئی ہو اور تسکین درد سر رطوبی کے نافع ہی بچھو کے نیش پر اسکا ضماد کیا جائے تو زہر کو دفع کرتا ہی مربہ اسکے تازہ پوست کا تقویت معدہ کے لیے اکسیر ہی۔

بلخشہ - بکسر اول و ثانی ایک گھاس ہی زمین پر پھیلی ہوئی شاخین سرخ اور تیلی آپس مین ملی ہوئی پھول سرخ و سفید طبیعت اسکی گرم پہلے درجہ مین خشکی کی طرف مائل غرغرہ اسکے جوشاندے کا واسطے نکالنے جونک کے جو حلق مین چلی گئی ہو مفید ہی اور ضماد پتون کا واسطے تحلیل ورم کے نافع کھانا اسکا منع ہی

بلخیہ - بسبب اسکے کہ یہ درخت بلخ مین بکثرت ہی اسکو بلخیہ کہتے ہین سپرنج بھی اسکا نام ہی بید مشک بھی اسکو پکارتے ہین خلاف بلخی یہ بلخ مین مشہور ہی گرم پہلے درجہ مین مائل بہ یبوست بہت سے امراض کو اس سے فائدہ پہونچتا ہی۔

بلسکی - بضم اول غیر عربی لفظ ہی۔ نوت البر بھی اسکو کہتے ہین یہ ایک سبزہ ہی طبیعت اسکی مرکب تقوی گرمی اور خشکی اسپر غالب ہی خشکی اسکی زیادہ گرمی سے ہی ملطف اور جالی ہی افعی کے زہر کو اسکا عصارہ دافع کرتا ہی جوشاندہ اسکا تسکین درد کے لیے مجرب ضماد اسکا خنازیر کا عمدہ علاج ہی۔

بلوطی - ہندی مین اسکو کچی اور کچورا اور کچی کھجور کہتے ہین اس گھاس کے پتے لہسن جیسے سیاہ رنگ شاخین بیشمار طبیعت اسکی گرم و خشک ضماد اسکے پتون کا بادلے کتے کے دفع زہر کے لیے فائدہ بخش ہی زخم کے اندمال کے لیے مجرب علاج

باب بے با نون

بندا - ہندی مین یہ ایک درخت ہی جو اور درختون کے اوپر پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بعض کے نزدیک سرد و خشک سودا و بلغم کو دفع کرتا ہی فاسد خون کو مصفا کرتا ہی پھوڑون اور زخمون کو اچھا کرتا ہی جس درخت پر یہ جمتا اور لپٹتا ہی اسی کی خاصیت پیدا کرتا ہی۔

بنج - بفتح اول معرب بنگ ہی یونانی مین اسکو انیقولن ہندی مین خراسانی اجوائن کہتے ہین پتے بادرنجبویہ کے سے روئیں دار ہوتے ہین مزہ تیز و تند پھل اسکا غلاف مین مشابہ گل انار کے پھول سرخ و بنفشی اور تخم مشابہ تخم ریحان کے تھوڑا سیاہ طبیعت اسکی سرد خشک سیلان رطوبات و نزلات کو نافع ہی مخدر ہی نیند لاتی ہی عرق النسا و نقرس و اورام گرم کو فائدہ بخش ہی اور بھی بہت سے فائدے اسکے طب کی کتابون مین لکھے ہین

بنفسج - معرب بنفشہ جو مشہور دوا ہی عربی مین اسکو فرفیر بھی کہتے ہین اور یونانی مین بدیہ گھاس ایک بالشت تک اونچی ہوتی ہی باریک شاخین اور پھول خوشبودار بنفشہ کے رنگ کے ملک کشمیر اور نیپال وغیرہ پہاڑون کے میدانون مین یہ بہ کثرت ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد تر بعض کے نزدیک گرم تر ہی صفرا کو نکالتی ہی پیاس کو دور کرتی ہی خون کے جوش کو کم کرتی ہی گرم تپون اور خفقان اور غشی کا علاج ہی ورمون کو تحلیل کرتی ہی سوداوی وصفراوی دردسر ومرع وزکام و کھانسی وخشونت سینہ وحلق وخناق وذات الجنب وذات الریہ وامراض کبد وطحال وسوزش مثانہ وپیشاب واحتباس بول ودرد گردہ کو شیلا ونطولا وضمادا نافع ہی غرض کہ اسکے فوائد کا کوئی حد وحساب طبیبان یونانی ہر ایک بیماری کے نسخہ مین اکثر اسکو شامل کر لیتے ہین ہر ایک مسہل مین بھی اسکا شمول واجب تصور کیا گیا ہی۔

بُندق - معرب فندق عربی مین اسکو جلوز بھی کہتے ہین یہ ایک پہاڑی درخت کا پھل ہی سرد ملکون مین ہوتا ہی گول سی شکل تازہ مغز سپید اور کہنہ زرد چکنا بادام کی طرح اوپر اسکے سخت چھلکا اصدفی جوزی رنگ مغز اسکا کھاتے ہین اسکی طبیعت گرم اور خشک باہ کو بڑھاتا ہی امعا کو طاقت دیتا ہی جوہر دماغ کو زیادہ کرتا ہی کھانسی کو دور کرتا ہی۔

بنگ - بفتح اول - پوست ایک درخت کا ہی جو یمن مین ہوتا ہی سبک اور زرد اور خوشبودار طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی جگر و دماغ وقوت باہ و مدر بول ہی۔

بندال - بفتح اول - ہندی گھاس کا نام ہی جو درختون پر چڑھ جاتی ہی اسکے پان کے پتون کی شکل پر ہوتے ہین پھل گول اور لمبا طبیعت گرم وخشک ہی اسکی سوکھی ہوئی جڑ کو کوٹ کر شہد کے ساتھ کسی عورت کو کھلا دین تو وہ بچہ جو پیٹ مین اسکے مر گیا ہو فوراً باہر آجاے اسکے کھانے سے دست بہت آتے ہین پیشاب بھی بہت آتا ہی قی بھی ہوتی ہی۔

بنات وردان - بعد لفظ بنات کے واو اور راے اور دال وalif اور نون ایک جانور ہی جسکو فارسی مین سوسک ہندی مین تیلی چٹہ اور ہوتگر دو کہتے ہین سرخ وسپید دونون قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل ومجفف ہی محرک بول واسقاط جنین وتسکین درد رحم ودفع زہر ہوام وحمیات لرزہ کے نافع ہی۔

بنطافلن - یونانی لغت ہی جسکے معنی پانچ پتے والے کے ہین یہ سوا اثاق کے جسکو فارسی مین پنجگشت اور یونانی مین بنطالاس یعنی پنج انگشت بولتے ہین یہ گھاس پنجگشت کے مشابہ ہی شاخین اسکی باریک بقدر ایک بالشت کے اور ہر شاخ پر پانچ پتے پھول زرد وسفید مین ملا ہوا خلاف اثاق کے کہ اسکا پھول مائل بہ سرخی اور ازرقی ہی دونون یہ سبزہ آبی زمین مین ہوتے ہین طبیعت اسکی قریب اعتدال گرمی اور خشکی مین زہر ڈسن کے دفع کرنے کے لیے تریاق ہی دو مثقال اسکے پتے اگر بیمار کو پلائین تو حمی غب غیر خالص دفع ہوجاے اور حمی ربع کے واسطے چار پتے اسکے چار شاخون سے لیکر کھلائے جائین تو تپ جاتی رہے اور حمی یوم کے لیے ایک پتا ہر روز ایک شاخ کا کھا جانا چاہیے اور اگر ایک ایک ٹکڑا ہر روز ایک پتا کھاتے رہین تو صرع جاتی رہے غرضکہ اس فائدہ بخش دوا کے پتے ہر ایک بیماری کا علاج ہین تفصیل جنکی کتابون مین ہی۔

بُنّ - بہ ضم اول وتشدید ثانی نام ایک پینے والی چیز کا ہی جسکو قہوہ کہتے ہین اور یہ ایک پھل ہی جسکو جوش دیکر بجاے شراب کے پیتے ہین وہ پہاڑی درخت یمن کے پہاڑ مین ہوتا ہی ہر فصل مین بویا جاتا ہی خودرو اور جنگلی بھی ہوتا ہی مگر بستانی بہتر ہوتا ہی اور وہ سبز رنگ دانہ خوشبودار نہ چھوٹے نہ بڑے خوش ذائقہ اسکے پینے سے سستی اور کاہلی جسم کی جاتی رہتی ہی سرد اور خشک دوسرے درجے مین ہی درد دل کو دور کرتا ہی تپ ربع مین پینا اسکا مفید ہی جب اسکے پینے کی عادت ہو جاتی ہی تو آدمی اسکے پیے بغیر رہ نہین سکتا نیند نہین آتی کسی قدر باہ کو مضر ہی۔ ع آن سیہ رو کہ نام او قہوہ ہست + مانع النوم و قامع الشہوہ ہست +

بُنقہ - بفتح اول وقاف یہ دوا مسور کے دانون کی طرح ہوتی ہی سرد خشک ہی اسہال کو بند کرتی ہی زخمون کو خشک کرتی ہی۔

بنیالہ - ایک ہندی پھل بقدر آلو کے مزا ترش صفراوی مزاجون کو فائدہ بخش اور بلغمی مزاجون کو نقصان دینے والا ہی۔

بندق ہندی - اسکو ہندی مین ریٹھا کہتے ہین یہ ایک بڑے درخت کا پھل پوست بارہ رنگ مائل بہ سرخی شکن دار تلخ جوف مین سیاہ بیج نہایت سخت اور موٹا اسکو توڑین تو مغز سپید قدرے شیرین گرم خشک مقوی معدہ وہاضمہ دافع سموم خصوصاً بچھو کے نیش پر اگر اسکے تخم کا مغز پیسکر لگائین تو اسی وقت درد دفع ہو دردسر وشقیقہ ولقوہ وفالج وصرع وجنون و ام الصبیان کو فائدہ بخش ہی۔

بنسکلی - بکسر اول وسین - ایک ہندی سبزہ ہی پتلی اسکی شاخین مہندی کی سی پتے اور پھل مشابہ عنب الثعلب اور پھل اسکے پیسکر مستسقی کے پیٹ پر جہان ورم ہو گرم کرکے ضماد کرین بعد کپڑا باندھ کر تمام رات رہنے دین اور چار رات تک یہی عمل کرین تو تمام پانی مستسقی کے پیٹ کا بول کے رستے سے نکل جاے گا

باب با و واو

بوُرق - ایک قسم کا نمک ہی معدنی ومصنوعی معدنی عمدہ ہوتا ہی ہندی مین

اسکو پاڑہی نمک کہتے ہین محلل جالی جاذب خون دافع قولنج و استسقا ہی

بول - فارسی مین خناش اور پیشاب ہندی مین موت مشہور ہی طبیعت اسکی گرم و خشک خواص اسکا جالی اور ملطف و مقطع ہی بول ہر حیوان کا باختلاف مزاجون کے مختلف ہوتا ہی بول آدمی کا سب سے اعدل ہی بعد اسکے اونٹ اور بیل کا اور جو بول جوش دینے سے غلیظ اور بستہ ہوجاوے وہ واسطے دفع قروح اور ناسورون کے بیمثل ہی اور آدمی کا بول دافع قروح عمیقہ و رطبہ و جرب و داء الثعلب اور زخم یا وے کہتے کا ہی اور جلے ہوے بدن کو طلا کیا کرنا ہی

بول الابل - یہ قرص ہین کہ بعض لوگ مین سے مکہ شریف مین لاکر فروخت کرتے مین بعض کہتے ہین کہ اہل یمن اونٹون کے پیشاب کو جمع کرکے یہ ٹکیان بناتے ہین بعض کہتے ہین کہ ایک گھاس حجاز کے پہاڑون مین ہی اسکو کوٹکر اونٹ کے پیشاب کے ساتھ ٹکیان بناتے ہین غرض کہ یہ دوا مجہول الکیفیت ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک واسطے اندمال جروح اور قروح کے مفید ہی حمول اسکا بواسیر کو قطع کرتا ہی -

بوزیدان - یہ ایک جڑ سفید بقدر ایک انگلی کے نہایت سخت ہی لمبے لمبے اسیر خط ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ممسی و محرک جماع مسکن اوجاع مفاصل و نقرس و مفتح سدہ جگر و منقی معدہ ہی -

بولا موییون - اس گھاس کی شاخین تیلی سے سدے کے تیون کی سی طبیعت اسکی گرم و خشک بول کو جاری کرتی ہی حیض کو چلاتی ہی قرحہ امعا و سختی طحال و دفع سموم ہوام کے لیے نافع ہی -

بونیون - ایک سبزہ ہی پتے اسکے کرفس کے سے پھول خوشبودار طبیعت گرم و خشک بول کو جاری کرتا ہی پیٹ کے کرم کو نکالتا ہی -

پوست درنبدی - یہ ایک چھوٹا درخت ہی حنا کی سی پتی بلاد عجم مین پیدا ہوتا ہی خصوصاً شہر ارمنیہ مین وہان کے لوگ اسکو کوٹکر ٹکیان بناتے اور سنگسار رکھتے ہین اور سلکون کو کھاتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک ملین ہی طلا اسکا تحلیل ورام گرم و تسکین درد کے واسطے مجرب ہی درد نقرس کے واسطے فائدہ بخش

بولسری - مولسری بھی اسکا نام ہی یہ ایک ہندی درخت ہی پھول اسکا چھوٹا گول دندانے دار خوشبودار ہوتا ہی خشک خوشبو زیادہ دیتا ہی اس پھول سے ہزار پا و کژدم وغیرہ زہریلے جانور بھاگتے ہین پھل عناب کی طرح زرد و سرخ ہوتا ہی طبیعت اسکے پھول کی سرد و خشک اور پھل پھول سے زیادہ ساتھ قوت قابضہ کے تسکین درد دندان و استحکام لثہ کے نافع ہی قابض شکم و ممسک منی ہی اور امراض باغی کے لیے فائدہ رسان ہی -

پوئی - یہ ایک ہندی گھاس ہی پتے اسکے پان کے پتون کی طرح طبیعت سرد و تر حمیات گرم کو اس سے تسکین ہوتی ہی اور جو چھالے آگ سے بدن پر

بڑھجانے مین اسکے ضماد سے جاتے رہتے ہین -

باے با ہاے ہوز

بھکمول یہ ایک ہندی جڑ تلخ اور تیز اور سیاہ ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بھوک لگاتی ہی باہ کو بڑھاتی ہی امراض بلغمی و حمیات مرکبہ کو دور کرتی ہی

بہمن - یہ ایک جڑ مشابہ چھوٹی گاجر کے سخت اور پیچ کوہستان مین و خراسان مین پیدا ہوتی ہی گھاس اسکی ایک بالشت اونچی آنو کے سے پتے سرخ و سپید دو قسم پر منقسم ہی طبیعت انکی دوسرے درجہ مین گرم و خشک سرخ گرم تیسرے درجہ تک اور قوی زیادہ سفید سے ہی مبہی و مفرح دل ہی بدن کو فربہ کرتی ہی منی کے مادہ کو زیادہ کرتی ہی -

بھنگرہ - یہ ہندی گھاس ہی پتی انار کی سی سفید زرد و سیاہ تین قسم کا بھنگرہ ہوتا ہی باعتبار رنگت پھولون کے طبیعت تینون کی گرم و خشک مقوی باصرہ مبہی ہی جذام کا علاج ہی -

بھوئی آنولہ آنو لسی گھاس جسکو اسواسطے کہتے ہین کہ پتے اسکے آنولے کے پتے کی طرح ہین طبیعت اسکی سرد مزا کڑوا بجوہر اسکا ناسور اور قروح خبیثہ کے اندمال کے لیے موثر ہی -

بہمی یہ ایک گھاس مشابہ گھاس جو کے ہی طبیعت اسکی سرد و خشک حابس اسہال و سلسل البول و دافع نزف الدم -

بھنڈی - ہندوستان مین مشہور ترکاری ہی طبیعت سرد و تر مقوی اعضا مولد منی محرک باہ دافع صفرا -

باے با یاے تحتانی

پیار انگا - یہ ایک جڑ بقدر انگلی کے موٹی اور لمبی دو بالشت تک زرد رنگ سرخی مائل مزا تلخ ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم و خشک اور ساتھ رطوبت فضلیہ کے خواص اس کثیر النفع دوا کے ہزارون کتب طبیہ مین درج ہین شائق وہان سے دیکھ سکتا ہی -

بیج بند - یہ تخم نا بنرمیق بارد و یابس ہی کھانا اسکا پشت کو طاقت دیتا ہی کمر کو مضبوط کرتا ہی منی کو بڑھاتا اور غلیظ کرتا ہی ممسک بھی ہی

بیش - بکسر اول و یاے معروف میٹھا تیلیا جو ایک جڑ زہر قاتل ہی کوہ ملیبار مین پیدا ہوتی ہی بہت سے اسکے اقسام ہین سب سے زیادہ مہلک سینگیا جسکا نام ہندی سنگیا ہی ہرن کے سینگ کی صورت پر اسکو ہندی ڈال بھی کہتے ہین سیاہ سپید سرخ نیلگون زرد و سبز رنگ کا بیش ہی اور ایک قسم بیش ہی جو ہ بچھناگ بعض قرآبادین معلوم ہوتا ہی یہ ایسا زہر ہی کہ نطران پر رکھ دین تو خشک ہوجاتا اگر اسکو بھینس کے سینگ پر ملین تو بجاے دودھ کے اسکے پستان سے خون نکلے کھانا سینگیا کا بقدر ایک دانہ رائی کے قاتل ہی اسکی پھول بھی

سو نکلنے سے سل کی بیماری پیدا ہوتی ہے علاج اسکا جدوار اور کستوری اور انڈے کے پتون کا پانی اور تخم شلغم کا جوشاندہ ملا کر قے کرانا ہے۔

بیش موش بیشا - یہ ایک چوہا ہے جو بیش کی جڑون مین سوراخ بنا کر رہتا ہے اسکا گوشت بیش کے زہر کے واسطے تریاق ہے اور بیشا ایک گھاس ہے جو بیش کے درخت کے پاس پیدا ہوتی ہے یہ بھی بیش کے زہر کا تریاق ہے۔

بیض - مرغی کا انڈا عمدہ انڈا وہ ہے جو تازہ ہو ہوا کی گرمی نے اسمین اثر نہ کیا ہو اگر رکھنا منظور ہو تو نمک مین دبا رکھین زردی اسکی مرکب لقوی مائل بگرمی سفیدی سرد تر پوست سپرقی مفرح خشک زردی نیم برشت صالح الکیموس کثیر الغذا مقوی دل و دماغ و بدن ہے باہ کو بڑھاتا ہے نزلات گرم کا مانع ہے اور کھانا زردی کا ساتھ سفیدی کے محرور المزاج کو موافق ہے فوائد اسکے طبیہ کتابون مین بکثرت درج ہین۔

پیپل - ہند مین یہ عالیشان درخت ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم خشک ضماد اسکے پوست کا تحلیل ورمون و بند کرنے ناسورون کے لیے مفید ہے اسکے پتون کو بھی اگر گرم کرکے ورمون اور پھوڑون پر باندھین تو فائدہ دیتے ہین اسکی لکڑی کی راکھ قے کو روکتی ہے۔

بیل - بکسر ے پھل ایک درخت ہندی کا ہے پوست اسکا خامی مین سبز بعد پکنے کے زرد اور نازک ہوتا ہے مغز اسکا شیرین خام کی طبیعت سرد دوسرے درجے مین اور پختہ دوسرے درجے مین گرم و قابض ہے دست بند کرتا ہے اگر بہت کھائین تو بواسیر پیدا کرتا ہے۔

بُسّم - یہ ایک پھل بہی کی شکل اور کسی قدر اس سے چھوٹا ہوتا ہے بلکہ بھی زیادہ ہے کہ سیب پر امرود کا پیوند یا سیب پر شاہ بلوط کا پیوند چڑھائین تو یہ پھل پیدا ہوتا ہے سرد خشک و ستون کو بند کرتا ہے قے کو روکتا ہے خفقان کو دور کرتا ہے معدہ و دماغ کو طاقت دیتا ہے ہر ایک قسم کے زہر کو اسکا جوشاندہ دفع کرتا ہے بواسیر کو نافع ہے زخمون کو خشک کرتا ہے۔

بیخ زرین گیاہ - یہ ایک جڑ مشابہ بہمن سپید اس سے ذرا لمبی اور پیلاہٹ اور مہمنت زردی مائل چین سے لاتے ہین روح کو سیر لحقت دیتی ہے دل کو قوت بخشتی ہے باہ کو بڑھاتی ہے اور بھی بہت سی بیمارپون کا علاج ہے۔

بیربہوٹی - یہ ایک کرم نہایت سرخ برسات مین پیدا ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم تر ہے اسکے پاؤن اتار کر پان کے بیچ مین ایک کرم کھانا نافع فالج و لقوہ و صرع ہے اور ضماد اسکا باعث امساک قوت باہ وغیرہ کی تفصیل ہے۔

باب چوتھا

ان لغات کے بیان مین جنکے اول باے فارسی ہو

اسمین چار فصلین ہین ادویات کی فصل لکھی نہین گئی کہ اسمین لغات بہت کم تھے الگ فصل کی ضرورت نہ تھی وہ لغت باے عربی کی طبیہ فصل مین درج ہو گئے

پہلی فصل

فارسی و عربی و ترکی و ہندی وغیرہ لغات کے ذکر مین

باے فارسی باالف

پا - فارسی لفظ ہے عربی مین اسکو رجل ہندی مین پاؤن کہتے ہین و معنی قدرت و قوت و تاب و طاقت و استحکام ؎ ازین خانہ بردن ببر رخت خویش + از جا اگر پاے داری گریز -

پاپا - عیسائیون کا پیشوا جسکو پاپ کہتے ہین -

پارسا - خدا پرست - عبادت کرنے والا - پرہیزگار صفدر فوقانی -
یہ بیند پارسا گروہی آنماہ ابر آید از لباس پارسائی -

پالا - کوتل گھوڑا جو زینت کے لیے سواری کے ساتھ ہو -

پابرجا - ثابت قدم و مستحکم و قائم ؎ ربع مسکون اگر بخود جنبد + پاے صبر و سکون تو برجا وار +

پایا - قائم و ایستادہ - اپنے مقام پر مضبوط -

پاشنا و پاشنہ - فارسی لفظ ہے عربی مین عقب - ہندی مین ایڑی ناصر خسرو - نیست مدبر اہل ترک زخود نداند کفش زانکہ + ہر بخلاف از پاشنا یش دین و دولت را درست +

پا در رکاب - سوار ہونے کو تیار چلنے کو مستعد مولانا اکبر نیست دنیاے دنی جاے قیام + ہر مسافر ہست چون پا در رکاب صائب چون مہ نو آتش سعدی پیچ و تاب خط + غافل مشو ز دولت پا در رکاب خط

پایاب - وہ پانی جس سے آدمی غرق نہو پاؤن سے چل کر ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پہونچ جاے و معنی ہمیشگی و پایندگی ملا طغرا اسکو راہ طریقت چو بگذرند ز آب + حباب وار شود روی آب شان پایاب + میر معزی - نہ کوہ حلم ترا دیدہ ہیچکس پایان + نہ بحر جود ترا دیدہ ہیچکس پایاب

پازیب - ایک زیور کا نام ہے جو پاؤن مین پہنا جاتا ہے حکیم محمد انور لاہوری - خدا بر ہر قدم شد عاشق زار + چو خاصیت کرد از پہلو پازیب پلے کوب - رقص کرنے الا ناچنے والا میر خسرو - پس بگرہ حسب تو ز خوبان + روان شد سوے شیرین پاے کوبان +

پاشنہ کوب - پیچھے پیچھے جانے والا۔ قدم بقدم چلنے والا بھاگے ہوئے کو پکڑنے والا۔

پاے تراب - پنیترہ جب کوئی سفر کو جانے پر تیار ہوتا ہو اور ساعت سعید مین خود روانہ نہین ہوسکتا تو اپنی کوئی چیز اس ساعت مین شہر سے باہر رکھ آتا ہی اسکو پنیترہ کہتے ہین ولی اللہ اشتیاق - گرد خط نیست بہ حسار تو ای جان در رکاب + سکندر حسن تو بر عزم سفر پای نرات

پاے تخت - جس شہر مین بادشاہ کی سکونت ہو دار الخلافت قضا آئینہ تاج باد شہان پاے تخت میسازد + کسیکہ ہمچو گہر پا بسر آورد و داد +

پاے بست - قیدی و زندانی و زنجیر جو قیدی کے ڈالی گئی ہو نور الدین ظہوری - یکی در حرم پاے بست نماز + یکی در خرابات مستہ نیاز + خواجہ آصفی - حاجت بند آہن ہمچو من آشفتہ حالی را + کہ از دست دل خود پاے بست بند سودائیم -

پابست - وہ عمارت جسکی بنیاد مضبوط ہو - مولف - شود لسبوی زمین سرنگون بآخر کار + ہزار قصر بلند و عمارت پابست +

پانصدی ذات - یہ ایک عہدہ ازشاہان اسلام کے وقت امرا کو ملتا تھا اور اس عہدہ والے کا بادشاہ کی طرف سے آٹھ لاکھ دام مقرر ہوتا تھا چونکہ چالیس دام کا ایک روپیہ ہوتا ہی اس حساب سے آٹھ لاکھ دام کا بیس ہزار روپیہ ہوا۔

پاے کلات - کشتی گیرون کا ایک داؤن ہی کہ حریف کو اس طرز سے پکڑتے ہین کہ سر اسکا نیچا اور پاؤن اوپر ہوجاتے ہین -

پات - تخت وغیرہ امرا کے بیٹھنے کا مقام - مولف - بنہ بہ سجدۂ اخلاص گردن تسلیم + ہزار پات اگر گسترند زیر پات +

پادست نسیہ - اودھار - قرض وام جو آج لیکر کل واکردنا ہو

پاے شست - وہ چیز جو پاؤن کے نیچے ملی جاے یعنی پامال کیجاے

پارنج و پاے رنج - اجرت و مزدوری جو محنت و مشقت کے عوض میں دیجاوے اور انعام اُن قاصدون کا جو دور سے مسافت طے کرکے آئین و دست رنج کے مقابلہ پر جو ہاتھ کی محنت کی اجرت ہی - مولانا نظامی - بہ فرمود شہ تا رقیبان گنج + کشند از پے میہمان پاے رنج +

پازاج - وہ دودھ پلانے والی جسکو عربی مین مرضعہ کہتے ہین -

پاسخ - جواب جو کسی کے سوال مین دیا جاے - حکیم زلالی - چنین در حق من اہل تناسخ + سوال شرع را کردند پاسخ + کہ چون از جسم نظامی گشت خالی + نظامی گشت و باز آمد زلالی -

پاشرح - آزار و مالش و تنبیہ -

پابند - وہ شخص جو کسی کام کے انجام دینے کے لیے مقید ہو اور وہ رسن جو گھوڑے کے پاؤن مین ڈال کر اسکو باندھتے ہین ہندی مین اسکو پچھاڑی کہتے ہین - مولف - خوش آنمردے کہ در دور زمانہ + بہر حالت بود خوشحال و خورسند + ندارد تنگدل و رتنگدستی + نہ در وسعت بود با عیش پابند +

پاے بند - وہ شخص جو ایک مقام پر ساکن ہو اپنی جگہ سے حرکت نہ کرسکے یا ایک کام یا ایک بات پر قائم ہو - سعدی - ای گرفتار پاے بند عیال + دگر آسودگی مبند خیال +

پامرد و پاے مرد - مدد دینے والا - حامی - جمال الدین عبد الرزاق - تی ہیچ دستگیر مگر فضل ایزدی + نے ہیچ پاے مرد بجز لطف کردگار + نور الدین ظہوری - شاہا پامرد منصب گردیدہ اند + ہیچ صبح دستبار روز نیست +

پاد - پاسبان و نگہبان و ساز و سامان و بزرگ و حاکم و امیر و تخت و اورنگ اصل مین لفظ پات تھا ہی جسکے معنی تخت کے ہین تا کو دال کے ساتھ بدل دیا تو پاد ہوگیا جیسے کتخدا اور کدخدا -

پازند - یہ ایک کتاب کا نام ہی جو ژند زردشت کی کتاب کی شرح و تفسیر ہی بعض کہتے ہین کہ ژند اور پازند دو کتابین ہین جنکو ابراہیم زردشت نے آتش پرستی کے مذہب مین تصنیف کیا تھا -

پاساد - اپنے آپ کو بچانا محافظت کرنا افعال شنیعہ و اقوال قبیحہ سے باز رہنا -

پاغند - روئی کا گالا دھنکی ہوئی روئی کا ایک ٹکڑا جسکو غنہ گولہ بھی کہتے ہین -

پاکند - جوہر یاقوت سُرخ ہو یا سبز یا زرد -

پالاد - اسپ جنیبت یعنی کوتل گھوڑا جو امرا کی سواری کے ساتھ ہو نیز لدو گھوڑا جسپر پالان رکھا جاوے اور باربرداری کا کام لیا جاوے -

پاے مزد - وہ اجرت و مزدوری جو قاصدون و ہرکارون کو بعوض طے کرنے مسافت کے دین -

پاتر - الگ جدا - علیحدہ - عارف تبریزی - خلق را پاتر توان کردن بہ تیغ خلق رنج + بی سپر خود را ز ترک تندی خود کردہ ایم +

پاتر - ایک گروہ کا نام ہی جنکا کام گانا و رقص کرنا ہی کسبی بھی انکو کہتے ہین

پادار - قائم و مضبوط و مستحکم - مولف - سر بنہ در سجدۂ عجز و نیاز + در مقام بندگی پادار باش +

پارچہ کار و پارہ کار - شوخ و شنگ و عیار - عبد الغنی قبول

شوخ بزاز نگاری کہ فراست + پست خود بانچہ کار نجبے - نظامی چو
شاپور اندر آمد چارہ کار + دلم را پارہ گرد آن پارہ گو کار +
پاس خاطر - کسی کی خاطر کرنی کے لحاظ سے کسی کے واسطے
سعدی - برگست پاس خاطر بیچارگان و شکر نعمہا و برخدائے
جہان آفرین جزا + میرزا رضی دانش - در چمن عمرم بپاس خاطر
بلبل گذشت + دست بر سر میزند گر گل بدامن داشتم +
پاسدار - نگہبان محافظ - چوکیدار - صاحب پاس - فرخی گفتم
بدو ملکتش پاسدار کیست + گفتا سخاوت و کرم وجود و معدلت +
پاسوار - پیادہ جو تیز دوڑ سکے چلنے والا ہو - ذوقی - اندرین منزل کہ
راہے نیست ز دو شوہا تر + شو سوار مرکب حسن عمل الحق پاسوار +
پاکار و پای کار - جس جگہ کام کا سامان جمع ہو اور مصالح عمارت کا
اٹھایا جائے - فوقانی - یقین گرد دکہ کار خود بجائے کار آورد ے
چو سامانش بدست خود بجائے کار آورد ی -
پاک گوہر - نیک اصل نیک طینت - صائب - سر چشمہ انبساط
دل پاک گوہر ست + تا دل شگفتہ است سخن تازہ و تر ست +
پاک نظر - جسکی نظر شہوت و حرص و ہوا سے پاک ہو مولف
عجیب کس در جہان نمی بیند + دیدہ بندگان پاک نظر +
پاکیزہ نظر - صاف نظر - نیک نظر - اچھا آدمی - ناصر خسرو - نیک
عاشق پاکیزہ نظر نیست چو محمود + ورنہ ہمہ اطراف جہان پر زایاز ست +
پاکیزہ پیکر - خوبصورت - حسین وجمیل آدمی - سعدی - دو پاکیزہ پیکر
چو حور و پری + دو مہر و مہ و زہرہ و مشتری -
پاچنار و پاچناری - ایران مین ایک مقام ہے نام اسکا پاچنار ہے
اس جگہ کے رہنے والے پاچناری کہلاتے ہین - جو لا مذہب
نامقید و اخلاف ہین ملا طغرا - کار ہر یک را کہ می بینی زسر سبزان باغ
ہمچو کار پاچنار ے نے ثبات و ابتر ست +
پا افشار - دو تختیاں لکڑی کی جو جولاہا کپڑا بُننے کے وقت
پانؤن مین رکھتا ہے اور وہ بجائے جوتے کے اسکے پانؤن کے نیچے
رہتی ہین اور انھیں کے پانؤن کے ساتھ ہلانے سے کپڑا بنا جاتا ہے
پا تمار - جلد و شتاب و بیدرنگ -
پادیر - وہ چوبی ستون جو کسی شکستہ دیوار کے استحکام کے لیے
قائم کیا جاوے -
پار - گذرا ہوا جیسے پار سال اور اس طرف جیسے دریا کے پار و
مخفف پارہ کا کسی چیز کا ٹکڑا -

پا افزار - کفش و پاپوش یعنی جوتی -
پا زہر - ایک پتھر ہے جسکو حجر التیس کہتے ہین اور زہر مہرہ اور پادزہر بھی
اسکا نام ہے تریاق ہے زہر کی تاثیر کو دفع کرتا ہے -
پارسا - لکد یعنی لات جو کسی کو ماریں -
پالار - بڑا درخت - اور بڑا ستون -
پاو پر مطاقت - زور - قوت توانائی -
پا ابزار و پیزار - جوتی و کفش جو پانؤن مین پہنتے ہین -
پایہ دار - بڑی توقیر - عزت و رتبہ کا آدمی -
پالکیر - دکھن کے ملک مین ایک قوم ہے -
پالکیر - کشتی گیر پہلوانوں کے ایک داؤن کا نام ہے جس سے
حریف کو پانؤن سے پکڑ کر زمین پر گرا دیتے ہین -
پارار - تین سال گذشتہ کی میعاد - مولف - بچشم حال ہمین
احوال مردم + مکن پارینہ ذکر پار پارار +
پاکباز - وہ شخص جسکی محبت پاک ہو حرص و ہوا سے نفسانی کا
دخل نہو - صفدر فوقانی - پاک دار و سینہ از حرص و ہوا ہر کہ
باشد پاک طینت پاک باز +
پاک مغز - جو شخص عقل صحیح و فکر رسا رکھتا ہو - نظامی - چو بندہ ملک
دیدگان پاک مغز + بہ بندہ دانش درین کار و رای نغز -
پالغز و پای لغز - پھسلنا - لغزش کھانا - ملا صنو تعریف
پیر مغان مین - کدوی اگر خوردہ پالغز عقل + زپا بردہ بد مستیش ہم خود عقل نظامی
مباد اکہ شہ را بود پائے لغز + کہ گرد و سر سنگ شوریدہ مغز +
پالیز - باغ وکشت زار اور وہ کھیتی جسمین خربوزے وغیرہ بوئے گئے ہون
فردوسی - بگستر دکافور بر جای مشک + گل ارغوان شد بہ پالیز خشک +
پالودہ پز - پالودہ شہد - فالودہ پکانے والا اور پالودہ جاننے والا
پالودہ فروش - نور الدین ظہوری - شہر لشکر یار کرم در طلب +
دیکھے پالودہ پز پیدا نہ شد + طاہر وحید - چو خون شہد پالودہ گرد د
زقند + در و قند بینند چو پالودہ بند +
پالودہ مغز - پاک مغز - صاحب عقل و ہوش - نظامی - شندہ از
شدن آن پیر پالودہ مغز + ہراسان شد از کار آن پای نغز +
پای باز - رقص کرنے والا - ناچنے والا - فخر گرگانی - گروہی
پا آتشاد و اسپ بازی + گروہے باسماع و پای بازی +
پاپیش - زمین جو نا ہموار ہو اور نرم مٹی جسکو عربی مین طین کہتے ہین
پاژ - لطیف و نازک و بخشش -

پارژ۔ طوس کے علاقہ مین ایک بستی ہی۔
پائیتہ۔ بہر دو یاے تحتانی۔ خزان کا موسم اور ضعیفی کی عمر۔
پا افراز۔ جوتی پاپوش۔ موزہ۔
پا انداز۔ وہ بچھونا جو دروازے کے آگے فرش کے آغاز پر بچھاتے ہین
پارہ دوز۔ مفلس تنگدست آدمی مولف۔ درجہان فارغم دل ست
از بادشاہ + بندۂ مفلس فقیر پارہ دوز +
پاس۔ نگہبانی حفاظت اور چوتھا حصہ رات یا دن کا۔ اور حق ادب
و قیام۔ محسن تاثیر۔ الفت نمیان خندہ و لعلش زیادہ نیست + پاس
تمام عمر بادہ نگہداشت بادہ نیست + باقی نہاوندی۔ بزلف خود بگو
تا پاس پیمانم نگہدارد + کہ من ز ساعت صدر سلیمان نمیتوانم شد + نظامی
چو آگاہ شد مرد ایزد شناس + کہ دزدان درمان قلعہ دانند پاس +
پابوس و پاے بوس و پابوسی۔ خاطر۔ تواضع۔ تعظیم۔ تکریم۔ عجز
و نیاز سے قدم بوسی۔ بڑے درجے کی منت۔ مولانا جامی۔ آید از
پی سرو قدت می آید از فرسنگہا + وز حسرت پابوس تو سر میزند سنگہا +
علی خراسانی۔ ہرگہہ کہ بر بلق سعادت شوی سوار + آید بپاے بوس
تو از خاور آفتاب + میرزا مقیم بخاری۔ بخون دل چو حنا شیر
میتوان گشتن + بہاے بوسی خوبان نازنین عراق +
پاکیزہ نفس۔ صفا سینہ۔ بے کینہ آدمی۔ سعدی۔ چو پاکیزہ نفسان
صاحب دلان + در آمیختہ جملہ با جاہلان + کسی را کہ نزدیک ظنت
بدوست + چہ دانی کہ صاحب ولایت خود اوست +
پارس۔ ملک فارس منسوب بہ پارس بن پہلو بن سام بن نوح
جسنے اس ملک کو آباد کیا اور اپنے نام پر پارس اسکا نام رکھا قدیم
زمانے مین تمام ولایت کی ولایت کو پارس کہتے تھے اب چند شہر شیراز
و یزد و کرمان و سیفا و اصطخر و فیروز آباد فارس کے ملک مین داخل ہین
سعدی۔ ہمانا کہ در پارس انشاے من + چو مشک ست بے قیمت اندر ختن
پاپتراس۔ سندی زبان مین مکافات اور برائی کا بدلا۔
پابس۔ پابند و مقید یعنی وہ شخص جو امر ضروری کے لیے کہین جا نسکتا ہو
ایکہی شہر یا مکان مین پابند ہو۔
پاپوش۔ کفش۔ جوتی۔ موزہ۔ محمد قلی سلیم۔ باقتضای قضا کار چو پیش
رو نہد ار + کہ سعی بیہدہ پاپوش میدرد مثل ست + اردو مدحیہ از
مولف۔ سیکڑون سردار ہین حضرت قدموس جناب + سر جھکاتے
ہین کبھی سر در تمہری پاپوش پر +
پاش پاش۔ متفرق و پراگندہ الگ الگ ٹکڑے ٹکڑے پارہ پارہ

خواجہ آصفی۔ در گلستان ہر کہ نام دفتر حسنت برد + صرصر آہم کند اوراق
گل را پاش پاش +
پاداش۔ بدلا۔ عوض۔ سزا۔ جزا۔ مکافات نیکی کا ہو یا بدی کا جزا ہو
پشن - بفتح اول ایک گانون کا نام طوس کے نواح مین ہے جس مقام پر پیران ویسہ و طوس سر لشکر کیخسرو کے درمیان جنگ ہوئی او گودرز کے اکثر بیٹے اس جنگ مین مارے گئے اور اس جنگ کو جنگ پشن و جنگ لاون کہتے ہین ظہوری - بر سر خوان بندہ از رشمیش + در خلالے ز نیزہ گیو پشن + رباعی - چون عارض تو ماہ نباشد روشن + مانند رخت گل نبود در گلشن + مژگانت گریز ہے کند در جوشن + مانند سنان گیو در جنگ پشن -
پشیمان - اندیشہ ناک نادم شرمسار غمگین حکیم محمد انور اللہ مولوی ہمہ شب دو غم زلف پریشانت پریشانم + بروز اندر خیال عارض تابان پشیمانم -
پشمن - بفتح اول نام پسر کیقباد بادشاہ -
پشان - بفتح اول گرز آہنی -
پشتو - افغانستان کے ملک کی زبان قطعہ - لعل و یاقوت زبان عربی ست + پارسی کان زرست یعنے خوشگو + نقرۂ خام زبان ہندی + سنگ خاراست زبان پشتو +
پشہ - مچھر جو ایک مشہور جانور ہے جسکو عربی مین بق کہتے ہین فرید الدین عطار - سوی خصمے کہ تیر انداختہ پشہ نمرود کفایت ساختہ +
پشتوارہ پشتارہ - وہ بوجھ جو پشت پر اٹھایا جائے -
پشت پناہ - حامی مددگار معاون نعتیہ از مولف محمد ہین امت کے پشت و پناہ محمد دکھاتے ہین عرفان کی راہ -
پشتہ - وہ چھوٹی دیوار جو بڑی دیوار کے جڑ مین بنا کر بڑی دیوار کو مستحکم کرتے ہین نیز بلند زمین اگر یوہ گھاٹی -

پشمینہ - اسکے معنی پشم کے موقع پر تحریر ہو چکے ہین -
پشت مرہ - ہڈیون کا سلسلہ جو انسان کی پشت مین ہی اور وہ گردن سے مقعد تک برابر مسلسل چلا جاتا ہی -
پشکرہ - پشکلہ - اونٹ و بکری کی مینگنی -
پشنجہ - جولاہون کے پان جو گیہون کے میدے کی پکا کر سوت کو لگاتے ہین فارسی مین اسکو آہار کہتے ہین -
پشیزہ - وہ چمڑا جو خیمہ کے دامن پر سی دیتے ہین اور اسمین رسن ڈالتے ہین -
پشتی - وہ گول تکیہ جو بیٹھنے کے وقت پشت کے پیچھے رکھتے ہین گاؤ تکیہ بھی اسکو کہتے ہین شفیع اثر - از نزاکت تکیہ کے آن مہ بہ پشتی میکند + موج دریائی باندامش درشتی میکند -
پشیمانی - ندامت و حسرت و رنج و اندیشہ - ع - چہ بندی دل درین دنیا کہ روز چند مہمانی + ہونا گاہ مرگ پیش آید خوری اندم پشیمانی +
پشمک قندی - ایک قسم کا حلوا ہی -
پشتی - بکسر اول ریزہ سکہ سودانی جو الی ٹکہ اہتمی ادھیلہ -

بای پارسی با غین معجمہ

پغار - بضم اول عجب و تکبر و خود ستائی -
پغار - بفتح اول وہ لکڑی جسکو موچی لوگ جوتی اور قالب کے درمیان قالب کے استحکام کے لئے ٹھوکتے ہین تاکہ قالب جوتی کے اندر اچھی طرح سے بیٹھ جاے اور وہ میخ جسکو نجار لکڑی چیرنے کے وقت لکڑی کے شگاف مین ٹھوک دیتے ہین تاکہ شگاف چوڑا ہوجاے اور چیر بخوبی کام دے ہندی مین اسکو پہانا کہتے ہین -
پغنہ - سندینہ پایہ نردبان سیڑھی -

بای پارسی با فا

پف پور - بضم باے فارسی و فاے ساکن و باے فارسی مضموم و واو مجہول و راے ہوز وہ منہ کی پھونک جو بہت تھوڑی ہو - میر الہی ہمدانی - چون رونق بخت مزد روزی شکنند + گر کوہ شود زریعت پوزی شکنند -
پف - وہ پھونک جو منہ سے کسی پر پھونکین - محمد سعید اشرف - نی ہمین زاغوان عزیزان شکوہ چو پف پست کنند + شمع چراغ ہر کہ دو شمن و جفا کنش پف کنند -

بای فارسی با کاف

پکاوج - مطربون کے ایک ساز کا نام ہی جسکو طبلہ بھی کہتے ہین صفدر فوقانی - بنوش بادہ کہ بخشد ترا چو گل خوش رنگ + بہ بزم عیش بچنگ و پکاوج و مردنگ - ملا طغرا - ندادی پکاوج گر گوش از شمیم + پکاوج نوازی نکردی نسیم +
پکند - خوارزمی زبان مین روٹی کو کہتے ہین جسکو فارسی مین نان بولتے ہین -
پگ - بکسر اول و کاف فارسی چیز گندہ و ناہموار و نامطبوع -
پگاس - بفتح اول و کاف فارسی گدے یعنے گنبد و غلولہ جس سے لڑکے کھیلتے ہین اور غلہ کا ڈھیر اور عورت جوان نارپستان -
پک و لک - بفتح اول و لام تگ و پو و محنت و بے ہنری اور وہ چیزین جو لاحاصل و لاطائل ہون گھر کا اسباب اور برتن -
پک و لک - بضم اول و لام ہر چیز درشت و سخت و گندہ و غلیظ اور موٹی -
پکوک - بفتح اول غرفہ و بالاخانہ اور لکڑی کا کٹھرا اور لوہارون کا ہتوڑا جسکو فارسی مین پتک اور عربی مین مطراق بولتے ہین -
پکت - بفتح اول و کاف عربی خود پسند و متکبر و خود راے آدمی و بے ہنر و نالایق اور نردبان کے پاے و بے مغز اور وہ چیز جو اندر سے پولی ہو اور غوک یعنے مینڈک جو آبی جانور ہی بکسر اول و کاف عربی ہاتھ پانون کی انگلیون کے جوڑ -
پکمال - بفتح اول مجوسیون کے ایک آہنی اوزار کا نام ہی جس سے وہ چمڑے پر خط کھینچتے ہین عربی مین اسکو مخط کہتے ہین -
پکول - بفتح اول و ضم کاف بالاخانہ چوبی اور لکڑی کا بنگلہ و چھپر کھاٹ وغیرہ -
پکین - بفتح اول ژند پاژندی زبان مین غلہ ارزن یعنے چینا -
پگاہ - علی الصباح صبح کا وقت - فجر حکیم محمد انور لاہوری - سر بنہ در سجدۂ اخلاص ہر شام و پگاہ + در عبادت کن دو تا پشت دو کمر شام پگاہ -
پکتہ - بفتح اول فربہ اور کوتاہ قد -
پکلی - بفتح اول کشمیر کے ملک مین ایک پرگنہ ہی -
پکیمانے - ژندی زبان مین مرد فاضل و دانا و حکیم -

بای پارسی با لام

پلشت - بفتح اول پلید و ناپاک و مردار و چرکین -
پلغ - بفتح اول گاو اور حلق و گردن کا حصہ -

پلید - نجس و ناپاک و خراب و شریر۔ فوقانی - زہر عصمت روے برپائی ندید + بماند آنکه در بند نفس پلید +

پلنگر - زنگیون کے بادشاہ کا نام ہی جو سکندر رومی کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا۔

پلاس - بفتح اول ٹاٹ جو مشہور چیز ہی اکثر سن کے درخت کے پوست سے بنا جاتا ہی اور نام درخت ڈھاک کا جسکے پھولون کو گل ٹیسو کہتے ہین اور نام فقرا کے لباس کا جو اون سے بنایا جاتا ہی اور بمعنی مکر و حیلہ و فریب۔ ظہوری - ز موے جہان را بہانہ پلاس ز خشتی بکیوان برآرم اساس۔ مولانا اکبر - ہر گہر پوشیدہ میباش بسنگ ہست ہر شاہد نہان اندر پلاس +

پلمس - بیقرار ہونا مضطرب ہونا تہمت دینا جھوٹ بولنا۔

پلواس - بفتح اول فریب و چاپلوسی و خوشامد۔

پلوس - بفتح اول و ضم ثانی چرب زبانی و نرمی و دغا و فریب۔

پلنگتوش - نام اس شخص کا جو شاہ توران کا وکیل ہوکر شاہ عباس صفوی کے پاس گیا تھا۔

پلارک - بفتح اول و حرف چہارم فولاد جوہر دار اور تلوار و خنجر جوہر دار۔ سنجر کاشی - دستت از جهان خصم نگذارد + چون برآید پلارکت زنیام +

پلک - بکسر اول و سکون لام و بفتح اول و ثانی دونو طرح سے درست ہی بمعنی پردہ بالاے چشم جسکو بام چشم بھی کہتے ہین اور لحاف چشم بھی بولتے ہین اور مژہ کے بال۔ میر خسرو - درین گفتن پلک برہم نسود ش + در آمد خواب مرگ و خوش ربودش۔ شانی تکلو - اگر زروی تو نظارگی به بند چشم + ز پلک پردہ کشاید دریچۂ نظرش +

پلنگ - ایک درندہ جانور کا نام ہی جسکو عربی مین نمر کہتے ہین وہ شیر کا دشمن اور اسپر غالب ہی اور جو لوگ پلنگ کے معنی ہندی مین چیتا سمجھے ہین خطا پر ہین چیتے کو فارسی مین یوز کہتے ہین اور پلنگ اس جانور کو زرافہ بھی بولتے ہین اور قسم ایک چارپائی کا جو امرا اسکے سونے کے لیے بتکلف بنائی جاتی ہی اور نواڑ وغیرہ سے بنی جاتی ہی صفدر فوقانی - ہمیشہ بدر یا گریزد نہنگ + رمے آرد بویرانہ شیر و پلنگ۔ محمد قلی سلیم - جز ہند و کلہ جائش جلسے دگر ندیدم + آہو کہ خوابگاہش پشت پلنگ باشد +

پلاسک - نکبت و فلاکت و مفلسی و تنگدستی۔

پلالک - بفتح اول پلارک یعنی فولاد جوہر دار و تلوار و خنجر۔

پلستک - پرستک یعنے ابابیل جو ایک پرندہ ہی۔

پلنگ مشک - ایک بیج ہی جو دوا مین مستعمل ہی اسپر خط اس قسم جیسے ہوتے ہین جیسے پوست پلنگ پر اور خوشبو آتی ہی اسواسطے پلنگ مشک کہتے ہین۔

پلوک - لوہارون کا آہنی اوزار جسکو عراق پلک و تصور کہتے ہین۔

پل - بفتح اول وہ زمین جو زراعت کے لیے درست کی گئی ہو۔

پل - بکسر اول خیمہ کی لکڑی۔

پل - بضم اول وہ عمارت جو دریا یا نہر پر بنائی جاے اور اسکے نیچے سے پانی بہتا ہو اور اوپر سے لوگون کی آمد و رفت ہو عربی مین اسکو جسر کہتے ہین اور فلوس یعنے پیسہ جو ایک سکہ مس سے مسکوک ہوتا ہی صفدر فوقانی - بحر جو شان سست دنیا ہوش دار + تا بخیریت ازین پل بگذری۔

پلپل - بہر دو پاے مکسور فلفل یعنے سیاہ مرچ جو مشہور پھل ہی۔

پل ابریشم - شہر بسطام کے پاس ایک مقام ہی۔

پل چکنم - ایک پل شوشتر کی نواح مین ہی وجہ تسمیہ اسکی یہ ہی کہ ایک سوداگر مالدار نے اپنا مال عیاشی مین برباد کرکے اس پل پر گدائی کے واسطے آ بیٹھا صدا اسکی یہ تھی اگر گدائی نکنم چکنم اس سبب سے اس پل کا نام چکنم مشہور ہوا۔

پلخم - بفتح اول فلاخن جس سے پتھر پھینکتے ہین۔

پلم - بفتح اول زندی زبان مین خاک یعنی مٹی جسکو عربی مین تراب بولتے ہین۔

پلکان - بکسر اول و لام مشدد زینہ و نردبان۔ ملا طغرا - نہد خورمی فصل را الطاف بلند + ز پلکان حنا رست نردبان بہار +

پل بالان - شہر ہرات کا ایک پل ہی اسکندر رومی نے پہلے اس پل کو بنایا بعد ازان شہر آباد کیا۔

پلخمان - فلاخن جس سے پتھر پھینکتے ہین۔

پلوان - بضم اول یہ بھی ایک قسم کا پل ہوتا ہی کہ دریا کے قریب رہنے والے لوگ لکڑیون کے بڑے بڑے تختے وصل کرکے اسپر مٹی ڈالتے ہین اور پانی مین تیرکر زراعت کرتے ہین اکثر یہ قسم کشمیر مین ہی اور وہ اونچا رستہ جو دو کھیتون کے درمیان ہوا کہ زمیندار اسپر آمد و رفت کرین۔

پلاؤ - بفتح اول نعمت اور مشہور وہ کھانا ہی جو گوشت و برنج ملا کر

پکاتے مین اور جو اس لفظ کو بضم اول بولتے ہین خطا پر ہین۔

پلیہ بفتحتین و تخفیف لام ڈھاک کا درخت جو مشہور ہی اور نئی بیاہی ہوئی گائے کا دودھ۔

پلہ۔ بفتح اول و تشدید لام درجہ و مرتبہ اور پایہ نردبان کا اور ترازو کا پلہ محمد انور لاہوری۔ بہت سنگین گنہ ہین ان گنہگاران امت کے محمد کی شفاعت کا و لیکن پلہ بھاری ہی۔

پلیتہ۔ چراغ کی بتی اور ہر ایک بتی جو روئی کی ہو یا کپڑے کی عربی مین اسکو فتیلہ کہتے ہین ماخوذ فتل سے جسکے معنی رسن باٹنے کے ہین

پلنگیہ۔ ایک قسم کا کپڑا ہی جسپر نقوش پلنگ کی کھال کیطرح ہوتے ہین

پلفتہ۔ بفتحتین آگ کی چنگاری جو ہوا سے اڑ جاتی ہے۔

پلغدہ۔ بفتح اول و لام و سکون غین وہ میوہ یا تخم مرغ جو اندر سے گندہ و خراب ہو گیا ہو۔

پلکیہ۔ وہ باتین جو رمز و کنایہ سے کی جائین و طعنہ آمیز تقریرین

پلمہ۔ بفتح اول و فتح میم و سین جھوٹ بولنا اور تہمت دینا۔

پلمہ۔ وہ لوح جسپر اطفال حروف ابجد لکھین۔

پلونده۔ بفتح اول و ضم ثانی کپڑون کی گٹھری۔

پلہ بکسر اول و فتح ثانی ایک کھیل کا نام ہی جو لڑکے کھیلتے مین اور وہ دو لکڑیان ہوتی ہین ایک چھوٹی سی بیچ سے موٹی اور دونو سرے پتلے اسکو زمین پر رکھتے ہین اور دوسری لکڑی جو لمبی چھڑی کے برابر ہوتی ہی اسکے سرے پر مارتے ہین اور وہ اڑکر دور جا پڑتی ہی پنجاب مین اسکو گلی ڈنڈا کہتے ہین نیز بمعنے ابریشم و کرم ابریشم و نام درخت بید جسکو بید مشک بولتے ہین۔

پلانی۔ لدو گھوڑا جو سواری کے لایق نہو کند و کم رفتار گھوڑا۔

پلچی۔ بضم اول پیسے اور کوڑیان بیچنے والا۔

بای پارسی با نون

پنج پا۔ یہ ایک جانور دریائی و صحرائی ہی غوک یعنے مینڈک کے برابر ہندی مین اسکو کنکھجورہ و کیکڑا اور عربی مین سرطان کہتے ہین اور نام چوتھے برج آسمانی کا جو اسکی صورت پر ہی۔

پنج وقتا۔ پانچ وقت کی نماز فجر۔ ظہر۔ عصر۔ مغرب۔ عشا۔

پنجاب۔ ہندوستان کی مغربی سرحد پر یہ ملک واقع ہی چونکہ اسمین پانچ دریا ستلج بیاس راوی چناب جہلم واقع ہین اسلیے پنجاب کہتے ہین دارالسلطنت صوبہ مذکور کا شہر لاہور ہی اور بھی بڑے بڑے شہر امرتسر۔ ملتان و جالندھر و ہوشیارپور وغیرہ آباد ہین ہین غنیمت۔ کہ پنجاب انتخاب ہفت کشور ہ قسم خورده بخاک کش آب کوثر۔

پنکوب۔ بفتح اول ترش اچار جو مغز جوز و جغرات وغیرہ سے بناتے ہین۔

پنج انگشت۔ پانچ انگلیان ابہام سبابہ۔ وسطی خنصر۔ بنصر۔

پنج نوبت۔ نوبت پانچ وقت کی جو بادشاہون کے دروازے پر بجائی جاتی ہی اور یہ طریق سلطان سنجر سلجوقی سے مقرر ہوا اس سے پہلے اسکندر رومی کے عہد مین تین وقت بجائی جاتی تھین نیز پانچ وقت نماز کی ازان جو باواز بلند کی جاتی ہی اور پانچ ساز جو موقع شادی پر بجائے جاتے ہین دہل دمامہ۔ طنبور۔ نای۔ طاس سعدی۔ گر پنج نوبت بدر قصر میزنند۔ نوبت بدیگرے بگذاری و بگذری۔ خواجہ نظامی۔ بزن پنج نوبت درین چار طاق + کہ بے ششدرہ نیست این نہ رواق۔

پنج گشت۔ ایک نبات کا نام ہی جسکو ہندی مین سنبھالو کہتے ہین۔

پنداشت۔ جاننا سمجھنا۔ بوجھنا۔

پنج۔ مشہور عدد ہی جسکو عربی مین خمس اور ہندی مین پانچ کہتے ہین۔ حکیم نور لاہوری۔ بو وفائی حیات پنج روزہ مکن تکیہ بروا اے مرد ہشیار۔

پنج گنج۔ پانچون وقت کی نماز و حواس خمسہ ظاہری۔ سامعہ باصرہ ذائقہ شامہ لامسہ اور باطنی حس مشترک خیال وہم متصرفہ حافظہ۔ صفدر فوقانی۔ مدہ از دست ای مرد ما دوست + نماز پنج گانہ پنج گنج ست۔

پند۔ اندرز یعنے نصیحت کرنا باز رکھنا کسیکو بد کامون سے سعدی۔ پند اگر بشنوی اے بادشاہ + در ہمہ عالم بہ از ین پند نیست + جز بخرد مند مفرما عمل + گرچہ عمل کار خرد مند نیست +

پندنبد۔ بفتح اول زندی زبان مین فرزند یعنے صلبی لڑکے کو کہتے ہین۔

پنبہ۔ بضم اول روئی و [illegible] یعنے دھنیا جسکو عربی مین

ندّاف و حلاج کہتے ہین اور خطاب حضرت حسین بن منصور حلاج کا نزاری
قہستانی - پنبہ بری فاش کرد یک نکت از سر عشق + در ہمہ عالم فتاد
شور از ان مسئلہ -

پنبہ دار - نداف یعنے دھنیا روئی دھنے والا - طاہر وحید پنبہ دوز
کی تعریف مین - سوال ریشم از دیدن آن نگار + زداغ نو کہنہ شد
پنبہ دار -

پنبہ زار - روئی کا کھیت جو تیار ہو - صفدر فوقانی - سینہ ام
بریان شد از سوز غمت ای شمع رو + سوخت از یک شعلۂ ہجران
تو این پنبہ زار +

پنیر - مشہور چیز ہی جو دہی کا پانی نکالکر بناتے ہین س ۵ شکم بندہ
باشد بہ صبح و شام + بفکر پنیر و بذکر خمیر

پنج و چہار - نو آسمان یا پانچ حواس اور چار طبعیت -

پندار - بکسر اول تصور اور تکبر اور خیال و گمان -

پنجر - بکسر اول وہ چیز جو مشبک یعنے جالی دار و سوراخ دار ہو

پنجمر - توران مین ایک علاقہ کا نام ہی -

پندر - بفتح اول شیراز مین ایک قلعہ ہی -

پنبہ وزر - پانچوان حرف واؤ نداف و حلاج یعنے دھنیا نزاری
قہستانی - سر انا الحق نبود در سر ہر پنبہ وزر + لایق حلاج بود تہ
دار عشق + -

پنبہ دوز - گدڑی فروش چیتھڑے بیچنے والا مفتی حیدر
لاہوری - دوخت باہر نیک و بد پیوند خویش + مرد دنیا دار مثل
پنبہ دوز -

پنجروز - پانچ دن زندگی کے ہفتہ کے سات روز مین سے ایک
دن پیدا ہونے کا دوسرا ایک مرنے کا وضع کیا گیا تو پانچ باقی رہے -
فوقانی - میکند انسان چرا ناز و ادا + نادرا بر پنجروز زندگی +

پنج حس - انسان کے پانچ حواس - سمع بصر شم - ذوق لمس

پنج نوش - یک مرکب نقرہ سیماب مس - آہن نوشادر طلق - ویسم
آہن یعنے لوہے کے میل سے بنایا جاتا ہی اسکا کشتہ دل کی
تقویت کے لیے نہایت مفید ہی ہندی مین اسکو پنج امرت یعنے
پانچ آبحیات کہتے ہین اور عربی مین انجنوش بولتے ہین -

پنخش - روئی کا گولہ یعنے گالا -

پندش - روئی کا گالا جو روئی کو دھن کر بناتے ہین -

پناغ - بفتح اول وہ سوت جو کاتنے کے وقت [illegible]

بیضہ بن جاتا ہی عربی مین اسکو باشورہ کہتے ہین نیز بمعنی منشی و کاتب

پنانک - گوند جو کسی درخت کا ہو -

پنچک - پیچ پتی گھاس جو عشق پیچہ کی طرح لپٹ جاتی ہی -

پندک - بضم اول روئی کا گالا -

پنگ - بفتحتین وجب یعنے مقدار بالشت -

پنک - بفتح اول و کسر ثانی - ترکی زبان مین آلوچہ کہ مشہور
میوہ ہی -

پنک - بکسر اول و سکون ثانی چٹکی بھرنا دو انگلیون سے کسی کے
جسم کو اور ناخن سے نوچنا -

پنگان - بفتح اول و سکون ثانی و کاف فارسی بمعنی کاسہ قدح اور
گھر کا دریچہ اور کھجور کا خوشہ اور مسی پیالہ جو پانی مین واسطے دریافت
وقت کے تیراتے ہین اس پیالہ کے نیچے باریک سوراخ ہوتا ہی
ایک گھنٹہ مین اس سوراخ کے اندر سے پیالہ مین پانی اگر جب
پیالہ ڈوب جاتا ہی تو گھنٹہ بجا دیتے ہین -

پننگ - بکسر اول و ہر دو نون گھر کا دریچہ -

پنیرک - نیلوفر کا پھول اور حربا جو ایک جانور چلپاسہ کے قسم
سے ہی اسکو ہندی مین کرلا بولتے ہین اور ایک نبات ہی
جسکے سرخ پھول ہوتے ہین دن کو دوپہر کے وقت کھلتا ہی جازی
دنان کلاغ و ملوکیہ بھی اسکا نام ہی -

پنجم - پانچوان عدد شمار مین نظامی - دہم چار چیز ش کر بنے
پنجم اند + نبو بادگی نغز ہفت انجم اند -

پنجۂ مریم - نام ایک گھاس کا ہی جسکو حضرت عیسے کے پیدا ہونے
کے وقت بی بی مریم نے ہاتھ مین لیا تھا اسکی پتی پنجہ کی طرح ہین جب
اسکو پانی مین ڈالکر حاملہ عورت کے روبرو بوقت وضع حمل کے رکھین
اسکو بچہ جننے مین کچھ تکلیف نہین ہوتی یہ اثر بالخاصیت ہی میر
محمد قلی سلیم - شد رسا عجاز نطق او درہم + کار سے بستہ چو
پنجۂ مریم -

پنام - بفتح اول وہ تعویذ جو دفع نظر بد کے لیے لکھا جائے -

پنبہ زن - حلاج نداف دھنیا حکیم سنائی - آن شنیدی
کہ بو پنبہ زنے + مفلس و تلتبانش خواند زنے -

پنہان - پوشیدہ جو آنکھون کے روبرو نہو پیدا کی لفظ کے مقابل
حافظ - از خیال لطف می مشاطۂ چالاک طبع + در ضمیر برگ گل خوش میکند
پنہان گلاب سعدی - خورشید اگر ببند دیدۂ غیرگی + دریغ تر از پردہ

ونہان برادرم۔

پنج ارکان۔ پانچ رکن اسلام کے کلمہ توحید پانچون وقت کی نماز روزے رمضان کے حج کعبہ کا زکوۃ کا دینا۔

پنگان۔ بکسر اول گھڑی کا سی پیالہ جو پانی مین تیرتا رہتا ہو۔

پناہ۔ حمایت امداد سایہ دیوار۔ **حافظ** بحسن عارض وقدتو بردہ اند پناہ + بہشت وطوبے دطوبے لہم وحسن ماب۔

پنبہ۔ بضم اول روئی جسکو عربی مین قطن کہتے ہین **سعدی** ز گوش پنبہ برون آر دادِ خلق بدہ + اگر چہ می ندہی داد روز دادی ہست **مولف** حق شنو از اہل حق ای حق نیوش + تا بر آید پنبہ غفلت ز گوش

پنبہ دانہ۔ روئی کا تخم جسکو حب القطن عربی مین کہتے ہین **صفدر فوقانی** اگر دانا بود نسان بکسے ہیچ + برون آر و ز پنبہ پنبہ دانہ۔

پنجہ۔ ہاتھ کا پنجہ اور پانون کا **محمد قلی سلیم** از بس بر ہ عشق در او خانہ خلید است + ہمچون دم ماہی شدہ سر پنجہ پایم سے زنور کف دست پر نور تو + شدہ منفعل پنجہ آفتاب۔

پنجرہ۔ جالی سوراخ دار۔ لکڑی یا لوہے یا مٹی وغیرہ کی۔

پنجاہ۔ مشہور عدد ہے سے سنین عمر مسک می گذارد + ہمیشہ در شمار پنج و پنجاہ۔

پنجشنبہ۔ ہفتہ مین سے چھٹے دن کا نام ہے جسکو عربی مین یوم الخمیس اور ہندی مین برد اور جمعرات کہتے ہین۔

پنجہ۔ بضم اول پیشانی جسکو عربی مین ناصیہ کہتے ہین۔

پندارہ۔ فکر خیال تصور وہم گمان تکبر غرور۔

پندہ۔ بکسر اول قطرہ خون یا پانی کا اور نقطہ اور بارش کا قطرہ۔

پنجزہ۔ ایک قسم کا نام ہے کہ چند آدمی ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑ کر ناچتے ہین

پنبہ پائی۔ وہ چوبی اوزار جس سے دھنیا روئی دھنکتا ہے۔

پندگوئی۔ ناصح نصیحت کرنے والا سمجھانے والا نیک پند کا اور واعظ وعظ کہنے والا۔ **باقر کاشی** کا فور بر جراحتم الماس ریزہ شد + ای پندگو بباش کزین ریش تر شود۔

پنیر قالبی۔ وہ پنیر جو قالب مین ڈالکر جمایا جاوے **محسن تاثیر** خلم است نقرہ با بدن نازنین او + در قالب پنیر کند جان سرین او۔

پنجہزاری۔ یہ ایک اعلی منصب شاہان اسلام کے وقت مین مقرر تھا ڈھائی لاکھ روپیہ فصلانہ صاحب منصب کو سرکار سے ملتا تھا

بابی پارسی با واو

پویا۔ دوڑنا گھوڑے کا اور گھوڑا دوڑانے والا **مولف** در نعت بیک پویا رسید از فرش تا عرش + دران ساعت براق برق پویا۔

پور سینا۔ شیخ ابو علی حکیم جسکے باپ کا نام سینا تھا۔

پور سقا۔ خطاب ایک ولی کامل کا جسکا نام شیخ صنعان تھا وہ ایک ترسا یا مجوسی معشوقہ پر عاشق ہوگیا اور دین اسلام چھوڑ دیا مگر بعد ازان بہدایت ایزدی تائب ہوا اور اس کمال کو پہونچا کر سالک کس کامل ولی اسکے مرید تھے ذادہ یہ سلسلے کی کتابون مین لکھا ہے کہ دوبارہ دین اسلام مین آنا اور تکمیل پانا اسکا متوجہ حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی محی الدین عبد القادر جیلانی کے تھا۔

پور عنقا۔ یہ لقب رستم کے باپ زال کا ہے جسکا نام دستان بھی تھا اور اسکو خورد سالی کی عمر مین سیمرغ نے پرورش کیا تھا اور عنقا سیمرغ کو کہتے ہین یہ قصہ شاہنامہ مین لکھا ہے۔

پوشا۔ پہننے والا چھپانے والا پوشیدہ کرنے والا۔

پوسیدہ چوب۔ پرانی اور گلی ہوئی لکڑی یہ بات تسلیم کی گئی ہے کہ اگر پوسیدہ لکڑی کسی جنگل مین پڑی ہوئی ہو تو اندھیری رات مین وہ مشعل کی طرح روشن نظر آتی ہے اور اسی پر مولانا نظامی فرماتے ہین۔ **نظامی**۔ چو پوسیدہ چوبے کہ در کنج باغ + فروزندہ باشد بشب چون چراغ۔

پوست۔ بدن کی جلد اور چمڑا اور ہندی مین قبہ خشخاش یعنے کوکنار وعیب وغیبت **پند گوئی** سے دوست آن باشد کہ مرد نیک خلق و نیک خو ست + باشد اندر دوستی آن دوست یک مغز و دو پوست + **درویش والہ** ہروی تریاکی کی ہجو مین ربط ہمچون پنبکی و پوست باہم داشتیم + خورد بر تریاک وچون خورد م از تریاک او۔

پوت۔ بولو مجہول دل و جگر و معدہ وغیرہ جو پیٹ کے اندر ہے اور نام اس قلیہ کا جو بکری کے جگر کو بریان کرکے بناتے ہین اسکو قلیہ پوتی کہتے ہین اور نام ایک قسم کے خربزے کا۔

پودات۔ وہ چیز جو محسوس ہو لفظ اور حس مین آچکی ہو۔

پوران دخت۔ لڑکی قایم مقام بہت سے لڑکون کے خطاب خسرو پرویز کے پہلے لڑکے کا تھا جسنے آزرمیدخت سے پہلے بادشاہی کی تھی بڑے بڑے معرکون اور جنگون مین یہ لڑکی گئی اور فتحیاب ہوکر آئی ان مردانہ خدمات سے اسنے پوران دخت کا خطاب پایا پہلے اسکا نام توران دخت تھا۔

پوچ - ہر چیز بے مغز و بے معنی المدسے خالی و خراب اور وہ خواب جو لایق تعبیر نہو وہ تقریر جو بیفائدہ و لغو ہو - **میرزا صائب** - صائب لذ گفتت و شنود خلق مغزم پوچ شد + گوش سنگین و لب خاموش میسازد مرا +

پوح - بضم اول و واو غیر ملفوظ سرگین آدمی یعنے آدمی کا پاخانہ لفظ ترکی ہی -

پود - بانا جو تانے مین ڈالکر کپڑا بنا جاتا ہی اور دونون کو تار بود و تان پود کہتے ہین -

پورمند - آدمی صاحب اولاد -

پوزخند - بحالت استکراہ طبیعت کے ہنسنا -

پولاد - ایک قسم عمدہ لوہے جوہردار کا ہی یعنی گرز و شمشیر و خنجر پولاد پاسے و پولاد خائے و پولاد سنج و پولاد پوش و پولاد دست و پولاد جنگ و پولاد نعل سکے صفات سے ہین - **نظامی** - تمام بگیتی یکے دستبرد + کہ گرد و ز پولاد من کوہ خورد - ولہ ز راہ سر سم پیل پولاد خائے + کہ بر پشت پیلان کشم پیل پاسے + ولہ روا ز دوز تان تیر پولاد سائے + و ز اندام شیران پولاد خائے + ولہ یغان پیشہ زرم در پولاد جنگ + کہ آتش برون آمد از لعب سنگ + ولہ زنعل سمندان پولاد نعل + زمین را ز جنبش بر افتاد نعل + ولہ نشستند بر تازی تیز گوش + ہمہ خاص خفقان پولاد پوش + ولہ - تراز وسے پولاد سنجان بسیل + ز رکفہ با قہ ہمبر اند نیل +

پولاد وند - چھٹا حرف واؤ صاحب پولاد پولاد والا اور نام ایک پہلوان کا - **میر خسرو** - چو خار شگافی کند آہنش + چہ پولاد وند چہ روئین تنش +

پورقباد - نوشیران بادشاہ عادل جسکے باپ کا نام قباد تھا -

پود و تار پود و تان - تانا بانا کپڑے کا - **مؤلف** - ہست بنیاد وہر لیل و نہار + ہمچو بافندہ لفکو پود و تار + **کمال اسمٰعیل** - دست تہی تر بریز نخدان کند شنون + و ندر ہوا ہی شعر دپود و تان برف -

پولادگر - لوہار لوہے کا کام کرنے والا - **فردوسی** - نفر مود و خسرو ہپولادگر + کہ سازند بر و بند نعل و تبر -

پور - بر وزن نور فرزند بیٹا **شعر** - زندہ دار و درجہان نام پدر صاحب مسند سعادتمند پور -

پورہاجر - اسمٰعیل علیہ السلام جنکی والدہ کا نام بی بی ہاجرہ تھا -

پوطہ دار - خزانچی - امین جسکے پاس زر نقد رہے -

پور آزر - حضرت ابراہیم خلیل اللہ - قطعہ خلق را از خلق خود خورسند دار + دل بدست آور کہ حج اکبر است + دل گزرگاہ خدائے لایزال + کعبہ از تعمیر پور آزر ست +

پوز - چار پائی اور چار پاؤن کا چہرہ اور درخت کی شاخ -

پوس - چرب زبانی و فریب دزدتی و خوشامد و منت و زاری -

پوزش - عذر جو گنہگار اپنے گناہ کے بخشوانے کے لیے کرتے ہین **سعدی** - خداوند بخشندہ دستگیر + کریمے خطا بخش و پوزش پذیر

پوست پوش - فقیر مفلس تنگدست و عاشق - **زلالی** - پوست پوشش نافہ ز صحرائے چین + چشم آہو مردم صحرا نشین +

پوشن - ڈھکنا چھپانے والا اور وہ لفظ جو رستہ چلنے کے وقت لوگون کے الگ کرنے کے لیے کہتے ہین اور نام ایک گھاس کا دنبہ و جوشن -

پوشش - لباس اور کپڑے پہننے کے -

پوران تروش - نام ایک بڑے جادوگر کا جو اپنے وقت مین یگانہ تھا -

پوشاک - لباس و پہننے کے کپڑے - **حکیم سنوقانی** - مشو بجامہ و عمامہ و قبا پابند + کہ نیست عمدہ زعریانی تنی دگر پوشاک - **محمد قلی سلیم** - باین لباس کسے کاشنا ست میداند + کہ پوشیدنے بود بہتر از خطا پوشی -

پورپشنگ - افراسیاب جسکے باپ کا نام پشنگ تھا -

پوپک - شانہ یعنے کنگھی اور ہدہد جو مشہور جانور ہی و دختر دوشیزہ یعنی کنواری لڑکی -

پورنگ - راجہ قنوج کی لڑکی کا نام ہی جو بہرام گور کے نکاح مین تھی -

پوشک - ماوراء النہری زبان مین گربہ یعنے بلی جو ایک مشہور جانور ہی اور عربی مین اسکو سنور کہتے ہین -

پوشنک - ایک بستی قندھار اور ملتان کے درمیان ہی -

پوک - ہوا دینا آگ کو اپنے منھ سے تاکہ آگ روشن ہو جائے یعنے پھونکنا اور دستپناہ جس سے آگ پکڑتے ہین اور عربی مین اسکو حراقہ کہتے ہین اور وہ غلہ جسکو زمین مین داب رکھین اور ہندی مین اسکو کھتہ بولتے ہین -

پوزمال - گوشمال - وتنبیہ وعتاب -

پول پیسہ تانبے کا سکہ دریا کا پل -

پوپل سپاری جو ایک مشہور پھل ہے ہندوستان مین اکثر زن و مرد اسکو کھاتے ہین پان کے ساتھ بھی یہ کھائی جاتی ہے چھالیا بھی اسکو کہتے ہین معرب اسکا فوفل ہے -

پوستگال - وہ چمڑا جسپر بال نہون -

پور ملجم - عبدالرحمن ابن ملجم جسنے حضرت مرتضی علی علیہ السلام کو شہید کیا تھا -

پوستین - چمڑے کا لباس چمڑے کی پوشاک اور ہر ایک چیز جو چمڑے کی بنائی جائے **سعدی** چون فرومانی بسختی تن بعجز اندر مدہ + دوستان را پوست برکن دشمنان را پوستین +

پوشمن - بکسر یائے ثانی ومیم زندی زبان لوہے کا خود جو جنگ کے وقت سر پر رکھتے ہین -

پور آبتین - فریدون بادشاہ جسنے ضحاک کو قتل کیا اور اسکے باپ کا نام آبتین تھا -

پور دستان - رستم جسکے باپ کا نام دستان تھا **مولف** سفر کردند زین دنیاے فانی + ہمہ مردان ہشیار ای دستان + نہ زان آتش پرستان نام باقی ست + نشان ظاہر نہ زان ایزد پرستان + نہ اسکندر نہ افریدون نہ دارا + نہ آن افراسیاب و پور دستان + نہ کمزوران سلامت جان بردند + نہ زور آورجوانان چیرہ دستان +

پور عمران - موسے نبی علیہ السلام -

پوران - خلیفہ وجانشین ویادگار و نام ایک شہر قنوج کا اور بہت سے فرزند -

پوزن - جو زمین زراعت کے لئے درست کی ہو -

پوشکان - مقامات سلوک سے ایک مقام کا نام ہے جسکو عربی مین غیب الغیب کہتے ہین چونکہ نور اسکا سبز اخضر ہوتے ہین جب سالک اس مقام کو طے کر لیتا ہے تجلی انوار کبریائی اسپر متجلی ہوتی ہے فنا فی اللہ وبقا باللہ کے مراتب تک پہونچ جاتا ہے اور عالم غیب کی سب چیزین بچشم ظاہر دیکھتا ہے -

پولاد سنجان - بہادر و دلاور لوگ -

پوون - نمدے جو گھوڑے پر باندھتے ہین -

پویان - دوڑتا ہوا تیز چلتا ہوا -

پوست تختہ - ہرن کے چمڑے کا بچھاونا یا شیر پلنگ کے چمڑے کا جسکو ہندی مین مرگ چھالا و باگھمبر بولتے ہین **نعمتخان عالی** - عالی زبس کشود بر چشم انتظار + این پوست تخت فقر ز جلد پلنگ شد **ابو نصر نصیرائی** - بادشاہ ملک فقریم وقبا رخت ماست + طاقی ما تاج ما و پوست تختہ تخت ماست -

پوست کندہ - وہ بات جو صریح و ظاہر کہی جاے **محسن تاثیر** خالی بود ز مغز وفا گردگان چرخ + نشنید کس چنین سخن پوست کندہ -

پوشیدہ - مخفی ونہان چھپا ہوا جو نظر کے سامنے نہو **صائب** نقش حیران را خبر از حالت نقاش نیست + معنے پوشیدہ راز صورت دیبا مپرس -

پول سیاہ - تانبے کا سکہ کوک پیسہ **ملا طغرا** چسان بلبل از غنچہ یابد خسے + ز نو کیسہ ہمت نہ بندد کسے + مگر کیسۂ غنچہ را پیسہ نیست + کہ پول سیہ باب این کیسہ نیست +

پویہ - بواو مجہول میانہ رفتار جو دم بدم تیز ہوتی جاتی ہو **امیر خسرو** پویہ کہ این گرگ چو سگ میزند + مرد چنان ست کہ تک میزند +

پوشانہ - کشمیر کی راہ مین ایک مقام کا نام ہے -

پوپہ - ہدہد جو ایک مشہور پرند ہے -

پوتہ - خزانہ وذخیرہ -

پودنہ - ایک خوشبودار نبات ہے جسکو عربی مین نعناع کہتے ہین -

پودہ - ہر چیز کہنہ پرانی بوسیدہ اور ایندھن آگ مین جلانے کا -

پورہ - درخت کی شاخ اور جڑ -

پوزہ - گرداگرد پیرامون پاس پاس -

پوسانہ - خوشامد ومنت وفریب ودغا -

پوسہ - کاتا ہوا سوت جو ابھی دوک پر ہو -

پوشہ - جو دروازون پر باندھتے ہین -

پولہ - نرم اور خربزہ وہندوانہ جو اندر سے خراب ہو گیا ہو -

پوبچہ - عشق پیچہ کی بیل جو درختون پر چڑھ جاتی ہے اسکے بیج کو حب آسترنیل کہتے ہین -

پوست کنی - چمڑا اتارنا مارنا کوٹنا ادب سکھلانا **اکبر لاہوری** نشود نہ دولت علم از معلمت حاصل + بغیر دلدہی وجان کنی و پوست کنی -

پولانی - ایک قسم کی آش ہے جو میدے سے پکاتے ہین اوسکے پکانے والے کو پولانی پز کہتے ہین - **سیفی** - ماہ پولانی پز خود را چو گویم دستگیر + میشود در تاب و مشتم میزند ہمچون خمیر + آتش تر شتم گر دہد آن فسوخ شیرین یا در خمار + ہے کہ رود وفش من دوشاب دل را از ضمیر -

پوچ گوی و پوچ مغز - احمق نادان ہرزہ گو بکواسی بے سمجھ - **میرزا صائب** - حدیث پوچ گویان بے تامل برزبان آید + سخن بے مغز ہرگز در دل دریا نمے ماند - و لہ نیست اوج اعتبار پوچ مغزان را ثبات + گوزۂ خالی فتد زود از کنار بامہا -

پوچی - راستہ مین بیٹھ کر مانگنے والا پیسہ کوڑی مانگنے والا اور پوق زبان ترکی مین راستہ کو کہتے ہین اور پوچی رہ نشین کو -

پوست پیرای - چمڑا رنگنے والا جسکو عربی مین دباغ اور ہندی مین کھٹک کہتے ہین -

پولاد ہندی - ہندی تلوار جو قیمتی ہوتی ہے -

پوئی پوئی - تند تند دوڑنے دوڑتے جلد جلد -

باے فارسی با ہاے ہوز

پہنا - چوڑائی فراخی بسط -

پھند - ژندی زبان مین وہ دام جس سے ہرن کو پکڑ لیتے ہین -

پہر - چوتھا حصہ دن یا رات کا جسکو پاس بھی کہتے ہین اور دن یا رات کے چار پہر ہوتے ہین - **استاد فرخی** - جو شب دو پہر گذشت اندو گونہ مست شدیم یکی زبادہ و دیگر ز عشق بادہ گسار +

پہناور - وہ چیز جو بہت چوڑی ہو -

پہنور - بفتح اول ایک پھل کا نام ہے جسکو عربی مین حنظل کہتے ہین -

پہرہ دار - محافظ چوکیدار پاسبان -

پہمرک - بفتح اول بڑا خار پشت جسکو ہندی مین سیہ بھی کہتے ہین اور عربی مین سیخول اگر کوئی اسکے پکڑنے کا ارادہ کرے تو وہ اپنے جسم سے کانٹے نکال کر مارتا ہے جو تیر کی طرح لگتا ہے -

پہن چشم - فراخ چشم بے حیا بے شرم - **ظہوری** - بحمد کان ہا تو راشنہ جو ز شد پہن چشم این و آن دریدہ دہان -

پہلو زبان - پرانی فارسی کی زبان -

پہلو نشین - پاس بیٹھنے والا مصاحب و مقرب - **میرزا صائب** - آئینہ دار روے تو شرم و حیا بس ست + پہلو نشین سرو تو بند قبا بس ست +

پہن - بفتح و بفتحتین فراخ و کشادہ - **آقا رہی شاملو** - زمین رتبہ عیش جہت ماشی + ہفت اقلیم را سرو سردار - **میر خسرو** - روے پہن کردہ چو طشت نگون + دیدہ سر خود ہمہ در طشت خون -

پہلوان - بہادر جوانمرد جسیم لڑویہ - **مفتی حیدر مدحیۃ** - پہلوان دین پیغمبر امام باوقار + لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار -

پہلو - بعض کے نزدیک پہلو سام بن نوح کا بیٹا تھا جس نے فارس کا ملک آباد کیا اور پارس اسکا بیٹا تھا جس کے نام سے پارسی زبان اور پارس کا ملک منسوب ہے اور پہلوے زبان پہلو کے نام سے مشہور ہے بعض کہتے ہین کہ پہلوے زبان سلاطین کے پاے تخت کی زبان ہے اور پارس کے لشکر کی بولی کیونکہ لشکر مین ہر ایک ملک و دیہات کے لوگ جمع ہوتے تھے سب کی زبانون کے الفاظ ملکر پہلوے زبان قایم و رایج ہوئی تھی پہلو شہر کو بھی کہتے ہین اس صورت مین یہ شہری زبان پائی جاتی ہے اور اصفہان کے نواح کی سرزمین کا نام بھی پہلو ہے نیز یہ لفظ ترجمہ جنب کا ہے جو انسان کے زیر بغل متصل سینہ کے دونو سمت کو دو پہلو کہتے ہین و بمعنے طرف و طرز و طریق و روش پہلوان کا لفظ بھی اسی سے ماخوذ ہے یعنے صاحب پہل موٹا تازہ - **میرزا صائب** - در دبستان ریاضت فرد باطل میشم + صفحۂ پہلوے ما را بوریا مسطر زدہ است + **رباعی** - آن قصر کہ با چرخ ہمیزد پہلو + بر در گہ او شہان نہادندی رو + دیدیم کہ بر کنگرہ اش فاختۂ + بنشستہ ہمی گفت کہ کوکو کوکو +

پہ پہ - بفتح ہر دو با آفرین شاباش مرحبا کلمہ تحسین جو حیرت کی حالت مین زبان سے کہا جاے - **صفدر توقانی** - چشم گریان مرا چون ابر گوہر بار دید + گفت پہ پہ در جہان از من تو سبقت بردہ -

پہرہ - محافظت نگہبانی کسی چیز کی جو چند آدمی ملکر اپنے اپنے وقت پر کرین -

پہلہ - بفتح اول اصفہان کی سرزمین کا نام ہی اور پہلوی زبان اسی کے ساتھ منسوب ہی اور زبان دری دره و دتیور کے ساتھ مشہور -

پہنانہ - بفتح اول روغنی کلیجہ جو نان پز بڑے تکلف کے ساتھ پکاتے ہین -

پہنہ - ایک کھیل کا نام ہی کہ لڑکے لکڑی کا لٹو بنا کر بذریعہ رشتہ کے زمین پر پھراتے ہین اور فراخی اور میدان کھلا ہوا و نام بازی گوے و چوگان جسکو عربی مین طبطاب کہتے ہین اور وه دوده جو نہایت محبت و پیار کے سبب سے بچہ کے دینے کے لیے عورت کی پستانون مین جوش کرتے بچہ اپنا ہو یا کسی اور کا -

پہلوسائی - پہلونشین مصاحب مقرب بارگاه -

پہلوی - پارس کی پرانی زبان کا نام ہی -

پہلوانی - جوانمردی بہادری شجاعت دلیری - **صفدر فوقانی** مدحیہ - باچنان سختی و سنگینی بآسانی شکست + باب چنبر را بزور پہلوانی مرتضے -

باب پارسی یا یاے

پیدا - موجود ظاہر سب کے سامنے مقابل لفظ نہان کے - **صفدر فوقانی** - کرد پیدا حضرت رب غفور + جن و انسان دام و دد وحش و طیور -

پیش پا - پاؤن کے آگے بہت نزدیک - **صائب** - از سیاہی دل بتقصیرات خود بینا نشد + مستی طاؤس کم از عیب پیش پا نشد -

پیشوا - آگے چلنے والا رہنما آگو مرشد پیر اور استقبال کرنے والا - **نعتیہ از مولف** - در ره اسلام و دین یا مصطفے پیشوائی پیشوائی پیشوا + **خواجہ سلمان ساوجی** - شعار عاشقان دائم درین ره چیست اے رہرو + غم بسر بردن بلا را سخوار رفتن -

پیل بالا - بزرگ جثہ و قوی ہیکل اور بہت سا - **نظامی** - بفرمود تا خازن از روے خیز + کند پیل بالا بر گنج ریز -

پیرا - آراستہ کرنے والا سنوارنے والا -

پیلپا - ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان کے پاؤن سوج جاتے ہین -

پیلوا - دارو فروش عطار -

پیچیا - خرچنگ مشہور جانور ہی جسکو عربی مین سرطان کہتے ہین -

پیچ و تاب - پیچ و خم - **قاسم مشہدی** - چسان زکوچہ معشوق پا نہم بیرون + کہ بستہ اند بزنجیر پیچ و تاب مرا + **صائب** - خورده ام چون موی آتش دیده چندین پیچ و تاب + تار گس ابرم ز دریا رشتہ گوہر شده است -

پیشاب پیشار پیشیار - بول جو قاروره مین ڈال کر طبیب کو دکھلاتے ہین - **ملا فوقی یزدی** - دہان شہد و کمان ابرو سرین کوه و کمر چون مو + نمک گو زشکر خندش گہر پیشاب دندانش - **اوحد الدین انوری** - از نہیب تو خیر گردون را + آب ناخورده پیشیار گرفت - **حکیم سنائی** آنچنان دردی کہ باجانان بگوید درد مند + نے ازان دردے کہ با ترسا بگوید پیشیار + پیشیار بمعنی پیشکار - و مددگار کے بھی ہین - **استاد رودکی** - بخت و دولت چو پیشکار تواند + نصرت و فتح پیشیار تواند -

پیر سرندیب - حضرت آدم علیہ السلام -

پیاب - حوض اور دریا کی تہ و تاب و طاقت و قوت -

پیش خدمت - نوکر ملازم خادم خدمتگزار - **میرزا صائب** آن آہوے رمیده ز مردم نگاه کیست + این فتنہ پیش خدمت چشم سیاه کیست +

پیش دست - نائب و پیشکار قائم مقام - **میرزا صائب** خرابم کرده چشم نیم مستی + کہ دارد ہمچو مژگان پیش دستی -

پیوست و پیوستہ - ہمیشہ و ہر وقت و متصل - **زلالی** ز حدین روزگار اے غم پیوست + بنہ سیدی زلالی نیست یا ہست + **میر معزی** مملکت را یمینے با عمر او پیوستہ بود + یمینے آمد بسر چون عمر او آمد بسر +

پیست - برص و جذام کی بیماری -

پیچ - بل خم تاب حلقہ اور بات - **مولف** - دل ربا یدز عاشق بیدل - زلف پیچان بہر خم و ہر پیچ -

پیچا پیچ - بل پر بل خم بر خم -

پیروزج - فیل مرغ جو خروس سے بڑا ہوتا ہی سر پر کوئی پر نہین ہوتا جو پنجہ ہاتھی کی خرطوم کی طرح گوشت لٹکتا ہی -

پیخ بہ خاے منقوطہ پیخال چشم یعنے آنکھ کا میل جو سفید رنگ

نکلکر آنکھ کے گوشہ پر جم جاتا ہی۔

پیش خرید - پہلی خریدی ہوئی چیز سالم قیمت پر۔ **والہ ہروی** ہر چہ بینی ہمگی پیش خرید عدم ست + از فنا ے ہمہ تحصیل نیکو حالی کن +

پیش خورد - ناشتا کھانا کہ تھوڑا کھایا جاتا ہی اور نہار کھاتے ہین **نظامی** - جہان پیش خورد جوانیت باد + فریدون از ہمہ زندگانیت باد۔

پیلبند - شطرنج کی چالون مین سے ایک چال کا نام ہی اور زنجیر جس سے ہاتھی کو باندھتے ہین اور پہلوان جو ہاتھی پر غالب آئے۔ **نظامی** - چو در جنگ پیلان کشائی کمند + وہی شاہ قنوج را پیلبند۔

پیل محمود - یہ نام اُس ہاتھی کا تھا جسپر ابرہہ بادشاہ کعبہ معظمہ کے مسمار کرنے کے لیے یمن سے سوار ہوکر آیا تھا اور پیلان محمودی اُن ہاتھیون کو کہتے تھے جو سلطان محمود غزنوی ہند کی غنیمت سے غزنین مین لے گیا تھا۔ **نظامی** - زر پیلوار از تو مقصود نیست + کہ پیل تو جون پیل محمود نیست۔

پیوند - جوڑ وصل اتصال خویشی رشتہ قرابت وعہد وپیمان قول و قرار۔ **حاتم بیگ** - زبس بیگانہ ام از آشنایان + غریبم در وطن چون شاخ پیوند۔

پی سپید - منحوس شوم - قدم نامبارک۔

پیش آمد - سلوک و رعایت و مروت۔

پیش نہاد - ارادہ و عزم و قصد۔

پیچند - عصابہ و پیشانی بند جو عورتین سر پر باندھتی ہین۔

پید - بکسر اول دیا سے معروف جو چیز آگ کی گرمی سے زرد رنگ و ضایع ہو چکی ہو آگ کا داغ اُسکو لگ گیا ہو۔

پراگند - متفرق و پریشان۔

پیش داد - پیشگی قیمت جو کسی چیز کی دی جائے عربی مین اسکو نقدمہ کہتے ہین اور وہ شخص جو متخاصمین سے اول عدالت مین دادرسی کے لیے حاضر ہو۔

پیکند - توران مین ایک بستی کا نام ہی۔

پیش بند - وہ شخص جو کام کے آغاز سے پہلے اُسکی درستی کی تجویز کرے۔

پیداور - موجود و مہیا ظاہر و عیان **ملا طغرا** - مردم چشم کواکب ریخت از باران اشک + بجز گفتا آدم آبی زمن پیدا شدست +

پیر - مقابل جوان بڑی عمر کا آدمی - **حافظ** چون پیر شدی حافظ از میکدہ بیرون آ + رندی و ہوسناکی در عہد شباب اولے - **ولہ** - دوش از مسجد سوے میخانہ آمد پیر ما + چیست یاران طریقت بعد ازین تدبیر ما۔

پیران سر - **پیرانہ سر** - **پیر سر** - **پیران سال** - بڑھاپے کا زمانہ ضعیفی کی عمر - **حافظ** - پیرانہ سرم عشق جوانی بسر افتاد + وان راز کہ در دل بنہفتم بدر افتاد + **میر خسرو** - گفت کاندیشہ نیست زوبال + کہ نہی تہمتم بہ پیران سال - **درویش والہ ہروی** دیار عشق را آب و ہواے دگرگون باشد + جوانان پیر سر باشند پیران را جوان بینی - **جمال الدین سلمان** - نہاد عقل بہ پیش تو سر بہ پیران سر + زحد خود نکشد مست و عقل سر در پاے -

پیش قطار - وہ اونٹ جو قطار کے آگے ہو - **زلالی خوانساری** بقادری کہ بدریاے بیکران سخن + مرا برا شتر کف موج کردہ پیش قطار۔

پیشکار - نائب و مددگار ہمدم معاون - **نورالدین ظہوری** وفا پاے مردو سخا دستیار + ظرافت ندیم و ادب پیشکار۔

پیغمبر - **پیغامبر** - رسول جو خدا کی طرف سے بندون کی ہدایت کے لیے آئے - **حکیم انور لاہوری** - رہنما و رہبر و راہ خدا پیغمبر ست عاصیان را شافع روز جزا پیغمبر ست - **مولانا اکبر لاہوری** - درمیان خلق ہر بندہ بگوش دل شنید + ہر چہ آورد از خدا پیغام آن پیغام بر۔

پیکانگر - تیر بنانے والا جیسے کہ تیرگر و کمان گر - **ابوطالب کلیم** - انیقدر پیکان کہ در یک زخم ماست + در دکان ہیچ پیکانگر نبود۔

پیکار - جنگ و جدل لڑائی - **سعدی** - بہ پیکار دشمن دلیران فرست ہزبران بناورد شیران فرست۔

پیل زور - زور آور بہادر پہلوان جوانمرد پیل تن آدر جسیم **نظامی** بجز پیل زوران آہن کلاہ + چہل پیل جنگی پس پشت شاہ۔

پیلہ ور - وہ شخص جو مسی وغیرہ سامان آرایش عورتون کا گلی کوچون مین فروخت کرے **مخلص کاشی** - این مسئلہ از ہم طلبا معرکہ گیرند + این فرقہ پشمینہ کشان پیلہ ورانند۔

پیداوار - زراعت سے جو غلہ فصل پر پیدا ہوا۔

پیشتر - سب سے آگے سب سے پہلے **مولف** آیا آدم سب سے

پہلے عالم ایجاد مین + لیک روشن اس سے تھا نور محمد بشیر۔

پیکر۔ صورت شکل جسم جثہ کالبد چہرہ۔ مولف۔ ہوا پروانہ جب نے آنکھ سے اس شمع کو دیکھا + اڑے ہوش اسکے جسکو وہ پری پیکر نظر آیا۔

پیالہ جور۔ بھرا ہوا پیالہ اور جور ایک خط کا نام تھا جو جام جم کے کنارون پر کھچا تھا۔

پیرار۔ پارسال سے پہلا سال یعنے تیسرا برس جو گذر چکا ہو یا مہینہ یا دن۔

پیر۔ بکسر اول و فتح ثانی و سکون ثالث ژندی زبان مین پدر یعنے باپ۔

پی سپار۔ بہت سا چلنے والا۔

پیزار۔ پاپوش جوتی۔

پیشہ ور۔ کسب کرنے والا صاحب ہنر۔

پیور۔ بیوار۔ دس ہزار کا عدد اور اسی سبب سے ضحاک کو جسکی سواری کے دس ہزار گھوڑے تھے بیور کہتے تھے۔

پیاز۔ مشہور چیز ہے جسکو عربی مین عنصل و بصل کہتے ہین۔ **ذوقی۔** مہر مشک در بزم آن بے خبر + کسے را کہ مطبوع باشد پیاز۔

پیش انداز۔ وہ زیور عورتون کا جو سینہ پر آویزان رہے و سفرہ و دستر خوان جو کھانے کے وقت فرش کے اوپر بچھاتے ہین۔

پیشباز۔ قبول کرنے والا استقبال کرنے والا اور وہ شخص جو رستہ مین ملے۔ نظامی۔ مشو ناپسندیدہ را پیشباز + کہ در پردہ گرہ نیابند ساز۔ وله۔ چو شہ دید در پیشباز آمدش + عروسی چنین دلنواز آمدش۔ سعدی۔ جوانے برہ پیشباز آمدش + کرو بوسہ آنسے فراز آمدش۔

پیش خیز۔ شاگرد خادم اردلی جو سواری کے وقت آگے آگے چلتا ہو۔ طالب آملی۔ منم کہ جوش فغان بر لب خموش من ست خروش محشریان پیش خیز جوش من ست۔ علی نقی۔ اجل بنالہ داغ غمزہ ہائے چشم میاکش + قیامت پیش خیز جلوہ ہائے قد چالاکش +

پیش نماز۔ امام جو نماز کی جماعت مین سب سے آگے کھڑا ہو اور مقتدی سب اسکے پیچھے۔ والہ ہروی جبہہ سایان سجود در اجلال ترا۔ آسمان در صف پس آمدگان پیش نماز۔

پیشواز۔ استقبال کرنے والا راستہ مین ملنے والا قبول کرنے والا اور قبا جو آگے سے کھلی ہو۔ ملا طغرا۔ بہار آمد از باغ فردوس بانہ + مے و نغمہ را فرض شد پیشواز۔ محسن تاثیر۔ فروغ لالہ گلشن لبہائے تو میزیبد + قبائے پیشواز گل بہ بالائے تو مے زیبد +

پنبہ دوز۔ رفعہ دوز چیتھڑے گانٹھنے والا کیونکہ پنبہ بباے پارسی و سکون یاے تحتانی چیتھڑے اور دھجی کو کہتے ہین اور معشوق جو نو رو سال ہو۔ سیفی۔ در دلم از پنبہ دوزی بود زخم بیشمار + بخیہ از زخم نہان مرد کرد آشکار۔

پیہ سوز۔ وہ آہنی یا گلی برتن جسمین چربی وغیرہ جلاتے ہین۔ ملا طغرا۔ چو صد شمعدان چید مجلس فروز + برافروخت نرگس دو صد پیہ سوز۔

پیروز۔ فتح مند صاحب ظفر و نصرت۔ جو شد مسند نشین آن شاہ پیروز + شد از اقبال و دولت بہرہ اندوز۔

پیاز لیزر۔ جنگلی پیاز جسکو اصل الزیز کہتے ہین۔

پیواز۔ شپرہ جو جانور مشہور ہے رات کو اڑتا ہے دن کو نہین نکل سکتا۔

پیاز نرگس۔ نرگس کی جڑ جو پیاز کی طرح ہوتی ہے۔

پیس۔ مبروص جذامی کوڑھی جسکو کوڑھ کی بیماری ہو۔ سعدی۔ چہ قدر آورد بندہ حور دیس + کہ زیر قبا دارد اندام پیس۔

پیش۔ آگے کاشی۔ اے آنکہ صفات تو بود تابع ذات + بر پیش ذات تو گواہ است صفات + فرمودنی کہ آل من بود پیش + اے سید پیش بر محمد صلوات۔

پیشرس۔ وہ مسافر جو سب سے پہلے منزل پر پہونچے وہ پھول جو سب سے اول پھولے وہ میوہ جو سب سے پیشتر پکتا ہو۔ ملا ہاتفی۔ بغزل رسید از ہمہ پیشتر + بود عزت پیشرس بیشتر + بمیدان رسید از ہزارش یکے + بود باغ را پیشرس اندکے۔

پیوس۔ بکسر اول توقع و امید و انتظار۔

پیالہ کش۔ پیالہ پینے والا شرابخوار میخوش۔ محسن تاثیر۔ رند پیالہ کش را تاثیر وا گذاریم + کارے بما ندارد مارا باو چہ کار ست +

پیچش - پیچ کھانا بل کھانا پیچ مین آنا - ملا طغرا - خور دنیچہ پایم لذیر حسے + زرشستی درین راہ پیچش نسے -

پیش - آگے یہ لفظ ماضی و مستقبل مین مشترک ہی - سعدی - ازین بہ نصیحت گری بایدت + ندانم پس از من چہ پیش آیدت + بدر چاچی - پیش درین خاکدان جمع شدن روے نیست + خاطر خود را چو زلف پیش پریشان مدار -

پیشا پیش - آگے آگے مرزا رفیع واعظ - گرچہ بادا نیست پیشا پیش دود مشعلے + نیست دود آہ مظلومے ہم از دنبال ما -

پیش پیش - آگے آگے اہل فارس کبھی اسی لفظ کے ساتھ از کا لفظ بھی ملا لیتے ہین - صائب - ہمیشہ کاروان را گرد از دنبال می آید + مرا گرد کسادی پیش پیش کاروان باشد + محسن تاثیر - آنرا کہ پیر دل روشن زبان بود + از پیش پیش مشعل دولت روان بود -

پیشکش - سندر نیاز تحفہ جو کسیکو دیا جائے - طالب آملی - ازین پس ما و جاہل مشربی و ناخردمندی + بیاران پیشکش کردیم علم نکتہ دانی را -

پیمایش - اندازہ کرنا ناپنا کسی چیز کو -

پیاز موش - ایک جنگلی پیاز کا نام ہی جسکو عربی مین بصل الفار و عنصیل و اسقیل وغیرہ نام بولتے ہین -

پیراہش - چمڑے کو رنگنا دباغت دینا -

پیرایش - آراستہ کرنا زینت دینا درست کرنا مہیا کرنا -

پیغلوش - ایک پھول کا نام ہی جو سوسن کی قسم سے ہوتا ہی اور اسکو سوسن آسمانی بھی کہتے ہین ور چیونٹیوں کے گھر جو زمین مین ہوتے ہین -

پیلگوش - ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین لوف کہتے ہین اور اسکی جڑ کو اصل اللوف بولتے ہین اور یونانی مین تیریہ یا قونطیس نام ہی -

پیش قبض - ایک جنگلی ہتھیار کا نام ہی و نیز نام ایک فن کا کشتی کے فنون سے - صفدر رفو قانی - بر د بہ پنجہ پر زور دل ز ہر بدل + بہ پیش قبض کند قبض جان ہر بیجان - در کشتی بگلو و ہر دشمن لشیۂ او ست + پیش قبض ہمہ در پنجہ شائستہ اوست

پیش مصرع - پہلا مصرع ہر ایک شعر کا - میرزا صائب - بانگ فرصتے از ہم خیالان پیش سے افتد + تواند ہر کہ صائب پیشتر مصرع را رسانیدن -

پیل مرغ - ایک پرندہ کا نام جسکی چونچ پر ہاتھی کی خرطوم کی طرح گوشت نکلتا ہی - پیر وج بھی اسکو کہتے ہین

پیش حرف - وہ شخص جسکا کلام مقبول خاص و عام ہو اور جو شخص سب سے اول مجلس مین تقریر کرنیکا اقتدار رکھے - طالب آملی - شبلی آن پیش حرف صاحب حال + وان مربع نشین صدر کمال -

پیچاق - ترکی مین کارد یعنے چھری - ملا فوقی - شب فراق خروس سحر نفس نکشید + خوش آن زمان کہ سرش را ببرم از پیچاق -

پیش طاق - گھر کا صحن اور وہ میدان جو دروازہ مکان کے آگے ہو - حیاتی گیلانی - در پیشگاہ کعبہ وہ پیشطاق دیر + وا سید رشتم کہ چراغ مجتم -

پیک - قاصد ہرکارہ جو کہین سے آئے یا کہین جائے - میقتی حیدر - سامنے اپنے زمانہ مرگ کا ہر وقت ہی + جان ستان پیک اجل سر پر کھڑا ہر وقت ہی -

پیازک - ایک قسم کے گرز کا نام ہی جسکو ترکی مین چوگن کہتے ہین اور نام ایک گھاس کا جس سے بوریا بنتے ہین اور نام ایک قصبہ کا کو نعل ہین اور ایک قسم پیاز کی جو بہت چھوٹی ہوتی ہی

پیتک - وہ کرم جو ابریشم مین پیدا ہو کر اسکو کھا جاتا ہی -

پیچک - عشق پیچہ کی بیل جو درختون پر چڑھ جاتی ہی جسکو عشقہ و لبلاب بھی کہتے ہین اور پیچک ابریشم یا سوت کی اور وہ انگشتری جسمین نگینہ نہو اور کسی قسم ہڈی کی بنائی جائے -

پیش آہنگ - وہ شخص جو قافلے کے آگے چلتا ہو و میر لشکر و سر گروہ قافلہ - میرزا صائب - رہ خوابیدہ در دامان این صحرا نمی ماند + مرا گر کاروان سالار پیش آہنگ گرداند -

پیناسک - گھر کا دریچہ -

پینوک - خشک جغرات یعنے پنیر جسکو عربی مین اقط ترکی مین قروت و کشک کہتے ہین -

پیوک - وہ عروس جسکی نئی شادی ہوئی ہو ہندی مین بہو -

پیش جنگ - جو شخص لشکر سے آگے بڑھ کر لڑے سپاہ لک قزوینی - یاری لب ست طاقت ما را ترا کہ گفت + سر خیل فتنہ کن ور نہ پیش جنگ را +

پیچاک - پیچ و خم و طرہ و زلف اور رشتہ یعنے تاگا اور رسن پیچا ہوا۔

پیراک - جوان اونٹ اور ترکی مین استر یعنے خچر۔

پیچال - پرندجانورون کی بیٹ - حکیم سنائی - چو آن مرغ پیچال انداختی + وی اندر زمانش جورشش ساختی -

پیل مال - یہ ایک سزا سلاطین سلف ہند کے وقت دیجاتی تھی کہ دشمن کو ہاتھی کے پانون کے نیچے پائمال کرادیتے تھے اور ہاتھی ایک پانون اسکے سینہ پر رکھ کر اسکو ہلاک کردیتا تھا - ادیب ہندی - گراز سرکشی سربرآرد عدو + تہ پاے پیلش کند پیلمال -

پیرزال - ضعیفہ عورت بڑی عمر کی -

پیرسال - ضعیف مرد یا عورت

پیل - ہاتھی جسکو عربی مین فیل کہتے ہین - سعدی - زیرپایت گر بدانی حال مور + ہمچو حال تست زیر پاے پیل -

پیام - زبانی بات جو کسی کی زبان سے کسیکو کہلائی جائے کہنے والے کو پیامبر کہتے ہین پیام و پیغام کے ایک معنی مین پیام بہ و پیغام بر کے ایک معنی - کمال خجند - پیامے بدہ گر کہے باکمال کز ان لب بگو تم خطاب آرزوست - نظامی - بہ پیغارہ گفتا بیاور پیام + پیام آور راز ہند بکشاد کام -

پیش سلام - وہ شخص جو براہ عجز یا خوش اخلاقی سلام مین سبقت کرے - حکیم شفائی - ہرجا غمیست پیش سلام دل من ست + مشہور ملک فتنہ بود روشناس من -

پیغام - زبانی بات اگر کہلا بھیجی جائے تو وہ زبانی پیغام کہلاتا ہے اگر وہ بات کاغذ مین لکھی جائے تو کاغذی پیغام اسکا نام ہے - **سید حسین خالص** - آمد بنامہ تو چو پیغام کاغذی + خوردیم از نشاط می از جام کاغذی + **میرزا معز فطرت** - ای قاصد بہر عنوان کہ خواہی شرح حالم کن + جواب نامہ دشوار ست پیغام زبانی ہم + **نظامی** - نسنتہ چو بگذارد پیغام خویش + بامید پاسخ سرافگند پیش -

پیل سم - اچھے سم کا گھوڑا خوش رفتار و بفتح سین نام پہلوان کا جو افراسیاب کے لشکر کا افسر تھا اور رستم کے ہاتھ سے مارا گیا -

پیہم - برابر لگاتار پے در پے -

پیچان - بل کھاے ہوے پیچ در پیچ - رضی دانش مصرع پیچانم از من اہل دانش بگذ زید + عقدہ ادل واشود گر پیے مضمونم برید -

پیچمان - بل کھانا پیچ مین آنا پیچیدگی کی صورت - مطالب آملی - تبارک اللہ ازین گردش آفرین ظلمت + کہ بردہ آب مرغ پیچمان طرۂ حور -

پیراہن - گلے مین پہننے کا جامہ - سعدی - چون برآمد ماہ نو از مطلع پیراہنش + چشم بد را گفتم الحمد ے بدم پیرا ہنش -

پیشان - سب سے آگے سب سے پیشتر - اسیری لاہجی - در کوچۂ عشق تو ہمہ عمر برفتیم + آمد بسر این عمر و بہ پیشان نرسیدم -

پیش ایوان - وہ میدان جو گھر کے سامنے ہو اور گھر کا صحن آنگن گھر کا - نورالدین ظہوری - اے در روش تشنگی جنت طاق + گردون بدرت زکہکشان بستہ نطاق + ہنگام سلام پیش ایوان تو عرشش + نازد بجواب ابروے گوشۂ طاق -

پیش بین - آل اندیش و دور بین عاقبت اندیش - صفدر رفو قلق ازمراد خود نگردد بازپس + عاقبت اندیشی مرد پیش بین -

پیش خوان - یہ شخص امرا اور شاہی مجالس مین کھڑا رہتا ہے جس وقت کوئی آتا ہے ظاہر کرتا ہے کہ یہ شخص فلان اور فلان خاندان فلان امیر کا بیٹا ہے پس اہل مجلس اسکے رتبہ کے موافق اسکی عزت کرتے ہین - **علی قلی بیگ ترکمان** - چون شور ہنگامۂ گل گرم در طرف چمن + پیشتر از مرغ بستان پیشخوانی میکنم -

پیشین - **پیشین گاہ** - **پیشین گہان** - پیشین کی نماز کا وقت - حکیم زلالی - رفت پیشین گاہ از ویرانہ + سوے بازار جانب دیوانہ - نظامی - ز پیشین گہان تا نماز دگر + بمیدان نشد رزم ساز دگر -

پیکان - تیر کا پھل برچھی کی نوک عربی مین اسکو نصل نون اور صاد سے کہتے ہین - عرفی - تا بمژگان تو گرد د آشنا + دیدہ را بر نیش پیکان میزنم + **سعید بلخی** - زلف پر تاب تو بود آتش ہندو زنجیر را + برق پیکان تو ہمچون شمع سوزد تیر را +

نور الدین ظہوری۔ بگلشن می نشینم شعلہ خنجر می کشد برمن + بگلشن میروم پیکان زشاخ بید میبازد۔

پیل افگن۔ بہادر و لاور آدمی اور موٹا تازہ چالاک گھوڑا۔ نظامی ۔ برون راندپیل افگن خویش را + رخ افگند پیل بداندیش را۔

پیلتن۔ بزرگ جثہ قوی ہیکل زورآور۔ نظامی ۔ درآمد بطلیاہ کوہ پیکر + فرس پیل بالا وشہ پیلتن۔

پیمان شکن ۔جو شخص اپنے عہد پر قایم نرہے ۔ ابوطالب کلیم۔ بت پیمان شکن دم از وفا زد + اثر گلفتیے بر آب گرہیا کرد۔

پیمان۔ قول اقرار عہد جو آپس مین کیاجائے ۔ نظامی بشہزادہ بسپرد فرزند را + بہ پیمان در افزود سوگند را +

پیرامون ۔پیرامن ۔ گرداگرد پاس پاس۔

پنجتن ۔ پانچ بزرگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعلے المرتضی کرم اللہ وجہہ وحسن وحسین علیہما السلام و فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا۔ مؤلف۔ امت خیر البشر پر رحم کر یا ذو المنن بخش دے اسکو طفیل چار یار و پنج تن۔

پیر کنعان۔ یعقوب علیہ السلام۔

پیر مغان۔ آتش پرستون کا پیشوا۔

پیزن ۔ پیزنہ ۔ غربال یعنے چھلنی۔

پیشینیان ۔ قدیم زمانہ کے لوگ۔

پیلبان۔ مہاوت ہاتھی چلانے والا۔

پیران ۔ افراسیاب کے لشکر مین ایک نامی پہلوان تھا۔

پیشیمن ۔ کھجور کا پٹھہ جس سے بوریا بنتے ہین اور رسن بٹتے ہین۔

پیعن ۔ تیسرا حرف عین منقوطہ ایک گھاس کا نام ہی جسکے کھانے سے قوت باہ جاتی رہتی ہی عربی مین اسکو فیجن کہتے ہین ۔

پیدرو ۔ دوسرے خلیفہ حضرت عیسے کا نام ہی۔

پیشرو ۔ خدمتگار جو سواری کے آگے ہو۔ میر نجات دل نشاد ست ترا پیشرو خدمتگار + پیش خیز گل و گلشن کہ بود غیر بہار + اور موسیقیون کی اصطلاح مین راگ کا الاپنا اور شروع کرنا۔ ملا طغرا۔ مغنی بشنود گر پیشرو ہا نے فغانم را + پسِ زمزمون ہوبے پیوند سازد استخوانم را۔

پیگو ۔ ایک بستی کا نام ہی حد شرقی ہند مین اور نام ایک قسم کے جواہر کا۔

پینو ۔ جغرات خشک یعنے پنیر۔

پیاہو ۔ وہ مکان جسکی شکل آٹھ پہلی ہو یعنے شش پہلو۔

پیشگو ۔ وہ شخص جو پیشین گوئی کرے اور میر عرض جو بادشاہی دربار مین سب کی عرضیان بادشاہ کے حضور مین گذارش کرتا ہی۔

پیغو ۔ ایک شکاری پرندہ کا نام ہی جو باشے کی قسم سے ہوتا ہی

پیلو ۔ ایک درخت کا نام ہی جسکو عربی مین اراک کہتے ہین ہندی مین بھی اسکا نام پیلو ہی اسکے پھل کو بھی پیلو بولتے ہین ۔

پیو ۔ رشتہ کی بیماری جو مشہور ہی۔

پیسو ۔ یعنی نہایت چھوٹا جانور ہی جو انسان کا خون چوستا ہی عربی مین اسکو کیک کہتے ہین ہندی مین اسکو پسو بولتے ہین

پیادہ ۔ پانون سے چلنے والا مقابل سوار اور نام ایک مہرہ شطرنج کا ۔ حافظ ۔ تو دستگیر شواے خضر پے خجستہ کنون + پیادہ میروم وہمرہان سوار اند ۔ نظامی فرس افگند جوشن من پیل را + رخ من پیادہ کن پیل را +

پیالہ ۔ مشہور برتن ہی شراب یا پانی پینے کا ۔ حافظ ۔ پیالہ برکفنم بند تا سحرگہ حشر + بمی زدل میروم ہول رستاخیز ۔ ولہ ۔ جریدہ رو کہ گذرگاہ عافیت تنگ ست + پیالہ گیر کہ عمر عزیز بے بدل ست

پیچیدہ ۔ پیچ دار پیچ بل کھائی ہوئی بات نہایت مشکل جو سمجھ مین نہ آئے ۔ طاہر غنی ۔ زلف نتوان کرد از بسکہ لغریب افتادہ است + معنی پیچیدہ را از طرۂ پیچیدہ اش ۔

پیرایہ ۔ زینت زیب لباس زیور وغیرہ ۔ شیخ سعدی حریف مجلس ما خود ہمیشہ دل می برد + علی الخصوص کہ پیرایۂ بر و ببستند۔

پیسہ ۔ زر نقد یہ لفظ فارسی ہندی مین مشترک ہی ۔ مرزا طاہر وحید ۔ کلہ بند را پیسہ ادم کلہ دہ او یا چہ واو + ہر کہ باکم مایہ سودا می کند یا میخورد +

پیشگاہ ۔ گھر کا صحن دربار جاے نشست ۔ میرزا صائب بند و زندان بر دل خوش مشرب من بار نیست + کز دل دا کردہ وا رم پیشگاہ در قفس۔

پیشہ ۔ کام کسب حرفہ طریق سعدی ۔ نکند جور پیشہ سلطانی کہ نیاید ز گرگ چوپانی + نظامی ۔ گرآلودہ گردیم اند پیشہ

کہ جز گرد و خاک را پیشہ نیست۔

پیشینہ۔ سابقہ اگلا پہلا گذشتہ۔ **نظامی**۔ بفرمان شہ خضر خضرا خرام + باہنگ پیشینہ برداشت گام۔

پیغارہ۔ ملامت وطعنہ وسرزنش۔ **بدیعی**۔ پیغارہ زنے کہ بدچرا کردی + گر بد کردم بجو لیشتن کردم۔

پیغولہ۔ گوشہ وکنج وقطعہ زمین۔ **سنجر کاشی**۔ پیغولہ بہ پیغولہ نوردیدم ورفتم + این بادیہ را قافلہ سالار جنون بود۔

پیکان متفرقہ۔ دوشاخہ تیر جو چلایا جاتا ہے۔

پیکانہ۔ فولادی پھل تیر کا جو نہایت تیز وسخت ہوتا ہے۔ **نظامی**۔ فلف در زمین گشت چون گنج گم + ز نعل ستوران پیکانہ سم

پلیتہ۔ بتی کپڑے کی ہو یا روئی کی اور روئی کی پونی جو کاتنے کے لیے بناتے ہین۔

پیمانہ۔ وہ برتن یا اندازہ جس سے کوئی چیز ناپین عربی مین اسکو کیل کہتے ہین اور شراب خور پیالہ شراب کو بھی پیمانہ کہتے ہین کہ وہ بھی شراب کے جرعہ کا اندازہ ہوتا ہے۔

پیمونہ۔ جس سے کوئی چیز ناپین یعنے پیمانہ۔ **میر معزی**۔ پالود جان خویش بہ پالونہ بلا + پیمود عمر خویش بہ پیمونہ زمان۔

پینہ۔ بروزن سینہ گٹھین اور آبلے جو بسبب کثرت کار کے سیاہ رنگ وسخت ہاتھ پانوں پر پڑجاتے ہین۔ **یحیی کاشی**۔ یکے مشت در کارم از کینہ کرد + کہ ہمچون شتر سینہ ام پینہ کرد۔

پیہ۔ چربی جسکو عربی مین شحم کہتے ہین و تکبر و غرور۔

پیلہ۔ ریشم کا کیڑا جسکے لعاب سے ریشم پیدا ہوتا ہے اور وہ گھر جو وہ کیڑا بنا دیتا ہے۔

پیلپایہ۔ ستون گھر کا جس پر چھت ڈالتے ہین۔

پیوستہ۔ ہمیشہ ہر ایک وقت۔

پیراستہ۔ وہ درخت جسکی فضول شاخین کاٹ دی ہون اور آراستہ کیا گیا مہیا وتیار کیا گیا درست کیا گیا۔

پیروزہ۔ مشہور جواہر نیلگون و آسمانی رنگ کا ہے بہت سی اسکی کانین ہین مگر نیشاپوری کان سب سے اعلے ہے اسکی طرف دیکھنے سے نظر کی روشنی بڑھتی ہے۔

پیش پارہ۔ ایک قسم کے حلوے کا نام ہے۔

پیغالہ۔ قدح وکاسہ پانی پینے یا شراب پینے کا۔

پیفہ۔ بوسیدہ لکڑی جسکو جلا کر چقماق جھاڑنے کے لیے سوختہ بناتے ہین

بای فارسی بایاے

پے۔ پانون کا نشان سراغ کھوج ذریت و کرت ورگ وپٹھہ اور کبھی موقع موقع پر اسکے معنی ہین۔ **صائب**۔ ز وصل آن دہن بیطار صائب کام میشن از خط + کہ پے گم میکند در دور خط سرچشمہ نوشش۔ **میر خسرو**۔ بعشق گرد سر خود ہزار پے گردم + کہ گرد سر کوے تو توانم گشت + **سعدی**۔ اگر طالبے کاین زمین طے کنی + نخست اسپ باز آمدن پے کنی + **خواجہ نظامی**۔ بہر نختگاہے کہ بنہاد پے + نگہداشت آئین کسرے وکے۔

پیازی۔ وہ چیز جسکا رنگ پیاز کا سا ہو چنانچہ لعل پیازی واشک پیازی **علی خراسانی**۔ تا چشم تو آراستہ سرمہ ناز نیست از دیدۂ عشاق ومد اشک پیازی۔

پیرزی۔ ایک نبات کا نام ہے جو نہایت باریک و ناطاقت ونازک اسکی شاخین ہوتی ہین باریک پنکھے اسکے بنائے جاتے ہین عموماً ہر ایک چیز سست وکم طاقت۔ **حیدری طہرانی**۔ باوزن کاہے تواند دست لور ابوسہ داد + کاش ماہم اعتبار پیرزی میداشتم

پیسی۔ برص کی بیماری کا بیمار۔

پیشانی۔ ماتھا جو مشہور ہے جبہہ وجبین وسیما وناصیہ بھی پیشانی کو کہتے ہین **میرزا بیدل**۔ براہ او نخستین کام ما ہا سجدہ وپیش آید تو ای حسرت قدم میزن کہ ما سودیم پیشانی۔ اردو۔ جستجو کرنی ہر اک کام مین نادانی ہے + جو کہ تحریر ہے پیشانی کی پیش آنی ہے۔

پیش پیرائی۔ وہ شخص جو کسی چیز کو آراستہ کر چکا اور زیب دے چکا ہو۔ **نظامی**۔ کجا پیش پیرائے پیر کہن + غلط راندہ بود از درستی سخن +

پیکانی۔ جواہرات چنانچہ لعل پیکانی ویاقوت پیکانی والماس پیکانی وفیروزہ پیکانی۔

پیمائی۔ ناپنے والے کے لفظ کھانے والا چنانچہ بادہ پیمائی بادیہ پیمائے باد پیمائے آسمان پیمائے راہ پیمائے جام پیمائے زمین پیمائے فلک پیمائے وغیرہ۔

پینکی۔ بروزن زیرکی غنودگی جو نیند کی انتہا مین ہوتی ہے۔

پیش دستی۔ غلبہ وسبقت ونیابت۔

پی۔ بر پی وپی بہ پی۔ قدم بر قدم بار بار۔

پیروزی۔ فتح مندی ونصرت وظفر۔

پیوگانی - عروسی بیاہ شادی نکاح -

پیوی - عروسی بیاہ شادی نکاح -

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

باے فارسی با الف

پاٹا - تختہ لکڑی یا پتھر کا جسپر دھوبی کپڑے دھویا کرتے ہین عربی مین اسکو مرحاض فارسی مین جامہ کوب بولتے ہین -

پاٹھا - ہاتھی کا بچہ جسکو فارسی مین فیل بچہ بولتے ہین -

پارا - مشہور دھات ہے جسکو عربی مین زیبق و فرار اور فارسی مین سیماب کہتے ہین -

پالا - شبنم برف یخ سردی جو سردی کے موسم مین آسمان سے برستی ہے + تعلق دتابو اختیار دلگاؤ - مولانا اکبر لاہوری گیا گذرا ہوا مسجد سے نکلا دیر مین پہونچا + بت سے بے رحم سے جس جس مسلمان کو پڑا پالا -

پاسا - وہ داؤن جو قمار مین اپنی مراد پر پڑے -

پادا - فضول گو یا وہ گو جسکی بات پر اعتبار نہو اور اسکی بات کو لوگ گوز تصور کرین کوئی نہ مانے -

پاتراب - یہ لفظ فارسی ہندی مین مستعمل ہے ہنیر ابھی اسکو کہتے ہین جو سفر کے موقع پر روانگی سے پہلے ساعت سعد مین گھر سے باہر رکھ آتے ہین - صفدر فوقانی - آگیا جسوقت خط خوبی تھی جو جاتی رہی + ہے وہ حسن دلربا بے دلربا کا پاتراب -

پاپ - گناہ تقصیر مصیبت آفت جھگڑا - حکیم انور لاہوری - قبر مین سوئینگے ہم اس روز بس آرام سے + دم نکلکر زندگی کا پاپ جب کٹ جائیگا -

پاٹ - ایک حصہ جیسے دوپٹہ کے دو پاٹ اور دروازہ کی جوڑی کے دو پاٹ چکی کے دو پاٹ -

پات - برگ جسکو ہندی مین پتا بھی کہتے ہین - از مولف - صانع مطلق کا آتا ہے نظر + جابجا جلوہ بباغ کائنات + ہے کتاب علم عرفان ہر درخت + دفتر توحید ہے ہر ایک پات -

پانچ - مشہور عدد ہے جو چار کے بعد آتا ہے عربی مین اسکو خمس کہتے ہین اور فارسی مین پنج - نظم - ذوق - دو وعدہ الم ستم ہوا جسپر پانچ + پھر اسکا حال ہوگیا یون ہی اپنے دل مین جانچ -

پاد - وہ ہوا جو مقعد سے نکلے فارسی مین اسکو گوز اور عربی مین ضراط کہتے ہین یا وہ ہوا ہے جو آواز سے نکلے -

پانڈ - وہ عورت جو پستان اور دودھ نرکھتی ہو -

پاکھنڈ - فریب دھوکا جعل -

پریشان شدن و پریشان گشتن - غمگین ہونا اندوہگین ہونا
دلگیر ہونا - میرزا بیدل - حاصل گرد جهان گشتن ہمان بیجا شدے ست +
چرخ را از صبح مغز سر پریشان میشود - محمد سعید اشرف - کاکلش
در جلوه آمد زلف چون کارے نساخت + حکم قتل من پریشان
گشته بود از سر نوشت -

پریشان داشتن - پریشان و غمناک رکھنا - صائب
ز اقبال جنون خورشید روئے در نظر دارم + که مغز صبح را دارد
پریشان جوش سودایش -

پراشیدن - پریشان و بیخود و بدحال ہونا -

پردہ نیلگون - آسمان جسکی رنگت نیلی ہے - نظامی -
قصب در روز زرین پرده نیلگون + کسے بازی چابک آید برون -

پرزہ - ٹاٹ اور پرانے کپڑے کا چیتھڑا اور پرزہ جو پشمینہ کے
کپڑے پر استعمال کے بعد ظاہر ہوتا ہے شہزادہ اور تبی جو عورتیں قبل
نہین رکھتی ہین پرزدہ بھی اہل لغات لکھتے ہین جسکا مخفف
پرزہ ہے - حکیم شفائی ہجو مین - نسخه پرزدہ زمن میخواست +
کردم این شانه ساز و آمد راست -

پرزدہ رو - وہ شخص جسکے چہرہ پر چیچک کے داغ ہون اور وہ
روئی جسمین قبل لگانے کے چھید کر دیتے ہین اور نشان انکا
پختہ ہونے کے بعد بھی باقی رہتا ہے - طاہر غنی - پرزدہ عبث
پرده بر کرد رخ شمع + در مجلس رخت شمع فلک پرزده روے -

پرقازہ - وہ قلم جو قاز کے پر سے مصور بناتے ہین اور
اس سے تصویر کا کام کرتے ہین - ملا طغرا - تا دست تصویر
رخت برده مصور + موے قلمش تا به پرقازه در آب ست -

پرورده - پالا ہوا پرورش یافتہ - مفید بلخی
بگلستان سخن ہمچو نه بلبل پیچ + بہ برگ معنی پرورده چون رگ گل پیچ

پردہ زنبوری - سوراخدار جالی جو عورتون کے برقع آنکھ
کے موقع پر لگائی جاتی ہے اور چلونین جو دروازون پر ڈالتے ہین
اور مٹی اور پتھر کی جالیان - ملا قاسم مشہدی - شد زده
ما پرده زنبورے کس نیست + در خانه آئینه نیز مگس ما - محمد سعید
اشرف - پرده زنبوری دل را بیاد نعل او + پر عسل چون خانه
زنبور باید داشتن - میرزا صائب - رحم کن بر تلخکامان

رحم تا نگرفته است + پرده زنبوری خط رہگذار بوسه را -

پردہ قمری - موسیقی مین ایک نوا کا نام ہی سعدی ہروی
ز پرده ہای قمری خوش کو وقت سرو پا ئے + بالغمہ ہا ئے
بلبل خوش زد چنار دست -

پردہ کشائی - راز افشا کرنے والا بھید کھولنے والا - مولف
عفو کن کاندر جہان عفو ست بہتر ز انتقام + پرده پوشی کن که از
پرده کشای بہتر ہمت -

پردہ نیلوفری - وہ نیلگون پردہ جو خوبصورت معشوق حسن
کی زینت بڑھانے کے لیے منہ پر ڈال لیتے ہین میرزا صائب
نرگس میگون او از پردۂ نیلوفری + می نماید چون شفق از دامن
شبہای تار + ہمچو ابر گعبہ دار د صد گہر در آستین + پردۂ نیلوفری
بر گوشۂ ابروی یار -

پرکاہی - بہت کم مقدار تھوڑا سا - محسن تاثیر - با مید
وصالت عمر باشد می جہد چشمم + بکار عاشق بیدل پرکاہی نمی آئی -

بای فارسی با زای

پژولیده - پژمرده و بے آب و تاب -

پژمرید - پژمرده کیا گیا -

پژوش - پریشان و پژمرده اور برہم شده -

پژوہش - تلاش اور جستجو اور جستجو کرنا -

پژولیدن - نصیحت کرنا جستجو کرنا باز پرسش کرنا پریشان
ہونا پژمرده ہو جانا -

پژوہیدن - سا نگنا جستجو کرنا -

پژمردن - پژمرده ہونا پریشان ہونا - علی خراسانی
از گلشن سپہر چه گل بشگفد که من + پژمرده ام بدست
گل آفتاب را -

پژمان - پژمرده اور سست ظہوری - شگفت از
باغ آگاہی گل امید در باغت + چه حاصل چون سموم دست
غفلت ساخت پژمانش +

پژانیدن - پکوانا کسی کھانے وغیرہ کا -

پژوہندگی - تلاش و جستجو -

بای فارسی با سین

پست کردن - ہوا و حرص اور نفس کی خواہش کو کم کرنا نفس کے
ارادون کو روکنا - زلالی - ہوائے بد دماغی پست گردان +
رضا را با قضا ہمدست گردان - فوقانی - پست کن حرص و ہوائے
خویش را تا شوی در سر بلندان سرفراز -

پستہ لب - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی یعنی تنگ دہان
پتلے ہونٹ - کمال - کمال آن پستہ لب گر خواستی نقل + شکر ہا
در دہان پستہ کردی - مولانا اکبر لاہوری - و لب یاقوت
رمانی گہر دندان دہان پستہ + کشاده لب بتعریف ندا قش
ہر زبان پستہ -

پست ہمت - بے ہمت کم ہمت - رضی دانش
کے از بال ہما ہر پست ہمت قسمتی دارد + بر ان سر سایه اندازد
که شور دولتی دارد -

پست فطرت - کم حوصلہ کم ذات کمینہ - ملا طاہر غنی -
نمی شود سخن پست فطرتان مشہور + بلند نیست صدا کاسه
سفالین را -

پسر ہند - کنایۃً امیر معاویہ بن ابی سفیان جسکی ماکا نام ہند
تھا - مفتی حیدر - پسر ہند بہر دنیا کرد + با علی بادشاہ دین پیکار -

پستہ بنگ - تھوڑے بنگ یعنی تھوڑی سی بنگ جو کھی مین تلی
ہو - حکیم شرف الدین شفائی - ہیچ دانی که چسان معدہ کنی
دو زخ تاب + پستہ بنگی اگر بر سر تریاق خوری -

پستان تاک و پستان رز - کنایۃً انگور کا خوشہ اور ساقی شراب
پلانے والا - درویش والہ ہروی - ما تو بہ شکستیم بیاد
پستان رز + در صحبت ما دختر رز دور چہ شمار است -

پس افگندن - پیچھے ڈالنا بچا رکھنا جمع رکھنا - خواجہ آصفی
اسباب حسن ماہ مرا خال و خط بس ست + گیسوے تاب او
پس انداز میکند -

پستان سفید کردن - بیرحمی و سنگدلی کرنا - ملا قاسم مشہدی
الغت مید بد با بخت سیاہم زان سبب + کرد در روز نخستین دایہ ام
پستان سفید -

پس خم زدن - ٹیڑھے راستہ سے ہو کر کسی شخص کو پیچھے سے
جا ملنا پھر بے اطلاع بھاگ کر چلے آنا - محمد رضا فکری جلوہ
داشت شب عید ببین بام ہلال + دید چون گوشۂ ابروے
ترا پس خم زد -

پس و بست کردن - جمع رکھنا ذخیرہ کرنا - میر خسرو - اگر
بخانہ زری ماند زن کند پس و بست + نہ بہر آنکه خورد دیگرے بگیرش محرم

پس سبکتگین - سلطان محمود غزنوی جسکے باپ کا نام سبکتگین تھا شرف الدین شفائی - جلوۂ لیلی از تو شد آفت قیس عامری + بر پسر سبکتگین فتنه کنی ایاز را -

پس زانو نشستن - سرنگون بیٹھنا اندیشه و فکر میں مستغرق ہونا حکیم محمد انور لاہوری - در حرص و ہوا بر خویش تستن + بخاموشی پس زانو نشستن -

پس ستاندن - دی ہوئی چیز کو واپس لینا - صائب
پس ستاند کریم داده خود را + ابر ز گوہر امید آب ندارد -

پس سر کردن - کسی بہانہ سے رد کرنا دور کرنا الگ کرنا ظہوری - دیده ام جلوه ہاے کاکل را + پس سر کرده ام تغافل را +

پس سر نمودن - پیچھا دکھلانا پشت دکھلانا میرزا صائب
ہست گر کشور رازان تو مختصر نمائے + ورنه بیرون شو ازین خانه پس سر نمائے -

پس کار بودن - اپنے کام میں مشغول ہونا حکیم شفائی - گفتمش شوی از تو بیزار ست + گفت ناصح در پس کار ست -

پس کار خویش غافل نشستن - اپنے کام کے انجام سے غافل و بےفکر بیٹھ رہنا - نوقانی - رسد کار گر کسے با نجام کار + چو غافل نشیند پس کار خویش -

پس کار رفتن و نشستن - کام کے پیچھے جانا اور بیٹھ رہنا آئین یمین - بنشین بجرت از پس کارے که کار نیست + تا پیش کس نہایے نہایت خاستن -

پس گرفتن - واپس لے لینا دی ہوئی چیز کو - میرزا آمین اصفت - من از خوبان عاشق کش نگارے طفل خود آرم + که گر گاہے دہد بوسی زمن فے الحال پس گیرد -

پس گوش افگندن - بات سنکر تجاہل کرنا سنی ہوئی بات کو نہ سنے ہوئے جاننا - قطعه - تجاہل میکند و سر سخن دوست + شنیده ناشنیده می شمارد + پس گوش افگند گر گفتگو را + کند در گوش و در خاطر نیارد -

پسندیده دین - جسکا طریق پسندیده ہو - سعدی شیرازی حکایت شنو کو دکت نامجوئے + پسندیده دین بود و پاکیزه خوئے
واضح ہو - که پسندیده کا لفظ اکثر الفاظ کے ساتھ الحاق پاتا ہے جیسے که پسندیده رائے و پسندیده کار و پسندیده کیش و پسندیده گوئے - سعدی - پسندیده کاران جاوید نام + تطاول نکردند بر مال عام - وله پسندیده رائے که بخشید و خورد + جہان از پئے خویشتن گرد کرد - وله - یکے در بیابان سگے تشنه یافت + برون از رمق در حیاتش نیافت + کله دلو کرد آن پسندیده کیش + چو حبل اندران بست دستار خویش + وله - برہمن زشادی بر افروخت روے + پسندیده گفت ای پسندیده گوئے -

پسانیدن - باغ کو پانی دینا - زراعت کی آب پاشی کرنا -

پساویدن - مس کرنا لامسه کرنا ہاتھ ملنا کسی کے جسم کو -

پستان مادر بریدن - اپنے محسن کے ساتھ بیوفائی کرنا ناحق شناسی کرنا -

پسته شکر فشان - کنایه لب و دہان معشوق -

پس جانشین - نائب قائم مقام کارخانه و دوکان کا اور وارث ترکه کا -

پسہانتن - شرندی زبان میں جھاڑنا جھٹکنا -

پست کردن زمزمه - نرم آواز کرنا ساز کو بجانے اور گانے کے وقت - محمد قلی سلیم - فریاد شد نغانه ہمسایه یا بلند + مطرب باز بسکه زمزمه را پست میکند -

پس گشتن سراپرده - پست کرنا خیمه کا - ظہیر الدین فاریابی - چون بر فراخت خسرو سیارگان علم + در خاک پست گشت سراپرده ظلم -

پسته قندی - یه ایک شیرینی ہے جو خرانجوار نقل کرتے ہیں پسته پر کھانڈ چڑھا کر یه بنائی جاتی ہے کنایه معشوقون کی میٹھی باتیں - خواجه آصفی - میان پسته لبان نقل مجلس این سخن ست + که ہست شور جہان پسته ہاے قندے ما -

باے پارسی با شین

پشت بباز ار استادن قصاب - قصاب جب آویزان گوشت کو کاٹ کر بیچنا چاہتا ہے تو بازار کی طرف اسکی پشت ہوتی ہے اور منھ دکان کی طرف - شفیع اثر - چنانکه پشت ببازار ایستد قصاب + ہمیشه جانب بر دست روی مژگانش -

پشت در - دروازے کے پیچھے محسن تاثیر - تا تو در خلوت شدی خورشید بوس ترا - کرده از لب فرو کنون پشت در افتاده است

پشت شمشیر - تلوار کی پیٹھ مقابل دم شمشیر کے میرزا صائب خواب ان چشم ربا بنده تراز بیداریست + پشت شمشیر زبان تیز تراز دم باشد -

پشت کار - روئے کے مقابل اور یہ استعارہ ہے **میرزا صائب** -
قماش چہرہ بازار بہار معلوم ست + کہ روئے کارہا هم از پشت کار معلوم ست +
پشت انداز - لواطت مین فاعل و مفعول دونون کو کہتے ہین
پشت تیغ - تلوار کی پیٹھ مقابل روئے تیغ کے - **غنی** - عدو
برائے خصومت جو روبرو آید + بہ پشت تیغ دودم گردنش قلم سازد
پشت بام - گھر کا پیچھا گھر کی پشت - **میرزا صائب** - عکس
تو چون بخانۂ آئینہ میرود + در پشت بام آئینہ مہتاب میشود -
پشم از خایۂ زندان کم و پشم از کلاہش کم - یہ دونون محاورے
بہت نقصان کے موقع پر بولے جاتے ہین -
پشت بر خویش بودن - اپنے آپ کو خیال مین نہ لانا اور
حقیر جاننا **ظہوری** - پشت بر خویش باش چون دفتر + روئے
در خود مدار چون طومار -
پشت بر دیوار دادن - کسی کے بھروسے بر بیکار بیٹھ رہنا
کام کو ہاتھ نہ لگانا **میرزا صائب** - سالہا شد پشت بر دیوار
حیرت دادہ ایم + دیدۂ آئینہ را نقشے چنین بنشستہ است و لہ
از توکل ہر کہ پشت خویش بر دیوار داد + بے سخن خاک مراد خلق
چون محراب شد -
پشت بر دیوار ماندن حیران و متحیر رہنا **میرزا صائب**
گر ز روئے خود بر اندازی نقاب + پشت بر دیوار ماند آفتاب +
پشت بر زمین آوردن - زمین پر دے مارنا کسیکو چت کردینا
جمال الدین سلمان - با چرخ گر بزور کند دست در کمر + بخت
تو آورد بزمین پشت آسمان +
پشت بر کوہ بودن و داشتن - نہایت بھروسا و استظہار
کسی پر رکھنا **محسن تاثیر** - پشت فراغت ما بر کوہ عیش باشد +
منقار کبک خندان ہر جا گلوے میناست - **میرزا صائب**
شوخی کہ دارد از دل سنگین بکوہ پشت + مید ید کاش صائب
در خون طپیدہ را -
پشت پا زدن - رد کرنا دور کرنا ترک کرنا **شیخ العارفین**
یا رب بکیش کیست بت ما کہ میزند + بر مسند پشت پا و بمحو ر پشت
دست + **شعر** دست و پائے زدیم و در نگرفت + پشت
پائے زدیم و وارستیم -
پشت پائی خاریدن - تملق و چاپلوسی کرنا **اوحد الدین**
انوری - آنکہ او پشت دست میخاید + ہمہ را پشت پای میخارد +

پشت پروین کنایۃً بارکش از بنات النعش **نظامی** - رواروی
زنان نائے زرین زدند + سراپردہ بر پشت پروین زدند -
پشت چشم تنگ کردن و پشت چشم نازک کردن -
ناز و ادا کرنا نہایت غرور و تکبر سے کسی کی طرف دیکھنا اغماض و تغافل
کرنا - **ملا طغرا** - قدح را زلب چہرہ افروختہ + بط بادہ را بال و پر سوختہ
چنان پشت چشمی تنگ کردہ است + کہ رطل گران را سبک
کردہ است - **صائب** - ای غزال چین بہ پشت چشم نازک
میکنی + چشم ما آن چشمہائے سرمہ سا را دیدہ است -
پشت خم دادن و پشت خم کردن - تواضع و فروتنی و عجز
و نیاز کرنا جھک جھک کر سلام کرنا تعظیم بجالانا **سعدی** - یار سایان
روئے در مخلوق + پشت خم میکنند و بالا راست - **کمال اسمٰعیل**
فلک بخدمت تو پشت خویش چون خم داد + ز قرص مہر و مہش
گشت وجہ نان روشن -
پشت دادن - پشت پھیرنا مقابلہ سے بھاگنا **سعدی** -
چو بینی کہ لشکر ہمہ پشت داد + بہ تنہا مدہ جان شیرین بباد -
پشت در ہم شکستن - طاقت کم ہونا ہمت و حوصلہ جاتے رہنا
نا امید ہوجانا **مولانا لسانی** - جور دوران ساغر عیشم بسنگ
غم شکست + بار ہجران تو پشت طاقتم در ہم شکست -
پشت دست افشاندن - دور کرنا رد کرنا دفع کرنا - **صائب**
ہر کس فشاند بر من پر شور پشت دست + از جہل زد بخانۂ زنبور
پشت دست - **مخلص کاشی** - از شرح ساعدت ید بیضا ست
نامہ ام + کلکم فشاند بر شجر طور پشت دست +
پشت دست بدندان گزیدن - افسوس کرنا پشیمان ہونا
سعدی - بہ تندی سبک دست بردن بہ تیغ + بدندان گزد پشت
دست دریغ +
پشت دست بر زمین نہادن - تعظیم کرنا تسلیم بجالانا کورنش
ادا کرنا - **نور الدین ظہوری** - بتسلیم چون چاکران کمین +
فلک پشت دستی نہد بر زمین -
پشت دست بر کندن و پشت دست خائیدن - **نزاری**
قہستانی - بلبل از غصہ پشت دست بر کند + گریبان چاک زد
از سر بیفگند - **سعدی** - روے در روے دوست کن
بگذار + تا عدو پشت دست می خاید -
پشت دست خوردن و پشت دست زدن - رد ہونا -

اور رد کرنا ۔ نورالدین ظہوری ۔ نگاہ ندوے تو گردیدہ مست + پری گردہی می خورد پشت دست + مخلص کاشی کے روے دست دولت دنیا خوریم کے + نفرم زند بحشمت فغفور پشت دست +

پشت و دوتا کردن ۔ نہایت تواضع و فروتنی کرنا ۔ سعدی ای شکم خیرہ بنانی بساز + تا نکنی پشت بخدمت دوتا ۔

پشت سر کسی دیدن ۔ کسی کو جاتے ہوئے دیکھنا ۔ میرزا صائب ۔ میکشد آخر بخجلت کامجوئے ہاے دہر + خار خار آرزو خواہد بہ پشت سر فتاد ۔ ولہ ۔ فلک ہا را توانی پشت سر دید + بنور عشق گر دل زندہ باشی ۔

پشت شکستن ۔ پیٹھ ٹوٹ جانا کمزور ہونا ۔ صفدر فوقانی بار دنیا سرکہ او بر سر نہاد + گرنش خم گشت و پشت اش شکست ۔

پشت کمان ۔ مشہور و معروف ہے ۔ میرزا صائب از چین جنبش دل عشاق دو نیم ست + کار دم شد شیر کند پشت کمانش ۔

پشت کمان بر کسی زدن ۔ پشت کمان سے مارنا ۔ علی رضا تجلی ۔ ابروانش از چشم مست نیمخواب + میزند پشت کمان بر آفتاب ۔

پشت گرم بودن ۔ کسی امداد سے دلجمعی ہونا ۔ محمد قلی سلیم نو بہ چون گل رعنائی خورم ز بہار + درین چمن کہ مرا پشت از خزان گرم ست ۔

پشت گرم کردن ۔ گرمی میں آنا سوار ہونا گھوڑے پر اور جولان دینا ۔ میر خسرو ۔ گھوڑے کی تعریف میں ۔ چون بعنانش گرم کردی پشت + گوش بر گردون گرفتی اندر مشت ۔

پشت لب بر زدن ۔ لبوں کو ہلانا حالت غرور و تکبر میں ۔ مولوی جامی ۔ چیست چندین عظمت و جبروت + پشت لب بر زدن و باد بروت ۔

پشت ناخن ۔ ناخن کی پشت تھوڑا مقدار ۔ طالب آملی ۔ مرہم طلب نہ ایم دگر نہ بمین عشق + یک پشت ناخن از دل ما بے خراش نیست ۔

پشت نرم کردن ۔ زد و کوب کرنا ۔ مارنا ۔ میر خسرو ۔ دریشان کند سنگ را پشت نرم + بہر سختیش را بانگشت گرم ۔

پشت نمودن ۔ ہزیمت کھانا بھاگ جانا ۔ سعدی سپاہی کہ بنمود در جنگ پشت + نہ خود را کہ نام آوران را بکشت ۔

پشت یافتن ۔ مدد پانا طاقت حاصل کرنا ۔ مولف گشت سرور در جہان گردن بلند + چون ز پشتیبان امت پشت یافت ۔

پشم دین ۔ پشم درین آقا ۔ یہ الفاظ اہل فارس مقام تحقیر و توہین میں استعمال کرتے ہیں ۔ ملا طغرا واند گمان کہ پشم دین آقائے + صد حیف کہ نیست در کلاہش پشمی ۔

پشم شدن ۔ متفرق و پراگندہ ہونا بیکار ہونا خراب و خستہ ہونا ۔ قطعہ گر بود دبا ہتر تار ہوے ریش فرعون لعین ۔ سبزہ و الماس و یاقوت و گہر آویختہ + غرق گردندش پس موسی چو در بحر عمیق + پشم گردد آن ریش و سلک گوہر از ہم ریختہ ۔

پشم کشیدن ۔ تفرقہ و پریشانی ڈالنا کھال پر سے اون اتارنا ۔ نظامی ۔ مصرع ۔ کشیدم پشم از خیل و سپاہش ۔

پشت آئینہ ۔ ہر چیز ناصاف و بیکار ۔ صائب ۔ آنکہ روزم چو پشت آئینہ کرد + میتوان دید رو در اندازش ۔

پشت افتادن بر چیزی ۔ پشت ہونا کسی کی طرف ۔ رضی دانش ۔ شاید ابروے فلک بہتر ازین رو باشد + پشت این آئینہ بر جانب ما افتادہ ست ۔

پشت دست گذاشتن پیش چیزی ۔ نہایت عاجزی و الحاح کرنا ۔ صائب ۔ پیش آن چشم سیہ دل میگذارد پشت دست + گرچہ خط بسیار زین کافر مسلمان کردہ است ۔

پشت گردن بر چیزے ۔ کسی چیز سے روگردانی کرنا کچھ تعلق نہ رکھنا ۔ ملا طغرا ۔ چو میدہ آن روے پر آب و تاب + کند ماہ نو پشت بر آفتاب ۔

پشت ماہی ۔ کنایہ اندھیری رات ۔ نظامی ۔ سواد کہ در روے سیاہی نبود + دگر بود جز پشت ماہی نبود ۔

باے پارسی با فاے

پف کاسہ گری ۔ کنایہ تھوڑی چیز اور کم مقدار ۔ میرزا صائب ۔ مے کند جام علاجش بہ پف کاسہ گری + ہر سرے بر خورد خام غبارے دارد + باقر کاشی ۔ آن دلبر کاسہ گر کہ چون حور و پری ست + جان و تن من ز شوق روے پش سفری ست + گر لب بلبم نہد زر و سر جان ۔ بابم + کارم موقوف یک پف کاسہ گری ست ۔

بائے پارسی با کاف

پک و چک ۔ ایک نقش کا نام ہے۔ شانی تکلو ۔ دیو لندنی (نسخہ علائکدہ)
جو ہر عزیز ملک ، کز بلای متعاران فساد + آن یکے پک پسند آن پک و چک

بائے فارسی با لام

پلاس در گردن کردن ۔ ماتمی لباس پہننا ۔ مرزا رفیع در مرثیہ شاہ عباس صفوی ۔ از مردن شاہ دین فلک خون گرد +
وز مہر فلک داغ بدل روشن کرد + در صبح عزا چرخ گریبان بدرید +
در ظلمت شب پلاس در گردن کرد ۔

پل بستن ۔ راستہ قائم کرنا راہ کھولنا ۔ ظہوری ۔ ز تار رشتہ پران نغمہ پرورده رود + کہ پل بستہ بر چشمہ سار سرود +

پل زدن و پل ساختن ۔ پل بنانا دریائی راستہ کھولنا ۔ فردوسی یکے پول دیگر بباید زدن + شدن را یکے راہ و باز آمدن ۔ میرزا صائب ۔ تم چو گرد دقد افراختہ میباید رفت + پل بر این آب چو شد ساختہ میباید رفت ۔

پل شکستن ۔ بے طاقت و بے بہرہ کرنا ۔ افضل الدین خاقانی
فلک پل بر دلم خواہد شکستن + کز آب عافیت بوے ندارم ۔

پل کردن ۔ پل بنانا پانی پر راستہ جاری کرنا ۔ استاد فرخی ۔
بر آب جیحون پل کردن گذارہ شدن + بزرگ معجزہ باشد و قوی برہان ۔

پل کندن ۔ پل بنانا دریا پر راستہ جاری کرنا ۔ ابو طالب کلیم
بلا بہ جادہ گرائی تند تلخ بیشتر ہست + کہ روز سیل ہمہ صرف کندن پل شد ۔

پلنگ افگن ۔ مرد شجاع و بہادر و دلیر ۔ ہندی گرو ہے پلنگ افگن و ملاحن + بمیدان جنگ آ و سی اہرمن ۔

بائے فارسی با نون

پنجۂ آفتاب ۔ سورج بسبب خطوط شعاعی کے کہ انگلیوں کی طرح ہیں پنجہ کے ساتھ مشابہت تمام ہے اسواسطے پنجۂ آفتاب کہا جاتا ہے ۔ امتیاز خان خالص ۔ ساده من از ضیا رخش بسکہ آب تاب شد سپہر چو بست عارضش پنجۂ آفتاب شد ۔

پنہان شکنج ۔ وہ چیز جسکے پیچ و تاب چھپے ہوے ہوں ۔ نظامی ۔ کمین کیسۂ خاک پنہان شکنج + کہ ہرگز بر دل نا ورد سر رنج
پنبہ دیگرے ریسمان پلیا زد ۔ دوسرے شخص کا کام کرتا ہے اپنے فائدے پر نظر نہیں رکھتا ۔

پنجۂ شمشاد و پنجۂ عرعر ۔ شمشاد و عرعر کی پتی ۔ سید حسن غزنوی
بسوزد آتش لالہ بدوزد ناوک غنچہ + ببرد خنجر سوسن بگیرد پنجۂ عرعر + میرزا صائب ۔ توت دست دعا گر دوند مے بہ گے زیاد + ہست در خشکی نشان نش پنجۂ شمشاد را ۔

پنجۂ گوہر ۔ موتی و جواہرات کی آب و تاب ۔ صائب ۔ ہر کہ وند تمید خود از ای گرہ گردید ماند + آب را از پنجۂ گوہر کشیدن مشکل ست

پنجۂ چنار ۔ چنار کی پتی کہ پنجہ کی طرح ہوتی ہیں ۔

پنجۂ خس ۔ تنکے کا پنجہ جو مشہور ہے ۔ صائب ۔ غیرت اگر قرار بجا نشستگی دہد + داماں گل بہ پنجۂ خس میتوان گرفت ۔

پنبہ در گوش ۔ غافل و بے خبر و ناشنوا ۔ مولف ۔ مدام گوش شنید بر تقریر ناصح ۔ چو باشد مرد غافل پنبہ در گوش ۔

پنجۂ تاک ۔ انگور کا پتا جو پنجہ کی صورت پر ہوتا ہے ۔ صائب ۔ از آن شراب مرا شیر گیر کن ساقی + کہ ہمچو پنجۂ شیر ست پنجۂ تاکش ۔

پنجۂ گل و پنجۂ لالہ ۔ پھول کی پتی ۔ رضی دانش ۔ بکن اے باغبان منعم چہ تاراج آید از دستی + کہ از سستی بروز پنجۂ گل بر نمی آید ۔ ملا طغرا ۔ باویزش سنبل زلف خویش + نہد شانہ از پنجۂ لالہ بیش +

پنبہ از سر مینا برداشتن ۔ روئی صراحی کے منہ سے اتارنا
ملا قاسم مشہدی ۔ مغز سوده سوخت زان آتش کہ در سر داشتم +
از سر مینائے عشق این پنبہ را برداشتم ۔

پنبہ از گوش بیرون کردن ۔ ہشیار رہنا باخبر ہونا ۔ صائب ۔
پنبہ از گوش برون کن کہ بنا گوش سپید + دم صبح ست کہ صبح دوم آن کفن ست ۔

پنبہ از مینا برگرفتن ۔ روئی صراحی کے منہ سے لے لینا یعنے اتار لینا ۔ میرزا صائب ۔ کہ ساقی میشود صائب درین محفل نمیدانم + کہ جوش می ز شادی پنبہ بر میگیرد از مینا ۔

پنبہ بر چشم گرفتن ۔ آنکھوں پر روئی رکھنا ۔ ملا طغرا
نگیرد خوش پنبہ بر چشم خویش + کہ از کثرت گریہ گردید ریش ۔

پنبہ بگوش فرو نہادن ۔ کانوں میں روئی رکھنا ۔ عرفی
اگر نصیحت عرفی بسمع بنشینی + بگو پنبہ فرو نہ کہ سر بسر لاف ست

پنبہ در گوش افگندن ۔ کانوں میں روئی ڈالنا ۔ نجشبی
پنبہ از گوش خود باید فگنده تا جز از ذکر تو دیگر نشنود

پنبہ در گوش کردن ۔ کانوں میں روئی رکھنا ۔ سعدی

پنبہ ام در گوش کن تا نشنوم + یا دری بکشا سے تا برون روم۔

پنبہ دہان ۔ کم گو و کم سخن آدمی ۔ خواجہ میر خسرو چراغ کی تعریف میں ۔ پنبہ دہانی بزبان دراز + با ہمہ کس گرم سر و سوز ساز +

پنبہ رشتن ۔ سوت کاتنا ۔ قاسم مشہدی ۔ ہر پنبہ کہ از زمین ما رست + رشتند ش و در رشتہ کفن نشد ۔

پنبہ شدن ۔ متفرق و پریشان ہونا ۔ میر خسرو ۔ پنبہ کنم نشکر شان را چنان + کز تن شان پنبہ شود استخوان ۔

پنبہ کردن ۔ متفرق و پریشان کرنا ۔ میرزا صائب ۔ پنبہ ساز م از طپیدن رشتہ ہائے دام را + کوہ و صحرا رم کند از سایۂ نخچیر من ۔

پنبہ نہادن ۔ فریب دینا اور راضی کرنا ۔ نورالدین ظہوری بجذب امر کشی حرف از زبان سکوت + بدست امر نہی پنبہ در دہان صدا

پنجہ افگندن ۔ پنجہ ڈالنا زور کرنا ۔ محسن تاثیر ۔ ساعدش افگندہ پنجہ + بازوے ہلال گشتہ رنجہ ۔

پنجہ الماس تافتن فولادی پنجہ کو مروڑنا ۔ صائب ۔ فراچون مہر تابان داغ دارد آسمان چشمی + کہ تابد پنجۂ الماس را مژگان تر ز بیش ۔

پنجہ انداختن ۔ پنجہ ڈالنا زور آزمائی کرنا ۔ محمد جان قدسی ۔ خشم از مژہ گو دور کہ شستن پنجہ مند از بہر گرہ نکند شانہ کسے موے میان را ۔

پنجہ بخون کسی تر کردن ۔ کسی کو قتل کرنا مارنا ۔ طالب آملی ۔ باغ و بہار خویش را نا بی آب دادہ ایم + کیست خزان کہ تر کند پنجہ بخون تاک ما ۔

پنجہ بردن ۔ پنجہ لیجانا غالب ہونا ۔ صائب ۔ آہستہ روے پیشۂ خود ساز کہ آب + پنجہ ز سوزان بہ دارا ببرد ۔

پنجہ بر روے کسی زدن ۔ کسی کے منہ پر طمانچہ لگانا ۔ سعدی ۔ زن فشوخ چون دست در قلتہ کرد + بگو بزن پنجہ بر روے مرد ۔

پنجہ بلند کردن ۔ مارنے پر مستعد ہونا ہاتھ اٹھانا مارنے یا سخاوت کے لیے ۔ میرزا بیدل ۔ عاجز نہیا لرد سیا پنجۂ قاتل بلند + ہنسود دست کرم یا نالۂ سائل بلند ۔

پنجہ بند کردن ۔ ہاتھ بند کرنا مقابل کھولنے کے ۔ ابوطالب کلیم ۔ پنجہ ام را بگریبان کفن بند کنید + کہ ہنوزم ہوس جیب یدن باقیست

پنجہ پیچیدن و پنجہ تافتن ۔ زور کرنا پنجہ مروڑنا ۔ حزیں و نیش والہ ہروی ۔ چو موج از سوز دل ہر دم بروی آب می پیچم + بشرط

بیقراری پنجۂ سیماب می پیچم ۔ محسن تاثیر ۔ کردہ لب شیشہ چون پری لعل لب شراب را + تافتہ مہر عارضت پنجۂ آفتاب را +

پنجہ دادن ۔ پنجہ دینا زور دینا مدد کرنا ۔ والہ ہروی ۔ در خصم ربا سے ز اجل دست رباید + در معرکہ گر پنجہ دہی ساق بکیم را ۔

پنجہ در آہن گرفتن ۔ پنجہ کو آہن پوش کرنا ۔ قاسم مشہدی ۔ بگو قاسم طبیبم را کہ گیرد پنجہ در آہن + کہ تندیہای نبضم نیشتر بر بستر اندازد ۔

پنجہ در پنجہ کسی آوردن و افگندن و داشتن ۔ و کردن معانی ان سیاق و رابطہ کے معلوم ہیں ۔ میرزا صائب دل شیرین غبار آلود غیرت میشود صائب + وگرنہ پنجہ در پنجہ فرہاد میکردم ۔ طالب آملی ۔ داغم از محرمی شانہ کہ ہر دم گستاخ + پنجہ در پنجۂ آن زلف پریشان دارد + نورالدین ظہوری ۔ اشک عقیقی از بن مژگان ہمی کشم + تا پنجہ بہ پنجۂ مرجان در افگنم ۔

پنجہ در حنا کردن ۔ ہاتھوں پر مہندی باندھنا ۔ صائب بسکہ ز دیدہ ریختم خون دل خراب را + گریہ گرفت در حنا پنجۂ آفتاب را ۔

پنجہ دریدن ۔ پنجہ پھاڑنا پنجہ توڑنا ظہوری ۔ گریۂ او دجلۂ ہامون نورد + نالۂ او پنجۂ گردون درست ۔

پنجہ فرو بردن ۔ ہاتھ ڈالنا پنجہ ڈالنا ۔ صائب ۔ سردی ست قامت تو کہ از جائے میکند + در ہر دلی کہ پنجہ فرو برد ریشہ این ۔

پنجہ شکستن ۔ پنجہ توڑنا مغلوب کرنا ۔ مقتی حیدر ۔ ساعد سیمنقش قدر سیم برد + پنجۂ او پنجۂ مرجان شکست ۔

پنجہ کندن ۔ پنجہ شکستن پنجہ توڑنا ۔ اوحدالدین انوری ۔ پنجۂ تمنش ببرد دیدہ تیہو از شاہین + لقوتش بکند پنجۂ روبہ از زیبال ۔

پنجہ گرفتن ۔ پنجہ پکڑنا ہاتھ پکڑنا ۔ والہ ہروی خطاب با آفتاب ۔ از لست چنار را دلیری + با باز ہمیشہ پنجہ گیری ۔

پنجہ گسستن ۔ پنجہ توڑنا مغلوب کرنا ۔ طالب آملی ۔ بر براق برق گر گردم سوار + پنجہ برق از عنانم نگسلد ۔

پنجہ مرجان ۔ مرجان کی شاخیں جو پنجہ کی شکل پر ہوتی ہیں اور حنائی پنجہ کے ساتھ اسکو تشبیہ دیتے ہیں ۔ صائب

بیہودہ دست بردل ما مینہی اے طبیب + با شور بحر پنجۂ مرجان چہ میکند۔

پنجہ سرو - برگ سرو یعنی سرو کے پتے **صائب** - درگلستان فشود پنجۂ دل باز مرا + پنجۂ سرو بود پنجۂ شہباز مرا۔

پنجہ زدن باکسی - پنجہ ڈالنا کسی کے ساتھ **طالب آملی** - در نظارہ بہ نسیم چکنم کز سر عجز + پنجۂ نازکی خوے تو نتوانم زد۔

باے فارسی با واو

پوست پوشیدن - مفلس و تنگدست و نادار و لاغر و بینوا ہونا فقیر ہونا، شوق ہونا **۔** پوست پوشیدن بود بہتر ترا + زین تن پر گوشت و این فربہی۔

پورسبکتگین - سلطان محمود غزنوی **ملا شانی تکلو** - رخ ایاز چو محمود دید با خود گفت + کہ پادشاہی پور سبکتگین این ست۔

پوست از تن بردن - چمڑا بدن سے اتارنا **حسین ثنائی** - گرش نہ سر زدن آفتاب لطف پوست + چو ژالہ آب چہ ریزد ز استخوان کوہسار۔

پوست از سر کشیدن و از فرق کشیدن - چمڑا سر سے اتارنا کھال اتارنا **نورالدین ظہوری** - بیگ سا غوم گر کنی شیر گیر + کنم پوست از فرق این گرگ پیر۔ **ولہ** - شب غصہ را پوست از سر کنم + کتانش بمہتاب ساغر کنم۔

پوست افگندن و انداختن - نہایت خوف کرنا ڈرنا۔ رعب میں آنا **سالک یزدی** - کراست زہرہ کہ بر صدر عشق بنشیند + کہ پوست افگند از ہیبتش پلنگ اینجا **میرزا طاہر وحید** - ستم وارد از سخن سازان یکیتی ہر کہ ہست + پوست انداز لیست چون مار زبان ہمسایہ ہست۔

پوست بر پیکر تنگ و پارہ شدن - اپنے جسم پر پوست بھاری ہوجانا **صائب** - در جنون گر پوست پوشی کرد مجنون اختیار + پوست از جوش جنون بر پیکرم پارہ شد **ولہ** - تا بمغز سخن افتاد گرہ صائب + پوست بر پیکر من تنگ تر از پستہ شدست

پوست بر تن دریدن و شگافتن - جسم پر چمڑا پھاڑنا اور شگاف دینا **صائب** - خون ز غیرت بر وجودم پوست بر تن میدرد + تا لب زخم کہ آغوش دگر سیراب کرد۔ **ولہ** - غنچہ با دست نگارین پوست بر تن میشگافت + تو ز مستی ہمچنان زندانی پیراہنے۔

پوست بر دل بستن - نقاب بر چمڑا چڑھانا **مسیح کاشی** - فلک بشادی ما قرعہ زد کنون وقت ست + ز بیضۂ دل غم پوست بر دل بستن۔

پوست بیرون کردن - پوست اتارنا کھال اتارنا **میر خسرو** - دشمنانت را فلک دم داد و بیرون کرد پوست + این کند آری قصابی کہ بزرا بردمید۔

پوست درہم دریدن - جھنجلانا ناخوش ہونا غیبت کرنا عیب پکڑنا **ظہوری** - خلق را پوست چہ درہم درہم از بے مغزی + ہیچ کارے بہ ازین نیست کہ درویش اقتد۔

پوست دریدن - ظاہر کرنا کسی امر مخفی کا **سعدی** - نہ ماند راہم بدرند پوست + کہ سرگشتہ وخیبت برگشتہ اوست + گرش تیر اقبال بودی دہم + زبان نرانندی ز شہر شرم بشہر۔

پوست کندن - چمڑا اتارنا کھال نکالنا برا ہونا غیبت کرنا طعنہ مارنا **نورالدین ظہوری** - بد ذات چو سازد سر نکتہ بند + تو اندز سر مغز صد پوست کند۔

پوست گذاشتن - اپنا چمڑا چھوڑنا ڈرنا خوف کرنا اندیشہ میں ہونا **مرزا باقر تبریزی** - نے خون شود جدا زلبت در پیالہ ام + نے ہمچو مار پوست گذارد ز نالہ ام۔

پوستین بگازر دادن - دھوبی کو دھونے کے لیے پوستین دینا بیوقوفی کا کام کرنا **میر معزی** - کے شود غرہ بگفتار مخالف چون تو ئی + مرد دانا کے دہد ہرگز بگازر پوستین۔

پوستین دریدن - کسی کا عیب یا امر مخفی ظاہر کرنا **فخر گیلانی** - گفتمی ہر کہ نام من شنیدی + بز نشتی پوستین بر من دریدی۔

پوشیدن - پہننا چھپانا بند کرنا **مخلص کاشی** - یا تا رفت از نظر مژگانم از ہم وا نشد + تا برون رفتہ ست صاحبخانہ در پوشیدہ است **شفیع اثر** - دوستان را کسوت تجرید میپوشد خدا + شادی بخشد بخاصان خلعت پوشیدہ را **انوری** - ابر عدلت کہ عاقبت مطرست سایہ بر کائنات پوشیدہ۔

پوستین پیرائی - چمڑا رنگنے والا دباغت دینے والا چمڑے کو **انوری** - لشب دروز نشان سپار کہ نیست + زین ناتر در پوستین پیرائے۔

باے فارسی با ہاے

پہلو چرب - موٹا فربہ چربی دار دولتمند دیوانہ **بلا غرنہ** - پردازد اہل طمع + کہ از پہلوے چرب و چربے خورد **ملک قمی**

در سوز گار پہلوے حزنی زگس ندید + دایم بود بگیدن انگشت کار شمع

پہلو دار - فربہ - دولتمند - کریم - جوانمرد - ثابت و پائدار اور وہ تقریر جو ذو معنی ہو - **ظہوری** - روزگارے ست کہ زابنائے زمان غیر سخن + ہیچکس را نشنیدم کہ بود پہلو دار -

پہنائی عمر - حسن معاش و آسودگی زندگی کی - **نور الدین ظہوری** - ما بہ پہنائی عمر افزودیم + خضر گر سعی در درازی کرد +

پہلوانی دادن - اعتبار بڑھانا بزرگی دینا اعزاز بخشنا **نظامی** چو بربارگی کامرانیش داد + ہم پہلوے پہلوانیش داد -

پہلو تہی کردن - الگ ہونا جدا ہونا پرہیز کرنا کنارہ پکڑنا اکیلا ہونا - **طالب آملی** - پہلو تہی ز نکہت گل میکند مشام + اب کہ در بران بت مشکین کلالہ بود -

پہلو خوردن - تکلیف یا صدمہ اٹھانا **ملا طغرا** پہاڑ کی تعریف میں - زموج لالہ از سنجق رود پہلو + بود راہش بصد باریکی مو -

پہلو دادن - امداد دینا اعانت کرنا نفع پہونچانا - **ابو طالب کلیم** در پناہ عارضت خط ملک خوبی را گرفت + دشمن خود را چرا کس اینقدر خوبی دہد -

پہلو دریدن - زخم پہونچانا تکلیف دینا زخمی کرنا کسی کو **نظامی** درم پہلوئے پہلوانا بہ تیغ + خورم گردہ گرد مان بہیدریغ -

پہلو دزدیدن - باز رکھنا اپنے آپکو کسی چیز سے اس طریق سے کہ کسیکو اسپر اطلاع نہو - **طاہر غنی** - بغیر از تکیہ ام کز سیم و زر دزدید پہلو را + غنی از پہلوئے من ہر تہیدستی تونگر شد -

پہلو زدن - ہم پایہ و ہمرتبہ ہونا پاس بیٹھنا - **ظہوری** تا بشش بر سر و پہلو میزند + پیش رویش لالہ زانو میزند - **صائب** - ندارد کوتہی در دلربائے زلف زان عارض + کہ چون مصرع رسا افتد بدیوان میزند پہلو -

پہلو زن - برابری کرنے والا ہمرتبہ و ہم پلہ **نظامی** - نیاز رد کس را ز گردن کشان + پدید آورید امنی را نشان - دگر نیز پہلو زنے را بکشت + از و بہتری را قوی کرد پشت -

پہلو نہادن - سونا دراز ہونا بستر پر - **ابو طالب کلیم** - بکنج گلخنم نے بستر ے باشد نہ بالینے + چو خاکستر بر انگرمی تنم پیوستہ پہلو را -

پہلو بہ پہلو - پاس پاس بہت نزدیک - **امیر شاہی** آنکہ پہلو میزند سرباہ نو ابروے تست + تاکیش با دیگران پہلو بہ پہلو

نبگرم -

باے فارسی با باے

پیالہ دست - دایم الخمر جو ہمیشہ شراب پیا کرے پیالہ اسکے ہاتھ میں رہے - **ملا طغرا** - از بادۂ عشق مست میباش + ہر وقت پیالہ دست میباش -

پیچیدہ دست - ناتوان و زبون جسکے ہاتھ کام نہ دے سکین سست و بیکار **نظامی** - بدین سست پایان و پیچیدہ دست + سکندر چہ لشکر تواند شکست -

پیکار پرست - مرد شجاع و بہادر و دلیر - **انوری** - روزیکہ چو آتش تہمہ در آہن فولاد + برباد نشیند سر بران جولانرا - از فتنہ درین سوے فلک جاے نہ بیند + پیکار پرستان نہ اہل راند امان را -

پیروزہ طشت - کنایۃً آسمان جسکا نیلگون رنگ ہے -

پیرایہ نہد و پیرایہ پوش و پیرایہ سنج - صاحب زیب و زینت و زیور و لباس - **نظامی** - با ئین آن مہد پیرایہ سنج + فرستاد چندین شتر بار گنج - **میر خسرو** - نکور و کہ زیور نہ بندد بگوش + بسے بہتر از زشت پیرایہ پوش - **ابو طالب کلیم** سپہر در ادلیم با پیرایہ بندخانہ است + رخنہ مانند قفس را یش کاشانہ ستک

پیر خرد یعنی پیر خردمند و پیر اہل خرد و دانا - صاحب عقل و ہوش **رضی دانش** - درین چمن کہ گلش بیش خیر صبحدم ست + بشرع پیر خرد خواب صبح عصیان ست -

پیادہ فرو کردن - پیادہ مامور کرنا بھیجنا کسی کام کے انجام کے لیئے **اوحد الدین انوری** - آنجا کہ یک پیادہ فرو کرد عزم تو + نتوان گرفت بہ نیروے یک سوار -

پیادہ نہادن - حقیر و زبون قصور کرنا **نظامی** - فرس افگند جوش من پیل را + رخ من پیادہ نہد پیل را -

پیچیدگی زبان - لغزش کھانا پھسلنا زبان کا گفتگو کے وقت اچھی طرح سے بول نسکنا - **میرزا رضی دانش** - تا ہست حرف زلف تو سر داستان ما + پیچیدگی برون نرود از زبان ما -

پیچیدن - پیچ دینا اور پیچ کھانا - **صائب** - بجوش سینۂ من نبرنیامد مہر خاموشی + کہ زور بادہ ام قفل در مینہ نمے پیچد -

پیش پائے کسی برخاستن تعظیم کو اٹھنا **محسن تاثیر**

سپیدہ دم مہ من چون زخواب برخیزد + بہ پیش پاے زخش آفتاب برخیزد +

پیش رفتن - آگے ہونا سبقت لیجانا - میر خسرو - نان دو قدیم بگرد و جہان پیش رفت + گرچہ پس آمد زہمہ پیش رفت -

پیش کسی ریش داشتن - عزت اور حرمت رکھنا محسن تاثیر - چو بے زر پیش کس ریشی ندارد خواجہ جا دارد + کہ چلبے سکہ مردی شمارد سکہ زر را -

پیش کشیدن - مسخرا بنانا حساب و کتاب مین پکڑنا نذر و پیشکش گذراننا یحیی کاشی - مجنون سادہ لوحی خویشم کہ نوخطان + گاہے براے خندہ مرا پیش میکشند محسن تاثیر - شوخیے زلف کجت خوار کند سوسن را + میکشد پیش ز آئینہ رخت گلشن را - ملا وحشی - چہ رخ گویدچہ کشم پیش تو در ہاے نجوم + درز وا یاے ضمیر تو ازین بسیار ست -

پیش گرفتن - سد راہ ہونا جانے نہ دینا - حافظ - دل رمیدہ ما را کہ پیش میگیرد + خبر دہید بمجنون خستہ از زنجیر -

بیکار بودن و رفتن - کسی کام مین مشغول ہونا - دارابیگ جویا - تا چند رود دل پے کارے کہ ندارد + تا کے بدود آوارہ پے یارے کہ ندارد -

پیمان شکن - پیمان گسل - بدعہد جو اپنے اقرار و عہد پر قایم نرہے صائب - فریب وعدہ او گرچہ صائب بارہا خوردم ہمان خوشوقت از پیمان آن پیمان گسل گردم -

پیمانہ کشیدن - شراب پینا پیالہ پینا - محمد قلی سلیم - در عشق دل پیالہ چو مستانہ میکشد + در آتش ست لالہ و پیمانہ می کشد -

پیمانہ لبریز شدن - پیالہ بھر جانا - دور ختم ہونا محسن تاثیر - در آرزوے تو پیمانہ اش شود لبریز + کسے کہ کرد ترا دست دیگر گستاخ -

پیمانہ نوشیدن - پیالہ شراب کا پینا - میرزا معز فطرت - نمیدانم کجا پیمانہ نوشید کہ باز امشب + کباب دل نمک سود از نگہ شست مہتابش -

پیمودن - ناپنا اندازہ پکڑنا طے کرنا - نورالدین ظہوری - چون بیادت شراب پیمایم + درد اگر لودہ ناب پیمایم + گریہ در جگر لبشو رانم + نمکے برکباب پیمایم -

پینہ بستن - بند ہوجانا سنگ نر و مادہ کا وقت جفت ہونے کے صائب - بر کہن سال شعر تازہ مخوان + کہ دل پینہ بستہ میدارد -

پیوست کردن - پیوند کرنا ایک درخت کا دوسرے سے جوڑ لگانا ملانا - علی نقی - درخت عیش ما پیوستہ بار درد و غم آرد + کند گر بوستان پیرا ز شاخ جلد پیوستش -

پیہ آوردن - چربی پیدا ہونا آنکھ وغیرہ پر اگر آنکھ پہ پیدا ہو تو انسان اندھا ہوجاتا ہے محسن تاثیر - بعد عمرے کہ شب آن مہ محفل آرائی نست + پیہ گر چشم رقیب آرد چراغم روشن ست -

اردو - کیون نہین دیکھتا میری حالت - شاید آنکھون پہ چربی چھائی ہے -

پیہ گرگ بر پیرہن مالیدن - فریب و خدعہ کرنا صائب - پیہ گرگ ست کہ بر پیرہنم میمالند + دست چربی کہ کشیدند عزیزان بسرم +

پیہ خود در چراغ سوختن - اپنی چربی چراغ مین جلانا اپنی دولت کسی کام مین خرچ کرنا محسن تاثیر - از پر تو دل ست جلاے دماغ من + سوز د زپیہ خویش چو گوہر چراغ من - زلالی - من آن چراغ گرانمایہ ام کہ شب تا روز + ز پیہ خویش فروزم چو گوہر شہوار -

پیراستن - آراستہ کرنا زیب دینا سنوارنا چمڑے کو دباغت دینا درخت کی فضول شاخون کو کاٹنا بڑھے ہوے بالون کو کم کرنا -

پیر شدن عضو - بوڑھا ہوجانا عضو کا جو پانی مین رہنے کے سبب عضو پر شکن پڑ جاتی ہین اور سفید ہوجاتا ہے چنانچہ دھوبیون کے ہاتھون کی یہی حالت ہوجاتی ہے محسن تاثیر - وصلے از لفقہ روشندلان دلگیر میگردد + کہ پا در آب چون بسیار ماند پیر میگردد +

پیادہ رو - پیادہ چلنے والا جو سوار نہو - والہ ہروی - در خفر تنش اندعلو پایہ + ارواح پیادہ رو چو سایہ -

پی پیر کردہ - بفتح باے تازی مرد کار آزمودہ گرم و سرد زمانہ چشیدہ جہاندیدہ لایق و دانا و ہشیار - میر محمد علی رایج - کفش پاے ناقہ ات از رشک ملبوس شد بجک + چون صبا ہرگز ندیدم رندے پی پیر کردہ -

پیشانی گشادہ - آدمی خوش خلق و نیک خو و خوش مزاج خندہ پیشانی - میرزا رضی دانش - مہمان چراغ کلبہ ویرانہ من ست + پیشانی گشادہ در خانہ من ست +

چوتھی فصل

اردو کے محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

پاے فارسی با الف

پابند ہونا - مقید ہونا گرفتار ہونا - تابعدار ہونا - ذمہ دار و ثابت قدم ہونا مضبوط و برقرار و قایم رہنا - **مولانا اکبر لاہوری** - دام گیسو کے جو ہوے پابند + وہی دن رات مار کھاتے ہین -

پابوس ہونا - پانون چومنا قدم لینا قدمبوس ہونا - **نعتیہ** - سران دہر کا سردار بن جائے + جو ہو اس سرور عالم کا پابوس

پاپ بساتا یا مول لینا - پرائی بلا اپنے سر لینا - ناحق کے جنجال مین پڑنا عذاب مول لینا -

پاپ چڑھنا - دوش لگنا گناہ و عذاب ہونا -

پاپڑ بیلنا - سخت محنت و مشقت کرنا تنگی سے اوقات بسر کرنا مصیبت بھیننا دن کاٹنا -

پاپ کاٹنا - فیصلہ کرنا جھگڑا چکانا آفت و مصیبت سے رہائی پانا -

پاپ کرنا - گناہ کرنا خدا کی نافرمانی کرنا خدا کے حکم کے خلاف کرنا - **مولف** - گنہ کرتا ہی جتنے اور جتنے پاپ کرتا ہی نہین الزام شیطان پر کہ انسان آپ کرتا ہی -

پاپ کمانا - گناہ کرنا گنہ کے ذریعہ سے روپیہ پیدا کرنا ممنوع عمل کو عمل مین لانا -

پاپ کے پوٹ سر پر رکھنا - گناہ کی گٹھری بہت سے گناہ سر پر لینا - **حکیم محمد انور لاہوری** - دھر کے سر پر آدمی دنیا سے کیا لیجا سکا + گو کرا بدنامون کا پوٹ اپنے پاپ کا -

پاپ لگانا - الزام لگانا بدنامی دینا تہمت لگانا دوش دینا **صفدر نوشاہی** - گنہ کر لیے ہو خود الزام دھر دیتے ہو شیطان پر + ہی کیا انصاف اپنا پاپ غیرون کو لگاتے ہو -

پاپ لگنا - مصیبت مین پھنسنا عذاب مین گرفتار ہونا - آفت مین آنا - **قطعہ از مولف** - خدا ہمکو بھلا یاد آ گیا کے ذکر + کہ دل دام تعاق مین پھنسا ہی + نہین ممکن کہ چھوٹین مرتے دم تک + یہ ایسا پاپ ہمکو لگ گیا ہی -

پاپوش پر مارنا - جوتی پر مارنا ٹھوکر لگانا پروا نکرنا خاطر مین نہ لانا -

پاپوش کے برابر نسمجھنا - جوتی کے برابر نجانتا کچھ قدر نکرنا نہایت ذلیل سمجھنا -

پاتک لگنا - الزام لگنا عیب لگنا ناپاک ہونا نہلانے کے لایق ہونا -

پاٹنا - بھر دینا کسی گڑھے یا چاہ کو مٹی سے بند کر دینا بھر دینا

پادبند ہونا - ہوا بند ہونا - دہشت کھانا خوف مین آنا سٹ پٹا جانا -

پارہ ملانا - کسی چیز مین پارہ بھر دینا - وزنی کرنا بھاری کرنا - بوجھل کرنا -

پار اتارنا یا لنگھانا - دریا سے لنگھانا عبور کرانا کام پورا کر دینا انجام تک پہونچانا خاتمہ کرنا - **نعتیہ از مولف** - نبی نکالینگے گرداب غم سے بندون کو + رسول پار اتارینگے بحر آفت سے

پار اترنا - دریا سے عبور کرنا پرلے پار ہو جانا کامیاب ہونا پورا ہونا مطلب پانا ع دریاے غم سے پار اترنے کے واسطے تیغ خمیدہ یار کی ہوے کا پل ہوا -

پار بسانا - بس چلنا امکان مین ہونا ممکن ہونا قادر ہونا قابو مین ہونا -

پار پانا - انت کو پہونچنا مغز سخن کو پانا مطلب تک پہونچ جانا -

پار پڑنا - پار ہونا تمام ہونا پورا ہونا ہو چکنا ختم ہونا -

پار کرنا - دوسرے کنارے پر پہونچانا بیدھنا چھیدنا آر پار کرنا پورا کرنا - **مدحیہ** - بن کے ملاح غوث محی الدین + میری کشتی کو پار کرتے ہین -

پارہ پارہ کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا ریزہ ریزہ اڑانا -

پارہ پارہ ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا دھجیان اڑنا -

پاسا پڑنا - داؤن آنا یا نکلنا نیک اتفاق ہونا بازی جیتنا -

پاسا پلٹنا - داؤن کا ٹھیک نہ آنا بازی ہار جانا زمانیکا انقلاب ہونا تدبیر کے برخلاف وقوع مین آنا -

پاس آنا - نزدیک آنا قریب آنا - **مفتی حیدر** - بھاگ جاتے ہین غیر جتنے ہین + یار جب اپنے پاس آتے ہین -

پاس بیٹھنا - نزدیک بیٹھنا صحبت مین رہنا - **مولانا اکبر** - جانا بُرون کی صحبت بد مین نہ دیکھنا + مت ملنا ایسے لوگون کے مت پاس بیٹھنا -

پاس بیٹھنے والا ـ ہمنشین ندیم مصاحب ساتھی سنگی صحبتی دوست جلیس ـ **قطعہ از مولف** ـ چارہ گر جو طبیب حاذق ہو + مت چھپاؤ تم اُس سے حال اپنا + اپنے ہمدم سے کہدو حالت دل + اور جو ہو پاس بیٹھنے والا ـ

پاس جانا ـ نزدیک جانا نزدیک رہنا قربت کرنا ملاقات کرنا ـ **قطعہ** بن کے بلبل جو موسم گل مین + گل رنگین کے پاس جاتی ہے + جب خزان کا زمانہ آتا ہے + دیکھو دیکھو اسکو خار کھاتی ہین ـ

پاس کرنا ـ رعایت کرنا طرفداری کرنا لحاظ کرنا خاطر داری کرنا ـ ترقی کرنا ـ **صفدر فوقانی** ـ آہ گل چین نے پھول توڑ لیے ـ کیون نہ بلبل کا اُسنے پاس کیا + میر عشق مین ہم ہوے نہ دیوانے قیس کی آبرو کا پاس کیا ـ

پاسا پھینکنا یا پاسا ڈالنا ـ قمار بازی یا چوسر مین کعبتین پھینکنا ـ **حسن دہلوی** ـ کعبتین چشم گردانی و بازیہا دہی + تو حریف شوخ جیسے پاتو نتوان باختن ـ

پاش پاش کرنا ـ ٹکڑے ٹکڑے کرنا پرزے پرزے کرنا ـ **مولانا اکبر لاہوری** ـ ایسا غم جدائی کا دلیر خراش ہے + دل جس سے ٹکڑے ٹکڑے جگر پاش پاش ہے ـ

پاشویہ کرنا ـ بیمار کی ٹانگون اور پیرون کو دوائی کے جوشاندہ مین دھونا واسطے اُترنے بخارات دماغی کے سرسام اور دردسر مین یہ عمل کیا جاتا ہے ـ

پاک کرنا ـ صاف کرنا میل دور کرنا ـ دھونا ـ **حکیم محمد انور لاری** ـ ہو آلہی میری خاک کو پاک کرنا + بری غم سے یہ جان غمناک کرنا ـ

پاکھنڈ پھیلانا ـ فریب پھیلانا جھوٹ موٹ دل بن بیٹھنا دھوکا دینا ـ **شعر** ـ پند دیتا ہے ہمین اور خود عمل کرتا نہین + ناصحا یہ مکر ہے دھوکا ہے اور پاکھنڈ ہے ـ

پاک ہونا ـ غسل جنابت کرنا حیض کے بعد عورت کا نہانا پلیدی اُتارنا نجاست دور کرنا غلاظت دھونا ـ **مولف** ـ ہاے رشک اپنا نامۂ اعمال دھلوانا + غلاظت دور کرنا اپنے دل کی پاک ہوجانا ـ

پاکی لینا ـ موے زہار مونڈنا اُسترہ لینا ـ

پالا پڑنا ـ معاملہ پڑنا واسطہ پڑنا بس مین آنا ـ

پالا ڈالنا ـ سابقہ پڑنا تعلق ہونا قابو مین آنا ـ **مونس** ـ وابستگی جو ہے کسی زلف دوتا کے ساتھ + پالا پڑا ہے آہ مرا کس بلا کے ساتھ ـ **مولف** ـ خدا بیرحم سے پالا نہ ڈالے + بتون کے ہاتھ سے ہمکو بچالے ـ

پالتی لگانا ـ پانی مین تیرنا پالتی ایک قسم کی تیرائی کا نام ہے اور تیراک چارزانو پانی پر بیٹھکر تیرتا ہے ـ

پالتی مار کر بیٹھنا ـ چارزانو ہوکر بیٹھنا ـ

پالکیون کو پٹوانا ـ پرورش کرنے والون کو گالیان دلوانا برا کہلوانا

پال ڈالنا ـ خام آمون وغیرہ میوون کو بھوسی مین دباکر پکانا اصل یہ لفظ پوال ہے جو دھان کے بھوسی کو کہتے ہین ـ

پالنا ـ پرورش کرنا تکمیل کو پہونچانا ـ **مولف** ـ اُس خداوند جہان کے ہاتھ ہے + سب کو پیدا کرنا سب کو پالنا ـ

پان چیرنا ـ بے فائدہ کام کرنا وہ کام کرنا جس سے کوئی فائدہ نہو ـ

پان دینا ـ پان کھلانا پان کی تواضع کرنا ـ

پان کرنا ـ سوت کو مانڈنی دیکر تانے کرنا ـ

پان کھلانا ـ پان دینا بیڑا پان کا دینا ـ

پانی اُتر آنا ـ بارش شروع ہونا نزول الماء کی بیماری ہونا نظر کا غبار ہوجانا ـ **شعر** ـ خاکساری پر نظر رکھتا نہین کسواسطے ـ پانی اس خاکی کی آنکھون مین اُتر آیا ہے کیا ـ

پانی اُترجانا ـ دریا کی طغیانی موقوف ہونا بہاؤ نکل جانا موتی کی آب جاتی رہنا آئینہ کا پارہ خراب ہوجانا آدمی کا بیشرم و بے لحاظ ہوجانا ـ **شعر** ـ رہیگی کب گہر کی اصل قیمت + اگر اُسکا اُترجائے گا پانی ـ

پانی اُٹھانا ـ پانی کو بہت خرچ کرنا پانی جذب کرنا چوسنا سوکھنا

پانی اُٹھنا ـ پانی خرچ ہونا کام مین آنا ـ

پانی آنا ـ بارش آنا بارش کا سامان دکھائی دینا دریا مین طغیانی ہونا آنکھ یا ناک سے پانی آنا ـ

پانی باندھنا ـ پانی کو بذریعۂ بند روک دینا ـ **مولف** ـ روکنے سے کس طرح بادل کا رک سکتا ہے جوش + دیدۂ گریان کا کب ممکن ہے پانی باندھنا ـ

پانی بجھانا ـ چاندی لوہے یا اینٹ کو گرم کرکے پانی مین سرد کرنا تاکہ پانی کی خارجی رطوبت جل جائے ـ

پانی برسنا یا پانی پڑنا ـ بارش ہونا مینھ برسنا ـ

پانی بھرنا ـ کنوئین سے پانی نکالنا گھڑے مین بھرنا پانی لانا کی

خدمت پر مامور ہونا۔ **صفدر رفو قانی** ۔ یہان تک ہی ہمارے دیدۂ خونبار کا رتبہ + کہ ابر تر بھی صبح و شام انکا پانی بھرتا ہے۔ **معروف** ۔ غلط ہے دیدۂ تر سے جو ہمچشمی کرے شبنم + مرا رونا اگر دیکھے تو بھرے پانی بھرے شبنم ۔

پانی پانی کرنا ۔ پسینے پسینے کرنا۔ تھکا دینا۔ شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا۔ غیرت دلانا۔ پیاس کی حالت مین بار بار پانی مانگنا۔

پانی پانی ہونا ۔ پتلا ہونا۔ رقیق ہونا۔ نادم ہونا۔ **ناسخ** ۔ وہ پانی پانی ہوا شرم سے تو محفل مین + بہا کے اشک ہوا کیا ہی انفعال مجھے ۔

پانی پانا ۔ حاملہ ہونا۔ پیٹ رہنا۔ بچہ دینا ۔

پانی پر بنیاد ہونا ۔ ناپایدار ہونا۔ بے بنیاد ہونا۔ خام ہونا۔ **مولف** ۔ تمام کچھ نہین قیام زندگانی کو + کہ حق نے رکھی ہے بنیاد اسکی پانی پر ۔

پانی پڑنا ۔ بارش ہونا۔ مینھ برسنا۔ بالغ ہونا۔

پانی پھر جانا ۔ ڈوب جانا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ خراب ہونا۔ رنگ نکل آنا۔ رونق پڑ آنا۔ نازگی پرآنا۔ **مولف** ۔ جھڑی لگ جائیگی جیسے ہماری چشم گریان کی + یقین ہے ابر گوہر بار پر پھر جائیگا پانی ۔

پانی پھوٹنا ۔ پانی جاری ہونا۔ چشمہ زمین سے نکلنا۔

پانی پھونکنا ۔ پانی پھر دینا۔ پانی پر دم کرکے بیمار کو پلانا۔

پانی پھیر دینا ۔ کسی کے احسان یا اُسکی کارگزاری کو ملیامیٹ کر دینا۔ کیے کرائے کام کو خاک مین ملا دینا۔ حق تلف کرنا۔ **مولف** ۔ وہ لب یاقوت رمان کو ملا دیتے ہین مٹی مین ۔ گہر کی آب پر دہ دندان پانی پھیر دیتے ہین ۔

پانی پھیرنا یا چڑھانا ۔ ملمع کرنا۔ جلا دینا۔ صیقل کرنا۔ آب چڑھانا تلوار وغیرہ کو ۔

پانی پی پی کر دعا دینا یا دعا کرنا ۔ بہت سی دعائین دینا۔ بار بار تحسین کرنا۔ **مولانا اکبر** ۔ مے جو ملتی نہین ہر وقت ہمین او ساقی + پانی پی پی کے دعا دیتے ہین مینا نے کو ۔

پانی پی پی کر کوسنا ۔ ہر وقت بددعا دینا۔ کوستے رہنا۔ **عارف** ۔ پانی پی پی کے مجھے کوسینگے ای سختی جان + تیغ قاتل مری گردن پہ اگر ٹوٹ گئی ۔

پانی پینا ۔ پانی جذب کرنا۔ سو کھانا۔ اٹھانا۔

پانی توڑنا ۔ پانی گھٹانا۔ کم کرنا۔ پانی کھینچ لینا۔

پانی ٹوٹنا یا ٹوٹ جانا ۔ پانی کم ہونا یا گھٹنا یا کھینچ جانا۔

پانی جرانا ۔ کسی زخم مین پانی بھر جانا۔

پانی چڑھانا ۔ بہت سا پانی پی جانا۔ آئینہ پر پارا چڑھانا۔ تلوار کو آب چڑھانا ۔

پانی چھوڑنا ۔ نہر یا کسی بند سے پانی چھوڑنا۔ پانی جاری کرنا۔

پانی دکھانا ۔ جانورون کے آگے پانی پینے کے لیے رکھنا۔ پانی پلانا

پانی دینا ۔ زراعت کو آب پاشی کرنا۔ درختون کو پانی دینا۔

پانی دیوا ۔ جگر گیر بالک گھر کا۔ مرثیہ۔ جنکو جنت سے آتا تھا میوا اُنکو پانی نہین کوئی دیوا + اجڑے کیونکر نہ راند ھون کا کھیوا + کوئی نہین ہی خبر کا لیوا ۔

پانی ڈھلنا ۔ رونق و آب و تاب جاتی رہنا۔ جوانی کا زمانہ گذر جانا

پانی رکھنا ۔ آب چڑھانا۔ تلوار وغیرہ پر ۔

پانی سے پتلا کرنا ۔ آسان کرنا۔ سہل کرنا۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ بےعزت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ **نکہت** ۔ ہون لب جانان سے مین کار مسیحا تو سہی + آب حیوان کو کرون پانی سے پتلا تو سہی ۔

پانی سے پہلے پل باندھنا ۔ کسی حادثہ کے وقوع سے پہلے اُسکے انسداد کا بند و بست کرنا۔ قبل از مرگ واویلا کرنا۔ موزہ پانی دیکھنے سے اول اُتار لینا۔ بیجا پیش بندی کرنا۔

پانی کا بتاسا یا پانی کا بلبلا ۔ فانی ناپائدار۔ جلد تر مٹ جانیوالا۔ **مولف** ۔ کیا بھروسا ہی زندگانی کا + آدمی بلبلا ہی پانی کا ۔

پانی کاٹنا ۔ نہر سے پانی لینا۔ تیرنے مین ہاتھون سے پانی ہٹانا۔ کشتی چلانے کے وقت چپون سے پانی ہٹانا۔

پانی کر دینا ۔ پتلا کر دینا۔ ملائم کر دینا۔ پگھلانا۔ نرم کر دینا۔ سرد کر دینا۔ راضی کر دینا۔ **میر حسن** ۔ عجب آگ کو بھی دیا ہی اثر + کہ کر دے ہی پتھر کا پانی جگر ۔

پانی کے ریلے مین بہانا ۔ ضایع کرنا۔ برباد کرنا۔ ارزان بیچنا۔ مفت دیدینا۔

پانی گرنا ۔ مینھ برسنا۔ ترشح ہونا۔

پانی لگنا ۔ پانی کا ناموافق ہونا۔ تکلیف دینا۔

پانی لینا ۔ آبدست کرنا۔ استنجا کرنا۔ طہارت کرنا۔

پانی مرنا ۔ پانی کا گڈھے یا دیوار یا چھت مین جذب ہونا۔ عیب ہونا۔ کم ہمتی ہونا۔

پانی مین آگ لگانا ۔ ناممکن بات کرنا۔ انہونی بات کہنا

انوکھی بات کرنا دو شخصون کو آپس مین لڑانا۔ **نصیر** ۔حنا مل کے
ہاتھون کو جو دریا مین بہلاتے ہو + غضب کرتے ہو صاحب آگ
پانی مین لگاتے ہو ۔جانصاحب لگایا کرے آگ پانی مین
سولی + کبھی میرے اُن کے لڑائی نہوگی۔

پانی نہ مانگنا ۔بہت جلدی مرنا چٹ پٹ مرجانا پھٹکا نہ کھانا پانی
مانگنے کی مہلت نملنا **صفدر فوقانی** ۔چڑھا تو آب شمشیر دو
دم کو + نہ مانگے جس سے یہ مقتول پانی۔

پانی ہارنا ۔مرغ باز یا بٹیر باز کا بازی مین ہارنا شکست کھانا۔

پانی ہونا ۔ملائم ہونا نرم ہونا نکل جانا دشوار کام آسان ہونا
غصہ جاتا رہنا ۔ **داغ** ۔کیا زنگ خون بھی کاٹ دیا تیغ یار نے
پانی ہوا ہے آج لہو ہر شہید کا۔

پانی منھ مین بھر آنا ۔کسی چیز کی نہایت طمع و خواہش کے
سبب سے منھ مین پانی بھر جانا ۔ **مولف** ۔تیرے لب کی جو
یاد آتی ہے لذت + اسی دم منھ مین بھر آتا ہے پانی۔

پانون آترنا ۔پانون کا کسی جگہ مین گھس جانا ۔ دھنس جانا
گھٹنے سے جوڑ کا نکل جانا۔

پانون اٹھا کے جانا یا چلنا ۔بڑے بڑے قدمون سے
جلدی جلدی چلنا ۔پانون بڑھانا ۔تیز چلنا۔

پانون اٹھانا ۔جلد جلد چلنا کسی کام سے الگ ہونا ۔کسی
جھگڑے سے پانون نکال لینا ۔ **مصحفی** ۔عشق اُس بت سے
جسدن سے لگایا ہمنے + تب سے ہر کام سے ہے پانون اُٹھایا ہمنے
مولف ۔اپنی حد سے زیادہ مرد عقیل + شل نادان نہین بڑھاتا پانون
بیٹھ جہان وہ بیٹھتا ہے + جیتے جی پھر نہین اُٹھاتا پانون۔

پانون اٹھ جانا ۔شکست کھانا بھاگ نکلنا ۔ **مولف** ۔
اسی جگہ ہوتا ہے پہلوان دلبر + کہ جس مقام سے اُسکا کبھی اُٹھے
پانون ۔ **ولہ** ۔پھر کبھی جاتا ہے وہان مرد دلیر + پہلے جس میدان
سے اُٹھ جاتے ہین پانون۔

پانون اڑانا ۔کسی کی بات یا معاملہ مین خواہ مخواہ دخل دینا
دخل در معقولات کرنا بیچ مین بولنا خود بخود کسی کام مین پڑنا حرج اندازی
روش ۔کسی کی بات مین مت دخل دو تکلم مین + کسی کے کام مین
بے پوچھے مت اڑاؤ پانون۔

پانون اکھاڑ دینا یا اکھاڑنا ۔کسی کی نبی بات کو بگاڑنا دخیل
کو بیدخل کرنا بھگا دینا شکست دینا **مولف** ۔نہین ہر کلام کسیکا
بگاڑنا اچھا + قدم جما ہوا اُسکا اکھاڑنا اچھا۔

پانون اکھڑ جانا یا اکھڑنا ۔پانون کا اپنے جگہ سے ہٹ جانا
لڑکھڑانا ٹھہراؤ جاتا رہنا بھاگ جانا پیٹھ دکھانا ۔ **آتش** ۔آگئی تو ہر
پسند آسے چال پار کی + سن لینا پانون کبک دری کا اکھڑ گیا۔
قطعہ مولف ۔ناگہان جب کسی غریب کا پانون + اپنی رفتار سے
اکھڑ جائے + دست شفقت سے اُسکا پکڑو ہاتھ + تا دوبارہ
وہ پھسل جائے۔

پانون باہر نکالنا ۔اپنی حد یا حیثیت سے قدم باہر رکھنا اندازے
سے بڑھ کر کوئی بات یا کام کرنا اترانا گھمنڈ کرنا غرور کرنا ۔ **مولف**
اپنے اندازے سے بڑھ کر ہر ایک کام + پانون حیثیت سے باہر مت نکال

پانون باہر نکلنا ۔پردہ دار کا گھر سے باہر جانا پھرنے کی عادت
ہوجانا ۔ **مصحفی** ۔کس کس کے سر یہ بلا مین آتی ہے اب قیامت +
نکلا ہے پانون باہر اس فتنہ زمان کا۔

پانون پھسلنا ۔پانون پھسلنا استقلال مین فرق آنا ثابت قدم
نرہنا ۔ **مولف** ۔نہ چل وقت رفتار تیز اور تند + مبادا کہ تیرے
پھسل جائین پانون عجب کیا ہے گر جائے تو سر کے بل + جب
اپنی جگہ سے پھسل جائین پانون۔

پانون بڑھانا ۔جلد جلد قدم رکھنا آگے نکل جانا اپنی حد سے
گذر جانا ۔ **مولف** ۔اپنے انداز پر کھڑے رہنا + اپنی چادر
سے مت بڑھانا پانون ۔ **ولہ** ۔طریق حق کے سیدھے راستے
مین بڑھانا پانون پیچھے رہ جانا۔

پانون بھاری ہونا ۔حمل رہنا حاملہ ہونا عورت کا پیٹ سے
ہونا ۔ **مولف** ۔چلنے پھرنے کی رکھو سدا عادت + کہ نہ ہو جائین
تیرے بھاری پانون ۔ایسا کاہل نہ بن کہ ہل نسکین ۔تیرے
چلنے مین بے سواری پانون۔

پانون بھر جانا ۔تھک جانا پانون سو جانا شل ہو جانا ورم
ہو جانا لتھڑ جانا کیچڑ وغیرہ مین۔

پانون بیچ مین ہونا ۔ذمہ دار ہونا ضامن ہونا ۔ **تعلیہ از**
مولف ۔شغل دستگیری عاصیون کی + نبی کا گر نہوتا بیچ مین پانون
پانون پانون چلنا ۔پیادہ چلنا بغیر سواری کے چلنا۔

پانون پر پانون رکھنا ۔پاؤن دھرنا ۔کسی شخص کے قدم بقدم
چلنا پیروی کرنا پیچھے چلنا سراغ نکالنا **قطعہ از مولف** ۔
بزرگون کے قدم ہرگز نہ چھوڑو + جو کرتے تھے کرو تم بھی وہی کام

ہمیشہ رکھو اُن کے پانون پر پانون - کہ انہین سر لبسر تو ہمکو آرام -

پانون پر سر رکھنا - پانون پر گرنا عاجزی کرنا خوشامد کرنا تعظیم سے پیش آنا - **قطعہ از مولف** - بڑی عزت کرد اپنے بڑون کی + ہین راضی حضرت باری اسی مین + جھکو اور رکھو سر پانون پہ اُنکے + کہ ہی فخر اور سرداری اسی مین -

پانون پر گرنا - قدم لینا قدم چومنا عجز کرنا چرن لینا پناہ یا شرن مین آنا -

پانون پڑنا - قدم لینا سجدہ کرنا ڈنڈوت کرنا - ؎ گھو دسے فقیری ٹھہر کر کوسے یار مین + تابوت سے نکلنے پڑون گورکن کے پانون -

پانون پسارنا - پانون لمبے کرنا لوٹ مین آنا طمع مین آنا ضد کرنا اڑ بیٹھنا - مچلنا بیمار ہونا - مر جانا - **قطعہ از مولف** - آدمی اس ہمرسے فانی مین + پانون ناحق پسار بیٹھا ہی - جبکہ رہنا یہان نہین پھر کیون + بار سر سے اُتار بیٹھا ہی -

پانون پکڑ لینا - نہایت التجا کرنا عاجزی کر کے کسی بات سے روکنا

پانون پوجنا - غایت درجہ کی تعظیم کرنا -

پانون پھٹنا - پیرون کا پھٹ جانا بوائی نکل آنا -

پانون پھنسنا - مقید ہونا پابند ہونا متعلق ہونا گرفتار ہونا **مولف** - اسعد جھک جھک کے آنکھ پر رکھتی گل کے پانون + دام الفت مین پھنسے ہوتے نہ گر بلبل کے پانون -

پانون پھول جانا - تھک جانا گھبرا جانا چل نہ سکنا چلنے کی طاقت نہ رہنا - **مولف** - اُسکے کوچے مین جا کے ہم سرِ راہ + گلشن کا بھول جاتے ہین + جی نہین چاہتا ہی اُٹھنے کو + اسقدر پانون پھول جاتے ہین -

پانون پھونک پھونک کر رکھنا - احتیاط سے کام کرنا - ڈر ڈر کر کام کرنا خوف کرنا احتیاط کرنا - [illegible] کسی کام مین درک دینا **مولف** گلشن مین جبکہ جاتی ہی اس گل کے روبرو + رکھتی ہی پانون اپنے صبا پھونک پھونک کے

پانون پھیلا کر سونا - بے فکری مین سونا چین سے ہونا آرام سے سو نا مر جانا - **مولف** - زندہ تھا دنیا مین جبتک آدمی اُسکے غم اور رنج مین رفتار ہا + سو رہا جب کُنج لحد مین چین سے پانون پھیلا کر وہی سوتا رہا -

پانون پھیلانا - ضد کرنا اڑنا اصرار کرنا - **معروف**

قید ہستی سے نکل قبر مین جب جائینگے ہم + حشر کو بھی نہ اُٹھین پانون وہ پھیلا بیٹھینگے ہم - **رنگین** - دل کو لوچی کو نہ مانگو صاحب - پانون بس اور نہ پھیلاؤ اجی -

پانون پیٹ پیٹ کر مر جانا - ایڑیان رگڑ رگڑ کر مرجانا نہایت مصیبت اور رنج اُٹھا کر جان دینا -

پانون پٹکنا - اضطراب کی حالت مین پانون دے دے مارنا تکلیف اُٹھانا - **ذوق قطعہ** اس عاشق بیچارے کا ہی آج بُرا حال ہونے سے ہی آنکھو نپہ ورم اور زیادہ + بیٹھے سر بستر دو پڑا پانون کہانتک + بس پانون نہ پھیلا شب غم اور زیادہ -

پانون تلے کی مٹی نکل جانا - ہوش اُڑ جانا گھبرا جانا - پریشان اور ششدر رہ جانا -

پانون تلے ملنا - پامال کرنا نہایت تکلیف دینا ازحد ستانا نہایت تنگ کرنا -

پانون توڑ کر بیٹھ جانا - نہایت کوشش کے بعد نا اُمید ہو جانا ہمت ہارنا صبر و قناعت کر کے بیٹھ جانا -

پانون توڑنا - پھرنا حیران ہونا نہایت کوشش کرنا نا امید و تلاش کرنا ؎ نہ آیا پھر خبر اُسکی سُنا کر + ہمارے نامہ بر نے پانون توڑے -

پانون ٹکانا یا جمانا - پیر جمانا قرار پکڑنا قیام کرنا ٹھہرنا **مولف** نہ نکلا اُسکا مردہ بھی وہان سے + ترے کوچہ مین جسکے جم گئے پانون

پانون ٹوٹ جانا - چلتے چلتے تھک جانا دوڑنے دوڑتے ہار جانا حیران ہونا -

پانون چپی کرنا - مٹھیان بھرنا - پانون دبانا -

پانون چھٹانا - رہائی دینا مصیبت سے نکالنا - ؎ نہ کھینچنگے قدم کوچہ مین اُسکے + اگر اب کی ہمارا پانون چھوٹا -

پانون چھوٹنا - عورت کے اندام نہانی سے پانی نکلنا حیض معرفت ہا

پانون کی خاک ہونا - خاک کے برابر ہونا اپنے آپ کو کسی کے پانون کی مٹی کے برابر سمجھنا ادنےٰ ہونا عاجز ہونا محتاج ہونا -

پانون دابنا یا دبانا - مٹھیان بھرنا چپی کرنا - خدمت کرنا -

پانون دب جانا - قابو مین ہونا بے بس ہونا پھنس جانا -

پانون دھرنا - قدم رکھنا دخل دینا شروع کرنا - **مولف** آنے جانے کا اندیشہ جس مقام سے ہو + کبھی نہ بیٹھنا وہان بلکہ پانون مت دھرنا -

پانوُن دھو دھو کر پینا۔ نہایت درجہ کی عزت و خوشامد و چاپلوسی کرنا۔ قطعہ مؤلف۔ سجدہ اخلاص ہی ہے عزت سر کہتے جو ہین + اپنی آنکھو نپر قدم اُنکے لیا کرتے ہین لوگ + چاٹ لیتے ہین زبان اپنی سے اُنکی خاک پا ہے بلکہ اُنکے پانوُن دھو دھو کر پیا کرتے ہین لوگ۔

پانوُن ڈالنا۔ دخل دینا شروع کرنا۔

پانوُن ڈگمگانا۔ پانون پھسل جانا اُکھڑ جانا ہمت ٹوٹ جانا۔ ثبات جاتے رہنا۔

پانوُن رگڑنا۔ بدحالت مین ہونا جانکنی کی حالت مین ہونا منت کرنا خوشامد کرنا عاجزی کرنا۔

پانوُن رہ جانا۔ لنگ ہو جانا پانوُن ناکارہ ہو جانا تھک جانا درماندہ ہو جانا۔

پانوُن زمین پر نرکھنا۔ اترا کر چلنا اُچھلتے کودتے جانا غرور تکبر سے چلنا۔

پانوُن سکیڑنا یا سمیٹنا۔ پانوُن کھینچ لینا طمع کو ترک کرنا۔

پانوُن سمیٹنا یا سمیٹنا۔ پانوُن کھینچ لینا طمع کو ترک کرنا گوشہ نشینی کرنا۔

پانوُن سو جانا۔ سن ہو جانا بے حس ہو جانا حرکت سے رہجانا۔ وزیر۔ کوے جانان سے جو اُٹھتا ہون تو سو جاتے ہین پانوُن + دفعتاً آنکھون سے پانون مین اتر آتی ہے نیند۔

پانوُن سے پانوُن باندھنا۔ اپنے پاس رکھنا کہین جانے نہ دینا الگ نہونے دینا۔

پانوُن کٹ جانا۔ کہین جانے کے قابل نرہنا۔ ؎ جس نے سو کا ہمکو کوے یار سے + یا الٰہی اُسکے بھی کٹ جائین پانوُن۔

پانوُن کھینچکر بیٹھ رہنا۔ آمد و رفت چھوڑ دینا آنا جانا موقوف کرنا۔ شہیدی۔ یہ ہوئیگا کہ جون نقش قدم بیٹھ رہین کھینچکر ہم سر کوے بت بے پیر سے پانوُن۔

پانوُن کھینچنا۔ کسی کام مین دخل ندینا علٰحدہ ہو جانا غرض نرکھنا۔ منزلا۔ اکبر کھینچ جاؤ تم اگر بسر دار غم نہین + لیکن نہ پانون کوچہ جانان سے کھینچنا۔

پانوُن کی جوتی سر کو لگنا۔ چھوٹا ہو کر بڑے کا سامنا کرنا۔ کمینہ ہو کر شریف کا مقابلہ کرنا۔

پانوُن گاڑنا۔ پانوُن جمانا استقلال کے ساتھ کھڑا رہنا جگہ نہ چھوڑنا۔ ناسخ۔ انتظار سرو قامت مین درختون کی طرح مین کھڑا رہتا ہون پہرون پانوُن اپنے گاڑ کر +

پانوُن گھسنا۔ چلنے مین سخت محنت کرنا اسقدر کہ چلتے چلتے پانون گھس جائے۔ قطعہ از مؤلف۔ کبھی جانے مین وقت جاتا ہے گر + کبھی ہوتا ہے صرف آنے مین + جب گئے آئے ناامیدی سے + گھس گئے پانوُن آنے جانے مین + نہ در تک پہ مین بیٹھتے مین وہ + اور نہ جانے مین بالاخانے مین +

پانوُن لگانا۔ لات لگانا لات مارنا پانوُن مارنا پانوُن سے کسی چیز کو چھونا۔ ٹھوکر لگانا +

پانوُن لگنا۔ تعظیم کرنا سر پیرون پر رکھ دینا کسی چیز سے پانوُن چھونا۔

پانوُن مین بیڑی پڑنا۔ قید ہونا مجبور ہونا بیاہ ہونا عیالدار ہونا گرفتار ہونا۔ آزادی نرہنا۔ مؤلف۔ جانتا ہے مبتلائے زلف حالت قید کی + جسکے پانوُن مین پڑی ہوتی ہین ایسی بیڑیان۔

پانوُن مین چکر ہونا۔ ہمیشہ پھرتے رہنا آوارہ پھرنا ایک جگہ بیٹھے نرہنا۔ حیدر فوقانی۔ رات دن پھرتا ہے مثل چرخ یہ گردون دون + ہے مگر پانوُن مین چکر گردش دوار کے۔

پانوُن مین سر دینا۔ پانوُن پر سر رکھنا پانوُن پڑنا خوشامد کرنا عجز کرنا۔

پانوُن مین مہندی لگنا۔ چل نسکنا چلنے کے قابل نہونا چلنے سے معذور ہونا۔ مؤلف۔ آئے نہین بلانے سے کس واسطے وہ آج + شاید ہے اُنکے پانوُن مین مہندی لگی ہوئی۔

پانوُن نکالنا۔ الگ ہونا جدا ہونا آگے بڑھنا چالاک و ہوشیار ہونا۔ شعر۔ نکالا پانوُن ہے میرا خدا نے + بتون نے تو پھنسایا تھا بلا مین۔

پانوُن نہ دھلوانا۔ اپنے پانوُن دھلوانے کے لائق نسمجھنا حقیر و ناچیز جاننا۔ شہیدی۔ کیونکر دھلوائے وہ مہوش فلک پیر سے پانوُن + جسکا مکھڑا ہو پری اور ہون تصویر سے پانوُن +

پا سے تراب کرنا۔ سفر کا شگون گھر سے باہر رکھنا۔

پاجامہ سے باہر نکلے پڑنا۔ اپنے آپ سے باہر ہونا افروختہ ہونا غضبناک ہونا۔

پانیچہ بھاری کرنا۔ ایک جگہ جم کر بیٹھ رہنا۔

پانچی پرست۔ وہ آدمی جو اجلاف لوگون کو دوست رکھے کیفہ پرور سفلہ پرور +

پاک محبت - بے غرض دوستی بے لگاؤ محبت جسمین نفسانی خواہش کو دخل نہو -

پانی کی پوٹ - پانی کی گٹھری وہ چیز جسمین پانی بھرا ہوا ہو جیسے خربزہ جو میٹھا ہو اور ککڑی کھیرا وغیرہ -

پانی کی لکیر - ناپائدار نقش بر آب اور وہ چیز جسکو قیام نہو حکیم محمد انور لاہوری - بیوفاؤن کی خوشامد پہ نہ بھول + ہو محبت انکی پانی کی لکیر +

پاکباز - صاف باطن پاک محبت رکھنے والا - **ذوق** - اس بت پہ گر خدا بھی ہو عاشق تو آئے رشک + ہر چند جانتا ہون کہ وہ پاکباز ہی +

پاپوش بھی نہ مارون - محاورہ جوتی بھی نہ مارون کچھ پروا نکرون کچھ لحاظ نکرون -

پاسنگ بھی نہین - کچھ حقیقت نہین ذرا بھی لگا نہین کھاتا کچھ بھی نسبت نہین رکھتا اتنا بوجھ بھی نہین جتنا پاسنگ ہو **قطعہ از مولف** - مقابل اُسکے بھلا کس طرح ہون شمس و قمر + کہ اُسکے حسن کے میزان مین یہ نہین پاسنگ + وہ بحر حسن کا بے عیب بے بہا گوہر + یہ دو بھرے ہوے واغون کے اور سر پاسنگ -

پانچون اُنگلیان برابر و یکسان نہین ہوتین - دنیا مین کوئی آدمی اور کوئی چیز قدر و منزلت مین برابر نہین ہوتین مختلف الطبایع و مختلف اللون و مختلف المراتب ہین **مولف** رشک لاحاصل کسیکی حشمت اور دولت پہ ہی + خود ستو یکسان نہین دنیا مین پانچون اُنگلیان -

پانچون اُنگلیان گھی مین تر ہین - بہت اچھی حالت مین ہین مزے مین ہی کسی چیز کی پروا نہین -

پانی پیکر ذات پوچھتے ہو - کام کرکے پچھتاتے ہو وقت گزار کر افسوس کرتے ہو جسکا پانی پی لیا اُسکی ذات کا کیا پوچھنا

پاپوش کی نوک سے - جوتی سے بلا سے کچھ پروا نہین -

پانی کے مول ہی - ارزان ہی کم قیمت ہی سستا ہی پانی کی قیمت کے برابر اُسکی قیمت ہی -

پانی کا ہگا منہہ پر آتا ہی - جو بات چھپ کے کی جاتی ہی ظاہر ہو جاتی ہی اگر کوئی دریا کے اندر پاخانہ پھرے تو پاخانہ پانی پر آ جاتا ہی

پانون تلے کی چیونٹی نہایت غریب عاجز ناتوان کمزور -

پانون سے لگی سر مین بجھی - پانون کی طرف سے غصہ کی آگ لگی اور سر مین جا کر بجھی ایسا غصہ آیا کہ اُسکی آگ سے تمام بدن جل گیا -

پانون کی بیڑی - پانون کی زنجیر روک قید پابندی ممانعت **مولف** تعلق آدمی کے واسطے پانون کی بیڑی ہی + وہی آزاد ہین جو لوگ اُس سے بے تعلق ہین -

پانون کی مہندی گھس نہ جاتی - محاورہ اگر تم آجاتے تو کیا تکلیف تھی پانون کی مہندی گھس نہین جاتی تھی **نسیم** - توفیق یہان تلک جو لاتی + مہندی پانون گھس نہ جاتی -

پانون تلے کی مٹی - نہایت حقیر و ناچیز و خاکسار و عاجز و ناتوان - **میر تقی** - پانون کے تلے کی مٹی بھی نہوگی ایسی + کیا کہین عمر کو کس طور بسر ہمنے کیا -

پانون گور مین لٹکائے ہوے - بوڑھا مسن نہایت ضعیف مرنے پر مستعد **مولف** مضطرب ہین زار ہین کمزور ہین بیمار ہین + بلکہ اب ہم گور مین ہین پانون لٹکائے ہوے +

پانون مرید - نہایت معتقد چیلا خادم بالکا فرمانبردار غلام

پانو مین کیا مہندی لگی ہی - جب کوئی شخص کہین جانے مین عذر کرتا ہی تو یہ محاورہ بولا جاتا ہی - **شعر** کیون اتنے عذر کرتے ہو جانا ن تم آنے مین + ہی کیا تمھارے پانون مین مہندی لگی ہوئی -

باے فارسی با باے

پپیانا - زخم مین ریم پیپ پڑ جانا -

پپڑا جانا - سوکھ جانا خشک ہو جانا پھٹ جانا شگاف ہو جانا

باے فارسی با تاے

پتا پانی ہونا - زہرہ آب شدن خوف مین آجانا دہشت مین آنا متحمل ہونا -

پت اتارنا - عزت اتارنا بے آبرو کرنا -

پتا توڑ کر بھاگنا پتا ہو جانا - جلدی سے بھاگنا ہوا ہو جانا رفو چکر ہونا -

پتا کھڑکنا - آہٹ ہونا ذراسی آواز ہونا - **ف** - وہ گل آتا ہی جب گلشن مین چھا جاتی ہی خاموشی + یہ ممکن ہی کہ اُسکے رعب سے پتا کھڑک جائے **ف** تمھاری یاد مین پاتک مرا سینہ دھڑکتا ہی + سہما ہوا ہوتا ہون وحشت سے اگر پتا کھڑکتا ہی

پتا لگنا ۔ سراغ مل جانا نشان مل جانا۔ **صفدر فوقانی** ۔ ڈھونڈھتے دلبر کو کیون جاتے ہو دور + اپنے دل ہی سے پتا لگ جائیگا +

پتا مارنا ۔ غصہ کو ضبط کرنا محنت سے کام کرنا ممنوعات واہیات سے بچنا ۔

پتا مرنا ۔ تیزی اور غصہ کا جاتے رہنا نرم و ملایم ہو جانا ممنوعات کو ترک کرنا ۔

پتا نکالنا ۔ جان لینا خوب سزا دینا سارا غصہ نکال دینا ۔

پتا ہو جانا ۔ لاغر ہو جانا سوکھ جانا دبلا ہو جانا درخت کے پتے کی شکل بن جانا ہوا ہو جانا غائب ہو جانا ۔ جب گیا وہ گل اچانک آگئی باد خزان + ہر گل تازہ چمن مین خشک پتا ہو گیا ۔ نسیم ۔ خط خاتم لیکے وہ ہوائی + پتا ہو ئی اور پتے پہ آئی +

پتری کھولنا ۔ بھید ظاہر کرنا راز فاش کرنا قلعی کھولنا ۔

پتلا حال کرنا ۔ مارنا پیٹنا تنگ کرنا ستانا مٹی پلید کرنا ۔

پتلا حال ہونا ۔ خراب حالت مین ہونا مرنے کے قریب ہونا نزع مین ہونا ۔ **مولف** دیر کیون کرتا ہے تو آنے مین مسیح + حال پتلا ہے ترے بیمار کا ۔

پتل پھاڑ کر چل دینا ۔ اپنا کام کر کے چل دینا خود غرضی کرنا ۔

پتلیان پھر جانا ۔ مرنے کے آثار ظاہر ہونا آنکھین پھر جانا پتھرا جانا ۔ **صفدر فوقانی** پھر گئی ہین پتلیان بیمار کی + اب کوئی دم مین نکل جائیگی جان ۔

پتلی دال کا کھانے والا ۔ کمزور کم طاقت جسکے نصیب مین گوشت نہو دھوتی پرشاد ۔

پتلی کا تارا ۔ آنکھون کی پتلی لخت جگر بہت پیارا بیٹا فرزند دلبند ۔ **مولف** ۔ ہوا روشن زمانہ اُس سے سارا + ہوا پیدا جو وہ پتلی کا تارا ۔

پتنگے لگ جانا ۔ آگ کی چنگاریان لگجانا غصہ آجانا آگ لگجانا ۔

پتھراؤ کرنا ۔ پتھر مارنا پتھر برسانا ۔

پتھر برسنا ۔ بادل سے اولے برسنا ۔ **بحر** ۔ کیا مقدر بتی جو مانگون مینھ برسنے کی دعا + برسین پتھر ابر سے بالائے سر برسات مین ۔

پتھر بن جانا ۔ سخت دل ہو جانا جان بوجھ کر بہرا بن جانا چپ رہنا ۔ **حکیم محمد انور لاہوری** ۔ نہین سنتے خدا کا واسطہ بھی + مرے بت کیسے پتھر بن گئے ہین ۔

پتھر پانی ہو جانا ۔ سخت دل آدمی کو رحم آجانا ترس کھانا ۔ **تلسیخ** ۔ آہ ماری آہ نیرا دل نہ نرمائے تو یا قسمت + مگر نہ دیکھے تو آئینہ پتھر ہو گئے پانی ۔

پتھر پڑنا ۔ غضب نازل ہونا آفت پڑنا اندھیر ہونا تباہی آنا ۔ **میر تقی** ۔ حرم کو ہم گئے یا بت کدہ کو + جہان دیکھا وہان پتھر پڑے ہین ۔

پتھر تلے دامن دبنا ۔ مصیبت مین پھنسنا بے بس ہو جانا آفت مین پڑنا ۔ **نسیم** ۔ قسمت سے مفر ہے اب نہ نامن + پتھر کے تلے دبا ہے دامن ۔

پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا ۔ مصیبت سے نجات پانا مشکل کام سے رہائی پانا ۔

پتھر تلے کا ہاتھ ۔ بے بسی مجبوری ناچاری ۔ **جرأت** ۔ دل مرا اس سنگدل کے ساتھ ہے + کیا کرون پتھر تلے کا ہاتھ ہے ۔

پتھر تلے کا ہاتھ نکالنا ۔ بلا سے بچنا مصیبت سے اپنے آپ کو نکالنا ۔ **میر تقی** ۔ فرہاد ہاتھ تیشہ پہ ٹک رہ کے ڈالتا + پتھر تلے کا ہاتھ ہی اپنا نکالتا ۔

پتھر تلے ہاتھ دینا ۔ زبردست کے قابو مین آجانا مجبور ناچار و بے بس ہونا ۔ **جرأت** ۔ دست بردار ہون کیونکر بت سنگین دل سے + دب گیا ہاتھ مرا اب تو تلے پتھر کے

پتھر چٹانا ۔ سلوانا یا چھری وغیرہ کو پتھر پر گھسکر تیز کر لینا ۔ **مصحفی** ۔ چٹا لیتے نہین خنجر کو پتھر اُف قدری بیدردی + رگڑا سلتے ہین گلے کو خاک پتھر ذبح کرتے ہین ۔

پتھر چھاتی پر دھرنا ۔ غم کو ضبط کرنا سخت صدمہ سہارنا صبر کرنا برداشت کرنا خاموش رہنا ۔ **مولانا اکبر** بت سنگین کیا کرتے ہین سختی پر یہ عاجز بھی + سہار اکیسے دھر لیتا ہے پتھر اپنی چھاتی پر ۔

پتھر ڈھونا ۔ سخت محنت کرنا بڑی مشقت کا کام کرنا رنج و مصیبت اٹھانا ۔ **مغفور** ۔ سنگدل بسکہ ترے عشق مین ڈھوئے پتھر + چشم سے چشمہ کہسار کے رو لئے پتھر ۔ **مصحفی** نہ فرہاد بیچارہ مقصد پر کو پہونچا + سدا عشق مین اُس نے پتھر ہی ڈھوئے ۔

پتھر سے کھینک مارنا ۔ سخت کڑا جواب دینا لیے سیدھے بولنے [illegible] زبان پہ آنا کہہ دینا اکا سا جواب دینا ۔ **مولف**

اس بت سنگدل ستمگر کو + نرمی سے جو کوئی پکارتا ہی + ہو کے برہم جواب مین آسکے + ایک پتھر سا پھینک مارتا ہی۔

پتھر سے سر پھوڑنا یا مارنا ۔ بیوقوف اور ان سمجھ کو سمجھانا کوڑہ مغز کو تعلیم دینا جاہل کو باخبر کرنا۔ **مولانا اکبر لاہوری** نہین سنتا سمجھتا اپنی باتین وہ بت سنگین + ہمیشہ اپنا سر ہم پھوڑتے رہتے ہین پتھر سے۔

پتھر کا ہو جانا ۔ سخت دل ہونا سنگدل ہونا بے رحم سفاک ظالم ہونا۔ **نسیم**۔ پتھر کی اگر کہو تو مین ہون + فولاد جگر کہو تو مین ہون ؎

پتھر کی چھاتی کر لینا ۔ سنگدل بے رحم ہو جانا صابر شاکر ہونا متحمل ہونا۔ **صفدر، فوقانی**۔ وہ بت جو کچھ کہا کرے ہین ہم سنتے ہین چپ ہو کر + غرض اُسوقت کر لیتے ہین چھاتی ہم بھی پتھر کی۔

پتھر مارنا ۔ سختی و بدمزاجی سے کسی بات کا جواب دینا دیوانہ ہونا درشت ہونا **بحر**۔ میرے بت بولتے جب کسی سے اُٹھا کر ایک پتھر مارتے ہین۔

پتھر نچوڑنا ۔ بخیل ممسک کنجوس سے کچھ حاصل کرنا سخت دل کو نرم کرنا۔ **انشار اللہ خان** ۔ رقت آئی وہ میرے حال پہ تجھکو سچ ہی + ہو جو پتھر کوئی کیا اُس سے نچوڑے پتھر۔

پتھر ہو جانا ۔ سخت ہونا جم جانا بھاری ہونا بیرحم ہو جانا۔ اندھا ہو جانا نکما ہو جانا **صفدر فوقانی**۔ طبیعت مین کر سختی آگئی ہی + مرے بت آج پتھر ہو گئے ہین۔

پتی اچھلنا ۔ پیٹ سے صفرا کا اچھلنا۔

پتے کی سنانا یا کہنا ۔ چھپی ہوئی بات کو ظاہر کرنا بھید کی بات کہدینا راز کھولنا پردے دری کرنا کان ملے کی یا چھپی ہوئی کہنا۔

پتے سے لے ڈالنا ۔ نہایت دق کرنا تکلیف دینا ناک مین دم کرنا از حد ستانا تنگ کرنا یعنے ایسی تکلیف دینا کو یا اُسکا پیٹ چیر کر پتا نکال لینا۔

پٹا اُتارنا ۔ پیٹی یا چپڑاس اُتارنا سپاہی کو نوکری سے موقوف کرنا۔

پٹا تڑانا ۔ آزادی کا خواستگار ہونا مخلصی چاہنا بھاگنے کا ارادہ کرنا فرار ہونے کا قصد کرنا۔

پٹاخ سے بولنا ۔ جلدی سے بولنا تیزی سے بولنا جو منھ مین آئے کہدینا پٹا پٹ بولنا بولنے مین دم نہ لینا۔

پٹ پڑنا ۔ اوندھا پڑنا کارگر نہونا بیکار جانا۔

پٹرا پھیرنا ۔ کھیت کی زمین کو نا ہموار کر دینا دولت کو برباد کر دینا سر مونڈ لینا لوٹ لینا صفایا کر دینا۔

پٹرا کر دینا ۔ ستیاناس و تباہ کر دینا۔

پٹڑی جمانا ۔ آسن جمانا گھوڑے کے زین پر کسی مجلس مین دخل پیدا کرنا۔ **ص** قابو مین کس کے توسن ایام آسکا + اسپر کوئی سوار نہ پٹڑی جما سکا۔

پٹ کھولنا ۔ دروازہ کھولنا کواڑ کھولنا گھونگھٹ اُتارنا نقاب اُٹھانا۔

پٹکی پڑنا ۔ غضب الٰہی نازل ہونا صدمہ پہونچنا۔ آفت پڑنا۔ **مغفور**۔ اقرار وصل کر کہ پڑے دل کو تا قرار + پٹکی پڑے مدام کے انکار پر ترے۔

پٹم ہو جانا یا پٹ ہو جانا ۔ اندھا ہو جانا آنکھین بند ہو جانا۔

پٹھوان مین بیٹھنا ۔ جسم مین گھس جانا رگ و پے مین جگہ پکڑنا دلی دوستی ہونا نخرے تکلفی ہونا دل مین جگہ پکڑنا۔

پٹھے پر ہاتھ نر کھنے دینا ۔ پشت پر ہاتھ نر کھنے دینا گھوڑے کا سرکش ہونا پاس نہ آنے دینا پاس بھٹکنے نہ دینا۔

پٹیان جمانا ۔ مانگ پٹی سنوارنا بالون کا درست کرنا۔

پٹی آنکھون پر باندھنا ۔ بے مروت ہونا اغماض کرنا جان بوجھکر آنکھین بند کر لینا۔ **مؤلف**۔ دیکھتا ہی اپنی اصلیت کو انسان خاکزاد + کام کیون کرتا ہی پھر آنکھون پہ پٹی باندھ کے +

پٹاری کا خرچ ۔ وہ خرچ جو امرا اپنی عورتون کو بالائی ضروریات کے واسطے دیتے ہین۔

پتھر کی لکیر ۔ نقش بر سنگ نہایت مستحکم مستقل مضبوط اَمٹ۔ **جرأت** ۔ سر دیجیے راہ عشق مین پر منھ نہ موڑیے + پتھر کی سی لکیر ہے یہ کوہکن کی بات۔

پتیلون کا سانگ ۔ مشہور سوانگ ہی۔

پتھر مارے موت نہین ۔ فلان موذی پتھر مارنے سے نہین مرتا سخت جانی ہی۔

پتھر تلے کا ہاتھ۔ مجبوری و ناچاری و بےاختیاری کی حالت بجرأت۔ دل مرا اُس سنگدل کے ساتھ ہے + کیا کروں پتھر تلے کا ہاتھ ہے۔

پتھر کا دل یا کلیجہ۔ سنگدل بے رحم کٹھور۔ شہر آشوب سیالک کسکا پتھر کا ہے دل کس سے سنا جاتا ہے + کون ایسا ہے کہ ہو جسے بیانِ دہلی

پتھر پڑے۔ غارت ہوں تباہ ہوں برباد ہوں۔ مصحفی غیرت بلبلوں کی پتھر پڑے کہ ہنسنے + سو بار گل کو ہنستے تا صبا سے دیکھا۔

پتھر کو جونک نہیں لگتی۔ بخیل سائل کو کچھ نہیں دیتا سخت دل کو رحم نہیں آتا جاہل کے دل پر نصیحت کارگر نہیں ہوتی۔ مولانا انور۔ ونگا کیا سائل کو ممسک سنگدل + جونک پتھر کو کبھی لگتی نہیں۔

پتھر کی چھاتی۔ سنگدل بےرحم ظالم۔ قیس۔ داغ پرتو داغ جو کھاتا ہے قیس + کیا تری پتھر کی چھاتی تو نہیں۔

پتھر نہیں پگھلتے۔ سخت دل کو رحم نہیں آتا بخیل سے فیض کی امید نہیں۔ نکہت۔ نرم کیونکر ہو خدایا وہ بت سنگین دل + آج تک ہمنے نہیں دیکھے پگھلتے پتھر۔

بائے پارسی با جیم

پچارا پھیرنا۔ سفیدی کرنا کوچی پھیرنا اہار کرنا ترغیب دینا اکسانا

پچارا دینا۔ دم دینا دھوکا دینا رنگ یا روغن پھیرنا خوشامد کرنا

پچارے میں آنا۔ دم یا دھوکے میں آنا فریب کھا جانا۔

پچر اڑانا۔ لکڑی یا تختے کی درز میں فانہ لگانا تعرض کرنا مانع ہوتا روک دینا بھانجی مارنا کسیکے کام میں خلل انداز ہونا۔

پچر مارنا۔ کسی کے کام میں حرج دینا رخنہ انداز ہونا کام بگاڑ دینا

پچ مرنا۔ کوشش کرتے کرتے تھک جانا جان فشانی کرنا۔

پچھاڑ دینا۔ دے مارنا پٹخ دینا کشتی میں حریف کو لے لینا چت کر دینا۔ شکست دینا جیت لینا۔

پچھاڑی مارنا۔ پچھلی ٹانگیں بلند کرنا دشمن کی فوج کے پچھلے حصہ پر دھاوا کرنا

پچھنے لگانا۔ نشتر یا استرے سے جسم کو گود کر خون نکالنا۔

پچھوڑی کا اچھا۔ پیچھے کا اچھا خاندان کا اچھا۔

پچی کاری کرنا۔ اینٹ اور چونہ سے مضبوط کام بنانا نقاشی کا کام دیوار پر کرنا مرصع کام کرنا۔

پچی کرنا۔ ٹھوک پیٹ کر مضبوط کر دینا وصل کر دینا پھنسا دینا

بائے پارسی با خائے

پخ پھیلانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا فساد پھیلانا غل مچانا واہیات بکنا

پخ لگانا۔ ردگ پیدا کرنا حرج دینا تکرار بڑھانا۔ الجھاؤ پیدا کرنا۔

پخ لگنا۔ ردگ پیدا ہونا جھگڑا برپا ہونا۔

بائے پارسی با رائے

پرا باندھنا۔ آدمیوں کو قطار باندھکر کھڑا کرنا فوج کا ایک صف میں استادہ ہونا۔ **مولف**۔ لشکر مژگان پرا باندھے ہوئے ہیں مستعد + قتل کرنے کھڑے پھر کونسی نا امیدی ہے۔

پرانا پڑ جانا۔ بہت دنوں کا ہو جانا برسوں کا ہو جانا مدت مدید کا ہو جانا ؎ اب نئے عاشق بنالئے آپنے + کیونکہ ہیں پہلے پرانے پڑ گئے۔

پرانا دھرانا۔ رکھا رکھایا پھٹا پرانا کپڑا انکا خراب چیتھڑا۔

پران چھٹانا۔ پیچھا چھڑانا جھگڑا ختم کرنا جان چھڑانا۔ مار دینا۔

پران چھوٹ جانا۔ دم نکل جانا مر جانا جان دیدینا۔ **مولف**۔ بندہ چھوٹیگا نبد سے اُس روز + جبکہ اُسکے پران چھوٹینگے۔

پران چھوڑ دینا۔ جان دینا مر جانا ہمت ہارنا جی چھوڑنا۔

پران لینا۔ جان لینا دق کرنا ستانا تنگ کرنا جان کھا جانا **مولف**۔ غم ہجران پران لیتا ہے + بلکہ انسان کی جان لیتا ہے۔

پرانے مردے اکھیڑنا۔ پچھلے جھگڑے چھیڑنا گذشتہ شکایتیں زبان پر لانا۔

پرائے گھر کا ہونا۔ غیر کا بن جانا بیگانہ شخص سے ربط پیدا کرنا۔

پر باندھ دینا۔ بے بس کر دینا عاجز کر دینا ؎ تونے شہباز نظر کو جو ادھر چھوڑ دیا + ہمنے بھی طائر دل باندھ کے پر چھوڑ دیا ؎ مرغ دل چھوڑا ہے اُس صیاد نے پر باندھ کے + کر دیا ہے غرق بحر غم میں پتھر باندھ کے۔

پر پرزے سے درست ہونا۔ ساز و سامان سے درست ہونا اسباب ضروری سے موجود ہونا۔

پر پرزے نکالنا۔ ہوش سنبھالنا بلوغت کو پہنچنا۔

پر جھاڑنا۔ پرانے پروں کو گرانا گریز کرنا نئی حالت پیدا کرنا پروں کو صاف کرنا اڑنیکو طیار ہونا۔ ناسخ۔ ذکر پر واز ہی کیا تنگ ہے ایسا یہ چمن + جھاڑ بھی سکتے نہیں ہم کبھی شہپر اپنا

پر چار رہنا۔ دل لگا رہنا دل بہلا رہنا کسی شغل میں مشغول رہنا

ﮦ - اگر خط کتابت کا چرچا رہیگا + تو دل میرا پرچے سے پرچا رہیگا -

پرچانا - پرچالینا - اپنے ڈھنگ پر لگا لینا معہ لینا راضی کرلینا مائل کرلینا - مظفر - نہ بھیجا تو نے لکھکر ایک پرچا + ہمارے دل کو پرچایا تو ہوتا +

پرچک دینا - جرأت دینا دلیر کرنا اکسانا ابھارنا بہکانا - اغوا کرنا -

پرچک لینا - حمایت کرنا طرفداری کرنا حامی ہو جانا -

پرچھا کرنا - فیصلہ کرنا معاملہ طے کرنا جھگڑا چکانا - آتش - سنتے بولا یار مین مارے خوشی کے مرگیا + قصہ طولانی تھا دو باتون پر چھا کردیا -

پرچھاوان پڑنا - کسی کا سایہ کسی پر پڑنا صحبت کا اثر ہونا ایک عورت کی رحمی بیماری کا اثر دوسرے پر ہو جانا یا بھوت جن کے سایہ مین بچہ کا آجانا -

پرچھاوین سے بچنا یا بھاگنا - کسی کا سایہ اپنے اوپر نہ پڑنے دینا صحبت سے نفرت کرنا - مؤلف - نہ ملنا اُس پریوش سے نہ ملنا + جو مل جائے تو پرچھاوین سے بچنا -

پرچھائین سے ڈرنا - از حد نفرت کرنا دل و جان سے متنفر ہونا کبھی صورت تک نہ دیکھنا - مؤلف - جو انسان مین پریچہرونکی پرچھائین سے ڈرتے ہین + ہمیشہ ان سے کوسون بھاگتے ہین خوف کرتے ہین -

پرچھڑنا - پر اتر جانا بیکس ہو جانا کوئی پرسان حال نہ رہنا - قطعہ از مؤلف - کمہان جاؤن کہان مین اُڑ کے پہونچون + کہ مرغ دل کے سب پر جھڑ گئے ہین ضعیفی سے نہین ہلنے کی طاقت + قدم فرش زمین مین گڑ گئے ہین -

پردہ اٹھا دینا - پردہ اٹھا ڈالنا - بے پردہ ہونا نقاب اٹھا دینا بے حجاب ہونا بے تکلف ہونا راز کھول دینا - مولانا اکبر لاہوری - دو عاشق ملکے جب پردے مین بیٹھین + وہان پردہ اٹھا دینا بھلا ہے -

پردہ ڈھانکنا - پردہ ڈھک لینا - کسیکا عیب چھپانا مخفی راز کرنا پردہ پوشی کرنا - نعتیہ - گنہگارون کی کرتے ہین شفاعت سرور عالم + رسول اللہ ڈھک لیتے ہین پردے عیبدارون کے -

پردہ ڈالنا - آنکھ سے عیب دیکھکر پردہ پوشی کرنا زبان پر نہ لانا - قطعہ از مؤلف - فی الحقیقت ہے بڑے مردون کا کام + دیکھکر آنکھون سے پردہ ڈالنا عیب بند ملنے سکے نہ لانا بر زبان +

ہو سکے جسقدر اسکو ٹالنا -

پردہ رکھنا - کسیکے سامنے نہونا راز چھپانا کسیکے بھید ظاہر نکرنا چھپنا چھپانا - مؤلف - ہے غیرون سے ہمیشہ بے حجابی + اور اپنے عاشقون سے پردہ رکھنا - مؤلف - دیکھو تو تم اگر کسیکا عیب + دیکھنا اسکا پردہ رکھ لینا -

پردہ رہ جانا - عزت بچ جانا آبرو رہجانا بات مین فرق نہ آنا - داغ - ہلاک اندازہ وصل کرنا کہ پردہ رہ جائے کچھ ہمارا + غم جدائی مین خاک کرکے کہین عدو کی خوشی نہ کرنا -

پردہ فاش کرنا - پردہ دری کرنا - بھید کھولنا - بھانڈا پھوڑنا قلعی کھولنا ساکھ بگاڑنا پردہ اٹھانا کھولنا - اکھاڑنا - حکیم محمد انور لاہوری - سنسلانے مین برا ہو کوئی یا نیک + یہ تم اسکا نہ پردہ فاش کرنا -

پردہ کرنا - چھپنا اوٹ کرنا کپڑا تان لینا کسی کے سامنے منہ نہ کھولنا گھونگھٹ نکالنا حجاب مین ہو جانا - داغ - سر محفل کبھی سے مجھکو ظالم پردہ کرنا تھا + پھر اسپر یہ قیامت غیر کے دامن سے منہ ڈھکنا -

پردے بیٹھانا - پردہ نشین کرنا باہر نہ نکلنے دینا -

پردیس چھانتا - پردیس سہنا - غیر ملک مین دیس چھوڑکر رہنا عزیزون سے جدا رہنا -

پردے مین سوراخ کرنا - پردے مین چھپکر ناجائز کام کرنا تانک جھانک کرنا ٹٹی کی اوٹ مین شکار کھیلنا -

پرزے اڑانا - مارنا پیٹنا زدو کوب کرنا -

پرسا دینا - فاتحہ خوانی کرنا ماتم کرنا میت والون کی دلداری کرنا

پرسش کرنا - پوچھنا دریافت کرنا مواخذہ کرنا باز پرس کرنا

پرستبان کرنا - باتراب کرنا سفر کا شگون گھر سے باہر رکھنا

پر قینچ کرنا - پرندہ جانور کے پر کتر ڈالنا بے بس کرنا کسی لائق نہ رکھنا عاجز و ناچار کرنا - ﮦ قفس مین ڈال رکھنا مجھکو صیاد مگر پر قینچ قینچی سے نہ کرنا -

پر کترنا - جانور پرند کے پر کتر ڈالنا - مؤلف - اڑ نہ جاے یہ ہمارے ہاتھ سے مرغ دل کے پر کتر ڈالینگے ہم -

پر کھنا - کھوٹے کھرے کو دریافت کرنا -

پر لگنا - پر نکلنا اڑنے کے قابل ہونا غرور مین آنا خود بخود کام کرنے لگنا - مؤلف - کہین پروانہ بنکر اڑ نہ جلے + کہ مرغ دل کو اب پر لگ گئے ہین -

پروان چڑھنا ۔ بڑھنا ترقی کرنا عمر جوانی کو پہونچنا مراد کو پہونچنا پھولنا شادی بیاہ ہونا ۔ **شوق** ۔ نکلا ماں باپ کا نکچھ ارمان + ہائے بیٹا نہ تم چڑھے پروان ۔

پروانہ ہونا ۔ عاشق ہونا فریفتہ ہونا شیدا ہونا جان پر کھیلنا ۔ **صفدر فوقانی** ۔ نہ کرنا شمع پر پروانہ ہو کر + اگر آئے نظر پروانہ رکھنا ۔

پر کے سرے کا ۔ بڑا بدمعاش خراب آدمی ۔

پر لینا ۔ پر لترنا کاٹنا پر قینچ کرنا ۔

پر مارنا ۔ اُڑنا کہیں دخل پانا ۔

پر نکالنا ۔ نئے پر پیدا ہونا اترانا غرور میں آنا لڑائی میں آنا ۔

پر نہ مارنا ۔ اُڑ نہ سکنا پاس نہ آسکنا پاس نہ پھٹکنا رسائی نہ ہونا دخل نہ ہونا جا نہ سکنا ۔ **حکیم محمد انور لاہوری** ۔ پرندہ جس جگہ پر مار سکتا ہی نہ تھا انور + وہاں پر حضرت انسان فرشتہ بنکے جا پہونچے ۔

پرندہ پر نہیں مار سکتا ۔ نہایت پردہ ہے ایسا بند و بست ہے کہ کوئی آدمی وہاں نہیں جا سکتا بلکہ پرندہ کا دخل نہیں ہے از حد روک ہے ۔

پروبال نکالنا ۔ ہوش سنبھالنا لیاقت بہم پہونچانا زور پاسڑنا طاقت حاصل کرنا ۔ **نسیم** ۔ مطلوب کا سن سمجھ کے سب حال + چاہیے کہ نکالے کچھ پروبال ۔

پروف اٹھانا ۔ چھاپہ کے پتھر سے نقل اٹھانا پہلی کاغذ پتھر سے اٹھانا ۔

پرہیزی کھانا ۔ وہ کھانا جو بیمار کے لیئے موافق ہو ۔

پرہیز کرنا ۔ ناموافق کھانے سے بیمار کو بچنا ممنوعات سے الگ رہنا ۔ **مولانا اکبر لاہوری** ۔ عزیزو محبت سے پرہیز کرنا + کہیں آپ بے موت آئے نہ مرنا ۔

پڑھنا ۔ علم حاصل کرنا تعلیم پانا ۔

پرے بٹھانا ۔ نظر سے گرا دینا پاس نہ آنے دینا بعزت و حقیر جاننا

پریشان کرنا ۔ دق کرنا ستانا تکرار میں ڈالنا ۔ ۵ دم میں پر لفوں کے نہ آنا صاحب + کام جنکا ہی پریشان کرنا ۔

پر کھا کرنا ۔ شکایت کرنا گلہ اور شکوہ کرنا الاہنا دینا ارمان کرنا ۔

پریون کا اُتارا ۔ پریون کا اکھاڑا خوبصورت عورتون یا لڑکون کا مجمع ۔

پڑا پانا ۔ رستے میں کسی چیز کو پڑے ہوئے پانا مفت و بے محنت مل جانا ۔

پڑاؤ ڈال دینا ۔ چھاؤنی ڈال دینا قیام کرنا سکونت اختیار کرنا رستے لگانا ۔

پڑتال پڑنا ۔ خوب جوتیاں پڑنا گت بننا ۔

پڑتال پھیلانا ۔ حساب یا لاگت کا اندازہ کرنا ۔

پرانا خرانٹ **پرانا گھاگ** ۔ بہت بوڑھا پیر فرتوت پرانا تجربہ کار گرگ کہن کار آزمودہ ۔

پرانے لوگ ۔ بڑی عمر کے آدمی بڑے بوڑھے آبا اجداد جہاں دیدہ کار آزمودہ ۔

پروا نے کی نقل ۔ جورو کا بھائی خسر پورہ سالا ۔

پرائی آنکھیں دیکھی ہوئی ہیں ۔ بڑوں کو دیکھا ہوا ہے جہاندیدہ ہے کار آزمودہ ہے ۔

پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں ۔ پرایا اپنا نہیں ہوجاتا بیگانہ اپنا نہیں بن جاتا ۔ **مغفور** ۔ خشم نوشی آنے کی یاں ہوگیا عالم سیاہ + راست ہے آنکھیں پرائی اپنے کام آتیں نہیں ۔

پرائے مال پر یا حسین ۔ اوروں کے مال پر حسین کے نام پر خیرات کرنا حلوائی کی دوکان پر نانی کا فاتحہ دینا ۔

پر جلتے ہیں ۔ فلان مقام پر کسیکا گذر نہیں کسیکا دخل نہیں کہ پرندوں کے وہاں پر جلتے ہیں ۔ **نعتیہ از مؤلف** اُس جگہ پہونچے جناب مصطفے + جس جگہ جلتے ہیں پر جبرئیل کے امانت بیان ہوگا انسان کا کیسے گذر + پرندوں کے اس جا پہ جلتے ہیں

پر تل کا ٹٹو ۔ مزدور محنتی حمال ۔

پرانی کھوپڑی ۔ بڑی عمر کا تجربہ کار بوڑھا آدمی جہاندیدہ پرائے پر ڈرے آزاد کرتا ہے ۔ دوسرے شخص کے غلام آزاد کرتا ہے دوسرے کے مال پر فیاضی ہوتی ہے ۔ **قطعہ از مولف** سخی نہیں ہے جو دنیا میں دو کھلے دل سے + خدا نے عمر کے بہر خدا لٹاتا ہے + پرائے پردے ان کو ہر وقت کرتا ہے آزاد + پرائے مال پہ فیاض کہلواتا ہے ۔

پرائے شگون کے لیے ناک نہیں کٹوائی جاتی ۔ دوسرے کی بہتری کے لیے اپنے اوپر تکلیف یا نقصان گوارا نہیں کیا جاتا ۔

پرائے گھر کا کوڑا ہے ۔ یہ محاورہ اپنی لڑکی کے حق میں

بولا جاتا ہی جو دوسرے گھر مین بیاہی جائیگی۔
پردہ کی بی بی۔ پردہ نشین عورت صاحب عصمت۔
پردہ پوشی پردہ داری۔ عیب پوشی رازداری۔ نسیم
بولی وہ بکاولی کہ داری + محرم کا ہی کام پردہ داری۔
پرے پرے۔ الگ الگ دور دور۔ صفدر فوقانی
بیٹھے ورے ہین جو نا آشنا تھے لوگ + اور آشنا
کھڑے ہین وہان سے پرے پرے۔
پرے کے پرے۔ باہر باہر الگ الگ دور دور۔
مولانا اکبر لاہوری۔ بلائے گئے پاس جو غیر تھے + ڈھکیلے
گئے ہم پرے کے پرے۔
پری کا سایہ ہی۔ پری کا آسیب ہی بھوت یا جن کا اثر ہی
مفتی حیدر۔ میرے جوش جنون کو دیکھکے لوگ +
بولے اسکو پری کا سایہ ہی۔

بائے پارسی با سین

پس پا ہونا۔ پیچھے ہٹ جانا شکست کھانا ہمت ہارجانا۔ مولف۔ کٹے لیتے ہین سر ہم اپنی جان پر کھیل جاتے ہین + مگر میدان الفت ہے کہ پس پا ہو نہین سکتے۔
پست ہونا۔ مغلوب ہونا پیٹھ دکھانا زیر ہوجانا نیچے ہوجانا۔ مولف۔ سربلندی کے جو خواہشمند ہین + بس وہی ہوتے ہین آخر کار پست۔
پسلی پھڑکنا۔ خبر ہوجانا معلوم ہوجانا دل سے کسی بات کا اٹھنا۔ دل کا پھڑک جانا۔ تپش۔ جب غیر سے ہوا وہ کہین رات ہمکنار + یان درد دل سے اپنی بھی پسلی پھڑک گئی۔
پس و پیش سوچنا۔ آگا پیچھا سوچنا برائی بھلائی کی طرف خیال رکھنا اونچ نیچ سمجھنا نتیجہ نکالنا۔ شعر۔ کرنا ہر ایک کام جو منظور ہو آپ کا + لیکن تم اسکا پہلے پس و پیش سوچنا۔
پسینے پسینے ہونا۔ عرق عرق ہوجانا پسینوں نہا جانا نہایت شرمندہ ہونا پسینہ آنا۔ صفدر فوقانی۔ جو دیکھا عرقناک چہرہ تمھارا + ہوئی شمع روشن پسینے پسینے۔
پسینے کی جگہ لہو بہانا یا گرانا۔ کسیکے پسینا گرانے کے موقع پر اپنا خون گرانا نہایت درجہ کی جانفشانی کرنا کسی کے واسطے اپنی جان دیدینا۔ مولف۔ تری جانفشانی مین جان جبتلک ہی + کریگا نہ ہرگز کمی یہ کمینہ + یہ خون دل اپنا بہادے گا

دم مین + گرے جس جگہ پر تمھارا پسینہ۔

بائے پارسی با شین

پشت دکھانا۔ لڑائی مین سے بھاگنا شکست کھانا پیٹھ دکھانا۔
پشتک مارنا۔ گھوڑے گدھے اونٹ وغیرہ کا دولتی مارنا۔
پشتی کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا سہارا دینا اطمینان دینا ساتھ دینا مدد دینا۔
پشم پر مارنا۔ ناچیز جاننا بیعزت سمجھنا کچھ پروا نکرنا خاطر مین نہ لانا۔ پشم پر رکھکر پھینک دینا۔
پشم گندہ نہونا۔ کچھ نہو سکنا عاجز رہنا۔
پشم نہ سمجھنا۔ پشم کے برابر بھی کسی کا رتبہ نہ سمجھنا حقیر و بیعزت جاننا۔

بائے فارسی با کاف

پکا پکایا۔ بالکل تیار بنا بنایا پختہ پیس۔ مولف۔ خدا کھلاتا ہی اپنے بندون کو کھانے والے طرح طرح کے + نہین پکانے کی جستجو ضرورت ہی ملتا انکو پکا پکایا۔
پکا پھوڑا۔ غمگین ستم رسیدہ رونے کو تیار۔ مولف۔ تیر چبھتا ہے اس سے ہی تھوڑا + مرا دل اور جگر ہی پکا پھوڑا۔
پکا پیسا۔ نہایت چالاک کارآزمودہ تجربہ کار پہنچے درجہ کا ہشیار۔
پکا چٹھا۔ پختہ حساب کا کاغذ۔
پکا کرنا۔ کسی کام کے لیے آمادہ و مضبوط کرنا ہمت دلانا قبل دینا۔ اینٹھنا۔
پکا ہونا۔ ہشیار ہونا مضبوط ہونا معاملہ پک جانا۔
پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا مقید ہونا گرفت مین آنا حساب کتاب مین آنا۔
پکھال بیٹا۔ بڑے پیٹ کا آدمی جسکا پیٹ پکھال جتنا ہو بڑے پیٹ
پگڑی اتارنا۔ عزت اتارنا آبرو لینا۔
پگڑی اترنا۔ بیعزت ہونا بے آبرو ہونا غارت ہونا لٹ جانا۔
پگڑی اٹکنا۔ مٹ بھیڑ ہونا مقابلہ ہونا مقابلہ پر آنا سامنے آنا۔ سہ گدائی ہمسری کرتی ہی اپنی بادشاہی سے + یہانی کلکول کی اٹکی ہی پگڑی کجکلاہی سے۔
پگڑی اچھالنا۔ عزت بگاڑنا آبرو برباد کرنا خراب کرنا ذلیل و رسوا کرنا پگڑی اتارنا۔ قطعہ از مولف۔ مدمست بے تمیز جو آتے ہین بزم مین + مجلس سے انکو ٹانگ پکڑکر نکالنا

کیا کام انکا بزم مین ہی جنکا کام ہی + لڑنا جھگڑنا کودنا پگڑی اچھالنا
پگڑی اُچھلنا - لڑائی فساد ہونا بعزت وبے آبرو ہونا شیخی جاتی رہنا - آتش - شیخی و شیخت نہین میخانے مین چلتی + یان پگڑی اچھلتی ہی خرابات مغان سے -
پگڑی باندھنا - خلیفہ کرنا قایمقام بنانا گدی نشین کرنا عزت حاصل کرنا - مولانا اکبر - عاشقون کا سر کو کٹوانا ہی کام ہی سراپا عار پگڑی باندھنا -
پگڑی بدلنا - دوست بننا بھائی بھائی بنتا یارانہ ہونا بے تکلفی ہونا - سہ عشق بتان مین دیکھا یہ لطف سب پہ طرہ + بدلی گئی ہی پگڑی شیخ اور برہمن مین -
پگڑی بندھنا - وارث قرار پانا جانشین وقایم مقام بنایا جانا
پگڑی رکھنا - پگڑی پہننا عزت پانا آبرو حاصل کرنا منت وخوشامد کرنا پاؤن پر پگڑی رکھنا -
پگڑی تھامنا - آبرو بچانا عزت قایم رکھنا صفدر فوقانی منت کرو بے آبرو کا سامنا + اپنی پگڑی ہر طرح سے تھامنا -
پکا کاغذ - پختہ کاغذ پختہ حساب کا کاغذ سرکاری کاغذ فی زمانہ اشٹامپ کا کاغذ رجسٹری شدہ -
پکڑ دھکڑ - مجرمون کی گرفتاری کی حالت -
پکا پان - بہت بوڑھا ضعیف عمر رسیدہ جہاندیدہ تجربہ کار -
پکار کے - علانیہ ظاہر کھلم کھلا ڈنکے کی چوٹ - مولف - عاشق ہونا دیکھنا دل دے نہ بیٹھنا + کہہ دینا سبکو بات ہماری پکار کے

باے فارسی با لام

پلا بھاری ہونا - دولتمند ہونا عیالدار ہونا صاحب اولاد ہونا گنہگار ہونا صاحب امداد وحمایت ہونا صاحب لشکر و فوج ہونا بوجھل ہونا - نعتیہ از مولف - گو جرایم بھی اپنے سنگین ہین مگر شفاعت کا پلا بھاری ہی -
پلا پکڑ لینا - دامن پکڑ لینا آسرا لینا سہارا لینا قرضہ مانگنا سہ کوئی کیسا ہوگا کوئی کیسا ہوگا + مین نے تو اب تمھارا پلا پکڑ لیا ہی -
پلا چھڑانا - رہائی پانا پیچھا چھڑانا - مولف - پھنسا کانٹون مین ہو دامن تمھارا + تم اسطرح پلا چھڑانا -
پلا لینا - منہ ڈھانک کر رہنا میت پر رونا نوحہ کرنا بین ڈالنا -
پل باندھنا - دریا پر راستہ بنانا کسی چیز کا ڈھیر لگا دینا ریل پیل کر دینا - مولف - نکتہ وحدت کا سمجھنا ہی محال + مشکل اس دریا پہ ہی پل باندھنا -
پل بندھنا - ڈھیر لگ جانا انبار لگ جانا جرأت - دل وجان وجگر پر بے تامل + غم ودرد والم کا بندھ گیا پل -
پل پڑنا پل جانا - دھاوا کرنا ایک ہی دفعہ سبت سے آدمیونکا مکر حرہ جانا ملکر زور کرنا چڑھائی کر دینا جھک پڑنا -
پل ٹوٹ گیا پل ٹوٹ پڑا - بند کھل گیا کثرت ہو گئی ریل پیل ہو گئی بہتات ہو گئی -
پلک اٹھا اٹھا کے راج کرنا - ہر وقت حکومت کرنا ہمیشہ راج کرنا -
پلک جھپکانا - ذرا سی دیر سو رہنا قیلولہ کرنا -
پلک دریا - بڑا فیاض کریم سخی داتا ایک لحظہ مین خشک زمین پر دریا جاری کرنے والا ذات باری جل شانہ -
پلک لگ جانا - ذرا سی دیر سو جانا -
پلک مارنا - آنکھ سے اشارہ کرنا -
پلک نہ پسیجنا - ذرا رحم نکرنا -
پلک نہ لگنا - نیند نہ آنا جاگتے رہنا -
پلکون سے زمین جھاڑنا - انتہا اطاعت کرنا نہایت خدمت کرنا - نسیم - بچشمون نے چتون انکی تاڑی + پلکون سے زمین بن کی جھاڑی -
پلکون سے نمک اٹھانا - ہاتھ کا کام پلکون سے کرنا دشوار ومشکل کام کرنا -
پلنگ کولات مار کر کھڑا ہو جانا - بیماری سے اچھا ہونا
پلتول ملانا - سازش کرنا گانٹھ لینا -
پلے باندھنا - دل مین جگہ دینا یاد رکھنا عقد نکاح ہو جانا کوئی بات اپنے ذمہ لینا حفاظت کرنا قدر کرنا توقیر سے پیش آنا
پلے بندھنا - منسوب ہونا بیاہا جانا شادی ہونا گلے پڑنا پیچھے لگنا
پلے پڑنا پلے لگنا - ملنا ہاتھ لگنا حصہ مین آنا بس مین آنا قابو مین آنا -
پلی پلی جوڑنا - تھوڑا تھوڑا جمع کرنا بڑی خست وکنجوسی سے مال کا خزانہ فراہم کرنا - مثل - شیلان جوڑے پلی پلی + رحمان لڑھائے کپا -
پلیتہ چاٹ جانا - رنجک کا اڑ جانا یا بندوق کا نہ چلنا
پلیتہ دینا یا لگانا - بھٹی مین آگ روشن کرنا توپ کو بتی دکھانا

توپ چلانا کسی چیز کو چلانا آگ لگانا۔

پلیتھن نکالنا۔ مارنا پیٹنا ٹھیک بنانا گت بنانا کندی کرنا پتلا حال کرنا۔

پلیتھن نکلنا۔ تباہ حال ہونا پتلا حال ہونا کام تمام ہو جانا۔ **میر تقی** ۔ یان پلیتھن نکلگیا وان غیر + اپنی تلی لگائے جاتے ہیں

پلیتھن لگانا۔ خشک آٹے کے پیڑے کو لگا کر روٹی پکانا بات میں بات ملانا۔ اپنی طرف سے بات کو بڑھا کر کہنا۔ **سودا**۔ کسی مسرف کے گھر پکا نون گا + اور پلیتھن ترا لگاؤنگا۔

پلے جھاڑ کر کھڑا ہو جانا۔ بالکل الگ ہو جانا پیچھا چھڑانا رہائی پانا سب کچھ دیدینا بے تعلق ہو جانا صفایا کر دینا۔ **مولف** استغدر دولت فراہم کرنے سے کیا ملجائیگا + ہو گئے کیا انبار سیم و زر زمین میں گاڑ کے + ساتھ غیر از حسرت و افسوس کیا لیجاؤ گے جب کھڑے ہو جاؤ گے دنیا سے پلے جھاڑ کے۔

پلے ہونا۔ پاس ہونا گرہ میں ہونا گانٹھ میں ہونا مالدار ہونا دولتمند ہونا۔ **مولف** ۔ ایک دن جب سفر کو جانا ہے + چاہئے زادراہ پلے میں۔

پلنگ توڑ۔ وہ آدمی جو چارپائی پر بیٹھا کھائے کام کوئی نکرے نکما کاہل الکسی نکھٹو بیکار نالائق۔

پلک نواز۔ ذرا سی دیر میں نہال کر دینے والا کمی بخشش کرنے والا۔

پل بھر میں ۔ ایک لحظہ میں ایک لمحہ میں **معروف** ۔ سیاستہ برسا تھا مرے ابر مژہ کے ایکبار + جھڑ گئی پل بھر میں شیخی ابر دریا بار کی۔

پل کے پل میں بہت جلدی لحظہ کے لحظہ میں **حکیم محمد انور ملاہوری** ۔ نئی ہر گل کی گلستان جہان میں + نظر آتی ہے رنگت پل کے پل میں + پلٹ جاتا ہے نقشہ دم کے دم میں + بدل جاتی ہے صورت پل کے پل میں۔

پلے کیچڑ میں پھنس رہے ہیں ۔ دنیا کے تعلقات میں پھنسے ہوئے ہیں طرح طرح کی بلا میں مبتلا ہیں بکھیڑوں میں گرفتار ہیں۔

پل بندی ۔ پل کی تعمیر پل کی مرمت پل کا محصول اور مرنا کاری عورت فاحشہ کی۔

پلک مارتے ۔ تھوڑی دیر میں تھوڑے عرصہ میں دم کے دم میں

باے فارسی با نون

پناہ دینا۔ سہارا دینا امن دینا آفت سے بچانا سرن میں لینا۔ **لغتیہ از مولف** ۔ لیتے ہیں خود خبر اسکی + جسکو حضرت پناہ دیتے ہیں۔

پناہ مانگنا ۔ سہارا چاہنا امان مانگنا تراہ تراہ کرنا تائب ہونا ۔ **مولف** ۔ بتون کے ستم سے زمانے کے لوگ + سدا مانگتے ہیں خدا کی پناہ۔

پنتھ بڑھانا۔ غیر مذہب کے لوگون کو اپنے مذہب میں لانا۔ اپنے گروہ اور جماعت کو بڑھانا۔

پنتھ ڈوبنا ۔ مذہب میں خلل آنا قوم و گروہ کا برباد ہونا خاندان خراب ہونا۔ **مولف** ۔ لڑے انگریز سے جو سکھ جاکر + سارا ستلج میں پنتھ ڈوب گیا۔

پنجون کے بل چلنا۔ رفتار کے وقت ایڑی زمین کو نہ لگنے دینا اترا کر چلنا گھمنڈ کرنا غرور کرنا۔

پنجہ پھیر دینا۔ پنجہ موڑ دینا۔ ہاتھ مروڑ دینا پنجہ لینے کے وقت غالب آجانا۔

پنجہ کرنا۔ کسیکے ساتھ انگلیون میں انگلیاں ڈالکر زور کرنا۔ **مولف**۔ جو زور آور ہو اس سے پنجہ کرنا + ہے اپنے دکھ کو ناحق رنجہ کرنا۔

پنج ہونا۔ گھوڑے کا سات برس کی عمر کو پہونچنا جوانی پر آنا۔

پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا۔ کسی کام میں ہمہ تن مشغول ہونا کسیکا دل سے دشمن بن جانا پیچھے سے نہ اترنا۔ **ناسخ**۔ لیگیا صحرا کی جانب وان آسے شوق شکار + شیر غم پیچھے پڑا یاں کیا ہی پنجہ جھاڑ کے

پنجے گاڑنا پنجے جمانا۔ کسی جگہ قبضہ کرنا قابض ہو جانا۔ جم کر بیٹھ جانا ۔ **مولف** ۔ جب اس گھر کو ہمین ہے چھوڑ جانا + تو پھر کیون چاہیے پنجے جمانا۔

پنچایت کرنا۔ برادری کے آدمی کسی مشورے کے لیے ایک مقام پر جمع کرنا۔

پنچون کا پیالہ پینا۔ برادری میں ملنا۔

پنڈا پھیکا ہونا ۔ بدن گرم ہونا حرارت ہونا۔ **شوق**۔ کچھ عجب حال میرے جی کا ہے + دیکھو پنڈا ابھی سے پھیکا ہے۔

پنڈا دھونا۔ نہانا غسل کرنا۔

پنڈا پانی پڑنا۔ صبر آجانا کلیجا ٹھنڈا ہو جانا۔

پنڈ پڑنا۔ پیچھے پڑنا سر ہو جانا چمٹنا۔

نیند چھٹنا ـ پیچھا چھٹنا جان بچنا رہائی ملنا ـ
نیند چھڑانا ـ پھٹکارا پانا نجات ملنا مخلصی پانا ـ
نیند چھوڑنا ـ نجات دینا پیچھے سے اترنا ـ
پنکھ پسارنا ـ پرنکو پھیلانا اڑنیکا ارادہ کرنا نزع کی حالت مین ہونا
پنکھے ٹانک جانا ـ دل دھڑکنے لگجانا دل مین ہول پیدا ہونا
پنیڑ جمانا ـ پنیری جمانا ـ دعوی قایم کرنا حق ثابت کرنا ـ
بنیاد ڈالنا ـ نیو رکھنا ابتدا کرنا ـ
پنیر چٹانا ـ لالچ دینا رشوت دینا خوشامد سے کام نکالنا کچھ دیکر یار بنانا ـ
پنبہ دہن ـ کم سخن کم گو کم زبان آدمی ـ
پنجروزہ ـ پانچ دن کا عرصہ تھوڑے دن کی بات تھوڑے عرصے تک ـ ع ـ نہ رکھو فکر دل مین سال و مہ کا تمھاری زندگی ہے پنجروزہ ـ
پنڈت خانہ ـ قید خانہ قمار خانہ بھنگیر خانہ ـ
پنج عیب شرعی ـ وہ شخص جسمین شرعی پانچ عیب ہون ـ زناکاری شرابخواری چوری قماربازی ـ دروغگوئی ـ

بائے فارسی با واو

پوبارہ ہونا ـ بازی مین جیت کا پاسا پڑنا فائدہ کی امید ہونا ـ
پو پھٹنا ـ صبح نمودار ہونا صبح صادق کا وقت ہونا بھور یا تڑکا ہونا ـ
پوت پورا کرنا ـ کسی کو پورا کرنا کسی نہ کسی طرح سے کسی کام کو سرانجام دینا ـ
پوت پورا ہونا ـ حساب پورا ہونا کسی کا عوض ہوجانا کام سرانجام ہوجانا ـ
پوتون پھلنا ـ صاحب اولاد ہونا ـ
پوتون والا ہوکر مرنا ـ بڈھا ہوکر مرنا ـ
پوشاتر ہونا ـ دولت ملجانا اور ہر وقت خوش و خورسند رہنا ـ
پوچھا پاچھی کرنا ـ حال دریافت کرنا ڈھونڈھ بھال کرنا تلاش کرنا ـ
پوچھکا کھیلنا ـ جوا کھیلنا قمار بازی کرنا ـ
پوڈنا سا ـ نہایت لاغر اور چھوٹا سا ـ
پورا اترنا ـ وزن تول اور مقابلے مین برابر ہونا ـ
پورا پڑنا ـ کافی ہونا کفایت کرنا ـ
پورا ڈالنا ـ کسی کو پورا کر دینا دن کاٹنا ـ
پوری پڑنا ـ کفایت کرنا گذارہ ہونا گذارہ ہونا بقدر حاجت مل جانا ـ
پورے دنون سے ہونا ـ حاملہ کا نوان مہینہ ختم ہوجانا ـ وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا ـ
پوست کندہ کہہ دینا ـ صاف صاف کہہ دینا کھولکر بیان کر دینا ـ کوئی لگاو نہ رکھنا ـ
پوشاک بڑھانا ـ کپڑے اتارنا ـ
پولے تلے گذران کرنا ـ جھونپڑے مین رہنا ـ ہدایت ہوا رنش ورد از شیخ سے معلوم یہ ہمکو + کہ یہ زاہد بھی اک پولے تلے گذران کرتا ہے ـ
پون بٹھانا ـ جادو کے زور سے کسیکو مطیع کرنا موکلون سے کام لینا ـ
پون بول جانا ـ دم نکل جانا سانس نکل جانا گوز نکل جانا عاجز و بےبس ہوجانا ـ
پون چلانا ـ جادو چلانا موٹھ چلانا ـ
پوتڑون کا امیر ـ پیدایش کے روز کا دولتمند باپ دادا سے امیر ـ
پوٹ کی چادر ـ کفن کے اوپر کی بڑی چادر ـ
پوتڑون کا دالدری ـ پیدایش سے مفلس بدقسمت و کم نصیب ـ

بائے فارسی با ہائے

پہاڑ ٹوٹنا ـ سخت مصیبت مین گرفتار ہونا ناگہانی آفت مین آنا ـ ؎ ہر وقت کی جانکنی سے چھوٹا + فرہاد پہ جب پہاڑ ٹوٹا ـ
پہاڑ کاٹنا ـ مشکل و دشوار کام کرنا ـ ؎ فرہاد کو تو ہا چاٹنا تھا + قسمت مین پہاڑ کاٹنا تھا ـ
پہاڑ کھانے کو دوڑنا ـ کمال غضب کی حالت مین کاٹ کھانے کو دوڑنا ـ
پہاڑ کے پتھر ڈھونا ـ سخت محنت کرنا تکلیف اٹھانا مصیبت جھیلنا ـ
پہاڑ گذرنا ـ دوبھر دکھائی دینا ناگوار گذرنا ـ نکہت ہر گھڑی گذری ہے کیا اے سنگدل تجھ بن پہاڑ + آہستگی سے بھی کٹتا نہین یہ دن پہاڑ ـ

پہاڑ ہوجانا۔ دشوار ہوجانا کٹھن ہوجانا۔ محمد انور لاہوری
جب مصیبت کا گذر جاتا ہے دن + رات ہوجاتی ہے پہر کا پہاڑ
پھاگ کھیلنا۔ ہولی کھیلنا ایک دوسرے پر رنگ ڈالنا
عیش کرنا۔ خوشی منانا۔
پھانس چبھ جانا۔ پھانس لگ جانا۔ لکڑی کا ریشہ یا کانٹا
چبھ جانا۔ کس طرح سے آئے اب دل کو قرار + لگ گئی ہے
پھانس ہجر یار کی۔
پھانس نکال دینا۔ کانٹا نکال دینا تکلیف رفع کرنا کھٹکا مٹانا
پھانس نکل جانا۔ موذی کا دفع ہوجانا۔ آفت دور ہوجانا
مصیبت دور ہونا۔ رند۔ اب اُس مژدہ کا دل سے خلش دور
ہوگیا + چبھتی جو تھی وہ پھانس جگر میں نکل گئی۔
پھانس لانا۔ فریب سے پکڑ لانا۔ گرفتار کر لانا۔ نسیم
رستے سے دیو پھانس لایا + اب تک تو خدا نے ہے بچایا۔
پھاوڑا بجانا۔ پھاوڑے سے مکان کو مسمار کرنا تمرد دکھانا
پھبتی کہنا۔ پھبتی اُڑانا۔ کسی شخص کو ایسی بات کہنا جو
اُس پر ٹھیک بیٹھ جائے ظرافتاً تشبیہ دینا ہنسی اُڑانا۔ رند
کہیں ہم رند یہ پھبتی کہ مستانگی روتی ہے + اگر مینا نئی زاہد
سے آب وضو نکلے۔
پھپھولے پھوٹنا۔ چھالوں میں سے پانی نکل جانا آرزو
پوری ہونا مراد بر آنا پوشیدہ عداوت کا ظاہر ہونا قطعہ میر
رونے پہ ہنس دیا اُسنے + ناامیدی کے تاگے ٹوٹ گئے + شکر
اللہ کہ بعد مدت کے + میرے دل کے پھپھولے پھوٹ گئے +
پھپھولے پھوڑنا۔ دل کا غبار نکالنا غصہ نکالنا
عداوت ظاہر کرنا۔
پھٹ پڑنا پھٹا جانا۔ فربہ ہونا موٹا ہونا بدن کا گدگدا
جانا نکلا پڑتا نازور میں ہونا۔ شوق۔ تھا عجب پیچ و تاب
سنبل کا + پھٹا پڑتا تھا جوبن اُس گل کا۔
پھٹ پھٹ کرنا۔ لعنت ملامت کرنا دُر دُر کرنا طعنے
مہنے دینا۔
پھٹکار اُٹھانا۔ لعنت ملامت اُٹھانا بیقدری و بےعزتی
کی حالت میں رہنا۔
پھٹکار برسنا۔ منہ کی رونق جاتی رہنا بیرونق ہونا بے زیب
ہوجانا اداسی نمودار ہونا۔

پھٹکا نہ کھانا۔ فی الفور مرجانا مرگ مفاجات سے مرنا
چٹ پٹ مرجانا قطعہ اگر تم خنجر ابرو کو دوگے + بوقت
قتل عاشق ایک جھٹکا + نہ پینے کے لیے مانگیگا پانی +
نہ کھانے کے عوض کھائیگا پھٹکا۔
پھٹکنے ندینا۔ آنے ندینا گھسنے ندینا۔
پھریری آنا۔ پھریری چھوٹنا۔ سردی کے سبب سے
بدن پر لرزہ ظاہر ہونا رونگٹے کھڑے ہونا کسی چیز کے
دیکھنے سے طبیعت میں نفرت کرنا۔
پھریری لینا۔ پرجھاڑنا پھرپھرانا کانپنا ہلنا لرزہ
کھانا۔ انشاء اللہ خان۔ اک پھریری جو ترا خاک بسر
لیتا ہے + تھام جبرئیل امین اپنا جگر لیتا ہے۔
پہرے میں دیدینا۔ حراست میں لینا حوالات میں دینا
قید کردینا۔
پھڑک جانا۔ پھڑک اُٹھنا۔ بیقرار ہونا بیتاب ہونا
تڑپ جانا۔ مولف دیکھکر گلشن میں حسن گلعذار + سب
پھڑک جاتے ہیں مرغان چمن۔
پھسلا ہٹ میں آنا۔ فریب میں آنا دم میں آنا کسی کی حمایت
پر نازاں ہونا۔
پھلنا پھولنا۔ دولتمند و صاحب اولاد ہونا صاحب نصیب
و صاحب اقبال ہونا۔ مولف ہے فقط دو چار دن کے
واسطے + گلشن عالم کا پھلنا پھولنا + اسکی فانی دیکھکر رنگین
بہار + دیکھنا مت بھولنا مت پھولنا۔
پہلو بچانا۔ طرح دینا کنارہ کرنا بچنا دور رہنا۔
پہلو بسانا۔ پاس آکر رہنا پڑوس میں قیام کرنا۔
پہلو تہی کرنا۔ ٹال دینا پرہیز کرنا غیبت نکرنا۔ صفدر
فوقانی۔ کیا غضب ہے غیر سے ہوتے تھے تم ہم بغل ہے
لیکن ہر گھڑی پہلوتہی کرتے رہے ہو ہمارے پہلو میں
بیٹھکر تم ہمیں سے پہلوتہی نکرنا + بلا کے پاس اپنے عین
مجلس میں ایسی حرکت کبھی نکرنا۔
پہلو دبانا۔ حریف کے پہلو پر زور ڈالنا بازو دبانا دشمن کی
فوج پر ایک طرف سے چڑھائی کرنا غالب آجانا۔ امیر
کروں اگر نقش نام جاناں نگین دل پر میں ہے سلیمان + تمام عالم
ہو زیر فرمان دبا دوں پہلو ترے نگین کا۔

پہلو گرم کرنا۔ کسی معشوق سے ہم بغل ہونا ہمکنار ہونا۔
پہلو نکالنا۔ مطلب حاصل کرنے کے لیے وقت نکالنا موقع پیدا کرنا۔
پہلو نکلنا۔ کسی کام کا موقع پیدا ہونا مطلب براری کا ڈھنگ نکلنا صورت ظاہر ہونا۔ داغ۔ انھوں نے خط تو بھیجا پر سمجھ مین کچھ نہین آتا + اس طرح کا ہر بات مین پہلو نکلتا ہے۔
پھلی نہ پھوڑنا۔ کچھ کام نہ کرنا بیکار بیٹھے رہنا۔
پھن پٹخنا یا مارنا۔ پھن مارنا ڈسنا کاٹنا سر دے دے مارنا بیفائدہ کوشش کرنا۔
پھندا پڑنا۔ گرہ پڑجانا دام مین آنا لقمہ گلے مین اٹک جانا۔ مؤلف۔ نہ نکلا آخرین دم تک بھی جسکو + تری زلفون کا پھندا پڑ گیا ہے۔
پھندا کٹنا۔ مصیبت سے نجات پانا پاپ کٹنا پیچھا چھٹنا آفت ٹلنا۔
پھندے مین پڑنا۔ بلا مین مبتلا ہونا مصیبت مین پڑنا فریب یا جال مین آنا۔ مؤلف۔ بڑی پائون مین ہے کاکل کی زنجیر + گلے مین طوق گیسوے دوتا ہے + جگر ہے اس طرف دام بلا مین + ادھر دل ایک پھندے مین پڑا ہے۔
پھندے مین پھنسانا۔ دام یا فریب مین لانا مصیبت مین پھنسانا۔
پھوٹا پڑنا۔ نکلا پڑنا خود بخود ظاہر ہونا۔
پھوٹ بہنا۔ دیوار وغیرہ توڑ کر پانی کا نکل جانا پھوڑے سے مواد نکل جانا دل کا غبار نکلنا رو پڑنا رونے کو ضبط نہ کرسکنا زار قطار رونا۔ میر۔ ابر تر کے حضور پھوٹ بہا + دیدۂ تر کو میرے رحمت ہے۔
پھوٹ پڑنا۔ پھوٹ ہونا۔ نفاق و عداوت ہونا ان بن ہونا۔ نااتفاقی ہونا۔ ہو گئے انگریز قابض ہند پر + پھوٹ جسدم ہندیون مین پڑ گئی۔
پھوٹ پھٹک سا رہنا۔ جھگڑا و تکرار رہنا۔
پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ جی کھول کھول کر رونا ہچکیان بندھ جانا۔ میر حسن۔ وہ آنکھین جو روتین بہت پھوٹ پھوٹ + کرے تو کہ موتی بھرے کوٹ کوٹ۔

پھوٹ ڈالنا۔ دو شخصون مین عداوت کرا دینا بیر ڈلوا دینا عداوت پیدا کرانا۔
پھوٹ سا کھل جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا پھٹ جانا۔ کھل جانا شق ہو جانا۔
پھوٹ نکلنا۔ پانی یا مواد جاری ہونا راز کھل جانا نکہت پھوٹ کر روئی ہے ایسی کون چشم گریہ ناک + پھوٹ کر نکلا ہے پانی ہر در و دیوار سے۔ مولانا اکبر۔ اسقدر رو دین بدر دیکھ کر لکھیں پھوٹ نکلے + راز پوشیدہ زبان پر آگیا دل چھوٹ کے۔
پھوٹی آنکھ کا تارا پھوٹی آنکھ کا دیدہ۔ بیوہ عورت کا اکلوتا بیٹا نہایت عزیز ناز پرورده بچہ جو کئی بچون کے مرنے کے بعد زندہ رہا ہو۔
پھوٹی نظرون نہ بھانا۔ پسند نہ آنا نفرت کرنا ذرا بھی اچھا معلوم نہ ہونا۔
پھوکٹ مین۔ مفت مین بن دامون خالی خولی۔
پھولا پھولا پھرنا۔ خوش خوش پھرنا راضی راضی پھرنا دلشاد پھرنا۔ مؤلف۔ رقیبون سے وہ گلرو آج شاید ہنس کے بولے ہین + کہ محفل مین برنگ گل وہ پھولے پھولے پھرتے ہین۔
پھول اٹھنا۔ مسلمان میت کے تیسرے دن کا ختم ہونا یا ہندو لاش کی جلی ہوئی ہڈیون کا اٹھایا جانا گنگاجی بھیجا جانا۔
پھول آنا۔ عورت کو حیض کا آغاز ہونا درختون پر شگوفہ کھلنا پھولون کا نمودار ہونا مؤلف۔ رکھو اطمینان بہ بستان مراد + پھول آئے ہین تو پھل بھی آئیگا۔
پھولا نہین سماتا۔ نہایت خوش ہے مارے خوشی کے اپنے جسم مین نہین سماتا۔ مولانا اکبر۔ جب وہ گلرو چمن مین جاتا ہے + پھول پھولا نہین سماتا ہے۔ داغ۔ سنا جب سے یہ دولت آدمی کو تو نے بخشی ہے + نہین پھولا سماتا خاطر غمگین مین غم میرا۔
پھول بیٹھنا۔ اینٹھ کر بیٹھنا ناراض ہو کر بیٹھنا روٹھ جانا خوش بیٹھنا۔ فرحت کی حالت مین بیٹھنا اسی محاورے سے دونون مطلب نکلتے ہین۔
پھول پڑنا۔ آگ کا پتنگا پڑنا آگ کی چنگاری پڑنا جل اٹھنا آتشبازی سے پھول پڑنا۔ غمگین۔ پھول کر بھی جو کبھی اوس کے

گھر پھول پڑے + تو الٰہی کرے گو ئیان ترے گھر پھول پڑے +

پھول پھول کر بیٹھنا - خوش ہو ہو کے بیٹھنا غرور و گھمنڈ مین بیٹھنا **میر حسن** - کبھی ہونا فرقت کے غم مین ماول + کبھی وصل مین بیٹھنا پھول پھول -

پھول جھڑنا - خوش کلامی اور فصاحت سے بولنا میٹھی میٹھی باتین کرنا آگ کا شرارہ جھڑنا **صفدر فوقانی** - وہ فصاحت گفتگو کے وقت + لب شیرین سے پھول جھڑتے ہین -

پھولون مین تلنا - نہایت نازک بدن ہونا عیش و عشرت مین مصروف رہنا پھولون کے پہننے کا ازحد شوق ہونا گویا پھولون مین تلا رہنا **مؤلف** - تلے رہتے تھے جو پھولون مین گلگرد + خزان نے کر دیے یک آن مین خار -

پھول ہونا - مسلمانون مین میت کے تیسرے دن کا فاتحہ ہونا اور ماتم کی صف کا اٹھ جانا ؎ کہتا اس شوخ پری سے نہ رکھے کان مین پھول + تیسرے دیوانے کے ہین آج بیابان مین پھول + **نصیر** آج کہتے ہین جو ہین پھول ترے کشتے کے + منھدی ہاتھون کو تو قاتل نہ لگا تیسرے دن -

پھول پھول کر کھانا - بے فکری سے گذارہ کرنا مفت کی روٹیان کھانا -

پھون پھون کرنا - غضب کی حالت مین ہونا سانپ کی طرح پھنکاری مارنا -

پھونس کا تاپنا - بے بنیاد کام کرنا کمینہ سے فائدے کی امید رکھنا -

پھونک پھونک کر قدم رکھنا - پھونک پھونک کر پانون رکھنا آہستہ آہستہ جانا سنبھل سنبھل کر پانون رکھنا -

پھونک دینا - جلا دینا راکھ کر دینا رنج پہونچانا منتر پڑھکر پھونکنا ؎ اس آتش الفت نے یہ آگ لگا دی + یہان تک مجھے پھونکا کہ میری جان جلا دی -

پھونک مار دینا - چراغ گل کر دینا جادو یا ٹونا کر دینا بہکا دینا کان بھر دینا پٹی پڑھا دینا -

پھونک نکل جانا - دم نکل جانا سانس چھوٹ جانا جان بحق تسلیم ہونا مر جانا ؎ ہوگا بغیر از خاک کیا جسد دم کہ اڑ جائیگا دم + پھر کہان حرص و ہوا جسد ن نکل جائیگی پھونک -

پھیپھڑا جلانا - کسی کے حق مین نیکی کرنا -

پھیپڑی بندھ جانا - ہونٹون کا سوکھ جانا بات نکر سکنا -

پھیرا کرنا یا لگانا - گشت کرنا دورہ کرنا چوکیداری کرنا -

پھیر باندھ دینا - تار یا ڈور باندھ دینا سلسلہ ڈال دینا -

پھیر مین آجانا - بکھیڑے یا دقت مین پھنس جانا کہانی بلا مین مبتلا ہونا گردش مین آجانا -

پھیری پڑ جانا - ہندون کا نکاح ہو جانا -

پھیکا پڑ جانا - ہلکا اور کم رنگ ہو جانا آب و تاب جاتی رہنا بے آب ہونا رونق مین فرق آنا قند - کم ہو جانا **صفدر فوقانی** نقاب رخ سے جو الٹا چمن مین اس گل نے شگوفون کا پڑ گیا بس دیکھتے ہی پھیکا رنگ -

پھیل پھیل کر سونا - بڑے آرام سے سونا پانون پھیلا کے سونا آرام مین آنا -

پھاوڑا سے دانت - چوڑے چوڑے بدصورت دانت باہر کو نکلے ہوئے -

پھولون کی سیج - پھولون کا فرش اور گدگدیا ملایم بچھونا جسپر پھول بچھا کر امرا سوتے ہین ؎ آج پھولون کی سیج پر سونا + بستر کل کو خاک پر ہونا -

پھرکن اولاد - وہ اولاد جسکو تمنا سے حاصل کیا جائے اور ناز سے پرورش کیا جائے -

پہاڑ سا دن - بہت بڑا دن مصیبت کا دن جسکا کاٹنا دشوار ہو جائے **قدوی** - شب فراق تو جون تون کٹی بنالہ و آہ + یہ دن پہاڑ سا کیونکر کٹے مرے اللہ -

پہاڑ سی راتین - لمبی راتین رنج و مصیبت کی راتین جدائی و مفارقت کی راتین ؎ کس طرح کوہکن یہ گذریگی + ہجر کی یہ پہاڑ سی راتین -

پہلے گھر مین پیچھے مسجد مین - اول خویش بعدہ درویش یعنے پہلے گھر والون و رشتہ دارون کو دو پھر اور دن کو -

پھوکٹ مین - مفت مین بلا قیمت -

پھول پان - نازک اور خوبصورت ہلکا پھلکا تھوڑا سا جو موجود ہو -

پھٹے منھ - کلمۂ تحقیر لعنت خدا کی زوعنت ہے لعنت ہی تھوک ہے

پہاڑ دن پڑا ہے - ابھی بہت دن باقی ہے -

پہاڑ والی - دیوی کا لقب جوالا مکھی -

پھاوڑے کا نام گل صفا نہین جانتے - کچھ نہین بیوقوف ہین احمق ہین اتنا بھی نہین جانتے کہ پھاوڑے کو فارسی مین گل صفا کہتے ہین محض ناخواندہ جاہل ہین -

پہلی مارے سو میری - بازی کھیلنے کے وقت جو پہلے نرد مارے وہی میری رہی یعنے جو شخص پہلے سوچکر کام کرے وہی اچھا رہتا ہے -

پہونچا ہوا ہے - خدا رسیدہ ہے کامل ہے ولی ہے پیر ہے مرشد ہے گرو ہے -

چھوٹے منھ سے - حقارتاً خراب منھ سے جیسے منھ سے بات بھی نکرنے کے لایق ؎ ایک بوسہ ہمنے مانگا راہ کھولے واہ جی + چھوٹے منھ سے یہ نہ نکلا لیتے جاؤ شاہ جی -

پھول کی جگہ پھنکڑی - پھول نہین پھنکڑی سہی - بہت نہین تو تھوڑا ہی سہی پھول نہین تو اُسکا ایک پتا ہی سہی -

پھول کی چھڑی بھی نہین لگائی - کبھی ہلکی سی ہلکی مار بھی نہین کی ہاتھ بھی نہین لگایا ناز و نعم سے پالا ہے -

پھولون کے گہنے - پھولون کے زیور جو عورات پہنتی ہین ؎ چنبیلی کے ہار اور پھولون کے گہنے + جو ہو گل سا نازک بدن اُنکو پہنے -

پھولون کی چھڑی - وہ نازک اور پتلی چھڑی جسکے ساتھ پھول گوندھے گئے ہون معشوقون کی مار نازک ہاتھ کی مار اور نازک چیز -

باے پارسی بایاے

پیار کرنا - چمکارنا پچکارنا - بوسہ لینا چومنا چاٹنا چاہنا نہا لگانا محبت کرنا عاشق ہونا - صفدر فوقانی - جو کہ پیارے خدا کے ہین سب کو + جان و دل سے پیار کرتے ہین -

پیار نکالنا - ارمان نکالنا چاو نکالنا حسرت مٹانا محبت ظاہر کرنا - جرات مین جو لیٹا تو خفا ہو کے لگے کہنے وہ + وار دن ہاتھون کو تیرے آج ہی سب پیار نکال -

پیاری پیاری باتین کرنا - میٹھی میٹھی باتین کرنا بھولی بھولی باتین کرنا رسیلی اور مزے دار باتین کرنا - موئلف باتین کیسی بھلی تمھاری ہین + بھولی بھولی ہین پیاری پیاری ہین -

پیاس بجھانا - پانی پلانا امید یا آرزو پوری کرنا -

پیاس مارنا - پانی پینے کی خواہش کو روکنا تشنگی کو روکنا -

پیالہ بھر جانا - دن پورے ہو جانا عمر کا جام لبریز ہونا عمر تمام ہو جانا -

پیالہ بہنا - اسقاط حمل ہونا کچا بچہ نکل جانا پیٹ گرنا گربھ چھین ہونا -

پیالہ دینا - شراب پلانا شراب کی تواضع کرنا ؎ جو ہو پینے کے لایق مست و مدہوش + وہ ساقی اُسکو دیتا ہے پیالہ

پیالہ پینا - مرید ہونا بیعت کرنا چیلا ہونا معتقد ہونا شراب پینا - موئلف - محبت کا جو پیالہ حضرت ساقی سے پیتے ہین نہ ہنستے ہین نہ روتے ہین نہ مرتے ہین نہ جیتے ہین -

پیالہ ہونا - مرنا جان بحق تسلیم ہونا اور فاتحہ ہونا - ناسخ پیالہ مجھ آزاد کا بھر دے ساقی + نہین میرا پیالہ ہوا چاہتا ہے + تپش - ارے مے نوش اپنے آپ کو جلدی وہان پہونچا + کہ جسے حسن کا کہتے ہین تیرے آج پیالہ ہے - ولہ - یہ جب بولتا اپنا سو جائیگا + یہین اپنا پیالہ بھی ہو جائیگا -

پپیلا توڑنا - جھٹکے سے میان سے تلوار کھینچنا -

پینترے کرنا - پینترے بدلنا - کشتی یا ہاتھ پٹا کھیلنے کے وقت پاؤن آگے پیچھے رکھنا ٹھاٹھ سے کھڑا ہونا - صبا یکسان رہا نہ ٹھاٹھ کسیکا جہان مین + کون آگے پینترے نہ جانے بدل گیا -

پیٹ اپھر جانا - نفخ ہو جانا پھول جانا بات دل مین نسما سکنا -

پیٹ آنا - دست جاری ہونا اسہال آنا -

پیٹ باندھنا - خوراک کم کھانا فاقہ کرنا -

پیٹ بجانا - خوشی کی حالت مین پیٹ پیٹنا جیسے کہ بچون کی عادت ہوتی ہے -

پیٹ بڑھانا - اندازے سے زیادہ کھانا زیادہ کھانے کی عادت کرنا طمع کرنا اورون کے حصہ پر دانت رکھنا طمع سے حصہ بیگانہ نہ کھانا ؎ تم اپنا پیٹ اتنا مت بڑھانا -

پیٹ بڑھنا - پیٹ بڑا ہونا - استسقا کی بیماری ہونا بھوک بڑھ جانا -

پیٹ بولنا پیٹ گڑگڑانا - بیماری کے سبب سے پیٹ سے

آوازین نکلنا گڑ گڑ قراقر ہونا۔
پیٹ بھاری ہونا۔ بوجھ ہونا بدہضمی ہونا۔
پیٹ بھرا۔ دولتمند مالدار بے پروا بیفکر مغرور مدمغ گھمنڈی۔
پیٹ بھر جانا۔ سیر ہوجانا جی بھر جانا مالدار ہونا مغرور ہونا متکبر ہونا۔ **مولف**۔ مست ہوجاتا ہی انسان پیٹ بھر جاتا ہی جب + آدمی بنتا ہی حیوان پیٹ بھر جاتا ہی جب۔
پیٹ پاٹنا۔ پیٹ بھرنا بھوک کے وقت جو ملجاے سو کھا لینا روکھا سوکھا کھا کر گزران کرنا اوجھ بھر لینا معدہ بھرنے سے غرض رکھنا۔
پیٹ پالنا۔ بمشکل گذران کرنا قناعت کرنا جسقدر ملجاے اسپر راضی رہنا اپنے پیٹ پالنے سے تعلق وغرض رکھنا اہل وعیال کے حال سے بیخبر رہنا **مولف**۔ کرتے وہ پرورش نہین اہل وعیال کی + جو جانتے ہین اپنا فقط پیٹ پالنے
پیٹ پانی ہونا۔ دست جاری ہونا بدہضمی ہونا گھبرا جانا بیقرار ہونا۔
پیٹ پٹی باندھنا۔ فاقہ کی حالت مین صبر کرنا۔ **مولف**۔ کھولتے کب ہین کسیکے روبرو دست سوال + کام ہی جنکا ہمیشہ پیٹ پٹی باندھنا۔
پیٹ پکڑے پھرنا۔ بدحواس وڈاوان ڈول پھرنا اپنے آپ مین نرہنا بیقراری کی حالت مین ہونا۔ **جرات**۔ گورا گورا وہ بدن دیکھے جو مہتاب سا تو + پیٹ پکڑے ہوے دوڑا پھرے بیتاب سا تو۔
پیٹ پوچھن اخیر کا بچہ جسکے بعد اور کوئی بچہ عورت کے پیٹ سے پیدا نہوا ہو۔
پیٹ پھاڑنا۔ جلدی کرنا بیقراری کرنا حرص کرنا حسد کرنا اندرونی حال ظاہر کرنا بھید کھولنا۔
پیٹ پھٹا جانا۔ زیادہ کھانے کے سبب سے پیٹ پھول جانا
پیٹ پھٹنا۔ بچہ پیدا ہونا اسقاط حمل ہونا پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا۔
پیٹ پھلانا۔ بے صبر ہونا رشک کرنا جی جلانا طمع کرنا خواہش کرنا حمل رکھوا لینا۔
پیٹ پینا۔ پیٹ کا دھندا کرنا گھسنا بھوک سے بیتاب ہونا بھوک بھوک پکارنا بے چین ہونا پھڑپھڑانا۔
پیٹ پیٹھ ایک ہوجانا۔ فاقہ کی حالت مین ہونا دبلا ولاغر ہوجانا۔
پیٹ ٹھنڈا رہنا۔ خوش رہنا اولاد کو تندرست وزندہ دیکھکر خوش ہونا بھری گود رہنا۔
پیٹ چپاتی سا ہوجانا۔ پیٹ ملایم ونرم ہونا پیٹ فاقہ سے خالی ہونا۔
پیٹ جاری ہونا۔ دست جاری ہونا سنگرہنی کی بیماری ہونا اسہال کا عارضہ ہونا۔
پیٹ دکھانا۔ افلاس ظاہر کرنا کھانا مانگنا دایہ کو پیٹ دکھا کر حمل کی حالت پوچھنا پیٹ ملوانا علاج چاہنا۔
پیٹ ڈالنا۔ حمل گرادینا کچا بچہ نکالنا۔
پیٹ رکھوانا۔ حاملہ ہونا بار ور ہونا۔
پیٹ رہجانا۔ حمل رہجانا گربھہ رہجانا نطفہ کا ٹھہر جانا حاملہ ہوجانا۔
پیٹ سے باندھنا۔ بے صبری کرنا پیٹ مین نہ پڑسکے تو اُٹھا کر لے جانا۔
پیٹ سے پانؤن باہر نکالنا۔ اپنے آپ مین نرہنا اپنے اندازہ پر نرہنا بحجر کا پیٹ سے باہر آنا اترانا ناز کرنا۔ **شوق**۔ ڈھنگ یہ آپکے نرالے مین + پیٹ سے پانؤن کچھ نکالے ہین۔ **بحر**۔ پیٹ سے پانؤن نکالے ہین کچھ اب تو تمنے + چھولیا ہم نے جوا نوٹ کو تو بچھوا کھینچا۔
پیٹ سے اینٹ یا پتھر باندھنا۔ فقر وفاقہ مین صبر کرنا شکایت زبان پر نہ لانا۔ **نعتیہ مولف**۔ حضرت خیر البشر کا کام تھا + پیٹ پر فاقہ سے پتھر باندھنا۔
پیٹ سے ہونا۔ حمل سے ہونا۔
پیٹ کا پانی نہ ہلنا۔ یہ محاورہ گھوڑے کی تعریف مین بولا جاتا ہی کہ ایسا صاف جاتا ہی کہ سوار کے پیٹ کا پانی نہین ہلتا
پیٹ کاٹنا۔ معمولی خوراک سے بچا رکھنا فاقہ چھپانا مگر خرچ نہ کرنا۔
پیٹ کا کوٹا۔ فاقون کا مارا ہوا۔
پیٹ کا دکھیا۔ وہ شخص جو زیادہ کھا کر بدہضمی کی تکلیف اٹھاے شکم بندہ وپتیل ہلا تو تس۔

پیٹ کا دھندا - آٹے دال کی فکر محنت مزدوری نوکری کسب پیشہ۔
پیٹ کا سودا - لالچی بڑ پیٹو طامع۔
پیٹ کا کتا - جو ہر وقت کھاتا رہے بھوک اشتہا کھانے کی خواہش
ع ~ مانگتا ہی مدام کھانے کو + یہ مرالنفس پیٹ کا کتا + منہ کا کچا
وہ شخص جسکے پیٹ مین بات نسمائے تنگ ظرف اوچھا - ذوق
جو پیٹ کے ہلکے ہین نہ پچے بات کب اُن سے + رو کین تو ابھی بھر جائے شکم اور زیادہ
پیٹ پیا ڈالنا - ماتم کرنا رونا پیٹنا کہرام مچانا فساد اور جھگڑا برپا کرنا۔
پیٹ کو دھوکا دینا - تھوڑی خوراک پر صبر کرنا۔
پیٹ کو لگنا - بھوک لگنا کھانے کی خواہش ہونا۔
پیٹ کی آگ بجھانا - کھانا کھانا یا کھلانا۔
پیٹ کے لیے دوڑ - پیٹ کے لیے مارا مارا پھرنا - روٹی کی فکر مین مصیبت اُٹھانا محنت مزدوری پیشہ حرفہ کرنا - مولف -
سہتے مین لوگ رنج و تعب پیٹ کے لیے + اور نارے مارے پھرتے ہین سب پیٹ کے لیے۔
پیٹ کی مار دینا - پیٹ بھر کے کھانے کو نہ دینا بھوکا رکھنا۔
پیٹ گدرانا - حمل کے آثار نمودار ہونا۔
پیٹ گرانا - اسقاط حمل کرنا۔
پیٹ مارنا - بھوک کم کرنا اشتہا کم کرنا نفس کی خواہش کو روکنا
پیٹ مسوسنا - بھوکا رہنا۔
پیٹ مین بل پڑنا - ہنسی کے مارے پیٹ مین بل پڑ جانا۔
پیٹ مین بات رکھنا - راز پوشیدہ رکھنا بات کو چھپانا۔
پیٹ مین پیٹھنا یا گھسنا - دل مین گھسکر بھید لے لینا دوست بنکر مطلب نکالنا۔
پیٹ مین پانی نہ پچنا - دل کا ہلکا ہونا بات کو پچا نہ سکنا - بحر - شیشے کی طرح پیٹ مین پچتا نہین پانی + پی ہی نہ غم راز چھپایا نہین جاتا۔
پیٹ مین پانون پسارنا - ایک ماں کے پیٹ مین جنم لینا حقیقی بھائی یا بہن ہونا سگے رشتہ دار ہونا۔
پیٹ مین پانون ہونا - ظاہر ضعیف و ناطاقت معلوم ہوتا ہو اپنے پیٹ کے اندر چھپے ہوئے پانون مین لمبے چل پھر سکتا ہو۔
پیٹ مین پڑنا - نطفہ ٹھہرنا حمل ہونا لقمہ حلق سے اُترنا - ع
جب بھوک لگی بھوکے کو تنور کی سوجھی + روٹی جو پڑی پیٹ مین تب دور کی سوجھی۔

پیٹ مین ڈال لینا - غم و غصہ کی حالت مین کھانا کھانا بے رغبتی سے کھانا بے دلی سے کھانا۔
پیٹ مین رکھنا - راز مخفی دل مین رکھنا۔
پیٹ مین سے پانون نکالنا - نئی نئی باتین سیکھنا پر پرزے نکالنا بدچلنی اختیار کرنا بدراہی پر قدم رکھنا۔
پیٹ مین گڑ بڑ ہونا پیٹ مین گھوڑے دوڑنا پیٹ مین ٹٹر پڑانا - پیٹ مین ریح کا دوڑنا قراقر ہونا۔
پیٹھ پر کھانا - کشتی مین شکست کھانا جنگ مین بھاگنا پیٹھ دکھانا۔
پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا - پچکارنا پیار کرنا شاباش دینا تسلی دینا حوصلہ بڑھانا
پیٹھ پر ہونا - حمایت و کمک و مدد پر ہونا سہارا دینا مددگار ہونا
نعتیہ از مولف خدا چاہے نہ اکھڑینگے قدم راہ طریقت سے + جو ہونگے سرور عالم ہمارے پیٹھ پر سرور۔
پیٹھ پھیرنا - بھاگنا ہزیمت کھانا پشت دکھانا نفرت کرنا منہ موڑنا
پیٹھ پیچھے کہنا - غیبت کرنا بدگوئی کرنا۔
پیٹھ توڑنا - کمر توڑنا ہمت ہارنا ناامید کرنا مایوس کرنا۔
پیٹھ ٹھوکنا - شاباش کرنا تحسین کرنا ہمت بڑھانا حوصلہ دلانا۔
پیٹھ دکھانا - پیٹھ دینا - پیٹھ موڑنا - بھاگ جانا رخصت ہونا روانہ ہونا - میرحسن - چلے جس طرح پیٹھ اپنی دکھا + اُسی طرح دکھلا دیو منہ تم آ
پیچھا دکھانا پشت دکھانا بھاگنا شکست کھانا بیوفائی چھوڑ دینا ترک کرنا
پیٹھ لگانا - کشتی مین پچھاڑ دینا دے مارنا چت کر دینا۔
پیٹھ لگنا - بار برداری کے جانور کی پشت پر زخم ہو جانا کشتی مین پہلوان کا چت ہو جانا مدت تک بیمار رہنا۔
پیٹی اُتر جانا - سپاہی کا معطل یا موقوف ہو جانا۔
پیچ اٹھنا - پیٹ مین درد اُٹھنا۔
پیچ پڑنا - اُلجھ جانا مشکل پیدا ہونا کاغذی پتنگوں کا آپس مین لڑنا
پیچ چل جانا - داؤ چل جانا دغا فریب چل جانا۔
پیچ دینا - مروڑنا اینٹھنا بل دینا لپیٹنا دم جھانسا دینا فریب دینا دھوکا دینا چل دینا - صبا - الفت گیسوے جانان نے بڑا پیچ دیا + دام مین آ گئے ہم آپ کے دانا ہو کر۔
پیچ ڈالنا - کسی امر مین اُلجھاؤ ڈالنا مشکل مین ڈالنا کشتی مین داؤ باندھنا پیچ کرنا۔
پیچ کرنا - فریب کرنا پتنگ لڑانا چال چلنا۔
پیچ کھانا - دل مین رنجیدہ ہونا دل ہی دل مین پیچ و تاب کھانا - ع

چھو لیا جب میر نے محفل مین زلفِ یار کو + اُس سے اپنے دل ہی دل مین پیچ ہم کھاتے رہے

پیچ کھلنا - اُلجھاؤ دور ہونا مشکل آسان ہونا راز افشا ہونا بَل جاتا رہنا مولف - اُتر جائیگی سر قیدی کی زنجیر + اگر اس زلف کا کھلیگا پیچ

پیچ کھیلنا - فریب کی چال چلنا داؤ دینا - مولف زلف دکھلاکے قید کرلے ہین + ہم سے بھی پیچ کھیلتے ہین آپ -

پیچ مین آنا - فریب مین آنا داؤ کھا جانا - مولف - جو ہو بار بلا سر پر اٹھانا + مگر زلفون کے پیچ مین نہ آنا -

پیچ و تاب مین ہونا - پیچ و تاب کھانا - غضب و غصہ کی حالت مین ہونا - ذوق - کیا جانے لکھ دیا اُسے کیا اضطراب مین + خط پڑھکے اور بھی وہ ہوا اضطراب مین -

پیچھا بھاری ہونا - آخر کام مین مشکل پڑ جانا صاحب اولاد و حمایت ہونا

پیچھا پکڑنا پیچھا لینا - کسی کام کے انجام کے لیے کمر ہمت باندھنا کسی کی منت کرنا بجان و دل کرنا ساتھ لگے رہنا درپے ہونا لپٹ جانا

پیچھا چھڑانا - رہائی پانا چھٹکارا حاصل کرنا جان بچانا برأت حاصل کرنا - صفدر فوقانی - نہ پھنسنا دیکھنا دام بلا مین + تم اسکی زلف سے پیچھا چھڑانا -

پیچھا کرنا - تعاقب کرنا درپے ہونا پیچھے سے حملہ کرنا - شوق میرا پیچھا بس اب نہ کیجیے آپ + میرے گھر مجھکو جانے دیجیے آپ

تمباکو - بعض میم کی جگہ نون لکھتے ہین جیسے کہ فارسی لغات کی فصل مین یہ لکھا گیا ہے یہ مشہور چیز ہے اور استعمال اسکا عام ہے ۔ ہے فقط دوکان تمباکو کی یہ دنیا سے دون + جو یہان ہوتجا دو دو دم کھینچکر چلتا ہوا

تاے با نون

ٹنڈا - جسکے ہاتھ نہون یا ایک ہاتھ ہو فارسی مین دست بریدہ اور عربی مین مقطوع الید کہتے ہین۔
ٹنہایا - جادوگر مرد جسکو عربی مین ساحر کہتے ہین۔
تنبورا - ایک ساز کا نام ہے جسکو مطرب بجاتے ہین طنبورا طاے حطی سے بھی یہ لکھا جاتا ہے۔
تندور - روٹی پکانے کی جگہ اسکو عربی مین تنور کہتے ہین قرآن مین لکھا ہے اذا جاء امرنا و فار التنور ۔ جب بھوک لگی نبدے کو تندور کی سوجھی + جب پیٹ لگا بھرنے تو تب دور کی سوجھی۔
تنگ - گھوڑے کا تنگ جو زین کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ چیز جو فراخ نہو اس صورت مین یہ لغت فارسی اردو مین مستعمل ہے نعتیہ از مولف
وہ شہسوار نبوت جب آیا میدان مین + ہوے مقابلہ مین کافرون کے ڈھیلے تنگ + مولف - جب اختیار کسیکا نہین مشیت مین + ہو بندہ کس لیے اس بات مین بھلا دل تنگ۔
ٹنڈیان - دونو بازو آدمی کے۔
تن - فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہے انسان کا جسم اور بدن ۔ روا کب ہے مرا پانی سے وقت غسل تن دھونا + شہید عشق کا لازم لہو سے ہے بدن دھونا
تنبو - فارسی اردو مین مستعمل ہے خیمہ مولف نہین زمین فلک رہنا مناسب کہ یہ تنبو پرانا ہو گیا ہے۔
تنخواہ - مشاہرہ جو کسی کا مقرر ہو۔

تاے با واو

توا - لوہے کا ظرف جسکو گرم کرکے روٹی پکاتے ہین فارسی مین اسکو تابہ کہتے ہین اور عربی مین طابق کہتے ہین اور ترکی مین ساج بولتے ہین
تو کرا - وہ جھابہ جو درخت گز کی شاخون یا بانس وغیرہ سے بناتے ہین

اور سبزی فروش و میوہ فروش اسمین سبزی و میوہ رکھ کر فروخت کرنے مین حلوائی بھی شیرینی اسمین رکھ کر دیتے ہین۔
توتلا - وہ شخص جسکی زبان حق تکلم ادا نکرسکے حروف صحیح اسکی زبان سے نہ نکلین عربی مین الثغ کہتے ہین اور ترکی مین سقو بولتے ہین۔
توتا - مشہور جانور ہے جسکو طوطی بہر دو طاے حطی کہتے ہین صحیح توتی بہر دو تاے فوقانی ہے مگر متاخرین نے تا کو طاسے بدل لیا ہے۔
ٹولا - خاندان ہم جدی دگروہ و قوم و جماعت - نعتیہ از مولف
محمد کے تصدق ہوگا داخل + بہشتون مین گنہگارون کا ٹولا۔
ٹوٹا - خسارہ و نقصان جو تجارت مین ہو اور ٹکڑا ہر چیز کا۔
ٹونا - تیسرا حرف نون سحر جادو افسون۔
توڑا - وہ رسّہ جسکو آگ لگا کر بندوق یا توپ کو آگ دیتے ہین فلیتہ بھی اسکو کہتے ہین اور کیسہ و بٹوے اشرفی کا اور خسارہ و نقصان ۔ کبھی ہو رزق کا اسکو نہ توڑا + بندھا ہو جسکے دروازے پہ گھوڑا
توندیلا - وہ شخص جسکا پیٹ بڑھا ہوا ہو۔
توپ - فارسی اردو مین مستعمل ہے آلہ جنگی سامان سے ایک توپ ہے ہر ایک دہات ملا کر یہ ڈھلتی جاتی ہے بعض اسکا ایجاد وراے پر تھی راج کے وقت کہتے ہین بعض کہتے ہین کہ ترکون نے سنہ ١٣٣٠ء مین ایجاد کیا بعض لکھتے ہین کہ برنجی توپ سب سے اول ایک انگریز نے سنہ ١٦٣٥ء مین ڈھالی تھی اور لوہے کی توپ کا اظہار اس سے پیچھے سنہ ١٥٠١ء مین ہوا
ٹوپی - روئی دار ٹوپی جو محراب دار بنا کر فقرا سر پر رکھتے ہین۔
توت - مشہور درخت دو قسم کا ہے ایک چھوٹا دوسرا لمبا لمبے توت کو عربی مین فرصاد کہتے ہین اور چھوٹے کو توت۔
توڑ جوڑ - انتظام بند و بست جو کسی امر مین کیا جاے۔
توشک - فارسی اردو مین مستعمل ہے وہ نرم جو خوابگاہ مین بچھایا جاے۔
تول - عربی مین اسکو وزن کہتے ہین اور تولنے والے پتھر کو اثقال۔
توبرہ - وہ تھیلا جسمین گھوڑے کو دانہ کھلایا جاے۔
توبہ - باز آنا بدکاری سے اور رجوع کرنا نیکوکاری کی طرف اور خدا کے ساتھ عہد باندھنا - نعتیہ از مولف - در توبہ نخدا مسدود کرے گا قیامت کو یہ شفاعت کا مگر دروازہ اسدن بھی کھلا ہوگا۔
تولہ - وزن بارہ ماشہ کا اور ماشہ آٹھ رتی کا کہا جاتا ہے مولف
ترازو مین جب وحدت کا تولا + ہمہ ماشہ ہی نظر آیا نہ تولہ۔
تومڑی و تونبا - ایک قسم کدو تلخ کا ہے۔
توندی - پیٹ مین وہ موقع جہان ناف ہے۔

ٹوپی - جسکو کلاہ و تاج و اکلیل و افسر کہتے ہین اور تر کی ہین لورا کت
مولف - بجز ہے سنوز رسے فقیر کا بستر ہی تاج شاہی سے بہتر فقیر کی ٹوپی
ٹونٹی - کوزہ یا آفتابہ کی ٹونٹی جس سے سوائے منھ کے پانی لیا جاتا ہی
فارسی مین اسکو ماشورہ و لولہ و ناوچہ و نایرہ اور نول کہتے ہین اور
عربی مین خرطوم بولتے ہین -

تائے یا ہائے ہوز

ٹھٹھا - سخرا ظرافت و سخرے و مزاح فارسمین تنگل بولتے ہین صنعف رفوقانی
معیبت ہی محبت بلکہ آفت ناگہانی ہی + مگر کم ظرف اور نادان سے ٹھٹھا سمجھتے ہین
ٹھنڈا - فارسی مین سرد عربی مین بارد و برود مظفر - تو آسدم کہتی ہی کہ سحرا گلبدن ٹھنڈا + زمین ٹھنڈی ہوا ٹھنڈی مکان ٹھنڈا ہمین ٹھنڈا
و لے نہ کیونکہ جلیم کو میری کرے آب آتشک تر ٹھنڈا + کہ دوا کر
ریگیجاتی ہی خوب گھر ٹھنڈا -
ٹھکانا - گھر مسکن ماوا وطن رہنے کی جگہ مولف ٹھکانا کسی قدر
اس آدمی کا ہے ٹھکانا ہی + یہان آیا کہان سے ہی کہان پھر سکو جانا ہی
ٹھیکرا - مٹی کے ٹوٹے ہوے برتن کا ٹکڑا -
ٹھینگا - انگوٹھا بڑی انگلی ہاتھ کی -
تھوتھا - کرم خوردہ بیکار جیسا کہ تھوتھا غلہ -
تھوڑا - کم اندک قلیل مولف عزیز اس دل مناک کا کیونکر
ہو غم تھوڑا + کہ ہی اسمین ستم حد سے زیادہ اور کرم تھوڑا -
تھوڑا تھوڑا - کم کم اندک اندک صفدر فوقانی - بہ ساعت
بہر روز و بہر شب گذرتا ہی زمانہ تھوڑا تھوڑا + وہین جلد وے گے
جسدم کھا چکوگے + تم اپنا آب و دانہ تھوڑا تھوڑا -
تھیلا - بڑا کیسہ جو کپڑے یا چمڑے کا بنا ہو -
ٹھٹھیرا - برتن بنانے والا اور وہ شخص جو تانبے کے برتن
بناتا ہو فارسی مین مسگر اور عربی مین نحاس کہتے ہین -
تھلیا - چھوٹا گھڑا مٹی کا جسمین پانی رکھتے ہین عربی مین اسکو
جرۃ اور فارسی مین سبوچہ کہتے ہین -
ٹھنگا - وہ شخص جو پستہ قد اور ٹھنگنا بھی ہو فارسی مین پکنہ و عربی مین
ٹھنا - بڑی شاخ درخت کی جسکو عربی مین غصن و غصون کہتے ہین -
ٹھگنا - آدمی پستہ قد چھوٹے قد کا آدمی -
تھلتھلا - نرم نرم گوشت اور ماس ہلتا ہوا گوشت -
ٹھس لوٹنا - جس بچہ نے پوری میعاد تک اپنی ماں کا دودھ نہ پیا ہو
فارسی مین اسکو شیر خوردہ اور عربی مین مقرقم بولتے ہین -

تھاپ - طبلہ یا ڈھولک پر ہاتھ مارنا -
ٹھنڈک - سردی جسکو عربی مین برودت کہتے ہین -
تھوہر - خار دار درخت ہی جسکو عربی مین زقوم کہتے ہین -
تھوڑ - کمی قلت جو کسی چیز کی ہو -
تھتکار - نفرین لعنت ملامت پھٹکار
تھپڑ - طمانچہ جو کسیکو مارین عربی مین اسکو صک کہتے ہین -
ٹھوکر - پانون سے ٹھوکر لگانا فارسی مین اسکو پا بزن کہتے ہیں
اور عربی مین نجل بفتح نون و سکون جیم کہتے ہین مولف عزیز
ہم بھی مرتے ہین اسی شوخ مسیحا پر بہت سے کیے ہین زندہ جسنے ایک ٹھوکر سے -
ٹھر - نہایت سردی غضب کی سردی جسکو عربی مین صر کہتے ہین -
ٹھور - جگہ مقام -
ٹھوس - وہ چیز جو اندر سے پولی نہو یعنی جوف نرکھتی ہو عربی مین اسکو مصمت کہتے ہین
ٹھگ - رہزن جو مسافرونکو زہر کھلا کر یا کوئی مخدر مسکر چیز کھلا کر لوٹ
لین یا گردن مین رسی ڈالکر مار ڈالین یا کسی طرح کا فریب دیکر مال چھین لین
ٹھنڈک - سردی آرام چین -
ٹھیک - بہ یائے مجہول فقرا کی ٹاٹ کا جسمین غلہ بھر دیتے ہین
ٹھیک - بہ یائے معروف درست و بجا و صحیح مولانا اکبر لاہوری
ہین وہ اسلام سے خارج لاریب + بت کو جو لوگ خدا کہتے ہین بلیت
عشق مین لیکن عاشق + ٹھیک کہتے ہین بجا کہتے ہین -
تھوک - آب دہن فارسی اور عربی بزاق -
ٹھٹھول - مسخرا جو ہمیشہ ظرافت و مزاح کرتا رہے
تھل - جنگل بیلا ریگستان جہان شیر وغیرہ درندے رہتے ہین
تھنال - موٹا لوہے کا گول ٹکڑا جو تلوار کے قبضہ کے نیچے لگا ہوا ہوتا ہی
تھام - روک ہر چیز کی -
تھن - پستان گائے بھینس بکری وغیرہ کے -
تھان - وہ مقام جس جگہ گھوڑا باندھا جاوے اور تھان کپڑے
وغیرہ کا جو سالم ہو اسمین سے اتارا نگیا ہو عربی مین اسکو طاقہ کہتے ہین
اور فارسی مین توب بولتے ہین -
تھکاوٹ - ماندگی جو بسبب پیادہ چلنے یا دیا وہ کام کرنے سے جسم پر موجود آئی ہو
ٹھاٹھ - سامان اسباب مال متاع قطعہ از مولف وقت رحلت
آدمی کیا اپنے لیجائیگا ساتھ + مع جتنا ٹیٹ ٹھاٹھ ہے اور لوہا کا نظم ہی
لوگ بیرحمی سے سارا لوٹ کر لیجائینگے + یہ خزانہ مال و دولت اور جتنا ٹھاٹھ ہی
تھانہ - جس جگہ سرکاری پہرہ حفاظت کے واسطے رہتا ہو -

تھاہ - عمق کنوئیں و تالاب و دریا وغیرہ کا -
تہ خانہ - جو مکان زمین میں ہو لوگ اسکو سرد خانہ بھی کہتے ہیں -
تھکا ماندہ - جو چلنے یا کام زیادہ کرنے سے تھک گیا ہو -
تہ - نچلا درجہ ہر چیز کا اور انجام -
ٹھیکہ - اجارہ اجرت مقرر کر لی جائے -
ٹھوری - جسکو عربی میں ذقن کہتے ہیں اور فارسی میں زنخ -
ٹھیکی - وہ چیز جسکے سہارے پر دم لینے کے واسطے حمال بوجھ رکھ دیوے اور غلہ ان جسمین غلہ ڈالتے ہیں -
ٹہنی - چھوٹی شاخ درخت کی -
ٹھیکری - مٹی کے ٹوٹے ہوئے برتن کا چھوٹا ٹکڑا -
ٹھگی - چوری رہزنی فریب دغا -
ٹھسکی - گوز بے آواز جسکو فارسی میں چس اور عربی میں فسو کہتے ہیں -
تھانگی - وہ عورت یا شخص جو در پردہ چوروں کے ساتھ سازش رکھتا ہو -
تھوتھنی - چہرہ جانوروں چوپایہ کا عربی میں اسکو خطم اور فارسی میں بفوز کہتے ہیں -
تھونی - وہ لکڑی جو چھپر وغیرہ کے نیچے بطور ستون کھڑی کر دیتے ہیں -
تھوئی - معمار عمارت بنانے والا -
تھیلی - جسمین روپیہ ڈالا جاتا ہے عربی میں اسکو کیس کہتے ہیں اور فارسی میں صرّہ -
تھالی - چھوٹا طشت مسی وغیرہ -
ٹھگلی - جیتھڑا کپڑے کا ٹکڑا اور پیوند جو لگایا جاوے -
ٹھمری - ایک قسم گیت ہے -

تائے ہا یائے

تیسرا - فارسی میں سوم عربی میں ثالث ع آج مہندی ہست لگا اے لالہ رو + دل مرے کشتے کا ہوئے تیسرا -
تیجا - مردے کا تیسرا دن ختم کرانے اور فاتحہ خوانی کا دن -
ٹیڑھا ٹیج - جو سیدھا نہو جاہل بدمزاج - مولف کیا کرتے ہیں ہم جو بات سیدھی + رہا کرتا ہے وہ کج فہم ٹیڑھا -
ٹیکا - وہ نشان جو صندل وغیرہ سے ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں قسم کی میں اسکو قشقہ کہتے ہیں اور فارسی میں طیطل او تبید کہتے ہیں اور نام ایک زیور کا جو عورتیں ماتھے پر رکھتی ہیں اور شرح کسی ہندی کتاب کی -
ٹیلا - بلند پشتہ زمین کا -
ٹیپ ٹاپ - خودنمائی و کر و فر طمطراق و تکلف لاحاصل -
تیتر - مشہور پرندہ ہے جسکو فارسی میں تیہو عربی میں دراج کہتے ہیں یہ جانور کبک سے چھوٹا ہوتا ہے -

تیر - مشہور ہتھیار ہے جو کمان کے ذریعہ سے چلایا جاتا ہے -
تیر انداز - تیر چلانے والا -
تیس - تین دہائیاں جو مشہور عدد ہے - مولف نظر آیا نہ آیا چاند افسوس آج اسکو گذر چکے دن تیس -
ٹیس - درد جو اعضا میں ہوتا ہو -
تیل - روغن جو تلوں سے نکالا جائے -
ٹیم - چراغ کی بتی کا شعلہ -
تین - جو مشہور عدد ہے عربی میں ثلث و ثلاثہ اور فارسی میں سہ کہتے ہیں -
ٹیسو - سوانگ بدلی ہوئی صورت مسخرہ -
ٹیڑھا - کجی اور ناراستی -
ٹیں ٹیں - طوطے کی آواز اور بک بک قطعہ تاریخ فصیح مٹھو
میاں مٹھو جو ذاکر حق تھے + ذکر حق میں سدا رہا کرتے + گربہ مرگ نے جو آگھیرا + کچھ نہ بولے سوائے ٹیں ٹیں کے
۱۲۳۰ھ
تیلی - تیل کھینچنے والا روغن گر -
تیوری - چین پیشانی اور پیشانی -
تیکھی - تیز چھری ہو یا تلوار یا نگاہ -

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات کے بیان میں

تا با الف

تارک ادب - جو کسی بزرگ کی تعظیم کرے آداب کے طریق سے بےخبر ہو یا آداب کو ترک کر دیوے بے ادب ہو جاوے در تشویق الشہروی
در ہند کہ زادگانش تارک ادب اند + لبریز جہالت اند و قاصی لقب اند
اوساط الناس چون اراذل ہمہ حشو + اشراف ہمہ سید قریشی نسب اند
تا بخند کب تک - میرزا صائب - تا بجنبانے غنچہ لب در پردہ خواہی گفت حرف + دست بردار از جہان تا بوستان پر گل شود -
تا شاہ رگ دارد - جب تک زندہ ہے - محسن تاثیر - مرقص عشق جو دستی کہ ببندد نسمہ نصاد + گر بنہد بخون خویشتن تا شاہ رگ دارد
تابہ زر - آفتاب جہان تاب مسوزج -
تاج سکندر - حکم ملک و دولت - میر معزی - بنگر چمن از عنبر و کافور مکلل + بنگر شجر از لولو و یاقوت مشجر + بر طرف چمن ہست مگر تخت سلیمان + بر تخت شجر ہست مگر تاج سکندر -
تار و مار - تال و مال - زیر و زبر برہم و درہم پریشان پراگندہ حسین سنائی

گر فتنہ بود چون سر زلفت با نجی + اکنون نسیم عدل تو اش تار مار کرد +
میرزا صائب یکدل حواس جمع مرا تار و مار کرد + زلف شکستہ تو بعد دل چہ میکند

تازی ہوش ۔ دانا لیئق ہوشیار جوانمرد جیسے کہ اہل عرب ہوتے ہیں اور تازی
عرب والوں کا خطاب ہے نظامی میں آن رد م سالار تازی ہشم +
کہ چون دشنۂ صبح زنگی کشم +

تانجو د جنبیدن خبردار ہونا آگاہ ہونا متنبہ ہونا یحییٰ کاشی کند بیت
چون وزید عاشق جو نخل میوہ دار + تا بخود جنبد سرش در پیش پا افتادہ است

تا بر خویشتن جنبیدن ۔ اپنی حالت سے آگاہ ہونا ۔ رفیع واعظ
یکنفس گر بیکدورت زندہ در گورش کند + تا طپید نہا دل بر خویشتن جنبیدہ است

تابہ بریان ۔ وہ گوشت جو گھی میں بھون لیتے ہیں ۔

تابیدن ۔ بانٹنا اور روشن کرنا مڑنا و ڈرنا **مخلص کاشی** ۔ از مد برجفا بے
معنے اے روشن ہمچو صبح + پنجۂ خورشید ما لنتاب را تا بیدہ ام **باقر کاشی**
آفتاب گشت وی ہر روز تابیدن گرفت + وائے عشق من کہ رسوا کرد محبوب مرا

تاختن ۔ دوڑنا حملہ کرنا تازیدن کے بھی یہی معنی ہیں **نظامی** بیک
تاختن تا بگیتی تاختم + چہ سرہا دران بیشہ انداختم ۔

تافتن ۔ بانٹ دینا کسی رشتہ وغیرہ کو ۔

تاریک جان ۔ تاریک روان سینہ سیاہ **میر خسرو** ۔ بدان رو شنی
خیزد از روے صد اہ + کہ تاریک جانا شوند ش فدا ۔

تاریکدان ۔ اندھیرا مقام تاریکی کی جگہ **ملا طغرا** ۔ شب خدنگ
نالہ کبر آسمان انداختم + بے نشان تیرے باں تاریکدان انداختم

تازہ ساختن ۔ تازہ کرنا تازگی میں لانا **طالب آملی** ۔ تا لب
آئین ترنم تازہ کرد + چون نسازد عندلیب آمل ست ۔

تا سے پیراہن ۔ تاے بمعنی ایک یعنی ایک پیراہن تاے کا لفظ فارسی
محاورے میں ہر ایک چیز کی تہ ہے جو ایک ہو کہہ سکتے ہیں چنانچہ تا سے
تشریف و تاے جو بیک و داشتن **محمد سعید اشرف** ۔ دیدۂ نرگس شود بینا اگر
فصل بہار دیو نظم ہا تاے پیراہن دبستان بگذرد ۔ **اوحد الدین انوری**
تاے تشریف صاحب عادل + کہ جہانرا العدل احد عمر ست **محمد قلی سلیم**
بر در بارگہ قدر تو چون در و لشیان + تاے جو زری بکف دست فلک او جفا

تاریک رو ۔ تاریک فر ۔ نامراد بدنصیب مراد تیرہ بود تیرہ روز
میرزا طاہر وحید ۔ ز نور طلعت او سایۂ تاریک دایم + شفق ہمچو برگ گل
زردی او از عکس برون آید + **میر خسرو** ۔ ز تو خورشید چرخ در عرض لطف تو تاب
از من تاریک روز طلعت روشن متاب ۔

تاج فیروزہ ۔ کنایتاً آسمان ۔

تازہ سکہ ۔ نئے چلن کا روپیہ **میرزا طاہر وحید** ہزار بوسہ زد قتازہ سکہ ہوا
چہا کہ نیست بخاطر گدائے خط ترا ۔ **ولہ** شد سہ نقد تازہ سکہ + خواہم لب بام کرد

تازہ کاری ۔ تازہ کردن تازہ کرنا غصے سے کرنا کسی کام کو **ظہور الدین
ظہوری** بیا تا دگر تازہ کاری کنیم + رخ عیش را غازہ کاری کنیم **نظامی**
زبان تازہ کردن با قرار تو + نہ انگیختن علت از کار تو ۔

تاے بابائے

تبسم ملینا ۔ کرنا شراب کا پیالہ میں **محمد قلی سلیم** ۔ افروخت از تبسم
مینا ایاغ ما ترشد ز خندہ ہائے صراحی دماغ ما ۔

تپ سودا ۔ سوداوی تپ جو خلط سودا سے ہو **میر محمد افضل**
بدسو من حرارت درد مندی مبتلا گردد + نمی خواہم تپ سودا طبیب تشنم باشد

تبسم زار و تبسم کدہ ۔ خوشی کی جگہ اور شگفتگی کا مقام **طالب آملی** ۔
ہوا از فیض لب غنچہ شد تبسم زار + چمن ز عکس گل عندلیب عشرت باد آرزو
عشرت خلق بود موجب رسوائی شان + این تبسم کدہ چو گل ہمہ غماز خود است

تبسم پاش ۔ فرحت دینے والا شگفتہ کرنے والا **میرزا بیدل** از
وحشت ما تیرہ بختان فیض میجو شد + تبسم پاشی صبح ست چین دامن شب ما

تبسم برق ۔ بجلی کا چمکنا اور اسکا جلوہ **میرزا صائب** ستم مکن
بضعیفان کہ شد تبسم برق + بدل بنالۂ جانسوز دہقان تنہا ۔

تبت وارگون تبت واژدن ۔ یہ ایک عمل قرآنی ہے کہ تبت
یدا ابی لہب کے سورے کو الٹا کرکے بلا کے دفع کے لیے پڑھتے ہیں
اس عمل کو تبت معکوس کہتے ہیں **میرزا صائب** بیطاقتی مکن کہ بلاے
سیاہ خط از صد ہزار تبت واژدون نمیرود + **سالک یزدی** ۔ تا زسر نو
داشود مایہ صد ہزار غم + تبت وارگون بخوان عقل ستیزہ رائے را +

تپ بردن ۔ تپ دور کرنا تپ اتارنا **میر معزی** ۔ تا بید رنگ
مشکل و صعب ست بر طبیب + بردن ز مرد بیر تپ ربع در شتا اندیشہ
نو باد طبیبی کہ بہ رنگ + ورد نیاز ہیر دجوان درد گند دوا ۔

تپ بستن ۔ کسی کے ذریعہ سے تپ کو دور کرنا بلا استعمال کسی دوا کے
میرزا صائب ۔ چنبر بپیلر زے ز بیم مرگ بیر خود بادہ پیش آور +
کہ این تپ سوز را یک ساغر سر شار می بندد ۔

تپ در استخوان افگندن ۔ تپ چڑھا دینا مدقوق و محرور کردینا
رضی دانش ۔ یا د رخساری کہ شبہا آتش افروز دل ست + خوش
تپ گرمی در استخوان افگندہ ست ۔

تپ در مغز نشستن ۔ حرارت کی تاثیر مغز میں ہوجانا **ظہور الدین
ظہوری** ۔ غم عشق بر عیش پیرایہ بست + تپ عشق در مغز محنت نشست

تب ریختن - تپ دور ہونا تپ اُتر جانا - نور الدین ظہوری - گر
گرد رہ شان شو وہمیشہ گردد + تپ از پیکر شیر ریزد چو گرد -
تب ساکن شدن - تپ دور ہو جانا اُتر جانا میرزا صائب
حرص از طینت پیران نشود موے سپید + این تپی نیست کہ ساکن بہ تباشیر شود
تبسم افشان - تازگی و شگفتگی دینے والا طالب آملی - ذہن
ہوا سے چمن ذوق تماد المحیت + ہزار غنچہ تنگ لب تبسم افشان شد -
تب شکستن - تپ کو توڑنا یعنے دور کرنا - افضل الدین خاقانی
نے بہ کلکش نہ غمیش کہ ماند + کز پے تب شکستن لشکر ست -
تبق زدن - ورم کرنا گھوڑی کے کسی عضو کا میر الٰہی ہمدانی
ہر دم بفلک تبق زندمینی تو + پہلو بر ہمہ افق زندمینی تو + چرم ہمہ
فیلہا بپایش نرسد + چون پا بو اگر تبق زندمینی تو -
تب کردن - تپ کشیدن تپ گرفتن - تپ کی بیماری سے
بیمار ہونا - رفیقائے نائی - مریضی کہ در عشق تب میکند + ملا حسن
دو عناب لب میکند - میر خسرو - سوز دل تا کے نگہدارم طبیب خواہم کشید
دور از جانم برآمد چند تب خواہم کشید - ابوطالب کلیم - چو گیرد گاہ
مرگ اعداش را تب + بہم پیوند د آنہم نام مرتب -
تب گسستن - دور ہو جانا تپ کا محسن تاثیر - از وصل لبت شوق
دل انبار شنید + این تب بداوائے مسیحا نشنید -
تپیدن - گرم ہونا اضطراب کرنا -
تبیدن - گرم ہونا تب کرنا -
تب زدہ - جسکو تپ کی بیماری ہو - میر خسرو - تب زدگانرا کہ
حلوا بہ ست + خوردن گشنیز ز حلوا بہ ست -
تبسم جلوہ - اسمائے محبوبین سے ہو میرزا بیدل - تبسم جلوہ نگہ شستہ
چون صبح از کنارہ ہین + شکست از بیخودی ہر زخم پر رنگم نمکدانی -
تب سوختہ - تپ محرق جس سے خلطین جل جاتی ہین سنجر کاشی
در ختم دعا کوش مسیحا چو طبیبت + سنجر ز تب سوختہ چندان ہمہ ہذیان
تب لرزہ - صفراوی تپ جس سے لرزہ ہوتا ہے نظامی - چنان زد
بہ تندی برو گرز را + کہ افتاد تب لرزہ البرز را -
تب بندی - وہ تپ جو ہر روز چڑھے کبھی مفارقت نکرے محسن تاثیر
گرچہ در قید تو باشد ہمیں از دشمن مباش + پیشتر و جانگاہ تر سر گرہ تپ بندی شود
تباہی شدن کشتی - حاصل مراد نہ ہونا کشتی کا دریا ہی مین رہنا
طالب آملی - سفغان کز موج آہ کشتی بنجم تباہی شد + متاع
چند جمع آوردہ بودم قوت ماہی شد -

تائے با تائے

تتق کشیدن - پردہ کھینچنا پردہ ڈالنا - سلا وحشی - ظلمت بہ پیش
چشمہ حیوان تتق کشید + رفتیم و ذوق چشمہ حیوان گذاشتیم -
تتق بستن - پردہ باندھنا پردہ ڈالنا - اوحد الدین انوری
از سیاست آسمان نبند د تتق + گرچہ از اندیشہ سازی بارگاہ -

تا با جیم

تجلی خیز - و تجلی زادہ - و تجلی زار - و تجلی آسنج - و تجلی قیامت
و تجلی کدہ - و تجلی گاہ - سب کے معنی معلوم ہین اور تجلی قیامت
اسمائے محبوب سے ہے ملا ہنجو دجامی در آتشم نشاند تجلی قیامتی -
پہلو بشمع طور زند عکس من درآب دل - غنچہ سان از دیدہ غمزہ خوبان
مرا + ہر تجلی زار چاک سینہ صبح محشر ست سراج المحققین - نو نسیم
گرد صعد آن تجلی زادہ مصرعی + بزنگ رشتہ ہائے شمع سوز تار مطرب ہا
آرزو تا دلم گشت تجلی کدہ حسن چو شمع + آرزو جز قدم سجدہ کنی مسند
مراد میرزا محمد زمان راسخ - ہوائے تافت بر جان آہ گردید + بے
خون شد تجلی گاہ گردید + نور الدین ظہوری - عشق ہر جا کہ شد
تجلی سنج + تبرز زو بطور رسنگ ہمتا د +

تائے با حائے

تحویل کردن - حوالہ کرنا سپرد کرنا - ملا نخجی کرمانی - ہمت ذات
ترا بہر تصدق ہر روز + خازن مہر بطوبہ شبد کند زر تحویل -
تحت القہوہ - ناشتا کھانا جو قہوہ پینے سے اول کھایا جائے

تائے با خائے

تختہ شدن یاقوت - مسطح و ہموار ہونا یاقوت کا محسن تاثیر -
مفتول راہ ورسم نہر ور نمیشود + یاقوت گرچہ تختہ شود در نمی شود -
تختہ سالخوردہ - پرانے قصائص اور قدیمی حالات نظامی گذارندہ
تختہ سالخوردہ + چنین در کشند نقش از لاجوردہ +
تخت داؤد - تفت کی نواح مین ایک پہاڑ کا نام ہے محسن تاثیر
بہ منظر اختران مسعود + اور نگ نشین تخت داؤد -
تخت وار - جامہ سیاہ و سپید وجامہ خواب جو تخت پر بچھاتے ہین
تخت اردشیر - نام ایک نوا کا موسیقی مین منوچہری - بر نہید
عندلیب زندہ تند شہریار + بر سبزہ زند واف زند تخت اردشیر
تخت طاقدیس - کیخسرو اور پرویز کا تخت جسپر بروج آسمانی اور
کواکب کے نقوش منقش تھے نیز نام ایک نوا کا باربدی نوا ؤن مین سے
حکیم سوزنی - بزیر تختہ خواہد بود جایم + اگر سلطان تخت طاقدیسم +

ولہ چو تخت طاقہ کہی ساز کردی بہشت از طاقہا آواز کردی۔

تختہ داش - وہ دو تختہ لکڑی کے جو پشمینہ و دیگر اقسام کپڑے جاتا
اُنمین رکھکر پٹھون سے باندہ دیتے ہین اور برسات کے موسم مین
کرم لگ جانے سے محفوظ رہتے ہین محسن تاثیر افتادہ ام بہ بند
تگہدارے عیال ہچون تختہ قماش کہ بہ بند باطناب۔

تخت شدن دماغ - عاق ہونا دماغ کا محسن تاثیر۔ چون بیت
تخت دماغت سخن مگو تاثیر + کہ شاہ بیت بلند تو باب لو زنگ ست

تختہ اول - لوح محفوظ اور وہ تختی جو ہندی بچون کو الف ہا تا لکھنے
کے لیے دیتے ہین نظامی۔ تختہ اول کہ قلم نقش بست + بر در مجموعہ احمد نشست

تخت حاسبان - وہ تختہ جسپر محاسب لوگ ریگ ڈالکر لوہے
یا پتھر کے میل سے حساب لکھتے ہین۔

تخت حیران - تخت کے جوانے مین ایک پہاڑ کا نام ہے محسن تاثیر
از لالہ و گل چو طفل معجم + با باخدان ہمیشہ فہدم + قرص مہ و خور کہ
بر تیر آید + از کوہ تنور او بر آمد + ہر جا میلے ست تا بدخشان + از
جیر تیان زتخت حیران۔

تخت شدن افیون - افیونی کا نشہ مین ہو جانا ظہوری۔
این نشا ر کسیکہ یافت صاحب تخت است + بہ بزم ولان جدائی او تخت
ست + شاہنشہ نشا ہا اگر مست چرا + گو نیکہ ہر فانونیا بتخت ست

تخت نہادن - تخت بچھانا اور رلا دنا۔ نظامی۔ چو پرستت بہلان
نہ تخت عاج + زہند وستان آورید خراج + حافظ۔ ملک عافیت
نہ بلشکر گرفتہ ایم + تا تخت سلطنت نہ بیازو نہادہ ایم۔

تختہ برداشتن از دوکان - دوکان کھولنا حسین سنائی۔ تو بزم
ساز نشست کہ صبح بادہ فروش + پے صبوح تو این تختہ از دکان برداشت

تختہ بر سر کسی زدن و بر سر شکستن - خراب کرنا رسوا کرنا بدنام
کرنا۔ خواجہ آصفی۔ ہر جا کرشمہ شیوہ تعلیم سر کند + شاگرد تختہ بر سر
استاد بشکند + سالک یزدی لوح قبرم کہ مے کرد فرہاد + میزند
تخت بر سر استاد۔

تختہ زدن دکان - دوکان بند کرنا مخلص کاشی صرفہ نتوان برد
از کار یکہ شد بسیار دوست + تختہ لو زاہد چو کان شید در بازار علم

تختہ شدن دوکان - بند ہونا دکان کا میرزا صائب۔ چو آئینہ
ما گر نماید خویش را + تختہ از بال و پر طوطی شود دوکان ما۔

تختہ شلنگ زدن و شلنگ تختہ زدن - یہ ایک ساخت
کشتی گیرون کی ہے کہ تختہ دیوار پر رکھکر اسپر سے تو ڈلے مارکر کودنے
کے وقت پانون زور سے تختہ پر مارتے ہین میر نجات۔ دل دگر گرم
تپیدن شدہ در سینہ تنگ + میزند آن بت طناز دگر تختہ شلنگ۔

تخشیدن - اوپر ہو کر بیٹھنا بالا نشین ہونا۔

تخم چیزے بر افتادن - نیست و نابود ہونا۔

تخت خانہ - تخت گاہ بادشاہی تخت کا مقام اور نام ایک قصبہ
خانہ کا اصفہان مین نظامی۔ سوے تخت خانہ زمین در نوشت +
ببالا شدن ز آسمان در گذشت۔

تخت فیروزہ - کنایۃ آسمان اور نام تخت کیخسرو و تخت شاہان بھی۔

تخت آبنوسی - کنایۃ آسمان۔

تا کے بارے

ترکش جوزا - برج جوزا جو ترکش کی صورت پر ہے۔

ترکش سہم الغیب - بلاے ناگہانی جو آسمان پر نازل ہو محسن تاثیر کیست
کز غمزہ تو تیر بلائی نخورد + صف مژگان تجست ترکش سہم الغیب ست +

ترازوے قلب - وہ ترازو جسکے پلے دونون وزن مین برابر نہون ایک
کم ہو اور دوسرا زیادہ۔ درویش والہ ہروی خطاب با آفتاب۔ اے
کردہ ترازوے نمایان + میزان حمل دو کفہ آن سنجیدہ و غل ہمیشہ
بازوت + قلب ست ہر دو سر ترازوت۔

ترازوے قیامت - وہ ترازو جسمین قیامت کے دن اعمال تولے جائنگے
صائب۔ میباشود لا در عشق انواع ملامت را + کہ سنگ کم نمیباشد ترازوی قیامت را

ترازوے نارنج - وہ ترازو جو اطفال خورد سال نارنج کے چھلکون
کی بناکر کھیلتے ہین۔ ملا جامی۔ برمہ آنرو ترنج و قلش مپیچ نبید +
کہ ببازیچہ زنارنج ترازو میساخت۔

ترکان چرخ - آسمانی ساتون ستارے۔

ترازوے چرخ - برج میزان۔

ترنج زر - آفتاب عالم تاب۔

ترازو دار - ترازو تولنے والا سیفی۔ سنگ گر کم نزدے
ما ترازو دارم + بار دل ہمچو ترازو نشدی بسیارم۔

ترازو شدن تیر - تل جانا تیر کا کمان مین یعنے چل جانا اور گذر جانا
نشانہ سے محمد سعید اشرف۔ اشارت کردہ دل صید چو میشود
این کمان را تا کشی تیرت ترازو میشود۔

ترازوے زر - آفتاب عالمتاب۔

ترنج مہر - وہ شکل جو مہر کے پشتبان پر بصورت ترنج گول بناتے
ہین۔ ملا طغرا۔ چون ترنج مہر ز لذت ندارد بہرہ + وعظ من

بشنو محیین بیہودہ زین بستان انار۔

ترانہ پرداز۔ ترانہ ریز۔ ترانہ زن۔ ترانہ ساز۔ ترانہ سرائے ہر ایک کے معنی گانے والا سرود کرنے والا۔ امیر خسرو۔ از نوائے ترانہ زنان + ہر دو تن خاستند ناز کنان۔

ترفروش۔ وہ مفلس جو اپنے آپ کو دولتمند کی صورت بنائے فریبی مکار حیلہ گر خود نما جعل ساز۔ حکیم سنائی کم شنیدم چو دولت ابنائے تر فروشی و خشک جنبانے۔

ترک جوش۔ ادھ پکا گوشت نیم پختہ۔ مولانائے روم ترک جوشی کردہ ام من نیم خام + از حکیم غزنوی بشنو تمام۔

ترک فلک۔ ستارہ مریخ۔

ترازوے نظم۔ عروض کا علم جس سے نظم کے بحور تقطیع دریافت کرتے ہیں

ترازو برافراختن۔ ترازو قائم کرنا۔ نظامی۔ بسے سپہر انجمن ساختند ترازوے انجم برافراختند۔

ترازو بر زمین زدن۔ خوشامد طلب و سماجت طلب ہونا محمد قلی سلیم سبد ورا و فلک خود فروش چند زند + زمہر ماہ عبث بر زمین ترازو را

ترازو بر سنگ زدن۔ ترازو کو توڑ دینا۔ میر حسن دہلوی۔ فلک یک شہ برون ناورد ہمسنگش بموزونی + مگر زہرہ کنون بر سنگ خواہد زد ترازو را۔

ترازو چشمہ داشتن۔ دونوں پلے ترازو کے برابر نہ ہونا ایک بھاری دوسرا سبک ہونا۔ عمر بنجی۔ جو عمر بنجی بمحشر زندہ گردد + بسنجد طاعتش ایزد بمیزان + کم آید طاعتش گوید خدایا + ترازو چشمہ دارد سر بگردان۔

ترازو نہادن۔ تولنا وزن کرنا اور تولنے پر مستعد ہونا نظامی بزرگان ایران بفر سنگ او + ترازو نہادند بر سنگ او۔

ترازوے پولاد سنجان۔ تیغ اور تلوار و گرز جو بہادر گولے کہتے ہیں

ترازوے سنگ زن۔ جو ترازو پورا نہ تول سکے کسی طرح کی خرابی اسمیں ہو نظامی زنان را ترازو بود سنگ زن + بود سنگ در ان ترازو شکن

ترازیدن۔ زینت دینا آراستہ کرنا عرفی۔ سزد مانہ گفت تو بر دیزد من تیغ زرم + بکلام خود بطرازم چنانکہ میدانی۔

تراش زدن۔ کترنا مونڈنا۔ عبد الرزاق فیاض۔ خط از دے تراش و جان عزیز ملامت است + مصحف سفید گشت و نشان قیامت است

تراشہ چین۔ ٹکڑے اٹھانے والا مانند خوشہ چین۔ طالب آملی۔ خورشید حسن تخواب دیدم + صد ہمچو قمر تراشہ چین داشت۔

نجیب الدین جرباد قانی۔ دلش چو بحر و صد ابر را نوالہ دہد + کفش ہزار چو دریا تراشہ چین دارد۔

تراشیدن۔ چھیلنا بنانا درست کرنا ایجاد کرنا قدسی۔ ز چوب خشک خوبان میتراشند آشنا قدسی + مگر چون زلف شان از شانہ سر و مجری دارد

ترانہ زدن۔ سرود شروع کرنا گانا۔ ابو الفیض فیاضی۔ آتش زد لم زبانہ میزد + شوق از قلمم ترانہ میزد۔

ترانہ گفتن۔ سرود کرنا گانا۔ نظامی۔ ہر سفتہ دُرے دُرے می سفت + ہر ترانہ ترانہ میگفت۔

ترانہ بلند کردن۔ سرود کرنا گانا۔ عبد الغنی قبول مطرب بیا بلند کن امشب ترانہ را + آتش فگن ز شعلۂ آواز خانہ را۔

ترانہ شدن۔ مشہور ہونا شہرت پکڑنا۔ اسیری لاہیجی کسوت اغیار چو بنمود برخ آن یار + این قصہ در آفاق جہان گشت ترانہ

تراویدن۔ ٹپکنا پانی وغیرہ کا کسی برتن وغیرہ سے ملا ہجو دی جا چہ خوش بزمی کہ باشد جلوہ گر آن رشک ما آنجا + تراود آفتاب از سایۂ برق نگاہ آنجا۔

ترب کندن۔ کنایۃً جماع کرنا۔ ملا فوقی یزدی۔ چہ تربہا کہ بکندم بطرز خود کہ فلک + زمین ہزل بمن داد خط ترخانے۔

ترکش انداختن۔ جنگ کو نہایت تک پہونچانا ترکش کو خالی کر کے پھینک دینا یا بجاے تیر ترکش دشمن کو مارنا۔ نظامی۔ سواران ہمہ تیر پرداختہ + گہے تیر گہ ترکش انداختہ۔

ترکی کردن۔ غضب و غصہ و عتاب کرنا۔ نظامی۔ مکن ترکی اے ترک چینی نگار + بیا ساعتے چین درا بر و میار۔

ترکی تمام شدن۔ غرور و تکبر دور ہونا عجز و انکسار ظاہر ہونا۔ نور الدین ظہوری۔ جو در ترکتازی کنند اہتمام + شود ترکی ترک گردون تمام

ترنج در سمور پنہان شدن۔ یہ جملہ سمور کی خوبی پر بولا جاتا ہے کہ اس سمور کا ایسا تیغہ ہے کہ ترنج اسمیں چھپ جاتا ہے محمد سعید اشرف سمور خط شکستش نہ چنان خوش تیغہ افتادہ + کہ میگردد ترنج غبغب او پنہان درو کم

ترنج زدن۔ ایران میں پہلے روز شادی کے جب داماد عروس کے گھر پہونچ آتا ہے تو طلائی ترنج ایک دوسرے کی طرف پھینکتے ہیں اور وہ ترنج طلائی ہوتا ہے۔

ترنج ذقن۔ شعرا ذقن کو ترنج کے ساتھ بھی تشبیہ دیتے ہیں جیسے کہ سیب ذقن صائب۔ صائب گزیدہ میشود از میوہ بہشت + دستی کہ با ترنج ذقن آشنا شود۔

تریاک بریدن۔ افیونی کا نشہ ٹوٹ جانا محسن تاثیر۔ یک لطف

نمایان تو در حق من این بود + کز وعدۂ تریاک تو تریاک بریدم
رباعی۔ یاران بکشید تیغ بیباکی را + مپسند مسازید من خاکی را + دشوار
ترانہ بریدن شاہ رگ ست + تریاک اگر برید تریاکی را۔
تریاک خوردن۔ خودکشی کے ارادہ پر افیون کھانا۔ میرزا
طاہر وحید۔ بمن گفتی بای آفتابت غلام + کہ افیون حلال ست و
صہبا حرام + چنانم حدیث تواز کار برد + کہ خواہم ازین غصہ تریاک خوردن
تراب آلودہ۔ خاک آلودہ مٹی سے آلودہ صائب بوسہ از
تشنہ لبی سینہ گذارد بر خاک + تا شد از خط لب لعل تو تراب آلودہ
ترمخندہ۔ کسی کے شرمندہ کرنے کو ہنسنا۔
ترش رخسارہ۔ ترش روے۔ ناخوش و غمناک میر خسرو
ملک را بود زنگی پاسبانی + ترش رخسارۂ کج مج زبانی طالب آملی
ترش روئیہاے صنم تلخی حسرت فزود + غالبا امداد صفرا میکند لیموی من
ترنغمہ۔ خوش آواز اور اچھا گانے والا ملا طغرا۔ ترنغمگی در چمن
آبشار + نمی قید از مایۂ اعتبار۔
ترنفسی۔ خوشخوئی خوش خلقی نیک سیرتی مرادف تر زبانی ملا اشرف
اندیشہ ازین ترنفسے کن چو حباب + کا برد بر طرف از نم نفس میگردد +
ترکاری۔ تر ہونا تازہ ہونا بارونق ہونا ملا طغرا۔ از ترکاری
نکہت بید مشک + نم رود دماغ گل و لالہ خشک۔
ترنم گری۔ گانا سرود کرنا مطرب کا۔ ملا طغرا۔ چکاوک ز حسن
ترنم گری + زمنقار خود می ستاند بری۔
ترنوازی۔ خوشخوانی و خوش سرائی و خوش زبانی مخلص کاشی نغم از
مژگان تر بایدم ای بدمار اشک + نغمہ دلکش نیست تا مطرب نباشد ترنواز۔
ترسیدن چشم و دیدہ از چیزی۔ نفرت کرنا دیکھ نہ سکنا کسی چیز کو
باقر کاشی۔ بسکہ از خوبان ملاحت دیدہ ام + چشم من از عاشقی ترسیدہ است
ترک خرگاہی۔ معشوق پردہ نشین۔ نظامی۔ وزان ترک خرگاہی
آوردہ دست + سلاح نقابش ز رخ بر شکست۔

تاے با سین

تسبیح شمار۔ مرد زاہد و عابد تسبیح خوان صائب۔ غافل مشو
از حلقہ تسبیح شماران بنداں + دام بند پیش کہ از دانہ گذارند۔
تسبیح ساز۔ تسبیح بنانے والا تسبیح گر۔ طاہر وحید۔ چہ گویم من
از ہنر تسبیح ساز + کہ رویم بود سوے او در نماز۔
تسمہ باز۔ دغا باز فریب دینے والا ملا طغرا۔ تسمہ بازی نیست
چون شراج در بازار دہر + زیپی چون لبسا نگم نبالا لی خرست

تسبیح چشم بلبل۔ یہ ایک قسم کی تسبیح ہوتی ہے جسکے دانون پر گول گول
دائرے ہوتے ہین سنگ سلیمانی بھی اسکو کہتے ہین محسن تاثیر۔ گریہ ام در
آستین تسبیح چشم بلبل ست + تا کہ امی شاخ گل ما دست بر دامن زدم۔
تسبیح سال۔ سالگرہ کا رشتہ جسپر ہر سال گرہ دیجاتی ہے میرزا صائب
چہ حاجت ست بتسبیح سال عمر مرا + کہ میشود بیک انگشت این حساب تمام
تسکین کدہ۔ تسلی کا مقام اطمینان کی جگہ۔ رضی دانش۔ کعبہ تسکین
کدہ و دیر تسلی گاہ ست + ہمہ جا خانۂ فریاد رس ست۔
تسبیح کربلائی۔ وہ تسبیح جو کربلا کی مٹی سے بناتے ہین محمد قلی سلیم
در کوے بیوفایان وائی خسر یک من خسیست + چون حسین اہل وفہ تسبیح بلائی
تسمہ بازی۔ دغا فریب مکر و حیلہ۔

تاے با شین

تشنہ اشک۔ تشنہ بخون تشنہ جگر۔ و تشنہ چشم و تشنہ دل۔ و
تشنہ کام و تشنہ لب۔ ہر ایک کے معنی معلوم ہین۔ میرزا صائب
پیش زین نگاہ وش کمین با دل کہ چشم تشنہ اشک + از برای گریہ کردن
آب از گوہر گرفت۔ طالب آملی۔ سیر چمن و بال دل داغدار ماست
بوے بہار تشنہ بخون ایاغ ماست + رضاے کاشی۔ دل بخونم
تشنہ و دلبر بخونم مایل ست + واے بر جانم کہ نیم و دلبر آنم قاتل ست
میرزا صائب۔ ایکہ از آب عقیق تو فلک سر سبز ست + نیست انصاف
برین تشنہ جگر خندیدن ولہ۔ تشنہ چشم افتادہ است آئینہ اسکندری
ورنہ آب زندگانی دل سیاہی بیش نیست + امیر خسرو۔ از تو نشاید کہ بہ میسان
روم + تشنہ دل از چشمۂ حیوان روم۔ ناصر علی۔ دگر از تشنہ کامیہاے
مشتاقان چہ میپرسی + بہ برنگ لالہ تنہا جام ملینو شید + سپند اینجا بمجمر زبان
پراسخ ز فیض بادہ جوش بلاغ ست + چراغان تشنہ کام یک چراغ ست
تشت از بام افتادن۔ تشت از بام افگندن۔ بھید ظاہر
ہونا اور بھید ظاہر کرنا میرزا صائب۔ تشت من چون آفتاب
از دامن چرخ او فتادہ + نسادہ لوح آنکس کہ میخواہد کند رسوا مرا + محمد قلی سلیم
رسوا گشتہ عشق چو خورشید محشریم + از بام آسمان فلک افگند تشت ما
تشنیع زدن۔ برا بولنا بدگوئی کرنا امیر خسرو۔ دشنام دہد
دشمن و تشنیع زند دوست + چندان شنوم از کہ و چندین بکہ گویم

تاے با صاد

تصدیع دادن۔ تکلیف دینا رنج دینا درد سر دینا۔ فوقانی۔
جان مرا در جان کنی افگندہ است + دیدہ در دو رنج تصدیع داد۔
تصدیق کردن۔ مان لینا راست جاننا راستی کا اظہار کرنا مولف

گردیدن لشرتیح معراج اززبان ختم الرسل ہحضرت صدیق زاغلاص ال تصدیق کرد

تا ے با کاف

تگ وتاب ۔ قرار وآرام ٹھہرنا۔ نظامی۔ خسک ریختہ برگذر خواب را + فراموش کردہ تگ و تاب را۔

تگاندن ۔ جھاڑنا صفا کرنا۔ ملا طغرا۔ چو ابر بہاری تگاند لباس + صدا ہچید از رعد در ہفت طاس۔

تا ے با لام

تلخ پاسخ ۔ تلخ جواب دینے والا۔ حکیم زلالی۔ گل کشمیریان شمشاد تلخ + بت شیرین سوا د تلخ پاسخ۔

تلخ بہر ۔ مدبر و بدبخت و بدنصیب۔ حکیم زلالی۔ شہنشاہ شکر ریزان دہری + اگر چہ شور بخت و تلخ بہری۔

تلخ خاطر ۔ بدمزاج غمگین لگیر بیزار دل برداشتہ۔ نورالدین ظہوری۔ بر سمن از حلاوت مہرشا + تلخ خاطر ز آرزوے عنم۔

تلخ گفتار ۔ بدزبان بدکلام ترش رو۔ سعدی شیرازی۔ ہر آنگہ کہ خوب و شیرین ست + تلخ گفتار تند خوے بود + چون برش آمد بلوغت شید + مردم آمیز و مہر جوے بود۔

تلخ کام ۔ غمگین و ستم دیدہ پریشان خاطر۔ قطعہ۔ جہان شیرین میدہد انجام کار + چون بعد حسرت تخیل تلخکام + حسرت و افسوس باخود می برد + از جہان آن مرد مسک للکلام۔

تلخی دشنام ۔ **تلخی مرگ** ۔ تلخی جان کندن و تلخی دریا و **تلخی مود** **تلخی بادام** ۔ سب کے معانی معلوم ہیں۔ صائب۔ بیچارہ سوداے ناپند نصیحت گر نکرد + تلخی دریا علاج خامی عنبر نکرد + ہرگہ۔ از تلخی مرگ شکوہ مخمور محال ست + صائب گلہ از تلخی دشنام ندارد۔ ولہ لذت جہان تلخی بسیار کشیدم صائب + کہ زشیرین سخنان شدہ سخنم شیرین تر۔ ولہ تلخی مرگ شود شہد بکامش صائب + ہر کہ زین عالم پرشور بتلخی گذرد + ولہ نبعخ تلخی بادام رآب + نشد کم زہر چشمش از شکرخواب۔ باقر کاشی۔ وقت مردن بزبان نام لبت آوردم + لذتش تلخی جان کندنم از کام برد + کمال خجند۔ نہ بعید تلخی جان کندن آن کس کہ لعل جان فزایت را گزیدہ ست۔

تلخ جبین ۔ جو غضب و غصہ کی حالت میں ہو۔ صائب۔ نوجی ست کہ تاج از سر فغفور رباید + چینی گرہ ابروے تو ای تلخ جبین ست

تلخ زبان ۔ بدزبان بدکلام یاوہ گو۔ صائب۔ بادہ کوتا من آن تلخ زبان رام شود + تلخی می نمک تلخی بادام شود۔

تلخ شدن ۔ ناخوش وبے مزہ ہونا۔ میرزا صائب۔ پستہ ہار لعل میگونت گریبان چاک کرد + تلخ شد از چشم شوخت خواب بر بادام ہا۔ ولہ عیش جہان زگریہ من تلخ میشود + این شمع را ہیچ شبستان روا مدار۔ فصیح جمال الدین سلمان۔ تلخ شد بے لبت آست ب ا جہان + تلخ شد بے شکرت بر ما شراب۔

تلخ کردن ۔ کڑوا کرنا بے مزہ کرنا ناگوار کرنا۔ صائب۔ بیمغل دستگاہان خواب شیرین تلخ می آید + شکر خوابی کہ من بر روی فرش بوریا دارم۔ ولہ بر خضر زندگانی جاوید تلخ ساخت + عمر دوبارہ کہ بمن زان دو لب رسید۔ ابوطالب کلیم۔ صورت دنیا زخواب غفلت بیدار شد + عیش را از نالہ تا کے تلخ بر دنیا کنم۔

تلخ ابرو ۔ غضب و غصہ کی حالت میں۔ فوقی یزدی۔ مطرنہ تیغ آبدارش آبروی خلق ریخت + ابروی تلخش بعالم عیش شیرین تلخ کرد۔

تلخ رو ۔ بدمزاج بد خلق بد دماغ۔ شعر۔ دیدہ باشور سر شکم تلخ روئی میکند + عاقبت از شورش اشکم دل دریا گرفت۔

تلخ نگاہ ۔ تند نگاہ بدنظر۔ صائب۔ لشت لب پیمانہ ما سبز شد از زہر + آن ساقی بیرحم ہمان تلخ نگاہ ست۔

تا ے با نون

تنگ سودا ۔ وہ سوداگر جسکی دکان میں مال سوداگری کا کم ہو۔

تنگ حوصلہ سنجر کاشی۔ مرد تاجر کشادہ دل باید + تنگ سودا کشد زیان فراخ۔

تنگ شدن قبا ۔ بے طاقت ہونا کمزور ہونا تنگدست و تنگ معاش ہونا۔ نعمت خان عالی۔ از شوق اینکہ روے تو گلرنگ میشود + گل را قباے رنگ بہ بر تنگ میشود۔

تنگ آب ۔ بہ کاف تازی کم آب تھوڑا پانی۔ میرزا طاہر وحید۔ جان تبن از نارسائی ہاے ہمت ماندہ است + بسکہ این دریا تنگ آبست کشتی در گل

تنگ شراب ۔ جو تھوڑی سی شراب پیکر مست ہو جائے۔ میر خسرو۔ چو دل حریف تو شد زینہار ای ساقی + کہ تنگ شراب ترا سیاغر گران ندہند

تنگ بخت ۔ مفلس و نادار و تہیدست۔ سعدی۔ بگر تنگ بخت فراموش شد + چو دست در آغوش آغوش شد۔

تنگ شدن وقت ۔ ناوقت ہونا کم فرصتی ہونا۔ صائب۔ تا نگر دیدہ ست از خط تنگ وقت آن دہان + بوسہ زان لعل شکر بار میخواہد قلم

تن خود ۔ جو چیز اپنی ہو یعنی اپنی ملکیت اور اپنا جسم اور بدن اور ذات۔ محمد سعید اشرف۔ ای ترک شکار افگنت شاہین تن خود + تنہا نہ کند نم از تو

غمگین تن خود ؂ در عشق رخت بکود کیمیا بودم ✦ چون طفل سر شک اشک خود مین تن خود

تنگ افتادن کار ـ کسی کام مین حرج تنگی واقع ہونا ـ **محمد قلی سلیم** ؂ جاے کہا سینہ ام ہر یک ریختہ است ✦ از دل من کار بر اسلام تنگ افتادہ است

تنگ شدن کار ـ تنگی کی حالت مین پہونچنا کام کا ـ **جمال الدین سلمان** ؂ کارشان تنگ بر من ل خبر یا کنید ✦ دوستان بہر خدا چارۂ بیمار کنید

تنگ شکر گفتن ـ شعر کے فنون مین سے ایک فن کا نام ہے اور گون شکر کی اور بوسہ محبوب دہان محبوب ـ **حکیم شفائی** ؂ آن زبان میکشی کنشمائی کز تربیت گشتم تنگ شکر ـ **میرزا صائب** ـ بوسہ از لب شیرین نوای تنگ شکر ✦ ما گرفتیم نخواہیم عطاے تو کجاست ـ

تنگ کردن نفس ـ سانس بند کرنا خفہ کرنا ـ **صائب** ؂ نفس بر آئینہ نتواند نفس را تنگ کرد ✦ از ہجوم غم نگردد تنگ میدان خامہ ام ـ

تنگ آغوش ـ جو شخص بغل تنگ رکھتا ہو ـ **فوقی یزدی** ؂ کشیدہ ہر بہ دو دست کشادہ در بر تنگ ✦ چو آید از رہ تنگ آن نگار تنگ آغوش

تنگ اختلاط ـ جسکا اختلاط تنگی کی حالت مین ہو ـ **نور الدین ظہوری** ـ گاہ در تنگ اختلاط کہربا ✦ مہر زو ہم خیمہ نیلو فرست ـ

تنگ شدن متاع ـ کم ہونا یا اسباب سامان کا ـ **مخلص کاشی** ؂ نعمت متاع دل چنین گر تنگ خواہد شد ✦ ز قحط دل میان دلربایان جنگ خواہد شد

تنگ آمدن منزل ـ راستہ بند ہونا جگہ تنگ ہونا ـ **نظامی** ؂ چو منزل در آمد بہ دہواۂ تنگ ✦ شتر بران بہ این تیز کردند خنگ ـ

تنگ شام ـ شام کا وقت جو تنگ ہو گیا ہو ـ **مخلص کاشی** ـ بایں حال پریشان خندہ بر صبح وطن دارد ✦ دل آوارہ ام در تنگ شام حلقۂ موئے

تند فہم ـ جو شخص بات کو بہت جلد سمجھ لے ـ **حکیم زلالی** ـ ایاز تند فہم تیز بینش ✦ نگار کارگاہ آفرینش ـ

تن دادن ـ قبول کرنا رضا مند ہونا ـ **درویش والہ ہروی** ؂ صبر آمد و زور شوق را دیدہ نا دادہ تنے نگار برگشت ـ **سنجر کاشی** ؂ سنجر بسرم بہار بہ تیغ و تبر آمد ✦ تن میدہم امروز کہ کارم بسر افتاد ـ

تن زدن ـ خاموش ہونا چپ رہنا ـ **قاضی نوری** ـ میخواستم کہ آہ کشم با تو تن زدم ✦ خنجر برو کشیدم و بر خویشتن زدم

تن غنودن ـ سست ہونا در ماندہ ہونا ـ **نظامی** ؂ غنودہ تن مردم از رنج راہ ✦ نظر سبز ماند در آمد ز خواب ـ

تنگ آمدن ـ تنگ آنا کپڑے وغیرہ کا ـ **میرزا محمد زمان** ـ جامۂ صبر بہ بالاے جنون تنگ آمد ✦ آنچہ از دست بر آمد بگریبان کردیم

تنگ در آغوش کشیدن و گرفتن ـ بغل مین لینا اور دبانا ـ **مخلص کاشی** ؂ از دود دلم جامۂ او رنگ گرفت است ✦ ما سوختۂ در بغلش تنگ گرفت است ـ **میرزا معز فطرت** ـ نکشم تنگ در آغوش نگاہش ترسم ✦ کہ خلد خار بہ پیراہن نازک بدنی ـ

تنگ شدن میدان ـ میدان کا تنگ ہونا ـ **میرزا صائب** ؂ از شکوہ حسن میدان تنگ بر آہوان شد است ✦ دامن صحرا از یک لیلی بر مجنون شد

تنگ کردن سخت گرفتن ـ تنگ کرنا سخت پکڑنا ـ **سید عبد اللہ حالی** ـ بر دہانش خط ندانم کار را چون تنگ ساخت ✦ اینقدر دانم کہ بالت بوسہ را تنخواہ نیست

تنورہ زدن ـ چرخ مارنا گرد پھرنا حلقہ باندھنا ـ **محمد قلی سلیم** ؂ بسوے آسمان از فہم دود رہ ✦ لبسان دیو زد آتش تنورہ ـ

تنگی کشیدن ـ تنگی کھینچنا سختی دیکھنا ـ **میرزا صائب** ـ چہ فارغ اند ز بیم فشار تنگی قبر ✦ کسان کہ تنگی مسکن کشیدہ اند اول روز ـ

تنیدن ـ تننا کام جولاہے اور عنکبوت کا ـ **محسن تاثیر** ـ نظارہ نے لب لعلت بانگبین نہ تند ✦ مگس کہ شہد چنین یافت بر چنین نہ تند ؂ ز رشک بیتو نگہ پاے در حنا دارد ✦ بگرد ماہ نہ بیند بجوز عین نہ تند ✦

تنگ بودن قافیہ ـ صعوبت و سختی ـ **مخود جامی** ـ دلم ز گلشن دوران چگونہ بکشاید ✦ بغنچہ قافیہ بسخندہ است تنگ اینجا ـ

تنگ آستینی ـ تنگدستی و افلاس ـ **آرزو** ـ جنون در عالم خود جامہ زیب سبزائی ہاست ✦ بود در حلقۂ زنجیر ما تنگ آستینی ہا ـ

تائے با واو

توبہ کار ـ توبہ کرنے والا کار بد سے باز آنے والا ـ **نظیری نیشاپوری** ؂ نتر سے کہ از من او توبہ کار ✦ ز بند تقید شود رستگار

توشہ کش ـ وہ شخص جو مسافر کے ساتھ توشہ اٹھا کر جائے ـ **محمد قلی سلیم** ؂ بفراہان تو در خاک ند لند آرام ✦ در طلب توشہ کش مع ریزد دام

توشہ چشم ـ دیدار محبوب اور اسکا دیکھنا ـ **میر خسرو** ؂ سنگہ می کرد ماہ از گوشۂ چشم ✦ دلش پر مے نگشت از توشۂ چشم ـ

تو لی پیراہن ـ ایک پیراہن ـ **میر خسرو** ـ قبا پوشیدہ ہوشم برد گر خود خواہدم کشتن ✦ چرا یکبار با یک تو لی پیراہن نمی آید

توبہ دہ و توبہ شکن ـ توبہ دینے والا اور توبہ توڑنے والا ـ **ملا طغرا** ـ الفت دہ ہجران و جمال سے صبوری ✦ مخموری می توبہ دہ و توبہ شکن غمد ✦

توشہ پرورد ـ سفر آزمودہ و جہاندیدہ ـ **نظامی** ـ سکندر کہ شاہ جہان گرد بود ✦ بکار جہان توشہ پرورد بود ـ

تاے باہاے

تہ پا - جو چیز پانی یا قہوہ یا شراب کی تہ مین بیٹھ جاے اور وہ تھوڑا کھانا جسکے ساتھ ناشتا کرین **سبا قر کاشی** سنزہر مار ست بادہ ہر ناہار + تہ پا تا نباشد آب مخور -

تہ مینا - جو درد شراب کی صراحی کی تہ مین بیٹھ جاے **شفیع اثر** رفت شب ساقی از بزم و دل میتاب من + ہمچو تہ مینا ز ہجرش تا کمر در آتش ست

تہ نما - وہ مصفا پانی وغیرہ جسکی تہ مین سے سب چیز نظر آئے **شفیع اثر** این مقلم از بسکہ نورانی سرشت افتادہ ست + خاک آن تا ہنداب صاف باشد تہ نما

تہ گردن زخت - گردن کو تہ کرنا **صبا** از شرم می آید برو ے گل نگہ گردن + کہ زخت غنچہ را دا کردہ نتوانست تہ گردن -

تہی پشت - پوچ و بے مغز و ناکارہ **حکیم زلالی** - فلک از نعرہ کوس تہی پشت + گرفتہ کوس مہر و مہ بانگشت -

تہ بازار - **تہ بازاری** - بازار مین پھرنے والے لوگ جو دوکاندار نہون مثل دلال و مردم اجلاف و فرو مایہ اور وہ محصول جو سر راستہ بیٹھنے والون سے وصول کرے **طاہر وحید** - نشکنند ہرگز خمار من ز تہ مینا ے مو + طفلک مقبول تہ بازاری نخواستم -

تہ کار - اصل ہر چیز کی اور مال ہر ایک کام کا **عبد الغنی قبول** - شیرین پسران کہ دلبر و دلدارند + در دیدہ بلبلان گل بخارانند + غافل زتہ کار بناسخی کا نیہا + در کیسہ نہان ہمچو رطب کس دارند -

تہ بساط - بے اضافت سامان قلیل و متاع بیقدر و کم قیمت کہ بعد بیچنے کے باقی رہجاے - **رضی دانش** - ما یہ حسرت بجز آہے دل نالان نداشت + ہا تہ بساطے غیر گرد این خانہ ویران نداشت -

تہ غربال - سبوس یعنے ریزہ و نخالہ جو چھلنی سے نکلتا ہے -

تہی چشم - نابینا و بے بصر یعنے اندھا **میرزا صائب** - تہی چشمان چہ امید اند قدر روی نیکو را + نباشد جو گرانی نہر از یوسف برادر را

تہ پیراہن - پیراہن کی تہ جو مشہور ہے **میرزا صائب** - ہر حبابے را در ین دریا ز حسن تجدید + خلوتے با ماہ کنعان در تہ پیراہنی -

تہ حسن - حسن کی نہایت اور پایان **ندلالی** - تہ حسنش چو ہر در نمی یافت + ز رنجش مشتری زبان روے بر تافت -

تہ دامن - زیر دامن دامن کے نیچے **صائب** - ای ز رویت در کف ہر خار نبض گلشنے + ہر گلے را در تہ دامن چراغ روشنی -

تہ بندی - وہ چیز جو شراب کے پینے سے پہلے کھا لین اور وہ رنگ جو اصل رنگ کے دینے سے پہلے رنگریز کپڑون کو دیتے ہین تا کہ اصل رنگ

کم خرچ ہوا ور جلوہ زیادہ دیوے و جزو بندی کتاب **محسن تاثیر** خون دل میکند تہ بندی صہبا ے تو + گلشن بغارت میدہد رنگ حنا ے پا ے تو **سعید اشرف** - تہ بندی ہوش بر قرار است + شیرازۂ طبع پا بدست دار

تہی آغوش - خالی ہونا آغوش کا محبوب سے **میرزا صائب** بر تہی آغوشی خود آہ حسرت می کشم + ہر کجا بینم کشند شمعے بر پروانہ را -

تہی پائے - پانون ننگا ہونا لے پاپوش ہونا **صائب** آہ راہ نوردم کہ تہی پائی خود را + پیوستہ نہان از نظر آبلہ دارم

تاے یاے

تیر کاکل ربا - کامل تیر انداز کا تیر جو آدمی کے سر کے بال اڑالیجاے اور سر کو صدمہ نہ پہونچے **محمد سعید اشرف** - ناوک برگشتہ مژگانت لبا افتادہ است + تیر آن ابرو کمان کاکل ربا افتادہ است -

تیر و کمان حنا - ایران مین رسم ہے کہ بچون کے ہاتھون پر جب مہندی لگاتے ہین تو اسمین نقش تیر اور کمان کا کر دیتے ہین **بیانی** - نہ تیر انداختن میلے نہ آن چنان داشت + کہ در دست از حنا تیر و کمان داشت

تیرہ کوکب - بدنصیب و قسمت بدبخت **بیت** گے نشود روشن بنور آفتاب + بخت مردہ تیرہ کوکب تیرہ بخت

تیر شست - وہ شخص جسکا تیر نشانہ پر پڑے کبھی خطا نہ کرے **علی خراسانی** - نبواخت مرغ دل را نگہت بہ تیر مژگان + نبود چو تو حریفے بجدا بہ تیر شستے -

تیغ دو دست - **تیغ دو دستہ** - **تیغ دو دستی** - وہ تلوار جو دو ہاتھ لمبی ہو یا بکمال زور وچالاکی دونون ہاتھ سے ضرب لگائی جاوے اور دونون ہاتھ سے بخشش کی جاوے **میر خسرو** - ملک بمیراث نیابد کسے + تا نزند تیغ دو دستی بسے **محمد شمش بغدادی** - صد دستہ با داز گل اقبال در کفت + بر فرق دشمنانت تیغ دو دستہ باد

محمد زمان راسخ - از نگہ دو چشم او زخم شکست خوردہ ام + رشتہ بخیہ میش کن تیغ دو دست خوردہ ام -

تیغۂ پشت - پشت کی بلندی - **نور الدین ظہوری** ہاتھی کی صفت مین - از کوہ کاہیدہ برتری + چیان تیغۂ پشتش ز لاغری -

تیغ و ترنج - اشارہ دکارد و ترنج مجمع زنان مصر جسمین انھون نے حضرت یوسف کو دیکھکر ترنج کے بدلے اپنے ہاتھ کاٹ دیے تھے کنایۂ مقام امتحان و آزمایش **محتشم کاشی** - ہر حرف من قلم شود انگشت اعتراض + تیغ و ترنج گر بیا اندر آورد کسے +

تیغ بند - سپاہی تلوار باندھنے والا **میرزا جلال اسیر** - کشتم ز برق

تازی این جستجو غبار + شب سرگذشتۂ کہ سحر تیغ بند کیست۔
تیغ فصاد۔ نشتر جس سے فصاد خون لیتا ہے **محسن تاثیر**۔ بے بر و سخت توان ایمن از حوادث شد + کہ خون لعل مسلم ز تیغ فصاد ست۔
تیر آور۔ عیار و مکار و فریبی آدمی **طغرا** نسخہ از تیر آوری ہا پے برد گرخانہ را + چون کمان از خانہ رو در خانۂ دیگر نہد۔
تیر سحر۔ آہ سحر و دعاے بد جو کسی کے حق مین کی جاے۔ **بیت** بیندیشیں از دعائے سینہ چاکان + کہ این تیر سحر خالی نگردد۔
تیغ سحر۔ تیغ صبح۔ نمود صبح و آفتاب۔
تیر مار۔ ایک قسم کا موذی سانپ ہے کہ اپنی جگہ سے تیر کی طرح اڑ کر نیش مارتا ہے **محسن تاثیر**۔ ز قسم بسیار شود گر جفا بے یار را + بدست خامہ زند ہمچو تیر مار مرا
تیغ دار۔ سپاہی لشکری تلوار یا پہلوان۔ **نظامی**۔ بہر تیغ دار ی کہ او باز خورد + سرش را بہ تیغے ز تن باز کرد۔
تیغ سوزن بردار۔ صیقل تلوار جو سوزن کو اپنی دم سے اٹھائے **صائب**۔ شد مسیحا بحز ز علایق آزاد + چہ کند رشتہ باین تیغ کہ سوزن بردا شت۔
تیغ لنگر دار۔ غدار اور وزن دار و گران و قیمتی۔ **صائب**۔ از تغافل گشت مژگان گران خوابش مرا + تیغ لنگردار چندین بار مُم میدا شست
تیغ ساز۔ تلوار بنانے والا تیغ گر۔ **ملا طغرا**۔ چو از غمزہ خود شود تیغ ساز + کند مشتری گردن خود دراز۔
تیغ الماس۔ فولادی تلوار قیمتی تلوار۔ **سید محمد عرفی**۔ رمح فولاد عرش موج برد + تیغ الماس جوہر اندازد۔
تیر سرکش۔ تمام کھینچا ہوا تیر ہمت۔ چگویم میش دل ہمہری سوائی آن گل را + نگاہ شوخ او بر سرکش زند تیر تغافل را۔
تیر روی ترکش۔ جو تیر ترکش کے سب تیرون سے اچھا اور بہتر ہو **محمد قلی سلیم**۔ نگہ را غمزہ بیرون از صف مژگان نمی آرد + بہر صیدے نیند از د تیر روے ترکش را۔
تیز ہوش۔ دانا صاحب لیاقت و ہوش۔ **نظامی**۔ گر فتم سر تیز ہوشان منم + شہنشاہ جوہر فروشان منم۔
تیز شوق۔ صاحب شوق و عزم **ظہوری**۔ تیز شوقان برہ کعبہ بے راحت خورد + پاے از دیدہ کنند و مغیلان بخشند۔
تیغ مینا رنگ۔ فولادی تلوار سبزی و کبودی مایل **طالب آملی** وران مصاف کہ از عکس تیغ مینا رنگ + ہواے معرکہ پوشند زمردین سربال
تیغ بہرام۔ نام افراسیاب کی تلوار کا تھا اور ستارہ مریخ اور بہرام گور کی تلوار **بیت** چشم شوخ تو بلاے دل بر دوستین + تیغ بہرام بہ پیش نگہت چوبین ست

تیغ گلدم۔ دندانہ دار تلوار برگشتہ دم **میر نجات** گلستان شہادت فیض دیگر در نظر دارد + بہ تیغ گلدم او تا چو شبنم دیدہ ام سررا +
تیر کشیدن زخم۔ سوزش ہونا زخم مین اور درد کرنا **محسن تاثیر**۔ بیان شکوہ عاشق زبان نمی دارد + کشد چو تیر جراحت کمان نمیدارد۔
تیر از کمان برون جستن۔ کمان سے تیر چلنا **میرزا صائب** طالب حق را چو تیرے کز کمان بیرون جہید + ہیچگہ آرام تا منزل نمی باید گرفت
تیر افتادن۔ تیر پڑنا کوئی ناگہانی بلا نازل ہونا **میرزا صائب** نیست جز تیرے کہ بر ما خاکساران خوردہ است + بر زمین تیرے کہ از شست قضا افتادہ است۔
تیر امان دادن۔ بادشاہان متقدمین کے وقت مین جسکو امان ملتی تھی اسکو ایک تیر بادشاہ سے ملا کرتا تھا اسکو تیر امان کہتے تھے **مسیحی** چو مژگانش بقتل عام شادست + از ان تیر امان کس راند اوست
تیر انداختن۔ تیر ڈالنا تیر چلانا **سعدی**۔ چو تیر انداختی بر روے دشمن + حذر کن کاندر آماجش نشستی۔
تیر باران۔ بہت سے تیرون کا برسنا۔ **ارادت خان واضح** ساقی خورشید ما چون نور بخشد ماہ را + چشم ما گر تیز بیند تیر باراِنش کنم۔
تیر بتاریکی انداختن۔ اندھیرے مین تیر مارنا بے سوچے سمجھے کام کرنا **صائب**۔ سگر خضر تیرے بتاریکی فگند از رہ مرد + آنکہ می بخشید عمر جاودان پیدا ست کیست۔
تیر بر کمان نہادن۔ تیر چلانے پر مستعد ہونا **میر معزی**۔ بشرق و غرب گر دشمنی بود دشمن + کہ در عداوت تو تیر بر نہد بکمان + عجب نباشد اگر باز پس رود تیرش + کند نشانہ ز سوفار تیر او پیکان
تیر خوردن۔ تیر کھانا زخمی ہونا تیر سے **۵** دراستی مثاب آن گوشۂ ابرو لعیاری + کمان بر من مکش جانان کہ تیرے خوردہ ام کاری +
تیر در کمان راندن۔ تیر چلانا کمان سے **حکیم ازرقی** مخالف تو اگر تیر در کمان راند + چو خار پشت سر اندر کشد بہ تیر فصال۔
تیرک زدن۔ درد کرنا ٹیس مارنا خون جاری ہونا کسی زخم سے **تلفی**۔ ز خونیکہ تیرک زد از فرق گاو + ہلال را بر افراخت تیر کلاہ۔
تیر کشادن۔ تیر چلانا تیر مارنا **حافظ**۔ بکشاے تیر مژگان بریز خون حافظ + کہ چنین کشندہ ولا نکشد کس انتقامے
تیر کشیدن۔ تیر کھینچنا تیر مارنا **کمال خجند**۔ مکش بر ہر کسے تیر از کش باز از خمار ابروئے ان مژگان لعبد ناوک صد و یک تیر سد مارا۔
تیر نشاندن۔ تیر نشستن۔ تیر بٹھلانا اور تیر بیٹھنا کسی چیز مین

اور جا لگنا نشانہ پر اور لگانا ناصر خسرو۔ من تیر نظر را بنشانم بہ نشانی + چون کژ نظران در پے پندار و گمانند میرزا صائب۔ ان چرخ شود دستے از کشاکش سپر + کہ ہمچو تیر نشینند ز آستان بر خاک ۔

تیرہ شدن و تیرہ کردن ۔ ناخوش و رنجیدہ و برہم و درہم ہونا اور کرنا ۔ حافظ ۔ مرغ دلم طائری ست قدسی عرش آشیان + از قفس تن ملول تیرہ شدہ از جہان + مکن بحرف طمع تیرہ زندگانی خویش + کہ روز ہم شب تار ست بر گداے چراغ ۔

تیز بین ۔ تیز پا ۔ تیز تگ و تیز جلو تیز چشم ۔ تیز جنگ تیز خیز ۔ ان سب کے معنی مشہور و معروف ہین ۔ نور الدین ظہوری ۔ تیز بین باد آفتاب پرست + تا بہ بیند کہ ماہتابے ہست ۔ میر خسرو ۔ گھوڑون کی تعریف مین ہر یک ازان تیز تگ و خوش خرام ۔ قطع زمین کردہ بہ تیزی گام ۔ بابا فغانی ۔ فکر کفن کنید کہ آن ترک تیز جنگ + تیغے چنان رساند کہ از استخوان گذشت ۔ ظہوری ۔ در نگاہ تیز چشمان سرمہ شو + در بند لعل تلخ کامان شکر آے ۔ میر خسرو پان کی صفت مین تیز چو گوش فرس تیز خیز + صورت و معنی بصفت ہر دو تیز ۔

تیز دندان ۔ حریص و طماع اور لالچی ۔ سعدی ۔ بگفتا نیک مردے کن نہ چندان + کہ گردد تیز گرگ تیز دندان ۔

تیز کردن ۔ گرم کرنا لڑائی پر برانگیختہ کرنا ۔ باقر کاشی ۔ ہر جا رسم شکایت آن شوخ سر کنم + تا از برائے قتل خودش تیز تر کنم ۔

تیزیدن ۔ گوز بے صدا مارنا گوز مارنا ۔ حکیم شفائی ۔ بود جولاہہ شحنۂ لاہور + کہ بہ تیزم بسہات نرمش ۔

تیشہ بر پا خوردن و زدن ۔ اپنا نقصان کرنا ۔ عرفی ۔ ملکے ہر سو دوم در سومنات + تیشۂ بر پاے ایمان میزنم ۔

تیشہ خوردن ۔ تیشہ پڑنا کسی چیز پر ۔ ملا نسبتی تھانیسری ۔ صداے تیشہ کہ بر سنگ میخورد دگر ست + خبر بگیر کہ آواز تیشۂ جگر ست ۔

تیغ آلودن و آہیختن ۔ تلوار کو آلودہ کرنا اور کھینچنا میان سے ۔ ظہوری ۔ بخون شکاری میالاے تیغ + کہ داری بفتراک بستن دریغ ۔ طالب آملی ۔ علم افگنند ہزاران صف طوطی طالب + ہر کجا یک تیغ تکلم ز نیام ۔

تیغ از میان واکردن ۔ تلوار کمر سے کھول دینا ۔ عرفی ۔ در ہر کجا مبارز عدلش کمر بہ بست + تیغ از میان حادثہ واکرد روزگار ۔

تیغ باریدن ۔ تلوار برسنا جنگ و لڑائی ہونا ۔ حافظ ۔ گر تیغ بارد در کوے آن ماہ + گردن نہادیم الحکم للہ ۔

تیغ بالا بردن ۔ مستعد ہونا تیار ہونا جنگ کے لیے ۔ بدیعی سمرقندی ۔ دمبدم بالا برد تیغ و برو بر فرق من + نیست یکدم قطع فیض از عالم بالا مرا ۔

تیغ بخاک کردن ۔ فتنہ و فساد موقوف کرنا لڑائی سے باز آنا اور شکاریون کی رسم ہے کہ جب یکہزار جانور شکار کر لیتے ہین تیغ کو مٹی مین دبا دیتے ہین ۔ طالب آملی ۔ مقرر ست کہ بعد از ہزار صید کنند + بطے شکار رستانان بخاک پنہان تیغ + بدین قیاس ہمانان شکاری مژہ اش بخاک کردہ بود ہر قدم ہزاران تیغ ۔

تیغ بر آوردن ۔ تلوار نکالنا مارنے پر مستعد ہونا ۔ حافظ ۔ مژگان تو تا تیغ جہانگیر بر آورد + بس کشتۂ دل زندہ کہ بر ہم دگر افتاد ۔

تیغ بر سر بردن ۔ تلوار کا وار کرنے پر مستعد ہونا ۔ نظامی ۔ اگر شحنۂ تیغ بر سر برد + سر تیغ او تاج و افسر برد ۔

تیغ بر فرق آمدن ۔ تلوار کا سر پر آنا ۔ طالب آملی ۔ مرد را وقت فرود آمدن تیغ بفرق + چین فگندن بجبین ننگ شہادت باشد ۔

تیغ بفسان کشیدن ۔ تیز کرنا تلوار کا فسان پر ۔ قاسم مشہدی ۔ خوبان بہ دیر کعبہ عنانے کشیدہ اند + تا تیغ غمزہ را بفسانے کشیدہ اند ۔

تیغ خوردن ۔ تلوار کھانا مشہور جملہ ہے ۔ طالب آملی ۔ بشرب آب حیات آنکسان کہ می نازند + نخوردہ اند ہمانا ز دست جانان تیغ ۔

تیغ راندن و رساندن و ریختن ۔ تلوار مارنا ۔ نور الدین ظہوری ۔ گرچہ غم میزند قصابانہ تیغ + استخوانم زخم ساطور ہما نداشت ۔ ملا طغرا ۔ صد زخم دارم چون نگین بر روے خود از نیک بین + از بس بسویم تیغ کین مہر درخشان ریختہ ۔

تیغ شدن ۔ روبرو ہونا مقابل ہونا بے ادب ہونا گستاخ ہو کر جواب دینا ۔ میرزا صائب ۔ تیغ نتواند شدن انگشت پیش حرف من + تا چو ماہ نو سپر کردم کمال خویش را ۔

تیغ فرود آوردن ۔ تلوار مارنا کسی کو ۔ شانی تکلو ۔ بر رغم رقیبان نظرے سوے من انداز + یک تیغ فرود آور و صد سر ز تن انداز ۔

تیغ کشیدن ۔ تلوار کھینچنا حملہ کرنا ۔ معصوم کاشی ۔ گر کشد چون نشانہ آت صد جا بست تیغ آسمان + صاف پیشانی تر از آئینہ بیرنگ باش ۔

تیغ کمر بستن ۔ تلوار کمر پر باندھنا ۔ صائب ۔ چو داغ لالہ بخون کعبہ غوطہ زد آنروز + کہ غمزۂ تو کمر بست تیغ ابرو را ۔

تیغ کندن ۔ تلوار کو نیام سے نکالنا ۔ نور الدین ظہوری ۔ زمانہ تیغ ستم کندہ علی زنہار + مباش بے خبر از حال من کہ بر خطرم ۔

تیغ گوشتین ۔ گوشت کی تلوار یعنی زبان ۔ میر خسرو ۔ فی الحقیقت تیغ آہن قطع سازد گوشت را + آبرو را می کند برباد تیغ گوشتین ۔

تیرآہ۔ ٹھنڈی سانس جو غم مین کھینچی جاے۔ عبد الغنی قبول
بے خبر ہمست ز تیر آہم + گر بود دلبر من تیر آ ہے۔
تیر دو کمانہ۔ یہ ایک قسم کا تیر ہوتا ہی کہ دو نشانے کرتا ہی ایک نشانہ پر جاکر پھیر اُٹھتا ہی اور دوسرے نشانہ پر جاتا ہی سعید حکیم از شوخی ابروان فتان + تیر شن دو کمانہ خورد بر جان۔
تیر شکر زخمہ۔ وہ تیر جو نشانہ سے کبھی خطا نکرے ابو البرکات منیر۔ ہمیرفت بر باد چون نفس مطلب + ز تیر شکر زخمہ جانہاے شیرین
تیغ کوہ۔ پہاڑ کی چوٹی پہاڑ کا سر صائب۔ ہشدار کز خراش دل سنگ خارہ شد + آخر بہ تیغ کوہ سر کوہکن جدا۔
تیر خاکی۔ وہ تیر جسکا پھل ہڈی کا ہو یہ تیر بہت دور جاتا ہی ظاہر وحید سینہ را آماجگاہ دردِ دل کرده ایم + از غبار دل نفس را تیر خاکی کرده ایم
تیغ بازی۔ تلوار کے کھیل جسکو سیف پھیرنا اور بانکسیہ کہتے ہین صائب۔ میدان تیغ بازی برق ست روزگار + بیچارہ دانہ کہ ز خاک سر کشد
تیغ خضرمی۔ وہ تلوار جو خضرم کی طرح مائل بسبزی ہو اور خضرم غورہ انگور کو کہتے ہین طالب آملی۔ بدل صفرا نے خضرمی تا بکے بدخواہ را جوشد + بہ تیغ خضرمی بنشان دلش از جوش صفرائی۔
تیغ سر تراشی۔ سر مونڈنے کا استرا امیر خسرو۔ استرہ ہر چند دایم تیز داشتند + مو ستر و موئے شد از شگاف۔
تیغ صیقلی۔ صیقل کی ہوئی تلوار روشن کی ہوئی۔ مرتضی قلی بیگ گر نبظاہر در نظرہا بے ہنر باشم چہ باک + ہیچو تیغ صیقلی باشد نہان جوہر مرا۔
تیغ محرابی۔ وہ تلوار جو خمدار ہو ملا منیر۔ ای زلفت تو مشک تتر و عنبر خال + بر ابروے تو فتادہ لیس نیکو خال۔ ابروے تو ہست قبلۂ محرابی + چون مورچۂ تیغ براق ابرو خال۔
تیغ ہندوستانی۔ ہند کے ملک کی تلوار جو تحفہ ہوتی ہی امیر معزی۔ گرفتہ دگر سال شام و حلب را + بہ تیغ گہر دار ہندوستانی۔

چوتھی فصل

اردو محاورات کے بیان مین

تاے با الف

تاب لانا۔ سہارنا تحمل ہونا گوارا کرنا برداشت کرنا مولانا ابر لاہوری۔ مہتاب کیسے لائیگا تاب اُسکے حسن کی + مہتاب جسکے روبرو ہو آفتاب تاب۔
تاب نہ رہنا۔ تاب نہ لانا۔ طاقت نرہنا برداشت نرہنا ہوش اُڑ جانا چھکے چھوٹ جانا۔ مولف۔ نکلا ہو جو گھر سے جب وہ رشک ماہ تو نرہی تاب مہ تاباں کو۔

تاپنا۔ آگ سینکنا گرم ہونا دھوپ مین بیٹھنا آگ کے روبرو بیٹھنا۔
تاپنا۔ کودنا رقص کرنا۔
تارسی آنکھین ہو جانا۔ آنکھون کی بیماری جاتی رہنا آشوب دور ہونا صاف و روشن ہو جانا۔
تار باندھنا۔ تار لگانا۔ لگاتار کسی کام کو کیے چلے جانا سلسلہ باندھ دینا۔ مولانا اکبر۔ موتی پروئے رشتۂ الفت مین رات بھر + روے خیال زلف مین جب تار باندھ کے۔
تارا ہو جانا۔ نظر سے دور چلے جانا بہت اونچا چڑھ جانا آسمان سے لگجانا یا زمین کے اندر گھس جانا تحت الثرے پہونچ جانا۔ شعر نام لون بستی مین بالاتر ہمارا ہو گیا + جسطرح پانی کنوئین کی تہ مین تارا ہو گیا۔
تار بتار ہونا۔ تار کھار۔ برا حال ہونا پتلا حال ہونا معاملہ بگڑ جانا بنا بنایا کام خراب ہونا۔
تار بندھنا۔ کوئی کام برابر اور لگے تار ہوتے جانا سلسلہ بندھ جانا۔
تار تار کرنا۔ تار تار کر ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا دھجی دھجی کر دینا پھاڑ ڈالنا لیر لیر چیر چیر کرنا۔ میر حسن وہ آوے تو آ لگے مرے تار بکار + گریبان کو اسکے کردن تار تار۔
تار دیکھنا۔ چاشنی یک جانیکا حال تار نکالکر معلوم کرنا۔
تار نکال لینا۔ سوت کا تار نکالنا کشیدہ کے لیے تاگا نکالنا۔
تار نہ ٹوٹنا۔ کسی کام کا برابر ہوے جانا سلسلہ نہ ٹوٹنا قطعہ از مولف محبت کا بہت نازک ہی رشتہ + خبر رکھو کہ تار اسکا نہ ٹوٹے + کہین نازک گرہ اسکی نہ کھل جاے + کہین نہ دل سے بند اسکا نہ چھوٹے۔
تارے توڑنا۔ انوکھا کام کرنا جو اورون سے نہو سکے چالاکی و عیاری کرنا۔
تارے چھٹکنا۔ مطلع صاف ہونا تارون کا چمکتے ہوے نظر آنا۔
تارے دکھائی دیے جانا۔ دماغ کی کمزوری کے سبب آنکھون کے سامنے ترمرے نظر آنا کسی مصیبت مین گرفتار ہونا۔
تارے گننا۔ غم و پریشانی کی حالت مین رات کو جاگتے رہنا رات بھر جاگنا اختر شماری کرنا۔ مولف۔ ہجر زندان مین چشم گریان نے + تارے گن گن کے رات کاٹی ہی۔ امام۔ وہ ساری رات دریا کے کنارے + گنا کرتا غم ہجران مین تارے۔
تازہ دم ہونا۔ تکان اُتر جانا جان آجانا جی ہرا ہو جانا ہوشیار ہو جانا۔
تازیانہ ہونا۔ چابک لگنا کوڑا لگنا تنبیہ ہونا آگاہی ہو جانا جیسا بہار عشق پہ طرہ ہوئی ہوا ہی بہار + سمند عشق پہ اک اور تازیانہ ہوا

تاک باندھنا۔ سیدھ و نشانہ باندھنا نشست باندھنا غور سے دیکھنا
تاک جھانک کرنا۔ برابر دیکھے جانا گھورا گھاری میں ہونا دیکھ بھال کرنا
تاک رکھنا۔ پہچان رکھنا جان لینا گھات میں رہنا جانچ رکھنا ؎
مسگر نہو صہبا بینگے خون دل لینا ہے یہ ہنستے تاک کمی ہے منہ انگور سینہ سے
تاک کر مارنا۔ نشانہ یا سیدھ باندھ کر چوٹ لگانا۔ ذوق تفنگ و
تیر تو ظاہر نہ تھا کچھ پاس قاتل کے ؎ الٰہی پھر جو دل پر تاک کر مارا تو کیا مارا۔
تاک لگانا۔ کسی چیز پر داؤں لگانا تلاش یا گھات میں رہنا۔
تاک میں رہنا۔ تلاش میں رہنا جستجو میں رہنا موقع تکنا
داؤں پر رہنا یا گھات میں رہنا۔
تاگے ڈالنا۔ روئی دار یا دوہرے کپڑے کو گندی ڈالنا سینا پرونا
تالا بھڑ جانا۔ قفل لگ جانا گھر اجڑ جانا۔
تال بیتال ہونا۔ گانے کے وقت بلسرا ہو جانا بے سرگانے یا بجانے لگنا۔
تال دینا۔ گانے میں رل اور سر قائم رکھنے کے واسطے تالی بجانا مدد یا سہارا دینا
تال میل کھانا۔ تال یعنے تالی کا سر کے ساتھ مل جانا میل جول
ہو جانا۔ سنجوگ ہو جانا باہم اتفاق ہونا۔
تالو سے جیب یا زبان نہ لگنا۔ برابر بولتے چلے جانا۔
بکواس لگ جانا چپ نہ رہنا۔
تالی بجانا۔ ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ مارنا دستک کرنا۔
تالی پیٹنا۔ ہنسی و دل لگی اڑانا تضحیک کرنا فضیحت کرنا۔ اور اس
زمانہ میں شاباش کرنا آفرین دینا تحسین کرنا داد دینا۔
تالی بجنا۔ رسوائی ہونا بدنامی ہونا فضیحتی ہونا۔
تامڑا نکل آنا۔ بال اڑ کر کھوپڑی صاف ہو جانا گنجا ہو جانا۔
تانا بانا کرتے پھرنا۔ بار بار آنا جانا بے فائدہ چکر لگانا۔
تان اڑانا۔ کسی کے گانے کا ڈھنگ سیکھ لینا۔
تان کی لینا۔ گانا الاپنا۔
تانبا سا آسمان ہو جانا۔ بارش کا بند ہو جانا ہر وقت دھوپ
پڑنا بادل نظر نہ آنا۔
تان تر و زر پھینکنا۔ طعنے مہنے دینا۔
تانت سا۔ تانتیڑی سا۔ نہایت لاغر نہایت دبلا منحنی سا۔
تان توڑنا۔ گانے وقت گیت کو سم پر لا کر ختم کرنا طعنہ دینا۔
تاؤ آ جانا۔ لوہے چاندی سونے کا آگ میں لال ہو جانا۔
چاشنی وغیرہ کا پکنے لگ جانا غصہ میں آنا۔
تاؤ دینا۔ کبوتروں کو چکر دینا۔

تاؤ دینا۔ گرم کرنا تپانا آگ میں لال کرنا پگھلانا مرڈری دینا
بٹ یا بل دینا غضب و غصہ دلانا۔
تاؤ کھانا۔ زیادہ حرارت یا آنچ پہونچ جانا جوش یا چرخ کھانا
برافروختہ ہونا غضبناک ہونا غصہ میں آنا۔
تایا جانا۔ گرم کیا جانا آنچ یا جانا پگھلایا جانا جلایا جانا۔
ٹاپا توڑ کر نکل جانا۔ کھانچی توڑ کر نکل جانا بے لاگ نکلجانا
حوالات سے نکل جانا قید سے بھاگ جانا۔
ٹاپا ٹوئی کرنا۔ مچھلیاں پکڑنے کے کھانچے کو خوب غور سے
ٹٹولنا ڈھونڈنا تلاش کرنا۔
ٹاپتا پھرنا۔ بھٹکتا پھرنا مارا مارا پھرنا حیران و پریشان پھرنا۔
ٹاپتا رہ جانا۔ کسی چیز کے حاصل ہونے کے خیال میں بیٹھے بیٹھے
ناامیدی کی حالت میں ہو جانا۔ قابو نہ چلنے کے سبب دیکھتا رہ جانا
ٹاپ سہارنا۔ تکلیف اور مصیبت جھیلنا۔
ٹاٹ یا ٹیرا الٹجانا۔ دوالا نکلنا دوکان کا کام برہم و درہم ہو جانا
ٹال کر دینا۔ کہیں جانیکا ارادہ توڑ دینا کسی کام کو کرنے کیلئے زر ہنا ارادہ توڑنا
ٹالم ٹول کرنا۔ ٹلے بالے دینا لیت و لعل کرنا حیلہ حوالہ کرنا آج کل
کرنا ؎ کہاں تک آج کل پرسوں کرو گے ؎ کہاں تک دو گے جانان ٹلے
بالے شائق کبھی تو وصل کا وعدہ وفا ہو ؎ رہینگے کب تلک تیرے ٹلے بالے
ٹانٹا بنا ہوا ہونا۔ فربہ بنا ہوا ہونا موٹا تازہ قوی الجسم ہونا۔
ٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا۔ اڑ جانا سر گنجا ہو جانا مفلس و تنگدست ہو جانا
ٹانٹ کھجلانا۔ مغز پر کھجلی اٹھنا۔ جوتیاں کھانے کی نیت ہونا۔
ٹانچ کرنا۔ اکڑنا اینٹھنا جھگڑا کرنا تکرار کرنا جھانجھ لانا۔
ٹانچ نہ اٹھائی جانا۔ کسی کی نازبرداری کی طاقت نہ ہونا اسکے
غرور و تکبر کی برداشت نہ کر سکنا۔
ٹانڈا لادنا۔ گھر کے سارے اسباب و عیال کو گھر سے نکال لیجانا
سفر کی طیاری کرنا جانے کو مستعد ہونا۔
ٹانڈے کا نایک ہونا۔ کسی گروہ کا سردار ہونا کاردان سرگروہ ہونا
ٹانکا بھرنا۔ ٹانکی بھرنا۔ کسی کپڑے یا زخم میں ٹانکے لگانا
پھٹے پرانے کپڑے کو سینا عیب پوشی کرنا۔
ٹانکا جانا۔ کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیر کرنا۔
ٹانکا جھالنا۔ کسی برتن یا زیور کو ٹانکے سے جوڑنا پیوند لگانا
ٹانکا کاٹ لینا۔ ٹانکے کی قیمت کاٹ کر زیور کے دام دینا۔
ٹانکا لگانا۔ کسی کپڑے یا زخم کو ٹانکے سے سینا ٹانکے سے زیور جوڑنا

دو شخصوں مین ملاپ کرا دینا دوستی قایم کرانا۔
ٹانکا مارنا۔ ٹانکے مارنا۔ موٹی سلائی کر دینا۔
ٹانک رکھنا۔ یادداشت کی نظر سے کسی چیز کا تیل لکھ رکھنا۔
ٹانک لینا۔ کسی رقم کو بہی مین درج کر لینا لکھ لینا کسی آدمی کو اپنی مرضی کے موافق کرنا ۵ ہمنے ٹانکا ہی یار کو ایسا + لاکھ بہکائین پر نہ بگڑیگا۔
ٹانکے اُدھڑ جانا۔ کسی سیون کے ٹانکے کھل جانا سلائی ٹوٹ جانا حقیقت معلوم ہونا خبر پڑنا گھر بیٹھنا قلعی کھل جانا تھک کے چور ہو جانا
ٹانکے بجنا۔ کسی مکان کا چنا یا توڑا جانا۔
ٹانکے ٹوٹ جانا۔ سلائی کا اُدھڑ جانا کپڑے کا پُرانا یا مستعمل ہو جانا ہمت ہار جانا گھبرا جانا بخیہ اُدھڑ جانا۔
ٹانکے کا کچا۔ وہ درزی جسکے ہاتھ کی سیون جلدی اُدھڑ جائے وہ زیور جسمین کمزور ٹانکا لگا ہوا ہو۔
ٹانکے کھل جانا۔ چھپی بات ظاہر ہونا بھید کھل جانا۔
ٹانگ اُٹھا کر موتنا۔ کتے کی طرح موتنا کتا بننا جانور بننا۔
ٹانگ اُٹھانا۔ مباشرت کرنا۔
ٹانگ اَڑنا۔ دو شخصون کے بیچ مین بولنا ناحق دخل دینا کشتی کے وقت حریف کو ٹانگ اُڑا کر زمین پر دے مارنا۔
ٹانگ پھنسنا یا دینا۔ کسی کام مین تعلق یا سروکار ہونا حصہ یا شرکت ہونا پابند ہونا مجبور رہونا۔
ٹانگ کے نیچے سے نکالنا۔ استعمال مین لانا برتنا کام مین لانا شکست دینا مات دینا عاجز کرنا۔
ٹانگ تلے سے نکلنا۔ مطیع ہونا ہار جانا۔
ٹانگ توڑنا۔ بگاڑنا مٹی خراب کرنا۔
ٹانگ دینا۔ لٹکا دینا معلق کرنا پھانسی دینا سولی چڑھانا ۵ دختر کو توال ظالم ہے + بیگناہون کو ٹانگ دیتی ہے۔
ٹانگ لینا۔ ٹانگ پکڑنا کتے کا کاٹنے کو دوڑنا۔
ٹانگین توڑنا۔ خوب دوڑنا یا دوڑانا حیران و پریشان کرنا یا ہونا۔
ٹانگین ٹوٹنا۔ نہایت تھک جانا تھک کر چور ہو جانا ہار جانا۔
تارون بھری رات۔ وہ رات جسمین آسمان بالکل صاف ہو اور تارے بخوبی روشن نظر آتے ہون۔
تازہ ولایت۔ نیا مسافر جو کسی ولایت سے آیا ہو۔
تازہ وارد۔ نیا مسافر جو ولایت سے آیا ہو۔

تار ٹوٹ لگا تار۔ علی التواتر بار بار بہت جلد شتابی۔
ٹانگ برابر۔ چھوٹا سا بچہ چھوٹے قد کا۔
تارون کی چھاؤن۔ علی الصباح بہت سویرے۔
تانبے کے تار یا چھلا نہین یعنے محتاج اور مفلس و نادار ہے۔
تان کی جان۔ عمدہ سریلی رسیلی آواز نغمت۔ گوش بیجان مین دم کیا دم کو + تان کی جان ہے تیری آواز۔
تانت باندھو۔ فحش بکنے والا گالیان دینے والا۔
تا دبھاؤ۔ بہت تھوڑا ذرا سا کسیقدر۔
تالی ایک ہاتھ سے نہین بجتی یعنے لڑائی یا محبت دونون طرف سے ہوتی ہے جیسے کہ دونون ہاتھ سے تالی کی آواز نکلتی ہے ایک ہاتھ سے تالی نہین بجتی۔
تان کے۔ خوب زور سے کھینچ کے جما کے۔ انشا۔ جی چاہتا ہے رندی بگڑی آ ماریئے + اور تان کے جھٹ سے ایک دھول ماریئے۔

تاے باباے

تباہی کا مارا۔ تباہی زدہ مصیبت کا مارا دکھیا آفت رسیدہ کم بخت۔ نعتیہ از مولف۔ وہ جائے مدینہ محمدؐ کے در پہ + جو ہو کوئی بندہ تباہی کا مارا۔
تبدیل ہیئت کرنا۔ شکل بدلنا صورت بدلنا بھیس بھرنا بھیس بدلنا
تبرا بھیجنا۔ بیزار ہونا لعنت بھیجنا نفرین کرنا۔ مولف۔ نعیدق دل جو مین طالب خدا کے + وہ دنیا پر تبرا بھیجتے ہین۔
تپ موت جانا۔ بخار کے اُترنے کے وقت ہونٹھون پر زرد زرد پھنسیان نکل آنا بخار کے جانے کی علامت ظاہر ہونا۔
ٹپا بھرنا۔ کچی سلائی کرنا دور دور فاصلے سے سینا ٹھہر یا اٹک اٹک کر پڑھنا عبارت چھوڑ چھوڑ کر پڑھنا۔
ٹپس جمانا۔ تعلق پیدا کرنا دخل پیدا کرنا واقفیت پیدا کرنا پیری جمانا قدم لگانا پانون جمانا۔ حکیم انور زلا ہوری۔ قدم اپنا کہین جانان کی محفل سے نہ اُٹھ جائے + رقیب روسیہ نے اب یہان ٹپس جمائی ہے
ٹپ سے بول اُٹھنا۔ جلدی سے بوچھے بغیر بول اُٹھنا ناحق کسی بات مین دخل دینا۔
ٹپکا پڑنا۔ بوند گرنا قطرہ پڑنا گرا پڑنا نکلا پڑنا ٹرک سکنا۔ نگین۔ ٹپکی پڑتی ہے اُس سے گویا ہشت + ہے یہ عالم تری جوانی کا طیش مستی مین بس کہ ٹپکی پڑتی ہے دخت رز + ہونٹھون سے تیرے ہونٹھ گلابی نے رگڑ ملی۔
ٹپکا ٹپکی لگ جانا۔ بوند یا ندی ہونے لگنا پھلون کا پک کر گرنے لگنا۔
ٹپکا لگنا۔ چھت مین سے پانی کی بوندون کا گرنا شروع ہونا بدرش

ہونے لگنا رونے لگنا ۔ تصور بندھ گیا جب اُس صنم کا + لگا ٹکا ٹپکنے چشم نم کا ۔

ٹپک پڑنا ۔ بوند یا قطرے کا گر پڑنا پھوڑے پھنسی کا پھوٹ جانا آ جانا یکا یک آ جانا کود پڑنا دخل دینا بیچ میں بول اٹھنا کھل جانا ظاہر ہونا

ٹپے گانا ۔ گیت گانا بیکار بیٹھے رہنا کچھ کام نہ کرنا ۔ سکام کرنے اگر نہ جاؤ گے تم + اپنے گھر بیٹھے ٹپے گاؤ گے تم ۔

ٹپکے کا ڈر ۔ دھوکے کی دہشت ۔ شیر کا اتنا ڈر نہیں مجھکو جتنا ٹپکے کا خوف رہتا ہے ۔

ٹپی ٹوئی ۔ ناہموار زمین اور میدان ناصاف ۔

تائے با تائے

تتا تا ولا ۔ جلد باز گرم مزاج تیز مزاج ۔

تتا توا ۔ گرم توا بات بات پر لڑنے والا لڑاکا فسادی جھگڑالو ۔

تتا ہونا ۔ گرم ہونا غضبناک ہونا افروختہ ہونا ۔

تتر بتر ہونا ۔ پراگندہ ہونا پریشان ہونا بے ترتیب ہونا جدا جدا ہونا ۔

ٹٹری کی گنجی ہونا ۔ سر پر ایک بال نہ رہنا ۔

ٹٹری مونڈ لینا ۔ سر مونڈ لینا فریب اور دھوکے سے لوٹ لینا ۔

ٹکاری پر لگنا ۔ آواز یا سیٹی پر لگنا ۔

ٹٹو بھڑکنا ۔ گھوڑے کا گھوڑی کو دیکھ کر بھڑک جانا ۔

ٹٹو پار ہونا ۔ کام نکل آنا مطلب حاصل ہونا ۔

ٹٹی توڑنا ۔ پردہ فاش کرنا پردہ اٹھا دینا آڑ اور روک کو دور کرنا ۔

ٹٹی جانا ۔ رفع حاجت کے لیے پاخانہ جانا ۔

ٹٹی کی آڑ میں یا اوجھل میں شکار کھیلنا ۔ گھات میں بیٹھ کر شکار مارنا چھپ کر حملہ یا چوٹ کرنا در پردہ اور چوری چوری کام کرنا ۔ انشا بڑی وضعداروں پہ نہ جاؤ لاکھ یہ سب فریب ہے اور ریا + یہ شکار کھیلے میں سب ملا انھیں ٹٹیوں ہی کی آڑ میں ۔

ٹٹی لگانا ۔ آڑ یا روک کرنا دروازہ بند کرنا چہرہ ڈالنا راستہ مسدود کرنا

ٹٹرون ٹون ۔ اکیلا تن تنہا ایک شخص ۔ نظیر صبح جب بول اٹھا مرغ سحر گرد ون کون + اٹھ گئے پاس سے وہ رہ گیا میں ٹٹرون ٹون

ٹٹو سے ۔ فلاں سے بیزار ہے بلا سے ۔

تیتا مرچ ہے ۔ تیز ہے یا مرچ کی طرح ہے نہایت تیز فہم ہے ۔

تائے با جیم

تجاہل عارفانہ کرنا ۔ جان بوجھ کر انجان بننا دیدہ و دانستہ بے خبر ہونا

تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے ۔ یعنی میں تیرے خلاف کرون تو اپنے خدا کے خلاف کرون یہ محاورہ قسم و عہد کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔ میں وہ نہیں ہوں کہ تجھسے یہ دل مرا پھر جائے + پھرون میں تجھسے تو مجھسے مرا خدا پھر جائے ۔

تائے با حائے

تحس نحس کرنا ۔ کھونا برباد کرنا ستیاناس کرنا خراب کرنا ۔

تحفگی نکلنا ۔ فوقیت حاصل ہونا بھلائی ملنا تعریف یا بڑائی ہونا نام ہونا عزت بڑھنا ۔

تائے با خائے

تخت چڑھنا ۔ شاہی ہونا نکاح ہونا پلنگ پر عروس کا بیٹھنا ۔

تخت کا تختہ ہو جانا ۔ دولتمندی سے مفلس ہو جانا حاکم کا محکوم ہو جانا راج بگڑ جانا ۔ مولف ۔ مال کا ہے ایک دن برباد ہو جانا مآل + تختہ ہو جانا فقط انجام ہے اس تخت کا ۔

تختہ الٹنا یا تباہ ہو جانا ۔ کسی شہر آباد کا اجڑ جانا بستی کا برباد ہو جانا خاندان خراب ہونا ۔ مولف بھروسا ہے کیا تخت اور تاج پہ کہ اک دن یہ تختہ الٹ جائیگا ۔

تختہ ہو جانا ۔ سردی یا کسی اور بیماری سے اینٹھ جانا اکڑ جانا شل ہو جانا

تخت کی رات ۔ پہلی رات جب عروس اپنے خاوند کے پلنگ پر جاتی ہے سہاگ کی رات شب زفاف ۔

تخم تاثیر صحبت کا اثر ۔ محاورہ تخم کی تاثیر اور صحبت کا اثر [illegible]

تختہ اکڑ دل ۔ وہ گھوڑا جسکی گردن بہت موٹی ہو اور لگام نے [illegible]

تائے با دال

تڈی دل ۔ ٹڈیوں کی فوج نہایت [illegible]

تائے با رائے

ترارا مارنا ۔ ڈینگ مارنا گپ ہانکنا شیخی کرنا بڑائی میں آنا ۔

ترازو ہو جانا ۔ تیر کا نشانہ پر لگ کر آدھا ادھر آدھا ادھر ہونا آر پار ہو جانا نشانہ پر ملنا کسی چیز کے دو حصے برابر ہو جانا دو لشکروں کا ہم پلہ اور تعداد میں برابر ہو جانا ۔

ترارے بھرنا ۔ تیز دوڑنا کلانچیں بھرنا سرپٹ جانا پھرتی سے کام کرنا

تراش خراش نکالنا ۔ انداز اور ڈھنگ نکالنا زیب و زینت کا نیا طریق ایجاد کرنا

تراہ تراہ ہونا یا مچنا ۔ فریاد فریاد ہونا الامان الامان پکارنا کسی آفت ناگہانی کے صدمہ سے چلا اٹھنا ۔

تر پھر ہونا ۔ بگڑ جانا خفا ہو جانا ناراض ہونا کشیدہ خاطر ہونا ۔

ترت پھرت ہونا ۔ چستی و چالاکی ہونا تیزی و تندی ہونا ۔

ترچھی نظر یا نگاہ سے دیکھنا۔ قہر و غضب کی نظر سے دیکھنا ناز و انداز کی نگاہ سے دیکھنا محبت کی نظر سے دیکھنا۔ محمد انور لاہوری
جب اس بُت کی ترچھی نظر ہو گئی + تو دنیا ادھر کی اُدھر ہو گئی۔ لعتبہ از مولف جھکالے گردن تسلیم کردوں + زمین ہو دم بخود حضرت کے ڈر سے
قمر ہو جائے شق دہشت کے مارے + اگر دیکھیں ادھر ترچھی نظر سے
ترسا ترسا کے دینا۔ تھوڑا تھوڑا دینا تشوق دلانا اور جو اشتہا ہے کم ہو
ترسا ترسا کے مارنا۔ کسی چیز کی خواہش پیدا کرنا اور پھر نہ دینا للچانا اور نہ دینا پھڑکا پھڑکا کر مارنا بڑی تکلیف سے مارنا نہایت تیغ دینا
ترس کھانا۔ ترس کے مارے رونا غم کھانا نہایت رحم سے کسی کے حال پر رونا۔ سودا۔ میرے ترس کے مارے تو روتا ہے سب جہان + آنسو نہ ایک آیا مگر چشم یار میں ۔
ترشح ہونا۔ ننھے ننھے بوندوں کا برستا تقاطر ہونا پایا جانا برسنا۔
ترکی بترکی جواب دینا۔ کسی شخص کو اُسی کی زبان میں جواب دینا جیسا سننا ویسا کہنا تحسین کی جگہ تحسین اور نفرین کی جگہ نفرین جواب دینا۔
ترکیب دینا۔ ملانا آمیز کرنا بنانا تیار کرنا مرتب کرنا تشکل بنانا
ترکیب سے چلنا۔ کفایت شعاری سے گزارہ کرنا تدبیر کے ساتھ کام کرنا حکمت یا ڈھنگ سے چلنا نیک چلن سے چلنا
ترکیب کرنا۔ بندوبست کرنا انتظام کرنا نحوی قواعد کی رو سے کسی عبارت کے ہر ایک جزو کلام کو مع اسکے متعلقات کے الگ الگ بیان کر کے جملے بنانا
ترکی تمام ہونا۔ خاتمہ ہونا بس ہونا ختم ہونا۔ اسیر۔ ترک تو بھی اب نہ کر لگا کسیکو قتل + میں کیا تمام ہوں تری ترکی تمام ہے ۔
تریامت میں آنا۔ جورو مرید ہونا عورت کے کہنے پر کام کرنا استری کی سمجھ پر چلنا۔ مثل تریامت میں جو نر آوے۔ ایکدن آنی ایک جگ ترنا ہے
ترلا بھڑی پڑنا۔ دریا بڑھنا موت کا بازار گرم ہونا گھر بیٹھ دنیا سے گئی
تڑا تڑ جواب دینا۔ بلا تامل جواب دینا جھٹ بول اٹھنا۔
تڑاقا بیتنا۔ فاقہ گزرنا کچھ نہ کھانا۔
تڑاقا کھا جانا۔ کسی چیز کا ایک ایک چیخ جانا پھٹ جانا درز آجانا آدمی کا اچانک بیہوش ہو جانا۔
تڑاق سے جواب دینا۔ سوچے سمجھے بغیر جواب دینا جو منہ پر آئے کہ دینا۔
تڑاقے بھرنا۔ زور شور سے پرندہ کا اُڑنا۔
تڑکا دو لونا۔ مرنہار مرنے کے قابل۔
تڑکا ہونا۔ صبح کا وقت ہونا۔ سعدی۔ بال جتنے تھے ہوئے سارے سفید + رات گذری نور کا تڑکا ہوا۔
تڑبھس کرنا۔ اینٹھنا غرور کرنا تکبر کرنا شرارت کرنا دنگا فساد کرنا۔
ترئی کے سے پھول۔ چونکہ تُرئی کے پھول زرد اور خوشنما ہوتے ہیں اسلئے انگوز نقد سے تشبیہ دیتے ہیں یعنے روپیہ اشرفی
ترت دان مہاپن۔ جلد دان دینے سے بڑا پن ہوتا ہے صاف جواب دیدینا لگاؤ لپٹ نہ رکھنا۔

تائے با سین

تسمہ جمانا۔ تسمہ سے مارنا تسمہ لگانا۔
تسمہ لگا نہ رکھنا۔ ذرا سا چمڑا بھی جڑا نہ رکھنا صاف دو ٹکڑے کردینا ذرا تعلق باقی نہ رکھنا۔ میر۔ اگرچہ رہ گئے تھے استخوان و پوست دلی + لگائے ایسے کہ تسمہ بھی پھر لگا نہ رہا۔
تسمہ لنگوٹا باندھنا۔ فقیر کا مرید ہونا قلندر مشرب ہونا۔
ٹسر ٹسر رونا۔ زار زار رونا پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
ٹسر مسر۔ خواہ مخواہ دیر لگانا ہیر پھیر کرنا ڈھیل کرنا توقف کرنا۔
ٹس سے مس نہ ہونا۔ ذرا حرکت نہ کرنا ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا
ٹسن کرنا۔ ٹسن لانا جھگڑنا شرارت کرنا بے ایمانی کرنا بدمعاشی کرنا
ٹسوے بہانا۔ جھوٹ موٹ رونا ٹپ ٹپ آنسو بہانا۔
جان صاحب۔ ناحق بھی جھوٹ موٹ کے ٹسوے بہاؤں گی مر جاؤں یا جیوں نہیں سسرال جاؤں گی۔

تائے با شین

تشریف لانا۔ تشریف ارزانی فرمانا۔ کسی بزرگ کا آنا یا کسی میر یا رئیس کا کسیکے مکان پر تشریف لانا یا قدم رنجہ فرمانا
قطعہ۔ ہر ایک مجلس میں اے شمع پرانوار + برابر ہی تمہارا آنا جانا + کرو رنجہ قدم میری طرف بھی + ادھر بھی تم ذرا تشریف لانا

تائے با صاد

تصویر بن جانا۔ صورت بن جانا بے حس و حرکت ہونا بیت۔ یاد جب آتی ہے صورت اس بت بے پیر کی + محو حیرت صورت تصویر بنجاتے ہیں ہم
تصویر کی حالت۔ نہایت خوبصورت و حسین و جمیل پری کی سی صورت تصویر کی سی صورت۔

تائے با عین

تعزیہ اٹھانا۔ ماتم برپا کرنا ماتم قائم کرنا۔
تعزیہ بنانا۔ ماتم کی صورت قائم کرنا
تعزیہ ٹھنڈا کرنا۔ ماتم موقوف کرنا۔

تعزیہ داری کرنا۔ ماتم کی صف بچھا کر بیٹھنا۔
تعلی کی لینا۔ شیخی بگھارنا گھمنڈ کرنا اِترانا غرور کرنا متکبر ہونا دل غم یہ درد و شمع دل راتوں کو لیتا ہی تعلی کی + مجل کرتا ہی زلف حور کو پیچ و خم میرا۔

تائے با فائے

تفت ہی۔ تھوک ہی لعنت ہی پھٹکار ہی۔

تائے با قاف

تقدیر آزمانا۔ اپنے بھاگوں کو پرکھنا بخت کو آزمانا قسمت کا امتحان لینا تقدیر کے بھروسے پر کام کرنا۔ رباعی اُسکی محفل مین آج جاتے ہین + دل کی حالت اُسے سناتے ہین + وصل کی کرتے ہین کوئی تدبیر + اپنی تقدیر آزماتے ہین۔
تقدیر اُلٹنا۔ بگڑنا۔ پلٹنا۔ پھر جانا پھوٹ جانا۔ پھوٹ جانا۔ قسمت کا پلٹا کھانا بخت کا ناساز ہونا اوبار آنا بد اقبال ہونا کرم پھوٹ جانا نربھاگی ہونا۔ شعر۔ وصل کی کچھ ہوئی نہین تدبیر + اُلٹی قسمت بگڑ گئی تقدیر۔
تقدیر پھرنا۔ جاگنا۔ تقدیر سیدھی ہونا۔ تقدیر کا موافق ہونا۔ اچھے دن آنا دن پھرنا بھلے دن آنا بھاگ جاگنا بخت یاور ہونا۔ قطعہ۔ شب آیا خواب مین وہ بخت بیدار + بحمد اللہ کہ اپنے بخت جاگے + ہوئی تقدیر بھی اُسکے موافق + کیا کرتے تھے جو تدبیر آگے۔
تقدیر کا لکھا یون ہی تھا۔ اسی طرح قسمت مین لکھا ہوا تھا نوشتہ ازلی یون ہی تھا۔ قطعہ بجز رنج و الم کیا ہمکو ملتا + کہ حصہ میری قسمت کا یہی تھا + پلٹ سکتی اُسے کس طور تدبیر + مری تقدیر کا لکھا یہی تھا۔
تقدیر کا بل نکل جانا۔ بدبختی کا دور ہوجانا بُرے دن نکلجانا بیت اگر شانہ کرین زلف خمیدہ دلدار + مری تقدیر کا بل بھی نکل جاے۔
تقدیر کا پلٹا کھانا۔ قسمت کا پھوٹ جانا بدبختی کا آجانا۔ ظفر نہ ہو دیکھ کے تدبیر کو پلٹے کھاتے + دیر لگتی نہین تقدیر کو پلٹے کھاتے + بخت برگشتہ عاشق نے نکھایا ملتا + عمر گذری فلک پیر کو پلٹے کھاتے۔
تقدیر کا دامن پکڑنا۔ تقدیر پر بھروسا کرنا سب کام تقدیر پر چھوڑ دینا۔ بیت پیش جب چلتی نہین تقدیر مین تدبیر کی + لاجرم دامن پکڑ بیٹھے ہین ہم تقدیر کا۔ بیت اب نہین تدبیر کرنے کے وصال یار کی + بیٹھ جا نینگے پکڑ کر دامن تقدیر کو۔
تقدیر کا منہ پھیر لینا۔ مصیبت یا مفلسی مین گرفتار ہونا بدبختی آجانا۔ ظفر۔ دیکھ مجھکو بت بے پیر نے منہ پھیر لیا + آج مجھسے میری تقدیر نے منہ پھیر لیا۔
تقدیر کا کھوٹا۔ بدنصیب کم بخت بد قسمت مثل مشہور ہی تقدیر کا کھوٹا کیون نہ اُٹھائے ٹوٹا۔
تقدیر لڑنا۔ تقدیر کا موافق آجانا قسمت کھل جانا نصیب جاگ اُٹھنا۔ قطعہ رات اُس بت سے صفائی ہوگئی + قسمت اپنی ایسی سیدھی پڑ گئی۔ صلح کی امید تھی کسکو مگر + ہی یہ تقدیر اپنی شاید لڑ گئی۔
تقدیر کا بناؤ۔ اقبال کی سازگاری اور موافقت مساعدت ہونا۔
تقدیر کا کھیل ہی۔ تقدیر کے کرشمے ہین قسمت کی باتین ہین حکیم ابو لاہوری۔ کون بازی جیت سکتا ہی بھلا تدبیر سے + کیونکہ اس چوسر مین سارا کھیل ہی تقدیر کا۔
تقدیر کے ہاتھ بات ہی۔ ساری بات قسمت پر منحصر ہی سارا دارمدار نصیب پر ہی قطعہ۔ کہان جائیگا بھاگ کر آدمی کہ تقدیر ہر ایک جگہ ساتھ ہی + نہین فائدہ کچھ بھی تدبیر مین + کہ ہر بات تقدیر کے ہاتھ ہی۔
تقویم پارینہ ہی۔ پرانی جنتری ہی ناکارہ چیز ہی۔ مولانا اکبر گذر چکنا گیا پہلے زمانہ + سمجھ لو اسکو تم پارینہ تقویم + جو آئندہ کو ہی کچھ ہونے والا + نہ رکھو اسکا دل مین خوف اور بیم + کرو شکر آج کی حالت مین اکبر + جھکا کر گردن تسلیم و تعظیم۔

تائے با کاف

تکا بوٹی کر ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔ دھجی دھجی کر ڈالنا آپس مین بانٹ لینا حصہ کر لینا۔
تکا سا کھڑا رہنا۔ ہر وقت سامنے موجود رہنا سر پر کھڑا رہنا۔
تکا فضیحتی ہونا۔ تھکا فضیحتی ہونا۔ لڑائی فساد تکرار جھگڑا ہونا بیہودہ گفتگو ہونا۔
تکان اُتارنا۔ تھکن اُتارنا سستی دور کرنا تازہ دم ہونا۔
تک بندی کرنا۔ تک جوڑنا قافیہ بندی کرنا بات سے بات ملا۔
تکلف کا کھانا۔ عمدہ کھانا مزے دار کھانا جسمین بہت سے لوازم لگے ہون۔
تکلف کرنا۔ ٹیپ ٹاپ کرنا بناؤ کرنا آراستگی کرنا حیثیت سے زیادہ خرچ کرنا شعر۔ دوستو دور تکلف سے ہمیشہ رہنا + کیونکہ تکلیف مین داخل ہی تکلف کرنا۔
تکلے کے سے بل نکال دینا۔ سیدھا کرنا درست کرنا مار پیٹ کر راستی پر لانا ٹھیک کرنا اینٹھ نکالنا۔
تک و دو کی رہنا۔ فکر و تشویش مین رہنا تلاش و جستجو مین رہنا
تکی لگانا۔ دیر تک دیکھتے رہنا۔

ٹکے لگانا یا پکانا۔ کباب لگانا پکانا جلانا بھوننا ستانا۔
تکیہ دینا۔ بھروسا دینا جگہ دینا تواضع کرنا مدارات سے پیش آنا۔
تکیہ کا کتا ہونا۔ ہر وقت تکیہ میں فقیروں کے ٹکڑوں پر پڑا رہنا
تکیہ لگانا۔ کسی دیوار یا چیز سے لگ کر بیٹھنا کسی پر اعتماد یا بھروسا کرنا
ٹکا پاس نہونا۔ غریب کنگال مفلس ہونا۔ بیت۔ کوڑی بھی نہیں ہو مول آسکا + جس آدمی کے نہو ٹکا پاس۔
ٹکا جوٹ کر دینا۔ ٹکے ٹکے پر زنا کرانا۔
ٹکا سا جواب دینا۔ جلدی بے تامل جواب دینا بد خلقی و بے پروائی سے جواب دینا جسطرح کوئی ٹکا ہاتھ پر رکھ دیتا ہے اسطرح جواب دینا
شعر۔ بوسہ جب مانگتے ہیں ہم اس سے + بس ٹکا سا جواب دیتا ہے۔
ٹکا گانٹھ میں ہونا۔ دولتمند ہونا مالدار ہونا آسودہ حال ہونا
شعر۔ گرہ پڑی نہیں رشتہ میں اُنکے + عزیز وگا نٹھ میں جنکے ٹکا ہے۔
ٹک جیا تو کیا۔ ذرا سی دیر جیا تو کیا۔
ٹکٹکی باندھنا یا لگانا۔ غور سے دیکھنا برابر دیکھے جانا گھورے جانا قطعہ۔ کہیں گلشن میں شبنم موتیوں کی + تری خاطر لڑی باندھے ہوئے ہے
کہیں نرگس تمھارے دیکھنے کو + چمن میں ٹکٹکی باندھے ہوئے ہے
ٹکراتے پھرنا۔ آوارہ پھرنا مارے مارے پھرنا ڈانوان ڈول پھرنا ڈھونڈتے پھرنا۔ انشا۔ ٹکراتے ہوئے پھرتے ہیں ہم کوچہ میں اسکے + کیا جھے دروازہ ادھر ہند ادھر بند۔
ٹکر اٹھانا۔ صدمہ کی برداشت کرنا مصیبت جھیلنا تکلیف گوارا کرنا میر۔ مشت خاک یعنی انسان ہے بلاکش جو اٹھائی کسنے یہ اسکی ٹکر
ٹکڑا دینا۔ وظیفہ دینا پالنا پرورش کرنا۔ نہیں محتاج ہوتے رٹو مولے + جو دیتے ہیں کسی بھوکے کو ٹکڑا۔
ٹکر اسا توڑ کر جواب دینا۔ جواب صاف دینا بے مروت ہو کر جواب دینا۔
ٹکر اسا توڑ کر ہاتھ میں دیدینا۔ سخت جواب دینا بے مروتی سے پیش آنا
ٹکڑا مانگنا۔ گدائی کرنا بھیک مانگنا دریوزہ گری کرنا۔ قطعہ از مولف
مانگنا جانا نہ در پر غیر کے + لیئے اس رازق سے ٹکڑا مانگنا + مانگتا ہے جس سے ہر شاہ و گدا + اپنا جا کر تو بھی حصہ مانگنا۔
ٹکڑا میسر نہ آنا۔ فاقہ کشی کی نوبت پہونچنا بھوکا مرنے لگنا۔
قطعہ از مولف۔ نہ جا گھر گھر بہنکتے تو مانگنے کو + اگر تجھکو ٹکڑا میسر نہ آئے
رہو آنے رازق کے در کا سوالی + کہ جو منھ سے مانگے وہ فی الفور پائے
ٹکر پہاڑ سے لینا۔ بھاری دشمن سے مقابلہ کرنا غریب ہو کر دولتمند کے مقابل ہونا سجاد۔ کوہکن کیوں نہ سر کو پھوڑ مرے لی تھی جا کر پہاڑ سے ٹکر۔
ٹکر ٹکر دیکھنا۔ شوق و حسرت کی نگاہ سے دیکھنا۔
ٹکر کھانا۔ لڑ جانا مٹ بھیڑ ہونا چوٹ کھانا نقصان اٹھانا مقابل ہونا بھڑنا۔
ٹکر لگنا۔ صدمہ یا تکلیف پہونچنا نقصان ہو جانا خسارہ آنا۔
ٹکر لینا۔ چوٹ سہارنا صدمہ اٹھانا۔
ٹکر مارنا۔ دیوار یا زمین سے سر دے مارنا۔ مقابلہ کرنا سامنا کرنا۔
ٹکڑوں پر پڑنا۔ ٹکڑے توڑنا۔ پرائی روٹیوں پر گذارہ کرنا۔ پرائی کمائی پر رہنا مفت کی روٹیاں توڑنا۔
ٹکڑے سے اڑانا۔ خوب مارنا کھال اڑا دینا۔
ٹکڑے کے کارن مارے مارے پھرنا۔ روٹی کی تلاش میں پھرنا روزگار ڈھونڈتے پھرنا۔
ٹکسال چڑھنا۔ کھرا کھوٹا پرکھا جانا رائج ہونا مشہور ہونا۔
ٹکسال کا کھوٹا۔ بد اصل ناشایستہ بد طینت۔
ٹکے دھڑی کر دینا۔ ایک ٹکے کی پانچ سیر جنس کر دینا سستا مال کر دینا
ٹکے گز کی چال چلنا۔ کفایت شعاری سے گزارہ کرنا فضول خرچی نکرنا۔ رباعی۔ سیکھے تم نیبون سے جولاہوں سے جو کھیلے چوسر + چال وہ مجھسے ٹکے گز کی نہ کیونکر چلتا۔
ٹکے گننے لگنا۔ ٹکے سے گننا۔ حقہ کا خوب کڑا کے یا آواز کے ساتھ بولنا سردی کے مارے دانت سے دانت بجنا فر فر پڑھنے لگنا فرائے بھرنا۔
ٹکسالی بات۔ پختہ بات جچی ہوئی بات۔
ٹکا بھر۔ ذرا سا دمڑی بھر ذرا سا قلیل تھوڑا سا۔
ٹکسال باہر۔ وہ سکہ جو ٹکسال میں مسکوک نہوا ہو یا بے محاورہ کلام غیر مروج غیر معتبر وہ کام کرنے والا جو کسی استاد کا شاگرد نہو۔
ٹکا سی جان۔ تن تنہا اکیلا جسکو عیال اطفال کا اندیشہ نہو نفس واحد
ٹکسالی دوکان۔ نامور دوکان۔
ٹکسالی زبان۔ بامحاورہ فصیح زبان۔
تکلف کا مکان۔ آراستہ مکان جسمیں فرش وغیرہ سامان سب موجود ہو
ٹکلے کا گھاؤ۔ چھوٹا سا زخم جو ٹکلے کی نوک سے لگ جائے
ٹکسال والی۔ دولتمند عورت مالدار۔
ٹکسالی آدمی۔ ایماندار اور معتبر آدمی کھرا آدمی۔
ٹکے کا ظہور ہے۔ دولت کی روشنی ہے پیسہ کا کھیل ہے۔

تمام ہوے باب التاء

تلا کو دن کرنا۔ کسی کی جگہ پر تراشی کرنا بد کلامی کرنا تلا کے معنی زلی

کے مین جو ایک عضو اندرونی لعضا مین ہے ہر ق کرنا تکلیف دینا جلانا بھوننا۔
تلاملی پڑنا تلاملی لگنا۔ بے چینی ہونا بیقراری ہونا گھبراہٹ ہونا بیکلی ہونا۔ اضطراب ہونا۔
تلپٹ کردینا۔ زمین کے نیچے کردینا داب دینا چھپا دینا الوٹ کردینا غائب کردینا ستیاناس کردینا اجاڑنا تہ وبالا کرنا تباہ کرنا برباد کرنا
تلچھوما چھو کرنا۔ تلچھوما چھو کرتے پھرنا۔ بیتابانہ و مضطربانہ پھرنا گھبرائے ہوے پھرنا ناچتے پھرنا آرام سے نہ بیٹھنا باربار آنا جانا۔
تل دھرنے کی جگہ نہونا۔ تل دھرنے کو جگہ نرہنا آدمیون کے ہجوم سے جگہ رُک جانا۔
تلف ہوجانا۔ ضائع ہوجانا خراب ہونا مفت جاتا رہنا ہلاک ہونا میر بیتاب تو ان یون ہی ہمکو تلف ہوتا ہے یا تو تیر سے لب کی لتی تو وہ سنبھل جاتا
تلک کرنا۔ گدی دینا جانشین کرنا۔ ایک بنانا نسبت ناطہ کرنا۔ ٹیکا کرنا رخصت کرنا وداع کرنا۔
تلے کی دھرتی اوپر کردینا۔ نیچے کی زمین کو اوپر کردینا زمین کو الٹ پلٹ مارنا گھبرادینا پریشان کردینا۔
تلملانا۔ تلملا جانا۔ تلملاتے پھرنا کسی چیز کی تلاش مین سرگردان ہونا بے چین ہونا تڑپنا پھرنا۔ ذوق۔ ابر تر آنسو بہانا کوئی ہمسے سیکھ جائے + برق مضطر تلملانا کوئی ہمسے سیکھ جائے۔
تلملا ہوجانا۔ ذراسی دیر مین کھائی دیکر چھپ جانا۔
تل لنظرا۔ وہ شخص جو نیچے نگاہ کئے ہوے تاکتا رہے گفتگو کے وقت آنکھین جھکائے ہوے گھورتا رہے۔
تلوار برسنا۔ تلوار چلنا تلوارین پڑنا۔ میر۔ برسے ہے گر تلوار سر وہان پر منھ موڑنا زنہار نہین + سیدھے جاتے ہین اُدھر کے کسکے بھیرے پھرتے ہین۔
تلوار جھاڑنا۔ تلوار کا وار کرنا تلوار چلانا ؎ وہ کبھی مارتے تھے تیرون سے + اور کبھی جھاڑتے تھے تلوارین۔
تلوار چلانا۔ تلوار کا وار کرنا لڑنا بہادری کرنا ؎ کرو تلوار سے ہر ایک دم وار + مگر شمشیر ابرومت چلانا۔
تلوار سونتنا۔ تلوار کھینچنا۔ تلوار میان سے نکالنا وار کرنے پر مستعد ہونا کسیکے مارنے کا ارادہ کرنا۔ مولف۔ جھکا دیگا زمانہ اپنی گردن + وہ قاتل جسگھڑی کھینچیگا تلوار۔
تلوار کا پھٹا۔ تلوار کی نشست اور اسکا خم ؎ ازل سے قاتلونکو نقش خوبی سے ہی محرومی + کسی تلوار کے پھٹے یہ ابرو ہو نہین سکتا
تلوار کا ڈورا۔ دھار بارھ دھار کا نشان جو خط کی شکل مین دکھائی دیتا ہے ناسخ۔ میرے زخمون مین اگر ٹانکے لگاتے ہین + تجھے پہلے لاجراح ڈورا یار کی تلوار کا۔
تلوار کا ہاتھ دینا۔ تلوار کا ایک وار کرنا مولف۔ میری جان جسم رخصت ہوئی ساتھ + دیا قاتل نے جب تلوار کا ہاتھ۔
تلوار کرنا۔ بہادری کرنا شمشیر زنی کرنا لڑنا شجاعت دکھلانا۔ مدحیہ از مولف۔ جو مین دنیا مین مردان دلاور + علی سے سیکھین پیکار کرنا + علی پر بس تھا لڑنا کافرون سے + علی پر ختم تھا تلوار کرنا۔
تلوار کسانا۔ تلوار کا خم کھانا۔ جھک جانا بل کھا جانا ٹیڑھی ہونا۔ برق امتحان پر تو صیلون کی نظر جھکتی ہے + وقت پر میری بھی تلوار کسائی ہوتی
تلوار کو میان کرنا۔ لڑائی موقوف کرنا جنگ کے ارادہ سے باز آنا۔
تلوار گرجانا۔ بہادری جاتی رہنا بزدل ہوجانا نامرد ہوجانا ہار جانا۔ مولف۔ آئے کافر علی کے میدان مین + کرکے دل مین ارادۂ پیکار + دیکھے ابرو نو مارے دہشت کے + گرگئی سب کے ہاتھ سے تلوار۔
تلوار میان سے نکلی پڑنا۔ تلوار چلانے کے لیے مستعدی ظاہر کرنا لڑنے کو آمادہ ہونا۔
تلوون سے آگ لگنا۔ غصہ کے مارے آگ بگولا ہونا غیظ و غضب مین آنا طیش مین آنا۔ داغ۔ بزم دشمن مین لگی ایسی کہ کیا کہیے تلوون سے آگ + فرش گل کو مینے سمجھا فرش اخگر زیر پا + نسیم۔ دیکھے جو حنائی ہاتھ بے لاگ + تلوون سے پری کے لگ گئی آگ۔
تلوون سے لگنا اور سر مین جاکر بجھنا۔ سارے جسم مین غصہ کی آگ کا اثر ہوجانا۔
تلوون سے لگنا۔ بیقرار ہونا مضطرب ہونا فکرمند ہونا اندیشہ پیدا ہونا
تلوون کا کچا۔ کم چلنے والا جلدی تھک جانے والا۔
تلوے چاٹنا۔ خوشامد کرنا۔ پانؤن پڑنا۔ آتش۔ چاٹتی تلوے مین ہر بالا خانۂ زنجیر مین + وقت کا اپنے سلیمان ہے ترا دیوانہ آج۔
تلوے چھلنی ہوجانا۔ تلوے گھس جانا بہت پھرنا پیادہ چلنا
تلوے دھو دھو کے پینا۔ عاجزی کرنا خوشامد کرنا پانون پڑنا۔
قطعہ از مولف۔ ہین جو مستان عشق کہلاتے ہین + جگر اپنا کباب کے بدلے + تلوے دھو دھو کے اپنے ساقی کے + پیتے ہین وہ شراب کے بدلے
تلوے کھجلانا۔ تلوون مین خارش ہونا سفر کے لیے دل چاہنا ذوق۔ رخصت اے زندان جنون زنجیر در کھڑکائے ہے + مژدہ خار دشت پھر تلوا مرا کھجلائے ہے۔
تلوے گرم کرنا۔ رشوت کا روپیہ کسی اہلکار کے پانو کے نیچے چپکے سے رکھدینا

تلوے نہ ٹکنا۔ ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا پھرتے رہنا۔
تلے پڑنا۔ نیچے پڑنا زمین پر سونا عاجزی کرنا ذلیل کرنا۔
تلے کی سانس تلے اوپر کی اوپر رہ گئی نزع کی حالت نمودار ہوئی ہوش جاتا رہا
ٹل جانا۔ اپنی جگہ سے ہوجانا سرکنا ہٹ جانا چشم پوشی کرا دھر کو ہو جانا۔ میر۔ ہین کہاں سنگ رہ یار سے ٹل جاؤنگا + کیا وہ پتھر ہو پھسلنا کہ پھسل جاؤنگا۔ ولہ۔ استاده جہان مین تھا میدان محبت مین + وہان رستم اگر آتا تو دیکھ کے ٹل جاتا۔
ٹلے نویسی کرنا۔ دھکے لگنا خوشامد کرنا بیکار بیٹھے رہنا خوشامد کا ٹکڑا کھانا کچھ کام نہ کرنا فضول بکنا۔
تلوار کا کھیت۔ جنگ کا معرکہ لڑائی کا میدان آتش۔ چاک پیراہن سے رنگ گل لعینہ زخم ہے + کھیت ہے تلوار کا یا رب کہ میدان بہار
تلوار کا گھاٹ۔ تلوار کی دھار تلوار کی تیزی ۔ ناسخ۔ قاتل عالم ہے عریانی مین عالم یار کا + گھاٹ اسکے تیرنے کا گھاٹ ہے تلوار کا۔
تلوار کی آنچ۔ تلوار کی ضرب تلوار کی دہشت تلوار کی مار تلوار کا زخم مولانا اکبر۔ سہار لگا وہی جو سو رما ہو + کہ سب سے تیز ہے تلوار کی آنچ
ٹل ٹل پھر تل پھر۔ تھوڑا تھوڑا ذرا ذرا ملی جو جو کم کم۔
تلواروں کی چھاؤن مین۔ تلواروں کے نیچے تلواروں کے سایہ مین
تلے کی زمین اوپر ہوگئی۔ بھاری انقلاب ہوگیا بہت کچھ تغیر و تبدل ہوا
تلے کے دانت تلے اور اوپر کے اوپر رہ گئے۔ یعنے منہ کھلا رہ گیا نہایت حیرانی ہوئی ہکا بکا ہو گیا۔
تلون مین سے بھی تیل نکلتا ہے۔ فائدہ اور صرف اصل چیز مین سے ہی نکالا جاتا ہے یعنے اس چیز کی بکری سے نکلتا ہے۔
تلوار کا پانی۔ تلوار کی آبداری اور تیزی۔ قطعہ از مولف۔ جو مر جائے کوئی الفت کے غم مین + یقین ہے وہ قیامت تک جیے گا بشکل خضر مرنیکا نہین وہ + جو اس تلوار کا پانی پیے گا۔
تلوار کا دھنی۔ بڑا بہادر سورما۔
ٹل چاولی ڈاڑھی۔ دو رنگ کی ڈاڑھی سیاہ و سفید ڈاڑھی کچھ بال کالے کچھ سفید آغاز پیری۔
ٹل دھار موسل دھار برس رہا ہے۔ بڑے زور شور سے بارش ہورہی ہے موسلا دھار پانی برستا ہے۔
تل کی اوجھل پہاڑ ہے۔ تنکے کی اوجھل پہاڑ ہے۔ ذرا سی اوٹ مین بڑی بات چھپی ہوتی ہے ذرا سی الٹ پھیر مین مشکل مسئلہ حل ہوجاتا ہے ٹلین ٹالتا ہے۔ ٹل ہانکتا ہے جھوٹی باتین بناتا ہے۔

ٹل کی ٹل کی جگہ رہی ہے زمین پر بیمار کو اتارنے کی تیاری ہے آخری وقت ہے

تائے بائیسم

تماشا بنانا۔ تماشا کرنا۔ سوانگ بنانا نقل کرنا نقلی کرنا ہنسی اڑانا۔ قطعہ از مولف۔ سر محفل بلا کے غیرون کو + انکو ہم پر ہنسایا کرتے ہین کیسی کرتے ہو تم یہ نادانی + کیا تماشا بنایا کرتے ہین۔
تماشا دکھانا۔ عجائبات دکھانا انوکھی بات کا ظاہر کرنا۔ احمد۔ کیا شان ایزدی نے تماشا دکھا دیا + انسان کا فرشتون سے رتبہ بڑھا دیا۔ مولف۔ زمین و آسمان حق نے بنایا + تماشا اپنی قدرت کا دکھایا۔
تمہارے منہ مین گھی شکر۔ جب کوئی شخص کوئی خوشخبری سناتا ہے تو اسکی نسبت یہ جملہ بولتے ہین کہ خدا اس خبر کو سچ کرے تو تمکو شیرینی کھلائین
تم نے اٹھائین اور ہم نے بھون بھون کر کھائین۔ یعنے تمنے اپنا مال برباد کیا ہمنے کھایا۔
تمہارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال مین ہین ہین یہ محاورہ ایسے آدمی کے حق مین طنزاً بولتے ہین جو دوسرے شخص کے مال کو اپنا مال سمجھے جب اپنا مال دینے کی نوبت آئی تو ہین ہین کر دی یعنی ہنسی مین ٹال دی
تمہارا کیا منہ ہے جو بولو۔ تم ہمارے روبرو بات نہین کر سکتے گفتگو نہین کر سکتے
تمہارا کلیجہ۔ تمہارا سر۔ یہ محاورہ معشوق لوگ رنجش کی حالت مین کہ دیتے ہین جب عاشق کسی بات کا دعوے کر بیٹھتا ہے۔ کہا مین نے یہ دل ہے شیدا تمہارا + کہا سر تمہارا کلیجہ تمہارا۔
تماشے کی بات ہے۔ تعجب کی بات ہے عجیب انوکھی بات ہے۔ مولف روشن ہر ایک نکتہ مین وہ نور ذات ہے + جسکی ہر ایک بات تماشے کی بات ہے۔
تم سے خدا بچائے۔ خدا تمہارے ظلم کے پنجہ سے ہمکو نجات بخشے۔ قطعہ از مولف۔ جو تم بیوفا اور سنگدل ہو + تمہارا آدمی دم کون کھائے + تمہارے ظلم سے جور و جفا سے + خدائے مہربان ہمکو بچائے
تم سے مولی پناہ مین رکھے۔ تمہارے ظلم سے خدا ہمکو اپنی پناہ مین رکھے + مولف۔ تمسے سنگدل بت سفاک + ہمکو مولی پناہ مین رکھے

تائے بانون

تبنول آنا۔ لگام کے صدمے سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا۔
تبنول لینا یا دینا۔ برادری سے روپیہ بتقریب کسی شادی کے لینا یا دینا۔
تنبیا جانا۔ تانبے کی آگ لگ کر تانبے کے برتن مین کھانا خراب ہوجاتا
تن تھین کرنا۔ خفگی کی حالت مین نا ملایم باتین زبان پر لانا ظاہر کرنا
تنتنیا تو ٹرنا۔ غصہ نکالنا خفگی ظاہر کرنا کسیکو غلطی مین نہ دانا گھمنڈ
تن تور لینا۔ کسیکو اپنے ساتھ ملا لینا اسکو پہلے کنبہ سے جدا کر دینا

تن ڈالنا۔ موٹا ہو جانا سُست و کاہل ہونا۔
تنکا اُتارے کا احسان ماننا۔ کسی ذراسی امداد کا احسان مند رہنا تھوڑے سے سہارے کا گُن ماننا احسان کو یاد رکھنا۔
تنکا بھی توڑ نہ سکنا۔ ناتوان و کمزور ہو جانا بے بس و محتاج ہو جانا صفیہ فوقانی حال مقدر یہ کیا کر سکیگا + کہ تنکا نہین توڑ سکتا ہی نسان
تنکا بھی نہین رہا۔ کچھ نہین رہا سب برباد ہو گیا جائداد تلف ہو گئی۔
تنکا توڑ دینا۔ الگ ہو جانا بے تعلق ہو جانا۔
تنکا منھ مین لینا۔ نہایت عاجزی کرنا منھ مین گھاس لیکر خوشامد کرنا امان مانگنا جان بخشی کرانا۔
تنکا سر سے اُتارنا۔ تھوڑا احسان کرنا۔
تنکا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا خشک ہو جانا۔
تن کو لگنا۔ جی کو لگنا کسیطرح کا غم ہونا مولف: جسکے تن کو لگے وہ جانتا ہی + اور جو بیدرد ہو وہ کیا جانے + جلتے ہم ہین جو گذر رہی ہی + یار بیدرد کی بلا جانے۔
تن کی تپیت بجھانا۔ کسی بھوکے کو کھانا کھلانا۔
تنکے چُننے لگنا۔ دیوانہ ہو جانا مفلس ہو جانا عاشق ہو جانا پریشان ہو جانا۔ ناسخ۔ باغ مین آتا نہین گلگشت کو وہ رشک گل + تنکے اب چننے لگا دیوانہ گلچین ہو گیا۔ معروف خوبرو لاکھ جہان مین کوئی ہشیار ستمنے + تجھے دیکھے تو وہ تنکے سر بازار چنے۔
تنکے چنوانا۔ دیوانہ کر دینا باؤلا بنا دینا۔ شعر۔ باعث وحشت ہوئی بے اعتنائی آپکی + تنکے چنوانے لگی ہمسے جدائی آپکی۔
تنکے کا احسان ماننا۔ تھوڑے احسان کے بدلے احسانمند ہونا۔
تنکے کا سہارا۔ تھوڑا سا آسرا اور حمایت۔
تنکے کو پہاڑ کر دکھانا۔ تھوڑی بات کو بڑی کر دینا۔
تنکے کی اوجھل پہاڑ ہونا۔ تھوڑی لفظ اور مطلب زیادہ ہونا مشکل کام ذراسی تدبیر سے حل ہو جانا۔
تن من بھر جانا۔ کسیکو دیکھ کر خوش ہونا خواہشین پوری ہو جانا
تن من مارنا۔ اپنی خواہشون کو روکنا ہوا و حرص کو ترک کرنا۔
تن مین پھولے نہ سمانا۔ بہت خوش ہونا۔
تن من وارنا۔ قربان ہونا فدا ہونا۔
تنگا ترسی سے گزارہ کرنا۔ مفلسی مین گذارہ کرنا۔
تنگ آنا۔ مجبور ہونا دق ہونا پریشان ہونا۔ نسیم۔ تنگ آیا تو دیکھ قیدخانہ + آسان نہین کڑی اٹھانا۔

تنگ پکڑنا۔ گھوڑے کی لگام کو کھینچے رہنا کسی کو دق کرنا ہار جیت کرنا میر اور شہسوار حسن زیادہ پکڑ نہ تنگ وہ ڈر ہی سمند ناز بشوخی اٹھے گو
تنگ حال ہونا۔ تکلیف و مصیبت مین ہونا مفلس و محتاج ہونا۔
تنگ وقت ہونا۔ کم وقت ہونا بوقت ہونا نماز قضا ہونا۔
تنگ ہاتھ ہونا۔ مفلس و محتاج ہونا۔
تنّے مین گانٹھ دینا۔ کبھی تنّے کے یاد رکھنے کے لیے بند مین گرہ دے لینا گرہ مضبوط کرنا۔
تنیچ رہنا۔ لیس رہنا تیار رہنا مستعد رہنا۔
تنیچ لڑانا۔ کسی امر مین خواہ مخواہ شامل ہو جانا۔
تندیان باندھنا۔ لڑم کی مشکین کسنا دونو بازو باندھ لینا۔
تنٹے کا گھر۔ لڑائی اور فساد کا گھر جھگڑے کا مقام۔
تن لگو۔ جان نثار دوست ہمدم غمخوار۔
تنگی گئی فراخی آئی۔ مفلسی کے دن گذر گئے اور دولتمندی کے دن آئے۔
تنیچ بنا ہوا ہی۔ موٹا تازہ مستعد تیار ہی۔

التاے باواو

توبہ بلوا دینا۔ عاجز کر دینا تنگ کرنا ستانا ؎ رات بھر اٹھے دیے بھر بھر کے جام + توبہ بلوا دی ہی ساقی نے مجھے۔
توبہ توڑنا۔ عہد توڑنا عہد شکنی کرنا ایک کام کو ترک کر کے پھر وہی کام کرنا ؎ مقبلے کو پھینکو دھینے کو مھوڑ دیہ ملو دھر دسے توبہ کو توڑ دو
توبہ دھاڑ کرنا۔ توبہ دھاڑ مچانا۔ توبہ تلا کرنا۔ غل مچانا شور کرنا واویلا کرنا گریہ وزاری کرنا۔
توبہ کرنا۔ گنہ سے باز آنا عہد و پیمان کرنا بدی کو ترک کرنا نیا گناہ داغ۔ مر تو حلال ہی تو بیئے ڈھب سے بادہ نوش ہی مین توبہ کر کے اور پشیمان ہو گیا
توپ چلانا۔ توپ کو بتی دکھانا۔
توپ دکھانا۔ مجرم کو توپ سے اُڑا دینا۔
توتا پالنا۔ کسی چنیسی پھوڑے کا علاج نکرنا بیماری کو بڑھنے دینا سوزاک یا آتشک کی بیماری لگا لینا۔
توتا سا بولنا۔ بچہ کا پیاری پیاری میٹھی میٹھی باتین کرنا۔
تو تو رہنا۔ بولتے بولتے بند رہنا چپ رہنا۔
تو تو مین کرنا۔ توطراق کرنا۔ تونکار کرنا۔ آپس مین جھگڑنا لڑنا گالی گلوج ہونا۔
تو توئی کرنا۔ تو توئی جوڑنا بہتان جوڑنا تہمت لگانا الزام ناحقہ لگانا۔ رنگین۔ مین نے چاہا جو تجھکو ای رنگین ہنس مجھسے ہر ایک بدگمان ہوا + تو توئی جوڑنے مین کیا کیا خلق + جی لگانا بلائے جان ہوا۔

طوطے اڑ جانا۔ ہوش اڑ جانا بدحواس ہونا۔ میر۔ اُسنے دیکھا جو اُٹھ کے سونے سے + اُڑ گئے آئینہ کے طوطے سے۔

طوطی بولنا۔ خوش آواز ہونا مشہور ہونا شہرت پانا۔ فوق۔ یکنفس ہے شور اک گلشن ملک فریاد کا + خوب طوطی بولتا ہے ان دنوں صیاد کا

طوطے سی آنکھیں پھیر لینا۔ یا بدل لینا دفعتہً بے مروت ہو جانا طوطے چشم بن جانا بیوفائی کرنا۔ اسیر۔ خط کھینچنے لگا جو اس آئینہ رو کے منہ پر + طوطے کی طرح آنکھ کبوتر بدل گیا۔

طوطے کی طرح پڑھ لینا۔ یاد کر لینا۔ سبق حفظ کر لینا۔ مگر حرف شناس نہ ہونا۔

تورہ توڑنا۔ غرور کم کرنا سختی کر کری کرنا۔

تورہ جتانا۔ اترانا غرور جتانا تکبر کرنا۔

توڑا مروڑی ہونا۔ توڑنا مروڑنا لڑنا جھگڑنا ہاتھا پائی ہونا

توڑ کرنا۔ کشتی میں حریف کے داؤں کا جواب کرنا۔ آتش۔ ابھی سے جاگ کچھ کر زندگی سے ہو نہ تنگ + پیچ کا اُن گیسوؤں کے شانہ بنکر توڑ کر

توکل پر بیٹھنا۔ خدا کے بھروسے پر بیٹھنا کچھ کام نہ کرنا۔ ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا

تُوم ڈالنا۔ روئی کی طرح بکھیر ڈالنا۔ عاجز و حیران کر دینا۔ شوق۔ دیکھنا کیسی دھوم ڈالوں گی + روئی کی طرح توم ڈالوں گی۔

تونبی ہاتھ میں لے لینا۔ بھیک مانگنے لگنا گدائی کرنا دریوزہ گری کرنا۔

تُوں تاں کرنا۔ لڑنا جھگڑنا تکرار کرنا۔

ٹوپی اُتارنا۔ لڑنا جھگڑنا ہاتھا پائی کرنا۔

ٹوپی اچھالنا۔ ہنسی مسخری کرنا خوش ہونا لڑنا جھگڑنا۔ آتش۔ آیا ہے جیسے ساقی البدر سی جوش فسادی + شیشے بھی انجمن میں ٹوپی اچھالتے ہیں

ٹوپی بدلنا۔ بھائی بھائی بننا جیسے پگڑی بدلنا۔ آتش۔ آئے ہو کیفیت میں وہ گلگشت باغ کو + غنچے سے ٹوپی لالہ سے پگڑی بدل گئی

ٹوپی سے مشورہ کرنا۔ اگر کوئی آدمی نہ ہو ٹوپی آگے رکھ صلاح پوچھنا

ٹوپی والا۔ انگریز فرنگی یوروپین۔

ٹوٹا پڑنا۔ نقصان پڑنا۔ خسارہ ہونا۔

ٹوٹ پڑنا۔ کسی بلا کا نازل ہونا بہت سے آدمیوں کا ہجوم کر کے آنا حملہ کرنا دھاوا کرنا

ٹوٹرو سا۔ اکیلا تنہا دم

ٹونکا کر لے آنا۔ آکر جلدی سے چلے جانا۔

ٹوٹے دل کا جوڑنا تسلی و دلاسا دینا۔

ٹوہ لو رکھنا۔ خبر رکھنا تلاش رکھنا۔

ٹوہ تاہ میں رہنا۔ تلاش میں رہنا جستجو میں رہنا۔

توڑ جوڑ۔ انتظام بندوبست داؤ گھات تدبیر اکھاڑ پچھاڑ چالاکی فقرہ سازش عیاری۔ انشا۔ جوڑی جو اُسنے مجھسے تو توڑی رقیب سے زلفتا تراشنے یار سے یہ توڑ جوڑ دیکھ۔

ٹوٹ کر۔ ٹوٹ ٹوٹ کر۔ نہایت شدت سے کثرت سے زور شور سے کوشش کے ساتھ ہمہ تن مصروف ہو کے۔ پہلا ہی دن تھا ہمکو لئے فرقت کشی + برسا ہی کیسا رات کو مینہ ٹوٹ ٹوٹ کر۔ مولف۔ روئے ہیں غم میں دیدہ تر ٹوٹ ٹوٹ کر + گرتے ہیں چشم تر سے گہر ٹوٹ ٹوٹ کر

طوطا چشم۔ بیوفا بے مروت بے دیدہ۔ صفدر موقانی۔ زبان میٹھی ہے باتیں بھی پیاری پیاری ہیں + یہ طوطے چشم ولیکن کسی کے یار نہیں + بحر۔ بحر چشم دشمن سبزان دنیا سے نرگسہ + بیوفا سب ہیں ہے طوطا چشم کسکے یار ہیں

تیوری چڑھائے رکھتا ہے۔ تھوتھڑی چڑھائے رکھتا ہے۔ ہر وقت منہ پھلائے یا بسورے رکھتا ہے جب دیکھو تیوری میں بل پڑے نظر آتے ہیں ہر وقت چین بجبیں رہتا ہے۔

طوطی کی آواز نقار خانہ میں کون سنتا ہے۔ بڑے آدمی کے سامنے چھوٹے آدمی کی بات کون سنتا ہے دولتمندوں کی مجلس میں غریب کی تقریر کب سنی جاتی ہے حکیم محمد انور لاہوری۔ تیری مجلس میں سنتا کون ہے عاشق کی فریادیں + سنی جاتی نہیں آواز نقاروں میں طوطی کی

طوطے کی گوند ہے۔ جلد فنا ہو جانے والی چیز ہے۔ اپنے سوز دل سے ایسا تابہ گردوں ہے گرم + صبح کے ہوتے ہی ہے اختر طوطے کی گوند

توڑ جوڑ کا استاد ہونا ہے۔ بدمعاش ہے لڑائی جھگڑا کرا دینے والا ہے۔

طوطے کی تیری یا تمہاری کی میری۔ یہ محاورہ خودغرضی خودمطلبی کے ذکر میں بولا جاتا ہے یعنے آپا دھاپا پڑ رہی ہے لوٹ کھسوٹ مچ رہی ہے جو چیز جسکے ہاتھ لگتی ہے لے بھاگتا ہے کوئی نہیں پوچھتا۔

ٹوٹی بانہہ گلے پڑتی ہے۔ قاعدہ ہے کہ جب بانہہ ٹوٹ جاتی ہے تو پٹی باندھ کے گلے میں لٹکا لیتے ہیں غریب رشتہ دار کے صرف کا بوجھ آسودہ حال بھائی کے ذمہ پڑ جاتا ہے۔

تائے یا ہائے

تھاپ پڑنا۔ ناچ شروع ہونا طبلہ پر ہاتھ مارنا۔

تھاپ دینا۔ ناچ موقوف ہونا اور طبلہ پر اخیر کا ہاتھ مارنا۔

تھاپ سہارنا۔ مصیبت اٹھانا اور تکلیف جھیلنا۔

تھاہ لینا۔ اندرونی راز دریافت کرنا بھید معلوم کرنا انتہا کو پہونچنا پتا لگا لینا کھوج دریافت کرنا۔ ہ موجے کھلواتی ہے یہ فرزانی اک بحر حسن + تھاہ اک اک بات کی دو دو پہر ملتی نہیں۔

تھپڑی بجانا۔ تالی بجانا آبرو کرنا عزت کرنا۔
تھپڑی پٹنا یا بجنا۔ نامی ہونا مشہور ہونا تالی بجنا منادی ہونا۔
تھپک تھپک کر رکھنا۔ پھسلا اور بہلا کر رکھنا لالچ دیکر کسی کام سے ہٹانا۔
تھتکارا ہو جانا۔ بچون کو ام الصبیان کی بیماری ہونا۔
تہ بوڑ دینا۔ کچھ باقی نہ رکھنا صفایا کر دینا جھاڑ دیکر پھیر دینا ختم کر دینا
تھٹی جما دینا۔ قرض دار کر دینا زیر بار کر دینا۔
تہ بونا۔ کچھ باقی نہ رہنا کنگال ہو جانا دوالہ نکلجانا مفلس و نادار ہو جانا۔
تہ جمانا۔ پیٹ بھرے پر اور کھالینا۔
تہ دینا۔ ہلکا رنگ کپڑے کو دینا۔
تھڑ تھڑی ہونا لعنت ملامت ہونا۔ تنگ ہونا بعزتی ہونا۔
تہ کا سچا۔ وہ کبوتر جو اپنے گھر کو نہ بھولے۔
تھکا مارنا۔ دوڑا دوڑا کے عاجز کر دینا۔
تھک بند کام کرنا۔ تھوک سے بند کرنا ناپائدار کام کرنا بودا کام بنانا۔
تھک کر چور ہو جانا۔ نہایت تھک جانا۔
تہ کو پہونچنا۔ سخن کے مغز کو دریافت کر لینا حقیقت سے واقف ہونا
تھکم تھکا ہونا۔ ہوا ہونا لڑنا جھگڑنا گالی گلوچ کرنا تکرار کرنا۔
تھگلی یا تھیگلی لگانا۔ پیوند لگانا عیب پوشی کرنا مدد کرنا سہارا دینا عیاری و چالاکی کرنا تارے توڑنا۔
تھل بیڑا لگانا۔ کشتی کو کنارے پر پہونچانا ٹھکانے پر لگانا۔ بحر
خدا کسی دن تو لگائیگا اپنا تھل بیڑا + ہو اگر نہیں کشتی کا ناخدا پیدا۔
تھل بیڑا ملنا۔ گوشۂ عافیت ملنا مقصد یا غرض پائی جانا ٹھکانا پا جانا
تھل چڑھ جانا۔ بالو یا ریت کا ڈھیر لگ جانا۔
تھل سے بیٹھنا۔ پھرتے پھرتے زمین پر بیٹھ جانا دم لینا سانس لینا آرام کرنا اور بیکار ناپختہ ہونا
تہمت لگا دینا۔ الزام دینا اتہام دینا عیب لگانا سر ہو جانا۔
تہ میں بیٹھ جانا۔ نیچے بیٹھ جانا ڈوب جانا بھید لے لینا۔
تہ نشین ہونا۔ جم جانا ذہن میں آ جانا بات کو سمجھ جانا۔
تھوتھنی پھلانا۔ تھوبڑا سجانا ناک بھون چڑھا لینا منہ بنانا خفا ہونا تیوری چڑھانا۔
تھو تھو ہونا۔ تھک تھک ہونا بدنامی ہونا رسوائی ہونا لعنت ملامت ہونا
تھو تھو کرنا۔ نفرت کرنا بیزار ہونا۔
تھوتھی اڑانا۔ خالی باتیں بنانا جھوٹی خبریں سنانا۔
تھوتھی چھوڑنا۔ لاطائل باتیں کرنا جھوٹے قول و اقرار کرنا۔
تھوڑا تھوڑا۔ کم کم اندک اندک ؏ تھوڑا تھوڑا جمع جب

ہو گا بت بن جائیگا + ہو کے یکجا قطرہ قطرہ سیل بنکر آئیگا۔
تھوڑا تھوڑا ہونا۔ نادم ہونا شرمندہ ہونا زیادہ ہوتے جانا ؏ بڑھتے بڑھتے حسن روز افزوں نے یہ پایا فروغ + تھوڑا تھوڑا یار کے آگے قمر ہونے لگا۔ نکہت۔ ابر کو دعوے بہت تھا ہر تبسم کے سامنے + تھوڑا تھوڑا ہو گیا وہ چشم تر کے سامنے۔
تھوڑے پانی کا بلبلا۔ کم ظرف اوچھا۔ قطعہ از مولف۔ خاتمہ اپنے دیدۂ تر پر + ہو گیا جب گہر فشانی کا + ابر ٹھہرا نہ رو برو اسکے + بلبلا تھا وہ تھوڑے پانی کا۔
تھوک بلونا۔ تھوک اچھالنا۔ بیہودہ گفتگو کرنا ڈینگ ہانکنا
تھوک دینا۔ نکال دینا دور کر دینا پھینک دینا۔
تھوک کر چاٹنا۔ عہد سے پھر جانا پیمان کو توڑنا دی ہوئی چیز کو واپس لینا۔
تھوک سے ستو گھولنا۔ تھوڑے روپیہ سے بڑے کام کرنے کا ارادہ کرنا بیفائدہ محنت کرنا نکما کام کرنا۔
تھوک لگانا۔ فریب و دغا سے کام نکالنا ذلیل کر دینا کنوڈا کرنا شکست دینا پست کرنا ہرا دینا۔
تھوک میٹھا کرنا۔ منہ میٹھا کرنا تھوڑا میٹھا کھانا۔
تھئی تھئی ہونا۔ ناچ رنگ ہونا۔
تھیلا کر دینا۔ مار مار کر بدن سجا دینا۔ نازنین۔ بڑے شراب کو ٹکی نشہ کو آگ لگے + کیا دوا کو مری مار مار کر تھیلا۔
ٹھاٹھ باندھنا۔ ٹھاٹ باندھنا ٹھاٹھ بندی کرنا نمود دکھلانا اسباب جمع کرنا شان و شوکت دکھلانا۔ قطعہ از مولف۔ یہ سامان اور یہ اسباب اور یہ ٹھاٹھ + کہو کسواسطے باندھا گیا ہے + ہم جب اسکو یہاں ہی چھوڑ جانا + بھلا پھر فائدہ ہی اس سے کیا ہے۔
ٹھاٹھ بدلنا۔ پوشاک بدلنا نئی طرز سے آرائش کرنا پینترے بدلنا۔ مفتی حیدر۔ نئی رنگت نیا سامان نیا ٹھاٹھ + بدلتا روز رہتا ہے زمانہ۔
ٹھاٹھ پڑا رہجانا۔ دنیا کا سامان اور اسباب دنیا ہی میں رہجانا ساتھ کچھ نہ لے جانا۔ مولانا اکبر۔ یہ سوداگر سفر کر جائے گا جب + یہاں ہی سب پڑا رہجائیگا ٹھاٹھ۔
ٹھاٹھ مارنا۔ مرغون کا بال پر ہلانا۔ دریا کا موجیں مارنا خرے اڑانا چین کرنا خوش رہنا۔
ٹھان لینا۔ مصمم ارادہ کر لینا۔
ٹھٹک کر چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا ٹھہر ٹھہر کر قدم اٹھانا گھوڑے کا۔ میر حسن۔ ٹھٹک کر وہ گھوڑے کا چلنا سنبھل + ہما کی وہ دونو طرف مور چھل

ٹھٹھے مین اڑانا۔ ہنسی ٹھٹھا کرنا۔ احمق بنانا۔ بیوقوف کرنا۔

ٹھسک سے چلنا۔ نزاکت سے چلنا۔ خرامان خرامان چلنا۔ نخرے سے چلنا۔ میر نغمہ درد بتان حشر خرام + ہائے رے کس ٹھسک سے ٹہلتے ہین

ٹھکانا کرنا۔ سکونت کی جگہ۔ آرام کا مقام تجویز کرنا۔ نوکری تلاش کرنا۔ کوئی تعلق پیدا کرنا۔ قطعہ نعتیہ از مولف۔ عزیزو چھوڑنا ہندوستان کو بہت جلدی عرب کی سمت جانا۔ مدینہ مین کرو جا کر سکونت + کہ ہے یثرب بہت اچھا ٹھکانا۔

ٹھکانا ملنا۔ جگہ ملنا۔ سکونت ملنا۔ مقام ملنا۔ قطعہ از مولف۔ کبھی مشرق سے تا مغرب پہونچنا + کبھی مغرب سے تم مشرق کو جانا۔ بغیر از گور آخر کار لیکن + نہین ملنے کا کوئی بھی ٹھکانا۔

ٹھکانے لگانا۔ موقع پر پہونچانا۔ گھر پہونچانا۔ تسلی دینا۔ دل ٹھہرانا۔ میر حسن۔ ملا میرے دلبر کو مجھسے خدا + نہین تو مرا دل ٹھکانے لگا۔ انشا۔ فرہاد کو جنون نے ٹھکانے لگا دیا + اب کے ہم ہین مگر سسار کو

ٹھکانے لگنا۔ مقام پر پہونچ جانا۔ آرام سے بیٹھنا۔ روپیہ اچھے کام مین خرچ ہونا۔ صفدر قوقانی۔ ہم بھی پہنچنے کے لیے تیار ہین + پہلے جو آئے ٹھکانے لگ گئے۔

ٹہلنا۔ آہستہ چلنا۔ تفریحاً قدم بھرنا۔

ٹھمری اڑانا۔ جو ایک قسم کا گیت ہے اسکو گانا۔ ٹل ہانکنا۔ گپ اڑانا

ٹھنڈا پڑ جانا۔ سرد ہو جانا۔ ٹھٹھر جانا۔ دھیما ہو جانا۔ غصہ دور ہو جانا۔ نامرد ہو جانا۔ شہوت جاتی رہنا۔ ضعیف ہو جانا۔ ہمت ہارنا۔ قطعہ۔ آج کل گلشن مین آئی ہے خزان + خوشنما پھولون کے پتے جھڑ گئے۔ یک قلم عالم پہ سردی چھا گئی + گرم بنتے تھے وہ ٹھنڈے پڑ گئے

ٹھنڈا جی کرنا۔ دل خوش کرنا۔ تسلی پانا۔

ٹھنڈا رکھنا۔ خوش رکھنا۔ تسکین رکھنا۔

ٹھنڈا کر کے کھانا۔ تامل و آہستگی سے کام کرنا۔ سوچ سمجھکر کام کرنا۔ جلدی نکرنا

ٹھنڈا گرم نہ دیکھنا۔ بے سوچے کام کرنا۔ نیکی بدی نہ دیکھنا۔

ٹھنڈا ہونا۔ سرد ہونا۔ خوش ہونا۔ آرام پانا۔ ستانا۔ دم لینا۔ دھیما ہونا۔ غصہ و غضب دور ہونا۔ مر جانا۔ جان صاحب۔ خوب بھڑکایا تھا اسکا دسوتن نے ... ہوئی تب گرم ٹھنڈا ہو گیا بحر۔ اس مہینے کی نہیں نکوڑی ہے ... ٹھنڈے سے ہو جائینگے اک دن ہو جلا کرتے ہین

ٹھنڈک پڑنا۔ گرمی دفع ہونا۔ تسکین ہونا۔ مراد حاصل ہونا۔ تشفی پانا۔ ... خلیل تم یا بھو سوتن سے پڑی ٹھنڈک کلیجے + کھوٹا شوہر عجیب ہوا

ٹھنڈی آگ سے جلانا۔ سلگانا۔ ستانا۔ دھوکا دینا۔ دغا دیکر کام نکالنا۔

ٹھنڈے ٹھنڈے جانا یا چلنا۔ خوشی خوشی جانا۔ تیزی کے وقت چلنا۔ راضی جانا۔ شوق۔ دیکھو دیکھو سبب نہ اعراؤ + ٹھنڈے ٹھنڈے چلو ہوا کھاؤ۔

ٹھنڈی سانس بھرنا۔ آہ سرد کھینچنا۔ ٹھنڈی سانس لینا۔ غم مین ہونا۔ مولف۔ رہا کرتے تھے جو سر گرم عشرت اپنی محفل مین + وہ بیٹھے کنج تنہائی مین ٹھنڈی سانس بھرتے ہین۔

ٹھنڈی کڑاہی یا ٹھنڈی دیگ کرنا۔ شادی کا خاتمہ کرنا۔ کھانا پکانا موقوف کرنا۔

ٹھنڈی مار دینا۔ پوشیدہ تکلیف پہونچانا۔ نقصان پہونچانا۔ ...

ٹھور بے ٹھور مار بیٹھنا۔ نازک جگہ مار بیٹھنا۔

ٹھور بے ٹھور پھرنا۔ جگہ جگہ پھرنا۔ دربدر پھرنا۔

ٹھوڑ ٹھوڑ توڑ دینا۔ ہڈی ہڈی جوڑ جوڑ توڑ دینا۔

ٹھوڑ رکھنا یا مار دینا۔ جہان پانا وہین مار دینا۔ کھید رکھنا۔ بچکر نہ جانے دینا۔ انشا۔ ایک چھوڑا نہ زندہ جان تو نے + ٹھوڑ رکھا ہے سب کو جان تو نے۔

ٹھور رہنا۔ اپنی جگہ پر گر کر مر جانا۔ کھیت رہنا۔

ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کے بیٹھنا۔ رنجیدہ ہو کر بیٹھنا۔ منھ سوکر بیٹھنا

ٹھوڑی مین ہاتھ دینا۔ منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ غصہ کو کم کرانا۔

ٹھوسا بھی ندینا۔ کچھ بھی ندینا۔ خاک ندینا۔

ٹھوسا دکھا دینا۔ انگوٹھا دکھا دینا۔ صاف انکار کر دینا۔

ٹھوسے پر مارنا۔ ہیچ جاننا۔ پاپوش پر مارنا۔ فلان پر مارنا۔

ٹھوکر اٹھانا۔ ٹھوکر کھانا۔ اسمجھ کر گرنا۔ اٹھک کر گرنا۔ ٹکرانا۔ ع۔ کل تیرے کشتہ کی جگ مین خوب رسوائی ہوئی + ٹھوکرین کھاتی پھری تھی لاش کفنائی ہوئی۔ مولف۔ ہوش مین انسان کبھی نا نہین + جب تلک وہ ٹھوکرین کھاتا نہین۔

ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا۔ صدمہ پر صدمہ اٹھانا۔ تکلیف پر تکلیف جھیلنا۔ مولف۔ ... گرانے سے گرتا نہین + جو ٹھوکر پہ ٹھوکر اٹھاتا رہے

ٹھوکر لینا۔ گھوڑے کا ناخن لینا۔ سکندری کھانا۔ انشا۔ ... ناقہ رہ عشق مین لذرے کیا دخل + ٹھوکرین وہان توپڑا پائے نظر

ٹھوکرون مین پڑا رہنا۔ جوتیون مین پڑا رہنا۔ حقارت اور ذلت کے ساتھ پڑا رہنا۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ زندہ ہو جائیگا اک روز یقین ہے انور + ٹھوکرون مین جو مسیحا کی پڑا رہتا ہے

ٹھوکرین کھا کر سنبھلنا۔ سختی اور نقصان اٹھا کر ہوش پکڑنا

ٹھوکر سیکھنا - داغ - یقین ہی ٹھوکرین کھاکھاکے کچھ سنبھل
جاے + ہی اسکی راہ مین ہمنے بھی دل کو ڈال دیا -
ٹھوکرین اٹھانا مصیبتین اٹھانا - آفتین جھیلنا نقصان اور
پریشانی اٹھانا - یار علی - کھلتی ہی جبھی ٹھوکرین کھانے کی
حقیقت + سرپر جو کوئی چاہنے والا نہین رہتا -
ٹھیپی منہ مین دینا - منہ بند کردینا خاک بھردینا گوڈر ٹھونس دینا
ٹھیک آنا - درست آنا بدن مین کپڑا اور پانو مین جوتی وغیرہ
ٹھیک بنانا - سنوارنا درست کرنا مار پیٹ کر سیدھا کرنا ہ
اس خال رخ یار تجھے ٹھیک بنانا + پر چھوڑ دیا حافظ قرآن سمجھ کر -
ٹھیک ٹھاک کرنا - مرمت کرنا درست کرنا شعر مومن - ناصح کو
جو چاہون تو ابھی ٹھیک بنا دون + پر خوف خدا کا ہی کہ مین کچھ نہین کرتا
ٹھیکرا پھوڑنا - بھید ظاہر کردینا کسیکا عیب ظاہر کردینا ٹوٹے
ہوے کو توڑنا الزام لگانا - مولف - محبت کے رشتہ کو خود توڑتے
ہو + مرے سر پہ کیون ٹھیکرا پھوڑتے ہو -
ٹھیکرے پکوانا - کسیکے گھر کے اسباب کو بکوا دینا نیلام کرا دینا
ٹھیکری سمجھنا - روپیہ کو ٹھیکری جاننا فضول خرچی کرنا کھلے دل سے خرچ کرنا
ٹھیلب لگانا - تیا پاہ سرغ لگانا -
ٹھیک نکل جانا - بیندی ٹوٹ جانا جو تر ڈونکے بل بیٹھ جانا گھبرجانا
ٹھیکی دینا - ستون قایم کرنا سہارا دینا -
ٹھیکی لگانا - بوجھ کو سر سے اُتار کر دم لینا -
ٹھینگا باجنا - ہنسی اُڑنا بدنامی و رسوائی ہونا - مثل جسکا
کام اُسی کو ساجے + اور کرے تو ٹھینگا باجے -
ٹھینگا دکھانا - انگوٹھا دکھانا صاف انکار کرنا -
ٹھوڑا ابت - کسیقدر قدرے کچھ تو ہو - مولانا اکبر - زیادہ
نہین چاہتا مرد حق + کہ ہی اُسکی آنکھون مین ٹھوڑا ابت -
ٹھکانے کی بات - معقول بات درست بات -
ٹھنڈی آگ - اولا برف - یخ -
ٹھنٹھن گوپال - سا حمق نادان سادہ مزاج مور کھ مٹی کا میان بیوقوف
ٹھنڈی گرمیان - معشوق کی بے تاثیر شوخیان ظاہری اختلاط
جھوٹی گرم جوشی ساختہ محبت اوپری - قطعہ از مولف -
دوستی جھوٹی ہی جھوٹا اختلاط + آج کل کے دوستون کے درمیان +
گرم جوشی ہی ریا کے واسطے + ظاہری اخلاص ٹھنڈی گرمیان +
تھالی مین بیگن - وہ شخص جو قایم مزاج نہو متلون مزاج سبک طبع
موم کی ناک کیونکہ بیگن بسبب گول ہونے کے تھالی مین ٹھہرتا نہین
لڑھکتا پھرتا ہی ایسا ہی اس شخص کا حال ہوتا ہی -
تھوتھی باتین - لغو لغو بے معنی باتین - مولف - وعدہ جھوٹا ہی
بیوفاؤن کا + لغو لغو بے تھوتھی باتین ہین -
تھوکتے بھی نہین - منہ نہین لگاتے دیکھنا نہین چاہتے چہرہ نہین
دیکھتے - آتش - دنیا پہ تھوکتے نہین مردان راہ عشق + نامرد رکھتے آنکھ ہین
اس پیرزن کے پانون - ہ جو اس مہر طلعت کو ہین دیکھتے + کبھی
تھوکتے بھی نہین چاند پر -
تھوک کے ستو مین - خراب چیز ہی ناپایدار ہی -
تہ کر رکھو - بند کرر کھو ہوا نہ لگنے دو - سجاد - ہمکو ہی دلدار کا جامہ
عزیز + یوسف اپنا پیرہن تہ کر رکھے -
ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جاؤ - دھوپ سے پہلے جاؤ خوش خوش جاؤ
تھالی پھیرتی تھی - آدمیون کا ہجوم تھا اسقدر کہ اگر تھالی پھینکتے
تو زمین پر نہ گرتی لوگون کے سرون پر رہتی -
تھا و ستے لے - دم لے صبر کر ٹھہر جا -
تھڑی ہی - لعنت ہی ملامت ہی تف ہی - امانت - تھڑی ہی تیری
ذات نبیادیر + کہ عاشق ہوئی آدمی زاد پر -
تھکا اونٹ سراے کو دیکھتا ہی - ہر کوئی تکلیف کے بعد
آرام کو چاہتا ہی - ذوق - چاہیے یون پیر پشت خم دیکھے +
سرا کو جیسے تھکا اونٹ دمبدم دیکھے -
تہمت کی مٹی ہی تہمت کا گھر ہی - ایسا شخص جسکے ملنے سے
الزام لگتا ہو بدنامی آتی ہو کاجل کی کوٹھری جسمین جانے سے
روسیاہی حاصل ہوتی ہی -
تہ نہین ٹوٹی ہی - نیا کپڑا ہی پرانا نہین برتا ہوا نہین ہی -
تھوڑا ہی - بہت کم ہی باقی نہین - مولف - اب جوانی گئی
ضعیف ہوے + کام کرلو کہ وقت تھوڑا ہی -
تھوک ہی - لعن ہی لعنت ہی پھٹکار ہی -
ٹھگ بتیا یاد ہی - دغابازی کا علم پڑھا ہوا ہی فن فریب
یاد ہی مکار ہی چالاک ہی عیار ہی -
ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہی - یعنے دھیما حلیم و بردبار
آدمی گرم مزاج آدمی پر غالب آجاتا ہی - قطعہ از مولف - نام
ظالم کا بندۂ مظلوم + صفحۂ عالم سے چاٹ لیتا ہی - سرد لوہا جو ہی
لہارون کا + گرم لوہے کو کاٹ دیتا ہی -

ٹھنڈے ٹھنڈے پہرے۔ علی الصباح یا شام کے وقت کہ دھوپ کا وقت نہیں ہوتا۔
ٹھنڈے پیٹ رہے۔ بال بچوں کا سکھ دیکھے۔
ٹھنڈے ٹھنڈے۔ علی الصباح سویرے سویرے۔ میر۔ دل کو
کہو دکھ آہ سحر کے ساتھ + ٹھنڈے ٹھنڈے سے ملے تو چل نکلے۔
ٹھنڈی مٹی۔ حلیم و بردبار دھیما آدمی اور بچہ خوبصورت کے بعد
جوان ہوا اور نامرد جو عورت بقا در نہوسکے۔

تا سے یا یا سے

تیا پانچا کرنا۔ تین یا پانچ جگہ بانٹ لینا جھپٹ کر لے لینا تقسیم کر لینا۔
تیرا میرا کرنا۔ اپنا اپنا ملک ظاہر کرنا آپس میں جھگڑنا تکرار کرنا۔ ظفر
جسے کہتا ہے تو غافل تیرا ہے یہ میرا ہے + یہ جسکا ہے اسیکا ہے نہ تیرا ہے نہ میرا ہے
تیر تکوں پر گذارہ ہونا۔ شکار مار کر پیٹ بھرنا در بدر پھرنا مصیبت
کے ساتھ پیٹ بھرنا مشکل سے گذارہ ہونا۔
تیر چلانا۔ بڑھ کے کام کرنا تعریف کے لایق خدمت دکھانا۔
تیر سا لگنا۔ تیر لگنا۔ ناگوار بات زبان پر لانا جو تیر کی طرح دل پہ لگے۔
تیروں سے چھلنا۔ بہت سے تیر لگنا زخموں سے بدن کا سوراخ
سوراخ ہونا۔ ذوق۔ ہاں تامل دم ناوک فگنی خوب نہیں + ابھی
چھاتی تری تیروں سے چھلنی خوب نہیں۔
تیسرا آنکھوں میں کھٹکنا۔ محاورہ دو آدمیوں کو تیسرے آدمی
کا آنا ناگوار ہوتا ہے۔
تیکھی چتون کرنا۔ ترچھی نظر کر کے دیکھنا شوخی اور ناز سے دیکھنا۔
تیل تولنا۔ نہایت کالا سیاہ فام۔
تیل تلوں میں سے نکلیگا۔ سوداگر کا جو خرچ ہوگا جنس پر پڑیگا۔
تیل جل چکا۔ عمر گذر چکی ضعیفی آگئی مال صرف ہو گیا مفلس ہو گئے۔ ... روشنی کا نظارہ آئیگا کھیل + جل چکیگا چراغ کا جب تیل۔
تیل چڑھنا۔ دولہا کی شادی کی تیاری ہونا تیل کا عکس کرنا۔
تیل ماش اتارنا۔ سنیچر کا صدقہ دینا۔
تیل میں ہاتھ ڈالنا۔ سابق عملداریوں میں یہ رسم تھی کہ جب کسی پر کسی
جرم کا الزام لگتا تھا تو انکار کی حالت میں اسکے ہاتھ جلتے ہوئے تیل میں
ڈلوائے جاتے اگر جل جاتے تو وہ مجرم قرار پاتا اور اگر سالم رہتے تو بری سمجھا
جاتا اور یہ فیصلہ خدائی فیصلہ تصور کیا جاتا۔ میر۔ کس سے پوچھوں کہ
ہوا ہے دل مرا زلفوں کے بیچ + ایک شانہ تھا سو وہ بھی تیل میں کی نے ہے یہ ماجرا
تیل نکال لینا۔ سست نکال لینا طاقت کھینچ لینا کمزور ناطاقت کر دینا
تیل نکل جانا۔ کمزور ناطاقت ہو جانا غریب ہو جانا مفلس ہو جانا۔

تیا پیا بھسّ کرنا۔ میلا اور غلیظ رہنا۔
تیلی خصم کیا اور روکھا کھایا۔ جس امید پر تکلیف اٹھائی تھی
وہ مطلب پورا نہوا خانہ امید خالی نکلا۔
تیلی راجا۔ میلا کچیلا آدمی۔
تیلی کا کولھو ہونا۔ نہایت موٹا ہونا۔
تین پانچ کرنا۔ تین پانچ لانا۔ دھوکا دینا فریب دینا
عیاری کرنا جھگڑا کرنا تکرار کرنا ردو بدل کرنا۔
تین تفرقہ ہونا۔ الگ الگ ہونا جدا ہونا بچھڑنا بچھڑ جانا۔
تین تیرہ کرنا۔ تین تیرہ آٹھ اٹھارہ کرنا۔ تین کو تیرہ جگہ آٹھ کو
اٹھارہ جگہ کرنا تتر بتر کرنا پریشان کرنا بکھیرنا بے ترتیب کرنا گڈمڈ کرنا۔
تین حرف بھیجنا۔ لعن کرنا نفرین تبرا بھیجنا بیزار ہونا۔
تین لوک نظر آجانا۔ ماضی حال استقبال معلوم ہونا نہ ہوتی کی خبر ملجانا۔
تیور آنا۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا۔ بحر۔ ناتوانی کا برا ہو ہم دو دم
کو چلے + تیور آگئے گر گر پڑے جا یا نہ گیا۔
تیور بھجانا۔ اشارے و کنایہ سے جتانا نگاہوں سے دل کی
افسردگی ظاہر کرنا۔ بحر۔ خوش نگاہوں سے ہلاتے ہیں وہ دلبر
پلکیں + چشم حوراں کو بجھا دیتے ہیں تیور پلکیں۔
تیور بدل جانا۔ نگاہ کا بدل جانا ترچھی نظر ہو جانا رنجیدگی کے
آثار نمودار ہونا۔ مولانا اکبر الہ آبادی۔ ہو گئی آج کیوں نظر
ترچھی + آج تیور بدل گئے کیسے۔
تیور برے نظر آنا۔ ڈھنگ بگڑ جانا بدی کے آثار دکھائی دینا نظر
کا بدل جانا نزع کی حالت میں ہونا مرگ کے قریب پہونچنا۔
تیور بگڑنا۔ غصہ میں آنا رنجیدہ ہونا۔ بحر۔ بیسکر سرمہ کیا جب ان
نگاہوں نے مجھے + آنکھ سیدھی ہو گئی بگڑے ہوئے تیور بنے
تیور چلنا۔ ضعف بصارت ہونا نگاہ میں فرق آنا روشنی پر نگاہ نہ ٹھہرنا
یہ خاصیت آفتاب کی رکھتے میں مسرت + تیور چلیں جو دیکھیں ہم آنکھیں جس سے
تیور میلے ہونا۔ دیکھنے سے رنج و ملال کی علامت معلوم ہونا رنجیدہ ہونا غبار پایا جانا
تیوری بدلنا۔ یا بل ڈالنا۔ چین بجبیں ہونا پیشانی پر بل ڈالنا ناراض ہونا
تیوری کا بل کھلنا۔ فکر دور ہونا رنج کم ہونا خفگی زائل ہونا
جشن سدہ - پارسیون کے مہینے مین یہ بڑا جشن ہی بعض کا قول ہی کہ کیومرث بادشاہ کے گھر مین جب بیٹا پیدا ہوتا جشن کرتا جب سو بیٹا ہو چکا بڑا جشن کیا اسکا نام جشن سدہ رکھا بعض کہتے ہین کہ یہ جشن سب سے پہلے ہوشنگ سیامک کے بیٹے نے کیا تھا ایک روز وہ ایکسو آدمیون کے ساتھ پہاڑ پر سیر کر رہا تھا اچانک ایک سانپ نکلا سانپ کی طرف بادشاہ نے پتھر مارا وہ پتھر خطا کر گیا پھر دوسرا پتھر مارا وہ پہلے پتھر کو لگا اور آگ نکلی آگ سے خشک گھاس جل اٹھی اور سانپ جل گیا اس روز بادشاہ نے بڑا جشن کیا اور آگ کو اپنا معبود ٹھہرایا ہوشنگ ساتویں پشت آدم علیہ السلام کا پوتا تھا -
جشنہ - آتشین پیراہن اور سرخ لباس -

جیم با صاد

جص - گچ جو عمارت کی سفیدی مین کام آتا ہی -

جیم با عین

جعد - سر کے مرغول بال اور زلف پیچیدہ - جعد سے بر رخ سمن شکستہ + دست چمن از بنفشہ بستہ -
جعفر - نہر اور خربزہ اور نام آنحضرت علیہ الصلوٰۃ و التحیت کے چچا کا جنکو جعفر طیار کہتے تھے اور نام حضرت امام جعفر صادق کا جو چھٹے امام دوازدہ امام علیہما السلام سے تھے اور ایک ظریف کا نام جسکو جعفر زٹلی کہتے تھے اسکا شعر ہی جعفر - جعفر بہ بوستان جہان دم غنیمت ست + شادی عیب گر نبود غم غنیمت ست + گر جشن ہر روز شد نصیب تو + این گریہ ہاے ماہ محرم غنیمت ست +

جعاشیش ۔ گداگر لوگ دریوزہ گر جمع لفظ جعشوش کی ۔
جُعَل ۔ بضم اول ایک جانور سیاہ رنگ زنبور کی شکل پر ہی جو گوبر مین پیدا ہوتا ہی ۔
جَعَل ۔ بفتح اول کرنا اور گردانتا اور بنانا کسی چیز کی نقل کا جو اصل کے مطابق ہو جائے ۔
جعبہ ۔ بر وزن کعبہ ترکش تیرون کا اور چھوٹا چھابہ یا ٹوکرا جسمین میوہ رکھتے ہین اور سرپوش طبق کا ۔ محسن تاثیر ۔ باشد از غنچہ گل جعبہ واز گل ضبقش + کہ بہ تحفہ بفردوس برد بوے ترا ۔
جعدہ ۔ بفتح اول نام ایک دوا کا ہی جو پیٹ کے دراز کرمون کو نکالتی ہی شام کی طرف سے لاتے ہین یونانی مین اسکو قولیون بولتے ہین ۔ اور نام حضرت امام حسن علیہ السلام کی کنیز کا جسنے اپنے شوہر مالک کو بطمع نفسانی زہر ہلاہل دے کر شہید کیا ۔ قطعہ از مولف ۔ جعدہ بر خواہش نفس شریر + پیشواے دین حسن را زہر داد + ہم حسین ابن علی را قتل کرد + طالب دنیا یزید بد نہاد + ظالم و مظلوم در دنیا نماند ظلم الشان بزر بانہا ماند یاد ۔
جعفری ۔ ایک زرد رنگ پھول کا نام ہی اور ہر ایک چیز جو زرد رنگ ہو اور گل صد برگ ۔ نعمت خان عالی زنبور سرکشود ہ شود جعفری بباغ + بے روے یار دیدن گلزار بیگزد ۔
جعلی ۔ وہ نقل جو اصل کی صورت پر بنائی جائے ۔
جعفر برمکی ۔ خلیفہ ہارون رشید کے وزیر کا نام ہی ۔

جیم با غین

جغرات ۔ ماست جسکو ہندی مین دہی بولتے ہین ۔
جُغ ۔ بضم اول جوا یعنے لکڑی کا آلہ جو قلبہ رانی کے وقت دو بیلون کی گردن پر باندھتے ہین ۔
جَغ ۔ بفتح اول وہ لکڑی کا آلہ جو دودھ بلونی اور مسکہ نکالنے کے وقت دودھ مین پھیرتے ہین ۔
جُغد ۔ اُلّو جو منحوس مشہور جانور ہی بوم بھی کہتے ہین ۔
جُغرد ۔ بضم اول ژندی زبان مین سبزہ و مرغزار ۔
جَغر ۔ بفتح اول غوک جو آبی جانور ہی ۔
جغست ۔ بفتح اول ایک سبزہ ہی جسکو پکا کر روٹی کے ساتھ کھاتے ہین ۔
جغرافیان ۔ علم ہیئت ارض و اشکال اقالیم سے واقفت
جغلہ ۔ نوجوان بچہ جسکی داڑھی نہ نکلی ہوا مرد و سادہ ہو ۔ میر نجات ۔ ای جغلہ سر ترا بنازم + بند کمر ترا بنازم +

جغازہ ۔ چوتھا حرف راے مہملہ ہرات کے علاقہ مین ایک گانون ہی اور ناف ہر ایک حیوان کی اور سرخی و غازہ اور روٹی فالہ از زن کی ۔
جُغالہ ۔ کچا میوہ اور ہجوم اور انبوہ چڑیون کا ۔
جغرشتہ ۔ کچا سوت جو ابھی تکلے پر لپٹا ہوا ہو ۔
جغنہ ۔ ایک مرغ فراخ چشم و زرد رنگ کا نام ۔

جیم با فاے

جفا ۔ ستم کرنا بدی کرنا ظلم کرنا برائی کرنا ۔ حافظ ۔ ما جفا از تو نہ بینیم تو ہرگز نکنی + آنچہ در مذہب ارباب طریقت نبود ۔ ولہ ۔ جفا کشیم و ملامت بریم و خوش باشیم + کہ در طریقت ما کافر ایست رنجیدن ۔
جَفتا ۔ بفتح اول ٹھہرا ہوا ہوا کج ہوا ہوا ۔
جفت ۔ جوڑا مقابل طاق اور عورت جو مرد کے نکاح مین ہو ۔ سعدی ۔ شنیدہ ام کہ درین روزہا کہن پیری + خیال بست بہ پیرانہ سر کہ گیرد جفت + نور الدین ظہوری ۔ شود دسمہ بطاق ابرویش جفت + توان نکہت ز چین گیسواش رفت ۔
جفاگستر ۔ ظالم ستمگار ظلم کرنے والا ۔ سعدی ۔ حکایت کنند از جفاگستری + کہ فرماندہی داشت بر کشوری ۔
جفاکار ۔ ظلم کرنے والا ستم کرنے والا ۔ قطعہ از مولف جفا تا کے کنی و ظلم تا کے + بحال خلق اے مرد جفا کار + نمیدیدستی از ان روز مکافات + کہ باشد مرترا ہم با خدا کار ۔
جفیر ۔ بر وزن فقیر تیرون کا ترکش ۔
جَفر ۔ بفتح اول بکری کا بچہ جو چار ماہ کا ہو اور نام ایک مقام کا مکہ معظمہ مین اور نام ایک علم کا جو حروف تہجی سے متعلق ہی اور اسکے قاعدے سے غیب کی خبر معلوم ہو جاتی ہی یہ علم ایجاد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی ہی ۔
جفاکیش ۔ جسکے مذہب مین ظلم کرنا جائز ہو ۔ قطعہ از مولف خدا راضی نگردد از جفاکیش + نگردد از ستمگر حق رضامند + از ان دا گردن کشی زور دستی + نگون ساز دسرش روزی خداوند ۔
جَفاف ۔ خشک ہونا ۔
جَف ۔ پژمردہ و خشک و خوار ۔
جفتک ۔ سرخاب کا جوڑا جسکو ہندی مین چکوی چکوا کہتے مین
جفا آہنگ ۔ ظالم ستمگار ظلم کرنے والا ۔ مولف ۔ از خلق جہان دلتنگ باشد + اگر شخصے جفا آہنگ باشد ۔
جفت ران ۔ ہل چلانے والا زمیندار ۔

جفن - آنکھ کی پلک اور تلوار کا میان۔
جفان - کاسہ ہاے بزرگ بڑے بڑے پیالے اور لگنوں کی مین شبانہ
جفازدہ - مظلوم جسپر ظلم ہوا ہوا - **امیر معزی** - ای عاشق جفازدہ
زیاد شرط نیست + گر دوست نمایست ست غم دوست حاضر ست -
جفاپیشہ - جس شخص کا طریق ظلم کرنا ہو - **مولف** - بروز قیامت
چہ گوید جواب + ستمگر جفاپیشہ پیش خدا -
جفتہ - گدھا جو دولتہ مارتا ہی اور آدمی کے جو تو -
جفاجوے - جسکا ارادہ ظلم کرنے کا ہو - **سعدی** - جفاجوے
راہ بنی گرفت + بکشتن جوانمردرا پے گرفت -
جفتی - جفت ہونا جوڑا ہونا نر و مادہ جانور کا جماع و مباشرت
افضل الدین خاقانی - از ان شد پردہ چشم چو ن بکری آلودہ +
کہ غم با لعبتان دیدہ جفتی کرد پنہانی -

جیم با کاف

جگرتاب - وہ چیز جو طبیعت کو گرم کرے شوق زیادہ ہو -
نورالدین ظہوری - ز داغ ہاے جگرتاب سینہ تاب ندارد + کسے
ز سوختگان این دل کباب ندارد -
جگربند - اندرونی اعضا جگر و شش و دل جسکو عربی مین سواد البطن
کہتے ہین اور فرزند اور جو چیز زیادہ عزیز ہو - **قطعہ از مولف** قضا
چون بگسلد پیوند ہستی + شود از ہر طرف چشم نظر بند + نہ زن
باشد دم ترحیل ہمراہ + نہ ملک و مال فرزند جگر بند -
جگر - اندرونی اعضا مین سے ایک عضو ہی عربی مین اسکو کبد
کہتے ہین ہندی مین کلیجا - **حکیم زلالی** - دلی میکند و جانے میخراشید
زبان دوست جگر بت می تراشید -
جگر - بفتح اول و دوم دکانی تانی اندھیری و باد صرصر و گرد و غبار -
جگردار - مرد دلیر و بے باک و چالاک **صائب** - خط سبز رنگ شد
آن خال سیہ را برو بال + راہزن در شب تاریک جگردار ترست -
جگرسوز - جگر کا جلانے والا نالہ یا آہ وغیرہ - **اسیری لاہجی** نغز از
نالہ و آہ جگرسوز + ندارم در غم عشقش دگر کار -
جگرگداز - غم و اندیشہ جو جگر پر صدمہ پہونچاے -
جگرباز - شجاعت و دلیر آدمی -
جگرجوش - وہ چیز جسکے دیکھنے سے جگر کو جوش ہو - **نظامی** -
خدا کن زچشم جگر جوش من + مشو ایمن از خواب خرگوش من -
جگ - ہلانا دودھ کا برتن مسکہ نکالنے کے لیے اور ژندی زبان

مین شب برات جو پندرہوین شعبان کو ہوتی ہی -
جکاک - وہ انگور جو خراب و ضائع ہو چکا ہو -
جگرگوشہ - پیارا فرزند یا بہ جگر - **کمال خجند** - آن جگر گوشہ جان
شد کہ من اول گفتم + کہ چو شد بہ لبش از شبہ جگر خوارہ شود -
جگرتافتہ - جگر تفتہ - دل جلا عاشق یا بیمار - **نظامی** - شنیدم کہ
رندے جگر تافتہ + درستی ہمی داشت نایافتہ -
جگرسوختہ - دل جلا آدمی نہایت غمگین - **واقف خلجانی** میوہ
ناپختہ ز بام بر آید + ناگاہ جگر سوختہ خام بر آید -
جگاشہ - بڑا خار پشت جسکو سیہی کہتے ہین اور شکار کرنے والے کے
اپنے جسم سے تیر نکالکر مارتا ہی ہندی مین اسکو سیہی کانٹا کہتے ہین -
جگارہ - تدبیرین اور رائین درست بین -
جگرنہ - ایک پرندہ کلنگ کی صورت پر ہوتا ہی اسکی گردن پر سیاہ
پر نہایت خوبصورت ہوتے ہین اور امرا ان پر دنکو ٹوپیون پر لگانے ہین -
جگنچہ - دودھ گرم کرنے کا برتن اور گھی رکھنے کا -
جگی جگی - یہ کلمہ الحاح والتماس و عجز کے اظہار کے وقت کسیکی ٹھوڑی
کو ہاتھ لگاکر بولا جاتا ہی یعنی معاف کر اور بخشش کر کہنا ماہ -
وحدت قمی - از لطف بکشش ز جفا نہ نمیکشی بہ زمین طور ہا سے
تا نہ چہ مطلب جگی جگی -
جگری - جو چیز جگر کے متعلق ہو اور وہ سیاہ رنگ جسمین قدرے
سرخی ہو - **مخلص کاشی** - ندانم تو ز نگی جز آنکہ در شب وصل +
ز زہر چشم تو شد لعل اشک من جگری -

جیم با لام

جلا - بفتح اول اور بغیر ہمزہ اور فارسی بغیر ہمزہ کے گھر سے نکلن
وطن سے بیوطن کرنا یا خود وطن اور گھر سے نکلنا - **مخلص** -
ز جور چرخ جلاے وطن مکن مخلص + کہ در زمین دگر آسمان دگر نیست
جلا - بکسر اول سرمہ یا ایک قسم سرمہ کا اور روشن کرنا زنگ اتارنا
صفا کرنا جلا دینا کسی آئینہ وغیرہ کو - **شعر** - ز کینہ سینہ کے گرد
مصفا نگیرد تا جلا آئینہ تو -
جلا - جلا دینے والا صفا کرنے والا -
جلسا - بضم جیم و فتح لام جمع جلیس ہم نشین لوگ -
جلبا - بضم اول ژندی زبان مین صحت آدمی کا ہو یا حیوان کا عربی مین جلد
جلماتا - غبار جسکو فارسی مین بادرنگ اور ہندی مین کھیرا کہتے ہین
یہ لغت ژندی زبان کا ہی -

جِلبَاب - چادر جو مشہور کپڑا ہی۔
جَل آب - وہ سبزی جو استادہ پانی پر آجاتی ہی۔
جَلَب - بفتحتین فاحشہ اور بدکارہ عورت **کمال یزدی**
عروس زشت جہان با کسے نمی سازد + ہمین بہ ست کہ خاطر این جلب ندہی + **علی خراسانی** - تجہ دنیا عجب در قید دار دخلق را
عاقبت از زر پو رنگ این جلب خواہیم مرد۔
جَلَّاب - کھینچنے والا یعنے لے آنے والا اجار یا یون کا ایک جگہ سے دوسری جگہ مین واسطے فروخت کے **سعدی** - غریب آشنا باش وسیاح دوست + کہ سیاح جلاب نام نکوست + اسپ جلاب
وخر فروشش نیم + مجو گرد کر بیا یانے -
جَلب - بفتح اول کشیدن یعنے کھینچنا اور لیجانا اسباب سوداگری کا ایک شہر سے دوسرے شہر کو۔
جُلب - جاب - بضم وکسر اول تیلا بادل جس سے بارش کی امید نہو۔
جُلَّاب - بضم اول تشدید لام وشربت جو گلاب ور قند سے بنایا جاے یہ لفظ معرب گلاب کا ہی اور ہند مین اُس دوا کو کہتے ہین جو مسہل ہو اور نام ایک شاعر کا جو بخارا مین رہتا تھا اور فن شاعری مین اُستاد تھا۔
جلبوب - مشتق بیچہ جو ایک مشہور بیل ہی اور درختون پر لپٹ جاتی ہی
جَلَافت - اندر سے خالی ہونا بیوقوفی نادانی حماقت ماخوذ جلف سے جو بمعنے جسیم ہی۔
جَلاوت - چوتھا حرف واو روشنی وصفائی۔
جَلالت - بزرگی دولتمندی عزت بڑائی۔
جَلوت - ظاہر کرنا اور دکھلانا اپنے آپ کو مقابل خلوت کے۔
جَلادت - چستی وچالاکی ودلیری وجوانمردی۔
جَلید - برف جو سنز دیوان مین سے آسمان سے برستی ہی۔
جَلد - بفتح اول تازیانہ مارنا وچست وچالاک۔
جِلد - چمڑا آدمی یا کسی حیوان کا اور کتاب کا شیرازہ جو باندھا جاے - **سعید بلخی** - بہارستان دیوانم بطرزے تازگی دارد + کہ جلد او زرنگ و بوئے گل عنوان کردن -
جُلُود - جمع جلد حیوانون کے چمڑے -
جَلمد - بروزن سرمد سخت پتھر۔
جَلَّاد - دُرّے مارنے والا کیونکہ جلد تازیانہ کو کہتے ہین اور جلاد تازیانہ مارنے والا اور جلد اکھاڑنے والا سزا دینے والا **عشائی لکھنو**
آنجا کہ کشد غمزہ جلاد تو شمشیر + خون ریختن از خنجر قصاب نخیزد **ابو طالب کلیم** - در راہ تو جان بر لب و سر بر کف وتیغم + شمع سحرم حاجت جلاد ندارم
جَلمُود - سخت پتھر۔
جِلواد - پہلوے مین سرشت وخود عادت -
جَلوند - چراغ جو جلایا جاتا ہی۔
جُلنار - معرب گلنار سرخ رنگ۔
جِلد گر - کتاب کی جلد بنانے والا۔
جلو ریز - سبک عنان گھوڑا جلد چلنے والا **میرزا جلال اسیر** - کاروان روزگار از غمزہ معوجی برانا آید + جلو ریزی دہم گر گریہ مستانہ خود را۔
جابیز - کمند اور غماز اور مقصد برگزیدہ۔
جِلغوز - ہر ایک چیز مغز دار مثل بادام وپستہ وچلغوزہ وجوز وغیرہ۔
جَلیس - بیٹھنے والا ہمنشیندہ۔
جُلُوس - بیٹھنا تخت شاہی وغیرہ پر۔
جَلف - بفتح اول کاٹنا اور اکھاڑنا۔
جِلف - بکسر اول خالی خم اور وہ حیوان جسکا پوست اُتار لیا ہو اور پھٹا ہوا پیٹ ہو۔
جَلق - مشت زنی کرنا انزال کرنا ہاتھ سے اصل مین یہ لفظ زلق تھا زاے معجمہ جیم کے ساتھ بدلا گیا ہ فرمان سر جلوہ کہ
نلے مشت خالق + ننگی وزاخیش بدست خویش بست -
جَلَّاق - مشت زنی کرنے والا۔
جُلبک - بضم اول وکسر لام وسکون باے موحدہ وہ سبزی جو پانی پر آجاے۔
جَلبھنگ - تربدزرد جسکا ایک درم سے کھانا زہر قاتل ہی۔
جلبک - ایک مرغ خوش آواز چڑیا کی صورت پر ہی خاکی بلبل اسکو کہتے ہین
جاننگ - آواز زنگولہ وزنجیر اور خربزہ ہندوانہ وکدو اور عشق پیچہ کی بیلین اور نام ایک ابجد شمسی کا جو مطلا وغیر مطلا ہوتا ہی۔
جالونگ - درخت ہندوانہ وخربزہ وخیار۔
جَل - بفتح ایک جانور خوش آواز کا نام ہی۔
جُلّ - بضم وتشدید چار یا لوں کی پوشش اور معرب گل یعنے پھول۔
جَلّ - بفتح وتشدید صیغہ ماضی بزرگ ہوا۔
جَلیل - بفتح اول وکسر لام عربی مین بزرگ -
جُلاجِل - بضم اول وفتح لام گھوڑے کی جل ونقاب وپردہ جو محمل اور گہوارہ پر ڈالین **محمد سعید اشرف** - بضم فرش ما دبان

از ہر کنارہ + نمایان چون جلاجل گاہوارہ ۔ فردوسی ۔ برفتند پوشیدہ رویان دو خیل + عماری یکے درمیان جلیل ۔

جلاجل ۔ یہ ساز بجانے کا دو قرص روئین بنائے جاتے ہین اگر بڑے ہون جھانجھ کہتے ہین اگر چھوٹے ہون تو تال بولتے ہین ۔ رانج ۔ بہار عشرتم بژمردہ چندان بی گل رو دیت + کہ چون برگ خزان میریزد از دفہا جلاجل ہم ۔ نظامی ۔ جلاجل زنان شگفت بارون شاہ + کرشمہ تا جور با رود دشمن تباہ ۔

جَلَال ۔ بفتحتین عربی بزرگی دولت حشمت ۔ میر معزی ۔ شہیکہ دولت باقی بدو گرفت جلال + شہیکہ ملت تازی بدو قرار و دجمال ۔

جُلّال ۔ بضم اول و تشدید لام مرغ مردار خوار اور وہ کناس جو بازار کی نجاست گدھے اور اونٹ وغیرہ پر لاد کر لیجائے ۔

جَلّال ۔ بفتح اول و تشدید لام وہ گائے جو گوبر کھا جائے ۔ محمد سعید اشرف ۔ ہجو مین لئے کنجو از ستبر جلال + ہم کش عرعر خود جلال

جلال ۔ بزرگیان عنین آبرو کین ۔

جُلجُلان ۔ بضم ہر دو جیم کشنیز یعنے دھنیا ۔

جُلبان ۔ ماش سبز یعنے مونگ ۔

جلاجل زن ۔ جھانجھ بجانے والا ۔

جلا وطن ۔ جو وطن سے نکل جاوے یا نکالا جاوے ۔

جلو ۔ گھوڑا دوڑانا جولان دینا ۔ ملا طغرا ۔ پیر مغان کی تعریف مین جو فوج نشاط از کمین تافتہ + جلو بر سپہدار تین انداختہ ۔

جَلبُو ۔ ایک قسم کا سبزہ یعنے ساگ ہے جو پودینہ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے

جلالہ ۔ تمام ذات باری جل جلالہ و عم نوالہ ۔ میر معزی ۔ گوید خدائے جل جلالہ بذات خویش + کامروز مومنان را دیدار ما عطا است ۔

جلوہ ۔ اپنا آپ دکھلانا شان و شوکت دکھلانا ۔ شیخ العارفین رحم ست بر در از تنی بندہ فرمایی + پرواز پست جادو سر در والی بلند ۔

جُلگہ ۔ جس جگہ بہت سی گھاس ہو یہ لفظ ترکی ہے ۔

جلغوزہ ۔ ایک میوہ کا نام ہے جسکے درخت کو سوس کہتے ہین اور صنوبر کے درخت کے میوہ کو چلغوزہ بولتے ہین ۔

جَلکارہ ۔ راے و تدبیر و روش و طریق ۔

جانبجوجہ ۔ سریانی زبان مین لہ دینہ ۔

جُلّہ ۔ کھجور کے پتون کا بنا ہوا ٹوکرا جسمین میوہ وغیرہ ڈالتے ہین ۔

جَلسہ ۔ مجلس و نشست بہت سے آدمیون کی ۔

جلی ۔ روشن و ظاہر کاتبون کے نزدیک وہ خط جو موٹے قلم سے لکھا جاوے اور ذکر الٰہی جو آواز بلند پکار کر کیا جاوے قطعہ اسد و از مولف ۔ ع ۔ ہر دو کر دیاد اللہ کو + بذکر خفی و بذکر جلی + نہ بھولو تو خدا کو کبھی ایک دم + کہ ہو جاؤ تم بھی خدا کے ولی ۔

جلقی ۔ جسکو مشت زنی کی عادت ہو ۔

جلدوئی ۔ عوض جزا صلا عطا و نوام ۔ عبد الغنی قبول ۔ مدح آرائے سلیمان جہان باش قبول + جلدوئی اینکہ سزا صاحب دیوان کو دم ۔

جلدی ۔ تیزی گرمی شتابی ۔ باقر کاشی ۔ میربایدز رعایت جلدی + از میان دو چشم ابرو را ۔

جلالی ۔ ایک فرقہ فقرا کا ہے جو اپنے آپ کو سید جلال الدین مخدوم جہانیان اُچی بخاری کے سلسلہ کا مرید کہتے ہین سہروردیہ خاندان کی ایک شاخ ہے ۔

جیم با میم

جمیعاً ۔ سب کے سب تمام ۔

جمشاسب ۔ جمشید بادشاہ کے بیٹے کا نام ہے ۔

جماعت ۔ گروہ آدمیونکا اور نام ایک شکل کا رمل کی شکول شکلون میں سے ۔

جمعیت ۔ جمع ہونا فراہم ہونا اور گروہ آدمیونکا اور فارسی متقابل پریشانی کے ۔ ابو طالب کلیم ۔ تا توانی تا توانان را بچشم کم مبین + ہر یک رشتہ جمعیت دہد گلدستہ را ۔

جمادات ۔ وہ چیزین جو جان نہین رکھتین مثلاً پتھر اور معدنی اشیا ۔

جمست ۔ ایک کم قیمت جوہر کا نام ہے جو نیلا ہوتا ہے ذرا سرخی مائل بعض لوگ سکو نیلم کہتے ہین اس پتھر کے پیالہ مین شراب پین تو کبھی مست نہون اگر اسکا ٹکڑا شراب کے خم مین ڈالدین تو شراب کی مستی جاتی رہے اگر رات کو سر کے نیچے رکھین تو اچھے خواب دیکھین احتلام کا اندیشہ نرہے اس پتھر کی کان مدینہ طیبہ کے نواح مین ہے ۔

جَماد ۔ بفتح اول کنکر پتھر وغیرہ چیزین جو جان نہین رکھتین سوائے حیوانات و نباتات کے ۔ مولانا جامی ۔ جمادی چند دادم جان خریدم + بحمد اللہ عجب ارزان خریدم ۔

جِماد ۔ بکسر اول جمع جمد مقامات بلند اور نیچے پہاڑ اور کریوے ۔

جمود ۔ بضم اول و دوم بستہ ہونا جم جانا پانی وغیرہ کا ۔

جَمود ۔ بفتح اول جما ہوا پانی دودھ وغیرہ ۔

جَمَد ۔ بسر دو فتح یخ و برف و بلند پہاڑ و کریوہ وغیرہ مقامات بلند ۔

جمنود ۔ بفتح اول و ضم ملے فوقانی روحانی خوشی جو کسی نیک عمل کرنے پر

جمشید ۔ نام ایک بادشاہ کا ہے عرب مین اسکو منوشلخ کہتے ہین جم اسکا اصلی نام ہے ایک دن یہ تاج زر مرصع سر پر رکھے ہوئے صبح کے وقت

بتمامتھا اور سورج کی مطلع سے تاج چمک رہا تھا اسوقت اسکے نام پر شید بڑھایا گیا کہ خورشید روشنی کو پہلوی زبان مین کہتے ہین۔

جمغند — آدمی کاہل و سست اور وہ گھوڑا جو اپنی جگہ سے ہل نہ سکے اصل مین لفظ جا سے ساز تھا۔

جمہور — بضم اول گروہ و جماعت و اجتماع و اتفاق۔

جماعہ دار — کسی گروہ یا جماعت کا افسر۔

جمعدار — جسکے پاس روپیہ جمع رہے خزانچی۔

جم غفیر — بفتح اول و میم مشدد بہجوم عام و جماعت کثیر جم کے معنے گروہ اور غفیر کے معنے چھپانے والے یعنے بہت سے۔ فوقانی —
بفرمان او نطق خرد و کبیر + بتفتیش ہر ملک جم غفیر۔

جماہیر — جمہور کی جمع ہے بہت سے گروہ۔

جمار — بکسر اول وہ سنگریزے جو حاجی مناسک حج کے ادا کرنے کے وقت شیطان کو مارتے ہین۔

جمجمہ — ایک قسم کے خنجر کا نام ہے۔

جماعت دار — سردار و رئیس مقدم۔ ملا طغرا۔ مسعود آخر جماعتدار دشتی فصلتان + ہر کرم جون مجنون درین صحرا تواند فرد شد۔

جمعہ بازار — وہ بازار جسمین جمعہ کے روز سوداگری ہوا کرتی ہے جیسا کہ دہلی مین ہے کہ در قلعہ اکبرآبادی کی مسجد کے آگے ہر جمعہ کے روز تجار اپنا اپنا مال لاکر فروخت کرتے ہین۔ میرزا رضی دانش۔ بادہ کو تا سنگ بر نشانہ عالم زنم + جمعہ بازار شب آدینہ را برہم زنم۔

جمار — بفتح اول مغز درخت خرما جسکو فارسی مین پیہ خرما اور عربی مین شحم النخلہ و قلب النخلہ بولتے ہین۔

جمر — بورمو گھوڑا جسکے دونون ہاتھ اور پانون سپید ہون۔

جمار النہر — ایک سبزہ ہے جو ہمیشہ پانی مین پیدا ہوتا ہے پھول اسکا بھی پانی مین ہوتا ہے نیلوفر کی صورت پر۔

جمع انداز — وہ شخص جسکا تیر نشانہ سے خطا کرے۔ طاہر وحید۔ بر زلم جو دہر کس مژہ اش نبو لغلت + نازم آن چشم سیاہ تو کہ جمع انداز ست۔

جمیز — ایک قسم انجیر کے درخت کا ہے جسکے پتے توت کی طرح ہوتے ہین عربی مین اسکو تین الاحمق کہتے ہین۔

جمش — ترکی زبان مین یخ و برف۔

جماش — بسازی کنندہ کھیلانے والا شوخ دلیر مست اور فریبی اور فارسی مین سین مہملہ کے ساتھ ہے۔

جماع — آپس مین جمع ہونا عورت و مرد کا اور مباشرت کرنا قربت کرنا۔

قطعہ از مولف۔ ناتوانی جسم پر چھا جائیگی + ہڈیان لاغر ورنگ زرد کریگا جماع
چند روز اسکی اگر عادت رہی + زار مثل مور کردیگا جماع۔

جمع — تمام اور گروہ آدمیون کا اور نام ایک صنعت شعری کا جو شاعر چند باتین جو الگ الگ ہون ایک شعر مین بیان کردیوے چنانچہ اس شعر مین صنعت جمع ہے۔ فقر و گنج خمول راحت دان + شہرت و مال و جاہ آفت دان + نور الدین ظہوری۔ چہ حسرت ہا کہ بر دل جمع بندم + کنم جون در تماشایت نظر خرج۔

جموع — جماعتین یہ جمع جمع کی ہے۔

جمیع — تمام سب۔

جمشک — جمشاک۔ پاے افزار کفش۔

جمل — بہر دو مفتوح شتر اونٹ۔

جمل و جمل — بضم اول و تشدید و تخفیف میم حساب اعداد حروف ابجد

جمل — بفتح اول و سکون میم حسن و جمال و خوبی صورت و سیرت

جمل — بفتح اول و تشدید میم مفتوح ساربان۔

جمیل — صاحب حسن جمال و حسین۔ قطعہ از مولف۔ از سکون زمین و از قیام فلک + از ظہور کثیر و از وجود قلیل ہذہ تشکیل تشکیل ست حضرت مولی + زہے حسین حسین و زہے جمیل جمیل۔

جمال — حسن خوبصورتی خوبی۔ لموی صابر۔ غم کہ چہرہ ترا منت ست بر دل من + چو بر جمال گل و لالہ ابر و باران را۔

جمام — آسودگی گھوڑے کی تھک جانے کے بعد۔

جمام — بضم و بکسر اول اجلاے آب منی جو مرد کو بسبب ترک جماع کے لاحق ہوجاتا ہے و پیمانہ لبالب۔

جم — بمنزلت و اصل و صاف و پاکیزہ اور نام دوسری عقل کا عقول عشرہ سے اور آنکھ کی تپلی و بادشاہ بزرگ اور نام سلیمان علیہ السلام کا اور خطاب سکندر رومی کا اور نام جمشید بادشاہ اور نام ایک موضع کا علاقہ لغت مین جو مضافات یزد سے ہے۔

جم اسپرم — نام ایک ریحان کا ریاحین باغیہ سے ہے اور شگوفہ اسکا بہت چھوٹا ہوتا ہے۔

جم جم — ایک قسم پا افزار کا جو جیسے اسکے کشادہ اور وہ برس ہوتا ہے

جمان — بمعنی درجانی کے موتی جو سونے کی شکل بنائے گئے ہون

جمازہ — بہ تشدید و تخفیف میم اونٹ تیز رفتار۔

جمعہ — روز آدینہ جسکو ہندی مین شکروار کہتے ہین۔

جمرہ — آگ کا انگارا اور کنکر اور نام ایک بیماری کا جو بعضی انسان

پھوٹی چھوٹی بدن پر نکل آتی ہین اور سخت جلن ہوتی ہو۔
جمیلہ۔ خوبصورت و حسین عورت۔
جُمدہ۔ بزرگ و بلند پہاڑ و کرپوہ۔
جمجمہ۔ بضم ہر دو جیم سر کا کاسا اور لکڑی کا پیالا اور چاہ۔ جو شورستان مین ہو۔ **مغانی بلخی**۔ اسے کعبہ جو ز جمجمہ حرص یا بکش + توفیق کعبہ در قدم دل نہادہ اند۔
جمنہ و جمنا۔ نام ایک دریا کا ہو جو دہلی اور آگرہ کے نیچے بہتا ہو۔ **ملا طغرا**۔ چون تخت شہ زگل نزندم کہ بہر او + آوردہ آب جمنہ ز ملک بہار تخت
جمادی الاولیٰ۔ پانچوین مہینے قمری کا نام ہو۔
جمادی الاخریٰ۔ چھٹے مہینے قمری کا نام ہو۔
جملگی۔ سب سب کے تمام **خواجہ حافظ**۔ دختر رز چند روز سے شد کہ ز ما گم شدہ ہست + رفت تا گیر د سر خود جملگی حاضر شوند۔
جمانی۔ ژندی زبان مین ساقی شراب پلانے والا یا پانی پلانے والا۔
جمد چینی۔ ایک پتھر کا نام ہو جو سفید ہوتا ہو ملح چینی بھی اسکو کہتے ہین آنکھون کی دوا مین مستعمل ہو۔
جَمری۔ ہر چیز بازاری و کم قیمت۔
جمہوری۔ تین برس کی کھینچی ہوئی شراب۔

جیم با نون

جنود کبریا۔ خدا کے لشکر فرشتے وغیرہ جو غیب سے پیغمبرون کی امداد کو آتے تھے۔ **قطعہ اردو از مولف**۔ لشکر نمرود اور اصحاب فیل + گرچہ تھا تعداد مین بے انتہا + سب کے سب مارے گئے وہ جس گھڑی آئے میدان مین جنود کبریا۔
جَنَاب۔ بفتح اول درگاہ و آستانہ اور گرداگرد گھر کے ماخوذ جنب سے جسکے معنے پہلو کے ہین اور فارسی مین نام باری و گرد و شرط و قمار یعنے جوا کھیلنا اور شرط وہ جو دو شخص آپس مین کسی بات پر باندہ معین اور زین گھوڑے کا اور دامنہ زین کا اور تسمہ رکاب کا جسکو جناغ بھی کہتے ہین۔
جُنَاب۔ بضم اول عربی مین درد پہلو جو بیماری مشہور ہو اور دکان فارسی مین
جناب۔ بکسر اول وہ رستا جو گھوڑے کے گلے مین باندھا ہو اسواسطے کہ اسکو جہان چاہین لیجائین۔
جنوب۔ بفتح اول ایک سمت زمانہ کے چار سمتون سے جو شرق و غرب و شمال و جنوب ہین اگر کوئی شخص منہ اپنا مغرب کو کرے تو بائین سمت جنوب ہوتا ہو اور اگر مشرق کی سمت چہرہ ہو تو دہنی سمت جنوب ہو۔ **مولف**۔ کہ دارد ای شہ خوبان بجز تو چہرۂ خوب + جمال و حسن دلاویز و شکل خوش اسلوب + گہے بزیر نظر آئی و گہے بالا + گہے بشرق و مغرب گہے شمال و جنوب۔
جنائب۔ آراستہ گھوڑے کوتل گھوڑے جو امرا کی سواریون کے ساتھ بطور اعزاز و فخر و زینت کے لیجاتے ہین یہ لفظ جنیبت کی جمع ہو۔
جُنُب۔ بضم اول و دوم وہ شخص جو بعد جماع کے نہانے کے لائق ہو جسم اسکا پلید اور نہانا اسپر فرض ہو چکا ہو۔
جَنب۔ بفتح اول و سکون ثانی پہلو و کنارہ۔ **مولانا فوقانی** کنم حاصل حیات تازہ بعد از مرگ فوقانی + اگر مدفن بجنب روضۂ خیر البشر گردد۔
جنابت۔ دور ہونا ایک طرف ہونا الگ ہونا اور فقیہون کے نزدیک بعد جماع دور ہونا پاکیزگی سے غسل فرض ہونا نہانے کی حاجت ہونا۔
نظیری نیشاپوری۔ صد فکر اثر ز طاعتم بردارد + صد سہو سر از عبادتم بردارد + با این وسواس نیتم نیست درست + غسال مگر جنابتم بردارد۔
جنیبت۔ بروزن ہزیمت کوتل گھوڑا جو امراء کی سواری کے ساتھ ہوتا ہو جنائب اسکی جمع ہو۔ **میر خسرو**۔ عرش بر راز جنیبہ بارش را + پای گم شد جنیبہ و [illegible] را۔
جُنَات۔ بضم اول جمع جانی گنہگار لوگ۔
جنت۔ بہشت اور وہ باغ جسنے درختون کی کثرت سے زمین کو چھپا لیا ہو اور وہ فصیح رہے کہ عربی مین جس لفظ مین جیم اور نون ہو اسکے معانی مین پوشیدگی ملحوظ ہوتی ہو چنانچہ جن وہ بھی پوشیدہ ہین اور جنین وہ بھی مان کے پیٹ مین ہوتا ہو اور جُنّہ یعنے سپر وہ بھی انسان کو چھپا لیتی ہے یعنے انسان اسکی پناہ مین آجاتا ہو یعنے زیر سایہ علی ہذا القیاس **لغتیہ از مولف**۔ سمجھتا ہون ترے مدفن کو قبلہ + ترے روضہ کو جنت جانتا ہون + جو فرمان مجھپہ نافذ یا نبی ہو + دل و جان سے وہ برحق مانتا ہون۔
جَنّات۔ بہت سے بہشت اور باغ یہ لفظ جمع جنت کی ہو۔
جنایات۔ تقصیرین اور گناہ۔
جَناح۔ بفتح اول مرغ اور ہاتھ کا بازو اور مقدمہ حال لشکر یعنے ہراول فوج جسکو فی زمانہ لین ڈوری کہتے ہین۔
جُناح۔ بضم اول گناہ و تقصیر۔
جُند۔ بالضم لشکر و سپاہ اور نام ایک دوا کا۔
جَنَد۔ نام ایک شہر کا توران مین۔
جُنود۔ بہت سے لشکر یہ جمع جند کی ہو۔

جنید - بضم اول یہ بزرگ بغداد مین پیر طریقت تھے اور امام الاولیا خطاب تھا سریانی زبان مین وہ پھول جسکو عربی مین ورد کہتے ہین -
جنبید - بضم اول وسکون ثانی وکسر باے موحدہ سریانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو فارسی مین اوشہ اور عربی مین سعتر کہتے ہین -
جنتر - ایک ساز کا نام ہی جسکو ہندی مین بین کہتے ہین اصطرلاب وغیرہ آلات علم نجوم کو بھی جنتر بولتے ہین -
جنگ آور - جنگ ور - جنگ باز - لڑنے والا بہادر دلاور سپاہی جنگی - چراغ الدین روشن - نہادہ بسر افسر سروری + بجور ستم بمیدان جنگ آوری + مولانا جامی - دہد در جلوہ گاہ جنگبازی + مراز ہر برادر سرفرازی + سعدی - تو ہم جنگجو رباش چون کینہ خاست + کہ با کینہ ور مہربانی خطاست -
جنیر - ایک قصبہ دکن مین ہی اور دوسرا قصبہ سنیر دونون قصبے مشہور ہین بدیعی - در دکن آخر بدیعی را مقید ساختہ + گلعذاران جنیر و لالہ رویان سنیر -
جنجر - نام ایک گھانس کا ہی جو سرخ مایل بسیاہی ہی -
جند بید ستر - خایہ سگ آبی جو دوائی مین مستعمل ہی تشریح اسکی ادویات کی فصل مین لکھی جائیگی انشاء اللہ تعالے -
جندر - ژندی زبان مین توشکخانہ جس جگہ امراے اعظام کی پوشاکین رہتی ہین
جنگار - جسکو خرچنگ فارسی مین اور عربی مین سرطان کہتے ہین -
جنیور - پل صراط جو قیامت کو بہشت اور دوزخ کے درمیان قائم کیجائیگی -
جنس - ایک قسم ایک اصل ایک ذات اور نوع مگر نوع اور جنس مین اتنا فرق ہی کہ بنی آدم سب ایک جنس ہین نوع فرنگی حبشی - ایرانی - ہندی وغیرہ - سعدی - بری ذاتش از تہمت ضد و جنس + غنی ملکش از طاعت جن وانس -
جناس - عبارت یا شعر دو لفظ لانے جو تلفظ مین مشابہ ہون -
جنگوس - وہ بیمار جو بیماری سے اچھا ہو گیا ہو مگر بسبب ضعف چل پھر نہ سکتا ہو
جنیبت کش - گھوڑے کا نوکر سائیس و میر آخور -
جنازہ کش - جنازہ اٹھانے والے لوگ - خواجہ آصفی - اغیار را جنازہ کشی غیر ما نبود + ما بہر خاطر تو بلاہا کشیدہ ایم -
جنبش - حرکت کرنا ہلنا -
جناغ - جناق - بفتح اول وہ شرط جو دو کس آپس مین باندھین و بضم اول دامنہ زین و زین پوش - محمد قلی سلیم - بستیم ز عہد تو دل ای شکستیم + با خویش جناغی بسر یار شکستیم -
جنگ - بفتح اول لڑائی فساد جھگڑا تکرار - سعدی - زنے جنگ پیوستہ با شوی خویش + شبنگاہ چو زنتش تہیدست پیش -
جنگ - بضم اول بڑی جلد کی کتاب جسمین ضروری مطالب کی تحریرین لکھی ہون -
جنبک - جست مارنا کودنا -
جنبش اول - آسمان اور ستارون کی حرکت -
جندل - بروزن صندل بڑا پتھر اور نام ایک شخص کا فریدون کے مصاحبون سے جسکو اسنے بادشاہ یمن کے پاس اسکے لڑکیکی خواستگاری کے لیے بھیجا تھا -
جندال - شرانگیز فاسق فاجر و بے اعتبار -
جنادل - جمع جندل سینگ پتھر وغیرہ -
جَنان - بفتح اول آدمی کا دل -
جنان - بکسر اول بہشت یعنے جنت - لغتیہ از مولف - اندو گشتہ سرسبز باغ جنان + ز نورش منور چراغ جنان -
جُن - بضم اول سپر یعنے ڈھال -
جن - مشہور پیدایش ہی اللہ فرماتا ہی وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون - لغتیہ از مولف - ہی روشن بہر سمت نور محمد + ہی سب جن وانس ظہور محمد -
جنین - بچہ جو ابھی پیٹ مین ہو -
جنون - بضم اول و دوم دیوانگی و تغیر حالت و خبط مزاج و عشق بیتابی ناصر علی - خط سبزی جنون بعالم زد + یارب این سایہ کدام پری ست -
جِنّہ - بکسر اول قوم جن و دیو و پری -
جُنّہ - بہت چوڑی ڈھال -
جُنابہ - دو بچے توام جو ایک حمل سے پیدا ہون -
جنازہ - مردہ کا تابوت - [illegible] نہ اسنے پرنہ آسکے ولر اپنے جنازہ پر + وہ مکا تراج ہی پانون کو تھے منہدی لگا بیٹھے -
جندرہ - بروزن طنطنہ وہ دو لکڑیان جس سے کپڑون کو چرخ چڑھا کر صاف کرتے ہین - سید محمد جامہ باف مکری ہاتھی کی تعریف مین - فیلت کہ بخرطوم کند حملہ چو مار + بازش چو اجل برآرد از خصم دمار + خصم تو کہ در لباس ناہموار ست + چون جندرہ سا ندش بدندان ہموار +
جنبیہ - ایک ہتھیار کا نام ہی جسکو جمدر کہتے ہین -
جنتوریہ - ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین قنطوریون کہتے ہین -
جنی - ایک جن کیونکہ جن اسم جنس ہی اور جن مشتق جنن سے ہی جسکے معنی چھپنے کے ہین -
جنگی - لڑنے والا جنگ کرنے والا - قطعہ از مولف - چون باغ

جہان خزان آید + نہ دو رنگی بود نہ یکرنگی + صلح باقی بود نہ طالب صلح + جنگ ماند نہ لشکر جنگی -

جنطی - یونان کے ایک بادشاہ کا نام ہی جنطیانہ جو ایک مشہور دوا ہی اسی کے نام سے منسوب ہی کہ اُسکے وقت مین یہ معلوم ہوئی اور وہ ایک بیخ سرخ رنگ ہوتی ہی جسکو جنطیس الملک دواالحیہ وکف الذیب عربی مین کہتے ہین -

جنقی - ترکی مین مشورہ کرنا اور تجویز کرنا -

جنگلا ہی - ژندی زبان مین غلیواز جسکو ہندی مین چیل کہتے ہین اور وہ مشہور پرندہ ہی -

جیم با واو

جوزبویا - جوز بوا مشہور پھل ہی جسکو جایفل کہتے ہین اصلی نام اُسکا جاے پھل تھا دوا مین مستعمل ہی مفصل تشریح اسکی لغات متعلق علم طب مین لکھی جائیگی -

جوزا - سیاہ بکرا جسکی کمر سپید ہو اور نام تیسرے برج کا آسمانی برجون سے - حافظ - جوزا سحر نہاد حمایل برابرم + یعنے غلام شاہم و سوگند میخورم -

جوا - جوی - بروزن نوا سوزش دل جو عشق و محبت سے پیدا ہو -

جویا - ڈھونڈنے والا تلاش کرنے والا -

جورب بفتح اول جوزہ اور وہ چیز جس سے پانون ڈھک لیے جائین -

جواب - وہ تقریر جو کسی کے سوال مین کیجاے یعنے پاسخ اور وہ چیز جو کسی کے مقابل ہو -

جواب - وہ پانی جسمین غلہ جو کو جوش دیکر بیمار کو دیا جاوے آش جو بھی اسکو کہتے ہین -

جوع الکلب - کتے کی بیماری یہ ایک بیماری ہی جس سے آدمی ہمیشہ بھوکا رہتا ہی ہر وقت کھانے کی خواہش طبیعت مین رہتی ہی کبھی سیر نہین ہوتا -

جواذب بفتح اول کمنزال جمع جاذبہ بہت سی کشش کرنیوالے کھینچنے والے

جواذب بضم اول ایک قسم کا کھانا ہی جو کھانڈ چانول گوشت ملاکر پکاتے ہین -

جوانب - جانب کی جمع ہی بہت سی طرفین اور سمت -

جودت - بفتح اول نیکی اور نیک ہونا اور خوبی ہر چیز کی -

جودت - بضم اول گھوڑے کی تیز رفتاری -

جوان بخت - جوان دولت - جوان سال - صاحب بخت و دولتمند و نوعمر جوان - س الہی ز جہان باشی با قبال + جوان بخت و جوان دولت جوان سال + نظامی - کہ از جہانہ تاجداران روم + جوان دولتی بود زان مرز و بوم -

جوست - معرب گوست جو آتش پرستون کی ایک مذہبی کتاب کا نام ہی -

جوارح - آدمی کے ہاتھ پانون -

جوخ - پیادہ لشکر و فوج -

جوخ - اون کا کپڑا اور نمد جو فقرا پہنتے ہین -

جور آباد - ایران مین ایک موضع کا نام ہی - شفیع اثر - ایکہ جور آباد شمشیر باقطاع من ست + سایہ دشتی کہ اباہم بکام دشمن ست -

جوہر فرد - جزو لایتجزے یعنے وہ جزو جو تقسیم نہو نہ عقلاً نہ وہماً نہ فرضاً کنایہ دہان محبوب - عرفی - چون بہانہ بچہ شوم ملزم ارباب کلام + خندہ جوہر فرد ست دلیل تقسیم -

جود - بفتح اول نیک اور اچھی چیزین اور بہت سی بارش -

جود - بضم اول بخشش اور سخاوت و مہربانی - شعر - منبع بخشش تو ئی ابر کرم باران جود + معدن اکرام و دریاے عطا ابر سخا -

جوامرد - سخی کریم صاحب مروت و نیکی و بہادر و شجاع - ذوقی - زمردان جہان باشد ہمان مرد + کہ باشد صاحب لطف و جوانمرد -

جواد - بفتح اول و تخفیف واو نام نامی حضرت باری تعالی اور نہایت سخی اور گھوڑا تیز چلنے والا اور اس لفظ کو واو کی تشدید سے پڑھنا خطا ہی -

جواہر - جمع جوہر کی بہت سے جوہر -

جواہر بلور - یہ مصنوعی جواہر بلور کا سرخ و سبز وغیرہ رنگ دیکر نگینہ بنالیا جاتا ہی بعض نگینہ دوہرا ہوتا ہی اور بعض اکہرا دوہرے کو دولکا کہتے ہین اور اکہرے کو ایک پلکا بولتے ہین - راضی - مقدر سخنم بر غلط بصد رنگ ست + چو از بلور تراشد کسی جواہر را -

جوبار - پانی کی نہر اور نام ایک محلہ کا شہر بخارا کے محلون مین سے - سیفی - آب بکشایم دمی صد بار جوے دیدہ را + تا مگر آن سرو آید بر لب جوبار من - مفید بلخی - نصیب صاف دلان ست عیش این گلشن + ہمیشہ سرو سہی در کنار جوبار ست -

جور - بہت سی شراب پلاکر حریف کو بیہوش کر دینا ظلم کرنا ستم کرنا - اوحدالدین انور - درخت گر متحرک شدی ز جاے بجاے + نہ جور ارہ کشیدی و نے جفاے تبر -

جوشن کبیر - ایک قسم زرہ کی ہی جو قیمتی اور عمدہ ہوتی ہی اور نام ایک دعا کا جو عامل لوگ پڑھتے ہین جسکے عمل مین وہ ہوتی ہی کوئی دشمن اُسپر غالب نہین ہو سکتا - عبد الغنی قبول - تجسم

من کہ زرکو چاک دلے ظفر دیدم + ہمین بس ہست بہر جوشن گہر مرا۔
جوہر۔ معرب گوہر ہر ایک قسم کے جواہرات موتی ہیرا سبزہ وغیرہ اور وہ چیز جو بذات خود قایم ہو عرض کے مقابلہ پر اور عرض وہ ہی جو بذات خود قایم نہو بلکہ عرض کا قیام جوہر کے وسیلہ سے ہو جیسے کہ لوح اور نقش لوح جوہر ہی اور نقش عرض اگر لوح نہو تو نقش کا قیام محال ہی اور کپڑا اور رنگ کپڑا جوہر ہی اور رنگ عرض ہی علی ہذا القیاس۔ ملا قاسم مشہدی۔ لب زخمم بشکر خندہ چو دمساز آید + گس جوہر شمشیر بہ پرواز آید۔
جوع البقر۔ گاے کی بھوک یہ ایک بیماری ہی کہ انسان کی بھوک بڑھ جاتی ہی ہر وقت کھانے کو جی چاہتا ہی۔
جوے شیر۔ وہ دودھ کی نہر جو فرہاد جنگل سے کھود کر شیرین کے محل مین لایا تھا اور وہ نہر پتھر کی ایسی مصفا بنائی گئی تھی کہ چراگاہ مین جسقدر دودھ گاے بکری کا ہوتا نہر کے ذریعہ سے شیرین کے محل مین تازہ تازہ آجاتا۔
جوزہر۔ معرب گوزہر کہ جزو اول اجزاے فلک قمر سے ہی اور تین اجزا باقیماندہ پر محیط ہی۔
جوار۔ بکسر اول وضم اول ہمسائگی اور پڑوس یہ لفظ بفتح جیم پڑھنا خطا ہی۔ رباعی از مولف۔ ہر آنکس کہ اندر جوارت بود + بہ مشکل مددگار زیارت بود + بہر حال خوش دار ہمسایہ را + کہ ہنگام غم غمگسارت بود۔
جوذر۔ معرب گوجرہ جو ہندی و فارسی لفظ ہی یعنے گاے کا بچہ مگر گوجرہ و گوذرہ جنگلی گاے کے بچہ کو کہتے ہین اور پارہ پارہ و ذرہ ذرہ۔
جوذر۔ یہ ایک گھانس ہی جو گیہون اور جو کی زراعت مین پیدا ہوتی ہی۔
جوجز۔ ایک وزن ہی اڑتالیس رتی کا۔
جوزر۔ بہ زاے ہوز پارہ پارہ و ذرہ ذرہ۔
جوربور۔ ایک پرندہ کا نام جو جنگل مین رہتا ہی خروس کیطرح اسکی شکل ہی اندرو بھی اسکو کہتے ہین۔
جوز۔ معرب گوز وسط کسی چیز کا اور گردگان جسکو ہندی مین اخروٹ کہتے ہین اور ہر ایک میوہ جو گول ہو چنانچہ جوز ہندی یعنے ناریل۔
جواز۔ روغن نکالنے کا چوبی آلہ جسکو ہندی مین کولو کہتے ہین نیشکر کا شیرہ بھی کولو کے ذریعہ سے نکالتے ہین۔
جوایز۔ عطایات و انعامات اور تحفے۔
جوالدوز۔ وہ بڑا سوا آہنی جس سے باربرداری کے گون سیے جاتے ہین۔ محمد سعید اشرف۔ این بخیہ کہ میشود بسوزن + نتوان بجوالدوز کردن۔

جواسیس۔ جمع جاسوس بہت سے قاصد اور خفیہ خبر لینے والے۔
جوش۔ اُبلنا ہنڈیا کا اور دھڑکنا دل کا و غضب و غصہ و جوش خون۔ میرزا جلال اسیر۔ میتواند جوش زد تا آسمان آخر دل ست + میتوان داشت تیر سے در گمان آخر دل ست + عرفی۔ خون جوش ہمی زند بخاکم + از کشتہ خود مکن فراموش۔
جوارش۔ مرکب کوئی دوا جو خوش مزہ ہو اور مطبوع طبع معرب گوارش بخلاف معجون کے کہ اسمین خوش مزہ ہونا شرط نہین ہی۔ خاقانی۔ اخلاق و حدیث خوشگوارش + بودند فواکہ و جوارش۔
جوشن پوش۔ وہ شخص جس نے زرہ پہنی ہو۔ صائب۔ مشو ہرگز دمی ایمن ز خصم ناتوان صائب + کہ از اندک نسیمے بحر جوشن پوش میگردد۔
جوشش۔ جوش کرنا گرمی مین آنا اُبلنا۔
جوع۔ گرسنگی بھوک۔ فریدالدین عطار۔ نفس نتوان کشت الا باسہ چیز + یاد دار ای صاحب عقل و تمیز + خنجر خاموشی و شمشیر جوع نیزہ تنہائی و ترک ہجوع۔
جوامع۔ جامع کی لفظ کی جمع ہی۔
جواہر تسع۔ نو آسمان اور نو رتن یعنے لعل و مروارید و الماس و زمرد و یاقوت و فیروزہ و مرجان و نیلم و عقیق بعض عقیق کی جگہ لہسنیا شمار کرتے ہین۔
جوف۔ شکم اور اندرون ہر چیز جو خالی ہو۔
جوالق۔ معرب گوالک جیسے کہ جوال معرب گوال جسکے معنی گون و رچھے کے ہین۔
جوزق۔ معرب غوزہ ہی روئی کا ناشگفتہ ڈوڈہ جو ابھی خام ہی جب روئی کا پھول خشک ہو کر جھڑ جاتا ہی تو جوزق تیار ہوتا ہی جب یہ پک جاتا ہی تو پھر روئی نبتی ہی اور روئی اسمین سے نمودار ہوتی ہی۔
جوق۔ بروزن طوق نوح و لشکر و گروہ آدمیون کے ہون یا چارپاون و پرندون کے اور وہ لکڑی جو بیلون کی جوڑی کی گردن پر بوقت چلانے قلبہ و دولاب کے باندھتے ہین ہندی مین اسکو پنجالی کہتے ہین۔ محسن تاثیر۔ شب نیست کہ از پیچ فلک راہ دمادم + تاثیر دو صد جوق کبوتر بپرانم۔
جوسق۔ معرب کوشک محل و عمارت بلند۔
جوسنگ۔ جو کے وزن کے برابر۔
جوناک۔ ژندی زبان مین غمناک و دلگیر۔
جوزہ دوک۔ وہ چرخی خرد جو تکلے مین ڈالکر اسپر سوت کاتتے ہین۔

جوشاک - جوش دنیا اور جوش دی ہوئی چیز۔
جوشک - کوزہ لوله دار یعنے ٹوٹی دار۔
جوکک - چڑیا جو مشہور پرند ہی۔
جولاہک - عنکبوت یعنے مکڑی۔
جوال - چھٹی اور گون ٹاٹ کی جسمین غله وغیره بھرکر اونٹ اور گدھون پر لادتے ہین اور گدڑی فقرا کے پہننے کی اور بدن اور جسم انسان کا۔ **نظامی** - ہم از بہر مردے ہم از بہر حال * بکوشیم تا جان بود در جوال۔
جوہر فعال - بتشدید عین عقل عاشر اور حکما کا قول ہی کہ سوا اے نو فرشتون اور آٹھ آسمانون کے تمام جہان کو اللہ تعالے کے حکم سے عقل عاشر نے پیدا کیا ہی۔
جوہر اول - جبریل علیہ السلام یا قلم یا نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم۔
جوز ماثل - دھتورے کے درخت کا پھل پوری تشریح اسکی الفاظ تعلق علم طب کی فصل مین لکھی جائیگی۔
جول - بہ واو مجہول بیابان وجنگل وغلیواز جو مشہور پرندہ ہی۔
جُوام - بضم اول دن جسکو فارسی مین روز عربی مین یوم کہتے ہین یہ لغت ژند یا ژند زبان کا ہی۔
جوان اسپرم - یہ ایک ریحان اقسام ریاحین سے ہی۔
جوامع الکلم - بفتح کاف وکسر لام یہ چند حدیثین رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ہین کہ باوجود اختصار اور تھوڑی لفظون کے مطالب وفوائد کثیرہ اُنسے حاصل ہوتے ہین۔
جوان - طاقتور و رو بزور و تازہ اور برنا اور نوعمر پیر کے مقابلہ پر **ملا شانی تکلو** - من از بے مہری افلاک بنالم کہ روز و شب * بلا ہاے جوان ترین ما دران پیر میزاید۔
جوشقان - ایک قسم عمدہ فرش کی ہی **مسیح کاشی** - می کجا درخور گدایان ست * لایق بزم بادشاہان ست * قالی جوشقانی زربفت * پاسے نغز برہنہ پایان ست *
جوشن - بفتح اول سینہ اور زرہ اور نام ایک جنگلی لباس کا جو سواے زرہ کے ہی کیونکہ لوہے کے صرف حلقے ہوتے ہین اور جوشن علاوہ حلقون کے لوہے کے ٹکڑے بھی ہوتے ہین **طالب آملی** - باجنان دست و چنان تیغ عجب نیست اگر * شوق زخم تو براعدا بدرد جوشن را *
جولان - پھرنا اور پھیرنا گھوڑے کا میدان مین اور زنجیر - **نظامی** - ازانجا سوے صحرا ران گشادند * بصیدانداختن جولان گشادند۔

جوعان - گرسنہ بھوکا خالی پیٹ۔
جون - نام دریا جو ہند مین مشہور ہی جمن اور جمنا بھی اِسکو کہتے ہین
جوزن - ساحر وجادوگر۔
جوستان - ہموار زمین کا جنگل۔
جویان - ڈھونڈتا ہوا تلاش کرتا ہوا۔
جوازان - ہاون لکڑی کا ہو یا لوہے یا پتھر کا جسکو جھُو اور اوکھلی کہتے ہین
جوپلین - آلہ چوبین جسکے ذریعہ سے کپاس سے بنولے الگ اور روئی الگ کرتے ہین ہندی مین اِسکو اوٹنی کہتے ہین۔
جوجن - اڑتالیس رتی کا وزن اور مسافت چار کروہ کی۔
جودان - قسم ایک انار کی ہی جسکے دانے خشک اور بے آب ہوتے اور وہ سیاہی جو گھوڑے کے دانتون پر ہوتی ہی جس سے اِسکی جوانی وپیری پہچانی جاتی ہی اور قسم بید کی لکڑی کا اور حوصلہ پرند کا جسمین اُنکا کھایا ہوا دانہ رہتا ہی اور ایک قسم کا کافور جو نہایت خوشبودار ہوتا ہی
جوزن - یہ ایک بیماری وآفت جو اور گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی جس سے تمام کھیت کا رنگ زرد ہوجاتا ہی اور یہ آفت اکثر زیادہ ہونے ابر اور دھوپ کے کم ہونے سے کھیتون پر نازل ہوتی ہی ہندی مین اِسکو گردی کہتے ہین اور جلانا اشیاے خوردنی اور گھی وغیرہ کا آگ مین جسکو ہند کے لوگ ہوم کہتے ہین۔
جوزجان - ایک شہر کا نام ہی۔
جوسبونتن - ژندی زبان مین لینا اور پکڑنا۔
جون - وہ لکڑی کا آلہ جسکے ساتھ بیل جوت کر غلہ بھوسہ سے جدا کرتے ہین
جوسریان - نام ایک گروہ بدمذہب کا ہی کہ خداتعالی کی ذات کو جوہر کہتے ہین
جوّ - بفتح اول وتشدید واو وہ فاصلہ جو زمین و آسمان مین ہی اور کرۂ ہوا کا۔
جواہر دارو - وہ نسخہ جسمین مروارید وغیرہ پیسے جائین اور آنکھون مین لگایا جاے
جَو - مشہور غلہ ہی جسکو عربی مین شعیر کہتے ہین اور مضراب ساز کا جس سے ستار وغیرہ بجاتے ہین اور ہر ایک چیز جو تھوڑی مقدار مین ہو اور پنجابی جو بیلون کے گردن پر باندھتے ہین اور ہر درجہ جو اسفل ہو مقابل اعلی کے **ع** از مکافات عمل غافل مشو * گندم از گندم بروید جو زجو *
جوجو - پارہ پارہ ریزہ ریزہ ذرہ ذرہ۔
جوبجو - بالکل تمام وکمال سب کا سب۔
جوابدہ - جواب دینے والا بازپرس کے لائق - **قطعہ از مولف** - آدمی آج دار دنیا مین * بُرا کرتا ہی کام یا اچھا * وہی عقبی مین

پوچھا جائیگا + وہی ہوگا جوابدہ اسکا -
جوئندہ - ڈھونڈھنے والا تلاش کرنے والا - **مولف** - خدا کو جو کوئی ڈھونڈے وہ پائے + کہ ہی جوئندہ یابندہ ہمیشہ -
جواہر سرمہ - وہ سرمہ جسمین جواہر پیسے جائین - **میرزا صائب** - مئے لعلے جواہر سرمہ ساز ظلمت شب را + کند نقل غم راب تلخ چشم مور کوکب را + **محسن تاثیر** - گشتہ ناساز از خط لعلش دماغ ساز من + از جواہر سرمہ دارد بستگی آواز من -
جور پیشہ - ظالم ستمگار نا انصاف - **سعدی** - نکند جور پیشہ سلطانی + کہ نیاید ز گرگ چوپانی -
جورہ - بروزن غورہ - جفت وہمرنگ وہم وزن و مقابل یہ لفظ ہندی ہی مگر فارسیون کے استعمال مین ہی **مسیح کاشی** - شہباز فلک جورۂ این کرگس نیست + چون خرقہ شالم بجہان اطلس نیست + در دہر کسی ہمسر این ناکس نیست + از پیش نرفتہ است واندر پس نیست +
جوشبیرہ - یہ ایک کھانے کا نام ہی جو فطیر آٹے سے بناتے ہین اور قیمہ اسمین ڈالتے ہین - **محمد قلی سلیم** - آورد بہر جوشبیرۂ او + ران خود را بپاے خود آہو -
جَودہ - بفتح اول نیکی اور نیک ہونا اور خوبی -
جُودہ - بضم اول دوڑنا اور تیز چلنا گھوڑے کا -
جُونہ - عطردان اور عطار کا ڈبہ جسمین عطر رکھتا ہی -
جوہہ - دوشاخہ دور باش -
جُولہ - نساج یعنے سفید باف جولاہہ -
جولیدہ - پریشان و متفرق -
جواہر مجردہ - عقول عشرہ جو دس فرشتے ہین -
جَوّالہ - بتشدید واو بہت پھرنے والا اور وہ لکڑی جسکے دونون سرون پر چکنی لتی باندھکر اور آگ لگاکر پھراتے ہین -
جوبہ - جس شہر مین دور دور سے اسباب تجارت کا آکر فروخت ہو -
جوترہ - مینار بلند -
جوجادہ - یہ ایک دوا جو کی صورت پر مگر اُس سے باریک ہی دوا مین مستعمل ہی -
جُوجہ - مرغی کا بچہ جسکو چوزہ کہتے ہین -
جَودرہ - یہ ایک روسی پہلوان کا نام ہی اور نام ایک گھانس کا -
جوزینہ - ایک حلوے کا نام ہی جو اخروٹ کے مغز کا بناتے ہین -
جوسہ - گھر اور محل اور کوشک -
جولہ گاہ - چراگاہ جسکو مرغزار کہتے ہین اور جس مقام پر زیادہ گھانس ہو -

جوانی - ضعیفی کے مقابلہ پر جوان ہونا - **مولانا اکبر** - بہر بندہ حق میکند مہربانی + کہ ذاتش ندارد درین کار ثانی + دہد بچہ را زور و شور جوانی + بہ بیدست و پا طاقت پہلوانی -
جولانی - گھوڑا اور شراب کا پیالہ - **غزالی مشہدی** - آنرا کہ درد عاشقی در ساغر دل ریختند + کے صاف عشرت میرسد زین نیلگون جولانیش
جوے - نہر پانی کی پانی کا بہاؤ - **میرزا صائب** - جوی شیر از جسگر سنگ بریدن سہل ست + سر کہ بر پاے ہوس تیشہ زند کوہکن ست -
جودی - نام پہاڑ کا جسپر نوح کی کشتی ٹھہری تھی -
جونی - نام ایک رومی مہینے کا -
جولقی - پشمینہ پوش درویش قلندر -
جوجی - نام ایک نامی مسخرے کا ہی -
جوہری - جوہر شناس جواہرات کا پہچاننے والا اور نام ایک فرقہ کا جو ذات خداوند جل و علا کو جوہر کہتے ہین - **سہ** - می شناسد آدمی را آدم اہل نظر + قدر زر زرگر بداند قدر جوہر جوہری -
جوہر ثانی - دوسری عقل عقول عشرہ سے -
جواری - کنیزین اور لڑکیان اور کشتیان اور جاری رہنے والی چیز
جوز ہندی - مغز ناریل کا -
جوز خراسانی - اخروٹ جو مشہور ہی -
جوزی - ایک محدث فاضل مشہور ہین جو جوز کے رہنے والے تھے -
جوہر علوی - آسمان اور روح اور آتش یعنے آگ جسکا جوہر سب سے بلند ہی
جوہی - ایک پھول کا نام ہی جسکو ہندی مین جوئی کہتے ہین -

جیم با ہاے ہوز

جُہلا - جاہل لوگ نادان اور بے خبر لوگ -
جہل مرکب - بیخبری محض اسقدر کہ قلعی کو چاندی تصور کرے مقابل جہل بسیط کے - **ملا علی قمی** - ز چشم اعتبار انداخت خسارت گلستان را + لبت نگذاشت در جہل مرکب آب حیوان را + **نظم** آنکس کہ بداند و بداند کہ بداند + او اسپ سبک سیر با فلاک جہاند + آنکس کہ بداند و بداند کہ بداند + او نیز خر خویش بمنزل برساند + آنکس کہ نداند و بداند کہ بداند + + در جہل مرکب ابد الدہر بماند -
جَہالت - بفتح اول و دوم جاہل ہونا بیخبر ہونا -
جِہت - بکسر اول و فتح ثانی طرف و جانب -
جہات - جمع جہت کی بہت سے اطراف -
جہد و جُہد - بضم اول و فتح اول طاقت و کوشش و رنج و مشقت -

صائب - سبز یادہ طوطی ز عمر جہد ی کن + کہ چون قلم زتو بر سر قدم اثر ماند -
جہد - جہید - نہایت کوشش حد سے زیادہ کی -
جہاد - مذہبی لڑائی جو کفار کے ساتھ ہو -
جہان آباد - شہر دہلی کا نام اگرچہ شاہ جہان بادشاہ نے شاہجہان آباد رکھا تھا مگر اہل فارس اسکو جہان آباد کہتے تھے - **ذوقی** - شہ جہان بادشہ جہانے را + کرد آباد در جہان آباد -
جَہر - ظاہر کرنا آشکارا کرنا آواز بلند کرنا بلند آواز سے پڑھنا اور وہ ذکر الٰہی جو بلند آواز سے کیا جاتا ہی -
جہاد اصغر - کفار کے ساتھ لڑنا جنگ کرنا -
جہاد اکبر - اپنے نفس کے ساتھ لڑنا اور اسکو مغلوب کرنا - **قطعہ از مولف** - جنگ کردن باگروہ کافران + گرچہ در میدان جہاد اصغرست + نفسک بدخواہ راگردن بزن + کاین جہاد تو جہاد اکبرست -
جِہار - بکسر اول ظاہر کرنا آشکارا کرنا - **میر خسرو** - گر ہمی خواہی کہ دشمن ہم نخواند بد ترا + نیک خواہ خلق باش ای دوست در سر و جہار -
جہاندار - بادشاہ والی ملک صاحب سلطنت - **شعر** - گدا در فکر نان صبح و شام ست + تدبیر جہان باشد جہاندار -
جہانگیر - بادشاہ اور تلوار اور قلم - **صفدر فوقانی** - جہان شاہی تو با کلک زر افشان + جہانگیری تو با تیغ جہانگیر -
جہیز - بکسر اول وہ سامان و اسباب جو دختر کو بوقت نکاح کے دے کر رخصت کیا جاے اور مُردے کے کفن دفن کا اسباب -
جَہاز - بفتح اول بڑی کشتی جو سمندر اور بڑے دریاؤن مین چلتی ہی -
جِہاز - بکسر اول دختر کی رخصت کا اسباب اور مُردے کی تجہیز و تکفین کا سامان -
جہمزر - ژندی زبان مین فاحشہ عورت کے ساتھ مباشرت کرنا - کیونکہ جہ کے معنے فاحشہ عورت اور مزر کے معنی جماع کے ہین -
جہش - پہلوی مین طینت و اصلیت و طبیعت -
جہد المقل - بضم میم تھوڑی سی کوشش درویش فقیر کی کوشش
جہل - نادانی و بیخبری و بیوقوفی و بے علمی - **صفدر فوقانی** - دلا ایما از جہل حاصل خواری ست + جاہلان را لادوا بیماری ست -
جہول - احمق نادان بے خبر بے علم - **مولانا اکبر** - خوار از جہل ست ہر مرد جہول + زار باشد از فضولی بوالفضول -
جہنم - بہ نون مشدد و مفتوح چاہ عمیق گہرا کنوان اور دوزخ - **از مولف** - جہنم مین قیامت کو وہی کفار جائینگے + جو منکر ہونگے دنیا مین محمدؐ کی شفاعت کے -

جہان - جہندہ کودنے والا حرکت کرنے والا اور عالم و زمانہ چونکہ ایک حالت پر نہین رہتا ناپائدار و بے ثبات ہی اس نام سے موسوم ہوا اور مستعمل بفتح جیم ہی بمعنی روزگار - **مولف** - نماند زمین آسمان ہم نماند + جہاندار و ملک جہان ہم نماند -
جہانیان - جہان کے لوگ عام و خاص -
جَہَن - افراسیاب کے بیٹے کا نام ہی -
جہودانہ - وہ زرد کپڑا جو جہود لوگ اپنے پاس بطور نشان کے رکھتے ہین اور اسکا پاس رکھنا فرض سمجھتے ہین -
جَہَلَہ - جمع جاہل بہت سے جاہل لوگ -
جہاز خانہ - وہ جگہ جس مین گھر کا اسباب رکھا جاے -
جہاندیدہ - دانا ہشیار تجربہ کار - **شیخ سعدی** - گر از بندہ لغوی شنیدی مرنج + جہاندیدہ بسیار گوید دروغ -
جہودی - موسائی قوم کا آدمی -

جیم با یاے

جیبا - ژندی زبان مین لکڑی جسکو عربی مین حطب کہتے ہین -
جیب - گریبان و پیرہن و سینہ و دل اور وہ کیسہ جو گریبان کے نیچے سیا ہو -
جیاب - بکسر اول جمع جیب خلاف قیاس -
جیغمت - وہ ٹوکرا یا ٹوکرا جو کھجور کے پتے کا بنا ہوا ہو یا تھیلہ -
جَیِّد - بفتح اول و یاے مشدد مکسور خوب نیک و مستحکم و مضبوط -
جید - عُنق یعنے گردن -
جیاد - جمع جَیِّد خوبیان و نیکیان و جمع جود اسپان تیز رفتار و جمع جید بر وزن عید بہت سی گردنین -
جیواد - پہلوی مین ورع و پرہیزگاری و تقوی -
جیسیر - ژندی زبان مین باغ و گلزار و بستان -
جبیر - نشیب و پائین اور وہ چمڑا جسکو دباغت ہو چکی ہو -
جینہ در - پل صراط جو قیامت کو دوزخ اور بہشت کے درمیان ہو -
جیش - لشکر اور فوج اور ابلنا دیگ کا دھڑکنا دل کا -
جیوش - بضم اول و دوم جمع جیش بہت سے لشکر -
جیغ جیق - بانگ و فریاد و شور و غوغا و تازیانہ - **فوقی یزدی** - سمند طبع بمیدان ہنر ہ تازاندم + کہ بر سواری من روز زمانہ دون جیق -
جیفہ - وہ حیوان جو مرا ہوا اور بد بو پکڑا ہوا ہو -
جیر جنگ - آلہ تناسل مصنوعی جو چمڑے یا عاج سے بنایا جاتا ہی اور عورتین شہوت کے غلبہ مین اس سے رفع حاجت کرتی ہین -

جیک جیک - چڑیون کا غوغا و شور -
جیناک - ژندی زبان مین جگہ و مقام -
جیپال - لاہور کے راجہ کا نام ہی جسپر سلطان محمود غزنوی نے غالب آکر پنجاب کا ملک اُس سے چھین لیا تھا -
جیتل - ایک وزن کا نام ہی جو پچیسوان حصہ فلس کا ہوتا ہی -
جِیل - بہ یاے مجہول گروہ اور فوج و لشکر -
جیم - ایک حرف حروف تہجی مین سے ہی جسکے عدد تین ہین -
جی افرام - عجم کے پیغمبرون مین سے ایک پیغمبر کا نام ہے -
جیحون - خراسان و ماوراء النہر مین ایک دریا کا نام ہی جو بلخ کے پاس سے گذرتا ہی -
جیران - جمع جار ہمسائے کے لوگ -
جیلان - ایک ملک کا نام ہی جسکو گیلان بھی کہتے ہین اور نام ایک گانون کا بغداد کے پاس اور سید شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اُسی ملک کے رہنے والے تھے - مدحیہ از مولف - ہر شہنشہ گدا ے جیلانی ست + ہر پری رو فداے جیلانی ست -
جِیوَہ - سیماب جسکو پارا کہتے ہین -
جیغہ - ایک زیور مرصع کا نام ہی جو بادشاہ و امرا پگڑی پر باندھتے ہین - سنجر کاشی - جیغہ گسترے بلرزد بر سر دستار ما + آشیان ساز د ہما در سایۂ دیوار ما -
جیغہ جیغہ - کترا ہوا ابرک جسکو عورتین ماتھے پر سنگار کے وقت لگاتی ہین - جلال اسیر - کردہ جیغہ جیغہ ابر درا + دادہ عرض جوہر مورا -
جیفہ - بدبو مردار -
جیرہ - روزانہ وظیفہ اور رسد جو مقرر ہو -
جیبہ - ترکی زبان مین زرہ - سیفی - بسکہ پیکان تو در جیب جان می بینم + در بر جوشتن این جیبہ گران می بینم -
جیبہ خانہ - زرہ خانہ بادشاہی - نور الدین ظہوری - ز جیبہ خانہ شاہ نجف بدست دعا + بدفع تیغ حوادث فرستمت جوشن -
جی - ایک پرگنہ کا نام ہی ملک صفاہان سے -
جیلی - جو شخص جیلان کا رہنے والا ہو - سید محی الدین عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ انا الجیلی و محی الدین اسمی + و اعلامی علی راس الجبالی -

دوسری فصل

اُردو لغات کے بیان مین

جیم با الف

جابجا - ہر ایک جگہ ہر ایک مکان پر - مولف - ایک در کا فی تھا جب بہر سوال + ہر جگہ کیون یہ گدا پھرتا رہا + خانہ خانہ کو بکو رسوا ہوا + بن کے نادان جابجا پھرتا رہا -
جاڑا - سردی اور سردی کا موسم -
جاگتا - بیدار جو نیند مین نہو ہوشیار جاننا بوجھتا - قطعہ از مولف - سر جھکاتا کیون نہین پیش خدا + بندگی سے بندہ ہی کیون بھاگتا + خواب غفلت مین پڑا ہی کس لیے + جبتلک انسان ہی جیتا جاگتا -
جَالا - وہ جالا جو مکڑی تانتی ہی جسکو فارسی مین خانۂ عنکبوت کہتے ہین -
جانگیا - وہ چھوٹا پاجامہ جو کشتی گیر پہلوان کشتی کرنیکے وقت پہنتے ہین -
جان بلب - مرنے کے قریب کوئی دم باقی - قطعہ از مولف - کبھی زلفون کے غم مین یہ دل زار + گرفتار غم و رنج و تعب ہی + کبھی ہر سر نگون ابرو کے غم مین + کبھی وہ یاد لب مین جان بلب ہی -
جاٹ - وہ لکڑی جو تیلی کے کولو مین بھرتی ہی اور اُسکے دباؤ سے تلون مین سے تیل نکلتا ہی اور نام ایک قوم کا جو اکثر زمینداری کرتی ہی - قطعہ از مولف - سب سے ملنا دار دنیا مین مگر + ایک دہقان سے نکرنا دوستی + دشمنی اُسکو سمجھنا دوستو + ہو اگر تم سے محبت جاٹ کی + جاٹ کے سب کام ہین مکر و فریب + اُسکی ہی طینت مین بھرتا یا بدی -
جانچ - وزن تول - سمجھ بوجھ - دیکھا بھال - نظیر اکبرآبادی - فراق و درد و الم غم ستم ہو جسپر پانچ + پھر اُسکا حال ہو کیا تو ہی اپنے دلمین جانچ -
جا ضرور - پاخانہ بول و براز کی جگہ -
جاگیر - زمین یا گانون جو کسی کے گذارہ کے لیے بادشاہ کیطرف سے مقرر ہو - مولف - شہر مین رکھین سکونت اپنی ہم کس واسطے + بعد مجنون اپنی اب دشت جنون جاگیر ہی -
جانور - ہر ایک جاندار انسان و حیوان - مولانا اکبر - ہر ایک جسم کا ہی اختیار خالق کو + ہی اُسکے ہاتھ مین ہر ایک جانور کی جان -
جَال - وہ دام جسکے ذریعہ سے پرندون کو پکڑتے ہین یہ لفظ فارسی اُردو مین مستعمل ہی - عبد الواسع جبلی - ای ز انعامت گرفتہ طالب آمال مال + بردہ خصمت نہادہ صاحب آجال جال - قطعہ از مولف - مرغ دل اک روز مارا جائیگا + کیونکہ اُس عاجز کا بچنا ہی محال + راست و چپ پیش و پس اِسکے لیے + گیسوے پیچان نے پھیلایا ہی جال -

جا پھل - مشہور دوا ہے جسکی تشریح لغات متعلقہ طب مین لکھی جائیگی -

جازم - ایک قسم کا فرش ہے جسکو جاجم کہتے ہین -

جان - روح حیوانی جو جسم مین ہوتی ہے اور زندگی ہر ذی جان اسکے متعلق ہے - **قطعہ از مولف** - جسم مین جب تک ہو جان اور دم مین دم + حضرت جان آفرین کا نام لو + کام جو کرنے لگو ای نامدار + پہلے رب العالمین کا نام لو +

جاون - دایہ شیر جس سے دودھ جماتے ہین -

جامن - ایک درخت ہے جسکے پھل کو بھی جامن کہتے ہین -

جادو - فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہے اسکے معنی مشہور و معروف ہین - **صفدر زفوقانی** - نگاہ تیز ترک چشم دلدار + اگر جادو نہین تو اور کیا ہے -

جان بوجھ - دیدہ و دانستہ دیکھ بھال کے - **مولانا اکبر** - لیتے ہین سر پہ بار گران جان بوجھ کے + زلفونکے غم مین پھنستے ہین جان جان بوجھ کے -

جالی - ایک قسم کے باریک کپڑے سوراخدار کا نام ہے اور دام جس مین شکاری شکار ... پھانستے ہین اور وہ رشتہ جس سے لڑکے لٹو پھراتے ہین -

جامہ دانی - چرمی صندوق جسمین کپڑے رکھے جاتے ہین -

جاہی جوہی - ایک پھول کا نام ہے جسکو فارسی مین یاسمین صحرائی اور عربی مین ظیان بولتے ہین -

جیم با بائے

جبڑا - منہ کا نچلا اور اوپر کا حصہ فارسی مین اسکو چانہ اور عربی مین لحی کہتے ہین -

جبندا - جو شخص سست و کاہل ہو عربی مین اسکو وخیم بولتے ہین -

جب - جسوقت جس موقع پر - **حکیم انور لاہوری** - کھلیگی آنکھ تب بلبل کی انور + نظر آئیگا جب موسم خزان کا -

جیم با تائے

جتانا - آگاہ کرنا خبردار کرنا -

جتھا - باہم اتفاق و یگانگت ایک گروہ کی کسی معاملہ مین -

جتن - مکر و فریب تدبیر داؤن حیلہ -

جتی - وہ مرد جس نے عورت سے نکاح نہ کیا ہو عربی مین اسکو حصور کہتے ہین اور فارسی مین ہیربن -

جٹا دھاری - بڑی عمر کا سانپ جسکے جسم پر بال بڑھ گئے ہون اور نام ایک گروہ فقرائے ہنود کا جو سر پر بال رکھتے ہین کبھی کاٹتے نہین -

جیم با رائے مہملہ

جڑ - اصل بیخ بنیاد ہر چیز کی -

جڑوان - دو بچون کا توام پیدا ہونا اور دو چیزین جو آپسمین وصل ہون -

جڑاؤ - وہ زیور جو مرصع ہو یعنے اسمین نگینے لگے ہوئے ہون -

جیم با زائے ہوز

جزبز - پریشان دل پراگندہ خاطر متردد غمگین -

جزو - کل مین سے ایک حصہ چنانچہ کتاب کے اجزا مین سے آٹھ ورق کا ایک جزو ہوتا ہے یا دس ورق کا - **مولانا اکبر** - صفحۂ دل سے ترے حرف مروت اڑ گیا + اس کتاب حسن سے جزو محبت اڑ گیا -

جزدان - کتاب رکھنے کا تھیلا جسکو عربی مین کیس الکتاب کہتے ہین

جزبندی - جلد بندی وتہ بندی کتاب کی -

جیم با سین

جست - مشہور دھات ہے -

جس - نیکی و نیک نامی و خوبی -

جس اجس - نیکی و بدی و نیک نامی و بدنامی -

جستجو - فارسی اردو مین مستعمل ہے تلاش کرنا ڈھونڈھنا - **قطعہ از مولف** - دل کے پردہ مین وہ ہے پردہ نشین + جسکی تو کرتا ہے بار جستجو + اپنے گھر کو دیکھ نادان کس لیے + ڈھونڈھتا پھرتا ہے گھر گھر کو بکو -

جیم با کاف

جگانا - بیدار کرنا ہوش مین لانا -

جگرا - قوت طاقت حوصلہ ہمت -

جگت - زمانہ عالم مخلوقات -

جُگت - رمز دار باتین ہنسی کی باتین -

جکڑ - مضبوطی استحکام -

جگ - زمانہ عالم دنیا -

جُگ - سو برس کا عرصہ جسکو قرن کہتے ہین -

جگمگ - روشن اور چمکتا ہوا -

جگت گرو - تمام زمانہ کا استاد اور مرشد -

جگنو - وہ کرم جو رات کو چمکتا ہے کرم شب تاب -

جگہ - مکان گھر وغیرہ -

جگہ بجگہ - مکان مکان گھر گھر -

جگالی - کھائی ہوئی گھانس جو معدہ سے اگل کر چارپائے چباتے ہین

جگلوری - بہت پرانا اور قدیمی -

جیم بالام

جلا - سوختہ آگ سے جلا ہوا - مولانا اکبر - کبابون کی بو آتی ہے
ہر طرف سے + جلا دل ہے شاید کسی دل جلے کا -
جِلا - صفائی روشنی تیزی جو تلوار و خنجر و چھری کو دی جاے - صفدر
فوقانی - لگا کر چشم سرمہ سا کو سرمہ + جلا دیتے ہین وہ تیغ نظر کو -
جلاہا - جلاہہ - بافندہ کپڑا بننے والا -
جلاب - معرب گلاب مسہل دوا جس سے دست آتے ہین -
جلد - شتاب بلاتوقف - حکیم محمد انور لاہوری - مسیحا جلد تر
تشریف لاؤ + کہ دم مین اپنے دم کا خاتمہ ہے -
جلاد - درہ مارنے والا قتل کرنے والا - ؎ سخت کتنا ہے وہ بت
اور کسقدر جلاد ہے + چارسو جس سے بلند آوازہ فریاد ہے -
جِلد - کتاب کی جلد اور انسان کے جسم کا پوست -
جلندھر - استسقا کی بیماری جس سے جسم کی رگون مین پانی بھر جاتا
ہے اور نام ایک شہر کا دوابہ بست پنجاب مین -
جلمانس - ایک آبی جانور کا نام ہے جسکی صورت و شکل آدمی کی سی
ہوتی ہے مگر گفتگو نہین کرتا -
جَل - پانی بفتح اول -
جُل - داو مکر و فریب دغا -
جل پان - مدارات مہمان کی قدرے قلیل خاطر داری -
جلوہ - روشنی چمکاو - لغتیہ از مولف - دیدۂ اہل نظر ہو گئے
روشن نی الفور - مہر تابان عرب نے جو دکھایا جلوہ -
جلدی - شتابی بلاتوقف بغیر دیر کے - سید علی الفت - جان
جانے کو ہے ای یار تم آؤ جلدی + طالب دید کو دیدار دکھاؤ جلدی -
جلیبی - ایک قسم کی شیرینی کا نام ہے -

جیم بامیم

جمالگوٹا - یہ ایک درخت کا تخم ہے اسکے کھانے سے دست بہت آتے
ہین پوری تشریح اسکی لغات علم طب کی فصل مین لکھی جائیگی -
جمنا - جم جانا پانی یا دودھ وغیرہ کا اور نام ایک مشہور دریا کا -
جمعرات - روز پنجشنبہ جسکو دیرواز بھی کہتے ہین اور عربی مین یوم الخمیس
جمع و خرچ - وہ کاغذ حساب کا جسمین آمد و خرچ دونون قسمین لکھی ہون -
جمعدار - جو چند سپاہیون پر افسر ہو -
جم جم - ہمیشہ ہمیشہ نت نت -
جمون - ایک شہر کا نام ہے جو ریاست گاہ راجگان جمون ہے -
جمعہ - ایک دن کا نام جسکو سکروار بھی کہتے ہین
جموگہ - ام الصبیان کی بیماری جو اکثر بچون کو ہوتی ہے -
جماہی - وہ حرکت طبعی جس سے انسان کا منہ خود بخود کھل جاتا ہے
فارسی مین اسکو دہن درہ کہتے ہین -

جیم بانون

جننا - بچہ دینا بچہ پیدا ہونا -
جنم پترا - وہ زائچہ جو بوقت پیدا ہونے بچہ کے نجومی نکالتے ہین اور
مولود کے تمام عمر کے احکام اسمین لکھتے ہین عربی مین اسکو تقویم العمر
کہتے ہین - ؎ بجز رنج و غم کچھ نہین ہے لکھا + ہمارا
جنم پترا دیکھ لو -
جنگ - فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہے لڑائی فساد جو دو شخصون
مین ہو - میر حسن - اگر جنگ ہو تو بڑی جنگ ہو + پھر آخر
خدا جانے کیا رنگ ہو -
جنگل - ویرانہ اُجاڑ غیر آباد زمین - شعر - مل گئی جب چاکری
دربار الفت کی ہمین + آہ کی تنخواہ اور جنگل ملا جاگیر مین -
جنجال - دام جال آفت مصیبت - مولف - دیدہ و دانستہ
ہم کسواسطے + پھنس گئے اُس زلف کے جنجال مین -
جنم - پیدایش آفرینش فطرت -
جن - مشہور پیدایش ہے جو نظر نہین آتے - نظیر - نہ آدمی نہ فرشتہ
نہ جن نہ وحش نہ طیر + ترے رقیب کا سب سے علیحدہ ہے ڈھانچ
جنیو - وہ مذہبی تاگا جو ہندو گلے مین حمائل اور آتش پرست کمر
کے ساتھ باندھتے ہین زنار اسکو عربی مین کہتے ہین -
جنازہ - مردہ کا تابوت اور تختہ مردہ کا - ؎ کیا قتل ہمکو آپ
سنگدل نے + گران اسلیے ہے جنازہ ہمارا -
جنتری - وہ آلہ آہنی جسمین موٹے اور باریک سوراخ ہوتے ہین
اور زرگر سونے چاندی کے تار اُن سوراخون مین سے کھینچ کر بڑھاتے
ہین اور سالانہ تقویم جو ہر سال نئی بنتی ہے اور گذشتہ سال کی ردی ہو جاتی ہے
جنائی - وہ اجرت جو دایہ بچہ کے پیدا ہونے پر لیتی ہے -

جیم باواو

جَوا - لہسن کی گانٹھ مین سے ایک دانہ عربی مین اسکو سنہ بتشدید
نون کہتے ہین اور فارسی مین یک دانہ سیر -
جوا - وہ لکڑی کا آلہ جو بیل کی گردن پر قلبہ رانی کے وقت باندھتے
ہین اور بازی قمار جو لوگ آپس مین نقد روپیہ لگا کر کھیلتے ہین -

جوتنا - بیلون کو ہل کے کام یا دولاب چلانے یا گاڑی چلانے کے کام مین جوتنا یعنے اُنسے وہ کام لینا عربی مین اُسکو اثارہ کہتے ہین -
جوڑا - ایک کے ساتھ دوسرا جفت اور زوج عورت کیواسطے شوہر اور شوہر کے واسطے عورت - مولف - اکیلا وہ خداوند جہان ہی + کیا ہی جسنے پیدا اسب کا جوڑا -
جوڑنا - پیوند کرنا ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ باندھنا -
جوتا - پاپوش کفش زیر پائی -
جواب - وہ بات جو کسی کے سوال کے بعد کہی جاے یا وہ خط جو کسی خط کے جواب مین لکھا جاے - مولف - خط کا جواب آیا ہی شاید خط آگیا + ابتک جواب سے ہمین بالکل جواب تھا -
جوار - ایک مشہور غلہ ہی جسکو عربی مین ذُرّہ کہتے ہین اور فارسی مین جُرت اور زُرت بولتے ہین -
جوڑ - پیوند جو کسی کو لگایا جاوے اور بدن کے عضو جنکا ایک دوسرے کے ساتھ پیوند ہی - مولف - دل کا پیوند اِس خدا سے جوڑ + اور جتنے ہین جوڑ سارے توڑ -
جوہر - اصلیت اور خوبی ہر ایک چیز کی اور تلوار کے جوہر جو آسپر مکھی کے پرون کی طرح نظر آتے ہین - مولف - وہی انسان ہی بندۂ خاکی + خاکساری کا جسمین جوہر ہو -
جونپور - ایک مشہور شہر ہندوستان مین ہی -
جوتش - نجوم کا علم ستارون کا علم -
جوش - طبیعت کا جوش ہنڈیا کا جوش - بیت - مے الفت سے ہی سرمست و مدہوش + ہی جسکی طبع مین توحید کا جوش -
جونک - یہ ایک آبی کرم سیاہ رنگ کا ہوتا ہی جس جگہ اسکو لگائین خون چوس لیتا ہی عربی مین اسکو علقہ کہتے ہین اور فارسی مین زلو -
جوگ - یہ ایک سلسلہ فقر کا ہندؤن مین ہی اور فقیر اِس سلسلہ کا جوگی کہلاتا ہی -
جوکھون - نقصان خسارہ -
جوان - فارسی لفظ اُردو مین مستعمل ہی وہ آدمی جو بالغ ہو چکا ہو -
جوبن - حسن خوبصورتی جمال اور شروع جوانی کا خاتمہ رنگین کا
جُون - وہ کرم جو انسان کے بالون اور کپڑون مین پڑجاتی ہی -
جَو - مشہور غلہ ہی فارسی اور اُردو دونون مین رائج -
جورو - منکوحہ عورت نکاح کی بی بی -
جواری - وہ شخص جو جوا کھیلے قمار باز -
جوانی - بالغ ہونا انسان کا عربی مین اسکو شباب کہتے ہین اور فارسی مین برناے -
جوتشی جوتکی - نجومی جو ستارون کا علم جانتا ہو -
جوتری - ایک دوا کا نام ہی -
جوتی - پاپوش موزہ وغیرہ -
جوڑی - جو چیز دوہری ہو چنانچہ تخنون کی جوڑی وغیرہ -
جوہی - ایک پھول کا نام ہی جسکو عربی مین ظیان اور فارسی مین یاسمن کہتے ہین -
جوگی - جوگ کے سلسلہ کا ہندو فقیر -

جیم با ہاے ہوز

جھاڑا - تلاشی لینا کسی کے کپڑون کو جھاڑ کر دیکھنا کہ انہین کوئی چیز چھپائی تو نہو
جھالا - چھوٹا ٹکڑا بادل کا جو تھوڑی سی زمین پر برسے -
جھبا - کالے ریشم کی زلفین جو کسی علم وغیرہ کے سر پر لگادیتے ہین -
جھپٹنا - جھپٹ کر اُٹھنا حملہ کرنا -
جھپکنا - بند ہونا آنکھ کا بسبب شرم یا خوف کے -
جھٹ پٹا - وہ روشنی جو طلوع و غروب آفتاب کے وقت ہو -
جھرجھرا - کم قیمت کپڑا جسکی بنت خراب ہو -
جھرنا - وہ موقع جہان پانی کسی اونچے پہاڑ وغیرہ سے نیچے گرتا ہو عربی مین اسکو ینبوع کہتے ہین اور ہر ایک چشمہ جو زمین سے نکلتا ہو -
جھروکا - وہ طاق پنجرہ دار جو دیوار مین ہو اور اندر کا آدمی باہر کی حالت دیکھ سکتا ہو اور چھوٹا دریچہ جو دیوار مین ہو عربی مین اسکو شباک اور فارسی مین بالگانہ کہتے ہین -
جھڑنا - گرنا پتون کا درخت سے یا مٹی کا دیوار وغیرہ سے -
جھکانا - سرنگون کرنا ٹیڑھا کرنا دوتا کرنا -
جھگڑا - خرخشہ مقدمہ تکرار -
جھکنا - سرنگون ہونا سجدہ مین جانا رکوع کرنا -
جھکورا - ہلانا ہوا کا درختون کو -
جھلانا - پنکھا ہلانا ہوا پہونچانا -
جھک مارنا - بیفائدہ اور لغو کلام کرنا -
جھمکا - ایک زیور کا نام ہی جو عورتین کانون مین پہنتی ہین -
جھمکڑا و جھمکا - بفتح اول جلوہ اور دیدار معشوق کا -
جھنانا - بے حس و حرکت ہونا کسی عضو کا بسبب سردی یا کسی اور سبب سے -
جھنجلانا - غضب کی حالت مین کانپنا -
جھنجھنا - اسکو جھنکنا بھی کہتے ہین یہ ایک کھلونا بچون کے کھلانے

کیواسطے بناتے ہین بعض لکڑی اور بعض پیتل سے دونون طرف اُسکے پوپلے رکھتے ہین جسمین کنکر بھر دیتے ہین ہلانے سے وہ آواز دیتا ہی۔
جھنڈا - علم و نشان جو مشہور چیز ہی۔
جھوٹا - جھوٹ بولنے والا کاذب اور پس خوردہ کھانا۔
جھولا جھولنا - وہ رسن جو کسی درخت یا چھت سے باندھکر اُسمین جھولتے ہین فارسی مین بادپیچ اِسکو کہتے ہین۔
جھونپڑا - فقرا کا خس پوش مکان۔
جھونکا - ہوا کا دھکا۔
جھونکنا - ایندھن ڈالنا کسی بھٹی وغیرہ مین بلاتحاشہ روپیہ کسی کام مین صرف کر دینا۔
جھانسا - مکر فریب دغابازی۔
جھٹکا - کسی چیز کو پکڑکر زور سے ہلانا اور زور سے کھینچنا۔
جھپ - جلدی شتابی بے توقف۔
جھڑپ - نوک جھوک لڑائی بھڑائی۔
جھیپ - شرم جھیلہ لحاظ۔
جھپٹ - رکاو حملہ۔
جھانٹ - موے زہار پشم
جھرمٹ - نقاب حجاب گھونگھٹ۔
جھوٹ - دروغ کذب۔
جھنڈ - بضم اول بہت سے مرغ اور پرند۔
جھاڑ - وہ موقع جہان بہت سے درخت ہون اور وہ جھاڑ جو روشنی کے واسطے بنایا جاتا ہی یہ جھاڑ شیشہ کا بنایا جاتا ہی اور موم کی تبی لگاکر روشنی کی جاتی ہی۔
جھالر - جو گرداگرد موج وغیرہ کے لگاتے ہین جس سے زینت بڑھجاتی ہی عربی مین اِسکو تنواط کہتے ہین اور فارسی مین مسلسل بولتے ہین۔
جھربیر - جنگلی بیر کا پھل جسکو جھربیری کہتے ہین اور وہ چھوٹا سا درخت خودرو جنگل مین ہوتا ہی اور چنے کے برابر بیر اُسمین لگتے ہین۔
جھٹر - آہنی قفل کی کل جس سے وہ بند ہو جاتا ہی۔
جھکڑ - اندھیری گرد و غبار تیز ہوا۔
جھنکار - وہ آواز جو ایک چیز کے دوسری چیز پر لگنے سے نکلے جیسے برتن جو پتھر پر گرے۔
جھینگر - ایک جانور کا نام ہی جو چھوٹے قد کا گھانس مین رہتا ہی رات کو تیری سی آواز سے بولتا ہی۔

جھڑا جھڑ - پے درپے کثرت سے۔
جھومر - عورتون کے پہننے کا ایک زیور ہی۔
جہاز - جو دریاؤن اور سمندر مین چلتا ہی۔
جھونک - جھک جانا ترازو کا ایک پلہ کیطرف۔
جھاگ - کف جو پانی پر آتا ہی۔
جَھک جھک - بک بک - گفتگو بیہودہ۔
جھول - جو گدھے اور گھوڑے کی پشت پر ڈالتے ہین۔
جھیل - پانی کی جھیل و تالاب۔
جھاڑن - وہ خس و خاشاک جو غلہ سے بوقت اُسکے صفا کرنے کے نکلے اور وہ کپڑا جس سے گھر کے سامان کی صفائی کرین۔
جھانوان - وہ پتھر جس سے پانون کا میل اُتارین اور صاف کرین۔
جھوٹھن - بچا ہوا کھانا جو کھانے سے بچ رہے۔
جھاڑو - جاروب جس سے زمین صاف کرتے ہین۔
جھاؤ - مشہور درخت ہی جو دریا کے کنارے پیدا ہوتا ہی۔
جُھڈو - آدمی بیکار نکما سست و کاہل۔
جھگڑالو - جھگڑنے والا لڑنے والا۔
جھانجھ - ایک باجہ کا نام ہی جو مشہور ہی۔
جھوٹھ - کذب دروغ۔
جھاڑی - جنگلی بیری خودرو جسمین بیر سرخ رنگ بقدر چنے کے لگتے ہین۔
جھرجھری - بدن کا ٹوٹنا جو تپ چڑھنے سے پہلے عائد ہوتا ہی۔
جھُرّی - وہ شکن جو انسان کے جسم پر بسبب بڑھاپے کے پڑجاتی ہی۔
جھڑکی - سرزنش و عتاب و زجر۔
جھڑی - بارش جو کئی روز تک تھوڑی تھوڑی ہوتی رہے بغیر چمک اور گرج کے۔
جھلی - وہ پتلا پردہ سفید جو بالاے کھال کے نیچے گوشت کے اوپر حیوانات کے جسم مین سے نکلتا ہی۔
جھولی - بواو مجہول فقرا کی گدائی کی زنبیل۔
جھانولی - فریب مکر دغا۔

جیم با یاے

جیتا - زندہ مقابل مُردہ کے - مولف - ایکدن چلدیگا اِس دنیا کو چھوڑ + کب تلک جیتا رہیگا آدمی۔
جیت - بازی کی جیت شطرنج چوپڑ وغیرہ مین۔
جیبھ - زبان جس سے آدمی بولتا ہی۔

جی - دل جان روح - سے جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی + آہ اُس بت سے ملاقات نہونے پائی -

تیسری فصل

محاورات فارسی کے بیان مین

جیم با الف

جادو فریب - یہ لفظ زلف کی تعریف مین بولا جاتا ہے - میر معزی - زعطر خویش ہمی بند جادوے سازد + دو زلف کوتہ جادو فریب دلبر او + بمن نگہ کن دبنگر کہ بستہ چون شدہ ام + بہ بند جادوے اندر بوے عنبر او -

جامہ زیب وجامہ ساز - معانی اسکے مشہور ہین - ابوطالب کلیم - حلۂ فردوس گر پوشد نباشد جامہ زیب + غیر داغ او لباس کعبۂ دلہا نہ شد - ملا طغرا خرقہ کی تعریف مین - ہر اسد دل جامہ ساز حرم + خورد گرہ بدامان پاکش قسم -

جان دریک قالب - یعنے کمال محبت و اخلاص و اتحاد و یگانگت جو دو شخصون مین ہو اور جو جملہ یک جان دو قالب مشہور ہے اُسکی کوئی سند پائی نہین گئی - محسن تاثیر - بہشت در وشان ست یکسان چون ورقہاے کتاب + ہمنشینانے کہ باہم جان دریک قالب اند -

جامۂ تلخ - ماتمی لباس اور صوفیانہ پوشاک جسکے پہننے سے دنیا عاقبت کو غارت کرے

جامہ بلند - قباے بلند - دامن بلند - عمدہ پوشاک اور دراز دامن - میرزا ملک مشرق - بریدہ راے تو بر قد مہر خلعت نور + چنان بلند کہ بر خاک میکشد دامن + سنجر کاشی - چہ شد گر دامن محمل بلندست - کہ دست انداز دل بادل بلندست + باستقبال او یک گام عاشق + قباے بر قد منزل بلندست -

جامۂ خورشید - صبح کی روشنی اور زمین اور درختون کے پتے اور گرد و غبار جو آفتاب کو چھپا لیتا ہے - نظامی - ابر بباغ آمدہ بازی کنان + خامۂ خورشید نمازی کنان + حسین سنائی - آسمان در بر لباسم دید چون شخص زمان + خامۂ خورشید آمد راست بر بالاے من -

جان بُرد - حفاظت جان کی سلامت جان - نظامی - بجان بُرد خود بر کسی گشتہ شاد + کس از کشتن کس نیاد در یاد -

جادو کار - جس چیز کو دیکھکر جی للچا جاے - میر خسرو - جان شد آراستہ بنقش و نگار + روی این کارگاہ جادو کار -

جان نگار - محبوب و مطلوب نہایت عزیز - بدر الدین جاجرمی - بادشاہ بادشاہان جان نگار انس و جان + آنکہ نامش بر زبان از آب حیوان خوشترست -

جاے دیگر - سوراخ مقعد و دُبر و سرین گاہ - حکیم سنائی - پیش ہمہ کس سر توقع خاری + آنرو کہ جاے دیگرت میخارد -

جان عزیز - تیری پیاری جان کی قسم - جلالائی طباطبا - یا عزیزی کہ بود نامش افیون + جان عزیزت کہ تو جان عزیزم -

جاروب ساز - جاروب بنانے والا جھاڑو بنانے والا - ملا طغرا مسجد کی تعریف مین - چو جاروب سازش برفعت نشست + ز مژگان خورشید جاروب بست -

جاروب کش - کناس جھاڑو دینے والا جگہ صاف کرنیوالا - ملا طاہر غنی - پیوستہ دلم صاف ز گرد خطیار ست + جاروب کش خانۂ آئینہ غبار ست +

جامہ یوسف - حضرت یوسف علیہ السلام کا پیراہن جس سے یعقوب علیہ السلام کی آنکھیں بینا ہوگئی تھین - عرفی - کتابہ اش کہ بود سرنوشت عالم کون + چو بوے جامۂ یوسف برد ز دیدہ غبار -

جادو خیال - جادو بیان - جادو زبان - جادو سخن - شاعر جو فصیح زبان و لطیف بیان ہو - نظامی - برانم کہ این پردہ خالی کنم + درین پردہ جادو خیالی کنم - ولہ - دلم را بزنہار زہ بر زدی + بجادو بیانی گرہ بر زدی -

جان گسل - جان کو نقصان پہونچانے والا فکر غم اندیشہ وغیرہ - ملا طغرا - گر آہی کشم از غم جان گسل + بآہم رود بر ہوا خشت دل -

جان آدم - وہ چیز جو نایاب اور عجیب و غریب ہو - کنایۂ شراب ناب - محمد اسلم سالم - این حرف نقش لوح مزار سکندر ست + بگذار آب خضر بگر جان آدم ست -

جا انداختن - کسی کے واسطے جگہ تجویز کرنا مکان بنانا - درویش والہ ہروی - بے آنکہ ہین کام و زبان وقف تو در رم + در صدر دل انداختہ ام بہر تو جائے -

جا بر سر دست بودن - ہاتھون پر جگہ ہونا یعنے صاحب عزت و توقیر ہونا - مخلص کاشی - بر آن کم رتبہ حاجت گزاری کردہ عزت چو ناخن بر سر دست ست جا مشکلکشایان را -

جا براے کسی خالی کردن - اپنی جگہ کسی کیواسطے تعظیماً چھوڑ دینا اور خود فروتر بیٹھنا - ملا طغرا - عجبے نیست زبیقدری مردم ندخاک +

که لحد هم نکند بهر کسی جا خالی -
جابستن - جگه بنانا مقام قائم کرنا - بابا فغانی - به تنت جسم
نمی گنجید ذات قهرمان الحق + بغرت نه عرش مجیدش جایگه است ند -
جادو زدن - جادو کو باطل کرنا بے تاثیر کرنا - مسیح کاشی - جادوے
زلف تو با مصحف رخ هم خانه هست + این چه جادوست که قرآن نتواند زدنش
جارزدن - ترکی مین جار خبر کو کہتے ہین اور جارزن منادی جو سب
کو خبر کردیوے اور جارزدن خبر کردینا - ملا طغرا - بقہ مو دنا جارچی ہر طرف
زند جار لیکن باواز دف + بحکم تو اخبرچی شهریار + برآهنگ زد
جارچی در دیار -
جاسپردن - جگه سپرد کرنا یعنے مرجانا - واله ہروی - آنروز که
آدم صفی جاسپرد + میراث بوارثان یکایک بشمرد + هرکس
بهواے طبع چیزے برداشت + جز من دگرے زعشق میراث نبرد -
جام بدست داشتن - ہروقت شراب پیتے رہنا - حافظ -
آنکس که بدست جام دارد + سلطانی جم مدام دارد -
جام برسرکشیدن - ایکدم شراب کا پیالہ پی جانا کچھ باقی نرکھنا -
حکیم زلالی - اگر تردامنی جامی بسرکش + خط موجی بهر اندیشه درکش
جام برسنگ زدن - پیالہ توڑنا شراب سے تائب ہونا -
جام پیمودن - شراب پینا پیالہ پینا - فخر گرگانی - ازان مے که
جام پیمابن + که رنگ آورد از عقیق یمن -
جام خوردن - شراب پینا پیالہ پینا - میرزا صائب - جام صبح
خورد و زخلوت برآمده + برشور تر زصبح قیامت برآمده -
جام شکستن - پیالہ توڑنا نا امید کرنا رسوا کرنا - میرزا محمد علی -
ماہر - کے توانم دید زاہد جام صهبا بشکند + می پرد رنگم حبابے گر بدریا
بشکند - عرفی - مستی و دیوانگی جام مسیحا شکست + صرفه درین
بزم نیست ساغر جم داشتن -
جامکاری کردن - آئینہ کاری کرنا پے درپے شراب کا جام پینا -
حسین بیگ گرامی - خانه دل را گرامی جامکاری میکند + ہرکه جامے
میدہد امروز یاری میکند - نورالدین ظهوری - ورع را در خمار
خامکاری + بسر جوشی نکردی جامکاری -
جام گرفتن - پیالہ لینا شراب پینا - استاد - مملکت روم و
ملک شام گرفت + گرفت سلطنت جم ہر آنکه جام گرفت -
جام نوشیدن - پیالہ پینا شراب پینا - میر خسرو - مرا کین دولت
امروز سست از چنگ + بدولت چون نوشم جام گلرنگ -

جامه برتن کشیدن - لباس پہننا - میر خسرو - نسیم باد صبا از
براے جلوه باغ + کشید برتن گلبن حریر و دیبا را -
جامه برتن بریدن - **جامه برتن دوختن** - کسی کے قد کے مطابق
لباس قطع کرانا - واله ہروی - عاجز زتناش فکر و خامه + برقت
فلک که دوخت جامه - حافظ - فرخنده باد طلعت خوبت که در ازل
ببریده اند برقد سروت قباے ناز -
جامه به نیل فروبردن - سیاه ماتمی لباس پہننا - حافظ -
یا بکش برچهره نیل عاشقی + یا فرو بر جامه تقوی به نیل -
جامه جامه بالیدن - بہت خوش ہونا خوشی کے سبب سے پھول
جانا - یوسف بیگ شاملو - چون شمع ہرکه سوخته داغ نیاز تو +
بالیده جامه جامه بجو داز گداز تو -
جامه خون بسته برسرچوب کردن - پیرہن خون آلوده برسر
چوب کردن - فریاد کرنا داد چاہنا لہو کا بھرا ہوا کپڑا لکڑی پر باندھکر
حاکم کو دکھلانا - ملا وحشی - کشت مارا ہجر و باری بر در سلطان وصل +
جامه خون بسته ما بر سرچوبی نکرد + خلاق معانی - دتنست که باز
بلبل آشوب کند + فراش چمن ز باد جاروب کند + گل پیرہن دریده
خون آلوده + از دوست رخ تو برسرچوب کند -
جامه در خم نیل زدن - لباس سیاه ماتمی پہننا - نظامی - چو نبود
زخم بر سر ... نده پیل + زند پیلبان جامه در خم نیل -
جامه در خون کشیدن - کسی کو مارنا قتل کرنا - محسن تاثیر - نازک
اندامی که ما را جامه در خون میکشد + ہر گرفتاران خدنگ از قد موزون میکشد
جامه سرخ پوشیدن سلطان - غضب مین ہونا بادشاہ کا - پہلے
یه رسم تھی که جو اجلاس بادشاہ کا بحالت غضب ہوتا تھا اسپر زر بادشاہ
کا لباس سرخ ہوتا تھا - میرزا رفیع واعظ قزوینی - پرید رنگ من از
بروے کشت جانان سرخ + حذر کنید که پوشید جامه سلطان سرخ -
جامه کندن - کپڑے بدن سے اتارنا - ابوطالب کلیم - جامه واژگون
طالع میکنم از تن کلیم + بخت را زہمت د الا دگرگون میکنم -
جامه گذاشتن - **جامه نہادن** - لباس چھوڑنا یعنے مرجانا -
محمد سعید اشرف - زندگانی من از روے پریشانی هاست + جامه
بگذاشتنم از ره عریانی هاست - ملا تشبیهی - در جامه شادی شب
ہنگامه نگنجے + ما جامه نہادیم تو در جامه نگنجے -
جامه کاغذی کردن - فریاد کرنا داد چاہنا پہلے رسم تھی که داد خواہ
کاغذ کے کپڑے پہنکر عدالت مین جاتا تھا - میر خسرو - ازان کسی

که برآید خط تو گرد عذار + بسا کسان که چو خط جامه کاغذی کردند -

جان افشاندن - جان دینا مر جانا - **حافظ** - ہمچو شمعم یک نفس باقی ست ... تو + چہرہ بنما دلبرا تا جان برافشانم چو شمع

جان باختن - جان پر کھیل جانا جوانمردی کرنا شجاعت کرنا -
میرزا صائب - چیست جان تا پیش تیغ یار نتوان باختن + سہل باشد پیش آب زندگی جان باختن -

جان بر سر بودن - نزع کی حالت مین ہونا - **مخلص کاشی** - پاس دولت جمع ... باخواب راحت میشود + شمع دایم از برائے تاج زر جان بر سر ست -

جان بر میان بستن - کسی کام کے کرنے پر آمادہ ہونا - **حافظ** - جان بستیم بمیان شمع صفت از سر شوق + تا نسوزی ز غم عشق نیابی تو خلاص -

جان بلب آمدن - مرنے کے قریب ہونا - **میر خسرو** - بہم رسید جانم تو بیا که زنده مانم + پس ازان که من نمانم بچه کار خواہی آمد + **ملا طاہر غنی** - جان بلب از ضعف تواند رسید + من بروز ناتوانی زنده ام -

جان در بینی رسیدن - قریب المرگ ہونا نہایت تنگ اور عاجز ہونا - **میر خسرو** - تا تو از چشم لطف در بینی + جان مردم رسید در بینی -

جان در پاے کسے ریختن - **جان در پاے کشیدن** - کسی کے قدمون پر جان فدا کرنا - **سعدی** - دست من گیر که بیچارگی از حد بگذشت + سر من دار که در پاے تو ریزم جان دار + **ظہوری** - خوش آنکه نقل سازم بہاے می پرستش + بہانہ کشم بپایش جامی کشم ز دستش -

جان خود فداے جان او کردن - دوست کی جان پر جان فدا کر دینا - **سید حسن غزنوی** - بعمر ار چند ننہاده است یکشب روے بر رویم + بر آنم تا کنم یکروز جان خویش در جانش -

جان درمیان - نہایت دوست مہربان جان فشان - **نور الدین ظہوری** - چون الف ہر کس ندارد درمیان جان ترا + دارد ش چون جیم و نون ایام از جان برکران -

جان سپردن - جان دینا مر جانا - **ناظم** - چون شمع اگر شام گرفتیم جیاتے + ناظم بصد افسوس سحرگاه سپردیم -

جان شما و جان من - یہ عبارت ایسے موقع پر استعمال کرتے ہین که کوئی شخص کوئی چیز کسی کے سپرد کرے اور تاکید کرے که اسکو اچھی طرح سے رکھنا اور بخوبی حفاظت کرنا - **خواجہ جمال الدین سلمان** - جان شیرین من ست این شعر من پیش شما + میسپارم جان خود جان شما و جان من - **خواجہ حافظ** - دل خرابی میکند دلدار را آگہ کنید + زینہار اے دوستان جان من و جان شما -

جاے از کسی برگرفتن - کسی کو جگہ سے نکال دینا - **عرفی شیرازی** - در انجمن جمال رویت + بگرفتہ بر آفتاب جا را -

جاے بکسے سپردن - کسی کو اپنا قائم مقام کرنا - **میرزا صائب** - سپردو جا بیو ہر کس ز بزم بیرون رفت + تو ئی بجاے ہمہ کس بجاے تو نیست -

جاے در دیدہ دادن - کمال تعظیم کرنا آنکھون مین جگہ دینا منظور نظر بنانا - **میان ناصر علی** - در دیدہ جا بمردم ہموار میدہند + چون رشتہ صاف شد نگہ چشم سوزن ست -

جاے در دیدہ کسی کردن - کسی کی نظر منظور ہونا - **ذوقی** - در چمن گلچین چو ترک گل کند + جاے اندر دیدہ بلبل کند -

جاے کسے گرفتن - کسی کا عہدہ لینا قایم مقام ہونا - **میرزا صائب** - گل مرتبہ عارض جانانہ نگیرد - جاے لب ساقی لب پیمانہ نگیرد -

جاے نگہداشتن - جگہ پر قایم رہنا ٹھہرے رہنا - **حافظ** - صبا دران سر زلف ار دل مرا بینی + ز روے لطف بگویش که جا نگہدارد -

جاے گرم داشتن - **جاے گرم کردن** - ایک جگہ پر قایم رہنا جنبش نکرنا - **محمد قلی میلی** - ایام چون فتیلہ داغم تمام سوخت + تا ہمچو شمع پیش تو جا گرم داشتم - **باقر کاشی** - گردون گردم که بازار و فا را گرم کرد + آنقدر بنشست در آتش که جا را گرم کرد -

جان تو و جان او - یہ عبارت کسی ایسے موقع پر کہی جاتی ہے که کوئی عزیز چیز امانتاً کسی کے سپرد کیجاے اور اسکی حفاظت کے لیے تاکید ہو - **خاقانی** - عشق ببانگ بلند گفت که خاقانیا + یار عزیز ست صعب جان تو و جان او -

جاروب دیدہ - جو مکان صاف کیا ہوا ہو - **ابو نصر نصیراے بدخشانی** - نیست خاشاک در سراے دلم + صحن جاروب دیدہ را مانم -

جام پر از شیر دمی - بلوری و حلبی پیالہ و کنایتاً لب و دہان محبوب اور کلام جو فصیح و مطبوع ہو - **نظامی** - **مصرع** - بمن داد جامی پر از شیر دمے -

جام حیدری - بڑا پیالہ - **ناصر علی** - کیست نازم من کند یک دو سہ جام حیدری + تا بنمایم اے صنم آئینہ قلندری -

جام دہ منی - بڑا پیالہ جسمین بہت سی شراب بھر جاے - **میر حسن دہلوی** - در گذشت و بجز جام دہ منی نکشیم + می از لب خم و نقل از لب نگار کشیم -

جام شہریاری - بڑا پیالہ شراب پینے کا - **مولوی معنوی** - نہ شہریار شناسیم اے مسلمانان + ازانکہ نیست دل از جام شہریاری سیر -

جام یک منی - بڑا پیالہ شراب کا - **حافظ** - صبح ست و ژالہ میچکد از ابر بہمنی + برگ صبوح سازو بدہ جام یک منی -

جاے عینی - جاے خوب و خاص - شفیع اثر - بملک عراق از جہان آرمیدم + چہ نور نظر جاے عینی گزیدم -

جیم با باے موحدہ

جبا کردن - بفتح اول شراب پینے کے وقت پیالہ اپنا تواضع کی رو سے دوسرے شخص کو دینا - فوجی نیشاپوری - نوسجے بیا کہ از سر دل بگذریم ما + این جام عیش را بحریفان جبا کنیم -

جبہہ بشیر خاریدن - کمال شجاعت و دلاوری کا کام کرنا - میرزا صائب - در کف عشق عاجز و درنہ در میدان رزم + شیر مردان را ز مژگان جبہہ میخاریم ما -

جبۂ درد یشان - آفتاب عالمتاب - ناصر علی - در زمستان جبۂ درد یش باشد آفتاب + پوستین گرم چون مغرور دارد شاہ را -

جبین گرفتہ - ترش رو کمینہ خسیس - شفیع اثر - پیش جبین گرفتہ مکن عرض احتیاج + ای نابلد مکوب دری را کہ باز نیست -

جیم با دال

جدول قرق - خشک نہ کیونکہ قرق ترکی زبان مین خشک کو کہتے ہین - محسن تاثیر - زنیج و سہ عیان شد کہ خط لالہ رخان + بگرد مصحف رخسار جدول قرق ست -

جدول تقویم - سطر کا جدول اور خطوط مسطر کی تقویم کے - شفیع اثر - خامہ چون ساز دحدیث ریزش دستش قلم + میشود در جدول مسطر روان آب طلا -

جیم با راے

جرعہ کش - شراب پینے والا میخوار - خواجہ حافظ - دادگر آنرا فلک جرعہ کش پیالہ باد + دشمن دل سیاہ تو غرقہ بخون چو لالہ باد -

جرس بر محمل بستن - جرس در گلو بستن - سفر کی تیاری کرنا پکار کر دعا مانگنا - نظامی - چو بانگ خروس آمد از پاسگاہ + جرس در گلو بست ہارون شاہ + میرزا صائب - بر سفر کردن درین زودی دلیل روشن ست + اینکہ از شبنم جرس بر محمل گل بستہ اند -

جرس زدن - گھڑیال گھڑ کا نا ز نگولہ بجانا - نظامی - بصد رنج دل یک نفس میزنم + چنان تا نہ چشم جرس میزنم -

جرعہ فشاندن - شراب پینے سے پہلے حسب رسم تھوڑی سی شراب زمین پر گرانا - حافظ - اگر شراب خوری جرعۂ فشان بر خاک ازین گناہ کہ نفعی رسد بغیر چہ باک -

جرعہ کشیدن - شراب پینا پیالہ پینا - میرزا صائب - در بیہودہ ہیران جرعہ کہ چون ابر کشیدی + یک یک رعنا ز عرق افشان تو گل کرد +

جرعہ جبین - فضلہ خوردہ پس خوردہ خور - جمال الدین سلمان - آستانت را بیخ شاہان عالم خاک روب + بزمگاہت را لب حوران جنت جرعہ چین -

جریدہ رو - اکیلا جانے والا تنہا چلنے والا - حافظ - جریدہ رو کہ گذرگاہ عافیت تنگ ست + پیالہ گیر کہ عمر عزیز بے بدل ست -

جیم با زاے ہوز

جزو اصل - نجومیون کی اصطلاح مین برج حمل کا پہلا درجہ - انوری - بجزو اصل رسید آفتاب بر گردون + بخانہ نہمین آفتاب ہفت اقلیم -

جزو دان - وہ کیسہ پارچہ یا چمڑے کا جسمین کتاب رکھی جاسے - محمد سعید اشرف - آہ آن شوخ و برا وراق دلم گردید و رفت + جزو دان سینہ را از یکدگر پاشید و رفت -

جزو زمان - جو فی الحال زمانہ گذرتا ہو - عبد الغنی قبول - بر ہر چہ نظر افگنی امروز گران ست + جز شعر کہ بقدر درین جزو زمان ست -

جزو ناری - تھوڑی سی آگ آگ کا ٹکڑا - ابو طالب کلیم - چہ بخت بے اثر ست اینکہ جزو ناری من + دمی کہ شعلہ کشد کار بختہ خام کند -

جیم با سین

جست و خیز - جست مارنا کودنا اچھلنا - محمد قلی سلیم - سزین گیری سلیم از ضعف و پیری یاد ایامی + کہ جست و خیز در صحرا باہو یا د میداری -

جُستن - بضم اول ڈھونڈھنا اور پانا - میرزا صائب - نیست در راہ نسیم مصر صائب چشم ما + ما بکنعان یوسف گم گشتہ خود جستہ ایم -

جیم با شین

جشن شربت خوران - جشن لوطیون کا جو ایران مین بہار کے موسم مین کرتے ہین و جشن عروسی - طاہر وحید پالودہ بندی کی تعریف مین - طاہر وحید - دلم گم شد از حسن خوش مشربش + ازین جشن شربت خوران بس بش -

جیم با فاے

جفت کردن نظر - بغور تمام دیکھنا تمام دیکھنا - نورالدین ظہوری مجنون بطاق قبلہ نظر جفت چون کند + ابروے شاخ چشم قبایل برابر ست -

جفت مقراض - دو دم تیغہ مقراض کا - میرزا طاہر وحید - مقراض گر کے وصف مین - بچشم نباشد گران چشم یار + چو مقراض بے جفت افتد ز کار -

جفت شدن - جوڑا ہونا مباشرت کرنا -

جفت کردن - برابر کرنا یکسان کرنا - نورالدین ظہوری - با غیر ہمہ جفت مکن سر خوشم مباد + ساغر بطاق ابروے شوخ دگر شم +

جفتہ زدن - دولتہ مارنا گدھے کا اور اعلام کرنا - میرم سیاد - شراب میکشم و جفتہ میزنم دایم + بکار و بار جہان بیش زین نمیگویم -

جفتہ بازی - بچہ بازی اعلام - میرخسرو - کار این کج مزاج دزدے بود + جفتہ بازی و مہرہ دزدی بود + چون بہر جا گرفتمش جفتہ + گردمش داغ جفتہ بر جفتہ -

جیم با قاف

جق جق - بکسر ہر دو جیم مخفف جیقہ جیقہ ہی اور جیقہ کے معنے نالہ و فریاد اور آواز مرغ زخم رسیدہ کی مجازاً شور و غوغاے بے معنے آسیری لاہجی - زاہد ز حسد جق جق باطل کند آغاز + عاشق ز سر سوز زند نعرہ حق حق -

جیم با کاف

جگر آلود - وہ بات جو جگر سے نکلے دلکی بات - میرخسرو - یکشب زبراے دل من محرم من شو + بشنو ز دلم چند حدیث جگر آلود -

جگر فلان چیزے ندارد - یعنے تاب طاقت نہین رکھتا - میرزا صائب - ہر شیشہ دلے حوصلۂ سور ندارد + عریان جگر خانۂ زنبور ندارد

جگر باز - جس سے جگر کی حالت معلوم ہوتی ہو فیضی فیاضی - از آہ زہر لبے جگر بار + از اشک بہر دلی شرر کار -

جگر کش - جو آدمی غمخوار و محنت کش ہو - ابو الفیض فیاضی - از بانگ جرس بہر نشان را + بے کن قدم جگر کشان را -

جگر شگاف - مشہور لفظ ہی - ذوقی - بے خطا بر ہدف بہر پرتابٹ تیرآہ جگر شگاف رسد -

جگر آشام - جو آدمی غمخوار اور محنت کش ہو - ملا قاسم مشہدی - لالہ ہنجواست کہ از خاک درت بر خیزد + بر سر کوے تو قاسم جگر آشام افتاد

جگر باختن - ڈرنا خوف کرنا خایف ہونا - نورالدین ظہوری - شود از نگاہت نیستان اگر + دران شیر از بیم بازد جگر -

جگر چیزے داشتن - حوصلہ رکھنا طاقت رکھنا - ملا طغرا - دارم دو ہزار دشنہ چو بید + در کشتن خود جگر ندارم -

جگر خاییدن - غم و غصہ کی حالت مین رہنا - ظہوری - ز شوق بست چند خایم جگر + بیا ساقی اے از خدا بے خبر -

جگر خوردن - غم و غصہ مین رہنا - طالب آملی - جگر مخور اگرت کار دل نکو نشود + چہ احتیاج جگر خور دنست کو نشود -

جگر خراشیدن - غم کھانا غم و غصہ کی حالت مین رہنا - از مولف - چو مال و دولت و املاک اینجہان فانی ست + چہ حاجت ست دین غم جگر خراشیدن -

جگر دادن - غم و غصہ و رنج و محنت و ترصد و انتظار - رضی نیشاپوری - جگر چہ میدہی آنرا کہ بر توان چیدن + ز خاک تگذرت پارہ پارہ جگر نیش - میر حسین دہلوی - من کہ غمخوار توام خوارم مکن + در جگر دادن جگر خوارم مکن -

جگر دریدن - کسی پر غالب آنا محکوم بنانا تکلیف پہونچانا - نظامی - دگر ہمسری را دریدم جگر + ندادم بد رندگان دگر -

جگر دزدیدن - کسی کا دل لے لینا مائل کر لینا - فوقانی - جان ہم از جسمم اگر خواہی بگیرد + دل گرفتی و جگر دزدیدۂ -

جگر ریختن - جگر جھاڑنا جگر گرانا - میرزا بیدل - محبت کشتہ را سہل ست خون از دیدہ افشاندن + کہ عاشق گرد گر از دامن افشاند جگر ریزد -

جگرستان - مقام جگر اور سینہ - ظہوری - عیش بر سینۂ آلودہ مہیا نکند + سالہا داغ غمت در جگرستان گشت ست -

جگر سوختن - کسی کی حالت پر رحم کرنا - ملا شانی تکلو - من آن نیم کہ بر حم کسے فریب خورم + تو آن نۂ کہ ترا بر کسے جگر سوزد -

جگر کاویدن - غم کرنا تکلیف اٹھانا - طالب آملی - بہر جا بیدلی کاود جگر با ناخن مژگان + گریبان نگاہ حسرتم گرداب خون گردد -

جگر کردن - حوصلہ کرنا جرأت و دلیری کرنا - طاہر وحید - چو جام مے زلبش کام میتواند یافت + دل گداختہ ام گرم جگر تواند کرد -

جگر گرم کردن - غصہ دلانا تکلیف پہونچانا - ؎ دل گرم کردۂ زلف آہ من بس ست + سردی مکن کہ گرم کنی ہمچو دل جگر -

جگر گرہ خوردن - کسی نفیس چیز کو کم کرنا - نظامی - گشت گم آن شیر سگ از شیر مرد + مرد دران غم کہ جگر گرہ خورد -

جگر خوارہ - دشمن عداوتی تکلیف پہونچانے والا، اور وہ جادوگر جو جادو کے زور سے بچون کے کلیجے نکالکر کھا جاتے ہین -

جگر گاہ - پہلو اور سینہ آدمی کا - حکیم زلالی - سیہ زاغان آہ آتشین بال + درند از ہم جگر گاہم بچنگال -

جیم با لام

جل لسبن [illegible] - وہ سبزی جو پانی پر آجاتی ہی -

جلاے کیف - عروج دماغ جو شراب پینے والے کو بعد پینے شراب کے حاصل ہوتا ہی - محمد سعید اشرف - رنگ عاشق حسن را کیفیت دیگر دہد + بادہ خواران را جلاے کیف مہتاب ست و بس -

جل خود از آب بر آوردن - اپنا کام سر انجام دینے کے لایق ہو جانا - محسن تاثیر - در بصیرت نتوان اند غمی کمتر بود + کہ برون آوردہ از آب مسلم جل خویش -

جلق زدن - مشت زنی کرنا ہاتھ مین انزال کرنا - موید - جلق میزن کہ جلق خوش باشد + جلق درز بردلق خوش باشد -

جیم با میم

جمالستان - مقام جمال وحسن چنانچہ گلستان وسنبلستان وغیرہ میرزا طاہر وحید - بہ بین در سنبلستان خط گلزار خالستان + چو او معشوق دیگر بر نیاید از جمالستان -

جیم با نون

جنگ مشت با درفش ست - بے سلاح کی لڑائی سلاح دار کے ساتھ - مسیح کاشی - دلیل صدق من انگشتر جہانگیر ست + و لے چہ سود کہ جنگ درفش با مشت ست + گواہ عاشق صادق در آستین باشد + گواہ بندہ کہ صادق ترم در انگشت ست -

جنگ سود - وہ شخص جو تمام عمر لڑائیون مین رہا ہو - نظامی - سر آمد بر او زنگی جنگ سود + بیک ضربت از تن سرش را ربود -

جناح سفر - وہ اسباب جو سفر کی تیاری کے واسطے ہو - محسن تاثیر - پرواز شوق دل بسفر بیشتر کند + این مرغ از جناح سفر بال و پر کند -

جنس کم مخر - کم میاب - وہ جنس کہ کوئی اسکو نہ خریدے - سالک یزدی - بر نیستہ کہ دران صف زخود فرد شان اند + چو جنس کم مخر و کم میاب ارزان باش -

جنگ صف - جو صف باندھکر آپس مین لڑین - رضی دانش - از جنگ صف آن مژہ غافل نتوان بود + آشوب طلب دل بھار انگذارد -

جنگ سگال - لڑیا بہادر جنگ آور - فرخی - باقصاے جہان از فرع تیغش سر ربذر + ہمی صلح سگالد دل ہر جنگ سگالے -

جنبش اول - حرکت قلم قضا اور آسمانی حرکت اور حرکت ستارونکی برج حمل سے - حکیم زلالی - اول جنبش کہ بر رقم رفت + در ہفت قلم و قلم رفت -

جناح زین - جناغ زین - اسباب زاید زین کا جو زین کی زینت کے لیے بتکلف بناتے ہین - حسین ثنائی - سراج دہر ہر شب بہر جناح زینش + دوزد ز چرخ داہم تا صبحدم مداخل -

جنب جنبان - زلزلہ بھونچال تپ لرزہ - فردوسی - دو لشکر بسان دو دریاے چین + تو گوئی کہ شد جنب جنبان زمین -

جنبان - ہلنے والا اور ہلانے والا چنانچہ سلسلہ جنبان - طاہر وحید - لب نمی جنبد ز افغان تا جرس جنبان بود + می طپد در سینہ دل تا بانگ و غوغا بشکند -

جنبیدن - ہلنا حرکت کرنا مجازاً اجماع کرنا - سعید اشرف - رسیدہ سبزۂ خطش کنون نزدیک خشکیدن + بجنبیدن اے ہوسناکان کہ وقت آبادان شد -

جنت در بستہ - دربست بہشت یعنے تمام بہشت اور دفاتر شاہی مین بھی کل موضع کے مقام پر موضع دربست لکھا جاتا ہے - محسن تاثیر - تاثیر فیض جنت در بستہ می برد + ہر کس گذاشت سر بسر آستان تو -

جنجنانی - بروزن لن ترانی یہ لفظ کسی چیز کی تعریف کے وقت بولا جاتا ہے - محسن تاثیر - خوش مائدہ ایست آسمانی + با نان و پنیر جنجنانی -

جنگ زرگری - ساختہ جنگ جو فریقین مین کسی فائدہ کیواسطے وقوع مین آئے - میرزا صائب - نمیخواہد میانجی جنگہاے زرگری در نہ + نزاع از کفر دین و سبحہ و زنار بردارم -

جنون دوری - وہ جنون کہ کبھی ظاہر ہو اور کبھی جاتا رہے فصل بہار مین زیادہ ہو - میرزا صائب - چو گرد باد بسر گشتگی علم سازد + جنون دوری من خاک این بیابان را -

جیم با واو

جوشن حوت - بارھوان برج آسمان کا - عرفی - آفتاب از کشاد ناوک او + جوشن حوت در برانداز د -

جوہر اینکار ندارد - وہ اس کام کے لائق نہین - میرزا صائب - دل طاقت حیرانی دیدار ندارد + آئینہ ما جوہر این کار ندارد -

جوشن ور - صاحب جوشن مثل نامور و تاجور وغیرہ - سید حسن غزنوی - سپاہ غور ہم کو رست خواہی باہمہ کری + چو آتش نیزہ زن بودند ہمچون آب جوشن ور - جمال الدین عبد الرزاق - اے زفر تو خاک دیبا پوش + وی ز دست تو آب جوشن ور -

جولان گر - جولان کرنے والا گھوڑا دوڑانے والا بہادر سپاہی - میر خسرو - سواران دگوان و پردلان و صفدران بینی + کمند انداز و خنجر گیر و ناوک باز و جولان گر -

جو و گندم - ریش سیاہ و سفید دو رنگ کے بال جسکو فارسی مین دو رو کہتے ہین اور عربی مین کہل - طاہر وحید - پیر زال فلک کینہ ور از بس بد خوست + عمر پیران و جوانان جو شب و روز دو روست - طالب آملی - طالب کہ رفیق مفتی جہرم بود + در مجلسیان عزیز تا مردم بود + این ما عزت بفضل بود و بہ ہنر + وان را حرمت بریش جو گندم بود -

جوئے سیم - کواکب و کہکشان ستارے - اوحد الدین انوری - نمود روی صبح از کران شب + چون جوے سیم بر طرف نیلگون سراب -

جوے گندم - وہ خط جو گیہون کے اندر ہوتا ہی اسکو الف گندم کہتے ہین - **ملا بیخودی** گدھی کی ہجو مین - تا چو نہیش در برابر آسمان بجہد ز جوے گندم -

جوز بر گنبد انداختن و افشاندن - لغو و بے فائدہ کام کرنا - **فردوسی** - تو تا این سپہ پیش من راندۂ + ہمی جوز بر گنبد افشاندۂ - **نظامی** - چو عاجز شدند اندران تاختن + وزان جوز بر گنبد انداختن -

جوان سنگدیدہ - بہادر اور محنتی اور ریاضتی آدمی - **ملا طغرا** - ما سپاہ غمیم و شعلۂ آہ + از جوانان سنگدیدۂ ماست -

جوشن خاے - یہ جملہ تیر اور تلوار کی صفت مین اشعار مین باندھا جاتا ہی - **سعدی شیرازی** - نہ ہر کہ موے شگافد بہ تیر جوشن خاے + بروز حملہ ندر آوران بدار دپاے -

جوشن داؤدی - وہ زرہ جو حضرت داؤد علیہ السلام بناتے تھے **میرزا صائب** - جوشن داؤد گرد سینہ چون پر رخنہ شد + دل دو نیم از درد چون گردید گرد د ذوالفقار -

جیم با ہاے ہوز

جہان گرد - بہت سا سفر اور سیر کرنے والا - **میر خسرو** - صبر مست از دمن گریخت کنون + آن جہان گرد را کجا یابند -

جہان بین - یہ جملہ آنکھ اور پیالہ کی تعریف مین بولا جاتا ہی - **مولف** فنا بینی ہمہ ملک جہان را + اگر بینی تو با چشم جہان بین -

جہان خوردن - زمانہ کو تسخیر کرنا اور آمدنی حاصل کرنا اس سے - **میر معزی** - ہمان بہ است کہ امروز خوش خوریم جہان + کہ دے گذشت و ز فردا پدید نیست نشان -

جہان سیاہ کردن - ملک ویران کرنا لوٹ لینا برباد کرنا ظلم کرنا - **نظامی** - سیاہان کہ تاراج رہ می کنند + بدزدے جہان را سیہ می کنند -

جہان کندن - ملک کو خراب کرنا برباد کرنا - **اوحد الدین نوری** در رحمت شود بر مملکت بند + چو سلطان جہان بیخ جہان کند -

جہان گرد کردن - ملک کو تسخیر کرنا ملک اور دولت کا مالک بننا - **سعدی** - جہان گرد کردم نخوردم بر شش + برفتم چو بیچارگان از سرش -

جیم با یاے

جیرہ خوار - وظیفہ خوار راتبہ خوار - **ملا طفیع اثر** - بر طبل آسمان زند از گلستان دوال + در مطبخش زمانہ با حضار جیرہ خوار -

چوتھی فصل

محاورات زبان اُردو کے بیان مین

جیم با الف

جا بجا پھرنا - ہر ایک جگہ جانا ادھر اُدھر پھرنا آوارہ پھرنا بیکار پھرنا - **حکیم انوری** - کس لیے دنیا مین گھر گھر یہ گدا پھرتا رہا + چھوڑ کر دروازۂ حق جا بجا پھرتا رہا -

جا بھڑنا - مقابلہ کرنا سامنا کرنا روبرو ہونا لڑائی شروع کر دینا مٹ بھیڑ ہو جانا - **مصحفی** - تنہائی جا بڑا صف مژگان یار سے + ہی کسقدر یہ دل بھی جگر دار دیکھنا -

جا بیجا مار بیٹھنا - جسم کے کسی نازک حصہ کو ایسا صدمہ پہونچانا جس سے جینے کی امید نرہے جگہ بے جگہ ٹھوکر ٹھوکر مار بیٹھنا -

جاتا رہنا - کھویا جانا گم ہو جانا نابود ہو جانا - **مولف** - زلف کے پھندے مین جو آتا رہا + گم ہوا اسکا نشان جاتا رہا -

جادو جگانا - جادو یعنے سحر کو عمل مین لانا جادو کو سدھ کرنا - **شوق** - سوتے ہین فتنۂ خوابیدہ کی صورت اے شوق + جلتے ہین یہ جگائے ہوے جادو کی طرح -

جادو کرنا - جادو چلانا - جادو ڈالنا - ٹونکا سحر و افسون کرنا موٹھ پھینکنا موٹھ چلانا - **قطعہ از مولف** - نظر بازون کو کر لیتے ہو مائل + کبھی ابرو کبھی دکھلا کے گیسو - نگاہون مین اڑا لیتے ہو دل کو + یہ کیا کرتے ہو تم لوگون پہ جادو -

جادو چلنا - سحر کارگر ہونا افسون کا اثر ہونا - **مولف** نہین ہلتا جگہ سے مار خونخوار + ترے گیسو کا جب چلتا ہی جادو -

جادو کا پتلا - آٹے کی وہ انسانی مورت جو کسی پر جادو کا عمل کرنے کے لیے بناتے ہین اور وہ انسان جو نہایت خوبصورت ہو اسکو دیکھکر ہر ایک شخص مائل ہو جاے - **مولف** - خدائی شیفتہ ہی جسکے حسن قد موزون پہ + وہ سنگین دل بت بیرحم کیا جادو کا پتلا ہی -

جا دھمکنا - بہت جلد جا پہونچنا جھٹ سے وارد ہو جانا - **جراٗت** - لایا اُس کوچہ سے لیکن وہین جا دھمکا پھر + دل بیتاب مرا دے کے جھکوے مجھکو -

جاڑا چڑھنا - تپ لرزہ ہونا سردی سے کانپنا خوف سے کانپنا

جاضرور جانا - رفع حاجت کے لیے بیت الخلا مین جانا -
جاکڑ بیچنا - واپس لے لینے کے وعدہ پر فروخت کرنا -
جاکڑ خریدنا - بحالت ناپسندی واپس دے دینے کے وعدے پر خرید کرنا -
جاگرن کرنا - رت جگا کرنا رات بھر جاگتے رہنا -
جال بچھانا - جال پھیلانا - جال لگانا - جانور پکڑنے کے لیے جال پھیلانا دھوکا دینا فریب و دغا کرنا - مولف - بہت مرغون کو ہم نے پھنسایا + ہی جب سے جال زلفون کا بچھایا -
جال پھینکنا - جال ڈالنا - دریا مین مچھلیان پکڑنے کے لیے جال ڈالنا فریب کی چال چلنا دھوکا دینا -
جالگنا - جابھڑنا - پہونچ جانا قیام پکڑنا - ٹھہر جانا - ذوق - ذوق اِس بحر جہان مین کشتی عمر روان + جس جگہ پر جالگی وہی کنارا ہوگیا -
جال مارنا - جال کے ذریعہ سے جانورون کو پکڑنا فریب دینا دغا کی چال چلنا - مولف - زلف مشکین دکھا کے وہ گلرو + اُڑتے مرغون کو جال مارتے ہین -
جال مین پڑنا - جال مین پھنسنا - کسی جانور کا جال مین پکڑا جانا کسی آدمی کا کسی مصیبت مین آنا فریب کھا جانا - شوق - جال مین اک نہ اک تو آئیگا + کوئی تو اِسمین رحم کھائیگا -
جال مین پھنسانا - جال مین لانا - شکار کو جال مین پکڑنا - انسان کو دھوکا دینا پٹی پڑھانا آفت مین پھنسانا -
جام چڑھانا - شراب پینا پے در پے پیالے دینا - ناسخ - یہی وظیفہ ہر دن رات مجھکو مستی مین + چڑھاؤن جام کوئی نشہ کا اُتار ہوا -
جام چلنا - شراب کا دور شروع ہونا مے نوشی ہونا پیالے اُڑنا - قطعہ از مولف - غیر کی بزم مین شراب کا دور + روز ہر صبح و شام چلتا ہی + ہم وہان دور بیٹھے رہتے ہین + آنکھ ہے جسوقت جام چلتا ہی -
جامے سے باہر ہو جانا - جامے سے نکلا پڑنا - برافروختہ ہونا ضبط نہ کر سکنا اپنی حالت مین نہ رہنا - مولانا اکبر - نہ پھیلانا وسعت سے دامن زیادہ + کبھی اپنے جامہ سے باہر نہونا - ناسخ - اپنے جامہ سے وہین ہو گئے باہر لاکھون + گھر سے پوشاک بدل کر جو وہ باہر آیا + ذوق - کب صبا آئی تیرے کوچہ سے اے یار کہ مین + جون حباب لب جو جامے سے باہر نہوا -
جامے مین پھولا نہین سماتا - خوشی کے مارے اتنا موٹا ہوگیا ہی کہ بدن پھول گیا ہی کپڑے پھٹے جاتے ہین - قطعہ از مولف - کون گلچہرہ گلبدن گلرو + صحن گلشن مین آج آتا ہی + جسکی آمد سے اپنے جامہ مین + پھول پھولا نہین سماتا ہی -

جان آجانا - طاقت آنا قوت آنا تازگی حاصل ہونا - توقیر - انتظار نامہ بر مین اِسقدر بیہوش ہون + جان تن مین آگئی پیک قضا کو دیکھکر -
جان بچانا - جان چھڑانا - کسی کو مرنے سے بچانا قتل سے چھڑانا کسی مشکل سے نجات دلانا بھاگ جانا نکل جانا پیچھا چھڑانا - مفتی حیدر - بلاے جان ستان ہی زلف جانان + تم اِس آفت سے اپنی جان بچانا -
جانبر ہونا - کسی مصیبت سے زندہ و سلامت نکلنا جیتا بچنا جیتا رہنا - صفدر فوقانی - کوئی بچ جاے گر شمشیر بران سے تو امکان سے + نہین ممکن کہ تیغ ابروے جانان سے جانبر ہو -
جان پر بنا - جان پر نوبت آنا - زندگی کا خطرہ مین ہونا مرنے کی نوبت پہونچ جانا قریب المرگ ہونا - ظفر - بن گئی جان پہ اور نہ بنے نہ جانا ہرگز + ہاے تو اتنا مرے حال سے انجان بنا -
جان جوکھون ہونا - جان جوکھم ہونا - جان کا خوف ہونا خطرہ جان ہونا - بحر - خدا بچاے محبت مین جان جوکھم سے + مسیح اِسمین ہی عاجز یہ لا دوا ہی درد -
جان پر کھیلنا - جان دینا - جان گنوانا - جان کو خطرہ مین ڈالنا جان بازی کرنا خطرناک کام مین دست انداز ہونا مرجانا - جان تلف کرنا - بحر - ہم جان پر کھیل کے جیتے نہ یار سے + ہمنے یہ داؤن چڑھکے لگایا تھا ہر گیا - حکیم محمد انوری - سرد جان باز عشق کی شطرنج + جس گھڑی کھیلنے پہ آتا ہی + ہار اور جیت پر نہ رکھکے خیال - جان تک اپنی کھیل جاتا ہی - مولف - حقیقت مین خبر ہونے نہین پائی فرشتے کو + کوئی جانباز جب چپکے سے جان دیتا ہی جانان کو -
جان پڑنا - بچے مین جان پڑنا روح پڑنا جی پڑنا فرحت حاصل ہونا دل خوش ہونا ٹھنڈک پڑنا - مصحفی - اِسکی جب بات کان پڑتی ہی + تن بیجان مین جان پڑتی ہی -
جان جانا - مر جانا - دم نکل جانا - صفدر فوقانی - مرد ہجران سے دم نہ آئیگا + غم فرقت مین جان جائیگی -
جان جھوکنا - مصیبت کے کام مین پڑنا - محنت کا بار اٹھانا -
جان چرانا - جان چھپانا - کسی مشکل کام کے کرنے سے رکنا سستی کرنا کام کرنے سے بھاگنا - قطعہ از مولف -

بندہ نار حق کی بندگی سے + جان کسواسطے چُراتا ہی + ہو سکے چالاک کیون نہین کرتا + کام جو اسکے کام آتا ہی -

جان چھوڑانا - مصیبت سے چھوٹنا مخلصی حاصل کرنا - **مولف** دوستو گیسوے مسلسل سے + مشکل اب جان کا چھڑانا ہی -

جان چھڑکنا - نثار کرنا فدا کرنا مرنا -

جان چھوڑنا - ہمت ہارنا جی چھوڑنا مرنا فوت ہونا - **مولف** جان عالم اگر نہ آئینگے + ہم بھی جان اپنی چھوڑ جائینگے -

جان دینا - جی دینا - جان بحق تسلیم کرنا مرنا فوت ہونا - **غالب** جان دی دی ہوئی اُسی کی تھی + حق تو یہ ہی کہ حق ادا نہوا -

جان سوکھنا - **جان نکلنا** - دم نکلنا مرجانا دل کڑھنا خوف معلوم ہونا دم خشک ہونا -

جان سے جانا - **جان سے گذرنا** - مرنا فوت ہونا گذر جانا **وزیر** - عاشق ہوے جو اُس بت بے پیر کے وزیر + جی سے گئے جگر سے گئے جان سے گئے + کافر ہوے زمانہ مین مشہور چار سو + مذہب سے درگذر ہوے ایمان سے گئے -

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا - زندگی سے دست بردار ہونا جینے کی آس چھوڑ دینا -

جان فشانی کرنا - نہایت محنت سے کام کرنا دل سے کوشش کرنا دل دیکر کام کرنا - **مولف** - عبادت پر کرو تم جانفشانی + کہ ہو تم پر خدا کی مہربانی -

جان کا جنجال ہوجانا - بلاے جان ہوجانا دوبھر ہوجانا مصیبت ہوجانا - **میر** - الجھاؤ پڑ گیا جو ہمین اُسکے عشق مین + دل سا عزیز جان کا جنجال ہوگیا -

جان کا لاگو ہوجانا - کسی کے مارنے کی فکر مین رہنا درپے آزار ہونا جانی دشمن بن جانا کسی کے پیچھے پڑ جانا -

جان کر انجان بننا - یا ہونا - کسی چیز کا واقف ہوکر ناواقف بننا جان بوجھکر انجان بننا تجاہل عارفانہ کرنا - **مولف** - وہ جانان جانکر کسواسطے انجان بنتے ہین + وہ دانا دیدہ و دانستہ کیون نادان بنتے ہین -

جان کو جان نہ سمجھنا - زندگی کی پروا نکرنا جان توڑ کر محنت کرنا نہایت مشقت کرنا - **مولف** - ہوے عاشق جو حسن جانان کے + جان کو جان ہم نہین سمجھے + عشق کے کام کا جو تھا انجام + بنکے نادان ہم نہین سمجھے -

جان کہلانا - کسی کا مرنا چاہنا بدخواہ بننا بددعا دینا کوسنا

بُرا ماننا - **شاعر** - اب کیا رہا کہ جس سے رقیبون کا ڈر کرین + ہم تو بُرون کی جان کو پہلے ہی رو چکے -

جان کھانا - **جان کھا جانا** - عاجز کرنا تنگ کرنا دق کرنا ستانا پیچھے پڑنا - **میر تقی** - شوق ہمکو کھپاے جاتا ہی + جان کو کوئی کھاے جاتا ہی - **شوق** - یہ تو بھر بڑبڑاے جاتا ہی - اور بھی جان کھاے جاتا ہی -

جان کھونا - **جان گنوانا** - مرنا جان دینا جان تلف کرنا جان ضایع کرنا - **شوق** - بادلی ہو جو تیرے فقرے مین آے + چاہ مین جان اپنی کون گنواے - **مولف** - کسی پر دیکھنا عاشق نہ ہونا + محبت مین نہ اپنی جان کھونا -

جان کے برابر رکھنا - بہت محبت اور پیار سے رکھنا بہت عزیز سمجھنا -

جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا - جان بھی کھوئی اور ایمان بھی کھویا ہر طرح کا نقصان اُٹھایا کچھ حاصل نہوا - **قطعہ از مولف** - بت بیرحم پر ہوے عاشق + ہوا کیا اسکے حاصل اے نادان + جان کی جان بھی ہوئی ضایع + اور ایمان کا گیا ایمان -

جان کے لالے پڑنا - زیست کی امید جاتی رہنا جینے کی آس نہ رہنا -

جان لڑانا - دل وجان سے کوشش کرنا - **صفدر رامپوری** ہوگی مرضی تو ابھی جان لڑا دونگی مین + ارض و افلاک کے قلابے بلا دونگی مین -

جان لینا - ہلاک کرنا ماردینا دق کرنا تکلیف پہونچانا ستانا -

جان مارنا - ہلاک کرنا دق کرنا محنت کرنا جفاکشی کرنا جانفشانی کرنا **مولف** - سار گیسو کے ہوکے عاشق زار + لوگ کیون اپنی جان مارتے ہین -

جان مین جان آنا - خوش ہونا تسلی ہونا غم دور ہونا سُکھ ملنا طمانینت حاصل ہونا - **ناسخ** - آجاے ابھی جان مین جان آؤ اگر تم + تن ہجر مین بیجان ہی اے یار ہمارا -

جان نکلنا - مرنا فوت ہونا ہلاک ہونا ہمت ہارنا خستہ ہونا کسی پر عاشق ہونا -

جان ہلکان کرنا - زیادہ محنت کرنا دق ہونا دق کرنا دُکھ اُٹھانا دُکھ دینا -

جاگتی جوت - چراغ جلتا ہوا شمع روشن - سو کرو نور خدا سے سینہ روشن + کہ دنیا مین رہے وہ جاگتی جوت -
جان بوجھکر - دیدہ ودانستہ جانکر سمجھ کر عمداً ارادتاً -
جانے کے لچھن ہین - خرابی کی علامتین ہین بربادی کے نشان ہین - میر - گردش سے روسیہ کی کیا کیا بلائین آئین + جانے کے ہین یہ لچھن سارے اِس آسمان کے -
جانے دو - رد کو مت معاف کرو بخشو درگذرو رفع شر کرو - مولف - دل کے ہمراہ اگر جائے جگر جانے دو + دونون دیوانے جاتے ہین جدھر جانے دو -
جاؤ بیٹھو - اپنے کام سے لگو الگ رہو - شوکت - دربدر دیکھ کے پھر ملیے مجھے کہتا ہو وہ شوخ + جاؤ بیٹھو اجی باتین ہین یہ گھر کھونے کی -
جان سے زیادہ - نہایت عزیز پیارا لاڈلا -
جاتے دنیا دیکھی - جب کوئی شخص مدت کے بعد بھولے ہوے کام کو کرنے لگتا ہو یا کسی دوست کی ملاقات کو جس سے ایک مدت سے ملا نہ جاتا ہو تو یہ محاورہ بولتے ہین یعنے کیا دنیا کو جاتے ہوے دیکھکر تمھین اپنے مرنیکا خیال بھی آگیا ہو جو اس کام یا ملاقات کو ضروری سمجھا ہو -
جان بچی لاکھون پائے - جان سلامت رہی تو لاکھون دیہ ملگئے
جان بلب ہو - مرنے کے قریب ہو یعنے ہونٹون پر جان ہو - مولف دم آخر ملو مسیحا دم + ہو ترا آج جان بلب بیمار -
جان ہو تو جہان ہو - جی ہو تو جہان ہو - اگر زندگی ہو تو دنیا کا لطف ہو جیتے جی کا سارا جھگڑا ہو - میر تقی - میر عمداً بھی کوئی مرتا ہو + جان ہو تو جہان ہو پیارے -
جان ہی کی پہچان ہو - ہوتے ہی کی واقفیت اور محبت ہو جب تک جسم مین جان ہو ہر کوئی واقف ہو جب جان نکل گئی کوئی واقف نہین بنتا -

جیم با باے

جبڑا چلانا - منھ ہلانا کوئی چیز کھانا -
جب نہ تب - موقع بے موقع وقت بیوقت وقتاً فوقتاً بارہا ہمیشہ نت نت - معروف - کیا برا لکھا ہو اپنا بھی کہ خط خاص مین + جب نہ تب حرف عتاب آمیز لکھا آپ نے - میر - حالت مین شخص ہی کسکو خط لکھنے کی ہو فرصت + اب جب نہ تب دھرکو جی ہو چلا کرے ہو - ناسخ - وہ گئے دن جو ہمیشہ مجھ سے سیدھی آنکھ تھی + جب نہ تب مین اب تو پاتا ہون نگاہ پاپیچ -

جیم با زاے ہوز

جز بز ہونا - طبیعت کا برہم ودرہم ہونا پیچ و تاب ہونا پریشان ہونا -
جز و رس ہونا - کفایت شعار ہونا بخیل ہونا کنجوس ہونا سمجھدار ہونا -

جیم با سین

جس لینا - نیکنامی حاصل کرنا نیک مشہور ہونا -
جس اجس خدا کے ہاتھ ہو - نیکی بدی خدا کے ہاتھ ہو -

جیم با فاے

جفا کفا اٹھانا - سختی اٹھانا مصیبت جھیلنا -
جفا کفا پڑنا - سختی نازل ہونا مصیبت پڑنا -
جھفتے پڑنا - کمبسر جیم کپڑے کے تارون کا سمٹ کر اکٹھا ہو جانا تار تار ہو جانا - ناسخ - رات بھر تڑپے فراق یار مین ہم اسقدر + پڑ گئے جھفتے ہزارون چادر مہتاب مین - امداد علی - اس سمنبر کے ڈوپٹے کی جناوٹ دیکھکر + پڑ گئے جھفتے گلون کی چادر تو قبر مین -
جفتی کھانا - پرندون کے نر مادے کا جوڑا کھانا -

جیم با کاف

جگا جگا کر رکھنا - جوڑ جوڑ کر رکھنا جمع کرنا -
جگ پھوٹ جانا - جگ ٹوٹ جانا - چوپڑ مین جب تک وہ نردین اکٹھی ہوتی ہین کوئی انکو مار نہین سکتا جب الگ الگ ہوتی ہین تو ماری جاتی ہین اُس علحدگی کو جگ پھوٹنا کہتے ہین اتفاق قایم نرہنا - اسیر - چاہیے جو زندگی تو نہو یار سے جدا + چوپڑ کا جگ جو پھوٹ گیا نرد مر گئی -
جگ پھوڑنا - دو شخصو مین نا اتفاقی ڈالدینا نفاق وعداوت پیدا کرنا -
جگت سالا - کسبین عورت کا بھائی -
جگت لڑنا - ضلع مین گفتگو کرنا ضلع بازی کرنا - شوق - چوٹی لیتی ہو باسی ہارون سے + لڑ رہی ہو جگت کہارون سے -
جگت لگانا - مطلب گانٹھنا حصول مطلب کیصورت نکالنا توڑ جوڑ بٹھانا -
جگ جیتنا - ملک فتح کرنا بادشہ ہونا -
جگر سراہنا - کسی کے حوصلہ کی تعریف کرنا -
جگمگ جگمگ کرنا - اندھیری رات مین ستارون کا چمکنا -
جگ ہنسائی کرنا - ایسا کام کرنا جس سے لوگ ہنسین مسخرگی

کرین خفی۔ اے خفی اپنے اشک بے تاثیر + مفت مین جگ ہنسائی کرتے ہین۔ ولی۔ بیوفائی نکر خدا سے ڈر + جگ ہنسائی نکر خدا سے ڈر۔

جگت اُستاد۔ تمام زمانہ کا استاد۔ ؎ عشقبازی مین بعد مجنون کے + ہم ہی مشہور ہین جگت استاد۔

جگت رنگ۔ رمزین کلام کرنے والا ضلع باز۔

جگ جگ جیو۔ ہمیشہ جیتے رہو۔

جگہ جگہ۔ ہر جگہ ہر مقام گھر گھر۔

جگر جگر ہے دگر دگر ہے۔ اپنا اپنا ہے بیگانہ بیگانہ ہے بیگانہ کی محبت کبھی اپنے کے ساتھ نہین ملتی۔

جیم بالام

جلاب سا لگ جانا۔ مارے خوف کے دست آنے لگنا بہت پتلا حال ہوجانا۔

جل اُٹھنا۔ آگ کا مشتعل ہوجانا بھڑک جانا غصہ مین آنا خفا ہونا۔ مولف۔ رات تیری بزم مین مانند شمع + دیکھتے ہی مجھکو جل اُٹھے رقیب۔

جلا جلا کر مارنا۔ نہایت تنگ کرنا کسی کا دم کرنا بہت ستانا۔

جل بجھنا۔ جلکر خاک ہوجانا۔ سوختہ ہوجانا راکھ ہوجانا کوئلہ ہوجانا۔ ناسخ۔ جب ہجر مین باغ کو گیا ہون + مین آتش گل مین جل بجھا ہون۔

جل بھن کر بیٹھ رہنا۔ مطلب سے مایوس ہوجانا بے قابو ہوکر صبر کرنا۔

جلکر پتنگا ہوجانا۔ جل بھن کر کوئلہ ہوجانا۔ غصہ مین آگ ہونا جلکر خاک ہوجانا۔ ؎ اخیر الفت یہی نہین ہے کہ جلکے آخر ہوے پتنگے + ہوا جویان کی یہ ہے تو یارو غبار ہوکر اُڑا کر دئے۔

جل پان کرنا۔ تھوڑا سا کھاپی لینا ناشتہ کرنا۔

جلتی آگ بجھانا۔ جلتی آگ مین پانی ڈالنا۔ لڑائی کو مٹانا فساد کو کم کرنا۔ مولف۔ گر نہوتے یہ دیدۂ گریان + آگ جلتی ہوئی بجھاتا کون + کون کرتا فرو حرارت دل + ایسے مردے کو پھر جلاتا کون۔

جلتی آگ مین تیل ڈالنا۔ دو شخصون کو جو آپس مین لڑ رہے ہون دو باتین لگا کر اور زیادہ لڑانا لڑائی کو چمکا دینا۔

جلتی آگ مین گرنا۔ جان بوجھکر کسی بلا مین گرفتار ہونا دوسرے کی آفت اپنے سر پر لینا۔ مولف محبت کی جب آتش شعلہ زن ہوتی ہے سینہ مین + تو جلتی آگ مین فی الفور گر جاتا ہے پروانہ۔

جل جانا۔ آگ لگ جانا افروختہ ہونا غضب مین آنا گرم ہونا۔ ؎ بزم مین اُس شعلہ رو کے رات جب آتی ہے شمع + یکدم مین آتش غیرت سے جل جاتی ہے شمع۔

جلدی کام شیطان کا۔ ہر ایک کام جلدی کا اچھا نہین کہ یہ شیطان کا کام ہے۔ ؎ ہو تو عاشق سوچکر اس دشمن ایمان کا + دل نکر جلدی کہ جلدی کام ہے شیطان کا۔

جل گیا۔ جلا۔ سوختہ ہوا مردود ہوا کم بخت بد نصیب۔

جل مین آنا۔ دھوکا کھانا فریب مین آنا۔ شوق۔ مین بڑا چکمہ کھا گئی افسوس + جو ترے جل مین آگئی افسوس۔

جلون کو جلانا۔ مظلومون کو ستانا مصیبت زدون پر اور مصیبت ڈالنا۔ تقشی۔ جلے ہوون کو جلانے کا طرز ہے کہ نہین کہ درد دل کو بھی سنتے ہو داستان کیطرح۔

جلوہ دکھانا۔ شان و شوکت دکھلانا حسن و خوبی ظاہر کرنا۔ صفدر رامپوری۔ الغرض شام نے جلوہ جو دکھایا ہمکو + مژدۂ وصل مقدر نے سنایا ہمکو۔

جلے پر نمک چھڑکنا۔ مصیبت زدہ کی مصیبت کو زیادہ کرنا مرے کو مارنا۔

جلے پھپھولے پھوڑنا۔ دل کے پھپھولے پھوڑنا۔ شکایت آمیز باتون سے اپنے دل کا رنج ظاہر کرنا دل کا بخار نکالنا بس نہ چلنے کی حالت مین کسی سے بُرائی کرنے لگنا۔ جرأت۔ جا کے مین میکدہ مین شیشے تمام توڑے + زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے۔ ؎ اپنے جلے پھپھولے کہان جا کے پھوڑیے + احباب سے بھی اپنے ہین ہم بیشتر جلے۔

جلی کٹی پہ آنا۔ جلی کٹی کرنا۔ ناراضی اور خفگی کی باتین کرنا رشک و عداوت ظاہر کرنا۔ رند۔ یہ دل لگی نہین اچھی جلی کٹی پہ نہ آ + ہنسی ہنسی مین تو مجھکو رولائیگا پھر کیا۔

جلاہے کی داڑھی۔ نوکدار چھوٹی سی ڈاڑھی۔

جیم بامیم

جم جنوائی ہوکر بیٹھنا۔ جن اور رد امام ہوکر بیٹھنا ضد کرکے بیٹھ جانا مطلب برآری کے بغیر جگہ سے نہ ہلنا۔

جمع خرچ کرنا - آئی ہوئی اور خرچ شدہ رقم کو حساب مین لکھنا
جم ہو جانا - ملک الموت ہو جانا جان لئے بغیر نہ ٹلنا -
جم ہی جم - جمی جم - اِسکے معنی کچھ نہین ہے چیز موجود نہین چونکہ عورتین کسی چیز کے عدم موجودگی کے اظہار کو نحس خیال کرتی ہین جواب مین جمی جم کہہ دیتی ہین - شوق - سیکھے سو سو طرح کے دم ہین + اچھی باتین غرض جمی جم ہین -
جم جم - جم جم سے - نت نت ہمیشہ سدا جگ جگ - شوق - کیا کھلی ہے زبان جم جم سے + صاف صاف اتنو کہتے ہو ہم سے -

جیم با نون

جن اترنا - ہوش مین آنا غصہ کا فرو ہونا - برق - ای پری مُردسے سے کیا ضد ہے کہا تنک غصہ + جان دی ہمنے مگر جن نہ تمھارا اُترا -
جن چڑھنا - آسیب ہونا سایہ ہونا غضب چڑھنا دیوانہ ہونا سودائی ہونا خشمناک ہونا - آتش - موسم گل ہے جنون ہے شور و شر پر ہندون + جن چڑھا رہتا ہے دیوانون کے سر پر اندنون -
جنتری مین نکالنا - تار کو سیدھا اور لمبا کرنا شریر آدمی کو سزا دینا
جنجال مین پھنسنا - مصیبت مین پڑنا بلا مین مبتلا ہونا بکھیرے مین پڑنا - شعر - زلف پر عاشق ہوے کسواسطے + کس لیے ہم پھنس گئے جنجال مین -
جنجال ہونا - ناگوار ہونا آفت ہونا وبال جان ہونا - مولف - زلف ہے چہرے پہ یا جنجال ہے + جنبش ابرو ہے یا بھونچال ہے -
جنگل جانا - بیت الخلا مین جانا -
جنگل مین منگل ہو جانا - ویرانہ مین ہر ایک چیز موجود ہو جانا -
جنگل آباد ہو جانا - مولف - کبھی بستی کو جنگل کر دکھایا + کبھی جنگل کو منگل کر دکھایا - صہبا - آیا اپنے پاس وہ ماہ دو ہفتہ شہر سے + ای جنون لے دن پھرے جنگل مین منگل ہو گیا -
جنگل مین مور ناچا کس نے دیکھا - مور کے جنگل مین ناچنے کا لطف شہریون کو حاصل نہین ہوتا شہر مین ناچے تو لوگ دیکھین اسیطرح کوئی شخص پردیس مین جا کر کوئی نمایان کام کرے تو کیا حاصل ہے جب وہ کام وطن مین آ کر نہ کرے -
جنم بگاڑنا - زندگی خراب کرنا بدکاری کرنا -
جنم بگڑنا - دین بگڑنا زندگی بگڑنا خرابی وقوع مین آنا -
جنم جلا نا - بدبخت بدقسمت بدنصیب -
جنم ڈبونا - زندگی خراب کرنا بدکاری و بد افعالی کرنا -
جنم سدھر جانا - زندگی نیکوکاری سے گذارنا -
جنیو کا ہاتھ دینا - ٹھہرا زخم تلوار کا حریف کو مارنا -
جنگل کا تیتر - وہ شخص جو خایف و ڈرپوک ہو -
جنم بھر - تمام عمر تمام زندگی -
جنم جنم - ہمیشہ ہمیشہ نت نت -
جنگ زرگری - سنارون کی سی باتین جو وہ اپنی اصطلاحون مین کرتے ہین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپسمین لڑتے ہین و فحو کا مکر و فریب

جیم با واو

جواب پانا - جواب ملنا - نوکری سے برطرف ہونا بیکار ہونا منکار ہونا -
جواب پڑھنا - مرثیہ خوانونکی اصطلاح مین اول مصرع کا اعادہ کرنا -
جواب تک نہ دینا - بات تک نہ کرنا خفا ہو جانا -
جوابدہی چھوٹنا - ذمہ داری سے دست بردار ہونا باز پرس سے بری ہونا
جواب دینا - اُتر دینا ذمہ دار ہونا جوابدہی کرنا مقابلہ کرنا بزرگ کے روبرو گستاخی سے کلام کرنا نوکری سے برطرف کرنا چھوڑنا جدا ہونا چلدینا - مولف - خط تو آیا نہین ہے چہرے پر + کیون ابھی سے جواب دیتے ہین -
جواب کھانا - لاجواب ہو جانا خاموش ہو جانا چپ ہو جانا -
جواب و سوال کرنا - آپس مین گفتگو کرنا بحثا بحثی کرنا تکرار کرنا ردوبدل کرنا -
جوا ڈال دینا - بیلون کا تھک کر کاندھے سے جوا ڈالدینا ہمت ہار دینا
جوانی اتر جانا - جوانی ڈھل جانا ضعیف ہو جانا اُمنگ جاتی رہنا -
جوانی چڑھنا - جوان ہونا طاقتور ہونا -
جوانی کے آگے پانا - بد دعا ہے فلان اس کام کی سزا جوانی کے آگے پائے
جوبن اُسنڈنا اُبھرنا - عورت کا جوان ہونا آثار بلوغت ظاہر ہونا -
جوبن پہ آنا - بہار پر آنا شباب پر آنا جوانی مین بھرنا - شعر - خزان کا گلشن عالم سے جانا + بہار باغ کا جوبن پہ آنا -
جوبن دکھانا - جوانی کے جوش کو دکھانا ابھار دکھانا - میر حسن - اِدھر اور اُدھر آتیان جاتیان + پھرین اپنے جوبن کو دکھلاتیان -
جوبن ڈھل جانا - حسن کی بہار کا زوال ہونا خوبصورتی کا گھٹنا
میر - ساقی نشہ مین مجھ سے لنڈھا شیشہ و شراب + چل اب کہ دخت تاک کا جوبن تو ڈھل گیا -
جوبن کا - جوبن کی - کوئی چیز جو اچھی اور مطبوع طبع ہو دیکھنے

چکھنے سننے لگانے مین اُس سے دل خوش ہوتا ہو مثلاً گیا جوبن کی بہار
ہو جوبن کا گلزار ہو کیا جوبن کا کھانا پکایا ہو کیا جوبن کا راگ گایا ہو کیا
جوبن کی ہوا چلتی ہو کس جوبن کا عطر ہو علیٰ ہذا القیاس ؎
جوتا اٹھانا - مارنے کو مستعد ہو جانا - کسی کی بیعزتی کرنا -
جوتا چھلنا - جوتا برسنا - آپس مین جوتون سے لڑنا جوتی پیزار ہونا -
جوتا دینا - پہننے کے لیے جوتا دینا ؎ یار آتا ہی میرا ننگے پانون
جی مین آتا ہی اُٹھکے دون جوتا -
جوت جھڑ جانا - کسی مزار یا مندر پر چراغ جلانا روشنی کرنا -
جوتیان بغل مین مارنا - جلدی چلنا بھاگنا رفوچکر ہونا
چلتے نظر آنا -
جوتیان توڑنا - بیفائدہ دوڑنا لاحاصل کوشش کرنا -
جوتیان چٹخاتے پھرنا - کوچہ گردی کرنا واہی تباہی پھرتے رہنا
آوارہ پھرنا -
جوتیان سر پر رکھنا - نہایت درجہ کی خوشامد کرنا -
جوتیان سیدھی کرنا - جوتیان اٹھانا - خدمتگاری کرنا
ٹہل کرنا خوشامد کرنا ؎ جوتیان سیدھی کرو استاد کی + تا کہ
حق سے تمکو سرداری ملے -
جوتیان کھانا - مار کھانا بیعزت ہونا -
جوتیان مارنا - مارنا بیعزت کرنا -
جوتی یا جوتی کی نوک پر مارنا - ناچیز سمجھنا کچھ پروا نکرنا -
جوتی پیزار - جوتم جاتا کرنا - جوتیون سے لڑنا ایک دوسرے
کو جوتیان مارنا -
جوتیون سمیت آنکھون مین گھسنا - بالکل اندھا بنا لینا -
جوتیون مین دال بٹنا - خانہ جنگی کرنا گھر کے لوگون کا آپس مین لڑنا -
جو جو حساب لینا - پورا پورا حساب لینا کوڑی کوڑی کا حساب سمجھنا
جورو کا جھڑکا - وہ آدمی جسکو جورو ہر بات مین جھڑک دیوے
زن مرید جورو کا غلام -
جوڑ باندھنا - لڑانے کے لیے دو جانورون یا آدمیون کو تیار کرنا -
جوڑ بٹھانا - پیوند درست لگا دینا حساب کی رقمون کی میزان -
جوڑ توڑ کرنا - ہر طرح سے کام نکالنا فریب کرنا دانون دینا -
جوڑ جوڑ مر جانا - سال جمع کرکے مر جانا کنجوسی سے روپیہ جمع کرنا -
جوڑ جوڑ دھرنا - کنجوسی سے روپیہ جمع کرکے رکھ چھوڑنا جمع کرنا -
جوڑ لگانا - پیوند لگانا جمع کرنا -

جوڑی ہانکنا - دو گھوڑون کی بگھی کو ہانکنا -
جوش آنا - جوش مین آنا - اُبال آ جانا اُبل جانا طغیانی یا
چڑھاؤ پر آنا غصہ مین آنا -
جوش مین لانا - غصہ دلانا بھڑکانا برافروختہ کرنا -
جوکوب کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا نیم کوفتہ کرنا -
جوکھون اٹھانا - نقصان اٹھانا خسارہ پانا -
جوکھون کا کام کرنا - جوکھون مین پڑنا خطرہ مین پڑنا خسارہ مین آنا -
جوگ سادھنا - جوگی ہونا فقیر ہونا دنیا کو ترک کرنا عبادت مین
مشغول ہونا -
جون پوری کرنا - زندگی کے دن کاٹنا -
جونک ہو کے لپٹنا - جونک کیطرح لپٹ کر خون چوس لینا -
جون کی چال چلنا - آہستہ آہستہ چلنا سست و کاہل الوجود ہونا -
جوہر دکھانا - اپنا کمال ظاہر کرنا گن دکھانا -
جوہر کرنا - خودکشی کرنا اپنے آپ کو مار ڈالنا - ناسخ - جالا
شیرین کب گئی ہو کوہکن کی رایگان + کہتے ہین شیرین نے
آخر آپ کو جوہر کیا -
جوہر کھلنا - عیب و صواب ظاہر ہونا برائی بھلائی معلوم ہو جانا -
بحر - دوست دشمن کو نہ پہچانا کھنچی جب میان سے کھل گئے
جوہر تری شمشیر جوہر دار کے
جوئین دیکھنا - کسی کے سر یا کپڑون سے جوئین نکالنا -
جوئین لگنا - جب انسان کو جوئین کاٹتی ہین تو بیقرار ہوتا ہو ایک
جگہ قرار نہین پاتا اسیطرح جو مغرور و متکبر ہوتا ہو اُسکی طبیعت مین
حلم و بردباری نہین رہتی گویا اُسکو جوئین کاٹ رہی ہین -
جوئین مارنا - کوئی کام نکرنا کاہل اور سست ہونا مکھیان مارنا -
رایگان وقت گنوانا -
جوڑ چلنا - چال چلنا فریب و دھوکا دینا - یار علی - مرزا مزاج
آپکا جب سے بدل گیا + کس کس کا اس سے جوڑ نہین مجھسے چل گیا -
جوانی کی نیند - غفلت کی نیند بیخبری کی نیند ؎ کھلی جب کہ
انسان کی پیری مین آنکھ + نہ آئی اُسے پھر جوانی کی نیند -
جوتی خورہ - جوتی کا یار - وہ شخص جو مار کھا کر کام کرے بغیر
جوتی کے سیدھا نہو - محمد انور حکیم - جوتیان کھا کے کام کرتے
ہین + یار جوتی کے ہین یہ دنیا دار -
جوتی چور - جس شخص کو جوتیان چرانے کی عادت ہو - قطعہ

از مولف - کیا عجب گر کبھی آئے + آپکی بزم مین کوئی منھ زوری آنے مین خانۂ خدا مین بھی + جوتیان کھانے لوگ جوتی خور -
جورو کا مزدور - جو شخص جورو کی متابعت ہر ایک امر مین کرے -
جوڑ توڑ - چھل فریب دغا دھوکا -
جوانی کی امنگ یا ترنگ - جوانی کا جوش - جوانی کا ذولولہ -
جوڑ یا سنجوگ - قدرتی ملاپ تقدیری رشتہ -
جوڑ جوڑ مین - بند بند مین عضو عضو مین -
جوش خون - اصلی محبت نطفہ کی محبت اور وہ بیمار نی جو خون کے جوش سے ہو -
جو گرجتے ہین برستے نہین - بہت باتین بنانے والے سے کوئی کام نہین نکلتا -
جون تون - ہر طرح سے مشکل سے دقت سے - میر حسن - بری ساتھ کاٹی وہ جون تون کی رات + اٹھا صبح ملتا ہوا اپنے ہاتھ -
جون جون - جسقدر جتنا جتنی - سہ کوئی صورت نہین نکلی شفا کی + مرض بڑھتا گیا جون جون دوا کی -
جون کا تون - سالم پورا ٹھیک ٹھیک جیسا تھا ویسا ہی -
جوتی سے - پیزار سے پاپوش سے -
جورو کا بھائی - سالا خسر پورہ - سہ - اگر جورو کو تمکو دیکھنا ہو تو اول دیکھ لو جورو کا بھائی -
جورو زور کی نہین تو کسی اور کی - جورو اسی شخص کے قابو مین رہتی ہے جسکی کمر مین زور ہو -
جونپور کا قاضی - ایک میان جی اپنے شاگرد کو عتابا کہہ رہے تھے کہ ہمنے تجھکو علم پڑھایا گدھے سے آدمی بنایا یہ بات ایک لادلد کمھار سن رہا تھا وہ میان جی کے پاس ایک گدھا اور کچھ روپیہ لایا اور التجا کی کہ اسکو آدمی بنا دین میان جی نے چندروز کا وعدہ کیا اور گدھے کو بیچکر کھا گئے وعدہ پر کمھار آیا تو جواب دیا کہ اسکو مصالحہ زیادہ لگ گیا تھا وہ اب جونپور کا قاضی بن گیا ہے تو پالان اسکا لیکر وہان جا وہ تجھکو پہچان لیگا کمھار جونپور پہونچا اور قاضی کے سامنے جا کر چھپی پالان رکھدیے قاضی حیرت مین آیا اور حال پوچھا کمھار بولا کہ اچھا اب آپ مجھکو پہچانتے ہی نہین مین نے زر نقد خرچ کرکے تمکو گدھے سے آدمی بنایا ہے قاضی میان جی کی شرارت سمجھ گیا اور کہا کہ اب مین قاضی ہو گیا ہون تیرے گھر نہین جا سکتا جتنا روپیہ تو نے خرچ کیا ہے چار چند لیجا ورنہ کچھ نہ ملیگا کمھار راضی ہو گیا اور روپیہ لیکر چلا آیا پس جونپور کا قاضی محاورہ مین وہ کہا جاتا ہے جو پہلے مفلس محض تھا اور اب دولتمند ہو گیا ہو -
جونک پتھر پر نہین لگتی - سنگدل آدمی کسی کی بات نہین سنتا - سہ جونک پتھر پہ نہین لگتی فغان بیکار ہے - ان بتون کے دل مین کاہے کو اثر ہونے لگا -

جیم یا ہائے ہوز

جھاڑ جھلا - بہت ڈھیلا ڈھالا ناموزون مردہ کپڑا جو بدن پر بہت سست ہو -
جھاڑا دینا - تلاشی دینا -
جھاڑنا - صفا کرنا دم کرنا کچھ پڑھکر -
جھاڑ باندھ دینا - لگاتار برسے جانا جھڑی لگا دینا برابر بولتے چلا جانا چپ نکرنا -
جھاڑ بسانا - اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا جھگڑا مول لینا پاپ بسانا -
جھاڑ پچھوڑ کر دیکھنا - نہایت غور سے تلاش کرنا جانچ تول کرنا آزمانا تجربہ کرنا -
جھاڑ پھونک کر پھیری دینا - مختصر شادی کرنا یعنے دولھا دولھن کو جنگل مین لیجا کر اور کسی جنگلی خشک درخت کو جلا کر اس آگ کے گرد پھیر کر دونون کا بیاہ کر دینا یہ رسم غریب ہندؤن کی ہے جنکے پاس کچھ نہو -
جھاڑنا جھنگاڑنا - درست کرنا صفا کرنا گرد و غبار دور کرنا -
جھاڑ کا کانٹا - لڑنے والی عورت -
جھاڑ دبانا - نا ملایم باتین سنانا -
جھاڑ دیھر جانا - کچھ باقی نہ رہنا صفایا ہو جانا تباہ و برباد ہو جانا غارت ہونا -
جھاڑ دینا - جھاڑ دیھیرنا - گھر کو صفا کرنا کسی کا مال و اسباب گھر سے نکال لیجانا - **قطعہ از مولف** - تیرے وارث سب ترے مرنے کے بعد + منتظر ہونگے جو بیٹھے دیر کے + آئینگے اور جائینگے حسب المراد + تیرے سارے گھر مین جھاڑ دیھیر کے -
جھاڑ ہو کر لپٹنا - پیچھے پڑ جانا تنگ کرنا - **ذوق** - سہ جھاڑ اغیر کو ہر گز کہ ہو کر جھاڑ لپٹا تھا + مجھی پر گالیون کا جھاڑ تو نے بدزبان باندھا -
جھاڑے جانا - جھاڑے پھرنے جانا - رفع حاجت کے لیے بیت الخلا جانا -
جھاگ لانا - کف لانا جوش مین آنا غضب مین آنا غصہ کرنا -
جھال آنا - دفعۃً بارش کا آنا اور برس جانا -
جھالا نکل جانا - مینھ برس کر بادل کھل جانا - تجربہ دریا

بھرے ہیں دیدہ گریان مین یان سحاب + یہ وہ نہین برس کے جو جھالا نکل گیا۔
جھانٹ اُپاڑنا۔ جھانٹ اُکھاڑنا۔ پشم گندہ کرنا کچھ نہ کر سکنا۔
جھانٹ برابر ہونا۔ جھانٹ کی جھٹلی ہونا۔ بے حقیقت ناچیز نہایت خفیف ذلیل وحقیر۔
جھانجھ لانا۔ جھگڑنا تکرار کرنا لڑنا۔
جھانسا بتانا۔ جھانسا دینا۔ فریب دینا جل دینا داؤن کھیلنا۔
جہان سے جانا۔ دنیا سے رحلت کرنا مرنا۔ **مولف**۔ جو پیدا ہوگا وہ آخر مریگا + جو آئیگا وہ جائیگا جہان سے
جہان سے راہی ہونا۔ فوت ہونا مرجانا۔ **داغ**۔ آج راہی جہان سے داغ ہوا + خانۂ عشق بے چراغ ہوا۔
جھانسے مین آنا۔ فریب مین آنا دغا کھانا۔ قطعہ از مولف۔
ہر فانی ملک و مال و دولت و جاہ + خیال انکا کبھی دلمین نہ لانا۔
یہ ہر دم ہے زمانہ [illegible] مکار و غدار اسکے جھانسے مین نہ آنا۔
جھانولی میں آنا۔ فریب مین آنا داؤن کھانا۔ مولف۔ زمانہ کی رنگت پہ تم بھولنا مت + نہ آنا کبھی اسکے تم جھانولی مین۔
جھانولی دینا۔ عشوہ کرنا غمزہ نخرہ کرنا آنکھیں مٹکانا۔
جھپ جھپا لینا۔ جال ڈالنے والا شکاری فریبی دغا باز [illegible] یار علی۔ ہم دو گانہ شیخ [illegible] کا مسیر بجری کا غلام + ہی بڑا جھپ جھپا بچنا تم اسکے جال سے۔
جھپ کھانا۔ کنکوے کا الٹ کر گر پڑنا۔
جھپٹا مارنا۔ اُچک لینا چھین لینا چیل وغیرہ جانور کا پنجہ مارنا۔
جھپٹ لینا۔ دوڑ کر پکڑ لینا جلدی سے چھین لینا۔
جھپٹ مین آنا۔ جن کا آسیب اور سایہ ہوجانا دیوانہ بن جانا۔
بحر۔ نکلے چمن باغ سے نکلا ہین دیوانون کی طرح + یون بھی باد خزان کا مجھکو جھپٹا ہوگیا۔
جھپیٹ مین آنا۔ کسی دوڑتے ہوے آدمی یا جانور سے ٹکرا کر یا ڈر کر گر پڑنا
جھٹکا اُٹھانا۔ مصیبت یا صدمہ سہنا آفت جھیلنا مصیبت اُٹھانا
سے اُٹھاتا ہو یہی دل عشق مین جھٹکے یہ جھٹکے سے + کسی کی زلف نے سایہ مین اپنے جسکو پالا ہو۔
جھٹکا دینا۔ زور سے پکڑ کر ہلا دینا صدمہ پہونچانا کسی جانور کو تلوار مار کر سر جدا کر دینا۔
جھٹکا کھانا۔ صدمہ اُٹھانا مصیبت اُٹھانا جھٹکے کا گوشت جو سوائے حلال کے ہو کھانا۔ سے عمر بھر یاد رہیگا ہمین اد آفت

جان + دل پھنسا کر تیرے گیسو مین جو جھٹکا کھایا۔
جھٹک جانا۔ لاغر یا دبلا ہوجانا۔ **بحر**۔ کپڑے پھٹے جنون مین تو دیکھا یہ اپنا حال + دھجی سا ہوگیا بدن ایسا جھٹک گیا۔
جھرجھرا۔ وہ خراب کپڑا جسکے تار تار الگ ہون۔
جھرکٹ ہونا۔ نہایت لاغر ہوجانا ہڈیونکا مالا بن جانا خشک ہوجانا
جھرمٹ مارنا۔ گھونگھٹ کاڑھنا برقع لینا پردہ کرنا مجمع کرنا اکٹھا ہونا
آتش۔ رہ گئے مشتاق طالب جلوۂ دیدار کے۔ مار ڈالا اُس پری پیکر نے جھرمٹ مار کے۔
جھراجھر روپیہ برسنا۔ بہت سی آمدنی ہونا۔
جھڑ پاؤن تم لگنا۔ جھڑ ٹکنا۔ بہت ضعیف ہوجانا جھڑے ہوے پتے کی طرح ہوجانا۔
جھڑپ ہوجانا۔ تکرار ہوجانا آپس مین جھگڑا ہوجانا۔
جھڑ لگ جانا۔ جھڑی لگ جانا۔ مینھ کا برابر برسنے چلے جانا لگاتار برسنا۔ **بحر**۔ جب مین روتا ہون تو لگتی ہے جھڑی ساون کی
جب دھوان سینہ سے اُٹھتا ہے گھٹا آتی ہے۔
جھک جھک کرنا۔ تکرار کرنا جھگڑنا مغز کھانا۔
جھک مارنا۔ بیہودہ بکنا یا وہ گوئی کرنا۔
جھگڑا پاک ہونا۔ کام پورا ہونا مقدمہ فیصل ہونا مرجانا فوت ہونا
قطعہ از **مولف**۔ بنے جو خاک سے ہوا پیدا + وقت پر اپنے پھر ہی خاک ہوا + چھوٹا ہر روز کی کشاکش سے + فیصلہ پا یا جھگڑا پاک ہوا۔
جھگڑا جھونا۔ بہت بڑی کہانی اور داستان کا بیان کرنا۔
جھنجھٹ لانا۔ جھگڑا کرنا جھانجھ لانا۔
جھنجھنا پہننا۔ بیڑیان پہننا قید ہونا۔
جھنجھوٹی لینا۔ ترش رو ہوکر بولنا غضب مین آکر کلام کرنا۔
جھنڈا اگاڑنا۔ تسلط کرنا کسی مقام پر قیام کرنا ٹھہر جانا حکومت مین لینا۔ **ناسخ**۔ دلکو اس محبوب کے اب دل مسخر کیجیے + عرش کے پایہ پہ جھنڈا آج گاڑنا چاہیے + مولانا اکبر لاہوری۔ کوچ کا نقارہ جب بجتا ہے رند + پھر ضرورت کیا ہے جھنڈا گاڑنا۔
جھنڈے پر چڑھانا۔ برائی کے ساتھ مشہور کرنا بانس پر چڑھانا۔
جھنڈے پر چڑھنا۔ بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا۔
جھوٹا ہونا۔ دروغ گو ثابت ہونا۔ **بحر**۔ بعد مدت کے مقر وعدہ خلافی کا ہوا + کھل گیا قفل دہن یار کا جھوٹا ہوکر۔

جھوٹ پکڑنا - کسی کے فریب یا جھوٹ کو معلوم کرلینا یا گرفت مین لانا -
جھوٹ سچ لگانا - کسی کی غیبت کرنا کان بھرنا دو شخصون مین فساد برپا کرنا -
جھوٹا کھانے والا - پس خوردہ کھانے والا خوشامدی -
جھوٹم جھوٹا کرنا - عورتون کا آپس مین لڑنا -
جھوٹون بھی نہ پوچھنا - ظاہرداری ہمدردی یا دنیا سازی بھی نکرنا کچھ پروا نکرنا -
جھوٹون پوچھنا - ظاہرداری کرنا جس بات کو دل نہ چاہتا ہو وہ کرنا -
جھونک سنبھالنا - لمبے بانس وغیرہ کو سیدھا رکھنا کسی کی عیالداری کا خرچ اٹھانا نقصان اٹھانا -
جھونک مارنا - ہاتھ کے اشارے سے ترازو کی ڈنڈی کو جھکا دینا کم تولنا ڈنڈی مارنا تال مارنا -
جھول جھال لگانا - دیر کرنا توقف کرنا -
جھول ڈالنا - سلوٹ ڈالنا شکن ڈالنا -
جھول نکالنا - سلوٹ نکالنا شکن نکالنا -
جھولی چھوڑنا - بہت موٹا ہونا توند نکالنا -
جھونپڑا بڑھانا - حجامت کے بال بڑھانا -
جھیپ جانا - شرمانا لحاظ کرنا -
جھینکنا جھنکنا - اپنی مصیبت کا حال بیان کرنا -
جھوٹ کے پوٹ - سراسر جھوٹ بالکل غلط جھوٹا کاذب لغو - صفدر زوفانی - سرتا سچ ہی تمام دنیا مین + زندگانی فقط ہے جھوٹ کی پوٹ -
جھوٹ موٹ - وہ بات جسمین راستی کی بو نہو - قطعہ از مولف - ہے یہ حکم و ملک و دولت جھوٹ موٹ حشمت و اقبال و عزت جھوٹ موٹ + گلشن دنیا کی ہے جھوٹی بہار + جھوٹے گل اور انکی رنگت جھوٹ موٹ -
جھنڈ کے جھنڈ - جم غفیر انبوہ ازدحام غول کے غول بڑی جماعت - قطعہ از مولف - فوج در فوج آتے ہین ہر روز جھنڈ کے جھنڈ روز جاتے ہین + جانے کس شہر کو ہین کیا معلوم کیا خبر کس طرف سے آتے ہین -
جھاڑ جھنکاڑ - کوڑا کرکٹ گھاس پھوس جھگڑا کرنیوالا آدمی -
جھوٹ کے دفتر - داستانین افسانے کہانیان -
جہاز کا جہاز - بہت لمبا چوڑا وسیع فراخ کشادہ مکان -

جہان جہان - ہر ایک جگہ جگہ جگہ جس جس جگہ - قطعہ از مولف - اُن بزرگون کو خیر سے کر یاد + آنکھ سے انکا جب مکان دیکھے + مغفرت مانگ اُنکے واسطے تو + انکا مدفن جہان جہان دیکھے -
جہان کے تہان - اُسی جگہ اپنی ٹھیک جگہ پر -
جھوٹون کے بادشاہ - نہایت جھوٹا - مولف - ملک جھوٹا ہے اور رعیت جھوٹ + بادشہ بادشاہ جھوٹون کا -
جہانتک ہوسکے - حتی المقدر حتی الامکان - مولانا اکبر - جھوٹ مت اس کام کو جبتک ہے دم + کر عبادت تو جہانتک ہوسکے -
جھپ جھپ - جھپاکے سے - جھپ سے - بہت جلدی جھٹ پٹ ترت پھرت -
جھنڈے تلے کی دوستی - فوجی دوستی جبتک ایک فوج مین رہے دوست رہے چند روزہ دوستی -
جہنم مین جاے - دوزخ مین جاے دفع ہو - صفدر زوفانی - نظر جسکو جلوہ خدا کا نہ آئے + وہ بت یا الٰہی جہنم مین جاے -
جھوٹ کی ناؤ نہین چلتی - جھوٹ کو فروغ نہین ہوتا جھوٹ کی کشتی غرق ہوتی ہے - شوقی - جھوٹ کی ناؤ چلتی ہے کیونکر + ان گنون پر ترے پڑین پتھر -
جھوٹی منہدی - ہاتھون پر سے اُتری ہوئی منہدی لگی ہوئی منہدی حنا - ایدہ - ۵ سیکڑون کے خون اس دست حنائی نے کیے + دیتی ہے سچی گواہی جھوٹی منہدی آپ کی -
جھوم جھوم کے - جھک جھک کے تل تل کے متوالون کی طرح مستانون کی طرح - ۵ ہر وقت دو سے لیتی ہین جھک جھک بلایان + منہ چومتی ہین جھوم کے کیا جھوم جھوم کے -

جیم با یاے

جی اُٹھانا - کسی کی محبت کو دل سے ترک کرنا -
جی آجانا - دل آجانا عاشق ہوجانا - میر حسن - آگیا جی کسی پہ جی ہی تو ہے + لگ گئی آنکھ آدمی ہی تو ہے -
جی اُڑ جانا - پریشان خاطر ہونا گھبراجانا -
جی اُکتانا - کسی کام پر طبیعت کا نہ جمنا دل اُچاٹ ہوجانا بیزار ہوجانا - نظیر - کاجل دھلکا سرمہ بگڑا منہ مین پان ہوا پھیکا - جی اُکتاوے دل گھبراوے آہ بھلا اب کیجیے کیا -
جی اُلٹ جانا - اپنے آپ مین نہ رہنا جنون ہوجانا -
جی اُمنڈا جانا - طبیعت کا علیل ہوجانا -

جی اوپر تلے ہونا - جی متلانا طبیعت کا ہیضہ ہونا
جی برا کرنا - قے کرنا استفراغ کرنا زمین دیکھنا -
جی بڑھانا - ہمت بندھانا مردبنانا حوصلہ دینا -
جی بڑھنا - حوصلہ زیادہ ہونا ہمت بڑھنا -
جی بکھرنا - نڈھال ہونا - ڈھیا جانا - غشی کی حالت طاری ہونا دل منتشر ہونا پریشان ہونا - بقا - بال سلجھانا نرا کنگھی سے دل الجھاوے ہے + زلف بکھری دیکھکر بس جی بھی بکھرا جاوے ہے -
نگہت - جی ڈھیا جاتا ہے جب مین نے کہا + سنکے بولا جی ہے یاد یوار ہے - میر - جی ڈھیا جاوے ہے سحر سے آہ + رات گذریگی کس خرابی سے -
جی بھٹکنا - کسی کے دیکھنے یا ملنے کو جی چاہنا - بحر - ہونٹ رک گیا سینہ مین سانس بھی اٹکا تمہارے واسطے کیا کیا نہ شب کو جی بھٹکا -
جی بھر آنا - دردآمیز باتین سنکر آنسو بھر آنا - یار علی - اجڑا ہوا آبادی کا جب گھر نظر آیا + زردنے [illegible] مین دیکھ کے جی میرا بھر آیا -
جی بھر بھر آنا - رغبت ہونا دل چاہنا -
جی بھر جانا - سیر ہو جانا کھانے کی خواہش نرہنا - ؎ گرچہ شیرینی سے شیرین ہین تمھاری گالیان + لیک اب ہم کھاتے کھاتے جی ہمارا بھر گیا
جیبھ کرنا - زبان کرنا گستاخی کرنا بے ادبی کرنا -
جیبھ نکالنا - گرمی کے مارے زبان نکالنا ہانپنا سخت کلامی کرنا برا بولنا کسی کی زبان کسی جرم مین نکلوا دینا -
جی بہلنا - جی خوش ہونا پریشانی جاتی رہنا -
جی پر کھیلنا - خود کشی کرنا جان پر کھیلنا -
جی پڑنا - جان پڑنا زندہ ہو جانا کسی چیز مین کرم پڑجانا -
جیتا جاگتا - زندہ صحیح وسلامت وتندرست -
جیتا جاگنا - زندہ اور تندرست رہنا -
جیتا چمڑا - جاندار گوشت -
جیتا چنوانا - جیتا گڑوانا - سابق عملداریون مین یہ ایک سزا تھی کہ انسان مجرم کو زندہ دیوار مین چنوا دیتے یا زمین مین گڑوا دیتے تھے - ؎ کبھی دیکھا ہو نظر بھر کے جو پیشانی کو - مجھکو چنوا دیئے جیتا زرافشان کی طرح - یار علی - باغ مین جیتا ہی گڑوا دی مین اسکو لاریب + میرا شمشاد یہ قابو جو صنوبر ہوتا -
جیتا ناخون - زیادہ ناخون کاٹنا
جی ترسنا - جینے کی خواہش کرنا جی للچانا - داغ - کچھ بھی معاش ہر یہ کی ان نے ایک چشمک + جبتک تون ہمارا جی دیکھنے کو ترسا
جی ترسانا - کسی کا مال ودولت دیکھکر رشک کرنا - قطعہ از مولف - دیکھکر غیر کا خزانہ مال + دیکھنا اپنا جی نہ ترسانا + جبکہ آخر جہان فانی سے + تم نے اور اسنے ہے گذر جانا -
جیتے جی - زندگی مین تادم زیست تادم حیات - نعتیہ از مولف نہ آئین پھر نہ آئین پھر نہ آئین پھر نہ آئین ہم + مدینہ مین اگر جا ہو نکلین ہم اکبار جیتے جی -
جیتے جی مرنا - نہایت مصیبت سے زندگی بسر کرنا مفتی حیدر مرگ سے انسان رہائی پائیگا + عشق مین گر جیتے جی مرجائیگا -
جیتی مکھی نہین نگلی جاتی - دیدہ ودانستہ زہر نہین کھایا جاتا - مولف - چھوڑ کر سیدھا راستہ حق کا + کس لیے ٹیڑھے رستے چلتے ہو + زہر کھاتے ہو جان بوجھ کے کیون + جیتی مکھی کو کیون نگلتے ہو -
جی جان سے قربان ہونا - دل سے عاشق ہونا جان نثار کرنا عاشق ہونا - نعتیہ از مولف - رسول اللہ کے اصحاب سارے تھے انکی ذات پر جی جان سے قربان -
جی جلانا - ناراض کرنا خفا کرنا ستانا دق کرنا تکلیف دینا دکھ دینا مولف - جان پر فرقت کا صدمہ ہم اٹھائین کب تلک + آتش ہجران سے اپنا جی جلائین کب تلک -
جی جلنا - ناراض ہونا ناخوش ہونا کلیجہ جلنا -
جی چرانا - کوئی کام کرنا دوبھر ہو جانا اسکا کرنا مصیبت سوجھنا مولف - عبادت پر ہمیشہ دل لگانا + نہین اس سے مناسب جی چرانا
جی چلا - بہادر فیاض سخی -
جی چلا جانا - طبیعت کا [illegible] ہو جانا - میر - آیا کمال نقص کر دل کی تاب مین + جاتا ہے جی چلا ہی مرا اضطراب مین -
جی چلانا - کسی کام کے کرنے کے لیے دلیری کرنا -
جی چلنا - جی للچانا خواہش ظاہر ہونا -
جی چھپانا - جی چرانا کام کرنا دوبھر ہو جانا -
جی چھوٹنا - ہمت ہارنا ناامید ہونا شکستہ خاطر ہونا - ؎ - دوش پر اپنے جو صیاد نے زلفین تہا چھوڑین + اور جی چھوٹ گیا آج گرفتارون کا -
جی چھیننا - جی لے لینا - عاشق کر لینا موہ لینا - ؎ - کبھی وہ لوٹتے ہین آدمی کے دین وایمان کو + کبھی دل چھین لیتے ہین

کبھی جی چھین لیتے ہین -

جی دان کرنا - جان بخشی کرنا خون معاف کرنا -

جی دُکھی ہو جانا - تنگ آ جانا ناک مین دم آنا زندگی دشوار ہو جانا -

جی دینا - عاشق ہونا پیار کرنا نہال لگانا - شعر - جان بھی دینے کو ہم ہین طیار + نذر دل کرتے ہین جی دیتے ہین * میر - بچتائیے نہ کیونکر جی اسطرح سے دیکر + یہ گوہر گرامی ہم مفت کھو چکے ہین -

جی ڈالنا - جان ڈالنا روح پھونکنا زندگی دینا حیات بخشنا - مؤلف - عشق لکھا ہماری قسمت مین + جسم مین جب خدا نے جی ڈالا -

جی ڈوبنا - غش آ جانا فکرمند ہونا -

جی رکھنا - کسی کو تسلی دینا اُسکا کہنا مان لینا خوش کرنا من رکھنا -

جیسا تیسا - بُرا بھلا جو موجود ہی -

جیسا کرنا ویسا پانا - اپنے اعمال کی سزا پانا -

جی سنسنانا - بیتاب ہو جانا ضعف ہونا -

جی سے اُتر جانا - دل سے کسی چیز کی قدر و منزلت کم ہو جانا حقیر و ناچیز سمجھنے لگنا محبت جاتی رہنا - میر - ہر صبح تو خورشید ترے منہ پہ چڑھے ہے + ایسا نہو یہ سادہ کہین جی سے اُتر جاے -

جی سے جانا - جی سے گذر جانا - مرجانا فوت ہونا انتقال کرنا - میر - ناکامی صد حسرت خوش لگتی نہین ورنہ + اب جی سے گذر جانا کچھ کام نہین رکھتا -

جیسے کا تیسا - جون کا تون ایسے کا ویسا پورا پورا بکم و کاست

جی کرنا - دل چاہنا خواہش کرنا - رنگین - مین جو جاتی ہون تو جی جانے کو بھر کرتا نہین + اے دوا دلچسپ رنگین کی حویلی تھہری -

جی کو لگنا - مان جانا قبول کرنا پیدا کرنا -

جی کو مارنا - خواہش کو روکنا تارک الدنیا ہونا میر تقی - آرزوئین ہزار رکھتے ہین + تو بھی ہم جی کو مار رکھتے ہین -

جی کھپانا - محنت سے کام کرنا -

جی کی جی مین رہنا - مراد پوری نہونا آرزو کمین دل ہی مین رہنا مومن - جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی + آہ اُس بت سے ملاقات نہونے پائی -

جی گرا جانا - غشی آنے لگنا ضعف کی حالت ہونا -

جی گنوانا - مرنا جان دینا عاشق ہونا - شوق - کوئی بولا یہ کیسی کی تم نے + کسکے پیچھے گنوایا جی تم نے -

جی گھبرانا - بیتاب دبے چین ہونا خفقان اور وحشت ہونا -

۵ - زلف جب بکھری ہوئی یاد آ گئی ہے + مارے بیتابی کے جی گھبرا گیا ہی -

جی لگانا - توجہ کرنا دھیان کرنا غور کرنا محبت کرنا - مؤلف - نہ پڑھو پڑھ کے باتین بنایا کرو + ذرا کام پر جی لگایا کرو -

جی لگنا - طبیعت کا جمنا دل آ جانا عشق ہونا -

جی ٹوٹنا - دل کا لٹ جانا عشق ہونا -

جی مل جانا - محبت پیدا ہو جانا دوستی قایم ہو جانا - شعر - جب ہوے یکجا نہ وئی کسی بات کی + مل گیا جی تو جدائی کیا ہی -

جی مین آنا - خیال پیدا ہونا دھیان آ جانا - ۵ - قفس سے چھوڑ دو یا قتل کر دو + کرو اے باغبان جو جی مین آئے -

جی مین بیٹھنا - جی مین جمنا - دل مین سمانا دل مین گھر کرنا دل پر نقش ہو جانا -

جی مین پھرنا - دل مین خیال رہنا دھیان رہنا میر - دل مین بھرتا ہی تیرے دہ میرے + جاگتا ہون کہ خواب کرتا ہون -

جی مین آنا - طبیعت مین آنا سمجھ مین آنا -

جی مین جی آنا - تسلی ہونا اطمینان ہونا خوشی حاصل ہونا -

جی مین جی ڈالنا - اپنے دلکا حال دوسرے کے دلمین جچانا یقین دلانا -

جی مین رکھنا - یاد رکھنا کسی سے دل کا راز نہ کہنا چھپا رکھنا - میر - لگ جاے دل کہین تو اُسے اپنے جی مین رکھ + رکھتا نہین شگون کچھ اظہار عشق کا -

جی مین کھپ جانا - دل مین گھس جانا پسند آنا -

جی نکلنا - جان نکلنا مرنا فوت ہونا -

جینے سے تنگ آنا - موت مانگنا زندگی سے بیزار ہونا -

جینے کے لالے پڑنا - زندگی کی امید نہ رہنا - شوق - پڑ گئے لالے پھر تو جینے کے + ڈوب پڑ ڈوب تھے پسینے کے -

جیوڑا جانا - جیوڑا نکلنا - جان نکلنا مرنا انتقال کرنا فوت ہونا بے چین ہونا عاشق ہونا - میر حسن - گیا ہو جب اپنا ہی جیوڑا نکل + کہان کی رباعی کہان کی غزل -

جی ہٹ جانا - دل بیزار ہونا نفرت ہونا -

جی ہی جی مین باتین کرنا - دلمین سوچتے رہنا زبان سے کچھ نہ کہنا

جیدار جیوٹ - بہادر دلاور سوبہا -

جی ٹھوکر - بے باکانہ آزادانہ طور سے بغیر روک ٹوک کے -

جی ہی جی مین - اندر ہی اندر پوشیدہ پوشیدہ -

جیتا لہو - تازہ خون جو ابھی جسم سے نکلا ہو -

جی ہی تو جہان ہی - زندگی کے ساتھ دنیا کا لطف ہی - صفدر رامپوری - صاحب ذوق بھلا رہتے ہین پابند کہین + جی اگر ہی تو جہان ہی یہ مثل جھوٹ نہین -

جی ہی جانتا ہی - آپکی بدسلوکیان ہمارا جی خوب جانتا ہی کبھی بھولتے نہین -

جیبھ تلے جیبھ ہی - زبان کے نیچے ایک اور زبان ہی بات کا ٹھکانا نہین اقرار کرکے بھول جاتا ہی -

پانچوین فصل

لغات متعلقہ علم طب کے بیان مین

جیم با الف

جار النہر - یہ ایک سبزہ نیلوفر کیطرح پانی مین ہوتا ہی اسواسطے اسکو جار النہر یعنی نہر کا ہمسایہ کہتے ہین پتے اسکے چقندر کے پتون کیطرح رد نگتے دار ہوتے ہین جڑ کا مزہ تھوڑا تلخ ہی پھل پھول نہین ہوتا طبیعت اسکی سرد خشک دستون اور خون کے بند کرنے کا علاج ہی پیاس کو دور کرتا ہی تحلیل اورام و التیام قروح خبیثہ کو مفید ہی -

جاوشیر - فارسی مین جواشیر دگواشیر دگوشی اسکو کہتے ہین یہ ایک گوند بدبو مکدر و تاریک رنگ بظاہر اور اندر سے سفید ہی درخت اسکا ایک گز تک بلند پتے انجیر کے پتون کے ساتھ مشابہ پھول زرد اور خوشبودار تخم سیاہ ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل ریاح و مفتح سدہ مقوی اعصاب صداع و فالج و لقوہ و صرع و ام الصبیان و رعشہ کو مفید ہی درد مفاصل کا علاج -

جام گھاس - یہ ایک گھاس ہی جو بنگال اور ہند مین بہ کثرت ہوتی ہی نمناک زمینون مین خصوصاً موسم برسات مین پیدا ہوتی ہی قد اسکا ایک گز تک بڑھتا ہی تین تین پتے سر جوڑ بہم ہوتے ہین جڑ چھوٹی پیاز کے مقدار سفید تیز بو پھول اسکا سفید ہی اور نہایت بدبو طبیعت گرم خشک ہی ساگ اسکے پتون کا مستسقی کو کھلانا فائدہ دیتا ہی اور اسکی جڑ مرچ سیاہ کے ساتھ پیسکر گولیان چنے کے برابر بنا رکھین تو ورم الطحال وغیرہ اندرونی بیمارون کو مفید ہی -

جاموس - مشہور جانور ہی جسکو گاومیش فارسی مین ہندی مین بھینس کہتے ہین دودھ اسکا گائے کے دودھ کی نسبت گاڑھا اور روغن دار ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکے بچے شیر خوار کا نہایت لذیذ ہوتا ہی اسکے بال اور سینگ اگر گھر مین جلائے جائین تو سانپ

وغیرہ موذی جانور بھاگ جائین -

جاورس - تیسرا حرف واو یہ ایک غلہ ہی جسکو فارسی مین گاورس اور ارزن کہتے ہین ہندی مین باجرا بولتے ہین کنگنی سے یہ بڑا ہوتا ہی جوار اور کنگنی اور باجرا یہ تینون غلے ایک ہی قسم کے ہین چھوٹے بڑے کا فرق ہی چینا بھی اسی قسم مین داخل ہی طبیعت اسکی سرد خشک قابض اور دیر ہضم ہی مدر بول اور مسقط جنین ہی اگر ہضم ہوجائے تو طاقت دیتا ہی -

جام پھل - ایک ہندی پھل کا نام ہی جسکو سفری آنب بھی کہتے ہین امرود کے ساتھ اسکی مشابہت ہی ایک قسم کا مغز سپید اور دوسری کا سرخ ہی مزہ دونون کا شیرین ہی طبیعت اسکی گرم تر مفرح و مقوی قلب و ملین طبع مدر بول و حابس اسہال ہی -

جامون - یہ ایک مشہور درخت اور میوہ ہندوستان کا ہی جامن بھی اسکو کہتے ہین درخت بہت بڑا خوبصورت ہوتا ہی اور میوہ بنفشی رنگ ترش خوشگوار ہی نمک لگاکر کھاتے ہین حابس اسہال صفراوی مقوی معدہ دافع صفرا ہی -

جیم با با

جبلاہنگ - یہ ایک کانٹے کا بیج زرد رنگ ہوتا ہی عربی مین اسکو جبلہنج کہتے ہین ترکی مین صفرا اور دنی مسہل اور قی آور ہی ایکدرم تک پینا اسکا فالج کو مفید ہی اور زیادہ اس سے زہر قاتل ہی -

جبن - پنیر جو دودھ سے بنایا جاتا ہی پانی اسکا نکالدیا جاتا ہی موہی معدہ و امعا و مقوی گردہ و ملین طبع مولد خلط صالح ہی بدن کو موٹا کرتا ہی -

جبین - چونہ کا پتھر جسکو جلاکر قلعی و دوغہ بناتے ہین سفیدی کے کام آتا ہی یہ تین قسم کا ہوتا ہی ایک سرخی مائل دوسرا کم سفید تیسرا نہایت سپید طبیعت تینون اقسام کی خشک اور قابض ہی ہر ایک قسم زخم کو مندمل کرتا ہی ورم کو دور کرتا ہی -

جبرہ - یہ ایک گھانس ربیعی ہر برس تازہ جمتی ہی بلاد مغرب مین بلند ٹیلون پر پیدا ہوتی ہی شراب کی سی بو اس سے آتی ہی سیب کے سے پتے ہوتے ہین جڑ بال کی سی پتلی ہوتی ہی پھل پھول کوئی نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم تر مقوی دل و جگر مفرح مصفی خون ہی ضماد اسکا زخمون کو جلد اچھا کرتا ہی -

جیم با تائے مثلثہ

جثجاث - یہ ایک گھانس مشابہ گھانس مدمنہ ترکی کے ہی سے

کچھ چھوٹی خوشبو زیادہ سپید پھول مائل بزردی ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین خشک اور گرم مفتح سدہ محلل ریاح قاطع عرق مدر حیض ہی۔

جیم با دال

جدوار - فارسی مین اسکو زدوار اور ہندی مین نربسی کہتے ہین نر کے معنی دافع اور بسی کے معنی زہر معنی اسکے ہوے زہر دن کی دفع کرنیوالی یہ ایک گھانس کی جڑ مشابہ سعد کے صنوبری شکل ہوتی ہی اور بعض عقربی گرہ دار ایک انگلی کے برابر اور باختیار پیدایش اقالیم کے پانچ قسم پر منقسم ہی ہنت و نیپال و مورنگ و دینک و نور رو دکن واندلس وغیرہ پہاڑون پر پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مفرح قلب و مقوی اعضاء رئیسہ و دافع سموم مسمن بدن مقوی باہ و مقوی دندان مشتہی و مبہی و مدر و مسقط ہی۔

جیم با راے

جراد البر - جنگلی ٹڈی جو ایک لشکر در لشکر اور فوج در فوج پیدا ہوکر ملکون کی زراعتون کو برباد کر دیتی ہی بعض سالون مین بکثرت پیدا ہوتی ہی زیادہ ایک سال سے اسکی عمر نہین ہوتی طبیعت اسکی گرم خشک ہی کھانا اسکا باہ کو بڑھاتا ہی ریہ اور تقطیر البول کی بیماریون کو نافع ہی استسقا کے دفع کے لیے بھی یہ علاج ہی۔

جراد البحر - دریائی ٹڈی یہ بھی ایک پردار جانور دریائی ہوتا ہی دریا سے نکلکر اور تھوڑا اڑکر پھر پانی مین گھس جاتا ہی طبیعت اسکی گرم تر جنگلی ٹڈی سے خشک زیادہ جذام کے منع زیادتی کے لیے اسکا کھانا فائدہ بخش ہی اور راکھ اسکی واسطے نکالنے حصاۃ مثانہ کے مفید ہی۔

جرجیر - ترہ تیزک جو ایک مشہور سبزہ ہی جنگلی اور باغی کئی قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح سدہ جگر و طحال مدر بول مولد منی محرک جماع ہی۔

جرمیلک - بفتح اول نام ایک جڑ کا ہی جو انگلی کے برابر لنبی اور موٹی ہوتی ہی باہر سے مکدر اندر سے سفید مزہ شیرین ہی اسکی درخت بید کیطرح پھول نیلا نیلوفری منجن اسکا واسطے مضبوطی لثہ و استحکام دندان کے مفید ہی اور پینا اسکا پانی مین بھگوکر اندرونی زخمون کو مندمل کرتا ہی۔

جری - بکسر جیم عربی مین نام ایک قسم کی مچھلی کا ہی جسکو فارسی مین مارماہی مصر مین تیلو سریانی مین سلوس یونانی مین سلارس ہندی مین کچیا مچھلی کہتے ہین یہ مچھلی لمبی اور جسیم او مغربہ سیاہ رنگ بے چھلکہ اسکی پتلی اور لمبی سانپ کی سی سر اور منھ لمبا سونڈ کی طرح ہوتا ہی یہودی اسکو نہین کھاتے جیسے مسلمان شیعہ بھی مچھلی کو نہین کھاتے طبیعت اسکی گرم خشک ہی اسکے کھانے سے بلغمی خون پیدا ہوتا ہی آواز کھلتی ہی اور بھی فائدے بہت ہین۔

جیم با زاے ہوز

جزر - معرب گزر جسکو فارسی مین زردک بھی کہتے ہین اور ہندی مین گاجر جنگلی اور باغی دو قسم کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم تر مقوی معدہ و ملین و مبہی بڑھانے والی جوہر منی کی ہی ذات الجنب اور مزمن کھانسی کو فائدہ کرتی ہی۔

جزع - بفتح اول ایک پتھر جو عقیق کی کان مین اور حبش و گجرات مین سے نکلتا ہی بعض مشابہ آنکھ کے سات طبقات اور خطوط گول اور سفید اور زرد کے اور بعض پرتدار اور رنگارنگ جس طور سے اسکو کاٹین اور تراشین رنگ اور طبقے اسکے ظاہر ہونے مین بعض کو غوری کہتے ہین اور بعض کو سلیمانی بعض کو سعفیا بولتے ہین سعفیا اکثر یاقوت کی کان مین ملتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی یرقان اور بیخوابی کو مفید ہی عسر ولادت کے واسطے اسکو عورت کے بالون مین لپیٹ کر رکھدین تو سریع الاثر ہی۔

جیم مع العین

جعدہ - بضم جیم یہ ایک گھاس دو قسم کی ہی جعدہ صغیر و جعدہ کبیر یونانی مین اسکو فولیون کہتے ہین جعدہ صغیر کی گھانس سفید ایک بالشت کی مقدار پتلی پتلی زمین پر بچھی ہوئی چھوٹے چھوٹے کانٹے شاخون کے اطراف مین گول پتے اسکے اوپر تلے دھاگے سفید بالون کی طرح پھول زردی مائل خوشبو اور تلخ جسکو گل اریہ بھی کہتے ہین بستانی کو جعدہ کبیر کہتے ہین فارسی مین عنبر بید ہندی مین انبر بیل بولتے ہین اسکے پتے صغیر سے ذرا بڑے و دستے مین بو کم ہوتی ہی نمناک زمین مین یہ پیدا ہوتے ہین طبیعت گرم خشک ہی قوت تریاقیت اسمین بہت ہی دست لاتے ہین سدے کو کھولتے ہین مدر بول اور حیض ہی بچھو کے زہر کا علاج ہی استسقاء بارد و یرقان اسود اور بلغمی تپ اس سے دفع ہوجاتی ہی۔

جیم با فاے

جفت افرید - یہ ایک گھانس بقدر ایک بالشت کے ساقہ بہت سی شاخون دار پتلی پتلی کے ہوتے ہین اسکے چنے کے پتون سے چھوٹے اور ساق کے نزدیک غلاف بقدر ہلیلہ یا بادام کے تین چار تک اطراف

انکے خار دار ہر غلاف مین تین پردے لنباؤ مین ہر ایک پردے مین پانچ بیج مشابہ بیتھی کے صنوبری شکل یہ گھانس بلاد شام و روم مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک سیاہ کے زیادہ کرنے مین اس سے زیادہ کوئی دوا نہین ریاح کو تحلیل کرتی ہی وجع مفاصل کا علاج ہی

جیم بالام

جُلّاب۔ بضم جیم یہ شربت واسطے تقویت دل و دفع خفقان و وحشت و مالیخولیا کے عرق گلاب و نبات سے بناتے ہین اور عرقیات مناسب کے ساتھ پیتے ہین۔

جلد۔ پوست فارسی مین ہندی مین چمڑا اور کھال کہتے ہین پوستون سے بہتر پوست واسطے کھانے کے بکری کا ہی جو ایکسالہ ہو اور لذیذ زیادہ پوست مرغ فربہ کا ہی پوست بکری کے بچے کے جو تازہ ذبح کیا ہوا ہو صاحب سرسام کے سر پر رکھنا نہایت مفید ہی اور لپیٹنا عضو مار گزیدہ کا بھی بکری کے پوست سے زہر کو جذب کر لیتا ہی

جلید۔ فارسی مین اسکو تگرگ ہندی مین اولہ کہتے ہین جو بادل سے برستا ہی اسکو اگر جلے ہوے عضو پر رکھین درد کو تسکین دیتا ہی سوزش کو دفع کرتا ہی اور اگر اولون کو جمع کرکے اُنمین مٹی ڈالین اور وہ پانی ہو کر خشک ہو جائین اُس مٹی کو اگر پانی مین حل کرکے جلے ہوئے عضو پر لگائین تو دہی فائدہ حاصل ہوتا ہی۔

جلنار۔ معرب گلنار ہی اس پھول کو گلنار صد برگ اور ہزارہ بھی کہتے ہین اسلیے کہ پھول اُسکا انار کے پھول سے بہت بڑا ہوتا ہی اور پتے بیشمار ہوتے ہین اسکو بہت منحوس کہتے ہین جس باغ مین یہ پھولتا ہی جلد ویران ہو جاتا ہی بری اور بستانی سرخ اور سفید دو قسم کا ہوتا ہی درخت اسکا انار کے درخت کی شکل پر ہوتا ہی مگر اُس سے چھوٹا طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و حابس مقوی اعضا ہی دانتون اور مسوڑون کو مضبوط کرتا ہی دموی و صفراوی دستون کو بند کرتا ہی بواسیر اور جرب کو مفید ہی۔

جُلوز۔ بادام کوہی یعنی پہاڑی بادام طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم دوسرے درجہ مین خشک ہی منی کو زیادہ کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی درد پشت کو تسکین دیتا ہی بچھو کے زہر کو دفع کرتا ہی۔

جلنجبین۔ معرب گلنگبین ہی یعنے گلقند جسمین بجاے قند کے گلاب کے تازہ پھولون مین شہد ملایا جاے اور جسمین قند ملایا جاے اسکو گل شکر کہتے ہین گلقند عسلی مقوی دماغ و معدہ و مجفف رطوبات غریبہ ہی۔

جیم بامیم

جمست۔ بفتح اول و ثانی ایک پتھر کا نام ہی جو بادیہ صفرا مین جو تین منزل مدینہ طیبہ سے ہی ملتا ہی سپید اور سُرخ اور آسمانی رنگ ہوتا ہی نوزن ایک رطل کو کہتے ہین کہ مادہ سنگی اسکا پارہ اور گندھک ہی بسبب کمی حرارت کے نفخ نہین پاتا ورنہ دانہ یاقوت ہو جاتا بہتر اسمین سرخ ارغوانی شفاف ہی طبیعت اسکی گرم خشک تیسرے درجہ مین محلل اورام دافع خفقان و غشی و سستی ہی جسکے ہاتھ مین اسکی انگوٹھی ہو نقرس کی بیماری اُسکو نہین ہوتی لوگ اسکو بہت چاہتے ہین۔

جَمَد۔ یخ جو سردی کے موسم مین پانی پر جم جاتی ہی افعال و خواص مین مانند برف کے ہی ہیضہ اور صفراوی تپون کے واسطے کھلانا اسکا مریض کو فائدہ دیتا ہی اگر ماتھے پر ضماد کیا جاے تو ناک کا خون بند ہو جاے۔

جُمّار۔ درخت خرما کا دودھ عربی مین اسکو قلب النخل و لب النخل اور شحم النخل فارسی مین پنیر نخل کہتے ہین درخت کے سر سے کاٹ کر یہ نکالا جاتا ہی دودھ کے قریب قریب اسکا مزا ہوتا ہی جس درخت سے نکالا جاے وہ پھر پھل نہین دیتا طبیعت اسکی سرد خشک ہی مقوی معدہ ہی خون کے دست بند کرتا ہی درد سینہ اور کھانسی کو دور کرتا ہی قاطع صفرا ہی۔

جمیعر۔ فارسی مین اسکو انجیر آدم اور ہندی مین گولر کہتے ہین ایک درخت انجیر کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی چونکہ اسکے پھل کے اندر مچھڑ ہوتے ہین تمر پشہ بھی اسکو کہتے ہین ایک سال مین تین چار بار یہ درخت پھلتا ہی پھولتا نہین پھل اسکا اسکی ساق سے نکلتا ہی اسکی شاخ کو چھیل کر دودھ اسکا نکالتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ہی واسطے دفع وسواس اور کھانسی اور درد سینہ کے مفید ہی۔

جمل۔ فارسی مین شتر ہندی مین اونٹ مشہور چارپایہ ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور تیسرے درجہ مین خشک ہی کھانا اسکے گوشت کا مقوی باہ ہی اعضا کو قوت دیتا ہی تپ ربع کو دور کرتا ہی یرقان اسود و سوزش پیشاب کو نافع ہی اور فائدے اسکے کتابون مین مفصل لکھے ہوے ہین۔

جمجم۔ بکسر ہر دو جیم زردک بری یعنے جنگلی گاجر چین کے ملک سے آتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک خناق اور کھانسی و ضیق النفس و ذات الریہ اور ذات الجنب و خفقان کو مفید ہی۔

جمہوری۔ ایک قسم کی شراب کا نام ہی بعض کہتے ہین کہ انگور کی

شراب سنہ سالہ کو جمہوری کہتے ہین مشجع اور محلل اور مشہی اور مہیج ہی اور جماع کے واسطے طبیعت کو حرکت دیتی ہی۔

جیم با نون

جنطیانا۔ یہ ایک جڑ ایک بالشت تک لمبی ہی اور موٹی سرخی مائل اور تلخ درخت اسکا دو گز تک اونچا گرہ دار ہوتا ہی پتے اسکے اکھروٹ کے پتون کی طرح پھول سرخ مائل بکبودی فارسی مین اسکو کوشاد ہندی مین پکھان بید کہتے ہین جنطین بادشاہ کیوقت مین اسکا اظہار ہوا اور بادشاہ نے اپنے نام پر اسکا نام جنطیانا رکھا طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی قابض و ملطف و جالی محلل و منقی و مفتح و مسکن اوجاع ہی بڑے بڑے فائدے اسکے کتابون مین درج ہین۔

جند بیدستر۔ یہ ایک آبی جانور کے خصیون کا نام ہی یونانی مین اسکو اکیتا نوش فارسی مین آش بچگان کہتے ہین وہ آبی جانور کتے سے چھوٹا سوائے سگ آبی کے ہی جسکو اُدھر بولتے ہین پانی کے اندر اور باہر دریا کے کنارے زندگی کرتا ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم دوسرے درجہ مین خشک زیادہ لطیف ہی سدون کو کھولتا ہی ورمون کو تحلیل کرتا ہی صرع وام الصبیان و فالج و رعشہ و تشنج و نسیان و دردسر و شقیقہ و سبات و خدر کو دفع کرتا ہی۔

جیم با واو

جوز شیصا۔ یہ دوا ایک درخت کا پھل ہی بقدر چنے کے اور بعض چھوٹا خشخاش کی طرح پختہ ہو کر سرخ اور شیرین ہوتا ہی درخت اسکا بلند نہین ہوتا جوڑا بمقدار آلو بالو کے ہوتا ہی پتے سیب کے پتون کی طرح پھول سپید ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک باہ بڑھانے والا لڑکا لانے والا بدن کو موٹا کرنے والا مسکن درد معدہ کا ہی۔

جوز بوا۔ ہندی مین اسکو جاے پھل کہتے ہین درخت اسکا اکھروٹ کے درخت کی طرح ہوتا ہی پتے بھی اسی طرح پھل بھی اُسی طرح مگر چھوٹا اُس سے قد اور پتے اور پھل مین طبیعت اسکی گرم و خشک مفرح و ملطف و مسکر حافظ حرارت غریزی مقوی معدہ و فم معدہ و مقوی جگر و باہ ہی۔

جوز القطاۃ۔ اسکو جوز البری بھی کہتے ہین اور قطاۃ ایک جانور ہی جسکو فارسی مین سنگ خوار کہتے ہین چونکہ وہ اسکے کھانے پر زیادہ حریص ہی اسلیے اسکا نام جوز القطاۃ رکھا گیا یہ ایک دانہ مشابہ کاکنج کے ہی اسمین غلاف اور غلاف مین دو دانے چھوٹے ہوتے ہین اور گھانس اسکی ہر شاخ زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی نمناک زمین مین اسکی پیدائش ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بقطیر البول اور جرب مثانہ و قولنج ریحی و خلطی کا علاج ہی۔

جوز الزنج۔ ایک پھل بقدر سیب کے ذرا لمبا چاشنی دار اندر اسکے دانہ بقدر چھوٹی الایچی کے تیرہ رنگ اور تیز مزہ خولنجان کی طرح اور خوشبو طبیعت اسکی معتدل ہی قولنج کو دفع کرتا ہی معدہ کو طاقت دیتا ہی جوارشات گرم مین داخل ہی۔

جوز الابہر۔ جوز العبہر یہ ایک دانہ مشابہ آلو کے ہوتا ہی اُسکا مغز مشابہ دانہ آلو بالو سرخ رنگ تھوڑا میٹھا گرم خشک قاطع اسہال و دافع اورام اندرونی ہی۔

جوز۔ جسکو فارسی مین گردگان اور چہار مغز اور ہندی مین اکھروٹ کہتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مغز روغن کا بھرا ہوا ہی لطیف اور ملین طبع و تحلیل باہ پیدا کرنے والا مانع ہونے بلغم کا مقوی دماغ و مقوی حواس باطنی خصوصاً ساتھ انگور خشک و منقے کے تیل اسکا فالج و لقوہ وغیرہ بہت سی بیماریون کو فائدہ دیتا ہی۔

جوز الخمس۔ یہ ایک پھل ہندی درخت کا ہی گول اور سیاہ خاردار پوست ناہموار اسکے اندر سے پانچ دانے نکلتے ہین اسلیے اسکو جوز الخمس کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم محلل ریاح ہی۔

جوز الشرک۔ یہ ایک بڑا درخت جوز شامی کے مثل کا پھل اسکا بقدر اکھروٹ کے تھوڑا لمبا اور گول پوست بہت نازک اور سرخ خشک ہو کر تیرہ رنگ اور شکن دار ہوتا ہی خود بخود درخت سے جدا ہو جاتا ہی اسکے اندر سے دانے مشابہ دانہ انگور کے نکلتے ہین خوشبو اور تیز اہل مصر اسکو فلفل السودان کہتے ہین فلفل سیاہ سے اسکی تیزی زیادہ ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک دافع عرق النسا ہی مدر بول ہی جنین کو نکالتا ہی۔

جوز الکوثل۔ جوز القی بھی اسکو کہتے ہین یہ ایک گھانس کا پھل ہی گول تھوڑا چوڑا اسکے کھانے سے قے اور دست آتے ہین بدن کا تنقیہ بخوبی ہو جاتا ہی اخلاط ردیہ سب نکل جاتے ہین۔

جوز الماثل۔ یہ مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین دھتورا اور فارسی مین تاتولہ اور تاتورہ اور درخت کو مرقد کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک نہایت مخدر و مسکر ہی نیند بہت لاتا ہی بواسیر کو فائدہ دیتا ہی ورمون کو دفع کرتا ہی پتے اسکے اگر آنکھون پر باندھین ورم کو دور کرتا ہی دردسر اسکے ضماد سے جاتا رہتا ہی

نزلات باردہ کو دفع کرتا ہی اسکے کھانے سے خیالات فاسدہ طبیعت
مین آنے مین عقل جاتی رہتی ہی جل بیٹھہ سکیگا تمام جہان نیلا نظر آئیگا
دیوانہ ہو جائیگا حب شفا کا جزو اعظم یہی دھتورہ ہی۔
جوز جندم ۔ یہ ایک چیز مشابہ مغز اکھروٹ کے پتھرون پر پیدا
ہوتی ہی سفید مائل بزردی اور وہ ایک رطوبت ہی جسمین خاک لطیف
ملی ہوئی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک باہ کو بڑھاتی ہی بدن کو
موٹا کرتی ہی دافع عسر البول ہی۔
جوز ارقم ۔ یہ ایک گھاس کی جڑ ہی گول بقدر اکھروٹ کے سفید
تھوڑی تیزلمی کے ساتھ اور گھاس تیلی ہوتی ہی جو ایک گز سے
زیادہ بلند نہین ہوتی طبیعت اسکی دوسرے درجے مین خشک مخدر
اور مسکر ہی معدے کے کرم نکالتی ہی نیند بہت لاتی ہی اورام ملغمی اور
خناق کو مفید ہی دو درم سے زیادہ اگر کوئی کھالے تو ہلاک ہو جائے
جوز السرو ۔ سرو کے درخت کا پھل طبیعت اسکی سرد خشک مقوی
اعصاب مقوی معدہ و کبد ہی سدون کو کھولتا ہی شقیقہ اور
درد سر کو مفید ہی حابس بطن ہی۔
جوزابہ ۔ یہ ایک خوراکی لڈو گیہون کے میدے اور ساگون سے
بناتے ہین طبیعت اسکی گرم اور مرطب اور باعتبار ساگون کے
مختلف ہی ملین موافق سینہ و شش ہی۔
جوز القی ۔ ہندی مین اسکو منپھل کہتے ہین یہ ایک درخت
کا پھل ہی جو میسور اور ہند اور بنگال مین ہی مقدار پہاڑی انجیر کے
اسمین سے بہدانہ کی طرح دانے نکلتے ہین لعابدار طبیعت اسکی
گرم خشک ہی قی لاتا ہی دست بھی اس سے جاری ہو جاتے ہین
امراض باردہ دماغی اور عصبی مثل فالج و لقوہ و کھانسی و
ضیق النفس کو دفع کرتا ہی۔

ساتوان باب

جیم فارسی کے لغات کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی و ترکی وغیرہ کے بیان مین

جیم با الف

چاروا ۔ چارپایہ بیل اونٹ ہاتھی گھوڑا وغیرہ۔
چارپا ۔ چار مرکب جو سواری کے لائق ہین گھوڑا اونٹ شتر گدھا

چار ضرب ۔ صوفیہ کے ایک شغل کا نام ہی کہ ذکر نفی اثبات
کے وقت دل جگر دماغ اور سینہ پر ضرب الا اللہ کے لفظ کی نوبت
بنوبت زور سے لگاتے ہین تصفیہ قلب کے لیے یہ عمل مجرب ہی
اور رقص جو تالہ جو رقاص لوگ ناچتے ہین اور صفا رکنیس بروت
تسرا برو کی جو قلندر لوگ وقت بیعت کے کراتے ہین ۔
چار مذہب ۔ اہل سنت کے چار مذہب یعنے حنفی حنبلی شافعی
مالکی ۔ از مؤلف بے شک و شبہہ حرمت می فرض و اجبست
کان ہے بچار مذہب سنت حرام شد +
چارقب ۔ بضم قاف بادشاہان توران کے ایک خاص پوشش
کا نام ہی ۔ شفیع اثر ۔ دامن آلودہ مکن چارقب ہستی را +
جامۂ عاریت پاک نگہ باید داشت +
چار اسباب ۔ چار علتین علت مادی علت فاعلی علت صوری علت غائی
چارم اصطرلاب ۔ قرآن مجید جو چوتھی آسمانی کتاب ہی اور اس سے
پہلے توریت و انجیل و زبور نازل ہو چکی تھین۔
چارم کتاب ۔ قرآن مجید جو چوتھی کتاب ہی۔
چاہ سیماب ۔ کان سیماب اور وہ ایک کنوان ہی جس سے وہ
جوش مارتا ہی ۔ میر معز فطرت ۔ شہسوارا ے از بر ما شد عنان
گردان کہ گشت + چاہ سیماب آشیان از اشک بے آرام ما +
چاہ غبغب ۔ چاہ ذقن جو مشہور ہی ۔ میرزا صائب ۔ خوشا
ہمسایۂ منعم کہ لعل آبدار او + ز آب زندگی سر بر کند در چاہ غبغب را +
چاشت ۔ کھانے کا وقت جو صبح کے دس بجے قریب ہوتا ہی کھانا
اول وقت دن کا ۔ مختاری ۔ دہی نعمت اگاہ از حکیم چاشت +
دہی مرگ ناگاہ از جور شام + جمال الدین سلمان ۔ آنکہ در روز
توجہ موکب او نیمروز + چاشت خوان در نیمروز و در حد دوشام شام
چار دہ روایت ۔ چودہ روایتین امامان قرأت کی جو حقیقت مین
وہ سات ہین اور ساتون کے دو دو شاگرد ہین اور ہر ایک شاگرد
کی روایت درباب پڑھنے قرآن کے علحدہ ہی۔
چابک دست ۔ جو شخص کام کرنے مین چالاک ہو۔
چاچ ۔ نام ایک شہر کا توران مین جسکو تاشکند بھی کہتے ہین
اور شاش اسکا معرب ہی۔
چاہ نخشب ۔ ساٹھ گز عمق کی زمین ہموار جسمین سے جو بلی مقام بناکر ہمشیر
اور کیفیت آسمانی ستارون کی معلوم کرین ۔ استاد ۔ از فرط
ارتفاع فرو رو بچاہ نخشب + اختر شناس طالع و آثار دون ہوشین باشی

چاکوبچ - چاک یعنے شگاف اور مس گرون اور لوہارون کا مطرقہ
چار آخشیج - چار عنصر یا آگ مٹی ہوا آگ و حرارت و برودت و رطوبت و یبوست جو ایک دوسرے کے مخالف ہین -
چار ترنج - قسم ایک خیمہ کی جسکو ہندی مین بجوبہ کہتے ہین -
چار میخ - سابق عملداریون مین یہ ایک قسم کی تعذیب مجرم کو دیجاتی تھی کہ اُسکو پشت یا رو برلٹا کر دونون ہاتھ اور دونون پانون مین میخین لگادی جاتی تھین - محمد سعید اشرف - دعوی خود را چو کاذب یافت پیش خلق تو + خویش را بر چارمیخ خار زد ناچار گل نظامی
جناح از ہوا در زمین بر دبیح + پس آہنگ شد در زمین چار میخ +
چاہ زنخ - چاہ غبغب جو مشہور ہی - میرزا صائب - یوسف من دیر لب تا کی گزاری خال بند + این کبوتر در خور چاہ زنخدان تو نیست +
چار شاخ - یہ بھی ایک قسم کی تعذیب ہی -
چار بیخ - چار چیزین اربع عناصر اور چار دوائین بیخ کرفس جیخ کبر بیخ رازیانہ بیخ کاسنی -
چار اجساد - چار عنصر خاک - باد - آب - آتش -
چار برد - نام ایک شہر کا جسمین شارح شافیہ سکونت پذیر تھے -
چار حد - شرق - غرب - جنوب - شمال -
چار بند - دنیا و عالم تعلق جس سے رہائی سوے مرگ کے دنیادار کو ممکن نہین ہی
چادر - مشہور کپڑا اپہننے کا ہی - سید حسین خالص - زد چادر قلندری از لالہ در چمن + گویا درین دو روز سفر میکند بہار -
چار لنگر - بڑی کشتی جسکے چار لنگر ہون - ملا طغرا - چو طوفانے دیدہ تر قدم از مژگان خود چار لنگر قدم +
چار - مشہور عدد ہی جسکو عربی مین اربع کہتے ہین - شعر نعتیہ
چار اصحاب محمد مصطفے صل علی + چار رکن خانہ صدق و صفا صل علی
چار یار - پیغمبر خدا کے چار دوست و جانشین جنکے اسامی گرامی ابوبکر و عمر و عثمان و علی المرتضی شیر خدا تھے - نعتیہ از مؤلف
چار یار حضرت خیر الورا + چارہ ساز ہر مریض لا دوا -
چاشنی گیر - باورچی خانہ کا افسر ترکی مین اسکو بکاول کہتے ہین - ملا فوقی یزدی - چاشنی گیر کی ہجو مین - این بکاول نیست قطاع طریق سفرہ است + درمیان صحن بریان قلیہ بادنجان برد + مثل اومن چاشنی گیری ندیدم در جہان + در نظر زرد و پلاو قاب را پنہان برد +
چاقشور - ایک قسم موزہ کا ہی جو پشمین ہوتا ہی اصفہان مین بنایا جاتا ہی
چاکر - نوکر و ملازم و خدمتگار و خادم - میر معزی - در ہنر مندی کو

عقل اور اتوئی پروردگار + کس ندید و کس نبیند چون تو چاکر بیدری
چالیر - وہ مغاک جو زمین مین بہت عمیق ہو - ع - چو آورد دم برون خود را از ان چاہ + زجور چرخ اُفتادم بچالیر +
چاہسار - وہ زمین جسمین کنوئین ہون جیسے کہ کوہسار و نمکسار وغیرہ - فردوسی - بیکدست بیژن بدیگر زوار + سوے خانہ رفتند زان چاہسار +
چاغر - جو صاید مرغان جسمین کھایا ہوا دانہ رہتا ہی صحیح جیم عربی سے ہی
چار تکبیر - نماز جنازہ جو مسلمان مردہ پر پڑھتے ہین - مؤلف - یال و ملک دولت از دل و جان + بگواسنے طالب حق چار تکبیر +
چالش گر - دلاور و جنگجو اور ناز و تکبر سے چلنے والا -
چار جوہر - چارون عنصر -
چار مغز - اکھروٹ جو مشہور میوہ ہی - میرزا بیدل - سختی کشند حیرت پرستان روزگار + از زخم سنگ چارہ ندارد چہار مغز +
چارہ ساز - طبیعت معالج علاج کرنے والا - اردو مؤلف درد دل کی دیجیے مجھکو دوا + چارہ سازی کیجیے اے چارہ ساز +
چاہ پوز - وہ آہنی قلابہ جس سے گرا ہوا ڈول وغیرہ کنوئین سے نکال لاتے ہین -
چار نفس - نفس امارہ نفس لوامہ نفس ملہمہ نفس مطمئنہ -
چاپلوس - خوشامدی فریبی جو نرمی سے اپنا کام نکالے -
چار بالش - امراو کے تکیہ لگا کر بیٹھنے والا تکیہ جو پشت کے پیچھے رکھا جاتا ہی چونکہ وہ چار بالشت سے زیادہ لمبا نہین ہوتا اسلیے اسکا نام چار بالش یا چار بالشت رکھا گیا -
چالش - چال اور رفتار اور چالشگر چلنے والا اور وہ حملہ جو جنگ مین کیا جاوے -
چاؤش - بروزن طاؤس ترکی مین لشکر کا نقیب اور قافلہ کا محافظ
چالیش - چلنا آہستہ چلنا -
چاش - وہ خرمن غلہ کا جسمین سے بھوسا نکال لیا گیا ہو -
چاموش - کفش جوتی یا پوش موزہ یہ لغت ژندی زبان کا ہی -
چاہ مقنع - ابن مقنع حکیم کا کنوان جسکو چاہ نخشب بھی کہتے ہین یہ کنوان اُسنے شہر کش کے باہر بنایا تھا اُسمین سے ہر ایک اندھیری رات مین ایک چاند نکلتا اور ہوا مین جاکر قائم ہو جاتا چار فرسنگ تک اُسکی روشنی زمین کو روشن کر دیتی -
چار باغ - اس نام کے دو باغ ہین ایک اصفہان مین دوسرا دہلی مین

نواب اعتماد الدولہ بہادر وزیر اعظم ہندوستان نے تعمیر کیا تھا
میرزا صائب - نسیم آسا بگرد سر بگردم چار باغش را + بہر باغیکہ بنشیند دل من آشیان سازم +
چارغ - **چارق** - ترکی زبان میں پا پوش جوتا - **حاذق گیلانی**
دوام چارق یکدو بپاے کردستم + گہی بجانب مصر و گہی سوے کشمیر +
چامغ - وہ کنواں جو عمیق ہو -
چارطاق - چار گوشہ خیمہ جسکو ہندی میں راوٹی کہتے ہیں - **عبدالرزاق فیاض**
چو قطع گرد میخ طناب و ہر دو رنگ + چار طاق عناصر شود شکستہ ستون +
چاق - چست و تندرست و تازہ اور زمانہ وقت یہ لفظ ترکی ہی
مخلص کاشی - شود ز حاصل خود ہر کسے دماغش چاق +
کہ ہست شربت خشخاش باغبان زنجیر +
چاہ شقوق - مکہ معظمہ کے راستہ میں ایک چاہ کا نام ہی -
چاک - شگاف جو کسی چیز میں ہو - **طالب آملی** - گذشتی
برچمن و دامن فشاندی + گل چاکم بہ پیراہن فشاندے +
چابک - چست و چالاک اور تازیانہ - **سنجر کاشی** - ابسی ست
مرا ز سایہ خود بگریز + دست از عرق ستی او طوفان خیز + یک کام
بگام بسپر دگر بہل + شمشیر بود چابک و خنجر مہمیز +
چالاک - چست و چابک مرکب چال سے بخوبی چلنے والا - حرکت کرنے والا - **رضی دانش** - صد آشوب از قفای قد چالاک
تو می آید + شکست قلب دل از چشم بے باک تو می آید +
چارپک - لڑکوں کے کھیل کا نام ہی جسکو ہندی میں گلی ڈنڈا کہتے ہیں
چاربرگ - لالہ کوہی یعنی پہاڑی لالہ جو ایک پھول ہی -
چار دانگ - چار اطراف عالم -
چارک - نقیب و چاوش و محافظ -
چاریک - کابل کے پاس ایک موضع ہی اور ہر ایک چیز کا چوتھا حصہ
چاکا چاک - پھٹا ہوا چاک شدہ اور وہ آواز جو تلوار اور خنجر مارنے کے وقت نکلے
چاک چاک - بہت سا پھٹا ہوا ٹکڑے ٹکڑے - **صفدر فوقانی**
لاہوری - لکھوں میں کیا جو حال دل دردناک ہی + سینہ ہی
ٹکڑے ٹکڑے جگر چاک چاک ہی +
چاوک - ایک مرغ کا نام ہی جو چڑیا کے برابر ہوتا ہی عربی میں
اُسکو قبرہ کہتے ہیں ابو الملیح اسکی کنیت ہی -
چارجل - وہ گھوڑا جسپر چار جامہ کسا ہو -
چال - وہ گھوڑا جسکے بال سرخ و سپید آپس میں ملے ہوے
ہوں اور مغاک و چاہ اور دانوں قمار کا اور وہ مرغ جسکو کبک کہتے ہیں
چار منزل - شریعت طریقت حقیقت معرفت -
چار مرغ خلیل - کبوتر زاغ خروس طاؤس ان چاروں مرغوں کو
حضرت ابراہیم خلیل نے ذبح کر کے انکے گوشت کو ملا دیا اور تھوڑا تھوڑا وہ
گوشت پہاڑ پر رکھکر ایک ایک مرغ کو بلایا چاروں زندہ ہوکر حاضر ہوے
چاہ بابل - وہ کنواں جسمیں ہاروت ماروت دو فرشتے مقید ہیں -
چاہ رستم - وہ کنواں جسمیں رستم کو شغاد اسکے بھائی نے مکر اور فریب
سے گرا کر قتل کر دیا تھا اگرچہ رخش رستم کے گھوڑے نے باہر نکلنے کے لیے
بہت سی جست کی مگر نہ نکل سکا اور چاہ میں جو نیزے اور برچھیاں استادہ تھیں
وہ رستم اور رخش دونوں کے جسم میں گھس گئیں - **محمد سعید اشرف**
آن زنخدانی کہ باشد چاہ یوسف از صفا + بے سنان آخر زخط چون چاہ رستم میشود
چار خم - کشتی گیروں کے ایک فن کا نام ہی اور زور آور آدمی جب
کمان کو کھینچتا ہی اور وہ کان تک پہونچتی ہی تو کہتے ہیں کہ کمان
چار خم ہوگئی - **ملا طغرا** - سرکش بیک دو ضرب نگیرد فروتنی +
تا روز ماندید کمان چار خم نشد +
چام - **چام** - ناہموار راستہ اور پہاڑی درے -
چابک خرام - تیز چلنے والا -
چارگام - تیز چلنے والا گھوڑا -
چاہ بن - عمق چاہ یعنی تہ کنوئیں کی - **میر خسرو** - بس آن کہ
غوکان درین چاہ بن + نگویند از فوج دریا سخن +
چاہ ذقن - مشہور لفظ ہی -
چاہ کن - بدی کرنے والا ظالم و ستمگار - **نور الدین ظہوری**
بے چاہ کن در تہ چاہ زن + سر راہ زن بر سر راہ زن +
چامین - بول و غایط گو موت اور چامیدن ہگنا موتنا -
چاکران - فرج و دبر آگا پیچھا -
چار زبان - بہت سا بولنے والا آدمی -
چار خوان - بہشت کی چار نہریں -
چار طوفان - طوفان عہد نوح پانی کا طوفان ہوا کا قوم ہود پر
طوفان آگ کا قوم لوط پر طوفان خاک کا قوم صالح پر -
چار کان - ایک کان آتشی جس سے گوگرد نوشادر ولال و یاقوت
پیدا ہوتے ہیں دوسری کان آبی جس سے موتی اور مونگا پیدا ہوتا ہی
تیسری کان بادی جس سے طرح طرح کے نباتات اور میوے ظاہر ہوتے
ہیں - چوتھی کان خاکی جسکے متعلق سونا چاندی مس وغیرہ دھاتیں ہیں -

چار ارکان - چار عنصر دنیا کے موجودات کے -
چارسو - چورستہ بازار جسکو چوہٹہ بھی کہتے ہین - **نظامی** درین
چارسو چون ہم دستگاہ * کہ این نباشم زدزدان راہ *
چاقو - استرہ یا وہ لوہے کی چھری جسکا پھل الٹ کر دستہ مین آجاوے
چاتو تیسرا حرف تاے فوقانی وہ رسن جس سے مجرم کو پھانسی دیتے ہین
چارو - چونہ و قلعی وغیرہ مصالح عمارت کا -
چاکسو - مشہور دوا ہی جو آنکھون کی بیماری مین فائدہ کرتی ہی
چالو - وہ مغاک جو مین چار گز تک عمیق ہو -
چاو - ایک کاغذی سکہ کا نام ہی جو چنگیز خان کے پوتے نے
چلایا تھا جیسے کہ اس زمانہ مین نوٹ ہین مگر وہ جاری ہونے
نہ پایا آذربایجان اور تبریز کی رعایا نے قبول نکیا -
چاوچاو - چڑیون کی آواز اور شور و غوغا مرغون کا جب کوئی انکے
بچون کو پکڑے یا اور کوئی تکلیف پہونچائے -
چاہ جو - وہ آہنی قلاب جس سے ڈول وغیرہ گری ہوئی چیز کنوین سے نکالتے ہین
چامہ گو - مطرب سرود گانے والا -
چاپہ - قالب چوبی جس سے کپڑون پر نقش کرتے ہین یہ لفظ ہندی فارسی
مین مستعمل ہی - **سید حسین خالص** - اگر ز وصل تو نقشم بکام
نہ نشیند * ز بوسہ چاپہ کنم اطلس خرنگ ترا *
چار برگہ - ایک گھانس کا نام ہی -
چار جامہ - ایک قسم کے زین کا نام ہی جو گھوڑے کی پشت پر
باندھتے ہین - **عبد الغنی قبول** - نشین زسعی ہیچ نفس در رہ
طلب * ناچار جامہ مرکب تن از عناصر ست *
چارشانہ - جوان قوی ہیکل زور آور - **محمد سعید اشرف**
کمان ابروانش کوتاہ خانہ * قد شمشاد بستش چارشانہ *
چارگامہ - گھوڑا رہوار تیز رفتار - **افضل الدین خاقانی**
ساقیا اسپ چارگامہ بران * تار کاب سہ گانہ بستانیم *
چار موجہ - بڑا امواج دریا موج در موج و گرداب - **میرزا صائب**
آیند بچار موجہ دریاے حسن تو * از زرد بخود چو کشتئ بے لنگر آئینہ -
چاہ - کنوان جسکو عربی مین بیر کہتے ہین - **عرفی** - آگہ نبود ہر ہمکس
از سر سنیت * یوسف زمکر سر بگریبان چاہ کرد *
چارگاہ - علم موسیقی کے ایک پردہ کا نام ہی -
چار آئینہ - آہنی لباس جنگ کا نام ہی -
چاقندہ - ترکی مین وقت دہنگام -

چار پارہ - ایک قسم کے رقص کا نام ہی اور نام ایک ساز کا
جسکے چار ٹکڑے ہوتے ہین -
چانہ - فک اسفل یعنے نیچے کا جبڑا منھ کا -
چارہ - علاج و تدبیر - **رباعی** - درون سینہ من زخم بے نشان
زدہ * بحیرتم کہ عجب تیر بے کمان زدہ * بچارہ روم بکہ گو کم بکوچہ
چارہ کنم * کہ تیر عشق مرا در درون جان زدہ -
چاچلہ - چمڑے کی جوتی یا پوش -
چارتارہ - ایک ساز کا نام ہی -
چارگوشہ - ہر ایک چیز جو مربع ہو -
چامہ - ترکی زبان مین شعر غزل رباعی -
چاہچہ - چھوٹا کنوان -
چارپایہ - گھوڑا بیل اونٹ وغیرہ -
چاردہ - چودہ عدد ہین جسکو عربی مین اربع عشر کہتے ہین -
چارشنبہ - یوم الاربع بدھ کا روز -
چاچی - جو چیز شہر چاچ کی ہو عموماً خصوصاً کمان جو اس شہر
مین نہایت تحفہ بنتی ہی - **فردوسی** - ہر آنکہ چاچی بزہ در کشم
ستارہ فرو ریزد از ترکشم *
چارطاقی - چار گوشی ٹوپی جسکو چار ترکی بھی کہتے ہین - **ملا قاسم
مشہدی** - بیرون رود ز زیر فلک مشت خاک ما * گو چار طاقی
بسر خاک بامپوش *
چارہ جوئی - علاج ڈھونڈھنے والا بیماردار صائب - **صائب**
زبسکہ درد مرا در میان گرفت * بیچارہ شد ز چارہ من چارہ جوی من *
چاشنی - تھوڑی چیز شراب و طعام سے اور آہستہ آہستہ
نازنا لکڑی کا نقارہ پر اور نمونہ ہر ایک خوراک کا و مزا اور لذت و
صفت و تعریف - **نظامی** - نخست از ہمہ چاشنی بر گرفت *
دران ماندگی ماند خسرو شگفت *
چاکری - نوکری ملازمت خدمتگزاری - **سعدی** - نیز ز بد خیل
آنکہ نامش بری * دگر روز گارش کنہ چاکری *
چار جوی بہشتی - بہشت کی چار نہرین ایک پانی کی دوسری
دودھ کی تیسری شہد کی چوتھی شراب کی -
چاپلوسی - چرب زبانی و خوشامد -
چاوچاے - ایک دوا کا نام ہی -
چابیستی - بادشاہی ایک منصب کا نام ہی -

چالکی - چالاکی و چستی و تکمی -
چاپاتی - تپلی روٹی پھلکا -
چاولی - غلہ افشان یعنے چھاج جس سے غلہ صاف کرتے ہین -
چای - مشہور چیز ہے جسکے پتون کو جوش دیکر شیرینی اور دودھ ملا کر پیتے ہین
چارپائی - پلنگ جسپر سوتے ہین ہندی مین اسکو کھاٹ کہتے ہین -

جیم فارسی باباے

چپ - بایان طرف مقابل راست کے اور دغا و فریب و کج اور وہ شخص جو مخالف و دغاباز و فریبی ہو - ظہوری - باظہوری نگشت راست فلک + داد از دست طالع چپ ما +
چپچاب - بوسنے کی آواز -
چپات - طمانچہ جو کسیکو مارا جاے -
چپغوت - پھٹا ہوا لحاف دنہالین وغیرہ -
چپار - ہر ایک چیز جو دو رنگ رکھے یعنے سرخ و سپید و سیاہ و سپید - اور وہ سبزہ کہ جو تر جسکے پرون پر سیاہ خال ہون یا ایسا گھوڑا ہو
چپدار - وہ کفش جو موزہ کے اوپر پہنین -
چپیر - نواز بافون کے ایک اوزار کا نام ہے جسپر ریشم اور سوت کو لپیٹتے ہین
چپ انداز - مکار و حیلہ گر فریبی آدمی - ارادت خان واضح - جوے شیر ست چپ اندازی شیرین ورنہ + غرض آن ست کہ خون دل فرہاد رسد +
چپلوس - خوشامد تملق چرب زبانی اور وہ آدمی جو مردم فریب ہو -
چپقلش - تلوار کی لڑائی ترکی زبان مین -
چپلش - بفتح اول و کسر ثانی وہ بکری کا بچہ جو ایک برس کا ہو
چپاغ - ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے -
چپلک - مردار پلید ناپاک -
چپاول - وہ فوج جو بڑے لشکر سے الگ ہوکر دشمن کے مقابلہ پر جاے - نرگس نظیم - از ترکتاز غمزہ شوخ ستمگرت + در کشور خرابہ دلہا چپاولست
چپل - ناپاک و خراب اور میلا آدمی -
چپکن - ایک پوشش کا نام ہے جو اہل ایران پہنتے ہین -
چپینہ - چھوٹا برتن اور کھلونا -
چپین - لکڑی کا بڑا طبق -
چپان - لباس پرانا اور بوسیدہ کپڑا -
چپیرہ - ژندی زبان مین جمع کیا ہوا -
چپچلہ - جھولا جسپر خرد سال لڑکے بیٹھ کے جھولتے ہین اور ایک

رسی کے دونون سرے کسی درخت یا چھت سے باندھکر اُسپر چڑھتے اور جھولتے ہین اور رشتہ زمین کا جسپر چڑھکر لڑکے لیٹ جاتے ہین اور پھسلتے پھسلتے زمین پر آجاتے ہین اُس موقع کو لخشک بھی کہتے ہین اور نرم زمین جسمین کیچڑ ہو اور آنے جانے والے پھسلکر گر پڑین -
چپیہ - وہ چوبی آلہ جس سے کشتیبان کشتی چلاتے ہین اور وہ شخص جو بائین ہاتھ سے کام کرے -
چپاتی - تپلی فطیری روٹی چونکہ چپات فارسی مین طمانچہ کو کہتے ہین اور ایسی روٹی کو طمانچے زیادہ مارے ہوتے ہین اسلیے اسکا نام چپاتی رکھا گیا -
چپانی - پرانے کپڑے اور چرکین لباس پہنے والا آدمی - ملا فوقی یزدی - بحمد اللہ کہ چپانی و رندیم + اگر در یزد و گر در ملک ہندیم +

جیم فارسی باتاے فوقانی

چتر - وہ چیز جس سے امرا کے سر پر سایہ کرتے ہین - جمال الدین سلمان - وانزد ز خود مباد کہ دوران چرخ را + لا نکر د لقطہ چترت بود مدار +
چترکش - وہ نوکر جسکے ہاتھ مین چتر ہو - میر خسرو - مہ ز فلک چتر کش شاہ شد + چتر بہ ہمسایگیٔ ماہ شد +
چتوک و چقوک - چڑیا جسکو عربی مین عصفور کہتے ہین فارسی مین کنجشک -
چتو - پردہ جو کسی چیز پر ڈالا جاے -

جیم فارسی باجیم

چچ - وہ غربال جس سے غلہ صاف کرتے ہین اور وہ لکڑی کا پنجہ جس سے غلہ مین سے بھوسا الگ کرتے ہین -
چچک - گلاب کا پھول جسکو عربی مین ورد کہتے ہین بمعنی خال و خسار محبوب
چچرغہ - تازیانہ اور تازیانہ ایک قسم کا -
چچلہ - وہ گوشت جو زبان کی صورت پر عورتون کی شرمگاہ پر ہوتا ہے

جیم فارسی باخاے

چخ - جنگ و خصومت و عداوت اور تلوار کا غلاف اور چرک اور ریم اور کوشش و سعی و عرق ریزی -
چخاچخ - آواز تلوار کی لڑائی کے وقت -
چخماخ - دوہرا کیسہ اور دوہری تھیلی جسمین سپاہی بہت ضروری اسباب جنگ کے موقع پر رکھتے ہین اور آتش زنہ جس سے آگ نکالتے ہین -
چخش - یہ ایک بیماری ہے جسکو سوبی کہتے ہین گردن اور

گلے پر انسان کے گوشت بڑھکر کدو کی طرح ہو جاتا ہی درد نہیں کرتا اگر کاٹین تو بیمار کے مرجانے کا خوف ہوتا ہی-

چخنک - خال سیاہ کالا تل جو انسان کے جسم پر ہوتا ہی-

چخنین - وہ پھوڑا جس سے ریم و خون جاری ہو-

جیم با دال

چدروا - بضم اول اور حرف چوتھا واو ایک تلخ دوا کا نام ہی جسکو جبر کہتے ہین عمدہ وہ ہی جو سقوطر مین ہو-

چدار - وہ رسن جس سے ہاتھ پیر گھوڑے اور اونٹ کے باندھتے ہین - میر یحیی شیرازی - تا گشتہ پیادہ ز چشم روان تر + گلگون اشک را نتواند چدار شد +

چدر - شتر مادہ جو چار برس کی ہو-

جیم با رائے

چرا - کیون کس واسطے مولانا جامی - کجائی ای پدر آخر کجائی + زحال من چنین غافل چرائی +

چرخاب - گرداب جو دریا مین پڑتا ہی جعفر زٹلی - خورد مانند چرخہ چرخ ہر بار + چو آید کشتی جعفر بچرخ آب +

چرب - فربہ و خوشحال و غالب و افزون خسرو - اگر شش فسیر نر بچرب آید + بدلیری ز شیر چرب آید +

چرخ تاب - جو ابریشم کو چرخ بر تاب دیوے باریک اور دراز ہونے کے لیے سیفی - گرماہ چرخ تاب کشا بد نقاب را + خواہد نشاند در پس چرخ آفتاب را +

چرنداب - تبریز مین ایک محلہ ہی-

چرخ بیخ - نہایت درجہ کی تکلیف اور سفر جسمین ایک دم آرام کہ نہ ملے - نظامی - سوے تخت خانہ زمین در نوشت + ببالا شدن ز آسمان در گذشت + بر آمد بر انسان کہ تا سود ہیچ + بدان چرخ پیچان بصد چرخ پیچ +

چرخ - جو گردش و حرکت دوری کرے اسکو چرخ کہتے ہین جیسے کہ چرخ فلک و چرخ چاہ و چرخ ابریشم تابی وغیرہ - قاسم مشہدی - جوش صحراے قیامت ہمہ در جان نشست + سبزہ چرخ ازین خاک دمیدن گیرد +

چرغند - چراغدان اور چراغ کا پایہ اور بکری کی آنتین جنہین گوشت و مصالح بھوننے کے واسطے بھر دیا گیا ہو-

چرہ - بفتح اول نغمہ اور سرود اور چرہ گر مغنی اور مطرب یعنی سرود کرنیوالا-

چکنا گھڑا - بے شرم بے غیرت بے حیا آدمی - شوق - ایسا بھی بے حیا نہین دیکھا + ایسا چکنا گھڑا نہین دیکھا -

چکنی چپڑی باتین کرنا - خوشامد تملق کی باتین کرنا دھوکے اور فریب کی باتین کرنا -

چکھنا- کھانے کا ذائقہ لینا مزا معلوم کرنا-
چکھانا- دوسرے شخص کو کوئی چیز کھلا کر ذائقہ معلوم کرنا-
چکھا چکھی کرنا- ہر ایک کھانے سے ذرا ذرا سا لیکر تھوڑا تھوڑا کھا کر پیٹ بھر لینا-
چکھیڈ ڈالنا- مال کو اُڑا دینا خرچ کر ڈالنا- [illegible] دل کی خوشی کے خاطر چکھیڈ ڈال مال دھن کو + گر مرد ہی تو عاشق کو کاڑی نر کھہ کفن کو-
چکھوتیان کرنا- چٹورپن کرنا بازار کی شیرینی کھانے کی عادت کرنا-
چکی پیسنا- ہر وقت دنیا کے کام دھندے مین پڑے رہنا- مؤلف - رات و دن آٹے دالے کی [illegible] ہی فکر + آدمی کو روز رہتا ہی یہ چکی پیسنا-
چکی چھونا- اناج پیسنے کے لیے چکی چلانا طول طویل قصہ چھیڑ بیٹھنا بحر طویل شروع کر دینا-
چکی کا پیسنا- نہایت محنت اور مشقت کا کام-

جیم فارسی با لام

چل اُٹھنا- خارش اُٹھنا کھجلی ہونا چھیڑ چھاڑ کرنا-
چل چل پڑنا- بیقراری ہونا بے انتظامی ہونا خرابی واقع ہونا
چل بسنا- مرنا انتقال کرنا کوچ کرنا- محمد انور لاہوری - چل بسے جو آدمی تھے کام کے + باقی انسان رہ گئے ہین نام کے-
چل پڑنا- روانہ ہونا شروع ہونا روان ہونا پانی وغیرہ کا تلوار چل پڑنا
چلتا کرنا- روانہ کرنا مار ڈالنا شروع کرنا کاربرآری کرنا تیز کرنا دھار رکھنا
چلتا ہوا- موثر کارگر تعویذ نقش درہم و دینار چلتا پرزہ چالاک فطرتی عیار-
چلتے بیل کو آر لگانا- کام کرتے کراتے آدمی کو ناحق تنگ کرنا دق کرنا-
چلتی گاڑی مین روڑا اٹکانا- جاری کام کو روک دینا- بنے بنائے کام مین خلل ڈالنا-
چلا چلا اُٹھنا- شور و فریاد کرنا غوغا کرنا-
چل جانا- مسک جانا پھٹ جانا- ــ عریان تنی کی شوخی سے دیوانگی مین مرا + مجنون کے دشت خار کا دامن بھی چل گیا
چلدینا- فوت ہونا مرجانا روانہ ہونا- مؤلف- سطرف سے ہی آدمی آیا + ہی اُسی سمت اُسکو چلدینا-
چلمین بھرنا- ذلیل کام کرنا لوگون کی چلمون پر آگ رکھنا خدمتگاری کرنا- ذوق- کہ تاب دل چلمون سے جو برق لاگ [illegible] + دوزخ بھی ہو تو ان کی چلمون پہ آگ رکھے-
چلن سے چلنا- کفایت شعاری کرنا خرچ کم کرنا- مؤلف- زمانہ مین ایسے چلن سے چلو + کہ ہو سب کے مطبوع خاطر وہ چال
چل نکلنا- روانہ ہوجانا- جاری ہوجانا پڑھنے مین حرف شناس ہو جانا کسی کام کرنے کے لائق ہونا ادب کی حد سے باہر پاؤن نکالنا- بے ادب ہونا گستاخ ہونا-
چلو چلو سادھنا- تھوڑا تھوڑا کر کے پینا تھوڑا تھوڑا کر کے بہت سا مال جمع کر لینا-
چلو لینا- منھ صاف کرنا کلی کرنا-
چلو مین اُلو ہونا- تھوڑی شراب پیکر مست ہو جانا- چلو بھر بھنگ پی کر بے خبر ہو جانا-
چلم چٹ- جسکو تمباکو پینے کی سخت عادت ہو ایک دم نہ نکلے
چلتا چھپر- وہ چھتری جو سایہ کے واسطے سر پر لگالیتے ہین-
چلو بھر پانی مین ڈوب مر- یہ محاورہ ایسے موقع پر بولتے ہین جب کسی سے نہایت خراب کام سرزد ہو اُسکو شرمندہ کرنے کے لیے کہتے ہین کہ تیرا جینا اب اچھا نہین ہی-
چلتا سمان- ضعیفی کا وقت اخیر عمر-
چلتی دوکان- وہ دوکان جو جاری ہو-
چلتے پھرتے نظر آؤ- دور ہو ہٹتے ہو- ہوا کھاؤ-
چل چلاؤ- روا روی کوچ عدم کی طرف چلا چلی ورد- سا تھا گو لگ رہا ہی چل چلاؤ + جب تلک بس چل سکے ساغر چلے-
چلتی ہوا سے لڑتی ہی- بڑی لڑنیوالی عورت ہی لڑائی مول لیتی ہی-
چل ہٹ- دور ہو مسخرے چل نگوڑے-

جیم پارسی با میم

چمار چودس مچانا- شور و غل کرنا غوغا مچانا جیسا کہ چمار چودس تہوار پر بڑے زور شور سے کرتے ہین-
چمپت ہونا- غائب ہونا گم ہو جانا مال مار کے بھاگ جانا
چمٹ جانا- کسی کے سر ہو جانا پیچھے سے نہ اُترنا-
چمچچڑ ہونا- جونک کی طرح چمٹ جانا- شوق- تیرا یہ جلا چلانے کے اُجڑ + کس قدر ہی نگوڑا چمچچڑ-
چمڑی اُدھیڑنا چمڑا اُتارنا- سخت مار مارنا-
چمڑے کا جہاز چلانا- قرمساقی کا پیشہ کرنا بھڑوا بننا زنا کی کمائی کھانا-

چموٹا - بیوقوف احمق کوڑہ مغز اور وہ چمڑے کا ٹکڑا جس پر نائی اُسترے کی دھار صاف کرتے ہیں -

چمچ چور - باورچی اور خانساماں -

چمک چاندنی - فاحشہ عورت جو ہر وقت عمدہ لباس پہنے رہے

جیم فارسی با نون

چنان چنین کرنا - باریکیاں چھانٹنا نکتہ چینیاں کرنا نقص نکالنا - عیب نکالنا تکرار اور بحث کرنا -

چنان چنین ہونا - تکرار ہونا بحث ہونا - ؎ چنی تو نے اونچا جو اک مہ جبین ہے + ستاروں میں کیا کیا چنان و چنین ہے -

چنچنے لگ جانا - خارش لگ جانا یہ ایک بیماری بچوں کو ہوتی ہے کہ نازک مقام میں کرم پیدا ہو جاتے ہیں اور مقعد میں خارش ہوتی ہے -

چندیہ پر ایک بال نہ چھوڑنا - سر کے بال اُکھاڑ ڈالنا سر مونڈ دینا مفلس و محتاج کر دینا - نادار کر دینا -

چنگا بنانا - ٹھیک بنانا درست کر دینا -

چنگاری ڈالنا - آگ لگانا دو شخصوں کو آپس میں لڑا دینا فساد برپا کر دینا -

چندے آفتاب چندے مہتاب - نہایت خوبصورت نہایت حسین چاند سورج کی ایسی صورت -

چنے سے بھن رہے ہیں - لوگ پڑ پڑ مر رہے ہیں کیسا زور کا بخار چڑھتا ہے -

جیم فارسی با واو

چوپٹ کر دینا - اجاڑ کر دینا ویران کر دینا لکھا پڑھا بھول جانا چولھا سرد کر دینا -

چوتیا بنانا - مسخرہ بنانا احمق بنانا -

چوتڑ پیٹنا - افسوس کرنا یا خوش ہونا خوشی کی حالت میں چوتڑ بجانا -

چوتڑ دکھانا چوتڑوں پر کھانا - لڑائی سے بھاگ جانا پیٹھ دکھانا

چوتڑ دھلانا - کسی بچہ کو استنجا کرانا -

چوتڑوں میں پیار کرنا - جل دینا فریب دینا دھوکا دینا -

چوتڑوں سے کان گانٹھنا چوتڑوں سے سپاری توڑنا - انوکھی بات کرنا جس پر کوئی اعتبار نہ کرے آسمان کے تارے توڑنا

چوتڑوں کا لہو مرنا - ایک جگہ جم کر بیٹھنے کی عادت ہو جانا اُٹھنے کو دل نہ چاہنا بیٹھے ہی رہنا -

چوتڑوں کے بل بیٹھ جانا - اُٹھنے سے عاری ہو جانا سست و کاہل ہو جانا

چوتڑیوں چلنا - بچوں کا چوتڑ گھسیٹ کر چلنا -

چوٹ آنا - ضرب آنا آوازہ کسنا طعن و طنز کی بات کہنا منھ آنا -

چوٹ بچانا - کسی چوٹ سے اپنے آپ کو بچانا -

چوٹ چلنا - رمز اور کنایہ میں کسی کو برا بولنا - طنز آمیز باتیں کرنا

قطعہ از مؤلف - چوٹیں چلتی ہیں علیٰ مجلس میں + رو برو جب رقیب آتا ہے + رمز میں اور کبھی کنایہ میں + چوٹیں مجھپر وہی چلاتا ہے -

چوٹ کرنا - حملہ کرنا داؤں کرنا صدمہ پہونچانا کاٹنا ڈنک مارنا ڈسنا جادو کرنا طنز و رمز کرنا - دوہرہ - جیتوں میں جادو بھرا کرے لاکھ میں چوٹ + کتنے ہی گھائل ہوئے کتنے ہی گئے لوٹ -

چوٹی کا - اوپر کا پہلا سرے کا نہایت عمدہ -

چوٹی والا - سر والا آسیب جن -

چوچی پیتا - دودھ پیتا بچہ نادان احمق -

چوراسی بھوگنا - چوراسی لاکھ جون یعنی قالبوں میں جانا اپنے کیے کی سزا پانا

چور پڑنا - چور کا چوری کرنا -

چور کی داڑھی میں تنکا - ایک بار کئی آدمی چوری کی علت میں پکڑے گئے معلوم نہ تھا کہ چور کون ہے قاضی نے کہا کہ ہمنے پہچان لیا چور وہی ہے جسکی داڑھی میں تنکا ہے چور ادھر سے منھ پھیر کر ڈاڑھی جھاڑنے لگا فوراً پکڑا گیا - اُس روز سے یہ مثل مشہور ہے یعنی چور چھپا نہیں رہتا -

چوری کا گڑ میٹھا - مفت کا مال مزے دار ہوتا ہے -

چوڑا ہو جانا - تباہ و برباد ہو جانا دوالہ نکل جانا -

چوڑیاں پہنانا - بیوہ عورت کا دوسرا نکاح کر دینا -

چوڑیاں پہننا - مرد سے نامردی کے کام سرزد ہونا سست و کاہل ہونا

چوڑیاں ٹھنڈی کرنا - عورت کا بیوہ ہو جانا خاوند کا برا مانگنا رنگین - گر کہیں گی مجھسے کچھ منھ پھوڑ کر باجی تو پھر + ٹھنڈی کر ڈالونگی میں ہاتھوں کی ساری چوڑیاں -

چوکا برتن کرنا - کھانا پکانے کے لیے زمین صاف کرنا برتن مانجھنا

چوکڑی بھول جانا - شکاری کے ڈھکے مارے ہرن کو چوکڑی لگانا فراموش ہو جانا گھبرا جانا حواس باختہ ہو جانا - نظیر - غزال چوکڑی بھولے ہرن گرے چوپٹ + بھرے جو اپنی گلی میں کبھی وہ شوخ کلنگ -

چوکی بٹھانا - جادو کرنا پہرہ بٹھا دینا مؤکل تعینات کرنا -

چوکی مارنا - محصول کی چوری کرنا -

چوکی میں رکھنا - حراست و حفاظت میں رکھنا -

چولا چھوڑنا۔ جسم چھوڑنا۔ مر جانا۔
چولھا پھونکنا۔ اپنے ہاتھ سے روٹی پکانا آگ جلانا۔
چولین اُکھڑ جانا۔ چولین ڈھیلی ہوجانا۔ سست ہوجانا تھک جانا ضعیف ہو جانا۔
چومکھا لڑنا۔ چار طرف لڑائی قائم رکھنا ہر ایک حریف کو جواب دینا۔
چونا لگانا۔ زک دینا مغلوب کرنا۔
چونپ ہونا۔ ضد ہونا بیر اور حسد ہونا۔
چونڈا دھولا ہونا۔ چونڈا سپید ہونا۔ بوڑھا ہونا بال سفید ہونا
چونڈا نوچنا۔ پیچھے پڑ جانا سر ہونا لڑنا۔
چون کر ڈالنا۔ پیس ڈالنا آٹا کر دینا۔
چون نکرنا۔ عذر نکرنا انکار نکرنا۔
چون و چرا کرنا۔ تکرار کرنا حجت لانا۔ قطعہ از مؤلف۔
حکم مین اُس خدائے اکبر کے + عذر شاہ و گدا نہین کرتا + کوئی سر پھیرتا نہین ہرگز + کوئی چون و چرا نہین کرتا۔
چون ہوجانا۔ پس جانا۔ آٹا ہوجانا۔
چونی بھوسی کھاکر گذارہ کرنا۔ تنگی سے گذارہ کرنا مفلسی کی حالت مین زندگی کرنا۔
چوٹ پر چوٹ۔ صدمہ پر صدمہ۔ مصیبت پر مصیبت۔ قطعہ از مؤلف۔ آدمی اس سرائے دنیا مین + روز صدمے نئے اٹھاتا ہی دیکھتا غم پہ غم ہی یہ ہر روز + چوٹ پر چوٹ روز کھاتا ہی۔
چوٹی کی بات۔ اعلے درجہ کی بات عمدہ کلام۔
چودھوین رات کا چاند۔ پورا چاند نہایت خوبصورت و حسین و جمیل آدمی۔ صفدر فوقانی۔ ترے حسن سے مہر ہی منفعل + خجل چاند ہی چودھوین رات کا۔
چوتیا شہید۔ وہ آدمی جو کسی عورت کے عشق مین اپنا گھر بار برباد اور مال تلف کردیوے کسی لائق نہ رہے۔
چوزہ باز۔ وہ عمر رسیدہ عورت جو نوعمر مرد کی خواہشمند ہو۔
چومنے کے لائق۔ پیار کرنے کے لائق بچہ لڑکا۔
چور محل۔ پوشیدہ کمرہ اور پوشیدہ مکان جہان ہر کوئی نہ جاسکے۔
چو لادی کھد لئے ہین۔ کنوین کھد لئے ہین بڑے بڑے فساد ڈالے ہین۔
چودہ بد پاندھان۔ چودہ علم پڑھا ہوا عالم۔
چوراہے مین۔ سب کے سامنے سب کے روبرو سر بازار علانیہ کھلم کھلا۔

چوبیچ سنبھالو۔ منھ بند کرو زبان کو روکو۔
چوہے کا بِل ڈھونڈھتے پھروگے۔ چوہے کا سوراخ ڈھونڈھتے پھروگے چھپنے کے لیے کوئی جگہ نہ ملیگی۔
چوسٹھ گھڑی۔ تمام دن اور رات آٹھ پہر۔
چولہے کی ٹھیکری۔ زن فاحشہ کسبن عورت اور ہر ایک چیز جو بقدر ہو
چوری اور سینہ زوری۔ چڑانا اور دھمکانا۔
چوری چوری۔ پوشیدہ طور پر۔

جیم پارسی با ہا ے

چھاپا مارنا۔ دشمن پر رات کیوقت حملہ کرنا شبخون مارنا کسیکا مال مفت مار لینا
چھاجلے مین چھپ جانا۔ مشہور ہوجانا رسوا ہونا۔
چھاتیان چڑھنا۔ دودھ بھر جانا بسبب نہ پینے دودھ بچہ کے۔
چھاتی اُمنڈنا چھاتی بھر آنا۔ محبت کا جوش ہونا۔
چھاتی بھر جانا۔ گھوڑے کی چھاتی پر ورم ہوجانا۔
چھاتی پر آن چڑھنا۔ مارنے کو مستعد ہونا۔ ذوق۔ مین نے جب دیکھا نہ تو اُس ابرو کا خیال + لیکے خنجر مری چھاتی پہ وہین آن چڑھا
چھاتی پر پتھر رکھنا۔ کسی مصیبت پر صبر کرنا دم نمارنا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ بت سنگین دل اپنا ہمیہ لاکھون ظلم کرتا ہی + عجب ہی کہ ہم چھاتی پہ پتھر رکھے بیٹھے ہین۔
چھاتی پہ جم بنکر ہو بیٹھنا۔ ہر وقت موجود رہنا ایک دم کہین جانا۔
چھاتی پر سانپ لوٹنا۔ نہایت رنج ہونا قلق ہونا۔ حکیم انور لاہوری۔ یاد آتی ہین جب تری زلفین + اپنی چھاتی پہ سانپ لوٹتا ہی
چھاتی پر مونگ دلنا۔ کسیکے سامنے ایسی حرکتین کرنا جنسے اُسکو سخت رنج ہو غیرت دلانا ستانا رنج پہونچانا جلانا۔ مؤلف۔ غیر کے ساتھ جب نکلتے ہو۔ میری چھاتی پہ مونگ دلتے ہو + تیش ملتے ہو دکھاکر ہمین غیرون کے گلے سے + کیا فائدہ چھاتی پہ مرے مونگ دلے سے۔
چھاتی پکڑ کر رہ جانا۔ نہایت غم کرنا دل پر صدمہ جھیلنا۔
چھاتی پکنا۔ دُکھیا ہونا غمگین ہونا چھاتی مین زخم ہوجانا۔
چھاتی پھٹنا۔ دل دکھنا ناگوار گزرنا بُرا معلوم ہونا۔
چھاتی پہ بال ہونا۔ صاحب ہمت و جرأت و حوصلہ ہونا۔
چھاتی پیٹنا۔ چھاتی کوٹنا۔ ماتم کرنا غم کرنا۔ مؤلف۔ زندہ ہونے کا نہین جو مرچکا + پھر ضرورت کیا ہی چھاتی کوٹنا۔
چھاتی تلے رکھنا۔ نہایت حفاظت سے رکھنا۔
چھاتی ٹھوکنا۔ اعتبار ہونا بھروسا ہونا۔

چھاتی ٹھنڈی کرنا- خوش کرنا آرام دینا- مؤلف- گرمیان
دکھلا کے ہم سے روز و شب- غیر کی کرتے ہو ٹھنڈی چھاتیان
چھاتی جلانا- چھاتی سلگانا- تکلیف دینا- ستانا رنج
پہونچانا دق کرنا دکھیا کرنا-
چھاتی جلنا- دلبر کری معلوم ہونا ناگوار گزرنا-
چھاتی چھلنی ہوجانا- چھاتی مین چھید ہونا کمال رنج پہونچنا
چھاتی دبانا- بچہ کا دودھ پینا چھاتی منھ مین لینا-
چھاتی دھڑکنا- جی کا ہلنا ڈرنا خوف کرنا-
چھاتی دینا- بچہ کو دودھ پلانا اُسکے منھ مین چھاتی دینا-
چھاتی سراہنا- کسی کے دل و جگر و حوصلہ کی تعریف کرنا ۵ ای لالہ گو
فلک نے دیکے تجھکو چار داغ + چھاتی مری سراہیے اک دل ہزار داغ-
چھاتی سے لگانا- نہایت درجہ کا پیار کرنا- نظیر- ان خوشامد
کی سبب چھاتی لگا لیتی ہی + دادی نانی بھی خوشامد سے دعا دیتی ہی-
چھاتی کرنا- فیاضی کرنا حوصلہ و عالی ہمتی کرنا-
چھاتی کے کواڑ پھٹنا- دل مین حسد پیدا ہونا کسی دولتمند
و آسودہ حال کو دیکھکر جلنا-
چھاتی نکالکر چلنا- چھاتی اُبھار کر چلنا- اترانا گھمنڈ کرنا-
چھاجون پانی برسنا- سخت بارش ہونا-
چھان بین کرنا- دیکھ بھال کرنا تلاش کرنا غور کرنا عمیق نظر سے دیکھنا
چھان مارنا- چھان ڈالنا- خوب تلاش کرنا-
چھاونی چھانا- پردیس مین مدت تک رہنا- نظیر- ہی جنکی سیج
سونی اور خالی چارپائی + رو رو ام سخون نے ہر دم یہ بات ہی گائی
پردیس نے ہماری ایکی بھی سدھ بھلائی + ایکی بھی چھاونی
جا پردیس ہی مین چھائی -
چھایا مین آجانا- جن بھوت کا آسیب ہوجانا-
چھپر پر پھونس نہ ہونا- مفلس و محتاج ہونا-
چھپر پر رکھنا- الگ رکھنا بالائے طاق رکھنا-
چھپر پھاڑ کر ملنا- بے وسیلے رزق ملنا جس جگہ سے امید نہو ملجانا
چھپر ٹوٹ پڑنا- کسی ناگہانی آفت مین مبتلا ہونا-
چھپر رکھنا- کسی کے سر پر احسان کا بار رکھدینا-
چھت بندھنا- بادلون کا ہجوم ہونا ابر چھایا رہنا-
چھٹنکی لگانا- جلد بیار و چمکر چھوٹنا کا فور ہونا-
چھٹی کا دودھ یاد آنا- کسی مصیبت کے وقت بچپن کا وقت
یاد آنا دلیری و جرأت جاتی رہنا گھبرا جانا- امیر- جانب میکدہ
گیا وہ ستم ایجاد آیا + میکشو دودھ چھٹی کا جو تھین یاد آیا-
چھٹی کا رچنا- بچپن سے امیر باپ دادے سے امیر-
چھٹی کا کھایا پیا نکالنا- کیکو ایسا مارنا یا اُس سے سخت کام
لینا کہ چھٹی کا کھایا پیا اُسکا نکل جاوے-
چھٹی کا کھایا پیا نکل جانا- نہایت کمزور ہونا بہت سے دست آجانا
چھچھوندر چھوڑنا- لڑائی کرادینا فساد ڈلوا دینا-
چھچھو مین گذرنا- عیش و عشرت مین زندگی بسر ہونا-
چھدام اُتارنا- گلہ اُتارنا بوجھ اُتارنا-
چھدا رکھنا- الزام رکھنا تہمت رکھنا متہم کرنا-
چھڑ اُڑانا- نشہ پینے والا مدک وغیرہ پینے والا-
چھڑا چلنا- آپس مین ہنسی کرنا ملکے نشہ پینا-
چہرہ اُتر جانا- غم کی حالت مین ہونا اُداس ہونا-
چہرہ پر مہتاب چھوٹنا- زرد چہرہ ہوجانا ہوائیان اُڑنا نہایت
رنج ہونا- صفدر رامپوری- مضطرب جو ہوا اول بیتاب
چہرہ پر چھوٹنے لگی مہتاب-
چہرہ کی لینا- اپنے منھ کو بگاڑ کر دوسرے کیطرف دیکھنا منھ بنانا چڑانا
چہرہ لکھنا- کسی کی تصویر اُتارنا حلیہ لکھنا-
چہرہ ہونا- نوکر ہوجانا حلیہ تحریر ہوجانا-
چھری پھیرنا- ذبح کرنا حلال کرنا ظلم کرنا ستانا رنج دینا- ذوق ذبح
کرنے کو مرے پوچھتے کیا ہو تکبیر + تم چھری پھیر ہی دو نام خدا کا لیکر
چھری تیز ہونا- ظلم پر ظلم ہونا ستایا جانا- مرزا- سیج ہی چھری
غریب پہ ہوتی ہی سہل تیز + چھیڑا صبا نے زلف کو مجھپر عتاب ہی-
چھری چلنا- لڑائی ہونا ذبح ہونا مارا جانا قتل ہونا- غنی میرزا پوری
نگاہ یاس کی جبدم چھری چلی دم نزع + تڑپ گئے وہ غنی مرغ
نیم جان کی طرح-
چھری کٹاری ہونا- لڑائی کرنا دشمنی کرنا- جرأت- اسکی
مژگان کا تھا جہان مذکور + بات مین وان چھری کٹاری تھی-
چھریون کا غسل دینا- ذبح کرنا چھری مارنا-
چھکڑا ہوجانا- بڈھا ہوجانا نکما ہوجانا چل نسکنا بوجھل ہوجانا-
چھکے چھوٹ جانا- کوئی تدبیر نہ بن پڑنا اوسان خطا ہوجانا حواس باختہ ہوجانا-
چھکے چھوٹ جانا- ہوش و حواس جاتے رہنا-
چھلا کر دینا- گندہ پانی کھڑا ہونے کے لیے زمین مین گڈھا کھود دینا

چھل بٹون مین آنا- فریب اور دھو کے مین آنا-
چھل بٹے دینا- فریب دینا دھوکا دینا-
چھل پلانا- سقہ کا بازار مین کھڑے ہوکر پانی پلانا-
چہل پہل ہونا- رونق و آبادی ہونا-
چہل قدمی کرنا- ٹہلنا ہوا کھانا- ذوق- خانۂ ہستی کا اپنے
صحن ہو دست عدم + روز کر لیجیے چہل قدمی مگر رخصت نہین-
چھلنی مین ڈالکر چھاج اُڑانا- چھوٹی بات کو بڑی کر دینا بدنام
کرنا رسوا کرنا بات کا بتنگڑ بنا دینا-
چھلنی ہو جانا- بہت سے سوراخ ہو جانا- نظیر- بارش کی
حالت مین- جنکے نئے نئے تھے مکان اور محل سراے + اُنکی
چھتین ٹپکتی ہین چھلنی ہو جا بجا-
چھوت جھاڑنا- ٹوٹکے سے دُکھتی آنکھون کی لالی کو دور کرنا-
نظر بد کو دفع کرنا-
چھوت ہونا- چھوا جانا ناپاک ہونا بگڑ جانا-
چھوٹا استنجا کرنا- پیشاب کر کے مٹی کے ڈھیلے سے بدن خشک کرنا
چھوٹ پڑنا- عکس پڑنا سایہ پڑنا- ؎ چھوٹ اسکے لعل لب
کی جو پیمانے مین پڑی + دھوکا ہوا شراب کا لعل مذاب کا-
چھوٹ لڑنا- آپس مین گالیان لڑنا-
چھوچھہ اُڑانا- ٹکڑے ٹکڑے کرنا کھال اُدھیڑنا-
چھو چھو بنانا- احمق بنانا ہنسی اُڑانا-
چھو چھو بنّا- غائب ہونا گم ہونا چلدینا-
چھو ہو جانا- کافور ہو جانا کہیں نظر نہ آنا-
چھٹی پلانا لادنا- اپنا بوجھ سر پر لیکر سفر کو چلدینا-
چھینٹا دینا- پانی سے کسی چیز کو تر کرنا دم دھوکا دینا- بحر-
یہ کیا باعث جو تمنے ترک کی اے بحر مینخواری + کسی واعظ نے کیا
چھینٹا دیا کوثر کے پانی کا-
چھینٹون مین آنا- دم دھوکے مین آجانا-
چھینٹا پلانا- چنڈو پلانا-
چھوٹا منھ بڑی بات- جو بات کسی کے کہنے کے لائق نہو اور وہ
زبان پر لانا چاہے تو یہ محاورہ بولا جاتا ہے- قطعہ از مؤلف
نبی کے جانشین برحق تھے سارے + باعزاز و باجماع و باثبات +
کرے ناحق جو اُسمین حرف گیری + کوئی احمق کوئی کم ظرف کم ذات
مناسب فی الحقیقت کہہ ہو اُسکو + کہ اُسکا چھوٹا منھ ہے اور بڑی بات

چھوٹی اُمت- کمینے لوگ رذیل قوم نائی دھوبی وغیرہ-
چھاتی دہر- بہادر آدمی دلاور صاحب ہمت-
چھاتی کا پتھر- جس شخص کو انسان اپنی آنکھ سے دیکھ نسکے اور
وہ ہر وقت پاس ہو-
چھیڑ چھاڑ- ناز و انداز مذاق کی باتین لڑائی کی ابتدا-
چہلے کی بھینس- وہ بھینس جو کیچڑ مین رہنا پسند کرے- موٹا
اور سست اور کاہل آدمی-
چھڑے چھٹانک- مجرد تن تنہا اکیلا آدمی-
چھٹے ہوے ہین- بڑے شہدے بدمعاش ہین-
چہ میگوئیان- چیستان معمے کی باتین رمز و کنایہ کی تقریرین-
شوق- ہمکو بھاتے نہین ہین ایسے طور + یہ چہ میگوئیان ہین کہین اور
چھری تلے دم لو- ٹھہرو صبر کرو برداشت کرو ذرا دم لو- شوق-
آتے جاتے ہین لوگ ٹھہرو لو + جلدی کیا ہے چھری تلے دم لو-
چھٹیا چھٹیسی- نہایت مکار فطرتی چالباز-
چُھٹ بھیّے- نوکر چاکر ادنے درجے کے کمینے-
چھٹے چھ ماہے- کبھی کبھی گاہے گاہے-
چھری بند بھائی- قصائی- قصاب- بوچڑ-
چھوٹے بڑے- امیر غریب ادنی اعلی خرد و کلان صغیر و کبیر-
چھوٹے دل کا آدمی- ممسک بخیل و کم حوصلہ-
چھوٹے کپڑے- چولی- انگیا- سینہ بند وغیرہ- شوق-
ہاتھ پائی مین ہانپتے جانا + چھوٹے کپڑون کو ڈھانپتے جانا-
چھوئی موئی- ایک قسم کا نازک پودا ہے جو چھونے سے کمہلا
جاتا ہے اور نازک مزاج آدمی-

جیم پارسی بایاے

چلیپا کھانا- جیب لگ جانا خراب ہو جانا بگڑ جانا ٹکما ہو جانا-
جیت کھیلنا- پھاگ کھیلنا رنگ رلیان مچانا-
جیت مکوڑے کاڑھنا- بدخطی کرنا لکیرین کھینچنا-
چیتھڑے بکھیرنا- بار بار کر دھجیان اڑانا درست کرنا ٹھیک بنانا
چیخم چاگ مچانا- چیخم دھاڑ مچانا- شور مچانا- غل مچانا-
اونچی آواز سے بولنا-
چیٹک ہونا- عشق ہونا- شوق ہونا- خیال ہونا-
چیرے والا- جسنے سرخ پگڑی باندھی ہو اور دہلی مین قلعہ معلی کے
ایک طبیب کا خطاب تھا جسکو چیرا باندھکر شاہی دربار مین جانے کی اجازت تھی

چیل جھپٹا کرنا- کسی سے کوئی چیز چیل کیطرح جھپٹا مار کر اڑا لیجانا-
چیل کیطرح منڈلاتے پھرنا- جستجو کرتے پھرنا بیتاب پھرنا. بیقراری کی حالت مین پھرنا-
چین بجبین ہونا- ترش و ناراض رنجیدہ خفا ہونا- داغ - برہم اُسسے کیون تو نے کیا چھیڑکے پھر زلف + ای دل وہ ابھی چین بجبین ہو ہی چکا تھا-
چین بلانا- شکست دینا مات دینا ہرا دینا-
چیت کرنا- عیش کرنا آرام مین رہنا-
چیونٹیان لگنا- بدن مین سے دھوپ کی تیزی یا کسی بیماری سے جنگاریان نکلنے لگنا-
چیل کا موت- نایاب و کمیاب چیز-
چیل ڈانگر- طویل قد لمبا آدمی-
چیونٹی کے پر نکلے ہین- جب چیونٹی کے پر نکلتے ہین تو اُسکے مرنے کے دن قریب آجاتے ہین- اسی طرح جب کم ظرف آدمی بہت شیخی اور گھمنڈ کرنے لگتا ہی تو اُسکے زوال کے دن شروع ہوجاتے ہین- امداد علی بحر- کسکے گلبرگ لب شیرین پہ سبزہ آگیا + چیونٹی کے یہ پر نکالے ہین بسان عندلیب-
چیان سی- اُس کے چین کے برابر بہت چھوٹی سی بہت ذرا سی

پانچوین فصل

ادویات یعنے لغات متعلق طب کے بیان مین-

جیم فارسی با الف

چاول منگری- یہ ایک درخت کا پھل ہی جو اسلام آباد مشہور چاٹ گام ملک بنگال مین پیدا ہوتا ہی اور پھل ایک غلاف خاکستری مین ہوتا ہی مغز سیاہ رنگ اندر سے سفید مائل بزردی طبیعت گرم و خشک مصلح خون فاسد دافع جزام و جرب ہی روغن اسکا بھی نکالا جاتا ہی-
چاے- چاے مشہور چیز ہی چینی و ختائی و ہندی وغیرہ ملکون مین پیدا ہوتی ہی اگرچہ اس زمانہ مین اسکا استعمال عام و خاص مین ہی مگر کشمیری چاے بہت پیتے ہین میٹھی اور نمکین دو قسم کی پکائی جاتی ہی میٹھی مین بوقت جوش الایچی خرد و بادیان ختائی و دارچینی وغیرہ ڈالتے ہین اور مصری ملا کر پیتے ہین بعض اسمین کچا دودھ بھی شامل کر لیتے ہین اور نمکین چاے مین کشمیری بہت تکلف کرتے ہین دودھ بالائی مسکہ ڈالتے ہین جو نہایت لذیذ ہوجاتی

ہی- مزاج اسکا گرم و خشک ہی بعض سرد خشک کہتے ہین بسبب اسکے کہ یہ پیاس کو تسکین دیتی ہی سوزش باطن کو دفع کرتی ہی شراب کی مضرت کو دور کرتی ہی خون کو صفا کرتی ہی بدن کو طاقت دیتی ہی- دل کو راحت روح کو نشاط باہ کو امداد دیتی ہی ملطف مفتح معدہ و دماغ دافع خفقان و امراض دل رافع غم و الم و یرقان و استسقاء و بواسیر و حبس البول و تقطیر ہی اور بھی ہزارون اسکے کتابون مین لکھے ہین-

جیم فارسی با غین

چغد- بضم اول ایک مرغ ہی جو دن کو بسبب روشنی آفتاب اور ضعف باصرہ کے اڑ نہین سکتا ایک قسم اسمین سے بڑے جسم کی ہی اُسکو فارسی مین بوق اور بوم ہندی مین الو دوسری قسم سیاہ رنگ اسکو فارسی مین چغد ہندی مین چیلہ تیسری قسم بہت چھوٹا قمری کی مقدار پر ہی اسکو ہندی مین کھوسٹ بولتے ہین اسکے گوشت کھانے سے انسان احمق ہوجاتا ہی مگر اسکے گوشت کی راکھ سلس البول کو دور کرتی ہی خون اسکا آنکھون مین ڈالا جاے تو شبکوری کو دفع کرتا ہی-

جیم فارسی با لام

چلایا- یہ ایک گھانس خاکستری رنگ مائل بسیاہی چھوٹے سلغم کیطرح انگریزی مین اسکو جلپ کہتے ارض جدیدہ مین چلاپا ایک مقام کا نام ہی جہان وہ پہلے دستیاب ہوئی طبیعت اسکی گرم و خشک قوت مسہلہ اسمین نہایت غالب ہی ریوند کی طرح پرانے درد سر اور صرع اور پرانی کھانسی اور پرانی تپ اور درد گردہ و درد پشت و عرق النساء کو مفید ہی-

جیم فارسی با نون

چنبا- یہ ایک مشہور پھول ہی جو تین قسم کا ہوتا ہی ایک بسنتی دوسرا گلابی رنگ کا تیسرا سفید طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دل دافع بلغم ہی بھوک کو قطع کرتا ہی امراض نزلہ کو مفید ہی-

جیم فارسی با واو

چوب حیات- یہ ایک لکڑی ہندی درخت کی ہی جو ایک طرح درخت بنارس گورکھپور و رہتاس مین ہوتا ہی اسکی لکڑی کے تخت و صندوق وغیرہ بناتے ہین رنگ اسکا خاکستری خالدار سیاہ ابری کیطرح ہوتا ہی اور قطع کرنے کے وقت عود ہندی کی طرح خوشبو آتی ہی پتے ارنڈ کے سے ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک ہی ہیضہ کو بالخاصیت

ذکو روکتا ہی سانپ اور بچھو وغیرہ موذی جانور اسکی لکڑی کے پاس تک نہین آتے اگر آئین تو مر جائین -

چوب چینی - عربی مین اسکو خشب الصینی کہتے ہین یہ ایک جڑ گلابی رنگ تھوڑی میٹھی ہی گھانس اسکی زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی اور شاخین پتلی پتلی چین کے پہاڑون مین پیدا ہوتی ہی نمناک زمین اور چشمون کے کنارون پر طبیعت اسکی گرم اور تر ملطف مفتح و محلل و مرقق مصفی خون راحت بخش روح و ممد معاون حرارت غریزی و مقوی اعضاے رئیسہ معدہ و باہ و مدر بول و حیض ہی -

چوب چینی ختائی - یہ ایک گرہ دار لکڑی کدو کی شکل پر ہی پوست جوزی رنگ تیرہ مغز گلابی اور بادامی رنگ کوہستان ختا اور نیپال سے لاتے ہین خواص اسکے چوب چینی کی طرح اور طریق استعمال بھی اسی طرح ہی -

چولائی - یہ ایک گھانس اور ساگ ہی جو لوگون کے کھانے مین آتا ہی مزروعہ و خودرو دونون قسم کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک اور بواسیر کا علاج -

آٹھوان باب

حاے حطی کے لغات کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ کے بیان مین

حاے حطی باالف

حاشا - اسکے معنی پناہ کے ہین مگر کے معنی دیتا ہی جو کلمہ استثنا کا ہی اور کسی کام کے انکار کے وقت بولا جاتا ہی - مولانا جامی - ہے خلقے زہر سو در تماشا + ہمی گفتند حاشائم حاشا + کزین روے نکو بدکاری آید + وزین دلدار دل آزاری آید -

حالوما - ایک جنگلی گھانس کا نام ہی سرخ لبیا ہی ٹل جسکو سرخ مرد بھی کہتے ہین -

حاجب - پردہ دار و دربان و چوبدار اور ابرو اور ایک قسم کی ردیف جو قافیہ سے پہلے واقع ہو - ؎ نان بحاجت از سبب منع گدا یان مید ہی + حق سائل را چرا ظالم بدربان مید ہی -

حائب - بکسر ہمزہ گنہگار تقصیری ملزم -

حالب - دودھ دوہنے والا اور نام ایک رگ کا جو ران مین ہی -

حالوت - دوکان جسمین کوئی جنس رکھکر فروخت ہو -

حاجت - آرزو امید مراد ضرورت - حافظ - ارباب حاجتیم و زبان سوال نیست + در حضرت کریم تقاضا چہ حاجت ست -

حالت - کیفیت اور روداد حال کے زمانہ کی جو انسان پر گذر رہی ہو - صفدر مرزاپوری قانی - چہ چیز ہست ز دنیا نصیب نہادار + بغیر درد و غم و رنج و یاس و حالت زار -

حارث - بکسر راے شیر درندہ اور کھیتی کرنے والا اور نام ہشام کے بیٹے کا جو عرب کے بزرگون مین سے تھا -

حانث - گنہگار جسنے قسم کھاکر پھر وہی کام کیا -

حاجّ - بتشدید جیم عربی مین حج کرنے والا -

حاج - بتخفیف جیم وہ خاردار درخت جسکو اونٹ نہایت رغبت سے کھاتا ہی اور اسی پر ترنجبین آسمان سے برس کر جم جاتی ہی -

حاویج - تیسرا حرف واو گرم مصالحہ جو سالن پکاکر پیچھے ڈالا جاتا ہی -

حادّ - بتشدید دال تیز و تند -

حافِد - بکسر فاے یار دوست خدمتگار پوتا دھوتا داماد اور خسر -

حاسد - حسد کرنے والا کسی کے مال و دولت و جاہ و جلال دیکھکر جلنے والا ؎ دل خود ز بغض و حسد پاک دار + کہ رسوا نگردی بروز شمار -

حاصِد - بکسر صاد کھیتی کاٹنے والا -

حامد - تعریف کرنے والا اور نام نامی حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کا - نعتیہ از مؤلف - اُسی کا نام نامی ہی محمد + لقب حامد ہی جسکا اور محمود -

حارّ - بتشدید راے گرم اور گرمی کرنے والا -

حاضر - جو شخص حضور مین ہو یعنے روبرو - ؎ بندگی کن بندگی کن بندگی + باش مثل بندہ حاضر در حضور -

حافِر - بکسر فا کنوان کھودنے والا اور سُم گھوڑے کا جمع اسکی حوافر -

حاسِر - بکسر سین جو بات کہتے کہتے رک جاے -

حاصِر - بکسر صاد کسی بات پر حصر کرنے والا ٹھہر جانے والا -

حاجِز - وہ چیز جو دو شخصون مین حجاب و مانع ہو اور نام ایک منزل کا جو مکہ اور مدینہ کے درمیان ہی -

حارِس - بکسر راے صاحب حراست نگہبان پاسبان محافظ -

حارِص - حرص کرنے والا لالچی -

حامِض - ترش کھٹا ذایقہ مین -

حافظ - صاحب حفاظت نگہبان عربی مین اور فارسیون کی اصطلاح مین مغنی مطرب سرود کرنے والا اور تخلص خواجہ شمس الدین شیرازی

جنکا دیوان مشہور ہی اور وہ شخص جسکو تمام قرآن حفظ ہو - حافظ -
زچشم بد رخ خوب ترا خدا حافظ + کہ کرد حیلہ نکوئی بجاے ما حافظ -
حاق - بتشدید قاف ہر ایک چیز کا درمیانی حصہ -
حاذق - زیرک و دانا و استاد و لئیق -
حائک - سفید باف بافندہ جولاہا -
حامل - بردبار اُٹھانے والا بار کا -
حال - وہ زمانہ جو موجود ہو اور وہ کیفیت جو حال کے زمانہ سے تعلق رکھتی ہو - حافظ - چراغ روے ترا شمع ماہ پروانہ + مرا ز حال تو با حال خویش پروانہ -
حائل - وہ تیسری چیز جو دو چیزون مین اُنکے اتفاق کی مانع ہو -
حاصل - فائدہ جو کسی چیز سے ملے - مؤلف - ہر انکہ داد بدنیا و اہل دنیا دل + بغیر ذلت و بیجا عملی نشد حاصل -
حاتم - بکسر تاے فوقانی ایک مشہور سخی کا نام ہی جسکے باپ کا نام عبداللہ بن سعد طائی تھا اور اہل فارس اپنے اشعار مین اس لفظ کو بفتح تاے فوقانی استعمال کرتے ہین - میرزا معز فطرت - سیر و غم بے نیاز از ہر دو عالم میشود + ہر کہ او طی وادی غم کرد حاتم میشود -
حام - نام پسر نوح علیہ السلام جو سیاہان کا باپ تھا -
حاتم اصم - ایک بزرگ ولی کا نام ہی -
حازم - دانا ہشیار و دور اندیش -
حاکم - حکومت کرنے والا بادشاہ امیر - توحید - خدا علیم و خدا عالم و خدا معلوم + خدا حکیم و خدا مالک و خدا حاکم -
حاسۂ - السامعۃ ایک قوت کا نام ہی جیسے کہ سامعہ و باصرہ و لامسہ وغیرہ حواس اسکی جمع ہی -
حافظہ - حفاظت کرنیوالی حس جسکے ذریعہ سے انسان ہر ایک چیز کو یاد رکھتا ہی -
حاش للہ - پناہ بخدا خدا کی پناہ - اوحدالدین انوری - حاش للہ نہ مرا بلکہ فلک را نبود + با سگ کوے تو اینہمہ دیارای و مجال -
حاشیہ - طرف و کنارہ و نوکر و خادم اور جوان اونٹ حواشی اسکی جمع ہی - انوری - ہر کجا حاشیۂ مفتی عدل تو کشد + کشتنگا نزاد میت از گرگ نخواند اغنام -
حاشیہ قدیمہ - نصیر الدین طوسی کی کتاب کی شرح جسکا نام شرح تجریدی -
حارہ - کشت زار یعنے سرسبز زمین -
حاملہ - پیٹ والی عورت امید والی -

حادثہ - کوئی مصیبت جو اچانک آپڑے -
حاکی - حکایت کرنے والا بات کرنے والا -
حاوی - گھیر لینے والا احاطہ کرنے والا ہر سمت سے محیط -
حامی - حمایت کرنے والا مددگار ممد و معاون - حق مددگار تو بہر حالت + کار سادات بنی علی حامی -
حافی - پابرہنہ پاؤن سے ننگا -
حاضری - مختصر کھانا جو حاضر ہو - خواجہ آصفی - ایکہ بہمان من ست شدی بغیر شراب + حاضری سطلبی نیست مرا حاضر ہیچ -
حالی - بیاے مجہول ابھی اسی وقت -
حالی - بیاے معروف صاحب حال اور زیور سے آراستہ کیا گیا -
حاجی - جسنے کعبہ کا حج کیا ہو -
حامل وحی - جبریل علیہ السلام - سعدی - بدو گفت سالار بیت الحرام + کہ اے حامل وحی برتر خرام - بگفتا فراتر مجالم نماند بماندم کہ نیروے بالم نماند -

حاے باباے

حبّذا - بہت خوب بہت اچھا بہتر ہی -
حِبا - بکسر اول بخشنا -
حُبلا حُبلی - حاملہ عورت پیٹ والی عورت -
حُبالی - بہت سی حاملہ عورتین -
حُب - دوستی محبت پیار اخلاص -
حَب - دانہ گولی جو گول ہو -
حِب - دوست محبتی پیارا صاحب محبت -
حُبوب - جمع حب دانے گولیان -
حَباب - بفتح و بضم اول بلبلا پانی کا - میرزا صائب - از حباب آموز ہمت را کہ با صد احتیاج + خالی از دریا برون آرد سبوی خویش را -
حبیب - دوست پیارا صاحب محبت - شعر - بود بجان و جگر طالب وصال حبیب + گروہ صاحب قسمت کسان نیک نصیب -
حبل الورید - مضبوط رسی یعنے شاہ رگ جو گردن مین ہی اور اُسکے کھلنے سے انسان مرجاتا ہی اللہ فرماتا ہو ونحن اقرب الیہ من حبل الورید - وحید - دیدہ چشم بلقیس من جانب نرگس کہ دہد + ریسمان بندگی در گردن از حبل الورید -
حُبور - بفتحتین خوش کرنا اور خوش ہونا -
حِبر - دوات کی سیاہی اور دانشمند و نیکوکار -

حَبس - قید گرفتاری -
حَبَش - مشہور ولایت -
حَبط - ناچیز و معدوم و ضائع ہونا -
حبوط - ضائع و تلف و ناچیز ہونا -
حَبک - چست اور درست آنا پوشاک کا بدن پر -
حَبل - بفتح اول رسن اور رگ -
حَبَل - بفتح اول و دوم عورت کا حمل -
حَبائل - حاملہ عورتین جمع الجمع حبلی کی اور رسن و دام اور نام عورتون کے شیطان کا جیسا کہ مردون کے شیطان کا نام ابلیس ہے اور وہ عورتین جو فاحشہ ہون -
حبل المتین - مضبوط رسی محکم وسیلہ - محسن تاثیر - اگر شیرازۂ جمعیت لطف خدا یافتہ ۰ صف کوری شود حبل المتین دست سلیمان را -
حبردان - دوات جسمین لکھنے کی سیاہی ہوتی ہے -
حَبن - ایک جنگلی بوٹی کا نام ہے جسکو خزہرہ کہتے ہین اور عربی مین سم الحمار بید کی طرح اسکے پتے ہوتے ہین اگر اسکے پھول کسی گھر مین ڈالین تو لڑائی شروع ہو جاے حیوانات اسکے پتے کھائین تو مر جائین -
حبالہ - رسن یعنے رسی -
حبۃ - ایک مرغ یعنے رتی -
حَبشی - جو چیز حبش کے ملک کی ہو -
حباری - ایک پرندہ زرد و سیاہ رنگ کا مرغابی کے برابر ہوتا ہے فارسی مین اسکو چرز کہتے ہین اور تغذری اور ہندی مین تودری بولتے ہین

حاے باتاے

حتف - مرگ و موت -
حتم - استوار کرنا واجب کرنا حکم کرنا -
حتی - یہان تک -

حاے باثاے

حث - اٹھانا برانگیختہ کرنا ابھارنا -

حاے باجیم

حجا - حجی - بکسر اول عقل اور کنارہ ہر چیز کا اور گانے والی -
حَجا حَجی - بفتحتین حریص ہونا بخیل ہونا اور ملایم ہونا -
حُجّاب - بضم اول و تشدید جیم بہت سے پردہ دار جمع حاجب کی -
حِجاب - پردہ جو کسی پر ڈالا جاے - حافظ - زلفت تا ملک کنش حجاب بردارند + ہر آنکہ خدمت جام جہان نما نکند - میرزا صائب -
اگر حجاب کنی از خدا فرشتہ شوی + چنین کہ میکنی از مردان حجاب اینجا -
حُجُب - جمع حجاب بہت سے پردے -
حجت - دلیل و برہان و سند - سعدی - و حجت نماند جفا جوی را + بپرخاش در ہم کشد روے را +
حجامت - پچھنے لگانا سر سے خون نکالنا سینگی لگانا -
حِجابت - دربانی کرنا پردہ داری کرنا -
حُجّاج - بضم اول و تشدید جیم حج کرنے والا - میر معزی - سر در پایہ تخت تو بود مسند ہمہ + ہم بران گوشہ کہ حجاج بود مسند حجر -
حجاج - ایک ظالم امیر کا نام ہے جسکے باپ کا نام یوسف تھا اس ظالم نے ستر ہزار مسلمان کو ناحق قتل کیا -
حُجَج - بضم اول و فتح ثانی جمع حجت بہت سی دلیلین -
حجر الاسود - سیاہ پتھر جو کعبہ مین نصب ہے اور حاجی اسکو چومتے ہین -
حَجر - تینون حرکات سے باز رکھنا کسیکو تصرف سے -
حَجَر - بفتحتین سنگ یعنے پتھر -
حِجر - بفتح اول و سکون دوم خرد و عقل -
حُجَر - بضم اول و فتح ثانی جمع حجرہ بہت سے حجرے اور کوٹھریان -
حَجر - بفتح اول و سکون ثانی بغل و کنار -
حجاز - عرب مین ایک ملک کا نام ہے جو مکہ و مدینہ و طایف جسمین ہین اور نام ایک مقام کا موسیقی مین -
حجیز - امالہ حجاز کا جو ایک ملک ہے -
حَجَل - بفتحتین کبک جسکو ہندی مین چکور کہتے ہین -
حُجَل - بضم اول و فتح دوم جمع حجلہ بہت سی ڈوریان اور چپرکھٹین -
حِجال - حجلہ کی جمع ہے - جمال الدین سلمان - آنکہ رضوان بسترو دیدہ کشد بوے بہشت + خاک پایش زیبے سرمۂ ارباب حجال -
حجم - بروزن نرم سطبری و برآمدگی و جسامت کسی چیز کی بعض بضم اول جو بولتے ہین غلط ہے بعض باوجودیکہ خواندہ ہین حرزم کہدیتے ہین
حجام - خون نکالنے والا پچھنے لگانے والا -
حجلہ - پردہ دار مکان و چپرکھٹ جو عروس کے واسطے بناتے ہین - نعمت خان عالی - عقد بکر فکر را با عالی الشب لستہ اند حجلہ بنیاد از صفائی خاطر داماد بست -
حِجّہ - سال اور ایک بار حج کرنا -
حُجرہ - کوٹھری جو مشہور لفظ ہے -

حاے با دال

حُدا - حدی - وہ سرود جو عرب کے شتربان گاتے ہین اور اونٹ اس سے مست ہو جاتے ہین - شعر - شتر گردیدہ بر بانگ حدی مست + اگر انسان نگردد مست جفت ست -

حَدَب - بفتحتین کبڑا ہونا کوز پشت ہونا اور کڑیوہ اور زمین جو بلند ہو

حَدب - بفتح اول و سکون ثانی مہربانی کرنا -

حداثت - نیا ہونا تازہ ہونا پیدا ہونا -

حدثات - بفتح اول نوجوان عورتین -

حِدّت - بکسر اول و فتح ثانی تنہا ہونا اکیلا ہونا -

حِدّت - بکسر اول و تشدید دال تیزی و تندی -

حَدَث - بفتح اول و دوم اخیر مین ثاے مثلثہ بیوضو ہونا -

حَدث بفتح اول و سکون دال بے ریش مرد نوجوان -

حدیث - ہر ایک چیز اور بات جو نئی ہو اور وہ بات جو رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان گوہر افشان سے نکلی ہو - ؎ گر مسلمانی بقرآن کن عمل + سر بنہ بر مرکز حکم حدیث -

حُدوث - نیا پیدا ہونا اور عالم مخلوقات -

حدائج - ہودہ دار کجاوے جسمین عورتین بیٹھتی ہین اور زنانے محافے -

حَد - کنارہ اور نہایت ہر چیز کی اور وہ سزا جو شرعاً کسی جرم کے لیے مقرر ہو - حافظ - می دہ کہ نو عروس چمن حد حسن یافت + کار این زمان بصنعت دلالہ میرود + صائب - عدل را در وقت ظلم اے محتسب منظور دار + حد ما گر میزنی بار ست بچوب تاک زن -

حدّاد - آہنگر یعنے لوہار جو لوہے کا کام کرتا ہو -

حدید - آہن یعنے لوہا جو مشہور دھات ہو -

حدر - اوپر سے نیچے کو اترنا -

حدس - دریافت کرنا فراست سے معلوم کرنا -

حدق - بفتح اول دائرہ باندھنا دینا گروہ بنا لینا -

حَدَق - بفتحتین سیاہی آنکھون کی اور حلقہ آنکھون کا -

حدایق - وہ باغ جسکے چار طرف دیوار ہو جمع حدیقہ

حدثان - بفتح اول و سکون ثانی کوئی واقعہ جو دفعۃً مین آوے اور بفتحتین سخت حادثہ و مصیبت - شفائی - گر گوشہ چشمی بسوئم بغت فگندی + ابرام ملاقات نکردی حدثانم -

حدقہ - بفتح اول و دوم آنکھ کی سیاہی

حدقہ - بفتح اول و سکون دوم تاسہ آنکھ کا اور بادنجان جسکو بیگن کہتے ہین

حدیقہ - وہ باغ جسکے چارون طرف دیوار ہو -

حُدیبیہ - مکہ معظمہ کے قریب ایک مقام کا نام ہو -

حَدَبیہ - کوز پشتی یعنی خم کھا جانا اور ٹیڑھا ہو جانا پیٹھ کا بسبب ضعف کے

حدیدہ - ستارون کے ایک اوزار آہنی کا نام ہو جسمین چھوٹے اور باریک بہت سے سوراخ ہوتے ہین اور چاندی سونے کے تار کو اسمین سے کھینچ کر بڑھاتے ہین سطاہر وحید صراف بچہ کی تعریف مین
وصاحبش کہ بود مراد دیدہ + دارد صد راہ چون حدیدہ -

حاے با ذال معجمہ

حِذا - بکسر اول برابر و ہمتا -

حَذاقت - بفتح اول زیرکی و دانائی -

حَذَر - بفتحتین پرہیز کرنا بچنا -

حاذر - بفتح اول و سکون ثانی خایف و ترسان - سعدی - دحا بل حاذر کردن اولے بود + کز ننگ دنیا و عقبے بود -

وله - روزگارم بشد بنادانی + من نکردم شما حذر بکنید -

حِذار - بکسر اول ڈرنا اور خوف کرنا -

حاذر - ڈرنے والا خوف کرنے والا -

حذف - گرا دینا دور کرنا کسی حرف کا کلمہ سے -

حَذام - ایک عربی عورت کا نام ہو -

حَذو - برابر کرنا مساوی کرنا -

حُذیفہ - رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام ہو جو محرم اسرار نبویہ تھا -

حاے با راے مہملہ

حِرا - بکسر اول ایک پہاڑ مکہ شریف مین ہو اور اسمین ایک غار ہو جسمین آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام قبل از بعثت نبوت عبادت کے لیے گوشہ نشین ہوتے تھے -

حَرا - بفتح اول و دوم لایقی و سزاواری -

حربا - بکسر اول گرگٹ ایک مشہور جانور ہو فارسی مین اسکو آفتاب پرست کہتے ہین دھوپ مین بیٹھکر وہ کئی رنگ بدلتا ہے گوشت اسکا زہر قاتل ہو جو کوئی کھاے فی الفور مرجاے اگر کسی سلہ مین گر کر مرجاے تو وہ شراب زہر ہو جاے - اسکا لہو اگر بالون کی جگہ پر لگایا جاے تو سب بال گر جائین اور پھر پیدا نہون -

حرم سرا - زنانہ محل اور زنانہ گھر -

حرب - بفتح اول جنگ لڑائی کارزار -

حَرَب - بفتحتین خشمناک ہونا غضب مین آنا-

حِرَاب - جمع حرب بہت سی لڑائیان-

حروب - جنگ و فسادو لڑائیان-

حِرب - بکسر اول کھجور کے درخت کا شگوفہ جسکو عربی مین طلع کہتے ہین-

حرافت و حُرقت - سوزش و گرمی اور جلن-

حرفت - کسب پیشہ کام دھندا-

حَرَکت - بفتح اول و ثانی و ثالث ہلنا جنبش کھانا مگر بعض شعرا نے بسکون ثانی اس لفظ کو نظم مین درج کیا ہی- فوقانی یزدی-
زبس خوش حرکت و شیرین ادا بود + اگر بیداد تیزی خوشنما بود-

حرکات - حرکت کی جمع ہی- حرکتین-

حُرّیت - بے قید ہونا آزاد ہونا غلامی و بندگی سے-

حراثت - زراعت کرنا کھیتی کرنا زمینداری کرنا-

حرارت - گرمی جلن غصہ غضب- تخیبای کلیشادی-
شود با من بہم گرم عتاب آہستہ آہستہ + حرارت میدہد صبح آفتاب آہستہ آہستہ- محمد سعید اشرف - اصل خوب و بدیکی باشد کہ یکمعنی دہد + گاہ گرمی دوستی وقت حرارت دشمنی-

حرمت - صاحب عزت و آبرو ہونا-

حراست - نگہبانی حفاظت پاسبانی-

حرث - کھیتی زراعت آگ جلانا مال جمع کرنا قرآن پڑھنا لاغر کرنا مویشی کو بسبب زیادہ کام لینے کے-

حُرّاث - بضم اول و تشدید راے کاشتکار لوگ زمیندار لوگ جمع حارث کی-

حَرَج - خرابی و نقص و فساد-

حُر - بضم اول و تشدید وہ مرد جو آزاد ہو کسیکا غلام نہو اور برگزیدہ اور بچہ کبوتر کا-

حَر - بفتح اول و تشدید راے گرمی اور گرم ہونا و درشتی سخت و پتھریلی ہو-

حِر - بکسر اول عورت کی شرمگاہ-

حَرُور - وہ گرم ہوا جو رات کو چلے اور سموم وہ گرم ہوا جو دن کو چلے اور گرمی دھوپ اور آگ کی-

حَرِیر - ایک قسم ابریشمی کپڑے کا اور وہ مرد جو بسبب غصے کے گرم ہوا ہو-

حرز - جاے پناہ امان کی جگہ اور تعویذ- تعلیقا از مؤلف-
آدمی از ہر بلا یابد امان + گر کند نام محمد حرز جان-

حرام مغز - جو مشہور چیز ہی-

حَرْس - بفتح اول و سکون راے نگہبانی کرنا-

حَرَس - بفتحتین نگہبانی کرنے والا-

حرص - بڑے درجہ کی خواہش اور بیجا آرزو- توحید - ہان منہ بر روش خود تا زندہ انبار حرص + زانکہ روزی گردنت خواہد شکست این بار حرص + تا دم آخر بزندان طمع پابند ماند + شد مقید ہر کہ شد نقطہ در پرکار حرص-

حریص - حرص کرنے والا نہایت طماع- توحید - خون جگر بیدردی شبہ از دیدۂ گریان حریص + سینہ دارد چون کباب از سوز غم بریان حریص طامع بے شرم پیش ہر کس و ناکس رود + میشود ممنون ہر یک دونان حریص-

حُرَص - مہلک بیماری جس سے بیمار جانبر نہو سکے اور وہ بیماری جو عشق اور غم سے پیدا ہو-

حَرف - بفتح اول بات اور طرف اور کنارہ اور تلوار کی دھار اور عیب اور نحویون کے نزدیک وہ لفظ کہ اسکے معنی سواے پیوند دوسرے لفظ کے نہ نکلین چنانچہ عربی مین من و عن و الی اور فارسی مین از اور در اور بر-

حِرف - بکسر اول کسب و پیشہ اور کام-

حرف - بضم اول حب الرشاد جسکو ہندی مین ہالون کہتے ہین اور یہ ایک مشہور تخم ہی-

حریف - ہم پیشہ و سہیم و شریک- ؎ نیست امید بقا در زندگی - چون بسر مرگ ہست استادہ حریف-

حروف - جمع حرف بہت سے حرف-

حُرَاق - بضم اول وہ سوختہ کپڑے وغیرہ کا جسپر چقماق سے آگ جھاڑتے ہین-

حَرّاق - بفتح اول نہایت جلانے والا-

حریق - آگ شعلہ مارتی ہوئی اور آگ کی گرمی-

حَرق - بفتح اول جلانا-

حُرُق - بضمتین جلانے والی آگ-

حرمل - مشہور تخم ہی جسکو اسپند کہتے ہین-

حَرَم - بفتحتین احاطہ گرداگرد کعبہ جس مقام پر آدمی کا مارنا جانور کا شکار کرنا حرام ہی اور فارسیون کے نزدیک زنان خانہ امرا و شرفا کے رہنے کا- ؎ بطواف کعبہ رفتم بحرم رہم ندادند تو برون درچہ کردی کہ درون خانہ آئی-

حریم - گرداگرد کعبہ اور فارسی لوگ مطلق خانہ و مکان کے معنی لیتے ہین جیسا کہ حریم چمن و حریم باغ و حریم میکدہ و حریم خرابات وغیرہ بابا فغانی - گو سرو ناز جلوہ مکن در حریم باغ + آنجا اقامت قد دلجوے او بس ست -

حرام - منع کرنا اور منع کرنے والا و ناروا و ناشائستہ - صاحب عقل و ہوش میداند + جملہ نیک و بد و حلال و حرام

حروف معجم - وہ حروف جنپر نقطے ہین -

حرمین - دونوں حرم مقدس یعنی حرم کعبہ و حرم روضہ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم

حرمان - محرومی و ناامیدی و یاس -

حرّان - نام ایک شہر کا جو مولد زرتشت کا تھا اور وہ مرد جو پیاسا ہو

حُرُون - سرکش و نافرمان -

حرجوان - ایک قسم کی ٹیڑی یعنی ملخ ہے جسکے پر نہین ہوتے اور اسکو پکا کر کھاتے ہین -

حرذون - تیسرا حرف ذال ایک قسم سوسمار کا ہے یونانی مین اسکو سالامندر کہتے ہین ہندی مین گرگٹ گوشت اسکا زہر ہے اگر اسکا دل سیاہ کپڑے مین لپیٹ کر اور تپ ربع کے بیمار کے بازو پر باندھین تو تپ جاتی رہے

حرفقان - سم الفار یعنی سنکھیا جو ایک کالی زہر مشہور ہے -

حرفہ - کسب پیشہ کام دھندا - محسن تاثیر - نیست تاثیر بہ بازار جہان غیر از عشق + کسب ما حرفہ ما مشغلہ و پیشہ ما -

حربگاہ - جنگ کی جگہ لڑائی کا مقام - الوری - کوس تو حربگاہ زخمہ بآہنگ زد + گرچہ خصم از نہیب در غم خنجر شکست -

حُرّہ - بضم اول وہ عورت جو آزاد ہو یعنے کسیکی زر خرید غلام نہو -

حَرّہ - وہ زمین جو پتھریلی ہو -

حراقہ - بفتح اول چقماق کا سوختہ و بضم اول کشتی جو دریا پر چلتی ہے -

حَرّارہ - رقص کرنا اور دف کو آگ پر سینکنا کہ اسکی آواز درست ہو جاے اور وہ جوش جو آسیب زدہ عورت کی طبیعت پر آجاے اور وہ ڈھکر سر مارنے یا ناچنے لگ جاے -

حرمگاہ - زنانہ گھر جہان عورتین رہتی ہون -

حربہ - جنگی ہتھیار تلوار خنجر وغیرہ -

حریرہ - ایک قسم لذیذ آش کی ہے خشخاش کا شیرہ نکال کر اور اسمین بادام اور مصری اور گھی وغیرہ ڈالکر پکاتے ہین -

حرز یمانی - ایک پر اثر دعا ہے کہ حضرت رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے بوقت روانگی سفر یمن کے مرتضے علی علیہ السلام کو تلقین فرمائی تھی اسکی تاثیر یہ تھی کہ حضرت علی ہر جنگ مین فتحیاب تھے -

حرکات نفسانی - وہ حرکتین جو موجب تحریک روح کی ہون مثلاً غضب و غصہ و خوف و فرحت و خوشی و غم و اندوہ -

حرارت عزیزی - روح کی گرمی جو جسم مین ہو -

حرارت غریبی - حرارت غیر طبعی جو دھوپ وغیرہ کی گرمی سے پیدا ہو جاے

حُرّی - سزاوار و لائق -

حرامی - حرامخور چور رہزن قزاق - شالی تکلو - عریان شدم از لباس ہستی + باک از سقم حرامیم نیست -

حرف ہندسی - اعداد کی شکلین ایک سے نو تک نظامی - اے ہندی حرف شکلے کشیدہ + کہ مغلوب و غالب در او شد پدید -

حاے با زاے

حزب - گروہ جماعت قوم خیل - آیت - کل حزب بما لدیہم فرحون -

حُزاب حُزا - یہ ایک گھاس جنگلی اور باغی ہوتی ہے پتے اسکے گاجر اور کرفس کے پتون کی طرح ہوتے ہین مزا تلخ ہے نشہ پیدا کرتی ہے اسکو آہو دوست سداب بحری بھی و مبرک گاذرالی بھی بولتے ہین زکام اور بواسیر کو نافع ہے -

حزر - اندازہ کرنا غلہ کا کھیتی پر اور میوہ کا درختون پر -

حزاز - بفتح اول و ہر دو زاے معجمہ سر کی خشکی جو بالون مین سبوس گندم کی طرح پیدا ہو جاتی ہے -

حزنبل - یہ ایک بیج بیت المقدس اور شام کی طرف سے لاتے ہین جو سپید تیرہ رنگ ہوتی ہے سانپ اور بچھو کے زہر کے دفع کیواسطے ایک درم ماء العسل کے ساتھ کھلاتے ہین -

حزم - استواری و ہوشیاری و دوراندیشی و آگاہی -

حزام - گھوڑون کا تنگ و دست بند اور کو نکالو جو گھوڑے کے ساتھ ہوتا ہے -

حزیران - نام رومی مہینے کا رومیون کے مہینون سے جو مطابق ماہ خرداد کے ہے

حزین - بفتح اول غمناک متفکر و متردد -

حزن - غم و اندوہ یہ لفظ دو نو حرکات فتحات سے بھی پڑھا جاتا ہے

حزمہ - کاغذ کا دستہ اور خوشہ گندم کا دستہ جو بندھا ہوا ہو جسکو ہندی مین گڈی بولتے ہین -

حزب اللہ - گروہ صلحا و نصرا و علما -

حاے با سین

حسنا - بفتح اول عورت جو خوبصورت ہو -

حسن المآب - نیک بازگشت مقام بازگشت جو نیک اور پسندِ خاطر ہو۔
حَسَب - بفتحتین اندازہ و شمار و شرف و بزرگی جو بسبب مال و جاہ اور دین کے حاصل ہو و موافق و مطابق شرف نسب کے۔
حَسْب - بفتح اول و سکون ثانی حساب و شمار و موافق و مماثل اور مقدار اور کافی اور بس۔
حَسِیب - بہ یاے مجہول امالہ حساب - سعدی - لقدرت نگہدار بالا و شیب + خداوند دیوان روز حسیب۔
حَسِیب - بہ یاے معروف حساب کرنے والا و بزرگوار و کافی۔
حسنات - نیکیان خوبیان نیک اعمال سے - یاد ہوگا تو نیک دنیا مین + باقی رہ جائینگے اگر حسنات۔
حسرت - دریغ و پشیمانی و افسوس - توحید - شہان جہان والیان ولایت + امیران ذیجاہ و ارکان دولت + کہ بودند در این دنیاء فانی + شب و روز سرگرم عیش و مسرت + گذشتند و رفتند آخر ز دنیا + ببردند با خود بجز داغ حسرت۔
حسن صباح - فرقہ ملاحدہ کا سرگروہ جو کمال فریبی و بیدین تھا محض فریب سے اسنے قلعۂ الموت پر قبضہ پایا اور سلطنت قائم کی۔
حسد - کینہ و بدخواہی جو کسی کی طرف سے حاسد کے دل مین ہو
فرید الدین عطار - از حسد اول تو دل را پاک دار + خویشتن را بعد ازان مومن شمار۔
حُسَّاد - حاسد کی جمع بہت سے حسد کرنے والے۔
حسود - بفتح اول بہت حسد کرنیوالا اور بضم اول بہت سے حاسد۔
حسود - درماندہ ہونا اندھا ہو جانا۔
حسیر - درماندہ اور رنجیدہ۔
حَسِیس - بروزن فعیل نرم آواز اور آگ کی آواز جو مشتعل ہونے کے وقت نکلتی ہے۔
حَسَّاس - اچھی طرح سے دریافت کرنے والا۔
حِسّ - بکسر اول و سین مشدد دریافت کرنا کسی حس کے ذریعہ سے جو حواس خمسہ ہین۔
حسن کیف - یہ ایک شہر بغداد اور شام مین آباد ہے معبد اللہ ملا تقی - عراق عرب ما چو آباد کرد + دیار حسن کیف را یاد کرد۔
حَسُوک - بفتح اول خاردار و زشت و شریر۔
حس مشترک - یہ ایک حس حواس ظاہری و باطنی مین بمنزلہ وکیل ہے جو صورت اسکو حواس ظاہری سے حاصل ہوتی ہے حواس باطنی کو پہونچا دیتی ہے۔
حَسَک - معرب لفظ خسک اور وہ ایک تخم خاردار ہوتا ہے جسکو ہندی مین [illegible] گوکھرو کہتے ہین اور جنگ کے میدان مین دشمن کے رستے مین اسکو [illegible] دیتے ہین تاکہ دشمن کی فوج اس سے تکلیف اٹھائے بعض لوہے کا [illegible] بناکر دشمن کے رستے مین بکھیر دیتے ہین۔
حسن ابدال - یہ بزرگ خدا کا ولی پنجاب مین گذرے ہین انکا مقبرہ عالیشان بنا ہے اور ایک قصبہ بھی انہی کے نام کا آباد ہے۔
حُسَام - بضم اول شمشیر یعنے تلوار جو مشہور ہتھیار ہے۔
حَسْم - بفتح اول کاٹنا اور قطع کرنا۔
حسان العجم - لقب خاقانی شاعر کا کیونکہ حسان بن ثابت شاعر عرب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا مداح تھا اور خاقانی بھی نعت گوے رسول ہوا اسلیے حسان عجم کے خطاب سے مخاطب ہوا
حَسَن - خوب اور نیک اور خوبصورت - مؤلف - حسن صورت را بحسن سیرت خود زیب دہ + تا دو چندان حسن تو گردد با خلاق حسن
حُسن - بضم اول خوبی و خوبصورتی محاسن اسکی جمع ہے بعض نے انسانی حسن سے صرف تناسب اعضا مراد رکھی ہے بعض نے حسن اخلاق کہ تناسب اعضا سے اعلیٰ درجہ کا حسن ہے حالانکہ یہ لفظ اکثر موقع پر بولا جاتا ہے چنانچہ حسن بہار و حسن باغ و حسن معاش و حسن معاد و حسن سلوک و حسن قبول و حسن خدمت و حسن سعی و حسن خلق و حسن تدبیر و حسن تردد و حسن اتفاق و حسن طلب وغیرہ - میرزا بیدل ز موج خط حجاب شعلۂ حسنش تماشا کن + کہ تمکین می چکد ہمچون رگ یاقوت از دودش + ظہیر الدین فاریابی - عروس حسن ترا ہیچ در نمے آید + بگاہ جلوہ مگر دیدۂ تماشائی۔
حُسَین - تصغیر لفظ حسن کی ہے۔
حَسِین - نہایت خوبصورت و جمیل۔
حسن لبن - خوبصورت اور بہت نیک۔
حسن و حسین - نام ہر دو صاحبزادگان علی المرتضی جگر گوشۂ خیر النسا فاطمۃ الزہرا علیہما السلام نواسگان رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم
حَسَّان - نہایت خوبصورت اور نام شاعر مداح رسول صلے اللہ علیہ وسلم جسکو حسان بن ثابت انصاری کہتے ہین۔
حِسَان - بکسر اول و تخفیف سین بہت سے خوبصورت لوگ۔
حُسبان - بضم اول شمار کرنا اندازہ کرنا اور عذاب۔
حِسبان - بکسر اول ماننا سمجھنا۔

حسو - شوربا وغیرہ جو آہستہ آہستہ پیا جائے -

حسابیہ - منسوب حساب سے -

حسنہ - بفتحتین نیکی اور نیک -

حسینی - وہ سادات عظام جو امام حسین علیہ السلام کی اولاد میں سے ہوں اور نام ایک مقام کا موسیقی میں -

حسنی - منسوب با امام حسن علیہ السلام یعنے انکی اولاد -

حسنی و حسینی - وہ سادات جنکا تعلق دونوں خاندان سے ہو یعنے باپ کی طرف سے حسینی ہیں تو والدہ کی طرف سے حسنی جنابچہ سید سلطان شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز -

حائے با شین

حشا - جو کچھ پیٹ کے اندر ہو مثل معدہ و دل و جگر وغیرہ اکثر یہ لفظ دل کے معنوں میں مستعمل ہوتا ہے -

حِشمت - بالکسر دبدبہ و بزرگی و غضب و شرم -

حَشَمت - بفتحتین خدمتگاران و لشکر و تابعین اور شین کے سکون کے ساتھ بھی آتا ہے -

حَشَرات - بفتحتین ریزہ جانور جو زمین کے اندر رہتے ہیں مثل مار و کژدم وغیرہ

حشر - بفتح اول لغوی معنے اسکے اٹھانا چونکہ قیامت کے روز سب اٹھائے جائینگے اسلیے قیامت کے دن کو روز حشر کہتے ہیں -

حشد - بفتحتین گروہ و انبوہ آدمیوں کا -

حشیش - بفتح اول و ہر دو شین معجمہ خشک گھانس جمع اسکی حشائش ہے

حَشَم - بفتحتین چاکران و خدمتگاران جو اپنے مالک کی طرف سے اسکے دشمن کے ساتھ جنگ کریں - میر خسرو - ببندست بیکدیگر بعد اندلیس گوشت علم گیرد + مطربا عارض خون ریز را کز خط حشم گیرد -

حشو - بھرنا پر کرنا اور وہ روئی یا پشم وغیرہ جو لحاف و نہالین کی دو تہ میں بھر دیتے ہیں - سعدی - قبا گر حریرست و گر پرنیان + بناچار حشوش بود در میان -

حشفہ - ذکر یعنے عضو تناسل کا سر -

حشاشہ - رمق تھوڑی جان جو مریض کے جسم میں ہو یعنے حالت نزع -

حائے با صاد

حِصا - سنگریزہ یا بہت سے کنکر یہ لفظ جمع حصات کی ہے -

حصبا - سنگریزہ یعنے کنکر -

حصب - لکڑی جلانے کی اور ایندھن جو آگ میں جلایا جائے

حصات - سنگریزہ یعنے کنکر اسکی جمع حصا ہے -

حصافت - مضبوط و استواری و محکمی اور مضبوطی عقل و ہوش کی -

حصانت - استواری و قلعہ بندی اور بفتح حاء پرہیزگاری -

حَصد - بفتح اول و بفتحتین زراعت اور خشک گھانس اور مضبوط کرنا -

حَصاد - زراعت اور سبزہ اور گھانس -

حِصار - قلعہ و احاطہ اور نام ایک مقام کا موسیقی میں محسن تاثیر - گل مگر تاثیر زان عارض حصارے گشتہ است + نغمہ سنجی میکند بلبل باہنگ حصار + نظامی - برارم سر زیر دستان او + حصارے کشم در شبستان او + میرزا صائب - عکس رخ تو آئینہ را چون نگار بست + برگرد شہر حسن ز آہن حصار بست -

حَصر - احاطہ کرنا ہر طرف سے گھیر لینا -

حَصُور - بیجا ہوا اور وہ شخص جو باوجود مردی کے عورت کی طرف مائل نہو -

حصیر - بوریا - خرما کھجور کے پتے کا بوریا - فوقانی - کوئی فقیر ہے دنیا میں کوئی دولتمند + کوئی حصیر پہ ہے اور کوئی سریر پہ ہے -

حِصَص - بکسر اول جمع حصہ کی بہت سے حصے -

حَصَص - بفتحتین دوڑنا اور بال اتر جانا -

حصحص الحق - ظاہر ہوا سچ -

حصول - حاصل ہونا پیدا ہونا - قطعہ - کھالے پی لے اور خدا کے نام پر + جسقدر روزانہ ہوتا ہے حصول + بن کے ممسک جمع رکھیگا اگر + آخریں دم اس سے کیا ہوگا حصول -

حصرم - انگور کا ٹیرا -

حصن - بکسر اول جائے پناہ و قلعہ اور عصمت عورت کی - نورالدین ظہوری - زحصنی کہ معمار رائے تو بست + طلسم عدو را عادی شکست -

حُصُون - بفتحتین بہت سے قلعے اور عمارتیں -

حَصُون - بفتح اول مرد پرہیزگار -

حَصِین - بروزن متین محکم و استوار -

حصان - نر اور نیک نسل گھوڑا جسکی نسل رکھی جائے -

حصینہ - استوار و محکم و مضبوط -

حصبہ - سرخ دانے باریک جو بدن پر نکلتے ہیں -

حصّہ - ٹکڑا اور جزو و نصیب قسمت -

حصاری - قلعہ بند محصور مقید - میرزا صائب - چنان ز حسن تو گردید کار تنگ بخوبان + کہ مہ ز ہالہ حصاری ز انفعال تو شد -

حاے با ضاد معجمہ

حضرت - درگاہ اور نزدیکی و حضور و حاضر ہونا اور کلمہ تعظیم نسبت بزرگون کے - محمد انور حکیم - نشان حضرت نے بتلایا نشان بے نشانی کا + مکان دکھلا دیا سب کو مکان لامکانی کا -

حضرات - حضرت کی جمع ہے -

حَضَر - حاضر ہونا موجود ہونا مقابل سفر کے ؎ در حضر حاضر بہر یک کار بود + در سفر ہا ہمدم و غمخوار بود -

حضار - وہ لوگ جو حاضر و موجود ہون -

حضور - حاضر ہونا موجود ہونا خدمت مین ؎ از سحر تا شام حاضر در حضور + بندۂ فرمان بہر نزدیک و دور -

حضاجر - بڑے پیٹ والے جمع حضجر اور نام اُس جانور کا جسکو فارسی مین کفتار اور ہندی مین ہنڈار کہتے ہین اُس درندہ کا بہت بڑا پیٹ ہوتا ہے

حُضُض - بضمتین ایک تلخ دوا کا نام ہے جسکو رسوت کہتے ہین -

حُضَّر - بضم اول و تشدید ثانی تازہ -

حضیض - پستی اور نشیب - توحید - ہر کرا بر درگہ والاے خود آوردہ + از حضیض مسکنت بر اوج دولت بردہ -

حاے با طاے حطی

حطب - جلانے کی لکڑی -

حطبوق - یار و آشنا -

حطیم - بروزن نسیم شکستہ یعنی ٹوٹا ہوا اور پتھر کعبہ کا جو مابین رکن و زمزم اور دیوار بیرونی خانہ کعبہ بجانب مغرب ہے اور زناودان خانہ کعبہ اسی موقع پر ہے -

حُطام - بروزن غلام ٹوٹا ہوا کاٹا ہوا اور گھانس خشک ہو یا سبز اور مال و اسباب و سامان جو بہت تھوڑا اور ضروری ہو اور بھوسہ جسمین سے غلہ نکال لیا ہو اور جو لوگ اس لفظ کو بتشدید طا پڑھتے ہین خطا پر ہین -

حُطَمہ - بضم اول و فتح ثانی مشتعل آگ اور نام ایک دوزخ کے طبقے کا -

حاے با ظاے معجمہ

حظائر - جمع حظیرہ کی مکانات خس پوش و احاطہ مقابر وغیرہ -

حَظّ - بہرہ و نصیب و فائدہ و خوشی و خرمی و فراغت - صائب بہار عمر ملاقات دوستداران ست + چہ خط کند خضر از عمر جاودان تنہا

حظیرہ احاطہ جو لکڑی و خس و خطیرہ سے مویشی کے واسطے بناتے ہین اور احاطہ قبرستان کا -

حَظِّی - بفتح اول و کسر ظاے و تشدید یاے صاحب عزت و منزلت -

حاے با فاے

حفظ الغیب - کسیکو پیٹھ پیچھے اچھی طرح یاد کرنا -

حفادت بفتح و کسر اول در جو تھا حرف دال مہملہ ہے بمعنی خوشی ظاہر کرنا اور مہربانی کرنا

حفاظت - نگہبانی و پاسداری - بیت خدا کے نام پر دستہ ال دو لیتا نہ رکھ دل مین ذرا فکر حفاظت -

حفد - بفتح اول خدمت مین جلدی کرنا -

محفد - خدمت کیا گیا -

حفیر - کھودا ہوا گڈھا یا قبر -

حُفَر - کھودنا قبر و مغاک کا -

حَفص - بفتح اول جمع کرنا آرام کرنا اور بچہ شیر درندہ کا اور نام ایک فاضل کا جو قرأت کے علم مین امام تھا اور شاگرد عاصم کوفی کا اور ابو حفص کنیت ہے حضرت عمر رض کی -

حفظ - نگہبانی پاسبانی حفاظت - صائب - اہل ہمت راز گوہر اینکہ گویند حفظ کرد + در محیط آفرینش آبروے سایل ست -

حفیظ - نگہبان پاسبان صاحب حفاظت اور ایک اسم اسماے الٰہی مین سے

حفاظ - عار و حمیت و مروت و نگہبانی و پرہیزگاری -

حُفّاظ - جمع حافظ کی بہت سے قرآن مجید کے حافظ جنکو قرآن حفظ ہو -

حف - بفتح و تشدید فا کسی چیز کے گرد ہونا اور آراستہ کرنا داڑھی و مونچھو نکا خدمت کرنا مہربانی کرنا اور آواز مرغون کے پرون کی -

حفصہ نام دختر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جو رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے نکاح مین تھین -

حفرہ - کھودا ہوا مغاک اور قبر - مولوی معنوی - موش در انبار ما حفرہ زدہ ست + از کفش انبار ما ویران شدست -

حَفَلہ - انبوہی و بسیاری -

حاے با قاف

حقب حقبہ - میعاد اسّی برس کی -

حقب بضمتین روزگار زمانہ -

حَقَب - بفتحتین اونٹ کے پالان کا تنگ

حَقارت - بمعنی خواری ہتک - قطعہ از مؤلف - بدنما گر صاحب دولتی + غنی صاحب ملک و مال زمین + بشکرانۂ عزت و جاہ خویش + سوے کس بچشم حقارت مبین -

حقانیت - سچائی و درستی و راستی ذکر الٰہی -

حق پرست - عابد زاہد آدمی بندگی کرنے والا - مؤلف - از زبان حق گوید و حق بشنود + بندۂ حق واقف حق حق پرست -

حقیت - حق اور حقداری -

حقیقت - اصل ماہیت اور اصلیت کسی شی کی - نعتیہ از مولف

تعین سے روشن ہی نور وحدت تعین سے ظاہر ہی تشکل کثرت + کبھی
عیان تمنے کی شریعت کبھی طریقت کبھی حقیقت -

حِقد - بکسر اول کینہ وعناد وبغض وعداوت -

حقدار - جو صاحب حق ہو - مؤلف - فی الحقیقت حضرت حق ستو دو
حق تلف کرتا نہین حقدار کا -

حقیر - ناچیز فقیر مفلس نادار بےعزت - ہندی - ہرانکہ گشت دنیا
اسیر نفس شریر + بچشم اہل نظر ہست خوار وزار وحقیر -

حقہ باز - شعبدہ باز ومکار وحیلہ گر فریبی - صائب - خطش از خلل
حقہ باز شدہ ست + خالش از خط زبان دراز شدہ ست -

حقۂ کاؤس - تیسون لحن داؤدی وباربدی سے ایک لحن کا نام ہی -

حقیق - ثابت وسزاوار ولایق -

حق - ثابت وسزاوار وواجب وراستی ودرستی اور نام حق جل جلالہ
وعم نوالہ - نعتیہ از مؤلف - نبی نے ملت برحق کو ایسی دی رونق +
کہ نکلی سب کی زبان سے صداے حق حق حق + ولہ - جہان بذکر خدا باش
روز وشب مشغول + کہ بر زبان تو باشد ہمیشہ حق حق حق + خدا بخلق
نمایدرہ سلامت دین + دہد بمذہب وملت جناب حق رونق -

حقایق - جمع حقیقت کی بہت سی حقیقتین -

حقوق - حق کی جمع ہی راستیان ودرستیان -

حقن - باز رکھنا بند کرنا کسی چیز کا نکلنے سے -

حقبہ - اسی برس کی مدت -

حقہ - وہ دبا جسمین زیور وجواہرات رکھتے ہین چنانچہ حقۂ لعل وحقۂ
گوہر وحقۂ مشک وحقۂ معجون وغیرہ ہندوستان مین حقہ قلیان کو بھی
کہتے ہین - میر امانی - حقہ ریزد عطر از گلہاے رنگارنگ او + خوشتر است از
بوی ریحان دود تنباکو مرا + محمد افضل ثابت - کشیدی حقہ ودر آتش
غم سوختی مارا + مبادا از عکس دود او شود نوخط رخ صافت -

حقنہ - جو دوا مقعد کی راہ سے پیٹ کے اندر پہونچائی جاوے اُس عمل کا نام حقنہ ہی

حقانی - صاحب راستی ودرستی وصاحب حق -

حقیقی - اصلی ذاتی بےلگاو -

حاے باکاف

حکما - حکیم کی جمع ہی بہت سے حکیم

حکمت - دانائی ودرستی اور نام ایک علم کا ہی جسمین علوم طبیعی
وریاضی والٰہی کی بحث ہی علمی وعملی دونون قسم پر -

حکایت - بات وتقریر جو زبان سے کیجاے قصہ وداستان - حافظ -
جملہ وصف عشق من بود ست وحسن وی تو + آن حکایتہا کہ از فرہاد وشیرین بودہ اند

حکومت - حکم کرنا حاکم بننا - مؤلف - نہ این دولت رود باتو نہ حشمت +
بجز رنج وپشیمانی وحسرت + نہ فقر ونا توانی وافلاس ماند + نہ جاہ ودولت و
ملک حکومت + برای گنج سیم وزر مبر رنج + مکن سعی فراوان بے ضرورت

حکم انداز - وہ شخص جسکا تیر نشانہ سے خطا نہ جاوے - حافظ - مقالات
نصیحت گو ہمین ست + کہ حکم اندازہ ہجران درکمین ست -

حکم کش - فرمان بردار مطیع خدمتگزار - نظامی - ولیکن بخواہش من
حکم کش + کنم زین سخنہا دل خویش خوش -

حک - چھیلنا دور کرنا اتارنا - میر خسرو - چشمم تو افتاد وجودم ہمہ حک
شد + ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد -

حکاک - بفتح اول وتشدید کاف حک کرنے والا پتھر کے نگینے بنانیوالا
حب العزیز۔ تخیم مصر مین پیدا ہوتا ہی گرمی کے موسم مین بویا جاتا ہی ادویات مین مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم تر ہی بدن کو موٹا کرتا ہی خون کو بڑھاتا ہی باہ کو زیادہ کرتا ہی کھانسی اور جنون وغیرہ امراض سوداوی کو دفع کرتا ہی۔

حب الریباس۔ فارسی مین اسکو تخم ریباس کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض ودافع قرحہ صفراوی وجرب وحکہ ہی شربا وضمادا۔

حب الآس۔ مشہور تخم ہی حابس اسہال ونزلات سرد خشک مفتح مدر بول مقوی معدہ ونافع تحیش وغیرہ۔

حب النیل۔ یہ ایک مشہور تخم ہی بیل اسکی درختون پر چڑھ جاتی ہی جسکو ہندی زبان مین عشق پیچان کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی اسکو اطبا الشمول ترکیب کے مسہل مین دیتے ہین بدن کو اخلاط ردیہ سے صاف کرتا ہی وجع مفاصل کو فائدہ دیتا ہی معدہ کے کرم کو نکالتا ہی۔

حب الزلم۔ یہ ایک تخم چکنا اور چپٹا چنے سے ذرا بڑا ہوتا ہی بعض کہتے ہین کہ تخم بنگر کا یہ نام ہی مگر ایسا نہین کیونکہ وہ اندر سے زرد ہی اور یہ سفید لذیذ ہی بلاد بربر سے یہ لایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم تر محرک باہ مسمن بدن مقوی جگر دافع امراض سوداوی ہی۔

حب المنسم۔ بکسر میم وسکون نون وفتح سین یہ ایک قسم کا دانہ خوشبودار خوش مزہ حب البطم سے چھوٹا اور نازک جلد ٹوٹنے والا مغز اسکا سفید یمن اور حجاز مین پیدا ہوتا ہی درخت اسکا مشابہ شمشاد کے طبیعت اسکی گرم وخشک مفرح ومفتح ومسخن ومبہی ومقوی ومدر بول رادع بخارات ہی۔

حب الکتم۔ وسمہ کے بیج یعنے نیل کے جو مشہور ہین اسکے پتون سے خضاب کرتا مانع نزول آب آنکھون سے ہی۔

حب البان۔ یہ پھل ایک درخت کا ہی جسکو ہندی مین سہاجن کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح سدہ جگر مسہل بلغم خام ہی پانی اسکا قی لاتا ہی پتے اسکے رعاف کو مفید ہین منجن اسکا دانتون کو مضبوط کرتا ہی۔

حب بلسان۔ درخت بلسان کا تخم جو مرچ سے ذرا بڑا مائل بہ زردی اشقر رنگ ثقیل الوزن مغز سپید مزا تلخ ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی معدہ ہاضم طعام دافع دردسر وصرع وضیق النفس ہی۔

حب الراس۔ زبیب الجبل وزبیب بری بھی اسکو کہتے ہین یہ ایک دانہ مشابہ مویز کے ہی کوہستان فارس سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک ہی باہ کو بڑھاتا ہی بدن کے بالون کو مضبوط کرتا ہی امراض سر کو دفع کرتا ہی۔

حب السلاطین۔ جمال گوٹہ جو مشہور تخم ہی مسہل بلغم وسودا ہی اسکے کھانے سے دست آتے ہین قی بھی ہوتی ہی زیادہ کھایا جاے تو ہلاک ہو جانے کا اندیشہ ہی۔

حب القطن۔ روئی کے بنولے فارسی مین اسکو پنبہ دانہ کہتے ہین سینہ کے امراض کو دفع کرتا ہی کھانسی کو دور کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی چارپایون کا دودھ اسکے کھانے سے بڑھتا ہی۔

جنجو۔ یہ ایک پھل درخت کا ہی جو ناریل کے درخت کی طرح ہوتا ہی مگر پوست نہین رکھتا طبیعت اسکی سرد وخشک وقاطع اسہال مزمن وتشنگی وسوزش صفراوی ہی۔

حب السمنہ۔ بکسر سین مہملہ یہ ایک دانہ بقدر مرچ کے گول دسیاہ چکنا ہی مغز سپید ہی شاہ دانہ بری بھی اسکو کہتے ہین درخت اسکا ایک گز تک اونچا

پتے خیسردار طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم ہی بدن کو موٹا کرتا ہی۔
حب الکلی۔ حب اماغوریس بھی اسکو کہتے ہین اور یہ ایک بیج باقلا سے بڑا مائل بدرازی ہی ہندی مین اسکو کوبیج کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک محدر قاطع بلغم ہی عسر بول اخراج جنین کا مجرب علاج ہی دو درم تک کھانا اسکا قاتل ہی۔
حجر الکلب۔ یہ ایک پتھر ہی اسکو کہتے کتا کے پھینکین تو دانتون سے اٹھا کر دور ڈال آتا ہی تاثیر اسکی یہ ہی کہ اگر شراب کی خم مین ڈالدین اور وہ شراب اہل مجلس کو پلا دین تو آپس مین لڑین جس گھر مین ہو گھر والے آپس مین لڑتے جھگڑتے رہین کبوترون کے برج مین ڈالین تو کبوتر سب بھاگ جائین۔
حجر الحوت۔ یہ ایک قسم کی مچھلی ہی جسکے سر مین سے یہ پتھر سفید مثلث سخت نکلتا ہی اس مچھلی کو پتھر چٹا کہتے ہین وہ مچھلی ایک یا دو بالشت کی ہوتی ہی بنگال مین بہت ہی طبیعت اس پتھر کی گرم اور خشک پیس کر پھانکنا اسکا گردے اور مثانہ کے پتھرون کو نکال دیتا ہی۔
حجر الاسفنج۔ یہ کنکر اسفنج مین سے نکلتا ہی جسکو ابر مردہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی زخمونکو اچھا کرتا ہی ورم کو اتارتا ہی یرقان اور گردے کے کنکر کو دفع کرتا ہی۔
حجر الفروج۔ اسکو حجر افردی بھی کہتے ہین یہ پتھر ایسا ہلکا ہوتا ہی کہ پانی مین نہین ڈوبتا روم کے ملک سے آتا ہی اسکو رگڑ کر پین تو بچھو کا زہر فوراً دفع ہو جائے۔
حجر الیہود۔ یہ پتھر بلوطی شکل مائل بسپیدی خطوط متوازی طول مین پانی مین جلد پس جاتا ہی نر اور مادہ دو قسم کا ہوتا ہی مادہ پر خطوط نہین ہوتے اور سرخی مائل ہوتا ہی نر مردون کے علاج اور مادہ عورتون کے علاج کے واسطے مخصوص ہی۔
حجر الاحمر۔ یہ پتھر الماس کے اقسام سے ہی بیخ مرجان کے رنگ پر ایک اسکا زہر قاتل ہی۔
حجر البسر بضم با سے موحدہ یہ ایک پتھر سفید گول صاف بحر حجاز مین پایا جاتا ہی لغاب اسکا انسان کے مثانے سے ہی اسکو رگڑ کر پین تو پیشاب بہت آتا ہی۔
حجر البقر۔ یہ پتھر بیل کے پتے مین پیدا ہوتا ہی بقدر زردی انڈے کے زرد رنگ اور ذائقہ مین تلخ جب نکالا جاتا ہی نرم ہوتا ہی پھر سخت اور تیرہ ہو جاتا ہی بعض پر سیاہ نقطے ہوتے ہین بعض گول اور بعض مثلث بعض چوڑا بعض لمبا بلکہ نکالنے کیوقت جس صورت کا چاہین بنا سکتے ہین ایک مثقال سے چار مثقال تک وزن مین قزوان کی ولایت مین پیدا ہوتا ہی جس گائے یا بیل کے پتے مین یہ پیدا ہوتا ہی لاغر و زرد ہو جاتا ہی ہندی مین اسکو گلوچن کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی محلل و مسمن و مدر بول و حیض دافع یرقان و سفیدی چشم و بہق و برص و بواسیر و نزول الماء وغیرہ ہی۔
حجر البلور۔ یہ پتھر سفید اور شفاف شیشہ سے زیادہ سخت ہی اس سے نگینے اور تسبیح کے دانے اور برتن اور عینکین بناتے ہین اسکا ٹکڑا جسکے پاس ہو اسکو پریشان خواب نہیں دکھاتے کابوس سے بھی محفوظ رہتا ہی جو اسکو دیکھتا رہے اسکو

سل کی بیماری نہین ہوتی شیر دار عورت کے پستان پر اسکو ملین تو دودھ بڑھ جائے۔
حجر الخمار۔ یہ ایک پتھر بھاری اور چکنا اور نرم سرخ رنگ مائل بسیاہی ہوتا ہی تانبے کے اوپر اسکو پیسین تو پیسا ہوا نہایت سرخ ہو جاتا ہی تاثیر اسکی یہ ہی کہ مخمور بدمست کو ڈیڑھ مثقال پیس کر دین تو خراب کی مستی جاتی رہتی ہی اور پسینا جاری ہو کر طبیعت کو فرحت حاصل ہوتی ہی۔
حجر القمر۔ ہندی مین اسکو چندرکانت کہتے ہین یہ پتھر سفید مائل برنگ خاکستری ہلکا و شفاف ہوتا ہی چاندی کو اپنی طرف کھینچتا ہی جب چاند بڑھاؤ مین ہوتا ہی تو خاکستری رنگ اسکا بالکل سپید ہو جاتا ہی عرب کی زمین سے ملتا ہی طبیعت اسکی سرد اور معتدل دافع صرع و جنون و وسواس و خفقان نیلے کپڑے مین باندھکر اگر کوئی اپنے پاس رکھے تو تمام خلقت اسکو پیار کرے۔
حجر القلیشو۔ یہ ایک متخلل سپید بطور اسفنج کے بعض اسکو زبد البحر کہتے ہین سیاہ رنگت کا بھی ہوتا ہی جبال اسکندریہ اور مصر سے لاتے ہین سونا اور چاندی جلانے مین وہ بہت خرچ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع ضیق النفس و استسقا ہی اسکی راکھ کا منجن دانتون کو مضبوط کرتا ہی اکتحال اسکا شب کوری کو دفع کرتا ہی۔
حجر النار۔ سنگ چقماق جس سے آگ نکلتی ہی طبیعت اسکی سرد خشک ہی غبار اسکے پسے ہوئے کا دفع خنازیر کے لیے مجرب ہی اور اگر اسکے ٹکڑے کو ولادت کے وقت عورت کی رانون پر باندھ دین تو بچہ بسہولت باہر آوے مگر بعد ولادت کے فوراً کھولدینا چاہیے۔
حجر النمر۔ یہ ایک پتھر مشابہ پوست پلنگ بقدر مغز بادام مادہ پلنگ کے پتے مین پیدا ہوتا ہی دودھ مین ڈالین تو دودھ پھٹ جاتا ہی زخمون کے اندمال کا یہ علاج ہی عقیمہ عورت اگر اسکو اپنے پاس رکھے تو حاملہ ہو جائے۔
حجر الاناغاطس۔ اس پتھر کو اگر پیسین تو خون کیطرح سرخ ہو جاتا ہی تھوڑا سا عورت کے دودھ کے ساتھ آنکھون مین ورم اور دمعہ و رمد کو دفع کر دیتا ہی۔
حجر البوس۔ بوس اس شخص کا نام تھا جسنے سب سے اول اس پتھر کو دریافت کیا اسواسطے اسکا نام بھی بوس رکھا گیا یہ پتھر بورہ ارمنی کیطرح نحیف اور ہلکا چمکدار ہی نقطے زرد رکھتا ہی طبیعت گرم خشک ہی جلدی بیماریان اس سے اکثر رفع ہو جاتی ہین جب اسکو روغن زیتون مین ملا کر ملین۔
حجر الغاغاطیس۔ یہ پتھر سیاہ مائل بسرخی و کبودی وزن دار ہوتا ہی آگ مین بجائے لکڑی کے جلتا ہی چونکہ اول یہ پتھر وادی غاغاطہ سے ملا ہے حجر الغاغاطیس اسکا نام رکھا گیا طبیعت اسکی گرم خشک محلل و ملین ہی حمل کو گراتا ہی حیض کو کھولتا ہی بخور اسکا غشی کو دور کرتا ہی جو اختناق رحم سے ہو یا صرع سے۔
حجر المقناطیس۔ سنگ آہن ربا ہندی مین چمک پتھر مشہور ہی لوہے کو یہ جذب کر لیتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی دافع فالج و درد مفاصل و عرق النسا

ونفرس ہی جگر اور طحال کو تقویت دیتا ہی مثانہ کے کنکر نکالتا ہی-
حجر الابغیں - یہ ایک سفید پتھر ہی پانی مین اسکو پیسین تو پانی دودھ کی طرح ہوجاتا ہی اسواسطے اسکو دودھیا پتھر کہتے ہین طبیعت اسکی معتدل مائل بحرارت و یبوست ہی عسر البول کو دفع کرتا ہی نباتی و حیوانی زہر ونکا علاج ہی
حجر الیشف - حجر الیشب - فارسی مین سنگ یشم اسکو کہتے ہین یہ پتھر بہت سخت اور بہت رنگون کا ہوتا ہی سب سے اچھا زیتونی رنگ اسکے بعد سبز مائل بزردی پھر سبز مائل بسپیدی پھر کافوری ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی اسکا تقویت دل و معدہ و دفع خفقان عجیب تاثیر رکھتا ہی پاس رکھنا اسکا واسطے ہولدل و دفع وسواس و خوف و دہشت و عسر ولادت کے مجرب ہی-
حجر الخطاطیف - خطاطیف جمع خطاف کی ہی اور خطاف ابابیل کو کہتے ہین جسکو فارسی مین پرستک و پرستوک بولتے ہین اگر پہلا بچہ ابابیل کا چاند کے بڑھاؤ کیوقت پکڑکر اسکا پیٹ چیرین تو دو عدد پتھر اسکے پیٹ سے پائینگے ایک یکرنگ دوسرا مختلف رنگونکا یکرنگ پتھر کو زمین پر گرنے سے اول اونٹ یا گوسالے کے چمڑے مین باندھین اور مصروع کے گلے مین ڈالین تو صرع کی بیماری جاتی رہتی ہی
حجر الشفق - یہ ایک پتھر زعفرانی رنگ تہ بہ تہ جلد ٹوٹنے والا ہی قطور اسکا ساتھ دودھ لڑکیون کے آنکھون مین قروح عمیقہ کو دفع کرتا ہی اور واسطے التیام طبقہ قرنیہ اور نکل آنے حدقہ کے مجرب علاج ہی-
حجر الدیک - یہ پتھر سفید مائل بتیرگی بقدر باقلا کے یا اس سے چھوٹا خروس کے پیٹ مین پیدا ہوتا ہی مزاج اسکا گرم و خشک واسطے دفع غم و الم و وسواس پاس رکھنا مجرب ہی اور پینا اس پانی کا جسمین وہ دھویا گیا ہو واسطے رفع تشنگی کے بے عدیل و بے نظیر ہی-
حجر السمک - یہ پتھر ایک قسم کی مچھلی کے سر سے سفید چمکتا ہوا نکلتا ہی مزاج اسکا گرم و خشک ہی مثانہ کے پتھر کو نکالتا ہی سنگ گردہ کا بھی علاج ہی
حجر الکرک - یہ پتھر بہت سفید اور شفاف دریاے ہند کے کنارے پر ملتا ہی بعد جلانے کے بلور کیطرح چمکتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع خفقان وتشنگی و سوزش ہی آنکھ کی سفیدی اور قروح کو دور کرتا ہی دانتون کو مضبوط کرتا ہی گھر مین رکھنا اسکا باہمی اختلاط گھر والون کا بڑھاتا ہی-
حجر المحک - ہند مین اسکو کسوٹی کہتے ہین یہ ایک پتھر سیاہ وزن دار ہوتا ہی سونے کا خط اسپر کھینچکر قیمت معلوم کرلیتے ہین کہ کس بھاو کا سونا ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع درد گردہ و عسر النفس ہی آنکھونکی سفیدی اور قرحہ کو دور کرتا ہی
حجر البرم - یہ ایک سیاہ پتھر خراسان کے پہاڑون سے نکلتا ہی اس سے برتن بھی بنائے جاتے ہین اسکا منجن دانتون کو مضبوط کرتا ہی-
حجر الحمام - یہ ایک جرم حمام کے پتیلے یا حوض مین جسکے نیچے آگ جلتی رہتی ہی تہ کے ساتھ پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ضماد اسکا سرطان و دمل کے دفع کرنے کے لیے موثر ہی-
حجر الرخام - یہ ایک عمارتی پتھر کئی رنگ کا ہوتا ہی عمدہ قسم سپید ہی اکثر لوگ اسکے تختے قبرون پر نصب کرتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک ہی محلل اورام دافع بواسیر ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی استسقا کا علاج ہی-
حجر السلوان - یہ پتھر سپید اور شفاف بلور کیطرح ہوتا ہی فرق اتنا ہی کہ یہ پانی مین گھل جاتا ہی اور پانی دودھ کیطرح سپید ہوجاتا ہی بخلاف بلور کے پانی اسکا دافع خفقان و حرارت معدہ و دافع عشق و جنون ہی-
حجر المسن - یہ وہ پتھر ہی جسپر استرا و کارد وغیرہ تیز کرتے ہین سنگ فسان بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک بعض کے نزدیک سرد خشک دافع سپیدی چشم و جرب و حکہ و داء الثعلب ہی پستان پر ضماد کیا جاے تو بڑے ہونے نہین دیتا-
حجر الاساکفہ - یہ پتھر رنگین بسرخی و زردی و سیاہی مائل بہ تیرگی و کبودی ہوتا ہی چونکہ اسکی سلین اکثر موچی اپنے کارگاہ مین رکھتے ہین اسواسطے حجر الاساکفہ اسکا نام رکھا گیا طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی اور غبار اسکا واسطے التیام زخمون کے مفید ہی-
حجر البحیرہ - یہ پتھر رقیق اور سیاہ ہوتا ہی آگ مین ڈالین تو جلنے لگتا ہی نواح شام سے لاتے ہین التیام جراحات کیواسطے اسکا غبار فائدہ بخش ہی-
حجر الحیۃ - سانپ کا منکا یہ دو قسم کا ہوتا ہی ایک معدنی اسکو مار مہرہ کہتے ہین زبرجد کی کان مین وہ ملتا ہی بشکل نگینے مربع کے ایک مثقال سے دو مثقال تک دوسرا حیوانی جو بعض افعی کے سر کے پچھلے حصہ سے نکلتا ہی خاکستری رنگ مائل بزردی اور بعض سیاہ اور خطوط سپید خاصیت اسکی یہ ہی کہ سانپ کے نیش پر اسکو رکھدین تو زہر اسکا اسمین آجاتا ہی اور یہ نیش پر چپک جاتا ہی اگر دودھ اسپر ڈالین دودھ بستہ اور متغیر اللون ہوجاتا ہی دودھ مین ڈالنے سے اصلی رنگت پر آجاتا ہی دوسرے کا یہ امتحان ہی کہ اسکو اگر ریشمی سیاہ کپڑے پر ملین تو سپید ہوجاے سفید پر ملین تو سیاہ ہوجائے-
حجر السطرلیطہ - سنگ مرمر جو مشہور پتھر ہی جو عالیشان عمارات مین صرف ہوتا ہی منجن اسکی جلی ہوئی خاکستر کا دانتون کو مضبوط کرتا ہی اور ضماد اسکا واسطے تحلیل اورام سخت [illegible] کے مفید ہی-
حجر المثانہ - یہ پتھر آدمی کے مثانہ مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اکتحال اسکا سفیدی آنکھ کے واسطے موثر ہی-
حجر النزیرہ - یہ ایک پتھر نہایت چکنا اور وزن دار ہوتا ہی جلد ٹوٹ جاتا ہی ذرور اسکا زخمون کے اندمال کے واسطے مفید ہی-
حجر الارمنی - یہ ایک پتھر لاجوردی اور خاکستری رنگ اور بعض سرخ مائل

وملایم ارمن سے لاتے ہین بعض کچا لاجورد اسکو جانتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مفرح دل بالخاصیت اور مسہل قوی سودا کا لاجورد سے زیادہ نافع ہی دافع جذام ہی-

حجر الاعرابی- یہ پتھر مشابہ ہاتھی دانت کے عرب سے لاتے ہین منجن اسکے خاکستر کا دانتون کو طاقت دیتا ہی لثہ کو مضبوط کرتا ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی-

حجر الافریقی- یہ پتھر افریقہ سے لایا جاتا ہی نہ بہت سخت ہی نہ نرم نہ بہت وزن دار ہی نہ کم وزن زرد رنگ ہی اور خط اُسپر سپید ہین جلائے بغیر استعمال مین نہین آتا جلاتے اسطرح ہین کہ تین مرتبہ گرم کرکے شراب مین ڈالتے ہین قروح خبیثہ کے اچھے کرنے مین نہایت مفید ہی جلے ہوے عضو پر اسکو لگاوین تو جلد اچھا ہو جلانے سے اسکی طاقت زیادہ ہو جاتی ہی-

حجر البارقی- یہ پتھر مقام بارقہ سے کہ کوفہ کے قریب ہی لاتے ہین ہاتھ کی ہتھیلی کی مقدار یہ ہوتا ہی یہ پتھر پانی کو جذب کرتا ہی پہلے پانی مین ڈالین تو تیرتا ہی جب پانی کو جذب کرلیتا ہی تو تہ مین بیٹھ جاتا ہی پھر اسکو نکالکر دھوپ مین رکھین تو پانی کو چھوڑ دیتا ہی استسقا کی بیماری مین اگر مستسقی کی ناف کے پاس ذرا زخم کرکے اسکو باندھین تو پیٹ کا پانی یہ جذب کرلیتا ہی آدھے مثقال کا ٹکڑا دو مثقال پانی جذب کرتا ہی بلکہ اوس سے زیادہ-

حجر البحری- یہ ایک جرم سفید اور گول اور سخت اندر سے پولا ہوتا ہی اور جوف مین ایک دانہ ہی جو حرکت کرتا رہتا ہی سمندر کے کنارے ملتا ہی یہ پتھر مجہول الماہیت ہی اتنا معلوم ہوتا ہی کہ سمندر کے جوش کیوقت یہ خشکی پر رہجاتا ہی پینا ایک دانگ اسکا واسطے نکالنے سنگ گردہ و سنگ مثانہ کے مجرب ہی-

حجر الخزامی- یہ ایک پتھر گول سیاہ رنگ اور بد بو صقلیہ سے لاتے ہین آگ سے جل اُٹھتا ہی جلتے ہوے پر پانی ڈالین تو زیادہ مشتعل ہوتا ہی اگر تیل ڈالین تو بجھ جاتا ہی جس گھر مین یہ جلایا جاے موذی جانور اس سے بھاگ جاتے ہین مصروع اگر اپنے پاس رکھے صرع سے محفوظ رہے عورت اپنے پاس رکھے تو کبھی رحمی بیماری اُسکو نہو-

حجر الخزفی- یہ پتھر خزف یعنے ٹھیکری کے ساتھ مشابہ ہی ذرا سی چوٹ سے ریزہ ریزہ ہو جاتا ہی بہت خشک ہی اور گرمی مین یاقوت سے کم ہی حیض کو بند کرتا ہی اگر عورت بعد حیض کے چار روز تک اسکو کھاے تمام عمر حاملہ نہو خوراک ایک مثقال سے زیادہ نہین ہی-

حجر الرحی- یہ ایک پتھر سیاہ سوراخدار متخلل اسفنج کیطرح ہوتا ہی جبال حلب سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک حیض کو بند کرتا ہی بواسیر کو نہایت مفید ہی-

حجر العسلی- یہ ایک سفید رنگ پتھر اور لیسا ہوا مائل بزردی ذائقہ مین شیرین ہی طبیعت اسکی مائل بحرارت ہی پرانے زخم اور ناسور اسکی مرہم

اور غبار سے جلد اچھے ہو جاتے ہین-

حجر الحبشی- اسکو حجر الفلفل بھی کہتے ہین یہ ایک مشابہ زبرجد کے گند تیز رنگ ہی اگر پیسا جاے تو سپید ہو جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک و بہت تیز مرچ کے مانند ہی منقے اور جالی بہت سے امراض کے علاج مین مستعمل ہی-

حجر الفتیلی- و حجر الفتیلہ- یہ ایک پتھر رنگ زرد ریشہ دار غاریقون کیطرح اسکی بتی بنا سکتے ہین کرمان مین یہ بہت ہی اسکو کوٹتے ہین تو روئی کی طرح ہو جاتا ہی پھر اسکی بتی بناکر چراغ مین رکھدیتے ہین اور تیل ڈالکر روشن کردیتے ہین اگر تیل پڑتا رہے تو ایک بتی تین چار ماہ تک کفایت کرتی ہی کپڑا بھی اس سے بنایا جاتا ہی واسطے التیام زخم جانورون کے یہ بے مانند علاج ہی-

حجر القبطی- بکسر قاف مصر مین یہ ایک پتھر مائل بسبزی جلد ٹوٹنے والا ہی جسکو دھوبی کتان کے دھونے مین استعمال کرتے ہین سرد خشک ہی محلل اورام قاطع سیلان خون ہی غبار اسکا گہرے زخمون کو بھرلاتا ہی اکتحال اسکا آنکھون کے پانی کو بند کرتا ہی اسکے پینے سے اسہال بند ہوتے ہین-

حجر الکلی- وہ پتھر جو انسان کے گردہ مین پیدا ہو رنگت اسکی سرخ طبیعت گرم خشک ہی سرمہ اسکا بیاض چشم کو دور کرتا ہی مثانہ کے پتھر کو نکالتا ہی-

حجر اللبنی- یہ ایک پتھر خاکستری رنگ تھوڑا اشفاف مین مزہ دودھ کیطرح میٹھا ہوتا ہی اسکو لبنی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک حیض کو بند کرتا ہی معدے کے زخم کو اچھا کرتا ہی یرقان کو دور کرتا ہی-

حجر المنفی- یہ سنگریزہ ابلق رنگ شہر منف متعلقات مصر سے لاتے ہین اسکو پیسکر کسی عضو پر طلا کردین تو وہ عضو ایسا بے حس ہو جاتا ہی کہ اگر کاٹ ڈالو تو خبر نہین ہوتی-

حجر الہندی- یہ پتھر مایل بسیاہی و سرخی و زردی ہی شادنج ہندی اسکو کہتے ہین دریاے ہند کے کنارے سے ملتا ہی بواسیر کا خون بند کرتا ہی بچھو کے زہر کو مفید ہی-

حاے با دال

حداۃ- بکسر اول علیہ ازجا ایک پرندہ ہی جسکو ترکی مین چلقاق ہندی مین چیل کہتے ہین یہ جانور کئی قسم اور رنگ کا ہوتا ہی ایک تمام سیاہ بعض کسیقدر سرخ اور سفید اور سیاہ ہوتے ہین وہ مردار خوار ہوتے ہین گوشت اسکا کھانے مین نہین آتا کہ جنون پیدا کرتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا قاطع بواسیر و ضیق النفس سرفہ اور مغز سر کا دافع زحیر و بواسیر ہی اسکا انڈا اگر گھی مین جلایا جاے اور وہ روغن برص پر لگایا جاے تو سریع التاثیر ہی

حدید- آہن یعنے لوہا جو مشہور معدنی دہات ہی طبیعت اسکی گرم و خشک حق جل و علا نے اس دھات پر ہر ایک کام بنی آدم کا منحصر رکھا ہی لیکن

اہل حرفہ کا اوزار لوہے کا ہوتا ہی طب کے ساتھ بھی اسکا بڑا تعلق ہی جس پانی مین گرم لوہے کو سرد کرین وہ پانی مقوی باہ اور قابض ہوتا ہی واسطے زخم امعا و اسہال مزمن و بواسیر و ورم طحال و ضعف معدہ و سلسل البول و درد معدہ کے علاج ہی باؤلے کتے کے زہر کو دفع کرتا ہی اور وہ پانی جسمین لوہار بار بار لوہے کو سرد کرتے ہین واسطے دفع استسقا و خفقان کے مجرب ہی شراب زہر آلود مین اگر لوہے کا برادہ ڈالدین تو زہر کی تاثیر کو جذب کرلیتا ہی اور فائدے اسکے صدہا کتابون مین لکھے ہین۔

حدق۔ بادنجان دشتی جنگلی بیگن طبیعت اسکی گرم اور خشک اور جالی قایم مقام صابون کے ہی اہل شام اپنے کپڑے اس سے دھوتے ہین بواسیر کو یہ دفع کرتا ہی بچھو کے زہر کا علاج ہی۔

حاے با راے

حربا۔ بکسر اول یہ ایک مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین آفتاب پرست اور ہندی مین گرگٹ کہتے ہین یہ جانور ہمیشہ آفتاب کی طرف دیکھتا ہی گرمی کے موسم مین چہرہ اسکا سرخ ہوتا ہی اور دُم اونچی حشرات الارض ہزارہا بچھو وغیرہ کو کھا جاتا ہی کسی آدمی کو نہین کاٹتا اگر کاٹے کوئی نفور ہلاک کردیتا ہی اسکے زہر کا علاج نہین ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی چربی اسکی زخمون کو اچھا کرتی ہی گوشت اسکا زہر قاتل ہی انڈے بھی اسکے زہریلے ایک ساعت مین مار ڈالتے ہین۔

حرف الماء۔ یہ ایک گھاس پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی پتے اسکے مشابہ پتے ترہ تیزک کے ہین اور دندانے دار بعض لوگ اسکو جرجیر الماء کہتے ہین مگر گمان انکا غلط ہی کہ جرجیر الما کے پتے دندانہ دار نہین ہوتے طبیعت اسکی گرم خشک مسخن و مدر بول و حیض و ثور و کلف ہی۔

خربت بالضم ملے و بلے ایک گھاس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی (پیتی) خوشبودار مزاج گرم خشک سدے کھولنے والی ہاضم منھ کو خوشبو کرنیوالی دافع قولنج جو بکری بکرا اسکو کھاوے دودھ اور گوشت انکا خوشبودار ہوتا ہی۔

حرف المسطوح۔ یہ گھاس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی پتی لمبی بقدر ایک انگلی کے اور دندانے دار ساتھ رطوبت لوجہ کے گھرون کی چھتون اور دیوارون پر پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور تیز ہی لقوہ و عرق النسا کو مفید ہی مصلح خون ہی قے لاتی ہی بلغم اور صفرا کو نکالتی ہی۔

حرف ابیض۔ سپید سرسون یعنے رائی جسکو فارسی مین خردل کہتے ہین پتے اسکے چوڑے پھول سفید ہوتے ہین رطوبات بلغمی کو جذب کرتی ہی ڈکار لاتی ہی

حرفف۔ بفتح اول یہ ایک سبزہ بستانی اور جنگلی دونون قسم کا ہوتا ہی عربی مین اسکو حلوب فارسی مین گنگ کہتے ہین خوب بھی اسکا نام ہی گوشت

مین اسکو پکا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مبہی و مدر بول و محرک جماع و محلل ریاح و ہاضم غذا دافع جراحت امعا ہی۔

حُرف۔ عربی مین اسکو ثفا فارسی مین سپندان و تخم ترہ تیزک ہندی مین ہالم اور ہالون کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی معدے کے کرم کھاتی ہی محلل ریاح ہی مقطع بلغم ہی نطول اسکے پتون کے پانی کا بالون کو گرنے نہین دیتا

حرف المشرق۔ یہ ایک گھاس ایک گز تک لمبی ہوتی ہی اور پتلی پتلی اسکی شاخین شبطرح کیطرح مگر اس سے نرم زیادہ پھول اسکا سفید تخم بھی سفید خردل کے مانند تیزی مین قایم مقام مرچ کے اور مرچ کے مستعمل اسکا جو شاندہ واسطے دفع نزلات باردہ کے اور نکالنے اخلاط صدریہ کے موثر ہی۔

حُرمل۔ فارسی مین اسکو اسپند کہتے ہین سداب کے اقسام سے ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی دفع نظر بد کے لیے یہ جلایا جاتا ہی ملطف و جالی سینہ و محلل ریاح و معا مدر بول و حیض و مسہل سودا ہی۔

حردون۔ یہ ایک جانور مشابہ مینڈک سوسمار بری سے چھوٹا ہاتھ پانون پتلے اور لمبے جنگل اور پہاڑون مین پایا جاتا ہی طبرستان مین اسکو ملیحہ کول اصفہان مین بال مالی ہند مین باہمنی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک اسکے دل کو اگر سیاہ لتے مین باندھ کر تپ ربع کے بیمار کے گلے مین لٹکا دین تو بیمار اچھا ہوجاے جلا ہوا پوست اسکا شہد مین ملا کر کسی عضو پر طلا کردین تو عضو بے حس ہوجاے یہان تک کہ اگر کاٹ بھی دین تو صاحب عضو کو خبر نہو اسکا خون اگر آنکھون مین ڈالین تو روشنی زیادہ ہو۔

حَرملہ۔ یہ ایک گھاس حجازی ہی پانی کے کنارے بقدر قد آدم بڑھتی ہی پتے اسکے لمبے بید کے پتون سے چھوٹے ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم ساتھ تیزی کے ہی دودھ اسکا دفع جرب کے لیے مجرب ہی۔

حُرف البابلی۔ یہ ایک گھاس بقدر ایک بالشت کے اونچی ہی پتے اسکے مولی کے پتون کیطرح ہوتے ہین ساتھ خشونت کے پھول زرد مازندران مین اسکو شاترہ و کلاترہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور تیز مدر حیض مفتح سدہ جگر و مسہل قوی ہی

حری۔ بضم اول خالص خاک بکسر و فتح اول وہ خاک جسمین کنکر ہو۔

حاے با زاے

حزابر۔ فارسی مین اسکو دنبا روبہ شیرازی مین سیرک مازندران مین پابوچہ کہتے ہین بستانی اور جنگلی دونون قسم کی یہ گھاس ہوتی ہی ہندی مین اسکو گنیندڑہ بولتے ہین مزاج اسکا گرم و خشک قابض و محلل و منضج جراحات و اورام سخت ہاضم طعام و مدر بول و حیض دافع بواسیر ریحی و خونی ہی۔

حواز الصخر۔ یہ ایک چیز ہی کہ نمناک پتھرون پر پیدا ہوتی ہی رنگ اسکا سبز مائل بسپیدی ہاتھ سے ملین تو حنا کا رنگ دیتی ہی مصر مین اسکو حنا القرود

فارسی مین گل سنگ کہتے ہین طبیعت اسکی سرد وخشک اقسام ادویہ کے واسطے
علاج ہو چونکہ خواز بھی دادکی بیماری کا نام ہو اور اُسے ... دفع کرتی ہو اسلیے
اسکا نام بھی خزاز رکھا گیا ہو علاوہ اسکے زبان کے ورم اور یرقان اور
نزف الدم کے دفع کرنے مین مجرب ہو-

حزنبل - یہ ایک جڑ سفید موٹی مائل بہ تیرگی و زردی ہمین سفیدے سے
ملتی ہوئی بلاد شام وطبریہ وغزہ و موصل مین پیدا ہوتی ہو مزا اسکا تیز
تھوڑی تلخی کے ساتھ ہو گھانس اسکی زمین سے دو گز تک بلند ہوتی ہو
طبیعت اسکی گرم اور خشک واقع درد سر وبخارات مقوی دماغ قاطع
نزلات و رمد و ضیق النفس و قولنج وضعف جگر ہو-

حزاے بری - یہ گھانس قسم سداب سے ہو فیروزہ مین اسکو حرہ کہتے
ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی ہاضمہ دافع ریاح ہو بچھو کے
زہر کی قاطع ہو بول جاری کرتی ہو-

حاے با سین

حسنک - بفتح حاے مہملہ و سین بے خار دار گھانس ہو فارسی مین اسکو
خسک بہ خاے معجمہ کہتے ہین ہندی مین گوکھرو طبیعت اسکی مرکب قوی کا
تھوڑے سے جوہر رطب اور بہت سے جوہر یابس اور حرارت لطیف
جالی و مدر بول ہو شانہ کے درد کو تسکین دیتا ہو منی کو بڑھاتا ہو دافع
قولنج ہو سوزاک کو دور کرتا ہو ترنجبین اسی پر گر کر جم جاتی ہو-

حسل - یہ ایک گھانس مشابہ صعتر کے ہو پتے اسکے لمبے اور تیرہ رنگ
یونان مین اسکو حسمی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی معدہ
ہاضم طعام منھہ کو خوشبو کرنے والی دافع سموم رتیلا اور بچھو کی-

حسو - یہ ایک غذا ہو کہ حبوب وغیرہ سے بناتے ہین رقیق اور پتلی
بطریق قہوہ کے پیتے ہین فارسی مین اسکو حریرہ کہتے ہین قرابادین
مین انواع اسکے مفصل لکھے ہین-

حاے با شین

حشیشۃ البراغیث - یہ ایک گھانس ہو کہ کیک ...رکرتی ہو طبرستان
مین کیک دارتیش اسکا نام ہو-

حشیشۃ الزجاج - فارسی مین اسکو گیاہ آبگینہ اندلس مین حیقہ کہتے
ہین شورزمین مین یہ گھانس پیدا ہوتی ہو چونکہ اس سے شیشے بخوبی صاف
ہو جاتے ہین اسلیے گیاہ آبگینہ اسکا نام رکھا گیا طبیعت اسکی سرد وخشک ہو
ورمون کو تحلیل کرتی ہو ستون کو کھولتی ہو پرانی کھانسی کو دور کرتی ہو-

حشیشۃ الدجس - اس گھانس کا نام یونانی مین خلزوخیا ہو پتھریلی
زمین مین پیدا ہوتی ہو مزاج اسکا گرم وخشک محلل و ملطف ہو قروح
کہنہ کو اچھا کرتی ہو اور بھرتی ہو-

حشیشۃ العلق - یہ گھانس پودینہ کے اقسام مین سے ایک قسم ہو
گیلان مین اسکو حشیش زندران مین اوجی کہتے ہین خوشبو ہمین بانتحاب
ہو چونکہ یہ گھانس جونک کو حلق سے نکال لاتی ہو اسواسطے اسکا نام یہ علق
رکھا گیا مزاج اسکا مطابق مزاج پودینہ کے اور عمل اُس سے قوی تر ہو

حشیشۃ المعدن - یہ گھانس سفید اور سخت پتھر کیطرح ہوتی ہو لوٹ جاے
تو اجزا اسکے ریزہ ریزہ ہو جاتے ہین فارسی مین اسکو ریش سمند کہتے
ہین تیل کے ساتھہ مشتعل ہو تو شعلہ اسکا موقوف نہین ہوتا یہ گھانس
صحت کی محافظ ہو اسکی مداومت سے انسان بیمار کم ہوتا ہو بادشاہی
معجونون مین یہ داخل کیجاتی ہو-

حاے با صاد

حصاۃ - فارسی مین اسکو سنگریزہ ہندی مین کنکر کہتے ہین طبیعت اسکی
سرد خشک ہو ذرور یعنے غبار اسکا زخمون کو اندمال بخشتا ہو مقوی احشا
پانی مین ڈالنا اسکا اسکی اصلاح ہو-

حصرم - غورہ انگور خام فارسی مین اسکو غورہ کہتے ہین طبیعت اسکی
اول مین دوسرے درجہ مین سرد آخر درجہ مین خشک اور عصارہ اسکا سرد
اور خشک زیادہ اُس سے قاطع صفرا مسقی گرمی خون قاطع بلغم ملین
طبع مقوی جگر و معدہ دافع تشنگی و سستی اعضا ہو-

حصی لبان الجاوی - فارسی مین اسکو حسن لبہ ہندی مین لبان کہتے
ہین اور وہ گوند خرد کا ہو ابتدا مین یہ گیہون کے دانہ کیطرح ہوتا ہو آہستہ
آہستہ خربزے کی مقدار تک بڑھ جاتا ہو مصطگی اور کندر سے ملی ہوئی
خوشبو اس سے آتی ہو آگ پر رکھین تو خوشبو اسکی بہت پھیلتی ہو طبیعت
اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین خشک ہو مقوی دل خوش
سر درد ہو دانتون کو مضبوط کرتا ہو دماغ کو تقویت دیتا ہو-

حاے با ضاد معجمہ

حضض - بضم اول وفتح ثانی دو قسم کی ہو ہندی ہو مکی کو یونانی مین لوقیون
کہتے ہین ہندی مین رسوت وادی عرفات مین ایک گھانس خاردار دو
تین گز کے پیدا ہوتی ہو اسکی لکڑی اور پتی اور جڑ کو کوٹ کر ایک حوض
مین بھگو دیتے ہین جب گل جاتی ہو تو اسکو بخوبی روندتے ہین اور چھوڑ
دیتے ہین جب درد نیچے بیٹھ جاتا ہو تو اسکا زلال لیکر پکاتے ہین جب
مائیت کم رہجاتی ہو تو برتنون مین بند کرکے اطراف کو بھیجتے ہین اسکو
خولان کہتے ہین اور جو اسکا درد رہجاتا ہو اسکو چھان کر اور صاف کر کر
پکاتے ہین بعد طبخ کی گولیان بنا کر اطراف کو روانہ کرتے ہین اسکا نام

حضفض ہی گھانس سکی بعینہ مکو کی شکل پر ہی اور حضفض ہندی یعنی رسوت جینگھا گھانس کا عصارہ لیکر اور پکا کر بناتے ہین طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل اور دوسرے درجہ مین خشک بعض کے نزدیک سرد خشک ہی ہزارون فائدے جو انسان کو اس تلخ دوا سے حاصل ہین کتب مین درج ہین مگر بڑا فائدہ یہ ہی کہ آنکھون کے معالجہ کے نسخہ مین سب سے اول اسکا نام لکھا جاتا ہی

حاے بالام

حلفا۔ بوریا بنانے کی گھانس جو پانی مین پیدا ہوتی ہی اور اسکے بوریے بمقام حلیفہ جو ایک موضع قریب مکہ کے ہی بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی اسکے جوشاندے کے پانی سے اگر تین دن زخم دھوئین ہر ایک قسم کا خبیث زخم اچھا ہو جاتا ہی اگر پانچ درم شہد کے ساتھ کھائین معدے کے کرم مر جائین۔

حلاب۔ یہ ایک گھانس بقدر ایک بالشت کے اونچی ہوتی ہی پھول سفید ہین طبیعت تیسرے درجہ مین سرد اور خشک ضماد اسکے پانی کا گیہون کے آٹے کے ساتھ ٹوٹے ہوے جوڑون کو درست کر دیتا ہی اور مہندی مین ملا کر ضماد کرین تو خارش کی بیماری جاتی رہے۔

حلبیب۔ یہ ایک ہندی دوا سورنجان مصری کے ساتھ مشابہ ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم خشک اسکے پینے سے درد مفاصل و زانو جاتا رہتا ہی بدن کو طاقت ہوتی ہی۔

حَلبُوب۔ یہ ایک گھانس ایک بالشت قد کے ہوتی ہی زمین پر پھیلی ہوئی نر و مادہ دونون قسم کی مادہ کا پھل خوشہ دار اور خوشہ مین تخم بطم سے چھوٹا نرکی پتی اور پھل مادہ سے چھوٹا اور گول ہوتا ہی نر مادہ دونون ایک جگہ اپس مین پیچان ہوتے ہین جڑ دونونکی گول بقدر انڈے کے خصیونکی طرح آپس مین ملی ہوئی طبیعت اسکی گرم اور خشک دوسرے درجہ مین مسہل رطوبات مائی ہی۔

حِلتِیت۔ فارسی مین اسکو انگزہ و انگوزہ ہندی مین ہینگ کہتے ہین یہ دو قسم کی ہوتی ہی ایک طیب دوسری منتن طیب انجدان سفید کا گوند ہی جسکو گوند بر بھی کہتے ہین اور منتن انجدان سیاہ کا گوند ہی اسکو فارسی مین کمات بولتے ہین بہتر دونون مین طیب ہی اور منتن مین بہتر وہ جو صاف شفاف مائل بسرخی تند بو ہو پانی مین حل کرین تو دودھ کیطرح سپید ہو جاے طبیعت طیب کی گرم اول چوتھے درجہ مین اور منتن خشک تیسرے درجہ مین ساتھ قوت تریاقی اور سمی کے بنست اسکا ہرات ہی دافع فالج و رعشہ و صرع و خدر و تمدد و ام الصبیان ہی۔

حَلق یہ ایک گھانس کے پتون کا عصارہ ہی جو حلیق کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی خوشہ اسکا مانند خوشۂ انگور کے اور دانہ گول کیطرح ہوتا ہی پک کر سرخ ہو جاتا ہی اسکے سبز پتے جو کھٹے ہوتے ہین گوشت مین پکا کر کھاتے ہین عصارہ اسکا اسطرح نکالتے ہین کہ پتے تنور مین رکھ دیتے ہین جب نرم ہوتے ہین تو رطوبت نچوڑ کر رکھ لیتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ہی صفرا کو نکالتا ہی گرمی کی سوزش سے معدہ کو تسکین دیتا ہی شراب کے خمار کو دور کرتا ہی۔

حَلزُون۔ وہ صدفی جانور جو سمندر اور نہرون مین رہتے ہین چنانچہ سیپ جسمین موتی رہتا ہی اور سنکھ اور خرمہرہ وغیرہ سب صدفی ہین جو قدرتی بنے ہوے خانون کے اندر رہتے ہین انکے خانون کی تشریح و فواید صدف مین تحریر ہونگے گوشت ان جانورون کا دوسرے درجہ مین سرد و تر دافع جرب و حکہ و جنون ہی اور بھی فوائد انکے بہت سے کتب مین درج ہین۔

حُلبہ۔ مشہور سبزہ ہی جسکو ہندی مین میتھی کہتے ہین ذائقہ اسکا مائل بتلخی ہوتا ہی خوشبوئی بھی ہی گوشت مین پکا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ملین و محلل و مدر بول و حیض دافع سوء القنیہ و استسقا و سرفہ و دمہ طحال و درد کمر و جگر و رحم و سردی مثانہ و تقطیر البول ہی۔

حاے بامیم

حماما۔ کئی اقسام کی ہی ایک نباتی شجری مشابہ سرخ یا توتی رنگ پھول چھوٹا گل خیری کیطرح سرخ پتی اسکی خوشبودار تیز ارمینہ اور طرسوس مین پیدا ہوتی ہی دوسری قسم مائی ہی جو پانیون پر جمتی ہی شام مین پائی جاتی ہی تیسری نبطی غیر مشابہ تیز بو سفید مائل بسرخی پھول زرد ان تینون سے بہترین مائی ہی طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم و خشک ہی ضماد اسکا درد سر کو دور کرتا ہی بچھو کے زہر کو دفع کرتا ہی پینا اسکا مسکر ہی سرور پیدا کرتا ہی نیند لاتا ہی معدہ کو صاف کرتا ہی جگر کو تقویت دیتا ہی بول و حیض کو کھولتا ہی۔

حِمار۔ مشہور جانور ہی فارسی مین اسکو خر ہندی مین گدھا کہتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجے مین گرم اور تیسرے درجے کے شروع مین خشک ہی اسکے جگر کے کباب صرع کو دور کرتے ہین بخور اسکے سم کا واسطے رفع جنون طلا اسکی لید کا سر پر رعاف کے بند کرنے کے لیے فائدہ کرتا ہی اسکے پیشاب کے پینے سے گردہ کا درد جاتا رہتا ہی اور شیرہ لید کا یرقان کو دور کرتا ہی دھونا اسکا بواسیر کو نکالتا ہی بلکہ پرانی کھانسی اور سل اور دق کو مفید ہی اور بھی اسکے بیشمار فائدے کتابون مین درج ہین۔

حِمارِ وحشی۔ گورخر جو مشہور جانور ہی طبیعت اسکی گرم خشک زیادہ گدھے سے پاس رکھنا اسکی پیشانی کے پوست کا صرع کو دور کرتا ہی چربی اسکی باستعمال روغن کنجد یا روغن قسط کے واسطے درد کمر اور گردہ اور خصیہ کے مفید ہو تقضیب اسکا نہایت مقوی باہ ہی پینا شوربا اسکے گوشت کا اور چربی اسکی واسطے درد مفاصل کے موثر ہی۔

حِمّص۔ نخود چنا جو ایک مشہور غلہ ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم اور

خشک ہی منقی و مفتح سدہ جگر مولد خون صالح مسمن بدن ہی اگر پانی مین بھگو کر کھائین باہ کو بڑھاتا ہی اور کھانا گرم گرم بھونے چنے کا واسطے دفع بواسیر دموی کے مجرب ہی اور نافع ہی۔

حُمّاض - اس گھانس کو فارسی مین ترشہ ہندی مین چوکا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک دافع یرقان و مقوی جگر و دافع زہر کژدم ہی۔

حَمَاحم - مشہور سبزہ ہی جسکو فارسی مین خرفہ ہندی مین کلفہ کہتے ہین طبیعت سرد و خشک ہی ضماد اسکے پتون کا جلے ہوے عضو کو اچھا کرتا ہی جگر اور معدے کی حرارت کو تسکین دیتا ہی تخم اسکا مقوی دل ہی اور گھٹنے ہوے تخم اسکے اسہال مزمن کو بند کرتے ہین۔

حمام - جانور مشہور ہی جسکو کبوتر کہتے ہین جنگلی اور شہری دونون قسم کا یہ پرندہ ہوتا ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین خشک جنگلی گرم و خشک شہری سے زیادہ ہی اس جانور کے فائدے جو انسان کو حاصل ہین حساب سے زیادہ ہین گوشت اسکا دافع فالج و لقوہ و رعشہ و خدر و استسقا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی منی پیدا کرتا ہی سنگدان اسکا واسطے دفع زہر بچھ کے مجرب ہی بیٹ اسکی تیسرے درجہ مین گرم اور خشک اور جالی اور مقرح ہی استسقاء بارد کا علاج ہی اور فائدے اسکے مشرح کتابون مین لکھے ہین۔

حاے با نون

حِنا - عربی مین بتشدید نون اور فارسی مین بتخفیف نون مشہور چیز ہی جسکو ہندی میں مہندی کہتے ہین مرکب القوی مائل ببرودی دوسرے درجہ مین خشک دافع درد سر ہی آنکھون کی روشنی کو بڑھاتی ہی امراض معدہ و کبد و طحال و ورم و جذام کا علاج ہی۔

حَنظَل - مشہور کڑوا پھل ہی نر اور مادہ دو قسم کا ہوتا ہی مستعمل شحم مادہ کا ہی کہ باہر سے زرد اور اندر سے سفید مائل بزردی اور متخلل ہو بیج بہت سے ہون اور سیاہ رنگ طبیعت اسکی چوتھے درجہ مین گرم دوسرے درجہ مین خشک ہی مقطع اور مسہل اقسام بلغم کا ہی درد سر اور شقیقہ اور فالج و لقوہ و صرع و نسیان کو دفع کرتا ہی۔

حِنطَہ - گندم جسکو ہندی مین گیہون کہتے ہین مشہور غلا ہی عام و خاص کے کھانے مین آتا ہی پہلے درجہ مین گرم رطوبت اور یبوست مین معتدل ہی طرح طرح کے کھانے اس سے بنتے ہین گویا یہ غلہ باعث زندگی بنی آدم کا ہی غذائی فائدون کے علاوہ دوائی فائدے جو انسان کو اس سے حاصل ہوتے ہین بیشمار ہین۔

حِنّاء الغول - فارسی مین اسکو ہرجوبہ ہندی مین بن جوٹ کہتے ہین یہ ایک گھانس ہی قابض اسہال و محلل ورم بول و مدر حیض مجفف معدہ دافع یرقان ہی۔

حندقوقی - جنگلی اور باغی دونون قسم ہی جنگلی کو عربی مین حبا قا فارسی مین اندقو قو ہندی مین بسکھپرا اور گدھ پرنیا کہتے ہین بستانی کو عربی مین زرق یونانی مین لوطوس ہندی مین بسکھپرا بولتے ہین شاخین اسکی تھوڑی موٹی اور نرم زمین پر پھیلی ہوئی پتے چوڑے اور لمبے پھول چھوٹا بنفشی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے مین خشک ہی اکتحال اسکے عصارے کا آنکھ کی سپیدی کو دور کرتا ہی قرحہ کو نافع ہی استسقا اور یرقان اور قولنج کو دفع کرتا ہی جنگلی کے پتے لمبے اور تخم مشابہ میتھی پھول سرخ کوہی کو ہی اسکو کہتے ہین پینا اسکا شراب مین واسطے دفع استسقا و یرقان و قولنج و دفع سموم قتالہ و اصلاح اخلاط ثلاثہ صفرا و خون و بلغم مجرب ہی۔

حاے با واو

حَوَر - یہ درخت اُن درختون مین سے جو قریب خرما کے ہوتے ہین پتے اسکے بید کے پتون کیطرح پوست زرد پھول خوشبو ہی گردوفس بھی اسکا نام ہی فارسی مین اسکو توز کہتے ہین دانہ اسکا گیہون کے دانہ کیطرح کہربا اسی درخت کا گوند ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع خفقان و صرع و تقطیر البول و عرق النسا وغیرہ ہی۔

حَوصَل - یہ پرندہ آبی پرندون مین سے ہی ہندی مین اسکو گگن بھیڑ کہتے ہین یہ پنچ اسکی بلند اور چوڑی اور سر اسی چونچ کا نیچے کیطرف پھیلا ہوا یا تو ان مانند یا نون مرغابی کے سفید اور سیاہ خاکستری رنگ سیاہ کا پوست بدبو سفید کا خوشبو اسکے پوستین بناتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ہی گوشت اسکا غلیظ دیر ہضم ہی۔

حاے با یاے

خَبِیص - ایک قسم کا کھانا ہی جو گھی اور میدے سے بنانے مین فارسی مین اسکو چنگال کہتے ہین کثیر الغذا مسمن اور دیر ہضم ہی۔

حَیَّۃ - مشہور سانپ جسکو فارسی مین مار کہتے ہین چونکہ اس جانور کی بڑی عمر ہوتی ہی اسلیے اسکا نام حیہ یعنے زندہ رکھا گیا طبیعت اسکی آخر تیسرے درجہ مین گرم اور خشک ساتھ قوت تجفیف کے اکتحال اسکی چربی کا آنکھون مین نزول الماء کو دور کرتا ہی اسکے پوست کو پانی مین جوش دیکر کان مین ڈالین تو کان کا درد جاتا رہے اس سانپ کو زندہ پکڑ کر اور کوزے مین بند کر کر جلایا جاوے اور راکھ اسکی شہد مین ملا کر آنکھون مین ڈالی جاے تو آنکھون کی روشنی و دھندلاہٹ ہو جاے سر اور درد بنا او ریتا اس سانپ کا روغن مین ڈالکر جوش دین یہانتک کہ وہ تینون گھل جائین تو جذام کے

زخمونپر اس سے تدہین کرین فوراً اچھا کر دیوے اور بھی بہت سے فائدے اس سانپ کے کتابون مین لکھے ہین -

نوان باب

خاے معجمہ کے لغات کے ذکر مین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے بیان مین

خاے با الف

خارا - سخت پتھر اور نام ایک لحن کا موسیقی مین اور قسم ایک ابریشمی کپڑے موجدار کی - حافظ - چہ قیامت ست جانان کہ بعاشقان نمودی + رخ ہمچو ماہ تابان دل ہمچو سنگ خارا -

خانہ خدا - اقلب اضافت گھر کا مالک صاحب خانہ - حافظ جلوہ برمن مفروش ای ملک الحاج کہ تو + خانہ می بینی و من خانہ خدا می بینم -

خا - چہبچہ جسمین گندہ پانی حمام وغیرہ کا جمع رہتا ہو -

خالوما - سریانی زبان مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین جا فر الحمار کہتے ہین اور فارسی مین شکار اسکی بیخ اگر حاملہ عورت اندام نہانی مین رکھے تو حمل اسکا فوراً گر جاے -

خامالا - پہلوی زبان مین ایک جانور کا نام ہی جسکو عربی مین حربا کہتے ہین فارسی مین آفتاب پرست ہندی مین گرگٹ بولتے ہین اور یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو مادریون بھی کہتے ہین بسبب اُسکے زیتون کے تیوار سے مشابہ ہوتے ہین عربی مین اسکو زیتون الارض بولتے ہین برص کی بیماری کو دفع کرتے ہین اور ادویہ مین بھی شامل ہی -

خائب - نا امید و مایوس و بے بہرہ -

خاطب - جو مرد خواہشمند عورت کے نکاح کا ہو -

خاب - بیٹھا ہوا فراموش کیا ہوا -

خاسب - میوہ سیب جسکو عربی مین تفاح کہتے ہین -

خاکروبہ - کناس کوچہ و بازار کو صاف کرنے والا جھاڑو دینے والا حلالخور بھنگی - طالب آملی - چمن بر وبال سمندر خاکروب آتشم ہنگامہ آمد ہوے گل ہم آغوشی مرا + واضح ہو کہ کبھی خاکروب بمعنی خاکروبہ کے آجاتا ہی یعنی کوڑا کرکٹ خس و خاشاک - علی خراسانی شاہنشہ دو کون محمد کہ ہر صباح + آمد بجا کروب در خس بر سر آفتاب -

خاربست و خاربند - کانٹون کی باڑھ جو زراعت و باغات کے چار طرف واسطے عدم دخول جانور موذی دیوار کے بنا دیتے ہین ابو جعفر نصیرائی - تا گل زخمش بخندد بر رخ ہر بو الہوس + خاربستی کردہ ام از بخیہ بر بالاے زخم + ولہ - چو بال خود بکند سائبان این گلشن + ز استخوان ہما خاربند باغ کنم +

خارپشت - حشرات الارض مین سے نام ایک جانور کا ہی جسکی پشت پہ تکلے کی طرح خار ہوتے ہین جب کوئی اُسکو پکڑنا چاہتا ہی تو وہ اپنے جسم سے وہ بڑے بڑے خار تیر کی طرح چلاتا ہی ہندی مین اسکو ساہی کہتے ہین اور مشہور ہی کہ جس گھر مین وہ خار ہو گھر والے ہمیشہ آپسمین لڑتے جھگڑتے رہتے ہین - طاہر وحید - ہست مادر زاد از وصل بتان محرومیم باگلے ہرگز نہ پیوستم چو خار خارپشت -

خاصیت - بتشدید یاے تحتانی عربی مین اور فارسی مین بہ تخفیف ہوے طبیعت و اثر و عادت - محمد اسحاق شوکت - دیدنش از دور نا میرسد داغ مرا + زخم دل خاصیت مشک از سواد خط مے برد -

خارق عادات - وہ بات جو عادت کے برخلاف ہو انبیا کے معجزے اور اولیا کی کرامتین جو عادت کے برخلاف اُنسے وقوع مین آئین -

خات - غلیواژ جو مشہور پرند ہی ہندی مین اسکو چیل کہتے ہین -

خاج - چلیپا و صلیب جو نصاری اپنے پاس رکھتے ہین -

خارج - نکلا ہوا الگ علیحدہ - ملا طغرا - جام خارج شمر د زمومنہ قلقل را + بلبلے گر نبود دلکش مینا در باغ -

خافج - وہ گیند جس سے لڑکے کھیلتے ہین -

خاتم بند - وہ شخص جو ہاتھی دانت وغیرہ ہڈیون پر نقش و نگار کا کام کرے - ملا مفید بلخی - باز لف بخت قسم کہ بے مانند ست + بار ستی قد تو عام سوگند ست + صد نقش بر استخوانم افگندہ ز داغ + گویا کہ لب لعل تو خاتم بند ست -

خاتون آباد - اصفہان مین ایک محلہ کا نام ہی کوچہ نو بھی اسکو کہتے ہین محمد سعید اشرف - ای از رخ تو گرفتہ پرتو + خاتون آباد کوچہ نو -

خاد - غلیواژ یعنے چیل جو ایک پرند ہی - سنجر کاشی - نثار طلقش بود نیستان لبفرق کشد + بآشیان ہما ہم ز آشیانہ خاد -

خانہ زاد - غلام کا بیٹا گھر جم اولاد فرزند - شعر - بے فرزندی کہ خانہ زادی دارد + شک نیست کہ باخدا قس بجاے فرزند -

خاوند - مخفف خداوند مالک صاحب - ذوقی - شہر یار من بہر شہر و دیار + در میان خانہ خاوندم توئی -

خاربند - خاربست جو کھیتی و باغ کی محافظت کے واسطے باندھتے ہین

خالد - قائم و دائم و ہمیشہ و نام ایک بزرگ کا اصحاب رسول اللہ صلے اللہ

علیہ وسلم سے جنکو خالد بن ولید کہتے تھے اور فتوحات مصر و شام وغیرہ مین انہون نے بڑی بڑی خدمتین کین پیغمبر خدا نے انکو سیف اللہ خطاب بخشا تھا اور انہون نے سیکڑون معرکون مین لاکھون کفار کے ساتھ تھوڑے آدمیون کے ساتھ جنگ کی اور فتح پائی-

خابور- ترکستان مین ایک موضع ہی-

خار- کانٹا اور نوک دار چیز اور غم والم- **خواجہ آصفی**- گل کہ خواہد دل صد پارہ بلبل دوزد + عرضش سر نلش سوزن خارست ہنوز- **فیضی**- از ناخن خار لالہ می خست + از نرگس تر شگوفہ می بست-

خار خار- دغدغہ و تردد و فکر و اندیشہ- **واعظ قزوینی**- نفسای دل خلاص ز خار خار غم کجا گردد + ز چنگ خار بن دامان صحرا کے رہا گردد-

خاطر- ارادہ عزم دلی ارادہ اور جو خیال دل مین گذرے- **صاحبخان راضی**- باعندلیب صلح کنم یا بباغبان + ای گل ترا بخاطر عاطر چہ میرسد + **علی قلی بیگ کمان**- ہمان لحظہ کین خاطرش روی داد + غم از خاطرش رخت یکسو نہاد

خاکستر- راکھ جو کوئی چیز جلکر باقی رہجاے- **شفیع اثر**- بسکہ ہمچون شمع سرگرم تب عشق توام + دود خیزد گر زمار یزند خاکستر در آب-

خاکسار- متحمل و بردبار و نرم مزاج آدمی و خاک آلودہ و خوار حقیر- **میرزا صائب**- ز خاکساری بد باطنان فریب مخور + شود گزندہ چو زنبور گشت خاک آلود + **ولہ**- مکن ای تازہ خطبا خاکساران سرکشی چندین + کہ بر خط بایے خر رسم ست خاک خشک پاشیدن-

خالدار- جس عضو پر خال ہو لب خالدار و عارض خالدار وغیرہ **میرزا بیدل**- ز لعل خالدار گلرخان بیدل مباش ایمن + بلاے جان بود باہم چو آمیزد می و افیون

خانہ دار- محافظ و نگہبان اور گھر کا مالک- **ملا طاہر غنی**- عاقبت چشم ترم از اشک خواہد شد سپید + خانہ ویران میشود چون طفل گردد خانہ دار-

خانہ گیر- ہفت بازی نرد سے ایک بازی کا نام ہی اور وہ ساتون یہ مین نرباد- فرد- ستارہ- ہزد- خانہ گیر- طویل منقوبہ-

خاور- سمت مشرق کا بعض کے نزدیک دونون سمت مشرق و مغرب اسی سبب اعتبار سے خاوران بھی لکھا جاتا ہی اور نام ایک ملک کا- **جمال الدین سلمان**- آنکہ سلطان ضمیرش از یزک چون آفتاب + گاہ گرد باختر گردد گہے در خاوران

خاسر- صاحب نقصان و خسارہ-

خار شتر- و فستر خوار- ایک خار دار گھانس کا نام ہی جسکو اونٹ نہایت رغبت سے کھاتا ہی-

خانم- ترکی زبان مین خواہر یعنے ہمشیرہ جسکو ہندی مین بہن کہتے ہین

خایہ گیر- ایک جانور عنکبوت کی صورت ہی رتیلا بھی اسکو کہتے ہین لعاب اسکا زہر قاتل ہی

خام سوز- جو چیز اچھی طرح آگ مین نہ جلی ہو آدھی کچی رہ گئی ہو-

خایہ ریز- وہ نان خورش جو مرغی کے انڈے کا بنائے ہین خاگینہ بھی اسکو کہتے ہین

خاک انداز- مٹی کی جھولیان جو گم شدہ چیز کے ملنے کے لیے مظنون لوگون سے ڈلوائی جاتی ہین-

خاک بیز- وہ شخص جو زرگرون کی دوکانون کی مٹی اور رستون اور بدررودون کی کیچڑ اسواسطے دھوئے اور چھلنے کہ اسمین سے اسکو کچھ مال ملجاے اور وہ آدمی جو دور اندیش اور باریک بین ہو اور آدمی سفر دوست **شیخ ابو سعید ابو الخیر**- دے طفلک خاک بیز غربال بدست + میزد و مید و روی خود را می خست + میگفت بہلے ہلے کافسوس و دریغ + دانگے نہ بیافتم و غربال شکست- **شیخ عطار**- چون بدانی صد ازین صد میگریز تا بہ بیچید در رسی اے خاک بیز-

خانہ خیز- گھر کی چیز جو بے تلاش گھر مین ملجاے- **نظامی** گہے پاچنین گوہر خانہ خیز + چہ بوطالبے راکنی سنگ ریز-

خاز- زرد آب اور ریم اور چرک جو زخم سے نکلے اور وہ پتھر یا اینٹ جس سے پانو نکا میل اُتارین اور ایک قسم کا کپڑا جو قالین کیطرح پشت دار بنا یا جاتا ہی-

خانہ رس- وہ میوہ جو درخت سے خام اتار کر گھر مین اسکو کسی حیلہ سے پختہ کر لین- **نظامی**- کن سوقی میوہ رخانہ رس + دلی خوش نباید بہ بندان ترش

خاش- ماو زن یا مادر شوہر یعنے ساس-

خاموش- خاموشی اور خاموش یعنے چپ کرنا اور چپ کرنے والا-

خانہ بدوش- مسافر فقیر بے تعلق رند بے خانمان بے مکان و بے مسکن **میرزا صائب**- در قلزم ہی ہمچو حباب ست دل ما + از خانہ بدوشان شراب ست دل ما **ولہ**- خانہ بردوشان مشرب از غریبی فارغ اند + چون کمان خانہ خود لشند ہر جا میروند

خار کش- لکڑیان بیچنے والا اور نام ایک نوا کا موسیقی مین-

خاوش- وہ خیار جو تخم حاصل کرنے کے لیے رکھ لیتے ہین-

خارش- کھجلی جو ایک بیماری ہی-

خالص- بے آمیزش بے عیب بے لگاؤ-

خافض- بضاد معجمہ خوار کر نیوالا جبار و نکا یہ نام اسماے الہی مین سے ہی-

خاضع- عاجزی کرنے والا تواضع کرنے والا-

خاشع- فروتنی کرنے والا عجز کرنے والا-

خادع- فریب دینے والا مکار-

خائف- خوف کرنے والا ڈرنے والا-

خاطف- یہ لفظ بجلی کی تعریف مین بولا جاتا ہی اور برق خاطف کہا جاتا ہی

اسواسطے کہ روشنی اسکی آنکھون کی بینائی کو لے جاتی ہی -
خارق - پھاڑنے والا ٹکڑے کرنے والا اور وہ امر جو خلاف عقل وقوع مین آئے مثلاً معجزہ وکرامت -
خالق - پیدا کرنے والا یہ نام اسماے الٰہی مین سے ہی -
خانق - تیسرا حرف نون خفہ کرنے والا گلا دبا لینے والا -
خافق - تیسرا حرف فاے معجمہ ہلنے والا دھڑکنے والا جنبش کرنیوالا -
خایسک - لہارون کا ہتھوڑا جس سے وہ لوہا کوٹتے ہین -
خاک - مٹی مشہور چیز ہی - مؤلف - درچمن ہر شاخ خاک برگ خاک و بار خاک + خاک سنبل خاک ریحان خاک سبزہ خار خاک + فی الحقیقت ہست خاکت ابتدا و انتہا + خاک بودی و دگر بارہ شوی ای یار خاک
خارخسک - ایک خاردار گھاس کا نام ہی -
خارک - خرماے خشک سوکھی ہوئی کھجور -
خاشاک - کوڑا کرکٹ خاکروبہ -
خاک - بکاف فارسی انڈا جو مشہور چیز ہی -
خال - سیاہ نقطہ جو رخسار یا کسی اور جگہ جسم پر ہو اور بھائی والدہ کا یعنے ماموں - میرزا صائب - خال زیر لب آن ماہ لقا افتادست + چشم بد دور کہ بسیار بجا افتادست -
خامل - گمنام و فرومایہ وخاموش -
خاول - ایک قسم کے موذی مورچہ کا نام ہی -
خاتم - نگینہ دار انگشتری جسمین نام کندہ ہو - سعدی - فریدون را سرآمد بادشاہی + سلیمان را برفت از دست خاتم -
خام - کچا مقابل پختہ کے بمعنی خالص وشراب معطر - میر حسن - برت چون نسیم زلف تست چون عود + طمع بر ہر چہ می بندیم خام ست -
خارم - ناک کاٹنے والا ناک مین سوراخ کرنے والا سفید و فربہ -
خادم - خدمت کرنے والا - سه - ہر کہ خادم گشت مخدوم گشت + ہر کہ خود را دید او محروم گشت -
خافقین - مشرق ومغرب -
خاتون - ترکی مین یہ معزز لقب دولتمندون وامراؤ کی عورتون کا ہی فارسیون کے تصرف مین اسکی جمع خواتین قرار پائی ہی - مؤلف - بیک گردش ز دور چرخ گردون + نہ خان ماند برین مسند نہ خاتون -
خان - یہ لقب ترک وختن ومغولکے بادشاہون کا ہی اب ہر ایک ملک مین عام وخاص اپنے نام پر بڑھا لیتے ہین پہلے یہ لفظ قاآن تھا اب خان مشہور ہی اور مخفف خانہ جسکے معنی گھر کے ہین - میر معزی - گردنے سعادت خدمت نیافتم + جاے دگر چیل نگردم ز خان خویش -
خان ومان - گھر بار کا اسباب ودرخت - سعدی - ہدوستان گلہ آغاز کرد وصحبت خواست + کہ خان ومان من این شوخ دیدہ پاک بسوخت -
محمد قلی سلیم - در گلستان محبت عاقبت چون فاختہ + بر سر سروے نہادم خان ومان خویش را -
خایہ غلامان - ایک قسم کے انگور کا نام ہی
خازن - خزانہ کا محافظ خزانچی -
خاقان - چین کے بادشاہون کا لقب ہی -
خائن - خیانت کرنے والا -
خاکدان - وہ جگہ جہان خاک اڑتی ہو مجازاً عالم دنیا - مولف - ز دنیاے فانی چہ آید بدست + چہ حاصل بجز خاک زین خاکدان -
خارقان - ایک شہر بسطام کے پاس ہی اور شیخ ابوالحسن خرقانی اسی جگہکے رہنے والے تھے
خارچین - خاربست جو کھیتی کے گرد حفاظت کے واسطے باندھ دیتے ہین - ملا منیر - نیاید تا کف گلچین برو دست + ز مژگان باغبانش خار چین بست -
خاندان - خانوادہ گھرانہ قبیلہ - سعدی - پسر نوح با بدان بنشست + خاندان نبوتش گم شد + سگ اصحاب کہف روزے چند + پے نیکان گرفت ومردم شد -
خانسامان - میر سامان وصاحب سامان جسکے متعلق بہم پہونچانا سامان ضروری کا ہو اسکو ایران مین ناظر کہتے ہین - ناصر علی - ملی دارم چو ابر خانہ اشکست بحو بلش + کہ دارد زیر گردون میر سامانے کہ من دارم -
خازعان - دیگچہ ودیگ وقبیلہ جسکو عربی مین مرجل کہتے ہین -
خاکیان - وہ پیدائش جو خاک سے ہوئی - مؤلف - در نعت - تو ہستی شرف بخش افلاکیان + توئی عزت وحرمت خاکیان -
خالاون - رومی زبان مین ایک غلہ کا نام ہی جو گیہون کی صورت پر ہوتا ہی خطہ رومی بھی اسکو کہتے ہین جنگل مین خودرو پیدا ہوتا ہی -
خالیدوسیون - رومی زبان مین ماہیرا جو ایک مشہور دوا ہی -
خامالاون - حربا یعنے گرگٹ جو مشہور جانور سا ہی -
خامیلن - یونانی زبان مین بابونہ جو مشہور دوا ہی -
خالو - اصل یہ لفظ خال ہی اور واو زائد تحسین کلمہ کے لیے ہی جسکے معنے ماموں کے ہین مگر فی زمانا ہند مین خالو ماکی بہن کے خاوند کو بولتے ہین یعنے خالہ کے شوہر کو -
خارخو - ایک گھاس کا نام ہی -
خازہ - مخفف خواہرزن یعنے اپنی عورت کی بہن جسکو خسر پورہ وسالی بھی کہتے ہین

خاکینہ - بھونا ہوا انڈا جو مشہور نان خورش ہے
خارہ - سخت پتھر اور ایک قسم کا کپڑا جو دھوپ کی روشنی مین پارہ پارہ ہوجاتا ہے جسطرح کتان چاند کی چاندنی مین پھٹ جاتا ہے -
خازہ - گارا اور گوندھی ہوئی مٹی جس سے دیوارون پر کہگل کرتے ہین
خالیہ - گذرا اور قدیم زمانہ -
خاصرہ - تہیگاہ و کمر و شرمگاہ -
خانقاہ - درویشون کے رہنے کی جگہ معرب خانگاہ - ذوقی - نیرد ہر آنکس کزو در جہان + بماند پل و مسجد و خانقاہ -
خانوادہ - ایک گھر کے لوگ ایک بزرگ کی اولاد ایک خاندان کے آدمی سالک قزوینی عشقم جگونہ ... بنام رو بخت مین این خانوادہ
خاکروبہ - وہ خس و خاشاک جو جھاڑو دینے کے بعد جمع ہو - نور الدین ظہوری - تا کند خاکروبہ تو عبیر + جیب گردیدہ دامن النسرین -
خاکتودہ - وہ مٹی کا تودہ جسپر تیراندازی کی مشق کرتے ہین - ملا ناکبر لاہوری - جلینگے اسپہ پر شام و سحر تیر + ہی قائم جب تلک یہ خاکتودہ -
خاشہ - خس و خاشاک کوڑا کرکٹ -
خایہ - بیضہ یعنی انڈا جمع خایہا - نظامی - زمانہ دگرگونہ آئین نہاد + شد آن مرغ کو خایہ زرین نہاد -
خامہ - قلم جس سے لکھین اور درخت کی شاخ - آرزو - زبس بلند شدست آرزو بفیض خیال + بشاخ عرش رسیدست شاخ خامۂ ما -
خاصہ حمیدہ - خاص وصف جو کسی جنس مین پایا جاے جیسا کہ نطق خاصہ انسان کا ہے اور حیوانون مین نہین ہے -
خالصہ - وہ چیز جسمین دوسرے شخص کی شرکت نہو اور وہ زمین جو مال سرکار کسی اور کی ملکیت و جاگیر مین نہو -
خاتولہ - ہندی زبان مین مکر و فریب دغا و دغا دہ آدمی جو ایک بات پر قائم نہ رہے
خادہ - بکسر حرف دال وہ لکڑی جو سیدھی ہو اور رلیا بانس -
خاشمہ - وہ دوا جسکو شاہترہ کہتے ہین -
خامیازہ - وہ طبعی حرکت جس سے انسان کا منھ خود بخود کھل جاتا ہے فارسی مین اسکو دہان درہ کہتے ہین اور ہندی مین جمہائی -
خانہ - گھر جسکو عربی مین بیت کہتے ہین - مؤلف - او مکان دار مکان لامکان + خانہ دار خانۂ ہر دو جہان -
خاتمہ - اخیر و انتہا ہر چیز کی - مؤلف - ایک دن جسکی ہوئی ابتدا دوسرے دن ہوگا اوسکا خاتمہ -
خاکہ - ڈھانچ کسی تصویر و نقشہ وغیرہ -

خاصہ - ایک قسم کا کپڑا اور وہ کھانا جو خاص بادشاہون و امراء کیواسطے ہو ملا طغرا پیر مغان کی تعریف مین - تبرک تعلق جو میداد تن + شد از خاصۂ وحدتش پیرہن - میرزا احمدی - نیست انعام خدا روزی انعامی چند + نشود خاصۂ حق ما حضر عامی چند -
خاصگی - مقرب و مصاحب بادشاہ اور کنیز جو منظور نظر اپنے مالک کے ہو افضل الدین خاقانی - ای شبستان ملک باتو طغر خاصگی + وے بر بستان شرع گشتہ خرد درس خوان -
خالکشی - نام ایک دوا کا جسکو خوب کلان کہتے ہین -
خانی - چھوٹا حوض اور ایک قسم کا زرمسکوک توران کے ملک مین -
خاطی - وہ شخص جو ارادۃً خطا کرے اور مخطی وہ جس سے بے ارادہ خطا سرزد ہو
خاصی - عامی کی لفظ کے مقابلہ پر استاد فرخی - علمای تو برادر دست خلعت را دعامی را + اجہ نام تو میمنی و امینی و نظامی را -
خازنی - ایک حکیم کا نام ہے -
خاکی - جو چیز خاک سے پیدا ہوئی ہو اور تین بروج خاکی ثور سنبلہ جدی مؤلف جسم خاکی راجگانہ باشد امید قیام + زانکہ گرد دعو ہر این خاک آخر کار خاک + در تلاش مال نیابندۂ خاکی چرا + میکند ہر باد در ہر کوچہ و بازار خاک -
خاشی - ڈرپوک خوف کھانے والا -
خامی - کچا ہونا خام ہونا -
خانہ جنگی - جو لڑائی گھر مین ظاہر ہو -

خاے بابے موحدہ

خبا - بفتح اول پوشیدہ کرنا چھپانا بارش اور سبزہ اور گھانس -
خبا - بکسر اول خیمہ سراپردہ تمبو -
خبایا - بہت سے خیمے اور پردے -
خبّ - بفتح اول و تشدید ثانی موج مارنا دریا کا اور مکار و حیلہ گر
خبّ - بکسر اول مکر و فریب -
خب خب - بوسہ کی آواز - ؎ - سوداے پیر مرد حریص و زن جوان تا روز بوسہ ہاے جوانانہ خب خب ست -
خبرت - بکسر اول دانش و امتحان و آزمایش -
خبث - پلیدی اور پلید ہونا بدگوئی کرنا بدی کرنا - سنجر کاشی - گو من در صف سگان منشین + خبث اصحاب نمی باید کرد -
خبیث - پلید و بدگو و بدکردار - مؤلف - درجہان از خبث این نفس خبیث + دہا مانم یا الہ العالمین -
خبث الحدید - لوہے کا میل جسکو فارسی مین ریم آہن کہتے ہین -

خبار - زمین نرم اور سوراخدار جسمین پانی جلد جذب ہوجاسے -
خبر - اطلاع و آگاہی و وقوف اور وہ شخص جسکو آگاہی ہو صفدر نوبہانی - شدی چو خاک رہ دوست کیمیا گشتی + چو بے خبر شدۂ صاحب خبر شدۂ -
خبردار - خبر شناس - آگاہ و صاحب وقوف - حکیم محمد انور لاہوری - خبر جو یدہ از نیک و بد انسان + چو از راز محبت شد خبر کوار - نورالدین ظہوری - مہرست لب فریب قاصد + گوش دل ما خبر شناس ست -
خبیر - خبر دینے والا اطلاع پہونچانے والا -
خبّاز - نان پز روٹی پکانے والا - سیفی - تا بنقد جان مہ خبّاز من نان میدہد + عاشق بیچارہ نان میگوید و جان میدہد -
خبز - بضم اول نان یعنے روٹی اور بفتح اول روٹی پکانا -
خبیس - بروزن فعیل ظریف و خوش طبع -
خبیص - آخر حرف صاد مہملہ وہ کھانا جو روغن اور خرما سے بناتے ہین -
خبط - مل جانا عقل کا جنون سے -
خباط - دیوانگی و نادانی و بیوقوفی -
خباک - چار دیواری بے سقف جسمین رات کو بکری بھیڑی رکھتے ہین -
خبزدوک - ہزار پا جو مشہور موذی کیڑا ہی -
خبکال - سوراخ اور نشانہ تیر و تفنگ کا -
خبن - کنارہ کپڑے کا لپٹینا اور سینا -
خبین - لکڑی کا طبق جو چوڑا ہو -
خبارہ - چست و چالاک و ہشیار آدمی -
خبجہ - تمر ہندی جسکو امبلی کہتے ہین -
خبرہ - مضبوط و محکم و استوار -
خبہ - گلا دبانا سانس بند کردینا -
خبیرہ - پھیدہ باٹا ہوا ریگ اور مٹی کا تودہ اور میزان حساب کی -
خبچہ - درخت کی شاخ جو باریک اور سیدھی ہو -
خباری - مشہور دوا ہی -

خاے باتاے

خترج - بفتح اول اور آخری حرف جیم ترمذی زبان مین خرفہ جو مشہور سبزہ ہی اور عربی مین اُس کو بقلۃ الحمقا کہتے ہین -
ختار - صفا کرنا کھیتی کا گھانس وغیرہ سے اور چھانٹنا باغ کو بیکار شاخون سے
خترق - ایک دوا کا نام یونانی مین ہی -
ختل - بفتح اول و دوم بر رقطو تی یعنے اسپغول جو مشہور تخم ہی اور نام ایک ولایت کا ہی جسکا گلاب بھی کہتے ہین -

ختام - بکسر اول لاک اور موم جسکو گرم کرکے کسی چیز پر مُہر لگاتے ہین -
ختم - اخیر پر پہونچانا کسی چیز کو - میرزا صائب - چہ لازم ست کنی ختم میہمانی را + بجمعے کہ روی ختم کن تلاوت را -
خَتَن - بفتح اول و دوم داماد جسکی نئی شادی ہوئی ہو -
خُتَن - بضم اول و سکون ثانی نام ایک شہر اور ملک کا چین کے علاقہ مین جسجگہ کستوری عمدہ ہوتی ہی اور حسین و جمیل معشوق
خُتلان - نام ایک ملک کا ہی جسمین گھوڑے مضبوط پیدا ہوتے ہین -
ختو - کسی جانور کے سینگ کا نام ہی بعض کہتے ہین کہ چین مین ایک قسم کی گاے ہی جسکا یہ سینگ ہی بعض اسکو مچھلی کا سینگ کہتے ہین بعض کا قول کہ افعی سانپ کا سینگ ہی جب وہ ہزار برس کی عمر کا ہوجاتا ہی تو اسکے سر مین سینگ نکلتا ہی بعض کہتے ہین کہ کرگدن کی شاخ ہی بعض کا بیان ہی کہ چین کے جنگل مین ایک جسیم مرغ ہی یہ اُسکا سینگ ہی بہرحالت یہ سینگ چین کے ملک سے آتا ہی اور بادشاہ کارد و بلکش قبض کے دستے بنواتے ہین تاثیر اسمین یہ ہی کہ جسکے پاس یہ ہو اُسکے روبرو اگر زہر آلودہ کھانا یا شربت آجاے تو یہ پھٹ جاتا ہی اسی سبب سے بادشاہ اسکو اپنے پاس رکھتے ہین -
ختامہ - مہر کرنا لاکھ یا موم سے کسی چیز پر -
ختیعہ - زہ گیر تیر اندازون کا جو اپنی اُنگلیون پر پہنتے ہین -
ختنہ - سنت کرنا مسلمانون مین خورد سال بچے کی عضو تناسل سے زیادہ گوشت کو کٹوا دینا - قطعہ تاریخ ہر دو پسران مہدی علیخان لکھنوی - ہر دو برخوردار را مہدی علیخان ختنہ کرد + طرفہ در یک وقت نیک انجام این دو کار شد + سرور یک دل پئے تاریخ سال این جشن زد رقم دو سنت کبرائے ادا یکبار شد -
ختعانہ - فقیرون و درویشون کا ادنی لباس -
ختلی - بفتح اول وہ گھوڑا جو ختلان کے ملک کا ہو -

خاے باجیم

خجالت - شرمندگی و حیا - صائب - سر راستی نبود شاخہای بے بار + خجالتے کہ من از قامت دوتا دارم -
خجلت - شرمندگی و حیا - حافظ - دل دادمش بمژدہ و خجلت ہمی برم + زین نقد قلب خویش کہ کردم نثار دوست -
خج - مخفف خجلت شرم و حیا -
خجنج - ایک بیماری کا نام ہی جس سے گلا پھول جاتا ہی -
خجستہ بنیاد - شہر اورنگ آباد کا لقب ہی -
خجند - ماوراء النہر مین ایک قصبہ ہی -

خجیر - خوب و پسندیدہ -
خجور - حدود و نواحی ملک اور نام ایک مقام دشوار گذار کا آذربایجان کے
ملک مین جسکو خجور سغد کہتے ہین -
خجخش - گلے کی بیماری جس سے گلا موٹا ہوتا جاتا ہی اور درد نہین کرتا
پہاڑی ملک مین یہ بیماری اکثر ہوتی ہی جسکو گلوٹ کہتے ہین -
خجلک - نام ایک سردار کا مغول سردارون مین سے -
خجک - نقطہ سفید جو آنکھ کی سیاہی پر نمودار ہوا ور خط جو انگلی یا کسی
لکڑی سے زمین پر کھینچا جاے -
خجل - بفتح اول و کسر جیم شرمندہ -
خجل - بفتح اول و سکون جیم شرم و حیا رکھنا - مؤلف - ہمیشہ کار کن اے
دوست در جہان ورنہ + شوی بعاقبت کار خویش زار و خجل -
خجو - نام ایک پرندہ کا ہی جسکو چکاوک بھی کہتے ہین اور عربی مین ابو الملیح -
خجاؤ - ژندی زبان مین ہر ایک چیز کی آواز -
خجولو - وہ آبلے جو بکثرت کار ہاتھون پر اور زیادہ چلنے سے پانوٴن مین پڑجاتے ہین
خجستہ - نیک و مبارک و ہمایون اور نام ایک زرد رنگ پھول کا جسکو
ہمیشہ بہار بھی کہتے ہین - امیر معزی - بفرخی و خوشی بر خدائگان بشتر
مجستہ باد چنین عید صد ہزار دگر -
خجارہ - پہلوی مین کوئی چیز بہت قلیل اور تھوڑی و ہنسی و تمسخر -
خجلی بمعنی خجلت اور سرخ اور زرد ہونا - امیر خسرو - صنم تنگ دل از تنگ
دلی + داد بیرون وی بعد خجلے + ولہ - گل دام تو ہست از رخ خوب تو
رنگ و بو + او را خجالت رخ تو زرد دام کرد -

خاے با دال

خدا - مالک صاحب یہ لفظ صرف ذات ربانی کی نسبت تو صیفا بولا جاتا ہی
نظامی - نبود آفرینش تو بودی خدا + نیا ئید ہمہ ہم تو باشی بجا -
خدایا - ای میرے صاحب اور مالک - نظامی - خدایا جہان پادشاہی
تراست + ز ما خدمت آید خدائی تراست
خدارت - پردہ نشینی و خلوت نشینی -
خدیعت - بروزن نصیحت مکر و فریب -
خدمت - نوکری کرنا چاکری کرنا تعظیم بجالانا بندگی و تسلیم ادا کرنا - حافظ
ای صبا گر بجوانان چمن باز رسی + خدمت ما برسان سرو و گل و ریحان را -
ولہ ہواے خواجگیم بود بندگی تو جستم + امید سلطنتم بود خدمت تو گزیدم -
خدمات - خدمت کی جمع ہی -
خداج - بکسر اول نقصان اور ناتمام پیدا ہونا بچہ کا میعاد مقرر سے پہلے

خداوند - صاحب مالک حاکم - مؤلف - خداوند ملک و خداوند مال
خداوند حال و خداوند قال -
خدّ - رخسارہ یعنے گال -
خداوندگار - صاحب مالک حاکم - سعدی - نہی بندگان
خداوندگار + خداوندرا بندہ حق گذار -
خدر - بکسر اول پردہ و حجاب -
خدر - بفتحتین سو جانا اور بے حس ہو جانا بدن کا اور سست ہونا -
خدر - بفتح اول و کسر ثانی سست و بے حس -
خدور - سست اور کاہل آدمی -
خدمتگار - خدمتگزار - خدمتگر - خدمت کرنیوالا - نظامی - شنیدم
را کرد مریخ جاے + چو خدمت گر انگشت خدمت نمای - حافظ - وگر
ہمہ آن نیست کہ عاشق بکشد + خواجہ آنست کہ باشد غم خدمتگارش -
سعدی - چہ خدمتگزاری گرد کہن + حق سالہایش فراموش کن -
خدیر - حسن و خوبی و خوبصورتی و خوشدلی و خوش خلقی -
خدیور - یگانہ عصر و بزرگ و خداوند -
خدیس - آخر مین سین مہملہ گھر کی بی بی گھر کی عورت اور مالک -
خدیش - بادشاہ اور مالک و حاکم -
خدع - بکسر اول فریب دینا -
خداع - فریب دینا دام مین لانا -
خدایع - بہت سے مکر اور فریب -
خدنگ - ایک قسم کے تیر کا نام ہی جو اور تیرون سے چھوٹا ہوتا ہی -
خدوک - بواو معدولہ خشم و غصہ و شرمندگی و اندوہ و پریشانی و وسواس -
خدک - وہ پل جو کسی نہر یا نالہ پر باندھین -
خدام و خدم - جمع خادم کی بہت سے خدمتگار -
خدایگان - بادشاہ و خداوند و صاحب -
خُدُو - آب دہن یعنے تھوک -
خدیو - بضم اول بادشاہ -
خدعہ - مکر و فریب -
خدیجہؓ - اسم شریف زوجۂ محترمہ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم و والدہ
ماجدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا -
خدشہ - شک و شبہہ و وسواس -
خدرہ - آگ کا شرارہ اور ریزہ ریزہ ہر چیز کا -
خدری - ایک بیماری کا نام ہی جس سے عضو بے حس ہوجاتا ہی -

خدمتی - نذر و تحفہ و پیشکش -

خاے باذال

خذف - سفال ریزہ ٹھیکریان -
خذول - بفتح اول شرمندہ و بے بہرہ -
خذلان - بکسر اول بے بہرہ کرنا چھوڑ دینا - میر معزی - خسروا ہر کس نصرت خواہد از پیکار تو + زخم پیکان تو نصرت را برو خذلان کند -

خاے باراے

خرما - چھوہارا کھجور جسکو عربی مین رطب کہتے ہین - صائب - خوشا دو کہ از چشم بداندیشان نہان باشد + خوشا چاکی کہ چون خرما بجیب استخوان باشد -
خراب - ویرانہ و ویران و ضائع گیا گذرا ہوا و مست و بیخود - حافظ کے سوے دل خستۂ حافظ نظری + چشم مستش کہ بہر گوشہ خرابی دارد -
خرجوب - جو لکڑی رباب کے تارون کے نیچے رکھی جاتی ہی -
خرنوب - وہ دوا جسکو خیار چنبر کہتے ہین -
خروب ایک گھانس کا نام ہی جس سرزمین مین پیدا ہوتی ہی وہ زمین اُجڑ جاتی ہی -
خرب - ویران اور اُجڑا ہوا -
خرافات بضم اول باتین پریشان و نامربوط و بیہودہ و بیفائدہ تقریر جمع خرافہ اور خرافہ ایک شخص عرب کا نام تھا جسپر پریان عاشق تھین اسکو پریان اُٹھا کر لیجاتین جب وہ واپس آتا تو ایسی باتین کرتا جنکو عقل قبول نکرتی اُن باتون کو بھی لوگ خرافہ کہتے -
خرافت - بیہودہ گوئی -
خرابات - شراب خانہ و قحبہ خانہ وغیرہ مقامات فسق و فجور - خواجوی کرمانی - تا بدو خم ز خرابات بمیخانہ برند + سوی زندان در میکدہ پیغام برید -
خُرت - بضم اول سوراخ سوزن یعنے سوئی کا ناکا -
خرق عادت - جو بات خلاف عادت ہو انبیا کے معجزات و کرامات اولیا کے -
خرتوت - توت کا درخت جسکا پھل لمبا ہوتا ہی -
خرخشت - بفتح خاے اول و ضم خاے ثانی وہ حوض جسمین انگور ڈالکر اور لات مار کر شیرہ اسکا نکالین -
خرج - دخل کے مقابلے پر یہ لفظ ہی یعنے جو چیز ہاتھ سے نکل جاے - فوقانی - بکن در راہ مولا سیم و زر خرج + بدہ بہر خدا گنجینۂ مال -
خروج - نکلنا اپنے مقام سے کسی جنگ و بغاوت کے ارادے سے -
خراج - وہ محصول جو بادشاہ زمیندارون سے لے اور باج وہ جو سوداگرون سے بابت حفاظت اُنکے مال کے وصول کیا جاے - نظامی - شہ روس را نیز با طوق و تاج + رہا کرد و بنہاد بر وے خراج -
خرمنج - بڑی مکھی اور مفلوج آدمی -

خروچ - خروس جو مشہور مرغ ہی -
خُرداد - نام ایک شمسی مہینے کا اور نام چھٹی تاریخ کا ہر ایک شمسی مہینے سے ہندی مروجہ شمسی مہینون مین تقریباً یہ مہینہ اساڑھ ہی -
خُرسند - خوش اور شادمان اور راضی - قطعہ از مؤلف - خوش آن مردے کہ در دور زمانہ + بہر حالت بود خوشحال و خرسند + ندارد تنگدل در تنگدستی نہ در وسعت بود با عیش پابند -
خرآید - کنواری عورتین صاحب شرم و حیا -
خوردمرد - ریزہ ریزہ ٹکڑے ٹکڑے -
خرِد - بکسر اول عقل ہوش دانائی -
خُرد - بضم اول چھوٹا ضد بزرگ - مدحیہ از مؤلف - رسد فائدہ از تو اے دستگیر + بہ خرد و بزرگ و صغیر و کبیر - نظامی - چو بینیم کسے را کہ او رنج برد + کہ با خرج او دخل او ہست خرد + دران خرجش امیدواری دہم + ز گنجینۂ خویش یاری دہم -
خردمند - دانا عقلمند لائق - مؤلف - نیفتد مرغ دانا اندرین دام + نہ بندد دل درین رشتہ خردمند -
خورشید - آفتاب عالمتاب یعنے سورج - سعدی - ابر و باد و مہ و خورشید فلک در کارند + تا تو نانی بکف آری و بغفلت نخوری + ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمان بردار + شرط انصاف نباشد کہ تو فرمان نبری -
خر - بفتح اول حمار یعنے گدھا اور وہ لکڑی جو طنبور وغیرہ سازون پر نصب کرکے اُسپر تارین کسی جاتی ہین جیسے کہ خر ارغنون و خر طنبور و خر رباب وغیرہ سعدی - خر عیسیٰ اگر بمکہ برود + چون بیاید ہنوز خر باشد - محمد قلی سلیم - چون خر ارغنون بود نالان + از سواری او خر شیطان + دلہ چون خر طنبور نتوان زیر بار نغمہ رفت + مطربی نامید با غافل را چو خاموشی کجاست
خروار - انبار غلہ وغیرہ کا جو گدھے کے اُٹھانے کے لائق ہو یہ اصل لفظ خربار تھا
خِر - بکسر اول پہلوی زبان مین خوشی و خوشحالی و فارغ البالی -
خرخر - وہ آواز جو سوئے ہوے آدمی کے گلے سے نکلے -
خراستر - موذی جانور مثل زنبور و عقرب و مار و مچھر وغیرہ -
خرانبار - وہ شخص جسکو تشہیر کے لیے گدھے پر سوار کرین -
خرخیز - بروزن پرویز نام ایک ولایت کا ترکستان مین ہی -
خردسوز - نام ایک آتشخانہ کا -
خرخز - ایک شہر کا نام ہی -
خَرز - بفتح اول و سکون ثانی موزہ سینا -
خُرز - بضم اول مشک اور موزہ اور چمڑا -

خراز - موزہ سینے والا -
خرپواز - چمگادڑ جو مشہور جانور ہی شب پر -
خربز - خربزہ جو مشہور پھل ہی -
خرمگس - بڑی مکھی جو زخمون پر ہگ جاتی ہی تو کرم پڑ جاتے ہین اور اُسکی دُم مین کرم بھرے ہوے ہوتے ہین -
خروس - مرغا جو مشہور پرندہ ہی - سعدی - لب از لب چو چشم خروس ابلہی بود + برداشتن بگفتن بیہودہ خروس -
خرکس - احمق بیوقوف کم عقل آدمی -
خرس - بکسر اول مشہور درندہ ہی جسکو ہندی مین ریچھ کہتے ہین اور نام دو شکلون کا ہی آسمان پر شمال کے سمت جنکی شکل خرس کی ہی ایک کو دب اکبر دوسری کو دب اصغر کہتے ہین -
خرس - بضم اول ولادت کے جشن کی شادی اور جمع اخرس کی جسکے معنے گنگ اور بے زبان کے ہین -
خرس - بفتحتین گنگ اور بے زبان ہونا -
خرس - بفتح اول و سکون ثانی خم جو ایک مشہور برتن ہی -
خرآس - بڑی چکی جسکو گدھے یا بیل چلائین -
خرآس - کمہار خُم بنانے والا -
خرگوس - ایک گھانس ہی جسکے تخم کو بارتنگ کہتے ہین اور دوا مین استعمل ہی
خروش - شور و غوغا و فریاد و آواز بلند - مخلص کاشی - از نارسیدہ کہ صوفی کند خروش + سیلاب چون بہ بحر رسد میشود خموش -
خروس عرش - عرش پر ایک فرشتہ خروس کی صورت پر ہی قبل از صبح وہ آواز نکالتا ہی تو اور زمین پر سب مرغ بولنے لگ جاتے ہین -
خردہ فروش - متفرق سودا بیچنے والا جسکو ہند مین بساطی کہتے ہین -
خراش - چھیلا جانا ناخن وغیرہ سے -
خرش - وہ شخص جسکو مسخرہ بنائین اور اُسکے اوضاع و اطوار پر ہنسین
خرکش - یہ ایک جانور خاکستری رنگ زنبور کی مقدار پر ہوتا ہی اکثر قبرستانون مین پایا جاتا ہی اگر گدھے کو کاٹے تو وہ فوراً مر جاوے -
خرگوش مشہور جانور ہی اور مشہور ہی کہ اسکی مادہ کو ماہ بماہ حیض آتا ہی
خرموش - بڑا چوہا جسکو گھوس کہتے ہین -
خرناش - ایک گھانس ہی جسکو پارسی مین مرزوش کہتے ہین اور عربی مین ریحان الشیوخ بولتے ہین دوا مین مستعمل ہی -
خرنجاش - ایک پرانی پہلوان کا نام ہی -
خرلشین - مسخرا جو ہنسی کی باتین کرے -

خرص - بفتح اول تخمینہ کرنا میوہ کا درخت پر کہ کسقدر ہوگا اور غلہ کا قبل کاٹنے کھیتی کے اور جھوٹ بولنا -
خُرص - بضم اول نیزے کی نوک اور نیزے کی لکڑی اور درخت کھجور کا
خِرص - بکسر اول وہ اونٹ جو بہت قوی ہو -
خَرَص - بفتحتین گرسنہ یعنے بھوکا ہونا -
خراط - لکڑی کو چرخ پر چڑھانے والا -
خرط - لکڑی کو چرخ پر چڑھانا -
خربط - بڑا بط جو مشہور جانور ہی
خرپع - خرگوش جو مشہور جانور ہی -
خرفع - ایک درخت ہی اور سمیت اسکی یہانتک ہی کہ اگر کوئی اسکے سایہ مین سوے قیامت تک نہ اُٹھے -
خریف - موسم خزان کا آغاز جب آفتاب برج میزان مین ہو -
خرف - بفتح اول و کسر ثانی نہایت مسن ضعیف آدمی جسکے حواس بگڑ گئے ہون
خَرَف - بفتحتین عقل جاتی رہنا بسبب ضعیف و مسن ہوجانے کے -
خَرف - میوہ چگنا باغ کے درختون سے -
خروف - بکری کا بچہ -
خرکوف - جغد یعنے الو جو ایک منحوس جانور مشہور ہی -
خرق - بفتح اول پھٹنا اور پارہ پارہ ہونا -
خرق - بفتحتین شرمسار ہونا شرمندگی اٹھانا -
خریق - پھٹا ہوا پردہ -
خرسک لڑکون کی ایک بازی کا نام ہی - سعدی - استاد معلم چو بود کم آزار + خرسک بازند کودکان در بازار -
خرچنگ - ایک جانور ہی جسکو پنج پایہ کہتے ہین ہندی مین اسکو گنگٹا اور کیکڑا کہتے ہین یہ جانور اکثر تالابون مین ہوتا ہی نیز ایک برج آسمانی جسکو سرطان کہتے ہین -
خرسنگ - بہت بڑا پتھر -
خراک - وہ آواز جو سوے ہوے آدمی کے گلے سے نکلتی ہی -
خرنگ - نظر بٹو یعنے وہ مہرہ جو دفع نظر بد کے لیے بچون کے گلے مین پہنا دیتے ہین
خرتنگ - گدھے کا پالان -
خرچک - ایک گھانس ہی جو کم شیر عورت کو کھلایا جاے تو دودھ اسکا بڑھ جاتا ہی
خرسلاک - وہ شخص جو گدھے کو کرایہ پر چلا کر اجرت وصول کرے -
خروسک - وہ زاید گوشت جو بچون کے عضو تناسل سے کاٹ دیا جاتا ہی یعنے ختنہ کیا جاتا ہی -
خروہک - بواو مجہول مرجان جسکو ہندی مین مونگا کہتے ہین -

خردل - ایک قسم کا تخم ہی جسکو ہندی مین رائی کہتے ہین -
خردسال - چھوٹی عمر کا لڑکا مقابل سالخوردہ کے صائب ہنوز انبی سوران بو چمن خوردسال او + کہ آہوے حرم بوداز نظر بازان فتراکش
خرچال - ایک مرغ آبی کا نام ہی جسکا رنگ نیلگون ہوتا ہی ترکی مین اسکو وقداق فارسی مین مثل مرغ و سرخاب بولتے ہین باز اور شاہین کے ذریعہ سے اسکو شکار کرتے ہین -
خرچل - ملخ کی قسم سے یہ جانور ہی پاسکے نہین ہوتے نمک کے ساتھ بھونکر کھاتے ہین
خرطال - یہ گھانس گندم اور جو کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی اور نام ایک وزن کا جسکو عربی مین قنطار کہتے ہین تول مین ایکسو بیس رطل ہوتا ہی اور ایک رطل بارہ اوقیہ کا اور اوقیہ ساڑھے سات مثقال کا -
خرنغول - یہ ایک تخم ہی جسکو ہندی قطونا و اسپغول کہتے ہین -
خرمل - یہ ایک قسم کا امرود ہی جو بہت بڑا ہوتا ہی اور بے مزہ -
خرطوم - ہاتھی کی ناک -
خرام - نرم رفتار اور انداز سے چلنا - صائب - بہر چمن قد موزون او خرام کند + ز طوق فاختگان سر و چشم دام کند بیت - آہستہ خرام بلکہ مخرام + زیر قدمت ہزار جان ست -
خرم و خرم - بتشدید رے و بلا تشدید بمعنے تازہ و سیراب و شاد و خوش اور تخلص ایک شاعر لاہوری کا جسکا نام غلام حسن تھا حکیم سنائی - از عشق کنارہ کن دگر و ز بادہ جانی کن دگر + در جان جہانی کن دگر بنشین و شاد و خرم + ع - شاد و خرم باش در دنیاے دون + از بد و نیک زمانہ غم مدار -
خراسان - چکی پیسنے والا خراسی - سیفی - شوخی خراسان کہ دل من ز دست تنگ + از یار عشق دست من آورد زیر سنگ -
خرجین - وہ تھیلا جسمین زادراہ رکھکر مسافر اپنے ساتھ گھوڑے پر رکھ لیتا ہی فوقی یزدی - چو خرجین معدہ پر از می کنم + بسر راہ کوہ سر ین نظے کنم -
خرسان - وہ شخص جو ریچھ کو پالتا ہی - میر خسرو - خرس چو در خندہ کشاید دہان + بوسہ بران لب کہ زند خرسبان -
خرمن - عموماً ہر چیز کا تودہ اور غلہ کا تودہ خصوصاً - میر معزی - گہ بر سنبل زلف تو خرمن زند بر لالہ زار + گہ ز عنبر جعد تو بر جبین بہند بر بوستان -
خراسان - نام ایک ملک کا ہی - ع - با یران حاکم فرمان روائی + تو ئی فرمان دہ ملک خراسان -
خرامان - نرم رفتار اور ناز سے چلنے والا -
خراطین - سرخ رنگ کے لمبے لمبے کرم جو نمناک زمین مین پیدا ہوتے ہین -
خرزرتہ - تازیانہ جسکے سبب سے گدھا اور گھوڑا چلاتے ہین -

خرچیون - بیماری کابوس کی -
خرقطان - ایک بیل ہی جو عشق پیچہ کی طرح امرود و بادام و زیتون کے درختون پر لپٹ جاتی ہی -
خرو - مخفف خیرو جو ایک پھول مشہور ہی اور اسکے بیج کو خبازی کہتے ہین اور سرگین جانوران خصوصاً بیٹ خروس کی -
خرخشہ - بیموقع لڑنا جھگڑنا -
خرگاہ - خیمہ و تمبو اور خوشی کا مقام کیونکہ خر پہلوی زبان مین خوشی کو کہتے ہین اور گاہ کے معنے جگہ ہی - فیضی - بر چرخ مکش ز عشق خرگاہ جہد از تو و ہمت از شہنشاہ -
خربزہ - مشہور پھل ہی -
خردہ - ریزہ ہر چیز کا چنانچہ خردہ زر وغیرہ -
خرقہ - فقرا کے اوڑھنے کی چادر جسمین کئی رنگ کے ٹکڑے لگے ہوتے ہین
خرمہرہ - ناقوس یعنے سنکھ اور کوڑیان دریائی جانورون کے رہنے کے گھر جو قدرتی بنے ہوے انکے ساتھ رہتے ہین -
خرپشتہ - بلند زمین اور اونچی گھاٹی -
خرہ - بفتحتین تلون اور سرسون کی کھلی جس سے تیل نکل چکا ہو اور ہر ایک چیز کا تفل یعنے فضلہ اور مٹی کا تودہ اور کیچڑ -
خرہ - بضم اول و فتح ثانی دیمک جو مشہور کرم ہی اور لکڑی کو کھا جاتا ہی عربی مین اسکو ارضہ کہتے ہین -
خرابہ - ویرانہ اجاڑ -
خریدہ - بروزن خمیدہ موتی بے سوراخ اور باکرہ عورت اور شرمگین -
خرزہ - عضو تناسل و آلت و عصاے دراز -
خرباچہ - گدھے کا بچہ -
خردلہ - ایک دانہ رائی کا -
خرادہ - اس پانی کی آواز جو بلندی سے پستی کو گرتا ہو -
خربلہ - چرخاب و دولاب جسکے ذریعہ سے پانی چاہ سے نکالین -
خرخسہ - وہ جانور جو شکاری اور جانورون کے جمع ہونے کے لیے اپنے دام کے پاس رکھتے ہین -
خرزہرہ - ایک کرم سیاہ و سرخ زہریلا ہوتا ہی اور نام ایک درخت کا بھی جسکے زہر قاتل ہین اگر جانور کھاے فوراً مر جاے عربی مین اسکو سم الحمار اور ہندی مین کنیر بولتے ہین جس گھر مین اسکا پھول ہو اس گھر مین ہمیشہ لڑائی رہتی ہی -
خرمستہ - زلو یعنے جونک جو مشہور سیاہ رنگ کی ہی پانی مین پیدا ہوتا ہی خون

ہل جانا اُس کا کام ہی-

خرسلہ- ایک دوا کا نام ہی-

خرعولہ- بارتنگ جو مشہور دوا ہی-

خرفہ- مشہور تخم ہی جسکے سبزہ کو عربی مین لقابۃ الحمقا کہتے ہین-

خرابی- خراب ہونا ویران ہونا- سعدی- خرابی و بدنامی آید ز جور رسد اہل دل این سخن را لغور-

خرمی- خوشی و خوشحالی و فرحت- خرم لاہوری- خانہ خرم سرای ماتم است + در صف ماتم چہ جاے خرمی ست-

خرقی- یہ ایک غلہ تیرہ رنگ عدس کی صورت ہی جسکو غربا لوگ کہاتے ہین کرمان مین یہ بہت ہوتا ہی بریان کرکے گاے بیل کو بھی کھلاتے ہین اور وہ اسکے کہانے سے فربہ ہو جاتے ہین-

خرنامے- نام ایک باجے نامے کا ہی جسکو کرنائی بھی کہتے ہین-

خری- گھر کا صفہ و ایوان و نامبارک و شوم و نحس-

خاے بازاے ہوز

خزاما- یہ ایک بوٹی جنگلی ہی شیراز مین اسکو روانس کہتے ہین اگر کوئی عورت اسکو اندام نہانی مین رکھے تو حاملہ ہو جاے-

خزرج- عرب مین ایک قبیلہ کا نام ہی-

خزر- ترکستان کے شمال کی سمت یہ ایک ملک ہی جسکو خزران بھی کہتے ہین اور اُسی زمین مین قندز پیدا ہوتا ہی اور وہ ایک آبی جانور کتے کی صورت پر ہوتا ہی سواے اُسکے خزر ایک اور علاقہ دریاے گیلان کے کنارے پر آباد ہی اس سرزمین مین طوطی زندہ نہین رہ سکتا اور دریاے گیلان کو اُس موقع پر دریاے خزر کہتے ہین-

خزیر- نہایت گرم راکھ جسمین کچھ راکھ بھی ہو جسکو ہندی مین بھوبل کہتے ہین او اُپلون کی گرم راکھ جسمین آگ چھپی ہوئی ہو-

خزانہ دار- خزانچی جسکی تحویل مین زر نقد ہو- میر معزی- خزانہ دار چو در بزم بشنود ز تو ہان + سلاحدار چو در رزم بشنود ز تو ہین + ز بحر جود ہمہ نقد ناب خیزد موج + ز ابر چشم ہمہ خون صرف گردد ہین-

خز- عربی مین ایک قسم کے ابریشمی کپڑے کا نام ہی نیز ایک قسم کے پوشین اور نام ایک شہر کا اور فارسی مین مخفف خزان-

خزاخز- ایک دوسرے مین گھسکر بیٹھنا-

خزف- بفتحتین سفال مٹی کا برتن جو ٹوٹا ہوا ہو-

خزدک و خزدوک- ایک جانور سیاہ رنگ جعل کی صورت پر وگو بر مین پیدا ہوتا ہی

خزرک- جزع و فزع و نالہ و زاری و تھوڑی سی تکلیف کے عاید ہونے پر چیخنا و

خزغابیل- بفتح خا و سکون زاے و فتح غین و کسر باے موحدہ و سکون یاے تحتانی اخیر مین لام موقوف ناحق و باطل-

خزائن- بہت سے خزانے زر نقد وغیرہ کے-

خزان- سردی کا موسم جب تک سورج بروج میزان و عقرب و قوس مین رہے

خزران- نام ایک ملک کا ترکستان مین-

خزمیان- ہندی زبان مین جند بیدستر یعنے خایہ سگ آبی-

خزاعہ- نام ایک قبیلہ کا عرب مین-

خزانہ- زر نقد وغیرہ کا گنجینہ- میر معزی- من دل خزانہ کردم و بنہادم اندرو + گنجے ز مدح شاہ بہ از گنج شایگان-

خزینہ- خزانہ مال و زر کا-

خزی- بفتح اول رسوا و بدنام-

خزانچی خزینہ چی- تحویلدار امین خزانہ اور وہ چیز جو منسوب بادشاہ کے ساتھ ہی- سیفی- ماہ خزینہ چی کہ چو دریگانہ است + در یک شاہوار کہ اندر خزینہ است + ہست این خزینہ غیرت بتخانہ کا بہ چین + ہر سو جواہر و بت من درمیانہ است-

خاے باسین

خست- کمینہ پن بخیلی و کنجوسی-

خسارت- گمراہی و زیان و نقصان- نظیری نیشاپوری- عشق را فائدہ دہ کہ زیان کار است + ہر کہ زین کوے سفر کرد خسارت بردہ-

خساست- ناکس ہونا ذلیل ہونا بخیل ہونا-

خست- بضم اول قرار و آرام اور کپڑے کی آستین و زنگ و لون و نفع و فائدہ

خستہ بند- وہ شخص جو ٹوٹے ہوے جوڑون کو باندھتا ہو-

خسر- عربی مین بضم اول نقصان و زیان اور فارسی مین بضمتین شوہر کا باپ یا جورو کا باپ

خسور- بفتح اول نقصان و زیان-

خسر- بفتحتین یخ یعنے وہ پانی جو بسبب سردی کے جم جاے-

خشتر- حشرات الارض زمین مین گھسنے والے جانور سانپ بچھو موش وغیرہ

خسیر- زیان کرنے والا نقصان کرنے والا-

خس- گھاس پات اور گھاس اور باریک جڑین گھاس کی اور ایک قسم کی گھاس کی جڑین جو خوشبودار ہوتی ہین- میرزا بیدل- تا لب تو نگہ را ابتلا بہوس افتاد + در چشم من از جوہر نظارہ خس افتاد-

خسّ- بفتح اول و تشدید سین عربی مین تخم کاہو و فرومایہ و ناکس و بخیل و ناکارہ آدمی

خسالیس- ژولیدہ زبان اور بد خویان و بدکار زبان-

خسیس- کمینہ نالائق بخیل آدمی-

خسوف - گہن مین آنا چاند کا اور چھپ جانا نظر سے -
خسف - زمین مین دھنس جانا اور بگڑ جانا -
خسک - بفتحتین ایک خاردار تخم ہی جسکو ہندی مین گوکھرو کہتے ہین اور اسی شکل پر
لوہے کا بناکر میدان جنگ مین بکھیر دیتے ہین تاکہ دشمن کے پاؤن مین گھسکر اسکو تکلیف ہو
خسک - گل کاجیرہ و گل معصفر جسکے تخم کو خسک دانہ کہتے ہین اور عربی مین قرطم و حب العصفر
خسم - پہلو مین زخم و ریش دمل وغیرہ کا -
خسران - نقصان و زیان -
خسرو - بضم اول اور بعض کے نزدیک بکسر اول معرب خوشرو بمعنی بادشاہ
و فرمان روا - ابن یمین - دو نان خان اگر از گندم است یا از جو + دو تا کہنہ باشد و یا نو - بجار گوشہ دیوار خود بخاطر جمع + کہ کس نگوید ازینجا
بخیز و آنجا رو - ہزار بار فزون تر بنزد ابن یمین + ز فر مملکت کیقباد و کیخسرو -
خسو - نام ایک شخص کا اکابر ملک چین سے اور حشرات الارض جیسے سانپ بچھو وغیرہ
خستہ - ٹوٹا ہوا غمناک رنجیدہ پریشان مضطرب و بیقرار اور تخم کسی میوہ
کا جیسے کہ خستہ خرما و خستہ شفتالو وغیرہ - شعر - چو دردام تعلق بستہ باشی
چو مرغ نیم جان دلخستہ باشی -
خسک دانہ - گل معصفر جسکا ذکر تحریر ہو چکا ہی -
خسارہ - بفتح اول نقصان و زیان -
خسخانہ - وہ مکان جسکے ہر طرف دروازون پر خس کے پردے لگاکر اور پانی
سے بھگوکر گرمی کے موسم مین بسر کرتے ہین - عبد الغنی قبول - رو دا سایش
داشک گرم تا بینید می + ساخت چشمی بے رخت خسخانہ از مژگان خویش -
خستوانہ - خرقہ جو صوفی لوگ پہنتے ہین اور رنگ رنگ ٹکڑے اسمین
لگائے جاتے ہین خستونہ بھی اسکو کہتے ہین -
خسر پورہ و خسورہ - خسر کا بیٹا سالا یعنے اپنی جورو کا بھائی -
خسروانی - نام ایک لحن کا ہی منجملہ لحنہاے باربد سے اور وہ ایک نظم مدح و
ثناے خسرو پرویز مین لکھی گئی ہی -
خسروی - ایک قسم کی شراب ہی جو خسرو پرویز کیواسطے نہایت لطیف کھینچی گئی تھی

خاے باشین معجمہ

خشکفا - و خشکوا - فطیری روٹی جو خمیری نہو -
خشکاب - بفتح اول ژندی زبان مین مانع یعنے منع کرنیوالا بلند کہنے بلا
خشب - بفتحتین چوب و ہیزم یعنے لکڑی -
خشت - اینٹ جو عمارت مین لگائی جاتی ہی اور چھوٹا نیزہ جسکو ہندی مین
سانگ کہتے ہین - نظامی - یکے خشت پولاد آلانس برنگ + برآورد وزد
بر دلاور نہنگ + ز سختی کہ تن را بہم در فشرد + بران خارہ شد خشت پولاد خرد
دگر خشتی اندراخت آن شیرنر + بران گشتنی ہم نشد کارگر + سوم ہمچنین خشت
بروے شکست + نشاید بخشت آب را باز گشت -
خشونت - درشتی و سختی و بیرحمی -
خشیت - ڈرانا خوف دینا دھمکانا -
خشنود - خوش اور بہیم راضی -
خشنسار - ایک قسم کی مرغابی ہوتی ہی جو تیرہ رنگ اور جسیم ہوتی ہی اور سر سفید
خشکار - وہ آٹا جو ابھی چھانا نگیا ہو -
خشکا دار - استسقا کی بیماری -
خشکسار - خشک زمین جسمین پانی نہو -
خشکسر - دیوانہ و سودائی -
خشخاش - مشہور تخم کو کنار کا ہی -
خشس - منکوحہ کی مان یعنے ساس -
خشیش - غلبہ و زیادتی -
خشوع - بضمتین عاجزی و فروتنی -
خشف - بفتح اول حیران ہونا ہمیٹ جانا دریافت کرنا -
خشف - بکسر اول ہرن کا بچہ -
خشک - مقابل ترکی سوکھا ہوا بے آب اور ہر چیز جو خالص ہو اور
بیفائدہ و بخیل و بدخو آدمی - مؤلف - چو گل ز گلشن عالم بہ بست رخت
سفر + نہ برگ خشک بماند بصحن باغ نہ تر + بیدار دہر ہر آنکس کہ می شود
شب باش + علی الصباح بہ بناید ازین سرا بستر -
خشوک و خشتوک - حرامزادہ و شریر -
خشتک - وہ مربع ٹکڑا کپڑے کا جو قبا کے زیر بغل اور شلوار مین چوبرون
کے موقع پر سیا جاتا ہی - جمال الدین سلمان - خشت پائش جو بدرہ
گردون خشتک + طرز مینا لش برد امن آفاق طراز -
خشمناک - غضبناک غصہ کی حالت مین - فردوسی - از و پاک یزدان
چو شد خشمناک + بدانست شد شاہ با ترس و باک -
خشل - مقل ازرق جو مشہور دوائی ہی -
خشم - غضب غصہ طبیعت کا جوش - سعدی - چو خشم آیدت
بر گناہ کسی + تامل کنش در عقوبت بسے -
خشت زن - اینٹین بنانے والا - حد ستگذار نوکر چاکر خادم - سعدی
غلام آبکش باید و خشت زن + بود بندۂ نازنین مشت زن -
خشمگین - غضب اور غصہ کیحالت مین - محسن تاثیر - صندل بستو کند
غمزۂ چین با بروش + طعنہ بجلد میزند جبہۂ خشمگین او -

خشن بفتحتین فارسی مین پلاس یعنے ٹاٹ اور فارسی مین بفتح اول ہر ایک چیز جو سخت ہو اور نام ایک بیماری کا جس سے جلد نہایت سخت ہو جاتی ہے۔
خشامن و خشتامن - زوجہ کی مان یعنے ساس -
خشیجان - چار عناصر سے ایک عنصر یا چارون عنصر -
خشین - بکسر اول نام ایک قسم کے باز کا ہے جسکو ترکی مین قرل قوش کہتے ہین -
خشنان - مبارک و ہمایون و خجستہ -
خشخشہ - وہ آواز جو کاغذ یا کپڑے پھاڑنے کیوقت نکلے یا اسکی حرکت سے
خشیہ - خوف و ہراس و دہشت -
خشکہ - پلاؤ بے روغن اور گیہون کا آٹا -
خشارہ - بفتح اول شاخین کا ٹنا درختون سے اور نکالنا فضول گھانس کا کھیتی سے +
خشوانہ - فقرا کا لباس اور خرقہ -
خشیشہ - نام ایک مرغ کا ہے جو بہار کے موسم مین باغ مین آتا ہے -
خشینہ - قسم ایک مرغابی کی ہے -
خشوی - جورو کی مان ساس -
خشکاری - وہ آٹا جو چھنا ہوا نہو -
خشکی - تری کے مقابل مین یبوست -
خشمی - رنجیدہ غضبناک غصہ کی حالت مین حکیم زلالی - زمژگان
چنین برخاست فریاد + کہ خشمی ہست ہان جلاد جلاد
خشمی - ہر چیز سیاہ رنگ جو مائل بکبودی ہو -
خشنی - عورت جو بدکار ہو -
خشیشی - ایک قسم کے کپڑے کا نام ہے -
خشنودی - خوشی خورمی و آرام -

خاے با صاد مہملہ

خصوصاً - بضم اول و تنوین مصدر ہے یعنے بطور خصوصیت
خصب - فراخی و عیش و آسودگی -
خصوصیت - خاص کرنا اور خاص ہونا -
خصومت - دشمنی بیر عداوت مصدر فوقانی - خدا دوست مرد مبارک نفس + بدنیا خصومت نورزد بکس -
خصلت - خوے عادت طرز طریق نیک ہو تو نیک خصلت بد ہو تو بد خصلت کہا جاتا ہے - ملا سیفی - دریغ و تا بخصلت سنبل گرفتہ ام در جوش نالہ عادت بلبل گرفتہ ام -
خصر - بفتح اول کمر اور میان ہر چیز کا -
خصر - بفتحتین [illegible] سرما اور سرد ہونا -
خصر - بفتح اول و کسر ثانی سرد اور تر اور نہایت سرد -
خصایص - جمع خصیصہ بہت سی خاصیتین اور خوبیان و عادتین
خصل - وہ نقد و جنس جو قمار باز داؤ پر لگا دیتے ہین اور جو رقم کسی شرط پر قائم کیجائے - ملا طغرا - چسان در نرد عشق و نباز م خصل پان را + زبے نقشی و دستش گرمیزنم یک خال مے آید -
خصال خصائل - خصلت کی جمع ہے بہت سی خوبیان عادتین ہندی
نہ بند د خدا دوست دل در جہان + باولاد و اسباب مال و منال + باخلاص ہر عمر میکند بندگی + خدا دوست مرد حمیدہ خصال -
خصام - جنگ و جدل لڑائی جھگڑا -
خصم - دشمن اور مالک اور صاحب اور شوہر عب - الغنی قبول - زبس بندی لبسرہا تنگ میگیرند بر مردم + زمان آنجا ازین رہ خصم می نامند شوہر را + سعدی - اگر خصم جان تو عاقل بود + بہ از دوستدارے کہ جاہل بود
خصوم - دشمنی کرنا جھگڑا کرنا -
خصیم - خصومت کرنے والا -
خصیص - ہر جس سے ملکر بات چیز کمہ -
خصاصہ - بفتح ہر دو صاد در ویشی و بدحالی و مفلسی و تنگدستی -
خصاصہ - بضم اول وہ انگور جو بعد چن لینے کے درخت پر رہجائے
خصمانہ - اسکے دو معنے ہین ایک غرور و ہیر و بخت و ہمدردی جو براہ شفقت کسی کے حال پر کیجائے دشمنی و عداوت اور دشمنون کیطرح پیش آنا - ملا شانی تکلو - آنکہ ہر جان خویشتن میخواستم + آنچنان خصمانہ می آمد کہ من میخواستم +
خصیہ - بیضہ یعنے انڈا -
خصمی - دشمنی اور بیر و عداوت -
خصی - جس گھوڑے و بیل وغیرہ کے خصیے توڑ دیے جائین -

خاے با ضاد معجمہ

خضرا - ہر چیز سبز اور سبز گھانس اور نام ایک عمارت کا ہمدان مین اور آسمان و مقدم قوم -
خضاب - عموماً ہر ایک رنگ اور خصوصاً رنگ حنا و وسمہ کا جس سے بال سیاہ یا سرخ ہو جاتے ہین نیز معنے رنگین اور خضاب کیا ہوا سعدی - برابروی عابد فریبش خضاب + چو قوس قزح بر رخ آفتاب - مؤلف - تو بال اپنے بڑھاتا کسلیے ہے + خضاب اسپر لگاتا کسلیے ہے + سفید بالون کو کیون کرتا ہے کالا + خلاف قدرت باری تعالے -
خضیب - بفتح اول بروزن رقیب رنگین کیا ہوا -
خضب - بفتح اول رنگ کرنا -

خِضب - بکسر اول وہ چیز جس سے رنگ کرین -

خُضرت - بضم اول سبزی -

خضریات - سبزیان و نباتات سبز -

خضر - بکسر اول نام ایک پیغمبر کا ہی اور بفتح اول و کسر ثانی شاخ سبز اور نام پیغمبر کا کیونکہ جس جگہ وہ نبی بیٹھتا ہی گھاس پیدا ہو جاتی ہی -

خضر - بفتحتین تازگی و سرسبزی اور نام پیغمبر کا جنکا اصلی نام ارمیا نبی تھا

خضور - سبز ہونے والا -

خضوع - بضمتین عجز و فروتنی کرنا -

خضف - جانب اور طرف -

خضر خان - ہند کے ایک بادشاہ کا نام ہی جسکو امیر تیمور بعد فتح ہند نائب بنا کر کے چھوڑ گیا تھا بعد چندے اُسنے دہلی مین شاہی اجلاس کیا

خضارہ - دریا و سیلاب پانی کا -

خاے با طاے

خط استوا - یہ ایک خط موہوم ہی ایک سرا اسکا مشرق دوسرا مغرب تک قیاس کیا گیا ہی معتدل النہار اور آفتاب خط استوا مین ہمیشہ باعتدال ہوتا ہی رات دن برابر کم زیادہ کو اسمین دخل نہین -

خطَبا - خطبہ پڑھنے والے لوگ یہ لفظ خطیب کی جمع ہی -

خِطا - بکسر اول گناہ و قصور -

خَطا - بفتح اول گناہ کرنا مقابل صواب کے اور وہ گناہ جو کسی سے بغیر ارادے کے سرزد ہو اور نام ایک شہر کا ترکستان و چین کے درمیان

سعدی - نگہدار ما را ز راہ خطا + خطا درگذار و صوابم نما -

خطایا - بہت سے گناہ اور خطائین جمع خطیہ کی جسکے معنے خطا کرنے کے ہین

خطوب بضمتین جمع خطب کی جو بفتح اول بمعنی کار بزرگ کے ہین -

خِطب - بکسر اول وہ کلمہ جو خاطب نکاح کے وقت کہے اور وہ کلمہ جس سے نزاع فریقین کی رفع ہو جاے -

خِطاب - بکسر اول کسی کے ساتھ رو برو گفتگو کرنا و نام و لقب جسمین مدح ہو - میرزا جلال اسیر کج کلاہان قبلہ عالم خطابش داده اند مہر را بینی برنگے کردہ تسخیر آئینہ -

خطیب - خطبہ پڑھنے والا حمد باری و نعت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک

خطیبہ - وہ کلمہ جو خاطب نکاح کے وقت کہے -

خطوات - جمع خطوہ جسکے معنے قدم کے ہین -

خطر بفتحتین قدر و جاہ و عظمت و بزرگی و بمعنی آفت و دشواری اندیشہ و فکر و رنج ہندی - بود ہمیشہ گرفتار رنج و دنیا دلم + رود زنا مہ عمر شوکا نام و نشان خطر

خطیر - بزرگ و عظیم و بیشمار - ہندی - ہست ذات پاک آن رب قدیر + لاشریک و بی مثال و بے نظیر + پاک بداند جہان و صاف و مدح خوانش ہر صغیر و ہر کبیر + تاجداران را اللہ محتاج نان + بی سر و پا را کند اہل سریر + تنگدستان را بلطف بیشمار + گنج و افر بخشد و مال و خطیر -

خطاط - خوشنویس کاتب لکھنے والا - سیفی - خطاط من کہ عشوہ بسیار میکند + گوئی ہمیشہ مشق ہمین کار میکند -

خطف - چمکنا بجلی کا اسقدر کہ اُسکی روشنی سے نظر خیرہ ہو جاے -

خطّاف - ابابیل جو مشہور چڑیا ہی -

خِطام - بکسر اول اونٹ کی مہار -

خطہ - مقرر کیا ہوا احاطہ جسکے حدود قائم کیے گئے ہون -

خطیئہ - گناہ و تقصیر و خطا بھول چوک -

خِطبہ - بکسر اول نکاح کے لیے درخواست کرنا -

خطبہ - بضم اول حمد باری و نعت نبی و وعظ و نصیحت کا مضمون -

خطفہ - ایک بار چمکنا بجلی کا ایسی روشنی کے ساتھ کہ نظر کو خیرہ کر دیوے

خطوہ - فاصلہ ایک قدم کا جو رفتار کے وقت ہو -

خطرایہ - درویشون کا خرقہ -

خطی - برد یمانی کے اقسام سے ایک قسم کا کپڑا ہی جو خط دار ہوتا ہی -

خطمی - مشہور پھول ہی جسکو خیرو کہتے ہین -

خاے با فاے

خفا - پوشیدگی اور پردہ داری -

خفایا - پوشیدگیان اور پردہ داریان -

خفجی - کابوس کی بیماری یعنے نیند مین ڈر جانا اور ڈر اٹھنا -

خفت - خفیف ہونا کم وزن ہونا بیعزت ہونا - محسن تاثیر - از طرفہ رسمہای فلک در تعجبم + کامے بکس نداد کہ خفت نمیدہد -

خفج و خفنج - بیماری کابوس کی اور خردل جنگلی اور پھسل جانا اور ٹھوکر لگنا

خفرج - خرفہ جسکو عربی مین بقلۃ الحمقا کہتے ہین -

خفنج - ناز و غمزہ و عیش و طرب -

خفر - بفتحتین شرم و حیا و نگہبانی -

خفیر - شرمناک و فریادرس و نگہبان -

خفاش - شپرہ جمگادڑ جو رات کو اڑتا ہی -

خفغف - نیچے ڈالنا اور دبا لینا اور گرا لینا کسیکو -

خُف - بضم اول موزہ پاؤن مین پہننے کا -

خَف - بفتح اول سوختہ چقماق کا اور جلانے کی لکڑی

خفاف - موزہ سینے والا اور بیچنے والا -

خفرق - زبون اور برا اور بدخو و بے عزت و بے آبرو -

خفریق - زشت و بدشرمندہ و نادم -

خفیق - ہوا کے چلنے کی آواز اور پانی کے بہاؤ کی آواز -

خفچاق - ترکون مین سے ایک جنگلی قوم ہے -

خفتک - بیماری کابوس کی -

خفقان - بحرکات ثلاثہ نام ایک بیماری کا یعنے تپنا اور دل کا دھڑکنا -

خفتان - جامہ سپاہیون کے پہننے کا - **نظامی** - بدید خفتان زرہ پارہ کرد + عمل بین کہ پولاد با خارہ کرد -

خفاجہ - عرب مین ایک قبیلہ بنی عامر کی شاخ ہے -

خفیجہ - بیل ہانکنے کی لکڑی جسکے سر پر نوکدار لوہا نصب ہوتا ہے -

خفیہ - پوشیدہ مقابل ظاہر کے -

خفہ - بند ہونا گلے کا اور جسکا گلا بند کیا جاوے - **ملا طغرا** - تا نماید خفہ از دود دم غنچہ صفت + مشعل لالہ نہ انگیخت ضیا در کشمیر -

خفگی - گلا گھونٹا جانا دم بند ہونا -

خاے بالام

خلفا - خلیفہ کی جمع ہے بہت سے خلیفے یعنے جانشین و قائم مقام -

خلوبسا - وقف چیز جو ہر ایک شخص کے استعمال مین آسکے اور آدمی جسکو دیوانگی و مالیخولیا کی بیماری ہو و بے شرم و بیحیا و بیباک یہ لغت پہلوی ہے -

خلا - خالی ہونا اور خالی مقام -

خلاب - کیچڑ اور وہ مغاک جسمین گندہ پانی ہو اور زمین جو نمناک ہو -

خلافت - نائب ہونا قائمقام ہونا خلیفہ ہونا - **نعتیہ** - محمد کو خدا نے مرتبہ بخشا خلافت کا - اماموں مین عنایت کر دیا رتبہ امامت کا -

خلت - دوستی محبت و پیار -

خلاقت - کہنہ ہونا پُرانا ہونا -

خلاعت - بکسر اول بیماری سے غم کھانا -

خلاعت بفتح اول ماں باپ کے حکم سے باہر ہونا عاق ہونا بے سامان و پریشان ہونا -

خلقت - پیدایش آفرینش -

خلعت - اپنے بدن سے اُتار کر کپڑا کسیکو پہنانا بکسر اول صحیح ہے اور بفتح اول خطا اور وہ کپڑے جو بادشاہ کسی مصاحب و ملازم کو عنایت کریں اور وہ دستار و جامہ و کمربند تین کپڑون سے کم نہون اور تحسین اُستاد خوشنویس کی اپنے شاگرد کو نسبت اُس حرف کے جو شاگرد نے باقاعدہ لکھا ہو اور بعد پسند اصلاح کے وقت اسپر خط کھینچ دیا ہو - **سید حسین خالص** - نیستا بروانیکہ بربالاے چشمت کردہ جا + عین خوبی دیدہ است استاد خلعت دادہ است -

خلوت - بفتح اول خالی ہونا اور جگہ خالی جسمین کسی غیر کا دخل نہو - حمد - تو جلوہ میدہی ای صانع اکبر زہر صنعت + تو ظاہر میشوی ای کاتب قدرت ہر صورت + تراخواند تراداند ترا خواہد ترا جوید + ترا سجدہ کند ہر بندہ بر خاک عبودیت + توئی اول توئی آخر توئی ظاہر توئی باطن + توئی ناظر بہر خلوت توئی حاضر بہر جلوت -

خلیج - وہ نہر یا شاخ جو دریا سے نکالی گئی ہو - **جلالاے طباطبا جاجی** - **محمد جان قدسی کی تعریف مین** - سخن را آب در جو از سطور ش خلیجے ہفت دریا از بحور ش -

خلنج - نام ایک قوم جنگلی کا ترکستان مین -

خلنج - ہر ایک چیز ابلق اور دو رنگا اور وہ کبوتر جو سب سیاہ ہو اور تھوڑے پر اُسکے سفید ہون -

خلع روح - اپنی روح کو دوسرے کے جسم مین داخل کرنا اور یہ طریق ہنود و جوگیون کا ہے جو نتیجہ اُنکی ریاضت شاقہ کا ہے -

خلنخ - بروزن فرخ نام ایک شہر کا ترکستان مین -

خلد - بہشت اور وہ جگہ جہان ہمیشہ رہنا ہو اور فارسی مین نام ایک جانور کا جسکو موش کور کہتے ہین ہمیشہ زمین کے اندر رہتا ہے درختون کی جڑین کھاتا ہے اگر اُسکو سوراخ سے نکالنا چاہین تو پیاز اسکے سوراخ کے آگے رکھ دیتے ہین فی الفور نکل آتا ہے گوشت اسکا زہر قاتل ہے -

خلود - ہمیشہ و ہمیشگی -

خلار - شیراز کی نواح مین ایک قصبہ ہے -

خلر - کرمان مین یہ ایک قسم کا غلہ پیدا ہوتا ہے جسکو لوگ کھاتے ہین کرسنہ بھی کہتے ہین گائے بھینس اُسکے کھانے سے دودھ زیادہ دیتی ہین -

خلیش - سیاہ و سپید ملے ہوے بال اور وہ دو چیزین جو آپس مین ملی ہوئی ہون جیسے برنج و ماش جسکو کھچڑی کہتے ہین اور دو یا تین میوے آپس مین ملے ہوے -

خلاش - کیچڑ جو بسبب بارش وغیرہ کے راستون مین ہو جاوے -

خلش بفتح اول و کسر لام چبھنا کسی نوکدار چیز کا بدن مین اور زخم کرنا مجازاً خصومت و عداوت کرنا - **نور الدین ظہوری** - جوے خون از رگ گردن بتر ہوش آید + خلش غمزۂ ہندو پسرے درکار ست -

خلایش - بہ باے موحدہ گیلانی زبان مین نوکر چاکر خدمتگار -

خلاکوش - شور غوغا و آشوب و فتنہ -

خلاص بکسر اول خالص و برگزیدہ و صدق و محبت اور بوتہ زرگران یعنی سنارون کی کٹھالی -

خلاص - چھوٹنا رہائی پانا - **ہندی** - چون برآید بندہ ٔ پابند زین بند بلا چون شود زین مبتلاے آفت از زندان خلاص -

خلوص - خالص ہونا پاک ہونا اور دوستی و محبت جو آپس میں ہو اور وہ دُرد جو کسی چیز کی تہ میں بیٹھ جاوے

خلط - بکسر اول ہر چیز ملی ہوئی اور آمیختہ اور ایک خلط چار اخلاط جسمی سے یعنی صفرا سودا بلغم و خون
خلط - آپس میں مل جانا -

خلیط - شریک و انباز و سہیم کسی حقوق میں اور آمیزش کرنے والا -

خلع - بفتح اول اپنی جگہ سے نکلنا اور ہل جانا کسی جوڑ کا جوڑ سے اتارنا کپڑوں اور موزہ کا اور طلاق لینا عورت کا اپنے شوہر سے بعد چھوڑ دینے حق مہر کے

خلاع - بکسر اول بہت سی خلعتیں جمع خلعت -

خَلف - بفتح اول پس یعنے پیچھے اور فرزند بد اطوار و بدکردار -

خَلَف - پیچھے سے آنے والا اور فرزند نیک و صالح یہ لفظ بفتحتین ہی

خُلف - بضم اول خلاف وعدہ کرنا -

خلف - بکسر اول چارپایہ یا انسان کے پستان چیز مختلف اور آدمی اوڑنے والا -

خَلِف - بفتح اول و کسر ثانی شتر مادہ آبستن یعنے حاملہ اونٹنی - **علی خراسانی**
طفل دل را اہ معلم رخصت ارشاد نیست + ہیچ شاگرد خلف را حاجت استاد نیست -

خلاف - ناسازگاری و دشمنی و ستیز و عداوت اور برخلاف ہونا ایک دوسرے کی مخالفت کرنا - **سعدی** - چو در لشکر دشمن افتد خلاف + تو بگذار شمشیر خود در غلاف

خلایف - جمع خلیفہ کی بہت سے خلیفے -

خلوق - بفتح اول و ضم ثانی خوشبو -

خِلاق - بکسر اول ایک قسم کی خوشبو کا نام ہی -

خَلاق - بفتحتین لائق اور اچھا حصہ خوبی سے -

خَلّاق - پیدا کرنے والا نام صفاتی حضرت باری عز اسمہ - **بیت** -
گذار عمر بہ تہذیب خوبی و اخلاق + کہ بر تو نیز کند لطف حضرت خلاق -

خَلق - بفتح اول و سکون ثانی پیدا کرنا اور پیدا کیا ہوا اور پیدا کیے ہوے اور اندازہ کرنا -

خُلق - بضم اول و بضمتین خوے و عادت و مروت و طرز و طریق و طبیعت
شعر - درمیان خلق با خلق نکو + کن گذارہ چون [illegible] زای حق شناس -

خلق - بفتحتین پرانا ہونا کپڑے کا اور پرانا کپڑا -

خلیق - صاحب خلق نیک و عادت نیک - [illegible] بخلق نیک بکن کار در جہان شب و روز + کہ کو بدت ہمہ خلق جہان ادیب و خلیق -

خلایق - زمانہ کے لوگ مخلوق خدا -

خلشک - پاجامہ کا پائچہ اور [illegible] جو اوپر سے رنگین کیا ہوا اور اسطرح کے کوزہ شہر خلخ [illegible] ہیں -

خلنگ - ہر چیز جو ابلق ہو

خلال - بکسر اول وہ فاصلہ جو دو چیزوں کے درمیان ہو و دوستی و محبت اور دوست اور خصلتیں اور خوئیں و چوب دندان و حسن و کاہ جس سے دانت صفا کیے جائیں -

خَلیل - دوست صادق و لقب حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام
نظامی - گر آری خلیلے زبت خانہ + کنی آشنائی ز بیگانہ -

خلخال - ایک زیور کا نام ہی جو عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں پاینجن بھی اسکو کہتے ہیں اور نام ایک شہر کا ہی آذربائیجان میں - **نظامی** - ہمہ عنبریں خال و خلخال پوش + سر زلف پوشیدہ بالاے گوش -

خِل - بکسر اول و تشدید لام یار دوست پیارا -

خَل - بفتح اول و تشدید سرکہ جو مشہور چیز ہی -

خلل - رخنہ و تباہی و خرابی - **ابوطالب کلیم** - صد خلل در راحت تنہائیم افتاد گر ز آشنایان گردبادے در بیابان دیدہ ام -

خِلم - فارسی میں بکسر اول غلیظ پانی جو ناک سے [illegible] ہو اور عربی میں یار دوست

خلجان - تردد و فکر و اندیشہ بر ذرن رمضان -

خلاشان - حاسدان و دشمنان -

خلقان - پرانا و کہنہ اور پرانا کپڑا -

خُلّان - جمع خلیل بہت سے دوست -

خلنجان - نام ایک گھانس کا ہی جس سے سجی بنائی جاتی ہی -

خُلُو - خالی ہونا اور خلوت کرنا -

خلاشہ - خس و خاشاک کوڑا -

خلہ - وہ سیخ جسکا سر تیز ہوا اور ہر چیز نوکدار اور نام ایک بیماری کا جس سے بیمار کو یہ معلوم ہوتا ہی کہ کوئی شخص اسکے بدن میں سوئیاں چبھو رہا ہی -

خلطہ - شراکت کرنا شریک و حصہ دار ہونا -

خلابہ - فریفتہ کرنا -

خلیفہ - نائب و قائم مقام قال اللہ تعالی انی جاعل فی الارض خلیفہ -

خلال مائدہ - رشتہ میدہ جسکو ہند میں سوئیاں کہتے ہیں اور شیر و شکر کے ساتھ کھاتے ہیں اصل میں یہ لفظ سیمیا ہی یعنے چاندی کے تار -

خلاصی - یہ لفظ اگرچہ غلط ہی مگر فارسی میں مستعمل ہی - **ولی** - یا ضی راضی بخلاصیم نشد مرگ + مردیم و الے نیاز مندیم -

خاے با میم

خمب - بڑا مٹکا شراب وغیرہ کا -

خُمُود - سرد ہونا اور بیہوش ہونا اور آرام پکڑنا -

خمار - بکسر اول اوڑھنی عورتوں کے پہننے کی -

خمّار - بفتح اول وتشدید میم شراب بنانے والا اور بیچنے والا - میرزا صائب - توبہ را میکند خراباتی + لب میگون وچشم خمارش -
خُمار - بضم اول وفتح ثانی مستی جو شراب پینے سے ہو اور بعد اتر جانے مستی کے بقیہ اسکا دماغ میں رہجائے اور وہ شخص جو مخمور ہو - اسیری لاہیجی - گہ ز چشمش مست بودم گہ خمار + گہ ز زلف مشکبویش بیقرار -
خمر - شراب جسکا پینا شرعاً حرام ہی -
خمیس - روز پنجشنبہ یعنے ویروار جسکو تمام جمعرات کہتے ہین اور وہ فوج جو پانچ حصہ مین منقسم ہو مقدمہ - قلب - میمنہ - میسرہ - ساقہ -
خمس - پانچوان حصہ -
خمس - پانچ جو مشہور عدد ہی -
خماش - وہ چیز جو کارآمد ہو جیسے کہ درزی کی دوکان کے فرادر سے ٹکڑے کپڑے کے اور لوہے کی میل -
خموش - چپ اور فرمانبردار -
خمط - ایک قسم اراک کی درخت کی جسکو ہندی زبان مین پیلو کہتے ہین -
خمع - گرگ یعنے بھیڑیا جو مشہور درندہ جانور ہی -
خمک - وہ دائرہ چوبی یا آہنی یا برنجی جسپر چمڑا چڑھا کر نقارہ و دف وغیرہ بناتے ہین -
خمول - گمنام ہونا بے نام ونشان ہونا -
خمل - خالص جسمین دوسری چیز کی آمیزش نہو -
خم وخم - ناز و ادا جو معشوق سے خرام کیوقت وقوع مین آئے -
خم - مٹکا جسمین شراب یا اور کوئی چیز رکھی جائے وکوس نقارہ یہ لفظ بتشدید میم بھی لایا جاتا ہی - اسیری لاہیجی - از کف ساقی چو نوشیدم شراب آتشین + مست ولایعقل برآوردم چو خم بادہ جوش -
خم - جھکاؤ ہر چیز کا اور جھکا ہوا یہ لفظ بتشدید میم بھی نظم مین لایا جاتا ہی فردوسی - سپہ پہلوان بود پادشاہ جم + بخم اندرون شاد و خرم بہم + کمال اسمعیل - آتش خاطرت در امردہ + گردن بادہ را بخم کمند -
خِہم - بکسر اول ژندی زبان مین بگڑے طبیعت ورزخم اور ریم وچرک جو زخم سے نکلے
خم خم - ایک گھانس کا نام ہی جسکو اونٹ رغبت سے کھاتا ہی اور موٹا ہوجاتا ہی -
خماہن - بضم اول بروزن کشادن ایک قسم کا پتھر تیرہ و کبود رنگ مائل بسرخی ہوتا ہی اسکے نگینے اور مہرے بنائے جاتے ہین عربی مین اسکو صندل حدیدی بولتے ہین - مغاثی بلخی - ز ایوان آبگینہ شامی برون خرام + کت بر سرست ژالہ خماہن ز آسمان -
خمان - کمان جس سے تیر چلایا جاتا ہی پہلے بسبب خمدار ہونے کے اسکو خمان کہتے تھے پھر حرف خا مبدل بکاف ہوگیا اور کمان مشہور ہوا

اور نام ایک دوا کا جسکو شیلوخہ بھی کہتے ہین اور نام ایک میوہ کا جو خمانی مشہور
خمدان - کمہارون کا پژاوہ اور شراب خانہ -
خمینان - تند بارش جو ہوا کے ساتھ ہو ہندی مین جسکو بوچھار کہتے ہین
خمسین - عربی مین پچاس کا عدد -
خمیازہ - انگڑائی جو ایک حرکت جسمانی ہی -
خمخانہ - شراب خانہ -
خمسہ - پانچ مصرعہ کی نظم -
خمیر مایہ - تھوڑا سا خمیر جس سے بہت سا خمیر بنالین -
خمرہ - بضم اول بوریا جو مشہور چیز ہی -
خمرہ - مخفف خمیرہ -
خمچہ - چھوٹا مٹکا جسمین شراب ہو - ملا طغرا شراب کی تعریف مین گل خمچہ اش نزد طراح جام + بعقل مخمر برآوردہ خام + بود خمچہ قسمی ز خم لیک خورد + تو انش بہ بزم بزرگانہ برد -
خم عیسی - حضرت عیسیٰ کا خم جس سے وہ ہر ایک رنگ کا کپڑا رنگ دیتے تھے
خماسی - وہ لفظ جسمین پانچ حرف ہون -

خاے بانون

خنفسا - بضم اول وفتح فاے وہ کرم جو گوبر مین پیدا ہوتا ہی عربی مین اسکو جعل اور ہندی مین گبرونڈا کہتے ہین -
خنثا و خنثی - وہ شخص جسکو مرد اور عورت کی دونون علامتین حاصل ہون
خنیا - بروزن دنیا سرود و نغمہ و راگ -
خنکا - خوش ہی یہ لفظ خوشی کے موقع پر بولا جاتا ہی -
خنگا - موٹا ہٹا کٹا بے حیا بے شرم -
خاشا - فرخندہ ومبارک ومیمون -
خنب - طاق وصفہ وایوان اور خم یعنے مٹکا شراب وغیرہ کا -
خنج - حاصل ونفع وسود اور آواز جو جماع کے وقت سنی جائے -
خنفج - سیاہ رنگ تخم جو آنکھونکی دوا مین مستعمل ہین ہندی مین چاکسو کہتے ہین -
خنیاگر - مطرب وقوال راگ گانے والا -
خنزیر - خوک جسکو ہندی مین سور کہتے ہین مشہور جانور ہی -
خنجیر - نیزہ و سنان اور وہ بدبو جو چمڑا جلانے سے پھیلتی ہی یا گوشت کے بھوننے کے وقت اور ہر چیز جسکی بو تند و تیز ہو -
خنسار - ایک آبی جانور کا نام ہی جسکا گوشت کھاتے ہین -
خنگسار - شورہ جس سے بارود بناتے ہین -
خنور - کاسہ وکوزہ وخم وسبو وغیرہ ضروری برتن گھر کے -

خنیور - مزارع زراعت کرنے والا۔
خنصر - ہاتھ کی چھنگلی انگلی۔
خندگار - مخفف خداوندگار صاحب مالک بادشاہ حاکم۔
خنازیر - جمع خنزیر کی اور نام ایک بیماری کا جو گلے میں ہوتی ہی۔
خنجر - مشہور ہتھیار ہی جسکو دشنہ بھی کہتے ہیں۔ جمال الدین سلمان
نیست ممکن کہ من از خط تو بردارم سر + گر نہندم چو قلم خنجر بران بر سر
خنجری نواز - خنجری بجانیوالا اور خنجری نام ایک ساز کا ہی۔
خندریس - خندروس - پرانی شراب اور پرانی گیہون اور رومی گیہون اور رومی جو وغیرہ۔
خانس - پہاڑی گائے۔
خنّاس - شیطان جو دل مین وسواس ڈالتا ہی۔
خنافس - جمع خنفسا بہت سے گوبر کے کرم۔
خنوس - کسی چیز کے پیچھے چھپ جانا۔
خندق - معرب کندہ یعنے زمین کھودی ہوئی اور کھائین جو حصار کے گرد کھودی ہوئی ہوتی ہی۔ اوحدالدین انوری۔ حصار کردہ بر پا
آبگینہ گون طارم + بگردش زدہ از بحر بیکران خندق۔
خنق - گلا دبانا سانس بند کرنا خفہ کرنا۔
خناق - ایک گلے کی بیماری کا نام ہی۔
خنادق - جمع خندق کی۔
خنگ - سفید ہر چیز خصوصاً سپید گھوڑا جو سیاہی اور سبزی پر مائل ہو اسکو خنگ سبزہ اور اگر صرف سپید ہو خنگ نقرہ کہتے ہین۔
خُنگ و خُنُگ - باختلاف حرکات سرد او خشک۔ صائب مین
نہ آن دریاے پرشورم کہ خاموشم کنند + بانگفتار خنک دل سرد از جوشم کنند۔
خناک - گلے کی بیماری کا نام ہی جس سے گلا سوجکر گھٹ [illegible] جاتا ہی خناق کا معرب
خنبک - خجستان مین ایک قریہ ہی اور فقرا کا خرقہ اور گدڑی اور تالی بجانا۔
خنجک - ایک تخم ہی جسکو عربی مین حبۃ الخضرا کہتے ہین و بضم اول درمنہ جو مشہور چیز ہی و بفتح اول سیاہ دانہ و خار خسک۔
خنگ و نوگ - نکما آدمی ناکارہ آدمی جو کچھ کام نکر سکے۔
خنکال - ژندی زبان مین سوراخ اور نشانہ تیر کا۔
خنگل - ایک قسم کا ہتھیار ہی۔
خَنَام - ایک بیماری کا نام ہی جو گلے اور گھوڑے اور اشتر کو ہوتی ہی۔
خن - مخفف خانہ یعنے گھر۔
خندان - ہنستا ہوا اور شگفتہ۔
خندستان - ہنسی کا موقع اور مقام وہان اور لب معشوق کے۔
خنستان - مبارک و خجستہ و ہمایون خلستان کے معنی بھی پہلوی مین یہی مین ہیا
خنکو - وہ گھانس جسپر ترنجبین گرتی ہی۔
خنو - بزبان پھوہڑ بد سلیقہ احمق۔
خندہ - مقابل گریہ ہنسنا شگفتہ ہونا۔ میرزا صائب۔ لب عاشقان
سیہ روز خندہ بے دردی ست + ترا کہ صبح بناگوش شام میگردد۔
خنیدہ - پسندیدہ و مطبوع خاطر۔
خنبرہ - چھوٹا کوزہ جسکا منھ تنگ ہو اور چھوٹا خم یعنے مٹکا۔
خلنبہ - نیل گردن لمباخم اور وہ چھپر اور ٹٹی جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین
خنجری - نام ایک ساز کا ہی۔
خنگ ملسی - وہ سپید گھوڑا جسکے بدن پر سیاہ خال ہون۔
خنثی - یونانی زبان مین سریش کو کہتے ہین جس سے لکڑی وغیرہ پیوند کرتے ہین اور عربی مین وہ شخص جو عورت و مرد کی دونون علامتین رکھتا ہو۔
خندیلی - جنگلی کاسنی۔

خاے با واو

خوشا - بہت خوش نہایت خوشتر ہی۔ ع - خوشا زندگانی کہ صبح و مساء بود بندہ مشغول یاد خدا۔
خوانا - مقابل ناخوان کے پڑھا ہوا اور خط خوش جو فوراً پڑھا جاے۔ محسن تاثیر
از خط روشن سواد دیدہ روشن نشد + مصحفی ہر چند خوانا تر نبیا شد ازین
خونبہا - وہ دیت جو خون کے عوض مین مقتول کے وارثون کو دیجاے یعنے معاوضہ مقتول کے خون کا۔ شانی تکلو - دہند جاے بہ پہلوے
خود فرو شالش + بروز حشر شہیدی کہ خونبہا دارد۔
خودستا - جو اپنی تعریف آپ کرے۔ ناصر علی - خودستائیست
[illegible] اہل کمال + آب لب بست از صدا چون گوہر یکدانہ شد۔
خولیا - ایسی چیز جسپر ہر کوئی متصرف ہو سکے مگر اصلی مالکیت حاصل نہو۔
خوشاب - ایک قصبہ پنجاب مین ہی۔
خواب - نیند اور جو حالت نیند مین نظر آئے۔ میرزا صائب۔ گرفت
دامن گل شبنم از سحر خیزی + زگرد خواب نشود دست در رو تو ہم برخیز۔
خوست - کوٹا ہوا اور ملا ہوا اور نام ایک جزیرہ کا۔
خوشت - برہنہ مادرزاد۔
خواست - سوال کرنا مانگنا۔
خواج - لڑنے والا بھیڑ و میش نر جسکے بڑے بڑے سینگ ہوتے ہین اور خود جو جنگ مین سر پر پہنتے ہین و گلو بند سرخ جو گلے پر باندھتے ہین اور

نام ایک سرخ رنگ پھول کا اور تاج سرخ جو خروس کے سر پر ہوتا ہے
خوخ - بهردو خاے معجمہ شفتالو یعنے آڑو جو مشہور میوہ ہے -
خورداد - نام ایک مہینے شمسی کا ہندہ مین تقریبا اساڑھ کا مہینا
اور نام چھٹے روز ہر ایک شمسی مہینے کا -
خولشاوند - خویش اقربا رشتہ دار -
خورد - لائق اور قصہ بزرگ یعنے چھوٹا اور صیغہ ماضی خوردن -
خوشید - خشک ہوا سوکھ گیا - **سعدی** - بخوشید سر چشمہاے
قدیم + نماند آب جز آب چشم یتیم -
خوشنود - خوش و خوشحال و فارغ بال - **مؤلف** - غم دنیا مخور
اے مرد دیندار + کہ باشی خورم و خوشحال و خوشنود -
خورسند - خوش و خوشحال و فارغ بال - **مؤلف** - اگر در بندگی
پابند باشی + ہمیشہ خوشدل و خورسند باشی -
خود - بضم اول و واو غیر ملفوظ بذات خود یعنے آپ شعراے متقدمین
نے خاے خود کو مفتوح بھی پڑھا ہے اور بد کے ساتھ قافیہ کیا ہے چنانچہ
سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہین - **سعدی** - بس پردہ بینی عملہاے
بد + جہان پردہ پوشد بآلاے خود -
خود بواو معرف بروزن وو عود لوہے کی ٹوپی جو سپاہی جنگ کے موقع پر سر پر رکھتا ہے
خورشید - یہ لفظ صحیح بغیر واو کے ہے جو پہلے بھی تحریر ہوچکا ہے مگر چونکہ
اکثر استادان متقدمین نے اسکو واو کے ساتھ بھی لکھا ہے بتبع صاحب
بہار عجم وغیرہ مکرر تحریر اسکی عمل مین آئی عربی مین اسکو شمس فارسی
مین آفتاب و آفتاب ہندی مین سورج کہتے ہین - **نظامی** - چو یاقوت
خورشید را دزد برد + بیاقوت جستن جہان پے فشرد + بدزدی گر تند
مہتاب را + کہ برد آنجنان گوہر ناب را -
خوید وخید - سبز غلہ جو ابھی پختہ نہوا ہو اور لائق چرائی مویشی کے ہو -
سعدی - ہر کہ مزروع خود بخورد بخوید + وقت خرمنش خوشہ باید چید -
خوشامد - تملق و چاپلوسی و نرم زبانی - **ملا شریف** - تعظیم با مرتبہ تر
کردہ است یار + کز مدعی ہزار خوشامد شنیدہ ایم -
خوار - عربی مین گاے کی آواز اور فارسی مین بواو معدولہ ذلیل و حقیر
وکم عزت و حقیر و ناچیز اور نام ایک ملک کا عراق مین جسکی زمین نہایت
سخت وکم زراعت ہے - **نظامی** - کنیزے باین چہرہ ہم خوار نیست +
کہ در خوبروے کشش یار نیست - **فردوسی** - تو زینگونہ با خوار مایہ
سپاہ + مزو جون توانی شدن کینہ خواہ -
خوان سار - خوان سالار - خوانساماں طباخ باورچی خانہ کا مہتمم

اثیر الدین - خوان سار اجل ہی کند راست + برخوانچہ تیغ کاسۂ سر -
خورش گر - کھانا پکانے والا باورچی - **فردوسی** - ز ہر گوشت از مرغ
واز چار پاے + خورشگر بیاورد یکیک بجاے -
خوگار وخوگر وخوگیر - عادت یار یعنے جس کام کرنے کے کسیکو عادت ہو -
ہندہ مین خوگیر نمدزین کو بھی کہتے ہین جو گھوڑے پر ڈالتے ہین - **حافظ**
چشم حافظ کہ بدیدار تو خوگر شدہ بود + ناز پروردہ وصال ست مکن آزارش -
خور - عربی مین سستی و کاہلی -
خور - فارسی مین بواو معدولہ خوراک و طعام اور سورج اور نام گیارھوین
دن کا ہر ایک شمسی مہینے سے - **سعدی** - فہداز کوہ یک وز سر گرو
کہ آن قلتبان حلقہ بر در نزد + **ذوقی** - کجا شایان بود ذوقی کہ انسان
گذارد عمر در فکر خور و خواب -
خواستار و خواستگار - خواہشمند سوالی مانگنے والا -
خوشگوار و خوشگواران - جو کھانے کی چیز مطبوع طبع ولذیذ و ہاضم ہو -
میر خسرو - بدین خوبی زلال خوشگواران + چہ بیرون ہرزہ ہر خاکی چو باران -
خوالیگر - باورچی کھانا پکانے والا - **درویش والہ ہروی** - میکند
خورشید سہ رکابہ پر تامیرود + در فضاے مطبخ رہ خوالیگرے -
خوندگار مخفف خداوندگار صاحب و مالک -
خوار - لکڑی کی چھڑی جو ہاتھ مین رکھی جاے اور بیل وغیرہ کو اس سے ہانکین
خودلبسوز - نام ایک آتشخانہ کا جو آذربایجان مین آتش پرستونکا معبد تھا نہ
تھا خودسوز اور خوردی سوز بھی اسکا نام تھا اسلام کے وقت مسمار ہوا
خوز - پہلوی زبان مین نیشکر یعنے گنا اور نام ایک ولایت کا دار الحکومت شہر شوستر
خویوز - شب پرہ جو مشہور پرندہ ہے -
خواس - خوف و ترس و ہراس -
خوش - شاد و خرم مقابل غمناک کے - **سعدی** - میان دو عمزادہ
وصلت فتاد + دو خورشید سیما و مہتر نژاد -
خویش - رشتہ دار ہم جدی ہم قوم اور آپ یعنے بذات خود - **ملا تقی** -
سن نامہ از باد صبا بیش میبرم + قاصد اگر بہم نرسد خویش میبرم - **میرزا صائب**
ہنوز راہ مرا نیست حاجتے صائب + کہ بارۂ دل خویش ست راہ بارۂ من
خواجہ تاش و خواجہ تاشان - ایک صاحب کے دو نوکر یا دو غلام
ہون تو آپس مین خواجہ تاش ہین - **جمال الدین سلیمان** - با غلامان
درت اقبال و شادی خواجہ تاش + خواجہ تاشان قدیمی بندۂ این خاندان
خواہش و خواہشگری - التجا آرزو جو انسان کے دلمین ہو
نظامی - بخواہش نمودن زبان برکشاد + بسے آفرین شاہ را کرد یاد -

چو دارا شنید آن دم دلنواز + بخواہشگری دیدہ را کرد باز۔

خوش باش - جو شخص ہمیشہ خوش رہے کسی چیز کا غم نکرے۔ حافظ -
خوش باش حافظا کہ حریفان خورد و نوش + جام طرب بعاشق خوشباش میدہد

خواص - نوکر خدمتگار حاضر باش - عرفی - گیت خواہنت زہرہ قوال
و مگس رانت زحل + آبدارت ابر نیسان و خواصت آفتاب -

خوض - کسی چیز مین گھس جانا مستغرق ہونا محو ہونا غور کرنا سوچنا -

خوش خط - وہ معشوق جسکے خط کا ہنوز آغاز ہوا ہو اور کاتب جسکا خط عمدہ
ہو۔ خط تازہ برخسار تو زیبد + کہ این خط کاتب خوشخط نوشتست -

خواطف بہت سے صدمے دینے والی اور لیجانے والی چیزین -

خوف - ڈرنا دہشت مین آنا محسن تاثیر - تاثیر نگریم در آئینہ عکس
خویش + فرزانہ ایم و خوف ز دیوانہ میکنیم -

خوارق - وہ افعال جو خلاف عادت اہل لوگون کے کسی شخص سے
ظہور مین آئین یعنے کرامت و معجزہ -

خورنق - بفتح خا و واو و سکون راے و فتح نون و سکون کاف بروزن
شکرلب نام ایک عمارت عالیشان کا ہی جو نعمان بن منذر نے بہرام گور
کے حکم سے بنائی تھی -

خودرنگ - فانی رنگ اصلی رنگ اور وہ رنگت جسمین مصنوعی رنگ
کا شمول نہو - اوحد الدین انوری - زخم از خون چو لالہ خودرنگ +
اشکم از غم چو لولوے شہوار -

خودک - غلجان خاطر و وسواس و اضطراب یہ لفظ بغیر واو کے صحیح ہی
داراب بیگ جویا - در عالم مستی ہمہ ہرگز نشود رائم + با آنکہ خود
ولت ست از من خدکے دارد -

خوراک کھانے پینے کی چیزین - ملا طغرا - گر شعلہ بود ست نزرا
خوراک + کہ خیزد فغان از لبش سوزناک -

خویدک - ایک قسم کا خربزہ ہی جو نہایت اچھا ہوتا ہی - محسن تاثیر -
از خربزہ ابنجہ ہست بشک + در لغت بود بہ از خویدک -

خورمک - یہ ایک قسم کے خراب موتی سیاہ اور نیلے رنگ کے ہوتے ہین -
جو بچون کے گلون مین دفع نظر بد کیلئے باندھ دیتے ہین -

خوزدوک - وہ جانور جو گوبر مین پیدا ہوتا ہی ہندی مین اسکو گدھا کہتے
خوک - جنگلی جانور ہی جسکو عربی مین خنزیر ہندی مین سور کہتے ہین
فارسی مین گراز بھی اسکو کہتے ہین - سعدی - گرازی بجاہے
در افتادہ بود + کہ از ہول او شیر نر مادہ بود -

خونجک - سیاہ دانہ اور خار خسک جو مشہور کانٹا ہی -

خول - بضم اول سپید تیتر جو مشہور پرندہ ہی بعضے چیل کو کہتے ہین -

خَوَل - بفتحتین پہلوی مین لاغر مقابل فربہ کے اور عربی مین فوج و لشکر
و خدمتگزار و حشمت و دولت -

خوال - چراغ کا دود ھ جس سے مرکب یعنی لکھنے کی سیاہی بناتے ہین رکھا ہی یکقسم کا
خویل بغیر مقابل سیدھے کے اور نام ایک جانور کا جسکے ہاتھ پانون ٹیڑھے ہوتے ہین

خواتم - جمع خاتمہ کی -

خورم - خوش و خوشحال و بے غم یہ لفظ بغیر واو کے صحیح ہی -

خوارزم - نام ایک ولایت کا -

خوشدامن - ساس یعنے زوجہ کی مان -

خوان - خوانچہ کھانون کا جسمین طرح طرح کے کھانے رکھے ہون - سعدی
چنان پہن خوان کرم گسترد + کہ سیمرغ در قاف روزی خورد -

خوانین - جمع خان کی جو ترکی لفظ ہی بہت سے امیر و سردار -

خواقین - جمع خاقان بہت سے بادشاہ -

خواتین - جمع خاتون بہت سی بیبیان امرا کے گھر کی عورتین قطعہ
درین عالم براے چند روزانہ + خواقین و خوانین و خواتین + نہ دنیادار
در دنیا بماند + نہ لا مذہب نہ دیندار و نہ بے دین -

خوربجیون - ایک شیطان کا نام ہی کہ عورت کے دل مین خواہش جماع کی پیدا کرتا ہی

خوزستان - براے معجمہ فارس مین ایک ملک کا نام ہی -

خولنجان - پان کی جڑ جسکو ہندی مین کلنجن کہتے ہین دوا مین مستعمل ہی -

خوران - اصفہان مین ایک محلہ ہی جسمین ایک ہزار گھر ہی -

خون - لہو مشہور لفظ ہی - صائب - گر خوریزد عشق خون عقل را از عجز
نیست + داغ نامردی ست خون صید لاغر تیغ را -

خونین - سرخ رنگ اور زخمی مانند خونین جگر و خونین دل و خونین کفن وغیرہ
ملا طغرا - چو خونین شود دست گلچین ز خار + ز خون برگہا سر زند غنچہ دار -

خو - بضم اول عادت جو کسی کی طبیعت مین ہو - سعدی - خوی بد در طبیعتے
کہ نشست + نرود جز بوقت مرگ از دست -

خو بفتح اول وہ خودرو گھانس جو کھیتون مین پیدا ہوتی ہی اور وہ لکڑی جسپر معمار
کام کرتے ہین اور کاٹنا اور دور کرنا اور ہاتھ کی ہتھیلی اور عشق پیچان کے پھول

خاو - خواب یعنے نیند -

خوللو - لادیانہ صحرائی جو ایک دوا ہی اور اطبا اسکو بلغمی بیماریون مین استعمال کرتے ہین -

خوہلہ - کج و نا راست یعنے ٹیڑھا -

خواجہ - صاحب مالک مرشد یہ لقب بزرگان دین کا ہی چنانچہ خواجگان چشتیہ و
خواجگان نقشبندیہ وغیرہ - بیت - بہشتی جامع نیکو سرشتی + بود خواجہ

معین الدین چشتی حمد اور خواجہ سرا جو لفظ مشہور ہی وہ غلام ہوتے ہین جنکو رجولیت سے بہرہ نہین ہوتا مادرزاد نامرد ہوتے ہین وہ امراے عظام کے زنانہ محلون مین ہر ایک کام کے افسر ہوتے ہین اسیلیے انکو خواجہ سرا کہا جاتا ہی - خواجہ جمال الدین سلمان - از کنیز آتش کہن کارگذاری دولت + وز غلامش کہن خواجہ سراے ست سرور -

خواستہ - زر و مال و اسباب اور ہر ایک چیز مانگی ہوئی طلب کی ہوئی نظامی - شبے چون سحر زیور آراستہ + بخندین دعای سحر خواستہ - ولہ گذارندہ گنج آراستہ + جواہر چنین دارد از خواستہ -

خواندہ - پڑھا ہوا صاحب علم و فضل - قاسم مشہدی - بخواندہ ہا معلم تمام بگذشتم + معلم بچہ نخواندست من زبردارم -

خوردہ - ریزہ ہر چیز کا اور نکتہ اور عیب اور کھایا ہوا جیسے کہ خم آبخوردہ وسبوے آبخوردہ وغیرہ - شفیع اثر - کسی نداد بمیخانہ راہ زاہد خشک خم آبخوردہ چو شد قابل شراب شود -

خوشہ - مشہور لفظ ہی چنانچہ خوشہ گندم و خوشہ جو و خوشہ انگور وغیرہ - میرزا صائب - زبان شکوہ بود حاصل برومندی + ز خوشہ بستن ہر دانہ میتوان دانست

خورشخانہ - باورچی خانہ کھانا پکانے کی جگہ - فردوسی - خورشخانہ بادشاہ جہان + گرفت آن دو بیدار فرخ میان -

خوازہ - جو بندی جو انگور کے بیل چڑھانے اور پھیلانے کیواسطے کیجاے -

خواسہ - وہ وضعی صورت مہیب جو وحش و طیور کے ڈرانے کے لیے کھیتون پر بناتے ہین تاکہ جانور اس سے ڈر کر بھاگ جائین -

خواستہ - سیاہی کی دوات جسمین لکھنے کے واسطے سیاہی رکھی جاے -

خوان پایہ - دستار خوان المشہور دسترخوان جو کھانا اتارنے سے پہلے بچھایا جاتا ہی -

خوانچہ - کھانے کا طبق جسمین کھانا رکھکر مہمان کے آگے لائین -

خوبلہ - بروزن طبلہ معہ داد نادان و ابلہ و احمق آدمی -

خوجہ - مرغی کے سر کی سرخ کلغی اور نام ایک سرخ رنگ پہول کا جسکو بستان کہتے ہین -

خورابہ - نہ زمیندار جسکے پاس سب سامان زمینداری کا موجود ہو اور چھوٹی جو بڑی نہر سے کاٹ کر لائی جاے اور وہ پانی جو پینے کیواسطے رکھا ہو -

خورہ - سگہون کا بھرا ہوا تھیلا اور درخت خرزہرہ جسکو عربی مین سم الحمار کہتے ہین اور ہندی مین کنیر اور نام ایک بیماری کا جسکو بالخورہ کہتے ہین -

خولہ - قندیل جسمین چراغ جلایا جاے اور خالی جو مقابل پر کے ہو -

خوہ - خودرو گھانس جو کھیتی مین پیدا ہو اور ژندی زبان مین اخت یعنے ہمشیرہ جسکو ہندی مین بہن کہتے ہین -

خونیسہ - جھگڑا و تکرار و مباحثہ و مناقشہ -

خوبہ - وہ بانس جس سے کشتی چلاتے ہین -

خواری - خرابی و بے عزتی و زبون کاری - جمال الدین سلمان - عمر عزیز وجود دم ہمہ ہیچ کسے ست + وزین دیار ز اخوان چرا کشم خواری -

خوالی گری و خوالی - باورچی گری -

خودی - تکبر غرور و عجب و خود آرائی - مولف - ز بندہ بندگی خواہد خدا و نمی گنجد خودی اندر خدائی -

خونی - قاتل جسنے ناحق کسیکو قتل کیا ہو - صائب - ساغری را بدست می پرست ما دہید + خونی خمیازۂ ما را بدست ما دہید -

ہوجانا - چپ ہوجانا - **مدحیہ از مؤلف** - دیکھکر جلوہ علی کی تیغ جوہر دار
کا + مارے ڈر کے خشک ہوجاتا تھا خون کفار کا -

خون کا پیاسا - جانی دشمن قتل پر مستعد - **مولانا اکبر** - لیے تیغ کین جانان
ہین دھر پیاسے ہمارے خون کے + لو وہ ابروے خمدار اپنے دشمن جان ہین

خون کرنا - مار دینا - قتل کرنا - جان سے مارنا - ضائع کرنا - تلف کرنا - بگاڑ دینا
مؤلف - میرے خون کرنے کی خاطر وہ خونی عجب نکلا ستمگر نکلے معنی

خون ہونا - قتل ہوجانا - مارا جانا - ضایع ہونا برباد ہونا - تلف ہوجانا -
گس کو شمع تک جلنے نہ دینا + کہ ناحق خون پروانہ کا ہوگا - **میر** صحبت
کیا گیا وہ سفیہ و نادان ہے + دل ہی مین خون ہوا کیں یہ نکتہ دانان

خودبدولت - آپ حضرت حضور -

خوش مزاج - خوش طبع ہمیشہ خوش رہنے والا زندہ دل - ہنسنا مذاق

خوشی کے لوگ - اہل نشاط مغنی مطرب - بھانڈ وغیرہ گانے ناچنے والے

خواب وخیال - سپنے کی باتین بے اصل باتین - **ذوق** دنیا کی
دولت پیری شباب کی باتین + ایسی ہین جیسی خواب کی باتین -

خودپسندی - غرور گھمنڈ تکبر - **تاباں** - آئینہ رو برو رکھ اور اپنی چھب
دکھانا + کیا خود پسندیان ہین کیا خود نمائیان ہین -

خوگیر کی بھرتی - خراب چیزین ادنیٰ بیکار چیزین - جراُت - ہین ایکے
زمانہ کے سوار ایسے کہ سب زین + خوگیر کی بھرتی ہین لگا تنگ مین کیڑا

خیال نکرنا - پروا نکرنا ضرورت نہ سمجھنا -

خیالی پلاؤ پکانا - خیال ہی خیال مین پلاؤ پکا لینا غیر ممکن الوصول امورکا
خیال دلمین آنا جی ہی جی مین سب منصوبہ باندھ لینا -

خیلا بنانا - احمق بنانا مسخرا بنانا - بیوقوف بنانا - **شوق** یہ ہٹکے
بیٹھو بہت ستایا ہی + تمنے خیلا مجھے بنایا ہی -

خیمے ڈالدینا - ٹھیر پڑنا قیام کر لینا - رہ پڑنا - دھنی دینا -

خیر ہی - اچھے ہو طبیعت کیسی ہی مزاج کا کیا حال ہی - **شوق** مشتاق
ایسا کیا زیادہ ہی + خیر ہو کہیئے کیا ارادہ ہی -

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب کے بیان مین

خاے باالف

خانق الذئب - اسکو قاتل الذئب بھی کہتے ہین اسکے کھانے سے
گرگ یعنی بھیڑیا فی الفور مر جاتا ہی یہ ایک گھاس ہی پتے اسکے مشابہ پتے چنار کے
ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک بالتہابیت قاتل گرگ ہی اگر اسکو کوٹین اور
کچے گوشت پر لگا کر بھیڑیے کو کھلائین اسکی قوت بگڑ کے کہ مر جاتا ہی

خانق الکلب - کچلہ جو ایک مشہور زہر ہی کتا اسکے کھانے سے
فی الفور مر جاتا ہی اور ذی جان پر بھی یہ زہر اثر کرتا ہی طبیعت اسکی گرم
وخشک ہی ضماد اسکا ورم کو تحلیل کر دیتا ہی -

خانق النمر - قاتل زہرون مین سے ایک زہر ہی بچھو اگر اسکے پاس چلا جاے
اور اسکو بچھو کے پاس لائین تو بچھو فوراً مر جاتا ہی - ورمون کو اسکا ضماد تحلیل
کرتا ہی - آنکھ کے درد کو تسکین دیتا ہی بواسیر کے داتون کو گراتا ہی -

خاماسوقی - یونانی لفظ ہی معنی اسکے زمین کی انجیر ہین کیونکہ خاما کے معنے
زمین اور سوقی کے معنی انجیر ہین یہ ایک نبات بدون ساق اور پھول کے
ہی شاخین اسکی چار چار انگشت کی برابر زمین پر پھیلی ہوئی اور دودھ
سے بھری ہوئی ہوتی ہین پھل ستہ پیرا و جڑ با ریک ریگستان اور جنگلون
مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی آنکھون کو روشن کرتی
ہی قرحہ چشم کا علاج ہی دافع ظلمت بصر و نزول الماء و قامع بواسیر ہی -

خاے باے

خیال باندھنا - تصور کرنا - دھیان باندھنا منصوبہ باندھنا -
خیال پڑنا - یاد پڑنا - پیچھے پڑنا - سر ہونا -
خیال پر چڑھنا - یاد آجانا - وہم مین آجانا -
خیال رکھنا - یاد رکھنا - بھولنے نہ دینا -

خاے باے موحدہ

خبث الذہب - سونے کا میل چاندی کے میل سے لطیف زیادہ ہی طلا
کرنا ساتھ پانی کے بغل اور گوشہ ران کی بدبو کے واسطے مجرب ہی -

خبز السمید - میدے کی روٹی عمدہ روٹی وہ ہوتی ہی جسکے پکانے مین
احتیاط ہوئی ہو خام نہ رہ گئی ہو جل نہ گئی ہو علی ہذا القیاس -

خبث الحدید - لوہے کا میل فارسی مین اسکو قوس اور ریم آہن کہتے ہین لوہا گلانے اور تپانے کے وقت یہ میل لوہے سے جدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مقوی معدہ و دل و دماغ حابس حیض و مانع حمل دافع بواسیر و رطوبات رطب ہی۔

خبز الخشکار - اس آٹے کی روٹی جو دھوئے بغیر گیہوں پیس لیا جاوے بھوسا بھی آٹے مین سے نہ نکالا جاوے ملین طبع و مولد خون ہی مضعف بدن و مورث بواسیر و جرب ہی۔

خبث النحاس - تانبے کا میل فائدہ اسکے مطابق خبث الحدید کے ہین آنکھ اور کان کے امراض کا علاج ہی۔

خبث الرصاص - قلعی کا میل طبیعت اسکی نہایت سرد و خشک ہی واسطے التیام زخم چشم و تقویت بصارت مجرب ہی۔

خبیص البیض - خاگینہ جو نان خورش انڈون سے بنایا جاتا ہی۔

خبز الطابق - ایک قسم کی روٹی ہی فارسی مین اسکو ساج کہتے ہین۔

خبز الطابون - یہ بھی ایک قسم کی روٹی ہی جو گھی مین تلی جاتی ہی ہندی مین پراٹھا بولتے ہین دیر ہضم ہوتی ہی۔

خبث الفضہ - چاندی کا میل بہترین وہ ہی جو سبز رنگ ہو طبیعت اسکی نہایت سرد اور خشک قابض دافع قروح عین و جرب و بواسیر وغیرہ ہی

خبثہ - خوب کلان جو مشہور دوا ہی خاکشی بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و تر ہی مبہی و مشتہی و مقوی معدہ و محرک باہ ہی۔

خبازی - یہ دو قسم کا سبزہ ہی ایک کلان جسکو خطمی کہتے ہین دوسری قسم کا خرد جسکو خبازی کہتے ہین فارسی مین خیرو طبیعت اسکی سرد و تر ملین طبع منضج مفتح سدہ جگر مدر بول ہی۔

خاے ثاے مثلثہ

خثا - گاے کا گوبر اسکی تشریح لفظ خثاء البقر مین تحریر ہو چکی ہی۔

خثوہ - یہ ایک پرندہ ہی جسکا جسم کرگدن سے بھی بڑا ہی خوراک اسکی ہاتھی ہی اہل فارس اسکو رخ کہتے ہین اسکی پیشانی کی ہڈی سے بادشاہ پیالہ بناتے ہین۔ اسکی تاثیر یہ ہوتی ہی کہ اگر زہر آلودہ طعام اسمین ڈالین تو پیالہ کو عرق آجاتا ہی۔

خاے راے

خربق اسود - یہ جڑ ایک گھاس کی ہی سیاہ گول شکل کی پھول اسکا سپید مائل بسرخی پھل مشابہ دانہ قرطم کے طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل سودا و بلغم و صفرا جلی ہوئی کا دافع شقیقہ و نزلات مزمنہ ہی

خرموش - ایک جانور ہی جسکو ہندی مین گھوس کہتے ہین بڑے چوہے کی صورت پر اکثر اوقات بلی سے لڑتا اور اسپر غالب آجاتا ہی اسکے پوست کا بخور دفع بواسیر کے واسطے مجرب ہی۔

خربق ابیض - سفید جڑ ایک گھاس کی ہی پتی اسکی مشابہ بارتنگ کے پھول سرخ چار انگل تک اونچی ساق جڑ مشابہ پیاز کے سپید زردی مائل کروی طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم و صفراے غلیظ منقی معدہ دافع فالج و صرع و امراض باردہ دماغی و درد مفاصل ہی۔

خروع - ایک درخت ہی جسکو فارسی مین بیدانجیر کہتے ہین کرچک ہندی مین ارنڈ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و ملین عصب مسہل قوی منقی عروق مقوی اعضا دافع فالج و لقوہ و رعشہ و ضیق النفس مسرف۔

خردل - مشہور تخم ہی جسکو ہندی مین رائی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی محلل رطوبات دماغی دافع استرخا و درد سر ہی اشتہا کو بڑھاتا ہی درد جگر کو دور کرتا ہی۔

خزامی - یہ ایک گھاس ہی جو باغون اور سایہ دار مقامون پر جمتی ہی پھول اسکا بنفشی اور خوشبودار خوش شکل لطیف اور پتے متفرق ہوتے ہین طبیعت اسکی مائل بگرمی مقوی دماغ و منوم ہی [illegible] سرو بہشتی ہی عقل اور فہم کو بڑھاتی ہی روغن اسکے پتون کا درد سر و [illegible] کو دفع کرتا ہی۔

خراطین - یہ لمبے لمبے سرخ رنگ کرم نمناک زمین و نمناک مقامات مین پائے جاتے ہین برسات مین بکثرت ہوتے ہین ہندی مین انکو کیچوا اور کینچوے کہتے ہین طبیعت انکی گرم و تر ہی باہ کو بڑھاتے ہین پرانی کھانسی کو دفع کرتے ہین اور بھی بیشمار فائدہ اسکے کتاب مخزن الادویہ وغیرہ مین درج ہین۔

خرامقان - یہ ایک گھاس سنبل الطیب کی صورت پر ہی مزا شیرینی مائل ہی دوا مین مستعمل ہی۔

خرقطان - یہ ایک گھاس ہی کہ [illegible] درختون پر خود بخود پیدا ہو جاتی ہی تمام درخت کو ڈھک لیتی ہی جڑ اسکی نہین ہوتی طبیعت اسکی سرد و خشک منقی دماغ و مقوی معدہ دافع [illegible] ہی۔

خرنوب بستانی - یہ بڑا درخت [illegible] کے قد کا ہوتا ہی پتے سبز چھوٹے پھول زرد طلائی پھل مشابہ باقلا ذائقہ مین شیرین طبیعت سرد و خشک [illegible] ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی [illegible] کو دفع کرتا ہی [illegible]

خرنوب نبطی - یہ پھل ایک [illegible] درخت کا ہی [illegible] ایک گز کے برابر [illegible] اور پھل چھوٹے [illegible] طبیعت اسکی سرد و خشک [illegible]

مقوی معدہ حابس اسہال دافع یرقان مانع ادرار بول درد دندان ہی۔

خاے بازاے معجمہ

خز۔ قدیم اصطلاح کے مطابق نام ایک کپڑے کا کہ ابریشم اور پشم اور کچھ سے جسکو عربی مین قز کہتے مین بناتے ہین اور اصطلاح جدید کے پوست ایک حیوان کا ہی جو سمور سے چھوٹا ہوتا ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور خشک پہننا اسکا سردی کے موسم مین گرم کرتا ہی فالج اور نقرس اور ضعف باہ کو دور کرتا ہی خارش اور حکہ کا علاج ہی اعصاب کو طاقت دیتا ہی۔

خزف۔ فارسی مین اسکو سفال اور ہندی مین ٹھیکری بولتے ہین یعنی وہ مٹی جو آگ مین پختہ ہو چکی ہو طبیعت اسکی بہت خشک ساتھ تھوڑی گرمی کے ضماد اسکا التیام زخمون کے لیے نہایت مفید ہی سرکہ کے ساتھ ضماد کرنا اسکا خارش و جوشش بلت (؟) و درد نقرس کو دفع کرتا ہی اور موم روغن کے ساتھ خنازیر اور دملون کو اچھا کرتا ہی۔

خزامی۔ ایک گھاس کا نام ہی جسکو فارسی مین خیری کہتے ہین پہاڑون اور نہرون کے کنارون پر پیدا ہوتی ہی خوشبو زیادہ ہوتی ہی شاخین لمبی پتے چھوٹے پھول سرخ ہوتا ہی طبیعت گرم خشک ملطف و مسخن و مقوی دماغ ہی دافع درد سر جاذب رطوبات زکامی و محلل ریاح ہی۔

خاے باسین مہملہ

خس۔ بکسر بدسین ایک بوٹی باغی و جنگلی ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد تر مصفی خون و مولد خون صالح ہی مولے وبائی کے ضرر کو دور کرتی ہی صفرا اور خون کی تیزی کو کم کردیتی ہی درد سر کو دور کرتی ہی مدر حیض ہی بچھو اور رتیلا کے زہر کا علاج ہی۔

خس۔ بسکون سین ہندی لفظ ہی اور جڑ ایک گھاس کی نہایت خوشبودار اسکو بھگویا جائے تو خوشبو زیادہ پھیلتی ہی امرا لوگ گرمیون کے موسم مین دریچون اور دروازون پر اسکی ٹٹیان باندھتے ہین اور بھگوتے ہین فائدہ یہ ہوتا ہی کہ خوشبو تمام گھر مین پھیل جاتی اور ہوا سرد ہوجاتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفرح و مقوی دل و دماغ ہی۔

خاے باشین معجمہ

خشاب۔ فارسی مین نام اس پانی کا ہی جسمین میوے مثل آلو بالو و زرد آلو و سیب وغیرہ جوش دیے ہون اور قوام دیکر شربت بنایا گیا ہو جس میوے کا خشاب بنایا جاوے طبیعت اسکی موافق طبیعت اسی میوے کے ہی بلکہ اس سے لطیف۔

خشخاش شورہ۔ بری خشخاش مین سے یہ ایک خشخاش ہی پتے اسکے مشابہ پتے ترہ تیزک کے خشونت سونف کی سی قبہ اسکا چھوٹا لالہ کے قبہ کی طرح اور قوت مین خشخاش بستانی سے قوی زیادہ اور خشخاش سیاہ سے بہت ضعیف۔

خشخاش ابیض۔ اسکو خشخاش بستانی کہتے ہین پھول و زیج اسکا سفید پتے دندانے دار سرا اسکے گوزے اور قبہ کا بھی دندانہ دار قبہ بڑا اور چھوٹا بسبب ہوا و زمین کے اختلاف کے سبب سے شیرہ اسکا جو کچے قبہ سے نکالا جاتا ہی افیون ہی یہ خشخاس فصل بہار مین ہوتا ہی ہندی مین اسکو پوست بولتے ہین پوست مخدر اور رادع اور مسدد ہی اسکا خیساندہ یا جوشاندہ پینے سے خدر پیدا ہوتا ہی اگر عادت ہو جاے تو وہ بھی ایک بیماری ہی اسہال موی و صفراوی و سوزش معدہ و امعا و سوزش مثانہ کو دفع کرتا ہی۔

خشخاش مقرن۔ اس خشخاش کو خشخاش بحری بھی کہتے ہین کہ اکثر دریاؤن کے کنارے پیدا ہوتا ہی پتے مشابہ پتے فلوس کے پھول زرد رنگ پھل مشابہ سینگ بیل کے اسکے اندر تخم میتھی کے تخم کیطرح طبیعت اسکی گرم و خشک اسکے خیساندہ و جوشاندہ پینے سے قے اور دست آتے ہین اور اخلاط ردیہ کی صفائی ہوجاتی ہی۔

خشکنجبین۔ انگبین خشک یعنی خشک شہد یہ شہد فارس کے پہاڑون جنگلون سے اوتا ہی تیز بو و شیرین خشک ہوتا ہی بر ایک رنگ کا کہتے ہین کہ وہ شبنم ہی کہ اس خطہ کے درختون پر گرکر خشک ہوجاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقطع و محلل لزوجات ہی سرخ قوی زیادہ سپید سے اور سبز نہایت گرم مائل تلخی ہی سیاہ قابل استعمال نہین کہ سمیت رکھتا ہی۔

خشخاش بری۔ جنگلی خشخاش پھول اسکا سرخ و بنفشی و کبود تخم سیاہ ہوتا ہی باصطلاح اطبا ے قدیم افیون عمدہ اسی خشخاس کا شیرہ ہی طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین سرد اور دوسرے درجہ مین خشک ہی گرمی جگر و سیلان رحم کو نافع ہی عرق النسا کا علاج ہی۔

خشخاش زبدی۔ یہ ایک گھاس بہت سفید اور ہلکی ساق اور پتے چھوٹے جڑ پتلی سب اجزا اسکے ہلکے اور سفید جھاگ کیطرح ہین اسواسطے اسکو خشخاش زبدی نام رکھا گیا وسط گرمیون مین ملتا ہی طبیعت اسکی نہایت گرم اور تیز ہی واسطے تنقیہ دماغ اور دفع بلغم اور صرع کے ایک درم تک یہ دیا جاتا ہی جس سے دست آتے اور قے ہوتی ہین اگر زیادہ دیا جاے تو بیمار فی الفور مر جائے۔

خاے باصاد مہملہ

خصیۃ الثعلب۔ یہ ایک جڑ سفید شفاف سورنجان سے چھوٹی ذائقہ مین شیرین ساتھ لزجت اور تھوڑی تیزی کے بو اسکی مشابہ بو منی کے کئی قسم کی ہوتی ہی روم اور مصر کے ملک کی نمناک زمین مین ملتی ہی طبیعت

اسکی گرم وتر مبہی ومقوی عصب تشنج یابس وتمدد وفالج ولقوہ کو دفع کرتی ہی باہ کو بڑھاتی ہی-

خصی الکلب - یہ جڑ دو قسم کی ہی ایک وہ کہ شاخین [illegible] اسکی بقدر ایک بالشت کے پتے زمین پر پھیلے ہوئے پھول بنفشی جڑ اسکی دوہری ہوتی ہی ایک بھری ہوئی رطوبت سے لسدار اسکو یادہ کہتے ہین دوسری ڈھیلی اور تشنج اسکو نر بولتے ہین طبیعت گرم خشک تر [illegible] محلل اورام بلغمی ومسخن ریہ ہی - **دوسری قسم** بقدر ایک بالشت کے بلند پتے گندنا کے سے پھول بنفشی جڑ مانند دو بیضون کے جڑ آپسمین ملے ہوئے ہوتی طبیعت گرم خشک قاطع باہ محلل اورام بلغمی ہی-

خصیہ مرغ - خروس کا خصیہ مولد منی ومقوی باہ ہی-

خصی الدیک - گھاس اسکی مشابہ عنب الثعلب کے ہی اور [illegible] بقدر آلو بالو کے طبیعت گرم وخشک مسہل بلغم لزج محلل ریاح دافع اوجاع مفاصل وعرق النسا وغیرہ ہی-

خصی العجاجیل - گوسالہ یعنی بچھڑون کے خصیے جو خشک کرین اور شراب کے ساتھ پئین باہ کو طاقت دیتے اور نعوظ پیدا کرتے ہین-

خصی الایل - خایہ بز کوہی یعنی پہاڑی بکرے کا خصیہ اگر خشک ساکر اور شراب مین ڈالکر پئین تو سانپ کا زہر تاثیر نہ کرے-

خاے با طاے

خطاف - مشہور جانور ہی جسکو ابابیل وپرستوک فارسی مین ہندی مین سیانی اور کنہیا اور بیت وتوتڑی وسلارک کہتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک ہی کباب اسکا دافع یرقان وورم طحال وسنگ مثانہ ہی اور پیا ہوا خشک گوشت واسطے قوت باصرہ وخناق کے مفید ہی-

خطمی - مشہور کثیر النفع گھاس انواع خبازی سے شمار کی جاتی ہی مشہور اسکا سپید اور سرخ اور مختلف الوان کا ہی بہتر قسم سپید پھول ہی اور اعرابی اور کبود پھول کو ہندی مین خیرو کہتے ہین جالینوس نے اسکی طبیعت کو سرد اور تر تصور کیا ہی اور شیخ الرئیس نے معتدل بیان فرمایا ہی محلل اور منضج اور رادع اور مرخی اور ملین ہی تسکین اورام وتحلیل خنازیر وتنقیح جراحات ودمل وورم پستان ومقعد کے لیے اسکا ضماد نہایت مفید ہی

خاے با فاے

خفاش - ایک جانور ہی جسکو فارسی مین شب پرہ وموش کور ہندی مین چمگادڑ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی خوردن اسکے گوشت کا دافع استسقا ورعشہ ووجع مفاصل ہی-

خاے با لام

خلنج - جھاؤ کے درخت کی طرح یا ایک درخت ہی پھول چھوٹا اور زرد اور سپید پھل رائی کیطرح بنفشی رنگ طبیعت گرم وخشک بیخ اسکی حیوانون کے زہر کو دفع کرنے مین اسکے پھولون کے تیل کی مالش وجع المفاصل کو دور کرتی ہی برادہ اسکے لکڑی کا اسکے بیج کے ساتھ ملا کر کھائین تو ہر ایک زہر کے مضرت کو دفع کرتا ہی-

خلد - ایک جانور ہی چوہے کی قسم سے جو دن کو نہین نکلتا موش کور بھی اسکو کہتے ہین ہندی مین چھچھوندر بولتے ہین طبیعت اسکی نہایت گرم ساتھ رطوبت کے ہی گوشت اسکا زہر قاتل ہی خون اسکا مدام کا اگر آنکھ مین ڈالین سفیدی کو دفع کرے طلا اسکے دماغ کا ساتھ روغن گل کے خنازیر وبرص کو دور کرتا ہی اسکے سر کی راکھ اگر صاحب تپ لرزہ کے گلے مین باندھین تپ دفع ہو

خلر - یہ ایک غلہ مشابہ دانہ کرسنہ کے ہندی مین اسکو مٹر کابلی کہتے ہین گھاس اسکی ایک گز تک بلند ہی پھول اسکا سفید وزرد ہی پانچ قسم کا یہ غلہ ہوتا ہی طبیعت ہر ایک کی سرد خشک ہی شاندہ اسکا کھانسی کو دفع کرتا ہی فضلات غلیظ کو امعا سے نکالتا ہی پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہی-

خلاف - شامل بید مشک وبید بری اور بید مولہ کے ہی بید سادہ بھی اسکو کہتے ہین درخت اسکا بڑا رنگ لکڑی کا سفید پھول اسکا بہار مین بعد نکلنے پتون کے نکلتا ہی شاخون مین سے زرد رنگ تھوڑی خوشبوئی کمساتھ بقدر ایک انگل کے بلند پھل اسکا خوشہ کیطرح شاخون کی ساق سے نکلتا ہی کتب طب مین بیداسی کو کہتے ہین یہ درخت نر مادہ دونو قسم کا ہی نر کو پھول نہین نکلتا پھول اسکا سرد تر ملطف مقوی دماغ دافع درد سر [illegible] وضعف معدہ وحمیات محرقہ [illegible] نہایت لطیف [illegible] ہی-

خل - سرکہ جو مشہور چیز ہی انگور ومنقی وخرما وانجیر وشکر وپانی ونیشکر وتاڑی وشہد وغیرہ آبدار میوون اور چانول وغیرہ سے بناتے ہین انگوری سرکہ عمدہ ہوتا ہی فائدے اسکے ہزارون کتابون مین لکھے ہین صفراوی طبائع کیواسطے سکنجبین اسکی جان ہی-

خلاف البلخی - فارسی مین اسکو بید مشک کہتے ہین شام مین شاہ بید روم مین بہرامج بولتے ہین مشابہ درخت بید سادہ کے ہی اس سے چھوٹا پتے نازک اور چوڑے پھول اسکا بہار مین پتون سے پہلے نکلتا ہی بقدر ایک انگل کے لمبا زرد رنگ خوشبودار جالینوس اسکو سرد تر کہتا ہی بعض حکما گرم مائل بخشکی کہتے ہین عرق اسکا مقوی دل ودماغ مسکن [illegible] دوسرے فائدے اسکے بیشمار ہین-

خاے با میم

خمان کبیر - یہ ایک درخت ہی شاخین اسکی مائل بسپیدی نے کی طرح گول پتے اخروٹ کے پتون کیطرح تیز بو پھول مائل بسرخی پھل مشابہ حبة الخضرا

محلل اور مجفف ہی ضماد اسکے تازے پتون کا زخمون کو اچھا کرتا ہی

خمان صغیر - یہ ایک گھاس ہی ساق اسکی مربع وگرہ دار پتے بادام کے سے تیز بو بیج مانند رائی کے طبیعت اسکی سرد اور خشک مسہل اخلاط لزجہ و بلغم جوشاندہ اسکی جڑ کا شراب مین مستسقی کو پلائین تو فائدہ کرتا ہی درد ... کو دفع کرتا ہی

خمر - شراب کئی قسم کی ہوتی ہی عمدہ شراب انگوری ہوتی ہی طبیعت اسکی باعتبار اقسام و تازگی و کہنگی کی مختلف ہوتی ہی بالاجمال گرم اور خشک ... رقیق سریع النفوذ اور مفتح سدہ ہی اور غلیظ دیر ہضم ... سرخ اور خوشبو بہتر سب اقسام سے ہی اسکو ریحانی کہتے ہین -

خمیر - آٹا گیہون کا تلون کے تیل یا زیتون کے تیل کے ساتھ یا گھی اور دودھ اور دہی کے سے ملا کر رکھین تو ترش ہو جاتا ہی تھوڑا اسمین سے بہت سے گوندھے ہوئے آٹے مین ملائین تو سب خمیر ہو جاتا ہی طبیعت اسکی مرکب القوی دوسرے درجے مین گرم اور خشک ملطف اور جالی محلل و جاذب ہی -

خماہان - خماہین - اور صنبل حدید بھی اسکو کہتے ہین یہ پتھر سیاہ رنگ اور مادہ ہوتا ہی نر کو حدید صینی اور مادہ کو حجر الحمار بولتے ہین سخت اور تیرہ رنگ اور سیاہ زرد طبیعت اسکی مائل بسردی اور خشک ہی اسکی انگوٹھی بنا کر پہنین تو خفقان اور ہول دل جاتا رہتا ہی اور مادہ اس سے نرم پیلا ہوا سرخ سیاہی مائل طبیعت اسکی سرد تر اسکو گھسکے پیین تو شراب کا خمار جاتا رہتا ہی اور اگر دونون اقسام کو ملا کر استعمال کرین تو صفراوی اور دموی بیماریون کو دفع کرتا ہی

خاے با نون

خنفسا - یہ ایک بہت چھوٹا جانور دیوارون کے سوراخون اور کوڑون مین رہتا ہی بعض پردار اور بعض بے پر عربی مین اسکو جعل فارسی مین خبزدک ہندی مین گھوولا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک جوشاندہ اسکا استسقا کو دفع کرتا ہی بچھو کے نیش پر اگر اسکو مار کر باندھین تو درد دفع ہو -

خنزیر - مشہور جانور ہی اسکو فارسی مین خوک ہندی مین سؤر کہتے ہین اسلام مین اسکو کھانا قطعی حرام ہی اور قومین اکثر اسکا گوشت کھاتی ہین طبیعت اسکی گرم تر مسدد و مسمن بدن مولد خلط غلیظ لزج ہی وجع مفاصل پیدا کرتا ہی عقل مین فساد ڈالتا ہی اہل عرب کو کھانا اسکے گوشت کا کمال مضرت پہونچاتا تھا اسواسطے حق سبحانہ تعالے نے بکمال حکمت اسکو مسلمانون پر حرام کر دیا

خندروس - یہ ایک غلہ کا نام ہی جسکو فارسی مین ذرہ مکہ ہندی مین جوار کہتے ہین عربی مین حنطہ رومیہ بولتے ہین زرد و سرخ و سپید کئی قسم کا یہ غلہ ہوتا ہی طبیعت اسکی معتدل گرمی و سردی مین محلل بلغم قابض طبع تقلیل اور لزج ہی

خندیقون - یہ ایک قسم کی شراب مجوزہ اطباے فارس ہی جو مولد خون قابض و صالح و مقوی و ہاضم و مفتح سدہ جگر و معدہ و طحال ...

کرنے والی رنگ کی قوی کرنے والی حافظہ و ذہن کی ہی -

خلنش - یونانی لغت ہی اہل مغرب اسکو بزداق کہتے ہین یہ ایک گھاس مشابہ سرمش کے ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل ریاح مدبول و حیض دافع درد پہلو و سرفہ ہی -

خندریلی - کاسنی جنگلی کی ایک قسم ہی بلکہ اس سے تلخ زیادہ افعی کے کاٹے ہوئے زخم پر اسکا ضماد کرین تو زہر کو پھیلنے نہین دیتی اسکے پتون کے پانی کے طلا سے بواسیر دفع ہو جاتی ہی -

خاے با واو

خوخ - ایک قسم شفتالو یعنی آڑو ہی جو مشہور میوہ ہی طبیعت اسکی سرد تر مسکن بخارات حار و یابس و تشنگی و جوش خون و صفرا ہی -

خولنجان - پان کے درخت کی جڑ ہندی مین اسکو کلنجن کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی معدہ و ہاضم دافع سرفہ و درد کمر و قولنج و درد گردہ و خنازیر و عرق النسا ہی -

خاے با یاے

خیار شنبر - فارسی مین اسکو خیار چنبر ہندی مین املتاس کہتے ہین یہ پھل ایک درخت کا ہی جو اکھروٹ کے درخت کے قد تک بلند ہوتا ہی پتے چھوٹے پھول زرد پھل لمبا اندر سے پولا پھل کے جوف مین پردے خشبی جنکو طوس خیار شنبر کہتے ہین درمیان ہر پردے کے ایک بیج اور رطوبت سیاہ لیسدار قدرے بدبو و بدمزہ مائل بشیرینی طبیعت اسکی گرم و تر ملین سینہ اور طبع کا مسکن تیزی خون منقی عصب محلل اورام گرم خرد سال بچون اور حاملہ عورتون کو اگر مسہل دینے کی ضرورت پڑ جائے تو خیار شنبر دیا جاتا ہی

خیزران - یہ وہ درخت ہی جسکو ہندی مین بیت کہتے ہین کھجور کے درخت کی طرح اسکے پتے ہین پھل بھی مشابہ پھل اسکے اسکی لکڑی کی چوب دستی بناتے ہین پتلی شاخون کی چارپائی و کرسیان بنی جاتی ہین رسیان بانی جاتی ہین ... کو اسی سے نرلے وبلی دیجاتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی پینا اسکا ... جوشاندے کے نزف الدم کو قطع کرتا ہی اور طلا رادع و محلل اورام ہی لکڑی اسکی اگر کپڑون کے صندوق مین رکھین کپڑون کو کرم نہین لگتے -

خیری - فارسی مین اسکو گل شبو کہتے ہین اور یہ ایک پھول خوشبودار پھولون کی اقسام سے ہی چونکہ خوشبو اسکی رات کو ظاہر ہوتی ہی اسواسطے گل شبو اسکا نام ہی پھول سفید اور زرد اور سرخ و بنفشی رنگ کے ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و ملطف و جالی مدر حیض مسقط جنین و مخرج جنین مردہ و مخرج مشیمہ ہی اسکی جسم مین بھی یہی تاثیر ہی -

گیارھوان باب

دال مہملہ کے لغات کے ذکر مین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے بیان مین

دال با الف

دامار ۔ دریا سمندر بحر محیط ۔
دارا ۔ دارندہ رکھنے والا مقابل نادار کے امیر دولتمند بادشاہ اور نام ایک بادشاہ کا جو سکندر کے جنگ مین قتل ہوا اور پالنے والا اور گھر والا جو سمجھا جاتا ہی و بمعنی بیماری و مرض اور درد دیوار کا قطعہ از مؤلف بیزار ہو مالکان سلطنت سے + جو تھے فرمانروا مسند آرا + گیا جو چھوڑ کر دنیا سے دل کو + کوئی واپس نہین آیا دوبارا + نہ فریدون ہا باقی نہ جمشید + نہ کیخسرو نہ سکندر رہ دارا +
دار الشفا ۔ مطب طبیب کا گھر جسجگہ بیمارون کا معالجہ ہوتا ہی ۔ قطعہ از مؤلف ۔ جو مریض لا دوا ہو وہ رسول اللہ سے + ہو کے حاضر شہر یثرب مین دوا حاصل کرے + ہو اگر طالب شفا کا درد باطن سے کوئی + احمدی دار الشفا سے وہ شفا حاصل کرے + کمال خجندی ۔ دل زدار دخانہ دردت دوا دارد امید + شربت صحت ازان دار الشفا دارد امید +
دار الصفا ۔ کعبہ بیت اللہ خدا کا گھر صفائی کا گھر بے کدورت مکان ؎ سجدہ کن در معبد رب العالمین + کن صفا حاصل ازان دار الصفا +
دانا ۔ جاننے والا اور جاننے والے لوگ یہ لفظ مفرد و جمع دونون پر آسکتا ہی ۔ نظامی ۔ ز دانا یکے مرد مردم شناس + طلبکرد کاز کس ندارد ہراس +
توحید ۔ توئی اشرف توئی اعلی توئی والی توئی مولے + توئی واحد توئی یکتا توئی دانا توئی بینا +
دابا ۔ ترندی زبان مین زر سرخ یعنی سونا جسکو عربی مین ذہب کہتے ہین ۔
دادا ۔ وہ کنیز ضعیف العمر جو لڑکپن سے کسی کی خدمت مین رہی ہو ۔
داربا ۔ اسباب ضروری و سامان مایحتاج ۔
داہا ۔ درہ اور غار جو پہاڑون مین ہو یہ لغت پہلوی ہی ۔
داروہنج ۔ بیماری مرض تکلیف ؎ بندگان خدا و اہل صفا + فی الحقیقت دوائے ہر دارو ہند +
دار الفنا ۔ فنا کا مکان دنیائے فانی بند مسدس از توحید دیکھئے ۔ شہ شاہنشہ فرمان روا ماند + نہ اندر حالت تنگی فقیر بینوا ماند + نہ حسن جان فزا ماند نہ شکل دلربا ماند + نہ یار و آشنا ماند نہ خویش و اقربا ماند + درین دار الفنا چیزے کہ باقی از فنا ماند + خدا ماند خدا ماند خدا ماند خدا ماند +
دار القضا ۔ حکومت کا مکان عدالت خانہ ۔ صفدر فوقانی ۔ ہر کہ راضی بر رضائے ایزدی ست + کی برد انصاف در دار القضا +

دار الضرب ۔ وہ جگہ جہان روپیہ سکوک کیا جاتا ہی یعنی ٹکسال ۔ اشرفی کسبن کی ہجو مین ۔ ذوقی ۔ نگر دو اشرفی از سیم و زر ننگ کہ دار الضرب در شلوار دارد +
دار الحرب ۔ کفار کا ملک جو مطیع اسلام نہو جنکے ساتھ لڑنا درست ہو ۔
داراب ۔ کروفر شان و شوکت و خود نمائی و پرورش کنندہ اور نام بادشاہ جو بہمن کا لڑکا تھا اور دارا اُسکا لڑکا تھا جو سکندر کی جنگ مین اپنے نوکرون کے ہاتھ سے مارا گیا داراب کا باپ بہمن اپنے لڑکی پر جسکا نام ہما تھا عاشق ہو گیا اور نوبت یہانتک پہونچی کہ ہما باپ کے نطفہ سے حاملہ ہو گئی اور لڑکا پیدا ہوا بنظر اخفاے راز کے مولود کو صندوق مین بند کرکے دریا مین بہا دیا وہ صندوق ایک دھوبی نے پکڑ لیا اُسنے لڑکے کا نام داراب رکھا اور پرورش کیا بہمن کے بعد وہی بادشاہ ہوا ۔
دار الثعلب ۔ ایک بیماری کا نام ہی جس سے جسم کے بال سب گر جاتے ہین ہندی مین اُسکو بالخورہ کہتے ہین ۔
داب ۔ طرز طریق خصلت خو کر و فر شان و شوکت و درخت چنار ۔
دارکوب ۔ ایک جانور کا نام ہی کہ اپنی دراز چونچ سے درخت کو سوراخ کر دیتا ہی ۔
داروگوپ ۔ امر و نہی بحث و تکرار ؎ بر آمد خر دخیدن دار و کوب + درخشیدن خنجر و زخم چوب ۔
داشاب ۔ داد و دہش عطا و مہربانی و بخشش ۔
دار السلطنت ۔ شہر لاہور کا لقب ہی ؎ خطۂ پنجاب کہ دریائے فیض جسمین دار السلطنت لاہور ہی
دار الامارت ۔ فی زماننا لقب شہر کلکتہ کا ہی ؎ شہر کلکتہ عجائب شہر ہی + ہند کا دار الامارت آج کل ۔
داربست ۔ وہ چوبی چھتی جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین اور وہ چند لکڑیان جمع کی ہوئی جسپر معمار بیٹھکر کام کرتے ہین معمار اسکو گو کہتے ہین ۔ محسن تاثیر ۔ تن بہر رنج دار چو منصور دادہ ام + در داربست چیدہ شد انگور بادہ ام ۔
دارات ۔ جاہ و تجمل و شان و شوکت ۔
دار العدالت ۔ حاکم کی کچہری عدالت خانہ ؎ ہر کہ در خانہ شود در ضمن بعمل + بر در دار العدالت کی رود +
دار الحدث ۔ پاخانہ جا ضرور بیت الخلا ۔ حکیم شفائی ۔ ای راحتے وقف بدار الحدث عام + ای بیمزا گندہ لقا روزۂ بیمار +
داج ۔ فارسی مین تاریکی اور تاریک سیاہ اور سیاہی اور بہت تاریک ۔ صفدر فوقانی ۔ بیاد زلفت ای مہر جہان تاب + سیہ شد روز بر من چون شب داج +

دار الجہاد - وہ شہر جسپر جہاد جائز ہو -
داماد - جسکی نئی شادی ہوئی ہو - حافظ - مجو درستی عہد از جہان سست نہاد + کہ این عجوز عروس ہزار داماد ست + سعدی - شکایت کند نو عروسی جوان + بہ پیری ز داماد نامہربان -
دار الاسد - جذام کی بیماری -
داد - عدل و انصاف و نالہ و فریاد و عطا و بخشش - صائب - بیسوزن روز سیاہ از خصم داد خود گرفت + چیرآن دارم کہ خاک گرد حشر پیدا شود +
دامشاد - عطار عطر فروش و عطا و بخشش و نشاط -
دامود - معاف کرنا خطا کا جو عمداً وقوع مین نہ آئی ہو -
دام و دد - جانور درندے و غیر درندے ع خداوند نیک خداوند بد + خداوند دام و خداوند دد +
داؤد - نام پیغمبر کا جسپر زبور کتاب آسمانی نازل ہوئی علیہ السلام - فرید الدین عطار - چون عنایت قادر قیوم کرد + در کفت داؤد آہن موم کرد
داور - بہر دو دال مہملہ مخفف دادور حاکم صاحب داد و انصاف -
دار - فارسی مطلق لکڑی جو لمبی ہو اور وہ لکڑی جو خونی کو پھانسی دینے کے لیے زمین مین گاڑی جاوے عربی مین گھر اور سکونت کا مکان - نظامی - بفرمود تا خوار کردندشان + رسن بستہ بر دار کردندشان
دار العیار - خزانہ کا مقام جس جگہ صراف و نقاد روپیہ پرکھنے دالے حاضر رہتے ہون - محمد انور حکیم قرشی لاہوری - کس نمیگیرد بہیچ ای قلب ساز + سکۂ قلبت دران دار العیار + صائب - بے سکۂ رائج ست در کتاب تو + این نقد خوش عیار ز دار العیار کیست +
دار السرور - لقب شہر بیجاپور کا -
دادار - داد بخشش - عدل کرنے والا صاحب انصاف - ہندی - خدائے نیک و بد و بادشاہ خرد و کلان + لطیف و لطف و خلاق و دادر دادار + نظامی - بنام ہنگ یزد داد بخشش + کہ مار از [illegible] داد و داد بخشش
دار البوار - دوزخ خرابی کا مقام -
دادگر - عدل کرتے والا صاحب انصاف - نظامی - دگر پیشین دادگر خفتہ بود + ہمان اختر گیتی آشفتہ بود -
دادگستر - عدل کرتے والا منصف - مدیحہ - خبر گیر زمانہ دادگستر شہ بندہ نواز و بندہ پرور +
دار القرار - آرام کی جگہ سکونت کا مقام - صائب - تا شدم حیران ندیدم بیقراری سر انجواب + بود ادنے حیرت عجب دار القرارے بودہ است
داور - مثل حرف واو حاکم فرمان فرما اور داوری قضیہ و معاملہ

و مقدمہ - میر معزی - پیش داور بردم او را فتنہ شد داور برد + تا ز رشکش داورے افتاد با داور مرا +
داتو بر - ترکی زبان مین دادرس و عادل -
داد بر - ایک مرغ کا نام ہی جو بلبل کے قد برابر ہوتا ہی بعض اسکی تیز اور لمبی ہوتی ہی جس سے وہ درختون کی شاخون مین سوراخ کر لیتا ہی فارسی مین اسکو دارکوب کہتے ہین -
داسار و داشار - دلال سودا کرا دینے والا جسکو عربی مین سمسار و بیاع کہتے ہین
دا شکنجہ - لوہے کا میل جسکو ریم آہن اور خبث الحدید کہتے ہین -
دانشور - صاحب عقل صاحب ہوش - مؤلف - مدہ دل تا دنیا نا پائیدار + اگر صاحب ہوش و دانشورے -
دائر - پھرنے والا دورہ کرنے والا چکر مارنے والا - مولانا جامی - مرتب کرد سقف چرخ دائر + فراز چار دیوار عناصر -
دار باز - بازی گر جو لکڑی پر چڑھکر کھیلین دکھاتا ہی ہندی مین نٹ کہتے ہین - میر خسرو - مخالف تو کہ با دار میکند بازی + بہ پیش فتنۂ قدت تو دار باز آید -
دار الملک - بادشاہ کے رہنے کا شہر -
داس - وہ آلہ آہنی دندانہ دار جس سے زراعت کاٹتے ہین -
داش - بھٹی جسمین آگ جلائی جائے چاہے اینٹ پکانے کی ہو یا چونہ یا برتن پکانے کی اور ترکی مین داش پتھر کو کہتے ہین -
دانش - علم و فضل و عقل و دانائی - سعدی - اگر دہ بود آمد و خرج نیست + برین عقل و دانش بباید گریست -
دارش - حفاظت و نگہبانی و پائداری -
دار موش - چوہے کے زہر سم الفار جسکو سنکھیا کہتے ہین -
دانوش - نام اس شخص کا جسنے وامق کی معشوقہ عذرا کو فروخت کیا تھا
داحض - پھسلنے والا لغزش کھانے والا دور ہونے والا اور باطل -
دار المرض - بیماری کا گھر مقابل دار الشفا کے - آرزو اندیشہ تفریح دل مینداز این دار المرض + آرزو و ہر کس عوض جمع را معجون کند -
دامع - بہنے والا آنسو بہانے والا -
دامغ - اخیر غلین بھیجہ سر توڑنے والا -
داغ - نشان جو قائم ہو جائے جل جانے یا کسی اور سبب سے - صائب - کو سینہ کہ داغ عزیزان ندیدہ است + ایک ہزار لالہ درین گلستان سیاست
دابوغ - ہندوانہ جو ایک مشہور پھل ہندہ ہی تربوز بھی اسکو کہتے ہین
داموغ - فریاد و فغان و نالہ و زاری -
دار الضیف - مہمان سرائے مہمان خانہ - جمال الدین سلمان ساوجی

دار ضعیف الغاشش + گرد ہٗ روے گرد خوان گردد۔

دار الملک - وہ شہر جسمین بادشاہ رہتا ہو۔ مولانا جامی۔ کنیزان پری چہرہ ہزاران + بدار الملک خوبی شہر یاران۔

دانگ - نام ایک وزن کا جو تول مین چھ رتی ہوتا ہی۔ سعدی۔ جوانی بہ دلتنگی کرم کردہ بود + تمناے پیری برآوردہ بود۔

داجاک - ترندی زبان مین گوشیارہ جو ایک مشہور زبور ہی۔

دادک - بوڑھا نوکر یا غلام تمام عمر کا خدمتگزار۔ قدیمی ملازم۔

دادیک - گانون کا مالک چودہری نمبردار مقدم۔

دارماس - ایک گھاس کا نام ہی جسکو مرو سپید بھی کہتے ہین دوائیں مستعمل سہل بلغم ہی۔

دارنک - ایک قسم کا طبق ہی جسمین گوشت وغیرہ اٹھایا معلوم ہے کہتے ہین

دامک - بقفہ یعنی اوڑھنی جو عورتین اوڑھتی ہین اور چیونٹے وحشی جانور مثل روباہ وخرگوش وغیرہ۔

دانک - بکاف تازی وہ کھانا جو بوقت نکلنے دانت بچہ کے برادری مین تقسیم کیا جاتا ہی اُسکو حلیم کہتے ہین جو ماش وگندم وجو وعدس و جرت وغیرہ کو گوشت مین پکا یا لیا تا ہی۔

دال - عربی مین رہنما راستہ دکھلانے والا اور فارسی مین نام ایک شکاری جانور کا جسکو عقاب کہتے ہین۔

داخول - دہ حل - بادشاہی محل کی بڑی ڈیوڑھی و درگاہ و دالان جو عام لوگون کے بیٹھنے کو بنایا جائے۔

دار الفیل - یہ ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان کے ساق اور ران وغیرہ کے یکسان ہو جاتی ہین جلد کا رنگ سیاہ ہاتھی کی ساق کیطرح ہوجاتا ہی

داہول - ہراسہ یعنی وہ ہیبت ناک صورت جو زمیندار کھیتون پر بنا رکھتے ہین تاکہ وحشی جانور اُس سے ڈر کر کھیتی مین نہ آوین سے آرزو ہیچو داہولی کہ بگریزد وحش از دیدنش + وحشی رومیدہ از صورت آدم ہوا

دارگل ایک قسم کی عمدہ سلائی ہی جو درزی سیا کرتے ہین اور طرح طرح کے پھول سلائی مین دکھلاتے ہین۔ مرزا بیدل۔ ساز دارگل زینت شلوار تجبر + از نسیمہ دو لائی کنار چکین زرد۔

دار الجلال - قدیم زمانہ مین شہر دہلی کا لقب تھا۔

دار خال - وہ درخت جسکو ایک جگہ سے اکھاڑکر دوسری جگہ لگائین اور وہ درخت جسکو دوسرے کسی درخت کا پیوند نہ کیا گیا ہو۔

دار فلفل - دار پلپل - یہ درخت کالی مرچ کا دو قسم ہی ایک کا دانہ گول دوسرے کا لمبا لمبے کو دار فلفل بولتے ہین۔

داغنخال - لوہے کا میل ریم آہن خبث الحدید۔

داغول - شریر ومکار و دغاباز آدمی۔

دامغول - غول بیابانی جن بھوت چڑیل۔

دام - شبکہ یعنی جالی جسمین شکاری شکار کو پھانستے ہین اور گھاس کھانے والے جانور جو شکار نہین کرتے اور گوشت نہین کھاتے مثل گاے بکری بھینس وغیرہ اور وزن ۲۱ - ماشہ کا۔ نظامی۔ مرا خواندی وخود بدام آمدی + نظر پختہ ترکن کہ خام آمدی۔

دار النعیم - ناز و نعمت کا گھر یعنی بہشت۔

دار السلام - سلامتی کا گھر بہشت۔ سعدی۔ کہ باشند مشتے گدایان قبس بمہمان دار السلام از طفیل +

دابشلیم - نام ایک ہند کے راجہ کا جسکا پاے تخت سومنات عرف جوناگڈھ تھا اور کتاب کلیلہ دمنہ اسکے وقت مین لکھی ہی۔

داخم - ترندی زبان مین روزی ورزق۔

داہم - داہیم دہیم - تخت وچتر وتاج بادشاہی وکلاہ مرصع۔

دائم - ہمیشہ مدت مدید تک سالہا سال سے تازمین وآسمان قائم بود + ذات پاکت قائم ودائم بود +

دائن - قرض دینے والا قرضخواہ مقابل مدیون کے۔ جامی۔ بار جان کسے بر سر ہنہ + صورت دائن مبین مدیون مباش۔

داستان - قصہ کہانی حکایت سرگذشت ولقب زال پدر رستم اور داستان کردن مشہور کرنا۔ میر معزی۔ سخا را نجو رخیمہ دریا و ابر ہمیز د خرد پیش زین داستان + کنول باول وطبع ودستش پدید + بدان داستان نیست ہم داستان + فردوسی۔ غش کردہ ام رستم داستان وگرنہ یلی بود در سیستان + حکیم رودکی ز جود تو من از گیتی نعمت داستان بودم + بحشمت مر مرا ہمچون فریدون داستان کردی۔

دالان - ایک حصہ مکان کا ایک کمرہ۔

دامغان - قہستان مین ایک شہر ہی۔

دار الامان جس گھر مین کوئی خوف نہو امن وامان کا مکان ہو۔ صائب۔ گر ہست در دامان خامشی ست + غنچہ سان باصد زبان صد سخن خاموش باش

دامن ودامان مشہور ومعروف لفظ ہین۔ طالب آملی۔ چون سحاب دامن مژگان گل افشانش کنم + انجو دل در تا شین داردبدامانش کنم + **نظامی** - وگرنہ بایزد کہ تا بودہ ام + بی دامن خود نیالودہ ام۔

دان - فارسی مین اسکے معنی ظرف کے ہین جیسے کہ آتشدان وآبدان و قلمدان وغیرہ۔ میر معزی۔ دو گوہر ست بر نیوقت شرط مجلس ما + قینہ معدن

این وتنورہ مسکن آن مے کہ چو آب در اندرمیان جام وقدح ایکہ چو
برگ گل اندر میان آتشدان +

داشن - ژندی زبان مین وہ کھانا جو عید کے اور جشن کے روز
اقربا داعوا کے گھر بھیجین -

داجن - پوشیدہ کرنے والا چھپانے والا بادل گھٹا گھنگھور -

دارو - دوا علاج درمان - میر خسرو - من کہ از جان دست شستم
دادن پندم چہ سود + ای طبیب از ہوشیاری مر درا دارو مکن -

داو - بہر دو دال قدیم غلام پرانا خادم -

داؤ - جو بازی قمار مین چڑہتا ہی بخشش و دشنام و دیوار گلی -

داہیہ - بروزن حادثہ سختی و آفت -

دار الخلافہ - وہ شہر جو بادشاہ کا تختگاہ ہو -

دار القمامہ - وہ جگہ جہان فاحشہ عورتین جمع ہون اور وہ مقام
جس جگہ خس وخاشاک جمع ہو -

داعیہ - خواہش ارادہ قصد - صائب - با خود شکنی داعیۂ سرکشی و
ناز + مینا زدا زان طرف کلاہے کہ تو داری -

دارو خانہ - دوا خانہ شفا خانہ - اوحد الدین انوری - جراحتہائے
آسیب فلک را + ز دارو خانۂ خلق تو مرہم +

داروغہ - کسی کام کا افسر چنانچہ داروغۂ اصطبل و داروغہ میر بحری
وغیرہ یہ لفظ ترکی ہی -

دانہ - ترجمہ حبّ کا دانہ گندم وغیرہ - ؎ خال تو دانہ دانہ و زلف تو
دام دام + مرغے کہ دید دانہ گرفتار دام شد +

داہ - فقیر گدا گر ٹکڑے مانگنے والا اور غلام وکنیز - اوحد الدین انوری
بعلم نشست گرچہ این ہزار نفس نفیس + چہ زن چہ مرد چہ پیر و
جوان چہ شاہ چہ داہ +

دایہ - وہ عورت جو بچہ کو اپنا دودھ پلائے میرزا صائب آسمان زاہل
نسوزد بر شکایت تشنگان + دایہ بلہ زارست اطفلے کہ پستان میگزد +

دائی - دایہ دودھ پلانے والی عورت محسن تاثیر - ام داب و خواہر و
برادر چہ شدند + کو عمہ و عم و خالہ و دائی کو -

دانچہ - غلہ عدس جسکو مسور کہتے ہین -

دافعہ جسمی قوتوں مین سے ایک قوت کا نام ہی جو فضلہ غذا بدن سے نکالتی ہی

دائرہ - گرد خط جو پرکار کے ذریعہ سے ڈالا جائے اور زمانہ کی گردش
اور نام ایک ساز کا و حلقہ مجلس و فوج -

دابونہ - ہندوانہ جو مشہور پھل ہی تربوز بھی اسکو کہتے ہین -

دابّہ - وہ جانور جو زمین پر چلنے والا ہو ہر ایک چارپایہ -

دانیہ - نزدیک ہونے والا -

دانگانہ - نذرچندہ جو چند آدمی جمع کرکے کسی کام کو سرانجام دین اور
رخت اور گھر کا اسباب -

داپرزہ - ابابیل جو مشہور جانور ہی اور اسکو پرستو بھی کہتے ہین -

دارہ - روزینہ و وظیفہ جو مقرر ہو -

دازہ - کبوترون کے بیٹھنے کا اڈا -

داد خواہ - فریادی مظلوم ستم رسیدہ صفدر فوقانی - بندہ خود
محتاج و محکوم ست محتاجش مشو + داد خود خواہ از خداوند جہان ای داد خواہ

داد خواہی - انصاف مانگنا طالب داد ہونا - سالک قزوینی - بر سر
کوئش قیامت داد خواہی میکند + مشت خاکے ہم زما بر چہرہ سودی کاشکے -

دارائی - بادشاہی و حکومت اور نام ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا جو ایجاد
دارا شکوہ تھا قطعہ از مؤلف - تاج شاہی و تخت سلطانی + خلعت
زر لباس دارائی + جملہ در دیدات نماند ہیچ + چشم باطن اگر تو بکشائی -

دارچینی - ایک مشہور لکڑی ہی جسکو قلم دارچینی کہتے ہین کیونکہ قلم کی طرح
طولانی صورت اسکی ہوتی ہی شیرین اور تند ذائقہ مین ہی محسن تاثیر - بجو دید
فلفل از سواد خال ہندویت + قلم شد دارچینی از حدیث تندی خویت

داغی - عیب دار معیوب اور چرانا - ؎ گل بگلزار و لالہ در بستان
شد بداغ غلامیت داغے +

دامنی - اوڑھنی جو عورتین سر پر اوڑھتی ہین عربی مین اسکو مقنع و معجر
کہتے ہین میر خسرو - مر این شہ را حق آن شہ افگنی داد + کہ بر سر
شاہان دامنے داد +

داہی - دانا اور بزرگ -

داعی - دعا کرنے والا بلانے والا طلب کرنے والا - مؤلف
دعا اسکی خدا خود مان لیگا + کریگا عجز جب رو رو کے داعی +

دانی - کمینہ و فرومایہ آدمی اور بہت نزدیک و ناہارت دونو دو لفظون سے

دادی - بہر دو دال نام ایک دوا کا ہی جو نہایت تلخ دانی ہوتی ہین جو کی
مقدار پر جادو جو بھی انکو کہتے ہین بو اسیر کو دفع کرتی ہین -

دارنی - نام ایک مقام کا ہی جس جگہ ہندوؤن کے مندر بکثرت ہین -

داغولی - شرارت و مکاری و دغابازی -

دائی - دیوار کا روہ جو تعمیر کے وقت لگاتے ہین -

دائمی - ہمیشہ کی چیز قدیم زمانہ کے اور وہ چیز جو ہمیشہ رہے لعقیہ از ربوبیت
گشت روشن از سی نور قدیم + دائمی افضال و فیض دائمی +

دال با بائے

دُبّا۔ بضم اول وتشدید ثانی کدو جو ایک مشہور چیز ہی عربی مین اسکو قرع کہتے ہین۔
دُبّ۔ بضم اول وتشدید ثانی خرس جو مشہور درندہ ہی ہندی مین جسکو ریچھ کہتے ہین۔
دَبث۔ بفتح اول لواطت و اغلام اور نقش ونگار جو کپڑے پر کرین اور چھپانا و پوشیدہ کرنا۔
دب۔ بفتح اول وتشدید ثانی نرم نرم چلنا آہستہ آہستہ جانا۔
دباب۔ لواطت و اغلام اور ایک قسم ریحان جسکو شونیز بھی کہتے ہین۔
دباب۔ شان شوکت وعظمت وعزت۔
دبیب۔ نرم کوفتہ یعنے ادھ کٹی چیز۔
دباغت۔ رنگ دینا چمڑے کو اور پاک کرنا۔
دبور۔ بفتح اول وہ ہوا جو مغرب سے آئے ماخوذ دبر سے جسکے معنے پشت کے ہین یعنے وہ ہوا جو کعبہ کی سے پشت سے آئے۔
دب اکبر۔ دب اصغر۔ یہ دو صورتین ریچھ کی سی ترکیب کواکب سے قریب قطب شمالی کے ایک بڑی دوسری چھوٹی ہی جنکو بنات النعش کبریٰ وصغریٰ بھی کہتے ہین۔
دُبُر۔ بضم اول وبضمتین مقابل قبل یعنے پشت و پیچھا ہر چیز کا۔
دبیر۔ لکھنے والا اور منشی ومحاسب۔
دُبُوقس۔ لوہے کا گز اور وہ گھر جو کشتی مین الگ پردہ نشینون کے لیے بنا ہوا ہوتا ہی دبوسہ بھی اسکو کہتے ہین۔ اور نام ایک قلعہ کا ماوراء النہر مین۔
دبس۔ بکسر اول انگور کا شیرہ خام۔
دبق۔ سریش جس سے لکڑی وغیرہ اشیا کو جوڑ لیا جاتا ہی اور نام ایک میوہ کا جو مانند خشخاش کی طرح ہوتا ہی اسکو مویز عسلی بھی کہتے ہین کہ اُسکے اندر سے شیرہ شیرین شہد کی طرح نکلتا ہی۔
دبیر فلک۔ ستارہ عطارد۔
دبنگ۔ بروزن خدنگ ابلہ وکمینہ وبدوضع آدمی۔ ابو نصر نصیرائی۔ بیہودہ روند گار دون پرور + ہر کجا مردک دبنگ بود +
دبوسک۔ ہندی زبان مین خبازی جو مشہور سبزہ اور دوا ہی۔
دبال۔ ہندی زبان مین ترنج جو ایک مشہور میوہ ہی۔
دبستان۔ مدرسہ مکتب علم پڑھنے کی جگہ اصل یہ لفظ ادبستان یعنے مقام تعلیم ادب تھا۔ ابو طالب کلیم۔ نقل نکہہ مار کلیم از شک شوق ما + این طفل را کسے بدبستان نمیبرد +
دبیرستان۔ بادشاہی منشی خانہ اور مکتب علم پڑھنے کا مقام
اوحد الدین انوری۔ اگر بلغت تو حاصل زبان دبیرستان شود + کا وستادش علم الانسان مالم یعلم ست +
دبوسہ۔ علیحدہ مکان جو کشتی وجہاز مین بنایا جاتا ہی تاکہ ہمین پردہ والی عورتین الگ بیٹھین۔ محمد صالح۔ یا رب برہان خ شراین ہمانمہ + ورنہ کشتی ناخدا و ملا حانم + نوعی۔ زدبوسہ خانم رنجیدہ اگر خورد بد ددبوسہ مکن تستانم
دبیلہ۔ بڑا دمل یعنے پھوڑا۔
دبہ۔ نگبہ چمڑے کے کپے کا جسمین گھی وغیرہ اشیا رکھتے ہین۔
دبدبہ۔ ڈھول اور نقارے کی آواز وشان وشوکت وجاہ وجلال۔ میر خسرو۔ دبدبہ خسرویم شد بلند + زلزلہ در گو نظامی فگند +
دبیقی۔ یہ ایک قسم کا بیش قیمت کپڑا دیبا کے اقسام مین سے ہی اور دبیق ایک قصبہ مصر کے ملک مین ہی جہان وہ بنا جاتا ہی۔

دال با تائے مثلثہ

دثار۔ وہ کپڑا جو بدن کے ساتھ ملحق وملصق نہو مثل چادر ورضائی وغیرہ

دال با جیم

دجا۔ دجی۔ تاریکی رات کی مانند جیری۔ نعتیہ از مولف۔ روشن از نور تو شد شمس الضحی + از رخت شد جلوہ گر بدر الدجی +
دجاج۔ بفتح وبکسر مرغی مرغیان۔
دجال۔ کافر یہودی مخالف مہدی اور عیسیٰ کا جسکا ظہور قبل از قیامت ہوگا یہ اپنے آپ کو خدا کہلائیگا۔
دجاجہ۔ ایک مرغی یا مرغ اور نام ایک شکل کا اشکال فلکی سے شمال کے سمت
دجلہ۔ نام ایک دریا کا جو بغداد مین جاری ہی باقر کاشی۔ ہزار دجلہ کشیدیم تشنگی باقی + حرارت دل از ین آب آتشین ننشست۔

دال با حائے

دحرجہ۔ پھیرنا پھسلانا گھمانا ترجمہ گردانیدن وغلطانیدن کا۔

دال با خائے

دخت۔ دختر کے لفظ کا اختصار لڑکی سے خون او ریزو بیکدم دختان رسوا کند + ہر کسی کو دخت رز را خواستگاری میکند +
دختر۔ لڑکی اولاد مادینہ بمقابلہ فرزند نرینہ۔ سعدی۔ بدختر چنین گفت بانوے دہ + کہ روز نوا برگ سختی بنہ۔
دخل۔ آمدنی مقابل خرچ کے اور اعتراض کرنا کسی کے قول یا فعل مین۔ سعدی۔ سزاوار آن سفلہ باید گریست + کہ دخلش بود پانزدہ خرچ بیست + نعمت خان عالی۔ مشاطہ بخال سیہ آراست جبینت + در مصرع ابروے تو این دخل بجا بود +

دخیل - وہ شخص جو کسی کے کام مین دخل دیوے - صفار رفو قانی - چون ندارد عقل در کار عقیل + مرد لا یعقل چرا گردد دخیل -
دُخان - دود یعنی دھوان جو آگ سے نکلتا ہی ادخنہ اُسکی جمع ہی کہتے ہین -
دخن - دخینہ - ایک غلہ کا نام ہی جسکو فارسی مین گاورس ہندی مین چینا کہتے ہین
دخمۂ - ستاتش پرستون گبرون کا قبرستان - سنجر کاشی - شہید عشق را در دخمۂ کافر گر اندازی + ملک تسبیح سازد از تبرک استخوانش را +

دال با دال

دد - ہر چار پایہ جو درندہ ہو مانند شیر و گرگ و یوز و سیاہ گوش وغیرہ - مؤلف - نیک پیدا کردہ اند بد سیاہش + آدمی در شکل انسان دد مباش -

دال با رائے مہملہ

دریغا - ای افسوس ہی - مولانا جامی - دریغا بخت شستم سنجی ورد طلوع اخترم بدبختی آورد +
درآ - جرس گھنٹہ گھڑیال -
درخت دانا - جزیرہ اندلس مین ایک درخت ہی اسکی پتی اگر کوئی سونے کے وقت سر کے نیچے رکھے بھولی ہوئی بات یاد آجاتی ہے -
دروا - تیسرا حرف واو - سرنگون و آویختہ و مفلس و محتاج -
دردا - بہر دو دال افسوس کا کلمہ ہی - سنجر کاشی - لب شگفت غنچہ دل من در بہار عشق + دردا کہ رازمیکشد م بہار خار عشق -
دریا - سمندر محیط نہر ندی وغیرہ - تو جیہ - چو بود در گل تو پنہانی پنہان در حقیقم چون جانی + چو زر مخفی بہر کانی چو گوہر در تہ دریا +
دَرما - پہلوی زبان مین خرگوش -
درداب - ایک طلائی گیند بنایا جاتا ہی اور اسکے جوف مین اقسام عطریات بھرے جاتے ہین - امرا اسکو ہر وقت ہاتھ مین رکھا کرتے ہین فارسی مین اُسکو دست بویہ بھی کہتے ہین نیز نام ایک خوشبو میوہ کا جو ترنج کے برابر ہوتا ہی بعض کے نزدیک وہ سیب ہی -
درب - بفتح اول دوازدہ یعنے بارہ -
درب - بضم اول عقل و عادت و خو و خلق -
درایت - بکسر اول عقل و دانش -
درکات - بحرکات فتحات جمع درکہ اور نشیب مقابل درجات کے
درجات - بفتحات جمع درجہ بلند مقامات -
دراست - بکسر اول دانائی -
درشت - بفتحتین سخت و ناہموار و گران و تنا ور و فربہ و قوی ہیکل - نظامی - تنی چند را زان سپاہ درشت + بیک زخم شمشیر چون سنگ کشت +
دردشت - نام ایک محلہ کا اصفہان مین -
درخت - مشہور ہی عربی مین اسکو شجر کہتے ہین - سعدی - درختے کہ اکنون گرفت ست پاے + بہ نیروی مردے بر آید ز جاے -
درست - ٹھیک صحیح بے نقص اور طلائی سکہ جسکو اشرفی کہتے ہین نظامی - شنیدم کہ رندے جگر یافتہ + درستی کہن داشت تو یافتہ +
درغست - ژندی زبان مین ہرزہ و بیہودہ و نامعقول و ناپسند -
درخواست - خواہش سوال التجا -
دَرج - لپیٹنا کسی چیز کو دوسری چیز مین شامل کرنا اور نام ایک مقام کا عرش پر جس سے شب معراج رسول صلے اللہ علیہ وسلم گذرے تھے نظامی - ز دیوانگہ عرشیان در گذشت + بدرج آمد و درج را در نوشت +
دُرج - صندوقچہ اور زیور و جواہرات رکھنے کا ڈبہ - لمعتیہ از مؤلف لبش یاقوت و دندان قیمتی دُر + دہان پاک درجے از گہر پر +
درج - بفتحتین جمع درجہ بہت سے درجے اور مراتب -
درۃ التاج - قیمتی موتی بادشاہون کے تاج کا -
درونج - یہ ایک جڑ عقرب کی شکل پر ہوتی ہی اسواسطے درونج عقربی اسکو کہتے ہین -
درّاج - تیتر مشہور درندہ ہی مؤلف - بغفلت دانہ تا در دام جو دت گہے دراج آید گاہ شہباز +
دَرداَج - عیب و عار و غلظت و درشتی و تہمین و درست و تحقیق اور نقاہت جو بیماری کے بعد ہوتی ہی
دربند - مطلق قلعہ اور نام ایک قلعہ کا اور دروازہ اور نام ایک شہر کا شروان کے نزدیک جسکو باب الابواب بھی کہتے ہین اور دریا کا گذرگاہ جو بنا مشہور ہی اور وہ فاصلہ جو دو ولایتون مین ہو اور دروازے کے دونون تختے جنکو عربی مین مصرعین کہتے ہین - حکیم زجاجی - بہر جاے دربند ہا کرد شاہ + بر آورد بر چشن نخور شید و ماہ - نظامی کہ - دو در دارد این باغ آراستہ + کہ دربند ازان ہر دو برخاستہ +
درد - بضم کدورت اور میل جو رقیق چیز پانی و شراب وغیرہ کی تہ مین بیٹھ جائے مقابل صاف کے - حافظ - بدرد و صاف ترا حکم نیست دم درکش + کہ ہرچہ ساقی ما ریخت عین الطاف ست
دَرد - رنج تکلیف بیماری طبیعت کا لگاؤ عشق و محبت - سعدی - چو عضوی بدرد آورد روزگار + دگر عضوہا را نماند قرار +
دردمند دردناک - صاحب درد - بابا فغانی - سحر زمیکدہ گریان و دردناک شدم + کہ از دلم سخن آتش چنان کہ پاک شدم + قطعہ از مؤلف

قطعہ از مولف - این مسافر است در دنیا قیام + چند ساعت چند لحظہ روز چند + پس چرا اندر تلاش مال و زر + ہست سرگردان بہر پست و بلند + نیست جز صبر و قناعت در جہان + چارۂ درد دل این دردمند -

درود - خداے تعالی کیطرف سے رحمت ملائکہ کی طرف سے استغفار آدمیون کیطرف سے دعا بہائم وطیور کی طرف سے تسبیح محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبیٔ نیم تقب - پسر بیغمبی از سواد ہند + درود باد ابر چشم ترم خاک صفاہان را +

درخورد - لائق و سزاوار -

درزنار - وہ موقع جہان دو لشکر بار بار آپس مین لڑ چکے ہون -

درونا - ژندی زبان مین فاسق فاجر و بدمذہب اور نام ایک دوا کا اور نام ایک پہلوان کا -

دُر - بضم اول و تشدید و تخفیف مروارید یعنی موتی اور عربی مین دُرّہ بروزن صرہ بڑے موتی کو کہتے ہین - مولف - نبود از زر و سیم و یاقوت و دُر + جہان را چو ابر گہر بار پُر +

دُرر - ہر دو راے جمع دُر بہت سے موتی اور مروارید -

دَر - بفتح اول و تشدید ثانی گاے اور بکری کا دودھ و غنیمت و نیکی و خوبی -

دُر دُر - روان ہونا عرق و شیر وغیرہ کا -

درخور - لائق و سزاوار -

دریابار - نمناک زمین اور وہ ملک جو دریا کے کنارہ ہو اور جزیرہ -

درود گر - نجار یعنی ترکھان اور زمیندار کھیتی کاٹنے والا دونو معانی مین حروف اول کے فتح و کسرہ کا فرق ہے -

درد سر - مشہور لفظ ہے عربی مین اسکو صداع کہتے ہین - میرزا صائب - جگر غم چون جگر صبح شود چاک + سر ز اگر چرخ کند درد سر -

دَر - ترجمہ فی یعنی اندر اور درمیان اور دروازہ اور پہاڑ سے والا - نعتیہ از مولف - لشد گدائے در شاہ مرسلان محتاج + کہ از در تو بدر کس نرفت بار دگر -

دربار - بادشاہی کچہری اجلاس کا مقام - مدحیہ - سگ دربار میران شو چو خواہی قرب ربانی + کہ بر شیران شرف دارد سگ دربار جیلانی -

دراز - لمبا طویل مقابل کوتاہ کے - صائب - زلف کوتاہ شد و بیدار نگردید ز خواب + چشم مست تو عجب خواب درازی دارد +

دریوزہ - دریوزہ - دروزہ - گدائی کرنا - مانگنا سوالی ہونا - میرزا صائب - نور سے از پیشانی صاحبدلان دریوزہ کن + بہ شمع بسری دل مردہ زین محفل چرا -

درد - تلچھاٹ جو کسی چیز مین ہو دردہ اسکی جمع ہے -

درس - پڑھنا کتاب کا علم حاصل کرنا - طالب آملی - گلی کہ درس تبسم ز غنچہ تو گرفت + چو خندہ ہاے نمک ریز بر صبا نکرد +

دردبیس - بفتح ہر دو دال بروزن خندہ ریس ضعیفہ عورت و سختی و بلا -

درافیطس - یونانی زبان مین ایک پھول کا نام ہے جو سوسن کی قسم سے ہے عربی مین اسکو اصل اللوف کہتے ہین -

دریواس - وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے لگائی جاتی ہے تاکہ تختے دروازے کے بخوبی بند ہو جائین اور باہر سے کوئی کھول نہ سکے -

دراز گوش - ایک قسم کا گدھا ہے جسکے کان بہت دراز ہوتے ہین نصاری اسکی بہت تعظیم کرتے ہین کہ مرکب حضرت عیسی کا وہی تھا -

دُرباش - مخفف دورباش اور وہ ایک چھوٹا نیزہ دو شاخہ ہوتا ہے بادشاہی سواری کے آگے لیکر چلتے ہین اسواسطے کہ لوگ اسکو دیکھکر راستہ سے دور رہین -

درویش - فقیر خدا پرست صوفی عابد زاہد - صفدر فوقانی - نہ با بیگانہ شو ہمدم نہ با خویش + ز ہر در باش فارغ ہمچو درویش +

درخش - ہر ایک لوہے کا اوزار جسکی نوک تیز ہو مثل نشتر حجام اور سراجون اور موچیون کے اوزار نیزہ اور برچھی کا پھل اور وہ سہ گوشہ کپڑا جو علم کے سر پر لگایا جاتا ہے چونکہ درخشیدن کے معنی لرزیدن یعنی کانپنے کے ہین اور وہ کپڑا ہوا سے کانپتا رہتا ہے اس لحاظ سے اسکا نام درخش رکھا گیا - فردوسی - دریدہ درفش و نگونسار گوش + جولا کفن روی چون سندروس +

درخش - برق و فروغ و روشنی اور نام ایک شہر کا ولایت قہستان مین اور نام ایک آتشکدہ کا شہر ارمینا مین اور بانی اسکا راس نام ایک مجوسی تھا اسکو راس البغلے کہتے ہین درہم بغلی اسی کے نام پر مسکوک ہوا شہر شیراز اسی نے آباد کیا اور پہلوی مین بمعنے سزاوار و لائق و شایان -

دُرمش - گھوڑون کا طویلہ اور ایک قسم کا خیار جو دراز اور باریک ہوتا ہے -

درع - زرہ جو سپاہی جنگ مین پہنتا ہے -

دریغ - افسوس غم فکر اندوہ - توجہ - چرا رسید نہ سالک بمنزل مقصود + چرا بماند مسافر میان راہ دریغ + بہ تند باد ہوا میسوز دامن خویش + بکوہ و دشت و بیابان لشکل گاہ دریغ + حافظ - صبا ز منزل جانان گذر دریغ مدار + وزان بعاشق مسکین خبر دریغ مدار +

دروغ - کذب جھوٹ مقابل راست - میرزا صائب - این چہ دروغ کہ ای پیر میکنی + آبے بشیر از سر خود پیر میکنی +

درنغ - وہ بند جو پانی کے آگے باندھین -
درنجف - یہ ایک بہتر سفید وشفاف بلور کی طرح ہی اور اس مین سیاہ بال سے خط نظر آتے ہین اور اُن بالون کو لوگ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے ساتھ منسوب کرتے ہین -
دَرَخف - قدیم پارسی زبان مین زنبور سیاہ -
درق - سپر یعنے ڈھال -
درک - بفتح اول دریافت کرنا پانا -
درک - بفتحتین دوزخ کا طبقہ -
درّاک - درک دینے والا دریافت کرنے والا -
درنگ - ڈھیل توقف دیر فرصت آہستگی - ہندی - چو لطف حضرت مولیٰ بحال بندہ کند + بود نہ دخل توقف دران دیر و درنگ
درانک - مقام ملکوت جو ایک مقام فقر کے مقامات سے ہی
درفنجک - پہلوی مین کابوس یعنے وہ گرانی جو خواب مین آدمی پہ پڑتی ہی عربی مین اُسکو خبیۃ الجنۃ بھی کہتے ہین -
درلک - پیشواز جو ایک قسم کی پوشش ہی -
درودک - پتلی پتلی شاخین جو درختون سے کاٹ جائین -
درونگ - ایک بیخ کا نام ہی جسکا معرب درونج ہی درونج عقربی اسکو کہتے ہین -
درپاک - افیون جسکو تریاک کہتے ہین -
درغال - امن وامان وآسودہ -
درل - نیم پختہ غلہ گندم وغیرہ جسکو بریان کرکے کھاتے ہین -
دریتیم - بڑا موتی آبدار جو تمام سیپ مین ایک ہی ہو -
درازدم - جرا جو سورج کے سامنے بیٹھ کر رنگ بدلتا ہی ہندی مین اسکو گرگٹ کہتے ہین -
درہم - درم ساڑھے تین ماشہ کا وزن -
درہم وبرہم - ابتر و پریشان خراب حالت مین - ابوطالب کلیم - بود آرایش معشوق جال درہم عاشق + سیہ روزی مجنون سرمہ باشد چشم لیلی را + طالب آملی - نگاہ گاہی گرہ ہجوم عطش یاد عمر گنم + گرہ بادرہم نمایم خندہ را برہم کنم +
درم - معرب درہم جو مشہور ہی - سعدی - جہان دادہ نقش دل ہر درم + کہ ہستی بر دونش ندیم وندم -
درخشن - بادشاہ کے بیٹھنے کا جھروکا یہ لفظ ہندی ہی غیاث اللغات
درمان - چارہ وعلاج بیمار کا - سعدی - چو تدبیر سلام جہ درمان کنم

کر از غم بغرسود جان درتنم -
دَرشن - زلو یعنے جونک جو آبی کرم ہی اور خون چوستا ہی -
درزن - سوزن یعنے سوئی جس سے کپڑا سیتے ہین یہ اصل لفظ درزن ہی یعنے شگاف بند کرنے والی -
درفشان - چمکتا ہوا اور روشن -
دربان - دروازے کا محافظ حاجب پاسدار چوکیدار - لنعتیہ از مؤلف - صد ہزار اند بدر بارنبی + مثل دارا وسکندر دربان +
درون - مقابل برون اندر بیچ مین - لنعتیہ از مؤلف - نبی ست کاشف اسرار ظاہر وباطن + نبی ست واقف احوال بر درون وبرون +
درمین - پنبہ یعنی روئی اور وہ پیوند جو کپڑے کو لگایا جائے -
دَرْو - کاٹنا لکڑی اور زراعت کا -
دروازہ - مشہور لفظ ہی اور نام قلعہ کا روم مین سعدی - زدر دروازہ مرگ چون بگذریم + بیک ہفتہ باہم برابر شویم -
درمکہ - میدہ کی سفید روٹی -
دراعہ - ایک قسم کا کپڑا ہی جو فقرا پہنتے ہین -
دِرّہ - بکسر اول وہ دوال چرمی جسکے ساتھ مجرم کو اسلامی سلطنت مین حد مارتے یعنے سزا دیتے ہین -
دُرّہ - بڑا موتی جسکو دریتیم کہتے ہین -
دَراجہ - بفتح اول وہ بڑے برج جو قلعہ کے دروازہ کے دونو طرف بنائے جاتے ہین
دریوزہ ودریزہ - کسی کے دروازہ پر جاکر سوال کرنا مانگنا گدائی کرنا -
درمنہ - ایک گھاس کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
دریچہ - چھوٹا دروازہ جو ہوا کے واسطے رکھا جائے سوائے دروازہ آمد ورفت کے - عرفی - دریچہ اش بضیا دیدہ سہیل یمن + شیمنش بہوا کعبہ تبسم بہار +
درجہ - پایہ رتبہ مرتبہ اور واضح رہے کہ علم نجوم وہیئت کی اصطلاح مین درجہ تین سو ساٹھوان حصہ آسمان کا ہوتا ہی فلک کو بارہ حصص پر تقسیم کرین تو ہر ایک حصہ کا نام برج رکھتے ہین ہر ایک برج کو تیس تیس حصہ کرین تو ہر ایک حصہ کا نام درجہ رکھین جب درجہ کو ساٹھ ٹکڑے کرین تو ہر ایک ٹکڑے کو دقیقہ کہین جب دقیقہ کو ساٹھ پر تقسیم کرین ہر قسمت کو ثانیہ تصور کرین چنانچہ فلک کے تین سو ساٹھ درجہ ہین -
درکہ - دوزخ کا طبقہ معنی درجہ -
درقہ - زرہ اور سپر یعنے ڈھال -
دریچہ - تیسرا حرف بائے موحدہ چھوٹا دروازہ اور ہوادان -

ملا طغرا - روز و شب در یچۂ مشرق و مغرب باز نیست + و رنہ او تنگی این خانہ نفس میگیرد +

دارہ - دیوث بغیرت قلتبان و عربی مین بڑا لکڑا جس سے اونٹ کا ٹتے ہین

دربہ - پیوند جو کپڑے کو لگاتے ہین -

دراجہ - بضم اول تیتر جو مشہور پرندہ ہی اور چھوٹا نقارہ جو چوکیدارون کے پاس ہوتا ہی اور وہ رات کو بجا کر لوگون کو ہشیار کرتے ہین -

درستہ و درسہ - عفو کرنا رحم کرنا کسی کے گناہ سے چشم پوشی کرنا -

درکالہ - یخ جو پانی سے جم جاتی ہی

درنہ - تلوار خنجر اور جنگی ہتھیار -

درگاہ - بادشاہی دربار اور جلوس کا مکان -

درداہ - حیران و پریشان و سرنگون -

درونہ - پیٹ ہی ایک چیز کا اور قوس قزح اور حلاج کی کمان

درمندہ - درماندہ بیمار تھکا ہوا -

درہ - پہاڑ کا راستہ

درہ - وہ فاصلہ جو دو پہاڑون مین ہو اور نام ایک خطہ کا بدخشان مین

درمنہ ترکی - ایک خاندار نبات کا نام ہی جسکو فارسی مین علال کہتے ہین

دردی - شراب تیرہ رنگ جو صفا نہو -

دراری - ستارے روشن اور بزرگ یہ جمع دری کی ہی جسکے معنے ستارہ بڑے اور روشن کے ہین -

دری - روشن ستارہ اور بڑا -

دری - ہفت زبان پارسی سے ایک زبان کا نام ہی جو پہاڑی درون مین جاٹ لوگ بولتے تھے چونکہ اسمین اور زبانون کے الفاظ مخلوط نہ تھے فصیح سمجھے جاتے تھے -

درشتی - سختی و بد خلقی مقابل نرمی کے - سعدی - درشتی و نرمی بہم در بہ است + چو رگ زن کہ جراح و مرہم نہ است -

دراعی - مز نگولہ جو اونٹ کے کجاوے کے ساتھ بندھا ہوا ہوتا ہی کہ عبداللہ ہاتفی - سفر کردہ این سبحی را ے چنین بست بر ناقہ زین سرا

دربی - پنبہ یعنی روئی اور پیوند جو کپڑے کو لگایا جاے

درشتی - نوشیروان عادل بن قباد کی لڑکی کا نام ہی جو بہرام کے نکاح مین تھی -

درشی - خیار یعنے ککڑی -

	دال با زاے معجمہ	

دزہشت - بیت المقدس قبل سنجران دزہج و دزہ ہج بھی اسکا نام ہی -

دژآہنج - تیر ہوائی اور تیر آتشبازی و مرد بد خو و بکردار و بد خلق -

دژ داخ - مرد شجاع و دلیر صاحب ننگ و عار -

دُزد - چور جو کسی کی کوئی چیز چرا کر لیجاے - میرزا طاہر وحید چور کی تعریف مین - ز دستی آتش پرخان و مان + مرگ صفت رفتہ بہر جا نہان + پردہ ز اندیشہ ستر ما ستم + سایہ ربودہ بہ نگاہ از درم + کردہ اگر کیسہ بری اختیار + بردہ نم از آب و حرارت ز نار + قفل کہ تھا لب در ما شدی + از نفسش غنچہ صفت واشدی + نشہ ربودی ز کف جام مل + بیسیر ربود رنگ ز اندام گل +

دژآلود - خشمگین و غضبناک -

دژدار - قلعہ دار محافظ قلعہ - نظامی - بگفتا کہ دژدار این کوہسار ستادہ است بردر باسید یار +

دژمار - ایک مقام کا نام ہی جو لاہور کی گاٹی ہی جسکی کان بھی اسی جگہ ہی

دِز - قلعہ حصار مستحکم مکان - نظامی - کجا بستہ ی فرخ آئین دژ جدا از دو رمندی جدا زعاجزی +

دژ - بہرسہ حرکت خشم و تندی زشت و بد -

دژبراز - عیب جو و خام طمع و بد و درشت -

درلمش - ترکی مین آراستہ -

دژآہنگ - نام ایک چھوٹے نیزہ کا ہی جسکے سر پر دو شاخین ہوتی ہین گیلان کے رہنے والے یہ نیزہ رکھتے ہین -

دژک - آبلے جو بسبب کثرت کام کے ہاتھون پر پڑ جاتے ہین یا بسبب زیادہ چلنے کے پاؤن مین -

دژکاک - کرگس جو مشہور جانور مردار خوار ہی -

دژخیم - بدخصلت و بدصورت و بدسیرت - شعر - ہیزم نیکوان کے رو نماید یا بد و بدسیرت و بدخوی و دژخیم +

دژم - بیمار و نزار و سرنگون و خجل و شرمندہ و نالایق - دردمش والہ ہروی - افسردگی طبع بود دہمہ مکارت + بنود بغم دست رسی شاخ دژم را +

دژن - ہر چیز جو مزہ اسکا تیز ہو -

دژ الوان - افسوس و حسرت و دریغ -

دژ بان - محافظ قلعہ و مالک قلعہ -

دژ روئین - نام اس قلعہ کا جسمین گشتاسپ کی لڑکیان قید تھین اور اسفندیار نے اس قلعہ کو فتح کرکے اپنی بہنون کو قید سے چھوڑایا -

دژمان - حسرت و افسوس -

دژومہ - ساتون ستارے آسمانی -

دژاگامہ - خواہ سرائے مرد خدا پرست و متقی -

دژآگاہ - غضب و غصہ کی حالت میں -

دژپیہ - غدود جو آدمی اور حیوانوں کے گوشت میں ہوتے ہیں -

دژخی - بدبخت و بیمار و بدنصیب -

دال با سین

دست و پا - ہاتھ پاؤں قوت طاقت سعی تلاش کوشش - مؤلف
سرور بیدست و پا کی آج کل + دستگیری کیجیے یا دستگیر +

دست آسیا - چکی کا دستہ جو لکڑی کا ہوتا ہے اور اُسکو پکڑ کر چکی پھیرتے ہیں -

در بدر پھرنا - مارا مارا پھرنا - خراب خستہ پھرنا - دوہا - یہ کتا در در پھیرے اور دُر دُر دُر دُر ہوئے + ایک ہی در کا ہو رہے تو دُر دُر کرے نہ کوئے -

درد آنا - رحم آنا - ترس آنا - ہمدردی کرنا - مؤلف - درد آجاتا ہے بیشک مرد اہل درد کو + درد مین ہر دردمند درد دل کو دیکھ کر +

دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا - لعنت ملامت ہونا ہر طرف سے طعن طعن ہو -

دُر دُر کرنا - نفرت کرنا - صورت سے بیزار ہونا -

درد سر دینا - تکلیف دینا - ستانا - دق کرنا - رنج پہونچانا - میر - ای طبیب اٹھ جا مرے بالین سے مت دے درد سر + کام جان آخر ہوا کیا فائدہ تدبیر کا -

درد سر ہونا - سر مین درد ہونے لگنا - بھاری ہونا - ناگوار معلوم ہو - حاتم - زندگی درد سر ہوئی حاتم + کب ملیگا مجھے پتا میرا +

دُر دشا کرنا - برا حال کرنا - گت بنانا - خوب مارنا - ٹھیک بنانا -

دردسری کرنا - محنت اٹھانا - جان مارنا -

درد لگنا - درد زہ ہونا - جننے کا درد ہونا - جان صاحب - نہ جاؤ تم پڑو چولھے مین بھجو میرے بھائی کو + لگے مین درد مرتی ہون مجلا دے وہ دائی کو +

درد ہونا - تکلیف ہونا - دکھ ہونا - شوق پیدا ہونا - شوق -

رنگ رخ دیکھتے ہی زرد ہوا + دل مین بے اختیار درد ہوا +

درست کرنا - ٹھیک بنانا - گوشمالی دینا -

درگزر کرنا - چشم پوشی کرنا - اغماض کرنا - جانے دینا - معاف کرنا بخش دینا - عذر سن لینا -

دروازے کی مٹی لے ڈالنا - دروازہ کا لیوسے ڈالنا - کسی کے دروازہ پر بار بار جانا - بار بار پھیری ڈالنا - سخت تقاضا کرنا -

دریا برد کر دینا - دریا مین ڈبو دینا - غرق کر دینا -

دریا دلی کرنا - سخاوت کرنا - فیاضی کرنا -

دریا کو کوزہ مین بند کرنا - بڑے مضمون کو تھوڑی لفظون مین بیان کر دینا -

دریا کو ہاتھ سے روکنا - ناممکن کام کے انجام کا ارادہ کرنا - فضول و بیہودہ کام کی طرف توجہ کرنا -

دریا مین رہنا اور مگر سے بیر رکھنا - ایک مکان مین رہکر پروسی سے دشمنی رکھنا - ذوق - ہو چکی دل کی اپنے عشق مین خیر + رہین دریا مین اور مگر سے بیر +

ڈرنگی لگاتے پھرنا - دوڑتے - اُچھلتے - کودتے پھرنا آوارہ اور بیکار پھرنا -

درباری زبان - دربار کی بولی - شائستہ اور فصیح زبان - کھری بولی

درپردہ - پوشیدہ - چھپی چھپی - مؤلف - ماہ و خور شرمندہ ہو جاتے ہین اُسکے نور سے + جلوہ دکھلاتا ہے جب درپردہ وہ پردہ نشین +

در و دیوار سے - ہر جگہ سے ہر طرف سے - مصنف - رزا میوری عیش و عشرت کے مہیا ہوئے سارے سامان + در و دیوار سے تھا جلوۂ فردوس عیان +

دال با سین

دست بدست دینا - ہاتھون ہاتھ دینا - اسی وقت دینا - فوراً دینا

دست برد کرنا - مال غصب کرنا - مال مارنا - خیانت کرنا - غبن کرنا

دست درازی کرنا - لوٹنا - ہاتھ ڈالنا - مارنا - پیٹنا - بعزت کرنا - زنا بجبر کرنا -

دسترخوان بڑھانا - دسترخوان اُٹھا لینا - کھانا کھلانے سے فارغ ہونا -

دسترخوان کرنا - نیاز کا کھانا فقرا کو کھلانا - بحر - بحر اب گھر چلکے دسترخوان کر + یار نے مجھکو کھلایا اپنے ساتھ +

دستک باندھنا - کر باندھ دینا - محصول مقرر کر دینا - جرمانہ لگا دینا - بیفائدہ خرچ لگا رہنا -

دستک دینا - کسی کے دروازہ کی زنجیر کھڑکانا - تالی بجاکر گھر والون کو آگاہ کرنا - دروازے سے پکارنا - شعر - ہم در جانان پہ صبح و شام جب جاتے رہے + دستکین دیتے رہے زنجیر کھڑکاتے رہے +

دستگردان قرضہ لینا - ہاتھ اُدھار قرضہ بغیر تحریر کسی سند کے تھوڑے عرصہ کے واسطے لینا - اعتبار پر لینا -

دسوان دوار کھل جانا - دماغ پھٹ جانا - بھیجا کھل جانا - دماغ کو خبر ہو جانا - نہایت تیزی معلوم ہونا -

دست و پا مارنا - ہاتھ پانون مارنا - کوشش کرنا - جانفشانی کرنا - جد و جہد کرنا - میر - دست و پا مارے وقت بسمل تک + ہاتھ پہونچا نہ پائے قاتل تک -

ڈسنا - کاٹنا سانپ وغیرہ کا - ؎ چھیڑنا مت گیسوے دلدار کو + سانپ زہریلا یہ ہی ڈس جائیگا +

دال با شین

دشا جانا - پاخانہ - بیت الخلا جانا - ضروری حاجت رفع کرنے کو جانا

دشمن جانی ہونا - سخت عداوت و بیری ہونا - مؤلف - مار ڈالیگی وہ زلف پیچدار + جان کی دشمن ہے یہ کالی بلا +

دال با عین

دعا لینا - کسی کو خوش کرکے اپنے حق مین نیک دعا سننا - مولانا اکبر - پھلو پھولو گلزار عالم مین گلرو - ہنسو کھیلو اور بلبلون کی دعا لو +

دعا دینا - کسی کے حق مین نیک کلمہ زبان پر لانا - ؎ حسن کی گرمی بازار مین ہر دم عاشق + بر ملا گالیان لیتے ہین دعا دیتے ہین -

دعوت سمرقند - شان و شوکت کی دعوت بڑے تکلف کا کھانا -

دعوت شیرازہ - بے تکلف دعوت دال دلیا طعام جو حاضر ہو -

دعوت جنگ - لڑائی کی اطلاع لڑائی کا اشتہار -

دعوت اسلام - دین اسلام کی قبولیت -

دعوت ولیمہ - نکاح کا کھانا -

دال با غین

دغا کھانا - فریب کھانا کسی کے دام مین آنا - مؤلف - تری زلف کے دام مین آ گئے + دغا کھا گئے ہم دغا کھا گئے +

دغا دینا - کسی کو فریب دینا - دام مین لانا -

دال با فا

دفع الوقتی کرنا۔ وقت ٹالنا۔ بات ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔
دفعیہ کرنا۔ علاج کرنا اُپاسے کرنا۔
دف مرنا۔ جوش کم ہونا تیزی جاتی رہنا۔ دماغ گھٹ جانا۔

دال با کاف

دُکھ بٹانا۔ کسی کی تکلیف مین شریک ہونا۔ ہمدردی کرنا۔ جرأت۔ ہمین کیا جو کسی کا دُکھ بٹا دین + کسی کے واسطے دنیا سے جا دین +
دُکھ بھرنا۔ دُکھ بھگتنا۔ مصیبت اُٹھانا۔ مشقت جھیلنا۔
دُکھڑا پڑنا۔ مصیبت پڑنا۔ بپتا آنا۔ عورت کا رانڈ ہو جانا۔ خاوند مر جانا۔
دُکھڑا پیٹھنا۔ سخت محنت کرنا۔ محنت و مشقت سے پیٹ پالنا۔
دُکھڑا رونا۔ سرگذشت مصیبت بیان کرنا۔ فرحت۔ کر چکے ہم سرگذشت اپنی بیان + رو چکے ہم اپنا دُکھڑا رو چکے +
دُکھ دینا۔ کسی کو رنج پہونچانا تکلیف دینا۔ محمد انور لاہوری۔ ہر یہ سودا حسن کے بازار کا + دلربا دل لیکے دُکھ دیتے رہے +
دگرا لگنا۔ دگرا چلنا۔ راستہ جاری ہونا۔
دُکھ ساگر۔ غم کا دریا۔ غم کا مخزن۔
ڈکار نہ لینا۔ ڈکار رجانا۔ کھا کر ہضم کر جانا۔ مال مردم خوری کا
ڈگڈگا کر پانی پینا۔ بہت سا پانی پی جانا۔
ڈگر ڈگر کرنا۔ ضعف و ناتوانی کے سبب سے کانپنا۔

دال با لام

دل اٹکنا۔ دل پھنسنا۔ کسی کی محبت مین گرفتار ہونا۔ عاشق ہو جانا۔ ؎ نہ دیکھیگا زلفِ مسلسل کو جھٹکا + کہ اپنا دل زار کہ اسمین اٹکا۔
دل اُٹھنا۔ دل بیزار ہو جانا۔ جی ہٹ جانا۔ جرأت۔ کبھو صبا جو ہوے گذر یار کی طرف + دل سب طرف سے آپ کے جانے سے اُٹھ گیا +
دل اُچاٹ ہونا۔ دل برداشتہ ہونا۔ پریشان خاطر ہونا ؎ کسطرح اپنا دل اُچاٹ نہو + اب تلک دلربا نہیں آیا۔
دل آنا۔ عاشق ہو جانا۔ بے اختیار ہو جانا۔ یار علی جان حسینا آکے دل مجھپر ترا کیا پھر گیا + اوی کیا تقدیر بگڑی بن کے سودا بگڑا۔ واسع۔ دل کا آنا ہی کام سے جانا۔ جائیگا کام سے تو آئیگا۔
دل بجھنا۔ اُمنگ سے جاتی رہنا۔ حوصلہ قائم نہ رہنا۔ دل مرجانا۔ آتش۔ بے داغ عشق کیون نہ مرا دل بجھا رہے + اندھیری ہی چراغ نہیں جس کنول مین ہی +

دل بُرا کرنا۔ رنجیدہ ہونا۔ جی بُرا کرنا۔ شعر۔ غیر کے کہنے سے بیواسطہ ناحق ہمسے + دل بُرا کرتے ہین دلدار بُرا کرتے ہین۔
دل بڑھانا۔ ہمت بڑھانا۔ حوصلہ زیادہ کرنا۔ ذوق۔ تیغ کھاوے پڑی تھی گر پڑے ہم آپ سے + دلکو قاتل کے بڑھانا کوئی ہمسے سیکھ جائے
دل بھاری کرنا۔ افسردہ خاطر ہونا۔ رنجیدہ و ملول ہونا۔ رونے پر مستعد ہو جانا۔ مفتی حیدر۔ دم مین سو سو ظلم کرتے ہین بتان سنگدل + عاشقانِ بیدل اسیر کیون نہ دل بھاری کرین۔
دل بھر آنا۔ جی بھر آنا۔ آنسو بھر آنا۔ رونے لگ جانا۔ ناسخ۔ خون فشان رہتی ہین آنکھین ہو چکی جب سے شراب + کیون نہ بھر آئے مرا دل شیشہ خالی ہو گیا۔
دل بیٹھ جانا۔ دل بکھر جانا۔ پریشان ہونا۔ افسردہ خاطر ہونا۔ غمگین ہونا۔ بحر۔ قطع جب سے ہوئی امید وصال جانان + اسطرح بیٹھ گیا دل کہ اُٹھایا نہ گیا +
دل پانا۔ مزاج قائم دیکھنا۔ طبیعت کا موافق دیکھنا۔
دل پر چوٹ لگنا۔ دل پر اثر ہونا خبر ہو جانا۔ مؤلف۔ غم عشق کی ہوا کسی کو خبر + لگے جسکے دلپر محبت کی چوٹ +
دلپر نقش ہونا۔ جی مین بیٹھ جانا۔ دلپر اثر ہونا دل پر کُھد جانا۔ داغ۔ الٰہی نقش ہو کلمہ رسول اللہ کا دل پر + چلے کو نین مین نام محمدؐ سے درم میرا +
دلپر ہاتھ رکھنا۔ تشفی دینا۔ تسلی کرنا۔ اطمینان دینا۔ شیدا لکھنوی۔ مین نے پوچھا ہاتھ یہ کیون میرے دل پر رکھ دیا + مسکرا کر بولے ہاں کچھ تو سمجھکر رکھ دیا +
دل پسیجنا۔ کسی کے حال پر رحم آنا۔ ترس کھانا۔ آتش۔ آتش تخمونش دل پسیجیگا یار کا + بے سعی ہی یہ مصرع موزون آہ کا +
دل پک جانا۔ کسی شخص سے تکلیف پہونچنا۔ ناراض رہنا۔ آتش۔ بتون کے ناز سے دُکھ دُکھ کے پک گئے ہین دل + ہی کون جو کہ خدا سے وہ داد خواہ نہین +
دل بگڑ جانا۔ بیقرار و مضطرب ہونا۔ بے آرام ہونا۔ شعر۔ قرار اسکو بھلا کیونکر ہو جسکا + بدام زلف دل بگڑ گیا ہو۔
دل پکڑنا۔ دل پکڑ لینا۔ کسی کی حالت زار دیکھکر اپنا دل پکڑ رہجانا ؎ کسکو درد اپنا سناؤن کون لا سکتا ہی تاب + دل پکڑ لیتی ہی بلبل بھی مری فریاد سے +
دل پھٹنا۔ بیزار ہو جانا۔ نفرت کرنے لگنا۔ الگ رہنا۔

بجز کبھی تو اُن سے ملنے ہم جدا ہو کے جب + پھٹا دل ایسا کہ پھر التیام ہو نہ سکا

دل بھر جانا۔ طبیعت کا سیر ہو جانا۔ ؎ ہوئی خالی صراحی غم نہیں ہے + کہ دل بھی اب ہمارا بھر گیا ہے۔

دل پھر جانا۔ طبیعت کا برگشتہ ہو جانا۔ جرأت۔ پھر نہیں سکتا دل اپنا کوکرین وہ نت جفا۔ عشق خاعت میں ہمارا اُن ستمگاروں سے ہے +

دل پھیکا ہو جانا۔ دل بیزار ہو جانا۔ پہلا شوق و اُمنگ جاتا رہنا۔ ؎ پری رو تیرا آرائش سے کیوں دل ہو گیا پھیکا + نہ وہ لب پر نکھوٹا ہے نہ وہ ماتھے پہ افشاں ہے +

دل پیچھے پڑنا۔ طبیعت کا ہٹ جانا۔ رنج و غم بھول جانا۔ دل بہل جانا ؎ دل اپنا پڑ گیا پیچھے اُسی روز۔ قدم جب سے رقیبوں نے بڑھایا

دل توڑنا۔ ہمت ہار دینا۔ حوصلہ کم کر دینا۔ فریب عشق۔ لاکھ ہو۔ تیے بھی ہیں اگر قاتل + یوں نہیں توڑتے کسی کا دل + میر صبا سے ہر گھڑی مجھکو لہو کی باس آتی ہے + چمن میں آہ گلچیں نے ہے کس بلبل کا دل توڑا۔

دل تو لگتے ہی لگیگا۔ آہستہ آہستہ دل لگیگا۔ رفتہ رفتہ طبیعت عادی ہو گی ؎ سہج سہج فوگیر ہو گا۔ ذوق۔ دل تو لگتے ہی لگیگا حوریان خلد سے + باغ ہستی سے چلا ہوں ہائے پریاں چھوڑکر +

دل ٹوٹنا۔ رنجیدہ ہونا۔ شکستہ خاطر ہونا۔ ناسخ۔ دل مرا ٹوٹ گیا یاد جو آیا ساقی + شیشۂ مے کو شب ہجر میں پتھر سمجھا۔

دل ٹھکانے لگانا۔ تشفی کرنا۔ دلاسا دینا۔ آرام و اطمینان دینا۔ میر حسن۔ ملا میرے دلبر کو مجھسے خدا + نہیں تو مرا دل ٹھکانے لگا +

دل ٹھکانے لگنا۔ دل ٹھہرنا۔ اطمینان ہونا۔ تسلی و تشفی ہونا۔ آرام ہونا۔ داغ۔ نہ دل ہی ٹھہرا نہ آنکھ جھپکی نہ چین پایا نہ خواب آیا + خدا دکھائے نہ دشمنوں کو جو دوستی میں عذاب دیکھا۔

دل ٹھکنا۔ اطمینان ہونا۔ خاطر جمع ہونا۔ اعتبار ہونا۔ یقین ہونا

دل جلا۔ عاشق دل سوختہ۔ غمناک۔ ناسخ۔ کبھی مجھ دل جلے کی تربت پر + سبز ہوگا نہ جز چنار درخت +

دل جلانا۔ رنج اُٹھانا۔ تکلیف پانا۔ ستانا۔ جی جلانا۔ حکیم انور لاہوری۔ غم ترا غمخوار دنیا میں کھائیں کب تلک + آتش فرقت سے اپنا دل جلائیں کب تلک +

دلجمعی۔ اطمینان کرنا۔ تسلی پانا۔ خاطر جمع کرنا۔ یقین دلانا۔

؎ یہ پریشانی بھلا کب دور ہو۔ اپنی دلجمعی نہو لے جب تلک +

دل جمنا۔ جی لگ جانا۔ دل کی توجہ ہو جانا ؎ تیری مجلس میں جو آیا گم گیا + پھر نہ نکلا بس وہیں دل جم گیا +

دل چرانا۔ عاشق کر لینا۔ دل لے لینا۔ موہ لینا۔ کسی کام کرنے پر دل نہ چاہنا طبیعت نہ لگنا۔ صفدر فوقانی۔ نہیں بندے خدا کے وہ بندے + جنبگی سے جو دل چراتے ہیں +

دل چلا۔ بہادر۔ دلاور آدمی۔ بلا تامل کام کر لینے والا مولانا اکبر۔ وہ بندہ اہل دل مرد خدا ہے + جو مردوں میں بہادر دل چلا ہے۔

دل چھین لینا۔ عاشق کر لینا۔ موہ لینا۔ ولی۔ دل ولی کا لیا دلی نے چھین + جا کہو کوئی شہ محمد سے۔

دل چیر کر دیکھنا۔ دل کا حال دریافت کرنا۔ اندرونی بات معلوم کرنا۔ داغ۔ ہوا ہے جب سے شہرہ اس عدوئے دین و ایمان کا + کوئی دل چیر کر دیکھے عقیدہ ہر مسلمان کا +

دل حاضر ہونا۔ طبیعت کا درست ہونا مزاج اصلی حالت پر قائم ہونا۔ شعر۔ خدا آسان کرے ہر ایک مشکل کو بآسانی + اگر اس کام کے کرنے میں دل حاضر ہو انسان کا +

دل خوش کرنا۔ جی خوش کرنا۔ دل بہلانا۔ دل لگی کرنا مولانا اکبر لاہوری۔ چمن کی سیر کرنا دیکھنا دل اپنا خوش کرنا + مگر اس چند روزہ باغ کو فانی سمجھ رکھنا +

دِلِدّر پار ہونا۔ افلاس سے نجات پانا۔ تنگدستی جاتی رہنا +

دل دریا ہونا۔ فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔

دل دکھانا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ محمد انور حکیم۔ کسی کا دل دکھانا کب روا ہے + کہ ناراض اس سے ذات کبریا ہے۔

دلدل میں پھنسنا۔ کیچڑ میں پھنسنا۔ کسی جھگڑے یا قضیہ میں گرفتار ہونا۔ کسی سخت بیماری میں مبتلا ہونا۔ مؤلف۔ نہیں نکلا وہ جب تک دم نہ نکلا + جو اس دنیا کی دلدل میں پھنسا ہے۔

دل دیکھنا۔ کسی امر میں کسی کا امتحان کرنا۔ نظیر۔ جگر کر چاک قاتل دیکھتا تھا + جو پوچھا تو کہا دل دیکھتا تھا +

دل دینا۔ دل لگانا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ شیدا ہونا۔ میر۔ اب دل کے تئیں دیا تو سمجھا + محنت زدوں کے جگر نہو گا + ناسخ دل دیکے آ گیا ترے قابو میں اے صنم + میں اپنے خط یار سے مجبور ہو گیا +

دل ڈوبنا۔ غش آ جانا۔ گھبرا جانا۔ ناسخ۔ ڈوبا جاتا ہے دل نالاں عزیز آج کیوں + اپنے یوسف کا مجھے چاہِ ذقن یاد آ گیا +

دل رُکنا - جی بھچنا - آزردہ خاطر ہونا - غالب - رُکہ جی کے لیے ہوگیا ہی غالب + دل رُک رُک بند ہوگیا ہی غالب + واسدکہ شب کو نیند آتی ہی نہین + سونا سوگند ہوگیا ہی غالب +
دل رکھنا - دلجوئی دلداری کرنا - خوش کرنا - راضی کرنا - حسبِ منشا کرنا - درخواست کو پورا کرنا - ضمیر - سب کی تو آرزوئین پوری کین پر ہمارا ہی دل نہین رکھا -
دل سرد ہوجانا - جی ٹھنڈا ہوجانا - بیزار ہوجانا - ہٹ جانا - الگ ہوجانا - ذوق - اس سے تو اور آگ دو چند ہوگیا اب آہ و آتشین سے بھی دل سرد ہوگیا +
دل سُلگنا - دل جلنا - سوختہ ہوجانا - ذوق - دل سا لگ جلے جب تک اور بھڑک اُٹھے نہ جان + کم نہو قلیان کش سوز محبت کی طلب
دل سے تنگ آنا - عاجز آنا - دکھیا ہونا - ذوق - یہ طور مجھکو ضبط ہی اور دلکو اضطراب + دل میرا مجھسے تنگ ہی میں دل سے تنگ ہون
دل سے دل ملنا - باہم اتحاد و اتفاق ہونا - بحر - اے یار ملے دل سے دل ایسا کہ کہون مین + یہ تنگ ہی محبت کی انگوٹھی کا دو ملکا -
دل سے دھوان اُٹھنا - آہ و بکا کرنا - نالہ و فریاد کرنا - رونا چلانا - مفتی حیدر - آنسو جاری ہین میری آنکھون سے + آہ کا دل سے دھوان اُٹھتا ہی +
دل شکستہ ہونا - غمگین ہونا - دلگیر ہونا - فغان - شکستوں کا سخن ہووے نہ کیونکر نادرست + ساز بگڑی ہی تو نکلے ہی صدا بگڑی ہوئی +
دل کا بخار نکالنا - دل کا غبار نکالنا - دل کی کدورت نکالنا اپنے دل کا حال ظاہر کرنا - میر تقی - چشم سے خون ہزار نکلیگا کوئی دل کا بخار نکلیگا + برق - نکلا غبار دل کا صفائی تو ہوگئی اچھا ہوا جو خاک مین تمنے ملا دیا +
دل کو لگنا - دل پر اثر ہونا - دل پر چوٹ لگنا - مومن - تڑپنے لوٹنے رونے کا باعث مجھ پہ کھل جاتا + ترے دلکو بھی میری سی اگر پیری کی دل لگ جاتی +
دل کھٹا کرنا - ناراض ہونا - رنجیدہ ہونا - آزردہ خاطر کرنا - سے دل در اندازون نے کھٹا کردیا فرہاد کا + جبسے اُسکی جان شیرین مفت مین جاتی رہی +
دل کھلنا - خوش ہونا - انبساط مین آنا سے گل کھلے گلشن مین وقت آمد فصل بہار + دل کھلا مانند گل ہر عندلیب زار کا +
دل کی بھڑاس نکالنا - دل کا غبار نکالنا - بخار نکالنا - جوش نکالنا
دل کے پھپھولے پھوڑنا - رنج ظاہر کرنا - شکایت ظاہر کرنا - جو دل مین آئے کہ ڈالنا - آبرو - جاکر شراب خانہ مین شیشے تمام توڑے + زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے +
دل کی حسرتین نکالنا - آرزو پوری کرنا - مراد حاصل کرنا - فغان - ہمنے شب فراق مین سنتا ہی اے فغان + کیا خاک سوکے حسرتین دل کی نکالیان +
دل کی دل مین رہنا - ارمان باقی رہجانا - حسرت رہ جانا - میر - دل کی دل ہی مین رہی بات نہونے پائی + آہ اُس سے ملاقات نہونے پائی +
دل کی صفائی - تزکیہ باطنی کرنا - نفس کو پاک کرنا - سینہ صاف کرنا - ذوق - خاک آئینہ سے ہی نام سکندر روشن + تو نسی کھتا گر دل کی صفائی کرتا +
دل کی گانٹھ کھولنا - عداوت دور کرنا - پوشیدہ کینہ رفع کرنا -
دل لگانا - عاشق ہونا - تعشق کرنا - مؤلف - جبتک ہی تمکو دل مین عزیز و دل لگانے کی + تو پہلے آؤ اور احوال سرور دیکھتے جاؤ +
دل لگنا - عاشق ہو جانا - بے بس ہوجانا - جرات - اسکے گھبانے کو سونا ز و ادا مین اسمین + وہ سنگار فقط ایک طرح سے ہوگیا +
دل لگی کرنا - محبت کرنا - عشق کرنا - نبھا جوڑنا - داغ - بڑی بری ہی داغ راہ الفت فساد لیجائے لیسے رستے + جو ابکی تم خبر چاہتے ہو تو بھول کر دل لگی نہ کرنا -
دل لیجانا - دل لے لینا - عاشق کر لینا - موہ لینا - میر حسن - نگاہ اُسکی دل لے گئی سبھون کی + کیا مومن برہمن کیا گبر اور ترسا + ولہ دل لے لیا تو عین عنایت ہی یار کی + اچھا ہی رنجشین ہوگئین بار بار کی +
دل لینا - کسی کے دل کا حال دریافت کرنا - مافی الضمیر دریافت کرنا عاشق بنانا - میر - چل کے اُس نا آشنا کا آج پھر دل لیجیے + چاہیے ایسا اگر کچھ بھی گلے مل لیجیے + شوق - کہین دل لیکے قہر کرتا ہی کہین رسوائی شہر کرتا ہی -
دل مارنا - تنگ کردینا - ستا مارنا - عاجز کردینا -
دل مرجانا - افسردہ خاطر ہونا - غمناک ہونا - جرات - اسے چھوڑکر تو اگر جائیگا + یہ دل مفت مین یار مر جائیگا +
دل ملنا - دوستی ہوجانا - موافقت ہو جانا سے آنکھین تو ملانے لگے ہو مگر دل نہیں ملتا - ساغر تو بہت خوب ہی مینا نہین اچھا -

دل میلا کرنا - اُداس و رنجیدہ و مغموم ہونا -

دل مین پاپ لانا - دل مین بد ارادہ کرنا -

دل مین جگہ کرنا - محبت بڑھانا - اختلاط پیدا کرنا - نیک اخلاق سے پیش آنا - بحر - کیا اگر پائی کسی نے کسی محفل مین جگہ + آدمی عرش نشین ہی جو کرے دل مین جگہ +

دل مین چبھنا - پسند آنا - دل کو بھانا - اثر ہونا - بحر - چبھ گئی ہی وہ مژہ دل مین جیؤن یا نہ جیؤن + جان کانٹے کے آنے پر ہی بھروسا کیا ہی

دل مین چٹکی لینا - چٹکیان لینا - پوشیدہ تکلیف پہونچانا - چبھتی کہنا - دل پر اثر کرنا - ناسخ - بلبلون ایسا فریاد کرو فریاد مین + چاہئے منقار چٹکی لے دل صیاد مین + ذوق - تیر چٹکی مین لیا اُسنے پئے جان عدو + رشک میرے دل مین کیا کیا چٹکیان لینے لگا -

دل مین دل ڈالنا - کمال درجہ کی محبت ہونا - کسی پر غلبہ حاصل کرنا - ارشد - ڈالکر دشمن کے دل مین دل بنالین اپنا دوست + پرستم یہ ہی کہ ظالم تو ہمارے دل مین ہی + ضمیر - اسکو میرا یقین نہین آتا + ہائے کسطرح دل مین دل ڈالون +

دل مین ڈالنا - بات سمجھا دینا - کیفیت بتلا دینا - کانون مین پھونک دینا ؎ جانتا ہی خدا رقیب نے کیا + دل مین اُس کے لڑا کے ڈال دیا + کہ نہ وہ لطف و مہربانی ہی + نہ عنایت نہ ہی کرم پہلا

دل مین راہ کرنا - کسی شخص کے دل پر قبضہ پانا - اُسکو اپنے اختیار مین لینا - جی مین گھر کرنا - میر تقی - کعبہ سو بار وہ گیا تو کیا + جسنے یان ایک دل مین راہ نکی +

دل مین رکھنا - بات جی مین رکھنا - کسی کے آگے ذکر نہ کرنا - مؤلف - جو عاشق ہین وہ راز عشق اپنے دل مین رکھتے ہین + نہان اس شعلۂ آتش کو آب و گل مین رکھتے ہین +

دل مین سوراخ کرنا - دل مین چھید کرنا - دل مین کھبنا - دل مین گھس جانا - فغان - تہانہ دُر کو دیکھ کے کرتے ہین اشک چشم + سوراخ دل مین کرتی ہین کانون کی بالیان +

دل مین گرہ پڑنا - شکر رنجی ہو جانا - اَن بن ہو جانا - گانٹھ پڑ جانا ؎ پڑ گئی تھی جو ترے دل مین گرہ وا نہوئی + سعی ہر چند مرے ناخن تدبیر نے کی +

دل مین کھٹکنا - برا لگنا - کانٹا سا معلوم ہوتا - ناگوار گزرنا

دل مین گھر کرنا - کسی کے دل پر قابض ہونا - ہر دل عزیز بننا ؎ کنکر ذرا سا اور وہ پتھر مین گھر کرے + انسان وہ کیا نہ جو دلِ دلبر مین گھر کرے +

دل نشین کرنا - ذہن مین جما دینا - اچھی طرح سمجھا دینا -

دل ہاتھ مین لانا - دل ہاتھ مین لینا - نہایت پیار و محبت کرنا - محبت کے زور سے دوسرے شخص کو مطیع کر لینا ؎ اہل دل لیتے ہین دل لوگونکا اپنے ہاتھ مین + اس سے زیادہ سیم و زر کی جستجو کرتے نہین +

دل ہٹ جانا - طبیعت بیزار ہو جانا - دل اُکتا جانا - محبت جاتی رہنا - مؤلف - انکے محفل مین ہوا غیرونکا دخل + دوستونکا آنا جانا گھٹ گیا + اب ہماری بھی طبیعت پھٹ گئی + اور دل ہی اُنسے کوسون ہٹ گیا -

دل ہلانا - خوف دلانا - ڈرانا - رحم پیدا کرنا - جرأت - کوئی سنگدل ہی جرأت پر اسنے جو قصہ + یکبار اسکا دل بھی یہ داستان ہلا دے +

دل ہی دل مین گھلنا - اندر ہی اندر کڑھنا - غمگین رہنا - رنج مین رہنا - داغ - ای داغ دل ہی دل مین گھلے ضبط عشق سے + افسوس شوق نالہ و فریاد رہ گیا +

دل کی پھانس - دل کا آزار اندرونی تکلیف ؎ کھٹکتی ہی جو دل کی پھانس دلکو چین آتا ہی + کہ ماہی کو نہین تکلیف ہوتی خار ماہی سے

دل کا گاہک - دل کا خریدار - معشوق - من موہن - جانی - پیارا - فغان - مفت سودا ہی ارے یار کہان جاتا ہی + آ میرے دل کے خریدار کہان جاتا ہی -

دل گردہ - عالی ہمتی - جرأت - دلیری - بہادری - شعر - محبت مین پتھر سے لڑتا رہا + یہ دل گردہ تھا ایک فرہاد کا +

دل ہی دل مین - پوشیدہ طور سے - چھپے چھپے - داغ - رہی اُنکی ہمارے دل ہی دل مین گفتگو جب تک + مزا آتا رہا کیا کیا شکایتہائے پنہان کا +

دل کا لہری - دل کا موجی - آزاد آدمی - من موجی - خوش مزاج اپنی خوشی پر کام کرنے والا -

دل کھول کے - خاطر خواہ - فراخ حوصلگی کے ساتھ - قطعہ از مؤلف - سیم و زر بخشو خدا کے نام پر + ابر نیسان کی طرح دل کھول کے + ہون جو بھوکے اُنکو تم کھانا کھلاؤ + پیاسون کو پلواؤ شربت گھول کے +

دل و جان سے - بسر و چشم - بڑی خوشی سے -

دال باہم

دماغ آسمان پر ہونا - متکبر و مغرور ہونا - گھمنڈ کرنا - ہوا سے باتین کرنا - مؤلف - زمینی تھا یہ آدمی خاکزاد + گیا اسکا کیون

آسمان پر دماغ +

دماغ اونچا ہونا - دماغ بلند ہونا - متکبر و مغرور ہونا - خود بین ہونا - مؤلف - آدمی کا جبکہ زیر خاک ہی اصلی مقام + آج کیون اونچا ہی مثل آسمان اسکا دماغ +

دماغ پریشان کرنا - حیران کرنا - دق کرنا - کان کھا جانا - بک بک کرنا -

دماغ تازہ کرنا - جی خوش کرنا - دل بہلانا -

دماغ چھڑنا - ناک بہنا - ریزش کرنا - تکبر جاتا رہنا - غرور دور ہو جانا - شیخی کرکری ہونا -

دماغ خالی کرنا - بیہودہ تقریر کرنا - لغو باتین کرنا -

دماغ دار ہونا - متکبر و مغرور ہونا -

دماغ مین تنا - دماغ مین رہنا - نخوت سے بات نکرنا - غرور سے رہنا -

دماغ مین خلل ہونا - مالیخولیا ہونا - دیوانہ ہو جانا -

دماغ نہ پایا جانا - غرور کا ٹھکانا نہ ملنا - حد سے زیادہ تکبر ہونا - مؤلف - کتنی سر چڑھ گئی ہین وہ زلفین + پایا جاتا نہین ہی جنکا دماغ

دماغ ہونا - تکبر ہونا - غرور ہونا - گھمنڈ ہونا - طاقت ہونا - لیاقت ہونا - میر - میر ہر اک موج مین ہی زلف ہی کا سا دماغ جب سے وہ دریا پہ آکر بال اپنے دھو گیا + ولہ - دل مضطر سے گذر گئی شب وصل اپنی ہی فکر مین + نہ دماغ تھا نہ فراغ تھا دھنک سے تھا نہ قرار تھا -

دم اولٹنا - سانس رکنا - حبس دم ہونا - جی گھبرانا - قریب المرگ نزع کی حالت مین ہونا - جرأت - نہ جانا یہ کہ جلنے سے کہین کیونکہ جلیگا وہ + کہ جسکا دم الٹ جاتا تھا میرے اٹھ کے جانے سے +

دم آنکھون مین آٹکنا - قریب المرگ ہونا - داغ - دم مرے گلے مین اٹکا ہی کہ دیکھون تو سہی + گیا مسیحا سے مرے درد کا درمان ہو کہ نہ ہو

دم بخود رہ جانا - دم بخود ہونا - خاموش ہو جانا - صم و بکم ہو جانا - مؤلف - رہا وہ دم بخود منھ سے نہ بولا + تبسم مین ترے لب جنبش نکئے

دم بڑھانا - دیر تک سانس لینے کی عادت ڈالنا سو کشتی کی مشق کرنا

دم بند ہونا - دم گھٹنا - سانس نہ لے سکنا - لاجواب ہونا - آتش - منھ لپیٹون مین تو دم کردے خیال یار بند + خواب مین دیکھون اگر ہون دیدۂ بیدار بند +

دم بھرنا - دم چڑھ جانا - ہار جانا - تھک جانا - کسی کی ہر وقت یاد کرتے رہنا - محبت کا دعوی کرنا - شوق - ہر گھڑی دم تمھارا بھرتے ہین بخدا ہم تو تمپہ مرتے ہین + آتش - یہ سودائے شہادت ہی ہمارے سر کو اے قاتل + تری تلوار کا دم بھرتی ہی جو رگ ہی گردن مین + داغ - برنگ بوی گل ہی ہر نفس یاد الٰہی مین + قیامت تک بھر گی دم نسیم صبح کا دم میر نعتیہ از مؤلف - سب ہی آدم ترا بھرتے ہین دم ہر ایک دم + دام و دد جن و ملایک بندۂ بے دام ہین +

دم توڑنا - نزع کی حالت مین ہونا - آخر کے دم لینا - ناسخ - کیون نہ دم توڑون کہ جیسے دم نکلتا ہی مرا + ناسخ ان روزون رقیبون کا وہ ہمدم ہو گیا + مؤلف - نکلتی ہی ترے بیمار کی جان + وہ عاجز ناتوان دم توڑتا ہی +

دم ٹوٹنا - سانس نہ لے سکنا - دم بھر جانا - جرأت - ہاے جب بحر محبت مین دم اپنا ٹوٹتا + تب مقابل ہوئی تقدیر بڑی پانی کی + مؤلف - بلائے عشق سے اسدن یہ مبتلا چھوٹے + کہ نکلے جسم سے جان حزین وہ دم ٹوٹے +

دم جھانسا دینا - فریب دینا - دھوکا دینا - بتا دینا - مؤلف نہ دیتا دل نہ دیتا دل نہ دیتا + اگر دلدار دم جھانسا نہ دیتا +

دم چرانا - دم بند کر لینا - مردہ معلوم ہونا - جان بوجھ کر مردہ بنتا جرأت - بوقت نزع مجھکو دیکھ بہدم + یقین وہ بدگمان مطلق نلایا نسبی ہی چور کے دل مین جو چوری + تو کہتا ہی کہ اسنے دم چرایا +

دم چڑھنا - سانس پھولنا - ہانپ جانا - دم بھر جانا -

دم چھوڑنا - جان نکلنا - مرنا - فوت ہونا - قطعہ - عالم فانی کے رستے جتنے ہین + یک قلم اے طالب حق توڑ دو + دم کوئی غفلت کا آ جائے اگر + ایسے دم کو تم اسی دم چھوڑ دو +

دم خفا ہونا - دم رکنا - جی گھبرانا - سانس تنگ آنا - ناسخ - عشق مین یہ ہی کہ دم میرا خفا ہوتا ہی + گھونٹتا ہی جو کوئی مست گلا مینا کا

دم دبا کر بھاگنا - مغلوب ہونا - مقابلہ نہ کر سکنا -

دم دبا کر چلدینا - پیٹھ دیکر بھاگنا - مفتی حیدر لاہوری - سیکڑون شیران میدان رستم و اسفندیار + آئے اس دنیا مین آخر دم دبا کر چلدیے +

دم دلاسا دینا - بہلانا - پھسلانا - دھوکا دینا -

دم دینا - فریب دینا - دھوکا دینا - مرنا - فوت ہونا - دیگ کو انگارون پر رکھ کر دم دینا - ؎ نہ پھنسا دام مین اسکے خبردار جو ہو مکار اور دم دینے والا +

دم رکنا - دم اچھی طرح سے نہ آنا - جی گھبرانا - طبیعت پریشان ہونا - مومن - یاں سے کیا دنیا سے اُٹھ جاؤں اگر کہتے ہیں آپ + رک گیا میرا ابھی دم کیوں اسقدر رکتے ہیں آپ +

دم سوکھ جانا - دم خشک ہو جانا - جان نکل جانا - مر جانا - لہو خون خشک ہو جانا - پریشان ہونا - غمگین ہونا - دلگیر ہونا - مصنف - رکھا کیوں گلچین نے گلشن میں قدم + خشک جس سے ہوگیا بلبل کا دم +

دم کرنا - کچھ کلام پڑھکر پھونکنا جھاڑنا - ناسخ - معجزے سے میں جیا پر راست کہئے یا مسیح + نام کسکا لیکے مجھپر آپ نے دم کردیا + ے طبیب عشق سے پوچھا زلیخا نے علاج اپنا + کہا بہتر ہے تجھکو سورۂ یوسف کا دم کرنا +

دم کو لیکر بیٹھ رہنا - سانس نہ مارنا - دم روکنا - خاموش ہو رہنا - دم سادھنا - مؤلف - نہیں رکھتے غرض ہرگز کسی سے + جو اپنے دم کو لیکر بیٹھتے ہیں +

دم کھانا - چپ رہنا - خاموش رہنا - کسی کا فریب کھانا - توقف کرنا - ٹھہرنا - صبر کرنا - مؤلف - گالیاں سُنکر رہے خاموش ہم + وہ بہت بولے پہ ہم دم کھا رہے +

دم کھینچنا - سانس نکلنا - نزع کی حالت ہونا - ے یاد ابرو میں سسکتا ہوں میں بسمل کی طرح + کھنچ رہا ہے دم رگوں سے تیغ قاتل کی طرح +

دم کے ساتھ رہنا - ہر وقت پاس رہنا - مؤلف - تیری مجلس میں نہ ہو غیر دلن کا دخل + ہم رہیں ہو وہ تمھارے دم کے ساتھ +

دم گھبرانا - دم گھٹنا - پریشان ہونا - خفقان ہونا - طبیعت منتشر ہونا -

دم لبوں پر آنا - جان بلب ہونا - نزع کی حالت میں ہونا - مؤلف - تمھی زلفوں نے ہمکو مار ڈالا + غم لبوں پر آگیا دم +

دم لگانا - حقہ پینا - تماکو پینا - چرس اُڑانا - ے عزیز وجب تلک دم میں ہے دم + رہو سرمست ہر دم دم اُڑاؤ +

دم لینا - سانس لینا - سانس کھینچنا - سستانا - توقف کرنا - آرام لینا - ذوق - زندگانی کا وقفہ ہے + یعنے آگے چلیں گے دم لیکر +

دم مارنا - سانس لینا - بولنا - چون کرنا - منہ سے لفظ نکالنا - زبان ہلانا - ے جتنا بولا کیا غیروں سے تو میں نے نکی آہ تک + تیری محفل میں دم بہ آہی لیکن نہ دم مارا + میر - جنون کی باتیں دشت اور گلشن میں جب چلیاں + نہ چوب گل نے دم مارا نہ چھڑیاں بید کی ہلیاں +

دم میں دم آنا - اطمینان یا دلجمعی ہونا - مومن - تیرے آنے کی دم میں دم آیا + ہو گئی یاس امیدواری آج -

دم میں آنا - دھوکے یا فریب میں آنا - قطعہ - جو مکار حیز میں پنہان دل زمین ہیں + فریب اُنکا کبھی دوست ہرگز نہ کھانا + دل اپنا دئے بیٹھنا بھولے سے جو گے + نہ اسکے کبھی دام اور دم میں آنا +

دم میں دم ہونا - زندگی باقی ہونا - جیتا ہونا - میر - غم رہا جب تک کہ دم میں دم رہا + دل کے جانے کا نہایت غم رہا +

دم ناک میں کرنا - عاجز کرنا - تنگ کرنا - ناسخ - زلف مشکیں مجھکو رہ رہ کر دلا جاتی ہے یاد + لائی ہے اب نکہت گل کیوں مرا دم ناک میں +

دم نکلنا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا - مرنا - فوت ہونا - شوق - دل پڑا جسکے غم میں جلتا ہے + جس ستمگر پہ دم نکلتا ہے + ولہ - دم نکلتا تھا تیغ ابرو سے + دل اُلجھتا تھا ذکر گیسو سے +

دم نہ مارنا - اف نہ کرنا - کچھ نہ بولنا - خاموش رہنا - روشن لال پوری - کچھ بھی اِس درویش نے مارا نہ دم + جان دینے میں ہوا ثابت قدم + نظیر - دلوے تو لے وہی جو نہ دیوے تو دم نہ مار + اسکے سوا کسی سے نہ رکھ اپنا کاروبار +

دم ہلا کر بیٹھنا - مکان صاف کر کے رہنا -

دم بھر کو - دم بھر میں - تھوڑی دیر کے لیے لحظہ کے واسطے قلیل عرصہ میں - قطعہ از مؤلف - اے مسیحا دم کرو رنجہ قدم + ہے ترا بیمار دم کا میہمان + ہوگی گر کچھ آپ کے آنے میں دیر + آئی دم بھر میں نکل جائیگی جان +

دم غنیمت ہے - وقت غنیمت ہے - زندگی کا دم غنیمت ہے - قطعہ از مؤلف - دار دنیا میں دم غنیمت ہے + جو ملے عیش و کم غنیمت ہے + عید کا جشن گر نصیب نہ ہو + محرم کا غم غنیمت ہے +

دال با نون

دن آنا - دن چڑھنا - سورج بلند ہونا - کسی موسم کا وقت قریب آجانا - میعاد گذر جانا - عمر گذر جانا - حیض آنا - وضع حمل کے دن قریب آنا - مولانا اکبر - آگے ہیں جانے کی خاطر اس سرائے دہر میں باری باری اپنے سب جائیں گے جب دن آئیں گے +

دن بھرنا - دن پورے کرنا - رنج و اندوہ میں اوقات بسر کرنا دن کاٹنا - زندگی کے دن پورے کرنا - مؤلف - ہجر میں بیستکے دن بھرتے ہیں + زندگی اپنی بسر کرتے ہیں + اسیر - شکل گردون رات دن رہتے ہیں گردش میں اسیر + زندگی اپنی کے دن پورے کیا کرتے ہیں ہم + نظیر - سرتا ہوں تڑپتا ہوں پڑا ہجر میں تیری

دن عمر کے بھرتا ہوں شب و روز مین گن گن +

دن پڑنا۔ مصیبت مین مبتلا ہونا۔ بداقبالی آنا۔ عورت کا خاوند مرنا۔ بیوہ ہونا۔ حکیم انور لاہوری۔ آگئی باد خزان گلشن کے پتے جھڑ گئے + بلبلون پر تازہ آفت آگئی دن پڑ گئے +

دن پھرنا۔ دن بھلے آنا۔ اچھے دن آنا۔ مصیبت کا زمانہ گذر جانا تنگدستی جاتی رہنا۔ فراخ دستی نصیب ہونا۔ صفدر رامپوری۔ دربہ اک ہوم ہمائی بخت کا اختر چمکا + دن پھرے عاشق شیدا کا مقدر چمکا

دنت کتھا۔ مصنوعی داستان۔ ساختہ قصہ۔ لغو تقریر بے معنی گفتگو۔

دن چڑھانا۔ دیر لگانا۔ توقف کرنا ؎ ہوئی ہر بات مین جلد جلاتی بہت سے دن چڑھالے آج کل مین +

دن چڑھنا۔ روشنی ہونا۔ آفتاب نکلنا۔ دیر لگنا۔ توقف و توقع مین آنا۔ جرأت۔ سو بار آئی اور قیامت گذر گئی + فرقت کا دو گھڑی کبھی ابھی دن چڑھا نہین۔

دندان شکن جواب دینا۔ معقول جواب دینا۔ منھ بند کر دینا ؎ برزبان جو بات لایا روبرو اُنکے رقیب + ہم جواب اُسکا ہمیشہ دندان شکن دیتے رہے۔

دند مچانا۔ غل شور مچانا۔ شور و غل کرنا۔ اندھیر کرنا۔ ظلم کرنا انیائو کرنا۔

دن ڈھلنا۔ دن کھسکنا۔ آفتاب کا زوال ہونا۔ سورج کا دوپہر سے ڈھلنا۔ ذوق۔ وہ صبح کو آئے تو کرون باتون مین دوپہر + اور چاہون کہ دن تھوڑا سا ڈھل جائے تو اچھا + محمد شاہ بادشاہ۔ پیری مین کرین سیر جوانی تو مزہ ہو + دن ڈھلتے ہی ہوتا ہر تماشا گر یکا +

دن کاٹنا۔ دن گذارنا۔ وقت گزارنا۔ مولف۔ بتون کے غم مین بیٹھ جاتے ہین + مصیبت کے یہ ہم دن کاٹتے ہین +

دن کو تارے دکھانا۔ کوئی عجیب امر ظہور مین لانا۔ مولانا اکبر۔ رخ روشن پہ جسنے خال دیکھا + عزیزا اُسنے دیکھے دن کو تارے +

دن کو دن اور رات کو رات نہ سمجھنا۔ آرام چھوڑ کر خوب محنت کرنا رات دن کام مین مصروف رہنا۔ مؤلف۔ خیال زلف مین ہم رات کو نہ سمجھے رات + رخ کی یاد مین دن کو کیا تصور دن +

دنگ ہونا۔ دنگ رہ جانا۔ حیران و ششدر رہجانا۔ متعجب ہونا میر حسن۔ وہ مکھڑے کا عالم وہ کنگھی کا رنگ + شب ماہ ہو دیکھکر جسکو دنگ +

دن لگنا۔ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔ خودی مین آنا۔ آرزو

آتا ہی ہر سحر اُٹھ تری برابری کو + کیا دن لگے ہین دیکھو خورشید خاوری کو +

دن نکلنا۔ آفتاب کا طلوع ہونا۔ سورج کا دکھائی دینا۔ صفدر رفوقانی۔ نقاب چہرے سے اُٹھا تو لوگ بول اُٹھے + کہ آج مطلع خوبی سے دن نکل آیا +

دلون سے اُتر جانا۔ جوانی کی عمر کا گذر جانا۔ پیری کا زمانہ شروع ہونا۔ مؤلف۔ پھر جوانی کی وہ اُمنگ کہان جب دلون سے اُتر گیا انسان +

دلون کو دغا دینا۔ دلون کو دھوکا دینا۔ مصیبت کا وقت گذارنا۔ جسطرح سے ہو سکے زندگی کے دن پورے کرنا۔

دنیا سے جانا۔ مر جانا فوت ہونا۔ گذر جانا۔ مؤلف۔ عزیز دل کسی چیز سے دل نہ باندھو + کہ ہر ایک دن سب کو دنیا سے جانا +

دن بدن۔ دن دن۔ روز بروز۔ رفتہ رفتہ۔ درجہ بدرجہ۔ مؤلف۔ اوہی رنگت بدلتا ہی جہان + دمبدم ساعت بساعت دن بدن + مؤلف۔ عاشقین تازہ نظر آتی ہین اہل دید کو + انقلاب گنبد گردان سے دن دن رات رات +

دن دہاڑے۔ دن دھولے۔ روز روشن۔ کھلے خزانے۔ سب کے سامنے۔ علانیہ۔ وزیر۔ زلفون نے دل کو چھین لیا رخ کی دید مین + لوٹا ہی دن دہاڑے یہ اندھیر ہو گیا +

دلون دیر ہی۔ چند روز توقف ہی۔ زیادہ عرصہ درمیان مین نہین

ڈنڈ نکالنا۔ ڈنڈ پیلنا۔ پہلوانون کا ورزش کرنا۔ جسمی محنت کرنا نظیر۔ سیر کر گلزار کی اور دیکھ لے قدرت کے کھیل + چھوڑ سب کامون کو غافل بھنگ پی اور ڈنڈ پیل +

ڈنڈے بجاتے پھرنا۔ خراب و خستہ و آوارہ پھرنا۔

ڈنڈی مارنا۔ جھلکی کے انگوٹھے سے ترازو کی ڈنڈی کو آگے کی طرف جھکا دینا۔ کم تولنا۔ کم دینا۔ کنجڑے کا سوانگ۔ میٹھی پھوٹ با پیچون اور پیچون چولائی + بازارون مین ڈنڈی اورون تو کنجڑے کی جاتی +

ڈنکا بجانا۔ مشہور ہونا۔ شہرت پانا۔

ڈنک لگنا۔ کاٹا جانا۔ ڈنک چبھ جانا۔ کیڑا لگ جانا کسی چیز مین سے خرچ ہوتے گھٹنا۔ کھایا جانا۔ صرف شروع ہونا۔

ڈنکے کی چوٹ کہنا۔ ڈھول بجاکر کسی بات کو بیان کرنا۔ علانیہ کہنا۔ سب کے سامنے کہنا

ذال با واو

دو آتشہ پلانا۔ دو دفعہ کھینچی ہوئی شراب پلانا۔ نہایت تیز شراب

پلانا یست کردینا۔ مؤلف۔ پیاس سے دلِ سوزان ہمیشہ جلتا ہی + مئی دو آتشہ ساقی ہمین پلا دینا +

دوا دارو کرنا۔ علاج معالجہ کرنا۔ تیمار داری کرنا ؎ ترے بیمارِ غم کا ای مسیحا + معالج کیا دوا دارو کریگا +

دوا کو بھی نہین ملتا۔ فلان چیز کی اتنی کمی ہی کہ دوا کے واسطے بھی نہین ملتی۔ بہت کمیاب ہی نا پید ہی۔

دوالہ نکالنا۔ ساہوکار لوگ گھاٹا ہو جانے کے وقت دن کو چراغ جلا کر دوکان پر ہو بیٹھتے ہین۔ ٹاٹ الٹ دیتے ہین۔ اس روز سے وہ مفلس قرار دیے جاتے ہین۔ قطعہ از مؤلف تو انیا خوبرو ای یوسفِ کنعان خوبی ہی + بشرق و غرب جسکے حسن کا شہرہ دو بالا ہی + زلیخا کسطرح تیری خریداری کو آئیگی + کہ سنتے ہی دوالہ مصر مین اُسنے نکالا ہی۔

دوالہ نکلنا۔ دوکان بگڑ جانا۔ خسارہ آجانا۔ بحر۔ کیا ترے لعل لب کو خریدیگا جوہری + بیعانے ہی مین اُسکا دوالہ نکل گیا +

دو ایک۔ دو تین۔ دو چار گننا۔ شمار کرنا۔ مؤلف نہین ہوتی ہی دوستی کامل + جوق نہ الفت مین جب تلک دو ایک

ذوقی۔ قسمت تو دیکھ ٹوٹی ہی جا کر کہان کمند + دو چار ہاتھ جب کہ لب بام رہ گیا +

دو بدو کہنا۔ صاف صاف جواب دینا بلالحاظ بول اُٹھنا اکبر لاہوری۔ راستبازانِ جہان عیب و صواب + دو بدو کہتے ہین مثل آئینہ +

دو بدو ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ تکرار ہونا۔ مؤلف۔ بے ادب آئینہ کیون ہو دو بدو + رو برو کیون آئے وہ بے آبرو +

دوبھر ہونا۔ ناگوار ہونا۔ بھاری ہونا۔ مؤلف۔ زلفِ رخ کے غم مین اپنی زندگی + کسقدر رہی آج کل دوبھر ہوئی +

دوہیان ہونا۔ دوہرے ہاتھ والا۔ زور آور ہونا۔ طاقتور ہونا۔ بحر۔ کیا زبردستی وہ میرے دل کے خواہان ہو گئے + بازو باندھ کر ایسے دوہیان ہو گئے +

دو پایہ سے چوپایہ ہونا۔ شادی ہونا۔ عورت کا گھر آنا۔ جورو والا ہونا۔

دو پٹہ تان کے سونا۔ بے فکر ہو کر سونا۔ آرام سے سونا۔ بے خبر سونا۔ مُردون کے ساتھ شرط باندھ کر سونا۔

دو پٹہ ہلانا۔ چادر ہلانا۔ دشمن سے لڑائی کے وقت پناہ مانگنا

دو لپشتہ کرنا۔ دوہرا کر دینا کاغذ کو دونون طرف سے چھاپ دینا۔

دوت دبک بتانا۔ دھمکانا۔ جھڑکنا۔ بُرا بھلا کہنا تنبیہ کرنا۔

دو ٹوک جواب دینا۔ صاف جواب دینا۔ کچھ شرم و لحاظ نہ کرنا۔ ٹکا سا جواب دینا۔

دو ٹوک ہو جانا۔ الگ ہو جانا۔ دو ٹکڑے ہو جانا۔ کچھ لاگ لپیٹ نہ رہنا

دو جیا ہونا۔ دو جی سے ہونا۔ عورت کا حاملہ ہونا۔ شکم سے ہونا۔ گر کبھ سے ہونا۔

دو چار ہونا۔ روبرو ہونا۔ ملاقات ہونا۔ چار آنکھین ہونا۔ مؤلف یار تنہا دو چار جیسے اُس سے ہم دو چار تھے + جو وہان اغیار تھے نقش دیوار و در و دیوار تھے +

دو دن کا مہمان ہونا۔ جانے والا مسافر گذران۔ شعر ان سے کہنا مرا ای جان ہنس کے بول لے + حسن یہ دو دن کا ہم مہمان ہنس لے بول لے + منیر لاہوری۔ مسیحا اب تو آکر اسکو دیکھو + کہ یہ بیمار ہی دو دن کا مہمان۔

دو دن نہ ٹھہرنا۔ دو روز تک نہ رہنا۔ جھٹ پٹ فی الفور مر جانا

دو دو دانے کو پھرنا۔ کنگال کرنا۔ ٹکڑے کا محتاج ہونا۔ مفلس و نادار ہونا۔

دو دو منھ ہنسنا۔ دل بہلانا۔ کدورت دور کرنا۔ شوق۔ یہان ٹھہرے کبھی وہان ٹھہرے + دو دو منھ ہنس لیے جہان ٹھہرے

دودھ بڑھانا۔ دودھ پیتے بچے کا دودھ چھڑانا۔

دودھ بھر آنا۔ محبت کا جوش ہونا۔

دودھ بیچنا۔ دودھ کا بیوپار کرنا۔ دایہ گری کرنا۔

دودھ پڑنا۔ کھیتی کی بالیون مین رس پیدا ہونا۔ دانہ بننے لگنا

دودھ پینا۔ شیر خوارہ گود کا بچہ۔

دودھ جل جانا۔ دودھ سوکھ جانا۔ کم ہو جانا۔

دودھ کا دودھ پانی کا پانی کر دینا۔ عدل کرنا۔ انصاف کرنا جیسا کہ چاہیے فیصلہ کرنا۔ مؤلف۔ نیک کی نیکوئی بدی بد کی + دودھ کا دودھ پانی کا پانی +

دودھ مین سے مکھی نکال کر پھینک دینا۔ کسی شخص کو بہت جلد اپنی صحبت سے نکال باہر کر دینا۔ معروف۔ نکالا بزم سے یون اپنے ہمکو تو نے جوت کوئی + اُٹھا کر دودھ مین سے ای ستمگر پھینکدے مکھی

دودھ کی اُبھنا۔ دودھ کی طرح جلد جوش مین آنا۔ بہت جلد خفا ہو جانا۔

دودھ موت کرنا- بچہ کو پرورش کرنا-
دور بھاگنا- نفرت کرنا- پرہیز کرنا-
دور پہونچنا- دور اندیشی کرنا- دور کی سوچنا- میر- اک جام پی کے کرتے ہین ہفت آسمان کی سیر + میخانہ سے پہونچنے لگے دور دور ہم +
دور کی سوجھنا- مآل اندیشی کرنا- دور اندیشی کرنا- شعر- جب بھوک لگی بھوکے کو تو دور کی سوجھی + جب پیٹ لگا بھرنے تو تب دور کی سوجھی +
دور کھینچنا- تکبر کرنا- غرور کرنا- ناسخ- دور اتنا آپکو مجھسے نہ اک نخوا کھینچ + ایک دن اس سے تو میری قتل کو تلوار کھینچ +
دور جانا- مسافت طے کرنا- پھیل جانا- منتشر ہونا- رواج پانا- مشہور ہونا- صفدر فوقانی- وہ ہے دلدار نزدیک اپنے دل کے عبث ہے ڈھونڈھنا اور دور جانا-
دوڑ دوڑ کے آنا- بار بار آنا- جلد آنا- شوق سے آنا- نعتیہ از مؤلف- شہر مدینہ مسکن خیر البشر جو ہے + آتے ہین لوگ روز وہان دوڑ دوڑ کے +
دوڑ دھوپ کرنا- سعی و کوشش کرنا-
دوڑ مارنا- دور کا سفر کرنا- لمبا سفر کرنا-
دوڑ کر قدم چھونا- بزرگون کی قدمبوسی کرنا- مؤلف جو سالکان راہ طریقت ہین دوستو + پکڑو ہمیشہ انکے قدم دوڑ دوڑ کے +
دوزانو بیٹھنا- باادب بیٹھنا-
دوزخ بھرنا- پیٹ بھرنا- پیٹ پالنا- قطعہ از مؤلف ضروری گرچہ ہے ہر صبح و ہر شام + تمھین اس پیٹ کی دوزخ کو بھرنا + مگر کھانا جو ہے ممنوع و مردود + خبردار اُس سے تم پرہیز کرنا +
دوزخ مین گھر کرنا- گنہ کرنا- گنہگار ہونا-
دوسار ہونا- ترازو ہو جانا- آرپار ہو جانا-
دوستی کا دم بھرنا- دوستی کا دم مارنا- اپنے آپ کو کسی کا گہرا دوست ظاہر کرنا- پکی دوستی کا اظہار کرنا- قطعہ از مؤلف- سست دوست سے جنکو ہے ہمیشہ کام + وہی دم دوستی کا بھرتے ہین + دشمنی سے غرض نہین انکو + دوستی نیک و بد سے کرتے ہین +
دوشالہ مین لپیٹ کر مارنا- اشارتاً و کنایتاً طعنہ زنی کرنا- کسی پر ڈال کر کہنا- آوازہ کسنا- باتون مین برا بھلا کہنا-
دوش دینا- الزام لگانا- تہمت دھرنا- جلال- قسمت الٹی ہے کیا کرون اسکو + دوست دشمن ہے دوش دون کسکو +

دوکان چلنا- دوکان جاری ہونا- خریدارون کا آنا زیادہ بکری ہونا
دوکانداری کی باتین کرنا- زیادہ مول کہنا- جھوٹ بولنا- فریب دبناوٹ کی باتین کرنا-
دوکان لگانا- دوکان کھولنا- دوکان کا اسباب قرینہ سے رکھنا
دوکوڑی کی بات کر دینا- بدعہدی کرنا- بات پر نہ ٹھہرنا سبکی حاصل کرنا-
دوکوڑی کی عزت ہو جانا- ذلیل ہونا- بے عزت ہونا- ذلت اٹھانا-
دوکھ لگانا- الزام لگانا- تہمت لگانا- بدنام و رسوا کرنا- پاپ لگانا
دونا چڑھانا- کسی مزار پر شیرینی چڑھانا- منت ادا کرنا- برق- مین وہ شہید عشق ہون نامی جہان مین + دونے چڑھینگے میری لحد کے نشان پر +
دونا ماننا- نذر ماننا- منت ماننا- بحر- دیکھنے جاتا ہون زیور کی بھبن + ایک ایک پتے پہ دونا مان کر +
دونا ہو جانا- دوچند ہونا- المضاعف ہونا- صبا- جان شیرین ہمنے کس سختی سے دی + نیمچہ قاتل کا دونا ہو گیا-
دون کی لینا- شیخی کرنا- گھمنڈ کرنا- شعر- پونچھتے پھرتے تھے کل تک ناک تم + آج مجھسے دون کی لینے لگے +
دون لگنا- گرمی معلوم ہونا- آگ لگنا- بھوک پیاس بڑھ جانا عشق ہونا- میر- شعلہ افشانی نہین یہ کچھ نئی اس آہ کی + دون لگی ہے ایسی ایسی بھی کہ سارا تن جلا +
دونون جہان مین پانا- دنیا اور آخرت مین ملنا- دین و دنیا مین بدلا ملنا-
دونون ہاتھون سلام کرنا- تعظیم و تکریم کرنا- بزرگ تصور کرنا
دو ورقی کا سبق پڑھنا- عیاشی و زناکاری مین مصروف رہنا
دوہائی دینا- غل شور مچانا- فریاد کرنا- ؎ مسلمان کو وہ کافر مارتے ہین + دوہائی ہے شہید کربلا کی +
دور کی بات گہری بات عالی خیال- نکتہ رمز جو ہر کسی کے سمجھ مین نہ آئے- فوقانی- نکتۂ وحدت کا سخت مشکل ہے + وہی سمجھے جو سمجھے دور کی +
دوپہر کی چل خبر یہ شوخ ہرزہ گرد لڑکے جو دوپہر کو بھی گھر مین نہ بیٹھین
دو چھریان ایک میان مین نہین رہتین- ایک خاوند کے گھر دو بیویان ایک ملک مین دو راجہ- دو حاکم ایک شہر مین مشکل سے رہتے ہین-
دودھ کے دانت نہین ٹوٹے ہین- ابھی خرد سال بچہ ہے-

بلوغت کی حد کو نہین پہونچا۔

دونون گھر آباد رہین ۔ ایسا فیصلہ ہو کہ جس سے فریقین خوش رہین۔

دودھون نہاؤ پوتون پھلو ۔ دعائیہ کلمہ ہی۔ روزی رزق آل اولاد سے خوش رہو۔

دو دو مکھہ ۔ قدرے قلیل کھانا۔ دو دو لقمے۔

دوحرفی ۔ لفظ ہے جسکے دو حروف مہمل اور یا ہی۔ عزا بجوار خراب کو معامین دوحرفی کہتے ہین۔

دو دل راضی توکیا کریگا قاضی ۔ جب فریقین آپس مین خود راضی ہوجاینگے تو قاضی کے پاس فیصلہ کے لیے کون جاتا ہی۔

دودھ پیتے روپئے ۔ کھرے روپیے۔ بلا عذر قرضہ مع سود۔

دودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک کر پیتا ہی ۔ جسکو ایک چیز سے صدمہ پہونچ جاتا ہی وہ اسکے ہمرنگ چیز سے ڈرتا ہی۔ سانپ کا ڈسا ہوا رسی سے ڈرتا ہی۔

دودھ کا سا اوبال ہی ۔ فلان شخص کی طبیعت مین دودھ کا سا جوش ہی۔ جلد افروختہ ہوکر دھیما پڑ جاتا ہی۔

دودھ کی بو منھہ سے آتی ہی ۔ ابھی بچہ نابالغ ہی۔

دودھیل گاے کی لات بھی اچھی ۔ جس سے کچھ فائدہ ہو اسکا ظلم بھی اٹھالیا جاتا ہی۔

دور کی ڈھول سہاونی ۔ ڈھول کی آواز دور سے اچھی معلوم ہوتی ہی۔ لائق آدمی کی حاضری مین قدر نہین ہوتی۔ غیبت مین شہرت ہوا کرتی ہی۔

دوڑ چلے نہ گر پڑے ۔ سو دوڑے گا تو ضرور گرے گا۔ اوپر کو تھوکے گا تو منھہ پر آئیگا۔ بہت کھائیگا تو ہیضہ ہوگا۔

دوڑ دوڑ کے ۔ بار بار شوق سے خواہش سے۔ سید لکھنی جاے لعت سے نہ کہین یہ اب کھچا دل + جاتا ہی دوڑ دوڑ کے جاوہ ذقن یار

دو کوڑی کا آدمی ۔ غریب۔ مفلس و نادار آدمی کوڑیاں گر کے ملتے ہین ہمین + پھر تو دو کوڑی کا ہی یہ آدمی +

دولھا کیسنگ برات ہی ۔ سردار کے ساتھ فوج ہی بادشاہ کے ساتھ رعیت ہی۔ سرگروہ کے ساتھ قوم ہی ـــہ جب تک ہی روح جسم مین چلتے ہین ہاتھ پاؤن + دولھا کے دم کے ساتھ یہ ساری برات ہی

دونون ہاتھ سے تالی بجتی ہی ۔ لڑائی فریقین کیطرف سے ہوتی ہی۔ جو صلح دونون طرف سے۔ رنگین ــــہ سچ ہی کبھی سے دونون ہاتھ سے تالی + جو وہ نہ آئے تو مین بھی نہین بلانے کی

ڈوب جانا ۔ غرق ہوجانا۔ دریا برد ہوجانا۔ چھپ جانا۔ غروب ہوجانا۔ رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ تباہ ہونا۔ حساب کی رقمون کا وصول نہوتا

ڈوب مرنا ۔ خودکشی کرنا۔ کنوئین یا دریا مین اپنے آپ کو غرق کردینا

ڈوبن بیڑا پڑنا ۔ کشتی ڈوبنے لگنا تباہی وخرابی کا زمانہ آجانا۔

ڈورے پر لگانا ۔ راہ پر لگانا۔ سدھارنا۔

ڈورا لگنا ۔ کسی کے ساتھ عشق ہونا۔ خیال مین فرق آنا۔ لو لگنا۔

ڈورے چھوٹنا ۔ نیند سے بیدار ہونا۔ آنکھون مین لال لال رگین معلوم دینا۔ جرأت ــــہ نبضین مری چھٹ جاتی ہین یاد آتے ہین جب آہ + چھوٹے وہ ترے چشم غضبناک کے ڈورے +

ڈورے ڈالنا ۔ روئی وار کپڑے مین تاگے یا گنڈے الٹا الٹا۔ سر گوندھنا بال باندھنا۔ جال بچھانا۔ محبت آمیز باتین کرنا + اپنی طرف مائل کرنا **شوق** ــــہ ادر جا پر کہین یہ ڈورے ڈال + خوبرویون کا کچھ نہین ہی کال + **بحر** ــــہ کھلا یہ راز بھی ہمپر لگاوٹ کی نگاہون سے + کہ آنکھون نے بھی ڈورے ڈالنا سیکھا ہی کاجل سے۔

ڈورے کھینچنا ۔ بلانا۔ طلب کرنا۔

ڈولا اچھلنا ۔ برا کام کرنا۔ فعل بد کرنا۔ یار علی ــــہ آنکھین لڑائین اُنسے کہارنی نے بانس کھاے + اُسکا بھی میرے چونڈے ڈولا اُچھل گیا +

ڈولا بنانا ۔ کھیت مین لیجا کر جماع کرنا۔ کھیل بنانا کام کرنا۔

ڈولا دینا ۔ کسی زبردست حاکم کو لڑکی دیدینا۔ لڑکی دیکر صلح کرنا۔

ڈول پر آنا ۔ اچھے رستے پر آنا۔ اپنے ڈھنگ کا بنالینا۔

ڈول ڈالنا ۔ نیباد ڈالنا۔ انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔ تدبیر کرنا **میر** ــــہ اُٹھتے پلکون سے گرے پڑتے ہین لاکھون آنسو + ڈول ڈالا ہی میری آنکھون نے اب طوفان کا +

دونڈی پیٹنا ۔ ڈھول بجانا۔ ڈھنڈورا دینا۔ مشہور کرنا۔ منادی کرنا۔

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہوتا ہی ۔ ڈوبتا آدمی ذراسی امداد سے بچ جاتا ہی۔ سخت مصیبت زدہ کو تھوڑی سی مدد بھی غنیمت ہوتی ہی ــــہ تری مژگان کا دم گریہ اشارہ ہی بہت + ڈوبتے کے لیے تنکے کا سہارا ہی بہت +

	دال با ہاے ہوز	

دھار باندھ دینا ۔ تلوار کی دھار کو جادو وغیرہ سے بند کردینا تا کہ کاٹ نہ سکے۔ **شعر** ــــہ کُند کیون ہوگئی ہی وہ تلوار + کس فسون گر نے دھار باندھی ہی۔

دھار پر مارنا۔ کچھ پروا نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔ بیکار تصور کرنا۔
دھار دینا۔ دھار چڑھانا۔ دودھ پلانا۔ بچہ شیر خوار کو اور نذر پکڑنا کسی مزار یا مندر پر۔
دھار لینا۔ بھینس یا گائے کے تھنون سے منھ لگا کر دودھ پینا۔
دھار کرنا۔ خراب کرنا۔ بگاڑ دینا۔
دھار مارنا۔ ڈاکا مارنا۔ قافلہ لوٹنا۔
دھاڑین مارنا۔ چلا چلا کر رونا۔
دھارون رونا۔ زار زار رونا۔
دھاک بندھنا۔ مشہور ہونا۔ شہرت پانا۔ خوف اور رعب پیدا ہونا۔ فغان دہلی۔ ہفت اقلیم مین اس شہر کی تھی دھاک بندھی + کوئی دنیا مین نہ تھا شہر لسان دہلی +
دھاگا دینا۔ دم دینا فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ بحر۔ یہ جانتے جانتے تھے گلے کا ہار اپنا کرکے رکھیے + دیا نہ کس کس نے سکو دھاگا نہ دم مین وہ گلعذار آیا +
دھاندل کرنا۔ دھاندل مچانا۔ بے ایمانی کرنا۔ دنگا کرنا۔
دہانہ کھولنا۔ بدرو کھولنا۔ پانی کا رستہ جاری کرنا۔
دھاوا مارنا۔ لمبا سفر کرنا۔ دور کی چڑھائی کرنا۔
دھائین دھائین کرنا۔ واہیات بکنا۔ لغو تقریر کرنا۔
دھبا لگانا۔ داغی کرنا۔ بدنام یا رسوا کرنا۔ آتش۔ بے داغ ہونے نے رخ پر نور یار کے + داغ جبین کا ماہ کو دھبا لگا دیا۔
دھبا لگانا۔ داغی ہو جانا۔ بدنام ہو جانا۔ مؤلف۔ پھر نہین چھوٹینگا چادر کو ترے + دھبا بدنامی کا کر لگ جائیگا +
دھپا لگنا۔ چانٹا لگنا۔ نقصان ہونا۔ خسارہ پڑنا۔
دھپا مارنا۔ چانٹا لگانا۔ نقصان دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
دھتا بتانا۔ ٹالنا۔ آج کل کرنا۔ حیلہ سازی کرنا۔
دھت پڑنا۔ لت پڑنا بد عادت ہونا۔
دھج بدلنا۔ صورت بدلنا۔ لباس بدلنا۔ پینترا بدلنا۔ پیتا بازی میں ٹھاٹھ بدلنا۔
دھجیان اڑانا۔ کپڑون کے ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ سخت مار دینا۔ بدن اڑا دینا۔ مؤلف۔ آ گئی گلشن مین جب باد خزان دامن گل کی اڑائین دھجیان +
دھجیان اڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پرزے پرزے اڑنا۔ ناسخ۔ جیب کیا دامان محشر کی اڑینگی دھجیان + ہے یہی عالم جو اپنے پنجۂ چالاک کا +

دھجیان لگنا۔ مفلس و نادار ہونا۔
دھجیان لینا۔ مغلوب کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ محجوب کرنا۔ لتاڑنا۔ ناسخ۔ پھاڑتا اپنا گریبان مرے آگے وہ اگر + دھجیان قیس کی مین چاک گریبان لیتا +
دھجی ہونا۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔
دھچکا اٹھانا۔ صدمہ اٹھانا۔ رنج بھگتنا۔ مصیبت جھیلنا۔
دھڑ دھمکا۔ دوڑ جانا۔ جلد پہونچنا۔
دھڑکی ٹوٹنا۔ رشتہ حیات کا ٹوٹ جانا۔ زندگی باقی نہ رہنا۔
دھرم اٹھانا۔ ایمان کی قسم کھانا۔ ایمان سے بیان کرنا۔
دھرم کرنا۔ نیک کام کرنا۔ خیرات کرنا۔
دھرم لگتی۔ ایمان سے کہنا۔
دھرنا دیکر بیٹھ جانا۔ اڑ کر بیٹھ جانا۔ لیے بغیر نہ ٹلنا۔ شائق۔ اس سنگی سے لینگے جو انگلین گے اپنے منھ سے ہم + ور یہ اسکے دھرنا دیکر بیٹھ جائین گے اگر +
دھرے اڑانا۔ ٹکڑے اڑانا۔ دھجیان اڑانا۔ شوق۔ مین اگر بولنے پہ آؤنگی + لاکھون دھرے ترے اڑاؤنگی +
دھرے جانا۔ کسی آفت مین مبتلا ہونا۔ گرفتار ہونا۔ مقید ہونا۔ آتش۔ اسیر ہم ہوئے سودا ہوا جسے آتش + دھرے گئے دل خانہ خراب کے بدلے +
دھڑا باندھنا۔ دو فریق متخاصمین مین سے ایک طرف ہو جانا۔ جتھا باندھنا۔ کسی چیز کا وزن قائم کرنا۔ اندازہ کرنا۔
دھڑا دھڑی بکنا۔ کثرت سے بکنا۔ خوب خریداری ہونا۔
دھڑ مین ڈالنا۔ لقمہ حلق سے اتارنا۔
دھڑی بندھ جانا۔ دو فریق مین نفاق ہو جانا۔
دھڑی جمانا۔ مستی کی دھاری ہونٹھون پر لگانا۔ رنگین۔ خدا جانے ابھی ہی خون پر کس کس کے دانت اسکا + دھڑی ہونٹھون پہ اپنے وہ جمالے پر نہین رہتے +
دھڑی دھڑی لوٹ لینا۔ بالکل لوٹ لینا۔ غارت کر لینا۔
دھکا دینا۔ کسی کو مصیبت مین ڈالنا۔ نقصان پہونچانا۔
دھکا کھانا۔ نقصان اٹھانا صدمہ لینا۔
دھک سے رہ جانا۔ حیران رہجانا۔ دہشت مین آنا۔ بھچک رہ جانا۔
دھکے کھاتا پھرنا۔ آوارہ و سرگردان پھرنا۔
دہلیز کا کتا۔ مفت خور۔ گداگر۔ طفیلیا۔ رکابی مذہب۔ ہر دیگی چمچہ

مطلبی دوست -

دہلیز کی لیئو لے ڈالنا - بار بار جا کر کسی کے دروازے کی مٹی کھا ڈالنا -

دھما چوکڑی مچانا - شور و غل برپا کرنا - شوق - کیا دھما چوکڑی مچائی ہی + تیری شاید کہ شامت آئی ہی -

دھمکی مین آنا - ڈر جانا - دہشت کھانا - مؤلف - خدا سے ڈرنا حق سے خوف کرنا - کسی بندے کی دھمکی مین نہ آنا -

دھنا دینا - کسی کے دروازے پر قرضخواہ بنکر بیٹھ جانا - سخت تقاضا کرنا -

دھن دھن کرنا - کوئی بڑا کام کرنا - اپنی خدمتگزاری ظاہر کرنا -

دھن لگانا - قرضہ مین زمینداروں کا گاے بھینس بیل وغیرہ لے لینا -

دھن لگنا - خیال لگنا - فکر ہونا - کسی کام کے درپے ہو جانا -

دھنئے کی کھوپری مین پانی پلانا - سخت تنگ کرنا - کھانے پینے کو نہ دینا - دھنئے کا چھلکا جو بہت کم مقدار ہوا اسمین پانی پلانا -

دھوان دھار برسنا - سخت بارش ہونا -

دھوان دھار ہو جانا - ابر آسمان پر پھیل جانا -

دھوپ مین بال سفید ہونا - باوجود زیادہ عمر ہونے کے بیوقوف ہونا - سے رہ کے زلفون مین نظارہ رخ تابان کا کیا + دھوپ مین اس دل نادان نے کیے بال سپید +

دھوکا کھانا - فریب مین آجانا - جال مین آجانا - بھول جانا -
احسان - ناتوانی بن گئی تیماردار قبض روح + کھا کے دھوکا موت نے بالین پہ بستر رکھدیا +

دھول اڑانا - خاک اڑانا - خراب و خستہ پھرنا - مارا مارا پھرنا آدوہا - دونون اڑاتی مین پھرون باٹ باٹ کی دھول + جیسے بلی کے دیس کی گئی دگر پا بھول +

دھول اڑنا - خاک اڑنا - بدنام ہونا - مؤلف - خاک برباد مت کرو اپنی + اپنی دنیا مین مت اڑاؤ دھول +

دھول جھاڑنا - گرد جھاڑنا - غبار دور کرنا - مارنا - پیٹنا - زدوکوب کرنا -

دھول کی رسی بٹنا - ناممکن کام کرنے کا ارادہ کرنا - بیفائدہ محنت کرنا -

دھول کے لٹھ لگانا - جھوٹ بولنا - دروغگوئی کرنا -

دھوم پڑنا - شہرت ہونا - چرچا ہونا - آرزو - لٹ زلف سیہ فام کی کیا دھوم پڑی ہی + آئینہ کے گلشن مین گھٹا جھوم پڑی ہی +

دھوم دھام کا - عمدہ آراستہ - مشہور - معروف -

دھوم ڈالنا - غل مچانا - مشہور کرنا - شوق - دیکھنا کیسی دھوم ڈالونگی + روئی کی طرح تو تم ڈالونگی +

دھوم مچانا - غل مچانا - شور کرنا - کودنا - اچھلنا - جلدی کرنا -

دھوم ہونا - غل شور ہونا - شہرت ہونا - خوشیان منانا - صفدر رامپوری - در پہ اک دھوم ہوئی بخت کا اختر چمکا + دن پھرے عاشق شیدا کا مقدر چمکا +

دھونتال ہونا - شریر ہونا - فتنہ پرداز ہونا - مفسد ہونا - چالاک ہونا -

دھون دھون کرنا - بولنا - بکنا - کھانسنا -

دھولنسا کھانا - بدنام ہونا - رسوا ہونا -

دھولنس دینا - فریب دینا - دھوکا دینا - ڈرانا - دھمکانا -

دھولنس مین آنا - دھوکے مین آنا فریب مین آنا - دم مین آنا -

دھونکنی لگنا - جلد جلد سانس لینا - نزع کی حالت مین ہونا -

دھونی رمانا - لکڑی جلا کر بیٹھ جانا - جوگی بننا - فقیری لینا - میر تقی - دھونی رمائے جوگیون کی سی ہون + بیٹھے بیٹھے در پہ تیرے تو مرا آسن جلا +

دھوئین اڑانا - مفلس و قلاچ بنا دینا - دھجیان اڑانا - آڑے ہاتھ لینا -

دھوئین بکھیرنا - مال خرچ کر ڈالنا - مفلس کر دینا - ذلیل کر دینا - سخت سست کہنا -

دھوئین کے بادل اڑانا - جھوٹی باتین بنانا - جھوٹی داستانین پڑھنا -

دھیان پر چڑھنا - خیال مین آنا یاد آنا -

دھیان دینا - غور سے سننا -

دھیان مین نہ لانا - خیال مین نہ لانا -

دھینگا دھینگی کرنا - زبردستی لے لینا - زبردستی چھین لینا -

دھینگ دھونگڑی کرنا - زبردستی کرنا - ظلم کرنا -

دہ در دنیا ستر در آخرت - دنیا مین دس دوگے تو عاقبت مین ستر پاؤگے - مگر یہ جملہ غلط معلوم ہوتا ہی - کیونکہ خدا کا وعدہ ایک کے بدلے دس دینے کا ہی نہ کہ ستر اور یہ جملہ صحیح یون ہی - دہ در دنیا ستان در آخرت - یعنی دنیا مین دے اور آخرت مین لے ستان کے لفظ جہلا نے ستر بنا دیا ہی ذوقی - گنج گوہر کن براہ حق نثار + دہ درین دنیا ستان در آخرت +

دھولی بند - دھولی پرشاد - ہر ایک ہند و خصوصاً بنیا لوگ - آرزو - وہ مغنی نہ رہا اور وہ ساقی نہ رہا + دھولی بندون کے سوا کوئی بھی باقی نہ رہا +

دھوان لیاپ - وہ شخص جو دام خرچ کرکے تماکو نہ پیے جہان چلم بھری ہوئی دیکھے لپک جائے - کل بھگوا بھی اسکو کہتے ہین -

دھوئین پانی کا شریک - آگ پانی کا شریک ہمسایہ پڑوسی -

دھان پان - سبز رنگ نازک نازنین - دبلا پتلا - ضعیف - شوق

بحر- گلوری بھی جو ڈھائی لچک گیا پہونچا + ہمارا یار نزاکت مین ڈھان پان ہوا
دھنا سیٹھ- ساہوکار امیر دولت مند-
دھنتر ہی- عالم- فاضل- بیدک- دولتمند- مالدار- صاحب زور- پہلوان- بلوان- حاتم- مارنے کو رقیب کے حاتم + قیسری بیری دھنتری
دہ در دہ پانی- دہ پانی جسکا مقدار دس گز طول دس گز عرض ہو یعنے چار طرف سے دس گز ہو- یہ پانی شرعاً پاک ہوتا ہی-
دہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہی- جبتک فلانا کام نکرلو تو تمکو داہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہی- آتش- جب تک حلال کرلے نہ مجھ بیگناہ کو + قاتل کو داہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہی +
دھوکے کی ٹٹی- جال چل- فریب- مکر- خط نکلنے پر بھی سو مین بھنسے مارغ نظر + دھوکے کی ٹٹی ترے عارض کا سبزہ ہوگیا-
ڈھاٹا دینا- ڈھاٹا لگانا- گھوڑے کے منھ مین لگام کی جگہ کپڑا باندھنا- منھ بند کرنا- بولنے نہ دینا-
ڈھال ڈھال جانا- آہستہ آہستہ جانا- سہج سہج چلنا-
ڈھانڈا چلنا- دستون کی بیماری ہونا-
ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا- دولھا بننا- نوشہ بننا- تھوڑے دن حکومت کرنا-
ڈھائی گھڑی کی آنا- مرگ مفاجات ہونا-
ڈھب پر چڑھنا- قابو مین آنا- بس مین آنا-
ڈھب ڈالنا- عادت کرنا- سکھانا- سدھانا-
ڈھچر پھیلانا- ڈھوڑا پھیلانا- کارخانہ قائم کرنا- نمونہ کھڑا کرنا ڈھنڈ اکرنا- مکر کرنا- جال پھیلانا-
ڈھوڑا بنا رکھنا- نمونہ بنا رکھنا- نقل بنا رکھنا- قدیمی حالت اور عزت بنائے رکھنا-
ڈھول بجانا- مشہور کرنا- شہرت دینا-
ڈھولنا ہاتھون پر ہونا- قرآن شریف قسم کھانے کے لیے ہاتھون پر رکھے رہنا- شوق- دیدے پھوٹینگے ایسی باتون پر + ہر گھڑی ڈھولنا ہی ہاتھون پر-
ڈھونگ باندھنا- ظاہری عزت اور ٹیپ ٹاپ بنانا-
ڈھیے پڑنا- گر پڑنا- اتر پڑنا- رہ جانا-
ڈھئی دینا- کسی جگہ پر جم کر بیٹھ جانا کسی کے اٹھانے سے نہ اٹھنا آتش- سائے گئے دی ڈھئی جو ترے آستانے پر + در سے اٹھا کے ہم پس دیوار لے چلے +

ڈھیر ہو جانا- مرجانا- مرکر رہ جانا- مکان کا گر جانا-
ڈھیر کرنا- مارڈالنا قتل کرنا-
ڈھیلا پڑ جانا- کراہن جاتا رہنا- سختی کم ہو جانا- کمزور و سست ہو جانا- نامرد ہو جانا-
ڈھیل دینا- ڈھیلی ڈوری ڈالنا- بے پروائی کرنا- کم توجہی کرنا کسی کو آزاد کر دینا-
ڈھینٹڈا اچھلانا- پیٹ پھلانا- حمل رکھوانا- یار علی- ڈھینڈا جو ہنکھ منڈی نے پھلایا حرام کا + ہر باندی بچی پیٹ بھی ہوگا غلام کا +
ڈھاک کے تین پات- وہ شخص جو کبھی ترقی نہ کرے- ہمیشہ ایک ہی حالت مین رہے-
ڈھلتی چھاؤن ہی- کبھی دن ہی کبھی رات ہی- کبھی صبح ہی کبھی شام ہی کبھی امیر ہی کبھی فقیر- مؤلف- کبھی ہی صبح روشن اور کبھی شام + کہ ڈھلتی چھاؤن ہی گردون دون کی +

دال با یاے

دیا باتی کرنا- چراغ جلانا- روشنی کرنا-
دیدہ ریزی کرنا- آنکھون سے محنت و مشقت لینا- لکھائی کا کام کرنا
دیدہ لگنا- دل لگنا- جی لگنا- طبیعت کا کسی کام کیطرف متوجہ ہونا
دیدہ ہوائی ہونا- شوخ چشم- بے حیا- چالاک- تیز و تند ہونا- جرأت- نکلتے ہی مرے سینہ سے تو گردون تک پہنچی + یہ برق آہ کا بھی واہ کیا دیدہ ہوائی ہی +
دیدے کا پانی ڈھلنا- بے شرم و بے حیا ہونا-
دیدے گوڑون کے آگے آنا- دیدے گھٹنون کے آگے آنا یہ بددعا ہی کہ فلان شخص آنکھون سے اندھا- پانون سے لنگڑا ہو- یاس علی- دل لیکے رنج دیگا سراسر کسی کو جو + نس اپنے دیدے گھٹنون کے آگے وہ پائیگا + شوق- جسطرح سے ہمین فریب مین لائے + دیدے گھٹنون کے تیرے آگے آئے +
دیدے نکالنا- خفگی کی حالت مین گھور کر دیکھنا- چشم نمائی کرنا-
دیکھنے مین آنا- ظاہر ہونا- آنکھون کے سامنے آنا- مفتی حیدر لاہوری- تیرے حسن و صورت کا اک راہ طلعت + نہ آیا کوئی دیکھنے مین ہمارے-
دین دنیا سے جانا- دونون جہان سے جانا- سعادت سے محروم رہنا مؤلف- نہین کی بندگی جسنے خدا کی + وہ بندہ دین و دنیا سے گیا ہی
دین و دنیا بھول جانا- بالکل بیخبر ہو جانا- مست و مدہوش ہو جانا-

مؤلف - پی لیا جام بیخودی جسنے + دین و دنیا تمام بھول گیا
دیوار قہقہہ لگانا - زور سے ہنسنا -
دیوار کھینچنا - دیوار بنانا - پردہ قائم کرنا - ناسخ - پھر ہاے کیسا ظالم تیری خاطر مین غبار + شوق - سے اب میرے اپنے بیچ مین دیوار کھینچ
دیوارین چاٹنا - مشکل سے گزارہ کرنا - دن کاٹنا -
دیوانہ ہونا - دل چل جانا - عاشق ہونا - شیدا ہونا - میر - دیکھا ہے مجھے جسنے وہ دیوانہ مرا ہے + مین باعث آشفتگیٔ طبع جہان ہون + ولہ دل ہے اُس نرگس مخمور کا دیوانہ ہوا + شمع رخسار پہ سو جان سے پروانہ ہوا
دیولوک کو سدھارنا - مرجانا - فوت ہونا -
دیدہ نہ شنیدہ - دیکھا نہ سنا - انوکھا عجیب - میر - حکیم انور لاہوری تیرے جیسا ہی میرے دلربا نہ تو دیدہ ہے نہ شنیدہ ہے + کوئی مہر طلعت مہ لقا نہ تو دیدہ ہے نہ شنیدہ ہے -
دیدہ دلیل - بے حیا - بے شرم - نسخ - یہ لفظ غلط مشہور ہے اصل مین دیدہ دلیر جسکے معنی بے حیا ہین - شوق - سب کو دیدہ دلیل سمجھا ہے + کیا ملاقات کھیل سمجھا ہے -
دیکھو تو مین کیا کرلیتی ہون - فخریہ کلمہ ہے میرے کرتب آپ دیکھیے میری چالاکی آپ دیکھیے - صفدر رامپوری - سحر سے ایک دم بھر مین ہوا کرلیتی ہون + مشکل آسان ہے دیکھو تو مین کیا کرلیتی ہون
دیکھو - ملاحظہ کرو - متوجہ ہو - سنو - مؤلف - کھولو آنکھین برا کھا او دیکھو + ہر طرف جلوۂ حسن اد دیکھو +
دیکھو دیکھو - خبردار ہوجاؤ ہشیار ہوجاؤ - شوق - دیکھو دیکھو بہت نہ اتراؤ + ٹھنڈے ٹھنڈے چلو ہوا کھاؤ +
دیو کا دیو - موٹا تازہ - قوی جثہ - فربہ - دراز قد - دیو کی شکل -
دیدے کی صفائی - گستاخی - بے حیائی - بے شرمی - بے لحاظی - شوق - توبہ کس درجہ بیحیائی ہے + واہ کیا دیدے کی صفائی ہے +
دیکھا بھالی - ڈھونڈھ - تلاش - دید بازی -
دیکھا چاہیے - دیکھیے کیونکر ظہور مین آئے - شعر - حشر پر ہے وعدۂ دیدار یار + دل مگر کہتا ہے دیکھا چاہیے +
دیکھا دیکھی - لوگون کو دیکھکر - حرصا حرصی - میر - سب چلے جاتے مین کیا ملک عدم دور نہین + دیکھنا ہم بھی پہنچ جاینگے دیکھا دیکھی +
دیکھتے دیکھتے - آنکھون کے سامنے - روبرو - قطعہ مؤلف - جو تھے غیرتِ ماہ غنا شک + گھر بنگئے دیکھتے دیکھتے + جو سکا تھے محفل سدا خاک ہو وہ زر بنگئے دیکھتے دیکھتے
دیکھیے - دیکھا چاہیے کیا ہوتا ہے - مطلب - ابھی تو دیکھیے کب تک

پھرین ہمارے دن + ہمین ہین گردشین دن رات آسمان کی طرح +
دیکھیے اونٹ کس کل بیٹھے - خدا جانے اس بات کا انجام کیا ہو نتیجہ کیا نکلے - ؎ - کودنے کو جو اٹھا سر پہ اٹھائی مجلس + دیکھیے بیٹھے جو پھر اونٹ تو بیٹھے کس کل +
ڈینگ مارنا - غرور کرنا - گھمنڈ کرنا - اترانا ؎ خالی تھا جو ڈھول ڈینگ باری + برسونا بھرا تھا پہ بھاری -
ڈیڑھ چلو - تھوڑا سا مقدار - قلیل - غالب - زاہد شراب پینے سے کافر ہوا مین کیون + کیا ڈیڑھ چلو پانی مین ایمان بہ گیا +

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

دال با الف

دار ہلد - فارسی مین اسکو دار چوبہ - ہندی مین ہلدی کہتے ہین - یہ لکڑی زرد رنگ ہوتی ہے - دوا مین مستعمل ہے کپڑے بھی اس سے رنگے جاتے ہین کھانے مین بھی آتی ہے طبیعت اسکی گرم و خشک محلل اور جلد ہضم ہے -
دانگو - یہ ایک بیج مشابہ تودری سرخ کے ہے مگر اُس سے چھوٹا گھاس اسکی ایک بالشت اونچی ہوتی ہے - طبرستان کی ولایت مین طبیعت اسکی گرم و تر بلغمی اور سوداوی امراض کا علاج ہے -
دار فلفل - فارسی مین اسکو فلفل دراز - ہندی مین پیپل و پیپلی کہتے ہین - یہ ایک درخت کا پھل شہتوت کی صورت ہے پتے اسکے پان کے نیون کیطرح ذائقہ مین تلخ اور تیز طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور خشک محلل مواد باردہ مفتح سدہ جگر مقوی معدہ دافع قے ہے منی کو بڑھاتا ہے مدر بول ہے حیض کو جاری کرتا ہے مسقط جنین ہے - فالج اور صرع اور کھانسی باردہ اور نقرس و عرق النساء کا علاج ہے -
دار شیشعان - قندول و عود البرق بھی اسکو کہتے ہین ہندی مین اسکا کاٹی بیل نام ہے - عود ہندی سے خوشبو زیادہ ہے - یہ لکڑی کا پوست سخت اور سنگین اور خوش مزہ ہے - مائل بسرخی اور بعض سرخ و خوشبو درخت اسکا خاردار اور چھوٹا پھول اسکا زرد اور خوشبو طبیعت اسکی گرم پہلے درجہ مین گرم و خشک دوسرے درجے مین محلل و قابض نافع نزلہ دافع درد سر بارد محلل ریاح مجفف رطوبات ہے -
دادی - فارسی مین اسکو جو جادو کہتے ہین - یہ ایک دانہ مانند جو کے باریک اور لمبا زیادہ اس سے ذائقہ مین تلخ اور تیز اور سرخ رنگ فارس کے پہاڑون مین پیدا ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک قابض اور مسکر اور ملین صلابات نافع بواسیر و اسہال دافع مسموم ہے -

دارصینی - فارسی مین اسکو دارچینی کہتے ہین - یونانی مین اسکو قنیون سریانی مین مرسلون نام ہی - یہ ایک درخت کی لکڑی کا پوست ہی جو جزیرہ سراندیب مین ہوتا ہی سُرخ رنگ خوشبو اور تیز ذائقہ قلمین اسکی پتلی اور نازک آپسمین لپٹی ہوئی ہین طبیعت اسکی گرم و خشک نہایت ملطف و مفتح و مفرح منفتح عفونت اخلاط تریاق سموم حیوانی و نباتی و معدنی حافظ قوای نفسانی ہی - نظر کو روشن کرتی ہی مدر بول و حیض ہی -

دال با بائے

دِبا بو - کدوے رومی ایک مشہور دوا ہی -

دبیداریا - یہ ایک ہندی گھاس ہی بقدر ایک گز کے اونچی پھل اسکا بدون پھول کے مشابہ پھل روئی کے طبیعت اسکی گرم خشک قابض دافع لقوہ و فالج مقوی معدہ ہی -

دُبّ - بضم اول یہ ایک مشہور جانور ہی - جسکو ترکی میں ایوا ہندی مین بھال اور ریچھ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور کثیر الرطوبت پتا اسکا سفتح قوی ہی صرع کو دور کرتا ہی استسقا و درد جگر و قولنج کو نافع ہی اکتحال اُسکا آنکھ کی روشنی بڑھاتا ہی - سفیدی کو دور کرتا ہی پنیر مایہ اسکا واسطے فربہ کرنے بدن کے موثر ہی چربی اسکی تیسرے درجے مین گرم و خشک ہی ضماد اسکا درد مفاصل کو دور کرتا ہی ٹوٹی ہڈی کو درست کرتا ہی -

دبس - بکسر اول و دوشاب انگور کا یعنی انگور کا پانی اور وہ شیرہ جو خرمائے تر سے نکالا جاے پینا اسکا خون صالح پیدا کرتا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی وحشت اور جنون کو دور کرتا ہی -

دبق - بکسر اول فارسی مین اسکو مویزک عسلی اور کشمش کہتے ہین طبیعت اسکی گرم دوسرے درجے مین خشک پہلے درجے مین ملطف و محلل و ملین ہی امراض باردہ کو نہایت مفید ہی -

دال با جیم

دَجّ - بفتح اول مشہور جانور ہی جسکو کبک دری کہتے ہین یہ ایک پرندہ طاؤس سے چھوٹا خاکستری رنگ طبیعت اسکی گرم مائل باعتدال امراض باردہ کو اسکا کھانا فائدہ دیتا ہی -

دِجاج - بکسر اول خروس مرغی مرغا مشہور جانور ہی یہ جانور دشتی اور شہری طبیعت اسکی گرم رطوبت مین معتدل اسکے نر کو دیک مادہ کو دجاجہ کہتے ہین گوشت اسکا مولد خون صالح ہی عقل کو بڑھاتا ہی معدے کی سوزش کو دفع کرتا ہی -

دال با خاے

دخان القواریر - دھوان شیشے کا جو اسکے پگھلانے کے وقت بھٹی کی چھت کے ساتھ جمع ہو جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی باصرہ جالی ہی سبل کو دور کرتا ہی زخمون کے زاید گوشت کو اوتارتا ہی -

دخان الکندر - کندر کا دھوان جو اسکو جلا کر دھوان اسکا کسی ظرف مین اوپر رکھ کر جمع کیا جاے اورام کو دور کرتا ہی آنکھ کے زخم کو دفع کرتا ہی پلکون کے بال جماتا ہی زاید بال آنکھ کے اُتار دیتا ہی -

دخان - دھوان جو وقت جلانے کے کسی چیز سے نکلے طبیعت ہر ایک دھوئین کی تھوڑی گرم بسبب باقی رہنے اثر ناریت کے اور خشک بسبب ارضیت کے ہوتی ہی اور بعض ادویات کے دھوئین مختلف فائدے موافق طبیعت اس دوا کے بخشتی ہین چنانچہ دخان الکحیل و دخان القواریر و دخان الکندر وغیرہ -

دخن - بضم اول ایک غلہ ہی فارسی مین ارزن ہندی مین کنگنی اور چینا کہتے ہین - طبیعت اسکی سرد خشک قلیل الغذا مجفف و حابس مدر بول ہی منی کو بڑھاتی ہی مولد سدہ اور سنگ مثانہ ہی -

دال با راے

درداب - یہ ایک پھل جزیرہ کی شکل وصورت یہ ہی فارسی مین اسکو دستنبویہ ہندی مین کچری کہتے ہین رنگ اسکے مختلف ہوتے ہین وضع بھی مختلف سونگھنا اسکا مقوی دماغ اور کھانا کچا اور پکا مدبل ہی چھلکا اسکا گوشت کو جلد گلا دیتا ہی -

دُرّاج - مشہور پرندہ ہی جسکو فارسی مین تیتر کہتے ہین چار قسم ہوتا ہی ایک بڑا خاکستری رنگ - دوسرا سیاہ نقوش سپید تیسرا خاکستری اس سے چھوٹا - اسکو گوریا بھی کہتے ہین - چوتھا سب سے چھوٹا خاکستری رنگ جسکو بھٹ تیتر بولتے ہین گوشت اسکا لطیف زیادہ کباب اور تدروسے مقوی جوہر دماغ و فہم و حافظ بڑھانے والا منی کا طاقت دینے والا معدہ کا ہی -

درونج - اسکو درونج عقربی بھی کہتے ہین کہ صورت اسکی عقرب کی سی ہوتی ہی اور یہ ایک بیخ خاکستری رنگ گرہ دار تھوڑی تلخ اور خوشبو اندر سے سپید ہوتی ہی پتے اسکے گھاس کے بادام کے پتون کیطرح مائل بزردی روئیں دار ساق مجوف دو گز تک بلند پھول زرد ہوتے ہین ملک شام کے پہاڑون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک محلل بلغم و سودا مقوی حواس و دل و معدہ مفرح دافع خفقان و مالیخولیا ہی -

دردار - یہ ایک درخت ہی فارسی مین اسکو دارون اور سپیدار کو

درخت لیشہ بولتے ہین کہ اسکے پھل کے جوف مین مچھر پیدا ہوتے ہین طبیعت اسکی پہلے درجے مین سرد اور خشک قابض ساتھ قوت جالیہ کے ہی استعمال اسکے پتون اور عصارہ کا آنکھون کو روشن کرتا ہی قطور اسکے پانی کا نیم گرم کان کے ورم کو دور کرتا ہی پتے تازہ اسکے مقوی دانتون اور لثہ کے ہین۔

درو لطارس۔ یہ گھاس درخت بلوط پرانے پر جمتی ہی اسواسطے اسکو ولد البلوط بھی کہتے ہین پیدا ہوکر درخت پر لپیٹ جاتی ہی جڑ اسکی مشابہ آپس مین لپٹی ہوئی رونگٹے دار تلخ اور تیز اور سخت چمکتی ہوئی سیاہ اور سرخ اور تیرہ پتے نرگس کے پتون کی طرح ہوتے ہین طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک نہایت قابض ہی ضماد اسکا واسطے دفع فالج و وجع مفاصل ذخائر کے مجرب لکھا ہی۔

دَرَیاس۔ یہ ایک گھاس ہی پتے اسکے مشابہ پتے بیر کے پھول زرد اور گول بد بو بیج اسکے چھوٹے مرچ کی برابر ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک منجر اور مسکر ہی آدھا درم تازہ مسکر قوی ہی و محلل بلغم و سودا ہی۔

دردی الخل۔ سرکہ کا میل جو سرکہ کے خم کے نیچے تہ مین بیٹھ جاتا ہی آکلہ کے دفع کرنے کے لیے مفید ہی۔

دروفلیون۔ یہ ایک درخت ہی زیتون بھی کہتے ہین کیونکہ پتے اسکے مشابہ پتے زیتون کے ہوتے ہین دریا کے کنارے پر پیدا ہوتا ہی اور طبیعت اسکی گرم خشک بعض کے نزدیک سرد خشک ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی محلل اورام ہی دافع بواسیر ہی دانتون کو اُکھاڑ دیتا ہی۔

دُریان۔ بضم اول ایک میوہ جزائر چین مین پیدا ہوتا ہی بڑا اور لمبا خربزہ کی صورت پر ہر ایک دانے پر ایک کانٹا بو بہت تیز اور کریہ طبیعت اسکی گرم اور تر ہی اگرچہ دیرہضم ہی مگر مقوی اور مبہی ہی۔

دُردی۔ شراب کے خم کے نیچے جو میل بیٹھ جاتا ہی اگر یہ خشک ہو تو عربی مین اسکو طرطیر کہتے ہین اور فارسی مین دار طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک محلل اورام دافع قروح ہی سیلان حیض کو بند کرتی ہی درد سر کو تسکین دیتی ہی پستان کے ورم کو نافع ہی۔

دال بافاے

دفلی۔ بکسر اول اسکو فارسی مین خرزہرہ ہندی مین کنیر کہتے ہین درخت اسکا ایک دو گز اونچا ہوتا ہی پتے پتلے اور لمبے موٹے اور سخت اور چکنے بد بو اور تلخ پھول خوشنما ایک قسم کا سرخ

دوسرے قسم کا سپید طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک محلل اورام سخت ہی اگر ضماد کیا جاوے استعمال اسکا داخل جسم نہین کیا جاتا کہ پتے اسکے ہر ذی جان کے واسطے سم ہین۔

دال بالام

دُلب۔ بضم اول ایک درخت مشہور ہی جسکو چنار کہتے ہین پتے اسکے چوڑے دندانے دار لکڑی ہلکی اور جوہردار ہی پھل اسکا گول اور خاردار غیر ماکول ہی طبیعت اسکی سرد اور تر ضماد اسکے پتون کا آنکھون کے ورم کو دور کرتا ہی درد زانو کو دفع کرتا ہی اورام گرم کو مفید ہی۔

دلبوث۔ سوسن سرخ جنگلی کی جڑ ہی اس صورت پر کہ دو دانہ پیاز کے آپس مین ملے ہوئے ہون پھول اسکا سوسن کبود کی صورت پر ہی پھل گول ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی بدن کو موٹا کرتی ہی باہ کو بڑھاتی ہی بواسیر کے دانون کو خشک کرتی ہی دوگرہین اسکے جڑ کی ایک بڑی ہوتی ہی دوسری چھوٹی بڑی باہ کو بڑھاتی اور چھوٹی عورتون کی باہ کو کم کرتی ہی۔

دُلع۔ بضم اول و فتح ثانی خارپشت کلان جسکو ہندی مین سیدھ اور سیہ کہتے ہین یہ جانور چھوٹے کتے کے قدر ہوتا ہی اسکے پشت پر بجاے بالون کے کانٹے لمبے بقدر ایک بالشت کے قلم سے پتلے ابلق رنگ ہوتے ہین جب غصہ مین آتا ہی اور اپنے آپکو سمیٹتا ہی بدن کو ہلاتا ہی تو وہ کانٹے اسکے بدن سے جدا ہوتے ہین اور تیر کی طرح اسکے دشمن پر جاتے ہین اسکو جلاکر خاکستر اسکی اگر زخمون پر لگاوین تو زخم بالکل اچھے ہوجاتے ہین۔

دُلق۔ یہ ایک جانور ہی کتے سے چھوٹا سمور سے بڑا روس کے علاقہ بلغار مین ہوتا ہی اسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین چونکہ اُس سے بدبو آتی ہی امرا اسکو نہین پہنتے طبیعت اسکی گرم تر ہی اسکے گوشت کے کھانے سے باہ زیادہ ہوتی ہی اسکی دہنی آنکھ اگر بیمار تپ ربع کا گلے مین باندھے تو تپ دور ہوجائے اور اگر بائین آنکھ باندھی جائے تو تپ پھر عود کر آئے۔

دلیک۔ یہ ایک پھل جنگلی سرخ پھول کا ہی جسکا درخت بقدر زیتون کے ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی خیسانده اسکا واسطے تقویت دل و معدہ مفید ہی اسہال صفراوی اور دموی کو دفع کرتا ہی غرغرہ اسکے پانی کا دانتون کو مضبوط کرتا ہی۔

دُلفین۔ یہ نام ایک مچھلی کا ہی جسکو خنزیر البحر بھی کہتے ہین فارسی مین خوک ماہی اور ماہی بینی دراز اسکا نام ہی سندھ مین اسکو سوس کہتے ہین۔

رنگ اسکا سیاہ ہوتا ہی اور سر اور منھ خوک کی شکل پر دونون جبڑون مین دانت ہین طبیعت اسکی سرد تر قریب باعتدال ہی گوشت اسکا مولد خلط غلیظ مقوی اعضا اور بہت چکنا اور دیر ہضم چربی اسکی گرم ہی درد مفاصل کو دور کرتا ہی تعلیق اسکے دانت کا واسطے دفع خوف لڑکون خرد سال کے مفید ہی۔

دال با میم

دمعة الشجر - یہ درخت لبلاب کا گوند ہی نہایت جالی اور واسطے مونڈلنے بالون کے مجرب ہی۔

دماغ - مغز سر حیوان کا طبیعت اسکی سرد اور تر دیر ہضم مقوی دماغ مولد منی ملا اسکا واسطے رفع ہونے خشکی دماغ اور سرسام کے مفید ہی

دم - فارسی مین خون ہندی مین لہو کہتے ہین ہر ایک جانور کا خون جالی سفیدی کا محلل اورام قاطع اسہال دافع سموم ہی خون باز و کبوتر کا جنسے تازہ پر نکالے ہون شبکوری کو دفع کرتا ہی اور جو جون پیٹ مین پیدا ہووے یا سینہ یا امعا یا مثانہ مین اسمین کیفیت زہر کی پیدا ہوجاتی ہی۔

دمادم - ایک قسم کا ہندی توتیا ہی جو دو قسم کا ہوتا ہی ایک چھوٹا اور سرخ زیادہ اور شفاف زیادہ لوبیا سے اور سر پر نقطہ سیاہی کا دوسرا اس سے چھوٹا اور سرخ اور شفاف بقدر دانہ ماش کے اور سر پر نقطہ سیاہ طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دماغ قاطع سیلان لعاب جو اکثر بچون کے منھ سے جاری ہوتا ہی۔

دم الاخوین - اسکو دم الثعبان اور دم التنین عربی مین اور فارسی مین خون سیاوشان کہتے ہین ہندی مین ہیرا دوکھی اور رنگ برت بولتے ہین یہ سرخ رنگ گوند ہی ایک سرخ گھاس کا بعض کے نزدیک بقم کا گوند ہی طبیعت اسکی سرد خشک خون کو بند کرتا ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی مانع زحیر ہی اسہال صفراوی و دموی کو بند کرتا ہی۔

دال با نون

دند - حب السلاطین بھی اسکا نام ہی ہندی مین جمال گوٹہ یا ایک مشہور پھل ہی جو مسہل کے واسطے بیمار کو دیتے ہین مگر بغیر اصلاح کے نہین دیا جاتا کہ سمیت اسکی ضرر پہونچاتی ہی۔

دال با واو

دوایا اغریا - یہ گھاس ترکل کے قسم سے ہی جو سخت اور سنے آسا زمین مین پیدا ہوتی ہی ایک بالشت اسکا قد ہی سر کے اوپر چار پتے مربع شکل کے اور پتون کے اندر تخم بدون پھول کے پیدا ہوتے ہین خوشبو ساتھ تھوڑی تیزی کے کچا اور پکا دونون ماکول ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی حرارت معدہ مدر بول مخرج رطوبات غلیظہ محلل ریاح شکم رافع ڈکار کا خوشبو کرنے والا منھ کا ہی۔

دوشب - ایک خود رو گھاس کا نام ہی جسکو گھوڑے خواہش سے کھاتے ہین طبیعت اسکی مائل بسردی اعتدال سے زیادہ قوی ہی ہیضہ کو دفع کرتی ہی سانپ کے زہر کا علاج ہی پیاس کو تسکین دیتی ہی۔

دود الحریر - ابریشم کا کیڑا یہ کیڑا تھوڑا لمبا سرخ تیرہ ہوتا ہی جو ابریشم اپنے لعاب سے نکالتا ہی طبیعت اسکی پہلے درجے مین گرم دوسرے مین خشک ہی خفقان کو دور کرتا ہی بدن کو فربہ کرتا ہی باہ کو تقویت دیتا ہی تپ کو دور کرتا ہی

دود خشب العنوبر - یہ ایک کرم سبز رنگ درخت کاج مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم جس ورم کو حاجت چیرنے کی ہو اسکو پیس کر اگر ضماد کرے فی الفور پھوٹ جائے ایک مثقال آدمی کو مار دیتا ہی کہ سم قاتل ہی۔

دوسر - ایک گھاس گیہون کیطرح کھیت مین پیدا ہوتی ہی گیہون سے لمبی زیادہ اور کھر کھری زیادہ دانہ پتلا اور خوشہ متفرق پوست سیاہ و سرخ ہر خوشے کے دو غلاف یا تین فتیلہ کی شکل پر اور دانہ خوش مزہ مائل بشیرینی طبیعت گرم خشک منفج محلل مجفف ملین و مسہل معدے کے کیڑون کو نکالتی ہی جریان اور داء الثعلب کو نافع ہی

دوقس - یہ گھاس تین قسم کی ہی ایک وہ جسکے پتے سولف کے سے قد برابر بالشت کے پھول چتردار مانند دھنیا کے پھل سبز لو اور رونگٹے دار۔ دوسری قسم مشابہ کرفس کے خوشبو اور تیز۔ تیسری قسم مشابہ دھنیا کے پھول چتردار مانند پھول گاجر کے تینون اقسام سے بہتر پہلی قسم ہی طبیعت اسکی گرم و خشک کھانسی مزمن کو دور کرتی ہی مدر حیض اور بول ہی اور مسقط جنین اورام کو تحلیل کرتی ہی۔

دود البقل - یہ ایک کیڑا سبز درختون پر پیدا ہوتا ہی مشابہ کنکھجورے کے طبیعت اسکی سرد اور خشک کھانا اسکا واسطے دفع سموم مشروبہ اور ضماد اسکا واسطے کاٹنے جانورون زہردار کے نافع ہی۔

دود الخل - وہ کیڑا جو سرکہ مین پیدا ہوتا ہی سعوط اسکا واسطے اس کیڑے کے جو دماغ مین پیدا ہوتا ہی قوی الاثر ہی۔

دود الزبل - وہ کیڑا جو گوبر مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر واسطے دفع داء الثعلب اور کھجلی کے نافع ہی لگانا اسکے روغن کا واسطے دفع بواسیر مجرب ہی

دوقو - بیج اس گھاس کا ہی جسکو خرس گیاہ کہتے ہین اور ریچھ اسکو بہت دوست رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک پرانی کھانسی کو دور کرتا ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی ہاضمہ کو بڑھاتا ہی باہ کو زیادہ کرتا ہی

دال با ہے

دھماسا - ایک گھاس ہی طبیعت اسکی سرد خشک واسطے دوا رسرا اور جوشش منھ اور کھانسی اور ضیق النفس اور حمیات اور تقویت معدہ وتصفیہ خون فاسد مفید ہی -

دھنج - یہ ایک پتھر سبز آبدار براق سونے اور چاندی اور تانبے اور لوہے کے کانون مین ملتا ہی زنجار معدنی بھی کہتے ہین بعض سبز اور تیرہ بعض طاؤسی رنگ مائل بسرخی بعض طاؤسی رنگ مائل بسیاہی طبیعت اسکی چوتھے درجے مین گرم اور خشک جالی وملطف دافع سموم وصرع ومقوی قوت باصرہ قاطع بیاض چشم ہی -

دھن اللوز المر - تلخ بادامون کا تیل مسہل اخلاط سوداویہ دافع ورم سپرز ودرد گردہ وعسر البول وتشنج -

دھن البلسان - روغن بلسان لبن البلسان بھی اسکو کہتے ہین یعنی بلسان کا دودھ اصل روغن بلسان وہ ہی جو سیال تھوڑا غلیظ چسپندہ تیز بو تیز مزہ خالی ترشی سے ہو دودھ مین ڈالین تو دودھ جما دیوے پانی مین تہ نشین ہو پانی مین حل کرین تو پانی سپید ہو جائے جو ایسا ہو وہ اصل ہین طبیعت اسکی گرم وخشک مقوی دماغ واعصاب وقوت باصرہ دافع امراض رحم وفالج ولقوہ وصرع وصداع ودوار ورعشہ واسترخا ہی -

دھن الکرجن - یہ روغن ایک درخت کے تنہ سے نکالا جاتا ہی اور وہ درخت بہت بڑا اسلام آباد عرف چٹ گام مین ہوتا ہی اور اس درخت کے تنہ کو سوراخ کرکے برتن باندھ دیتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک ہی اورام کے تحلیل کرنے مین یہ بڑا علاج ہی -

دھن بزرکتان - السی کا تیل جو مشہور ہی حقنہ اسکا روغن گل کے ساتھ معا کے زخمون کو بند کرتا ہی اور طلا اسکا وجع فواد کو دفع کرتا ہی -

دھن یاسمین - چمیلی کا تیل جو مشہور ہی - امراض باردہ عصبیہ کو دفع کرتا ہی مفتح ومحلل ومرخی جلد ہی -

دھن اللوز الحلو - میٹھے بادامون کا تیل مرطب دماغ ہی سرسام وذات الجنب کا دافع ہی نیند لاتا ہی شکر کے ساتھ اگر پیا جائے تو خشک کھانسی کو دور کرتا ہی -

دھن کاوی - کیوڑے کا تیل مشہور ہی مقوی حواس ومفرح ہی سرور لاتا ہی خفقان کو دفع کرتا ہی -

دال بایاے

دیودار - یہ بڑا درخت ہی پہاڑون مین سر بفلک اسکا جنگل پایا جاتا ہی تاجر لوگ وہان اسکو کاٹ کر لکڑی بذریعہ دریاؤن کے میدانی ملکون مین لاتے ہین جو بکثرت عمارت مین خرچ ہوتی ہی ساٹھ ستر گز تک بلند یہ درخت اکثر پایا جاتا ہی یہ دو قسم کا ہوتا ہی ایک قسم کو چیڑ کہتے ہین وہ لکڑی پانی مین جلد گل جاتی ہی - دوسرے دیودار جو پانی مین خراب نہین ہوتی طبیعت اسکی گرم اور خشک دو وجہ اسکا جو روغن اسکا ہی چوتھے درجے مین گرم اور تیسرے درجے مین خشک ہی گندہ بیروزہ اسی کو کہتے ہین اورام سرد کو تحلیل کرتا ہی دردون کو تسکین دیتا ہی فالج اور لقوہ اور استرخا وسکتہ کو مفید ہی -

دی فروجس - یہ چیز تین قسم کی ہوتی ہی ایک معدنی جو جزیرہ قبرس کے ایک کنوئین سے لاتے ہین اور دھوپ مین خشک کرکے جلاتے ہین یہ مٹی ہی جو خشک ہوکر پتھر سا بنجاتی ہی - دوسری قسم تانبے کا میل ہی تیسرا قسم مرقشیشا سے سوختہ جو حمام کے چولہے مین کئی روز اسکو جلاتے ہین رنگ اسکا چاندی کیطرح سپید ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی خناق کو دفع کرتی ہی جراحات خبیثہ اور منھ کے آبلون کو اچھا کرتی ہی خون کو بند کرتی ہی زخم کے زائد گوشت اتار دیتی بالون کو ملائم اور نرم کرتی ہی -

دلیسما قوس - یونانی مین ایک خاردار درخت کا نام ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک بیخ اسکے خیساندے کا محلل طحال وخلط غلیظ اور کھولنے سددون کے واسطے مفید ہی اور جوشاندہ اسکا محلل خناق ومدر بول ہی معدہ کے کیڑون کو نکالتا ہی -

دیک بردیک - یہ ترکیب ہرتال اور زنجار اور چونے اور پارے سے بناتے ہین شیراز مین اسکو مرگ موش بولتے ہین طبیعت اسکی گرم اور تیز اور یابس ہی ناسور کو اچھا کرتا ہی قروح فاسدہ کی اصلاح کرتا ہی گوشت زائد کو کھاتا ہی رطوبات کو خشک کرتا ہی بواسیر کے دانون کو گراتا ہی کھانا اسکا قاتل ہی -

بارھوان باب

ذال معجمہ کے لغات کے ذکر مین - اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی وفارسی وغیرہ کے بیان مین

ذال باالف

ذا - عربی مین یہ اسم اشارہ ہی مفرد کے واسطے -

ذاب - عیب اور وہ شخص جو نہایت پیاسا ہو یعنی اسکی مارے پیاس کے خشک ہون اور گداختہ یعنے گلا ہوا -

ذات الجنب - ایک بیماری کا نام ہی جس سے معدہ اور قلب کا درمیانی سوج جاتا ہی سخت درد ہوتا ہی تپ وضیق النفس بھی ساتھ علاج اسکا عموماً فصد ہی یعنے خون نکلوایا جاتا ہی -

ذائب - گلنے والا - پگھلنے والا -

ذات - صاحب وخداوند وہستی وحقیقت وماہیت وکیفیت ہر ایک چیز کی اور نفس ہر ایک شے کا اور مؤنث اسم ذا کا - شعر - طالبکا خدا مشتاق ذات + ذات را بنید ز انوار صفات + اہل بینش را وجود بالذات + مینماید از وجود پاک ذات +

ذابح - ذبح کرنے والا - مار دینے والا -

ذات الصدر - اولیاء اللہ واناے اسرار دل اور نام ایک بیماری کا جس سے سینہ کا پردہ ورم کر جاتا ہے -

ذاکر - یاد کرنے والا ذکر کرنے والا - شعر - ہمیشہ ذاکر ذکر خدا باش + بہر حالت بشغل کبریا باش -

ذائع - بکسر ہمزہ جو تیسرا حرف ہے ظاہر سب کے روبرو آشکارا اور پراگندہ - بکھرا ہوا -

ذائق - صاحب ذوق ولذات اور چکھنے والا - فوقانی - ذائق وشائق بود ہر کس کہ از مردان حق + میفزاید در دلش ہر وقت و ہر آن ذوق وشوق +

ذاک - عربی مین اسم اشارہ دور کی چیز کے واسطے فارسی مین آن ہندی مین وہ -

ذالک - اسم اشارہ نزدیک کے واسطے فارسی مین این ہندی مین یہ - آیت - ذالک الکتاب لاریب فیہ -

ذاہل - غافل بے خبر نادان -

ذال - نرم چلنا اور شتاب چلنا اور نام ایک حرف کا حروف تہجی سے -

ذائقہ - نام ایک قوت کا ہے جس سے انسان ہر ایک چیز کی جو زبان پر آئے لذت پہچان لیتا ہے - شعر - در طبیعت ذائقہ پیدا کن اے مرد خدا + تا شود از یاد حق حاصل دو چندان ذوق وشوق +

ذافی - بکسر قاف جو تیسرا حرف ہے - نام ایک درخت کا جسکو غاریقی کہتے ہین اسکے پتے بید سے لمبے اور مورد سے بڑے ہوتے ہین پھل فندق سے چھوٹا اور چنے سے بڑا ہوتا ہے - خونی دستون کو بند کرتا ہے -

ذال با باے

ذباب - مگس یعنی مکھی جو مشہور جانور ہے - عرفی - از لبس کہ با بشکین رحمت + راند ز رخت ذباب توبہ +

ذب - دور کرنا اور باز رکھنا اور واپس آنا چونکہ یہ صفت مکھی مین ہے ہر چند اسکو دور کرتے ہین وہ پھر آجاتی ہے - اسی واسطے اسکو ذباب

کہتے ہین - اور لاغر ہونا اور گاے جو جنگلی ہو -

ذبح - بکسر اول بسمل اور مذبوح جسکے گلے پر چھری پھر چکی ہو -

ذبح - بفتح اول بسمل کرنا چھری چلانا -

ذبیح - وہ جانور جو بسمل کیا جاے - شعر - بنی تو مرہم صحت بروے ریش جریح + کنی بفضل وعنایت دوبارہ زندہ ذبیح +

ذبح اکبر - حضرت اسماعیلؑ کا دنبہ جو انکے ذبح کے وقت بہشت سے آیا تھا اور وہ جانور جو عید کے روز قربانی دیا جاوے -

ذبر - بفتح اول نوشتن یعنے لکھنا -

ذبول - بضمتین لاغری وپژمردگی -

ذبول - بفتح اول وضم ثانی لاغر اور پژمردہ -

ذبال - بضم اول چراغ کی بتی -

ذبحہ - بضم اول وفتح ثانی وثالث وہ ورم جو حلق کے دونون طرف ہو - حلق کی بیماریون مین سے یہ ایک بیماری ہے -

ذبابی - مکھی کی رنگت پر سبز رنگ یہ نام زمرد کے ایک قسم کا ہے جو ذبابی زمرد کہلاتا ہے -

ذال با خاے

ذخر - بضم اول نگاہ رکھنا اور نگاہ رکھی ہوئی چیز اور مال -

ذخائر - جمع ذخیرہ کی انبار غلہ ومال کے جو رکھ چھوڑے ہون تاکہ کسی ضرورت مین کام آئین -

ذخیرہ - جو چیز کسی ضرورت کے واسطے جمع رکھی جائے - باقر کاشی - بسکہ ذخیرہ میکنند زان گل روشمیم را + پاے بگل فرو رود ہر دو قدم نسیم را + طالب آملی - ذخیرہ بر سر ہم تا بکے کنند بلی + باعتقاد خسیسان خداے رازق نیست +

ذال با راے

ذرب - بفتحتین ایک بیماری کا نام ہے جس سے غذا ہضم نہین ہوتی اور کھانا جو کھایا جاتا ہے بلا ہضم پاخانہ کے رستہ نکل آتا ہے رنگ اور صورت نہین بدلتی -

ذریت - فرزندان وفرزندزادگان بیٹی پوتی دھوتی - ذراری اسکی جمع ہے

ذرات - جمع ذرہ کی بہت سے ذرے -

ذروح - بضم اول وتشدید راے آخر مین حاے حطی نام ایک بڑا کرم کا ہے جو چھوٹے بادام کے مقدار سرخ رنگ ہوتا ہے اور سرخی مین سیاہ خال کھانا اسکا سم قاتل ہے -

ذراریح - جمع ذروح ہے -

ذرور - بفتح اول وضم ثانی خشک دوا جو آنکھ میں ڈالی جائے یا کسی زخم پر ڈالی جائے

ذرائر - جمع ذرہ مورچہ خرد یعنے چھوٹے کرم -

ذر - عربی میں صیغہ امر بمان یعنے چھوڑ -

ذراع - بازو وارش آرنج سے ہاتھ کی انگلیون تک اور گز جس سے کپڑا وغیرہ پیمایش کریں اور داغ جو اونٹ کی ران پر قائم کیا جائے اور نام ساتوین منزل کا منازل قمر سے اور وہ چند ستارے ہین جو ساعد برج پر واقع ہین -

ذرائع - جمع ذریعہ کی بہت سے ذریعے اور وسیلے -

ذرع - بفتح اول طاقت اور ہاتھ سے ناپنا کسی چیز کو -

ذرع - بفتحتین طمع وحرص اور بچہ گاے جنگلی کا -

ذرق - سرگین مرغ چڑیا کی بیٹھ -

ذروہ - بالضم وبالکسر پہاڑ کی بلندی اور بلندی محل کی -

ذریعہ - وسیلہ ودست آویز اور وہ شتر مادہ جو شکاری سمجھے یا چھپ کر شکار کرے -

ذرہ - مورچہ خرد چھوٹی چیونٹی اور وہ باریک چیز جو دھوپ مین دکھائی دیتی ہے جب دھوپ کسی روزن سے مکان کے اندر پڑتی ہو - شعر - خاک ناکارہ زالطاف تو گردد کیمیا + ذرہ را حاصل شود ع - و شرف بر آفتاب +

ذرائی - ایک قسم کا نمک سخت وسپید ہوتا ہے -

ذال با عین

ذعاف - زہر قاتل اور جلد جان لینے والا -

ذال با فا

ذفر - خوشبو یا بد بو جو سخت ہو -

ذفیف - زود رو - وسبک وکم وزن -

ذال با قاف

ذقن - زنخدان - ٹھوڑی - آصفی - صفی میر دواز حال بجائے کہ ترا + طرہ چوگان سیاہ ست و ذقن گوی سپید +

ذال با کاف

ذکا - بضم اول آفتاب یعنے سورج -

ذکا - بفتح اول عقل و دانش وتیزی طبع وزیرکی روشن ہونا شعلہ نکلنا شعر - براہ عنایت باین مشت خاک + ترا دراک فہم و ذکا دادہ +

ذکر - بکسر اول یاد کرنا اور بار بار نام لینا - فوقانی - مکن تو ذکر حق کہ حق ذکرت کند + یاد کن تا ہر زمان آلی بیاد +

ذکر - بفتحتین آلت تناسل مرد اور نر مقابل مادہ کے اور فولاد جو قیمتی ہو [illegible]

ذکی - تیز طبع و اتالیق -

ذال با لام

ذلت - خواری خرابی - رسوائی - قطعہ - چو ہستی آدمی تو آدمی باش + مکن بدنام نام آدمیت + خدایت در عزیزان عزت افزود + مشو پابند در زندان ذلت +

ذلاقت - تیز زبانی وفصاحت وتیزی وصفائی -

ذلق - تیز زبان ہونا بے آرام ہونا بیجان کرنا مرغ کا -

ذلیق - تیز زبان اور نوک نیزہ کی جو تیز ہو -

ذلیل - خوار وگنہ گار ومحکوم - ۵ - مکن سوال مشو پیش خلق خوار و ذلیل + کہ نیست رازق روزی بغیر رب جلیل +

ذل - بضم اول وتشدید ثانی خواری وخرابی -

ذل - بکسر اول نرم ہونا فرمان بردار ہونا -

ذلول - نرم ومطیع وفرمان بردار +

ذال با میم

ذمت - عہد وپیمان وضمانت وذمہ داری -

ذم - ہجو کہنا - برا بولنا - بد گوئی کرنا -

ذمیم - زشت اور زبون اور فضلہ جو ناک سے نکلتا اور ناخوش بو اور وہ چیز جو چیونٹی کے انڈون کیطرح انسان کے مسام سے نکلے

ذمائم - جمع ذمیمہ بد و زبون و زشت -

ذمیمہ - بد اور زبون -

ذمہ - عہد اور امان اور ضمانت -

ذمی - وہ لوگ جو عہد اور امان مین آچکے ہون -

ذال مع نون

ذنب - بفتح اول گناہ وقصور -

ذنب - بفتحتین - حیوانون کی دم اور نام ایک ستارہ کا جسکو ذنب الفرس کہتے ہین اور نام ایک شخص کا آسمان پر -

ذنوب - بضمتین جمع ذنب بہت سے گناہ -

ذنوب - بفتح اول وضم ثانی دم دراز گھوڑا -

ذال با واو

ذوب - گداختن یعنی گلنا اور سخت ہونا وطوب کا -

ذولباب - صاحب عقل وفہم وقیاس -

ذوناب - درندہ جانور - شیر - بھیڑیا - بلی وغیرہ -

ذوائب - گیسو اور بال جو پیشانی کے اوپر ہوں جمع ذوابہ کی -
ذوات - جمع ذات کی -
ذو الخمار - بکسر خاے نام ایک کاہن کا جس سے عجیب عجیب شعبدے ظاہر ہوتے تھے -
ذو الفقار - نام ایک تلوار کا ہے جو عاص بن منبہ قریش کے پاس تھی جب وہ بدر کی جنگ میں مارا گیا تو تلوار غنیمت کے مال میں رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو لائے حضرتؐ نے وہ تلوار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو بخش دی جو ہمیشہ انکے پاس رہی چونکہ فقار پشت کے مہروں کو کہتے ہیں اور اُس تلوار کی پیٹھ بصورت پشت کے مہروں کے تھی یعنی ہموار نہ تھی اسواسطے اسکو ذو الفقار کہتے تھے اور نام ایک حلوائی کا جو اپنے کام میں اُستاد تھا - صائب - ناصر علی بنام علی بردہٗ پناہ + ورنہ بہ ذو الفقار علی سر بریدہ است + میر نجات - حلوای صلح غمزۂ خنجر گذار بود + قنادلے محلۂ ما ذو الفقار بود +
ذوخس - دری زبان میں بدخو بدخلق -
ذوق - چکھنا لذت لینا و لذت و مزہ و نشاط و خوشی - حافظ - زمیوہ ہاے بہشتی چہ ذوق دریابد + کسی کہ سیب زنخدان دلبری نگزید +
ذوراق - وہ کھانا جو گیہوں کے میدہ سے بنایا جاے +
ذو - خداوند و صاحب و مالک -
ذوابہ - گیسو اور پیشانی کے بال -

ذال با ہاے

ذہب - طلا یعنے سونا جو مشہور دھات ہے -
ذہاب - رفتن و گذاشتن جانا اور چھوڑنا -
ذہلت - غفلت بھول چوک -
ذہولت - غفلت و فراموشی -
ذہول - غافل اور بھولنے والا -
ذہن - فہمیدگی و زیرکی و قدرت مدرکہ -
ذہین - زیرک آدمی اور عقلمند -

ذال با یاے

ذیب - گرگ یعنے بھیڑیا -
ذیاب - جمع ذیب بہت سے بھیڑیے -
ذیابیطس - نام ایک بیماری کا قسم سلسل البول سے ہے جو بیمار بار بار پانی پیتا اور پیشاب کرتا ہے اصلی معنے اسکے دولاب ہیں کہ ایک طرف پانی بھرتا ہے اور دوسری طرف گراتا ہے -
ذیل - دامن کپڑے کا - سعدی - نہ براوج ذاتش پرد مرغ وہم + نہ در ذیل وصفش رسد دست فہم +
ذیول - جمع ذیل بہت سے دامن -
ذی - خداوند و صاحب و مالک -

دوسری فصل

اُردو لغات کے بیان میں

واضح ہو کہ اس فصل میں کوئی لغت قابل اندراج نہیں اسواسطے مؤلف معذور رہا کہ حرف ذال کا متعلق زبان عرب کے سمجھا گیا ہے

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے ذکر میں

ذال با الف

ذات بحت - ذات حق علی جلالہ اور بحت بمعنی صرف اور خالص ہے
ذات البروج - آٹھواں آسمان جسکو کرسی کہتے ہیں -
ذات العماد - بڑی بڑی عمارتیں ستون دار -
ذات الرقاع - یہ ایک طرح کا استخارہ ہے کہ بارہ کاغذ کے ٹکڑوں پر افعل ولا تفعل کے الفاظ لکھکر جانماز کے نیچے رکھ دیتے ہیں اور اُسپر دو رکعت نماز پڑھ کر ایک دفعہ اُن رقعات میں سے پکڑ لیتے ہیں اگر افعل کا پرچہ ہاتھ میں آجاتا ہے تو وہ کام کرتے ہیں اور اگر لا تفعل کا پرچہ ملتا ہے تو وہ کام نہیں کرتے -
ذات الشمال - وہ گنہگار اور کفار جن کو نامۂ اعمال قیامت کے روز بائیں ہاتھ میں ملیگا -
ذات البین - وہ معاملہ اور مقدمہ جو دو آدمیوں میں ہو اور وہ تیسرا شخص جو دو آدمیوں میں گفتگو کے لیے مقرر ہو سایحی اور وکیل وغیرہ -
ذات الیمین - وہ لوگ مومن و نیکوکار جنکو قیامت کے دن نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں ملینگے -
ذات الکرسی - پندرھوین شکل اشکال شمالی سے ہے جو ایک عورت کی صورت میں کرسی پر بیٹھی ہے اور دونوں پاؤں لٹکائے ہوے ہے -

ذال با خاے

ذخیرۂ خاطر - ذخیرۂ دل - شکوہ اور گلہ جو دل میں ہو - شفیع اثر - مدعی از ذخیرۂ خاطر + سبز شد ہمچو دانۂ انبار + شانی تکلو - تن در دہم بہجر ازین بس کہ نالہ ہا + یکیک ذخیرہ ہاے دلم از زبان کشید +

ذال با کاف

ذکر خیر - وہ ذکر جو نیکی کے ساتھ کیا جائے - سعدی - دولت جاوید یافت ہر کہ نکونام زیست + کز عقبش ذکر خیر زندہ کند نام را +

ذکرش بخیر - وذکرش بخیر باد - کلمہ تعظیم و تکریم کے محل مین کہتے ہین جب غائبت مین کسی کو یاد کیا جائے - میرزا صائب - عقد زہد خشک بکارم فگندہ است + ذکرش بخیر باد کہ تسبیح من گسیخت +

میر جلال اسیر - بیش از خمار ساغر تکلیف دادہ رفت + ذکرش بخیر تو بہ کہ بے دردسر گذشت +

ذکر جمیل - وہ ذکر جو نیکی کے ساتھ کیا جائے - سعدی - نہ ذکر جمیلش نہان میرود + کہ صیت کرم در جہان میرود +

ذکر آرہ - صوفیہ عالیہ کا یہ ذکر ہی جس سے تصفیہ قلب بہت جلد ہوتا ہی - میرزا صائب - ازان زسیر چمن میبرم زخود بیوند + کہ ذکر آرہ زہر شاخسار مے شنوم +

ذال باواو

ذو الجلال - صاحب عزت و بزرگی کا یہ نام اسمائے الٰہی مین سے ہی - ذوقی - ہر چہ خواہد میکند رب قدیر + میشود چیزے کہ خواہد ذو الجلال +

ذو القرنین - یہ وہ بادشاہ جسنے سد یاجوج بنائی تھی بعض مورخ خصوصاً نظامی گنجوی فرماتے ہین کہ وہ اسکندر بن فیلقوس تھا بہت سے اس سے انکار کرتے ہین اور لکھتے ہین کہ ذو القرنین سوائے اسکندر کے اور بادشاہ تھا - قطعہ از مولف - سہ سکندر چہ ذو القرنین وافریدون وکیخسرو + چہ دارا و چہ جمشید و چہ زال و رستم دستان + ز دنیا چون سفر کردند و رفتند از جہان آخر + نماند اندرسرائے دہر جز نامے نشان زیشان +

ذو المنن - صاحب منتون اور احسانون کا قطعہ از مولف - تازہ روزی میرساند روز و شب + بندگان زار را آن ذو المنن + سبز و خندان ز آب احسانش مدام + در بیابان خار و گل اندر چمن +

ذو النون - مچھلی والا مچھلی کا مالک نبیون مین سے یہ خطاب یونس پیغمبر کا تھا جنکو خدائے تعالےٰ نے مچھلی کے پیٹ مین کئی روز مقید رکھا اور امت محمدی صلے اللہ علیہ وسلم مین سے ایک کامل ولی مصر مین جنکو ذو النون کہتے تھے ایک روز وہ کشتی پر سوار تھے ایک مالدار آدمی کا ایک جواہر اُسکی انگشتری سے نکلکر دریا مین گر گیا اُسنے ذو النون پر بدگمانی کی کہ اسنے لے لیا ہی اور بے آبروئی کرنے لگا ذو النون نے خدا سے امداد چاہی اُسی وقت ہزارون مچھلیان دریا سے نکل آئین اور ہر ایک کے منھ مین نگینہ جواہر کا تھا ذو النون نے کہا کہ مین اتنے جواہر نہین چاہتا اس شخص کا نگینہ جو دریا مین گر گیا تھا وہ دو ایک مچھلی کشتی کے پاس آئی اور نگینہ رکھ دیا اس روز سے اُنکا خطاب ذو النون ہوگیا - سعدی - شنیدم کہ ذو النون بمدین گریخت + بسے بر نیامد کہ باران بریخت +

ذو النورین - یہ خطاب حضرت عثمانؓ تیسرے جانشین رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا تھا کہ اُنکے نکاح مین دو صاحبزادیان پیغمبر خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آئی تھین -

ذو جسدین - عطارد ستارہ کا نام ہی کہ خانہ اسکا دو لڑکون برہنہ کی صورت پر ہی جسکو ذو جسدین اور دو پیکر کہتے ہین -

ذو فنون - جو بہت سے فن جانتا ہو -

ذوی القربیٰ - رشتہ دار ایک خاندان کے ہم جدی لوگ -

ذال بایاے

ذی الحج - وہ مہینہ جسمین کعبہ کا حج ہوتا ہی یعنے قمری بارھوان مہینہ

ذی بال - صاحب شان و عزت -

ذی سلم - نام ایک مقام کا ہی ادر سلم بفتحتین ایک خاردار درخت ہی

ذی قعدہ - قمری گیارھوین مہینے کا نام ہی -

چوتھی فصل

اُردو محاورات و اصطلاحات کے ذکر مین

ذال باالف

ذات شریف - بڑے جناب بڑے شریر فتنہ پرداز مفسد گرو گھنٹال - عشق - کی ہی جنکی یہ آپ نے تعریف - وہ کوئی اور ہونگے ذات شریف +

ذال باراے

ذرا سا منھ نکل آنا - لاغر ہو جانا دبلا ہو جانا - داغ - ڈر گئے نام شفا سنکے زہے خواہش مرگ + منھ ذرا سا نکل آیا ترے بیمارون کا +

ذرا کی ذرا مین - تھوڑے عرصہ مین لحظہ بھر مین +

ذال باواو

ذوق سے - خوشی سے مرضی سے شوق سے مزے سے -

ذال باہاے

ذہن لڑانا - سوچنا - غور کرنا - خیال کرنا -

ذہن نشین کرانا - سمجھا دینا - جی مین جما دینا - تشفی کر دینا - اچھی طرح جتا دینا -

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

ذال با الف

ذاقنی دیداس - یہ ایک گھاس ہے ساق اسکی بقدر ایک گز کے شاخین بہت پتلی پھول سفید پھل سیاہ اور دانے چھوٹے ملک شام مین پیدا ہوتا ہے طبیعت گرم خشک مسہل و مفتح و محلل و ثقال پینے سے مسہل قوی ہو جاتا ہے حیض کو کھولتا ہے-

ذاقنی الاسکندرانی - اس گھاس کے پتے مورد کی طرح ہوتے ہین شاخین بقدر ایک بالشت کے پھل بقدر چنے کے سبز اور گول ہے جڑ خوشبو مانند عود کے پینا اسکے جڑ کا بقدر ایک درم کے واسطے ادرار بول و حیض و اخراج مشیمہ کے نافع ہے-

ذال با بائے

ذباب - مکھی کئی قسم کی ہوتی ہے بڑی مکھی کو خرمگس کہتے ہین سیاہ اور ازرق اور زرد بھی ہوتی ہے زرد مین سمیت ہوتی ہے طبیعت اسکی اول درجہ مین گرم تر محلل اور جاذب اور تہوع یعنے ابکائی لانے والی و قے لانے والی پینا اسکا واسطے عسر ولادت کے مجرب ہے مثل زنبور کے اسکو ملین تو درد کو تسکین دیتی ہے زہر کو جذب کرلی ہے انڈے کی زردی کے ساتھ پیسکر لگائین تو آنکھ کے درد کو تسکین دیتی ہے مکھی کا سر اگر احلیل مین رکھین نعوظ قوی کرتا ہے مکھی کا گوہ اگر شہد کے ساتھ پیین قولنج اور خناق کو دفع کرتا ہے-

ذبل - کچھوے کی ہڈی ہندی مین اسکو کچکڑا کہتے ہین رنگ اسکا سیاہ مائل بزردی چمکتی ہوئی اور سخت ہوتی ہے ڈبے اور قلمدان اور چھریون کے دستے اسکے بناتے ہین اور اسطرح سے پکاتے ہین کہ نرم مانند پنیر کے ہو جاتا ہے اُس وقت جس صورت کی چیز چاہتے ہین بنالیتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک نہایت قاالنفس ہے اسکو رگڑکر اگر پیین تو بواسیر کے دانے خشک ہو کر گر پڑتے ہین اور ضماد اسکا سرطان اور خنازیر کو اچھا کرتا ہے-

ذال با رائے

ذرت - ایک غلہ ہے جسکو ہندی مین جوار کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی الغذا غلیظ زیادہ ہے حابس اسہال سب افعال اسکے مانند خندروس کے-

ذراریح - یہ ایک جانور دو قسم کا ہوتا ہے بڑا اور چھوٹا بڑا بقدر زنبور کے اور چھوٹا مکھی سے بڑا اور چوڑا اور بدبو تازہ سبزے پر بیٹھتا ہے اور اُسی مین پیدا ہوتا ہے بہتر انمین بڑا اور لمبا ہے کہ گیہون مین پیدا ہوتا ہے اور زرد سیاہی اور سرخی مائل ساتھ زرد خطوط کے اور جو سبز اور سرخ اور زرد اور نقطے سیاہ ہون زبون ہے وہ اگر آدمی کو کاٹے بے اختیار پیشاب اسکا جاری ہوتا ہے طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور دوسرے درجے مین خشک بہت تند اور متعفن سموم قاتلہ سے ہے اسکو جلاکر پینا تلی کی بیماری کو دفع کرتا ہے مدر بول اور حیض ہے اسکی جلی ہوئی راکھ باؤلے کتے کے زہر دفع کرتی ہے آنکھون مین الیم تو ناخنہ کو دفع کرتی ہے-

ذال با نون

ذنب العقرب - یہ ایک بوٹی ہے جسکی جڑ بچھوے کے دُم کی طرح ہوتی ہے اسکا پھل بھی بچھو کی دم کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے سردملکون مین ہوتی ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع سموم حیوانات خصوصاً بچھوے کے زہر کا ہے

ذنب الفار - چوہے کی دم مشہور دوا ہے جسکو بارتنگ کہتے ہین بسبب مشابہت اسکے خوشے کی اسکو ذنب الفار بولتے ہین-

ذنب السبع - یہ ایک گھاس ہے پتے اسکے مطابق پتے گاوزبان کے رونگٹے دار شاخین خاردار طبیعت اسکی گرم اور خشک اورام کے دفع کے واسطے بے مانند ہے اور واسطے التیام زخمون کے بے مثل-

ذنب الخروف - یہ ایک گھاس ہے کہ جڑ اسکی پتلی اور شاخین سفید اور مجوف پتے مشابہ راسن کے پھل زرد طبیعت اسکی گرم اور خشک پینا اسکا محلل ریاح قاطع خون دافع نفخ طحال دافع زہر سگ دیوانہ ہے-

ذال با ہائے

ذہب - یہ ایک اعلیٰ دھات سب دھاتون سے زیادہ فائدہ مند اور قیمتی ہے فارسی مین اسکو زر اور طلا ترکی مین التون اور قزل ہندی مین سونا اور کنچن کہتے ہین کان مین یہ پارہ اور گندھک معتدل سے پیدا ہوتا ہے طبیعت اسکی معتدل مائل بگرمی کامل الترکیب ساتھ رطوبت غریزی کے ہے ملطف اور مفرح مقوی دل و دماغ و حرارت غریزی و فکر و فہم واسطے امراض دل و دماغ و کبد و معدہ و مرارہ و طحال و گردہ و مثانہ و باہ و امراض صفراوی و سوداوی مانند خفقان و سوس و توحش و وہم و غم و جنون و صرع و دوار و ضعف معدہ و کبد و یرقان و بواسیر وغیرہ امراض بدنی کے نافع ہے بدن کو فربہ کرتا ہے جذام کو دور کرتا ہے آنکھون کو روشنی دیتا ہے اس دھات کے اور بھی صدہا فائدے درج کتب طبیہ مین-

ذال با یائے

ذیب - یہ مشہور درندہ ہی جسکو فارسی مین گرگ ہندی مین بھیڑیا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی جگر اسکا امراض کبد کے واسطے نافع ہی اگر پیس کر ایک دانگ شراب کے ساتھ پیین اور واسطے یرقان کے سکنجبین کے ساتھ اور کرفس کے پانی کے ساتھ طحال کیواسطے پینا اسکا ایک دانگ شہد کے ساتھ تپ ربع اور قولنج و استسقا و تقویت باہ کے لیے بے مانند ہی آنکھ مین ڈالین تو نزول الماء کو اُتارتا ہی اور اگر عضو تناسل پر لگاکر جماع کرین دوسرا مرد اُس عورت پر قادر نہو حمول اسکا مانع حمل ہی چربی اسکی داء الثعلب و داء الحیہ و ورم مزمن کو دفع کرتا ہی دماغ اسکا دودھ تازہ کے ساتھ صرع کو مفید ہی ہڈی اسکی جلاکر لو اسپر ضماد کرین تو خون بند ہو جائے -

تیرھوان باب

رائے مہملہ کے لغات کے بیان مین - اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی و عربی و ترکی وغیرہ لغات کے بیان مین

رائے با الف

رہنما - رستہ دکھلانے والا پیر مرشد - استاد - پیشوا - لعتیہ از مولف پیشوائے جن و انسان مصطفیٰ + رہنمائے راہ حق خیر البشر +

رانا - ہندی لفظ ہی راجہ کو کہتے ہین خصوصاً خطاب راجہ اودیپور کا جو ایک وسیع ملک کوہستان صوبہ مالوا و اجمیر و گجرات کے درمیان ہی - ابو طالب کلیم - ز رایان سرکش کہ در ہندبود * ہیچ یک رانا نبود فرد ••

روسا جمع رئیس کی بکثت سے رئیس اور سردار و دولتمند لوگ -

راوُرا - پہلوی مین بڑا خار پشت جسکو سیہ کہتے ہین اور اسکے جسم پر بڑے خار ہوتے ہین جب کوئی آدمی یا جانور اسپر حملہ کرے تو وہ اپنے جسم کے خار اسپر تیر کی طرح پھینکتا ہی -

رایگا - ترکی زبان مین محبوب و مطلوب - پیارا دوست دلدار -

راکب - سوار - گھوڑے کشتی - گدھے وغیرہ کا - ذوقی - گہے راغب گہے مرغوب گردد + گہے راکب گہے مرکوب باشد -

راسب - تہ نشین اور درد جو پانی و شراب وغیرہ کی تہ مین بیٹھ جائے -

راس و ذنب - سر اور دم ایک شکل اشکال آسمانی سے بڑے سانپ کی صورت پر ہی اسکی ایک طرف کو راس دوسرے کو ذنب کہتے ہین - تنین فلک بھی اُسکا نام ہی -

راہب - عیسائی مذہب کے پیشوا جنکو پادری بولتے ہین -

راتب - روزینہ و وظیفہ جو مقرر ہو -

راغب - رغبت کرنے والا - متوجہ ہونے والا - شعر - تمام خلق بتو راغبست تو کی مرغوب + زمانہ طالب و ذات مبارکت مطلوب -

راقب - منتظر - انتظار کرنے والا -

راست - سیدھا - سچ - سچا - برحق - واقعی - دہنا - مقابل چپ کے اور نام ایک مقام کا مقامات موسیقی سے و قائم و استوار - راستی اور راستین اسکا مزید علیہ ہی - میر خسرو - سوئے راستا کرد مغفور چین + امیر ختن سوے چپ گشتہ راست + عبد الواسع - در دل اعدائے ملک تو زیادت کردہ رنج + شادی تطہیر این شہزادگان راستین +

رافت - مہربانی - نرم دلی - رحم -

راوت بفتح واو جو تیسرا حرف ہی بہادر و مہتر قوم یہ لفظ ہندی ہی -

رائت - لشکر کا علم اور نیزہ جو ایک مشہور سلاح ہی - نظامی - دمان ذرکہ او رائب انگیختہ + سر کوتوال از ذرآویختہ +

رایات - جمع رائت بہت سے علم - میر معزی - در دگر بارہ بردم اندر کشتی رایات خویش + ہر کجا در روم کارزی بود بر خون بود -

راحت - آرام و آسایش و فراغت - حکیم رودکی - خاک پایش منزرا راحت دہد چون غالیہ + گرد ابیش دیدہ را روشن کند چون توتیا +

راسیات - جمع راسیہ پہاڑ اور استوار مقامات +

راسخت - جلا ہوا تانبا جسکو رازی سوختہ بھی کہتے ہین - اور عربی مین تنج بولتے ہین -

رائج - رواج پایا گیا سکہ جو دار الضرب شاہی مین مسکوک ہوا ور خارجی وہ سکہ جو سوائے دار الضرب کے مضروب ہو - میر نجات - بے اصول فد شش سکہ رائج نزنی + خارجی واقعہ دم باش کہ خارج نزنے

رازیانج - معرب رازیانہ ایک دوا کا نام ہی جسکو بادیان ہندی مین سونف کہتے ہین -

راتیانج - صنوبر درخت کا گوند -

رانج - جوز ہندی جسکو نارجیل و نارکیل بھی کہتے ہین -

راجح - افزون و غالب فائق و بہتر اور پلہ ترازو کا جو سنگین اور بھاری ہوا اور جو اونچا پلہ ہوا اسکو مرجوح کہتے ہین -

رابح - نفع دینے والا فائدے پہونچانے والا -

راح - خوش ہونا - خوشی کرنا - اور شراب اور ہتھیلی ہاتھ کی اور جمع راحت کی آرام کرنا - قرار پکڑنا -

راح روح - روح کی خوشی اور نام ایک پردہ کا موسیقی مین سے - میر خسرو - چو راح روح را در پردہ بستی + ز رشکش زہرہ در پردہ شکستی

رامح - نیزہ بردار - نیزہ اُٹھانے والا -
راسخ - استوار و مضبوط و مستحکم و برجا - صفدر فوقانی - بحق رائخ
دم و ثابت قدم باش + بسجدہ صورت محراب خم باش -
راخ - غم و فکر و اندوہ و اندیشہ -
راد - رد کرنے والا - اُٹھانے والا - سخی - جوانمرد - فیاض -
عبدالواسع - چون ابر درافشان بکف راد ہمی بخش + چون
برق درخشان بدل شاد ہمی خند +
رائد - وہ شخص جسکو پانی اور گھاس کے لیے بھیجیں اور چکی جو ہاتھ سے چلائی جاتی ہے
راوند - ایک موضع ہے توابع قزوین سے اور طناب جسپر کپڑے
ڈالیں یا انگور کی بیل ٹکائیں اور نام ایک دوا کا جسکو ریوند بھی
کہتے ہین جو مسہل ہے دست لاتی ہے زرد رنگ میں مقوی قوت جاذبہ
ہے اور وہ بیخ ریواس ہے چینی و خراسانی ہوتی ہے چینی سے آدمیونکا
علاج کرتے ہین اور خراسانی سے علاج چارپایوں کا -
راکد - تالاب اور جھیل مین جو پانی ہو یعنے جاری نہو -
راستاد - راتب و روزینہ و وظیفہ روزمرہ -
راشد - ہدایت حاصل کیا ہوا شخص -
راہدار - خوش رفتار اصل مین یہ لفظ راہوار ہے -
رامشگر - سرود اور سرود کرنے والا - ابو النصر نصیرای بدخشانی - سازو
یکے بجام خراب + از دیکی بنقصان د دگر برامشگر + ذوقی - در آن
بزم فرحت برامشگران + نشستند مردان نام آوران +
راز - زنبور سرخ یا درخار پشت کلان و بزرگتر و کلان تر و رنگ و لون
اسرار پوشیدہ و مافی الضمیر جسکو ہندی مین بھید کہتے ہین - نظامی
شکر پارہ با نوک دندان براز + شکر خوارہ را کرد دندان دراز +
راژ - تودہ خرمن اور انبار اور وہ غلہ جس سے ہنوز بھوسہ نہ نکالا گیا ہو
راموز - کشتیبان و ناخدا و ملاح -
رام ہرمز - اہواز مین ایک شہر کا نام ہے جسکو سمنگان بھی کہتے ہین اور
اُس شہر کے بادشاہ کی لڑکی کے ساتھ رستم نے نکاح کیا اور سہراب پیدا ہوا
راس - چوٹی اور سر اور بلندی - توحید - حق بجلال زار تو احسان
نمود + خارج از اندازۂ وہم و قیاس + چشم و گوش و دست و پا داد اور
خدا + مرحمت کرد خرد ہوش و حواس + بر سرت تاج شرافت
حق نہاد + کرد پیدا مر ترا از جنس ناس + خاکساری شیوہ کن اے
خاکسار + راستی در ہر دو بنہ در سجدہ راس +
رئیس - سردار امیر رؤس اسکی جمع ہے -

رامش - شادی و طرب و آرام و سکون و نغمہ و سرود و ساز و نواہ
عیش و آرام و آسودگی و فراغت کتابون مین لکھا ہے کہ نقش نگین
نوشیروان عادل یہ تھا - راہ بسیار تاریک ست - مرا چہ بینش عمر دوبارہ
نیست - مرا چہ خواہش مرگ در قفاست مرا چہ رامش میسر
معزی - ترا سزد زجہان بادہ خوردن و رامش + ہمان بہ است کہ
رامش کنے و بادہ خوری +
راش - تودہ و انبار غلہ کا جو صاف کیا ہوا اور بھوسہ نکالا ہوا ہو
رانش - دور کرنا - دفع کرنا - چلانا -
راوس - بفتح واو جو تیسرا حرف ہے ستارہ مشتری جسکو برجیس
بھی کہتے ہین -
راقص - رقص کرنے والا ناچنے والا اور نام ایک ستارہ کا ہے جو
اژدہاے فلک کے منہ مین چمکتا ہے -
رائض - چابک سوار جو گھوڑون کو درست کرتا ہے - ریاضت سکھلاتا ہے
رابض - بکسر باے موحدہ جو تیسرا حرف ہے قلعہ دار اور پاسبان
جو قلعہ کی دیوارون پر پہرہ دیتا ہے اور ربض قلعہ کی چار دیواری
اور شہر کی فصیل کو کہتے ہین -
رابط - ربط دینے والا - ملانے والا - واسطہ قائم کرنے والا
گرہ دینے والا -
راتع - بکسر تاے فوقانی چرندہ یعنے سبزہ چرنے والا -
رائع - بڑھنے والا زیادہ ہونے والا اور بہو بچانے والا اور
وہ فائدہ جو کھیتی سے حاصل ہو -
رادع - بکسر دال ہٹا دینے والا - باز رکھنے والا -
رافع - بکسر فاے بلند کرنے والا رفع کرنے والا دور لیجانے والا
بیش کی حرکت دینے والا - اپنی حالت حاکم کے آگے ظاہر کرنے والا
راقع - بکسر قاف کپڑے پر پیوند لگانے والا -
راجع - رجوع کرنے والا -
راکع - رکوع کرنے والا جھک جانے والا -
راغ - پہاڑ کا دامن اور سبزہ زار - توحید - جستجوی گل از بہر جہانا
بحالت زار + گہے بباغ رود عندلیب گہ در راغ -
راوغ - بکسر واو فریبی و حیلہ گر روغ سے جسکے معنی مکر اور
حیلے کے ہین -
رؤف - مہربان رحم دل - توحید - مدد ز حضرت خلاق در مصیبت
خواہ + کہ ہست ذات خدا رازق و رؤف و رحیم +

راف - لبسباسہ جسکو جاوتری کہتے ہین فارسی مین اسکو بزباز بھی کہتے ہین مشہور دوائی ہی -

رافعت - بہر دو فاے فوقانی درخشندہ یعنے چمکنے والا -

رادف - بکسر دال ایک کے پیچھے جو دوسرا ہو -

راتق - جمع کرنے والا باندھنے والا اسم فاعل رتق کا -

راوق - بفتح واو وہ ٹکڑا کپڑے کا جس سے شراب صاف کیجائے نیز بمعنی شراب بعض کے نزدیک اوق بروزن رونق ہے بمعنی شراب کا برتن

رائق - بکسر ہمزہ جاری وصاف ولطیف -

رازق - رزق دینے والا روزی رسان - مؤلف - رازق روزی رسان ہر روز روزی میدہد + ہست مستغرق چرا غافل بسر مرغ

راک - بالگا جو سوئی مین ڈالا جائے اور پانی پینے کا برتن سالم اور سیندھا جنگلی جو لڑانے کے واسطے پالتے ہین اور لغت زند پازند مین راہ یعنی راستہ چلنے کا جسکو عربی مین صراط کہتے ہین -

رامشک - مطرب گانے والا -

رامک - ایک مرکب دوا کا نام ہی جو زاج سیاہ و مازو و پوست انار اور انگور کے پانی وغیرہ سے بناتے ہین اور جسکو مسہل دینا ہو اسکو کھلاتے ہین

راوک - بفتح واو ہر چیز صاف ولطیف معرب اسکا راوق ہی -

راجل - پیادہ پاؤن سے چلنے والا -

راس المال - سرمایہ تجارت کا اصل روپیہ - عبد الغنی قبول تا بدیتم از زلف تو راس المال بود + از غلامان کمینم دولت اقبال بود

راعیل - اصلی نام بی بی زلیخا کا ہی جو یوسف علیہ السلام پر عاشق تھی زلیخا اسکا لقب تھا اسواسطے کہ اسکے جسم سے خوشبو مشک و گلاب کی آتی تھی اور سریانی زبان مین زلیخا مشک و گلاب ملی ہوئی خوشبو کو کہتے ہین -

رام - محکوم و مطیع و فرمان بردار مقابل توسن کے اور ہندی مین نام باری تعالے - میر علیشیر نزدی - گریہ با من رام کردان دلبر بیگانہ را + گرفتہ صید ی بدامت تا نریزی دانہ را + محمد سعید اشرف - خود بخود ہستند چون با عاشق خود کام رام از چہ میگویند با خوبان ہندو رام رام +

راحم - رحم کرنے والا - کمال مہربان - قطعہ از مؤلف خاکساران را با تش کی برد + بندہ پرور مہربان رب کریم + کی کند قہر آنکہ دانش راحم ست + کی شود تندی نمایان از حلیم +

راقم - رقم کرنے والا - لکھنے والا -

رایگان - رایگانی - مفت و آسان - بلا معاوضہ - ذوقی - مکن مفت سرمایہ خود تلف + مدہ دولت عمر خود رایگان + کمال اسمٰعیل - ... اجہ جان عزیز ست + از کف ندیم برایگان ندہی

رامین - نام ایک عاشق کا جو ویسہ نام معشوق پر عاشق تھا اور نام ایک مطرب کا جسنے چنگ ایجاد کیا جو ایک مشہور ساز ہی -

رانین - شلوار و ازار و پاجامہ -

راسن - ایک دوائی گھانس ہی جسکی بو ناخوش ہی -

ران - چلانا اور چلانے والا اور عضو جو مشہور ہی - مؤلف - تاج بر سر خلعت شاہی ببر + تخت زیر پا و توسن زیر ران +

راست روشن - بہرام گور کے وزیر کا نام ہی جو ظالم تھا بہرام جب شبان اور سگ خاین کے تنبہ ہوا تو وزیر کو سیاست کی قصہ اسکا ہفت پیکر نظامی مین مذکور ہی -

راس العین - یہ ایک شہر ایک جزیرہ مین ہی جسمین تین سو چشمہ جاری ہین

راستان - سچے لوگ - اچھے لوگ -

رامیتین - بخارا کے نواح مین ایک قصبہ ہی جسمین خواجہ عزیزان علی رامیتنی سکونت رکھتے تھے -

راس السرطان - وہ نقطہ جب سر سرطان پہونچتا ہی تو گرمی شروع ہوجاتی ہی

راہن - رہن رکھنے والا - گرو رکھنے والا -

رالو - بھاری کھولون مین سے ایک پھول کا نام ہی جو خوشبو ہوتا ہی بعض اسے بیل کو رالو کہتے تھے -

رادلوا - حرف تیسرا دال عود کی لکڑی -

راسو - ایک جانور کا نام ہی جسکو نیول کہتے ہین سانپ کا یہ دشمن ہی

رائحہ - خوشبو پھول کی یا کسی اور چیز کی -

رابطہ - بکسر باے موحدہ تعلق علاقہ اور وہ چیز جو کسی چیز کے ساتھ باندھی جائے - میرزا رضی دانش - بگسلد رابطہ اہل وفا بارہم اند + زانکہ چون حلقہ زنجیر گرفتار ہم اند +

رابیہ - بلند زمین کر وہ - گھاٹی -

راستہ - قطار بازار کے دو کانون کی -

راحلہ - بارکش چارپایہ سواری کا اونٹ یا اور کوئی مرکب نر ہو یا مادہ مؤلف - بازنا و کس خبر ذی الشان + مرد مانیکہ راحلہ ہستند +

راہ - طرز و طریق و سنت و روش و رفتار و قاعدہ و مقام و نغمہ و آہنگ و نوبت و مرتبہ و کرت و بارو انتظار - مؤلف - بے ہدایت

ہدایت کرد حق + گمرہان را حق نمود از غیب راہ + میر معزی ہمی نگار
شود روے غور فرش ترا + بران امید کہ یکراہ سوی او نگری +
راوِیَہ - بکسر واو و شتر آب کش اور برتن پانی کا جو چمڑے کا بنا ہوا ہو -
رابعہ - چوتھی عورت اور نام ایک عابدہ زاہدہ عورت کا جو بصرہ مین
تھین چونکہ وہ اپنے باپ کے گھر چوتھی لڑکی تھین رابعہ مشہور ہو گئین
راتبہ - ثابت ایک مقام پر قائم و برقرار ماخوذ رتوب سے -
رامشگاہ - مجلس اور آرام کا مقام - نظامی - برامش گہش بزم بیم
شگرف + حریفے نداری بدین ہر دو حرف -
رازہ - دل کا بھید - پوشیدہ بات -
راز یانہ - بادیان یعنے سونف جو مشہور چیز ہے -
رافونہ - پودینہ جو خوشبو سبزہ ہے عربی مین اسکو نعناع کہتے ہین -
رافہ - درخت انجدان جسکا گوند حلتیت یعنے ہینگ ہے -
راکارہ - عورت بدکار و فاحشہ -
رامینہ - ویس کے عاشق کا نام ہے جسکے قصہ کو ایک شاعر نے نظم کیا ہے
راوجہ - انگور کی ایک قسم کا نام ہے -
رادبادہ - انگوزہ یعنے ہینگ جسکو عربی مین حلتیت کہتے ہین -
رادی - بکسر دال سخاوت و جوانمردی و حکمت و شجاعت -
رافضی - منسوب ساتھ فرقہ رافضہ کی اور رافضہ وہ گروہ ہوتا ہے جو
پیرو ہوکر اپنے سردار کو چھوڑ دین اور فرقہ شیعہ جنھون نے زید بن
علی بن حسین کے ساتھ بیعت کی پھر اسکو کہا کہ شیخین سے تبرا کر تا ہم
تیرے ساتھ جانفشانی کرین زید نے کہا کہ مین ایسے شخصون سے کیونکر
تبرا کرون جو دوست و معاون میرے جد بزرگوار کے تھے لیس ان سب نے
رفض کیا یعنے چھوڑ کر چلے گئے اور حجاج نے زید کو شہید کر دیا -
رامی - بکسر میم تیر اور پتھر پھینکنے والا -
راعی - گلہ بان - چار پایون کا چرانے والا - والی و حاکم و بادشاہ -
سعدی - درین رہ بجز مرد راعی نرفت + گم آن شد کہ دنبال داعی نرفت
راجی - امیدوار - آس رکھنے والا - شاہ خیر الدین ابو المعانی
ناظم این سالک ڈرہاے ثمین + راجی رحمت معانی خیر دین +
راوی - روایت کرنے والا - سیراب ہونے والا اور وہ شخص جو قصیدہ
یا اشعار خوش بادشاہون کے روبرو پڑھے اور نام ایک دریا کا پنجاب
کے پانچ دریاؤن سے -
راقی - منتری و افسون گر و عزیمت خوان اور دم جھاڑ کرنے والا
اور اوپر چڑھنے والا - بلندی پر چڑھنے والا -

راہواری - بارہ مقامات موسیقی سے ایک مقام کا نام ہے جو بعد
طلوع آفتاب گایا جاتا ہے -
رائی - عقل و فکر و تجویز و خطاب راجۂ ہند - سعدی - خلاف راے
سلطان راے جستن + بخون خویش باید دست شستن +
رامشی - مطرب راگ گانے والا -
راشی - رشوت دینے والا -
رازقی - السی کے بیج جسکا تیل نکالتے ہین -
راتیمی - یونانی زبان مین مطلق گوند جو کسی درخت کا ہو -
راہی - راستہ چلنے والا -
راس الجدی - وہ نقطہ جسپر سورج پہونچنے سے جاڑا شروع ہوتا ہے
راستی - درستی - صدق - سچائی - سعدی - راستی موجب
رضاے خداست + کس ندیدم کہ گم شد از رہ راست +
راضی - شاد - خوش - رضامند - شعر - مرد اہل رضاست
در ہر حال + بر رضاے خداے خود راضی -

راے با باے

ربا - بکسر اول زیادہ ہونا - نشو نما پانا - زیادہ لینا قرض مین - سود لینا
آیت قرآنی - واحل اللہ البیع وحرم الربوا -
ربا - فارسی مین صیغہ امر ربودن سے جب اسم کے بعد آتا ہے تو فاعل
کے معنی دیتا ہے چنانچہ دلربا و بوسہ ربا و استخوان ربا وغیرہ - ہندی
بیشک والا رب در حسن و جمال جان فزا - دلربائے دلربائے
دلربا + صائب - چشم برحرف ولب بوسہ ربا می باید حسن بہل
زمعشوق اداے باید +
ربربا - بفتح اول و سکون باے موحدہ و فتح راے و باے
بالف کشیدہ ژندی زبان مین آفتاب عالمتاب یعنے سورج -
ربیتا - ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے -
ربیتب - پرورش یافتہ اور وہ بچہ جو عورت کے پہلے خاوند سے
ہو اور دوسرا خاوند اسکو پرورش کرے -
رب - پرورش کرنے والا - روزی رسان - یہ نام اسامی گرامی
پروردگار سے ہے اور کسی کو رب کہہ نہین سکتے - مولف - خالق و رزاق
و رب العالمین + مالک ہر یک مکان و ہر مکین + اقتدا را ابتدا و
انتہا + احترام اولین و آخرین +
رباب - رباب مشہور ساز ہے جو مطرب بجاتے ہین اور سفید بادل
شعر - مئی ناب خوردند شام و سحر + دران بزم مستان بہانگ رباب +

میر خسرو - من صوفی خراباتم کو سکہ کہ دردی • قصہ کنم دوستان با بربط رباب •

رُبّ - انگور و انار و سیب و لیمو وغیرہ کا پانی جو پکا کر گاڑھا کیا جائے -

رباح - بفتح اول نام غلام آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ -

ربح - وہ نفع جو تجارت مین حاصل ہو -

ربد - ایک گھاس کا نام ہی جب آدمی یا جانور اسکو کھائے مست ہو جائے ربود بھی اسکو کہتے ہین -

ربیع الآخر - چوتھے مہینے قمری کا نام ہی -

ربض - شہر او قلعہ کے فصیل کی دیوار اور شکم کی عورت اور ران اور آنتین -

رباط - سرائے - مسافر خانہ - شعر - میرود در یک دو روز انجام کار • ہر کہ آید اندرین کہنہ رباط •

ربط - باندھنا - گرہ دینا - تعلق پیدا کرنا - طالب آملی - دے دارم کہ باغم ربط از عہد ازل دارد • ازان در خواب ہم با سایہ شادی جدل دارد •

ربع - بضم اول چوتھا حصہ ہر چیز کا اور نام اُس آلہ کا جو بطور اصطرلاب کے منجم بناتے ہین اور آفتاب وغیرہ ستارون کا ارتفاع اُسکے ساتھ معلوم کرتے ہین اور اسکو ربع مجیب کہتے ہین اور وہ تپ جو چوتھے روز آئے -

ربع - بفتح اول سرائے اور گھر اور محلہ و منزل و مقام - حافظ - ای نسیم منزل سلمےٰ خدا را تا بکے • ربع را برہم زنم اطلال را جیحون کنم •

ربیع - بہار کا موسم جو چیت و بیساکھ کا مہینہ ہوتا ہی اور نام ایک شخص کا جسکو ربیع بن فضل کہتے تھے -

رب النوع - وہ فرشتہ جو خدائے تعالےٰ نے واسطے پرورش و حفاظت نباتات و جمادات کے مامور کیا ہی -

ربیع الاول - تیسرے مہینے قمری کا نام ہی -

ربع مسکون - چہارم حصہ زمین کا جو آباد ہی - سعدی - اگر در کفش گنج قارون بود • دگر تابعش ربع مسکون بود • نیرزد بخیل آن کہ نامش بری • دگر روزگارش سند جاکری •

ربون - پیشگی اجرت جو مزدور کو دیا جائے -

ربو - ضیق النفس کو کہتے ہی جو ایک مشہور بیماری ہی -

ربقہ - بکسر اول حلقہ رسی کا -

ربیبہ - وہ لڑکی جو عورت کے پہلے خاوند کے نطفہ سے ہو اور دوسرا خاوند اسکو پرورش کرے -

ربوہ - زمین بلند کو کہتے ہیں - خصوصاً زمین بیت المقدس جو سب سے اونچی ہی اور ہند کی زمین سے چار فرسنگ بلند -

ربزہ - خوش اور تر اور سبز -

ربوخہ - لذت اور فرحت جو جماع مین حاصل ہوتی ہی -

ربوشہ - اوڑھنی عورتون کے اوڑھنے کی -

رباعی - بفتح اول سات برس کا اونٹ اور گھوڑا اور بکری چار برس کی اور اسی عمر مین اُنکے چار دانت نکلتے ہین اور بضم اول چار مصرع منظوم جسمین تین قافیے ملتے ہون اور تیسرا مصرع غیر قافیہ ہو -

رائے با تائے

رتب - بفتح اول و ثانی وہ فرجہ جو درمیان وسطی اور سبابہ انگلیون کے ہوتا ہی -

رتاج - بکسر اول وہ بڑا دروازہ جسمین چھوٹی کھڑکی رکھی گئی ہو -

رتق - بستن یعنے باندھنا - مضبوط کرنا -

رتق وفتق - باندھنا اور کھولنا - انتظام کرنا -

رتبہ - قدر و منزلت عزت و توقیر درجہ و پایہ - صائب - گر بگفتار توان رتبہ کردار گرفت • صائب از خوش سخنان خامہ من در پیش ست •

رتہ - رت - برہنہ یعنے ننگا اور خالی و تہیدست و مفلس و نادار و تمام و کمال و کل -

رتلہ - جنگلی پودینہ اگر اسکو بکری کھائے تو دودھ اُسکا خون ہو جائے عربی مین اُسکو بقلۃ الغزال کہتے ہین -

رتہ - ایک درخت ہی جسکا پھل گول ہوتا ہی اسکو کوٹ کر پانی ڈالین تو کف بہت اُٹھتا ہی لوگ اس سے کپڑے دھوتے ہین بریشمی اور پشمی کپڑے اکثر اسی سے دھوئے جاتے ہین ہندی مین اسکو ریٹھہ کہتے ہین -

رائے با ثائے

رثہ - پرانا - کہنہ - اگلے زمانہ کا -

رائے با جیم

رجا - بفتح اول امید رکھنا - امیدوار ہونا - ڈرنا - خوف کرنا - فوقانی - دار امید و ترس از ذات حق • زانکہ ایمان ہست در خوف و رجا •

رجب - بفتحتین بزرگ ماخوذ ترجیب سے جسکے معنی تعظیم کے ہین اور نام ساتوین مہینے قمری کا عرب اس مہینے کی ہمیشہ تعظیم کرتے تھے حضرت پیغمبر خدا نے بھی تعظیم فرمائی -

رجولت - رجولیت - مردی اور مرد ہونا -

رجعت - رجوع کرنا بازگشت کرنا واپس کرنا - وہی کام کرنا جو پہلے کیا تھا دوبارہ رجوع کرنا - مرد طلاق کا عورت مطلقہ کی طرف پھر بازگشت کرنا

کوکب سیارہ کا سوائے مہر و ماہ کے اپنی سیر طبعی سے یعنی مغرب سے مشرق کو چلنا۔

رِجز۔ بفتح اول و سکون ثانی خرابی و پلیدی و عذاب اور مشرک آدمی۔ خراب آدمی۔

رَجَز۔ بفتحتین نام ایک بحر کا شعر کی اُنتیس ۲۹ بحروں سے اور وہ اشعار جو عرب کے پہلوان جنگ کے معرکے کے وقت دشمن کے روبرو پڑھ کے اپنی بہادری اور شجاعت اور خاندانی ہونا ظاہر کرتے تھے لغت میں اسکے معنے اضطراب اور سرعت کے ہیں اور نام ایک بیماری کا جو اونٹ کو ہوتی ہے۔

رجس۔ بکسر اول وہ عذاب جو بعوض گناہ کے نازل ہو اور پلیدی

رجیع۔ فضلہ ہر ایک چیز کا جو پھینک دینے کے لائق ہو مانند بول و براز آدمی اور جانوروں کا اور اونٹ جو لاغر اور ضعیف ہو۔

رجوع۔ بازگشت کرنا۔ واپس آنا۔ ظہوری۔ زلفت بہ پریشانی من داشت رجوعی + جمع آرد کز طرہ برآشفتم و رفتم +

رجف۔ زلزلہ۔ بھونچال۔ ہلنا زمین کا۔

رجعک۔ آروغ یعنے ڈکار جو معدہ کے ہوا انسان کے منھ سے بعد کھانا کھانے کے نکلتی ہے۔

رِجل۔ بکسر اول پانوں۔

رَجَل۔ بفتحتین پیادہ ہونا۔ سواری سے اُترنا۔

رَجُل۔ بفتح اول وضم ثانی وہ مرد جو بلوغ کے حد کو پہونچ چکا ہو۔

رَجِل۔ بفتح اول وکسر ثانی کھلے چھوٹے ہوئے بال جو گوندھے ہوئے نہوں

رجال۔ جمع رجل بہت سے مرد۔

روز عرض - روز غدیر - یہ اُس روز کے نام ہین جس روز جناب رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے خم غدیر کے مقام پر علی المرتضی کرم اللہ وجہہ کے حق مین خطبہ پڑھا اور فرمایا - من کنت مولاہ فعلی مولاہ - میر معزی - علی زمہر محمد ہمی چنان نازد + کہ از دعائے محمد علی بروز غدیر +
روا شدن متاع - رواج پانا کسی جنس کا خریداروں مین - مخلص کاشی - نشد بالا دماغم ہرگز از جوش خریداران + متاعم چون روا گردید از سرمایہ کم کردم +
روشن دماغ - عقلمند صاحب علم و فضل اور وہ شخص فکر صحیح و تدبیر صائب رکھتا ہو - نظامی - ہمیدون درین چشم روشن دماغ ابوبکر شمع ست و عثمان چراغ +
روی برآوردن زخم و داغ - اچھا ہو جانا زخم اور داغ کا - حسین سنائی - رو برآورد زخم عشق ہنوز + درد آن در جگر نمی گنجد +
روی تیغ - دم تیغ - تلوار کی دھار - کمال خجند - کمش چرا کہ ز لبس لاغری ہمی ترسم + کہ روی تیغ تو ناگہ باستخوان نرسد +
روز تاریک - غم و الم کا دن روز بد اور جوانی کا زمانہ - حکیم نور لاہوری - در جوانی شمع روشن کن ز انوار صفا + تا منور در تلفظ این روز تاریکت شود +
روشن دل - صفا سینہ صفا باطن - صائب - روشندلان ز ہر دو جہان اند بے نیاز + خورشید را ز چہرۂ رنگین خزانہ ایست +
روان داشتن حکم - حکم جاری رکھنا - حکومت کرنا - حافظ - بخواہ جان و دل بندہ و روان بستان + کہ حکم بر سر آزادگان روان داری +
روز قیام - قیامت کا دن - حشر کا روز - لعتیہ از مؤلف - نبی ہین دنیا مین حامی غریب امت کے + گناہگاروں کی خاطر شفیع روز قیام +
روز ننگ و نام - معرکہ کا دن جنگ کا دن - خواجہ سلمان - با وجود دستبرد شاہ روز ننگ و نام + ننگ باد آنرا کہ نام پور دستان می برد +
روزۂ مریم - وہ روزہ جو بی بی مریم علیہا السلام نے حضرت عیسی علیہ السلام کے تولد کے روز رکھا تھا - اور زبان سے کلام نہین کرتی تھین اور جو بچے کے پیدا ہونے کا حال اُنسے دریافت کرتا - آپ اشارہ سے کہتین کہ اُسی بچے سے پوچھو جب قوم نے بچے سے پوچھا تو اُسنے جواب دیا کہ مین خدا کا بندہ نبی ہون مجھکو کتاب دی گئی ہے اور اپنی پوری تعریف کی - صائب - ہر کہ از نخل تمنا روزۂ مریم گرفت + نقل انجم در گریبانش چو عیسے ریختند +
روضۂ ماہ محرم - تعزیہ جو محرم مین بنا کر ماتم کرتے ہین - سعید اشرف - مارا کہ از فراق بتان دیدہ پرنم ست + گلگشت باغ روضۂ ماہ محرم ست +
روا روزنان - لشکر کی تیاری اور کوچ کے وقت نقارہ اور گھنٹا بجانے والے - نظامی - روا رو زنان نای زرین زدند + سر پردہ بر پشت پروین زدند +
روان گسستن - جان نکلنا روح حیوانی کا قالب سے جدا ہونا - ظہیر الدین فاریابی - دقیقہ کم شود ز سر سرکشان خرد + از دو کہ بگسلد ز تن بیدلان روان +
رو بہم کشیدن - منھ آپس مین کھینچنا - بیدماغ ہونا - میرزا صائب - از صحبت غبار بہم رو نمی کشد + آئینہ داغ صافی پیشانی من ست +
رو پیچیدن - منھ موڑنا - بیدماغ ہونا - طالب آملی - مرا دلی ست کہ نواز فراغ می پیچد + سر نظارہ ز گلہاے باغ می پیچد +
رو درہم کشیدن - بیزار ہونا - بیدماغ ہونا - صائب - ہمچو برو درہم از حکم قضا در سیکشی درہم + چہ پروا آتش از چین جبین بوریا دارد +
روز بشب آوردن - دن گذارنا - ابن یمین - روزی بہزار غم بشب می آرم + تا خود فلک از پردہ چہ آرد بیرون +
روز بشب و شب بروز آوردن - دن رات گذارنا - آٹھ پہر

کاٹنا - میرزا جلال اسیر - بیہودہ چو مہر و ماہ در زیر فلک + روزے بشب و شبے بروز آوردم +

روز خون - جو جنگ دن کو کیا جاوے - مقابل شبخون کے حکیم نزاری قہستانی - کنم اینک خبر دارت کہ چون ست + شب خون مصلحت یا روز خون ست +

روز روشن - جو دن صاف ہو ابر و غبار نہو - لعتیہ از مؤلف چو آفتاب جہان تاب در ولایت دین + ہر انچہ کرد محمد بروز روشن کرد +

روز شیرینی خوردن - نسبت ناتا اور منگنی کا دن جو نکاح سے پہلے ہوتا ہے - محمد سعید اشرف - ازان رود خترِ رز سر گران بود کہ او را روز شیرینی خوران بود +

روزگار آفرین - ذات باری تعالے - اوحد الدین انوری روزگار آفرین شب و روزت + حافظ و ناصر و مغیث و معین +

روزگاران - مزید علیہ روزگار - میرزا صائب - چون آب زندگانی صائب بمن گوارست + روزم سیہ کرد ہر چند روزگاران +

روزگار بر آوردن - روزگار بردن - روزگار خوردن - زمانہ گذارنا - وقت صرف کرنا - سعدی - با فرومایہ روزگار مبر + کز نے بوریا شکر نخوری + شیخ عطار - روزگاری بہوی او بردم روے ممنود و روزگارم برد +

روزگار یافتن - فرصت اور مہلت پانا - استاد فرخی - مہمان الوین بمثیں و روزگار مبر + کہ اثر دہا شود از روزگار یابد مار +

روز گذراندن - دفع الوقتی کرنا - دن گذارنا - میرزا صائب - روز را میگذراندی کہ بردن آید خط + خط بر آمد زور لطف در ان اسم انسنہ +

روز میدان - لڑائی کا دن معرکہ کا دن - شیخ سعدی - اسپ لاغر میان بکار آید + روز میدان نہ گاو پرواری +

روزہ بستن - روزہ رکھنا - امیر خسرو - من بیقرار ماندہ و لو برقرار خویش + درویش روزہ بستہ و حلوا ہنوز خام +

روزہ خوردن - روزہ نہ رکھنا - تارک صوم ہونا - ابو طالب کلیم - چون روزہ خوری جانب میخانہ روان شو + بہتر ز سفر چارہ گراے رمضان نیست +

روزہ گشادن - افطار کرنا روزہ کا - صائب - بر دہان غنچہ گرہ مینزند بوے نسیم + کان شکر لب جز ببوسہ روزہ نکشاید ہمی +

روزہ گرفتن - روزہ رکھنا - میر خسرو - یکسا بردت نگرم روزہ گیرم از پے وصل + بدین دگر ابر وقفا کنم روزہ +

روزہ واکردن - روزہ کھولنا - افطار کرنا - ابو طالب کلیم خمار بادہ در چشم سیاہ کرد ست عالم را + بیا ساقی کہ وقت شام باید روزہ واکردن +

روشن بیان - جسکی تقریر بہت صاف ہو - ملا طغرا - در تعریف دل کشمیر بحمد اللہ کہ من ہم تر زبانم + ازین آب و ہوا روشن بیانم +

روغن روان - روغن قندیل - روشن سینہ - روشن دماغ - حکیم فردوسی سواران برفتند ہر سو دوان + ہمان پہلوانان روشن روان -

روشن بین - روشن نظر - دانا لائق - میر معزی - ایا متابع رای تو مہر روشن تاب + دیا مسخر کلک تو عقل روشن بین +

روشن جبین - خوبصورت چمکتا ہوا ماتھا - صائب جبہا و اکشا دہ ہاست از چین غضب + موج صیقل میکند روشن جبین آئینہ را +

روغن از سنگ کشیدن - مشکل کام کرنا غیر ممکن الوقوع بات کو وقوع مین لانا محسن تاثیر - رحم دارد بدل ما دل بیرحم کسی + روغن از سنگ کشید جاذبہ شیشہ ما +

روغن از ریگ کشیدن - ریگ سے تیل نکالنا مشکل کام کرنا - صائب - روغن از ریگ مکش لب لطمع چرب مکن + سینہ بر تیغ بنہ آب ز عمان مطلب +

روغن بر آوردن - تیل نکالنا - مسکہ نکالنا - میر محمد افضل ثابت کشید عشق گلاب سرشک از گل چشم + بان طریق کہ روغن بر آوری از شیر +

روغن بریگ ریختن - روغن ریگ مین ڈالنا - لغو بیہودہ کام کرنا - نزاری قہستانی - ازین نصیحت بیہودہ اے فقیہ ترا + چہ حاصل ست کہ روغن بریگ میریزی +

روغن دادن - روغن زدن - روغن ملنا - طاہر غنی - نمیسازد غذا ئے چرب زائل ضعف پیری را + کمان را گرچہ روغن میدہی نرم نمی گردد + محمد قلی سلیم - جوہر روح از شراب کہنہ ماند با صفا + تا بگیرد رنگ این شمشیر را روغن زنم +

روغن قاز مالیدن - تملق اور خوشامد کرنا - محمد قلی سلیم - زبحر ش تر نگردد بال و پر واز + زلبس مالید ربط را روغن قاز + فائدہ - روغن قاز ایک روغن ہے جو بنگ سے کھینچا جاتا ہے اکثر معجونون مین ڈالا جاتا ہے -

روغن کشیدن - روغن گرفتن - تیل نکالنا اور کسی چیز سے تیل حاصل کرنا - بابا فغانی - روغن کشد ز دانہ دلہا ہزار بار + این خال نیلگون کہ بکنج دہان تست + ملا قاسم مشہدی - گردش چشم تو آنرا کہ کند خاک حزین + بتوان از گل او روغن بادام گرفت +

رو بچیزی کردن - متوجہ ہونا کسی چیز کی طرف - حکیم زلالی

چو در آئینہ روگردان پریزاد + تو گفتی آتش اندر آب افتاد +
روگردان - رُخ پھیرنے والا - اعراض کرنے والا - محمد قلی سلیم - شدند لالہ و گل چون چراغ روگردان + زمین گلشن ایام گر نسیم شوم +
روگرفتن - منھ چھپا لینا - پردہ مین ہونا - طاہر وحید - زین پیش کہ دختر رز رو نمیگرفت + مردی گمان نداشت کہ او روی نہان شود +
روی افگندن - روی داشتن - عجز و الحاح کرنا - سالک یزدی - پیش او از تیرہ بختی رو فگندم بر نداشت + آفتاب ما سر سودای نیلو فر نداشت +
روی آوردن - متوجہ ہونا - چہرہ اُسکی طرف کرنا - نظامی - روی زان رنج در خدا آورد + عذر تقصیر خود بجا آورد +
روی باز کردن - منھ کھولنا - بے پردہ ہونا - سعدی - چہ شکایت از فراقت کہ نداشتم ولیکن + تو چو روی باز کردی در ماجرا بستی +
روی بخود کردن - اپنی طرف متوجہ کرنا - صائب - اینکہ روی عالمے را جانب خود کردہٴ + رو بمن آری بسوے صائب بیدل چرا +
روی بدیوار کردن - روگردانی کرنا - بیزار ہونا - ملا وحشی - کہ مرا در نظر آورد کہ از غایت ناز + چین بر ابرو زد و روی بدیوار نکرد +
رو برخاک گذاشتن - رو برخاک مالیدن - کمال انکسار اور عجز کرنا آصفا قمی - سیمالم از خجالت عصیان بخاک رو + مطلب مراد ناصیہ سائی نماز نیست + صائب - جمعے کہ پیش خلق گذارند رو بخاک + پیش از اجل روند بخست فرو بخاک +
روی بستن - منھ چھپا لینا - پردہ مین ہونا - حافظ - شیدا از ان شدم کہ نگارم چو ماہ نو + ابرو نمود و جلوہ گری کرد و رو بہ بست +
روی پس کردن - پیچھے کو منھ کر لینا - پیچھے کو دیکھنا - کلیم - وضع ما قابل دیدن دوبارہ نیست + روپس نکرد ہر کہ ازین خاکدان گذشت +
روی تازہ داشتن - معتبر ہونا لوگون کی نظرون مین - مخلص کاشی - آواز بس خدمکر بے اثر افتادم است + گریہ سرکن کہ دارد اشک روی تازہ +
روی ترش کردن - روی تلخ کردن - رنجیدہ ہونا - بیزار ہونا - سعدی - زبخت روی ترش کردہ پیش یار عزیز + مرو کہ عیش برو نیز تلخ گردانی + میرزا صائب - جمعیکہ روے تلخ کنند از قضائی حق + غافل کہ زہر بر دم تیغ قضا کنند +
روی دادن - معزز و مکرم رکھنا - توجہ و التفات کرنا - حاصل ہونا کسی چیز کا اور وقوع مین آنا - پیدا ہونا - وجود مین آنا - محمد سعید اشرف - رو بما بیچارگان کر آن جفاجو میدہد + چون بہ بیند بوالہوس را خندہ افروز میدہد

روی داشتن - شرم و لحاظ رکھنا - توجہ رکھنا - میرزا بیدل - تاراج چمن رو داشت سر دفتنہ بالالیش + کہ از رنگ حنا خون بہار افتاد در پالیش + غزالی مشہدی - ماہ صد خجلت ازان عارض نکو دارد + پیش آن آئینہ رو آئینہ ہم رو دارد +
روی در چیزی و بکسی کردن و داشتن - توجہ کسی چیز اور کسی شخص کی طرف کرنا اور رکھنا - صائب - روی در بیت الحرام عشق دارد آفتاب + بر نیان صبح صادق جامہٴ احرام اوست +
روی در خدا آوردن - خدا کی طرف متوجہ ہونا - نظامی - روی زان رنج در خدا آورد + عذر تقصیر را بجا آورد +
روی دل دیدن - توجہ اور التفات کرنا - صائب - از بزرگان روے دل صائب بخردان عیب نیست + دل بدست آوردن مور از سلیمان خوشتر است +
رو ساختن - منھ بنانا شرمندہ ہونا - میر یحییٰ شیرازی - نقاش از پس شکل نکو میسازد + گل را بہزار رنگ و بو میسازد + تا روی تو دیدہ رفتہ دستش از کار + ہرگہ کہ قلم گرفت رو میسازد +
روی کسی بر زمین انداختن یا مالیدن - نہایت ذلیل و بے آبرو کرنا - میرزا صائب - خضر دارد داغہا بر سینہ ز استغنائے من + روے آب زندگی را بر زمین مالیدہ ام +
روی کسی دیدن - روداری کرنا - جانب داری کرنا - لحاظ کرنا - خوف کرنا - مولانا کاتبی - آنکہ گوید روی او خورشید را ماند نبود + روشنم گردید کو خورشید را رو دیدہ است +
روی نمودن - منھ دکھلانا - ظاہر ہونا - خواجہ آصفی - چو دیدہٴ کہ با آئینہ ہائے شب و روز + ترا نہفتہ مدار انچہ رو نمود مدار +
رو نہادن - متوجہ ہونا کسی کی طرف - حافظ - رسید دولت وصل و گذشت محنت ہجر + نہاد کشور دل باز رو بمعمورے +
رو یافتن - روشن ہونا مشہور ہونا - ظہوری - چو رو یابد آئینہ بے حیائی + شود جوہر آرائے دندان نمائے +
رو نہان کردن - منھ چھپانا - ستر کرنا - حافظ - دل از من برد و رو از من نہان کرد + خدا را با کہ این بازے توان کرد +
روئیدن - اُگنا - پیدا ہونا - سعدی - باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست + در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس + علی خراسانی - صورت مہر ز آئینہ ما میروید + عشق در سینہ بکینہ ما میروید +
روا رو - چلا چلی - کوچ کی تیاری - علی خراسانی - اکنون کہ دل شیفتہ شد گرم روا رو + این وقت نشستن نبود وقت روا روست +

روز بہ - دن بدن بہتر اور خوب - عبد الغنی قبول - بوئہ زانو فہم
یومیہ کرد + بعد ازین روز بہ ست احوالم +
روز سیاہ - بُرا دن غم و الم کا دن - خواجہ آصفی - بخط و خال تو بستہ ام
اندیدہ و دل + کہ روزگار تو در روز خود سیاہ کنند +
روتازگی - خندہ روئی و تازہ روئی و شگفتگی - میر خسرو - بروتازگی
گفت شہ را سلام + شہش داد پاسخ بعذر تمام +
روز بازی - زمانہ کا انقلاب اور رنگت - نظامی - ز خاکہ آن
طفل را برگرفت + فرو ماند ازان روز بازی شگفت +
روغن زبانی - چرب زبانی و نرم زبانی - نظامی - نیوشندہ از
گرمی شاہ روم + بروغن زبانی برافروخت موم +

را سے با ہا سے

رہائی دادن - خلاصی دینا - رہائی دینا - کاظما تبریزی - از بدی
نتوان رہائی داد ظلم اندیش را + بستہ با چندین گرہ از خویش عقرب نیش را +
رہائی دشمن - جو شخص رہائی نہ چاہتا ہو - ذوقی - دل نمی خواہد خلاص
از بند زلف + فی الحقیقت ادر رہائی دشمن ست +

را سے با یا سے

ریختہ پا - وہ گھوڑا جسکے ہاتھ پاؤن درست ہون - سنجر کاشی گھوڑے
کی تعریف مین - سخت سم نرم دم آگندہ سرین پہن کفل + چرب خوش خنگ
پے افراختہ سر ریختہ پا +
ریشخند - ہنسی اور مسخری - ملا طغرا - کند زعفران سبزہ را ریشخند +
کہ خند سنبلش بر گل پنبہ نہاد +
ریش سفید - پیر مرد - ضعیف سالخوردہ - محمد سعید اشرف
جز نام زرد و شنائی ردزرم نیست + چون ریش سفیدی کہ بود ریش سیاہ +
ریختن بہار - آخر ہونا بہار کا - حکیم شفائی - خو شست گلشن وصل و
شگوفہ ہاے امید + دلے چہ سود کہ رفو د این بہار میریزد +
ریختہ گر - برتن ڈھالنے والا - بھرتیا - سعید اشرف - خود بخود باد کی
عیش از قدحم میریزد + گو تیا جام مرا ریختہ گر ساختہ است +
ریز ریز - تھوڑے سامان - تھوڑا سامان - مسیح کاشی - ای فلک تا
چند زین بکرض تحمل شرم دارد + بود یک عمر زی کہ ما ہم ریز ریزی داشتیم +
ریسمان باز - بازیگر جسکو رسن باز بھی کہتے ہین - میرزا صائب -
دل تو تارک خامی در آرزو دارد + چو عنکبوت ترا کار ریسمان بازی ست +
ریشۂ دستار - طرہ جو پگڑی پر رکھتے ہین - میر خسرو - ای دہلی و ای
بتان سادہ + پگ بستہ و ریشہ کج نہادہ +

ریشۂ مقراض - وہ ٹکڑے جو مقراض سے ردی نکالتے ہین -
نجف قلی بیگ - پیراہن گل ریشۂ مقراض قباے ست +
کز روز ازل بر قد حسن تو بریدند +
ریگ ریگ - ذرا ذرا - ٹکڑے ٹکڑے - امیر خسرو - اگر میست مرغے
درمیانہ + ہمیشہ ریگ ریگش سنگدانہ +
ریزہ قلم - قلم کا تراشہ جو قلم تراشنے کے وقت اُترتا ہے - محسن تاثیر - حشمت بین
از گل نرگس زند بگلشن دم + بزیر خاک کنندش چو ریزہ ہاے قلم +
ریختن - گرنا - تلف کرنا - پریشان کرنا - ڈھالنا - قالب مین ڈھالنا
پلٹنا کسی برتن یا توپ وغیرہ کا - محمد بیگ فرصت - غلام یکدلی
یکرنگ توپچی باشی + نجف قلی کہ کند جان نثار در میدان + برای سوختن
توپ تازہ شد مامور + لشا براہ عقیدت بصدق خدیویان +
ریدن - ہگنا - پاخانا پھرنا -
ریزہ سیمین - آسمانی ستارے - خاقانی - قرضہ زر شد نہان در
سفرہ لعل شفق + ریزہ سیمین بروی سبز خوان آمد پدید +
ریسمان تابیدن - رسّی باٹنا - کسی کی فکر کرنا - کسی کی بدی کے
خیال مین ہونا - راضی - تاب داد آنکہ زلف یار مرا + ریسمانے
براے من تابید +
ریسمان دادن - بیجا تعریف غیر واقع کرنا - مخلص کاشی - زاہد زر خفت
عقل خود را برد بمعراج + گر ریسمان دہندش چون کاغذ ہوائی +
ریسمان دراز کردن - مہلت اور فرصت دینا - سعدی - نو آموز
را ریسمان کن دراز + نہ بگسل کہ دیگر نہ بینیش باز +
ریش از آسیا سفید کردن - باوجود پیری و ضعیفی کے تجربہ کار نہ ہونا
باقر کاشی - نمی بینیم باقر یک سر مو پختگی با تو + مگر ریش سیاہت را
سفید از آسیا کردی +
ریش بدروغ سفید کردن - باوجود بڑی عمر کے احمق و نادان ہونا
نور الدین ظہوری - آن خواجہ کہ بردہ از رخش نخل فروغ +
کردہ است سفید از حمقی ریش بدروغ + با معدہ خود ہیچ نمیگردد
راست + سوگند نمی خورد اگر نیست دروغ +
ریش در دست کسی داشتن - اپنے اختیار مین کام نہ رکھنا -
سعدی - ہر کہ دل پیش دلبری دارد + ریش در دست دیگری دارد +
ریش نداشتن - عزت و حرمت نہ رکھنا - شفیع اثر - پیش مفتی پے
قبول رشوہ کس ریشی نداشت + ہر مرد اصلاح کار خلق چون دلاک کرد +
ریش گاو - وہ چیز جسکا وجود نہو - کیونکہ گاے بیل کی کبھی داڑھی نہیں ہوتی

محمد اشرف - مثنوی از حرص و دور اندیشی دیگر ریش گاؤ + گرچہ فرعونست بود لبریز گوہر ریش گاؤ +

ریدہ - ہگا ہوا براز آدمی کا فضلہ -

ریزہ سرائی - گانا - سرود کرنا - نعمت خان عالی - بردا شتہ بلبل زبیلے ریزہ سرائی + چیزے کہ برآمد ز تراش سخن ما +

ریگ شوئی - نیارا دھونا - ریگ کو دھو کر سونا نکالنا - صائب - کجا افتادہ اے اے دُر دانہ مقصودم از دستم + کہ من باآب شائید این خاکدان را ریگ شو کردم +

چوتھی فصل

اُردو محاورات کے بیان مین

راے با الف

رات بھاری ہونا - رات کا کاٹنا مشکل ہو جانا - بسبب بیماری یا کسی اور مصیبت کے - ناسخ - یون نزاکت سے گران ہر سر چشمِ یار کو + جسطرح ہو رات بھاری مردمِ بیمار کو +

راجا اندر کا اکھاڑا - بڑی عیش و عشرت کا مقام - رقص و سرود کی محفل - ناسخ - کرتے ہین پریون سے کشتی پہلوانِ عشق ہین + ہمکو ناسخ راجہ اندر کا اکھاڑا چاہیے +

رات کو چلنا - رات کو سفر کرنا - مولانا اکبر لاہوری - مانگ کی راہ گرچہ سیدھی ہی - لیک مشکل ہی رات کو چلنا -

راج بھنگ ہونا - سلطنت پر زوال آنا - راج گدی جاتی رہنا -

راج تلک یا راج گدی دینا - تخت نشین کرنا - مسند پر بٹھلانا -

راج رجانا - عیش کرانا - آرام دینا -

راڑ بڑھانا - تکرار بڑھانا - جھگڑا زیادہ کرنا -

راس اٹھانا - کھیت مین سے صاف کیے ہوئے اناج کو اٹھا کر لے جانا -

راس آنا - راست آنا - موافق آنا - سازگار ہونا - مفید ہونا - آتش - نازک حباب سے میرا آتش مزاج تھا + راس آئی اس چمن کی نہ آب و ہوا مجھے ۵ دل جس سے لگا یا وہ ہوا جان کا دشمن + کچھ دل کا لگانا بھی ہمین راس نہ آیا +

راس بٹھلانا - دلی عہد کرنا - متبنی بنانا -

راستہ بتانا - راستہ دکھانا - رہنمائی کرنا - ہدایت کرنا - رستہ پر لانا - داغ - ہم ایک رستہ گلی کا اُسکو دکھا کے دلکو ہوئے پشیمان + یہ حضرت خضر کو جتا دو کسی کی تم رہبری نہ کرنا +

رستہ پر آنا - ٹھیک ہو جانا - درست ہو جانا - قابو مین آنا - نیک بن جانا - صفدر فوقانی - مانگ سے نکلا بہت اچھا ہوا + امبا دل راستہ پہ آ گیا +

راستہ دیکھنا - انتظار کرنا - راہ دیکھنا ۵ سحر تک بھی آیا نہ وہ جفاکار ہم رہے دیکھتے رات بھر راستہ -

راستہ ناپنا - رستہ کی پیمائش کرنا - واہی تباہی پھرتے رہنا بار بار آنا جانا -

راگ پورنا - طول طویل داستان چھیڑنا - قصہ یا داستان بیان کرنا - کہانی کہنا -

راگ رنگ مین رہنا - عیش و عشرت مین رہنا - ہمیشہ خوش رہنا ۵ دن گذرتا تھا عیش و عشرت مین + رات راگ اور رنگ مین جاتی +

راگ گانا - گیت گانا - اپنی سرگذشت بیان کرنا - ایک بات کو بار بار کہنا - قطعہ از مؤلف - کان رکھتا نہیں ادھر کوئی + درد دل جسکو ہم سناتے ہین + کوئی سنتا نہین اگرچہ ہم + بار بار اپنا راگ گاتے ہین +

راگ لانا - بگڑنا - ناراض ہونا - خفگی ظاہر کرنا - برق - رکتا نہین ہی نالہ جلائے ہو راگ تم + بیٹھا یہ ایک پری ہی تمھارے خیال کا +

رال ٹپکنا - منھ سے رطوبت کا بہنا - زیادہ خواہش کی سبب سے منھ مین پانی بھر آنا -

رام رس چاکھنا - خدا کی محبت کی لذت کو دریافت کرنا - کبیر بھگت - بھنگان غرابان پوستان بھر بھر پیلے ہوئے + جب رام رس چاکھا نہین عملی ہوا تو کیا ہوا +

رام رولا کرنا - شور و غل کرنا - بھجن گانا -

رام کی مایا - خدا کی قدرت - فطرت نیچر -

رانڈ کاٹنا - جھگڑا طے کرنا - مقدمہ فیصل کرنا -

رانگ ہو جانا - قلعی ہو جانا - گل جانا -

راون کی سینا - راجہ راون کی فوج -

راہ پر آنا - رستہ پر آنا - ہدایت پانا - آتش - کوچے سے یار کے نہ صبا دور پھینک اُسے + مدت کے بعد آئی ہی خاک اپنی راہ پر +

راہ پر لانا - رستہ پر لانا - ہدایت دینا - میر - ہم خاک مین ملے تو ملے لیکن اے سپہر + اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا -

راہ پیدا کرنا - دوستی و ملاقات پیدا کرنا -

راہ تکنا - انتظار کرنا -

راہ چلتون سے لڑنا - ہر کسی کے ساتھ لڑ پڑنا -

راہ و رسم جاری رکھنا - دوستی قائم رکھنا - ایک دوسرے سے ملتے رہنا - لین دین کرتے رہنا -

راہ رکھنا - محبت رکھنا - پیار رکھنا - راستہ رکھنا - امیر - خدا کا سجدہ
جس کھتا ہے سنگ پر جائو + ہل شرع تمون سے بھی راہ رکھتے ہیں +
راہ کھوٹی کرنا - راستے میں چلتے ہوئے دیر کرنا -
راہ لگانا - رستہ بتانا - رہنمائی کرنا - ناسخ - دل نے جس راہ لگا یا
میں اسی راہ چلا + وادی عشق میں گمراہ کو رہبر سمجھا -
راہ مارنا - راستہ لوٹنا کسی کے کام میں حرج ڈالنا ؎ راہزن ہیں
دونوں زلفیں یار کی + راست وچپ مارتی ہیں راہ کو +
راہ نکالنا - رستہ جاری کرنا - راہ کھولنا - طریقہ نکالنا - رسم قائم کرنا
میر - رہتے نہیں ہو بن گئے میر اس گلی میں رات + کچھ راہ بھی
نکالو سگ و پاسبان سے تم +
راہ نہونا - ملاقات نہونا رابطہ نہونا - شوق - دل کو چاہ ذقن
کی چاہ نہ تھی + کسی یوسف لقا سے راہ نہ تھی -
رائتا بنانا - کدو یا کھیرے ککڑی کو کتر کر اور نمک مرچ ملا کر دہی میں
ڈالنا اور روٹی کے ساتھ کھانا - کسی کو مارنا - پیٹنا - نیلا حال کرنا -
رائی کائی ہو جانا - ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا - منتشر و پریشان ہونا
تتر بتر ہو جانا -
رات کی رات - صرف ایک رات - آج کی رات - صفدر فوقانی -
نکلے سورج نہ روز محشر تک + تم جو ہو لے حجاب رات کی رات -
راتوں رات - سات رات - شبا شب - مؤلف - کر ورد ذکر خدا
رات رات + کہ ہو جائے یہ حق ادا رات رات +
راہ کی بات - وہ بات جو مناسب ہو - شائستہ تقریر معقول بات -
مولانا اکبر - جو ہو گا سالک راہ طریقت + وہ کرتا ہے ہمیشہ راہ کی بات -
رانڈ کا سانڈ - رانڈ عورت کا بچہ - جو ابتر و خراب ہوتا ہے - اپنے
ماں کے حکم میں نہیں ہوتا -
رات لبکر - ایک رات قیام کر کے ایک رات ٹھہر کر شب باش ہو کر
رائی بھر - بقدر ایک دانہ رائی کے - قدرے قلیل - بہت تھوڑی چیز
راز و نیاز - پیار محبت - بوس و کنار - نماز دعا - انکسار عاجزی -
الحاح - انشا - ٹھہر کہ وقت نماز جاتا ہے + وقت راز و نیاز جاتا ہے +
راج روگ - دائمگیر اور مہلک بیماری شل تپ دق و جذام وغیرہ
اور وہ مقدمہ جو مدت تک زیر تجویز رہے اور عادت کھانے افیون
وغیرہ مسکر چیزوں کی یا کوئی اور چسکا جو چھوٹ نہ سکے -
راستہ پکڑو - چلتے پھرتے نظر آؤ - دور ہو - دفع ہو -
رام بھجو - خدا خدا کرو - خدا کا نام لو -

رات بھیگتی جاتی ہے - رات گذرتی جاتی ہے - سرد ہوتی جاتی ہے ڈھلتی
جاتی ہے -
رات تھوڑی ہے سانگ بہت ہے - وقت تھوڑا ہے کام بہت کرنا ہے
عمر تھوڑی ہے بکھیڑا بہت کچھ باقی ہے - مؤلف - کر لے تو جلدی سے
جو کرنا ہے کام + رات تھوڑی اور بہت سا سانگ ہے +
راج کرے - دور ہو - دفع ہو - بھاڑ میں جائیے - چولھے میں پڑیے
غارت ہو - انشا - کر دیا تو نے خفا مجھسے مرے انشا کو + یہ تیری
راج کرے شوخی نرالی باجی +
رام جانے - خدا جانے - خدا کی قسم -
رام کا جی - رام یعنے خدا کا جی - بھولا بھالا -
رام کہانی - لمبی داستان - طولانی سرگذشت - جرأت -
درد دل ایس بت بیدرد سے کہیے تو کہے + جا کے یہ رام کہانی
تو سنا اور کہیں +

رائے با بائے

رپٹ مارنا - کسی جگہ سے بغیر مطلب براری کے واپس آنا - ناامید
ہو کر آنا -
رپڑ پڑنا - پھیر یا چکر کھانا - مفت بھکنا -
رپ ہو جانا - دشمن کی طرح لپٹ جانا - سر ہو جانا - پیچھے پڑ جانا

رائے با تائے

رت پھر جانا - موسم بدل جانا - بہار پلٹ جانا - بحر - نہ تو وہ
پھول نہ سبزہ نہ وہ کلیاں نہ بہار + رت کے پھرتی ہے چمن زار
کا تختہ الٹا -
رتی چمکنا - رتی جاگنا - نصیب کھلنا - طالع جاگنا - اقبال بڑھنا
مولانا اکبر - نہیں رہتی نحوست گردش گردون گردان کی + عزیز و
جگمگی اقبال کی رتی چمکتی ہے - رنگین - آپ سے آئی ہوں تیرے پاس
میں بھاگی ہوئی + اندنوں رتی تری قسمت کی ہے جاگی ہوئی +
رٹنا لگنا - رٹ ہونا - ہر وقت ایک ہی چیز کا خیال رہنا - بار بار
ایک چیز کا نام لینا - پیچھے پڑنا - اصرار کرنا - ناسخ - کرے وہ ذکر
خدا کی صنم بھلا کس وقت + جسے کہ آٹھ پہر تیرے نام کی رٹ ہو +
رتی بھر - مقدار قلیل - تھوڑا سا -
رتو اشنان - عورت کا حیض سے پاک ہو کر نہانا -

رائے با جیم

رجا بجا - مالدار - دولتمند - آدمی - غنی - پیٹ بھرا دھنوان

رجعت ہوجانا - دیوانہ ہوجانا - کسی کی بد دعا لگ جانا -

رائے با خائے

رخ پھیرنا - کشیدہ خاطر ہونا - ناراض ہونا - مؤلف - زمانہ ہمسے پھر جاتا ہے سارا ایک قلم سر در + رخ اپنا ناگہان وہ مہربان جب پھیر لیتے ہین +
رخصت ہونا - جدا ہونا - الگ ہوجانا - انتقال کرنا - حکیم محمد انور لاہوری - رو اکبر ہے بڑھا تا اُسنے الفت + ہے آخرکار رخصت جسنے ہونا
رخ نہ کرنا - متوجہ نہونا - رغبت نہ کرنا - التفات نکرنا - قطعہ از مؤلف
جب تلک دل مثل آئینہ نہو + خالی از گرد و غبار خیر و شر + دیکھتے اسکو نہین اہل صفا + رخ نہین کرتے اُدھر اہل نظر +
رخنہ ڈالنا - کسی کے کام مین حارج ہونا - مخل ہونا خلل پیدا کرنا ؎ سبھکے رخنہ ڈالے اُنکے حجاب مین + اچھے بُرے کا حال کھلے گیا نقاب مین
رخنہ نکالنا - قصور یا کھوٹ ظاہر کرنا - نکتہ چینی کرنا - عیب جوئی کرنا - قطعہ از مؤلف - رو اکبر ہے کہ مردان خدا دوست + کسی کے کام مین رخنہ نکالین + کرین ظاہر کسی بندہ کا عیب + کوئی تہمت کوئی بہتان بنالین

رائے با دال

رڈی کرنا - بیکار کرنا - خراب کرنا - پھینک دینے کے لائق کر دینا - مؤلف - مان لیتے ہین جو کہتا ہے رقیب + رڈی کر دیتے ہین میری بات کو +
رد و قدح کرنا - رد و بدل کرنا - بحث اور تکرار کرنا -

رائے با ذال

رذالے کا لٹھ - بدمعاش - شہدا - بیباک - نڈر - خراب آدمی -

رائے با زائے

رزق کا کیڑا - آدمی جو کھائے بغیر نہین جیتا - جرأت - جو رزق کا کیڑا ہے ملے کیون نہ اُسے رزق + رزاق سے پاتا ہے غذا سنگ مین کیڑا +

رائے با سین

رس پڑنا - آدمی کا بالغ ہوجانا - میوہ پک جانا -
رس ٹپکنا - جوش جوانی مین آنا - میوہ کا تیار و پختہ ہوجانا -
رس کا بندھا - محبت یا عشق کا مارا -
رسنا بسنا - آباد رہنا - خوش و خرم رہنا - سرسبز ہونا - پھلنا پھولنا -
رسی جل گئی پر بل نہین جلا - رسی جل گئی پر بل نہین نکلا - مفلس و نادار ہوگئے پر تکبر نہین گیا - خوب نقصان اُٹھایا مگر شیخی نہین گئی - قطعہ از مؤلف - فقیری مین خیال مال و زر ہے + دماغ اب تنگدستی مین ہے اونچا یہ رسی جل کے ساری ہوگئی خاک + تعجب ہے کہ اب تک بل نہ نکلا +
رسی دراز ہونا - سرکش ہونا بیجا ہونا - شوخی - بیہودگی ہے شب کو [illegible] وہان رقیب + سچ ہے حرامزادے کی رسی دراز ہے -
رسی ڈھیلی چھوڑ دینا - لگام ڈھیلی کر دینا - آزادی اور اختیار دینا - خیال اور توجہ کم دینا - قطعہ از مؤلف - ایسا سرکش بن گیا کیون کہ دی کسنے اُسکی رسی ڈھیلی چھوڑ دی + کاٹ دی کسنے مہار اس اونٹ کی باگ اس گھوڑے کی کسنے توڑ دی +
رس کی باتین - محبت اور پیار کی باتین - مثل - جوبن جوانی ہے دن دس کی + میٹھا بول باتین کر رس کی +
رس مارے رساین ہو - پارہ مارے تو کیمیا ہو جائے غصہ مارے تو مطلب حاصل ہو -
رس بھری آنکھ - رسیلی آنکھ - خمار آلودہ آنکھ - مخمور آنکھین -

رائے با شین

رشک یوسف - نہایت خوبصورت معشوق - صفدر رامپوری ایک ہولا کیا جوانون مین طرحدار بھی ہو + رشک یوسف بھی ہو عاشق بھی ہو زردار بھی ہو +

رائے با عین

رعب چھا جانا - دہشت غالب ہونا - ڈر لگنے لگنا - لعتیہ از مؤلف آنا یلیہ ہوا ہے کسکے نصیب + جو رسول خدا نے پایا ہے + کانپتے ہین تمہان روے زمین + رعب حضرت کا ایسا چھایا ہے +

رائے با فائے

رفو چکر مین آنا - تاگے کی طرح رفو کے چکر مین آنا کسی مصیبت مین گرفتار ہونا - مؤلف - رفو ہو کسطرح چاک جگران خستہ جانون کا + رفوگر دیکھتا ہے جب رفو چکر مین آتا ہے -
رفو کرنا - شگاف کو بند کرنا - سینا - مؤلف - دوسرا چاک بھی کھل جاتا ہے + ایک کو جبکہ رفو کرتے ہین +
رفو کھلنا - ٹانکے اکھڑ جانا - شگاف پڑ جانا - میر حیدر لاہوری یہانتک ہوا دل مین جوش جنون + کہ چاک جگر کا رفو کھل گیا +
رفو چکر ہونا - بھاگ جانا - چلدینا - چلتے پھرتے نظر آنا - مؤلف - پہونچے ہم محفل مین جب اڈانے + نجر جلنے تھے رفو چکر ہوگئے +

رائے با کاف

رکھائی کی لینا - رکھائی بتانا - سرد مہری ظاہر کرنا بے التفاتی و بے پروائی سے پیش آنا - جرأت - رکھائی اسکی بتلانے مین کیون اتنا تڑپتے ہو + اُسے پروا نہین کچھ تلملاؤگے تو کیا ہوگا +
رکھ کر کہنا - آدھی بات کہنا - پوری بات زبان پہ نلانا -

رگ اُترنا۔ غصہ اُتر جانا۔ آنت بڑھ جانا۔ خصیہ اُتر جانا۔ پہلو میں چلا جانا۔ ہونا
رگ پٹھے سے واقف ہونا۔ سب حال سے واقف ہونا۔ کسی کے حسب و نسب سے واقف ہونا۔
رگ پھڑکنا۔ آیندہ ہونے والی بات کی خبر ہو جانا۔ بحر۔ جذب وحشت نے دکھایا اثر مقناطیس + رگ پھڑکتے نہ لگی دیر کہ فصاد آیا +
رگ و ریشہ میں پڑنا۔ گوشت پوست میں شامل ہونا۔ اصل میں گھٹی میں پڑنا۔ مؤلف۔ اب نکل سکتی نہیں جب تک نکل جائے نہ دم + ہر رگ و ریشہ میں جب اُسکی محبت پڑ گئی +
رگیدا رگادا کرنا۔ کسی کو خوب رگیدنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ تنگ کرنا۔
رگین۔ نامرد ہو جانا۔ کمزور ہو جانا۔
رکھ رکھاو۔ بچوں کی پرورش اور حفاظت و خبرداری۔

راے بالام

رلا پڑنا۔ حساب میں مغالطہ پڑنا۔

راے بانون

رن بولنا۔ بہت سے آدمیوں کا بول اُٹھنا۔ ایک لشکر کا بول اُٹھنا ؎ رعب اس ترک کا غالب ہے عجب کشتوں پر + اب بھی رن بول رہا ہے کہ وہ جلاد آیا +
رن پڑنا۔ بھاری جنگ ہونا۔ کھیت پڑنا۔
رنجک اُڑانا۔ توپ کو بتی دکھانا۔ رنجک میں آگ بنا کو مارنا۔
رنجک چاٹ جانا۔ رنجک کا دھواں بکھر رہنا۔ توپ کا نہ چلنا۔
رنگ اُڑ جانا۔ رنگ فق ہونا۔ خوف یا بیماری کے سبب سے چہرہ زرد ہو جانا۔ مؤلف۔ قدم گلشن میں جب اُس گل نے رکھا + اُسی دم اڑ گیا گلزار کا رنگ + ولہ۔ اڑ گیا ہجر جانان میں مرے چہرے کا رنگ + قطرۂ خون جو بدن میں تھا وہ آنسو ہو گیا +
رنگ اُکھڑنا۔ رنگ بگڑنا۔ بیرونقی ہونا۔ رنگت خراب ہونا۔ ناسخ۔ اف رے اُف رے تری شوخی کہ ترا کھیل بگڑ جائے + اللہ اللہ رے تلون کہ حنا رنگ اُکھڑ جائے۔
رنگ بدلنا۔ کیفیت دگرگون ہونا۔ حالت پلٹنا۔ صادق۔ کبھی چڑھاؤ ہے کبھی سوز اور کبھی غم ہے + بدلتا رنگ ہے ہر دم دل جہاں کی طرح
رنگ بندھنا۔ رنگ بیٹھنا۔ رنگ جمنا۔ رونق بڑھنا۔ زیب و زینت حاصل کرنا۔ بحر۔ ہمارے داغ چمک کر ابھی مٹا دیتے + بندھا ہوا ہے ترے ہاتھ نور حسن کا رنگ + آتش۔ سامنے تیرے روئی رنگین کے لالہ و گل ہنستے بھی نہ بگڑا رنگ + صبا۔ نیرنگ آسمان سے جمیگا قضا کا
رنگ + بگڑ یگا خاک و آتش آب و ہوا کا رنگ +
رنگ پھیکا۔ پیلا۔ ماند پڑنا۔ یا ہونا۔ رنگ سفید ہو جانا۔ چہرا پڑ جانا ناسخ۔ دیکھا ہے تیرے لعل بدخشاں کو جوہری + پھیکا ہے پیش لعل شکر پارہ رنگ
رنگ جل جانا۔ تمازت آفتاب یا بیماری وغیرہ کی باعث رنگ بگڑ جانا سیاہی مائل ہو جانا۔ ناسخ۔ تو ہے وہ آفتاب جو پرتو پڑے ترا + جل جائے لالہ زار کا اے گلعذار رنگ +
رنگ ٹپکنا یا چونا۔ چمکیلا۔ چمکدار۔ بارونق ہونا۔
رنگ جوانی چمکنا۔ جوانی کا ابھار ہونا۔ رنگ و روغن نکل آنا۔ صفدر رامپوری۔ سطرف مہندی لگی رنگ حنا نے چمکا + کھلکے بل و قتی لہرانے لگی زلف سیاہ +
رنگ چڑھنا۔ رنگ دار ہونا۔ بارونق ہونا۔ چمکدار ہونا۔ نشے میں آ مست ہو جانا۔ ؎ دوچندان بڑھ گئی اس گل کی رنگت + شراب ناب کا جب چڑھ گیا رنگ +
رنگ دکھلانا۔ جوبن اور خوبصورتی ظاہر کرنا۔ صفدر رامپوری۔ شیشہ آلات نے کچھ رنگ عجب دکھلایا + روشنی نے شب مہتاب کو بھی شرمایا +
رنگ دیکھنا۔ حالت دیکھنا۔ کسی امر کی طرف خیال رکھنا۔ سیر دیکھنا۔ مؤلف۔ بو سونگھنا گلوں کی کبھی رنگ دیکھنا + ہر موسم بہار کا تم ڈھنگ دیکھنا +
رنگ زرد یا سفید ہونا۔ کسی قسم کا فکر یا بیمار ہو کر رنگ متغیر ہو جانا
رنگ سر ہونا۔ جوانی اور جوبن پر ہونا۔
رنگ کاٹنا۔ رنگین کپڑے کا رنگ ترشی ڈالکر کاٹ لینا۔
رنگ کٹنا۔ رنگین چیز سے رنگ جدا ہو جانا۔ بحر۔ سلاح باندھ کے اتنے مزے نہ دیکھو کٹے نہیں کٹائے سے بانکپن کا رنگ + ناسخ۔ ہونٹ ترے آگے گل سرخ یا سمن + کٹتا ہے مارے شرم کے بے اختیار رنگ +
رنگ لانا۔ اصلی رنگ دکھانا۔ عادت ظاہر کرنا۔ بگڑنا۔ مچلنا۔ جھگڑنا تکرار کرنا۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ عشق۔ اب یہاں کوئی چال پھیلاؤ + رنگ کچھ اس سے اور بھی لاؤ + ؎ سفت کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں + رنگ لائیگی ہماری فاقہ مستی ایک دن + احسان۔ جب مے عشرت سے لایا رنگ دور بیخودی + ہو غش میرے دیکھکر ساقی نے ساغر رکھدیا + شوق۔ عشق اک روز رنگ لائیگا + وہ برا بول پیش آئیگا + ناسخ۔ جسدن سے ہے گلال اڑانے کا مجھکو شوق + تیرے شہید ناز کا لایا غبار رنگ +
رنگ لینا۔ کسی کو اپنے ڈھنگ پر لے آنا۔ اپنے جیسا بنا لینا۔ مؤلف۔ کوئی خالی نہیں جاتا مرے ساقی کے محفل سے + نئی رنگین بلا کر پھر کسی کو رنگ لیتے ہیں +

رنگ مارنا- چوسر مین اپنے ہر رنگ گوٹ کو جیتنا-
رنگ مین ڈوبنا- خوب رنگ چڑھنا- عیش و عشرت مین مصروف رہنا
رنگ نکلنا- رنگ کھلنا- رونق پر آنا- خوبصورت دکھائی دینا
صبا- کہتے ہین لوگ پنجۂ مژگان کی بیتیان + کھلتا ہی دست
یار مین کتنا حنا کا رنگ + مؤلف- نظر آتا ہی ہر ساعت نیا
ڈھنگ + ہر لحظہ نکلتا ہی نیا رنگ +
رنگین مزاج- خوش طبع- ہنس مکھ-
رنگ محل- دیوانخانہ- ملاقات کی جگہ- آراستہ مکان-
رنگ رلیان- رقص سرود- عیش و خوشی-
رنگ ہی- بڑی خوشی ہی- مؤلف- گلستان عالم مین ہر ماہ و سال
نیا رنگ ہی اور نیا ڈھنگ ہی-

راے با واو

روادار ہونا- کسی کے فعل کو جائز رکھنے والا ہونا طرفدار ہونا- ساتھی ہونا
روآن بدلنا- جانور کا پر جھاڑنا- بال جھاڑنا- چمڑا بدلنا-
روان دوان پھرنا- مارا مارا پھرنا- بیکار و خراب خستہ پھرنا-
روان میلا ہونا- رنج و ملال پہونچنا- مکدر خاطر ہونا- رنجیدہ ہونا
سے نسیم رہے لحد مین کشتے تری ادا کے + میلا ہوا نہ قاتل
روان کبھی کفن کا +
رو بیٹھنا- چھوڑ بیٹھنا- صبر کر بیٹھنا- تیاگ دینا- مؤلف دل گیا
دلربا نہ ہاتھ آیا + ہم تین دونون کو آج رو بیٹھے +
روپ بنانا- سوانگ بھرنا فریب کرنا- ایک لباس سے دوسرے
لباس مین آنا- صفدر رامپوری- اب کوئی روپ بناو پری جیسا
بدلو + حور کی شکل بنو اپنی یہ صورت بدلو +
روپ بھرنا- سوانگ بھرنا- صفدر رامپوری- اور ادھر کو ہوئے
ہر روپ کے سامان تمام + وہ بھرا روپ کنھیا بھی کرے جسکو سلام +
روپ لانا- ڈرانا- دھمکانا- خوفناک صورت بنا لینا- حیلہ بہانہ
کرنا- فریب دینا- دھوکا دینا-
روپیہ ٹھیکری یا کنکر سمجھنا- فضول خرچی کرنا- روپیہ کو کچھ چیز نہ سمجھنا
روٹیان توڑنا- مفت کی روٹیان کھانا- طفیلیا بننا-
روٹیان لگنا- مفت کی روٹی کھا کر مغرور و متکبر ہو جانا-
روٹی سیر و ٹی رکھکر کھانا- اچھی طرح سے گذارہ کرنا- آسودہ رہنا
روٹی دینا- پرورش کرنا- پالنا- امداد کرنا- صفدر رفو قالی-
سب کو روٹی خدا ہی دیتا ہی + عاجزون کی خبر وہ لیتا ہی-

روٹی کو رونا- فاقہ کشی کرنا- بھوکھون مرنا-
روٹیون کا مارا- بھوکھا- فاقہ زدہ-
روح بھٹکنا- کسی کے ملنے کو جی چاہنا-
روح کانپنا- ڈرنا- خوف کرنا- مولانا اکبر- اپنے اعمال بد سے اے
اکبر + دل لرزتا ہی روح کانپتی ہی-
روح نکالنا- جان نکالنا- مار ڈالنا- کسی چیز سے عطر نکال لینا-
روح نکلنا- جان نکلنا- مرجانا- ڈرجانا- خوف کھانا- بیجان ہوجانا
مؤلف- تن سے جب روح نکل جائیگی + مٹی کس کام ترے آئیگی +
رو دینا- گریہ زاری کرنا- آنسو بہانا- ولی- اور مرے پاس کیا ہی
دینے کو + دیکھکر تجھکو رو لے دیتا ہون-
رو رعایت کرنا- طرفداری کرنا- پاس کرنا-
رو رو کر کاٹنا- مصیبت سے زندگی بسر کرنا-
رو رو کے گھر بھر دینا- زور سے رونا- شور مچانا- پھوٹ پھوٹ کر رونا
روز بٹنا- روزینہ تقسیم ہونا-
روزگار کرنا- تجارت یا کوئی پیشہ کرنا- نوکری کرنا-
روزہ توڑنا- روزہ رکھکر کچھ کھا لینا- ناسخ- جسطرح توڑتے ہین
شیشۂ مے کو پتھر + شیشۂ مے نے یونہین روزہ ہمارا توڑا +
روغن قاز ملنا- چاپلوسی کرنا- خوشامد کرنا- شیشہ مین اتارنا- پھسلانا
صفدر رامپوری- اسقدر چرب زبانی سے ملا روغن قاز + دل مین
پیدا ہوا اس شمع تجلی کے گداز +
روک تھام کرنا- کسی بیماری کو بڑھنے نہ دینا- کسی آنے والی آفت کا
علاج- پہلے سے سوچ لینا-
روکھا سوکھا کھا کر گذارہ کرنا- تنگدستی کی حالت مین وقت گذارنا-
مشکل سے زندگی بسر کرنا-
روکھ چڑھا- بندر جو مشہور جانور ہی-
روگ بسانا- روگ لگا لینا- کوئی بری عادت ڈال لینا- کسی نشہ
کھانے کے عادی ہونا- کوئی بیماری اپنے پیچھے لگا لینا- مؤلف
ہوئی زندگی کیسی مشکل اسے + محبت کا جسنے لگایا ہی روگ +
روگردان کرنا- کسی کپڑے کے اندرونی رخ کو اوپر کر لینا-
روگ کاٹنا- بیماری کو دفع کرنا- مقدمہ فیصل کرنا- جھگڑا چکا دینا- تصفیہ کرنا
روگ لانا- جھگڑا یا تکرار کرنا- غل مچانا-
روگ لگنا- روگ لگ جانا- کسی بیماری مین مبتلا ہونا- آتش
دل کو لگا ہی روگ محبت کا اسطرح + جان آج بچ گئی تو یقین ہی کہ کل تمام +

رومال پر رومال بھگونا- زار زار رونا-

رومال رکھنا- حیض کے دنون مین لتہ رکھنا-

رونق افروز- آنا- تشریف لانا- مؤلف: رونق افروز ہوئے حضرت عشق + جلد سے ئے راحت و عیش و آرام +

رونگٹے کھڑے ہونا- کسی خوف یا صدمہ کے سبب سے بدن کے بال کھڑے ہوجانا ؎ ایسی خونخوار ہین اُس ترک کی موئے مژگان + کہ تصور سے یہان روئین کھڑے ہوتے ہین-

رونگ رونگ مین بسنا- ہر بال کی جڑ مین رہنا- تمام جسم مین پھیلنا

رونمائی دینا- دلھن کے منہ دیکھنے کا نذرانہ دینا-

روئی کا سا گالا- نہایت چکنی اور سفید چیز ؎ یا نون نازک اُسنے کھا جب ہماری قبر پر + پارہ ہائے سنگ مرمر روئی کے گالے ہوئے +

روئی کی طرح توم ڈالنا- زدوکوب کرنا- مار مار کر دھجیان اڑا دینا-

رونی صورت- یعنی بدمزجی سے ناچار محرم کی پیدائش- گریہ پیشانی ؎ ایسے ہنس مکھ کو شمع سے تشبیہ تشبیہ کلام کے رونی صورت ہے-

روگ کی جڑ- روگ کا گھر- بیماری کا باعث بیماری پیدا کرنے والا

مثل- لڑائی کا گھر ہانسی + روگ کی جڑ کھانسی +

روزی مدار- روزی بگار- بھری تھالی مین لات مارنے والا- بنے روزگار کو چھوڑنے والا-

روزگار پیشہ- وہ شخص جسکا کام نوکری ہو-

روزمرہ- ہر روز کی گفتگو- بول چال- گفتگو- کلام- محاورہ-

رو رو کے- ہزار دقت سے- بڑی مشکل سے- نہایت تکلیف سے-

راے با ہاے

رہٹ لگانا- کنوئین سے پانی کھینچنا- بار بار آنا جانا- تار باندھ دینا-

رہٹی باندھنا- قرض قسطون مین ادا کرنا- عادت ڈالنا- متواتر کیے جانا

رہٹی چلانا- روپیہ کو اسطرح پر سود پر دینا کہ دس کے بارہ مقرر کرکے ایک روپیہ ماہوار کے حساب سے سال بھر مین وصول کر لینا-

رہ جانا- پیچھے ہو جانا- ساتھ نہ چل سکنا- ناتمام رہنا- باقی رہنا- نامرد ہو جانا- برق- جس طرح چاہو مجھے پیس کے پامال کرو + نہین ممکن کہ کسی چال مین بندہ رہ جاے +

رہے نام اللہ کا- اللہ کے سوا سب چیز فانی ہے- خدا ہی رہ جائیگا مؤلف- کوئی باقی نہین رہنے کا انجام + فقط اللہ کا رہ جائیگا نام +

رہ رہ کے- آہستہ آہستہ بچتا بچتا کے- بار بار- بیوہ کی فریاد اُسکے جانے سے یہ دل مین آتی ہے رہ رہ کے ہاے سب جہان

بستا ہے کا اپنا ہی گھر ویران ہوا + صفدر رامپوری- اشک بہ بہ کے چلے گوشۂ دامان کی طرف + ہاتھ رہ رہ کے لگے اُٹھنے گریبان کی طرف

راے با یاے

ریت بلونا- ریت کی دیوار کھڑی کرنا- لغو کام کرنا- بے فائدہ و ناممکن کام کرنا-

ریڑھین ڈھیلی ہونا- بے طاقت و بدحواس ہونا-

ریڑھ پیٹنا- لکیر پیٹنا- پُرانے طریق کو اختیار کرنا-

ریت کے ذرے گننا- فضول کام کرنا-

ریل پیل ہونا- کثرت اور افراط ہونا-

رینی چڑھنا- رنگ نکلنا- رنگ تیار ہونا-

ریوڑی کے پھیر مین آجانا- کسی مصیبت مین گرفتار ہونا- بکھیڑے مین پھنسنا

پانچوین فصل

لغات متعلق بہ علم طب کے بیان مین

راے با الف

راتیانج- صنوبر کا گوند یہ تین قسم کا ہوتا ہے- ایک تر جو بستہ نہین ہوتا اسکو رت رطب کہتے ہین دوسری قسم کیکر کے گوند کی طرح بستہ تیسری قسم جسکو آگ پر پکا کر بستہ کرین اسکو قلقونیا بولتے ہین- اچھا راتیانج وہ ہے جو سفید مائل بزردی ہو طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم اور خشک ہے کھانسی مزمن کو دفع کرتا ہے- زکام باردہ اور حمی ربع کو مفید ہے ضماد اسکا زخمون کو اچھا کرتا ہے- حکہ اور جرب کا دافع ہے-

رازیانج- اسکو فارسی مین بادیان ہندی مین سونف کہتے ہین بری اور بستانی دونون قسم کی ہوتی ہے بہترین قسم بستانی ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی باصرہ و مقوی معدہ و محلل ریاح ہے مدر بول وحیض اسکے فائدے شمار سے زیادہ ہین ہر ایک زہر کے لیے یہ تریاق ہے ہر ایک بیماری کا یہ علاج ہے-

راوند- اسکو ریوند اور بیخ ریباس بھی کہتے ہین چین و تبت و ترکستان و ختا و ختن سے لاتے ہین عمدہ وہ ہے جو اندر زرد ہو اور کرم ناخوردہ ہو طبیعت اسکی گرم اور خشک مخفف جالی اور منضج ہے بچھو کے زہر کا علاج ہے مسہل اخلاط غلیظہ و رقیقہ مدر بول وحیض ہے-

رامک- یہ قرص مرکب جالینوس کی ترکیبون مین سے ہے دو شاخ خرما و مازو و پوست انار و شہد سے بناتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک ملطف قابض مقوی معدہ و کبد و امعا حابس اسہال صفراوی و دموی دافع کھانسی و درد سینہ و ضعف جگر ہے-

رائے بیل - اقلیم ہند کی خوشبو پھولون مین سے یہ ایک مشہور پھول اسکا
خوشبو پھول بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم اور تر بعض کے نزدیک سرد تر
ہی صفرا کو دور کرتا ہی حرارت کو تسکین دیتا ہی گرا اور جنون کا علاج ہی
خوشبو اسکی مفرح و مقوی دل و دماغ ہی -
راسن - زنجبیل شامی بھی اسکو کہتے ہین یہ جڑ ایک گھاس کی نہایت
خوشبو و تیز مزہ یاقوتی رنگ مائل بسبزی پھول نیلا ہوتا ہی طبیعت
اسکی گرم اور خشک مفرح ساتھ قوت تریاقی کے مقوی معدہ و ہاضم
باہ کی بڑھانے والی دافع مالیخولیا جگر کے سدے کھولنے والی
محلل ریاح ہی -
رازیانہ بری - جنگلی سونف طبیعت اسکی گرم و خشک دافع تقطیر البول
و اسہال مزمن و احتباس حیض ہی -

راے بابائے موحدہ

ربثیا - چوتھا حرف ثای مثلث ایک قسم چھوٹی مچھلی کا ہی کہ ہرموز
کی طرف سے لاتے ہین سرد ملکون مین اکثر لوگ اسکو کھاتے ہین
طبیعت اسکی نہایت درجہ گرم ہی باہ کو بڑھاتی ہی معدہ کی اصلاح
کرتی ہی -

راے باتاے

رتیلا - یہ ایک جانور مشابہ عنکبوت پیٹ اسکا بڑا اور سریع الحرکت
ہاتھ پانون چھوٹے فارسی مین اسکو آنجورک و دلہ ترکی مین پائی
ہندی مین مکڑی کہتے ہین بہت قسم کا ہوتا ہی سموم قاتلہ باردہ
سے ہی جسکو یہ کاٹے وہ فی الفور مرجاتا ہی - کھانا اسکا بھی زہر
قاتل ہی اسکو مارکر اور پیسکر اسکے نیش کی جگہہ پر ضماد کردین تو زہر کو
کھینچ لیتا ہی بیمار بچ جاتا ہی -
رتم - یہ ایک بوٹی دو قسم کی سیاہ اور سپید طبیعت گرم اور خشک
جاذب محلل ہی پینا اسکا واسطے قتل اقسام کرم کے جو پیٹ مین
ہون مجرب ہی جنین مردہ کو پیٹ مین سے نکال دیتی ہی بلکہ زندہ
جنین کو پیٹ مین مار دیتی ہی -

راے باجیم

رجل الغراب - اسکو پاے زاغ و پاے کلاغ بھی کہتے ہین یہ
ایک بوٹی زمین پر پھیلی ہوئی پتے اسکے زاغ کے پانون کی طرح
ہوتے ہین مزہ اسکا تھوڑی شیرینی کے ساتھ گاجر کے مزے
کے ساتھ ملتا ہی جڑ اسکی زمین مین گھسی ہوئی اور گول ہوتی ہی طبیعت اسکی
گرم اور خشک ہی - قولنج کو دفع کرتی ہی درد کمر و پشت و مفاصل کو مفید ہی

رجل الارنب - یہ ایک بوٹی جسکی جڑ خرگوش کے پانون کی طرح ہوتی ہی
اسواسطے اسکا رجل الارنب نام رکھا ہی طبیعت اسکی سرد خشک حابس
شکم و محلل اورام حارہ ہی -

راے باخاے

رخبین - سریانی لغت ہی فارسی مین اسکو بور عربی مین قراقروت
دودھ کو جماکر اور اسکا پانی نکالکر یہ بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و
خشک ہی کثیر الغذا مبہی و مسدد و دیر ہضم ہی -
رخمہ - یہ ایک جنگلی جانور سفید رنگ مائل بتیرگی مردار خوار ہوتا ہی
ہندی مین اسکو گدھ بولتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک اسکے انڈے
جذام کے دفع کے لیے آخری دوا ہی - اگر بیمار کھا کر اچھا نہوگا تو پھر
کسی دوا سے اسکا اچھا ہونا ممکن نہین -

راے بادال

ردونتی - یہ ایک ہندی گھاس نہایت فائدہ بخش ہی چنے کے
درخت کی طرح اسکا درخت ہوتا ہی پانی اس سے ٹپکتا رہتا ہی زمین
جو اسکے سایہ کے نیچے ہو وہ بھی نمناک رہتی ہی طبیعت اسکی گرم تر ہی
شہد کے ساتھ کھانا اسکا قوت عظیم دیتا ہی بدن کو فربہ کرتا ہی بھوک
لگاتا ہی معدہ کو طاقت دیتا ہی -

راے باسین

رسکپور - یہ ہندی لغت ہی جو سفید شنجرف کو کہتے ہین طبیعت اسکی
گرم خشک ہی جاری یعنے سیتلا اور آتشک اور جوشش سرخ یعنے
گنج اور بدن کی خارش کو دفع کرتا ہی -
رسمیلیوس - یونانی مین نام اسکا شند کا ہی اور ہندی مین لونیا
کا پوست ادویات مین مستعمل ہی -
رسلاع - یہ ایک پتھر مشابہ خرچنگ ہی دوسرے درجے مین سرد واسطے
جلاے باصرہ اور دفع دمع کے مفید ہی -
رساون - یہ ایک شراب ہی کہ خمر اور شہد اور ادویہ گرم سے بناتے
ہین سرد مزاج والون کو پینا اسکا نہایت مفید ہی -

راے باصاد

رصاص اسود - اسکو فارسی مین سرب ہندی مین سیسہ کہتے ہین
مشہور دھات ہی طبیعت اسکی سرد اور تر ہی اورام گرم کو تحلیل کرتا ہی
سرطان کو دفع کرتا ہی وجع مفاصل کا علاج ہی -
رصاص قلعی جو ایک مشہور دھات ہی فارسی مین اسکو ارزیز ہندی
مین رانگا اور رانگ کہتے ہین طبیعت اسکی تیسرے درجے مین سرد ہی پینا

اسکا زہر قاتل ہی اکتحال اسکا آنکھ کی سرخی اور میلان کو دفع کرتا ہی۔ ورم مقعد و جرب و بواسیر و زخم پستان و رحم و تغضیب کو مفید ہی۔

را سے با طا سے

رطب ۔ تازہ میوہ کھجور کا طبیعت اسکی گرم تر مغز بادام کے ساتھ اسکو کھائین تو بدن فربہ کرتا ہی۔ باہ کو بڑھاتا ہی گردون کو طاقت دیتا ہی مزاج کو نرم کرتا ہی۔

رطبہ ۔ فارسی مین اسکو اسپست باغی ترکی مین یونجہ اور خشک کو عربی مین قسط کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک بعض کے نزدیک گرم تر ہی ملین اور مسہل مسمن بدن مولد خون محلل اورام سرد دافع رعشہ مدر حیض ہی

را سے با عین

رعاد ۔ یہ ایک قسم کی مچھلی کا نام ہی پشت اسکی چوڑی مائل بسیاہی پیٹ سپید ہوتا ہی۔ دریائی خضر اور قلزم مین ملتی ہی اسکو اگر ہاتھ مین پکڑین تو ہاتھ کانپنے لگ جاتا ہی اور ایسا معلوم ہوتا ہی کہ ہاتھ کو کوئی کاٹتا ہی اسواسطے اسکو کئی حیلون سے پکڑتے ہین جب تک زندہ ہی ہاتھ نہین لگاتے طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی اسکو زندہ سر پر باندھین تو درد سر اور صرع کو دور کرتی ہی چربی اسکی اگر ضعیف آدمی کھاوے جوانی کا لطف اٹھاوے غرض یہ مچھلی جامع الفوائد ہی۔

رعی الحمار ۔ یہ ایک خاردار گھاس ہی بو اسکی تیز گدھے کو جب درد اور نفخ ہوتا ہی تو اسکو کھاتا ہی فوراً اچھا ہو جاتا ہی اسکو اسواسطے رعی الحمار کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مدر اور جاذب ہی۔

رعی الابل ۔ یہ ایک گھاس گاجر کیطرح ہوتی ہی جڑ اسکی انگلی کے مقدار پر موٹی سفید اور شیرین ہوتی ہی پھول سفید اور چھوٹا ہی اونٹ اسکو کھاتا ہی تو کوئی زہر نباتی و حیوانی اسکو اثر نہین کرتی طبیعت اسکی گرم اور خشک ملطف و مفتح و محلل ہی دانتون کے درد کو دور کرتی ہی عسر النفس دفع کرتی ہی بالون کو سیاہ کرتی ہی سیلان رحم اور بواسیر کو نافع ہی۔

رعی الحمام ۔ یہ ایک گھاس ہی جسکو فارسی مین دیوشاب یونانی مین فارسطاریون کہتے ہین کبوتر اسکو نہایت ذوق سے کھاتا ہی اسواسطے اسکو رعی الحمام کہتے ہین طبیعت گرم و خشک ملطف و مجفف و مقوی اور ادرار حیض اور لقوہ کو مفید ہی۔ قروح خبیثہ دیرینہ کو اچھا کرتا ہی

را سے با قاف

رقعہ ۔ یہ ایک جڑ کسی گھاس کی نہایت سخت زرد اور سرخ رنگ ہوتی ہی بڑا فوائد اسکا یہ ہی کہ اگر کسی سخت چوٹ کے سبب سے ہڈی ٹوٹ جائے تو اسکے کھانے سے ہڈی درست ہو جاتی ہی۔

رقعہ یمانی ۔ یہ ایک درخت بقدر درخت اخروٹ پتے چنار کے پتون کی طرح پھل انجیر کے پھل کیطرح پھل اسکا شاخ سے نکلتا ہی بقدر کھرے کے اسکے اندر تخم نکلتا ہی جو میٹھا ہوتا ہی دودھ اسکا انجیر کے دودھ کیطرح طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع بلغم دافع رطوبات غلیظہ بدر بعہ کے

را سے با میم

رماد ۔ فارسی مین خاکستر ہندی مین راکھ کہتے ہین ہر راکھ ہر ایک جلی ہوئی چیز کی نکلتی ہی اور کیفیت ہر ایک چیز کے راکھ کی اسکے اصل کی تابع ہی گرمی اور سردی اور تیزی وغیرہ مین جیسے کہ چونہ کی راکھ جو نہایت تیز ہی اور درخت انجیر جلا دینے والی آنکھ کی اور راکھ بلوط کی قابض اور راکھ بچھو کی توڑی اور راکھ انگور کی لکڑی کی سرد اور خشک علی ہذا القیاس۔

رمان مز ۔ وہ انار جو میخوش یعنے کھٹا میٹھا ہو صفرا کو تسکین دیتا ہی اسہال صفراوی کو دفع کرتا ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی۔ یرقان کا علاج ہی۔

رمان حامض ۔ ترش انار سرد اور خشک قابض مسکن سوزش و گرمی معدہ و جوش خون و صفراوی مواد کو معدہ پر گرنے نہین دیتا معدہ کو ہی مانع صعود بخار بطرف دماغ ہی قے کو باز رکھتا ہی۔

رمل ۔ اسکو فارسی مین ریگ ہندی مین ریت کہتے ہین طبیعت اسکی تیسرے درجے مین خشک حمول اسکا واسطے قطع حیض اور منع حمل کے موثر ہی پانی بدمزہ اور بدبو کو خوش مزہ و خوشبو کر دیتی ہی۔

رم رام ۔ اس گھاس کو زلم بری بھی کہتے ہین پتے اسکے چھوٹے اور چوڑے خاکی رنگ اور وہ پتے واسطے دفع زہر سانپ اور بچھو کے لوگ اپنے پاس رکھتے ہین ضرورت کے وقت بھگو کر پانی انکا بیمار کو دیتے ہین سنجی بھی اسکے پتون سے بناتے ہین مگر عمدہ نہین ہوتی۔

رمان ۔ انار جو مشہور پھل ہی اعلی قسم وہ ہی جسمین ہڈی نہو وہ انار بیدانہ کہلاتا ہی طبیعت اسکی سرد اور تر لیکن سردی اسکی دوسرے درجے سے اور رطوبت پہلے درجے سے نہین گذری پوست تازہ اسکا بارد یابس پھول انار کا شدید القبض سرد ہی طبیعت انار شیرین کی سرد باعتدال پہلے درجے مین تر ساتھ قوت قابضہ کے مولد خلط صالح ملین بطن مدر بول مقوی جگر دافع استسقا و یرقان و خفقان و درد سینہ ہی۔

رمان بری ۔ حب القلقل بھی اسکو کہتے ہین درخت اسکا زمین پر تین چار پتون کے ساتھ بچھ جاتا ہی اور پھول مشابہ پھول انار کے نکلتا ہی پتے اسکے کاسنی کے پتون کی طرح ہوتے ہین پھل بھی مشابہ پھل انار کے چھوٹا مزہ شیرین گٹھلی بڑی ضماد اسکی جڑ کا ساتھ ہموزن صبر صبر سقوطری او سکبری کے دافع ضربہ و سقطہ ہی۔

رائے با واو

روذا ارنیدا - یہ ایک جز مشابہ فسطے کے ہی مگر اُس سے ہلکی بعد سننے کے بو گلاب کے پھول کی اُس سے نکلتی ہی طبیعت اسکی گرم محلل و ملطف و دافع درد سر ہی -

روئی توتیا - اسکو اہل ہند بھنگار کہتے ہین چار وزن تانبا اور دیڑھ وزن سرب سے بناتے ہین اور یہ توتیا معدنی غیر مصنوع ہی روح توتیا بھی اسکو کہتے ہین -

روسنجج - جلا ہوا تانبا بہتر وہ ہی جو سیاہ مائل بسرخی ہو تیسرے درجے مین گرم اور خشک ہی بہت قابض و مجفف دافع قروح خبیثہ اور نکالنے والا گوشت زائد کا ہی -

رُوس - سریان جسکو فارسی مین کلہ کہتے ہین سر ہر ایک حیوان کا بہ نسبت تمام جسم کے گوشت کے سرد و تر ہی اور دیر ہضم اگر ہضم ہو جائے تو بدن کو موٹا کرتا ہی منی کو بڑھاتا ہی -

روبیان - فارسی مین اسکو ماہی میگ ہندی مین جھینگا مچھلی کہتے ہین آبی جانور ہی گوشت سرخ رنگ اور سخت ہی دیر مین پکتا ہی مہی مولد خون صالح مسخن گردہ اور رحم ہی -

رائے با ہاے

رہشی - تل مقشر جنکی سیاہی دور کی ہوئی ہو طبیعت اسکی گرم تر مہی مسمن غلیظ دیر ہضم مفسد اشتہا ہی -

رائے با یاے

ریۃ البحر - یہ ایک چیز شیشہ کی طرح چمکتی ہوئی دریاؤن کے کنارون پر پائی جاتی ہی - ضماد اسکا واسطے نقرس کے نافع ہی اور پانون کے شقاق کو جو بسبب سردی کے پڑ جاتی ہین دور کرتا ہی -

ریحان الکافور - اسکو ریحان یہودی اور شجر الکافور بھی کہتے ہین یہ ایک گھاس ہی پتے اسکے مشابہ پتے انار کے پھول نیلا مائل بسپیدی ہر ایک جزو سے بو کافور کی آتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک دافع یرقان و سیلان خون محلل رطوبات ہی -

ریباس - یہ ایک بوٹی مشابہ چقندر سرد ملکون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک مقوی معدہ قاطع صفرا دافع تشنگی و خفقان و وسواس و بواسیر ہی -

ریشیں - سیر جانور اڑنے والون کے پرون کو جلا کر اگر زخمون پر رکھ کر اُنگلی تو ٹلین زخم جلد اچھا ہو اگر ناک مین پھونکین رعاف کے خون کو بند کرے -

ریحان - فارسی مین اسکو شاہ اسپرم و سفرم ہندی مین ناز بو کہتے ہین اقسام اسکے بہت ہین اور ادویات مین مستعمل ہی -

ریحان السلیمان - اسکو سفرم بھی کہتے ہین پھول ہلکا سفید اور چھوٹے دانے عشق پیچان کیطرح نہال اسکا درختون پر لپٹ جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسہل سودا منقی خون دافع بواسیر و امراض سوداوی ہی -

ریہ - مشہور عضو اندرونی شکم حیوان کی ہی فارسی مین اسکو شش ہندی مین پھیپھڑا ترکی مین ایکمہ کہتے ہین بہترین ریہ چھ ماہ بزغالہ کا ہی طبیعت گرم تر لقراط کے نزدیک سرد و تر گوشت اسکا دیر ہضم بلغم پیدا کرتا ہی مداومت اسکی مولد سل ہی -

ریشہ خطمی - مشہور دوا ہی نافع زحیر و قولنج و اسہال صفراوی و حرقت بول و امعا و مقعد و سرفہ و لغت الدم ہی -

چودھوان باب

زائے معجمہ کے لغات کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی و عربی و ترکی وغیرہ لغات کے ذکر مین

زائے با الف

زاب - ژندی زبان مین صفت و تعریف -

زارتشت - زاردشت - نام زردشت پیشوائے مجوس جسنے مذہب آتش پرستی ایجاد کیا -

زاد خوست - وہ شخص نہایت ضعیف و نحیف و ناتوان ہو اور وہ شخص جو اپنا تمام مال صرف کر چکا ہو -

زاج - معرب زاک پھٹکری جو مشہور چیز ہی خب یمانی بھی اسیکا نام ہی -

زارج - زرشک جو ایک مشہور میوہ ہی -

زاہد - جسکو رغبت اور خواہش دنیا کی نہو - ننگ ناموس ظاہری سے غرض نہ رکھے - قطعہ از مؤلف - عابد اندر عبادت خودمست + بر زاہد بزہد خود مغرور + من گنہگار بندۂ عاصی + دل نہادہ بفضل رب غفور +

زامیاد - ہر ایک مہینے شمسی کے ستائیسوین دن کا نام ہی -

زاد - رستہ کا توشہ جو مسافر کے پاس ہوتا ہی - صفدر فوقانی - چون سفر در پیش داری صبح و شام + کن مہیا ای مسافر زاد راہ +

زاید - زیادہ حساب سے زیادہ رقم مقررہ سے - مؤلف - زاید از قسمت نعیبر کر دہند + کہ شود حاصل مراد از وقت مین -

زائر - دیکھنے والا زیارت کرنے والا - نعتیہ از مؤلف - ہست روح الامین بصبح و مسا + زائر مرقد رسول خدا +

زاجر - زجر کرنے والا - منع کرنے والا -

زاہِر - روشن - چمکنے والا اور بلند -

زار - اس لفظ کے بہت سے معانی ہیں - مکان روئیدن یعنی درختون اور پھولون کے اُگنے کا مکان اور کثرت و انبوہ ولاغر و کمزور و ضعیف و عاجز و عجز و اندوہ چنانچہ لالہ زار و گلزار و کشت زار و بازار و کارزار و عاشق زار و زار و نزار وغیرہ - ارادت خان واضح ؎ شب یاد ای بہارستان شوخی تا سحر + بوستان سینۂ ما طرفہ آتش زار بود + توحید - نمود چہرۂ روشن ز ہر طرف دلدار + کہے ز خانہ گہ از کوچہ و گہ از بازار + صفدر فوقانی - چو از بند غم و محنت بر آید + عزیز مصر گردد بندۂ زار +

زاغر - مرغون کا حوصلہ یعنے وہ تھیلی جسمین اُنکا کھایا ہوا دانہ رہتا ہی -

زابکر - زالغر - منھ کی آواز جو ہوا کے ذریعہ سے نکلے یعنے کوئی شخص اپنے منھ مین ہوا بھر کے گال پھلائے اور دوسرا شخص اگر اُسکے گالون پر مکا لگائے اور ہوا آواز کے ساتھ نکلے -

زاخر - چڑھا ہوا دریا - پر موج ندی -

ژاژ - نام ایک گھاس کا ہی جو سفید اور خاردار ہوتی ہی نہایت بدمزہ اونٹ ہر چند اسکو چبانا اور حلق سے اُتارنا چاہتا ہی مگر وہ نہ تو چبائی اور نہ کھائی جاتی ہی کنایتاً بیہودہ باتین لغو تقریرین اور ژاژخائی بیہودہ بکنے والا - محمود نامہ ؎ ژاژ خائی مے کند با ما رقیب ما چہ غم داریم گو می خائے ژاژ +

ژابیز - وہ پانی کے قطرے جو گیلی لکڑی سے جلانے کی حالت نکلتے ہین

زاغ - مشہور پرندہ ہی جسکو عربی مین کلاغ اور ہندی مین کوا کہتے ہین اور کمان کا گوشہ اور نام ایک نوا کا موسیقی مین اور عربی مین صیغہ ماضی جسکے معنی فارسی گشت و میل نمودے کے مین یعنے پھرا اور میل کیا اور آیت قرآنی ما زاغ البصر و ما طغیٰ کی موئید اسکی ہی - محمد قلی سلیم ؎ بلبلم اما سلیم از بیوفائی ہائے گل + اشک خونی در چمن ہم چشم زاغم میکند + اس سے ظاہر ہوتا ہی کہ ایرانی زاغ کی آنکھیں سُرخ ہونگی جیسے کہ ہندی زاغ کی آنکھیں سیاہ ہین -

زاحف - دشمن پر چڑھائی کرنے والا لشکر یا سردار -

زاق - پنجہ آدمی یا جانور کا -

زاق و بق - شور اور غوغا اور آشوب اور کم عمر لڑکی لڑکے -

زاووق - بہر و د او جیوہ بروزن میوہ یعنی سیماب جسکے عربی مین زیبق و فرار وغیرہ بہت سے نام ہین -

زاک - پھٹکری جسکو زاج بھی کہتے ہین -

زالوک - زاغوک - گوشہ کمان کا جسکو کمان کا کوا بھی کہتے ہین

زاحلہ - درخت زقوم بعض کے نزدیک آکھ کا درخت جو مشہور ہی

زاحل - ماندہ ہونے والا اور زائل ہونے والا -

زائل - دور ہونے والا - غائب ہو جانا - میرزا بیدل - گرچہ بیدل رنگ آشتی نہ از ما بجیتد + از جبینم چون شرر رنگ فنا زائل نشد -

زابل - ایک شہر کا نام ہی -

زاغول - نام ایک سلاح یعنے ہتھیار کا ہی جو تیر کی طرح نوکدار اور دستہ دار ہوتا ہی جس سے جنگ بھی کرتے ہین اور زمین بھی کھودتے ہین اور بمعنی منقار زاغ - میر خسرو - گمو کین ز اغنولان در کمین اند کہ مرغان دلم عنقا نشین اند + میر الٰہی - میستم زاغ کہ بر جیفہ بود نول کشا + زاغنولم کہ سر کیسہ کشاید نولم +

زازال - ایک جانور پرند کا نام جو ابابیل کی صورت پر ہوتا ہی -

زازل - کفگیر سوراخدار جس سے حلوائی شیرہ کھانڈ کا صاف کرتے ہین

زال - بوڑھی عورت یا بوڑھا مرد جسکے بال سفید ہون اور نام رستم کے باپ کا جو ماں کے پیٹ سے سفید بالون کے ساتھ پیدا ہوا - سعدی ؎ دانی کہ چہ گفت زال با رستم گرد + دشمن نتوان حقیر بیچارہ شمرد +

زاد بوم - وہ سرزمین جسمین کوئی پیدا ہوا ہو - مولانا اکبر ؎ زین سبب نفرت بود ز آبادیش + ہست صحرا زاد بوم بوم شوم +

زادشم - افراسیاب کے دادا کا نام ہی -

زابوم - ژندی زبان مین خالص سونا -

زامیم - بہت بڑا دریا - پر آب نہر -

زابلستان - سیستان کے ملک کا نام ہی - سعدی - چو بہمن بزابلستان خواست شد + چپ آوازہ افگند و بر راست شد +

زال مداین - مداین مین یہ ایک عورت تھی نوشیروان نے اپنا خاص محل اُسکے قریب مین بنایا اور چاہا کہ اُسکا مکان قیمتاً لیکر اپنے محل کے شامل کرلے ہر چند نوشیروان قیمت زیادہ کرتا جاتا تھا عورت کا انکار بڑھتا جاتا تھا آخر نوشیروان نے اپنے محل کے صحن مین اُسکا گھر بدستور رہنے دیا عورت جلکی پیستی اور دھوان کرتی گائے دروازے کے آگے باندھتی جس سے بدبو پھیلتی بادشاہ ہر ایک تکلیف برداشت کرتا ہر چند چاہا کہ عورت کھانا بادشاہی مطبخ سے لے خود نہ پکائے تاکہ دھواں نہو مگر بڑھیا نے نہ مانا لوگون نے بڑھیا کو ملامت کی کہ کیون بادشاہ کے حکم کی تعمیل نہین کرتی اُسنے جواب دیا کہ مین اس حکم مین انکار اسلیے کرتی ہون کہ بادشاہ کا تحمل و حلم و عدل تواریخون مین لکھا رہے اور لوگ بادشاہ کے اس نیک خلق کے قیامت تک ثناخوان رہین

زاقدان - بچہ دان عورت کا رحم -

زامہران - ایک پتھر کا نام ہی جو مسموم کو گھس کر دیتے ہین زہر مہرہ بھی

اسکو کہتے ہین -
زان - ایک باریک اور دراز درخت کا نام ہی جو شام کے ملک مین ہوتا ہی
بانس کی طرح اسکی لکڑی ہوتی ہی نیزے اُسکے بنائے جاتے ہین -
زانو - آخر مین واو نبیاد اور بنائے مکان کی نو معمار و قوی زور
زانو مشہور عضو ہی جسکو عربی مین رکبہ اردو مین گھٹنہ کہتے ہین -
توحید - خدا خواہی گرای مرد نکو خو + درین دنیای فانی باش یکسو +
صفا کن از کدورت سینۂ خویش + کہ زان آئینہ بنماید خدا رو + بدل شو
محو مولی تا برآید + زہر موییت بلند آواز یاہو + جبین بر خاک نہ ہنگام
سجدہ + نشین در قعدۂ طاعت دو زانو +
زالو - وہ جو مشہور سیاہ کرم ہی زو بھی اسکو کہتے ہین ہندی مین
اسکا جونک نام ہی -
زاو - خالص اور خلاصہ ہر چیز کا -
زائچہ - جو رمال و اہل نجوم کھینچکر اس سے نتیجہ برآمد کار کا نکالتے
ہین اور مولود کے تمام عمر کے احکام اُس سے دریافت کرتے
ہین جنم پترا بھی اسکو کہتے ہین -
زاویہ - ہر چیز کا گوشہ اور گھر کا گوشہ مؤلف - فارغ از فکر آن
درین باشی + کو اگر زاویہ نشین باشی + درویش والہ ہروی
افگندہ ز روزگار بیداد + صد زاویہ در بہ پیکر الف قد +
زارہ - زاری - نالہ و فریاد - شور و غوغا - فخر شمسی - آنکہ از بیم تیغ
او ہر شب + خصم را ہست نالہ و زارہ + مؤلف - بندۂ زار میکند
حاصل + مقصد خود بنالہ و زاری +
زاد راہ - رستہ کا توشہ راستہ کا خرچ - میرزا صائب - از ریا
تن چو بگذشتی دگر معمور نیست + زاد راہے برنمیدارے
ازین منزل چرا +
ژالہ - اولا جو بادل سے برستا ہی اور شبنم جو رات کو گرتی ہی سعدی
ژالہ بر لالہ فرود آمدہ ہنگام سحر + راست چون عارض گلبوے
عرق کردۂ یار + میرزا صائب - بہار شد چہ بجا خشک ماندۂ ای بُرز
سزاے خرقۂ تقوی بسنگ ژالہ بدہ +
زاچہ - نوزائیدہ بچہ جسکو چالیس روز تک زاچہ کہتے ہین بعض
کے نزدیک سات روز -
زادہ - پیدا ہوا ہو جیسے کہ حرامزادہ وغیرہ -
زاغوتہ - جولاہے کی تلی جسکو تال مین لگا کر کپڑا بنتے ہین -
زانہ - ایک گھاس کا نام جس سے بسر یعنی لہسن کی بو آتی ہی سیر کو
بھی اسکو کہتے ہین -
سکندر۔ رومی زبان مین نام ایک بادشاہ فیلقوس کے بیٹے کا ہی اسکی عمر و نبوت مین اختلاف ہی نظامی فرماتے ہین نظامی جو عمرش فزون از بیست سال + بشاہنشہی برد بی زود وال + پس آنگہ کہ بر بیست افزود ہفت + بہ پیغمبری رخت بر بست و رفت۔ مگر امیر خسرو آئینہ سکندری مین فرماتے ہین کہ یہ بیان بالکل غلط ہی وہ لکھتے ہین خسرو دروغست کان بادشہ رابذات + نویسندہ سی سال گوید حیات + زعمر یکہ زینگونہ اندک بود + در و فتح آفاق در شک بود + چنین خواندم از قصہ در شان او + کہ پانصد فزون بود جولان او + سکندر کہ فرخ جہان شاہ بود + ز فرخندگی خاص درگاہ بود + گروہے ہمے زوند از ولایت ورش + گروہے نوشتند پیغمبرش + بتحقیق چون کردہ شد باز جست + درستی شدش ہر ولایت درست + اور واضح ہو کہ سکندر روسی زبان مین سرو کو کہتے ہین اور پارسی مین نام ایک کھیل کا ہی کہ دونون ہاتھ زمین پر رکھین اور پاؤن آسمان کی طرف اور ہاتھوں سے پاؤنون کا کام لیکر چلین اس بازی کو پشتک یعنی سرنگون بھی کہتے ہین شیخ آذری از نہیب زخم تیر قوس ذوالقرنین او + در چہ مغرب رود ہر شب سکندر آفتاب +۔
سَکار۔ دری زبان مین انسانکے سر کی چوٹی اور پہاڑ کی چوٹی یعنی بلندی۔
سَگَنگور۔ عنب الثعلب جو مشہور دوا ہی
سِکَز۔ اخیر مین زاے منقوطہ زابلستان مین ایک پہاڑ ہی جسکے اندر سے دریاے اباسین یعنی سندھ گذرتا ہی۔
سَکّز۔ بفتح سین و کاف مشدد ترکی ہین عدد ہشت یعنی آٹھ
سَکِز۔ بفتح سین و کسر کاف ایک قسم کے گوند کا نام ہی جس کو عربی مین مصطگی کہتے ہین۔
سِگالش۔ آپس مین مشورہ کرنا و فکر و اندیشہ فردوسی ز بیگانہ پردختہ کردند جاے + سگالس گرفتند ہر گونہ راے۔
سَکّاک۔ سکہ لگانیوالا مہر قائم کرنیوالا۔ اور آہنگر یعنی لوہار۔
سُکّاک۔ وہ جوف جو آسمان اور زمین مین ہی۔
سُکُنسک۔ کم رفتار گھوڑا جو رہوار نہو اور نام ایک درخت کا جس کی لکڑی کی آگ دیرپا ہوتی ہی میر آلہی ہمدانی۔ از اسپ من الحذر کہ جانکاہ اسعد این + ہر سو کہ سوار او دست بدخواہ است این +

رہوار تجمل زتندی سکسک او ست + وریدراہی چہ نیک خوش رہیست این

سُکت۔ ایک قسم کی مرکب خوشبو کا نام ہی۔

سِک۔ بکسر اول و تخفیف کاف سرکہ جو ایک مشہور چیز ہی۔

سَگ۔ ایک قوم ترک کا نام ہی۔

سُگ۔ کتّا جو مشہور چارپایہ ہی عربی مین اسکو کلب کہتے ہین سہ

سگ دربار میران شو چو خواہی قرب ربانی ÷ کہ بر شیران شرف وارد سگ درگاہ جیلانی ÷

سگال۔ خیال و اندیشہ۔

سُکون۔ آرام چین تسلی اطمینان میر معزی شب چو کشتی بود و مہرش لنگر و ملاح ماہ ÷ گفتی آن کشتی سکون از جنبش لنگر گرفت۔

سُکان جمع ساکن باشندگان رہنے والے اور دنبالہ کشتی کا۔

سکنجبین۔ معرب سکنگبین جو سرکہ و انگبین کے الفاظ سے مرکب ہی مولانا اکبر لاہوری۔ کلام سنتے ہی اپنے دلکا تمام جاتا رہیگا صفرا + کہ میٹھی باتونکی ساتھ اسکے ترش مزاجی سکنجبین ہی +

سِکّین۔ بکسر سین و کاف مشدد مکسور کارد یعنی چھری۔

سکاہن۔ یہ ایک سیاہ رنگ ہوتا ہی جو سرکہ اور لوہی سے بنایا جاتا ہی اور کپڑے اس سے رنگے جاتے ہین

سَکَن۔ بفتحتین انس و الفت اور وہ چیز جو اپنے آرام کا باعث ہو جیسے عورت و فرزند وغیرہ۔

سَکن۔ بفتح سین و سکون کاف وہ لوگ جو گھر مین سکونت رکھتے ہون +

سکیزان۔ دولتی گھوڑے گدھے وغیرہ کی۔

سگ پستان۔ یہ پھل لسوڑے کے درخت کا ہی جسکو سپستان کہتے ہین دوا مین مستعمل ہی۔

سِگو یہ ایک آلہ چوبی کا نام ہی جو پنجہ کی صورت پر بنایا جاتا ہی اور زمیندار اُسکے ذریعہ سے غلہ بھوسی سے الگ کر لیتے ہین او چھاج جس سے غلہ صاف کرتے ہین۔

سگلاو۔ ایک جانور کا نام ہی جسکی صورت کُتّے سے ملتی ہی اکثر پانی مین رہتا ہی بیدستر بھی اُسکا نام ہی اور اُسکا خصیہ جسکو جند بیدستر کہتے ہین اکثر امراض کی دوا مین مستعمل ہی۔

سگلاچہ۔ ایک بیماری کا نام ہی جس سے آدمی نیند مین ڈرتا ہی عربی مین اسکو کابوس کہتے ہین۔

سَکَنَہ۔ بفتحات جمع ساکن باشندگان۔

سکینہ۔ بضم اول آرام و آسایش و آہستگی اور نام دختر نیک اختر امام حسین علیہ السلام

سِکّہ۔ کوچہ و محلہ و بازار و رستہ اور وہ لوہے کا سانچہ جسپر چاندی سونے کے روپیہ واشرفی پر ضرب لگاتے ہین۔ نظامی نخستین کس او شد کہ زو بنہاد ÷ بروم اندرون سکہ زر نہاد۔ میر خسرو خطبہ را از نام تو تا آسمان آوازہ خاست سکہ میخواستی در ملک نبشانی نشست ÷ نظامی کہ بے سکہ را چہ یارا بود + کہ ہمسکہ نام دارا بود +

سَکتَہ۔ ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان بیہوش و بیحس و بیحرکت ہو جاتا ہی مردہ و زندہ پہچانا نہین جاتا حکیم انور لاہوری ورسکوت و سکتہ بیمار مت گرفتار بلا ست ÷ ای مسیحا کو در ینحالت دم جان بخش تو

سِکیزہ۔ جست مارنا کودنا لیٹنا لکد مارنا۔

سُکُرَّہ۔ اُسکرہ بضمتین و رائے مشدد مفتوح چھوٹا گلی کا سبو پانی پینے کا

سکافرہ مضراب جس سے ساز بجاتے ہین۔

سکالہ فضلہ سگ کُتّے کا گوہ۔

سُکرکہ۔ ایک قسم کی شراب کا نام ہی جو غلہ جو و چانولون و ارزن سے بناتے ہین ماوراء النہر مین اسکا استعمال بہت ہی۔

سَکَسَنوِیہ۔ ایک بوٹی کا نام ہی جسکو دل آشوب کہتے ہین پنج انگشت بھی اسکا نام ہی اور عربی مین ذو خمسہ اصابع استسقا کا یہ علاج ہی جس عورت پر شہوت غلبہ کرے اسکا دھوان اُسکو دین فی الفور فرد ہو جاوے۔

سکوینہ۔ ایک قسم کی گھاس ہی جسکو سکبنیہ کہتے ہین دوا مین مستعمل ہی۔

سکزی۔ نام اس پہاڑ کا جہان رستم پیدا ہوا۔ اور نام ایک زبان کا منجملہ ہفت زبان فارسی کے۔

سگائی۔ نسبت ناتہ یعنی منسوب کرنا عورت کا مرد کے ساتھ قبل از نکاح یہ لفظ ہندی ہی اور فارسی مین بمعنی سگ گاے یعنے کتے کا کتیا کے ساتھ جفت ہونا امیر خسرو و دو دل گر یک شود خویشی ہمان سعت ÷ وگرنہ نسبت دینا سگائی ست۔

سگلی۔ کشتی کے ایک داؤ کا نام ہی درویش والہ ہروی تمرب تو بچہرۂ عزازیل ÷ بنہاد تبرک سجدۂ نیل + یا ور سگلیش لعن بنہاد بر خاستنش ز پا ور افتاد ÷

سین با لام

سُلّا۔ بضم اول و تشدید لام کھجور کا کانٹا۔

سُلا۔ بضم اول و تخفیف لام نام ایک مطرب کا جو گانے مین نظیر نہین رکھتا تھا۔

سلوا سلوی۔ یہ وہ جانور ہی جو موسیٰ کی قوم بنی اسرائیل کو بیچ جنگل مین خوراک کے واسطے غیب سے ملتے تھے مرغ آسمانی بھی اسکو کہتے ہین فارسی مین اسکا پودنہ نام ہی ہندی مین ٹبیرہ عیسیا نرا مائدہ از آسمان موسیا نرا من وسلوی میدہی ٭

سلما سلمی۔ نام ایک معشوقہ کا جو عرب مین رہتی تھی در ہر ایک خوبصورت معشوق

سلب بفتح اول وسکون ثانی نیست ونابود کردینا۔

سلب بفتحتین نیست ونابود کیا گیا۔ اور حیوان کا چمڑا۔ اور سخت لباس مثل جوشن وخفتان جو جنگ کے موقع پر پہنتے ہین اور ماتمی سیاہ لباس اور مطلق جامہ اور لباس ہاتفی سلب ہاے زرین قباہای زر ٭ ہمہ گنج یاقوت ولعل وگہر ٭

سلاب۔ ماتمی کپڑا اور لباس ٭

سلحفات۔ باخہ یعنی کچھوا جو ایک آبی جانور مشہور ہی۔

سلاست۔ نرم ہونا آسان ہونا ہموار رہونا۔ اور وہ عبارت جسمین مشکل وبعید الفہم الفاظ نہون۔

سلامیات بیخ ناخن وناخنون کی جڑین اور انگلیون کی ہڈیان۔

سلطنت۔ درازدستی دراززبانی قہر وغلبہ وحکومت وبادشاہت مولف نہ تحکام ملک ومملکت را ٭ نہ امید بقاے این سلطنت را۔

سلت غلہ جو جو مشہور غلہ ہی۔

سلوت۔ بروزن رحمت آرام وخوشی وتسلی واطمینان۔

سلالات۔ جمع سلالہ بہت سے خلاصہ۔

سلامت۔ بے خوف بے گزند بے آزار رہونا بے عیب ہونا سعدی بدریا در منافع بیشمار است ٭ اگر خواہی سلامت برکنار است جمال الدین سلمان نسیم سلمہ اللہ اگرچہ بود سقیم ٭ بمن رسید ومن خستہ را سلامت داد ٭

سلاجبت۔ یہ ایک پتھر کا نام ہی جس سے بدبو پیشاب کی سی آتی ہی۔

سلنج۔ وہ شخص جسکے ہونٹھ پھٹے ہوے ہون دونون یا ایک ہونٹھ شق ہوا

سلاح جنگ کے ہتھیار تلوار خنجر تیر وکمان برچھی بندوق وغیرہ مولف ابیدل جہاد بر سر میدان نفس وشیطان کردہ ٭ زصبر وشکر وریاضت بہ بست بر کہ سلاح

سلیح۔ امالہ سلاح کا۔

سلاخ۔ چمڑا اُتارنے والا یعنی قصاب جو مذبوح جانورون کا پوست اُتارتا ہی سیفی ہر چند می کشد بت سلاخ زندہ ام ٭ این ست دوستان سخن پوست کندہ ام۔

سلخ چمڑا اتارنا اور وہ دن جو چاند کا آخری دن ہو اور اسی روز شام کو ہلال کے نمودار کی امید ہو۔

سلغر سلجوق شاہ بادشاہ فارس کے باپ کا نام تھا۔

سلور۔ یہ ایک قسم کی مچھلی رود نیل مین ہوتی ہی عربی مین اسکو جری کہتے ہین۔

سلیس۔ روان اور ہموار بے نشیب فراز اور نام ایک متخلخل پتھر کا۔

سلش سلیش زندی زبان مین بد اور زبون مقابل نیک اور خوب کے۔

سلف بفتحتین گذرا ہوا وقت اور زمانہ اور اگلے لوگ جو مرچکے ہون۔

سلف بکسر اول وسکون ثانی اپنی عورت کی بہن کا شوہر جسکو ہندی مین سانڈو اور فارسی مین ہمزلف بولتے ہین

سلف بضم اول دری زبان مین وہ کھانسی جو بسبب خارش گلو کے آتی ہو۔

سلاحف جمع سلحفات بہت سے کچھوے جو دریائی جانور مشہور ہین۔

سلاف۔ انگور کا شیرہ جو بغیر نچوڑنے کے اُس سے نکلے۔

سلق۔ بکسر اول چقندر جو ایک مشہور ترکاری ہی اس کے پانی کو اگر شراب مین ملائین تو سرکہ بنجاتا ہی اور اگر سرکہ مین ڈالین تو سرکہ شراب بنجاتا ہی۔

سلجوق سلجوقی بادشاہون کے مورث اعلی کا نام ہی اور ان بادشاہون سے پہلا باشاہ طغرل بیگ بن میکائیل بن سلجوق ہوا تھا۔

سلاق۔ آنکھون کی بیماری کا نام ہی جس سے پلکین سرخ وغلیظ ہوجاتی ہین۔

سلمک موسیقی کی چھ آوازون سے ایک آواز کا نام ہی اور وہ چھ آوازین یہ ہین۔ شہناز۔ گردانیہ۔ گوشت۔ ملیشہ۔ نوروز۔ سلمک۔

سلک۔ وہ رشتہ جس مین موتی پردئے ہوے ہون۔

سلاک۔ چاندی سونے کا ٹکڑا۔

سلیک۔ بمعنی منسلک یعنی ایک چیز دوسری چیز مین داخل کی ہوئی جیسے کہ موتی تاگے مین پروئے ہوئے۔

سلوک بضمتین راستہ اور راستہ پر چلنا مقامات طریقت کو طی کرنا۔ نیکی ونیک روی اختیار کرنا مولف رفتہ رفتہ خود بمنزل میرسد ٭ پا نہد سالک چو در راہ سلوک ٭

سلک بفتح اول وسکون دوم ناودان یعنی پرنالہ اور پانی کا بدررو جسکا پانی بلندی سے پستی کو گرتا ہی۔

سل کھینچنا تلوار اور خنجر اور چھری وغیرہ کا اور کاٹنا رگ کا۔

سل۔ بکسر اول جو چیز باہر نکالی جاسے۔ اور نطفہ اور نام ایک مہلک بیماری کا اور گھاس اور لکڑی کا پولہ جسپر چڑھ کر لوگ دریا سے اترجاتے ہین اور ایک قسم کا چھوٹا نیزہ جسکو سیل کہتے ہین۔

سلاسل۔ لوہے کی زنجیرین سلسلہ کی جمع ہی۔

سلسال۔ پانی صفا اور میٹھا اور خوشگوار سعدی

روینتہ مارو نہرہا سلسال دو حتہ بجمع طیرہا موزون +

سلسبیل۔ بروزن زنجبیل نام ایک چشمہ کا جو بہشت مین جاری ہی اور ہر ایک چیز نرم و خوشگوار۔

سلسیل۔ فرزند اور بچہ۔

سلقل۔ ترکی مین دست چپ یعنی بایان ہاتھ چنانچہ سل کے معنی چپ اور قل کے معنی ہاتھ۔

سلامان۔ آبسال۔ نام عاشق و معشوق کا اور نام ایک کتاب کا جسمین انکا قصہ لکھا ہی۔

سلس البول۔ ایک بیماریکا نام ہی جس سے بیمار کا بول بے اختیار جاری رہتا ہی

سلالم۔ خیبر کے قلعون مین سے ایک قلعہ کا نام ہی۔

سلام۔ عربی مین گردن رکھنا سر جھکانا بے عیب ہونا اور ایک نام خدا ے جل شانہ کے اسامی گرامی سے اور فارسی مین سو ہزار کی تعداد جسکو لکھ کہتے ہین حافظ از نثار مژہ چون زلف تو در زر گیرم + قاصدی کز تو سلامی برساند برما + ولہ درست کہ دلدار پیامی نفرستاد + ننوشت کلامی و سلامے نفرستاد +

سلیم۔ درست۔ صاحب سلامت پورا نرم دل نرم مزاج سادہ لوح مؤلف۔ حق سلامت وارش از ہر بلا + ہر کہ باشد صاحب طبع سلیم +

سلم۔ بفتح اول و سکون نام فریدون کے بڑے بیٹے کا نام تھا اور تختی لڑکون کے مشق کرنے کی۔

سلم۔ بفتحتین نام ایک درخت کا اور ایک قسم بیع کا جو قیمت مال کی جنس کے تیار ہونے سے پہلے دیجا دے۔

سلم۔ بضم اول و تشدید لام نردبان لکڑی کا لکڑی کی پوڑی مؤلف قرب گتی خواہی اگر در زہد کوش + زانکہ زہدت سلم ست این بام را +

سلم۔ بکسر اول و سکون لام صلح و آشتی۔

سلجم۔ یعنی شلغم۔ جو ایک مشہور ترکاری ہی۔

سلطان۔ صاحب سلطنت و فرمان فرماے الی ملک۔ توحید تو سلطانی تو رحمانی تو منانی تو سبحانی + خبرگیر غریبانی چہ در سر اچہ ضرا +

سلمان۔ ایک شاعر کا نام ہی جسکو سلمان ساوجی کہتے تھے اور نام ایک اصحاب کا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو خدمات شایان بجالاے سلمان فارسی ان کو کہتے تھے۔

سلاطین۔ جمع سلطان بہت سے بادشاہ ظہیر الدین عطار صائنی کار طین سلاطین میکند + نجم را رجم شیاطین میکند۔

سلجن۔ دری زبان مین بیحیائی و بیشرمی کی باتین درشت باتین۔

سلدانیون۔ ایک درخت کا نام [illegible] پھول سرخ اور تخم کشنیز کیطرح ہوتا ہی پتی اور تخم دونون دافع زہر مار و عقرب ہین۔

سلینون۔ یونانی مین ایک بوٹی کا نام ہی جو خندقون اور تالابون مین پیدا ہوتی ہی عربی مین اسکو کرفس الماء و قرة العین کہتے ہین۔

سلو۔ بالفتح و بضمتین و تشدید واو خوش ہونا زائل ہونا اندوہ کا فراموش ہونا۔

سلسلہ۔ لوہے چاندی سونے کی زنجیرین اور نام ایک کتاب کا نسل و اولاد و قرابت اور ترتیب اسامی پیران کبار جس سے وہ سلسلہ شروع ہوا ہو اسوقت تک میرزا صائب دیوانہ ز سنگ ملامت متاب روے۔ بازیچہ نیست سلسلہ بر پا گذاشتن۔

سلالہ۔ خلاصہ اور انتخاب اور نطفہ اور وہ چیز جو کسی چیز سے نکالی جائے۔

سلیقہ۔ سرشت و طبیعت و طرز و طریق ذوقی ز پیران طریقت طریقہ آموزند + ز سالکان مسالک سلیقہ آموزند +

سلفہ۔ گذرا ہوا اور گذری ہوئی۔

سلفہ۔ ناشتا شکن کھانا۔

سلہ۔ پٹارہ جس مین میوہ رکھتے ہین۔ اور جس مین سانپ کو مارگیر رکھتے ہین۔

سلیطہ۔ زبان دراز عورت اور حاضر جواب۔

سلاحی۔ سپاہی سلاح دار ہتھیار پہنے ہوے میر خسرو بارگہت راست ہنگام بار + مہر سلاحی د فلک پردہ دار +

سلاخی۔ پوست کندن یعنی چمڑا اکھاڑنا۔

سلیمانی۔ ایک قسم کا پتھر ہی جسکی تسبیحین بناتے ہین۔

سین با میم

سما۔ آسمان یہ لفظ سمو سے ماخوذ ہی جسکے معنی بلندی کے ہین توحید ایکہ در ہر ابتدائی ابتدا را ابتدا + در مقام انتہا ہر انتہا را انتہا + خاک افسانراچہ بخشیدی شرف نام خدا + از زمین آشتی بروی غبارش بر سما + ذرہ را خورشید انور قطرہ را گوہر کنی + صاحب گنجینہ مفلس را گدا را بادشا + کردہ صورتگری بر آب در قعر شکم + مرحبا صد مرحبا صد مرحبا صد مرحبا +

سمیرا۔ مکہ معظمہ کے رستہ مین ایک گانون کا نام ہی۔

سمانا۔ سمانی۔ نام ایک مرغ کا ہی جسکو سلوی بھی کہتے ہین اور ہندی مین بیٹر

سماعت۔ شنیدن یعنی سننا صفدر فوقانی دہ دیکھے جسکی آنکھین

جلوۂ عرفان سے روشن ہون + سنے وہ جسکے گوش دل مین کچھ
تاب سماعت ہو۔
سماجت۔ زشتی زبونگی عیبناکی۔ خوشامد۔
سماحت۔ بجاے حطی جوانمردی سہل جاننا آسان تصور کرنا کسی مشکل
امر کو اور اغماض کرنا۔
سُمعت۔ بضم سین وسکون میم وفتح عین شنوانیدن سنوانا کسی بات
کا کسی کو ریا اور دکھلانے کے لیے مثلاً کوئی اپنے نیک عمل کو مشتہر کرے
تاکہ لوگ اسکو نیک کہین۔
سمرت۔ گندم گون ہونا گیہون کا رنگ ہونا۔
سمت۔ بفتح اول راہ راست در روش ونیکو وقصد وآہنگ وصورت وہیئت
سمت۔ بکسر سین وفتح میم داغ ونشان ونقش۔
سمات۔ بکسر اول نیک روش اور نیک صورتین اور طرفین۔
سماوات۔ سما کی جمع بہت سے آسمان۔
سموت۔ بہت سے داغ اور نشان۔
سَمِج۔ بفتح اول وکسر میم بد وناخوش وزشت۔
سمچ وسمچہ۔ تہخانہ جو برف سے بچنے اور گرمی سے محفوظ رہنے کیلیئے زمین کے
اندر بناتے ہین اور مویشی کو اس مین باندھتے ہین۔
سماح۔ اخیر مین حاے حطی جوانمردی کرنا بخشش کرنا۔
سماخ۔ اخیر مین خاے تخذ سوراخ کان کا۔
سمرقند۔ معرب سمرکند مشہور شہر ہی۔
سمید۔ سفید میدہ کی روٹی۔
سمراد۔ خیال وفکر ووہم۔
سمند۔ تیر پیکان دار اور گھوڑا جو رنگت مین زردی مائل ہو نعمت خانعالی
ہر کجا کہ تو جولان دہی سمند آنجا + بجای گرد شود بوی گل بلند آنجا +
سمور۔ نام ایک جانور کا ہی جو روباہ سے صورت مین مشابہت
رکھتا ہی اور چمڑا اسکا سرخ سیاہی وتیرگی مائل ہوتا ہی اور بال نہایت
نرم وگرم۔ پوستین اسکے پوست کی قیمتی ہوتی ہی فریدالدین عطار
آن یکی پوشیدہ سنجاب وسمور + دیگری خفتہ برہنہ بر تنور +
سمنار۔ نام ایک معمار کا جسنے بحکم نعمان بن منذر بادشاہ بہرام گور
کے واسطے قصر خورنق بنوایا جب تمام ہو چکا نعمان نے معمار کو قصر
کی بلندی سے گرا دیا تاکہ مرجائے اور دوسری جگہ ایسا قصر نہ
بنائے چنانچہ وہ مرگیا۔
سمکار۔ نام ایک شہر کا ہی بدخشان مین۔

سمندر۔ بفتحتین نام ایک جانور کا ہی بقدر چوہے کے جو آتشکدہ مین پیدا
ہوتا ہی جب آگ سے باہر نکلتا ہی مرجاتا ہی بعض کہتے ہین ایک جانور
پردار ہی جو آگ مین نہین جلتا بعض کہتے ہین کہ ہزار برس کی آگ مین بعض کہتے
ہین کہ سو برس کی آگ مین وہ پیدا ہوتا ہی۔
سمر۔ افسانہ اور وہ بات جو سب کو معلوم ہو سعدی گر زرد رعیت زیادگر +
کند نام زشتش بگیتی سمر۔
سم الفار۔ ایک کانی زہر کا نام ہی ہندی مین اسکو سنکھیا کہتے
ہین چونکہ چوہا اس کے کھانے سے بہت جلد مرجاتا ہی سم الفار اسکا نام
رکھا گیا یعنی چوہے کا زہر۔
سمسار۔ عربی مین دلال کو کہتے ہین جو بایع اور مشتری کے درمیان
آکر سودا کرادیتا ہی محمد سعید اشرف۔ بغرض تفاریق اشعار خود +
شوم کارفرمای سمسار خود +
سمند اسلار۔ یہ ایک جانور سکندر رومی کے وقت ظاہر ہوا
اسکی نظر جس ذی جان پر پڑتی فوراً مرجاتا سکندر کی فوج کے بہت لوگ
مارے گئے آخر ارسطو سے اسکے اندفاع کی تدبیر پوچھی گئی اسنے
کہا کہ اسکے روبرو آئینہ رکھا چاہیے تاکہ اپنی نظر کی تاثیر سے خود مرجاے
پس ایسا ہی کیا گیا اور وہ موذی جانور ہلاک ہوا عنایت نقشبند
علاج ذات شومت شومی ذاتت کند آری + سمند اسلار را عکس
سمند اسلار مے باید۔
سمینر۔ ژندی زبان مین نیک دعا جو کسیکے حق مین مانگی جائے۔
سماریس۔ ایک قسم کی مچھلی ہی جسکو عرب والے سردین کہتے ہین۔
سمت الراس جو چیز اپنے سر کے مقابل ہو یعنی سر پر ہو۔
سمط۔ وہ تاگا جو موتیون پرویا ہوا ہو سموط اسکی جمع ہی۔
سم الخیاط۔ سوئی کا سوراخ۔
سِماط۔ صف دسترخوان سفرہ قطار سعدی بدینار سے از لیشت
راندم نشاط + بدیگر شکم را کشیدم سماط +
سماع۔ جو بات سننے مین آئے اور اس سے کوئی لذت اور مطلب
حاصل ہو۔ سرود راگ گانا سعدی بگویم سماع اے برادر کہ چیست +
اگر مستمع را بدانم کہ کیست +
سمع۔ بفتح اول کان سے سننا۔ اور سننے کی طاقت جو قدرت نے
کانون مین رکھی ہی۔
سمع۔ بکسر اول بچہ گرگ یعنی بھیڑیے کا بچہ۔
سماروغ وہ اگنے والی چیز جو برسات کی موسم مین زمین سے

انڈے کی طرح سپید اور گول طولانی صورت پر نکلتی ہی پنجابی زبان مین اسکو کھنب کہتے ہین اور لوگ اسکو پکا کر کھاتے ہین۔

سمسق۔ ریحان کی قسم سے ہی۔ مرزنگوش اور مرزنجوش اور گوش موش بھی اس کو کہتے ہین سبز اور خوشبودار ہوتا ہی اور پھول برنگ کبود پتی اس کی جو ہے کے کانون کی طرح ہوتی اس واسطے اس کو گوش موش بولتے ہین۔

سماق۔ بضم اول و تشدید میم ایک ترش ذایقی میوہ کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

سماق۔ ایک قسم کے پتھر کا نام ہی جو نرم اور سپید ہوتا ہی۔

سماک۔ بکسر اول نام ایک ستارہ کا جو چودھوین منزل منازل قمر سے ہی

سمک۔ بفتح سین و سکون میم گھر کی چھت اور مقدار اونچائی ہر چیز کی اور بلند کرنا۔ اونچا کرنا۔

سمک۔ بفتحتین ماہی یعنی مچھلی جو زیر زمین ہی مؤلف پر دباج محبت چو عاشق مولی + بہ نیم لحظہ رسد از سمک باوج سماک۔

سماروک۔ پہاڑی مین کبوتر جسکو عربی مین حمام کہتے ہین۔

سمک۔ بفتح اول و ضم ثانی بے عقل و بے ہنر

سمناک۔ ضروری خرچ

سمندوک۔ سمندر جانور جو آگ مین پیدا ہوتا ہی

سموک۔ جمع سمک مچھلیان۔

سموم۔ گرم ہوا سمائم اسکی جمع ہی خلیفہ شاہ محمد از سموم غمم باغ وجود ہرگز این غنچۂ دلم نہ کشود +

سم۔ ہر ایک چارپایہ کا پاؤن اور آدمی کے پاؤن محمد زمان خان راسخ گھوڑے کی تعریف مین نسیم نافہ در گرد دم او + ہوا گلدستہ برق سم او +

سم۔ زہر جسکے کھانے سے انسان مرجائے اور سوئی کا سوراخ اور نام ایک پہلوان کا۔

سمیرم۔ یہ ایک سرزمین عراق اور فارس کی ہی ملخ کے مارنے کے لئے پانی وہان سے لاتے ہین جب پانی وہان سے لیتے ہین جبتک اپنی جگہ پر پہونچین پیچھے کو نہین دیکھتے اور نہ پانی کو زمین پر رکھتے ہین پس وہ پانی لیکر ان کھیتون پر جاتے ہین جہان مکڑی یعنی ٹیڑی کا دل ہوتا ہی اور زمین پر رکھ دیتے ہین اسیوقت غیب سے سیاہ رنگ پرندے پیدا ہوجاتے ہین اور ٹیڑیون کو مار ڈالتے ہین سام ابن ارم نے سب سے پہلے یہ ناحیہ دریافت کیا اسی نام سے مشہور ہوا کثرت استعمال سے سمیرم مشہور ہوگیا۔

سمسام۔ تلوار معرب اسکا صمصام ہی۔

سمسم۔ غلہ کنجد یعنی تل جسکا تیل بھی نکالتے ہین۔

سان۔ ستائیسوین تاریخ ہر مہینے شمسی کی۔

سمین۔ فربہ و پر گوشت اور وہ چیز جو چربی کیطرح سپید فربہ جانور کے گوشت مین پیدا ہوجاتی ہی ہندی مین اسکو رواج کہتے ہین۔

سمن۔ بفتح سین و سکون میم روغن گاو یعنی مادہ گاو کا گھی۔

سمن۔ بکسر اول و فتح ثانی فربہی یعنی موٹاپن +

سمن۔ بفتحتین ایک پھول کا نام ہی جسکو چنبیلی کہتے ہین اکثر سفید ہوتا ہی اور بعض زرد مائل بسرخی میر خسرو۔ لوح سمن را کہ ورق کردہ بانہ مہر خود رش داو بعنوان راز +

سمنون۔ یہ ایک قسم کے سیاہ دانے چنے سے چھوٹے ہوتے ہین خراسان مین اسکو نقل خواجہ کہتے ہین کھانا اسکا بدن کو موٹا کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی۔

سمنون۔ ایک درویش صاحب حال و ریاضت کش کا نام ہی۔

سمارو۔ کبوتر جو مشہور پرندہ ہی۔

سمو۔ ساگ پات سبزہ ترکاری۔

سمنو۔ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی جسکو آش رشتہ بھی کہتے ہین۔

سمو۔ بلندی۔ اونچائی۔

سمیط۔ سلک مروارید۔

سمہ۔ پوشیدہ و نہان۔

سمنہ۔ یہ ایک تخم میوہ کی قسم سے ہی جسکو ہندی مین چرونجی کہتے ہین۔

سمینہ۔ نام ایک کپڑے کا جو باریک و نازک ہوتا ہی۔

سماچہ و سماخچہ۔ عورتون کا سینہ بند جسکو انگیا کہتے ہین۔

سماکارہ۔ شرابخانہ کا سبوکش یعنی پانی بھرنے والا۔

سمانہ۔ ایک پرندے کا نام ہے کہ سلوی اور بٹیر کہتے ہین گرت اور بالارکھی اس کا نام ہی۔ اور گھر کی چھت اور بلندی اور نام ایک قصبہ کا ہند مین۔

سمیرہ۔ لکھا ہوا نقش کیا ہوا +

سماعیلی۔ یہ ایک ملحد فرقہ مشہور ہی ظہور اسکا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد ہوا۔ امام جعفر صادق کے بڑے بیٹے اسماعیل تھے اور چھوٹے موسی کاظم حضرت نے امامت چھوٹے بیٹے کو مرحمت کی اسپر اسماعیل کمال ناراض ہوکر باپ سے علاحدہ ہوگئے اور مصر کیطرف جاکر نیا فرقہ اسماعیلیہ قائم کیا جو آتش پرست مشہور تھے یعنی چہ لاموںکو

مانتے تھے اور اسماعیل کو خاتم الائمہ جانتے یہ لوگ اہل سنت اور فرقۂ اثنا عشریہ کے سخت دشمن تھے۔

سَمِی۔ وہ شخص جو کسی کا ھمنام ہو۔

سمنانی۔ جو شخص سمنان کا رہنے والا ہو۔ اور یہ شہر دامغان کے پاس ہی

سماری۔ کشتی و جہاز۔

سمانی۔ یہ ایک دریائی مرغ ہی جسکو عربی مین قتیل الرعد کہتے ہین رعد کی آواز جب اُسکے کان مین پہونچتی ہی مر جاتا ہی۔

سین با نون

سنا۔ وہ روشنی جو ضیا سے کمتر ہو اور نام ایک گھاس جسکا کھانا دست لاتا ہی عمدہ وہ ہی جو مکہ مین پیدا ہوتی ہی اور سنائی مشہور ہی۔

سنگھیا۔ وہ پتھر جس سے پائون کا میل اُتارتے ہین ہندی جھانوان مولانا اکبر لاہوری ہاتھ لگ جائین تو فوراً چوم لون پائون اس بت کے بشکل سنگپا + محمد سعید اشرف ہرگز ان گرد ہی حمامی جدا خواہد شدن + پایش از سنگ ندامت سنگپا خواہد شدن +

سنجاب۔ ایک جانور کا نام ہی جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین اور وہ چمڑا خاکستری رنگ ہوتا ہی فریدالدین عطار رح آن یکی پوشیدہ سنجاب و سمور + دیگری خفتہ برہنہ بر تنور +

سنبل الطیب۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام ہی جسکو ہندی مین بالچھڑ اور چڑغہ کہتے ہین سراج الشعرا صحبت اہل دل با طبع فقر من نساخت + سنبل الطیب پریشانی درین معجون نبود +

سنب۔ گھوڑون وغیرہ چارپایون کے سم یعنی پانون اور بڑا مکان جو کبھی جنگل یا پہاڑ مین بنا ہو مویشی کے رہنے کا احاطہ اور خانقاہ درویشون خدا پرستون کی۔

سنت۔ وہ عمل جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تام عمر کرتے رہے کبھی کبھی چھوڑ بھی دیا ہو مؤلف فرض حق مانند فرض ست ای پسر + ہست واجب سنت خیر البشر + کن ادا در زندگانی کن ادا + تا تو باشی سرخرو پیش خدا +

سنگ پشت۔ مشہور دریائی جانور جسکو ہندی مین کچھوا کہتے ہین۔

سنگ بست۔ پتھر کی بنی ہوئی عمارت نہایت مستحکم و مضبوط (نظامی)۔ دران خطہ بود آتش سنگ بست + کہ خواندے خرد سوز شش آتش پرست +

سنبات۔ دری زبان مین جو چیز آنکھ سے دیکھی جاے۔

سنبوت۔ یونانی زبان مین زیرہ جو مشہور تخم ہی اور عمدہ زیرہ کرمانی ہوتا ہی۔

سنج۔ ایک باجہ کا نام ہی جو نقارون و نفیرون کیساتھ بجایا جاتا ہی ہندی مین اسکو جھانجھ کہتے ہین اور وزن کرنیوالا تولنے والا نظامی ترازوی پولاد سنجان بپیل + ز کفہ بکفہ ہمیر اند سیل +

سنجخ۔ بفتح سین و سکون نون و فتح خاے و سکون جیم ضیق النفس تنگی دم جو ایک مشہور بیماری ہی

سنوح۔ پیدا ہونا کسی حادثہ کا۔

سنگلاخ۔ وہ زمین جس سے پتھر اور کنکر نکلین۔

سنخ۔ بفتح اول نمک جو کھانے مین ڈالا جاتا ہی اور چرک اور ریم جسکو عربی مین وسخ کہتے ہین۔

سِنخ۔ بکسر اول بیخ اور اصل اور مادہ ہر ایک چیز کا۔

سَنلخ۔ نیم تنہ جو ایک قسم کا جامہ پہننے کے لیے سیا جاتا ہی صدری اور فتوحی بھی اسکو کہتے ہین۔

سَنجد۔ نام ایک میوہ کا ہی جو عناب کیصورت پر ہوتا ہی بعض عناب ہی کو سنجد کہتے ہین محمد قلی سلیم۔ زروغن گشت خالی مغز کنجد + نماند در دہن دندان سنجد +

سند۔ بفتحتین جس چیز پر بھروسا اور تکیہ ہو اور اپنے دعوی کا استحکام اسکو تصور کیا جائے مؤلف۔ محمد جب کہ اس دنیا مین آئے + سند مہر نبوت ساتھ لائے۔

سِند۔ بکسر سین و سکون نون حرامزادہ و بدو شہدا اور معیوب قافیہ جو شعر مین ہو۔ اور نام ایک ملک کا ہندوستان مین اور نام ایک دریا کا جسکو اباسین اور اٹک بھی کہتے ہین خواجہ فریدالدین گنج شکر کے مناقب مین سے کان عرفان معدن جود و کرم گنج شکر + رہنماے ردم وروس و پیشواے ہند و سند +

سَنبر۔ بفتح سین و سکون نون سرگین آدمی کا گوہ جو غلیظ اور سطبر ہو۔

سناد۔ عیوب قافیہ سے ایک عیب کا نام ہی۔

سَندباد۔ نام ایک کتاب کا ہی جسکو حکیم ازرقی نے پند و نصائح مین تصنیف کیا اور نام گشتاسپ بادشاہ کے بیٹے کا۔

سنباد۔ طاقت فکر و خیال کی جو انسان مین ہی اور نام ایک مجوسی نیشاپوری کا جو باوجود عداوت دینی کے ابومسلم مرقدہی کے ساتھ محبت رکھتا تھا۔

سنود۔ فکر کرنا کسی ایسے کام مین جسکا کرنا نکرنا یکسان ہو۔

سَنجار۔ نام ایک شہر کا ہی جو موصل سے تین منزل پر واقع ہی اور نام ایک موضع کا جسمین سلطان سنجر پیدا ہوا تھا۔

سنجر۔ نام ایک بادشاہ عادل کا۔

سنگسار۔ ایک قسم کی سزا اور تعذیب کا نام ہی کہ مجرم کو کمر تک زمین مین دابکر پتھر مارتے ہین تا کہ وہ مرجائے صفدر فوقانی بت پرستی ترک کہنے کا نہین پتا نہو یہ نفس کافر سنگسار ہو؛

سنقر۔ نام ایک شکاری جانور کا ہی باز کیطرح۔ مگر ہندوستان مین بسبب زیادہ حرارت کے زندہ نہین رہ سکتا اور نام ایک ترک بادشاہ کا اور نام ایک غلام کا۔

سنگر۔ بکسر اول ترکی زبان مین نیزہ کو چک یعنی برچھی۔

سنگ زر۔ محک یعنی کسوٹی سونا پرکھنے کی۔

سنگار۔ ہندی لفظ ہی بمعنے آرایش فارسی مین اسکو ہرہفت کہتے ہین کہ اتمام عورت کی آرایش کا سات چیز پر ہی فرحت کیا جب نہا دھو کے اسنے سنگار + ستارے لگے ہھنے اسیہ نثار ؛

سنگر۔ جو دیوار وغیرہ حفاظت کی گرد لشکر اور قلعہ کے قائم کرین عالم مورچال سے محمد سعید اشرف آنرا کہ ہمیشہ کار سنگار بود + باسنگر افغان چہ تواند کرد ؛

سنار۔ بفتح اول شخص عاشق و گرفتار سا اور وہ پانی جو گہرا نہو کشتی اسمین چل نہ سکے۔

سنار۔ بضم اول بیٹے کی زوجہ جسکو فارسی مین زن پسر کہتے ہین۔

سندر۔ ایک گوند کا نام جو زرد رنگ کھربا کیطرح ہوتا ہی

سنشوز۔ خرطوم فیل ہاتھی کی سونڈ۔

سنگ احمر۔ ایک پتھر سرخ رنگ ہوتا ہی جسکا ایک دانگ کھانا زہر قاتل ہی۔ بعض کے نزدیک وہ سرخ الماس ہی۔

سنگار۔ بفتح اول رفیق رستہ کا اور ہمراہ جو سفر مین رنج و راحت کا سہیم ہو۔

سنکو۔ چمڑے یا لکڑی کا گول منکا جو سوت کاتنے کے وقت تکلے پر چڑھا لیتے ہین تا کہ کاتا ہوا سوت اُس پر جمع ہوتا جاے عربی مین اُسکو فلک کہتے ہین۔

سندس۔ ایک بیش قیمت کپڑے کا نام ہی جو بہشت مین بہشتیون کا لباس اُس سے بنایا جائیگا۔

سندروس۔ ایک زرد رنگ گوند کا نام ہی جسکو سندرس بھی کہتے ہین۔

سندگاش۔ رشک و حسد۔

سنجق۔ رومی زبان مین علم و نشان فوج اور کمر بند جو کمر پر باندھتے ہین سنجوتی بھی اُس کو کہتے ہین۔

سنبک۔ چھوٹی کشتی جو جہاز کیساتھ ہو۔

سنگک۔ وہ روٹی جو پتھر پر لگائی جائے محسن تاثیر پیش ست از تو در سر روزی سوای تو + سنگک بسینہ سنگ زند از برای تو ؛

سنگ پتھر ترجمہ حجر کا اور مقدار اور گرانی اور وزن و وقر و قیمت و قدر و عزت محمد قلی سلیم از خون پس از ہلاک رقم کن بسنگ من + کاین خون گرفتہ است شہید خدنگ من نظامی اگر کیمیا سنگ را زر کند ؛ نسیم من از خاک عنبر کند ؛

سنبل۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام ہی جسکو سنبل الطیب کہتے ہین میر محمد افضل ثابت دل ہر جائی من بستۂ زلف تو شود + گیسوی سنبل اگر سلسلہ پای صبا ست

سندل۔ چھوٹی کشتی اور پاپوش یعنی جوتی اور آدمی جو بے عقل اور بے قوت ہو۔

سنگول۔ وہ اسباب جو ضروری ہو۔

سنام۔ اونٹ کا کوہان۔

سنقم۔ ایک جانور تیز پرواز کا نام ہی اور ہندی مین ہمراہی اور رفیق۔

سن۔ دندان یعنی دانت و بمعنی سال و مقدار عمر نین اسکی جمع ہی شعر بافسوس کن یاد ہر روز و شب + بغفلت اگر بگذرد سن و سال + حافظ محتسب خم شکست و من سر او + سن بالسن والجروح قصاص

سن۔ ترکی مین بمعنی تو کلمہ خطاب ہی۔

سندن۔ بکسر اول ترکی مین ترجمہ حرف از جسکے معنی اُردو مین سے نکلتے ہین

سن سن۔ ترکی مین اسکے معنی تو ہی تو ہی۔

سن سن۔ حرام مغز جو بکری بھیڑ وغیرہ جانورون کی پشت سے نکلتا ہی۔

سننن۔ جمع سنت بہت سی سنتین۔

سنین۔ جمع سنہ بہت سے برس۔

سنون۔ وہ دوا جو دانتون پر ملی جاے ہندی مین اسکو منجن کہتے ہین۔

سنگزن۔ ترازو کی کم وزن۔

سنیاسیان۔ ایک فرقہ فقرای ہنود کا ہی یہ لفظ ہندی ہی۔

سنان۔ سر نیزہ کا سر عصا کا اور ہر ایک چیز کا سر ابو طالب کلیم جعفر ظلام تیغت لسان جوہر شد + سعد و ثمر شعلہ سنان تو باد + ناصر خسرو بپوش درع جفا و مکش سنان ستم + کہ تیر نالہ مظلوم کارگر باشد +

سندان۔ اہرن لوہے کا جسپر لوہار لوہا کوٹتے ہین مؤلف جو موم از کری الفتہ شود نرم + اگر باشد دلت مانند سندان +

سنگ انسو۔ سنگ مرمر جو مشہور پتھر ہی۔

سنبالو۔ ژندی زبان مین بوزنہ یعنی بندر اور ہندی مین نام ایک درخت کا ؛

سنجہ۔ ترازو کے بانٹ جس سے ہر چیز وزن کیجاتی ہی۔
سندہ۔ بفتح اول سرگین آدمی آدمی کا گوہ جو درشت اور غلیظ ہو۔
سنہ۔ بضمتین سال یعنی برس۔
سنہ۔ بکسر اول و فتح ثانی غنودگی و نیم خوابی۔
سنہ بضم اول و تشدید ثانی راہ و روشش و طرز و طریق و عادت و زن و پسر۔
سنہ۔ بکسر اول و تشدید ثانی ہر چیز کے دندانے۔
سنگچہ۔ ژالہ یعنی اولا جو بادل سے برستا ہی۔
سنبلہ۔ ایک خوشہ گیہون اور جو وغیرہ کا اور نام چھٹے برج آسمانی کا جسکی صورت ایک لڑکے کی ہی اور ہاتھ مین خوشہ ہی حکیم زلالی سنان سبنلہ برگشت افلاک + گریبانی لبالب از دل چاک +
سنیہ۔ روشن اور بلند۔
سنبہ۔ ایک لوہے کے آلہ کا نام ہی جس سے سوراخ کرتے ہین برما بھی اسکو کہتے ہین۔
سنجیدہ۔ تولا ہوا وزن کیا ہوا موزون مصرع و مضمون محسن تاثیر گر سخن گستر ندارد و قدر و مقداری چہ غم + وزن او ظاہر شود از معنی سنجیدہ اش +
سنباده۔ بفتح سین و دال مہملہ ایک پتھر ہی جسپر ہتھیار تیز کرتے ہین۔
سنسہ۔ انگور سیاہ اور زنبور سیاہ کو کہتے ہین۔
سنی۔ بفتح سین و کسر نون روشن اور چمکتا ہوا اور بہت بلند۔
سنی۔ پیرو سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم رباعی نہ سُنیم کہ کنند طعنہ رافضی احمق + نہ رافضی کہ کنند سُنیم گریبان شق + غلام حضرت عشقم دگر نمیدانم + کہ کیست بر سر باطل کدام بر سر حق +

سین با واو

سودا۔ سیاہ اور نام ایک خلط کا چار خلطون سے جو انسان کے جسم مین موجب اُسکے قیام و حیات کا ہین اور دیوانگی اور عشق اور خرید و فروخت عرفی من پریشان گوی سہو اندیش و سودا ہرزہ دوست + من بسودا مانم و مانند من سودا ی من + میرزا بیدل بر سرم پیچید آخر دود سودا ی کسی + ورنہ عمرم بود کاین دیوانہ بیدستار بود +
سوا۔ بکسر اول اُسکے معنی بغیر کے ہین حکیم انور لاہوری یا خدا مشکل کشا کوئی نہین تیرے سوا + ہمدم و حاجت روا کوئی نہین تیرے سوا
سَوَا۔ بفتح اول برابری اور برابر
سویدا۔ بضم اول سیاہ نقطہ جو دل پر ہی یہ لفظ تصغیر سودا کی ہی اور مؤنث اسود کے لفظ کی
سوق الثلاثا۔ شہر بغداد مین ایک سہ راہ بازار کا نام ہی جسمین منگل کے روز ہر ایک جنس کا بازار لگتا ہی اور بکثرت خرید و فروخت ہوتی ہی۔
سورنا۔ یہ ایک باجہ کا نام ہی جو شادیون مین بجایا جاتا ہی مخفف اسکا سرنا ہی طاہر وحید سورنا کی تعریف مین۔ چو شد روز جشن و زمان سرور جہانرا بفریاد خواند بسور +
سوبرا۔ ژندی زبان مین امید و امیدواری۔
سورا۔ ایک شہر کا نام ہی۔
سوفرا۔ قباد پدر نوشیروان کے وزیر کا نام ہی۔
سوغات۔ وہ تحفہ جو کسی دوست کے واسطے کسی دوسرے شہر سے لایا جاوے یہ لفظ ترکی ہی فارسی مین اس کو رہ آورد کہتے ہین سنجر کاشی بہتر از جان براے خواجہ متاعی بدرد دوست + کہ بسوغات نبر دست کسی زیرہ بکرمان۔
سورت۔ بفتح اول حدت و تندی و ظلم و ستم و خشم و غصہ و غضب و تیزی
سوت۔ بضم اول شرف و منزلت و بزرگی اور ایک حصہ قرآن مجید کا چنانچہ سورہ فاتحہ و سورۂ مزمل و اخلاص وغیرہ اور نام ایک شہر کا ہند مین دریاے شور کے کنارے پر۔
سویت۔ برابری اور اعتدال۔
سومنات۔ نام ایک بت اور بتخانہ کا گجرات دکن کے علاقہ مین تھا جسپر سلطان محمود غزنوی نے ۴۱۶ھ ہجری مین حملہ کیا بت کو توڑا بتخانہ کو خراب کیا اور مال کثیر اُٹھا کر غزنی لے گیا سومنات لفظ ہندی ہی اصل مین سوم ناتھ تھا جیسے اور عبادت گاہین ہندوون کی بیجناتھ و جگن ناتھ وغیرہ ہین اسکا نام سوم ناتھ تھا کیونکہ سوم چاند کو کہتے ہین اور ناتھ کے معنی خداوند و بزرگ کے ہین اس بتخانہ مین چاندگرہن یا چاندرات کے موقع پر پرستش کی جاتی ہوگی اہل فارس نے اخیر کا حرف ہاے ہوز گرا کر سومنات اسکو اپنے اشعار مین باندھا ہی سعدی بتی دیدم از عاج در سومنات + مرصع چو در جاہلیت منات +
سودت۔ سرداری و مہتری و پیشوائی۔
سوء المزاج۔ مرض بیماری مزاج کا بگاڑ ذوقی گر ترا سوء المزاج باطنی ست + چارہ اش جز از طبیب معنوی۔
سوبج۔ دری زبان مین کف دریا یعنی سمندر کی جھاگ جو سمندر کے کنارے پہاڑون اور پتھرون پر جم کر خشک ہو جاتی ہی اور نمک سے زیادہ سفید اور لطیف ہوتی ہی۔

سوانح - جمع سانحہ کی بہت سی کیفیتین اور رویداد استعمال سکا تسوحش حالات کے بیان مین کیا جاتا ہی۔
سوراخ - مشہور لفظ ہی جسکے معنی چھید ہین نظامی مگوانچہ دانا سے پیشینہ گفت * بیک در نشاید دو سوراخ سُفت مؤلف چرانہ مرہم صبر از غدای خود خواہی * کہ ہست بر دل ریشیت زحرص صد سوراخ *
سورخ - پیاز جسکو عربی مین بصل کہتے ہین -
سورخ - نام ایک شہر کا ہی -
سواد - رنگ کی سیاہی و شہر کے نواح و ملکہ و ذہن و مسودہ محمد سعید اشرف بالمک ہند نسبت ایران چہ میکنی * چون اعتبار اصل بنا شد سواد را صائب پہلو پیپات بدی میزندآن زلف * انیست سوادی کہ باصلست مطابق
سود - عربی ہین جمع اسود کی جسکے معنی سیاہ کے ہین اور فارسی مین فائدہ و نفع جو تجارت مین ہو اور ربو جسکو ہند مین بیاج کہتے ہین مرزا طاہر وحید با عیش نقد فکر انجام بہترست * زان قرض سود بوسۂ انعام بہترست نظامی سکندر کہ او نیکنامی نمود * بدان نام نیکی بسی کرد سود *
سوگند - قسم اور حلف مشہور لفظ ہی فغانی کاری نشد از پیش تبرک می وساقی * پیمانہ بیار ید کہ سوگند شکستیم *
سود - بفتح اول ... سبد یعنی ٹوکرا اور جھابہ جسمین سبزی فروش سبزی اور میوہ فروش میوہ بیچتے ہین - اور باریک لکڑی سے بنایا جاتا ہی -
سوسیند - ایک گھاس کا نام ہی جسکو دودھیا کہتے ہین اُس کو نچوڑین تو دودھ نکلتا ہی -
سو ... مار - مشہور جانور ہی جسکو گوہ اور سگوہ ہندی مین کہتے ہین *
سوار - سوار ... وہ شخص کسی پر چڑھ کر چلے پیادہ نہو گھوڑے پر سوار ہو یا گدھے خچر کشتی وغیرہ پر ہندی مین اسکو اسوار بھی کہدیتے ہین خسرو تیرہ رسیدہ کا مشب بریار خواہی آمد * سر من فدای راہی کہ سوار خواہی مد * صائب از سقف پست خطرناکست سربلندان را * گر پیادہ شود ہمت سوارہ من *
سوداگر - سودا و ... رجسکا لین دین جاری ہو تجارت کا کام کرتا ہو صفدر فوقانی دست از سودا سے دنیا باز دار * نیست سود تو دین سوداگری *
سوفار - سوفارہ - دہان تیر یعنی تیر کا منہ اور سوئی کا سوراخ محمود درست نیاید بازای محمود * دردل من نشست تا سوفار خسرو تیر گرش گشت چو سوفارہ سازم گشتن ز ... نقش سر سوفارہ باز *
سور - غیاث اللغات مین اسکے چند معانی لکھتے ہین اول جشن جو عروسی کے موقع پر کیا جاسے دوسرا سرخ رنگ چنانچہ سرخ پھول کو گل سوری کہتے ہین تیسرے خاکستری رنگ سیاہی مائل گھوڑے اور گدھے اور اونکا

چوتھے قلعہ کی دیوار و شہر پناہ - پانچوین بیم خوردہ و پس خوردہ یعنی جھوٹا چھٹے قرآن شریف کی سورت - ساتوین نام ایک فغانی قوم کا -
سورۂ نور - قرآن کی سورتون سے ایک سورت کا نام ہی -
سوبر - قسم جمادات یعنی پتھر کے اقسام -
سوسبار - ژندی زبان مین گھوڑا جس کو فارسی مین اسپ اور عربی مین فرس کہتے ہین -
سوز - حرارت گرمی جلن مؤلف شود از آتش دل سینہ بریان جگر میسوز د از آہ جگر سوز *
سوس - مخفف سوسمار جس جانور کا ذکر تحریر ہو چکا ہی اس جانور کی چربی اگر انسان کھائے تو جلد فربہ ہو جاتا ہی چربی کی مالش بھی موٹا کرتی ہی - اور نام ایک کرم کا جو ریشمی کپڑون کو لگ جاتا ہی اور بہت جلد ضائع کر دیتا ہی اور نام ایک گھاس کا اور نام اُس کرم کا جو گیہون و شالی وغیرہ اناج مین پیدا ہو کر اسکو کھا جاتا ہی اور نام ایک درخت کا جسکی جڑ ملیٹھی ہی اور اسی لحاظ سے ملیٹھی کو اصل السوس کہتے ہین -
سوریوس - نمرود کا فر کا یہ اصلی نام تھا اُسکا ایک بیٹا تھا اُسپر اسقدر غالب ہوا کہ باپ کو پکڑ کر آختہ کر دیا تاکہ سواے اُسکے اور کوئی وارث تخت و تاج کا پیدا نہو -
سولیس - غفلت و بے خبری و نادانی -
سونش - وہ بُرادہ جو سوہان کرنے کے وقت لوہے وغیرہ سے گرتا ہی -
سورۂ اخلاص - قرآن شریف کی سورتون مین سے ایک سورت کا نام ہی یعنی قل ہو اللہ احد مؤلف صاحب اخلاص ہین جو لوگ اور سینہ صفا * ورد رکھتے ہین ہمیشہ سورۂ اخلاص کا
سوط - تازیانہ - اور تازیانہ مارنا -
سُواع - ایک بت کا نام ہی جسکو نوح علیہ السلام کی قوم پوجتی تھی -
سواطع - جمع ساطع بلند اور روشن -
سوغ - جواز درو انگی و گوارائی -
سوء دماغ - دماغ کا بگاڑ اور بیماری -
سوالف - گذری ہوئی باتین -
سوف - حکمت کا علم او فیلسوف صاحب حکمت -
سوالق - گذرے ہوئے لوگ -
سوق - بفتح اول چلنا اور روان ہونا -
سوق - بضم اول بازار اور جمع ساق بہت سی پنڈلیان -
سویق - پست یعنی ستو جو جو اور گیہون کے بنا کر کھاتے ہین -

سواک - نرم رفتار فارسی اور عربی مین تیرے سوا سے بغیر-

سوگ - ماتم جو کسی کی مرگ پر کیا جاے حافظ بزیر زلف دوتا چون گذر
کنی بینی ؛ کاز یمین ویسارت چه سوگوارانند +

سوداتمک - دونون لفظ ترکی ہین ایک کے معنی پانی دوسرے کے معنی روٹی-

سوکک - یہ ایک آفت گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی ہند مین
اسکو کروی کہتے ہین-

سوزاک - یہ ایک بیماری ہی جس سے سوزش پیشاب مین ہوتی ہی مجراے
بول سے ریم اور خون آتا ہی-

سوسک - یہ ایک پرندہ کبک سے چھوٹا ہوتا ہی مگر شکل اُس سے ملتی ہی

سوک - خار جو گیہون اور جو کے خوشون کے سر پر ہوتے ہین اور آدمی
جسکی ڈاڑھی کے بہت تھوڑے بال ہون

سونانک - وہ آواز جو بحالت خواب ناک یا حلق سے نکلتی ہی-

سواحل - جمع ساحل دریا کے کنارے-

سئول - بروزن فعول وہ آدمی جسکو سوال کرنے کی عادت ہو-

سوال - مانگنا چاہنا کسی چیز کا کسی سے سعدی سوال کردم و
گفتم جمال روی ترا ؛ چه شد که مورچه برگرد ماه خوشیده است + جواب
داد ندانم چه بود رویم را + مگر بماتم حسنم سیاه پوشیده است +

سول - رنگ خاکستری سیاہی مائل اور ناودان یعنی پرنالہ اور بدررو
پانی کا اور بیماری تولنج کی +

سوم - بفتح اول گران بیچنا خواری اور رنج کھینچنا گھاس چرنا چارپایہ کا

سوم - بکسر اول وضم ثانی ثالث کا ترجمہ تیسرا عدد مین-

سُوتام - قدری قلیل تھوڑا ناقص کوچک اور اندک

سواکن - جمع ساکنہ رہنے والے لوگ-

سون - نام ایک رود کا ہی

سوسن - یہ ایک پھول چار قسم کا ہوتا ہی ایک سفید جسکو آزادہ کہتے ہین
دوزبان رکھتا ہی دوسرا کبود جسکو ازرق کہتے ہین تیسرا زرد جسکا نام
خطائی ہی چوتھے آسمان گون وہ مرکب زرد اور کبود اور سپید سے ہی حافظ
ای صبا بندگی خواجہ جلال الدین کن + کہ جہان پر سمن و سوسن آزاد کنی +

سورن - بار ای مہملہ حملہ کے وقت لشکریون کو باواز بلند جمع کرنا تکبیر کہکر
بلانا یہ لفظ ترکی ہی - عبداللہ ہاتفی زہر دو طرف سورن انداختند +
ہنر برانہ بریکدگر تاختند +

سوزن - سوئی جس سے کپڑا وغیرہ سیا جاتا ہی ملا مفید بلخی دیدہ تا جوش
سر شکم شدہ خاموش از بیم + زدہ مژگان تہ رم برلب دریا سوزن +

سوہان مشہور اوزار ہی ہند مین اسکو ریتی کہتے ہین میرزا مغر فطرت چشم توبہ
حلقۂ زنجیر سوہان میزند ؛ ہیچو مجنون گر کنم ہنگامۂ برپا خوش ست +

سورنجان - ایک دوا کا نام ہی جسکی تشریح ادویات کی فصل مین تحریر ہوگئی +

سورمیان بضم اول و واو معروف و زای موقوف سرمایہ و نفع و سود و تحفہ +

سودان - سیاہ رنگ آدمی اور نام ایک ملک کا-

سودائیان - سوداگر لوگ-

سوران - ایک مرغ کا نام ہی جسکو سار بھی کہتے ہین مرغ ملخ خوار بھی اسکا نام ہی

سوفطیون - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین خصیتہ الثعلب کہتے ہین

سولان - نام ایک دوا کا ہی جو روم سے لاتے ہین اور نام ایک پہاڑ
کا آذربائجان مین اردبیل کے پاس اور اس پہاڑ پر مردان خداپرست
معتکف رہتے ہین-

سوین - وہ برتن جسمین کتا پانی پیے-

سوختہ - جلی ہوئی روئی یا لتہ جسپر چقماق سے آگ جھاڑتے ہین عربی
مین اُسکو حراق کہتے ہین سعدی در سوختہ نہان نتوان داشتن آتش +
ما نیز بگفتیم و حکایت بدر افتاد +

سو - فارسی مین طرف اور ترکی مین پانی و شراب اور عربی مین بہ زیادتی
ہمزہ بدی برائی و غم و اندوہ و تشویش و تغیر مزاج شعر بہ بستان مینماید چہ بوہ
گلرو ؛ بہر سمت و بہر جانب بہر سو ؛ شناسد عندلیب آن گلبدن را +
درین بستان سر رنگ و بہر بو +

سوزہ - قبا کا تکمہ اور کپڑے کی بغلین جو قبا مین لگائی جاتی ہین اور بیربہ-

سوسہ - وہ کرم جو گیہون مین پڑجاتا ہی-

سوچہ - خشتک یا بغلک کپڑے کی

سودابہ - کیکاؤس کی زوجہ کا نام ہی-

سوزمہ - جغرات اور کھٹا دہی اور پنیر جو جغرات سے بناتے ہین-

سوکہ - سوراخ قبل یا دبر کا اور پستان ہین-

سومہ - حد و انتہا ہر چیز کی-

سولیسہ - قوس قزح جو کمان ابر مین نمودار ہوتی ہی-

سوسنی - نیلا رنگ گھوڑے کا ہو یا کسی اور چیز کا-

سوری - ایک سرخ رنگ پھول کا نام ہی-

سوانی - آبکش اونٹ-

سواقی - جمع ساقیہ چھوٹی نہرین-

سوفطائی - یہ فرقہ حکماے مذہب باطلہ سے ہین جو نفی حقائق کرتے ہین.
ایک اُن مین عنادیہ ہین جو قائل بحقائق اشیا نہین ہین اور کہتے ہین کہ

ایک وہم وخیال ہی دوسرے عندیہ منکر ثبوت اشیا اور تابع اپنے اعتقادات کے ہین تیسرا فرقہ لاادری ہی جو ثبوت اور نفی دونون کے قائل نہین-

سوقی- بازاری دکاندار منسوب بسوق-

سواری- سوار ہونا گھوڑے یا اونٹ یا پالکی یا کشتی وغیرہ پر **نعمت خان عالی** سوار پالکی می گفت باآہ + بغیر خانہ بر دوشم درین راہ-

سوچی- ترکی مین شراب فروش سو کے معنی شراب اور چی علامت فاعل ہی چنانچہ خزانچی وباورچی وغیرہ-

سودائی- دیوانہ مجنون خبطی **عبدالغنی غنی**- سودائی عشقت طمع سود ندارد + اندیشۂ بود وغم نابود ندارد +

سوزنی- ایک قسم کے فرش کا نام ہی جس مین سوئی کا کام نہایت لطافت سے کیا جاتا ہی **محمد سعید اشرف**- در زیر پا زخار رہم فرش سوزنی + بر فرق چتر ابر بہر طیلسان برف +

سین با ہای ہوز

سُہا- ایک باریک ستارہ کا نام ہی جو نبات النعش کے تین ستارون مین سے دوسرے ستارہ کے ساتھ ہی **مؤلف** کجاست قطرۂ ناچیز و گوہر نایاب + کجا سُہا و کجا آفتاب عالمتاب +

سُہراب- رستم کے بیٹے کا نام ہی جو باپ کے ہاتھ بحالت ناوانستگی قتل ہوا **توحید** چراست آدمی از بہر زیست در تب و تاب + کہ ہست قالب خاکی حباب بر سرآب + زدار دہر بیک لحظہ رخت بربستند + سران لشکر و نام آوران نیک خطاب + نہ جاہ ومال سکندر نہ ملک دارا ماند + نہ زور بازوے رستم نہ طاقت سُہراب + نماند دولت وحشمت نماند لشکر و فوج + نماند مجمع اعدا نہ مجلس احباب + نہاد گردن تسلیم پیش تیغ اجل + امیر و والی اقلیم و حاکم و نواب + چو در دیار خموشان رسید شد خاموش + نداد باز باہل سوال ہیچ جواب +

سُہولت- آسان ہونا سہل ہونا **صفدر فوقانی** نہ دے تکلیف اپنے آپ کو دنیا کے کامون مین + چلائے کام اپنا بس سہولت جس طرح سے ہو-

سَہیت- ژندی زبان مین عمارت و مکان-

سُہاد- بیخوابی جو ایک بیماری ہی-

سُہَر- بفتحتین بیداری و بیخوابی-

سُہر- بضم اول نام بیماریکا جس سے بیمار کو نیند نہین آتی-

سِہر- بکسر اول ماوہ گاو یعنی گاے جو مشہور چارپایہ ہی-

سُہیل- مشہور ستارہ ہی- **نظامی** سہیلے بملک عرب تافتہ +

ادیم یمن رنگ از و یافتہ +

سہل- جو کام مشکل نہو بہت آسان **میر خسرو** نگیرد سہل ہرگز صاحب بخت + غم دشمن خصوصًا دشمن سخت-

سَہم- بالفتح عربی مین تیر جو کمان سے چلایا جاتا ہی اور حصہ و بہرہ اور فارسی مین بیم و خوف **فردوسی**- مرا سہم دادے کہ دریای نیل + تنست را بسایم چو دریاے نیل-

سَہّام- بفتح اول وتشدید ثانی تیرانداز اور تیرگر-

سِہام- بکسر اول وتخفیف ثانی بہت سے حصے اور بہت سے تیر جمع سہم

سُہام- بضم اول وتخفیف ثانی تاریکی وتغیر چہرہ ولاغری وضعیفی-

سَہام- بفتح اول وتخفیف ثانی شدت وحرارت گرمی کی اور زائچہ جو بقاعدۂ علم نجوم نکالا جاے **شاعر** کواکب قوی حال وانظار نیک + سہائم دلائل بیکبار نیک +

سہیم- شریک وحصہ دار جو کسی چیز مین ہو **صفدر فوقانی** خداوند عالم رحیم وکریم + کہ اندر خدائی ندارد سہیم +

سہو- بھول جانا فراموش کرنا **درویش والا ہروی** بچشم غیر سویم دیدہ چشم من بسوی او نگراد دردوستیہا کردہ سہوی من خطا کردم +

ستہ- تین عربی مین ثلاث **مولف** از سہ چیز ست آدمی را اقتدار + خلق نیک وطبع نیک ونیک کار-

سُہروردیہ- یہ خاندان اولیاے کبار کا مشہور ومعروف ہی- امام جسکے حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین تھے- اور سہرورد ایک قصبہ کا نام ہی عراق عجم مین جسمین وہ سکونت رکھتے تھے اس سلسلہ مین ہزارون ولی کامل مثل شیخ بہاؤالدین ملتانی وسید جلال الدین مخدوم جہانیان وغیرہ ہوئے ہین-

سِہرہ- ہندی لفظ ہی جو موتیون یا مقیش یا پھولونکا بنا کر دولھا کے منھ پر بوقت شادی کے باندھتے ہین **امتیاز خان خالص** ماہ من از حیا رخش بسکہ بآب تاب شد + سہرہ چو بست عارضش پنجۂ آفتاب شد +

سہیلہ- ایک قسم کے خیمہ کا نام ہی-

سہی- سیدھا جس مین کج نہو یہ لفظ سرو کی تعریف مین مستعمل ہی اور بمناسبت سرو کے قد کی تعریف مین استعمال کیا جاتا ہی چنانچہ سہی بالا و سہی قامت وسہی قد-

سین با یاے

سیمیا- علم طلسم جس سے اپنی روح کا انتقال دوسرے شخص کے جسم مین جو خالی روح سے ہو کر لیتے ہین اور اپنے جسم کو چھوڑ دیتے ہین اور ہر شکل مین جو چاہین ظاہر ہو سکتے ہین اور وہ موتین

دکھلا سکتے ہین جسکا وجود وجود مین نہین آیا سے کیمیا و لیمیا و سیمیا +
این نباشد جز بذات اولیا +
سینا - بکسر اوّل شیخ ابو علی کے دادے کا نام ہی جو مشہور حکیم ہی -
سَینا - ایک پہاڑ کا نام ہی جسکو طور سینا کہتے ہین اور موسیٰ
علیہ السلام اُسپر جا کر خدا سے ہمکلام ہوتے تھے سے کجا موسیٰ کجا
نور الٰہی + منور در میان کوہ سینا +
سِیما - نشان اور علامت جس سے کوئی پہچانا جائے نیک
نشان ہو یا بد اور وہ نشان جو کثرت سجود سے نمازیون کی پیشانی پر
ظاہر ہوتے ہین اور پیشانی یعنی ماتھا سعدی ہر کہ سیماے استان
دارد + سر خدمت بر آستان دارد +
سِیَا - مخفف سیاہ یعنی کالا سے شو وملک ویران اگر بادشا +
ندارد تمیز سپید و سیا +
سیماب - زیبق یعنی پارا جو مشہور دھات ہی مؤلف بفکر سیم و زر
انسان خاکی + چرا مضطر بود مانند سیماب +
سیلاب - پانی کا بہاؤ اور چڑھاؤ حافظ دور از رخ او دمبدم از
چشمہ چشم + سیلاب سرشک آمد و طوفان بلا رفت +
سیراب - سرسبز و تر و تازہ و آبدار صائب بر لب ساغر از ان
بوسہ سیراب زنند + کہ نیارو سخن از مجلس مستان بیرون -
سیب - مشہور میوہ ہی جسکو عربی مین تفاح کہتے ہین سے ذقن
گوئی مدور بلکہ سیبے + ربودہ از دل عاشق شکیبے + بنخل نوجوانی
سیب پستان + فزودہ رنگ و بوی سنبلستان + مفرح نار پستانش
جہان را + دواے دردِ دل صفراییان را +
سیہ تاب - ایک رنگ کا نام جو سیاہ اور بنفشجی ہوتا ہی -
سِیَاب - پہلوی مین زندگی و حیات اور وہ حباب جو پانی برسنے
کے وقت پانی پر نمودار ہوتے ہین -
سِیاقت - روان کرنا جاری کرنا -
سَیّئات - بروزن طیبات بہت سے گناہ او قصور اور بدیان -
سیاست - حکومت کرنا نگہبانی کرنا قہر کرنا ہیبت دکھلانا ڈرانا
دھمکانا ابو الفرج رونی فلک سیاست او بستہ بر شہور و سنین +
زمانہ طاعت او بستہ بر قلوب و رقاب + نظامی سیاست کند
چون شو کینہ ور + بہ بخشاید آنگہ کہ یابد ظفر +
سیادت - سید ہونا - سردار ہونا بزرگ ہونا نعتیہ از مؤلف نبی
کے مرتبہ سے دو جہان مین بڑھ گیا رتبہ + کلامت کا شرافت کا نجابت کا سیادت کا +

سِیاحت - سیر کرنا اور چلنا زمین پر -
سِیرت - عادت خو طرز و طریق خصلت طینت توحید نہ این دولت
رود با تو نہ حشمت + بجز رنج و پشیمانی و حسرت + بانگ انقلاب ہر مانند +
نہ این شکل و نہ این صورت نہ سیرت + نہ فقر و فاقہ و افلاس مانند +
نہ جاہ و دولت و ملک و حکومت +
سیاح - سیر کرنیوالا بانون چلنے والا - مؤلف رود بمنزل خود باز
بعد سیر و سفر + کہ آمدست براے سیاحت این سیاح +
سیخ - وہ سیخ جسپر کباب بھونتے ہین فارسی مین اسکو باب زان بھی کہتے ہین
سعدی بہ نیم بیضہ کہ سلطان ستم روا دارد + زنند لشکریانش ہزار مرغ بسیخ +
سیمتاخ - بخیل و ممسک و کنجوس -
سیمرغ - خدا سے کچھ مانگنا - دعا و زاری کرنا -
سیّد - پیشوا و مہتر و سردار - ولقب حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ
وسلم سے سید ہر دو جہان بر تو ہزاران صلوات + والی کون و
مکان بر تو ہزاران صلوات +
سِید - بکسر اول ویاے معروف گرگ یعنی بھیڑیا جو مشہور درندہ ہی -
سینہ بند - پٹی جو گھوڑون کے سینہ پر باندھی جاتی ہی اور عورتون کی
انگیا جو پستانون پر باندھتی ہین طغرا دلدل کی تعریف مین کشد سینہ
بندش از ان در بغل + کہ لاغر میان ست و فربہ کفل حکیم حاذق گیلانی
زضعف نفس ہزیمت چو یافتی در رزم + تراز خود و زرہ سینہ بند معجر بہ +
سیغود - تواضع و تکریم و عجز و انکسار -
سیمناد - قرآن شریف کی سورتین مثل سورہ فاتحہ و اخلاص وغیرہ -
سیغور - ایک قسم کے ریشمی کپڑے لطیف سیاہ رنگ کا نام ہی -
سیسنبر - ایک گھاس کا نام ہی جو پودینہ کیطرح خوشبودار ہوتی ہی
معرب سیسنبل -
سِیَر - بکسر اول و فتح ثانی خصلتین اور عادتین سیرت کی جمع ہی و
علم تواریخ و بیان احوال گذشتگان -
سیغر - خار پشت جو مشہور جانور ہی تیر انداز بھی اسکو کہتے ہین -
سیر - بکسر اول ویاے مجہول پیٹ بھرا ہوا بیزار اور رنجیدہ -
سیر - بکسر اول و یای معروف لہسن جو مشہور چیز ہی -
سَیر - بفتح اول وسکون ثانی پھرنا چلنا اور رفتار صائب عمر با صاحب
بشہر عقل بودم کوچہ بند + مدتی ہم با غزالان سیر صحرا میزنم میر نجابت
بی گل رو تیوای باغ و بہار + سیر دار و گریۂ رنگین ما +
سیز - بکسر سین ویای مجہول آخر زای منقوط تیز مقابل کند کے تیز تلوار و خنجر وغیرہ -

سپوس - اسپغول جو مشہور تخم ہی۔

سپیس - گھوڑا تیز و تند و چالاک ہندی مین سُر آدمی کا۔

سیسالیوس - بربانی زبان مین وہ سبزہ جسکو حلتیت کہتے ہین۔

سیوس - نام ایک درخت کا یونانی مین ہی۔

سیاوشس - جوانمرد و خوبصورت و عیاش اور نام پسر کیکاؤس فرمان فرمائے نیمروز کا جسکے حسن و جمال پر مسمات سوداوہ اُسکے باپ کی عورت کہ سوائے اُسکی مان کے تھی عاشق ہوگئی اُسنے اُسکی درخواست کو نامنظور کیا تو عورت نے جھوٹا بہتان اُسپر قائم کیا عورت کے کہنے پر بادشاہ نے رنجیدہ ہوکر اُسکو اپنے علاقہ سے نکال دیا۔ سیاوش افراسیاب کے پاس جو اُسکے باپ کا مخالف تھا چلا گیا افراسیاب نے اپنی لڑکی اُسکے نکاح مین دی اور بڑی عزت کے ساتھ اپنے پاس رکھا مگر چند سال کے بعد دوسرے داماد کے اغوا پر افراسیاب اُس سے ناراض ہوگیا اور سیاوش کو ناحق قتل کردیا

سیہ گوش - نام ایک درندہ کا جو کتے سے چھوٹا اور بلی سے بڑا گلابی رنگ مائل بسیاہی ہی دونون کان سیاہ ہین سریع الحرکت اور تیز رفتار ہی جب شیر چلتا ہی تو وہ شیر کے آگے آگے ہوتا ہی اور چیختا ہوا چلا جاتا ہی تاکہ اُسکی آواز اور جانور سنین اور بھاگ جائین شیر کے حملہ سے سلامت رہین سیاوخش اور سیافش بھی اسی کے نام ہین

سیاط - جمع سوط بہت سے تازیانے۔

سیاع - کہگل جو دیوار اور چھت کو کیجاتی ہی

سیمرغ - یہ بڑا مرغ کوہ قاف مین رہتا ہی سعدی چنان پہن خوان کرم گسترد + کہ سیمرغ در قاف روزی خورد +

سیغ - بہت اچھا بہت عجائب نہایت عمدہ۔

سیف - شمشیر یعنی تلوار مؤلف نگہ شمشیر بران زلف زنجیر + وہ مژگان تیر ابرو سیف مسلول +

سیوف - جمع سیف بہت سی تلوارین۔

سیاف - تلوار یا بہادر پہلوان۔ توحید نہ بد ماند نہ نیک اندر زمانہ + نہ باشد زندہ اجلاف و نہ اشراف ÷ بکم زوری اجل را جان سپارد + بہادر پہلوان و مرد سیّاف +

سیراف - دریائے فارس کے کنارے ایک شہر آباد تھا۔

سیشف - ایک بڑے درخت کا نام ہی جسکو سیسو بھی کہتے ہین۔

سیاق - چلانا جاری کرنا اور علم حساب کا چونکہ حساب کے وقت قلم اور زبان دونون جاری ہوتے ہین اسواسطے اسکا نام سیاق رکھا گیا۔

سیک - ترکی مین آلت تناسل مردان۔

سیامک - کیومرث کے بیٹے کا نام ہی۔

سیکنک - آہستہ اور صبح سے سادو شنیہ رفتم نیم شب در کوچۂ نان سیکنک + نزمک نہادم پائے را رفتم با ایوان سیکنک + لب را نہادم بر لبش ناگہ بدندان کندمش + در خشم شد آن نازنین گفت ای مسلمان سیکنک ÷

سیسرک - وہ کیڑا جو گیہون مین پیدا ہوکر اُسکو تلف کردیتا ہی۔

سیل - دریا کا بہاؤ اور چڑھاؤ میر خسرو خزینہ چنان زد بہر سوے سیل + کہ مفلس بردن نمیکرد میل۔

سیول - جمع سیل بہت سے بہاؤ پانی کے۔

سیال - رقیق اور بہ جانے والی چیز جیسے پانی اور دودھ وغیرہ۔

سیورغال - مدد معاش روزینہ تنخواہ جاگیر و انعام وغیرہ۔

سیخول - خارپشت جسکو تیرانداز کہتے ہین۔

سیکل - زرد ہوجانا زراعت کا بسبب کسی آفت کے۔

سیم - بیائے مجہول وہ پانی دریا کا جو کشتی مین آجاتا ہی اور ملاح اُس پانی کو کشتی سے نکالتا رہتا ہی۔

سیم - بیائے معروف چاندی نقرہ ملا شانی تکلو مہر فلک از قبۂ زرین تو عکسے + صبح دودم از پردۂ درگاہ تو سیمی۔

سیام - بکسر اول نام کوہ نزدیک سمرقند۔

سیوم - ثالث تیسرا۔

سیلان - جاری ہونا پانی و خون وغیرہ کا اور نام ایک جزیرے کا جسمین یاقوت پیدا ہوتا ہی نورالدین ظہوری یاقوت سرشک بیدلان را + تخت جگر نگار سیلان۔

سیران - سیر کرنا اور چلنا۔

سیحون - اندجان و سمرقند مین ایک دریا ہی

سیوشان - ہرات کے پاس ایک بستی ہی درویش والہ ہروی در مدح خواجہ سلطان احمد شیخزادہ سیوشانی۔ از بہر سکون جملہ و طانش چون جان شدہ در تن سیوشان ÷

سیان - عشق پیچہ کی بیل جسکو لبلاب بھی کہتے ہین۔

سیاوشان - ایک لکڑی کا نام ہی جسکو بقم کہتے ہین اور اُسکا رنگ بذریعہ جوش کے نکالکر کپڑے رنگتے ہین۔

سیحان - نام ایک دریا کا ہی ماوراء النہر مین جو خجند کے پاس بہتا ہی اور مولد کمال خجندی کا وہی خجند ہی۔

سیرمان - یاقوت سرخ اور قسم حریر جو نازک اور منقش ہی -

سیرون - وہ موسم جب سردیون کا خاتمہ اور گرمیون کی آمد ہو -

سیسارون - سیاہ دانہ یعنی کلونجی کی لکڑی -

سیسیان - یونانی مین ایک گھاس کا نام ہی جس کو فارسی مین پنج انگشت اور عربی مین دو خمسہ اصابع اور حب الفقد بولتے ہین استسقا کی دوا ہی -

سیستان - مشہور ولایت ہی جسکو نیمروز بھی کہتے ہین اور رستم اسی ولایت مین پیدا ہوا تھا فردوسی ؎ کردہ ام رستم داستان دگر نہ یلی بود در سیستان +

سیسنبرون - ایک بوٹی ہی جو پانی مین پیدا ہوتی ہی فارسی مین اسکو کرفس آب اور عربی مین حرف الماء کہتے ہین

سی لحن - یہ ایک کتاب باربد نے خسرو پرویز کیواسطے علم راگ مین لکھی تھی اور تیس پردے سرود کے اسمین بیان کئے شیخ نظامی گنجوی نے کتاب خسرو شیرین مین ان تیسون کی تفصیل نظم مین بیان کی ہی

سین - نام حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اور نام شہر جو چین مین ہی اور ایک حرف ہی حروف تہجی سے -

سیسرو - وہ کیڑا جو گیہون کے انبار مین پیدا ہو کر اُسکو کھا جاتا ہی اور وہ کرم جو لکڑی کو کھا جاتا ہی ہندی مین اُسکو گھن کہتے ہین -

سیو - میوہ سیب جسکو عربی مین تفاح کہتے ہین -

سیئہ - بُرائی گناہ تقصیر صغیرہ -

سیبہ - ترکی مین وہ خندق جو دشمن کیساتھ جنگ کرنے کیلیے کھودی جاے -

سیاہہ - درج ہو جانا کسی رقم کا حساب مین -

سیہ جردہ - سیہ رنگ -

سیارہ - قافلہ کاروان اور وہ ستارہ آسمانی جو اپنی حرکت کیساتھ متحرک ہو اور وہ سات ہین قمر عطارد زہرہ شمس مریخ مشتری زحل -

سیاہ مسیہ - کالا اور مست اور کثرت اور حبشی غلام اور اسفندیار کے گھوڑے کا نام اور نام جو تھے خط کا جام جم سے اور شوم اور نحس اور ایک قسم درخت بید کا اور چور رہزن شرف ؎ سفردہ سر زلفت بہ یغما برد دلہا + سیاہ مست ترکتازی از کہ آموخت +

سیفہ - جلد سازون کے ایک آوزار کا نام ہی جس سے کتاب کے حاشیہ کو کاٹ کر درست و ہموار کر دیتے ہین محسن تاثیر ؎ تی کہ کرد مہر از لم گل رویش ؛ کتاب ماہ کند سیفہ تیغ ابرویش +

سینہ - چھاتی عربی مین اسکو صدر کہتے ہین نظامی ؎ رخ سادہ و غبغب آدہ یختہ + میان لاغر و سینہ انگیختہ + رباعی از مولف صفا کن غبار کدورت زسینہ ؛ کہ باقی نماند دراو بغض و کینہ ؛ بکن کندہ بر لوح دل نام مولیٰ + کہ زان نام روشن شود این نگینہ -

سیجغنہ - ایک جانور ہی جسکو صعوہ بھی کہتے ہین اور تیار و مُہیّا -

سیرہ - ایک پرندہ خوش آواز چڑیا کی قسم سے ہی -

سیلانہ - میوہ عناب -

سیلہ - گلہ گھوڑون اور بکریون وغیرہ جانورون چارپائون کا -

سیپارہ - قرآن شریف کا تیسوان حصہ

سیزدہ - تیرہ عدد ہین -

سیاہی - کالاپن مقابل سپیدی کے مولف ؎ دل خود را بآب دیدہ کن پاک + سیاہی دور کن از نامۂ خویش +

سیری - سیر کرنیوالا دیکھنے بنانیوالا محمد سعید اشرف ؎ تا سحر سیری مہتاب جمالش بودم + جامۂ صبر کتان بود نمیدانستم -

سیفی - پہلے شعرا مین سے چند شعرا کا تخلص سیفی تھا ایک سیفی نیشاپوری شاگرد فرید کاتب کا جو مداح علاؤالدین تگش خان بادشاہ خوارزم تھا دوسرے امیر حاجی سیف الدین سیفی امیر تیمور کے دربار کے امراؤن مین سے گذرا ہی - اشعار ترکی و فارسی کہتا تھا تیسرے سیفی بخاری جو تھے یادگار بیگ سیفی نامی شاعر گذرے ہین اور بہادر پہلوان تلوریا +

سیلی - مکا جو اپنے ہاتھ سے کسی کو مارا جاے سالک قزوینی ؎ باغ کی تعریف مین - شاخش بکہ بسدرہ سر کشیدہ سیلی برخ قمر کشیدہ +

سینی - بر وزن چینی طبق مسی ہو یا برنجی اور وہ لگن جس مین شمع قائم ہو محمد سعید اشرف ؎ بکف سینی غلامان بناموس ؛ ز جام قہوہ پر چون چتر طاؤس -

سی - ترکی مین ترجمہ او کا یعنی وہ اور فارسی مین تلفظ ۳۰ مشہور عدد ہی قطعہ از مولف ؎ بدل گر خواہش اسلام داری + مسلمانی اگر اہی بہرہ اندوز ؛ بجوان ہر روز فرض پنجگانہ ؛ ادا کن روزہ در یکسال سی روز ؛

سیکی - وہ شراب جو بعد جوش دینے کے تین پاؤ سے ایک پاؤ رہجائے

سیزکی - سختی و درد و رنج و آزار و بیماری و مفلسی و تنگدستی -

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان

سین با الف

سامنا - مقابلہ جو کسی کے ساتھ کیا جاوے حکیم محمد انور لاہوری

آلکڑا ہو سر پہ جب پیک اجل + کون کر سکتا ہی اُسکا سامنا +
سانچا - قالب جسمین کوئی چیز ڈھالی جاے شعر نرالا کیا تو بن آجکل اُسنے نکالا ہی + کمرنازک ہی قد موزون بدن سانچے مین ڈھالا ہی
ساہا - تاریخ شادی کی جو ازروے زائچہ نجوم کے مقرر کی گئی ہو -
سارا - تمام بالکل پورا پورا نعتیہ از مولف محمد کی مدح ویتا ہی ساری محمد کا وصاف عالم ہی سارا +
سالا - خسرپورا - زوجہ کا بھائی -
سانولا - وہ معشوق جو سبزہ رنگ ہو -
سالنا - نان خورش لازمہ روٹی کیساتھ کھانے کے لیئے
ساندا - وہ رسّی جو گاے اور بھینس دوہنے کیوقت اُسکی لاتون مین باندھ دیتے ہین تاکہ دولتی نہ مارے -
سانسا - فکر اندیشہ تحیر و تفکر -
سانپ - مشہور موذی جانور ہی جسکی ہزارون قسم ہین فارسی مین اُسکو مار کہتے ہین عربی مین افعی وغیرہ بہت سے اُسکے نام ہین سه دونون ابرو دو لون زلفین چار موذی ہین بہم + ایک جوڑا کھچون کا ایک جوڑا سانپ کا -
سات - مشہور عدد ہی فارسی مین اسکو ہفت عربی مین سبع کہتے ہین مولف دیکھنا یہ بھی گذر جائین نہ غفلت مین کہین + جتنے باقی ہین تمھاری عمر کے دن پانچ سات
سانٹ - آمیزش کرنا فریب دھوکا -
سانچ - سچ راستی صدق بے لگاؤ بات نظیر نظیر یار کو غم اپنا کیون نہین کہتا + سنا نہین ہی یہ تو نے کہ سانچ کو کیا آنچ
سانڈ - وہ نرگاؤ یا بھینسا یا گھوڑا وغیرہ جانور جو اجراے نسل مویشی کے لیئے پالا جاے اور وہ بیل جو ہنود اپنے بزرگون کے نام پر آزاد چھوڑ دیتے ہین اور وہ شتر بے مہار کی طرح پھرا کرتے ہین -
سار - قدر گن رتبہ درجہ -
سودا خانہ - تجارت کا مقام - **خواجہ آصفی** - مصر دل را کاروان غم سودا خانہ یافت + کز بتان ہر ساعت آنجا یوسفی در بار رفت +

سودا زدہ - سودائی - دیوانہ مجنون خبطی - **میر خسرو** خندہ گوئی کہ بنظر مونش کن دو را خسرو + آخر او از دل سودا زدہ چون خواہد رفت +

سودہ - مشہور لفظ ہے جیسے کہ سودۂ الماس و سودۂ آہن و سودۂ صندل وغیرہ - ہند مین اسکو برادہ کہتے ہین **شفیع اثر** بدرگہ ہا رحمت دنیا نساز و خاکسار + برخیز و سودۂ آہن تعظیم صبا -

سوزندہ - جلانے والا - آتشی - سوزان **صائب** مرا با آتش سوزندہ زخم مے آید + کہ زندگانی خود صرف ترا ز خالی کرد +

سوزن زدہ - سیا ہوا سوئی سے سوراخ کیا ہوا - **صائب** صفحہ آئینہ را کاغذ سوزن زدہ کرد + تا جہرا سینہ ہمہ بر در ح کند مژگانش -

سین با ہای ہوز

سہی بالا - سیدھے قد والا معشوق **حافظ** چو بہا بستہ ام از دیدہ بدامن کہ مگر + بر کنارم بنشانند سہی بالائے -

سہی قامت - معشوق کی تعریف مین بولتے ہین **فوقی** دلم بر دو دلدار

در طلعتی چگلی لاله رو سهی قامتے +

سهو العقد۔ وہ سہو جو شمار مین واقع ہو۔

سهو الفکر۔ وہ سہو جو سوچ مین واقع ہو۔

سهمناک۔ سہمگین جس چیز سے خوف آئے نظامی زرسے کا وسے راکند سهمناک ؛ چہ در صلب آتش چہ در نافِ خاک ؛

سہ اسپہ پوشیدن۔ تین گھوڑدوں نے کسی موقع پر جلد و شتاب پہونچنا ملا آگہی۔ ور خواستت سہ اسپہ پوشیم ؛ بچراغ دولت ہمی جو بیم ؛

سہ بسہ نشستن۔ ایک دوسرے کے مقابل بیٹھنا۔ رو برو بیٹھنا۔ شیخ اوحدی مین دو دلدار و مطرب سه باہم ؛ چار مین چاوشی کہ بر در بود ؛

سہ بسہ پُر کردن۔ تین کو تین سے بھرنا نظامی۔ یکی از زر دو دیگر از لعل پُر + سہ دیگر زیاقوت و چارم ز دُر +

سہ تاسہ۔ سہ گانہ۔ تین پیالے شراب کے جو علی الصباح پیتے ہین حکیم نزاری۔ مجبانہ دوائی کردہ خواہم ؛ حکیمانہ سہ تائی خوردہ خواہم ؛ دلہ غلام ہمت آنم کہ چون نزاری مست پس از دوگانہ واجب سہ گانہ برگرد ؛

سین با یاے

سیماب پا۔ جس شخص کو ایک جگہ پر قرار نہو قطعہ از مؤلف در جہان اندر تلاش سیم و زر + اینچنین در تاب و تب ہستی چرا ؛ بیقرار و مضطرب مانی مدام ؛ صورت سیماب ای سیماب پا +

سیم سحاب۔ بادل کی چاندی بارش کے قطرے ابو طالب کلیم قطعہ۔ تا سیم سحاب ناشمردہ + در دامن ضبط روزگار ست ؛ در عہدہ حفظ ایزدی باد + ذاتت کہ عطای بیشمار ست ؛

سیم ناب۔ خالص چاندی عمدہ چاندی مؤلف عارضش مہ پارہ و یا قوت لب ؛ گوہرش دندان و ساعد سیم ناب ؛

سینہ تاب۔ جو چیز سینہ کو گرم کرے صائب چو آب خضر سیہ پوش شد محیط سراب ؛ بسکہ سوخت درین دشت سینہ تاب نفس +

سیہ تاب۔ ایک نقش کہ لوہے پر کرتے ہین اس طرح پر کہ لوہے کو لیمون کے عرق سے تر کر کے آگ پر رکھتے ہین اور وہ نیلگون ہو جاتا ہی ابو طالب کلیم نیلگون شد فلک از تیرگی اختر ما + کرد آئینہ سیہ تاب ز خاکستر ما +

سیصد۔ تین سو۔ مگر محاورے مین بے تعداد کے موقع پر

سیصد بولتے ہین میر معزی نگار قند لب کو را بود دو زلف سیصد چین + چنو یک بت نہ بیند کس بچین و قندہار اندر +

سیاست گر۔ سیاستی۔ سفاک خونریز بیرحم۔ جلاد سخت گیر حاکم حسین ثنائی گردون سیاستی و تعصب انتصاب تو ؛ جور زمانہ ستم آسمان خوش ست + میر خسرو دیدہ ونہا سے چون سر بلند یا فتہ ز آشوب کنا جنبے زنند ؛ تیغ بر آور دہ سیاستگری ؛ تا بہر آسیب رسا ندسری +

سیاہ پیر۔ پرانا اور بوڑھا غلام قدیم ملازم۔ مرزا صائب با خوی سرکش او آتش سخن غیر پرست + با خط تازہ لو لیکان سیاہ پیر ست

سیاہ سر سیاہ سار۔ ہنگ یعنی آدمی جسکا چہرہ کالا ہوتا ہی اور آدمی جسکا سر کالا ہوتا ہے حکیم سنائی سفلہ کر دوز مال و جاہ سپید کہ سیہ ساز بر نتابد پیہ ؛ فخر گرگانی سیہ سر را قضا بر سر نوشت ست گنہ کاریش در گوہر سرشت ست ؛

سیہ کار۔ بدکار گنہگار سیہ۔ سہ شیخ العارفین کو تہ نظران زلفِ سیہ کار نداند + این مردہ دلان فیض شب تار نداند ؛ صفدر فوقانی۔ آب ہر دو دیدہ این سیاہی + بشوا از سینہ خود ای سیہ کار + سیہ گر سیاہ کار گنہگار کمال اسمٰعیل ہمہ سیہ گری آموختی ز طرہ خویش + چرا ز چہرہ نیاموختی نکو کاری ؛

سیاہی لشکر۔ وہ لشکر جو جنگی نہو۔ صرف لشکر کی کثرت دکھلانے کیواسطے جمع کئے گئے ہون رباعی۔ ای دل اگرت بار سیاہی ست مترس در میل دلش بکینہ خواہی ست مترس ؛ در لشکر حسن او دو چشمش جنگی ست + باقی خط و خال او سیاہی ست مترس +

سیب بخور۔ یہ قسم ایک سیب کی ہی جو نہایت خوشبودار ہوتا ہی اسکے پوست کو اگر گھر مین جلائین تو تمام گھر خوشبودار ہو جائے طما ہو وحید ز آتش تب بر رخ آن رشک حور ؛ سیب زنخ سوخت چو سیب بخور +

سیخ پر۔ وہ بچہ مرغ کا جسکے پر نکلتے پر ہون میر خسرو طوطیان کز بیضہ خاکی برون جستند تیز + سیخ پر شد ہر یکی در رمانش پر دمید ؛

سیلاب گیر۔ پست زمین جسمین پانی جمع رہے صائب ما از شراب لعل بہت گذشتہ ایم + سیلاب گیر نیست زمین بلند ما ؛

سیم آور۔ فاحشہ عورت جو روپیہ لیکر زنا کرائے محمد حسین شہرت میان مردم دنیا بغیر سیم آور + نداشت تشم کسی بر وفای سیمبران +

سیم شاخدار۔ نقرہ شاخدار۔ خالص چاندی محسن تاثیر ز ساق و ساعدان دُرِّ یگانہ ؛ بسیم شاخدارش شانہ ...

در دِ تو بدل چو گرگ بر گلہ زند + شوق تو بجان چو یوسف بر خانہ مسکین بینی
کہ از تو من می بینم + با نقرۂ شاخدار سر گلہ زند ؛

سیہ بہار - عمدہ بہار - بہار مطبوع - بہار با فراط شفیع - ہزار رنگ
گل زار در کنار من ست ؛ جنون کجاست کہ جوش سیہ بہار من ست

سیہ روزگار - بد قسمت - بد نصیب آدمی صائب بدست تہی -
میلشایم گرہ ہا + ز کار سیہ روزگاران چو شانہ ؛

سیہ روز - غمگین - ماتمی - مصیبت زدہ ابو طالب کلیم چشمت غم آن
زلف سیہ روز ندارد + از ماتم ہمسایہ درین خانہ خبر نیست +

سیل خیز - جوش آور - بہاؤ پانی کا - فخری ز سیل خیز فنا ایمن ست
قصر التجات ؛ چنانچہ حصن فلک را ز صدمت بلکن ؛

سیماب ریز - تلوار کی تعریف مین بولتے ہین نظامی ستیز ندہ از تیغ
سیماب ریز + چو سیماب کردہ گریز اگر ریز ؛

سینہ باز منقش جیسے کہ باز کا سینہ اور کھلا اور ابھرا ہوا سینہ نظامی
تدروان رومی وز افغان زنگ + شدہ سینہ باز یعنی دو رنگ -

سیاہ پوش - ماتمی اور چاوش بادشاہی جسکا لباس سیاہ
ہوتا تھا حکیم اسعدی - سپہبدی دیدن شاہ شد + نبود سیہ
پوش درگاہ شد +

سیب آزایش - بروزن آسایش ایک قسم کا سیب ہی جو اصفہان
مین ہوتا ہی زکی ندیم غضب ساقی بدست آریم درستی ندیم ضعف خود
را چارۂ از سیب آزایش کنیم +

سیاہی افتادن از دماغ - سیاہی برداشتن از دماغ - سیاہی ریختن از دماغ -
نزدیک ہو جانا داغ یا زخم کا اچھے ہونے پر ابو طالب کلیم -
نیامدی و سیاہی ز داغہا افتاد + سفید شد بر ہت چشم انتظار
افسوس ؛ ولہ کلیم سوختہ را وقت شد کہ بر دارند +
ز روی بستر تپ چون سیاہی از سر داغ میرزا معز فطرت کمت
می شد نمک از بخت واژون در ایاغ من + سیاہی ریخت
مشک سودہ بر بالاے دماغ من +

سینہ شگافت - چھیدا ہوا سینہ میرزا صائب دل معشوق
اگر صفحہ فولاد دہد + نالہ سینہ شگافم جرسی میسازد +

سینہ صاف - جسکا سینہ صاف ہو منافق نہو توحید سینہ خود
کن صفای سینہ صاف + دور کن از دیدہ روشن غلاف + در
زمانہ راستبازی پیشہ کن + ناتوانی شو نہ از حق بر خلاف +

سیم ساق - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی شفیع اثر ہیچو گلدستہ

گر از پے خدمت نہند + سیم ساقان سہی قامت و خورشید لقا +

سیاہ سنگ - جرجان مین ایک موضع کا نام ہی اور اسی مقام پر
بہمن نام ایک چشمہ ہی لوگ اُس سے پانی لیتے ہین اور ایک قسم کے
کرم بھی پیدا کرتے ہین اگر کوئی پانی لینے والا کرم پر پاؤن رکھدیتا
ہی تو پانی اُسکا تلخ ہو جاتا ہی -

سیہ آہنگ - ایک ساز کا نام ہی اور وہ ساز جو درست ہو کسی طرح
کا نقص اُس مین نہو صائب ذرہ تا خورشید گلبانگ انا الحق میزند
نغمۂ خارج ندارد ساز سیہ آہنگ ما

سیمک - علاقہ ہندوستان کے ایک جانور کا نام ہی جس پر ریشم اور
سوت لپیٹتے ہین +

سینہ چاک - عاشق دلسوختہ با بہ جگر صائب حسنش از خط عالمی
زیر و زبر دارد ہنوز + سینہ چاکان چون قلم زیر و زبر دارد ہنوز +

سیاہ دل - منافق بدکار - بدکردار صفدر فوقانی موی شد
سفید صد حیف ست + گر بباطن سیاہ دل باشی +

سیاہ سال - جس سال بارش نہو اور قحط پڑ جائے علی نقی بیگ بزرگ
سبز دیگ گل سوری بیار نیست + در این سیاہ سال امید بہار نیست +

سیماب دل - جسکا دل مضطرب و بیقرار ہو سے ز حرف پند گویان
غلط کوش + شد آن سیماب دل سیماب در گوش +

سیم حلال - سیم خالص - سیم خام - خالص چاندی
اوحد الدین انوری - زر تنگ چہرۂ بدخواہ تو چو زر عیار + ز اشک
دیدۂ بدگوی تو چو سیم حلال ؛

سیاہ چشم - بے حیا - بے مروت بے لحاظ طبیب - بخل بندہ ندارد
خیر درین شب تار + سیاہ چشمی شرخ سیاہ چشم ببین +

سیاہ گلیم - مفلس و بے دولت و بد قسمت صائب در گلشنیکہ بلبل
خند گلیم پوش + ہر غنچہ در نقاب گل آفتاب داشت +

سیاہی بادام - چھلکے کی سیاہی جو پوست بادام جلا کر
بناتے ہین میرزا محمد علی ماہر آورد دہر مشق نشاط مدام ؛
چشم خوبان سیاہی بادام ؛

سیر چشم - جو کسی کی نعمت کو حسد کی آنکھ سے نہ دیکھے کسی کے
مال مین طمع نہ کرے صائب دیدہ ما سیر چشمان شان دنیا بشکند
ہمچو جوہر نفس را آئینۂ ما بشکند

سیماب چشم - با مناخت یا ہی اشک یعنی آنسو خاقانی گوئی من
بلبیجے از سیماب چشم و نیاشتہ تا فراق نازنینان بہ و ہجر شنود می ؛

سیم اندام ۔ سیمبر معشوق کی تعریف مین یہ لفظ بولی جاتی ہی اوحدالدین انوری ۔ سیم بارم زاہر دیدہ کہ بارہا گر چہ سنگین لست سیمبر ست و دیدہ باید وصل کے گرد و نصیب + طالب زر ہست سیم اندام ما +

سیاہ پستان ۔ وہ عورت جسکی اولاد نہ جیے جسکو دودھ پلائے وہ بچہ بھی مرجائے قطعہ از مولف ۔ گاہ بخشند سحاب رحمت حق + در تن مردہ چمن جانے + ژالہ بار سوز گلشن سرسبز + گاہ ابر سیاہ پستانی +

سیاہ اندرون ۔ سیاہ دل بدکار منافق ۔ قطعہ بروے نکوئی شو ذشہر خرد ۔ سیہ سینہ مرد سیاہ اندرون + زبد کاری خویشتن شرمسار + ز اعمال و افعال خود سرنگون +

سیاہ نامہ شدن ۔ بہت سا لکھا جانا خط کا کاغذ سب بھر جانا بہت سے گناہون سے نامۂ اعمال سیاہ ہوجانا یوسفی یوسفی نہ شد ش نامہ سیاہ ؛ غفر اللہ تعالی ذنبہ ؛

سیاہی از چیزی دیدن ۔ کسی چیز سے صرف سیاہی دیکھنا صائب ہمین سیاہی از آب زندگی دیدست + ز حسن ہر کہ مقید بخط و خال شود

سیاہی باکسی کردن ۔ غضب کرنا اسیر مجیدالدین بیلقانی سیاہی میکند با من سر زلف نگونسارش + بلب می آورد جانم لب شل فکر بارش ؛

سیاہی بر چیزی کشیدن ۔ کسی چیز کو کالا کر دینا محمد اسلم سالم ہنوز از آتش مے وقت پیری رنگ کاہی را ؛ کمش بر چہرہ روے سپیدی این سیاہی را ؛

سیب سیمین ۔ ایک قسم سیب کا ہی جو سپید اور سرخ ہوتا ہی شاپور تہرانی عنب او لبکہ دار و کند دندان را + خیال سیب سیمین میکنم سیب زنخدان را ؛

سیب مسکان سیب عنبرین ۔ اقسام سیب کے ہین یحیی خالص ابشا نع سیب پیدا سیب مسکان ؛ چو بر زلف بتان سیب زنخدان +

سیپارہ را قرآن کردن ۔ سیپارون کو جمع کرکے قرآن بنا لینا ۔ تھوڑے کو بہت کر لینا صائب جمع گرا ز بستن لب شد دل من دونیست ؛ خاشی سیپارہ را الہیار قرآن کردہ است +

سیخ شدن مقابلہ پر آنا لڑنے کو تیار ہوجانا باقر کاشی ۔ شاہا بر ساحت خانہ ام کنند انتیخ ؛ می نتواند کوہ قدن بادی سیخ ؛ برمن چون شد منزل نور سر و ترع + امسال کہ شد ہشت نود س تاریخ ؛

سیر آمدن ۔ ملول ہونا تنگ ہونا بھی نماز ہونا پیٹ بھر جانا آسودہ ہونا جلد شاہ قلی اگر موسہ رنجا بدیر بگدری ؛ ہذ بغر بدین از جان بسیر آمدہ ی ؛

سیر در لوزینہ دادن ۔ سیر در لوزینہ خوردن نیکی مین بدی کو ملانا ۔ مزے کو بے مزہ کرنا خوشی مین غم ملانا فریب دینا فریب کھانا اوحدالدین انوری ہر کہ در پایان تودہ تو بہایہ چون پیاز + انتقام روزگارش دادہ در لوزینہ سیر حکیم سوزنی اندر ایام تو بر خوان غرور روزگار + تا کسانان کس شدہ خوردند در لوزینہ سیر ؛

سیماب در گوش ریختن کانون مین پارہ ڈالنا ۔ کسی بات کو نہ سننا بہرا بن جانا ۔ خاقانی ہمہ گیتی ست بانگ ہادن اما بشنود خواجہ ؛ کہ سیماب ضلالت ریخت در گوش اہل خذلانش ؛

سیماب گردیدن ۔ بیقرار ہونا بی آرام ہونا ۔ ناصر علی ۔ علی از خوے طرز سخن آرا مہادا رم + کہ تا بر گوش حاسد مینخو رد سیماب میگردد +

سیماب کردن بیقرار کرنا بے آرام کرنا مخلص کاشی یک شرر برق تجلی گو برم سیماب گرد + ضبط خود را بیقراری چون کنم حق با من ست ؛

سیماب گون یہ جملہ تلوار کی تعریف مین بولا جاتا ہی عرفی تیغ سیماب گون در آمد شد ؛ سر و دست و پیکر انداز د ؛

سیم بر سنگ زدن جماع کرنا مباشرت کرنا قطعہ مرد باش وزن ممکن زیرا کہ در ایام ما + زن نخواہد ہیچ مرد با تمیز سے ہوشیار در اسیر شہوتی باری کنیزک خوبرو + سیم ساقی سرو قد سے ماہروئی گلعذار ہو تا بالطبع تو بو دبا او بزن بر سنگ سیم + در بدل گردد مزاجش نیست از زر عیار ؛

سیم تن معشوق کی تعریف مین بولتے ہین ؎ بسا ماہروے وبسا سیمتن + کہ رفتند این دار ریخ و محن +

سیم ذقن محبوب کی صفت مین بولتے ہین ۔

سیم سرین معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی میر معزی در مجلس تو مطرب و در بزم تو ساقی + سرو سمن اندام و بت سیم سرین باد +

سیمین بدن ۔ سیمین تن ۔ سیمین ذقن ۔ محبوب کی تعریف مین بولے جاتے ہین ۔

سیمین صولجان ۔ ہلال یعنی نیا چاند ۔

سیمین میان محبوب کی اوصاف مین سے ہی نظامی بدست آوردم آن سروردان را + بت سنگین دل و سیمین میان را +

سینہ پیچیدن ۔ رنج پانا تکلیف اٹھانا ظہوری ندانند کسی غیر ارباب فکر ؛ کہ چون می بہ پیچید از تاب فکر ۔

سینہ خستن ۔ سینہ خوردن مشہور ہے ظہوری فرو شد اگر خوبی

سینہ باز ؛ ہمین سینۂ خود خورد شاہبا ز صائب کے تارک
نرشیان نسو دیم + کے سینۂ عرشیان نخستیم ؛
سینہ دادن ۔ زور قوت کرنا ۔ مدد دینا ۔ طاقت دینا میرزا رضی
دانش گوشہ گیران تن بر ہمت بی محابا کے و ہند + چون شنا در
سینہ را بموج دریا کے شنند ۔
سینہ دریدن ۔ زخم لگانا مارنا فردوسی ۔ بروز نبرد آن یل
ارجمند + بشمشیر و خنجر بگرز و کمند + بریدو درید و شکست و بہ بست ؛
یلان را سر و سینہ و پا و دست ؛
سینہ زدن ۔ سینہ مارنا ۔ کسی کام پر مستعد ہو جانا صائب
ابر بہار سینہ بگلزار میزند ؛ خون شفق علم بسر خار میزند ؛
سینہ سودن ۔ مشہور و معروف ہی یعنی کسی امر مین سینہ دینا
کسی مشکل کو آسان کرنا مولانا لسانی ۔ کار بلبل بنود سینہ بر آتش
سودن ؛ پیش دلگرمی پروانہ بمیرم امشب ۔
سینہ کردن ۔ فخر کرنا ۔ بڑائی کرنا رفیع الدین لبنانی
چون ز پہلوی غمت کس نخورد جز جگری ۔ تو مکن سینہ کہ چون
من نبود دلداری ؛
سینہ کشادن ۔ بی حجاب ہو کر ملنا سینہ کھولکر ملنا طالب آملی
خورشید حسن سینہ کشود ای سحاب شرم + سرخ شو کہ دیدی
کہ از جبین ماست ؛
سینہ مالیدن مشہور ہی ابو طالب کلیم وریا بانی کہ خضر سش
سینہ مالد بر سراب ؛ فیض رحمت جرعہ ام چون دور ساقی میدہد
سیہ زبان ۔ وہ شخص جسکی بد دعا تاثیر کرے صائب خط تیغ در
قلم در رخسار او گذاخت + آخر سیہ زبانی ما کرد کار خویش +
سیہ شدن زبان ۔ بیکار ہو جانا زبان کا بہت بولنے سے محسن تاثیر
عذر در تیرہ روزی باید از اہل سخن کردن ؛ زبان چون سیہ
ویران کند شہری بنفرینی ؛
سیاست گاہ ۔ سیاست کا مقام دار الجزا ہر جاچی
سیاست گاہ قہرش بر قفائے کائنات + لطف را دائم جنازہ بر سر
سہ دفتر ست ؛
سیاہ کاسہ ۔ ممسک بخیل کنجوس میرزا صائب عذر زفتنۂ
آن چشم نیم باز کنند + ز میزبان سیہ کاسہ احتراز کنند ؛
سیاہ نامہ ۔ بدکار ۔ بدکردار ۔ فاسق خواجہ سعدی سیہ نامہ چند ان
تنعم براند ؛ کہ در نامہ جائے نوشتن نماند +

سیماب کشتہ ۔ سیماب مردہ ۔ وہ سیماب جسکو کشتہ کیا جاوے اور
وہ سیاب غلیظ جو آئینہ کی پشت پر لگاتے ہین محسن تاثیر تا حنا در
خون نہ غلطد کے کشد سیماب را + ظالم از دل میخورد تاثیر خود زخم ستم ملا قاسم
مشہدی پست ست عشق در نفس ما دم مسیح ۔ سیماب کشتہ زندہ شود
از فسون ما نصیر الدین مشتاق ۔ عکس از جسم تو چو مائل بخنہ شد ۔
سیماب مردہ در پس آئینہ زندہ شد ۔
سیم نقرہ ۔ سیم حلال خالص چاندی میر معزی از پی آرائش بزم تو اندر
کان خویش + منعقد گشتند سیم نقرہ و زر عیار ؛
سیم نہرہ ۔ ایک قسم چاندی کی ہی ۔
سیہ چردہ ۔ سبزہ رنگ معشوق یعنی جسکا سانولا رنگ ہو ابو طالب کلیم
زلبسکہ نقش سیہ چردگان بدل جا کرد + تن سیاہ چو رگ ساخت استخوان ما ؛
سیہ دیدہ ۔ بی حیا بیلحاظ بی شرم صفدر فوقانی تسکے نکوئی بہ بد شود
حاصل + سر خرد کے شود سیہ دیدہ ؛
سیاستی ۔ آدمی بیرحم ۔ جلاد ۔ خونریز حسین ثنائی ۔ گردون سیاستی
و محتسب عتاب تو + جور زمانہ و ستم آسمان خوش ست +
سیب آفتابی ۔ داغدار سیب اور نیم مردہ محسن تاثیر ۔ گرچہ از تاب
عذارش آفتابی گشتہ است ؛ بوی جان می آید از سیب زنخدانش ہنوز
سیب دیلمی ۔ ایک قسم کا سیب ہی جو یزد مین ہوتا ہی ۔ یوسف
راہبہ گرد بہ آن چاہ زنخدانم + دلالت کرد این سیب دیلمی تا بکنعانم +
سیب شامی ۔ ایک قسم کا سیب ہی جو سیاہی مائل ہوتا ہی آرزو وصل
شیرین کلامی گو کہ یکسر زندگی ؛ در سیہ روزی مرا چون سیب شامی صرف شد
سیبی سجودی ۔ یہ ایک مثل ہی جیسے کہ برگ سبز ست تحفہ درویش ؛
تحفہ محقر اور عجز و انکسار بہت سالک قزوینی در طریقت چونکہ سیبی و
سجودی گفتہ اند ؛ پیش ہر سیب زنخدانی سجودی میکنیم ؛
سیلاب دوانی ۔ بہت سی بخشش ۔ بانی اندازہ سخاوت کرنا محتشم از لطف
تو سیلاب دوانی محتاج + من لب تشنہ بیک قطرہ چکانی محتاج +
سیمابی ۔ ہر چیز جو نہایت سفید اور درخشان ہو جیسا کہ پیراہن سیمابی
دوستار سیمابی وغیرہ سلمان چون سپہر پیراہن خاک ست سیمابی زانکہ ست
چون فلک آئینہ مہر ست زنگاری زآہ ؛
سیم بہماتی ۔ بروزن کن ترانی وہ چاندی جو غیر خالص ہو ۔
سیم بندی ۔ یہ ایک طرح کی روشنی ہوتی ہی کہ بہت سی شمع لوہے کے
تارسے باندھکر روشن کرتے ہین رات کو وہ شمعین ہوا مین معلق نظر
آتی ہین سیم کے معنی اسجگہ تار کے ہین محمد سعید اشرف

چراغان کی تعریف میں - زمین در رقص شادی ہمچو فانوس ؛ ہوا از سیم بندی دام طاؤس ؛
سیم کاری - جلوہ گری و دلفریبی **نظامی** کنم سیمکاری کہ سیمین تنم + دلی قفل گنجینہ را بشکنم ؛

چوتھی فصل

اُردو محاورات و اصطلاحات کے بیان میں

سین باالف

سابقہ پڑنا - معاملہ پڑنا - واقفیت ہونا لین دین ہونا - ربط و ضبط ہونا ؎ سابقہ جب کہ پڑ گیا تمسے + ہوا معلوم آپ کیسے ہین +
سات پردون مین چھپا کر رکھنا - نہایت حفاظت سے رکھنا نہایت احتیاط سے رکھنا **مؤلف** سات پردون مین چھپا کر رکھون تو آئے گر آنکھون مین وہ نور نظر ؛
سات دھار ہو کر نکلنا - کھانا ہضم نہونا - اور دستون کی راہ نکل جانا ؎ لگ گئی تیری نظر وہ ہوگئے نکلا سات دھار ؛ اے بشیرن کل مرے بچہ کا سب کھایا ہوا ؛
ساتھ دینا - کسی کو مدد دینا - ہمراہی کرنا رنج و راحت مین شریک رہنا ؎ امید صبر و تحمل کی دلکو بیجا تھی + نہ ساتھ دیسکے فرقت مین چلدیے ساتھی + **قطعہ از مؤلف** سالکان طریق حق طلبی ؛ ہاتھ مین جسکے ہاتھ دیتے ہین ؛ کبھی ہوتے نہین جدا اُس سے ؛ دمبدم اُسکا ساتھ دیتے ہین ؛
ساتھ کا کھیلا - بچپن کا دوست - لنگوٹیا یار - ہمعمر -
ساتھ لگے پھرنا - ساتھ ساتھ پھرنا - ہر وقت کسی کے پیچھے پیچھے پھرنا - سایہ کی طرح ہمراہ رہنا - دُم کے پیچھے رہنا -
سار جاننا قدر جاننا - گن پہچاننا ؎ جان فدا اپنی اسپہ کرتے ہین + جو محبت کی سار جانتے ہین ؛
سارھستی آنا - ساڑھے سات برس کو سنیچر کی گرہ کا آنا نحوست مین آنا برے دن آنا -
ساز و باز کرنا - میل ملاپ کرنا - توڑ جوڑ ملانا - سازش کرنا -
ساغر چلنا - شراب کا دور چلنا شراب پینا **مولانا اکبر** ؎ شگفتہ ہی برستا ابر ہی ؛ وقت ہی ساقی ذرا ساغر چلے ؛
ساکھا ڈالنا - لڑنا - جھگڑنا - فساد برپا کرنا -

ساکھ جاتی رہنا - عزت و اعتبار مین فرق آنا - آبرو برباد ہونا -
سالخوردہ ہونا - پرانا ہونا کہنہ ہونا -
سامنے آنا - روبرو آنا مقابل ہونا **صفدر فوقانی** کس کا منہ ہی بغیر آئینہ + اُس پریوش کے سامنے آئے +
سامنا کرنا - مقابلہ کرنا - لڑنا - جھگڑنا - سخت جواب دینا گستاخانہ پیش آنا -
سامنے کرنا - مقابلہ کرانا - روبرو کرا دینا -
سامنے ہونا - روبرو ہونا - پردہ نہ کرنا - بے حجاب ہونا **حکیم محمد انور** - خجل ہو کر نہ دکھلاتا کبھی بارہ وگر چہرہ ؛ جو ہوتا سامنے وہ مہر طلعت ماہ تابان کے ؛
سان پر چڑھنا - دھار رکھی جانا - تیز کیا جانا - باڑھ پر رکھا جانا **برق** - آنکھون کی گردشون سے یہ جوہر عیان ہوا + تیغ نگاہ یار بھی چڑھتی ہے سان پر -
سانپ سونگھ جانا - سانپ کا کاٹنا - زہر کا چڑھ جانا - بیہوش ہوجانا **از مؤلف** جان لیتی ہی یہ کالی بلا + خون پی جاتا ہی یہ خونخوار سانپ ؛ مارا جائیگا وہ عاشق زلف کا ؛ سونگھ جائے جسکو یہ پھر بار سانپ ؛
سانپ کی طرح پھن مار کر رہ جانا - سانپ اپنی من کے لئے پھن مارتا ہی اور پھر حاصل نہین کر سکتا - یعنی کوشش کرکے ناامید رہجانا -
سانٹ لینا - کسی شخص کو اپنی طرف کر لینا مخالف کے آدمی کو توڑ لینا
سانچے مین ڈھالنا - زیب و زینت دینا - درستی پر لانا خوبصورت بنانا **داغ** - تم ہی کہو کہ کہان تھی یہ وضع اور ترکیب + ہمارے عشق نے سانچے مین تمکو ڈھالا ہی -
سانس اُڑنا - رُک رُک کر سانس آنا - قریب بمرگ ہونا - **ذوق** کیا آئے تم جو آئے گھڑی دو گھڑی کے بعد + سینہ مین ہوگے سانس اڑی دو گھڑی کے بعد ؛
سانس چڑھ جانا - ہانپنے لگ جانا - جلد تھک جانا -
سانس لینا - دم لینا - سانس کھینچنا - چلتے چلتے ذرا ٹھہر جانا -
سانس نہ نکالنا - اُف نکرنا فریاد نکرنا - منھ سے نہ بولنا - برداشت کرنا -
سانگ بھرنا - کسی کی نقل اُتارنا کھیل کرنا تماشا کرنا -
ساونٹا ہو جانا - سمٹ جانا - اکٹھا ہو جانا - مستعد ہونا - تیار ہونا مقابل ہونا
سایہ پڑ جانا - عکس پڑ جانا دوسرے کی سی خو بو ہو جانا -

سایہ سے بھڑکنا۔ کسی کے سایہ سے ڈرنا خوف کھانا پرچھائین سے جھجکنا۔

سایہ مین آجانا جن دیو پری کا سایہ ہو جانا۔ کسی کے زیر سایہ ہونا۔ پناہ مین آجانا۔ مفتی حید رز دو بارہ وہ کسیکے گھر نہ جائے۔ جو یکبارہ ترے سایہ مین آگئے ہ

سامنے کی بات۔ روبرو کا ذکر آنکھون کی دیکھی ہوئی بات دیدہ بات۔

سات پانچ چالاکی مکر و فریب۔

سان نہ گمان۔ وہم خیال پتہ و نشان مولانا اکبر لاہوری خدا نے آنکھون سے دکھلائی ہمکو وہ حالت ہ نہ تھا کبھی ہمین جسکا ذرا بھی سان گمان ہ

سائین کی سائین۔ جون کی تون۔ اصل اصل رقم سود کے بغیر پنجاب مین اس لفظ کو ساتوین کہتے ہین۔

سانپ نکل گیا اب لکیر پیٹا کرو موقع ہاتھ سے جاتا رہا اب افسوس کیا کرو نظیر خیال زلف کو تو اے نظیر پیٹا کر گیا ہے سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر

ساہو بچہ۔ چالاک اور عیار آدمی

سانپے کی بچی۔ وہ عورت جو ہر سال حاملہ ہوکر بچہ جنے۔

سانپ کا کاٹا ہوا رسی سے ڈرتا ہے۔ جسکو ایک دفعہ سانپ نے کاٹا ہو وہ آیندہ ایسا ڈرتا ہے کہ چلتے چلتے رسی اُسکے پاؤن کے نیچے آجاتی ہے تو اُسکو وہ سانپ تصور کرتا ہے۔ جنانچہ دودھ کا جلا ہوا چھاچھ کو پھونک پھونک پیتا ہے۔ شد خیال زلف مین نظارہ سنبل نہین کرتے + ہمین کاٹا ہے جب سے سانپ نے رسی سے ڈرتے ہین

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے۔ لاٹھی مارنے مین احتیاط چاہیے کہ سانپ مرجائے مگر لاٹھی نہ ٹوٹے اگر لاٹھی ٹوٹ گئی تو صریح نقصان ہوا

سین با بائے

سبز ہونا۔ ترو تازہ ہونا۔ کھلنا۔ پھولنا۔ رونق پر آنا صاحب مال و اولاد ہونا میر سبز ہوتی ہی نہین یہ سرزمین + تخم خواہش دل مین تو بوتا ہے کیا نعتیہ از مؤلف۔ ہو گیا اس ابر رحمت سے ہر اک گلزار سبز ؏ نخل سبز و شاخ سبز و برگ سبز و بار سبز

سبق پڑھانا۔ پٹی پڑھانا۔ کوئی شرارت کی بات کسیکو سکھلا کر کسی سے لڑا دینا قطعہ از مؤلف نہ تو سنتے ہین میری وفا دان ہادر نہ اپنی مجھے سناتے ہین وہ یہی کرتے ہین کہ در پے وہ غیر کے سبق

پڑھاتے ہین

سبکدوش ہونا۔ کسی ذمہ داری سے بری ہونا۔ بوجھ اُتر جانا ہلکا ہونا فقیر شکر خدا کہ کٹ گئی گردن فقیر کی + بار گران سے آج سبکدوش ہو گیا۔

سبکو ایک لاٹھی ہانکنا۔ سب کے ساتھ یکسان برتاؤ کرنا کسی درجہ کا لحاظ نکرنا +

سپاٹا بھرنا۔ لگانا۔ مارنا۔ چھلانگ مارنا۔ اُڑ جانا جلد جلد پڑھنا

سِپّا لڑانا۔ جپس جمانا۔ مطلب نکالنا۔

سِپّا لڑنا۔ موقع ملنا سنجوگ بننا۔

سبز قدم۔ منحوس نامبارک۔ کمبخت۔ مولانا اکبر ہی نہ بزم کی زینت نہ آب و تاب رہی + کہین سے آگیا جسدم رقیب سبز قدم +

سب ہاتھ لیے بیٹھے ہین۔ تمھارے بغیر کسی نے کھانے مین ہاتھ نہین ڈالا سب تمھارا انتظار کر رہے ہین۔

سبکی ہے۔ بے عزتی ہے بے آبروئی ہے بدنامی رسوائی ہے۔

سب چیزکی لہر بہر ہے۔ سب چیزین موجود ہین۔ کسی چیز کی کمی نہین۔

سین با تائے

ستارہ چمکنا۔ نیک نصیب ہونا۔ اقبالمند ہونا۔ صاحب دولت ہونا۔ نعتیہ از مؤلف ہوسے چاند سورج غلامی مین حاضر + محمد کا جسوقت چمکا ستارا۔

ستارہ گردش مین ہونا۔ پریشانی یا مصیبت مین ہونا۔

ست بچن کا نوکر ہونا۔ ہان مین ہان ملانے کو اپنا کام سمجھنا خوشامد کرنا۔

ست پر رہنا۔ اپنے ایمان اور قول پر قایم رہنا۔ عفت عصمت پر رہنا

ست چھوڑ دینا۔ کسی کام کے کرنے سے ہمت ہار دینا۔ پست حوصلہ ہو جانا۔

سترا بہترا۔ ستر بہتر برس کی عمر کا بڈھا۔ پیر فرتوت مخبوط الحواس

ستانا۔ کسیکو تکلیف دینا رنج پہونچانا مولانا اکبر لاہوری رنج دینا کسیکو مت ستانا یکھنا + مردم آزاری کے پھندے مین نہ آنا دیکھنا

ستم ٹوٹنا۔ ظلم پڑنا۔ مارا جانا غارت ہونا۔ شوق جھوٹے کی جان پر ستم ٹوٹے + شاہ عباس کا علم ٹوٹے +

ست نجا۔ سات قسم کا اناج۔ ملا ہوا۔ گڈمڈ ملا جلا۔

ست نکل جانا۔ طاقت کا زائل ہونا تھک جانا۔ مفلس ہو جانا

ستو باندھ کے پیچھے پڑنا۔ نہایت ہی کوشش اور جانفشانی سے
کسی کام کو کرنا۔ کسی بات کے سرہو جانا۔
ستھراؤ کرنا۔ مار کر ڈھیر لگا دینا۔ کثرت سے گرانا سیکڑون کو
کشتہ کرنا میر۔ ابرو ہی کی جنبش نے یہ ستھراؤ کیے ہین + مارا
نہین اُن نے کوئی تلوار سے اب تک +
ستھراؤ ہو جانا۔ بہت سے مکانون یا درختون کا گر جانا۔ کشتون
کے ڈھیر لگ جانا۔
سٹپٹاتے پھرنا۔ آوارہ یا مارا مارا پھرنا۔ پریشان و سرگردان پھرنا۔

سین با جیم

سچیتے جانا۔ پاخانے جانا۔ رفع حاجت کے لیے بیت الخلا جانا۔
سچ مچ + بالکل صحیح۔ بہت درست۔ نظیر گل رنگی وگل پیرہنی گلبدنی ہو
کیا تام خدا حسن مین سچ مچ کے بنی ہو +
سچا ہاتھ۔ دیانت داری۔ ایمانداری۔ ساکھ۔

سین با خاے

سخت سست کہنا۔ برا بولنا۔ ملامت کرنا۔ سنگدل ہم سے
ایسے بگڑے ہین + روز ہی سخت سست کہتے ہین۔
سخن پروری کرنا۔ اپنی بات کا پاس کرنا۔
سخن دینا۔ قول دینا۔ عہد کرنا۔ اقرار کرنا۔
سخن ڈالنا۔ سوال کرنا مانگنا +
سخت جان۔ جسکی جان مصیبت سے نکلے۔

سین با دال

سد راہ ہونا۔ کسی کام مین حارج ہونا۔ ممانعت سے پیش آنا۔
سدھ کرنا۔ پورا کرنا۔ جادو کے زور سے اپنے قبضہ مین لانا۔

سین با راے

سر اٹھا جانا۔ اترانا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ سحر۔ سر اٹھایا جو بگولے سے
پریشان ہوا + خاک ہو خاک کے پتلے کو سزاوار گھمنڈ۔
سر اڑا دینا۔ سر کاٹ ڈالنا۔ قتل کر دینا۔
سر آنا۔ جن بھوت کا کسی کے سر پر چڑھ بولنا۔ کسی بات مین ضد کرنا۔
سر آنکھون پر رکھنا۔ کمال عزت کسی چیز کی کرنا نعیتہ از مؤلف نبی کے
نقش پا کو زائران درگہ والا + کبھی دلبر کبھی سر پر کبھی آنکھون پہ رکھتے ہین۔
سر آنکھون پر بٹھلانا۔ کسی بزرگ کا اعزاز کرنا کمال درجہ کی ارادت
سے پیش آنا۔
سر باندھنا۔ مانگ چوٹی کرنا۔ سر گوندھنا۔
سر بھاری ہونا۔ درد سر ہونا چکر آنا۔
سر بیچنا۔ جان کو جوکھون مین ڈالنا۔ فوج کی نوکری کرنا۔
سر پٹکنا۔ سر مارنا۔ کسی کام مین نہایت سعی اور کوشش کرنا
سمجھانا۔ فہمایش کرنا۔
سر پر اٹھانا۔ شور و غل مچانا۔ اودھم کرنا۔
سر پر پڑنا۔ مصیبت آنا بلا نازل ہونا۔
سر پر چڑھنا۔ بچہ کو بہت لاڈ پیار کر کے خراب کر دینا۔ عادتین
بگاڑ دینا۔ نوکر یا ملازم کو گستاخ کر لینا۔
سر پر چھپر رکھ دینا۔ کسی کے سر پر احسان کا بار رکھ دینا۔ یا
قرضدار بنا دینا۔
سر پر خاک ڈالنا۔ خاک اڑانا۔ ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔ نوحہ کرنا۔
سر پر رکھنا۔ نہایت درجہ کی عزت کرنا جرأت ہاتھ جرأت کے
جو گل سنگ مزار لگا + کبھی چھاتی سے لگایا کبھی سر پر رکھا۔
سر پر کالی ہانڈی رکھنا۔ بدنامی اٹھانا۔ رسوا ہونا شرمندہ و خجل ہونا۔
سر پر کھڑا ہونا۔ نہایت نزدیک آجانا مؤلف تو کیون بیٹھا ہی
ہوکر ایسا غافل + اجل ہر وقت جب سر پر کھڑی ہو۔
سر پر ہاتھ پھیرنا۔ پچکارنا۔ پیار کرنا۔
سر پر ہاتھ رکھکر رونا۔ سر پکڑ کر رونا۔ نہایت غم و الم مین رونا
قسمت کو رونا ذوق اے ذوق وقت نالہ کے رکھ لے جگر پہ
ہاتھ + ورنہ جگر کو روئیگا تو سر پہ رکھ کے ہاتھ۔
سر پر ہاتھ دھرنا۔ سر پر ہاتھ رکھنا۔ کسی کا مددگار بننا۔ سرپرست
و مربی ہونا۔ کسی کے سر کی قسم کھانا جلال لکھنوی گل نہ تھا شکوہ تھا ذرا
بخت کے شاکی تھے ہم + اب تو باور آئیگا لو ہاتھ سر پر رکھ دیا +
سر پڑنا۔ حصہ مین آنا۔ ذمہ لگنا۔
سر پکڑنا۔ تسلی و تشفی دینا۔ ڈھیر بندھانا مدد کرنا حمایت کرنا۔
سر پھر آنا۔ پھوڑنا۔ ٹکرانا۔ مغززنی کرنا سر مارنا نہایت کوشش کرنا۔
سر پھرنا۔ چکر آنا جی گھبرانا سودا ہونا برق حال کچھ کہتے ہین
جب کہتی ہی وہ رشک پری + سر ہمارا سنتے سنتے یہ کہانی پھر گیا
سر پھوٹنا۔ سر کا ٹکڑے ہو جانا سر مین شدت کا درد ہونا۔

سر پھوڑنا سر کے ٹکڑے کر دینا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ آپس مین لڑائی کرنا۔
سر پر بٹھلانا۔ عزت کرنا۔ خاطر و مدارات کرنا۔
سر پر کھیلنا۔ مرنے پر مستعد ہو جانا اور قتل کرنے کے لیئے مُلیار رہنا جرأت جھکی گردن یہان ہی اور وہان تیغ برہنہ ہی ؛ اجل یہان کھیلتی ہی سر پہ وہان تیغ آزمائی ہی
سر پر لینا۔ کسی امر کو اپنے متعلق کرلینا۔ دوسرے شخص کی مصیبت اپنے ذمہ پر لے لینا۔
سر تا پر تا کر دینا۔ کسی چیز کو بانٹ دینا تقسیم کر دینا۔
سر توڑ کر لینا۔ زبردستی سے وصول کرنا یار علی۔ جمشید کا مین توڑ کے سر لونگا دیکھنا۔ غایب جہان نما یہ مرا جام ہو گیا۔
سر تھکانا۔ سر کھپانا۔ سر مارنا۔ مغز زنی کرنا تقریرین کرنا اور سننا۔
سر جوڑنا۔ سر جوڑ کے بیٹھنا۔ آپس مین صلاح و مشورہ کرنا۔ اتفاق و ملاپ کرنا۔ پوشیدہ گفتگو کرنا۔
سر جھکانا۔ فرمان برداری کرنا۔ اطاعت کرنا حکم مان لینا۔ شرمندہ ہونا مؤلف سر فرازی اگر تم چاہتے ہو + تجاب عاجزی سر کو جھکانا۔
سر چڑھا۔ بے ادب۔ گستاخ مغرور۔
سر چڑھانا۔ سر کاٹ کر کسی بزرگ کے مزار یا دیوی دیوتا کے مندر پر چڑھانا میر تقی طوف مشہد کو جب مین جاؤنگا تیغ قاتل کو سر چڑھاؤنگا۔
سر چڑھ کے بولنا۔ جن بھوت جادو کا کسی کے سر پر چڑھ کے بولنا نسیم کیا لطف جو غیر پردہ کھولے + جادو وہ جو سر پہ چڑھ کے بولے
سر چڑھنا۔ سر پر قرض ہو جانا کسی کا گستاخ ہو جانا۔
سر خاب کا پر لگنا۔ سب سے افضل ہونا سب سے بڑھ جانا یہ جملہ طنزاً کسی کے حق مین بولا جاتا ہی۔
سر خرو ہونا۔ سبکدوش ہونا۔ بری الذمہ ہونا۔ فتحیاب ہونا۔ ؎ اپنے خون سے ہاتھ رنگین کرلیے قاتل نے آج + زمرۂ عشاق مین اب سرخرو ہم ہو چکے +
سرد مہری کرنا بیمروتی بیوفائی کرنا میر خسرو سرد مہری کی بسکہ گلرو نے ؛ اوڑھی ابر بہار نے بھی شال +
سر دھرا۔ بزرگ۔ بڑا۔ بوڑھا۔ مربی۔ سرپرست
سر دھننا۔ سر کو دے دے مارنا۔ نہایت افسوس کرنا شوق گرم آہون سے سینہ تھنتا تھا + صحبت شمع سر کو دھنتا تھا +

سر دینا جان پر کھیلنا۔ مرنے کو مستعد ہو جانا ؎ جو ہین مارے ہوے جانان تری زلف پریشان کے ؛ وہ سر دیدینگے دام زلف مین لیکن نہ آئینگے۔
سردی ہونا۔ جاڑا پڑنا۔ زکام ہونا۔
سر ڈھکنا۔ سر چھپانا۔ اوڑھنی اوڑھانا۔
سر رنگنا۔ سر لال کرنا۔ کسی کے سر کو لہولہان کر دینا۔ سر توڑنا سر پھوڑنا۔
سر رہنا۔ کسی کے پیچھے پڑے رہنا۔ چمٹے رہنا۔
سرزد ہونا۔ ظاہر ہونا۔ واقع ہونا ظہور مین آنا۔ صادر ہونا۔
سر سبز ہونا۔ پھلنا۔ پھولنا۔ ہرا ہونا۔ مشہور و معروف ہونا۔ میر سر سبز ملک ہند مین ایسا ہوا کہ میر + یہ ریختہ لکھا بھرا تیرا دکن گیا۔
سرسون پھولنا۔ زرد ہی زرد نظر آنا۔ سرسون کے کھیت کا پھولنا شاہ نیاز بریلوی من موہن نے چھب دکھلائی سرسون پھولی آنکھون مین + پیم کی زردی مکھ پر چھائی سرسون پھولی آنکھون مین۔
سر سہرہ ہونا کسی چیز کا کسی پر دارومدار ہونا عزت و آبرو کا تمغہ ملنا۔
سر سہلانا سر پر ہاتھ پھیرنا۔ خوشامد کرنا تملق و چاپلوسی کرنا۔
سر سے چلنا۔ سر کے بل چلنا۔ نہایت تعظیم سے پیش آنا عزت کرنا ناسخ۔ نقش پاے یار پر ہے بھلا کیونکر قدم + سر سے چلنے کی ہی کوے یار مین عادت ہمین ؛
سر سے کفن باندھنا۔ مرنے کو مستعد رہنا۔ اپنی جان کو کچھ چیز نہ سمجھنا میر سر سے باندھا ہی کفن عشق مین تیرے یعنی + جمع ہم نے بھی کیا ہی سر و سامان یکجا +
سر سے کھیلنا۔ سر ہلا کر کھیلنا جسطرح سایہ زدے کھیلتے ہین ؎ ڈسا ہو کالے نے جسکو کا فر تو وہ فسون کے اثر سے کھیلے + وہان دو گیسو کا تیرے مارا نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے ؛
سر سے مارنا۔ ناراضگی کے ساتھ کسی چیز کو واپس کر دینا۔
سر سینگ ہونا کسی خاص علامت کا ہونا۔ کوئی خاص نشان قائم ہونا۔
سر فراز کرنا عزت دینا۔ آبرو بخشنا قطعہ۔ خدا نے آدمی تجکو بنایا + کیا ہی ساری خلقت مین سر فراز + عبادت مین تو رہ مشغول ہر دم + ترا دم جب تلک ہی تجھسے دمساز +

سرکرنا۔ کسی سے لڑا دینا۔ مقابلہ پڑ والدینا۔ بال گوندھنا۔ مانگ چوٹی کرنا۔
سرکرنا۔ بندوق چلانا۔ فیر کرنا۔ ملک فتح کرنا۔ لڑائی مین غالب رہنا۔
سرکو آنا۔ لڑنے کو دوڑنا۔ پیچھے پڑنا۔ کاٹنے کو دوڑنا۔
سرکھانا۔ شور مچانا۔ دق کرنا تنگ کرنا۔
سرکھجانا۔ پیٹنے کوجی چاہنا۔ مار کھانے کو جی چاہنا۔ جرأت
بزم رندان مین شیخ آتا ہی + اب تو اسکا بھی سر کھجاتا ہی ۔
سرگاڑی پیر پہیا کرنا۔ نہایت محنت و مشقت کرنا۔
سرگنجا کرنا۔ سخت مار دینا۔ مال چھین لینا مفلس و نادار کر دینا +
سرگھٹنون مین دینا۔ شرمندہ یا آزردہ خاطر ہونا۔
سرگباشی ہونا۔ مرجانا۔ وفات پانا۔ بہشت مین جانا بیکنٹھ مین جانا
سرگریبان مین ڈالنا۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔ متردد و متفکر ہونا۔ ناسخ
فکر سے خالی نہین ہون غم جانان مین کبھی + کبھی زانو پہ مرا سر ہی
گریبان مین کبھی + میر تقی کیا نظر گاہ ہی کہ شرم سے گل + سر
گریبان مین ڈال دیتے ہین ۔
سرلگنا۔ تہمت لگنا۔ الزام دھرا جانا۔
سرمارنا۔ کمال کوشش کرنا۔ سعی کرنا + ذوق پایا در اثر نہ کہین
رات بھر پھیری + سر مارتی بہ آہ سحر گاہ کے ساتھ +
سرکھپانا۔ بہت سی محنت کرنا۔ ریاضت بے صرفہ غالب
فکر دنیا مین سر کھپاتا ہون + مین کہان اور یہ وبال کہان۔
سرمنڈانا۔ سر کے بال اتروانا۔ کسیکا چیلا بننا +
سرمونڈنا۔ حجامت کرنا۔ بال اتار لینا۔ کسیکا مال فریب سے لے
لینا۔ اُسکو مفلس کر دینا۔
سرمہ کر دینا۔ نہایت باریک پیسنا۔
سرمہ ہو جانا۔ پسکر باریک ہو جانا۔
سرمین خاک ڈالنا ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔
سرنام کرنا۔ مشہور و معروف کرنا۔
سرنگ اڑانا۔ مشہور لفظ ہی۔
سرنیچا کرنا۔ شرمانا۔ لجانا لحاظ مین آنا۔
سرہلانا۔ انکار کرنا ضعیف و کمزور ہو جانا
سرہونا کسی بات کے پیچھے پڑ جانا۔
سرچوٹ۔ اب اسیوقت فی الحال۔
سربازار۔ بازار مین سب کے سامنے علانیہ۔
سرمہر۔ بند جسپر مہر لگی ہوئی ہو۔

سرپہ نہایت قریب۔ بہت نزدیک۔
سرجھاڑ منہ پہاڑ۔ بے تمیز عورت نہ سر مین کنگھی ہی نہ ہاتھ منہ
دھویا ہوا ہی۔
سرنہ پیر۔ نہ ابتدا نہ انتہا۔ نہ آگا نہ پیچھا۔ بے سروپا بے ٹھکانا۔
سرتاپا نوں تک تمام و کمال بالکل سارا ـــ بام روشن
تھا طور کی صورت + سر سے پاتک تھی نور کی صورت +
سری پھل۔ ناریل جو مشہور چیز ہی۔
سرآنکھون سے۔ بسر و چشم۔ بہت بہتر۔
سرخ و سپید بنا ہوا ہی۔ موٹا تازہ ہی تندرست ہی۔
سرسواہا ہوا ہی۔ سر کے ساتھ بگڑی ہی۔ سروار کے ساتھ موج
ہی ماں باپ کے ساتھ بچے ہین۔

سین با سین

سسرال کا کتا۔ وہ جنوائی جو خسر کے گھر رہے اور خسر کی
روٹی کھائے۔

سین با فا

سفر کرنا۔ رحلت کرنا۔ مرجانا۔ انتقال کرنا قطعہ از مؤلف عزیز د
کب تلک زندہ رہو گے + کہ آخر بالیقین مرنا ہی تمکو + رہو گے گھر
بنا کر کب تلک تم + جب اس گھر سے سفر کرنا ہی تمکو +
سفید پڑ جانا سفید ہو جانا۔ کسی خوف یا بیماری کے باعث چہرہ
سپید ہو جانا
سفید خون۔ انسان کی منی۔

سین با کاف

سکڑ سکڑ کرنا۔ بخیلی کرنا۔ کنجوسی کرنا ممسک ہونا۔
سکڑی پڑنا۔ تنگی پڑنا مصیبت پڑنا۔
سکھا شاہی۔ سکھون کی عملداری جو بے انصافی و ظلم و
غارت کا زمانہ تھا۔
سکہ بٹھانا۔ سکہ جمانا۔ حکومت قائم کرنا ضرب چلانا میر سکے بٹھائے
ہین بت ترسا کے داغ نے + جھنڈا گڑا ہی کشور دل مین صلیب کا
سکھ فرمانا۔ آرام کرنا سو جانا۔
سکھ بھلائی۔ منفعت کی نیکی منفعت کی بھلائی۔

سین بالام

سلامت روی اختیار کرنا۔ چین سے چلنا۔ کفایت شعاری کرنا نیک عادتین اختیار کرنا۔
سلام دینا۔ بندگی کہنا۔ رخصت کرنا آزردہ ہی روز عید رنجش خاطر کو دو سلام + آؤ گلے لگو مرے کیسی نہین نہین۔
سلام کرنا۔ بندگی کرنا۔ رخصت کرنا خیرباد کہنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا تیاگنا۔ میر کوچے کے اُسکے باشندون نے سبکو یہین سے کیا سلام۔ کسکا کعبہ کیسا قبلہ کون حرم ہی کیا احرام۔
سلامی کا مارنا کسی امیر کی تعظیم مین خالی بندوقون یا توپون کی فیر کرنا
سلائی پھیرنا۔ اندھا کرنا۔ نابینا کرنا۔
سس سے بیٹھنا تسلی سے بیٹھنا۔
سلفہ کر ڈالنا۔ جلا ڈالنا۔ خاک کر دینا۔
سلام ہی۔ بندگی ہی تسلیم ہی۔ بس ہی شوق مفت مین ہم تو ہوگئے بدنام + اس محبت کو آپ کی ہی سلام +

سین بامیم

سما باندھنا کسی بات کی پوری پوری تصویر کھینچ دینا۔ پوری پوری کیفیت ظاہر کرنا
سمجھ پر پتھر پڑنا عقل جاتی رہنا۔ ہوش گم ہونا ذوق تجھے اے سنگدل آرام جان مبتلا سمجھے + پڑین پتھر سمجھ پر ایسی ہم سمجھے تو کیا سمجھے۔
سمندر پار اُتارنا۔ جلا وطن کرنا۔

سین بانون

سنا اُونی آنا۔ پردیس سے کسی کے مرنے کی خبر آنا۔
سنّاٹا آنا غش آجانا۔ بیہوش ہو جانا۔
سنّاٹا تپنا۔ بالکل گم صم ہو جانا۔ اجاڑ سا معلوم ہونا سنسان ہو جانا۔
سنبھالا لینا مرتے آدمی کا کسیقدر ہوش مین آجانا ذوق بیمار محبت نے لیا تو ہے سنبھالا + لیکن وہ سنبھالے سے سنبھل جائے تو اچھا
سنبھل سنبھل کر بگڑنا۔ بن بن کر بگڑنا۔ خوشامد اضی ہونا داغ سنبھل سنبھل کے بگڑتا ہی کم دل بیتاب + الٰہی خیر یہ صدمہ ہی جان پر کیسا
سنجانی کنجا۔ وہ کنجا جسکی کنپٹی پر بال ہون۔
سنجھا تی کرنا۔ شام کے وقت چراغ جلانا۔

سنجھا پھولنا شام کو شفق کا ظاہر ہونا
سن سے جی ہو جانا۔ پژمردہ خاطر ہو جانا۔
سنکلپ کرنا ہبہ کرنا۔ بخشش کرنا۔ پُن کرنا۔
سنگسار کرنا۔ پتھرون سے مار دینا لاہنا اکبر لاہوری اُس بت سنگدل سے جو پھر جائے + مار دو اُسکو سنگسار کرو۔
سُن ہو جانا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔
سنیچر آنا۔ برا ستارہ آنا۔ نحس دن آنا۔
سنگھ راجہ تو انکا خطاب ہی جاٹ سکھون کو یہ خطاب گورو گوبند سنگھ نے دیا۔
سنت آدمی ہی۔ فقیر آدمی ہی

سین باواؤ

سوانگ لانا۔ رنگ لانا۔ بہروپ بھرنا۔ شعبدہ بازی کرنا مکر و فریب کرنا کبھی خوش کبھی رنجیدہ ہو جانا قطعہ از مؤلف کبھی روتے ہین صورت بلبل + کبھی گل بن کے مسکراتے ہین + شکل ہر دم نئی بدلتے ہین + ہر گھڑی تازہ سوانگ لاتے ہین + آتش بنتی ہی تیر کبھی خنجر کبھی سنان + لاتی ہی رنگ یار کی مژگان نئے نئے
سوا نیزہ پر آفتاب آ جانا۔ قیامت قائم ہونا سخت گرمی ہونا۔
سوت باندھنا سیدھ باندھنا۔ نشانہ اور شست لگانا۔
سوت جاری رہنا۔ آمد کا سلسلہ قائم رہنا۔
سوتی بھڑون کو جگانا۔ سوئے فتنہ کو بیدار کرنا۔ برانے جھگڑونکو تازہ کرنا دبی ہوئی آگ کو ہوا لگانا۔
سو جان سے عاشق ہونا۔ لٹو ہونا شیدا ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ دل سے فدا ہونا یا رعلی صنوبر آگیا عشق مین ہوئی سو جان سے عاشق + عجب بوٹا سا قد اُسکا نمونہ ہی قیامت کا۔
سو جان سے صدقے یا نثار ہونا۔ واری واری جانا۔ بلہاری جانا قربان جانا۔ میر وہ جو خنجر بکف نظر آیا + میر سو جان سے نثار رہا۔
سوجھتا کرنا بندوبست یا انتظام کرنا۔
سودا اُچھلنا ہونا۔ دیوانہ یا پاگل ہو جانا۔ دیوانگی کا زور کرنا۔
سود کھانا۔ بیاج لینا نقد روپیہ قرض دیکر فیصدی بیاج وصول کرنا قطعہ از مؤلف اس زمانہ کے جو مسلمان ہین + بیاج لیتے ہین سود کھاتے ہین + نام سکا منافع رکھتے ہین + اصل پر سود جب بڑھاتے ہین +
سورج کو چراغ دکھانا بے فائدہ کلام کرنا۔
سوکھا پڑنا۔ بارش نہ ہونا قحط پڑ جانا۔

سوکھا ٹالنا - کچھ نہ دینا - باتون مین ٹال دینا -
سوکھا جواب دینا - صاف جواب دینا - انکار کرنا -
سوکھا کانٹا ہوجانا - لاغر ہوجانا - بدن پر گوشت نہ رہنا - **ذوق**
آرہے گا دشت مین لیلی ترے ناقہ کا کام ✽ ہوگیا مجنون جو کانٹا
سوکھکرا چھا ہوا -
سوکھی چنائی کرنا - خشک عمارت کرنا جسمین چونا یا گارا نہ لگایا جاے
بغیر پانی پینے کے کھانا -
سوکھے دھانون پانی پڑنا - عین موقع پر بارش کا ہونا -
سوکھی گھاٹ اُتارنا - مایوس رکھنا کچھ نہ دینا کسی کی خواہش کو پورا
نکرنا ہجر - واے محرومی نہ پہونچے چشمۂ مقصود تک ✽ سوکھے گھاٹون
تشنہ کامون کا اُتارا ہوگیا -
سول سے لگنا - ناگوار معلوم ہونا - بُرا لگنا - دل مین چبھنا -
سولہ سولہ گنڈے سنانا - بیشمار گالیان دینا - نا ملایم باتین کہنا -
سولی پر جان ہونا - مصیبت مین مبتلا ہونا - خطرہ مین جان ہونا -
راحت ہجر ابرو فراق مژگان مین ✽ دل ہی خنجر پہ جان سولی پر ✽
سولی پر چڑھانا - دار پر کھینچنا - مار دینا - تکلیف دینا - رنج پہونچانا نسیم ہی
سنبل مرا تازیانہ لاتا ✽ تمشا واے سولی پر چڑھانا -
سونٹھ بسانا - زچہ کے واسطے ضروری سودا خریدنا - حاملہ کے کھانے
کی چیزین بہم پہونچانا -
سونٹھ کی ناس لینا - خاموش رہنا - زبان سے کچھ نہ کہنا
تحمل و صبر کرنا -
سونٹے پڑنا - خوب پیٹا جانا - مار کھانا -
سونے کا نوالہ کھلانا - بہت عمدہ اور قیمتی کھانے کھلانا - ناز پیار سے
پالنا **برق** کہتے ہین دیکے بوسہ طلائی جبین کا ✽ سونیکا مین نے
تجھکو نوالہ کھلا دیا -
سونے کی چڑیا ہاتھ لگ جانا - کسی مالدار سے ملاقات ہوجانا -
سوئی کے ناکے مین سے اونٹ نکل جانا - ناممکن بات کا وقوع
مین آجانا - خدا کی قدرت ظاہر ہونا -
سونٹھیا صراف - مالدار دولتمند - دیانت دار صراف جو سونے
کا لین دین کرتا ہو -
سوکھی لفن - پتلی دُبلی عورت نازک بدن -
سونٹا سے ہاتھ - وہ عورت کہ ہاتھ جو زیور سے خالی ہو -
سونا سوگندھ - زر خالص کھرا سونا - **ناسخ** - سونا سگندھ ہو کیون

نہ کہون تجکو اے پری ✽ رنگت سنہری اُسپہ یہ خوشبو بدن مین ہی
سو لیسو ے غنا لنا - ظن - غالب - ہونے والی بات -
سوکنون کی جوڑی - یہ نام ایک آتشبازی کا ہی - دو مورتین زنانہ
سوکنون کی بناکر اسمین بارُوت بھر دیتے ہین جب آگ دی جاتی ہی
تو وہ دونون آپسمین لڑتی ہین

سین با ہاے ہوز

سہاگ اُترنا - عورت کا خاوند مرجانا - رانڈ ہونا بیوہ ہونا -
سہتا سہتا - قابل برداشت نیمگرم پانی یا دودھ وغیرہ -
سہاگ رات - پہلی رات عورت کی خاوند کے ساتھ ہم بستری
کی شب زفاف تخت کی رات -
سہیلی - بیاہتا عورت -

سین با یاے

سپاہ دکھانا - فوج کی حاضری دینا - لشکر کی کثرت ظاہر کرنا ؎
ہمارا دل وہ رستم ہی کہ آنکھ اسکی نہ جھپکے گی ✽ دکھائین ترک چشم
اسکو سپاہ فوج مژگان کا ✽
سیاہ و سفید کرنا - نیک و بد کرنے پر مختار ہونا - مستقل حاکم ہونا قطعۂ از
مؤلف - رات دن کو خدا بدلتا ہی ✽ حق سیاہ و سپید کرتا ہی ✽ حکم سے
اسکے وار دنیا مین ✽ کوئی جیتا ہی کوئی مرتا ہی -
سیاہی کا دبانا - کسی کالی بلا کو خواب مین آکر دبا رنا - کابوس کی
حالت ہونا **آتش** دھیان اُس کاکل مشکین کا جو آیا مجھکو ✽ خواب
مین آکے سیاہی نے دبایا مجھکو -
سیپ لگنا - کسی پرندے کا دُبلا ہوجانا - طوطا کبوتر وغیرہ کا پر جھاڑنا -
سیپی کا سا منھ نکل آنا - لاغر ہوجانا - بدن پر گوشت نہ رہنا -
سیتلا کا کھاجا - وہ شخص جسکے چہرہ پر بہت سے چیچک کے داغ ہون
سیج چڑھنا - عروس کا اپنے شوہر کے ساتھ ہم بستر ہونا -
سیخ پر لگانا - کباب بھوننے کے لیے گوشت سیخ پر چڑھانا کسیکو سخت تکلیف دینا
سیدھا آنا - سامنے آنا مقابل آنا - راستی و درستی پر آنا -
سیدھا بنانا - درست کرنا - کج نکالدینا - ٹیڑھا باقی نرکھنا ٹھیک بنانا
سیدھا بننا سیدھا ہونا - ٹھیک ہونا - درست ہونا - سیدھی راہ
پر آنا ؎ خم جب سے قد راست مین آیا سنبھل گئے ✽ سیدھے
بنے ہم ایسے کہ سب بل نکل گئے ✽
سیدھی سنانا - صاف صاف کہدینا - زبان پر آنا سنا دینا -

سیدھی انگلیون گھی نکالنا۔ کسی کام کو آسانی کے ساتھ کرلینا۔
سیدھے سادے بنا۔ بھولے بھالے بنا بیوقوف و احمق بنا۔
سیدھے منھ بات نہ کرنا۔ کھلے طور پر کلام نکرنا۔ منھ پھیر کر بات کرنا۔ اترانا۔ غرور کرنا۔
سیر کی ہنڈیا مین سوا سیر پڑا اور ابھنا۔ حوصلہ اور گنجایش سے زیادہ مال ملگیا۔ مفلس کو دولت ملگئی تو اپنے جامہ سے باہر نکل گیا۔
سیڑھی سیڑھی چڑھنا۔ درجہ بدرجہ ترقی حاصل کرنا۔ پایہ بپایہ ڈبڑھ جانا
سیکھ دینا۔ سکھانا۔ نصیحت کرنا۔ مشورہ دینا۔ تدبیر تبلانا۔
سیلاسی سے بولنا۔ نرمی سے بولنا۔ اخلاق سے پیش آنا۔
سیلا کرکے کھانا۔ سرد کرکے کھانا۔ جلدی نکرنا آہستگی سے کام لینا۔
سینت کے رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔
سین مارنا۔ سین دینا۔ اشارہ کرنا۔
سیندھ لگانا۔ نقب لگانا۔ سوراخ کرنا۔
سینگ دکھانا۔ فخر ظاہر کرنا۔ برائی جتانا۔
سینگ کٹا کر بچھڑون مین ملنا۔ بڈھا ہوکر بچون کے ساتھ کھیل کود مین شریک ہونا۔
سینگ سمانا۔ پناہ ملنا۔ حفاظت کا مقام ہاتھ لگجانا۔ قطعہ از مؤلف
تم نہین چاہتے اگر ہمکو۔ تیری محفل مین ہم نہ آئینگے + چند روزہ گزارہ کرلینگے + سینگ اپنے جہان سمائینگے ؛
سینگ نکلنا۔ جوان ہونا۔ ہشیار ہونا۔
سینہ ابھار کے چلنا۔ غرور سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔ اینٹھ کر چلنا۔ خرامان خرامان چلنا۔
سینہ زوری کرنا۔ سرکشی کرنا۔ زبردستی کرنا۔
سینہ کوٹنا۔ ماتم کرنا نوحہ کرنا۔ میر۔ دل جو تھا اک آبلہ پھوٹا گیا۔ رات کو سینہ بہت کوٹا گیا۔
سینہ سے لگانا۔ پیار کرنا۔ محبت کرنا ؎ مضطرب رہتا ہی مدت سے یہ دل + آج سینے سے لگا کو ہمکو۔
سیدھی سادھی چال۔ سلامت روی کا طریقہ۔ سیدھا رستہ۔ کفایت شعاری۔ ناسخ۔ خیریت چاہے تو سیدھی چال چل ۔ ۔ ۔ مال مست + گرتے ہین نشہ مین چلتے ہین اگر ٹیڑھا رہے ؛
سیدھی آنکھون۔ خوشی بخوشی کھلے ماتھے۔ رضامندی و خوشدلی کے ساتھ مؤلف غیر کا سب ٹھہرا پن جاتا رہے اک آن مین + سیدھی آنکھون سے اگر وہ سرو قد ہم سے ملین
سیف زبان۔ وہ شخص جسکی زبان مین اثر ہو جو بات منھ سے نکلے ظہور مین آجائے مدحیہ گروہ اہل قلم مین وہی تھا سیف قلم + تمام اہل زبان مین وہی تھا سیف زبان +
سیتلا کی پھوٹی ہوئی آنکھ۔ ایسا نقصان جسکا معاوضہ نہو سکے جیسے کہ سیتلا کی پھوٹی ہوئی آنکھ درست نہین ہوسکتی۔
سیدھی آنکھ۔ مہربانی کی نظر۔ لطف کی نگاہ
سینہ بسینہ۔ باپ دادون سے نسلاً بعد نسل۔ مدحیہ از مؤلف عنایت کیا غوث اعظم کو حق نے + جو تھا علم عرفان کو سینہ بسینہ
سیدھی انگلیون سے گھی نہین نکلتا ہی۔ قاعدہ ہی کہ برتن مین لگا ہوا گھی بغیر ٹیڑھی انگلیون کے نہین نکل سکتا اسی طرح کمینہ اور پاجی آدمی نرمی اور مہربانی سے کام نہین دیتا جبتک اسپر سختی نہ ہو۔
سیر کیواسطے سوا سیر موجود ہی۔ زبردست کی سرکوبی کے لئے اس سے زیادہ زبردست موجود ہی ایک سے ایک بڑھ کے ہی۔
سیر چشمی۔ قانع ہونا۔ صابر ہونا بے پروا ہونا

پانچوین فصل

ادویات در آن لغات کے ذکر مین جو علم طب کے متعلق ہین۔

سین با الف

سالا مندرا۔ یہ ایک جانور سانپ کی شکل سے ملتا ہوا مع دو ہاتھ اور دو پاؤن چھوٹے چھوٹے کے ہی دم اسکی چوڑی ہی رنگ اسکا ابلق زردی و سیاہی سے ملا ہوا آگ اسپر تاثیر نہین کرتی اگر تنور مین ڈالدین تو آگ بجھ جائے اور طبیعت اسکی نہایت گرم اور خشک ہی اسکا گوشت ایک مثقال سم قاتل ہی روغن اسکا اگر بالون کو لگایا جائے تو بال فوراً گر جائین۔
سال ج۔ یہ ایک بڑے قد کا درخت ہی اسکو ہندی مین سال و ساگون کہتے ہین اسکی لکڑی بڑے بڑے کام مین خرچ ہوتی ہی اسکے پھل کو جوش دیکر کھاتے ہین طبیعت اسکی لکڑی کی سرد اور خشک ساتھ تھوڑی سی حرارت کے ورد سر گرم کو نافع ہی اور ورم گرم کو اسکا ضماد تحلیل کرتا ہی سوزش معدہ و تشنگی کو دفع کرتا ہی۔

سافنج - یہ ایک ہندی درخت کے پتے مین جو بڑا درخت اور بلند ہوتا ہی لکڑی اسکی خوشبودار ہوتی ہی یہ درخت سواے ہند کے اور کسی ولایت مین نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم اور خشک حافظ ارواح داخلاط مفرح مسمن و محلل ریاح - مصلح معدہ مقوی جسم مدر بول وحیض ہی

سام ابرص - یہ ایک جانور ہی جسکو ہندی مین چھپکلی کہتے ہین جنگلی اور شہری ہوتا ہی طبیعت دونون کی گرم اور خشک ہی ضماد اسکے گوشت کا مسون کو دور کرتا ہی بالون کو جماتا ہی اور اگر عقرب کے نیش پر رکھین تو درد کو تسکین دیتا ہی

سادوران - یہ ایک سیاہ مائل بسرخی اکثر درختون کے جوف مین پائی جاتی ہی جو نارجیل کے درخت سے نکلے وہ بہتر ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک تھوڑی حرارت کے ساتھ حابس اسہال ودموی ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی اور ورام کو تحلیل کرتا ہی

سامان - یہ ایک جنگلی گھاس نہایت نرم اور باریک ہوتی ہے اسکے بوریے بنائے جاتے ہین جو نہایت نرم ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی اسکے بوریے پر بیٹھنا موجب حصول فرحت ہی بواسیر اس سے دفع ہوتی ہی اور راکھ اسکی قاطع نزف الدم ہی

سالوادنہ - یہ ایک دوا ہی جو اکثر جزائر سے لائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم وتر ہی بیمارون کو بجاے غذا دودھ یا پانی مین پکا کر فالودہ کی طرح دیتے ہین طبیعت کو فرحت دیتی ہی

سین با باے

سبج - معرب شبہ یہ ایک سیاہ پتھر چمکتا ہوا ہلکا جلد ٹوٹنے والا بلاد سوڈان اور ہند کے پہاڑون سے نکلتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع خفقان مقوی معدہ و باصرہ و مقوی دل ہی -

سپستان - مشہور درخت ہی جسکو ہند مین لسوڑا کہتے ہین اس کے پھل کا نام بھی لسوڑا ہی صورت اسکی پھل تازہ کی کتیا کے پستان کی طرح ہوتی ہی اسواسطے نام اسکا سگ پستان مشہور ہوا کثرت استعمال سے سپستان کہا جاتا ہی طبیعت اسکی حرارت اور برودت مین معتدل ہی تلیین سینہ وحلق و درستی آواز اور کھانسی گرم وخشک کے لیئے مفید ہی حرقت البول اور تیزی صفرا کو دور کرتا ہی

سپنیہ - بفتح سین وکسر باے وسکون یاے تحتانی ایک مچھلی کا نام ہی جسکی ہڈی نہایت سخت ہوتی ہی گوشت اسکا بولا اور

سورخدار اسفنج کی طرح ہوتا ہی - اور سوراخون مین بجاے خون سیاہ پانی بھرا ہوا ہوتا ہی اور وہ پانی تیل کی طرح چراغ مین جلتا ہی اسکے انڈے دافع سنگ مثانہ و سنگ گردہ ہین اور مدر بول -

سین با تاے

ستاور - یہ ایک درخت ہندی کی جڑ ہوتی ہی جو دافع سوزاک اور سوزش بول ہی

سین با خاے

سخار - یہ ایک گھاس اذخر کی صورت پر ہی - مزا اسکا تلخ طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع صرع وفالج ومقوی معدہ و فاتح سدہ جگر ہی

سین با دال

سدابیل - یہ ایک گھاس ہی جسکو ہندی مین سانول اور ساتری کہتے ہین - بستانی - پہاڑی اور جنگلی تین قسم کی ہوتی ہی پتی اسکی چھوٹی پھول زرد اور بیج ایک غلاف مین تین تین تیز بو بہترین اُنمین سے بستانی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی عقل کو بڑھاتی ہی دماغ کو طاقت دیتی ہی - مدر حیض و بول ہی اور بھی فایدے اسکے بکثرت کتابون مین لکھے ہین جنکی تشریح اس موقع پر نہین ہوسکتی -

سدر - یہ ایک مشہور درخت ہی جسکو فارسی مین کنار ہندی مین بیر کہتے ہین - بہت سے اقسام اسکے ہین جنگلی اور باغی بھی ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد وخشک ودبستانی تازہ پھل سرد و تر قابض دیر ہضم ہی

سداب تری - پتی اسکی پتلی شاخین کم اور بدبو زیادہ بستانی سے طبیعت اسکی گرم وخشک سوم درجہ تک ہی ہیار ورم اس سے کھائین تو ہلاک کردیوے لوہے کے اوپر اسکو ملین تو مورچہ نہین لگتا ضماد اسکے پتون کا عضو کو بحس کردیتا ہی -

سین با راے

سراج القطرب - یہ ایک گھاس ہی کہ بحالت تر اور تازہ ہونیکے چراغ کی طرح رات کو روشنی دیتی ہی سراج کے معنے چراغ کے ہین اور قطرب کرم شب تاب کو کہتے ہین جسکو ہندی مین جگنو بولتے ہین - تریاقی تاثیر اسمین وہ ہی کہ ہر ایک ہوے اثر کو دور کرتی ہی خصوصاً تیلا کے زہر کا تو یہ علاج ہی

سرخس - یہ ایک جڑ سیاہ رنگ ہوتی ہی ہندی مین اُسکو بسوزہ کہتے ہین نر اور مادہ دونون قسم کی نر اُسکا بدون ساق اور پھل اور پھول کے بلکہ ایک شاخ اسکی جڑ سے جمتی ہی بقدر ایک گز کے اور اطراف پر پتی دندانہ دار مشابہ جڑیون کے پرون کے اور مادہ بدون شاخ کے طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ

مین خشک جالی و مفتح و محلل و مفرح و مسہل ہی مانع حمل مسقط جنین نافع وجع المفاصل ہی۔

سرس۔ یہ ایک ہندی درخت ہی سلطان الاشجار و درخت زکریا اور سرینہ بھی اُسکو کہتے ہین۔ بڑا درخت ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی پتی اُسکی شبکوری کو دفع کرتی ہی۔ دانتون کو مضبوط کرتی ہی جذام اور خدر کو فایدہ دیتی ہی تخم اسکا فالج و لقوہ و استرخا و درد مفاصل و امراض دماغی کا علاج ہی

سرپھونکہ۔ یہ ایک سبزہ ہی۔ شاخین اسکی پتلی اور بلند پتی اسکی پتلی پھول سرخ اور سپید۔ مگر سپید پھول والا نایاب۔ تخم مشابہ باقلا کے پوست خالدار مغز زرد اور کڑوا طبیعت گرم تر و نافع سرفہ یعنی کھانسی و امراض جگر و طحال و گردہ و مثانہ و بواسیر خونی +

سرطان نہری۔ سرطان بحری۔ یہ جانور آبی مشہور ہی جسکو خرچنگ فارسی مین ہندی مین کیکڑا کہتے ہین۔ نہری خرچنگ کی طبیعت سرد اور تر کثیر الغذا دیر ہضم اور مبہی ساتھ قوت جاذبہ کے تین عدد سرطان کے اطراف کاٹکر اور جوف اُنکا پانی اور راکھ سے خوب دھوکر جو مقشر کے ساتھ پانی مین پکائین اور وہ پانی پئین تو سل اور دق اور کھانسی کو دفع کرتا ہی۔ سرطان بحری سمندر مین ہوتا ہی جب تک پانی مین رہتا ہی نرم ہوتا ہی باہر آکر جب ہوا لگتی ہی تو پتھر ہو جاتا ہی۔ یہ سرطان نہری سے چھوٹا ہوتا ہی مشابہ چھچھوندر کے اسکو جلا کر آنکھون مین ڈالین تو بصارت کو زیادہ کرتا ہی۔ دانتون کو لگائین تو دانت مضبوط ہوتے ہین کھانا اسکا زہر قاتل ہی

سرکھی۔ یہ ایک ہندی گھاس کا نام ہی ساق اسکی گرہ دار ہر ایک گرہ پر شاخ پتی سفیدی مائل پھول چھوٹا طبیعت مائل بحرارت و رطوبت اُسکے پتون کا جوشاندہ وجع مفاصل و درد پشت کو دفع کرتا ہی جڑ اسکی حمیات مرکبہ کو نافع۔

سرو بستانی و سرو بری۔ دونون قسم کے سرو کا درخت ہی بستانی بڑا درخت ہوتا ہی خزان مین بھی سرسبز رہتا ہی پھل چھوٹا سا جو زردی کی صورت پر طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم تیسرے درجہ مین خشک قابض و محلل دافع سلس البول مقوی مثانہ ہی پینا دو مثقال اسکے پسے ہوئے پتون کا ساتھ آدھے مثقال مرکی کے بول فی الفراش کی بیماری کا علاج ہی۔ سرو بری بھی تاثیر مین سرو بستانی کی طرح ہی مگر بالونکے سیاہ کرنے مین اس سے زیادہ سریع التاثیر ہی

سرپا سنھی ایک سبزہ ہی۔ پتی اسکی مشابہ پتی رطبہ کے پھول زیرہ اور سپید طبیعت معتدل حرارت اور یبوست مین فضلہ دماغی اور سر درد کو دفع کرتا ہی جذام کا علاج ہی۔

سین با طای

سطاخیس لغت یونانی ہی اور ایک سبزہ کا نام پتی جسکی سفید اور چھوٹی رونگٹے دار اور خوشبودار کوہستان اور خشک زمین مین پیدا ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک وحشت۔ خوف۔ وسواس۔ مالیخولیا اور خفقان بارد اور رنجوابی و ریاح غلیظہ کا علاج ہی

سطراطیوطس۔ یہ ایک بوٹی پانی پر بدون جڑ کے ہوتی ہی مشابہ بادرنجبویہ کے اُس سے چھوٹی اور نعناع سے بڑی ہندی مین اسکو جل کھمبی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد و تر سوزش بول و سوزش اعضا کو نافع ہی

سطاریون۔ یہ ایک بوٹی مشابہ عشق پیچہ کے درختون پر لپٹ جاتی ہی بنفشہ کی طرح اُسکا پھول ہی گل عقرب اور ایران مین بھی اُسکو کہتے ہین طبیعت اسکی مرکب القوی۔ اورام گرم کے تحلیل کرنے مین اس سے زیادہ کوئی علاج نہین پھول اور پتی اسکی کوٹ کر کھچڑا اور زنبور اور رتیلا کے نیش پر باندھین تو زہر جاتا رہی

سطرشیون۔ یہ ایک بوٹی گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی ساق اسکی پتلی اور گرہ دار بدون کسی شاخ کے ہی پتی بقدر انگوٹھے کے پھل کی جگہ ایک قبہ سبز سفید صنوبری شکل سفید اور رحنیلی کے پھلون کی طرح اسمین بیج زیرہ کے مانند جڑ لمبی اور سفید اور تلخ طبیعت اسکی گرم اور خشک نہایت جالی محلل قوی مسہل رطوبت امراض جگر و یرقان و عسر التنفس کی نافع ہی

سین با عین

سعد۔ ہندی مین اسکو موتھا کہتے ہین یہ ایک جڑ لمبی اور چوڑی مختلف شکلون کی اندر سے سپید اور خوشبودار کوفی اور ہندی بہت سے اقسام کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مدر بول و حیض دافع درد سر و بواسیر الانف و خفقان و یرقان ہی

سعوط ہر ایک ترچیز جو ناک مین پھونکی جاسے یہ اختراعات جالینوس ہی

شعدان۔ عربی مین یہ ایک گھاس کا نام ہی جو خالدار اور سفید اور نرم ہوتی ہی پھل اسکا گول اور خاردار اور جڑ اور پھل دونون اُسکے مدر بول ہین قاطع زحیر و اسہال ہی۔

سین با فای

سفادیکس - بکسر دال یونانی زبان مین ایک گھاس کا نام ہی ساق جسکی بقدر دو بالشت شاہترہ کی طرح پھول زرد اور سفید جڑ مائل بہ تیزی تلخی بعض اسکو جنگلی پیاز جانتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک مقوی معدہ مسکن درد گردہ و مثانہ تریاق سموم مسہل اخلاط غلیظہ ہی

سفرجل - بہی ہو ایک مشہور میوہ ہی اور اسکے تخم کا لعاب دواؤن مین مستعمل ہی - بہی آزاد اور بہی ترش اور بہی ترش شیرین - شیرین بہی کا نام بہی آزاد ہی - تین اقسام اسکے الگ الگ طبیعت رکھتے ہین شیرین کی طبیعت حرارت اور برودت مین قریب باعتدال ہی مقوی دل و دماغ و معدہ و مدد گار روح حیوانی ترش کی طبیعت پہلے درجہ مین سرد دوسرے مین خشک معدے کی تقویت مین شیرین سے زیادہ قوی اور ترش و شیرین قاطع صفرا و مفرح روح و مقوی معدہ ہی -

سفید ولیون - یہ ایک بوٹی سونف کے ساتھ مشابہت رکھتی ہی تر زمینون مین پیدا ہوتی ہی - طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح و مسہل بلغم دافع صرع و عسر النفس ہی -

سین با قاف

سقمونیا - یہ ایک دوا گھاس کا دودھ ہی جو سخت زمین بے آب پہاڑی مین پیدا ہوتی ہی - شاخین اسکی بہت سی زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہین اسلیے لیسدار رطوبت نکلتی ہی - پھول اسکا سفید اور گول جڑ سفید بقدر گاجر کے جس سے دودھ لیا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک جالی محلل و مفتح مسہل صفرا و فضلات قاتل جنین و دافع زہر گزندہ ہی

سقولوقندریلیہ - ایک جانور مکڑی کی صورت پر شہری اور بیابانی ہوتا ہی اسکے بہت سے پانون ہوتے ہین ابو سبع اور سبعین اور اربع اور اربعین بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور تیز ہی اور زہر قاتل اگر آدمی کے جسم سے چھو جاے تو خارش سرخ ہو جاتی ہی

سین با کاف

سکباج - ایک قسم کی غذا ہی جو سرکے سے بناتے ہین مبرد اور مرطب ملطف مفتح و قاطع بلغم و مسکن غلیان خون -

سکبینج - یہ ایک گھاس کا گوند ہی باہر سے سرخی مائل زرد اندر سے سپید ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مسخن و منفعت جالی و محلل دافع قولنج و اورام صلبہ ہی

سکر - فارسی مین شکر ہندی مین کھانڈ اور شکرا ور گڑ کہتے ہین یہ نیشکر یعنی گنے کا عصارہ یعنی نچوڑ ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک

اور جو تازہ عصارہ سیال ہو وہ گرم و تر ہی ملین طبع و حلق و سینہ و ریہ و مقوی باہ ہی خون صالح کو پیدا کرتا ہی -

سکر العشر - یہ شبنم ہی جو عشر درخت کے پتون پر آسمان سے برس کر جم جاتی ہی - اس درخت کو فارسی مین خرک ہندی مین آک کہتے ہین جو ولایت خراسان مین پڑتی ہی وہ سپید نمک کے ٹکڑون کی طرح ہوتی ہی اسکو یمانی کہتے ہین اور سیاہ رنگ کو حجازی بولتے ہین ان دونون مین سے یمانی عمدہ قسم ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی مگر حجازی گرم زیادہ ہی یمانی سے - مفتح و مقوی جگر ملین الطبع و آلات تنفس دافع سرفہ و قرحہ شش و درد سینہ و جگر و معدہ ہی

سک - عصارہ آنولہ کا جو تازہ آنولے سے نکالا جاتا ہی اسکو سک اصلی کہتے ہین جس ملک مین آنولہ نہین ہوتا تو خام کھجورون سے سک بناتے ہین اسکو سک غیر اصلی کہتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین سرد پہلے درجہ مین گرم اور دوسرے درجہ مین خشک ہی مفتح و محلل و قاطع نفث الدم و حابس قے و مقوی اعصاب و قوت ماسکہ ہی اور اگر سک مین مشک ملایا جاے تو اسکو سک المسک کہتے ہین طبیعت اسکی مائل بگرمی ہی

سکرجہ - یہ ایک بوٹی کا نام ہی پتی اسکی مشابہ پتی مورد کی بوسط ساق مین ایک حلقہ انگوٹھی کی طرح ہوتا ہی جسکو انگوٹھی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل سودا ہی اور دافع صلابت طحال -

سکوہ - یہ نام ایک درخت کا جو ہند کے ملک خصوصًا ملک بنگال مین بکثرت ہوتا ہی - بہت بڑا اور بلند لکڑی اسکی عمارتون مین خرچ ہوتی ہی اسکا پوست اکھاڑین تو اسکے نیچے سے رال نکلتی ہی -

سین با لام

سلاجیت - ہندی لفظ ہی اور قسم مومیائی کی کہ دکن کے ملک صوبہ بہار وغیرہ مین پتھرون سے ٹپک کر جم جاتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ تریاقیت کے دافع فساد خون و ضیق النفس و دق و شیخوخت و بواسیر بادی و خونی و جریان ہی -

سلت - جو برہنہ یعنی وہ جو جسکے اوپر خوشہ مین پردہ نہین ہوتا معمولی جو سے کچھ چھوٹا طبیعت اسکی گرم و خشک کھانا اسکا دودھ کے ساتھ بدن کو فربہ کرتا ہی چربی پیدا ہوتی ہی - ونی گرم اسکی ملین طبع ہی

سلحفات - ایک دریائی جانور ہی جسکو کشف اور سنگ پشت فارسی مین ہندی مین کچھوا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر مقوی باہ

و کمر ہی کباب اسکے بعض کو جد کرتے ہین۔

سلق۔ چقندر جو ایک مشہور چیز ہی طبیعت اسکی مرکب لقوی ساتھ حرارت اور یبوست کے ہی قاطع بلغم قلیل الغذا دافع رعشہ محرک شہوت جماع ہی۔

سلمانیون۔ ایک درخت اقسام بید مین سے ہی بیت المقدس شام کے پہاڑون مین ہوتا ہی پھول اسکا سرخ بیج مشابہ سیاہ دانہ کے طبیعت اسکی گرم اور خشک خیساندہ اسکے پتون کا ریہ کو صاف کرتا ہی آواز کو درست کرتا ہی۔ سموحیوانی خصوصًا افعی کے زہر کا علاج ہی۔

سلاجہ۔ بجائے حلی پیشاب پہاڑی بکریون کا کہ مستی کی حالت مین پتھرون پر پیشاب کرتا ہی اور وہ جم جاتا ہی سیاہ رنگ قیر کے مانند ولایت دیلم مین اسکا شورہ بناتے ہین جس سے باروت عمدہ بنتی ہی۔ طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل اخلاط سوختہ اور دافع جذام ہی۔

سلخ الحیہ۔ پوست مار سانپ کی کینچلی جو سانپ اپنے جسم سے اتار کر پھینک جاتا ہی۔ طبیعت اسکی گرم و خشک دافع بواسیر ظاہری واندرونی کا ہی۔

سلیخہ۔ ہندی مین اسکو تج کہتے ہین۔ یہ پوست ایک درخت کا ہی۔ جو ہند مین پیدا ہوتا ہی یا کنارے دریاے عمان مین پتے اسکے سوسن کبود کیطرح ہوتے ہین ساق غلیظ پوست موٹا اور وہ سات قسم ہی۔ ایک زرد غلیظ اور خوشبو دوسرا برنگ مرجان اور پر سوار اور خوشبو تیسرا مائل بزردی بغیر خوشبو کے چوتھا سرخی اور سیاہی کے درمیان اور رقیق۔ پانچوین رقیق کبود اور خوشبو سے گلاب کے پھول کی سی چھٹا مشابہ قسط کے اور غیر بہاتی ساتوین رقیق اور بہت سیاہ اور بدبو۔ بعض کہتے ہین کہ دارچینی کے درخت سے حاصل ہوتا ہی یہی قول درست معلوم ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ملطف اور مسخن و منضج و محلل و مقوی اعضا و مقوی معدہ و کبد مخرج جنین مقوی بصر دافع زکام و کھانسی ہی

سلوی۔ یہ ایک جانور پرندہ ہی جو حضرت موسیٰ کی قوم کو تیہ جنگل کی قید مین خدا کی طرف سے خوراک پہونچا جاتا تھا ہندی مین اسکو لوا بولتے ہین۔ بعض کے نزدیک یہ سمانی ہی بعض اسکو دریائی جانور کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک تاثیر مین محرک باہ ہی۔

سلیمانی۔ فارسی مین اسکو دار شکنہ ہندی مین استینل کہتے ہین سنکھیا اور پارہ سے بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک کھانا اسکا زہر قاتل ہی مرہمون مین استعمال کیا جاتا ہی۔

سین با میم

سمکتہ الصیدا۔ یہ ایک مچھلی چشمہ ثول مین جو قریہ تبوک کے پاس ہی ملتی ہی سمک صیدا اور سمکہ برکہ اور سمکہ ثول بھی اسکو کہتے ہین مشابہ چھوٹی چھپکلی کے ہوتی ہی دو ہاتھ اور پانون اور پنجے رکھتی ہی اور دم ذرا ٹیڑھی۔ نر مادہ دونون قسم کی ہوتی ہی جب تک زندہ رہی نر اور مادہ پہچانی جاتی ہین۔ بعد مرنے کے علامتین نر اور مادہ کی گم ہو جاتی ہین۔ صیدا اور تبوک دوگانون شام کے ملک مین ہین اور ثول دہان ایک چشمہ ہی جسمین یہ مچھلی ہوتی ہی۔ نر مادہ کے ساتھ جماع آدمی کیطرح کرتا ہی فصل ربیع مین یہ مست ہوتی ہی اور آپس مین نر مادہ جمع ہوتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور خشک ہی اور کف جو اس سے نکلتا ہی وہ تیسرے درجہ مین ہی۔ ایک رتی کف اس کا انڈے کی زردی کے ساتھ کھائین تو باہ کو جوش مین لاتا ہی اور کامل نعوظ پیدا کرتا ہی یہانتک کہ پھر وہ نعوظ فرو نہین ہوتا اور ہلاکت تک پہونچاتا ہی گوشت اسکا باہ کی تقویت کے واسطے عجیب و غریب نسخہ ہی

سمیسلیہ ایک قسم کی بوٹی کاسنی کی طرح ہی پتی اسکی نہایت سبز ہوتی ہین اور جڑ طولانی ہر ایک جانور کے لیے زہر قاتل ہی۔

سمور۔ یہ ایک جانور ترکستان مین پایا جاتا ہی۔ اسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین جو قیمتی ہوتی ہین۔ اور سنجاب سے زیادہ گرم ہی اور مبرد مزاجون کے لیے نہایت مفید کھانا اُسکے گوشت کا مقوی باہ و مقوی دل و سینہ ہی۔

سماق۔ مشہور میوہ ہی جو کھٹا اور میٹھا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض مقوی معدہ۔ قاطع صفرا دافع اسہال صفراوی ہی۔

سمک۔ مچھلی کو کہتے ہین جسکی ہزارون اقسام ہین۔ عمدہ مچھلی وہ ہی جو فلسدار اور کم وزن پانی مین رہتی ہو اور وہ پانی پتھرون یا موٹی ریت پر ہمیشہ جاری رہتا ہو طبیعت مطلق مچھلی کی سرد اور تر ہی اور بعضے گرم تر کہتے ہین۔ کباب تازہ مچھلی کے آگ پر بھون کر کھانا بہتر ہی اس مچھلی سے جو گھی مین بھونی جاوے یا شوربا پکایا جاوے گوشت مچھلی کا مرطب و مسمن و مولد منی ہی دودھ بڑھاتا ہی گردے کی چربی کو زیادہ کرتا ہی۔

سمسم۔ فارسی مین کنجد ہندی مین تل کہتے ہین مشہور چیز ہی جسکا تیل بھی نکالا جاتا ہی۔ کھانے مین بھی آتا ہی طبیعت اسکی گرم و تر ساتھ

رطوبت لزجہ کے قلیل الغذا مقوی و مفتح مسالح الکیموس مسمن بدن ملین آواز و امعاو محلل اورام گرم ہی۔

سماق الدباغین۔ مازو کو کہتے ہین جسکے چھوٹے دانے ہوتے ہین چمڑے دباغت کے مصالح مین بھی اسکو داخل کیا جاتا ہی طبیعت اسکی بہت سرد اور قابض۔ اور خواص اسکے سماق کیطرح ہین۔

سمقوطن۔ یہ نام ایک گھاس کا ہی جو دو قسم کی ہوتی ہی۔ ایک ضخری دوسری سہلی۔ ضخری پتھریلی زمین مین جمتی ہی۔ بعد دن شاخون کے سخت اور خشک اور خوشبو۔ پتی پتلی مزا شیرین۔ جڑ لمبی طبیعت گرم ہی دوا ظاہری باطنی امراض کا علاج ہی۔ زن و مرد اس سے فائدہ اٹھاتے ہین سہلی شاخدار گھاس۔ رونگٹے دار پھول زرد اگر اسکو ہاتھ لگائین تو کھجلی ہونے لگے رنگ ظاہری اسکے ریشے کا سیاہ اندر سے سپید بعد دن شیرینی اور خوشبو کے طبیعت گرم و دافع نفث الدم و اورام مقعد ہی

سمن۔ بفتح سین و سکون میم روغن گاو و گاومیش وغیرہ یعنی گھی اور مسکہ یعنی مکھن طبیعت اسکی گرم تر محلل و مفتح ساتھ قوت تریاقی کے ہر ایک زہر کا مقابلہ بھی کرتا ہی جلد کو نرم کرتا ہی۔ بشرہ کو صاف کرتا ہی دماغ کو مصفا کرتا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی خشکی کو دفع کرتا ہی کھانسی خشک اور یرقان اور طحال کو نافع ہی۔

سمین چربی جو جانور کے پردۂ شکم اور گردہ وغیرہ پر ہوتی ہی طبیعت اسکی نہایت گرم تازہ گھی سے قریب الفعل زیادہ جلد ہضم ہونے والی ملین طبع سریع الاستحالہ در تریاقی تاثیر مین گھی سے زیادہ۔

سمکہ ذہبیہ۔ بحر ابیض مین ایک قسم کی مچھلی بہت بڑی ایک سو گز سے دو سو گز تک لمبی بیس گز چوڑی۔ منھ اور ناک اسکی پیٹھ پر ہی درمیان دو شانون کے اسکے دم لینے کے وقت سمندر سے فوارے کیطرح پانی اچھلتا ہی۔ لوگ اسکو شکار کرتے ہین ہزارون من روغن اسکے جسم سے نکلتا ہی۔ اسکی چربی کی بتیان بناتے ہین چراغون مین جلاتے ہین

سمانی۔ یہ ایک پرندے کا نام ہی عربی مین اسکو قتیل الرعد کہتے ہین اور مشہور ہی کہ یہ جانور جب بادل کی آواز سنتا ہی مرجاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک کثیر الغذا مسمن بدن مدر بول و دافع درد مفاصل ہی۔

سین با نون

سنگھاڑا۔ ہندی لفظ ہی اور پھل ایک گھاس کا جو پانی مین جمتی ہی تالابون اور جھیلون مین بکثرت ہوتی ہی اسکا پھل سہ گوشہ ہوتا ہی ہر ایک گوشہ پر ایک کانٹا رنگ سیاہ باہر سے اندر سے سفید لذیذ لوگ پکا کر کھاتے ہین آٹا بھی بناتے ہین طبیعت تر پھل کی سرد تر ادہ

خشک کی سرد خشک مقوی باہ و دافع کھانسی و تپ صفراوی اور مدر بول مزیل حرقت بول دافع نقرس و اسہال ہی ...

خشک کی سرد خشک مقوی باہ و دافع کھانسی و تپ صفراوی و مدوی و سنگ گردہ و سنگ مثانہ ہی پیاس کو دور کرتا ہی بھوک بڑھاتا ہی

سنبکھیا۔ یہ ایک جڑ ہرن کے سینگ کی صورت پر ہی اسواسطے اسکو سینگ مہلا کہتے ہین ہند اور خطا کے درمیانی پہاڑون مین یہ بوٹی ہوتی ہی بعض قوی القوت اور بعض ضعیف القوت اور بعض متوسط القوت۔ قوی القوت مین اسقدر قوت ہی کہ اسکو ہاتھ سے چھوکر دوسرے شخص کے عرق جسم کو ہاتھ لگا دین تو وہ اسیوقت مرجاتے ہین اور متوسط مین بعد کسیقدر دیر کے اور ضعیف القوت مین ایک دن یا آدھے دن مین زہر کی تاثیر ہو زہر ہلاہل اسی کا نام ہی۔

سنجاب جنگلی چوہا اسکے بال بڑے اور نہایت نرم ہوتے ہین اسلیے اسکے چمڑے کی پوستینین بناتے ہین جو قیمتی ہوتی ہی شیعہ اسکے گوشت کو کھانا حرام اور اسکے پوست کو پہننا حرام جانتے ہین اور اہل سنت کے چار مذہب مین اختلاف ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم دوسرے درجہ مین تر گوشت اسکا مسکن حرارت و درد سینہ و دافع سرفہ یعنی کھانسی ہی۔

سنباذج۔ یہ ایک نرم پتھر ہی مختلف رنگون کا ایک سپید جسکو دودیا کہتے ہین دوسرا سیاہ جسکو نیلیا پکارتے ہین تیسرا مسوریا جو مسور کی دال کی رنگت پر ہی۔ یہ سب سے اچھا ہی طبیعت اسکی سرد خشک ہی منجن اسکا دانتون کو صفا کرتا ہی اور ورام کو تحلیل کرتا ہے سوزش سینہ کو دور کرتا ہی بواسیر کا علاج ہی۔

سنّور۔ گربہ یعنی بلی جو مشہور جانور ہی کابل وغیرہ سرد ملکون کی بلیون کے چمڑے کی پوستینین بنتی ہین طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا دافع وجع المفاصل و نقرس و دشنیت ہی پوستین اسکا بدن کو فربہ کرتا ہی۔

سندریطیس۔ یونانی مین یہ ایک گھاس کا نام ہی جو انگور کے درختون کے پاس پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد و خشک لالتیام قروح و دافع اورام و خنازیر کے لیئے شدید النافع ہی۔

سندروس۔ یہ ایک چیز مشابہ کہربا کے زرد رنگ ہی روغن کنجد یا سرسون کے تیل مین ڈالکر آگ پر رکھین تو پگھل جاتی ہی اور روغن بنتا ہی یہ کسی درخت کا گوند ہی بعض کے نزدیک یہ کافور کے درخت کا گوند ہی گھاس کو بھی یہ کہربا کیطرح اٹھا لیتا ہی پس فرق اسمین اور کہربا مین مشکل ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مجفف رطوبات دماغی دافع اسہال دموی قاطع بلغم معدئی و امعا مدر بول حیض ہی۔

سنبل لغت مین سنبل خوشہ کو کہتے ہین اور نام گھاس خوشبو کا جو سنبل الطیب و سنبل العصافیر و سنبل رومی و سنبل کوہی وغیرہ مختلف اقسام کا ہی سنبل ہندی کو یونانی مین ناردین اور ہندی مین بالچھڑ کہتے ہین - یہ ایک گھاس بغیر پھل اور پھول مشابہ دم سمور ایک انگلی لمبا اور خوشہ دار اور کئی عدد آپسمین ملے ہوے رنگ اسکا اشقر سیاہی مائل بزردی بہت خوشبو اور تیز جڑ اسکی تھوڑی سخت ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح سدہ دماغی معدہ و کبد و مقوی دماغ و جگر و فم معدہ وغیرہ

سنگسبویہ - ہندی مین اسکو تخم چکوندا اور تخم نیواڑ بھی کہتے ہین یہ ایک دانہ بہت سخت مشابہ تھیکرا اور بڑے انگور کے دانہ سے اور چھوٹا ماش کے دانہ تک طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی ضماد اسکا سرکہ کے ساتھ اورام خبثیہ کو اچھا کرتا ہی جذام اور برص کو مفید ہی ضیق النفس و امراض سوداویہ و صفراویہ کو دفع کرتا ہی -

سنبوسہ - مشہور اغذیہ مین سے ہی - اور میدہ کی ٹکیہ مین قیمہ گوشت وغیرہ ڈالکر اور مثلث شکل کی پوڑیہ بناکر گھی مین چھوڑ دیتے ہین طبیعت اسکی گرم تر کثیر الغذا مقوی اعصاب مسمن بدن ہی -

سناکی - مشہور گھاس ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم و سودا و صفرا منقی دماغ و مقوی بدن ہی -

سنبل رومی - یہ بوٹی پھولدار اور خوشبو مع جڑ خوشبو کے ہی سنبل الطیب کے ساتھ اسکی مشابہت نہین ہی پتی اسکی اونچی اور چوڑی طبیعت اسکی سنبل الطیب سے گرم زیادہ ہی مگر عمل مین اس سے ضعیف یرقان کو دفع کرتی ہی عسر البول کا علاج ہی - رنگ رخسار و نکار روشن کرتی ہی -

سنبل جبلی - پہاڑی سنبل اس بوٹی کو ظاہری مشابہت سنبل الطیب سے نہین ہی مگر فوائد اسکے اور اسکے ایک ہین -

سنبل فارسی - پرسیاوشان بھی اسکا نام ہی - ایک قسم ریاحین سے ہی جو نرگس کے ساتھ جمتی ہی نہایت خوشبودار اسکی پیاز نرگس کے پیاز سے ضعیف پھول بنفشی اور بعض سپید بشکل چنبیلی کے سپید پھول کو گل شبو کہتے ہین اسواسطے کہ رات کو اس پھول کی خوشبو دن سے دوچند ہو جاتی ہی

سین با واو

سوس - یہ ایک بوٹی ہی جو اکثر بلاد مین پیدا ہوتی ہی فارسی مین اسکو مہک کہتے ہین زمین کے اوپر پھیل جاتی ہی جڑ اسکی زمین مین قائم ہوتی ہی جب کاٹو پھر نکل آتی ہی اسکی شاخ ایک انگلی کی مقدار موٹی پھل سرخ و کبود ملا ہوا - اسکی جڑ کا پوست سیاہ اندر سے زرد ہی ایک قسم کی جڑ شیرین دوسرے کی تلخ ہی شیرین جڑ کو مقشر کرکے استعمال مین لاتے ہین کہ سانپ اسکو بہت چاہتا اور اسکو چاٹتا ہی تلخ بسبب سمیت کے مستعمل نہین طبیعت اسکی گرم و خشک منضج اخلاط غلیظہ مسکن تشنگی و سوزش معدہ مقوی اعصاب محلل ریاح دافع ضیق النفس ہی

سویق - ستو جو غلہ جو اور گیہون اور چانولون کے بنائین طبیعت اسکی اس چیز کی طرف سے جس سے ستو بنایا گیا ہو جو کے ستو حرارت کو تسکین دیتے ہین قی اور اسہال صفراوی کو فائدہ مند ہین اگر شربت انار مین گھول کر پئین - ستو گیہون کے گرم مائل باعتدال سریع الہضم کثیر الغذا اور تھوڑا متوسط کیواسطے نافع ہین اگر قند کے شربت مین پئین علی ہذا القیاس چانولون اور چنون کے ستو امزجہ مختلفہ کو مختلف فائدہ پہونچاتے ہین -

سوفال یہ ایک شگوفہ اور پوست غلیظ مشابہ پوست درخت لسان العصافیر کے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ساتھ حدت اور حلاوت کے درد مفاصل بارد کو نافع ہی

سولان - یہ ایک جڑ سرخ رنگ صقالیہ اور روم سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع لقوہ محلل ورام مقوی باسرہ ہی -

سوسن - مشہور پھول ہی سپید بستانی کی طبیعت گرم اور خشک دوسرے درجہ مین جنگلی بستانی سے گرم و خشک زیادہ ہی دافع امراض ریہ و طحال و کبد و زخم و بواسیر و خنازیر ہی

سورنجان یہ ایک جڑ مشابہ لہسن صحرائی صنوبری شکل تین قسم کی ہوتی ہی - ایک اندر باہر زرد تیرگی مائل دوم سرخ تیرہ تیسری اندر باہر سیاہ - نوع - اول سب سے اچھا ہی - باقی دو انواع مین سمیت ہی تیسرا قسم بالکل متروک ہی سبزہ اسکا ایک بالشت اونچا پھول زرد طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم تیسرے درجہ مین خشک مسہل اقسام بلغم نافع یرقان و وجع المفاصل -

سوکیہ - یہ ایک شربت چانولون سے بنایا جاتا ہی - چانول کوٹ کر چھانتے ہین پھر گلاتے ہین پھر انار کا پانی اور ماء العسل و شیرہ انگور اور قند اسمین ڈالتے ہین دارچینی و لونگ و بسباسہ ایزاد کر گرمی مین دو دن اور سردی مین چار دن دھوپ مین رکھتے ہین اور استعمال مین لاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک قاطع بلغم خام مفتح سدہ و جگر و طحال نافع استسقا و یرقان ہی

سودانی - یہ ایک جُز باہی دم جسکی لمبی اور چوڑی بقدر ہتھیلی ہاتھ کے خور اک اسکی گرم حشرات الارض وانگور ہی طبیعت اسکی گرم وخشک گوشت اسکا مُضر دماغ ہی۔

سین باہاے

سہجنہ - یہ ایک بڑا درخت ہی بنگال مین بکثرت ایک قسم کے پھول سرخ دوسرے کے سفید تیسرے کے زرد اور لمبے لمبے پھل تخم سپید سہ پہلو پھیلا در پھول اسکے کھانے مین آتے ہین گوند بھی اسکے تنہ سے نکلتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک سریع الاثر دافع بلغم مقوی باصرہ مشتہی طعام ہی۔

سین بایاے

سیسیا - یہ ایک مچھلی بحر قلزم بحیرہ طبریہ سرطان کی صورت پر ہوتی ہی اسکے گوشت کے جوف مین سیاہ رطوبت ہوتی ہی جس سے انسان لکھ سکتا ہی بلکہ بحیرہ کے پاس رہنے والے وہی سیاہی لکھنے مین خرچ کرتے ہین اسی لحاظ سے ماہی مرکب سکا نام رکھا گیا ہی۔ طبیعت اسکی گرم وخشک بر ہضم طین بطن دافع داء الثعلب سفیدی چشم ہی

سیسنبر - یہ ایک گھاس ریحان کی قسم سے بری اور بستانی ہوتی ہی بری کو ذباب کتے ہین جو بستانی سے قوی ہی خوشبو کی مین بھی۔ زیادہ سفیدی مین بھی زیادہ پھول مائل بسرخی ہی طبیعت گرم خشک تیسرے درجہ مین مفرح ومفتح ومقوی دماغ ودل دافع عفونات مدر بول وحیض۔

سیسالیوس - یہ ایک گھاس چار قسم پر منقسم ہی ایک مشابہ سونف کے دوسری مشابہ لبلاب کے تیسری مشابہ زیتون کے چوتھی مشابہ انجدان کے طبیعت سب قسام کی گرم اور خشک دافع صرع عسر النفس مقوی ہاضمہ ومعدہ مقوی دماغ درد رحم اور تقطیر البول کا علاج ہی

سیسنبل - یہ ایک درخت ہندی ہی جو مشہور ومعروف ہی طبیعت اسکی گرم وتر مقوی باہ ومقوی حرارت عزیزی مسمن جسم دافع اسہال صفراوی ہی۔

سیسارون - جڑ ایک گھاس کی ہی اگر جوش دین تو خوش مزہ معلوم ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک ہی معدے کو قوت دیتی ہی بھوک کو بڑھاتی ہی مدر بول وحیض ہی۔

سیسبان - یہ ایک درخت دو گز تک اونچا ہوتا ہی پتے چھوٹے پھول زرد بہت خوبصورت پھل بقدر میتھی کے باغون مین باغ کی زینت بڑھانے کے سیئے لگایا جاتا ہی طبیعت اسکی مائل گرمی اور خشک ہی مقوی معدہ حابس اسہال دافع ورم محلل در تریاق سموم ہی

سیلان - کھجور کا عصارہ جو طبخ کے بغیر دھوپ مین خشک کر لیتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک منضج ومحلل جالی معدہ وامعا ہی کبد کو طاقت دیتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی۔

سیو - ایک گھاس خوشبودار کا نام طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع سنگ گردہ وسنگ مثانہ مدر بول وحیض ہی

سولھوان باب

شین معجمہ کی لغات کے ذکر

مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی وعربی وترکی وغیرہ لغات کے بیان مین

شین باالف

شا - اختصار شاہ کا - بادشاہ فرمان فرما - قطعہ از مؤلف
نیم جانا نرا بفضل خویش جان بخشی کنی ٭ ناتوانرا توان ولی نوایانرا نوا ٭ از جنابت مال و دولت مفلسان حاصل کنند ٭ گنج گوہر تنگدستان خاکساران کیمیا ٭ ذرہ را خورشید نور قطرہ را گوہر کنی ٭ صاحب گنجینہ مفلس اگدارا بادشا ٭

شاداب - سیراب و پُر آب وتروتازہ مؤلف درہر گل وخار دیدہ کن باز تا گلشن عمر ہست شاداب ٭

شاہ آب - شہاب - پہلا سرخ رنگ جو کسونب کے پھولونسے نکالا جاتا ہے مؤلف کن وضو ای عاشق از خون جگر ٭ تا تو باشی سرخرو مثل شہاب ٭

شاپاب - اہواز کے ملک مین ایک درخت کا نام ہی

شارب - پینے والا پانی یا شراب وغیرہ کا۔

شامخات - بلند مقامات اور بلندیان اور پہاڑونکی چوٹیان۔

شامت - بفتح میم بد فالی وبدبختی وشومی شعر ہر ہمہ بار گردد اندر جہان ٭ شومی باشامت اعمال ما ٭

شامت - بکسر میم کسیکی خرابی اور برائی پر خوش ہونا۔

شات - گوسپند جو سفید ہو جانور ہی کرلفظ ناب مدرہ کے ساتھ لکھا جاتا ہی

شاہ لوج- ایک میوہ کا نام ہی جو زرد آلو کی طرح ترش ہوتا ہی-
شارح- شرح کرنے والا بیان کرنے والا- نعتیہ از مؤلف +
محمد شارح لفظ ہمہ اوست * محمد خیرخواہ دشمن و دوست *
شاخ- شاخہ- درخت کی شاخ- حیوانون کی شاخ یعنی سینگ اور آدمیون کے ہاتھ انگلیون سے کتف تک- اور پیرانون سے انگلیون تک- اور چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکالی جائے اور پیالہ شراب کا اور شراب جو گلاب کے ساتھ ملی ہوئی ہو- و چاک و شگاف اور باروت دان جسمین باروت رکھکر کمر کے ساتھ باندھتے ہین میرزا طاہر وحید
تا ز تجدید یار با عاشق نگردد آشنا + بے بریدن شاخ را پیوند کردن مشکل ست +
شاخ شاخ- پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے الگ الگ شعر نوری عرفانست
روشن در گلستان شاخ شاخ + جلوہ ذات ست از ہر گل نمایان
شاخ شاخ + تختہ تختہ مینماید لالہ رنگین روی خوش + جلوہ بخشد
سنبل و نسرین وریحان شاخ شاخ +
شاملخ- سینہ بند عورتون کا جسکو انگیا کہتے ہین- اور نام ایک غلہ کا جسکو ہندی مین سانوان اور سوانک بولتے ہین-
شاہ رخ- نام ایک بادشاہ زادہ کا- اور نام ایک شطرنج باز کا جو شطرنج کھیلنے مین استاد تھا نظامی مبارک بود فال فرخ زدن + نہ بر لعب زدن بلکہ شہ رخ زدن +
شامخ- بلند- بہت اونچا-
شالخ- نام پسر قینان بن ارفخشد بن سام بن نوح- اور عابر جسکے نام کے ساتھ عبرانی زبان منسوب ہی اسکا بیٹا تھا اور پارس جسکے ساتھ پارسی زبان منسوب ہی عابر کا بیٹا تھا-
شاہد- حاضر و گواہ اور معشوق صاحب حسن کمال غنیمت بنام شاہد نازک خیالان * عزیز خاطر آشفتہ حالان +
شاد- خوش و خورسند آسودہ حال- نظامی نیارد بکس جز بہ نیکی بیاد + نگردد برانندہ کس نیز شاد *
شاگرد- نوکر چاکر خدمتگزار- یہ لفظ پہلے شاہ گرد تھا- کثرت استعمال سے شاگرد ہوگیا سعدی زرش دہ بیم و زر ریع و شاگرد و رخت +
دلی بی مروت چوبی بر درخت +
شارد- روندہ یعنی چلنے والا-
شالود- ہالہ جو چاند کو پڑجاتا ہی-
شادورد- خسرو پرویز کے ساتوین خزانہ کا نام ہی منجملہ ان خزانون کے
شاذ- بتشدید ذال معجمہ جدا اور اکیلا- اور صرفیون کے نزدیک وہ لفظ جو خلاف قیاس ہو یعنی مطابق قواعد کلیہ کے نہو-
شاطر- دلاور- چالاک- تیز رفتار- شطرنج باز- شوخ و بیباک دزد و گرہ بر- سعدی اگر چہ شاطر بود خروس بجنگ + نزند پیش باز رویین چنگ محسن تاثیر گل زپیادگانت سنبل ز شاطرانت +
نرگس رکاب گیرد وقت سواری تو +
شاعر- جاننے والا- دریافت کرلینے والا- شعر کہنے والا شعر از مؤلف
زندہ ماند شاعر شیرین زبان + از سخن تا گردش دور زمان +
شاپور- یہ نام ایک بادشاہ کا ہی جو اشک بن یافث کی اولاد سے تھا- زکریا پیغمبر علیہ السلام اسی کے عہد مین درخت مین پناہ گزین ہوا- اور آرہ سے چیرا گیا- اور اسکو شاپور ذو الاکتاف کہتے تھے اسواسطے کہ اہل عرب مین سے جسپر وہ اختیار رہا تا اسکے شانے نکلوا دیتا اسکے بعد اور بھی چند شاپور بادشاہ گذرے ہین- اور خسرو پرویز کے دربار کا ایک امیر بھی شاپور تھا جو خسرو اور شیرین کے درمیان وسیلہ مواصلت کا تھا اخیر عمر مین بادشاہ اس سے مکدر خاطر ہوگیا اور نظر سے گرادیا سعدی شنیدم کہ شاپور دم درکشید + چو خسرو براسمش قلم درکشید *
شابہار- نام ایک قدیمی بتخانہ کا جو نواح کابل مین تھا اور اب وہ بڑے بھاری جنگل مین واقع ہی-
شار- نام ایک جانور سیاہ رنگ خوش آواز کا ہی جسکو مینا کہتے ہین طوطی کی طرح باتین کرتا ہی- اور شغال یعنی گیدڑ اور ایک قسم رنگین چادر ابریشمی جو عورتین پہنتی ہین اور وہ کپڑا جو فانوس پر ڈالا جاتا ہی- و بمعنی رقص و سماع اور عمارت بلند اور کھلا رستہ و خطاب بادشاہ گرجستان و آبادی و شہر و بستی اور وہ گھوٹ جو چاندی سونے مین ڈالا جاوے اور گرنا پانی کا کسی اونچے مقام سے پستی کو شعر دران باغ فوارہ و آبشار + بہر حوض و تالاب بیش از شمار +
شاکار- شاکر- دری زبان مین بیگار یعنی زبردستی بلا اجرت کام کرانا-
شارمار- قسم ایک بڑے سانپ کی ہی
شاستر- ہندؤن کے عقائد کا علم-
شالامار- اس نام کا ایک باغ کشمیر مین اور ایک لاہور مین ہی معنی اسکے عیش کا گھر کشمیر کا شالامار اگرچہ اب تک موجود ہی مگر خراب و خستہ لاہور کا شالامار ابھی حالت مین ہی کہ سرکار انگریزی

اسکی مرمت پر ہزارہا روپیہ ہر سال خرچ کرتی ہی سکھی وقت مین جسقدر سنگ مرمر وغیرہ قیمتی پتھر اس باغ پر لگا ہوا تھا سب سکھون نے اتار لیا۔ پہلے ایک چہ بچہ یعنی حوض خرد جو شاہی غسل کے لیئے سنگ یشب کا بنا ہوا تھا پچیس ہزار روپیہ کو سردار گوجر سنگہ قابض لاہور نے حکاکون کے پاس فروخت کر دیا۔ مہاراجہ رنجیت سنگہ کا وقت آیا تو اسنے تمام بارہ دریون کا سنگ مرمر اتار کر امرتسر گرد راماس کے دربار بھیج دیا عمارت چونہ سے سفید کرا دی۔ یہ باغ شاہجہان بادشاہ نے بنوایا تھا جو اب تک اسکا یادگار موجود ہی ۱۰۴۷ ہجری مین اسکی عمارت ختم ہوئی۔ اور نمونۂ خلد برین تاریخ نکلی۔ ۱۰۴۷ھ

شاموس۔ یونان مین ایک شہر اور نام ایک جزیرہ کا ہی
شاباش۔ مخفف شادباش ہی اور یہ کلمہ تحسین و آفرین کے موقع پر کہا جاتا ہی وبمعنی عطا و بخشش و نثار میر مغری من چون شنیدم از دور آواز مطرب بانش + دان شادباش کہتر وان نوش باد مہتر +
شاش۔ ایک شہر کا نام ہی جسکا اصلی نام چاچ ہی اسکا معرب شاش ہی۔ اب اسکو تاشکند کہتے ہین۔ فارسی مین اسکے معنی موت اور پیشاب کے ہین۔
شاخص۔ وہ جسکی آنکھین حیرت سے کھلی رہگئی ہون حیران و سرگردان
شایع۔ آشکارا۔ و ظاہر و مشہور و معروف۔
شارع۔ سب کے روبرو سب کے سامنے +
شارع۔ سیدھا راستہ۔ شہراراستہ اور وہ عالم و فاضل جو شرع کے علم سے واقف ہو۔
شافع۔ شفاعت کرنے والا۔ بخشوانے والا گنہ گارون کا یہ خطاب حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کا ہی نعتیہ از مؤلف شافع روز جزا و ہادی دنیا و دین + ہین رسول اللہ فخر اولین و آخرین
شارغ۔ بہ فتح رے نبیر مین عین منقوط ترکی مین دستار یعنی پگڑی سر باندھنے کی۔
شارف۔ شتر ماوہ پیر۔ بوڑھی اونٹنی۔
شاف۔ شیاف۔ شافہ۔ وہ میل یا بتی جسکو دوا لگا کر مقعد یا در مین رکھی جاوے یا آنکھون مین لگائی جائے شفائی نسخہ سمر زدہ زمن۔ میخواست + گفتم این شافہ ساز و آمد راست +
شاہق۔ بلند اور بلند عمارت۔ اور طبیبون کے نزدیک نفس کی حرکت جو مائل بار تفاع ہو۔

شارق۔ روشن اور چمکتا ہوا آفتاب وغیرہ
شاق۔ نہایت دشوار اور سخت اور مشکل از مؤلف بہ ہر انچہ بود حق اہل استحقاق + حساب خلق ہم از دست خویش کن بیباق + چرا بوقت عبادت شوی تو کاہل و سست + چرا بکار حسل و نیا کنی مشغقت شاق +
شایق۔ صاحب شوق۔ شوق مند مؤلف میرساند و شایق را باوج قرب حق + دوستی و صدق و اخلاص دو فاق و اشتیاق +
شارشک۔ نام ایک ساز کا جسکو رباب بھی کہتے ہین چار تارین لگا کر بجایا جاتا ہی اور نام ایک جانور کا جسکو تیہو بھی بولتے ہین۔
شارک۔ مشہور جانور ہی جسکو مینا کہتے ہین۔ طوطی کی طرح باتین کہتی ہی۔
شالنگ۔ گھوڑے کا زین پوش و رفرش کا نچلا حصہ و رقاصہ پیر مرد
شالہنگ۔ مکر و حیلہ و ظلم و ستم اور آدمی سرکش و نافرمان اور گرد یعنی رہن +
شاماک۔ عورتون کا سینہ بند یعنی انگیا۔
شانک۔ حوصلہ مرغان یعنی پرندون کا پوٹا جسمین انکا کھایا ہوا دانہ رہتا ہی فارسی مین اسکو سنگدان بھی کہتے ہین۔
شاک۔ سپاہی جسنے ہتیار پہنے ہون۔
شاخل۔ بضم و کسر خا سے نام ایک غلہ کا ہی جسکو ہند مین ارہر کہتے ہین۔
شاغل۔ صاحب شغل جو کسی کام مین مشغول ہو مؤلف مثنوی صورت زیبای این جہان مائل + کہ نیست زو بجز از درد و رنج و غم حاصل + بغیر یاد خداوند مگذران یکدم + بذکر و فکر خدا باش ہر زمان شاغل +
شاقول۔ بقاف منقوطہ وہ آلہ جس سے معمار اپنا کام سیدھا کرتے ہین اور وہ گول لوہے یا پتھر سے بنایا جاتا ہی اسکے سر پر آہنی کنڈا لگا کر تاگا باندھا جاتا ہی۔ ہندی مین اسکو ساہل کہتے ہین جب کام کی سیدھ دیکھنی منظور ہوتی ہی تو اوپر سے نیچے لٹکا کر دیکھ لیتے ہین طاہر وحید معمار کی تعریف مین۔ چو شاقولش این رنگ تا ریختہ دل من بہ مو بست آویختہ +
شال۔ اصلی معنی اسکے گلیم یعنی گدڑی کے ہین اور مشہور وہ قیمتی کپڑا ریشمی ہی جو کشمیر مین بنایا جاتا ہی اگر اسکے دو پرت جمع کیئے جاوین تو دوشالہ نام رکھا جاتا ہی حسن۔ چو حسن و ضعیف لباس شالپوشان میکند + رنگ امید از رخ اطلس قبایان می برد +
شاتل۔ ایک گھاس کا نام ہی۔

شاکلول - بہت سا کھانے والا پرخور اور بہت سا بولنے والا پرگو گندہ مغز - بکواسی آدمی -

شاہ کال - ایک قسم کی روٹی کا نام ہی جو میدہ اور تخم مرغ ملا کر پکاتے ہین - اور نام ایک حلوا کا جسکو کلاج بولتے ہین -

شام - مغرب کا وقت - اور نام ایک ولایت کا **مؤلف** می پسند ذات حق بلا صبح و شام + نیک بد خورد و کلان و خاص و عام - **و لہ** تلمیع فرمان ہمہ در زمان شام و سحر + سر نہادہ در سجودش ہند و سندہ و روم شام

شایان - لایق و سزاوار **مؤلف** بتعظیم و تسلیم بر آستانت + کند سجدہ ہر وقت گردون گردان + ز ہر رتبہ اعلی تو داری مراتب + بہر فخر لایق بہر شان شایان +

شایگان - فراخ و لایق و سزاوار اور ہر چیز بہتر اور خوب اور نام ایک **خزانہ** کا خسرو پرویز کے خزانون مین سے اور صفت ولی نو **مؤلف** - مدہ از دست خود اے مرد نادان + کہ این عمر تو گنج شایگان ست +

شادن - بکسر دال بچہ آہو یعنی ہرن کا بچہ -

شارستان - بڑا شہر اور بڑا قصبہ جسکے اطراف مین باغ ہون اور وہ رستہ جسطرف سے پانی نکلتا ہی -

شاہین - ایک شکاری جانور کا نام ہی اور ترازو کی ڈنڈی جس کے دونون طرف ترازو کے پلے لگائے گئے ہون اور ترازو کا سرا جو تولتے کے وقت ہاتھ مین لیا جاتا ہی

شادمان - شادمانہ - شادمند - خوش و خورم آسودگی کی حالت مین **مؤلف** دلی تعلق شو ز دنیائے دنی + باش اندر دین و دنیا شادمان + **میر معزی** - از دولت بسعادت او شادمانہ شد ہر دل کہ ز نحوست ایام غمگین شدہ **نظامی** بفضل چنین خرم و شادمند + ببستان شدم زیر سرو بلند +

شان - فارسی مین خانہ زنبوران یعنی بھڑون کا چھتا جسمین شہد ہو اور مخفف لفظ ایشان **نظامی** بفرمود تا خوار کردند شان + رسن بستہ بردار کردند شان + **ملا طغرا** - **توت کی تعریف مین** گر از شاخ آن شیخ دم میزند + عسل شان خود را بہم میزند + اور عربی مین شان کے معنی عزت و آبرو و قدر و منزلت و شکوہ بیت نعتیہ از **مؤلف** خدا خود ہی ثنا خوان **محمد** + بڑی کیا اس سے ہو شان محمد

شادان - بہت خوش اور خوشحال **مؤلف** ز دنیای دنی دل در خدا بند + کہ باشی در جہان خوشحال و شادان +

شادران - ایک شہر کا نام ہی -

شام غریبان - ایک شہر کا نام ہی -

شاہ نشین - بادشاہ کے بیٹھنے کا مکان -

شاتو - بنای فوقانی زینہ و نردبان - یہ لفظ ترکی ہی عربی مین اسکو سُلَّم کہتے ہین **ابو نصر نصیرائی** - کجا بر کنگر قصرش کمند افگن توان نشستن + کجا بر بام گردون میتوان نہاد شاتو را +

شاؤ - خالص چنانچہ زر شاؤ -

شاملو - طایفہ قزلباش مین ایک فرقہ کا نام ہی -

شارو - سارک جو مشہور جانور ہی -

شاشو - ایک گھاس کا نام جسکو پرسیاوشان بھی کہتے ہین -

شائی کلیو - عجم کے پیغمبرون مین سے ایک کا نام ہی -

شانہ - کنگھی جو سر کے بالون وغیرہ مین پھیرتے ہین اور نام ایک ہتیار کا اور کوچ جولاہون کا **طاہر غنی** از رشک کند باد صبا بر سر خود خاک + در زلف تو شد بند مگر ناخن شانہ +

شارقہ - چیز روشن و روشنی آفتاب -

شاقہ - دشوار اور سخت محنت **مؤلف** بہر جمع مال و زر فاقہ مکن - بہر دنیا محنت شاقہ مکن +

شاہنشاہ - بڑا بادشاہ بادشاہون کا بادشاہ **مؤلف** زہے خداوند خداوند و شاہ و شاہنشاہ + شہان ملک ولایت غلام آن درگاہ + زہی خدا کہ ز آئینہ رخ مہ و خور + گہے بشام و ہر جلوہ دہی بہ پگاہ +

شایستہ - بروزن آہستہ لایق و بہتر **مؤلف** مرد شایستہ کند آہستہ کار + آید از آہستگی شایستگی +

شاہبہ - آمیزش و آلودگی -

شارہ - رنگین و منقش دستار جسکو ہندی مین چیرا کہتے ہین اور نام ایک قسم کے رنگین و باریک کپڑے کا -

شادنہ - یہ ایک پتھر سرخ رنگ سیاہی مائل بہت نرم ہوتا ہی عدسی و کافوری رنگ آنکھون و دواؤن مین استعمال کیا جاتا ہی عربی مین اسکو حجر الدم کہتے ہین معرب اسکا شادنج ہی

شاردہ - روم کے جزائر مین سے ایک جزیرہ ہی -

شارویہ - خسرو پرویز کی بیٹی کا نام ہی جسنے خسرو کو شیرین کے سبب سے مار دیا -

شازہ - عمامہ بڑی پگڑی -

شاشولہ - پگڑی کا شملہ جو پیچھے رکھتے ہین شاملہ بھی اسکو کہتے ہین

شاشہ۔ پیشاب موت اور ترشح اور ترشح۔
شالدہ۔ عمارت کی نیو یعنی بنیاد۔
شامہ۔ عورتون کے پہننے کی اوڑھنی۔
شاہ۔ بادشاہ۔ مالک۔ خداوند۔ والی۔ ملک۔ اور وہ شخص جسکی شادی ہوا اور بڑا مہرہ شطرنج کا۔ اور آدمی صاحب علم و فضل اور ہر ایک جسکو عزت دینی منظور ہو شاہ کا لفظ اُسکے ساتھ لگاتے ہین جیسے شاہ سوار و شاہ انجیر و شاہ توت و شاہراہ وغیرہ۔
شاہترہ۔ مشہور سبزہ ہی جو دوا مین مستعمل ہی معرب اسکا شاہترج ہی عربی مین اسکو بقلۃ الملک بھی کہتے ہین۔
شاہ دانہ۔ تخم بنگ۔ بنگ کے بیج۔
شایکہ۔ ایک درخت کا نام جسکا گوند انزروت ہی۔
شایہ۔ میوہ ہر ایک درخت کا۔
شبانکارہ۔ ایک خطہ کا نام ہی ملک فارس مین۔
شاہ چینی۔ ایک قسم کی حنا کا نام ہی۔
شاکی۔ شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔
شاطی۔ دریا کا کنارہ۔
شافعی۔ چار مذہب اہل سنت مین سے ایک مذہب کے امام کا نام ہی۔
شامی۔ شام کا رہنے والا منسوب بہ شام۔
شانی۔ دشمن۔ عداوتی۔
شالی۔ مشہور غلہ ہی جس سے چاول نکالتے ہین۔
شادی۔ خوشی۔ راحت مقابل غمی کے میر معزی گر بیتو شادی آرم ہرگز مباد شادی۔ در بیتو بادہ نوشم نوشم مباد بادہ۔

شین با بای موحدہ

شبغا۔ وہ احاطہ کانٹون کا جو بکریون کی شب باشی کے لیے گانون سے باہر بنایا جاتا ہی شبغاد۔ و شبغارہ کے بھی یہی معنی ہین۔
شباب۔ بفتح اول نام ایک پردہ کا موسیقی مین اور عربی مین بمعنی اور جوان لوگ جمع شاب کی سے درضیفی میشود کار ت خراب + انتقام کار ہا کن در شباب +
شباب۔ بکسر اول نشاط اور خوشی۔
شباب۔ بضم اول و تشدید ثانی جوان لوگ یہ لفظ بھی جمع شاب کی ہی
شب۔ بکسر اول و تشدید ثانی مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین پھٹکری کہتے ہین اور جوانی اور جوان ہونا اور آگ جلانا اور بلند ہونا۔

شب۔ رات جسکو عربی مین لیل کہتے ہین سعدی شب چو عقد نماز بربندم + چہ خورد بامداد فرزندم +
شپ۔ جلدی جانیوالا۔ کودنے والا۔ جست مارنیوالا۔
شپشاپ۔ شپاشاپ۔ تیرون کے چلنے کی آواز۔
شپشپ۔ درخت کی شاخ اور آدمی مضطرب۔ بے تمکین و زرد رو۔
شبت۔ مشہور سبزی ہی جسکو ہندی مین سویا بولتے ہین۔
شبکات۔ جمع شبکہ کی جالیان پنجرے جو عمارتون مین لگائی جاتی ہین اور شکاریون کے جال جسمین جانورونکو پکڑتے ہین۔
شب برات۔ شعبان مہینے کی پندرھوین رات جسمین ملائکہ حکم ربانی سے انسان کی عمر حساب اور رزق کے تقسیم کی فرد ایک سال کے واسطے لوح محفوظ سے نقل کر لیتے ہین اور اسیکے مطابق اُسکو تمام سال ملتا رہتا ہی رباعی از مؤلف شب برات ای دوستو کیا رات پیاری رات ہی + سر سبز عشرت کا دن فرحت کی ساری رات ہی + وصل کی حاصل گر اس شب درد سے ہو برات + عید کے دن سے مبارک یہ ہماری رات ہی +
شبست۔ دری زبان مین وہ چیز جو طبیعت کو ناگوار گذرتی ہی یعنی ناپسند۔
شبلت۔ پایہ و مرتبہ و درجہ اور وہ بلند آواز جو کبوتر باز کبوتر اڑانے کے وقت کرتے ہین۔
شبح۔ بفتحتین و حای حطی شخص و جسم و بدن جمع اسکی اشباح ہی
شبور۔ بفتح اول و تشدید ثانی نفیری اور نلے جو نیل کی بنا کر بجاتے ہین۔
شبر۔ ایک بالشت یعنی فاصلہ جو خنصر انگلی کے ناخن سے انگوٹھے کے ناخن تک ہاتھ کے کھولنے کی حالت مین ہو بد ست بھی اسکو کہتے ہین اور عملی نام قاتل امام حسین علیہ السلام کا جو شمر مشہور ہی۔
شبر۔ بفتح اول و تشدید ثانی نام حضرت امام حسن علیہ السلام کا شبر بتخفیف باے بھی درست ہی
شبیر۔ بفتح اول و تشدید ثانی نام حضرت امام حسین علیہ السلام کا۔
شبر و شبیر و مشبر۔ یہ تینون نام حضرت ہارون علیہ السلام کے فرزندون کے تھے اسی لحاظ سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن و حسین و محسن تینون صاحبزادون کو شبر و شبیر و مشبر کے نام سے موسوم کیا۔
شبیار۔ ایک دوا کا نام ہی جسکو ہندی مین ایلوا کہتے ہین۔
شب قدر۔ یہ بڑی بزرگ رات ہی اس کی تعریف قرآن مین لکھی ہی عربی مین اسکو لیلۃ القدر کہتے ہین اسکے تعین مین اختلاف ہی

یہ بات تسلیم کی گئی ہی کہ رمضان کی تیسری دہائی مین یہ مبارک رات آتی ہی اور ستائیسوین رات رمضان کے مہینے کی بزرگون نے مقرر کرکے حکم دیا ہی کہ اس رات تمام رات انسان بیدار و خدا کی عبادت مین مصروف رہے کہ اس ایک رات کی عبادت بحکم قرآن ہزار مہینے سے افضل ہی۔

شبدیز۔ سیاہ رنگ و نام گھوڑے خسرو پرویز کا جو شیرین کی سواری کے لیے روم سے منگوایا تھا رنگ اسکا سیاہ اور تمام جہان کے گھوڑون سے چار وجب بلند اسکا قد تھا۔ اور نام ایک لحن کا موسیقی مین۔

شباویز۔ ایک پرندے کا نام ہی کہ تمام رات ایک پانون سے درخت کی شاخ سے ساتھ لٹک رہتا ہی اور حق حق صبح تک پکارتا ہی جبتک اسکے گلے سے خون کا قطرہ نہین گرتا وہ خاموش نہین ہوتا

شپوز۔ خفاش جو مشہور پرندہ رات کا اُڑنے والا ہی شپرہ بھی اُسکو کہتے ہین۔

شپش۔ جوئین جو انسان کے بالون اور کپڑون مین پڑجاتی ہین۔

شباط۔ رومی زبان مین ایک مہینے کا نام ہی جو تقریباً پھاگن کا مہینا ہوتا ہی۔

شبطیاطا۔ نام ایک گھاس کا ہی جسکے پتے سرخ ہوتے ہین مائل بکدورت عربی مین اسکو عصی الراعی کہتے ہین۔

شبوط۔ ایک قسم کی مچھلی ہی جو دریائی دجلہ مین ملتی ہی اسکا پتا نزدل الماء کی بیماری کو دفع کرتا ہی۔

شبع۔ بلفظ عربی مین جوع کے مقابلہ پر ہی یعنی پیٹ بھرجانا طعام سے اور سیر ہونا۔

شبچراغ۔ یہ پتھر جواہرات کے اقسام سے ہی رات کی اندھیری مین وہ چراغ کا کام دیتا ہی۔ پہلے یہ دریائی گائے کے منھ مین ہوتا ہی جب گائے رات کو جنگل مین گھاس چرنے کے لیے دریا سے نکلتی ہی تو شبچراغ کو زمین پر رکھدیتی ہی تاکہ اُسکی روشنی مین گھاس چگے جب سیر ہوجاتی ہی تو زمین سے اُٹھا کر پھر منھ مین رکھ لیتی ہی اور دریا مین چلی جاتی ہی اسکے حاصل کرنیوالے اُس جنگل مین چھپ رہتے ہین جب گائے زمین پر رکھتی ہی وہ اُٹھا لیتے ہین۔ نظامی یہ شبرنگی آن شب چراگشت مست + چو ماہ آمدش شبچراغے بدست

شلیق۔ شلاق۔ ترکی زبان مین طمانچہ۔ مُکّا جو کسیکو مارا جائے فوقی یزدی۔ زمانہ بین کہ سر پنجہ ستم ہر دم + بگوش عیش و نشاط مہی زند شلاق۔

شباق۔ سوراخ کرنیوالا۔ جالی بنانے والا۔

شبک۔ بکسر اول و اک یعنی تکلا جس سے سوت کاتا جاتا ہی۔

شبالنگ۔ وہ جنگلی جانور جو شکار کے لایق ہون آہو۔ گوزن و بزکوہی وغیرہ۔

شبتاک۔ دولتی مارنیوالا گھوڑا و گدھا وغیرہ۔

شبل۔ بکسر اول بچہ شیر کا۔ چھوٹا۔

شپل۔ بکسر اول و باے فارسی بانگ آوازی و فسہ یا دآور کبوتر بازون کی آواز۔

شپیل۔ اونٹ کا بچہ و شیفتگی و دیوانگی۔

شبم۔ بفتحتین سردی اور سرد ہونا۔

شبنم۔ قطرات جو رات کو برستے اور علی الصباح پھولون اور سبزے پر نظر آتے ہین مرزا بیدل باندک روشن گرمی پشت بر گل میکند شبنم + چرا در آشنائی اینقدر کس بیوفا باشد۔

شبرم۔ بکسر اول ایک قسم کی گھاس ہی جو پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی اگر گائے بیل اسکو کھائے فی الفور مرجائے بکری وغیرہ اور کسی جانور کو اس سے اذیت نہین پہونچتی۔

شبلیم۔ ژندی زبان مین جاگنا۔

شبان۔ چرواہا مویشی کی حفاظت کرنیوالا۔ جانورون کو چرانے والا۔ اور جمع شب کی خلاف قیاس سعدی در ان ملال و ملک ز خلل غم بود نہ کہ تدبیر شاہ از شبان کم بود۔ محمد طاہر وصلی۔ در دل ہنیم شبان کوب کہ چون روز شود + ہمہ درہا بکشایند و در دل بندند۔

شُبّان۔ بضم اول و تشدید ثانی جمع شاب بہت سے جوان۔

شبستان۔ شب باشی کا مکان۔ رات کے سونیکا مکان خوابگاہ۔

منقبت از مولف

ابو بکر و عمر عثمان و حیدر — خدا کے دوست یاران محمد
وہی تھے گھر مین مالک سارے گھر کے — وہی تھے درپہ دربان محمد
وہی چارون تھے حضرت کے خلیفہ — وہی تھے جانشینان محمد
وہی تھے پہلوان دین و دنیا — وہی تھے شیر میدان محمد
وہی چارون چراغ خاندان تھے — وہی شمع شبستان محمد

شبعان۔ جسکا پیٹ بھرا ہوا ہو۔

شبرغان۔ بروزن نمکدان شہر بلخ کا ابتدائی نام ہی اور اب شہر کے پاس ایک گانون ہی۔

شب بو۔ ایک پھول کا نام ہی جو رات کو خوشبو دیتا ہی۔

شبہ - بفتحتین کانچ کے دانے جنکو ہندی مین پوت کہتے ہین اور نام ایک پتھر کا جو سیاہ و روشن و سبک و نرم ہوتا ہی کہربا کی طرح اور پتیل جو مس اور جست کی ترکیب سے بنتا ہی -

شبہہ - بضم اول و فتح حرف ثالث عربی مین پوشیدہ اور مشتبہ ہونا اور فارسی مین گمان اور شک بدر چاچی میانہ الیست غروب آفتاب را ہر شام ؛ صبح با تو بگویم کہ نیست شک و شبہہ چو آسمان بسوے قصر شاہ کرد نظر ؛ ز رفعتش ز سر آسمان فتاد کلہ -

شِبہ **شَبہ** - بکسر اول و سکون ثانی و بکسر اول و فتح ثانی مثل و مانند و نظیر -

شبکہ - بفتحتین جالی جسمین شکاری جانوروں کو پکڑتے ہین -

شبانہ - بتشدید بای ایک جانور خوش آواز کا نام ہی -

شبانہ - ہر دو بای موحدہ آگ روشن کرنے والا -

شبانہ - جو چیز رات کی بچی ہوئی ہو یعنی باسی اور گذشتہ رات میرزا صائب - آب خضر و می شبانہ یکی ست ؛ مستی و عمر جاودانہ یکی ست عبد الرحیم خان خانخانان - یکچند دلم بہ ہجر آموختہ بود ؛ در ذوق وصال دیدہ بردوختہ بود ؛ یاد تو شبانہ ترکتازی آورد ؛ بر باد ہوا دانچہ اندوختہ بود ؛

شبینہ - رات کی رکھی ہوئی چیز - باسی کھانا وغیرہ سعد نباید غم روزی روز خوردن ؛ چو گردد شکم سیر نیان شبینہ ؛

شبیہ - بر وزن فقیہ نظیر و مشابہ و مانند - اور وہ تصویر جو اصل کے ساتھ مطابق ہو -

شبلی - نام ایک کامل ولی کا جو بغداد مین قیام پذیر تھا اور ۳۳۴ھ ہجری مین فوت ہوا -

شین با تای

شِتا - سردی کا موسم - جاڑون کے دن - سعدی عمر گرانمایہ درین صرف شد ؛ تا چہ خورم صیف چہ پوشم شتا -

شترپا - ایک گھاس کا نام ہی جسکے پتے اونٹ کے پیرون کی صورت پر ہین -

شتینا - ژندی زبان مین خندہ یعنی ہنسنا - اور شگفتگی و تازگی و تبسم

شتاب - جلد - بلا توقف - شتابی اسکا مزید علیہ ہی دوڑنا چلنا نظامی - ز ہر قبضہ خنجرے در شتاب ؛ ہمی آورد دو چون اژدہا سر بخواب ولہ - سکندر بتاریکی آرد شتاب ؛ بدہ روشنی خضر یابد بر آب ؛

شت - وہ روپیہ جو قمار باز بعد جیتنے کے بہت سے روپیہ حاضرین پر بطور شکرانہ کے بانٹتا ہی -

شتفت - گھر کی چھت اور ہر ایک چیز جس سے کسی کا سر ڈھانکا گیا ہو - چنانچہ سرپوش وغیرہ -

شُتُر - بفتحتین مشہور چارپایہ ہی جسکو عربی مین ابل اور ہندی مین اونٹ کہتے ہین محمد قلی سلیم - دہن از لقمہ لبیکہا زد بہ ؛ چاک افتادہ بر لبش چو شتر ؛

شتر - بفتح اول و سکون ثانی فارسی مین کنارہ و گوشہ اور نام ایک قلعہ کا ایران مین - اور عربی مین کا تنا - و بفتحتین کا تنا گیلہ اور برگشتگی پلکون کی اوپر نیچے سے اور پھٹ جانا پلک کا -

شتکار - زمین کو زراعت کے لیے درست کرنا - ہل چلانا - تخم ریزی کے لائق کرنا -

شتر غلط - کشتی کے داؤ مین ایک داؤ کا نام ہی -

شتر مرغ - ایک پرندہ ہی جسکے بعض اعضا اونٹ کے ساتھ مناسبت رکھتے ہین اور وہ آگ کھا جاتا ہی -

شتارغ - دودھ دینے والی بچہ دار عورت - اور ہر ایک جانور جو دودھ دینے والی ہو -

شتاک - تازہ شاخ جو کسی درخت سے نکلے -

شتالنگ - گٹا انسان کے پاؤن کا جسکو عربی مین کعب کہتے ہین

شترک - پانی کی موج جو چڑھاؤ اور بہاؤ کیوقت ظاہر ہوتی ہی -

شترنگ - مردم گیاہ جسکا ذکر پہلے تحریر ہو چکا ہی -

شتل - وہ روپیہ جو قمار خانہ مین جیتنے والے کیطرف سے بانٹا جاتا ہی محمد قلی سلیم - تلاش کام ندارم براے خویش سلیم ؛ ز کہنہ کاسہ من از نقش دادن شتل ست ؛

شتم - بفتح اول گالی - بد کلامی - بدگوئی -

شتلم - ہر سہ حروف مضموم ظلم - جور - تعدی -

شتان - ژندی زبان مین بہت سے سال یعنی برس جنکو عربی مین سنین کہتے ہین -

شتمن - سُرین و مقعد جسپر آدمی بیٹھتا ہی - یہ لغت ژندی ہی -

شتن - ژندی زبان مین شہر جسکو عربی مین مدینہ کہتے ہین -

شتربان - اونٹ والا - ساربان -

شترغو - ترکی مین ایک ساز کا نام ہی جو مطرب بجاتے ہین -

شتہ - ہر ایک چیز باسی جو رات کی پس ماندہ ہو -

ششتاه۔ ژندی زبان مین تیرنا پانی مین۔
ششتی۔ ہرایک چیز پراگندہ۔

شین با جیم

شجارا۔ ژندی زبان مین درخت جسکو عربی مین شجر کہتے ہین۔
شجاعت۔ بہادری۔ دلیری۔ جو ایک صفت آدمی کی ہی۔
شج۔ زمین سفید جسمین زراعت نہو اور شور جسمین غلہ نہ پیدا ہو سکے اور توڑنا کشتی سے دریا کے پانی کو۔
شجد۔ سخت سردی جس سے درختون کے پتے جھڑ جائین۔
شجاع۔ بہادر۔ پہلوان۔ صاحب شجاعت توحید ہزاران شجاعان اہل شجاعت + ہزاران دلیران بہ بازوی طاقت + شہان جہان والیان ولایت + امیران درباروارکان دولت + کہ بودند در دار دنیای فانی + شب و روز سرگرم عیش و مسرت گذشتند۔ در فتند آخر ز دنیا + نبردند با خود بجز داغ حسرت +
شجن۔ باز رکھنا کسی کی حاجت کا اُس سے اور غم اور غمگین ہونا اور ایک شاخ دوسری شاخ سے ملی ہوئی۔ اور سخت سردی اور جنگل کا رستہ جسمین درخت بہت ہون۔
شجعان۔ جمع شجاع کی بہت سے بہادر آدمی۔
شجرہ۔ درخت اور اسامی وار نام بزرگان سلسلہ کے جو شیخ اپنے مرید کو لکھ کر دیتا ہی۔ اور شجرہ نسبی وہی ہوتا ہی نسبی شجرہ آبائی ہوتا ہی اور حسبی پیران عظام کے نام۔

شین با حای حطی

شح۔ بفتح اول و سہ تانی دہمہ و حای حطی مرد بخیل و حریص و ممسک۔
شحیح۔ بخیل و حریص و ممسک آدمی ہے داغ حسرت میبرد بہ دل حریص + چون کند رحلت ازین دنیا شحیح +
شحرور۔ ایک جنگلی مرغ کا نام ہی جسکو پہاڑی کبک کہتے ہین۔
شحم۔ چربی جو انسان اور حیوان کے جسم مین ہی توحید تو عظمی تو در عصبی تو در لحمی تو در شحمی۔ تو در رو حی تو در جانی تو در نسبی تو در اعضا۔ بہر لو در دل تو پنہانی نہان در جسم چون جانی + چو در مخفی بہر کانی بہوگہ بدرتہ دریا
شحن۔ پُر کرنا۔ بھرنا چلانا۔ دور ہنکنا۔
شحون۔ قوی و بزرگ۔
شحنہ۔ کوتوال اور حاکم جو بادشاہ کی طرف سے کسی شہر مین مقرر ہو اور انتظام سیاست کا اسکے متعلق ہو لغیتہ از مولف حاکم آئین دینی یا رسول + شحنۂ ملک یقینی یا رسول +
شحم۔ تھوڑی سی چربی اور نرمہ گوش و نرمہ گوش۔
شحنگی۔ کوتوال ہونا۔ حاکم ہونا۔

شین با خاے

شخا۔ گھس جانا ایک چیز کا دوسری چیز مین۔ چبھ جانا کانٹے کا پانو مین۔
شخ۔ شاخ کا اختصار ہی۔ اور سخت ہر چیز سے۔ جیسے شخ کمان یعنی سخت کمان۔ اور زمین شخ یعنی سخت زمین سعدی بسنہ در کوہ سبزی نہ در باغ شخ + ملخ بوستان خوردہ مردم ملخ +
شخار۔ بکسر اول و فتح دوم تجی جو مشہور چیز ہی اور دھوبی اس سے کپڑے دھویا کرتے ہین۔
شخص۔ جسم آدمی کا بدن۔ سعدی۔ ایکہ شخص منت حقیر نمود + تا درشتی ہنر نپنداری + اسب تازی اگر ضعیف بود + ہمچنان از طویلہ خر بہ + تا درشتی ہنر نپنداری + اسپ غریبان بکار آید + زہر میدان نہ گاو پرواری +
شخول شخیل شخل۔ صفیر و بانگ و فریاد و نعرۂ بلند + اور ناخن سے اکھاڑنا اور چونچ سے کاٹنا گوشت کا کسی جانور کے +
شخم۔ وہ زمین جو زراعت کے لیئے درست کی گئی ہو۔
شخن۔ خراش ہو جانا۔ شگاف کرنا۔
شخانہ۔ شہاب ثاقب جو آسمان پر ستارہ ادھر ادھر دوڑتا ہوا نظر آتا ہی۔
شخکاشہ۔ تگرگ ژالہ یعنی اولے جو آسمان سے برستے ہین۔
شخیرہ۔ صابون جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہین
شخلی۔ ہر ایک گھاس کی جڑ۔

شین با دال

شدت۔ سختی رنج تکلیف جو کسیکو پہونچائی جائے قطعہ از مولف نہ این دولت بود باقی نہ افلاس + نہ این عزت نہ این ذلت بماند نہ مستحکم بود شدت نہ نرمی + نہ این کثرت نہ این قلت بماند۔
شد۔ فارسی مین ہوا۔ گیا۔ گذرا۔
شد۔ بفتح اول و تشدید ثانی عربی مین استوار کرنا۔ محکم کرنا۔ اور موسیقیون کے نزدیک درست کرنا نغمہ کا بعد اسکے بلند آہنگ کرنے کے طالب کلیم ہمدانی۔ محلبانگ نغمہ سازان شدہ بلند دارد + از فرش رفتہ تا عرش این صیت کامرانی +
شتومد۔ شان و شوکت و تکلف و ظاہرداری۔

شدائد- بہت سی سختیان اور تکلیفین-
شدید- نہایت سخت-
شدیار- وہ زمین جو زراعت اور تخم ریزی کے لیے
درست کیجائے-
شدق- بکسر اول کنج دہان یعنی دونون لبون کی دونون
طرف جو گوشے ہین-
شدق- بفتحتین فراخ ہونا دہان کے گوشون کا
شدہ- بفتح اول و تشدید دال علم و نشان عبد یعنی قتمول-
غنی از کسب استعدادگردیدم قتمول آخر از فیض اللہ شد شدۂ گوہر سر انگشتم

شین باراے

شرا- لین دین خریدنا اور بیچنا- صفدر فوقانی- ببازار جہان
سوداگری کن + کہ تا یابی از ان بیع و شرا سود +
شری- الف بصورت یا جنگل جسمین درخت بہت سے
ہون اور باریک ٹہنیان جسکو پتی کہتے ہین-
شرفا- شریف لوگ- نیکذات لوگ-
شرکا- وہ لوگ جو آپسمین کسی کام مین شریک ہون-
شرتیا- ژندی زبان مین بادشاہ و فرمان فرما-
شرب- بکسر اول پینے کی چیز جسقدر کسی کے حصہ مین آئے
شرب- بضم اول پینا پانی و شراب وغیرہ کا-
شرب- بفتح اول فارسی مین کتان جو ایک باریک و نہایت قیمتی کپڑا ہوتا ہی
شراب- پینا اور ہر چیز رقیق جو پینے مین آئے اور شراب
انگوری اور قندی وغیرہ جو نشہ دیتی ہین میر معزی بساز وعود بدہ یک
شراب وصل مرا + کہ من کسبو ختم از ہجر تو چو ز آتش عود +
شربت- ایک دفعہ پینے کے لائق پانی یا شراب وغیرہ نظامی
چو دولاب کو شربت تر دہد + ازین سر ستاند ازین سر دہد-
شریعت- بڑی نہر اور کنارہ پانی کا جہان سے عام و خاص
پانی بھرتے ہون- اور وہ راستہ جسپر خاص و عام چلتے ہون
و مذہب و ملت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میر معزی گمر خزان
برزان تو شریعی بنہاد + کہ کرد بر ہمہ عالم مباح خون رزان-
شرافت- بزرگی- نیکذاتی نیک طینتی صفدر فوقانی
سیلوت بختم النبی ختم شد + شرافت بنات علی ختم شد +
شرج- بفتح اول خیر مین جیم روان ہونا پانی کا سنگستان سے
اور نام ایک نہر کا یمن مین- اور جھوٹ بولنا اور مضبوط باندھنا
شرج- بفتحتین کہکشان اور جنگل کی فراخی و شگاف کمان کا بند
خیمہ کا- اور نام بیماری جس سے ایک خایہ دوسرے خایہ سے بڑا ہو جاتا ہی
شرح- بجالی حلی کھولنا- بیان کرنا ظاہر کرنا- میرزا صائب
قرص خورشید ست اول لقمۂ مہمان صبح + چون توانم داد شرح نعمت
الوان صبح + حافظ- بہار شرح جمال تو داده در ہر فصل + بہشت ذکر
جمیل تو کرده در ہر باب +
شرح تجرید- یہ ایک کتاب شرح علامہ قوشنجی نے تجرید کے
متن پر لکھی ہی جو علم عقاید شیعہ مین خواجہ نصیر الدین طوسی
کی تصنیف ہی-
شراب طہور- وہ شراب پاک جو بہشتیون کو بہشت مین پلائی جائیگی
آیت وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا-
شرار- آگ کی چنگاریان جو آگ سے اڑین حسین ثنائی- در دل
ز بیم خشم تو آتش اگر فتد + دیگر بجای قطرہ خستاند شرار چشم +
شرر- آگ کی چنگاری جو جلتی آگ سے اڑے صائب
ز ردی گرم کہ جان در شرر گرفت مرا + کہ آفتاب قیامت ببر
گرفت مرا +
شر- خیر کے مقابلہ پر- برائی- فساد- ہندی جو گل ز گلشن عالم ب
بست رخت سفر + ہ برگ خشک بصحن چمن بماند نہ تر + نہ عرض ماند نہ جوہر
نہ جسم ماند نہ جان + ع نور ماند نہ ظلمت نہ خیر ماند نہ شر +
شرور- برائیان اور شرارتین-
شربت دینار- دینار تخم کشوث کو کہتے ہین اس شربت مین
جزو اعظم وہ ہی اس واسطے اس کا شربت دینار رکھا گیا مسہل
و رافع قبض ہی-
شِشر- بکسر اول ژندی و پہلوی مین آفتاب یعنی سورج-
شرط- بضم اول باد مراد یعنی مراد کی ہوا جس سے جہاز کو کچھ خطرہ نہو اور
سیدھا منزل مقصود کو چلا جائے- حافظ- کشتی شکستگانیم ای باد
شرطہ برخیز + باشد کہ باز بینیم آن یار آشنا را +
شرط- بفتح اول لازم کرنا اور لازم ہونا اور عہد و پیمان ہونا و طور
و طرز- نظامی- بشرطے کنم جان خود جای و + کہ ہرگز
نتابم سر از رای او-
شرایط- جمع شرط بہت سی شرطین-
شراع- بکسر اول بادبان کشتی کا-

شرح مطالع - یہ ایک کتاب منطق کے علم مین ملا قطب الدین کی تصنیف ہی

شرع - سیدھا راستہ جسپر عام و خاص کے چلنے کا دین وملت ومذہب **میر معزی** - فتنہ خیزد چنین شرع کہ عشق تو نہاد + گر خبر یابد ازین رخصت تو خواجہ امام +

شرایع - شرع کی جمع بہت سی شرعین -

شرداغ - جامہ پشمینہ ازجسکی چھوٹی آستین ہون -

شروف - جو مٹی ڈھونے کے لئے دست ارابہ بنایا جاے اور منقل یعنی آگ رکھنے کی انگیٹھی -

شریف - بزرگ - صاحب قدر ومنزلت نجیب واصیل اور نام ایک شہر کا ایران مین اور حاکم مکہ معظمہ کا جو شریف کہلاتا ہی **مفید بلخی** ای مشام شریف طرہ مشکینت + ای صبح لشا پور رخ رنگینت + خال تو فرح بخش تر از شام حیات + سر سبد سواد کاکل مسکینت سالگ یزدی ما شریف کعبۂ عشقیم ودائم برہمن + ارمغان از بہر ما قوس و زنار آورد +

شرح مواقف - یہ کتاب میر سید شریف نے مواقف کے متن پر لکھی ہی

شراسیف - پہلو کے ہڈیون کے سرجو شکم کی طرف ہون جمع شرسوف -

شرف - بزرگی وقدر ومنزلت از روی حسب کے ہو یا نسب کے یا علم وفضل کے اور شرف ستارون کا برج مین چنانچہ شرف آفتاب کا انیسوین درجہ برج حمل مین اور شرف چاند کا تیسرے درجہ برج ثور مین اسی طرح عطارد کو سنبلہ مین اور زہرہ کو حوت مین اور مریخ کو جدی مین اور مشتری کو سرطان مین اور زحل کو میزان مین شرف حاصل ہی **نظامی** شرف یافتہ مشتری از حمل + گرانیدہ از علم سوے عمل + **میر معزی** - آسمان قدری کہ تا گشتہ وجودش بر زمین + از وجودش شرف دارد زمین بر آسمان +

شرایف - بزرگیان - عزتین آبروئین -

شرق - آفتاب چمکتا ہوا - اور روشن - اور وہ سمت جس طرف سے سورج نکلے **مولف** - شود جلوہ گر جلوہ نور ذات + ز ہر شرق وغرب وجنوب شمال +

شروق - ظاہر ہونا روشنی - اور نکلنا سورج کا -

شریاق - بکسر اول آنکھون کی رگین

شرک - ایک بیماری ہی جس سے بسبب جوش خون کے بدن پر پھنسیان نکل آتی ہین اور مرغون کے پکڑنے کی جالی کے حلقے اور پڑا راستہ

شراک - جوتی کی دوال -

شرنگ - جنگلی خربزہ جو خوشرنگ ہو اور حنظل یعنی اندرائن

شروک - پہاڑی آلو جسکو عربی مین تفاح البر کہتے ہین

شرفاک - آہستہ آواز اور پانون کی آواز بوقت چلنے کے -

شرم - مشہور لفظ ہی - حیا ولحاظ - **صائب** - شرم از نگاہ آن گل سیراب میچکد + زان تیغ الحذر کہ از و آب میچکد +

شروان - خاقانی کے شہر کا نام ہی -

شروین - شروان کے قلعہ کا نام ہی -

شرطین - منازل قمر سے پہلی منزل کا نام ہی -

شریان - حرکت کرنیوالی رگ جو انسان کے جسم مین ہی -

شرایین - شریان کی جمع ہی -

شران - ہر چیز پے درپے گرنیوالی اور بارش جو ابر سے ہوتی ہی

شربون - قطران اور ہر ایک چیز جو سیاہ ہو -

شربین - ایک قسم کا درخت صنوبر ہی جس سے قطران حاصل ہوتا ہی

شرحہ شرحہ - پارچہ پارچہ ٹکڑے ٹکڑے - **مولوی معنوی** سینہ خواہم شرحہ شرحہ از فراق + تا بگویم شرح درد اشتیاق -

شریچہ - وہ کمان جو بانس کی بنائی جائے -

شرمہ - شرمندہ ومخجل وشرمسار -

شرطیہ - جو بات کسی پر منحصر ہو چنانچہ ان کانت الشمس طالعۃ فالنہار موجود اگر سورج نکلے گا تو دن ہو جائیگا -

شرہ - غالب ہونا حرص کا و نشاط وتیزی وجوانی وحرص -

شرطہ - بضم اول ہوا موافق جو جہاز کے واسطے ہو -

شرفہ - بضم اول اور تیسرا حرف فا ہی موجدہ عربی مین عمارت کے کنگورے

شرفہ - بفتح اول فارسی ہر ایک آواز جو آہستہ ہو چنانچہ سفتار مین پانون کی آواز -

شرمندہ - بفتح میم - صاحب شرم یہ لفظ شرم مندہ تھا ایک میم گرادیا گیا تو شرمندہ ہوگیا -

شرعہ - کمان کا چلہ -

شرزہ - بروزن ہرزہ حیوان مہیب وخشمناک کھلے ہوئے دانت اور نام ایک درندہ کا جو شیر پر غالب ہی **میر معزی** زبس نہیب سر اندر کشند ودم نزنند + نہنگ وشرزہ وپیل ومان وشیر عرین

شرود - بہ دال مہملہ خوشگوئی وخوش کلامی اور نام ایک زبان کا -

نورالدین ظہوری۔ از زبان دانیشش در طرف چمن انگندہ شور + بلبلان پہلوی گو قمریان شروہ خوان۔
شرذمہ۔ تھوڑی جماعت آدمیون کی اور تھوڑا سا میوہ۔
شرارہ۔ آگ کی چنگاری اور شریر لوگ۔
شررہ۔ ایک پتنگا آگ کا۔ اور فسر یر لوگ۔
شروہ۔ واو کے ساتھ رومی زبان مین نام ایک پہلوان کا۔
شربتی۔ قسم جامۂ ریشمی باریک اور قسم شیرینی اور قسم آلو جسکو زرد آلو کہتے ہین۔ اور نام ایک تخم کا اور عقیق جسکا رنگ شربتی ہو یعنی نہایت سرخ نہو محسن تاثیر کام و دہان بعقد لذت + از شربتی لبش نو رند شربت ؛
شراجی۔ نام ایک قسم کے طعام کا ہی۔

شین با سین مہملہ

شست۔ بفتح اول ساٹھ عدد ہین اس لفظ کو صاد سے بھی لکھتے ہین اور نشتر حجام حلقۂ زلف اور تار جو ساز پر لگاتے ہین اور زنار جو ہنود گلے مین ڈالتے ہین۔ اور مخفف لفظ نشست کا فارسی مین اور سوفار تیر کا اور آہنی قلابہ جس سے ماہی گیر مچھلیان پکڑتے ہین و مضرب آہنی جس سے ستار بجاتے ہین اور حلقہ کمند کا اور نر انگشت ہاتھ کا جسکو ابہام کہتے ہین نظامی غلامان ترکم چو گیرند شست + ز تیر سے رسد لشکر سے را شکست صائب شست بر ہر دل کہ بند و میکشند در خاک و خون + باوجود بی پر و بالی ندنگش بے خطاست۔
ششتر۔ جنگ کے ہتیار یہ لفظ ہندی ہی اور نام ایک شہر کا
شستک۔ آلت چرمی جو شہوتی عورتین اپنی رفع حاجت کے لئے بناتی ہین اور آلہ تناسل کثیر تضیب شرف الدین شفائی زہیں قوم شہوی تا میان ہمکاران + بیا بشستک بالا بلند من شین +
شستہ۔ صاف۔ پاکیزہ۔ روشن۔ دھویا ہوا۔
شستری۔ شہر ششتر کا رہنے والا۔
شستی۔ ایک قسم کی درخت کا نام ہی جیسا کہ قبائے شستی و جامۂ شستی محمد سعید اشرف۔ جامۂ شستی خود وام تماشائی کن ؛ در لباس قلمی مشق خود آرائی کن محسن تاثیر ہست کہ از لب خویش ست می پرستی او + شد بدام پری در اقبا ہی شستی او +

شین با شین

شش جہت۔ چھ سمت۔ اور چھ طرف۔ مشرق۔ مغرب جنوب و شمال تحت و فوق جعفر زٹلی۔ کنم وست و تکیہ درد ال و بہات فتد ہیتم در ہمہ شش جہات +
شش پر۔ ایک آہنی گرز کا نام ہی جسکے چھ پر ہوتے ہین میرزا طاہر وحید خرد شش پر ش را از ان راست کرد + کہ از شش جہت پر زند در نبرد
ششدر۔ حیران و متحیر و منقبض اور ایک چال بازی نرد مین ہی
شش۔ چھ عدد مین جسکو عربی مین ستہ کہتے ہین ملا میر بخاری در ولادت بابر بادشاہ۔ چون در شش محرم زاد آن شہ مکرم تاریخ مولدش ہم آمد شش محرم ۔ ۸۸۸
شش۔ اندرونی اعضا مین سے ایک عضو کا نام ہی جسکو عربی مین ریہ اور ہندی مین پھیپھڑا کہتے ہین۔

شین با طای

شطحیات۔ وہ باتین جو صوفیہ کے نزدیک شرع مقدس کے بر خلاف ہون اور وہ کلمات جو مستی و بے اختیاری کی حالت مین کسی کی زبان سے نکلین جیسے کہ حسین بن منصور حلاج نے انا الحق کہا اور بایزید نے سبحانی ما اعظم شانی پکارا۔
شطرنج۔ مشہور بازی ہی معرب سترنگ اور سترنگ ہندی لفظ ہی کیونکہ اسکے مہرے سات قسم کے ہین حکیم لبلاج نے ہندمین اسکو ایجاد کیا اور نوشیروان کی خدمت مین تحفہ بھیجا نظام استرآبادی چسان پیادہ نگردم زاسپ کام کہ زود + درین زمانہ شود لنگ گر بود لبلاج
شطر۔ بفتح اول و سکون ثانی نصف حصہ ہر چیز کا و طرف و جانب و جہت
شط۔ نہر۔ اور دریا کا کنارہ۔
شطط۔ اندازہ سے گذرنا۔ ظلم کرنا۔
شطل۔ جو شخص قماربازون کی محفل مین انکی خدمت کے لیے بیٹھا ہوا اس امید پر کہ جو روپیہ جیتے گا اسکو کچھ دیگا اس خیر انکا نام شطل ہو جسکا دو دیکا دو
شطن۔ رسن دراز یعنی رسی لمبی۔
شط منعلجان۔ نام ایک چشمہ کا ہی۔
شطری۔ تھوڑا سا ایک حصہ۔ ایک نیمہ۔
شطاحی۔ شوخی و بیحیائی۔ و شرارت۔
شطرنجی۔ شطرنج کھیلنے والا۔ اور نام ایک مشہور فرش کا جسمین طرح طرح کے رنگ بھرے جاتے ہین شطرنج کی بساط کو بھی شطرنجی کہتے ہین نورالدین ظہوری مینین قبل در عرصۂ کارزار + ندیدست شطرنجی روزگار +

شنطمی - بی باک و بی خوف آدمی -

شین با ظای معجمہ

شظایا - ہر چیز کے دندانے اور ٹکڑے اور ریشی ہر چیز جمع شظیہ جسکے معنی حرام مغز کے ہین -

شین با عین

شعب - بفتح اول شگاف و غار جو پہاڑ یا راستہ مین ہو -
شعب - بضم شین و فتح عین جمع شعبہ بہت سی شاخین -
شعاب - بکسر اول و فتح ثانی جمع شعب بہت سے غار اور شگاف
شعیب - نام ایک پیغمبر اولوالعزم کا ہی جنکے پاس موسی علیہ السلام نے دس برس رہکر شبانی کی اور انکی دختر نیک اختر سے نکاح کیا حافظ
شبان وادی ایمن گہی رسد بمراد + کہ چند گاہ بجان خدمت شعیب کند
شعر - بفتح اول آدمی کے بال اور نام ایک قسم کے باریک کپڑے کا جو سیاہ رنگ ہوتا ہی -
شعر - بکسر اول دریافت کرنا - اور جاننا - اور سخن موزون جو مقفی ہو سب سے اول عربی مین یعرب بن قحطان نے اور فارسیمین بہرام گور بادشاہ نے شعر کہا ابوطالب کلیم - کس بجز شاعر تلاش مانمی فہمد کلیم + شعر فہمان جملہ صیاد اند صید بستہ را +
شعائر - جمع شعیرہ کی - قربانیان اور عبادتین -
شعیر - بروزن حقیر نام ایک غلہ کا ہی جسکو فارسی اور ہندی مین جو کہتے ہین
شعار - وہ لباس جو فاخرہ لباس کے نیچے پہنین تاکہ اوپر کا لباس عرق سے خراب ہو جائے اور وہ کپڑا جو بدن کے ساتھ ملا ہوا مثل پاجامہ و قبا وغیرہ بخلاف چادر کے جسکو دثار کہتے ہین مؤلف خاکساری پیشہ کن ای خاکسار ؛ سجدہ کن بر خاک عجز و انکسار + سر نگون شو سر نگون شو سر نگون + تا خدا بخشد ترا تاج وقار + نیست چون بر وند کانی اعتبار + ہر دم خود را دم آخر شمار + عیب تو پوشد خداوند کریم + گر کنی پرہیز و تقوی را شعار +
شعور - عقل دانائی و ادراک - مؤلف رسید پیک اجل ناگہان بجا آخر کار ؛ نماند جاہل نادان نہ اہل عقل و شعور - میرزا صائب شعور تا ہو خنک آن لب می نوش میگیرد + ز سنگ خارہ دل آن چشم بازی گوش میگیرد +
شعاع - روشنی - چمکارہ - پرتو چاند یا سورج - شمع یا تلوار وغیرہ کا

میر خسرو - آتش این مشعلہ تابدار + پرتو شعاع افگند انجام کار +
شعف - شیفتہ کرنا - شیدا کرنا - بیمار ہو جانا کسی کی محبت مین
مسیح کاشی - تا نشان تیر او کردند یک از شعف + ای مسیحا کاش از وا ہم ہمہ اعضا بدے +
شعبان - آٹھوین مہینے قمری کا نام ہی -
شعبدہ - بر وزن تبکدہ اس بازی کو کہتے ہین جسکا نمود ہو اور بود نہو یعنی دستی صفائی و ہشیاری و چالاکی سے سب کچھ دکھلایا جاوے مگر اصل مین کچھ نہو -
شعشعہ - بفتح ہر دو شین روشنی - چمکارہ ظہوری - پرتو شمع عذارش جلوہ گر بر روے گل + شعشعہ نور رخش بر ماہ تابان تافتہ +
شعلہ - آگ کا شعلہ مشہور لفظ ہی میرزا معز فطرت دل افسردہ را آغوش سیلاب ست آسایش + عروس شعلہ را در بستر آب ست آسایش +
شعبہ - جماعت اور شاخ درخت کی اور موسیقیون کے نزدیک وہ نغمہ جو دوسرے نغمہ سے نکالا جائے چنانچہ نغمہ مین بارہ مقام ہین اور چوبیس شعبہ فی نغمہ دو شعبہ نکالے جاتے ہین -
شعری - بروزن حربا - شعری - بر وزن دبلی نام ایک ستارہ کا ہی جو آخر موسم سرما سر شام نظر آتا ہی اہل عرب قبل از اسلام اسکی پرستش کرتے تھے -
شعری شامی - یہ بھی ایک ستارہ ہی روشنی کم رکھتا ہی چونکہ شام کا ملک عرب سے شمال کی طرف ہی اسواسطے اسکو شامی کہتے ہین شعری غمیصا بھی اسکا نام ہی
شعری یمانی - ستارہ سہیل کو کہتے ہین بعض کے نزدیک سہیل اسکے سوا ہی -

شین با غین

شغا - پہلوی مین ترکش کو کہتے ہین جسمین تیر رکھتے ہین عربی مین اسکا نام جعبہ ہی
شغب - آواز بلند و شور و غوغا و فتنہ و فساد -
شغاد - رستم کے بھائی کا نام ہی جو دل سے اسکا دشمن تھا شکار کے بہانہ رستم کو جنگل مین لے گیا اور فریب و مکر مع رخش اسکے گھوڑے کے کنوئین مین ڈال دیا رستم نے اسی حالت مین ایک تیر ایسا اسکو مارا کہ مع ایک درخت کے جسمین وہ چھپا تھا پرولیا

اور اپنے مرنے سے پہلے اُسکو مار دیا۔
شغر۔ وہ آبلہ جو بسبب کثرت کار ہاتھون پر پڑجاے۔ یا زیادہ چلنے کے سبب سے پانون پر پڑجاے
شغریعنہ۔ پراگندہ و پریشان حال۔
شغ۔ چارپایہ کا سینگ جو اندر سے خالی یعنی پولا ہو۔
شغف۔ بفتح اول و سکون ثانی شدت محبت کی اور عشق پرلے ورجہ کا۔
شغف۔ دل کے پردہ تک پہونچنا کسی گرمی اور سوزش کا اور محبت کا کمال تک پہونچنا۔
شغاف۔ دلکا پردہ۔ دل کا غلاف۔ سویداے دل حجاب اندرونی دل۔
شغک۔ آدمی کمینہ و نادان و ابلہ
شغال۔ گیدڑ جو ایک مشہور جانور ہی۔
شغل۔ بضم و بفتح اول کسی کام مین مصروف ہونا اور رکا رہنا کسی کام مین میر خسرو غمزہ زن گشت ماہ صقلابی + فتنہ را داشغل بنجوابی +
شغبہ۔ ذلیل و خوار فریفتہ و شیدا اور سخت و درشت ہوجانا بدن کی جلد کا بسبب کثرت کار کے۔
شغالی۔ ایک قسم کے انگور کا نام ہی۔

شین بافاے

شفا صحت۔ تندرستی۔ و اعتدال مزاج میرزا صائب۔ باد بہار من نفس آرمیدہ است + بیماری نسیم شفا میدہد مرا۔
شفاعت۔ کسی گنہگار کو بخشوانا اسکی رہائی اور بہتری کے لئے اسکے مالک کی خدمت مین عرض کرنا خواہش کرنا سعدی۔ امیدست از آنانکہ طاعت برند + کہ بی طاعتانرا شفاعت کنند سرور لاہوری۔ در توبہ خدا مسدود کو کیا قیامت کو شفاعت کا مگر دروازہ اُسدن بھی کھلا ہوگا۔
شفقت۔ بفتح شین و سکون فا و فتح قاف اور بعض کے نزدیک بتشدید قاف مہربانی جو کسیکے حال پر کیجاے میر نجات از تغافل جگرم سوخت ندانم آخر + کے سزاوار کتاب شفقت خواہم شد واعظ قزوینی۔ سر بلندی آرزو داری شفقت پیشہ کن + کین علم را بر نیفراز بار ان احسان پرچم ست +

شفت۔ بفتح اول لب یعنی ہونٹھ اور نام ایک گانون کا گیلان مین جس جگہ مٹی کے برتن کانسے کار نہایت عمدہ و قیمتی بناتے ہین اور زندی زبان مین جو چیز کم بہا و ناکارہ مفت ملجانے والی ہو کج و نار است و ناہموار۔
شفت۔ بکسر اول جاری ہونا خون اور ریم کا کسی زخم سے پھوٹنا دمل کا
شفت۔ بضم اول ممسک و بخیل آدمی۔
شفلج۔ ایک میوہ کا نام ہی جسکو سرکہ مین ڈالکر کھاتے ہین۔
شفش۔ بہر دو شین منقوط درخت کی شاخ اور وہ لکڑی جو نداف یعنی دھنیے اپنے ہاتھ مین رکھتے ہین اور روئی جو اُڑجاتی ہی اس سے جمع کر لیتے ہین۔
شفاف۔ بضم اول و تشدید فا نہایت لطیف چیز جس سے اسکے اندر کی چیز نظر آجاے اور جو اُسکے پیچھے ہو وہ بھی بخوبی معلوم ہو جیسے آبگینہ اور قارورہ اور شیشہ و ریانی وغیرہ۔
شف۔ بفتح اول پہلوی مین شب یعنی رات اور عربی مین وہ کپڑا جو پتلا اور باریک ہو جسکے آنکھون پر رکھنے سے سب کچھ نظر آجاے نیز بمعنی لاغر کرنے اور اندوہگین کرنے کے
شف۔ بکسر اول عربی مین کمی و افزونی نفع نقصان سود و زیان۔
شفشف۔ بفتح ہر دو شین بیخ درخت و شاخ درخت۔
شفق۔ صبح و شام جو سرخی آسمان پر ظاہر ہوتی ہی صائب تا چون شفق مدام رخت لالہ گون شود + بے بادہ مگذران چو شفق صبح و شام را۔
شفترک۔ خاکشی جو ایک خاردار بوٹی ہی۔ سواے اونٹ کے اسکو کوئی نہین کھاتا عربی مین اسکو خمخم کہتے ہین
شفترنگ۔ ایک میوہ ہی۔ جو زرد آلو اور شفتالو کے باہم پیوند کرنے سے حاصل ہوتا ہی
شفک۔ کہنہ و فرسودہ و بیکار اور آدمی احمق و بے ہنر و نادان۔
شفشاہنگ۔ وہ لوہے کی تختی جسمین بہت سے سوراخ باریک اور موٹے ہوتے ہین اور زرگر چاندی سونے کا تار اُن سوراخون سے کھینچکر لمبا کرتے ہین ہندی مین اسکو جنتر کہتے ہین میر الہی گند زرد زفتہ اختران کند رجش + چو سیم شغش از چشمہاے شفشاہنگ +
شفتل۔ ایک گھاس کا نام ہی جسکو سہ برگہ کہتے ہین اور ہندی مین تین پتی۔ اور چنبیلی اُسکا پھول ہی
شفل۔ بارکش اونٹون کے ناخن۔

شفتین - بفتح اول عربی مین دونون لب - دونون ہونٹھ -

شِفِقتین - بکسر اول نام ایک مرغ کا ہی جسکو فارسی مین بوتیمار کہتے ہین اور ہندی مین بگلا - وہ ہمیشہ دریا کے کنارے رہتا ہی اور پانی نہین پیتا اس خیال سے کہ پانی کم نہو جائے عربین اُسکو غم خور بھی کہتے ہین یہ جانور دو قسم پر منقسم ہی ایک بڑی جسکا ذکر تحریر ہوچکا - دوسرا بھری وہ خفاش کی صورت پر ہوتا ہی اور دم اُسکی چوہے کی سی اُسکی دُم مین ایک خار ہی جس سے لوگون کو کاٹتا ہی اُسکی دم اگر کسی کے زیر بالین رکھین اُسکو نیند نہ آئے اور اگر کسی درخت کے نیچے دفن کرین درخت خشک ہو جائے

شفتالو - شفتالود - مشہور میوہ ہی جسکو آڑو کہتے ہین میرپھی شیرازی - لب خود بر لبش بپیوستم از بس تشنۂ وصلم + کہ شفتالو چو پیوندی بود آبے دگر دارد سعدی گر دعنبر شستہ بر زنخش راست گوی ہی ست مشک آلود + گر بچنگال صوفیان افتد + ندہندش مگر بشفتالود +

شفاہ - جمع شفتہ بہت سے لب یعنی ہونٹھ -

شفرہ - بضم اول موچیون کا اوزار چمڑا کاٹنے کا جسکو راپی کہتے ہین

شفرہ - بضم اول پلک چشم جس جگہ پلکون کے بال پیدا ہوتے ہین

شفعہ - ہمسایہ ہونا - دیوار بدیوار ہونا -

شفتہ - کاتا ہوا سوت جو تکلے پر لپٹا ہوا ہو -

شفاخانہ - جس جگہ لوگون کا معالجہ بادشاہ کیطرف سے مفت ہو صائب سستی راکہ چارے نبود در دنبال + از شفاخانۂ آن نرگس بیمار طلب

شفانہ - ایک مرغ کا نام ہی جو بہت رنگ رکھتا ہی -

شفودہ - ترندی زبان مین ایک ہفتہ یعنی شنبہ سے جمعہ تک -

شفتالوی آردی شفتالوی کاردی - اقسام میوہ شفتالو کا نام ہی

شفقی - جو چیز سرخ رنگ شفق کیطرح ہو - صائب - قسم بساقی کوثر کہ از شراب گذشتم + زبادہ شفقی ہمچو آفتاب گذشتم +

شین با قاف

شقا - پہلوی مین ترش حسین تیر سے جاتے ہین -

شقرت - بضم اول نام ایک رنگ کا ہے جو زرد مائل بسرخی ہوتا ہی

شقاوت - بدبختی و بدنصیبی بدقسمتی قطعہ از مولف سراپا شقاوت یہ دنیا سے دون ہی + سعادت اگر چاہیے ہمکو چھوڑ دو + فقط اپنا پیوند جوڑ و خدا سے + تعلق کے رشتہ جو ہین انکو توڑ دو

شقر - بفتح اول وکسر ثانی پہاڑی لالہ جو ایک پھول ہی -

شقدار - دیہات کا حاکم اور پرگنات کا عامل - قانونگو -

شقایق - لالہ جو مشہور پھول ہی - یہ لفظ مفرد و جمع مین یکسان ہے

شق - بفتح اول شگاف اور شگاف ہو جانا - پھٹ جانا - اور دشوار ہو جانا کام کا اور نام ایک قلعہ کا قلاع خیبر سے مؤلف رموز کثرت و وحدت زبان چہ شرح کند + کہ پارہ پارہ شود کاغذ و قلم و دشق + صائب خامہ اش را شق بشمشیر شہادت میزند ہرکہ چون شیر خدا صائب بود دیگر رنگ عشق +

شق - بکسر اول ٹکڑا کسی چیز نصف کسی چیز کا - کنارہ پہاڑ کا اور بھائی اور دوست -

شقیق - بہادر اور بھائی -

شقاق - ایک طرف ہو جانا - مخالفت اور دشمنی کرنا -

شقایق نعمان - قسم ایک لالہ کا ہی جو نہایت سرخ ہوتی ہی اور نعمان نام ایک بادشاہ جسنے پہاڑ سے اُسکا تخم منگوایا تھا بعض کا قول ہی کہ نعمان بضم نون خون کو کہتے ہین سرخی کی مناسبت کے سبب سے اُسکو شقایق نعمان کہا گیا -

شقردیون - سیر صحرائی یعنی جنگلی لہسن -

شقہ - پارچہ و جامہ و کاغذ - اور جامہ بیشواز یعنی جو آگے سے کھلا ہو - اور وہ کپڑا جو علم کے سر پر لگاتے ہین -

شقشقہ - اونٹ کی آواز جو مستی مین بولتا ہی -

شقیقہ - نرم جگہ جو کان اور پیشانی مین ہی - اور آدھے سر کا درد -

شقی - بدبخت - بدکار - بدکردار -

شین با کاف

شکلیبا - صبر کرنیوالا - سہارنیوالا -

شکوثا - سریانی زبان مین تخم کشوث -

شکیب - بکسر اول و یائے مجہول صبر و آرام - بفتح شین پڑھنا خطا ہی سعدی - ز دیدار انیان ندارم شکیب + کہ سرمایہ داران حسن اند و زیب +

شکوب - دستار و مندیل سر پر باندھنے کی -

شگفت - تعجب و متعجب و عجیب و غریب سعدی - تبسم کنان دست بر لب گرفت + کہ سعدی مدارا نچہ و یدی شگفت +

شگفت - پھولا - کھلا - ہنسا - خوش ہوا - مؤلف - تازہ رنگ
و تازہ بو حاصل شود زین گلستان + اندرین بستان بہر
لحظہ گل دیگر شگفت +
شکایت - گلہ کرنا اظہار رنجش ظاہر کرنا شاکی شکوہ - کاری مکن کہ بادہ
ز جام دگر خورم + ریزم شکایت تو بہر کس کہ برخورم -
شکنج - تاب و رنج و دام و زنجیر - مؤلف مقید دل بقید درد و رنج
ست + گہے در تاب و گاہے در شکنج ست -
شکوخ - لغزش کھانا پھسلنا -
شکند - نمناک زمین مین جو لمبے لمبے کرم سرخ رنگ پیدا ہوتے
ہین عربی مین انکو خراطین و احمر الارض کہتے ہین -
شکاوند - سیستان کے پاس ایک پہاڑ ہی معرب جسکا سجاوند ہی
شکر - بضم اول اپنے منعم کی نعمت کا احسانمند ہونا سپاس و ثنا کرنا -
سعدی - کجا من شکر این نعمت گزارم + کہ زور مردم
آزاری ندارم +
شکر شکر - بہ تخفیف و تشدید کاف شیرینی جو مشہور چیز ہے
سالک یزدی - میخورم خون کہ ترا دایہ ببر بسکہ گیرد + مبدہم
شیر ز لعل تو شکر میگیرد +
شکر - بفتح اول و سکون کاف فرج زن عورت کی شرمگاہ -
شکر - بکسر اول و فتح کاف ٹوٹا ہوا ور شکار کرنے والا زنبور
سیاہ یعنی بھنورا -
شکار - جو آدمی کسی جانور کے مارنے کا ارادہ کرے اسکو
شکار کہتے ہین اور وہ جانور جسکو شکار کرنا مطلوب ہوا ور
وہ شخص جو تابع و مطیع و مغلوب ہو - خان آرزو - اسے
غزالان حرم جان من و جان شما + کان جفا پیشہ صنم بہر شکار آمد است
شکیر - نام ایک میوہ کا ہے وہ زرد آلو پیوندی ہوتا ہے
شگرف - زیبا و نیکو و عجیب و بزرگ - اگر اس لفظ کو اشیا مین
استعمال کرین زیبا و عجیب اور اگر آدمیون مین استعمال کرین
تو صاحب و مالک و صاحب شکوہ و بزرگ - مولانا جامی
طمع دارم کہ گر ناگہ شگرفی + بخواند زین محبت نامہ حرفے +
شگاف - چاک و درز و سوراخ و رخنہ مولانا جامی شگافے زد
بصد افسون و نیرنگ + دران خیمہ چو چشم تنگی تنگ +
شگوف - ابریشم جو کاتا گیا اور درست کیا گیا ہے -
شک - بفتح اول شبہ و وہم گمان - سعدی - خدا را حق بدان
اے مرد زیرک + کہ گردد یک قلم دور از دلت شک +
شک - بضم اول سم الفار یعنی سنکھیا جو ایک زہریلا پتھر مشہور
ہی فارسی مین مرگ موش بھی اسکو کہتے ہین
شکابنک - چلنے مین جو آواز پانون کی نکلے -
شکانک - پرندون کا حوصلہ یعنی پوٹا جسمین دانہ جمع رہتا ہی
شکیل - بکسر تین گھوڑے کی باگ ڈور و مکر و فریب +
شکال - بکسر اول وہ رسن جس سے گھوڑے یا اونٹ کو
باندھین و مکر و حیلہ -
شکال - بفتح اول و تشدید ثانی شکلین بنانیوالا سوانگ بھرنیوالا
شکیل - بفتح صاحب شکل خوبصورت بکاف فارسی شغال یعنی
گیدڑ جو مشہور جانور ہے -
شکل - ہیبت و صورت و تصویر طغرا - بدیوار گر شکل آہو کشید
ز دنبال او چون شکاری دوید + مولانا کاتبی قضا ز مزرع
آفاق قطع زندان خواست + کہ شکل پروی ساقی مثال نخل د +
شکاکال - ہند کے ایک راجہ کا نام ہی جسنے اول بنیاد سلطنت
کی ہند مین قائم کی -
شکول - جلدی و چالاکی -
شکم - بطن پیٹ مشہور لفظ ہی سعدی - تنور شکم دمبدم
تافتن + مصیبت بود روز نایافتن + شکم بند دست است
و زنجیر پاے + شکم بندہ نادر پرستد خداے +
شکن - چین جو منہ اور جسم اور جامہ پر پڑین اور پانی پر بھی ظاہر
ہون - نظامی - مرا با تو در باز بستن مباد + شکن باد
لیکن شکستن مباد +
شگن - شگون - نیک فال لینا کسیکی آواز یا پرواز وغیرہ
سے یہ لفظ ہندی اور فارسی مین مشترک ہی بابا فغانی
فال نزدم کہ از ہوس کشتہ شوم بیک نفس + ہم ز لب تو این سخن
بہ کہ شگون نہد کسی +
شکیو - آہستہ چلنے مین جو پانون کی آواز ہو اور جو آواز سونیکی
حالت مین انسان کے گلے سے برآمد ہو -
شکالیو - ہر چیز جو آگ کے کوئلون پر پکائی جلنے لکڑی اسکے
نیچے نہ جلائی جائے +
شکنجہ - ایک قسم کی تعذیب کا نام ہی اور نام ایک آلہ چوبی کا
جسمین جلد بند جلد شدہ کتاب کو رکھکر اسکو چار سمت سے کاٹتے ہین

شفیع اثر- در ہو نجف قلی صدر ایران + با درمی گنم نہ بوقت شکلنجہ ہم از خادمان کسی نمک او چشیدہ است +

شکوہ- بکسر اول وسکون ثانی شکایت گلہ رضی دانش ب نہ منسب شکوہ از ز لفت بہ سنبل کردہ ام + ہیچو برگ لالہ دو دم برزبان پیچیدہ است ؛

شکوہ- بضم تین حشمت و بزرگی و مہابت وشان شوکت ہے فرید ون شوکتی جمشید جاہی + سکندر حشمتی دارا شکوہی +

شکوہ- بکسر اول وضم دوم خوف - دہشت و ترس وبیم-

شگوفہ- نئے پتے | درنئے پھول جو بہار مین درختون سے نکلین اور اطبا کے نزدیک کھانا کھایا ہوا جو قی ہو جاے بہضم ہو شفیع اثر تفل شگوفہ دا شود از باد صبحدم ؛ گلشن کند بمژدہ نوروز زر نثار سعدی- شگوفہ گاہ شگفتہ ست گاہ خوشیدہ ؛ درخت گاہ برہنہ است گاہ پوشیدہ +

شکرانہ- شکر کرنا کسی کا احسان بیان کرنا-

شکرہ- بکسر اول ایک شکاری مرغ کا نام ہی جو باز کے اقسام مین سے ہی

شکبتہ- معدہ چار پاؤن کا جسکو او جھڑی کہتے ہین-

شکستہ- ایک قسم کے خط کا نام ہی ہے خط آمدست ونگارم از ان شکستہ دل ست ؛ جواب خط جو بخط شکستہ تحریرست ؛

شگافہ- گہوارہ - مہد جھولنا-

شگادنہ- نقب دینے والا- قبر کھودنے والا- کفن چور انے والا جسکو ہندی مین نباش کہتے ہین-

شکلہ- ٹکڑا خربزہ و ہندوانہ کا جو اس سے اتارا جائے

شکنہ- خارپشت جو مشہور جانور ہی

شکوی- | خیر مین الف بصورت یا گلہ شکایت-

شکر تری- سپید شکر و قند و نبات-

شکاری- شکار کرنے والا- اور جانور جو شکار ہو چکا ہو ملا شانی تکلو کمین کشادہ زہر سو ہزار حکم انداز + مرا شکار رسے توفیق بر شکار آمد-

شکری- نام ایک رنگ کا ہی جسمین سرخی اور زردی ملی ہوئی ہو محسن تاثیر- تنگ کردست بسی حوصلہ گن تنگ شکر + از لب بستہ آن مہوش رنگ شکری-

شین بالام

شلیخا- عیسی علیہ السلام کے ایک اصحاب کا نام ہی

شلکا- گیلی زمین اور کیچڑ جسپر چلا نہ جاسے-

شلیخ- بجاے منقوط صدا و آواز-

شلوار- ازار اور تنبان اور پاجامہ جو کمر مین پہنتے ہین یہ لفظ مرکب شل و روار سے ہی شل کے معنی ران اور وار کلمہ نسبت ہی سروال اسکا معرب ہی اشرفی نام ایک کسبن عورت کی ہجو مین چہ باک ز تنگدستی اشرفی را + کہ دار الضرب در شلوار دارد +

شلف- فاحشہ عورت اور نام ایک رود خانہ کا ہی افریقیہ مین-

شلاق- بمعنی کوب کرنا- مارنا کسیکو یہ لفظ ترکی ہی اور شوخ اور فتنہ انگیز و مفسد و عیار- طاہر وحید اطفال مکتب کی تعریف مین- ہر یک ز براي جان عشاق + افتادہ ز طبع شوق شلاخ - ملا فوقی- یزدی ز مانہ مین کہ ز سر پنجہ ستم ہر دم + بہ سیخ گوش نشاطم ہمی زند شلاق-

شلتاق- جنگ وجدل فساد لڑائی یہ لفظ ترکی ہی- ملا شانی تکلو زنالہ دل مظلوم بر تو میلرزم + کہ ترک چشم تو بسیار میکند شلتاق +

شلتوک- غلہ شالی جسمین سے چاول نکلتے ہین-

شلنگ- جست مارنا- کود کر ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جا پڑنا زلالی- کدام صاحب آن صاحبی کہ در عنانش + بہ پشتہاي فلک میزند شلنگ ستارہ-

شلک- ایک ہی دفعہ چلا دینا توپ و در رسکلہ اور بندوق کا نزکی ندیم- شلک رعد شد و برق در آتشبازی ست + سایہ بان نستق و ساقی بستان ابرست ؛

شلاک- گھر کا بدرو جسکے ذریعہ سے گھر کا میلا پانی باہر نکلتا ہی

شلیل- نام ایک میوہ کا ہی جو سرخ و سپید ہوتا ہی- شفتالو کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی اور وہ کیڑا جو زرہ کے نیچے پہنتے ہین-

شل- بفتح اول عربی مین وہ شخص جسکے ہاتھ پاؤن حرکت سے رہ گئے ہون اور فارسی مین ہر ایک چیز سست اور نرم نعمت خان عالی- بنیت عالی سندی بہ فضیلت امرد + غیر و ستلر بزرگ و کمر شل بستن-

شل- بکسر اول چھوٹا نیزہ جس کو سبل بھی کہتے ہین- والہ ہردے مسلسل درپیچ و لیران- بند در فیلان بداں ماندہ کہ چرخ ہشمین را بر جھایک یک عیان آمد +

شل۔ بضم اول نام ایک میوہ کا جسکو بیل کہتے ہین۔ گول بہی کی طرح ہوتا ہے۔ اکثر لوگ اسکا مربا ڈالتے ہین۔

شلغم۔ یشہور ترکاری ہے جو کھانے مین آتی ہے۔

شلائین۔ بر وزن سلاطین شوخ و ناخوش و سخت گیرندہ و محکم و معشوق نا فرمان و بی تکلف و بی آرایش۔ میرزا صائب
جاراین وادی شلائین ترز خون ناحق ست + از علایق چیدن دامان رغبت سہل نیست۔

شلکہ۔ بضم اول حیض کا لتہ۔ اور عورت کی شرمگاہ اور بت پرست۔

شلکہ۔ بفتح اول جس جگہ مویشی کا گوبر جمع کرین۔

شلکہ۔ بلا تشدید لام قصاص و بدلہ۔

شلتہ۔ محلہ یا گانون مین جو جگہ کوڑا ڈالنے اور میلا جمع کرنیکی ہو۔

شلخہ۔ لات جو کسیکو ماری جائے۔

شلفینہ۔ شرمگاہ عورتون کی۔

شلفیہ۔ ایک کتاب کا نام ہے جسکے مضامین تمام فحش ہین۔

شلماہ۔ شلغم جو مشہور ترکاری ہے۔

شلائینی۔ شوخی و عیاری و چسپیدگی۔

شین با میم

شمسا۔ ترندی زبان مین سورج کی دھوپ اور چاندنی اور روشنی چراغ اور مشعل کی۔

شمشرا۔ مرزنگوش جو ایک قسم کی ریحان ہے نہایت خوشبو عربی مین اسکو اذن الفار کہتے ہین اسواسطے کہ اسکے پتے چوہے کے کان کے سے ہوتے ہین

شمات۔ کسی کی خرابی پر خوش ہونے والے

شماتت۔ کسی کی خرابی پر خوش ہونا۔ صائب۔ کند شماتت زاہد فرنگ عالم را
خدا نخواستہ میخانہ گر خراب شود +

شمبلیت۔ میتھی جو مشہور ساگ ہے۔

شمخ۔ مخفف شامخ نام ایک پہلوان کا اور سینہ بند عورتون کا۔

شمغ۔ شلغم جو مشہور ترکاری ہے۔

شمشاد۔ مشہور درخت ہے۔ اور شعرا معشوقون کے قد کے ساتھ اس کی تشبیہ دیتے ہین۔ ظہیر فاریابی۔ نسیم لطف تو در باغ دامنے
نفشاند + نسیم نکہت عنبر زطرہ شمشاد +

شمبلید۔ میتھی جو مشہور ساگ ہے۔

شمغر۔ بنلا شمغ و بدلباس عورت اور جس شخص سے بدبو آتی ہو

و مدہوش و بی خبر۔

شمند۔ نوحہ و فریاد و مدہوشی و بیہوشی۔

شمشیر۔ تلوار جو مشہور ہتھیار ہے مرکب شم اور شیر سے معنی اسکے شیر کے ناخن کے ہین کیونکہ شم کے معنی ناخن اور شیر کے معنی شیر ہین۔ نظامی۔ نهنگان شمشیر جوشن گذار
بگردن کسی کردہ گردن فراز۔ میرزا صائب۔ بسم اللہ دیوان قضا شمشیر ست +
ساحل بحر پر آشوب فنا شمشیر ست +

شمر۔ بہر دو فتح فارسی مین چھوٹا حوض و تالاب اور قیماق یعنی بالائی جو دودھ پر آجاتی ہے۔

شمر۔ بفتح اول و سکون میم آہستہ آہستہ چلنا خرامان خرامان چلنا۔

شمر۔ بکسر شین و سکون میم نام قاتل سید الکونین امام حسین علیہ السلام جس نے چھاتی پر چڑھ کر حضرت کا سر گردن سے الگ کیا تھا ع
سالہا شد شمر مرد و زاندرین دنیا نماندہ طوق لعنت ماند اندر
گردن او پایدار +

شمار۔ بضم اول حساب گنتی جو لین دین مین ہو۔ ع عفو کن عفوای شہ
عالی جناب + زانکہ دارم جرم بیحد حساب۔

شمار۔ بکسر اول پہلوی مین بادیان جسکو ہند مین سونف کہتے ہین۔

شمکو۔ ایک شہر گنجہ کے پاس مولد نظامی گنجوی ہے

شمیز۔ بزای منقوطہ زمین جو قابل زراعت کیجائے۔

شمس۔ آفتاب عالمتاب یعنی سورج۔ نعتیہ از مؤلف
شمس سرگرم اطاعت ہر زمان + آسمان بندہ قمر حلقہ بگوش۔

شموس۔ بفتح اول سرکش و بدخو۔

شموس۔ بضمتین جمع شمس بہت سے سورج۔

شماس۔ بفتح اول و تشدید میم مہتر ترسایان جو سر منڈا کر عبادتخانہ مین ہو بیٹھے اور نام اسکا جسنے شمس پرستی کا دین ایجاد کیا۔

شماساس۔ نام ایک پہلوان ایرانی کا جو سیاوش کے لشکر مین تھا۔ اور نام ایک تورانی پہلوان کا جو قارن بن کارہ کے ہاتھ سے مارا گیا۔

شمش۔ بہر دو شین منقوطہ گلا ہوا سونا چاندی جو نا دھبہ مین اٹھنے کے لائق ہو۔

شمع۔ موم جو شہد سے نکلتا ہے اور مشہور وہ بتی جو موم یا چربی سے بنا کر جلاتے ہین۔ اور روشنی حاصل کرین صائب۔ از شاخسار شمع شرر وا ہی پرد +
پروانہ کہ گرد تو یکبار می پرد +

شموع۔ جمع شمع کی بہت سی شمع۔

شماع۔ شمع بنانے والا۔ سیفی۔ سوختند از غم شماع و بجان میلکو شیم +

ہم چو شمیم کہ یار دمن مود مجو شمیم۔
شملک۔ ایک دوا کا نام ہی کہ گوگرو کے ساتھ ملا کر ملنے سے بدن کے سفید داغ جاتے رہتے ہین۔
شمسک۔ غزنی زبان مین تلون کو کہتے ہین جو ایک مشہور غلہ ہی اور اسکا تیل نکالا جاتا ہی۔
شمول۔ شامل ہونا۔ مل جانا ایک چیز کا دوسری چیز مین۔
شمل۔ پریشان ہونا۔ پراگندہ ہونا جمع ہونا۔ یہ لغت لغات اضداد مین سے ہی۔
شمال۔ وہ ہوا جو قطب کے سمت سے آئے حافظ خوش خبر باشی ای نسیم شمال + کہ بما میرسد زمان وصال۔
شمائل خصلتین اور عادتین اور شکلین اور شاخین جو درخت کی نئی نکلین۔ میر حسن دہلوی۔ شمائل تو لطیف ست صورت تو قبول ہبا وجز تو مرا دل بدیگرے مشغول +
شم۔ بفتح اول و تشدید میم بوئیدن یعنی سونگھنا یہ لفظ عربی ہی۔
شم۔ بضم اول و سکون میم فارسی مین چمڑے کی جوتی پاپوش و نعلین جمہ مین ہے۔
شم۔ بفتح اول و سکون ثانی فریب و نفرت و نوحہ و فریاد اور ایک قسم ناقص ابریشم کا۔
شم۔ بضم اول و میم مشدد مخفف شدہ محمد حسین شہرت۔ از حسرت منصب جلم خوان شد کہ باشد + در خاطر اگر داشتہ باشم امر شم +
شمیم۔ وہ ہوا جسمین خوشبو ملی ہوئی ہو اور سونگھنا خوشبو کا۔ علی خراسانی۔ ما از گل پیمانہ کشیدیم شمیمی + آشفتہ نکردیم بتحریک نسیمی +
شمائم۔ جمع شمیمہ بہت سی خوشبوئین۔
شماسیان۔ آتش پرست اور شمس پرست نظامی۔ سیاہی وہ خال عباسیان + سپیدی چشم شماسیان +
شمعون۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیون مین سے ایک کا نام تھا جس نے حضرت یوسف کے قتل کر دینے کے واسطے مشورہ دیا تھا نیز نام ایک شخص کا حضرت عیسٰی کے اصحاب سے۔
شمن۔ بفتحتین بت پرست بت پوجنے والا۔
شمنان۔ بہت لمبا چوڑا فرش۔
شمہ۔ بفتح اول و تشدید میم عربی مین تھوڑی سی خوشبو۔
شمنہ۔ بکسر اول و فتح میم بالائی جو دودھ کے اوپر سے آتر تی ہی۔
شمسہ۔ تابدان یعنی وہ دریچہ جو گھر مین روشنی کے واسطے رکھا جائے

اور کلس جو گنبد و قبہ کے اوپر لگایا جاوے۔
شمسیہ۔ نام ایک رسالہ کا ہی منطق کے علم مین اور شمس الدین اسکا مصنف ہی۔
شمامہ۔ بتشدید میم ایک قسم کے خربزہ کا نام ہی جسکو ہندی مین کچری کہتے ہین اور ایک مصنوعی ترنج مرصع جسمین طرح طرح کی خوشبوئین بھری جاتی ہین اور امرا ہاتھوں مین رکھتے ہین۔
شمامچہ۔ خوشبو جو سونگھی جاسے۔
شامہ۔ خوشبو جو کسی پھول وغیرہ سے آئے۔ اور نام ایک ساز کا جسکے ساتھ [illegible] بھی ہوتی ہی آواز اسکی نہایت خوش ہی سیفی بدیعی نے شمامہ چرا انیسگر نمیگر دی + ترا کہ برلب شیرین یار دسترس ست +
شمناسی۔ آتش پرست شمس پرست نام ایک فرقہ کفار کا ہی۔
شماخی۔ ایک قصبہ شروان کے پاس ہی۔
شمعی۔ یہ ایک سبز رنگ کا نیل بسیا ہی جسکو ہند مین تلیہ شنگیہ کہتے ہین سالک یزدی۔ عاشق کسی بود کہ برآید برنگ دوست شمعی لباس در بر پروانہ من ست ؛

شین بانون

شنو۔ بفتحات سننے والا کان سے یا کان جو سن سکتے ہون شعر۔ از خدا خواہ گر تو میخواہی + گوش شنوا و دیدۂ بینا۔
شنا۔ بکسر و بفتح اول پانی مین تیرنا۔ اور نام ایک ورزش کا ہی جو کشتی گیر کرتے ہین ہند مین اسکو ڈنڑ کہتے ہین اشرف بیم طوفان بادرخشکیم بیش از تری ست + ہمچو کشتی گیران مشق شنا دارم بخاک۔
شنب۔ پہلوی مین گنبد اور قبہ جو کسی بزرگ کی قبر پر یا مسجد پر بنایا جاے۔
شنعت و شناعت۔ زشتی و بدی و طعنہ و ملامت و بدگوئی۔
شنات۔ بروزن قنات دشمنی رکھنے والا۔
شنت۔ سندہی زبان مین سال و سنہ یعنی برس۔
شنج۔ پہاڑی زمین اور ناہموار میدان اور ایک قسم کی سیب جسکو لوتیاسی اکبر کہتے ہین۔
شنبلیہ و شنبلیت۔ میتھی مشہور ساگ ہی۔
شنند۔ منقار مرغان یعنی پرند کی چونچ جسکو نول بھی کہتے ہین۔
شنقار و شنقار۔ نام ایک شکاری جانور کا جو سفید رنگ عقاب کے برابر ہوتا ہی اور قوت مین عقاب پر غالب نہایت کمیاب ہوتا ہی

شنار - بکسر اول پانی مین تیرنے والا اور شوم و نامبارک و خرابی و ننگ و عار اور وہ شاخ جو درخت سے تازہ نکلی ہو اور عربی مین دشمن و عداوتی آدمی -
شنگور - وہ شراب جو خرما سے بنائین -
شنگیار - خیار جو دراز ہو یعنی ککڑی -
شنکور - وہ چمڑے یا لکڑی کا فلکہ جو تکلے پر چڑھا کر سوت کاتتے ہین -
شنیز - بزاے منقوطہ شونیز یعنی سیاہ دانہ جسکو کلونجی بھی کہتے ہین -
شنش - کچی کھجور جس کے دانے ابھی سخت ہو رہے ہون اور وہ لکڑی جو ندافت یعنی دھنیا ہاتھ مین رکھتا ہی اور اس سے روئی اڑی ہوئی جمع کر لیتا ہی -
شنائع - بدیان - برائیان -
شنیع - برا و زبون و ناخوش -
شنجرف شنگرف - مشہور چیز ہی تشریح کی حاجت نہین -
شنبق - پہلوی دری مین پسر خواندہ یعنی متبنیٰ جس کو بیٹا بنایا گیا ہو -
شنگ - دزد و رہزن اور معشوق شوخ و نافرمان -
شنگ - سرو کا درخت اور وہ خیار جو تخم کیواسطے رکھا جاوے -
شنگرف - شوخ و ظریف و خوش کلام و خوبصورت -
شنلک - کھجور کا خوشہ - انگور کا خوشہ -
شنکول - بروزن مقبول خوبصورت معشوق شوخ و شنگ -
شنکل - شوخ و عیار و راہزن -
شَن - پانی کی مشک - جو پرانی ہو گئی ہو - اور نام ایک گھاس کا ہی جس سے رسی بناتے ہین ہندی مین اُسکو سن بسین مہملہ بولتے ہین سنی بھی کہتے ہین - اور عربی مین ایک قبیلہ کا نام ہی
شنان - ایک گھاس کا نام ہی جس کی سجی بنائی جاتی ہی اور کپڑے دھوئے جاتے ہین -
شنو - کشتی گیرون کی ایک ورزش کا نام ہی جسکو ڈنڑ کہتے ہین -
میر نجات - نیست ہمزور تو خصمانہ ات از من بشنو * بیہودہ بیہدہ در معرکہ بخاک مشَنو -
شنشو - ایک دماغی حرکت کا نام ہی جس کو عربی مین عطسہ ہندی مین چھینک کہتے ہین -

شنوسہ - عطسہ یعنی چھینک -
شناہ - پانی مین تیرنا -
شنشنہ - طبیعت اور عادت جو بد ہو -
شنزبہ - یہ ایک بیل کا نام ہی جو دمنہ گیدڑ کے فریب مین آکر شیر کیساتھ لڑا اور مارا گیا - کتاب کلیلہ و دمنہ مین اُسکی تشریح ہی -
شنبہ - ہفتہ کا دن جس کو سبت عربی مین کہتے ہین اور آواز گھوڑے اور شیر کی -
شندلہ - نام ایک دوا کا ہی جسکو تودری کہتے ہین -
شنگلہ - ابریشم یا طلائی پایہ جو گھڑیون اور رومالون اور دوپٹون مین دیا جاتا ہی - تاکہ وہ خوبصورت معلوم ہون -
شنگولہ - شوخ و عیار و ظریف و چور و رہزن -
شنگہ - آلہ تناسل اور وہ جگہ جسجگہ گوبر اور کوڑا ڈالا جاتا ہی -
شنگینہ - وہ لکڑی جس سے بیل چلاتے ہین -
شنہ - وہ لکڑی کا پنجہ جس سے زمیندار ہوا مین سوکھے ہوے غلہ کو اڑا کر دانہ الگ اور بھوسہ الگ کرتے ہین -
شنیشرہ - میوہ دار درخت کے پھول - اور رقی دار استفرغ
شنی - طشت کلان یعنی بڑا طشت جو مشہور برتن ہی اور نام ایک گھاس کا جسکے ریشہ سے رسیا بناتے ہین -

شین با واو

شوا - بکسر اول عربی مین گوشت بریان اور فارسی مین سختی پوست ہاتھ پاؤن کی جو بسبب کثرت کار کے وقوع مین آجاتی ہی ہاتھون پر گرہین پڑجاتی ہین -
شوغا - خار بست احاطہ جو بکریون کے واسطے گاؤن کے باہر بناتے ہین اور بکریان رات کو اسی مین رہتی ہین لطیفی - چو آرک خوز دگیر د قصد شوغا * شبان اندر شبان افتد بشوغا *
شوائب - آمیزشین اور آلودگیین جو آپس مین ہون -
شُوب - بضم اول پگڑی - مندیل جو سر پر باندھتے ہین -
شوب - عربی مین باہمی ملاقاتین اور لعاب اور شہد جسکو عسل کہتے ہین -
شوات - سرخاب جو ایک مشہور جانور ہی -
شوکت - قوت و تیزی و شدت و حدت صائب زشادی عشق عاشق در نظر ہا شوکتے دارد * کہ نقش پای مجنون پنجہ شیر ست پنداری -

شوبست - علاج جو بذریعہ دوا کے کیا جائے یا بذریعۂ افسون کے -
شوربارج - معرب شوربا جو گوشت پکا کر نکالا جاتا ہی -
شوخ - بواو معروف بدن کا میل و ریم و زرد آب جو کسی زخم سے نکلے -
شوخ - بواو مجہول بے باک و دلیر چالاک آدمی رباعی توحید - رسد بمنزل مقصد بدو کجا گستاخ * بکہ ہست راندہ درگاہ کبریا گستاخ * خدا برحم و لطفش برو نظر نکند * بود کسیکہ شر انگیز شوخ یا گستاخ *
شوامخ - جمع شامخہ بلند و بلند پہاڑ یعنی بہت سی بلندیان و نچائیان -
شوارد - جمع شاردہ بھاگنے والے اور متفرق ہونے والے مجمع توڑنے والے -
شواہد - جمع شاہد بہت سے گواہ اور معشوق -
شواد - شواب جس کے معنی سرخاب کے ہین اور سرخاب مشہور جانور ہی - بعض کے نزدیک شواد ایک اور جانور سوائے سرخاب کے بھی ہی جو ایک سال مین کئی طرح کے رنگ بدلتا ہی اور عربی مین اسکو بوقلمون کہتے ہین -
شود - ایک سبزہ ہی جسکو شبت فارسی مین اور ہندی مین سویا کہتے ہین اور قسم ایک مورچہ کا جو نہایت چھوٹا جسم اسکا ہوتا ہی -
شوند - بنون غنہ پہلوی مین باعث و سبب و مادہ ہر ایک امر کا -
شومارمند - ژندی زبان مین گریہ یعنی بلی - اور نوحہ کرنے والی عورت -
شور - غلغلہ و شہرت اور بلند آواز اور نمک اور نمکین و نحس و شوم شوکت - بیاد آن لب شیرین پس از مرگ * نمک شد خاکم از بس شور کردم سعدی - زمین شور سنبل بر نیارد * درو تخم عمل ضائع مگردان -
شورمور - شوم و ضعیف و ناچیز و نامبارک اور قسم ایک چونٹی کی جو بہت چھوٹی ہوتی ہی -
شوشتر - خوزستان مین ایک شہر ہی -
شوشیم - پہلوی مین قاقلہ صغار یعنی چھوٹی الائچی جو مشہور چیز ہی -
شومیر - زمین جو لائق زراعت کے ہو -
شونیز - سیاہ دانہ جسکو ہندی مین کلونجی کہتے ہین
شورش - شور و غوغا و شفتگی و پریشانی و ملاحت و نمکینی امیر لاہجی - چون جمال دوست خود را جلوہ داد * شورشی در جان مشتاقان نہاد *
شوط - دوڑنا گشت کرنا -

شوخط - خوشہ انگور کا ہو یا کسی اور چیز کا -
شواظ - بضم اول و ظای منقوطہ آگ کا شعلہ -
شوارع - بڑے بڑے راستے - شاہی سڑک -
شوغ - آبلے جو بسبب زیادہ چلنے کے پانؤن مین پڑجاتے ہین اور بسبب زیادہ کام کرنے کے ہاتھون پر
شواہق - جمع شاہقہ ماخوذ شہوق سے بلندیان اور اونچائیان اور شہوق کے معنے بلند ہونا -
شوارق - روشنیان اور روشن چیزین -
شوق - خواہش و آرزو اور چاہ فغانی - بند بندم شد فغانی بستۂ زنجیر شوق * خوش دلم زین بندہا گر باز نکشاید مرا *
شولق - گھوڑا جسکی دم سیاہ ہو اور چارون سم اسکے سپید ہون -
شوذنق - ایک سبز رنگ مرغ کا نام ہی جو اپنی منقار سے درخت کی شاخ کو سوراخ کر دیتا ہی -
شوک خار یعنی کانٹا -
شوالک - سرخاب جو مشہور جانور ہی -
شوشک - طنبور و رباب و چہارتار - اور نام ایک جانور کا جسکو تیہو کہتے ہین -
شولک - اسفندیار کے گھوڑے کا نام ہی اور بادریسہ سوت کا جو ابھی دوک پر ہو -
شوال - قمری مہینون مین سے دسوین مہینے کا نام ہی اور مسلمان بعد گذرنے رمضان کے اس مہینے کی پہلی تاریخ عید کرتے ہین
شواغل - بہت سے شغل اور کام -
شورغال - روزینہ جو کسی کا مقرر ہو - یہ لفظ اصل مین سیورغال ہی جسکے معنی مدد معاش کے ہین -
شوال - بتخفیف واو کار و عمل و صنعت و حرفت و پیشہ -
شوکل - کاتا ہوا سوت جو تکلے پر ہو -
شوم - مصدر ہی معنی اسکے بدفالی اور بتصرف فارسیان منحوس و بخیل و نامبارک
شورم - پہاڑ جسکو عربی مین جبل اور فارسی مین کوہ کہتے ہین -
شوان - شبان و چوپان جسکو ہندی مین چرواہا کہتے ہین مویشی کا محافظ
شوملن - ژندی زبان مین دوزخ جو بہشت کے مقابلہ پر ہی -
شومن - پیشانی اور ماتھا -
شو - خاوند شوہر خصم عورت کا سعدی - زن بیچارہ بر در و بام و کوی ہمی کرد فریاد و میگفت شوی *

شوشو - شعلہ کا نام ہی جسکو فارسی میں زبانہ کہتے ہین اور ہندی مین جیبا و زبینہ دا -

شولہ - بضم اول نام انیسوین منزل کا منازل قمر سے اور وہ دو ستارے انتہای دم عقرب پر ہین نیش کی جگہ پر نہایت منحوس -

شوشہ - تودہ پشتہ اور سلاک زر و نقرہ و آہن اور ریزہ ہر چیز کا میر الہی
گر سایہ تو بشہر معمور افتد ۞ در آتش قہر از کمی نور افتد + شمع از خنکی
جو شوشہ یخ گردد ۞ بر رہیت اگر پرتوش از دور افتد -

شوریدہ - دیوانہ - برگشتہ حال -

شورہ - نمکین اور زمین جسمین شور ہو اور نمکین مادہ جو زمین سے نکالکر نمک بنایا جاے یا باروت بنائی جاے

شوہرہ - سہرہ جو شادی کے موقع پر دولہا دولھن کے منہ پر باندھتے ہین

شورابہ - وہ پانی جو نمکین ہو -

شوکہ - وہ لوہے کا نادچہ جسمین چاندی سونا گلا کر ڈالتے ہین تاکہ شوشہ بنجاوے -

شولہ - بفتح اول کوڑی جسمین خس و خاشاک جمع ہو اور ستارہ شہاب ثاقب جو آسمان پر ٹوٹتا نظر آتا ہی

شوریٰ - اخیر مین الف بصورت یاے مشورہ صلاح و مشورت تجویز

شوہی - شوہر خاوند عورت

شوخی گستاخی - اندازے سے بڑھنا میرزا بیدل - تبسم ہر کجا
رنگ سخن ز ان لعل تر ریزد ۞ ز آغوش رنگ گل شوخی موج گہر ریزد

شین با ہاے ہوز

شہروا - وہ روپیہ جو کسی ایک شہر مین رائج ہو عام چلن اسکا نہو اور کسی زبردست حاکم نے وہ چلن اپنے علاقہ مین جاری کیا ہو دوسرے علاقہ مین اسکو کوئی نہ لے -

شہدا - شہید لوگ جو ناحق قتل ہوے ہون -

شہبا - مونث اشہب سیاہ و سفید گھوڑیان جنکی سپیدی سیاہی پر غالب ہو -

شہلا - عورت میش چشم - اور شہلا ایک قسم کا گل نرگس ہی جسکے پھول مین زردی کی جگہ سیاہی ہوتی ہی

شہاب - بفتح اول سرخ رنگ جو پہلا رنگ نہایت سرخ کسم کے پھولون سے نکالا جاے اور سگ بچہ یعنی کتے کا بچہ -

شہاب - بکسر اول روشن ستارہ اور آگ کا شعلہ - اور وہ ستارہ جو ٹوٹتا ہوا آسمان پر نظر آتا ہی -

شہلاب - ایک ملک کا نام ہی جسمین لومڑی اعلی قسم کی ہوتی ہی اور اسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین -

شُہُب - روشن ستارے -

شہادت - شہید ہونا - اور گواہی دینا مولف حسین ابن علی
فرزند دلبند پیمبر نے ۞ اپنا سر راہ حق مین دے دیا ورجہ شہادت کا +

شہرت - مشہور ہونا - ظاہر ہونا آشکارا ہونا ابو طالب کلیم
خاکساری نقش با تعلیم میگیرد زما ۞ در فن خود گرچہ سعید ریم شہرت کردہ ایم ۞

شہوت - خواہش کرنا - چاہنا مولف طلب داری اگر ذات
خدا را ۞ ز دل برکن ہوا و حرص و شہوت ۞

شہامت - بزرگی - توانائی شادمانی چستی -

شہربند - دیوار شہر پناہ و حصار و قید خانہ و زندان - نظامی حصار
فلک برکشیدہ بلند ۞ دو کردی اندیشہ را شہربند ۞

شہید - گواہ - اور وہ شخص جو کسیکے ہاتھ سے ناحق قتل ہوا ہو - میرزا صائب - چہ آرزوی شہادت کنم کہ سوختہ است بداغ
یاس جگر گوشۂ خلیل از تو +

شہود - حاضر ہونا - اور حاضر ہونے والے اور گواہ شاہد کی جمع اور تصوف مین وہ مقام رویت حق ہی کہ مراتب کثرات و موہومات ظاہری سے عبور کر کے توحید عیانی تک پہونچ جاے اور ہر ایک موجود مین حق کو دیکھے غیریت کا خیال تک نرہے توحید نمو حضرت واحد در دوئی مسعود ۞ بچار سوی جہان بابلا تحاد کشود ۞ ز سر مکاشفہ مکشوف کشف اسرارش ۞ ز سر مشاہدہ مشہود راز ہاے شہود +

شہرود - نام ایک ساز کا اور نام ایک رود کا عراق مین +

شہد - مشہور چیز ہی جسکو عربی مین عسل کہتے ہین - سعدی
گو شہد شیرین مگر فائق ست ۞ کسی را کہ سقمونیا لائق است ۞

شہند - بہبودی مین نیکی اور بہبودی -

شہر - بڑی آبادی جسکو عربی مین بلد و مدینہ و مصر کہتے ہین ہندی مین بستی عربی مین مہینہ اسکے معنی ہین توحید دار
دنیا ہست چون ناپایدار ۞ بر نمایش چشم مضبوطی مدار نیست
چون بہ زندگانی اعتبار ۞ ہر دم خود را دم آخر شمار ۞ مثل مہو ماہ
در ہر سہ روز شب ۞ نام روشن کن بہر شہر و دیار ۞

شہریار - شہرگیر بادشاہ - حاکم شہر کا میر معزی شہریاری شہرگیری
بادشاہ ملک بخش + خسرو معجز کنتو حی داو رہا لک رقاب +

شیلان - سفرہ خوانچہ کا۔ کھانے کے برتن **سلیم** کس مسرفی برنگ مصور ندیدہ است + برطاق خانہ اش زدہ شیلان کشیدہ است

شیون - نوحہ اور ماتم کی آواز - ونالہ وفریاد اور ہر ایک آواز جو دردناک ہو **صائب** - تا من دل شدہ را دست زگردن برداشت + جوہر تیغ تو چون سلسلہ شیون برداشت +

شین - بفتح اول زشتی اور عیب مقابلہ زین کے -

شین - بکسر اول ویای معروف مخفف نشین یعنی بیٹھ اور نام ایک حرف کا حروف تہجی سے -

شیدمان - گرگ درندہ بھیڑیا جو مشہور درندہ ہی -

شیروان - نام ایک شہر کا ہی -

شیبان - نام ایک محلی کا - اور نام ایک قبیلہ کا -

شیشو - نام ایک مرغ کا ہی جو کبک سے چھوٹا ہی -

شیو - کمان جس سے تیر چلاتے ہین -

شیافہ - بتی دوا کی جو قبل یا دبر مین رکھی جاتے

شیرازہ - جزو بندی کتاب کی جو جلد بند کرتے ہین **صائب** بغیر از خط کہ پیچیدہ ست بر دی دلاویزش + کہ مصحف را اگر شیرازہ از زنار میسازد

شیرہ - چاشنی قند اور مصری کی اور نچوڑ انگور وغیرہ کا **طالب آملی** شراب کنہ ما شیرہ گشت از وار گون بختی + دگر زنیسان بماند ہفتہ انگور میگردد -

شیشہ - مشہور ہی جسمین شراب عرق وغیرہ سیال چیزین رکھتے ہین **صائب** بلفظ نازک صائب معانی رنگین + شراب لعلی در شیشہ ہاے شیرازی ست

شیہہ - گھوڑے کی آواز جسکو عربی مین صہیل بولتے ہین -

شیمہ - طبیعت وعادت وخصلت وخوی -

شیفتہ - عاشق ومدہوش بیخبر - **صفدر فوقانی** - مرد دنیا وار نادان بیخبر ہاست بر دنیای فانی **شیفتہ** +

شیوہ - طرز طریق عادت روش **حکیم انور لاہوری** - قناعت **شیوۂ** مردان دین ست + قناعت عادت اہل یقین ست -

شیرویہ - پسر خسرو پرویز بمعنی شجاع وبہادر ودلیر **سعدی** - شنیدم کہ خسرو بشیرویہ گفت + در آندم کہ چشمش ز دیدن بخفت + بران باش تا ہر چہ نیت کنی + نظر در صلاح رعیت کنی +

شیعہ - گروہ اور قوم اور فرقہ اور جماعت اور اس زمانہ مین وہ فرقہ جو شیعہ امامیہ کہلاتا ہی - چار اصحاب کبار سے تین کو وہ نہین مانتے علی المرتضی کرم اللہ وجہہ جو تھے جانشین کو خلیفہ برحق جانتے ہین عشرہ محرم مین سخت ماتم امام حسین کا کرتے ہین بخلاف سنیون کے کہ چارون خلفا کو برحق مانتے ہین عشرہ محرم مین روتے ہین مگر چھاتی نہین کوٹتے -

شیدہ - سورج اور ہر ایک چیز چمکنے والی - اور نام افراسیاب کے بیٹے کا کیخسرو بن سیاوخش اسکا بھانجا ایک روز اسکے ساتھ کشتی کر رہا تھا - آخر کیخسرو نے اسکو ایسی سختی سے زمین پر دے مارا کہ مرگیا

شیرابہ - خشخاش جو مشہور چیز ہی -

شیرانہ - لکڑی کی رئی جس سے دودھ بلوتے ہین اور مسکہ نکال لیتے ہین

شیفتگی - بیہوشی وحیرانی ودیوانگی -

شیدی - لقب حبشیون کا ہی جیسے میان اور لالہ وغیرہ -

شیرماہی - ایک بڑی مچھلی کا نام ہی جسکے دانتون سے پیش قبض کے دستے بناتے ہین -

شیرمانی - میٹھی چیز جو کھانے مین آئے - **صائب** - وعدۂ لوس آرزوی تشنہ را در خواب کرد + دیدۂ این طفل را **شیرینی** افسانہ است +

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین -

واضح ہو کہ اس فصل کے اردو لغات جسقدر کتاب نفایس اللغات وغیرہ مین درج ہین سب فارسی وعربی اردو مین مستعمل ہین اور سبکی سب پہلی فصل مین درج ہو چکے ہین دوبارہ لکھنا انکا محض بے سود ہی اسواسطے متروک ہوا -

تیسری فصل

فارسی محاورات واصطلاحات کے بیان مین

شین باالف

شامیہا - شام کے وقت **ضمیری طہرانی** - نقش دیوار شدا ز ہجر تو چشم کا ہے + بر سر بام برآ چون مہ نو شامیہا -

شاخ گوزن در ہوا - ہلال - ماہ نو - نیا چاند -

شاہ خرگاہ مینا - آفتاب عالمتاب -

شانہ بہا - قیمت قلیل - تھوڑی قیمت صرف جس سے ایک کنگھی خرید سکین -

شام غریب **شام غریبان** - شام مسافر کی جو وحشتناک ہوتی ہی

باقر کاشی۔ عیش من در شکن زلف تو دانی چو نیست ؛ آنچنانست که در شام غریبان محتاج صابئب دل در آن زلف ندارد غم تنہائی ما + فیض صبح وطن این شام غریبان دارد +

شاہ مغرب۔ ہلال ماہ نو نیا چاند۔

شاہ عرب۔ ذات مبارک رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔ **حکیم انور لاہوری**۔ زمین حلقہ در گوش شاہ عرب ؛ فلک روشن از نور ماہ عرب +

شاخ نبات۔ وہ شاخین جو مصری کے کوزے مین ہوتی ہی نیز مراد نیشکر یعنی گنّے سے جسکے شیرہ سے مصری بنائی جاتی ہی اور نام معشوقہ حافظ شیرازی **حافظ** اینہمہ شہد و شکر کز سخنم میریزد + اجر صبریست کزان شاخ نباتم دادند ؛

شانۂ دست۔ کف دست یعنی ہتیلی ہاتھ کی۔

شاہ بیت۔ وہ عمدہ بیت جو غزل مین ہو **محسن تاثیر** شاہ بیتے زمن حریفی برد + روشنم شد کہ شاہ دزدی ہست +

شاہ برج۔ بڑا برج جو بادشاہی محل اور قلع مین ہوتا ہی جیسا نچہ قلعۂ اکبرآباد و دہلی و لاہور وغیرہ مین ہی **ملا طغرا** شہ اسکی تعریف مین نشسیند چو در شاہ برج قدح + شود حکمران سپاہ فرح ؛

شاخ بشاخ شاخ در شاخ۔ کثرت کے ساتھ اندازے سے زیادہ **شعر** ہم غلطان و پیچان برگ در برگ + ہم پیچیدہ ہر یک شاخ در شاخ

شاخ پیوند۔ پیوندی درخت جسکو کسی دوسرے درخت کا پیوند لگایا جائے **حاتم بیگ ہمدانی**۔ زبس بیگانہ ام از آشنایان ؛ غریبم در وطن چون شاخ پیوند ؛

شاہ باد تیز ہوا جو چلتی ہی **محمد قلی سلیم**۔ چو طوفان کند شاہ باد نہیبش ؛ شود دفتر نہ فلک حملہ ابتر ؛

شاہ داماد۔ نوشاہ جسکی شادی ہوئی ہو **حکیم شفائی محمد رضا فکری** کی ہجو مین۔ کسیکہ ہیچو منش ہست شاہ دامادے ؛ شود ز دولت من روشناس شہر و دیار ؛

شاہ دزد۔ بڑا بھاری چور جو اپنا ثانی نہ رکھتا ہو +

شاید۔ مشہور لفظ ہی **سعدی**۔ مرا شاید انگشتری بی نگین ؛ نشاید دل خلق اندوہگین +

شاخ زر۔ سونے کی شاخین جو بادشاہی خزانون مین رکھی ہوتی ہین **سلیم** زبرگہاے خزان ہر نہال شاخ زرست + چہ کیمیاست کہ طالع بباغبان دادست ؛

شاخسار۔ کسی درخت کی وہ جگہ جس جگہ سے بہت سی شاخین نکلی ہون اور سنارون کی وہ آہنی تختی جسمین موٹے باریک سوراخ بیشمار ہوتے ہین اور سونے چاندی کے تار اسمین ڈالکے کھینچے اور بڑھاتے ہین **آرزو** لقصد کینۂ ایام سرچہ جنبانی + ز شاخسارۂ شمشاد ارہ را چہ غم ست ؛

شاخ صنوبر۔ معشوق کی تعریف مین بولتے ہین **حافظ** من آن شاخ صنوبر را از باغ سینہ برکندم ؛ کہ ہر گل کز غمش بشگفت محنت بار می آرد

شاد دہر۔ خوش نصیب صاحب بخت **نظامی** یکے روز فارغ دل و شاد دہر ؛ برآسودہ بود از ہوسہاے دہر ؛

شاد خوار۔ بے مزاحمت شراب پینے والا **کمال اسماعیل**۔ شراب خود و نہان از رقیب شب ہمہ شب ؛ ز بامداد خوش و شاد خوار مے آید +

شامت بخیر۔ تیری شام خیر کے ساتھ ہو یہ دعائیہ کلمہ ہی **خواجہ حافظ** ورت فسیح گوید مرد سوے دیر + جوابش چنین گو کہ شامت بخیر ؛

شانہ سر۔ ہدہد جو ایک جانور ہی اور مرغ سلیمان بھی کہتے ہین + **ملا طغرا**۔ آنکس کہ پی تخت سلیمان عقل برد + چون شانہ سر مقید افسر نے شود +

شانہ گر۔ شانہ بنانے والا۔ شانہ تراش۔ **طاہر وحید** ہمن تابت شانہ گر شد دوچار + مرا روز و شب شانہ مبتی ست کار +

شانہ گیر۔ شانہ پیچ۔ سرکش و نافرمان و سرکش و شوخ **محمد قلی سلیم** ز سودای دلم اورا زیان نیست + ندانم از چہ زلفش شانہ گیرست ؛

شاہ بندر۔ وہ شخص جو محصول لینے کے لیے بندر پر مقرر ہو۔ **محمد سعید اشرف** چو گردید فارغ بال یکسر + ز دست انداز جور شاہ بندر +

شاہوار۔ جو چیز بادشاہون کے لائق ہو **میر معزی** دیدہ ام در دولت ملک و ملک سلطان نبی + بزمہای دلفروز و تختہای شاہوار +

شاخدار۔ دیوث و بی غیرت و خود بین +

شاخ بدیوار۔ سرکش و مغرور۔

شادور۔ وہ شخص جو عاشق و معشوق مین ایلچی و پیام آور ہو۔

شاہ خاور۔ آفتاب عالمتاب۔

شانہ آویز۔ ایک قسم کی سزا ہی کہ مجرم کے ہاتھ شانون پر باندھ دیتے ہین **ملا طغرا** بدزدی دل طغرائی کند اقرار + علاج ہندوے زلف تو شانہ آویز ست ؛

شاہد باز۔ حسن پرست جو عورتوں اور بی ریش بچوں کے ساتھ صحبت رکھے۔ **محمد قلی سلیم**۔ سر دگل ہوا دی ندارو رند شاہد باز را + تاک را ہم دوست میدارم بذوق دخترش ہے شاہد باز ہیم ہمی پرستیم + خوش طائفہ ایم ہر چہ ہستیم +

شاخ نرگس۔ معشوق کی تعریف مین بولتے ہین **حافظ** ہر کجا آن شاخ نرگس بشگفد + گلرخانش دیدہ نرگس دان کنند +

شال طوس۔ طوسی رنگ کا دوشالہ۔ **محمد سعید اشرف** شعر فردوسی کجا و گفتۂ اشرف کہ نیست ٭ بالکہ بند مرصع قدر شال طوس را۔

شادی مبارک۔ یہ جملہ بوقت تہنیت عروسی یا تولد فرزند کے بولا جاتا ہی **حافظ**۔ حافظ شب ہجران شد بوی خوش وصل آمد + شادیت مبارک باد ای عاشق شیدائی +

شادی مرگ۔ وہ مرگ جو زیادہ خوشی کے سبب سے وقوع مین آئے۔ **طاہر وحید**۔ گو از زخم شمشیرت ز جان بی برگ گردیدم + مرا تیغت نکشت از شوق شادی مرگ گردیدم +

شاہ رگ۔ رگ جان شریان۔ حرکت کرنیوالی رگ حبل الورید **نبض تاثیر**۔ مریض عشق چون نبضے کہ بند و تسمہ فصّادش + کمر بند و بخون خویشتن باشاہ رگ دارد +

شاخ غزال۔ ہرن کے بچہ کے سینگ **ناصر علی غمت** آنجا کہ دارد ماتم شوریدہ حالان را + پریشان تر ز موے سر کند شاخ غزالان را +

شاخ گل۔ محبوب کی تعریف مین بولتے ہین **محمد قلی سلیم**۔ بباغ میبرد آن شاخ گل سلیم دگر + بہار و چمن مرد میہمان گل ست

شان عسل۔ **شان موم**۔ آشیانۂ زنبور۔ شہد کی مکھیون کا چھتا جسمین شہد اور موم دونون ہوتے ہین **وحید**۔ مانند شان موم کہ ریزند شمع زبان + شد خانہ ہا خراب کہ سر دت نہال شد

شاہد عدل۔ گواہ سچا جو سچی گواہی دیوے **محسن تاثیر** باین دقیقہ دو مصرع دو شاہد عدل ست + کہ جز سخن نتواند شدن قرین سخن ٭

شاہ زاول لقب سلطان محمود غزنوی کا **حکیم سوزنی** رسید شاہ جہان سوی فخر دین مہمان ٭ چو شاہ زاول سوی غلام خویش ایاز +

شادکام۔ شادگار۔ بہت خوش وخورسند۔ **جمال الدین سلمان** آب راشد چشمہا روشن کہ شاہنشاہ گل + بر سر پر شوکت آمد تازہ روے و شادکام **نظامی**۔ تو شادی کن ار شادکاران شدند + تو باتاجی از تاجداران شدند +

شاخ از پشیمانی بر آمدن۔ نہایت پشیمان ہونا **محمد سعید اشرف** غزال اگر تو میداشت لاف یکسانی + بر آمدست کنون شاخش از پشیمانی

شاخ زعفران۔ اعلی اور نادر او رعمدہ **آرزو**۔ بہ پیش جلوۂ او نیست سرخرو نوروز + بہ ملک ہند بود شاخ زعفران ہولی +

شاخ شکستن۔ مغلوب کرنا۔ خود سری سے باز لانا **سلیم** مغرور بحسن خویشتن بود + زلف تو شکست شاخ سنبل +

شاخ گل بر سر زدن۔ پھول کی چھڑی مارنا۔ **محمد علی داحد** از غبارم شاخ گل بر سر ملائک میزنند + تا بتان از نقش پا گل بر مزارم ریختند +

شاخ گوزن۔ ہلال ماہ نو نیا چاند۔ **خاقانی** کردہ دران خرم فضا جہد گوزنان چند جا + شاخ گوزن آمد اینک نگونسار آمدہ +

شادروان۔ بساط وفرش وبارگاہ سلاطین مین بچھا ہوا ہو مشہور شادروان ہی **اسماعیل**۔ برو ببین کہ چہ زیبا کشیدہ است سحاب + ز گونہ گونہ در اطراف باغ شادروان +

شادمان۔ شادمانہ۔ شادمند۔ مشہور ہی۔ **میر معزی** از دولت سعادت او شادمانہ شد + ہر دل کہ از نحوست ایام غم کشید + **ادیب صابر**۔ غم دنیا نخورد ست ہر کہ صابر زو بوقت رحلت خود شادمان رفت۔ **نظامی** بفصلی چنین خرّم و شادمند + بہ بستان شدم زیر سرو بلند ٭

شال بگردن داشتن۔ بیمار ہونا کیونکہ بیمار بخوف تصرف ہوا کے شال گردن پر لپیٹے رکھتا ہی **محسن تاثیر**۔ گرنہ از حسرت خورشید رخت رنجورست + ماہ از ہالہ چرا شال بگردن دارد +

شانہ بدل کردن۔ عورتین جو آپسمین بہنین بنتی ہین کنگھی بدل لیتی ہین جسطرح مرد پگڑی بدل بھائی بنتے ہین **سنجر کاشی** شانۂ ژولیدہ موئی کرد با مجنون بدل + سنجر شوریدہ سر ملیفت ما دیوانہ ایم

شانہ خالی کردن۔ اعراض کرنا بہانہ کرنا۔ روگردانی کرنا۔ **محسن تاثیر**۔ ز بی تلخی کہ بینی ز بزرگی بون موج + شانہ خالی کن از دگر سہم دریا باشد

شانہ در آب بودن۔ **شانہ در آب داشتن**۔ **شانہ در آب نہادن**۔ آرائش اور سنگار کے خیال مین ہونا

مفید بلخی - سر آرایش زلف کہ این سیمتن دارد + کہ از امواج در آب ست و ایم شانہ دریا را محمد قلی سلیم - ز زلف موج تا بیرون بر و تابات + دم ماہی نہادہ شانہ در آب - ملا طاہر غنی شب کہ در مد نظر آن گیسوے پتاب داشت + مردم چشم ز مژگان شانہ را در آب داشت +

شانہ زدن - کنگھی کرنا - شانہ کرنا بالونکو - کمال خجند سر زلفش چو شانہ میزدم باد + اصلح اللہ شانہ گفتم +

شانہ زن - شانہ کش - شانہ کرنے والا محسن تاثیر عنبر مویش بصد تجمل + از شانہ زنان زلف سنبل طالب آملی - من شانہ کش زلف ہا ہای ہمہ + بیا بجائے نرنیم و بان ہم بوسیم +

شانہ شکستن - خائف و ہراسان ہونا - نظامی شغبہا کے آئینہ پیل ست + ہی شانہ بر پشت پیلان شکست +

شانہ کردن - شانہ کشیدن - مشاطگی کرنا - اور حیلہ بہانہ کرنا طالب آملی مشاطہ گرینہ ایم عروسان نغمہ را + بر زلف شان چہ شانہ بمضراب می کشیم + شہد قمی دمی کہ خواہم از و بوسہ زلف شانہ کند + ز مد ز سایہ زدن تا فتن بہانہ کند +

شانہ نہادن - شانہ کرنا - ملا طغرا - صبا چون بہ زلفش نہد شانہ + در آید بزنجیر دیوانہ +

شاہ اندازی کردن - اپنے اندازے سے زیادہ کا دعوے کرنا - ناحق فخر کرنا مخلص کاشی - مہر درویش بگو در دل شہ انداز د + در سخن اینکہ کند اینہمہ شہ اندازی +

شاہ نشین - عالیشان عمارت - بادشاہون کے بیٹھنے کا مکان حافظ - شاہ نشین چشم من تکیہ گہ خیال تست + جاے شہ است چشم من بیتو مباد جاے تو +

شایستن - لائق و سزاوار ہونا - ملا وحشی نگارے نسیم کار ایش فتراک را شایم + بلقید من چہ سعی ست اینکہ از صید بند بن

شانہ بین - فال دیکھنے والا - اور یہ فال مخصوص بکری کے شانہ کی ہڈی پر ہی کا اسپر کوئی نقش لکھ کر از روے حساب مآل مطلب معلوم کرتے ہین طاہر غنی - خاطرش ہون از غبار لشکر خط جمع نیست + ہر دم از زلف پریشان شانہ بینی میکند +

شاریدن - نکلنا پانی کا زخم سے -

شاشیدن - موتنا - بول کرنا - تر ہونا -

شاہ چین - آفتاب یعنی سورج -

شاہ گوہران - ایک جوہر خسرو پرویز کے پاس تھا جب اسکو تاگا باندھ کر دریا مین لٹکا دیتے - بہت سے اور قیمتی جواہر اسکو چمٹ جاتے جو بغیر اتارنے کے نہ اترتے -

شاہیدن - بندگی اور پارسائی کرنا +

شاخ آہو - کمان جس سے تیر چلاتے ہین اور وعدہ جو وفا نہو - محسن تاثیر - نبودی خوشدلی رم کردہ از عالم کہ نپندار ی + بطمنائی می برشاخ آہو آشیان دارد +

شاخ شاخ شدن گلو - پارہ پارہ ہونا گلے کا بسبب بلند آوازی کے نظامی - بنیدیش زان گفتہاے فراخ + کز آوازہ گردد گلو شاخ شاخ +

شاخ گیسو - زلف کی لٹین نظامی - ز بہر سو شاخ گیسو شانہ میکرد - بنفشہ بر سر گل دانہ میکرد +

شاہ لیمو - یہ عمدہ قسم کا لیمو فارس و کرمان مین ہوتا ہی تاثیر جز بشاہی نشود فطرت نفقرم قانع + شاہ لیمو شکند صحبت صفرای مرا

شاخچہ - تہمت و افترا جو کسی پر باندھا جائے طالب آملی ہزار شاخچہ بر خویش بستہ ام طالب + اگر بغیر در افتم بہ بین چہا بندم +

شاخشانہ - جھگڑا - تکرار - فساد - نورالدین ظہوری زندان ز شاخشانہ سر و مر چہ در ہم اند - گر داغچہ محتسب ظہوری عسس نکرد +

شاخ ناشکستہ - بے ادب - گستاخ خود سر محمد جان قدسی جوان از ملامت گرفتش بہ تیر + کہ ای چون کمان شاخ بشکستہ پیر +

شامگاہ - شام کا وقت - بعد غروب آفتاب - نورالدین ظہوری ز عیش بلبل شوریدہ شامگاہ بپرس + جو ز ندگانی پروانہ در سحر مخست

شاہ کاسہ - بڑا پیالہ - شفیع اثر - پیالہ از سر فغفور میز ند عیش + کہ بادہ مینخورد از شاہ کاسہ حوصلہ دار +

شاخچہ بندی - بہتان بندی و افترا پردازی میر آلہی ہمدانی تنہا نہ تہمتی بہش فتنہ پسند ست + از نرگسی نرگش او شاخچہ بند ست

شانہ کاری - الجھاو اور پیچ فریب مکر - کمال اسماعیل کمال از سر ندارد با تو زلفش + مشو در وہم کہ آن از شانہ کاری ست +

شین با یاے

شب احیا - یہ تین راتین متبرک انیسوین - اکیسوین تیئیسوین ماہ رمضان کی امامیہ مذہب کے بزرگ جانتے ہین تمام رات دعا تینون راتون مین جاگتے رہتے ہین اور انکا قول ہی کہ لیلۃ القدر انھین تین راتون مین مخفی ہی اور واقعہ شہادت حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ

بھی انھین راتون کے قریب قریب ہوا ہی۔ **میر نجات** غیر از دل سر زندہ عاشق نہ شناسد + قدر شب احیای سر زلف بتان را۔

شب چرا ۔ رات کو چرنے والا گھوڑا۔ رات کو کھا جانے والا یعنی رات کے وقت سواری دینے والا۔ سیاہ رنگ مشکی اور چرنا حیوانات کا رات کے وقت چراگاہ مین۔ اور نام اس نقل کا جو رات کو کھانا کھا کر کھاتے ہین **نظامی** ۔ بشب رنگی آن شب چرا گشت مست + چو ماہ آمدش شب چراغی بدست **مومن حسین یزدی** نے بر سر خوان مردمان چون ترہ ایم + نی نقل مجالس از پے شب چرہ ایم + امروز کہ ناکسان درین بازار اند + ما جنس کشادیم و زر نا سرہ ایم +

شب یلدا ۔ بہت لمبی رات جو گیارھوین تاریخ ماہ جدی کی رات ہی۔ کیونکہ بارھوین تاریخ دن بڑھنے لگ جاتا ہی۔ اور رات گھٹنے لگ جاتی ہی **صفدر فوقانی** ۔ دیدہ باید در غم گیسوی دوست صبح کے گرد د شب یلدائے ما +

شب شراب ۔ شب خمار ۔ وہ رات جسمین شراب پئین **حکیم صادق** ۔ ہزار شکر کہ ما و تو ہر دو ہم بزمیم + شب شراب گذشت و شب خمار گذشت +

شب غریب ۔ بروزن عندلیب وہ نان و حلوا جو پہلی رات میت کی قبر پر تقسیم کیا جائے **مسیح اطعمہ** ۔ روز اجل کفن بدرم ہمچو نان بہن + از بہر وصل جلیک حلوای شب غریب +

شب پرست ۔ خفاش سب پرک جانور جو رات کو اڑتا ہی **مؤلف** چشم امیدم ہمہ شب باز ماند + در غم گیسو شبکل شب پرست +

شب حاملہ ست تا چہ زاید ۔ یعنی رات آئندہ دن کے واقعات کی حاملہ ہی۔ اگر رات مصیبت کی ہو تو نا امید نہونا چاہیئے شاید دن کو کوئی بہبود کی صورت نمودار ہو جائے +

شب دزد ۔ رات کو چوری کرنے والا **مؤلف** ۔ زلف شب دزدش چہ گستاخ آمدہ است + راہ دین در روز روشن میزند +

شب گرد ۔ رات کا پھرنے والا چور اور کوتوال وغیرہ **رضی دانش** کجا بود ای مردم مست چشم سے پرستش را + بغیر از خدنگ شبگردی نگیرد چشم مستش را +

شب زندہ دار ۔ رات کو عبادت کرنیوالا **سعدی** خردمند عثمان شب زندہ دار + چہارم علی شاہ دلدل سوار +

شب کور ۔ جو رات کو نہ دیکھ سکے۔

شب گیر ۔ وقت سحر صبح سے اول **مظہر کاشی** ساقیا شبگیر شد

شمع شبستانی بیار + بزم روحانی بپا کن جام ریحانی بیار +

شب افروز ۔ شمع کی تعریف مین بولا جاتا ہی۔ اور قسم ایک زربفت کی جسمین زمین نقرئی ہوتی ہی اور پھول طلائی **محمد سعید اشرف** چو دیبای شب افروز آن سمن بر + بہر ساعت نمودی رنگ دیگر

شب خیز ۔ جو شخص رات کو اٹھتا ہو **صائب** ۔ ہر خسی قیمت نداند نالہ شب خیز را + خسروی باید کہ داند قدر این شبدیز را

شب پوش ۔ لحاف وغیرہ جو رات کو اوڑھکر سوئین **حکیم سنائی** چہ رسم ست این نہادن زلف بر دوش + نمودن روز را در زیر شب پوش

شب تیغ ۔ دسوین محرم کی رات جسکو شب شہادت بھی کہتے ہین۔

شبہای طاق ۔ شب احیا جنکا ذکر تحریر ہو چکا ہی **مخلص کاشی** رخسار دلفروزت باشد مہ مبارک + شبہاے طاق این مہ آن ابروان طاق ست +

شب آہنگ ۔ بلبل جو مشہور پرند ہی **زلالی** شب آہنگی بہ الہام نوازد + صدائے آشنا بر آشنا زد +

شبرنگ ۔ ہر ایک چیز جو سیاہ ہو **صائب** سادہ میباز د ز جوہر روشنی آئینہ را + نیست پروای خط شبرنگ رخسار ترا +

شب گل ۔ بہار کے موسم کی رات جو رات کو جا کر گلزار کی سیر کرین ۔ **مفید بلخی** ۔ خط شبرنگ بر دن زان لب گل می آید + مژدہ ای بادہ پرستان شب گل می آید + عندلیبان چہ بلا سوز فغانی دارند + بی تو بوے شب خون از شب گل مے آید +

شب برپا داشتن ۔ رات کو بیدار رہنا **مخلص کاشی** رہائی نخواہم ز زنجیر زلفت ؛ چرا این شب قدر بر پا نہ داری +

شب بروز کردن ۔ شب بروز آوردن ۔ تمام رات بیدار رہنا **لسانی** ۔ شب تا بروز بودم من مبتلای ہجران + تو شب بروز کردی با مبتلای دیگر **صائب** ۔ دمید صبح و نگشتیم آشنائے چراغ + شبی بروز نکردیم زیر پای چراغ ؛

شب خوش کردن ۔ وداع کرنا ۔ رخصت کرنا **سعدی** مصرع بروز فراق دوستان شب خوش بگفتم خواب را ؛

شبخون ۔ رات کو دشمن پر حملہ کرنا **نظامی** بر او شاہ گرگ شبخون کند ؛ ز ملکش ہمانا کہ بیرون کند و لہ چو شبخون دارا در آمد ز راہ ؛ ز پولاد پوشان زمین شد سیاہ ؛

شب درمیان ۔ جبرا مرہین رات درمیان ہو **شفیع اثر** بنزم وصل ہم پیوستہ زین ماہ سیہ روزی + من و آن بوفا شب درمیان بودیم و دراز ہم

مؤلف - چہ دانی کہ فردا چہ خواہد گذشت + مترس از بلائی کہ شب درمیان +

شب زندہ داشتن - رات کو جاگتے رہنا ظہوری برون آ کہ گردون شب زندہ دار + گہر بر طبق کردہ بہر نثار +

شب ساختن - رات رہنا - رات بھر صحبت رکھنا - نظامی سواد شب خون جو از تاختن + برآسود و آمد بشب ساختن +

شب شکستن - رات کاٹنا - رات گذارنا - مسیح کاشی شب شکستن بہر شبگیر ست اندر زلف او + شب شکست و ہیچ دل پر از ہر شبگیر نیست +

شب نشین - رات کے بیٹھنے کا مکان - رضی دانش شب نشین کن بر بساط سبزہ مہتابی خوش ست + قسمت از سر چشمہ مینا دم آبی خوش ست +

شب رو - رات کا چلنے والا چور و کوتوال وغیرہ سعدی خدایا تو شب رو بآتش مسوز + کہ رہ میزند سیستانی بروز +

شب افسانہ - وہ افسانے جو رات کو نیند آنے کے لیئے سناتے ہین نظامی تنے چند را از تہیبان راہ + ز بہر شب افسانہ بنشاند شاہ +

شب خانہ - سرای جسمین مسافر رات کو آکر شب باش ہون سعدی بنا کرد دونان دا دو لشکر نواخت + ہم از بہر درویش شبخانہ ساخت +

شب سدہ - ماہ بہمن کی دسوین تاریخ فریدون نے بعد فتح ضحاک کے جشن کیا - اور یہ رات ہندؤن کی ہولی کی اخیر رات کے قریب قریب کی جس رات یہ ہولی کو جلاتے ہین فردوسی یکے جشن کرد آن شب و بادہ خورد + شدہ نام آن جشن فرخندہ کرد +

شب ماندہ رات کی باسی چیز محمد سعید اشرف بشود بدنام عالم ہر کہ ماند شب بہند + نیست قدری در نظر انعمت شب ماندہ را +

شبنم گریہ - آنسو جو رونے کے وقت آنکھون سے نکلتے ہین طالب آملی از شبنم گریہ سبز کردہ + ناکاشتہ در گل ما +

شبنم گوشوارہ - گوشوارہ کے موتی ابو طالب کلیم در عین جمال تو ای گل باغ رنگ و بو + شبنم گوشوارہ را آب گہر گلاب شد +

شبنم مژہ - شبنم مژگان - اشک یعنی آنسو - طالب آملی شبنم طراز گل بود نشاہد گلزار شوق + شبنم مژہ ام پاے تا بسر شستم - زلالی - ایاز از شبنم مژگان وضو کرد + بہ تربت خانہ محمود رو کرد +

شب تازی - [illegible] کے وقت کسی پر حملہ کرنا - شبخون مارنا -

شب بازی - رات کو کھیل کرنے والے لوگ - سوانگ نکالنے والے پتلیان نکالنے والے و مکر و فریب نظامی چنان بود شب بازی روزگار + کہ شہ را دگرگون شد آموزگار +

شین با تا ی

شتر پیر شد و شاشیدن نیاموخت - اونٹ بوڑھا ہوا اور موتنا نہ سیکھا - یہ مثل اسکے واسطے ہی کہ بوڑھا ہو جاے مگر لیاقت نہ سیکھی + قطعہ از مؤلف - گذشت از عمر انسان حیف چل سال + مگر از علم سرمایہ نیندوخت + ز بر بار شد احمق شتر پیر + مگر تا حال شاشیدن نیاموخت +

شتاب آلود - بہت جلدی - اور شتابی شتابی نکلو - خبر دارد کہ شانی آرزوی دیدنش دارد + بہ سوی خانہ رفتار شتاب آلودہ بنیدش +

شتر بار میبرد - یہ بخیل کی حالت پر کہا جاتا ہی کہ اپنے ہاتھ سے وہ حبہ نہین دیتا اور لوگ پوشیدہ اور چوری اسکے مال سے اونٹ لاد کر لیجاتے ہین ؎ بخیل زمال خود چیزے نمی بخشد - برد دزد دزدی شتر بار +

شتر را بہ چمچہ آب میدہد - اونٹ کو چمچہ سے پانی دیتا ہی یعنی اسکے جسم کی مقدار پر نہین دیتا -

شتر غلط - کشتی کے فنون مین سے ایک فن کا نام ہی -

شتر دل - بے حوصلہ و بزدل و بی جگر آدمی طالب آملی طالب ثبات حملہ ام نیست حیف + شیر نرم ولیک شتر دل فتادہ ام +

شتر خان - شتر خانہ - اونٹون کے رہنے کا مکان سلیم بجز از موج وقت احسانش + میدہد یاد از شتر خانش +

شتاب خوردہ - شتاب زدہ - دوڑتا ہوا جلدی اور تندی کی حالت مین میرزا طاہر وحید دوش از درم در آمد جانان شتاب خوردہ + از بادہ رنگ مستی از شعلہ تاب خوردہ صائب عرق ببرگ گلت میدود شتاب زدہ + نگاہ گرم کہ این نقش تر آب زدہ +

شتر حجرہ - کام جسکا وقوع مین آنا ممکن نہو اور دو چیزین جو باہم مخالف ہون مثل یحیی شیرازی - شتر و حجرہ از کرامت پنہان + شتر حجرہ ست صرف ساربانان +

شتر گربہ - سخت و نرم ملایم و نا ملایم بات نامناسب و مناسب زلالی شتر چون مست گردد میکشد بار + شتر گربہ است کار مرد ہشیار +

شتر دلی - نامردی - بد دلی - بی حوصلگی ؎ شتر گربہ بر نشست

خود کشند بار + مگر مرد ستہ دل ہست بیکار +

شین با جیم

شجر کلیم۔ وہ درخت جس سے موسیٰ علیہ السلام نے وادی ایمن میں بجوالی کوہ طور تجلی انوار آلہی دیکھا۔

شین با خای

شخالیدن۔ خراشیدن و خلانیدن۔ چھیلنا اور چبھونا۔
شخائیدن۔ چھیلنا۔ خراشنا۔ تراشنا۔
شخشیدن۔ پھسلنا۔ جگہ سے گرنا۔
شخلیدن۔ سیٹی مارنا۔ اور پژمردہ ہونا۔
شخودن۔ دانتوں سے کاٹنا۔ ناخنوں سے خراش دینا۔
شخولیدن۔ پکارنا۔ فریاد کرنا۔

شین با دال

شد مخالف۔ بی اصول نغمہ۔ بی سُر راگ محسن تاثیر سبکہ از سماع جہان شد مخالف بر داشت + تار طنبور لگد بر خر طنبور زند +
شد پہلوان۔ اُس بلند آواز کو کہتے ہین جو کشتی گیر کشتی کرنے سے پہلے سب کو سُناتے ہین +
شدن۔ ہونا مشہور لفظ ہی۔ طاہر وحید تا نہالش شدہ چشم آشنا + خانۂ دل را شدہ برگل بنا +

شین با رای

شراب صبح۔ وہ شراب جو مخمور علی الصباح خمار توڑنے کیواسطے پیتے ہین صبوحی بھی اسکو کہتے ہین صائب روان شو چون شراب صبح از رگہاے مخموران + گرہ تا چند در یک جا سے چون آب گہر باشی
شرب الیہود۔ یہودی مسلمانون کے خوف سے شراب بہت کم پیتے تھے تا کہ مستی ظاہر نہو سالک یزدی۔ کسی تا کے کند شرب یہود از بیم رسوائی + ایا غم پر کن ای ساقی کہ کاری با عسس دارم
شرم آلود۔ شرمناک۔ شرمگین صائب از حجاب حسن شرم آلودہ لیلی ہنوز + بید مجنون سر بہ پیش انداختن بار آوردہ +
شراب پشت دار۔ وہ شراب جو مقوی ہو یعنی دوا ئین ڈالکر کھینچی گئی ہو۔ منیر را صائب از یہ مستی کند کم جوش سا ہر کس کشیدہ

زان لب نوخط شراب پشت دار بوسہ را +
شرابخوار۔ شراب دار۔ شراب پینے والا۔ اور جسکے پاس شراب ہو حافظ ترسم کہ روز حشر عنان بر عنان رود + تسبیح ما و خرقہ رند شرابخوار + عثمان بخاری۔ شرابدار شد و جامہ دار و مشرف دخل + وکیل چرخ و کدخدا و خوان سالار +
شراب شکر۔ قند سرخ کی شراب۔ میر یحیی شیرازی ترانہ خال بود بر لب ای بت شیرین + بت ہندوی میخوارہ و قند شکر
شراب گوڑ۔ یعنی شراب قند سیاہ منیر را صائب بادۂ انگور و آب خضر از یک چشمہ نیست + مرد دل در سینہ اش ہر کس شراب گوڑ خورد
شربت دار۔ جو شخص شربت بنا کر فروخت کرتا ہو یا اس خدمت پر کسی کا نوکر ہو سیفی۔ شربتی دارد لبش بہر دل بیمار من + مردم و رحمی ندارد ماہ شربتدار من
شرم حضور + وہ شخص جو صاحب شرم و صائب دارد ہنوز شرم حضور مرا نگاہ + مہمان زمن بخلوت آئینہ میرود +
شرمسار۔ شرمندہ خجالت کی حالت مین سعدی کرم بین و لطف خداوندگار + گنہ بندہ کردہ ست او شرمسار +
شراب شیراز۔ شیراز کی شراب سلیم سلیم معتقد نظم خواجہ حافظ باش + کہ نشہ مثل بود در شراب شیرازی +
شرر آمیز۔ جس آگ مین سے شرارے بہت اڑتے ہون صائب نیست آرام دران دل کہ ہوس بسیار ست + شرر آمیز بود شعلۂ خس بسیار ست
شربت الماس۔ چمکتی ہوئی تلوار +
شراب قورق۔ بادشاہ کے پینے کی شراب جو عوام کو نہ مل سکتی ہو شفیع اثر۔ محرم نگاہش شدم از منع رقیبان + مانند شراب قورق این بادہ گران شد +
شراب انداختن۔ شراب افگندن۔ شراب بنانا شراب تیار کرنا علی خراسانی۔ ہر کہ با بلبل نشیند مست از می کم شود + ما سیہ مستان عشق از گل شراب انداختیم + ولہ بادہ گر خام ست بزم عیش ما افسردہ نیست + کردہ ایم از خون صبوحی تا شراب افگندہ ایم
شراب خانہ رسان۔ گھر کی بنی ہوئی شراب عرفی بنوش و باک مدار این شرابخانہ رسان + کہ نیست خوردن این بادہ را پشیمانی
شراب شیرین۔ میٹھی شراب جو تلخ نہو۔
شرارستان۔ جس جگہ سے شرارے نکلتے ہون محمد زمان راسخ ہوس محو شرارستان اشکم + نگاہ واپسین مہمان اشکم +
شربت حیوان۔ شربت خضر۔ شربت مسیحا۔ آب حیات۔ زندگانی کا پانی علی خراسانی۔ گر تو آئی بسرش شربت حیوان بر کف +

خضر را بر سر بیمار تو خواہم دیدن + **شیخ العارفین** - حیات آنرا شمار رم
کز خودی لبستاندم ساقی ٭ بجامی میفروشم شربت خضر و مسیحا را +

شرح کشاف انشا کردن - خواندن زیادہ گوئی کرنا تکلف سے بولنا **شفیع اثر** - لب بہ بند از کشف ای صوفی کہ تا دم میزنی + شرح کشافی
زہرت ہر یک انشا کردہ اند - **محمد سعید اشرف** - مصحف روی او
نظر کن ناصح + بسیار مگوی و شرح کشاف مخوان +

شرمگین، شرمناک - شرمندہ - شرم آلود شرم زدہ شرمسار شرمیل **عرفی** بگرم چشمی من در نظارہ معنی + بشرمگینی من در نظارہ اشعار
صائب - مدار بوسہ ازان روی شرمناک طمع + کہ خضر تشنہ
ازین چشمہ سار میگردد +

شراب زدہ - جو شراب پیکر سیر ہو چکا ہو - **رفیع واعظ** کنون کہ
تشنہ ام ای محتسب شراب زدہ + بیاد شیشہ می راز پیش من دارد

شراب گذشتہ - شراب بے مزہ **مفید بلخی** - ہر چند چون کباب کند گریہ
سماع + از نشہ دو پیالہ شراب گذشتہ است ٭

شرم زدہ - شرمندہ شرمسار **حافظ** ای شرم زدہ غنچہ مستور از تو +
حیران و خجل نرگس مخمور از تو + گل با تو برابری کجا خواہد کرد + کو نور
زمہ دارد و مہ نور از تو +

شرم گاہ - شرم کی جگہ عورات کی **میر خسرو** خالیست بہ شرمگاہ
ای مہ کہ گر او + در چشم بود دیدہ نباشد نگر او + یا رب چہ معماست
بر آن تختۂ عاج + یک نقطہ و چند حرف باریک برو +

شراب پرتگالی - وہ شراب جو پرتگال مین بنائین - **طالب آملی**
کسی کیفیت چشم ترا چون نمی داند + فرنگی قدر میداند شراب پرتگالی را

شراب دہ منی سہ منی - اقسام شراب مین **میر معزی** - از نجل شراب
دہ منی کم نکشی + وز جود پیالہ بد دوم نکشی + یک بند ز سفرۂ تو نہ
کشاید کس + تا روی چو سفرۂ فراہم نکشی +

شراب قندی - شکر کی شراب **طالب آملی** قدح پر از می انگور کن
کہ طالب را + شراب قندی ہندوستان ہمہ بر د زارد +

شراب کہربائی زرد رنگ کی شراب **محمد قلی سلیم** - از نجوا ان گل میکند در
باغ من از زعفران + چہرہ لعلی از شراب زعفرانی میکنم +

شرم جاے - مرادف شرمگاہ - عورت کے شرم کی جگہ **امیر خسرو**
خالے کہ بشرم جای آن نوش لب شت + بر چشمہ خورشید نشانی ز شب
است ٭ جائیکہ مگس بلرزد از بنشیند ٭ خالش مگس ست
وحی بلرزد عجب ست +

شرمساری - شرمندگی خجالت **امیر شاہی سبزواری** - میکشد سرو
پیش بالایت + شرمساری ز قد کوتہ خویش +

شین معجمہ با سین مہملہ

شستہ عذار - بی ریش و امرد آدمی **صائب** آنرا کہ ز کیفیت
دید ار خبر یافت + ہر شستہ عذاری بنظر عالم آب ست +

شست آویز - ایک طرح کی تعذیب کا نام ہی کہ مجرم کے دونون
انگوٹھے ہاتھ کے رسی سے لٹکا کر باندھ دیتے ہین - **محسن تاثیر**
چو دام زلف عنبر بیز کردہ + دل صد نافہ شست آویز کردہ +

شستگی الفاظ - صفائی الفاظ اور سلاست اور جزالت انکی
محسن تاثیر - صدف بحر سخن شستگی الفاظ ست + نیست جز
معنی تر گوہر شاداب سخن +

شست و شو دادن - دھونا - صاف کرنا - **ابو طالب کلیم**
ز سیل اشک چنان شست و شوی دیدہ دہم + کہ ہر نظارہ
فریب بفتد از نظرم +

شستہ شدن - نہایا جانا غسل و نہا میت کا - **نعمت خان عالی**
بجام از شدی آن قدر شناس + نمودی چشم پر آبی ز ہر طاس +
ہما نا پیش او چون رفت بگریست + کہ خواہی شستہ شد تعجیل او چیست

شین با شین

ششش عروس رعنا - چھ ستارے آسمانی سوای آفتاب
عالمتاب کے - قمر - عطارد زہرہ - مریخ - مشتری زحل -

شش ضرب - بازی نرد مین ایک چال ہی اور صوفیہ کے
ذکر نفی اثبات مین ایک قسم کا ذکر ہی -

شش و پنج - ایک قسم کے قمار کا نام ہی - اور شش پنجزن
و شش پنج باز اسکو کہتے ہین جو اپنا تمام مال تلف کر دیوے اور
حیلہ گر و مکار ہو **میر خسرو** تا شدی بہر ہفت و نہ در رنج + نقد
عصمت فتاد در شش و پنج -

شش بانوی پیر - سات ستارے سوائے آفتاب عالمتاب کے
افضل الدین خاقانی - شش بانو پیر کردہ ہر ہفت ٭ عالم تو دیدہ ہفت در ہفت

شش پر - ایک ہتیار کا نام ہی **میرزا طاہر وحید** خود شش پر خس
را از ان راست کرد + کہ از شش جہت پر زند در نبرد +

شش روز - وہ چھ روز جسمین خالق جل شانہ نے تمام عالم موجودات کو پیدا کیا

آیت شریف اللہ الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام۔
ششدر انداز۔ چھ مہرون کا کھیل کھیلنے والا جو تین ہاتھ مین رکھتا ہی اور تین ہوا مین پھینکتا ہی کوئی انمین زمین پر نہین گرنے دیتا۔
نظامی۔ برون آمد ز پردہ سحر سازی ششدر اندازی بجای شیشہ بازی۔
شش طرف۔ چھ سمت۔ مشرق۔ مغرب جنوب۔ شمال تحت فوق
شش پستان۔ وہ عورت ضعیفہ جسکی پستان نرم و سست یعنی پھیپھڑے کی طرح ہو گئی ہون۔ سختی جاتی رہی ہو
افضل الدین خاقانی۔ جنگ ست شش پستان زنی ز دمی دے زنگی تنی ؛ مریم صفت آبستنی عیسی دہقان بین درد
شش ارکان۔ چھ رکن زندگی کے جسکو ستہ ضروریہ کہتے ہین جب تک انسان زندہ انکے بغیر نہو گا۔ اول ہوا جو محیط ابدان ہی دوسرے کھانا پینا جسکے بغیر زندگی مشکل ہی۔ تیسرے حرکت و سکون ظاہری جو خاص کا جسم کا ہی۔ چوتھے حرکت و سکون نفسانی مثلاً غضب و حلم و فرح و غم وغیرہ۔ پانچوین خواب و بیداری چھٹے استفراغ و احتباس یعنی خروج بول و غائط و جماع و فصد و احتباس عدم خروج ان چیزون کا۔
شش خاتون۔ چھ ستارے سوا سے آفتاب کے۔
ششم زمین۔ روم کی ولایت۔
شش آماسیدہ۔ جو آدمی نامرد و بددل ہو۔
شش قبرقہ۔ احمق نادان بیوقوف واضح ہو کہ قبرقہ پسلی کی ہڈیون کو کہتے ہین۔ ایک شخص کا غلام نہایت بیوقوف تھا مالک نے اسکو ہنسی سے کہا کہ تمام جہان کی پسلی کی ہڈیان سات ہوتی ہین۔ اور تیری چھ ہین۔ غلام کو اس بات کا اسقدر غم ہوا کہ اسی غم مین مرگیا۔ اس روز سے شش قبرقہ بیوقوف کو کہنے لگ گئے۔
شش دانگہ۔ پورا پورا۔ نہایت درست ہر ایک امر مین کامل عیار
شش سری۔ یہ ایک قسم کا سونا نہایت عمدہ ہوتا ہی وجہ تسمیہ یہ ہی۔ خراسان مین ایک بت سراپا سونے کا تھا چھ اسکے سر تھے مسلمانون نے جب اسکو توڑا تو معلوم کیا کہ سونا اسکا نہایت عمدہ ہی اس روز سے اس سونے کا نام زر شش سری مشہور ہوا

شین با عین

شعلۂ بالا۔ محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی مولف پرواز دل ترا رم دلبری با حسن زیبائی + سرپوش گلعذاری شمع رد نے شعلہ بالائی
شعلہ مزاج۔ گرم مزاج معشوق کے وصف مین بولا جاتا ہی حکیم انور لاہوری۔ سرد کے گرد و ز آب خنک + گرمی آن شمع و شعلہ مزاج
شعلہ فریاد۔ شور و غوغا جو فریاد کے وقت کیا جاتا ہی علی خراسانی گر باین قانون علی از دست گل فغان کنم + شعلۂ فریاد ما گردد گواہ عندلیب +
شعلہ بار۔ نہایت گرم جس سے آگ برستی ہو حسین سنائی درجوف آب کار عنایت اگر کند + گرد و لبسان بخیہ خود شعلہ بار دست +
شعلۂ دیدار۔ شعلۂ رخسار۔ شعلہ روی۔ معشوق کی تعریف مین بولے جاتے ہین قاسم مشہدی۔ گریان میدرم بخود چو ببینم شعلۂ رخسارے نگاری شعلہ روی تند خوئی شعلہ دیداری +
شعلہ زار۔ شعلہ زبان۔ شعلہ ستان۔ شعلہ سوار۔ یہ الفاظ مشہور ہین صاحب آتش عشق ز خاکستر سپند ست بلند + زان درین شعلہ ستان بر سر شوریم و دود
طالب آملی۔ نسیمی ز چمن عشق آستین بفشاند + کہ گلستان مرا داغ شعلہ زار نکرد۔ مرزا رضی دانش۔ فیض شمعیکہ شد افسردہ بمحفل نرسد مردن شعلہ زبانان سخن خاموشی ست۔ میرزا جلال اسیر۔ آب بے پردہ بانان چہ برد دعوی پرواز + خاشاک باین شعلہ سواران بفروشیم
شعلہ آواز۔ وہ مطبوع آواز جو دلمین اثر کرجاے تاثیر۔ قوال اسیر کی تعریف مین جیسا نکہ آئینہ گیرند در چراغانی + عیان ز گردن او شعلہ ہاے آواز ست
صائب۔ فکر جانسوز مرا ایک نقطہ بے انداز نیست + یک سپندم بزم من بی شعلہ آواز نیست +
شعبدہ باز۔ بازیگر۔ مکار۔ فریبی مولانا مظہر دلبر من چو خبر یافت ز عزم سفرم + در دو دیدہ از سر حسرت سوی من شعبدہ باز +
شعلہ پوش۔ سراپا آگ۔ جلتا ہوا طالب آملی نہم کہ دود دلم شعلہ پوش می آید + لبم چو صبح تبسم فروش می آید +
شعرباف۔ ابریشمی پارچات۔ زربفت وغیرہ بننے والا طاہر وحید دلم ز رشتۂ شیرباف ست بند + کہ ہر تار باشد بدستش کمند + دل کردہ تاراج تاب مرا + چو مخمل بر بدست خواب مرا + از و عاشقانرا ست درمان و درد + ز یک رشتہ سر زد گل سرخ و زرد + چہ سازم بآن یار ناسازگار + کہ یا فد ز ابریشم نرم تار +
شعلۂ تاک۔ انگوری شراب علی خراسانی سوز جگر سوختہ ام از گل صہباست + داغ دل صد پارہ ام از شعلۂ تاک ست
شعلہ ناک۔ جلتا ہوا نہایت گرم ابو طالب کلیم۔ بیہوش باشش دلا آہ شعلہ ناک مکش + کنون کہ ناوک او سینہ را گلستان کرد +
شعلہ جوال۔ شعلہ جوالہ۔ یہ ایک کھیل کا نام ہی کہ ایک لکڑی کے

دو نون سرون پر چرب کپڑا باندھ کر آگ لگا دیتے ہین اور اسکو اس زور سے گھماتے اور پھراتے ہین کہ آگ کا چکر بندھ جاتا ہے محسن تاثیر تا بگلشن رفعت سرو آتشین رخسار من + طوق گردن ساخت قمری شعلۂ جواله ظہوری - گھوڑے کی تعریف مین - چون بگردش فتاد در جولان + آب گردید شعلۂ جوّال +

شعلۂ جام - شراب جو پیاله مین ہو نورالدین ظہوری بمغز مرسان شعلۂ جام را + گرم کن بجوشان من خام را +

شعر بستن - شعر لکھنا - مضمون باندھنا محسن تاثیر قسمت بنظم روزی مارا حواله کرد + سد رمق به بستن اشعار کرده ایم +

شعف دادن - مشتاق کرنا شوق دلانا - ملا طغرا - کعبۂ معظمہ کی تعریف مین مرا چشم آہو شعف داده است + که ہمرنگ آن لیلی افتاده است +

شعله جولان - معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہے میرزا بیدل - بے رخ آن شعله جولان پیکر فرسوده ام + ہمچو اخگر زیر دیوار شکست رنگ مانده +

شعله چین - مشہور و معروف ہے حکیم زلالی - شقائق را نشان در آستین ست + که دامان کدامین شعله چین ست +

شعبده بازه - بازیگر - فریبی - مکار - محسن تاثیر تاثیر شد از دختر ز سلام تو جانان + سحر ست فسون سازی این شعبده بازه +

شعر آمده - وه شعر جو خود بخود طبیعت سے نکلے آورد نہو - ثنائی ترقید ساختگی حسن شوخش آزاد ست + جو شعر آمده موزونیش خداداد ست

شعبۂ رقص زرینه - نام ایک شعبه کا موسیقی مین ملا طغرا - ہو خواند شعبۂ رقص زرینه + نہفته کے باند زود فینه +

شعل آه - آه کی سوزش اور جلن علی خراسانی - در بزم تو بی شعله آہی ننشستم + در عشق تو بی روز سیاہی نه نشستم +

شعله زاده - شیطان ابلیس صائب برہان آدمیت ما قدسیان بس اند + گو شعله زاده تا نماید سجود ما +

شعله نگاه - گرم نگاه - غضب کی نگاه - عبداللطیف خان تنہا گشت دل ودگرو شعله نگاہی ست که باز + مے پرد چشم سمندر که دران دانه سوخت

شعله خوی - شعله قامت - شعله کار - شعله در - یه الفاظ معشوق کی تعریف مین بولے جاتے ہین نورالدین ظہوری - نتواند آرزوی در دل نہاد خرمن + ہمچے ز شعله خوئی گرد ر نہاد باشد + محمد زمان راسخ - که ناگه سر کشید آن شعله قامت + عیان شد روز بازوی قیامت میرزا بیدل - شعله کاران را بجا کستر قناعت کردن ست + ہر کجا کشت دہقان سوختن ہم حاصل ست مفید بلخی

مفید ست طبع بلند من چو شعله دارد گرم + ز حسن پرتو معنی دکان شعله گری میرزا صائب از خس و خاشاک گرد و پیش آتش شعله نور + چوب گل کے میتواند ساختن عاقل مرا +

شعله نوشی - آگ کو کھاجانا - عرفی عشق را بدنام کردی سینه بر آتش ببار + شعله نوشی کن بہل بازیچه پر وانه را -

شین با غین

شغل سنج - شغل کرنیوالا - مشتغول ہونے والا نظامی بدستوری ادشوی شغل سنج + که دستور دانا به از مال و گنج +

شغل در - صاحب شغل - صاحبکار میر خسرو - گہی چو شغل دران تکیه کرده بر بالش + گہی بکنج حرم که نہفته بار ست +

شین با فاے

شفق زار - شام کی سرخی یا صبح کی جو آسمان پر ظاہر ہوتی ہے ملا طغرا - بین ساقیا پنبه گویا بود + که منصور حلاج مینا بود + ز دست خودش بر سر دار کن + ز خونش ہوا را شفق زار کن +

شفقستان - شفق کا مقام جو سرخ ہوتا ہے درویش واله ہروی از دیده ز بسکه خون روانست + گردون ز زمین شفقستانست +

شفق جلوه - جو سرخ رنگت دیسے میان ناصر علی ہو اتمام شفق جلوه شد تماشا کن + چه کرده که دگر رنگ گل بیا یابی ست +

شین با کاف

شکر انداز - جس چیز مین شکر بھری ہو نورالدین ظہوری زہر غمی نست ظہوری بجام + کام اگر شد شکر انداچه حظ +

شکستن بنا - عمارت کا گرا دینا - منہدم کرنا - خواجه آصفی سیل غم تو بر دل آباد من گذشت + ہر سو بنای خانۂ صبر و سکون شکست +

شکر خواب - بی فکری کی نیند میرزا صائب - تلخ و شکاہان خواب شیرین تلخ میسازد + شکر خوابی که من برروی فرش بوریا دارم +

شکر آب - میٹھا شربت اور رنجش اور کدورت جو دو دوستو نمین وقوع مین آئے جسکو شکر رنجی بھی کہتے ہین ملا شانی تکلو - از یک جواب تلخ که مقصود ما دلست + در جام دوستی شکر آبی نمی کنی +

شکر لب - شیرین زبان شیرین سخن سعدی شکر لب جوانی نی آموخته که دلہا بر آتش چو نی سوختی +

شکوہ آشوب۔ شکوہ پرواز۔ شکوہ سنج۔ شکوہ مند۔ شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔ مرزا معز فطرت۔ مطلبی جز شکر غمہاے وفادار تو نیست + خواندہ باغی نامہای شکوہ آشوب را۔ سالک قزوینی زسالک شکوہ پردازی نہ شرط راہ میباشد + کہ اول منزل یوسف بدین رہ چاہ میباشد۔ مرزا بیدل۔ شخص نسیان شکوہ سنج غفلت ما نیست + تا فراموشی بخاطر ماست دریا دیم ما +

شکر دخت۔ اچھی لڑکی مقابل شیرین پسر۔ زلالی شکر دختے ز رانگیز بدن بیر + شیرین باکمر چون رشتۂ در +

شکست۔ ہزیمت پانا جنگ مین۔ محمد قلی سلیم بجز نسیم کہ آن زلف تابدار شکست + نخوردہ است سپاہی زگیسوار شکست

شکست قیمت۔ قیمت کا کم ہو جانا۔ بھاؤ اور نرخ کا اتر جانا ع زنا پسندی مردم عزیز خویشتنم + بود گرانی ما از شکست قیمت ما +

شکم پرست۔ شکم پرور۔ بہت کھانے والا آدمی۔ اور جسکو اپنے ہی پیٹ کی فکر ہو۔ میر خسرو۔ شکم پرست زمعنی ست دور اسپان را بہ است توبرہ جو زگوہر نشانم۔ صائب۔ بوالہوس را از ان لب شیرین نظر بر نستہ نیست + این شکم پرور برای نقل صہبا می خورد +

شکر گنج۔ یہ خطاب حضرت اقطب الاقطاب خواجہ فرید الدین چشتی اجودھنی پاک پٹنی کا ہے باعث یہ تھا کہ حضرت مٹی ہاتھ مین لیتے تو قند بنجاتی۔ یہ کرامت بارہا حضرت سے ظہور مین آئی یہ بزرگ سلطان المشائخ نظام الدین زر بخش دہلوی کے پیر تھے اور قطب الاقطاب قطب الدین بختیار کاکی دہلوی کے مرید طریقت مین انکو بڑا مرتبہ حاصل تھا قطعہ معدن صدق صفا گنج شکر + منبع جود و عطا شیخ وحید + قطب اقطاب زمانہ غوث دین + فرد عالم حضرت خواجہ فرید +

شکر پیچ۔ پڑیا باندھنے کا کاغذ جسمین شکر کی پڑیا بندھی ہو میر خسرو کاغذ خام بود شکر پیچ + کاغذ پختہ بود معنی سنج +

شکر خند۔ شکر خندہ۔ تبسم اور خندہ معشوق کا۔ عبد اللطیف خان تنہا۔ ز استخوانم شد سمندر طوطی از رشک ہما + این نیستان شعلہ زار از برق شکر خند کیست۔ صائب۔ جہان ز صبح شکر خندۂ تو روشن شد + کہ دیدہ است شکر اینقدر سفید شود +

شکر سفید۔ شکر تری۔ سپید کھانڈ جسکو بورا اور چینی بھی کہتے ہین۔ ذوقی۔ از لب لعل تو شد یاقوت سرخ + وز مذاق گفتگو شکر سفید۔ آرزو۔ از خجالت آب میگردد مدام + از لب او قسمت شکر تری ست +

شکستن درد۔ زائل ہونا درد کا۔ سیفی اسفرنگی۔ ہمچو خمار ست درد تو کہ نگردد + جز بگران خواری شراب شکستہ +

شکستہ بند۔ وہ شخص جو ٹوٹے ہوے جوڑون کو باندھے اور علاج کرے۔ محسن تاثیر۔ می گلرنگ باشد تنگ لبتہ۔ شکستہ بند دلہای شکستہ +

شکر بار۔ نہایت شیرین یعنی میٹھی۔ صائب۔ لبسکہ می چسپد بہم کام و لب از شیرین نیش + نقل نتوان کرد گفتار شکر بار ترا۔ اثر دد لب سے لب ملتے ہین شیرینی سے ہوتی ہے نہ بات + وصف کیا لکھون مین اسکے لعل شکر بار کا +

شکر زار۔ نیشکر کا کھیت گنے کا کھیت۔ صائب۔ دل مقید بشکر زار ہوس نیست مرا + رشتۂ حرص بپا ہمچو مگس نیست مرا +

شکر گر۔ حلوائی جو کھانڈ بناتا ہے۔ سید حسن غزنوی۔ گل شکر ست جمع بذات مبارکت + خلق تو گلفروش و زبانت شکر گر ست +

شکست کار۔ کام کی بیرونقی۔ محتشم کاشی۔ زہی طغیان حسنت بر شکست کار من باعث + ظہورت بر زوال عقل و عویدار من باعث +

شکستن کاروبار۔ بی رونقی و کساد کار۔ محمد قلی سلیم۔ شکست کار دل من ز دست کاینہ را + خدا چو چشم بباز چہرۂ تو مدد کند +

شکم خوار۔ شکم خوارہ۔ بھوکا اور طامع جو کبھی سیر نہو۔ شعر۔ چو قرص گرم فلک بد گل دہان بکشود + ز آتش زحیہ پیدا شد این شکم خواری + خواجہ سلمان۔ ای کریمیکہ ہمہ وقت ز خوان کرمت + معدۂ از شکم خوار بلا سے دارد +

شکم دار۔ جس کا پیٹ بڑھا ہوا ہو اور ہندی مین اسکو توندلہ کہتے ہین۔ ظہوری۔ ہاتھی کی تعریف مین۔ ہمی شد ز تشبیہ او معتبر فلک ز زمین بد شکم دار تر +

شگوفہ زار۔ سرسبز باغ ع شگوفہ زار شود ہر چمن کہ من گندم + ز بسکہ بینہ داغ از تنم فرو ریزد +

شگون گیر۔ جو شخص فال دیکھکر کام کرے۔ ظہوری۔ در گذشتن نتواند نگاہ از گشتۂ او + تا تسلی ندہد چشم شگون گیر مرا +

شکار انداز۔ شکاری۔ شکار کرنے والا۔ صائب۔ دل پر خون ازان زلف شکار انداز سے خواہم + چہ گستاخم کہ خون کبک از شہباز میخواہم +

شکرآویز - مشہور لفظ ہی حافظ ترا رسد شکرآویز خواجگی گہ جود + کہ آستین بگریبان عالم افشانی +

شکر پرداز - شکر کرنے والا - سپاس کرنے والا صائب ہر سر خارے زبان شکر پردازی شدست + محمل لیلی ہا نان در بیابان آمدہ ست +

شکر پنیر - ایک قسم کا میٹھا پنیر ہوتا ہی۔ نہایت لطیف ملا فوقی یزدی - شکر پنیر کلام کز و چکیدہ نبات + ز من نگیرد بقال ہم بہ نرخ سماق + دگر بغرض کشم در طویلہ سینہ نظم + خورم ز مہتر اسپان دو صد تبر تماق +

شکرخیز - جس زمین مین شکر پیدا ہو صائب من دمصری کز شکر خیز بود خاک آنجا + کوزۂ شہد بود حنظل افلاک آنجا -

شکرریز - وہ نثار جو شادی کے روز دولھا دولھن کے سر پر کرین اور نرم اور شیرین کلام و آواز خوش کسی گانیوالے کی نزاری قہستانی - شکرریز عروسی چون کنم ساز + یار مہ شبستان بصد ناز - سلمان - مطربان تو چو برعود شکرریز کنند + روح را مغز معطر شود و لب شیرین +

شکرپوش - قسم شیرنی کی ہی کہ الاچی ولپستہ و بادام وغیرہ میوہ جات کو شکرپوش کردیتے ہین - یعنی ان پر کھانڈ چڑھا دیتے ہین - صائب - باز ہر چشم خندہ ہم آغوش کردہ + بادام تلخ را چہ شکرپوش کردہ -

شکرچش - وہ شکر جو نمونہ دکھلایا جائے نظیری نیشاپوری لب دادہ بمشتری شکرچش + بس نرخ شکر گران نہادہ -

شکرفروش - شکرفشان - شکر بیچنے والا اور شکر بانٹنے والا حافظ شکر فروش کہ عمرش دراز باد چرا + تفقدی نکند طوطی شکرخا را +

شکستن چشم وگوش - اندھا اور بہرا ہونا - صائب ترسم ز گریہ چشم گہربار بشکند + این کاسۂ گدائی دیدار بشکند حسین ثنائی وصفت عصائے حاجت قدرت نمی کنم + تا گوش از گرانی گفتار بشکند +

شکنجہ کش مشہور لفظ ہی طالب آملی سپاہ درد وغم از ہر طرف ہجوم کنند + کہ دل شکنجہ کش عیشہا و عشرتہاست +

شکر سماع - شکر سوار - عمدہ گانیوالا اور عمدہ سوار - حکیم سنائی - در سرود زدن شکر سماعی + در گوے زدن شکر سوارے -

شکرحرف - شیرین کلام خوشگو ظہوری شکرحرفان طبیب شور بختان

بجام تلخ شان زہر فنائی -

شکر برگ - شکر برہ - شکر بورک - شکر بوزہ - شکر پارہ - ایک مشہور شیرنی ہی نزاری قہستانی - ہمچو سگ در بدر بدر یوزہ + خواند غزنہ را شکر بوزہ ولہ - بیاد بوسہ منہ خوان خوردلی کہ بود + تفاوتی ز شکر برہ تا شکر بوسہ نظامی - شکربوزہ با نوک دندان براز + خشکپارہ را کردہ دندان دراز +

شکر رنگ - سرخ رنگ جو پھیکا ہو جو انسان کے چہرہ پر بحالت شرمندگی ظاہر ہوتا ہی غنیمت - خندہ را از دہنش تاب جدائی نبود + این گل از غنچۂ شکر رنگ برون می آید +

شکر لنگ - جنکی رفتار مین تھوڑا سا لنگ ہو شفقی بخاری شود زباد کج وراست نیشکر لیکن + بجلوہ ہای قدش چون رسد شکر لنگست

شکنجۂ آب نمک - یہ ایک سزا ہی جو گنہگارون کو دیجاتی ہی اور نمک پانی مین ملاکر انکو پلایا جاتا ہی محسن تاثیر - از گریہ شرح جور تو کریک بیک کنم + صد بحر را شکنجۂ آب نمک کنم +

شکوفہ رنگ - سپید رنگ خواجہ جمال الدین سلمان شکوفہ رنگ شد موی چو سرو آن بہ کہ زرنائی + برعنائی کہ بر پیران نزیبد کسوت زیبا +

شکستہ دل - پریشان غمگین و پشیمان - قطعہ از مؤلف نیست مدامت کہ در میان جہان + بہر دنیا شکستہ دل باشی + بستہ باشی بہ بند اہل و عیال + خستہ و زار و مضمحل باشی +

شکار افگن - شکار کرنے والا شکاری نظیری نوک خاری نیست کز خون شکاری سرخ نیست + آہوی بود آن شکار افگن کزین صحرا گذشت

شکارستان - شکار گاہ جس جگہ شکار کرین طالب آملی نکردہ صید گذشتیم زین شکارستان + سرکند جائے غزالہ نزدیم -

شکرچین - مشہور لفظ ہی سید حسین غزنوی - عرصۂ جانفزا ہے خاطر تو + مجمع طوطیان شکرچین -

شکرخوردن - شکر کھانا منہ میٹھا کرنا - نظامی - ہمہ تا زلپستان ببالا چو تیر + زلپستان یکی شکر خوردہ شیر +

شکر در شیر کردن - آپس مین محبت واختلاط کرنا - [illegible] بیخ صلح و صفا تدبیر کردند + تو پنداری شکر در شیر کردند +

شکر دہان - شیرین کلام و خوشگو [illegible] در آن مجمع گروہ نکتہ دانان + ہمہ شیرین لبان شکر دہانان -

شکرستان - جس جگہ شکر پیدا ہو خواجہ آصفی - دارند بدو در شکرستان تو خوبان + چون نیشکر انگشت تحیر بدہنہا -

شکر سخن و شکر شکن - خوش کلام حافظ شکر شکن شوند ہمہ طوطیان ہند + زین قند پارسی کہ بہ بنگالہ میرود +

شکر و قند شکستن - شیرین کلامی کرنا - بابا فغانی - تلخی نشنیدیم ہم از ساقی مجلس ؛ ہر چند کہ پیشش شکر و قند شکستیم +

شکر و شیر بودن - شکر و شیر بودن - آپس مین کمال اختلاط و امتزاج کرنا صائب - زخلق خوش شکر و شیر باش با احباب + زردی تلخ مکن تلخکام الفت را - مخلص کاشی - بود تر زیرم از اخلاص برمردم گوارا تر + کہ من در شیر جای آب از خامی شکر کردم +

شکستن توبہ و پیمان - اپنے اقرار و قول سے پھر جانا - بد عہدی کرنا مؤلف - چرا بشکست عہد این بندۂ نادان معاذ اللہ + چرا شد اینقدر بیباک انسان الامان توبہ +

شکستن - توڑنا - اور ٹوٹنا - خم ہونا - خم دینا - آشفتہ و بے دماغ ہونا - فیضی - جعدی برخ سمن شکستہ + دست چمن از بنفشہ بستہ - زلالی شہ غزنین چو زلف یار شکست + دل و دینش تبار و مار پیوست +

شکستہ پیمان - مشہور لفظ ہے ہمچون دل خود شکستہ پیمان + لیلا مند کار خود پشیمان +

شکستہ زبان - جو بخوبی کلام نہ کر سکتا ہو - صائب - خیزد ز شیشہ خانہ دل صیت الامان + ہر جا کہ من شکستہ زبان گفتگو کنم +

شکم انداختن - اسقاط حمل کرنا - حکیم زلالی شکم اند اختہ ابر بہاری + غدہ آبستن گوہر نثاری +

شکم باز کردن - پیٹ کھولنا - کھانے کے وقت کمر بند ڈھیلا کر لینا یا سیر ہوکر کھا چکے تو بند جامہ کے کھول دینا تاکہ کھانا معدہ مین تحلیل ہو جائے کمال اسمعیل - خور روز خوان کرم تو بناز + نعمت بسیار و شکم کردہ باز +

شکم برآمدن - بلند ہونا - بڑھ جانا پیٹ کا بسبب حاملہ ہونے کے نصیرای ہمدانی - شکم برآمد و کلک مرا بسان دوات + کہ شد ز نطفۂ مدحش ہمیشہ آبستن +

شکم بر پشت چسپیدن - نہایت لاغر ہونا صائب از ریاضت بر کرار بر پشت می چسپد شکم + نالہ اش چون چنگ سر آہنگ می آید برون

شکم بر زمین نہادن - بیٹھ جانا گھوڑے اونٹ بیل وغیرہ چارپایون کا جمال الدین سلمان - حلمت مگر بہ پیش فلک پا در آورد + تنگ فلک ز ضعف نہد بر زمین شکم +

شکم چار پہلو کردن - پیٹ بھر کے کھانا ابن یمین - حرص را گرچہ بود علت جوع کلبی + چار پہلو کند از خوان نوال تو شکم +

شکم خاریدن - پیٹ کھجلانا - حیلہ کرنا - بہانہ بنانا - عذر قایم کرنا - انوری - مردم از مشتری و زہرۂ چرخ + خود سعادت چہ اطمع دارد + کان یکی ناہد فسردہ دلی ست + کز ہمہ کارہا شکم خارد +

شکم دادن - مشہور معروف ہے شیخ حزین مصرع گردون ز گرانسنگی این بار شکم داد +

شکم داشتن - حاملہ ہونا پیٹ والی ہونا ملا طغرا - بسی بنت العنب شوخ ست ای کم حفظ اد مسکین + کہ تا غافل شدی این دختر از مینا شکم دارد +

شکم دزدیدن - و از خویش وزدیدن - ڈرنا خوف کھانا - جی چرانا - جان چھپانا نعمت خان عالی ز بس خونریز شد بیباک من با خنجر مژگان + نگین از نام او ترسد شکم در خویشتن وزدد +

شکم سودن - خم کھانا - ٹیڑھا ہونا - جھک جانا - عرفی شکم بر سر سودی ابر سیراب + چراغ برق نشتی شاخ عناب +

شکم گرفتن - پیٹ پکڑنا مشہور لفظ ہے میر خسرو چو سبزہ خویش را خط تو خواند جای آن باشد + کہ گل از خندہ بر خاک افتد غنچہ شکم گیرد +

شکنبہ بر سیما کشیدن - ایک قسم کی سیاست و تعذیب کا نام ہے - ابو طالب کلیم - ممتاز محل کی تعزیت مین - ہر آنکو طبل سا آرد با واز + کنندش پوست سر طبلۂ باز + شکنبہ طبل سان بر سر کشندش + و دو دستہ چوبہا بر سر زنندش +

شگفتن - خندیدن ہنسنا - کھلنا - خوش ہونا علی خراسانی تا از گل می عارض دلدار شگفت ست + دل در بر مرغان گرفتار شگفت ست + در خانۂ ما صورت گلہای چمن نیست + از عکس رخ او در و دیوار شگفت ست +

شکار جرگہ - شکار قمرغہ - ایک قسم کا شکار ہے کہ بہت سے جمع ہو کر جنگلی جانورون کو گھیر کر ایک جگہ جمع کرتے ہین اور شکاری انکو شکار کرتا ہے ہند مین اس کو ہتا جوڑی کہتے ہین -

ابو طالب کلیم

پس از صید دلہا بدام عطا	شہنشاہ عالم محیط سخا
ز دہلی بہ سالم توجہ نمود	کہ نخجیر گاہ شہنشاہ بود
دران صید گہ شاہ گیتی فروز	بصید افگنی گرم شد چار روز
چنان خوش نشین گشت نقش شکار	کہ یک روز شاہنشہ کامگار
ز خرم نغنگی کہ شد خاصیان	مسے ز صاحبقران زمان
چہل آہو افگند از دست خویش	بہر یک نیفگند یکبار بیش
ندارد کسی یاد در روزگار	پدید شد قمرغہ بدینسان شکار

شکار گاہ - شکار کھیلنے کا مقام جنگل - ابو طالب کلیم

شکارگاہ معانی ست کنج خلوت من + زہ کمان شکارم کمند وحدت من +
شکایت پیشہ شکایت گستر شکایت مند۔ شکایت کرنیوالے لوگ صائب۔ آسمان را دل نسوزد بر شکایت پیشگان + دایہ بیزار ست از طفلی کہ پستان میگزد + اوحد الدین انوری۔ ای ترا کہ گفت کین گلبیزها، اجمع کن + تا ترا لازم شود چندین شکایت گستری
حاجی باقر شیرازی۔ کسی کز ترک درویشی شکایت مند میگردد۔
شکر زخمہ۔ جو تیر نشانہ پر جاکر لگے نظامی۔ چون زکمان تیر شکر زخمہ ریخت + زہر ز بر غالہ خوانش گریخت +
شکرینہ۔ ایک حلوے کا نام ہی جسکو عربی مین ناطف کہتے ہین صفدر فوقانی بود زہر ہلاہل گرچہ دنیا + ترا بخشد مذاق شکرینہ +
شکست شیشہ۔ وہ آواز جو شیشہ کے ٹوٹنے سے سنی جائے شرف الدین شفائی۔ بدست دل شکنی عاجزم کہ ہر نفسم + شکست شیشہ غلط بگوش نمی آید +
شکستہ۔ وہ چیز جو درست نہو۔ ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔ اور وہ چیز جسمین کچھ کسر باقی ہو ہر چند اجزا اُسکے بالفعل متفرق نہون بخلاف خرد کی لفظ کے کہ اسمین صورت تفرقہ کی بالفعل لازم ہی نظامی۔ شکستہ چنان گشتہ ام بلکہ خرد + کہ آبادیم را ہمہ باد برد + اور خراب وضائع و بے رونق چنانچہ با زاید شکستہ و لشکر شکستہ و خط شکستہ و زبان شکستہ۔ باقر کاشی بروں کردم زپا خار شکستہ + بروں رفتم ز گلزار شکستہ + بسودائے غمت سودی ندیدم + چو بازرگان بازار شکستہ +
شکستہ پناہ۔ جو کسی مظلوم کو اپنے پاس پناہ دیوے امان بخشے میر خسرو۔ سایہ مہر تو شکستہ پناہ + ذیل عفو تو پردہ پوش گناہ +
شکم بندہ۔ حریص و طماع۔ بہت سا کھانیوالا۔ پیٹ بھر کر کھانے والا سعدی۔ شکم بندہ دست ست و زنجیر پای + شکم بندہ نادر پرستد خدای
شکم پارہ۔ اسبغول جو ایک دوا مشہور ہی۔
شکر پاکی۔ لنگڑا جو بخوبی چل نہ سکے میر حسن دہلوی۔ سخن می شکنی یاد فت گفتن + زتنگی دہانت شد شکر پا +
شکر خا شیرین میٹھا صائب۔ طمع بوسہ ازان لعل شکر خا دارم + خیراز خانہ در بستہ تمنا دارم +
شکر ریختی۔ کچھ رنجیدگی جو دوستون سے موقع مین آوے +
شکستن در چیزی۔ بند ہونا اور بند کرنا ایک چیز کا دوسری چیز مین خاکچہ تہ جگر مین اور آنسو آنکھون مین صائب۔ شدہ ست سینہ من ہمچو تیغ جوہر دار + زبسکہ آہ شکست ست در جگر ما را +

شکل حماری شکل عروسی شکل مامونی۔ یہ اشکال علم ہندسہ کی ہین۔ میر محمد افضل ثابت۔ چو علم ہندسہ حسن قبول در یابد + کنند شکل حماری بدل بشکل عروس

شین با لام

شلغم شلغم زدن۔ بی فائدہ گفتگو کرنا شرف الدین شفائی۔ شلغم شلغم مزن کہ از تو + شلغم نخرد اہل دراک +

شین با میم

شمع آسیا۔ وہ شمع جو چکی کے پاس روشن ہو۔
شمع بالا۔ محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہی ملا قاسم مشہدی ز سوز سینہ من شمع بالائی خبر دارد + کہ از بال و پر پروانہ دستے بر کمر دارد +
شمع محراب۔ وہ شمع جو مسجد کی محراب مین روشن ہو میرزا صائب از فروغ عاریت پاک ست وصلت خانہ ام + زردی رخسارہ من شمع محراب من ست +
شمع قد۔ یہ جملہ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہے۔ آرزو شہید جلوہ آن شمع قد گل پوشم + دماغ بلبل و پروانہ بر مزارم سوخت
شمع مزار۔ وہ شمع جو مزار پر روشن ہو عبد الرزاق فیاض سالہا بیہودہ چون شمع مزار بیکسان + سوختیم و پرتو ما محفلے روشن نکرد +
شمامہ عنبر۔ یہ ایک گیند چاندی یا سونے کا مرصع بنا کر اُسکے اندر عنبر بھر دیا جاتا ہی تاکہ بادشاہ و امرا اپنے ہاتھ مین رکھکر اس سے خوشبو لیا کرین +
شمع ریز۔ وہ شخص جو شمع کی بتیان بناتے ہین محسن تاثیر۔ چشم مخمور ترا تا دیدہ نرگس از قلم + شمع می ریزد کہ بر بالین بیمار آورد +
شمع ساز۔ مرادف شمع ریز۔ شمع بنانے والا ملا طغرا چراغی کہ میسازی از جام گل + نمی آید از شمع سازان گل +
شمردن۔ شمار کرنا حساب کرنا۔ قطعہ مکن در کنج دنیار و درم جمع + کہ عمرت بگذرد اندر شمردن + اجازت نیست چون یک حبہ اے عمر + ازان گنج گران با خویش بردن +
شمشیر در بغل خوابیدن۔ کمال احتیاط کے ساتھ سونا۔ ابو طالب کلیم نبازم ترک مستت را کہ تیغ اندر بغل خوابد + بخونریزی اسیران تخمین بلید میان بستن +

شمع بالین - وہ شمع جو بالین پر روشن ہو **صائب** درد یار عشق کس را دل نمی سوزد بکس + از تب گرم ست اینجا شمع بالین خستہ را +

شمعدان - جسپر شمع جلاتے ہین **خواجہ سلمان** لالہ در بزم چمن شمع معنبر برفروخت + بہر شمعش نرگس از زر شمعدان می آورد +

شمع زیر دامن - **شمع زیر سرپوش** - جو شمع دامن کے نیچے ہو - یا سرپوش کے - **میرزا صائب** - شود از پردہ پوشی درد داغ عشق رسوا تر + ز شمع زیر دامن از گریبان دود میخیزد + **ولہ** - آسمان صائب عبث غم در غم ما کردہ است + من آن شمعم کہ پنہان زیر سرپوشم کنند +

شمع سوختن - **برافروختن** - **برکردن** - **نہادن** - **زدن** - شمع روشن کرنا **صائب** اگرچہ شمع کافوری خرد در خانہ می سوزد + چراغ از چشم شیران بر سر ویرانہ می سوزد ؎ **فردوسی** بازندران آتش افروختند بہر جای شمعے ہمی سوختند **حافظ** - ہمان شمعے کہ در مجلس نہی بار وی او ساقی + چو خود را در میان بیند روان برخیزد بنشانش - **سعدی** ابلہے کو روز روشن شمع کافوری نہد + زود بینی کش بشب روغن نباشد در چراغ - **خواجہ سلمان** تا درین ایوان مینا ہر شبی برمیکنند + شمع ناہید چراغ ماہ و قندیل پرن + یاد رائت در مقامے کز چراغ مجلست + ہر صباحی بر فروزد شمع زر کاری لگن +

شمع کشتن - **گل کردن** - **خاموش کردن** - **نشاندن** - شمع بجھا دینا - **طالب آملی** - لیصحن کعبہ مرا کشت عشق در عہدی کہ بی گنہ نتوان شمع در شبستان کشت **عرفی** گمان مبر کہ تو چون بگذری جہان بگذشت + ہزار شمع بکشتند و این چمن باقیست ؎ **نظامی** شب از روز رخشندہ چون گوی برد + چراغے بیفروخت شمعی بمرد + **ابو طالب کلیم** - چون شمع ہر جا کہ نشانند نشینیم ؎ باہیچ کسم گفت و شنود بر سر جانیست

شمردہ - گناہ ہوا حساب کیا ہوا **صائب** - قدم شمردہ نہد حسن در قلمرو خط + چو عاملی کہ بپای حساب می آید +

شمع مردہ - گل ہوئی ہوئی شمع بجھی ہوئی **میرزا صائب** بنور عشق دل را زندہ کن مپسند از غفلت + کہ شمع مردہ در بالین خواب زندگی باشد

شمع انگوری - شراب انگوری **مسیح کاشی** - شمع کافوری بعالم شہرتی دارد ولی + شمع انگوری بآب و تاب چیزی دیگر ست +

شین بانون

شناسیدن - تعریف کرنا اور شناساندن اسکا متعدی ہی **میرزا طاہر وحید** شہرت بیداد از ناتوانیہای ماست + میشناساند بمردم موی تیغ تیز را +

شنگرف زدن قلم کو شنگرف مین بارادہ لکھنے کے ڈبونا **برادر نجان واضح** - تا فصل گل جدا کنم از فصل داغ دل + شنگرف میزنم قلم نوک خار را

شنودن - **شنیدن** - سننا - سونگھنا کسی بو کا **عرفی** گر بشنود نسیم ہوای حریم او ؎ ہر مغز نوبہار بجوم آورد عطاس **نور الدین ظہوری** - نافہ چین طرہ گشت دلم + بوی دولت ز خود شنود امشب **ولہ** - بیا بباغ کہ گل ہمچو عارض تو شگفت + ز ہر طرف بشنو نغمہای منقاری ؎

شنیدہ کے بود مانند دیدہ - یہ ایک مثل ہی کہ سنی ہوئی بات دیکھی ہوئی کے ساتھ برابر نہین ہی ؎ ترا دیدہ و یوسف را شنیدہ + شنیدہ کی بود مانند دیدہ **از مؤلف** - اردو ہم اپنی آنکھون سے ہین تجھکو آج دیکھ - چکے ؎ ہی حسن یوسف مصری سنی سنائی بات +

شین با واو

شور بخت - بدبخت - بدنصیب - بدقسمت **ظہوری** - ہر شور بخت را بشکر خندہ چہ کار + با زہر تلخ ساختہ ایم و عتاب تلخ +

شور پشت - **شوریدہ پشت** - وہ چارپایہ جو سرکش اور نافرمان ہو جب بار اسکی پشت پر رکھا جائے گرا دے اور سرکش آدمی مجازاً **محسن تاثیر** - شور بخت و شور چشم و شورہ پشتی ای رقیب + این چنین گیرد نمک آنرا کہ نشناسد نمک +

شورہ بستن سر گنجا ہونا - اور گنج ایک بیماری ہی جو سر پر بشیار دنبل ہو جاتی ہین **مسیح کاشی** - سر ہر کس کہ شورہ بست از جہل + چرخش از مہر دمہ کلاہ دہد +

شور و شر - شور و غوغا - خرابی و فساد - **علی قلی بیگ خراسانی** در دور چشم مست بتان ہیچگہ علی + بی شور و شر بزم شرابے ندید کس +

شوریدہ کار - پریشان کار بدانتظام **میر خسرو** پردہ کش امت شوریدہ کار + ضامن آمرزش آمرزگار ؎

شوریدہ مغز - جسکے دماغ مین خلل ہو **صائب** عشق او کرد اینچنین شوریدہ مغزم ورنہ بود + سرنوشت آسمان با ابجد طفلانہ ام +

شوخ طبع - جسکی طبیعت مین تیزی ہو **طالب آملی** - شیرین سخن کہ شوخ طبیعت بود ملاست + آبی کہ شور گشت بود تلخ در مذاق +

شور طالع - بدبخت و بدقسمت **ظہوری** - ہر کہ شیرین تر فراق جانگزائش تلخ تر + شور طالع تر ز فرہادم ببین احوال چیست +

شوریدہ دماغ - **شوریدہ رای** - دیوانہ و سودائی جسکے دماغ مین خلل ہو - **میر خسرو** - منکہ بودم کز دل و شوریدہ رای + کن بکن خویش بزم با خدای +

شوریدہ زلف محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی **میر معزی** زلف او شوریدہ و دیدم حال من شوریدہ گشت + کردم از شوریدہ حالی رخ چو بیل وتن چو مال + گرنداری باورم بشنو کہ خلقان کردہ اند + نام او شوریدہ زلف و نام من شوریدہ حال ؛

شوریدہ رنگ۔ رند اور لاابالی آدمی **سعدی**۔ در اوباش پاکان شوریدہ رنگ + ہمانجا ی تاریک لعل ست و سنگ +

شوخ چشم۔ **شوخ دیدہ**۔ بیحیا۔ بیشرم **صفدر فوقانی** نگار شوخ چشم و شوخ دیدہ + کسی مثلش بچشم خود ندیدہ +

شور چشم جسکی نظر بد ہو اور جلد اثر کرنیوالی عربی مین اسکو عیون کہتے ہین **ظہوری**۔ گشتہ بودم بچشم او شیرین + چشم من از برای من شور ست ؛

شورہ بوم۔ شور زمین جسمین سبزہ نہ پیدا ہو نہ کھیتی کے لائق ہو **سعدی**۔ باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست + در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس ؛

شوریدہ کلام۔ پریشان گو خراب گفتگو کرنے والا۔ **ظہوری** شوریدہ کلام نمکین ست سوالم + تنگ شکرست آن دہن و تلخ جواب ست

شورانیدن۔ پریشان کرنا۔ ابتر کرنا **آصف خان جعفر** کہ چشم نازنین در خواب ناز ست + مشور آن خواب بروی شب دراز ست +

شوقستان۔ مقام شوق کا۔ شوق کی جگہ **حسین سنائی**۔ ہر قدم گامی بشوقستان دل + در جہان بی بیابان میزنم +

شوخ ترازو۔ جو شخص ترازو مین عدل نرکھتا ہو کم تولتا ہو **طغرا** حشمت از کشمکش سرمہ دلم را خون کرد + بعبس قلبی آن شوخ ترازو گفتم +

شوخی کدہ۔ شوخی کا مقام **میرزا بیدل**۔ گستاخ نگوئیم کہ آن گوشہ چشم ست ؛ گوئیم کہ شوخی کدہ سعاہد تاز ست +

شوریدہ۔ آشفتہ و پریشان حال **سہ** نیم بسمل عاشق ابروی اوست بستۂ زلفش بود شوریدہ حال +

شوریدہ راہ۔ خلاف مذہب و طریق اور وہ لوگ جو کتب سماوی کی پیروی نہ کرین لا مذہب و غیر مقلد۔ **نظامی**۔ چون آن دشتبانان شوریدہ راہ + شنیدند یک سخنہای شاہ + سر از حکم آن داوری تافتند ؛ کہ آئین خود را چنان یافتند ؛

شوخ روی۔ نافرمان۔ گستاخ سرکش **فردوسی**۔ در آمد فرستادہ شوخ روی ؛ سر نو رنہاد در پیش او ی ؛

شین با ہا سے

شہر آشوب۔ نہایت خوبصورت معشوق جسکے دیکھنے کا مشتاق تمام شہر ہو اور ہر ایک کی زبان پر اسکا ذکر ہو **حافظ** فغان کین لولیان شوخ شیرین کار شہر آشوب + چنان بردند صبر از دل کہ ترکان خوان یغما را +

شہد پرور۔ **شہد طراز**۔ **شہد لب**۔ معشوق کے وصف مین بولے جاتے ہین **درویش والہ ہروی**۔ شہد طراز لب لعل نگار + زہر فروش بن دندان مار **ابو طالب کلیم** ز شیرین جانہا بسکہ تیغت شہد پرور شد + لب زخمش بہم چسپید و من خوشدل کہ بہتر شد + **ولہ** در خندہ ترہ بختی رواتر و نہ ست کار + زان شہد لب ہمیشہ دلم تلخ کام شد +

شہرۂ آفاق۔ جو شخص زمانہ مین مشہور ہو۔ **میرزا صائب** بیاضت نتوان شہرۂ آفاق شدن ؛ مہ چو لاغر شد ایام نما میگردد +

شہرۂ ایام۔ جو شخص زمانہ مین مشہور ہو۔ **بہرام بیگ سامعائی**۔ ترک آرزو با شہرۂ ایام میگردد + نگین دل کندہ چون گردید صاحب نام میگردد ؛

شہیدستان۔ **شہادت گاہ**۔ **شہید زار**۔ شہیدون کا مقام۔ گواہی دینے والون کی جگہ۔ کلمہ شہادت پڑھنے والون کی جگہ **ارادتخان واضح**۔ کجاست تیغ بکف خود سر بلا انگیز + کہ خاک دشت جنون را شہید زار کند + **میان ناصر علی**۔ شہادت گاہ ما بار طپیدن برنمی دارد + تہی از بحر پہلو ہمچو ساحل میکنند اینجا **حکیم زلالی** رسیدار راہ وو پیدا از دور محمود + سہید ستان زمین گردون کفن بود +

شہر بہم زدن۔ شہر کو اجاڑ دینا۔ **باقر کاشی**۔ تا چشم بہم میزنی افتادہ شہر کشتہ + شہری بہم برمیزند ہر جنبش مژگان تو +

شہر خموشان۔ جس شہر مین کوئی نہ بولے **ملا مرشد** در دوام شورے از کس برنخاست + گوئی از شہر خموشان میروم

شہر زنان۔ عورتون کا شہر چنانچہ ملک پرتاراج جو ہند مین تھا [illegible] طالع شہر زنان دار و نگارستان ہند + ہست ہر چیز سشش فراوان خود کیمیاب ست و بس +

شہرستان۔ بادشاہ اور نام ایک شہر کا علاقہ اصفہان مین۔ **میر معزی** بادشاہی کہ ہست گیتی بخش + شہر یاری کہ ہست شہرستان +

شہر گردان گردن۔ تشہیر کرنا۔ شہرت دینا **عبد الغنی قبول** داشت با خورشید رویت لاف اندک نسبتی + ماہ را از بہر عبرت شہر گردان ساختیم +

شہر ناپرسان۔ جس شہر مین کوئی کسیکو نہ پوچھے۔ عدل و انصاف کا رواج نہو۔ نا انصافی کا بازار گرم ہو **رضی دانش**۔ شد ماہ سیام ہر طرف نالان ست + باد امن زہد دست رلیمان ست + تسبیح بروز جای پیمان ست +

شہر رمضان چہ شہر نا پرسان ست +

شہرگاہ- شہر آبادی بستی **فردوسی**- زیک میل کہ آفریدون نگاہ + یکی کاخ دید اندران شہرگاہ +

شہیدیہ- اصفہان مین ایک مکان مقتل صفی منڈا کا ہی-

شہرکشائی- بادشاہ فرمان فرما- **میر معزی** آن شہرکشائی تو کہ از راہ فتوحت + شرطست کشیدن خط نسیان بسہر ہ +

شین با یائے تحتانی

شیر دیبا- **شیر دیوار**- **شیر رایت**- یہ شیر کی تصویرین پارچہ دیبا اور دیوار دن اور نشانون کے پھریرون پر لکھی ہوئی ہین- **خواجہ جمال الدین سلمان**- خورشید نصرت ست بتوفیق کردگار + طالع زشیر رایت جمشید کامگار + **شفیع اثر** چون شد آخر ملتش در دفع او معجز نما + شیر دیبا ہمچو کرباسش درید از یکدگر **ذوقی**- ز رعب تو مبیدان شجاعت + شود شیر نیستان شیر دیوار +

شیر طلا- سونے کا شیر جو اکثر پرستشگاہون مین دیوتاؤنکی سواری کے لیے بناتے ہین- **عبد الغنی قبول**- پیش من از گر بہ چینی بود بیقدر تر + در زمین ہند مردم خوار گر شیر طلاست +

شیرین قبا- معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی **میر حسن دہلوی**- قد چون نیشکر پیش را آسمان + زینت شیرین قبائی مید ہد +

شیر قلاب- بکسوا ہی یا برنجی جو شیر کی شکل پر بنا ہوا ہوتا ہی اور قلندر اپنے کمربند پر لگا کر کمربند کمر پر باندھتے ہین **طاہر وحید**- نیفگند ہرگز برون از وہن + سگ نفس را شیر قلاب من +

شیرین لب- **شیرین نفس** و **شیرین نگاہ**- محبوب کی تعریف مین بولتے ہین **ملا طغرا**- وہ ہر زان دو بادام شیرین نگاہ + بہ قنادی فتنہ صد دستگاہ- **رفیع احقر**- صد گرہ ظاہر بجسم افزہر نیشکر + از حجاز رشک لب شیرین آن شیرین لب ست **سعدی**- یکی گفت این نوع شیرین نفس + درین شہر سعدی شناسیم و بس +

شیرین کردن خواب- اچھی طرح سوجانا **صائب**- چنانکہ شیر کند خواب طفل را شیرین + فزود غفلت من از سفید موئیہا +

شیشۂ ساعت- شیشہ کی گھڑی جسکے دونون شیشہ کے خانہ بنے ہوتے ہین ایک مین ریگ بھری رہتی ہی ان دونون کے بیچ باریک سوراخ ہوتا ہی جب ریگ ایک شیشہ سے سوراخ کے راستے سے دوسرے شیشہ مین آجاتی ہی گھنٹہ گنا جاتا ہی **صائب**- غم عالم فراوان ست و من یک غنچہ دل دارم + چسان در شیشۂ ساعت کنم ریگ بیابان را +

شیشۂ نبات- وہ شیشہ جسمین مصری کا قوام ڈالکر کوزہ بناتے ہین- جب مصری بستہ ہو جاتی ہی شیشہ کو توڑ کر پھینک دیتے ہین- **محسن تاثیر**- سنگ مزار من ہمہ شد شیشۂ نبات + بردم زبسکہ حسرت شیرین لبان بخاک +

شیر صبح- صبح کا دودھ یعنی صبح کی روشنی **محسن تاثیر** ہمان روشن گہر از پاک گوہری بردہ فیضے + کہ شیر صبح را جز پنجۂ خورشید مے دوشد +

شیر چرخ- **شیر سپہر**- **شیر فلک**- **شیر گردون**- برج اسد جو پانچوان برج آسمان کا ہی-

شیر مرد- بہادر دلاور- پہلوان- پرزور **نظامی**- اگرچہ زنم زن سیر نیستم + ز حال جہان بیخبر نیستم + منم شیر زن گر توئی شیر مرد + چہ مادہ چہ نر شیر وقت نبرد +

شیر نمد- وہ شیر کی صورت جو نمد پر بنی ہو- **میر خسرو**- شہ کہ نہ بر تخت بہ تمکین بود + شیر نمد روئیہ پشمین بود +

شیرازہ گیر- جلد بندھی ہوئی کتاب **میرزا صائب**- طول امل چہ رشتہ کہ برہم نتافتہ ست + شیرازہ گیر نیست در یغا کتاب عمر +

شیر گیر- بہادر- دلاور- پہلوان- اور مست و مدہوش **صائب**- بیک دو جام مرا شیر گیر کن ساقی + کہ شیر مست شدست از شکوہ لبستانہا +

شیر و شکر- ایک کپڑے کا نام ہی اور اختلاط و ارتباط باہمی **سلیم**- عزیز آن کس کہ دارد میہمان را + کند شیر و شکر دستارخوان را +

شیرۂ انگور- انگوری شراب **علی خراسانی**- جامی آنست کہ در ہند دل شیفتہ ام + در پی شیرۂ انگور بشیراز شود +

شیرین پسر- **شیرین تبسم**- **شیرین تکلم**- **شیرین حرکات** **شیرین خرام**- **شیرین دہان**- **شیرین زبان**- **شیرین سخن**- **شیرین سوار**- و **شیرین سوال**- انکے معنی مشہور و معروف ہین- **صائب**- صائب ز نغمۂ تو شکر زار شد جہان + گفتار حق خامہ شیرین زبان تست و لہ شیرین تبسمی کہ مرا راہ دین زدہ ست از موم مہر تر دہن انگبین زدہ ست و لہ نہ از خط شیر شد شفیع لب آن شیرین تکلم را + کہ از دلبستگیہا حرف گرد آن دہن گردد + نیشکر کی تعریف مین- سد گریبان سبز شیرین خرام + نگرہ ودکر کاسی تلخ کام

میرزا معز فطرت - شیرین حرکات ست زلبس جلوۂ نازت + زدید عسل میکند آن مو سے میان را - میر خسرو - شیرین سوار من چہ جلوہ ہا از جہان + مسکین کسی کہ بیند انہ ور دز رمان ظہوری - دہ چہ خو نہاد ر دل شیرین سوالان میکنند تا جواب تلخ از لبہاے شکر خاے سند +

شیشہ کار - شیشہ گر - مشہور لفظ ہی - میر خسرو - زین ناز کان عنہا بگریز خسرو از انکہ + در کوے شیشہ کاران دیوانہ در نگنجد + ابو طالب کلیم + چشمان تو ترک دل عاشق نتوانند + با شیشہ گران کار بود بادہ کشان را +

شیشہ باز - شیشہ کے ساتھ کھیلنے والا - ذو فنون - حیلہ گر و مکار - حافظ - شیشہ بازی سر شکم نگری از چپ و راست + گر با ین منظر بینش نفسی بنشینی +

شیشہ ساز - مشہور لفظ ہی - سید ولی الہ ہروی - سختی از بہر عدو دارم چو نرمی بہر دوست + شیشہ سازی می کنم گاہی گہی آہنگری +

شیر فلوس - وہ ضرب پیسے کی جسکے ایک طرف شیر کی تصویر اور دوسری طرف نام شہر و نام بادشاہ مسکوک ہی اور یہ ضرب اصفہان و شیراز مین رائج ہے - نویدی شیرازی - آدر دن زر بدست آسان بنود + خوابیدہ بروی ہر فلوسی شیرے +

شیر بالش - شیر فرش - فرش اور تکیہ پر جو شیر منقوش ہون - انوری - لاف زند حسود ولیک + شیر بالش نشد چو شیر عرین + ولہ - ببارگاہ تو در شیر فرش ایوان را + بجا صعبت فرش د فر شیر گردون باد +

شیر مرغ - مرغونکا دودھ وہ امر جس کا حاصل ہونا غیر ممکن ہو اور ایسے امر کو جان آدم بھی کہتے ہین کہ اس کا حاصل ہونا بھی ممکن نہین ہی

شیرک - بکاف تصغیر دلیر اور دل چلا - ظہوری - زافتادن اودلیرک شدم + چو روبہ خدا بندہ شیرک شدم +

شیر دل - صاحب حوصلہ ہمت و پر زور - میر خسرو - ز نیسان کہ ناوک میز ند چشم شکار انداز او + بسیار مرد شیر دل گردد شکار ناز او +

شیرمال - ایک قسم کی مکلف روٹی کا نام ہی

شیرین شمائل - شیرین صریر - خوبصورت - خوش آواز - ابو طالب کلیم - کار کلیم باشد آنجا کمس پرانی + ہر جا کہ دلر بلیسے شیرین شمائل نند ملا طغرا در تسمیہ - بآن آہنی کلک شیرین صریر + کہ صوتش شکر ریخت در جوی شیر +

شیشہ دل - نازک دل ڈرپوک - صائب - من شیشہ دلم حوصلہ سنگ ندارم + دارم سر صلح و جگر جنگ ندارم

شیر اندام - جوان - فراخ سینہ نازک کمر صاحب قوت طاقتور - میر نجات - باز ول بر دہ زمن بر فن با تدبیری + شیر اندام بچہ تو چہ کشتی گیرے +

شیرین صنم - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہے - میر معزی - چہرۂ من چین گرفت از جور آن شیرین نگار + قامت من خم گرفت از زلف آن شیرین صنم +

شیرین کلام - شیرین گزار - شیرین گفتار - محبوب کی تعریف مین بولے جاتے ہین - صائب - تا ز آئینہ شیر تنگ نیاید بیرون + متکلم نشود طوطی شیرین گفتار - میر خسرو - من آن سر چشمہ شیرین گو ہرم کہ آب زندگانی نام وارم - شعر - نکو گو منو شیرین کلامے + سکندر حشمتے جمشید جامی +

شیر اوژن - قوی دلیر زور و صاحب طاقت - عمید الواسع ملک بو الفضل نصر ابن خلف فرزانہ تاج الدین + کہ بر بایہ سہین تاج از سر شاہان شیر اوژن +

شیرازہ شدن - جمع ہونا - فراہم ہونا - یکجا ہونا -

شیر افگن - پہلوان - پر زور - بہادر - شعر - بسا پہلوانان شیر افگنان - کہ گشتند از چشم مردم نہان +

شیر پشمین - وہ شیر جو پشم کا بنا ہے ہین مولوی معنوی - شیر پشمین از برای کد کنند + بو مسیلمی را لقب احمد کنند +

شیر خام خوردن - غفلت اور بے شعوری کرنا ظہوری - گرم شیر خام خوردستم آدمی من پختہ ام + گرم خون بودست وایہ دادہ شیر دیگرم +

شیر دان برگشتن - دودھ کا برتن الٹ جانا - معاملہ دگرگون ہو جانا صورت بدل جانا - خرابی واقع ہو جانا - میر یحیی شیرازی - بر سر خوان جہلہ گر گردہ + شیردان طعام برگردد +

شیر سیستان - رستم پہلوان +

شیرین بودن خون - لذیذ اور مرغوب ہونا خون کا - وحدت قمی - خون شیرین ست وحدت را خدا آسان کند + باز مشکل شد کہ با تیغ نازش خون بہم گرمت +

شیشہ بر سر بازار شکستن - افشای راز کرنا - بھید کھول دینا

صائب ۔ صائب ز پردہ داری ناموس شد خلاص ۔ اہر کس شکست بر سر بازار شیشہ را +

شیشہ بر سر کسی شکستن ۔ **شیشہ بر سنگ زدن** **شیشہ بر سنگ آمدن** ۔ **در سنگ افتادن** منغص ہونا عیش کا ۔ برہم درہم ہونا مجلس کا ۔ افشای راز ہونا امید کا جاتا رہنا **خسرو** ۔ در افتادن جو انزا ساغر از چنگ + در افند کوہ کن را شیشہ بر سنگ + **وحید** ۔ نوعے راز نا دل را پاسدارم ؛ کہ می گیرم گر آید شیشہ بر سنگ ۔ **صائب** گر بہ شادی ما تلخ نہ گردد صائب + آسمان شیشۂ خود گر شکند بر سر ما +

شیشہ برہم خوردن ۔ **شیشہ بر یکدیگر خوردن** ۔ آپس مین ٹکرانا شیشون کا اور ٹوٹ جانا **محمد قلی سلیم** ۔ گر نمی بر بساط عشرت ما بگذرد + شیشہ ہا بر یکدگر چون موج دریا میخورد + **صائب** با بہر ما میگذارم نشتری در خاک ہست + شیشہای آسمان گویا کہ برہم خوردہ است +

شیشہ جان ۔ جو شخص نہایت نازک ہو کسی سختی کا بار نہ اٹھا سکتا ہو **صائب** ۔ ہر شیشہ جان خزینۂ اسرار عشق نیست + ناموس شیشہ نیست کہ در بار عشق نیست +

شیشہ چیدن ۔ شیشون کو قطار باندھکر رکھنا ۔ **میرزا ربیع سبزواری** ۔ شیشہا چیدست بر طاق دلم دست امید + گر فتد سنگی ز نومیدی تماشائے شود +

شیشہ را بند زدن ۔ **شیشہ را بند کردن** ۔ پیوند کرنا ۔ بند لگانا ۔ **محمد صادق دست غیب** ۔ سوزی کہ از شیشۂ ما را بند سوز و ز نجوم ہر شب بشن چرخ اسپند + ز دہ بند بسی شیشۂ قلبیان و نکرد + یک بار دل شکستہ ما را بند ؛

شیشہ در جگر شکستن ۔ بیقرار و مضطرب کرنا +

شیشۂ روزن ۔ وہ شیشے جو تابدانون مین لگائے جاتے ہین ۔ **خواجہ آصفی** ۔ خانۂ دل را ز بہر دیدنت روشن کنم + روزن آن چشم و عینک شیشہ روزن کنم +

شیشہ شکستن ۔ شیشہ توڑنا ۔ **طالب آملی** ۔ باشیشہ می در شب مہتاب شکستیم + زین شیشہ شکستن دل احباب شکستیم +

شیشہ گردن ۔ احمق و بیوقوف ۔ **خاقانی** ۔ این شیشہ گردنان کہ از ین ہنر نبود + بی نام چون قرابہ گردن طناب شان +

شیطانی شدن ۔ **شیطانی کردن** ۔ نیند مین انزال کرنا ۔ غسل ہونا ۔ محتلم کرنا ۔ **حکیم شفائی** ۔ خاطر من کہ بہر فکر دو عیسیٰ زاید + حیف باشد کہ بہر فکر

شود شیطانی **ملا فوقی یزدی** ۔ گر عروس بکر فکرم چہرہ بنماید بخواب جبرئیل عقل را در لحظہ شیطانی کنم + **طغرا** ۔ ز بسکہ طبع من از عشق مجتنب ست نمیشوم بعروس زمانہ شیطانی ؛

شیر زنہ ۔ وہ آلہ لکڑی کا جس سے دودھ بلوکر مسکہ نکالتے ہین

شیر سراپردہ ۔ وہ شیر کی تصویر جو پردہ پر کھچی ہو ۔ **انوری** ۔ شیر فلک آن شیر سراپردۂ دوران + در مرتبہ با شیر بساعت نہ چخیدہ +

شیرخانہ ۔ شراب خانہ ۔

شیرین بہانہ ۔ حیلہ و بہانہ سے کسی بات کو ٹال دینے والا **صائب** عشاق را لب طمع از بوسہ بستہ است + از لب دہان تنگ تو شیرین بہانہ است

شیشہ خانہ ۔ شراب خانہ اور وہ مکان حسین شیشے کا کام بنا ہوا ہو +

شیشۂ راہ ۔ یعنی سنگ راہ ۔ **میرزا محمد زمان** ۔ تعلق شیشہ راہ خرام ست + بپای وحشتم و این رشتہ دام ست +

شیشہ گرخانہ ۔ شیشہ بنانے والون کا کارخانہ ۔ **محمد سعید اشرف** ۔ شیراز کہ پر ز شیشہ گرخانہ بود ؛ از باطن صاف بادہ شیرازی ست +

شیخ نجدی ۔ شیطان لعین کا لقب ہے صرف نجدی بھی کہتے ہین ۔ **نظامی** ۔ بر نجد شدی ز تیز دجدی + شیخانہ دلی نہ شیخ نجدی + **جمال الدین بن عبد الرزاق** ۔ نہ خاک تیرہ بماند نہ آسمان لطیف + نہ روح قدس بماند نہ نجدی ملعون +

شیرآبی ۔ سنگ یعنی گرمچھ ۔

شیر حاجی ۔ قلعہ کی اندرونی دیوار جو باہر کے حصار کے اندر ہو **میرزا عبد الغنی** حامی دین محمد حیدر خیبر کشا ست قلع دین متین را شیر حاجی مرتضی ست +

شیر شدن موی ۔ بال دودھ کی طرح سفید ہو جانا ۔ ضعیف ہونا بوڑھا ہونا ۔ **صائب** ۔ تا پای بر فلک نہ گذاری ز مہد خاک + موی ت اگرچہ شیر شود شیر خوار +

شیر قالی ۔ وہ شیر جو قالین پر منقش ہو ۔ **طاہر غنی** ۔ فراغتے نہ منیستان بوریا دارم + ہما بدر او ورین ہمیشہ شیر قالین را ؛

شیر لوائی ۔ وہ تصویر شیر کی جو نشان پر ہو ۔ **کمین جمال الدین سلمان** ۔ آہوئے چشم تو و شیر لوائے سلطان + قلب حباب شکست وصف بدخواہ درید +

شیر ماہی ۔ ایک قسم کی مچھلی کے دانت ہین جو شیر کی صورت پر ہوتے ہین +

شیشہ بازی ۔ رقاصی کے فنون مین سے ایک فن کا نام ہے کہ

رقص کرنے والا شیشہ۔ پانی یا گلاب کا بھر کر سر پر رکھ لیتا ہی اور ناچتا ہی
اس خوبی سے کہ شیشہ کو جنبش نہین ہوتی گردن پر رکھ کر بھی ناچتا ہی شفیع اثر
شکستہ بر سر ہم از رہ شوخی و بے باکی + ہزاران دل بعشق شیشہ بازی
شاہد نازش +

چوتھی فصل

اردو محاورات کے ذکر مین

شین باالف

شاخ در شاخ ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ الجھا ہوا ہونا۔ از مولف
کتاب دھرا پسین گنجان برگ و ربرگ + او غلطان و پیچان شاخ در شاخ
شاخ زعفران بنا۔ صورت بدل لینا۔ غرور مین آنا۔ خود نما ہونا۔
صفدر فوقانی۔ بدل رنگت گئی باغ جہان کی + نئے گل ہین نرالی سبزیان
ہین + جو گل مشہور تھے مولی کے پتے + بنے وہ آج شاخ زعفران ہین
شاخ لگانا۔ کسی درخت کی شاخ کو کاٹ کر دوسری جگہ لگانا سینگی
لگانا۔ سینگی توڑنا ذوق۔ بیمار چشم دلبر آہو نگاہ کو شاہین
بھی گر لگائین تو لے کر ہرن کی شاخ۔ ولہ عریان ہی مجکو زیر
زمین دفن کرنا تھا + یہ دوستون نے اور لگا دی کفن کی شاخ +
شاخسانہ نکالنا۔ شاخسانہ کھڑا کرنا۔ کوئی مقدمہ برپا کرنا جھگڑا
نیا قایم کرنا۔ کسی کی برائی ظاہر کرنا۔ قطعہ از مولف۔ نئی چلتا ہی
چالین چرخ دوار + نئی رنگت دکھاتا ہی زمانہ + نیا ہوتا ہی جھگڑا ار د ز
برپا + نیا ہوتا ہی ظاہر شاخسانہ آتش۔ مصرع سرو
مین لاکھون مین نکالون شاخین + باندھون مضمون جو قد
یار کی رعنائی کا +
شاخ ہونا۔ کوئی نئی یا انوکھی بات ہونا۔ فخر کی بات ہونا۔ آتش
چشم و کمر سے تیری چشم و کمر لائین + چلنے مین کیا تکلف کیا شاخ
ہی ہرن مین۔ ولہ۔ چار دن مین رنگ مثل بو ہوا ہو جائیگا۔ کونسی
وہ شاخ ہی جس پر چمن کو ناز ہی۔
شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ خوشی منانا۔ ظ خوشی کا غم ہی جب دنیا
مین انجام + کسی شادی سے تم خوشدل نہ ہونا
شادی مرگ ہو جانا۔ خوشی کی کثرت کے سبب سے مر جانا۔
از خود فراموش ہونا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ کیون نہ شادی مرگ ہو جائیگی
اکبر عندلیب + لوٹتی ہین موسم گل مین قفس کی تیلیان
شاعری کرنا۔ مبالغہ کے ساتھ کسی امر کو نظم مین بیان کرنا۔ جھوٹ ہون
کلام لکھنا۔ حکیم انور لاہوری شاعری شاعر کرین کیا خاک انور آج کل +
اس زمانہ مین کوئی انکا نہین جوہر شناس +
شاق گذرنا۔ ناگوار گذرنا۔ برا معلوم ہونا۔
شامت آنا۔ شامت سر پر کھیلنا۔ خرابی پیدا ہونا برے دن
آنا۔ شعر۔ پیچ مین زلفون کے آتا ہی وہی برگشتہ بخت + طالع بد
سے شامت ہی جس کے سر پہ کھیلتی +
شام کا صبح کرنا۔ رات کاٹنا۔ شب گزاری کرنا۔ غالب کاو کاو سخت
جانی ہاے تنہائی نہ پوچھ + صبح کرنا شام کا لانا ہی جوے شیر کا +
شام کو شام سحر کو سحر نہ گننا۔ اتنا بھی خیال نہ کرنا کہ یہ وقت آرام
کا ہی اور یہ وقت اٹھنے کا ہر وقت برابر کوشش کیے جانا
صفدر رامپوری۔ شام کو شام سحر کو نہ سحر گنتی ہون + بلکہ اڑتے ہوے
طائر کے مین پر گنتی ہون +
شان چونا۔ اور دن کی وضع قطع اڑانے والا۔
شان ماری جانا۔ شان جانا۔ رتبہ یا عزت کم ہونا۔ آبرو مین
فرق آنا۔ رنگین۔ وہ نہ آئے تو تو ہی چل رنگین + اسمین کیا
تیری شان جاتی ہی +
شان مین جفتی آنا یا پڑنا۔ ننگ و عار آنا۔ شرم آنا۔ جرأت
زلیست سے جو ہاتھ دھو بیٹھا ہی گر اس پاس بھی + آ کہہ روگے تم تو
کیا جفتی پڑیگی شان مین +
شانہ پھڑکنا۔ دوست کی ملاقات کا شگون ہونا +
شانہ ہلانا۔ نیند سے جگانا۔ بیدار کرنا۔ مومن۔ خیال خواب راحت ہی
علاج اس بدگمانی کا + وہ کافر گور مین مومن میرا شانہ ہلاتا ہے +
شاہ عباس کا علم ٹوٹنا۔ خرابی ہونا۔ بری بات ہو۔ شاہ عباس
کی مار پڑنا۔ شوق۔ جھوٹے کی جان پر ستم ٹوٹے + شاہ عباس
کا علم ٹوٹے +
شامت کی مار۔ بد قسمتی۔ بد نصیبی۔

شین بابائے

شب خوابی۔ رات کا لباس جو پہنکر سوئین۔
شب زفاف۔ وہ پہلی رات جس رات عروس اپنے خاوند کی
سیج پر جائے سہاگ کی رات۔ تخت کی رات۔

شین باتائے

شتر بے مہار۔ بن نکیل کا اونٹ۔ آزاد۔ بے خوف۔ وبائی کتا

قطعہ از مؤلف

آجکل اس بوستان دہر کے ‖ سارے گل مرجھا گئے ہین ایکبار
گل کی گھٹتی جاتی ہی ہر لحظہ آب ‖ بڑھتی جاتی دمبدم ہی نوک خار
بلبل و قمری ہوئے ہین دم بخود ‖ شور و غل کرتے ہین کوے نابکار
بیچے دین کے رہنما جو لوگ ہین ‖ ان کی باتون پر نہین کچھ اعتبار
دین کی پابندی جو تھی جاتی رہی ‖ ہوگئے آزاد اہل روزگار
کوئی لامذہب کوئی بےقید ہی ‖ کوئی بے دین کوئی ملحد بد شعار
کوئی منکر ہی خدا کی ذات کا ‖ دونون عالم مین خدا کی اسکو مار
کوئی منکر اولیا اللہ کا ‖ بے ادب بدگوے پیران کبار
روکنے والا کوئی ان کو نہین ‖ چھوٹے پھرتے ہین شتر وہ بے مہار

شتر غمزہ - بیجا نخرا - بیجا حرکت
شتر کینہ - اونٹ کی دشمنی دلی عداوت **قطعہ از مؤلف** کس طرح سے اسکی ہم سے صلح ہو * فی الحقیقت ہی شتر کینہ رقیب * اس کے دل کو کس طرح ہم دھو سکین + بسکہ ہی مرد سیہ سینہ رقیب +

شین با جیم

شجرہ قلا - جہیز بست - انگر دھکڑ - بوریا بدھنا - کھاٹ پیڑھی گھر کا اسباب خانہ داری کا سامان - خط پتر - شجرہ حسبی نسبی -

شین با خاے

شخصیت بگھارنا - باجانا - شیخی کرنا - اترانا گھمنڈ کرنا -

شین با دال

شد بد ہونا - کسی کام مین تھوڑی واقفیت ہونا جز دار ہونا -
شدت کا - زور کا نہایت سخت -
شدہ شدہ - رفتہ رفتہ - آہستہ آہستہ +

شین با رے

شربت پلانا - سگائی کرنا - ناتا نسبت کرنا - نیک شگون کرنا -
شربت کے سے گھونٹ پینا - کسی سختی کو بخوشی برداشت کرلینا زہر کو شربت سمجھ لینا -
شرح چڑھانا - کسی کتاب کی متن پر شرح لکھنا اسکو آسان کر دینا -
شرع پہ چلنا - شرع کے احکام کے موافق کام کرنا - بر خلاف کرنا -
شرع مین رخنہ ڈالنا شرع شریف مین کوئی نئی بات نکالنا بدعت قائم کرنا -
شرم سے پانی پانی ہونا - شرم کے مارے عرق عرق ہونا پسینے پسینے ہونا میر دست بست اس کا کر ذکر + ہو گیا پانی پانی شرم سے ہووے سحاب +

شین با شین

ششش و پنج مین ہونا - فکر اور اندیشہ مین ہونا - سوچ بچار مین ہونا تردد مین ہونا - **قطعہ از مؤلف** - خدا کے نام پر انگشت دیدہ * اٹھاؤ مت شمار گنج مین رنج + ضرورت کیا کہ اس لاشی کی خاطر + رہو تم رات دن اندر ششش و پنج +

شین با عین

شعشہ اٹھانا - **شعشہ چھوڑنا** - کوئی خبر مشہور کر دینا کوئی نئی تمہید اٹھانا - جھوٹ سچ بک دینا
شعشہ نکالنا - نکتہ چینی کرنا - کسیکا نقص پکڑنا -
شعلہ بھبوکا ہونا - نہایت خفا ہونا - غصہ مین آنا آگ ہو جانا - میر حسن یہ سنکر وہ شعلہ بھبوکا ہوئی + لگی جل کے کہنے بلا کیا ہوئی +

شین با کاف

شکار کرنا - پھندے یا جال مین پھنسانا - مار ڈالنا - قابو مین لانا - موہ لینا - عاشق بنا لینا **قطعہ از مؤلف** - ترک چشم اس پری شمائل کے مرغ دل کو شکار کرتے ہین + کوڑا ہاتھون مین لیکے زلفون کا + ہر طرف مار مار کرتے ہین +
شکار ہونا - کسی دام مین پھنس جانا - قتل ہونا - مارا جانا - عاشق ہو جانا - جانباز - ازل سے تیر نظر کے شکار ہونے کو + تڑپ رہا ہی یہ دل مرغ نیم جان کی طرح +
شکل بگاڑنا - بے عزت کرنا - بے آبرو کرنا - ذلت پہونچانا - صورت خراب کر دینا - بری تصویر کھینچنا -
شکل بنانا - ڈول ڈالنا - صورت قائم کرنا - بے چین ہونا ناک بھون چڑھانا
شکل سے بیزار ہونا - سخت ناراض ہونا دیکھنے کو جی نہ چاہنا **قطعہ از مؤلف** دم نکل جائے عجب تجھ سے الگ * یار اور اغیار ہو جائینگے سب تیری صورت بھی نہ دیکھیگا کوئی + شکل سے بیزار ہو جائینگے سب +
شکل نکالنا - تدبیر کرنا - سوچنا - بچارنا -
شکنجے مین کھینچنا - سخت سزا دینا - ستانا دق کرنا - تکلیف پہونچانا - قید کرنا - زنجیر پہنا دینا -
شگن کرنا - شگون کرنا - کسی کام کو نیک ساعت اور شبھ گھڑی مین شروع کرنا
شگوفہ چھوڑنا - فتنہ انگیزی کرنا - نئی بات دل سے نکال کر کہہ دینا

مؤلف۔ گلبدن اک آن مین رنجیدہ ہم سے ہو گئے + چل دیئے
دشمن کوئی ایسا شگوفہ چھوڑ کے +
شگوفہ کھلنا۔ شگوفہ پھولنا۔ عجیب وغریب باتون کا ظہور مین آنا
باغ مین تازہ شگوفہ نکلنا۔
شگون ہونا۔ کسی کام کا نیک ساعت مین شروع ہونا۔
شکرلب۔ معشوق شیرین کلام خوش تقریر ؎ کرین کیون نہ شکرلبون
کو مرید + کہ دادا ہمارا ہی بابا فرید +
شکم پرور۔ پیٹو۔ بہت کھانے والا ؎ ودکیا دیکھے کسی بھوکے
کو کھاتا + گرسنہ اور شکم پرور جو ہو گئے +
شکم سیر۔ پیٹ بھرا۔ سیر چشم۔
شکر مقال۔ خوش کلام۔ خوش تقریر۔
شکر رنجی۔ تھوڑی سی رنجیدگی کی آن بن۔

شین با لام

شلک اڑانا۔ شلک چھوڑنا۔ بندوقون مین چھرا یا پانی بھرکر چھوڑنا
باڑھ مارنا۔ سلامی آتارنا۔ ایسی بات کہنا جو کسی کو سخت وناگوار گذرے

شین با واو

شورہ کی قلفی۔ گوری رنگت کی عورت جسمین ملاحت نہ ہو
خوبصورت عورت یا لڑکا۔

شین با ہا

شہد مین پھیلانا۔ بدمعاشی کرنا بدچلن ہونا
شہد سا میٹھا۔ نہایت شیرین بہت سی میٹھا۔
شہد لگا کر چاٹنا۔ یعنی یہ بیکار چیز ہی اور کس کام آئیگی اسکو
شہد لگا کر چاٹو۔
شہر خموشان۔ قبرستان مرگھٹ۔
شہر شملہ۔ وہ شہر جہان انصاف ہو۔
شہد کی چھری۔ میٹھی چھری دشمن دوست نما۔ منافق وہ شخص
جو بظاہر خوشامد کرے باطن مین سخت دشمن ہو۔

شین با یا

شیخی بگھارنا۔ اپنی بڑائی اپنے منھ سے بیان کرنا اپنی آپ تعریف کرنا
؎ آتش۔ وہم وے انھین بھی کوئی انکا بھی دل بھاتے + زاہد
کمال اپنی شیخی بگھارتے ہین +
شیخی کرکری ہونا۔ شیخی جھڑ جانا۔ شیخی نکل جانا۔ سبک وخفیف ہونا۔
سبقد رہنا۔ آبرو گھٹنا۔ عزت کو بٹہ لگنا ؎ خاک مین ملکے بھی زاہد کو
ہی رندون سے غرور + کرکری ہوگئی شیخی پہ شیخیت نہ گئی +
شی دینا۔ کنکوے کو ڈھیل دینا۔ دور چھوڑنا۔ کنکوا بڑھانا۔ اکسانا
بھڑکانا۔ آگ لگانا۔ لڑائی کرانا تیل ڈالنا۔
شیر بکری کا ایک گھاٹ پر پانی پینا۔ عدل وانصاف ہونا۔
شیر کے کان کترنا۔ مکار وفریبی ہونا۔
شیر کرنا۔ حوصلہ دینا ہمت بڑھانا تیز کرنا چراغ کی بتی نکالکر روشن کرنا۔
شیر کی بولی بولنا۔ قے کرنا۔ کھایا ہوا کھانا منھ کے راستے سے باہر
آجانا ؎ انشاء بنی آدم کی ٹولی کی ٹولی بیٹھی بولے ہے شیر کی بولی +
شیر مارنا۔ بڑی بہادری وجوانمردی کرنا عجیب وانوکھا کام کرنا۔
شیر وشکر ہونا۔ آپسمین محبت وپیار ہونا۔
شیر ہونا۔ جوان ہونا۔ بالغ ہونا دلیر ہونا غالب ہونا۔
شیش محل کا کتا۔ نہایت گھبرایا ہوا۔ کیونکہ جب کتا شیش محل مین
جاتا ہی تو چارون طرف اسکو کتے ہی کتے نظر آتے ہین انپر وہ
بھونکنا شروع کرتا ہی نہایت گھبرا جاتا ہی۔
شیشے کیطرح پھولنا۔ مغرور ہونا۔ اترا جانا۔ تکبر کرنا۔ بڑائی کرنا۔
شیشے مین اتارنا۔ جن وبھوت کو قید کرلینا موہ لینا۔ فریفتہ کرنا
دلاسا دیکر کام لینا ؎ آتش۔ اک پری کو بھی ہ شیشے مین اتارا ہین نے +
یاد کیا آئیگا اس گنبد مینائی کا +
شیطان اٹھانا۔ شیطان مچانا۔ غل وشور کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ فساد برپا کرنا
شیطان سر پر چڑھنا۔ بھوت یا جن سر پر سوار ہونا۔ بدکاری پر
مستعد ہونا۔ غضب مین آنا۔ متکبر ومغرور ہونا ؎ ذوق۔ نشہ دولت کا
بداطوار جس آن چڑھا + سر پہ شیطان کے اک اور بھی شیطان چڑھا۔
شیطان سے زیادہ مشہور ہونا۔ بدی کے ساتھ مشہور ہونا۔
شیطان کا کانمین پھونک دینا۔ شیطان کا دب دینا۔ دام مین
لانا۔ مغرور ومتکبر ہونا۔
شیطان لگنا۔ ناشایستہ حرکت کرنے لگنا۔ شرارت پر آمادہ ہونا۔
شیطان ہو جانا۔ شریر ہونا۔ لڑنے لگنا۔
شیطان ہونا۔ خواب مین نہانے کی حاجت ہونا۔ محتلم ہونا۔
شین قاف درست ہونا۔ صحیح تلفظ ادا کر سکنا۔
شیطان کی آنت۔ لمبی چیز لمبی داستان لمبی کہانی۔
شیر مرد۔ بہادر۔ جوانمرد دلیر۔
شیطان مجسم۔ نہایت بد اور شریر شیطان سا جسم۔
شیر گرم۔ جو چیز بہت گرم نہو پینے کے لائق۔

شیشے کا دیو۔ شراب

شیشہ باشا۔ نہایت نازک جلد ٹوٹ جانے والا۔

شیطان کی خالہ۔ مکار عورت دلالہ محتالہ۔

شیخ چلی۔ دیوانہ۔ پاگل۔ مورکھ۔ بیوقوف۔ اصل مین یہ نام شیخ چیلی ہی اور اس بزرگ نے چالیس چلے اپنی عمر مین کاٹے۔ اور شیخ چلی خطاب تھا

شیر مادر ہی۔ ماں کا دودھ ہی حلال ہی۔

شیطان کی چوکڑی شیطانی لشکر۔ شریر لوگون کا گروہ۔

شیطان کے کان بہرے جسوقت کسی بری چیز کا ذکر کرتے ہین تو اس محاورہ کو بولتے ہین کہ شیطان اس بات کو نہ سنے ورنہ وہ سب مین مشہور کر دیگا اسکے کان بہرے ہو جائین تو بہت اچھا ہی

پانچوین فصل

ادویات یعنی لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

شین با الف

شادنج۔ معرب شادنہ عربی مین حجر الدم اسکا نام ہی یہ ایک پتھر سرخ زرد سفید خاکستری ہوتا ہی سب سے بدتر خاکستری ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین سرد دوسرے درجہ مین خشک مجفف رادع قابض مدمل قروح مقوی اعصاب ہی آنکھون کو روشن کرتا ہی اسہال دموی کو روکتا ہی

شاخص۔ بہ ضاد معجمہ مشہور غلہ ہی جسکو ہندی مین ارہر اور تور کہتے ہین دانے اسکے چھوٹے چنے کے برابر ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک نفاخ دیر ہضم قلیل الغذا در منع اسہال صفراوی و فساد بلغمی ہی۔

شارف۔ یہ نام ایک ہندی جڑ کا ہی جو تربد کی شکل پر ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسہل بلغم دافع امراض بارد ہی ہندی مین اسکو بدھارا بھی کہتے ہین

شاہبانک۔ اس دوا مین اختلاف ہی بعض اسکو بطبیخ الکلاب کہتے ہین اور بعض شجر ابراہیم بولتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی دافع صرع و ضیق النفس و سرفہ ہی۔

شیاطل۔ فارسی مین اسکو بوخشک کہتے ہین دانے اسکے بقدر باقلا کے ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل قوی اخلاط غلیظہ مقوی مفاصل و اعصاب فالج و لقوہ ہی

شاہ سفرم۔ شاہ سپرم۔ عربی مین اسکو سلطان الریاحین کہتے ہین فارسی مین نازبو بولتے چند اقسام کی ہی چنانچہ تلسی کو بھی انھین اقسام مین شمار کرتے ہین خوشبو مطبوع اسکی پتیون سے آتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دل و دماغ محلل اورام دافع خفقان و ضعف معدہ و درد سینہ و سرفہ ہی۔

شاہترہ۔ مشہور بوٹی ہی جو تلخ ہوتی ہی طبیعت اسکی حرارت مین معتدل اور دوسرے درجے مین خشک مصفی خون و مدر بول مسہل سودا ہی

شاہ چینی۔ یہ دوا عصارہ حنا چینی کا ہی بعض کے نزدیک عصارہ ریوند کا طبیعت اسکی سرد اور خشک مجفف اور قابض ہی طلا اسکا واسطے سر درد گرم اور اورام گرم کے نافع ہی۔

شین با بائے

شب۔ بالفتح ہندی مین پھٹکری جو مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع نزف الدم ہی زخمون کے زائد گوشت کو کاٹتی ہی اور انکو بند کرتی ہی آنکھون کے میل کو اتارتی ہی سرخی کو دور کرتی ہی۔

شبت۔ مشہور سبزہ ہی جو کھانے مین آتا ہی ہندی مین اسکا سوا نام ہی طبیعت اسکی گرم و خشک منضج منفتح و ہاضم مدر بول و حیض ہی۔

شبرم۔ یہ گھاس باغون اور جنگلون مین پیدا ہوتی ہی گاے بیل اسکو نہین کھاتے اگر کھائین تو مر جائین بکری بکرا کھائین تو انکو مضرت نہین پہنچتی طبیعت اسکی گرم اور خشک سموم قاتل مین سے ہی اور مسہل قوی بلغم اور سودا کا ہی

شبہ۔ فارسی مین رومی توتیا ہندی مین جست کہتے ہین معدنی اجساد مین سے ہی برنج بھی اسکا نام ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی اسکے بنے ہوے برتنون مین کھانا مقوی دل و معدہ دافع خفقان ہی اسکو جلا کر آنکھون مین ڈالین تو آنکھون کو جلا کرتا ہی سفیدی کو [illegible]

شین با تائے مثلث

شث۔ یہ ایک گھاس ہی جس سے چمڑے کو دباغت کرتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ہی پینا اسکے جوشاندہ [illegible] مقوی معدہ دافع اسہال ہی۔

شین با جیم

شجرۃ الراہب۔ دمشق کی سرزمین مین یہ ایک درخت مزروع و غیر مزروع ہوتا ہی اسکا بیج کار آمد ہی خوشے کے اوپر کے دانے قی لاتے ہین اور نیچے کے دانے دست لاتے ہین اور درمیانی قی بھی لاتے ہین اور دست بھی

شجرہ ابی مالک۔ یہ ایک گھانس ہری و تجبری ہوتی ہی پتی اسکی چوڑی ابقدر ہتیلی ہاتھ کے دندانہ دار بطور آرہ کے شاخین چھوٹ پھول چھوٹا پھل گول بقدر چنے کے طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور یبوست مین معتدل ہی جڑ اسکی ادویہ شریفہ سے ہی مقطع بلغم جالی اور مسہل دافع امراض سوداوی جذام و قرحہ ردیہ و خنازیر وغیرہ تھی اسکی نزف الدم کا مجرب علاج ہی۔

شجرہ ابراہیم بعض اسکو ام غیلان یعنی کیکر کا درخت جانتے ہین بعض کہتے ہین کہ یہ اور درخت ہی پتون سے بھرا ہوا پھول خوشبو اور زرد ہوتا ہی۔

ہے آب زمینوں مین پیدا ہوتا ہی پھول سکے عطریات مین ڈالے جاتے ہین
شجرۃ المریم - شاخین اسکی آپسمین ملی ہوئی مثل مشک ہین اگر پانی مین ڈالی جائین تو لمبی اور موٹی ہو جاتی ہین جب نکال لین تو خشک ہو کر اصلی حالت پر آجاتی ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی کھانا اسکا چہرے کو سرخ کرتا ہی زکام کو روکتا ہی نزدل لمار کو دفع کرتا ہی فائدہ اس کا دفع عسر ولادت اور نکالنے جنین کے بے مانند علاج ہی -

شین با حاے حطی

شحرور - یہ ایک پرند قمری کی شکل کا سیاہ رنگ چونچ اور پانون پیلے زرد سرخی مائل طبیعت اسکی گرم تر گوشت غذاے صالح جلد ہضم ہونے والا دافع مالیخولیا و نافع ہی -
شحم - چربی جسکو فارسی مین پیہ کہتے ہین جانور نر کی چربی گرم زیادہ مادہ کے سے ہی عمدہ چربی وہ ہی جو تازہ ہو ہر ایک جانور کی چربی الگ الگ تاثیر رکھتی ہی

شین با راے

شراب - اصطلاحی نام خمر کا ہی ورنہ ہر ایک پانی کو جسمین قند اور کوئی شئے ڈالکر قوام دیا ہو شراب کہہ سکتے ہین مثلاً شراب بنفشہ شراب نیلوفر و شراب صندل وغیرہ
شراب مروق - یہ ایک خمر ہی جس مین میدے کی روٹی بھگو کر کھاتے ہین بہت فائدہ دیتی ہی -
شربین - یہ ایک درخت سرو کی قسم سے ہی مگر پتی چوڑی اور پھل سرو کے پھل سے چھوٹا ہی اصفہان مین اسکو نوش کہتے ہین ہزار برس تک اسکی عمر ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک اسکے پتون کا فائدہ قروح اندرونی و بیرونی و سستی اعضا و ضعف معدہ و جگر کا مجرب علاج ہی اور پھل دانتون کے درد و خناق کو دفع کرتا ہی اور حقنہ اس کے جوشاندے کا معدہ اور امعا کی کرب کو مفید ہی -
شرلف - ہندی مین اسکو سیتا پھل کہتے ہین یہ پھل صنوبر کے پھل کی صورت پر ہی فارسی مین اسکو کاج کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ساتھ رطوبت لزجہ کے مسخن و مخرب معدہ و محرک مواد ساکنہ و ملین طبع ہی

شین با شین

ششرث - یہ ایک قسم کی گھاس کی جڑ ہی جو مصر کی سرزمین مین پائی جاتی ہی انگلی سے زیادہ موٹی طبیعت اسکی گرم اور خشک استسقا کی بیماری کا عمدہ علاج ہی

شین با طا

شطلیہ - یہ ایک بوٹی جاڑدن اور برائی ملکون مین ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک تمیات گرم کو بالخاصیت نافع ہی اور مدر بول محلل ریاح ہی

شین با عین

شعر الجبابرہ - یہ ایک بوٹی گھوڑے کے بالون کی باریک اور سیاہ بغیر پتون اور ساق کی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک بخور اسکا واسطے دفع تپ ربع کے علاج ہی اور اگر مسافر پیادہ چلنے والا اسکو اپنے پاس رکھے تو تھکنے مین نہ آئے -
شعر - فارسی مین مو ہندی بال کہتے ہین بال انسان کے نہ کہ جانورون کے پشم طبیعت انکی سرد اور خشک خاکستر انکی واسطے خشک کرنے زخمون کے مفید ہی اور طلا جرب و حکہ کے رفع کرنیکے یے عمدہ علاج ہی گنج کی بیماری کو بھی یہ طلا دفع کرتا ہی
شعیر - غلہ ہی جو مشہور چیز ہی مزاج اسکا سرد اور خشک قلیل الغذا اور زیادہ گیہون سے ساتھ قوت جالیہ اور قابضہ اور مجففہ کے مسکن جوش صفرا و خون ہی پتون کی گرمی کو فرو کرتا ہی -
شعر الغول - یہ گھاس بغیر پھل اور بغیر پتون اور بغیر ساق کے ایک باریک تار بول کی طرح زمین پر پھیلتی جاتی ہی پھل پھول پتا کچھ نہین ہوتا اقلیم ثالث مین ملتی ہی اور کسی ولایت مین اسکا وجود نظر نہین آتا اگر اسکو آگ پر رکھین تو بالون کے جلنے کی بو ظاہر ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک بخور اسکا تپ ربع کو دور کرتا ہی اور فائدے اسکے بھی درج کتب طبیہ ہین -

شین با فاے

شفنین البری - یہ ایک سفید پرند فاختہ سے بڑا ہی لمبی اسکی ٹانگین ہین گردن ناتمام ہی فارسی مین اسکو تیار ہندی مین بگلا بولتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دوسرے درجہ مین مسمن بدن مقوی قوت ماسکہ و حواس و حافظہ محرک باہ موروث بخوابی ہی دریا کے کنارے بیٹھ کر چھوٹی مچھلیاں پانی مین سے نکالکر کھاتا ہی
شفنین البحری - یہ ایک دریائی جانور خفاش یعنی شپرک کی صورت پر ہوتا ہی اسکی دم مین ایک نیش کانٹے کی طرح ہی اس سے یہ کاٹتا ہی جسکو کاٹے درد عظیم پیدا ہوتا ہی اسکے نیش کو اگر کسی کے بستر مین رکھے صاحب بستر کو نیند نہین آتی اگر کسی گھر مین دفن کردین گھر اجڑ جائے گھر کے آدمی آپسمین لڑمرین اسکے گوشت کو جلاکر اگر راکھ دو شخصون پر کہ آپسمین دوست ہون ڈال دیجاے تو فی الفور ایک دوسرے کے دشمن ہو جائین اسکے نیش کو اگر کسی کے پیشاب مین ڈالدین پیشاب والیکے مثانہ مین درد شدید پیدا ہو جب تک نکالین درد موقوف نہین ہوتا -

شین با قاف

شقائق - یہ ایک پھول ہی جسکو فارسی مین لالہ کہتے ہین شقائق النعمان بھی اسکا نام ہی اسلیے کہ نعمان بن منذر اسکو دوست رکھتا تھا اور اسی نے پہلے خورنق مین اُسکو اپنے محل کے چارطرف بویا تھا بعض کا قول ہی کہ نعمان خون کو کہتے ہین اسکا رنگ بھی سرخ ہی اسواسطے شقائق النعمان اسکا لقب مقرر ہوا خشخاش کے پھول کے ساتھ اسکی مشابہت ہی پتے اور پھول اور پھل اسکا خشخاش کا سا ہی مگر تخم اسکا خشخاش سے باریک بہت ہی بری اور بستانی دونون قسم کا ہوتا ہی دو قسم اسکی مشہور ہین ایک پنج برگ جسکے پھول کی پانچ پتی ہین دوسرا صدبرگ بڑا پھول ہی اسکو ہزارا بھی بولتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک افیون جو خشخاش کیطرح اس سے نکالی جاتی ہی خشخاش سے زیادہ مخدر و منشی ہی اسکے خشک پھول کی خاکستر کے کھانے سے بدن کا ہر ایک درد جاتا رہتا ہی مثل وجع مفاصل وغیرہ نفوخ اسکا رعاف کو بند کرتا ہی -

شقراق - یہ ایک پرندہ بقدر کبوتر کے سبز رنگ خوش شکل باز و سیاہ اور مخطط حریص و بدخو ہوتا ہی روم و شام و خراسان مین بکثرت ہی چڑیا کے بچے چرالیجاتا ہی آدمیون سے نفرت کرتا بولتا بہت ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بلغمی بیماریان اسکے کھانیسے دفع ہوتی ہین

شقاقل - یہ ایک جڑ گرہ دار ساجھ لزجت اور تھوڑی شیرینی کی ہی بقدر انگلی کے موٹی اور لمبی سفید رنگ اسکی ساق بھی گرہ دار اور پھول گول بقدر چنے کے اور پھول بنفشہ سے بڑا طبیعت اسکی گرم اور تر ہی باہ کو بڑھاتی ہی قاطع بلغم مقوی پست و معدہ و کبھ گردہ ہی

شین با کاف

شکرقند - یہ جڑ ایک سبزہ کی ہی جو زمین پر پھیلا ہوا ہوتا ہی اس کو لوگ بودیتے ہین جب بڑھ جاتی ہی تو اُکھاڑ کر فروخت کرتے ہین آگ پر بھون کر یا پانی مین پکا کر کھاتے ہین لذت اسکی میٹھی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و تر مسدود قابض و نفلخ ہی

شک - عربی مین اسکو سم الفار فارسی مین مرگ موش ہندی مین سنکھیا کہتے ہین یہ معدنی زہر مشہور ہی طبیعت اسکی چوتھے درجے گرم اور خشک و ما درم اسکا ایک روز مین آدمی کو مار دیتا ہی اکتحال اسکا ایک دن مین بینا کو نابینا کردیتا ہی چوہا اُسکے کھانے بلکہ سونگھنے سے فی الفور مرجاتا ہی ایک چوہا بھی اسکو کھا کر اگر مر جاوے تو گھر کے باقی ماندہ چوہے سب بھاگ جاتے ہین یہ پتھر پانچ قسم کا ہوتا ہی ایک پھٹکرا اسکی شکل سپید پھٹکری کی سی ہوتی ہی دوم ہلدیا یعنی زرد رنگ تیسرا گویا شراب کی رنگت پر سرخ چہارم انار کے دانہ کی طرح سرخ پانچوین سنکھیا بہت سپید شکر کی رنگت پر جسکو ہندو عبادت کے وقت بجاتے ہین کیمیا گر اس پتھر کے بہت خواہشمند ہین ہزار ہا ادویات مرکبہ مین بھی یہ ڈالا جاتا ہی اسکے کشتے کئی طرح کے ہوتے ہین

شکرتیغال - یہ ایک جانور کا گھر اور غلاف اُسکا ہی جسمین سکونت رکھتا تھا اس کیڑے کا نام تیغال ہی اور فارسی مین سیہال وہ ریشم کے کیڑے کی طرح درختون کی شاخون پر اپنے منھ کے لعاب سے خانہ بناتا ہی اور اسمین بیٹھ کر مرجاتا ہی جب لوگ ان خانون کو توڑتے ہین تو کیڑا اسمین مرا ہوا پاتے ہین بعض مین نہین بھی ہوتا طبیعت اسکی حرارت اور رطوبت مین معتدل ہی مین صدر دافع سرفہ ہی حلق کو صفا کرتی ہی آواز کو درست کرتی ہی -

شکاعی - ایک بوٹی ہی جو دو قسم کی ہوتی ہی ایک وہ جسکے پھول سفید شاخین پتلی دوسری جسکا پھول بنفشئی شاخین قوی بقدر ایک انگلی کے ہین عربی مین اسکو شوکہ فارسی مین چرخہ ہندی مین اونٹ کٹارا بولتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی جوشاندہ اسکا امراض معدہ و کبد و حمیات مرکبہ کہنہ کے لیئے نافع ہی فالج و رعشہ و درد پشت و جذام و برص کا علاج ہی۔

شین با لام

شل چل ایک ہندی درخت کا ہی جسکو سفر جل ہندی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل قوی و مسہل دافع ریاح فالج و عرق النسا ہی

شلیل - یہ ایک میوہ شفتالو اور زردآلو کے باہم پیوند کرنے سے حاصل ہوتا ہی خراسان مین اسکو شفرنگ کہتے ہین شفتالو سے لذیذ اور لطیف زیادہ ہی افعال و خواص اسکے شفتالو کے سے ہین -

شلجم - شلغم مشہور سبزہ ہی جسکی جڑ کو شلغم بولتے ہین سرمائی موسم مین امیر و غریب اسکو کھاتے ہین ہند مین اسکو گونگلو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و تر ہی کثیر الغذا دافع کھانسی ملین سینہ مقوی باصرہ مشتہی طعام محرک باہ مدر بول ہی۔

شین با میم

شمع - فارسی مین اسکو موم کہتے ہین اور شہد کی مکھیان اپنے چھتے مین اسکے خانے بناکر شہد انمین جمع کرتی ہین طبیعت اسکی اول درجہ سرد دوسرے مین گرم رطوبت مین معتدل ہی قوت اسکی تین برس تک نہین جاتی محلل و منضج و ملین عصاب ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی

شین با نون

شند - یہ ایک خوشبو مصر مین بنائی جاتی ہی لبان سے جو ہر اُڑا کر یہ خوشبو بنائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک مقوی دل دافع سرفہ و خفقان وغیرہ ہی

شین با واو

شوار - کباب یعنی خشک بھونا ہوا گوشت طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دل سریع الہضم جید الکیموس مقوی اعضاے رئیسہ محرک باہ ہی۔

شواصرا - فارسی مین اُسکا مشک الجن نام ہی اور یہ ایک خوشبودار گھاس ہی لوگ اسکی پتی کپڑون مین رکھتے ہین تاکہ خوشبودار ہو جائین کستوری کی بو اس سے آتی ہی پہاڑون اور خشک زمینون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک مقوی دماغ و روح مدر بول و حیض ہی۔

شوندر - چقندر و شلجم احمر بھی اسکو کہتے ہین شلجم کی طرح یہ بھی کھانے مین آتی ہی طبیعت اسکی سرد تر دوسرے درجے مین گرم اور تر آخر پہلے درجہ مین دافع ریاح و عفونت مسخن و جاذب خون و محرک باہ و مقوی جسم ہی

شونیز - اسکو فارسی مین سیاہ دانہ ہندی مین کلونجی بولتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک مدر شیر و بول و حیض مسقط جنین ہی زندہ ہو یا مُردہ تریاق سموم سر باد بخور آ و حمو للماء ہی۔

شوحط - بہ حاے حطی ایک درخت کا نام ہی شاخین اُسکی بدون گرہ کی سیدھی پتی مشابہ پتی بید کے اِسکی لکڑی سے کمان گر کمان بناتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی دافع اسہال ہی اسکے سایہ مین اگر کوئی بیٹھے یا سوئے بیمار ہو جاے۔

شوکران - یہ جڑ ایک سبزہ کی ساتھ لزوجت کے بہت ہی اسکے سبزہ کی گرہ دار مشابہ شاخ سونف کے طبیعت اسکی سرد خشک مخدر و مسکر و منوم ہی

شین با یا

شیرخشت مشہور دوا مسہل ہی فارسی مین اُسکو شیرخشک بھی کہتے ہین یہ شبنم ہی کہ بلاد خراسان اور ہرات اور بعض بلاد ترکستان مین ایک درخت پر کہ اسکو کشیر کہتے ہین رات کو برستی ہی لکڑی اسکی خالدار زرد و سپید ثقیل الوزن ہوتی ہی اس پر شبنم جم جاتی ہی تو لوگ اُتار لیتے ہین اور تحقیق یہ ہی کہ دوا اس درخت کا گوند ہی جو اسکی گرہون سے نکلتا ہی اور بستہ ہو جاتا ہی کیونکہ خشت خراسان مین گوند کو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم رطوبت اور ہوست مین معتدل جالی ملین طبع و مسہل صفرا و مقوی جگر و معدہ مسکن حرارت و سوزش ہی

شیطرج - ہندی مین اسکو چترا اور چیتہ کہتے ہین یہ ایک گھاس ہی کہ قبرستان اور پرانی دیوارون پر پیدا ہوتی ہی جاڑون مین سر سبز اور گرمیون مین خشک ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک جالی و مفتح و مسہل دافع بلغم و درد مفاصل ہاضم طعام و محرک باہ ہی

شیح - بہ حاے حطی یہ ایک گھانس ہی جسکو فارسی مین درمنہ کہتے ہین پھول اسکا خوشبو اور کڑوا مشابہ افسنتین کے پتی مشابہ پتی سداب کے پھول زرد و سُرخ و خاکستری بعض کے نزدیک یہ ایک قسم افسنتین کا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع بلغم و محلل ریاح و مسہل اخلاط فاسدہ و دافع سموم حیوانی ہی۔

شیلم - فارسی مین اُسکو گندم دیوانہ کہتے ہین دانہ اسکا جو کے دانہ سے پتلا اور چھوٹا ہوتا ہی اور گیہون کے کھیت مین قدرتی پیدائش اسکی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مخدر مسکر و منوم ہی قروح خبیثہ کا علاج ہی اورام کہنہ کو دفع کرتا ہی۔

شیبہ - یہ ایک گھاس ہی کہ ساق اسکی سفید مائل بسپیدی ریزہ ریزہ گویا مقراض سے کتری ہوئی نہایت خوشبو شیراز مین بکثرت ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل ریاح مدر بول منقی فضلات دافع اورام ریحی و بلغمی ہی

شیرستہ - یونانی مین میٹھے سرکہ کا نام ہی اکثر فائدہ مین مانند عسل کے ہی جو مضرت سرکہ مین ہی اسمین نہین ہی سرخ رائی اور شلغم بری کے بیج تیز سرکے کے ساتھ پیستے ہین پھر دس مثقال وہ اور دو سو مثقال انگور کا پانی اور پچاس مثقال پرانا سرکہ اسمین ملا دیتے ہین دو ہفتہ مین شیرستہ تیار ہو جاتا ہی اس دو ہفتہ مین ہر روز اُسکو ہلاتے ہین۔

شیخ البحری - سمک یہودی و شیخ یہودی اسکو کہتے ہین یہ جانور دریا مین رہتا ہی ہفتہ کے روز اپنی جگہ سے حرکت نہین کرتا اسواسطے اسکو یہودی کہتے ہین اسکی پشت کا چمڑا بہت سخت ہی اسکا گوشت حمیات بلغمی کو دور کرتا ہی اسکے بخور سے مچھر بھاگ جاتے ہین اُسکا پوست اگر پاس رکھا جاے تو نقرس کی بیماری نہین ہوتی اسکا دل بریان کر کے کھائین تو داء الثعلب کی بیماری نہین ہوتی -

سترھوان باب

صاد مہملہ کے لغات کے ذکر مین اسمین بدستور پانچ فصلین ہین۔

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ کے بیان مین

صاد با الف

صاحب - دوست یار - صاحب صحبت ملقین - مالک خداوند دوزیر یہ لفظ مقطوع الاضافت ہی یعنی اضافت کا کسرہ اسپر نہین آتا

اور اگر آتا ہی تو نام ہی جیسا کہ صاحب دل و صاحب غرض وغیرہ

نظامی - خبر برد صاحب خبر پیش شاہ * کہ شستہ ستم دیدہ داد خواہ + نظلم زنانند برشاہ روم * کہ بر مصریان تنگ شد مرز بوم -

صائب - رسا و رسندہ پہونچنے والا چنانچہ فکر رسا و فکر صائب اور تخلص ایک شاعر ایرانی کا جسکا نام محمد علی تھا صائب - صائب لیکن صائب خود گوے بردہ + ز اہل سخن بمعرکہ نکتہ پروری +

صاب - ہر ایک سبزہ جس سے وقت توڑنے کے سفید پانی یعنی دودھ نکلے اور اصفہانی زبان مین سیب جو مشہور میوہ ہی -

صامت - خاموش چپ چاپ و رمال صامت سونا چاندی کلن حویلی اور مال ناطق کنیز غلام گھوڑا گائے بھینس وغیرہ -

صاروج - معرب سارو زہ چونہ جسمین مٹی ملی ہوتی ہو -

صالح - نیکوکار اور نام ایک پیغمبر کا جن کی دعا سے پہاڑ شق ہوکر اونٹنی نکلی تھی **فریدالدین عطار** - صحبت صالح ترا صالح کند + صحبت طالح ترا طالح کند +

صارخ - چیخنے والا - چلانے والا -

صاعد - پستی سے بلندی کو چڑھنے والا صعود کرنے والا -

صابر - صبر کرنے والا ٹھہرنے والا پیغمبرون مین سے یہ خطاب حضرت ایوب علیہ السلام کو ملا - اور اولیاء اللہ مین سے خاندان چشتیہ مین حضرت علاء الدین علی احمد کو جو خلیفہ اور بھانجے خواجہ فریدالدین گنج شکر اجودھنی کے تھے - **شعر** - مرد عاقل صابر و شاکر بود + در بلا بر نفس خود قادر بود +

صادر - کسی جگہ سے نکلنے والا - **شعر** - چون ز دست تو گنہ صادر شود + شو پشیمان توبہ کن لیل و نہار +

صاع - زمین پست اور نام ایک پیمانہ کا جسمین دو سو چھتیس تولہ جنس پڑ جائے

صانع - صاحب صنعت کاریگر فریدالدین عطار - صانعی کز طین سلاطین میکند + نجم را رجم شیاطین میکند +

صائغ - اخیر مین غین معجمہ زرگر جو سونے کا کام کرتا ہو - زیور بناتا ہو -

صالغ - بکسر لام و سکون طین گائے اور بکری جو چھ سال کی عمر کی ہو

صاف - بتشدید فا صف کھینچنے والا - اور بخفف صافی ماخوذ صفا سے فارسی مین صاف کے معنی شراب صاف مستعمل ہی اور بہر چیز لطیف و پاکیزہ - **مولف** - چہرۂ دلدار صاف آید نظر + از کدورت باشد از آئینہ صاف +

صادق - صاحب صدق - راست گو سچا آدمی ع از عاشقان صادق تست ای دلستان منم + اول کسی کہ بر تو فدا شد ز جان منم +

صارم - کاٹنے والی تلوار - تیز تلوار -

صائم - روزہ دار - روزہ رکھنے والا فاقہ کش -

صافن - ایک رگ کا نام ہی جو گٹے مین ہی نیچے کے بدن کا خون لینا منظور ہو تو اسکی فصد کرتے ہین -

صابون - مشہور چیز ہی جس سے کپڑے دھو کر سپید کیے جاتے ہین میرزا بیدل - نیست صابون پلید بیا ے دل ز غیر گداز + چون شود خاکستر از آتش سیاہی میرود +

صابئہ - رسا و رسندہ مطلب تک پہونچنے والا -

صاعقہ - بجلی جو ابر سے زمین پر گرے -

صاحبی - ایک قسم انگور کا ہی اور نام ایک کپڑے ابریشمی مخطط کا عبدالغنی قبول - بندہ پرور سیخ سگیم نیست چون بنت العنب + صاحبی زنگیو نہ گرانگور را خواہم رواست **محسن تاثیر** - بستگی نماندہ چنانم کہ بعد ازین + ننگ آیدم کہ جامۂ تن صاحبی کنم +

صافی - صاف و بے غش و بے کدورت ع الا یا ایہا الساقی کرم کن + مے صافی بدہ صافی دلان را +

صابری - تخلص ایک شاعر کا اور نام ایک خاندان فقرا سلسلہ چشت کا جو خواجہ علی احمد صابر کے ساتھ منسوب ہی -

صابونی - ایک قسم کی شیرینی کا نام ہی جو کھانڈ کی بنائی جاتی ہے کمال اسمٰعیل - صابونی ست صحن زمین لب بلب ز برف + شکاورد قند مصری بازارگان برف

صاد با بائے

صبا - مشرق کے سمت کی ہوا اور نام ایک نغمہ کا موسیقی سے بعض کے نزدیک مطلق ہوا بعض کے نزدیک باد خزان **نظامی** - صبا بلبلان را دریدہ دہل + زنامحرمان روے پوشیدہ گل +

صب - پانی کا گرنا در گرایا جانا اور عاشق -

صبب - زمین نشیب اور عاشق ہونا -

صباحت - خوبروئی و سفیدی رنگ انسان کے مقابل ملاحت کی ع زہے ملاحت حسنش بخلق شور انگیز + خے صباحت چہرہ چو صبح نور افشان +

صبوح - بفتح اول وہ پیالہ شراب کا جو علی الصباح پیا جائے **توحید** - در امید بمفتاح لطف تو مفتوح + کشادہ از تو بروی زمانہ باب فتوح +

جهان لشغل تو شاغل همیشه ای قدوس + زمانه ذاکر تسبیح تست یا سبوح
دوباره تا القیامت نیا مداندر هوش + هر آنکه گشت بعشق تو مست
جام صبوح +
صبیح - خوبرو سفید چهره مقابل ملیح جسکے معنی سبزه رنگ کے هین
توحید - ز نور ذات تو ظاهر ظهور سایه و نور + نمود قدرت تو جلوهٔ
ملیح و صبیح +
صبلح - صبح کا وقت فجر کا وقت توحید - طالب دیدار از انقلاب روز و
شب + مینماید چهره آن دلدار هر شام و صباح +
صباح - تبشدید باے موحده صاحب حسن وخوبی اور شعلهٔ قندیل
کا اور نام ایک ملحد مکار کا جسکو حسن صباح کہتے تھے ملحدیه مذهب
کا بانی مبانی وهی تھا جسکا حال تاریخ مین درج ہی -
صبح - صبح کا وقت - فجر کا وقت محمد قلی سلیم - از امیدے که
شب بوصلم بود + دست شستم بآفتابهٔ صبح +
صبر - شکیب اور تحمل وقت مصیبت کے ایک امر پر ٹھہرے رہنا -
بیقراری نکرنا - حافظ - ہاتف آنروز بمن مژده این دولت داد + که بران
جور و جفا صبر و ثباتم دادند +
صبر - بفتح اول وکسر ثانی ایک تلخ دوا کا نام ہی اور وه عصارہ ایک
درخت کا ہی جسکو ہندی مین ایلوا کہتے ہین - یه لفظ بکسر اول وسکون
ثانی مشهور ہی سعدی - در واکه طبیب صبر میفرماید + وین نفس خبیث
را شکر مے باید +
صبار - بہت سا صبر کرنے والا ٹھہرنیوالا - ؎ خدا آسان کند
هر کار مشکل + اگر باشند بسختی بنده صبار +
صبور - صبر کرنے والا - ٹھہرنے والا حافظ - ایدل صبور باش که در
راه عاشقی + هر کس که جان نداد بجانان نمی رسد +
صباغ - رنگ کرنیوالا - رنگ ریز توحید - بهر زمان و بهر موقع و
بهر موسم + برنگ تازه دهد رنگ باغ را صباغ
صبغ - رنگ سرخ - زرد وغیره -
صبیان - بچے اور خرد سال لڑکے ؎ کجا زیبد که هر پیر نود سال +
بود سرگرم بازی مثل صبیان +
صبیه - دختر لڑکی -
صبغة الله - خدا کا رنگ - قدرتی رنگ آیت لفشریه
صبغة الله ومن احسن من الله صبغة
صبره - سا انبار غله کا جو ابھی وزن نکیا ہو

صبوری - صبر کرنا - ٹھہرے رہنا - مؤلف بهر کار واجب صبوری
بود + که این کار رکار ضروری بود +
صبوحی - صبح کی شراب -
صبی - وه بچه جو دوده چھوڑ چکا ہو -

	صاد با حاے حطی	

صحنا - نام ایک قسم کی نان خورش کا ہی جو مصر مین مچھلی کے گوشت
سے بناتے ہین صحنات بھی اسکو کہتے ہین -
صحاب - بکسر اول جمع صاحب کی بہت سی صاحب و مالک +
صحب - بفتح اول جمع صاحب کی اور اصحاب جمع الجمع ہی -
صحابت - یار ہونا - یاری کرنا - مدد کرنا -
صحت - بتشدید حاے صحیح ہونا - سالم ہونا - تندرست ہونا کامل ہونا
نظیری نیشاپوری - تا سایهٔ خامسات بجرم افتاد + روح القلم
از صحیفه برداشت سواد + مجموعهٔ دوستان زمن بود سقیم + اعجاز
سر کلک توام صحت داد +
صحبت - دوست ہونا - ہمنشین ہونا صائب - در عالم خیال ترا
یار کرده ایم + صحبت اگر برار شود کار کرده ایم +
صح - صحیح وکامل وتندرست -
صحلح - بفتح اول تندرستی وبے عیبی
صحاح - بکسر اول جمع صحیح بہت سے تندرست وکامل وبے عیب -
صحیح - کامل - پورا بے عیب - تندرست توحید - بذکر خیر تو
جاری ست هر زبان فصیح + بهر لب ست ز اوصاف خوبیت تشریح +
یکے بذکر تو تهلیل بر زبان دارد + دگر بشوق تو خواند ز لوح دل تسبیح + کند
چه چارهٔ دل دردمند عشقت را + که خود بدرد محبت مریض هست
مسیح + زبان اهل دلان وقت ذکر وفکر کنند + بیان شمهٔ اوصاف
تو صحیح صحیح +
صحّاف - جلدگر اور کتاب فروش -
صحاف - بکسر اول وفتح ثانی کاسه ہاے بزرگ یعنی بڑے پیالے
چوڑے پیالے اور جس جگه پر پانی جمع رہے -
صحف وصحُف - جمع صحیفه بہت سی کتابین اور صحیفے مگر فارسی مین
بسکون حاے مستعمل ہی - نظامی - که از صحف پیشینیان درس گیر +
صحائف - بہت سی کتابین -
صحنک - بفتح اول رکابی اور چھوٹا طبق جو مشهور ہی ناصر علی سرہندی بدخشانی
سبے مغز قشریان که هم معتقد اشدند + چون صحنک ملائی مینی تمام شدند +

صحن - گھر کا آنگن اور ہموار زمین اور بڑا طشت جسمین طرح طرح کے کھانے رکھے جائین نظام دست غیب ہجو مین - تا تو گردی بخور دلش آہنگ + رنگ بر روے صحن آش شکست +

صحو - ہشیار رہنا ہوش مین آنا مستی کے عالم سے نکلنا دور ہونا آسمان سے ابر وگرد وغبار کا مطلع صاف ہونا -

صحیفہ - کتاب ورسالہ -

صحابہ - دوست لوگ اور دوستی کرنا -

صحاری - جمع صحرا ہے جنگل حافظ - جنونی کو کہ از قید خرد بیرون کشم پارا + کنم زنجیر پاے خویشتن دامان صحرا را +

صاد با خاے

صخرہ صما - یہ ایک پتھر کا نام ہی جو ہوا مین معلق ہی بیت المقدس مین ایک بار ایک حاملہ عورت نے اسکو دیکھا اور خوف سے حمل سکا گر گیا اسواسطے مجاوران بیت المقدس نے اسکے نیچے دیوار قائم کردی مگر وہ دیوار پتھر تک نہین پہونچائی گئی -

صخب - شور وغوغا وفریاد اور زجر کرنا -

صخرہ - یہ ایک دیو کا نام ہی جو نہایت بدصورت ہی اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری اُسنے چرائی تھی -

صخریہ - سنگستان پتھریلی زمین -

صاد با دال

صدا - وہ آواز جو گنبد اور پہاڑ اور کنوین مین اپنی آواز کے مطابق نکلتی ہی اور مطلق آواز مخلص کاشی - بلبلم را بے وصال گل دماغ نغمہ نیست - یا رتا بر خاست از مجلس صدائی ما نشست +

صدارت - بالانشینی اور نام ایک منصب کا ہی جو وزارت کے قریب ہی اور شروع کرنا وابتدا کرنا - پیش پہونچانا - چڑھانا - بلند کرنا -

صدی ذات - نام ایک منصب کا ہی کہ صاحب منصب کے دولکھ دام مقرر ہوتے ہین چونکہ ایک روپیہ کے چالیس دام ہوتے ہین پس دولکھ دام کے پانچہزار روپیہ ہوتے ہین -

صداقت - راستی - سچائی - صدق دیقین -

صدقت - صدقہ جو درویش فقیر کو دیا جاے حیرات میر نجات اصفہانی - من نہ آنم کہ تلافی نکنم باز ترا + صدقت میشوم وگرد سرت میگردم +

صدد - بفتحتین نزدیکی ومقابلہ وبرابری اور ارادہ کرنا اور در پے ہونا کسی چیز کے

صدر خجند - ایک ولی کا نام ہی جو شہر خجند مین قیام پذیر تھا اور اسکا نام صدر الدین المشہور صدر تھا -

صدید - زرد آب اور ریم جو کسی زخم اور دمل سے نکلے

صد - مشہور عدد ہی جسکو عربی مائۃ اور ہندی مین سو کہتے ہین - توحید - نہ نیک ماند سلامت زدست مرگ نہ بد + نہ جن نہ آدمی ودحش وطیر دام نہ دد + نہ والیان ولایت نہ مالکان مکان + نہ اہل دولت وحشمت نہ صاحب مسند + بغیر ذات جناب صد بوقت حساب + بود بہر بقا یا نہ صد ہزار نہ صد + +

صدر - سینہ اور دل اور درجہ اور سر کا اور بلندی وبالانشین وامیر صاحب منصب پھرنا اور نکلنا کسی جگہ سے -

صدور - جمع صدر ہے سے سینے اور بالانشین اور نکلنا کسی جگہ سے

صداع - درد سر جو مشہور بیماری ہی ماخوذ صدع سے جسکے معنے شگافتن یعنی پھاڑ نیکے ہین - باقر کاشی - صداعم میدہد ناصح خمارم میکشد ساقی + بگو بہر خدا زین خانہ درد سر برد بیرون +

صدغ - وہ جگہ جو گوشۂ ابرو اور کان کے درمیان ہی حقیقۃ بھی اسکو کہتے اور پیچیدہ بال لٹکتے ہوے -

صدف - نام ایک قسم کے چھوٹے پیالے کا جسمین شراب پیتے ہین اور نام اُن تین ستارون کا جو بشکل مثلث قطب شمالی کے دو پیچ ہین اور سیپ جس سے موتی نکلتے ہین میرزا بیدل - بالبست لبسکہ درست آمدہ پیمان صدف + شور در بحر فگندہ است نمکدان صدف +

صدق - راستی وراست گوئی سچ بولنا مقابل کذب کے مدحیہ از مولف جامع - صدق وصفا صدیق بود + رہنماے منزل تحقیق بود

صداق - کابین یعنی عورتکا حق مہر جو نکاح کے وقت مقرر ہو -

صدیق - بتشدید دال نہایت راستگو سچ بولنے والا اور لقب حضرت ابوبکرؓ پہلے جانشین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اسواسطے کہ انھون نے سب سے اول حضرتؐ کی نبوت کی تصدیق کی اور معراج کو مانلیا مدحیہ از مولف - راستگو صدیقؓ یار غار بود + مرد میدان قاتل کفار بود +

صدیق - بہ تخفیف دال دوست یار - پیارا +

صدبرگ - نام ایک پھول کا ہی جسکو ہندی مین گیندا کہتے ہین زرد رنگ تاثیر محسن تاثیر - چون شد شگوفہ صدبرگ دیگر ثمر نہ بخشد + اثر اِلہ زر بود بخیل دا دودہش نباشد +

صدرہ - سینہ پوش وسینہ بند ونیم تنہ جسکو صدری کہتے ہین -

صدغہ - نرم جگہ درمیان گوشۂ ابرو اور کان کے لہونکو صدغین کہتے ہین

صد وچاردہ - ایکسو چودہ سورتین قرآن کی -

صدمہ - ایک دفعہ کھڑکانا - ٹھوکنا ضرب دینا - آسیب پہونچانا

میر خسرو - در غضبش صدمہ بعالم تند بمشرق و مغرب ہمہ برہم زند +
صدقہ - جو خدا کیواسطے فقیر کو دین اور خیرات جو محتاج لیتے ہین
صدقۂ جاریہ - وہ خیرات جو ہمیشہ جاری رہے مثلاً تعمیر مسجد و تالاب و پل صراط و تصنیف کتب وغیرہ -

صاد با رائے

صرافت - پرکھنا - خالص ہونا اور پھیرنا -
صرامت - دلاوری و چالاکی اور قطع کرنا کاٹنا اور بزرگی
صرح - بفتح اول بلند عمارت و محل عالیشان اور ظاہر کرنا -
صرح - بفتحتین خلاصہ ہر چیز کا اور ہر چیز جو خالص ہو -
صریح - ظاہر و آشکار اسب - کے رو برو - **توحید** زدیدہ دور اگر پردہ دوئی گردد + نظر تو آئی زہر جلوہ حجاب صریح -
صراح - ہر چیز خالص اور خلاصہ اور نام ایک کتاب کا لغت مین -
صرد - نام ایک مرغ کا ہی جسکا سر بڑا ہوتا ہی اور چڑیا کا شکار کرتا ہی - فارسی مین اسکو کاک اور ہندی مین لٹورا کہتے ہین -
صریر - قلم کی آواز جو لکھنے کے وقت نکلتی ہی اور بلخ کی آواز اور جوتے کی آواز جو چلنے مین نکلتی ہی اور دروازے کی جو کھولنے باندھنے مین نکلتی ہی
آرزو - گل رسوائی انجا بوئے یوسف در بغل دارد - صریر پاک جیب ما نسیم پیرہن دارد +
صرصر - تند ہوا اور اندھیری جو چلتی ہی -
صراط - سیدھا راستہ اور نام اس پل کا جو بہشت اور دوزخ کے درمیان ہوگی تلوار سے تیز اور بال سے باریک
صرع - زمین پر پٹک دینا اور نام ایک بیماری کا جسکو ہندی مین مرگی کہتے ہین چونکہ مرگی کا بیمار جوش بیماری مین زمین پر گر کر تڑپتا ہی اسواسطے اس بیماری کا نام صرع رکھا گیا -
صرف - بکسر اول ہر چیز خالص و شراب خالص و شیر خالص جسمین پانی نہ ملا ہو **صائب** - می ممزوج را از صرف بہتر میتوان خوردن + زبا دار چشم باشد فیض لعل آبدار او -
صرف - پرکھنا چاندی سونے کا اور گردان دینا - پھیر دینا - گردش دینا چرخ دینا - اور حیلہ اور حادثہ و گردش زمانہ اور الٹنا کسی چیز کا اور نام ایک علم کا جسکو علم صرف کہتے ہین -
صروف - حوادث یعنی ناگہانی مصیبتین -
صراف - پرکھنے والا - روپیہ پیسے کا -
صرم - معرب چرم یعنی چمڑا اور کاٹنا - قطع کرنا -

صریمہ - ارادہ کرنا - قطع کرنا - کسی کام کا
صرخہ - بہ خائے معجمہ فریاد و فغان اور بلند آواز -
صرہ - ہمیان جسمین روپیہ رکھتے ہین تھیلی روپیہ کی
صرفہ - بہ فائے معجمہ نام ایک روشن ستارے کا ہی اور وہ بارھوین منزل ہی منازل قمر سے و بمعنی بخل و تنگی خرچ ضروری ہین و فائدہ و نفع و مکر و حیلہ و افزونی
صرعی - مرگی کا بیمار -
صراحی - مشہور برتن ہی جسمین شراب رکھتے ہین کیونکہ صراح شراب خالص کو کہتے ہین **حافظ** - درین زمانہ رفیقے کہ خالی از خلل است - صراحی مے ناب و سفینۂ غزل ست +

صاد با عین

صعب - سخت و دشوار و سرکش -
صعاب - بکسر اول جمع صعب دشوار ہا -
صعوبت - دشواری و سختی -
صعید - خاک و روئے زمین اور نام ایک شہر کا -
صعود - بفتحتین اوپر چڑھنا - بلندی پر جانا -
صعود - بفتح اول اوپر کو چلنے والا - بلندی پر چڑھنے والا اور بلندی مقابل ہبوط -
صعلوک - فقیر درویش سیاح **سعدی** ہمی و چند صعلوک صحرا نورد + بر فتیم قاصد بدیدار مرد +
صعقہ - بیہوشی و بے خبری -
صعوہ - نام ایک مرغ کا جو چڑیا کے برابر ہوتا ہی سینہ اسکا سرخ ہندی مین اسکو ممولا کہتے ہین -
صعدہ - گورخر جو مشہور جانور ہی -

صاد با عین

صغیر - کوچک و خرد یعنی چھوٹا **توحید** - صغیر مانند سلامت درین جہان نہ کبیر + نہ تنگدست نہ مفلس نہ بادشاہ نہ وزیر + بغیر حسرت و افسوس و رنج و درد و الم + امیر پردز دنبلے بے بقا نہ فقیر +
صغر - خردی و کوچکی و چھوٹاپن -
صغار - خواری و ظلم - چھوٹاپن اور خردسالی جمع صغیر و صغرائے چنانچہ کبار جمع کبیر **توحید** - ستو چہرہ روشن زہر طرف ولدار + کہ زخانہ کہ کوچہ دگہ از بازار + نہان ست نور ظہورش بچہرہ - مہ و خورشید عیان ست جلوہ بخشش زہر صغار و کبار +
صغرسن - خردسال - بچہ - لڑکا -

صغرای ۔ چھوٹی عورت ۔ چھوٹی عمر کی لڑکی

صاد با فاے

صفا ۔ پاک وغش وبے کدورت ہونا اور نام ایک پہاڑی کا مکہ معظمہ مین اور ایک پہاڑی ہی جسکو مروہ کہتے ہین اور حاجی دونون پہاڑون کے فاصلہ مین جو قریب دو سو قدم کے ہی دوڑتے ہین **مؤلف** مید ہد از پردۂ دل جلوۂ حسن ردے تو مطالب دیدار ترا باشد گر آئینہ صفا **صائب** بصد خون جگر دل را صفا داد م ندانستم + کہ چون آئینہ روشن شد بروشنگر نمے ماند +

صفرا ۔ انسانی جسم کی چار خلطون مین سے ایک خلط زرد رنگ ہی فارسی مین اسکو تلخہ ہندی مین پت کہتے ہین چارون اخلاط مین سے اول خون گرم تر سرخ دوسرے بلغم سرد تر سفید تیسرے صفرا گرم خشک زرد چوتھے سودا سرد خشک سیاہ او صفرا ایک چیز زرد رنگ کو کہتے ہین اور کمان جس سے تیر چلاتے ہین ۔

صفورا ۔ نام دختر شعیب علیہ السلام جو موسیٰ علیہ السلام کے نکاح مین تھی

صُفُوت ۔ برگزیدہ کرنا ۔ خلاصہ کرنا ۔ صاف ہونا ۔ صفا ہونا ۔ صوفی ہونا

صُفُوت ۔ زردی رنگ کی ۔

صِفت ۔ بیان کرنا حال وعلامت ونشان کسی چیز کا تعریف کرنا صفت اور وصف مین یہ فرق ہی کہ وصف مدح کے کلمات مدح کو کہتے ہین اور صفت وخصائل جو ممدوح کی ذات مین ہون **نظامی** ضمیرم نہ زن بلکہ آتش زن ست + کہ مریم صفت بکر آبستن ست +

صفات ۔ جمع صفت بہت سی صفتین فارسی مین کبھی یہ لفظ مفرد کے معنی بھی دیتا ہی **سالک قزوینی** ۔ یک صفات ست کہ موصوف بچندین صفت ست + بیچوراہی کہ جدا گشتہ از او راہی چند +

صَفح ۔ گناہ معاف کرنا ۔ کسی کی خطا سے درگذر کرنا ۔

صفائح جمع صفحہ تختی پتھر یا کاغذ کی جسپر کچھ لکھا جانا مقصود ہو ۔

صفدر ۔ بہادر پہلوان صفین پھاڑنے والا لقب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا اور فی زمانناد وہ شاعر خوش گو خوش کلام ایک رام پور مین پیدا لاہور مین جسکا تخلص فوقانی ہی وکالت کے عہدہ پر سرفراز ہی

صفا ۔ وہ بادشاہ جو پہلے رو مین برتن بنا تا تھا ۔

صِفر بکسر اول تہی یعنی خالی اور خالی ہونا ۔

صَفَر بفتحتین نام دوسرے مہینے قمری کا ۔

صُفر ۔ زردی رنگ کی

صفیر ۔ جانورون کی آواز اور آواز بلبل کی **حافظ** از کنگرۂ عرش میزنند صفیر + ندانمت کہ درین دامگہ چہ افتاد ست +

صفع ۔ سیلی زدن ۔ طمانچہ مارنا ۔

صفصاف ۔ بید کا درخت

صفصف ۔ میدان اور ہموار زمین ۔

صف ۔ قطار وحلقہ **سعدی** ۔ بگذار کہ بندہ کمینم + تا در صف بندگان نشینم +

صفوف ۔ صف کی جمع ہی بہت سی صفین ۔

صفیق ۔ سخت چمڑا اور کپڑا جو موٹا اور تنگ بنا ہوا ہو اور بیحیا اور بے شرم چہرہ ۔

صفاق ۔ وہ پوست جو گردون اور رودون اور احشا پر ہو ۔

صف نعال ۔ جوتیون کی جگہ ۔ بے عزت مکان ۔

صفاہان ۔ مشہور شہر ہی جسکو صفہان وسپاہان واسپہان کہتے ہین اور نام پردہ کا علم موسیقی مین **سعدی** ۔ از در سپاہان بیکسیار بود + کہ جنگ آور و مرد پیکار بود +

صفوان ۔ پتھر جو ہموار ہو اور نام ایک شخص کا منافقون سے جسنے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو بہ بدی منسوب کیا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم بھی بسبب بشریت مکدر خاطر ہوئے آخر جبریل آئے اور قرآن اترا اور عائشہ صدیقہ کی عصمت کی گواہی خدا وند جل وعلا نے دی اور یہ بھی تصدیق ہو گیا کہ صفوان نامرد زادہ حیز ہی ۔

صفہ ۔ بضم اول تشدید دوم گھر کا ایوان اور دالان ۔

صفوہ ۔ بہر سہ حرکات حرف اول خلاصہ ۔

صَفقہ ۔ ایک بار کسی کے ہاتھ پر ہاتھ رکھنا واسطے بیعت واستحکام عہد کے یا کسی بیع وشرا کے ۔

صِفیہ ۔ نام ایک پاکدامن بی بی کا از ازواج مطہرات رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم سے ۔

صفویہ ۔ شاہان پارس وایران کے بادشاہون کے خاندان کا نام ہی منسوب بشاہ صفی جو سید تھا اور فقیر اسکی اولاد کو خدا نے بادشاہی بخشی اور شاہ اسماعیل اسکا پوتا بڑا بادشاہ ہوا مذہب شیعہ رکھتا تھا ۔

صفی ۔ برگزیدہ اور دوست خالص اور لقب حضرت آدم علیہ السلام کا ۔

صفوی ۔ خاندان صفویہ کے لوگ ۔

صفراوی جو بیماری صفرا سے پیدا ہو ۔

صاد با قاف

صِقالت ۔ بکسر اول صیقل کرنا ۔ چمکانا ۔

صقر - ہر ایک مرغ جو شکاری ہو اور چرغ جو ایک شکاری مرغ ہی
صِقال - صیقل کرنے والا - صفائی دینے والا - اور مہرہ کش جو کاغذ کو گھوٹتا ہی -
صقال - بروزن وصال صفائی تلوار اور آئینہ کی -
صقیل - ہر ایک چیز جو صفا ہو عکس ہو زنگار اُسکا اتر چکا ہو -

صاد با کاف

صک - معرب چک ٹھونکنا - مارنا - اور کاغذ قبالہ کا دنالہ و فریاد
صکاک - قبالہ نویس جو قبالجات بیع و رہن و تمسکات کے لکھنے کے واسطے قضا خانہ مین مقرر ہوتا تھا -

صاد با لام

صلا - بفتح اول وہ آواز جسکے ذریعہ سے کسی کو بلایا جائے **حافظ** صلاح از من چہ میپرسی کہ زندان را صلا گفتم + بدور نرگس مستت سلامت را دعا گفتم - **مولانا جامی** - شد از سبوحیان گردون صلا دہ + کہ سبحان الذی اسری بعبدہ +
صلحا - صالح لوگ - نیکوکار لوگ - اچھے لوگ +
صلا - بکسر اول بزبان - بھونا ہوا -
صلب - بفتح اول سولی پر چڑھانا - پھانسی دینا -
صلب - بضم اول پشت اور پشت کے مہرے جو گردن سے کمر تک قادر قدرت نے بنائے ہین -
صلیب - دار یعنی سولی جسکی یہ شکل + ہی اور عیسائی اس بات کے خیال پر کہ عیسی علیہ السلام سولی پر چڑھائے گئے تھے - اس شکل کی بڑی تعظیم کرتے ہین ہر ایک عیسائی لکڑی یا لوہے یا چاندی یا سونے کی صلیب بنا کر گلے مین لٹکاتا ہی ہر ایک عبادت گاہ کے گنبد و مینار کے سر پر صلیب کی شکل قائم کیجاتی ہی یہ عیسائیون کا خیال ہی ورنہ عیسی زندہ آسمان پر گئے اور طرطوس بشکل عیسی کا سولی دیا گیا تھا توحید خدا است آنکہ مرا در اخلاص خود خوانند + یہود و مسلم آتش پرست و اہل صلیب
صَلّت - بفتح و ضم اول و تشدید لام کشادہ پیشانی اور ہر ایک چیز ظاہر اور سخاوت و انعام عطا -
صلات - بکسر اول عطیات و انعامات -
صلاحیت - نیکی و خوبی و نیکوکاری -
صلوات - بہر سہ حرکات فتح اور فارسی مین بسکون جمع صلوۃ درود اور رحمت - **امتیاز خان خالص** - تفسیر سر صد الکہف رسد ز غیب + صلوات بر محمد و آل محمد ست -

صَلابت - سخت ہونا اور سختی -
صلوۃ - دعا و آمرزش و رحمت و نماز بندہ کی طرف سے دعا اور خدا کی طرف سے رحمت اور آمرزش اور درود پیغمبر خدا پر اور فرشتون پر **مؤلف** بوقت اے مسلمان ادا کن صلوۃ + کہ بر تو کند رحمت حق نزول +
صَلاح - آشتی و صلح نیکی و خوبی و مصلحت **حافظ** - صلاح کار کجا و من خراب کجا + ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا +
صلح - مشہور لفظ ہی مقابل فساد کے - **ملا وحی** - صفائے روئے عرقناک یار [illegible] نازم + کہ صلح داد بہم آفتاب و شبنم ہا +
صلد - سخت اور صاف -
صلع - نام بیماری جو سر پر ہوتی ہی فارسی مین کل اور ہندی مین اسکا نام گنج ہی اور بیمار کو گنجا بولتے ہین [illegible] اصلع
صلیغ - اخیر مین غین معجمہ اور بکری چھ برس کی عمر کی **ملا طغرا** خدا گفت پیغمبری کن بہ تیغ - کند دشمن خود بہ تن خود صلیغ -
صلف - لاف مارنا - بڑائی کرنا -
صلصل - بروزن بلبل فاختہ جو ایک پرند مشہور ہی -
صلصال - مٹی باریک آمیختہ اور خشک خام مٹی جسپر انگلی لگائین تو آواز دیوے -
صلیل - تلوار کی ضرب کی آواز -
صلاصل - جمع صلصل کی بہت سی فاختہ اور بال گھوڑے کی پیشانی کے اور قدح -
صلصلہ - بفتح ہر دو صاد آواز زنجیر اور لوہے اور گھڑیال کی -
صلبیہ - نام ایک پردے کا آنکھ کے سات پردون سے جو سب پردون کے اندر ہی -
صلایہ - پتھر کا کھرل جسمین دارو پیسین -
صلہ - انعام و عطا بخشش و پیوند و خویشی و رشتہ داری -
صلاوہ - چکی کے دونون پتھرون مین سے نیچے کا پتھر -
صلیبی - عیسائی قوم صلیب پرست -

صاد با میم

صما - عورت بدخو ٹیڑھی لکڑی بدخو عورت اور خاموشی یعنی چپ -
صموت - خاموش ہونا - چپ ہونا -
صمدیت - بزرگی اور بے نیازی اور پاک ہونا عادات و حاجات حیوانی سے **شعر** - ذکر اللہ الصمد کن از زبان + تا ترا باشد صمدیت بیان -
صماخ - بکسر اول سوراخ گوش کان کا سوراخ +

صمد - ہر حاجت سے بے نیاز و بلند و دائم اور وہ شخص جو کبھی تشنہ و گرسنہ نہو سب کا حاجت روا - **توحید** - خداست واحد و یکتا و بے مثال واحد + خداست ذات صمد لم یلد و لم یولد + ز رنگ احمر و اخضر عیان شد آن رنگین + نمود جلوہ گہہ از ابیض و لہ از اسود +

صماد - بفتح اول جو چیز اندر سے پولی ہو -

صمغ - بفتح اول جو گوند درختون سے نکلتا ہی فارسی مین اسکو ژد کہتے ہین

صماد - بکسر اول بلند مقام اور زمین سخت جمع صمد بسکون میم -

صمیم - خالص و مغز ہر چیز کا اور ہڈیون بدن کی اور شدت سردی اور گرمی کی اور خشک چمڑا جو انڈے کے اوپر ہوتا ہی اور وہ شخص جو بہرا ہوا **عرفی** - نواے مرثیہ شام و شادیانہ عید + کنغا دی از اثر انبساط گوشش صمیم +

صمصام - شمشیر یعنی تلوار نعتیہ از مؤلف نوش کرد از غصہ خون دشمنان + در غزاے بدر صمصام نبی +

صمیم کہنا - بہرا ہونا -

صم بکم - بہرے اور گونگے جنہین سننے اور بولنے کی طاقت نہو -

صاد با نون

صنعا - یمن کے ملک مین ایک قصبے کا نام ہی -

صناعت - پیشہ اور کسب اور کام -

صنعت - پیشہ اور ہنر اور کسب اور کام **توحید** - تو جلوہ میدہی اے صانع اکبر زہر صنعت + تو ظاہر میشوی اے کاتب قدرت زہر صورت + توئی اول توئی آخر توئی ظاہر توئی باطن + توئی ناظر بہر جلوت توئی حاضر بہر خلوت **حافظ** - حدیث عشق ز حافظ شنو نہ از واعظ + اگرچہ صنعت بسیار در عبارت کرد +

صنج - معرب جھانجھ ایک ساز کا نام ہی -

صنادید - جمع صندید مہتران و بزرگان -

صنوبر - ایک درخت کا نام ہی جسکو ہند مین چیر کہتے ہین **مؤلف** گل خجل از جلوہ حسن رخت + از قدت سرو و صنوبر شرمسار +

صنع - کام کرنا - پیدا کرنا - نیکی کرنا -

صنف - ایک قسم اقسام اور ایک نوع انواع سے و اقسام نوع انسان جیسا چینی و ہندی و رومی و روسی و حبشی و فرنگی اور گھوڑے ترکی و تازی وغیرہ -

صنوف - جمع صنف -

صندوق - اشیا رکھنے کا ظرف -

صنادیق - جمع صندوق -

صندل - مشہور خوشبو لکڑی ہی **رضی دانش** معبد ہائے برہمنان گوشہ می خانہ است + جبین صندل ز چوب تاک ہالیدن خوش ست

صنم - بت مٹی کا ہو یا پتھر کا اور کنایۃً خوبصورت معشوق **عبداللطیف خان تنہا** - ز رشک طوطی خطِ صنم ہند و نژاد من + خزان رنگ بہار گلشن کشمیر میریزد +

صنعان - بفتح اول نام ایک بزرگ کا جسکا سات سو مرید تھا خواجہ فرید الدین عطار بھی اسی کا مرید تھا اسنے غرور مین آکر حضرت غوث الاعظم کی نسبت بے ادبی کی غیرت الٰہی اسکے دامنگیر حال ہو گئی اور ایک فرنگی لڑکی پر عاشق ہو گیا چند ماہ اسکے خوک چرائے تب عورت کے ماباپ شادی پر راضی ہوے شادی کے روز جب خوک کے گوشت کے کباب روبرو آئے اور شیخ کھانے پر مستعد ہوے تو شیخ فرید بہت گھبرائے اور بعالم باطن غوث الاعظم کی جناب مین فریاد کی حضرت اسوقت عشا کا وضو کر رہے تھے چلو پانی کے دیوار پر پھینکے وہ جا کر شیخ کے منہ پر پڑے اور آنکھ کھل گئی فی الفور توبہ کی **ملا سالک یزدی** - بگسلانم سبحہ و زنار نہندم بر میان + عشق ترسا خواہم صنعانم کنند +

صنعان - بضم اول گندہ بغل و بدبوی بغل -

صنوان - کھجور کے چند درخت جو ایک بیخ سے نکلے ہون اور دو نہرین جو ایک چشمے سے جاری ہوئی ہون اور چند برادر جو ایک ماباپ سے پیدا ہوے ہون -

صندلی - امرا کے بیٹھنے کی چوکی جو صندل کی لکڑی سے بنائی جاتی ہی **عبداللہ ہاتفی** - سپہدیان مرضع کمر + نشستند بر صندلیہاے زر - **ظہوری** - براے نشست صغار و کبار + ہمہ صندلیہاے صندل قطار +

صاد با واو

صوب - جانب و طرف و راستی اور سید ہا راستہ -

صواب - نیکی اور نیک کام جو کیا جاے **سید حسن اشرفی** صواب ست با او شدن سوی گل + اگر چند گوید بسے ناصواب +

صوت - آواز - اصوات اسکی جمع **حافظ** - از ان زمان کہ بجا قد رسید صوت عجیب + فضاے سینۂ شوقم ہنوز پر ز صداست +

صورت - شکل و نقش و پیکر اور ظاہر مقابل معنی کے **میر نجات** بنما بچو آب در گہہر + معنی دلبری ز صورت تو **حسینی** - من چو دیدم صورتت رفتم ز دست + دیگران را تا چہ صورت رو دہد

صولت - رعب و ہیبت و تکبر **ظہوری** - آنچہ نیکال افگند عنبر از ان ماہی ست

ازوزر آتش بکلک صولت خنجر شکست۔

صور۔ نام خ حیوان کی جسکو پھونکتے ہین تو وہ بڑی آواز دیتی ہی اور اسی کو اسرافیل قیامت کے روز پہلے پھونکیگا تو عالم موجودات فنا ہوجائیگا دوسری بار پھونکیگا تو سب کچھ موجود ہوجائیگا اوران دونون نفخون مین چالیس سال کا فاصلہ ہوگا ؎ چو آن ہر دو لشکر بمیدان رسید + سرافیل صور قیامت دمید +

صوامع۔ جمع صومعہ بہت سے عبادت گاہ۔

صوارف۔ زمانے کی گردشین اور حادثے۔

صوات۔ گاے اور گھوڑے اور اونٹ۔

صوف۔ پشم حیوانون کی اور ایک قسم کپڑے کی جو پشم سے بنایا جاتا ہی۔

صواعق۔ جمع صاعقہ بجلی کی آگ جو ابر سے زمین پر گرے۔

صوارم۔ تیز تلوارین۔

صوم مریم۔ روزہ بی بی مریم کا یعنی تمام دن خاموش رہنا اور کسی سے کلام نکرنا

صولجان۔ چوگان ہاتھ کی چھڑی جسکا سر ٹیڑھا ہو یہ لفظ معرب چوگان ہی

صون۔ نگہبانی وحفاظت۔

صومعہ۔ عبادت گاہ۔

صوفیہ۔ نام ایک کپڑے کا جسکو صوفی پہنتے ہین۔

صوری۔ ظاہری مقابل معنوی کے۔

صوفی۔ پشمینہ پوش درویش خداپرست جاہلیت کے وقت بھی قبل از اسلام اہل فرقہ مکہ مین صوفہ کہلاتا تھا جو مجرد رہتے تھے کعبہ کی جاروب کشی اُنکے متعلق تھی اور جو شخص کعبہ مین آتا اُسکی خدمت وہ بلا اجرت کرتے کسی سے کچھ نہ لیتے اور وہ شخص جو صاحب صفائی ہو حافظ صوفی بیا کہ آئینہ صاف است جام را + تا بنگری صفائی مئی لعل فام را +

صاد با ہاے ہوز

صہبا۔ شراب خالص سید حسین خالص۔ در باغ چون بیاد تو صہبا زدیم ما + گل را چو پنبہ بر سر مینا زدیم ما +

صہیب۔ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحاب کا نام ہی جو روم سے آکر مسلمان ہوے نہایت فصیح وشیرین کلام تھے۔

صہوبت۔ یہ ایک رنگ ہی جو سرخ رنگ سرب دھات کا بنایا جاتا ہی

صہریج۔ پانی کی آواز جو بوقت داخل ہونے حوض سے نکلتی ہی

صہر۔ خسر عورت کے واسطے خاوند کا باپ اور مرد کے واسطے عورت کا باپ اور بہن کا شوہر جسکو بہنوئی کہتے ہین۔

صہیل۔ گھوڑے کی آواز۔

صہوہ۔ گھوڑے کا پٹھا

صہہ۔ اسم فعل ہی خاموش باش چپ کر۔

صاد با یاے

صیت۔ آوازہ نیک وذکر خیر سعدی چو صیتش در افواہ دنیا فتاد + تزلزل در ایوان کسرے فتاد +

صیانت۔ نگہ رکھنا نگہبانی کرنا۔

صیرورت۔ ہونا۔

صیاح۔ نوحہ اور فریاد کی آواز۔

صید۔ مشہور لفظ ہی وہ جانور جسکو شکار کرین اور شکار کرنا حافظ بلطف خلق توان کرد صید اہل نظر + بدام ودانہ نگیرند مرغ دانا را سعدی۔ چو بہر شیر سیاز افگنی + امید ست ناگہ کہ صیدے زنی۔

صیاد۔ شکار کرنے والا میرزا صائب چشم او بے مدد زلف مرا کرد اسیر + صید بے دام گرفتن ہنر صیاد است +

صیاغ۔ زرگر یعنی سنار جو سونے چاندی کے زیور بناتا ہی۔

صیف۔ گرمی کا موسم تابستان سعدی۔ عمر گرانمایہ درین صرف شد تا چہ خورم صیف وچہ پوشم شتا +

صیقل۔ دور کرنیوالا زنگ کا آئینہ اور تلوار وغیرہ سے اور وہ آلہ جس سے زنگ دور کیا جاے صائب شد ز زنگ سینہ من ناخن صیقل کبود + سعی خاکستر چہ با آئینہ تارم کند +

صیام بہت سے روزے جمع صوم کی حافظ۔ ساقی بیار بادہ کہ ماہ صیام رفت + دہ مژدہ کہ موسم ناموس نام رفت +

صیغہ۔ سونا بوتہ مین ڈالنا اور خلقت اور طریقہ اور اصل اور اصطلاح صرف مین ہیئت حاصلہ واسطے کسی کلمہ کے باعتبار تقدیم وتاخیر حروف وحرکات وسکنات کے اور بمعنی نکاح یعنی ایجاب قبول درمیان مرد اور عورت کے واسطے حلالیت زوجیت کے شفیع اثر شاہد شاہی کی تعریف مین۔ چنان ہم ہورجہاں زد نغمہ کہ بے صیغہ مرغان نگردند جفت +

صیحہ۔ سخت آواز۔ بلند آواز۔ شور وفریاد۔

صیرفی۔ روپیہ پرکھنے والا۔

صیقلی۔ وہ شخص جو ہتھیار تیز کرین۔

فصل دوسری

اُردو لغات کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل کے متعلق جسقدر اردو لغات ہیں انکا سلسلہ لغات

وغیر مکتب مین درج ہین سب فارسی کی فصل مین زیب اندراج پاچکے ہین کوئی ایسا لفظ نہین رہا جو قابل اندراج اس فصل کے ہو۔

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات کے ذکر مین

صاد با الف

صاحب امضا۔ وہ جو دستخط یعنی حضور نویس قطعہ از مؤلف
بندۂ خاکی ہمان مانند کہ بود بے بخت + گر وزیر ملک گشتی صاحب امضا شدے + جمع کردی مال و زر بیکمال نکردی در جہان + از خدا غافل شدی و طالب دنیا شدی +
صاحب جوزا۔ ستارہ عطارد کیونکہ جوزا عطارد کا گھر ہے۔
صافی کشاد۔ وہ تیر جو کمان سے صاف اور سیدھا نکلکر جائے اور نشانے پر درست پڑے
صاحب نواز۔ وہ شخص جسپر اسکے مالک کی مہربانی و عنایت ہو یا وہ شخص جو اپنے مالک کو ہر وقت اپنے خدمات سے خوش رکھے کبھی رنجیدہ ہونے نہ دے اور اپنے مالک کو سراہے اور صفت کرتا ہے
نظامی۔ پرستندۂ خوب صاحب نواز + پرستش کنان بردشہ راناز +
صادق نفس۔ راست گو۔ سچ بولنے والا سعدی چنین گفت صادق نفس + ندیدم ز تو بخت برگشتہ کس۔
صاحب فراش۔ بیمار و علیل جو بستر پر پڑا رہے اٹھ نہ سکتا ہو۔
صاف دل۔ صافی دل۔ جسکا دل صاف ہو منافق نہو مؤلف
[illegible] کدورت صاف دل دارد + مصفا از نجاست آب و گل دارد +
صابون کے بلبلے رسیدن کسی سے کسی کو صدمہ پہونچنا
طاہر وحید [illegible] کی تعریف مین ہے [illegible]
او [illegible] صابون او +
صاحب دیوان۔ صدر مسند کچہری کا افسر شفیع اثر۔ صاحب دیوان علی ابن ابی طالب کہ ہست + [illegible]
صاحبقران۔ وہ جسکے تولد کے وقت ستارون کا قران ملے ہوا ہو یعنی زحل و مشتری ایک برج مین ہون یہ لقب تیمور کا تھا جسے [illegible] کی بادشاہی کی [illegible] مشتری کا قران [illegible]
ملا [illegible]۔ [illegible] صاحب قران نرگس شہلا ظلم + ناکند [illegible] نشو و نما ظلم +
صادکردن کسی لفظ کو صحیح مان کر اسپر صحیح کا صاد لکھدینا۔ استاد
نرگس یار بحالم چہ نظر ہا کہ نکرد + معنی ونیم بر سر سخن صاد کنید
صاف گذشتن۔ کسی تنگ موقع سے جلدی کے ساتھ نکل جانا
نظام دست غیب۔ از دل سکینہ تا تیغ او بگذشت صاف + موج ہرگز اینچنین از روے دریا نگذرد +
صاحب الزمان لقب حضرت امام مہدی کا قبل از قیامت جنکا ظہور ہوگا
صلع ستان۔ زکوۃ کھانے والا خیرات لینے والا۔ فقیر مفلس محتاج
صاحب مردہ۔ جسکا مالک مرگیا ہو۔ طاہر وحید۔ ہر کرمی میرد غم او قسمت من میشود + وارثم گویا من غمہاے صاحب مردہ را +

صاد با یاے

صبح جزا۔ قیامت کلون میرزا صائب۔ نفسے کز جگر سوختہ آید بیرون + تا دم صبح جزا گرم بود بازارش +
صبح کاذب۔ پہلی صبح جو اپنا نمود دکھلا کر گم ہو جاتی ہے اور صادق شروع ہوتی ہے ع صبح کاذب از دروغ بے فروغ + ہست پیش صبح صادق شرمسار +
صبح قیامت۔ قیامت کا دن صائب۔ صبح قیامتش بود پردہ خواب در نظر + ہر کہ بخواب بیند آن نرگس فتنہ زاے را +
صبح نخست صبح نخستین۔ صبح کاذب جو پہلی صبح ہے درویش والہ ہروی
[illegible] ز رفت بسوی سحر کہ دیدہ او + نداشت بر صبح نخست [illegible] صائب
دل آگاہ ہر صبح نخستین [illegible] + [illegible] دیگر +
صبر مفتاح الفرج۔ صبر کلید خوشی کی ہے ع چون کشود کار بر صبر است و بس + صبر کن الصبر مفتاح الفرج +
صبح امید صبح مراد۔ خوشی کی صبح عیش کی صبح حسین ہروی صبح امید گشتہ ساقی بزم + قدح آفتاب سے آید حسین ہروی۔ سوے چمن شگفتہ چو صبح مراد رفت + ناموس [illegible] طوبی [illegible] +
صبح خند معشوق کی تعریف مین کبھی تلوار کی صفت مین۔ ارادت خان واضح
الہی گریہ خام شہیدان را شفق [illegible] + [illegible] صبح خندش را +
صبح چہرہ۔ محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہے ع جلوہ گر ہر بام شد چون قامت شام آن صبح چہرہ + از خجالت سوی مغرب سرنگون شد آفتاب۔
صبح حشر صبح محشر۔ روز قیامت۔ ذوقی۔ اگر بیند بشب بے پردہ آن خورشید طلعت را + ز خجلت ماہ خورتا صبح محشر دیدہ نکشاید +
صبح رخسار۔ معشوق کی تعریف مین بولتے ہین صائب صبح رخسارے
کز [illegible] + آفتاب بے میشود در گلشن ز مہتاب نظر +
صبح سیم عذار۔ صبح روشن اور نورانی میر خسرو۔ روی [illegible] صبح سیم عذار +

ساقی صبح ر دسے بادہ بیار +

صبح خیز صبح کو اُٹھنے والا۔ عبادت کرنے والا۔ **میرزا صائب** خط سبز از دعاے صبح خیزان ست گیراتر + لب میگون زخون بیگناہان ست گیراتر +

صبح رستخیز ۔ قیامت کی صبح **قاسم مشہدی** ۔ تا صبح رستخیز نخواہد شمیم او + بیدار غنچہ کہ زباد سحر شود +

صباغ الارض ۔ زمین کا رنگریز آفتاب عالمتاب۔

صبح دروغ ۔ صبح کاذب جو مشہور ہی **عبداللہ التقی** ۔ بود آنزمان تاب صبح دروغ ۔ کہ از صبح صادق نباشد فروغ +

صبح صادق صبح صداقت کیش ۔ دوسری صبح جس سے زمانہ روشن ہوے صبح صادق مرہم کا نور دارد در بغل + گر علاج زخم عصیان میکنی بیدار باش **صائب** ۔ از صفائی دل نباشد حاصلی درویش را + نان بخون تر بشود صبح صداقت کیش را +

صبح اول پہلی صبح یعنی صبح کاذب **جلالا طباطبا** شاہجہان بادشاہ کی مدح میں فروغ جبہہ صاحبقرانی است + گواہ صبح اول صبح ثانی است +

صبحدم علے الصباح صبح کا وقت **حافظ** ۔ باد صبا با گل نوخاستہ گفت ناز کم کن کہ درین باغ بسے چو تو شگفت +

صبح دوم ۔ صبح صادق یعنی دوسری صبح **صائب** ۔ پنبہ از گوش برون کن کہ باگوش سفید + دم صبحی ست کہ صبح دوم آن کفن ست +

صبح محرم ۔ عاشورہ کے دن کی صبح جو غم والم کی صبح ہی **محسن تاثیر** آنرا کہ پہلو تو اسیر گشت عجب نیست + گر صبح محرم بدمد از شب عیدش +

صبح یکم ۔ صبح کاذب جو پہلی صبح ہی بافر کاشی کہ دہی چو صبح یکم دوے شان + ہمہ آتش و دود شان روی شان +

صبح بخیر گفتن صباح الخیر زدن ۔ یہ دعائیہ کلمے ہین جو صبح کو اُٹھکر ہین صبح بخیر و صباح بخیر کہتے ہین **ملا طغرا** ۔ سحر چون بمیخانہ آیند پیر خضر گو بدش باد صبحت بخیر **حافظ** ۔ صباح الخیر زد بلبل کجائی ساقیا برخیز + کہ غوغا میکند در سر خیال خواب دوشینم +

صبح آخرین ۔ صبح پسین صبح صادق **جمال الدین سلمان** ۔ بر خلاف صبح ہرگز در ہوایت دم کہ زد + کاوکش آندم چو صبح آخرین سودا نکرد **شفیع اثر** بابی زرزی چو لالہ عباسی از چہ رو + باید مرا ببزم تو صبح پسین شگفت +

صبح گاہان ۔ صبح گاہ ۔ علے الصباح صبح کا وقت **نظامی** ۔ ستارہ چگونہ بود صبحگاہ + چنان بود چون صبح با صد نگاہ **زلالی** ۔ در آمد در سواد صبحگاہان + چو چشم سرمہ آلود صفاہان +

صبح پیشانی ۔ گھوڑے کی تعریف مین بولتے ہین **امیر معزی** ۔ بر آوری ز شب زرم صبح پیروزی + بدان نگار شبرنگ صبح پیشانی +

صاد با حاے

صحرا گرد جنگل مین پھرنے والا وحشی دیوانہ **صائب** شعلۂ گزیک تہ سرا طور صحرا گرد شد + سالہا شد تا نہان در زیر سرپوش من است۔

صحبت یساول ۔ بادشاہی عصا بردار جنکے ہاتھ مین چاندی سونے کے عصا ہوتے ہین اُنکے افسر کو میر توزک کہتے ہین **میرزا قلی ندیم** در مجلسے کہ یار تو صحبت یساول ست + مہر منیر بوتہ نیر تغافل ست۔

صحت خانہ طہارتخانہ ۔ بیت الخلا ۔ پاخانہ ۔ آب خانہ و ضروری

صحت نامہ علم موسیقی مین ایک قول کا نام ہی **تاثیر** ۔ صد دل ہما گرد احیاز تصنیف سخن + ہر صریر خامۂ تاثیر صحت نامہ است +

صحراے خوابیدہ ۔ بہت لمبا چوڑا جنگل بہت بڑا جنگل **میرزا بیدل** غبارہ ہر نسخیر دا زان صحراے خوابیدہ + اسیر قدم دمجنون در طلسم پای خوابید

صحراے قدسی ۔ مقام لاہوت **خاقانی** ۔ دریاے معنی درویش صحراے قدسی منزلتر ۔ + از نفس گل آب دہ گلشن و صنعت در اجرا دا شتہ +

صاد با دال

صد کلاغ ویک کلوخ مشہور مثال ہی ۔ بہ صد دشمن یک شمشیر برانت بس ست + یک کلوخست بیگمان کافی ست بہر صد کلاغ

صد کوزہ اگر سازد یکی دستہ ندارد ۔ سو بات کہی مگر کام کی نہ کہی **محمد قلی سلیم** صد کوزہ اگر چرخ فسون ساز بسازد + چون کوزۂ مطلب یکی دستہ ندارد +

صداقت کیش ۔ سچا دوست راست گو ۔ کے شود حاصلت درین دنیا + راست گو دوست صداقت کیش +

صد چراغ ۔ روشنی کا چوبی یا خشتی ستون جس مین چراغ جلائے جاتے ہین **نظامی** گل سرخ چون کلہ منبد بباغ + فروزد زرہر غنچۂ صد چراغ +

صدف رنگ ۔ رنگ گھولنے کا پیالہ جو رنگساز رکھتے ہین **محسن تاثیر** بنمایند محسن رنگین ترز می اعجاز را + کاسۂ رنگ است صاغر عشق مصور نہ سلاز را +

صاد با راے

صراحی قد صراحی گردن معشوق کی تعریف مین بولتے ہین **صائب** از صراحی گردنان دارد کسے را در نظر + شاخ گل ستی کہ در گلزار بالا میکند **ابو طالب کلیم** نمیکشند صراحی قدان سر از قدماو + بسے کہ چون لب پیمانہ بے ہوالی بود +

صرف سجادہ رنگ ۔ شراب ارغوانی **نظامی** بیا ساقی آن صرف سجادہ رنگ

صراف خزان ـ فصل خزان سردی کا موسم ملا منیر ـ گرنہ صراف خزان کیسہ نشان شد در باغ + چون چنپها ز دهانش همہ یکسر دست ست

صرفہ کاری ـ کفایت شعاری کم خرچی ظهوری ـ شہ غزنوی گرچہ تقصیر کرد تلافی خدیو جہانگیر کرد + ازان صرفہ کاری شد این سود او + که فزموم شد نام محمود او +

صاد با فا

صفیر خواب ـ وہ آواز جو سوئے ہوئے آدمی کے گلے سے نکلے طاہر وحید ـ چشم ما از بینش خود در نقاب حیرت ست + گفتگو ے ما صفیر خوابہائے غفلت

صفحۂ تیغ سحر ـ صبح کاذب کی روشنی خاقانی ـ شد گہر اندر گہر صفحۂ تیغ سحر + شد گرہ اندر گرہ حلقہ مہ در سحاب +

صفا د ز دیدن ـ اڑ ایجانا کسی چیز کا کسی سے ملا قاسم سندھی ـ زبس دست تماشایش ز رخسارش صفا د زدید + چو گرد سرمہ بعد از مرگ شد نور در عالم

صفرا بر کسی فگندن ـ کسی پر مصیبت ڈالنا محمد سعید اشرف ـ نی ہمین از عشقت افتادست سودا بر سرم + روزہ عبرت ہم افگندست صفرا بر سرم

صفرا شکستن ـ صفرا اور حرارت دور کرنا آرام دینا باقر کاشی ـ تا بکے سودا پزد تا چند خون دل خورد + تلخکامی کو بیک لیموش صفرا بشکند ـ

صفرا کردن ـ غضبناک کرنا اعتراض کرنا استفراغ کرنا ابو الفرح رونی گر عاشق دل سوختہ بے تدبیر + پیغام وہد کہ از توام نیست گزیر + صفرا چہ کنی رحم کن اے بدر منیر + با کے تو گرفت ست رہے ستش گیر ـ

صف ماچان ـ صف نعال جو تنگ جگہ لوگون مین یہ معانی مشہور ہین اور اصل صف ماچان کے معنی بوسہ کی جگہ ہین اور ماچان کے معنی بوسہ مطیعای اصفہانی ـ آستانہ نشینان بچشم کم منگر + کہ رہ بصدر تو مے آید از صف ماچان ـ

صفرا زدہ ـ دیوانہ ـ بیکار ـ بادہ گرد + میر حسن دہلوی عجوبی او کی رسد آفتاب + پیکے بادہ گرد ست صفرا زدہ ـ

صفای قلندری ـ چار ضرب جو طریق ذکر سلسلہ قلندریہ کی ہے شانی تکلو مے بر در نگہ ز دل شانی + این صفائی قلندری کہ تراست +

صاد با نون

صندوق سر ـ راز دار محرم حالات کا واقف عبد الغنی قبول ـ بیستم صندوق سر کن کہ میگویم عیان + مگو ہر بحر حقیقت را صدف بو طالب

صنعت گر ـ پیشہ ور کام کرنیوالا درویش والہ ہروی ـ شان صنعت مین وصنعت گر کہ در یک کارگاہ + از ہمان جنبے کہ ساز د نیہ خارا ساختہ

صنم گر ـ بت بنانے والا صورت قائم کرنے والا ذوقی سرسد تقرب حقیقت ز صورت صورت + صنم پرست پرستد اگر صنم گر را +

صندوق ساز ـ صندوق بنانے والا ـ طاہر وحید ـ دلم راز صندوق سازست غم + کہ صندوق مہرش بود سینہ ام

صندوق پیل ـ ہاتھی کا ہودج مشہور ہی میر خسرو ـ بلغزے کہ بر فتح گشتش دلیل + شد از خانۂ زین بصندوق پیل +

صنوبر خرام ـ صنوبر قامت ـ صنوبر قد ـ محبوب کی تعریف مین بولتے ہین حافظ ـ چندان بود کرشمہ و ناز سہی قدان + کاید بجلوہ سرو صنوبر خرام ما

صائب ـ میکند از طوق قمری حلقہ نام سرو را + از صنوبر قامتان ہر جا برآید نام او + ہے زجلوہ ہائے صنوبر قدان زراہ مرو + نگاہ داری دل کن پی نگاہ مرو +

صنم خانہ ـ صنم کدہ ـ بت خانہ جس گھر مین بت رکھے ہون محمد اسحاق شوکت ـ از جوش کفر من شدہ کنعان صنم کدہ + از بسکہ عبادت فرزند مکنیم

صاد با واو

طُماع - بضم اول بہت سے طمع کرنے والے طامع کی جمع ہے -
طمع - امید اور حرص اور آز - توحید - ہر طامع زندگی مشکل
شود + شد چو دامنگیر آزار طمع + مخلصی یابد نہ تار و زر اخیر + بندہ
ناتوان گرفتار طمع -
طُمطراق - بضم ہر دو طای کر و فر شان - شوکت - فخر - بڑائی -
طمطرم - مال و دولت - نقد و جنس - عزت - آبرو - ناموری -
طمانینت - تسلی - آرام - آسایش -
طماقہ - طاقہ - وہ ٹوپی جو باز کے سر پر دیتے ہین تاکہ اسکی آنکھین بند ہون -

طاے با نون

طناب - وہ رسی جو خیمہ کیساتھ باندھی جاتی ہی - محمد زمان کی آنکھ - طناب شش
جہت ہر سو کشیدند + عناصر ور طباع آرمیدند -
طنب - جمع طناب بہت سی رسیان خیمون کی -
طنجیر - بروزن دلگیر پتیلہ جو ایک برتن مشہور ہی کھلے مُنھ کا دیگچہ -
طنز - ناز و ادا ہنسی - مسخراپن -
طناز - ناز کرنیوالا ہنسی کرنیوالا - رمز سے باتین کرنیوالا -
طنبک - چھوٹا نقارہ معرب تبنک -
طنک - صدا اور آواز -
طنین - مکھی اور زنبور اور مچھر کی آواز -
طنبورہ - مشہور ساز ہی معرب تونبرہ جو ہندی لفظ ہی اور بڑے کدو سے
بنایا جاتا ہی جس کو کدو تلخ کہتے ہین - میرزا بیدل - بہوشم زمستی پیامے
رسان + زمینا سے طنبورہ جامی رسان +
طنطنہ - آواز طنبورہ وغیرہ اور کر و فر اور آواز زیر و بم طبلے کی -

طاے با واو

طور سینا - نام اس پہاڑ کا جس پر حضرت موسیٰ کو جلوہ ربانی نظر آیا تھا -
طویت - پیچیدگی و نیت و اندیشہ -
طوایح - حادثے اور آفتین زمانہ کی -
طود - بڑا پہاڑ پشتہ بلند -
طور - بضم اول پہاڑ اور وہ پہاڑ جسپر موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی - توحید -
چو کرد ذات احد در وجود خاک ظہور + چو خورز مطلع ایجاد گشت روشن نور +
گہے بنام کلیم اللہ نمود گہ در رود + گہے بہ کوہ تو وارشد گہے ز دور + گہی بہ معنکان
بجا آمد و امداد نمود گاہ بموسی جمال خود بر طور +
طور - بفتح اول طرز طریق عادت -
طوس - ایک شہر کا نام ہی مسکن فردوسی علیہ الرحمۃ کا -
طورسیقوس - نام ایک نصرانی بادشاہ کا -
طوالع - جمع طالع اور نام ایک کتاب کا -
طوع - بفتح اول رغبت و رضامندی و خوشنودی خاطر -
طوغ - فوج کا نشان ترکی ہی -
طواف - کسی کے گرد پھرنا - طواف کرنا - نظامی - طوافے زد بران پیروزہ
گلشن + بمیان گلشن آب دید روشن -
طوف - طواف کرنا - گرد پھرنا -
طواف - بہ تشدید واو طواف کرنیوالا -
طوق - زیب و طاقت و گردن بند و حلقہ زنگلہ و گلو بند ادر ہر چیز
جو مدور ہو - نظامی - سر زلف معشوق را طوق ساز + درم سکہ بابن
گردن طوق باز ۵ و تا بشتہ اطاعت پیشہ ای سرو سہی دارم +
مگر قمری صفت ہستم کہ طوق بندگی دارم +
طوارق - وہ حوادث جو رات کو آسمان سے اترین جمع طارق حوادث زمانہ کی سختیان
طوطک - نام ایک ساز کا جسکو لغوزہ کہتے ہین میر نجات - ارغنون
نے قانون بر دار دل شکست + کوک کن طوطک و طنبور و دف و تنبک را
طویل - دراز اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے
طول - دراز ہونا - لمبا ہونا - ملا نظیری - کجا بودی کہ امشب سختی
آزردہ جانی را + بقدر روز محشر طول وادی ہر زمانی را
طوفان - کثرت سے برسنا پانی کا یا دریا کا چڑھ جانا آدمی کا
ملنا سخت ہوا کا چلنا - آگ کا لگ جانا - میر معزی - کہ اخم سر از خط
طاعت تو کشیدہ + کہ از سپہر ببارید بر سرش طوفان +
طوطیہ - بروزن تزکیہ آراستہ کرنا - تمہید اٹھانا - سنوارنا -
طویلہ - مبا مکان جسمین گھوڑے اور مویشی باندھے جاتے ہین سعدی تمایل
کن کہ چہ حالت بود زران ساعت + کہ در طویلہ نا مردم بپایہ ساخت +
طومی - معرب تومہ کہ ترکی ہین شادی کہ خدائی کو کہتے ہین -
طوبیٰ - نام ایک درخت کا جو بہشت میں ہی اور ایک شعر مین آسکے
سایہ فگن ہی - نعتیہ از مؤلف - تم نے لوح پر نام محمد جب لکھا ہوگا +
خوشی سے بڑھ کے فوراً شاخ طوبےٰ جھک گیا ہوگا +
طوطی - معرب توتی مشہور پرندہ ہی چونکہ یہ جانور توت کا پھل بہت
شوق سے کھاتا ہی اسواسطے اسکا نام توتی رکھا گیا

طولانی - دراز - ووراز ی - لمبا لمبائی محمد قلی سلیم - باچنین کوتهی عمر بیان نتوان کرد + قصهٔ طول امل را که سخن طولانی ست +

طای با ہای ہوز

طہماسپ - ایران کے ایک بادشاہ کا نام ہی جو بیٹا شاہ اسمٰعیل صفوی کا تھا

طہارت - پاک ہونا وضو اور استنجا کرنا - علی قلی بیگ ترکمان - تقوای مابرای طواف پیالہ ست + جائیکہ بادہ نیست طہارت تکنیم - شرف الدین بخاری ای مصلا بیا طہارت کن + خانهٔ دین خود عمارت کن +

طہمورشا - ہوشنگ کے بیٹون سے ایک بادشاہ کا نام -

طہر - پاک ہونا حیض سے -

طہور - پاک کرنے والا -

طہیر - پاک کرنیوالا -

طہران - دار الخلافہ ایران مشہور شہر ہی -

طای بایای

طیب - بکسر اول خوشبو اور خوشی و خوش طبعی -

طیب - بفتح اول و تشدید یای مکسور حلال و لذیذ و پاک خوشبودار مطبوع

طیب و مطیب - نام ہر دو پسران رسول صلے اللہ علیہ وسلم جو طیب و طاہر مشہور ہین -

طیبات - بکسر اول ظرافتین خوش طبعیان -

طیبات - بہ تشدید یاے پاک عورتین -

طیبت - بکسر اول مزاج و خوش طبعی -

طینت - بکسر اول سرشت اور اصلیت -

طیہوج - نام ایک پرندے کا ہی جسکو ہندی مین لوا کہتے ہین -

طیر اڑنے والا جانور سعدی - کند سجدہ بر درگاہ خداوند + ہمیشہ وحش و طیر و جن و انسان +

طیارہ - بہ یاے مشدد اڑتا ہوا جانور و مہیا و آمادہ جمال الدین سلمان چنان بعہد تو میزان عدل شد طیار + کہ میل سوی کبوتر نمی کند شاہین -

طیور بہت سے پرندے جانور توحید - بجن و دیو پری داد حصہ مقسوم + رساند رزق بدام و دد و وحوش و طیور +

طیش - سبک ہونا خطا ہونا - کم عقل ہونا - تیر کا نشانہ نہ لگنا - غصہ و غضب و بیدماغی -

طیف - وہ خیال جو خواب مین نظر آئے -

طیران - اڑنا - پرواز کرنا -

طیلسان - قسم کپڑے کا ہی جو قاضی اور خطیب دوش پر رکھتے ہین -

طین - نمناک مٹی گیلی مٹی -

طیان - مٹی کا کام بنانیوالا کمہار اور پیچیدہ اور گرسنہ یعنی بھوکا -

طیرہ - بفتح اول غضب و غصہ -

طیرہ - بکسر اول خفت اور سبکی و خجالت و عیب و غمناک و شرمندہ سعدی دو چیز طیرہ عقل ست دم فرو بستن + بوقت گفتن و گفتن بوقت خاموشی

طیارہ - تیز رفتار گھوڑا اڑ جانیوالا اور ہر چیز تیز رو مثل کشتی وغیرہ -

طیبہ - لقب شہر مدینہ کا -

طی - بروزن می نام ایک قبلہ کا عرب مین جس سے نامور سخی حاتم پیدا ہوا حافظ - سخا نماند سخن طی کنم بیا ساقی + بیار بادہ بشادی ہای و حاتم طی +

طی - بتشدید یاے لپیٹنا اور لپیٹ کسی چیز کی اور نام ایک بیماری کا جس سے بال تمام بدن کے حلقہ دار ہو جاتے ہین

دوسری فصل

آردو لغات کے بیان مین

واضح ہو - کہ اُس فصل مین جو لغت درج کتب آردو مین سب فارسی ہین اور اِس باب کی پہلی فصل مین تحریر ہو چکے اُسلیے دوبارہ نہین لکھے گئے

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات مین

طای باالف

طاق خضرا سبز رنگ طاق کنایۃً آسمان -

طائر قبلہ نما - وہ جانور کی شکل جو قبلہ نما مین بنائی جاتی ہی اور قبلہ کی سمت اُس سے معلوم ہوتی ہی صفدر فوقانی - گردن تسلیم دارد خم بسوے کوے تو + دل بہ پہلو ہر زمان چون طائر قبلہ نما +

طالع چپ نحس طالع اور شوم نور الدین ظہوری - برای آنکہ شود کار دشمن ما راست + چہ ایست ست کہ در طالع چپ ما نیست

طاس ساعت گھڑی کا پیمانہ اور وہ ایک کٹورا سی ہوتا ہی جسکے نیچے بہت باریک سوراخ ہوتا ہی پانی مین وہ تیرتا رہتا ہی ایک گھنٹہ مین وہ پانی سے بھر کر ڈوب جاتا ہی نظیری نیشاپوری - بنواز یدم بزخمہ طاعت انیست + آرید نبالہ اشنعاعت انیست + سر بر گریبم و پردہ تی گرد چشم + کر بال زنید طاس ساعت نیست +

طاقت مہمان نداشت خانہ بمہمان گذاشت - یہ ایک مثل ہی کہ مہمان کی مدارات نکر سکے گھر چھوڑ کر بھاگ گئے ذوقی - آمد غم دوست رفت جان و نیز جسم + طاقت مہمان نداشت خانہ بمہمان گذاشت +

طاق و جفت - بازی قمار جو مشہور ہی میرزا طاہر وحید - طاق و جفتی باہم با ابروے تو دلدار بہ دو + طاق بود ابروی و من خفتہ گفتم باز بر دو +

طاس چہل کلید - یہ ایک طشت مسی ہوتا ہی جس مین چالیس دعائین کندہ کی ہوئی ہوتی ہین اور چالیس کنجی تالیان اسمین رکھی جاتی ہین - تالیون پر بھی چالیس ادعیہ کھدی ہوئی ہوتی ہین اسمین پانی ڈالکر تالیون اور طاس کو دھوکر بیمار کو دیتے ہین اُس امید پر کہ دعاؤن کی برکت سے بیمار اچھا ہوجائے **طاہر وحید** - دردہن باشد گرہم در وصل او چندین زبان + گفتگو از می نمی آید چو طاس چہل کلید **محمد قلی سلیم** - ز برگ بید کہ در آب ریخت باد خزان + حباب یاد ز طاس چہل کلید دہد +

طالع سکندری دارد - ایک مثل ہی کہ فلان شخص سکندری طالع رکھتا ہی ذہنی اور رنگ زیب عالمگیر کی تعریف مین - در شہان زمانہ عالمگیر + شیوۂ بندہ پروری دارد + بر سر خویش در سران جہان + تاج اقبال سروری دارد + صد چو دارا ست بر درش دربان + زانکہ طالع سکندری دارد +

طارم اخضر - آسمان باعتبار رنگت کے صائب - نیست جائے پرفشانی چار و یو از قفس + ماندہ در تنگنائے طارم اخضر چیا +

طاعت ور - فرمان بردار - بندگی کرنے والا **عرفی** - بدست ہمت طاعت وران رہا کردم + در اولین قدم اسباب خلد و حور و قصور +

طاق مزار - وہ طاق جو قبر کے سر کی طرف بناتے ہین اسکو چراغدان بھی کہتے ہین **قاسم مشہدی** - برائے نوجوان داد جوانی دہ کہ پیران را + خمیدہ نہالے قد طاق مزار آرزو باشد +

طائر قیاس - قوت ادراک عقلمندی **عرفی** - منقار بند کرد درستنی ہزار جا + تا اولین دریچہ او طائر قیاس +

طائر قدس - جبرئیل علیہ السلام -

طاقت فرسا - طاقت گداز - طاقت گسل - ناتوان کرنا طاقت کمزور **میرزا بیدل** - شبنم طاقت فرسا گلشن شوقم + آب تو آئینہ ام قرار ندارد + **طاہر وحید** - جوانان کلیا ر طاقت گسل + دلیکن تگدستہ داغ دل +

طاق فراموش - طاق فراموشی - جس جگہ کوئی چیز رکھکر بھول جائین - **ابو النصر نصیرائی بدخشانی** - زنہار دل مبند نصیرا بوعدہ اش + کین شیشہ را بطاق فراموش مے نہند **صائب** - خندہ چون مینائے می کم کن کہ چون خالی شدی + میگذارد چرخ بر طاق فراموشی ترا +

طاق پل - پل کی محراب جس سے پانی گذرتا یعنی پل کے چشمے **محمد قلی سلیم** - در طریق عشقبازی از کسے کم نیستم + موج سیلاب غمم پہلو بطاق پل زند

طابق النعل بالنعل - قدم بقدم پانون پر پانون پوری پوری پیروی +

طاق ابرو نمودن - نازا و کرشمہ کرنا **ذوقی** - نمودم برو گردن عجز خم + چو جانان مرا طاق ابرو نمود +

طاق افتادن - جدا ہونا الگ ہونا **حافظ** - نقش مے بستم کہ گیرم گوشۂ زان چشم مست + طاقت و صبر از خم ابروش طاق افتادہ بود +

طاق ایوان - بادشاہی محل بیرونی محراب **خواجہ سلمان** - شہے کہ بانی کیوان ز طاق ایوانش + فراز بارگہ خویش طاق دیگر زد +

طاق برنہادن کسی چیز کو طاق پر رکھکر بھول جانا **مولانا رومی** - امروز منم ملول و شادم + غم را ہمہ طاق بر نہادم -

طاق زدن جست مارنا - کودنا جو یا گھوڑے کی تعریف مین - زند طاق از دم خود گاہ رفتار + برنگ ابروے خوبان گرہ دار +

طاق شدن - طاق کردن - جدا ہونا اور جدا کرنا - الگ ہونا اور کرنا **صائب** - چشم دارم کہ مرا از دو جہان طاق کند + طاق مردانہ ابروے دل آرائے کسے +

طاق شکستن - گرانا - توڑنا طاق کا **میرزا بیدل** - امروز دست از موج ہستی شستہ میگوید + کہ طاق عمر چون بشکست نتوان کرد تعمیرش -

طاق نسیان جس طاق پر کوئی چیز رکھکر بھول جائین **صائب** شد مکرر می پرستی گردش چشمی کجاست + تا نہد بر طاق نسیان شیشہ و پیمانہ را +

طاؤس علوی آشیان - کرۂ ناری جو سب سے بلند ہی

طاعت گاہ عبادت گاہ مسجد وغیرہ **نظامی** - یکے دیر سنگین برافراختند + بہ جمہور طاعت گہش ساختند -

طاق بنی شیبہ - یہ ایک طاق کعبہ مین ہی **محسن تاثیر** - کعبہ روے جوانی کہ مرا در نظر ست + جلوہ طاق بنی شیبہ کند ابرو یش +

طاؤس جلوہ - طاؤس رفتار - معشوق کی تعریف مین بولتے ہین **میرزا رضی دانش** - گل بچین از عشوۂ طاؤس رفتاران سپہر + جا بجا پا در گل آن جلوۂ مستانہ باش +

طاس گدائی - گدائی کا کشکول **حسین ثنائی** - صحن فلک پر نجوم نیست کہ بر دور گشت + طاس گدائی سپہر در گہ دوران شکست +

طاق بندی - وہ نقش جو دیوارون پر زیب و زینت کے لیئے کرتے ہین **حکیم زلالی** - بہر روزنے قبلہ یکسو شدہ + ہمہ طاق بندی ابرو شدہ +

طاق مدنی - ایک قسم طاق کا ہی جو عمارت مین بناتے ہین - **واعظ قزوینی** - نکنی گر سفر مکہ و خیبر چہ غم ست + طاق درگاہ ضرورست

کہ باشد مدنی +

طاق نمای - طاق بندی۔

طاہی یا بامی

طب النسا - وہ کتاب جسمین عورتون کی بیماریون کے علاج لکھے ہوے ہین اشرف - دردم از طب النسا، دختر رزشد علاج + آب نارمی پرستان آب انگورست وبس +

طبیعت دزد - طبیعت کا چور وہ شخص جسکی طبیعت مین دوسرے شخص کی صحبت کا جلد اثر ہو جاے محمد سعید اشرف تا آنکہ تو صاحب طبیعت شدہ این حرف مثل شد کہ طبیعت وزدست +

طبل کوچ - کوچ کا نقارہ جو لشکر اور کاروان کیوقت بجایا جاتا ہی مؤلف رخصت بزنبد اے مسافر پا نبہ اندر رکاب + میرسد ہر دم چو در گوشت صداے طبل کوچ +

طباشیر صبح - صبح کی سپیدی فجر کا وقت ؎ اگر صد مرض داری اے بوالہوس + علاجش طباشیر صبح ست وبس +

طبیخ حضور طبیخ نظر - وہ کھانا جو مالک اپنے روبرو اپنی آنکہ کے سامنے پکواے شفیع اثر - یار را پختہ بنظارہ اثر میکردم + دوش طبیخ نظرے بود دل شیدا را راضی - بگر مہاے ہندوستان صبورم + گوارا نیست خبز طبیخ حضورم +

طبلۂ عطار - وہ ڈبا جسمین عطار عطر رکھ کر فروخت کرتا ہی میر معزی - طبلۂ عطارست گوئی درمیان گلستان + تخت بزازست گوئی درمیان لالہ زار

طبل باز - وہ طبل جو باز کے شکار پر چھوڑنے کے وقت بجاتے ہین تاکہ اسکی آواز سے درختون پر بیٹھے ہوے جانور اڑین اور باز بہت آسانی سے شکار کرے - سعد فطرت - بصحراے کہ ترک من شکار انداز میگردد + دل تا قالب تہی گردیدہ طبل باز میگردد +

طبیعت شناس طبیب حاذق اور معالج کامل سعدی - امید عافیت آنگہ بود موافق طبع + کہ نبض را بطبیعت شناس بنمائی +

طبل سوم زدن عسس - کوتوال جب آدھی رات کو تیسری نوبت بجاتا تو چلنا پھرنا شہر مین منع ہو جاتا ظہیری نیشاپوری - ملک خفت عسس طبل سوم زد + شدیم از زحمت اغیار فارغ +

طبل جنگ - وہ نقارہ جو جنگ مین بجایا جاتا ہی - میرزا جلال اسیر آسمان روزی کہ از خورشید طبل جنگ زد + صلح کل آمد بدامانت دل ماچنگ زد

طبل جدال - وہی جنگ کا نقارہ - نور الدین ظہوری - مرا ستارہ بختی کہ نیست بیداری + زدہ ست با افق این دیار طبل جدال +

طبل امان زدن دشمن سے امان چاہنا جنگ سے باز آنا شفیع اثر - روز میدان چون کنار وجرأت با درمیان + میزند خصمم ز طپیدن ہاے دل طبل امان

طبل بر زین بستن طبل بر اسپ بستن - جنگ یا شکار پر آمادہ ہونا عبد اللہ ہاتفی - ببستند بر زین زر طبل باز + بے شاہبازان کین کردہ ساز زلالی - بستہ بر گلگون اشک بیدلان طبل حیات + زلف را باز سینہ بر طبل جان انداختند +

طبل بگلیم کشیدن - کسی امر کو جو سب کو معلوم ہو پوشیدہ کرنیکی کوشش کرنا - نور الدین ظہوری - طبلے بگلیم فقر برکش + کاقبال کلاہ زین نمد کرد +

طبل خوردن - بھاگ جانا جس طرح پر جانور نقارے کی آواز سنکر بھاگتا ہی صائب - طبل از ہجوم سنگ ملامت نمے خورم + چون کبک مست خندہ بکہسار کردہ ایم +

طبل در زیر گلیم بودن - چھپانا ایسے امر کا جو سب کو معلوم ہو صائب عشق در پیران بود چون طبل در زیر گلیم + در جوانان عشق شور انگیز عید روستاست

طبل زیر گلیم ماندن - بے نام و نشان رہنا - اور رسم ہی کہ جب کوئی امیر مر جاتا ہی تو طبل اور نقارہ الٹا کر اسپر لحاف ڈالکر تابوت کے ہمراہ لیجاتے ہین اوحد الدین انوری - مو افقان تو بر بام چرخ بردہ علم + مخالفان ترا طبل ماندہ زیر گلیم +

طبل در گلیم زدن - کسی امر کو آہستہ آہستہ ظاہر کرنا کمال اسمٰعیل صیت صدا ش مشرق و مغرب فرو گرفت + دست بنوت تو چو زد طبل در گلیم +

طبل رسوا زدن طبل رسوائی زدن - اپنے آپ کو ظاہر کرنا مشہور کرنا صائب - رمزے از بوالعجبیہاے نظربازان ست + طبل رسوا زدن و شیوۂ پنہان دیدن +

طبل زدن طبل فرد کوفتن - نقارہ بجانا مشہور کرنا - رضی دانش شد بہار و ابر در فکر سرانجام گل ست + طبل شادی زدن کہ فتح توبہ بر نام گل ست سعدی - من تو ہر جا کہ طبل عشق فرو کوفت + بانگ برآمد کہ غارت دل و دین ست

طپیدن - تپنا - گرم ہونا بیقرار ہونا یہ لفظ تپیدن کا بدل ہی -

طبائع اربعہ - چار اخلاط جسم کی صفرا سودا بلغم اور خون -

طبل تہی - خالی نقارہ آدمی بے علم و ہنر ؎ ز فریاد و فغان طبل تہی سپہری نمید ارد + ندارد گوسپند آگہی کہ در بند شکم باشد -

طبل حیدر رازی - حیدر رازی ایک شخص تھا کہ اپنے آپ کو شجاع

دبہادر کہتا ایک نقارہ اُسکے پاس تھا وہ گھر سے نکل جاتا اور کہتا کہ مین فقیر کے ساتھ لڑنے کو جاتا ہون جنگل مین اگر کوئی گیدڑ بھی اُسکو نظر آتا تو نقارے کو زمین پر رکھ ایک ہاتھ سے بجاتا اور دوسرے ہاتھ سے اپنے پیٹ کو اُس سے لوگون نے حال دریافت کیا تو کہا کہ نقارہ اسواسطے بجاتا ہون کہ شیر ڈرے اور پیٹ اسلیئے بجاتا ہون کہ مین خود ڈرتا ہون اوحدالدین انوری۔ تیغ تو تیغ حیدر عربی + طبل تو طبل حیدر زاری

طبل سلیمانی۔ طبل سکندری۔ مشہور لفظ ہین اور معانی معلوم نہین ہوئے ملا جلال اسیر شکوہ وحدت نقش روزی کہ زو طبل سلیمانی ہول ہوری طبلیہ منقلاب بحر پیدا شد حظه گر صدائے سیکنی گوش از تہی مغزی پرست + شوکت آواز طبل سکندر ریخ نیست

طای بارای

طرۂ طلا۔ طرۂ منقیش۔ وہ طرہ جو منقیش اور بادلے کا بنا کر پگڑی مین رکھتے ہین میرزا صادق گویا۔ بزم تیرہ بختان را بہ شمع فانوسی ست + طرۂ طلا بر سر جامہ یک تہی پوشی +

طرب سنج۔ خوشی کرنیوالا ملا طغرا شراب خانہ والون کی تعریف مین۔ بیخانہ از شام تا صبحدم + طرب سنج احیا چو اہل حرم +

طرۂ فروش۔ محبوب خوبصورت خوش پیکر سیفی بردسودای ہمہ طرۂ فروشی بازم + عشق آورد وم و طرح دگرے انداز +

طرح کش۔ مغلوب و زبون و صور نقاش سالک قزوینی۔ سالک ہمیشہ طرح کشِ عشق ظالم + آن جان ودل کہ میدہم امروز باج نیست +

طرف داشتن حرف۔ ایک کلمہ کے چند معانی اور کنایہ ہونا اسمٰعیل کاشی۔ آویختہ زلف مشکبو از چپ وراست ہا مین سعہ کہ [illegible] طرفہا دارد +

طرف [illegible] شاہ کے صائب۔ پیران تلاش رزق فزون از جوان کنند + حرص گدا شود طرف شام بیشتر +

طرۂ بام۔ گھر کی منڈیر اور اوپر کا حصہ نظامی۔ کشیدند بطرۂ کوی و بام + شقائق نمطہاے فیروزہ فام +

طرفدار چیم۔ بادشاہ ترکستان وستارۂ مریخ نظامی۔ جہان خسروا زیر ہفت آسمان + طرفدار چیم تو کی بیگمان +

طرح بر داشتن۔ نقل اُٹھانا کسی کے مکان کی وضع قطع پر مکان بنانا سالک یزدی صنم خانۂ عشق تعمیم علیلے باید + کہ زیب خانۂ ما طرح حرم بردارد +

طرح دادن۔ روگردان ہونا اعراض کرنا محسن تاثیر۔ گر گلشن کند آن سرو پر پیچ خرام + سنبلستان چمن طرح زہر گیسوئی +

طرح فرچیدن۔ بس کر دینا عرفی۔ چو عرفی با خیال آن صنم خوش عشرتے دارد + بر دجاے دگرای غم فرچیدن طرح صحبت را +

طرح کردن۔ زور تکلف سے دیکھا انوری۔ در غنا یست جہان از کرم او کہ زکوٰۃ + عامل از عجز ہمین طرح کند بر ایتام +

طرف ابرو بلند کردن۔ تعظیم و تکریم کرنا طالب آملی۔ مریض عشق چو آید اجل ببالینش + کند بلند بہ تعظیم طرف ابروے +

طرف برداشتن۔ فائدہ اُٹھانا محسن تاثیر۔ با اہل سخن نشین و طرفی بردار + از کیسۂ عمر نقد صرفے بردار + در معرکۂ شہرئیہ بیرو ی سخن + با تیغ زبانی سرِ حرفے بردار

طرف بستن۔ ایک طرف ہونا راستہ روکنا فائدہ پانا سنجر کاشی۔ کہ پیش راہ تو گیرد کہ طرف بندد + چو بر سپاہ مخالف روان کنی کرپان حافظ۔ کس بدور نرگست طرفی نہ بست از عافیت + بہ کہ بفروشند مستوری بمستان شما +

طرف شدن۔ مقابل ہونا روبرو ہونا طاہر غنی۔ ماہ انداخت سپر تا طرف روے تو شد + کاست از غیرت و چشم با بروے تو شد +

طرف داشتن۔ طرف گرفتن۔ ضمانت کرنا۔ مدد کرنا۔ گوشہ پکڑنا جمال الدین سلمان۔ دوشت ہمہ قصد طرف خاطر بود + امشب سر زلف طرف دوش تو دارد + علی قلی بیگ خراسانی۔ در تہ سایہ زلفی نہ نشیمنم ہرگز + ہیچ طرفے دلم از طرف کلاہے نگرفت +

طرقوزدن۔ ایک طرف ہونا رستہ چھوڑ دو کہنا میر خسرو۔ چون نہ نجم سپہر کرد آرام + طرقو زد چو چاوشان بہرام +

طرۂ ایوان۔ طرۂ دالان۔ مکان چھجا جسکو فارسی مین باران گیر اور عربی مین منطقہ کہتے ہین تاثیر۔ چشم او با طاق ابرو لیلی ایوان او + طرۂ ایوان لیلی جرگۂ مژگان او +

طرۂ پریشان۔ معشوق کی تعریف مین بولتے ہین شفیع۔ نازم آشفتگی عشق کہ خوش مے آید + بخت شوریدہ ہم طرۂ پریشانی را +

طربگاہ۔ خوشی کا مقام عیش کی جگہ عرفی۔ نوشیتن راز تنگنای دلم + بطربگاہ دلبر انداز و +

طرفگی۔ بازیگری مکو فریب بدیعی سمرقندی۔ کنند خال و خلعت از بردے بردن حال + ہزار طرفگی و صد ہزار بوالعجبی +

طای باسین

طسق آسیا۔ یہ بادشاہی خراج کا نام ہے جو چکی پسنے والون پر ایران مین مقرر ہے شفیع اثر بجف قلیخان صدر ایران کی ہجو مین۔ نارستہ گندم کشت ہنوز از زمین وقف + بر نار عان حوالہ کنند طسق آسیا۔

طای با شین

طشت و آب خواستن - پانی اور چلمچی مانگنا - ہاتھ دھونا - پاک ہونا - بیزار ہونا
انوری - دنیا خراب بدین بخیل بود عدل تو + آواز کرد ہر دو کنون طشت و آب خواست
طشت آتش بسر داشتن - قدیم زمانہ مین رسم تھی کہ جو شخص کسی اپنے
بزرگ یا مالک سے قصور معاف کرانا چاہتا تھا تو طشت آگ کا سر پر
رکھ کر روبرو حاضر ہوتا اور یہ علامت کمال عجز و انکسار کی تصور کی جاتی حسامی
بہر عفو جرم خود در بارگاہ ذوالجلال + آب اندر دیدہ و آتش بسر داریم ما +

طای با عین

طعنہ بر آتش - طعنہ زن - طعنہ گر - طعنہ دینے والا - بدر چاچی
صحن تو باد جلوہ گر و فتنہ نشست با سہا + خلق تو باد طعنہ گر بوی خوش گلاب را
نورالدین ظہوری - زبان تیشۂ فرہاد ہمچنان تیز ست + ہنوز طعنہ
تراش از برائے پرویز ست

طاے با غین

طغراکش و طغرانویس - وہ خوشنویس جو بادشاہ کا نام فرامین
پر خط مخصوص لکھتا ہے شنجرف یا آب طلاسے - ملا طغرا - بطغرا نویس گل سرخ
رنگ + رسانید شنجرف می سپہ رنگ +

طاے با فاے

طفل مکتب - مکتب کا طالب علم مبتدی مولف بہرۂ از علم عرفان نیست
گرچہ فاضلان دہر طفل مکتب اند +
طفل مزاج - طفل مشرب - جسکے مزاج مین لڑکپن ہو - ابوطالب کلیم
بر طفل مزاجان جہان چون گذرد حال + امروز کہ پستان اجل شیر ندارد +
صائب - از طفل مشربی ست کہ در کام ناقصان + این میوہ ہای خام تمنا شود لذیذ +
طفل شیر - طفل شیرخوارہ - دودھ پینے والا بچہ - طاہر وحید - سید ان
نقش جہان اصفہان کی تعریف ہے - ازین سروان گشتہ گر طفل شیر +
از ان شیر چون گشتہ برگشتہ پیر +
طفل شش ماہہ رز - شراب جو چھ ماہ کے بعد لائق پینے کے ہوتی ہے
ملا طغرا - طفل شش ماہہ رز یک نفس آرام نیافت + تا نگردید بگہوارۂ مینا در خواب +
طفلان آتش - آگ کے شرارے - میر خسرو - دیدہ ندو قومے و لیران تر دم +
چو طفلان آتش تپاناج موم +
طفلان چمن - سبزہ اور شگوفہ باغ کا - سلیم - طفلان چمن را چو شرر
نیست بقائے سا ہو باغ خزان ست کہ ہمزاد بہارست +
طفل خونین - آفتاب ماہتاب - خاقانی - برشگافد فلک مشیمۂ شب +
طفل خونین تماہ در اندازد +

طفل دبستان - طفل مکتب - کم علم - وکم تجربہ - کم قدر - آہی یزدی یا منہ
در محفل علم و ادب - و آن ہنوز طفل دبستانی ہنوز +
طفل در گریبان انداختن - متبنی بنانا - غیر لڑکے کو اپنا
بیٹا بنانا - طاہر وحید - زدل نمائیدہ طفل اشک از خویش کہ میداند
چو فرزندی کہ اندازند مردم در گریبانش +
طفل را از پستان بریدن - از شیر باز کردن - از شیر بریدن - از شیر وا کردن -
بچہ کا دودھ چھڑانا - نورالدین ظہوری - کرسید نوبت بیداد بختیم وقت
ست + کہ طفل خواب ز شیر فسانہ واکردم - بیانی - چو رفت ایام شیر و عہد
نازش + بعادت دایہ کرد از شیر بازش - ابوطالب کلیم - ز شیر و ز جز ز تا بریدم
طفل عادت را انجام آیہ مشرب بخون توبہ خو کردم - ولہ کلیم - کلیم بریدہ ہی وقت آن
ہنوز نہ شد + کہ طفل طبع ز شیر ہوس بریدہ شود +
طفل زبان - شراب انگوری - والہ ہروی - منباز من ناب - تہی ماند و لب
از حرف + خاموشی ما مرتبۂ طفل زبان ست -
طفل ہندو - خال رخسارہ محبوب اور آنکھ کی پتلی -
طفل چل روزہ - حضرت آدم علیہ السلام آپ کا خمیر بونت درستی کا لبد
کے چالیس دن تک گوندھا گیا تھا -
طفل شش روزہ - تمام عالم موجودات جو چھ روز مین وجود مین آیا تھا

طاے با لام

طلاکوب - زرکوب جو لوگ سونے کے ورق بناتے ہیں طاہر وحید - دلم تبو
یار را پیشہ کرد + گشتم طلاکوب این رنگ زرد را
طلایہ دار - دیدبان و سردار فوج طلایہ - شفیع اثر - غم بر سر چو پاس شب
خون نیاورد + در حلقۂ کہ ذکر تو باشد طلایہ دار +
طلبگار - صاحب طلب خواہشمند - سعدی - طلبگار خیر ست و امیدوار
خدایا امیدے کہ دارد بر آر +
طلاساز - سونا بنانے والا کیمیاگر - فغانی - شمع و شمع و شہ در زمین باد
خس + طلاساز را اوردش کسیر بس +
طلادوز - جس چیز پر طلائی کام ہو - فغانی - از رنگ دگر سوخت دل باز
و در چہ دید + نقش کرد تاج طلا دوز ندانست +
طلاباف - طلاکار - جس چیز پر سونے کا کام ہو یا بنت مین طلا ڈالا گیا -
عرفی - لباس و صورت اگر داز گون کنم بنید کہ خرقہ خشم طلا بافست
محسن تاثیر - منزل مردان زنقش عاریت عاری خوش ست + خانہ
چون فانوس از مہمان طلاکاری خوش ست +
طلا کردن - لیپ کرنا - کسی تر دوا کا بیمار کے جسم پر ضماد بھی اسکو کہتے ہین

نورالدین ظہوری - صد داغ اجل را دوا کردہ اند + کہ بر جبہہ از می طلا کردہ اند + سعید اشرف - تفاخر بزرین قبا میکنی + طلائے بر آہن طلا میکنی +

طلبیدن - طلب کرنا - بلانا - پکارنا -

طلاے کشتہ - وہ سونا جو خاک کیا ہوا ہو علی رضا تجلی بے تو برمن ماہتاب امشب شب دیگر شدہ ست + نور شمع چون طلای کشتہ خاکستر شدہ ست

طلای جعفری - طلای دست افشار - نہایت عمدہ اور نرم سونا

قوفی یزدی - ای خوشا ساعت کہ بنیم حضرت ممدوح را + گوش گیتی تنگ زند لک لک طلاے جعفری مغز فطرت - عیار حسن سرکش را محبت میکند سال + طلای شعلہ پروانہ دست افشار میسازد +

طلای دوتی - وہ اشرفی جسکے دونو طرف بت مسکوک ہوتے ہین واعظ قزوینی قبلہ طاعت این قوم طلائی دوتی ست + طاق وراہی خسان نائب محراب بود +

طای باتیم

طمع کار - صاحب طمع جس کا شیوہ طمع ہو صائب پشین او حرص پیری چوب نتواند گذاشت + بیشتر دست طمع کار از عصا گردد بلند +

طمع خام - بے حاصل ہوس وہ امید جسکا حاصل ہونا ممکن نہو ابوطالب کلیم خاک وار و فلک از کاسہ امید دریغ + طمع خام از او آب بقا نیخواہد +

طمع را سہ حرف ست ہر سہ تہی - مشہور مثل ہے کہ طمع کے تینون حرف خالی ہین نقطہ کسی پر نہین ہے سعدی طمع را سہ حرف ست ہر سہ تہی + ازان نیست مر طمعان را بہی +

طای با نون

طناب صبح - صبح کے خطوط شعاعی سے مراد ہے انوری - باش تا صبح دولتت بہ زمین + تیغ خورشید برکشد ز نیام + تا کنی از طناب صبح طناب + تا کنی از خیام چرخ خیام +

طنبور نواز - وہ شخص جو طنبورہ بجاتا ہو - طاہر غنی - می نیست چو در کاسہ مار عشقہ برا عضا ست + وستم بنظر پنجہ طنبور نواز ست.

طناب قورق - وہ طناب جو بادشاہون کے خیمون کے گرد باندہ دیتے ہین تاکہ لوگون کی آمد و رفت بند رہے شفیع اثر - زمین جہہ فرو ما ئیگان و نیا دارد + کشید مانند طناب قورق برای فقیر +

طناب خوردن - پیمایش ہونا ناپا جانا ظہوری - بہا حسث چو تخم کار و داغ + سینہ از آہ غم طناب خورد +

طناب زدن - طناب پیمودن پیمایش کرنا ناپنا کسی چیز کو - میر معزی برین حدیث شہا شہر تو بیل بس ست + کہ از عمارت ہو ملک یافت رونق و آب

بدولت تو منجم بر وگشیدہ رقم + بہمت تو مہندس بر و نہادہ طناب +

تیر آہ سیاہ - ور موج خیز کس کہ جہان را گرفتہ آب + چون قبہ سپہر نماید چو یک حباب + راہ و ر ناز کس بہ نہایت نمیبرسد + گر صد ہزار سال زند ابر ما طناب +

طنبورہ از غلاف بیرون آوردن طنبورہ از غلاف بیرون کردن - راز کھلجانا بھید ظاہر ہوجانا اوحدالدین انوری - آ مردم با سخن کہ نتوان کرد + از احوال شہر و برون طنبور +

طاے با واو

طوطی صحرا - جنگل کی طوطی یعنی سبزہ جنگل کا -

طوق نقرہ و طلا - یہ ایک زیور کا نام ہے اور گلے مین پہنتے ہین ہندی مین اسکو ہنسلی کہتے ہین تاثیر - گر جبین نور فزا گشتہ تابان ترا + میکشد طوق طلا طوق گریبان ترا +

طوبی قامت طوبی قد - محبوب کی تعریف مین بولے جاتے ہین اور اسکے قد کی تعریف مین آصفی - ز طوبی قامتان بس ما شدم سرو خرامانی چرا قمری صفت ہر لحظہ بر شاخ دگر باشم + ولہ آصفی طوبی قدان را نشار مے شد بلند + التماس جرعہ زان مجلس عالی کنیم +

طوفان فزا جس سے طوفان پیدا ہو - شرف الدین شفائی - گریہ طوفان فزا من سر پرخاش داشت + زود رو کردم و گرنہ کار طوفان کردہ بود +

طوفان دار - غلام قربان بردار او قمری و فاختہ و طوطی و تیہو با زنجیرہ تابعیت مہرست و مہ حلقہ بگوش + گنبد گردان غلام طوق دار +

طوق باز جسکی گردن مین طوق ہو نظامی - سر زلف معشوق را طوق ساز + ور انگہی بان گردن طوق باز +

طوفان خروش - طوفان خیز - طوفان دیدہ - طوفان رسیدہ - طوفان زاے - طوفان زدہ - طوفان طراز - طوفان کدہ - اُن کے معانی مشہور و معروف ہین میرزا بیدل - کیفیت طوفان کدہ گریہ مپرسید + از برہم اشکم بنظر عالم آبست + میرزا صائب طاقت کجاست روی عرقناک دیدہ را + آرام نیست کشتی طوفان رسیدہ را + ولہ ساز ما حدیث زلف و رخ دلستان مپرس + طوفان رسیدہ را ز کنار و میان مپرس + ولہ نغم آن سیل کہ در یا نکند خاموشم + کوہ ر کشتی طوفان زدہ سازد یم + ولہ - ز ابراہیم ادہم پرس ر ملک و ر لیقی + کہ طوفان دیدہ از آسایش ساحل خبر دارد + ولہ - داغ ناسور ست لعل ای دریای عشق + تیغ سیل پست موج طوفان زاے عشق + ابوطالب کلیم - دیدہ ما سامان کی کشتی گلہا ملل بنود + ای ز نالش موج حسن یار طوفان خیز کرد + طالب آملی بہ کف بست کیں قطرہ

طوفان طراز نیست + واین دل چو شمع طعمہ سوز و گداز نیست۔

طوطی خط۔ جوان سبزہ خط سالک قزوینی طوطی خطے کہ طعنہ زند برخط لبش + خارم سرے چو ناخنہ برطوق غبغبش۔

طومار تصرف۔ جاگیر و عطیہ کی سند جو بادشاہ سے رعایا وغیرہ کو مرحمت ہو طومار و اصطلاحات میں بھی اسی کو کہتے ہین۔

طوطی مقال شیرین زبان و شیرین کلام۔ صفدر فوقانی۔ نوخطے مہ چہرہ شکر دہان + دلبر شیرین زبان طوطی مقال۔

طوفان کردن۔ کوئی بڑا کام کرنا صائب۔ فیض مردان در زبان بجو دہی افزون ترست + تیغ جو گردید عریان بیشتر طوفان کند مولہ تیوان و بیدن زکشتی اضطراب بحر را + حسن طوفان بیشتر در خانہ زرین کند +

طوق بردن۔ یہ ایک ہنر نشانہ بازی کا ہے کہ ایک حلقہ طلائی کسی بلند موقع پر نصب کر کے کہتے ہین کہ جسکا تیر اسمین سے گذر جائے طوق لیجائے بس جسکا تیر حلقہ کے اندر سے گذر جاتا ہے طوق لیجاتا ہے اور یہی کام نشانے کا بذریعہ نیزہ کے کیا جاتا ہے یعنی جو سوار گھوڑا دوڑاتے ہوے آئے اور طوق کو اپنے نیزے کی نوک سے لیجائے طوق اسی کا ہو نظامی زمین ریخ گوے انگیختہ + برد طوق از غبغب آویختہ بران طوق و گو آن بت مہر جوے + زسر طوق بردہ ز خورشید بوے

طوطی صاحب سلامت گو۔ وہ طوطی جسکو صاحب سلامت کے الفاظ بڑھائے جاوین ملا قاسم مشہدی در میان نوخطان باقی ہمہ بیرنگ تست + طوطی صاحب سلامت گو خط شبرنگ تست +

طوطی پس آئینہ۔ طوطی کی تعلیم دینے کے لیے یہ کام کیا جاتا ہے کہ آئینہ طوطی کے مقابل رکھ کر الفاظ بولے جاتے ہین طوطی کو جو اپنی شکل آئینہ سے نظر آتی ہے سمجھتا ہے کہ یہ طوطی میرے روبرو ہی یہ لفظ بول رہا ہی حافظ۔ در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند + انچہ استاد ازل گفت ہمان میگویم۔

طوق عنبرینہ۔ نیا خط جو معشوق کے رخسار پر نکلے

طوق ماہ۔ چاند کا ہالہ۔

طای با ہای ہوز

طہارت جامی۔ طہارت خانہ۔ نہانے اور وضو کرنیکی جگہ حکیم سنائی۔ علم جو درست جاہل خود راہی + چون چراغی ست در طہارت جاے

طا با یاے

طی شدن۔ ختم ہونا بس ہوجانا میرزا بیدل۔ زخود گر بگذری دیگر رہ و منزل سے مانند + ہمہ یکسر کشش جہت طی شد بیکہ کام پریشانی +

چوتھی فصل

اردو اصطلاحات و محاورات مین

طاے با الف

طاق پر رکھا رہنا۔ نکما و ناکارہ ہوجانا۔ الگ و جدا ہو جانا مؤلف عشق نے ایسا کیا بیکار ہمین + شیشۂ می طاق پر رکھا رہا +

طاق ہونا۔ اکیلا ہونا بے مثال ہونا نا طاقت ہونا۔ قطعہ صفدر فوقانی اُٹھنا اور بیٹھنا ہوا موقوف + ایسا طاقت سے ہو گیا ہون طاق گن گن کے گنتا ہون اپنی زندگی کی + کوئی دم مین حساب ہو بے باق حکیم انور لاہوری۔ عاشقون مین شہرۂ آفاق ہون + عاشقی اور دل لگی مین طاق ہون +

طالع چمکنا۔ قسمت یا بھاگ جاگنا۔ نصیبہ کھلنا صفدر رامپوری۔ ظلمت ہجر گئی ماہ منور چمکا + نکہت بیدار ہوے طالع صفدر چمکا +

طاق بھرنا۔ مسجد یا کسی بزرگ کے مزار پر چراغ جلانا۔

طاے با باے

طباقی کتا۔ ٹکڑے کا دوست مطلب کا یار مفت خور۔ گھر گھر پھرنے والا۔

طبق چھوڑنا۔ نذر نیاز کرنا صحنک دینا جانصاحب۔ پریون کا طبق چھوڑ دونگی دیوانی نہو جاؤن + کچھ کھوٹ ہی جو خواب مین دریا نظر آیا +

طبقہ الٹ جانا۔ زمانہ گردش مین آنا قسمت بدل جانا اور ہی رنگت نظر آنا قطعہ از مؤلف۔ اچھے لوگون کا دار عالم سے + نیست و نابود ہوگیا طبقہ + اب وہ انسان رہے نہ وہ حیوان + یک قلم کیا الٹ گیا طبقہ +

طبلہ کھڑکنا۔ طبلہ بجنا۔ ناچ رنگ ہونا۔ مؤلف۔ ادھر غم مین جلا کی کے ہمیشہ دل دھڑکتا ہی + ادھر عیش و خوشی سے رات دن طبلہ کھڑکتا ہی +

طبیعت الجھنا۔ جی پریشان ہونا۔ پراگندہ خاطر ہونا۔

طبیعت آنا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا جی آنا دل آنا شوق۔ جب طبیعت کسی پر آئیگی پتہنی حکمت ہی بھول جائیگی +

طبیعت بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ برداشتہ خاطر ہونا گھبرانا جی متلانا میلانا اکبر لاہوری۔ اچانک بے سبب انکی طبیعت جب بگڑتی ہی + بلا ہوتی ہی نازک تازہ آفت ہم پہ پڑتی ہی +

طبیعت بھر جانا۔ جی بھر جانا۔ سیر ہو جانا۔

طبیعت لڑانا۔ طبیعت کو لڑانا کسی تجویز کی درستی کے سے طبیعت پر زور ڈالنا۔

طبیعت لڑنا۔ کسی باریک نکتے کے حل کرنیمین طبیعت کا رجوع جانا مائل ہونا۔

راغب ہونا۔ ذوق واہ کیا کیا طبیعت اپنی بھی عشق مین ابتداسے لڑتی ہی

طبیعت لگنا۔ دل کا مشغول ہوجانا جی لگنا۔ مفتی حیدر محبت کے بہت مضبوط ہین الفت کے پکتے ہین + اُلٹتی پھر نہین ہرگز طبیعت جس سے لگتی ہی

طبیعت ہونا۔ جی چاہنا۔ رغبت ہونا شوق۔ ستیاناس جاے غارت ہوجا ورپہ جسکی کچھ طبیعت ہو +

طبعزاد۔ اپنی طبیعت سے نکلی ہوئی بات شعر ہون یا مضمون یا کوئی تجویز واختراع

طبیعت دار۔ ہوشیار زود فہم +

طباق سا منھ۔ چوڑا چپٹا بھدا منھ بے حیا۔ بے شرم یہ لفظ اکثر عورت کی نسبت بولی جاتی ہین۔

طای باراى

طراری بھرنا۔ سرپٹ دوڑنا۔ فرفر کسی تحریر کو پڑھ لینا بے توقف کام کرنا

طرح اڑانا۔ کسی کی وضع سیکھ لینا۔ انداز حاصل کرنا۔

طرح دینا۔ بے پروائی کرنا چشم پوشی کرنا۔ ٹال دینا۔ روگردانی کرنا صفدر فوقانی۔ وے کے آواز بلا لیتے ہین پاس + دور سے اغیار کو پہچان کے + بربرہ دیکھتے جب ہمکو ہین + طرح دے جاتے ہین جانان جان کے +

طرح ڈالنا۔ بنیاد ڈالنا۔ تدبیر کرنا۔ غور کرنا کسی عمارت کی چراغ دین روشن۔ خود گراتے ہین اُس عمارت کو + جس کی ہم پہلے طرح ڈالتے ہین +

طرح اڑانا۔ دوسرے شخص کی طرز وروش اختیار کرلینا ڈھنگ سیکھ لینا۔ ناسخ۔ ہرنالے مین سو ٹکڑے جگر ہوتا ہی بلبل + آسان نہین طرز اڑانے میرے دل کے +

طرحدار ہونا۔ اچھی وضع کا ہونا۔ اپنے ڈھنگ کا ہوجانا۔ صفدر رامپوری ایک ہولاکہ جوانون مین طرحدار بھی ہو + رشک یوسف بھی ہو عاشق بھی ہو زردار بھی ہو۔

طرفدار ہونا۔ طرفداری کرنا۔ پاس کرنا۔ حمایت کرنا۔ امداد پر ہونا۔ نثار سُنیگا کون بھلا حشر مین مری فریاد + وہان بھی تیری طرف ہونگے سب یہانکی طرح بھولانا اکبر۔ اگر ہو باغبان ہی دشمن جان + تو ہو پھر کون بلبل کا طرفدار +

طرحدار۔ خوبصورت۔ وضعدار۔ چھبیلا۔ رنگیلا۔ جہان ؎ وہ دل کو ہر طرح سے چھین لیگا۔ حسین جو دلربا ہو اور طرحدار +

طرفۃ العین مین۔ بہت جلد اور شتاب۔ مؤلف۔ جو چاہے کرے طرفۃ العین مین + وہ خلاق ورزاق وپروردگار + کرے کسکی مجال ہی چون وچرا + بحکم خداوند لیل ونہار +

طرفہ معجون۔ انوکھا عجیب۔ نادر۔

طرفہ یہ ہی۔ تعجب یہ ہی۔ انوکھی بات ہی۔

طای باشین

طشت ازبام۔ ظاہر ہونا مشہور ہونا۔ شہرت پانا۔ راز کھل جانا ؎ چھپ سکے کیونکر بھلا اغیار سے + دوستو عشق اپنا طشت ازبام ہی +

طشت چوکی۔ طشت اور چوکی جو پاخانہ پھرنے کیلیئے پاخانہ مین رکھا رہتا ہی

طای باعین

طعن توڑنا۔ آوازہ کشی کرنا طعنہ مارنا۔ رمز سے کلام کرنا۔ بولی مارنا۔

طای بافای

طفیلیا۔ خوشامدی پیچھے لگا اور وہ جس سے بذات خود کوئی کام نہو سکے دوسرے کی امداد کا محتاج ہو قطعہ از مؤلف۔ اپنا مرنا ہمین گوارا ہی + غم فرقت مین تیرے اے دلبر + پر نہ جاینگے تیری محفل مین + غیر کے ہم طفیلیا بنکر +

طفل مکتب ہونا۔ نادان ہونا۔ بیوقوف نا تجربہ کار ہونا۔ مبتدی ہونا۔ طالب علم ہونا۔

طاے بالام

طلب بجھانا۔ خواہش کو رفع کرنا۔

طلب بانٹنا۔ تنخواہ تقسیم کرنا۔

طلسم باندھنا۔ انوکھی بات کرنا عجیب غریب تماشا دکھلانا۔

طای بانون

طنطنہ دکھانا۔ دبدبہ دکھلانا شان وشوکت دکھلانا۔

طاے باواو

طور بےطور ہونا۔ حال بگڑجانا۔ قریب المرگ ہونا غیر حالت ہونا مؤلف مسیحا کیجیئے میرے حال پر غور + کہ اس بیمار کے ہین طور بے طور +

طوطی بلوانا۔ نام پانا۔ شہرت حاصل کرنا نظیر۔ بوسے جو نہ دوم بھڑوا مار اُسکے سر پہ جوتی + ورود توودستون مین بلوالے اپنی طوطی +

طوطی بولنا۔ مشہوری ہونا۔ شہرت پانا۔ زمانے کا موافق ہونا مقبول آمدنی ہونا قطعہ از مؤلف۔ جہان مین ہین شرارت پیشہ جتنے + مفسدین کا آج طوطی بولتا ہی۔ بڑی عزت ہی انکی اور بڑا نام + بڑا اوجھ ہی اور رتبہ بڑا ہی۔

طوفان اٹھانا۔ طوفان مچانا۔ بہت سا غل شور مچانا۔ قیامت برپا کرنا قطعہ از مؤلف۔ نہ پہونچے کان تک ایک اُس کی آواز +

نہ رحم اُسکے دل سنگین مین آیا + قیامت ہمنے برپا کی بہت سی +

طوفان آنا ۔ بہت بارش ہونا یا سخت آندھی چلنا ۔ سیلاب آنا ۔ **مؤلف**

آہ کا اٹھا دھوان ہر چارسو + آنسوؤن کا ایک طوفان آگیا +

طوفان کھڑا کرنا ۔ طوفان اُٹھانا ۔ طوفان لگانا ۔ طوفان باندھنا ۔ طوفان جوڑنا ۔ کسی پر ناحق الزام کرنا جھوٹی تہمت دھرنا بہتان بنانا **مومن** ہین تو بولا ہی نہین کسنے کیا ہی شکوہ + جھوٹ طوفان نہ اُٹھا غیر برہم مت ہو

طول پکڑنا ۔ طول کھینچنا ۔ بات کا بڑھ جانا کسی بیماری کا بڑھ جانا **مؤلف** ۔ طول دیتا مین بھید زلفون کا + کیا کرون قصہ کھینچتا ہی طول ۔

طومار باندھنا ۔ طول طویل کہانی لکھنا جھوٹ کے پل باندھ دینا ۔

طویلے کی بلا بندر کے سر پڑنا ۔ ایک کام کا جرم یا الزام دوسرے شخص پر قائم ہو جانا **قطعہ از مولف** ۔ رقیب روسیہ پر ہی جو الزام + ہمین ناحق لگا دیتے ہین دلبر + اسی پر یہ مثل آتی ہی صادق + طویلے کی بلا بندر کے سر پر +

طای با ہای ہوز

طہارت کرنا ۔ آبدست لینا ۔ استنجا کرنا ۔ وضو کرنا ۔ منھ ہاتھ دھونا ۔ نہانا ۔

طاے با یاے

طیش مین آنا ۔ خفا ہونا ۔ جھنجھلانا ۔ جوش مین آنا ۔ غصہ کرنا ۔ **قطعہ از مؤلف** ۔ ہم جتنے نرم ہوتے ہین وہ گرم ہوتے ہین + آتے ہین طیش مین میرے ہر ایک بات پر + پوری ہوئی نہ ایک بھی آہ چند سال مین + جتنی امیدین ہمکو تھین دلبر کی ذات پر +

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب کے بیان مین

طای با الف

طالیسفر ۔ یہ ایک درخت کا پوست ہی دار چینی سے ذرا موٹا تیز اور کم خوشبو اختر مائل بسیاہی زعفران کی بو طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین دافع لقوہ و فالج و نفث الدم و بواسیر و قروح الامعا و درد دندان ہی

طاؤس ۔ مشہور پرندہ ہی جسکو ہندی مین مور کہتے ہین دم اسکی بہت بڑی ہوتی ہی جب ناچتا ہی تو دم کو چتر کر لیتا ہی بلی کی سی اسکی آواز ہی برس مین ایک بار انڈے دیتا ہی گوشت اُسکا گرم اور سخت غلیظ ہی اور دیر ہضم مگر شوربا اسکا درد پہلو اور ذات الجنب کو مفید ہی اور مقوی باہ ۔

طالیقون ۔ یہ ایک قسم کا تانبا زرد رنگ پیتل کے رنگ پر ہوتا ہی تانبے کی کان مین ملتا ہی آگ مین گرم کرنے اور ہتھوڑے کوٹنے سے سیاہ نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم خشک سمیت اسمین غالب ہی اگر موچنا اس سے بنا دین اور بال اُکھاڑین تو پھر نہ نکلینگے اور اگر مچھلی کا کانٹا بنائین تو مچھلیان بہت پکڑی جائینگی اور اگر گرم کرکے کسی پانی مین ڈبوئین وہ پانی کوئی جانور نہ پئے گا

طاے با باے

طباشیر ۔ مشہور دوا ہی جو بانس کی لکڑی سے نکلتی ہی اسلیے اسکو ہندی مین بنسلوچن کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک مفرح و مقوی دل و مقوی معدہ و جگر ہی پیاس کو بجھاتی ہی اور حابس اسہال صفراوی و دموی ہی

طباق ۔ اس نہال کو فارسی مین اسپرغم کہتے ہین صغیر اور کبیر دو قسم پر منقسم ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک پھول صغیر کا مقوی کبد اور واسطے درد جگر کے مفید ہی اور واسطے دفع سموم حیوانی تریاق کبیر کا پھول دافع صرع ولقوہ اور حمول پتون کے عصارے کا دافع جنین ۔

طحلب ۔ وہ سبزی جو استادہ پانی پر آجاتی ہی ہندی مین اسکو کائی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر ضماد اسکا واسطے بند کرنے خون اور دفع سرخ باد و تحلیل اورام کے مفید ہی اگر خشک کرکے کھائین تو صفرائی دست بند ہو جائین

طحال ۔ یہ ایک عضو کا نام ہی جو انسان کے اندرونی اعضا مین سے بائین طرف دل کے نیچے برنگ کبود موجود ہی نہایت نرم و نحیف طبیعت اُسکی سرد و خشک دیر ہضم ردی الکیموس مولد خون سوداوی قاطع نزف الدم اور اندمال دینے والا زخمون کا ہی

طاے با راے

طرفا ۔ ایک درخت کا نام ہی جسکو ہندی مین جھاؤ کہتے ہین طبیعت اس کی سرد خشک قابض درا دع و محلل دافع جذام و یرقان ہی مسوڑھون کو طاقت دیتا ہی دستون کو بند کرتا ہی

طراثیث ۔ یہ ایک بوٹی کا نام ہی جسکی پتی چنے کی پتیون کی طرح ہوتی ہی ذائقہ ذرا میٹھا طبیعت اسکی سرد خشک قابض حابس اسہال مقوی کبد و معدہ دافع سیلان خون استرخای ہی ۔

طریخ ۔ فارسی مین اسکو تارغ کہتے ہین یہ ایک مچھلی بقدر ایک بالشت کے سفید رنگ دریای فارس مین کثرت سے ملتی ہی ملاسی کم چشم مگر گوشت اور لذیذ طبیعت اسکی گرم اور خشک مشتہی اور مہی جالی قاطع بلغم دافع تپ ربع کھانا اُسکا روغن بادام مین بریان کرکے بدن کو موٹا کرتا ہی

طرفریدوس ۔ یہ ایک گھانس ہی بہت سی اسکی شاخین ہوتی ہین اور پتی باریک مشابہ پتی چنے کے حیوانی زہر دفع کرنے مین یہ استعمال کی جاتی ہی

طراغشون - یہ ایک گھاس ہی کہ گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی تپی نازک اور باریک اس کا پانی نکالکر سرمہ اسمین پیسا جائے اور آنکھون مین لگایا جاوے تو دمعہ کی بیماری کو اچھا کرتا ہی

طراغیون - یہ ایک گھاس ہی بقدر ایک بالشت کے زمین سے اونچی ہوتی ہی بغیر پتی کے اور سر پر ایک پھل بقدر دانۂ گیہون یا چھوٹی قسم کی انگور کے طبیعت اسکی گرم و خشک اسکا پانی اگر شراب کے ساتھ پیا جاوے تو رحمی رطوبات کو دفع کرتا ہی کھانسی کے دفع کرنے کے لیے اسکو استعمال کرتے ہین

طراغیون - یہ گھاس دو قسم کی ہوتی ہی ایک بڑی جسکی تپی ہوتی ہی گوند بھی اُس سے ببول کے گوند کی طرح حاصل ہوتا ہی دوسری چھوٹی جسکی تپی نہین ہوتی اسکا پھل سُرخ بقدر دانۂ گیہون کے طبیعت اُن دونون اقسام کی گرم و خشک ہی مدر حیض ہین اور مسقط جنین -

طرخون - یہ سبزہ فارس کے ملک مین بکثرت ہوتا ہی اور سبزیون کیطرح لوگ اسکو کھاتے ہین جنگلی اور باغی دونون قسم کا ہوتا ہی جنگلی کی جڑ کا عاقرقرحا ہی جو مشہور دوا ہی اور بستانی کھانے مین آتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل ریاح و اخلاط از جہ منفتح سدہ مقوی معدہ ہی منہ مین رکھین تو منھ کی بدبو جاتی رہتی ہی -

طریفلن - یہ ایک بوٹی ہی جو ایک بالشت کے قریب زمین سے بلند ہوتی ہی شاخین باریک اور سیاہ اذخر کی طرح پھول بنفشی جڑ لمبی اور سخت طبیعت گرم اور خشک مقوی جگر اور مدر بول دافع صرع و استسقا ورد رحم و عسر البول ہی -

طریقولیون - یہ سبزہ بقدر ایک بالشت کے زمین سے اونچا ہوتا ہی تپی اسکی مانند تپی نیل کے پھول اُسکا صبح کو سپید دوپہر کو بنفشی رات کو سُرخ ہو جاتا ہی جڑ اسکی خوشبو اور سپید بو سونٹھ کی سی طبیعت اُس کی گرم و خشک مقوی معدہ و جگر قاطع اخلاط سرد دافع خفقان و سموم ہی

طراشنہ - یہ گھاس دو قسم کی ہوتی ہی ایک قسم وہ تپی جسکی جنگلی شلغم کی سی پھول زرد جڑ سفید ہوتی ہی دوسری قسم کی سبزی مائل بزردی قد چھوٹا تپی باریک ہین طبیعت اُنکی گرم و خشک ہی اور عصارہ اگر سرمہ مین ملاکر آنکھون میں لگائین آنکھ کی سپیدی کو دفع کرتا ہی ضعف کبد و طحال و استسقا کا علاج ہی

طای با فا

طفشیل - اغذیہ قدیمہ سے ایک غذا کا نام ہی جو عدس مقشر سے سرکہ مین پکائی جاتی ہی قلیل الغذا مقوی معدہ مسکن تیزی خون تپ مرکب کا علاج ہی -

طاے بالام

طلح - فارسی مین اسکو موز کہتے ہین اور ہندی مین کیلا مشہور پھل ہی اسکے فوائد اور خواص موز کی لفظ مین تحریر ہونگے انشاء اللہ تعالے

طلع - درخت خرما کا شگوفہ طبیعت اسکی سرد اور خشک مقوی معدہ قابض طبع مسکن گرمی و تیزی خون دافع تشنگی و اسہال ہی -

طلق - معرب تلک عربی مین اسکو کوکب الارض اور عرق العروس کہتے ہین فارسی اور ہندی مین ابرک مشہور ہی یہ ایک جسم معدنی پارہ خالص اور تھوڑی گندھک سے پیدا ہوتا ہی ارضیت اور یبس اسپر غالب ہی فاعل اسکی بستگی کا برودت ہی یاکی اندلسی ہندی تین قسم کا ہوتا ہی بہتر سب مین یانی ہی آگ مین یہ اکیلا نہین جلتا نوسادر وغیرہ ملاکر اس کا کشتہ کرتے ہین طبیعت اُسکی سرد خشک اسکا کشتہ ہزارون بیماریون کا علاج ہی خصوصًا اور جگر کی حرارت کو بہت جلد دفع کرتا ہی

طلای - انگور کے شیرہ کو آگ پر جوش دین نصف تک جل جائے تو اسکو طلا کہتے ہین طبیعت اور خواص و تاثیر مین یہ انگوری شراب کے برابر ہی -

طاے بایاے

طین قیمولیا - یہ وہ مٹی ہی جسکو کھریا مٹی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد مجفف محلل قابض اطعم و حابس اسہال صفراوی و مسکن سوزش مقعد ہی -

طین جلود - یہ ایک خاک سُرخ تیرہ رنگ چکنی ہوتی ہی جس سے جانورون کے چمڑے رنگتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ساتھ قوت قابضہ کے لیپ اسکا محلل اورام ہی اور یانی دافع اسہال -

طین صوفی حمید - یہ ایک مٹی سفید خوشبو دار بلاد تسرمان بقبہ صوفی حمید سے لاتے ہین حیوانی سموم کے دفع کیواسطے یہ مٹی تریاق اعظم ہی

طین احمر - سرخ مٹی ہندی مین اسکو گیرو کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ادویات مین مستعمل ہی -

طین اخضر - یہ سبز رنگ مٹی شیراز سے لاتے ہین طبیعت اُس کی سرد اور خشک ایران کی عورتین اسکو آگ مین بھون کر کھاتی ہین دل کے دھڑکنے کو تسکین دیتی ہی اور بدن پر ملکر نہانے سے بدن نرم و صاف رہتا ہی

طین اصفر - یہ زرد مٹی مائل بہ تیرگی حوالی شہر قسطنطنیہ سے لاتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و حابس ہی نفث الدم و نزف الدم کی بیماریون کو دفع کرتی ہی اکثر لوگ اُس سے زرد کپڑے رنگ لیتے ہین -

طین جسر - یہ ایک مٹی ڈھیلی ہلکی خالص سبز مشابہ بجانب نے ہی اگر اسکو تر حوان دین تو خوشبودار اور خوش مزہ ہو جاتی ہی اکثر لوگ اسکو کھاتے ہین جنکو عادت مٹی کھانے کی ہوتی ہی کہ مضرت

اسکی اور شیون سے کم ہے

طین مصر۔ یہ مٹی بہت سپید خط دار اور خاکستری رنگ مصر سے لاتے ہین اور جلاکر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع اسہال الدم و استسقاد و ورم طحال و دیگر اورام کہنہ ہے۔

طین افرطیس۔ یہ خاک خاکستری رنگ کی ہے اُنگلی لگانے سے ٹوٹ جاتی ہے مشابہ پھٹکری کے اُسکا ذائقہ ہے مگر اُس سے کم طبیعت اسکی گرم و خشک دافع قرحۂ چشم مانع استقاط حمل و محافظ جنین و دافع اورام خبیثہ ہے۔

طین ساموس۔ یہ مٹی کئی قسم کی ہوتی ہے ایک سفید صفا بھی تھوڑی براق کھرنڈ ملتی ہوئی دوسری خاکستر صفا بھی نرم تیسری بہت سفید نرم ہلکی جو زبان پر رکھین تو چپک جائے طبیعت اُنکی سرد اور خشک قاطع خون حیض دافع سموم گرم و اورام خبیثہ ہے

طین ابیض۔ یہ ایک سپید مٹی لیسدار حجاز مین ملتی ہے طبیعت اسکی سرد خشک اکثر ادویات مین مستعمل ہے۔

طین المختوم۔ یہ ایک مٹی سرخ رنگ جزیرہ لیمون جو ایک جزیرہ جزائر مغرب سے ہے لاتے ہین وہان ایک عبادت گاہ ارطامس عابد کی بنی ہوئی ہے اور خادم معبد کی ایک عورت رہتی تھی وہ مٹی کی ٹکیہ بناکر اور اس پر مہر لگاکر رکھ چھوڑتی تھی اور بطور تبرک لوگون کو دیتی تھی اور نقد جسقدر کوئی دیوے لے لیتی تھی بادشاہان روم و یونان وغیرہ کے پاس بھی وہ قرص جاتے تھے طبیعت اسکی سرد خشک مفرح و مقوی دل و معدہ و دافع سموم ہے۔

طین۔ خاک ہندی مین مٹی سریانی مین حِثیا کہتے ہین عمدہ مٹی وہ ہوتی ہے جو حر ہو یعنی خالص ہو شور و گندھک وغیرہ اسمین ملا ہوا نہو میٹھا پانی اسمین ہو یا وہ میٹھے پانی سے نکالی گئی ہو طبیعت مٹی کی عموماً سرد خشک ہے مگر مٹی دریائے شور اور کڑوے پانی اور کان نمک کی گرم و خشک مجفف جالی مسدد حابس اسہال محلل اورام مسکن سوزش و گرمی معدہ ہے۔

طیرانہ۔ یہ ایک بوٹی قنطر کے مشابہ ہے بلکہ اس سے بڑی رات کو چراغ کی طرح چمکتی ہے زیتون یا بلوط کے درخت کے نیچے پیدا ہوتی ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک یہ گھاس سموم قتالہ سے ہے اسکے سونگھنے سے بھی انسان بیہوش ہو جاتا ہے کھائے تو فی الفور مر جاتا ہے۔

طین مدنیہ۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر کی مٹی اور حضرت سید الشہداء امیر حمزہؓ کے مزار پر انوار کی مٹی حصول صحت کے لیے لوگ کھاتے ہین اور شفا پاتے ہین کربلائے معلی کی مٹی وہی تاثیر رکھتی ہے

طین ارمنی۔ یہ مٹی گلابی سے رنگ یعنی سرخ و سیاہ نرم اور چکنی اور شیرین اور خوشبودار ہوتی ہے اور ایران سے لاتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک قابض مقوی دل اور زخم و معاء و معدہ کے امراض کا علاج ہے

طین اندلسی۔ یہ ایک قسم کی مٹی سیاہ رنگ کثیف اندلس سے لاتے ہین واسطے تحلیل ورام کے ضماداً اور طلاءً نافع ہے۔

طین خراسانی۔ یہ مٹی بہت خوشبودار خوش مزہ ساتھ تھوڑی شوریت کے بعض لوگ بعض بھون کر اسکو کھاتے ہین ذرا کستوری بھی اسمین ملا لیتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی معدہ مانع قے ہے اور دافع جوع کلبی و ہیضہ ہے۔

طین غستانی یہ مٹی داغستان در بند سروان ملک آذربائجان سے لاتے ہین کئی رنگ کی ہوتی ہے عمدہ قسم خاکی رنگ کی ہوتی ہے طبیعت اسکی سرد اور خشک مفرح قوی رافع خفقان و دافع غشی و سمیت اخلاط ہے۔

طین دقوقی۔ یہ ایک مٹی ناحیہ دقوق بلدۂ حلب سے لاتے ہین نیلا اور سپید رنگ طبیعت سرد خشک مجفف و قابض و حابس اسہال و نافع رطوبات معدہ ہے۔

طین رومی۔ یہ خاک گلابی رنگ بعض سپید مائل بکبودی و خوشبو طبیعت اسکی سرد و خشک مجفف و قابض اگر یہ مٹی کاسنی کے پانی کے ساتھ پلکون کے ورم پر طلا کرین مفید ہے

طین فارسی۔ گل شیرازی اور گل سرشو بھی اسکو کہتے ہین یہ مٹی سپید زردی مائل ہے طبیعت اسکی سرد و خشک اسلئے دردِ سر کے نافع ہے

طین قبرسی۔ یہ مٹی سرخ چکنے والی خوشبودار ہے اگر توڑین تو اندر سے رنگین زرد رنگ نکلتی ہے ہاتھ مین ملین تو ہاتھ رنگین ہو جاتا ہے طبیعت اسکی سرد و خشک معدہ اور امعاء کے کرمون کے مارنے کے لیے بہتر اس سے کوئی علاج نہین اگر حقنہ کے ذریعہ سے دوا اندر پہونچائی جاوے سیعہ کو دور کرتی ہے اور اورام کو تحلیل کرتی ہے۔

طین الکرمی۔ یہ مٹی کالی بدبو کوئلہ کی طرح بلاد سوریا سے لاتے ہین صنوبر کی لکڑی سے نکلتی ہے طبیعت اسکی سرد و خشک سرمہ مین پیس کر آنکھون مین لگائی جاوے تو پلکون کے گرے ہوے بال نکل آتے ہین پُرانے زخمون کا یہ علاج ہے۔

طین ملتانی۔ یہ مٹی پرت دار درمیان سُرخی اور زردی اور سفیدی کے ہے طبیعت اسکی گرم و خشک جالی محلل اورام ہے

طین الجزیرۃ المصطگی۔ یہ مٹی پرت دار ٹکرے جزیرۂ مصطگی سے لاتے ہین

سپیدہ مائل بخاکستری پانی مین مورد ب جاتی ہے طبیعت اسکی گرم او خشک حالی منفتح و جاذب خون ہے رخساروں کے رنگ کو روشن کرتی ہے جو زخم آگ سے جلکر بدن پر پڑ جاے اُسکو جلد اچھا کرتی ہے

بیسواں باب

ظاے معجمہ کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ مین

ظاے باالف

ظاہر۔ سب کے سامنے سب کے روبرو۔ برملا باہر شہر کے جو میدان ہو یعنی حوالی شہر و قصبہ مقابل باطن کے **صفدر فوقانی** ہوالاول ہوالآخر ہوالظاہر ہوالباطن + ہوالخالق ہوالرازق ہوالمالک ہوالمولی +

ظاے بابائے

ظبی۔ بفتح اول و سکون ثانی آہو یعنی ہرن جو مشہور جنگلی جانور ہے ظبا بکسر اول اسکی جمع ہے

ظاے باراے

ظرافت۔ خوش طبعی ہنسی خوش مزاجی۔ **ظہوری**۔ شکر لبان ظہوری را نغمہ دارند + خوشم کہ بادہ قابل لب ظریف شدم +

ظریف۔ صاحب ظرافت خوش طبع۔ خوش مزاج زیرک آدمی ؎ یکے بمزاج ست و دیگر ظریف + یکے صاحب زور و دیگر ضعیف +

ظرف۔ زیرکی و خوش طبعی و خوش مزاجی اور برتن جس مین کوئی چیز رکھی جائے اور انسان کا حوصلہ **ملا وحشی**۔ این ظرف مین کہ تشنہ لبان را بقطرہ + صد احتیاج ہست و تمنا نے کنند **مؤلف** اگر فراخی از خدا خواہی مباش + تنگ ظرف و تنگ چشم و تنگ دل +

ظاے باعین مہملہ

ظعن۔ کوچ کرنا۔ چلنا۔ رحلت کرنا۔

ظعین۔ چلنے والا۔ کوچ کرنے والا۔

ظعینہ۔ وہ نوعروس جو اپنی ہودج یعنی محافہ مین ہو۔

ظاے بافاے

ظفر۔ بفتحتین فتح و فیروزی ؎ حق میان تاجداران تاج زر بخشید ترا + وقت میدان بر عدو فتح و ظفر بخشیدہ ترا +

ظُفر۔ بضم اول آدمیوں کے ناخن۔

ظاے بالام

ظلمت۔ بضمتین و بضم اول تاریکی۔ اندھیرا۔ **امیر خسرو**۔ در خیال روے و مویت ہر شبے + ظلمت شب میکنم مہتاب ہم +

ظلمات۔ بضمتین و بضم اول جمع ظلمت تاریکی اور وہ تاریکی جس مین آب حیات ہے۔ **مؤلف**۔ بوقت عسر مخور غم کہ در میان جہان + مقام چشمۂ آب حیات ظلمات ست +

ظلیت۔ سایہ ہونا۔

ظلف۔ بکسر اول وہ جانور چوپایہ جسکا سم پھٹا ہوا ہو جیسے گاے اور بکری اور ہرن وغیرہ اور جن چوپایون مین گھوڑا اور گدھا اور خچر اور گورخر وغیرہ کے سم پھٹے ہوے نہین ہین انکو حافرہ کہتے ہین۔

ظل۔ بکسر اول و تشدید لام سایہ و خیال و نمونہ اور سایہ ابتداے روز کا جو مشرق سے مغرب کی سمت پڑتا ہے۔ ؎ شہنشاہ فریجاہ ظل آلہ + چو خور سایہ گسترہ شام و بگاہ +

ظل ظلیل۔ سایہ دراز اور وہ سایہ جو ہمیشہ رہے تمام و کمال سایہ۔ ؎ ذات والایش بشکل آفتاب + درجہان ظل ظلیل ایزدی ست +

ظلال۔ بفتح اول ابر کا سایہ اور وہ جگہ جو سایہ دار ہو۔

ظلال۔ بکسر اول جمع ظل بہت سے سایے۔

ظلم۔ بضم اول و سکون ثانی ستم و تعدی **صائب** عجب دارم خدا بردارد این ظلم نمایان را + کہ پیش چشم من آئینہ زان رخسار گل چیند +

ظلم۔ بفتحتین تاریکی اور تاریک ہونا۔

ظلم۔ بضم اول و فتح ثانی جمع ظلمت بہت سی تاریکیان۔

ظلوم۔ بفتح اول و ضم ثانی نہایت ظلم کرنیوالا بڑا ظالم۔

ظلام۔ بفتح اول تاریکی اول شب یعنی پہلی رات کی تاریکی۔

ظلام۔ بکسر اول جمع ظلمت بہت سی تاریکیان۔

ظلام۔ بفتح اول و تشدید لام بہت ظلم کرنے والا۔

ظل اللہ۔ خدا کا سایہ بادشاہ اولی الامر۔

ظلمہ۔ بفتح اول و ثانی و ثالث بہت سے ظالم جمع ظالم کی۔

ظلہ۔ سائبان و خیمہ و ابر اور ہر چیز جو سایہ کرے۔

ظلمانی۔ بفتحتین تاریک۔

ظاے با میم

ظما۔ بفتحتین پیاسا ہونا۔

ظماء۔ بکسر اول بہت سے پیاسے لوگ

ظاے با نون

ظنت - بکسر اول و تشدید ثانی کسی پر تہمت باندھنا - بہتان جوڑنا -
ظنون بفتح اول بدگمان -
ظن - بفتح اول و تشدید ثانی گمان جو کسی کی نسبت ہو۔ **مہر معزی** قبول بود ہم ظن من با دل کار + کنون معائنہ دیدم ہر آنچہ ہر دم ظن + **سعدی** - بخاطر درم ہرگز این ظن نرفت + ندانم کہ گفت آنچہ بر من نرفت

ظاے با ہاے

ظہار - بکسر اول ہم پشت ہونا -
ظہر - بضم اول زوال کا وقت اور وہ نماز جو مسلمان بعد زوال کے پڑھتے ہین
ظہر بفتح اول پشت یعنی پیٹھ -
ظہر بفتحتین وہ درد جو پشت مین ہو -
ظہور - بضم پیدا ہونا - غالب ہونا **نور الدین ظہوری** ترا چہ رتبہ کہ اندیشۂ وصال کنی + ادب خوش ست ظہوری چنین ظہور مکن +
ظہیر - یاری دینے والا - مددگار پشت پناہ اور وہ شخص جسکی پشت مین درد ہو اور نام ایک شاعر کا جو فاریاب مین رہتا تھا ؎ دیوان ظہیر فاریابی ؛ از کعبہ بدزد گر بیابی +
ظہارہ - بکسر اول قبا کا ابرہ -

ظاے با یاے

ظئیر بکسر اول و سکون ہمزہ جو بصورت یا ہے دایہ جو دوسرے شخص کے بچے کو دودھ دیوے

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

واضح ہو - کہ اس فصل مین کوئی اردو لغت لائق اندراج دستیاب نہین ہوا سب لغت عربی ہین جو پہلی فصل مین تحریر ہوے -

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے بیان مین

ظاے با راے

ظرف زرحل - وہ برتن جسمین سونا حل کیا جائے **ملا مفید بلخی نقاش** من کہ ہر دو جہان زر و مشکل ست + مہ و زرنگار خانہ او ظرف زرحل ست +
ظرفیت نداشتن - حوصلہ نرکھنا **محسن تاثیر** مغلوب گشت دلبر غالب حریف من + ظرفیتے نداشت نگار ظریف من +
ظرفش لبریز شدہ - برتن اسکا بھر گیا عمر اسکی تمام ہوئی ؎ نماند دگر دغل حرص و ہوا + چو لبریز شد ظرف این خاکسار +

ظاے با فاے

ظفر پیکر - ظفر توز - ظفر آیہ - یہ سب کلمات تلوار کی صفت مین بولے جاتے ہین ؎ چو شمشیر ظفر پیکر برآورد + عدد را مغز بی مغز از سر برآورد +
ظفرستان فتح مندی کا مقام **ظہوری** دلہی بر حال ہوس کشتہ شد امید گریز + عشق برخاستہ میدان ظفرستان گشت ست +

ظاے با لام

ظلم پاے دیوار خود میکند - مثل ہے یعنی ظالم اپنی دیوار کی بنیاد کھودتا ہے ؎ کند ظالم و ظلم از دست خود + بدار جہان پاے دیوار خویش -
ظلمت آباد - عالم عدم و دنیاے فانی -
ظل زمین - رات -
ظلمتکدہ - عالم دنیا و مقام تاریک - **شوکت بخاری** پا ز ظلمتکدہ بیرون بگذارم شوکت + کہ مرا پردۂ مہتاب قماش سخن ست -
ظلمات ثلاثہ - تین تاریکیان جو یونس علیہ السلام کو پیش آئین ایک رات کی تاریکی دوسری مچھلی کے پیٹ کی تاریکی تیسرے قعر دریا کی تاریکی بعض کے نزدیک تین تاریکیان کدورت طبعی ہواے نفسانی صفات حیوانی ہین -

چوتھی فصل

اردو محاورات کے ذکر مین

ظاے با الف

ظاہرداری برتنا - دکھاوے کی باتین کرنا - نفاق کرنا -
ظاہر پرست - ظاہری حالت پر نظر کرنیوالا - باطن سے بے خبر دنیادار **مولف** فی الحقیقت بے خبر باطن سے ہے ؛ جو کہ ہو ظاہر نما ظاہر پرست +

ظاے با لام

ظلم دوست ہونا - ظالم ہونا - ظلم کو اچھا جاننا -

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

ظاے با فاے

ظفر قطورا - یہ ایک گھاس جنگلی اور بستانی دونون قسم کی ہوتی ہے بستانی کی شاخین باریک بال کے برابر زمین پر پھیلی ہوئی جنگلی کی شاخین بھی باریک ہین مگر پوست خشبی اور رنگ ساق کا سرخ ڈیڑھ بالشت زمین سے اوپر بڑھی ہوئی طبیعت دونون کی سرد خشک ہے اسکو خشک کر کے کوٹین اور شہد کے ساتھ کھائین تو امعا کا زخم مندمل ہوتا ہے حبس بول کی بیماری کو دفع کرتی ہے باریک پیسی ہوئی اگر کسی زخم پر ڈالین خون فی الفور بند ہو جائے

ظفر القط - اس سبزے کی ڈنڈی مربع مشابہ ڈنڈی باقلہ کے بار تنگ جیسی تپی پھول سوسن کا سا جڑ طلبی جسکو ایرسا کہتے ہین طبیعت اس کی سرد خشک قابض قاطع رعاف دافع اسہال نافع بواسیر مصفی رحم ہی -

ظفرہ - یہ ایک گھاس ہی جو زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہی شاخین اسکی باریک نرم تپی گول پھول زرد جڑ سیاہ طبیعت گرم خشک کھانا اسکا منع ہی کیونکہ یہ اپنی تیزی اور تندی کے سبب سے گوشت کو گلا دیتی ہی ضماد اسکا تجربہ کیا جاتا ہی جہان سے زائد گوشت اتارنا منظور ہوتا ہے -

ظاے بالام

ظلف - سُم گھوڑے کا ہو یا کسی اور چارپائے کا ہندی مین اس کو کھر کہتے ہین طبیعت اُسکی سرد خشک اُسکی راکھ کو شراب مین ملا کر زخم پر لگایا جاے تو مندمل کرتا ہی شہد کے ساتھ ضماد کرنا وجع المفاصل کو دفع کرتا ہی بکری کے سُم کی راکھ سرکے مین طلا کرنا داء الثعلب کو مفید ہی -

ظاے بایاے

ظیان - یاسمین بری جنگلی چنبیلی سفید ہندی مین اُس کو جوہی جاہی بھی کہتے ہین پھول اس کا نہایت خوشبو اور خاردار باغی چنبیلی سے چھوٹا جڑ اسکی کالی اور باریک طبیعت اس کی جڑ کی چوتھے درجے مین گرم اور خشک اور باقی اجزا تیسرے درجے مین گرم ہین محلل وملطف سرد اور اعصاب اور صدر ذور ریہ کے امراض کا یہ علاج ہی سونگھنا اس کے پھول کا سردرد و شقیقہ کو دور کرتا ہی فالج ولقوہ و استرخا اور پرانی کھانسی وضیق النفس کو دفع کرتا ہی

اکیسوان باب

عین مہملہ کے ذکر مین اس مین بدستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی وعربی وغیرہ مین

عین با الف

عاقرقرحا - ایک دوا کا نام ہی جس کی تشریح پانچوین فصل مین ہوگی -

عاشورا - دسوان روز ماہ محرم کا جس روز سید الشہدا امام حسین علیہ السلام کربلا مین شہید ہوے تھے جو لوگ عاشورہ بہاے ہوز لکھتے ہین غلط پڑھین ہین ؎ - کند قربان بروز عید قاتل کشتۂ خود را ❊ براے خلق عید ست ولی این بسمل عاشورا +

عاریت - بتشدید وتخفیف یاے تحتانی مانگی ہوئی چیز چند روزہ چیز جس کا واپس دینا ضرور ہو ؎ زر توبار گیرند انجام کار ❊ کہ ہست این تنت جامۂ عاریت

عاہت - آفت وبلا وتکلیف -

عاہات - بہت سی آفتین وتکلیفین -

عاطفت - مہربانی کرنا **سعدی** - یکے عاطفت سیرت خویش کرد ❊ درم داد وتیمار درویش کرد -

عادت - خو جو کسی کام کے بار بار کرنے کے لیئے پڑ جاے **حافظ** - ساعتے ناز مفرما وبگردان عادت ❊ چون بپرسیدن ارباب نیاز آمدۂ +

عافیت - آرام آسایش - راحت وخوشی - **حافظ** - جریدہ رو کہ گذرگاہ عافیت تنگ ست ❊ پیالہ گیر کہ عمر عزیز بے بدل ست -

عاقبت - اخیر اور انتہا اور انجام - **مؤلف** خلق را راحت درین دنیا رسان ❊ عافیت خواہی اگر در عاقبت +

عاقب - پیچھا کرنیوالا - پیروی کرنیوالا -

عادات - عادت کی جمع ہی بہت سی عادتین -

عابث - بثاے مثلثہ بازی کھیلنے والا - بازی گر کھیلو -

عارج - بلندی پر چڑھنے والا - صاحب معراج -

عاج - ہاتھی دانت جو ایک مشہور چیز ہی **سعدی** - بتے دیدم از عاج در سومنات مرصع چو در جاہلیت منات -

عاد - ایک قوم کا نام ہی جنپر ہود پیمبر کو ہدایت کے لیے خدا نے بھیجا اور اُونٹنی کا معجزہ ظاہر کیا مگر اُنھون نے نافرمانی کی اور ہلاک ہوے **مؤلف** - حضرت حق عاد را برباد کرد ❊ ہود را از بند غم آزاد کرد +

عاقد - گرہ دینے والا - عہد کرنیوالا -

عائد - پھر مڑنیوالا - عود کرنیوالا -

عابد - عبادت کرنیوالا - بندگی کرنیوالا -

عاند - دشمنی کرنیوالا - عناد کرنیوالا -

عاذر - بفتح ذال معجمہ نام ایک شخص کا کہ بے ایمان مرگیا تھا اور حضرت عیسیٰ ع نے چالیس سال کے بعد زندہ کر کے اُسکو مسلمان کیا -

عاطر - عطر فروش - خوشبو رکھنے والا -

عاقر - بانجھ عورت جو بے اولاد ہو کبھی اُسکے پیٹ سے بچہ پیدا نہوا ہو اس لفظ مین مذکر مؤنث برابر ہی -

عامر - عمارت کرنیوالا - آباد کرنیوالا - اور نام ایک مرد کا -

عار - ننگ وعیب وشرم **مؤلف** - چو انسان خاک زادہ خاکسار ست ❊ کجا از خاکساری عار دارد ❊ **زیب النسا مخفی** - پیش زین ای عقل برمن طعن رسوائی مزن ❊ زانکہ مستان محبت را ملامت عار نیست -

عابر - عبور کرنیوالا - گذر جانیوالا - دریا سے اُتر جانیوالا -

عاشر- دسوان شمار مین دسوان حصہ۔

عاجز- عجز کرنیوالا منت وزاری کرنیوالا- **مؤلف**- یکن دو دست دعا پیش کارساز دراز + کہ حق بہ بندۂ عاجز کند عطا اعزاز-

عارض- بکسر راے حاضری دینے والا لشکر کا اور شمار دینے والا اور فوج کا بخشی- فوج کا افسر اور جو چیز کسی دوسری چیز کو لاحق ہو جائے اور بادل جو پراگندہ ہو جائے۔

عارض- بفتح راے رخسارہ اور چہرہ- **میر معزی**- عارضش در زیر خط و دندانش اندر زیر لب + چشمش اندر زیر مژگان و دل اندر برنهان + سوسن اندر سنبل ست دلولو اندر لالہ برگ + نرگس اندر سوزن ست و آتش اندر برنیان +

عاطف- مہربانی کرنے والا پھیر دینے والا اور چھٹا گھوڑا دس گھوڑون مین سے۔

عاکف- گوشے مین بیٹھنے والا- ایک جگہ پر قیام رکھنے والا۔

عارف- پہچاننے والا- صاحب معرفت اور خداشناس آدمی- خدا کا ولی-

عاف- عفو کرنیوالا- معاف کرنیوالا- گنہ بخشنے والا۔

عاق- جو بیٹا باپ اور ما کا نافرمان ہو۔

عائق- منع کرنیوالا- باز رکھنے والا۔

عاشق- صاحب عشق و محبت- **مؤلف**- میکند زندہ تبسم آب حیوان جام عشق + نام عاشق میکند روشن بعالم نام عشق + ذرہ ذرہ گرد داز نور محبت جلوہ گر + چون برآید مثل خور عاشق باوج بام عشق +

عاجل- جلدی کرنیوالا شتابی کرنیوالا-

عاطل- بیکار اور برہنہ اور خالی-

عائل- درویش مفلس- بے دولت۔

عادل- عدل کرنیوالا- برابر کرنیوالا- پورا تولنے والا- **توحید**- خدا ست منتقم دوادبخش و بندہ نواز + خداست دادگر و شاہ و حاکم و عادل +

عاذل- بہ ذال معجمہ ملامت کرنیوالا-

عازل- بہ زاے منقوطہ بیکار کرنیوالا- ایک طرف بٹھانیوالا معزول کرنے والا۔

عاقل- صاحب عقل دانا ہشیار- **مؤلف**- مشو بصورت زیبا سے این جہان مائل + کہ دل بعالم فانی نمید ہد عاقل۔

عامل- عمل کرنیوالا- کام کرنیوالا- **مؤلف**- پی عبادت حق مستعد بود ہر دم + بود ہر آنکہ خدا دوست عالم و عامل +

عاصم- باز رکھنے والا نگاہ رکھنے والا اپنے نفس کو بد خواہشون سے۔

عالِم- بکسر لام صاحب علم وفضل جاننے والا- **صفدر فوقانی**- کند بر دولت کنو نازہ صاحب دولت + بعلم وفضل کند فخر عالم و فاضل + بخاکساری عجز و نیاز سے بالد + خدا پرست خدا دوست عارف و کامل +

عالَم- بفتح لام جہان زمانہ موجودات و مخلوقات- **توحید**- کردہ برہر کرای خالق کریم + اوندارد در زمانہ رنج وغم + چارہ ساز در دو بیماران توئی + در سقیم الحالی و رنج والم + تو خبر گیر جہانے روز و شب + ہمدم و دمساز عالم دم بدم۔

عام- مقابل خاص مشہور لفظ ہے- **اسیری لاہجی**- بازاہد بے ذوق مگو سرالحق + اسرار سلاطین جو بجامان نتوان گفت +

عازم- قصد کرنیوالا- ارادہ کرنیوالا-

عادیان- وہ لوگ جو عاد کی قوم مین سے تھے۔

عافین- معاف کرنیوالے جمع عاف-

عامرہ- آباد کرنے والا اور آباد۔

عارفہ- شناسا عورت۔

عاصفہ- ہوا تند اور سخت-

عانہ- ناف سے نیچے کا جسم جسکو ہندی مین پیڑو کہتے ہین-

عامہ- عام لوگ-

عارضی- جو چیز کسی چیز کیساتھ لاحق ہوئی ہو اصلی نہو-

عادی- وہ شخص جسکو کسی کام کے کرنے کی عادت ہو جائے اور کرنے پر مجبور ہو اور منسوب عاد کی قوم کیساتھ اور دشمن عداوت کرنیوالا-

عامری- جو شخص قبیلۂ بنی عامر سے ہو جو عرب مین ایک قبیلہ ہے-

عاری- برہنہ یعنی ننگا اور مجبور-

عامی- عام لوگ-

عاصی- نافرمان و گنہگار جمع اسکی عصاۃ ہے جیسے قاضی کی قضات- **نظامی**- ازان ابر عاصی چنان رزیم آب + کہ نارو دگر جلہ برآفتاب +

عائلی- درویشی و مفلسی و تنگدستی-

عالی- بلند اور والا و نجا رفعتیہ- **از مؤلف**- در سیادت یافتی قدر بلند + در رسالت شان عالی یافتی-

عین باباے

عبا- بکسر اول صوفیون کی پوشش فقیرون کی گودڑی اور خرقہ- **سعدی**- یکے در قبائے یکے در عبا + یکے در لقا و یکے در فنا +

عبدالمطلب- حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جد بزرگوار کا نام ہے

عبّ- پے در پے پینا پانی کا-

عُباب- سیلابی کا بہاؤ اور چڑھاؤ-

عبوست - ترش روئی - ترش خوئی -
عبرت - عبور کرنا - نکل جانا - ایک سے دوسرے کی طرف - نصیحت پکڑنا **درویش والہروی**
ہیچکس عبرت نمیگیرد ز ملل دیگرے + ہر کہ آمد در جہان کور آمد و بینا گذشت +
عبودیت - بندہ ہونا - فرمان بردار ہونا **سہ** بندگان را بندگی
زینت بود + عبد را فخر از عبودیت بود +
عبارت - تعبیر کرنا - بیان کرنا - تشریح کرنا - ایک معنی امر کو لفظون مین لانا -
عبادت - بندگی کرنا - فرمان برداری کرنا - **مؤلف** عبادت کن
عبادت کن عبادت + کہ حق بخشد ترا نور سعادت +
عبث - بیہودہ - بےفائدہ - بےسود **درویش والہروی** - عنان فکر
چرا بسپردی بغم لعبث + ز قسمت ارچہ کنی فکر بیش نہ کم لعبث +
عبد - وہ شخص جو بندہ ہوا ور خدا کا بندہ - **مؤلف** - ترا کہ عبد خدا
آفرید عابد باش + کہ کار عبد عبادت بود بہر حالت -
عبید - بفتح اول و کسر ثانی - بہت سے بندے - یہ لفظ عبد کی جمع نہین
ہو بلکہ اسم جمع ہو یعنی جمع کے معنی رکھتا ہو -
عبید - بضم اول و فتح یائے تصغیر عبد کی -
عباد - بکسر اول جمع عبد کی بہت سے بندے **مؤلف** زین چہ
اعلی رتبہ بخشد خدا بہ عبد گر مشہور باشی در عباد +
عبداللہ بن زیاد - یزید لعین کے امرا و مصاحبون سے
ایک شخص کا نام ہو -
عباد - بضم اول و تشدید ثانی عبادت کرنے والا -
عبیر - ایک قسم کی خوشبو کا نام ہو جو صندل و گلاب و کستوری سے بناتے ہین -
عبہر - وہ نرگس جسکا پھول بڑا ہو اور شہلا وہ نرگس ہو جسکا پھول اندر سے سیاہ ہو -
عبور - گذر جانا کسی راستے سے یا دریا سے اتر جانا -
عبر - بفتح اول خواب کی تعبیر بتلانا -
عُبر - بضم اول بسیار یعنی بہت اور گروہ و جماعت آدمیون کی -
عبر - بکسر اول وہ اجرت جو کشتیبان دریا سے اتار کر لیتا ہو یا محصول منیجری
کا جو حاکم کی طرف سے دریا کے گذر پر وصول کیا جاتا ہو -
عبر - بکسر اول و فتح ثانی عبرت پکڑنا نصیحت پکڑنا - آنسو بہانا -
عبدالقادر - نام نامی حضرت غوث الاعظم محی الدین گیلانی جو امام شریعت
و پیر طریقت تھے اور سلسلہ قادریہ آپ سے منسوب ہو یہ بزرگ سالہ ۴۷۱ ہجری مین
پیدا ہوئے اور سنہ ۵۹۲ مین وفات پاکر بغداد مین مدفون ہوئے اور
نام ایک شخص کا جو موسیقی علم مین استاد تھا -
عبس - بفتح اول و فتحتین ترش روئی تندخوئی و سرگین خشک یعنی خشک گوبر -

عباس - حضرت رسول مقبول علیہ الصلوۃ والسلام کے حقیقی چچا کا نام
ہو جنکی اولاد خلفائے عباسیہ تھی اور نام فرزند دلبند مرتضی علی علیہ السلام کا جنھون نے
معرکۂ کربلا مین امام حسین علیہ السلام کے ساتھ شہادت پائی -
عبوس - بضمتین ترشروئی و تندخوئی اور نام ایک بیماری کا جس سے
بدن پر شکن پڑجاتی ہو
عَبوس - بفتح اول و ضم ثانی جو شخص ترشرو اور تندخو ہو -
عبدالمناف - رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے جد کا نام ہو
عبق - بفتح اول و کسر یائے خوشبودار -
عبدالملک - بنی امیہ مین سے خلیفہ مروان کا بیٹا سخت ظالم اور خونریز تھا -
عبداللہ - رسول مقبول علیہ الصلوۃ والسلام کے والد کا نام ہو - **مؤلف**
ذرہ را خورشید کرد و داغ دل را ماہ کرد + این عنایتہا محمد ابن عبداللہ کرد +
عبدالجنہ - کابوس جس سے آدمی سوتا سوتا ڈر اٹھتا ہو اور یہ ایک بیماری ہو -
عبرہ - بکسر اول وہ محصول جو دریا پر مسافرون سے لیا جائے
عبدہ - بفتحات اول و ثانی و ثالث عابد کی جمع بہت سے عبادت کرنیوالے
عبدہ - بفتح اول و ضم دال سکا بندہ **نظامی** ستارہ کہ بر چرخ ساید
سرش + زدہ سکہ عبدہ بر درش +
عبقری - لطیف اور عمدہ کپڑا اور ہر ایک چیز جو نفیس و قیمتی ہو منسوب
بعبقر اور عبقر ایک موضع ہو عرب مین -
عباسی - نام ایک پھول کا ہو جسکو گل عباسی کہتے ہین اور اسکے پھولون کا
رنگ سرخ مائل بکبودی ہوتا ہو - اور خاندان خلفائے عباسی کا -
عبری عبرانی - اہل کنعان کی زبان کا -

عین با تا سے

عتیب - امالہ عتاب کا جیسے کہ کتاب کا امالہ کتیب ور رکاب کا امالہ رکیب ہو
عتب - بفتح اول غصہ پکڑنا جھڑکنا -
عتب - بفتح اول و ثانی فرجہ جو دو انگلیون سبابہ و وسطی یا وسطی
اور بنصر مین ہو -
عتاب - بکسر اول ملامت کرنا غصہ پکڑنا - جھڑکنا - ناز کرنا - نخرہ کرنا -
نورالدین ظہوری - شیرینی و تلخی برگ و ریشہ فرو ریخت + نازم بگہ زندگی
زہر عنایت + **آقا علی** - نمے خواہد کسے آگہ شود از لطف پنہانش + بزیر لب
کند با من عتاب آہستہ آہستہ -
عتبات - بفتحات بہت سی دہلیزین اور آستانے اور سختیان اور
امور ناپسندیدہ -
عترت - بکسر اول خویش لوگ اور نزدیکی رشتہ دار لوگ -

عتاد - وہ اسباب جو مسافر کو راستے کے آرام کے واسطے ضروری ہو
عتید - جو چیز حاضر و مہیا ہو -
عتیق - بروزن فعیل دیرینہ و کہنہ و آزاد و گرامی و برگزیدہ سعدی
فطوبی لباب کبیت العتیق + حوالیہ من کل فج عمیق +
عتق - بکسر اول آزاد ہونا -
عتاق - بفتح آزاد ہونا غلامون اور کنیزون کا -
عتیل - بروزن فعیل تشنہ یعنی پیاسا -
عتل - بضم اول و ثانی و تشدید لام سخت آواز اور ظالم اور بیرہ موٹا
عتو - بضم اول و ثانی و تشدید واو سرکشی و روگردانی -
عتبہ - بضم اول نام ایک شخص کا -
عتبہ - بفتحات دروازے کے دہلیز کی نیچی لکڑی جسپر پاؤن رکھکر گھر مین داخل ہون اور سختی و تکلیف و درشتی اور نام ایک شکل کا اشکال علم رمل سے
عتی - بالضم و بالکسر و تشدید یاے حد سے گذرنا - تکبر کرنا - غرور کرنا -
نہایت ضعیف ہونا - بڑی عمر کو پہونچنا -

عین با ثاے مثلثہ

عثرت - لغزش کھانا سر کے بل گرنا -
عثرات - بہت سی لغزشین -
عثر - گرنا پھسلنا
عثار - عثارہ - سر کے بل گرنا -

عین با جیم

عجب - بضم اول و سکون ثانی تکبر و خود بینی و غرور و فخر - مولف
کے روا باشد ترا اے خاکسار + عجب و خود بینی و فخر و اقتدار +
عجب - بفتح اول و ثانی حیرت کی حالت جو کسی انوکھی چیز کو دیکھکر طبیعت مین پیدا ہو جسکو فارسی مین شگفت کہتے ہین - حافظ - ز انقلاب زمانہ عجب مدار کہ چرخ + ازین فسانہ ہزاران ہزار دارد یاد +
عجاب - تعجب کی حالت حیرت کا موقع -
عجائب - جمع عجب کی اور فارسی مین اسکو مفرد بھی استعمال کرتے ہین - نظیری نیشاپوری - یافت گر دیوانہ جام ہی تعجب
بہر حیثیت + از عجائبہاے دوران دیو را جام رسد +
عجیب - نہایت عمدہ چیز جسکو دیکھکر تعجب ہو - تو حیدہ - مرد دور
جستجوی عجیب + دست از دل و جان مقامش قریب چو دیوانہ
در چمن گلشن مگرد + بیک گل کفایت کن اے عندلیب + مثنو
غرہ مہتاب و تاب چمن + کہ فانیست این بوستان عجیب +

عجلت - جلدی شتابی -
عجالت - جلدی کرنا اور جو چیز جلد حاضر کی جائے -
عجارات - انگور کے دانے -
عجاج - بہر دو جیم گرد و غبار -
عجز - بفتح اول و بکسر اول عاجز ہونا - ناتوان ہونا - کمزور ہونا مولف
جبین عجز بخاک نیاز میسایند + ببارگاہ خدا جملہ پیر و پیغمبر
عجوز - بفتح اول بوڑھی عورت -
عجائز - بوڑھی عورتین جمع عجوز -
عجف - بفتح و کسر اول لاغری و ناتوانی -
عجاف - وہ لوگ جو لاغر ہون -
عجول - بفتح اول دوڑنے والا اور حیران -
عجل - بکسر اول گاے کا بچہ بچھڑا -
عجیل - شتابی کرنے والا اور دوڑنے والا -
عجم - بفتح اول نقطہ دینا حروف پر اور اعراب دینا -
عجم - بضم اول گنگ زبان اور رہنے والے ملک عجم کے -
عجم - بفتح اول و ثانی وہ ملک جو سواے عرب کے ہے ایران توران وغیرہ اور دانے خرما و انگور کے - نعتیہ از مولف - تو ای کار فرماے ملک عرب + شہنشاہ فرمان رواے عجم + بذات تو شد ختم یا مصطفی
بہر دو جہان لطف و جود و کرم +
عجن - خمیر کرنا آردہ وغیرہ کا -
عجین - خمیر کیا ہوا آٹا وغیرہ -
عجالہ - بضم اول جو چیز جلدی سے حاضر کی جائے -
عجہ - بضم اول و تشدید جیم خاگینہ جو مرغی کے انڈون سے بنایا جاتا ہے
عجوہ - ایک قسم خرمے کا مدینہ مین ہے نہایت عمدہ اسکی تاثیر یہ ہے کہ جو شخص سات کھجورین ہر روز کھائے کوئی زہر اسکو مؤثر نہو -
عجوبہ - اعجوبہ کا مخفف وہ چیز جسکے دیکھنے سے تعجب پیدا ہو محسن تاثیر
ای شیخ شہر یا کہ توان این عجوبہ گفت + پیر دہ گشت تنبیہ نہان روای قوم

عین با دال

عدا - بکسر اول جمع عدو جسکے معنی دشمن کے ہین بہت سے دشمن
عُدّا - تیاری و آمادگی و ساخت و ساز -
عدت - شمار کرنا - گنتی کرنا اور وہ میعاد جو مطلقہ عورتون اور بیوہ عورتون کو واسطے دوسرے خاوند کرنے کے شرع نے مقرر کی گئی ہے چنانچہ مطلقہ کے واسطے تین ماہ اور بیوہ کیواسطے چار مہینے دس روز اور حاملہ عورت کے

واسطے تا وضع حمل۔
عداۃ ۔ جمع عادی جسکے معنی دشمن اور ظالم اور حد سے بڑھنے والے کے ہین
عد۔ شمار کرنا۔ گننا۔
اِعداد ۔ بکسر اول حساب شمار۔
عدید۔ گنتی اور گنا گیا۔ اور بہت و فراوان۔
عدول ۔ بضمتین نافرمانی کرنا۔ برگشتہ ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا
عدول ۔ بفتح اول و ضم ثانی گواہ مقبول و مرد راست گو اور عادل ہونا تولنے والا
عدیل ۔ ہم سنگ اور وزن مین برابر۔ ہمقدر و ہمرتبہ۔
عدل ۔ ایک طرف کا بار جو اونٹ یا خچر پر لادا جائے۔
عدل ۔ داد دینا اور داد دینے والا اور مرد نیک بخت جو لائق گواہی دینے کے ہو۔ سعدی۔ جہان آباد از عدل معمار نیست + کہ بالا تر از معدلت کار نیست
عدم ۔ یعنی مقابل وجود۔ مؤلف۔ تو موجودی اندر وجود و عدم + تو ہستی عیان در ہمہ بیش و کم +
عدوان ۔ دشمنی کرنا۔ ظلم و زیادتی کرنا اور جمع عادی کی بہت سے دشمن
عدن ۔ بفتح اول و سکون ثانی کسی جگہ مین ہمیشہ رہنا اور نام بہشت کا اور نام ایک جزیرے کا حدود یمن مین اور اقامت کرنا
عدنان ۔ بفتح اول نام ایک شخص کا اجداد قریش سے۔
عدو ۔ دشمن عداوتی۔
عدہ ۔ گروہ و شمار اس مدت کا جو اسمین مطلقہ و بیوہ عورت کا نکاح اور شخص کے ساتھ جائز نہین۔
عدوہ ۔ کنارہ رود یعنی دریا کا کنارہ۔

عین با ذال معجمہ

عذرا ۔ آشکارا یعنی ظاہر و دختر دوشیزہ اور بکر عورت جو شوہر کے ساتھ ہمبستر نہوئی ہو اور نام ایک معشوقہ کا جسپر وامق عاشق تھا اور نام برج سنبلہ کا کہ وہ بھی ایک لڑکے کی صورت پر ہے جسکے ہاتھ مین گیہون کا خوشہ ہے۔
عذب ۔ شیرین یعنی میٹھا اور میٹھا پانی و خوش گوار۔
عذاب ۔ سزا جو گنہگار کو دیجائے اور وہ تکلیف جو مجرم کو پہونچائی جائے۔ عرفی۔ عرفی خمار عشق خماری ست بس الیم + جامی بکش عذاب کشیدن ز بہر چیست +
عذوبت ۔ لذت شیرینی خوش مزگی پانی کی جو اسمین ہو۔
عذار ۔ رخسارہ مقام پیدا ہونے خط کے بالون کا۔ ذوقی۔ بر عذار نیست خط مشکسا ای ماہرو + ابر بر خورشید تابندہ ہجوم آوردہ است +

عذرہ ۔ حیلہ و بہانہ جو مجرم و ملزم اپنی رہائی کے واسطے کرتا ہے۔ سعدی۔ گر صورتی چنین بقیامت در آورند + عاشق ہزار عذر بگوید گناہ را +
عذیوط ۔ بکسر اول و سکون دال و فتح یائے و سکون واو و طائے مہملہ وہ شخص جسکا انزال کے وقت پاخانہ نکل جائے۔

عین با رائے مہملہ

عرق النسا ۔ ایک بیماری کا نام ہے اور یہ ایک درد کہ لات کی ایک رگ مین ہوتا ہے اس رگ کا نام بھی عرق النسا ہے ہندی مین اسکو رانگھن باؤ کہتے ہین۔
عرا ۔ بفتح اول بغیر مد کے درگاہ اور صحن گھر کا اور مد کے ساتھ کشادگی اور ویرانہ بے درخت و بے گیاہ جنگل۔
عرا ۔ بکسر اول وہ مہرہ شطرنج کا جو شاہ اور رخ درمیان شاہ کے حفاظت کے لیے حائل ہو۔
عُرفا ۔ عارف لوگ۔ خدا پرست لوگ۔
عروبا ۔ وہ عورت جو شوہر کو دوست رکھے اور وہ شوہر جو عورت کو دوست رکھے اور عورت خندہ خوش مزاج۔
عرب ۔ مشہور ملک ہے ؎ دیدہ کن بینا بدیدار عرب + سینہ کن روشن با نوار عرب +
عرفات ۔ یہ ایک مقام شہر مکہ معظمہ سے نو کوس پر ہے حج کے روز حاجی اسمین حاضر ہوتے ہین اور اسی جگہ مناسک حج ادا کیے جاتے ہین
عَرَصات ۔ بفتحات جمع عرصہ اور قیامت۔
عُرات ۔ برہنہ لوگ۔ ننگے لوگ۔ جنکے بدن پر کپڑا نہو۔
عروج ۔ بلندی۔ عزت۔ مرتبہ۔ چڑھنا۔ بڑھنا۔ بلند ہونا۔ صفدر مرزا فوقانی۔ آید اندر کنج تاریک لحد + گرچہ انسان تا فلک یابد عروج +
عرعر ۔ بفتح ہر دو عین نام ایک درخت کا جو سرو کی قسم سے ہے پہاڑی سرو بھی اسکو بولتے ہین چیڑ بھی اسکا نام ہے فارسی مین مطلق آواز کے معنی ہین۔ محمد قلی سلیم۔ عرعرا درنیست باغ جہان مغز سرش ما حصہ خواجگان۔
عروس ۔ بفتح اول عورت یا مرد جو نو کدخدا ہو مگر عرف مین عورت نو کدخدا کو کہتے ہین اور یہ لفظ جو بضم اول مشہور ہے محض غلط ہے۔ قطعہ از مؤلف۔ نازنین نیاست سالخوردای دوست + گر تو مائل شوی خوری افسوس + گو بظاہر بچشم دنیا دار + ہست آراستہ بشکل عروس +
عرائس ۔ جمع عروس بہت سے نو کدخدا مرد اور عورتین۔
عِرس ۔ بکسر عین خاوند والی عورت۔

عُرُش - عُرُس بضم اول و بضمتین شادی کا کھانا اور کھانے کی مجلس اور مجلس بزرگون کے فاتحہ کی اور سالینہ بزرگون کا -
عرش - تخت اور سقف یعنی چھت - **سعدی** - مگریان تیمیے کہ عرش عظیم + بلرزد ہمی چون بگرید یتیم +
عریش - ہودج اور ٹٹی بست جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین -
عرض - بفتح اول ظاہر کرنا کسی چیز یا امر کا دوسرے شخص پر اور گھر کا اسباب وملامت ودیوانگی - **صائب** - دہم چہ عرض سخن برسیہ دلان صائب + بخاک تیرہ چہ ریزم شراب بیغش را +
عروض - بضم اول و دوم ظاہر ہونا - عارض ہونا -
عروض - بفتح اول نام ایک علم کا ہی کہ اُسکے ذریعے سے نظم کے بحور دریافت کیے جاتے ہین -
عرض - بفتح اول و دوم وہ چیز جو قائم دوسرے کی ذات کے ساتھ ہو جیسا کہ رنگ کپڑے پر اور حروف کاغذ پر قائم ہین -
عِرض - بکسر اول ناموس اور عزت و آبرو -
عُرض - بضم اول کنارہ اور سمت وطرف وجانب -
عرف - بفتح اول وسکون ثانی خوشبو -
عرف - پہچان نکوئی اور احسان کی -
عرق بفتح اول و دوم پسینہ بدن کا اور وہ پانی جو بذریعہ بخار کے ادویات سے حاصل کرتے ہین - **سعدی** - برانداخت بیچارہ چندان عرق + کہ شبنم برآرد بہشتی ورق +
عَرق - بفتح اول وسکون ثانی گوشت ہڈی سے جدا کرنا اور وہ ہڈی جس سے گوشت جدا کیا جائے -
عِرق - بکسر اول وسکون ثانی رگ بدن کی اور جڑ بار ایک درخت کی -
عراق - دو ملکون کے نام ہین ایک عراق عرب دوسرا عراق عجم لغت مین عراق سے وہ ملک مراد ہی جو کسی دریا کے کنارے پر ہو چنانچہ عراق عجم رود جیحون کے کنارے پر واقع ہی خراسان و اصفہان اسمین ہین اور عراق عرب دجلہ اور فرات کے کنارے ہی اور بغداد وغیرہ اسمین ہین اور نام ایک راگ کا جو چاشت کے وقت گایا جاتا ہی - **سعدی** - سپہرم مدد کرد ونصرت دفاق + گرفتم ببازوے دولت عراق +
عراک - انبوہ کرنا - ہجوم لانا -
عَرّاک - بتشدید راے سخت مالش کرنے والا اور گوشمال دینے والا سلڑنے والا - **طالب آملی** - ہست شعرم بلند بے دعوے + شاعرم بذلہ سنج نے عراک +

عروسک - گڑیا جس سے لڑکیان کھیلتی ہین اور نام ایک میوہ کا سم زرد آلو سے اور چھوٹا منجنیق جو ایک آلہ آلات جنگ قلعہ گیری سے ہی - **شرف الدین علی یزدی** - وصف زردآلو ار کنم بنیاد + سازم اول دل از عروسک شاد + **میر خسرو** - بران خندہ رود در حصار فرس زنند + عروسک زنان زیر خاکش کنند +
عَرِم - بفتح اول وکسر ثانی نہر پانی کی اور وہ دیوار کہ روان پانی کے آگے واسطے بند کرنے پانی کے بنائین -
عرمرم - بکسر عین وفتح ہر دو راے ترکی مین لشکر وفوج -
عرجون - لکڑی خرما کے خوشہ کی جو درانتی کیطرح خم کھائی ہوئی ہوتی ہی
عرفان - پہچاننا صوفیہ عالیہ کے نزدیک پہچاننا ذات آلہی کا و بمعنی شرم وحیا - **توحید** - خداے جہان کرد نیرحال زارت + کرم بے نہایت عنایت فراوان + ربود از درونت غبار کدورت دلت کرد روشن بانوار عرفان + بعقل وخرد ساختت رہنمائی نمودت عطا دولت دین وایمان + بشکرانہ کن سجدہ گر بندہ او ادا کن ادا کن ادا حق احسان +
عرین - بروزن قرین وہ جنگل جسمین بہت سے درخت ہون اکثر شیر کو اسکے ساتھ نسبت ہی اور شیر عرین کہا جاتا ہی یعنی شیر جنگل کا
عُرّخو - بتشدید راے آواز بلی او کتے کی جو لڑنے کے وقت نکالتے ہین
عرابہ - ارابہ یعنی گاڑی جو مشہور چیز ہی -
عرادہ - بہ راے مشددہ دال مہملہ چھوٹا منجنیق جس سے پتھر قلعہ پر پھینکین - **نظامی** - نہ عرادہ بر گرد ادرہ شناس نہ از گردش منجنیقش ہراس +
عربدہ - بروزن برزدہ بدخوئی جنگجوئی - **ابوطالب کلیم** - بگفتی کہ بکن عربدہ زین بیش کلیم + ہستیم از گردش آن چشم بکن تا نکنم
عرصہ - گھر کا صحن اور بساط شطرنج اور میدان - **سعدی** - دران عرصہ بر اسپ دیدند شاہ + پیادہ دویدند اکثر سپاہ +
عرضہ - بفتح اول عریضہ جو محکوم حاکم کی خدمت مین اپنا حال لکھکر گزارش کرتا ہی ہند مین اسکو عرضی کہتے ہین - **ملا شانی تکلو** - ستمہا نہ وحالش مپاش عمزدہ شانی + بود کہ عرضہ شوق ترا جواب آید +
عرقیہ - رومال جس سے عرق پونچھتے ہین -
عُروہ - بضم اول دوا و مفتوح گوشہ ہر چیز کا اور ہر چیز کا دستہ جیسا کہ کوزے کا دستہ جس سے پکڑ کر اُسکو اُٹھالین اور جو لوگ عروہ کے معنی رسن کرتے ہین خطا پر ہین -

عریکہ - بروزن طریقہ طبیعت اور کوہان اونٹ کا -

عراضہ - وہ تحفہ جو مسافر سفر سے اپنے دوستون کیواسطے لائے -

عرضہ - بضم اول ہمت و حیلہ او ربجا ؤ و سپر یعنی ڈھال اور وہ شے جو خودداری کے واسطے پیش کی جائے -

عرفہ - بفتحات نو تاریخ ماہ ذی الحج کی جس روز حاجی عرفات مین جا کر حج کرتے ہین -

عروسی - شادی کد خدائی - بیاہ شادی - سعدی - عروسی بود نوبت ماتمت + اگر نیک روزی بود خاتمت +

عراقی - تخلص ایک شاعر کا ہی -

عرشی - تخلص ایک شاعر کا ہی -

عرائی - ویرانہ بے درخت جنگل -

عربی - عرب کا رہنے والا ہادی ہر دو جہان ذات رسول عربی + والی کون و مکان ذات رسول عربی +

عین با زاے

عزا - صبر کرنا مصیبت پر یعنی کسی کے ماتم مین ہونا آقا حسین برلب کوثر بود با مرتضی + ہر عزادار حسین ابن علی + سنجر کاشی نے ہمدمی کہ بر سعد مختتم خبر نے دوستی کہ گیر در ماتم +

عزب - بفتحتین مجرد آدمی جسکے عورت نہو اور عورت جسکا خاوند نہو - درویش والہ ہروی - لیتنے سخت قرب ست خدا خیر کناد + دختر رز عزب ست و لبسر حرص عزب +

عزلت - جدا ہونا تعلق دنیائی سے گوشہ نشین ہونا - مؤلف ز زندان حرص و تعلق برست + ہر آنکس کہ در کنج عزلت نشست +

عزیمت - ارادہ و قصد جو کسی کام کے لیے کیا جائے -

عزمات - بہت سے ارادے جمع عزم کی -

عزہات - بکسر اول شست جسکی قوت باہ زائل ہو چکی ہو -

عزت - قدر - توقیر - آبرو - عزیز ہونا - غالب ہونا - غلبہ پانا ملا طغرا - بیل زفوت گرمیکنی عزتم + می لالہ گون ریز بر تربتم +

عز - بکسر اول عزت وارجمندی مقابل ذل کے - مؤلف - چرا محتاج باخد مرد حق دوست + کہ عزوذل دنیا را نخواہد +

عز - بفتح اول غلبہ جو کسی پر حاصل ہو -

عزیز - پیارا دوست ارجمند مرغوب و کمیاب و غالب و لقب وزیر مصر - سعدی - اگر بندہ چابک نیاید بکار + عزیزش ندارد خداوند گار + و لیکہ در مصر جون من عزیزی نبود + جو حاصل ہمین بود چیزی نبود

عزوجل - غالب ہوا اور بزرگ ہوا ذات پاک الٰہی - روشن شود ز ذرہ عیان آفتاب عالمتاب + کند جو لطف و عنایت خدا عزوجل +

عزرائیل - نام فرشتہ کا جو سب کی جانین قبض کرتا ہی -

عزازیل - نام شیطان کا اسوقت پکارا جاتا تھا جب یہ معلم الملکوت تھا جب مردود ہوا تو اسکا نام ابلیس مقرر ہوا -

عزال - نام ایک پردہ موسیقی کا -

عزل - بفتح اول بیکاری و گوشہ نشینی - ظہوری - مروت عزل گزیدست در دیوان ناز او + عجب گر انیقدر بے مہری از صد بیوفا آید +

عزم - ارادہ و قصد جو کسی کام کے لیے کرین - حافظ - عزم دیدار تو دارد جان برلب آمدہ + باز گردد یا بر آید چیست فرمان شما +

عزائم - جمع عزیمت وہ دعائین اور منتر جو جن و پری کی حاضری کیواسطے پڑھتے ہین اور قرآن کی آیتین جو بیمارون کی شفا کے واسطے پڑھ کر دم کرتے ہین - صفدر فوقانی - نگاہش سحر چشمش عین جادو عزائم خوان اسیر بند گیسو +

عزو - نسبت کرنا کسی چیز کے ساتھ اور صبر کرنا کسی کے ماتم مین -

عُزّیٰ - نام ایک درخت کا تھا عرب مین جسکی پرستش اہل عرب بڑے اعتقاد سے کرتے تھے اور بتون کی طرح اسکو بھی پوجتے تھے اور خالد بن ولید پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم سے گئے اور اس درخت کو جلا دیا - تعقیبہ از مؤلف - توڑ ڈالے آپ نے لات و منات + کر دیا عزیٰ کو حضرت نے ذلیل +

عین با سین مہملہ

عسرت - بضم اول دشواری سختی اور تنگی و تنگدستی - درویش والہ ہروی - ہر چند کشی زفاقہ عسرت + از خلق مگیر غیر عزلت -

عسجد - زر و طلا و جواہرات موتی یاقوت سبز مونگا وغیرہ -

عسر - بضم اول سختی - تنگی و تنگدستی و دشواری - مؤلف - چرائے تنگدل در تنگ دستی + خدا فرمود بعد العسر یسر است +

عسر - بفتح عین و کسر سین دشوار و مشکل -

عسیر - دشوار و مشکل و تنگ -

عسکر - لشکر اور ہر چیز جو بہت ہوا اور تاریکی رات کی اور نام ایک محلہ کا نیشاپور مین اور نام ایک گانون کا شوستر مین جس جگہ گنا بکثرت پیدا ہوتا ہی - خاقانی - طبع کافی کہ عسکر ہنر ست + چون نمی عسکری ہمہ شکر ست +

عساکر - جمع عسکر بہت سے لشکر -

عسار - درویشی و تنگدستی -

عسعس - اندھیرا ہو جانا - رات پڑ جانا -

عُس - بضم اول و تشدید ثانی قدح بزرگ یعنی بڑا پیالہ -

عسس - محافظ شہر کا کوتوال - طالب کلیم گر عسس کردہا محتسبم می گیرد ❊ تا ز کیفیت چشم تو خبر یافتہ ام ❊

عسل - شہد مشہور چیز ہی -

عُسُن - بضمتین پرانی چربی -

عسقلان - نام ایک شہر کا شام مین اور نام ایک نہر کا -

عسلی - وہ زرد رنگ کپڑا جو قوم یہود دوش پر رکھتی ہی اسلیے کہ اور اقوام مین انکو امتیاز ہو **سعدی** - آن حلاوت کہ تو داری نہ عجب کز دستت ❊ عسلی پوشد و زنار بہ بندد زنبور ❊

عین با شین

عِشا - بکسر اول تاریکی رات کی اور خفتن کے نماز کا وقت -

عَشا - بفتح اول و دوم وہ کھانا جو رات کو کھائین اور شبکوری جو ایک بیماری ہی اور بیمار رات کو اندھا ہو جاتا ہی -

عشب - بضم اول سبز گھاس -

عِشرت - بکسر اول خوشی و خوشدلی - **توحید** شبان جہان والیان ولایت ❊ امیران ذیجاہ و ارکان دولت ❊ کر بودند دردار دنیای فانی ❊ شب و روز سرگرم در عیش و عشرت ❊ گذشتند و رفتند آخر ز دنیا ❊ نبردند با خود بجز داغ حسرت ❊ **مولوی معنوی** خیز تا عشرت برانگیزیم ❊ یک زمان از زمانہ بگریزیم -

عَشَرات - بفتحات جمع عشرہ دہایان جو دس سے نوے تک ہوتی ہین -

عَشِیّت - رات کا وقت -

عَشِیر - بروزن فقیر ہم حصہ و ہمسایہ پاس رہنے والا - ایک جگہ زندگانی کرنے والا -

عشائر - خویش و قبائل و رشتہ دار جمع عشیرہ -

عشر عشیر - بروزن شکر فقیر دسوان حصہ سو مین سے ایک دہائی یا سو دہائی -

عشر - کسی چیز سے دسوان حصہ لینا اور ہر ایک سبزہ جس سے دودھ نکلے چنانچہ درخت آک کا -

عُشّ - بضم اول آشیانہ مرغ مرغ کا گھونسلا جس مین وہ رہتا ہو -

عُشّاق - بضم اول و شین مشدد جمع عاشق اور نام ایک مقام کا بارہ مقامات موسیقی سے جسکو دو گھڑی دن رہے گاتے ہین -

عَشوق - بہت عشق کرنے والا -

عشق - بہت دوست رکھنا نہایت پیار کرنا - **مولانا جامی** نہ تنہا عشق از دیدار خیزد ❊ بسا کین دولت از گفتار خیزد ❊

عشیران - موسیقی مین ایک شعبہ کا نام ہی -

عشق پیچان - یہ ایک بیل ہی جو درختون پر چڑھ جاتی ہی **حاذق** - صید نخچیر بیابان تا کند در دام زلف ❊ شاخ آہو سر کشی چون عشق پیچان بسر شد ❊

عُشوہ - بضم اول وہ آگ جو دور سے دیکھی جاے -

عِشوہ - بکسر اول ناز و ادا و کرشمہ **میرزا بیدل** تعلق ہیفدہ شد عشوہ مستقبل و ماضی ❊ تو گر امروز بیرون آئی از خود نیست فردائی ❊

عشیرہ - ایک خاندان کے آدمی -

عشقہ - عشق پیچان -

عشاری - ایک صنعت شعری کا نام ہی -

عین با صاد

عصا - چوب دستی ہاتھ کی لکڑی **میرزا صائب** - گذشتہ اند چہ بے عصا سبک پایان ❊ تو میروی بہ تہ چاہ بے عصاے کہ چہ ❊

عَصَب - پٹھہ سفید رنگ جو بدن مین ہوتا ہی فارسی مین اسکو پی کہتے ہین

عَصَبِیَّت - طرفداری و استواری و رشتہ داری و قرابت و خویشی -

عِصمت - باز رکھنا اپنے آپ کو گناہ سے پاک و صاف رہنا -

عَصَبات - جمع عصبہ خویش اور قرابتی لوگ -

عُصات - بضم اول و تخفیف صاد جمع عاصی گنہگار لوگ -

عُصفُر - بضم عین و ضم فاے گل گاجیرہ جسکو ہندی مین کسمبہ کہتے ہین اور اس سے کپڑے سرخ رنگتے ہین

عَصّار - بفتح اول و تشدید صاد تیلی جو تلون کا تیل نکالتا ہی **سعدی** چو گاوے کہ عصار چشمش ببست ❊ دوان تا بشب شب ہمانجا کہ ہست ❊ **صفدر** ز فوقانی خشک نان فوقانیا کی مینخورد ❊ بہر کرا عصار باشد دوستدار ❊

عُصفور - بضم اول چڑیا جو مشہور جانور ہی فارسی گنجشک -

عَصافیر - جمع عصفور بہت سی چڑیان -

عَصر - روزگار زمانہ جہان اور دن کا آخری حصہ اور نچوڑنا جسکا فاعل عصار ہی -

عَصیر - نچوڑا ہوا شیرہ و شراب انگور اور شراب اور سرکہ انگوری -

عُصعُص - بضم ہر دو عین بروزن بلبل دونون چوتڑون کے درمیانی ہڈی ترتیب مقعد کے -

عصام - پانی کی مشک کی دوال یعنی تسمہ جس سے سقہ اُسکو اُٹھاتا ہی اور نام ایک شخص کا جو نعمان بن منذر کا حاجب تھا۔

عِصیان - عاصی ہونا گنہ کرنا۔ نافرمان ہونا ؎ گر شود لطف وکرم درشان من ٭ جلوۂ طاعت دہد عصیان من ٭

عَصو - عصازدن۔ لاٹھی مارنا۔

عَصَابہ - عورتون کا سر بند۔ استاد فرخی۔ سوسن سیمین قبا یہ برگرفت از پیش رو ٭ نرگس مشکین عصابہ برگرفت از پیش رو ٭

عَصَبہ - بفتحات بدن کے پٹھے جنکے متعلق بدن کی حس و حرکت ہی اور پیوستگی مفاصل کی اُنکے ساتھ ہی فارسی مین اسکو پے کہتے ہین اور اولاد اور قریبی ہم جدی رشتہ دار۔

عُصبہ - بضم اول گروہ آدمیون کا دس سے چالیس تک۔

عَصیدہ - بروزن قصیدہ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی۔

عُصَارہ - کھلی جو تیل نکالنے کے بعد نکلتی ہی اور ثفل انگور کا جو شیرہ نکالنے کے بعد باقی رہجاتا ہی۔

	عین با ضاد معجمہ	

عَضب - تلوار اور ہر چیز جو تیز ہو۔

عَضبیت - تیز زبانی و تیزی۔

عَضُد - بازو اور امداد دینا اور نام ایک بادشاہ کا شاہان شیراز سے سعدی۔ عضد را پسر سخت رنجور بود ٭ شکیب از نہاد پدر در ربود ٭

عَضّ - بفتح اول و تشدید ثانی کسی چیز کو دانتون سے کاٹنا۔

عَضرفوط - ایک جانور سفید اور نرم کا نام ہی۔

عَضَل - گوشت کا ٹکڑا

عُضو - بالضم و بالکسر بدن کا ایک حصہ اور جوڑ اور آنکھ کا پردہ اعضا اسکی جمع ہی بفتح اول پڑھنا اس لفظ کو خطا ہی۔ جمال الدین سلمان ہفت عضو دیدہ را میباید شستن بآب ٭ بعد ازانت طالب دیدار میباید شدن ٭

عُضَادہ - بضم اول دہلیز کی لکڑی جسکو بازو کہتے ہین۔

عِضادہ - بکسر اول ایک مستطیل پرزہ جو اصطرلاب کی پشت پر لگا ہوا ہوتا ہی اخذ احکام کے وقت اُسکو گردش دیتے ہین۔

	عین با طاے مہملہ	

عطا - مہربانی بخشش داد و دہش توحید۔ تا نباشد در نظر نور خدا ٭ سجدہ پیش بت کجا باشد روا ٭ محرم ہر راز ذات خالق ست ٭ واقف ہر مطلب و ہر مدعا ٭ می کند در پردہ کار آن پردہ دار ٭ می برد بوشیدہ دل آن دلربا ٭ جرم بخش بندگان پر گناہ ٭ پردہ پوش

خلق سر تا پا عطا۔

عَطَب - ہلاکت۔ موت۔ مرگ۔

عُطلَت - بضم اول بیکار رہنا معطل ہونا۔

عُطارِد - نام ستارے کا جو دوسرے فلک پر چلتا ہی علم و عقل اُسی سے متعلق ہی دبیر فلک اسکا خطاب ہی۔

عِطر - بکسر اول خوشبو اور بفتح اول خوشبودار ہونا نظامی۔ در دوے شہنشہ ہان غار خواند ٭ برون رفت و عطری بر آتش فشاند ٭

عطار - عطر فروش اور تخلص خواجہ فریدالدین عطار کا جنکی تصانیف مشہور ہین عطار کفر کافر را و دین دیندار را ٭ ذرہ از درد دل عطار را ٭

عُطاس - وہ دوائی یا بیماری جس سے عطسہ یعنی چھینکین آوین۔

عِطاش - بکسر اول تشنگان بہت سے پیاسے۔

عُطاش - بضم اول پیاس کی بیماری۔

عَطَش - بفتح اول و دوم تشنگی یعنی پیاس انوری۔ ہر کرا از لطف کینش عطشے داد قضا ٭ جگرش تر نکند چرخ جز از آب حسام ٭

عطف - پھیرنا۔ اُلٹانا۔ پیچ دینا۔ میل کرنا۔ مہربانی کرنا۔ اور سنجاف دامن جامہ کا۔ نظامی۔ سوے عطف گاہ زمین تاختند ٭ دران سایہ بان رایت افراختند ٭

عَطَل - بفتحتین عورت جو بے پیرایہ اور بے زیور ہو اور حرف جسپر نقطہ نہو۔

عَطَن - اونٹون کے پانی پینے کا مقام اور بکریون کی آرامگاہ۔

عَطشان - پیاسا اور پیاس انوری۔ جز تشنگی خنجر خونخوار تو گیتی ٭ ہم کاسہ کجا دید فناے عطشان را ٭

عَطوفہ - عورت جو مہربان ہو۔

عَطسہ چھینک جو دماغ کی حرکت سے انسان کو آتی ہی میر خسرو۔ یافت نخست آدم ازان نور تاب ٭ عطسہ زد از دیدن آن آفتاب ٭

	عین با ظاے معجمہ	

عُظما - بضم اول جمع عظیم کی بزرگ لوگ۔

عَظَمت - بفتحات ہر سہ حروف بزرگی بڑائی توحید۔ تو جلوہ مبدئی اے صانع اکبر ز ہر صنعت ٭ تو ظاہر میشوی ای کاتب قدرت ز ہر صورت ٭ تو رحمانی تو سلطانی تو سبحانی تو سنانی ٭ تو ہستی صاحب عزت تو ہستی لائق عظمت ٭

عَظم - بفتح اول ہڈی اور بزرگی۔

عِظم - بکسر اول کلانی ضد صغر کی۔

عظیم بزرگ بڑا صاحب رتبہ اور نام خداوند کریم کا۔ توحید۔ ہست در دست دوائی ہر سقیم ٭ اے طبیب خلق تعالی علیم ٭ صاحب عزت تو ہستی یا عزیز ٭

عظمت و حرمت تو دارہی یا عظیم ؂

عِظَام۔ بکسر اول بزرگان جمع عظیم اور ہڈیان جمع عظم یہ لفظ بضم عین و تشدید ظا پڑھنا خطا اور غلط ہی۔

عین با فا

عَفرا۔ نام ایک معشوقہ کا جسپر عروا عاشق تھا

عَفرنا۔ بفتح اول و دوم شیر درندہ۔

عُفونت۔ بضمتین بدبو ہونا۔ گندہ ہونا۔

عِفرِیت۔ دیو اور نام ایک دیو کا۔

عَفارِیت۔ جمع عفریت بہت سے دیو۔

عِفت۔ پرہیزگاری و پارسائی اور بچنا زنا اور حرام سے۔

عَفص۔ مازو جو ایک دوا ہی تشریح اسکی پانچوین فصل مین تحریر ہوگی

عَفاف۔ پارسائی و پرہیزگاری۔

عفیف۔ مرد پارسا و پرہیزگار شعر ہرچہ نازان ست انسان ضعیف ؂ ہرچہ طاقت ہست سرکش این نحیف ؂ نیست امید بقا در زندگی ؂ چون بسر مرگ ست استادہ حریف ؂ کن ہمیشہ عصمت و معصوم باش ؂ پیشہء عفت کن اے مرد عفیف ؂

عَفعَف۔ آواز سگ۔ کتے کی آواز اور اونٹ کی آواز جو مستی کی حالت مین نکالتا ہی فوقی یزدی۔ عفعف تا کے زنی ہیچون شتر در ملک عقل ؂ چند سازی خویش را از تیغ ہشیاری فگار ؂ درویش یوسف در راہ عشق کہ اندہ شادی ست ؂ درد و غم آن غزال عنا بادی ست ؂ از عفعف حمد ہر نگردی زنہار ؂ کآواز سگان نشانہ آبادی ست ؂

عف عفف۔ آواز سگ۔ کتے کی آواز ابو نصر نصیری بدخشانی۔ مژدہ وصل برائے دل خود خواہد یافت ؂ عاشقت باچو سگ کوے تو عف خواہد کرد ؂ مرزا بیدل از معاملات جہان کد تو ؂ آگرین ہمہ دام و دد ؂ عفف سگے بسگے خورد لیکد خری بخری رسد ؂

عَفَن۔ بدبو ہو جانا ہوا اور گوشت کا عفونت پیدا ہونا۔ بدبو پھیلنا

عفو۔ درگذر کرنا قصور معاف کرنا باوجود طاقت انتقام کے سعدی از و عفو کردم عملہاے زشت ؂ بفضل خودش آورم در بہشت ؂

عفیفہ۔ وہ عورت جو زنا کار نہو۔ پارسا ہو۔

عین با قاف

عِقب سپاسفتہ یعنی ایڑی و فرزند و فرزند زادہ۔

عقب۔ بضم اول و ضمتین انجام و پایان ہر ایک کام کے اخیر۔

عَقَب۔ بفتح اول و دوم وہ پٹھا جس سے کمان بناتے ہین۔

عَقب۔ بفتح اول و سکون ثانی کسی کے پیچھے پڑنا۔

عِقاب۔ بکسر اول عذاب کرنا اور شکنجہ کرنا۔

عُقاب۔ جو ایک جانور شکاری ہی اور ہر چیز بلند اور بڑا پتھر اور وہ رشتہ جو کان کے سوراخ مین ڈالین اور کیمیا گرون کی لغت مین نوشادر

عَقرَب۔ کژدم جو ایک موذی جانور ہی اور نام آٹھوین برج کا برج آسمانی سے

عقارب۔ جمع عقرب بہت سے کژدم۔

عقیب۔ پیرو اور جو پیچھے رہگیا ہو۔

عَقبات۔ بفتحات رستے دشوار اور تنگ رستے جمع عقبہ کی

عقوبت۔ عذاب۔ تکلیف و سزا امیر معزی ہمت نکرد کس الا بحق عقوبت عقوبت نکرد کس را الا بحق مجابا سعدی دمی بشیر پرس سیاست نراند ؂ عقوبت برو تا قیامت بماند ؂

عَقد۔ بفتح اول گرہ دینا۔ گانٹھ باندھنا۔ قول و اقرار کرنا۔ نکاح باندھنا۔ بیع کرنا

عَقَد۔ بفتحتین گرفتگی زبان کی بات کرنے مین۔

عِقد۔ بکسر اول موتیون کی لڑی عقد گلوبند جسکی بندی مین بار کتے ہین۔

عُقَد۔ بضم اول و فتح ثانی جمع عقدہ جسکے معنی گرہ کے ہین ظہوری چو نگسلد بنشاسلو عقد گریہ من ؂ سرشک چشم گہر بگردانم کمال خجند نرا بمعیت چو دو آرم مجلب ؂ سر زلفت برد عقد نمازم ؂

عُقود۔ جمع عقد بہت سے عہد و پیمان صفدر فوقانی۔ کن وفا عہدی کہ بر خود بستہ ؂ حق چو فرمودست اوفوا بالعقود ؂

عقائد۔ جمع عقیدہ یعنی کسی بات کو حق تصور کرکے اپنے دل مین اسکی گرہ باندھ لینا۔

عقاقیر۔ جمع عقار وہ دوائین جو قسم بیخ نباتات کی ہون۔

عُقر۔ بفتح اول بانجھ ہونا بے اولاد ہونا عورت کا اور پی کرنا چارپایہ کا اور چلنے نہ دینا۔

عقیر۔ بانجھ ہونا ناامید ہونا عورت کا۔

عَقار۔ بفتح اول و دوم زمین زراعت و ارضی و ملک و قریہ و متاع و اسباب

عُقار۔ بضم اول شراب اور نام ایک جانور کا جسکے پرون سے جیغہ و کلگی بناتے ہین اور وہ پر اکثر سیاہ ہوتے ہین طاہر وحید بسکہ روگردانی از من اے نگار گلعذار ؂ پیش چشم کا کلت زلف ستمانند عقار ؂

عَقُور۔ کاٹنے والا کتا۔

عُقوق۔ عاق ہونا۔ ماباپ کی نافرمانی کرنا۔

عَقعَق۔ زاغ دشتی۔ جنگلی کوا۔

عَقیق۔ ایک سرخ پتھر کا نام ہی جو مشہور جواہر ہے ۵ رنگ پان

لب جانان عقیق پیا شد + حنای عیدی از بہر بوسہ پیدا شد +
عقیل - مرد زیرک و عقلمند و دانا اور اونٹ جسکا زانو بندھا ہو اور نام ابی طالب کے بیٹے کا جو بڑا دانا تھا۔
عقل - خرد اور دانش اور یہ ایک قوت ہی قوائے انسانی سے کہ انسان اس سے تمیز دقائق اشیا کرتا ہی اسکو نفس ناطقہ کہتے ہین لغت مین اسکے معنی پائون مین بند باندھنے کے ہین کہ اس سے انسان افعال ذمیمہ کے کرنے سے رک جاتا ہی۔ میر حسن دہلوی عقل من گسست از عشقت ملے + ہر چہ نا محکم ز محکم بگسلد +
عقول - بہت سی عقلین اور عقلمند۔
عقال - وہ رسی جس سے اونٹ کا زانو باندھتے ہین جمال الدین سلمان امر تو مرکبان زمین را کند روان + نہی تو بختیان فلک را نہد عقال +
عقیم - بانجھ عورت جس کو حمل نہ ہوتا ہو۔
عقابین - وہ دو لکڑیان جس سے مجرم کو باندھتے ہین اور یہ بزرجمہر نوشیروان کے وزیر کی ہی اور اسنے سب سے اول یہ لکڑیان قائم کرکے حمزہ نام مجرم کو سزا دی۔
عقیان - بالکسر و یای تحتانی سونا یعنی زر و طلا۔
عقبان - بکسر اول بای موحدہ جمع عقاب جسکے معنی عذاب و شکنجہ کے ہین
عَقَبَہ - بفتحات مقام دشوار اور کوئی امر جو سخت اور عظیم ہو۔
عُقدہ - بضم اول گرہ یعنی گانٹھ۔
عقلہ - نام ایک شکل منحوس کا ہی اشکال رمل سے۔
عقیلہ - سردار قوم و برگزیدہ اور رسن و پای بند۔
عقیقہ - وہ ضیافت جو تبقریب پیدا ہونے مولود کے ساتوین روز کیجاتی ہی
عقوہ - گھر کا صحن اور میدان۔
عقربی - ایک قسم جوہر کا ہی جو سرخ رنگ ہوتا ہی لعل عقربی اسکا نام ہی

عین با کاف

عکس - وہ پرتو جو اصل کے مطابق آئینہ یا پانی یا اور کسی شفاف چیز سے دکھائی دیوے نظامی بشکین ز کال آتش لالہ رنگ + در افتاد چون عکس گوہر بسنگ +
عکاظ - ایک بازار کا نام ہی جو مابین نخلہ اور طائف کے ہی۔
عکہ - جنگلی کوا - بیابانی زاغ۔
عکاشہ - عنکبوت جو مشہور جانور ہی

عین با لام

علا - بفتح و ضم اول بلندی اور بزرگی

علیا - ہر چیز جو اورون سے بلند تر ہو۔
علالا - شور و غوغا۔
علت - بکسر اول و تشدید لام وجہ و سبب باعث و بیماری حکیم نور لاہوری او دوا بخشد بہر یک لا دوا + بہر ہر علت ہدہ حب شفا +
علات - لوہارون کے اہرن جسکو فارسی مین سندان کہتے ہین۔
علالت - بیمار ہونا۔ علیل ہونا۔
علامت - نشان جو قائم ہو میر خسرو - کہ کند فرق ز رخسارۂ تو با خورشید + خط شگون اگر از مشک علامت نکند +
علاج - درمان - دارو و چارہ میرزا صائب - پیمانہ چارہ سر پر شور میکند + آتش علاج خانۂ زنبور میکند +
علف - بفتح اول و ثانی چارہ چارپایون کا گھاس وغیرہ سعدی - خران زیر بارگران بے علف + بروزی دو مسکین شدندی تلف +
علاف - گھاس فروخت کرنے والا - کہ بخشد کاہ و دانہ با خر و پیر + بجز ذات جناب پاک علاف +
علق - آبی جانور ہی جسکو فارسی مین زلو ہندی مین جونک کہتے ہین اور بدن پر جس جگہ لگائین خون چوس لیتا ہی اور ہر ایک چیز جو دوسری چیز کو چمٹ جائے اور خون بستہ ہو۔
علوق - بستہ ہونا نطفہ مرد اور عورت کا عورت کے رحم مین ابتدائے حمل مین اور گوشت کی صورت پکڑنا - اور دوست رکھنا اور پیوستہ ہو جانا۔
علل - جمع علت بہت سے سبب و باعث و بیماریان۔
علیل - مریض بیمار صاحب علت مفتی حیدر لاہوری فیض یاب از تو کثیر ست و قلیل + ذات پاک تو دوائی ہر علیل +
عَلَم - بفتح اول لشکر کا نشان اور مشہور و معروف اور نقش کپڑے کا اور خاص وہ نام جو کسی کا مقرر ہو اور وہ اُس نام سے پکارا جاسے نظامی علم برکش اے آفتاب بلند + خرامان شو ای ابر مشکین پرند +
عِلم - بکسر اول جاننا - آگاہ ہونا سعدی - کس نیا موخت علم تیر از من + کہ مرا آخرش نشانہ نکرد +
علوم - علم کی جمع بہت سے علم مثلاً علم صرف و علم نحو و علم منطق و معانی و علم بیان و علم عروض و قافیہ و علم انشا و علم رسم الخط و علم معما و علم مناظرہ و علم قرأت و علم تفسیر و علم حدیث و علم فقہ و علم فرائض علم اصول و علم کلام و علم لغت و علم حکمت و علم ہیئت و علم ہندسہ علم عدد و علم طب علم ملاحت و علم کیمیا و علم نجوم و علم موسیقی و علم جبر و مقابلہ و علم جر اثقال علم رمل علم جفر و علم طلسم و علم قیافہ و علم مساحت و علم اصطرلاب علم محاضرات و علم تعبیر و علم تعویذ

وعلم تصوف وعلم اخلاق وعلم تواریخ وغیرہ **سعدی** چہ حاجت کہ باسلاگوئی
علوم ؛ کہ نصائع شود تخم در شورہ بوم +

عَلّام - نہایت دانا اور صاحب علم۔

عِلّان - نام ایک شخص کا جو سنگار و صناع صاحب کمال تھا اور
نام ایک قلعہ کا صنعا کے نزدیک۔

عَلَن - بفتحتین ظاہر اور آشکارا ہونا۔

عِلّیین - غرفے بہشت کے اور اونچے محل اور اعمال نامے نیک بندون کے

عُلُو - بلندی - اونچائی - بڑائی۔

عِلَاوَہ - بکسر اول وہ چھوٹی گٹھری جو بڑے بوجھ کے اوپر رکھی ہو یعنی زائد۔

عَلَانِیَہ - ظاہر و آشکارا۔

عَلِیقَہ - توبرہ جسمین دانہ گھوڑون کو کھلایا جاتا ہے۔

عَلَاقَہ بفتح اول و دوم آویزش اور تعلق یا رابطہ جو دو چیزون یا دو شخصون
مین ظاہری یا باطنی دوستی یا دشمنی سے ہو یا نوکری یا ملازمت جس سے معاش حاصل ہو

عِلَاقَہ - بکسر اول وہ چیز جو کسی کے ساتھ بندھی ہوئی اور آویزان ہو جیسے
دوال تازیانے کا اور تلوار جو کمر سے بندھی ہو اور زیور جو پہنا ہوا ہو **عطار**
کلیم - علاقت ام ز تو نگسست و ز حیات برید ؛ تو پا مکش ز سرم
گر طبیب دست کشید ؛

عَلِیَّہ - وہ چیز جو بلند اور اونچی ہو۔

عُلُوفَہ - بضم اول و دوم کھانے کی چیز۔

عُلَالَہ - بقیہ شیر کی خوراک کا اور ہر شی قلیل جو بعد تصرف کثیر کے بچ رہی ہو

عَلِی - بلند اور نام خدا تعالی کا اور نام خلیفہ چہارم رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وسلم کا جو حضرت کے ابن عم اور زوج فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا تھے
رباعی از مؤلف - علی جانشین رسول خدا ؛ علی حامی دین و مشکلکشا +
دو قالب یکی جان علی و نبی + دو بادام یک مغز صل علی +

عَلَوِی - بفتح اول و دوم حضرت علی رض کی اولاد جنکا نسب نامہ سواے امام حسن ع
و حسین رضی اللہ عنہم کے حضرت علی رض کے ساتھ ملتا ہو۔

عُلْوِی - پیدایش عالم بالا کے فرشتے اور ستارے وغیرہ۔

عَلّامِی - **عَلّامَہ** - نہایت دانا اور صاحب علم۔

عین با میم

عَمَا - گمراہی اور نابینائی یعنی اندھاپن۔

عَمْیَا - نابینا عورت جسکو کچھ نظر نہ آئے اور پوشیدگی اور چیز پوشیدہ۔

عَمْدًا - جان بوجھ کر کوئی کام کرنا جان بوجھکر زہر کھا لینا **نور الدین ظہوری**
درد نداری ز مداوا چہ حظ ؛ دم مکش از نالہ عمدا چہ حظ ؛

عِمَارَت - آباد کرنا - بنانا - تعمیر کرنا - اور آباد ہونا و آبادی **سعدی**
ہر کہ آمد عمارت نو ساخت ؛ رفت منزل بدیگرے پرداخت +

عِمَادَات - بہ دال مہملہ عمارت کے ستون۔

عِمْرَانَات - بکسر اول آبادیان عمارتین جمع لفظ عمران کی۔

عَمْرو لَیث - اخیر مین ثاے مثلثہ نام ایک بادشاہ کا جسنے شہر شیراز آباد کیا تھا

عَمِید - قوم کا پیشوا بڑا آدمی۔

عَمُود - گھر کا ستون اور خیمے کی چوب اور گدا شاہین در قوم کا افسر اور آلہ تعالی۔

عِمَاد - ستون اور اونچے مکان بہ لفظ مفرد و جمع دونون پر آتا ہے۔

عَمْد - بفتح اول ارادہ اور قصد اور جان بوجھ کر کام کرنا۔

عُمُد - بفتح اول و ثانی جمع عمود بمعنے ستون۔

عُمْر - بضم اول و بفتح اول انسان کی زندگی کی میعاد یعنی جب تک کہ
بدن کی عمارت قائم ہے **توحید** - میرود چون نا پدید اندر دست دیگر عمر +
تا جران وقت نفروشند در بازار عمر ؛ میشود ہر روز یک یک و زکم عمر عزیز +
فی الحقیقت ہست یار بیوفا ای یار عمر + وقت را ہر گونہ باشد یک مرکز قرار ؛
میرود از جا بشکل سایہ دیوار عمر + گہ خزان آید بگلزار زمانہ گہ بہار ؛
بگذر اند در دو فصلے عندلیب زار عمر ؛ ختم شد شاہ و گدا را اندرین وارفنا
در شمار روز و ماہ و سال آخر کار عمر + ہمچو نادان کے کند دانا تلف
وقت عزیز + بگذراند کے بحال غفلی ہشیار عمر +

عُمَر رض جانشین ثانی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بڑے بہادر و دلاور
تھے انکے باپ کا نام خطاب تھا **سعدی** نخستین ابوبکر پیر مرید +
عمر رض پنجہ بر پیچ دیو مرید ؛

عُمُور - وہ گوشت جو دانتون کے درمیان اور بیچ مین ہے

عَمَّار - نام اس شخص کا جسنے عماری ایجاد کی اور مخفف عماری **فردوسی**
ز بہ جامہ و گوہر شاہوار + ہمہ تازی اسپان بزین و عمار ؛

عَمَش - ضعف بصر اور دمعہ یعنی اجرائے اشک جو ایک بیماری ہے

عَمرو عاص - رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک اصحاب کا نام ہے

عُمُق - بضم اول و ثانی مقدار کنوئین اور حوض اور دریا کا

عُمْق - بضم اول و سکون ثانی گہرائی چاہ و حوض و دریا کا۔

عَمِیق - گہرا کنوان یا حوض وغیرہ ؛ بغیر خضر پیدا بیت کہ آر و ستش
بیرون ؛ کہ ہست طالب دنیا غریق بحر عمیق ؛

عُمَّال - جمع عامل کام کرنے والے۔

عَمَل - کام نیک ہو یا بد ہو **سعدی** چو شرف و دولت از امانت بدا شستہ
بیا بہر او نا طری کس گماشت ؛ وزاو نیز در ساخت با خاطرش ؛

زشرف عمل برکن ونازش * ولہ در عمل کوش ہرچہ خواہی پوش *
تاج بر سر نہ وعلم بر دوش *
عمرخیام - نام ایک شاعر کا ہی جسکی رباعیان مشہور ہین -
عَم - باپ کا بھائی جسکو چچا کہتے ہین سہ علی مرتضی ابن عم رسول * شہنشاہ ذیجاہ زوج بتول *
عموم - عام طور پر سب کو لے لینا -
عمیم - سب کو حاصل کر لینے والا عام بے انتہا و بحساب توحید
بہر خاصان ست لطف خاص تو * بہر عامان ست الطاف عمیم *
عمائم - دستاران پگڑیان جمع عمامہ -
عمان - بضم اول نام ایک شہر کا ہی جو سمندر کے کنارے آباد ہی نیز ایک بستی شام مین اور جمع عم جسکے معنی چچا کے ہین سعدی ز دریای عمان برآمد کسے * سفر کردہ دریا و ہامون بسے *
عمران - بکسر اول آبادی اور نام موسی علیہ السلام کے والد کا اور بی بی مریم علیہ السلام کے باپ کا اسیری لاہجی بندگی اخیانہ از سلطانی ست
دین خرابی بہتر از عمرانی ست * ولہ عشق گوید خانہ ویران می کنم *
عقل گوید شہر عمران می کنم *
عَمو - بفتح اول وسکون ثانی گمراہی اور خواری و فروتنی -
عمو - بفتح عین وضم میم چچا باپ کا بھائی -
عمامہ - بکسر اول دستار یعنی پگڑی سہ بسر بربستہ کا فوری عمامہ *
ببر پوشیدہ از زربفت جامہ * خیالی باین عمامہ کہ من دارم ہم از مسلمانی *
بجل گنم اگر از دیر و کعبہ ام رانی *
عملہ - بکسر اول کام اور عمل -
عملہ - بفتح اول نیکی وخوبی -
عملہ - بفتحات کام کرنے والے جمع لفظ عامل کی -
عمۃ - باپ کی بہن پھوپھی اور عام لوگ -
عمدہ - بہت اچھا جائے اعتماد -
عمرہ - بضم اول عمر کے یہ معنی ہین کہ حاجی احرام باندھ چکتے ہین مکہ معظمہ سے بمقام تنعیم جاکر چند رکعات نماز پڑھتے ہین پھر مکہ آجاتے ہین اور خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہین -
عمادی - تخلص ایک شاعر -
عماری - وہ مہد جو ہاتھی کی پشت پر باندھکر اوسپر بیٹھتے ہین یا درجواونٹ پر باندھتے ہین اوسکا نام کجاوہ ہی میر خسرو زجا برخاست باجمہ بیقراری *
چہ بنشست در شکون عماری *

عُمی - بضم اول جمع اعمی بہت سے نابینے یعنی اندھے -

عین با نون

عنا - رنج ومشقت ومحنت وتکلیف سعدی یکے در عنا دیکے در غنا *
یکے در بقاء یکے در فنا -
عنقا - ایک جانور دراز گردن کا نام ہی بعض کے نزدیک یہ فرضی نام ہی اور عنقا کوئی جانور پیدا نہین ہوا اور نام ایک ساز اور ایک راگ کا بعض عنقا کو سیمرغ کہتے ہین -
عندلیب - بلبل جو ایک مشہور جانور ہی جو لوگ اس لفظ کو بکسر عین پڑھتے ہین غلطی پر ہین صحیح بفتح عین ہی توحید منتقل شد از گلستان چون مکان عندلیب * بر زبانہا ماند باقی داستان عندلیب * شاہ بہار آخر شد آخر شور بلبل از چمن * موسم گل رفت رفت از جسم جان عندلیب * گر نمیداند درین گلشن بغیر از باغبان * حالت سوز دل و راز نہان عندلیب
عنب - بکسر اول انگور جو مشہور میوہ ہی -
عنقریب - بہت نزدیک چند روز مین محمد قلی سلیم تخمین پردہ بر اندازد کہ ایدر او بیدم * عنقریب ست کہ رسوائے جہانم دارد *
عنایت - بفتح وکسر اول رنج کھینچنا تکلیف اوٹھانا کسی دوسرے شخص کے لیے مہربانی کرنا سہ بحق دوست دشمن صلح کل باش * بکن با خویش وبیگانہ عنایت * حافظ حافظا لطف حق از با تو عنایت دارد * باش فارغ ز غم دوزخ وشادی بہشت *
عنکبوت - مکڑی جو جالا تنتی ہی اور نام ایک طبقہ کا طبقات اصطرلاب سے
عنت - بفتح اول ودوم گناہ وفساد وہلاکت -
عنود - بضم اول ودوم حق کے برخلاف کام کرنا اور لڑنا -
عنود - بفتح اول لڑنے والا اور گمراہ -
عنید - لڑنے والا - جنگ کرنے والا -
عناقید - انگور کے خوشے جمع عنقود -
عنصر - بضم اول وثالث اصل وبنیاد اور چار عنصر باد وخاک آتش آب سے ایک عنصر -
عنبر - ایک مشہور خوشبو ہی اور وہ دریائی گائے کے گوبر کا نام ہی بعض کہتے ہین کہ عنبر ایک قسم کے شہد کا موم ہی سعدی ظاہر بجوان وشمع برافروز و می بنہ * عنبر بپاشی وعود بسوزان وگل بریز *
عنف - تندی وتیزی درشتی کرنا - لڑائی کرنا -
عنیف - سختی کرنے والا - لڑنے والا - درشتی کرنے والا -
عنق - بضمتین گردن -

عناق - مادۂ بزغالہ جو چار ماہ کا ہو۔
عنادل - بفتح اول و کسر دال بلبلین سے بیا ای نونخل گلزار خوبی * کہ در گلشن عنادل انتظار امد *
عنوان - دیباچہ و سرنامہ اور ابتدا ہر چیز کا صائب سنگ کودکان برخود نہ لرزد نخل بار آور * بعنوانے کہ من زین خلق ناہموار میترسم *
عنفوان - اول ہر چیز و آغاز جوانی۔
عنین - وہ مرد جو جماع پر قادر نہ ہو یعنی نامرد ہو۔
عنان - باگ۔ لگام۔ اونٹ کی مہار صائب نالۂ آتش عنانم رخنہ در گردون کند * گریۂ پا در رکابم شہر در ہامون کند *
عن - فارسی مین از۔ اُردو مین سے۔
عنبیہ - نام تیسرے طبقے کا آنکھون کے سات طبقات سے رنگ اُسکے مختلف ہوتے ہین سیاہ و اشہل و ارزق وغیرہ۔
عنکبوتیہ - چوتھا طبقہ آنکھون کا۔
عنصری - تخلص ایک شاعر کا۔

عین با واو

عوّا - بہ تشدید واو وہ کتا جو بہت بھوکتا ہو اور نام تیرھوین منزل کا منازل قمر سے اور وہ پانچ ستارے ہین سنبلہ کے سینے پر و بضم اول و تخفیف واؤ بھیڑیے اور کتے اور گیدڑ کی آواز۔
عوجا - کمان جس سے تیر چلاتے ہین۔
عواقب - انجامہاے کار۔ انتہا کامون کے اور ہر چیز پیچھے آنے والی۔
عورت - شرم کا مقام اور ہر ایک چیز جسکے دیکھنے سے شرم آئے اور زن یعنی استری اور رخنہ جو صف لشکر یا حصار مین ہو۔
عوارات - بہت سے عیب۔
عوج - بضم اول و واو معروف نام ایک شخص طویل القامت کا جو آدم علیہ السّلام کے وقت پیدا ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کے وقت تک تین ہزار پانسو سال زندہ رہا طوفان نوح علیہ السلام اُس کی کمر تک آیا اُسکے باپ کا نام عوق تھا موسیٰ علیہ السلام نے اسکو عصا مارا گٹے پر لگا اور گر کر مر گیا۔
عوّاد - عود نواز۔ بربط بجانے والا۔
عوائد - بہت سے سود اور نفع اور مہربانیان۔ پھر لوٹنے والی یہ لفظ جمع عائد کی ہے
عوف - بفتح اول واپس آنا پھر جانا۔ بازگشت کرنا۔ اور ادنٹ جو ضعیف ہو
عود - بضم اول و واو معروف مشہور لکڑی سیاہ رنگ جب آگ مین ڈالین تو خوشبو دیتی ہے ہندی مین اسکو اگر کہتے ہین اور نام ایک ساز کا جسکو مطرب بجاتے ہین

سعدی - بنواسا بد مشام از طبلۂ عود * بر آتش نہ کہ چون عنبر ببوید *
عوذ - بفتح اول و ذال معجمہ پناہ لے جانا۔
عور - بضم اول برہنہ یعنی ننگا۔
عور - بفتح اول و بفتحتین ایک آنکھ سے کور ہونا اور نام ایک بیماری کا کہ ہاتھ کے ناخن مین پیدا ہوتی ہے اور ناخن خراب ہوتے ہین و آدمی بدباطن۔
عوز - بفتح اول و زاے معجمہ تنگدست و مفلس و نادار ہونا۔
عوص - بفتح اول دشواری و سختی۔
عویص - جو چیز دشواری سے حاصل ہو اور وہ امر جو مشکل ہو۔
عوض - بکسر عین و فتح واؤ و ضاد ساکن بدلا کسی چیز کا جو لیا جاوے صائب محبت تو ندل داد ہیچ و تاب عوض * گرفت خاک سیاہ داد مشک ناب عوض * ہنوز عقل درین انجمن کسے بیناست * کہ گرد دولت بیدار را بخواب عوض * بہشت نقد شود رزق خوش معاملہ * کہ میفروشد و گیرد زمن کباب عوض * مگر بعشق دل خویش خوش کنم صائب * وگرنہ عمر ندارد بہیچ باب عوض *
عوارض - عارضے کی جمع ہے بیماریان۔ رنج تکلیفین مصیبتین۔
عواصف - بادہاے سخت و تند۔ تند ہوائین۔
عواطف - مہربانیان عنایتین۔
عوارف - شناسندگان۔ پہچاننے والے۔ صبر کرنے والے احسان کرنے والے
عوائق - حادثے۔ سختیان جمع عائقہ۔
عول - غلبہ کرنا ظلم کرنا۔ عیال کو نفقہ دینا۔ آواز نکالنا۔ رونا سختی و قوع مین آنا
عویل - رونا۔ نفیل رونے کی آواز۔
عوالم - جمع عالم بہت سے جہان۔
عوام - جمع عامہ عام لوگ۔
عوان - کدبانو عورت میانہ سال اور وہ عورت جسکا خاوند ہو۔
عوّان - بتشدید واو سخت پکڑنے والا۔ ظالم بادشاہی پیادہ۔
عون - یاری و حمایت و مددگاری۔
عوعو - آواز سگ یعنی کتے کی آواز فیاض - از برائے جیفہ عوعو تا بہ کے ہمچون کلاب * بر سر مردار تا کے چو کلاغان غار غار *
عوارہ - بزدل آدمی بے حوصلہ۔
عویصہ - مشکل و دشوار۔
عوالی - جمع عالیہ بلند چیزین۔
عودی - ایک رنگ عود کی لکڑی کے رنگ پہ ہوتا ہے یعنی سیاہ مائل بسرخی و سفیدی۔

عین با ہاے ہوز

عَہد - زمانہ و روزگار و قول و اقرار **سعدی** بعہد تو می بینم آرام خلق ✣
پس از تو ندانم سرانجام خلق -

عُہُود - جمع عہد بہت سے زمانے -

عُہر - زنا کرنا - بدکاری کرنا -

عِہن - ریشم یا پشم رنگین -

عین با یاے

عَیشا - قرارگاہ بچے کا ماں کے رحم میں اور وہ اسباب جس سے بچہ رحم میں موجود ہوتا ہے -

عَیب - وہ نقص جو کسی کی ذات میں ہوں **نظامی** - رہ من ہمہ پردہ پوشیدن ست ✣ ہنر جستن و عیب پوشیدن ست ✣

عیادت - بیمار پرسی -

عید - خوشی کا دن جو مسلمانوں میں تمام سال میں دو عیدیں ہوتی ہیں ایک یکم شوال کو بعد گذرنے ماہ رمضان کے دوسری دسوین ذی الحج کو بعد حج کے کہ نوین ذی الحج کو ہوتا ہے شیعہ امامیہ کے یہاں عید خم غدیر و نوروز کی بھی ہوتی ہے **ملا نسبتی** - شد شام و ندیدم رخ او آہ ندیدم ✣ فردا نکنم عید کہ شب ماہ ندیدم ✣

عِیاذ - بکسر اول آخر میں ذال معجمہ پناہ اور پناہ لینا -

عَیر - بفتح اول گورخر جنگلی اور شہری گدھا اور رجانا گھوڑوں کا واسطے چرائی کے -

عِیر - بکسر اول قافلہ اور وہ مرکب جس پر غلہ لادا جائے

عِیار - بکسر اول چاشنی سونے کی یعنی بانگی جو سنار سے لیکر اپنے پاس رکھ لی جاتی ہے جب زیور تیار ہو جاتا ہے تو زیور کے سونے کی رنگت بانگی کی رنگت کے ساتھ ملائی جاتی ہے اور سونا تولنے کا کانٹا یعنی ترازو **نظامی** - زرسرتا قدم دیدہ در شہریار ✣ زر پختہ را بر محک زد عیار ✣

عِیس - بکسر اول سپید اونٹ جسکی سپیدی سرخی کے ساتھ ملی ہو اور قافلہ جسمیں اونٹ ہوں -

عَیش - زندگی خوش اور خوش وقت -

عَیاش - خوش زندگی کرنے والا **صائب** - سخن چین میکند تاریک عیش صاف طبعان را ✣ مدہ در خلوت آئینہ رہ زنہار طوطی را ✣

عیص - بکسر اول درخت انبوہ ملے ہوئے ہوں یعنی سایہ دار درخت اور نام اسحاق نبی کے بیٹے کا جسکی اولاد سب رومی ہیں -

عَیوق - نام ایک ستارے کا جو سرخ رنگ اور روشن داہنی طرف کہکشان کے ہے **سعدی** - چو شبنم بیفتاد مسکین و خرد ✣ فلک او

زمینش بعیوق برد ✣

عَینک - جو آنکھوں پر لگائی جاتی ہے **ملا طغرا** - زدا شیدہ خراط ناہید چہر ✣ زہے بر فلک عینک ماہ و مہر ✣

عِیال - بکسر اول گھر کے لوگ عورت لڑکے لڑکیاں وغیرہ **سعدی** - اے گرفتار پاے بند عیال ✣ دگر آزادگی مبند خیال ✣

عُیُون - بکسر اول و دوم جمع عین کی آنکھیں اور بہت سے پانی کے چشمے اور نام ایک حکمت کی کتاب کا مصنفہ شیخ ابو علی سینا -

عَیُون - بفتح اول و ضم ثانی شور چشم جس کی نظر بد ہو فوراً اثر کرے -

عِیان - بکسر اول دیکھنا آنکھوں سے اور ظاہر جو چیز نظر کے سامنے ہو **یوسفی جرماد قانی** - غمش عیان نکنم ترسم از زبان خلائق ✣ چو مفلسی کہ بود گنج شایگانش وارزد ✣

عِین - بکسر اول وہ عورتیں جنکی آنکھیں خوبصورت ہوں -

عَین - بفتح اول چشمہ پانی کا اور سورج اور دینار زر سرخ اور بارش اور بادل جو قبلہ کے سمت سے آوے اور آنکھ جس سے انسان دیکھتا ہے اور بہتر اور برگزیدہ اور ذات اور اصل ہر ایک چیز کی اور حقیقت ہر ایک چیز کی اور دیدبان اور وہ جگہ جس سے پانی نکلے یعنی چشمہ و بیدار کرنا دیکھنا اور بھی اسکے بہت سے معنی ہیں -

عَیلہ - درویشی - تنگدستی - فقیری -

عَیبَہ - جامہ دان کپڑوں کا صندوق جو چمڑے کا بنا ہوا ہو -

عَیقہ - بہ قاف معجمہ نہر کا کنارہ

عیسیٰ - مشہور پیغمبر ہیں جنکی امت عیسائی کہلاتے ہیں اور زندہ آسمان پر موجود ہیں -

عِیّ - بکسر اول تشدید ثانی و ماندہ ہونا بات کرنے میں بول نہ سکنا -

عیدی - عید کا انعام جو دیا جاتا ہے **رباعی** - عید شد ہر کس ز یاران عیدئی در خواہد عید او عیدی او بدل دہی کوبس عید ہم ہمین بس عید دیدار تو ہم عیدیہ مہا کنیت عیدیکین ✣

دوسری فصل

اُردو لغات کے ذکر میں

واضح ہو - کہ اس فصل کے متعلق کوئی اُردو لغت قابل تحریر نہیں ملا اور جو نفائس اللغات وغیرہ میں درج ہیں سب فارسی معرب یا اُردو ہیں اور وہ سب کے سب پہلی فصل میں زیب اندراج پا چکے ہیں مکرر لکھنے کی ضرورت نہیں

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے بیان میں

عین با الف

عالم بالا - ملاء اعلیٰ آسمانی سلطنت - **درویش والہ ہروی** - اسرار چہ

زرعنائے قامت چمن آراست * رعنائی بالائی تو از عالم بالاست *
عاشق با - ایک کھانے کا نام ہی جسکو سیر کہ یا پانی کے ساتھ کھاتے ہین -
عالم آب - مستی و بیکشی کی حالت - **محمد قلی سلیم** - ساقی چہ دہی پندمن
این بزم شراب ست * از گریہ مرا منع مکن عالم آب ست *
عاشق آفت - جو ناحق مصیبت اپنے اوپر لے - **ابو طالب** - میرساند
خوشہ اش خود را با بر از شوق برق * مزرع امید ما از بسکہ عاشق آفت است *
عاشق صحبت - جو شخص صحبت کا عاشق ہو **صائب** - عالم روشن کشش
زود میگردد سیاہ * ہر کہ چون پروانہ بیدرد عاشق صحبت ست *
عاشق مصیبت - جو ہمیشہ مصیبت مین ہے **طالب آملی** - چہ شین آمد
خدایا کین دل عاشق مصیبت را * لبساط شادمانی غیرت اسباب ماتم شد *
عالی بخت - **عالیجناب** - **عالی درگاہ** - **عالی رای** - **عالی محل** - **عالی مرتبت** -
عالیجاہ - بادشاہون ور امرائون کی تعریف مین یہ الفاظ بولے جاتے ہین **میر معزی** - تیش
بادیزدان تا بماند بخت او عالی * کہ عالی بخت باشد ہر کہ یزدان راعین اند * ولہ
از من بنود دبیر انخلص تر و خادم تر * ہر کس کہ بدین عالی درگاہ گذر دارد *
ولہ نہ عجب گر لبفر دولت شاہ * این مبارک وزیر عالی رائے * بکشاید
تفصد خانہ خان * لبستاند بقہر رایت رائے * **سعدی** - نگہ کرد سلطان
عالی محل * خود ہش ور بلاد بدو خرد روحل * **صائب** - صائب بر آستان
قناعت نشستہ ایم * گردون غلام ہمت عالی جناب ماست * **ذوقی** -
بادشاہ و سپہر عالی مرتبت * مالک الملک والا منزلت * ولہ - خاک بوس
آستانش در جہان ہر آدمی * بندہ بندہ بندۂ درگاہ عالی جاہ او *
عالم ارواح - روحون کا عالم مقابل عالم اجسام کے - **توحید** - ز نور
روز نماید چند شب تاریک * کند ز شام ہویدا ظہور نور صباح * خدا
بہر دل تاریک می کند روشن * ز نور روشن ایمان و معرفت مصباح *
مطیع حکم خداوند مالک الملک ست * ہمہ ولایت اجسام و عالم ارواح *
عالم برزخ - وہ عالم جو دو عالم کے درمیان ہو چنانچہ وہ عالم جو بعد
مرنے کے قیامت تک ہی -
عاشق پسند - وہ حالت جو معشوق عاشق پر پسند رکھے **نورالدین ظہوری**
بہر عوبلی جور جا عاشق پسند * بدل کوبے لطف ارباب پند *
عالم کون و فساد - جہان - دنیا - **مؤلف** - گردش تازہ نمایہ چرخ دولت
ہر زمانی در عالم کون و فساد *
عاشق آزار - معشوق کی تعریف مین بولتے ہین - **ظہوری** - عاشق آزاران
ہمہ خط داده اند بیشتر آزار کشی کار ست *
عاشق شکار - معشوق کی تعریف ہی - **میرزا صائب** - این ظلم دیگر است

کہ عاشق شکار من * چون مرغ پر شکستہ شد آزاد می کند *
عاشق صفیر - **عاشق قمار** - جو شخص تقریر و تحریر و نگاہ عاشقانہ رکھتا ہو
طالب آملی - من آن نو بلبل عاشق صفیرم * کہ بر شاخ فغانم آشیان ست *
میرزا صائب - نیست صائب بے سرانجامی مرا مانع ز عشق * گرچہ
بد نقش و بے عاشق قمار افتادہ ام *
عالم دگر - ایک حالت سے دوسری حالت - ہوش سے بیہوشی - خواب سے
بیداری - **صائب** - خاطر از وضع مکرر زود برہم میشود * یکدو ساغر
نوش کن تا عالم دیگر شوی *
عالم امر - عالم ارواح و عالم ملائکہ -
عالم سوز - **عالم کش** - **عالم کشائی** - **عالم نور** - در تعریف الفاظ ہین **صائب** -
صائب بغیر نامۂ عالم نوردمن * ہر نامہ کہ ہست وبال کبوتر ست - **طاہر وحید** -
مرا با تیغ عالم سوز او وصلی ہوس باشد * کہ عمر خضر و عیسیٰ صد شمار یک نفس باشد *
نظامی - بعالم کشائی فرشتہ دمی * نہ عالم کشاے کہ عالم کشی *
عاشق نواز - معشوق کی تعریف ہی - گناہم بدل شود با صواب *
کند لطف گر یار عاشق نواز *
عاشق و معشوق - دو نگینے جو انگشتری کے ایک خانہ مین ہون **آقا رہی شاپور** -
باوجود اتحاد از یکدگر بیگانہ ایم * چون نگین عاشق و معشوق در یک خانہ ایم *
عالم خاک - عالم دنیا - عالم بشریت - **نعتیہ از مؤلف** - ہر ذرہ ز لطف
شاہ لولاک * از عالم خاک شد بر افلاک *
عالم مثال - عالم اجسام سے لطیف تر ہی جو چیز اس عالم مین نظر آتی ہی
اسمین موجود ہی -
عاشق نیام - تلوار کی تعریف ہی جو کبھی میان سے نہ نکلی ہو **ابو طالب کلیم** -
ز دستش ہر چہ ناید انتقام ست * کہ تیغ کینہ اش عاشق نیام ست *
عارض افروختن - غضبناک ہونا - غصہ ہونا -
عارضین - دونون رخسارے
عاشق دشمن - معشوق کی تعریف ہی **معز فطرت** - قاصد آن مہربان
بسیار عاشق دشمن ست * نامہ را گرمی برہی باربی بر نام مرا *
عاشق سخن - جو سخن کا عاشق ہو - **صائب** - سر نمی پیچد بترک سر
ز تیغ آبدار * اینقدر کس چون قلم عاشق سخن باشد چرا *
عاشق فغان - جو رونے کی عادت رکھتا ہو **ظہوری** - بنازک دلی ہا
خواری کشان * بلبلے خاموش عاشق فغان *
عالی مکان - بڑے رتبے کا آدمی **صائب** - مکبشا ز بال ہمت عالی
مکان گرہ * تا کے ستوی چو بیضہ درین آشیان گرہ *

عاشق بادہ - شراب خوار شراب کا عاشق - **صائب** - چون بو تا هست نم از زندگی در سبکرت + دستگیری کن می آشامان عاشق بادہ راہ

عاشق نالہ - جو رونے کی عادت رکھتا ہو - **شفائی** - گلبن مهر وفا را مرغ عاشق ناله ام + لب نمی بندم ز افغان تا گلی بر شاخ هست +

عاشق نگاہ - جس کی نظر عاشقانہ ہو - **باقر کاشی** - بتقریب حیا عاشق نگاہے میبرد هوشم + که صد میخانه می گردد بگرد چشم مخمورش +

عاشق یک فصلہ - دولت کے وقت کا دوست - **شاپور** - چو مرغ عاشق یک فصلہ نسیم شاپور + سر خزان بسلامت اگر بهار گذشت +

عافیت کدہ - آرام کا مقام - **صائب** - تا چشم را بهم زدہ از سپاه ناز + تاراج عافیت کدہ هوش کردہ +

عاجز نالی - زار زار رونا - **صائب** - دل سنگ از شکست دانہ من آب می گردد + ز عاجز نالی من آسیا گرداب می گردد +

عاشق پیرانی - ہر روز نیا عاشق بہم پہونچانا - **سالک قزوینی** - از گل عاشق پیرانی جلوہ مے بالد بخود + سرو از بالاے قمری بر سر ناز ایستد +

عالم آرائی و عالم آشوب - **عالم آهنج** - **عالم آهنگ** - **عالم افروز** - یہ سب تعریفی جملے ہیں - **صائب** - ز روے عالم افروز تو لها آب میگردد + گر از خورشید گردد آب در چشم تماشائی + **عرفی** - گر در قیامت هست این ناز عالم آشوب + خوش آفتی ست در پیش هنگامه جزا را + **انوری** - آنکه اعمائی مادرزاد گر حاضر شود + در جبین عالم آرایش به بیند بهتری + **نظامی** - شه عالم آهنگ گیتی نورد + دران خاک یکماه گرداب خورد +

عالم صغری - انسان کا جسم کہ اسمین عالم کبری کی طرح ہر ایک چیز موجود ہی چنانچہ روح بادشاہ عقل وزیر حسد و بغض و قہر و رحم و حیا و حلم بد اور نیک ارکان ہیں ارادے اسکے لشکر دماغ آسمان آنکھیں کان ناک منہ زبان و دہان سات ستارے ہڈیان پہاڑ بال نباتات رگین نہرین علی ہذا القیاس -

عالم ہیولانی - عالم اجسام -

عین با باے

عبادت گر - عبادت کرنے والا پوجنے والا - **امیر خسرو** - خرد و مقمر چو بود با کباز + نہ ز عبادت گر با حرص و آز +

عبادت کدہ - عبادت خانہ جس جگہ عبادت کرین - **میرزا بیدل** - در عبادتکدۂ دل که ادب همره اوست + هر دو عالم نکرد هم اگر قدر دیده ست +

عبدہ - اُسکا بندہ یعنی انا عبدہ مین اُسکا بندہ ہون - **نظامی** - ستاره که بر چرخ سایه بسرش + زده سکه عبده بر درش +

عین با جیم

عجب رود - نام ایک ساز کا - **میر خسرو** - چو هند و نوازد عجب رود خویش + بجنبد و عجب رود بر دست او +

عجز پیشہ - عاجزی کرنے والا -

عین با دال

عدل پرور - حاکم عادل - صاحب انصاف - **سعدی** - عدل پرور باش چون نوشیروان + تا بماند نام نیکت در جهان +

عدل بودن ترازو - برابر ہونا ترازو کا تولنے مین برابر تولا جانا - **طاہر وحید** - در زبان و دل من نیست تفاوت موئی + یکیشم بار جهانی که ترازو عدل ست +

عدم گاہ - **عدم خانہ** - **عدم آباد** - **عدم زار** - عالم فنا - **میر خسرو** - هستی او تا بعدم خانه بود + نقش وجود از همه بیگانه بود + هر چه چه چهرۂ زیباے انسان را بسیر کار قدر + در شبستان عدم گاه از ازل صورت گرست + **طالب آملی** - بدل چندین هزاران مطلب ما بود می بینیم + عدم زاری نصیب بخت یک موجودے بینیم + ولہ - کس نیاید بجهان کز غم ابناے زمان + کف زنان رقص کنان تا عدم آباد نرفت +

عین با ذال معجمہ

عذر آور - عذر لانے والا - عذر کرنے والا - معافی مانگنے والا -

عذر پذیر - عذر قبول کرنے والا - معافی دینے والا -

عذر نیوش - عذر سننے والا - **انوری** - عفو نیبایی جرم بود عذر نیوش + حلمش بگه عفو چنان عذر پذیرست +

عذر لنگ - بیجا عذر جو لائق پذیرائی نہو - **محسن تاثیر** - بجوش رنج پسندیم بہر راحت خلق + چو عذر لنگ که در راہ دیگران لنگ ست + **محمد قلی سلیم** - برای وعده خلافی عبث مخور سوگند + که احتیاج عصا نیست عذر لنگ ترا ہا +

عذر مقبول - عذر جو لائق پذیرائی کے ہو -

عذر بدتر از گناہ - مثل مشہور ہی یعنی لائق سزا مجرم کا عذر اُس کے گناہ سے بدتر ہو - **آرزو** - از زلف دل گرفته بخط لبته ایم ملا این عذر بدترست بیے از گناہ ما + **محتشم کاشی** - عذر خواهی کندم بعد از قتل + عذر بدتر ز گناهش نگرید +

عذر خواہ - **عذر ساز** - **عذر سنج** - جو شخص اپنے قصور پر عذر کرے - **نظامی** - وگر پیش اقبال باز آمدی + کجا عذر گر عذر ساز آمدی + **میر خسرو** - اگر چند نکرم بود عذر سنج + بدان کز فرمان خورد عنا ید برنج + مصرعه گنه کرده ام گرچه اندازه بیش + بمصرعه بدرگاه تو عذر خواه امدم +

عین با راے

عرق حیا - وہ پسینہ جو شرم و حیا کے سبب سے آجائے۔ صائب - مردامی نگہ نگلشن کر بردی ہر گل انجا + ز ہجوم جیتم شبنم عرق حیا نشستہ +
عرضداشت - عریضہ جس کے ذریعہ سے اپنا حال مالک کے حضور میں ظاہر کیا جاے کمال خجند بجند شہت نوشتم کہ خون بندہ بریز + خطش منو ند تقبل لبش ستاند نفس +
عرض حیات - عرض عمر - زندگی کی لذت صائب از آب زندگی لب شراب التفات کن + از طول عمر صلح بعرض حیات کن +
عرق خجلت - وہ عرق جو شرمندگی سے آجاتا ہے - صائب حاصل دل شکنی غیر پشیمانی نیست + مومیائی عرق خجلت سنگ ست اینجا -
عرق صحت - تپ اترنے کے وقت جو عرق جسم پر آجاتا ہے رضی دانش دیدۂ ہجران زدہ را بروز وصل + گریہ شادی عرق صحت ست +
عرق آلود - عرقناک جسکو عرق آیا ہوا ہو صائب - نقصان نکرد خضر ز سر چشمۂ حیات + جان را بہ لجۂ عرق آلود یار بخش +
عرق بار - عرق آلود یعنی جسکو عرق آیا ہو شیخ العارفین عید دید ار مبارک بجگر سوختگان + کہ عجب نقشی ازان روی عرقبار زدند +
عرق بہار - ایک قسم کا عرق جو نارنج کے پھولوں اور ترنج کا کھینچتے ہیں نہایت خوشبودار ہوتا ہے - فیضی - ریحان ترا نگار بستند + گل از عرق بہار بستند +
عرق شکر - قندی شراب جو ہندوستان میں کھینچتے ہیں س ریختت زر شنگ لعل وا شک زچشم تر مرا + مست نمود و بی خبر این عرق شکر مرا +
عرق ریز - جسکو عرق آیا ہوا اور عرق نکالا ہو کسی چیز کا عطر کھینچا ہوا نظامی - ازان گل کہ او تازہ دارد نفس + عرق ریز او در عراق ست و بس +
عروسک باز - وہ لڑکی خردسال جو گڑیا کے ساتھ کھیلتی ہو - زلالی دختر زال کی حکایت میں - عروسک باز ہا طفل خیالش + ہراسان مردم دیدہ زخالش +
عروگوز - بفتح عین وتشدید را ے وکاف فارسی ہوا و مجہول زاے تازی شور و غوغا جو بے محل ہو - فوقی یزدی عشوہ با آن عروگوز از خویش بنفرت میکند + بر دماغ حسن چون بادخزان ریش خورد +
عرق پوش - پسینے میں ڈوبا ہوا علی خراسانی شبنم غصہ تر او د زرنگ وریشہ گل + صبح از نشہ می چہرہ عرق پوش مکن +
عرق ننگ - شرمندگی کا پسینہ - میرزا بیدل بے ذوق ہستی ان صورت تمنائی داشت + چہرۂ آیینہ ہا را عرق ننگ شدم + ولہ شود مانند انجم زیب افلاک + عرق ریزد چو زان روی عرقناک +
عرق انفعال - شرمندگی کا پسینہ صائب - در روز حشر شستہ شود پاک نامہ ہا + گر نم برون دہد عرق انفعال من +
عرق افشان - عرق افشاندن - پسینہ کیا ہوا اور پسینہ کرنا - صائب - عرق افشاندی از رخ آب شد دلہاے مشتاقان + قیامت میشود چون انجم از افلاک میریزد + ولہ در پردہ ہر آن جرعہ کہ چون ابر کشیدی + یکیک زعذار عرق افشان تو گل کرد +
عرق چکیدن - رفتن - دویدن نشستن - خوردن کشیدن ستردن - پاک کردن - ان کے معنی مشہور و معروف ہیں حافظ آمد از پردہ بمجلس عرقش پاک کنید + کہ چرا دختر رز توبہ و مستوری کرد +
امیر شاہی سبزواری سبزواری آتشین چو گذشتی ببوستان + گل از انفعال عرق جبین نشست مفید بلخی - بوصال او نخوان دم کہ چو میرسیدہ باشم + چو حیا زان گل رو عرقی کشیدہ باشم -
عرقچین - وہ ٹوپی جو پگڑی کے نیچے رکھی جاتی ہے خواجہ حافظ ز تاب آتش دوری شدم عرق عرق چون گل + اے باد شبگیری نسیمے زان عرقچینم
عرق بروی کسی ریختن - پانی چھڑکنا سوتے کو جگانا میرزا ابراہیم غضب آلودہ چون خواہند کہ خیزد از خواب + گلعذاران عرق فتنہ بر رویش ریزند -
عرق ریختن و ماندن - کسی کام میں سخت کوشش کرنا - طالب آملی بحیرتم کہ قدم سودگان دشت حجاز + براہ کعبہ چہ گرم اند عرق ریزانی +
ناظم ہروی - عشق میریزد عرق چون دل شود صید ہوس + ہر کہ می میرد کمبیش میکشد شرمندگی +
عرق کردن - پسینے پسینے ہونا شرمندہ ہونا پچھتانا کسی امر کے کرنے پر - صائب - نہ چہرہ اش عرق از گرمی ہوا کردست + نگاہ ما رخ او آب از حیا گردست +
عرق گرفتن - عرق کرنا پسینا آنا امیر معزی گھوڑے کی تعریف میں چون عرق گیرد تو گوئی سیل در وادیستی + چون سبق جوید تو گوئی باد در صحراستی +
عرض گاہ - وہ جگہ جس جگہ عرض ہو سکے کچہری - دربار - دیوان عام - نظامی - زبس غارت آوردن از بہر شاہ + غنیمت نہ گنجید در عرض گاہ +

عرق خانہ۔ جس جگہ عرق نکالا جائے ۔ زلالی۔ مغز عشقی کہ میشود
در پوست ✤ در عرق خانۂ محبت اوست ✤

عرق شعلہ۔ مرادف عرق آفتاب طالب آملی۔ ز جام دل
عرق شعلہ خوردہ ام طالب ✤ ازان دماغ ز بوے شراب سیر ترم ✤

عرق فتنہ۔ وہ عرق جو سنجد کے پھولون سے نکالتے ہین۔
میرزا جلال اسیر۔ چون عرقناک شود روے تو از گرمی مل ✤
شیشہ ہا از عرق فتنہ توان پر کردن ✤

عروہ وثقے۔ کوزے کا دستہ جو مضبوط ہو جسکو پکڑ کر کوزہ
اٹھالین اور ہر ایک مضبوط سند جس پر کسی امر کا مدار ہو اور
استحکام دعوے کا مدعی کو میسر ہو۔

عین با طاے

عطر گلاب۔ عطر جہانگیری۔ گلاب کا عطر یعنی گل ورد کا پہلے نہ تھا
نور جہان بیگم محل خاص شاہ جہانگیر نے اس عطر کو ایجاد کیا اور نام اسکا
عطر جہانگیری رکھا سالک یزدی۔ رنگ خامی را بدل کردم بہوئی
پختگی ✤ تا جہانگیری کنم عطر گلابم کردہ اند ✤

عطسۂ شب۔ صبح صادق جس سے دن کا آغاز ہو خاقانی۔ جبہہ
زرین نمود طرہ صبح از نقاب ✤ عطسۂ شب گشت صبح خندہ صبح آفتاب ✤

عطسۂ صبح۔ آفتاب جہان تاب۔

عطر پرور۔ عطر پیمائی۔ نہایت خوشبودار۔ مولانا جامی۔
بخندان از لب آن غنچہ باغم ✤ زان گل عطر پرور کن دماغم ✤ علی خراسانی۔
بہار نسیم عطر پیماست ✤ بر نار کی گل مگر سوارست ✤

عطر ریز۔ نہایت خوشبودار۔ نور الدین ظہوری۔ بنالشد چراغی
چرا عطر ریز ✤ کہ کام و زبان گشت خمیازہ خیز ✤

عطسۂ گرز۔ گرز کی آواز جو مارنے کے وقت نکلے مسیح کاشی۔ چو عطسہ
باعث صحت بود چرا گردد ✤ برینم عطسہ گرزت دماغ خصم سقیم ✤

عطارد منش۔ نہایت تیز طبع و ذکی

عطر فروش۔ عطر بیچنے والا۔ گندھی۔ صفدر لاہوری۔ بی
گیسوے تو بہ بازار ✤ گرد غارت متاع عطر فروش ✤

عطسۂ تیغ۔ تلوار کی آواز جو مارنے کے وقت نکلتی ہے نظامی۔ ز بس
عطسۂ تیغ بر خون و خاک ✤ دماغ ہوا پر شد از جان پاک ✤

عطر افشان۔ نہایت خوشبو اور خوشبودار کرنا امیر خسرو۔ ز عطر
افشان این با کورہ غیب ✤ معنبر شد جہان را دامن و جیب ✤

عطر پاشیدن۔ گلاب چھڑکنا۔

عطسۂ عنبرین۔ خوشبو۔

عطسۂ کمان۔ تیر جو چلایا جاتا ہے سید محمد عرفی۔ آرزو زکرا ایثار
شجاعت نگذارد ✤ بے بہرہ ز تیغت مگر آہوے حرم را ✤ ہر عطسہ کہ
از مغز کمان تو بر آید ✤ ریزد بگریبان بقا خون عدم را ✤

عطف دامن۔ دامن چہا ر سنظامی۔ زیر سر زلف و ر عطف دامن
کشان ✤ ز چہرہ گل از خندہ شکر فشان ✤

عطسۂ چاہ۔ کنوین کی آواز جو آواز دینے پر نکلتی ہے

عطسۂ شیشہ۔ شراب نکالنے کے وقت جو آواز شیشہ سے نکلتی ہے۔

عطر سای۔ معطر اور خوشبودار نظامی۔ ز بس صاف پالودہ عطر ساے
لبا مغز پالودہ کامد بجاے ✤

عطر مثلثی۔ خوشبو جو مشک و عنبر و صندل ملا کر بنائی جاے۔

عطاے کبریٰ۔ عمر طبعی ایکسو بیس برس کی۔

عین با فاے

عفو گاہ۔ معافی کا مکان عفو کی جگہ۔ درویش والہ ہروی۔ چون
فیض ازل در ان مکان ماند ✤ ہمچون گنہم بعفوگہ خواند ✤

عین با قاف

عقدہ کشا۔ گانٹھ کھولنے والا مشکل آسان کرنے والا۔ طالب آملی
در عقدہ بکار دل فتد ز روزگار ✤ از ابروی تو عقدہ کشا میتوان گرفت ✤
صائب۔ خاریکہ درین بادیہ بیکار نماید ✤ از آبلہ پائی طلب عقدہ کشائی ست ✤

عقیق لب۔ محبوب کی صفات مین سے ہے۔ میر معزی۔ کنار من ز عقیق
آن زمان تہی گردد ✤ کہ آن عقیق لبم در بر و کنار بود ✤

عقیق مذاب۔ عقیق ناب۔ سرخ آنسو عاشقان صادق کے۔ ادیب صابر
عقیق لب صنما تا جدا ایم از بر تو ✤ ہمی حسد برد از اشک من عقیق مذاب ✤

عقرب ساعت۔ وہ عقرب کی صورت جو وقت اور ساعت بتانے مین لگاتے ہین محسن تاثیر
از نوگل ز بدان بیت مرا بیم گزند ✤ ساعت عقرب من عقرب ساعت باشد

عقل مجرد۔ عقول عشرہ مین سے ایک کا نام ہے۔

عقیق ابلق۔ عقیق دو رنگ۔ شفیع اثر۔ کم شد از گریہ بسکہ خون جگرم ✤
شد عقیق سرشک من ابلق ✤

عقل اول۔ پہلا فرشتہ اور پہلا جوہر عالم موجودات جس سے اور فرشتے
اور پیدا ہوے اور عالم ایجاد کا ظہور اُسنے ہوا یعنی نور محمدی صلی اللہ
علیہ وسلم و جبرئیل علیہ السلام۔

عقل کل۔ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم و جبرئیل علیہ السلام

عقل فعال۔ دسوان فرشتہ اور حکما کے نزدیک وہ عالم کی ہستی سے

پیدا کیا ہی اور جبرئیل اسی کا نام ہی۔

عقد انامل۔ شمار جو انگلیون پر کیا جاتا ہی۔

عقد شدن۔ طلبگار ہونا۔

عقد روان۔ متعہ یعنی میعادی نکاح جو شیعہ کے نزدیک جائز ہی اور اہل سنت کے نزدیک نا جائز۔ صائب ای شیشہ می عقد دہن بستہ نشینی + باجام مکن عقد روان دختر رز را +

عقد تمکین۔ متعہ یعنی میعادی نکاح جسکو شیعہ حلال جانتے ہین۔ ملا طغرا دختر رز کہ بود چون زن بے مہر حرام + من بعقد تمکین از چہ حلالش نکنم +

عقدہ برداشتن۔ گرہ کھول دینا سنجر کاشی دوشم از خاک لب او بتبسم برداشت + یک بیک عقدہ ام از دل بتکلم برداشت +

عقدہ در کار شدن۔ افتادن۔ گرہ پڑجانا حرج ہوجانا کام مین۔ مفید بلخی جنبین گر عقدہ در کارم از افلاک خواہد شد + سراپا رشتۂ عمرم گرہ چون تاک خواہد شد +

عقدہ در کار زدن۔ بند کردینا کسی کام کو گرہ لگا دینا صائب۔ این عقدۂ مشکل کہ ز دابروی او در کار من + بسیار خواہد کردنی در ناخن تدبیرہا +

عقدہ کشادن۔ گرہ کھولنا کام جاری کرنا حکیم زلالی برابق برق تنگ رازین نہادند + زبالش عقدہ بروین کشادند +

عقدہ گردون۔ راس وذنب جنکو عقدتین کہتے ہین یہ اصطلاح اہل نجوم کی ہی۔ آرزو۔ بر رخ فگندہ زلف مجعد چو مشک ناب + یعنی قرین عقدہ راس ست آفتاب +

عقدہ واکردن۔ گرہ کھول دینا مشکل حل کرنا محمد زمان راسخ زہر جانب دل محفل صدا کرد + شکست جام عقد نالہ واکرد +

عقل گزین۔ جس چیز کو عقل پسند کرے۔ میر معزی۔ خدایگان صفتے کش خدائے داد بہم + سہ چیز روح فزا و سہ چیز عقل گزین + بد مويد عقل تمام وبخت بلند + دل منور وعزم درست ورائے رزین +

عقول عشرہ۔ دس عقل یعنی دس فرشتے جو خلاق حقیقی نے پیدا کیے اور انسے عالم موجودات ظہور مین آیا +

عقرب سلیمانی۔ ایک قسم عقرب کا ہی جو نہایت زہریلا ہی۔ طالب آملی تلوار کی تعریف مین۔ نعوذ باللہ ازان افعی زمردفام + کہ طعنہا زدہ بر عقرب سلیمانی۔

عقرب نیلوفری۔ برج عقرب جو مریخ کا گھر ہی

عقیق جگری۔ ایک قسم کا گران بہا عقیق ہی ارادت خان واضح نشان آتش لعل تو مید ہد بنظر + گران بہاست عقیق سرشک ما جگری ست +

عین با کاف تازی

عکس طرد۔ صنائع شعری سے ایک صنعت کا نام ہی کہ آدھے مصرع کو اگر اُلٹا کر پڑھیں تو مصرع موزون ہوجاتا ہی چنانچہ مصرع۔ بادہ چہ کنی پنہان پنہان چہ کنی بادہ +

عین با لام

علم تربت۔ وہ نشان جو کسی بزرگ کی قبر پر قائم کرین خواجہ آصفی برخاک عاشقان نہ شگفت ست شاخ گل + گل گل ز خون کشتہ علمای تربت ست +

علت سرخ۔ سرخ بادہ جو ایک بیماری ہی محسن تاثیر۔ برسم از می بے صفا آن حسن روز افزون شود + علت سرخ آمت رخسار گندم گون شود +

علت مشائخ۔ یہ بیماری بوڑھے آدمی کو ہوجاتی ہی اور اس مرض مین وہ اغلام کراتا ہی۔ نعمت خان عالی۔ مشہور بعلت مشائخ + معروف بخود سری یلاف اند +

علاج واقعہ قبل از وقوع باید کرد۔ مثل ہی یعنی کسی آفت کے نازل ہونے سے پہلے اسکے دفع کا علاج سوچنا چاہیے۔ مولف بحفظ صحت خود کوش قبل بیماری + علاج واقعہ پیش از وقوع باید کرد +

علاقہ بند۔ وہ کاریگر جو زیورون مین ریشمی ڈورے ڈالتا ہی۔ آرزو۔ از بس بود بزلف بتانم علاقۂ چشم + بود تمام دُکان علاقہ بند +

علمدار۔ صاحب علم مرکہ جنگ مین جسکے ہاتھ مین علم ہو ملا طغرا بزرہ مبکہ مینا علمدار اوست + لب فوجکہ قلع ورع کار اوست + ارادت خان واضح ای سرور دو کون وعلمدار روز حشر + محتاج لطف کریم تو دارد افتخار +

علم نظر۔ مناظرے کا علم۔

علاقہ دستار۔ پگڑی کا طرہ یا شملہ۔

علی قلیچاق۔ ایک شخص فاسق فاجر کا نام ہی اور ترکی مین گھوڑیکا سائیس۔

علم سر خاک۔ قبر پر جو علم قائم کیا جائے۔ سالک یزدی۔ دیوان کشتگان کشس من شہید غمزہ ام + بر سر خاکم علم سازید جیب تیر را +

علم ماتم۔ وہ علم جو مردہ کے تابوت کے آگے آگے جاتے ہین محسن تاثیر۔ گذشتن از جہان گر خسروی نیست + علم پس پیش مردگان چیست +

علت عالم۔ عقل اول جبرئیل علیہ السلام۔

علم کلام۔ وہ ایک علم کا نام ہی جسکے ذریعہ سے مقدمات نقلی کو بدلائل عقلی کے ثابت کرتے ہین۔

علی الرغم - برخلاف و برعکس۔
علم آستین - طراز آستین میر خسرو - پیر و گلو بود از دست ترا
تیغ + وان خون کز و چکد علم آستین بود +
علم افگندن - علم انداختن - عاجز ہونا لڑائی مین ہزیمت اُٹھانا
علم بخون تازہ کردن - علم بخون چرب کردن - معرکہ آرائی سے پہلے
ایک فریق سبقت کرکے دشمن کی فوج کے ایک دو آدمی پکڑ لاتے ہین اور
فوج کے علم کے نیچے گردن مارکر اُنکے خون سے علم کو سرخ کرتے ہین یہ
شگون اپنے حق مین فتح کی فال تصور کرتے ہین محمد قلی بیگ سلیم بخون
خویش علم چرب کردہ ایم چو شمع + کہ خود نخست ز خصمان بخود دلیر شدیم +
میرزا صائب - علم بخون مسیحا و خضر تازہ کنند + چو از نیام
کشد تیغ حسن بیباکش +
علم بستن - علم نصب کرنا میر خسرو - ز زیر چتر سیاہ آید آفتاب برون +
علم بکنگرہ نیلی حصار بربندد +
علم بر داشتن - نشان اُٹھانا - سالک یزدی پیش زاندم
کہ لب زد ز وفاداری ما + شمع در ماتم پروانہ علم بر دارد +
علم خواباندن - خوابیدن - علم گرا دینا - جنگ موقوف کر دینا -
علم گرداند صائب - خط عیان شد تا لب ما طرۂ زلف او برچیدہ شد +
فتنہا بیدار گردد چون علم خوابیدہ شد + ولہ امید فتح و ظفر ہست
تا علم برپاست + فروغ صبح نخوابانده تا علم برخیز +
علم زدن - علم نصب کرنا - قائم کرنا - نظامی - علم بر فلک زن کہ
عالم تراست + بدولت در آویز کان ہم تراست -
علم شدن - مشہور ہونا - شہرت پانا اور علم ہونا تلوار کا - ظہوری -
زبس امیدم کہ تیغ جدائی علم کنی + ہر قطرہ خونم از تو جدا گانہ بہ تندست -
سعدی - ہر کہ علم شد بسخا و کرم + بند نشاید کہ نہد بر درم +
علم کشیدن - نصب کرنا اور قائم کرنا علم کو - میر خسرو - آنکہ علم
بر سر منبر کشید + پایش ازین پایہ بمنصب رسید +
علت امینہ - علت مشائخ جسکا ذکر ہو چکا ہے -
علی اللہ - مخفف توکلت علی اللہ یعنی خدا پر بھروسا ہے شور و فریاد
نظامی - ز فریاد خرمہرہ گاودم + علی اللہ بر آمد ز رویینہ خم +
علی قاپی - بلند دروازہ کیونکہ قاپی ترکی مین دروازہ کو کہتے ہین اور
قاپچی دربان کو - سالک یزدی - ہمچو سالک بر در آل نبی بردم
پناہ + جز علی قاپی درین آفاق ملجاے کجاست +
علم ریاضی - اس علم مین بحث اُن امور کی ہے جو وجود خارجی مین
محتاج مادہ کی طرف ہون چنانچہ مقدار و عدد و اصول اسکے چار ہین
علم ہندسہ و علم عدد و علم نجوم و علم موسیقی اور فروع علم مناظرہ
و مرایا و جبر و مقابلہ و جر اثقال -
علم لدنی - وہ علم جو کسی انسان سے حاصل نہو محض خدا کے کمال
کرم و فضل سے بذریعہ الہام حاصل ہو -
علت غائی - چار علتین مادی و صوری و فاعلی کے بعد چوتھی علت
کا نام غائی ہے یعنی آخری علت مثلاً لکڑی تخت کے واسطے علت مادی
ہے اور صورت تخت کی آیا مربع ہے یا مسدس یا مثمن علت صوری ہے
اور نجار بنانے والا علت فاعلی اور جلوس کرنا امیر علت غائی ہے -

عین با میم

عملدار - عامل و متصدی و کاربردار از اہلکار - نظامی - عملخانۂ دل
بفرمان تست + زبان خود عملدار دیوان تست + قی - در امید
بر روی تو بازست + دو چندان دولت و عمرت درازست +
عمر برداز - ضعیف اور بوڑھا جو اپنی عمر خالی کر چکا ہو - نظامی - رازان
کہ او عمر برداز گشت + چو نومید شد عاقبت بازگشت +
عماری کش - ساربان جو کجاوہ اونٹ پر باندھ کر کھینچتا ہے - نظامی -
عماری و اشتر بہرا ے زر + عماری کشان جملہ زرین کمر +
عمل طراز فلک - عقل عاشر جسکو عقل فعال کہتے ہین عرفی - عمل طراز
فلک در صلاح کون و فساد + اگر نہ بر بخلاف مصالح تو مدار +
عمر از سر گردن - نئے سر سے عمر حاصل کرنا - میر خسرو - عمر شدہ
گر رفتست نہ بینیم + عمر ے ہم از ان ز سر توان کرد +
عمر خود را بکسی دادن - اپنی عمر کسی کو دے دینا - طاہر وحید -
میشود دل عاقبت از لعل می گونش خراب + شیشہ عمر خویش را آخر
بساغر میدہد +
عمامہ آرائی - دستار بندی علما و فضلا - صائب - یکی صد گشت
ثقل زاہد از عمامہ آرائی + کہ بر دلہا ز لفظ پوچ میگردد گران معنی +

عین با نون

عنان تاب - جو گھوڑا اشارے پر چلتا ہو - نظامی - روان کرد
رخش عنان تاب را + برانگیخت چون آتش آن آب را +
عنبر آلود - عنبر بار - خوشبو دار - صائب - جہاں تہا مست
طالع دعای دامن شب را + یکی صد شد امید من ز خط عنبر آلودش + ولہ
عکس خط و خال عنبر ار ان مشکین غزال + میکند برنا فرچون آہوی چین آئینہ را +
عنان گیر - باگ پکڑ لینے والا چلنے سے روک دینے والا - کھڑا

گرسلینے والا۔ ملا وحشی۔ جان عنان گیر سواری ست کہ تا درنگری
ازدر و دیدہ درون آید و تا دل برود +
عنکبوت زرین تار۔ آفتاب عالمتاب باعتبار خطوط شعاعی۔
حسین ثنائی۔ دام این عنکبوت زرین تار + پارہ شہپر ذباب من ست +
عنبر پوش۔ نہایت خوشبودار۔ صائب۔ عطسہ مغز نافہ را خالی کند
از بوے مشک + آستین چون برفشاند زلف عنبر پوش او +
عنبرین خال۔ عنبرین خط۔ عنبرین موی۔ محبوب کے اوصاف ہیں
بولے جاتے ہیں سے دماغ ز غم والم لالہ + در گلستان زعنبرین خالش +
صائب پریشان میکند مغز نسیم صبح را صائب + ز شوخیہای نکہت عنبرین مو ئی کرمن دارم +
عنان از دست بیرون کردن۔ عنان از دست بیرون کشیدن
عنان از دست رہا شدن۔ عنان از دست ہشتہ شدن معانی
انکے معلوم ہیں صائب۔ نیست چون موج بجیے از طوفان + تا عنانم
ز دست ہشتہ شدست + و لہ۔ تا زلف او بباد صبا آشنا شدست +
از دست من عنان صبوری رہا شدست + و لہ زلف تنہمتن بدست تو
گر میکشد عنان + خواہد گرشت روی زمین را بسیاہ تو + ظہوری از ینا
مپش رخش تمنا بران + برون کن ز دست طبیعت عنان +
عنان بر چیزے افگندن۔ کسی کے طرف حملہ کرنا۔ میل کرنا۔ توجہ کرنا۔
نظامی عنان بر پشہ افگند چالش کنان + بصد خوار لشکر بخت نالش کنان +
عنان امل سبک شدن۔ عنان امل سبک کردن۔ امید سے نا امید
ہونا۔ انوری۔ ہم عنان امل سبک گردد + ہم رکاب اجل گران باشد +
جمال الدین سلمان۔ دست اجل عنان املہا سبک کند + چون
استوار گشت رکاب گران تو +
عنان باز کشیدن۔ آہستہ چلنا۔ سوچ کر کام کرنا۔ بابا فغانی۔ خوش
آن کرشمہ و جولان کہ برسرم ازناز + عنان توسن سرکش فگندہ باز کشید +
عنان با سپ سپردن۔ آہستہ چلنا گھوڑے کا۔
عنان با عنان نہادن۔ ساتھ ساتھ چلنا۔ برابر برابر چلنا۔ جمال الدین سلمان۔
خرد و دیدہ بسر در رکاب تدبیرش + قضا نہادہ عنان با عنان فرمانش +
عنان بر ستارہ سودن۔ بلند رتبہ پر پہونچنا۔ صاحب ارتفاع و اعتلا ہونا۔
جمال الدین سلمان۔ دیا بجاہ و شرف سودہ بر ستارہ عنان + وبا یکو و سخا بودہ زد ملہ کمر +
عنان بر سر اسپ کردن۔ سواری پر مستعد ہونا۔ نظامی۔ ازان می کہ
چون طبع را خوش کند + عنان بر سر کام سرکش کند +
عنان بر عنان رفتن۔ برابر برابر چلنا۔ ہم رکاب تا ہونا ہمخصوں کا۔ حافظ
ترسم بروز حشر عنان بر عنان رود + تسبیح او خرقہ رند شراب خوار +

عنان پیچیدن۔ کھڑے ہو جانا یا کرنا۔ صائب۔ در و دیوار نتوانم
عنان سیل پیچیدن + کہ منع از کوچہ گردی میکند دیوانہ مارا +
عنان تاب شدن۔ سوار ہونا۔ چل دینا۔ نظامی۔ عنان تاب شد
شاہ فیروز جنگ + میان بست برخون بدخواہ تنگ +
عنان تاز کردن۔ سوار ہونا۔ سواری کرنا۔ نظامی۔ جریدہ
بہر سو عنان تاز کن + بہشیار مغزی نظر باز کن +
عنان تافتن۔ باگ موڑنا۔ واپس ہونا نیز کسی کے طرف متوجہ ہونا۔
نظامی۔ فشاید بزاجز بتو یافتن + عنان باید از ہر دری تافتن۔ و لہ
ملک را بوقت عنان تافتن + نشاید بدزدی ظفر یافتن +
عنان تیز شدن۔ جلد و شتاب چلنا۔ بڑھ جانا۔ ترقی کرنا۔ نظامی
شکوہید دار از منزل جہان + حسد را برو تیز تر شد عنان +
عنان خوش کردن۔ گھوڑے کی باگ ہاتھ میں لینا۔ سوار ہونا۔ نظامی
بہر منزلے کو عنان کرد خوش + ہمش نزل بردند و ہم پیشکش +
عنان دادن۔ گھوڑا چلانا۔ ظہیر فاریابی۔ کنون چو سروِ سہی
ہر کجا کہ آزادی + عنان لہو و طرب سوے جو بیار دہ + نظامی۔
عنان واو خسو سوے خیل زنگ + برو خواست بدخواہ خود را بجنگ +
عنان در عنان آسمان سائیدن۔ بڑے رتبہ پر پہونچنا۔ امیر معزی۔ بر
زمین ست و ولیکن توسن اقبال او + ہر زمان اندر عنان آسمان ساید عنان +
عنان در عنان آوردن۔ پاس پاس کھڑے ہو جانا۔ نظامی۔ سو و خسرو
عنان در عنان آورند + رہ دوستی در میان آورند۔
عنان دزدیدن۔ چلتے چلتے ٹھہر جانا۔
عنان دادن۔ گھوڑے کو دوڑانا۔
عنان کردن۔ کسی کی طرف متوجہ ہونا۔ طالب آملی۔ ز شاہدان
حقیقت نظر بگردانیم + عنان دیدہ سوی دلبر مجاز کنیم +
عنان گرم کردن۔ تیز کرنا باگ کو۔ نظامی۔ تو زین ہمین گرم
بر بند نان + رہ انجام را گرم تر کن عنان +
عنان یکرکابی برانگیختن۔ ایک ہی دفعہ دشمن پر حملہ کرنا۔ نظامی
عنان یکرکابی برانگیختند + و دوستی بہ تیغ اندر آویختند +
عنبر بمشک آمیختن۔ زیادہ خوشبودار کرنا۔ نظامی۔ اگر بار سرسبز
شد شاخ مشک + بنفشہ بر آمیخت عنبر بمشک +
عنبردان۔ عنبرستان۔ سب کے معنے مشہور ہیں۔ محسن تاثیر
زعنبردان کہ بود ش گوہر گنبد بیاض سینہ اش الوح زر ہے تو رالدین ظہوری
از تو وقت صبحدم کاکل پریشان ساختن + از صبا مغز جہانی عنبرستان ساختن +

عنبر لرزان - زلف پریشان - نظامی - بوی کزان عنبر لرزان
دہی ÷ گر بدو عالم دہی ارزان دہی ÷
عنان فگندہ - دوڑتا ہوا گھوڑا - عرفی - زتازیانۂ جودش
سمند صبر من ست ÷ عنان فگندہ چو فرمان شہریار امام ÷
عنان گسستہ شتاب چلنے والا نہایت مضطرب صائب - ز بود دست
زمن اختیار جذبۂ بحر ÷ عنان گسستہ تر از رشتہ ہای بارانم ÷
عنبر بوی - ایک پھول ایران مین ہی محسن تاثیر - در لطافت لو گلے
دارم کہ زلف خویش را ÷ شانہ از دندانۂ گلہاے عنبر بو کند ÷
عنبری - ایک قسم کا خربزہ اور ایک قسم کا سیب ÷ محسن تاثیر
خربزہ کی تعریف مین - ہر عنبر ش بطعم شکر ÷ بگرفتہ خراج بو ز عنبر ÷

عین با واو

عود الصلیب - ایک لکڑی کا نام ہی جس سے عیسائی صلیب بناتے ہین -
عود سوز - وہ برتن جسمین عود جلاتے ہین طالب کلیم - بزمے کہ
شاہست مجلس فروز ÷ فلک از ثوابت نہد عود سوزہا
عود خام - خالص عود جو پانی مین بسبب اپنے بھاری پن کے ڈوب جاتا ہی -
عود زیر دامن - ایران مین عود جلا کر کپڑون کو اُسکا دھوان دیتے ہین
تا کہ خوشبو ہو جائین صائب - اگر مردی مرو در خانۂ ناموس
چون زنہا ÷ کہ دود عود از خامی گریزد زیر دامنہا ÷
عود شکر سوختن - عود و شکر کو ملا کر ادہ بتیان بنا کر جلاتے ہین نظامی -
شکر ریز د آن عود افروختہ ÷ عدو را چو عود و شکر سوختہ ÷
عود گرہ - عود کی لکڑی کی گانٹھ جو نہایت سنگین ہوتی ہی یہی عود پانی
مین غرق ہو جاتا ہی اگر ڈوبیا اسکو ہند مین کہتے ہین نظامی - ز عود
گرہ بار ہا بستہ تنگ ÷ کہ ہر بار زو بود صد من بسنگ ÷
عود قماری - قمار نام ایک مقام کا ہی جس جگہ عود گرہ پیدا ہوتا ہی
طالب آملی - عود قماری از جگرم گر کنی بخور ÷ خونابہ از مشبک مجمر فرو چکد ÷

عین با ہاے ہوز

عہد درست - وہ وعدہ جو مستحکم ہو - نور الدین ظہوری - ہمت
از عہد درستان خواہم ÷ کار باد لبر پیمان شکن ست ÷
عہد گسل - عہد شکن - جو اپنا عہد توڑ دیتا ہو ظہوری - چہ غم کہ
عہد گسل وا ردت کشاکش ناز ÷ کہ بر گسیختنی صد ہزار پیوند ست حافظ
مرا تو عہد شکن خواندۂ ومی ترسم ÷ کہ باتو روز قیامت ہمین خطاب رود ÷
عہد نامہ - وہ عہد نامہ جو لکھا جائے شفیع اثر - نہد ہر سو د
عہد نامۂ یار ÷ روز دیگر چو لنہماے طبیب ÷

عین با یاے

عینک دور نما - دوربین - مشہور چیز ہی صائب - بلبست ممکن
کہ زمن دور توانی گردید ÷ عینک صاف دلان دور نما میباشد ÷
عینک ہزار نما - ایک قسم کا شیشہ ہی - آرزو - دل خراب
ز وحدت بکثرت انجامد ÷ شکست آئینہ ہا عینک ہزار نماست ÷
عین الحیات - آب حیات -
عیش پہلودار - طرح طرح کا عیش ظہوری - غم بسے را کرد
صاحب دستگاہ ÷ لیشت کس بر عیش پہلودار نیست ÷
عین الہر - بکسر ہاے و تشدید راے مشہور جو ہر جو بلی کی آنکھ
کی طرح ہوتا ہی ہندی مین اسکو لہسنیا کہتے ہین فارسی مین مخفف
راے استعمال کرتے ہین - محمد سعید اشرف - عین الہر سپہر
در و شب چراغ ماہ ÷ حکم ترا بزیر نگین باد استوار ÷
عین محیر - عین لعلی - محیر بضم میم و فتح حا و یاے مشدد ایک قسم کا
حرف عین ہی جو خوشنویس لکھتے ہین محمد سعید اشرف - طغرا
کشان قطعۂ یاقوت حسن او ÷ عشق مرا لعین محیر نوشتہ اند ÷
عین الدیک - چشم خروس ایک تخم ہی سرخ جسکو ہندی مین گھنگچی اور رتی کہتے ہین
عین الکمال - چشم زخم بد نظر جسکی نظر دوسرے شخص کو ضرر پہونچائے -
عیب آوردن - عیب بردن - کسی کا عیب ظاہر کرنا نقص بیان کرنا -
مرزا صائب - پردۂ مردم دریدن بردن عیب خود ست ÷ عیب خود
مے پوشد از چشم خلائق عیب پوش ÷ سعدی - ہر کہ عیب دگران
پیش تو آورد و شمرد ÷ بیگمان عیب تو پیش دگران خواہد برد ÷
عیب بین - عیب پوش - عیب تراش - عیبجوی - عیب جوئی -
عیب کوش - عیب ناک - ظہوری - بر دگر عیب بین چشمی
کشا بد ÷ بخشش جز ہنر جستن نیا بد ÷ نظامی - نہ جوشم کہ خام ست
جوشش ہمہ ÷ زنم دست در عیب پوشش ہمہ ÷ ولہ - چو دریا شدم
دشمن عیب شوی ÷ چو آئینہ دوست عیب جوی ÷ میر خسرو - بر من
رسوا شدہ عیب کوش ÷ عیب تو پوشی کہ توئی عیب پوش صفدر فوقانی -
بدنیا اگر ہستی از عیب پاک ÷ مزن طعنہ بر بندۂ عیب ناک عرفی -
چہ با عیب تراشم کہ حسد کم بادا ÷ مشنو عیب ز رہ وہی از کریم دگل ÷
عیشستان - عیش خانہ - عیش کی جگہ عیش کا گھر عیش کا مکان
صائب - دنیا را اے بیخبران عیش خانہ نیست ÷ مرغ حریص را
گرہ دام دانہ ایست ÷ ظہوری - اگر رزم ست رنگین از حنا مشعا ÷
اگر بزم ست عیشستان زجامش ÷

عیش کاہ - عیش کم کرنے والا۔ عیش گھٹانے والا۔ **طالب آملی** - من و عشق تو شاخ و برگ یک نخیتم درمعنی ✣ بلے خوبشی بود با غم فزایان عیش کاہان را ✣

عیش گاہ - عیش کی جگہ۔ عیش کا مکان۔ **نعمت خان عالی** - دو دون بتیرہ دلان عیش گاہ سلطان ست ✣ چراکہ دزد شب تار میشود محفوظ ✣

عینہ - مخفف لعینہ جو تشبیہات مین مستعمل ہی - **آقا شاپور طہرانی** - گل بچشمم عینہ پیراہن یوسف نمود ✣ گلستان بیت الحزن گردید یعقوب مرا ✣

عید روکی - کنایتاً محبوب و مرغوب **ظہوری** - از درد لہا ہمہ وریوزہ جان می کنم ✣ عید روبان ہر زمان خواہند قربان توئی ✣

عید گلابی - یہ عید اکبر بادشاہ کے وقت آغاز بہار مین ہوتی تھی اُس روز گلاب کے شیشے امرا دربار پیش کرتے تھے اورنگ زیب عالمگیر کے وقت تک یہ رسم جاری رہی پھر بند ہو گئی - **میرزا خلیل** - مغنی مست می سطرب شرابی ست ✣ مگر امشب شب عید گلابی ست ✣

چوتھی فصل

اُردو محاورات اور اصطلاحات کے بیان مین

عین با الف

عارض ہونا - ظاہر ہونا - پیدا ہونا - لاحق ہونا - مانع ہونا - روک ہونا - **مؤلف** - زیست کی امید عاشق کو کہان ✣ عارضہ جب عشق کا عارض ہو آ

عاری ہوجانا - عاری آجانا - تنگ آجانا - تھک جانا - مجبور ہونا - **قطعہ از مؤلف** - دن جوانی کے گئے بعض دن گذر ✣ چلنے اور پھرنے سے عاری ہو گئے ✣ بیٹھنا اور اُٹھنا مشکل ہو گیا ✣ جسم لاغر پانون بھاری ہو گئے ✣

عافیت تنگ کرنا - آرام مین خلل ڈالنا - عیش منغص کرنا - **قطعہ از مؤلف** ✣ تعلق مت بڑھا دنیا کی اتنی ✣ کہ ہو تجھ پر مقام عافیت تنگ ✣ رہے حیران و سرگردان شب و روز ✣ اسی گردش مین مثل آسیا سنگ ✣

عاقبت بگاڑنا - گناہ کرنا گناہ کا عذاب اپنی گردن پر لینا - **مؤلف** - انھیں سوچ کے اول نہین جو کرتے کام ✣ وہ احمق عاقبت اپنی بگاڑ لیتے ہین ✣

عاقبت بھاری کرنا - اپنے واسطے خرابی کرنا وہ کام کرنا جس سے عذاب مین پڑے **قطعہ از مؤلف** - تنگدستی مین یہ انسان کیلیے ✣ کھائے غم اور فکر ناداری کرے ✣ غیر کی راحت کے خاطر دوستو ✣ عاقبت یہ اپنی کیون بھاری کرے ✣

عاقبت کے بوریے سمیٹنا - نہایت ضعیف ہو جانا مصیبت اُٹھانا بڑی عمر کو پہونچنا - **جان صاحب** - بی عاقبت کے کون سمیٹیگا بوریے ✣

جو آج آئے کل گئے اس جا پو ٹھین رہے -

عالم پھرنا - ایک جہان کا ناراض ہو جانا - زمانے کا برگشتہ ہو جانا - عام و خاص کا دشمن بنجانا - **صفدر رفو قانی** - پھر گئے دالدار جب ہمسے قیامت آگئی ✣ ہو گیا دشمن زمانہ سارا عالم پھر گیا ✣

عاشق مزاج - زندہ دل - خوش طبع - رنگیلا -

عاقبت اندیش - دوراندیش - انجام کار سوچنے والا **مولانا اکبر لاہوری** - سوچتا ہو مآل کار اپنا ✣ ابتدا ہی مین عاقبت اندیش ✣ مرد دانا قدم نہ رکھے گا ✣ دیکھ لیگا نہ جب تلک پس و پیش ✣

عاشق و معشوق - فاعل و مفعول عورت و مرد پیلی کا نر و مادہ **قطعہ از مؤلف** رہو عاشق ہمیشہ اُس خدا کے ✣ اگر چاہو حیات جاودانی ✣ نرکھنا عشق اس دنیائے دون کا ✣ کہ ہین یہ عاشق و معشوق فانی ✣

عاقبت کا توشہ - وہ چیز جو عاقبت مین کام آئے **قطعہ از مؤلف** - عزیز و ہر مسافر کے لیے ہی ✣ سفر درپیش راہ آخرت کا ✣ ضروری ہی کہ اس مشکل سفر مین ✣ وہ رکھے پاس توشہ عاقبت کا ✣

عین با بائے

عبور دریائے شور کرنا - کالے پانی بھیجنا - سمندر پار اُتار دینا -

عین با تائے

عتاب و خطاب مین آنا - خفگی مین آنا باز خواست مین آنا - جھڑکیاں کھانا - **مولانا اکبر** - صلح غیرون سے ہو گئی اکبر ✣ ہم عتاب و خطاب مین آئے ✣

عین با جیم

عجیب حال ہونا - کیفیت دگرگون ہونا - برا حال ہونا **میر** - قامت خمیدہ رنگ شکستہ بدن نزار ✣ تیرا تو میر غم مین عجب حال ہو گیا -

عین با دال

عدت مین بیٹھنا - بیوہ عورت کا بعد مرنے خاوند چار ماہ تک سوگ رکھنا

عدالت کے کتے - کچہری کے رشوت خوار ملازم -

عین با ذال معجمہ

عذاب مول لینا - جان بوجھ کر کسی آفت مین پھنسنا - اپنے سر تکلیف لینا - **قطعہ از مؤلف** - مبتلا دام بلا مین ہین مدام ✣ عاشقان گیسوے پر پیچ و تاب ✣ مفت مین برباد کر دیتے ہین جان ✣ مول لیتے ہین وہ ناحق یہ عذاب ✣

عذاب مین پھنسنا - مصیبت مین گرفتار ہونا بلا مین مبتلا ہونا **مؤلف** دام مین آکے زلف پیچان کے ✣ دیکھنا مت عذاب مین پھنسنا ✣

مخلصی ہی اگر تمھین منظور ✤ اسکے مت پیچ وتاب مین پھنسنا ✤

عین با رائے

عرش پر جھولنا - بڑے درجے پر پہونچنا صاحب اعزاز و مرتبہ ہونا **قطعہ نعتیہ از مؤلف** - خاکساران جناب مصطفیٰ ✤ گرچہ رکھتے ہین سکونت فرش پر ✤ رتبہ انکا ہی مگر اتنا بلند ✤ جھولتے ہین انکے علم ہین عرش پر ✤

عرش پر چڑھانا - قدر و منزلت کرنا۔ بڑائی دینا۔ عزت بڑھانا **قطعہ از مؤلف** نئے چکر پہ چرخ کھاتا ہی - نئی گردش فلک دکھاتا ہی ✤ پھینک دیتا ہی فرش پر فی الفور ✤ جس کو وہ عرش پر چڑھاتا ہی -

عرش پر دماغ ہونا - مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ گھمنڈ مین ہونا **حکیم محمد انور** یہ خاکی خاک کا پتلا ہی جسکا آدم نام ✤ یہ ہی عجیب کہ اسکا دماغ عرش پہ ہو -

عرش سے لے تا بفرش - آسمان سے لیکر زمین تک اوپر سے نیچے تک **نعتیہ از مؤلف** - جلوہ نور احدی کا عرش سے تا فرش ہی ✤ حکم جاری زیر و بالا عرش سے تا فرش ہی -

عرش کے تارے توڑنا - کوئی بڑا کام کرنا - بڑھ کے ہاتھ مارنا ✤ بیشیدستی کرنا - **آتش** - آبلے پانون کے کیا تو نے ہمارے توڑے ✤ خار صحرا ہے جنون عرش کے تارے توڑے ✤

عرصہ تنگ ہونا - وقت کم ہونا - میدان تنگ ہونا - وسعت نہ ہونا - **قطعہ مؤلف** - کوئی دن مین آنے والی ہی خزان ✤ اور ہی رنگت پہ گل کا رنگ ہی ✤ سیر کرلو آجکل اس باغ کی ✤ وقت تھوڑا اور عرصہ تنگ ہی ✤

عرضی کرنا - حاکم کے روبرو استغاثہ دائر کرنا - اپنا حال لکھکر گذارش کرنا

عرق آجانا - پسینہ آجانا بسبب شرم یا خوف کے - **مفتی حیدر** حق کی طاعت مین وہ سرگرمی کرو ✤ سب بدن پر جس سے آجائے عرق ✤

عرق ریزی کرنا - سخت محنت کرنا - سخت کام کرنا - پسینہ گرانا **قطعہ مؤلف** عشق بازی کھیل لڑکون کا نہین ✤ کھیل کر بہلائین دل جس سے عوام ✤ جانتے ہین عاشقان حق اسے ✤ جانفشانی اور عرق ریزی کا کام ✤

عرق عرق ہونا - پسینے مین غرق ہونا - پانی پانی ہونا - شرمسار ہونا - **قطعہ** - چہرہ دکھلائے جب وہ مہر منیر ✤ چاند غیرت کے مارے شق ہو جائے ✤ بزم مین آئے جب وہ غیرت ماہ ✤ شمع تابان عرق عرق ہو جائے ✤

عین با زائے معجمہ

عزت بگاڑنا - بے آبرو کرنا - آبرو لینا **مؤلف** عشق بتان مین خاک بھی حاصل نہین ہوئی ✤ برباد کرتی آبرو عزت بگاڑنی ✤

عزت بنانا - عزت حاصل کرنا - آبرو پانا -

عزت کا لاگو ہونا - کسیکی بے عزتی کرنے کے درپے ہونا - گھات فکر مین رہنا -

عزل و نصب کرنا - بحالی برطرفی کرنا -

عزیز رکھنا - کسی کی قدر و عزت کرنا - پیار سمجھنا - دوست جاننا -

عین با شین

عشق اللہ - یہ کلمہ فقرا بجائے سلام آپس مین کہتے ہین -

عشق ہی - آفرین ہی - شاباش ہی - یہ کلمہ بھی فقرا آپس مین بولتے ہین - **مؤلف** پہلے سب سے خالق ارض و سما کو عشق ہی ✤ اس کے پیچھے حضرت خیر الورا کو عشق ہی ✤ بعد ازان حضرت علی المرتضیٰ کو عشق ہی ✤ غوث اعظم ہادی راہ ہدا کو عشق ہی -

عین با طائے مہملہ

عطر کھینچنا - تیل نکالنا - ست نکالنا - کسی کی طاقت نکال لینا -

عطر و پان کی تواضع کرنا - مدارات کرنا - مہمان کو عطر لگانا - پان کھلانا -

عین با فائے

عفت مین خلل ڈالنا - کسی عفیفہ کے ساتھ زنا کرنا - آبرو لینا - بے عزت کرنا -

عین با قاف

عقدہ کشائی کرنا - گرہ کھولنا - مشکل حل کرنا - **ذوق** - پنجہ شانہ کو دیتا ہی فلک کب ناخن ✤ جانتا ہی کہ یہ ہی عقدہ کشائی کرتا -

عقدہ کھل جانا - گرہ کھل جانا - معما حل ہونا - بھید کھل جانا - افشائے راز ہونا **شعر** - کھل گیا عقدہ جو زلف یار کا ✤ شکر حق دل کی رہائی ہو گئی ✤

عقل پر پردہ پڑجانا - بیوقوف ہوجانا - بے سمجھ بن جانا -

عقل پکڑنا - ہوش مین آنا شائستہ بنجانا -

عقل جانا - ہوش جانا - حواس باختہ ہونا **شوق** - دیکھ کر میری عقل جاتی ہی ✤ جو تجھے کاٹ پھانس آتی ہی -

عقل چکر مین آنا **عقل کی طوطی اڑنا** - گھبرا جانا - ہوش جانا - ششدر ہونا - حیران و ششدر رہ جانا -

عقل چرنے جانا - بے عقل ہوجانا - مخبوط الحواس ہو جانا - ہوش ٹھکانے نہ رہنا -

عقل دینا - لکھانا پڑھانا - تہذیب سکھانا - عقلمند بنانا -

عقل چرخ کرنا - رائے دینا - تدبیر سوچنا -

عقل سٹھیانا - ساٹھ برس کے آدمی کی عقل ہوجانا - عقل کی تیزی جاتی رہنا -

عقل کا پتلا - نہایت عقلمند - دانا -

عقل کا پورا - صاحب عقل - ہشیار -

عقل کا چراغ گل ہوجانا - بے عقل بنجانا - ہوش قائم نہ رہنا -

عقل کے گھوڑے دوڑانا - کسی کام مین غور کرنا خیال دوڑانا - خوض کرنا - تدبیرین سوچنا -

عقل ماری جانا - عقل جاتی رہنا - عقل کا ٹھکانے نہ رہنا - بیوقوف ہوجانا ہے عقل جاتی رہی نگاہ کے ساتھ + اُڑ گئے ہوش ایک آہ کے ساتھ * مولف - کاکل پیچان نظر آیئگی جب + عاشقون کی عقل ماری جائیگی -

عقل مین آنا - سمجھ مین آنا - خیال مین آنا -

عقل کی مار - بیوقوفی - بے عقلی -

عقل کل - خاص صلاح کار - خاص مشیر -

عقل کا دشمن - احمق - بیوقوف -

عقل کے ناخون لو - عقل درست کرو - ہوش مین آو سمجھ کے بات کرو -

عقل کام نہین کرتی - بات سمجھ مین نہین آتی - تدبیر نہین آتی -

عین بالام

علت لگا لینا - کسی چیز کا عادی ہوجانا - افیون یا چونٹ چڑیہ لگا لینا -

عملت لگانا - الزام لگانا - تہمت دھرنا -

علی الحساب دینا - پیشگی دیدینا حساب کے وقت مجرا لینا حساب مین دینا

عین بامیم

عمر بھر کی روٹیان سیدھی کر لینا - اتنا روپیہ کمانا کہ تمام عمر کے واسطے کافی ہو - بہت سا مال مار لینا -

عمر پٹہ لکھوانا - تمام عمر کا ٹھیکہ لینا - ہمیشہ زندہ رہنے کا سامان کرنا **نظیر** لائے تھے ہم تو عمر پٹہ یہان لکھوا لے + جب سیاہی پر سپیدی پڑی تو خبر پڑی +

عمر تیر کرنا - عمر کاٹنا بسر کرنا - عمر کے دن بھرنا - دن پورے کرنا - ایام گذاری کرنا - تنگی ترشی مین جینا - **نظیر** - مرتا ہون تڑپتا ہون پڑا ہجر مین اس بن + دن عمر کے بھرتا ہون شب و روز مین گن گن +

عمر کا پیالہ بھرنا - مرنے کے دن قریب آنا - نہایت ضعیف ہوجانا **مولف** پھر کہان ساقی کہان جام شراب + عمر کا پیمانہ جبدم بھر گیا +

عمل بیٹھ جانا - عملہ دخلہ ہوجانا - قبض و تصرف مین آجانا حکومت قائم ہوجانا - سکہ بیٹھ جانا **برق** - کشور عشق مین جرأت سے عمل بیٹھ گیا + اُٹھ گئے غیر تو مین بزم مین کل بیٹھ گیا +

عمل ہوجانا - دخل ہوجانا - قبضہ ہوجانا - نشہ ہوجانا جادو کا اثر ہوجانا

عمر نوح - بہت لمبی عمر - بہت عرصہ - ایک زمانہ

عمر دراز - دعائیہ کلمہ ہے تمھاری عمر بڑی - **اسیر** - دل ہیر چھٹے نہ چھوٹے بند کاکل سے اسیر + عمر اُسکے گیسوے پیچان کی ہو یارب دراز +

عمر رسیدہ - بہت بوڑھا ضعیف العمر -

عملہ فعلہ - اوکر چاکر اہالی موالی -

عین بانون

عنایت کرنا - مہربانی کرنا - احسان کرنا - مرحمت کرنا - کچھ دینا

عندیہ لینا - معلوم کرنا - رائے لینا - مافی الضمیر دریافت کرنا - بھید لینا -

عندیہ پایا نہین جاتا - مطلب معلوم نہین ہوتا - بھید نہین کھلتا -

عنقا ہونا - کمیاب ہونا - نادر و نایاب ہونا - **قطعہ مولف** - عدالت بن گئی شکل عداوت + جو تھا انصاف بے نام و نشان ہے + محبت کا پتہ ملتا نہین ہے - مروت ہوگئی عنقا جہان سے -

عین بہائے ہوز

عہد کر لینا - اقرار کر لینا - وعدہ کر لینا -

عین بایائے

عیادت کرنا - عیادت کو جانا - مزاج پرسی کرنا - بیمار کی خبر پوچھنا

عیال داری مین پھنسنا - عیال داری کے جھمیلے مین پھنسنا خانہ داری کے جھگڑے مین گرفتار ہونا -

عیب جوئی کرنا - عیب گیری کرنا - کسی کے عیب نکالنا - خورده گیری کرنا

عیب لگانا - الزام دھرنا - بہتان لگانا - داغ لگانا - بے آبرو کرنا بدنام کرنا

عید کے چاند ہوجانا - کبھی کبھی ملنا جیسے کہ عید کا چاند برس مین دو بار نظر آتا ہے +

عید منانا - خوشی منانا - عید کرنا **داغ** - گر مکہ سے مین عید منائی تو کیا ہوا + ایسا ہی شیخ تیرا دوگانہ قضا ہوا -

عید ہونا - خوشی ہونا - شادی ہونا - دل باغ باغ ہونا - **یار علی** ہوتی تھی مجکو عید سمندر مین اس گھڑی + ٹھہرا جہاز اور کوئی ٹاپو نظر پڑا +

عیش اُڑانا - حظ نفسانی حاصل کرنا - خوشی مین زمانہ گذارنا **قطعہ از مولف** - بدلتا ہے نئے رنگ اور نئے ڈھنگ + ہمیشہ انقلاب دور دوران ہے اُڑانا ہے کوئی شام و سحر عیش + کوئی ہے تنگدست و زار و ناچار +

پانچوین فصل

لغات متعلق لعلم طب کے بیان مین

عین باالف

عاقر قرحا - یہ ایک گھاس زمین پر بچھی ہوئی روئیں دار شاخین قبہ گول بابونہ کی طرح پھول زرد جڑ لمبی بقدر ایک بالشت کے ایک انگلی موٹی تند اور تیز طبیعت اسکی خشک بعض کے نزدیک سرد ہے سُددون کو کھولتی ہے دماغی فضلون کو نکالتی ہے لقوہ مغلج و رعشہ و استرخا و لکنت زبان

و درد سینہ و درد دندان وجع مفاصل و عرق النساء و استسقا کا علاج ہی باہ کو بڑھاتی ہی
عاج - ہاتھی دانت پوری تشریح اسکے فیل کی بحث مین لکھی جائیگی اس کا ادنے خاصہ یہ ہی کہ اس کا برادہ آدھا مثقال شکر کے ساتھ طہر کے بعد اگر عورت کھائے حاملہ ہو جائے۔
عاقول - شوکۃ الجمال بھی اسکو کہتے ہین اس گھاس کے کانٹے بہت اور بہت تیز ہوتے ہین پھول سفید اور زرد اور پھولون کے اندر بال سے باریک تار پھل گول ہر ایک زہر کو اسکا پینا دفع کرتا ہی بواسیر کا علاج ہی اسکی راکھ پرانے زخمون کو اچھا کرتی ہی۔

عین باباے موحدہ

عبہر - نام ایک مرکب خوشبو اور نام ایک نہال کا جسکو نرجس کہتے ہین شجرۃ النبی کبھی اسکا نام ہی اصطرک بھی اسکو کہتے ہین اس درخت کا گوند نہین مگر تیل ہی جو دوا مین مستعمل ہی اور خوشبو مین۔
عُبَیْثَرَان - بضم اول و فتح ثانی و سکون ثالث و فتح رابع ایک گھاس ہی پتی اسکی گول باریک شاخین پھل زرد اور خوشبو مشابہ سنبل الطیب کے طبیعت گرم اور خشک مفتح و محلل و مقوی دماغ و قلب معدہ مدر حیض محرک جماع ہی

عین باثاے مثلثہ

عثق - یہ ایک گھاس ہی جو قد آدم بلند ہوتی ہی پتی اس کی مطابق پتی کبر کے بہت موٹی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل قوی اور محرق ہی عصارہ خشک اسکا اگر ضماد کرین بالون کو نورے کی طرح گرا دیتا ہی

عین باجیم

عجّہ - عربی مین نام ایک قسم کے خاگینے کا ہی جسکو کوکو بھی کہتے ہین۔ لوگ اسکو کھاتے ہین جو نہایت لذیذ ہوتا ہی۔
عجینہ عجین - گیہون کا میدہ جسکو ماندہ اور آرد کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک لطیف جالی محلل مفتح ہی پھوڑون کے مادے کو پکا دیتا ہی دانتون کے درد کو دور کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی

عین بادال

عدس - فارسی مین اسکو نشک اور مرجومک ہندی مین مسور اسکا نام ہی یہ غلہ کھانے مین آتا ہی بستانی اور جنگلی ہوتا ہی جنگلی کے دانے گول اور سرخ و سیاہ اور بستانی کے چوڑے اور بڑے دانے خاکستری رنگ ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک بعض کے نزدیک پوست اسکا گرم اور مغز اسکا سرد خشک ہی ضماد اسکا نزلات اور اورام حارہ آنکھ کے مفید ہی غرغرہ اسکے پانی کا خناق کو فائدہ دیتا ہی۔ جوشاندہ اسکا جدری کے آبلوں کو خشک کرتا ہی اسکا آٹا اگر انڈے کی سپیدی کے ساتھ ملا کر خنازیر پر لگائین تو بہت فائدہ کرتا ہی سخت اورام اسکے ساتھ تحلیل ہو جاتے ہین۔

عین باراے مہملہ

عَرعَر - یہ ایک درخت ہی جسکو فارسی مین سرو کہتے ہین یہ دو قسم ہی ایک بڑا دوسرا چھوٹا بڑے کا پھل بقدر فندق ساتھ تھوڑی مٹھاس کے اور چھوٹے کا پھل بقدر باقلا کے طبیعت گرم اور خشک کھانسی و درد سینہ و طحال کے امراض کو نافع ہی ضعف معدہ و بواسیر کو دفع کرتا ہی
عُرُوق الصُّفر - فارسی مین اسکو زرد چوبہ ہندی مین ہلدی کہتے ہین دو قسم پر منقسم ہی ایک صغیر اس کو مامیران بولتے ہین جو حرف میم مین مذکور ہوگا دوسرے کبیر جسکو ہلدی کہتے ہین یہ جڑ ایک گھاس کی ڈنڈی اسکی بقدر دو گز کے پتی مشابہ پتی کیلے کے جو بہت چھوٹا ہو پھول زرد اور خوشے بقدر ایک بالشت کے بیج سیاہ رنگ جڑ اسکی نکالکر کام مین لاتے ہین اور دور ملکون مین اسکی تجارت ہوتی ہی یہ جڑ زمین سے نکالکر جوش دیجاتی ہی بعد جوش دینے کے اسکا استعمال ہوتا ہی اسمین بعض گرہین سخت و تیرہ ہوتی ہین وہ مسموم ہین جو پہچان کر نکال دیتے ہین اسکو ہلد یا بولتے ہین چین ہندوکن بنگال وغیرہ ملکون مین بکثرت ہی جالی مفتح سدہ جگر دافع استسقا و یرقان و درد دندان و جرب و سفیدی چشم در مد ہی۔
عَرَق - دو قسم پر منقسم ہی ایک وہ عرق جو بدن پر ظاہر ہوتا ہی جس کو ہندی مین پسینہ کہتے ہین اور آدمی اور حیوانون کے جسم کے مسامات سے ٹپکتا ہی اکثر گرمی کے موسم مین پسینہ ظاہر ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر محلل اور جالی ہی۔ دوسری قسم وہ جو ادویات کا عرق بذریعہ قرع انبیق کھینچتے ہین طبیعت ہر ایک عرق کی مطابق طبیعت اس چیز کے ہی جس سے وہ معطر کیا گیا ہی افعال اور خواص اسکے بھی راجع طرف اسی چیز کے ہوتے ہین مگر نہایت لطیف اور سریع النفوذ ہوتا ہی۔

عین باسین

عسل النحل - فارسی مین اسکو انگبین اور شہد اور ہندی مین ماکھیون کہتے ہین مراد اس سے مکھی کا شہد ہی بہتر اس سے سرخ رنگ شفاف اور خوشبو غلیظ خوش ذائقہ موم سے صاف کیا ہوا انگلی اسمین ڈالکر اٹھائین تو تار بندھا جائے اسکے بعد سپید مصری کا رنگ یہ دونون اقسام عمدہ ہین اول قسم دوا کے واسطے اور دوسرا غذا کیواسطے بہتر ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک سدون کا کھولنے والا مقطع و منقی بلغم لزج اور دماغی فضلون کا دافع استرخا و استسقا و لقوہ و فالج و یرقان و عسر البول ہی سموم باردہ کے لیے تریاق ہی اسکے فائدے ہزارون بڑی کتابون مین درج ہین قرآن شریف مین بھی خداوند جل علی

اسکے حق مین فیہا شفاء للناس فرمایا ہی-

عین با شین معجمہ

عشر- یہ ایک درخت ہی فارسی مین اسکو خرک اور ہندی مین آگ کہتے ہین زہریلی نباتات مین سے یہ بھی ہی اسکا پتا توڑین یا شاخ کاٹین تو دودھ نکلتا ہی چونکہ یہ مشہور درخت ہی زیادہ تشریح کی حاجت نہین تین قسم کا یہ درخت پہلی قسم کا بڑا پھول سفید جوڑی پتی دودھ بکثرت دوسری قسم کا پھول سفید چھوٹا اندر سے پھول نقشی پتی چھوٹی دودھ کم تیسری قسم کا بہت چھوٹا پھول پستئی رنگ مائل بسفیدی اور بعض زرد پتی بہت چھوٹی دودھ بہت کم طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ سمیت کے مقرح جلد یعنی زخم کر دینے والا جلد کا قاطع بلغم ساتھ قوت مسہلہ قویہ کے اتار دینے والا بالون کا کھجلی کا دور کرنے والا بواسیر کا نکال دینے والا نافع فالج و تشنج کا ہی-

عشرق- یہ ایک نبات ہی اس کے پتے سنا مکی کے پتون سے چوڑے سبز زیادہ پھول مائل بسرخی طبیعت گرم خشک ہی رحم کا تنقیہ اس سے بخوبی ہوتا ہی اور ادرار بول کرتا ہی اسکا پھل بواسیر کو دفع کرتا ہی بالون کو سیاہ کرتا ہی-

عشقہ- یہ ایک گھاس مشابہ لبلاب کے ہی اسکی بیل جس درخت پر چڑھ جاتی ہی اس کو خشک کر دیتی ہی اسی سبب سے اسکا نام عشقہ رکھا گیا کہ عشق عاشق کے جسم کو سکھا دیتا ہی-

عُشبہ- یہ ایک گھاس لبلاب کی طرح ہی پھول اسکا نہایت خوشبو خاردار شاخین گلاب کے پھول کی طرح جڑ سیاہ اور باریک چنبیلی کا سا پھول طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل و مرقق و ملطف و معرق و مدر ہی سونگھنا اسکے پھول کا درد سر اور شقیقہ کا علاج ہی جوشاندے کا مضمضہ دانتون کو قوی کرتا ہی-

عین با صاد مہملہ

عَصَب- پٹھہ جو حیوانات کے جسم مین ہوتا ہی چکنا اور سپید اور سخت بدن حیوانات اس سے مرکب ہی اور حس و حرکت بدون اس کے نہین ہوسکتی فارسی مین اسکو پی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک دیر ہضم ردی الغذا اکثر اس سے سریش واسطے چپکانے بال منقلب وغیرہ کے بناتے ہین

عُصفُور- چڑیا جسکو فارسی مین کنجشک کہتے ہین جنگلی اور خانگی ہوتی ہی طبیعت اس کی گرم خشک جنگلی خانگی سے خشک زیادہ مسخن و مسمن بدن محرک باہ ہی منی کو بڑھاتی ہی فالج اور لقوہ و استرخا و ضعف کبد و استرخا و استسقا و ضعف گردے کا علاج ہی-

عصی الراعی- فارسی مین اسکو کشنہ ہندی مین لال ساگ کہتے ہین

طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و رادع و حابس مسکن حرارت اندرونی و بیرونی ہی صفراوی اسہال اس سے بند ہو جاتے ہین ضماد اسکا اورام اور قروح کو اچھا کرتا ہی خسانده اسکا زہر کی اذیت کو دور کرتا ہی-

عین با ضاد معجمہ

عضل- جو سوا رگ و پے کے ذیجان کے اجسام مین ہوتا ہی قریب مفاصل اور اعضا حرکت کرنے والون کے گوشت و رباطوا عصاب و عروق و غشا سے مرکب ہی طبیعت اسکی گرم تر جید الغذا صالح الکیموس ہی تھوڑے کھانے سے لذت حاصل ہوتی ہی زیادہ کھانے سے قی ہو جاتی ہی اعالی جسم کے عضلات اچھے ہین اُنسے جو سفل مین ہین-

عین با ظاے معجمہ

عظم- بفتح اول استخوان یعنی ہڈی جو انسان اور حیوان کے جسم مین ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و حابس و مجفف ہی پیس کر پینا اسکا صرع کو فائدہ دیتا ہی اور ہڈی کا جوشاندہ پانی اگر سر پر ڈالا جائے تو ناک کے خون کو بند کرتا ہی-

عظایۃ- یہ ایک جانور سمندر کی طرح سبز رنگ بطی الحرکت ہی آگ مین ڈالین تو نہین جلتا ساتھ قوت سمیت کے اسکو ذراریح کی طرح ہاتھ پالون کاٹ کر اور پیٹ چیر کر شہد مین ڈال رکھے تاکہ سڑ نہ جائے اسکا گوشت افعی کے نیش پر باندھین تو زہر کو نکال دیتا ہی پتہ اور پیٹ اسکے دونون زہر قاتل ہین-

عین با فاے

عفص- یہ ایک مشہور پھل ہی جسکو فارسی مین مازو کہتے ہین اور ہندی مین مازوپھل اسکا نام ہی طبیعت اسکی سرد خشک حابس مانع سیلان رطوبت قاطع رعاف مجلی چشم ہی منجن اسکا دانتون کو مضبوط کرتا ہی پیس کر پیا جائے تو امعا کے قروح کو اچھا کرتا ہی

عین با قاف

عقاب- یہ ایک جانور سیاہ رنگ شکاری ہی پرندون مین تیز پرواز اس سے زیادہ کوئی نہین باز سے بدن مین بڑا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا سخت ردی الکیموس منفعت مین قریب گدھے کے گوشت کے ہی اسکے پتے کا پانی ابتداے نزول الماء مین دافع نزول ہی اکتحال اسکا بینائی کو تیز کرتا ہی جھلی کو اُتارتا ہی زخم کو اچھا کرتا ہی اسکا خون اورام کو تحلیل کرتا ہی اسکی بیٹ رخسارون پر ملین تو چہرہ کا رنگ صاف و روشن ہوتا ہی

عقرب- مشہور موذی جانور ہی فارسی مین اسکو کژدم ہندی مین بچھو کہتے ہین اسکے بہت سے اقسام ہین جو دم اٹھا کر چلتا ہی اسکو سبالہ

کہتے ہین اور جو پیٹ زمین سے رگڑ کر چلے اسکو جرارہ کہتے ہین مگر جرارہ مین زہر سبالسے زیادہ ہی اسکے مادہ مین سمیت نر سے زیادہ ہوتی ہی سیاہ بچھو تمام اقسام سے بدتر ہوتا ہی اور ایک قسم سیاہ کا پردار ہی اگر وہ ذیجان کے برہنہ جسم پر بیٹھ جائے تو ذیجان ہلاک ہو جائے اور ایک قسم کا بچھو ایسا ہی کہ اگر وہ پتھر کو نیش مارے تو پتھر ٹکڑے ہو جائے طبیعت اسکی سرد خشک ہی طلا اسکے روغن کا فالج ولقوہ و استرخا و وجع مفاصل کو نہایت مفید ہی اکتحال اسکی راکھ کا امراض چشم کی دوا ہی سنگ مثانہ وعسر البول وسنگ گردہ و قولنج کا علاج ہی بچھو کے خشک جسم کو پیش کر اور سرکہ مین ملا کر مالش کرین تو برص کی بیماری دور ہو جائے مفلوج اگر بچھو کا نیش بیماری سخت پر کھائے تو فوراً اچھا ہو جائے۔

عقعق - یہ ایک جانور پرند ابلق رنگ کوے سے چھوٹا خوبصورت ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک کھانا اسکا جائز ہی اور نفع اسکے گوشت کا قریب کوے کے اسکے پتے کا پانی آنکھون کو روشن کرتا ہی۔

عقیق - یہ مشہور قیمتی پتھر ہی عمدہ قسم وہ ہی جو یمن سے آتا ہی ہر رنگ کا یہ پتھر ہوتا ہی جو کم رنگ کان سے نکلتا ہی اسکو آگ پر پکا کر رنگین کر لیتے ہین اکثر اسکے نگینے بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک اور جلا ہوا زیادہ لطیف دو دانگ اسکے پیسے ہوے تا پیا دل کو تقویت دیتا ہی خفقان کو دور کرتا ہی حیض کے خون کو بند کرتا ہی سرمہ اسکا مقوی بصر ہی منجن اسکی راکھ کا دانتون کو قوی کرتا ہی۔

عقرب بحری - یہ ایک دریائی جانور ہی ہندی مین اسکو سینگی مچھلی کہتے ہین اسکا سر بڑا ہوتا ہی اور پیشانی پر ایک سپید سینگ وہی اسکا نیش ہی جسکو وہ سینگ مارتی ہی زخمی کر دیتی ہی درد شدید پیدا ہوتا ہی۔ اسکے پتے کا پانی آنکھ مین ڈالین تو نزول الماء کو دفع کرتا ہی طلا اسکے گوشت کا داء الثعلب کا علاج ہی۔

عین با کاف

عکرب - اس گھاس کو حرشف بری کہتے ہین پتی مائل بسپیدی اور بیج سپید لمبا جو بریان کر کے کھاتے ہین لذیذ ہوتے ہین قہوہ مین ملا کر پکاتے ہین نہایت مقوی باہ ہی

عکبر - فارسی مین اسکو برموم کہتے ہین یہ ایک چیز ہے مشابہ موم کے ہی تھوڑے شہد سے ملی ہوئی مکھیان اپنے چھتے کے سوراخون کو اسی سے بند کرتی ہین طبیعت اسکی گرم وخشک جاذب قوی ہی ضماد اسکا ٹوٹی ہوئی ہڈی کو درست کرتا ہی خون کو بند کرتا ہی قائم مقام مومیائی کے ہی اسکو مومیائی نحلی بھی کہتے ہین بخور اسکا کھانسی کو دور کرتا ہی جنین کو رحم سے اخراج کرتا ہی

عکر - روغنون کا دُردیعنی میل جو برتن کی تہ مین بیٹھ جاتا ہی عکر ہر ایک روغن کا تاثیر مین اُسی دہن کے مطابق ہوتا ہی اسکو کھاتے ہین ضماد اور طلا مین مستعمل ہی

عین با لام

علیق الکلب - اسکو علیق القدس اور درخت سگ گل بھی کہتے ہین درخت علیق سے اسکے پتے بڑے ہوتے ہین کانٹے اسکے زیادہ سخت علیق کے کانٹون سے پھول سپید پھل زیتون کے پھل کے ساتھ ملتا ہوا مگر اسکے پھل کے اندر سے ایک چیز ریشم کی طرح ہوتی ہی اس کو نکال کر پھینک دیتے ہین کہ وہ زہر ہی پھل اسکا نہایت قابض حابس بول اسہال دموی کو روکتا ہی ضعف معدہ کو دفع کرتا ہی۔

علس - یہ ایک قسم گیہون کا ہی جسکو گندم مکہ کہتے ہین روٹی اسکی گیہون سے شیرین ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد تر گیہون سے اور گرم تر جو سے اسکو پانی مین جوش دیکر اس پانی مین بواسیر کے بیمار کو بٹھلائین تو درد فوراً ساکن ہو۔

علک الانباط - لبنہ کے درخت کا گوند او دیات مین مستعمل ہی بہتر وہ ہی جو سپید مائل بزردی ہو۔

علق - آبی سیاہ رنگ جانور کا نام ہی جسکو زلو اور دیوچاہ کہتے ہین ہندی مین جونک بولتے ہین خون فاسد جسم سے یہ کیڑا چوس لیتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک لعوق خشک اسکا شہد کے ساتھ محلل خناق ہی ضماد اسکے پیسے ہوے کا صبر کے ساتھ بواسیر کو دفع کرتا ہی اسکا طلا روغن زیتون کے ساتھ عضو تناسل کو بڑھاتا اور طاقت دیتا ہی اور بھی فائدے اسکے کتابون مین بہت لکھے ہین

علیق - یہ نبات کوہی وبستانی ہوتی ہی بستانی کو سارساہورہ کہتے ہین وہ خاردار ہی پھول اور پتی گلاب کے پھول کی شکل اور لذت مین مانند کالے توت کے طبیعت مرکب القوی سردی خشکی غالب سب اجزا اسکے مجفف ومبرد حابس عصارہ اسکی ڈنڈی اور پتون کا آنکھون کی ہر ایک بیماری کو صحت دیتا ہی چبانا اسکے پتون کا دانتون کی بیماریان دور کرتا ہی جوشاندہ پانی معدہ کو قوت دیتا ہی دست بند کرتا ہی مانع حمل ہی۔

علک البطم - بطم کے درخت کا گوند قندرون بھی اسکو کہتے ہین اور خشک کو فلغون بولتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک محلل وملطف ومقوی ہاضمہ مدر بول منقی اوساخ ہر ایک فعل مین مصطگی سے بہتر ہی۔

عین با نون

عناب - یہ ایک درخت کا پھل ہی جسکی لکڑی اور پوست بھی سرخ ہی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل منضج اخلاط غلیظ ملین صدر

مسہل اخلاط رقیقہ رافع خشونت سینہ وحلق دافع سرفہ مصفی خون مولد خون صالح مسکن سوزش وتشنگی ہی۔

عِنَب - یہ لغت عربی ہی فارسی مین اسکو انگور ہندی مین داکھ کہتے ہین تاک اور رز بھی اسکا نام ہی اسکی ہزارون قسم ہین جنکا شمار نہین شراب نفیس اسکی نکالی جاتی ہی عموماً اس کی طبیعت گرم تر ہی جالی ومنضج وسریع الانحدار کثیر الغذا مولد خون صالح مصفی خون مسمن بدن ہی گوشت اور چربی کو بڑھاتا ہی۔

عنب الثعلب - مشہور سبزہ ہی جسکو ہندی مین مکو کہتے ہین بستانی اور جنگلی دو قسم کا ہوتا ہی اور دونون نر اور مادہ بستانی کے نر کو کاکنج کہتے ہین اور مادہ کو عنب الثعلب اور جنگلی دو قسم کا ہوتا ہی جبلی اور سہلی جبلی کے نر کو اہل مغرب کالنج عالیہ اور مادہ کو عنب الثعلب جبلی بولتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ساتھ حرارت فاعلہ کے مسکن گرمی وتشنگی دافع درد سر ودرد گوش وورم معدہ مسہل اخلاط صفراوی ہی

عِنبُ الذئب - یہ پہاڑی درخت نر اور مادہ ہوتا ہی پتی اسکی مانند پتی انار کے نرم پھل خوشہ دار پھول زرد مائل بسبزی بقدر چھوٹے بیر کے طبیعت سرد خشک دافع نفث الدم حابس اسہال محلل اورام ہی۔

عندلیب - مشہور جانور پرندہ ہی جسکو ہزار داستان اور بلبل بھی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک محرک باہ ہی سرگین اس کا جالی قابض مصفی رنگ رخسار ضماداً ومزیل کلف حمول اسکا مسقط جنین۔

عنکبوت - مکڑی جو مشہور جانور ہی طبیعت اسکی سرد خشک قطور اسکے روغن کا کان کے درد کو دفع کرتا ہی اسکے تار کو اگر زخم پر باندہین تو خون بند ہو جائے مکڑی کا جالا اکثر مرہمون مین بھی داخل ہوتا ہی تپ غب کے دفع کرنے مین بھی موثر ہی

فقیر - صاحب فقر خدا پرست - عابد - زاہد - مؤلف - گدا ست بادشہ ملک در تمام جہان + فقیر صاحب فقر ست در زمانہ امیر +

فقار - گردن کی مُہری پشت سے کمر تک -

فقاع - بوزہ جو جو اور چاولون کا بناتے ہین پینے کے بعد نشہ لاتا ہے اور وہ شراب جو غیر مسکر ہو شیشہ و حباب و پیالہ و کوزہ -

فقع - بضم اول و فتح ثانی ایک قسم کی شراب ہے -

فق - حیران و سرگردان - و متحیر - ع چہ میدانی ست میدان محبت + اگر رستم بہ بیند فق بماند +

فقدان - گم ہونا اور گم کرنا -

فقہ - جاننا اور دریافت کرنا اور علم احکام شریعت محمدی کا -

فقیہ - وہ جو شخص علم فقہ پڑھا ہوا ہو - ع بیاموز احکام دین از فقیہ + کہ بے علم باشد لئیم و سفیہ -

فقاہ - دانائی و دانشمندی و فہم و ادراک و عقل -

فقاعی - جو شخص برف اور دوشاب فروخت کرتا ہو سیفی - آن فقاعی کہ برازجان جہان ست مرا + برف دوشاب اندر جہت جان مرا

فاے با کاف

فکاہت - مزاح - مسخری - ہنسی - خوش طبعی -

فکرت - اندیشہ - طبیعت کا لگاؤ - حکیم ازرق - عنبر آگین گردد از خُلق تو فکرت در دماغ + گوہر آگین گردد از مدح تو معنی در خیال +

فکر - بالکسر و بالفتح اندیشہ اور طبیعت کا لگاؤ - مؤلف - خدا پرست گذارد ہمیشہ عمر عزیز + گہے بذکر خدا و گہے بفکر خدا - حافظ - غمزہ شوخ تو خونم بخطا میریزد + فرصتش باد کہ خوش فکر صوابے دارد +

فگار - مجروح و زخمی اور جراحت یعنی زخم - صفدر فوقانی - ذکر مولی داروی درد دل ست + ہست فکرش مرہم جان فگار +

فکز - بزاے معجمہ نود کش و دیگدان و آتشدان حمام +

فک - جدا کرنا دو چیزون کا جو آپس مین ملی ہوئی ہون - خلاص کرنا اور آزاد کرنا اور دونون جبڑے انسان کے مُنھ کے جسمین دانت ہوتے ہین یعنی وہ دونون حصے جسمین نیچے کے دانت اور اوپر کے دانت ہین اوپر کے جبڑے کو فک اعلی اور نیچے کے جبڑے کو فک اسفل کہتے ہین

فگانہ - وہ بچہ جو قبل از ولادت ماں کے پیٹ مین مر جائے -

فاے باللام

فَلَا - بیابان جنگل و ویرانہ -

فلونیا - ایک معجون کا نام ہی جسمین افیون پڑتی ہی مخدر ہوتی ہی -

فلزات - وہ دھات جو آگ مین گل جائے مثلاً لوہا و کلی تانبا
چاندی سونا سیکہ جست پارہ انمین سے جو گران تر ہی سونا ہی دوسرا کمتر قلعی -

فلاحت - کسنا ورزی زمینداری کاشتکاری -

فلات - وہ ویرانہ جنگل جسمین پانی اور گھاس نہو اور تانا کپڑے بننے کا -

فلاکت - فلک زدگی ونامداری ومفلسی وگردش زمانہ ونکبت - عبد الغنی
قبول - بہ خورشید بنگر کہ گرد جہانت + فلک نان شب از فلاکت ندارد -

فلج - دروازے کی زنجیر اور نام بیماری کا جسکو فالج کہتے ہین اور بیکار ہو جانا -

فلاح - فتح مندی خیر وخوبی ونیکی و آسایش -

فلاح - بہ تشدید لام کاشتکار اور نیک آدمی - توحید - ہر کہ او
صالح بود اندر جہان + کوشش او ہست در صلح وصلاح + سعی وافر
میکند ہر روز و شب + مرد حق فلّاح از بہر فلاح -

فلخ - بہ خاے معجمہ پنبہ دانہ جسکو ہندی مین بنولے کہتے ہین
اور پنجابی مین ڈریوین -

فلاو - عبث و بیہودہ و بے فائدہ -

فلغند - محل خطرہ اور دیوار کاشتون کی جو زراعت اور باغ کے چار طرف
بناتے ہین اور دریا مین وہ موقع جہان کشتی غرق ہوتی ہی -

فلز - بکسر تین وتشدید جوہر کانی چاندی سونا وغیرہ -

فلرز - وہ تبرک خرما وشیرینی وغیرہ جو بزرگون کے مزارات سے حاصل ہو -

فلس - تانبے کا پیسا -

فلوس - جمع فلس تانبے کے پیسے -

فلاطوس - نام ایک حکیم کا جو عذرا معشوقہ وامق کا استاد تھا -

فلع - تبر جس سے لکڑیان چیرتے ہین -

فلق - چیرنا اور سپیدی صبح صادق کی -

فلیق - کرم پیلا جس سے ریشم نکلتا ہی اور لوگ اسکو پال کر ریشم لیتے ہین -

فلک - بضم اول وسکون ثانی کشتی جسکے ذریعہ سے پانی کا سفر کرتے ہین -

فلک - آسمان جو شمار مین سات ہین اور نام ایک لکڑی کا جسکے دونون
طرف سوراخ ہوتا ہی سوراخون مین رسی ڈالکر معلم شوخ لڑکے کے پانوٗن مین
باندھ دیتا ہی پھر اسکو سزا دیتا ہی - محمد سعید اشرف - چون زدلم
بردن جہد نالہ بچرخ برکشم + جا سوٗلی فلک بود طفل گریز پاے را -

فلاسنگ - فلاخن جس سے پتھر پھینکتے ہین -

فلفل - مرچ کالی جو مشہور چیز ہی - سعدی - گل آورد سعدی
سوی بوستان + بشوخی چو فلفل بہندوستان -

فلیل - خوشبو دار تیل جو سونیا اور چنبیلی سے بناتے ہین - ملا طغرا -
کف مطرب از چرب تری چو تیل + تن ہندوی عود را شد فلیل -

فل - نیلوفر اور بیخ نیلوفر -

فلجم - زنجیر اور قفل جو دروازون کو لگایا جاوے اور کلید جس سے قفل کھولین -

فلخم - دستہ دھنیون کا جو کمان کے تار چرمی پر مار کر روئی کو دھنتے ہین -

فلیوان - احمق لوگ اور بیہودہ لوگ -

فلاخن - فلاسنگ پتھر پھینکنے کا آلہ ہندی مین اسکو گوپھن اور گوپھانی کہتے ہین -

فلان - وہ شخص جو نامعلوم ہو - سعدی - خبرے کن ای فلان وغنیمت
شمار عمر + زان پیشتر کہ بانگ بر آید فلان نماند -

فلسطین - شام مین ایک ملک کا نام ہی -

فلاخان - فلاسنگ جسکا ذکر تحریر ہو چکا -

فلاطون - فلاطن - مشہور حکیم کا نام ہی - نظامی - ارسطو
بساغر فلاطون بجام + مے لعل ریزندہ چون خوان خام -

فلو - کرہ اسپ گھوڑے کا بچھیرا جو ایک برس کا ہوا اور دودھ سے چھوٹا ہوا -

فلیو - بیہودہ و بے فائدہ -

فلکہ - لکڑی کی ٹکیا گول جو خیمہ کی چوب کے سر پر لگائی جاتی ہی اور بہت
چھوٹی ٹکیا سوراخدار جو سوت کاتنے والے دوک پر چڑھاکر سوت کاتتے ہین -

فلذہ - جگر کا ٹکڑا -

فلسفہ - حکیم اور دانشمند ہونا -

فلاسفہ - بہت سے حکیم اور دانشمند -

فلا - نوزائیدہ گاے بھینس بکری کا دودھ جو پہلے وزر دوہا جاتا ہی
اور آگ پر رکھنے سے منجمد ہو جاتا ہی ہند مین اسکو پیوسی اور کھیس کہتے ہین -

فلاثہ - نام ایک قسم کے حلوے کا جو بکری کا دودھ ملا کر پکاتے ہین

فلادہ - بہ دال مہملہ بیہودہ و بے فائدہ -

فلاوہ - بہ واو مہملہ سرگشتہ و حیران -

فلفل موبہ - درخت فلفل کی جڑ -

فلنجہ - نام ایک تخم کا ہی جب اسکو ہاتھ مین ملین خوشبو دیوے -

فلوزہ - لکڑی کا شہتیر جو چھت پر ڈالین -

فلیفلہ - میوہ درخت عود کا جسکو ناخواہ بولتے ہین -

فلاطوسی - وزن ایک درم کا -

فلابی - ایک معجون مخدر کا نام ہی -

فلسفی - حکیم و دانشمند ہونا -

فلونی و فلونیا - یہ بھی ایک معجون نشئی ہے - **ظہوری رباعی** -

بر سر سر خوان لقمہ ربائی نکنم + نیست کہ شست دست خائی نکنم تا بر سر ستم نشوم

صد بہ کیفیت اگر بہار شاہ فلونیا گدائی نکنم -

فائے با میم

فم و فوم - دہان یعنی منہ ذات -

فائے با نون

فنا - بکسر اول حوالی و نواحی و گرداگرد خانہ و صحن فراخ -

فنا - بفتح اول و دوم نیست و نابود ہونا غائب ہونا - **توحید سکندر**

در پردہ کار آن پردہ دار ہای پردہ پوشیدہ دل آن دلربا + نیست

در تنگنائی اندر دمسکنش + بیا رہ جائی نیست آن ناآشنا + راست و چپ

زیر و بالا جلوہ گاہ پیش رو موجود و حاضر و ر قفا + ہست اندر نیست

و نیست ہست + در فنا فانی و باقی در بقا -

فنجا - وہ برف جو سردی کے موسم میں آسمان سے برستی ہے -

فنج - بضم میم جیم ایک قسم کا سانپ ہے جو کسی کو تکلیف نہیں دیتا اور

نام ایک شہر کا ولایت زنگبار سے -

فنخیرہ - خیمہ میں حلوے حلی بیٹھ کر بانی نہ بنا گھوڑے کا دھیلا سا پہنا ہے -

فند - مکر و فریب و دروغ و خط و خال سیاہ جو کسی کے چہرے پر ہو -

فندو - بنالہ و زاری اور توقف چلنے اور بولنے میں -

فنجیدہ - وہ شخص جسکا عضو تناسل بڑا اور موٹا ہو -

فنجیوشس - لوہے کا میل -

فندق - بضم فائے و دال ایک میوے کا نام ہے جو سرخ رنگ بیر کے برابر -

فنک - بفتحتین ایک جانور پشم دار سفید رنگ جسکے پوست سے

پوستین بناتے ہیں -

فنجان - معرب پنگان چھوٹا پیالہ جسمیں قہوہ پیا کرتے ہیں - **یحیی**

کاشی - باغ کی صفت میں - شعلہ صفت لالہ ز جا جست

+ گشت بہ فنجان طلا قہوہ ریز -

فن - کسب و ہنر مکر و فریب و شاخ درخت و عقل و دانش و نغمہ

نظامی - چو دانی کہ من خود چہ فن پیرم + مہل بر در خویشتن پیرم -

فنشو - فریب و غرور و مست و مغرور -

فائے با واو

فوحات - بہت سی خوشبوئیں -

فوات - نیست ہونا اور گذرنا -

فوت - مرجانا نیست و نابود ہونا - **سعدی** - گزیدند فرزانگان

دست فوت + کہ در طلب ندیدند وارہ و بے موت -

فوہات - جمع فوہ جسکے معنی زبان کے ہیں -

فوج - گروہ جماعت لشکر سپاہ - **فتوت** - ہیچکس یار ب خراب

جلوۂ حسنش مباد + فوج نازش تا طلب غارتگر آئینہ شد -

فوتنج - معرب پودنہ جو مشہور و خوشبو دار سبزہ ہے -

فوشنج - معرب پوشنگ جو ایک شہر ہے -

فوائح - خوشبویان -

فولاد - بروزن مراد آدمی کا دل -

فولاد - معرب پولاد مشہور چیز ہے - **نظامی** - کلاہے نہ پولاد بین

بر سرش + کہ گوہر بر شنگ آمد از گوہرش -

فود - معرب پود متقابل تار کے جو کپڑا بننے میں چوڑالا کر ٹے میں ڈالتا ہے -

فور - بفتح اول وقت اور ساعت اور جلدی اور جوش دیگ و دریا وغیرہ -

فور - بروزن طور نام راجہ قنوج کا جو سکندر کے حملے کے وقت قنوج کا

بادشاہ تھا اصل میں اسکا نام پورن چند تھا

فوز - بفتح اول پہونچنا مقصود و فیروزی کے ساتھ منزل مقصود پر

اور مطلب حاصل کرنا -

فوز - بضم اول ہلاک ہونا اور مرجانا -

فواق - ہچکی یعنی ہچکی - **ملا فوقی یزدی** - سرود بیک دو دم

بگیر نفس حیات بباد + چنین کہ در گلوے عشرتم فتاد فواق -

فواضل - بڑی بڑی بخششیں و عطایات -

فواصل - کلمے آخر آیات قرآن مجید کے جو بمنزلہ قوافی کے شعر میں ہیں -

فوفل - معرب پوپل جسکو ہندی میں سپاری کہتے ہیں ہندوستان

میں پان کے ساتھ لوگ اسکو کھاتے ہیں -

فول - باقلا جو ایک قسم غلے کا ہے جسکو عربی میں جرجر کہتے ہیں -

فوہل - شورہ جس سے باروت بنائی جاتی ہے پانی بھی اس سے ٹھنڈا کرتے ہیں -

فوم - لہسن جسکو فارسی میں سیر کہتے ہیں - **حقدر فوقانی** - ہراسد

دل عالم از اہل جہل + کہ بر مشک غالب بود بوے فوم -

فوران - بفتح اول جوش دیگ اور پانی وغیرہ کا -

فوران - بضم اول نام شہر قنوج کا -

فوزالیون - عاقر قرحا جو ایک دوا مشہور ہے -

فوزان - بلند آواز و نالہ و فریاد -

فوکان - وہ جو جادو جانوروں سے بناتے ہیں نشئی و مخدر ہوتا ہے -

فوّارہ - جوش کھانے والا - خصوصاً وہ فوارہ جس سے پانی جوش کھاکر نکلتا ہی اور حوضون مین بنایا جاتا ہی - **ابوطالب کلیم** - زہر فوارہ آتش آب بہر افلاک + روان ہیچون دعا از سینۂ چاک + زلبس تردستی و صنعت نمائی ہند آب انداختہ تیر ہوائی -

فوطہ - جامۂ نادوختہ مثل کمربند و لنگ و دستار و رومال وغیرہ اور وہ لنگ جو حمام وغیرہ اپنے دوش پر رکھتے ہین - **ملا طغرا** مشہدی کی تعریف مین - بجز فش نجو روی اگر غوطۂ + نہ لبستی فلک آبگون فوطہ -

فوّہ - بضم و تشدید مجیٹھ جو ایک قسم کی لکڑی ہی اور سُرخ رنگ کپڑون کو اُس سے کرتے ہین اور بدون تشدید ورق طلا و نقرہ جو نگینے کے نیچے رکھتے ہین تاصفائی اور رنگ نگینے کا بخوبی جلوہ دیوے ہندی مین اسکو ڈانک کہتے ہین - **صائب** - یاقوت بادہ را فوہ غیر شعلہ نیست + ساقی بہ پیش شمع نگہدار شیشہ را -

فُوہ - بفتح اول بروزن لوح زبان جسکی جمع افواہ ہی -

فواکہ - بفتح فاے و کسر کاف بہت سے میوے جمع فاکہ کی -

فاے با ہاے ہوز

فہرست - تفصیل ابواب و فصول و مقاصد کی جو ہر ایک کتاب کے آغاز مین تحریر ہو -

فہد - بفتح اول یوز جو شکاری جانور ہی اور ہندی مین اُسکو چیتا بولتے ہین -

فہمید - فہمیدگی - سمجھ - ادراک - عقل - **مولوی روم** - در نہر روپوش گشتہ آفتاب + فہم کن واللہ اعلم بالصواب - ع بندہ و غافل زکار بندگی + واے براین فہم واین فہمیدگی -

فہار - ایک پتھر یاقوت اطلسی کے رنگ پر ہوتا ہی سونے کی کان سے ملتا ہی اُسکے کھانے سے جنون جاتا رہتا ہی -

فہرس - عربی مین فہرست یعنی تفصیل ابواب و فصول و مطالب جو کتاب -

فہل - فراخ اور کشادہ اور کھلا ہوا -

فہم - سمجھنا اور جاننا - دریافت کرنا - **صالح مشہدی** - از گوشہ ابرو سخنی گفت بگوشم + رفتم کہ کنم فہم سخن بروز رہوشم - **سعدی** - فہم سخن تانکند مستمع + قوت طبع از متکلم مجوے -

فہامہ - دانا صاحب فہم و ادراک -

فہانہ - پچین کا چوبی قالب جس سے وہ تنگ جوتیون کو کشادہ کر دیتے ہین -

فاے با یاے

فیفا - بکسر اول و فتح فاے ثانی ہموار جنگل اور ویرانہ -

فیغا - بفتح اول وہ وزخ کا جوش -

فیسنا - طاؤس یعنی مور جو مشہور پرندہ ہی -

فیلا - یونانی زبان مین دوست محبتی پیارا -

فیوحات - خوشبوئین خوش ہوائین -

فیخدرج - حالت مکروہ جو قبل چڑھنے تپ کے انسان پر طاری ہوتی ہی اعضا ٹوٹتے ہین انگڑائیان آتی ہین -

فیروزج - معرب فیروزہ ہی جو ایک قیمتی جواہر مشہور ہی -

فید - مکہ معظمہ کے راستے مین ایک قلعہ ہی جسکو فید تلم ایک عرب نے تعمیر کیا تھا اور نفع اُٹھانا فائدہ پانا زیادہ ہونا اور گھوڑے کے بال جو سم کے ہون یالیں کے -

فیار - کام و عمل و شغل و صنعت و پیشہ و حرفہ و کسب -

فیر - افسوس و تاسف -

فیصور - سمندر کے کنارے ایک شہر ہی اور کافور بہت عمدہ وہان سے آتا ہی

فیروز - معرب پیروز - کامیاب و فتحمند **سعدی** - چہ فیروز شد زد تیر روان + چہ عم دارد از گریہ کاروان - **نظامی** - چو پیروز بود آن بخ نقش بفال + مدین ہم توان بود پیروز حال -

فیلقوس - اسکندر رومی کے باپ کا نام تھا - **نظامی** - کہ از جملہ تاجداران روم + جوان دو دستی بود زان مرز و بوم + شدہ نامور نام او فیلقوس + پذیرائی فرمان او روم و روس -

فیلافوس - نام ایک حکیم کا تھا یونان مین -

فیثاغورث - ایک یونانی حکیم تھا -

فیض - بڑھنا نہر کے پانی کا یہان تک کہ کنارے توڑکر جا بجا پھیل جائے اور زیادتی خیرات اور خوبیون کی اور شہرت پانا نیکی کے ساتھ اور بخشش و مہربانی - **صائب** - فیضے کہ گوشہ گیر زعزلت نیافت سعد + از گوشہ ہاے چشم سیاہ تو یافتم -

فیلسوف - حکیم اور وہ شخص جو حکمت کے علم کو دوست رکھتا ہو فیل کے معنی یونانی مین دوست اور سوف حکمت کا علم -

فیلاق - لشکر و فوج و سپاہ رومی زبان مین فیلق کے معنی سپاہ لشکر اور فوج کے ہین -

فیلک - ایک قسم کا تیر ہی جسکے آگے سے دو شاخین ہوتی ہین پیلک بھی اسکو کہتے ہین - **سعدی** - یکی آہنین پنجہ در اردبیل + ہمی بگذرانید پیلک ز پیل -

فینک - یہ ایک قسم کا پتھر سفید سوراخ دار ہوتا ہی جو سمندر کے کنارے ملتا ہی اصل مین وہ پتھر نہین بلکہ سمندر کی جھاگ ہی جو پتھر کی صورت بنجاتی ہی -

فیصل - حاکم کا حکم جس سے حق اور باطل مین تمیز ہو جائے سچ اور جھوٹ جدا جدا ہو جائین - **درویش والہ ہروی** - بحر فیاض گفت بر بر جگر تشنہ ... رغبت ... مین واسطہ کشش کار نیاید فیصل -

فیل - معرب پیل مشہور چارپایہ ہی جسکو ہاتھی کہتے ہین - **نظامی** - چو در لشکر

دشمن آری جعل + بمر خان کشتی فیل و اصحاب فیل

فیال - وہ زمین جسمین پہلی دفعہ کھیتی کی ہو -

فیطل - اندلسی زبان مین جنگلی زیرہ -

فیجن - ایک گھاس ہی جسکو سداب بھی کہتے ہین بودینہ کی شکل پر ہوتا ہی -

فیضان - جاری ہونا پانی کا نہر کے کنارون سے اور شہرت پانا کوئی بات -

فین - ایک معروف کاشان مین ایک سیرگاہ کا نام ہی **باقر کاشی** - سیر فین فصل بہاران یاد باد + آب شاران آب باران یاد باد -

فیروزہ - مشہور جواہرات مین سے ہی -

قیلولہ - ضعف رائے و تدبیر اور سونا عصر کے وقت جو ممنوع ہی اور اس سے جنون پیدا ہوتا ہی -

فیہ - گروہ و جماعت -

فی - بفتح اول سایہ ہر چیز کا بعد زوال آفتاب یعنی دوپہر کے بعد اور جو سایہ طلوع سے دوپہر تک ہی اسکو ظل کہتے ہین -

فی - بکسر اول فارسی مین اسکے معنی ہر اور ہندی مین بیچ -

فیافی - بہت سے جنگل اور بیابان -

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل مین کوئی لغت اردو قابل تحریر اس فصل کے نہین اور جو درج نفائس اللغات وغیرہ مین سب فارسی ہین جو پہلی فصل مین درج ہو چکے ہین دوبارہ تحریر کی حاجت نہین -

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات مین

فاے با الف

فانوس نارنج - ایک فانوس بنایا جاتا ہی کہ نارنج کو خالی کر کے چھید کیے جاتے ہین اور اسمین چراغ روشن کرتے ہین جیسے کہ ہند مین اطفال کدو اور ہندوانہ کو خالی کر کے فانوس بناتے ہین اور کھیلتے ہین **ملا طاہر وحید** - زنگر نیکی تعریف مین - عیان از چرم نیل آن عکس لب + چو فانوس نارنج در تیرہ شب -

فالق الاصباح - نکالنے والا صبح کی سپیدی کا خدا وند جل و علی عز شانہ -

فاختہ چہر - معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی **میر معزی** - تا فاختہ چہری و طاؤس کرشمہ + عشق تو چو باز ست دل من چو کبوتر + بیچارہ کبوتر چہ در چنگ زند باز + ہم سودہ شود بالش و ہم خستہ شود پر -

فاقد البصر - نابینا - اندھا جسکو نظر نہ آئے -

فال گوش - لوگون کی آواز پر کان رکھکر اپنے مطلب کی فال لینا **سالک یزدی** - گلے دارم کہ یکدم گر نیایم بر سر کویش + براہ نالہ بلبل بفال گوش بنشیند -

فانوس خیال - فانوس گردان - اس فانوس مین طرح طرح کے نقش اور تصویرین لکھی جاتی ہین اور چراغ جلا کر اسکو گردش دیجاتی ہی تو سیر نظر آتی ہی - **صائب** - بر تن باد صبا پیرہنش یوسف مصر + از تب رشک تو فانوس خیالی شدہ ست - **علی رضا تجلی** - فلک را آہ گرم عشقبازان مضطرب دارد + چو فانوس خیال این آسیا از دود میگردد -

فال شانہ - کنگھی کی فال جو دیکھی جاتی ہی - **صائب** - خواہد فتاد دامن زلفش بدست ما + این فال را ز شانہ شمشاد دیدہ ام -

فاے با تاے

فتح باب - کشایش و آسودگی -

فتنہ در خواب ست - مثل ہی یعنی ہنوز فساد برپا نہین ہوا ابھی وہ بات جس سے فتنہ برپا ہونے والا ہی کسی کے کان تک نہین پہونچی ہے - فتنہ در خواب ست بیدارش مکن + مست و مدہوش ست ہشیارش مکن -

فتیلہ عنبر - عنبر کی بتی جو بنا کر جلاتے ہین خوشبو دیتی ہی - **محمد باقر** - گر عطر طرہ تو میسر شود مرا + رگ در بدن فتیلہ عنبر شود مرا -

فتنہ خیز - جس سے فتنہ پیدا ہو - **ظہوری** - بر سر راہ او نشانید ست + جلوہ قد فتنہ خیز مرا -

فتنہ در زیر سر بودن - فتنہ در سر بودن - فتنہ در زیر کلاہ داشتن - بلا کا سر کے نیچے رکھنا - فتنہ موجود رکھنا - **صائب** - گرچہ زلف سرکش او سرکشی از سر گذشت + کاکل او فتنہ ہا در زیر سر دارد ہنوز - **عرفی** - تاج زر گر بود نش فتنہ از بہر خود ست + فتنہ این ست کہ در زیر کلاہ نمد ست -

رباعی - جانان ہمہ آئین جفا در سر تست + آزار دل اہل وفا در سر تست + ہر تار ز کاکلت جدا فتنہ گرست + حاصل کہ تمام فتنہ ہا در سر تست -

فتنہ را از جاے بجاے بردن - فتنہ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا - غمازی کرنا - سخن چینی کرنا ہے - مرد غماز و سخن چین مدشعار + فتنہ را از جا بجا ئے مے برد -

فتیلہ شدن مو - سر کے بالون کا نیچا نیچا ہونا بسبب نکرنے شانہ کے - **واقف** - مبادا کز جدا ئی کس بہا کند + ز شوق دلم شود مو فتیلہ بر سر ما -

فتنہ خوابیدہ - فتنہ پوشیدہ و سربستہ - **صائب** - ہزار فتنہ خوابیدہ چون شراب کہن + نہفتہ است در آغوش آرمیدہ ما -

فتنہ زاے - فتنہ گر - فتنہ سنج - فتنہ سگال - فتنہ فروش سب کے معنی قریب الفہم ہین - **صائب** - چشمیست بخواب رفتہ گردون +

باشوخی چشم فتنہ زائیش - صائب - آنجا الذ الف فتنہ گرت دائم گستردہ
مرغان قدس را ز پریدن برآورد - آرزو - صبحدم فتنہ قدے
عربدہ فرما برخاست + شور محشر سر راہش بہ تماشا برخاست -
میر خسرو - چہ جسپی درین خانۂ فتنہ سنج + کہ در وآشکارا فرستد بگنج -
ولہ - رفت در پیش جہت فتنہ سگال + آلہی دادش از مجاری حال -

فائے با ذال معجمہ

فذالک - بروزن مسالک اہل حساب کی اصطلاح میں وہ جمع جو بعد تفصیل کے کی جائے - باقی اور بقیہ کسی چیز کا - کمال اسماعیل - در نوبت بزرگی ہر چند چون فذالک + در آخر از زمانی در مرتبہ نخستین -

فائے با رائے

فراخا - مخفف فراخنا فراخ رستہ و کوچہ - سعدی - فارغ نشستہ بفراخائے کام دل + بارستہ ز تنگنائے لحد یا د ناوری -
فراخنا - جگہ فراخ راستہ فراخ میدان فراخ اور نام ایک ساز کا ہے - سعدی - سودی ندہد فراخنائے بر دوش + گر آدمی عقل و ہنر باید و ہوش + گاؤ از من و تو فراختر دارد چشم + این از من و تو بزرگ تر دارد گوش -
فرد نوا - اکیلا گانے بجانے والا - تنہا کام کرنے والا - طالب آملی - تو بلبل نطقم ہمہ جا فرد نوا بود + این شوخ زبان رشک ہم آواز ند انست -
فرما - فرمانے والا حکم دینے والا - امر فرمودن سے - مدحیہ از مؤلف دو کون و مکان علی ست اہل ارشاد + دو ہر دو جہان نبی ست فرمان فرما -
فرمان روا - بادشاہ - حاکم - حکم کرنے والا - صائب - یوسف از ترک ہوائے نفس ملک مصر یافت + ہر کہ فرمان بیبر د فرمان روا خواہد شد -
فراخ دست - دولتمند - مالدار - صاحب مروت - سخاوت کرنے والا -
فرامشت - مزید علیہ فراموش -
فرت - فرت - جلدی اور شتابی اس لفظ کا ترجمہ ہندی میں ترت پھرت ہے - فوقی یزدی - دران محیط چنان غرق خوشدلی گشتم + کہ موج میزدم از لب نوائے فرخ جانی + چو فرت فرت ز خمدانم آب شہوت جست + لبم چنین شد و چشم چنان ز حیرانی -
فرزند کجاست - کہاں کا رہنے والا ہے - کس سرزمین کا ہے - کہاں کا متوطن ہے - سلیم - فرزند خودم منشم داد ز ایام + ہای کاش بپرسند کہ فرزند کجائیم -
فرمان عنایت - مہربانی کا خط اور تحریری حکم - مؤلف - چو قرآن گشت نازل بر محمد + رسید از غیب فرمان عنایت
فرو داشت - آخیر اور انتہا اور انجام - مجیر الدین بیلقانی - جز ان نوائے سخن اینجا بفرو داشت رسید + ہرچہ خواہی کہ بود آن نوآن آن گو باد -
فرو دست - فرومایہ حقیر مفلس درویش - صائب - مور را از دست خود بخشد سلیمان پایہ تخت + با فرو دستان طریق مہربانی یاد گیر -
فروگذاشت - **فروگزار** - کم توجہی و اغماض - میر خسرو - بجادہ شوق فرو ماندہ ام خداوندا + فروگذاشت مکن آفریدہ خود را -
فرزند بستن در رحم - بچہ کو رحم میں ٹھہرانا یا کسلانا - محسن تاثیر - ز دود رحم این گردون اخضر + نہ بستہ عشق فرزندی خلف تر -
فرزین بند - شطرنج کی چالوں میں سے ایک چال ہے - ملا طغرا - معرکہ میں زند سواری فرزینہا جہات + حریفانہ روح الامین گشت مات
فرصت - تجکو فرصت ہو وقت ملے - حافظ - ایکہ با سلسلۂ زلف دراز آمدۂ + فرصتت باد کہ بیگانہ نواز آمدۂ
فراسر - سر پر سر کے اوپر - ابو النصر نصرانی - بسکہ از نرگس تو فتنہ فرو بست رواج + دامن فتنہ چو دستار فراسر پیچم -
فرافر - نائے و نفیری کی آواز -
فراموشکار - **فراموشکاری** - **فرامشی** - **فرمشی** - بھولنے والا اور بھولنا - میر خسرو - جوان دست و فراموشکار و نا پروا ست + زمان زمان زمن بپذیش کرباد و بد - ولہ - خداوند را درین فراموشکاری ہو تحقیقی غافلان را ہوشیاری - نظامی - مبادا بہ ہشیاری و بیہشی + کسے را ز فرمان او فرمشی - حکیم سنائی - ہمہ در گہ فرامشتی + ہمہ از روے معرفت پشتی
فرمان بر - و **فرمان بردار** - مطیع - حکم ماننے والا - سعدی - ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کار اند + تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری + ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمان بردار + شرط انصاف نباشد کہ تو فرمان نبری - درویش والہ ہری - جز خدا در عرصۂ ایجاد در گنج عدم + ہر کہ آمدہ دانکہ خواہد آمدن فرمان برست -
فرمان پذیر - **فرمان پرست** - فرمان بردار - حکم کی تعمیل کرنے والا - نظامی - شدند آن دلیران فرمان پذیر + گرفتند زان چند زنگی اسیر - باتفی - مجلس نشینان فرمان پرست + رسانند فرمان کہ باید نشست -
فرمان گزار - حکم دینے والا حاکم - نظامی - جہان بود فرمان فرمان گزارے کہ بر تخت بنشیند آن تاجدار -
فرود آمدن خانہ و دیوار - گرجانا گھر یا دیوار کا - مخلص کاشی - اگر ازین گل باغبان منعم کند مخلص چنان گریم کہ دیوار گلستانش فرود آید -
فریاد صنوبر - **فریاد عرعر** - اس درخت کے پتے تھوڑی ہوا چلنے پر بھی شور برپا کر دیتے ہیں - ملا طغرا - ندانم کہ گفت ست عرعر خموش +

که فریاد شوقش نیاید بگوش ۔

فرنی پز ۔ فرنی پکانے والا ۔ باورچی ۔ **سیفی** ۔ بچشم فرنی پزین مغفر
مے آید + هنوز از دهنش بوے شیر مے آید ۔

فروشدن روز ۔ **فروشدن مهر** ۔ غروب ہونا سورج کا ختم ہونا زندگی
کا ۔ سبز عالم جاهنوز آرزوی بگذر ماند + چون مهر فروشد چه یقین را چه گمان را ۔

فرح بخش ۔ شاہجہان آباد دہلی کے قلعے کے اندر یہ باغ ہے ۔ بہار ۔
حیات بخش و فرح بخش عاشقان زار برهست + که هست خط
ولب لعل باغ طوطی باغ ۔

فروکش ۔ اترنے والا ۔ مقام کرنے والا اور صیغۂ امر کا فروکشیدن سے ۔
حافظ ۔ سر منزل وصالش نتوان زدست دارد + ای ساربان فروکش
این ره کران ندارد + **ابوطالب کلیم** ۔ آن خال که در کنج لبت گشته
فروکش + گر گوشه نشین ست سیاه دل تو جان کیست ۔

فریاد گوش ۔ کان میں سے آوازیں نکلنی یہ ایک بیماری ہے جسکو عربی
میں طنین کہتے ہیں ۔ **خواجہ آصفی** ۔ فریاد من رسید بگوشت دلے
چه سود + پنداشتی که گوش تو فریاد میکند ۔

فریاد چراغ ۔ وہ آواز جو کبھی کبھی چراغ کی بتی سے نکلتی ہے ۔ **صائب** ۔
بجل بهتر ز سخای که با آواز نمود + تیرگی به ز چراغی ست که فریاد کند ۔

فربه انصاف ۔ **فربه عمل** ۔ انصاف کرنے والا اور نیکوکار شخص ۔
صائب ۔ از ضعیفان گوشه چشم مروت را مگیر + فربه انصافان شکار
صید لاغر کرده اند ۔ درویش واله ہروی ۔ تلوار کی تعریف میں ۔ بیت
در دست توان لاغر تن و فربه عمل + آنکه فربه جو جار را افگند در لاغری ۔

فریب ناک ۔ فریبی ۔ مکار ۔ دغاباز ۔ **میر خسرو** ۔ آمد آن خواہر
زبانی باز + باز بانی فریب ناک و دراز ۔

فرد اول ۔ و **فرد اعلی** ۔ ہر چیز بہت خوب اور بہت عمدہ ۔ **شفیع اثر** ۔
ندیده ایم بجز یکه بیتهائے وحید + اثر به فترا بام فرد اعلائی ۔

فرشته خصال ۔ **فرشته خوے** ۔ **فرشته رخ** ۔ **فرشته سرشت** ۔
فرشته منش ۔ **فرشته نهاد** ۔ **فرشته وش** ۔ یہ سب تعریفی جملے ہیں ۔
نظامی ۔ فرشته وشی دید چون آفتاب + برآورد اقبال را سر ز خواب +
قوی رائے و روشن دل و نغز گو + فرشته منش بلکه نغز آنه خو ۔ **میر خسرو** ۔
ناصر دین شاه فرشته سرشت + خوی خوشش نسخهٔ باغ بهشت ۔ **سعدی** ۔
فرشته خوی شود آدمی ز کم خوردن + وگر خورد چو بهائم بیوفتد چو جماد ۔
مولانا لسانی ۔ دار دشب فرشته رخان را فرشته پاس + ما پاس
روز دیدهٔ شب زنده دار خویش ۔ **ابوطالب کلیم** ۔ نه بعمری بکامل انز که

در یک ماه + ز فیض تربیتش دیو شد فرشته نهاد ۔

فرخ قدم ۔ **فرخ عزم** ۔ **فرخ اختر** ۔ **فرخ تبار** ۔ **فرخ پی** ۔ **فرخ سرشت** ۔
فرخ فال ۔ **فرخ کیش** ۔ **فرخ لقا** ۔ **فرخ مآل** ۔ **فرخ نبرد** ۔ **فرخنده بوم** ۔
فرخنده پی ۔ **فرخنده خوے** ۔ **فرخنده رائے** ۔ **فرخنده طالع** ۔
فرخنده فال ۔ **فرخنده فرجام** ۔ **فرخنده کیش** ۔ **فرخنده نظر** ۔
فرخ نهاد ۔ یہ جملے سب تعریفی ہیں ۔ **میر خسرو** ۔ زہے دولت و فر
فرخنده عزم + که نصرت بود یار او روز رزم ۔ **صائب** ۔ ہر دو عالم یک قدم
باشد بپائے بیخودی + ای ہزاران خضر فرخ پی فدائی بیخودی ۔ **میر معزی** ۔
سر روز نوبت ست یکے بزم ساختن + امروز نوبت ملک فرخ اختر ست ۔
وله ۔ آیا فرخ قدم شاهی که دولت بر نگیرد سر + ز خط حکم آن کو خط حکم تو
سر دارد ۔ وله ۔ نظر همت تو دولت و دین را مددست + که تو یی شاه نکو اختر
و فرخنده نظر ۔ وله ۔ بسان زهره و برجیس ناظر باش بر جائے +
که شادیها و راحتها از آن چرخ نظر خیزد ۔ **محمد نصیر** ۔ بکشائے دیده بر رخ
نقاے دل + بنگر برون ز دنیا و عقبے فضائے دل ۔ **نظامی** ۔
چه پنداری ای خضر فرخنده پی + که از می مرا هست مقصود می ۔ وله ۔
بفرخندگی فال زن ماه و سال + که فرخ بود فال فرخنده فال ۔ وله ۔
نمرود جهان را که فرخ نبرد + خبرده که با فور فوران چکرد ۔ وله ۔ سبابے که
بویا تر از مشک بود + نمک یافته ماهی خشک بود ۔ وله ۔ فرو شست
زان بکید و فرخ مآل + در افتاد ماهی بآب زلال ۔ **ملا طغرا** ۔
سپهر بیست این کاخ فرخنده پی + بر و جبش مرتب زنجهای می ۔ **سعدی** ۔
شنیدم که دارائے فرخ تبار + ز لشکر جدا ماند در شکار ۔ دوان آمدش
گله بانی به پیش + بدل گفت دارائے فرخنده کیش + مگر دشمن ست
اینکه آمد بجنگ + ز دورش بدوزم بہ تیر خدنگ ۔ وله ۔ شنیدم که
جمشید فرخ سرشت + بسر چشمه آمد بسنگی نوشت ۔ وله ۔ بدو گفتم ای یار
فرخنده خوے + چه درماندگی پیشت آمد بگوے ۔ وله ۔ که ای پیر دانائے
فرخنده رائے + بگو این جوان را بترس از خدائے ۔ وله ۔ سرافراز زد
این خاک فرخنده بوم + ز عدلت بر اقلیم یونان و روم ۔ وله ۔
چو تو ای خرد مند فرخ نهاد + ندارد جهان تا جهان ست یاد ۔ وله ۔
هم از بخت فرخنده فرجام تست + که تاریخ سعدی در ایام تست ۔
وله ۔ خرم آن فرخنده طالع را که چشم + افتدش
بر روے تو هر بامداد ۔

فراخ قدم ۔ بہت چلنے والا ۔ تیز رفتار ۔ **امیر خسرو** ۔ ہیچ جا نرسد
رهرو فراخ قدم + جز آن فراخ قدم کش دو عالم ست دو گام ۔

فراخ آستین - سخی - بخشنے والا - جوانمرد - نظامی - فراخ آستین شو
کز ان سر شاخ + فتد میوہ در آستین فراخ -

فراخ بین - جو شخص سب کو برابر دیکھے - درویش والہ ہروی -
عشق فراخ بین را نازم کہ بی تفاوت از آب و خاک خم زخت گل و ریحان بسجہ

فراخ دامن - سخی - جوانمرد - بخشنے والا - قاسم مشہدی - در جیب
دل نگنجد عشق فراخ دامن + آئینہ سکندر آئینہ دان ندارد -

فراخ سخن - فراخ دہن - بکو یعنی بہت سی باتین کرنے والا بیباک
تقریر کرنے والا - سعدی - سند ہر مرد ہوشمند جواب مگر آنکہ گز و سوال
کنند + گرچہ بر حق بود فراخ سخن + حمل دعویش بر محال کنند -

فراگرفتن - حاصل کرنا - کسب کرنا - سیکھنا - دیکھنا - مطالعہ کرنا - محسن
تاثیر - تا چشم دارم کہ بیرون آورد از دین فرنگی را + فراگیرند در چشمش غزالان شوخ و تنگی را -

فرزند کسے در گریبان انداختن - بیٹا بنانا - متبنی کرنا - بیٹا پکارنا -
مشرقی - چرخ آن روز گہوارہ زنسیم بر داشت + عشق فرزندی خویشم بر داشت

فرس افگندن - فرس نہادن - مغلوب و ناتوان کرنا - نظامی -
فرس افگند جوشن من پیل را + رخ من پیادہ کند پیل را - ولہ - گردون کہ
فرس نہادہ تست + با ہفت فرس پیادہ تست -

فرستادن - بھیجنا - پیدا کرنا - درویش والہ ہروی - در ہفتہ اگر
جمعہ نمی بود مے شد + بر قدرت حق نقص کہ ایام فرستاد -

فرمان بردن - اطاعت کرنا - فرمان برداری کرنا - متابعت کرنا -
صائب - دل محال ست ز من عشوۂ دنیا ببرد + یوسف آن نیست کہ فرمان زلیخا ببرد

فرمان دادن - حکم دینا - حکم چلانا - میر معزی - اگر پیمان کند با من منجم
و خط بیانش + و گر فرمان دہد بر من منم در بند فرمانش -

فرمان راندن - حکومت کرنا - حکم چلانا - فرخی - جہان کشا و ولایت
فزا و ملک آرائے + ہنر نما و بدولت گرا و فرمان ران -

فرمان رسیدن - حکم پہونچنا - وقت آجانا - دم برابر ہونا - میر حسن دہلوی -
دو دست رضا بستہ از سر جان نخاستن + عذر میار ای حسن خیز کہ فرمان رسید -

فرمان کردن - حکم کرنا - حکم دینا - نظامی - بگو ہر چہ خواہی کہ فرمان
کنم + بیچارہ گری با تو پیمان کنم -

فرمودن - حکم کرنا - فرمانا اور آنا - جلال آذری - تو مہمانی در
ما باد یدہ و دل مہمان خانہ + اگر این خانہ دلگیر ست فرما اندران خانہ -

فروختن و فروشدن - بیع کرنا - بیچنا اور ظاہر کرنا - علی خراسانی -
مستان تو چون جامہ ببازار فروشند + این دلق کہن در کف خمار
فروشند + غلطم بدم تیغ علی ملکہ گریش + جائیکہ نمک بر دل افگار فروشند -

فروخوردن - تحمل کرنا - بردباری کرنا - صبر کرنا - حلق سے اتارنا
کھانا - صائب - چون صدف تا چند پیش ابروت افراشتن +
اشک حسرت را فرو خوردن گہر پنداشتن -

فروکش کردن - کسی جگہ ٹھہر جانا - رضی دانش - مجاہم گشت
راہ گوشہ میخانہ می پرسیم + درین ویرانہ سر گرم کردہ ام جای فروکش را -

فریاد خوان - فریاد خواہ - فریادی - فریاد کرنے والا - مظلوم
دادخواہ - سعدی - نہ باران ہمی آید از آسمان + نہ بر میرود دود فریاد خوان
نظامی - چو فریاد را در گلو بست راہ + گلو بستہ بہ مرد فریاد خواہ -
باقر کاشی - از بس کشیدم از دل و بیرون فگندمش + تر میکدہ ام
زنار کہ فریاد ے من ست -

فراخ رو - تیز چلنے والا اور فضول خرچ بے وجہ خرچ کرنے والا - ظہوری
رباعی - وقت ست کہ در پائے ہوس بند نہی - در رہ فر و رفتہ گوش
بر بند نہی + در طی زبان فراخ رو چون تو کہ دید + پا بر سر سال و ماہ
تا چند نہی - سعدی - مکن فراخ روے در عمل اگر خواہی + کہ
وقت رفع تو باشد مجال دشمن تنگ + تو پاک باش برادر مدار از
کس باک + زنند جامۂ ناپاک گازران بر سنگ -

فردرو - اکیلا چلنے والا وہ شخص جو بدرقہ کا محتاج نہو - صائب -
دامن فردروان گیر اگر حق طلبی + بہ صدائے جرس قافلہ از راہ مرو -

فراخ حوصلہ - زیادہ حوصلہ والا صاحب ہمت - شعر - تا ہو رازق
مطلق فراخ روزی داد + بوقت جود و سخاوت فراخ حوصلہ باش -

فراخی گاہ - وہ مقام جسمین ہر مطلوب چیز مل سکے ماکول و مشروب کی
تنگی نہو - نظامی - فراخی گہی دید نزدیک آب + فرو آمد آنجا بہنگام خواب -

فراغت خانہ - خلوت خانہ - الگ مکان - بیانی - کنیز ہوشمند
از بہائے برخاست بہ فراغت خانۂ دیگر بہار است -

فراموش پیشہ - بھول جانے والا - شدیم - ندیم ما - فراموش پیشہ ام
در رہ شد + امید نیست کہ لفرستد از دکن کاغذ -

فردخانہ - مسافرون کے رہنے کی جگہ - حکیم سنائی - ہر بیان
آفتاب بر ہانی + ہر سخن فردخانۂ جانی -

فرمان بالمشافہ - زبانی حکم جسکی فوراً تعمیل ہو تحریر اور نقل دفتر کی
حاجت نہو - محسن تاثیر - خطے کہ میدمد ز لب لعل گلرخان +
حکم ست بالمشافہ در قتل عاشقان -

فرمان دہ - حکم دینے والا - حاکم و آمر - سعدی - بر سر ملک مباد
آن ملک فرمان دہ + کہ خدا را نبود بندۂ فرمان بردار -

فرمود — فرمان اور فرمائش اور فرمائشی — وحارت — زندہ گرد جان بہ ہر کار فرمائی کند + قدر وحدت را بدان کو عاشق فرمودہ است —

فرنگ عشوہ — فرنگی جلوہ — فرنگی طلعت — محبوب کی تعریف میں بولے جاتے ہیں — صائب — فرنگی طلعتے کز دین مرا بیگانہ میسازد + اگر در کعبہ رومی آورد تبخانہ میسازد — بیخود جامی — قدم شد طوق قمری سرو فا من نشد رام + فرنگی جلوہ ام را رسم دلداری نمی باشد — ولہ — فرنگ عشوہ قیامت خرام جلوہ بہشت + ندانم این زخدا بخبر چہا شدہ —

فراخ ابروی — کشادہ پیشانی ہونا — نیک مزاج ہونا — **نظامی** — چو نمود نشان از سر نیکوئی + بان تنگ چشمان فراخ ابروئی —

فراغبالی — فارغبالی — بے غم رہنا — بے تشویش ہونا — **شفائی** — حسن تا بلا دمیان دارد شفائی عاشقیم + آسمان را عہد فارغبالی ما یاد نیست —

فرمان نیوشی — حکم سننا — **نورالدین ظہوری** — از ان نسیم کہ طوق گردنم گردد رگ گردن + نگردم حلقہ بہر گوش دل فرمان نیوشی را —

فرمودگی — فرمائشی نہایت عجیب وغریب — **میر حسن دہلوی** — داری جمالی بے بدل روئی بہ بے مثلی مثل بدخال وخطی بس بوالعجب چشمیم + بلفرمودگی —

فروغمندی — روشنی زیب وزینت — **فیضی فیاضی** — پیشانیش از فروغمندی + صبح دو جہان بسر بلندی —

فاے با ضاد معجمہ

فضلہ وار — وہ جگہ جس جگہ نجاست کا انبار لگا ہوا ہو اور تمام شہر کا میلا اس جگہ جمع کیا جائے — **فوقی یزدی** — جہان را فضلہ زاری دیدہ ام گو پاکدامانی + کہ حرف لفظ نقش بر صفحۂ خاطر رقم دارد —

فضالہ چین — ساغبلان ہونا کارہ شاخون کو درختوں سے کاٹ ڈالتا ہے — **عرفی** — زباغ لطف تو گلہا دمد کہ نسچیند + بفضالہ چین زرگران سوسن از سیان گرین

فاے با کاف

فکر این وآنہا — ہر ایک چیز کا فکر وتردد — **میرزا طاہر وحید** — بارب دل راغمین از فکر این وآنہ ساخت + بتواند شمع من از موم سد پروانہ ساخت —

فکیف — یہ لفظ استفہام گاہ بیان نوقت وحالت کے لیے بولا جاتا ہے — **سعدی** — خداوندگاری کہ عبد خرید + بدارد فکیف آنکہ عبد آفرید —

فکر تر تازہ کردن — تازہ اندیشہ اور تازہ منصوبہ میں ہونا — **سلیم** — لذت زخم کہن را مرہم ابدال از نو برد + فکر تر تازہ کن چون حریف باختہ —

فاے بالام

فلک کوکب — فلک ثوابت یعنی کرسی —

فلان چیز مہرست — فلان چیز شیدۂ رنج نہیں — **محسن تاثیر** — سالہا شد کز دیار عشق مردی بر نخاست + سنگ وتیغ بے ستون مہرست نا فرہاد رفت —

فلان چیز نازل شدہ است — فلان چیز قیمت اور رتبہ میں کم ہوگئی ہے —

فلان کفش پیش پاے فلان نمی تواند گذاشت — فلان شخص ایسا کم رتبہ ہے کہ فلان صاحب اقتدار کے روبرو جوتے جھاڑ کر نہیں رکھ سکتا اس ادنے خدمت کے لائق بھی نہیں ہے — **محسن تاثیر** — چون بقصد جلوہ آید قامت رعنای تو + سرو نتواند گذارد کفش پیش پاے تو —

فلک در رنج ما افتادہ است — آسمان ہمارے رنج کی فکر میں ہے — شعر — بر زمین کی راحتم گردد نصیب + چون فلک در رنج ما افتادہ است —

فلان دو کمان میکشد — یعنی نہایت بزرور ہے — رباعی شاپور — حسنش ز نمود خط قوی بازو شد + چشمش مرساد سخت بانیرو شد + پیوستہ یکے کمان ز ابرو برداشت + اکنون دو کمان کشد کہ چار ابرو شد —

فلک نورد — فلک سیر — فلک پیما — فلک رو — فلک سیر — فلک پرواز — فلک جناب — فلک رفعت — فلک ہمت — فلک آراے — فلک جاہ — فلک مرتبہ — فلک قدر — فلک پایہ — فلک سریر — فلک محل — فلک مرکب — فلک صید — فلک روب — یہ جملے سب تعریفی ہیں جو بادشاہان ذی شان واولیاے کرام کی تعریف میں بولے جاتے ہیں — **شیخ العارفین** — رنگ بر افشان من بدہد شہر سبا ست + آہ فلک سیر من تخت سلیمان عشق — **قاسم مشہدی** — ہیچکس نیست کہ ناکامی وصل تو نیست + ماہ نو یک لب خشک ست فلک سیران را + **میرزا صائب** — نخل از زمین پاک فلک سیر میشود + بال مسیح پاکے دامان مریم ست + **صائب** — فلک پرواز سازد آہ را درد گران ما + پر سیمرغ بخشد تیر را زور کمان ما — **ابوطالب کلیم** — دادہ حق سایۂ خود ریزئی از تو خلقے + کہ توان دید در روز فلک جاہ را **ظہوری** — ای چو شاکر چشیم نزد یک شبم + گر کشیم آہ فلک پیما کشیم — ولہ — فلک روب زرد امن سائران + زیر وین دہند از زن طائران **ضمیر خسرو** — شبنم فلک صید کہ شاہنشیش نام + آنکہ سزد باز سپہرش غلام + شاہ فلک مرتبہ جوزا ستام + ہم شہ وہم شاہسوار انام — **خواجہ سلمان** — یعنی کہ حریم حرم حضرت اعلے + سلطان فلک رفعت خورشید ہملارا — ولہ — فلک جناب شہا باجناب حضرت شاہ + از گردش گردون دون شکایتہاست **میر معزی** — خواجہ ابو سعد محمدؐ کہ ہست + صدر فلک ہمت خورشید ہست — ولہ — ز مشتری نظرت باد وز فلک طاعت + کہ شہریار فلک رای مشتری نظری **فیضی** — گشتند ہمہ فلک نوردان + آہستہ روان وتیز گردان —

فلفل وکافور — چونکہ کافور اڑ جانے والی چیز ہے اسلیے کافور کے ڈبے میں

سیاہ مرچین رکھی جاتی ہین جس سے کافور اُڑنے نہین پاتا گو یا ان دونون مین ازلی اور رفاقت کی پیوند ہے۔ سلیم۔ کیمیائے باز افیون نبود پیران را ہشا ہد این سخنم فلفل و کافور بس ست + طالع۔ وقت پیری بے مذاق تلخ نتوان زیستن + کے تواند داشت بے فلفل کسے کافور را۔

فلک نواز۔ نو دولت جو مفلسی کی حالت سے صاحب دولت ہو گیا ہو۔

فلک اطلس۔ فلک الافلاک جسکو عرش معلی کہتے ہین اور وہ تمام افلاک کو محیط ہے۔ فیضی۔ چون اوج ستارہ یک بیک ماند + با بر سر اطلس فلک راند۔

فلفل در آتش افگندن۔ کسی کو بیقرار کرنا۔ جادو گر جون پڑھ افسون پڑھکر کسی کے نام پر آگ ڈالتے ہین تو وہ شخص بیقرار رہتا ہے۔

فلان چیز بیک انگشت او بستہ۔ یعنی فلان چیز اسکے قبض و تصرف مین ہے۔ محسن تاثیر۔ بقدرت خامۂ صاحب سخن دستی چنان دارد + کہ چندین رستم دستان بیک انگشت او بستہ۔

فلک زدہ۔ مفلس و تہیدست آدمی۔

فاے با نون

فندق بند۔ انگلیون کے ناخون جو حنا سے رنگین ہون۔

فن مقراضک۔ فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہے۔ فوقی یزدی۔ قدر نم چون با میدان زبردستی نہد + فن مقراضک ہمی بر پور دستان میزنم۔

فندق بستن۔ انگلیون پر مہندی لگانا۔ شاپور۔ سازد سر انگشت حسرت میخورم خونبہا + کر حنا جانانہ فندق بست بر حنا بہا۔

فندق شکستن۔ بوسہ لینا اور دینا۔

فندقی کردن۔ انگلیون کو مہندی لگانا۔ ناخن سرخ کرنا معشوق کا۔ فغانی تبریزی۔ تا کہ سر انگشت گل کردہ خزان فندقی + کرد چمن پر نگار پنجۂ دست چنار۔

فندق زدن۔ ستانی بجانا دو انگلیان دہنے ہاتھ کی بائین کی ہتیلی پر مار کر آواز نکالنا۔ شرف شفروہ۔ فلک فندق زنان در عہد پیری + بہ صیتش رقص دوران مینماید۔

فنا کدہ۔ فنا کا مکان۔ عالم دنیا۔ محمد اسحاق شوکت۔ خانۂ ما کم از فنا کدہ نیست + چشم عنقا چراغ خلوت ماست۔

فاے با واو

فوجدار۔ شہر کے بیرونی حصے کا حاکم جیسے کہ کوتوال اندرونی حصے کا حاکم ہوتا ہے اور افسر فوج کا۔ ملا طغرا صدر کی ہجو مین۔ کہ بیرون کنند صدر ازین عیار + کہ از لشکر جہل شد فوجدار۔

فوطہ دار۔ وہ شخص جسکے سپرد امیرون کے پہننے کی پوشاکین ہون یا حمام کا نوکر جسکے تفویض نہلانے والون نے کپڑے کیے جائین اور خزانچی جسکے حوالے روپیہ ہو۔

فوطہ باف۔ پوشاک بننے اور بنانے والا۔ سیفی بدیعی۔ فوطہ باقی کہ مرا ہست زجان شیرین تر + ہمگر شود با من دلسوختہ چون شیر و شکر۔

فوطہ ربایان۔ لوگون کے کپڑے اتارنے والے جو سر ربنان۔ صائب۔ نیست از فوطہ ربایان جہان پروا نش + ہوی تر دلیدۂ خود ہر کہ بسر می بندد۔

فواق شیشہ۔ شیشے کی ہچکی یعنی وہ آواز جو شراب نکالنے کے وقت شیشہ سے نکلتی ہے۔ سلیم۔ نہیم تہمت خندہ بنش دبرین محفل + فواق شیشہ ہمی را بچنین علاج کنیم۔

فاے با یاے

فیروز بخت۔ فیروز مہر۔ فیروز جنگ۔ فیروز حال۔ فیروز راے۔ فیروز عزم۔ فیروز گشت۔ فیروز مند۔ فیروز گر۔ یہ جملے توصیفی بادشاہون کے حق مین بولے جاتے ہین۔ ملا عبد اللہ ہاتفی۔ خبر ہاے جزم داثر ہاے رزم + فرستادہ سہیل فیروز عزم + نظامی۔ چو فیروز بود آن نمونش بفال + در ین ہم توان بود فیروز حال۔ ولہ۔ بہر جا کہ رو آری از کوہ و دشت + بہی بادت از چرخ فیروز گشت۔ ولہ۔ کمر در کمر تا جدار ان دہر + بہ پیشش جہاندار فیروز مہر۔ ولہ۔ وزیر خردمند فیروز راے + بہ پیروزی شاہ شد رہنماے۔ ولہ۔ اشارت کند تا رقیبان تخت + لبسازند باشاہ فیروز بخت۔ ولہ۔ چو از تاج او شد فلک سر بلند + سر عش بعدا نان تاج فیروزمند۔ میرزا صائب۔ جامہ زنیل مصیبت زن کہ آن چشم کبود + چون بلاے آسمان فیروز جنگ افتادہ است۔ فرخی۔ شہ فرخندہ دل ہستی شہ فیروزگر گردی + ہموی جان بد گشتی بشاہی چون بہ ر گردی۔

فیروزہ تاج۔ جسکے تاج کے ساتھ فتح مندی ہو۔ نظامی۔ شہا ہست کاؤس فیروز تاج + ز ما یادش خواستن تخت عاج۔

فیروزہ رگدار۔ ایک قسم قیمتی فیروزہ کی ہے بخلاف اور جواہرات کے کہ رگدار ہونے سے قیمت اسکی کم ہو جاتی مگر فیروزہ کی بڑھ جاتی ہے۔ شفیع اثر۔ قدر میخواہی ز مردم چون فلک با ساف باش + ہست زان فیروزۂ رگدار را قیمت گران۔

فیل زور۔ بہادر۔ توانا۔ صاحب زور و طاقت اور نام ایک فن کا فنون کشتی سے۔ شعر۔ اگر شیر مردی دگر پیل زور + مکن زور مندی بکمزور مور۔

فیروزہ چشم۔ کبود چشم جسکی آنکھین نیلی ہین۔ نظامی۔ ہمہ سرخ و سفید

و فیروزہ خشم + ز شیران نہ ترسند ہنگام خشم -
فی الجملہ - حاصل کلام - مجمل سخن - خلاصۂ سخن - حافظ - حافظ
شراب و شاہد و رندی نہ وضع تست + فی الجملہ میکنی و فرو میگذار مست -
فیروزۂ بادامی - بو اسحاقی - فیروزہ حبابی - فیروزہ مردہ -
فیروزہ کے اقسام ہین - میر حسین شوقی - در عشق ہر کجا کہ بلند و پست
پست ماست + فیروزۂ حبابی گردون بدست ماست -

چوتھی فصل

اردو محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

فا‌ے باالف

فاتحہ پڑھنا - درود بھیجنا - دعا مانگنا - کسی چیز کے حاصل ہونے کی امید نرکھنا - ترک کردینا - صفدر توقانی - غم کرو بھر کسی کے مرنے کا + پہلے تم اپنا فاتحہ پڑھ لو -
فاختہ اڑانا - کبوتر بازی کرنا - نکمے کام کرنا عیش و عشرت مین مصروف رہنا - قطعۂ مؤلف - رشتۂ دنیا سے مرد دنیا دار + باندھتا ہی کبھی چھڑاتا ہی + کبھی طوطی قفس مین ڈالتا ہی + کبھی وہ فاختے اڑاتا ہی -
فارسی بگھارنا - فارسی بولنا - ایسی زبان بولنا جو دوسرے کی سمجھ مین نہ آئے - جرأت - کیا بھلا نیسکے بولینگے کیا دان کی فارسی + جرأت نری جو شعر گئی اصفہان کو -
فارسی کی ٹانگ توڑنا - کچی پکی فارسی بولنا غلط فارسی بولنا -
فارغخطی لکھوانا - بعد حساب کے بیباقی کی سند تحریر کرانا -
فاش غلطی کرنا - بھول جانا - بڑی غلطی کرنا -
فاضل باقی نکالنا - آئی رقم حساب مین جمع کرکے باقی یا فاضل نکالنا - قطعۂ مؤلف - حساب بے حساب دفتر و بر + بہت کرنے گئے مردان کامل + محاسب تھک گئے سارے جہان کے + نہ باقی اسکی نکلی اور نہ فاضل -
فاعل و مفعول ہونا - اسکے معنی مشہور ہین مضمون - میکدہ مین گیا سراسر فعل نامعقول ہی + مدرسہ دیکھا تو وان بھی فاعل و مفعول ہی -
فاقون کا مارا - سبب بھوک کا فاقے مرتا ہوا قطعۂ مؤلف - سید لوح نے کسی کو دولت و مال + کوئی محتاج اور مفلس بیچارا + کوئی جیتا ہی عیش و خرمی مین + کوئی ہی مرگیا فاقون کا مارا -
فانوس خیال - ایک قسم کا کاغذی فانوس ہوتا ہی جسمین طرح طرح کی تصویرین لکھی ہوئی ہوتی ہین وہ ہوا سے چکر کھاتا رہتا ہی تو چراغ کی روشنی سے وہ تصویرین بھی پھرتی ہوئی بہار دکھاتی ہین - نسیم - آنے لگے بیٹھے بیٹھے چکر + فانوس خیال بن گیا گھر -
فاقہ مستی - مفلسی مین رنگ رلیان لے و دلتی مین دولت کی چاہ عابد - فاقہ مستی اسے کہتے ہین کہ غارت ہو کر + پھر اسی رنگ مین ہیر پیر جوان دہلی - قطعۂ مؤلف - کبھی ہی صبح روشن اور کبھی شام + بدور انقلاب ملک ہستی + کوئی مدہوش جام دولت و مال + کوئی مست شراب فاقہ مستی -

فا‌ے باتا‌ے

فتوے دینا - شرع شریف کے مطابق قاضی یا مفتی کا حکم دینا - مولانا اکبر لاہوری - قتل کرنا روا ہی عاشق کا + مفتی عشق فتوی دیتا ہی -
فتنہ اٹھانا - شور و شر پیدا کرنا ہنگامہ برپا کرنا فساد قائم کرنا - صفدر توقانی - خیر جب بیٹھتے ہین مجلس مین + ہنسی دم تازہ فتنہ اٹھتا ہی -
فتح پیچ - دستار بندی کا ایک طریق پگڑی باندھنے کا ایک ڈھنگ عورتون کے سر کے بال گوندھنے کی ایک طرز - جرأت - پھر نہ نکلا وہ پڑ گیا جسپر + تیری چوٹی کے فتح پیچ کا پیچ -
فتنۂ عالم - تمام زمانے کا فتنہ - صفدر رامپوری - آئی اس فتنۂ عالم کی سواری آئی + یا گلستان کی طرف باد بہاری آئی -
فتح خان - بہادر را در جوانمرد آدمی - شعر ہجویہ - کیا کرتے ہین بگڑ دن کا کام + فتح خان اپنا رکھ لیا ہی نام -

فا‌ے باخا‌ے معجمہ

فخر سمجھنا - فخر جاننا - اپنی بزرگی اور بڑائی کا باعث تصور کرنا - حکیم انور لاہوری - ہین جو بندے فقیر مولی کے + فقر کو اپنا فخر جانتے ہین -
فخر خاندان - وہ شخص جسکے باعث سے خاندان کی عزت ہو - از مؤلف مولانا فخر الدین چشتی دہلوی کی تعریف مین - فخر دین فخر دین فخر جہان فخر زمان + شاہ فخر الدین ولی اللہ فخر خاندان -

فا‌ے باراے مہملہ

فراٹے لینا - فراٹے بھرنا - جلد جلد چلنا تیزی کے ساتھ دوڑنا -
فراغت جانا - جا‌ے ضرور جانا - پاخانہ پھرنے جانا - بیت الخلا جانا -
فراغت لگنا - پاخانہ کی حاجت ہونا -
فراغت ہونا - فرصت پانا کام سے - نجات حاصل ہونا -
فراغت پانا - فارغ ہونا - بے فکر ہونا - مولانا اکبر - کوچہ جانان تلک جو جاچکے + زندگی سے وہ فراغت پاچکے -
فرشتے دکھائی دینا - قریب مرگ ہونا - مرگ دکھائی دینا -
فرشتے کے پر جلنا - ایسا مکان جسمین کسی کا دخل نہو کوئی نجاسکے -
فغان - جلتے ہین اس گلی مین فرشتے کے پر فغان + کیونکر پھرے دیان سے ترا نامہ بر فغان -
فرش کردینا - مارتے مارتے زمین پر بچھا دینا خوب زد و کوب کرنا -

فرمایشی کھانا ۔ سخت مار کھانا ۔ جوتوں سے پٹنا ۔ راحت خانی
کسبی نہیں میں بتہ کا پردہ چھوڑ دو + کھاؤگے فرمایشی ہر بیلا ہو جائیگا ۔
فرمایشی لگانا ۔ جوتے لگانا خوب مارنا ۔
فرنٹ ہونا ۔ سرکش ہونا ۔ باغی ہونا ۔ نافرمان ہونا ۔ پھر جانا ۔ ؎
غیر کی دیکھتے ہیں جب آنکھیں + ہمسے فوراً فرنٹ ہوتے ہیں
فروکش ۔ اتر پڑنا ۔ قیام کرنا ۔ ٹھہرنا ۔ صفدر رامپوری ۔ ہمنشین
جاکے فروکش ہوے والاؤں میں + مشورے نظم و نسق کے ہوے دربانوں میں
فروگذاشت کرنا ۔ نظرانداز کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔ قصور معاف کرنا ۔
فرزین بند ۔ وہ مات جو شطرنج میں فرزین کے ذریعہ سے دیجائے ۔
فرزند خلف ۔ اچھا بیٹا ۔ فرمان بردار بیٹا ۔ لائق بیٹا ۔
فرزند ناخلف ۔ نالائق و نافرمان بیٹا ۔
فرش سے عرش تک ۔ زمین سے آسمان تک ۔ نعتیہ از مؤلف ؎
بادشاہی خدانے قائم کی + فرش سے عرش تک محمدؐ کی ۔
فرشی سلام ۔ جو سلام فرش تک جھک کر کیا جائے تعظیمی سلام ۔
فرشتے خاں ۔ مغرور و متکبر آدمی ۔
فرعون بے سامان ۔ مغرور گھمنڈی شیطان مفسد ۔
فرشی حقہ ۔ چوڑے پیندے کا حقہ ۔
فراشخانہ ۔ وہ مکان جسمیں فرش کا سامان رکھا جاتا ہے ۔

فاے باسین مہملہ

فساد کی جڑ ۔ مفسد ۔ فساد برپا کردینے والا ۔ دوشخصوں کو آپسمیں لڑا دینے والا

فاے باصاد مہملہ

فصلی بھڑوا ۔ موسمی مسخرا ۔ ہولی کا بھڑوا ۔
فصد کھلواؤ ۔ خون نکلواؤ تاکہ تمھاری دیوانگی رفع ہو ہوش میں آؤ
ہوش کی بنواؤ ۔

فاے باضاد معجمہ

فضیحتی کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ بے آبرو کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ جھگڑا اٹھانا ۔

فاے باطاے مہملہ

فطرت لڑانا ۔ فریب کرنا ۔ فریب کی چال چلنا ۔ دھوکا دینا ۔

فاے باعین مہملہ

فعل کرنا ۔ حرکت کرنا ۔ کام کرنا ۔ جماع کرنا ۔ ؎ پائینگے اسکی
قیامت کو سزا + بندے ناداں فعل بد کرتے جو ہیں ۔
فعل لانا ۔ لڑنا جھگڑنا ۔ شر اٹھانا ۔ فساد پیدا کرنا
مچلنا ۔ رمنڈنا ۔ پھیلنا ۔

فاے باقاف

فق پڑجانا ۔ رنگ اڑ جانا ۔ زرد ہو جانا ۔
فق مشہد ہو جانا ۔ خوف سے چہرے کا رنگ بدل جانا ۔ زرد پڑجانا ۔ مولانا
اکبر ۔ بام پر نکلے اگر تم رات کو اے ماہرو + چاند کا غیرت کے مارے رنگ فق ہو جائیگا ۔
فقروں میں آجانا ۔ خوشامد میں آجانا ۔ چکنی چپڑی باتوں میں آجانا ۔
شوق ۔ ہنسکے کہنے لگے وہ بہ غرور + ایسے فقروں میں آگئے ہیں ضرور ۔
فقرہ بتانا ۔ فقرہ چلنا ۔ فقرہ دینا ۔ دم میں لانا ۔ دھوکا یا فریب دینا
فقرہ بنانا ۔ گڑھنا ۔ بہانہ کرنا ۔ حیلہ سازی کرنا ۔
فقرے بازی کرنا ۔ چال چلنا ۔ دھوکا دینا ۔ فریب عشق ۔ کرتا
ہے فقرے بازیاں کیا خوب + ہمسے او رجعلسازیاں کیا خوب ۔
فقیر کردینا ۔ محتاج بنادینا ۔ کنگال کردینا ۔
فقیری لٹکا ۔ سہل اور آسان سا نسخہ ۔

فاے بالام

فلک پر چڑھنا ۔ عزت دینا ۔ رتبہ بڑھانا ۔ ؎ کس شوخ نے
کل باتوں ہی باتوں میں فلک پر + سو بار چڑھایا مجھے سو بار اتارا ۔
فلک سیر ۔ سبزی اور بھنگ جو پیکر مست ہو جاتے ہیں شوق ۔
بیخودی ہے کہ بیحیائی ہے + یا فلک سیر تو نے کھائی ہے ۔

فاے بانون

فنافی اللہ ہونا ۔ روح میں روح مل جانا ۔ بالکل لخت لخت ہو جانا
غارت ہونا ۔ مٹ جانا ۔ برباد ہو جانا ۔ مرجانا ۔ داغ ۔ فنافی اللہ ہوکر
پاؤں عمر جاوداں ایسی + مسیح و خضر کی ہستی سے بڑھکر ہو عدم میرا ۔

فاے باواو

فوجداری کرنا ۔ مجرمانہ حرکت کرنا ۔ لڑنا ۔ سزا کے لائق کام کرنا ۔
فوجداری سپرد کرنا ۔ مقدمہ عدالت فوجداری کے حوالے کرنا ۔

فاے بایاے

فیر اڑانا ۔ بندوق یا توپ چلانا ۔ جماع کرنا ۔ حرکت کرنا ۔
فی سبیل اللہ کردینا ۔ خیرات دینا ۔ عام کردینا ۔
فیلی فیلیا ۔ مکار ۔ فریبی ۔ دھوکا دینے والا ۔ بحر ۔ ؎ عاشق فیلیے
ہوتے ہیں کیا صورت بناتے ہیں حسینوں خط نہیں بنتا کہ چہرے بدلے جاتے ہیں ۔
فی نکالنا ۔ عیب نکالنا ۔ نقص نکالنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔

پانچویں فصل

لغات متعلق علم طب کے بیان میں

فاے باالف

فاشرا - یہ ایک بیل مشابہ انگور خار دار ہی اپنے پاس کے درخت پر لپیٹ جاتی ہی پھل اسکا بقدر چنے کے سُرخ رنگ خوشہ دار ہوتا ہی خوشہ میں دس دانہ سے زیادہ نہین ہوتے طبیعت اسکی گرم وخشک جالی وملطف ومجفف ومسخن دافع صرع وفالج و استرخاے ونسیان وخناق بلغمی وسرفہ کہنہ ہی۔

فاوانیا - تیسرا حرف واؤ بعض کے نزدیک یہ عود الصلیب ہی مگر ایسا نہین البتہ جڑ اور پتی اسکی مشابہ عود الصلیب کے ہین نر اور مادہ دو قسم پر منقسم ہی نر کے جوف مین خطوط صلیبی ہین اسلیے اسکو عود الصلیب کہتے ہین اور مادہ مین وہ خطوط نہین اسکو فاوانیا بولتے ہین اسکے پھل کا خسانده کابوس کو دفع کرتا زخم کو صفائی دیتا ہی بول اور حیض کو جاری کرتا ہی وجع رحم واختناق کا دافع ہی۔

فالوذج - معرب فالوده جو ایک مشہور خوراک ہی اور گیہون سے نشاستہ سے بنائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم تر کثیر الغذا داسطے اکثر امراض صدر کے کھانا اسکا نافع ہی۔

فاذج - اخیر مین خاے معجمہ ایک زرد پتھر مائل بسفیدی اور بعض مائل بسبزی لیسا ہوا البتی رنگ ہوتا ہی یہ بہتر سب زہرون کا علاج ہی

فار - چوہا مشہور جانور ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک کھانا اسکا مورث نسیان اور اخلاق بد کا ہی اور مفسد معده البتہ جس بچے کے منہ سے رطوبت بہت جاتی ہو اسکے واسطے مفید ہی اسکے جو شاندے مین بیٹھنا عسر البول کو دفع کرتا ہی سر اسکی بیٹھ کا آنکھون کی گری ہوئی پلکون کو نکالتا ہی سفیدی کو دفع کرتا ہی اور اگر زندہ چوہے کو چیر کر سانپ یا بچھو کے نیش پر باندھین زہر کھینچ لیتا ہی۔

فالبرنس - یہ ایک نبات بانس کی لمبی اور گرہ دار ہی بیج اسکا سپید بقدر باجرے کے جڑین باریک طبیعت اسکی گرم وخشک جوشانده اسکے بیج اور پتیون کا درد مثانہ کے واسطے مفید ہی جڑین بالکل بیکار ہین

فاط - یہ ایک پتھر ہی جو فارس سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک کھانا اسکا دھتورے کے زہر کو نافع ہی۔

فارة المسک - یہ جانور چوہے کی قسم سے ہی جسکو ہندی مین چھچھوندر کہتے ہین سخت بدبو اس سے آتی ہی کوئی جانور بدبو کے سبب سے اسکا گوشت نہین کھاتا بلی بھی اس سے بھاگتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک ہی اور گوشت زہر قاتل۔

فاشرستین - اسکے معنی ہین دو ریکستہ الاسامہ بیماریون کا ایک نبات ہی مشابہ فاشرا کے بیل اسکی پاس کے درخت پر لپیٹ جاتی ہی رنگ مخالف فاشرا کے طبیعت اسکی گرم وخشک بلا اعتدال صرع وفالج کو زیادہ تر مفید

فالنجیقن - ایک نبات ہی دو یا تین شاخین اسکی ہوتی ہین پھول سفید مشابہ سوسن کے دو تین دانہ دار بیج مین سیاہ جڑ باریک بچھو اور زہریلا جانورون کے زہر کا خاص علاج ہی۔

فاختہ - یہ ایک مشہور پرندہ ہی خاکستری رنگ گلے مین طوق طبیعت اسکی گرم اور خشک گوشت اسکا دافع رعشہ وفالج وخدر وامراض عصبانی بارد وریاح غلیظ وبیاض چشم ہی۔

فاغره - اسکو فارغہ بھی کہتے ہین فارسی مین فاخره اور کبابہ ونرمُنھ پھٹا اور مُنھ کھلا کہتے ہین کبابہ سے مقدار مین بڑا ہی جوزی رنگ آدھے تک پھٹا ہوا جوف مین ایک دانہ چھوٹا گول اور سیاہ چمکتا ہوا اور معطر طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی دماغ اور قلب معده وہاضم منقی اخلاط بلغمی وسوداوی ہی۔

فانیذه - فانیذ - قند گرم شکر کھانڈ جو گنے کے پانی سے بنائی جاتی ہین طبیعت اسکی گرم اور تر کھانسی اور ضیق النفس اور درد سینہ کو نافع ہی بطن کو ملین کرتا ہی برودت امعا اور رحم کو نکالتا ہی۔

فاسی - ایک قسم کے بیج سُرخ رنگ اور ٹیڑھی اور کڑوے پتے چنے کے نیون کے سے جو اور گیہون مین ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر وجع المفاصل وعسر النفس وورم طحال کو نافع ہی۔

فاے باتاے

فتیت - ہر ایک چیز ریزہ کی ہوئی کو فتیت کہتے ہین خصوصا گیہون کی روٹی ریزہ کی ہوئی جسکو چورما کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک قلیل الغذا مولد ریاح سوداوی مجفف رطوبات حاره دیر ہضم ہی۔

فتائل - جمع فتیلہ کی ہی جسکے معنے ہین بتیان جو دوا لگا کر قبل یا دبر مین رکھین۔

فتائل الرہبان - یہ ایک نبات ہی بقدر ایک گز کے سیاہ رنگ نیبو مائل بسپیدی پتی حنا کی سی سنا کی سے چھوٹی پھول اسکا زرد اور خوشبو مزه تیز اسکی جڑ اگر پتی لپیٹ کر چراغ مین رکھین بے تیل کے بتی کی طرح جلتی ہی اسی لحاظ سے اسکو فتیلہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک زکام اور درد سر اور کھانسی وعسر النفس کو نافع ہی باه کو زیادہ کرتی ہی درد مفاصل وعرق النسا کا علاج ہی۔

فاے باجیم

فجل - فارسی مین اسکو ترب اور تربہ ہندی مین مولی کہتے ہین جنگلی اور بستانی دو قسم کی ہوتی ہی مشہور چیز ہی لوگ اسکو بکثرت کھاتے ہین طبیعت اسکے بیج کی گرم وخشک درجہ سوم گرم اور تر اور گرمی باہ بست اور

بتھی کی زیادہ جڑ سے ہے فائدے اسکے بیشمار کتابوں مین لکھے ہین محلل مولد ریاح محرک اور بعض بدنوں مین ہاضم طعام اور خود غیر منہضم مدر بول ہے حضرت امام حسین علیہ السلام کا قول ہے کہ فجل مین تین خاصیتین ہین پتی اسکی پراگندہ کرنے والی ریاح کی مغز اسکا مدر بول پوست قاطع بلغم ہے۔

فجل باعتقی - یہ شامی مولی کا نام ہے مرکب القوی اور شلجم سے زیادہ گرم اور خواص مین اصل مولی سے ضعیف مدر بول محلل رطوبات۔

فراخ - بکسر اول و فتح ثانی ہر ایک جانور کا بچہ خصوصاً چوجہ مرغ و کبوتر مدادمت کھانے کباب بچہ کبوتر کے ساتھ لہسن اور پیاز کے مولد جذام ہے اور مطبوخ اسکا ساتھ چربی کے مقوی باہ ہے اور خروس کا بچہ بالخاصیت مضعف باہ ہے۔

فرخار - یہ ایک درخت بقدر چنار کے ہے پتے اسکے بادام کے پتون کی طرح پھول گلاب کے سے نہایت خوش شکل طبیعت اور بو اسکے گلنار کے سے مگر اس سے ضعیف تر۔

فرمیوس - یہ ایک پھل حنظل کی صورت پر ہے طبیعت اسکی بہت گرم اور خشک مدر عرق ہے اور دافع زہر افعی اگر نیش پر لگایا جاوے فائدہ دے۔

فرس - اسپ یعنی گھوڑا جو مشہور چارپایہ ہے طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم خشک کھانا اسکے گوشت کا مورث شجاعت اور سختی دل کا ہے۔

فرنجمشک - ایک قسم ریحان کا جسکو ہندی مین تلسی کہتے ہین اور ہندو اسکی پرستش کرتے ہین اور اسکی شادی پر ہزار ہا روپیہ خرچ کرتے ہین خوشبو اس سے لونگ کی سی آتی ہے طبیعت اسکی گرم خشک دماغی مسامون کو کھولتا ہے درد سر کو دفع کرتا ہے منھ کی بو کو خوش کرتا ہے مقوی دل دافع خفقان و وسواس ہے ہاضم غذا ہے۔

فربیون - اس دوا کو بعض زقوم یعنی تھوہر کا دودھ جانتے ہین اصل یہ ہے کہ کوہ بربر مین ایک نبات مشابہ نبات کا ہو کے ہے اس سے یہ دودھ لیا جاتا ہے اثلیلس بالف ممدودہ اسکا نام ہے جسکا ذکر الف ممدودہ مین تحریر ہو چکا۔

فراسیون - اسکی ماہیت مین اختلاف ہے فیلسوف ریدوس کہتا ہے کہ وہ نبات ہے بہت سی شاخین جسکی ہین رونگٹے دار پتی گول بقدر انگوٹھے کے پھول ہے غنچہ۔ انطاکی نے لکھا ہے کہ وہ ایک جڑ مربع ہے ساتھ شاخون سفید رونگٹے دار کے پھول اسکا نیلا اور زرد بعکس قرامزا۔ حکیم علی گیلانی کہتا ہے کہ فراسیون کو حشیشۃ الکلب مغلالارض کہتے ہین جب کتا اسکے پاس سے گذرتا ہے اسپر موت دیتا ہے طبیعت اسکی گرم خشک ساتھ قوت تریاقیہ کے دافع یرقان سرفہ و درد گوش و جرب و دمع ہے چبانا اسکے پتون کا دانتون کو مضبوط کرتا ہے۔ ضیق النفس و فضلات غلیظ کا قاطع ہے۔

فائے باسین

فساقیش - فارسی مین اسکو سرخک اور ساس اور شب گز ہندی مین کھٹمل کہتے ہین جو مشہور موذی جانور چارپائیون اور بوریا وغیرہ مین پیدا ہوتے ہین آدمی کا خون پیتے ہین انکو مارا جائے تو صرف خون پھیل جاتا ہے جس سے سخت بدبو آتی ہے طبیعت اسکی گرم خشک ہے غرغرہ اسکے جوشاندے کا واسطے نکالنے جونک کے کہ حلق مین چمٹ گئی ہو فائدہ بخش ہے پیسکر ڈالنا اسکا عضو تناسل کے سوراخ مین احتباس بول کا علاج ہے کھالینا ایک عدد کھٹمل کا واسطے دفع زہر سانپ شاخدار کے مجرب ہے۔

فستق - معرب پستہ مشہور پھل ہے طبیعت اسکی گرم خشک مقوی باہ ہے اور زیادہ کرنے والا منی کا مقوی ذہن و حافظہ و دماغ و دل دافع خفقان و ذمنفی کبد قلیل الغذا مسمن بدن و معاون معدہ ہاضم طعام ہے۔

فائے باشین

فشارع - یہ ایک بیل جنس فاشرا سے ہے پاس کے درخت پر لپٹ جاتی ہے اور اسکو چھپالیتی ہے ہندی مین اسکو سیم ہاسنجھ ول کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک پھل اور پتی مفرح و مقوی حافظ حرارت غریزی دافع زہر ہر قسم ہے۔

فائے باضاد معجمہ

فضہ - یہ مشہور دھات ہے فارسی مین اسکو سیم و نقرہ ہندی مین چاندی اور روپا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک مفرح مانند یاقوت دافع مالیخولیا و جنون و وسواس ہے چاندی کے سرمچو سے سرمہ آنکھون مین ڈالنا موجب صفائی بصر ہے سرفہ و خفقان و توحش و تمام امراض قلبیہ کا علاج ہے۔

فائے باطائے مہملہ

فطر - فارسی مین اسکو سماروغ کہتے ہین یہ ایک نبات ہے کہ بعد بارش کے نمناک زمینون مین پیدا ہوتی ہے آدھی انڈے کی شکل کہ وہ الٹا رکھا ہوا ہو ہندی مین اسکو کھمبین بھوڑ کہتے ہین پنجابی مین کھونب ساق اسکی بہت چھوٹی ہوتی ہے اسکی دو قسم ہین ایک ماکول جو کھانے مین آتی ہے دوم غیر ماکول جسمین سمیت ہے ماکول سفید نیلگی مائل اسکو کماۃ کہتے ہین اور غیر ماکول سرخ و سیاہ و فطر ہے طبیعت ماکول کی سرد اور تر ہے مگر کھانے کی کثرت سے فالج اور سکتہ ہو جانے کا خوف ہے دیر ہضم مولد خلط غلیظ سرمہ اسکے تارے پانی کا دافع سفیدی چشم و مقوی باصرہ ہے اگر اسکے پانی مین سرمہ پیسین اور آنکھون مین لگائین تو نزول الماء کا مجرب علاج ہے۔

فطراسالیون - کرفس کوہی اور کرفس ماقدونی بھی اسکو کہتے ہین بیج اسکے لمبا جواین کی طرح خوشبو طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع لزوجات محلل نفخ و مفتح دافع درد پہلو ادرار بول و حیض ہے۔

فاے باقاف

فقاح ۔ اخیر مین جاے حطی شگوفہ ہر ایک درخت کا ۔

فقاح الملح سنگ کی کان پر ایک چیز مشابہ شورہ کے پیدا ہوتی ہی جو الطف اجزا اسکے ملح ہی ۔

فقع ۔ یہ ایک نبات بطور فطر کے گول مائل بطوالت بقدر نارنج بعد بارش نمناک زمین سے نکلتی ہی ایک دانہ باہر ہوتا ہی تو ایک یا دو دانے زمین کے اندر رہوتے ہین بعض جگہ صرف زمین پھٹی ہوئی معلوم ہوتی ہی تو واقف کار زمین کھود کر اسکو نکال لیتے ہین اور وہ شیرین اور لذیذ ہوتا ہی مگر دیر ہضم و ثقیل مولد قولنج ۔

فقاع ۔ بوزہ جو ایک قسم نشتی چیز جوا ور چانولون سے بناتے ہین کنگنی اور جوار اور فطیری روٹی و مویز و خرما و شکر و نیشکر و شہد سے بھی بوزہ بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی مختلف باعتبار آن اشیا کے جنسے یہ بنایا جاے ہوتی ہی ردی الغذا مولد اخلاط غلیظ و ریاح ہی قوت نافذہ اُسمین اس حد تک ہوتی ہی کہ اگر ہاتھی دانت کو اُسمین بھگوئین تو ایسا نرم ہو جاتا ہی کہ جو چیز اُس سے بنائین بآسانی بنجاتی ہی ۔

فقاح الکرم شگوفہ انگور کا طبیعت اسکی سرد او خشک مقوی دل و معدہ مسکن فواق اور قی ہی عرق کھینچا ہوا لطیف تر اور قوی تر ۔

فاے بالام

فلفل الماء ۔ اس مرچ کا درخت پانی مین ہوتا ہی بید کی سی پتی نرم نازک ڈنڈی گرہ دار شاخین مرچ کے قائم مقام ہین بلکہ کھانے کو خوش ذائقہ و خوشبو کر دیتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک مسخن معدہ و جگر و ہاضم طعام ہی ۔

فلز ۔ دھات ہر قسم کی خصوصًا مس سفید جس سے ڈھالکر برتن بناتے ہین اور اجسام معدنی جو آٹھ ہین طلا نقرہ قلعی سرب لوہا توتیا مس روئی طبیعتین اور افعال اور خواص ہر ایک کے موقع موقع پر درج ہین ۔

فل ۔ نیلوفر اور چنبیلی کے پیوند سے یہ پھول حاصل ہوتا ہی پھول سفید ہی اسکے پھل کا پہلے رنگ زرد ہوتا ہی جب پکتا ہی تو سیاہ ہو جاتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک مفتح سدد منقی دماغ مزیل درد سر و استرخاے عصب دافع خفقان و غشی و استسقا و بواسیر ہی

فلفل ۔ معرب پلپل ہندی مین جسکو گول مرچ کہتے ہین مشہور چیز ہی ایک سیاہ اور دوسری خاکستری مائل لمبا ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل و جذاب و جلا و منقی بلغم مقوی حافظہ و اعصاب ۔

فلفل السودان ۔ یہ مرچ سودان علاقہ حبش مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل ریاح غلیظ و بلغم لزج و مفتح سدد محرک باہ و دافع درد دندان ہی ۔

فلفل موبہ ۔ ہندی مین اسکو پیپلا مور کہتے ہین اور پیپلا مول گودا جڑ ہی جو دار فلفل کی جڑ ہی اور دار فلفل کا بیان حرف دال کی پانچوین فصل مین تحریر ہو چکا ہی ۔

فاے بانون

فنک ۔ یہ پوست ایک جانور کا ہی سنجاب سے بڑا بلاد روس اور ترک سے لاتے ہین سپید اور سرخ اور ابلق ہوتا ہی خوشبو بہت زیادہ طبیعت اسکی گرم او خشک پہننا اسکا مسخن بدن و ملطف و محلل اخلاط دافع فالج و لقوہ و رعشہ و حمیات ہی اسکے بخور سے موذی جانور بھاگ جاتے ہین ۔

فنجیون ۔ یہ ایک گھاس ہی پتی اسکی سیلاب کی سی زرد پھول جڑ باریک تیز مزہ اور کڑوی بعض کے نزدیک یہ گھاس تنباکو کی ایک قسم سے ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل ریاح ہی کھانسی مزمن کا علاج ہی ضیق النفس کو دفع کرتی ہی اورام کو تحلیل کرتی ہی زخمون کو اچھا کرتی ہی ۔

فاے باواو

فودنج ۔ پودینہ جو مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک نہایت ملطف ہی معدہ کو صفا کرتا ہی سینے کی سوزش و استسقا و یرقان کو دفع کرتا ہی مخرج جنین ہی اور ادرار عرق و بول و حیض کے واسطے فائدہ بخش ہی فودنج جبلی یعنی پہاڑی پودینہ اور فودنج نہری یہ بھی پودینہ کے اقسام مین ۔

فوفج ۔ بدن کی مالش اور صفائی کے واسطے گیہون اور جو کے آٹے سے بنایا جاتا ہی خوشبو بھی اُسمین داخل کرتے ہین جرب اور بدن کی خارش کے واسطے نہایت مفید ہی ۔

فوفل ۔ سپاری جو مشہور چیز ہی چھالیا اور چکنی دو قسم کی ہوتی ہین اسکو کتر کر اور پان مین رکھکر کھاتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک شیخ الرئیس کے نزدیک گرم خشک ہی مستحکم کرنے والی اعصاب کی دافع رطوبت دہان مضبوط کرنے والی دانتون کی مقوی دل مدر بول و حیض حابس اسہال و قاطع عرق ہی ۔

فوہ ۔ یہ ایک گھاس مشابہ کرفس کوہی کے ہی بڑی پتی بلق اسکی قدر ایک گز کے پھول نرگس کے سے جڑ اسکی مستعمل ہی طبیعت گرم خشک دافع درد سینہ و درد پہلو و ورم الطحال ہی ۔

فوّہ ۔ یہ ایک جڑ سرخ مکدر سی رنگریز لوگ اس سے کپڑے رنگتے ہین بستانی کا پھل بعد پکنے کے سیاہ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک پینا

اسکے خسانمدے کا ساتھ شہد کے فالج کو فائدہ دیتا ہی اور واسطے نقوہ و سستی اعضا و تقویت معدہ کے مقید ہی۔

فاے باہاے ہوز

فہد ۔ یہ شکاری جارپایہ ہی جسکو فارسی مین یوز اور ہندی مین چیتا کہتے ہین مادہ اسکی نر سے زیادہ شکار کرتی ہی اور شکار کرنا جلد سیکھ جاتی ہی جب یہ بیمار ہوتا ہی تو کتے کا گوشت کھا کر شفا پاتا ہی راگ اور باجے اور شراب کو یہ بہت چاہتا ہی سب سے پہلے جسنے اسکو شکار پر لگایا یزید پلید ابن معاویہ تھا جسنے سید الکونین امام حسین علیہ السلام کا خون اپنی گردن پر لیا طبیعت اسکی گرم و خشک خواص اسکے یوز کی لفظ کی تشریح مین تحریر ہونگے انشاء اللہ تعالے کہتے ہین کہ اسکا پیشاب اگر کسی چوہے کے سوراخ مین ڈالین تو سب چوہے گھر سے بھاگ جائین۔

فاے بایاے

فیروزج ۔ فیروزہ مشہور جواہرات ہی کانین اسکی نیشاپور اور خجند اور کرمان اور آذربایجان و کوہ فارس نواح شیراز مین ہین نیشاپوری فیروزہ سب سے اچھا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک سرمہ اسکا آنکھون کو روشن کرتا ہی دمعہ کو دور کرتا ہی باصرہ روح کو تقویت دیتا ہی شبکوری کا علاج ہی معجون مرکب اسکی تقویت دل و معدہ کو دیتا ہی خفقان کو دور کرتا ہی تریاق ہر ایک قسم کے زہر کا ہی۔

فیلزہرج ۔ یہ لفظ معرب پیل زہر کا ہی یہ ایک نبات ہی جسکا عصارہ رسوت ہی چونکہ وہ قاتل فیل ہی اسلیے اس نام سے موسوم ہو طبیعت اسکی گرمی و سردی مین معتدل ہی پینا اسکا درد سپرز اور یرقان و ادرار حیض و اسہال بلغمی کو بہت مفید ہی آنکھون کو اسکا طلا روشن کرتا ہی اور رمد کا دافع ہی۔

فیل ۔ معرب پیل بڑا جانور چوپایہ جانورون مین ہی جسکو ہندی مین ہاتھی کہتے ہین دو قسم کا ہوتا ہی ایک وہ جسکے دو دانت باہر کو بڑھے ہوے ہوتے ہین دوسرا وہ جسکے دانت باہر نکلے ہوے نہین ہوتے طبیعت اسکی سرد اور بہت خشک ہی ہاتھی کا پتہ اگر سرمہ مین حل کرکے آنکھون مین لگائین آنکھون کو روشن کرتا ہی ہاتھی دانت کا برادہ دو درم ہر روز شہد کے ساتھ کھانا حافظہ اور فہم کو بڑھاتا ہی دافع وجع المفاصل و حابس اسہال و نزف الدم ہی اور کھانا اسکا بعد طہر حیض کے ایک ہفتہ تک عورت کو حمل کا امیدوار کرتا ہی اگرچہ عورت عقیمہ ہو بطن مین شافہ رکھنا اسکا بھی یہی عمل کرتا ہی یہ بھی مجرب ہی کہ بعد طہر کے تین رات تک ہر رات ایک مثقال برادہ اسکا ساتھ دو مثقال مصری کے عورت پھانکے اور چوتھی رات شوہر کے ساتھ جفت ہو تو حمل ضرور رہ جائیگا اور اگر اسکا سرگین عورت سات روز حمول کرے تو آیندہ کبھی حاملہ نہوا ور بھی فائدہ اس فائدہ بخش جانور کے کتابون مین بہت لکھے ہین۔

چوبیسوان باب

قاف معجمہ کے ذکر مین اسمین بھی دستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

عربی و فارسی وغیرہ لغات کے بیان مین

قاف باالف

قاضی بیضا ۔ ایک بزرگ صاحب تفسیر بیضاوی جو بیضا مین رہتا تھا اور وہ شہر فارس مین ہی۔

قاقا ۔ آواز زاغ ۔ کوّے کی آواز۔

قارسیا ۔ وہ میوہ جسکو آلو بالو کہتے ہین۔

قاقیا ۔ ایک گوند کا نام ہی جس سے چمڑے کو دباغت کہتے ہین۔

قاب ۔ خوان طعام و آوند و ظرف یعنی برتن ہر قسم کا اور خانہ ہر چیز کا چنانچہ ہر آئینہ کا قاب عینک کا قاب کتاب کا قاب وغیرہ یہ لفظ ترکی ہی۔ ملا طغرا ۔ شد آفتاب رویش ہمرنگ قاب مصحف + تفسیر گشت بنیاب از پیچ و تاب مصحف ۔ تاثیر ۔ بخت قاب عینک و آئینہ دارد خانہ ام + غیر روشندل ندارد راہ در کاشانہ ام۔

قالب ۔ بدن آدمی کا اور قالب اور کاغذ و کفش و خشت و قالب پنیر و قالب قند وغیرہ و جو چیز قالب مین پلٹ کر بنائی جائے اور چھاپہ جو کپڑے وغیرہ پر کیا جائے ۔ سعدی ۔ گر یکے زین چہار شد غالب + جان شیرین برآید از قالب۔

قاصب ۔ توڑنے والا ۔ بہت تیز۔

قابلیت ۔ قابل ہونا ۔ لائق ہونا۔

قامت ۔ قد انسان کا اور وقت آغاز نماز کے قد قامت الصلوۃ کہنا ۔ صائب ۔ بیشتر زانکہ دہد خامہ بدستش استاد ۔ الف قامت او مشق قیامت میکرد ۔ شیخ العارفین ۔ آمد آن شوخ بسیر چمن سرو سہی + جلوۂ قامت او دید و سر افگند بہ پیش۔

قانت ۔ فرمان بردار دعا مانگنے والا ۔ نماز پڑھنے والا ۔ خاموش۔

قادورات ۔ بہت سی پلیدیان۔

قاج - پھانک خربزہ و تربوز وغیرہ کی -
قاصد - قصد کرنے والا - ارادہ کرنے والا - سیدھا راستہ چلنے والا - تیز رو -
سعدی - من و چند صعلوک صحرا نورد + برفتیم قاصد بدیدار مرد -
قاعد - بیٹھا ہوا اور بیٹھنے والا اور وہ عورت جو حیض اور جننے سے ناامید ہو چکی ہو -
قائد - پیشرو لشکر کا اور وہ شخص جو اندھے کی لاٹھی ہاتھ میں پکڑ کر اسکو راستے پر لے جائے -
قادر - صاحب قدرت و زور و توانا و اختیار - میر معزی - بر گنہگار جو قادر شوی از کردہ او + نکتہ یاد کن عفو ہمین ست کرم -
قاطر - استر یعنی خچر جو ایک مشہور چارپایہ ہے گدھے اور اسپ مادہ کے باہم جفت ہونے سے پیدا ہوتا ہے - ۵ - بد بنیا طالب دنیا سے فانی + ہمیشہ ہمچو قاطر زیر بار ست -
قار - ترکی میں برف کو کہتے ہیں اور عربی میں قیر جو ایک قسم کا سیاہ گوند ہے اور بتشدید راے عربی میں قرار پکڑنے والا -
قاصر - قصور کرنے والا - کوتاہی کرنے والا - مفتی حیدر - از دل و جان حاضرم اندر حضور + گرچہ در ظاہر ز خدمت قاصرم -
قاسر - زبردستی کسی کام پر مقرر کرنے والا - زور سے کام کر لینے والا -
قاشور - قطار میں سے گیارھواں گھوڑا -
قاشر - چھلکا اتارنے والا -
قاز - ایک جانور کا نام ترکی زبان میں ہے جسکو بط کہتے ہیں -
قاموس - دریا اور دریا میں سے وہ موقع جہاں عمیق پانی ہو اور نام ایک کتاب کا لغت میں جسکو مجدالدین بن یعقوب فیروزآبادی نے تالیف کیا -
قابوس - معرب کاؤس جو ایک بادشاہ کا نام ہے اور نام ایک حکیم کا -
قاس - غوک یعنی مینڈک جو ایک آبی جانور ہے اور ابر یعنی بادل اور حاجب یعنی محافظ و چوکیدار -
قاقوس - بہر دو قاف نام ایک غلے کا ہے جسکو عربی میں عدس کہتے ہیں اور ہندی میں مسور -
قالوس - موسیقی میں ایک راگ کا نام ہے -
قاش - ابر یعنی بادل اور پھانک خربزہ وغیرہ کی جو میوہ کی طوالت کی طرف سے اتاری گئی ہو -
قاص - قصہ خوان قصہ کہنے والا اور وعظ نصیحت کہنے والا اور کسیکا پیچھا کرنے والا -
قابض - قبضہ کرنے والا اپنے تصرف میں لانے والا مال وغیرہ کو - ۵ - ہر چہ داری صرف کن در راہ حق + تا شوی قابض بمال و مملکت -
قامع - توڑنے والا استوار کرنے والا - مدحیہ از مؤلف - قامع بنیاد کفار لعین + حیدر کرار کا فرکش علی -

قارع - فال مارنے والا قرعہ کے ساتھ اور وہ شخص جسکے سر کے بال کسی بیماری کے سبب سے گر گئے ہوں اور وہ شخص جو کسی کا مشورہ قبول کرے اور جس امر سے کوئی اسکو روکے ترک جائے -
قاع - زمین ہموار و فراخ میدان -
قاطع - کٹا ہوا اور کاٹنے والا قطع کرنے والا اور مستحکم حجت و مضبوط دلیل جسمین کسی کو کلام نہو اور نہ شک و شبہہ کا دخل ہو - خواجہ آصفی - خطے کہ یار ز نزاکت شنید دلو برون آورد - شد آصفی بے قطع تو حجت قاطع -
قانع - قناعت کرنے والا - زیادہ طمع نرکھنے والا - صائب - جائے رحم ست بر آن فاختہ کو نتواں + کہ بیک سرو شد از عالم بالا قانع -
قاف - نام ایک حرف کا حروف تہجی سے جسکے عدد ایکسو ہیں اور نام ایک پہاڑ کا جسکو کوہ قاف کہتے ہیں اور بمعنی کنارہ - ۵ - بوصف ذات واحد ہست وصاف + ہمہ خلق خدا از قاف تا قاف -
قائف - جو قیافے کا علم جانتا ہو -
قاتق - قتق وہ ترشی جو آش میں ڈالتے ہیں -
قاشق - ترکی چمچہ جو مشہور چیز ہے -
قاق - گوشت خشک سوکھا ہوا گوشت یہ لفظ ترکی ہے لاغر و نزار اور آدمی جو بہت لمبا ہو اور ایک قسم کی روٹی جسکو کاک کہتے ہیں اور آواز زاغ - کوے کی آواز - ناد م گیلانی - مجوس مردہ ام از بسکہ قاق گشتہ تنم + کہ خانہ و خمہ نما گشت و من مجوس نما -
قائل - بولنے والا - بات کرنے والا - اور قیلولہ کرنے والا - اور اقرار کرنے والا -
قابل - پیش آنے والا اور قبول کرنے والا و سزاوار و پسندیدہ و ضامن -
قال - گفتگو کلام جو امر زبان اور قلم کے متعلق ہے مطابق حال کے - توحید - شوئی ناظر تو ئی حامد بہر حال + تو ئی لفظ و تو ئی معنی بہر قال - بفرمانت نشود ہر دم نمایان + ز یک یک شکل بے تعداد اشکال + یکے خوشحال و فارغبال و خرسند + دگر غمگین بفکر ماضی و حال -
قال مقال - گفتگو میں تقریر میں -
قاتل - قتل کرنے والا - مار ڈالنے والا - توحید - مباش ظالم و بیرحم و سنگدل قاتل + شوی وگرنہ بانجام خوار و زار و مجل -
قابول - عمارت کا برآمدہ اور بڑھا ہوا چھجہ اور پرنالہ جس سے پانی بارش وغیرہ کا باہر گرتا ہو -
قاقم - ایک جانور کا نام ہے جسکا چمڑا نہایت سفید اور نرم ریشم بلا ہوتا ہے اور اسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہیں - مؤلف - حاجت خرقہ

ندا سد اہل دل + بندہ باش و نقائم و سنجاب پوش ۱
قائم - قیام کی حالت مین کھڑا ہوا محکم و مضبوط - س - گاہ اندر رکوع و گہ بسجود + گاہ اندر قیام قائم باش -
قاسم - تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا - **مؤلف** - قاسم روزی خداوند کریم + غافر و ستار و رحمان و رحیم -
قازغان - قازقان - یعنی بڑی دیگ اور کڑاہی لوہے کی ترکی لفظ ہے
قاآن - ترکی مین بادشاہ امیر سردار خان کا لفظ اسی لفظ کا بگاڑ ہے -
قاطن - مقیم یعنی جو شخص سفر مین نہو -
قاطنین - بہت سے مقیم مقابل مسافرین -
قانون - اصل ہر چیز کا اور کتاب کا مسطر اور مقیاس ہر چیز کا اور آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ معلوم ہو اور قاعدہ اور دستور و طرز و طریق اور نام کتاب ابو علی سینا کا جو اسنے طب مین لکھی اور نام ایک ساز کا موسیقی مین **خواجہ سلمان** - احوال مہر و مہ را راے تو کردہ روشن + اعمال ملک مین را کلک تو بستہ قانون **ظہوری** - سلطان رسل کر حملہ را تاج سرست + قانون اتقا طفیل و نغمہ درست -
قارن - نام ایک پہلوان کا جو رستم کا ہم عہد تھا -
قائن - عورت کے خاوند کا بھائی یا خاوند کی عورت کا بھائی -
قاقلتین - دونوں الایچی جو چھوٹی اور بڑی مشہور ہین -
قاطعین - مسافر لوگ -
قانتین - فرمان بردار - نمازی - نیک بخت لوگ -
قالین - مشہور فرش قیمتی ہے - **مولانا اکبر لاہوری** - براے خاکساران محبت + فقط خاک ست قالین و نہالین -
قاطون - نوسادر جو سنار چاندی مین ڈالکر گلاتے ہین -
قارون - نام ایک مالدار شخص کا ہے جو موسی علیہ السلام کے وقت مین تھا موسی نے اس سے زکوۃ طلب کی وہ دشمن ہوگیا اور موسی پر زنا کی تہمت قائم کی اور ایک عورت کو سر مجلس حاضر لایا اور کہا کہ تم نے اسکے ساتھ زنا کیا عورت انتقام الہی سے ڈر گئی اور کہا کہ مجکو قارون نے زر کثیر دیا ہے اس عوض مین کہ مین زنا کا اقرار کرون اس تہمت کی سزا مین قارون مع خزائن زمین مین دھنس گیا **سعدی** - اگر و کفش گنج قارون بود + و گر تا بعش ربع مسکون بود + بنیر زد بخیل آنکہ نامش بری + مگر روزگارش کند چاکری -
قاپو - ترکی مین دروازہ اور رخصت و زور و قوت -
قارو - ایک پرند کا نام ہے جسکو راج ہنس کہتے ہین -

قارورہ - ہر ایک شیشہ خصوصا وہ شیشہ جسمین بیمار کا بول ڈالکر حکیم کے پاس لے جاتے ہین -
قاطبہ - تمام و ہمہ و گمان - **محسن تاثیر** - دل بستہ ام بقاطبہ سرو قامتان + نیشکر ست جاے قیام غضنفرم -
قاعدہ - دستور و بنیاد اور عورت جو بیٹھی ہوئی ہو **کمال اصفہانی** - مہر کین تو بنہد قاعدہ کون و فساد + کرد صد بار از ان منہی فکرت حرم -
قافلہ - کاروان اور گروہ جو سفر سے پس آیا یا گیا ہو یعنی یا ہو ملک - شد محمد شاہی فرقہ گم گشتگان + از عنایتہاش بر منزل رسید این قافلہ -
قافیہ - پیچھے چلنے والا چونکہ غزل مین قافیہ ایک دوسرے کے پیچھے چلتا ہے اسواسطے اسکا نام قافیہ رکھا گیا -
قالینچہ - چھوٹا قالین -
قلب خانہ - قمار خانہ کیونکہ قاب اس ہڈی کو کہتے ہین جس سے قمار کھیلتے ہین -
قاقلہ - الایچی جو مشہور چیز ہے -
قاہ قاہ - وہ ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو -
قابلہ - ذمہ دار و ضامن و دایہ جو بچہ کی پرورش کی کفیل و ضامن ہوتی ہے
قارعہ - زمانے کا حادثہ و سختی -
قاہرہ - غالب و زبردست اور نام ایک شہر کا مصر کے علاقہ مین -
قائمہ - پورے درجے کا زاویہ -
قانی - بہت سرخ -
قاری - پڑھنے والا علم قرأت کا عالم -
قاسی - سخت و سیاہ دل -
قاصی - نہایت تک پہونچنے والا اور دور رہنے والا -
قاضی - حکم دینے والا - عدالت کرنے والا -
قاپی - ترکی مین دروازہ -
قالی - ایک قوم کا نام ہے -
قاپوچی - ترکی مین دربان اور چوکیدار -

قاف با باے موحدہ

قبا - امرا کے پہننے کا مکلف جامہ - **مؤلف** - گر دلت دارد تعلق با خدا + ہست یکسان خرقہ پوشی یا قبا -
قباچا - قباچہ - چھوٹا جامہ نیم تنہ - **نظامی** - چو گشت آن ملمع قباچا ے او + بدستے کم آمد ز بالاے او -
قباب - بکسر اول جمع قبہ اور قبہ کے معنی کلس بہت سے کلس - س - شہنشاہ ذیجاہ عالی قباب + زمین بوس او در جہان شیخ و شاب -

قبب - یہ لفظ بھی قبہ کی جمع ہے۔
قبقاب - بفتح اول کھڑاؤن یعنی نعلین چوبی و زرع کوئی اور مست اونٹ بولتا ہوا اور شیر گرجتا ہوا اور اندام فراخ عورت کا اور وہ مہرہ جس سے کپڑے صفا کرین۔
قباحت - زشتی و برائی و نقص و عیب۔
قبج - بفتح اول و جیم معرب کبک چکور جو مشہور جانور ہے۔
قبح - بضم اول و حائے حطی زشتی و برائی۔
قبیح - زشت و برا اور بد صورت۔
قبائح - زشتیان برائیان۔
قبوح - زشت و زبون۔
قباد - نام ایک بادشاہ کا جسکو کیقباد کہتے تھے اور نام نوشیروان کے باپ کا جو آل ساسان سے تھا اور خطاب معز الدین دہلی کے بادشاہ کا اور ہر ایک بادشاہ جو عظیم الشان ہو۔ س۔ تخت رحلت بست رستم از جہان + در زمین رفتند کسرے و قباد۔
قبر - گور مشہور لفظ جسمین مردہ دفن ہو۔
قبور - بہت سی قبرین۔
قبس - آتش بے دود۔ انگرا اور آگ لگ جانا۔
قباس - آفتاب یعنی سورج اور آگ۔
قبرس - بضم اول جزائر یونان سے ایک جزیرے کا نام ہے۔
قبص - بفتحتین درد اور گرفتگی پیٹ کی۔
قبص - بفتح اول و صاد مہملہ انگلیون کے ساتھ پکڑنا کسی چیز کا۔
قبض - بفتحتین و ضاد معجمہ درد و گرفتگی شکم۔
قبض - بفتح اول و سکون ثانی گرفتگی یعنی پکڑنا۔
قباق - وہ لکڑی بلند جو میدان مین تیراندازی کے نشانہ کے لیے قائم کی جاتی ہے۔ فوقی یزدی - بے خرمن زر و قفا ار چہ بستہ شحنۂ چرخ + زہر تیر فلاکت مرا بچوب قباق۔
قبچاق - نام ایک سرزمین کا درمیان توران و ترکستان کے جو قوم ترک اسمین رہتی ہے انکو بھی قبچاق کہتے ہین وہ قوم بے باک اور جو نبرد ہے قبچاق کے معنی بیباک ہین۔
قبق - اختصار قباق کا جسکا ذکر تحریر ہو چکا ہے۔ سیفی بلخی - جوان کشتۂ تیر بعد نماز قبق اما زدہ ہا زہمہ سرو قدان دست من بالا ست۔
قبول - بفتح اول پذیرا کرنا قبول کرنا۔
قبول - بضم اول و دوم بھتی آنا۔ میر حسن دہلوی - اے کہ ز کمال حسن نو جوان شدہ عقول + در سینہا عزیزی و در دیدہا قبول۔
قبل - بضم اول عورت کی شرمگاہ و اندام نہانی و بضمتین مقابل دبر۔
قبل - بکسر اول و فتح دوم طرف و سمت۔
قبل - بفتح اول و ثانی زمین کی بلندی۔
قبائل - جمع قبیلہ بہت سے گروہ۔
قبیل - بروزن فعیل طرق و طرز و جماعت و گروہ آدمیون کا۔
قبرستان - جس جگہ بہت سی قبرین ہون۔
قبضہ - بفتح اول جو چیز مٹھی مین پکڑین اور ہر ایک کا دستہ جیسے کہ تلوار کا قبضہ کمان کا قبضہ خنجر کا قبضہ۔ انوری - ہر کجا ہین گر قضا کشادہ شود + زاسمان قبضۂ کمان باشد۔
قبضہ - بضم اول وہ مقدار جو مٹھی مین آجائے۔
قبلہ - بکسر اول وہ سمت جسطرف رخ کیا جائے نماز وغیرہ عبادات کے وقت۔ مؤلف - کعبۂ مقصود ما درگاہ تو + آستانت قبلۂ حاجات ما۔
قبہ - وہ مکان جو گول گنبددار ہو اور کلس۔ جامی - سد و پستان ہر یکی چون قبۂ نور + حبابی خاستہ از عین کافور۔
قبیدہ - ایک قسم کے حلوے کا نام ہے جسکو قبیشہ بھی کہتے ہین۔ ملا فوقی یزدی - تا سرین از فرق نعمت خانہ انگیزہ ہین ہلہ قبیدہ بوسہ شفتالوے و پستان ہیچ نار۔
قرعہ - پہلو اور پہلو کی ہڈیان۔
قبالہ - بفتح اول قبولیت کرنا اور رضامندی نامہ و خط شرعی جو کسی معاملہ بیع و رہن وغیرہ مین لکھا جائے۔ محمود - آزردہ کی کند دل محمود را ایاز + یکبو کند مطالعہ گر این قبالہ را۔
قبلہ - بضم اول بوسہ لینا اور دہنا۔
قبیلہ - چند گروہ اور چند جماعتین جو ایک خاندان سے ہون۔
قبرہ - ایک جانور خوش آواز کا نام ہے جسکے سر پر ہدہد کی طرح تاج ہے بعض کے نزدیک وہ جانور جو تاجدار ہو۔
قبولی - وہ پلاو جسمین چنے کی دال ملی ہوئی ہو۔ فوقی یزدی - آنم کہ بخشم پختہ و خام جہان + دادست قبولیم خدا چون بریان + شیرین بمذاق اختلاط یاران + چون رشتۂ طاقم بشام رمضان۔
قبطی - فرعون کی قوم جو مصر مین رہتی تھی منسوب بقبط جو نوح علیہ السلام کا پوتا تھا۔
قبعثری - بڑا اونٹ جو بار بہت اٹھاتا ہے۔

قاف با تا

قتلا - قتلی - جمع قتیل کی بہت سے قتل کیے ہوئے لوگ۔ مارے ہوئے
قتق - بفتح اول و کسر ثانی وہ ترشی دہی چھاچھ وغیرہ جو آش مین

ڈالکر نانخورش بناتے ہین یہ لفظ ترکی ہے۔
قتیل ۔ قتل کیا ہوا عورت ہو یا مرد۔
قِتال ۔ بکسر اول باہم لڑنا۔ اللہ لڑائی کرنا۔
قتّال ۔ بتشدید تاے لڑنے والا۔ لڑائی کرنے والا۔
قتام ۔ گرد و غبار۔
قُتّی ۔ بضم اول و تشدید ترکی مین صندوقچہ جسمین میوہ وغیرہ ڈالتے ہین۔

قاف با ثاے مثلثہ

قِثّا ۔ بکسر اول و تشدید ثانی خیارزہ یعنی لکڑی جو مشہور پھل ہے۔
قَثَد ۔ بفتح اول کھانا ککڑی کا۔
قِثَد ۔ بکسر اول بڑا اونٹ جو بارکش ہو اور اونٹ جسکا کوہان بڑا ہو۔
قِثَار ۔ بفتح اول و ثانی بادرنگ یعنی کھیرا جو لمبا نہین ہوتا۔

قاف با جیم

قُج ۔ میش نر شاخدار جنگی جنکو آپسمین لڑاتے ہین انکے سینگ بڑے بڑے اور مضبوط ہوتے ہین
قجیاز ۔ پھیر ملا اسدالابیبقی ۔ چو دید جلوہ قجباز خویش در میدان + سپر نشاندہ ہمی خورد عاشق قرآن۔
قجاق ۔ تلوانا و فربہ و پرگوشت۔ موٹا۔

قاف با حاے حطی

قُحّ ۔ بضم اول و تشدید ثانی سادہ و خالص و درست و جفا کار۔
قحط ۔ کم ہونا کسی چیز کا۔ کم برسنا پانی کا۔ غلہ کم پیدا ہونا۔ گران ہونا ایک غلے کا **سعدی** ۔ چنان قحط سالی شد اندر دمشق + کہ یاران فراموش کردند عشق **میر معزی** ۔ باران ہمت تو گسست از زمانہ قحط + با سعادت تو ببرد از جہان شقا۔
قحف ۔ کاسہ سر یعنی سر کی کھوپڑی جسکو فوق دماغ کہتے ہین۔
قحطان ۔ حضرت نوح علیہ السلام کے ایک پوتے کا نام ہے جو سام کی اولاد مین سے تھا۔
قحبہ ۔ عورت بدکار اور زناحشہ ماخوذ قحاب سے جسکے معنی کھانسی کے ہین چونکہ ایسی عورتین کھانسی کے اشارے سے مردون کو بلاتی ہین قحبہ انکو کہا گیا۔
قحطی ۔ قحط کے لفظ کا مزید علیہ ہے **میر یحیی شیرازی** ۔ برائے یکدم تیغ تو صد جان میشود برہم + در ین کشور زتختم سے قحطے آبست بیداری۔

قاف با دال مہملہ

قُدَما ۔ اگلے لوگ گذشتہ زمانہ کے لوگ۔
قدمیا ۔ چاندی سونے کا میل جو گلانے کے بعد بوتہ مین رہ جاتا ہے۔
قدامت ۔ قدمت۔ پرانا ہونا۔ دیرینہ ہونا۔ قدیمی ہونا۔

قَدح ۔ بفتح اول چیرنا توڑنا۔ گرم کھا جانا۔ لکڑی اور دانتون کو اور آگ لگا دینا۔ عیب لگانا طعنہ مارنا۔ مدح کے مقابلے پر۔
قَدَح ۔ بفتح اول و دوم بڑا پیالہ ۔ ؎ ۔ یارم چو قدح بدست گیرد + بازار بتان شکست گیرد۔
قِدح ۔ بکسر اول وہ تیر جسکا پھل نہو اور پارہ تیر قماربازی کے جس سے عرب قمار کھیلتے ہین۔
قدّ ۔ بفتح اول و تشدید دال درازی کیطرف سے چیرنا اور بیچ سے نکالنا کوتاہ کرنا سخن کو اور جنگل کو کاٹنا اور طوالت انسان اور حیوان کے جسم کی و تقطیع و اعتدال اور پوست بزغالہ کا جس سے کپے وغیرہ بناتے ہین۔
محمود ۔ با قد تو سرو برابر نشد + پیش رخت شد زخجالت گل آب۔
قدید ۔ بروزن شدید وہ گوشت جو دھوپ مین خشک کرکے رکھ چھوڑین۔
قِدر ۔ بکسر اول دیگ یعنی ہنڈیا جسمین کچھ پکایا جاوے اور ہنڈیا مسی ہو یا مٹی کی چھوٹی ہو یا بڑی۔
قَدْر ۔ بفتح اول و سکون ثانی عزت و آبرو و بزرگی و مرتبہ و اقتدار و اندازہ و قسمت و روزی و تونگری و بے نیازی و طاقت **سعدی** ۔ چہ قدر آورد بندہ حوریس + کہ زیر قبا دارد اندام پیس۔
قَدَر ۔ بفتح اول و دوم قضا و حکم و نہایت اور اندازہ کسی چیز کا جو روز ازل مین کسی کے واسطے ہو چکا ہے ۔ ؎ ۔ چو ہستی تو محکوم حکم خدا + ز حکم قضا و قدر سر مپیچ۔
قدیر ۔ صاحب قدرت یہ نام خداوند جل و علا کا ہے انسان کا یہ رتبہ نہین کہ اسکو قدیر کہا جائے ۔ ؎ ۔ کریم و رحیم و علیم و خبیر + بقدرت علی کل شیء قدیر۔
قُدُس ۔ بضم اول و بضمتین پاکیزگی و پاک اور نام ایک پہاڑ کا بیت المقدس کی زمین۔
قُدّوس ۔ بہت پاک اور ایک نام اسامی گرامی حق سبحانہ تعالی سے۔ ز جبر۔ خداست مالک ملک و خداست خالق خلق + خداست قادر و قیوم و قائم و قدوس + وجود ذات و ہر جلوہ از شہود صفات + چو جان ببردہ جسم و چراغ در فانوس۔
قَدَغ ۔ بفتح اول یہ ایک برتن اور پیالہ گاے کے سینگ کا بناتے ہین اور اسمین شراب پیتے ہین۔
قُدُغ ۔ بضم اول و دوم گدھے کا بچہ جو لادنے کے لائق نہو۔
قِدَم ۔ بکسر اول و فتح ثانی دیرینہ ہونا پرانا ہونا۔ قدیمی ہونا اور یہ وصف ایک وصف صفات الہی سے ہے۔
قَدَم ۔ بفتح اول و دوم پاؤن اور ہر چیز جسکا سایہ لین اور مسافت جو درمیان دونون پاؤن کے ہو **سعدی** ۔ قدم باید اندر طریقت نہ دم +

کا اصلی بدار دو دم بے قدم + میرزا بیدل - خواہی برسی بعشرت آباد
عدم + واقفت نشوی از جلوهٔ خورشید قدم - جوان صبح طلب پایل دیری
از دم صدق - کین رہ نشود قطع بمقراض قدم -
قُدُوم - بضمتین چلنا اور واپس آنا سفر سے اور آنا -
قَدُوم - بفتح اول تیشہ ترکھاروں کا جس سے لکڑی بناتے ہین نعتیہ
مؤلف - گفت روشن - رجہان نور قدیم + از قدوم حضرت خیر البشر -
قدیم - ہمیشہ سے زمانہ گذشتہ سے - توحید - تو تا پیر ہے وغفورے
و شکوہا تو علیمے و حکیمے و قدیم + بہر خاصان ہست لطف خاص تو +
بہر عامان ہر زمان فضل عمیم -
قدرخان - ترکستان کے بادشاہ کا لقب ہی -
قدغن - ترکی مین تاکید و تقید -
قدسیان - فرشتے نوری پیدائش شعر - بندهٔ ماکی رسد از
بندگی + زود ترا ندر مقام قدسیان -
قدوه - بالکسر و بالضم پیشوا مرشد - شعر - قدوهٔ مرحل شریعت
اوست + سالک مسلک طریقت اوست -
قدوری - جمع قدر بکسر قاف جسکے معنی مٹی کی ہنڈیا کے ہین - نام ایک کتاب کا
قدغنجی - تاکید کرنے والا -

قاف با ذال معجمہ

قذا - قذی - آنکھ مین تنکا پڑ جانا اور وہ تنکا جو آنکھ مین پڑ جائے -
قِذا - بکسر اول باریک مٹی -
قُذُر - بضم اول و دوم پلیدی و خباثت و نجاست -
قَذِر - بفتح اول و کسر ذال پلید و نجس -
قذف - بفتح اول پتھر پھینکنا - گالی دینا - بدنامی دینا - متہم کرنا
زنا لواطت چوری وغیره کی تہمت کرنا - قے کرنا -
قَذَف - بفتحتین جنگل ویرانہ بیابان -
قِذعمل - بضم اول اونٹ جو فربہ ہو -
قذال - بفتح اول سر کا پچھلا حصہ و طرفست دو دنبالہ گوش ہو سپید

قاف با راے

قرنا - کرنا - بھری ناے جو جنگ کے موقع پر بجائی جاتی ہے اصل مین
نام خرنا ہے یعنی آواز اسکی بھی گدھے کی سی آواز ہوتی ہے اور خر کے
معنی بزرگ کے بھی ہین - سیف - چو کرناے ترکان در آید بجوش + ببرد
از دماغ جہان عقل و ہوش -
قربا - قربی - بضم اول نزدیکی لوگ رشتہ دار ہم جدی سے آشنا
باہر یکے بیگانہ شو + رشتہ دل با ذوی القربا بہ بند -
قِرا - بکسر اول مہمانی و ضیافت -
قُرا - بضم اول جمع قریہ بہت سے گاؤن -
قُرّا - بضم اول و تشدید راے جمع قاری بہت سے قرآن پڑھنے والے لوگ -
قَرّا - بفتح اول و تشدید راے خوش خوان اچھا پڑھنے والا آرام سے پڑھنے والا -
قَرا - بفتح اول و تخفیف راے ترکی مین سیاه رنگ -
قُرء - بضم اول و سکون راے اور اسکے پیچھے ہمزہ عورت کے ایام طہر
جو بعد غسل حیض کے ہون مقابل حیض کے -
قِرا - بکسر اول و فتح راے و ہمزہ منجنیق جسکے ذریعہ سے پتھر قلعہ پر
پھینکتے ہین -
قراصیا - میوه جسکو آلو بالو کہتے ہین اور وہ تین قسم کا ہوتا ہی
ایک میٹھا دوسرا کھٹا تیسرا کھٹا میٹھا معرب اسکا جراسیا ہی -
قرانیا - ایک بڑے درخت کا نام ہی جو زیتون کی طرح مضبوط ہوتا ہی
اور پتی آزاد کی شکل پر لکڑی سرخ ہوتی ہی -
قردمانا - بضم قاف و ضم دال کرویاے صحرائی اسکو کرویاے جبلیہ و
کرویاے شامیہ و کرویاے فارسیہ بھی کہتے ہین بعض کے نزدیک
یہ تخم بدران ہی جو ایک بوٹی جنگلی نہایت بدبو ہوتی ہی جنگلی دولی بھی
اسکو کہتے ہین تخم ترخر بھی اسکا نام ہی -
قرطعبت - شی قلیل - تھوڑی چیز -
قراب - تلوار خنجر - نزدیک ہونا - یکجا ہونا - قریب مساحت کی
اور پانی کی مشکین اور تلوار کا میان - حیاتی گیلانی - چون کسے
نیست مرد معرکہ ام + تیغ آن بہ کہ در قراب کنم -
قِرَب - بکسر اول و فتح ثانی جمع قربہ پانی کی مشکین -
قُرب - نزدیک - پاس - مقابل بعد کے - عطار - معاندہ ہر عقلہ را
در قرب خویش + ورنہ روزی روز بد آید بہ پیش -
قریب - نزدیک مقابل بعید کے - دانی آنکس کہ آرزو مند است -
زندگی دور وقت مرگ قریب -
قُرت - بضم اول جغرات خشک سوکھا ہوا دہی اور پانی کا
گھونٹ - محمد سعید اشرف - لب بلب یار و دیدہ اش بجوان نیست +
پیمانہ ہمان دو قرت و نیمش باقی نیست -
قُروت - پنیر جو بچے کو کھلاتے ہین یہ لفظ ترکی ہی -
قراقروت - یہ بھی ایک قسم کا پنیر ہی جسکو پنیر کہتے ہین جو بچے کو
کھلایا جاتا ہی - مسیح کاشی - سالن چرخ پلنگ خون من رو نمکند

یوزی ست کہ با قوت من خونکند ؛ پیراہن یوسفم سراپا لیکن بگوشش
زلیخا فگنی بونکند +
قرارات ۔ خوراکین اور روزینے سپاہیون کے ۔
قرانات ۔ جمع الجمع قرن کی ہی اور قرن تیس برس کے عرصہ کو
کہتے ہین قران قرن کی جمع ہی اور قران کی جمع قرانات ہی ۔
قراءت ۔ پڑھنا قرآن شریف کا اسطرح سے کہ ہر ایک حرف اپنے مخرج سے نکلے ۔
قربت ۔ نزدیکی ۔
قرابت ۔ رشتہ داری ۔ نزدیکی ہونا ۔
قرت ۔ بفتح اول آدمی قلتبان دیوث بے غیرت بے حمیت ۔
قرۃ ۔ خنکی ۔ سردی ۔ ٹھنڈک ۔
قرح ۔ بفتح اول زخم کرنا اور برا زخم ۔
قروح ۔ بضم اول و دوم بہت سے زخم جمع قرحہ ۔
قراح ۔ بفتح صاف پانی ۔ خالص پانی ۔
قزح ۔ بضم قاف و فتح زاے ہوز نام ایک شیطان کا ہی اور
قوس و قزح جو بادل مین مقابل آفتاب کے نمودار ہوتی ہی اسکو
شیطان کی کمان کہتے ہین ۔
قرد ۔ بکسر اول بوزینہ یعنی بندر جو ایک مشہور چارپایہ جانور ہی ۔
قراد ۔ بضم اول کہنہ یعنی چچڑی جو اکثر کتے اور گاے بیل کے جسم کے چمڑے پر
رہتا ہی بہت چھوٹا جانور ہی بڑے جانورون کا خون چوستا ہی ۔
قریر ۔ خنکی اور ٹھنڈک آنکھ کی جو بحالت خوشی کے ہو ۔
قرار ۔ آرام اور آرامگاہ اور وعدہ ۔ حافظ ۔ قراری بستہ ام با میفروشان +
کہ روز غم بجز ساغر نگیرم ۔ صائب ۔ اگرچہ مسند عزت بمن قرار گرفت +
ہنوز یوسف خود را بچاہ مے بینم ۔
قراقر ۔ پیٹ کی آواز اور شور و غوغا ۔ میر نجات ۔ بر در دل نشسته‌ام
منع دنیا میکنم + این قراقر براے حق تعالے میکنم ۔
قراسنقر ۔ ترکی مین نام ایک مرغ شکاری سیاہ رنگ کا ہی
اور نام ایک بادشاہ کا اور نام اکثر غلامان ترک کا ۔
قراچور ۔ شمشیر آبدار اور وہ تلوار جو سیدھی ہو ٹیڑھی نہو ۔
قرطور ۔ آذربایجان مین ایک قلعہ کا نام ہی ۔
قرقار ۔ ایک قسم کے کبوتر کا نام ہی جسکو بغدادی کبوتر کہتے ہین ۔
قرمز ۔ خیر مین زاے معجمہ ہی ایک مشہور سرخ رنگ ہی جس سے ریشم
اور پشم کو رنگ دیتے ہین اصل مین یہ کرم ہوتے ہین قدرتی ہیدا ایش
جنگل مین بیخار دار بوٹون پر بیٹھے ہین لوگ انکو پکڑ کر اور خشک
کر کر رکھ چھوڑتے ہین ۔ میرزا اسماعیل ایما ۔ ہر لحظہ چہرۂ تو بہ رنگے
شود ز شرم + این قرمز فرنگ چرا رنگ بست نیست +
قربوس ۔ گھوڑے کے زین کا حنا ۔
قرناس ۔ پہاڑ کی بلندی جسکو بینی کوہ بھی کہتے ہین ۔
قرطبوس ۔ بڑی بلا اور مصیبت ۔
قرانیطس ۔ یونانی زبان مین ورم ہو جانا دماغ کے پردہ کو
یہ ایک بیماری کا نام ہی ۔
قرنیطس ۔ یونانی زبان مین عقل اور فہم و ذہن ۔
قرطاس ۔ کاغذ جسپر لکھا جاتا ہی ۔
قراص ۔ بابونہ جو ایک مشہور دوا ہی ۔
قرص ۔ ٹکیا جو گول ہو ۔ سعدی ۔ قرص خورشید در سیاہی
شد + یونس اندر دہان ماہی شد ۔
قریض ۔ بفتح اول و کسر ثانی شعر یعنی کلام منظوم ۔
قریض ۔ بضم قاف و فتح راے نام ایک قبیلے کا عرب کے یہودیون سے ۔
قرض ۔ لی ہوئی جنس یا نقد جسکا ادا کرنا ضروری ہو فارسی مین
اسکو وام کہتے ہین ۔ س ۔ فرض حق قرض ست ای مرد خدا +
میکند دانا بیک نقطہ ادا ۔
قرواط ۔ کشتی جیسان جہاز کے ساتھ جہاز کے ساتھ کی کشتی ۔
نظامی ۔ ستیزندہ دو ہی زآلان و گرگ + شب خون درآورد چون
تگرگ + بدر بند آن ناجبت راہ یافت + بقرواطہا سوے مغرب شتافت ۔
قرط ۔ بضم اول وہ آواز جو پانی پینے کے وقت گلے سے نکلے اور ایک قسم
کے گھوڑے کا نام جسکو سبزہ کہتے ہین و صبر و تحمل و بردباری ۔
قرع ۔ بعین مہملہ وہ کدو جو تازہ اور سبز ہو اور ٹھوکنا اور مارنا ۔
قرع ۔ بفتحتین گر جانا بالون کا کسی علت کے سبب سے ۔
قراباغ ۔ ایک شہر حد شرقی ایران مین ۔
قرقف ۔ عیسائیون کی ایک کتاب کا نام ہی ۔
قرناق ۔ قرنق ۔ ترکی مین خدمتگار و کنیز ۔
قرق ۔ بفتح اول آواز ماکیان ۔ مرغیون کی آواز اور ترکی مین یعنی گہسپند نگہبانی ۔
قرق ۔ بضم اول منع کرنا ۔ باز رکھنا اور خشک و بے آب ۔
قرطق ۔ قرطہ ۔ معرب کرتہ جو ایک جامہ پہننے کا مشہور ہی ۔ انوری ۔
کیا شد از دہن ابر رصدف لولو + کہ لیشد از اثر باد و در چمن قرطق ۔
قرساق ۔ ترکی مین دیوث جسکو اپنی جورو کی غیرت نہو ۔
قرنفل ۔ معرب کرن پھول ہندی مین کسکو لونگ کہتے ہین اور دیبات مین

مستعمل ہی چونکہ اسکو عورتین ہندو اکثر کانون کے سوراخ مین ڈال رکھتی ہین اسواسطے کرن پھول اسکا نام ہوا۔

قراول۔ جو شخص بندوق سے شکار کھیلے اور وہ شخص جو فوج مین دیدبان ہو ہر ایک حالت کی خبر رکھے محسن تاثیر۔ روز جنگ روبروے خسار چون فرنگش + خطش سیاہ ہند و خال سیہ قراول۔

قرقاول۔ بفتح ہر دو قاف و واو ایک جانور کا نام ہی جسکے پر ایران کے بادشاہ کے تاج پر نصب کرتے ہین بعض کے نزدیک وہ خروس صحرائی ہی۔ طغرا۔ صبا میرساند ز دراج جام + بقرقاول شیشہ ہر دم سلام۔

قرمل۔ بختی اونٹ کا بچہ۔

قرول۔ بضمتین مرجان جسکو عربی مین بسد اور ہندی مین کلی کہتے ہین۔

قرام۔ پردہ تنگ و باریک و رنگین و منقش۔

قرم۔ نر اونٹ اور قوم کا سردار۔

قراقرم۔ ایک شہر ترکستان مین ہی۔

قرم۔ ایک ہفت رنگ پتھر کا نام ہی۔

قرن۔ اسکی ہونے کی میعاد مین اختلاف ہی صاحب قاموس ایک سو برس صاحب منتخب تیس برس صاحب برہان اسی برس مگر تیس برس سب کے نزدیک صحیح ہین اور بفتحتین نام ایک قبیلہ کا ہی یمن مین اور نام خواجہ اویس کے باپ کا جو مشہور بزرگ ہین۔ استاد۔ ہیچکس را نبود تاب جوابت ای عشق + بشکند حرف تو دندان اویس قرنی۔ الوری۔ دو قرن از کرست بردہ جہان برگ و نوا + تو چہ دانی که جہان بے توجہ بے برگ و نواست۔

قربان۔ بضم اول جو چیز خدا کی راہ مین تصدق کرین اور فارسی مین کمان کا خانہ جسمین کمان رکھین اور وہ ایک دوال ہوتی ہی کہ ترکش کے ساتھ سی کر حمائل کی طرح گردن مین ڈال لیتے ہین اور جسطرح کہ ترکش دوش کے پیچھے رہتا ہی وہ بھی رہتا ہی سوار اپنی کمان اسمین رکھ لیتا ہی۔ محمد افضل ثابت۔ از کوے تو رفتن ست مشکل + قربان سر تو میتوان رفت۔ ولہ۔ قربان شوم نزاکہ بدر نشستہ ہنوز + اخلاص من محبت من اعتقاد من۔

قرآن۔ بضم اول کلام مجید کلام الٰہی اور پڑھنا۔ جہان را بر ہدایت رہنما گشت + چو نازل بر محمد گشت قرآن۔

قرین۔ مصاحب و ہمنشین و دوست و یار و نزدیک و مثل و نظیر سعدی۔ زینہار از قرین بد زنہار + وقنا ربنا عذاب النار۔

قراطغان۔ عراق کے بادشاہ کا نام ہی۔

قرطین۔ دو گوشوارے یعنی حضرت امام حسن و امام حسین علیہم السلام۔

قرون۔ سینگ خملے حیوان حیوانون کے سینگ۔

قرائن۔ قرینہ کی جمع ہی۔

قران۔ بکسر اول نزدیک ہونا۔ ملنا ایک چیز کا دوسری چیز کو حج وعمرہ باہم کرنا اور نجومیون کے نزدیک یکجا ہونا دو ستارون کا سات ستارون مین سے ایک برج مین سوائے شمس کے ایک درجہ یا ایک دقیقہ مین چنانچہ قران زہرہ کا مشتری کے ساتھ اور قران قمر کا زہرہ یا مشتری کے ساتھ بچے کے پیدا ہونے بلکہ ہر ایک کام کے لیے نیک ہی اور صاحب قران وہ ہی جسکی ولادت کے وقت زہرہ اور مشتری کو قران ہو اور صاحب قران لقب امیر تیمور کا تھا جسنے چھ ولایت پر بادشاہت کی اور صاحب قران ثانی لقب شاہجہان کا۔ رباعی از مؤلف۔ اگر اندر جہان صاحب قرانی + و گر دریوزہ گر محتاج نانی + چو آخر وعدہ موعود آید + بخواہی رفتن از دنیاے فانی۔

قرحان۔ بہ حاے حطی وہ اونٹ یا آدمی جسکو کوئی بیماری نہوئی ہو۔

قرکن۔ وہ زمین جو بسبب آنے سیلاب کے خراب ہو گئی ہو۔

قرابہ۔ بفتح اول و تخفیف و تشدید راے شراب کا شیشہ اور صراحی۔

ظہوری۔ برگشتہ از قرابہ امید جان من + یکبارگشتہ باش فلک کو بکام من۔

قرباقہ۔ بہر دو قاف ترکی مین غوک یعنی مینڈک جو آبی مشہور جانور ہی۔

قرطہ۔ معرب کرتہ مشہور جامہ ہی جو گلے مین پہنتے ہین۔ مجد ہمگر۔ چکان چکان خوئش از رخ چو بارد بر قرطہ + کشان کشان سر زلفش دراز در دامن۔

قرعہ۔ بضم اول وہ فال بینی کا آلہ جو رمال اپنے پاس رکھتے ہین اور اسکو پھینک کر اسکے نقوش پر احکام فال کے نکالتے ہین۔ حافظ۔ بار غم او عرض بہر کس که نمودند + عاجز شدہ این قرعہ بنام تو افتاد۔ ولہ۔ آسمان بار امانت نتوانست کشید + قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند۔

قریحہ۔ بفتح اول و حاے مہملہ آدمی کی طبیعت۔

قرّہ۔ خنکی و سردی و ٹھنڈک و راحت۔ ذوقی۔ گر تو از دیدہ ہا نہان باشی + قرۂ دیدۂ جہان باشی۔

قربہ۔ پانی کی مشک۔

قراضہ۔ بضم اول ریزہ ہر چیز کا جو مقراض سے گرے اور نکرے چاندی سونے کے۔

قرعہ۔ بفتح اول وہ کدو جو سبز و تر ہو۔

قریہ۔ وہ گاؤن قری اسکی جمع ہی۔ تاثیر۔ دل را که بود قریۂ چشم سیاہ او + نگذاشتم بغیر چراغ نگاہ او۔

قرینہ۔ پیوستہ ہونا ایک چیز کا دوسری چیز کے مقابل ہونا۔ مل جانا۔

موقع حاصل ہونا و مثل و مانند - باقر کاشی - ما تیرہ کشیم و
درجہان نیست + امروز کسے قرینۂ ما -
قرحہ - وہ زخم جسمین ریم ہو -
قرلولہ - عشق پیچہ جو مشہور بیل ہی -
قرتہ - بفتح دیوث و بے غیرت آدمی -
قرسخہ - چھلکا جو زخم پر آگیا ہو -
قرفہ - پوست ہر ایک درخت کا خصوصًا دارچینی کے درخت کا پوست -
قروضہ - غلہ مٹی کا ہو یا پتھر یا لوہے کا جو غلیل اور بندوق مین چلاتے ہین -
قربی - نزدیکی - ہم جدی رشتہ دار لوگ
قربانی - وہ جانور یہ جو عید الضحی کے دن ذبح کیا جائے - سنجر کاشی -
در چراگاہ پناہ تو بہر عید گریخت + نشاز خنجر مریخ حمل قربانی -
قرشی - **قریشی** - نام ایک معزز قبیلہ کا ہی عرب مین جنکا باپ نضر بن
کنانہ جد اعلی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے ہی قرش ایک دریائی جانور
کا نام ہی جو تمام دریائی جانوروں پر غالب ہی - **نعتیہ از مؤلف** -
شاہ قرشی و ابطحی کہ + کار فرمائے دین و دنیا بود -
قرطی - ایک قسم کپڑے کا ہی جو سبز اور سیاہ ہوتا ہی -
قرمزی - وہ چیز جو قرمز سے سرخ رنگی ہوئی ہو -
قروتی - ایک آش کا نام ہی جو جغرات خشک سے پکاتے ہین -

قاف با زائے معجمہ

قزح - نام ایک پہاڑ کا اور نام ایک موکل کا بعض کے نزدیک
یہ نام شیطان کا ہی اور قوس قزح کو شیطان کی کمان کہتے ہین -
قزاگند - یہ ایک قسم کا جامہ ہی جو کچے ریشم سے بنایا جاتا ہی اور جنگ
کے وقت پہنتے ہین اسپر تلوار کارگر نہین ہوتی اور قز لغت مین
کچے ریشم کو کہتے ہین - سعدی - در قزاگند مرد باید بود + بر مخنث
سلاح جنگ چہ سود -
قز - کچا ریشم کم قیمت -
قزاز - ابریشم فروش علاقہ بند - سالک غزنوی نے کہا نام ابریشم فروش کی تعریف میں -
ز کلام صفدر قشش سرو سرفراز من ست + شاہ خوبان جہان اگر قزاز من ست -
قزلباش - سلطان صفوی کے وقت ایک فوج دوازدہ ترکی سرخ
ٹوپی تھی قرار دی گئی اور قزلباش انکا خطاب تھا -
قزاق - رہزن قطاع الطریق ڈاکو - شعر - ز نفس کافری سالک
بیمانہ نفس بکے بیدار تو آہستہ ستادہ قزاق -
قزل - بکسر اول سرخ رنگ ترکی لفظ ہی -

قزل ارسلان - نام ایک بادشاہ کا سلجوقی خاندان سے جو
ممدوح ظہیر فاریابی کا تھا معنی اسکے سرخ شیر - سعدی - چہ حاجت
کہ نہ کرسی آسمان + نہی زیر پائے قزل ارسلان + مگو پائے عزت
بر افلاک نہ + بگو روئے اخلاص بر خاک نہ -
قزغان - بڑا پتیلہ اور کڑاہی -
قزوین - نام ایک شہر کا عراق عجم مین -

قاف با سین

قسطا - نام ایک کتاب کا احکام دین آتش پرستی مین جو لوقا حکیم نے
اپنے باپ قسطا کے نام پر تصنیف کی تھی -
قسا - ایک دوا کا نام ہی جو درخت کا پوست ہی سلیخا بھی اسکا نام
ہی اور عربی مین سخت و دشوار ہونا -
قسب - ایک قسم کی کھجور نجد مین ہوتی ہی اور اہل نجد اسکو تر سوم
کہتے ہین قابض ہوتی ہی دست بند کرتی ہی -
قساوت - **قسوت** - سخت دل اور سیاہ دل ہونا -
قسمت - بانٹنا اور تقسیم کرنا حصہ اور نصیب - سعدی - برفت
آن زمین را و قسمت نہاد + بہر یک پسر زان نصیبے بداد -
قسر - زبردستی کسی کو کسی کام پر لگانا -
قسطاس - ترازو جسکو ہندی مین تک کہتے ہین -
قساس - یمن مین ایک پہاڑ کا نام ہی جسمین سے عقیق نکلتا ہی -
قسطس - ایک دوائی کا نام ہی جسکو قسط کہتے ہین -
قسوس - عشق پیچہ جو ایک بیل ہی اور پیاس کے درختوں پر لپٹ جاتی ہی -
قسولیدوس - ایک دوا کا نام ہی جسکو کانج کہتے ہین -
قسیطوس - زنگار جو مشہور چیز ہی کانی و عملی دو قسم کا ہوتا ہی -
قسیس - دانشمند و عالم دین نصاری کے -
قسط - بفتح اول ظلم و جور پیدا کرنا -
قسط - بکسر اول عدل و حصہ و نصیب اور ٹکڑا کسی چیز کا -
قسط - بضم اول ایک لکڑی کا نام ہی جسکو ہندی مین کٹ کہتے ہین
اور وہ شیرین اور تلخ دو قسم کی ہوتی ہی -
قسام - بفتح اول و تشدید سین بانٹنے والا تقسیم کرنے والا -
بہت سی قسمین کھانے والا -
قسم - بتحقیق سوگند جو مشہور لفظ ہی - مؤلف - سو ہون دل صد چاک
مین ہی جلوہ گر یار جسکو سناسکی قسم زلف پریشان کی قسم - میرزا جلال اسیر -
ہوائے خلد ندارم بکوے یار قسم + خوش ست لذت خواری بکوے یار قسم -

قِسم ۔ بکسر اول نوع و صنف و بہرہ و بخشش ۔
قَسم ۔ بفتح اول و سکون ثانی بانٹنا ۔ تقسیم کرنا ۔ بخشش کرنا ۔
قَسِیم ۔ بروزن نسیم قسمت کرنے والا ۔ بانٹنے والا ۔ سعدی ۔
شفیع مطاع نبی کریم ✦ قسیم جسیم نسیم وسیم ۔
قسطنطین ۔ بروزن یرکمین نام بادشاہ عیسائی بانی شہر قسطنطنیہ
جو فی زمانہ استنبول و اسلام بول مشہور ہے اور دار الخلافت روم ہے ۔
قسالاؤن ۔ روغن زفت ایک قسم کا تیل ہے ۔
قسطوریون ۔ جند بید ستر جو ایک دوا ہے ۔
قسامہ ۔ قسم دینا پچاس آدمیون کو ایک وقت پہلے یہ دستور تھا کہ
اگر کوئی خون کسی گانوَن کے حدود مین ہو جاتا اور قاتل اُسکا
دریافت نہوتا تو گانوَن کے پچاس آدمی جمع کر کے اُنسے قسم لیجاتی اور وہ
قسم کھا کر کہہ دیتے کہ مقتول کا قاتل ہمارے گانوَن مین نہین ہے ۔
قَسِیمہ ۔ کستوری کا نافہ ۔
قسورہ ۔ شیر درندہ ۔
قسوۃ ۔ سخت دل ہونا ۔
قسطلانی ۔ بفتح اول منسوب بہ قسطلہ جو ایک شہر ہے ۔

قاف باشین

قشیب ۔ بروزن نقیب کپڑا نیا اور ہر چیز نئی ۔
قشر ۔ پوست ہر ایک چیز کا حیوان کا پوست درخت کا پوست وغیرہ ۔
قشور ۔ بفتح اول ایک دوا کا نام ہے جو چہرے پہ ملنے سے رنگ صاف
ہو جاتا ہے اور چہرا چمک جاتا ہے ۔
قُشور ۔ بضم اول و دوم جمع قشر بہت سے پوست ۔
قَشّ ۔ بالفتح و تشدید لاغری سے فربہ ہو جانا آدمی یا جانور وغیرہ کا ۔
قِشف ۔ متغیر ہوا ہوا اور رنگ بدلا ہوا اور جلنا چہرے کا دھوپ
سے اور خشک ہونا مُنھ کا بسبب مفلسی اور تنگدستی کے
قشلاق ۔ گرم مکان جہان سردیون مین جا کر رہین یہ لفظ ترکی ہے ۔
قشون ۔ ترکی مین فوج کا ایک حصہ ۔ عبد اللہ ہاتفی ۔ چل از
قشونان آراستہ ✦ ہمہ زور مندان نوخاستہ ۔
قشو ۔ خرخرہ لوہے کا جس سے گھوڑا صاف کرتے ہین شفیع اثر
کشید گردان کوتہ نظر ✦ صفی چون قشو از بی یکدگر ۔
قشقہ ۔ وہ ٹیکا جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہین سالوت خان واضح ۔
بگرمل کردہ خورشید شد سیما فروزنا و ✦ کہ آن خوش قشقہ کافر
شعلہ در جبین چبین دارد ۔

قاف با صاد مہملہ

قَصَب ۔ بفتحتین نَے یعنی بانس اور ہر ایک لکڑی جو اندر سے پولی
ہو مثل نَے قلم وغیرہ اور نام ایک قسم کے نفیس ابریشمی کپڑے کا
جو کتان اور ابریشم سے بنتے ہین ۔ حافظ ۔ مرا وسیر و چمن را
نجاک راہ نشاند ✦ زمانہ تا قصب نرگسین قبا ست تو بست عبد الرحمن
جامی قصب باف عروسان بہاری ✦ قیام آموز سرو جویباری ۔
قَصب ۔ بفتح اول و سکون ثانی بریدن یعنی کاٹنا ۔ جدا جدا کرنا ۔
قصب الجیب ۔ ایک قسم کی کھجور اور ایک قسم کی گھاس ہے
جسمین بہت تھوڑی شیرینی ہے ۔
قَصّاب ۔ گوشت کاٹنے والا ۔ بند بند جدا کرنے والا ۔ صفدر قوقانی ۔
بنیرد جان بسلامت کسے زجور فلک ✦ کہ ہست تیغ بکف صبح و شام ابن قصاب ۔
قَصَارت ۔ کپڑے دھونا میل نکالنا ۔ حافظ ۔ امام شہر کہ
سجادہ میکشید بدوش ✦ بخون دختر رز خرقہ را قصارت کرد ۔
قصد ۔ آہنگ ۔ ارادہ ۔ سیدھے راستہ پر چلنا اور سیدھا راستا اور
اعتدال ہر چیز کا اور وہ چیز جو معتدل ہو ۔ میر معزی ۔ عشق تو قصد دلم
کردہ نگشتم زو جدا ✦ ہم نگردم زو جدا گر قصد سوے جان کند ۔
قَصّار ۔ کپڑے دھونے والا ۔ میل نکالنے والا ۔ پاک کرنے والا جسکو
ہندی مین دھوبی بولتے ہین ۔ صفدر قوقانی ۔ بشوای طالب حق
ز آب دیدہ لباس جسم جان را مثل قصار ✦
قَصْر ۔ بفتح اول کوشک بڑا محل اور بلند عمارت اور کوتاہی اور
اور دھونا کپڑون کا ۔ شعر ۔ چرا بر آسمان بردی عمارت ✦
کہ قصر عمر بنیادے ندارد ۔
قصیر ۔ کوتاہی کرنے والا ۔ قصور کرنے والا ۔ اور نام ایک باوفا غلام کا ۔
قصور ۔ کوتاہی کرنا ۔ عاجز ہونا خطا اور کوتاہی اور بہت سے محل
و کوشک اور نام ایک قصبے کا لاہور کے ضلع مین ہندوون کا قول
ہے کہ لاہور کو راجہ رام چندر اوتار کے بیٹے نے آباد کیا اور قصور کسو نے
شاید قدیم زمانہ مین ایسا ہوا ہو مگر مؤلف نے ایک کتاب
تاریخ افغانی مین ایسا دیکھا ہے کہ محمد تغلق بادشاہ کے زمانہ مین
قیصر خان نام ایک افغان نے اس ویران شدہ قصبہ کو آباد
کر کے قیصور اپنے نام پر نام رکھا اُس روز سے ابتک آباد ہے
اور افغان صدہا سال اُسمین مالک و حاکم رہے رنجیت سنگھ نے
افغانون کی حکومت قصور سے دور کر کے اپنی قلمرو مین داخل کیا
تسپر بھی افغان ابتک قصور کے مالک و زمیندار ہین ۔ حافظ

زاہد اگر بحور و قصور ہست امیدوار + مارا شراب خانہ قصور ہست و یار حور +

قِصَص - بکسر اول و فتح ثانی جمع قصے کی بہت سے قصے -

قَصَص - بفتح اول و دوم مصدر ہے قصہ کہنا -

قَصّ - سینہ اور سینے کی ہڈیان -

قصاص - کسی کے خون کا معاوضہ گنہ کا بدلا - ؎ نفس کافر را بکش ای نیک خو + کافران گرچہ کشند در قصاص - میر خسرو -

گر شہم بر گنہ قصاص کند + مملکت را بعدل خاص کند -

قصایک - ایک پرندہ خوش رفتار و تیز پر کا نام ہی جو اکثر دریاؤن و تالابون پر اُڑتا ہی -

قصبک - ایک صدفی جانور ہوتا ہی جسکو عربی مین حلزون کہتے ہین

قصیل - سبز کھیتی جو ہنوز زراعت مین ہون کاٹے نہ گئے ہون یعنی جو ند جسکو گھوڑے کھاتے ہین -

قَصَبَہ - بفتحات چھوٹا شہر یا بڑا گاؤن اور نَے یعنی بانس اور حلق کی نَے جسکے ذریعہ سے آدمی سانس لیتا ہی اور کھانا اندر پیٹ کے جاتا ہی -

قصب الزریرہ - چرایتہ جو مشہور دوا ہی -

قَصْعَہ - بڑا کاسہ یعنی بڑا پیالہ -

قصبچہ - نام ایک کپڑے کا جو کتان کی قسم سے ہی -

قصیدہ - لغت مین اسکے معنی مغز سطبر و غلیظ اور شعرا کے نزدیک وہ اشعار با قافیہ و ردیف جسکا مطلع ہو اور ہر ایک بیت کے آخیر مصرع کا قافیہ و ردیف ملتا ہو پندرہ بیت سے زیادہ نہو -

قصّہ - بروزن حصہ سرگذشت و حکایت و داستان و افسانہ و کار و خبر - **نظامی** - بشاہ جہان قصہ برداشتند + کہ ترکان چنین رایت افراشتند + بخندید ملک آزادہ مرد + بوز آمیزش زر بدو قصہ کرد -

قُصْوٰی - انتہا و نہایت و پایان و انجام ہر چیز کا -

قاف با ضاد معجمہ

قضا - حکم کرنا گذارنا واجب کا اور ادا کرنا مرنا اور موت پیدا کرنا - تمام کرنا - بیان کرنا اور وہ عبادت جو وقت پر ادا نہوا اور وہ حکم الٰہی جو مخلوقات کے حق مین دفعۃً واقع ہوا اور قدر اس حکم کا نام ہی جو تدریج مطابق حکم اول کے صادر ہوا سواسطے قضا امر ہی اور قدر مامور - استاد - صبح دم چون رخ نمودی شد نماز من قضا + سجدہ کی باشد روا چون آفتاب آید برون - **مؤلف** - بر سر انسان جو نازل میشود حکم قضا + گو یدا مناؤ صدقنا رضینا بالرضا -

قضا را - قضا سے - قضا الٰہی سے - **سعدی** - قضا را من و پیر اہر

فاریاب + گذشتیم بر خاک مغرب بر آب -

قَضَایَا - بروزن خدایا جمع قضیہ بہت سے قضیے اور جھگڑے و رنج و تکلیفین -

قَضِیْب - درخت کی شاخ اور عصا و ستی مجازاً عضو تناسل آدمی کا -

قُضَات - جمع قاضی بہت سے قاضی -

قضا و قدر - تقدیر - قسمت -

قَضِیْم - دانہ جو گھوڑے بیل وغیرہ کو کھلاتے ہین -

قضبان - درختون کی شاخین -

قضاعہ - ایک آبی جانور کا نام ہی جسکی شکل کتے کے سی ہوتی ہی اور اُسکے خایہ کو جند بیدستر کہتے ہین اور نام ایک قبیلہ کا ہی عرب مین -

قضیہ - جو بات حکومت کے متعلق یعنی فیصلہ طلب ہو - باقر کاشی - فریاد بلبلان چمن از برای چیست + گوئی کہ این قضیہ بباد صبا رسید -

قاف با طاے

قَطَا - ایک مرغ ہی جسکو فارسی مین سنگخوار کہتے ہین ویرانہ بے آب مین جس موقع پر اسکی آواز آتی ہی تو مسافر جان لیتا ہی کہ اس جگہ پانی کہین قریب ہوگا -

قطعاً - بالکل - ہرگز - اردو **مولف** - عاشقون کو حال زار دل سُنانا منع ہی + انکو قطعاً ہجر مین آنسو بہانا منع ہی -

قِطَاب - بکسر اول جیب یعنی گریبان -

قُطَاب - بضم اول ایک قسم کے سنبوسہ کا نام ہی جو لذیذ ہوتا ہی -

قُطْب - لوہے کی میخ جسکے زور پر چکی پھرتی ہی اور وہ شخص جو قوم کا سردار اور پیشوا سطریقت ہو جسپر مدار کار ہر امیدوار ہو - **مؤلف** در مدح خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی چشتی قطب دنیا قطب دین قطب جہان قطب زمان + شاہ قطب الدین ولی محبوب حق قطب المدار

قطرب - بضم اول ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان کی طبیعت مین جنون پیدا ہو جاتا ہی -

قطیعت - علیحدگی و جدائی و نا آشنائی -

قطات - مرغ سنگخوار اور گھوڑے کے بدن کا پچھلا حصہ -

قطرات - بہت سے قطرے اور بوندین -

قَطُور - وہ رقیق چیز جسکے قطرے بنظر صحت کان یا ناک مین ڈالین -

قَطْر - بفتح اول باران بارش اور پانی جو ابر سے برسے -

قِطْر - بکسر اول مس گداختہ یعنی تانبا گلا ہوا -

قُطْر - بضم اول کنارہ ہر ایک چیز کا اور وہ خط جو دائرے کے مرکز سے گذر جاے -

قِطَار - بکسر اول بہت سے اونٹ جو دس سے کم نہون ایک دوسرے کے پیچھے چلتے ہوے اور اسی طرح آدمی وغیرہ جانور جو صف بستہ ہون - مسعود سعد سلمان

زنشتر زہ شیران افگنند شہد سیاہ + بزرندہ بیلان تو رزدہ شند قطار قطار۔

قطمیر۔ پوست باریک جو کھجور کی گٹھلی پر ہوتا ہی یا نقطہ سپید جو دانۂ خرما کی پشت پر ہوتا ہی یا شگاف تخم خرما کا یا وہ ریشہ جو درمیان شگاف تخم خرما کے ہوتا ہی اور ہر ایک چیز قلیل و کم مقدار اور چھوٹی اور نام اصحاب کہف کے کتے کا جو اصحاب کے ساتھ غار مین سوتا ہی۔

قطاس۔ پہاڑی گاے جسکی دم کے خوبصورت بال غلمون کے سون پر لگاتے ہین اور مگس ران یعنی چنور بناتے ہین۔

قط۔ بفتح اول و تشدید ثانی کاٹنا کسی سخت چیز کا چنانچہ قط لگانا قلم کو اور بس۔ ابو البرکات منیر۔ جلے ناخن تیغ سر سبز ز انگشتان ما + چون قلم در وصف مژگان تو سیکر دیم قط۔ مسیح کاشی۔ نویسم چون بسوے یار از حال درون نامہ + بدندان قط زنم انگشت و نویسم بخون نامہ۔

قط۔ بکسر اول گربۂ نر یعنی بلاؤ جو مشہور جانور ہی۔

قط۔ بضم اول و تشدید ثانی یا بہ تخفیف بمعنی ہرگز۔

قطع۔ بریدن یعنی کاٹنا کم کرنا۔ خواجہ سلمان۔ مرا ز مرحمت خسروانیت اکنون + اشارتیست توقع بجانب وزرا کہ از مواجب من الحجہ قطع فرمودند + کنند اضافہ مرسوم بندہ را قطعاً + آرد و بدحیہ۔ قطع ہی جامہ ولایت کا تہ سے آغوش پر + زیب ور ہد خلعت شاہی ہی تھکا رد و تن پر۔

قطف۔ بفتح اول میوہ چگنا اور چھیلنا اور آہستہ آہستہ چلنا چارپائے کا۔

قطف۔ میوہ اور پھل درخت کا جو پختہ ہو۔

قطف۔ بفتح اول و دوم نام ایک سبزے کا ہی اسفاناخ بھی کہتے ہین اور ہندی مین پالک بعض کے نزدیک یہ نام سرمق کا ہی جسکو ہندی مین بتھوا بولتے ہین۔

قطوف۔ بہت سے میوے۔

قطاف۔ بکسر اول چگنا میوے کا درختون سے۔

قطائف۔ لپیٹی ہوئی چادرین اور لوزینہ اور رشتہ میدۂ گندم یعنی سوتیان جسکو فارسی مین سیمیا بھی کہتے ہین اور نام ایک حلوے کا جو نہایت لطیف ہوتا ہی۔

قطاع الطریق۔ قزاق۔ رہزن۔ ڈاکو۔

قطاریق۔ شور و غوغا جو جنگ کے وقت ہوتا ہی۔

قطم۔ بضم اول شہوت نفسانی حد سے زیادہ۔

قطران۔ بکسر اول نام ایک شاعر کا اور نام ایک شہر کا اور نام ایک روغن کا جو سیاہ و بدبو ہوتا ہی جو عرعر کے درخت سے نکلتا ہی اور خارش دار اونٹون کے بدن پر ملتے ہین اور عرعر کو ہندی مین چیڑ کہتے ہین۔

قطن۔ بضم اول و ضمتین روئی اور روئی کا کھیت جسمین روئی لوئی ہوئی ہو۔

قطن۔ بفتحتین وہ ہڈی جو دو چوتڑون کے درمیان ہوتی ہی۔

قط زن۔ وہ ہڈی وغیرہ جسپر قلم کو قط لگایا جائے یا کاتب جو قلم کو قط لگائے۔ طاہر وحید۔ زخمی کہ یار بر دل اغیار میزند + چون قط زن ست آن ہمہ بر استخوان من۔

قطامہ۔ بروزن علامہ شہوت کی بھری ہوئی عورت اور نام اس عورت کا جسنے ابن ملجم قاتل امیر المومنین علی علیہ السلام کو حضرت کے شہید کرنے پر آمادہ کیا تھا۔ محسن تاثیر۔ آبرو ننگ ست بہر کردنیا ریختن + خصم مردان ست تف بر روے این قطامہ کن۔

قطرہ۔ پانی کی بوند مشہور لفظ ہی دوڑنا۔ تیز چال چلنا۔ توحید۔ ترا دانند بہر جا مرد دانا + ترا بینند بہر سو چشم بینا + تو بیشک واحدی و لا شریکی + تو ئی مثلی و لا ثانی و یکتا + ز لوے غنچۂ لوبت مید ہد بو + شود در نگت ز ر نگش آشکارا + گہ از ذرہ نمائی مہر تابان + گہے جاری کنی از قطرہ دریا۔

قطعہ۔ بکسر اول ہر ایک چیز کا ٹکڑا۔ کاغذ۔ کپڑے وغیرہ کا پارہ اور شعرا کے نزدیک دو بیت یا اسسے زیادہ ابیات جنکا مطلع نہو اور ہر ایک بیت کے دوسرے مصرع مین قافیہ و ردیف یا صرف ردیف ملتی جائے۔ محمد سعید اشرف۔ سا این قطعہ نرگس کہ برد دل سو لیش + محوست بصد دیدہ فلک بر رویش۔

قطیعہ۔ بکری گاے بھینس وغیرہ کا گلہ جو ایک جگہ جمع ہو۔

قطائی۔ بروزن گلابی سنبوسہ جو گھی مین بریان ہو۔

قطنی۔ جو کپڑا روئی کا ہو یا مشروع ہو یعنی تانا ریشم کا اور بانا روئی کا۔ طغرا۔ چو بکشود زنبق ز قطنی بساط + سمن چید دار اے انبساط۔

قطیفۂ حمامی۔ حمامی کا رومال جس سے بعد غسل بدن کو صاف کرتے ہین یا لحاف شب پوش۔ شفیع اثر۔ مگر قطیفۂ حمامی ست خلعت وصل + کہ مید ہند بعاشق بتان لاالہ عذار + ہنوز عاشق مسکین نکردہ خشک عرق + کہ باز در بر بیگانہ گرفتہ قرار۔

قاف باعین

قعب۔ بڑا پیالہ جسکے پانی سے ایک پیاسا آدمی بخوبی سیر ہو جائے مطلب ہر ایک بات کا اور عبارت کا مضمون اور منشا۔

قعود۔ نشستن یعنی بیٹھنا بعد سونے کے اور اونٹ جو جوان ہو۔ مولانا اکبر۔ بگذران مہ و ز روشیان اندر سجود + باشی ہر دم ز قیام و در قعود۔

قعر۔ عمق چاہ و نالاب و چاہ وغیرہ کا گہرا ین۔

قعل - ایک ہی دفعہ شکاری جانوروں کو شکار پر چھوڑ دینا
بہت سے جانوروں کو شکار کر لینا -
قعدۃ - بفتح اول نشستن یعنی بیٹھنا -
قِعدۃ - بکسر اول ایکطرح کی نشست کا نام ہے -
قُعدۃ - بضم اول گھوڑا یا کشتی وغیرہ جسپر سوار ہوں -
قعقعۃ - کاغذ کی آواز خشک پوست کی آواز ہتھیار کی آواز -
قعیدۃ - وہ عورت جو ہمنشین اپنے شوہر کے ہو -
قعلجی - میر شکار جو شکاریوں کا افسر ہو -

قاف با فاے

قفا - پیٹھ پیچھا سگردن پچھلا حصہ - توحید - ہست بینش ہر نظر
نور خدا روشنی از دید نش ہر دیدہ را + ہست اندر نیست ودر
نیست ہست + در فنا فانی و باقی در بقا + راست وچپ زیر و بالا جلوہ گر
روبرو موجود و حاضر در قفا -
قفورا - ایک گھاس کا نام ہے جسکو قطلاۃ یعنی مرغ سنگخوارہ کہتے ہین -
قفل ابجد - ایک قسم کا قفل ہے کہ کھلنا اور بند ہونا اسکا حروف
تہجی کی ترکیب پر منحصر ہے - محمد سعید اشرف - سول بےعلاے شاہ نجف
وا نمیشود + این قفل ابجدیست کہ بر نام حیدر ست -
قفار - خشک روٹی روکھی روٹی اور وہ زمین جو خشک بے آب وگیاہ ہو -
قفر - بفتح اول خالی پانی اور گھاس سے اور بھوکا رہنا اور نام ایک
بیل کا جسکو کشوث بھی کہتے ہین اور وہ عشق پیچے کیطرح درختون پر لپیٹ جاتی ہے -
قفر - بفتحتین کم ہونا مال کا اور کم ہونا گوشت کا -
قفاہیر - صورت خوب اور حسین وجمیل -
قفیز - بروزن نفیر ایک پیمانہ ہے جو بارہ صاع کا ہوتا ہے اور ہر ایک
صاع آٹھ رطل کا اور ہر ایک رطل آدھ سیر کا اور زمین جو مقدار مین
ایکسو چوالیس گز ہو -
قفس - قفص پنجرا جسمین جانور رکھے جاتے ہین - توحید - مدار
رغبت والفت بغیر حق باکس + کہ از تمام خدائی فقط خدابت بس + فتد
چو بندۂ نادان بہ بند حرص وہوس + د مرغ باز نیاید برون ز کنج قفس -
قفل - تالا جس سے دروازے بند کر دیے جاتے ہین - نظامی -
خلائق گنہ زر در زمین می نہند + برو قفل و بند آہنین می نہند - ولہ -
در خانہ را چون سپہر بلند + زدم بر جہان قفل و بر خویش بند -
قُفّۃ - زمین بلند اور پشتہ اور وہ نشیمن جو مینار کے سر پر بنا ہو -
قفاے - وہ مکا جو کسی کی پیٹھ پر مارا جائے - سعدی - نیکی کرد
بر یار ساتی گذر + بصورت جہود آمدش در نظر + قفاے فرو کوفت
بر گردنش + بخشید زر وپیش بیراہنش - میرزا صائب - آنچنان
رو کہ بگردت نرسد برق کہ من + رو بدنبال نکردم کہ قفاے نرسد -

قاف با قاف

ققنس - بضم قاف اول وضم نون نام ایک جانور کا ہے کہ حکما نے
راگ اسی کی آواز سے نکالا ہے عمر اسکی ہزار برس کی ہوتی ہے مادہ
نہین رکھتا جب بوڑھا ہو جاتا ہے اور موت کا وقت نزدیک آتا ہے
تو لکڑیان جمع کر کر لکڑیون کے اندر آپ ہو بیٹھتا ہے اور رونا شروع
کرتا ہے اسوقت اسکی چونچ کے ہر ایک سوراخ سے کہ بیشمار ہین الگ الگ
راگ نکلتے ہین جب دیپک راگ شروع ہوتا ہے تو لکڑیون مین آگ لگ جاتی ہے
جس سے وہ خود بھی جلکر راکھ ہو جاتا ہے بعد جب بارش ہوتی ہے تو اس
راکھ مین بقدرت قادر مطلق انڈا پیدا ہوتا ہے اور انڈے سے بچہ نکلتا ہے -
ققدان - خریطہ - کیسہ - بٹوا جسمین الائچی وغیرہ رکھتے ہین اصل نام
اسکا قافلہ دان تھا اختصار مین ققدان بنگیا -

قاف با لام

قَلّما - بفتح اول وتشدید لام اندک یعنی تھوڑا -
قلولات - فاز جو ایک مشہور جانور ہے -
قَلا - بفتح اول دشمنی اور دشمن سمجھنا -
قُلا - بضم اول وہ گھوڑا جو رنگ اسکا بادامی ہو اور ایال سے دم تک سیاہ پشت پر سیاہ خط ہو -
قلفونیا - صنوبر کے درخت کا گوند -
قَلّا - فلاخن جس سے پتھر پھینکتے ہین -
قلیا - اشجار یعنی سجی جس سے کپڑے دھوتے ہین -
قلیمیا - سونا چاندی کا میل جو بعد گلانے کے بوتہ مین لگ جاتا ہے -
قلیب - بروزن فعیل کچا کنوان اور پرانا بوسیدہ عمارت کا کنوان -
قِلُوب - بکسر قاف وضم لام ترکی مین بمعنی کردہ یعنی کیا ہوا -
قُلّاب - بضم قاف وتشدید لام وہ کانٹا لوہے کا جس سے مچھلی
پکڑتے ہین - محمد سعید اشرف - مرغ ما را دام گسترد ست امواج نسیم +
ماہیان را نیش قلاب ست موج چشمہ سار -
قَلّاب - بفتح اول وتشدید لام قلب ساز کھوٹا روپیہ پیسہ
بنانے والا دغاباز اور فریبی آدمی - ذوقی - دلش روشن بنور حق
نگردد + بود شخصیکہ قلاب و دغاباز -
قلب - الٹا الٹنا ہوا اور دل انسان کا بلحاظ اس بات کے کہ الٹا
لٹکا ہوا ہے اور عقل اور خالص اور میانہ ہر چیز کا اور وہ کھوٹ جو چاندی

سونے مین ڈالاجائے اور فوج میانہ لشکر اور نام تیرھوین منزل کا منازل قمر سے۔ **حکیم انور لاہوری** ۔ اگر باشد خدا در قلب مومن + نباشد دخل در روے ماسوا را۔ **صائب** ۔ دہن خویش بدشنام سیال اصائب + کین زر قلب بہرکس کہ دہی باز دہد۔

قلب ۔ بضم اول فرانسیسی زبان مین نام ایک تخم کا ہی جو نہایت سخت اور چکنا ہوتا ہی اور اید کیطرح ہوتا ہی اسکے کھانے سے مثانہ کے کنکر ریگ یکر پیشاب کے راستے سے نکلجاتے ہین۔

قلوب ۔ بضمتین جمع قلب کی بہت سے دل۔ **مؤلف** ۔ مکن رنجیدہ ای مرد خدا دوست + قلوب مومنان عرش الٰہی ست۔

قلت ۔ بکسر اول و تشدید لام کمی و کمیابی قلیل ہونا تھوڑا ہونا۔ **صفدر فوقانی** ۔ سنہ عزت در جہان ماند نہ ذلت + نہ این کثرت بود باقی نہ قلت۔

قُلت ۔ بضم اول ماش جو ایک غلہ مشہور ہی۔

قَلت ۔ بفتح اول آدمی دیوث و بے غیرت۔

قلیج ۔ بکسر عین ترکی مین تلوار۔

قُلّاج ۔ بضم بزور کھینچنا کسی چیز کا مثلاً کمان کھینچنا اور مقدار درازی دونون ہاتھ کا۔ **طغرا** ۔ چون بنجہ بقلاج زدی سوے کمان + از زور تو خم گرفت ابروے کمان۔

قَلَح ۔ بہ حاے حطی زردی دانتون کی اور میل جو دانتون پر ہو۔

قلقند ۔ زاج سرخ۔

قلائد ۔ جمع قلادہ گلوبند سگ کتون کی پٹی۔

قلندر ۔ وہ لوگ ہین کہ نفوس و اشکال عادتی و اعمالی بے سعادت سے مجرد اور صفا ہو کر مراتب روحانی ترقی کرجاتے ہین قیود تکالیف رسمی و تعریفات اسمی سے رہائی پاکر اپنے وجود کا دامن سب کے ہاتھ سے نکال لیا ہوا اور تارک کلی ہو کر طالب جمال و جلال حق ہو گئے ہون اگر ذرا سی توجہ اسکی سواے حق کسی غیر کی طرف ہو تو صوفی قلندر نہین اور فرق درمیان قلندر و ملامتی و صوفی یہ ہی کہ قلندر تجرید و تفرید بکمال رکھتا ہی اور تخریب عادات و عبادات مین کوشش کرتا ہی ملامتی اپنی عبادت کو غیرون سے چھپاتا ہی اپنی کوئی خوبی لوگون پر ظاہر ہونے نہین دیتا اپنی برائیون کو تمام زمانہ مین مشہور کرتا ہی صوفی وہ ہی جو صرف خداوند جل و علی کا طالب ہو لوگون کی رد یا قبول پر ذرا توجہ نکرے پس ان تینون مین صوفی کا مرتبہ بلند تر ہی کیونکہ یہ باوجود تجرید و تفرید کے پیروی پیر اور پیغمبر کی کرنا فرض عین جانتے ہین اور اُنکے قدم بقدم چلتے ہین۔ **شمس الدین تبریزی** ۔ حق پرست و عابد و زاہد شدم + رند و اوباش و قلندر گشتہ ام۔

قلقطار ۔ زاک جسکو ہندی مین پھٹکری کہتے ہین۔

قلاوز ۔ بفتح قاف و واو وہ چند سوار جو لشکر کے پیشرو اور راہبر ہون۔

قلیدس ۔ مخفف اقلیدس نام ایک حکیم و نام ایک کتاب کا علم ہندسہ اور اشکال میں۔

قلس ۔ معدہ کے اچھلنے کے وقت جو ایک دفعہ منہ سے نکلے اور اگر چند بار نکلے گا تو اسکو قے کہینگے۔

قلقاس ۔ بفتح ہر دو قاف ایک مشہور چیز ہی جسکو بکا کر نان خورش بناتے ہین ہند مین اسکو اروی کہتے ہین۔

قلتبوس ۔ دیوث و بے غیرت آدمی۔

قلقدیس ۔ سبز پھٹکری جو ایک کانی چیز ہی۔

قلومس ۔ ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین اذان الاب کہتے ہین یعنی بچھ کے کان کیونکہ پتے اسکے ریچھ کے کان کے ساتھ مشابہت تمام رکھتے ہین۔

قلماش ۔ دروغ گو بے اعتبار آدمی۔ **اسیری لاہجی** ۔ عشق گوید عاشق قلاش باش + عقل گوید زاہد قلماش باش۔

قلاش ۔ مفلس تنگدست مجربی خان و مان یہ لفظ ترکی ہی۔ **ذوقی** ۔ کس نخواہد مردک اوباش را + تنگدست و مفلس و قلاش را۔

قلوص ۔ شتر مادہ جوان ۔ جوان اونٹنی۔

قِلاع ۔ بکسر اول جمع قلعہ بہت سے قلعے۔

قُلاع ۔ بضم اول جوشش دہان منہ کا پک جانا جو ایک بیماری ہی۔

قلع ۔ اکھاڑنا گرانا اور نام ایک معدن کا۔

قلاط ۔ معرب کلات نام ایک قلعہ کا جو قزوین اور خلخال کے درمیان ہی نیز ایک قلعہ جو قندھار کے علاقہ مین ہی اور ہر ایک قلعہ جو مختصر اور چھوٹا ہو۔ **میر معزی** ۔ زنبیان کہ بیار ہست گنون میر قلاطی + آن میر خرد مند ہوا خواہ و فادار۔

قلپاق ۔ ترکی مین ایک قسم کی ٹوپی کا نام ہی۔ **سیفی** ۔ مرا محبت قلپاق دو زماہی ہست + ازین نمد من درویش را کلاہی ہست + برائے زیب فرا ویزد و زقلپاق قش + سواد دیدہ من اطلس سماہی ہست۔

قلتاق ۔ گھوڑے کے زین کی لکڑی۔ **حکیم شفائی** ۔ ای بہم مبہم پدر بینی تو + قلتاق لیسر ادر دینی تو + صد فیل زیر بار یک نیم گشند + فتر نبان تستو ز بینی تو۔

قلچاق ۔ آہنی دستانے جو فوج کے لوگ رکھتے ہین۔ **میر طاہر وحید** ۔ ز قلچاق چیزے دگر نیست بہ + کہ ساعد از و یافت دست زرہ + بمعنی بود گرچہ دست یلان + بصورت بود لیک چون نا و دان۔

قَلاف ۔ بالفتح نام ایک ملک اور ایک قوم کا ہی۔

قُلاف ۔ بضم اول ترکی مین گوش یعنی کان۔

قلق - بیقراری و بے آرامی و اضطراب - سے شب وصال مین
دل پر قلق ابھی سے ہی + سحر ہو دور اے فراق ابھی سے ہی -
قلاسنگ - فلاخن جس سے پتھر پھینکتے ہین -
قلنبک - ایک قسم کے عود کا نام ہی جو نہایت خوشبو ہوتا ہی -
قُل - بضم اول ترکی مین غلام کو کہتے ہین اور عربی مین کہو یعنی کہ صیغہ امر ہی -
قلقل - بضم ہر دو قاف وہ آواز جو صراحی سے بوقت نکالنے پانی یا شراب
کے نکلتی ہی اور کلام عرب مین قل ... ہو - محسن تاثیر - خوش است
از زیادہ گلرنگ تلقل + کہ انجا گل ز غنچہ نہ بلبل -
قلل - جمع قلہ پہاڑ کی چوٹیان -
قلاقل - جنگال اباز جسکو قلقلان بھی کہتے ہین اور عربی مین رسان ابری -
قلیل - تھوڑا کم تھوڑا مقدار - توحید - خدا کریم و حکیم و خدا قدیم
و جلیل + از ذات او ست منزہ ز ... و تبدیل + خدا است آنکہ
شود ذات واحدش ثابت ... و بہتان و بہتان ...
ذات الہی ز ... + ہمیشہ پاک و بری از تغیر و تبدیل ...
زمین و ازان و قیام فلک + از او ظہور کثیر و از او وجود قلیل -
قلزم - بفتح اول و ضم ... نام ایک شہر کا مصر کے علاقہ مین
بحر محیط کے کنارے پر جسکے نام پر وہ سمندر مشہور ہی اور ہر ایک دریا
جو عمیق ہو اور چاہ جو آبدار ہو - انوری - ای زرین نعل و آہنین
سم + از سوسن گوش تیز زان دم + بار اے تو ذرہ ایست خورشید +
با طبع تو قطرہ ایست قلزم -
قَلم - بفتح اول تراشنا ناخن اپنا - کاٹنا -
قَلَم - بفتح اول و دوم تراشی ہوئی چیز قطع کیا ہوا کپڑا وغیرہ اور بہت
کم اور سر کے بال جو دونون کانون کے پاس چھوڑے جاتے ہین اور
وہ آلہ جس سے ہر قسم کی تحریر ہوتی ہی - مولانا جامی - محمد کش قلم
چون ناموس ساخت + ز سیمش حلقہ طوق دگر ساخت + خط لوح
قلم زان حرف حک شد + ازان سر حلقہ ملک و ملک شد - اردو
از مؤلف - قلم نے لوح پر نام محمد جب لکھا ہوگا + خوشی سے بڑھ کے
فوراً شاخ طوبےٰ بن گیا ہوگا -
قلمدان - وہ چیز جسمین قلم رکھے جاتے ہین محسن تاثیر - لب خاموش
تصویر قلمدان فاش میگوید + ز بیم راہی اہل سخن نتوان مصور شد -
قلیان - وہ چیز جسمین چلم رکھکر تمباکو کا دھوان کھینچتے ہین پہلے بھی
غلیان کی لفظ کی تشریح مین اسکی تشریح لکھی گئی ہی - ذوقی - زبان
کشتی عاشق بے خبر + برآوردی از سینہ دود جگر +

قلقان - ترکی مین سپر یعنی ڈھال -
قلتبان - دیوث بے خبر -
قلتین - دو بڑے خم یعنی ایک ہزار دو سو رطل عراقی پانی سما جائے
اتنا استقدر پانی امام شافعی کے مذہب مین استعمال سے نجس ہو جاتا ہی -
قلاوزن - لشکر کے نقیب -
قلات گازران - شیراز مین ایک موضع ہی جس مقام پر شیخ سعدی کا مقبرہ ہی -
قلاوین - زبد البحر یعنی سمندر جھاگ -
قلمرو - وہ ملک جو کسی کی حکومت مین ہو - محسن تاثیر - مجنون حریف
شوق رسائیم نمی شود + دشت جنون قلمرو پایم نمی شود -
قلادہ - گلو بند اور وہ پٹا جو کتے کے گلے مین ڈالتے ہین - حافظ -
شنیدہ ام کہ سگان را قلادہ می بندی + چرا بگردن حافظ نمی نہی رسنی -
قلعہ - بادشاہی سکونت کا مقام جسمین فوج رہتی ہو اور چار طرف
دیوار ہو حصار بھی اسکو کہتے ہین -
قلغہ - ایک پھول کا نام ہی جسکا پھول خوبصورت اور پتے بھی رنگین ہوتے ہین -
قلمچہ - کسی درخت کا قلم جو زمین مین لگایا جائے - مفید بلخی - بہار خامہ من
زینت ارد عالم را + قلمچہ چمن روزگار کلک من ست -
قلابہ - ماہی کا کانٹا خمدار مچھلی پکڑنے کا -
قلعہ قہقہہ - ایران علاقہ بائیجان مین ایک قلعہ نہایت مستحکم ہی -
قلہ - پہاڑ کی چوٹی اور ہر چیز کا بالائی حصہ ... جسمین دو سو من پانی سما سکے -
قلیہ - بھونا ہوا گوشت -
قلبہ - ہل جو زمین چلاتے ہین اور کھیتی بوتے ہین -
قلنغہ - ترکی مین محاصرہ کرنا اور زمیندارون سے باموری یا دہ ... وصول کرنا
قلنسہ - کلاہ یعنی ٹوپی -
قلقلہ - جوش بیقراری و ہلانا اور حرکت دینا حرف ساکن کا اسکے مخرج
مین اور حروف قلقلہ پانچ ہین قاف دال طا بے نقطہ اور بائے موحدہ و جیم منقوطہ -
قلقلہ - صراحی کی آواز -
قلازارہ - جنگلی کوا -
قلاشیرہ - تنجار و زاج سیاہ -
قلفشہ - رومی زبان مین ایک زخم کا نام ہی جو گھوڑے خچر گدھے
وغیرہ کے پاؤن مین ظاہر ہو جاتا ہی -
قلعی - ایک زر جو مشہور دھات ہی اور قلع نام ایک کان کا ہی جس سے
او زیر نکلتی ہی اسواسطے اسکا نام قلعی رکھا گیا - نعمت خان عالی -
شمایم و شمایم چون قلعی آئینہ + شمایم و شمایم آیم بسراب اندر -

دلبستہ قندی ۔ **محمد سعید اشرف** ۔ بستہ قندی اگر جوی شکر خندتن ہین + خواہی ازبادام قندی در شکر خوابش مگر ۔

قاف با واو

قُوا ۔ بضم اول جمع قوت بہت سی قوتین ۔

قُوبا ۔ بضم اول نام ایک بیماری کا جس سے جسم پر داغ پڑ جاتے ہین ہندی مین اُسکو داد کہتے ہین ۔

قورسا ۔ ایک دوا کا نام ہی جسکو عود ملبسان کہتے ہین ۔

قوسیا ۔ نام ایک دوا کا ہی جسکو عربی مین قسط کہتے ہین ۔

قوطوما ۔ یہ ایک قسم کے کانٹے کی جڑ ہی جسکو آذریون اور چوبک اُشنان بھی کہتے ہین اُس سے دھوبی کپڑے دھوتے ہین تو سفید ہو جاتے ہین ۔

قُوقا ۔ صنوبر کا گوند جسکو فارسی مین زنگباری بھی کہتے ہین ۔

قونیا ۔ یونانی زبان مین خاکستر یعنی راکھ ۔

قوت ۔ بضم اول وسکون ثانی کھانے کی چیز جو انسان کی غذا ہو ۔ **میر معزی** ۔ آنکہ دریا قوت نوش آگین وی شکر سرشت + قوت عشاق را یاقوت نوش آگین نہاد ۔

قُوَّت ۔ بضم اول وتشدید واو زور وطاقت وتوانائی جسکو ہندی مین بل کہتے ہین ۔ **درویش والہ ہروی** ۔ عشق تا دست جنون را قوت تاثیر داد + گرد گردون پنجہ از پروین بہ پیراہن دری ۔

قولنج ۔ ایک بیماری ہی جس سے روده قولون مین سخت درد ہوتا ہی ۔

قوچ ۔ میش نر شاخدار جنگی یعنی لڑنے والا بھیڑ جسکو لوگ لڑاتے ہین یہ لفظ ترکی ہی ۔

قولاج ۔ کودنا گھوڑے کا جست مارنا ۔

قوس قزح ۔ وہ رنگین کمان جو مقابل آفتاب کے ابر مین ظاہر ہوتی ہی ۔

قوّاد ۔ مرد بے عزت وبے غیرت دیوث ۔

قود ۔ قصاص ۔ بدلہ ۔ عوض ۔

قواعد ۔ جمع قاعدے کی بہت سے قاعدے ۔

قور ۔ ترکی مین ہتھیار اور لوہا ۔

قومس ۔ ایک شہر کا نام ہی ۔

قوّاس ۔ کمان بنانے والا ۔

قوس ۔ کمان جس سے تیر چلاتے ہین ۔ **حافظ** ۔ آہوان نظر شیر آفتاب بگیر + بابروان دوتا قوس مشتری بشکن ۔

قوس ۔ بضم اول وسکون واو معروف وہ صومعہ عبادت خانہ جو عیسائی عابد بناتے ہین ۔

قوقالس ۔ یونانی زبان مین گدھا جو نر ہو ۔

قُوش ۔ بضم اول شکاری جانور وحشی ہو یا طیر چارپایہ ہو یا پرندہ ۔

قوارع ۔ سختیان زمانہ کی آفتین حوادث مصیبتین جمع قارعہ ۔ ؎ ۔ ہر کہ بذکر خدا ذاکر بود + در قوارع صابر وشاکر بود ۔

قورق ۔ بواو معدولہ بروزن سُرخ ترکی مین جو چیز ممنوع ہو حفاظت مین لی ہوئی چیز ایک احاطہ مین رکھی ہوئی ضبطی مین آئی ہوئی شفیع اثر ۔ قرق شد گفتگو سے مسبدان نحو + کہ ساقی نامہ شد از نسخہا محو ۔

قَوبُشلُق ۔ ترکی مین ہمسایہ ہونا برابر رہنا ۔ پاس پاس ہونا ۔

قَوَافِل ۔ جمع قافلہ بہت سے قافلے ۔ **صفدر رقوقانی** ۔ سازین رہ کاروانہا درگذشتند + قوافل آمدند وباز رفتند ۔

قوّال ۔ بولنے والا بہت سی باتین کرنے والا ۔ گانے والا ۔ سرود کرنے والا

قول ۔ بضم قاف وواو معدولہ ترکی مین ہاتھ اور بازو اور غلام وفوج وسپاہ ۔ **عبد اللہ ہاتفی** ۔ شہ کامران خسرو سرفراز + دو قول از پی کارکین کرد ساز + یکی مرکز ایمنت فتح باب + کزان زہرۂ ازدہا بود آب + دگر قول از رایت خسروی + زنور جہانگیر خان شد قوی ۔

قَول ۔ بات چیت ۔ گفتگو ۔ عہد اقرار ۔ **سنجر کاشی** ۔ کا کے گفت قول دادہ باد وفا دی + دے ابت عہد بستہ بامے وجہام ۔

قوی ئیل ۔ دورہ دوازدہ سالہ مقررۂ حکما سے ترکہ مین سے ایک سال کا نام ہی اور وہ بارہ سال انھون نے جانورون کے نام پر مقرر کیے ہین چنانچہ [illegible] سال گوسپند یعنی بکری کا قوی کے معنی گوسپند اور ئیل کے معنی سال ہین اور نام ان بارہ سالون کے یہ ہین ۔ سیچقان ئیل ۔ اود ئیل ۔ پارس ئیل ۔ تفشقان ئیل ۔ لوی ئیل ۔ یونت ئیل ۔ ییلان ئیل ۔ قوی ئیل ۔ ہچی ئیل ۔ تخاقو ئیل ۔ ایت ئیل ۔ تنگوز ئیل ۔

قَوام ۔ بفتح راستی اور عدل ۔ ؎ ۔ بود ہر کہ شاہنشہ نیکنام + ہمیشہ قیامش بود بر قوام ۔

قِوام ۔ پختگی واصلیت ونظام وبقا اور استادہ ہونا ۔ قائم ہونا ۔ ؎ ۔ مسافر درین دار ناپائدار + ندارد امید قیام وقوام ۔

قوائم ۔ جس پر کسی چیز کا قیام ہو جیسے کہ چھت کا ستونون پر اور جسم کا ہاتھ اور پاؤن پر جمع قائمہ ۔

قویم ۔ راست اور محکم واستوار ۔

قوم ۔ بفتح اول گروہ وجماعت وخیل ۔

قوریون - یونانی مین کشنیز یعنی دھنیا جو ایک مشہور تخم ہی -
قومارتون - بادیان صحرائی جنگلی سونف -
قویت - عرق النسا کی بیماری -
قوینطون - رومی زبان مین ایک گھاس کا نام ہی جسکو عربی مین قاتل النمر کہتے ہین اسکو اگر پلنگ و لیوز یعنی چیتا کھائے تو مر جاتا ہی -
قو - بضم اول اور واو معروف شتر مرغ جسکے ملائم پر تکیون مین بھرے جاتے ہین اور وہ مرغ تہامہ کی سرزمین مین ملتا ہی ملا طغرا -
ز بہر بار پر قو از شکارگاہ بیار + کہ لائق پر کاہ ست تار بالش ما -
قو - بفتح اول وہ سوختہ روئی وغیرہ کا جسپر چقماق کی آگ جھاڑین -
محسن تاثیر - ساطینت ملائم کار از فلک بر آید + ز آتش من ست دائم روشن چراغ قو را -
قوقو - قوقہ - تکمہ پیراہن کا اور ٹوپی کا پھندنا اور کلغی حکیم سوزنی -
از حشمت سلطانی او تاج فریدون + جا ذوش و راقبۂ قوقوے کلاہ ست - ولہ - چتر زرین چرخ یعنی مہر افسر د قوقہ کلاہ تو باد -
قویمہ - صیغۂ مونث - محکم و استوار -
قوارہ - بضم اول ناکارہ ٹکڑے کپڑے کے جو درزی جامہ قطع کرنے کے وقت نکالتا ہی -
قورمہ - گوشت بریان بھونا ہوا گو سنت یہ ترکی لفظ ہی -
قوصرۂ - تھیلہ کھجورون کے رکھنے کا جو کھجور کے پتون سے بنا ہوا ہو -
قوّۃ - بضم اول و تشدید واو قوت و استعداد و امکان -
قوادۃ - دلالہ عورت جو مردون اور عورتون کے آپسمین وسیلہ بنکر انسے زنا کرائے -
قوسہ - قوس قزح اور غلیل جس سے غلے چلاتے ہین -
قورچی - سلاحدار سپاہی جسنے جنگ کے ہتھیار پہنے ہون اور آہنگر تلوار وغیرہ بنانے والا - سیفی - دلدار قورچی کہ دم شد نشان او + قربان شدم ز حسرت تیر و کمان او -
قوبی سنہلے یعنی شتاہ ڈبیا جو پان و تریاک وغیرہ رکھنے کے لیے - نوعی تخلص ندیم -
تو قدر سمی نہ میدانی بہنگ لالہ تیر سم + کہ جام از کف گذاری تو تی تریاک بر داری -
قوبیچی - نوکر کا نوکر - خادم کا خادم شفیع اثر - تو بیچی اگر سر رشتہ آب بقا ست + چون ماہ نو ترس کج عیان از سیما نیست + دردہ ہندوانہ دیم نیچہ از عاشق + خدمتگار ہے کہ دست او باشد رہ ست -
قوبیجی - میر شکار -
قورچی باشی - سلاح خانہ کا داروغہ -
قورشی - ترکی مین وہ طناب جو خیمہ کے گرد باندھ دیتے ہین -

قوی - بضم قاف و واو و معدولہ ترکی مین گوسپند یعنی بکرا -
قوِیّ - مضبوط - صاحب قوت و طاقت واضح ہو کہ قوتین جو خلاق حقیقی نے انسان کو بخشی ہین مفصلہ ذیل ہین قوی طبعی تعلق انکا جگر سے ہی اور قوتین یہ ہین جاذبہ ماسکہ ہاضمہ غاذیہ دافعہ نامیہ مولدہ قواے حیوانی دل کے متعلق ہین مثلاً حرکت قلب و نبض و قوت حافظ حیات و غضب و شہوت و فرحت قواے نفسانی باصرہ و شامہ و سامعہ و ذائقہ و لامسہ و حس مشترک و متخیلہ و متفکرہ و واہمہ و حافظہ متعلق دماغ ہین -

قاف باہاے ہوز

قہر - غضب و غصہ و ناراضی و جوش طبیعت - سعدی - اگر جفا پیشہ بگذشتی + کہ از دست قہرش امان یافتی -
قہّار - قہر کرنے والا یہ نام حضرت حق جل و علی کا ہی - توحید - منود چہرۂ روشن ز ہر طرف دلدار + گہے ز خانہ گہ از کوچہ و گہ از بازار + زہے رحیم و زہے راحم و زہے غفار + زہے شفیق و زہی اشفق و زہی ستار + مثال بید بلرزد بخود تمام جہان + ز ہیبت و غضب و قہر و حضرت قہار -
قہبلس - بروزن جحمرش ذکر و قضیب و عضو تناسل مرد کا -
قہرمان - حاکم - کار فرما - صاحب رعب و جلال - سنجر کاشی - اقبال شاہ روے بہر شہر کہ آورد + بے آنکہ چون زمینی گردان رود روان + بینی کلید را کہ بدندان کشودہ در + بل برخ بخاک سودہ بتعظیم قہرمان -
قہستان - ایک ملک ہی ولایت خراسان مین -
قہوہ - ایک تخم کا نام ہی جسکو جوش دیکر جوشاندہ اسکا پیتے ہین اسکے پینے سے آدمی کو ایسی عادت ہو جاتی ہی کہ بیئے بغیر زندگی تلخ ہو جاتی ہی کسی قدر نشہ بھی دیتا ہی قہوہ خانہ وہ مکان کہلاتا ہی جس مین قہوہ پلانے والا رہتا ہی - میر صیدی - مراد ز قہوہ بودن بہتر از بزم میہمان باشد + کہ اینجا میہمان را منتے بر میزبان باشد - ولہ - گہ گشتم قہوہ گاہ تمباکو + کار من در کشاکش افتادہ ست -
قہقاہ - قہقہہ - آواز بلند سے ہنسنا - حکیم زلالی - چنان بزم طرب خیزی بیاراست + کہ قہقہہ از گلوے شیشہ برخاست -
قہقری - پچھلے پاؤن ہٹنا - محمد امین و قاری - خدنگ خصم ز سہم تو قہقری ز بست + چنانچہ غنچۂ پیکان دمید پس از گل جان -

قاف بایاے

قینا - خرقہ جو مشہور سبزہ ہی اور عربی مین اسکو بقلۃ الحمقا کہتے ہین -
قیمونیا - ایک قسم کے نرم پتھر کا نام ہی جسکو حجر الرخلم کہتے ہین

سفید رنگ مٹی تہ بہ تہ اور خوشبودار ہوتی ہی جو کافور کی بو باس سے
آتی ہی حجر الشفاف بھی اسکو بولتے ہین۔
قیامت۔ بکسر اول قائم ہونا اور قیامت کا دن جو اُس روز
تمام مخلوقات فنا ہوکر پھر قائم ہوگی۔ سعدی۔ قیامت کسی بینذ
اندر بہشت + کہ معنی طلب کرد و دعوی بہشت۔ ولہ۔ دی زمانی
بتکلف بر سعدی بنشست + فتنہ بنشست چو برخاست قیامت برخاست۔
قیمت۔ مول۔ نرخ۔ بھاؤ۔ معاوضہ۔ انوری۔ نوش لب لعل تو
قیمت شکر شکست + چین سر زلف تو رونق عنبر شکست۔
قیادت۔ بکسر اول دلالگی کرنا۔ قرمساقی کرنا۔
قیقاج۔ بیائے مجہول ترکی مین اریب یعنی جو چیز سیدھی نہو۔ محسن تاثیر۔ چہ غم
ز خسارتش از قیقاج مژگان رسا دارد + کہ جوشن از خط نارستہ در زیر قبا دارد۔
قیح۔ بفتح اول و سکون ثانی و ملے حطی ریم جو سفید رنگ زخم سے نکلتی ہی۔
قید۔ بند مشہور لفظ ہی اور شکنجہ جسمین صحاف کتاب بند کرکے کاٹتے ہین
شانی تکلو۔ قید ہستی نشکن بیرو آزادان شو + کہ تو اینجا باسیر قفسے
ہیمانی۔ میرزا طاہر وحید۔ مرا یار صحاف تا کردہ صید + نیارد
برون چون کتابم ز قید۔
قیود۔ قید کی جمع ہی۔
قیر۔ بروزن میر ایک سیاہ روغن جو بیمار اونٹون کے بدن پر ملتے
ہین نیز ایک سیاہ گوند ہی جو نئی بنائی ہوئی کشتیون پر ملتے ہین تاکہ
پانی انمین نہ جائے۔
قیصر۔ خطاب بادشاہ روم کا اور وہ لڑکا جسکی مان مرجائے اور وہ
نو مہینے کا حمل مان کے پیٹ مین ہو اور مان کا پیٹ چیر کر اُس بچہ کو
نکالا جائے چونکہ اغسطوس شہان روم سے مان کا پیٹ چیر کر
نکالا گیا تھا لقب اسکا قیصر مقرر ہوا اس سے بعد روم کا ہر ایک بادشاہ قیصر لقب لیتا رہا۔
قیصور۔ ایک شہر دریائے محیط کے شرقی کنارے پر آباد ہی کافور وہان
خوب ہوتا ہی۔
قیاوار۔ کار و شغل و عمل و صنعت اسمین حرف چوتھا واؤ ہی۔
قیشوز۔ بیا ایک قسم کا پتھر ہی مجوف جو سمندر کے کنارے پایا جاتا ہی
بعض کے نزدیک وہ خشک کف دریا ہی شراب خم جو جوش مین ہو تو اسمین
اسکا ٹکڑا ڈال دیا جائے تو جوش فرو ہو جاتا ہی۔
قیماز۔ بفتح اول غلام و کنیز و خدمتگزار۔
قیاس۔ بکسر اول جانچنا۔ اندازہ کرنا دو چیزون کا اور ایسی روش
پر چلنا کہ اور شخص اسی پر چلا ہو۔ نظامی۔ ندنا ریختہ چون
گرفتم قیاس + ہم از نامۂ مرد ایزد شناس + دران ہر دو گفتار
چستی نبود + گزافت سخن را درستی نبود۔
قیس۔ نام مجنون جو لیلی کا عاشق تھا۔
قیبوس۔ خشخاش کے بیج جسکو عربی مین حبل المساکین کہتے ہین
قیرس۔ یونانی زبان مین موم جسکو شمع کہتے ہین۔
قیطس۔ ایک درخت ہی جسکو فارسی مین مورد اور عربی مین آس بولتے ہین۔
قیقاؤس۔ معرب کیکاؤس۔
قیراط۔ آدھی دانگ کا وزن جو چار جو ہوتی ہی۔
قیلوط۔ نام ایک دوا کا ہی جسکے بیون کو گندنائے شامی کہتے ہین۔
قیماغ۔ قیماق۔ دودھ کی ملائی جو گرم دودھ کے اوپر آجاتی ہی۔ فوقی یزدی
ز بہر نان جوین و پیاز و فتر زنم + ہزار گونہ مقشر لسبلت قیماق۔
قیق۔ قیقہ۔ فریاد و آواز بلند۔ فوقی یزدی۔ سحر گہ گرد ز شلوی
خروس طبعم قیق + ز دم بگوشۂ دستار لب گل نرزیق۔
قیفال۔ نام ایک رگ کا جسکے فصد کرنے سے خون سر اور رو و گردن کا آتا ہی۔
قیتول۔ مطلق قلعہ اور بادشاہی مقام۔
قیل۔ بکسر اول کلام سخن اور نام ایک جنگل کا اور ایک مستی جو درخت صنوبر سے ٹپکے۔
قیل۔ بفتح اول بادشاہ اور اقیال اُسکی جمع ہی۔
قیام۔ قائم ہونا۔ استادہ ہونا۔ توحید۔ متفق بر وحدتش ہر خاص
و عام + قائل یکتائیش خلقت تمام + از سر اخلاص بر نام خدا + جان و دل
سازد فدا ہر اہل نام + سر نگون دارد یکی در بندگی + مثل سرو استادہ دیگر در قیام۔
قیم۔ جمع قیمت بہت سی قیمتین۔
قیم۔ بکسر اول و تشدید ثانی بر پا رکھنے والا۔ قائم رکھنے والا۔
قیوم۔ بفتح اول و تشدید ثانی بہت سا قائم ہونے والا یہ نام سامی گرامی
حق سبحانہ تعالے سے ہی۔ توحید۔ کند تقسیم قاسم رزق مقسوم +
بہ بخشد بندگان را رزق معلوم + حکومت میکند آن کارفرما + بہ ہر ملک و
بہر مرز و بہر بوم + نہ فاسق ماند مایوس از عنایت + نہ فاجر ماند از الطاف
محروم + خدا حاجت روا و خلق محتاج + خدا فرمان روا و خلق محکوم +
بہر وصف ست آن خلاق موصوف + بہر اسم ست ذات پاک موسوم +
کبیر ست و عزیز ست و قدیر ست + توانا و قدیم و حی و قیوم +
قیطون۔ مشہور ہی جو کلاتون سے بنکر کپڑے کے دامنون کو لگاتے ہین۔
قیروان۔ بفتح نام ایک شہر کا ہی نواحی افریقہ مین۔
قیروان۔ بکسر اول معرب کاروان۔
قین۔ عربی مین آہنگر یعنی لوہار اور ترکی مین منکوحہ عورت

اور تلوار اور چھری کا نیام۔

قیزۃ۔ لنگوٹا جو کشتی گیر باندھتے ہین۔

قیصریہ۔ اصفہان مین ایک بازار کا نام ہی۔

قیمہ۔ ریزہ ریزہ کرنا گوشت کا بند سے بند جدا کرنا۔

قیلہ۔ قیلولہ۔ بیائے مجہول دن کے دوپہر کے وقت ایک گھنٹہ سو رہنا۔

قیلہ۔ بیائے معروف ایک بیماری کا نام ہی جس سے ایک خصیہ مرد کا بڑا ہو جاتا ہی۔

قیدافہ۔ نام نوشابہ جو سکندر رومی کے وقت ملک بردع کی فرمانروا تھی اور سکندر خود بلباس سفیر اُسکے پاس گیا اور پہچانا گیا۔

قینچی۔ مقراض جس سے کاغذ و کپڑا وغیرہ کترتے ہین یہ لفظ ترکی ہی۔ ملا فوقی یزدی۔ حکیم سوزنی آن تیر قینچی فطرت + کہ بود ابرہ ہر لشتہ شہ آسترم اگرچہ در رفو ہزل از عبید افزون بود + ولے زہر دو بادراک مین زیادہ نرم۔

قیاسی۔ جو بات از روے قیاس ہو یعنی سوچ سمجھکر کی گئی ہو۔

قیدی۔ قید کی حالت مین یا بزنجیر۔

قیمتی۔ قیمت سے ملنے والی چیز۔

قی۔ معدے کا اچھلنا کھایا ہوا کھانا منھ کے راستے سے نکل آنا۔

قیسی۔ نام ایک میوہ کا ہی جو زرد آلو کی قسم سے ہی۔

قیروطی۔ یونانی زبان مین موم روغن۔

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل کے متعلق کوئی اردو لغت دستیاب نہین ہوا اور جو نفائس اللغات وغیرہ مین درج ہین سب عربی و فارسی ہین جو پہلی فصل مین درج ہو چکے ہین دوبارہ لکھنا لاحاصل متصور ہوا۔

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات کے ذکر مین

قاف با الف

قارورہ برج۔ وہ قارورہ جو قلعہ کے برج سے پھینکتے ہین۔ امیر خسرو۔ فلک قارورۂ برجیست شد ای ماہ سیما قدران + ملک پروانہ کورنت شد ای شمع جاندا ران۔

قاضی چرخ۔ مشتری ستارہ جو سعد اکبر ہی۔

قازغالش سرنگون شد۔ پاتیلہ یا دیگ اسکی الٹ گئی یعنی کمال نقصان ہوا جو کچھ اسکے پاس تھا سب تلف ہو گیا۔ کڑاہی الٹ گئی ہی۔ ہشت در حکمش اگر گردون بود ون ہتغارہ ان او چراست سرنگون۔

قافلہ سالار۔ سرگروہ قافلے کا۔ افسر قوم کا۔ تاثیر۔ غنچہ را چون دل تاثیر جرس میسازد + ملکہ چمن قافلہ سالار کند بوسے ترا۔

قاق شدن تیر۔ بیکار ہونا۔ ناکارہ ہونا۔ محمد سعید اشرف۔ شوخ کماندار من شہرۂ آفاق شد + از قدر اندازیش تیر قضا قاق شد۔

قادر انداز۔ قادر دست۔ وہ تیر انداز جسکا تیر نشانہ سے خطا نکرے۔ حکیم زلالی۔ یکے ابرو کمانے قادر انداز + یکے آماج تیر ترکش ناز۔ میر خسرو۔ تیر کز مو درست جستی وصاف + بر نجستی از و نگاہ شگاف + زان خطا با سواز قادر دست + چسبید شست شیست۔

قانون نواز۔ قانونی۔ قانون بجانیوالا اور قانون ایک ساز کا نام ہی جو مطرب بجاتے ہین۔ محمد افضل ثابت۔ آور دسطرے برائے مجموعہ نشاط + ندیم سازد صحبت قانون نواز۔ للہ سیفی۔ زبسکہ دلبری قانونیم صفا دارد + بر اہل حسن بقانون گرفتہا دارد۔

قائم انداز۔ جو شخص شطرنج اور نرد کھیلتے ہین استاد ہو کسی سے مات نہ کھائے اور آدمی بہادر و دلیر۔ نظامی۔ توانگہ کہ برمن شوی دستیاب۔ زن بیوہ را دادہ باشی جواب + من ار بانو حریم ہنگام کین + بوم قائم انداز روے زمین۔

قاچ فروش۔ جو شخص خربزہ ہندوانہ و خیار وغیرہ کے ٹکڑے کرکے پھانکین بیچتے ہین۔ طاہر وحید۔ زقاچی کہ جانان بیلران بخرو خت دل لخت لخت من از غصہ سوخت۔ ولہ۔ عدو خواہ باشد جوان خواہ پیر + بیک قاچ او گردد از عمر سیر۔

قاشق تراش۔ چمچہ بنانے والا۔ طاہر وحید۔ بگویم ازان یار قاشق تراش + ندیدم کہ قاشق بسوزد چو آتش۔

قافلہ کش۔ قافلہ کھینچنے والا۔ قافلہ کشیدن۔ قافلہ کھینچنا۔

قافلہ گاہ۔ مقام کاروان کا۔ شاہ محمد ہروی۔ او قافلہ کش متاع دین را + حافظ رہ سنت مبین را۔ درویش والہ ہروی۔ عشق ما قافلہ حسن کشند بر رہ چشم + محمل ہر کہ ببینی دل والہ جرس ست۔ محمد علی جامع۔ از بس دم وصل مردم بر بہت چشم براہست + ہر کوچہ نقش قدم قافلہ گاہست۔

قاقم پوش۔ سفید پوش آدمی۔ عرفی۔ بصبح قاقم پوش و بشام اکسون باف + بہ صبح آب فشان و بچشم آتشبار۔

قاصرات الطرف۔ وہ عورتین جو سوائے اپنے شوہر کے کسی اور کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھین۔

قاقم اندام۔ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی۔ امیر خسرو۔ قاقم اندام را اشارت کرد + تاشود سوے پردہ راہ نورد۔

جلوہ میکرد سمند تو و نمکین میریخت + آب حیوان زکنار قدح زرین میریخت۔

قدر دان ۔ قدر جاننے والا۔ مرتبہ پہچاننے والا۔ قدر زر زرگر بداند قدر جوہر جوہری + قدر علم و فضل میداند کہ باشد قدر دان۔

قدم از جان برآوردن ۔ موت پر مستعد ہونا۔ موت کو حیات پر ترجیح دینا۔ مشکل ست از کوچۂ دلدار پا برداشتن + ہان قدم از جان برآوردن مرا آسان ترست۔

قدم از جان بریدن ۔ آنا جانا ترک کرنا۔ **محمد جان قدسی** ۔ بریدہ شد قدمش ساعتے ازان در و بام + بآفتاب اگر عشق جو شبنم براے ہمین۔

قدم از راہ کشیدن ۔ چلتے چلتے ٹھہر جانا۔ **محمد قلی سلیم** ۔ چو مور خستہ ازان میکشم قدم در راہ + کہ توشۂ بجز از ضعف نیست در کمرم۔

قدم افتادن ۔ قدم پڑنا۔ **میرزا بیدل** ۔ مرا از آبلہ پائی چہ مشکل افتادہ ست + کہ تا قدم زدہ ام پاے بر دل افتادہ ست۔

قدم نہادن ۔ قدم رکھنا۔ پانوں رکھنا۔ **میرزا معزی** ۔ سہم تو نہادست قدم بر سر جیپال + عزم تو فگندست فزع در دل فغفور۔

قدم زدن ۔ لات مارنا۔ پانوں مارنا۔ **صائب** ۔ غوطہ در بحر گہر آبلۂ پا زدہ ایم + در دل خاک قدم بر سر دریا زدہ ایم۔

قدم افشردن ۔ ثابت و پایدار ہونا۔

قدم داشتن ۔ قائم ہونا۔ ثابت ہونا۔ **حافظ** ۔ نہ ہر درخت تحمل کند جفاے خزان + غلام ہمت سروم کہ این قدم دارد۔

قدم در میان دو کس گذاشتن ۔ دو شخصون کے آپس مین وسیلہ امین صلح و صفائی کرانا۔ نیکی کرنا۔ **کلیم** ۔ خاک پاے تو قدم گر نگذارد بمیان + کہ بہم صلح دہد دیدہ و بینائی را۔

قدم را گلبانگ کردن ۔ جلد و تیز چلنا۔ **درویش والہ ہروی** ۔ قدم را تازہ گلبانگے نزدم بر رہ نمید انم + ازین بہ نیست سر در راہ رو را نغمہ پردازی۔

قدم سودن ۔ قدم اٹھانا۔ چلنا۔ **درویش والہ ہروی** ۔ براہ دو بینہا ہر کہ بے سنت قدم ساید + بہر گامیکہ پرداز دز پا چشمے از دپا لے۔

قدم شمردہ نہادن ۔ گن گن کر قدم رکھنا۔ احتیاط سے چلنا۔ **صائب** ۔ قدم شمردہ نہد حسن در قلمرو خط + چو عاشقے کہ بپاے حساب مے آید۔

قدم کشادن ۔ **قدم کشیدن** ۔ راستے پر چلنا۔ پیچھے ہٹنا۔ **نظامی** ۔ قدم بر قیاس نظر میکشاد + مگر خود قدم بر نظر مے نہاد۔ **صائب** ۔ اگر قدم نتوانی ز بزم خلق کشید + بگوش جان بشنو صائب این نصیحت را۔

قدم جلے ۔ قدم رکھنے کی جگہ۔ **میر خسرو** ۔ اگر تحنت والا قدم جاے تست + مرا جاے بر دست والاے تست۔

قدر افتادن جنگ و کشتی ۔ **قدر بودن جنگ و کشتی** ۔

قدر کردن جنگ و کشتی ۔ برابر پڑنا اور برابر ہونا اور برابر کرنا دو لڑنے والون کا لڑائی اور کشتی مین۔ **صائب** ۔ خم بیک اندازہ شد بازو و ابروے ترا + خوش قدر افتادہ جنگ این دو زور آور بہم۔ **شانی تکلو** ۔ ہنوز تماشیۂ من بدوش کیوان ست + ہنوز کشتی من با معاصران قدر ست۔

قاف با را ے

قرآن سرا ۔ قرآن پڑھنے والا۔ قاری۔ **ملا طغرا** ۔ ز آواز قرآن سرا ہر طرف + بود فیض پیما مقام شرف۔

قرض بغداد بد ست ۔ ایران مین مثل ہی کہ بغداد والون کا قرضہ بہت برا ہی مدیون اس قرضہ کے بار سے کبھی سبکدوش نہین ہوتا۔ **محمد قلی سلیم** ۔ راضی شدہ ام بقرض اگر ہم باشد + میدانم اگرچہ قرض بغداد بد ست۔

قروت شدن صحبت ۔ برہم ہونا صحبت کا۔

قرب فرائض ۔ وہ قرب جو بندون کو بسبب ادا ے فرائض الٰہی حاصل ہوتا ہی۔

قرعۂ ذات الرقاع ۔ ترکیب اُسکی استخارۂ ذات الرقاع مین تحریر ہو چکی ہی کہ چند رقعہ لکھکر فال اپنے امر مقصود یہ کی لیجاتی ہی۔

قراسورن ۔ ترکی مین وہ افسر جو بادشاہ کی طرف سے راستون کا محافظ و نگہبان ہوتا کہ کاروان با امن و امان اُس راہ سے گذر جائین۔

قرآن خوان ۔ قرآن پڑھنے والا۔ قاری۔ **مولانا اکبر** ۔ کون کر سکتا ہی تیرے مصحف رخ پر نظر + ہان اگر حافظ ہو یا ناظر کوئی قرآن خوان۔

قرآن فرو خوردن ۔ قرآن کھا جانا یعنی قرآن کی قسم اٹھا جانا حلف کھا جانا۔ **شانی تکلو** ۔ شانے بترک عشق تو سوگند میخورد + باور مکن اگر ہمہ قرآن فرو خورد۔

قرآن گذراندن ۔ سختی و محنت کا زمانہ گزار لینا۔ رنج و تردد سے خلاص پانا۔ **شفائی** ۔ از گریبام ای چرخ قرآ نہا گذراندی + امشب بجذر باش کہ داری خطرے باز۔

قران گذشتن ۔ رنج و مصیبت کا زمانہ گذر جانا۔ **عطاے حکیم** ۔ رباب گرجانے ممدوح کے گھوڑے سے۔ ای قبلۂ زمانہ ازین تنگدل مشو + صاحب قرانی از تو قرآن بگذرد بقین۔

قرعہ زدن ۔ فال نکال دیکھنے والا۔ **میر خسرو** ۔ قول منکہ کس نیست

ہرگز استوار بہ شاعر و قرعہ زن مو اختر شمار۔

قرص روئین ۔ جرس یعنی گھڑیال۔

قرا کلولہ ۔ افیونی گولیان جو اطبا ترکیب ادویہ سے بناتے ہین

قراول خانہ ۔ یہ ایک بلند مکان شہر کے باہر بنایا جاتا ہی اور بسبیر محافظ سپاہی مامور رہتے ہین اگر کوئی دشمن رات کو آئے تو محافظ بسیر آگ جلا دیتے ہین تاکہ شہر والے دور سے روشنی آگ کی دیکھکر متنبہ ہو جائین ۔ محسن تاثیر ۔ میان ابروش پر ریو رنگ ست + قراول خانۂ شہر فرنگ ست ۔

قربان گاہ ۔ جس جگہ قربانی کرتے ہین ۔ ابو طالب کلیم ۔ ہر ندارد کسی شہید ز ناز قربانگاہ عشق + ایستہ سیلاب خون اینجا رسیدان می برد

قرض بے وجہ ۔ وہ قرض جسکے ادا کی کوئی صورت نظر نہ آئے ۔ نور الدین ظہوری ۔ قرض بے وجہ نا امید ترا + گشتہ امید بخشش تو ضمان ۔

قروان خالیہ ۔ گذرے ہوے زمانے ۔ شعر ۔ نزد اہل خرد عبث باشد + یاد کردن قروان خالیہ را ۔

قاف با سین

قسمت خور ۔ روزی کمانے والے ۔ نظامی ۔ چو قسمت خوران را کنی رام خویش + بران قسمت افتادہ دان نام خویش ۔

قاف با صاد مہملہ

قصر حساب ۔ حساب کا مکان اور محل جسکو حکما سے ہند کوٹھا کہتے ہین اور وہ مربع مستطیل و عریض ہوتا ہی ۔ صائب ۔ ہیچ دل شدہ کار تنگ نگرفتم + چرا سپہر تو قصر حساب کرد مرا ۔

قصب السبق ۔ عرب مین دستور ہی کہ میدان مین ایک بانس قائم کر کے دو شخص گھوڑے دوڑاتے ہین جو شخص آگے جا کر بانس کو اپنی تیزی سے گرا دیوے میدان اسکا ہوتا ہی یعنے وہ بازی جیت جاتا ہی ۔

قصاب شکن ۔ فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہی ۔ میر نجات ۔ مدعی گرچہ خود آزار مراقی دارد + باب قصاب شکن گردن چاقی دارد ۔

قصر شیرین ۔ نام ایک عمارت کا ہی بے ستون مین جو صورت شیرین کی اور اسکے گھوڑے گلگون کی تصویر وغیرہ فرہاد کے ہاتھ کی لکھی ہوئی اس جگہ موجود ہی ۔ محمد سعید اشرف ۔ شکار انداز ترکی خانہ پردازی کہ من دارم + ز ناوک خانۂ زنبور سازد قصر شیرین را ۔

قصہ خوان ۔ **قصہ پرداز** ۔ قصہ کہنے والا ۔ داستان سنانے والا ۔ طاہر وحید ۔ چہ گوید کس از خوبی قصہ خوان + کہ در ملک خوبی ست صاحب قران ست

حافظ ۔ تا زشام غریبان چو گریہ آغازم + بگریہ ہاے غریبانہ قصہ پردازم ۔

قصہ دراز کردن ۔ بات کو بڑھانا ۔ بڑھا کر بات کہنا ۔ لغو تقریر کرنا ۔ حافظ ۔ معاشران گرہ از زلف یار باز کنند + شب خوش ست بدین قصہ اش دراز کنند ۔

قصہ کوتاہ ۔ القصہ و سخن مختصر ۔ آخر کلام ۔ انتہاے کلام ۔

قاف با طاے مہملہ

قطرہ ذرد ۔ ابر مردہ جو مشہور چیز ہی آب ذرد بھی اسکو کہتے ہین اسفنج عربی مین اسکا نام ہی ۔ نظامی ۔ چو دریا چرا ترسم از قطرہ ذرد + کہ ابرم دہد پیش زان دستبرد ۔

قطع نظر ۔ جسکی طرف دیکھنا منظور نہو ۔

قطرہ زدن محنت و تردد کرنا ۔ دوڑنا ۔ تیز چلنا ۔

قطرہ زن ۔ ہرزہ گرد جس شخص کو ایک جگہ پر قرار نہو ۔

قطرہ کردن ۔ قطرہ بر داشتن و کشیدن ۔ قطرہ فشاندن ۔ ظہوری ۔ ندارد آن درازی رہ کہ سالک قطرہ بردارد + فضاے ہر دو عالم گرد راہ نیم گام اینجا ۔ ملا طغرا ۔ ہر طرف بسیار کردم قطرہ در راہ طلب + لیکن از دریا ندیدم بہرہ جز سیلاب کم + سالک ز دیدہ براہ دوست چو سالک شدیم قطرہ فشان + نشان آبلہ در دیدہ جستجو شکستم ۔ نعمت خان عالی ۔ در راہ عشق قطرہ بمژگان زدم جو اشک + انعل از براے غلطی و از گوق زنند ۔ صائب ۔ دران مقام کہ من قطرہ میزنم صائب + غبار ہستی کونین گرد پاپوش ست ۔ ولہ ۔ نیست آسان پنجہ با عشق قوی بازو زدن + قطرہ در زیر بار بحر می باید کشید ۔

قاف با فاے

قفل شدن دریا ۔ بند ہو جانا دریا کا راستہ بسبب طغیانی کے اور بند ہونا راستہ آمد و رفت کا ۔ صائب ۔ قفل گردیدن دریا ست نظر بستن من + خرہ برہم زدنم بال و پر طوفان ست ۔

قفل بند ۔ وہ چیز جو قفل مین ہو اور قفل جو لگایا جاوے ۔ میرزا صائب ۔ چنگ شاخ رکاب تو بہ سوزد اعیار + قفل بندی بدر خانۂ زین می بابست ۔

قفل زبان بند ۔ **قفل زبان بندی** ۔ وہ عزیمت جو کسی کی زبان بندی کے لیے قفل پر پڑھتے ہین ۔ شفیع اثر ۔ بنا کسان نتوان گفت از پریشانی + کہ ہست قفل زبان بند چین پیشانی ۔ ولہ لب اظہار دارم بستہ بیش مردم دنیا + بود قفل زبان بندی مرا ہر چین ابروے ۔

قفل گر ۔ قفل بنانے والا لوہار ۔ سیفی ۔ تا دلم شد بستۂ زنجیر زلف قفل گر + رو بران درے نہم چون قفل ہر شب تا سحر ۔

قفل وسواس - ایک آہنی چیز بنی ہوئی ہوتی ہے جسکا باندھنا اور کھولنا خالی اشکال سے نہین ہوتا ہندی مین اُسکو گورکھ دھندا کہتے ہین - یوسف والہ - قفل وسواس ست درکف رشتہ آمال ما + منجر رد صد جا گرہ تا یک گرہ وا میشود -

قفاگیران - دادخواہان و مظلومان حکیم نزاری - نہ سوز سینہ پیران بتر سید + بجستر از قفاگیران بتر سید -

قفل بر زبان و دست کسے زدن - خاموش کرانا حسین ثنائی - آن خلیلم من کہ قفل الحذر + بر دہان و دست مہمان میزنم -

قفل بر زبان کسی انداختن و زدن - خاموش کرنا بولنے ندینا - کمال اسمٰعیل - عقل را ادراک صنعت دیدہ ہا بر دوختہ + نطق را وصف تو قفلے بر زبان انداختہ -

قفل بر لب خود نہادن - خاموش ہونا چپ کرنا - باقر کاشی - قفل ابدی بر لب خاموش نہادم + یعنی بجہان محرم یک راز ندیدم -

قفل پیچیدن - قفل مروڑنا تالی کے بغیر کھولنا صائب - عاجزم از باز کردن ہائے آن بند قبا + ورنہ قفل ... در گلزار را پیچیدہ ام -

قفل در رہ بودن - راستہ بند ہونا سلا طغرا - خضر چو دید کہ قفل است در رہم ز رفیق + کلید تفرقہ بر پردہ بیابان زد -

قفیز پر آمدن - پیمانہ بھر جانا - عمر آخر ہونا مرگ کا بغلم آنا حکیم فردوسی - نبشد خستہ گشتیم و لہاک نیز + بر آمد ز ہر دو بیہدہ قفیز -

قفاگاہ - پیٹھ پیچھے سر کا پچھلا حصہ میر خسرو مغلون کی تعریف مین - پشت جو بجت سزاے در قفش + جرم قفاگاہ سزاوار کفش -

قفس سیمابی - آسمان - سالک یزدی - منم آن مرغ کہ در بیضہ ندارم آرام + بیقراری کشدم در قفس سیمابی -

قفل رومی - باربد کے تیس لحن مین سے ایک لحن کا نام ہے نظامی - چو قفل رومی آوردی در آہنگ + گشادی قفل گنج از روم از زنگ -

قاف بالام

قلم دست و پا - شتالنگ اور آریج کی ہڈی - نعمت خان عالی - قاصد نہ مژدہ نہ پیامے نہ وعدہ + پاے قلم چہ بند قلم پاشکستہ ست -

قلعۂ سرخاب - عراق مین ایک قلعہ کا نام ہے شعر - زلعت گرفت مملکت ملک روم و شام + رنگ خات قلعۂ سرخاب فتح کرد -

قلعۂ گلاب - کیفو یہ پہاڑ پر ایک قلعہ ہے ایران کی سلطنت کے ماتحت اور بری میعاد کے قیدی وہان رکھے جاتے ہین - ضا - سعید سر زمان معشوق عاشق در مظرانہ ہست + بلبل ز رشک عینا و قلعۂ گلاب سب -

قلم سرب - انگریزی قلم جسکو پنسل کہتے ہین ناثیر عالمگیری مین محمد ساقی مستعد خان نے لکھا ہے کہ پچیسوین شوال سنہ تئیس جلوس عالمگیری مین بادشاہ متوجہ تسخیر قلعہ بیجاپور تھا اور شاہی مورچال کا ملاحظہ بادشاہ بذات خود فرما رہا تھا کہ میر عبد الکریم المخاطب بامیر خان نے یہ بدیہی مصرع سرب کے قلم سے لکھ کر حضور مین پیش کیا ع فتح بیجاپور زودی میشود + اور عرض کی کہ اس مصرع سے تاریخ سنہ ہجری حاصل ہے بادشاہ سنکر خوش ہوا اور فرمایا کہ خدا ایسا ہی کرے چنانچہ اُسی ہفتہ مین قلعہ فتح ہوا اور سکندر بیجاپور حاضر ہو گیا -

قلعہ الموت - یہ قلعہ قہستان مین ہے اور حسن بن زید نے سنہ ۲۴۶ہ مین بنایا تھا

قلم دست - ہاتھ سے کام کرنے والا کاتب و مصور و نقاش وغیرہ - طغرا - شقائق کش لوح جام و سبو + قلم دست طراحی رنگ و بو + جو افگند سایہ قلم دست پاک + رقم شد خط جام بر لوح خاک -

قلب اندود و قلب کار - ملمع کی ہوئی چیز جو اندر مس یا چاندی ہو اور اوپر سونا اور ملمع بنانے والا - میر خسرو - ہر کجا قلب کار دزد بود + گر سیاست کنند مزد بود -

قلم فولاد - لوہے کا قلم جو مشہور و معروف ہے - صائب - کار من در گرہ از بے ہنری افتادست + وارہ از جوہر خود مو قلم فولادم -

قلعہ بیدر - یہ ایک قلعہ شیراز کے پہاڑ پر ہے و کنایۂ دختر باکرہ یعنی کنواری لڑکی - سعید اشرف - خویش را بہر چہ وابستہ دختر کردن + نفس را بندی این قلعہ بیدر کردن -

قلعی گر - وہ شخص جو برتنون پر قلعی کرتا ہے سلا طغرا - جو دید سپیدی زدیک و طبق + بہ قلعی گر استاد بر یک نسق -

قلم کار - وہ چیز جو قلم سے لکھی گئی ہو یا منقش ہو کاغذ کپڑا وغیرہ - محمد سعید اشرف - بجز دعاے قدح نیست ورد خامۂ ما + ز داغ بادہ قلمکار گشتہ جامۂ ما -

قلم نیشکر - گنا اور گنے کا ٹکڑا - سالک یزدی - از بس بیاد آن لب شیرین گداختم + طوطی گمان کند قلم نیشکر مرا +

قلم نرگس - نرگس کی شاخ -

قلم تراش - کارد - چاقو جس سے قلم بناتے ہین - محسن تاثیر - بنگر قلم تراش چہ با خامہ میکند + از ہمرہان خامہ بیکے درامان مباش +

قلم تاک - انگور کے درخت کی لکڑی کا ٹکڑا جو بجاے تخم زمین مین گاڑتے ہین - رضی - باثمر سعی کن کہ شہرۂ دہر + قلم تاک از خط جام ست -

قلم جدول ۔ وہ قلم جس سے جدول کشی کرتے ہیں۔ **اشرف** ۔
غیر حرف راستی در نامہ من ثبت نیست + سر نوشتم ز قلم جدول مگر تحریر شد ۔
قلب داران ۔ بہادر دل والے لوگ اور وہ بہادر جو درمیانہ فوج
میں رہتے ہیں۔ **نظامی** ۔ کشید ند صف قلبداران روس +
ازان قلبی آراستہ چون عروس ۔
قلم از چیزی بستن ۔ قلم بنانا قلم راست کرنا۔ ملا طغرا در تعریف
بغداد۔ مصور بہ نقاشی آن بقاع + قلم بستہ از موے خط شعاع۔ **ظہوری** ۔
کمر چون در فن صورت گری بست + قلم از طرۂ حور و پری بست ۔
قلم افشان ۔ وہ قلم جس سے کاغذ پر سونے کی افشان کرتے ہیں۔
مقیم بلخی ۔ دارد انگشت نامعنی رنگین مفید + در صف
اہل سخن چون قلم افشانم ۔
قلم امتحان ۔ آزمائش کا قلم۔ **طالب آملی** ۔ خوش خوشم کہ
زخونابہاے خاطر خویش + رقم طراز قلمہاے امتحان گشتم ۔
قلم برگرفتن و برداشتن ۔ معاف کرنا حساب سے نکال دینا۔
مرفوع القلم کرنا اور اسی قسم سے ہے جملہ بر فلان قلم نیست۔ **صائب** ۔
خشکی سودا قلم در ناخنش نشکستہ ست + آنکہ میگوید قلم بر مردم
دیوانہ نیست۔ **ولہ** ۔ در جنون گفتم قلم بردارد از من روزگار + در
بن ہر ناخنم سودا نیستانی شکست۔ **نظامی** ۔ زدیوان دہقان
قلم برگرفت + ز بے مایگان کم درم برگرفت ۔
قلم برسر زدن ۔ مرادف قلم زدن۔ **صائب** ۔ ما سیہ بختان
تفاوت را قلم بر سر نزدیم + با چو مژگان سر زنیک چاک گریبان زدیم ۔
قلمبند کردن ۔ لکھنا اور لکھتے لکھتے بس کر دینا۔ **ذوقی** ۔ نگرود
نقطہ کم یا زیادہ + کہ در تحریر شد نوک قلم بند ۔
قلم پاک کن ۔ وہ کپڑا جس سے قلم پونچھتے ہیں۔ **ملا طغرا** ۔ بے
نور دانۂ گل قلم در تراش + بسوسن قلم پاک کن ہم قماش ۔
قلم تراشیدن ۔ قلم بنانا۔ درست کرنا۔ **نظامی** ۔ دبیران نگر
تا بروز سپید + قلم چون تراشند از مشک بید + نہان مرا آشکارا
برند + ز گنجینہ زمین تا بنجا را برند ۔
قلم تیز کردن ۔ قلم کو قط لگانا لکھنے کے لائق کرنا۔ **نعتیہ از
مؤلف** ۔ رقم کرد نام محمد نخست + دبیر فلک چون قلم تیز کرد ۔
قلم جعد کردن ۔ سحر کرنا۔ رقم کرنا۔ **میر خسرو** ۔ تیر فلک کو بقلم
میشگافت + گرد قلم جعد بنا ے تو یافت ۔
قلم و داخل خط ساختن ۔ کسی کے لکھے ہوئے خط کو اصلاح دینا۔ **صائب** ۔
کس نمیسازد قلم داخل خط استاد را + رہ مدہ در خط مشکین خانہ
قلم در سیاہی نہادن ۔ کسی کی بدبختی لکھنے پر مستعد آمادہ ہونا۔ **سعدی** ۔
بزرگیش سر در تباہی نہاد + عطارد قلم در سیاہی نہاد ۔
قلم در کشیدن ۔ خط کش کرنا۔ محو و نابود کرنا۔ **سعدی** ۔ شنیدم کہ
شاپور دم در کشید + چو خسرو بر اسمش قلم در کشید ۔
قلم راندن ۔ قلم چلانا۔ لکھنا۔ رقم کرنا۔ **نظامی** ۔ چو خطش
قلم راند بر آفتاب + بیک جدول انگیخت از مشک تاب
قلم رفتن ۔ مقدر ہونا تقدیر میں ہونا۔ **میر خسرو** ۔ مینویسد ز خون
من تعویذ + چہ توان کرد چون قلم رفت ست ۔
قلم زدن ۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔ و خط کش کرنا۔ **درویش والہ ہروی** ۔
قلم زد سال تاریخ جلوسش + سعو ملک ہمیکہ از سلطان کم گشت تاریخ وفات او۔
حافظ ۔ حافظ آن روز طربنامۂ عشق تو نوشت + کہ قلم بر سر اسباب دل خرم زد ۔
قلمزن ۔ لکھنے والا کاتب۔ محرر۔ منشی۔ **سعدی** ۔ قلمزن نکو دارد
شمشیر زن + نہ مطرب کہ مردی نباید ز زن ۔
قلم ساختن ۔ قلم کر دینا۔ کاٹ دینا۔ **صائب** ۔ سازان شد از
دم شمشیر راہ عشق نازکتر + کہ ہر کس پا برون از راہ بگذارد قلم سازد ۔
قلم سر کردن ۔ لکھنے کے لیے مستعد ہونا۔ لکھنے لگنا۔ **صائب** ۔ اگر
ذوق سخن داری برو صائب قلم سر کن + کسے این عقدہ را
بے ناخن اعجاز نکشاید ۔
قلم سوسن ۔ شاخ سوسن۔ **محمد قلی سلیم** ۔ ز لطف جوہر آتش
بہ حشر سند ورا + ہنوز چون قلم سوسن استخوان سبز ست ۔
قلم شدن ۔ کٹ جانا۔ الگ ہونا۔ **محسن تاثیر** ۔ بجود بجید
فلفل از سواد خال ہندو بیت + قلم شد دار حسینی از حدیث تندی خویت ۔
قلم کردن ۔ کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تراشنا۔ **محمد اسحاق شوکت** ۔
رسانید م و مصرع را بہم تیغ دو دم کردم + تہی مغزی کہ بیچون نی بدست آمد قلم کردم
قلم مو ۔ بالوں کا قلم۔ باریک قلم۔ **سعید اشرف** ۔ براے آنکہ کشتم
دائم انتظار ترا + بدیدہ چون قلم مو شدست مژگان جمع ۔
قلم دیدہ ۔ جو بات تحریر میں آچکی ہو۔ **نظامی** ۔ نظامی کہ در رشتہ
گوہر کشید + قلم دیدہ ہا را قلم در کشید ۔
قلم کشیدہ ۔ کٹا ہوا۔ در قطع کیا ہوا۔ **محسن تاثیر** ۔ سا بروی او
اشارہ بعاشق نمیکند + این سر قلم کشیدۂ تیغ تغافل ست ۔
قلندر خانہ ۔ قلندروں کے رہنے کا مقام۔ **سند لالی** ۔ ز رنگ آمیزی
مہتاب صباغ + قلندر خانہ شد تکیہ باغ ۔

قلاب یخ کشی - یخ کھینچنے کا قلابہ - اسمعیل کاشف سروی کی تعریف مین - بر روے زمین جو طفل دو ساہہ + بلغزک میخورد پر تو ماہ + از دیدہ بسوے طرف دامان + قلاب یخ کشی ست مژگان -

قلم بستن برکسی - تحریر سے باز رکھنا لکھنے نہ دینا - نظامی - در اثر رنگ این نقش چینی پرند + قلم بست بر مانی نقشبند -

قلم شکستن بر کسی - حوالہ کرنا اور سپرد کرنا قلم کا کسی کو - نظامی - بس آنگہ قلم بر عطارد شکست + کہ آتی قلم رانگیرد بدست -

قلم شنجرفی - سرخ رنگ کی تحریر - آرزو - نشتہ از یاد رخش خون بالا + مژہ من قلم شنجرفی ست -

قاف با میم

قمار و رہ قمار - یہ ایک مثل ہے کہ قمار وہی کھیلے جو کھیل جانتا ہو اور اسکے طریق سے واقف ہو - ملا طغرا - دلا بہرہ و فالیش دلیر دست ببر + کہ گفتہ اند حریفان قمار و رہ قمار -

قمار باز - جوا کھیلنے والا -

قمسم - گھوڑے کی تعریف مین کہا جاتا ہے - حکیم زلالی - زکوب نعل اسپان قمسم + رہ از رفتار رستان در راہ تو گم -

قمار خانہ - جس جگہ جوا کھیلا جائے - مؤلف - آیا جو اس جگہ وہ ہار گیا + دنیا ایسا قمار خانہ ہے -

قاف با نون

قندیل ترسا - چاند اور سورج -

قند آب - شربت اور قندی شراب -

قندیل شب - رات کی سیاہی اور چاند -

قنطر کردن اسپ - گھوڑے کو قبضہ کرنا -

قندیل یخ - قندیل کی صورت جو یخ سے بناتے ہین - نظامی - ترا با من دم خوش در نگیرد + بہ قندیل یخ آتش در نگیرد -

قند ز دہی شیرین باشد - مثل ہے ہندی مین بھی کہتے ہین بوری کا گر میٹھا - میر خسرو - بود در خواب بوستان کردم + قند ز دہی چہ بلا شیرین ست -

قند مکرر - دوبارہ مصری جس چیز کی دوسری دفعہ لذت حاصل کی ہو - طاہر غنی - دیدہ جو آن دو لب شیرین یدہ + معنی قند مکرر فہمید -

قندیل تیر - ترکش جسمین تیر رکھے جاتے ہین - طاہر وحید - آنکہ نشد زلطف تو اش دستگیر + شد دلش از نالہ چو قندیل تیر -

قندیل دو سر - کنایتاً آسمان -

قندک - چورون اور عیارون کا چراغ جسکی روشنی بہت کم ہوتی ہے - حکیم زلالی - باد از باد شود شمع و تنش دستہ گل + ہیچو آن دزد کہ از دزد رباید قندک -

قند دوبارہ - قند مکرر جسکے معانی بیان ہو چکے ہین - محسن تاثیر - مگر از ان دولت قند دوبارہ + بہ حسرت جید شکر پارہ پارہ -

قند پارسی - ایک قسم کے قند لطیف کا نام ہے - حافظ - شکر شکن شوند ہمہ طوطیان ہند + زین قند پارسی کہ بہ بنگالہ میرود

قند عسکری - ایک قسم کے لطیف قند کا نام ہے - بابا فغانی - بیجان ترست زلف تو با گفتہای من + شیرین ترست لعل تو یا قند عسکری -

قند گرجی - قند محمودی - قند مصری - قند کے اقسام ہین - حافظ - کہ نام قند مصری برد آنجا + کہ شیرینان ندادند انفعالش - محسن تاثیر - ہمہ از شرم عارضت از بالہ زندانی شود + قند گرجی از لعل تو نصرانی شود - حکیم زلالی - لبش تا سینہ در شکر شکستہ + تبسم قند محمودی شکستہ -

قاف با واو

قوام گرفتن کار - درستی و آرایش پانا کام کا - شعر - اگرچہ بر اے قوام از جہان خندہ ست بردن + زرای تست ہمہ کارہا گرفتہ قوام

قوی بال - قوی حال - قوی بازو - قوی پنجہ - قوی دست - قوی راے - قوی زور - قوی شوکت - یہ سب تعریفی جملے ہین - نظامی - عنان تگاور بہ بیدان سپرد + نمود آن قوی دست را دستبرد + قوی دست را فتح شد رہنمون + بزنہار خواہی در آمد زبون - امیر خسرو - یکی را ز شاہان صاحب سریر + قوی دست از دشمنان شد اسیر - سعدی - اگرچہ بکنت قوی حال بود + خداوند جاہ و زر و مال بود - ولہ - بکارہاے گران مرد کار دیدہ فرست + کہ شیر شرزہ در آرد بزیر خم کمند + جوان اگرچہ قوی بال و پیلتن باشد + بجنگ دشمنش از بیم بگسلد پیوند - ملا نادم لاہیجانی - سر تا سر آفاق جہان معرکہ آراست + استاد قوی پنجہ و شاگرد قوی زور -

قاف با ہاے

قہقہ صبح - صبح کی خندیدگی -

قہقہ شیشہ - شراب کے شیشے کی آواز - عرفی - قہقہ شیشہ طبل کوچ زند + بر سر ہوشش چمیہ اندازہ -

قاف با یاے

قیمت سنج ۔ قیمت گر ۔ قیمت مقرر کرنے والا ۔ سہ گفت چندین متاع گوہر و گنج ✦ کہ نیاید بوہم قیمت سنج ✦ بیتیں کردن بگو براے چراست ✦ خواست باید ہر انچہ باید خواست ۔

قیامت زار ۔ قیامت کدہ ۔ قیامت کا مقام ۔ جا ئیکہ آفت و رنج ہو ۔ عرفی ۔ من قیامت زار عشقم دیدہ کوتاہ بنگرد ✦ صد بہشت و دوزخ از ہر گوشہ صحراے من ✦ در و کیش والہ ہروی ۔ دل کریس کہ سبز و یم پریشان تر ساخت ✦ این قیامت کدہ را ہیچکس آباد نکرد ۔

قید فرنگ ۔ فرنگیون کی قید جو مشہور ہی ۔ محسن تاثیر ۔ دلگیری وطن شدہ قید فرنگ ما ✦ در غربت ست ہیچو حنا آب و رنگ ما ۔

قیامت کردن ۔ کوئی امر عجیب و غریب وقوع مین لانا ۔

قیامت پیشہ ۔ قیامت پیکر ۔ قیامت جلوہ ۔ قیامت خرام محبوب کی تعریف مین بولتے ہین ۔ صائب ۔ فلک را سبزہ خوابید داند قد رعنایش ✦ قیامت جلوہ گانرا قدو بالا اینچنین باید ۔ آرزو ۔ شمع محفل منشب آن شوخ قیامت پیکر ست ✦ بر چراغ مہ شکست رنگ صبحی دیگر ست ۔

قیامت نگاہ ۔ محبوب کی تعریف مین ۔ ارادت خان واضح ۔ چشم بد مست کسی بر سر جنگ ست اینجا ✦ از قیامت نگہی جور فرنگ ست اینجا ۔

قیطول زمردشاہ ۔ یہ ایک قلعے کا نام ہی جو زمردشاہ باختری نے قندھار کے علاقہ مین تعمیر کیا تھا چونکہ اُسنے اپنے وقت خدائی کا دعوے کیا تھا نادرشاہ ایرانی نے اُسکی عمارت کو گرا دیا مگر آثار اُسکے ہنوز باقی ہین ۔

قیمہ سرموری ۔ ایک قسم کا قیمہ ہی جو نہایت باریک ہوتا ہی ۔ محسن تاثیر ۔ گر زلف عنبرین عل گاہ گاہیم میکشد ✦ قیمہ سرموری آن خط سیاہم میکشد ۔

قیمت مندی ۔ نرخ و قیمت و بہا ۔ نظامی ۔ ز گوہر سفتن استادہ بہراسد ✦ کہ قیمت مندی گوہر شناسد ۔

چوتھی فصل

اُردو محاورات اور اصطلاحات کے بیان مین

قاف با الف

قابو پر چڑھنا ۔ قابو مین آنا ۔ کسی کے بس اور اختیار مین ہونا ۔ فوق ۔ عشق کے شعبدے یہ کوئی بحر انسان چڑھا ✦ اُسکے قابو پہ چڑھا جو بھی ملولان چڑھا ✦ بلا کالی ہی وہ زلف گرہ گیر ہینہ تا ✦ اُسکے قابو مین نہ آنا ۔

قارورہ دیکھنے والا ۔ طبیب و معالج جو بیماریون کا علاج کرتا ہی ۔

قارورہ ملنا ۔ دو شخصون کا پوشیدہ اتفاق ہونا دوستی قائم ہونا رابطہ بڑھ جانا ۔

قاضی گلہ نہین کریگا ۔ اگر فلان کام کروگے تو قاضی اُسکی شکایت نہین کریگا وہ کام شرع کے خلاف نہین ہی ۔

قافیہ بندی کرنا ۔ قافیہ ملانا ۔ بے مضمون شعر نہ لکھنا صرف قافیہ کے ساتھ قافیہ ملا دینا ۔ تک بندی کرنا ۔ تک جوڑنا ۔ سہ ۔ شعر لکھنے کی لیاقت ہی کہان ✦ قافیہ بندی کیا کرتے ہین ہم ۔

قافیہ تنگ کرنا ۔ اشعار مین ایسے قافیے لانا جسکے جواب مین دوسرا تنگ آجائے ۔ حیران و پریشان کرنا ۔ دق کرنا ۔ ستانا مارنا ۔ عاجز کردینا ۔ شاہنامہ اُردو ۔ ہو تم مین جاتا ہون اب بہر جنگ ✦ کرون تیغ سے قافیہ اسکا تنگ ۔ مؤلف ۔ کھلی مجلس مین ہم کرتے رہے ہین ✦ رقیب روسیہ کا قافیہ تنگ ۔

قانون چھانٹنا ۔ بحث کرنا ۔ دلیل کرنا ۔ بیجا حجتین کرنا ۔

قائزہ کرنا ۔ منہ زور گھوڑے کو لگام دیکر اُسکی دمچی پر باندھ دینا تاکہ گھوڑا اسرا و بچار ہے اور کہین جا نہ سکے اور کسی پر حملہ نہ کرے ۔

قائل معقول کرنا ۔ لاجواب کرنا ۔ بند کر دینا ۔ جھوٹ ثابت کر دینا ۔

قائم اٹھنا ۔ شطرنج کی بازی مین دونون فریق کا برابر رہنا ۔ کسی کو مات نہ ہونا ۔

قباحت نکلنا ۔ بُرا نتیجہ پیدا ہونا ۔ کسی کے حق مین بُرا ہونا ۔ دقت پیدا ہونا ۔

قبالے لے ڈالنا یا ڈھیلے کر ڈالنا ۔ کسی پر پورا قبضہ پا لینا ۔ اُسکے گھر کے قبالے کاغذ تک نہ چھوڑنا ۔ لتاڑنا ۔ بے عزت کرنا ۔

قاضی الحاجات ۔ حاجتون کا پورا کرنے والا ۔ خداے تعالی جل شانہ اور زر و سیم ۔ صفدر فوقانی ۔ زر کو کوئی خدا نہین کہتا ✦ لیک کہتے ہین قاضی الحاجات ۔

قائم مزاج ۔ جو شخص مزاج کا مستقل ہو ۔

قائم مقام ۔ مختار کار ۔ سربراہ ۔ عوضی ۔

قانون گو ۔ صدر پٹواری جسکے پاس تمام علاقہ کی زمینون کا حساب رہتا ہی ایک تحصیل مین رہتا ہی اور ایک صدر ضلع مین ۔

قاضی قدوہ ۔ بڑا معتبر صاحب اولاد ۔

قاضی کا پیادہ ۔ کچہری کا سپاہی ۔

قاف با بے

قبر کھودنا ۔ قبر بنانا ۔ قبر کھود دینا ۔ دفن کرنے کے لیے گڑھا کھودنا نہایت زد و کوب کرنا ۔ لوتھ ڈالدینا ۔ مارتے مارتے ادموا کر دینا ۔

قبر کے مُردے اکھاڑنا ۔ مُردون کا ذکر کرنا خوابیدہ فتنہ کو بیدار کرنا

پرانے جھگڑوں کو تازہ کرنا۔
قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں۔ قریب المرگ ہیں۔ مرنے کو تیار ہیں۔ بہت ضعیف ہو گئے ہیں۔

قاف با حائے

قحط پڑ جانا۔ کال پڑ جانا۔ غلہ گران ہو جانا۔

قاف با دال

قد نکالنا۔ بڑا ہونا۔ جوان ہونا۔ بالغ ہونا۔ ؎ جھکا دی گردن تسلیم ہر سرو خیابان نے + نکالا قد موزوں جبکہ اُس سرو خراماں نے
قدرت رکھنا۔ لائق ہونا۔ کسی کام کی قابلیت رکھنا۔
قدم اُٹھا کر چلنا۔ جلد ہی جلد ہی چلنا۔ تیز چلنا۔
قدم بڑھانا۔ جلد جلد چلنا۔ مداخلت کرنا اپنی حد سے بڑھنا۔ دخل دینا۔ پیش قدمی کرنا۔ قبضہ بڑھانا۔ مؤلف۔ سالکان طریق حق طلبی + ہر قدم پر قدم بڑھاتے ہیں۔
قدم پر قدم چلنا۔ پوری پوری اطاعت کرنا۔ کسی کے قدموں کے نشان پر قدم رکھتے ہوئے چلنا۔ مخالفت نکرنا۔ قطعہ از مؤلف۔ جو پیروں کے پیرو ہیں اہل سلوک + اطاعت کا بھرتے ہیں دم دمبدم + یہ راستی میں تصدق و صفا + وہ چلتے ہیں اُنکے قدم پر قدم۔
قدم پکڑنا۔ قدمبوس ہونا۔ قدم چومنا۔ قدم کو ہاتھ لگانا۔
قدم لینا۔ بزرگوں کے پاؤں کو بوسہ دینا۔ بڑوں کے قدم چھونا۔ پیروں پڑنا۔ پابوسی کرنا۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ ؎ ملے جو سالک راہ خدا کوئی تمکو + جھکا لو گردن تسلیم اور قدم پکڑو + مولانا اکبر۔ جو ہو بیکسوں کا کوئی دستگیر + قدم چوم لو ایسے دلدار کے۔ انشاء اللہ خان۔ قدم کو ہاتھ لگاتا ہوں اُٹھ کہیں گھر چل + خدا کے واسطے تو اتنے پاؤں مت پھیلا۔
قدم بھاری ہونا۔ منحوس قدم ہونا۔ آتش۔ ؎ قدم بھاری ہوا ہوگا کہیں باغ عالم میں + وہ ٹہنی پھٹ پڑیگی جس پر اپنا آشیاں ہوگا۔
قدم دکھانا۔ رفتار دکھانا۔ چال دکھانا۔
قدم رکھنا۔ زمین پر پاؤں رکھنا۔ کسی کام میں دخل دینا۔ مداخلت کرنا۔ قطعہ از مؤلف۔ دم میں دم جب تلک ہو ذکر خدا + بر زبان اپنے دمبدم رکھنا + راہزن جسمیں نفس و شیطان ہیں + ایسے رستے پہ مت قدم رکھنا۔
قدم رنجہ فرمانا۔ قدم رنجہ کرنا۔ کسی کے گھر جانا۔ تشریف ارزانی فرمانا۔ تکلیف کرنا۔ تکلیف اُٹھانا۔ شعر۔ مسیحا قدم رنجہ فرمائیے

کہ ہے آخری وقت بیمار کا + منہ لیجائے دنیا سے زیر لحد + جو رکھتا ہے وہ شوق دیدار کا۔
قدم قدم جانا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
قدم گاڑنا۔ قبضہ کرنا۔ پاؤں جمانا۔ دخل لینا۔ مضبوطی کرنا۔
قدم لگنا۔ قدموں کو بوسہ دینا۔ پاؤں چھونا۔ کسی کی پناہ و حفاظت میں آنا۔
قدم مارنا۔ تیز چلنا۔ پاؤں اُٹھا کر چلنا۔ آتش۔ ؎ عرصہ جنگ سے خونریز زمین ہریاں کی + بیشہ عشق میں مردوں کی طرح مار قدم
قدم نکالنا۔ گھوڑے کو چال سکھانا۔ قدم چلنے کی تعلیم دینا۔
قدم باز۔ خوش رفتار۔ تیز قدم گھوڑا وغیرہ۔

قاف با رائے مہملہ

قرار آنا۔ آرام ملنا۔ چین پڑنا۔ تسلی ہونا۔ مؤلف۔ ؎ غیر جاتے ہیں جبکہ محفل سے + اپنے دل کو قرار آتا ہے۔
قرار پانا۔ ٹھہرنا۔ مقرر ہونا۔ فیصلہ ہو جانا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ ؎ رقیب جائیگا جس وقت یار آئیگا + قرار اپنا دل بیقرار پائیگا۔
قراقر ہونا۔ پیٹ بولنا۔ نفخ ہونا۔
قرآن اُٹھانا۔ سر پر قرآن رکھنا۔ قرآن پر ہاتھ رکھنا۔ قرآن کی قسم کھانا۔ رند۔ ؎ جس بات کی چاہو قسم اک مرتبہ لے لو + ہر بار تو قرآن اُٹھایا نہیں جاتا۔
قرآن ٹھنڈا کرنا۔ بسبب کہنہ ہو جانے اور بوسیدہ ہو جانے اوراق کے دریا میں ڈال دینا۔
قرآن کا جامہ پہننا۔ قرآن کو اپنا لباس بنا لینا۔ ہمہ تن قرآن بنجانا۔ نہایت نیک و پارسا بننا۔ کسی امر میں یقین دلانے کے لیے بھاری تدبیر کرنا۔ میر۔ ؎ مت جانیو کہ ہوگا یہ بے درد اہل دنیا + گر آئے شیخ پہن کے جامہ قرآن کا۔
قرآن کا دور کرنا۔ دو حافظوں کا باربار قرآن پڑھنا ایک دوسرے کو سنانا۔
قرآن ہدیہ کرنا۔ قرآن فروخت کرنا۔
قربان جانا۔ قربان ہونا۔ تصدق ہونا۔ نثار ہونا۔ واری واری جانا۔ کسی پر مرنا۔ نہایت محبت کرنا۔ رباعی از مؤلف۔ محمد چہرہ گر ہمکو دکھائیں + رخ پر نور سے پردہ اُٹھائیں + تصدق دل و جان اپنے دونوں + نثار اُنپر کریں قربان جائیں۔
قرض اُتارنا۔ کسی کا قرض چکانا۔ کسی کا حساب بیباق کر دینا۔
قرض اُٹھانا۔ اُدھار دینا یا لینا۔

قرق کرنا - ضبط کرنا کسی کی جائداد کو قرضہ مین -
قرارداد - تصفیہ فیصلہ عہد و پیمان -
قرض حسنہ - بے سود قرض اور وہ رقم جو رشتہ دارون کی غمی و شادیون پر بطور امداد دی جاتی ہی -
قرار واقعی - پورا پورا - ٹھیک ٹھیک - قطعی - کامل -

قاف با زاے معجمہ

قزاق اجل کا - موت کا فرشتہ - مصرع نظیر - قزاق اجل کا لوٹے ہی دن رات بجا کر نقارا -

قاف با سین مہملہ

قسمت اُلٹ جانا - قسمت پھوٹ جانا - بھاگ پھوٹنا - مصیبت آنا عورت کا خاوند مرجانا - کوئی سخت صدمہ پہونچنا - نقصان ہونا -
قسمت پھرنا - قسمت جاگنا - قسمت کھلنا - بھاگ جاگنا - تقدیر کھلنا - طالع چمکنا - طالع مسعود کا دورہ ہونا -
قسمت کا لکھا - تحریر ازلی - قسمت کی خوبی - ذوق - قسمت کا لکھا سنتے پڑھا خط سو بار + چھپان پر اپنے وہ کسی عنوان پڑھا -
قسمت کا ہیٹا - کم ہمت - بدنصیب - کم بخت - کم طالع -
قسمت کرنا - حصہ کرنا - بانٹنا -
قسمت لڑنا - تقدیر کا موافق آنا - قطعہ از مواہب - اگرچہ محفل دلدار مین ہی + رقیب روسیہ کا دخل بھاری + مگر کہ لینگے خود وہ صلح ہمسے + اگر لڑ جائیگی قسمت ہماری -
قسمت کا پھیر - گردش زمانہ کی تقدیر کا بگاڑ - ناموافقت روزگار - مفتی حیدر لاہوری - وصال یار مین ہی جسقدر دیر + سراپا اپنی قسمت کا ہی یہ پھیر -
قسمت کا دھنی - خوش نصیب صاحب قسمت صفدر فوقانی - محبت کی ملے دولت اُسی کو + عزیزو جو کہ قسمت کا دھنی ہو -

قاف با صاد

قصائی کا پلا - موٹا آدمی جسیم وضخیم -
قصائی کے کھونٹے سے بکری باندھنا - بے رحم بدمزاج آدمی کے ساتھ لڑکی بیاہ دینا کسی غریب کو خوفناک جگہ پر ڈال دینا -
قصائی کی نظر دیکھنا - قہر کی نگاہ دیکھنا خشم نمائی کرنا - دانتنا -
قصہ پاک ہونا - جھگڑا ختم ہونا عقدہ منفصل پانا - مرجانا جان بحق تسلیم ہونا - مفتی حیدر لاہوری - رنج و غم سے چھوٹ کب سکتا ہی خاکی آدمی + جبتلک اس جسم خاکی کا نہ قصہ پاک ہو - ذوق - یا الٰہی یا ان دستی تجلو بت بیباک ہو یا مجھی کو موت آجائے کہ قصہ پاک ہو -
قصہ کوتاہ کرنا - قضیہ کم کرنا - جھگڑا چکانا - معاملہ ختم کرنا - از مؤلف - قصہ کوتہ کردے ای قاتل مرا سر کاٹ کے + تا کہ جھگڑا ختم ہو اور درد سر جاتا رہے -

قاف با ضاد

قضا ادا کرنا - مذہبی فرائض جو وقت پر ادا نہوے ہون ادا کرنا -
قضا پڑھنا - چھوڑی ہوئی نماز کو ادا کرنا -
قضا کرنا - مذہبی فرض وقت پر ادا نکرنا -
قضا سے مرنا - اپنی موت سے مرنا -
قضاے حاجت کرنا - پاخانہ پھرنا -
قضیہ مول لینا - ناحق کسی بلا مین پھنسنا -
قضا کار - اتفاقاً - تقدیر سے -
قضا و قدر - تقدیر الٰہی - خدا کی رضا -
قضیہ دلال - جھگڑا و فساد برپا کرنے والا -

قاف با طاے مہملہ

قطرہ آنا - بغیر ارادے کے پیشاب کا قطرہ نکل جانا -
قطع تعلق کرنا - علاقہ چھوڑ دینا - غرض نرکھنا - دوستی ترک کرنا -
غالب - قطع کیجے نہ تعلق ہمسے + کچھ نہین ہی تو عداوت ہی سہی -

قاف با لام

قلعی کھلنا - قلعی جاتی رہنا - برتن کا اصلی رنگت پر آجانا بھید کھل جانا چھپی بات کا ظاہر ہونا - آتش - ہوگا کبھی جو اسکے رخ روشن کا سامنا + قلعی کھلے گی آئینۂ مہر و ماہ کی -
قلعی کھولنا - دوسرے کا عیب و صواب ظاہر کرنا -
قلق رہنا - دل پر صدمہ یا رنج باقی رہنا - ع - وصل کی رات بھی کچھ دل پہ قلق رہتا ہی + رنگ رخ صبح کے اندیشے سے فق رہتا ہی -
قلم اُٹھا کر لکھنا - قلم برداشتہ لکھنا - جلد جلد لکھنا - گھسیٹ کر لکھنا -
قلم انداز کرنا - چھوڑ دینا - ترک کر دینا - تحریر مین نہ لانا -
قلم بنانا - قلم کو چھیل چھال کر درست کرنا - تحریر کے لائق بنانا -
قلم بند کرنا - لکھ لینا - درج کر لینا -
قلم پھرانا - خط کش کرنا - کاٹ ڈالنا -
قلم چلانا - بہت سی کتابت کرنا -
قلمدان دینا - درجہ وزارت کا بخشنا -
قلم کرنا - کاٹ ڈالنا - تراشنا -
قلم لگانا - ایک پودے بن سے شاخ کاٹ کر دوسری جگہ جمانا -

قلم مارنا - کاٹ ڈالنا - چھیک دینا -
قلم ہاتھ مین نہ اٹھانا - لکھنے کا ارادہ نکرنا - لکھنا موقوف رکھنا -
قلم یاری دینا - تحریر پرآمادہ کرنا - لکھ پڑھکر پیٹ پالنا -
قلمی کرنا - لکھنا تحریر کرنا -
قلمین چھوڑنا - کنپٹی کے پاس بالون کو نہ منڈانا قلم کی شکل بنوانا -
قل ہو اللہ پڑھنا - نہایت بھوک لگنا بھوک سے تنگ آکر خدا کو یاد کرنا -
قل ہوجانا - خاتمہ ہوجانا - ہوچکنا - فاتحہ تکبیر ہوجانا - ناسخ -
وصل کے ایام مین وہ شور قلقل ہوگیا + اب تو ساقی کی جدائی مین مرا قل ہوگیا -
قلیا تمام کرنا - خاتمہ کرنا - مار ڈالنا - کام تمام کرنا - برق - کیا
قاعدہ جو قلقل مینا کا دور ہی + اپنی فراق یار نے قلیا تمام کی -

قاف باہا ے

قہر توڑنا - بہت غصہ کرنا - خفگی کرنا -
قہقہہ اڑانا - مضحکہ اڑانا - مسخری کرنا - ہنسی کرنا -

قاف بایا ے

قیامت اٹھانا - شور وغل برپا کرنا -
قیامت آنا - آفت یا بلا آنا - مصیبت پڑنا - شوق نیچ والے
کی شامت آئیگی + پہلے ہمپر قیامت آئیگی -
قیامت توڑنا - ظلم کرنا - نہایت خفا ہونا -
قی آنا - معدہ اچھلنا - کراہت آنا - نفرت معلوم ہونا -
قید لگا دینا - شرط باندھنا - پچ لگا دینا - مقید یا پابند کرنا -
قینچی باندھنا - پہلوان مخالف کی ٹانگون مین اپنی دونون ٹانگین
ڈالکر مجبور کردینا - گھوڑے کو دونون رانون کے تلے دبانا -
قینچی سی زبان چلنا - بےتکان بولنا - متواتر کہے جانا - تڑاق پڑاق جواب دینا
قینچی لگانا - کاٹنا - کترنا - چھانٹنا - قلم کرنا -

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب کے بیان مین

قاقالیا - یونانی لغت مین ایک نبات کا نام ہے پتے اسکے سفید اور بڑے اور
پھول مشابہ پھول بردانیا کے طبیعت اسکی گرم تر خیسانیدہ اسکی جڑ کا
واسطے رفع خشونت ریہ اور مری اور سرفہ کے نافع ہی اور قائم مقام رب السوس کا -
قاتل الکلب - کچلہ کو کہتے ہین زہر اسکا کتے پر بہت جلد اثر
کرتا ہی اور وہ فی الفور مرجاتا ہی -
قاوند - بفتح واو یہ مجہول الکیفیت دواچینی کی قسم سے ہی طبیعت اسکی
گرم خشک محلل ریاح غلیظ و محرک باہ دافع کھانسی کہنہ مفرح دل ہی -

قار - عوام اسکو قیر کہتے ہین اور جو اسکو رال سمجھتے ہین غلط سمجھتے ہین
اسواسطے کہ رال ایک درخت کا گوند ہی اور یہ ایک چیز سیاہ رنگ
ساتھ گرم پانی کے چشمے سے نکلتی ہی نکلنے کے وقت سیال ہوتی ہی
تھوڑے عرصہ مین سخت ہوجاتی ہی کشتیون اور دیوارون اور حمامون
اور چھتون پر پانی کی درزون کے بند کرنے کے واسطے لگاتے ہین طبیعت
اسکی گرم وخشک ہی منضج اخلاط لزجہ مددگار ہضم طعام مقوی معدہ
و کبد و طحال ہی و مانع تاثیر ہواے وبائی طاعون وغیرہ -
قاقلہ کبار - بڑی الائچی مشہور چیز ہی اسکا درخت دو تین گز بلندی تک
جاتا ہی پتی مشابہ پتی انار کے پھول سپید مائل بسرخی پھل صنوبری
شکل مثلث غیر متساوی الاضلاع طبیعت اسکی گرم خشک مفرح
مقوی معدہ ہاضم طعام محرک ڈکار حابس بطن ہی -
قاقلہ صغار - چھوٹی الائچی مشہور چیز ہی اسکا درخت دو گز تک
بلند ہی انار کی سی پتی پھل خوشہ دار خوشبو طبیعت اسکی دوسرے
درجے مین گرم وخشک ساتھ قوت تریاقیت کے مفرح وملطف وجالی
ومحلل دافع دردسر و درد گوش ہی منھ کو خوشبو کرتی ہی معدہ کو صاف رکھتی
ہی دل کو طاقت بخشتی ہی خفقان کو دفع کرتی ہی -
قاقم - یہ ایک جانور کے چمڑے کا نام ہی جو بلی سے چھوٹا اور چوہے
سے بڑا ہوتا ہی دم اسکی چھوٹی ہوتی ہی اسکے بال بہت نرم اور گرم
ہین اور قیمتی امرا اسکی پوستین بناتے ہین سنجاب سے قیمت زیادہ پاتا
ہی مگر سمور سے گرمی مین کم ہی ابدان معتدل کو موافق ہی -
قانصہ - پرندہ جانورون کا حوصلہ جسکو فارسی مین سنگدان اور
ہندی مین چینہ دان اور پوٹا کہتے ہین یہ پرندون کے پیٹ مین
معدہ کی جگہ ہوتا ہی بط اور نوکی مرغی کا حوصلہ سب سے اچھا ہی
اور کھانا اسکا مولد خون صالح و دافع خفقان ہی -
قاقلی - یہ ایک نبات مشابہ اشنان اور بڑی اور سبز زیادہ اس سے
اونٹ اسکو بہت رغبت سے کھاتا ہی کہ اسکے مزاج کے موافق ہی طبیعت
اسکی گرم وخشک اسکے کھانے سے ڈکار خوشبو آتی ہی ضعف معدہ
اور درد کمر کو دور کرتی ہی مدر بول دودھ کو بڑھاتی ہی باہ کو
حرکت دیتی ہی -
قاطالیقی - یا قافا یا طبقی - یہ ایک نبات ہی پتی اسکی چھوٹی آس کے
پتون کی طرح اور زیتون کے پتون سے ملتی ہوئی دو قسم اسکے ہین
ایک کا پھل مٹر کی صورت پر ہوتا ہی اور جڑ باریک اذخر کی جڑ کی
طرح چھ سات سرے رکھتی ہی جب سوکھتی ہی ٹیڑھی ہوجاتی ہی

دوسرے قسم کا سر چھوٹے سیب کے مانند جڑا اور ریشے زیتون کے سے پھل چھوٹا مقدار چنے کے بینا اسکا باعث محبت اور تعشق کا ہی۔

قاف با باے موحدہ

قبج - فارسی مین اسکو کبک ہندی مین چکور بولتے ہین مشہور پرندہ ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا لطیف تر سب گوشتون سے ہی کثیر الغذا سریع الہضم مولد خون صالح ہو نافع فالج و لقوہ و استسقا وغیرہ ہی۔

قاف با تاے مثناة

قتاد - یہ ایک درخت ہی جسکو عربی مین شجرة القدس اور فارسی مین کم کہتے ہین کانٹے اسکے ٹیڑھے پھول زرد رنگ ہی جو گوند اس سے نکلتا ہی اسکو کتیرا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع کھانسی و ضیق النفس و قرحۂ ریہ ہی اسکے پتون کو بیسکر سرکہ اور شہد مین ملاکر بدن پر لگائین تو جلد کو مصفا کرتا ہی بدن پر روشنی لاتا ہی اسکی جڑ مین اسقدر تیل ہوتا ہی کہ رات کو جلکر شمع کی طرح روشنی دیتی ہی۔

قاف با ثاے مثلثہ

قثاء - بکسر اول و ثاے مثلثہ مشدد مشہور چیز ہی جسکو فارسی مین خیار زہ اور ہندی مین ککڑی کہتے ہین بیل اسکی بہت لمبی زمین پر بچھی ہوتی ہی طبیعت اسکی دوسرے درجے مین سرد و تر اور مغز اسکا رطب اور الطف ہی حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا ہی کہ فرماتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ کھاؤ تم ککڑی کو ساتھ نمک کے کہ فائدہ بخشتے تمکو یہ پھل جاتی ہی پیاس کو دور کرتا ہی حرارت اور صفرا اور خون کی تیزی کو رفع کرتا ہی پیٹ کو ملین کرتا ہی۔

قثاء - خیار ادر بادرنگ بھی اسکا نام ہی ہندی مین اسکو کھیرا کہتے ہین مشہور پھل ہی کھانا اسکا درد سر گرم کو دفع کرتا ہی جنون کا علاج ہی نخالہ اسکا روح حیوانی کو مدد دیتا ہی۔

قثاء الحمار - فارسی مین اسکو خیار زہ اسپند کہتے ہین ایک قسم ککڑی کی ہی جو ذائقہ مین تلخ اور خراب ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل اور جالی اور منقی دماغ اور مسہل صفرا و بلغم خام و زرداب دافع فالج و لقوہ و صرع و صداع ہی۔

قاف با دال

قدید - ہر ایک خشک چیز کو قدید کہتے ہین خواہ وہ آگ سے خشک ہوئی ہو خواہ دھوپ سے یا سایہ مین اور خشک گوشت جنگلی جانورون یا دریائی کا بہتر ین گوشتون مین سے وہ خشک گوشت ہی جو نر جانور اور فربہ کا گوشت کا ہو عموماً خشک گوشت کی طبیعت گرم و خشک ہی۔

قاف با راے

قراصیا - یہ ایک درخت کا پھل ہی جسکو آلو بالو اور آلو بو علی اور آلی بالی کہتے ہین شاخین اور پتے شفترنگ زرد آلو کی طرح خام سبز اور کسیلا نیم رس سرخ اور ترش پختہ بنفشئی رنگ اور میخوش چاشنی دار ساتھ تھوڑی تلخی غیر محسوس کے بیج اسکے چھوٹے بقدر چنے کے پوست سخت مغز سپید طبیعت خام کی سرد اور خشک اور قابض پہلے درجے مین نیم رس بھی سرد اور خشک پختہ چاشنی دار گرم تر ساتھ قوت قابضہ کے اطبا اجازت نہین دیتے کہ کھانے کے بعد یہ کھایا جائے کیونکہ معدے کو ضعیف کرتا ہی شیرہ اسکے تخم کا سونف کے عرق کے ساتھ پینا سنگ مثانہ کو نکالتا ہی پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہی سوزش بول کو نافع ہی۔

قردمانا - تیسرا حرف دال ہی یہ ایک نبات مشابہ کردیا کے ہی پتی اور پھل اور پھول مین مگر یہ کہ پھل اسکا اس سے لمبا زیادہ گھاس اسکی بابونہ کی گھاس کے ساتھ ملتی ہی اور شاخین متفرق اور ریج ہین پتے بھی کم ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مسخن ہی اور سرخ کرنے والا بشرے کا اور پگھلانے والا اخلاط لزجہ کا مقوی اعضاے باطنی دافع سدہ جگر و طحال و قولنج و درد گردہ و عسر البول و سموم بارد حیوانیہ ہی۔

قرقو منغا - یہ نام روغن زعفران کے ثفل کا ہی کہ قرقو زعفران کو کہتے ہین اور منغا کے معنی ثفل کے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک منضج و مقوی اعصاب محلل صلابات مدر بول نافع تاریکی چشم مقوی روح باصرہ ہی۔

قراد - یہ مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین کنہ اور ہندی مین چچڑی کہتے ہین اکثر گاے اونٹ اور کتے کے بدن کے ساتھ یہ چمٹ رہتی ہی اور خون اسکا جو ستی ہی کتے کی چچڑی کے خون کو اگر شعر منقلب پر جو آنکھون کی پلکون کے اندر پیدا ہو کر بینائی کو نقصان پہونچانے لگائین تو بال اکھڑ جائین اور آیندہ پیدا نہون۔

قرد - یہ ایک جانور چارپایہ ہی جسکو فارسی مین بوزنہ اور ہندی مین بندر کہتے ہین ہندی مین جسکا منھ لال ہی اسکو بندر اور جسکا منھ کالا اور بدن خاکستری اسکو لنگور اور ہنومان بولتے ہین یہ دونون قسم دم رکھتے ہین اور جسکا منھ سیاہ مشابہ آدمی اور ہاتھ پاؤن اور انگلیاں لمبی اور دم نہین ہوتی اسکو فارسی مین نسناس اور ہندی مین بن مانس نام ہی یہ قسم لوگون کو کم تکلیف دیتا ہی سنی شیعہ کے نزدیک اسکا گوشت حرام ہی صرف امام مالک اسکو حلال تحریر فرماتے ہین یہ جانور آدمی کے ساتھ مشابہت اکثر عادات مین

رکھتا ہی ہاتھ سے چیزوں کو اٹھاتا ہی ہنستا ہی کھیلتا ہی کبھی دو پانوں سے
چلتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک طلا اسکے خون کا واسطے منع کرنے
جمنے بالوں کے مجرب ہی اسکا خون اگر گرم گرم پیے تو زبان مین طاقت
گویائی کی نرہے اگر اسکے چمڑے کی چھلنی بنائے اور اس سے غلہ چھانے
تو کوئی گرم غلہ کو نہ لگے زہر آلود کھانے کو سند جھٹ پہچان جاتا ہی
اور رو کر چلاتا ہی۔

قرع المر - کرواکدو جسکو ہندی مین تونبری کہتے ہین بیل اسکی مشابہ
بیل کدو خوردنی کے ہی مگر پھل اسکا اس سے چھوٹا ہوتا ہی طبیعت
اسکی گرم اور خشک ہی اور کھانے سے قی آتی ہی ضیق النفس اور کھانسی
کہنہ کا علاج ہی اسکے پھولوں کا پانی دافع یرقان ہی اسکی جڑ گرم
اور خشک محلل اورام سرد ہی اور اوجاع سرد کا علاج۔

قرمز - یہ ایک جانور نہایت چھوٹا جیدار درخت کے پتوں مین ملتا
ہی بقدر دانہ مسور کے سرخ رنگ بعض کے نزدیک یہ شبنم ہی جو بعض
درختوں پر گرتی ہی وہ چیز مشابہ دانہ مسور کے ہوتی ہی اور اسکے سرپر
کوئی چیز اونچی مانند سر جانور کے آہستہ آہستہ یہ سر کھرجنے کے برابر
ہو جاتی ہی اور پھٹ کر اسکے اندر سے ایک کیڑا چھوٹا سرخ رنگ نکلتا ہی
وہی کرم ہی جسقدر پرانا ہو رنگ اسکا تیز ہوتا جاتا ہی اچھی کا رنگ
نقاشوں کے استعمال مین آتا ہی ابریشم رنگا جاتا ہی [illegible] رنگتے ہین
طبیعت اسکی سرد و خشک ہی اگر عورت [illegible] دو درم
سرکہ کے پیے تو جنین آنا قطع ہو جائے اگر ساتھ سرکہ کے [illegible] کرے
تو حمل پہونچنے نہ پائے [illegible] جراحات عظیمہ کو بند کرتا ہی اور بھی
فائدے اسکے بہت سے درج کتب [illegible]

قرطاس - کاغذ جسپر کتابین لکھی جاتی ہین یہ ایک ملک مین قسم
قسم کا بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و تر سرد خشک بعض کے نزدیک گرم
خشک ہی اسکی خاکستر رعاف کو بند کرتی ہی بخور اسکا زکام کو مفید ہی
منجن مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہی سرمہ اسکا آنکھوں کی بیاض کو دفع کرتا ہی۔

قرلیس - ایک غذا کی قسم سے ہی مانند مصوص کے جسکا ذکر باب المیم مین
مذکور ہوگا بعض کے نزدیک گوشت کے پانی کا یہ نام ہی جو سرد اور منجمد
ہوا ہو اور گوشت مچھلی کا ہو یا چار پایہ کا۔

قریص - ایک غذا ہی کہ لحوم لطیفہ مچھلی و بزغالہ و چوجہ مرغ سے
ساتھ سرکہ وغیرہ ترشیوں اور تازے اور خشک میووں کے
بناتے ہین طبیعت اسکی معتدل ساتھ برودت و رطوبت کے مسکن
صفرا و خون حار و قاطع بلغم محرور المزاجون کو نافع ہی۔

قرطاط - پھل ایک درخت کا ہی بقدر فلفل کے اور ترش زرشک
کی طرح افعال اور خواص مین زرشک کی طرح ہی۔

قرط - یہ ایک نبات ہی جو نہایت شیرین ذائقہ مین ہی یہ گھاس
مصر مین پیدا ہوتی ہی بلکہ اسکی زراعت ہوتی ہی گھوڑے اسکو
کھا کر فربہ ہوتے ہین اسکے پھل کو رسیم کہتے ہین گرم تر تازہ پانی
اسکا پینا مسہل ہی اور خشک حابس۔

قرظ - بہ ظائے معجمہ کیکر کے درخت کا نام ہی جسکو ام غیلان بھی
عربی مین کہتے ہین صمغ عربی گوند اسی سے نکلتا ہی لکڑی اسکی خاردار
نہایت مضبوط ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد خشک ساتھ قوت قابضہ
کے مسواک اسکے جڑ کی دانتوں کو مضبوط کرتی ہی منجن بھی اسکی جڑ کا یہی
عمل کرتا ہی اسکی پتوں کا جوشاندہ حابس سہال ہی بخور اسکا مستحکم
کرنے والا اعصاب مسترخیہ کا ہی اور التیام دینے والا زخموں کا۔

قرع - کدو جو مشہور چیز ہی عربی مین اسکو یقطین بھی کہتے ہین بیل
اسکی درختوں اور دیواروں پر چڑھ جاتی ہی زمین پر پھیلتی ہی جڑ
اسکی پتلی تھوڑی شیرین اور مسکر دو قسم کا یہ پھل ہی ایک شیرین
جو سب کھاتے ہین دوسرا تلخ جسکو تونبری بولتے ہین اسکا ذکر اسی فصل
مین تحریر ہو چکا ہی شیرین بھی گول اور لمبا ہوتا ہی اس پھل کے ساگ بھی بنائے
جاتے ہین طبیعت اسکی سرد اور تر مبرد و مرطب مفتح سدد مدر بول
ملین بطن دافع یرقان و حمیات حادہ ہی۔

قرنفل - فارسی مین اسکو میخک ہندی مین لونگ کہتے ہین مشہور
و معروف چیز ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ساتھ قوت تریاقیت
اور تفریح کے مقوی ارواح و اعضائے رئیسہ باطنی و دماغ و ذہن
و فکر و دردسر بارد و کھانسی و ضیق النفس و خفقان و وحشت ہی۔

قرون السنبل - اس جڑ کو ہندی مین سینگھیا کہتے ہین جو سپید
اور چمکدار ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک پینا اور رکھنا اسکا جائز
نہین بسبب سمیت کے کہ اسمین ہی ضماد اسکا پرانے دردوں اور
ورموں کو دفع کرتا ہی روغن اسکا بھی یہی عمل کرتا ہی۔

قرطم - اسکو حب العصفر اور بزر الاحریض فارسی مین خسک دانہ
ہندی مین کسنبھ کا بیج کہتے ہین کسنبھ جس سے کپڑے سرخ رنگے جاتے
ہین اسی کا پھول ہی طبیعت اسکی گرم خشک ساتھ قوت مسہلہ کے ہی رقیق بلغم
کو نکالتا ہی مالیخولیا وسواس اور توحش خفقان جذام و جرب وغیرہ
اکثر امراض سوداوی کا دافع ہی اگر دوایات مناسبہ کے ساتھ اسکو
مرکب کرین اور بیمار کو دین۔

قراطاغوین ـ یہ ایک نبات ساقہ بہت سی شاخوں گرہ دار کے ہے پتی اسکی مشابہ پتی گیہوں کے بیج باجرے کا سا نہایت تیز طبیعت اسکی گرم اور خشک کہتے ہیں کہ جو مرد اور عورت دونوں چالیس روز تک اسکا ناشتا کریں بمقدار آدھے درم کے ساتھ پندرہ مثقال پانی کے بعد اسکے مباشرت کریں انشاءاللہ تعالے عورت حاملہ ہوا ور لڑکا جنے۔

قراطن ـ ماء العسل سادہ یعنی شہد پانی میں پکایا ہوا جو لقوہ اور فالج کی بیماریوں کو مفید ہے۔

قرۃ العین ـ یہ ایک نبات حوض و جھیل و تالاب وغیرہ استادہ پانیوں میں پیدا ہوتی ہے قبہ اسکا پانی سے باہر آجاتا ہے اسکے درمیان پھول زرد رنگ ساق اور پتی مشابہ کرفس کے دندانے دار گول سب اجزا خوشبودار معطر طبیعت اسکی گرم اور خشک مسخن و محلل و حابس نزف الدم مدر بول و حیض ہے گردہ کے کنکروں کو نکالتی ہے ہاضم طعام ہے رخساروں کے رنگ کو سرخ کرتی ہے باصرہ کو طاقت بخشتی ہے یرقان کو دفع کرتی ہے۔

قرطمان ـ یہ ایک درخت مشابہ درخت چنار کے دریاے عمان کے جزائر اور کناروں پر ملتا ہے خشک بورا اسکا بقدر دو مثقال کے واسطے رفع اسہال کے مفید ہے۔

قرقمان ـ یہ ایک چیز مانند قارکے بعض پرانے درختوں کے جوف میں ملتی ہے خصوصاً درخت خرما و مقل حجازی میں پائی جاتی ہے طبیعت اسکی گرم و خشک حابس نزف الدم و اسہال مزمن ہے مدر بول اور دودھ ہے منجن اسکا واسطے تقویت دانتوں اور مسوڑھوں کے فائدہ بخش ہے۔

قرن ـ فارسی میں شاخ حیوان اور ہندی میں سینگ کہتے ہیں اگرچہ ہر ایک حیوان کے سینگ الگ الگ تاثیریں رکھتے ہیں مگر عموماً طبیعت انکی سرد و خشک مجفف و قابض مانند نمک مغسول کے اکثر سینگ جلایا ہوا استعمال کیا جاتا ہے آنکھوں میں ڈالنا اسکی راکھ کا نزول الماء کے پانی کو اترنے سے روکتا ہے یرقان کو دفع ہے۔

قرصعنہ ـ یہ ایک نبات خاردار ہے پتی اسکی زمین پر بچھی ہوئی ایک ساق گرہ دار بالشت بھر اونچی پتی اور کانٹے سبز و سپید ذائقہ میں تیز اور شیریں فارس اور عرب میں پیدا ہوتی ہے طبیعت گرم اور خشک محلل و ساخم و سریع الانحدار مولد خلط صالح مبہی دافع تاثیر سموم ہے۔

قرطم بری ـ نبات اسکی بلند اور پتی لمبی زیادہ بستانی سے طبیعت اسکی گرم اور خشک اسکی پتی اور پھل عقرب کے زہر کا علاج ہے جسکو عقرب نے کاٹا ہو جب تک منہ میں اسکی پتی اور پھل رکھے زہر کی تاثیر نہوگی اور واسطے دفع زہر کے دو درم پتی اور پھل کالی مرچیں ڈالکر پینا مجرب ہے۔

قرفۃ الدارچینی ـ دارچینی کا پوست اور چھلکا طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی اعضائے باطنی دافع فالج و لقوہ و صرع و وجع المفاصل وغیرہ امراض عصبی ہے۔

قرنفل بستانی ـ یہ نبات باغی قسم ریحان سے ہے جسکو تلسی کہتے ہیں خوشبو اسکی لونگ کی خوشبو کے ساتھ مشابہ ہے عرق اسکا بھی لونگ کے عرق کے ساتھ خوشبو میں ملتا ہے اسواسطے فارس کے رہنے والے اسکو قرنفل بستانی کہتے ہیں۔

قرنفل شامی ـ یہ ایک نبات ہے عربی میں اسکو قرنفلیہ بولتے ہیں ساق اسکی بقدر ایک گز کے پتی لبلاب کی سی پھول بنفشی خوشبو مانند لونگ کے جڑ اسکی مشابہ جڑ خربق سیاہ کے اور بو میں مانند دارچینی کے طبیعت اسکی گرم خشک دافع صرع و زکام و سرفہ و عسر البول ہے بیٹھنا اسکے جوشاندے میں واسطے احتباس حیض و اسقاط جنین کے مفید ہے۔

قاف با زاے معجمہ

قزاح ـ یہ ایک نبات شہر قزاوان میں مشابہ سونف کے پیدا ہوتی ہے اونٹ اسکو کھاتا ہے پتے اسکے سونف کے پتوں سے زیادہ پتلے پھول زرد خوشبودار ذائقہ سونف کا سا طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل ریاح و محرک ڈکار مسکن اوجاع باردہ مدر بول و حیض۔

قاف با سین مہملہ

قسب ـ وہ خرما جو نیم پختہ اتار کر اور پیٹ چیر کر اور جوش دیکر خشک کیا ہوا اسکو خرمائے شکم دریدہ بھی کہتے ہیں شیرین زیادہ ہوتا ہے عمدہ وہ ہے جو دانہ موٹا اور گٹھلی چھوٹی ہو طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی معدہ منضج و محلل اخلاط ہے۔

قسس ـ یہ ایک قسم لبلاب کا ہے جسکو پھل نہیں لگتا پتے چھوٹے جھنجھریدار شاخیں نیلی طبیعت گرم اور خشک پینا پانی اسکے پتوں اور ساق کا مدر بول و حیض ہے فرزجہ اسکا مخرج جنین ہے اسکی جڑ کا پانی اگر سرکہ کے ساتھ پئیں تو رتیلا کے زہر کا اثر جسم پر نہیں ہوتا۔

قسط ـ ہندی میں اسکو کُٹھ کہتے ہیں یہ ایک جڑ ہے مشابہ جڑ تفاح کے نبات اسکی بے ساق زمین پر پھیلی ہوئی پتی اسکی چوڑی اسکی جڑ کو ہندی میں پہکر مول کہتے ہیں تین قسم کی ہوتی ہے ایک شیریں سفید زردی مائل سبک اور خوشبو اسکو قسط بحری اور عربی کہتے ہیں

دوسرا تلخ مائل بسیاہی مغز اسکا مائل بزردی موٹا اور ہلکا اور کم بو اسکو قسط ہندی کہتے ہین تیسرا مائل بسرخی وزن مین سنگین مشابہ لکڑی شمشاد کے خوشبو بغیر تلخی کے یہ بحری اور قائل ہی اور جس قسط سے بو صبر کی آوے زبون ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی اعضاے رئیسہ محرک باہ دافع امراض باردہ رطبہ جاذب خون مقوی دماغ دافع درد سر ہی۔

قسطرون - یہ ایک نبات ہی جو ہر سال جمتی ہی ساق اسکی بقدر ایک گز کے بلند پتے مشابہ پتے بلوط کے طبیعت اسکی گرم خشک ساتھ خواص تریاقیہ کے دافع صرع وخوانیق وامراض کبد وطحال وپرقان ہی۔

قاف با شین معجمہ

قشار کندر - ریزے ہین کندر کے ٹکڑون کے رگڑنے سے گرے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک قابض مجفف ہی ضماد اسکا زخمون پر تازہ گوشت پیدا کرتا ہی پینا اسکا امعا کے زخمون کو اچھا کرتا ہی رحم کی رطوبت کو زائل کرتا ہی۔

قشر - ہندی مین چھلکا اور چھال جو ہر ایک درخت سے اُتاری جائے ہر ایک درخت کا چھلکا الگ تاثیر رکھتا ہی چنانچہ قشر اترج یعنی پوست ترنج مقوی معدہ و دماغ ومعطر دہان اور پوست انار کا مسہل مخرج کرم معدہ وامعا و قاطع خون بواسیری و پوست بیخ کرفس ملطف ومفتح ومدر بول دافع امراض کبد وطحال ہی و پوست درخت خیارشنبر دافع تکالیف وضع حمل ہی و بیرون و بیرونی پستہ قابض ومقوی وامعا و پوست نارنج مفرح ودافع قی وغثیان ومخرج کرم معدہ و پوست تخم مرغ جالی مجفف قروح وقاطع رعاف وبیاض عین ہی۔

قشمش - یہ ایک قسم کا انگور ہوتا ہی جسکا دانہ نہایت چھوٹا ہوتا ہی جو ہر ایک قسم سے عمدہ اور شیرین ہوتا ہی طبیعت اور افعال اسکے انگور سے ہین جو تحریر ہو چکے ہین۔

قاف با صاد مہملہ

قصب - فارسی مین اسکو نے ہندی مین بانس نرسل اور سرکنڈا کہتے ہین بعض اُنمین سے مجوف اور بعض غیر مجوف ہوتے ہین نے اُسی کا نام ہی جو اندر سے پولا ہو اور نے قلم جس سے لکھتے ہین اور اندر سے پولی ہی اسی قسم سے ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک راکھ اسکی سعفہ اور داد کی دوا ہی گنج جو سر کی بیماری مشہور ہی اس راکھ سے جاتی رہتی ہی منجن اسکا دانتون کو روشن کرتا ہی اور آنکھون مین ڈالنا اس رطوبت کا جو بانس کے پتون مین جمع ہوتی ہی آنکھ کی سفیدی کو دور کرتا ہی یعنی بانس کی پیسی ہوئی شہد کے ساتھ کھائین تو کھانسی جاتی رہتی ہی مدر بول وحیض نیون کا جوشاندہ نفث الدم کو مفید ہی۔

قصب السکر - فارسی مین نیشکر ہندی مین گنّا اور پونڈا کہتے ہین یہ نبات ایک نعمت نعماے الٰہی سے انسان کو مرحمت ہوئی ہی کہ ہر ایک شیرینی اُس سے بنائی جاتی ہی گڑ شکر کھانڈ مصری سب اسکے شیرہ سے بنتے ہین اقسام اسکے بہت ہین طبیعت اسکی گرم تر دافع خشونت سینہ اور ریہ اور سرفہ اور جالی رطوبات متولدہ مسمن بدن مدر بول منقی مثانہ ملین بدن محرک باہ دافع سوزش معدہ ہی۔

قصاص - نام ایک قسم کے مٹر کا کہ غلاف اسکا پتلا اور دانہ بہت چھوٹا سفید ہوتا ہی خلر بھی اسکو کہتے ہین اور ذکر اسکا فصل خاے معجمہ مین تحریر ہو چکا ہی۔

قصب الذریرہ - ہندی مین اسکو چرائتہ کہتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم خشک ملطف ومحلل ساتھ قوت قابضہ کے مقوی دل وجگر دافع استسقا ودرد سینہ وجگر ورحم اور عسر البول وتقطیر البول ومحلل ورم ہی۔

قاف با ضاد

قضاعہ - عربی مین مادہ سگ آبی کو کہتے ہین اور ہندی مین اود بلاؤ سر اور ضماد اسکے ماتھ پر واسطے دفع ماہیکی آنکھ کے بے مانند ہی۔

قاف با طاے

قطا - ایک پرندے کا نام ہی جسکو فارسی مین سنگخوار اور ہندی مین لوا کہتے ہین یہ دو قسم کا چھوٹا اور بڑا ہوتا ہی بڑا القدر کبوتر خطدار اور زرد رنگ چھوٹا بقدر بڑی چڑیا کے خطدار زردی مائل سر پر تاج کم آب جنگلون مین رہتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی گوشت اسکا مقوی معدہ وکبد دافع فالج وسردی اعصاب واستسقا وقولنج بلغمی ہی۔

قطلب - یہ ایک درخت مشابہ درخت بہی کے پتے بھی بہی کے سے بقدر آلو کے بدون بیج کے پختہ ہوکر زعفرانی وسرخ یاقوتی رنگ ہوتا ہی شیرین اور خوشبو شیرہ اسکا جوس لین تو سفل گھاس سیا باقی رہجاتا ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک پھل اسکا تریاق سموم قتالہ ہی ضماد اسکے پتون کا ورمون اور دملون کو اچھا کرتا ہی مقعد کے امراض کا علاج ہی جلے ہوے عضو کو فوراً آرام کرتا ہی۔

قطائف - عنبوسہ جو مشہور خوراک ہی گیہون کے میدے کا بناتے ہین اور گھی مین تلتے ہین کثیر الغذا مسمن بدن ومبہی ہی۔

قطف - یہ ایک سبزہ ہی جسکو فارسی مین اسپناخ واسفناخ ہندی مین پالک کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر ہی پکا کر کھانا اسکا سریع الہضم

اور سولد خلط صالح ہی مسکن عطش دافع تپ گرم محلل اورام گرم ہی۔

قطن ۔ فارسی مین اُسکو پنبہ ہندی مین روئی کہتے ہین یہ وہ شریف درخت ہی جسکے پھل سے تمام زمانہ شرق سے غرب تک طرح طرح کے لباس پہنتا ہی پھول اُسکا زرد خوبصورت ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک اور پھول گرم تر ہی پینا اسکا جنون کو دفع کرتا ہی خفقان کا علاج ہی

قطف بحری ۔ یہ ایک سبزہ ہی جسکو ہندی مین بتھوا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ہی پکا کے کھانا اسکا درد سے کو زیادہ کرتا ہی محرک جماع ہی باہ کو بڑھاتا ہی۔

قاف باعین

قعب ۔ عربی مین یہ نام شیر کا ہی اور نام ایک نبات کا جسکی ایک ساق ہی اور پتی اسپناخ یعنی پالک کی سی ذائقہ سولف کا سا اندلس کی ولایت مین یہ پائی جاتی ہی۔

قعبل ۔ یہ ایک جڑ ہی مشابہ شلغم کے سرخ رنگ طبیعت اُسکی گرم و خشک جنون کو دور کرتی ہی ورم الطحال کا علاج ہی۔

قاف بافاے

قفر الیہود ۔ یہ ایک پتھر کا نام ہی جو بحیرہ یہودیہ سے حاصل ہوتا ہی زمین قدس سے لاتے ہین جو اچھا ہوتا ہی اور مقامات سے بھی لیا جاتا ہی بہتر اور تریاق کے استعمال کے لائق بنفشئی براق سنگین خوشبودار ہی جسمین مٹی اور کنکر نہو طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم خشک قائم مقام مومیائی کا ہی زفت اور قیر اور قطران وغیرہ کی جگہ بھی اسکا استعمال کرتے ہین دھوان اُسکا دافع زکام اور نزلہ ہی

قاف بالام

قالقونیا ۔ صنوبر کے درخت کا گوند ہی جو خود بخود اُس سے نکلتا ہی تین قسم کا گوند ہی ایک سیال یعنی تر جو بستہ نہین ہوتا مانند قطرون کے دوسرا وہ درخت سے سخت نکلتا ہی سیال نہین ہوتا تیسرا وہ جو بعد طبخ کے بستہ ہوتا ہی۔

قلب ۔ بفتح اول دل جو اندرونی اعضا مین سے مشہور عضو ہی اور رحم مین حضرت خالق کے حکم سے سب سے پہلے یہی عضو بنتا ہی یہ عضو مبدا اور معدن حرارت غریزی کا ہی روح حیوانی کا مسکن ہی ہر ایک عضو سے گرم زیادہ ہی متحرک رہتا ہی مرنے کے وقت بھی سب سے پیچھے سرد ہوتا ہی گوشت اسکا بہت سخت اور دیر ہضم ہی چارپایون مین بہتر دل بکری کا ہی اور پرندون مین مرغی جوان کا طبیعت اس گوشت کی عموماً گرم اور خشک مگر طیور کے دل مین گرمی زیادہ تاثیر مین مقوی دل و دافع خفقان و دیر ہضم ہی۔

قلت ۔ حب الفلت مین اُسکا ذکر درج ہوچکا ہی فصل حاے باباے مین۔

قلقطار ۔ بہردو قاف زاج سفید اُسکا ذکر زاج مین مذکور ہوچکا ہی۔

قلقاس ۔ یہ ایک سبزہ ہی جسکے پتے بہت چوڑے ہوتے ہین اور جڑ اُسکی کھانے مین آتی ہی جسکو اروی کہتے ہین مشہور ترکاری ہی طبیعت اُسکی گرم تر مسمن اور محرک باہ ہی اکثر لوگ اُسکو کھاتے ہین۔

قلقدلیس ۔ بعض اُسکو زاج سفید بعضے زاج سرخ بعض زاج زرد جانتے ہین بعض ایک قسم کے زاج سفید کو قلقدلیس سمجھتے ہین جسکو فارسی مین زاج شتر دندان کہتے ہین اصل یہ ہی کہ قلقدلیس تین قسم کا ہی ایک قسم سفید سبک جلد ٹوٹنے والا یہ تیز اور بہتر سب اقسام سے ہی دوم وہ جسمین مٹی زیادہ ہو اور غلیظ اور خشن ہوتا ہی تیسرے نرم متساوی الاجزا اور سست جو پانی مین ڈالنے سے سیاہ ہوجاتا ہی۔

قلومس ۔ یہ ایک نبات ہی جو پانچ قسم پر منقسم ہی اول سپید پتی والی جو نر اور زیادہ ہوتی ہی دوسری سیاہ پتی والی تیسری جسکی شاخین لمبی ہین چوتھے وہ جسکے پتے انجیر کے سے ہوتے ہین پانچوین جسکے پتے بڑے اور غلیظ اور تند بو ہین اس قسم کو لوگ تنباکو جانتے ہین طبیعت ہر ایک قسم کی گرم خشک محلل اور جالی ساتھ قوت قابضہ کے دافع امراض بلغمی و ضیق النفس و سرفہ وغیرہ ہی۔

قلانش ۔ یہ بھی ایک نبات ہی جسکو خوخ المروج کہتے ہین امرود کے ساتھ اسکی مشابہت ہی مزہ اُسکا پھیکا تھوڑی لزوجت کے ساتھ عصارہ اسکا نفث الدم کو دفع کرتا ہی۔

قلقل ۔ فارسی مین انار دانہ دشتی ہندی مین کوارچکنا اسکا نام ہی یہ ایک نبات مشابہ نبات قنب کے ساقین لمبی مائل بسرخی طبیعت اسکی گرم تر نہایت مقوی باہ مسمن بدن مفرح طبع ہی۔

قلسوفو دیون ۔ یہ ایک نبات ہی نہایت خورد بقدر ایک بالشت پتھرون اور سخت زمینون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک دافع تقطیر البول و ادرار حیض و اخراج جنین ہی۔

قلومائن ۔ یہ ایک نبات پہاڑی اور باغی ہی ساق اُسکی مشابہ ساق باقلا پتے مشابہ پتے بارتنگ کے اور پھول مشابہ پھول ایرسا سوسن کے طبیعت سرد خشک حابس رعاف دافع نفث الدم معدہ ہی ضماد اُسکا جو پتے کوٹ کر بنایا جائے پرانے زخمون کو بند کرتا ہی۔

قلی ۔ سجی جس سے لوگ کپڑے دھوتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ تھوڑی سی سمیت کے پینا اُسکا ایک قیراط

واسطے تقویت معدہ و ہضم طعام اور پیدا کرنے بھوک و قطع بلغم و دفع قے موثر ہی۔

قاف با میم

قمل قمقام - یہ دو چھوٹے جانور ہین کہ انسان و دیگر جانداروں
کے کپڑون اور بالون مین پیدا ہوتے ہین قمقام کے پانون بہت ہوتے
ہین اور بالون کی جڑ مین چمٹے رہتے ہین اور قمل چھ ہاتھ اور پانون
رکھتا ہی اور منھ سے کاٹتا ہی اور سر اور دم اسکی باریک ہوتی ہی
جو کپڑون مین پیدا ہوتا ہی سپید اور بالون مین سیاہ رنگ اگر
بال سیاہ ہون اسکو فارسی مین سپش اور ہندی مین جون کہتے ہین
پسینا اور فضلات ردیہ سے اسکی پیدائش ہی چھ عدد جون زندہ
باقلا کے سوراخ مین رکھ کر نگل جائین تو تپ ربع جاتی رہے اگر احلیل
کے سوراخ مین جون رکھین احتباس بول دفع ہو۔
قمری - مشہور پرندہ ہی فاختہ سے چھوٹی خوش آواز خوش منظر
حق سرہ اسکی آواز ہی بعض کہتے ہین کہ وہ یا کریم کا ذکر کرتی ہی سپید
اور زرد اور خاکستری رنگ کا یہ جانور ہوتا ہی پنجرے مین بند
رہ سکتا ہی کبوتر کی طرح کھلا نہین رہتا گوشت اسکا سرد مزاج والونکو
موافق ہی کیونکہ طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اسکے انڈے اگر شیر خوار
بچے کو کھلائین جلد باتین کرنے لگے جس گھر مین یہ جانور ہو اس
گھر والون پر جادو کا اثر نہین ہوتا ہی۔

قاف با نون

قنا قنی - نام ایک نبات کا ہی جسکے پتے پودینہ کے سے ہوتے ہین
علم مین مشہور نام اسکا کلنج ہی اسواسطے باب کاف با لام مین بیان اسکا تحریر ہوگا
قنب - ہندی مین اسکو سنگ اور بھنگ کہتے ہین اور بیراگی لوگ
اسکو گھوٹ کر پیتے ہین اور ایسے عادی ہوتے ہین کہ بے بغیر اسکی
زندگی مشکل ہوتی ہی چرس بھی اسی کا بنایا جاتا ہی جسکا دھوان چلم
مین رکھ کر پیتے ہین بعض اسکے عادی ہو کر دیوانہ و ہلاک ہو جاتے ہین
ہر ایک ملک مین یہ نبات ہوتی ہی پتے اسکے تیسرے درجے مین سرد
خشک بیج اسکے گرم خشک ہین اور خواص درج کتب طبیہ ہین۔
قنفذ - مشہور جانور تیر انداز ہی جسکو ہندی مین سہی کہتے ہین
خارپشت کلان فارسی مین اسکا نام ہی اگر کوئی اسکو پکڑنا چاہتا ہی تو وہ
جمع ہو اپنے آپکو ہلاتا ہی اور اسکے جسم سے خار نکلکر دشمن پر جا پڑتے ہین
جنگلی پہاڑی - دریائی تینون قسم کا یہ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک
گوشت اسکا مجفف و محلل قوی رطوبات اسکی جالی ہی۔
قنطوریون کبیر - یہ ایک نبات ہی ساق مشابہ ساق نامض لمبی ہین
دو گز تک شاخین پر قبہ خشخاش کی طرح پھول سرمئی سبز پتے مشابہ
پتے جوز کے جڑ سوئی لمبی دو گز تک وزنی اور سرخ رنگ بھری عصارہ
اسکا سرخ خون کی رنگت پر طبیعت اسکی دوسرے درجے مین گرم اور
خشک اور عصارہ اسکی جڑ کا قوی تر ہر جزو سے محلل ریاح و قابض و جالی
دافع ضیق النفس و عسر النفس و سرفۂ کہنہ ہی۔
قنطوریون صغیر - یہ ایک نبات حوض و تالاب کھڑے پانی کے
کنارے پیدا ہوتی ہی ایک بالشت تک بلند پھول سرخ مائل بہ بنفشی
مشابہ گل شببو پھل گیہون کا سا ذائقہ مین سب اجزا تلخ جڑ چھوٹی سی
اور بے فائدہ طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم و خشک لطیف تر
اور قوی تر کبیر سے ہی ہر فعل مین۔
قندس - معرب کندس کا ہی جسکا بیان حرف کاف با نون مین
تحریر ہوگا انشاء اللہ تعالے اور کندس آبی سگ آبی کو کہتے ہین
جسکے خصیون کو جند بیدستر کہتے ہین اور اسکے چمڑے کی پوستین بنتے
ہین طبیعت اسکی گرم و خشک پہننا اسکے پوستین کا گرم کرنے والا
بدن اور دور کرنے والا بیماری نقرس کا ہی۔
قنبیط - یہ ایک نبات کرنب کے اقسام مین ہی ایک قسم ہی پتے اسکے
مشابہ پتے چقندر کے مزہ تلخ اور شیرین ملا ہوا اور وسط مین ایک ساق
اور ساق پر پتون کا ایک مجمع بطور پھول کلی کے بیج اسکا فرنگ کی
ولایت سے لایا گیا ہی ہر سال اسکی زراعت ہوتی ہی سردی
جسقدر زیادہ ہو اسکی خوبی بڑھتی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک
مدر بول مولد خون ہی لوگ اسکو کثرت سے کھاتے ہین۔
قنبیل - مغز پھل ایک درخت پہاڑی کا ہی درخت اسکا مشابہ درخت
معصفر کے پھل مشابہ نارنج کے پختہ ہو کر پھٹ جاتا ہی اسمین ایک
چیز سرخ تیرہ رنگ نکلتی ہی اور زمین پر گرتی ہی لوگ اسکو اٹھا لیتے ہین
وہی قنبیل ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اسکے کھانے سے معدہ
کے کرم سب نکل آتے ہین اور مسہل رطوبات لزجہ کا ہی۔
قنبرہ - یہ ایک پرندہ خوش شکل اور خوش آواز ہی اور سر پر تاج
ہدہد اور طاؤس کی طرح رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک اور گوشت
اسکا اور چڑیون کی طرح ہی خواص مین مگر خاصیتاً اورون سے قوی تر
اور صالح الغذا واسطے ان بیمارون کے ہی جنکی بیماریان بلغمی ہین۔
قنابری - یہ ایک نبات ہی کہ ربیع کی ابتدا مین جمتی ہی اور آخر ربیع تک
رہتی ہی پتی اسکی اسفناج کی شکل پر شاخ پتلی پھول سپید بیج غلاف
مین بقدر دانہ چنے کے طبیعت اسکی گرم اور خشک لطیف و جالی

اور مقطع منفی سپینہ مدر بول و حیض و شیر و عرق ہی -

قاف با واو

قوطولیدون - ایک نبات ہی کہ پتے اسکے گول اور ساق چھوٹی بیچ اسکے متصل ساق کے اطراف مین جڑ اسکی مانند زیتون کے طبیعت گرم و خشک قابض و رادع و جالی و محلل مسکن سوزش معدہ ہی -

قوقی - یہ ایک جانور بحری مشابہ آدمی کے طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا واسطے صرع اور اختناق رحم کے مفید ہی -

قاف باہاے

قہوہ - پھل ایک درخت کا ہی کہ یمن اور حبشہ اور زنگبار مین ہوتا ہی اسکو جوش دیکر پیا کرتے ہین اسکو بن کہتے ہین تشریح اسکی باے باون مین تحریر ہوگی اور نام ایک قسم کی نہایت تیز شراب کا ہی -

قاف بایاے

قیفہر - رال مشہور چیز ہی گوند ایک درخت کا ہی بعض کہتے ہین کہ سال کے درخت کے پوست کے نیچے سے نکلتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و جالی و منقی دماغ دافع صرع و استسقاء و ادرار حیض ہی -

قیصوم - یہ نبات مادہ اور نر دو قسم کا ہوتا ہی نر کی شاخین پتلی اور پھل چھوٹا مشابہ افسنتین کے پھول کے رنگ اور چھوٹا مادہ کے پھول سے مائل بسپیدی مادہ مشابہ درخت سناعین اور پتے بڑے اور بدبو بہت لیسدار شاخون کی سرا در کنارون پر پھول گول زرد طلائی رنگ اور خوشبو نیز مزہ تلخ پھل مانند حب الآس کے گرمیون مین پھولتا ہی کہتے ہین کہ مادہ اسکا برنجاسف اور نر قیصوم ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک قوت تحلیل اسکے پھول کی افسنتین سے زیادہ نطول اسکا دافع درد سر بارد اور جو شاندہ ضیق النفس کا علاج ہر ایک قسم کے زہر کو دفع کرتا ہی اگر شراب کے ساتھ بیمار کو پلائین حمول اسکا مخرج جنین ہی -

قیروطی - موم روغن کو کہتے ہین یعنی موم مین روغن کنجد یا کوئی اور روغن جو آگ پر رکھکر موم کے ساتھ ملادیا گیا ہو یہ موم روغن واسطے نرم کرنے اکثر اورام کے استعمال کیا جاتا ہی

پچیسوان باب

کاف تازی کے بیان مین اسمین بھی بدستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

عربی و فارسی وغیرہ لغات کے ذکر مین

کاف تازی با الف

کالا - ضروری اسباب و رخت سواے حیوان کے اور ژندی زبان مین بانگ و فریاد و شور و غوغا - **جامی** - چو کالا رانشود جو بندہ لب باز + فزون گردد بد و میل خریدار -

کار کیا - خداوند گار - حاکم فرمان فرما اور ایک عنصر عناصر اربعہ سے -

کاکا - بڑا بھائی اور باپ کا بھائی اور وہ غلام جو تمام عمر گھر مین پرورش پاتا رہا ہو اور خدمت کرتے کرتے ضعیف ہوگیا ہو -

کاتا - آدمی جو بے عقل و بیوقوف ہو اور گوشۂ انگور جس سے دانہ انگور کے اتار لیے ہون یا خوشۂ خرما کا - ارتید مین وہ شخص جس کی ایک آنکھ ہو -

کاہ ربا - وہ چیز جو گھاس کو اٹھالیتی ہی کہتے ہین کہ وہ ایک قسم کے درخت جوز کا گوند ہی بعض کے نزدیک جوز رومی کا گوند ہی بعض کہتے ہین کہ حدود روس مین ایک چشمہ ہی جب اسمین جوش ہوتا ہی تو پانی باہر آکر جم جاتا ہی اسمین طاقت کہربائی کی ہی بعض کہتے ہین کہ وہ ایک پتھر ہی زرد رنگ شفاف چمکتا ہوا جو کوئی اپنے پاس رکھے یرقان کی بیماری سے امان مین رہتا ہی **مؤلف** - سکندر اسلامی اہل درد را سوے خود عشقت بشکل کہربا -

کاسب - کسب کرنے والا صاحب حرفہ و پیشہ **مؤلف** - کسب کمال کاسب اہل ہنر کند بیکس بود جو صاحب کسب کمال نیست -

کاتب - لکھنے والا اکتابت کرنے والا **مؤلف** - محو گرد و ز انگشت کسے ہر اجر کلک کاتب غارت نوشت -

کارچوب - بروزن غاکروب جولاہون کا نال جس سے کپڑا بنتے ہین اور عربی مین اسکو سنج کہتے ہین -

کانت - ایک قسم کے چاول ہین جو ولایت شوستر مین پیدا ہوتے ہین ایک دفعہ بوئین تو بیچ اسکا سات برس تک پھل دیتا ہی اور یہ نام ایک بستی کا ہی خراسان مین اور بیماری جسکو کتر کر پان کے ساتھ کھاتے ہین -

کافت - جستجو کرنا تلاش کرنا صیغہ ماضی مصدر کے معنی دیتا ہی -

کاسات - جمع کاسہ جسکے معنی پیالے کے ہین بہت سے پیالے - **محی الدین عبد القادر جیلانی** - سقانی الحب کاسات الوصال + فقلت لخمرتی نحوی تعالی -

کاشت - زراعت کرنا کھیتی کرنا اور یہ ماضی بمعنی مصدر رہی -

کاست - کم ہونا - گھٹ جانا - اور کم ہوا -

کائنات - عالم موجودات مخلوق الہی - کو توحید ساز علمان ہر کہ شد مشتاق ذات + ذات را بنید ز انوار صفات + موجد

ایجاد اہل وبید را + سے نمایداز وجود کائنات -

کاج - کلمہ افسوس کا جسکو کاش بھی کہتے ہین اور نام ایک قسم کے درخت صنوبر کا ہی اور سیلی یعنی مگا جو کسی کی گردن پر ماربن - محسن تاثیر - عالی درجات نخل کاجش + برفرق آسمان غنا جنش - انوری در تعریف اسپ - نہ جرخ چرخ از و کاج خوردہ در جنبش + نہ کوہ کوہ از و کوس خوردہ در بالا سے ۵ - چرا مغرور بر دنیاے فانی ست + ہمیشہ مرد دنیا دار اسے کاج -

کانج - کالیچ - انگشت کوچک یعنی چھوٹی انگلی ہاتھ کی یا پانون کی جسکو خنصر کہتے ہین -

کاکنج - ایک دوا کا نام ہی جسکی تشریح پانچوین فصل مین کیجائیگی -

کالنج - نام ایک میوہ کا ہی جو بیر کی شکل پر ہوتا ہی خراسان مین اسکو علف شیران اور عربی مین زعرور کہتے ہین -

کالوج - زندی زبان مین کبوتر کو کہتے ہین جو مشہور پرندہ ہی -

کاخ - کوشک وقصر وعمارت بلند وخانہ بے روزن اور نام ایک قصبہ کا خراسان مین اور بارش جسکو عربی مین مطر کہتے ہین - توحید - چرا بلند کند بندہ قصر دنیا را + کہ شکل خاک شود ز انقلاب صورت کاخ -

کالوخ - ایک بدبو گھاس کا نام ہی جسکو گندنا کہتے ہین بعض کے نزدیک یہ نام سیر یعنی لہسن کا ہی -

کالیخ - وہ میخ جسکا سر چوڑا ہو لوہے کی ہو یا لکڑی کی -

کاسد - نقد وجنس واسباب جو بے رواج وکم قیمت ہو جسکو خریدار رغبت سے نہ لے - سعدی - متاع گران مایہ کاسد مباد + دگر باد جز خبث حاسد مباد -

کاربند - عمل کرنے والا - کام کرنے والا - مولانا حید رلاہوری - دم مکن از ذکر حق زنہار بند + باش در یاد الٰہی کاربند -

کارد - چھری - چکو وغیرہ جس سے کوئی چیز کاٹین اس لفظ مین حرف راے موقوف ہی نہ متحرک - سعدی - نہ بینی کہ چون کارد بر سر بود + قلم را زبان بر روان تر شود -

کالبد - قالب ہر چیز کا بدن اور جسم انسان ودیگر حیوانات کا حکیم انور لاہوری - در مقام قرب جان پاک رفت + کالبد خاکی بزیر خاک رفت -

کاد - حرص وہوا وطمع -

کائد - مکار - فریبی - دغاباز -

کاغذ - معرب کاغد جو دال مہملہ کے ساتھ ہی مشہور چیز ہی جسپر کتابین لکھی جاتی ہین عربی مین اسکو قرطاس کہتے ہین - توحید - بکن تحریر از درد درون ای نکتہ دان کاغذ + کہ وقت شرح باشد با زبانت ہمزبان کاغذ + بکلک بندگی تحریر سر خط غلامی کن + کہ پیش حق بود بر جانت شاہد ہمان کاغذ + دید و فہمید کہ نقش حسن نقاش ازل جلوہ + گہربار و زبان خامہ گردد زرفشان کاغذ + بہر دفتر کہ ہر اہل نظر بیند نظر آید + ہمان کاتب ہمان مضمون ہمان کلک وہمان کاغذ -

کافر - بکسر فاے چھپانے والا - پوشیدہ کرنے والا یعنی چھپانے والا حق کا اور کلمۂ حق سے خاموش وبیدین ولامذہب اہل فارس حرف فا کو مفتوح بھی باندھتے ہین چنانچہ کافر کو خنجر کے ساتھ قافیہ کرتے ہین - میر خسرو - ز امن داشتہ عزم تو پیش خوف سنان + ز عدل ساختہ حرم تو پیش ظلم سپر + زبان تیغ تو پیوستہ در دہان عدو + سنان رمح تو ہموارہ در دل کافر -

کافور - مشہور خوشبودار چیز ہی یہ دو قسم کا ہوتا ہی ایک وہ جو درخت سے حاصل ہوتا ہی دوسرے عملی جو ایک لکڑی کو جوش دیکر نکالا جاتا ہی اور نام ایک بادشاہ کا جو ظالم تھا اور آدم خوار رستم نے اسکو پکڑ کر مار دیا اور نام ایک چشمے کا ہی بہشت مین - ۵ - صبح صادق مہوش کافور وارد در بغل + گر علاج زخم عصیان میکنی بیدار باش -

کالنجر - ہند مین ایک قلعہ ہی -

کاچار - گھر کا اسباب ضروری سامان -

کارزار - جنگ جدل - لڑائی - فساد - سعدی - چہ مردی کند در صف کارزار + چو دستش تہی باشد و کارزار -

کار - صنعت کسب طریق - کام ونشان فاعل چنانچہ خفاکار - سعدی - چو جاہل کسی در جہان خوار نیست + گناہ ان نرا زجاہلی کار نیست -

کاسر - توڑنے والا - اور نام ایک درد کا ہی جس سے بدن ٹوٹتا ہی -

کاشغر - توران مین ایک شہر ہی -

کاخر - تیسرا حرف خاے معجمہ یرقان کی بیماری اور وہ زردی جو زراعت پر آجاتی ہی اور غلہ کو برباد کرتی ہی -

کاشمر - ترکستان مین ایک شہر ہی اور نام ایک قریہ کا ولایت ترشیز علاقہ خراسان ہیں تاریخ مین لکھا ہی کہ زردشت پیشواے مجوس نے دو درخت سرو بطالع سعد ایک کاشمر اور دوسرا فارمد مین جو متعلق طوس ہی قائم کیے مجوس کا اعتقاد تھا کہ زردشت دو شاخین سرو کی بہشت سے لایا اور کاشمر وفارمد مین لگائین جو بڑھکر سر بفلک ہو گئین متوکل عباسی خلیفہ نے عمارت جعفریہ کے وقت طاہر بن عبد اللہ

حاکم خراسان کو لکھا کہ کاشمر کے درخت زرتشتی کو کاٹکر لکڑی اُسکی بغداد مین بھیجدیوے آتش پرستون نے جمع ہو کر پنجاہ ہزار اکس درخت کے عوض مین دینا کیا مگر قبول نہوا اور وہ درخت گرا یا گیا گرنے کے وقت زمین مین ایسا زلزلہ آیا کہ بہت سی عمارتین گر گئین ایکہزار چار سو پچاس برس کے بعد یہ درخت اُکھاڑا گیا اٹھائیس جریب موٹا یہ درخت تھا دو ہزار گائے اور بکری اُسکے نیچے آرام کرتے تھے ہزارون جانورون کے گھونسلے اُسپر تھے گرنے کے وقت اتنے جانور اُڑے کہ دھوپ بند ہو گئی اور ایکہزار تین سو اونٹ لادکر لکڑی بغداد کو بھیجی گئی اور گاڑیون کے کرایہ پر پانچ لاکھ درم خرچ ہوا جب وہ لکڑی جعفریہ عمارت کے پاس پہونچی اُسی رات متوکل خلیفہ کو اُسکے غلامون نے مار ڈالا۔

کالار — زندی زبان مین آلہ تناسل جسکو قضیب بھی کہتے ہین۔

کالوز — غلہ دان جو لوگ گھرون مین بناتے ہین اور ہندی مین اُسکو کوٹھی کہتے ہین۔

کاوکلور — زندی زبان مین آلہ تناسل جسکو قضیب کہتے ہین۔

کاز — ذ بست جھونپڑا اور وہ ٹٹی جسپر انگور وغیرہ کی بیلین چڑھاتے ہین اور خدا پرستون کا صومعہ و درخت صنوبر اور مقراض جس سے لوہا کترتے ہین اور شمع کا گل آتارتے ہین گلگیر بھی اُسکا نام ہی اور گھاس جسکو جانور کھاتے ہین اور جھولا جو درخت کے ساتھ رسی باندھکر اور اُسپر چڑھکر جھولتے ہین اور وہ آلہ جس سے باغبان درختون کی شاخین کاٹتے ہین۔

کاریز — وہ بدرروبانی جو زمین کے اندر جاوے پانی کیواسطے کھودا جائے۔

کاناز — درخت خرما کا وہ موقع جہان خوشے لگے ہوے ہون۔

کارساز — کام بنانے والا ذات خدا جل و علے۔ ۵۔ کارساز ما بفکر کار ما + فکر ما در کار ما آزار ما۔

کاس — نقارہ اور طاس نقارے کا جسپر چمڑا مڑھا ہوا اور عربی مین پیالہ شراب کا بھرا ہوا اور مطلق پیالہ اور خوک نر جو مادہ نہو جسکو عربی مین خنزیر کہتے ہین۔

کالوس — احمق و نادان وابلہ و بے عقل۔

کاموس — نام ایک پہلوان کا جو سنجاب کا بادشاہ تھا روم تک اُسکی سلطنت تھی افراسیاب بادشاہ توران کی مدد کو آیا رستم نے اُسکو کمند مین پکڑ لیا اور مار دیا۔

کابوس — ایک بیماری کا نام ہی جس سے آدمی خواب مین ڈرتا ہی ایسی صورتین خواب مین اُسکو دکھائی دیتی ہین جنسے وہ کانپ کے اُٹھتا ہی۔

محمد رفیع واعظ۔ مگر در خواب بیند اہل دنیا روے بیداری + بود کابوس خواب غفلت این بار تعلق ہا۔

کاورس — ایک غلے کا نام ہی جسکو ہندی مین چینہ کہتے ہین معرب اُسکا جاورس ہی۔

کاوس — ایک عظیم الشان بادشاہ کا نام ہی جسکو کیکاوس کہتے تھے اُسی کا ملازم رستم تھا بعض کہتے ہین کہ یہ نام نمرود کا تھا بعض کے نزدیک یہ نام فرعون کا تھا معنی اُسکے پاک و لطیف و اصیل و نجیب و غالب و موئد بتائید الٰہی و شعلہ و شرار۔ توحید۔ کجاست رستم و زال و کجاست کیکاوس + کجاست قیصر روم و کجاست افسر روم + کجاست حکمت لقمان و فضل بطلیموس + کجاست علم فلاطون و طب جالینوس + کجاست فوج سکندر کجاست لشکر جم + کجاست تاج حکومت کجاست تخت جلوس + کجاست سلطنت کیقباد و کیخسرو + کجاست عہد منوچہر حکم دقیانوس + خداست مالک ملک و خداست خالق خلق + خداست قادر و قیوم و قائم و قدوس۔

کاش — ای افسوس یہ کلمہ افسوس و حسرت کے موقع پر بولا جاتا ہی اور نام ایک شہر کا عراق مین۔ صفت واسع اشفقتین تیشا۔ سیاہ زیرک دیدن اغیار کردی کاشکے + عاشقان را از نگہ سرشار کردی کاشکے۔

کاکوتش — دری زبان مین گل بنفشہ جو مشہور دوا ہی معرب جسکا بنفسج ہی۔

کالجوش — درویشون کا کھانا کہ ٹکڑے روٹی کے جو روزمرہ کھانے سے بچ رہین وہ خشک کر رکھتے ہین جس روز اُنکو بھیک کا نامنظور ہو پہلے پانی مین بھگو رکھتے ہین پھر پانی ڈالکر پکاتے ہین نمک مرچ اور گھی اُسپر ایزاد کرکے آتار لیتے ہین اور کھاتے ہین بعض اُنمین قند سیاہ ڈالکر میٹھا بنا لیتے ہین۔

کاولیش — برتن ہر قسم کے اور دوغ و جغرات اور ماست یعنی دہی۔

کابغ — پس خوردہ چارپایون کا اور نالہ و فریاد اور کوے کی آواز اور نام ایک جانور کا ہی۔

کاغ کاغ — آواز زاغ کوے کی آواز اور شور و فریاد۔

کاف — مخفف شگاف اور نام ایک جزیرے کا اور نام ایک حرف کا حروف تہجی سے اور بستر بادہ جسکے دانت گھس گئے ہون۔

کاشف — ظاہر کرنے والا۔ کھولنے والا۔ پیدا کرنے والا۔ صفدر رقہ ثانی عالم ہر علم ذات سامیش + کاشف ہر پردہ و دانائے راز۔

کاسف — میلا ہونے والا۔ سیاہ ہونے والا۔ مکدر ہونے والا۔ گہن لگنے والا۔ جیسے سورج کو گہن لگتا ہی۔

کاک - پتلی روٹی اور لاغر آدمی اور نام ایک قلعہ کا ولایت آذربایجان مین **میشر** - از غم نان ہلاک گردیدہ + کاک از شوق کاک گردیدہ - وله - از باغ جہان ہرگز خاکک ناشنیدہ بغیر قلعۂ کاک -

کاگک - بضم بائے موحدہ آشیانہ مرغون کا اور گھر کبوترون کا اور رفیدہ جو نان پز روٹی پاسپر چوڑی کرکے رکھتا ہی اور تنور مین لگاتا ہی -

کاچک - آدمی کے سر کا بالائی حصہ جسکو سر کا کاسہ کہتے ہین -

کاواک - خالی و بے مغز اور ہر ایک چیز جو اندر سے خالی اور پولی ہو -

کارنجک - خیار دراز یعنی ککڑی جو مشہور پھل ہی -

کاربک - صاحب طرب و چرب زبان و زبان آور -

کاسجوک - خارپشت کلان تیر انداز -

کاسک - چھوٹا کاسہ پانی پینے کا کٹورا -

کاغک - خرمی و خوشحالی اور نام ایک مرغ کا جو سیاہ رنگ حوضون کے کنارون پر اڑتا ہی بعض مرغابی کو کاغک کہتے ہین -

کالک - کچا خربزہ جسکو عربی مین خضب کہتے ہین اور نام ایک آہنی اوزار کا جس سے حجام پچھنے لگاتے ہین -

کالوسک - باقلا جو مشہور تخم ہی -

کاچال - گھر کا اسباب ضرورتی اور سامان -

کابل - مشہور شہر ہی ہندوستان کی شمالی حد پر -

کامل - جو آدمی صاحب کمال ہو اور نام ایک بحر کا نظم کے انیس بحرون مین سے **سعدی** - لاجرم مرد عارف و کامل + ننہد بر حیات دنیا دل -

کاکل - انسان کے سر کے بال جو درمیان سر کے ہون اور گھوڑے کی گردن کے بال کاکل کو موے تارک سر اسواسطے بھی کہتے ہین کہ تیر سرگزار کو تیر کاکل رہا ہستے ہین **جعفر بیگ** - فرقِ میان کاکل و زلف بتان کجاست + شوریدہ را ز باغ و دل انتخاب کو -

کافل - ضامن صاحب ذمہ - **نعتیہ** از لاہور - راہ رہا ہادی و دلیل تو ئی + کار را کافل و کفیل توئی -

کاہل - سست اور نکما آدمی - **توحید** - مباش بے خبر و سست و جاہل و کاہل + کہ ہست بندۂ بے علم از خدا غافل + مشو بصورت زیبائے این جہان مائل + کہ نیست زو بجز از درد و رنج و غم حاصل + بزیب و زینت دنیائے دون مشو نازان + کہ ہست بہر دو سہ روز گرم این محفل + چو ابر رحمت حق باش در میان جہان + سخی و فیض رسان فیض بخش و دریا دل -

کاچول - حرکت و ناز و لون جو عورتون کو وقت رقص اور نقالی کے -

کاکول - نام ایک قسم کے گندم یعنی گیہون کا ہی جسکو حنطۂ رومی بھی کہتے ہین اور نام اُس گھاس کا جس سے ٹٹی بناتے اور اشنان کا و ... قص بھی اُسکا نام ہی اور وہ قلم جو اندر سے پولا ہوا ور وہ پھول جو پانی مین ہوتے مین مثل نیلوفر وغیرہ اور بال گھوڑے کی گردن کے -

کال - ژندی زبان مین جگہ و مقام اور صحن و میانہ گھر کا و معنی ہیبت و گریز اور کھودی ہوئی زمین اور ہر چیز جو ٹیڑھی اور خمیدہ ہو اور میوہ جو خام اور نارسیدہ ہو اور بچہ جو بالغ نہوا ہو -

کاول - بضم واو ... گندنا اور باورچی و سفرہ چی جو کھانا کھلانے پر مقرر ہو چاشنی گیر -

کام - کامہ - مقصود و خواہش آرزو اور سقف حلق یعنی تالو و معنی دہ ... یعنی گالون - **سعدی** - بہن افتادہ دشمن کام + آخرش دوستان گذر نکنید + روزگارم بشد بنادانی + من نکردم شما حذر بکنید - **نظامی** - کامۂ دل گرچہ زجان خوشتر ست + عافیت اندیشی ازان خوشتر ست -

کاظم - غصہ کھانے والا صاحب تحمل و بردبار و لقب امام موسیٰ بن جعفر صادق علیہم التحیۃ والسلام -

کاثم - خاوند والی عورت مقابل باکرہ کے یا وہ عورت جسکا خاوند مرگیا ہو یا مطلقہ ہو یعنی خاوند نے اسکو نکال دیا ہو -

کاشم - ایک دوا کا نام ہی جسکو انگدان اور انجدان رومی بھی کہتے ہین -

کامران - مقصود مند - صاحب نصیب - **میر معزی** - نیکو کن تا شوی بر ہر کہ خواہی کامگار + نام او خوان تا شوی بر ہر کہ خواہی کامران -

کان - پیدا ہونے کی جگہ جیسے کہ کان نمک و کان آہن و کان زر وغیرہ - **مؤلف** - شد و چندان از وجود شان جود + ہست دانش بحر لطف و کان جود -

کاہ کشان - یہ شکل آسمان پر نہایت چھوٹے ستارون کے اجتماع کے سبب ایسی نظر آتی ہی جسطرح گھاس کا گٹھہ کسی نے برسر زمین پر کھینچا ہو اور اسکے خراش سے زمین پر نقش پڑگیا ہو - **ابو طالب کلیم** - مرنج از کس کہ ہر کلفت کہ بینی ز آسمان آید + ہمہ تیر جو او شد ز کمان کہکشان آید -

کابین - حق مہر عورت کا جو نکاح کے وقت بذمۂ مرد مقرر ہوتا ہی -

کانون - آتشدان اور دانہ بھونے کی بھٹی اور انگیٹھی اور نام دو مہینون کا رومی زبان مین ایک کو کانون اول دوسرے کو کانون دوم کہتے ہین جو تقریباً پوس اور ماگھ ہین -

کائن - ہونے والا اور شدنی -

کاہن - بہ ہاے ہوز فال لینے والا جانورون کی آواز سے اور جادوگر اور غیب کی باتین بتلانے والا -
کامِن - پوشیدہ ہونے والا - چھپنے والا -
کاشان - نام ایک شہر کا ہی -
کاربان - اونٹون کی قطار -
کاروان - قافلہ - لشکر - گروہ -
کارتن - عنکبوت جو ایک مشہور جانور ہی ہندی مین اُسکو مکڑی کہتے ہین -
کارسان - وہ صندوق جسمین کھانا رکھا جائے -
کارزوان - ایک شہر کا نام ہی فارس مین -
کاسان - سمرقند کے پاس ایک بستی ہی
کاکبان - گل کاجیرہ کسنبھ کے پھول -
کاؤکاؤ - چھیلنا - خراشنا - ڈھونڈھنا - تلاش کرنا - آواز دینا -
تاثیر - از کاؤکاؤ ناخن مطرب دربن بہار + جوشید خون تازہ زرداغ کہن مرا -
کاکو - مان کا بھائی یا مامون جسکو فارسی مین خال کہتے ہین اور نام ایک پہلوان کا جو دختر زادہ ضحاک کا تھا - محمد قلی سلیم - شنوان یافت ولی خوش بجان ای کاکو + چہ روے گاہ سوے گنجہ وگاہ سے باکو -
کالیو - سرگشتہ وحیران ودیوانہ واحمق -
کامرو - ہندوستان کے ملک بنگالہ مین ایک علاقے کا نام ہی -
کاسمو - جوتے کی ڈور جس سے جوتے سیتے ہین - خنزیر نر یعنی نر خوک اور خوک کی مونچھون کے بال -
کانخو - ایک کرم سیاہ رنگ زہردار کا نام ہی جسکو خرزہرہ بھی کہتے ہین بعض کا قول ہی کہ وہ ایک مرغ ہی جسکا نام عروشک بھی ہی اور تمام رات آہ کیا کرتا ہی -
کافیلو - ایک گھاس نہایت باریک ہی جسکو عربی مین عود نشکاعی کہتے ہین اور جو شخص نہایت لاغر ہوتا ہی اسکی نسبت کہتے ہین کانہ عود نشکاعی -
کانیرو - نام ایک دوا کا ہی جسکو ماذریون کہتے ہین استسقا کا علاج ہی -
کاہو - مشہور تخم ہی جو دوا مین مستعمل ہی عربی مین اسکو خس کہتے ہین اور آتش پرستون کا جنازہ اور وہ تابوت جسمین وہ مردہ رکھتے ہین -
کازیرہ - کاجیرہ - گل معصفر جسکو ہندی مین کسونبھ کسنبھ کہتے ہین -
کاسہ - پیالہ اور طبل اور نقارہ -
کاشانہ - چھوٹا گھر ومختصر مکان اور زمستانی مکان جسکے روشندان مین روشنی کے واسطے آئینہ لگائے ہوے ہون کاشانہ آئینہ کو کہتے ہین -
حافظ - بے حجابانہ درآ از در کاشانۂ ما + کہ کسی نیست بجز درد دل و درخانۂ ما -

کافیہ - نام ایک کتاب کا علم نحو مین جسکی بہت سی شرح ہین اور شرح ملا جامی کی اُسی کتاب کی شرح ہی - طغرا - ازو کافیہ گشت زیرو زبر + نشد آگہ از مبتدا و خبر -
کالہ - ہر ایک برتن خصوصاً شراب کی صراحی اور ثفلدان جسکو پیکدان بھی کہتے ہین - حکیم شفائی - کالہ کون بدوش میگردد + ہمچو حلوا فروش میگردد -
کاوہ - نام ایک لہار کا جسنے ضحاک پر خروج کرکے اسکو قتل کیا اور فریدون کو بادشاہ بنایا -
کالیوہ - سرگشتہ وحیران واحمق ودیوانہ اور بہرا جو سن نہ سکے -
کالیدہ - پریشان وبرہم ودرہم -
کازہ - وہ مغاک جسمین چھپ کر شکاری بیٹھتا ہی -
کابیشہ - گل معصفر کسنبھ کے پھول کازیرہ وکاجیرہ کے یہی معنی ہین -
کافہ - جماعت - گروہ -
کاورسہ - ہر چیز جو ریزہ ریزہ ہو -
کانیہ - ترمذی زبان مین آنکھ -
کابیلہ - ہاون دستہ جسمین عطار دوائین کوٹتے ہین -
کانورہ - سرگشتہ وحیران وسرگشتگی وحیرانگی ودردسر وسرگردانی -
کاجہ - ٹھوڑی ڈاڑھی اُگنے کی جگہ -
کاخہ - بارش - مینھ -
کارہ - وہ بوجھ جو پیٹھ پر اُٹھایا جائے -
کاسانہ - ایک مرغ سبز رنگ کا نام ہی سرخی مائل خورستان کی ولایت مین کاسکینہ بھی اُسکو کہتے ہین -
کاشتہ - گھاس جو کھیتون کے کنارے پر لگائی جاتی ہی اور ریخ جو سردیون مین جم جاتی ہی -
کابتی - ایک طرح کا جامہ جو اُسکی آستین کوتاہ ہون اور نام ایک شاعر کا جو باوجود شاعری کے خوشنویس بھی تھا -
کاغذی - کاغذ کا مالک اور کاغذ بنانے والا - اور دفتری اور ہر چیز جسکا پوست پتلا ہو جیسے کہ بادام کاغذی جوز کاغذی ولیمو کاغذی وغیرہ - آرزو - تاکی شوی ترش رو وشیرین شمائل من + مکتوب عاشق ست این لیموے کاغذی نیست -
کاہلی - سستی مقابل چستی - صائب - کاہلی از بسکہ پیچیدست با اعضاے من + میگذارد نقش پاے من سلاسل بر زمین -
کالیوگی - سرگشتگی ودیوانگی -
کاشی - کاش کا رہنے والا -

کادی - بکسر دال جو تیسرا حرف ہی ایک نبات ہی جسکا پھول مثل خوشبو رکھتا ہی ہندی مین اُسکو کیوڑا کہتے ہین -

کافی - کفایت کرنے والا - بس کرنیوالا - دانا و کارگزار و پیشکار نام ایک کتاب کا فقہ مین اور دوسری کتاب کا نحو مین اور نام ایک راگنی کا موسیقی مین چراغ الدین روشن - بیتس حق بہر مغفرت مارا + ہست در حشر مصطفیٰ کافی -

کاوی - آگ سے داغ دینے والا عضو پر -

کاسوے - خوک کے بدن کے بال -

کاشکے - ای افسوس کلمہ تمنا و حسرت کا - محمود سیار را بر من نظر بسیار بودے کاشکے + ہمدم جان و دل افگار بودے کاشکے -

کاراسی - نام ایک جانور کا جو آواز خوش رکھتا ہی اور نام ایک حکیم کا جو سلطان محمود کے روبرو گذشتہ بادشاہون کے حالات پڑھا کرتا تھا -

کانی - وہ چیز جو کان سے نکلے - توحید - خدا از سنگ بر آورد جوہر کانی + بخاک کرد عنایت کمال انسانی -

کاسنی - ایک دوا کا نام ہی جسکی تشریح پانچوین فصل مین تحریر ہوگی

کاتوزی - جمشید بادشاہ نے اپنے وقت مین اپنی رعیت کو چار فرقون مین تقسیم کیا ایک کا نام کاتوزی رکھا یعنی عابد و زاہد انکو حکم دیا عبادت کرین علم پڑھین گزارہ بادشاہ سے پائین دوسرے فرقے کا نام نساری رکھا انکو سپاہگری کی اجازت دی اور فوج مین بھرتی کیا - تیسرے کا نام نسوی رکھا اور زمیندار بنایا چوتھے کا نام اہتو خوشی رکھا اور ہر ایک طرح کے کسب و پیشہ و خدمت کے لیے حکم دیا -

کاکی - لقب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار چشتی جو خواجہ معین الدین حسن سنجری کے جانشین دہلی کے قطب تھے چونکہ حضرت گرم گرم کاک اپنی بغل سے نکالکر سوالیون کو دیتے تھے کاکی مشہور ہوے -

کالی - محافظت کرنے والا - نگہبان اور نسیہ یعنی ادھار متقابل نقد کے -

کاف با بائے

کبریا - بکسر اول بزرگی - شان و شوکت - مولانا اکبر - کبریائی شان و شوکت در جہان + صرف می زیبد بذات کبریا -

کُبری - بزرگتر عورت -

کبدا - تعجیل و شتاب - جلدی اور فربہ - بر گشت و ریسمان جس سے لکڑی جوڑتے ہین

کبریا - وہ آتش جو چقماق یعنی دہی سے نکلتے ہین -

کبیتا - ایک قسم کے حلوے کا نام ہی جو مغز بادام و پستہ وغیرہ ڈالکر بناتے ہین -

کبیبہ - بروزن نصیب مست و مدہوش اور منہ کے بل گرا ہوا -

کباب - بھونا ہوا گوشت جو مشہور چیز ہی - توحید - لاجوابی لاجواب + بے حسابی بے حساب + گاہ از ذرہ شوی پرتو فگن + گاہ روشن میشوی از آفتاب + عاشق مست کباب از دل کند + میخورد خون جگر جاے شراب + آید آواز تو عاشق را بگوش + از صداے بربط و چنگ و رباب -

کَب - چہرہ آدمی کا

کبت - خوار کرنا - ہلاک کرنا - منھ پر گرانا -

کبریت - گندھک جو مشہور چیز ہی اور فارسیون کے نزدیک دیا سلائی جسکو دونون طرف گندھک لگا رکھتے ہین تاکہ چراغ جلانیکے وقت دیر و توقف نہو - شفیع اثر - خواہی در دنیا و دین از بہر زر در آتش ست + ہمچو کبریت این سبک مغز از دو سر در آتش ست -

کبست - بہ باے موحدہ یہ ایک نبات تلخ کا نام ہی جسکو حنظل اور خربزہ تلخ کہتے ہین -

کبیکج - کرفس صحرائی جسکا کھانا زہر قاتل ہی -

کبد - جگر جو ایک عضو اندرونی عضاؤن سے ہی پہلوے راست مین -

کُباد - درد جگر جو ایک بیماری ہی -

کبود - نیلگون رنگ - آسمانی رنگ -

کبید - سریش جس سے لکڑی جوڑ لیتے ہین -

کبریت احمر - گوگرد سرخ جو ایک قسم گندھک کا ہی جس سے کیمیا بنتی ہی - شعر - گہ از قطرہ حق سلک گوہر کند + گہ از خاک اکسیر احمر کند -

کِبر - بالکسر و سکون ثانی بزرگی اور بزرگ ہونا -

کِبَر - بکسر اول و فتح ثانی پیری و ضعیفی و کلان سالی -

کَبَر - بفتحتین نام ایک ترش میوہ کا جسکا اچار ڈالا جاتا ہی اور خراسان مین بہت پیدا ہوتا ہی -

کِبار - بکسر اول بزرگ لوگ بڑے آدمی جمع کبیر - مؤلف - کرد حاصل سروری ہر خاکسار + در قدم بوسی پیران کبار -

کُبّار - بضم اول و تشدید ثانی بہت بزرگ و صاحب عزت و احترام اور بہت سے بزرگ جمع اکابر -

کبیر - بڑا متقابل صغیر کے - توحید - ہست ذات پاک آن رب قدیر + لاشریک و بے مثال و بے نظیر + تاجداران جہان محتاج او + ہمرنگون بر درگہش اہل سریر + نیک بادصاف آن عالیجناب + مدح خوانش ہر صغیر و ہر کبیر -

کبائر - بڑے گناہ چوری زنا لواطت شراب خواری وغیرہ جمع کبیرہ -

کبوتر - مشہور پرندہ ہی - رضی دانش - چو بید ردان مدان از خلل

مجنون بحیرمانہ کبوتر ہائے صحرائے ست مرغ نامہ بر بارا۔
کبس ۔ بفتح اول مٹی سے پر کرنا چاہ و نہر وغیرہ کو سر جھکانا مجنون مارنا دشمن پر۔
کبس ۔ بفتحتین پیشانی پر گرنا مغاک ہین۔
کبس ۔ بکسر اول وہ مٹی جس سے مغاک پر کیا جائے۔
کبوش ۔ کج اور ناراست میڑھا جو سیدھا نہو۔
کبیاس ۔ مسخرا بذلہ گو۔ خوش طبع سیاوہ گو۔ زیادہ بولنے والا۔
کبش ۔ گوسپند نر دُنبہ یا میش نر شاخدار جنکو لوگ لڑاتے ہین۔
کبنک ۔ بروزن صحنک وہ نمد جو مفلس لوگ سردیون مین پہنتے ہین۔
کلیم ۔ خوبان کہ ہمی رمند زافسون ملک + رام اند بہ بے تعیناں مشتبرک +
در صید کنان جامہ صیادی پوش + یا تابہ و کبوہ و کلاہ و کبنک ۔
کبک ۔ بفتح اول مشہور جانور ہے جسکو چکور کہتے ہین۔ شعر ۔
ای زگفتار تو طوطی منفعل + وی زرفتارت خجل کبک دری ۔
کباک ۔ وہ رسّی جو کھجور کے پٹھے سے بٹی گئی ہو۔
کبرک ۔ ایک خاردار گھاس کا نام ہے جسکو خسک بھی کہتے ہین۔
کبنک ۔ بفتحتین ہاتھ کی ہتھیلی یعنی کف دست ۔
کبوک ۔ مرغابی جو ایک مشہور پرندہ ہے جسکو ترکی مین عنقد بولتے ہین۔
کبتک ۔ ایک آلہ آہنی کا نام ہے جس سے چکی کو تیز کرتے ہین ہندی
مین اسکو چکی رہا کہتے ہین۔
کباک ۔ ایک مرغ کا نام ہے جو نیلا اور سپید دم دراز چڑیا کے برابر
ہوتا ہے ہر وقت دُم ہلاتا رہتا ہے پانیون کے کنارے اکثر ملتا ہے۔
کبل ۔ بکری کے چمڑے کی پوستین جسکو گول بھی کہتے ہین۔
کپان ۔ وہ بڑا ترازو جس سے لکڑی وغیرہ قماش تولتے ہین
ہندی مین اسکو تک کہتے ہین اور عربی مین قسطاس۔
کبیسہ ۔ بروزن برسیہ کنوان اور نہر جو مٹی سے بھر دیا گیا ہوا ور
آدمی سرنگون اور گیارہ روز ایک بہر شمسی سال کے جو مقابل قمری
کے زائد ہوتے ہین۔ اور انکو جمع کرکے لوند کا مہینہ منجم بنالیتے ہین۔
کبیشہ ۔ نام غلام حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم۔
کبابہ ۔ ایک دوا کا نام ہے جسکو عربی مین حب العروس کہتے ہین اور چین
کی ولایت سے لاتے ہین کباب چینی بھی اسکا نام ہے۔
کبارہ ۔ خانہ زنبور بھڑون کا چھتا اور مٹی کا پیالہ اور سبزی فروشون
اور میوہ فروشون کا چھابہ۔
کبخہ ۔ ایک بیماری کا نام ہے جو چار پایون کو ہوتی ہے اور گلا سوج جاتا ہے۔
کبستہ ۔ حنظل جو ایک تلخ پھل ہوتا ہے۔

کبکبہ ۔ جانورون یا آدمیون کے پاؤن کی آواز جو چلنے کے وقت نکلتی ہے
کبودہ ۔ افراسیاب کے گھوڑون کے داروغہ کا نام ہے اور نام
درخت بید مشک کا جو نہایت لطیف ہوتا ہے۔
کبیتہ ۔ ایک حلوے کا نام ہے جو نہایت لذیذ ہوتا ہے۔
کبیدہ ۔ ستو جو گیہون یا جو کو بریان کرکے چکی مین پیسین بو ردلہ۔
جو غلے کو چکی مین توڑ لیا جاتا ہے باریک آٹا نہین پیسا جاتا۔
کبچہ ۔ کفچہ جس سے ہنڈیا سے سالن نکالین یعنی چمچہ۔
کبہ ۔ معرب جسکا قبہ ہے وہ شیشہ یا کدو جس سے پچھنے لگا کر حجام خون
کھینچتے ہین بعض اوقات پہلے کوزہ لگا کر خون کو جمع کرتے ہین پھر
پچھنے لگاتے ہین میر خسرو ۔ چو کودک راز شیرینی تب آید + ز نیش
کبہ گر بر سر نگونتر ۔ میر الٰہی ۔ سر بینی اش متصل بر کام + ہیچکید
ہمچو کبہ حجام ۔
کبادہ ۔ وہ کمان جو بہت نرم ہو تیر اندازی کی مشق اُس سے
کی جاتی ہے کمان فولادی اسی کو کہتے ہین۔ محسن تاثیر ۔ نرمی مکن
کہ سختی ایام میکشی + از آہن ست حلقہ کمان کبادہ را ۔
کبابی ۔ کباب بنانے والا کباب بیچنے والا ۔ طاہر وحید ۔ کبابی
از آن روے پر آب و تاب + مرا کردہ بر آتش دل کباب ۔
کبرینی ۔ نام ایک رنگ کا جو زرد ہوتا ہے ۔ طاہر وحید ۔ نور خورشید
جانش حکیم سید و زرد مرا + جامۂ کبرینیش جون شمع میسوزد مرا ۔
کبی ۔ سیاہ بندر جسکو لنگور بھی کہتے ہین۔

کاف با تا سے

کتا ۔ ترکی زبان مین کتابت و فرمان و خط و نامہ اور نوشت ہر چیز کی۔
کتخدا ۔ گھر کا مالک شوہر ۔ دولھا و داماد ۔
کتاب ۔ بکسر اول لکھنا اور لکھا ہوا اور اندازہ اور فرض کیا ہوا
اور آزاد کرنا غلام اور کنیزک کا ۔ توحید ۔ لا شریک و بے مثال
ولا یزال + ذات پاک تست ای عالی جناب + از تو آزاد ست
ہر پابند غم + از تو آباد ست ہر خانہ خراب + خارج از ہر حد و
اندازہ توئی + فارغی از ہر حساب و ہر کتاب ۔
کتّاب ۔ بضم اول و تشدید ثانی نویسندگان بہت سے لکھنے والے۔
کتب ۔ بضم اول و دوم بہت سی کتابین جمع کتاب کی۔
کتائب ۔ بفتح اول و کسر ہمزہ جمع کتیبہ جسکے معنی لشکر کے ہین۔
کتیب ۔ بکسر تین و یاے مجہول امالہ کتاب کے لفظ کا جیسے رکیب
امالہ رکاب کا اور حسیب امالہ حساب کا ہے۔

کتیب - بکسر اول وبای معروف زنجیر وطوق جو قیدی کو ڈالین -
کَتّ - بفتح اول تخت اور بڑی چارپائی یعنی پلنگ جسپر اُمرا سوتے ہین
اور جاہ یعنی کنوان - **ملا طغرا** - بر در بارگہ چرخ کت ست +
شاہ را بالکی بدین صفت ست - **عبد اللہ ہاتفی** - فراز کت
زرنگارش نشاید + چو بخت آمدہ در کنارش نشاید -
کتابت - لکھنا اور وہ کاغذ جو لکھا ہوا ہو سنتانی تکلو - با آنکہ در
کتابت اخبار ریخ نیست + بزعم من مطالعہ بسیار میکند - **ارشد اللہ
خان** - بلخت جگر برسم ای آہ چرائی + ای قاصد گم کردہ کتابت زرنگائی -
کترد - بفتح اول وکسر ثانی اونٹ کا کوہان -
کتور - نام ایک مقام کا درمیان توران وہندوستان کے - **ابو نصر
نصیرائی بدخشانی** - ہندوی زلف ترا ای شوخ چگویم کہ چہ کرد + آنچہ او
کرد بمن کافر کتور نکند -
کتکار - کتگر - درودگر یعنی ترکھان وچوب تراش وتخت بنانے والا -
کتیہ - ریگستان وسراب جو دور سے پانی نظر آتا ہی اور فی الحقیقت ریتہ ہوتا ہی
کتینہ - آدمی جو شکم پرست وپرخوار ہو بیکار اور نکما سست وکاہل -
کتس - ژندی زبان مین بمعنی کوچک وخرد جسکو عربی مین صغیر کہتے ہین
کتوہمش - ترکی مین آوردہ لایا گیا -
کتف - آدمی کا دوش اور شانہ یہ لفظ فارسی اور عربی مین مشترک
ہی بلکہ فارسی مین کفت بتقدیم فا بر تا کے بھی یہی معنی ہین جو
کتف کا قلب ہی - **فردوسی** - دو بازو بسیا زد وکتفش پرست +
غمین گشت وازہر سوے چارہ جست - **سول** - در آورد گرز گران
رابکفت + بسپ ماند از کار را و درشگفت -
کتک - ایک قسم کا بکرا ہی جو ہاتھ یا ٹون اُسکے کوتاہ ہوتے ہین -
کُتَل - بضم اول وفتح ثانی اونچی زمین اور ٹیلہ جسپر پانی نہ ٹھہرے -
کُتَل - بروزن جبل وہ آراستہ اور زین کیا ہوا گھوڑا جو بادشاہان
وامرا کی سواری کے ساتھ لیجاتے ہین - **نظیری نیشاپوری** -
نعش خود را بینش تا بوتش کتل میخواستم + نوبت رفتن بود مرگ بے اجل
میخواستم - **محمد سعید اشرف** - بخود دم در پی آن شوخ دغل تا
توسن عمر من سست اسپ کتل -
کتبل - آدمی بندہ شکم وپرخوار وکاہل -
کتم - بفتح اول پوشیدہ رکھنا - راز چھپانا -
کَتَم - بفتحتین ایک گھاس ہی جسکے ساتھ خضاب کرتے ہین بعض کے
نزدیک نیل کی پتی اور بعض کے نزدیک یہ گھاس سوائے نیل کے ہی
اور نیل مین ملا کر خضاب کیا جاتا ہی -
کِتَام - چھپانا راز کا اور پوشیدہ کرنا -
کتیم - وہ مشک پانی کی جس سے پانی نہ ٹپکے -
کتمان - چھپانا - پوشیدہ کرنا - خصوصاً چھپانا گواہی کا - **درویش
والہ ہروی** - جنون سرشار وحسن از پردہ بیرون ناز از شوخی +
چسان دارند جز رسوا شدن کتمان یکدیگر -
کتان - بہ تشدید وتخفیف تا ے ایک قسم کا نہایت باریک کپڑا جو السی
کے چھلکے سے بنایا جاتا ہی اُسکے اقسام سے متقالی عمدہ قسم ہی -
نظامی - زکتان متقالی خانہ باف + زدہ کوہہ بر کوہہ چون
کوہ قاف -
کتکن - بفتح ہر دو کاف چاہ کن کنوان کھودنے والا - **اشرف الدین
شفائی** - بچہ نو کر کتکن تا بست + در زمین بلا ونقاب ست -
کتایون - نام دختر قیصر روم جو گشتاسپ کی عورت تھی اور اسپند
یار اُسکے بطن سے پیدا ہوا -
کتران - ایک دوا کا نام ہی جو عرعر اور صنوبر کے درخت سے
لیتے ہین اور خارش کی بیماری اُس سے جاتی رہتی ہی خصوصاً
اونٹ کی خارش کا علاج ہی -
بکوس زدن - نقارہ بجانا - فیضی - آن سازنا کہ چون زنی کوس فیروز جہان ہزار افسوس -

کون جنبان - رقاص یعنی ناچنے والا اور مسخرہ آدمی - محمد قلی سلیم - زنے آموز در صحرا سماع بیخودی کردن + کمانچہ دار باشی چند کون جنبان بخلہا -

کون جنبانیدن - تعظیم دینا - ناچنا - رقص کرنا - خواجہ سلمان - خواجہ از فرط بزرگی ہیچ کون نشد از دماغ + لاجرم بہر بزرگان کون نجنباند زجای + رابت وضع بزرگی گیر من دارد کہ او + چون نہ بیند کود کے از دور برخیزد زجاے -

کون خاریدن - چوتڑ کھجلانا پشیمان ہونا - دنیا کی مذمت میں ح اونش ہر کہ نشست پای نہ در + آخر از دست او بخار دکون -

کون بستر شکم نہادن - پیٹھ کے خالی کر دینا - سلیم - ای بستر پا تن تو آئینہ صاف + چون تیغ فترہ برآمدی خوش زغلاف + رفتی بنبیافت حریفان آخر - کون را بستر شکم نہادی چون ناف -

کوہساران - کوہستان - پہاڑ کا ملک - صائب - راہرو را بال پرواز ست سختیہای دہر + کوہساران میشود سنگ فسان این سیل را -

کوتاہ پاچہ - کوتاہ بال و کوتاہ قد اور نام ایک جنگلی جانور کا کہ بکری کے قد کے برابر ہوتا ہے گورخر کی صورت پر اور اسکی پشت پر سیاہ خال ہوتے ہیں سینگ بھی رکھتا ہے ہندی میں اسکو چیتر کہتے ہیں طغرا - زکوتہ پاچہ محبوبی نیاید + صنوبر دلفریب از سرفرازی ست -

کوچ گاہ - کوچ کی جگہ جس جگہ سے لشکر کوچ کرے - نظامی - نخستین خرامش ازین کوچگاہ + بالبرز خواہم برون برد راہ -

کورنگاہ - کورچشم - اندھا - نابینا - ظہوری - آبرو چشم زد کورنگاہان نکنیم + پردہ از گرد رہے بافتہ رخسارہ ما -

کورہ فخار خانہ - پزاوہ اینٹ پکانے کا - یحیی شیرازی - زند از روزنش آتش زمانہ + بسان کورہ فخار خانہ -

کون ساختہ - بے آبرو بے ننگ و ناموس - غزالی - در گلشن عشق بد قماریم + کون سوختہ ہاے روزگاریم -

کوہ رونده - پہاڑ چلنے والا کنایتاً ہاتھی گھوڑا - نظامی - بکوہ روندہ درآورد پاے + چو پولاد کوے روان شد زجاے -

کوہ کوہ - کوہ تا کوہ - سراپا تمام و کمال - یحیی کاشی - کنم وصف فیلان گردون شکوہ + کہ کشف خیالم رسد کوہ کوہ - سنجر کاشی - کوہ تا کوہ ہمین صوت رسانید بحجر + کہ شود سنگدل از کشتن فرہاد پشیمان -

کوتاہ پای - خرگوش جو مشہور جانور ہے - میر خسرو لوز کی تعریف مین - بود بسبز بچہ آہو رباے + دست دراز یش بکوتاہ پاے -

کاف با ہاے

کہن پیوند - خانہ زاد گھر کا پرورش یافتہ - میر خسرو - غلامی کو کہن پیوند باشد + نہ بندہ بلکہ خویشاوند باشد -

کہن لنگ - وہ شخص یا چیز جو اپنی جگہ سے ہل نسکے - نظامی - سمندر چو پروانہ آتش رواست + و لیک این کہن لنگ و آن خوشخرام است -

کہن سال - بڑی عمر کا پیر ضعیف - صائب - رشتہ نگل کہن سال از جوان افزون تر ست + بیشتر دلبستگی باشد بدنیا پیر را -

کہن پوستین - وہ شخص جو بسبب کبرسنی کے اسکے بدن کا چمڑا پوستین کی طرح ہوگیا ہو - نظامی - کہن پوستینے در آمد بجنگ + جوانے زرفتن دریا برآید بہ تنگ -

کہن سلسلہ - پرانا قیدی - کہنہ زندانی - محتشم کاشی - بہر مجنون کہ کہن سلسلہ الم ہفتہ گیسوی و سلسلہ جو او ست امشب -

کہنہ فعلہ - محیل و مکار و تجربہ کار - عبد الغنی قبول - زپیر دیر شنیدم قبول نیست خبر + زکہنہ فعلگی بادہ نوجوانان را -

کاف با یاے

کیر خر - کون خر - احمق اور بیوقوف - باقر کاشی ایک شاعر کا کی ہجو میں بود ہسکے خواجہ لقب بی ہنر + ہر دو بہم کیر خرو کون خر -

کیسہ دار - وہ شخص جو ارزانی میں غلہ خریدے اور گرانی میں فروخت کرے - میر الہی ہمدانی - از بس زخمہاے جگر کیسہ کردہ اند + دلشاد گشتہ ام کہ شدم مرد کیسہ دار -

کیمیای احمر - کوگرد سرخ جس سے مس کا سونا بناتے ہیں - دار اشکوہ - بار می نخیزد دل مردگان را بیست کیمیاست + رنگ رخسار تراہم کیمیای احمر ست -

کینہ پرور - کینہ توز - کینہ توزندہ - کینہ خواہ - صاحب غضب و غصہ جسکے دل میں غصہ ہو - نظامی - دلیران بغیر از آنشید ند رخت + بکین خواہ زنگی کمر کردہ سخت - عرفی - آن کینہ پروری کہ زبغض تو دم زند + وان خون گرفتہ کہ نکہت کشتہ شد تو شیخ روزگار + کند قصد کار زرا بہاتہر اد گا بر بدان نہد قدم - طالب آملی - لعل لب کرشمہ را پاشنی عتاب دہ + چین غضب زیادہ کن ابروے کینہ توز را - حلیم سورتی - تا بود در سینہ کمین رشتہ مہر خدمت + چرخ کین توزندہ کی بندد بچشم کین مرا -

کینہ دار۔ کینہ کوش۔ کینہ سنج۔ کینہ کش۔ کینہ گر۔ مشہور الفاظ ہین۔ امیر خسرو۔
باش کہ تا در رسد آن کینہ کوش + مہر مرا بندید و ماند خموش۔ ولہ۔ بترس
از کینہ دار نیم گشتہ + کہ بد گیرند مار نیم گشتہ۔ نظامی۔ بجاے
فرستادن نزل و گنج + چرا باہر بران شندی کینہ سنج۔ فردوسی۔
چو او کینہ کش با عدو رستمای + سواران کشتی ندا زند پای۔ جلال اسیر۔
رسوم دوست پرستی زمن نمی آید + طریق کینہ گری با عدو نمیدانم
کیمیا ساز۔ کیمیا سنج۔ کیمیا گر۔ کیمیائی۔ مشہور الفاظ ہین۔ نظامی۔
بگوای سخن کیمیای تو چیست + عیار ترا کیمیا ساز کیست۔ امیر خسرو۔
کیمیا سنج کوزہ مقصود + کردہ حل جملہ نور ہای وجود۔ سعدی۔ کیمیا گر
بغصہ مرد و رنج + ابلہ اندر خرابہ یافتہ گنج۔ نادم گیلانی۔ زعکس
زخم خاک ہر کوچہ زر شد + ترا کیسہ خالی و من کیمیائی۔

کیسۂ ملل۔ حمامی جو کیسہ ہاتھ پر چڑھا کر لوگون کے بدن کو مالش
کرے۔ سلا عطا اعجاز۔ دامن کف پر ز گوہر ہاے روحانی کنی +
دست گر در کیسۂ خالی کنی چون کیسہ مال۔
کیبیدن۔ رنجیدہ ہونا۔ آزردہ ہونا۔ ایک طرف جانا۔ ایک جگہ
سے دوسری جگہ جانا۔ سنجر کاشی۔ امت عشقم کبیدہ ام از ملت
عقل + گمرہ آن کس کہ ندانست کہ ملت انیست۔
کیسہ از چیزی دوختن۔ اُس چیز کا مالک ہونا۔ نظامی۔ سند بخش
زمین کیسہ بر دوختہ + ہمن سیم و خیری زر اندوختہ۔
کیسہ بر چیزی دوختن۔ فائدے کی امید کسی چیز سے رکھنا۔ صائب۔
مپسند بر ز داغ کنم از جفای تو + آن کیسہ ہا کہ دوختہ ام بر وفاے تو۔
کیسہ بسود و زیان گردن۔ نفع و نقصان اپنے ذمہ لینا۔ ظہوری۔
گر بہ تیغش ابل وہد دستی + کیسہ پر کنم بسود و زیان۔
کیسہ بصابون زدن و کیسہ پاک انداختن۔ خالی کرنا کیسے کا
اور خرچ کرنا جو کچھ اسمین ہے۔ خاقانی۔ خاقانی از حشیم و زبان میشیم
تو شد گوہر فشان + تو عمر او را بہر زمان کیسہ بصابون میزنی۔ حافظ۔
کیسۂ سیم و زرت پاک بباید انداخت + این طمع ہا کہ تو از سیمبران میداری۔
کیہبیدہ۔ بروزن بچیدہ۔ آزردہ و رنجیدہ۔
کیر کاشی۔ وہ چیز کاشان مین بشکل آلہ تناسل کے بناتے ہین سیالورہ
بھی اُسکو کہتے ہین اور طبق زن عورتین اسکو استعمال کرتی ہین۔
شرف الدین شفائی۔ اگرش حاجت او فتد بخیال + میکند کیر کاشی استعمال۔

چوتھی فصل

محاورات و اصطلاحات اُردو کے بیان مین

کاف با الف

کاتک کی کتیا۔ چھنال عورت۔ بدکار عورت کیونکہ کتیا کاتک کے
مہینے مین مستی مین آجاتی ہے۔
کاٹ پھانس کرنا۔ کسی کی آمدنی مین سے کچھ رکھ لینا۔ غبن کرنا۔ بھانجی مارنا۔
کاٹ چھانٹ کرنا۔ غبن کرنا۔ خیانت کرنا۔ کسی کی جبر کاٹنا۔
وضع کرنا۔ مجرا لینا۔ کاٹ لینا۔
کاٹ کرنا۔ پانی کا رستہ کر لینا۔ کاٹ ڈالنا۔ زخمی کرنا۔ توڑ کرنا۔
جواب دینا۔
کاٹ کھانا۔ ڈسنا۔ سانپ وغیرہ کا نقصان اٹھانا۔ گھاٹا بھگتنا۔
مولانا اکبر۔ سانپ ہین دونون گیسوی پیچان + چھیڑ نامت کہ کاٹ کھاتے ہین۔
کاٹ کھانے کو دوڑنا۔ ترشروئی کے ساتھ پیش آنا۔ تند مزاجی
سے بولنا۔ سخت تقریر کرنا۔
کاٹھ چبانا۔ روکھی سوکھی کھا کر دن کاٹنا۔ بری حالت مین زندگانی
کرنا۔ مشکل سے اوقات بسر کرنا۔
کاٹھ کا گھوڑا۔ لنگڑے آدمی کی لاٹھی۔
کاٹھ کوڑا چلنا۔ کاٹھ مین ٹھوکنے اور کوڑے مارنے کا اختیار ہونا
زور چلنا۔ صاحب حکومت ہونا۔ قطعہ از مؤلف۔ کر لو جو کام کرنا
ہے + جب تلک کاٹھ کوڑا چلتا ہے + ایک دن ختم ہوگا آخر کار
وقت جو تھوڑا تھوڑا چلتا ہے۔
کاٹھ مین پانون ٹھوکنا۔ قید کر دینا۔ حوالات مین دیدینا۔
کاٹھ ہو جانا۔ نہایت لاغر ہو جانا۔ بےحس و حرکت ہو جانا۔ سخت ہو جانا۔
کاٹی انگلی پر نہین موتتا۔ یہ بچہ ایسا شوخ ہو گیا ہے کہ اگر اس سے
کہا جائے کہ ہماری کاٹی ہوئی انگلی پر پیشاب کر دے تو نہین کرتا
نافرمان ہے ذرا کام نہین کرتا۔
کاٹے نہین کٹتا۔ مصیبت کا وقت کاٹنا مشکل ہے عیش کے
برسون گذر جاتے ہین معلوم نہین ہوتے۔
کاچھ کھنا۔ لباس بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔ نظیر۔ سب کاچھ کچھے
سب ناچ نچے اُس رسیا چھیل رجھانے کو۔
کاچھ کھولنا۔ ازار بند کھولنا۔ پاجامہ اتارنا۔ ننگا
ہو جانا۔ بےشرم ہو جانا۔
کارخانہ پھیلانا۔ تجارت وغیرہ شروع کرنا۔
کارستانی کرنا۔ چالاکی کرنا۔ استادی دکھلانا۔ مکر و فریب مین لانا۔
کاغذ سا۔ نہایت ہلکا اور پتلا۔

کاغذ سیاہ کرنا۔ نکمی باتین کاغذ پر لکھنا خراب باتین لکھکر کاغذ برباد کرنا۔

کاغذ کرنا۔ سند لکھ دینا تمسک رہن نامہ و بیعنامہ وغیرہ تحریر کرنا۔

کاغذ کھولنا۔ کسی کی پوشیدہ بات کو ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا۔

کاغذی گھوڑے دوڑانا۔ جا بجا خطوط بھیجکر کسی امر کی خبر کر دینا۔

کافور ہو جانا۔ بھاگ جانا۔ چل دینا۔ رفوچکر ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ صفدر رام پوری۔ صبر کافور ہوا ہوش ہوے سر سے ہوا + رفتہ رفتہ ہوے آثار جنون کے پیدا۔ بحر۔ وہ بال کھولے ہوے جرم گھٹ گئے جو کوٹھے پر + فلک سے ہو گئی کافور مشکناب گھٹا۔ ناسخ۔ رکھتے ہی پھاہا جو اُٹھا شعلہ میرے داغ کا + ہو گئی کافور سردی مرہم کافور کی۔ شوق۔ دیکھکر دونون عارض پرنور + رنگ چہرے کا ہو گیا کافور۔

کالا کوئلا۔ نہایت کالا سیاہ رنگت کا۔

کالا منہ کرنا۔ منہ کو سیاہ کرنا۔ بے عزتی کرنا۔ داغ لگانا۔ بدنام کرنا۔ زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا۔ خراب کرنا۔ مشتہر کرنا۔ دلیس سے نکال دینا۔ ذوق۔ باقی ہے ذوق کو ابھی حسرت نگاہ کی + کالا کریگا منہ بھی جو داڑھی سیاہ کی۔

کال کر جانا۔ مر جانا۔ فوت ہو جانا۔

کالک کا ٹیکا لگنا۔ بدنامی آنا۔ رسوائی ہونا۔ ذلت و خرابی وقوع مین آنا۔

کالک کا ہاتھ لگانا۔ کسی کو بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

کال کے بس ہونا۔ وقت کے تابع ہونا۔ زمانے کے اختیار مین ہونا۔

کالی بلا۔ بدشکل بدصورت۔ سیاہ فام۔ سخت مصیبت + ازحد آفت۔ ناسخ۔ جو دن ہے سو ہے دیو سپید اپنی نظر مین + جو رات تیرے ہجر مین ہے کالی بلا ہے۔ دل دیا ہمنے زلفون کو خطا کی + خبر کسکو تھی اس کالی بلا کی۔ مؤلف۔ دل اپنا دون مین اُس زلف دوتا کو + بلائین لون مین اُس کالی بلا کی۔

کالی پیلی آنکھین کرنا۔ غصے مین آنکھین بدلنا۔ نہایت خفا ہونا۔

کالے تل چابنا۔ کالا دان کھانا۔ نہایت برے کام کرنا۔ برے کامون کی سزا پانا۔

کالے سر کا۔ جوان آدمی جو بوڑھا نہو۔

کالے سر کا ایک نہ چھوڑنا۔ چھنال عورت کی نسبت بولتے ہین کہ جوان آدمی ایک نہ چھوڑنا سب سے زنا کرانا۔ سیہ نامہ سیہ رو تھی وہ قحبہ + نہ چھوڑا اُسنے کوئی کالے سر کا۔

کالے کے آگے چراغ نہین جلتا۔ کالے سانپ کے پھن کے سامنے چراغ کی روشنی پھیکی معلوم ہوتی ہے بڑے آدمی کے سامنے چھوٹے آدمی کی کچھ قدر و منزلت نہین ہوتی۔ ذوق۔ سچ کہا ہے کہ کالے کے آگے نہین جلتا چراغ + چھپ گیا مہر رخ پہ تیری زلف شبگون دیکھ کر۔

کالی ہانڈی سر پر دھرنا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔

کام آنا۔ استعمال مین آنا۔ برتاؤ مین آنا۔ خرچ ہو جانا۔ لڑائی مین مارا جانا۔ مصحفی۔ بے بصر ہوتے ہین محتاج کہین عینک کے + کام اپنے کہین آتی ہین پرائی آنکھین۔ دل بیمار ابھی آسے جا ہے خدا خیر کرے + کوہی قاتل مین یہ غل ہے کہ کوئی کام آیا۔

کام بڑھانا۔ محنت زیادہ کرنا۔ کام ختم کرنا۔ کام کو اُٹھا کر رکھنا۔

کام بگاڑنا۔ کوئی چیز خراب کر دینا۔ مطلب بگاڑنا۔ بات مین خلل ڈالنا۔ یار ہے مہربان مگر افسوس + غیر اپنا بگاڑتے ہین کام۔

کام بگڑنا۔ بات مین فرق آنا۔ دوالہ نکل جانا۔ بے آبرو ہونا۔ عزت بگڑ جانا۔

کام بنانا۔ کام پورا کرنا۔ مطلب نکالنا۔

کام پڑنا۔ تعلق یا واسطہ ہونا۔ سروکار ہونا۔ مؤلف۔ نیک بد دونون ہوتے ہین معلوم + جس گھڑی اُنسے کام پڑتا ہے۔

کام پر لگانا۔ کسی بیکار کو کام پر مقرر کرنا۔ نوکر کرا دینا۔ کسی دھندے کے سر کر دینا۔

کام تمام کرنا۔ کام ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ میر۔ اُلٹی ہو گئین سب تدبیرین کچھ نہ دوا نے کام کیا + آخر اس بیماری دل نے اپنا کام تمام کیا۔

کام چڑھانا۔ کام لگانا۔ کام شروع کرنا۔

کام چلانا۔ بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔ کاربرآری کرنا۔ جون توں کرکے اپنا کام نکالنا۔ پورا ڈالنا۔ قطعہ از مؤلف۔ جب دنیاے فانی مین نہین ہے + ہمیشہ کے لیے اپنا ٹھکانا + نہ دینا دل تو ایسے بیوفا کو + فقط دو روز کام اپنا چلانا۔

کام چلنا۔ کام جاری ہونا۔ بخوبی کاربرآری ہونا۔ فائدہ ہونا۔

کام چمکنا۔ کام کی ترقی ہونا۔ فائدے کی صورت نظر آنا۔ کام بڑھ جانا۔

کام دینا۔ کام سپرد کرنا۔ نوکری یا خدمت دینا۔ کسی کی خدمت یا ملازمت کرنا۔

کام سے جاتا رہنا۔ مطلب کا نہ رہنا۔ بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا۔ بیکار ہو جانا۔ موقوف اور برطرف ہو جانا۔ نامرد ہو جانا۔ ڈھیلا پڑ جانا۔ مؤلف۔ مرد غافل جو خدا کے نام سے جاتا رہا + ایسا وہ بگڑا کہ سب کے کام سے جاتا رہا۔

کام کرنا۔ شغل کرنا۔ دھندا کرنا۔ میر تقی۔ کام پل مین مرا تمام کیا + غرض اُس شوخ نے وہ کام کیا۔ میر۔ نالون سے میرے رات سے غافل نہ رہا کر + اک روز یہی دل مین ترے کام کرینگے۔

کام کھینچنا۔ مرجانا۔ فوت ہو جانا۔ خاتمہ بر آنا۔ میر۔ شاید کہ کام صبح تک اپنا کھنچیگا میر + احوال آج شام سے درہم بہت ہی یان۔

کام مین کام نکالنا۔ ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بتا دینا ایک پنتھ دو کاج کرنا۔

کام مین لانا۔ استعمال مین لانا۔ برتنا۔ خرچ کرنا۔ اُٹھانا۔

کام نکالنا۔ **کام لینا**۔ مطلب برآری کرنا۔ کارروائی کرنا۔

کام ہو جانا۔ مطلب حاصل ہو جانا۔ مراد بر آنا۔ مرجانا۔ جان بحق تسلیم ہونا۔ خاتمہ ہو جانا۔ یار علی۔ آخر کیا اس آپ کی تاخیر نے ہمین + کس کام مین رہے کہ یہان کام ہو گیا۔

کان اُڑے جانا۔ پھٹے جانا۔ بھولے جانا۔ شور و غل کے باعث کانون پر صدمہ پہونچنا۔ لمبی داستان سُنتے سُنتے گھبرا جانا۔

کان اینٹھنا۔ اُکھاڑنا۔ کھینچنا۔ **کان مروڑنا**۔ گوشمالی کرنا۔ دھمکانا۔ خفیف سزا دینا۔

کان بجنا۔ ہر وقت آواز آنا۔ خواہ مخواہ یہ خیال کرنا کہ ہمسے فلان شخص کچھ کہتا ہی۔

کان بھرنا۔ **کان بھر دینا**۔ کسی شخص کی کسی کے روبرو بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔ در پردہ برا کہنا۔ ذوق۔ کوئی غماز نہین میری طرف سے اے دوست + کان اُسکے مری فریاد ہی بھر دیتی ہی۔

کان پڑنا۔ سن لینا۔ سُنائی دینا۔

کان پکڑ کے اُٹھا دینا۔ کسی کو زبردستی سے مجلس سے اُٹھا دینا۔ نکال دینا۔

کان پکڑنا۔ اپنے دونون کانون کو اپنے ہاتھون سے کھینچنا کسی امر سے باز آنا۔ عہد کرنا۔ اقرار کرنا۔ یار علی۔ کان پکڑیگا زمانہ ترے کمشورون سے + دیگی خفت تجھے بہنیری جفا میرے بعد۔ رشک۔ بھول آگے ترے پکڑتے ہین کان + آنکھین نرگس اگر چراتی ہین۔

کان پھوٹ جانا۔ شور و غل کی کثرت سے کچھ سُنائی نہ دینا۔ بہرا ہو جانا۔

کان تلے کے چھوڑنا۔ افشاے راز کرنا۔ بھید کی بات کہنا۔ ایسی بات کہنا جو دوسرے کو ناگوار گذرے۔

کانٹا سا کھٹکنا۔ کسی غیر کا ناگوار معلوم ہونا۔ خار دکھائی دینا برا لگنا۔ ذوق۔ سنفرت سے ترے تار نفس سینے مین مرے + کانٹا سا کھٹکتا ہی نکل جائے تو اچھا۔

کانٹا سا نکل جانا۔ آسانی کے ساتھ کسی تکلیف سے نجات پانا۔

کانٹا لگنا۔ **کانٹا چبھ جانا**۔ جانورون کا لاغر ہو جانا۔ ۵۔ کانٹا لگا ہی گلچین کس مرغ کو چمن مین + پھولے نہین سماتے گل اپنے پیرہن مین۔ بحر۔ ساقی رہی بہار نہ گلزار رہ گیا + کانٹا لگا نہ پھول کا بے خار رہ گیا۔

کانٹا مارنا۔ مرغون کی لڑائی مین ایک دوسرے کو پانؤن کی ہڈی مارنا۔

کانٹا نکالنا۔ کسی شخص کو مصیبت سے رہائی دلانا۔ تکلیف سے بچانا۔

کانٹا نکلنا۔ غم دور ہونا۔ رنج جاتا رہنا۔ بحر۔ یارب اُس گل کی محبت مین دم اپنا نکلے + جان پھولے سے جو بچ جائے تو کانٹا نکلے۔

کانٹا ہو جانا۔ دُبلا اور لاغر ہو جانا۔ جلال صاحب۔ مین تول لیا کرتی ہون نظرون مین سرِاک کو + کانٹا سی ہون آنکھین ہین ترازو سے زیادہ

کانٹون پر لوٹنا۔ تکلیف و مصیبت اُٹھانا۔ ڈنک کھٹکنا۔ آتش۔ بے یار فرش گل مری آنکھون مین خار تھا + لوٹا کیا مین کانٹون کے اوپر تمام رات۔

کانٹون مین کھینچنا۔ **گھسیٹنا**۔ گنہگار بنانا۔ تکلیف دینا۔ آزار پہونچانا۔

کانٹے بونا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ برائی کا بیج بونا۔ آتش۔ شیفتہ سبزۂ خط کا نہو اے دل ہرگز + بے شعور اپنے لیے آپ نہ بو کانٹے۔

کانٹے پڑنا۔ نہایت تشنگی کے باعث زبان خشک ہو جانا۔ جرأت۔ پڑ گئے منھ مین جو مجھ سوختہ تن کے کانٹے + تھے یہ بوئے ہوئے اُس غنچہ دہن کے کانٹے۔ ناسخ۔ آئی بہار تشنہ مے ہون پلا دے پھول + اے مے فروش پڑ گئے کانٹے زبان مین۔

کانٹے کھانا۔ قید بھگتنا۔ داغی ہونا۔

کاپچ نکال دینا۔ سخت مارنا۔ زد و کوب کرنا۔ مارتے مارتے برا حال کر دینا۔

کاپچ نکل جانا۔ برداشت کی طاقت نہ رہنا۔ نقصان پہونچنا۔ خسارہ اُٹھانا۔

کان دبا کر چلے جانا۔ چپ چاپ چلے جانا۔ چون نکرنا۔

کان دبا لینا۔ کسی کی خراب بات سُنکر جواب نہ دینا۔ خاموش ہو رہنا۔

کاندھی دے جانا۔ پہلو تہی کرنا۔ بہانہ کرنا۔

کان دکھانا۔ کان کا میل نکلوانا۔

کان دھرنا۔ کسی کی بات غور سے سُننا۔ داغ۔ کیون نکرتے ہجر مین ہم دل سے باتین صبح تک + کان دھر کر کوئی بھی سنتا نہ وہ افسانہ تھا۔

کانس مین پڑنا۔ دھوکے مین آنا۔ سوچ مین پڑنا۔

کان کاٹنا۔ سبقت لیجانا۔ نہایت چالاکی دکھانا۔ بڑھ جانا۔ شوق۔ تونے بے غیرتون کے کاٹے کان + سو نصیحت کرون نہین کچھ دھیان۔

کان کا کچا۔ وہ شخص جو اورون کی بات کا جھٹ یقین کر لے سچ یا جھوٹ کی طرف خیال کرے۔

کان کھانا۔ شور کرنا۔ غل مچانا۔ ایک بات کو کہے جانا۔

کان کھڑے کرنا - چوکنا ہو جانا - کنوتیان بدلنا - ہوشیار ہو جانا -

کان کھڑے ہونا - ڈر جانا - اندیشے مین پڑنا -

کان کھول دینا - جتا دینا - واقف کر دینا - سمجھا دینا - ہشیار کر دینا -
سودا - جب اپنے بند قبا تمنے جان کھول دیے + صبا نے باغ مین جا گلون کے کان کھول دیے -

کان لگنا - کسی کے بات سننے کے واسطے متوجہ ہونا -

کان مین پڑا رہنا - معلوم رہنا کسی بات کا -

کان مین پھونکنا - کسی کا عیب کسی کو بتلا دینا - اغوا کے طور پر کسی کو کچھ کہہ دینا جس سے وہ غضبناک ہو جائے - ذوق - الہی کان مین کیا اس صنم کے پھونک دیا + کہ ہاتھ رکھتے ہین کانون پہ سب اذان کے لیے -

کان مین ڈال دینا - سنا دینا - جتا دینا - ہوشیار کر دینا - ولی - بتا مین حفظ سنا کے انکو معنی کیا + تمھارے کان مین اک حرف ہمنے ڈال دیا -

کان مین روئی دے کر یا تیل ڈالکر بیٹھنا - کسی بات کی طرف خیال نکرنا - سننے سے غرض نہ رکھنا - ع - بلبل کا ایک نالہ سنو ان نہین سنا + کیا ان گلون نے ڈال لیا تیل کان مین -

کان مین کو نکالنا - سنا دینا - کان مین ڈال دینا -

کانو را کر دینا - دق کر دینا - ناک مین دم کر دینا -

کان مین کھٹکنا - برا معلوم ہونا - ناگوار معلوم ہونا -

کان مین کہنا - چپکے سے کوئی بات کہہ دینا -

کان نہ کھڑکھڑانا - چپکے سے سن لینا - چون نکرنا -

کان نہ ہلانا - سنکر خاموش رہنا - منظور کر لینا - کچھ عذر نکرنا -
ع - مجھ سے مانگے اگر وہ جانان جان + بندہ اسمین نہین ہلاتا کان -

کانون پر ہاتھ دھرنا - انکار کرنا - مکر جانا - بے خبری ظاہر کرنا -
غالب - گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہین + دربار دار لوگ بہم آشنا نہین + کانون پہ ہاتھ دھرتے ہین کرتے ہوے سلام + اس سے یہ ہے مراد کہ ہم آشنا نہین - میر - غم مین دل صبر و ہوش ای پیارے + ہاتھ کانون پہ رکھ گئے سارے -

کانون کان نہ جاننا - خبر نہونا - بے خبر ہونا - بالکل آگاہ نہونا -
ع - میری اگر سنو تو کبھی شور و شر نہو + الفت کی کانون کان کسی کو خبر نہو -

کانون مین انگلیان دینا - کان بند کر لینا - کسی کی بات کی طرف توجہ نکرنا - آتش - انگلیان کانون مین دیتا ہے دم رفتار یار + ہر قدم پر آتی ہے آواز شیون زیر پا -

کانون مین بول مارنا - آواز سنکر جواب نہ دینا -

کانون مین رس پڑنا - بھلی باتون کے سننے سے حظ حاصل کرنا - مزا لینا -

کان ہونا - اطلاع ہونا - نصیحت ہونا - خیال ہونا - تجربہ حاصل ہونا -

کاوے دینا - حلقہ باندھکر گھوڑے کو چکر دینا -

کایا پلٹ ہونا - ایک قالب سے دوسرے قالب مین ہو جانا - بالکل رنگ و روپ بدل جانا - کچھ سے کچھ ہو جانا -

کاے کاے کرنا - شور مچانا - غل کرنا -

کافر نعمت - ناشکرا - حق ناشناس - نعمت کھا کر انکار کرنے والا - ذوق - کھاکے زخم تیغ قاتل جو بجا لائے نہ شکر + کوئی ہے اس سے زیادہ کافر نعمت نہین -

کاٹھ کباڑ - ٹوٹی پھوٹی اور پرانی چیزین -

کار خیر - بھلائی اور صواب کا کام -

کالا پہاڑ - کوہ سیاہ - ہاتھی اور انسان کا سر -

کالا چور - جسکا نام معلوم نہو - کوئی ہو - کوئی آدمی - فرضی آدمی -

کاغذ کا پٹا باز - کاغذی آدمی - دبلا اور ہلکا آدمی -

کالے کوس - لمبے لمبے کوس - فاصلہ دور و دراز - رنگین - دیکھیے کب خدا ملائیگا + ہنے رنگین گئے ہین کالے کوس -

کاگا رول - کوؤن کی کاے کاے - شور و غوغا -

کالا بال - موے زہار - پشمین - بے حقیقت چیز - سودا - جو رکب اسکا دور ہا نے ہی + کالا بال اسکو اپنا جانے ہے -

کام تمام - اخیر وقت - انجام کا وقت - حالت نزع - شوق - اب دوا کو دوش ہے بے ہنگام + اسکا تو ہو چکا ہے کام تمام - جرائت - ہو گئے وصل کا ہم سنتے ہی پیغام تمام + کام دل کچھ نہ بر آیا کہ ہوا کام تمام -

کاٹو تو خون نہین - لہو نہین - کسی خوف یا ڈر اور دہشت کے زرد ہو جانا - نسیم - کاٹو تو لہو نہین بدن مین + معشوقون کی رہی نجان تن مین -

کالا منہ نیلے پاؤن کی - نہایت بدنام اور رسوا -

کاٹھ کا الو - نہایت بے وقوف احمق -

کاٹھ کی لمبو - کاٹھ کی پتلی - احمق عورت -

کاغذ کی ناو - کاغذ کی کشتی جو کسی لائق نہین ہوتی - میر حسن - مصرع - سدا ناو کاغذ کی بہتی نہین -

کالا منہ ہو - بد دعائی کلمہ ہے - مومن - چل پرے ہٹ مجھے نہ دکھلا منہ + ای شب ہجر تیرا کالا منہ -

کام دیو - خواہش نفسانی - قوت باہ -

کام سے کام رکھو - اپنے کام سے کام رکھو - اپنے مطلب کا خیال

رکھو غیرون کے جھگڑون مین نہ پڑو۔ قطعہ از مؤلف۔ عبادت کا کرو
ہر روز و شب کام + یہی شغل اپنا صبح و شام رکھو + پڑو مت غیر کے
جھگڑون مین ہرگز + بس اپنے کام سے ہی کام رکھو۔

کاٹ پھانس آتی ہی۔ چالاکی جانتا ہی۔ عیاری برتتا ہی۔ ہوشیاری
دکھاتا ہی۔ شوق۔ دیکھکر میری عقل جاتی ہی + جو تجھے کاٹ پھانس
آتی ہی۔

کاٹ کے گھوڑے۔ ہندو کا جنازہ۔

کاٹ کی ہنڈیا ایک دفعہ چڑھتی ہی۔ لکڑی کی ہنڈیا مین صرف ایک
دفعہ پک سکتا ہی۔ جھوٹ بولنے والے کا فریب کوئی ایکبار کھاتا ہی
دوبارہ اسپر اعتبار نہین ہوتا۔ قطعہ از مؤلف۔ جب ایکبار وعدہ
وفا تم نکر سکے + آئندہ تیری بات پہ ہو کسکو اعتبار + آگے دوبارہ کون
تمھارے فریب مین + سچ ہی کہ ہنڈیا کاٹھ کی چڑھتی ہی ایکبار۔

کاٹے کٹے نہ مارے مرے۔ ایسا سخت جان ہی کہ کسی طرح نہین مرتا۔
سہ۔ نہ کاٹے کٹے ہو نہ مارے مرے + وہ نازوادا پر تمھارے مرے۔

کاجل کی کوٹھری۔ بدنامی کا گھر۔ خراب صحبت۔ مؤلف۔ دار دنیا
کوٹھری کاجل کی ہی + اسمین جو جاہے وہ آئے روسیاہ۔

کالا آدمی۔ ہندوستانی آدمی۔ یورپین لوگ ہندوستانیون کو
حقارتاً کالا آدمی کہتے ہین کہ وہ خود گورے ہین۔ مؤلف۔ دل سفید
اسکے لیے درکار ہی + ہو بظاہر گرچہ کالا آدمی + اسکے گورے منھ
سے ہی کیا فائدہ + ہو اگر دل کا نے والا آدمی۔

کالا پانی۔ دریاے شور سمندر جسکا پانی رنگت مین کسی قدر کالا ہی اور
جزیرہ انڈمان جسمین ہندوستان کے عمر قیدی رہتے ہین۔

کالے منھ اندھیرے۔ صبح سے اول وقت بہت سویرے۔

کان پر جون نہین چلتی۔ نہین رینگتی۔ کہنے کا اثر اسکو اسقدر
نہین ہوتا جسقدر کہ کان پر جون چلتی ہی انسان کو خبر ہو جاتی ہی۔
اسیر۔ فریاد بس کتنی ہی اے ساربان ضعیف + جو رینگتی نہین
کبھی لیلی کے کان پر۔

کان پڑی آواز سنائی نہین دیتی۔ بڑا شور ہی نہایت غوغا
ہی جسکے سبب سے بات سنائی نہین دیتی۔

کاف با یا ے

کباب کرنا۔ رشک دینا۔ جلانا۔ تکلیف پہونچانا۔ رنج دینا۔ دکھ دینا۔

کباب ہونا۔ حسد یا غصے کے مارے جل جانا۔

کبڈی کھیلتے پھرنا۔ بیکار پھرتے رہنا۔ کھیلتے پھرنا۔

کپا اٹھنا۔ بھاری نقصان ہونا بادشاہ یا امرا کا مر جانا۔

کپال کریا کرنا۔ ہندؤن کا مردے کی جلی ہوئی کھوپری کو کسی بانس
یا لکڑی سے پھوڑنا تاکہ بخوبی جل جائے۔

کپا ہو جانا۔ موٹا ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔ منھ سجا بیٹھنا۔

کپڑون سے ہونا۔ حیض سے ہونا عورت کا۔

کپڑے اتارنا۔ کسی کو لوٹ لینا۔ برہنہ ہونا۔ ننگے ہونا۔

کپڑے رنگنا۔ فقیر ہونا۔ جوگی ہونا۔

کاف با تاے

کتاب کا کیڑا۔ وہ کرم جو کتاب کو لگ جاتا ہی اور وہ شخص جو کتابون
کا مطالعہ کرتا ہو۔

کتر بیونت کرنا۔ کاٹنا چھانٹنا کپڑے وغیرہ کا سودے سلف
مین سے رکھ لینا۔

کترنی چلنا۔ قینچی سی زبان چلنا۔

کتیا کا پلا۔ کتے کا بچہ۔ نطفۂ بے تحقیق۔ ولد الزنا۔ حرام کا نطفہ۔

کتیا کے چھنالے مین پھنسنا۔ دوسرے شخص کے جرم مین
پکڑا جانا۔ اورون کی بلا مین پھنسنا۔

کتے کا بھیجا کھانا۔ بیہودہ گوئی کرنا۔ بیفائدہ بولے جانا۔ بیسود بکے جانا۔

کتے کی موت مرنا۔ بے عزت ہو کر مرنا۔ حرام موت مرنا۔

کٹا چھنی ہونا۔ از حد دشمنی و عداوت ہونا۔

کٹ بتہ یا کرنا۔ زدوکوب کرنا۔ پیٹنا ٹھوکنا۔

کٹتی کہنا۔ کسی کے برخلاف تقریر کرنا۔

کٹ مستا۔ طاقت و رستہ زور جوان۔ میر۔ پیری مین بھی جوان
رکھا ہی دختر تاک کی صحبت نے + یعنی پی پی مے انگوری کٹ مستی ہو۔

کٹورا بجنا۔ نہایت آبادی ہونا۔ گرم بازاری ہونا۔

کٹورا چلانا۔ کٹورے کو منتر کے زور سے چلا کر چور کو دریافت کرنا۔

کٹھالی کرنا۔ سونے چاندی کو کٹھالی مین گلانا۔ زدوکوب کرنا خوب مارنا۔

کتے کا کفن۔ نہایت سستا اور خراب کپڑا۔

کتے خستی۔ ذلیل کام۔ خراب نوکری۔ اصل مین یہ لفظ
کتے کی خصلت تھا۔

کٹھ پتلی۔ کاٹھ کا پتلا۔ لکڑی کا کھلونا۔ بیکار آدمی نکما۔

کتے کی دم ہی۔ وہ شخص جو بہت سے سمجھانے سے نہ سمجھے اپنی بیوقوفی
سے باز نہ آئے۔ ناسخ۔ ٹیڑھی مین مردم کج طبع بھی کتے کی دم + راست
انکو کیجیے سو بار ہون سو بار کج۔

کاف با جیم

کچا پکا کرنا - نیم برشت کرنا - کچھ کچا کچھ پکا کرنا - معاملہ ٹھہرانا -
کچا جانا - اسقاط حمل ہونا - ادھورا بچہ پیدا ہونا -
کچا کرنا - دل توڑنا - پست ہمت کرنا - ذلیل کرنا - شرم دلانا -
کچا ہونا - کچیا جانا - ہمت ہارنا - ارادہ توڑنا - شرمندہ ہونا -
کچائی نکالنا - خامی دور کرنا - کمی کو پورا کرنا - مارنے مارنے پتلا حال کر دینا -
کچ پیندیا - بات کا کچا - اقرار کا جھوٹا - متلون مزاج - کمزور - ناتوان
کچ دلا - بزدلا - ڈرپوک - ذرا سے صدمے سے رو دینے والا -
کچر پان مچانا - کچ کچ کرنا - شور و غل کرنا - اودھم مچانا - گھر کو سر پر اٹھا لینا -
کچومر کر ڈالنا - نکالنا - سخت مار مارنا -
کچھری لگانا - بھیڑ لگانا - ازدحام کرنا -
کچھ کا کچھ کہنا - خلاف کہنا - خلاف واقع بیان کرنا -
کچھ کا کچھ - کچھ سے کچھ ہو جانا - حالت دگرگون ہونا - حالت پلٹ جانا - انقلاب دہر کا کیا اعتبار + ایک دن میں کچھ کا کچھ ہو جائے ہے -
کچھ کر دینا - کچھ کام کر دکھانا - نمایان خدمت کرنا -
کچھ کھا لینا - زہر کھا لینا - افیم کھا لینا - بحر - بھجوا و گھر میں بھر کے ابھی جان حاضری + بھوکا تمھارے دید کا کچھ کھا کے مر گیا -
کچھ کہہ بیٹھنا - خلاف مرضی یا ناگوار بات کہہ دینا - گالی دے بیٹھنا -
کچھ کھو کے سیکھنا - نقصان اٹھا کر ہشیار ہونا -
کچھ نہین کیا - ذرا بھی نہین کیا - کوئی بات نہین کی - کوئی کام نہین کیا - مولانا اکبر - آئے تھے جہان مین کام کرنے + افسوس کہ کچھ نہین کیا ہے -
کچھ ہو جانا - سایہ کا اثر ہو جانا - کوئی بیماری ہو جانا - کچھ ظہور مین آنا -
کچھ ہو رہنا - کچھ ڈال لیا ہو جانا - کچھ فیصلہ ہو جانا - کسی قدر قابلیت پیدا کر لینا -
کچی ٹوٹنا - خردسال لڑکی کا ازالۂ بکر ہونا -
کچی کلی ٹوٹنا - خردسال بچے کا مر جانا -
کچی گولیان کھیلنا - لاکھ کے بجائے مٹی کی گولیوں سے کھیلنا جو جلد ٹوٹ جاتی ہین - چھچھلی کھیلنا - ناتجربہ کار ہونا - کچا کام کرنا - شوق - دا و رسوہ ہو تیاں ہین الیلی + مین نہین کچی گولیان کھیلی -
کچے گھڑے پانی بھرنا - ناممکن بات کرنا - غلامی کرنا - نعر یا بیداری کرنا - جرأت - اشک بھرلاؤ نہ دل دے کے میان جرأت تم + ابھی بھرنے ہین تجھے کچے گھڑے پانی کے -
کچے گھڑے کی چڑھ جانا - شراب کا نشہ ہو جانا -
کچھ اور - کوئی چیز یا بات اور -
کچھ ایک - تھوڑا سا کسی قدر -
کچوری سے گال - موٹے موٹے پھولے ہوئے گال -
کچاجن - کسی بات کے پیچھے لپٹے جانے والا آدمی - سخت تقاضا کرنے والا -
کچ بچ - بچر بچر - کچر گھان - بال بچے لڑکے بالے - خردسال اولاد
کچھ نہین - ذرا بھی نہین - کوئی بات نہین -
کچے پکے دن - آغاز حمل سے پانچوین مہینے تک -
کچھ تو - کسی قدر - تھوڑا بہت -
کچا ساتھ - کچا کنبہ - چھوٹے چھوٹے بال بچے -
کچھ کچھ - تھوڑا سا - قریب قریب - کسی قدر -
کچھ نہ کچھ - تھوڑا بہت - کسی قدر -
کچھ نہ پوچھیے - کچھ حال نہ دریافت کیجیے - بس خاموش رہیے کہنے کی بات نہین ہے - صفدر فوقانی - ناحق ہے ہم پہ جوش غضب کچھ نہ پوچھیے + ہے بے سبب عتاب سبب کچھ نہ پوچھیے -
کچھ بات بھی - کوئی وجہ بھی - کیون کس واسطے - حکیم انور لاہوری - یہ غصہ اور غضب کس واسطے ہے بھلا کچھ بات بھی رنجیدگی کی -
کچھ دال مین کالا کالا ہے - کوئی سبب ہے کوئی وجہ ہے اس مین کوئی بات ضرور ہے - جرأت - بال ہین بکھرے بند ہین ٹوٹے ٹوٹا کان کا بالا ہے + جرأت ہم پہچان گئے کچھ دال مین کالا کالا ہے -
کچہری کے کتے - عدالت کے رشوت خوار ملازم -
کچی آسامی - غیر مستقل نوکری - چند روزہ ملازمت - غیر موروثی کاشتکار -
کچی پیشی - مقدمے کی پہلی پیشی -

کاف ہا دال

کدال بجنا - مکان کا گرایا جانا - مسمار ہونا -

کاف با رائے

کراؤ کرنا - رانڈ عورت کے ساتھ نکاح کرنا - چادر ڈال لینا - اوڑھنا اڑھانا -
کرائے پر چلانا - کسی عورت کو خرچی پر بٹھلانا -
کرایہ دار آ اترنا - عورت کا حاملہ ہونا -
کر بیٹھنا - کسی کام کو شروع کر بیٹھنا - کسی امر کو اختیار کر لینا -
کر دیکھنا - کسی کام کو کر کے اسکی بھلائی یا برائی کا امتحان کر لینا -
کرسی دینا - مکان کو اونچا کرنا - تعظیم دینا -

کرسی نشین ہونا۔ صاحب عزت ہونا۔ اعلے درجے کو پہونچنا۔
کرکرا کر دینا۔ خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا۔
کرکری اٹھنا۔ پیٹ مین درد ہونا۔ باؤ گولہ اٹھنا۔
کر گذرنا۔ کسی کام کو کرکے چھوڑنا۔ ضد سے نہ ٹلنا۔ ہٹ سے باز نہ آنا۔
مؤلف۔ نہ تو مرنے سے اپنے ڈرتے ہین + نہ تو محنت سے خوف کرتے ہین + ہین جو مرد اپنی بات کے پورے + دل مین جو آئے کر گذرتے ہین۔
کرم پھوٹنا۔ قسمت پھوٹنا۔
کرم ٹھوکنا۔ اپنی قسمت کو برا بولنا۔ طالع کو رونا۔
کرم کا بلیا۔ صاحب نصیب خوش قسمت بھاگوان۔
کرم کرنا۔ بخشش کرنا۔ سخاوت کرنا۔ مفتی حیدر۔ مسیحا ادھر بھی کرم کیجیے + برا حال ہی تیرے بیمار کا۔
کروٹ بدلنا۔ ایک پہلو سے دوسرے پہلو لیٹنا۔ انقلاب ہونا صورت بدلنا۔ سہ۔ یار ہمسے نہ کبھی آکے ہوا ہم بستر + کروٹ ایسی نہ زمانے کو بدلتے دیکھا۔
کریا بگاڑنا۔ بے عزتی کرنا۔ ذلیل اور رسوا کرنا۔
کریا کرم کرنا۔ کسی کے مرنے کے بعد مذہبی رسوم ادا کرنا۔
کریال مین آنا۔ پرندون کا خوش ہو کر پر جھاڑنا۔
کریال مین غلہ لگنا۔ خوشی مین غمی ہونا۔ حلوے مین نمک پڑ جانا۔
کریز کرنا۔ پرندون کا اپنے پر جھاڑنا۔
کڑا آسمان۔ قحط کا زمانہ تنگی کا وقت۔
کڑا کا بیتنا۔ فاقہ ہو جانا۔
کڑا کر دینا۔ سخت کر دینا۔ کس دینا۔ کھینچ دینا۔ نرخ بڑھا دینا۔
کڑاکے کا جاڑا۔ سخت سردی۔
کڑاھی باندھنا۔ جادو کے زور سے آنچ لگنے نہ دینا۔
کڑاھی کرنا۔ کسی بزرگ کی نیاز کا حلوا بنانا۔
کڑاھی مین ہاتھ ڈالنا۔ قسم کے طور پر جلتے ہوے تیل مین ہاتھ ڈالنا۔
کڑک بانکا۔ چھیل چھبیلا۔ طرحدار۔ وضعدار۔
کڑک بولنا۔ ناغہ ہونا۔ خالی جانا۔
کڑک دوڑنا۔ تیزی کے ساتھ دوڑنا۔
کڑوا دل کرنا۔ سختی جھیلنا۔ رنجیدہ ہونا۔
کڑوا لگنا۔ برا معلوم ہونا۔ ناگوار گذرنا۔
کڑوا ہونا۔ ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ وزیر۔ واے محرومی گلے پر رہ گیا چلکر مرے + منھ ہوا خنجر کا میٹھا جب وہ کڑوا ہو گیا۔

کڑی اٹھانا۔ سختی اٹھانا۔ مصیبت جھیلنا۔
کڑی کہنا بیٹھتا سنانا۔ کہنا سخت کلام کرنا۔ گالی دینا۔ برا بولنا۔
نظیر۔ کوئی گھڑی اگر وہ ملائم ہوا تو کیا + کہہ بیٹھینگے پھر ایک کڑی دو گھڑی کے بعد
کرم پھوڑ۔ بدنصیب۔ بداقبال۔
کڑوے کسیلے دن۔ مصیبت کے دن۔ تنگی کا زمانہ۔
کڑیل جوان۔ شہ زور۔ طاقت ور۔
کرکری خانہ۔ وہ مکان جسمین پرانا اسباب رکھا ہی۔
کڑی آنکھ۔ تہر کی نگاہ غصے کی نظر۔ ناسخ۔ سودا جو تیری زلف کا ای جان ہی مجکو + ہر حلقۂ زنجیر کی پڑتی ہی کڑی آنکھ۔
کڑوی کھچڑی۔ کڑوی روٹی۔ وہ کھانا جو کسی کے مرجانے کے روز اسکے وارثون کو دیا جائے۔
کڑبڑی ڈاڑھی۔ آدھی سفید آدھی کالی ڈاڑھی۔

کاف باسین مہملہ

کسہ کھانا۔ نقصان اٹھانا۔ گھاٹا کھانا۔
کسک آنا۔ خفیف سا صدمہ پہونچنا۔ بحر۔ مزاج پوچھا کسی کا تو انکا منھ دو کھا + کسک سی ہاتھ مین آئی اگر سلام کیا۔
کسک مٹانا۔ خواہش مٹانا۔ خارش دور کرنا۔
کسم کا آزار ہونا۔ متواتر حیض آنا۔ خون جاری رہنا۔
کسوٹی پر چڑھانا۔ کسوٹی کے پتھر پر سونا گھس کر اسکی قیمت معلوم کرنا۔
کسی کی آگ مین گرنا پڑنا۔ دوسرے کا کام آپ کرنا۔ دوسرے شخص کی مصیبت اپنے سر پر لینا۔
کسی کے حق مین کانٹے بونا۔ کسیکی برائی کرنا۔ داغ۔ عدو سے نہیں سنتے ان کی آپ سنتے نہین وہ کہتا ہی + کہ جب آتا ہے کانٹے ہمارے حق مین بو جانا۔
کسیکے ہاتھون سے تنگ آنا۔ کسی کے سبب سے عاجز آجانا۔ مجبور ہو جانا۔
کسی کے ہو کر رہنا۔ کسی شخص کا محکوم و پابند ہو جانا۔
کس کھیت کی مولی ہو۔ تم محض حقیر ہو تمکو کوئی کچھ چیز تصور نہین کرتا۔
کس مرض کی دوا ہو۔ تم کسی لائق نہین۔
کس شمار قطار مین ہو۔ تم کسی گنتی مین نہین محض ناچیز ہو۔
کسی کے گھی گھڑے کسی کے پتھر پڑے۔ کوئی دولتمند مالدار کوئی مفلس و نادار۔

کاف باشین معجمہ

کشتش اٹھانا۔ مصیبت اور تکلیف اٹھانا۔
کشیدہ خاطر رہنا۔ رنجیدہ خاطر رہنا۔ آزردہ رہنا۔

کشیدہ کاڑھنا - کپڑے پر سوئی کا کام کرنا -

کاف با فاے

کفر توڑنا - اڑ توڑنا - کسی کی ضد اور ہٹ کو توڑنا - ناخوش کو خوش کرنا - س - لائے اس بت کو التجا کرکے + کفر توڑا خدا خدا کرکے -

کفر کا کلمہ بولنا - شرک کا کلمہ زبان سے نکالنا - س - خدا کیواسطے اس بت کی خاطر + زبان سے کفر کا کلمہ نہ بولو -

کف لے آنا - جلد غصے ہو جانا - بگڑ جانا - جوش مین آنا - آتش - خفا دم جاہنے والون کے ہونگے غوطے کھا کھا کر + بہت کف لائیگا وہ طفل خوش اسلوب دریا ہین -

کفن پھاڑ کے بولنا - دفعۃً بول اٹھنا - سوتے سوتے بول اٹھنا -

کفن سر سے لپیٹنا - اپنی زندگی کو خطرے مین ڈالنا -

کفن کاٹھی کرنا - تجہیز و تکفین مردے کا کرنا -

کفران نعمت کرنا - احسان فراموشی کرنا -

کفش خانہ - غریب خانہ - بطور انکسار - اپنا گھر -

کفر کھیرکی - خراب صحبت - اہلون شہدون کا مجمع -

کاف با کاف

ککڑ والا - تمباکو پلانے والا - حقہ پلانے والا -

ککڑی کھیرا کرنا - برا بولنا - کوسنا - بد دعائین دینا - نظیر - س - میان ہمکو جو تو کرتا ہے ککڑی کھیرا + کوسنا ہر گھڑی ہر آن کا ہوتا ہے برا -

ککڑی ہو جانا - سکڑ جانا - اینٹھ جانا - ذرا سا ہو جانا -

ککڑی کا چور - ذرا سی چیز چرانے والا -

ککڑ خانہ - وہ جگہ جہان عام لوگ بیٹھکر حقہ پیتے ہین - ناقص جگہ -

کاف با لام

کل اچھالنا - کل کو بٹا لگانا - خاندان کو بدنام کرنا -

کلام اللہ اٹھانا - قرآن شریف کی قسم کھانا -

کلائی کرنا - ایک دوسرے کی کلائی پکڑ پکڑکر زور آزمائی کرنا - بحر - پنجہ و دندان تری کنگھی نے موڑا سانپ کا + کر کے گیسو نے کلائی ہاتھ توڑا سانپ کا -

کل بگڑ جانا - کسی اوزار کا خراب ہو جانا - کسی عضو کا بیکار ہو جانا -

کل بے کل ہو جانا - بے چین و بے آرام ہو جانا -

کل پڑنا - آرام ملنا - راحت پہونچنا - داغ - کوئی دم کوئی گھڑی کل نہین پڑتی دل کو + مین بیان کس سے کرون آٹھ پہر کی صورت -

کل جیبھا - کالی زبان والا - منحوس - بد دعا جسکی پڑتا ثیر ہو -

کل سرا - کالے سر والا -

کل سے بیٹھنا - آرام سے بیٹھنا - راحت ملنا -

کل کا پتلا - وہ شخص جسکی کل دوسرے کے ہاتھ مین ہو ذاتی لیاقت نرکھتا ہو - فغان - آدمی کہتے ہین جسکو ایک پتلا کل کا ہے + پھر کہان کل اسکو جب کل ہو ذرا بگڑی ہوئی -

کل کا لڑکا - چھوٹی عمر کا بچہ - نوجوان -

کل کل کرنا - بجانا - شور کرنا - تکرار کرنا -

کل موڑنا - پھیرنا - گھمانا - کل کو جاری کرنا - کسیکے دل کو اپنی طرف کھینچنا -

کل ہاتھ مین ہونا - اختیار مین ہونا - بس مین ہونا -

کلمہ پڑھانا - مسلمان کرنا -

کلمہ پڑھنا - ایمان لانا - مسلمان ہونا - جرأت - کلمہ پڑھے ترا جیتے دیکھے جو اک نظر + کافر اثر ہے تری کافر نگاہ کا -

کلمہ کفر - شرک کا کلمہ جو کسی کی زبان سے نکلے - س - قمر - شوفانی بتون کے رخ پہ ہے جلوہ خدا کا + اسے تم کفر کا کلمہ نہ جانو -

کلنک کا ٹیکا لگانا - رسوا کرنا - عیب لگانا -

کلول ٹلنا - آفت یا بلا کا دور ہونا - میر - ہمین غش آگیا تھا وہ بدن دیکھ + بڑی کلول ٹلی ہے جان پر سے -

کلیجا اچھلنا - دھڑکن ہونا - خوف یا دہشت کے باعث سے بے چین ہونا یا کمال خوشی کے سبب سے -

کلیجا اڑا جانا - طبیعت کا گھبرانا - جی پریشان ہونا -

کلیجا الٹ جانا - جی الٹ جانا - بحر - اقرار وصل کرکے پھر انکار ظلم ہے تم کیا پلٹ گئے کہ کلیجا الٹ گیا -

کلھیا سا - بہت تنگ - سکڑا ہوا چھوٹا سا مکان -

کلھیا مین گڑ پھوڑنا - خفیہ کام ہونا -

کلھیا مین گڑ پھوڑنا - پوشیدہ کام کرنا -

کلیجا بڑھ جانا - دل بڑھنا -

کلیجا بیندھنا - چھیدنا - تکلیف دینا - صدمہ پہونچانا -

کلیجے پر چوٹ لگنا - دل پر صدمہ آنا -

کلیجا پکنا - پک جانا دل کا - نہایت رنجیدہ ہونا - جرأت - دل پا بیان تلک اس عشق کے ہاتھون سے پکا ہے ترا اشکپوشی جو برسلک گوہر آبلہ پا ہے -

کلیجا پھٹنا - دلون مین فرق آنا - رنجیدگی باہم و دشمنون کے ظاہر ہونا -

کلیجا تر ہونا - فائدے کی صورت نظر آنا - خوش ہونا -

کلیجا تھام تھام کر رونا - نہایت غم کی حالت مین گریہ وزاری کرنا -

کلیجا تھام کر رہ جانا - غم کو ظاہر نہ کر سکنا -

کلیجا ٹوٹا جانا - نہایت بھوک لگنا -
کلیجا ٹوٹنا - دل پر صدمہ پہونچنا - دل پر چوٹ لگنا - میر - کبھی میر
اس طرف آ کے جو چھاتی کوٹ جاتا ہے + خدا شاہد ہے اپنا تو کلیجا ٹوٹ جاتا ہے -
کلیجا ٹوک ٹوک ہونا - برداشت یا سہار کی طاقت نہ رہنا - نہایت بےچین ہونا -
کلیجا ٹھنڈا کرنا - آرام پہونچانا - تسکین دینا -
کلیجا ٹھنڈا ہونا - تسکین ہونا - تسلی ہونا - بحر - تم گلے سے
لگ گئے ٹھنڈا کلیجا ہو گیا + میرے دل میں جو پھپھولا تھا وہ ادا ہو گیا -
کلیجا جلانا - اپنے دل کو جلانا -
کلیجا چھن جانا - کلیجا چھلنی ہو جانا - کسی کی طرف سے نہایت رنجیدگی
حاصل ہونا - طعن و تشنیع سنتے سنتے تھک جانا - [illegible] ناصحا
یہ تیر ملامت کہاں تلک + ہاتھوں سے تیرے آہ کلیجا تو چھن گیا -
کلیجا دھڑکنا - دھک دھک کرنا - دل پر اضطراب ظاہر ہونا
ڈرنا - خوف کرنا -
کلیجا دھک سے ہو جانا - کسی خوف یا صدمے کا صدمہ یکایک دل پر
پہونچنا - جان صاحب - ہو گیا دھک سے کلیجا اور دی [illegible] +
گھر میں بی مہتاب کے ٹوٹا جو تارا رات کو -
کلیجا سلگانا - جلانا - رنج دینا - تکلیف پہونچانا - [illegible] -
یہ کیسی شب وصل میں سلگانا کلیجا ہے [illegible] مجھسے کہ [illegible] -
کلیجا کاڑھ کے - کلیجا نکال کے دینا - کسی شخص کو نذر [illegible]
اور چیز جو نہایت عزیز ہو دینا -
کلیجا کاڑھ - نکال لینا - ڈائن کی طرح جادو کے زور سے جگر
نکال کر کھا جانا - کسی کو موہ لینا - عاشق بنا لینا - بہت سی چیزوں
سے اچھی اچھی چیزیں چھانٹ لینا - کسی کی دولت لوٹ کر لے لینا -
کلیجا کانپنا - مور لگنا - خوف معلوم ہونا -
کلیجا کٹنا - خونی دست آنا - بیجا روپیہ صرف ہونا -
کلیجا کھرچنا - بھوک لگنا - اشتہا معلوم ہونا -
کلیجا کھلانا - کسی کو خوب روپیہ کھلانا - کمال خاطر و مدارات کرنا -
[illegible] کھلاتا ہوں کلیجا اپنا + غم بھی کیا یاد کریگا کہ مدارات نہ کی -
کلیجا منھ کو آنا - جی اچھل اچھل ہونا - نہایت جی گھبرانا - بیتابی و
قلق ہونا - نظیر - اگر کچھ منھ سے بولوں تو مزا الفت کا جاتا ہے - اگر
چپکا رہوں تو یہ کلیجا منھ کو آتا ہے -
کلیجا ملنا - دل کو مسوسنا - دل صدمہ پہونچانا - رنج دینا - بحر -
رنج فرقت کو پہونچتی نہیں اندازہ کوئی + دل میں بیٹھا ہوا ملتا ہے کلیجا کوئی -

کلیجے پر سانپ لوٹنا - بیقراری کی حالت میں ہونا - [illegible] - کلیجے پر
ہمارے لوٹتا ہے سانپ سا ہر دم + شب ہجراں میں جب زلف مسلسل یاد آتی ہے -
کلیجے پر گھونسا سا لگنا - دل پر نہایت چوٹ لگنا - صدمہ پہونچنا - جرأت -
کہیکے غصے میں بھر آیا اور رہی چلتے ہوئے + ایک گھونسا سا کلیجے پر لگا جاتے ہو تم -
کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا - اپنا سا حال دوسرے شخص کا بھی تصور کرنا -
کلیجے یا جگر سے دھواں اٹھنا - دل کی سوزش ظاہر ہونا - آہ نکلنا -
جرأت - لگائی آگ کسنے میرے گھر کو + دھواں اٹھتا ہے کیوں میرے جگر سے -
کلیجے سے لگا کے رکھنا - نہایت عزیز جاننا -
کلیجے کا ٹکڑا - لخت جگر - پیارا فرزند -
کلیجے میں ہاتھ ڈالنا - کلیجا نکال لینا - دل چھین لینا - دل میں
جگہ کرنا - دل آزاری کرنا - میر - حنا سے یار کا پنجہ نہیں ہے گل کے
رنگ + ہمارے اسنے کلیجے میں ہاتھ ڈالا ہے -
کلیجے کا شریک - ہم مذہب - مسلمان بھائی -
کل اچھال - ننگ خاندان - اپنے آبا و اجداد کو بدنامی دینے والا -
کلکلاں کو - آیندہ کو - اتفاقاً قضا کار -
کلمہ گو - مسلمان - ایماندار آدمی -
کلجگ کا پرچھاوا ہے - زمانے کا اثر ہے - بہت برا زمانہ آگیا ہے
کل کی بات ہے - تھوڑے دن کی بات ہے -
کلمے کی انگلی - سبابہ - انگشت شہادت -
کلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے - پوشیدہ کام نہیں ہو سکتا -

کاف با میم

کمال کرنا - اپنے کمال سے کسی کو چھکا دینا - کوئی انوکھی عجیب بات ظاہر کرنا -
کما لینا - کمزور کر دینا - ست نہ چھوڑنا - کچھ پیدا کرنا -
کمان پر جانا - فوجی خدمت پر جانا - لڑائی پر مامور ہونا -
کمان چڑھنا - فتحیاب ہونا - جیتنا -
کمان دغنا - حکم ہو جانا - بندوق چلنا -
کم بختی آنا - برے دن آنا -
کم بختی کا مارا - بدنصیب - بدقسمت -
کم بختی نے تو نہیں گھیرا - شامت تو نہیں آئی - ناقدر سے دھکا
تو نہیں دیا - شوق - اب میں سمجھی جو قصد تیرا ہے + تجھکو کم بختیوں
نے گھیرا ہے -
کمپا مارنا - ایک لکڑی سے جسکو کمپا بولتے ہیں کسی پرندے کو پکڑ لینا - شوق -
نالہ جب پار گیا چرخ کے بولے یہ ملک + طائر سدرہ کو صیاد نے کمپا مارا -

کنوتیان بدلنا - گھوڑے کا کان کھڑے کرنا -
کونڈا کرنا - شرمندہ کرنا - لجانا - ممنون کرنا - احسان سے دبانا -
کنوین مین بالنس ڈالنا - ڈھونڈنا - ڈھونڈھ بھال کرنا - تلاش کرنا -
کنوین مین جھانکنا - نہایت جستجو کرنا - تلاش کرنا - بحر - جگہ وہ ہر فرشتون نے کنوین جھانکے ہین ہر پاک آلایش دنیا سے بشر کیا ہو گا -
کنوین جھکانا - سات کنوین دکھانا - یہ بادے گئتے کے کاٹے کا ایک ٹوٹکا ہی - ناچ نچانا - ناک مین دم کرنا - تنگ کرنا - میر حسن - ذرا چاہ کا دیکھا بھی مزا + جھکاتی ہون کیسے کنوین مین بھلا -
کنوین مین بولنا - باریک - بردی آواز سے بولنا - تقریباً مرگ ہونا -
گنہ نکالنا - بغض و غصہ نکالنا -
کنّی دینا - چھپنا - کنیانا - لحاظ کرنا - ڈرنا -
کنّی کھانا - کنکوے کا ایک طرف جھکنا - شرمانا - آنکھیں سامنے نکر سکنا -
کنکر پتھر - جواہرات - ہیرا موتی - پنّا - حقارۃً - ناکارہ چیزین -
کن ماتر - نہایت قلیل - بہت تھوڑا -
کنندۂ ناتراش - آہستہ آدمی - بیوقوف -
کنجڑے کا غلہ - وہ برتن جسمین کنجڑا کوڑیان پیسے اپنی جنس کی بکری کی جمع کرتا ہی + ملا جلا حساب - گڈمڈ - کھچڑی - ابتری - بے ترتیبی -
کنجڑون کی بولی - فحش گالی - سائیسون کی زبان -
کنجڑے قصائی - کم ذات لوگ -
کنگھی چوٹی - بناؤ سنگار - آرایش - [illegible] - پھیر گئی شب وصل + کنگھی چوٹی مین مستی کا جبل مین -

کاف با واؤ

کوارپت اتارنا - کوارپن اتارنا - ازالۂ بکارت کرنا -
کواڑ توڑ کھانا - مفلسی کی حالت مین دن کاٹنا -
کوباکاری کرنا - زد و کوب کرنا - خوب پیٹنا -
کوتاہ کرنا - مختصر کرنا - بیباق کرنا - چکا دینا -
کوتھلا بھرنا - پیٹ بھرنا -
کوٹھا بگڑنا - ہاضمہ بگڑنا - معدہ خراب ہونا - عورت کا رحم خرابی مین آنا - اولاد کا پیدا نہونا -
کوٹھی بیٹھنا - دکان بیٹھ گئی - ڈوب گئی - دیوالہ نکلنا - ٹاٹ الٹ جانا -
کوٹھے پر بیٹھنا - اسکو کہنا - بیٹھے بیٹھنا - زناکاری کا پیشہ کرنا - راحت - تجکو نہین لحاظ تو کب مجکو شرم ہے + بیٹھونگی تو سائے مین جسمین ہزار ہین -
کوچہ گردی کرنا - واہی تباہی پھرنا -

کوچا کریلا - وہ بچہ جسکو سیتلا نکل چکی ہو - داغ دغیلا -
کوچ کرنا - روانہ ہونا - سدھارنا - مر جانا - حالی - کوچ سب کر گئے دلی سے ترے قدر شناس + قدر یان رہ کے اب اپنی نگنوانا ہرگز -
کوچے کی کونچین کاٹنا - کسی کے دونون پانون ایڑی اور ٹخنے کے درمیانی پٹھے کاٹ ڈالنا - لنگڑا کر دینا - ناسخ - تونے جس روز سے قاتل مرے کوچے کاٹے + بوالہوس نے ترے کوچے کا گذر چھوڑ دیا - بحر کوچہ گردی سے کسی صورت قدم رکتے نہین + کاٹ ڈالون اپنے کوچے ہی نہ بیگر یا -
کودون دلانا - کودون ایک سخت اناج کا نام ہی جسکا دلنا مشکل ہی سخت کام کرانا - محنت شاقہ لینا -
کودون دے کے پڑھنا - استاد کو کودون اناج دیکر علم پڑھنا -
کورا بچ جانا - صاف کسی صدمے سے رہائی پانا -
کورا رکھنا - کچھ فائدہ نہ پہونچانا - محروم رکھنا -
کورے استرے سے سر مونڈنا - تیز استرے سے حجامت بنانا - سیدھا [illegible] لینا -
کوڑا کرنا - گھوڑے کو تازیانہ لگانا - صبا - تو سمند طبع کو کرتا ہون مین کوڑا کیا + ایک اک کام پہ بیٹھا ہی یہ گھوڑا کیا -
کوڑی کا ہو جانا - کوڑی کی قیمت کا ہو جانا - بے قدر ہو جانا - کام کا نرہنا - آتش - ہی جب سے اسکے ہاتھ مین ساغر شراب کا + کوڑی کا ہو گیا ہی کٹورا گلاب کا -
کوڑی کا کر ڈالنا - بے عزت کرنا - حبیب - دانتون نے اسکے عشق کی بازار عزت حبیب + کوڑی کا کر دیا گہر آبدار کو -
کوڑیان کرنا - کوئی جنس سستی فروخت کرنا -
کوڑی کوڑی جوڑنا - مصیبت سے مال جمع کرنا -
کوڑی کوڑی کو حیران ہونا - نہایت مفلس و نادار ہونا -
کوڑی پاس نہونا - مفلس و محتاج ہونا -
کوڑی کوس دوڑنا - نہایت محنت سے روپیہ پیدا کرنا -
کوڑی کو نہ پوچھنا - نہایت بیقدری ہونا -
کوڑی کو تین تین بکنا - سستا ہونا - نہایت ارزان و سستا ہونا - نظیر - کوڑی کا اس جہان مین نقش و نگین ہی + کوڑی نہو تو کوڑی کے پھر تین تین ہین -
کوڑی کے کام کا نہین - محض نکما اور ناکارہ -
کوڑیون کے مول بکنا - ہونا - ارزان اور سستا بکنا - آتش - محبت کوڑیون کے ہو اگر مول + بنی آدم نہ لے یہ دردسر مول -

کوزے میں دریا کو بند کرنا۔ بہت سی چیز کو چھوٹے برتن میں ڈالکر دکھلا دینا۔ ذوق۔ ضبط گریہ نے تماشا طرفہ تر دکھلا دیا + جسم کے کوزے میں دریا بند کر دکھلا دیا۔

کوسوں بھاگنا۔ دور دور رہنا۔ پاس نہ آنا۔ مؤلف۔ غضب ہو خیر کے رہتے ہیں وہ پاس + ہوا جو اہنوں سے کوسوں بھاگتے ہیں۔

کوکھ ماری جانا۔ عورت کا بانجھ ہو جانا۔ بے اولاد رہنا۔

کول کاٹنا۔ بوٹیاں نوچنا۔ کھال اُتارنا۔

کولھو کاٹ کر موگرا بنانا۔ قیمتی اور بڑی چیز کو کاٹ کر بے قیمت اور چھوٹی چیز بنانا۔ بیوقوفی کا کام کرنا۔

کولھو کے بیل کی طرح پلنا۔ محنت و مشقت کرنا۔

کولھو میں پلوانا۔ کسی کو کولھو میں پلوا کر مروا ڈالنا۔ سخت سزا دینا۔

کوٹے میں سے لینا۔ بغل میں لے لینا۔ بغلگیر ہونا۔ جرات۔ لیوں اُٹھتے کہے اُن اُکہیں تو عجب کیا + یہ مرہم ابھی زخم سے دل کا بھرا ہے۔

کونڈا کرنا۔ کسی بزرگ کی نیاز دینا۔ جان صاحب۔ ہمسائی سے سر کی قسم آپ تو ضرور یہ کونڈا کرونگی جمعے کو بی بی جیلان کا۔

کونڈی سونٹا بجنا۔ بھنگ گھٹنا اور پینا۔

کوئی کسی کی قبر میں نہیں جائیگا۔ کوئی کسی کے بارے نہیں مریگا کوئی کسی کا سچ نہیں اُٹھائیگا۔

کوٹھی کی آنچ۔ پیٹ کی آگ۔ ماد پدری محبت۔

کوڑی بھر۔ قدر قلیل۔ کم مقدار چیز۔

کوڑھ مغز۔ احمق۔ بے وقوف۔

کوڑیوں کے مول۔ بہت کم قیمت پر۔

کولھو کا بیل۔ تیلی کا بیل۔ نہایت محنتی۔

کوڑیا غلام۔ بے قدر غلام۔ بے عزت ملازم۔ خفت کا نوکر۔

کوٹھی والیاں۔ کسبن عورتیں۔

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے منھ میں کتنے دانت ہیں۔ بڑا امن چین اور آزادی کا زمانہ ہے کوئی کسی کا مزاحم حال نہیں ہے۔

کوئی دن تک یاد کروگے۔ اب تو آپ ہماری قدر نہیں کرتے مگر ہمارے بعد کسی قدر زمانہ تک ہمکو یاد کیا کروگے۔

کوڑی کوڑی۔ بالکل تمام و کمال۔ ذرہ ذرا۔

کاف با ہا ے

کھاتا پیتا۔ آسودہ حال۔ خوش گذران۔

کھاتے پیتے لاتیں مارنا۔ آسودگی میں خدا کی شکایت کرنا۔ ناشکری کرنا۔

کھاٹ پر پڑنا۔ بیمار پڑنا۔

کھاٹ سے اُتارنا۔ بیمار کو زمین پر اُتارنا۔ اُسکا قریب المرگ ہونا۔

کھاٹ سے لگ جانا۔ نہایت بیمار ہونا۔

کھاری کنوئیں میں قند ڈال دینا۔ ضائع کرنا۔ تلف کرنا۔ کھو دینا۔ بحر۔ مثلہ۔ یہ قتا و گر سنے ترے شیریں دہن کے وصف + کھاری کنوؤں میں قند کے کوزوں کو ڈال دے۔

کہا سنا۔ گلہ شکایت۔ بات چیت۔

کھال اُتارنا۔ کسی کے جسم کی کھال اُکھاڑنا۔ جان سے مارنا۔

کھال اُڑانا۔ سخت زد و کوب کرنا۔

کھال کھینچنا۔ جان سے مارنا۔ قتل کرنا۔ آتش۔ شانہ کبھی جو اسکی زلفوں کے بال کھینچے + مشاطہ کی وہ بیشک تقصیر میں کھال کھینچے۔

کھانا دینا۔ دعوت یا ضیافت کرنا۔

کھانڈے کی دھار پر چلنا۔ خطرناک مقام پر جانا۔ بے غرض اور بے لگاؤ ہونا۔ عادل اور منصف ہونا۔

کہاں کا آنا۔ کہاں کا جانا۔ ترک ملاقات کرنا۔ کسی سے نہ ملنا۔ داغ۔ کہاں کا آنا کہاں کا جانا وہ جانتے ہی نہیں یہ رسمیں + وہاں ہے وعدے کی بھی یہ صورت کبھی تو کرنا کبھی نکرنا۔

کھانے کمانے کا ٹھیکرا۔ روزی کا باعث۔

کھٹا کھانا۔ سخت سست باتیں سننا۔ گالیاں کھانا۔

کھٹا میٹھا ہونا۔ منھ میں پانی بھر آنا۔ جی للچانا۔ نظیر۔ جب نظر آئی مجھے شوخ کے سینے کی بہار + کھٹا میٹھا سا لگا ہونے مرا دل اک بار۔

کھٹا ہو جانا۔ رنجش ہو جانا۔ بیزار ہو جانا۔ افسردہ خاطر ہو جانا۔

کھٹائی میں پڑنا۔ ترش ہو جانا۔ کسی کے لیے کھٹائی میں پڑنا۔ کسی مصیبت و تکلیف میں پڑنا۔ میرزا جواد۔ لبوں پر جان آئی ہے تمھاری ترش روئی سے + کھٹائی میں پڑے رہتے ہیں جیتے ہیں نہ مرتے ہیں سیار علی۔ بجلی گرے الٰہی مہاجن کی جان پر + کیا پڑ گئیں کھٹائی میں کانوں کی بالیاں۔

کھٹائی میں ڈال دینا۔ کسی بکھیڑے جھگڑے میں ڈال دینا۔ جواب صاف دیدو فائدہ کیا ترشروئی سے + ہمیں کیوں ڈال رکھا ہے ابھی سے تم نے کھٹائی میں۔

کھٹراگ میں پڑ جانا۔ بیفائدہ اور فضول کام میں پڑ جانا۔ صبا۔ پڑے ہیں عشق کے کھٹراگ میں ہم اے مطرب + کسے خیال ہے دھرپد ترانے ترورٹ کا۔

کھٹکا لگا رہنا۔ فکر و تشویش میں رہنا۔
کھٹیا سینا۔ چارپائی پر پڑے رہنا۔ بیمار رہنا۔
کھٹیا وہونا۔ گذارہ ہونا۔ گذر ہونا۔ میل جول ہونا۔
کھٹی چھاچھ سے بھی جانا۔ تھوڑے فائدہ سے بھی جاتا رہنا۔
کھٹی میٹھی باتیں سننا۔ بری بھلی باتیں سننا۔
کھجلی اٹھنا۔ خارش اٹھنا۔ مار کھانے کو جی چاہنا۔ خواہش نفسانی کا زور کرنا۔
کھچڑی آنا۔ بیری کے درختوں پر پھول آنا۔
کھچڑی پکانا۔ پوشیدہ صلاح و مشورہ کرنا۔ پوشیدہ سازش کرنا۔
کھچڑی پکنا۔ لوگوں میں پوشیدہ پوشیدہ کسی امر کا تذکرہ ہونا۔ انشا۔ یک رہی ہے جو یہ کھچڑی سی بھول رہی جس سے داب نکہ اسکی گلی دال نہ جانا لاسکا۔
کھچڑی ہونا۔ بالوں کا سیاہ و سپید ہو جانا۔ گڈمڈ ہو جانا۔ مل جل جانا۔
کھڈ ابن بگھارنا۔ اپنے آپ کو خوش معاملہ ظاہر کرنا۔
کھڑ مالی سنبھالنا۔ سائیسی کرنا۔ گھاس کھودنے جانا۔
کھرتل کہنا۔ صاف صاف کہنا بیچ نہ رکھنا۔ لاگ لپیٹ نہ رکھنا۔
کھرل کرنا۔ پیسنا۔ نہایت باریک کرنا۔
کھری سنانا۔ صاف صاف کہنا۔ لحاظ نہ رکھنا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔
کھرکھوج کھونا مٹانا۔ نام نشان نہ رکھنا کسی چیز کا ناس کر دینا۔
کھڑا پچھاڑیں کھانا۔ کسی چیز کے بیچ میں کھڑا ہو کر گر گر پڑنا۔ نہایت درجہ کا سوگ اور ماتم کرنا۔
کھڑا پیٹنا۔ سخت ماتم کرنا۔
کھڑا رہنا۔ کسی امر کے حاصل ہونے کے واسطے منتظر رہنا کہ کب حاصل ہوتا ہے۔ احسن۔ نہ سر تھکو نہیں اے شوخ آنکھی کبھا ہر ترسائی + نہ دے دیدار کو میں دیدہ نرگس ہوں کھڑا ترسوں۔
کھڑا رہنا۔ منتظر رہنا۔ ٹھہرنا۔ راہ دیکھنا۔
کھڑا کر کے دکھانا۔ فرنجوا دیکھو دیا انگوٹھا کھڑا کر کے دکھانا۔
کھڑا کرنا۔ ٹھہرانا۔ روکنا۔ قائم کرنا۔ برپا کرنا۔
کھڑے گھاٹ دھلوانا۔ دھوبی سے کپڑے تم چڑھانے کے بغیر کھڑے کھڑے دھلوا لینا۔
کھڑ پیچ نکالنا۔ کسی کا عیب یا نقص ظاہر کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ حجت نکالنا۔
کھسر پھسر کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔ سرگوشی کرنا۔
کھکیڑ اٹھانا۔ سخت محنت و رنج اٹھانا۔ ذوق۔ آوارگی سے کوئے محبت سے ہاتھ اٹھا ہائے ذوق یہ اٹھا نہ سکے گا کھکیڑ تو۔

کھل بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا۔ آرام سے بیٹھنا۔ مصحفی۔ مکان مصحفی اسکو تو سمجھو آپ کا گھر ہے + تکلف کچھ نہیں کھل بیٹھیے یاں بیجا بی سے۔
کھل کھیلنا۔ بے شرم ہو کر کام کرنا۔ کسی کا خوف نہ رکھنا۔ جرأت۔ گالیاں دینے لگے نام مرا لے لے تم + کچھ مری چاہ کے کھلجانے ہی کھل کھیلے تم۔
کھلی میں اڑانا۔ ہنسی اڑانا۔ بیوقوف احمق بنانا۔ ناسخ۔ باغ میں اس گل کو بہار ہنسایا چاہیے + کھلیوں میں عندلیبوں کو اڑانا چاہیے۔
کھلے سو رہو کہنا۔ سب کے روبرو سو رہو راگ گانا۔ جو کہنا ہو برملا کہنا۔ لحاظ نہ رکھنا۔
کھلیوں میں لینا۔ مذاق کرنا۔ ہنسی کرنا۔ پھبتی اڑانا۔ بحر۔ شرم غنچہ کو رہی نہ ... کھلیوں میں اسے اک گل خنداں لیتا۔
کہنا ٹال دینا۔ کسی کا حکم نہ ماننا۔
کہنا سننا۔ اختیار رکھنا۔ ... تمام احکام صفدر فوقانی۔ بولے گلشن میں بلبل بھلا کیوں نہ وقت بہار ... کا چلتا ہی مرکر باغیں کہنا سننا۔
کھنڈت کرنا۔ کسی کام میں خلل ڈالنا۔
کنش سے استرے سے سر مونڈنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔
کریخ پہونچانا۔ دق کرنا۔
کنگھی لگ جانا۔ نہایت لاغر ہو جانا۔ ہڈی پسلی دکھائی دینے لگنا۔
کھونٹے میں آ جانا۔ کہا مان لینا۔ انکار نہ کرنا۔
کھوپری چٹکنا۔ درد سر ہونا۔ چکرانا۔ سر پھٹا جانا۔ بحر۔ شراب عشق کی حدت سہار ... کھوپری چٹکتی ہے۔
کھوپری کھا جانا۔ مغز کھا جانا۔ دق کرنا۔
کھوٹ ہونا۔ نقص ہونا۔ عیب ہونا۔ خرابی ہونا۔ بغض و عداوت ہونا۔ بحر۔ یک رنگ آشنا ہیں ہنسنے پر کھڑیا + کھوٹ میں دوست آپ کے دل میں کھوٹ ہے۔
کھوئی کرنا۔ کہنا۔ برائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ جرأت۔ گر میں کہوں کہ مجھے تو کی کھوٹی سننے بات + نرگس والے بولے کہ ہاں ہم میں کھوٹ ہے۔
کھوج کھونا۔ پتہ و نشان گم کرنا۔
کھود کرید پوچھنا۔ تحقیقات کرنا۔ چھان بین کرنا۔ دریافت کرنا۔
کھو کر سیکھنا۔ نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل کرنا۔
کھونٹا سا گڑ جانا۔ کھونٹے کی طرح گڑ جانا۔ قائم ہو جانا۔ ٹھیک بیٹھ جانا۔
کھونٹے پر مارنا۔ عضو مخصوص پر مارنا۔
کھونٹے سے بندھ جانا۔ پورا تعلق ہو جانا۔ نکاح ہو جانا۔

کھونٹے کے بل کودنا- کسی کی حمایت پر لڑنا-

کھونٹی نہ چھوڑنا- ایسی حجامت کرنا کہ بال کی کھونٹی کہین نظر نہ آئے بخوبی غارت کرنا- لوٹنا- صفایا کر دینا-

کھوئے جانا- گم ہو جانا- حواس باختہ ہونا- لاجواب ہونا-

کھوے سے کھوا اچھلتا تھا- آدمیونکی اتنی کثرت تھی کہ شانے سے شانہ رگڑا جاتا تھا-

کھیت پڑنا- لڑائی مین بہت سے آدمیون کا مارا جانا- **بحر**- کبھی تو سبزۂ شمشیر امتحان دیکھین + کبھی تو کھیت پڑے کشت دل ہری ہو جائے

کھیت چھوڑ جانا- شکست کھانا- لڑائی سے بھاگ جانا-

کھیت رہنا- لڑائی مین مارا جانا-

کھیت کرنا- زراعت کرنا- کھیتی کرنا-

کھیر کا دلیا ہو جانا- انقلاب ہونا- قسمت اُلٹ جانا- کچھ کا کچھ ہو جانا
ع اپنی قسمت کی یہ کیا تدبیر تھی- بن گیا دلیا پکائی کھیر تھی +

کھی کھانا- خاک کھانا- جھوٹ بولنا- بھک مارنا-

کھیلا کھایا- تجربہ کار- جہان دیدہ-

کھیل بگاڑنا- کسی کا بنا ہوا کام خراب کرنا- ع حکم دولت کا رہیگا کب تلک یہ ریل پیل + تھوڑے دن گذرے تو بس سارا بگڑ جائیگا کھیل +

کھیل بنانا- مباشرت کرنا-

کھیل سمجھنا- کسی کام کو سہل یا آسان تصور کرنا- **شوق**- سبکو دیدہ دلیل سمجھا ہی + کیا ملاقات کھیل سمجھا ہی-

کھیل کرنا- کھیلنا- تماشا کرنا- ہنسی مین ٹالنا-

کھیل کھلانا- ناچ نچانا- دق کرنا- ستا مارنا-

کھیل کھیل ہو جانا- ٹکڑے ٹکڑے ریزہ ریزہ ہو جانا-

کہین کا نہ رہنا- نہ دین کا رہنا نہ دنیا کا کسی کام کا نرہنا-

کھاری کنوان- بے فیض آدمی-

کہان کہان- بہت دور- بے ٹھکانے-

کہنے کی باتین ہین- وہ باتین جنکی اصل نہو-

کہنے کو- نام کو- ذکر کو-

کھل کے- خلاصہ اچھی طرح سے- آرام سے- حسب دلخواہ- **میر تقی**- جون صبح اس چمن مین نہ ہم کھلکے ہنس لیے + فرصت رہی سو میر یہی اک نفس رہی-

کھلے خزانے- کھلے بندون- کھلے بازار- علانیہ- کھلم کھلا ظاہرا سب کے سامنے- **آرزو**- سکول کر بند قبا کو ملک دل غارت کیا + کیا حصار قلب دلبر نے کھلے بندون لیا- **حکیم انور لاہوری**- جی مین جو آئے مانگ لو حق سے + معرفت کے کھلے خزانے ہین + **مولانا اکبر**- لاکھون یوسف یہان بکے آکر + ہی سدا عشق کا کھلا بازار +

کھوٹا پیسا یا کھوٹا بیٹا وقت پر کام آتا ہی- اسکا مطلب ظاہر ہی کہ کھوٹا پیسا بھی کبھی چل جاتا ہی اور کھوٹا بیٹا بھی کسی مشکل کے وقت کام آتا ہی- **ناسخ**- سچ مثل ہی کبھی کام آتا ہی کھوٹا بیٹا + صنم دیر ہوے طالب ایمان ہے +

کھیل ہی- تماشا ہی- آسان کام ہی- ادنی بات ہی- **قطعہ از مؤلف**- کھیل کر اسکو کوئی جیتا نہین + کسقدر مشکل یہ دنیا کھیل ہی + ہر کوئی مشغول اس بازی مین ہی + فی الحقیقت یہ اچنبھا کھیل ہی +

کاف با یاے

کیا انھین کے سر سہرا باندھا گیا- یعنی اس کام کا مدار کیا انھین پر ہی

کیا جاتا- کیا نقصان ہوتا- کیا بگڑتا- **جان صاحب**- مین بات کرتی جو اپنون مین تجھسے اے صاحب + ذلیل ہوتی یہ بندی تمھارا کیا جاتا-

کیا کیا- بہت کچھ- بہت سا- خوبی- **داغ**- بعد استاد ذوق کے کیا کیا + شہرت افزا کلام داغ ہوا +

کیا کیا نکیا- کونسی بات باقی رکھی- سب کچھ کیا- ع ہجنے کیا کیا نہ ترے عشق مین محبوب کیا + صبر ایوب کیا گریہ یعقوب کیا +

کیا ہوتا- کچھ بھی نہوتا- ذرا اثر نکلتا- **ذوق**- کیا ہوتا جو سمجھاتے اُسے جا کر مرے دوست- دشمن کا سخن ذہن نشین ہو ہی چکا تھا-

کیڑا دبانا- کسی کی خواہش نفسانی مٹانا-

کیڑا کلبلانا- خواہش نفسانی کا زور ہونا-

کیڑا لگنا- کیڑا کھا جانا- خراب ہو جانا- **آتش**- روے گل پر دیکھکر شبنم کو کہتا ہی وہ گل + کیا ہی پھبتی ہی کہ کیڑا لگ گیا بادام مین +

کیل نکالنا- خوب ٹھیک کرنا-

کینچلی بدلنا- پوشاک بدلنا- اُجلے کپڑے پہننا-

کینڈا کرنا- اندازہ کرنا- تخمینہ پھیلانا-

کیل کانٹا درست رکھنا- سامان درست رکھنا-

کیا خوب- واہ وا کیا کہنی- بڑی اچرج یا اچنبھے کی بات-

کیا خبر- کچھ خبر نہین- معلوم نہین- **داغ**- کسیکو کیا خبر کیون خیروشر پیدا کیا تونے + کرو کچھ ہی خدائی مین وہ ہی بے ریب و شک تیرا +

کیا درزی کا کوچ اور کیا مقام- چونکہ درزی کے اوزار سوئی تاگا قینچی ہوتے ہین اسواسطے اُسکا سفر اور مقام یکسان ہی-

کیل کا کھٹکا نہین - کچھ اندیشہ نہین - **بحر** - درد ہین سُکے لیے خانہ شئی نا سب
ہی + یہی ہی قفل نہین جسمین کیل کا کھٹکا +

کیون نہو کیون نہین - بیشک ضرور کلمۂ تحسین و آفرین - **ناسخ** - کونسی
طرز سخن ہی جو اُسے آتی نہین + کیون نہو شاگرد ہی ناسخ ہر اک اُستاد کا +

کیا واسطہ - کیا وجہ - کیون - کس لیے - **ظفر** - کیا سبب کیا واسطہ کیا کام
تھا بتلائیے + گھر سے جو نکلے نہ اپنے تم ظفر دو دن [illegible] +

کیا بات ہی - کیا کہتے ہین - کیا خوب - **غالب** - واعظ نہ تم پیو نہ کسیکو
پلاسکو + کیا بات ہی تمھاری شراب طہور کی -

کیا پروا ہی - کچھ حاجت نہین - ضرورت نہین -

کیا جان ہی - کیا طاقت ہی کیا مجال ہی - **ذوق** - تن کی کیا جان نہ
جان اپنی نکلنے پائے + ہو بشرطی ترے آنیکا بھروسا ہمکو +

کیا جانے - کیا جانیئے - خدا جانے معلوم نہین - **میر** - ہمارے قتل مین
کیا جانے کیا ہو اپس و پیش + مجھے وہ تیغ کیصورت ہُکے سپر کی طرح +
داغ - کیا جانے چپ ہی کیون تری صورت کو دیکھکر + آئینہ مین نہین ہون
کہ حیران ہو گیا +

کیا چیز ہی - ہیچ ہی - ناچیز ہی - کچھ بھی نہین - **مؤلف** - چیز کیا ہی دولت
وحسن وجمال + ملک ومال وسیم وزر کیا چیز ہی + چھوڑ کر ہر چیز کو جانا ہی
جب + سرو العل وگہر کیا چیز ہی +

کیا منھ ہی - کیا حوصلہ ہی - کیا مقدور ہی - **مومن** - سنگ اسود نہین ہی چشم
بتان + بوسہ مومن طلب کرے کیا منھ +

پانچوین فصل

ادویات و لغات متعلق علم طب کے بیان مین

کاف با الف

کاگ جنگھا - یہ ایک ہندی دوا ہی دافع کرم شکم و امتلائے بلغمی ہی
اور اگر کوئی کچا کشتہ پارے کا کھا کر بیمار ہو جائے تو یہ دوا اُسکے ضرر کی
دافع ہی -

کات - فارسی مین نام ایک قسم کے چانولون کا ہی جو ایک برس بوئین
تو سات برس تک پھل دیتا ہی نیز نام ایک دوا کا ہی جسکو ہندو
کتھہ کہتے ہین وہ گوندا ور دودھ ایک درخت کا ہی جسکو کھیر
بھی بولتے ہین وہ درخت بہت بڑا ہوتا ہی لکڑی اُسکی سُرخ
جوہر دار سخت کانٹے دار پتے انبلی کے سے ہین اُسکی لکڑی پکا کر
کتھہ نکال لیتے ہین اُس سے رطوبت نکلکر اُسپر جم جاتی ہی بہتر وہ ہی کہ
خود بخود درخت سے نکلے طبیعت اُسکی سرد خشک قابض وحابس
دارع ہی منجن اُسکا مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی
قاتل کرم شکم ہی یرقان اور جذام اور فساد خون کی دوا ہی دافع جریان منی
وکثرت احتلام -

کالا کوٹ - ہندی مین یہ ایک نبات کی جڑ شکل اور رنگ مین مشابہ
جدوار بنفشئی اور سیاہ کے نواح تبت مین پیدا ہوتی ہی بہتر وہ ہی جو
چمکتی ہوئی سخت ہو طبیعت اور خواص اُسکے سم الفار یعنی سنکھیا کے سے ہین
زہر قاتل ہی -

کامخ - اخیر مین خائے معجمہ یہ ایک نان خورش جو پودینہ دودھ وغیرہ سے
بناتے ہین طبیعت اُسکی گرم وخشک ردی الکیموس اور منعطش و مفسد
معدہ وطحال ہی -

کافور - یہ ایک درخت کا گوند ہی جو زیر باد اور جزیرہ ماچین مین ہوتا ہی
درخت بڑا اور لکڑی اُسکی سفید ہوتی ہی اُس سے کافور نکلتا ہی جو بہت
اقسام کا ہوتا ہی ایک کا نام ریاحی ہی جو مشابہ مصطگی کے ہوتا ہی اور
خود بخود درخت سے نکلکر منجمد ہو جاتا ہی یہ اعلی اقسام سے ہی بعض کے
نزدیک وہ شبنم ہی جو درخت پر جم جاتی ہی - دوم قیصوری ہی جو مقام قیصور
سے آتا ہی اُسکا درخت بہت بلند دیودار کیطرح ہوتا ہی اُسکو چیر کر کافور
نکالا جاتا ہی - تیسری قسم کا کافور درخت کی لکڑی کو جوش دیکر کافور نکالتے ہین
جعلی کافور بھی بنایا جاتا ہی جو اُسی درخت کے پتون اور جڑ سے بنایا جاتا ہی
طبیعت اُسکی سرد خشک مفرح قوی دماغ اور دل ہی تپ دق و ذات الجنب
وسل و اسہال حارہ کو دفع کرتا ہی رافع تشنگی و سوزش جگر و گردہ وحرقۃ البول
قاطع باہ ہی -

کاذنہ - یہ ایک نبات ہی منشی ساق اُسکی چھوٹی اور پتلی مانند شبت
کے اور پتے مانند اکلیل الملک کے پھل سیاہ تھوڑا لمبا سونف سے
نہایت خوشبو طبیعت اُسکی گرم اور خشک محلل ریاح منضج اخلاط خام
دافع سرفہ ورطوبت معدہ وکرم معدہ و استسقا و مدر بول وحیض ہی -

کاچولون - کانچ کا میل دافع بلغم و قولنج و سپیدی چشم وخارش و جرب
ہی -

کانا کھجو - یہ ایک چیز اقسام سمار وغ سے ہی جو برسات کے موسم مین زمین
سے بیضے کیصورت پر نکلتا ہی امراض چشم کو مفید ہی -

کاذی - تیسرا حرف ذال معجمہ کیوڑا مشہور درخت اور پھول نہایت
خوشبو دار ہی چھوٹی قسم کو کیتکی بولتے ہین اسکا درخت کھجور
سے ملتا مگر اُس سے چھوٹا ہی اور خاردار عرق اُسکا بکثرت
نکالکر اقالیم دور و دراز مین لے جاتے ہین طبیعت اُسکی

گرم اور خشک مفرح اور مقوی دماغ و حواس و اعضا دافع خفقان وجدری یعنی سیتلا ہی اور بھی فائدے اسکے بیشمار کتب مین درج ہین۔

کاکڑا سینگی۔ ہندی نام ہی بکری کے سینگ کے غلاف کی صورت پر رنگ سُرخ مزا کسیلا اور کڑوا درخت اُسکا مشابہ کیلے کے طبیعت گرم خشک دافع کھانسی وضیق النفس اور ہچکی وقی واسہال الدم ہی۔

کالی زیری۔ یہ ہندی مین ایک نبات کے تخم کا نام ہی پتی اُسکی تھوڑی لمبی دندانہ دار پھول کاسنی کا سا رنگ سیاہ تلخ طبیعت اُسکی گرم و خشک دافع مواد بلغمی وکرم معدہ وامعا ہی اوجاع باردہ کو تسکین اور اورام باردہ کو تحلیل کرتا ہی شافین اسکی سمیت سے خالی نہین اسواسطے مستعمل نہین ہین۔

کانجی۔ ترشی اور اقسام ترش چیزون سے بناتے ہین اُسکو سرکہ ہندی بھی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر جالی و مقوی اعضا مسکن تو حرارت و حدت و صفرا ہی۔

کاف بابائے موحدہ

کباب۔ بھونا ہوا گوشت و مشہور ہی اقسام اسکے بہت ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک اور باعتبار اختلاف گوشتون کے مختلف مولد خون و مقوی اعضا مسمن بدن محرک اشتہا و باہ اور مرطوب معدہ کو موافق ہی۔

کبریت۔ فارسی مین اُسکو گوگرد ہندی مین گندھک کہتے ہین کان سے نکلتا ہی سُرخ اور زرد مائل بسبزی و سپیدی وکبودی ہوتا ہی سُرخ اُسکا شفاف اور چمکنے والا ہوتا ہی کان مین یہ رات کو چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہی کانین اُسکی بہ موز علاقہ فارس وجزائر دریائے عمان مین ہین اور بسبب دہنیت کے آگ پر جلتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل و مسخن و ملطف و مجفف وجالی و جاذب ہی دافع زکام و نزلہ و سرفہ اور نکالنے والا بلغم اور میل سینے اور پھیپھڑے سے ہی۔

کبابث۔ اخیر مین ثائے مثلثہ یہ ایک پھل کا نام ہی جو پختہ اور سیاہ درخت اراک کا ہو عمدہ وہ ہی جسکے بیج چھوٹے ہون طبیعت اسکی گرم وخشک ہی اگر پانچ درم اُسکو پیسکر ہموزن شکر ملائین اور پھانکین اور اُسپر سرد پانی پیین تو مسہل ہوجاتا ہی اور مقوی معدہ ہی درد پشت کو بھی دفع کرتا ہی اور درخت اراک کو ہندی مین پیلون کہتے ہین۔

کبیکج۔ اس نبات کے چند اقسام ہین ایک کی پتی دھنیے کی سی پھول زرد اور بنفشئی ساق ایک گز تک بلند اور باریک جڑ سپید اور تلخ دوسرے قسم کی پتی بڑی تیز ذائقہ کی زیادہ تیسری صنف کی ساق بہت چھوٹی اور پھول طلائی نہایت بدبو چوتھے صنف کے پھول سپید طبیعت

ہر ایک کی گرم خشک نافع اورام و ثبور و جرب صفاد اور مثقال زہر قاتل ہی سفوف اسکا ہموزن گیہون کے آٹے مین ملا کر جسم پر لگائین تو داغ کا کام دیتا ہی۔

کبد۔ فارسی مین جگر ہندی مین اُسکو کلیجہ کہتے ہین جو ایک عضو اندرونی اعضائے رئیسہ سے ہی مبدا قوت طبیعی و محل ہضم کیموس بہترین کبد طیور کا ہی یا گوسپند یکسالہ کا طبیعت اسکی گرم تر دیر ہضم سریع التعفن کلیجا بکری کا بالخاصیت محرک صرع ہی اور گدھے کا نافع صرع کلیجا چکور اور کلیجا چوہے کا دافع صرع اور کلیجا کتے اور باولے کتے کا باولے کتے کے زہر کو دفع کرتا ہی اور بھانی بکری کے کلیجے کا جو بریان کرتے وقت اُس سے ٹپکتا ہی اکتحالاً دافع شب کوری ہی اور جس شخص نے ہیرا کھالیا ہو وہ چھپکلی کا کلیجا تاگا باندھکر نگل جائے کسی قدر دیر کے بعد تاگے کے ذریعہ سے اُسکو کھینچ لے ہیرا کلیجے کے ساتھ چپکا ہوا ہوگا۔

کبر۔ یہ ایک نبات خاردار ہی شاخین اسکی زمین پر پھیلی ہوئی ہین پتی تھوڑی چوڑی پھول سفید کھیرے کی صورت پر شیرین مائل بہ تلخی طبیعت گرم خشک مفتح وجالی و محلل دافع فالج و استرخا و خدر و وجع مفاصل و عرق النسا و نقرس ہی۔

کبشون۔ یہ پتہ اور تخم کسی نبات کا ہی جو بلاد حبشہ سے لاتے ہین کشنیز شامی کی صورت پر گول اور تلخ طبیعت اُسکی گرم اور خشک واسطے اسہال اور اخراج کرم کے کوٹکر شہد یا شکر ملا کر کھاتے ہین۔

کبابہ۔ یہ ایک درخت کا پھل ہی جو چین اور روم سے لاتے ہین صغیر اور کبیر دو قسم کا ہوتا ہی کبیر کو حب العروس کہتے ہین جو حب بلسان سے مشابہ ہوتا ہی اور صغیر کو فلفلیہ و فلفلہ الفار بولتے ہین اور اس مقام پر کبیر مراد ہی طبیعت اُسکی گرم وخشک نہایت ملطف و مفتح ہی دافع دردسر جو ہانسے ہو خوشبودار ہوتا ہی مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی گردہ و مثانہ سے سنگریزے نکالتا ہی محلل ورم دافع قروح و جروح ہی۔

کاف با تائے

کتم۔ یہ لفظ عربی فارسی مین اسکو وسمہ کہتے ہین جس سے بال سیاہ کیے جاتے ہین اور یہ نبات سوائے نیل کے ہی پتے اسکے مشابہ پتے آس کے ساق غیر مجوف پھل بقدر ایک مرچ کے ہوتا ہی ریگستان مین پیدا ہوتا ہی نیل سے پتا اسکا زیادہ لمبا ہوتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک خضاب اُسکا پانی اور نمک کے ساتھ دردسر ریحی اور بلغمی کو دور کرتا ہی اسکے جوشاندہ پینے سے بکثرت قی آتی ہی باولے کتے کا زہر بذریعہ قی کے نکل جاتا ہی اسکے خضاب کی سیاہی دیرپا ہی۔

کتان - ہندی مین اسکو السی کہتے ہین مشہور نبات ہی پتی پتلی پھول لاجوردی قریب الکروٹ کے اسکا پوست مانند روئی کے درخت سے اُترتا ہی کپڑے بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک پہننا اُسکے لباس کا دافع حرارت اور بخور اسکا مفتح سدۂ دماغ اور ذرور اُسکے سوختہ کا قاطع خون اور التیام دینے والا زخمون کا ہی-

کتیلہ - ایک نبات ہی لمبائی اُسکی ایک بالشت سے ایک گز تک سخت لکڑی پتی مانند پتی آس کے طبیعت اُسکی گرم خشک ہی بسبب نہایت گرمی کے امراض باردہ کو دفع کرتا ہی شراب مین یہ ملایا جاتا ہی تو شراب کا لطف زیادہ ہوجاتا ہی اور اُس شراب کو عرب شراب الحشیشہ کہتے ہین-

کاف با ثاے مثلث

کثیرا - مشہور کثیرا بہ ثاے مثناۃ ہی- ایک خاردار درخت کا گوند ہی طبیعت اُسکی گرمی اور سردی مین معتدل ہی خون کو غلیظ کرتا ہی قاطع نفث الدم و سرفہ و خشونت سینہ و حلق و قرح ریہ مقوی امعا دافع درد گردہ و مثانہ ہی-

کاف با جیم

کچنار - ہندمین یہ ایک مشہور درخت ہی فصل بہار مین پھولتا ہی کلیان اسکی لوگ گوشت مین پکا کر کھاتے ہین لذیذ ہوتا ہی پھول اُسکے سپید و سُرخ دار خوانی ہوتے ہین طبیعت اُسکی سرد خشک قابض و مقوی معدہ و حابس دافع اسہال و فساد خون و جذام و خنازیر ہی-

کچلون - شیشے کا نمک جو مشہور چیز ہی بھوک زیادہ کرتا ہی خون کے فساد اور صفرا کو بڑھاتا ہی-

کاف با دال

کدرم - ہندی مین اُسکو کودون کہتے ہین ایک قسم کا غلہ ہی طبیعت اُسکی سرد خشک مقوی و مغلظ معدہ و مقلل منی ہی-

کاف با راے

کرویا - بفتحتین و سکون واو ایک نبات باغی اور جنگلی ہوتا ہی شبت کے سے پتے سپید پھول بیج زیرہ کے مانند طبیعت گرم خشک ملطف و محلل ریاح مصلح اغذیۂ نفاخہ مانع صعود بخار بطرف دماغ ہی سرمہ اُسکا آنکھون کی روشنی کو بڑھاتا ہی ضیق النفس و خفقان کو دور کرتا ہی-

کریلا - مشہور ترکاری ہی جسکو عام و خاص کھاتے ہین طبیعت اُسکی گرم اور خشک محلل ریاح و قاطع بلغم و مقوی اعصاب و باہ و مولد منی دافع جریان و درد مفاصل و نقرس بارد و استسقا ہی-

کرڑا - ہندی سبزہ ہی طبیعت اُسکی سرد خشک مشتہی دافع فساد صفرا و خون و بلغم و بواسیر و جذام حابس اسہال ہی-

کرنب - مشہور سبزہ ہی جسکو عام کرم کا ساگ کہتے ہین بہت سے اُسکے اقسام ہین باغی اور جنگلی ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک منفخ و ملین گوشت کے ساتھ پکایا ہوا جید الغذا مسکن درد سر دافع تیرگی چشم و سرفہ و درد طحال ہی-

کُراث - بضم کاف و فتح راے و ثاے مثلث عربی لفظ ہی فارسی اور ہندی مین اُسکو گندنا کہتے ہین کھانے مین آتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح و ملطف ہی طلا اُسکے پتون کا ساتھ سرکے کے سر پر رعاف کو بند کرتا ہی کھانا اُسکا مقوی ریہ مقوی ہاضمہ و کرم ملین طبع دافع قولنج مدر بول و حیض ہی-

کَراث - بفتح اول و ثاے مثلثہ ایک پہاڑی درخت کا نام ہی پتی لمبی اور پتلی شاخین نرم دودھ سے بھری ہوئی مین حجاز مین ہوتا ہی دودھ اُسکا کھانے مین ملا کر مجذوم کو کھلاوین تو جذام کو دفع کرتا ہی-

کردناج - بہ دال مہملہ یہ ایک قسم کے کباب کا نام ہی کہ بعد نیم پخت کرنے مرغ وغیرہ کے آگ پر بھونین طبیعت اُسکی گرم و خشک ہی اہل ریاضت کے بدنکو طاقت دیتا ہی-

کرکند - ایک سُرخ رنگ پتھر مشابہ یاقوت ہی جسکو ہندی مین ہیگو کہتے ہین مفرح و مقوی دل دافع خفقان و توحش ہی-

کرفس - مشہور دوا ہی ہندی مین اُسکو اجمود واجوائن کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم و خشک ضماد اُسکا جو کے آٹے کے ساتھ آنکھ کے ورم کو تحلیل کرتا ہی کھانا اُسکا ضیق النفس و درد پہلو اور ہچکی کو دفع کرتا ہی اور بھی فائدے اُسکے بکثرت درج کتب طبیہ ہین-

کرش - عربی لفظ ہی فارسی مین شکنبہ ہندی مین اُبھڑی کہتے ہین اور یہ ایک چوپایون کے اندرونی اعضا مین سے ایک عضو ہی مع انتڑیون کے طبیعت اُسکی بعض نے گرم تر بعض نے سرد خشک لکھی ہی کثیر الغذا دیر ہضم مولد خلط غلیظ سکتہ و صرع و تاریکی چشم ہی-

کُراع - پاچۂ گوسپند یعنی بکری کے پائے جنکو لوگ پکا کر کھاتے ہین طبیعت اُنکی گرم تر مولد خلط لزج غیر لزج دافع خشونت سینہ و حلق و سرفہ ملین سینہ سریع الہضم جید الکیموس ہین-

کریل - کریر مشہور درخت ہی طبیعت اُسکی گرم ملین دافع فساد بلغم و باد و دماميل و بثور و آماس و بواسیر و فالج و استرخا ہی-

کرمل - ایک ہندی میوہ ہی جسکو نمک مرچ لگا کر کھاتے ہین نہایت لذیذ و مقوی باہ و مغلظ منی و قابض و حابس ہی-

گرم — فارسی مین اُسکو تاک اور رز ہندی مین داکھ کا جھاڑ کہتے ہین اُسکے پھل کا نام انگور ہی جو کئی قسم کا ہوتا ہی طبیعت اُسکی سرد و خشک جالی مجفف و قابض ہی ضماد اُسکے پتون کا جو کے آٹے کے ساتھ درد سر گرم کو دفع کرتا ہی عصارہ پتون کا مقوی معدہ مانع قی و قاطع قی الدم ہے۔

کرگدن — عظیم الجثہ جانور ہی جسکو ہندی مین گینڈا کہتے ہین ہاتھی سے چھوٹا بھینسے سے بڑا ہوتا ہی پوست سیاہ شکن دار اور سخت ہی صورت اُسکی خنزیر کے ساتھ ملتی ہی پیشانی پر ایک سینگ زور اتنا ہی کہ ہاتھی پر غالب آجاتا ہی اسکے چمڑے کی جو ڈھال بنائی جائے قیمتی ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک بخور اسکی شاخ کا بواسیر اور عسر ولادت کو نافع ہی اور وہ تیل جس مین اسکا چمڑہ جلایا جاوے ہر ایک دمل اور زخم کو اچھا کرتا ہی۔

کرکزہن — ایک نبات ہی جڑ ہی بہت سُرخ خواص اور ذائقہ مین مانند عاقر قرحا کے طبیعت اسکی گرم و خشک فالج اور عصبی بیماریون کو مفید ہی۔

کرسَنہ — ہندی مین اسکو مٹر کہتے ہین مشہور غلہ ہی جو کھانے مین آتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک منقی سینہ و شش دافع کھانسی و عسر النفس ہی منجن اُسکا مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی۔

کرونداہ — ایک ہندی درخت کا پھل ہی جو مشابہ درخت لیمون کے ہی خار دار پھول سُرخ مائل بہ سپید پھل بقدر عناب کے گول ترش اور چاشنی دار اچار مربہ شربت اُس سے بناتے ہین طبیعت اُسکی سرد تر مسکن صفرا و تشنگی ہی بھوک لگاتا ہی حابس اسہال ہی۔

کُرکی — یہ ایک پرندہ بلند پرواز ہی جسکو فارسی مین کلنگ ہندی مین کونج کہتے ہین گوشت اُسکا گرم و خشک مقوی بدن دافع قولنج ہی۔

کاف با زاے معجمہ

کزبرۃ الثعلب — یہ ایک نبات باریک تاگے سی پریشان زمین پر پھیلی ہوئی سُرخ رنگ پتی چھوٹی دندانے دار پھول پتلا سُرخ رنگ کوہستان مین ہی طبیعت اُسکی گرم خشک سرمہ اُسکے عصارے کا آنکھ کو روشن کرتا ہی شبکوری کو مفید ہی ضماد اُسکا خنازیر کو نافع ہی کھانا اُسکا منع ہی کہ کھانے سے ایک حالت نشّے کی ایسی طاری ہوتی ہی کہ حلق بند ہوجاتا ہی اور آدمی ہلاک ہوجاتا ہی۔

کزوان — تیسرا حرف واو بعض کے نزدیک یہ بادرنجبویہ ہی اور بعض کے نزدیک سوائے اسکے غرضکہ یہ نبات ہی خوشبودار مزہ اور بو مشابہ اترج کے اور تیزی فلفل کے ساتھ ملتی ہوئی طبیعت اسکی گرم و خشک مفرح و مطیب نفس مقوی دل و فم معدہ دافع خفقان و سموم سرد خصوصاً سم نیش بچھو کے ہی۔

کزانگبین — یہ شبنم ہی جو جھاؤ کے درخت پر گر کر جم جاتی ہی ترنجبین کی طرح اور جو درخت بید پر پڑتی ہی عمدہ ہوتی ہی طبیعت اسکی گرمی اور خشکی مین معتدل جالی ساتھ قوت مسہلہ کے منقی دماغ و مقوی اعضائے تنفس و آلات غذا نافع و ملین سینہ و آواز ہی۔

کزبرہ — تیسرا حرف باے موحدہ کشنیز جسکو ہندی مین دھنیا کہتے ہین طبیعت اُسکی سرد اور خشک پینا سات مثقال اُسکے پانی کا نیند لاتا ہی قطور اُسکا آنکھون مین مانع پیدا ہونے آبلہ سیتلا کا آنکھون مین ہی اور بھی فائدے اسکے درج کتب طبیہ ہین۔

کاف با سین مہملہ

کسموقا — پانچوان حرف قاف ایک گھاس ہی زمین پر پھیلی ہوئی پتے اُسکے مشابہ پتے مرزنجوش کے پھل مشابہ چھوٹے بیر کے طبیعت اُسکی گرم خشک ہی اسکے پھل اور پتون کو کوٹ کر رکھ چھوڑتے ہین جب کسی کو بچھو کاٹتا ہی تو وہ سفوف کھلا دیتے ہین فوراً آرام ہوجاتا ہی۔

کُسْب — فارسی مین کنجارہ اور ہندی مین کھلی کہتے ہین یعنی ثفل اور پھونک جو بعد نکالنے تیل کے باقی رہ جاتا ہی بہت ثقیل اور ردی الغذا مولد نفخ اور سدہ ہی۔

کسُوْل — ایک پھل بقدر ایک اُنگلی کے لمبا مشابہ املتاس کے روم مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اُسکی سرد خشک ہی قاطع خون اور حابس اسہال دموی ہی۔

کسیرمو — یہ ایک جڑ نبات ہندی کی ہی جو تالابون اور گہرے پانیون مین پیدا ہوتی ہی گھاس سے بوریے بنتے ہین جڑ اُسکی گول جاے پھل کے مقدار پر ہوتی ہی پوست اُسکا کالا مائل بسرخی مغز اُسکا سپید شیرین اور لذیذ خوشبو طبیعت سرد تر مقوی دل دافع خفقان و ہیضہ و اسہال صفراوی و دموی و سوداوی ہی۔

کسوندی — یہ ایک ہندی نبات ہی بلند آدمی کے قد کے برابر ہوجاتی ہی پتی مشابہ پتی سنا مکی کے پھول زرد طبیعت گرم خشک دافع سموم و شربہ دسرفہ ہی اُسکی جڑ کو کوٹ کر اور مرچین ملا کر گولیان بنا رکھتے ہین جسکو سانپ کاٹے دو گولیان اُسے دیتے ہین آرام ہوجاتا ہی۔

کسیلی کسیلہ — یہ لکڑی اور پوست ایک نبات کی لکڑی کا ہی مشابہ بلیلہ کے سیاہ طبیعت گرم و خشک منجن اسکا دانتونکے درد کو دفع کرتا ہی کھانا اُسکا معدہ کو قوت دیتا ہی مدر بول و حیض مفتح سدۂ رحم جالی گردہ و مثانہ قاتل کرم معدہ ہی

کاف با شین

کشت برکشت - یہ ایک گھاس تیلی رسی کی طرح آپس مین لپٹی ہوئی زرد مائل بسیاہی پھول مشابہ گل حب النیل کے طبیعت گرم خشک محلل وملطف ومسہل بلغم قالع اور شیر دافع اورام باردہ اورجرب -

کشوث - ہندی مین اسکو اہل بیل اور اکاس بیل کہتے ہین یہ گھاس پتلی رسی کی طرح زرد رنگ پھول ریزہ ریزہ مائل بہ سپیدی بیج گول بہت چھوٹے طبیعت اسکی گرم خشک مفتح سدہ معدہ وکبد منقی عروق بدن ملین طبع دافع خناق -

کشمش - ایک قسم چھوٹے انگور کا ہی جسکو زبیب کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اورخشک مسہل ومنبھی ہی اورخواص اسکے زبیب کی تشریح مین مذکور ہوچکے ہین -

کاف با عین

کعب - فارسی مین اسکو غاب اورشتالنگ کہتے ہین اور پانون کی ایک مشہور ہڈی ہی ہندی مین گٹا نام ہی بہترین کعب گاے اوربیل کا ہی اوربیل کا جلا ہوا کعب سپرز کی بیماری کو دفع کرتا ہی باہ کو قوت دیتا ہی سرمہ اسکی آنکھون کی روشنی بڑھاتا ہی منجن دانتون کو تقویت دیتا ہی -

کعک - معرب کاک ہی جسکے معنی کلچہ کے ہین طبیعت اسکی گرم خشک حابس بطن مجفف رطوبات ہی اور مضر قولنج کی -

کاف با فا

کف الہر - ایک گھاس یک بالشت تک اونچی ریزہ شاخین ہر شاخ پر چار پتی گول پھول زرد خوشبو جڑ بقدر زیتون کے ہی کھانا اسکا حمل کا مددگار ہی ذرور اسکا قروح خبیثہ کو اچھا کرتا ہی ضماد اسکا ثالیل کو قطع کرتا ہی -

کف الضبع - یہ ایک سبزہ کم برگ پتی اسکی گول بقدر پتی کرفس کے شاخین تیلی پھول زرد طلائی اورسپید طبیعت گرم خشک سرمہ اسکا آنکھون مین آنکھون کی سپیدی کو دفع کرتا ہی ذرور اسکا دافع ثالیل اور ضماد اسکا اچھا کرنیوالا دمامیل کا ہی -

کف آدم - یہ ایک گھاس ہی بقدر ایک گز کے بلند پتی گول جڑ سخت بعض کہتے ہین کہ گھاس بہمن سرخ کی یہی ہی طبیعت اسکی گرم خشک دافع خفقان محلل ریاح مقوی جگر ہی -

کف المریم - ہندی مین اسکو بہتا جوڑی کہتے ہین یہ گھاس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی شاخین اسکی سخت ایک بالشت بلند ہین پتی گول پیچیدہ پھول زرد کم رنگ لوگ اسکو اپنے پاس رکھتے ہین کہ موجب ازدیاد عزت وحرمت کا ہی -

کفری - فارسی مین غنچہ خرما وشگوفہ خرما اسکو کہتے ہین جس سے ہنوز خوشہ نہ نکلا ہو طبیعت اسکی گرم خشک مقوی دل وروح ودماغ وکبد دافع آکلہ وقروح خبیثہ قاطع اسہال ہی اورعرق اسکا جو مانند گلاب کے کھینچتے ہین قابض ومقوی دل ومعدہ دافع خفقان ہی -

کاف با کاف

ککوڑا - ہندی سبزہ ہی دافع جوشیدگی شباب یعنی مہاسے جو اکثر چہرے پر نکلتے ہین ودافع تپ اورجڑ اسکی دافع زہر مار ہی -

ککرول - یہ ایک بیل ہی جو پاس کے درخت پر چڑھ جاتی ہی پھل اسکا تھوڑا لمبا خاردار خام سبز پکا ہوا زرد اور سرخ بیج زرد رنگ اہل ہند اسکے پھل کے ورق کاٹ کر اور گھی مین بھون کر کھاتے ہین طبیعت اسکی معتدل دافع سرفہ ودرد شش وتپ کہنہ ہی -

ککروندا - یہ ایک گھاس ہی دو گز تک اونچی شاخین بہت پتے کاسنی کیسے پھول زرد جڑ باریک اورسپید طبیعت گرم وخشک دافع زمد شدید واستسقا وبواسیر وسموم ہی حابس اسہال ہی ہیضہ کو دور کرتا ہی -

کاف با لام

کلب - فارسی مین سگ ہندی مین کتا کہتے ہین مشہور جانور ہی صدہا قسمین اسکی ہوتی ہین شہری کتا جنگلی کتا دریائی کتا بھی الگ ہی طبیعت اسکی عموماً گرم خشک پتا اسکا زہر قاتل ہی سرمہ اسکا آنکھ کی سپیدی کو دور کرتا ہی پھیپھڑا تازہ اسکا نقرس کا علاج ہی قطور اسکے دودھ کا آنکھون کے بیاض کو دور کرتا ہی طلا کرنا اسکے سرگین کا محلل ورام سخت ہی پیشاب دافع ثالیل ہی ہڈی اورعصب کتے کا ساتھ ہڈی اور عصب ٹوٹی ہوئی آدمی کی پیوند قبول کرتا ہی اور بھی فائدے اس مفید جانور کے درج کتب طبیہ ہین -

کلخ - یہ ایک سبزہ ہی پتے اسکے متشابہ پتے سیب کے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض دافع نفث الدم واسہال دموی وزہر مار ہی سعوط اسکا دافع رعاف ہی بیج اسکے جو بہت گرم ہین مدر عرق ہین -

کلہار - پھول ہاایک نبات کا ہی جو تالابون اورجھیلون مین پیدا ہوتی ہی یہ نبات نیلوفر سے زیادہ قوی ہی پتے بھی بڑے پھول بھی بڑا ہی پھول کا رنگ سپید وسرخ خوشبو بعض سپید اوربیچ مین زیرہ زرد جسکو کیسر بولتے ہین طبیعت پھول کی سرد تر حمیات صفراوی ویرقان کو دفع کرتا ہی پیاس کو دور کرتا ہی اور زردی درمیانی پھول کی سرد خشک ہی

قابض شکم وحابس خون بواسیر ہی۔

کلنر۔ پوست ایک درخت ہندی کا ہی ہندی مین اُسکو میدہ لکڑی کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم تر بحالت ٹوٹ جانے ہڈی اور اُکھڑ جانے جوڑ کے شرباً وضماداً نافع ہی۔

کلس۔ نورا اور جلا ہوا چونا جو سپید ہو چکا ہو و صدف سوختہ و خرمُہرہ سوختہ وغیرہ طبیعت اُسکی جسپر ہنوز پانی اُسپر نہ پڑا ہو گرم خشک ہڑتال کے ساتھ ملا کر لگائین تو بال مونڈ دیتا ہی رعاف کو بند کرتا ہی مقوی اعضا وحابس اسہال ہی۔

کلیان کوتھہ۔ ایک خاردار درخت ایک گز تک بلند بنگال و بردوان و میدنی پور مین بہت ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک آدھا مثقال پوست اسکی جڑ کا ریوند چینی ہموزن مین ملا کر دلحال پر لگائین فوراً آرام ہو ہر ایک ورم کی تحلیل کا پورا علاج ہی۔

کُلیہ۔ فارسی اور ہندی مین گردہ اُسکا نام ہی جو ایک عضو اعضاے اندرونی سے ہی طبیعت اُسکی سرد اور خشک کھانا اُسکا مقوی گردہ و کمر چربی اسکی ملین اور ام سخت دیر ہضم ردیع الغذا سریع الفساد ہی۔

گل داودی۔ مشہور پھول ہی زرد اور سپید اور بنفشی تین قسم کا ہوتا ہی بو اسکی ہر بجا سف کی طبیعت گرم خشک عرق اُسکا مقوی و مفرح دل و دافع و مخرج سنگ گردہ و مثانہ و مدر بول وحیض ہی۔

گل مہندی۔ یہ پھول ہند اور بنگال مین بہت ہی بارش کے موسم مین پھولتا ہی سُرخ و گلابی و بنفشی و سپید رنگ پھول اسکے ہوتے ہین ایک پھول مین کئی رنگ بھی ہوتے ہین طبیعت اُسکی گرم تر مقوی باہ دافع سوزش اعضا جو آگ یا گرم پانی سے جل گیا ہو۔

گلوے۔ لبلاب یعنی بیل کی قسم ہی درختونپر چڑھ جاتی ہی پھول پھل نہین ہی اسکی لکڑی جس جگہ لگائین لگ جاتی ہی طبیعت گرم خشک اہل ہند اسکو سرد خشک جانتے ہین کھانسی اور یرقان غشی اور قی اور اقسام حمیات یعنی تپون کا علاج ہی مبہی و مشتہی مولد منی ہی اگر گھی کے ساتھ کھاوین ریاح اور سودا کو دفع کرے اگر مصری کے ساتھ کھاوین صفرا کی تیزی کو کم کرے اگر شہد کے ساتھ کھاوین بلغم کو قطع کرے شیرہ اُسکا جو سبز اور تازہ سے لیا جائے قوی زیادہ ہی نہین تو خشک کو پانی مین جوش دیکر نکال لیتے ہین۔

کاف با میم

کمات۔ کماۃ۔ ایک جڑ ہی کہ عفونت زمین جیسے بہار کے موسم مین ریگستان و نمناک زمینون سے گول سُرخ رنگ بے ساق نکلتی ہی پتا بھی نہین ہوتا اُسکو لوگ خام پکا کر کھاتے ہین بعض سپید رنگ ہوتی ہی اور جو ستارہ رنگ ہی اُسکا کھانا زہر قاتل ہی طبیعت اُسکی سرد تر ہی پانی اُسکا اکتحالاً آنکھون کو روشن کرتا ہی غذا اُسکی ثقیل ردی الکیموس قلیل الغذا بطی الانحدار مولد خون بلغمی و سکتہ فالج ہی۔

کماشیر۔ کسی درخت کا گوند ہی طبیبون کے اقوال اُسمین مختلف ہین کہ آیا وہ کس درخت کا گوند ہی طبیعت اُسکی گرم خشک مسہل زرد آب دافع استسقا لحمی مدر بول وحیض و مسقط جنین ہی۔

کمادریوس۔ ایک نبات بالشت بھر اونچی مشابہ بلوط شکل اور رنگ اور تشقق مین مزا تلخ پھول بنفشی اور پھولون مین زیرہ جڑ ارغوانی طبیعت گرم خشک مقطع اخلاط غلیظ ملطف و مسخن بدن دافع قرحہ چشم و ناصور ہی۔

کمافیطوس۔ یہ بوٹی ہر سال تازہ پیدا ہوتی ہی کئی قسم مین منقسم ہی ایک قسم اسقدر بلند جاتی ہی کہ اور کوئی اُس سے زیادہ نہین جاتی شاخین سُرخ پتے صنوبر کے سے بو بھی صنوبر کی سی پھول باریک اور زرد بیج کرفس سے چھوٹے۔ دوسری قسم کی شاخین ایک گز تک اونچی پھول زرد بیج سیاہ بو صنوبر کی سی اس قسم کو نر کہتے ہین اقسام اسکے بھی دوسری قسم سے ملتے ہوے ہین بعض کے پھول سُرخ اور سپید بھی ہین طبیعت ہر ایک کی گرم خشک مفتح سدہ و منقی جالی مسہل بلغم غلیظ ہی رحم کو صفائی دیتی ہی مخرج جنین ہی۔

کمرک۔ یہ نام پھل کا ہی جو ہند مین ہوتا ہی لمبا بقدر آدھے بالشت شش پہلو خام سبز پختہ زرد کھٹا اور میٹھا ذائقہ مین درخت اُسکا بہت بلند بقدر لکھوٹ کے درخت کے طبیعت اُسکی سرد خشک قابض و مسکن تیزی صفرا و تشنگی دافع قی و اسہال صفراوی ہی۔

کموتن۔ یہ ایک نبات کا ہی سونف سے پتلا سیاہ اور زردی گول قبہ مانند شبت کے فارسی کرمانی شامی و نبطی ہوتا ہی اور ہر ایک قسم بری و بستانی طبیعت اُسکی گرم خشک مسخن و ملطف و مقطع و محلل و مجفف و قابض ہی حابس رعاف جالی غشاوہ دافع قرحہ چشم ہی۔

کمزہرہ۔ یہ نبات کوہستانی بر نانی ملکو نمین پیدا ہوتی ہی شاخین بہت سی اور آپسمین ملی ہوئی اسکا پتا اگر توڑا جاے تو دودھ بکثرت نکلتا ہی شاخون کے سر پر پھول مانند مازریون کے بقدر مٹر کے اور ایک کیڑا بھی اسپر ریشم کے کیڑے کی طرح پایا جاتا ہی جو منقش بسیاہی و سرخی ہوتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک ساتھ قوت سمی کے جو بعض حیوانون کے لیے قاتل ہی اور پتے اُسکے تریاق نیش ہوام بچھو وغیرہ کے ہین۔

کمثرے۔ فارسی مین اُسکو امرود ہندی مین ناشپاتی پتے اُسکے

مشابہ ہین شفتالو کے پھول بھی اسی کے پھول کیطرح کو ہی و بستانی شیرین
و ترش و میخوش سرد ملکون مین گرم ملکون سے اچھا ہوتا ہی طبیعت اُسکی
معتدل مائل بحرارت مفرح و مقوی ہجالی ساتھ قوت قابضہ کے اور
ملینہ بہتر سیب کے مرطب دماغ دافع نزلات مانع صعود ابخرہ بطرف دماغ ہی
ایک قسم اس سے کمتر ہی حامض ہی جسکو سینے بھی کہتے ہین طبیعت اُسکی
سرد خشک مقوی معدہ و کبد مشتہی طعام مسکن غلیان خون و حدت صفرا
دافع تشنگی و قے و اسہال ہی ایک اور قسم کمثری ہی بڑا ہی درخت اور پھل اُسکا
چھوٹا اور بے آب ہوتا ہی طبیعت اُسکی سرد خشک قابض و حابس اسہال
اور ذرور اُسکا مجفف جراحات ہی۔ ایک اور قسم کمثری جبلی یعنی پہاڑی ہی طبیعت
اُسکی سرد خشک زیادہ بری سے نہایت قابض اسکا پھل چھوٹا اور
کسیلا بہت سخت اندر اُسکے بہت سے بیج اُسکو زمین مین داب رکھتے ہین
جب منحل ہو جاتا ہی نکال کر بیج جدا کرتے ہین اور بریان کرکے کھاتے
ہین مزورات و مرکبات مین بھی داخل کرتے ہین فارسی مین اسکو انجلک
کہتے ہین۔

کاف بانون

کنکرزد۔ بسکون زاے معجمہ جو پانچوان حرف ہی گوند حرشف کا ہی جسکو
فارسی مین کنگر کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم خشک منقی بلغم و صفرا اسکو سات ماشہ
کے اگر سکنجبین اور گرم پانی کے ساتھ پیین۔

کندر۔ گوند ایک درخت خاردار کا ہی جو دو گز تک اونچا ہوتا ہی پتے
اُسکے مشابہ پتے مورد کے مائل بہ تلخی برسات مین اُس سے گوند نیتے ہین
جو گول اور سرخ ہی کندر ہی اور جو سپید ہی کندر انثی ہی اور جو تھیلیون
مین ملکر گول ہو گیا ہو مدحرج کہلاتا ہی اور پوست اور پتے جو آپس مین
لگکر بیٹھے ہوے پیدا ہو جاتے ہین قشار کندر نام پاتا ہی اور جو آٹا ہو گیا ہو
دقاق کندر ہی شناخت خالص کی یہ ہی کہ آگ مین جلد مشتعل ہو طبیعت اُسکی
گرم خشک و منقی روح حیوانی اور دماغی محلل ریاح حابس سیلان خون
مقوی دل و قوت حافظہ صاف کرنیوالا آواز کا دافع خفقان و عسر النفس
و سرفہ ہی۔

کندس۔ جڑ ایک نبات کی مشابہ کنگر کے ہوتی ہی پتی اُسکی سبز مائل
بہ سپیدی شام کے ملک مین ریشمی کپڑے اُس سے دھوتے ہین طبیعت
اُسکی گرم خشک پیاس لگاتی ہی خون کو جلاتی ہی بلغم کو کاٹتی ہی قدر و
فالج کو دفع کرتی ہی۔

کندری۔ یہ ایک نبات ہی پتی جسکی گاجر کی سی سونف سے ملتی ہوئی
کندر کی سی بو طبیعت گرم اور خشک مدر و محلل و منضج اور اکثر اعمال مین
قایم مقام کندر کے ہی۔

کنگھی۔ لفظ ہندی ہی فارسی مین درخت شانہ اُسکا نام ہی اسواسطے کہ
پھل اُسکا کنگھی کیطرح ہوتا ہی طبیعت اُسکی گرم و خشک امراض سینہ و بواسیر
و آرام و تپ غیر نوبت کو دفع کرتا ہی ضماد اُسکے پتون کا محلل اورام ہی
اور مضمضہ جوشاندے کے پانی سے دانتون کے درد کو دفع کرتا ہی۔

کاف با واو

کوچا۔ یعنی گل کوچا ہندی دوا ہی مبہی دافع فساد اخلاط اربع مقوی دل
قابض شکم مصفی رنگ رخسار دافع خفقان۔

کوکلا۔ ایک ہندی جانور کا نام ہی گوشت اُسکا قابض شکم مقوی باہ
دافع فساد بلغم و باد ہی۔

کونیت۔ پھل ایک ہندی درخت کا مشابہ گول خربزہ چھوٹے کے ہی پوست
سخت اور سفید مغز ترش اور پختہ میخوش و معطر طبیعت اُسکی سرد و خشک
مفرح و قابض و مقوی دل و معدہ و کبد ہی غرغرہ اسکا دافع جوشش دہان
و درد گلو کھانا اُسکے مغز کا مانع نکلنے چیچک اور دافع زہر سانپ و بچھو و
رتیلا کا ہی۔

کوسنبل۔ یہ نبات ہی پتے اُسکے مشابہ پتے نارنج کے ساق دو گز تک تخم
سیاہ بقدر آلو بالو کے جڑ کالی مگر اندر سے سپید طبیعت گرم خشک مورث
بیخوابی و مسکر و بیہوشی دافع سلس البول و بول فی الفراش و اوجاع مفاصل
و امراض باردہ ہی۔

کویلہ۔ ہندی لغت ہی پھل ایک درخت کا ہی مشابہ نارنج کے سب اجزا
مین مگر درخت اُسکا نارنج سے چھوٹا ہی اور پھول کم ہوتی بہت نازک مگر ذائقہ
اور شیرینی مین نارنج کے برابر ہی طبیعت سرد تر دافع خفقان مسکن
تیزی خون و صفرا دافع تشنگی و سوزش معدہ و کبد و مدر بول ہی۔

گوبھی۔ مشہور ترکاری ہی جسکا پھول کھانے مین آتا ہی اسکے اقسام
بہت ہین طبیعت اُسکی سرد خشک قابض شکم و مقوی ہی۔

گوندنی۔ مشہور ہندی میوہ ہی ملین و منضج ہی معدہ کے کرم نکالتا ہی کھانسی
کو دور کرتا ہی مصفی آواز ہی سوزاک کو اچھا کرتا ہی۔

کاف باہاے ہوز

کہربا۔ یہ گوند ایک درخت کا ہی جو بلاد روس و بلغار و ممالک مغرب سے
لاتے ہین اور اُس درخت کو جوز بہ حاے حطی و زاے ہوز نام ہی برفانی
پہاڑون مین ہوتا ہی جو دو قسم پر منقسم ہی رومی اور شطی رومی کا گوند
عمدہ ہوتا ہی سخت شفاف صاف طلائی رنگ اور اگر اسکو ہاتھ مین

گرم کرین تو اس سے لیمون کی بو آتی ہی اور گھاس کے ریزے کو اُٹھا لیتا ہی قسم ثانی اس سے ضعیف ہی حکما کے نزدیک سندروس اور کہربا ایک ہین فرق یہ ہی کہ سندروس ہند مین مل جاتا ہی اور تھوڑی سی گرمی مین گھاس اُٹھا لیتا ہی اور کہربا سخت زیادہ ہی اُسکو گرمی زیادہ درکار ہی جلا خوب ہو جاتا ہی طبیعت اُسکی گرمی اور سردی مین معتدل ہی اور دوسرے درجے مین خشک ہی مفرح و مقوی دل و حابس نفث الدم قاطع نزف الدم حابس رعاف و نزلات ہی۔

کھرنی - یہ ایک بڑا درخت ہندی ہی پتے اُسکے پتلے اور پھل لنبا بقدر اُنگلی کے کچا سبز پختہ زرد اور شیرین طبیعت اُسکی گرم تر مفرح دل مقوی اعضا دافع ثقل و بیہوشی و تشنگی و سرفہ و قرحۂ مجاری بول ہی بھوک لگاتا ہی باہ کو زیادہ کرتا ہی بنگال اور گجرات مین بکثرت ہی۔

کاف بایاے

کیاکو - یہ ایک لکڑی ہی جوزی رنگ بہت سخت ریشے اسکے اور لکڑیون کیطرح سیدھے نہین ہین بلکہ اریب ہین کوئی ذائقہ اور بو نالب نہین جہازون مین یہ لکڑی صرف ہوتی ہی اطبا اُسکا برادہ استعمال مین لاتے ہین طبیعت اُسکی گرم اور خشک ملطف و محلل و جالی مصلح اخلاط محترقہ مجفف قوی واسطے اکثر امراض بلغمی کے دافع فالج و استرخا و درد مفاصل و عرق النسا و نقرس و جذام و اقسام آتشک و قروح خبیثہ ہی چوب چینی او عشبہ سے اسکا عمل قوی ہی۔

کیک داشتہ - یہ ایک گھاس ہی جس مقام پر اُسکو بچھاوین کیک یعنی پسو جو موذی جانور ہی بھاگ جاتے ہین اور اگر اُسکے تخم کو پیس کر فرش پر بکھیر دین تو بھی کیک بھاگ جاتے ہین۔

کینتی - ہندی مین یہ ایک نبات کا نام ہی جو قسم بیارہ سے ہی پاس کے درخت پر لپٹ جاتی ہی یا زمین پر پھیل جاتی ہی پھول اسکا کاسنی رنگ کا ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک ہی سانپ کا زہر اُسکے خساندے پلانے سے دفع ہو جاتا ہی۔

چھبیسوان باب

کاف فارسی کے بیان مین اسمین چار فصلین ہین ایک فصل لغات ادویات کی اسمین تحریر نہین ہوئی کہ وہ سب لغت کاف تازی مین زیب اندراج پا چکے ہین۔

پہلی فصل

فارسی وغیرہ لغات کے ذکر مین

کاف فارسی باالف

گا - ترکی مین ترجمہ حرف با کا جو واسطے الصاق اور صلہ کے آتا ہی اور ترجمہ حرف را کا جو ربط کا حرف ہی۔

گاد - صیغہ ماضی گادن سے ہی جسکے معنی گائیدن یعنی جماع کرنے کے ہین۔

گاوود - ژندی زبان مین پہاڑی بیل یا گاے۔

گاو عنبر - دریائی گاے جسکا سرگین عنبر ہی - **سعدی** - گرے ہنروان کند کبر بر حکیم + کون خرش شمار اگر گاو عنبر ست +

گاذر - دھوبی جو کپڑے دھویا کرتا ہی - **سعدی** - مکن فراخ روی در عمل اگر خواہی + کہ وز رفع تو باشد مجال دشمن تنگ + تو پاک باش برادر مدار از کس باک + زنند جامۂ ناپاک گاذران بر سنگ +

گاذروار - فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہی - **میر نجات** - دست شوید ز حیات آنکہ نگاہش یکبار + بہ سر سنگ محبت زندش گاذروار +

گاوسر - **گاوسار** - فریدون کے گرز کا نام ہی جسکی صورت گاو کی تھی

قطعہ از مؤلف - آنکہ میداشت ہمچو فریدون [illegible] بر فرق گاوسر در دست + سرش چون رسید شیر اجل + گردن زور و قوتش بشکست +

گاور - بفتح واو ایک درخت کا نام ہی جسکے گوند کو گاوشیر کہتے ہین۔

گار - اُسکے معنی کرنے والا اور صاحب چنانچہ گنہگار - ستمگار - خدمتگار - خداوندگار - **سعدی** - کرم بین لطف خداوندگار + گنہ بندہ کردست و او شرمسار - **فریدالدین عطار** - بادشاہا جرم ما را درگذار + ما گنہگاریم و تو آمرزگار +

گاز - مقراض جس سے چاندی سونا کترتے ہین اور شمع کا گلگیر اور گیاہ یعنی گھاس

گاز - جگہ اور مقام۔

گاورس - بفتح واو نام غلہ جسکو ہندی مین چینا کہتے ہین۔

گاومیش - مشہور جانور ہی جسکو بھینس کہتے ہین۔

گاف - لاف و گزاف بڑائی کی باتین۔

گازرک - ایک پرندے کا نام ہی جسکو ہندی مین مولا کہتے ہین اور عربی مین صعوہ۔

گاشاک - ایک قسم کھانے کی ہی جوا و جھڑی مین ڈالکر اور مُنہہ بند کرکے آگ مین پکاتے ہین۔

گالبنک - ایک گھاس کا نام ہی جو بہار کے موسم مین گیہون کے

کھیت مین پیدا ہوتی ہی اُسکا پھل جو گیہون کی شکل پر ہوتا ہی اگر کوئی کھاتا ہی تو مست ہو جاتا ہی۔

گاوک - بفتح واو کنہ یعنی چیچڑی جو بہت چھوٹا جانور ہوتا ہی اور اونٹ وبیل وغیرہ چارپایون کے جسم پر چمٹ کر خون اُنکا چوستا ہی۔

گاومشنگ - ہر چیز مقشر جسکا چھلکا اُتر چکا ہو

گال - باریک غلہ جیسے چینا کنگنی وغیرہ اور قبہ روئی کا جس مین سے روئی نکالتے ہین اور ایک قسم عنکبوت کا جسکا رتیلا نام ہی اور نیش اُسکا سخت زہریلا ہوتا ہی اور خروس جو مشہور مرغ ہی و فریاد و آواز کرنا۔ فریب دینا - بازی کھیلنا اور وہ سرگین جو چارپایہ کے جسم سے ساتھ لگ کر خشک ہو جاے

گام - قدم اور پانون اور وہ مسافت جو وقت رفتار کے دونون پانون مین ہو اور گھوڑے کی رفتار - میر معزی - ہر گہ کہ شاد کام زند گام بر زمین بر فرق دشمن تو بباشد غبار خویش +

گان - لائق وسزاوار اور یہ لفظ آخر اعداد پر واسطے تعین تعداد کے آتا ہی چنانچہ دوگان وسہ گان اور بجاے ہا کے واسطے جمع کے بھی آخر مین کلمون کے آتا ہی چنانچہ بندگان و اُستادگان وتشنگان وغیرہ و بمعنی ہتین یعنی ملنا کسی کو کنایۃً جماع و مباشرت - مولوی معنوی - چونکہ اندر مرد خوی زن نہد + او مخنث گردد و گان میدہد - توحید - بندہ پرور پادشاہ دو جہان + روز و شب روزی رسان بندگان +

گاوبان - بیل کا مالک بیلون کی خدمت کرنیوالا - چرواہا - نظامی - چو شیرے کہ آتش بدم در زند + دم گاوبان را بہم بر زند +

گاوزبان - مشہور دوا ہی جسکو عربی مین لسان الثور کہتے ہین۔

گاوگردون - برج ثور جو دوسرا برج آسمانی ہی۔

گاو - مشہور چارپایہ ہی جسکو بیل کہتے ہین - ذوقی - چو شغل کشتکاری پیش گیرد + شود حاضر ز گردون گاو گردون +

گازہ - جھولا جسمین لڑکے جھولتے ہین اور وہ گھر جو نہر کے کنارے پر ہو اور کمینگاہ جسمین صیاد دبکے ہو کر شکار پکڑتا ہی اور صومعہ جو کسی عابد کا پہاڑ پر ہو۔

گاہ - بادشاہی تخت اور وقت اور جگہ اور خیمہ اور زند گرونکی کھٹائی - نظامی - دران آرزوگاہ فرخار ویس + نہ کرد آرزو با مقابل کمیس + فردوسی - دو جنگی بگردار درندہ گرگ + نہادند آوردگاہ بزرگ

گانہ - یہ ایک لفظ الفاظ زائدسے ہی کہ اعداد کے اخیر مین بولا جاتا ہی چنانچہ یگانہ و دوگانہ و سہ گانہ وغیرہ - توحید - خداے بے مثل و یکتا و یگانہ + خدا خلاق و رزاق زمانہ + بود در ہر مکان ذاتش مکان دار +

بہر خانہ بود واہل خانہ +

گابارہ - غار اور شگاف جو پہاڑ مین ہو۔

گازرگاہ - نام ایک مکان کا شیراز مین جس جگہ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ مدفون ہین اور نام ایک جگہ کا ہرات مین جہان خواجہ عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ آسودہ ہین - درویش والہ ہروی - شب بجنت ساز اقلیم سخن عرفی بسیر + رفتم او شد جانب شیراز و من سوے ہرات + ولہ - او مصلا جست و والہ راہ گازرگاہ رفت + او بسعدی دید و والہ سوے عبداللہ رفت +

گالہ - پہلوی مین دھنکی ہوئی اور صفا کی ہوئی روئی کا گلولہ جو کاتنے کے لیے درست کیا گیا ہو۔

گاوپرواری - پرورش یافتہ بیل جو گھر مین پلا ہو موٹا تازہ بیل پر گوشت سعدی - اسپ لاغر میان بکار آید + روز میدان نہ گاو پرواری +

کاف فارسی با باے

گبینا - ژندی زبان مین مرد بمقابل عورت کے ہی۔

گپ - رنگین باتین بامزہ جھوٹی ہون یا سچی - داستان - سرگذشت - فسانہ - نعمت خان عالی - ہر سخنی کہ باشد دلخواہ تو بفرما + سازی مگر قماری شعری گپی کتابی +

گبست - ایک گھاس کا نام ہی جو بہت تلخ ہوتی ہی نیز نام حنظل کا جو مشہور تلخ پھل ہی اور دوا مین مستعمل ہی۔

گبر - آگ کو پوجنے والا - شمس الدین تبریز - چہ تدبیر اے مسلمانان کہ من خود را نمیدانم + خدا داند کہ من گبرم یہودم یا مسلمانم +

گبر - قوی اور موٹا اور زور آور۔

گبمن - ژندی زبان مین پشت مقابل رو و پست مقابل بلند۔

گبتن - سخن کرنا - بولنا - کلام کرنا۔

گبی - ترکی مین لفظ تشبیہ ہی جسکے معنی مانند کے ہین۔

گبرگی - شراب کا برتن - صراحی وخم وغیرہ۔

کاف فارسی با تاے

گت - بزرگ اور بڑا اور ترکی مین مقعد جسکو فارسی مین کون اور عربی مین دُبر بولتے ہین۔

گترم - سلاف وگزاف یعنی جو بات اپنے اندازے سے بڑھکر کیجاے۔

گتہ - بہت بڑا اور کون یعنی دُبر۔

کاف فارسی با جیم

گجرات - گوجرات - [illegible] نام ہی - امیر خسرو

گہ بچشم زرد ہم از گوجرات + گاہ بدیو گیر نویسم برات +

گچ - معروف ومشہور چیز ہی جو عمارت مین خرچ ہوتا ہی قدما کے اشعار مین یہ لفظ گرچ باندھا گیا ہی شاید گچ اسکا مخفف ہوگا - ابن یمین - نامداز خاک وگچ وسنگ اینچنین طاقی مگر + خاکش از سنگ وگرچ کافور سنگش گوہرست -

گجیل - شہر تبریز مین ایک محلہ ہی جسمین قبر خواجہ شمس الدین تبریزی کی ہی

گچھ - جسکی زبان فصاحت کے ساتھ جاری نہو -

کاف فارسی با دال

گدا - مانگنے والا فقیر - دریوزہ گر - مانگنا - توحید - ہست پیش ہر نظر نور خدا + مثل خور زیر زبر جلوہ نما + بجبین خوبرویان جہان + جلوہ گر ہست آن جمال جانفزا + ہر گدا سائل بہ باب دولتش + خاک بوس بارگہ ہر پادشاہ +

گدست - ایک بالشت یعنی چھوٹی انگلی سے انگوٹھے تک کا فاصلہ جسکو وجب اور بدست بھی کہتے ہین -

گدی - گدائی - دریوزہ گری سوال - اسیر لاہجی - سلطنت بلذاشت الکنون گدی کند + نیک پندارد ولیکن بدکند -

گدیور - گدائی کرنیوالا اور زراعت کرنیوالا - نظامی - چو در دانہ باشد تمنای سود + گدیور در آید بکشت ودرود +

گدر - جنگ کے ہتھیار -

گداز - گدازش - گلنا - میرزا معز فطرت - گداز از آتش عشق تو دادم آنچنان تن را + کہ چشم مو برون آوردہ گردم طوق گردن را +

گدرگ - جنگ کے ہتھیار تلوار نیزہ وغیرہ -

گدک - بکری کی ہو جھڑی کے ٹکڑے جسکو گیپا ے کو چک اور گیپاے خرد بھی کہتے ہین اور انکو سی کر اور گوشت وبرنج ومصالح انمین ڈالکر پکاتے ہین -

گدمن - ژندی زبان مین روشنی دل کی - صفائی سینے کی -

گدیہ - گدائی اور دریوزہ گری اور گدائی کرنیوالا -

گدہ - قفل کی تالی کے دندانے -

گدارہ - بالاخانہ اور تابستانی مکان جو ہوادار ہو -

گدائی - دریوزہ گری مانگنا - سعدی - چو رخت از مملکت بربستہ خواہی + گدائی بہترست از بادشاہی +

کاف فارسی با ذال

گذشت - صیغہ ماضی گذرنا اور راہ وگذرگاہ - ع - چو بگذرد دم عمر عزیز در ہمہ حال + چہ بر سریر گذشت وچہ بر حصیر گذشت +

گذر - گذرنا اور راستہ اور وہ راستہ جو دریا سے اترنے کے واسطے مقرر ہو - حافظ - دلبر برفت ودل شدگان را خبر نکرد + یاد حریف شہر ورفیق سفر نکرد + یا بخت من طریق مروت فرو گذاشت + یا او بشاہ راہ طریقت گذر نکرد +

گذار - گذرنا اور جگہ گذرنیکی اور امر گذرنے کے لیے اور گذارنے والا - حافظ - عماری دار لیلی را کہ مہد ماہ در حکم ست + خدایا در دل اندازش کہ بر مجنون گذار آرد + نظامی - باسمان گذاری دمے بیشمار + کہ آسمان زبد مرد آسمان گذار +

گذارش - گذرنا - ادا کرنا - نظامی - گذارش چنان شد درین بارگاہ +

گذاف - بضم اول بیہودہ بات اور لغو تقریر - توحید - دا یماد از کدورت سینہ صاف + کن زبان را پاک از لاف وگزاف + چون توئی بندہ مکن از بندگی + سرکشی واختلاف وانحراف -

گذربان - راستے کا محافظ پاسبان اور محصول لینے والا - ع - از شاہراہ طریقت گذر کن اے سالک + بجز تو نیست درین رہ نگہ گذربانی +

گذرگاہ - آمد ورفت کا راستہ - نظامی - توئی کاسمان را برافراختی + زمین را گذرگاہ او ساختی +

گذارہ - حد سے گذرنیوالا - اندازے سے بڑھنے والا - صائب - یکبار نقش پاے خود اے بیخبر ببین + تا روشنت شود کہ چہ مست گذارہ +

گذافہ - ہر ایک بات جو وزن اور اعتبار نرکھتی ہو لغو اور بے معنی -

کاف فارسی با را ے

گرا - دلاک - حجام - نائی - موتراش - یحیی کاشی ہجو مین - کاکا نت چگونہ آقا کردی + کافر نکند انچہ تو گرا کردی + ریحان سیاہ مادرت سیدہ نیست + چون اسم شریف خود شیر افا کردی +

گرما - گرمی کا موسم مقابل سرما - شعر - بخش مانند گل در ہر بہار وہر خزان خندان + شگفتہ گلشن فیضش بہر گرما وہر سرما +

گربا - ایک گھاس کا نام ہی جسکو ہلند وزبی کہتے ہین اور دوا مین مستعمل ہی

گرذا - مخفف گردان لکڑی کا لٹو جسکو لڑکے تاگا باندھکر زمین پر پھیراتے ہین

گردنا - سارنگی اور طنبورے کی کیلی جس سے اسکے تارونکو درست کرتے ہین

گرداب - گردابہ - بھنور جو پانی مین پڑتا ہی اور پانی چکر مارتا ہی - میرزا صائب - روشنم شد تنگ چشمی لازم جمعیت ست + بر کف دریا بودیدم کاسۂ گرداب را - نظامی - خداوندا چو آید پاے بر سنگ فتد کشتی دران گردابۂ تنگ + نظامی را باسایش رسانی + بہ بخشش وبہ بخشایش رسانی +

گرفت - صیغہ ماضی ہی مگر معنی مصدر کے دیتا ہی اور لاف اور طعنہ و
اعتراض و مواخذہ وکسوف وخسوف آفتاب و ماہتاب ظہوری -
آب حیوان گرفتی از ساغر + این گرفت از تو بر سکندر ماند +
گرد مشت - ایک قسم کے قبضۂ کمان کا نام ہی - ملا طغرا - اگر قبضۂ شہ
بود گرد مشت + دہنا و کش دو خصم درشت -
گرست - نہایت مست و مدہوش جسکو طافح عربی مین کہتے ہین
گرغست - ایک خودرو سبزے کا نام ہی مشابہ ساگ پالک کے اور کھٹین آتا ہی
گرنج - برنج جو غلہ شالی کو کوٹ کر نکالتے ہین جسکو عربی مین ارز بولتے
ہین و کنج و گوشہ و چین و شکنج -
گرکانج - نام شہر جو دار الملک ولایت خوارزم ہی اور معرب اُسکا جرجانیہ ہی -
گرج - بضم اول نام ایک ولایت کا جسکو گرجستان بھی کہتے ہین -
گرج - بکسر اول گلی چونا جو پتھر جلا کر بناتے ہین اور عمارت کے کام
مین خرچ کرتے ہین -
گرگنج - سد مہو باہر قلعہ کے بنا کر مھوران قلعہ پر گولہ زنی کرتے ہین -
گردناج - بفتح اول و فتح دال جو تیسرا حرف ہی مطلق سیخ اور وہ سیخ جسپر
کباب بھونین اور وہ سیخ جس سے تنور سے روٹی نکالین -
گربہ بید - بید کے سترہ اقسام مین سے ایک قسم کے درخت کا نام ہی
نیز نام ایک چیز کا جو گوند کیطرح درخت بید سے حاصل ہوتا ہی میر خسرو -
گربۂ بید از گل و نعل و سپید + گربۂ مشکین شدہ از مشک بید +
گُرد - بضم اول پہلوان - زورآور - بہادر - قوی جسم - ـہ - گردش
گردون گردان گرد کانرا گرد کرد + بر سر اہل تمیزان ناقصانرا مرد کرد +
گرد - بفتح اول اُڑتی ہوئی مٹی جسکو غبار بولتے ہین و غم و اندوہ اور شہر
اور ایک قسم ابریشم کا اور آفتاب - حافظ - دریغ قافلۂ عمر آن چنان
رفتند + کہ گرد شان بہوائے دیار ما نرسید + نیز بمعنی گردش اور گردش
مین لانا - ـہ - رسد چون نوبت ما جام مے از جا نمی جنبد + بگرد
آمد ملک سر گشتگی پیمانہ مارا + اور پھرنے والا چنانچہ بادیہ گرد و
بیہودہ گرد +
گرد - بکسر اول مشہور لفظ ہی سعدی - یکے عدل تا نام نیکو برد + یکے
ظلم تا نام گرد آورد +
گردباد - ہوا کا بگولہ جو مشہور چیز ہی - میرزا بیدل - جلوہ ہا میدہد از
شاخ غزالان خیال + گردبادی کہ بدشت دل ما می پیچد +
گر - مرض خارش اور نام ایک دود کا سر حد موضع غزنان مین کرنیوالا -
بنانے والا - چنانچہ شیشہ گر و حیلہ گر اور صاحب اور رکھنے والا -

نظامی - تو بادادی او ہست بیداد گر + تو میزان زور او ترازوی زر +
گردبر - بکسر اول برمہ تکھانون کا جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین
عربی مین اُسکو مثقب کہتے ہین - سیفی - تو ان چو آرہ تمنائے پاے
بوسش کرد + اگرچہ گرد برا و بود دو سر مارا +
گروگر - بر وزن کبوتر ایک نام حق سبحانہ تعالی کی اسامی گرامی سے جسکے
معنی مراد بخش ہین -
گرگر - بفتح ہر دو کاف ایک نام ہی اسامی گرامی حق سبحانہ تعالی سے جسکے
معنی صانع الصنائع ہین نیز بمعنی بادشاہی تخت کے -
گردر - بفتح اول و دال مہملہ شہر اور قصبہ اور سخت زمین و دامن کوہ
اور ناہموار زمین -
گردگیر - نام پسر افراسیاب بادشاہ توران -
گرگر - بضم ہر دو کاف وہ آہستہ بات جو کسی کے کان مین کی جاے -
گرگر - بکسر ہر دو کاف نام ایک غلہ کا ہی جسکو باقلا کہتے ہین اور معرب اُسکی جرجر ہی
گرنجار - شالی کا ایک کھیت -
گروز - بکسر کاف و فتح واو واجب جو مقابل ممکن کے ہی -
گراز - خوک نر و باعتبار دلیری وہ شخص جو بہادر و دلاور و جنگجو ہو -
سعدی - گرازی بجاہے در افتادہ بود + کہ از ہول او شیر نر مادہ بود +
گربز - بضم کاف و باے موحدہ حیلہ گر و مکار - میر معزی - کہ خود را نگہداشتم
آبرو + ز دست چنین گربز یاوہ گو -
گرز گرزہ - مشہور ہتھیار ہی - میر معزی - بشبیب مقرعہ اکنون نہادست
ست ترا + ز گرز سام نریمان و تیغ رستم زال +
گریز - گریختن یعنی بھاگنا - بیزار ہونا - میر خسرو - درد بعہدت ز در فتنہ
خیز + کردہ چو شیر از تف آتش گریز - سعدی - چو جنگ آوری با کسے
در ستیز + کہ از وے گزیرت بود یا گریز +
گرکوز - نام ایک پہلوان کا ہی جو افراسیاب کے لشکر مین امیر تھا -
گرس - عربی مین جوع اُردو مین بھوک یعنی خواہش کھانے کی میر یحیی شیرازی
غریبے کہ آمد بشہر صفاہان + عجب نیست گر گرس و سرما بمیرد +
گراوس - تیل نکالنے کا چیز یعنی کولھو -
گرداس - بضم اول و فتح دال ظالم و ستمگار آدمی -
گروس - بضم اول و سکون واو وہ میل جو کپڑے سے نکالا جاے اور
موباف عورتون کا جو بالو نمین گوندھتی ہین -
گریس - بکسر اول مکر و حیلہ و فریب و چاپلوسی -
گرائش - میل و رغبت و توجہ -

گرد بالش - وہ گول تکیہ جو سونے کے وقت رخسارونکے نیچے رکھتے ہین -
گردش - پھرنا ایک حالت سے دوسری حالت مین ہوجانا - **مؤلف** -
رنگ دیگر میکند پیدا بہر شام و سحر + گردش گردون گردان انقلاب آسمان +
گراش - بمعنی خراش -
گزرش - فریاد وزاری ونالہ وتضرع -
گریش - نام ایک جانور کا ہی -
گریغ - گریز - بھاگنا - نفرت کرنا -
گروغ - دروغ - جھوٹ - کذب -
گردک - حجلہ وخیمہ وچیستان جسکو ہندی مین پہیلی کہتے ہین -
گرمک - ایک قسم کے خربزے کا نام ہی -
گردنگ - احمق ودیوث وخود پرست -
گرگ - بفتح اول نام ایک شہر کا ہی -
گرگ - بضم اول نام ایک مشہور درندے کا ہی جسکو بھیڑیا کہتے ہین -
سعدی - شنیدم گوسپندی را بزرگی + رہانید از دہان ودست گرگے +
شبانگہ کارد بر حلقش بمالید + روان گوسفند از وے بنالید + کہ از
چنگال گرگم در ربودی + چو دیدم عاقبت تو گرگ بودی +
گرنگ - بفتح اول لڑائی کا میدان -
گرنگ - بکسر اول درہم وبرہم او شکستہ -
گرلیسنگ - بفتح اول مغاک جو زمین مین ہو اور قلندرون کی آواز
جو ایکبار بول اٹھین -
گربال - غربال یعنی چھلنی -
گرشال - ایک جانور کا نام ہی جو شغال مادہ اور گرگ نر سے پیدا ہوتا ہی -
گرمائل - نام ایک بادشاہزادے کا ہی جو ضحاک کا باورچی تھا اور اسکو
حکم تھا کہ ہر روز دو آدمیون کے سر کا مغز ضحاک کے دوش کے سانپون
کے واسطے بہم پہونچائے وہ ایک آدمی کا مغز لیتا اور دوسرا مغز بکری کا
اسمین ملاتا اور دیتا ایک آدمی کو چھوڑ دیتا -
گرزم - نام برادر اعیانی اسفندیار +
گرم - مشہور لفظ ہی مقابل سرد کے اور جلد اور تیز - **نظامی** - پذیرفتہ
شہ خواہش گرم او + بر رفتن نگہداشت آزرم او -
گران - بھاری بوجھل مقابل ارزان کے نرخ مین اور مقابل سبک کے
وزن مین - **مؤلف** - منزلت دور است عبارت بس گران + راہ پر خوف و
خطر از رہزنان -
گردن - عربی مین اسکو عنق اور رقبہ کہتے ہین - **نظامی** - نہنگان شمشیر
جوشن گداز + بگردن کشی کردہ گردن فراز +
گردون - آسمان اور گاڑی جسکو بیل جوت کر چلاتے ہین - **ذوقی** -
سرفراز ان سر نہادہ بر درش + گردن گردون خمیدہ صبح وشام +
نظامی - بکوہ و بصحرا بسختی و رنج + سپاہش بگردون کشیدند گنج +
گریبان - مشہور لفظ ہی - **محمد خان بیگی** - تو آن سروے کہ گردن نکر
کہ آب حیات + بلند گشتہ ز فوارۂ گریبانش +
گرگان - نام ایک شہر کا ایران مین معرب جسکا جرجان ہی -
گردان - پہلوان دلاور صاحب زور -
گردنان - بہت سے پہلوان -
گرگین - نام ایک پہلوان ایرانی کا - **سعدی** - چہ خوش گفت گرگین بفرزند
خویش + چو قربان پیکار بربست وکیش +
گرزمان - بروزن پہلوان فلک الافلاک جو تمام افلاک پر محیط ہی -
گردمان - نام ایک موضع کا شروان مین -
گردگان - نام ایک میوہ کا جسکو جوز کہتے ہین - **سعدی** - پرتو نیکان
نگیرد ہر کہ بنیادش بدست + تربیت نااہل را چون گردگان بر گنبد ست +
گرزن - بضم ہر دو کاف سبز غلہ جو بریان کیا جائے -
گرزن - نام ایک تاج مرصع کا تھا جو بادشاہون کے خاندان مین تھا
وہ بڑی قیمت کا تاج تھا اسمین علاوہ جواہرات یاقوت والماس کے
ایک سو دانہ مروارید کے نصب تھے جو کلانی مین بیضۂ کنجشک کے برابر تھے -
گریون - بیماری داد کی جو مشہور بیماری ہی -
گرو - رہن اور مقید -
گربہ - مشہور جانور ہی جسکو عربی مین سنور اور ہندی مین بلی کہتے ہین -
سعدی - گربۂ مسکین اگر پر داشتی + تخم کنجشک از جہان برداشتی +
گردکوہ - مازندران مین ایک پہاڑ ہی -
گردہ - بفتح کاف ودال مہملہ پہلوانون کا تنبان اور خاکہ جو مصور اور
نقاش کسی تصویر یا نقش کا اتارین اور نام ایک قسم کی روٹی کا - **اشرف** -
شد غبار آلودہ خط روے چون گلنار تو + حسن گوئی گردہ بر میدارد
از رخسار تو + - **نظامی** - ہمان گردۂ نغز چون لیف خز + گزد
پختہ شد گردۂ گردہ پز +
گرسنہ - بھوکا - جسکا پیٹ خالی ہو - **ملا طاہر غنی** - گرسنہ آمد
وناخوردہ خوان من بگذشت + ہزار حیف کہ آن شوخ راندیدم سیر +
گرفتہ - طعنہ وسرزنش - **نظامی** - گرفتہ مزن در حریف افگنی +
گرفتہ شوی گر گرفتہ زنی +

گروہ - جماعت و مجمع لوگونکا - سعدی - گروہے بر فتند زان ظلم و عار + بہ رفتند نام بد شان در دیار -

گرہ - عقدہ ہندی مین گانٹھ - سعدی - گرہ بر مبند احسان مزن + کاین زرق و شید است و آن مکر و فن -

گریہ - رونا آنکھون سے آنسو برسانا - زلالی - شہنشہ را چو جوش بادہ سر شد + دہ غسل از شراب گریہ تر شد +

گروہہ - بفتحتین گولی بندوق کی اور گلولہ کمان کا -

گرلینہ - پوستین جو کسی چمڑے کی ہو -

گرمابہ - حمام نہانے کا -

گردانیہ - موسیقی کے ایک پردے کا نام ہی -

گریوہ - پشتہ یعنی اونچی زمین -

گرزہ - کفچہ بڑے سانپ کا -

گرہ - بفتحتین سبو یعنی گھڑا -

گریچہ - بضم اول خانہ کوچک یعنی چھوٹا سا مکان و نقب و سوراخ و غار جو زمین مین ہو -

گریسہ - فریب و مکر و حیلہ و چاپلوسی -

گرامی - بہت عزیز نہایت بزرگ - میر معزی - اے مؤثر در ہمکس ہمچو اجرام سپہر + وے گرامی بر ہمہ کس ہمچو ایام شباب +

گرانی - بھاری پن اور ہر چیز جو ناگوار ہو شرع مین مقابل ارزانی کے اور وزن مین مقابل سبکی کے - سعدی - گرانی پیش شمع آید + خندہ ش پراند میان جمع بکش +

گرمی - مقابل سردی کے اور تیزی اور تندی - نظامی - ز گرمی کہ ... برق بہبود داد + نشد گرمی خوابش از خوابگاہ +

گرائے - میل و رغبت و خواہش و قصد اور صیغۂ امر یعنی خواہش کر - سعدی - اگر ہوشمندی بمعنی گرائے + کہ معنی بماند نہ صورت بجائے +

گرازی - جرأت و دلیری و مردانگی و شجاعت و بہادری +

گزی - جریب اور گز جس سے زمین کی پیمایش کرین -

کاف با زائے معجمہ

گزبیا - نام ایک جانور کا ہی جسکی ٹانگین لمبی ہین -

گزا - کاٹنے والا اور گزند پہونچانے والا -

گزارا - تقریر کرنیوالا سخن کا حق ادا کرنے والا -

گزیت - وہ خراج اور روپیہ جو کفار سے لیا جاتا ہی مسلمان اسکو جزیہ کہتے ہین - نظامی - گہش خاقان خراج چین فرستد +
گہش قیصر گزیت دین فرستد +

گزید - جزیہ جو کفار سے لیا جاتا ہی -

گزند - بروزن کمند آفت - آسیب - تکلیف - سعدی - گر گزندت رسد ز خلق مرنج + کہ نہ راحت رسد ز خلق نہ رنج +

گزیر - چارہ و علاج اور ضرورت کی چیز - سے - باشدائے مرد مسافر در اخیر + رفتنت از دار دنیا ناگزیر +

گزار - نشتر فصاد کا اور وہ باریک نقش جو نقاش واسطے تعیین شکل نقوش و نقشا وغیرہ کے کھینچتے ہین رہا کرنا اور چھوڑنا یہ لفظ ذال معجمہ کے ساتھ محض غلط ہی -

گزر - بفتحتین زردک جسکو ہندی مین گاجر کہتے ہین مشہور چیز ہی اور کھانے مین آتی ہی اور دستہ ہاون کا - نعمت خان عالی خانگیان خان جہان کی ہجو مین - پیوستہ ہم از کدو و شلغم + در حکمہ پے گزر تراشے +

گزر - بضم اول و فتح ثانی راستہ چلنے پھرنے کا -

گز - نام ایک درخت کا ہی جسکو جھاؤ کہتے ہین اور نام ایک قسم کے تیر کا اس تیر کے چلانے کو گز اندازی کہتے ہین - سیفی - ہزار دل شدہ در ہر گزے بیندازد + کسے نخاست چو آن سرو در گز اندازی +

گزاز - اضطراب و بیقراری جو بسبب حرارت کے پیدا ہو -

گزارش - ادا کرنا - بیان کرنا -

گزاف - بروزن غلاف بعض کے نزدیک بضم اول بیہودہ و لغو و بے حساب -

گزف - قیر جو ایک قسم کا گوند سیاہ ہوتا ہی اور کشتیون اور جہازون پر لگاتے ہین تا پانی انمین دخل نہ کرے -

گزلک - بکسر اول چھوٹی چھری و قلمتراش -

گزک - جس چیز کے ساتھ تغیر ذائقہ کا شراب پینے والے کرتے ہین بعض شراب پینے کے وقت کباب بعض نارنج وغیرہ میوے پاس رکھ لیتے ہین پیالہ پینے کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے تھوڑا سا کھا لیتے ہین - ابوطالب کلیم - گزک ضرور نباشد شراب غفلت را + دلت بر آتش حرص اینقدر کباب چرا ست +

گزمازک - پھل درخت کا جسکو عربی مین زمازج کہتے ہین -

گزم - درخت پستۂ غال جسکو عربی مین شجرۃ البق کہتے ہین -

گزم - درخت گز یعنی جھاؤ کا درخت -

گزین - دلچسپ و پسندیدہ اور ترکیب مین معنی فاعل کے دیتا ہی چنانچہ خلوت گزین وغیرہ - سلمان - کردم غمش بر جان گرہن باشد

خدا صد جان حزین + جان گرچہ باشد نازنین ہرگز بجانان کے رسد +

گزہ - ایک قسم کے تیر کا نام ہی اور چوبین جس سے نقارا بجاتے ہین -

گریہ گزیدہ - جزیہ - خراج - رشوت -

گزادہ - کجاوہ جو اونٹ پہ ہو کہ اسپر سوار ہوتے ہین اور ہودج ہاتھی کا -

گزارہ - بیان خواب کی تعبیر کا -

گزرد - نام ایک خوشبودار گھاس کا ہی مکہ مین زریرہ بھی کہتے ہین -

گزیدہ - لیند کیا ہوا - اختیار کیا گیا -

گزینہ - مس کردن کا چھوڑا اور مخزن یعنی خزانہ اور دفینہ -

کاف فارسی باسین

گسست - بدصورت و زشت و ناز یبا -

گستاخ - بے ادب - بے خوف - بیباک - **توحید** - خدا بر جمد و نقصد برو نظر نکند + بود کسیکہ شرانگیز شیخ یا گستاخ + چرا ز لطف الہی ہست بے ادب محروم + چرا ز قرب خدا میشود جدا گستاخ +

گسار - خورندہ کھانیوالا چنانچہ غمگسار -

گسیل - دفع کرنا - رخصت کرنا بھیجنا -

گسیل - امر گسیختن سے -

گستہم - نام پسر فریدون -

گسن - گرسنگی - بھوک -

گستاخی - بے ادبی و چالاکی -

کاف فارسی باشین معجمہ

گشتا - بہشت جسکو عربی مین جنت کہتے ہین -

گشتاسب - اسپندیار کے باپ کا نام ہی اسنے ایکسو ساٹھ برس بادشاہی کی -

گشت - پھرنا اور سیر کرنا -

گشاد - فتح و ظفر و خوشی و کشایش اور چھوٹنا تیر کا کمان سے -

گشنیز - دھنیا جو مشہور تخم ہی -

گشتر - خوشتر بہت خوش -

گش - خوش -

گشالی - بازو گردن سے گھٹنے تک -

گشن - بضم اول نر کا خواہشمند ہونا جاننہ ہونا مادہ کا اور بار ور ہونا درخت خرما کا - **نظامی** - ز دشت آن گلہ ادبہر قرانی + بگشن آید از گاو تا مادیانی +

کاف فارسی بافاے

گفتار - بات - سخن - کلام - **صائب** - نیست بگفتار لب کیفیت گفتار چشم + وشترست از لعل گویا چشم گویائی مرا +

گفت وگو - بات چیت بحث تکرار - **صائب** - دراے کاروان بیہودہ تنہا منزا بوجد آرد + گفت وگوے مرد بیست پردہ اے خند جو ہرا +

کاف فارسی بالام

گلاب - گل ورد کا عرق کھینچا ہوا عربی مین اسکو ماء الورد کہتے ہین - **نظامی** - گلاب صفاہان و مشک طراز + بسے نافہ و شیشہ بگرد بانہ +

گلگشت - سیر و تماشا باغ کا - **صائب** - عرق کلک سیر اپاس کشید + کہ زگلگشت سرکوے سخن می آید +

گلبت - تیسرا حرف باے موحدہ بڑی کشتی اور بڑا جہاز -

گلاج - ایک قسم کے نفیس حلوے کا نام ہی -

گلقند - وہ دوا ہی جو گل سرخ اور قند ملا کر بناتے ہین - **طاہر وحید** - دی باطبیب گفتم احوال ضعف خودرا + از لعل یار فرمود گلقند آفتابی +

گلبند - ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی جسکو ہندی مین باندھنو کہتے ہین - **ذوقی** - بدن دارد ز گل نازک تر آن گل + لباس نازکش گلبند باید +

گلوبند - ایک زیور کا نام ہی جو گلے مین باندھتے ہین -

گلزار - جس مقام پہ بہت سے پھول ہون اور شگفتہ اور خوش اور نام ایک راگ کا موسیقی مین - **سالک یزدی** - ہواے آن بہشتے دم را گلزار میسازد + کہ ہچون خانہ مو گل ز مژگان ترم رویہ **بہرام** - خروشان بلبلان در صحن گلزار + بوقت صبحدم بر صحن گلزار +

گل شکر - گلقند کو کہتے ہین اگر گل سرخ کے پتون مین قند ملایا جاے تو وہ گلقند ہی اگر شہد ملایا جاے تو اسکو گل انگبین وجل انگبین بولا جاتا ہی - **سعدی** - گرگل شکر خوری بہ تکلف زیان کند + ور نان خشک دیر خوری گل شکر بود +

گلگیر - وہ مقراض جس سے شمع کا گل جو زائد ہو جاتا ہی کترلیتے ہین - **عبدالغنی قبول** - خاکساران ز اغنیا محتاج ہمراہی نیند + شمعدان گل کجا در بند گلگیر طلاست +

گلنار - ایک قسم کا درخت انار کا ہی جو سواے پھول کے پھل نہین رکھتا اور پھول اسکا بہت بڑا پھول ہوتا ہی جسکو صد برگ کہتے ہین - **ذوقی** - قند لعل لبت گہر دندان + ہر دو رخسار غیرت گلزار +

گلوز - پہاڑی بادام جو ایک میوہ ہی -

گلپوز - چیاسہ و سوسمار جو جانور مشہور ہی -

گلریزہ - قسم آتشبازی کا ہی جسکو پھولجھڑی کہتے ہین -

گلک - طعنہ اور سرزنش و ملامت اور نام ایک قسم کے گوند کا جو درخت خارجھو دانہ سے حاصل ہوتا ہی اور عربی مین اسکو عنزروت کہتے ہین -

حکیم سوزنی - گر پیش گل کشتم گلہ مشک بوی تو + بر من گلک منزن کہ نیند شیم از گلکت +
گلناک - کچا قلعہ اور خام عمارت -
گل - پھول اگر صرف گل ہو تو گل سرخ سے مراد ہی اور اگر مضاف ہو کسی درخت کی طرف تو اس درخت کا پھول کہا جائیگا چنانچہ سوسن گل سوسن وگل انار وغیرہ نیز بمعنی اخگر آتش ونتیجہ وداغ وبہترین ضرب ورنگ سرخ کے - وحشی - صدگل تازہ شگفتست زگلزار رخش + گل گل افتادہ برآوازمی نالبش نگرید + بساتی - آنکہ بردامن ہگلے از خون مظلومان نداشت + ظالم بیرحم کا فرماجرا شہ عاقبت +
گل - بکسر اول گیلی مٹی خمیر کی ہوئی - صائب - صائب زخاک پاک تبریزست + ہست سعدی گل گل شیراز +
گلال - عبیر سرخ جو بقم کے رنگ سے بناتے ہین اور ہولی کے دنون مین ہندو ایک دوسرے پر ڈالتے ہین - قاسم مشہدی - ہمچون حنا گر بودت صد ہزار دست + برگ طرب بخاک فشان وگلال گیر +
گلگل - ایک قسم کا ترش میوہ ہی اسقدر ترش کہ اسمین لوہے کی سوئی رکھدین تو گل جائے +
گلیم - اونی گودڑی جو فقیر پہنتے ہین - ـــہ - میہ ہر جلوہ گہر از زیر خاک لشاہ راہر کس شناسد در گلیم -
گلبدن - یہ لفظ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی اور نام ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا جو قیمتی ہوتا ہی - ملا مفید بلخی - اگر ترا مہ آسایش ست چون طاوس + لباس گلبدن داغ میتوان پوشید +
گلخن - بضم اول آتشگاہ وآتشدان اور بھٹی دانہ بھونے کی کیونکہ گل کے معنی اخگر کے ہین اور خن مخفف خانہ ہی اور وہ جگہ جہان خاکروبہ اور خس وخاشاک جمع ہو جسکو ہندی مین کوڑا کہتے ہین بعض کے نزدیک یہ گلخن بکاف عربی ہی کہ گل ترکی مین خاکستر کو کہتے ہین اور خن مخفف خانہ یعنی جس جگہ بہت سی خاکستر جمع ہو -
گلدان - وہ برتن جسمین پھولون کے گلدستے رکھے جاتے ہین - محسن تاثیر - چو آن گلدان پر آبے کہ گلہا رنگ دارد + طراوتہاست از چشم ترمن گلعذاران را +
گلستان - باغ مشہور لفظ ہی - میرزا صائب - خاک را از آبروے خود گلستان میکنم + قطرۂ تا در بساطم ہست طوفان میکنم +
گلشن - مرادف گلستان باغ - میرزا بیدل - زہے گلشن طراز بزم نیرنگ + چو بوے گل نہان در پردۂ رنگ +
گلگون - سرخ رنگ - لال رنگ - صائب - میچکد زہر از تیغ نگہ او صائب + تا نہان شد بخط سبز رخ گلگونش +

گلہ بان - مویشی چرانے والا - چرواہا - سعدی - دوان آمدش گلہ بانے بہ پیش + بدل گفت دارا اے فرخندہ کیش + مگر دشمن ست این کہ آمد بجنگ + زدورش بدوزم بہ تیر خدنگ +
گل افشان - پھولجھڑی جو ایک قسم کی آتشبازی ہی -
گلان - ایک قسم کی روٹی کا نام ہی -
گنیگان - نام ایک گھاس کا ہی جو نہایت بدبودار ہوتی ہی -
گلیون - ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی جو ہفت رنگ ہوتا ہی -
گلو - حلق جسکو ہندی مین گلا کہتے ہین - صائب - گلوے خویش عبث پارہ میکنی بلبل + چو گل شگفتہ شود در چمن نمی ماند +
گلالہ - غلالہ - زلفون کے بال جو پیچیدہ ہون -
گلدستہ - پھولون کا دستہ اور مسجد کے دو مینار جو نزدیک گنبد کے واسطے دور جانے آواز اذان کے بناتے ہین اور انپر چڑھکر اذان دیتے ہین - آرزو - زندانی تو گلدستہ بسر بر آخر + جنون کہ ساخت چو طاوس باغ باغ مرا + سالک قزوینی در تعریف مسجد صفاہان - خوش نغمہ موذنان چو بلبل + گلدستہ برنگ دستۂ گل +
گلگونہ - وہ سرخی جو معشوق لوگ چہرے پر ملکر سنگار کرتے ہین - طالب آملی - نازم بشیشۂ دوے تو کز شعلہ ہاے حسن + گلگونۂ عذار دہد مہر وماہ را +
گلہ - شکایت جو کسی امر کی کیجاے - زلالی - از پنجۂ من چاک گریبان گلہ دارد + وز گریۂ من گوشۂ دامان گلہ دارد +
گلولہ - بندوق کی گولی اور توپ کا گولہ -
گلمالہ - وہ آہنی اوزار جس سے معمار کہگل کرتے ہین -
گلاہ - سیاہ اور سیاہ پوش -
گلغچہ - گدگدی کرنا کسی کی بغلون مین انگلیون سے اور ہنسانا -
گلندہ - عورت بدفعل وبدکار -
گلوہ - تنور جسمین روٹی پکاتے ہین -
گلہ - بہت سی گاے اور بکریان وغیرہ -
گلگچہ - وہ شادی کہ بچے کے پیدا ہونے پر عقیقہ کے دن تک کرتے ہین -
گلانہ - پوچارا مٹی کا جو دیوار پر دیتے ہین -
گلشنی - تخلص ایک شاعر کا ہی -
گلانی - گلفروش اور باغبان -
گلابی - ہر چیز منسوب بہ گلاب اور وہ برتن جسمین گلاب ہو گلاب افشان اور گلاب دان بھی اسکو کہتے ہین اور ہر ایک چیز اور کپڑا جسکا رنگ گلاب کے پھول کے ساتھ ملتا ہو - میر خسرو - دہان تنگ خوبان

گل اندام + جو سو رخ گلاب افشان می آشام + صفرا۔ باز آ کہ گلابی دو چشم + بے روے تو از گلاب خالی ست +

گلہری - ایک ہندی جانور کا نام ہے جسکو موش خرما فارسی مین کہتے ہین میر یحیی شیرازی - ہر چہ افتد بدست آن طرار + بہ زود دستش خورد گلہری وار +

گل ارمنی - گیرو جو سرخ رنگ مٹی ہوتی ہے -

کاف فارسی با میم

گمست - ایک جوہر کم قیمت کا نام ہے رنگ اسکا نیلگون سرخی مائل ہے اسکا پیالہ بناکر اگر شراب پیین تو مستی نہین ہوتی شراب کے بھرے ہوے پیالے مین اگر اسکا ٹکڑا ڈالین تو بھی عمل ظہور مین آتا ہے -

گمار - پانوں کی آواز جو چلنے کے وقت نکلتی ہے اور کسی شخص کو کسی کام پر مقرر کرنا -

گمیز - شاش - پیشاب - موت -

گم - غائب جو آنکھون کے روبرو نہو - صفدر فوقانی - پیمبر سالہ پشت خم چہ جوید از زمین + ہان ز دست خویش نقد عمر خود گم کردہ است +

گمگم - نقب لگانیکی آواز -

گمران - معدوم اور خراب کرنیوالا اور نازک -

گمان - وہم شک شبہہ ظن - مولانا اکبر - زچون و چگون پاک آن ذات پاک + بری از ہمہ وہم و شک و گمان + میر نجات - گر نہ آن بیگانہ خو بر خود گمانی بردہ است + گفتگو از چیست با خود عاشق دیوانہ را +

گمانہ - گمان مین پڑنا اور کنوان کھودنے والا -

گمہ - ایک نبات کا نام ہے جو راز یانہ کی صورت پر ہوتی ہے و بضم اول نام ایک قسم کی مچھلی کا +

گمراہی - بھول جانا راستے سے -

کاف فارسی با نون

گندنا - ایک قسم سبزے کا جو قسم سیر یعنی لہسن سے ہے -

گندا - وہ چیز جس سے بد بو آئے - ع - گندا و تیز ہے چو پیاز و ترش تیغ دماغ چون سیر گرم خشک ہے جعفرات سرد تر +

گندم با - آش گندم جسکو حلیم کہتے ہین -

گنج - بفتح اول بہت سا مال جو ایک جگہ جمع ہو - سعدی - اگر در کفش گنج قارون بود + وگر تا بعش ربع مسکون بود + نیرزد بخیل آنکہ نامش بری وگر روزگارش کند چاکری +

گنج - بضم اول گنجایش جو کسی چیز مین ہو -

گنج باد آورد - خسرو پرویز کے ایک خزانے کا نام ہے - واضح ہو کہ خسرو پرویز آٹھ خزانے رکھتا تھا اول گنج عروس جو خاص شاہی خزانہ تھا اور بادشاہ نے خود جمع کیا تھا دوسرا خزانہ باد آورد یہ شاہ روم کا خزانہ تھا جو کشتیون پر لاد کر کسی جزیرے کو لیے جاتے تھے ہوا کا طوفان اٹھا اور کشتیان خسرو کے علاقے مین آ گئین چونکہ آپسمین دونون کے کمال دشمنی تھی وہ خزانہ خسرو نے لے لیا اور نام اسکا گنج باد آورد رکھا تیسرے گنج دیبا خسروی چوتھے گنج افراسیاب پانچوین گنج سوختہ اس سوختہ کے معنی سنجیدہ کے ہین چھٹے گنج خضرا ساتوین گنج شادآورد آٹھوین گنج بادآورد - بادآورد کے معنی مفت کے بھی ہین یعنی مفت کا مال - میر صیدی - پیالہ نوش ندارد غم تہیدستی + بہار بادہ کشان ہست گنج باد آورد +

گنبد - وہ عمارت جو گول ہو اور ہرن کا چارون سم سے جست لگانا اور ایک قسم آئین بندی کا اور وہ خیمہ جو ایک ستون پر استادہ ہو اور کفل سرین یعنی چوتڑ - سعدی - نگہ کن برین گنبد زر نگار + کہ سقفش بود بے ستون استوار + محسن تاثیر ہجو مین - بر در گنبد خاتون تو ہر شب قندیل + زیر کا ویختہ از خایہ بادنجانی +

گند - بفتح اول بد بو اور ہوا نا مطبوع اور ہندی مین مطلق بو اور اسی اعتبار سے عطر فروش گو گندھی بولتے ہین -

گند - بضم اول خایہ مرد کا جسکو عربی مین خصیہ بولتے ہین -

گنجبار - خزانے کا مقام جیسے کہ رودبار اور دریابار - فردوسی - بیارم نشانمش بر تخت یار + وزان پس کشایم در گنجبار +

گندپیر - زال و عجوز بوڑھی عورت -

گنجور - خزانے والا - صاحب خزانہ یہ لفظ گنجور چنانچہ نامور وغیرہ رنجور اور مزدور بھی اسیطرح ہے -

گنجار - گلگونہ اور غازہ جو عورتین چہرے پر ملتی ہین جس سے چہرے کا رنگ سرخ زیادہ ہو جاتا ہے -

گنج وار - نام ایک نوا کا ہے علم موسیقی مین -

گنداور - آدمی شجاع و دلیر و بہادر -

گنگار - وہ سانپ جسنے اپنا پوست تازہ اتارا ہو -

گنور - ہندوستان خطہ مالوہ مین ایک قلعہ ہے -

گندز - مخفف گنگ دز نام ایک قلعہ کا تھا جو ضحاک نے شہر بابل مین تعمیر کیا تھا اس قلعہ مین جادوگر بہت رہتے تھے اب وہ قلعہ اجڑا ہوا ہے صرف ایک چاہ بہت عمیق موجود ہے اور مشہور ہے کہ اسمین ہاروت و ماروت دو فرشتے قید ہین -

گندش - گوگرد یعنی گندھک -

گنجشک - چڑیا جو ایک مشہور پرندہ ہے سعدی - گربہ مسکین اگر پر داشتی + تخم گنجشک ازجہان برداشتی +

گندسک - یہ ایک بیخ خصیۃ الثعلب کی صورت پر ہے جوڑا آپسمین لپٹا ہوا زمین سے نکلتا ہے ایک ٹکڑا بڑا دوسرا چھوٹا پس اگر مرد بڑے ٹکڑے کو کھاکر عورت کے ساتھ مباشرت کرے بیٹا پیدا ہو اگر عورت چھوٹے خصیے کو کھائے تو شہوت اسکی جاتی رہے -

گنگ - بضم اول بے زبان لال جو بات نہ کرسکتا ہو عربی مین اسکو ابکم کہتے ہین اور مٹی کا گلا یہ جو پانی کے اجراے کے لیے زمین یا دیوار مین نصب کردیتے ہین -

گنگ - بفتح اول اسکے گیارہ معانی ہین اول بیت المقدس جسکو مسجد اقصی بھی کہتے ہین دوسرے نیک اور خوب اور زیبا تیسرے نام ایک شہر کا ہے شرقی حصہ ملک خطا مین جس جگہ دن رات ہمیشہ برابر رہتا ہے کبھی بڑھتا گھٹتا نہین ہے بارہ بارہ گھنٹے کا دن اور رات ہے ہمیشہ بہار کا موسم ہے گرمی سردی کا انقلاب نہین ہوتا گنگ دژ بھی اسکو کہتے ہین چوتھے ایک بیماری کا نام ہے جس سے بالون کی جڑ مین خارش پیدا ہوتی ہے جبتک بال منڈائے نہ جائین خارش نہین جاتی پانچوین پہاڑ جسکو فارسی مین دہ اور عربی مین جبل کہتے ہین چھٹے نام ایک جزیرے کا ہے ساتوین ہر ایک چیز جو ٹیڑھی اور خم کھائی ہوئی ہو اور وہ شخص جو مادرزاد کوز پشت ہو آٹھوین نام ایک بتخانے کا ترکستان مین جسکو کیکاؤس بادشاہ نے تعمیر کیا تھا نوین نام ایک بتکدے کا چین کے بتخانون مین سے دسوین نام ایک شہر کا جسکو تاشکند اور چاچ بھی کہتے ہین گیارھوین نام ایک رود کا جو ہند مین جاری ہے اور ہندو اسکو بہت بزرگ مانتے ہین اور منبع اسکا کوہ سوالک گنگوتری پہ ہے ہندو اسکے پانی سے نہانا موجب نجات تصور کرتے ہین اور اپنے مردون کی سوختہ ہڈیان اسمین ڈالتے ہین - **مؤلف** - کے رود داغ سینہ از دل بغیر از آب اشک + گرچہ شوید بش بآب زمزم و دریاے گنگ +

گنگل - ہنسی وظرافت وخوش مزاجی - **حکیم نزاری** - یاد باد آن شب کہ در بیت الحرام + خلوتے کردیم بایاران ہم + بادہ میخوردیم گنگل میزدیم + زاول شب تابوقت صبحدم +

گندم - مشہور غلہ ہے جو کھانے مین آتا ہے - **صائب** - گریبان چاک کیے عشاق ازنعوق فنا باشد + الف در سینہ گندم زشوق آسیا باشد +

گندمان - نام ایک مقام کا ہے مضافات شہر اصفہان سے - **شرف الدین** شفائی فکری کی ہجو مین - باین طلب زلرستان شد ستم آوارہ + زگندمان بعراقم ازین فتادہ گذار +

گنج شایگان - مفت کا خزانہ یہ نام بھی خزانہ باد آورد کا تھا جو خسرو پرویز کو ملا اور شایگان بمعنی فراخ وبہتر وسزاوار کے بھی آیا ہے اصل مین یہ لفظ شاہگان تھا یعنی بادشاہون کے لایق -

گنج قارون - قارون کا خزانہ جو بڑا خزانہ تھا اور چالیس آدمی اسکے خزانون کی تالیان اٹھاتے تھے چار لاکھ چالیس ہزار انبان بھرا ہوا سونے چاندی کا تھا اور وہ چالیس بڑے بڑے مکانون مین رکھے تھے سعدی - قارون ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت + نوشیروان نمرد کہ نام نکو گذاشت +

گنج گاؤ - یہ ایک خزانہ جمشید کے دفینون مین سے بہرام کے وقت ظاہر ہوا زمیندار اپنی کھیتی کو پانی دے رہا تھا کہ ایک مغاک ظاہر ہوا اور پانی اسمین غرق ہوتا تھا زمیندار نے وہ جگہ کھودی عمارت عالیشان ظاہر ہوئی تو بہرام کو اطلاع دی بادشاہ خود گیا اور اسکو کھولا دو گاؤمیش سونے کے بنے ہوے پائے دونون کی آنکھون مین بے بہا یاقوت لگائے ہوے پیٹ مین انکے انار اور سیب طلائی بھرے ہوے انارون اور سیبون مین گران بہا موتی اور الماس وغیرہ جواہرات تھے گاؤمیشون کے آگے کی کھریان مرصع ہونے کی بنی ہوئی اور گھاس کی جگہ جواہرات سے پُر سوا ان گاؤمیشون کے اور بھی بہت سے وحش وطیور سونے کے بنے ہوے مرصع مملو بجواہرات تھے بادشاہ نے وہ سب مال غربا وفقرا پر تقسیم کردیا جس سے سب لوگ دولتمند ہوگئے -

گنجارہ - گلگونہ جو عورتین منھ پر ملتی ہین -

گندہ - بضم اول جو چیز موٹی ہو مقابل باریک کے چنانچہ ریسمان گندہ یعنی موٹا سوت اور گلولہ آٹے کے خمیر کا جو گول بنایا جاتا ہے -

گنجہ - نام ایک شہر کا جسمین خواجہ نظامی رہتے تھے جنکی تصانیف سے خمسہ نظامی مشہور ہے - **نظامی** - دبیران نگر تا بروز سپید + قلم چون تراشند از مشک بید + نہان مرا آشکارا برند + زگنجہ نگر تا بخارا برند +

گنجینہ - مزید علیہ گنج کا خزانہ - **مؤلف** - روشن از نور محبت سینہ کن + سینہ را از معرفت گنجینہ کن +

گناہ - مشہور لفظ ہے جسکو عربی مین جرم اور ہندی مین پاپ کہتے ہین **صائب** - بیہودہ دل مشوش ما + درفکر گناہ یا ثواب ست +

کاف فارسی با واو

گوارا۔ جو چیز خوش مزا ہو اور طبیعت کو پسند اور زود ہضم۔ صائب۔ زخم از مرہم گوارا تر بود بر عارفان + رخنہ در زندان بود از نقش یوسف محبوس را +

گویا۔ بولنے والا۔ کلام کرنے والا۔ حیوان ناطق۔ صائب۔ مردمک مہر خموشی ست نظر باز انرا + در حریمی کہ نباشد نظر گویائی +

گونیا۔ معماروں کے ایک اوزار کا نام ہی مثلث شکل کا جس سے وہ کجی و راستی عمارت کی دریافت کرتے ہیں۔

گوئیا۔ یہ لفظ تشبیہ کے موقع پر بولا جاتا ہی۔

گوا۔ مخفف گواہ جسکو عربی میں شاہد کہتے ہیں۔

گوبشا۔ تیسرا حرف بائے ابجد ژندی زبان میں شہد جسکو عربی میں عسل کہتے ہیں۔

گوبیا۔ ژندی زبان میں زبان جسکو عربی میں لسان بولتے ہیں۔

گوداب۔ تیسرا حرف دال ایک قسم کے کھانے کا نام ہی جو گوشت و برنج و نخود و مغز جوز سے پکاتے اور سرکہ سے ترش کرتے ہیں۔

گوراب۔ تیسرا حرف رائے حطی وہ میدان جو گھوڑا دوڑانے کے لیے بنایا گیا ہو اور نام ایک شہر کا ہی اور وہ گنبد جو قبر پر بنایا جاے اور موزہ جو پانوں میں پہنتے ہیں جراب بھی اُسکا نام ہی۔

گوشتاب۔ گوشمال۔ گوش پیچ۔

گوشت۔ بفتح اول و دوم نام ایک آواز کا موسیقی کی چھ آوازوں سے جنکا نام [illegible] ماتہ۔ شمک۔ گوشت۔ شہناز۔ گردانیہ ہی۔

گوت۔ سرین یعنی چوتڑ آدمی کے۔

گومست۔ نام ہی ایک کتاب کا جو مجوسی مذہب کے مسائل کے تغیر میں جو مست نام ایک حکیم نے لکھی اور دعوی پیغمبری کا کیا اور بیان کیا کہ یہ کتاب مجھکو خدا سے ملی ہی وہ کتاب اتنی بڑی تھی کہ ستر اونٹوں پر لادی جاتی مجوس نے اُسکی رسالت سے انکار کیا اُسکو قتل کیا اور کتاب جلادی۔

گولانج۔ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی۔

گوگرد۔ یہ ایک کانی دوا ہی جسکو گندھک کہتے ہیں دو قسم ہی ایک گوگرد سرخ جس سے کیمیا بنتی ہی دوم گوگرد زرد جس سے باروت بنائی جاتی ہی۔

گوسپند۔ میش جسکو بھیڑ [illegible] کہتے ہیں۔ سعدی۔ گوسپند از برائے چوپان نیست + بلکہ چوپان برائے خدمت اوست۔

گود۔ بفتح اول وہ زمین جو پست ہو اور مغاک۔

گولاد۔ نام ایک ایرانی پہلوان کا ہی۔

گونار۔ جوال دوز۔

گوار۔ ہر ایک چیز جو لائق کھانے اور پینے کے ہو۔

گوگرد احمر۔ گوگرد سرخ۔ لال گندھک جو نہایت نایاب ہی۔ سابق۔ ترک تعلقات بود کیمیاے دل + گوگرد احمر ست محبت براے دل + نظامی۔ نہ گوگرد سرخی نہ لعل سپید + کہ جوینده گردد ز تو ناامید +

گور۔ بضم اول مشہور جنگلی جانور ہی اور قبر جس میں مردہ دفن کرتے ہیں۔ سعدی۔ اگر بریان کند بہرام گورے + نہ چون پاے ملخ باشد ز مورے + مؤلف۔ ز اعمال نکواے نیک سیرت + بنہ در گور خود روغن چراغے +

گوہر۔ اصلیت ہر ایک چیز کی اور ذات ہر ایک شی کی جوہر اسکا معرب ہی اور موتی لعل یاقوت الماس وغیرہ۔ صائب۔ راہ مقصود طے از آبلہ پا نشود + گرہ از رشتہ بدندان گہر وا نشود +

گور۔ بفتح اول نام ایک ملک اور قوم کا ہی۔

گویر۔ بفتح اول و یاے مجہول ہموار زمین اور ریگستان اور جنگل۔

گوشیار۔ لقب ایک حکیم کا جسکا نام ابو الحسن تھا اور شیخ ابو علی سینا نے اُسکی شاگردی کی۔

گواشیر۔ نام ایک ولایت کا ہی جہاں سفید فیروزہ پیدا ہوتا ہی اور نام ایک قسم کے گوند کا۔

گوذر۔ گاے کا بچہ جسکو گوسالہ بھی کہتے ہیں اور نام ایک قسم کی مرغابی کا جس کا گوشت بدبودار ہوتا ہی۔

گودرز۔ نام ایک ایرانی پہلوان کا ہی۔

گوزن۔ بفتح اول و دوم گوزن جو جنگلی گاے کا نام ہی۔

گوز۔ بفتح اول و سکون ثانی جوز جسکو گردگان بھی کہتے ہیں۔

گوز۔ بضم اول و واو مجہول وہ ہوا جو مقعد سے نکلے۔ فوقی یزدی۔ تا بردتی چرب کردہ ہیتم ز خوان فقر + گوز بر قیماق استغناے گردون میزند +

گواز۔ وہ لکڑی جس سے بیل ہانکتے ہیں اور دستہ چوبی جس سے شالی کوٹتے ہیں۔

گوارش۔ خوش ذائقہ ہونا کھانے کا اور ہضم کے لایق ہونا اور نام ایک دوا مرکب کا معرب اسکا جوارش ہی۔

گوش۔ کان جس سے بات سن سکتا ہی اور مخفف گوشہ اور نام چودھویں دن کا ہر ایک شمسی مہینے سے۔ طاہر غنی۔ شاید ز گردہ رسد آوازپاے او + شد مدتے کہ چشم براہ است گوش را +

گواش۔ صفت و رنگ و لون۔

گوشش۔ وہ مٹی کا برتن جسمین دودھ یا چھاچھ رکھی جاے۔

گولاک - موج پانی کی جو دریا سے اوٹھے - **محتشم** - محتشم گر بجنبد گولاک خواہد زد
چنین + سیل شک ما زماہی تا بہ ماہ خواہد شدن +
گوک - بفتح اول و دوم مغاک و خندق جو کسی شہر یا قلعہ کے باہر کھدی ہو -
گوک - بضم اول و واو غیر ملفوظ ترکی مین آسمان اور رنگ کبود -
گوزک - شتالنگ پانون کا جوڑ جسکو گٹا کہتے ہین -
گورک - تیسرا حرف راے مہملہ دھوبی کا تختہ جسپر وہ کپڑے دھویا کرتا ہی -
گوشک - گلے کی ہڈی جو اوپر کو ابھری ہوئی ہوتی ہی یا پستان بلوغت
مرد کا وہی ہڈی ہی جو اونچی ہو جاتی ہی -
گویک - تکمہ گریبان کا -
گول - بضم اول و واو مجہول نادان و احمق و مکر و فریب در دماغ - باقر کاشی
نخوری گول سکندر نروی ہمرہ خضر + چند گردی ز پئے چشمۂ حیوان محتاج +
گول - بضم اول و واو غیر ملفوظ و سکون لام ترکی مین تالاب کو چک اور
حوض جسمین پانی بھرا ہو -
گول - بفتح اول و دوم فقیرون کا پشمی لباس اور پوستین کم قیمت -
نظامی - میفگن گول گرچہ عار آیدت + کہ ہنگام سرما بکار آیدت +
گوال - چیتھی اور گون جسمین غلہ بھرکے اونٹ وغیرہ پہ لادتے ہین بورے
بھی اسکو کہتے ہین معرب اسکا جوال ہی -
گوبال - گرز وایک مشہور ہتھیار ہی اور تخت اورا ورنگ اور نام ایک
پہلوان کا شاہ روس کے خویشون سے جو سکندر رومی کے ساتھ لڑا تھا -
گوگال - نام ایک جانور کا ہی جو گوبر کو گولہ بنا کر سوراخ مین لیجاتا ہی -
گورچشم - ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی جسکی بافت مین جولاہہ گول گول دائرے
بناتا ہی جو نہایت خوبصورت معلوم ہوتے ہین ہندی مین اسکو بلبل چشم
کہتے ہین اور فارسی مین گورچشم - **نظامی** - کز اکندی از گورچشم حریر +
ہو شید فارغ شد از تیغ و تیر +
گوم - ایک گھاس کا نام ہی جسکو عربی مین اذخر کہتے ہین -
گون - بفتحتین ایک خاردار نبات کا نام ہی - **طاہر وحید** - گل روے
کسبا خورشید میز دلاف ہمچشمی + گون شد گرگدن شد ہم من شد بد تر از من شد
گون - بضم اول رنگ لون چنانچہ گلگون و سیمگون و لالہ گون وغیرہ -
گورگان - الیق عیش و عشرت گور کے معنی عیش و عشرت کے اور گان
کے معنی لایق ولقب بادشاہ تیمور -
گورخان - لقب بادشاہ خطا و ختن -
گوزن - پہاڑی اور جنگلی گاے جسکو بارہ سنگھا کہتے ہیں -
گوان - بہت سے پہلوان -

گودھان - بواو مجہول و دال مہملہ کوہان اونٹ کا -
گوزین - درخت جوز - اکھروٹ کا درخت -
گوناگون - رنگ برنگ -
گو - بفتح اول مخفف گاو گاے بیل - **میر نجات** - شیخنا آمد کہ بر سر گشتہ ای بشنو +
ریش گاوند مشائخ تو چرائی دم گو + نیز بمعنی مغاک و زمین نشیب و مرد
شجاع و بہادر -
گو - بواو معروف گیند جس سے کھیلتے ہین - **سعدی** - بکوشش زبانی توان برد
گو + چو سعدی یکے گوی پسندیدہ گو +
گواہ - **گوا** - شاہد و بینہ یعنی وہ شخص جو آنکھ دیکھی بات بیان کرے - **سعدی** -
گوا کرد بر خود خدا و رسول + کہ دیگر نگردم بگرد فضول - **والہ ہروی** -
خدا را و رسول وی و ترا کردم + گواہ خویش بہر التماس اظہار -
گودہ - ترکی مین بدن اور تن اور جسم - **داراب بیگ جویا** -
حیف ست کہ از دختر رز جوئی کام + کاین فاحشہ باشد از ذوات الاعلام +
تا کے سر خود بپاے خم خواہی سود + تا چند کشی منت این گودہ حرام +
گوشوارہ **گوشوار** - ایک زیور کا نام ہی جو عورتین کانون مین پہنتی ہین
ہندی مین اسکو جھمکا کہتے ہین - **صائب** - باشد ستارہ در شب تاریک
رہنما + شد پیر زلف رہزن من گوشوارہ اش +
گوشہ - گھر کا کونہ - مکان الگ - **حافظ** - عقل دیوانہ شد آن سلسلۂ مشکین
کو + دل ز من گوشہ گرفت ابروے دلدار کجاست +
گونہ - رنگ - لون -
گوہ - گہ چیوانون کا یہ لفظ فارسی اور ہندی مین مشترک ہی - **حکیم شرف الدین**
شفائی - زیر لب بسکہ گوہ سگ خوردہ + دفن کردست صد سگ مردہ +
گوینده - بولنے والا کہنے والا - کلام کرنے والا - **نظامی** - ہمین پنج بیتم
خوش آمد بگوش + کہ میگفت گوینده خوب دوش + **نظامی** - چو در خورد
گوینده ناید جواب + سخن یاوہ گفتن نباشد صواب +
گوے انگلہ - تکمہ اور حلقہ گریبان کا -
گوسالہ - بچہ گاے و شتر و فیل وغیرہ - **حافظ** - چون سامری مباش کہ زر دید
وا ز خری + موسی بہشت از پئے گوسالہ میرود +
گوسیازہ - نام ایک قسم کے کھانے کا ہی -
گواشمہ - دامنی اور اوڑھنی عورتون کے پہننے کی -
گواہی - شہادت - آنکھوں سے دیکھی ہوئی بات - **نظامی** - گواہی دہاد کم
از چار یار + کہ صد آفرین باد بر ہر چہار +
گوہری - ہر چیز صاف اور روشن اور چمکتی ہوئی اور گوہر فروش

جسکو جوہری بھی کہتے ہین اور ہر ایک چیز جیسے موتی جٹے ہوے ہون نظامی۔ ہم از آب حیوان اسکندری + زلالی چنین ساختہ گوہری +

گوے ۔ گیند جس سے کھیلتے ہین ۔ سعدی ۔ کہ سعدی کہ گوے بلاغت ربود + در ایام بوبکر بن سعد بود +

گوانجی ۔ دلیر اور پہلوان آدمی اور سپاہ سالار۔

گوچی ۔ پست زمین اور عمیق جگہ۔

گوری ۔ عشرت و نشاط و خوشی۔

کاف فارسی مع ہاے

گہ گیر ۔ وہ گھوڑا جو سواری نہ دیوے ۔ ظہوری ۔ سمند عشق را شاید ز گہ گیری برون آری + ظہوری در رکاب غم عنان دادی خموشی را +

گہر ۔ ہر ایک چیز جو اصل ہو اور موتی جواہرات + ـــہ ۔ بشکل برتر ہر وقت و ہر بار + گہر بارید از چشم گہر بار +

گہان ۔ جہان یعنی عالم ۔ دنیا +

گہرن ۔ موچیون کے ایک اوزار کا نام ہی۔

گہوارہ ۔ ایک قسم کی چارپائی کا نام ہی جو بچون کے سُلانے کے لیے ہوا مین لٹکاتے ہین جھولنا بھی اُسکو کہتے ہین ۔ نظامی ۔ ز گہوارۂ فرش تا پاے عرش + قدم بر قدم عصمت افگندہ فرش +

گہ ۔ جگہ اور وقت چنانچہ خوابگاہ و صبحگاہ ۔

گہلہ ۔ ریزہ چاندی سونے کا ۔

گہولی ۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ بدلنا ۔

کاف فارسی با یاے

گیا ۔ مخفف گیاہ گھاس ۔

گیپا ۔ ایک قسم کے پلاؤ کا نام ہی جو بکری کے رودو نمین رکھکر پکاتے ہین ۔ سلیم ۔ پی گیپا چو او روانہ شود + دشمن صد ہزار خانہ شود +

گیرا ۔ پکڑنے والا ۔ اثر کرنے والا ۔ صائب ۔ چگونہ جان برد صیاد زکمین چشم فتانش + کہ گیرا تر بود از خون ناحق تیغ فرگانش +

گیت ۔ سرود ۔ راگ ۔ گانا ۔ ملا طغرا ۔ بود گیت نزد طرب سنج رود + درین کشور ذوق نام سرود +

گیومرث ۔ نام بادشاہ جو دنیا مین پہلا بادشاہ تھا ۔

گیچ ۔ پریشان و پراگندہ ۔ حیاتی گیلانی ۔ طرفدار انش از ہر سو عنان پیچ + سر سیارہ را آوردہ در گیچ +

گیرح ۔ وہ چوبی رحل جسپر قرآن شریف یا کتاب رکھکر پڑھین ۔

گیہد ۔ ایک مردار خوار پرندے کا نام ہی جسکو چیل اور غلیواز کہتے ہین ۔

گیبر مہ ۔ ایک قسم کے تیر کا نام ہی ۔

گیر ۔ وہ تیزی اور تلخی جو مغز بادام و پستہ اور جوز مین پائی جاتی ہی ۔

گیور ۔ نقلین کرنیوالا اور قصہ خوان اور افسانہ گو اور حس مشترک جو انسانی حواس مین ایک حس ہی ۔

گیرنگ ۔ نام ایک قصبے کا ہی ۔

گیلگ ۔ گیلانی زبان مین جاٹ اور روستائی دہقان اور مجرم و عاصی

گیل ۔ گیلان کا اختصار ہی جو ایک ملک ہی ۔

گین ۔ صاحب و خداوند اور بھرا ہوا ۔ مخفف لفظ آگین کا ۔ مولانا اکبر ۔ چو خوشنودی نصیب کس نباشد در جہان اکبر + درین غمہاے فانی پس چرا اندوہگین گردی +

گیہان ۔ زمانہ ۔ روزگار جہان ۔

گیلان ۔ نام ایک ملک کا اور نام ایک گانون کا جو بغداد کے پاس ہی اور حضرت شیخ سید عبد القادر گیلانی امام طریقت قادریہ اسی ملک کے ساتھ منسوب ہین جیلان اسکا معرب ہی ۔

گیسو ۔ بیاے مجہول لمبے بال جو دونون طرف کانون کے پیچھے لمبے چھوڑ دیتے ہون جو سواے زلف کے ہون بعض کے نزدیک زلف اور گیسو ایک معنی رکھتے ہین ۔ قاسم مشہدی ۔ یک سر مو در سر لیلی و شان بیکا نہ بیست + انچہ می آید زیاد از لف گیسو میشود ۔

گیو ۔ نام پسر گودرز پہلوان ۔

گیرانده ۔ حساب مین آیا ہوا مقید ہوا ہوا ۔ سعید اشرف ۔ شمع شد در دور حسنت پاے بست شمعدان + شرط باشد کند بر پا عامل گیرانده را +

گینہ ۔ آبگینہ کا مخفف ہی ۔

گیدہ ۔ نام ایک قسم کے جوتے کا جو نمدے سے بناتے ہین جو اختراع گیو پہلوان کی تھی ۔

گیجہ ۔ پریشان و متحیر و سرگشتہ ۔

گیتی ۔ جہان و عالم دنیا اور دو گیتی ۔ دونون جہان ۔ حافظ ۔ آسایش دو گیتی تفسیر این دو حرف ست + با دوستان تلطف با دشمنان مدارا +

گیلی ۔ گیلان کے رہنے والے ۔

گیدی ۔ مردار خوار ۔ خراب آدمی کیونکہ گید غلیواز کو کہتے ہین جو چھ مہینے نر اور چھ مہینے مادہ رہتا ہی اور گیدی وہ شخص جسکا مزاج ایک حالت پر ق

دوسری فصل

اُردو لغات کے بیان مین

کاف فارسی باالف

گادا - گیہون اور جو کا خام بھونا ہوا غلہ فارسی مین اُسکو دلمل و برکن کہتے ہین -
گارا - گوندھی ہوئی مٹی جو عمارت مین لگاتے ہین عربی مین اُسکو ملاط اور فارسی
مین گلابہ کہتے ہین -
گاڑا - کمینگاہ گھات کا مکان پوشیدہ جگہ چھپنے کا موقع -
گاڑا ہوا - دفن کیا ہوا - دابا ہوا زمین مین - قطعہ از مؤلف -
چھوڑ جائیگا آخرش ممسک + جمع جتنا کیا خزانہ ہی + لوگ لے لینگے کھود کر سارا +
جتنا گاڑا ہوا خزانہ ہی +
گاڑھا - موٹا کپڑا اور دودھ وغیرہ اور ایک قسم کے کپڑے کا نام عربی مین
اُسکو ثخین و سفیق کہتے ہین -
گالا - روئی کا گالا جو کاتنے کے واسطے بناتے ہین عربی مین اُسکو مندوف کہتے ہین -
گانا - سرود اور سرود کرنا فارسی مین اُسکو سرود و ترانہ عربی مین غنا و تغنی بولتے ہین
گات - عورت کی چھاتی اور پیٹ -
گاج - غضب و قہر و غصہ -
گاجر - مشہور جڑ ہی جو کھانے مین آتی ہی عربی مین اُسکو جزر کہتے ہین فارسی مین زردک
گانڑ - وہ سوراخ جسسے براز نکلتا ہی فارسی مین اُسکو کون اور عربی مین مقعد کہتے ہین
گاؤ پچھاڑ - فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہی -
گال - عربی مین اُسکو خد فارسی مین خسار و خسارہ کہتے ہین اور ترکی مین ال -
گابھن - گائے بھینس وغیرہ جو حاملہ ہو - فارسی مین آبستن -
گاڑی بان - گاڑی ہانکنے والا - فارسی مین اُسکو ارابچی کہتے ہین -
گانون - بستی - قریہ اور روستا اور دہ - چھوٹی سی آبادی -
گاؤزبان - لسان الثور جو ایک دوا ہی -
گائن - گانیوالی عورت جسکو عربی مین مغنیہ کہتے ہین -
گانڑو - کوئی جسکو اغلام کرانیکی عادت ہو -
گابھ - حمل کا بوجھ جو مادہ کے پیٹ مین ہو -
گانٹھ - گرہ جو کسی رشتہ وغیرہ مین پڑ جائے -
گاڑی - ارابہ جسپر اسباب لاد کر بیلون سے چلاتے ہین -
گالی - وہ بات جسکے سننے سے انسان کو جوش آئے عربی مین اُسکو سب
اور سبوبہ اور فارسی مین دشنام کہتے ہین -
گانسی - لوہے کا پھل جو تیر کو لگاتے ہین عربی مین اُسکو نبل کہتے ہین
اور فارسی مین پیکان -
گاودی - احمق اور بیوقوف -
گائے - مشہور چارپایہ ہی -

کاف فارسی باباے

گبرولا - ایک جانور کا نام ہی جو گوبر سے پیدا ہوتا ہی سیاہ رنگ عربی مین اُسکو
جعل کہتے ہین -
گپ - عام باتین جو قابل اعتبار نہون -
گپت - ہر ایک چیز پوشیدہ -
گپتی - ایک چوبدستی کا نام ہی جو اندر سے پولی ہوتی ہی اور اُسکا آہنی
پھل نہایت تیز کیا ہوا پوشیدہ رکھا رہتا ہی اُسکا دستہ انسان ہاتھ مین
پکڑے رہتا ہی اور معلوم ہوتا ہی کہ یہ چوبی چھڑی ہی مگر کوئی موقع لڑائی کا
ہو جائے تو اُسکا آہن کھینچکر دشمن کا کام تمام کر سکتا ہی چونکہ وہ پوشیدہ
ہتھیار ہی گپتی اُسکا نام رکھا گیا -
گپی - وہ شخص جو فضول گو ہو - لغو اور بے فائدہ باتین کہے -
گٹا - پانون کا جوڑ جسکو عربی مین کعب کہتے ہین اور بند دست جسکو پہونچا
بولتے ہین وہ چیز جس سے کسی برتن کا منہ بند کیا جائے چنانچہ حقے کا گٹا -
گٹھا - گھاس وغیرہ کا پشتارہ جسکو عربی مین کارہ کہتے ہین اور فارسی
مین پشتوارہ -
گٹھ کٹا - جو لوگون کی گیسی اور گانٹھین کاٹ لے فارسی مین اُسکو گرہ بر
اور عربی مین طرار کہتے ہین -
گٹھیا - جوال جس مین غلہ بھرتے ہین اور نام بیماری جسکو عربی مین
وجع مفاصل یعنی جوڑون کا درد کہتے ہین -
گٹھڑی - بستنی جسمین کپڑے وغیرہ بندھے ہون - قطعہ از مؤلف
ہی جتنا مال سب تقسیم کر دو + زمین مین اُسکو مت رکھو دبا کر + یہان ہی
پھینک جاؤ بار سر سے + کہان لیجاؤ گے گٹھڑی اُٹھا کر +
گٹھلی - وہ ہڈی یعنی سخت بیج جو کھجور وغیرہ سے نکلتی ہی فارسی مین اُسکو
خستہ اور عربی مین عجم کہتے ہین -
گٹکری - مسلسل آواز جو گانے کے وقت گانیوالا گلے سے نکالتا ہی -

کاف فارسی باجیم

گجگھا - بہت سا مال جو کسی کے پاس جمع ہو -
گچھا - ہر ایک چیز جو یکجا کر کے بندھی ہو چنانچہ بیتون کا گچھا -
گچ - سفیدی کی ایک قسم ہی جو عمارت مین لگائی جاتی ہی -
گجھی - گیہون اور جو ملا ہوا غلہ -

کاف فارسی باداال مہملہ

گدالا - زمین کھودنے کا آہنی اوزار -
گدڑی والا - کہنہ فروش - لتہ فروش -

گدلا۔ میلا پانی جو ناصاف ہو۔

گدھا۔ حمار خر مشہور چار پایہ ہی۔

گڈریا۔ مویشی پالنے والا چرواہا۔

گڈ بڈ۔ دو چیزین جو آپسمین ملی ہوئی ہون۔

گدر۔ نیم پختہ میوہ۔

گدام۔ انگریزی ہی مگر ہندی مین مشہور وہ جگہ جسمین ہر چیز مطلوبہ مل سکے ذخیرے کا مقام۔

گدھ۔ ایک مردار خوار جانور کا نام ہی۔

گدڑی۔ فقرا کی پوشاک فقیرون کا خرقہ۔

گدگدی۔ کسی کی بغلون مین انگلیان ملا کر اسکو ہنسانا عربی مین اسکو دغدغہ اور فارسی مین غلغچ کہتے ہین۔

گدھی۔ خر مادہ۔ حمارہ۔

گڈی۔ ساگ پات وغیرہ کی گڈی جو باندھکر بیچتے ہین

گدی۔ مسند جسپر حکام اجلاس کرتے ہین اور وہ تہ کیا ہوا کپڑا جو عورتین حیض کے دنومین اندام نہانی پر رکھتی ہین۔

کاف فارسی با راے

گرا ہوا۔ مفلس محتاج غریب آدمی اور جو چیز ہاتھ سے گری ہو۔

گرجا۔ انگریزون کا عبادت خانہ۔

گڑھا۔ غار و مغاک جو زمین مین ہو۔

گڑھیتا۔ ایک قسم کے چھوٹے بیڑے کا نام ہی۔

گرگٹ۔ ایک جانور چلپاسہ کی صورت پر ہی۔ آفتاب کو بہت چاہتا ہی عربی مین اسکو حربا کہتے ہین۔

گرینٹ۔ وہ لکڑی جسپر کنوین کی چرخی چلتی ہی۔

گرج۔ بادل کی آواز۔ رعد کی آواز۔

گر۔ قاعدہ کلیہ اور ضابطہ۔

گڑ۔ قند سیاہ جو مشہور چیز ہی۔

گرز۔ ایک آہنی جنگی ہتھیار کا نام ہی۔

گردہ۔ ایک اندرونی عضو کا نام ہی۔

گرہ۔ گانٹھ۔

گڑھ۔ قلعہ۔ حصار۔ بادشاہی مکان۔

گرمی۔ حرارت مشہور لفظ ہی۔

گروی۔ تیسرا حرف واو ایک آفت کا نام جو زراعت پر پڑتی ہی جو خوشون مین دانہ نہین پڑتا عربی مین اسکو رقان کہتے ہین۔

گرہی۔ وہ چرخی جسپر کنوین سے ڈول نکالتے ہوے رسی لپٹ جاتی ہی۔

گڑھی۔ چھوٹا قلعہ۔ حاکم نشین جگہ۔

کاف فارسی با زاے معجمہ

گز۔ وہ گز جس سے کپڑا وغیرہ ناپتے ہین۔

گزی۔ کم قیمت کپڑا غربا کے پہننے کا۔

کاف فارسی با کاف فارسی

گگری۔ چھوٹا برتن مٹی کا جسمین پانی رکھتے ہین عربی مین اسکو جرہ اور فارسی مین سبوچہ بولتے ہین۔

کاف فارسی با لام

گلا۔ حلق و حلقوم و حنجرہ وہ عضو جس سے انسان سانس لیتا ہی۔

گلّا۔ بتشدید لام وہ برتن جسمین دوکاندار روپیہ پیسہ رکھتے ہین۔

گلپھڑا۔ دونون گوشے منہہ کے۔

گلگلا۔ بضم ہر دو کاف ایک قسم شیرینی کی ہی کہ قند مین میدہ ملا کر گھی مین تل لیتے ہین۔

گلی ڈنڈا۔ لڑکون کے ایک کھیل کا نام ہی۔

گلاب۔ فارسی اردو مین مستعمل ہی عرق گل سرخ کا نام عربی مین اسکو ماء الورد کہتے ہین۔ حکیم انور لاہوری۔ تیرے رخسار پر فدا ہی گل + اور عرق ریز گلاب قربان ہی +

گلقند۔ تشریح اسکی پہلی فصل مین تحریر ہوچکی ہی۔ صفدر فوقانی۔ بات بات اسکی ہی شکر اور نبات + دونون لب ہین قند یا گلقند ہین +

گلوبند۔ حلقہ دار رسی جو مویشی کی گردن مین باندھتے ہین +

گلگیر۔ جس سے شمع کا گل کترتے ہین۔

گل۔ فارسی اردو مین مستعمل ہی پھول ہر ایک قسم کا خصوصاً گلاب کا پھول اور شمع کا گل جو کتر دیا جاتا ہی اور داغ جو آگ کی گرمی سے جسم پر پڑ جاتا ہی۔ قطعہ از مؤلف۔ تودۂ گل ہی گلستان دہر مین + گل بھی گل کھاتے ہین جسکو دیکھکر + شمع گل ہو جاے مارے رشک کے + وہ سر محفل اگر تو جلوہ گر +

گلدم۔ بلبل جو ایک پرند مشہور ہی۔

گل تکیہ۔ وہ گول تکیہ جو رخسارون کے نیچے رکھا کرتے ہین۔

گلدستہ۔ فارسی لفظ ہی اردو مین مستعمل ہی جو بہت سے پھول یکجا باندھے ہوے ہون۔

گلہ۔ فارسی اردو مین مستعمل ہی شکایت شکوہ۔

گلابی۔ چھوٹا شیشہ جسمین شراب و گلاب بھر دیتے ہین۔ سے گلابی مین

ڈبو کے لا ساقیا + محبت کے پیاسو نکو بھر بھر پلا +

گلٹی - وہ غدود جو گوشت مین ہوتا ہی -

گلہری - مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین موش خرما کہتے ہین -

گلی - کشتی کا اگلا حصہ جسکو مقدم کشتی کہتے ہین -

گلی - ایک اوزار کا نام جس سے تلوار کو جلا دیتے ہین -

گلی - مشہور لفظ ہی جسکو فارسی مین کوچہ کہتے ہین -

کاف فارسی با نون

گنا - کماد جسکو فارسی مین نیشکر کہتے ہین اور عربی مین قصب السکر -

گنجا - جس شخص کے بال بسبب بیماری کے اُتر گئے ہون -

گنڈا - وہ رشتہ کچا جسپر کوئی دعا یا افسون پھونک کر اور گرہ دیکر بیمار کے گلے مین باندھتے ہین - حکیم انور لاہوری - محبت کا مرض مہلک مرض ہی + ہو بیشک لا دوا بیمار اسکا + مؤثر ہی نہ نسخہ کوئی اسپر + نہ ہی تعویذ کار آمد نہ گنڈا +

گندا - نہایت خراب اور بدبو -

گندنا - سیر کی قسم سے ہی عربی مین اسکو کرات کہتے ہین -

گنڈلا - احاطہ دائرہ -

گنگا - مشہور دریا ہی جو ہند مین متبرک سمجھا جاتا ہی - سہ - کبھی ہوگا نہ گورا کالا حبشی + گر اسکو غسل دین گنگا مین سو بار +

گند - وہ بو جو نامطبوع ہو -

گنوار - دہقان گانون کا رہنے والا -

گندھک - مشہور چیز ہی جسکو فارسی مین گوگرد کہتے ہین -

گن - ہنر علم فضل - نیک وصف جو کسی آدمی مین ہو -

گناہ - فارسی وہ کام جو خلاف مرضی مالک کے کیا جاے - توحید - کیون نہ بخشا جاے وہ نامہ سیاہ + توبہ جو عاصی کرے بعد از گناہ + ذرہ بن جائیگا روشن آفتاب + گر کرے وہ مہربان اسپر نگاہ +

گنتی - شمار - حساب جسکو عربی مین عدد کہتے ہین - صفدر فوقانی - قہر حق سے ہین فرشتے کانپتے + ہے تو کس گنتی مین اسے خاکی نژاد +

گنجی - وہ عورت جسکے سر کے بال بسبب کسی بیماری کے گر گئے ہون -

گندھی - عطار - عطر فروش - عطر بیچنے والا -

گندی - خراب اور زنا کار فاحشہ عورت -

گنڈلی - سانپ کا حلقہ مار کر بیٹھنا -

گنی - ہنرمند - صاحب فضل و علم -

کاف فارسی با واو

گودا - مغز ہر چیز کا جسکو عربی مین لب کہتے ہین

گورا - وہ شخص جسکا رنگ سفید ہو - سہ - درد ندان نہین ستارے ہین + گورے گورے ہین پیارے پیارے ہین -

گوڑا - وہ رسی جو گھوڑے کے پانون یا کسی اور چارپاے کے پانون مین باندھتے ہین -

گولا - توپ کا گولا جو مشہور چیز ہی -

گونڈا - مویشی کے رکھنے کا احاطہ جنگل یا باہر گانون کے بناتے ہین -

گویا - بتشدید یاے گانے والا سرود کرنے والا جسکو مطرب و مغنی کہتے ہین

گونگا - جو زبان سے بول نہ سکتا ہو - مؤلف - وہ کیا دیکھیگا اور بولے گا کیا عرفان کے مجمع مین + جو ہو آنکھون سے اندھا اور زبان اپنی سے گونگا ہو +

گوٹ - بواو مجہول مہرہ نرد اور چوپڑ کا -

گوشت - مشہور چیز ہی جسکو عربی مین لحم ہندی مین ماس کہتے ہین -

گوند - وہ گوند جو درختون سے نکلتا ہی جیسے کنکر کا گوند وغیرہ عربی مین اسکو صمغ کہتے ہین -

گود - بغل جسکو کنار فارسی مین کہتے ہین -

گوبر - چارپایون کا سرگین -

گوڑ - برہمنون کی ایک ذات ہی -

گولر - نام ایکدرخت کا ہی جو انجیر سے مشابہت رکھتا ہی -

گودڑ - پرانے کپڑے اور چیتھڑے -

گولک - وہ کوزہ جسمین محصول لینے والے آمدنی کا روپیہ ڈالتے ہین -

گوگل - ایکدرخت کا گوند ہی عربی مین اسکو مقل کہتے ہین -

گول - جو چیز گرد دائرہ کے صورت پر ہو -

گوپھن - وہ آلہ جس سے پتھر چلاتے ہین فارسی مین اسکو فلاخن کہتے ہین

گون - جوال جسمین غلہ بھرتے ہین چھٹی بھی اسکو کہتے ہین -

گوئیان - وہ عورتین جو آپسمین محبت رکھتی ہین -

گون - بہ نون غنہ مطلب غرض - کام -

گوکھرو - ایک کانٹے کا نام ہی جسکو حسک عربی مین کہتے ہین -

گواہ - جو آنکھ دیکھی بات کہے -

گوہ - میلا فضلہ آدمی یا چارپایہ کا -

گواہی - شہادت آنکھ دیکھی بات -

گودی - بغل جسکو فارسی مین کنار کہتے ہین -

گودی- بغل جسکو فارسی مین کنار کہتے ہین-
گوری- سپید رنگ عورت-
گولی- جو بندوق مین بھرکر چلاتے ہین-

کاف فارسی با ہاے ہوز

گھاٹا- جو آٹیہ جو کو پکا کر نکالتے ہین اور خسارہ اور نقصان-
گھٹا- سیاہ بادل جو آسمان پر محیط ہو-
گھٹنا- بند ساق جسکو عربی مین رکبہ اور فارسی مین زانو کہتے ہین-
گھرا- وہ چاہ یا حوض جو عمیق ہو-
گھرانا- بڑا گھر خاندان عزت دار لوگ صاحب دولت وعلم وفضل-
گھڑا- وہ آواز جو مرنے کے وقت گلے سے نکلتی ہی-
گھریا- بوتہ جسمین زرگر چاندی سونا گلاتے ہین-
گھڑا- پانی رکھنے کا برتن جسکو فارسی مین سبو کہتے ہین-
گھسیارا- گھاس کاٹنے والا-
گھنا- وہ کرم جو گیہون مین پیدا ہوکر اسکو تلف کرنا شروع کردیتا ہی فارسی مین اسکو شبشہ کہتے ہین-
گہنا- زیور جو عورتین پہنتی ہین-
گھنٹا- جرس جو اونٹ اور ہاتھی وغیرہ جانورون کے گلے مین باندہتے ہین تا اس سے صدا نکلے فارسی مین اسکو درا کہتے ہین-
گھورا- جو زمیندار گوبر جمع کرکے انبار لگا دیتے ہین خشک اپلون کے انبار کو بھی گھورا بولتے ہین-
گھوڑا- مشہور چارپایہ سواری کا ہی کہتے ہین جس نے سب سے اول گھوڑے پر سواری کی اسماعیل پیغمبر علیہ السلام تھے- **شعر**- کبھی ہو رزق کا اسکو نہ توڑا + بندھا ہو جسکے دروازے پہ گھوڑا +
گھوٹنا- جس سے کاغذ گھوٹتے ہین اسکو مہرہ بھی کہتے ہین-
گھونسا- مکا جو کسی کو مارین-
گھونسلا- پرندون کے رہنے کا گھر جو درختون اور دیوارون مین بناتے ہین-
گھونگا- ایک قسم کا سیپ جو بیدار ہوتا ہی-
گھات- وہ مکان جسمین کسی دشمن کے آنے کے انتظار مین چھپکر بیٹھین فارسی مین کمینگاہ کہتے ہین-
گھاٹ- دریا کا کنارہ جس جگہ سے لوگ پانی بھرین اور دریا سے گزرین-
گھر گھراہٹ- چکی کی آواز-
گھونٹ- ایک جرعہ پانی وغیرہ کا جو پینے مین آئے-
گھونگٹ- نقاب جو منھ پر ڈالا جاے-
گھپچ- ایک دوسرے مین ملی ہوئی چیزین اور آپس مین مختلط-

گھمنڈ- غرور- تکبر- گردن کشی- **مولانا اکبر**- آگ ہوتا ہی کس لیے انسان + کیون یہ خاکی گھمنڈ کرتا ہی-
گہار- وہ لوگ جو جنگ کے لیے فراہم کیے جائین-
گھر- رہنے کا مکان جسمین انسان سکونت رکھتا ہو- **مفتی حیدر**- مسافر ایک ہفتہ کے لیے کیا ہی دنیا مین + سراے دہر کو کیونکر یہ اپنا گھر سمجھتا ہے +
گھوڑ دوڑ- گھوڑون کے دوڑنے کا میدان-
گھیر- بیاے مجہول ہر چیز کا دور اور گول اور دائرہ اور احاطہ-
گھاس- گیاہ جو چارپائے کھاتے ہین-
گھونس- ایک قسم کا چوہا جو بہت بڑا ہوتا ہے-
گھاگ- پرانا آدمی تجربہ کار-
گھائل- جسکو بہت سے زخم لگے ہون سخت مجروح **مولانا اکبر**- تیرے ابرو نے کردیا گھائل + تیری پلکون نے مار ڈالا ہی + تیرے ہونٹون نے پی لیا ہی خون + تیری باتون نے دم نکالا ہی-
گھن- وہ کرم جو گیہون مین پیدا ہو جاتا ہی عربی مین اسکو سوس کہتے ہین
گھسیٹن- وہ نشان جو کسی چیز کے کھینچنے سے زمین پر پڑجاے-
گھاؤ- زخم جو بہت گہرا ہو-
گھبراؤ- اضطراب وبیقراری-
گھر پلو- گھر کا پلا ہوا- خانہ زاد- گھر کا آدمی یا جانور-
گھنگھرو- جو ناچنے کے وقت پاؤن مین باندھ لیتے ہین عربی مین اسکو قلقلہ کہتے ہین اور فارسی مین زنگولہ بولتے ہین-
گھاٹی- پہاڑی راستہ اور پہاڑ کا درہ مشکل-
گھٹی- وہ چند ادویات جنکو جوش دیکر جوشاندہ انکا نوزاد بچہ کو دیتے ہین وہ ایک قسم کا مسہل ہوتا ہی جو بچے کے پیٹ سے ماں کے پیٹ کا میل نکال دیتا ہے اور پیٹ صاف ہو جاتا ہی-
گھڑی- جس سے دن اور رات کا وقت معلوم ہو- **مؤلف**- عمر کے دن گنتے سر پر آگیا پیک اجل + یہ گھڑی ہمکو گھڑی ہر وقت بتلاتی رہی +
گھمنی- دوران سر جو ایک بیماری ہی-
گہنی- گہن- کسوف آفتاب وخسوف مہتاب تیرہ ہو جانا چاند اور سورج کا-
گھنڈی- حلقہ تکمے کا جسمین تکمہ ڈالکر گریبان بند کردیتے ہین-
گھنٹی- چھوٹا گھنٹہ جسکو ہلاہل کہتے ہین ہنود پوجا کے وقت بجاتے ہین-
گھنگچی- سینی سرخ وسیاہ جسکے ساتھ سونا چاندی تولتے ہین-
گھوڑی- اسپ مادہ-

گھی - روغن زرد جو گاے اور بھینس وغیرہ جانورون کے دودھ سے نکلتا ہی -

کاف فارسی بایاے

گیروا - وہ کپڑا جو گیرو سے رنگا جاے -
گیلا - جو پانی مین تر ہو -
گینڈا - ایک جانور کا نام ہی جو ہاتھی کے بچے کی صورت پر ہوتا ہی ماتھے پر اُسکے ایک سینگ ہوتا ہی -
گینگٹا - سرطان جو ایک دریائی جانور ہی اُسکو کیکڑا بھی کہتے ہین -
گیند - مشہور چیز ہی جسکو فارسی مین گوے کہتے ہین -
گیدڑ - مشہور جانور ہی جسکو شغال کہتے ہین -
گیہون - مشہور غلہ ہی جسکو عربی مین حنطہ اور فارسی مین گندم بولتے ہین -
گیرو - ایک سرخ مٹی کا نام ہی جسکو فارسی مین گل ارمنی کہتے ہین -

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے بیان مین

کاف فارسی باالف

گاوپشت - کنایۂ آسمان مگر صرف اُس حالت مین ہی کہ خرگاہ کا لفظ ساتھ ہو - نظامی - ندانیم کاین خرگہ گاوپشت + چگونہ درآید بخاک درشت +
گاوزور - گاوزوری - صاحب زور اور زورآور ہونا - نظامی - دلاور بسرپنجہ گاوزور + ز نورش بشیران در افتادہ شور +
گاوخراس - وہ بیل جو خراس چلاتا ہو - امینی بیگ افشار - بدبخت وجود و روسیاہ عدمم + بدعہد حدوث و بیوفاے قدمم + ہرکس سوے مقصد شد و افسوس کہ من + چون گاوخراس در نخستین قدمم +
گام شمردہ نہادن - احتیاط سے قدم رکھنا - عرفی - دگام شمردہ خط نگار کی بر نقطۂ نوک نیش کژدم +
گاو درخرمن کردن - خراب کرنا خرمن کو - ظہوری - تاچ کاہش فلک دہد بر باد + خصم را گاو کردہ درخرمن +
گاوزادن - میراث اور نفع کثیر حاصل کرنا - نظامی - بہندوستان چو پیرے از خر فتاد + پدر مردہ را لخچتن گاوزاد -
گاو کون - احمق و نادان آدمی -
گاو سفالین - شراب کا خم -
گاو آہن - وہ لوہا جو ہل کی نوک پر نصب ہوتا ہی اور زمین کو اُس سے نرم کرتے ہین -
گاوزمین - وہ بیل جو زمین کو اُٹھائے ہوے ہی -

گائیدن - جماع کرنا -
گاو دوشہ - وہ برتن جسمین گاے کا دودھ دوہتے ہین -
گاوزہرہ - ڈرپوک آدمی بزدل اور نام ایک پتھر کا جو گاے کے پتے مین پیدا ہوتا ہی عربی مین اُسکو حجر البقر کہتے ہین تاثیر مین وہ دافع سموم ہر ایک قسم ہی -
گاوخوردہ - ضایع و برباد شدہ -
گاوتازی - گوتازی - لاف مارنا نامرد کا دشمن کے مقابلے پر - لا فوقی یزدی - سواری ز من کسب کردست اما + بگوتازی از بندہ گردیغالب +

کاف فارسی باجیم

گچ کشتہ - معمار لوگ گچ کو ہر روز تر کرکے کام مین لاتے ہین اگر تر کی ہوئی گچ ایک رات گذرجائے تو کام سے جاتا رہتا ہی اُسی کو گچ کشتہ کہتے ہین - طاہر وحید - شہیدے کزان شوخ یابد نشان + شود چون گچ کشتہ جسمش نشان +
گچ کاری - گچ کا کام بنانا - ملا طغرا - بگچ کاریش ہرکہ پرداختہ + گچ از نقرۂ صبحدم ساختہ -

کاف فارسی بادال

گداز شکر - جو ہر ایک چیز کو گداز کردیوے - عرفی - تقدیر پے کاہش اجزاے وجودش + اکسیر فنا داد گداز شکر غم را +
گدا طبع - جو آدمی خسیس و کمینہ ہو - ظہوری - خواجہ می نازد بسیم و زر گدا طبع بلاست + خواجہ آن باشد کہ در مہر و وفا درویش نیست +

کاف فارسی باذال معجمہ

گذر نیست - چارہ نہین ہی - طاہر وحید - اے برخاست بگرد سراو گشتن من + ہیچو پرکار ازین شکل گذر نیست مرا +
گذشت - صیغۂ ماضی اور حاصل بالمصدر گذشتن نیز اسطرف کے معنی دیتا ہی چنانچہ کہتے ہین گذشت دریاے شور مکہ معظم است یعنی سمندر کے اسطرف مکہ ہی نیز پس کے معنی دیتا ہی اور بمعنی غیر و سواے کے - نظامی - گذشت از خورشہاے چینی سرشت + کہ رضوان ندیدہ آن چنان در بہشت + و لہ - گذشت از پرستیدن کردگار + بجز خواب و خوردن ندارند کار +
گذارش پذیر - جو بات لائق گذارش کے ہو - نظامی - گذارا ہے نقش گذارش پذیر + کہ نقش از گذارش ندارد گزیر +
گذارش گر - گذارش کن - بیان کرنیوالا - ادا کرنیوالا - نظامی - گذارش گر کارگاہ سخن + چنین گوید از موبدان کہن ...

گذارش کن فرش این سبز باغ + چنین بر فروزد چراغ از چراغ +

گذاردن - گذراندن - ادا کرنا جیسے نماز ادا کرنا - قرض ادا کرنا -

گذاشتن - چھوڑ دینا -

گذرانیدن - باہر پہونچانا - **طالب آملی** - آن دل که لباس خودی از خویش افگند + زین دجلۂ خون دامن خاکی گذرانید +

گذشتن - گذرنا - مرجانا - فوت ہونا - **وحید** - نبود عجب مریض تو گر دیر بگذرد + کز روح کشتگان تو راه گذار نیست +

گذشته - کہنہ و دیرینہ و بدبو اور لذت سے گیا ہوا ناکارہ خراب **ملا طغرا** - زاہد که تر شروع چه شراب گذشته است + در تلخی زبان چو کباب گذشته است هر چند چون کباب کند گریه و سماع + از نشئه دور همچو شراب گذشته است + مشکل بود مطالعۂ روی بی‌خطان + غافل مشو از ین که کتاب گذشته است +

کاف فارسی با راے مہملہ

گردن مینا - شراب کی صراحی کی گردن - **صائب** - بخاک افتم ز تخت سلطنت چون در نماز افتم + چو آید گردن مینا بکف مالک رقابم من +

گره کشا - گانٹھ کھولنے والا مشکل کشا - **محسن تاثیر** - نمیشود دلم از زلف یار بکشاید + گره کشا چو گره شد چه کار بکشاید +

گریز پا - بھاگ جانیوالا - دوڑ جانیوالا - **کلیم** - به چاک سینه نه مرهم پے دوا نیدم + که راه رفتن صبر گریز پا بندم +

گران خواب - بہت سونے والا - دیر کے بعد بیدار ہونیوالا - **صائب** - رخسارۂ گلرنگ تو هر دم هوائیست + چون چشم گران خواب تو بیمار نباشد

گریخته خواب - جس آنکھ مین نیند نہو - **حکیم زلالی** قصیدہ مین - سید ل طپیدن شب زنده دار مرده فراق + به چشم اشک پراگنده و گریخته خواب +

گریه دولاب - گرنا پانی کا دولاب کے کوزون سے - **نظمی خراسانی** - چشم تر من بیاد لعلت + در گریه بود بسان دولاب +

گردنش از موے باریکتر ست - گردن اُسکی بال سے باریک ہے - **صائب** - در طینت ملائم من نیست سرکشی + باریکتر ز موے میان ست گردنم +

گرگ مست - جفاکار و ستمگار و ظالم - **خاقانی** - یوسف روز جلوه کرد اندم گرگ و میکند + یوسف گرگ مست من دعوی روز میکند +

گریبان دشت - جنگل اور جنگل کا راستہ جیسا کمر کوہ - **طاہر وحید** - کرده بسکه سر بگریبان دشت + گشت لباس همه دامان دشت +

گران کردن نرخ - نرخ گران کرنا - قدر بڑھانا - **حسین ثنائی** - از من امروز کسی سخن نخرد + بسکه نرخ سخن گران کردم +

گردن شخ - متکبر و مغرور و سرکش - **ملا طغرا** - ز گردن شخیہاے مینا

چه غم + که خواهد ملائم شد این زیر و بم +

گردگان بر گنبد - ناپایدار و بے ثبات - **سعدی** - تو بکان نگیرد هر که بنیادش بدست + تربیت نااهل را چون گردگان بر گنبدست +

گردون نورد - آسمان کی سیر کرنے والا نہایت بلند و عالی مرتبہ ارادہ مستحکم و ہمت بلند - **صائب** - هر چند پایۂ تو بلند او فتاده است غافل مشو ز نالۂ گردون نوردمن +

گرگ بند - مغلوب و زبون - **نظامی** - ازین گربه گون خاک تا چند چند بشیرے توان رستن از گرگ بند +

گرم و سرد - نیک و بد حوادث زمانه - **شفیع اثر** - روز هجرانت کشیدم گرم و سرد روزگار + بے تو هر جا بودم اشکم گرم و آهم سرد بود +

گریه سرد - وہ رونا جو درد دل سے نہو فریب سے رونا - **میر بدیع** - گریه هاے سرد زاهد را نماید کار رست + میشود از بارش باران دی دیوار سست

گریه مند - گریه ناک - رونے کی حالت مین - **ظہوری** - بکنج جگر گوشگان گریه مند + نمایان ببازار و کوهرزه خند + **ملا طغرا** - بجاے تخم جواری فشاند دانۂ اشک + چو دست بر مژۂ گریه ناک زد دهقان +

گران بار - بوجھل صاحب دولت و حشمت و اولاد -

گران بودن بیمار - حالت نزع مین ہونا بیمار کا - **نعمت خان عالی** - پروانه تا دم صبح مشکل که زنده ماند + بیدار باش اے شمع بیمار ما گران ست

گران سر - مست و مخمور و مدہوش - **میر خسرو** - شاه گران سر ز می خوش اثر + باد و مبادا ش گرانی بسر +

گران سیر - آہستہ چلنے والا - **صائب** - کوشش جان بر نیاید با گرانیہاے جسم + آب در آهن گران سیر ست چون آهن در آب +

گران قدر - صاحب اعزاز و مرتبہ - **صائب** - گران قدران نیامیزند صائب با سبک مغزان + هر گکاه کے آهن ربا مائل تواند شد +

گردون سوار - بلند رتبہ اعلی درجے کا آدمی - **صائب** - نماند بر زمین هر کس بطینت خاکسار آمد + که عیسی از ره افتادگی گردون سوار آمد +

گردون سریر - بڑا بادشاہ - بڑا فرمان فرما - **قطعہ از مؤلف** - همه سر فرازان گردن بلند + همه بادشاهان گردون سریر + بیک گردش چرخ انجام کار + شدند از جهان در زمین جاے گیر +

گرفتار - مقید - پکڑا ہوا اور گرفتاری - **غزالی مشہدی** - کس بجهان پیچ چهره گرفتار مباد + هیچکس را بچنین قوم گرفتار مباد +

گرفتن خاطر - گرفته خاطر - پریشان ہونا اور پریشان و متحیر - **ذوقی** - هر ان کسیکه گرفتار زلف پیچان نیست + گرفته خاطر و متحیر و پریشان نیست

گرم رفتار - زود خیز - تیز رو - تیز رفتار - **صائب** - از گرم روان خار مغیلان گلہ دارد + اینجاست کہ نشتر خطر از آبلہ دارد +

گرم سیر - وہ زمین جسکی خاصیت گرم ہو - ... - سردھری زندگی را بے حلاوت کردن ست + میوہ ہاے گرم سیری بیشتر شیرین ترست +

گرم شدن بازار - قیمت بڑھ جانا - شوق زیادہ ہونا - خواہش زیادہ ہونا - **حافظ** - بازار شوق زیادہ شد آن شمع مہرخ کجاست + تا جان خود بر آتش رویش کنم سپند +

گرم شدن نظر - محبوب کو دیکھکر خوش ہونا - **طاہر وحید** - دل بیتاب من از شوق تماشا سوزد + پیش رانم کہ بروے تو نظر گرم شود +

گرہ بر - کیسہ کاٹنے والا چور - **والہ ہروی** - ز گنج خانۂ سلطان کجا خبر دارد + گرہ بری کہ ز بہر دو فلس طرار ست +

گرہ زار - گوندھی ہوئی زلفین **ملا طغرا** - مشاطہ زد بگرہ زار طرۂ اوت ناخن + عجب کہ عقدۂ دل وا شود بآسانی +

گرہ گیر - وہ رشتہ جسکی گانٹھ نہ کھلے - **صائب** - چین ز ابروے گرہ گیر تو خط ہم نکشود + تا قیامت نشود نرم کمانے کہ تراست +

گردن فراز - بڑا آدمی - دولتمند - حاکم - **سعدی** - سر پادشاہان گردن فراز + بدرگاہ او بر زمین نیاز +

گران پرواز - آہستہ اڑنے والا - **صائب** - درین بستان سرا خود را چنان صائب سبک کردم + کہ رنگ چہرۂ گل را گران پرواز می بینم +

گران خیز - آہستہ چلنے والا - **رضی دانش** - از گران خیزان خواب فصل گل ہا مین مباش + میرسد خوابے کہ بیداری فراموشت کند +

گرم خیز - تیز چلنے والا -

گران مغز - گران سر جسکا دماغ گران ہو - **شرف الدین شفائی** - این بادہ ترا رگ جان ست تو غافل + مغز تو ازین نشہ گران ست تو غافل +

گریہ پرداز - گریہ و زاری کرنیوالا - **ظہوری** - بران گریہ پرواز رشک ست رشک + کہ از اشک رخش پاک گردد باشک +

گرم نفس - جسکا دم گیرا اور پر تاثیر ہو - **صائب** - در ہر جگرے شور ازین گرم نفس ہست + چون صبح مرا حق نفس بر ہمہ کس ہست +

گران شدن - بہرا ہو جانا - سننے کی طاقت نرہنا - **محسن تاثیر** - دخلو بعد غیبت یاران شنیدم + شد گوش من گران و بغر یاد من رسید +

گرد پوش - جس پر گرد پڑی ہوئی ہو - **طالب آملی** - فغان کہ مرہم کافور در جراحت ما + برہنہ میرود و گرد پوش می آید +

گردن کش - متکبر مغرور - نافرمان - **سعدی** - نہ گردنکشان را بگیرد بفور +

نہ عذر آوران را براند بجور +

گرگ میش - منافق جسکا ظاہر اچھا اور باطن برا ہو یعنی بظاہر میش کی صورت آئے اور باطن مین گرگ ہو - **سالک یزدی** - این عزیزان در لباس گرگ میشی میکنند + یوسفم یوسف بسے زین گرگ میشان دیدہ ام

گریہ شمع - گریہ چراغ - شمع کے اشک - **صائب** - ز سوز عشق بود خار خار گریۂ شمع + بدست شعلہ بود اختیار گریۂ شمع + **علی خراسانی** بزم عشق شدم نا مقیم چون اخگر + فتاد شعلہ بجانم ز گریہ ہاے چراغ -

گرفتن چراغ - گل کر دینا چراغ کا -

گردون شگاف - بہت بلند جانیوالا - **نظامی** - ز غریدن کوس گردون شگاف + زمین را در افگند پیچش بناف +

گربہ براق - ایک قسم کی بلی ہے جو اور بلیون سے قد آور اور براق ہوتی ہے - **سلیم** - حریف شاہ سوارے کہ میتو اند شد + کہ ہست شیر فلک گربۂ براق او را +

گران سنگ - وزن دار - بھاری - **خواجہ سلمان** - کوہ می اندوزد از حلم گران سنگت درنگ + برق می آموزد از عزم سبک سیرت شتاب +

گردناک - جسپر گرد پڑی ہوئی ہو - **نظامی** - جہان گرد ز آشوب خود گردناک + ز بہر چہ از بہر یک مشت خاک +

گردن باریک - ملائم و ہموار اور اطاعت مین جھکی ہوئی - **صائب** حسن فولاد بود گردن باریک اینجا + تیزی تیغ بجوہر چہ تواند کردن -

گردون تگ - بہت تیز چلنے والا - **میر خسرو** - گرد گزین زان ہمہ گردون تگان + بجہد از از سد و پا بفندگان +

گریۂ تاک - انگوری شراب - **صائب** - تو نگر نامۂ خود کن کہ می پرتا ترا سیاہ نامہ نخواہد گذاشت گریۂ تاک +

گربہ چشم - جسکی آنکھین بلی کی سی ہون - **نظامی** - دگر زد یکے روے گربہ چشم + چو شیران درابرو در آوردہ خشم +

گرسنہ چشم - گرسنہ دل - نہایت طامع اور حریص آدمی - **باقر کاشی** - این گرسنہ چشمان کہ نگشتند ز تو سیر + خون باد ہر آن لقمہ کہ از خوان تو گیرد **حسین ثنائی** - طعمۂ گرسنہ دلان سخن + استخوان ریزہ ہاے خوان من ست +

گرفتم - مین نے قبول کیا - مین نے فرض کیا - **سعدی** - گرفتم ز افتادگان نیستی + چو افتادہ بینی چرا ایستی +

گریہ آشام - گریہ آلود - رونے کے جوش کو جذب کرنے والا وہ آنکھین جو آنسوؤن سے بھری ہوئی ہون - **صائب** - اینجان

افسردہ ام صائب وگرنہ پیش ازین + می چکید آتش ز چشم گریہ آشام چو شمع + ولہ- تماشاے گل و شبنم گوارا باد بر بلبل + کہ بوے گل نمی ارزد بروی گریہ آلودش +

گردش چشم- آنکھ کی گردش جو دیکھنے کے وقت ہوتی ہی- **محمد اسحاق شوکت**- ز چرخ آتشین جولان شکستم زود می آید + بجز من دانہ ام راگردش چشم آسیا باشد +

گران بار شدن- حاملہ ہونا پیٹ سے ہونا- **نعمت خان عالی** در ہجو **خان جہان**- آن نحس نحس کز دم حیض + شد ما در قحبہ اش گرانبار +

گران جان- سخت دل و بیرحم- **سعدی**- حریفے گران جان و ناسازگار + چو خواہد شدن دست پیشش مدار +

گران تمکین- صاحب عزت و اقتدار- ؎- برس بداد من اے ساقی گران تمکین + کہ تو بہ منفعل از راے نو بہارم کرد +

گربہ از بغل افگندن- راز افشا کردینا-

گربہ در بغل داشتن- مکر اور حیلہ کرنا- **کمال اسماعیل**- بیدار نہ بر خلاف دارد در سر + از بہر چہ گربہ در بغل میدارد +

گربہ در شلوار یا در تنبان کردن- رسوا و مضطرب و سراسیمہ کرنا- **ملا علی نادر**- کامگار اواجب العرض ہے راگوش کن + بین کہ چو نم کردہ آخر گربہ در شلوار گاہ +

گربۂ مشکین- مشک بلائی جو ایک قسم کی بلی ہی جسکو گربۂ زباد بھی کہتے ہین اُسکی دم کے نیچے نافہ بمقدار جوز ہوتا ہی اُسمین خوشبو بھری ہوئی ہوتی ہی- **عرفی**- بسیر مرتع جاہ تو آہوان حرم + بدور سفرۂ خلق تو گربہ ہاے زباد +

گرد پای حوض گردیدن- بے فائدہ پھرنا- ہرزہ گردی کرنا- رسوا ہونا **مولوی معنوی**- پے یک بوسہ گرد پایۂ حوض + بسے گردم تو دریا دل نگردی

گرد چیزی دیدن- نمونہ کسی چیز کا دیکھنا- **صائب**- گردی از دور نمکدان قیامت دیدہ است + ہر کہ صائب از تو بشنید ست گفتار ترا +

گرد خوان- ایک قسم کے خوانچے کا نام ہی- **صائب**- دل خوردن بست قسمتم از گرد خوان چرخ + از مرکز خود ست چو پرکار دانہ ام +

گرد خوردن- گرد آلودہ ہونا- **صائب**- میخورد گرد عبث محمل لیلی در دشت + نیست جز عشق تمناے دگر مجنون را +

گرد سر گردیدن- گرد گردیدن- قربان ہونا- تصدق ہونا- **ابوالبرکات منیر**- گر رسد در دامن آن نازنین دستم منیر + گرد گردم قامت موزون اورا چون قبا + **عبد الغنی قبول**- ہر کہ آن چشم سیہ را دیدہ است + ہمچو مژگان گرد او گردیدہ است +

گرد کاری گشتن- کسی کام کے کرنے پر مستعد ہونا- **اسدی**- بسے گرد آمیغ خوبان مگرد + کہ تن را کند سست و رخسار زرد +

گرد کردن- گرد اڑانا- غبار پھیلانا- **صائب**- بخاک مال حوادث بساز زیر فلک + با آسیا نتوان گفت گرد کمتر کن +

گرد کردن- جمع کرنا مال اور دولت کا- ؎- اہل بخل ازجہان چہ خواہد برد + دولت و مال گرد و کرد و نخورد +

گردن انداختن- عجز و انکساری کرنا- **صفدر فوقانی**- ہے آید ز گردن کشان جہان + بہ پایت بجز گردن انداختن-

گردن بشمشیر خاریدن- اپنے قتل کی تدبیر کرنا- **نظامی**- غرور جوانی بران آردت + کہ گردن بشمشیر من خاردت +

گردن خم کردن- گردن جھکانا- عاجزی کرنا- **صائب**- می تراود می گلگون ز رگ و ریشۂ ما + پیش خم گردن خود خم نکند شیشۂ ما +

گردن زن- جلاد گردن کاٹنے والا- **نظامی**- تو نیز ار بہی بار گردن زدوش + ز گردن زنان بر نیاری خروش +

گردن کج کردن- ملتجی ہونا- سائل ہونا- **صائب**- پیش دریا چہ ضرور ست کنم گردن کج + من کہ قانع بدم آب چو شمشیر شوم +

گردن نرم کردن- تسلیم کرنا- اطاعت مین آنا- **خواجہ سلمان**- کردہ ام نرم بفرمان تو گردن چون شمع + چکنم من کہ بفرمان تو سر در بازم +

گردیدن- پھرنا- چرخ مارنا- ہونا- کتاب کے اوراق اُلٹانا- گردش کرنا- **ذوقی**- حالت ما ز انقلاب گردش دور زمان + ہمچون گردون روز و شب مصروف در گردیدن ست +

گرفتن- پکڑنا- لینا- اپنے تصرف مین لانا- **سعدی**- سرچشمہ شاید گرفتن بہ بیل + چو پر شد نشاید گذشتن بہ پیل +

گرگ در پیراہن داشتن- ناجنس کے ساتھ صحبت رکھنا- **صائب**- ناسازگاری ہست در خوی گلعذاران + گویو سفیٔ کہ گرگے در پیرہن ندارد +

گرم خون- دلی دوست- جانی یار- **محمد سعید اشرف**- شب نہ در خوابم کہ بینی چشم حیرانم بہم + کز سرشک گرم خون چسپیدہ مژگانم بہم +

گرم شدن- تیز و تند ہونا- ترقی پانا- **حافظ**- بازار شوق گرم شد آن شمع رخ کجاست + تا جان خود بر آتش رویش کنم سپند +

گرم کین- وہ دشمن جو قوی و غضبناک ہو- **میر خسرو**- شکایت کرد پیش ہمنشینان + کہ بد باشد جفاے گرم کینان +

گرویدن- تیسرے حرف واو مائل ہونا- راغب ہونا- ایمان لانا- **عرفی**-

ازان بمن گردید نظاران حرم + کہ ہر نوا کہ شنیدم شناختم ز کجا ست +
گرہ بباد زدن - لغو اور بیفائدہ حرکت کرنا - حافظ - گرہ بباد مزن
گرچہ بر مراد وزد + کہ این سخن بمثل باد با سلیمان گفت +
گرہ بسایہ زدن - لغو اور بیفائدہ کام کرنا - صائب - گرہ بسایۂ
ابر بہار نتوان زد + مبند دل بحیاتے کہ در گذر باشد +
گرہ بکار زدن - کسی کام کو ہونے نہ دینا - طالب کلیم - کوتاہ گشت
از ہمہ جا رشتۂ امید + از بسکہ روزگار گرہ زد بکار من +
گرہ بندان - جشن سالگرہ جو ہر سال ہوتا ہی - ظہوری - دلکشای
این گرہ بندان + گرہ از کار روزگار کشاد +
گرہ در ابرو زدن - کردن - غصہ ظاہر کرنا - تشبیہی تھانیسری -
یک گرہ گر زلف وا گردد + صد گرہ بینی تو در ابرو + میر خسرو - شاہ
زدہم گرہ در ابرو کرد + از حضور خودش بگیسو کرد +
گرہ در کار افتادن - کام بند ہو جانا - حافظ - گرچہ افتاد ز زلفش
گرہے در کارم + ہمچنان چشم کشاد از کرمش میدارم +
گرہ در گلو شکستن - بند ہو جانا آواز کا بسبب خوف و دہشت کے -
نظامی - زغریدن تندہ پیلان مست + گرہ در گلوے ہزبران شکست +
گرہ در گلو زدن - حلق کا بند کرنا - طاہر غنی - ہرگز غمی ز کاسۂ خالی
نمیخوریم + نرگس صفت زدیم گرہ در گلوے خویش +
گرہ طاعون - وہ مہلک دمل جو زیر بغل یا خصیہ کے راست یا چپ
ہوتا ہی - سلیم - کام عاشق چو در آید بہ بغل می میرد + غنچہ بر شاخ
گل ما گرہ طاعون ست +
گرہ کشادن و باز کردن و وا کردن - گانٹھ کھولنا - آغاز کرنا
کسی کام کا - نظامی - نخستین گرہ کز سخن بر کشاد + جہان آفرین را بدل
کرد یاد + دگر رہ گرہ کز سخن باز کرد + خدا را بخوبی سر آغاز کرد +
گریبان کشادن - اظہار حال کرنا - بھید کھولنا - راز کہنا - صائب
نمیگنجد نسیم مصر در پیراہن از شادی + گریبانی برای امتحان پیش صبا بکشا +
گریبان گرفتن - مزاحم ہونا - مانع ہونا - سعدی - سگ و دربان چو
یافتند غریب + این گریبان گرفت و آن دامن +
گریستن - رونا - آنسو بہانا - عرفی - عرفی اگر بگریہ میسر شدی وصال +
صد سال میتوان بہ تمنا گریستن +
گریہ از چشم کشادن - رونا شروع کرنا - میر خسرو - موی زیادت
چو بر آید ز چشم + گریہ بسیار کشاید ز چشم +
گریہ در گلو پیچیدن - شدت گریہ سے دم بند ہو جانا - طالب آملی -
بیا و روی تو چون گریہ در گلو پیچد + ز ہر بن مژہ طوفان نور برخیزد +
گریہ کردن - رونا - آنسو بہانا - صائب - میکند گریہ و ہمدرد ندارد
صائب + جاے رحم ست درین بزم بہ تنہائی شمع +
گرد بازو - قوی بازو و زور آور - نظامی - سیہ کولہ و گرد بازو منم +
گران کوہ را ہم ترازو منم +
گرد رو - عورتون کے ایک زیور کا نام ہی جو چہرے کے گرد رہتا ہی -
محمد سعید اشرف - گلشن حسن تو از آب گہر سیراب ست + گرد رو چاہ زنخدان
ترا دولاب ست +
گرم خو - درشت خو - غضبناک - پرغصہ - ابوطالب کلیم - آن گرم خو بسوز
دل ما رسیدہ بود + خوناب این کباب بر آتش چکیدہ بود +
گرم گو - جسکے سخن مین تاثیر ہو - باقر کاشی - بالیدم از نشاط کہ فرمود
پیر عشق + باقر ز شاعران جہان گرم گو تر ست +
گران پایہ - گران سایہ - گران مایہ - بڑا آدمی - صاحب قدر و
منزلت - صفدر فوقانی در نعت - چو عرش معلی گران پایۂ + چو خورشید
تابان گران سایۂ + نظامی - چو دریا نگویم گران سایۂ + ہما تا کہ
چون کان گران مایۂ + نظامی - بہر گردش گرد پر کار دہر + بنا کرد
چندین گرانمایہ شہر +
گرد آلودہ - مشہور لفظ ہی - صائب - مشو از جنبش مژگان گرد آلودہ
اش غافل + کہ تیغ خاکساران سخت لنگر دارمی افتد +
گرد نامہ - وہ تعویذ جسکی تاثیر سے بھاگا آدمی اپنے گھر آجاتا ہی یہ تعویذ
سوت کاتنے والی چرخہ کے ساتھ باندھکر چرخے کو الٹا پھراتی ہین - شعر -
نقشے کہ برزرست مدانید سرسری + این گرد نامہ ست کہ حاضر کند پری +
گردون پناہ - وہ شخص جسکی پناہ پر آسمان ہو - خواجہ سلمان -
بادشاہ بندہ پرور داور گردون پناہ + سایۂ یزدان شکوہ سلطنت دلشاد شاہ +
گرگ باران دیدہ - آدمی صاحب تجربہ و آزمودہ کار ہشیار و دانا -
محمد قلی سلیم - گفتم از اشکم مگر گردون بپرہیزد دلے + نیست بیم از گریہ ام
این گرگ باران دیدہ را +
گرما خوردہ گرما زدہ - آفتاب خوردہ جسنے دھوپ کا صدمہ اٹھایا ہو
صائب - اگر روے عرقناک تو در مد نظر باشد + چو آب زندگی گرماے
محشر میتوان خوردن + میر حسن دہلوی - بہت مست خو کردہ گرما زدہ +
رسید آتش عشق بر ماندہ +
گریبان کوہ - سر کوہ اور وہ جگہ جو پہاڑ کے اندر ہو - طاہر وحید -
گریبان کوہ است و دامان صحرا + اگر ہست مارا گریبان و دامان +

گریۂ مستانہ - شراب کی مستی مین رونا - رضی دانش - مابذوق گریۂ مستی دین
بزم آمدیم + می بدہ ساقی بقدر آنکہ چشم تر شود +
گران خواری - پرخواری بہت سا کھانا کھانا -
گران خوی - مخالف و ناساز - شیخ العارفین - از بسکہ ترا خوے
بعشاق گران ست + بے قدر متاع سر بازار تو جان ست +
گردک سرای - وہ مکلف مکان جو نوعروس اور داماد کے واسطے مہیا
کیا جاتا ہی - واعظ قزوینی - ہر طرف آرامگاہ شاہ داماد ست شوخ +
ہر طرف گردک سراے نوعروس دلبری ست +
گردون پای - ناز و انداز سے چلنا - درویش والہ ہروی - بے نیازی
ز بزرگی نتوان حاصل کرد + طے این رہ نتوان کرد بگردون پائی -
گردون گرای - وہ شخص جو طالب علو و رفعت کا ہو - نظامی -
سر گردنان شاہ گردون گراے + نبرد کار موکب تہی کرد جاے +
گردنیمی - آبداری و صفائی مروارید کی - صائب - در نقطۂ خاک ست
نہان گر خبری ہست + در دیدۂ این گردنیمی گہر ہست +
گرگ آشتی - وہ صلح جو نفاق سے ہو - خواجہ آصفی - اے صبا در دل
یوسف بگو یعقوب را + آشتی کردند اخوانش ولے گرگ آشتی +
گرمی زبانی - زبانی مدارات اور خوشامد جو دل سے نہو - دانش -
ز شمع بزم برمن گشت روشن + کہ دائم گرمی خوبان زبانی ست +
گریبانی - ایک لباس کا نام ہی جو دامن اور آستین کے بغیر ہوتا ہی - مفید بلخی
کردہ ام زیب لباس از طالع ناساز خویش + بس بود بخت سیاہ من گریبانی مرا +
گریۂ شادی - خوشی کی حالت مین رونا - صائب - اگر شمع مزار من نریزد
گریۂ شادی + کہ داغ خون من از دامن دلدار میشوید +

کاف فارسی با زاے معجمہ

گزمر - حساب پیمایش عمارات - ملا طغرا - صاحبا پایہ قدر تو از ان بیشتر ست
کہ توان کرد با طناب تخیل گزمر +
گزباز - رقاص جو گز ہاتھ مین لیکر ناچتا ہی گزبازی اس کام کا نام ہی -
ملا طغرا - چو رقاص گزباز آید ببزم + کند دف باقبال آہنگ جزم - سیفی -
تیے کہ داشت خدنگش بسینہ دمسازی + شکار مرغ دلم میکند بگزبازی +
گزک زدن زخم - کھچ جانا زخم کا اور پانی جیرا جانا اسمین - میر الٰہی ہمدانی
دل خون گرفتہ است کہ دشمن ہم از غمش + درہم کشید روے چو زخم
گزک زدہ -
گزیدن چشم - نظر لگ جانا - چشم زخم کا صدمہ پہونچنا - صائب -
چنانکہ نیل بود مانع پریدن چشم + بخط رخ تو امان یافت از گزیدن چشم +
گز زدن - گز کردن - پیمایش کرنا - ناپنا - جعفر بیگ - راہرو را باک از
پست و بلند راہ نیست + آسمان بیہودہ ام اکنون زمین گز میکنم +
گز گز جستن - چستی اور چالاکی سے کودنا - سیفی بدیعی - ز ہجر تیر گر خواہد
جدا افتادہ جان از من + کہ گز گز میجہد پیوستہ آن ابرو کمان از من -
گزیدن - دانتون سے کاٹنا نیش مارنا -
گزیدہ - کاٹا ہوا ڈنک لگا یا ہوا کتے اور سانپ وغیرہ کا - صائب -
از خوی خویش بدگہر آزار میکشد + خون ست شیر کودک پستان گزیدہ را +
گزای - تلف کرنے والا - کاٹنے والا چنانچہ جان گزاے و غم گزاے وغیرہ
ظہوری - نام فراق می برم زہر زکام می چکد + راہ مباد برلب این حرف
زبان گزاے را +
گزی بگوزی - نہایت بے قدری و بے اعتباری - محمد سعید اشرف -
دانائی عاریت دو روزی ست + ریش علی گزی بگوزی ست +

کاف فارسی با سین

گستاخ دست - چست و چالاک و سبکدست - نظامی - دلیر و سخنگوے
و دانش پرست + بہ تیر و شمشیر گستاخ دست +
گستہ بنیاد - بے بنیاد و مستاصل و پراگندہ - میر خسرو - گر ستائم بزور
بیداد ست + ورنہ صبرم گستہ بنیاد ست +
گستہ دل - آزردہ دل - پریشان دل - میر معزی - وداع کن کہ ہم اکنون
ہمی نخواہم رفت + گستہ دل ز نشابور صحبت احباب +
گستاخ چشم - وہ شخص جو کسی کا لحاظ نرکھے اور اسکی آنکھون سے
ہیبت آئے - نظامی - غضبناک و خونریز و گستاخ چشم + خدا آفریدش
ز بیداد و خشم +
گستہ دم - جسکا دم ٹوٹ گیا ہو بسبب زور سے دوڑنے یا کسی اور
کام کے - ظہوری - نگر کہ در پے بوے تو دویدہ بود صبا + کہ وقت صبح دمش
خوش گستہ دم دیدم +
گستہ دُم - جسکی دم کاٹ لی ہو - خواجہ سلمان - مار را چون دُم گستے
سر بباید کوفتن + کار مار دُم گستہ نیست کار سرسری +
گستہ لجام - گستہ عنان - گستہ مہار - گھوڑا اونٹ وغیرہ جو
بے قید ہو - عرفی - زبانگ ہیبت از نعرہ صلابت اوست + فلک
فگندہ عنان صبا گستہ لجام + عبد اللہ ہاتفی - فرستاد قومی ز شیر افگنان +
بدنبال خصم گستہ عنان + ظہور الدین فاریابی - میان عالم و جاہل ہمین
قدر فرق ست + کہ او کشیدہ عنان ست و این گستہ مہار +
گساردن - گساریدن - کھانا اور توڑنا - مخلص کاشی - می بسباغر ایام

شد ز گردش چشمت + کہ بادۂ خون جگر شد بجام بادہ گسان را +

گستاخ زبان۔ گستاخ گو۔ بے ادب و بے لحاظ۔ کلام کرنے مین۔ **نظامی**

ازان بوالفضولان بسیار گو + وزان بوالحکیمان دیوانہ نو +

گسستن۔ جدا کرنا۔ جدا ہونا۔ توڑنا رشتہ و زنجیر اور تار کو جو دراز ہو اور توڑنا عہد و پیمان و قول و قسم و سر رشتۂ محبت جو آپسمین ہو۔ **شانی تکلو**

جو از برابرم آئی دلم گسستہ شود + چو بگذری ز برم خاطرم گسستہ شود +

گسستہ آشیان۔ وہ جانور جو اپنے گھونسلے سے آوارہ ہو۔ **فیضی**۔

ما و تو و نوا سیر جانیم + مرغان گسستہ آشیانیم +

گسلیدن۔ گسیختن۔ مرادف گسستن ہی۔ **صائب**۔ سبد ہائے سست را صائب توان آسان گسیخت + سہل باشد گر بنا شد منتظم دیباے من +

ولہ۔ اگرچہ رشتہ تو ہموار کردہ خود را + ز جوئبار تو آب گہر نمی گسلد +

گستاخ روی۔ بے شرم و بے حیا و بے ادب۔ **نظامی**۔ چو گستاخ روے بران داشت ست + کہ در پردہ پوشید نگذاشت ست +

گستہ پے۔ کمان کی تعریف مین کہا جاتا ہی۔ **شیدائے ہندی**۔ ز بس کشیدہ ام از آب چشم بر خودم + سپہر حال کمان گستہ پے دارد +

کاف فارسی با شین معجمہ

گشت زدن۔ گشت کردن۔ سیر کرنا چلنا پھرنا۔ **میر حسن دہلوی**

بادۂ گلگون بدہ تا سوے گلگشتے کنیم + یار من چون گل بہ گلگشت چمن باز آمدست +

گشتن۔ ہونا پھرنا۔ گزرنا۔ برگشتہ ہونا۔ **امان اللہ امانی**۔ کتاب خانۂ عالم ورق ورق گشتم + خط تو دیدم و گفتم کہ مدعا اینجاست +

کاف فارسی با فاے معجمہ

گفت و شنفت۔ گفت و شنود۔ بات چیت۔ بحث و تکرار باہمی۔ **حافظ**

سخن عشق نہ آنست کہ آید بزبان + ساقیا مے دہ و کوتاہ کن این گفت و شنفت +

سید حسین خالص۔ من دعا میکنم اے دوست تو دشنام بدہ + با تو ہر کس ہوس گفت و شنودی دارد +

گفت و قدم۔ کنایۂ قول و فعل۔ **میر نجات**۔ رندمردان ترا گفت و قدم می باید + ہمہ جا گفت و قدم ہمرہ ہم می باید +

گفتن۔ کہنا مشہور لفظ ہی۔ **ابوطالب کلیم**۔ تو بہ گفتم ز بس تکلیف بیدردان ولے + میکند صد توبہ از میخانہ ذوق بادہ ام +

گفت و گوی۔ ہنگامہ و پرخاش و تکرار باہمی۔ **صائب**۔

نداے کاروان یوسف شناسان را بوجد آرد + گفت و گوے مردم نیست پروائے جدا جو را +

اکاف فارسی با لام

گل حلوا۔ ایک پھول زرد رنگ جنگلی کا نام ہی جو خوشبودار ہوتا ہی حلوے مین اُسکو ڈالتے ہین نیز بمعنی قدرے قلیل حلوا۔ **محسن تاثیر**۔ خونبار شد زلعل تو چشم پر آب ما + رنگین شدست از گل حلوا شراب ما +

گلشن سرا۔ وہ مکان جو باغ مین ہو چنانچہ بستانسرا۔ **ابونصر نصیرائی**

گام راہے میکنم در سایۂ دیوار تو + بہر من خوشتر ازین گلشن سرا کاشانہ نیست +

گلخن تاب۔ گلخنی۔ حمام گرم کرنے والا۔ بھٹی جھونکنے والا۔ **ملا وحشی**۔

گلخن چون روم از ننگ گلخن تاب در بندد + بروے ناکسے چون من در بستان کہ بکشاید + **میر خسرو**۔ گلخنے کرد بشاہی نگاہ + رفت دلش در دم یکران شاہ +

گل گلاب۔ گل سرخ جسکا گلاب کھینچتے ہین۔ **ملا طغرا**۔ ز خوی روی بتی چون گل گلاب شدست + شقائق از حسد بخت گل کباب شدست +

گل مہتاب۔ وہ چاندنی جو درخت کے سایہ مین زمین پر پڑتی ہی۔ **سلیم**۔ سایۂ یار از سر عاشق مبادا کم سلیم + بر سر مستان گلی بہ از گل مہتاب نیست +

گل تابوت۔ پھول جو تابوت پر چڑھاتے ہین۔ **آرزو**۔ چند کیم زماتم جو فلک طرفہ دکانے + غیر از گل تابوت ندارد سپہر ما +

گل دیگر شگفت۔ یہ جملہ ایسے موقع پر کہا جاتا ہی کہ ایک بات کے بعد دوسری کوئی نئی بات سُنی جائے۔ **سید حسین خالص**

ہر جا کہ حرف جور و جفاے تو گفتہ شد + شد تازہ داغم و گل دیگر شگفتہ شد +

گل تسبیح۔ تسبیح کا امام جو تمام دانون کے اوپر رہتا ہی۔ **زلالی**۔ میکش بچکیدن قطرۂ تاک + گل تسبیح میزد بر سر خاک +

گل صبح۔ صبح کی سپیدی۔ **فیضی**۔ فیضی عجب درین گل صبح از صبا رسید + بیرون کشیم رخت کدورت صفا رسید +

گلرخ۔ گلرخسار۔ محبوب کی تعریف مین بولتے ہین۔ **مؤلف**۔ سنبل از زلف تو حاصل کرد بو + یافت گل رنگ از گل رخسار تو +

گل سرخ۔ گلاب کا پھول۔ **سعدی**۔ گل سرخش چو عارض خوبان + سنبلش ہمچو زلف محبوبان +

گل میخ۔ ایک قسم کی میخ ہی جسکا سر چوڑا ہوتا ہی۔ **ابوطالب کلیم**

بیا بدرگہ شاہنشہے کہ از در او + شگفتہ غنچۂ گل میخ بر رخ ایام +

گل بید۔ بید کا پھول جو پھل نہین رکھتا۔ **محمد اسحاق شوکت**۔

بے حاصلے از بسکہ گشت بعالم + از مردم دنیا لیم خندان گل بیدست +

گل روی سبد - گل سرسبد - وہ اچھا پھول جو پھولون کے ٹوکرے کے اوپر رکھا ہو - محمد اسحاق شوکت - خورشید کہ باشد گل روی سبد چرخ + یک برگ گل از غنچہ آن طرف کلاہ است + ملا طغرا - گل سرسبد را دہد باغبان + در آخر بہ بالاے گلہا مکان +

گل سپید - ایک قسم کے گلاب کے پھول کا نام ہی جو سپید ہوتا ہی اُسکو سیوتی کہتے ہین دوا مین مستعمل ہی - حکیم ارزقی - بہر زمین کہ برافگند سایۂ رُخ زلف + گل سپید برو تودہ کرد و مشک سیاہ +

گل ابر - بادل کا چھوٹا سا ٹکڑا - ملا طغرا - چرا خرقہ پوشی نزیبد بشاہ + گل ابر زیباست بر دور ماہ +

گل احمر - گل حمرا - گل ورد گلاب کا پھول - حافظ - شگفتہ شد گل حمرا وگشت بلبل مست + صلاے سرخوشی اے عاشقان بادہ پرست + جمال الدین سلمان - باد صبا بوے تو درباغ رفتہ است + پس جو رده ہا کہ برگل احمر گرفتہ است +

گلبار - ایک محلہ صفاہان مین اور نام ایک مقام حوالی طارم مین شیراز کے پاس - محمد قلی سلیم - گرد باد از اثر فیض ہوا در گجرات + مید ہد یاد صفاہان و منار گلبار +

گلدار - داغدار اور منقش - جلالای کاشی - زنہار کہ از عیب کسان چشم بپوش + حیف ست کہ این آئینہ گلدار شود +

گل شکر - گلقند جو مشہور چیز ہی - سعدی - گر گل شکر خوری بتکلف زیان کند + ور نان خشک دیر خوری گل شکر بود +

گلعذار - محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی - آصفی - ہزار گل ز گلم آصفی شگفت چہ سود + چہ سوے من گذرے نیست گلعذار مرا +

گلوفشار - گلوبند - وہ زیور یا کپڑا جو گلے مین باندھتے ہین - محمد علی حزین - غمی نصیب دلم کن چنانکہ خود دانی + کہ مست عیشم و دل را گلوفشارے ہست +

گلوگیر - وہ چیز جو گلے کو پکڑ لے - نظامی - بدارا رساند سکندر جواب + جوابے گلوگیر از زہر ناب +

گل انداز - اسقدر فاصلہ کہ اگر پھول کسی کی طرف پھینکین تو جتنی دور جا پڑے - میرزا بیدل - زین چمن ہرچند گلچین تماشای توام + دور ز آغوش وصالت یک گل اندازم ہنوز +

گلریز - خزان کا موسم اور نام ایک قسم کے کپڑے کا اور نام ایک قسم کی آتشبازی کا جسکو پھولجھڑی کہتے ہین - قبول - تا دم زدیم ز آتش پنہان قبول سوخت + گلریز وار از نفس ما لباس ما +

گلوسوز - جو چیز نہایت شیرین اور لذت دار ہو - محسن تاثیر - ہو اے دلبر شیرین شمایلے دارم + کز التفات گلوسوز تر بود ستمش + صائب - بیا منہ گردن او گر بدست من افتد + چہ بوسہ ہاے گلوسوز انتخاب کنم +

گل پلاس - یہ پھول نارنجی رنگ شیر کے ناخن کی طرح ہوتا ہی - سلیم - بعزم سیر چمن چون روم ز خانہ برون + کہ خارہاست بپا از گل پلاس مرا +

گل شاموس - یہ پھول رعاف کی بیماری کو دور کردیتا ہی - ــ۵ ــ مگر علاج رعاف شفق کند خورشید + کہ از سفیدۂ صبح آورد گل شاموس +

گل پاپوش - وہ پھول جو جوتے پر طلا و ابریشم وغیرہ سے نکالتے ہین - ابو نصر نصیرائی - ہم پاے تو تا رفتہ بگلشن گل پاپوش + خندہ زدہ بر لالہ و سوسن گل پاپوش +

گل پوش - گل پیرہن - محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی - صائب - زمین ز سایۂ ابر بہار گلپوش ست + ز جوش لالہ و گل خون و خاک در جوش ست +

گل شدن شمع - گل ہوجانا شمع کا - اسلام خان والا - دین داور گاہ ظلمت نشان + شد از باد شمشیر گل شمع جان +

گل شمع - شمع کی روشنی اور خود شمع - محسن تاثیر - گرچہ دود رچمن حسن تو زہور حسل + چہ عجب گر ز گل شمع بگیرند گلاب +

گل چراغ - گل چشم - وہ سفیدی جو آنکھ کی سیاہی پر ظاہر ہوجاتی ہی - ابو البرکات منیر - لے آنکہ کسے ہمچو تو بے مہر ندید + در دیدۂ روشن تو گل نیست پدید + اشکے ست کہ در چشم تو براحوالم + ناکام رسیدہ بود لیکن چہ چکید +

گل یوسف - ایک پھول زرد رنگ کا نام ہی - ذوقی - نیست حاجت کہ تو وصف گل یوسف گوئی + قیمت و زینت این گل ز زلیخا پرسیم +

گلبانگ - خوشی کی آواز اور تیر کی آواز اور بلبل کی آواز اور قلندرون کی آواز - گلبام بھی اُسکو کہتے ہین - صائب - عندلیبان از خجالت سر بزیر پا کشند + ہر کجا صائب شود گلبانگ کلک ما بلند +

گل تریاک - گل کوکنار - مشہور پھول ہی - بدیع الزمان - کشتۂ زہر تغافل تا ابد بے نشہ نیست + چون گل تریاک تلخی در کفن داریم ما +

گلرنگ - سرخ رنگ خوبصورت - توحید - تازہ بنماید گلشن ہر زمان گلزار رنگ + میکند ہر وقت ظاہر ہر گل و ہر خار رنگ + گاہ سرخ و گاہ زرد و گہ سپید و گہ سیاہ + حضرت رنگریز ظاہر میکند ہر بار رنگ + یکگل رنگین عجب از چہرۂ گلرنگ خویش + در بہار چار عنصر رخ نمود از چار رنگ +

گل صد برگ - مشہور پھول ہی - **صائب** - چون گل صد برگ صائب
درمیان خارزار + زیر شمشیر حوادث بالب پرخندہ ایم +

گلگل - بہت بہت اسی طرح لالہ لالہ - **صائب** - دوش گلگل روی بزم
افروزت از پیمانہ بود + در بر شوخیت شور جلوۂ مستانہ بود +

گل ابریشم - وہ پھول جسکے ریشے ابریشم کیطرح ہوتے ہین - **محسن تاثیر** -
حلقۂ خط رخت دام رہ مردم ست + طرفہ تماشی ترازین گل ابریشم ست +

گلاب چشم - آنکھ کا گلاب آنسو - **صائب** - ہرچند ز آفتاب بود تا نی
گلاب + شد تلخ از ندیدن رویت گلاب چشم +

گل اندام - نازک بدن محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہی گھوڑے کے
معنی بھی دیتا ہی - **صائب** - شوق می از بہار گل اندام تازہ شد + پیوند
بوسہ با لب جام تازہ شد + **بیاتی** - شتابان بر گل اندام آن پریزاد +
چو آن برگ گلی کو را بر د باد +

گل بادام - شگوفہ بادام کا - **آصفی** - بیاض دیدہ زمی سرخ گلعذاران
را + بود شگوفۂ بادام نوبہاران را +

گلفام - معشوق کے اوصاف مین سے ایک وصف ہی -

گل مختوم - ایک مٹی ہی نہایت لطیف اور اسمین مہر لگ جاتی ہی -

گل یک چشم - عضو تناسل آدمی کا - **سعدی** - چند سرگردانی خاطر
دہد + این گل یک چشم سرگردان من +

گلزن - گلاب پاشی جس سے گلاب چھڑکتے ہین -

گلاب زن - اور یہ ایک برتن سوراخدار ہوتا ہی - **عبد الواسع** -
بروے و تن چو گل و آب تازہ و پاک ست + ز اشک دیدۂ من
چون گلاب زن دارد +

گل بدست کسی دادن - کسی کو کوئی تحفہ دینا - **میرزا سعید** - از مروت
نیست گل دادن بدست دوستان + تا توان خارے زراہ دشمنان برداشتن +

گل بستن - گلپوش ہونا - پھول پہننا - **نظامی** - شفق سرخ گل بست
بہر سور شاہ + طبق پر شکر کرد خورشید و ماہ +

گل جبین - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی - **ظہوری** - باخسان آن
گل جبین گر سیر گلشن میکند + زود گلہاے پشیمانی بدامن میکند +

گل چیدن - پھول چننا مشہور لفظ ہی - **صائب** - نہ مجنونم کہ فیض خود
دریغ از شہریان دارم + کہ از دیوانۂ من کوچہ و بازار گل چیند +

گل خندیدن - پھول کھلنا - شگفتہ ہونا - **عرفی** - گل کرشمہ نخندد
چو چشم باز کنے + بہار عشوہ بریزد چو رخ بپوشانی +

گل دادن - پھول دینا درخت کا اپنے موسم مین - **شادمان** گکھر

شاخ شکستہ گل ندہد لیک زلف یار + ہرجا شکست خورد گل آفتاب داد +

گل در آب کردن - پانی مین مٹی ملانا - فتنہ و ہنگامہ تازہ برپا کرنا -
محمد قلی بیگ سلیم - شب ز مستی شور در بزم شراب انداختیم +
بادہ نوشان گل در آب و ما کباب انداختیم +

گل در آب گرفتن - کردن - گارا بنانا - **طالب کلیم** - کلبۂ ویران ما
خواہد بآبادی رسید + کز پے تعمیر او سیلاب گل در آب کرد + **مخلص کاشی** -
فلک کز بہر تعمیرم گلے در آب میگیرد + پے ویرانی دل وعدہ از سیلاب میگیرد +

گل در آغوش ریختن - بجیب آمدن - در گریبان کردن - **گل
بدامان کردن** - معنی اسکے معلوم ہین - **میرزا بیدل** - خوشم بیاد
خیالش کہ گلبن چمنش + گل نظارہ در آغوش خواب میریزد + **طالب آملی** -
تہی برون شدم از گلستان خرم دہر + نہ گل بجیب ہوس آمد و نہ خار مرا +
ولہ - یک نفس باشد نشاط خندۂ ظاہر چو برق + خندہ ز دیدن
بدل گل در گریبان کردن ست + **ولہ** - زان چہرہ گل بدامن اندیشہ
میکنم + خورشید می فشارم و در شیشہ میکنم +

گل در چراغ افتادن - روشن ہونا چراغ کا - **محسن تاثیر** - حسن بے
عاشق نمی ماند بہر صورت کہ ہست + در چراغ افتد چو گل پروانہ بلبل میشود +

گل دمیدن - مشہور لفظ شگفتہ ہونا - **سنجر کاشی** - گر نشد مرغ سحر
دادرس شیون ما + گل خورشید دمید از چمن روزن ما +

گل رستن - پھول پیدا ہونا - **مولوی معنوی** - در بہاران کے شود
سرسبز سنگ + خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ +

گل سرشتن - مٹی گوندھنا - خمیر کرنا - **حافظ** - دوش دیدم کہ ملائک
در میخانہ زدند + گل آدم بسرشتند و بہ پیمانہ زدند +

گل شگفتن - کوئی عجیب امر ظاہر ہونا - **صفدر فوقانی** - چار سو بارید
ابر رحمت پروردگار + در بیابان خار شد پیدا انگشتن گل شگفت +

گل کشیدن - محنت مزدوری کرنا - کہگل کرنا - **سعدی** - ز جور شکم
گل کشیدی بہ پشت + کہ روزی تہا است خوردن بمشت + **نظامی** -
چو گل گر کشیے بر ستون سراے + گل از قدر نشان لیک ماند بجاے +

گلگل شگفتن - گلگل کردن - بہت خوش ہونا اور خوش کرنا - **صائب** -
شگفت از غنچۂ پیکان او گلگل دل تنگم + کہ جان از صحبت یاران یکدل
تازہ میگردد + **محمد سعید اشرف** - کرد گلگل چہرہ تا می در ایاغ انداختہ
حسن آب آوردہ است و طرح باغ انداختہ +

گل نشاندن - پھول کا درخت بونا - **باقر کاشی** - من آن مستم کہ
گر گل می نشانم تاک میروید + نشانم برگ ہم با سینۂ صد چاک میروید +

گلیم از موج برون آوردن - گلیم بیرون آوردن - اپنے آپکو کسی آفت سے بچانا - **سعدی** - گفت آن گلیم خویش برون می برد ز موج + وین جہد میکند کہ بگیرد غریق را + **ولہ** - دونان چو گلیم خویش بیرون بردند + گویند چہ غم گر ہمہ عالم مردند +

گل شبو - ایک پھول ہی جو رات کو بو دیتا ہی - **حسین خالص** - بہست در شام بنودی دگر آن گیسو را + شب چو شد عطر شود بیش گل شبو را +

گل کدو میٹھو - پھول ہی - **سلیم** - چو دل بجاست اگر رود چہ غم دارم + گل کدو بود این ساغر بلور مرا +

گل پیادہ - وہ پھول جو ساقدار ہو - **صائب** - نہال عابد با کمال رعنائی + گل پیادہ نماید بنظر بہ قامت دوست +

گلچہرہ - معشوق کی تعریف مین بولاجاتا ہی - **حکیم انور لاہوری** - چو آن گلچہرہ در گلزار خوبی جلوہ گر گردد + ندارد تاب گلچہرہ نماید بے حجابانہ +

گل دیدہ - گل چشم جسکی آنکھ مین گل ہو - **صائب** - نیک بیش از بد حجاب راہ بینایان شود + زحمت گل بیشتر از خار باشد دیدہ را +

گلستان زادہ - بستان زادہ - پھول سبزہ وغیرہ جو باغ مین پیدا ہو - **منیر آلہی ہمدانی** - درباغ خوش ست آسمان گون زنبق + کز بوے دہد دماغ را ہم رونق + این طفل کبود پوش بستان زادہ + از [illegible] دشت باید ش داد سبق + **ملا منیر لاہوری** - گلستان زادۂ [illegible] فصاحت + نمک پروردہ نقلش ملاحت +

گل کامہ - پھولون کا نقل جو گلاب کھینچنے کے بعد نکلتا ہی - **ابو نصر نصیرائی بدخشانی** - زلف و رخ او دیدہ ہم گفت نصیرا + از عنبر و گل ساختہ گلکامہ [illegible] +

گل آتشی - سدا گلاب جو ہمیشہ پھولتا ہی - **شیدا اسد وحدت قمی** - وفا و شرم مجو از بتی کہ رخ افروخت + کہ لالہ عطر و گل آتشی گلاب ندارد +

گل خطائی - لالہ خطائی - ایک خوشرنگ نہال کا نام ہی جسکو خوشنظر بھی کہتے ہین - **طاہر وحید** - فغان کہ شعلہ کند سرخ و سبز و زرد از دل + گل خطائی گلزار شرم معصیت ست +

گل داودی - یہ پھل ہندوستان مین پیدا و زرد ہوتا ہی جاڑون مین بھی پھولتا ہی - **آرزو** - چون گل داودی اینجا در خزان دارد بہار + از فریب آسمان ہر کس کہ غافل ماند ماند +

گلروی - معشوق کی تعریف مین کہاجاتا ہی - **ذوقی** - چو لالہ سینہ ام پرداغ گشت از عشق گلروی + مقید شد دل و جانم بتار عنبرین موے +

گل سرشوی - وہ مٹی جس سے سر دھویا کرتے ہین - **محمد قلی سلیم** - بہتواند کسی انفاک وطن سر پیچد + حشمت خم دختر [illegible] گل سرشو باشد +

گل عباسی - منسوب بہ شاہ عباس صفوی - **ملا طغرا** - میشود از سایۂ چترش بہ از عباس شاہ + چون گل عباسی از زینت افسر گند +

گل کوبی - وہ جشن جو آغاز بہار مین کیا جاتا ہی ہندوستان مین اسکو بسنت کہتے ہین اور بسنتی پھولون کی سیر جو سب سے اول پھولتے ہین کیجاتی ہی - **مولوی معنوی** - خدایگان جمال و خلاصۂ خوبی + بباغ عقل در آمد برسم گل کوبی +

گل مشکی - گل مشکیچہ - یہ پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہی - **اسمٰعیل ایما** - کم زبوی وفا زخم غیر را ناسور + بدست چون گل مشکی ست نقد داغ مرا +

گلین گوے - زمین جو گیند کی صورت پر ہی - **نظامی** - چو در خاطر آمد جہانجوے را + کہ در چنبر آرد گلین گوے را +

کاف پارسی با میم

گم شدہ لب دریا - جو شخص تیرنا نہ جانتا ہو اور پانی مین کود پڑے

گمان زد - خیالی بات جو یقینی نہو - **ملا تشبیہی** - بغیر گرم در آمیختن مذ زنہار + گمان زد تو نہ شد انچہ من یقین دانم +

گم کردۂ فرزند - حضرت یعقوب علیہ السلام - **سعدی** - یکی پرسید ازان گم کردہ فرزند + کہ اے روشن گہر پیر خردمند + ز مصرش بوے پیراہن شمیدی + چرا در چاہ کنعانش ندیدی + بگفت احوال ما برق جہان ست + دمے پیدا و دیگر دم نہان ست +

گمان پذیر - جس بات کا گمان ہو - **میر خسرو** - زان سہ نکتہ کہ گوش گیر شدش + دل نازک گمان پذیر شدش +

گمانم - یعنی گمان دارم - مین گمان رکھتا ہون - **طاہر وحید** - زشور بیخودی چون سیل می بینم جہانی را + تو ای بدخو گمانم فتنۂ آخر زمان باشی +

گم رفتن - بے راہ چلنا - غلط چلنا - **غنیمت** - بے گم میروی خود را ادب کن + رہے گم کردۂ خضرے طلب کن +

گم زدن - چھپ جانا - پوشیدہ ہونا - **دلیمی** - سردہانت ذرۂ ہرگز نشد برمن یقین + دل نے بردز دیدہ و در گوشۂ گم میزند +

گم کردہ پے - جس شخص کا سراغ نہ ملے اور جسکی محنت ضایع ہو -

کاف فارسی با نون

گنبد آب - حباب یعنی بلبلہ جو پانی پر ظاہر ہوتا ہی -

گنج دیوار نسبت - بڑا خزانہ اور وہ خزانہ جو یتیمون کا زمین مین مدفون تھا اور خضر علیہ السلام نے باتفاق موسیٰ علیہ السلام - کے باشارۂ غیب اُسپر دیوار بنائی تاکہ یتیمون کے بالغ ہونے تک ظاہر نہو اسکا ذکر قرآن مجید مین لکھا ہی -

گنبد چار بند - آسمان اور عالم دنیا -
گناه آمرز - گناه بخشنے والا - خداوند تعالیٰ - **مولانا جامی** - گناه آمرز
رندان قدح خوارہ بطاعت گیر پیران ریا کار +
گناه بخش - گناه بخشنے والا - ذات حق سبحانہ تعالیٰ - **حافظ** - شد پیرانہ
سر حافظ جوانی میکند + برامید عفو جان بخش گنہ بخشاے تو +
گنج بخش - خزانہ بخشنے والا - جوانمرد - سخی - **ذوقی** - گنج می بخشند ز گنج
بے بہاے خوشتین + بے نوایان را ہمیشہ بادشاہی گنج بخش +
گندم نما و جو فروش - ریاکار منافق جسکا ظاہر و باطن یکسان نہ ہو -
سعدی - بہازار گندم فروشان در آئی + کہ این جو فروش ست و گندم نمائی +
گنده دماغ - گنده مغز - جو شخص متکبر و مغرور و سرکش ہو - **سعدی** -
اگر میر و در پے این سخن + بدین گفتگو گنده مغزی مکن +
گناه کسے از کسے خواستن - شفاعت کرنا + گناه بخشوانا - معافی
مانگنا - **سعدی** - بدان وقت نومیدی آن مرد راست + گنا ہم
زدادار داور بخواست +
گنبد چہل دختران - ایران مین ایک گنبد ہے - **عبد الغنی قبول** -
بسکہ در سر ہست زاہد را ہمان ذوق جماع + می نماید گنبد چہل دختران
عمامہ اش +
گنبد زدن - گنبد کردن - ہانپنا - کودنا - جست مارنا - گھوڑے ہرن
وغیرہ کا - **میر خسرو** گھوڑے کی تعریف مین - چو جولان کند ہست
کوه روان + چو گنبد زند گنبد اخضر ست +
گنج بان - صاحب خزانہ - محافظ خزانہ و خزانچی - **فرخی** - من کہ اورا
در مدیح ردستم خواندم ہمی + اینچنین باشد کہ خوانی گنج را گنج بان -
گنج روان - خزانہ قارون کا کہ ہر روز اسفل کو چلا جاتا ہے - **حیاتی گیلانی**
تا بزانو آزا بر درکہش + پاے ہر گنج روان آید ہمی +
گنج شایگان - بہت سا خزانہ - **صائب** - تا مہ روی تو پرتو دہان
انداختہ + پیش ہر ویرانہ گنج شایگان انداختہ +
گنبد عمامہ - بہت بڑی پگڑی - **مخلص کاشی** - گشت قدش زیر بار
گنبد عمامہ خم + ورنہ شیخ جاہل ما اینقدر ہا پیر نیست +
گنج خانہ - گنج دان - خزانہ کی جگہ - **نظامی** - بآن گنج خانہ کہ دریافت
رہ + اژدہا پر خطر یافتند + ولہ - کجا گنجدانی بپیچی درو + کہ از گنج او
نیست چیزے درو + ولہ - گر اوتن در آمد تو ہستی نہ فش + گرا م
گنجدان شد قوی گنج بخش +
گنج نامہ - وہ کاغذ جسپر تفصیل خزانہ کی لکھی ہو - **محمد قلی سلیم** - روزگارم
قدر نشناسد زنادانی کہ طفل + گنج نامہ گر بیابد کاغذ بادش کند +
گنجینہ کشائی - صاحب اور مالک خزانے کا - **فیضی** - رضوان خدائے
بر صحابہ + گنجینہ کشاے نہ خزانہ +
گنج الٰہی - خزانہ خدا کا - قرآن شریف -

کاف فارسی با واو

گوش دریا - صدف یعنی سیپ اور چھوٹا پیالہ - **سعید اشرف** -
تا سخنہاے ترم مشہور بحر و بر شدہ + گوش دریا آب بردو نام او گوہر شدہ +
گوش تاب - گوشمالی جو کسی کو دیجاے -
گوش رباب - گوش طنبور - چوبی کیل جو طنبورا اور رباب مین لگی ہوئی
ہوتی ہین اور تار انسے درست کیے جاتے ہین - **میرزا بیدل** - بو گوش
طنبور تا کے گران + گرہ تا بکے تار را بر زبان + بحال از رہ لطف
گوش رباب + کہ شور طرب یادش آمد بخواب
گوہر شب تاب - یہ ایک قسم لعل کا ہے جو رات کو روشنی دیتا ہے
گوہر شب چراغ بھی اسکو کہتے ہین - **صائب** - مینماید گوہر شب تاب
در شب خویش را + از خط مشکین فروغ آن لب میگون فزود +
گوارا افتادن صحبت - موافق پڑنا صحبت کا - **میر خسرو** - کسے را
باشد این شربت گواران + کہ داند خوردن اندر وے یاران +
گوسپند براے قربانی ست - مثل ہے کہ قربانی کے لیے بکری ہے
نہ بھیڑیا اور کتا سے - جان بجانان اگر دہی چہ عجب + گوسپند از براے
قربانی ست +
گوہر نیم سفت - جس موتی کا سوراخ بہت باریک ہو - **نظامی**
تو دانی کہ این گوہر نیم سفت + چہ گنجینہ ہا دارد اندر نہفت +
گوش پیچ - گوشمال اور تنبیہ جو کسی کو دیجاوے - **نظامی** - ترا آن
براے سروری میان + کہ بندی بخدمت چو ہندو میان + وگرنہ چنانت
دہم گوش پیچ + کہ دانی تو ہیچے و کمتر ز ہیچ +
گوش زد - وہ بات جو اکثیبار سنی جاے - **باقر کاشی** - شب را من
گوش زد مرغ چمن شد + بیچارہ گرفتار گرفتاری من شد +
گوش گذار - بات کسی کے کان مین پہونچا دینا - **حافظ** - کس نیارد
بر او دم زدن از قصہ من + مگرش باد صبا گوش گذاری بکند +
گوش گردون کر - آسمان کے کان بہرے ہون کہ نہ ہماری بات سُنے
اور نہ ہمارے کام مین خلل ڈالے - **معز فطرت** - در لبش از بوسہ
مضمونی فرو نگذاشتم + گوش گردون کر کہ جاے گفتگو نگذاشتم +
گوشہ زنجیر - زنجیر کا حلقہ - **صائب** - نے ہمین مجنون نظر بند ست

دردامان دشت + عشق درہر گوشۂ زنجیر دارد شیرہا +
گوہر بار - جوانمرد - سخی و واعظ و ناصح جسکا کلام پرتاثیر ہو - **صائب** - قابل قسمت شمار نقطۂ سوہوم را + ہر کہ بیند ز سخن لعل گہر بار ترا +
گوہر نفدار - وہ گوہر جسپر سفید داغ ہو - **صائب** - تمام رس نبود بادۂ کہ کف دارد + کہ عیب دار بود گوہرے کہ کف دارد +
گوہر نگار - گوہر آگین اور مرصع جڑاؤ - **نظامی** - مرصع بسے تیغ گوہر نگار + نہلہا سپر زدانۂ آبدار +
گوش تا گوش - ایک کان سے دوسرے کان تک - **سنجر کاشی** - گوش تا گوش جہان از عمل حکمت اوست + چون دماغ پسر مریم خالی زخلل +
گوشوار فلک - کنایتہً چاند اور ماہ نو - **انوری** - دیدم اندر سواد طرۂ شب + گوشوار فلک ز طرۂ بام +
گوشمال - گوش تاب اور گوش پیچ تنبیہ و تادیب - **ظہوری** - دل خیرہ سر میکند دست بازی + بزلفے کہ افعی خورد گوشمالش +
گوسپند تسلیم - وہ گوسپند جو قربانی کے لیے حاضر کرین - **شاہی تکلو** - دل سلیم من آن گوسپند تسلیم ست + کہ جز بہ تیغ تو قربان شدن نمیداند +
گوسالہ مردہ پرکاہ کردن - دودھ والی گاے کا بچہ مرجاتا ہی تو بچہ کے پوست مین گھاس بھر کے گاے کے سامنے لاتے ہین تاکہ وہ بچے کو دیکھکر دودھ دیوے - **ناظم ہروی** - صاحب طبعان ستایش جاہ کنند + تا ہر دل جاہ پروران راہ کنند + ہا دلجوئی گاو نیست شیر ست مراد + گوسالہ مردہ را چو پر کاہ کنند +
گوش افتادن - بہرا ہو جانا - شنوائی جاتی رہنا - **میر خسرو** - کوفت چو آن کوس شغبناک را + گوش فتاد اشتر افلاک را
گوش برتافتن - روگردانی کرنا - بات نہ سننا - **طالب آملی** - طالب از دستان ما گوش حقیقت برمتاب + یک نواے ما کم از صد نغمۂ داؤد نیست +
گوش پر کردن - کسی کے کان بھر دینے اسکے دل کو کسی کی طرف سے پھیر دینا - **میرزا صائب** - خاطرت از شکوۂ ما کے پریشان میشود + زلف پر کرد ست از حرف پریشان گوش تو +
گوش پہن کردن - کسی خبر کیطرف کان لگائے رکھنا - **حافظ** - روشنم نہ بلبلے چہ خوش آمد کہ می سرود + گل گوش پہن کردہ ز شاخ درخت خویش +
گوش تر شدن - راگ یا کوئی خبر سنکر خوش ہونا - **میر خسرو** - چو زان نغمہ شد شاہ را گوش تر + دران بیہشی گشت بیہوش تر +
گوش خاریدن - کان کھجانا - ٹھہر جانا - فکرمند ہونا - **مولوی معنوی** - شکار گشتہ بخون اندرون ہمی نگرد + کہ اے فسردۂ غافل بیار گوش بخار +
گوش دادن - کان دینا - سننا کسی بات کا - **محمد قلی بیگ سلیم** - داد گل گوشی بفریادم درین گلشن سلیم + نالہام گویا بطرز عندلیبان آشناست +
گوش کردن - سننا اور متوجہ ہونا - **حافظ** - پیش کمان ابرواش لابہ ہمی کنم ولی + گوشہ گزیدہ است زان گوش بمن نمیکند +
گوش برتافتن - کان مروڑنا - آگاہ کرنا - **ظہوری** - اگر سر غفلت بدل یافتند + بمعنی ترا گوش برتافتند +
گوش کشادن - کان کھولنا - آگاہ ہونا - **ظہوری** - گوشے بکشای تا بگویم + انبے خبران شنو خبرہا +
گوش گرفتن - متنبہ ہونا اور قرار اپنے جہل کا کرنا - **صائب** - زحرف مردم بیگانہ گوش میگیرم + ہا آشنا ز سخنہاے آشنا چہ رسد +
گوشہ ابرو جنبانیدن - ابرو سے اشارہ کرنا - **صائب** - اگر بتو تجلی گوشۂ ابرو بجنباند + کہ از راہ کلیم اندر سنگ طور برد ارد +
گوشہ چشم بجزی کردن - التفات اور توجہ کرنا - **حافظ** - آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند + آیا بود کہ گوشۂ چشمی بما کنند +
گوشہ گرفتن - ایک طرف ہو بیٹھنا - **حافظ** - عقل دیوانہ شد آن سلسلۂ مشکین کو + دل ز ما گوشہ گرفت ابروی دلدار کجاست +
گوہر آگین - ہر ایک چیز جو مرصع ہو - **نظامی** - بر آمود گوہر بمشکین کمند + فرو ہشت بر گوہر آگین پرند +
گوہر بہ تیشہ شکستن - جواہرات کان سے نکالنا - **نظامی** - سخن تا نہ پرسند لب بستہ دار + گہر نشکنی تیشہ آہستہ دار +
گوہر سفتن - موتی پرونا - ازالۂ بکارت کرنا - سخن موزون اور آبدار کہنا - **سعدی** - پس از ملامت و شنعت گناہ دختر نیست + ترا کہ دست بلرزد گہر چہ دانی سفت +
گوہر شکستن - اپنی دولت کو برباد کرنا - **صائب** - انصاف نیست گر دتیمی شود غریب + ور نہ شکستی گہر آبدار خویش +
گوہر کندن - گوہر کان سے کھودنا - **نظامی** - بگوہر کنی تیشہ را تیز کن + عروس سخن را شکر ریز کن +
گوی ربودن - پیشدست ہونا - بڑھ جانا - **سعدی** - کہ سعدی کہ گوی بلاغت ربود + در ایام بوبکر بن سعد بود +
گورخانہ - قبرستان - جہان مردے دفناتے ہین - **نظامی** - چو کیخسرو از ملک پرداخت رخت + نہاد اندران جایگہ جام و تخت + بہان گورخانہ بغاری گزید + کز آتش در آن غار نتوان خزید +

گوشانہ ـ غار گوشہ یکیگاہ ـ گھات لگانے کا موقع ـ حکیم نزاری ـ
دلا دو چار صد مرد گزین داشت + بہ چل گوشانہ دہ در کمین داشت +

گوش دریدہ ـ دف جسکو بجاتے ہین ـ بدر چاچی ـ داہرنی میکند گوش دریدہ ازانکہ + سیلی بسیار خوردہ زخم طپانچہ چشیدہ +

گوش کردہ ـ بات جو سن چکے ہون ـ صائب ـ با پردہ ہاے گوش خود از ہوش کردہ ایم + پندی کہ دادہ اند باگوش کردہ ایم +

گوہر خانہ ـ خزانہ بادشاہی ـ حکیم زلالی ـ چو شد در گوش مقبولان درگاہ دُر معنی ز گوہر خانۂ شاہ +

گوہر سفتہ ـ جو بات مشہور و معروف ہو ـ نظامی ـ دران نامہ کان گوہر سفتہ اند + بسے گفتنی ہاے ناگفتہ ماند +

گواہ لباسی ـ وہ گواہ جو سچا نہو ـ صائب ـ بیک گواہ لباسی کہ ماہ مصر آورد + سیاہ کرد رُخ دعوی زلیخا را +

گوہر آمای ـ ہستی بخشنے والا ـ پیدا کرنے والا ـ نظامی ـ توئی گوہر آمای چار انجمن + مسلسل کن گوہران در مزیج +

گوہر گرلے ـ حاصل کرنے والا گوہر کا ـ نظامی ـ از ان کان چو گوہر گرلے آمدند + چو گنجینہ وان باز جاے آمدند +

کاف فارسی با ہاے ہوز

گہر بفت ـ گوہر آگین ـ مرصع ـ جڑاؤ ـ فردوسی ـ قبا و کلاہ گہر بفت خویش + دگر ہر یہ سر چیزدہ گنج بیش +

گہرستان ـ جس جگہ سے گوہر حاصل ہون ـ ظہوری ـ فصل نیسان غم و دیدہ تر بر سر کار + عالم از اشک ظہوری گہرستان گشت ست +

گہر نیمرو ـ وہ موتی جو ایک طرف سے گول اور دوسری طرف مسطح ہو ـ خان خالص ـ حق القدم گرفت گہرہاے نیمرو + پاے کسے کہ آبلہ زد در سراغ دوست +

گہر مہرہ ـ وہ مہرہ جو سانپ کے مغز سے نکلتا ہی اور کہتے ہین کہ وہ مہرہ جسکے پاس ہو اُسکی دولت کو زوال نہین ہوتا ـ طالب آملی ـ بجز خامہ ات کا ورد در پدید + گہر مہرۂ مار ارقم کہ دید +

کاف فارسی با یاے تحتانی

گیتی نورد ـ سیر کرنیوالا ـ تمام جہان کا پھرنیوالا ـ نظامی ـ جہان مرزبان شاہ گیتی نورد + برافروخت کاین داستان گوش کرد +

گیسو کمند ـ معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی ـ حکیم زلالی ـ شبے چون کاکل بالا بلندان + سواد از خم گیسو کمندان +

گیسو دار ـ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی ـ

گیوگش ـ کفش بردار ـ جوتے بردار ـ خادم اور جوتے چور ـ شرف الدین شفائی ـ تاکے زدست بے مسرت اے غول گیوگش + از روی این و آن بملامت خجل شوم +

گیسوے شمع ـ شمع کا دھوان جو سر سے نکلتا ہی ـ ملا نجی جبا دفانی ـ گیسوے شمع چو آتش نفشان شانہ زدند + سکۂ سوختگی بر پر پروانہ زدند +

گیسوے چنگ ـ چنگ کے تار ـ حافظ ـ گیسوے چنگ ببرید بمرگ مے ناب + تا حریفان ہمہ خون از مژہ ہا بکشایند +

گیتی آفرین ـ ذات خداوند جہان آفرین ـ میر معزی ـ امام الحق کہ اورا آفرین گوی ست در گیتی + ہر آن کو طاعت یزدان گیتی آفرین دارد +

گیتی بان ـ گیتی ستان ـ گیتی کشاے ـ گیتی آراے ـ گیتی پژوہ ـ گیتی پناہ ـ گیتی دار ـ گیتی خرام ـ بادشاہون کی تعریف مین بولے جاتے ہین ـ نظامی ـ ہمہ کار شاہان گیتی پژوہ + ز راے وزیران پذیرد شکوہ + ملا عبداللہ ہاتفی ـ چو بگذشت زان تہنیت چندگاہ + خدیو جہان گیر گیتی پناہ + نظامی ـ ہمہ کردہ شاہ گیتی خرام + در این یک ورق کاغذ آرم تمام + کمال اسمٰعیل ـ بلند ہمت و بسیار دان و اندک سال + جہان کشاے و ممالک ستان و گیتی دار +

گیراندن ـ مقید کرنا ـ حساب مین پکڑنا ـ گرفتار کرنا ـ محسن تاثیر ـ میکند ادبار را اقبال روشن گوہری + شمع در ہنگام گیراندن بدولت میرسد +

گیسو بریدہ ـ وہ عورت جو بیحیا اور شوخ ہو ـ والہ ہروی ـ پوشیدہ جامہ دختر رز تہ نما ببین + مستوری لباسی گیسو بریدہ را +

چوتھی فصل

اُردو محاورات کے بیان مین

کاف فارسی با الف

گات اُمگنا ـ چھاتیان اُبھرنا عورت کے بالغ ہونیکے نشان ظاہر ہونا

گات سے ہونا ـ حاملہ ہونا ـ پیٹ سے ہونا ـ

گارا گانا ـ بڑی لمبی کہانی کہنا ـ

گاڑھ پڑنا ـ مصیبت آنا ـ آفت آنا ـ

گاڑتھے بیٹھنا ـ گھات مین بیٹھنا ـ

گاڑنا ـ دفن کرنا مردے یا کسی اور چیز کو زمین مین ـ

گابھ ڈالنا ـ خام حمل ڈالدینا ـ

گاڑھی چھننا ـ بھنگ گاڑھی چھننا ـ اختلاط باہمی بڑھ جانا ـ بنگ پیکر خوب نشہ مین ہو جانا ـ

گاڑی جوتنا یا چلانا ـ کرایہ پر گاڑی چلانا ـ

گال بجانا ـ بیہودہ بکنا ـ شیخی کرنا ـ ڈینگ مارنا ـ

گال پچک جانا - دُبلا ہوجانا -
گال پر گال چڑھنا - بہت موٹا ہوجانا -
گال توڑنا - گال کاٹنا - کسی کے گال پر چٹکی بھر لینا - زور سے بوسہ لینا -
گال سوجانا - غصے مین ہونا - روٹھ جانا -
گالون مین چانول بھرنا - باتین بنا بنا کر کرنا - طعن وطنز کی تقریر کرنا - مٹھار مٹھار کر بات کرنا - جان صاحب - وہ ایک دن تھا کہ میرے آگے فرشتون کی بھی نہ دال گلتی + بھرے ہین گالون مین اب تو چانول کرین ہین باتین چبا چبا کے -
گالی دینا - بُرا بولنا - دشنام دینا - مولانا اکبر - وہ گالی ہمکو دیتے ہین مگر ہم + عوض مین اُسکے دیتے ہین دعائین -
گالیون کا جھاڑ باندھنا - پے در پے گالیان دیتے جانا - پے درپے بُرا بولنا - ذوق - نہ جھاڑا غیر کو تونے کہ ہو کر جھاڑ لپٹا تھا + مجھی پر گالیون کا جھاڑ تونے بدزبان باندھا +
گانٹھ باندھنا - گرہ باندھنا - قول واقرار کرنا - ایک بات پر قایم ہونا -
گانٹھ پڑنا - گرہ لگ جانا - آپسمین کسی بات پران بن ہوجانا - صفدر فوقانی - کون کھولے اُنکو کنگھی کے بغیر + زلف مین بیڈھب ہین گانٹھین پڑ گئین -
گانٹھ جوڑنا - نکاح کرنا - عقد پڑھانا - منسوب کرنا -
گانٹھ باندھنا - ایک بات قایم کرنا - دل مین عہد کر لینا -
گانٹھ کا پورا - مالدار آدمی - دولتمند - مؤلف - آئے بازار محبت مین وہی + عقل کا اندھا ہو پورا گانٹھ کا +
گانٹھ مین باندھنا - اپنے قبضے مین کر لینا -
گانٹھ کا پیسا - اپنا مال - اپنا روپیہ - محمد انور حکیم - فی الحقیقت وقت پر آتا ہی کام + ہو جو پیسا خاص اپنی گانٹھ کا +
گانٹھ کاٹنا - کیسہ کتر لینا - جیب کتر لینا - چوری و رہزنی کرنا - کسی چیز کی قیمت اصل قیمت سے زیادہ لینا - ٹھگنا - لوٹنا - قطعہ از مؤلف - آجکل کے جو بدمعاش ہین لوگ + جو لگے ہاتھ دم مین چاٹتے ہین + رستے چلتون کی گٹھری لوٹتے ہین + راہ جاتے کی گانٹھ کاٹتے ہین +
گانٹھ کھونا - مال ضایع کرنا - نقصان اُٹھانا - اپنی گرہ کا روپیہ خرچ کر بیٹھنا
گانٹھ کٹنا - جیب کتری جانا - ٹھگا جانا -
گانٹھ کرنا - اتفاق کرنا - مال جمع کرنا - جوڑنا - سنبن کرنا - روپیہ الگ کرنا -
گانٹھ کھولنا - صلح کرنا - شکر رنجی دور کرنا - خوب خرچ کرنا -
گانڑ پھاڑنا - ناک مین دم کر دینا - دق کرنا -

گانڑ پھٹنا - کسی امر سے تنگ ہونا -
گانڑ پھٹ کر حوض ہوجانا - کسی سے نہایت ڈرنا - زیادہ خرچ کے باعث دیوالہ نکل جانا -
گانڑ چلنا - پیٹ جاری ہونا - دست آنا -
گانڑ رگڑنا - سخت منت کرنا - خوشامد کرنا - سخت محنت کرنا -
گانڑ سے گھوڑا کھولنا - گانڑ سے گل کترنا - ناممکن الوقوع امر کے لیے بے فائدہ محنت کرنا -
گانڑ غلامی کرنا - گانڑ چاٹنا - گانڑ دھونا - پہلے درجے کی خوشامد کرنا -
گانڑ کی خبر نہ رہنا - غافل ہو کر سو جانا -
گانڑ گردن ایک ہوجانا - محنت کرتے کرتے تھک جانا - تنگ آجانا - تھک کر چور ہوجانا -
گانڑ گلے مین آنا - تنگ آجانا - عاجز آجانا -
گانڑ مین اُنگلی کرنا - دق کرنا - ستا مارنا -
گانڑ مین گھسا جانا - خوشامد کرنا - للو پتو کرنا -
گانڑ مین لنگوٹی تک نہ رہنا - مفلس محض ہونا -
گاؤ خورد ہونا - تلف و برباد ہونا -
گاؤ زوری کرنا - سانڈ کی سی طاقت دکھانا -
گاؤ گھپ کرنا - سب کچھ چر جانا - مال غبن کرنا -
گاہکی پٹنا - سودا بن جانا - معاملہ ہوجانا -
گاے کا بچھیا تلے اور بچھیا کا گاے کے تلے کرنا - حکمت عملی اور تدبیر کے ساتھ کوئی کام چلانا -
گانڑ جوڑ بخیہ - نہایت گہری دوستی -
گانڑو کا حمایتی کبھی کبھی جیتا ہی - یعنی ناکارہ آدمی کا حمایتی کبھی نہین جیتتا -

کاف فارسی با یاے

گپا کھانا - کسی کا دم کھانا - جل ع کرا لینا -
گپ گپ کھانا - جلدی جلدی کھانا -

کاف فارسی با تاے

گت بنانا - کسی باجے کے سرون کو گانے بجانے بولون کے موافق کر لینا خوب پیٹنا - بُرا حال کرنا - بحر - دکھا کر ناچ اپنا خود ہی دیوانہ کیا ہمکو + ہمین سے پوچھتے ہو پھر کہ یہ کیا گت بنائی ہی -
گت بھرنا - راگ کے بول کے مطابق ناچنا -
گت ہونا - کام مین آجانا - خرچ ہوجانا -
گتھی پڑ جانا - سوت کا اُلجھ جانا - معاملہ پیچ در پیچ ہوجانا -

گٹ پٹ ہوجانا - آپسمین مل جانا -
گٹکری لینا - گانیکے وقت مسلسل آواز نکالنا -
گٹھڑی کرنا - جمع کرنا مال کا - حریف کو کشتی مین دوہرا کرلینا -
گٹھڑی مارنا - مال مارنا - چرانا - لوٹنا - ٹھگنا - فریب سے لینا -
گٹھوت گانٹھنا - سازش کرنا - مشورہ کرنا -

کاف فارسی باجیم

گجر دم ہونا - صبح ہونا - سویرا ہونا -
گجھا دبا بیٹھنا - فریب سے کسی کی دولت حاصل کرنا -

کاف فارسی بادال

گدگدی دل مین ہونا - خودبخود ہنسی آنا - شوخی جی مین آنا - صبا - شرمگین آنکھون کے بوسے لیے گستاخی سے + گدگدی دلمین ہوئی آنکی حیا سے پیدا +
گدگدی کرنا - انگلیون کی حرکت بغل مین کرکے کسی کو ہنسانا - مومن - کسکے ہنسنے کا تصور ہی شب و روز کہ یون + گدگدی دل مین کوئی آٹھ پہر کرتا ہی +
گدھے پر چڑھانا - سوار کرنا - بدنام و رسوا کرنا -
گدھے کو حلوا کھلا کر لاتین کھانا - بُرونکے ساتھ نیکی کرکے بُرائی حاصل کرنا -
گدھے کے ہل چلوانا - کسی آباد جگہ کو مسمار کرنا -
گدی بھاننا - کسی کی گردن مارنا -
گدی سے زبان کھینچنا - یہ ایک قسم کی سزا ہی جو بیرحمی سے دیجاتی ہی -
گڈا بنانا - رسوا و بدنام کرنا -
گدھاپن - بیوقوفی - نادانی آدمی کی -

کاف فارسی باراے

گران گزرنا - ناگوار ہونا - بُرا معلوم ہونا - مولانا اکبر - غیر جاتے ہین بزم مین لیکن + میرا آنا گران گزرتا ہی +
گرد بیٹھنا - غبار کا جم جانا - خاک آلودہ ہوجانا - آتش - مجھ ناتوان کی خاک جو اسمین ہوئی شریک + اٹھ اٹھ کے بیٹھ بیٹھ گئی گرد راہ کی +
گردش مین آنا - تباہی یا مصیبت مین آنا - حکیم انور لاہوری - چرخ کے مانند دل و رات چکر کھاے ہی + گردش گردون دو دنمین جو کوئی آجاے ہی +
گرد کو نہ پہونچنا - برابر نہو سکنا - مقابلہ نکر سکنا - سودا - غرض وہ گرم عنان ہوکے جب چلتا ہی + نہین پہونچتی ہی برق اسکے گرد کو زنہار +
گردنا دینا - گردنی کی آنا - گدی پہ ایک چانٹا لگانا -
گردنپر بوجھ ہونا - کسی کا احسانمند ہونا -
گردنپر خون ہونا - کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ ہونا - صفدر فوقانی - بہت سے قتل کیے تیرے دست نگین نے + ہزارون خون ہوکے ہین حنا کی گردنپر +

گردن پھنسانا - کوئی ذمہداری سر لینا اپنے آپکو خطرے مین ڈالنا -
گردن پھیرنا - نافرمانی کرنا - حکم نہ ماننا - تغتیہ از مؤلف - کون گردن پھیر سکتا ہی بُت کے حکم سے + خم اطاعت مین ہی جنکی گردن گردون دون -
گردن توڑنا - کسی کو مارنا - کوٹنا - سزا دینا - حکیم انور لاہوری - سر جھکانا جو کوئی حضرت کے در پہ چھوڑدے + ایسے گردنکش کی گردن کیون نہ گردون توڑدے +
گردن جھکانا - اطاعت کرنا - فرمانبرداری کرنا - سجدہ کرنا - پانون پڑنا - قطعہ از مؤلف - عزیزو بندے بنجاؤ خدا کے + قدم راہ طریقت مین بڑھاؤ + سرافرازی اگر تم چاہتے ہو + کرو سجدہ اُدھر گردن جھکاؤ -
گردن کا ڈورا - ناچنے کے وقت گردن کی ایک انداز کے ساتھ جنبش -
گردن کا منکا ڈھلنا - قریب المرگ ہونا -
گردن کٹنا - مارا جانا - قتل ہونا - تباہ و برباد ہونا - حق تلف ہونا -
گردن مارنا - قتل کرنا - جان سے مار ڈالنا - مفتی حیدر لاہوری - سر جھکانا اُس خدا کے روبرو + نفس و شیطان کو گردن مارنا +
گردن مروڑنا - قتل کردینا - ذبح کرنا -
گردن مین ہاتھ دینا - پیار کرنا - اختلاط جتلانا - محبت ظاہر کرنا -
گردن مین ہاتھ دیکر نکالدینا - بُری حالت سے بیعزت کرکے نکالدینا -
گردن ہلانا - کسی بات سے انکار کردینا - ع - خدا کا مان لینا دل سے فرمان + خبردار اُس سے مت گردن ہلانا +
گرد ہوجانا - مغلوب ہوجانا - پتہ نہ لگنا - شعر - مجنون دشت گرد تھا مانند گردباد + ہمنے اُڑائی خاک تو وہ گرد ہوگیا - نظیر - اپنے عالم مین یہ آٹا دال بھی یا فرد ہی + حسن کی آن و ادا سب اسکے آگے گرد ہی +
گرفت کرنا - عیب پکڑنا - نکتہ چینی کرنا - قصور نکالنا -
گرگٹ کے سے رنگ بدلنا - ایک حالت پر نہ رہنا - گرگٹ جانور کے سے رنگ بدلتے رہنا - کبھی کچھ کبھی کچھ ہوجانا - یار علی - خورشید کیا کہون انھین آنکھون کے سامنے + گرگٹ کی طرح رنگ زمانہ بدل گیا -
گرم بولنا - غصہ سے بات کرنا -
گرم کرنا - حرارت پہونچانا - بھڑکانا - غصہ دلانا - تیز کرنا - گھوڑے کو ایڑ لگانا -
گرم ملنا - سرسری ملاقات کرنا - چلتے چلتے ملنا - تابان -

عاشق سے گرم ملنا پھر بات بھی نہ کہنا + کیا ہم روتی ہی گیا بیوفائیاں ہین -
گرم ہونا - غصہ ہونا - تیز ہونا بگڑنا -
گرمیان کرنا - محبت جتانا - اختلاط ظاہر کرنا - فریب عشق -
مجھے اب گھر کو جانے دیجیے آپ + گرمیان اوس سے یہ کیجیے آپ +
گرمی کرنا - شرارت کرنا - شوخی کرنا - غصہ کرنا - حرارت بڑھانا -
رشک - مجھ سے گرمی بھی وہ کرتا ہی تو دُہری گرمی + خود جلانا مجھے خود
آگ بولا ہونا +
گرمی نکالنا - غصہ نکالنا - جماع کی خواہش کو مٹانا +
گرمی ہوجانا - حرارت بڑھ جانا - آتشک ہوجانا +
گرہ باندھنا - گانٹھ باندھنا - پلے باندھنا - ناسخ - اسقدر ہی
اہل دنیا مین دنایت کا رواج + بس ہو تو مثل صدف باندھین گرہ مین آبکو +
گرہ پڑجانا - عداوت ہوجانا - دل مین بل پڑجانا - ؎ -
نہ کھلی پڑگئی تھی یار کے دل مین جو گرہ + سعی بیحد مرے ناخن تدبیر نے کی +
گرہ کا کھلنا - نقصان ہوجانا - مال تلف ہونا - صلح ہوجانا - عقدہ دور ہونا
گرہ لگانا - گانٹھ باندھنا - معاملہ بنانا - سودا کرنا -
گرہ مین پیسہ ہونا - مالدار ہونا -
گریبان پکڑنا - گریبان مین ہاتھ ڈالنا - گردن پکڑنا - سخت تقاضا کرنا
گریبان پھاڑنا - چاک کرنا - چاک چاک کرنا - دیوانہ ہوجانا -
کپڑے پھاڑنا - ناسخ - پھر بہار آئی نکلیے گھر سے دامن جھاڑ کر +
سوے صحرا ے جنون چلیے گریبان پھاڑ کر + سودا - کیونکر نہ چاک چاک
گریبان دل کرون + دیکھون جو تیری زلف کو مین دست شانہ مین +
گریبان مین منھ ڈالنا - چھپانا - اپنی حالت پر خود شرمسار ہونا +
اپنا عیب و صواب خود دیکھنا - درد - لے درد مراقبہ تو کرتے ہوولے +
ملک اپنے گریبان مین منھ ڈالیے گا + بحر - جب اپنے گریبان مین منھ
ڈال کے دیکھا + دل سے نہ زیادہ کوئی دشمن نظر آیا + میر سوز -
گریبان مین ذرا منھ ڈال دیکھو + کہ تم نے اس وفا پر ہم سے کیا کی +
گڑبڑ جھالا - بوندا باندی - بادل - ہوا - پانی - بدنظمی - ابتری -
گڑبڑ کرنا - گپسین ملا دینا - گڈمڈ کرنا -
گڑگڑانا - بکسر ہر دو کاف خوشامد کرنا -
گڑگڑانا - بضم ہر دو کاف پیٹ کا بولنا - گڑگڑ کرنا - بدہضمی ہونا -
گڑتنگ مارنا - اکڑنا - ڈینگ مارنا - شیخی بگھارنا -
گڑھا بھرنا - گذارہ کرنا - پیٹ بھرنا -
گڑھ فتح کرنا - قلعہ جیتنا - سخت مصیبت سے رہائی پانا -

گڑیا سنوارنا - غریبانہ بیاہ کرنا - یار علی - گویا سنوار دو گئی اسے
بھیک مانگ کے + مشاطہ کہ ادھر تو سرانجام ہوگیا +
گڑیان کھیلنا - لڑکیون کا کھیل کھیلنا -
گڑے کو تلے اکھاڑنا - پرانے جھگڑون کو تازہ کرنا -
دبی آگ کو کریدنا - سودا - سودا کے ہوتے وامق
و مجنون کا ذکر کیا + عالم عبث اکھاڑے ہی مردے گڑے
ہوے +
گڑیا بار - ولادت کا دن اور جمعہ کا دن -
گرم خبر - جو خبر پے درپے سُنی جاے -
گڑیون کا کھیل - آسان کام -
گرما گرم - جو چیز تازہ اور گرم ہو اور شوخ و شنگ معشوق -
گڑیون کا بیاہ - غریبانہ شادی - شرعی نکاح -
گرما گرمی سے - نہایت تیزی اور جوش سے -
گرم بازاری - خریداری کسی چیز کی -
گرم کپڑے - جاڑے کا لباس -

کاف فارسی با زاے معجمہ

گزرجانا - ہوچکنا - تمام ہونا - مرجانا - میر - ترے ہی رہگذر مین یہ
جی جارہا ہی شوخ + سُنیو کہ میر آج ہی کل مین گذر گیا +
گزی گاڑھا پہننا - غریبانہ گذران کرنا -

کاف با کاف فارسی

گلگن کھیلنا - اونچا اچھلنا -
گلگن ہونا - نہایت بلند ہونا - تارا ہوجانا -

کاف با لام

گلا اٹھانا - لٹکا ہوا کوا گلے کا انگوٹھے سے اٹھا کر درست کردینا -
گلا آنا - گلا پھول جانا - ورم ہوجانا - چھالے پڑجانا - نازنین -
گلا آجاے لگا بچے کا میرے + جُسانی روز خالی چسپیان ہو +
گلا بیٹھ جانا - گلا پڑجانا - آواز بھاری ہونا - رعشہ ہونا -
شعر - نہ فریاد بلبل کانون نے سنی + گلا چیختے چیختے پڑگیا +
گلا بندھانا - اپنے آپکو کسی امر مین ذمہ دار کرلینا - قرضہ لینا -
نکاح کرنا - ؎ - زلف مین دلکو ہم پھنسا بیٹھے + گلا اسن بندین بندھا بیٹھے +
گلا بندھنا - کسی امر مین مقید ہوجانا - قرضدار ہوجانا - پابند ہوجانا -
گلا پڑنا - گلا سوج جانا -
گلابی جاڑا - خفیف سا جاڑا +

گلا پکڑنا - کوئی خراب چیز گلے سے نہ اُترنا -
گلا پھاڑنا - **گلا پھاڑکے بولنا** - چیخنا - چلانا -
گلا پھرنا - گانے کے وقت زیروبم آوازہ بخوبی نکلنا -
گلا دبانا - گلا مسوسنا گھونٹنا **ناسخ** - عشق مین یہ ہی کہ دم میرا خفا ہوتا ہی + گھونٹتا ہی جو کوئی مست گلا مینا کا + **بحر** - سوائے صبر کیا چارہ جو وہ بیداد کرتے ہین + گلا غیرت دباتی ہی اگر فریاد کرتے ہین -
گلا کاٹنا - قتل کرنا - ذبح کرنا - ظلم کرنا - ستانا -
گلا ہلانا - راگ گانا - گٹکری لینا -
گل بندھ جانا - خوب سلگ جانا لکڑی وغیرہ کا -
گل بہیان ڈالنا - گلے ملنا - محبت کرنا - پیار سے بغلگیر ہونا -
گل پھولنا - کوئی نئی بات پیدا ہونا - **جان صاحب** - باجی وزرات کا پھر وہ ہی بکھیڑا نکلا + کوئی گل پھولیگا پھر سوت کا جھگڑا نکلا +
گل تنگ ہونا - سر پر کھڑے ہونے تک کی خبر نہونا - نہایت غافل ہونا -
گل چلا - قادر انداز جو شخص تیر نشانے پر لگائے - **آتش** - خال مشکین سے شکار اہل قلم کیجیے + گل چلے شیر سے کرتے ہین نیستان خالی +
گلچھرے اُڑانا - فضول خرچیان کرنا - عیش اُڑانا - **اسیر** - پائی دولت کالا را قتل کیا مجھکو کیا + خوب گلچھرے اُڑاتا ہی تیغا یار کا +
گل حکمت کرنا - مٹی سے کسی شیشے یا برتن کو خام کر دینا یعنی اسکو آگ مین رکھنے کے لیے مٹی لگا کر مضبوط کرنا -
گل دینا - داغ دینا -
گل دینا - لگانا - پھانسی دینا - **مؤلف گلشن فیض** - گلے لگئے بت فرنگی کے + واجب القتل ہین تو گل دلگے +
گل ڈب کرنا - غصب کرنا - مال مارنا -
گل کاٹنا - تراشنا - کترنا - **لینا** - شمع کا جلا ہوا حصہ قینچی سے کتر لینا
گلکاری کرنا - پھول بوٹے بنانا -
گل کترنا - کاغذ کے پھول بنانا - انوکھا کام کرنا - **ذوق** - سوٹکڑے ہین ایڑی کے بہ رنگ گل صد برگ + کیا دشت نوردی مین کترتا ہی جنون گل + **جرأت** - چھوڑا گلزار سے دور اور پر بلبل کترے + ہائے صیاد جفا پیشہ نے کیا گل کترے +
گل کھانا - معشوق کے چھلے یا انگشتری وغیرہ کو گرم کر کے اپنے ہاتھ یا چھاتی یا پیشانی پر داغ دینا اور اسکو عشق اپنے کا نشان بنانا - **ناسخ** - جانتی ہین شاخ گل مجھ ناتوان کو بلبلین + کیا ہی خوش اسلوب مین نے اپنے تن پر کھائے گل + سہ - گل کھائے ہین معشوق کے چھلون کے یہان تک +

ہاتھون پہ گمان ہی میرے طاؤس کے پر کا +
گل کھلانا - پھلانا - کوئی نئی اور عجیب بات نکالنا - **بحر** - شاخین نکالی جاتی ہین اب بات بات مین + دو چار دن مین دیکھیے کیا گل کھلا ہے رنج +
گل کھلنا - شگوفہ کھلنا - نئی بات ظاہر ہونا - **برق** - نہ چھوٹے تا قیامت گل کھلے طرفہ تماشا ہو + لہو سے تیغ قاتل پر چمن بنجائے جوہر کا +
گلہ گذاری کرنا - کسی کی شکایت کرنا -
گلے بندھنا - شہد کا جمع ہونا - جوانی پر آجانا - دولتمند ہو جانا -
گلیان چھاننا - کوچہ گردی کرنا - واہی تباہی پھرنا -
گلے پر چھری پھیرنا - قتل کرنا - ذبح کرنا -
گلے پڑنا - بے مرضی کوئی چیز ہاتھ آنا - **بحر** - کچھ ایسی گلے پڑ گئی ابرو کی محبت + تلوار کا ڈورا رگ گردن نظر آیا +
گلی ڈنڈا کھیلنا - وقت ضایع کرنا -
گلے سے اُترنا - حلق سے اُترنا - نگلا جانا -
گلے کا ڈھولنا - گلے کا تعویذ - ناحق کا بوجھ - ناگوار چیز -
گلے کا ہار ہونا - لپٹ جانا - پیچھے پڑ جانا - **بحر** - مین نام پھول کا لیکر گنہگار ہوا + شراب جان کے قاضی گلے کا ہار ہوا +
گلے لگانا - چھاتی سے لگانا - آغوش مین لینا - پیار کرنا - **نظیر** - اک روز کہا یار کو مین پاکے اکیلا + مرتا ہون مری جان گلے مجکو لگا لے + منہ پھیر کے شرما کے لگا کہنے کہ اچھا + کہنا نہ کسی سے یہ قسم پہلے تو کھالے +
گلے لگنا - گلے سے لگنا - **ملنا** - ہم آغوش ہونا - بغلگیر ہونا - ملاقات کرنا - **ماہر** - بس اب تو جانے دو رنجش گلے سے لگ جاؤ + تڑپ رہا ہی یہ دل مرغ نیم جان کیطرح +
گلے منڈھنا - ڈالنا - لگانا - باندھنا - کوئی چیز کسی کو زبردستی سے دینا - نکاح کر دینا -
گلے مین اٹکنا - بدمزہ اور خراب معلوم ہونا - منہ مین نہ چلنا -
گلے مین زنجیر پڑنا - کسی معاملہ مین اپنی مرضی کے بغیر پابند ہونا ناحق کسی آفت مین پڑ جانا -

کاف فارسی با میم

گمان بھرا - مغرور و متکبر و خودنما -
گھمر کرنا - غرور و تکبر کرنا -

کاف فارسی با نون

گنتی گنوانا - حاضری لکھوانا نام درج کرانا -

گنج ڈالنا - گنج لگانا - انبار لگا دینا - ڈھیر لگا دینا - بحر - عدم کی راہ
مین اک گنج ڈالتے اے بحر ہمارے پاس نہ قارون کا خزانہ ہوا +
گند کٹنا - کسی مصیبت سے رہائی پانا -
گندہ سہانا - کسی کی بو سونگھنے کو جی نہ چاہنا -
گندی باتین کرنا - گالیان دینا - برا بولنا -
گنگا جلی اُٹھانا - ہندو کا قسم کھانا -
گنگا لابھ ہونا - گنگا پر جاکے مرنا -
گنگا نہانا - کسی مصیبت سے رہائی پانا - گنگا کا اشنان کرنا -
گن ماننا - احسان ماننا -
گنی بوٹی اور نپا شوروا - گزارے کے موافق آمدنی -
گنڈے دار - بے قاعدہ - رلا ملا - نیک و بد -
گنبد کی آواز - جیسا کہنا ویسا سننا -
گنوار کا لٹھ - احمق و بیوقوف آدمی -
گنجے کو ناخون نہ دے - سفلہ کو خدا دولت نہ دیوے ورنہ لوگون کو
ستائیگا - ؎ - ملے دولت جو کمینے کو تو مشکل ہوگی + یہ مثل سچ ہے
خدا گنجے کو ناخون نہ دے -
گنگا جمنی - ہر ایک دو رنگی چیز - سونے چاندی کا ملا ہوا زیور

کاف فارسی با واو

گو اچھالنا - بے عزتی اور رسوائی کرنا -
گود پسار کے کوسنا - ہاتھ کھول کے بددعا دینا -
گود پھیلانا - پسارنا - پلہ پھیلا کر سوال کرنا -
گودڑ گانٹھنا - پھٹے پرانے کپڑون مین پیوند لگانا -
گودڑ مین گندوڑا - گودڑ مین لعل - غریب آدمی کے گھر صاحب کمال
بچہ - مفلسی کی حالت مین صاحب کمال - آتش - روا کم کلفت
ایام مین بھی قدر نیکون کی + پھٹے کپڑون مین بھی انکو سمجھ لے لعل
گودڑ کا +
گود کا بچہ - شیر خوارہ -
گور کا منہ جھانک کر پھرنا - گور مین لات مارکر کھڑا ہونا -
سخت بیمار ہوکر اچھا ہو جانا -
گورکھ دھندھا - لوہے کے چند حلقے ایک دوسرے مین پڑے ہوئے
جسکے کھولنے مین عقل چرخ ہوتی ہے مصیبت کا کام پیچیدہ امر
کھیڑا - جھگڑا -
گور گڑھا - مردے کا تجہیز و تکفین کا سامان - میر - سنا ہے حال ترے
کشتگان بچارون کا + ہوا نہ گور گڑھا اُن ستم کے ماردون کا +
گور کنارے جالگنا - مرنے کے قریب پہونچنا - میر - ظلم ہے یہ کیا کیا
ہم پر صبر کیا ہی کیا کیا ہم + آن لگے ہین گور کنارے اُسکی گلی مین جا جا ہم +
گور کے مردے اکھیڑنا - پرانے واقعات بیان کرنا - آتش -
کہتے ہین ذکر لیلی و مجنون جو چھیڑیے + چپ رہیے بس نہ گور کے مردے اکھیڑیے +
گور گڑھا کرنا - مردے کو دفن کرنا -
گوڑی پڑنا - پانون پڑنا - منت کرنا -
گوڑی پسار دینا - ہمت ہار دینا - سست ہو جانا -
گوڑی ٹوٹنا - چلنے کی طاقت نہ رہنا - تھک جانا -
گوڑی توڑنا - پھرنا - تھکانا - پانون توڑنا -
گوڑی جمانا - جگہ قایم کرنا - ٹھس جانا -
گوڑی کرنا - مال حاصل کرنا - فایدہ اٹھانا -
گوز شتر سمجھنا - ناکارہ خیال کرنا -
گو سے کھنا ونا کر دینا - نہایت ذلیل کرنا -
گوشت سے ناخن جدا کرنا - رشتہ دارون مین عداوت و تفرقہ ڈالنا -
گوشت سے ناخن جدا ہونا - کسی امر محال کا واقع ہونا - غالب - ہے
ٹھنا تری انگشت حنائی کا خیال + ہوگیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا +
گوشت کا لوتھڑا - موٹا اور بیوقوف آدمی -
گوش گذار کرنا - خبر سنا دینا - کان مین گو نکال دینا -
گوشمالی دینا - کان مروڑنا - اُمیٹھنا -
گو کرنا - کپڑے میلے کر دینا -
گو کھانا - اغلام کرنا جھوٹ بولنا -
گولا اُٹھانا - قسم کھانیکے واسطے گرم لوہا اُٹھا لینا جیسے کہ تیل مین ہاتھ ڈالنا -
گولا دھار برسنا - سخت بارش ہونا -
گولر کا پیٹ پھڑوانا - بھید کھولنا راز ظاہر کرنا -
گولر گیلنا - چبا چبا کر باتین کرنا -
گول گول کہنا - صاف صاف بیان نہ کرنا -
گول مال کرنا - گڈ بڈ کر دینا - ملا جلا دینا -
گول مول ہو رہنا - خاموش ہو رہنا - جواب نہ دینا -
گولی بچا جانا - چالاکی سے کسی مصیبت سے بچ جانا -
گولی پلانا - بندوق مین گولی بھرنا -
گو موت کرنا - دایہ گری کرنا -
گون گانٹھنا - نکالنا - مطلب براری کرنا - جون تون کام نکال لینا -

گونگے کا خواب یا سپنا - پوشیدہ بات چنانچہ گونگا اپنے خواب کو ظاہر نہین کر سکتا - اسیر - پوشیدہ دل کا حال ہی کیا سوچیے حال + تعبیر کیا کہے کوئی گونگے کے خواب کی +

گونگے کا گڑ کھانا - چونکہ گونگا گڑ کی لذت بیان نہین کر سکتا مطلب اس جملے کا خاموش رہنا کچھ نہ کہنا -

گوہار لڑنا - ایک آدمی کا بہت آدمیون کے ساتھ لڑنا کیونکہ گوہار گروہ کو کہتے ہین +

گون بات - پیچیدہ بات جسکا مطلب معلوم نہو -

گون کا یار - مطلب کا یار -

گولر کا پھول - نایاب چیز کیونکہ گولر کا پھول نہین ہوتا -

گولی مارو - دفع کرو - دور کرو - لعنت بھیجو -

کاف فارسی با ہاے

گھات چلانا - جادو کرنا - موٹھ چلانا -

گھات ... رہنا - ہونا - بیٹھنا - کسی کے مارنے کی فکر مین ہونا - موقع تاکنا - حکیم انور - آدمی جانبر بھلا ہو کس طرح + جب اجل رہتی ہے اسکی گھات مین + صبح آپکڑے گی وہ یا شام کو + دن مین آ پہونچیگی وہ یا رات مین +

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا - جابجا پھرنا - ملک ملک کا سفر کرنا -

گھاس کاٹنا - کھودنا - بےسوچے جلد بیسے کوئی کام کرنا - کام خراب کر دینا

گھال میل رکھنا - آپسمین اختلاط رکھنا - ربط ضبط محبت پیار رکھنا

گھال میل کر دینا - دو چیزونکو آپسمین ملا دینا -

گھاو بھر جانا - زخم اچھا اور نقصان پورا ہوجانا - فائدہ ملجانا -

گھائی بتانا - فریب دینا - ٹھگنا - دھوکا دینا -

گھائین مائین کر دینا - مال چھپالینا - الگ کر دینا -

گھڑا کھلنا - سوراخ پڑجانا - سر پھوٹ جانا - تجارت مین نقصان ہوجانا

گھٹا اُٹھنا - ابر چھا جانا - بادل گھر آنا -

گھٹتی کا پہرا - تنزل کا زمانہ - خراب وقت -

گھٹنون تین سر دبانا - شرمانا - افسوس مین ہونا - سوچ اور فکر مین پڑنا -

گھٹنون چلنا - بچونکی طرح چلنا - سست کام کرنا - کام مین رک رک جانا -

گھٹی مین پڑنا - کوئی عادت بچپن سے ہونا -

گھر آباد کرنا - شادی کرنا - نکاح کرنا -

گھر اجلنا - لگنا - بند سانس آنا - نزع مین ہونا - قریب مرگ ہونا - رشک - آنکھین تری جو آئین تو بیمار چشم کو + مرنے کا انتظار مین گھر اگا رہا +

گھربار کے ہونا - خانہ دار ہونا - عیال دار ہونا -

گھر بسنا - گھر آباد ہونا - شادی ہوجانا -

گھر بگاڑنا - گھر تباہ کرنا - بدکاری مین پڑجانا -

گھر بگڑنا - عورت خاوند مین نا اتفاقی ہونا - عورت کا مرجانا -

گھر بنانا - مکان بنانا - دولت جمع کرنا - عورت کو گھر مین لانا - قطعہ از مؤلف - جبکہ رہنے کے لیے آئے نہین ہم دوستو + اس مسافر گھر کو اپنا گھر بنا بیٹھے ہین کیون + ایسے گھر مین باوجود درد و رنج و اضطراب + اسقدر بے سوچے سمجھے دل لگا بیٹھے ہین کیون +

گھر بھرنا - دولت جمع کرنا -

گھر بیٹھنا - گھر کا مسمار ہوجانا - بیکار ہوجانا -

گھر پھٹنا - نا اتفاقی پیدا ہونا - ایکدوسرے کا دشمن بن جانا -

گھر پھوڑنا - نقب لگانا - چوری کرنا - گھر والون مین نفاق ڈالدینا -

گھر پھونک تماشا دیکھنا - روپیہ عیاشی و آتشبازی مین خرچ کر ڈالنا - اسیر - دل جلا کر رخ محبوب کا جلوہ دیکھا + ہمنے گھر پھونک کے کیا خوب تماشا دیکھا +

گھر تک پہونچنا - سراغ نکالنا - نشان معلوم کرنا - پیچھا نہ چھوڑنا -

گھر جانا - بکسر اول قابو مین آجانا + مصیبت مین پھنس جانا -

گھر چڑھکر لڑنا - کسی کے گھر جاکر لڑنا - ذوق - مرے خیال پہ وہ چشم فتنہ گر چڑھکر + یہ خانہ جنگ ہے آتی ہے لڑنے گھر چڑھکر +

گھر چلانا - گھر کا بندوبست کرنا - انتظام کرنا -

گھر دیکھ لینا - کسی کے گھر مانگنے کو بار بار جانا - مؤلف - مرگ نے چھوڑا بس کسی کو نہین + اُسنے ہی سب کے گھر کو دیکھ لیا +

گھر سے دینا - اپنی گرہ سے دینا -

گھر سے کھونا - گھر کا روپیہ برباد کرنا -

گھر سینا - بیکار گھر مین بیٹھ رہنا -

گھر کا - اپنا - اپنی ملکیت کا - مؤلف - ساتھ نہیجائیگا تو کیا اس سے مال ہے جسقدر ترے گھر کا +

گھر کا آنگن بن جانا - برباد و تباہ ہوجانا -

گھر کرنا - مکان بنانا - عیالدار ہوجانا - ع - یون میرے دل مین چبھتی ہے دندان کی اسکی تاب + ہیرے کی جون کنی کسی گوہر مین گھر کرے +

گھر کا بھولا - بڑا دانا - کفایت شعار - اسکے معنی برعکس لفظ لیے جاتے ہین -

گھر کا نام ڈبونا - خاندان کو برباد کرنا -

گھر کیطرح بیٹھنا - دوسرے کے گھر مین اپنے گھر کیطرح آرام پانا -

گھر کیطرح رہنا - بے تکلف ہوکر رہنا - رشک - اِدھر اُدھر پڑے پھرتے
ہو کہاں نظر کیطرح + جو آئے ہو مرے گھر مین تو بیٹھو گھر کیطرح +
گھر کے گھر بند ہونا - وبا پھیل جانا - بہت سے آدمی مر جانا -
گھر کے گھر رہنا - نقصان نہ رہنا -
گھر گھالنا - گھر برباد کرنا - ستیاناس کرنا - جرات - ابھی تو تمنے پرے
ہی مین اک عالم کا گھر گھالا + مجھے یہ فکر ہی صورت دکھاؤگے تو کیا ہوگا +
گھر گھر مانگتے پھرنا - گدائی کرنا -
گھر مین آنا - حاصل ہونا مل جانا -
گھر مین ڈالنا - بیوہ عورت سے نکاح کرنا -
گھر والا - عورت کا خاوند - گھر کا مالک -
گھری چھننا - گاڑھی بھنگ چھانی جانا پختہ دوستی ہوجانا یا بھاری عداوت ہونا
گھری گھٹنا - گاڑھی بھنگ گھوٹی جانا -
گھری نیند سونا - غافل ہوکے سونا -
گھڑیاں گننا - انتظار کرنا - راہ دیکھنا - جرات - وعدہ پہ کوئی تیرے
لیے شام سے سحر تک + آہین بھرا کیا ہی گھڑیاں گنا کیا ہی -
گھڑی ساعت کا نقشہ ہونا - نزع کی حالت مین ہونا - کلب علیخان
نواب رامپور - تیرے کوچے مین مدت سے ہی ہمپر نزع کا عالم + گھڑی
ساعت کا نقشہ ہمنے دیکھا ہی یہین برسون +
گھڑی مین گھڑیاول ہونا - ایک گھڑی مین کچھ کا کچھ ہوجانا معاملہ
دگرگون ہوجانا - بحر - ہر وقت دگرگون ہی زمانہ کا حال + دسنے ہو
مہینا تو جینے سے ہو سال + امید ترقی کی تنزل مین رہی + اے
چون محیون شاہ مشرق پاے گرداند رکاب + گردست عزم تو براسپ کام تو
لگام + ہولہ ستانہا داقبال تو برگردن گردون لگام + ملک بے آرام و توسن را لگم
گشت و آرمید + انوری سگر بگوئی کفایت تو کشد + بسر توسن سپہر لگام +
لگام خائیدن - سرکشی و نافرمانی کرنا - میر خسرو - لاجرم در زیر ران
راے تو + ابلقش اکنون ہمی خاید لگام +
لگام دادن - متوجہ ہونا - طاعت مین لانا - نظامی - ہمہ ملک ایران
مرا شد تمام + بہندوستان داد خواہم لگام +
لگام از سر گرفتہ - بے لگام - سرکش - نافرمان - عشرتی - مراد رفنا ناز
جنس سوارے + لگام از سر گرفتہ استری ہست +

لام با میم

لمن الملک زدن - اپنے آپکو بادشاہ تصور کرنا - تکبر و خودی کرنا - نظامی -
کیست درین دائرہ دیرپاے + کو لمن الملک زند جز خداے + صائب -
فگند گوش بہ پروانہ معزولی خط + حسن غافل لمن الملک زنان ست ہنوز +

لام با نون

لنگر دار - بہت بھاری - وزن دار - صائب - عشق می آرد دل افسردہ
ما را بشور + مضطرب از طوفان بود دریاے لنگر دار ما +
لنگر شمشیر - سنگینی تلوار کی اندروے قیمت وغیرہ کے - داراب بیگ جویا -
تا ازان ابروے خونریز بدل کار کند + ترسم از لنگر شمشیر سیہ تاب کسے +
لنگر گیر - لنگر دار کشتی جو لنگر کی گرانی سے ایک مقام پر استادہ ہو - اشرف -
بود معذور گر در وجد آمد سالک ساحل کہ کشتی نیست لنگر گیر چون گردید دریا +
لنگر بجود گرفتن - اپنی جگہ پر قایم رہنا - صائب - بحر پر شور جنون لنگر
نمیگیرد بخود + کے زسنگ کودکان دیوانہ شورش کم شود +
لنگیدن - لنگ کردن - آہستہ چلنا سفر مین کسی جگہ مقام کرنا - سنجر کاشی
طلب راہبرم تیغ نست رہ بمنزل دل + زہمراہی تن لنگد خضر گرہم سفر گردد +
صائب - ہرکرا درد طلب ہست زپا ننشیند + ہست در قافلہ ریگ روان صائب لنگ +
لنگوتہ بستن - دنیا چھوڑنا - گوشہ نشین ہونا - شاہ داعی شیرازی - دل
بفراغت دہ و لنگوتہ بند + از جہت زرنہ بجان پوتہ بند +
لنگر انداختہ - مرد متحمل و بردبار +
لن ترانی - خطاب الٰہی جو موسی علیہ السلام کو بجواب درخواست رب ارنی کے ہوا

لام با واو

لوح تربت - وہ تختہ پتھر کا جو قبر پر نصب کرتے ہین - قاسم مشہدی -
فنا شدیم و ندیدیم خاطر جمعی + زسنگ تفرقہ کوبند لوح تربت ما +
لوح مرقد - لوح قبر - لوح مزار - وہ پتھر جو قبر پر نصب ہو - محسن تاثیر -
حرام باد بر آن کوہکن شہادت عشق + کہ لوح مرقد شان از سنگ بیستون نکنند +
اردو - لوح مزار پہ یہی مصرع کھدا لیجئیگے + مرجائینگے پہ دل نہ کسی سے لگائینگے +
لوح مشق - تختہ مشق لڑکون کا -
لوح پاک - تختہ جو سادہ ہو - صائب - عالمے اللہ است گوئی دشمن ما
گشتہ اند + ما چہ میکردیم چون آئینہ لوح پاک را +
لوح طلسم - وہ تختہ جسپر نقش طلسم لکھا ہوا ہو - شفیع اثر - زبس غبار
کدورت زاسمان دیدم + بزیر خاک چو لوح طلسم پیچیدم +
لوح دیوان - وہ لوح طلائی جو کتاب کے آغاز پر بمقام بسم اللہ بناتے ہین -
شفیع اثر - بسکہ دارد طبع ارباب سخن افسردگی + میشود بہر لوح دیوان یاد از لوح مزار +
لوزینہ بگاو دادن - بیل کو حلوا کھلانا - بیموقع کام کرنا +
لوح سادہ - سادہ لوح - وہ تختہ جسپر کچھ نہ لکھا ہوا اور آدمی بیوقوف -
لوح ناخواندہ - علم لدنی -
لوح تعلیمی - لڑکون کی مشق کا تختہ - مولانا جامی - زخط سبزہ خاکش
لوح تعلیم + کشیدہ جوے آبش جدول سیم +

لام با یاے

لیلۃ البدر - چودھوین رات چاندنی جس رات چاند پورا دکھائی دیتا ہے -
لیلۃ القدر - وہ بزرگ رات جو اکیس رات ماہ رمضان مین آتی ہے اور
قرآن ناطق ہے کہ اس ایک رات کی عبادت ہزار ماہ کے برابر ہے - صفدر -
فوقانی - دو ابرویش ہلال و چہرہ اش بدر + دو گیسویش سواد لیلۃ القدر +
لیسیدن - چاٹنا - جیسا کہ نمک لیس کاسہ لیس وغیرہ -

چوتھی فصل

اردو محاورات کے بیان مین

لام با الف

لات جانا - بے شیر ہو جانا گائے بھینس وغیرہ کا اور دودھ دوہنے کیوقت
لاتین مارنے لگنا -
لات مارنا - نفرت کرنا - بیزار ہونا - ٹھوکر مارنا - جرات - موا ہون
جسکے لیے مین ہزار حیف وہ شوخ + کبھی نہ لات بھی آکر مزار پہ ماری +
لاتون کا دیو باتون سے نہین مانتا - سرکش آدمی مار کھائے بغیر
سیدھا نہین ہوتا -
لاٹھی پونگا کرنا - جوتی بیزار کرنا - مارنا -
لاٹھی مارنے پانی جدا نہین ہوتا - کیسی ہی ناسازی سے قریبی رشتہ دار
جدا نہین ہوسکتے -
لاجواب کردینا - بولنے نہ دینا - بند کردینا -

لاجون مرنا - لاج آنا - لاج لگنا - شرم کرنا - لحاظ کھانا - آبرو کیواسطے چپ رہنا -

لاحول پڑھنا - شیطان سے بچنے کیلئے دعا مانگنا - خدا سے پناہ مانگنا -

لاڈ لڈانا - چاؤ چوچلے مین پالنا - ناز اٹھانا -

لارالیری لگانا - لیت لعل کرنا - آجکل کرتے رہنا -

لاسا لگانا - کسی کے پیچھے کوئی آفت لگا دینا -

لاسے پر لگانا - فریب مین لانا - فریفتہ کرلینا -

لاش پر لاش پڑنا - بہت سے آدمیون کا قتل ہونا -

لاش ڈالنا - قتل کرنا - مار ڈالنا -

لاف مارنا - شیخی کرنا - جھوٹی بڑائی کرنا -

لاکھا لگانا - جمانا - پان کھاکر ہونٹھ سُرخ کرلینا -

لاکھ سر کا ہوجانا - قید کرنا - ہٹ کرنا - کسیکے کہنے کو خیال مین نہ لانا -

لاکھ کا گھر خاک کردینا - مال و دولت برباد کردینا -

لاکھ کا گھر خاک ہوجانا - مفلس ہوجانا - کنگال ہوجانا - تباہ ہوجانا -

لاکھ من کا ہوجانا - وزندار ہونا - صاحب دولت ہونا - قدر و منزلت بڑھجانا -

لاگ رکھنا - تعلق رکھنا - دشمنی رکھنا - ان بن رکھنا -

لاگ کھلانا - کوئی جادو کی ہوئی چیز کھلا دینا -

لاگ لگنا - عشق پیدا ہونا - محبت قایم ہونا - میر - جسکے دلکو تیری زلفوت سے میان لاگ لگے + اُسکی آنکھون مین جو رسی بھی ہو تو ناگ لگے +

لاگو ہونا - مزاحم ہونا - پیچھے پڑنا - سر ہونا - میر حسن - اگر اب مین لاگو ہون اسکی کبھی + تو پھر پھونک دیجو مجھے تم تبھی +

لال انگارا - غضبناک غصہ کی حالت مین - قطعہ از مؤلف - آدمی خاکی بنا تھا خاک سے + آگ کا پتلا بنا کسواسطے + اپنی طینت اور اصلیت کو بھول + لال انگارا ہوا کسواسطے +

لال پڑجانا - سرخی پر آنا - پک جانا - غصہ مین ہونا - ؎ - منھ کے کھلنے کی علامت ہی شفق کا پھولنا + لال وہ مجھپر ہو تو رونا بھی کم ہوجائیگا +

لال پیلی آنکھین کرنا - غصہ ہونا - غضبناک ہونا -

لال خان کے لکڑ پیسے باندھنا - پہلی بادشاہت کے وقت کوتوالی مین ایک بڑا لکڑ زمین مین گڑا رہتا تھا مجرمونکو اُسکے ساتھ باندھکر سزا دیتے تھے اسکو لال خان کا لکڑا بولتے تھے - مارنا - سزا دینا -

لال لنگوٹ والا - بوزنہ یعنے بندر -

لال بھیا کرنا - لالا و بھائی کہکے بات کرنا - محبت اور پیار سے بلانا -

لالے پڑنا - ناامیدی ہونا - آفت مین پڑنا - آتش - کچھ ادلبیا کی تعریف کرون کیا + وہ لعل کہ دیکھے سے پڑین جان کے لالے +

لالی رہجانا - آبرو رہ جانا - سرخرو ہونا -

لال کتاب - حساب کتاب کی کتاب -

لاگ ڈانٹ - ان بن - شکر رنجی -

لاگ لپیٹ - طرفداری - حمایت - فریب - چھل - مکر - تعلق -

لاگدار - یار - آشنا - محبتی - رشتہ دار -

لال بجھکڑ - بیوقوف - احمق جو اپنے آپکو عقلمند تصور کرے -

لال سوداگر - وہ سوداگر جو ادھر سے اسباب خریدے اور اُدھر فروخت کردیوے -

لالون کا لال - نہایت پیارا - ہر دلعزیز -

لاکھ جی سے - بدل و جان - ہزار جی سے

لال پانی - سرخ شراب - مولف - کئے لاکھون مئی گلگون نے برباد + سراپا آگ ہی یہ لال پانی +

لال پری - سرخ شراب - ؎ - روز شیشہ مین اُترتی ہی یہان لال پری + ساقیا تجمین عمل بھی عامل ٹھہرا + مولف - نرہا کچھ پتا شرابی کا + لے اُڑی اُسکو جب وہ لال پری -

لالہ جی - ہندوؤنمین عزت کا لقب ہی - ؎ - کوئی بھی آیا نظر باقی نہ باغ دہر مین + جب میان صاحب گئے اور لالہ جی رخصت ہوئے +

لام با باے

لب بند ہونا - خاموش ہونا - زیادہ شیرینی کھانیسے ہونٹھونکا چپک جانا - مومن - کون پوچھے حال تلخی عاشق دلگیر سے + ہو گئے ہین بند لب شیرینی تقریر سے +

لبڑ چٹائی کرنا - زٹل ہانکنا - لغو باتین کرنا -

لب گور ہونا - مرنیکے قریب ہونا -

لب لگانا - تھوک لگانا -

لب معشوق ہونا - تیر کا سوفار تک پہونچنا -

لبین لینا - موچھین کترنا - شرعی کرنا -

لپڑ لپڑ - لپ لپ کرنا - بیہودہ بکنا بکو -

لپکا پڑجانا - عادت ہوجانا - چسکا پڑجانا - وزیر - چشم لیلی کو یہ لپکا تھا نظربازی کا + دشت مین قیس کو دیکھ آتی تھی آہو ہوکر +

لپکی بھرنا - کچی سلائی کرنا -

لپ لپ کرنا - خوف کے مارے کانپنا -

لپیٹوان بات کہنا - گول مول بات کہنا -

لپ جھپ - جلد جلد - جھٹ پٹ -

لبڑ دھون دھون - شور و غل - جھگڑا -

لبونپر جان آنا - جلد مرنا - ؎ - اب بولا نہ منھ سے پوچھو سکا حال تیرے عاشق کے لبونپر جان ہی

لب ولہجہ - طرز گفتگو - انداز کلام -

لام با تاے

لت پت - لتھڑا پتھڑا - سن جانا - بھر جانا -

لت ہونا - دو چیزون کا آپسمین بخوبی مل جانا - عادت ہونا - خو پڑجانا - اشک - انگشت آندھے دوا آج لت ہوئی + بلکہ مریض چشم مین اتنی سکت ہوئی + میر - عدم مین ہمکو یہ غم ہیگا کہ اورن پر اب ستم ہیگا + تمھین تو لت ہے ستانے ہی کی کسی پہ آخر جفا کروگے +

لتے لینا - دھجیان اڑانا پرزے کرنا - آتش - آفرین صد آفرین دست جنون + خوب ہی لتے لیے پوشاک کے +

لتش - لوٹ مچانا - غارت کرنے لگنا - غدر مچادینا - فساد برپا کردینا -

لٹک کر چلنا - معشوقانہ انداز سے چلنا - میر - سرو تدرو دونو پھر آپ مین نہ آئے + گلزار مین چلا تھا وہ شوخ ٹک لٹک کر +

لٹ جانا - غارت ہوجانا - نقصان ہونا - مولانا اکبر لاہوری - آیا بازار محبت مین جو سوداگر کوئی + مال سب اسکا ہو آتا راج سودا لٹ گیا +

لٹو ہونا - مست ہونا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا -

لٹھ مارنا - سونٹا مارنا - سخت گفتگو کرنا -

لٹیا ڈبونا - کنوین مین لوٹا گرادینا - پانی پینے کا ذریعہ تلف کردینا - نقصان اٹھانا - ہمت ہارنا -

لٹیا ڈوبنا - تباہ وبرباد ہوجانا - بگڑ جانا -

لٹے پٹے دن کاٹنا - مشکل سے گزارہ کرنا -

لام با جیم

لچھن جھڑ جانا - صورت بدلجانا کہ چہرہ پر رونق نرہنا - بدشکل ہوجانا - آتش - روز وصال آنکھونکو اپنے دکھائیگا + روز شب فراق کے لچھن جھڑے ہوے +

لچ بہادر - شہدا - لچا - شہوت پرست -

لخت جگر - جگر کا ٹکڑا - بیٹا - فرزند - فغان - بوے کباب سوختہ آتی ہی خاک سے + دامن سے کیا گرا کوئی لخت جگر فغان +

لچھے دار باتین - مسلسل تقریر - پیچ در پیچ بات - ؎ - زلف پیچان کی کیا لکھون تعریف + کیونکہ وہ لچھے دار باتین ہین +

لام با حاے حطی

لحاظ اٹھادینا - بے لحاظ و بیشرم ہوجانا -

لام با دال مہملہ

لڈو کھلانا - ضیافت کرنا - رشوت دینا -

لڈو ملنا - فائدہ ہونا - مال ملنا -

لام با راے

لڑائی باندھنا - بیر باندھنا - دشمنی کرنا - قطعہ از مولف - ہمارے بت بھی کیا بت ہین خدایا + کہ پلہ مین خدائی باندھتے ہین + نہین رکھتے کسی سے بھی صفائی + زمانہ سے لڑائی باندھتے ہین +

لڑائی تلنا - لڑائی کا سر پر آجانا - قریب الوقوع ہونا - انشا - جب تل گئی لڑائی ترازو کی تول پر + بالونسے باٹ پھوٹے دھڑونسے دھڑے لڑے +

لڑائی مارنا - لڑنا جنگ کرنا، شکست دینا جھگڑنا - میر - حیرت کی جگہ یہ معرکہ ہی بارے + کیا پوچھتے ہو مرتے ہین عاشق سارے + مشہور ہی عشق نے لڑائی ماری + اسپر کہ گئے لوگ سب اسکے مارے +

لڑائی مول لینا - خواہ مخواہ بے وجہ لڑنا - آتش - ہو اصف بندی مژگان سے ظاہر + لڑائی لین وہ آنکھین ڈھونڈھکر مول + مولانا اکبر - کسیکو چھیڑتے ہین اور کسیکو گالی دیتے ہین + غرض وہ جنگجو سب سے لڑائی مول لیتے ہین +

لڑکا بالا - عیال اطفال گھر کے لوگ -

لڑ لگانا - وسیلہ پیدا کرنا - ٹپس جمانا -

لڑ مرنا - سخت لڑائی کرنا - قتل ہوجانا - ؎ - کوئی عاشق حنا پر اور کوئی ہی روے رنگین پر + یہ دونون کشتگان ناز لڑ مرتے ہین آپسمین -

لڑ مین رہنا - طرفداری وحمایت مین رہنا -

لڑے فوج نام سردار کا - نوکر کام کرتے ہین اور نام افسر کا ہوتا ہی - میر - قتل کرتی ہی مژہ شہرہ ہی چشم یار کا + جنگ کرتا ہی سپاہی نام ہی سردار کا +

لام با شین

لشتی پشتی ہونا - کام کرتے کرتے تھک جانا -

لشتم پشتم - ہر طرح جسطرح ہوسکا -

لشکر کی بولی - کئی زبانین ملکر ایک بنی ہوئی بولی -

لام با طاے مہملہ

لطف اٹھانا - مزہ حاصل کرنا - لذت پانا - ؎ - غم فرقت جو لوگ کھاتے ہین + عشق کا لطف وہ اٹھاتے ہین -

لطیفہ چھوڑنا - دلپسند بات کرنا -

لام با عین

لعل اگلنا - میٹھی میٹھی باتین کرنا -

لعل لگ جانا - قیمتی ہوجانا مرتبہ بڑھ جانا - ذوق - بوسے کے مانگتے ہی پھیرے چتون کو لگے + ایسے کیا لعل لب غیرت گلشن کہ لگے +

لعل لگے ہوے ہونا - بڑی قیمتی ہونا - داغ - ہم ایسے لینگے بوسہ گل تیرے سامنے + کیا ایسے لعل ہین ترے لب مین لگے ہوے +

لعنت بھیجنا - پھٹکار کرنا - نفرت کرنا - حکیم انور لاہوری - خدا نے ہو گئی
جنکی محبت + وہ اس دنیا کو لعنت بھیجتے ہین -
لعنت کا مارا - ملعون - مردود خلائق -
لعنت ملامت کرنا - بُرا بولنا - پھٹکارنا -

لام با غین

لغت تراشنا - گڑھنا - نئے الفاظ دل سے پیدا کرنا -
لغت جھاڑنا - مشکل الفاظ سے کلام کرنا - اپنی علمیت ظاہر کرنا -

لام با فاے

لفافہ بنا رکھنا - ظاہری زینت بنا کر لوگونکو دھوکا دینا -
لفافہ کرنا - اصل راز نہ کھولنا - پردہ مین بات رکھنا - ہلکا ملمع کرنا -
لفافہ کھل جانا - عیب ظاہر ہو جانا - وزیر - حسن عارض عارضی تھا
کھل گیا + خط کے آنے سے لفافہ کھل گیا -

لام با قاف

لقمان کو حکمت سکھانا - کسی لایق اور عقلمند آدمی کو نصیحت کرنا -
لقمہ دینا - کسی کے منہ مین نوالہ دینا - توپ مین تھیلی ڈالنا - کسی کی بات
مین بول اٹھنا - خارج ہونا - رشوت دینا -
لقمہ کر جانا - کھا جانا - ہضم کر جانا -
لقوہ مار جانا - منہ ٹیڑھا ہو جانا -

لام با کاف

لکڑیان دینا - مردہ جلانا -
لکڑیان کھانا - مار کھانا - خوب پٹنا - آبرو - جہان اس خو کی گرمی تھی
نہ تھی وہان آگ کو غیرت + مقابل اُسکے ہو جاتی تو آتش لکڑیان کھاتی +
لکڑی پھینکنا - چوب بازی کرنا - پٹا کھیلنا -
لکھا پورا کرنا - قسمت کے دن کاٹنا -
لکھا پورا ہونا - قسمت کا لکھا مل جانا -
لکھیڑا - جس باغ مین بہت درخت ہون -
لکھت پڑھت ہو جانا - تحریری اقرار ہو جانا -
لکھے موسیٰ پڑھے خدا - بہت بدخط جسکو کوئی پڑھ نسکے - ناسخ -
مقصود صنم مین سکر ای کلک ازل + پنہان ہے نگہ سے یا نگہ کا ہے خلل + جز عالم غیب
کون جانے یہ راز + لکھے موسیٰ پڑھے خدا سچ ہے یہ مثل +
لکیر کا فقیر ہونا - پرانی رسمونکو ماننا - اپنی عقل کو اسمین دخل نہ دینا -
سب تو شکن ہین زلف صنم کے اسیر ہین + ہم مانگ کی لکیر کے ایدل فقیر ہین + رشک -
کیا خط مستقیم ہے ناک اس شریر کی + خوشبوئیان فقیر ہوئین اس لکیر کی +

لکیر پیٹنا - لکیر پر چلنا - قدیم رسم پر چلنا - نظیر - خیال زلف کو تو ای
نظیر پیٹا کر + گیا ہے سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر +
لگا رکھنا - رکھ چھوڑنا - دم دھانسے مین رکھنا -
لگا رہنا - مصروف رہنا - مشغول رہنا - گھات مین رہنا -
لگا کھانا - مقابلہ کھانا - ٹکر کھانا -
لگا لانا - دم دلاسا دیکر لے آنا - ؎ - وحشی وہ ہین کہ ہمکو لگا لائی
بوے گل + پوچھی بہار مین نہ کسی سے چمن کی راہ -
لگا لگانا - شروع کرنا - آغاز کرنا - جرأت - کیونکہ جرأت لگائین ہم
لگا + کہ فرشتے کا وان لگاؤ نہین +
لگا لینا - اپنی طرف مائل کر لینا - منسوب کر لینا - جرأت - ہے لگا لینے
کو وہ فتنہ دوران تو بلا + پر طبیعت بھی غضب ہے مرے لگ جانیکو -
لگام دینا - چڑھانا - دہانا چڑھانا - رولنا - بند کرنا - ڈانٹنا -
لگانا بجھانا - لگائی بجھائی کرنا - دو شخصونکو ادھر ادھر کی باتین سنا کر
کبھی لڑائی کبھی صلح کرا دینا - جرأت - لگا آتش جگر کو سوز الفت اب
رلاتا ہے + لگانا اسکو کہتے ہین بجھانا اسکو کہتے ہین -
لگاوٹ کرنا - آمیزش کرنا - ملاپ کرنا -
لگائی کرنا - عورت کو گھر مین ڈالنا -
لگ چلنا - بھڑ کر چلنا - اڑ کر چلنا - چھو کر چلنا - میر - خطر کر تو نہ لگ چل
اے صبا اُس زلف سے اتنا + بلا آوے گی تیرے سر جو اُسکا ایک مو ٹوٹا + آتش -
صبا کی طرح ہر ایک غیرت گل سے ہین لگ چلتے + محبت ہے سرشت اپنی ہمین یارانہ آتا ہے +
نظیر - گل لگ چلے جو ہمدم ہم یار سے زیادہ + دشنام دیکے جھڑکا ہر بار سے زیادہ +
لگی بجھنا - شوق پورا ہونا - خواہش ملنا - بحر - سوز فراق یار کہون
کس فتیل سے + میری لگی بجھیگی نہ ہرگز فتیل سے +
لگی بجھانا - کسی کی خواہش پوری کرنا - جرأت - غرض یہ آتش دل
اور بھی بھڑکی ہے نالے سے + لگی کو کچھ اشک چشم کتھا ہی بجھاتے ہین +
لگی لپٹی رکھنا - طرفداری کرنا -
لگی نہ رکھنا - کچھ تعلق نہ رکھنا - صاف صاف کہدینا - ؎ - ہے تیری
کان زلف معنبر لگی ہوئی + رکھیگی یہ نہ بال برابر لگی ہوئی -
لگہ لٹ - فضول خرچ - کھاؤ اڑاؤ -
لگ بھگ - عنقریب - قریب قریب -
لگے ہاتھ - لگتے ہاتھ - ساتھ کے ساتھ - اسیوقت -
لگو - جو لوگ جوا کھیلتے ہین انکے ساتھ ادھر سے جا بدلنے والے -
لگے لگے - پہلو بہ پہلو - پاس پاس -

لام با لام

للو پتو کرنا - خوشامد کرنا - منت سے کام لینا -
للو نہ رہ سکنا - زبان نہ رہ سکنا - بولتے جانا -
للو پنجو - احمق - بیوقوف نالایق -

لام با میم

لمبا بننا - لمبا ہونا - چلدینا - رخصت ہونا - رشک - قیامت شہر ہے بالائے موزونکی بلندی کا + سنے طوبی جو اسکو گلشن جنت سے لمبا ہو -
لمبا سفر کرنا - دور و دراز ملکون کو جانا -
لمبا کرنا - رخصت کرنا - وداع کرنا -
لمبیان کرنا - پرندونکا بلند ہو جانا - گھوڑونکا دوڑکر دور نکل جانا -
لمبی تاننا - بے خبر سو رہنا - مرجانا -
لمبی چوڑی ہانکنا - شیخی کرنا - گھمنڈ کرنا -
لمبی سانس بھرنا - افسوس کرنا - سرد دم کھینچنا - مرنیکے قریب ہونا -
لم لگانا - الزام اور تہمت لگانا -

لام با نون

لنگر اٹھانا - کشتی کو چلانا -
لنگر جاری کرنا - غربا و مساکین کو کھانا ہر روز تقسیم کرتے رہنا -
لنگر ڈالنا - کشتی چلتی کو ٹھہرالینا -
لنگر لنگوٹ دینا - پہلوان کا شاگرد بنانا -
لنگوٹ کھولنا - ممانعت کرنا -
لنگوٹی بند ہوا دینا - مفلس و محتاج کردینا -
لنگوٹی کا ڈھیلا - زناکار - عیاش -
لنگوٹی کا سچا - پرہیزگار - پارسا -
لنگوٹی کھلنا - پردہ کی دیوار کا گر پڑنا -
لنگوٹیا یار - بچپن کی عمر کا دوست -

لام با واو

لوٹا اٹھانا - ادنی درجہ کی خدمت کرنا -
لوٹ پڑنا - غارت ہونا - اندھیر ہونا - ظلم ہونا -
لوٹ پوٹ ہوجانا - عاشق ہوجانا - فریفتہ ہوجانا - ہنسی مین بیقرار ہوجانا - جرات - اس چاند کی جھلک سے جو یہ پٹ کی اوٹ ہے + کیونکر ادھر نہ لوٹون کہ دل لوٹ پوٹ ہے +
لوری دینا - بچے کو گیت گا کر سلانا -
لو کا لگانا - آگ لگانا -
لو لگ جانا - گرم ہوا کا لگ جانا -
لو لگانا - محبت اور پیار کرنا -
لو لگنا - تصویر قایم ہونا - خیال رہنا - جرات - لو لگی تھی مجھے اے شمع ترے نام کی آہ + خامشی مین بھی تو یہ ذکر فراموش نہ تھا +
لولو بنانا - احمق اور بیوقوف بنانا -
لولین ہونا - کسی خیال مین مستغرق ہونا -
لونڈے بازی کرنا - اغلام کرنا -
لوہا بجانا - تلوار سے لڑنا -
لوہا برسنا - تلوار چلنا - لڑائی ہونا -
لوہا تیز ہونا - لڑائی تیز ہوجانا -
لوہا لاٹھ ہوجانا - نہایت سخت ہوجانا -
لوہا لوٹنا - وقت پر کام نہ آنا کسی چیز کا -
لوہا کرنا - کپڑون کو استری کرنا - صفائی دینا -
لوہا ماننا - کسی کی بہادری کے قایل ہوجانا - بحر - رہے سینہ سپر ہر دم یہ جوہر ہی محبت کا + کبھی لوہا نہ مانا یار کی تیغ عداوت کا - ۵ - وحشت دل کیون نہ جھون ہاتھ مین حداد کے + مانتا ہے قیس بھی لوہا مری زنجیر کا +
لوہے کے چنے چبانا - سخت اور دشوار کام لینا -
لوہے کی چھاتی اور پتھر کا جگر کر لینا - سخت محنت اور مصیبت کا بار اٹھانا
لونڈھایا کارخانہ ہے - بچون کا سا کھیل ہے -

لام با ہاے ہوز

لہارخانہ مین سوئیان بیچنے کو جانا - بیوقوفی کا کام کرنا لغو حرکت کرنا
لہرا اٹھانا - گانا - سریلی آواز سے گانا -
لہر اٹھنا - خیال پیدا ہونا - موج اٹھنا - آتش - وہ بحر حسن جب فرقت کی شب مین یاد آتا ہے + یہی لہر آتی ہے دل مین کہ چلکر ڈوب دیا مین +
لہر بہر اٹھنا - بے پروا ہونا - خوش و خرم ہو جانا -
لہر چڑھنا - سانپ کا زہر چڑھنا -
لہر چھوٹنا - امنگ اور جوش اٹھنا -
لہرین گننا - دریا کی لہرین گننا - بے فائدہ کام کرنا - ناسخ - آجائے اسکو لہرا دھر آؤ نیکی کہین + لہرین گنا کرون مین کہان تک کنار گنگ +
لہرین لینا - موجین مارنا - خوشی منانا -
لہک لہک کر بولنا - خوش ہو کر بولنا -
لہنگا پہننا - عورت بن جانا -
لہو آنا - خون کے دست آنا -

لہو بگڑ جانا - خونی بیماری ہو جانا -

لہو پانی ایک کردینا - سخت محنت کرنا - آتش - رُلاتا ہی صال یارکا شوق + فراق اپنا لہو کرتا ہی پانی +

لہو پینا - دق کرنا - تکلف دینا - جان مارنا - میر - اب وہ جگر تپش سے تڑپتا ہی تشنہ لب + مدت تلک جو میرکا لوہو پیا کیا +

لہو تھوکنا - منہ سے لہو جاری ہونا - آتش - عشق کہتے ہین اسے نیمچہ ابرو کا + صورت زخم لہو تا دم آخر تھوکا +

لہو ٹپکنا - خون گرنا - خون نکلنا -

لہو خشک ہو جانا - سخت دہشت یا غم ہونا - ناسخ - خشک ہو جاتا ہی حاسد کا لہو سننے کے ساتھ + کوئی ناسخ کا جو مجکو شعر تر آتا ہی یاد +

لہو رونا - بجاے پانی کے خون رونا - چراغ تخلص روشن - غم دست حنائی مین شب و روز + لہو بعنی ہین گوہر بار آنکھین +

لہو سپید ہو جانا - محبت کا نام و نشان نرہنا - ناسخ - کیون ہو نجاے اہل جہان کا لہو سپید + الفت کا رنگ اڑ گیا ہی جہان سے فرار رنگ +

لہو کا پیاسا - خون کا پیاسا جانی دشمن - ظفر - جو پینے دیگا نہ مے محتسب تو یہ میخوار + رہینگے اسکے لہو کے پیاسے کچھ بھی ہو +

لہو کا جوش ہونا - محبت و ہمدردی کا جوش - برق - دم نکل جاتا ہی میرا دیکھکر ایذاے غیر + آدمی سب ایک ہین یہ بھی لہو کا جوش ہی +

لہو کرنا - غضب مین لانا - تنگ کرنا - خون کر دینا - جان صاحب - للّٰہ ہو لی مجھے غصے کی دکھا کر آنکھین + کھانا پینا مرا کیون آپ لہو کرتے ہین +

لہو کے گھونٹ کرنا - نہایت تکلیف برداشت کرنا - نظیر - تھے جیسے جوانی مین پیے جام سبو کے + ویسے ہی بڑھاپے مین پیے گھونٹ لہو کے +

لہو لگا کے شہیدون مین ملنا - کسی کام مین ذرا سا دخل دیکر پورا حقدار بنجانا - میر - ناخن سے بوالہوس کا گلا یون ہی چھل گیا + وہ بھی لہو لگا کے شہیدون مین مل گیا +

لہو لہان ہونا - خون آلودہ ہونا - مومن - آغوش گور مین گئے آخر لہو لہان + آسان نہین ہی آپ کے بسمل کا تھامنا +

لہو لینا - فصد سے خون نکالنا -

لہو موتنا - پیشاب کے رستے خون نکلنا -

لہو مین ہاتھ رنگنا - مار ڈالنا - قتل کرنا -

لہو ہلکا ہونا - ڈرپوک ہونا - خوفناک ہونا -

لام بلیلے

لے اڑنا - کسی چیز کا لطف زیادہ کر دینا - مدد لوٹ بڑھانا - بجز کا دینا -

لیا گیا - شرمندہ ہوا - خجل ہوا - محجوب ہوا -

لیا ہی نہین پڑتا - بڑا مغرور اور متکبر ہی - اسکے مزاج کی حد نہین ملتی -

لیا ہی نہین جاتا - قابو مین نہین آتا -

لے بھاگنا - کسی چیز کو لیکر بھاگ جانا -

لے بھاگو ہونا - لے کے بھاگ جانے والا شخص -

لے بیٹھنا - لے ڈوبنا - اپنے ساتھ دوسرے شخص کو بھی خراب کرنا - ؟ خدا آنکھون سے سمجھے دلکو بھی ساتھ اپنے لے ڈوبین + نہین تو پار تھا بیڑا غریق بحر الفت کا +

لینے کا نہ پوتنے کا - کسی کام کا نہ محض ناکارہ -

لیتا بھولے نہ دیتا - نقد روپیہ کا سودا -

لیت لعل کرنا - آجکل کرنا - وعدہ مین دن گذارنا -

لیٹ جانا - نرم ہو جانا - نرم ہو کر کام نکالنا -

لے دوڑنا - لے کے دوڑ جانا -

لے دے کرنا - تنبیہ کرنا - ڈانٹنا - کوشش کرنا -

لیر لیر کرنا - دھجیان اڑا دینا - پھاڑ ڈالنا -

لیس ہونا - تیار و مستعد ہونا -

لیک پیٹنا - پرانی رسم پر چلنا -

لیک سے بے لیک ہونا - راہ سے بے راہ ہونا -

لیک لیک چلنا - راستے راستے چلنا -

لیکھا ڈیوڑھا کرنا - آمد خرچ برابر کرنا -

لے لگنا - رٹنا گھنا -

لے لینا - گانا شروع کرنا - الاپنا - آبرو - تمنے بجاونے کو جب ہاتھ بیچ نی لی + مجنون ہوا زمانہ یہ اسطرح کی لے لی +

لے مرنا - تہمت و بہتان لگانا سا الزام دھرنا - بحر - کیا قہر ہی جو ہمکو کفن بھی ہوا نصیب + وہ لے مرے کہ میرا ڈوپٹا اٹھا لیا +

لینڈی جڑنا - کتے اور کتیا کا آپسمین پھنس جانا - گہری دوستی ہونا -

لینے آنا - استقبال کو آنا -

لینے کے دینے پڑنا - اچھے ہونیکی جگہ برا ہونا -

لینجک تھینگ ہونا - لڑائی اور فساد ہونا -

لیو چڑھنا - دیوار پر کہگل ہونا -

لینا ایک نہ دینا دو - حساب بیباق ہونا - نظیر - کوئی پھول کے بیٹھے مسند پر کوئی روے اپنی دولت کو + جو اپنا ہو سو مجھے لینا ہو نہ مرا ہو سو مجکو دو +

لین ڈوری - فوج کا سامان جو آگے روانہ ہوتا ہی -

لیھی چیھی - مال و متاع نقد روپیہ پیسہ - سرمایہ - گھر کا سامان -

پانچوین فصل

ادویات یعنے لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

لام با الف

لالا - یہ ایک گھانس کا نام ہی جو مکہ معظمہ سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک قابض اور مسخن ہی اور حابس سیلان خون اور سیلان بواسیر کا قاطع ہی -
لازورد - معرب سکا لاجورد جو مشہور پتھر ہی کاشغر سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک جالی اور صاف کرنیوالا اخلاط کا کدورات سے مسہل سودا و دافع سودا مفرح و مقوی قلب قاطع سعال دافع مالیخولیا و وسواس ہی -
لاغرین - یہ ایک نبات ہی مشابہ پانوءن خرگوش سواسطے عربی مین اسکو رجل الارنب کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک شراب کے ساتھ پینا اسکا اسہال کو بند کرتا ہی ضماد اسکا محلل اورام حارہ ہی -
لاذن - رطوبت غلیظہ لیس دار ہی کہ ساق اور پتون ایک پہاڑی درخت سے حاصل ہوتی ہی اور وہ درخت بقدر درخت انار کے ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ملطف قوی و مسخن و مفتح افواہ عروق و مقوی ارواح و منضج رطوبات غلیظہ محلل صلابات و مسکن اوجاع باردہ دافع درد سر ہی -
لالہ سرنگون - یہ ایک قسم کا لالہ پیازدار ہی اسکا پیاز دھنیے کے ساتھ کوٹکر پانی نکالین اور پانی کو تیل مین ملا کر جوش دین یہانتک کہ پانی خشک ہوجاے وہ تیل عرق النسا کے دفع کرنے مین مجرب گنا جاتا ہی -
لاغیہ - اسکا نبات شیر دار مشابہ نبات سقمونیا کے ہی پتی گول پھول زرد رنگ نرگس کے پھول کیطرح شہد کی مکھی اسپر بیٹھتی اور کھاتی ہی تخم اسکا خشخاش کیطرح باریک ہی اسکے کاٹنے سے دودہ نکلتا ہی وہ جمع کیا جاتا ہی جو قوی تر سقمونیا سے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل قوی و منقی دافع استسقاے زقی پانی اسکے پتون کا قی کے ذریعہ سے مادہ مفسد کو نکالتا ہی -
لالہ نعمانی - قسم لالہ کی ہی پھول اسکا شقایق سے بڑا جڑ مانند پیاز کے طبیعت اسکی گرم تر مفرح و مسکر و منوم محرک باہ ہی -
لامی - یہ گوند ایک ہندی درخت کا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسخن و ملطف و مفتح سدہ اور نکھلانے والا بلغم کا ہی -

لام با بے

لبا - گاڑھا دودھ گاے بھینس بکری وغیرہ کا جو تین روز تک بعد پیدا ہونے بچہ کے دوہا جاتا ہی اور اسکی پیوسی بناتے ہین طبیعت اسکی سرد تر مسمن بدن و محرک باہ دیر ہضم مولد خلط غلیظ مسدد قوی ہی -

لبن النسا - عورت کا دودھ یہ دودھ گدھی کے دودھ سے الطف ہی اگر عورت جوان اور صحیح الجسم ہو دختر والی کا دودھ سرد تر ہی اور لڑکے والیکا دودھ گرم تر ہی واسطے ترطیب اور تقویت دماغ و دفع بیخوابی مجرب ہی -
لبلاب - عشق پیچہ جو مشہور بیل ہی صغیر اور کبیر اور سپید اور سیاہ بہت قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد و خشک ملین و مسہل و مفتح و محلل دافع درد جگر و درد گوش و قرحہ امعا ہی -
لبن اللقاح - اخیر مین حاے حطی شیر شتر یعنے اونٹنی کا دودھ لطیف اور نہایت رقیق ہی مایل بشوریت بسبب کمی حرارت کے مسکہ اس سے نہین نکلتا طبیعت اسکی گرم خشک پینا اسکا مقوی بصر دافع ضیق و استسقاے زقی و طبلی ہی -
لبنج - اخیر مین خاے معجمہ یہ ایک بڑا درخت ہی مشابہ حنا پتی مایل بدرازی پھل چھوٹا -
لبن الاسد - شیر کا دودھ طبیعت اسکی نہایت گرمی اور تیزی مین ہی نہایت جالی و منفذ و مدر ہی -
لبن البقر - گاے کا دودھ یہ دودھ دہنیت و جنبیت و مائیت مین معتدل ہی غلظت اور رقت مین بھی معتدل ہی اور فائدون سے بھرا ہوا سواے بھینس کے دودھ کے اور کوئی دودھ اس سے زیادہ گاڑھا نہین ہی طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین مقوی جوہر دماغ رافع نسیان و مالیخولیا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقر کے حق مین فرماتے ہین - البقر لحمہ داء و لبنہ شفاء - یعنے گاے کا گوشت بیماری ہی اور دودھ شفا ہی -
لبن الخنزیر - خوک یعنے سور کا دودھ طبیعت اسکی سرد تر ہی دافع سل اور دق
لبن المعز - شیر بز یعنے بکری کا دودھ مائیت اسپر غالب ہی دہنیت اور جبنیت کم بعض اسکو سرد کہتے ہین اور بعض اسکو گرم واسطے ترطیب دماغ و رفع یبس و بیخوابی مجرب ہی -
لبن جاموس - بھینس کا دودھ اسپر دہنیت غالب ہی اور ثقیل اور دیر ہضم ہی خلط غالب کے ساتھ مل جانا اسکا کام ہی -
لبن حمار الوحش - لبن الغزال - گورخر اور ہرنی کا دودھ دونون گرم تر ہین اور محرک باہ و مقوی بدن -
لبن الحامض - چھاچھ یعنے لسی طبیعت اسکی سرد تر مطفی دافع تشنگی ہی -
لبن الرماک - گھوڑیون کا دودھ طبیعت اسکی گرم تر جالی و مفرح و مفتح ہی باہ کو بڑھاتا ہی طبیعت ملین کرتا ہی مدر بول و حیض ہی و منقی قرحہ رحم -
لبن - فارسی مین شیر ہندی مین دودھ کہتے ہین تین جزو سے مرکب ہی مائیت و دہنیت و جبنیت اور انھین اجزا کے اعتبار سے اسکی طبیعت ہی یعنے حرارت

و رطوبت و یبوست انھین اجزا کی کمی و بیشی سے شمار کی جاتی ہی طبیعت اسکی
عموماً مرکب المقوی ساتھ غلبہ حرارت و رطوبت کے اور بھی گرم پہلے درجہ
مین اور تر دوسرے درجہ مین اور تمام جانورون کا دودھ جالی اور دافع
اخلاط سوختہ اور مقوی و مسمن ہی۔

لبن الاتان — بہ تاے مثناۃ فارسی مین اسکو شیر الاغ و شیر خر مادہ
اور ہندی مین گدھی کا دودھ کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر ہی اگرچہ بادہ
ہو تو اور بھی زیادہ تر مفید ہی اور چاہیے کہ گرم گرم پیا جاوے مرطب دماغ
مفرح دل مقوی بدن فائدہ بخش امزجہ حارہ کے ہی۔

لبن الضان — اسکو فارسی مین شیر میش اور ہندی مین بھیڑ کا دودھ کہتے ہین
دسنیت اوہ چکنیت اغلب ہی گاے کے دودھ سے گاڑھا ہی طبیعت اسکی گرم تر مقوی
جوہر دماغ محرک باہ دافع قرحہ ریہ و امعا و نفث الدم و تاثیر ادویہ مسموم ہی۔

لبن السودان — اکثر لوگ کہتے ہین کہ یہ فرفیون کے دودھ کا نام ہی بعض کہتے
ہین کہ سودان سواے فرفیون کے ایک اور چیز ہی گوند کیطرح سیاہی مائل طبیعت
اسکی گرم خشک زہر قاتل ہی سونگھنا اسکا رعاف جاری کرتا ہی اور کثرت
عطسہ سے ہلاک — واضح ہو — کہ اور ادویات شیردار کو یتوعات کہتے ہین مانند
مازریون سیاہ و فرفیون و سقمونیا وغیرہ یہ سب زہریلے ہین اور مسہل
قوی شدید سے لفظ یتوعات یعنے یاے باتا مین انکی بحث ہوگی انشاء اللہ۔

لام با تاے فوقانی

لتکو — پھل ایکدرخت کا ہی جو بنگال مین بکثرت ہوتا ہی بقدر درخت آلو کے مزہ
پھل خام کا ترش اور پختہ میخوش طبیعت اسکی سرد تر مسکن صفرا و حدت خون ہی۔

لام با جیم

لجالو — یہ گھاس نمناک زمینون مین پیدا ہوتی ہی جو دو قسم پر منقسم ہی ایک قسم جو
خشکی مین بموسم برسات پیدا ہوتی ہی یہ ایکگز تک اونچی شاخین تیلی تیلی بہت
چھوٹی دوسری جو تالابون کے کنارون پر ہوتی ہی یہ زمین پر پھیل جاتی ہی
اور بیچ مین ایک شاخ ان دونونکو اگر کوئی ہاتھ لگاوے تو پتے اسکے
آپسمین سمٹ جاتے ہین اور جو ہاتھ الگ کرین تو پھر کھل جاتے ہین اہل ہند
اسکو عظیم النفع بلکہ کیمیا کی بوٹی تصور کرتے ہین طبیعت اسکی سرد تر محلل
اور جالی اور منضج و مفتح و دافع فساد خون ہی ناسور اور پرانے زخمونکو
اچھا کرتی ہی بواسیر کا علاج ہی۔

لحیۃ التیس — یہ ایک نبات ہی جسکی ماہیت مین اختلاف ہی طبیعت اسکی
معتدل گرمی اور سردی مین اور خشک دوسرے درجہ مین قابض اور قاطع
نزف الدم و اسہال دموی و قرحہ ریہ مقوی معدہ ہی۔

لحم — گوشت جو مشہور چیز ہی ہر ایک حیوان کا گوشت الگ الگ تاثیر رکھتا ہی۔
اور یہ اعلی غذا انسانی غذاؤن سے ہی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے
باب مین سید الطعام لحم فرمایا ہی فوائد اسکے بیشمار ہین جو بڑی کتابون مین
مفصل لکھے ہین بلکہ ہر ایک وحش و طیر کے گوشت کے فوائد الگ الگ درج کیے ہین

لام با خاے

لخیس — یہ ایک قسم خیری بری کا ہی پھول اسکا بنفشی دانہ سیاہ قرتلخ طبیعت گرم و
خشک مسہل قوی ہی اور دافع زہر عقرب اگر پھول اسکا عقرب کے آگے رکھدین فی الفور مرجاے۔

لام با سین

لسان الکلب — بعض اسکو بارتنگ کہتے ہین اور بعض حماض اور بعض سواے
انکے ایک الگ نبات کہتے ہین جسکی ساق دو گز تک گرد اور پتے مانند بارتنگ کے
پھول بنفشی طبیعت گرم خشک ورم الطحال کا خاص علاج ہی۔

لساۃ — اسکو اذان الثور بھی کہتے ہین جو ایک نبات ہی بو اسکی مشابہ بو انجبار
کے پتے چوڑے پھیلے ہوے زمین پر لذت زیادہ گاؤزبان سے پتے اسکے خام اور
پختہ کھانے مین آتے ہین طبیعت اسکی سرد تر زبان کی ہر ایک بیماری کا یہ علاج ہی
اور ہر ایک دنبل و رشبور کو جو سرخ اور سخت ہو دفع کرتے ہین۔

لسان الثور — فارسی مین اسکو گاؤزبان بولتے ہین مشہور دوا ہی تازہ اور
سبز گرم تر خشک مین رطوبت کم مائل بخشکی مفرح و مقوی ارواح حرارت غریزی
کو زیادہ کرنیوالی ملین طبع مسہل صفرا دافع سرسام و مالیخولیا ہی۔

لسان العصافیر — فارسی مین اسکو زبان گنجشک ہندی مین اندرجو کہتے ہین
یہ ایک درخت کا پھل ہی جسکے مشابہ پتے بادام کے بنگال مین بکثرت ہوتا ہی ایک
تلخ دوم شیرین دو قسم پر منقسم ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسکن بہ باہ دافع درد پہلو
و خفقان و سرفہ و ضیق النفس ہی۔

لسان السبع — یہ ایک نبات ہی بقدر دو گز کے بلند شاخین پراگندہ پتے
لمبے اطراف انکے تیز اور دندانہ دار آرہ کیطرح پھول بنفشی قبے گول طبیعت گرم
خشک دافع سنگ گردہ و مثانہ ہی۔

لسان الابل — یہ ایک نبات ہی شاخین اسکی پراگندہ مائل سپیدی پتے سیب کے
درخت کیطرح طبیعت اسکی سرد خشک ہی اسکے پتونکے خساندہ کا پینا
اور شاخ کا چبانا زبان کی لکنت کو دفع کرتا ہی قرحہ اندرونی کا علاج ہی۔

لسان الحمل — فارسی مین اسکو بارتنگ صغیر اور کبیر دو قسم پر منقسم ہی کبیر کے
پتے مشابہ زبان بکری کے سبز لمبے اور موٹے چوڑے پھل زرد رنگ بیج گول
صغیر ایسی ہی مگر پتے چھوٹے ہین طبیعت بارد خشک دافع رعاف و صرع
و درد گوش و درد دندان ہی۔

لسان — زبان جو مشہور عضو ہی فوائد اسکے جو انسان کو حاصل ہوتے ہین
ظاہر ہین یہ عضو گوشت رخو سے سب کا اور رگین اور عصب عضلات اور

غشاوہ سے بناہی طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا سریع الانحدار مرطب بدن ہی منی کو زیادہ کرتا ہی۔

لام با صاد

لصیقی۔ یہ ایک خاردار ہی جو کپڑونکو چمٹتی ہی اس سبب سے لصیقی نام رکھا گیا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک محلل ہی پینا اسکے جوشاندہ کا ساتھ شہد کے کھانسی کو دفع کرتا ہی اور ضماد ورم مقعد کو نافع ہی۔

لام با عین

لعاب۔ آب دہن یعنے تھوک روزہ دار آدمی کے منہ کا تھوک درد گوش کو فائدہ دیتا ہی اور اگر کان مین کرم ہوتے ہین تو تھوک کے ڈالنے سے مرجاتے ہین اور اگر سانپ کے منہ مین ڈالین تو سانپ مرجاتا ہی۔

لعل۔ اقسام یاقوت سرخ سے ہی پرانی کتابونمین اسکا ذکر نہین چرمہ تین سو برس کا گذرتا ہی کہ بسبب زلزلہ کے بدخشان مین ایک پہاڑ پھٹ گیا اور لعل کی کان ظاہر ہوئی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل ہی مائل بحرارت ویبوست کھانا اسکا دلکو تفریح دیتا ہی اعصاب کو تقویت بخشتا ہی بواسیر کو دور کرتا ہی خفقان ووسواس ومالیخولیا کا علاج ہی ہر ایک جواہر سے قوی التاثیر ہی۔

لعبت بربری۔ یہ ایک جڑ مشابہ سورنجان اور پتلی اس سے مانند سرپستان کے ذائقہ مین تلخ اور تیز طبیعت اسکی گرم وخشک محلل ریاح قاطع بلغم دافع بواسیر مقوی معدہ ہی۔

لام با فاے

لفاح۔ یہ دوا پھل بیروج کا ہی جسکا ذکر لیے باباے مین مذکور ہوگا نر اور مادہ ہوتا ہی مادہ اپنے چوڑے پتون کے ساتھ زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی اور جڑ اسکی دو عدد یا تین گانٹھین آپسمین ملی ہوئی مشابہ بصورت آدمی اور نرکے پتے چقندر کے سے پھل بقدر کھیرے کے اور جڑ موٹائی مین متوسط طبیعت انکی سرد اور خشک مجفف ومخدر مسکن غثیان قابض ومسکر ومنوم ومسمن بدن ہی۔

لفش۔ یہ ایک عالیشان درخت شام مین ہوتا ہی اسکی لکڑی سبز اور گیلی آگ مین فی الفور جلتی ہی اور خشک کو آگ کم اثر کرتی ہی طلا اسکے خشک پتون کا دافع برص وبہق ہی اور عصارہ تازہ پتون کا دافع داد۔

لام با قاف

لق لق۔ یہ ایک پرند جانور کثیر الجثہ ربیع کے موسم مین یہ پہاڑ سے آتا ہی اور کانٹون کا گھر بناتا ہی سانپ اسکے بچون کا دشمن ہی اور یہ سانپ کو نگل جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک کھانا اسکے گوشت کا دافع فالج ولقوہ وخدر ہی ریاح غلیظہ کو رفع کرتا ہی۔

لام با کاف

لک۔ گوندا ایک گھانس کا ہی کہ ملک ہند مین اکثر ہوتی ہی سرخ رنگ مشابہ توت سرخ کے بعض درختونکی شاخ سے نکلکر جم جاتی ہی بعض دانے بقدر لیمو اور نارنج کے ہوتے ہین اسکو لاک خام کہتے ہین بیر اور پیپل و بڑ کے درختون سے بھی نکلتی ہی رنگ سرخ طرح طرح کے اس سے بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک جالی ومحلل ومنقی اخلاط وحابس ہی۔

لام با نون

لنجیطس۔ ایک نبات ہی جو بستانی اور صحرائی ہوتی ہی بستانی کی پتی چوڑی اور سرخ پھول سیاہ مشابہ ٹوپی کے جڑ مشابہ گاجر کے اور بری کے پتے مانند اسقولوقندریون کے اور خشن تراس سے اور دندانے بڑے زاید طبیعت گرم و خشک بستانی کے جڑ کا پینا مدر بول ہی اور پینا خشک صحرائی کا تلی کی بیماری کو نافع ہی۔

لام با واو

لوبیا۔ حبوب ما کول مشہور سے ہی اکثر شہرونمین ملتا ہی بیل اسکی عشق پیچان کی طرح ہوتی ہی پھول نیرہ بنفشی اور پھل ایک غلاف مین باقلا کیطرح طبیعت اسکی گرم تر دیر ہضم مولد خلط غلیظہ مولد منی محرک باہ ہی۔

لوز المر۔ کڑوے بادام طبیعت اسکی گرم اور خشک اور جالی اور ازالہ اخلاط غلیظہ کے لیے بے نظیر ضماد اسکا ساتھ سرکہ کے واسطے درد سر اور سرمہ اسکا واسطے تقویت بصر نافع ہی۔

لوز البربر۔ یہ ایک قسم کا بادام لوز بری سے مشابہ ہی حب صنوبر سے کچھ بڑا طبیعت اسکی گرم خشک نہایت قابض روغن اسکا زیت السودان نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

لوز۔ بادام شیرین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم تر اور معتدل کہتے ہین حافظ جوہر دماغ جالی اعضاے باطنی مقوی باہ ملین طبع ہی شیرہ اسکا ساتھ شکر کے کھانسی وخشونت سینہ وحنجرہ کو دفع کرتا ہی ذات الجنب کا علاج ہی۔

لوغجید لطوس۔ یہ ایک گھانس ہی جسکی پتی مشابہ پتون اسقولوقندریون کے ہین اور بیج مثلث شکل کے بری اور بستانی ہوتا ہی بری گرم زیادہ ہی بستانی سے اسکا ضماد دافع جرب ہی بلکہ ہر ایک قسم کے زخم کا علاج ہی۔

لوسیماجیوس۔ یہ ایک نبات بے شاخ ہی شاخین گرہ دار پتے مشابہ پتے بید کے پھول سرخ مائل بزردی طلائی رنگ طبیعت اسکی سرد خشک قاطع رعاف وسیلان حیض ہی اور دافع قرحۂ امعا۔

لوف۔ فارسی مین اسکو فیل گوش کہتے ہین یہ گھانس تین قسم پر منقسم ہی۔

ایک لون کبیر اسکی ساق ابلق سانپ کی طرح ہوتی ہے اور پتی عشق پیچہ کی طرح طبیعت گرم خشک مفرج و مقطع اخلاط غلیظہ و جنین — دوسرا قسم لوف الجعد اور لوف سفید ہے اسکی پتی لوف کبیر سے چھوٹی ساق بقدر ایک بالشت کے طبیعت اسکی گرمی مین کم اور خشکی مین قسم اول سے زیادہ دافع امراض سینہ و بواسیر ہے تیسری قسم کو اذان الفیل یا فیل گوش کہتے ہین پتی اسکی مشابہ پتی کبیر کے طبیعت اسکی گرم خشک زیادہ دافع سرفہ و عسر النفس و نزلہ و منقی اخلاط غلیظہ ہے —

لولو — فارسی مین مروارید ہندی مین موتی کہتے ہین جو سمندر مین صدف کے پیٹ کے اندر قادر حقیقی کی قدرت سے پیدا ہوتا ہے باریک خشخاش کے دانہ تک اور بڑا چڑیا کے انڈے تک ہوتا ہے جسقدر گول اور روشن آبدار سفید ہو قیمت زیادہ پاتا ہے مراحی دار موتی بھی خوبصورت اور قیمتی ہوتا ہے طبیعت اسکی سرد خشک مفرح و ملطف و مقوی ہے روح کو راحت پہونچاتا ہے جسم کو فرحت دیتا ہے دافع وسواس و جنون و مالیخولیا و خفقان و خوف و حزن و امراض قلب و ضعف معدہ و یرقان و حرقۃ البول وغیرہ ہے اسکے خواص طبیہ کتابون مین مفصل لکھے ہین —

لام با ہاے

لہولو موغرافیس — یہ ایک مصری درخت ہے جسکو دھوبی کپڑے دھونے مین استعمال کرتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض دواغ مانع سیلان مواد دافع نفث الدم و نزف الدم و اسہال و درد مثانہ ہے پرانے زخمونکو اچھا کرتا ہے —

لام با یاے

لیف البحر — یہ ایک جز مشابہ سعد کے اور بزرگ تر اس سے سیاہ رنگ ریشے باریک آپسمین ملے ہوے چھوٹے گیند کیطرح بقدر اکمر و (؟) کی موجون کے ساتھ دریاے مغرب مین سے نکلتی ہے طبیعت اسکی گرم خشک ہے اسکو جلا کر آنکھونمین ڈالین تو ناخنہ اور بیاض کو دفع کرتی ہے دانتونکو سپید کر دیتی ہے —

لیشالونس — اسکو کندر پات بھی کہتے ہین اسواسطے کہ اسکی جڑ سے کندر کی بو آتی ہے ذائقہ اسکا سونف جیسا طبیعت اسکی گرم خشک محلل و ملین جالی دافع یرقان سرکہ کے ساتھ مدر بول و حیض ہے —

لیف — یہ ایک قسم ہے تاگون اور خشبی تارون سے کھجور کے درخت سرپر اور ناریل کے پھل اور مقل و ساری وغیرہ پر ہوتا ہے بہتر اسمین لیف ناریل کا ہے اور بدتر اسمین مقل کا طبیعت اسکی گرم خشک سرمہ اسکی را کہ کا آنکھونکی بیاض کو دور کرتا ہے نظر صفا ہوتی ہے منجن دانتونکو مضبوط کرتا ہے اسکا فرش استسقا کو دور کرتا ہے اور طلا اسکی راکہ کا جذام و برص کو دور کرتا ہے —

لیمون — مشہور میوہ ہے بعض ہے ترش اور شیرین اور میخوش ہوتا ہے اور

تینون کی طبیعتین الگ الگ ہین شیرین گرم تر ہے جو پیاس کو تسکین دیتا ہے معالجہ بھی اس سے کرتے ہین دوسرا ترش دافع صفرا اور سرد خشک ہے اسکی سکنجبین بناتے ہین صفراوی تپون اور یرقان کو مفید ہے تیسرا میخوش ہے سرد تر اور صفرا شکن —

لیفیہ — یہ ایک گھانس سرخ رنگ خاردار ہے پھل اسکا بھی مانند چھوٹے کھیرے کے خاردار ہوتا ہے دو قسم کا ایک قسم مسہل قوی دافع حمیات ہے اور دوسرا زہر قاتل جسکے کھانے سے انسان مرجاتا ہے —

اٹھائیسوان باب

حرف میم کے بیان مین اس مین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی و عربی وغیرہ لغات کے ذکر مین

میم با الف

ما — بدون ہمزہ عربی مین حرف نفی و کلمہ استفہام ہے — آیت قرآنی — وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون —

ماء — عربی مین پانی جسکو فارسی مین آب کہتے ہین — آیت قرآنی — وانزلنا من السماء ماء فاحیا بہ الارض بعد موتہا —

ما — فارسی مین ہم اور ہمارا — **نوحہ** — می طپید در سوز عشقت سینۂ سوزان ما + دم بدم ہر تو گرید دیدۂ گریان ما + باوجود قرب ہستم از بساط وصل دور وہ حیف بر مہجوری ما واے بر حرمان ما +

مانا — شبیہ و نظیر و مانند ہونیوالا —

ماوا — **ماوی** — جاے برگشتن — واپس آنیکا مقام یعنے اپنا گھر — ع — نیا بنہے خانمان خانہ ات در دار دہر + آستان دولتت ماواے و ملجاے جہان + **شفیع اثر** — مغز در سایۂ اقبال ہمارا بجے + گیرد آنکس کہ بر سایۂ لطفش ماوا +

مانیا — ایک قسم جنون کا ہے جسمین بیمار مین درندون کی خصلت پیدا ہوجاتی ہے اور لوگونکو کاٹنے کو دوڑتا ہے —

ماتیرا — **ماتہری** — بشین معجمہ ایک بیماری کا نام جسمین چہرہ اور پیشانی پر ورم چڑھ جاتا ہے —

مالیخولیا — سودا غ مین خلل آجانا ایک بیماری کا نام ہے —

ماخولیا — مخفف مالیخولیا کہ بکسر لام و سکون نون و ضم خاے معجمہ و واو معروف و کسر لام دوم ہے یونانی لفظ ہے یعنے اسکے خلط سیاہ ہین کیونکہ یہ بیماری خلل دماغ کے سودے سے پیدا ہوتی ہے اور سودا کا رنگ سیاہ ہے — **ملا وحشی** — ماخولیا گر نیستم حکیم چرا خون مخوارہا + کو فصد جان نشتر کند تن بجان بر لب آوردم +

ماجرا - سرگذشت و قصیۂ و اقعۂ و ہنگامہ و گفتگو و حالات زمانہ - درویش والہ ہروی - باشنو حسن اسفر لفت نبود دنیست + این ماجرا ازین ورق سادہ خواندہ ایم +
مامینا - سریانی زبان مین نام ایک گھانس کا ہی جو نہایت بدمزہ ہوتی ہی -
مارافسا - جو شخص سانپ کو بذریعہ منتر کے پکڑے منتریا جادوگر -
ماسوا - وہ مخلوق جو سوائے ذات خداوند جل و علی کے ہی - حکیم انور لاہوری - طالب ذات خداوند کریم + کے کند رغبت بسوے ماسوا +
ماضی - جو حالت گذر چکی ہو - **قطعہ از مؤلف** - فکر استقبال از دل کن برون + باش فارغ از خیال مافنا + دان غنیمت حال را در حملہ حال + گر توئی از بندگان باصفا +
مابقا - جو بات باقی رہ گئی ہو -
مامن رضا - مشہد مقدس حضرت امام علی رضا جس جگہ مجرم جاتا ہی تو گرفتار نہین ہوتا اس سبب سے اس مقام کو جاے امن رضا کہتے ہین - **سعدی** - امروز کس نشان ندہد در بسیط خاک + مانند آستان درت مامن رضا +
مارقشیشا - یہ ایک جوہر ہی جو آنکھونکی دوا مین مستعمل ہی جو چار قسم کا ہوتا ہی ذہبی - فضی - نحاسی - حدیدی - ان مین سے ذہبی قسم اول ہی -
مارگیا - ایک گھانس کا نام ہی جسکو مارچوبہ کہتے ہین -
مالیا - ایک قسم کی باریک اور لمبی لکڑی کا نام ہی جسکے نیزے بناتے ہین بعض کے نزدیک یہ بانس ہی اور یونانی زبان مین رنگ سیاہ مقابل سفید کے -
مآب - جاے بازگشت - واپس آنیکا مقام - **نعتیہ از مؤلف** - جناب محمد رسالتمآب + کہ بدر ہر دو راہ صدق و صواب +
ماہتاب - مہتاب - چاند کی روشنی - **معز فطرت** - جلوہ کردی کہ افتاد آفتاب از طاق چرخ + مستے افشاندی کہ مہتاب از کنار بام ریخت +
فتوت - دریاے چرخ نیل نگر در تلاطم ست + ہر سو فگندہ ہست کف آ جوش ماہتاب +
ماہ نخشب - وہ چاند جسکو حکیم ابن عطا المشہور ابن مقنع نے جادو و شعبدہ سے سیماب سے بنا کر ایک کوہ سیام سے اندھیری رات مین نکالا تھا اور روشنی اسکی چار فرسنگ تک جاتی تھی اور نخشب نام ایک شہر کا ہی ولایت ماوراء النہر مین اور نخشب سے سمرقند تک تین کوس کا رستہ ہی -
مات - مرجانا مغلوب ہونا - اور شطرنج بازونکی اصطلاح مین جب شاہ کو حریف کشت دیوے اور کوئی خانہ شاہ کے واسطے باقی نرہے تو کہا جاتا ہی کہ بازی مات ہوئی -
مائیت - میرندہ یعنے مرنے والا -
مافات - وہ جو فوت ہو چکا ہو -
مامونت - ایک قسم کے حلوے کا نام ہی -

ماہیت - حقیقت - کیفیت - حالت -
ماء الحیات - آب حیات -
ماست - جغرات - دہی - چھاچھ - **سلسی سعدی** - خوبی کرت مات پیش آورد دو پیمانہ آب ست یک چمچہ دوغ + اگر راست میخواہی از من شنو + جہاندیدہ بسیار گوید دروغ +
مالیت - قدر - قیمت - وقر - عزت - رتبہ - **مسیح کاشی** - دل از ان گشت گرانمایہ کہ درد تو در وست + ورنہ معلوم بر ما و تو مالیت دل +
مؤنت - بروزن عذوبت مایحتاج معیشت نان و نفقہ محنت و رنج و بار و مشقت +
مؤالفت - الفت پکڑنا - ملنا - خوگر ہونا -
مواخات - برادری - بھائی پن - رشتہ داری -
ماج - ماہ یعنے چاند -
مارج - سکے بلے وہ آگ جو دھوان نرکھتی ہو اور نام نوع جن کے باپ کا -
ماریچ - لشکر کے علم کا پرچم اور صورت جو مصور اس صورت سے کھینچتے ہین گویا چند سانپ آپسمین لپٹے ہوے ہین -
مایحتاج - جس چیز کی حاجت ہو -
ماچ - بوسہ اور ماچیدن اسکا مصدر ہی -
ماچ موچ - چومنا چاٹنا -
ماجوج - یافث ابن نوح کی اولاد تاتاری لوگ -
مائدہ مسیح - عیسے علیہ السلام کے لیے جو خوانچہ آسمانی اترتا تھا اسمین ایک مچھلی بریان بے خار ہوتی اور روغن اس سے ٹپکتا تھا اسکے سر کے نزدیک نمک اور دم کے نزدیک سرکہ ہوتا اور خوانپر طرح طرح کے سالن اور ساگ چنے ہوتے اور پانچ روٹیان ایک پر روغن زیتون دوسری پر شہد تیسری پر گھی چوتھی پر پنیر پانچوین پر بھونا ہوا گوشت ہوتا -
مالح - نمکین اور شور -
مانح - بکسر نون و سکون حاے سخی و بخشندہ -
ماح - سفیدی تخم مرغ کی اور مح بضم میم زردی بیضہ کی -
مادح - صفت کرنیوالا - مدح کرنیوالا -
ماسخ - بکسر سین و خاے معجمہ ہر چیز جو بے مزہ ہو یعنے پھیکی چیز -
ماخ - ضعیف و ناطاقت و کمینہ و بیدولت و خسیس و منافق و زرقلب -
مالیخ - خیام خام و خلل دماغ -
مانند - مانندہ - بمانند - بمانندہ - حرف تشبیہ مثل ہی - **قائم مشہدی** - بے روی تو خورشید فتاد از نظر من + مانندہ سیلی کہ بکف رنگ برآورد - **ولہ** - لاف از نسب مران کہ بمانند آئینہ + آدم نمیشود کسے از روے دیگران - **میر خسرو**

چرا شد پدر ہفت و مادر چار + چگونہ سہ فرزند شد آشکار + چو این ہر سہ ہم
زین پدر مادر اند + چرا نہ بمانند یکدیگر اند +
ماء الورد — گلاب جو مشہور چیز ہی —
ماجد — بزرگ — بڑا ادب کے لایق —
ماخذ — جس جگہ سے کوئی چیز لی جاے —
ماخوذ — پکڑا ہوا — لیا ہوا — توحید — شود بدام طمع آدمی چرا ماخوذ +
چرا بہ بند شود بندۂ خدا ماخوذ + با بتدا سے عمل کن از ان عمل پرہیز +
کہ زان مواخذہ باشی بانتہا ماخوذ +
ماہور — موسیقی کے ایک شعبہ کا نام ہی —
مؤخر — جو چیز اخیر مین لائی گئی ہوا ور نام ستائیسوین منزل کا منازل قمر سے
ماجور — اجر دیا گیا — ثواب دیا گیا — صفدر فوقانی — جبین شکر نہ بہ
خاک عجز لے بندۂ خاکی + چو عند اللہ ماجوری و عند الناس مشکوری +
ماوراء النہر — توران کے ملک کا نام ہی —
مادندر — باپ کی عورت کا باپ جو اسکی ماں نہو —
ماحضر — وہ کھانا جو مہمان کیلیے حاضر ہو بے تکلف کھانا درویشانہ حاضری —
میسر اعہدی — نیست انعام خدا روزی نعمائے چند + نشود خاصہ حق ماحضر عامی چند +
مآثر — آثار اور نشان قدیم عمارات وغیرہ —
مار مہرہ — وہ مہرہ جو سانپ کے سر سے نکلتا ہی —
ماثور — اثر قبول کیا ہوا اور جزا دیا گیا —
مالک دینار — لقب ایک ولی اللہ کا ہی جو کشتی مین سوار تھا ملاح کا ایک
دینار گم ہوگیا اور تہمت اُس بزرگ پر قایم کی کہ تو نے چرایا ہی اور اُسکو مارا
بزرگ نے دریا کی طرف دیکھا ہزارون مچھلیاں آئین اور اتنے دینار کشتی پر
پھینکے کہ دیناروں کے بار سے کشتی غرق ہو گئی اور وہ بزرگ صحیح سلامت
دریا سے نکل آیا اُس روز سے اُن کا خطاب مالک دینار مقرر ہوا —
مامور — امر کیا گیا — حکم کیا گیا — توحید — چرا بسجدہ نہ خم گردن نیاز کند +
پے عبادت حق شد چو آدمی مامور +
مار — سانپ جو مشہور جانور ہی — توحید — چو آن واحد شد از کثرت نمودار +
بشائق نمود از پردہ دیدار + گہے از نور شد روشن گہ از نار + گہے از مور
شد ظاہر گہ از مار +
مادر — والدہ جسکے پیٹ سے پیدا ہوا ہو — حافظ — دختران را ہمہ
جنگ ست و جدل با مادر + پسران را ہمہ بدخواہ پدر می بینم +
مادر مادر — ماں کی ماں یعنے نانی —
ماخور — شراب خانہ و قمار خانہ وغیرہ —

ماز — اخیر مین زاے معجمہ وہ شگاف جو دیوار مین ہو —
ماشرز — لوہارون اور مسگرون کے اوزار —
مایوس — نا اُمید — مایوسی کی حالت — توحید — گنار ہگار کند گرچہ صد ہزار
گناہ + ز فضل و لطف الٰہی نمیشود مانوس +
مانوس — خو پکڑا گیا — انس پکڑا گیا — توحید — شد از تعلق دنیاے
بیوفا فارغ + چو گشت خاطر انسان بہ بندگی مانوس +
ماس — مخفف آماس جسکے معنی ورم کے ہین —
مالس — یونانی مین سیاہ مقابل سپید کے —
مانطس — وہ پتھر جسکے پاس رکھنے سے بد نظر نہین ہوتی ہند مین نظر ٹوکتے ہین
ماربلاس — چلپاسہ جو ایک جانور ہی —
مالش — ملنا حاصل مصدر مالیدن سے — نظامی — چنانت دہم مالش
از تیغ تیز + کہ یا مرگ خواہی ز من یا گریز +
مارنبش — نام ایک تبخانہ کا جو اصفہان کی نواح مین بنایا گیا تھا —
مانوش — نام ایک بہالر کا ہی جسپر منوچہر تور کے پیٹ سے پیدا ہوا —
ماص — ماہ یعنے چاند —
مائع — وہ چیز جو رقیق ہو مثلاً روغن و سرکہ و شہد وغیرہ —
ماہ مقنع — ماہ نخشب جسکا ذکر تحریر ہو چکا ہی —
ماغ — بغین معجمہ نام ایک جانور کا جو پانی کے کنارے رہتا ہی اور میغ یعنے بادل
اور بخار و غبار جو سردی کے موسم مین بعد کھلنے ابر کے ہوا مین ظاہر ہوتا
ہی آفتاب کے نکلنے سے پہلے جب سورج کی گرمی ہوتی ہی تو محو ہو جاتا ہی ہندی
مین اسکو کوہیل کہتے ہین اور نام ایک قسم کے ابلق کبوتر کا بھی ہی —
مازاغ — اشارہ بآیۂ کریمہ ما زاغ البصر و ما طغی یعنے حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج مین بوقت قرب الٰہی اپنی آنکھ اور کسیطرف
نہ پھیری اور نہ نافرمانی کی — نعتیہ از مؤلف — زیب چشمش کحل مازاغ البصر +
مردمک روشن بنور ما طغی +
ماؤف — جسکو کوئی آفت پہونچی ہو —
مالوف — اُلفت پکڑا گیا — خو پکڑا گیا — توحید — زمانہ تابع حکمت
بجان و دل باشد + بود بالفت مولے اگر دلت مالوف +
ماعون — گھر کا مال اور سامان —
ماق — آنکھ کا گوشہ جو ناک کی طرف ہو —
مارق — گمراہ بدمذہب ولا مذہب —
مالایطاق — جو شخص کسی کی طاقت و قدرت مین ہو —
مالک — صاحب ملک کا اور نام اس سوداگر کا جسنے حضرت یوسف کو کنوین سے

نکالا بھائیون سے خریدا اور عزیز مصر کے پاس بھیجا اور نام اس فرشتہ کا جو دوزخ کا موکل ہی - توحید - خداست مالک املاک و فالک فلاک + آنکہ کرد عطا نور جان بتودۂ خاک +

مامک - والدہ - مادر - مان -

ماترنگ - ایک جانور چلپاسہ کی قسم سے ہی -

ماتورنگ - سوسمار جسکو ہندی مین گوہ کہتے ہین اور وہ ایک مشہور جانور ہی -

مالانگ - ایک قسم کے آڑو کا نام ہی جو مشہور میوہ ہی -

مانگ - دری مین ماہ یعنے چاند -

مانورگ - سرخاب جو مشہور جانور ہی -

مانوک - چکاوک جو مشہور پرندہ ہی -

مال - دولت خزانہ اور اہل حساب کے نزدیک ایک عدد کو اسکے نفس مین ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ہو وہ مال ہی چنانچہ چار کو چار مین ضرب دیا تو سولہ حاصل ضرب ہوے - توحید - تو ئی ناظر تو ئی حاضر بہر حال + تو ئی لفظ و تو ئی معنی بہر قال + تو می بخشی کسے را فقر و فاقہ + کسے را میدہی گنج زر و مال +

مآل - بروزن مقال جاے رجوع اور بازگشت کا مقام انجام اور انجام - توحید - خداوالی غیب دان لایزال + خبردار احوال ماضی و حال + از و ابتداے ہمہ انتہا + ہمہ انتہا را بذاتش مآل +

مالامال - بسیار یعنے بہت اور بھرا ہوا - توحید - یکے گدا و تہیدست و مفلس و محتاج + بمال و جاہ دگر را خزانہ مالامال +

مامول - امید رکھا گیا -

ماکول - کھایا ہوا - کھانا وغیرہ -

مؤجل - بروزن منور مہلت دیا گیا -

مأول - بتشدید واو تاویل کیا گیا -

مائل - میل کرنے والا خواہش کرنیوالا اور شایق اور نام جزو اعظم فلک قمر - صائب - کہ ماءل بہ ہول گرد ابہاے کہ مرطاء م + کہ بحر پیچیدہ از یوسف تر از و لے کہ من داءم

مالاینحل - جو چیز حل نہو سکے اور وہ عقدہ جو کھل نہ سکے -

ماکل - مصدر میمی خوردن یعنے کھانا -

ماحصل - حاصل ہوئی چیز اور جو حاصل ہو - میرزا باقر بیگ بغیر اینکہ پریشانیم بطول کشید + شکایت از سر زلفت چہ ماحصل دارد +

ماخول - جسکو مالیخولیا خلل دماغ جو طبیعت کی بیماری لاحق حال ہو - اسیر لاہیجی - محکم دجزشاہد و می زند دیگر خیال + زاہد ماخول ہر دم در خیال دیگر ست +

مالول - وہ شخص جو غلامی سے درجہ بلند پر پہونچ گیا ہو -

ماتم - سوگ جو کسی کے مرنے کا کیا جاے - عرفی - عادت عشاق چیست مجلس غم داشتن + حلقہ شیون زدن ماتم ہم داشتن +

مادام - ہمیشہ - نت نت - اسیری لاہیجی - باشاہد و می حریف و ہمدم + باچنگ و چغانہ ایم مادام +

مآثم - جمع آثم بہت سے گناہ -

مام - مادر - والدہ - ما -

ماثوم - گنہگار - تقصیری -

ماعون - زکوۃ مال کی اور جس چیز کے ساتھ معاونت ڈھونڈھین اور گھر کا اسباب -

مان - دروغگو - جھوٹ بولنے والا -

مامون - امن مین لایا گیا محفوظ اور بے ہراس اور نام خلیفہ کا جو ہارون خلیفہ عباسی کا بیٹا تھا -

مامن - جاے امن - امن کا مقام -

مارن - سر بینی ناک کی نوک جسقدر نرم بلا استخوان ہی -

مافارقین - ایک ملک کا نام ہی -

ماء معین - وہ پانی جو جاری ہو اور پاک و صاف -

مابون - وہ شخص جو علت ابنہ مین مبتلا ہو -

مازندران - ملک طبرستان جو توابع ایران سے ہی اور قدیم زمانہ مین وہ ملک مسکن دیوون کا تھا -

ماچین - ایک ملک چین کے جنوب کے سمت ہی اور فارسی مین وہ شخص جسکو بوسہ دیا ہو کہ ماچ کے معنی بوسہ کے ہین - محسن تاثیر - دلم در زلفش از فکر دہانش بر نمی آید + اگر در بند چین افتادہ ام در قید ماچینم +

ماکیان - یہ لفظ مفرد ہی معنے اسکے ایک مرغ خانگی ہین - عرفی - در نعت زگشت عدل تو گردانہ چین شود شاید + کہ بیضہ در شکم ماکیان شود شیرین +

مادیان - مفرد لفظ ہی ایک گھوڑی -

مان - گھر اور گھر کا اسباب اور بمعنی مارا یعنے ہمکو اور مجھکو اور صیغہ امر ماندن سے یعنے ٹھہرا اور چھوڑ نیز بمعنی باش و تشبیہ و نظیر و مانند - شعر - خانہ بے خانمان خانہ ات + مامن اہل بلا کاشانہ ات +

مائتین - دو صد یعنے دو سو عدد ہین اور نام ایک اصول کا موسیقی مین ہی

مائین - بکسر میم و کسر ہمزہ و سکون یاے تحتانی صدہا یعنے بہت سیکڑون

مامیران - ایک دوا کا نام ہی جو ہلدی کیطرح ہوتی ہی آنکھون کے علاج مین مستعمل ہی

مؤتمن - معتمد اور امین صاحب امانت -

مادون - سواے اور فروتر -

ماء الجبن - دودھ کا پانی جو بیمار کو دیتے ہین -

مابین - دو چیزون کے درمیان -

ماپروین - جدوار جو ایک دوا کا نام ہی-
ماخاریون - جنگلی سوسن یونانی زبان مین -
ماخان - نام ایک چینی پہلوان کا اور نام ایک بستی کا جو قلمرو شاہجہان کے پاس ہی
مارتون - یونانی اور سریانی مین رازیانہ جو ایک مشہور دوا ہی -
ماذریون - ایک دوا کا نام ہی جو مستسقی کو دیتے ہین -
مازن - پشت یعنے پیٹھ جسکو عربی مین صلب کہتے ہین -
مازون - مازو جو ایک دوا مشہور ہی -
ماشو - غربال یعنے چلنی جس سے آٹا چھانتے ہین ملا طغرا - معنی از قربانتو دون
چو ماشوی ست + برای نان طرف میدۂ سرود بہ پیز +
ماکو - جولاہون کی نال جسمین سوت کی نلکی رکھکر کپڑا بنتے ہین -
مارو - دری زبان مین مادر یعنے ما جسکے پیٹ سے پیدا ہوا ہو -
مازو - نام ایک درخت کا ہی جسکے پوست سے چمڑا رنگتے ہین اور پھل دوا مین مستعمل ہی -
ماہو - وہ لکڑی جو شتربان ہاتھ مین رکھتے ہین اور اونٹونکو اس سے
چلاتے ہین اور نام ایک امیر کا جو یزدجرد بادشاہ کیطرف حاکم سیستان و خراسان کا
تھا جب یزدجرد نے فوج اسلام سے شکست کھائی اور مرو مین بھاگ کر آگیا
تو ماہوی نے ترکستان کے خاندان کے ساتھ ملکر بادشاہ کو قتل کرا دیا -
مائدہ - خوان جسمین تیار کھانے قسم قسم کے چنے ہوے ہون - مولوی معنوی -
مائدہ از آسمان شد عائدہ + گفت چون انزل علینا مائدہ +
ماشہ - لوہارون کا آہنی اوزار جسکو سنسی کہتے ہین اور بندوق کا توتہ جسمین
توڑے دار بندوق کا توڑا قایم کرکے رنجک کو آگ دیتے ہین اور ایک وزن جو آٹھ
سرخ یعنے آٹھ رتی کا ہوتا ہی اور بارھوان حصہ تولہ کا -
ماہچہ - وہ مدور شکل کٹوریا چاندیکی جو چاند کیطرح بنا کر بادشاہی علم پر نصب کرتے ہین -
ماہیچہ - گیہون کے میدے کی سویان جو ایک قسم کا کھانا ہند مین بنایا جاتا ہی اور شیر و شکر
کے ساتھ کھاتے ہین عربی مین اسکو اطریہ و فارسی مین سیمیا کہتے ہین -
ماشورہ - جولاہون کی نلی جسپر سوت لپیٹ کر کپڑا بنتے ہین اور کچا سوت
جو نلکے پر لپٹا ہوا ہو اور اسکو ہند مین پنڈیا کہتے ہین - مظفر کاشانی - یک چند
بشیراز نہ آگاہان باش + یک چند سراسیمہ و اصفاہان باش + القصہ میان
اصفہان و شیراز + ماشورہ دستگاہ جولاہان باش +
ماثورہ - جتا دیا گیا اور ادعیہ ماثورہ وہ دعائین ہین جو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے منقول ہین -
ماشطہ - مشاطہ - عورت سنگار کرنیوالی - جو اور عورتون کے سنگار پر
مامور ہو کنگھی کرنیوالی کیونکہ مشط کنگھی کو کہتے ہین -
مولدہ - ایک قوت کا نام ہی جو خون سے منی بناتی ہی اور ولادت کیمادہ کو درست کرتی ہی

ماجدہ - بزرگوار عورت -
ماہمہ - برمہ ترکھانون کا جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین -
مادبہ - بفتح بائے موحدہ ضیافت -
مانستہ - مانند کیا گیا - تشبیہ کیا گیا -
مارگزہ - کالا سانپ - کفچہ دار -
ماربدہ - دایہ اور وہ عورت جسکو ما بنایا گیا ہو -
مایہ - اصل و مادہ و مقدار و کمیت اور مادہ جو مقابل نر کے ہی اور نام اس
گاے کا جو فریدون کو دودھ دیتی تھی و دستگاہ و سامان و بنیاد - مخلص کاشی -
دیدۂ مخلص گوییا آن نرگس فتان بخواب + کز نگاہش مایۂ صد حشر آفت می چکد +
مادہ - بتشدید دال اصل ہر چیز و سامان و ترکیب جو غیر کے واسطے مدد ہو
ماضیہ - گذرا ہوا زمانہ اور گذری بات -
مارچوبہ - ایک گھاس ہی جسکو مارگیاہ بھی کہتے ہین اور عربی مین طبیون حیوانی
زہرون سانپ بچھو وغیرہ کا علاج ہی پتی اسکی رازیانہ کی طرح ہوتی ہی اسکے پانی
سے کتا فوراً مرجاتا ہی یہ لکڑی سانپ کی صورت پر ہوتی ہی - خاقانی -
آنکسان کہ طریق تو میروند + زاغند و زاغ رار وش کبک آرزوست +
چون طفل آرزوے ترازوے زر کنند + نارنج را بردکہ ترازو کنند زپوست +
گیرم چو مارچوبہ کند تن بشکل مار + کو زہر بہر دشمن و کو مہرہ بہر دوست +
مارنہ - ایک گھاس ہی جسکو لحیۃ التیس کہتے ہین -
ماسوچہ - ایک پرندہ کا نام ہی بقدر قمری کے -
ماشیہ - مویشی یعنے چارپایہ -
مافہ - وہ لکڑی جس سے دروازہ بند کردیا جاتا ہی -
مالکانہ - خشک حلوا جسمین طرح طرح کے میوے ڈالے جاتے ہین -
مالہ - معمارون کے کہگل کرنے کا اوزار -
مانہ - گھر کا اسباب -
ماہ - چاند اور مہینہ - حسن غزنوی - شاہا قبال جنگ تو ہر ماہ ماہ باد
اقبال را بہ پیش تو صد راہ راہ باد + محمد سعید اشرف - اختری نیست
چو رویت بہ فلک + دیدہ ام ماہش و بالا ترا +
مؤدی - ادا کیا گیا - پہونچایا گیا -
مانی - ایک نقاش روم مین تھا پیغمبری کا جھوٹا دعوی کرتا اور کتاب ارژنگ
اسنے تصنیف کی نقاشی و مصوری کو وہ اپنا معجزہ ظاہر کرتا بہرام شاہ نے
اسکو قتل کردیا - توحید - ہو نقش کاتب قدرت بدید حیران ماند +
بشکل آئینہ از حسن خوبیش مانی +
ماحی - محو کرنیوالا - دور کرنیوالا -

مالایعنی ـ بے معنی بات ـ
مالی ـ پر کرنے والا اور بھرنے والا اور شہد یعنے انگبین ـ
ماورائے ـ سوائے کسی چیز اور بات کے ـ
ماقی ـ بکسر قاف گوشہ آنکھ کا جو ناک کی طرف ہو ـ
ماہ جلالی ـ ماہ فروردین کہ آفتاب کو شرف اُس میں ہوتا ہے سعدی ـ
اول اردی بہشت ماہ جلالی + بلبل گوینده بر منابر قضبان +
ماری ـ ترکی میں ہلاکت ـ
مائی ـ آبی جسکا تعلق پانی سے ہو ـ
ماہ یمانی ـ چہرۂ مبارک رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ـ
ماسی ـ بے پروا و بیباک ونڈ آدمی ـ
ماہانی ـ ایک خراسانی پتھر ہے جو زرد اور سپید ہوتا ہے سکتہ اور بواسیر کا علاج ہے
ماہی ـ مچھلی جو دریائی جانور مشہور ہے ـ سعدی ـ قرص خورشید در
سیاہی شد + یونس اندر دہان ماہی شد +
مابقی ـ جو چیز باقی رہ گئی ہو ـ

میم با بائے موحدہ

مبرا ـ بری ہوا ہوا ـ بیزار ہوا ہوا ـ پاک کیا گیا ـ ذوقی ـ مبراست
ذاتش زچون و چگون + منزا ترا ز اندرون و برون +
مبتغا ـ بضم اول چاہا گیا ـ مانگا گیا ـ
مبالا ـ مخفف مبالات پاک رکھنا ـ
مبا ـ مخفف مباد ہے اور رودہ گوسپند جسمیں چانول اور قیمہ بھر کر پکاتے ہیں
یحیی کاشی ـ رودہ گندہ راکنند مبا + بود آن نیز روزئی غربا +
مبارا ـ مخفف مبارات نفرت اور نااتفاقی جو عورت اور خاوند کے درمیان ہو ـ
مَبدا ـ بفتح اول ابتدائے موقع اور آغاز کا مقام ـ
مُبدا ـ بضم اول و دال مکسور اخیر میں ہمزہ ابتدا کرنیوالا ـ آغاز کرنیوالا ـ
پیدا کرنے والا یہ نام خدا وند جل و علی کا ہے ـ ف ـ آنانکہ براہ حمد پویند +
یا مبدی و یا معید گویند +
مباسطت ـ فراخی اختیار کرنا ـ بے تکلفی کرنا ـ
مباعدت ـ دوری و مفارقت و جدائی ـ
مبغیات ـ آرزوئیں ـ التجائیں ـ
مبردات ـ سرد کرنے والی چیزیں اور وہ دوائیں جنکی تاثیر سرد ہے ـ
مبرات ـ ہر چیز مؤنث جو پاک کی گئی ـ
مبہوت ـ حیران و سراسیمہ ـ
مبالات ـ پاک رکھنا اور اندیشہ کرنا ـ

مبارزت ـ بتقدیم رائے مہملہ بر زائے معجمہ لڑائی ـ جنگ ـ فتنہ و فساد ـ
مبادرت ـ دلیری کرنا ـ جلدی کرنا ـ شتابی و تیزی سے کسی کام کو کر لینا ـ
مباشرت ـ جماع کرنا ـ عورت کے ساتھ ہمبستر ہونا ـ
مبیت ـ شب گذران کرنا ـ کسی گھر میں رات کاٹنا ـ
مبات ـ رات کاٹنا اور وہ جگہ جہاں رات کاٹیں ـ
مباینت ـ ایک دوسرے سے جدا ہونا ـ
مباہات ـ ناز کرنا ـ بڑائی کرنا ـ حافظ ـ دلا دلالت خیرت کنم براہ نجات
مکن بفسق مباہات و زہد ہم مفروش +
مبت ـ عار و ننگ و عزت و آبرو ـ
مبعوث ـ اُٹھایا گیا ـ پیدا کیا گیا ـ
مباحث ـ جمع مبحث اور اہل فارس اسکو بمعنی بحث استعمال کرتے ہیں حافظ
مباحثے کہ دران حلقۂ جنون میرفت + ورائے مدرسہ و قیل و قال مسئلہ بود +
مبتہج ـ خوش و خرم ـ
مبہج ـ خوش و خورسند ـ
مباح ـ جائز اور روا اور حلال ـ ف ـ پیشوایان ملت الفت + خون
عاشق مباح میدانند +
مبرد ـ بکسر اول سوہان جو ایک مشہور اوزار ہے ـ
مبرد ـ بضم اول و فتح ثانی و رائے مشدد سرد کرنیوالا اتبریدا در بفتح رائے نام
ایک فاضل نجومی کا ـ
مبتر ـ بضم اول و فتح ثانی و فتح تائے مشدد ابتر و دم بریدہ و بے اولاد و خراب ـ
مبشر ـ بضم اول و فتح ثانی و شین مشدد بشارت دینے والا خوش خبر سنانے والا ـ
مبذر ـ فضول خرچ اسراف کرنیوالا ـ بفائدہ کاموں میں روپیہ برباد کرنے والا ـ
مبرور ـ نکوئی کیا گیا ـ
مباشر ـ اختیار کرنے والا کسی کام کو اپنے ذمہ پر لینے والا ـ جماع کرنیوالا ـ
مبار ـ رودہ گوسپند جسمیں قیمہ چانول وغیرہ پر کرکے پکاتے ہیں عربی میں اسکو عصب کہتے ہیں
مبادر ـ جلدی کرنیوالا ـ پیشی کرنے والا ـ
مبصر ـ صاحب بینائی ـ تیز نظر ـ
مبرز ـ بتقدیم رائے مہملہ بر زائے معجمہ بیت الخلا ـ جائے ضرور ـ پاخانہ ـ
مبارز ـ بتقدیم رائے مہملہ بر زائے معجمہ بہادر سپاہی ـ لڑنیوالا ـ
مبسوط ـ فراخ کیا گیا اور نام ایک کتاب کا فقہ کے علم میں ـ
مبدع ـ پیدا کرنیوالا کسی چیز کا ـ
مبتدع ـ بدعت کرنیوالا ـ
مبضع ـ بکسر میم و فتح ضاد نشتر جس سے خون نکالتے ہیں ـ

مبیع - بفتح اول وکسر ثانی بیچ کیا گیا فروخت کیا گیا - بیچا گیا -
مبرقع - نام ایک نغمہ کا موسیقی مین - ملا طغرا - طرب کردہ چون ساز
نوروز خویش + مبرقع بتن زین مکان خواندہ پیش +
مبلغ - بفتح اول منزل مقصود وحد ونہایت اور مقدار کم ہو یا زیادہ اور مبلغ
بوزن منقش پہونچایا گیا اور بکسر لام پہونچانے والا و بضم میم وسکون باے
موحدہ و فتح لام پہونچایا گیا صیغہ اسم مفعول ابلاغ سے اور بمعنی پہونچنے اور
کامل ہونیکے اور اہل فارس ابتداے تعداد زر نقد کے اسکو استعمال کرتے
ہین - سعدی - ہمان کنند بگیر مکہ مستفاط خلق + بدان ہمی کند و
درکشم بخو نشینش + ولیک دست نیارم زدن بدان سر زلف + کہ مبلغ دل
خلق ست زیر ہر شکنش + میر معزی - سپہر مبلغ عمرت کشیدہ بر عددی + کہ عشر
آن عدد آید ہزار بار ہزار +
مبدرق - رہنما - رہبر - راستہ دکھلانے والا -
مبارک - برکت کیا گیا و خجستہ و بزرگ - ع - پہ آن سرور ملک
سخاوت + مبارک تخت و تاج سربلندی +
مبال - جاے بول پیشاب کی جگہ اور عضو تناسل مرد اور فرج عورت کی -
مباقل - وہ زمین مزروعہ جسمین بہاز لہسن شلجم میتھی وکرنب وغیرہ بوئی ہوئی ہو
مبتذل - ذلیل وخوار و بیقدر -
مبطل - باطل کرنے والا -
مبل - چھڑکنے والا - تر کرنے والا - رونے والا -
مبدل - بدلا ہوا - بدلا گیا -
مبرم - محکم واستوار ومضبوط -
مبہم - پوشیدہ اور باندھا ہوا -
مبتسم - ہنسنے والا - دانت سپید کرنیوالا -
مبین - ظاہر کرنیوالا - ظاہر ہوا ہوا -
مبین - بہ تشدید یاے تحتانی مکسور بیان کرنے والا -
مبرہن - حجت ساطع ودلالت قاطع سے باثبات پہونچا ہوا -
مباہان - ناز اور بڑائی کرتے ہوے - سنجر کاشی - از لطف شد آتا نکہ
ندانند تفاخر + از رحمت ولطف تو مبا شد مباہان +
مبسوطہ - فراخ اور فراخی کیا گیا -
مبردہ - سرد کرنیوالا - سردی دینے والا -
مبطخہ - خربزہ جو مشہور پھل ہی -
مبشوشہ - بہر دو شاے مثلثہ پراگندہ وپریشان -
مباہلہ - بھاگنا ایکدوسرے کو -

مبالغہ - زیادتی کرنا کسی کی مدح یا ذم مین -
مباحثہ - باہم بحث کرنا -
مبادلہ - بدلنا - تبدیل کرنا -
مباہجہ - خوشی کرنا -
مباہی - ناز کرنے والا فخر کرنیوالا -
مبقی - باقی رکھنے والا -
مبادی - ظاہر کرنے والا اسم فاعل مبادات سے -
مبہی - بتقدیم باے موحدہ بر یاے تحتانی قوت باہ پیدا کرنیوالی چیز -
مبنی - بنا کردہ شدہ بنایا گیا -
مبانی - بنیادین -
مبخلی - بخیلی اور بخل کے ساتھ منسوب ہونا -
مبتدی - جس طالب علم کی ابتدائی تعلیم ہو -

میم با تاے فوقانی

متکا - تکیہ گاہ - جاے پناہ - سعدی - حبیب خدا اشرف انبیا +
کہ عرش مجید ش بود متکا +
متی - کب اور کیونکر اور جسوقت - حافظ - حضوری گر ہمی خواہی ازاو
غائب مشو حافظ + متی ما تلق من تہوی دع الدنیا واہملہا -
متمنی - آرزو کیا گیا -
متبنی - بیٹا بنایا گیا -
متوفی - مرگیا ہوا - فوت ہوا ہوا -
مترا - ہندی زبان مین بارش کا مہینہ -
متھرا - مشہور ایک شہر ہند مین ہی -
متاب - واپس ہونا اور مقام مراجعت کا -
متراکب - برہم بیٹھا ہوا -
متعاقب - ایک دوسرے کے پیچھے دوڑنیوالا -
متاعب - بہت سے رنج اور ماندگیان -
متعصب - مذہب مین سختی کرنے والا -
متعذب - شیرین وخوشگوار -
متانت - استواری ومحکمی ومضبوطی -
متشابہات - وہ آیات قرآن مجید کے جنکے معانی مخفی ہین -
متمنیات - آرزو کیا گیا -
متیمنات - برکتین اور بابرکت چیزین -
متعنت - عیب گیر ونکتہ چین -

متابعت - فرمانبرداری کرنا۔

متفاوت - فرق کیا گیا۔

میت - جولاہونکی کنگھی۔

متوج - تاج پہنے ہوے۔

متفرج - جاے سیر و تماشا - سیر کا مقام خوشی کی جگہ۔

متموج - موجزن - لہرین مارتا ہوا۔

مترشح - ٹپکتا ہوا۔

متلطخ - اخیر مین خاے معجمہ لتھڑنیوالا - آلودہ۔

متعود - خو پکڑنے والا - آلودہ۔

متضاد - ضد کرنیوالا - مخالفت کرنیوالا۔

متردد - فکرمند - اندیشہ ناک اور چلنے والا۔

متعبد - عبادت کرنیوالا۔

متعند - عناد رکھنے والا - دشمن و بدخواہ۔

متصاعد - بلندی پر جانے والا۔

متمرد - سرکش و نافرمان۔

متبلد - کند ذہن و احمق و بےخبر

مترصد - اُمیدوار۔

متلذذ - لذت حاصل کرنیوالا۔

متکسر - توڑنیوالا اور ٹوٹنے والا۔

متبحر - فاضل - اجل بڑا عالم۔

مُتضرَّر - ضرر و تکلیف پہونچایا گیا۔

مُتضرِّر - ضرر پہونچانے والا۔

متشاعر - جھوٹ موٹھ شاعر بننا۔

متعذر - دشوار ہونا صاحب عذر ہونا۔

متنفر - نفرت کرنیوالا۔

متبادر - پیشی پکڑنیوالا اور تیزی سے دوڑنے والا۔

متعسر - نہایت دشوار اور تنگ۔

متحیر - حیرت کی حالت مین۔

متاثر - اثر قبول کرنے والا۔

متاخر - پیچھے رہنے والا۔

متصور - خیال مین لایا گیا۔

متغیر - ایک حالت سے دوسری حالت مین آیا ہوا۔

متفکر - فکر اور اندیشے مین۔

متکبر - غرور اور بڑائی مین آیا ہوا۔

متواتر - پے درپے - بار بار۔

متوافر - وافر ہونیوالا - زیادتی اختیار کرنیوالا۔

متجاوز - تجاوز کرنیوالا - حد سے گزرنیوالا۔

متلبس - پوشاک پہننے والا - چھپنے والا۔

متجسس - تلاش کرنیوالا - ڈھونڈھنے والا۔

مترس - وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے واسطے بند کرنیکے لگاتے ہین

متنفس - کوئی شخص - کوئی آدمی۔

متعطش - تشنہ پینے پیاسا پانی کا۔

مترش - داڑھی منڈا یہ لفظ بتصرف اہل فارس فارسی سے عربی بنایا گیا۔

متفتش - تفتیش کرنیوالا ڈھونڈھنے والا۔

متوحش - وحشت اختیار کرنیوالا۔

متفحص - جستجو کرنیوالا متلاشی۔

متخصص - خصوصیت رکھنے والا۔

متعرض - پیش آنیوالا۔

متسلَّط - بفتح لام مشددہ وہ شخص جسپر قبضہ و تصرف پایا ہو۔

متسلِّط - بکسر لام مشددہ قبضہ و تسلط پانے والا۔

متساقط - گرجانیوالا - سقط ہونیوالا۔

متورع - پرہیزگار و پارسا۔

متوزع - بتشدید زاے معجمہ پراگندہ و پریشان۔

متاع - اسباب اور جس چیز سے فائدہ پائین۔

متفرع - کسی چیز سے شاخ کیطرح باہر نکلنے والا۔

متصدع - دردسر پانیوالا۔

متسع - فراخ ہونے والا۔

متدرع - زرہ پوش۔

متضرع - تضرع و زاری کرنیوالا۔

متتبع - پیروی و متابعت کرنیوالا۔

متنوع - گوناگون ہونیوالا۔

متمتع - فائدہ اٹھانے والا۔

متواضع - تواضع کرنے والا۔

متوقع - اُمید رکھنے والا۔

متضعف - بہت ضعیف ہونے والا۔

متکاثف- غلیظ اور موٹا ہونیوالا-

متصرف- قابض و دخیل ہونیوالا-

متصف- صفت کیا گیا-

متلف- تلف و ضایع کرنے والا-

متحف- تحفہ دینے والا-

متعفف- عفیف و متقی و پارسا-

متضائف- آپسمین نسبت رکھنے والا-

مترادف- پے درپے سار بار اور ایکدوسرے کے پیچھے چلنے والے اور وہ دو تین لفظ جنکے معنے ایک ہون چنانچہ قلب اور جان اور فوآد کہ تینون کے معنے دل ہین-

متلہف- غمناک اور افسوس کھانیوالا-

متعنف- بدخو و درشت گو-

متاسف- افسوس کی حالت مین-

متالف- الفت کرنے والا-

متعارف- جان پہچان-

متکلف- تکلیف دینے والا-

متوقف- توقف کرنیوالا- ٹھہرنیوالا-

متمزق- یکسر ازے معجمہ مشدد ٹکڑے ہونیوالا-

متطرق- راستہ چلنے والا-

متفرق- فرق اور فاصلہ مین الگ الگ-

متضائق- تنگی کرنیوالا-

متفق- اتفاق کی حالت مین-

متحقق- تحقیق کیا گیا- راست و درست-

متعلق- تعلق کیا گیا- لگاؤ رکھنے والا-

متعارک- گوشمالی دینے والا حاجت روائی کرنیوالا- کامیاب ہونیوالا- لڑنے والا- انبوہ کرنے والا-

متبرک- برکت والا-

متحرک- حرکت کرنے والا-

متروک- ترک کیا گیا- چھوڑ دیا گیا-

متراک- نام ایک منزل کا ہی منازل قمر سے-

متک- ترنج جو مشہور میوہ ہی-

متکفل- ضامن اور ذمہ دار-

متزلزل- کانپنے والا اور ہلنے والا-

متخلخل- خلل ڈالنے والا-

متماثل- مشابہ و مانند-

متفاول- فال لینے والا-

متاہل- گھربار والا- عیالدار-

متمایل- میل اور خواہش کرنے والا-

متداول- نوبت بنوبت لیا گیا-

مترسل- خط بھیجنے والا-

متحمل- بار اٹھانے والا-

متعال- بلند ہونے والا-

متامل- فکر اور اندیشے اور توقف مین-

متبدل- تبدیل کیا گیا- بدلا گیا-

متجاہل- جان بوجھکر بیخبر ہونے والا-

متخیل- خیال کیا گیا-

متشکل- صورت اختیار کرنیوالا-

متصل- پاس پاس-

متوسل- وسیلہ پکڑا گیا-

متوصل- وصل کیا گیا- پیوند لگایا گیا-

متوکل- خدا پر بھروسا کرنے والا-

متیل- شمعدان بتی جلانے کا-

متالم- دردمند و دردناک-

متلاطم- طمانچہ مارنے والا- دھکا دینے والا یہ لفظ دریا کی موجون کے ذکر مین استعمال کیا جاتا ہی-

مترجم- ترجمہ کرنیوالا ایک زبان سے دوسری زبان مین اور بفتح جیم ترجمہ کیا گیا-

متبسم- شگفتہ ہونے والا- بے آواز ہنسنے والا-

متراکم- ہجوم و انبوہ کرنیوالا-

مترسم- لکھنے والا اور رسم کرنے والا-

متظلم- دادخواہ فریادی-

متسم- داغ کیا گیا- نشان لگایا گیا-

متحتم- واجب اور لازم-

متعلم- شاگرد- علم پڑھنے والا-

مترنم- سرود کرنے والا-

متمم- تمام کرنے والا- کامل کرنے والا-

متنعم- ناز و نعمت سے پرورش پانے والا-

متخاصم - خصومت کرنیوالا -

متقدم - پیش ہونے والا -

متکلم - کلام کرنے والا - بولنے والا -

متوہم - وہم کرنیوالا -

متہم - جسپر کوئی تہمت لگائی جاے -

متدین - دیندار -

متن - پشت و استوار و محکم اور جگہ بلند اور سخت اور وہ کتاب کی
عبارت جسکی تشریح حاشیہ پر ہو -

متین - استوار و محکم و مضبوط - نعتیہ از مؤلف - ہادی دین متین
خیر الرسل + رہبر عالم محمد مصطفےٰ +

متہاون - سستی کرنیوالا - کاہل +

متحصن - قلعہ بند و قلعہ نشین -

متقن - استوار اور محکم و مضبوط -

متباین - آپس سے جدا ہونیوالے -

متلون - رنگ برنگ جو ایک بات پر قایم نہو -

متمکن - مکان پکڑنے والا - ٹھہرنے والا -

متکلمین - بہت سے کلام کرنیوالے -

متوطن - وطن پکڑنے والا - سکونت کرنے والا -

متاخرین - پچھلے زمانہ کے لوگ -

متخاصمین - آپسمین لڑنے والے -

متعین - جو بات قرار پا چکی ہو مقرر شدہ -

متضمن - ضمن مین لینے والا - پیٹ مین لینے والا - شامل -

متنبہ - خبردار و آگاہ کیا گیا -

متداولہ - نوبت بنوبت لیا گیا - دست بدست پھیرا گیا -

متقنہ - استوار و محکم و مضبوط ہونیوالا -

متنوعہ - کئی قسم ہونیوالا -

متخیلہ - خیال کیا گیا اور نام ایک قوت دماغی کا ہی -

متاجرہ - تجارت کرنا - سوداگری کرنا -

متجبرہ - ظالمون اور جبر کرنے والون کا فرقہ -

متضادہ - آپسمین ضد کرنے والا -

متناہیہ - کسی چیز کی انتہا کو پہونچنے والا -

متتالیہ - پے درپے آنے والا -

متدارکہ - پانیوالا گم شدہ چیز کو -

متہ - برمہ ترکھانون کا جس سے لکڑ مین سوراخ کرتے ہین -

متعذبہ - خوشگوار اور شیرین کھانا اور عذاب کرنے والا -

متارہ - آفتابہ ٹونٹی دار -

متوجہ - توجہ کرنے والا - کسی طرف منہ کرنے والا -

متکی - تکیہ کرنیوالا - بھروسا رکھنے والا -

متناہی - انتہا پر پہونچنے والا -

متولی - صاحب ولایت - مختار کار اور دوستی رکھنے والا -

متمنی - آرزو کیا گیا -

متعدی - تجاوز کرنے والا اپنی حد سے اور وہ فعل جو فاعل سے تجاوز کرکے
مفعول تک پہونچے مقابل لازمی کے کہ اپنے فاعل سے تجاوز نہین کرتا -

متواری - پوشیدہ ہونیوالا - طالب آملی - دمی کہ عقرب کلکش
بجنبش آمد نیش + شود حسود بسوراخ مار متواری +

متوازی - برابر ہونے والا -

متساوی - برابر ہونے والا -

متصدی - آگے آنے والا -

متاذی - ایذا اور تکلیف دینے والا -

متعالی - بلند ہونے والا -

متوالی - پے درپے آنیوالا -

متلالی - روشن ہونیوالا -

متلقی - ملاقات کرنے والا -

متجلی - روشن اور چمکتا ہوا -

متحلی - زیور پہنے ہوے آراستہ پیراستہ -

مترقی - بڑھنے والا - زیادہ ہونے والا -

متراقی - افسون خوان - منتری -

متلاشی - پریشان و خراب و معدوم ماخوذ لاشے سے -

متماوی - زمانہ دراز -

متمشی - جاری اور روان - سعید اشرف - اپنے اومرو لے کبک کہ
لیے بطور خرام + نیست کارے کہ زہر کس متمشی گردد +

متشکی - شک کرنیوالا -

متقاضی - تقاضا کرنے والا -

میم با تاے مثلث

مثنی - دوبارہ کیا گیا - دوبارہ لایا گیا - ع - جو کافی بود ذات واحد خود
در بزم یکتائی + نشد حاجت کہ بیند دیدۂ مردم مثنی را +

مثوے - جاے آرام و قرارگاه -
مثقب - بکسر اول برمہ جس سے نجار لکڑی مین سوراخ کرتے ہین -
مثالب - بہت سے عیب اور برائیان -
مثیب - پاداش دینے والا اور اعتدال مزاج پر آنیوالا -
مثاب - بفتح اول مقام مراجعت اور نیز وہ جگہ جہان بہت سے آدمی جمع ہون -
مثلب - بضم اول وہ راستہ جو پہاڑ مین ہو و جزا و پاداش اور اجر دیا گیا -
مثبت - بضم اول و سکون ثانی و فتح ثالث لکھا گیا اور ثابت کیا گیا -
مثبت - بضم اول و فتح ثانی و باے موحدہ مشدد مفتوح برقرار رکھا گیا
مثوبت - جزا نیکی کی -
مثوبات - نکوئی کی جزائین -
مثلث - تین حصے کیا گیا سہ گوشہ کیا گیا اور نام ایک خوشبو کا کہ مشک اور صندل و کافور سے بناتے ہین اور ایک قسم کی شراب اور وہ لفظ جسکے تین حرف ہون چنانچہ مہار و ماہ وغیرہ اور نام ایک شکل کا اشکال تعویذات سے -
مثمر - میوہ دار درخت +
مثرد یطوس - یونانی زبان مین ایک معجون کا نام ہی -
مثرو طاس - برا طاس جسمین عرب لوگ ترید کھاتے ہین اور ترید روٹی کے ٹکڑے شوربا مین بھگوئے ہوے ہوتے ہین -
مثلثات الافلاک - آسمان کے بارہ بروج جو تین تین آتشی خاکی آبی بادی ہین چنانچہ تین برج آتشی حمل اسد قوس اور تین برج بادی جوزا میزان دلو اور خاکی ثور سنبلہ جدی اور آبی سرطان عقرب حوت ہین -
مثقال - ایک وزن ہی ساڑھے چار ماشہ کا -
مثیل - امالہ مثال کا -
مثال - شبیہ و نظیر و تصویر و حکمنامہ قاضی و مانند و فرمان بادشاہی و پروانہ و مطلق حکم اور عالم مثال ایک عالم ہی فروتر عالم ارواح سے اور عالم خواب کو عالم مثال کہتے ہین - طاہر وحید - بو سیو ایم سکینہ اش از روے پیرہن + انصار دہ لباس مثالی گرفتہ ایم +
مثل - مانند و مساوی جمیع صفات کو کہتے ہین اور مثال کو مساوات بجمیع صفات شرط نہین -
مثل - بفتحتین مانند و داستان اور قصہ و حکایت جو مشہور ہو - باقر کاشی مثلی زن مثل زد کہ تخم بدی + سرابش دہد آب نا بخردی +
مثمن - ہشت پہلو اور آٹھ حصہ کیا گیا -
مثنان - سریانی زبان مین گرم دانہ کو کہتے ہین جو ایک قسم ازریون سے ہی -
مثابہ - مانند یہ لفظ واسطے تشبیہ کے لایا جاتا ہی اور اصل مین اسم ظرف ہی ثوب سے جسکے معنے بازگشت کے ہین -

مثالہ - بادشاہی فرمان -
مثانہ - وہ اندرونی عضو جسمین پیشاب جمع ہوتا ہی -
مثلہ - کاٹنا کان اور ناک کا اور عذاب کرنا -
مثوبہ - جزا نیکی کی اور ثواب عبادت کا -
مثانی - سورۂ فاتحہ کہ دو رکعت نماز مین دو بار پڑھی جاتی ہی -
مثنوی - وہ نظم جسکی ہر بیت مین دو قافیہ و ردیف ہون - مولوی معنوی مثنوی مولوی معنوی + ہست قرآن در زبان پہلوی +

میم با جیم

مچلکا - ترکی مین وہ اقرارنامہ جو مجرم سے لکھایا جاے -
مجرا - بضم اول روان کرنا اور روان کیا گیا -
مجرا - بفتح اول روان ہونیکی جگہ -
مجتبی - برگزیدہ چنا ہوا - نعتیہ از مؤلف - مجتبی خیر الورا نور الہدی صل علی + احمد مرسل محمد مصطفے اصل علی +
مجازا - مخفف مجازات جزا دینا - بدلہ دینا -
مجزا - پارہ پارہ اور جزو جزو کیا گیا -
مجاذیب - جمع مجذوب کی بہت سے دیوانے -
مجیب - اجابت کیا گیا -
مجاب - جواب دینے والا اور قبول کرنے والا -
مجتنب - پرہیز کرنیوالا - دور رہنے والا -
مجردات - عقول عشرہ و ارواح و ملائک -
مجملات - قرآن مجید کی وہ آیتین جنکے معانی تفصیل چاہتے ہین -
مجہورات - قاریونکے نزدیک حروف تہجی مین سے انیس حرف ہین سواے دس حرف مہموسہ کے
مجانبت - یکسو ہونا - ایک طرف ہونا -
مجاعت - بھوکا ہونا گرسنہ ہونا -
مجاملت - نکوئی کرنا -
مجامعت - ہمبستری کرنا - جماع کرنا -
مجالست - ملکر بیٹھنا -
مجانست - ہمجنسی و ہمقومی کرنا -
مجاورت - ہمسایگی کرنا -
مجیت - آمدن یعنی آنا -
مجابات - جوابی باتین -
مجازات - عوض دینا نیکی یا بدی مین -
مجتث - بیخ سے اکھاڑا گیا اور نام ایک بحر کا نظم کی انیس بحرون سے -

مج - غلہ ماش جو مشہور غلہ ہے۔
مج - بہ تخفیف جیم مخفف ماج جسکے معنے چاندکے ہین اور کج یعنے ٹیڑھا۔
مجنح - بہ حائے حطی بروزن مفرح صاحب جناح یعنے بازو پردار جانور۔
مجتہد - اجتہاد کرنے والا راہ صواب پیدا کرنے والا۔
مجید - بزرگوار و گرامی۔
مجمد - وہ رقیق چیز جو سردی سے جم جائے۔
مجہود - جہد کیا گیا استطاعت و قدرت کیا گیا۔
مجعد - مرغول بال - پیچدار بال۔
مجدد - نیا کرنیوالا تازہ کرنے والا۔
مجدود - صاحب بخت و روزی اور نام حکیم سنائی کا۔
مجاہد - کفار کے ساتھ لڑنیوالا۔
مجد - بزرگی اور بزرگوار ہونا۔
مجرد - اکیلا تارک الدنیا - مرد بے زن - **سعدی** - مجرد بمعنی نہ عارف
بدلق + کہ بیرون کند دست حاجت بخلق +
مجمر - بالکسر و بالضم انگیٹھی آگ جلانیکی اور عود سوز جسمین خوشبو جلاتے ہین
آرزو - آن سپند گلشن آرائے بہار آتشم + کز نسیم نالۂ من گلشن مجمر شگفت +
مجیر - دستگیر - مددگار - پناہ دینے والا۔
مجدر - بروزن منور جسکو جدری کی بیماری ہو یعنے سیتلا کی بیماری اور منقش رو۔
مجذور - حسابمین حاصل ضرب قسم مثلا دو کو دو مین ضرب کیا تو چار حاصل ہوے۔
مجاور - ہمسایہ - دیوار بدیوار رہنے والا۔
مجبور - جبر کیا گیا - زبردستی کسی کام پر لگایا گیا - **توحید** - زمال و دولت
و اولاد دست بردارد + دم اخیر شود چونکہ آدمی مجبور +
مجتاز - تجاوز کرنے والا۔
مجاز - راستہ اور گذرگاہ مقابل حقیقت کے - **مولانا جامی** - دلا
تاکے درین کاخ مجازی + کنی مانند طفلان خاکبازی +
مجوز - بکسر واو تجویز کرنے والا۔
مجوز - بفتح واو تجویز کیا گیا۔
مجاہز - درستی کرنے والا اسباب و سامان کا۔
مجسس - بفتحتین و تشدید سین ہاتھ رکھنے کی جگہ اور ہاتھ رکھنا طبیب کا
بیمار کی نبض پر۔
مجلس - بیٹھنے کی جگہ - آرام کی جگہ۔
مجالس - جمع مجلس کی بہت سی مجلسین۔
مجوس - قوم آتش پرست جنکا پیشوا زردشت حکیم تھا - **توحید**
وجود ذات دہر جلوہ از شہود صفات + چو جان بپردۂ جسم و چو شمع در فانوس +
بہر طریق پرستید خدائے واحد را + ہنود مسلم و عیسائی و یہود و مجوس +
مجصص - گچ کیا گیا - سپیدی کیا گیا۔
مجامع - جمع ہونے کے مقام۔
مجداف - وہ لکڑی جس سے کشتی چلاتے ہین ہندی مین اسکو پتوار اور چپا کہتے ہین
مجوف - جو چیز اندر سے خالی یعنے پولی ہو۔
مجفف - خشک کرنیوالا۔
مجرک - مفت کام کرانا لوگونسے بغیر دینے اجرت کے بیگار کام لینا۔
مجاجنک - مصنوعی چرمی آلہ تناسل جسمین پیسے بھرے ہوتے ہین
اور شہوت پرست عورتین اس سے اپنی حاجت رفع کرتی ہین۔
مجال - قدرت امکان طاقت - **سعدی** - مجال سخن تا نہ بینی
بہ پیش + بہ بیہودہ گفتن مبر قدر خویش +
مجمل - جو بات مفصل نہ کہی جاے تھوڑی لفظونمین بیان کی جاوے۔
مجبول - جبلی اور طبعی اور پیدائی ہوئی۔
مجہول - بیخبر و جاہل و نادان۔
مجذوم - جسکو بیماری جذام کی ہو۔
مجزوم - کاٹا گیا اور یقین کیا گیا۔
مجان - مفت بغیر قیمت اور رائگان۔
مجون - بیباکی و بے خوفی و شوخی۔
مجن - بکسر میم و فتح جیم سپر یعنے ڈھال۔
مجنون - صاحب جنون - دیوانہ اور لقب قیس کا جو لیلی پر عاشق تھا
توحید - سگے مجنون نے فریاد گشتی + گہی شیرین شدی و گاہ لیلا + چو در
یوسف جمال خود نمودی + فدا جان کرد در عشقش زلیخا +
مجانین - بہت سے دیوانے۔
مجمع البحرین - ایک مقام کا نام ہے جس جگہ دریاے روم و دریاے
فارس جمع ہوے ہین اور موسی علیہ السلام اور خضرؑ کی ملاقات
اسی موقع پر ہوئی تھی۔
مجزور - نام ایک بحر کا ہے بحور نظم سے۔
مجاہدہ - رنج و مشقت و محنت اور جنگ کرنا ساتھ کفار کے اسلام کے واسطے
مجندہ - جمع کیا گیا اور جگہ جمع ہونیکی لشکر و فوج کے ماخوذ تجنید سے
جسکے معنی لشکر جمع کرنے کے ہین۔
مجمع علیہ - جس بات پر قوم کا اجماع ہو۔
مجنہ - نام ایک بازار کا مکہ معظمہ مین۔

مجاوبہ - جواب دینا -

مجرہ - کہکشان جو خط سفید آسمان پر نظر آتا ہی -

مجسطی - نام ایک کتاب کا ریاضی کے علم مین مشتمل بر اصول و اشکال علم ہندسہ موجد جسکا بطلیموس حکیم ہی بعض اس علم کو حکیم اقلیدس کے ساتھ منسوب کرتے ہین اور کتاب مجسطی موجودہ حال نصیر الدین طوسی کا ترجمہ ہی -

مجلی - روشن کرنے والا -

مجازی - جو غیر حقیقی ہو -

مجالی - روشن ہونیکا مقام جلا ہونیکی جگہ اور آئینہ جو جلا کے لایق ہو -

مجاری - جاری ہونیکی جگہ بدرو وغیرہ -

مجی - آمدن یعنے آنا -

مجری - جو رقم حساب مین محسوب ہو جاے اور سلام و تعظیم - **محسن تاثیر** - مرا با کوہ تمکینی سرو کار ست از قسمت + کہ گر سیلاب خون گریم نگردد بیش او مجرے + **آرزو** - بکویش بوے گل گم میکند خود از معزدی + کجا مجراے بلبل آن قیامت ناز میگیرد +

مجدری - ایک قسم کے خربزہ کا نام ہی - **محسن تاثیر** - ہر جا بلطف تربیت مجبر + آمنا گوے شہد مجدرے +

مجرائی - واجبی تنخواہ اور عامر باش آدمی - **عقیل** **آفرین لاہوری** - شہ سپاہ تغافل پے صف آرائی ست + نقیب ناله ہے کاشک مجرائی ہست +

میم با حاے حطی

محابا - مروت و امانت و امداد و صلح و پاس خاطر - **صائب** - روشندلان ز مرگ محابا نمی کنند + خورشید را ملاحظہ از زوال نیست +

محذا - **محذی** - موچیون کی راہی -

محلا - **محلی** - آراستہ سنگار کیا ہوا - زیور پہنایا ہوا اور خوبصورت چہرہ

محیا - چہرہ آدمی کا -

محمد سپہر تحیی - امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ -

محاکا - بات چیت باہمی -

محب - دوست پیارا - محبتی - **نعتیہ از مؤلف** - محبان خدا سے لایزال اند + بقرب حق محبان محمدؐ +

محراب - طاق اندرونی مسجد معنے اسکے جاے حرب یعنے جنگ کی جگہ کہ اس جگہ جا کر اہل عبادت نفس سرکش کے ساتھ جنگ کرتے ہین - **نعتیہ از مؤلف** سرافرازان جو ابرویت بدیدند + بمحراب عبادت سر نہادند +

محسوب - حساب در شمار مین لایا گیا - **توحید** - بیہوش یعنے منو طالب لے مطلوب + کہ خوب از ہمہ خوبان تعالیٰ بچہرہ خوب + رفیق اہل دلا نی فقط تواے دلدار + محب اہل محبت تو ہستی اے محبوب + تو نور حسن بخسار بوسلف افزودی + تو نور دیدہ ربودی ز دیدۂ یعقوب + ز ہر شمار شمار تو در شمار آید + بہر حساب حساب تو میشود محسوب +

محلب - دودھ دوہنے کا برتن اور نام ایک درخت کا جسکی لکڑی مین نہایت خوشبو ہوتی ہی -

محتسب - نائب قاضی کا جو شہر مین گشت کرکے لوگونکو ممنوع چیزون سے منع کرتا ہی - **سعدی** - و رندانی کہ در نہانش چیست + محتسب را درون خانہ چہ کار +

محتجب - پردہ مین رہنے والا - پوشیدہ چھپا ہوا -

محبوب - بہت پیارا دوست - **توحید** - تو مطلوبے تو مرغوبے تو محبوب خوش اسلوبے + تو تی در ابتدا ملجا تو تی در انتہا منشا +

محجوب - صاحب حجاب - پردہ دار - **توحید** - فروغ نقد تو آید نظر نہ پردہ تو ئی حجاب تو ئی حاجب و تو ئی محجوب +

محمدت - ستایش و صفت و ثنا -

محسنات - نیکیان اور نیک عورتین جمع محسنہ کی -

محاملت - آپسمین بار اٹھانا -

محتجبات - پردہ نشین عورتین -

محاربات - بہت سی لڑائیان -

محاکمات - مقدمے اور فیصلے -

محکمات - وہ قرآن کی آیتین جسکی معنی صریح سمجھ مین آجائین -

محاکات - باہمی گفتگو کرنا -

محبت - دوستی کرنا - پیار کرنا - **ع** - بقرب حق محبت میرساند + زبندعد و سیج بغم رہانند +

محاذات - مقابل ہونا - معروہونا -

محیات - زندہ کی ہوئی جماعت -

محاضرات - تواریخ کا علم -

محاورت - جواب دینا -

محاورات - ہکلامیان -

محاولت - طلب کرنا چاہنا -

محرمات - ایک قسم کی چھینٹ ہی جسکو چھینٹ محرمات کہتے ہین - **محمد سعید اشرف** - ہنگا منہ محرمست وفات ست دلم + بنزلہ ز گلزار حیات ست دلم + از کبس الف زخم کشیدم برسر + از سر تا پا محرمات ست دلم +

محنت - تکلیف - رنج - دکھ - **مؤلف** - چگونہ این مسافر دل بہ بند + بمحنت خانۂ دنیاے فانی -

محروت - درخت انجدان جسکے گوند کو حلتیت کہتے ہین -

محدث - بکسر دال نیا پیدا کرنے والا اور بفتح دال نیا پیدا کیا گیا اور بے وضو

محدث - عالم علم حدیث کا قطعہ از مؤلف - آمدند و باز رفتند از جہان + بادشاہان زمانہ نامدار + اہل ملک و صاحب سیف قلم + عالم و فاضل محدث بیشمار +

محلوج - وہ روئی جس سے بنولے نکالے ہوے ہون یا روئی دھنی ہوئی ہو -

مح - بہ حاے مہملہ مرغ کے انڈے کی زردی -

محامد - تعریفین اور نیک خصلتین محمدت کی جمع ہی -

محمود - تعریف کیا گیا اور ایک نام اسامی گرامی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا جسکو سلطان محمود غزنوی کہتے تھے اور نام ایک بڑے ہاتھی کا جو ابرہہ کے لشکر مین تھا جو حبش سے کعبہ معظمہ کے انہدام کے واسطے مکہ مین آیا تھا اور غیبی لشکر ابابیل نے اُسکو مع لشکر برباد کر دیا اور نام ایک مشہور مسخرے کا جو ایران مین رہتا تھا -

محمد - تعریف کیا گیا اور نام نامی حضرت خاتم المرسلین احمد مجتبی کا صلی اللہ علیہ وسلم نعتیہ از مؤلف - خدا شد خود ثنا خوان محمد + ہمین بس در جہان شان محمد +

محور - بکسر میم وفتح واو گرد پھرنا اور نام اُس تیر یعنے لکڑی کا جسکے ذریعہ سے دولاب پھرتا ہی -

محیر - نام ایک پردہ موسیقی کا -

محتکر - غلہ فروش جو بامید گران ہونے غلہ کے غلہ بھر رکھے جب گران ہو تو نفع اٹھا کر فروخت کرے -

محرور - گرم مزاج - صاحب حرارت -

محشور - اٹھایا گیا - حشر کیا گیا -

محضر - جاے حاضری - حاضری کا مقام اور کاغذ جو کسی امر کی شہادت کے لیے لکھکر گواہون کی گواہیان اسپر لکھائی جائین وصورت وشکل صائب - بجنون خویش سرانجام مید ہد محضر + سیہ دلے کہ چو طاؤس در خود آرائی ست +

محرر - تحریر کرنیوالا - لکھنے والا - کاتب و بفتح راے اول لکھا گیا اور آزاد کیا گیا -

محشر - مقام اور وقت اٹھانیکا - قیامت کا دن - سعدی بحشر گواہ گناہم گر او ست + ز دوزخ نہ ترسم کہ کارم نکو ست +

محذور - خوف کیا گیا یعنے جس سے خوف آئے -

محظور - بظاے معجمہ حرام کیا گیا - منع کیا گیا -

محقر - ناچیز وحقیر -

محترز - احتراز کرنیوالا - پرہیز کرنے والا - اپنے آپکو بچانیوالا -

محبس - مقام حبس قید خانہ - ذوقی - طالب حق فی الحقیقت تا رہا گردد نشدم + پا بزنجیر ست اندر محبس دنیاے دون +

محسوس - جانا گیا دریافت کیا گیا ساتھ ایک حس کے حواس خمسہ سے -

محروس - حراست مین رکھا گیا - نگاہ رکھا گیا -

محشوس - جلا ہوا - آلودہ ہوا ہوا - ماخوذ حش سے جو بفتح حاے و تشدید شین آگ جلانے و براز و قضاے حاجت کے معنے رکھتا ہی -

محیص - خلاصی پانا وخلاص کرنا -

محرص - حرص مین ڈالنے والا -

محرض - بہ ضاد معجمہ ورغلانے والا کسی کو کسی کی لڑائی پر برانگیختہ کرنیوالا

محیض - جو عورت حیض مین ہو -

محض - صرف اور خالص -

محیط - احاطہ ڈالنے والا گھیرنے والا اور سمندر جسکو دریاے محیط کہتے ہین اور نام کتاب امام غزالی کا - سعدی - محیط ست علم ملک بر بسیط + قیاس تو بروے نگردد محیط +

محظوظ - بہرہ مند وصاحب نصیب -

محنظ - بہرہ یاب وصاحب قسمت -

محفوف - گرداگرد پکڑا گیا -

محذوف - کاٹا گیا اور گھوڑا دم بریدہ -

محرف - بفتح راے راستی سے کجی کی طرف پھیرا گیا - ٹیڑھا کیا گیا -

محرِف - بفتح راے کج کرنے والا -

محترف - ہم کسب وہم پیشہ -

محترق - بکسر راے جلنے والا - سوختہ ہونے والا -

محقق - بضم میم وفتح حاے حطی وقاف اول مشدد مکسور تحقیق کرنیوالا اور وہ شخص جو بات کو بدلیل ثابت کرے -

محقوق - راست ودرست کیا گیا -

محق - بفتح میم وسکون حاے حطی باطل کرنا - پاک کرنا -

محق - بضم میم وکسر حاے وہ شخص جسکے حق بجانب ہو -

محاق - بہرسہ حرکات میم گھٹنا چاند کا جو پندرھوین تاریخ سے شروع ہوتا ہی اور تین روز اخیر ہر ایک چاند کے -

محرق - بضم میم وکسر راے جلانے والا و بفتح راے جلایا گیا -

محک - بفتحتین وبکسر اول وفتح حاے سنگ زر کش جسکو ہند مین کسوٹی کہتے ہین - صائب - سفلگان را نزد چرخ چو نیکان بر سنگ محک + سیم و زر را زہر مس وآہن نیست +

محراک - بہت حرکت دینیوالا اور افسوس کرنیوالا اور نام اسرفیل علیہ السلام کا -

محفل - دوستونکی مجلس اور مجمع ماخوذ حفل سے جسکے معنی لوگون کے جمع

ہونے کے ہین۔ توحید۔ مشو بصورت زیبائے این جہان مائل + کہ بسست زود بجز اندرو رنج وغم حاصل + بزینت دنیاے دون مشو نازان + کہ ہست بہر دو سہ روز گرم این محفل +

محافل۔ جمع محفل بہت سی مجلسین۔

محل۔ جگہ۔ مقام۔ قدر و منزلت و وقت۔ سعدی۔ منہ آبروے ریا را محل + کہ این آب در زیر دارد وحل + صائب۔ باران بے محل ندہد نفع کشت را + بر وقت پیری اشک ندامت چہ فائدہ +

محمل۔ بارگیر۔ ہودج۔ کجاوہ۔ سواری کا۔ صائب۔ بہ لیلی ہم دارند مجنون را ازین غافل + کہ دارد گفتگوے مردم دیوانہ محمل ہا۔

مُحال۔ بضم اول ناشدنی و نابودنی اور ناممکن امر۔

مَحال۔ بفتح اول مکان۔ اترنے کے مکان جمع محل۔

مِحال۔ بکسر اول مکر و حیلہ۔

محلول۔ حل کیا ہوا۔

محتمل۔ احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔

محاول۔ حوالہ کرنیوالا۔

محجل۔ گھوڑا سرخ رنگ یا سیاہ رنگ جسکے چارون پانون سفید ہون۔

محصل۔ حاصل کرنے والا۔

محیل۔ حیلہ گر و مکار۔

محول۔ مصور کے وزن پر حوالہ کرنے والا۔ سپرد کرنیوالا۔

محمول۔ گمان کیا گیا۔ خیال کیا گیا۔

محتوم۔ واجب کیا گیا۔

محتشم۔ صاحب حشمت بہت سے نوکرون والا۔

محرم۔ حرام کیا گیا اور نام ایک مہینے کا جسکی دسوین تاریخ جناب امام حسین علیہ السلام کی شہادت ہوئی تھی۔ جعفر زٹلی۔ گر جشن ہر دو عید نباشد نصیب تو + این گریہ ہاے ماہ محرم غنیمت ست +

محرم۔ بضم میم و کسر را وہ شخص جسنے حرم مین داخل ہوکر احرام باندھا ہو۔

محرم۔ واقف حال ہو واقف کار اور جسکے ساتھ نکاح حرام ہو۔ محمد سعید اشرف۔ مرخود را بنا محرم نمودن خوب نیست + دختر زر را بہ محرم نمودن خوب نیست +

محروم۔ بے نصیب۔ بد قسمت۔ بے بہرہ۔ حافظ۔ زسرو قد دلجوئیت مکن محروم چشمم را + بپای چشمہ اش بنشان کہ خوش آب روان دارد +

محکوم۔ فرمانبردار۔ زیر حکم۔ ماتحت۔ توحید۔ نہ فاسق ماند مایوس از عنایت + نہ فاجر ماند از الطاف محروم + خدا حاجت روا و خلق محتاج خدا حاکم ہمہ مخلوق محکوم +

محاجم۔ نام ایک دوا کا ہی جسکو مخلصہ بھی کہتے ہین وجہ تسمیہ یہ ہی کہ ایک شخص نے اول بہار مین تین دن برابر ایک ایک مثقال اس دوا سے کھایا اور اس سال مین چند بار اسکو دشمنون نے زہر دیا مگر اثر نہوا۔

محن۔ بکسر اول و فتح ثانی جمع محنت بہت سے رنج اور تکلیفین۔ توحید۔ چو عیش و عشرت دار جہان ہمہ فانی ست + چرا است بندہ گرفتار بند رنج و محن +

محزون۔ غمناک اور اندوہگین۔ ذوقی۔ چون غمت فانی و عیشت فانی ست + در جہان محزون و غمگینی چرا +

محجن۔ چوگان جس سے گیند کھیلتے ہین۔

محضرون۔ بہت سے لوگ جو حاضر ہون۔

محصن۔ جو مرد کسی عورت سے نکاح کرے۔

محی الدین۔ زندہ کرنیوالا دین کا لقب حضرت غوث الثقلین محبوب سبحانی قطب ربانی غوث سید سلطان محی الدین شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ۔ مدحیہ از مؤلف۔ غوث اعظم قطب عالم پیر محی الدین ولی + قرۃ چشم نبی فرزند لبند علی +

محسن۔ احسان کرنیوالا نیکوکار۔

محاسن۔ جمع حسن نیکیان اور مردونکی ریش یعنے ڈاڑھی۔ سعدی۔ محاسن چو مردان نداری بدست + ترا جاے مردان نباید نشست +

محو۔ زایل و معدوم والہ و شیفتہ و عاشق۔ طالب آملی۔ بنقش کلک تو محو اند قدسیان طالب + چکیدۂ گہر ست این نہ زادۂ رقم ست +

محشو۔ بھرا ہوا۔ اور پر ہوا ہوا۔

محفہ۔ محاف۔ ہودج جسمین سوار ہوتے ہین۔ ہاتفی۔ بگفتا محافہ بدوش آورند ہم رو۔۔ے را در خروش آورند +

محبرہ۔ دوات جو جیبی قلمدان مین ہوتی ہی۔ یحیی کاشی۔ اپنے اور قلمدان کے مناظرہ مین۔ در آخر بدو گفت اے مسخرہ + چہ کردی تو بابر بدین محبرہ +

مجوبہ۔ ستر اور عورت۔

محلہ۔ اترنے کی جگہ اور مقام اور آبادی۔

محوطہ۔ احاطہ کی جگہ اور مقام نگاہداشت +

محاربہ۔ جنگ و کارزار۔ لڑائی۔

محاکمہ۔ دعوے۔ فریاد۔ نالش جو حاکم کے پاس کی جاے۔

محکمہ۔ جاے حکومت۔ عدالت کی کچہری۔

محیلہ۔ مکار عورت۔

محجمہ۔ استرہ جس سے حجامت کرتے ہین۔

محتالہ۔ مکار عورت۔

محروسہ۔ نگاہبانی کیا گیا۔ حفاظت مین لیا گیا۔

محاورہ - آپسمین کلام کرنا - جواب دینا -
محاصرہ - حصار مین لینا - قلعہ بند کر دینا -
محترفہ - پیشہ ور لوگ - اہل حرفت -
محکیہ - حکایت کیا گیا -
محمودہ - سقمونیا جو ایک تلخ دوا ہی -
محادثہ - گفتگو کرنا -
محتوی - محیط ہونیوالا گھیرنیوالا -
محاذی - مقابل و روبرو -
محی - زندہ کرنیوالا -
محرابی - ایک قسم کی تلوار کا نام ہی -

میم با خاے

مخلا - مخلی - خالی کیا گیا اور ایک قسم کا نان خورش جو گوشت اور بادنجان سے پکاتے ہین -
مخیطا - سپستان جو مشہور دوا ہی ہندیمین اسکو لسوڑا کہتے ہین -
مخاطب - بضم میم و کسر طاے روبرو سخن کہنے والا اور مخاطب ہونے والا خطاب کرنے والا کبھی اس سے عتاب کی مراد ہوتی ہی -
مخاطب - بضم میم و فتح طاے جسکو خطاب کیا جاے -
مخلب - پنجہ جانور شکاری کا مثل باز و جرہ و شیر وغیرہ -
مخالب - جمع مخلب پنجے شکاری جانورون کے -
مخرب - خراب اور ویران کرنے والا -
مخضب - رنگین کیا گیا - خضاب کیا گیا -
مخاطبات - مراسلات و مکاتبات - گفتگوئین اور تقریرین -
مخادعت - مکر و فریب -
مخادعات - بہت سے مکر و فریب -
مخدرات - پردہ نشین عورتین ماخوذ خدر سے جو بکسر خاے ہی اور معنی اسکے پردہ کے ہین -
مخدرات - بکسر دال بے خوابیان اور سستیان بدن کی -
مخالطت - آمیزش اور ملاپ -
مخافت - ڈرنا - خوف کرنا -
مخلات - توبڑہ گھوڑے کا جسمین دانہ ڈالکر اسکو کھلاتے ہین -
مخزونات - چھپی باتین اور مخفی ارادے -
مخطورات - خطرے اور اندیشے جو دل سے اٹھین -
مخالفت - عداوت - دشمنی - بیر -
مخافتت - آہستہ پڑھنا -

مخاصمت - عداوت - دشمنی - بیر -
مخلوقات - خدا کی پیدایش -
مخنث - حیز یعنے وہ شخص جسنے آلہ تناسل خود کاٹ دیا ہو - **ذوقی** - محبت ست محبت علالت مردان + مخنث ست اگر در دلش محبت نیست +
مخرج - بفتح اول و سوم باہر نکلنے کی جگہ مقام خروج -
مخرج - بضم اول و کسر ثالث باہر نکالنے والا -
مخاج - ایک گھانس کا نام ہی جب اسکو چارپایہ کھاتا ہی مست ہو جاتا ہی -
مخ - بضم اول و تشدید خاے معجمہ سر کا مغز اور مغز جو ہڈی مین ہو اور خلاصہ ہر چیز کا
مخضود - وہ درخت جسکے کانٹے کاٹ دیے ہون -
مخلد - ہمیشہ اور ہمیشہ رہنے والا -
مخطورہ - وہ خطرہ جو دلمین پیدا ہو -
مخدر - بے حس اور سست کرنیوالا بدن کا -
مخبر - خبر دینے والا - آگاہ کرنیوالا - **ذوقی** - جہان از نیک و بد آگاہ گردید + چو آمد مخبر صادق محمدؐ +
مخیر - بفتح یاے اختیار دیا گیا -
مخیر - بکسر یاے اختیار دینے والا اور آدمی جو صاحب خیر اور نیک ہو -
مخمر - بروزن منور گوندھا گیا - خمیر کیا گیا -
مخمور - شراب پیے ہوے مست و مدہوش - **ذوقی** - یکے فرزانہ و بیدار و ہشیار + دگر مستانہ و مدہوش و مخمور +
مختصر - کوتاہ اور حرف کوتاہ محاورہ ہی **محسن تاثیر** - تا نظر کار کند سرو چمن می آید + ہر کجا مختصرے از قد رعنائی تو +
مخیز - بزاے معجمہ وہ نوکدار لوہا جو سوار اپنے موزہ کو لگاتا ہی تاکہ سواری کے وقت ایڑی لگانے مین گھوڑا تیز ہو کر چلے -
مخمس - جو چیز پانچ حصے کی گئی ہو اور ایک قسم کی نظم جو مشہور ہی اسکے ہر ایک بند مین پانچ پانچ مصرع ہوتے ہین اور نام ایک قسم کا اصول موسیقی مین جسکو ہندی مین تال کہتے ہین -
مخنوس - نام ایک حکیم یونانی کا ہی -
مخدوش - چھیلا ہوا - خدشہ مین پڑا ہوا - وسواس مین آیا ہوا -
مخروش - خراش مین پڑا ہوا -
مخلص - صاحب اخلاص و خلوص -
مختص - خاص کیا گیا -
مخصوص - خاص کیا گیا -
مخیض - بضاد معجمہ وہ دہی جسمین سے مسکہ نکال لیا ہو صرف چھاچھ باقی رہگئی ہو -

مخاض — وہ درد جو بچہ ہونے کے وقت عورت کو ہوتا ہی —
مخلط — بکسر لام مشدد ملانے والا —
مخلط — بفتح لام مشدد ملا گیا —
مخلوط — ملایا ہوا —
مخیط — بکسر میم و سکون خاے و فتح یاے سوزن یعنے سوئی —
مخیط — سیا ہوا کپڑا —
مختط — بیوسیلہ مانگنے والا اور بسبب شرم و عار کے رات کو مانگنے والا —
مخطط — جس کپڑے و کاغذ وغیرہ پر خط ہوں اور معشوق جسکے چہرہ پر خط کا آغاز ہو
مخبط — بضم میم و فتح خاے و فتح باے موحدہ مشددہ آپسمین ملا ہوا و خراب و تباہ **سعدی** — چون مخبط شد اعتدال مزاج + نہ عزیمت اثر کند نہ علاج +
مخاط — آب بینی — ناک کا فضلہ —
مخروط — چھیلا ہوا اور وہ جسم جو گاجر کیطرح ایک طرف سے موٹا اور ایکطرف سے پتلا ہو —
مخلع — خلعت دیا گیا —
مخلوع — باہر لایا گیا —
مخترع — اختراع کرنیوالا — نئی بات پیدا کرنیوالا —
مخادع — مکر و فریب کرنے والا —
مخالف — نام ایک پردہ کا موسیقی میں اور نام ایک فن کا کشتی کے فنون سے —
مخلف — پیچھے چھوڑا گیا —
مخلف — وہ اونٹ جو نو برس کی عمر سے بڑھ گیا ہو —
مختلف — بضم میم و لام مکسور اختلاف کرنے والا متفق کے مقابلے مین —
مختلف — بضم میم و لام مفتوح اختلاف کیا گیا اور وہ لغت جسکے معنی مین اختلاف ہو
مخوف — ڈرا ہوا اور خوفناک —
مخاوف — بفتح میم و کسر واو خوف کی جگہ —
مخمل باف — مخمل بننے والا — **تاثیر** — زیردستان راحت از ریخ زبر دستان بخفت + خواب مخمل کردہ مخمل باف بیداری کشید +
مخفف — تخفیف دیا گیا — ہلکا کیا گیا —
مخراق — وہ درہ جو کپڑے سے بناکر مجرم کو مارتے ہین —
مخرق — بضم میم و کسر راے مشدد ٹکڑے ٹکڑے کرنیوالا — پھاڑنیوالا —
مخنق — بضم میم و سکون خاے و فتح نون گلا پکڑا گیا گلا دبایا گیا —
مخنوق — جسکو خناق کی بیماری ہو —
مخلوق — خدا کی پیدائش —
مخذول — خوار کیا گیا مخاذیل اسکی جمع ہی —
مخل — مخل — خلل یافتہ خلل پایا ہوا **علی خراسانی** — گر بعفو الٰہی

شدہ باشد معاف کن + بسیار مخلم ز پریشانی حواس + **ولہ** — توبہ و زہد مخل گر نشود بہر شراب + جمعہ و شنبہ و ماہ رمضان ہر سہ یکے ست +
مخلخل — بفتح ہر دو خاے معجمہ وہ چیز جسکے اجزا آپسمین ملے ہوئے نہون
مختال — منکر یعنے انکار کرنے والا —
مخائل — جمع مخیلہ آثار و علامات اور مقام خیال و گمان کی اور گمان لیجانا
مخمل — مشہور کپڑا ہی —
مخیل — خیال کیا گیا —
مخل — خلل ڈالنے والا —
مخدوم — خدمت کیا گیا — باپ — پیر — استاد — بزرگ — **ف** — ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد + ہر کہ خود را دید او محروم شد +
مخادیم — جمع مخدوم کی —
مخیم — بفتح میم و سکون خاے و فتح یاے خیمہ برپا کرنیکی جگہ —
مخیم — بتشدید یاے مقام خیمہ —
مختصم — خصومت کرنیوالا —
مختوم — مہر کیا گیا —
مختم — مہر لگایا گیا — بند کیا گیا —
مخاتیم — جمع مختوم کی —
مخزن — جس جگہ خزانہ رکھا ہو —
مخازن — جمع مخزن کی —
مخزون — جو چیز خزانہ مین جمع ہو —
مخزان — قوم ترسا کا عبادت خانہ —
مختون — ختنہ کیا ہوا —
مخطوبہ — وہ عورت جسکی کسی مرد نے خواستگاری کی ہو —
مخدرہ — پردہ نشین عورت —
مخزقہ — شرمندگی و تیرگی —
مخیرہ — پھیلا ہوا اور خراب شدہ —
مخاصمہ — خصومت اور دشمنی —
مخیلہ — بضم میم و فتح خاے و فتح یاے مشدد مقام خیال یعنے دماغ —
مخیلہ — بکسر یاے تحتانی نام ایک دماغی قوت کا —
مخمصہ — اضطراب و بیقراری —
مخمل دو خوابہ — ایک قسم کے مخمل کا نام کہ دونو طرف اسکے پشم ہوتی ہی — **صائب** — اینجا بخواب غفلت و آنجا بخواب مرگ + چون مخمل دو خوابہ یکے نہالی ام +
مخمل گورکہ — ایک قسم کی مخمل ہی **محسن** — تیر ستا تیر د لباس مرا غفلتے نبود

خلاے نداشت مخمل گورک لبادہ ام +

مخاطہ سپستان جو ایک مشہور پھل ہے ہندی میں لسوڑیاں اُنکا نام ہی –

مخلصہ – ایک گھاس کا نام ہی کہ ہر ایک قسم کا علاج ہی –

مخاطرہ – خطرہ و اندیشہ –

مخطی – جو بے ارادہ کوئی خطا کر بیٹھے اور خاطی وہ جو بارادہ خطا کرے –

مخاطی – خطا کرنیوالا اور ایک قسم بلغم کا جو مشابہ بآب بینی ہو –

مخروطی – وہ شکل جوگاجر کی صورت پر ہو یعنے ایکطرف سے موٹی اور ایکطرف سے باریک

مخلصی – رہائی و سلامتی –

مخمل مشکی – سیاہ مخمل – **خالص** – از عہدۂ ہر حلقہ خطت کیست برآید +
این مخمل مشکی کہ تو داری ہمہ رنگ ست +

مخفی – پوشیدہ چھپا ہوا اور تخلص ایک عورت شاعرہ کا جسکا نام زیب النسا
تھا اور دیوان مخفی اُسکا دیوان مشہور ہی –

میم با دال

مداوا – دوا کرنا – علاج کرنا – ... – تو ئی دارو ے درد مستمندان +
مداواے درون دردمندان +

مدارا – صلح و آشتی کرنا – رعایت کرنا – **صائب** – شکستن کمر کوہ قاف
چندان نیست + بہ ور ہرکہ مدارا کند سلیمان ست + **مولوی معنوی** –
لطف حق با تو مدارا ہا کند + چونکہ از حد بگذرد رسوا کند +

مدحت – بکسر اول صفت و ثنا و ستایش –

مداہنت – بخلاف ارادہ دل کے ظاہر کرنا نفاق سے جھوٹ بولنا چرب زبانی
و خوشامد کرنا سستی کرنا –

مدرکات – عقلین اور دانشین –

مداوات – دوا کرنا علاج کرنا –

مداعبت – خوش طبعی کرنا –

مدارات – صلح و رعایت کرنا –

مدعیات – جمع مدعا –

مدت – درازی وقت کی جسقدر گذرا ہو – عرصہ دیر – **سعدی** –
دران مدت کہ ما را وقت خوش بود + ز ہجرت ششصد و پنجاہ و شش بود +
مراد ما نصیحت بود و گفتیم + حوالت با خدا کردیم و رفتیم +

مدت عدت – ایک نکاح کے فسخ کے بعد جو مدت کسی عورت کی دوسرے
نکاح کے لیے مقرر ہی اسکو عدت کہتے ہیں چنانچہ مطلقہ کے لیے تین حیض یا
تین ماہ اور بیوہ کے واسطے چار ماہ دس روز اور حاملہ کے لیے وضع حمل
تک مقرر ہی –

مداخلت – کسی امر میں دخل دینا –

مدارست – پڑھنا – پڑھانا –

مدافعت – دفع کرنا – دور کرنا –

مداومت – ہمیشگی کرنا –

مداوات – دوا کرنا – علاج کرنا –

مدارج – بہت سے درجے –

مدح – تعریف صفت و ثنا –

مداح – صفت کرنیوالا – تعریف کرنیوالا – **توحید** – بذکر اوست ہمہ خلق
در جہان مشغول + زمانہ ہست ثنا خوان زمانیان مداح +

مدیح – بروزن فصیح صفت و ستایش –

مدائح – تعریفین صفتین ستایش جمع مدح کی –

مدید – دراز یعنے لمبا اور نام ایک بحر کا جو نظم سے –

مد – کشش و افزونی و درازی اور وہ خط جو الف ممدودہ پر لکھتے ہیں اور
وہ خط جو حساب کی رقم پر کھینچتے ہیں –

مد – نام ایک پیمانہ کا جو دو رطل کا ہوتا ہی –

مداد – سیاہی جس سے لکھتے ہیں – **سامی** – سیاہ فام اگر سید ست
نورانی ست + مداد دودۂ شمع و چراغ میباشد +

مدد – یاوری کرنا – حمایت و یاری کرنا – **جمال الدین سلمان** – بمردمی
نظرے کن بمن کہ درویشم + بر ہیچ مددی دہ مرا کہ دلریشم +

مدار – جاے دور و مقام گردش و دائرہ و حلقہ – **توحید** – تو بہر عمر عزیزت
بیک دم ست مدار + مدار زیادہ ازان در جہان اُمید قرار +

مدر – بفتحتین کلوخ مٹی ڈھیلا اور زمین –

مدر – بضم میم و کسر دال و راے مشدد جاری کرنیوالا بول کا –

مدبر – بضم میم و سکون دال و فتح باے موحدہ بدبخت و بدقسمت یعنے
جسنے دولت کو پشت دی ہو –

مدبر – بضم میم و فتح دال و تشدید باے موحدہ مکسورہ صاحب تدبیر
عقلمند و دانا – **سعدی** – مدبر کہ قانون بدی نہد + ترا می برد تا بآتش
دہد + مگو ملک را این مدبر بس ست + مدبر مخوانش کہ مدبر کس ست +

مدبر – بتشدید باے مفتوح تدبیر کیا گیا اور وہ غلام جو اپنے مالک کے
مرنے کے بعد آزاد ہو –

مدرار – بہت سا پانی گرانے والا اور بادل برسنے والا –

مدروس – پرانا اور بیرونق اور چھپا ہوا –

مدارس – بکسر راے پڑھانیکی جگہ جمع مدرسہ کی –

مدرس — درس پڑھانیوالا استاد۔

مدراس — وامق کے ایلچی کا نام ہی جسکو وامق نے خواستگاری کا پیغام دیکر عذرا اپنی معشوقہ کے پاس بھیجا اور عذرا نے ایلچی کی آنکھین اپنی انگلیون سے نکالکر اسکو اندھا کردیا تھا۔

مدہوش — متحیر و سرگشتہ و حیران و مست و بے خبر۔ **قطعہ از مؤلف**۔
ببین بدور انقلاب چرخ گردان + بچشم عقل و ہوش اے مرد مدہوش + مگر
یاد خدا از یاد تو رفت + کہ ہستی اینچنین از خود فراموش +

مدافع — دفع کرنیوالا۔

مدقوق — لاغر اور دبلا اور وہ شخص جسکو تپ دق کی بیماری ہو۔

مدقق — وہ شخص جو باریک کام کرے اور دلیل کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے۔

مدرک — سمجھنے والا اور حقیقت کو پہونچنے والا۔

مدنگ — دروازے کی پچھلی لکڑی جس سے دروازہ بند کرتے ہین۔

مدخل — بفتح اول و ثالث دخل کرنا اور داخل ہونا اور دخل کا مقام۔

مدخل — بضم اول و کسر ثالث بخیل و ممسک۔

مداخل — دخل کے مقامات و زر آمدنی۔

مدلل — دلیل کے ساتھ ثابت کرنیوالا۔

مدلل — دلیل کے ساتھ ثابت کیا ہوا۔

مدمل — زخم سے ریم نکالنے والا۔

مدلول — دلیل کیا گیا۔

مدخول — داخل کیا گیا۔

مدعم — بہ عین مہملہ نام غلام رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

مدغم — جو حرف اپنے ہمجنس مین آکر ادغام ہوجاے اور چھپا ہوا اور ملا ہوا اور درج کیا ہوا اور اصل معنی ادغام کے گھوڑے کے منھ مین لگام دینا ہی۔

مدام — ہمیشہ رکھا گیا ادامت کا اسم مفعول و شراب۔

مدلہم — بضم میم و سکون دال و فتح لام و کسر ہاے ہوز نہایت کالا اور تاریک۔

مدینۃ الاسلام — لقب شہر کوفہ کا جو دار الملک عراق عرب کا ہی۔

مدار المہام — مختار کل معتبر نوکر۔

مدین — ایک شہر دریاے مغرب کے کنارے پر ہی **سعدی** — شنیدم کہ
ذوالنون بمدین گریخت + بسے بر نیامد کہ باران بریخت +

مداین — ایک شہر نوشیروان کا تخت گاہ تھا اب اجڑ چکا ہی بابل کے علاقہ مین اسکے کھنڈرات ہین اور عربی مین جمع مدینہ کی بہت سے شہر۔

مدہامتان — سرسبز باغ۔

مدن — جمع مدینہ بہت سے شہر۔

مدیون — قرضدار جسکے ذمہ قرض ہو۔

مدون — بروزن ملون جمع کیا گیا۔

مدہون — دباغت دیا ہوا چمڑا اور چکنا یعنے جسکو تیل ملا ہوا ہو۔

مدفن — جس زمین مین خزانہ یا کوئی مردہ دفن کیا ہوا ہو مقام دفن۔

مدفون — دفن کیا ہوا گاڑا ہوا۔ **توحید** — چو گنج علم و ہنر ہست در دلت
مدفون + برآر مخزن عرفان برون ازین مدفن +

مدینہ — شہر اور وہ شہر جو مدینۃ النبی عرب مین مشہور ہی اور روضہ عالیہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اس شہر مین ہی۔ **نعتیہ از مؤلف**۔
خدا باغ جنان را کردہ سرسبز + ز رنگ و بوے گلزار مدینہ +

مدرسہ — جاے تدریس پڑھنے پڑھانے کا مقام۔ **سعدی** — زاہد میان
مدرسہ آمد ز خانقاہ + بشکست عہد صحبت اہل طریق را + گفتم میان زاہد
عالم چہ فرق بود + تا کردی اختیار از ان این فریق را + گفت او گلیم خویش
برون می کشد ز موج + وین جہد میکند کہ بگیرد غریق را +

مدہ — بکسر اول ریم اور زرد آب جو زخم سے نکلتا ہی۔

مدرکہ — ایک قوت کا نام ہی جسکے ذریعہ سے انسان ہر ایک چیز کی حقیقت کو پالیتا ہی۔

مدونہ — پاژندی زبان مین بہشت کا نام ہی جسکو عربی مین جنت کہتے ہین۔

مدہ — بضم اول و فتح ثانی بیمار اور ناخوش۔

مدی — غایت و نہایت۔

مداوی — علاج کیا گیا۔

مدنی — مدینہ کے رہنے والے و لقب حضرت خاتم المرسلین محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم جنکا مسکن مدینہ تھا اور مدفن بھی مدینہ ہی۔ **نعتیہ از مؤلف**۔
مرحبا سید مکی مدنی العربی + دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی +

مدعی — دعوے کرنیوالا۔

میم با ذال معجمہ

مذہب — بروزن مکتب راستہ اور چلنے کا مقام و دین و آئین و طریق۔
توحید — ایکہ در ہر مذہب و ملت توئی مقصود ما + در عبادتخانہ دیر و حرم معبود ما +

مذہب — بضم اول و فتح دوم و ہاے مشدد زر اندودہ یعنے جسپر زر کا ملمع ہو۔

مذاب — گلا ہوا۔ گداز ہوا ہوا۔

مذہوب — جسکو سونا لگا ہوا ہو یعنے ملمع ہو۔

مذنب — گنہگار۔ قصوروار۔

مذبذب — متردد۔ متفکر اور وہ شخص جسکی طبیعت ایک حالت پر نہو۔

مذلت — ذلیل اور خوار ہونا۔

مذمت — بدگوئی کرنا۔

مذبح - جس جگہ جانور ذبح کیے جائین - قصاب خانہ -

مذبوح - وہ جانور جو ذبح ہوچکا ہو -

مذ - ابتدا زمانہ عرب مین اور فارسی مین صاحب و خداوند -

مذکور - ذکر اور ذکر کیا گیا - محمد سعید اشرف - بپرداز حیرت رود رنگ

کلک + بہر جا کہ مذکور رفتار تست +

مذکر - نر مقابل مؤنث اور مادہ کے -

مذاق - ذائقہ - مزا - لذت اور ظرافت یعنی ہنسی - توحید - ز شہد و شکر

دنیا نیابد اطمینان + ز خوان معرفت حق ہر آنکہ یافت مذاق +

مذموم - مذمت کیا گیا - برا کہا گیا -

مذخورہ - ذخیرہ کیا گیا -

مذمومہ - ہر چیز بد اور زشت -

مذاکرہ - باہم ذکر کرنا -

مذکی - گلو بریدہ اور بسمل -

مذی - وہ رطوبت جو شہوت کے غلبہ کے وقت عضو تناسل سے نکلتی ہی -

میم با راے

مرجا - امیدوار - امیدوار رکھا گیا -

مرا - لڑنا - جنگ کرنا - خودنمائی کرنا -

مرحبا - کلمہ تحسین ہی مہمان کی نسبت تعظیماً کہتے ہین معنے اسکے فراخ شدن

یعنے چوڑا اور وسیع ہونا -

مردم گیا - ایک گھانس کا نام ہی کہ بیخ اسکی آدمی کے چہرہ کیطرح ہوتی ہی

نر اور مادہ آپسمین لپٹے ہوے جو شخص اسکو زمین سے نکالتا ہی مر جاتا ہی اسلیے

کتے سے کھچوا کر اسکو زمین سے نکالتے ہین اور کتا مر جاتا ہی - عبد الغنی قبول -

آدمی را بدتر از نخوت گناہی بیش نیست + گر ندارد مردمی مردم گیا ہے بیش نیست +

مرغ مسیحا - خفاش و چمگادڑ -

مرایا - جمع مرأت بہت آئینے -

مربویا - پاژندی زبان مین خربزہ -

مرغوا - فال بد و نفرین -

مروا - فال نیک و دعاے خیر -

مرتا - ترازو یعنے میزان -

مرزا - مخفف میرزا امیرزادہ کسی دولتمند کا لڑکا -

مرغوب - رغبت کیا گیا پسندیدہ - توحید - تمام خلق بتو راغب تو ئی

مرغوب + زمانہ طالب و ذات مبارکت مطلوب + گہے بزیر نظر آئی و گہے بالا +

گہے بہ شرق و مغرب گہے شمال و جنوب +

مرعوب - ڈرایا گیا - خوف دلایا گیا -

مرکوب - سواری کیا گیا - توحید - جہان سوار و پیادہ رکابدار تواند +

عنان بدست تو دارند راکب و مرکوب +

مرحب - بمعنے رحب فراخ و کشادہ ہونا -

مرطوب - تر اور فربہ -

مراقب - امیدوار اور ڈرنیوالا اور گردن جھکانیوالا مراقبہ کرنیوالا -

مربوب - پرورش یافتہ -

مرسوب - وہ درد جو نیچے بیٹھا ہوا ہو -

مرکّب - بضم اول و کاف مشدد مفتوح سیاہی لکھنے کی -

مرکب - بفتح میم و کاف گھوڑا و کشتی وغیرہ جسپر سوار ہون -

مراکب - وہ چیزین جنپر سوار ہون -

مرتب - راست و درست کیا گیا - درجہ بدرجہ لایا گیا - ترتیب پایا گیا - میرزا بیدل -

بدل دارم ز برق شعلہ ہاے آہ سامانی + مرتب کردہ ام از مصرع برجستہ دیوانی +

مرکب - بکسر کاف مشدد ترنج جسکو سنگترہ و رنگترہ بھی کہتے ہین اور کھٹے

اور میٹھے کے پیوند سے وہ میوہ پیدا ہوتا ہی مگر صحیح بفتح کاف ہی جو سیاہی کے

معنون مین ہی - صائب - حدیث زردی رنگم بواسطہ ار گذرد +

نہال خامہ دہد یک قلم مرکب بار +

مرتکب - شروع کرنیوالا کسی ممنوع کام مین اور سوار ہونے والا -

مرداب - تالاب اور جھیل جو پر آب ہو -

مرغاب - وہ رودخانہ جو مرو شاہجہان کے پاس سے گذرتی ہی -

مرقب - ایک مستحکم قلعہ جو دریاے شام کے کنارے شہر بنیاس کے پاس ہی -

مرابطات - باہمی رابطے اور متعلق -

مرافعت - پیش کرنا دعوے کا حاکم کے پاس -

مرافعات - عریضے جو بزرگون کی خدمت مین لکھے جائین -

مراسلات - ہمرتبہ دوستون کے خطوط -

مرئیات - آنکھون سے دیکھی ہوئی چیزین -

مرارت - تلخی اور کڑواپن -

مردشت - ایک مقام کا نام ہی -

مرابحت - نفع کے ساتھ بیع کرنا -

مراقبت - چشمداشت و نگہبانی و حراست -

مراجعت - واپس ہونا - رجوع کرنا -

مراغبت - رغبت و خواہش -

مرافقت - رفاقت کرنا - ہمراہی کرنا -

مرحمت — مہربانی کرنا — عرفی — بانفس مست مے مرحمت + گزرہ پارفتہ شود معصیت +

مروت — بروزن فتوت مردی و مردمی کرنا — احسان کرنا — سعدی — مروت نباشد بدی باکسے + کز و نیکوئی دیدہ باشی بسے +

مراعات — رعایت کرنا — نگہ رکھنا — گوشۂ چشم سے دیکھنا — میرحسن دہلوی — ہر چند ناز و شوخیت بسیار بسیار ست ہی + گہ گہ مراعاتی بکن احوال ما زارانکے +

مرامات — بہر دو میم مقاصد و مطالب —

مرآۃ — بکسر اول آئینہ —

مرقات — نردبان و زینہ —

مرغبات — مرغوب چیزین —

مراضعت — ایک دایہ کا باہم دودھ پینا —

مرتبت — مرتبہ و درجہ و پایہ —

مثلث — ہر چیز جو سہ گوشہ ہو اور نیز وہ با اعتبار ابعاد ثلاثہ کہ طول و عرض و عمق ہے

مرج — خرابی و تباہی و چراگاہ و زمین —

مراح — بفتح اول روان ہونا — خوشی کا مقام — راحت —

مراح — بضم اول وہ مقام جسطرف اونٹ جائین اور آرام پائین —

مراح — خوشی و نشاط —

مروح — بضم اول و تشدید واو مکسور خوشبو دار اور خوشی دینے والا —

مروح — بفتح خوشی دینے والا —

مرح — خوش ہونا — تکبر کرنا —

مربح — بہ تشدید باے موحدہ فائدہ مند و سود مند —

مرابح — فائدے بہت سے —

مرجوح — مغلوب —

مرتاح — صاحب راحت و نشاط —

مرشح — ٹپکنے والا — برسنے والا —

مرغ مسیح — شپر — چمگادڑ —

مرغ صبح — بلبل و خروس —

مرخ — روغن ملنا اور نام ایک درخت کا —

مریخ — ساتون ستارون آسمانی سے نام پانچوین ستارے کا ہی حمل و عقرب اسکا گھر ہی بہرام بھی اسکو کہتے ہین لوہے اور فولاد کو بھی کیمیاگر مریخ کہتے ہین —

مرداد — فارسی مہینے کا نام ہی جسمین مہینے سورج اسد برج مین ہوتا ہی تقریبا ماہ بھادون — سعدی — شنیدہ نہ جنبان کریہ منظر + کز زشتی او خبر توان داد + گندہ بغلش نعوذ باللہ + مردار بآفتاب مرداد +

مرتد — مسلمانی سے پھرا ہوا —

مرمد — جسکو رمد کی بیماری ہو یعنے آنکھین اسکی سرخ ہون —

مُرَدّ — بضم میم و فتح راے و تشدید دال اول و سکون دال ثانی پھیر گیا — وہین کیا گیا

مرید — بفتح میم متمرد و سرکش اور نافرمان —

مُرید — بضم میم صاحب ارادت خواہشمند — سعدی — نخستین ابوبکر پیر مرید + عمر پنجہ بر پیچ دیو مرید +

مرقد — خوابگاہ یعنے سونیکی جگہ —

مرقد — خوابگاہ اور قبر —

مربد — بہ باے موحدہ اونٹونکی بیٹھنے کی جگہ وہ جسجگہ کھجورونکو خشک کرین —

مرفد — کاسہ بزرگ — بڑا کاسہ —

مرد — بفتح اول بے ریش ہونا اور حد سے گذرنا —

مرد — ہاتھ سے ملنا پانی مین ترکرنا اور تازہ میوہ درخت اراک کا —

مرصانہ — فراخ راستہ —

مرصد — اُمید کی جگہ اور جاے نگہداشت +

مرشد — صاحب ارشاد سیدھا راستہ دکھلانے والا —

مرصود — اُمید رکھا گیا —

مراصد — جمع مرصد مقامات اُمید —

مرور — گذرنا اور جانا —

مُراد — حاجت و خواہش جو دلمین ہو — نظامی — ازان خشت زرین شداد و عاد + چہ آمد بجز مردن نامراد +

مِراد — بکسر اول نام ایک پتھر کا ہی جو نہایت عجیب ہی کئی رنگ ایک گھڑی مین بدلتا ہی اسکی تاثیر یہ ہو کہ جسکے پاس ہو تمام دن جبتک سورج نظر آتا ہے جن اسکے تابع رہتے ہین —

مروارید — موتی جو مشہور جواہر ہی اور عربی مین اسکو لولو کہتے ہین —

مردود — رد کیا گیا — نکال دیا گیا —

مُر — عربی مین تلخ یعنے کڑوا اور نام ایک قبیلہ عرب کا اور نام ایک گوند کا جو ببول کے درخت سے لیا جاتا ہی —

مر — عربی مین ریسمان اور کلند اور گذرنا اور مرجانا اور فارسی مین پنجاہ کا عدد و بیحد و بسیار اور کبھی واسطے حسن کلام کے اور کبھی واسطے افادہ حصر کے آتا ہی — سعدی — مرا و را چو دیدم سر از خواب مست + بدو گفتم اے سرو پیش تو پست + ولہ — مرا و را رسد کبریا و منی + کہ ملکش قدیم ست و ذاتش غنی +

مریر ـ مرد توانا اور رسن جو سخت باٹا ہوا ہو ـ
مرغزار ـ سبزہ زار اور مرغ ایک قسم کی گھانس ہی ہندی مین اسکو دوب کہتے ہین ـ
مرغ سحر ـ بلبل یا خروس جو صبح کو بانگ دیتا ہی ـ سعدی ؎ ای مرغ سحر عشق ز پروانہ بیاموز + کان سوختہ را جان شد و آواز نیامد ـ
مرمر ـ ایک قسم کے سپید پتھر کا نام ہی ـ
مردار ـ وہ جانور جو شرع کے احکام پر ذبح نہ کیا جاوے ـ
مرار ـ ایک خاردار گھانس کا نام ہی ـ
مرکوز ـ مضبوط بٹھلایا گیا ـ قایم کیا گیا ـ نیزہ زمین مین گاڑا گیا ـ
مرجز ـ ایک قسم نثر کی تین اقسام سے کہ مرجز و مسجع و عاری ہین ـ
مرز ـ بفتح اول زمین آباد قابل زراعت اور سرحد خیابان اور موش یعنے چوہا اور نام ایک قسم کی شراب کا ـ
مرز ـ بضم اول سوراخ مقعد آدمی کا ہو یا کسی جانور کا و مباشرت و مجامعت ـ
مرغز ـ نام ایک خط کا ـ
مرکز ـ وہ نقطہ جو پرکار کے دائرے مین ہوتا ہی اور جگہ قایم ہونیکی کسی چیز کی ـ
مرؤس ـ تابع اور خادم و رعیت ـ
مرس ـ وہ رسن جو گلے مین گاے بیل کتے وغیرہ کے باندھین و نام میوہ اور جو بسنا بچہ کا اپنی انگلی کو و طبیب و کحال یعنے آنکھونکا علاج کرنے والا ـ
صائب ـ اگرچہ سگ بمرس میکشند صیادان + کشیدہ است سگ نفس در مرس ما را +
مردوس ـ گندنا جو مشہور سبزہ ہی ـ
مرطیس ـ ایک پتھر لاجوردی رنگ کا نام ہی گھسا نیسے اس سے خمیر کی بو آتی ہی ـ
مرزنجوش ـ ایک قسم کے ریحان خوشبو کا نام ہی معرب مرزنگوش چونکہ اسکی پتی چوہے کے کان کیطرح ہوتی ہی اسلیے اسکا نام مرزنگوش رکھا گیا ہندی مین اسکو دونہ کہتے ہین ـ
مرتعش ـ جسکو رعشہ کی بیماری ہو بدن کا نپتا ہو ـ
مرعش ـ بعین مہملہ بازندہ کبوتر ـ
مرغش ـ بغین معجمہ ایک شہر شام مین ہی ـ
مرشوش ـ ٹپکا ہوا ـ چھڑکا ہوا ـ
مرتشی ـ رشوت کھانے والا ـ
مراش ـ قی و استفراغ ـ
مرصوص ـ استوار و مضبوط کیا گیا ـ
مرخص ـ رخصت ہونے والا اور کرنے والا ـ
مرتاض ـ صاحب ریاضت ـ
مربض ـ بہ بای موحدہ بکریون کے رہنے کی جگہ ـ

مروض ـ ریاضت دیا گیا ـ محنت دیا گیا ـ
مرض ـ بیماری ـ
مریض ـ بیمار ـ
مرط ـ بکسر اول فقیرون کی گدڑی ـ
مربط ـ مقام باندھنے کا ـ ربط دینے کی جگہ ـ
مرتع ـ چراگاہ و سبزہ زار ـ
مراتع ـ بہت سے چراگاہ و سبزہ ـ
مرقع ـ خرقہ و دلق درویشان جو ٹکڑے ٹکڑے سیے گئے ہون و کتاب تصاویر کی سعدی ـ دقت بچہ کار آید و تسبیح و مرقع + خود را ز عملہای نکوہیدہ نگہدار +
مربع ـ ہر چیز جو چار گوشہ اور عرض و طول مین برابر ہو اور ایک قسم نشست کا اور ایک قسم کا نقش تعویذ جسکے سولہ خانہ ہوتے ہین ـ
مرابع ـ منازل و مکانات ـ
مرصع ـ وہ زیور جسمین جواہرات نصب ہون ـ
مرصوع ـ مرصع کیا گیا ـ
مرتفع ـ بلند اور بلند ہونیوالا ـ
مرجع ـ جاے رجوع و مقام بازگشت ـ
مرفوع ـ بلند رکھا گیا ـ
مروع ـ ڈرایا گیا اور نگاہ رکھا گیا ـ
مرغ ـ بفتح اول ایک گھانس نہایت سبز ہی جسکو ہندی مین دوب کہتے ہین اور لیٹنا جانور کا گھانس مین ـ
مرغ ـ بضم اول ہر ایک پرندہ جانور اور آفتاب اور ایک قسم کی صراحی کا نام ہی ـ طاہر وحید ـ مرغے کہ خموش ست گرفتار نگردد + دام قفسے در رہ پروانہ نباشد +
مرغ ـ بفتحتین آب دہن یعنے تھوک ـ
مرادف ـ کسی کے پیچھے بیٹھنے والا اور وہ دو لفظ جنکے معنے ایک ہون ـ
مروق ـ بفتح واو صاف کیا گیا اور صفا شراب اور پالودہ وغیرہ ـ
مروق ـ بکسر واو معمار اور چھت پر پردہ باندھنے والا ـ
مروق ـ بکسر اول و فتح واو تعجب مین لانا اور خوشحال کرنا ـ
مراق ـ ایک غشائی پردہ کا نام ہی کہ جلد کے نیچے محسوس شکم ہی ـ
مرفق ـ بکسر میم و فتح فاے آرنج یعنے کہنی کہ جوڑ ساعد کا بازو کے ساتھ ہی ـ
مرق ـ شوربا گوشت کا ـ
مراہق ـ وہ لڑکا جو بلوغت کے قریب پہونچ چکا ہو ـ
مرافق ـ مرفق کی جمع ہی ـ

مرغک - چھوٹا مرغ -
مردمک - آنکھونکی پتلی - سعدی - کہ اے نور چشم مرا مردمک + سیکے مردمی کن بنان نمک +
مرتک - نام ایک دوا کا ہی جسکو مردار سنگ کہتے ہین -
مرجمک - وہ غلہ جسکو عربی مین عدس کہتے ہین -
مرگ - موت مشہور لفظ ہی - ع - ہشیار باش خواجہ کہ از مرگ چارہ نیست + غافل مشو کہ عمر عزیزت دوبارہ نیست +
مرگ - بفتحتین آب بینی وہ غلیظ فضلہ جو ناک سے نکلتا ہی -
مرجل - بڑی دیگ مسی - طالب آملی - پاس خلطش نگذارد کہ بگیرد زنگ + اگر از موم تہی برسر آتش مرجل +
مرتجل - خطبہ کا شعر جو بدیہہ کہا جاے اور وہ لفظ جو ایک معنی سے دوسرے معنی مین بغیر مناسبت کے نقل کیا جاے با وجود لحاظ معنے اول کے -
مرغول - مرغولہ - بروزن مقبول پیچدار زلفین اور پیچدار آواز جو گانے مین نکالی جاوے اور آواز مرغون کی - فیضی - در صحن چمن چو گل فشانند + مرغولہ بلبلان کشادند - اُمیدی - کنون کز سر سرو و پاے صنوبر + کشد مرغ مرغولہ و لالہ ساغر -
مرسل - بھیجا ہوا - پیغمبر صاحب کتاب -
مرفہ الحال - آسودہ حال -
مراحل - جمع مرحلہ بہت سی منزلین -
مرجوم - سنگسار کیا گیا -
مرتسم - نقش پکڑنے والا -
مرام - مقصود و مراد -
مردم - ایک آدمی اور بہت سے آدمی یہ لفظ مفرد و جمع دونو پر آتا ہی اور آنکھ کی پتلی سعدی - چنا مردم آواز مردم شنید + میان خطر جاے بودن نہ دید +
مرحوم - رحمت کیا گیا - رحم کیا گیا بخشا گیا - مرگیا - مقابل مردود کے - وحید - زحلکش میشود موجود و معدوم + بہ خلقت چہ مردود و چہ مرحوم +
مرخم - نرم کیا گیا اور ہر ایک کلمہ جو اخیر حرف اسکا گرا دیا جاے جیسے کامان کا اخیر حرف دور کیا تو مان رہ گیا -
مراحم - مہربانیان -
مراہم - بہت سے مرہم -
مرز و بوم - ولایت ملک وطن -
مریم - نام مادر عیسے علیہ السلام - نظامی - ضمیرم نہ زن بلکہ آتش زن ست + کہ مریم صفت بکر آبستن ست +

مرتہن - وہ شخص جسنے کوئی چیز گرو لی ہو -
مرکن - تغار اور لگن -
مردان - بے ریش لڑکے جمع امرد -
مرہون - جو چیز گرو رکھی گئی ہو -
مرجان - ایک جوہر سرخ رنگ جسکو ہند مین مونگا کہتے ہین نیز بمعنے مروارید -
مرزبان - مالک ملک اور زمین کا - سعدی - دران بقعہ کان پیر ہشیار بود + یکے مرزبان ستمگار بود +
مروشاہجہان - خراسان مین ایک شہر ہی -
مرزغان - پاژندی زبان مین دوزخ جو مقابل بہشت کے ہی اور آتشدان جسکو ہند مین انگیٹھی کہتے ہین -
مرزگون - آلت تناسل -
مرزن - موش یعنے چوہا -
مرجو - اُمید کیا گیا -
مرو - نام ایک شہر کا خراسان مین -
مرانہ - پھسلنے کا مقام جہانسے کوئی حیوان پھسل جاے اور نام ایک شہر کا ولایت آذربایجان مین - میر خسرو - معاشرانرا بے دور بادہ مست کند + مرانہ کردن خوبان بسایہ ہاے چنار +
مرتبہ - رتبہ - درجہ - قدر - توقیر - عزت - آبرو - صائب - گل مرتبہ عارض جانانہ نگیرد + جاے لب ساقی لب پیمانہ نگیرد +
مرثیہ - وہ تقریر جو کسی مردہ کے افسوس مین کیجاے اور تعریف مردہ کی - طاہر غنی - آن شوخ بہ قتل من دلخستہ میان بست + در مرثیہ ام معنی باریک توان بست +
مردانہ - مردونکی طرح بہادرانہ و دلیرانہ وغیرہ - صائب - صائب رہے کہ قطع نگردد بعمرہا + یک گام پیش ہمت مردانہ من ست +
مردہ - مرا ہوا مقابل زندہ کے - ظہوری - امید مردہ زندہ بدشنام میشود + آہ از دعاے من کہ بمرگ اثر نشست +
مرہ - بکسر اول خلط صفرا جو زرد رنگ تلخ مزہ ہی انسان کے جسم مین سواے اسکے تین خلطین اور ہین سودا خون بلغم اور بمعنی قوت و توانائی و عقل و ہوش -
مرہ - بفتح اول ایک بار -
مرارہ - زہرہ ہر ایک حیوان کا یعنے پتا -
مرصوص - محکم و استوار کیا گیا -
مرتبہ - درست کیا گیا - درجہ بدرجہ رکھا گیا -
مَرَدہ - بفتحات جمع مارد یعنی سرکش اور متمرد لوگ -
مَرْدہ - بفتح میم و سکون راے شجاع و بہادر -

مرغولہ — پیچیدہ بال اور مرغوں کی آواز اور گانیکی پیچیدہ آواز۔

مروحہ — بادکش یعنے پنکھا۔

مرسلہ — بھیجا گیا اور نام ایک زیور کا جسکو ہندی مین ہار کہتے ہین۔

مرضعہ — دایہ دودھ دینے والی۔

مرحلہ — کوچگاہ اور مقام و منزل اور اسباب رکھنے کا مقام و مقدار مسافت چار فرسنگ اور وہ عمارت جو قلعہ کے باہر بنا کر دشمن کے ساتھ جنگ کرتے ہین۔

مراقبہ — امید رکھنا۔ نگاہ رکھنا۔ تراشنا۔ گردن جھکانا۔

مرصودہ — وہ کواکب جو بذریعہ رصد کے معلوم کیے گئے ہین اور وہ ایکہزار پچیس ستارے ثوابت ہین۔

مرافعہ — حاکم کے آگے دعوی پیش کرنا۔

مراتب ستہ — چھ مقامات ایک احدیت دوم واحدیت تیسرے ارواح چوتھے ملکوت پانچوین عالم اجسام چھٹے عالم کمال انسانی۔

مراتب چارگانہ — شریعت۔ طریقت۔ حقیقت۔ معرفت۔

مرانیہ — ایک درخت ہی جسکو مجوس بزرگ جانتے ہین۔

مرجادہ — بدال مہملہ وہ چبوترا جسکو ہوا یا گھانس سے بھر کر اور اسپر سوار ہوکر دریا سے گذرتے ہین۔

مرخشہ — نحس و نامبارک اور کلام و گفتگو۔

مرزہ — چراغدان اور چبوترا اور گل مالہ معمار ونکا اور نام ایک نبات کا جو دواؤن مین مستعمل ہی۔

مرقیہ — شہر حمص کے پاس ایک قلعہ ہی۔

مروریہ — جنگلی کاسنی۔

مروہ — ایک خوشبودار پھول کا نام ہی۔

مرعی — سبز گھانس اور چراگاہ۔

مربی — اخیر مین الف بصورت یا پالا گیا۔ تربیت کیا گیا اور وہ میوہ جو قند مین ڈالکر رکھ چھوڑتے ہین۔

مرتضی — پسندیدہ اور لقب حضرت علی رضی جو تھے جانشین رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم و زوج بی بی فاطمہ رضی علیہا السلام کے۔ ع۔ لی خمستہ اطفی بہا حر الوباء الحاطمہ ✦ المصطفے و المرتضی و ابناہما و الفاطمہ ✦

مرضی — جمع مریض کی بہت سے بیمار۔

مرتقی — بلند کرنیوالے اور اوپر چلنے والے۔

مروی — روایت کیا گیا۔

مرطی — اشتر یعنے اونٹ۔

مردم آبی — دریائی آدمی۔

مرتشی — رشوت کھانے والا۔

مردمی — مروت و رعایت۔

مردی — بہادری پہلوانی۔ سعدی — نہ در مردی او ولانہ در مردمی ✦ دوم در جہان کس شنید آدمی ✦

مربی — بہ بائے معروف پرورش کرنے والا۔

مرضی — بہ یائے معروف رضامندی و پسندیدگی۔

مری — جسم لمبی جو گلے کے اندر راستہ جانے پانی و طعام کا ہی دگر ارادہ ہضم۔

مری — آبکامہ یعنے کانجی جو مصنوعی کھٹا پانی ہوتا ہی۔

مرتضوی — ہر چیز جو منسوب علی علیہ السلام کے ساتھ ہو۔

مراعی — رعایت کرنے والا و نگہبان اور چراگاہیں۔

مردی — بکسر میم و دال مہملہ ملاحون کا بانس جس سے کشتی چلاتے ہین۔

مرائی — ریا کرنے والا۔ خودنما۔

مرطوبی — فربہ۔ بلغمی مزاج۔

مراثی — جمع مرثیہ۔

مرگی — وبا جسمین بہت لوگ مرتے ہین۔

میم بازائے معجمہ

مزکا۔ مزکی — زکات دیا گیا۔ پاک کیا گیا۔

مزایا — جمع مزیت افزونیان و فضیلتین و عطایات و انعامات۔

مزیب — زیب دیا گیا یہ لفظ اہل فارس عربی دانون کا بنایا ہوا ہی۔

مزاحمت — مزاحم ہونا۔ تنگی کرنا کسی پر۔

مزلت — بکسر زائے لغزش کھانا۔ پھسلنا۔

مزلت — بفتح زائے پھسلنے کی جگہ۔

مزخرفات — وہ بہت سے جھوٹ جو سچ کیطرح آراستہ کیے گئے ہون جمع مزخرف

مزیت — افزونی و زیادتی دستی علم و دولت مین یہ لفظ بفتح میم و کسر زائے و یائے مشددہ ہی

مزیت — بضم میم و فتح زائے روغن کی مالش کی گئی۔

مزجات — تھوڑا اور بے اعتبار۔

مزاولت — ایک چیز کو دوسری چیز کے نزدیک کرنا۔

مزاحفات — وہ نظم کی بحر جسمین زحاف واقع ہوا ہو یعنے ساقط ہونا ایک حرف یا دو حرف کا اصلی رکن سے یا بڑھ جانا۔

مزکت — سجدہ گاہ و عبادت گاہ۔

مزدوج — ہمقرین اور آپسمین ملا ہوا۔

مزاج — آمیزش اور وہ کیفیت اور رنگ جو چند چیزون کے ملنے سے پیدا ہو مثلاً رنگ سرخ جو کتھا چونا اور برگ تنبول کی آمیزش سے پیدا ہوتا ہی اور وہ کیفیت جو اربع عناصر کے نطفے سے انسان کے وجود مین

پیدا ہو۔ **تشفیع اثر** ۔ بسکہ خونم بامے گلرنگ می آید بجوش + میخورد برہم مزاجم گر خورد مینا بہم +

مزیج ۔ امالہ مزاج جیسا کہ کتب امالہ کتاب کا۔ **نظامی** ۔ تو بی گوہر آمامے چار آخشیج + مسلسل کن گوہران در مزیج +

مزج ۔ ملانا۔ ملنا چند چیزون کا آپس مین۔

مزاح ۔ اخیر مین حلے حطی اور بکسیر اول ہم خوش طبعی کرنا۔

مزید ۔ زیادتی و افزونی اورزیادتی اور افزونی کیا گیا۔ **سعدی** ۔ چو دوزخ کہ سیرش کنند از وقید + دگر بانگ دارد کہ ہل من فرید +

مزاد ۔ بفتح اول توشہ دان مسافر کا۔

مزاد ۔ بضم اول زیادہ کیا گیا۔

مزد ۔ بضم اول اجرت و مزدوری۔ **صائب** ۔ مرا توقع احسان کا نظر نیست ہلکہ مزد کار من از ذوق کار می آید +

مزعفر ۔ زعفرانی رنگ اور ایک قسم کا شیرین پلاؤ جسکو زردہ بھی کہتے ہین

مزامیر ۔ سارنگی طبلہ۔ نے۔ چنگ وغیرہ جو گانے والون کے ساز ہین۔

مزدور ۔ اجرت پر کام کرنے والا۔

مزور ۔ بروزن منور نرم کھانا جو بیمار کے لیے پکایا جاے۔

مزور ۔ بکسر واو فریب کرنیوالا۔

مزمار ۔ نے جو ایک ساز گانے والون کا ہی۔

مزیر ۔ سخت۔

مزار ۔ زیارت کی جگہ قبر۔ ؎ ۔ لوح مزار پر یہی مصرع لکھا ئینگے + مرجائینگے پہ دل نہ کسی سے لگائینگے +

مزمر ۔ وہ ساز جسکو عود کہتے ہین۔

مزر ۔ وہ شراب جو گیہون و گاورس وغیرہ سے بناتے ہین عربی مین اسکو نبیذ کہتے ہین

مزبور ۔ از بر کیا ہوا یاد کیا ہوا لکھا ہوا۔

مز ۔ بفتح اول و تشدید زاے مکیدن یعنے چوسنا۔

مز ۔ بضم اول میخوش یعنے ترش و شیرین ہر چیز سکنجبین و نارنج وغیرہ کھٹا میٹھا مزا

مز ۔ بکسر اول افزونی و زیادتی۔

مزرع ۔ زراعت یعنے کھیتی۔ **ذوقی** ۔ برانہ حاصل شود در عاقبت آنچہ اندر مزرع دل کاشتی +

مزارع ۔ کاشتکار زمیندار۔

مزالف ۔ جمع و مجلس ہو مقام انبوہ۔

مزاحف ۔ وہ رکن جو نظم مین غیر سالم ہو یعنے تغیر و قوع مین آیا ہو۔

مزلف ۔ بروزن مخنف لف والا اور معشوق نوخط یعنے نقطہ بنایا ہوا فارسیون کا ہی۔ **علی خان موجی** ۔ مزلف چون شود دلبر بدولت میرسد عاشق + خط مشکین او خاصیت بال ہما دارد +

مزالق ۔ لغزش کے مقامات۔

مزدک ۔ یہ ایک حکیم نیشاپور کا رہنے والا تھا قباد نوشیروان کے باپ کے وقت اسنے دعوی پیغمبری کا کیا اور اپنا نیا مذہب ایجاد کیا اصول اسکے مذہب کے یہ تھے کہ نور اور ظلمت دونون قدیم ہین نور کا فعل قصدا و ر اختیار سے ہی اور فعل ظلمت کا اختیاری نہین بلکہ اتفاقی ہی آتش پرستی کے ملت کو اسنے زیادہ رونق دی اور عورت کا نکاح ایک ہی مرد سے موقوف کیا اور حکم دیا کہ ہر ایک عورت ہر ایک مرد کے واسطے حلال ہی پابندی کی ضرورت نہین بلکہ ظلم ہی جسکے پاس دو عورتین ہوتین ایک اُس سے کسی مجرد کو دلادیجاتی مالدار آدمی مجاز نہو تاکہ مال اپنے پاس جمع رکھے اگر ثابت ہوتا تو وہ مال مفلس لوگونکو دلادیا جاتا تھا کہ سب لوگ برابر آسودہ رہین سواے خزانہ شاہی کے کہ اسکے متعلق اخراجات کثیر ہین کسیکے پاس مال جمع نرہتا اس آزادی کو عام نے پسند کیا ہزارون لوگ اسکے مذہب مین داخل ہوے قباد بادشاہ بھی اسکا کمال معتقد ہوا قباد کی زندگی تک اُسکا مذہب خوب رونق پر رہا مگر نوشیروان اسکے مخالف تھا جب یہ تخت نشین ہوا تو اسنے مزدک کو اسّی ہزار آدمی کے ساتھ قتل کردیا۔

مزک ۔ تلخ بادام کا درخت۔

مزنگ ۔ ناخوشی و زشتی ۔ و مخنث و نامرد۔

مزال ۔ لغزش کا مکان۔ پھسلنے کی جگہ۔

مزیل ۔ دور کرنے والا اور آثار اور نشان۔

مزمل ۔ کپڑے مین لپیٹا ہوا اور نام ایک سورہ کا قرآن کی سورتون سے اور فارسی مین ٹوپی دار آفتابہ۔

مزاحم ۔ کسی پر تنگی کرنیوالا ۔ مزاحمت کرنیوالا۔ رنج پہونچانے والا۔ انبوہ کرنیوالا

مزدحم ۔ اژدحام و انبوہ کرنیوالا۔

مزمن ۔ دیرینہ۔ کہنہ۔ پرانا۔ اور لنگ اور ایک جگہ رہنے والا اور وہ شخص جسکے ہاتھ پانون بیکار ہون۔

مزین ۔ بفتح یاے تحتانی زینت دیا گیا۔ آراستہ کیا گیا۔

مزین ۔ بکسر یاے زینت دینے والا اور حلاق یعنے نائی سر مونڈنے والا۔

مزن ۔ بضم اول باران یعنے مینہ اور سفید بادل۔

مژگان ۔ آنکھونکی پلکین۔ **ابوطالب کلیم** ۔ سراپایم ز دردت آنچنان لبریز شیون شد + کہ از مضراب اشکم تار مژگان در فغان آمد +

مزدلفہ ۔ نام ایک جگہ کا مکہ معظمہ مین۔

مزبلہ ۔ جس جگہ میلا پڑا ہوا ہو جاے نجاست و سرگین۔

مزدوجہ — دو شخص آپس مین ملے ہوے۔
مزادہ — توشدان جسمین مزوری چیزین رکھی جائین۔
مزلقہ — لغزش دینے والا۔
مزلفہ — نزدیک لایا گیا۔ جمع کیا گیا۔
مزفہ — جولاہون کے کپڑے بننے کی نال۔
مزہ — لذت جو کھانے سے حاصل ہو۔
مژہ — آنکھونکی پلکین جسکی جمع مژگان ہی — والہ ہروی — سطر
مژہ را نگاہ ملناز + واگفتہ بعشوہ معنی راز +
مزارہ — چراغدان۔ شمعدان۔
مزکہ — بکسر اول ہوائے تیرہ وتاریک۔
مزیدہ — ایک کھیل کا نام ہی۔
مزی — زیادتی وافزونی۔
مژدگانی — وہ انعام جو کسی خوشخبری لانے والے کو دیا جاے — نادم گیلانی — بہاے پاے تو دارم بشارت بادمستانرا + بگلشن مژدگانیہا زابرو یاد آوردم +

میم با سین مہملہ

مسا — مغرب یعنی شام کا وقت — توحید — سرنگون بہیئت سران بزمین
هرروز وشب + بردرت خم گردن گردن کشان صبح ومسا +
مستثنے — اخیر مین الف بصورت یاے تحتانی جدا کیا گیا۔ باہر کیا گیا۔ خاص کیا گیا۔
مسیحا — لقب حضرت عیسی علیہ السلام کا — توحید — مسیحا راز روح خود دم
جان بخش بخشیدی + بموسی مرحمت کردی ز نور خود ید بیضا +
مستوفا — تمام پکڑا گیا۔
مسمی — نام رکھا گیا۔
مسجد اقصی — بیت المقدس کا نام ہی جو شام کے ملک مین ہی۔
مسلوب — سلب کیا گیا۔
مستوجب — سزاوار اور لائق — مؤلف — مری تقصیر بخشو یا الٰہی +
اگرچہ ہون مین مستوجب سزا کا +
مستطاب — پاک اور طیب اور خوش۔
مستحب — دوست رکھا گیا اور وہ فعل جو حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کبھی کیا۔
مستجاب — جواب دیا گیا۔ قبول کیا گیا۔
مستجیب — اجابت کرنے والا۔
مستصحب — صحبت رکھنے والا۔
مسیلمہ کذاب — اپنے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین
جھوٹا دعوی پیغمبری کا کیا اور حضرت صدیق رض کے وقت مین قتل ہوا۔

مستودعات — امانتین جو کسی کے پاس رکھی جائین۔
مسامحت — آسان جاننا اور سہل پکڑنا۔
مسالت — بروزن منقبت مانگنا۔ سوال کرنا۔
مساہمت — شراکت کرنا۔ سہیم ہونا۔
مسالمت — باہم صلح وصفائی کرنا۔
مستعلیان — وہ حروف جو زبان کو بوقت بولنے کے فک اعلی کیطرف اٹھائین اور وہ سات حروف ہین صاد ضاد طاے ظاے غین اور قاف اور خا
مساہلت — آسان پکڑنا۔
مست — بضم اول غم وفکر واندوہ۔
مست — بے خبر وبیہوش مقابل ہوشیار کے — ذوقی — بادشاہان ملک مست واہل دولت مال مست + عابدان در قال مست وعاشقان در حال مست +
مسکرات — جن چیزون کے کھانے سے سُکر پیدا ہو — بنگ۔ پوست افیون
مستلذات — مرغوب چیزین جن سے لذت ملے۔
مسافت — دوری اور فاصلہ۔
مساحت — پیمایش کرنا زمین کا۔
مساعدت — یاری دینا۔ مدد دینا۔
مسخنات — گرم کرنے والی چیزین۔
مسوات — زمیندارون کے ایک اوزار کا نام ہی جو پنجہ کی شکل پر ہوتا ہی اور اُس سے زمین صاف کرتے ہین۔
مسحات — مٹی کھودنے کا اوزار۔
مسارعت — جلدی وتیزی وتندی۔
مساوست — بکسر واو جو حرف چہارم ہی خرید کرکے چھوڑنا غلہ کا اس اُمید پر کہ جب گرانی ہوگی فروخت کرکے نفع اٹھائینگے۔
مساوات — حرف چوتھا واو۔ برابری کرنا اور برابر ہونا۔
مسکنت — مسکین ہونا۔ درویش ہونا۔
مسکت — خاموش کرنیوالا۔
مسؤلات — وہ مقدمات جو واقع مین موجود ہون اور اکثر لوگونکو اسیر اطلاع نہو۔
مستنبطات — باہر نکالی ہوئی چیزین اور مقامات باہر نکالنے کے۔
مسابقت — سبقت لیجانا۔
مسارقت — چوری کرنا۔
مسافرت — سفر کرنا۔
مسبحت — بکسر حاے حطی اٹھانیوالا۔

مستبحث - بفتح حاے حطی اُٹھایا گیا -
مستغاث - فریاد کرنا - انصاف چاہنا -
مستغیث - فریاد کرنیوالا - توحید - بشنود باگوش رغبت داستان
مستغیث + واقف حال درون و رازدان مستغیث + زاستغاثہ پیش
اہل عدل کے بند زبان + گر رود اندر سر انصاف جان مستغیث +
مستحدث - بفتح دال نیا پیدا کیا گیا -
مستحدث - بکسر دال نیا پیدا کرنیوالا -
مستخرج - بکسر راے باہر نکالنے والا -
مستخرج - بفتح راے باہر نکالا گیا -
مسیح - لقب حضرت عیسی علیہ السلام کا - توحید - کند چہ چارۂ دل دردمند
عشقت را + کہ خود بدرد محبت مریض ہست مسیح +
مسح - ہاتھ ملنا اور جماع کرنا -
مساح - پیمایش کرنیوالا -
مستملح - نمکین اور شوخ -
مسلح - صلح اور آسانی کرنے والا -
مستراح - جاے آسایش و مقام راحت - بیت الخلا یعنے پاخانہ اور
بفتح میم و اضافت مت کے شرابی و مخمور -
مستروح - آسودہ ہونیوالا اور راحت حاصل کرنیوالا - خوشبو لینے والا -
مستقبح - زشت اور بدصورت -
مسطح - چوڑا کیا ہوا بچھایا ہوا -
مسلح - ہتھیار پہنے ہوے - سلاحدار سپاہی -
مسخ - اخیر مین خاے نخذ اچھی صورت سے بدلکر بدصورت ہو جانا آدمی
سے بندر وغیرہ جانور بن جانا -
مسلخ - جس جگہ پوست اُتارا جاے -
مسلوخ - وہ جانور جسکا پوست اُتارا گیا ہو -
مسیخ - بے مزہ و بے لذت -
مستمند - غمگین اور اندیشہ ناک -
مستبعد - بکسر عین دوری چاہنے والا -
مستبعد - بفتح عین دوری چاہا گیا -
مسند - بفتحتین درخت کا ریشہ اور ریسمان جو درخت خرما کی لیف سے
بنایا گیا ہو یا اونٹ کی پشم سے -
مستسعد - نیک بختی و سعادت کا طلبگار -
مستزاد - زیادہ کیا گیا اور نام ایک قسم کا شعر مین جو ہر مصرع کے
اخیر مین کلمہ زیادہ وزن سے لایا جاتا ہی مثلاً - نقش قدم از پردۂ اسرار
برآمد + دل بردو روان شد -
مسترد - واپس دیا گیا -
مساعد - یاری و امداد دینے والا -
مسہر - بوزن منور بیدار کیا گیا -
مسند - بفتح اول بڑا تکیہ و بالش بزرگ عرفی - نہاد چشم تو مسند
بہ پیشگاہ بہشت + اگر بزیر نگین داشت بوستان نرگس +
مسند - بضم میم و فتح نون روزگار و زمانہ اور تبنی یعنے پسر خواندہ اور حرا افزاد
اور وہ چیز جسکے ساتھ تکیہ لگا کر بیٹھین اور پشت پناہ سمجھین -
مستبد - تنہا کسی کام کو کرنیوالا -
مستجد - نیا کرنیوالا - تازہ کرنیوالا -
مستند - سند پکڑا گیا بفتح نون اور بکسر نون سند پکڑنے والا -
مستعد - کسی کام کرنیکو آمادہ و تیار -
مستعاد - فائدہ حاصل کیا گیا - سعادت پایا گیا -
مستفاد - فائدہ پکڑا گیا -
مسترشد - راست روی چاہنے والا -
مسرد - موچیون کا اوزار جس سے چمڑے مین سوراخ کرتے ہین -
مسجد - سجدہ گاہ نماز پڑھنے کی جگہ -
مسعود - صاحب سعادت اور نام ایک بادشاہ کا جو سلطان محمود
غزنوی کا بیٹا تھا -
مستلذ - بضم اول و کسر لام اخیر مین ذال معجمہ لذت لینے والا - مزہ حاصل کرنیوالا -
مسخر - تسخیر کیا گیا - فرمانبردار کیا گیا -
مستقر - جاے قرار و آرامگاہ -
مستور - چھپا ہوا پردہ مین آیا ہوا - توحید - شود جمال رخش جلوہ گر
زہر پردہ + اگرچہ ہست بظاہر ز دیدہ ہا مستور +
مستجیر - پناہ ڈھونڈھنے والا -
مستعار - مانگی ہوئی چیز -
مستعیر - عاریتاً کوئی چیز لینے والا -
مسمار - لوہے کی میخ -
مستشار - مشورت کیا گیا -
مستجار - جس سے پناہ و امان مانگین -
مسیر - مصدر میمی جانا اور سیر کرنا و جاے رفتار -
مستبشر - خوش ہونیوالا -

مستنکر۔ بُرا اور زبون۔
مستبشر۔ آمادہ ہونیوالا۔
مستکبر۔ متکبر۔ اور گردن کش۔
مستمر۔ استوار اور روان اور ہمیشہ۔
مستظہر۔ صاحب زور اور پشت پناہ و قوی پشت و بے پروا۔
مسمر۔ جسمین لوہے کی میخین لگی ہوئی ہون۔
مسکر۔ نشہ دینے والی چیز ہین۔
مستبصر۔ بینا ہونیوالا۔ روشندل۔
مستتر۔ بروزن معطر پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
مستنصر۔ نام ایک خلیفہ کا خلفاء عباسی سے۔
مستدیر۔ جو چیز مدور یعنے گول ہو۔
مُسفر۔ روشن اور سپید۔
مسبور۔ بھرا ہوا اور مالا مال۔
مستتر۔ چھپنے والا۔ پردہ مین رہنے والا۔
مستشعر۔ دل مین خوف رکھنے والا۔
مستخبر۔ خبر ڈھونڈھنے والا۔
مسطر۔ سخط کشی کا آلہ جسکے ذریعہ سے سطرین کتاب کی سیدھی لکھی جاتی ہین اور خط سیدھا آتا ہی۔ **طالب کلیم**۔ سحر کرا باید نوشتن نسخۂ آداب فقر + نسخہ تن راز نقش بوریا مسطر زند +
مسافر۔ سفر کرنے والا۔
مستاجر۔ اجارہ لینے والا۔
مستار۔ نام ایک خوشبودار پھول کا جسکو مروا کہتے ہین۔
مساس۔ مس کرنا۔ چھونا۔ جماع کرنا۔
مس۔ بفتح اول چھونا۔ ملنا۔ جماع کرنا اور فارسی مین مہتر اور بزرگ وطوق وزنجیر جو مجرم کو پہناتے ہین۔
مس۔ تانبا جو ایک مشہور دھات ہی۔ **سعدی**۔ کسے دید صحرائے محشر بخواب + چو مس تفتہ روے زمین ز آفتاب +
مستانس۔ انس و الفت پکڑنے والا اور خوگیر۔
مسدس۔ چھ حصے کیا گیا اور نام ایک قسم کی نظم کا جسکے ہر ایک بند کے چھ مصرع ہوتے ہین۔
متوحش۔ وحشت کی حالت مین۔
مستنبط۔ نکالنے والا۔ باہر لانے والا۔
مسمط۔ موتی پروئے ہوے اور نام ایک صنعت شعری کا۔

مُسلّط۔ کسی کام پر مقرر اور اسپر دستیاب و غالب و زور آور اور بفتح لام وہ شخص جسپر کوئی افسر مقرر ہوا اور مغلوب و کمزور۔
مستیقظ۔ اخیر مین ظاے معجمہ بیدار اور ہشیار۔
مسبع۔ سات حصہ کیا گیا اور وہ نظم جسکا ہر ایک بند سات مصرع کا ہو۔
مسرع۔ تیز رفتار اور جلدی کرنے والا۔
مستودع۔ بفتح دال امانت کی جگہ۔
مستودع۔ بکسر دال امانت رکھنے والا۔
مسمع۔ گوش یعنے کان۔
مستبدع۔ بدیع اور عجیب۔
مسامع۔ بہت سے کان۔
مستطیع۔ صاحب استطاعت و قدرت۔
متتبع۔ پیروی کرنیوالا۔
مستاطع۔ فرمانبردار۔
متوسع۔ فراخ اور چوڑا۔
مستجمع۔ جمع کرنیوالا۔
مسجع۔ سخن با قافیہ اور نام ایک صنعت شاعری کا۔
مساغ۔ اخیر مین غین معجمہ جاری ہونا اور روان ہونا اور آسانی سے اُتر جانا لقمہ کا گلے مین۔
مستحیف۔ ظلم کرنیوالا زبردستی کرنیوالا۔
مستخیف۔ بخاے معجمہ ڈرنیوالا۔
مسرف۔ بیجا خرچ کرنے والا فضول خرچ۔ **صفدر فوقانی**۔ راضی از مسرف نباشد ذات رب العالمین + چون بقرآن ست نازل لایحب المسرفین +
مستغرق۔ دل و جان مصروف و متوجہ کسی کام مین غرق ہوا ہوا۔ بالکل بیخبر۔
مساق۔ مقام چلانیکا۔
مسبوق۔ آگے بڑھا ہوا۔
مسترق۔ چرایا گیا۔
مستشرق۔ روشن اور چمکتا ہوا۔
مستوثق۔ استواری پکڑنیوالا۔
مستحق۔ حقدار جسکا حق ثابت ہو چکا ہو۔ **ابو طالب کلیم**۔ عطاش مستحق و غیر مستحق نشناخت + نیزد ابر چہ ویران چہ منزل آبادہا
مسلک۔ راستہ۔
مسالک۔ جمع مسلک بہت سے راستے۔
مستہلک۔ ہلاک ہونے والا۔

مسکک - منہ چنگ جو منھ سے بجایا جاتا ہی نام ایک آہنی ساز کا ہی -
مستمسک - پنجہ مارنیوالا -
مسک - مشک یعنے کستوری -
مسواک - وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرین - قاسم مشہدی
بازادی دہان پاک قاسم کے سخن گو بود + زچوب سرو تراشی اگر مسواک قلم را +
مستاصل - جڑ سے اکھاڑ گیا -
مستاہل - سزاوار ولایق -
مستذل - ذلیل اور خوار کیا گیا -
مسال - بہت سے جاری ہونے والے اور جمع مسئلہ مضعف جسکے سوزن کلان یعنی بڑی سوئی کہتے ہین
مستحیل - محال یعنا ممکن و مشکل بات و حیلہ گذار -
مستمال - تسلی و دلاسا دیا گیا -
مستقل - نہایت مضبوط و استوار -
مستقبل - زمانہ جو آنیوالا ہو -
مستعجل - شتاب چلنے والا - جلدی کرنیوالا -
مسیل - روان ہونا پانی کا -
مسجل - وہ قبالہ جسپر مہرین حکام کی ہون - نظامی - نویسم خطے
دنیا یش گری + مسجل بہ امضائے پیغمبری +
مستطیل - لمبائی زیادہ اور عرض کم -
مسحل - بہ حاے حطی گدزخر جو مشہور بجانور ہی -
مسئول - سوال کیا گیا - مانگا گیا -
مسلول - سبر ہنہ یہ لفظ سیف کے ساتھ ملکر سیف مسلول کہا جاتا ہی نیز
وہ شخص جسکو سل کی بیماری ہو -
مستدل - ذلیل مانگنے والا -
مستبدل - بکسر دال بدلنیوالا اور بفتح دال بدلا گیا -
مسہل - آسان کرنیوالا وہ دوا جو پیٹ کو جاری کرے دست لائے -
مسلسل - زنجیر کے ساتھ باندھا گیا - آپسمین پیوند دیا گیا اور زنجیرہ
منقش کام جو عماری کے چارون طرف لگاتے ہین اور وہ عبارت جسمین
گرفتگی نہو سعید حسین خالص - سر زنجیر فکر حلقہ ذکرے بدستم دہ +
مسلسل گوے مدح خویش کن طبع جوانم را بہ علا طغرا - بعلاقہ نظیند
نفسے حبل متین + بہست تا دامن آن پردہ مسلسل گز +
مستعمل - دوشیمہ تقویر -
مسکل - منہ چنگ ایک ساز کا نام ہے جو منہ پر رکھکر بجاتے ہین -
مستہام - سرگشتہ و حیران و بدنام -

مسموم - جسکو زہر دیا گیا ہو -
مسام - باریک سوراخ جو انسان کی جلد مین ہین -
مستقیم - سیدھا اور راست - ف حضرت حق بندہ سرگشتہ را +
کرد قایم بر صراط مستقیم +
مستخدم - بکسر دال خدمت چاہنے والا -
مستخدم - بفتح دال جس سے خدمت مانگین -
مستدام - ہمیشہ اور ہمیشگی چاہنے والا -
مستلزم - لازم پکڑنیوالا -
مسلم - جسنے دین اسلام قبول کیا ہو -
مستنجح - روشنی مانگنے والا -
مستتمم - تمام اور تمام کرنیکا خواہشمند -
مستشم - سونگھنے والا -
مسلم - باقرار سکھا گیا اور سپرد کیا گیا - صائب - تادر الفت بروے
آشنائے بستایم + جنت در بستہ را برخود مسلم کردہ ایم +
مستحکم - محکم و مضبوط و استوار -
مستہلک - ذلیل و خوار اور سبک -
مستہجن - مکروہ و زشت و عیب دار -
مستعان - یاری و امداد مانگا گیا -
مستعین - مدد مانگنے والا -
مستبین - واضح و روشن و آشکار -
مسن - وہ پتھر جسپر تلوار وغیرہ تیز کرین -
مسن - سالخوردہ - ضعیف - بوڑھا آدمی -
مسکین - ناطاقت جو اپنی جگہ سے ہل نہ سکے مفلس و محتاج -
مسکن - گھر - مکان - رہنے کی جگہ -
مسکن - تسکین دینے والا -
مسمن - فربہ بروزن محکم پرگوشت از روے خلقت و بروزن معظم
فربہ کیا گیا اور بکسر میم موٹا کرنے والا -
مسلمان - مشہور لفظ ہی -
مستحسن - نیک گنا گیا پسند کیا گیا اور بکسر سین نیک جاننے والا -
مسئلہ - درخواست کرنا اور پوچھنا -
مستحاضہ - وہ عورت جسکو ایام حیض سے زیادہ خون آئے -
مسرجہ - چراغدان -
مستمرہ - دائمی جو بات ہمیشہ سے ہوتی آئی ہو -

مسیحہ — ایک جانور ہے جسکو مولا کہتے ہین۔
مستطاع — قدرت وطاقت رکھا گیا۔
مسایرہ — برابری پکڑنا۔
مسودہ — وہ تحریر جو بطور سرسری لکھی گئی ہو۔
مستانف — جدا وعلیحدہ آغاز کرنے والا — نئے سرسے لینے والا۔
مسبحہ — شہادت انگلی جسکو سبابہ بھی کہتے ہین۔
مستکرہ — زشت وزبون وناخوش۔
مستانہ — مستون کی طرح اور جسکے حرکات وسکنات مستونکی طرح ہون — میرزا جلال اسیر — گرچمن مشرق آن جلوۂ مستانہ شود + غنچہ درخواب پری بیند ودیوانہ شود +
مسخرہ — ہنسی کرنے والا اور بھانڈ جو ایک قوم ہند مین ہے۔
مسنہ — جو رنج وغم والا وہ اور نام ایک دوا کا ہے جسکو عربی مین سعد کہتے ہین
مسترخی — سست اور ناطاقت۔
مستقصی — کسی چیز کے نہایت کو پہونچنے والا۔
مستولی — کسی پر غالب ہونیوالا۔
مسی — بضم اول وکسر ثانی بدکردار بدافعال۔
مسحی — چمڑہ کا موزہ جسپر مسح جائز ہے۔
مستضی — روشنی پکڑنیوالا۔
مستوخی — سردفتر — محاسب کلان۔
مستلقی — پشت پر سونے والا۔
مستسقی — جسکو استسقا کی بیماری ہو۔
مستدعی — درخواست کرنیوالا۔
مستوی — برابر وہموار۔
مساوی — برابر اور جمع سیئہ بدیان اورگناہ۔
مستکفی — کفایت چاہنے والا۔
مستغاثی — فریادی اور دادخواہ۔
مسلی — بکسر میم وکسر لام مشدد نام ایک بیماری کا جسسے یہ جانتا ہے کہ جیسے جسم مین کوئی سوئیان چبھوتا ہے۔
مساعی — بہت سی کوششین۔
مسترضی — خوشنودی ورضامندی چاہنے والا۔
مستی — مشہور لفظ ہے جو شراب وغیرہ اشیاء نشی کے کھانیسے حاصل ہوتی ہے مقابل ہوشیاری کے سوائے اسکے دولت کی مستی جوانی کی مستی وغیرہ میرخسرو — چو ہشیاران بترک ناز مستی + چو جوکی سگ مکن شہوت پرستی +

مستعفی — معافی چاہنے والا بخشش مانگنے والا۔
مسی — بکسر اول وہ چیز جو دانتون کو لگاتے ہین — نعیمای قمی — مسی بمال بدندان که از دل من ودیده + تبسم تو کند کار چشم سرمه کشید +

میم با شین

مشتہا — آرزو وخواہش ومقصد۔
مشکلکشا — مددگار سختی کے وقت کام آنیوالا — صائب — شہادتم بغنچہ دل مشکلکشای خویش + کز منت نسیم صبا کرده ام غم +
مشمشا — ایک قسم کے زرد آلو کا نام ہے۔
مشیا — پاژندی زبان مین وہ روغن جو بکری کے دودھ سے نکلے۔
مشرب — بفتح اول پانی یا شراب پینے کی جگہ مذہب ودین وطریق وآئین — طریقت را امام ومعرفت را پیشوا هستی + تو ای رہبر ہر مذہب بہر مشرب بہر ملت +
مشرب — بفتح اول پیالہ اور کوزہ۔
مشوب — بروزن مفعول ملا ہوا ومخلوط۔
مشارب — پینے کے مقام۔
مشبیب — برہم ودرہم ہونا — آشفتہ ہونا۔
مشاورت — مشورت کرنا صلاح وتجویز کرنا۔
مشایعت — پیاری کرنا پیروی کرنا چند قدم رخصت کیلئے کسیکے ساتھ جانا۔
مشکلات — مشکل باتین۔
مشتہیات — خواہش کی چیزین۔
مشکات — وہ فراخ طاق جسمین چراغ اور قندیل روشن کرتے ہین صحیح لفظ مشکوۃ واو اور طاے مدورہ کے ساتھ ہے۔
مشرقات — روشن چیزین اور آسمانی ستارے۔
مشتوت — بہر دو تاے فوقانی سوت جو کپڑے بننے کے لیے تیار کیا جاے۔
مشمومات — خوشبوئیان۔
مشتت — پریشان وپراگندہ۔
مشیت — تقدیر وخواہش ایزدی۔
مشت — مشہور لفظ ہے مٹھی جسکو ہندی مین کہتے ہین — ملا عبداللہ ہاتفی — نہادند برفرق ہم مشت را + شکستند در مشت انگشت را +
مشایمت — ایکدوسرے کو گالیان دینا۔
مشاکلت — ہم شکل ہونا — مانند ہونا۔
مشقت — محنت — رنج — تکلیف سعدی — مشقت نیرزد جہان داشتن + گرفتن بشمشیر وبگذاشتن +

مشنج - بضم اول ایک قسم کا غلہ ہی جسکو ہندی مین کراؤ کہتے ہین -
مشنج - بکسر اول وہ بڑی مکھی جسکی دم مین کرم بھرے ہوے رہتے ہین جب
زخم پر وہ بیٹھتی ہی کرم ہگ جاتی ہی تو زخم مین کرم پڑجاتے ہین -
مشائخ - جمع شیخ پیران دین طریقت کے رہنما بعض کے نزدیک شیخ کی
جمع شیخہ ہی اور مشیخہ کی جمع مشائخ پس یہ لفظ جمع الجمع ہوا -
مشہد - حاضر ہونیکی جگہ اور شہادت پانیکی جگہ اور نام ایک شہر کا ہی
ایران مین جس جگہ مزار پر انوار حضرت امام علی رضا علیہ السلام کا ہی اس
لحاظ سے اسکو مشہد مقدس کہتے ہین حکیم زلالی - مشہد پروانہ ہا تربت
دیوانہ ہا + گرد شبستان او خاک بیابان او +
مشید - مشید - گچ کیا گیا محکم بنایا گیا - گچ سے بنایا گیا بلند کیا گیا کمال اسمٰعیل -
سپاہ بان تو ظل عرش مجید + بارگاہ تو اوج قصر مشید +
مشک بید - ایک قسم بید کا ہی جسکا پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہی اور
اسکا عرق کھینچکر دوا مین استعمال کیا جاتا ہی اور ہر ایک لکڑی جو سیاہ رنگ ہو
نظامی - بہاران نگرتا بروز سپید + قلم چون تراشند از مشک بید + نہان
مرا آشکارا بر بند + ز گنجہ نگرتا بخارا بر بند +
مشتر - رندہ بڑھئیون کا جس سے لکڑی صفا کرتے ہین -
مشاہد - آنکھ سے دیکھنے والا -
مشہود - ظاہر اور برملا اور جو چیز آنکھ سے نظر آگئی ہو -
مشعر - بضم اول خبر دینے والا -
مشعر - بفتح اول و فتح ثالث قربانی کی جگہ اور حاجیونکی سر تراشی کی جگہ اور
عبادت کی جگہ -
مشاعر - مقامات قربانی و عبادت گاہین -
مشتشدر - بروزن مشکل متحیر و حیرتناک یہ لفظ تراشا فارسی خوانون
عربی دان کا ہی - کمال اسمٰعیل - بدان خدائے کہ ہنوز بیرنہ رقعہ +
سہ مہرہ را بمشتشدر ز نقش ہفت وچہار +
مشجر - بروزن منورہ وہ کپڑا جسپر درختون کے نقش لکھے ہون -
مشکور - پسندیدہ و ستودہ -
مشار - اشارت کرنیوالا -
مشاہیر - مشہور لوگ - بزرگ و نامور -
مشہیر - صاحب شہرت و مصاحب -
مشتہر - بفتح ہائے ہوز شہرت دیا گیا -
مشہر - بروزن منور شہرت دیا گیا -
مشمر - کمر باندھنے والا واسطے دوڑنے کے -

مشمر - بفتح دوسری میم کے اسپ تیز رفتار -
مشوش - بکسر واو پریشان کرنیوالا -
مشوش - بفتح واو پریشان کیا گیا -
مشمش - زرد آلو و خوبانی جو مشہور میوہ ہی -
مشاش - وہ شہد جسکو قوام دیکر خشک کیا بنا رکھتے ہین -
مشخص - تشخیص کیا گیا - تجویز کیا گیا -
مشط - بضم اول و کسر اول شانہ یعنی کنگھی
مشاع - آشکارا و ظاہر اور غیر منقسم -
مشارع - راستے جنپر چلتے ہین -
مشبع - بفتح بائے موحدہ سیر کیا گیا اور اسقدر پر پڑھا گیا کہ فتح سے
الف اور کسرے سے یا اور ضم سے واو پیدا ہو -
مشعشع مشعشعہ - وہ شراب جسمین پانی ملایا جاے -
مشاع - ظاہر کیا گیا -
مشنع - ملامت کیا گیا - برا اور زبون -
مشرف - بلند رتبہ اور منشیون کا افسر - سعدی - چو مشرف
دو دست از امانت گذاشت + بباید بر او ناظرے کس گماشت +
ملاو نیز او ساخت با خاطرش + ز مشرف عمل بر کن و ناظرش +
مشرف - مقام شرف - جگہ جو اونچی ہو -
مشرف - بزرگی دیا گیا -
مشعوف - بعین مہملہ شیفتہ اور عاشق -
مشغوف - بغین معجمہ چھپی بات - دلکی بات -
مشاق - مشق کرنیوالا -
مشاق - جمع مشقت کی بہت سی محنتین -
مشفق - شفقت کرنیوالا اور مہربان -
مشتق - ایک لفظ دوسری لفظ سے نکلا ہوا -
مشوق - بکسر واو شوق مین لانے والا و بفتح واو شوق مین لایا گیا -
مشتاق - صاحب شوق و آرزومند - توحید - بہ بام چرخ بیک
ساعت از زمین برسد + بہ بال شوق پرد از زمین اگر مشتاق +
مشتلق - شکرانہ اور انعام جو کسیکو کسی امر مین دیا جاے یہ لفظ ترکی ہی -
سالک یزدی - کمان آرام جانتہا بیقراران مشتلق + مژدہ پابوس دل ما خاکساران مشتلق +
مشرق - جاے طلوع و جاے ظہور - صائب - نالہ اشک و آہ ضعیفان
خاکسار تبرس + کہ بود مشرق طوفان تنور سینہ زنی +
مشق - بار بار کرنا اور مداومت کرنا کسی کام کا اسکی درستی کے لیے -

مشتبک - ہر چیز سوراخدار -
مُشک - بضم اول کستوری جو مشہور چیز ہی یہ لفظ بکسر اول بھی صحیح ہے -
سعدی - اگر الٰہی مشک راگندہ گفت + تو مجموع شو کو پراگندہ گفت +
مشک - وہ مشک جسمین سقہ پانی بھر کر پلاتا ہی اور پانی مین پیرنے والے
اسمین ہوا بھر کر اور منھ بند کرکے پیرتے ہین - **جمال الدین سلمان** - عنبر نم
ہر شب بمشک دیدہ آب کوے دوست + آب مشک ہیچ سقہ بر نتابد بیش ازین +
ابوطالب کلیم - بہ بحر ہمت او چیست مشک پر بادی ست + کہ بہر مشق
شنا بستہ بر میان قضا ست +
مُشنگ - بروزن تفنگ نام ایک قسم کے غلہ کا اور چور اور راہزن -
مشترک - وہ چیز جو دو شخصونکی ملکیت مین ہو اور نام ایک حس کا جو
حواس ظاہری و باطنی مین مشترک ہی -
مشتاسنگ - وہ پتھر جو فلاخن مین رکھکر چلائین -
مشتنک - مفلس و پریشان حال - دزد و رہزن -
مشکک - ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین سعد کہتے ہین اور ہند مین موتھا
مُشکِنک - ایک پرندہ کا نام ہی جو پانی کے کنارے رہتا ہی کبک سے چھوٹا
ہوتا ہی اور مغاک جو پانی کے بہاؤ سے زمین مین پڑ جاتا ہی -
مشارک - شریک ہونے والا -
مشکوک - شک کیا گیا -
مُشاکل - ہمشکل ہونیوالا اور ایک بحر کا نام ہی عروض کے انیس ۱۹ بحر سے
مشتمل - شامل ہونیوالا - گرداگرد ہونیوالا - محیط ہونیوالا -
مُشتَعِل - بکسر عین مہملہ آگ جلتی ہوئی -
مشتغِل - بکسر غین معجمہ مشغول ہونے والا **سعدی** - زسودائے
جانان بجان مشتغل + بذکر حبیب از جہان مشتغل +
مشغول - ایک شغل مین لگا ہوا -
مشتمال - دلائی کرنا - ہاتھونکو ملنا چپی کرنا اور نام ایک فن کا فنون کشتی مین
و فریب و مکر و حیلہ اور خوش کرنا کسی کو جو غضب و غصہ کی حالت مین ہو **محمد سعید**
اشرف - سالکان اکثر لگد کوب حوادث میشوند + ماندگان راہ را از مشتمالی چارہ نیست
مَشعَل - مشہور چیز ہی جسکو جلا کر روشنی کرتے ہین یہ ایک لکڑی ہوتی ہی
جسکو لتے باندھکر اور تیل سے بھگو کر جلاتے ہین - **جمال الدین سلمان** - ز برک
صبح بحشمت نبرد باد دگر + گر شبے بر نکند رائے منیرت مشعل +
مشکل - دشوار اور ناممکن امر کٹھن بات - **سعدی** - کہ مشکلے
بود پیش علی + مگر مشکلش را کند منجلی +
مشمول - شامل کیا گیا - احاطہ کیا گیا -

مشاعل - بہت سی مشعلین -
مشاغل - بہت سے شغل -
مشلول - جو شل ہو گیا ہو یعنے بدن اسکا بے حس و حرکت ہو گیا ہو
مَشام - دماغ و مقدم دماغ جسمین قوت بوئیدگی یعنے سونگھنے کی قدرت
رکھی ہی **سعدی** - سنیا ساید مشام از طبلہ عود + بر آتش نہ کہ چون عنبر بوید +
مَشّام - سونگھنے والا اور قوت شامہ -
مشعر الحرام - مکہ معظمہ مین قربانگاہ کا نام ہی -
مشئوم - بروزن معصوم منحوس و بخیل -
مَشمُوم - سونگھی ہوئی چیز اور خوشبو -
مشائین - راست رفتار اور نام ایک گروہ حکما کا کہ راست روی
اپنی بدلائل ثابت کرتے ہین -
مشحون - پر کیا گیا - بھر گیا -
مشت زن - پہلوان کشتی گیر **سعدی** - یکے مشت زن بخت
روزی نداشت + نہ اسباب شامش مہیا نہ چاشت +
مَشّاطہ - **مشاطہ** - بتشدید و تخفیف شین شانہ کش عورت جو دلہن کو آراستہ
کرتی ہی **طغرا** - مشاطہ دیگرہ ز اطوار ناخن عجب کہ عقدۂ دل وا شود بآسانی +
مشاہرہ - ماہواری مقررہ تنخواہ - **نور الدین ظہوری** - قباد قدر منوچہر
چہر دارائی + کز و مشاہرہ بہمنی خورد بہمن -
مِشقّہ - وہ اوزار جس سے ملاح و سراج و صحاف وغیرہ کام کرتے ہین
طاہر وحید - سراج کی تعریف مین - بکف مشقہ آن گل بے خزان + ز غنچہ
غنچہ را مشتہا بر زبان +
مشغلہ - مجلس گفتگو و ہنگامہ و شور و غوغا - **میر معزی** - گوئی کہ
مفرست مرا عاشق چون تو + طعنہ مزن اے ترک و مزن مشغلہ چندین +
مشاہدہ - دیکھنا اور روبرو حاضر ہونا -
مشورہ - آپسمین کسی بات پر تجویز و اصلاح و کنگاش کرنا یہ لفظ بفتح
میم و ضم شین و سکون واو صحیح ہی اور بسکون شین جو مشہور ہی غلط ہی -
مشرفہ - نامہ و پیام جو اعلی کیطرف سے ادنی کیطرف ہو -
مشرعہ - پانی پینے کی جگہ -
مشافہہ - روبرو ہونا اور روبرو بولنا -
مشربہ - پانی پینے کا برتن -
مشاعرہ - باہم بیٹھکر شعر پڑھنا -
مشعرہ - جگہ شعر پڑھنے کی -
مشیمہ - وہ رقیق پردہ جو بچہ کے اوپر ولادت کے وقت ہوتا ہی اور نام چھٹے

پردہ کا آنکھ کے ساتوں پردوں سے۔
مشارالیہ۔ جسکی طرف اشارہ کیا جاوے۔
مشعلہ۔ مشعل جو جلائی جاتی ہی۔
مشخنہ۔ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی۔
مشقولیہ۔ وامق کی عورت کا نام ہی جو عذرا کا عاشق تھا۔
مشکویہ۔ بتخانہ اور بادشاہی حرم سرائے اور نام ایک نوا کا ہی موسیقی سے
مشتری۔ خریدار اور نام ایک ستارہ کا جو آسمان پر ہی اور اہل نجوم اُسکو سعد اکبر و قاضی فلک کہتے ہین فارسی مین اُسکا برجیس نام ہی اور ہندی مین برسپت گرُ اُسکا قوس وحوت اور شرف اُسکا سرطان مین۔
مشکوی۔ بادشاہی گھر اور بتخانہ۔
مشقی۔ وہ تختہ یا کاغذ جسپر کاتب مشق کرے۔ **محمد سعید اشرف**۔ چون آن آبلہ شوید طفل کرد و مشقی خود را + ہزاران حرف در ہر قطرۂ اشکے نہان دارم +
مشکوفی۔ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی۔
مشکی۔ ہر چیز جو سیاہ ہو اور نام ایک قبیلہ کا جو اصفہان مین رہتا ہی اور مسکن اُنکا مشکیون کا کوچہ مشہور ہی۔ **محمد سعید اشرف**۔ ہمہ با آبرو با زیب و زینے + عوام مشک سادات حسینی +
مشوی۔ بھیان یعنی بھونا ہوا۔
مشی۔ نرمی سے چلنا۔
مشتہی۔ خواہش کرنیوالا اور آرزومند۔
مشتہی۔ اسم فاعل متعدی بدو مفعول اشتہا پیدا کرنیوالا۔
مشعلچی۔ مشعل والا مشعل روشن کرنا جسکا کام ہو

میم با صاد مہملہ

مصلّا۔ جائے نماز اور نام میدان عیدگاہ شیراز کا جو نہایت سرسبز مقام ہی۔
شعر۔ اگر ساقی باجازت بخشدت با بادۂ رنگین + بشوئیم نماز عشق محراب و مصلا را +
مصفا۔ پاک اور صاف۔ بے کدورت۔ **توحید**۔ تو گردستی دل صافی دلا نرا + چو آئینہ مجلا و مصفا +
مصطفےٰ۔ برگزیدہ اور صاف کیا گیا اخلاق ذمیمہ سے اور خطاب حضرت سرور کائنات احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ **نعتیہ از مولف** کرد حق از عرش بالاتر مقام مصطفےٰ + سکہ اندر دین و دنیا زد بنام مصطفےٰ +
مُصَاب۔ مصیبت زدہ اور رنج رسیدہ۔
مَصَائِب۔ مصیبتین۔ سختیان۔ رنج تکلیفین۔
مَصَبّ۔ پانی وغیرہ گرنیکی جگہ۔
مَصَاعِب۔ دشواریان اور دشوار مقامات۔

مُصِیب۔ صواب پانیوالا اور اچھی طرح پہونچنے والا کسی کام کی حقیقت کو
مصحوب۔ ساتھ کیا گیا۔
مصلوب۔ سولی پر چڑھایا گیا۔
مصافات۔ دوستی و اخلاص۔
مصابرت۔ صبر کرنا۔ ٹھہرے رہنا۔
مصفات۔ وہ آلہ جس سے کوئی چیز صاف کرین۔
مُصْمِت۔ بھرا ہوا اور بیہوا ہوا اور وہ زخم جو اندر سے بھر آئے اور ایکرنگ گھوڑا
مُصَمَّت۔ بروزن مخمس خاموش کیا گیا۔
مُصَارعت۔ کشتی کرنا دو پہلوانون کا۔
مصلحت۔ نیک کام کرنا اور نیکی سوچنا۔ **سعدی**۔ پشت دوتاے فلک راست شد از خرمی + تا چو تو فرزند نا دعا در ایام را + حکمت محض ست گر لطف جہان آفرین + خاص کند بندہ مصلحت عام را +
مصاہرت۔ داماد بنانا یا خسر بنانا۔
مصادمت۔ صدمہ پہونچانا۔
مصابرت۔ صبر کرنا۔
مصاحبت۔ صحبت کرنا۔
مصادقت۔ راستی پر آنا۔ سچ بولنا۔
مصیبت۔ دکھ تکلیف۔ حادثہ۔
مُصلح۔ اصلاح دینے والا۔ نکوئی پر لانیوالا۔
مَصَالِح۔ جمع مصلحت اور ساز اور سامان ہر چیز کا چنانچہ عمارت کا مصالح۔
سعدی۔ پس آنرا ز بہر مصالح شکست + کہ سلطان ظالم نگیرد بدست +
مِصبَاح۔ چراغ جس سے روشنی حاصل ہو اور پیالہ شراب کا جو صبح پیا جاے۔ **توحید**۔ بہر معاملہ کان مصلح جہان خواہد + برائے مصلحت بندگان کند اصلاح + بشرق و غرب جہان کرد مہر و مہ روشن + برائے روز یکی بہر شب دگر مصباح +
مَصَابِیح۔ جمع مصباح کی بہت سے چراغ اور نام ایک کتاب کا حدیث کے علم مین
مصحح۔ صحیح کرنیوالا۔ صحت دینے والا۔
مصاعد۔ بلند مکانات۔
مَصعَد۔ بفتح اول۔ بلند چڑھنے کی جگہ۔
مُصَعِّد۔ بضم اول و فتح صاد و تشدید عین مکسور اوپر کو جانیوالا۔
مصاید۔ جمع صید خلاف قیاس چنانچہ محاسن جمع حسن۔
مَصْدَر۔ جگہ صادر ہونیکی نکلنے کا مقام اور وہ کلمہ جس سے افعال و صفات مشتق کرین
مُصَدَّر۔ مقام رکھا گیا۔ ابتدا مین لایا گیا۔

مِصر — بکسر اول ہر ایک شہر اور نام ایک ملک کا جسکا دار السلطنت فی زمانہ قاہرہ ہی — **سعدی** — یکے پرسید زان گم کردہ فرزند + کہاے روشن گہر پیر خردمند + زمصرش بوے پیراہن شمیدی + چرا در چاہ کنعانش ندیدی +
مُصِر — ہٹ کرنیوالا — ایک کام پر اڑ جانے والا —
مَصِیر — پھرنا اور جگہ پھرنیکی —
مَصدُور — صادر کیا گیا —
مُصَوِّر — بکسر واو تصویر کھینچنے والا —
مُصَوَّر — بفتح واو تصویر کھینچا گیا —
مَصّ — مکیدن یعنے چوسنا —
مَصُوص — مرغ بریان جسمین کرفس و زیرہ بھر کر بھونتے ہین اور سرکہ مین رکھتے ہین —
مُصَدِّع — درد سر پیدا کرنیوالی چیز اور جدا جدا کرنیوالی —
مِصراع — **مصرع** — بالف و بے الف دونون طرح کواڑ کے دروازہ کا ایک تختہ منجملہ دو تختون کے جس سے دروازہ بند کیا جاتا ہی اسی سے مصرع ایک حصہ بیت کا ہوتا ہی اور دو مصرع پورا بیت — **آرزو** — گر شود فوارہ نخل مصرما دور نیست + تخم اشکے در زمین شعر میکاریم ما +
مُصَرَّع — بضم اول و فتح راے مشدد مصرع لایا گیا —
مَصنع — قلعہ اور حوض و تالاب —
مِصقع — فصیح و بلیغ مصاقع اسکی جمع ہی —
مَصرُوع — جسکو صرع یعنے مرگی کی بیماری ہو —
مَصنُوع — بنایا گیا —
مَصَافّ — صفین قایم ہونیکی جگہ یعنے مقام جنگ و رزمگاہ و لڑائی —
سعدی — کہ لشکرکشایان مغفر شگاف + نہان صلح جویند و پیدا مصاف +
مَصَاحِف — جمع مصحف بہت سے صحیفے — **سعدی** — پریشان شدن اوراق مصاحف دیدم + گفتم این منزلت از قدر تو می بینم بیش + گفت خاموش ہر کس کہ جمالے دارد + ہر کجا پاے نہد دست بدارندش پیش +
مُصحَف — صحیفہ — آسمانی کتاب — قرآن مجید — **صفدر فوقانی** — واللیل زلف عارض تابان ہوا لضحے + چہرہ ہی کیا نمونہ ہی مصحف مجید کا +
مَصَارِف — جمع مصرف صرف کرنیکے مقامات —
مَصرُوف — نہایت متوجہ اور خرچ کیا گیا —
مَصرِف — جاے خرچ اور خرچ کا مکان و بضم میم و کسر راے صرف کرنے والا —
مُصنِّف — تصنیف کرنیوالا —
مِصدَاق — سچی تمثیل و گواہ و گواہی اور راستی کی دلیل — **توحید** — منہ پھیرو ن ز صدق و راستی پا ہلکہ باشی بہر اہل صدق مصداق +

مَصدُوق — راست کیا گیا — سچ سمجھا گیا —
مَصقُول — صاف اور روشن کیا گیا —
مُصَیقَل — صاف اور روشن کیا گیا — زنگ اتارا گیا جلا دیا گیا —
مَصَاقِل — جمع مصقلہ ہی —
مَصُون — بروزن زبون نگاہ رکھا گیا — حفاظت مین لیا گیا —
مِصرَان — دو شہر کوفہ اور بصرہ —
مُصَادرہ — جرمانہ اور تاوان لینا —
مَصطَبہ — شرابخانہ —
مُصَوِّرہ — یہ ایک قوت کا نام ہی جسکے ذریعہ سے عورت کے رحم مین بچہ آدمی کی صورت پکڑتا ہی —
مُصَافحہ — بوقت ملاقات ایکدوسرے کا ہاتھ پکڑنا —
مِصقَلہ — صیقل کرنیکا اوزار —
مُصَلِّی — نماز پڑھنے والا — نماز ادا کرنیوالا — **شرف بخاری** — اے مصلی بیا طہارت کن + خانۂ دین خود عمارت کن +
مِصری — مصر کا قند جو نہایت عمدہ ہوتا ہی منسوب بملک مصر —
مصطگی — ایک دوائی کا نام ہی جسکی تشریح مفصل دویات مین تحریر ہی
مُصطَفَوی — منسوب بجناب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم چنانچہ حدیث مصطفوی اگرچہ اس لفظ مین واو کا زیادہ کرنا صحیح نہین مگر کلام متقدمین مین اکثر واقع ہی اسواسطے محل اعتراض نہین ہی —

میم با ضاد معجمہ

مَضَی مَا مَضَی — گذشت آنچہ گذشت گذرا جو گذرا — **قطعہ از مولف** — مکن یاد وقتیکہ از دست رفت + بگو بہر ماضی مضی ما مضی + بآیندہ چشم توقع مدار + غنیمت شمر حالت حال را +
مَضَا — گذر جانا — روان ہونا —
مِضرَاب — زخمہ لوہے کے تار کا جو انگلی پر چڑھا کر ستار وغیرہ ساز بجاتے ہین — **طالب آملی** — منم کز فیض جانم خون شراب لالہ گون گردد + بہر شریان کہ مضرابے رسانم ارغنون گردد +
مَضَارِب — مضرب کی جمع مقام مارنے کا —
مضرب — جاے ضرب مارنیکی جگہ —
مضطرب — بے قرار و بے آرام — **مولف** — چو ازین دنیاے فانی رفتنی ست + در حصولش مضطرب باشی چرا +
مضاربت — مال کسی کو تجارت کے لیے دینا اس شرط پر کہ جو نفع ہو اُسمین سے نصف نصف دونون کا ہو —

مُضاجعت - باہم ایک جگہ سونا -
مُضادت - ضد پر ہونا - دشمنی کرنا -
مُضافات - متعلق اور منسوب چیزین -
مُضاہات - مانند و مثل ہونا -
مَضِلّت - گمراہی کا مقام راستہ بھولنے کی جگہ -
مضرت - ضرر دینے والی چیز -
مضرات - ضرر دینے والی چیزین -
مضحکات - ہنسانے والی باتین -
مُضِجّ - بضم میم و کسر ضاد و تشدید جیم فریاد و نالہ کرنیوالا بلند پکارنیوالا -
مُضمَر - بضم میم اول و فتح میم دوم دل مین رکھا گیا - پوشیدہ رکھا گیا -
مُضمّر - بفتح اول و فتح ثانی و تشدید ثالث وہ گھوڑا جو تیز رفتار ہو باریک کمر ہو اور فربہ ہو -
مَضار - جمع مضرت تکلیف و نقصان -
مضمار - وہ میدان جسمین شرط گھوڑونکو دوڑا کر دبلا کرتے ہین -
مضامیر - جمع مضمار کی بہت سے میدان گھوڑونکی ریاضت کے -
مُضطر - بضم میم و فتح طاے حطی بے قرار و بے آرام -
مضر - بضم اول و فتح ثانی نام ایک قبیلہ عرب کا -
مُضِر - بضم میم و کسر ضاد و تشدید راے ضرر پہونچانیوالا نقصان دینے والا -
مَضَر - بفتح میم و فتح ضاد نقصان کی جگہ - تنگی کا مقام -
مضبوط - ضبط کیا گیا - مستحکم و استوار کیا گیا -
مَضجع - بفتح میم و جیم خوابگاہ -
مضاجع - بہت سی خوابگاہین -
مُضیع - ضایع کرنے والا -
مضارع - وہ زمانہ جو حال و استقبال کو شامل ہو یعنی اسکے شریک یا تشبیہ ہونیوالا -
مُضاف - منسوب و متعلق -
مضاعف - دو چند - دگنا -
مَضایق - بہت سے تنگ مکان -
مَضیق - تنگ جگہ اور چھوٹا مکان -
مَضحک - بفتح میم و فتح حاے حطی ہنسنا اور وہ شخص جس پر ہنسین -
مُضحِک - بضم میم و کسر حاے حطی ہنسانے والا -
مُضمَحِل - محو ہونیوالا ناچیز اور سست -
مُضِل - گمراہ کرنیوالا -
مضموم - وہ حرف جسپر ضمہ یعنی پیش ہو -

مضمون - درمیان پکڑا گیا - تحریر یا تقریر مین لایا گیا - ملا طاہر غنی -
ازبسکہ شعر گفتن شد مبتذل درین عہد + لب بستن ست اکنون مضمون تازہ بستن +
مضامین - بہت سے مضمون -
مُضادّہ - باہم ضد ہونا مصدر باب مفاعلہ سے اور عورت باہم ضد کرنیوالی -
مَضِلّہ - ضلالت و گمراہی کی جگہ -
مضائقہ - بروزن معالجہ تنگ پکڑنا کسی کام مین - ملا وحشی -
دکار ما مضائقہ داشت ناخدا + کشتی بنوح درخت بطوفان گذاشتیم +
مُضغہ - گوشت کا ٹکڑا -
مُضِیّ - بضم میم و کسر ضاد و یاے مشدد روشن ہونیوالا اور روشن کرنے والا -
مضاہی - مانند و مشابہ -

میم با طاے حطی

مطایا - وہ چارپائے جنکی پشت پر سوار ہون یعنے گھوڑا - اونٹ خچر گدھا وغیرہ یہ لفظ جمع مطیہ کی ہی -
مُطرّا - تازہ اور تازہ کیا گیا - صفا و آبدار -
مَطا - پشت یعنے پیٹھ -
مُطلّا - طلا کیا گیا - ملمع کیا گیا - یہ لفظ فارسیون و عربی دانونکا بنایا ہوا ہی کہ اس چیز کو جسپر سونیکا ملمع ہو مطلا کہتے ہین - ملا طغرا در تعریف گلنار - چو عکس و ہد زر کف تاک را + مطلا کند قبضۂ خاک را +
مَطَب - شفاخانہ جہان طبیب بیٹھکر لوگونکا علاج کرتا ہو -
مُطیّب - خوشبودار اور پاک ہونیوالا -
مَطلِب - بفتح اول جاے طلب و مقصود -
مُطّلِب - نام جد حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم -
مطرب - گانیوالا - قوال -
مُطنِب - دراز کرنیوالا بہت بولنے والا -
مَطوِیّات - پیچیدہ اور پوشیدہ باتین -
مطعومات - کھانے کی چیزین -
مَطَرات - بارشین -
مطاوعت - فرمانبرداری کرنا -
مطارحات - باتین خوشامد و تملق کی -
مطمح - بلند مقامات کی طرف دیکھنا اور جگہ بلند رکھنے نظر کی -
مطرح - وہ کیسہ اور تھیلہ جسمین شکاری شکار کیلیے ہوے جانورون کو جمع کرتا ہی اور سر ایک کیسہ مین کچھ ڈالکر حفاظت سے رکھین - نظامی -
کہ چون بایدم مطرحی ساختن + شکاری درآن مطرح انداختن +

مطبخ - باورچی خانہ جہاں کھانا پکاتے ہیں - میر معزی - خرگہ زندوکار
کسے نکشاید + مطبخ زندونان بکسے نماید + گردودز خرگہش برآید شاید +
کز مطبخ او دودہی بر نیاید +
مَطبُوخ - پکائی ہوئی چیز اور جوشاندہ -
مَطرُود - بروزن مردود چلایا گیا - نکالدیا گیا -
مُطَرِّد - بضم میم و تشدید طاے مفتوح و کسر راے ایک و تیرہ پہ رہنے والا -
مِطرَد - بکسر میم چھوٹا نیزہ یعنے برچھی اور وہ کپڑا جو دوسرے کپڑے کے نیچے پہنیں -
مَطَر - باراں یعنے مینہ -
مِطر - تری و تازگی -
مَطِیر - بروزن فعیل برسنے والا -
مُطَیَّر - بروزن مصور خجلت زدہ و شرمندہ اور وہ شخص جو پرندونکی تصویر لکھا کرے
مَطَار - اڑنا اور اڑنیکی جگہ -
مُطَرَّز - بروزن منور زینت دیا گیا -
مُطَلَّس - درہم و دینار بے سکہ و بے نقش -
مُطَلِّع - بضم میم و تشدید طاے و کسر لام خبر دینے والا - اطلاع کرنیوالا -
مُطَلَّع - بفتح لام خبر دیا گیا - خبردار کیا گیا -
مَطلِع - بفتح میم و کسر لام مقام طلوع یعنے جس جگہ سے کوئی ستارہ نکلے
اور پہلا بیت کسی غزل کا - میر محمد علی رائج - ہمچو خورشید کز و خط شعاع
جو شد + مطلعے میکنم انشاے و غزل میگردد +
مَطَالِع - جمع مطلع اور نام ایک کتاب کا منطق میں -
مطبوع - طبع کیا گیا -
مطامع - جمع طمع خلاف قیاس چنانچہ محاسن جمع حسن -
مَطمَع - جاے طمع - امید کی جگہ -
مَطبُوع - دلپسند و مرغوب طبع -
مَطَاوِع - فرمانبرداری کرنے والا -
مُطَاع - فرمانبرداری کیا گیا - سعدی - شفیعٌ مُطَاعٌ نَبِیٌّ کریمٌ +
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم +
مُطَرَّف - وہ گھوڑا جسکا سر اور دم سپید ہو یا سیاہ و مزین و زینت دار -
مطاف - جاے طواف -
مطلق - آزاد اور قید سے چھوٹا ہوا بے خصومت اور روان کیا ہوا -
مُطَبَّق - طبقہ بطبقہ - تہ بہ تہ -
مُطَوَّق - طوق میں کیا گیا -
مطول - لمبا اور نام ایک کتاب کا -

مَطَاعِم - کھانیکی چیزیں -
مطران - بفتح و کسر اول سرگروہ قوم نصارا کا اور سرگروہ کفار کا -
مِطحن - آسیا یعنے چکی -
مَطعُون - طعنہ دیا گیا - نیزہ مارا گیا -
مطین - بروزن مزین کہگل کیا گیا -
مطمئن - تسلی کیا گیا - آرام میں آیا ہوا -
مطارحہ - صلاح و مشورہ کرنا - خوشامد کرنا -
مطائبہ - خوش طبعی کرنا - ہنسی کرنا -
مطمورہ - چھپایا گیا - پوشیدہ کیا گیا و تہ خانہ جو زمین کے اندر بنا ہو
مطیہ - سواری اور مرکب -
مُطَوَّعہ - وہ جماعت جہاد کرنیوالی جنپر جہاد واجب نہو -
مطالعہ - کسی چیز کیطرف دیکھنا -
مطہرہ - وضو کرنیکا آفتابہ -
مِطرَقہ - لوہارون کا آہنی ہتھوڑا -
مطالبہ - طلب کرنا اور ڈھونڈھنا -
مُطرِبہ - گانیوالی عورت -
مَطبخی - باورچی - کھانا پکانے والا -
مَطوِی - آپسمیں لپٹا ہوا -
مطاوی - پیچیدگیاں اور شکن -

میم با ظاے معجمہ

مظاہرت - پشتی دینا - حمایت کرنا -
مظفر - فتحمندی دیا گیا اور نام ایک بادشاہ کا -
مُظاہِر - پشتی دینے والا - مدد دینے والا -
مِظَل - سایہ بان - سایہ کرنیوالا -
مَظَالِم - جمع مظلمہ بہت سے ظلم اور جور اور عدالت کی کچہری جہاں ظالم کو
اسکے ظلم کی سزا دیجاتی ہے -
مُظلِم - بضم میم و کسر لام تاریک اور بفتح میم و کسر لام مکان تاریک -
مظلوم - جسپر کسی ظالم نے ظلم کیا ہو - توحید - خدا حاجت روا و خلق
محتاج + خدا فرمانروا و خلق محکوم + بہر یک مورمی بخشد خدا زور + زہے
ظالم ستاند داد مظلوم +
مَظَانّ - گمان لے جانے کے مقامات یہ جمع کبھی واحد کے معنے بھی دیتی ہے
مَظِنَّہ - گمان اور شک و شبہہ کی جگہ -
مِظَلَّہ - سایہ بان - سایہ کرنے والا -

مَظلِمہ ۔ دادخواہی کرنا ۔ نالش کرنا ۔

میم با عین مُہملہ

مُعَمّا ۔ اندھا کیا گیا ۔ چیستان ۔ پہیلی ۔ حافظ ۔ مُدّاز مطرب و می
جوی وراز دہر کمتر جو + کہ کس نکشود نہ کشاید بحکمت این معمارا +
مع ہٰذا ۔ ساتھ اسکے با وجود اسکے ۔
مُعَزّا ۔ صاحب عزا ۔ سوگوار ۔ ماتم زدہ ۔
مُعَادا ۔ بہ دال مُہملہ عداوت رکھنا ۔ بار بار کرنا ۔ پے درپے کرنا کسی کام
کو یہ لفظ مخفف معادات ہی ۔
مُعَرّا ۔ عریان ۔ برہنہ ۔ ننگا ۔ بے لباس ۔ شعر ۔ برہنہ در لباس
بادشاہی ست + چہ ہست از جامۂ تقوی معرا +
مَعًا ۔ معی ۔ رودہ یعنے آنتین ۔
مَعًا ۔ اُسیوقت ۔ ساتھ ساتھ ۔
معائب ۔ بہت سے عیب جمع معیب جو مصدر میمی ہی ۔
مُعَاقِب ۔ عقوبت کرنے والا ۔ عذاب کرنے والا ۔
مُعِیب ۔ بوزن منیر عیبدار ۔ عیب کرنیوالا ۔
مُعَاتِب ۔ عتاب کرنیوالا جھڑکنے والا ۔
مُعجب ۔ متکبر و مغرور و صاحب عجب ۔ خود پسند ۔ خود بین ۔
مُعَرَّب ۔ کوئی عجمی لفظ عربی بنایا گیا ۔
مُعَرَب ۔ کسی حرف پراعراب دیا گیا ۔
مُعَقَّب ۔ بضم میم و تشدید قاف مکسور پیچھے ڈالا گیا ۔
مَعیُوب ۔ عیب کیا گیا ۔ عیبدار بنایا گیا ۔
معتوب ۔ عتاب مین لایا گیا ۔
مَعذِرَت ۔ عذر چاہنا ۔ بہانہ لانا ۔
معاندت ۔ باہم دشمنی کرنا ۔
مَعدلت ۔ برابر تولنا ۔ عدل کرنا ۔
مَعیّت ۔ ساتھ ہونا ۔ ہمراہ ہونا ۔
مَعیشَت ۔ عیش کرنا ۔ زندگانی کرنا ۔ گذران کرنا ۔
مُعَاوَنت ۔ یاری کرنا ۔ مدد کرنا ۔
معاشرت ۔ زندگانی کرنا ۔ عیش و عشرت کرنا ۔
مُعَاوِدَت ۔ عود کرنا ۔ پھر آنا ۔
معاقبت ۔ عقوبت و عذاب کرنا ۔
مُعَاتبت ۔ عتاب کرنا ۔ جھڑکنا ۔
معظمات ۔ بڑے بڑے کام اور باتین ۔

معضلات ۔ مشکلین اور بندشین ۔
معاضدت ۔ یاری دینا مدد دینا ۔ بازو بننا ۔
مَعرِفت ۔ شناختن یعنے پہچاننا ۔ توحید ۔ رنگ و بوے آن گل
رنگین شناسد در چمن + ہر کہ باشد عندلیب بوستان معرفت +
مَعُونت ۔ یاری دینا ۔ مدد کرنا ۔
معادات ۔ عداوت آپسمین کرنا ۔
مَعصِیَت ۔ گناہ کرنا ۔ نافرمانی کرنا ۔ مخلص کاشی ۔ زابر لطفش
بسکہ باران عنایت می چکد + معصیت را گر ببفشارند رحمت میشود
معاطفت ۔ مہربانی کرنا ۔
معاقدت ۔ باہم ایک بات پر عہد کرنا ۔ نکاح کرنا ۔
معاوضت ۔ عوض لینا ۔ بدلہ لینا ۔
معجزات ۔ بہت سے معجزے ۔
معلم ثالث ۔ شیخ ابوعلی سینا حکیم ۔
مِعراج ۔ جاے عروج یعنے نردبان ۔ زینہ ۔ پوڑی ۔ نعتیہ از مؤلف
تاجداران زمانہ سرفراز تاج تو + انبیا را سربلند از پایۂ معراج تو +
مَعَارِج ۔ نردبان اور زینہ ۔
مُعَوَج ۔ بضم میم و سکون عین و واو مفتوح و جیم مشدد کج اور ناراست ٹیڑھا
معرَج ۔ بالکسر نردبان ۔ زینہ ۔ سیڑھی ۔
مِعرج ۔ بفتح اول اوپر چڑھنے کی جگہ ۔
مُعَرّج ۔ بضم میم و فتح عین و تشدید راے مفتوح نام ایک نفیس کپڑے کا
اور معرج گر جولاہا جو اسکو بنتا ہی ۔ نظامی ۔ زمعراج او در شب ترکتاز +
معرج گران فلک را طراز +
مَعَالِج ۔ طبیب جو بیمارون کا علاج کرے ۔ نعتیہ از مؤلف ۔ اے
معالج چو ان تو ئی چارہ گر بیچارگان + بخش از دست شفا بہر دل شیدا علاج +
مَعبد ۔ عبادت گاہ ۔ عبادت کی جگہ ۔
معابد ۔ جمع معبد عبادت گاہین ۔
مُعِید ۔ اعادہ کرنے والا ۔
مُعِدّ ۔ بضم میم و کسر عین و تشدید دال آمادہ و مستعد و تیار ۔
مَعد ۔ بفتح اول نہ عیتہ الثعلب جو ایک مشہور دوا ہی ۔
معدود ۔ گنتی مین آیا ہوا تھوڑا سا ۔ توحید ۔ بہر حساب خداے
یگانہ محسوب ست + شمار و احد مطلق بہر عدد معدود +
معتضد ۔ قوت پکڑنے والا ۔ طاقت لینے والا ۔
مَعَاقِد ۔ گرہ باندھنے کے مقامات ۔ ضمانت و عہد و نکاح کے موقعے ۔

مَعَبَّد - بضم میم و تشدید باے مفتوح عبادت کیا گیا -
مُعَدّ د - شمار کیا گیا اور سازو سامان دیا گیا -
مُعَربَد - جنگجو و بدخو -
مَعَاد - جاے بازگشت و عالم آخرت -
مُعتَمِد - اعتبار کرنیوالا اور بفتح میم اعتبار کیا گیا -
مُعَانِد - عناد کرنے والا - دشمنی کرنے والا -
مَعهُود - عہد کیا گیا - قایم کیا گیا -
معتاد - عادت کیا گیا اور عادت کرنے والا -
مُعتَدی - حد سے گذرنے والا - تعدی کرنے والا -
مُعقّد - گرہ دار اور تعقید دو قسم ہے ایک لفظی جو موجب دشواری فہم معانی ہو دوسرے معنوی جو ظاہر پر دلالت نہ کرے اور یہ دونون فصاحت کے عیوب ہین محسن تاثیر - زر شکست جہر تابان لبسکہ در دل عقدہا دارد + معقد مطلعے از شعر خاقانی ست پنداری +
معبود - عبادت کیا گیا - ذات ربانی - توحید - بہر مذہب بہر ملت بہر دین + تو مقصودی تو مسجودی تو معبود + درین جلوہ گہ اہل نظارہ + گہے شاہد شدی وگاہ مشہود +
مُعتَقِد - صاحب اعتقاد - سعدی - خوردن براے زیستن و ذکر کردن ست + تو معتقد کہ زیستن از بہر خوردن ست +
معقود - عقد کیا گیا - گرہ مین باندھا گیا -
معاذ - جاے پناہ اور پناہ دینا -
مِعیَار - ترازو اور سنگ محک کسوٹی کا پتھر -
مَعشَر - گروہ دوستون اور خویشون کا جنمین ملکر زندگانی بسر ہو -
مُعَشّر - بضم میم و تشدید شین مفتوح دس حصہ اور دس پہلو کیا گیا -
معاشر - جمع معشر بہت سے گروہ دوستون اور خویشون کے -
مُعسِر - بکسر سین تنگدست و درویش -
مُعسَر - بفتح سین تنگ و دشوار گزار -
معمار - عمارتین کرنیوالا - آبادی بڑھانے والا - سعدی - خدا ترس را بر رعیت گمار + کہ معمار ملک ست پرہیزگار +
مُعَصفر - جس چیز کو کسم کے پھولون سے رنگ کیا گیا ہو - معزی - زمینے کجا عکس روے تو بیند + بنا لش بود تا قیامت معصفر +
مُعشَار - دہ یک لینا یعنے دس روپیہ سے ایک روپیہ لینا یہ خراج شاہان سلف کے عہد مین لیا جاتا تھا -
مُعَسکر - فوج کے اُترنے کا مقام -

مَعبَر - بفتح اول دریاے رستہ جسکو گذر دریا کا کہتے ہین -
مِعبَر - بکسر اول کشتی جسپر سوار ہوکر دریا سے اُترین -
مُعَبِّر - بضم میم و باے مشدد مفتوح خواب کی تعبیر کیا گیا اور بکسر باے تعبیر کرنیوالا -
مَعَابِر - کشتیان دریا سے اُترنے کی -
مُعِیر - عاریت دینے والا -
مُعَاصِر - ہم عہد و ہم زمانہ -
مِعجَر - اوڑھنی عورتون کی اور روپوش عورتون کا - انوری - از تُتق و تاب خنجر ترکان لشکرت + در سر کشد بشکل زنان معجر آفتاب +
مِعفَار - آلو کے درخت کا گوند -
معاذیر - جمع معذرت کی عذر - بہانے - حیلے -
معتبر - اعتبار کیا گیا -
معتذر - عذر کرنیوالا -
معذور - عذر کیا گیا -
معمور - عمارت کیا گیا - آباد کیا گیا - بند کیا گیا - توحید - چو شد بدرگہ والا ش سائلے حاضر + نگشت باب اجابت بروے او معمور +
مُعجِز - عاجز کرنے والا - نبی کی خرق عادت ولی کی کرامت جسکو دیکھکر منکر عاجز ہو جاتے ہین -
مَعز - بفتح میم و سکون عین بز یعنے بکری جو مشہور چارپایہ ہے -
معکوس - نگونسار یعنے اُلٹا -
مَعَانِس - بکسر نون کنواری لڑکیان -
مَعَارِس - وہ منزلین جہان مسافر اُترین -
مَعَاش - زندگانی کرنا اور وہ چیزین جنکے ساتھ زندگانی کرسکین مقام زندگانی و عالم دنیا - میرزا جلال اسیر - برات روزی ما را بما نوشتہ قضا + بپاے لطف خویش میکنیم معاش +
معایش - زندگانی کا اسباب و سامان -
معشوش - جمع کیا گیا - کسب کیا گیا اور نام ایک صنعت کا شعری منسوبے
معطش - پیاس لگانے والی چیز -
مِعرَاض - جس تیر کے پر نہون فارسی مین اسکو تیر گز کہتے ہین اس تیر کے دونون سرے باریک اور درمیانی حصہ موٹا ہوتا ہے مرغون کو اس سے شکار کرتے ہین
مَعرَض - محل عرض و مقام اظہار -
مُعَارِض - جھگڑا کرنے والا -
معترض - جھگڑنے والا -
معروض - عرض کیا گیا - ظاہر کیا گیا -

مع - فارسی مین باہندی مین ساتھ -
معرّف - تعریف کرنیوالا - پہچاننے والا - اندازہ کرنیوالا اور وہ شخص جو امرا کی مجلس مین حاضر رہتا ہی جو شخص آتا ہی اسکو اُسکے رتبہ و عزت کے مطابق نشست کی جگہ تجویز کرتا ہی اور امیر کے روبرو اسکا حسب و نسب بیان کرتا ہی - سعدی - نگہ کرد قاضی در او تیز تیز + معرف گرفت آستینیش کہ خیز +
من چلا۔ ہمت والا بہادر۔ **جرأتؔ۔** سلگا جاتا ہے جرأت اس بت تندخو سے بیچ ہے + وہی دم عشق کا مارے جو ایسا من چلا ہووے۔

منچلے ہونا۔ شکر رنجی و رنجیدگی ہونا۔

منڈ جڑا ہن کرنا۔ زبردستی سے لینا چھین لینا غضب کرنا۔

منڈکری مارنا۔ گھٹنوں میں سر دیکر اٹھک جانا۔ **میر حسنؔ۔** گئی منڈکری مار آخر کو لیٹ + چپرکھٹ کے کونے میں منہ سر لپیٹ۔

منزل ہونا۔ مردے کو قبر پہ پہونچانا۔

منزل ہونا۔ جماع کے وقت انزال منی کا خارج ہونا۔

منظور نظر ہونا۔ نگاہ پر چڑھ جانا پسند ہونا۔

منکا ڈھلنا۔ منکا ڈھلکنا۔ گردن کا ایک طرف جھکنا نزع کی حالت ہونا۔ **اسیرؔ۔** اسیر امید اب باقی نہیں ہے اسکے آنے کی + ادھر ڈھلنے لگا دن اور ادھر ڈھلنے لگا منکا۔ **میرؔ۔** گئی کب یاد اسکی نزع میں بھی میر کے دل سے + اسکے نام کی سمرن تھی جب منکا ڈھلکتا تھا۔

منکا میلا من کا کھوٹا۔ فریبی کپٹی مکار دھوکے باز منافق۔

من کچا کرنا۔ ہمت ہارنا دل توڑنا۔

من گھٹا ہونا۔ طبیعت بیزار ہونا۔

من کھرا کھوٹا ہونا۔ ایام حمل میں عورت کا جی ہر ایک چیز کے کھانیکو چاہنا۔

من کے چیتے ہوجانا۔ مقصود حاصل ہونا مراد برآنا۔

من کے لڈو پھوڑنا۔ خیالی پلاؤ پکانا دلیلیں کرنا۔

من کی من میں رہنا۔ جی کی جی میں رہنا۔

منگنی دینا۔ مستعار دینا۔

من لینا۔ دل لینا عاشق بنانا۔

من مارنا۔ کسی مصیبت میں صبر کرنا۔

من من کرنا۔ کسی کام کو سستی کرنا خوبی سے کام نہ دینا۔

منہ اتر جانا۔ لاغر ہوجانا۔ **صباؔ۔** تیرے شب ہجراں کے غم کے بناؤ سے + دو دن میں ماہتاب کا کچھ منہ اتر گیا۔

منہ اٹھانا۔ کسی طرف کو روانہ ہونا۔ **آتشؔ۔** جوش جنوں میں دیکھیے + پہنچیں نہ مرشکے پھر منہ جسطرف کو صورت دریا اٹھائیے۔

منہ اجلا ہوجانا۔ سرخرو ہوجانا آبرو رہجانا درستی ہوجانا۔

منہ مارنا۔ کسی امر میں دخل دینا۔

منہا منہ مارنا۔ کسیکے منہ پر تھپڑ مارنا یا گالیاں دینا۔

منہ آنا۔ منہ میں چھالے پڑجانا۔ **میرؔ۔** بھری تھی تیرے درد دل میں میرا ایسی کچھ بکتے رو برو اس شوخ کے قاصد کا منہ آیا۔

منہ باندھ کے بیٹھنا۔ چپ بیٹھنا منہ سے نہ بولنا۔

منہ بگاڑنا۔ منہ پر مارکا منہ جڑانا ذائقہ خراب کردینا مارپیٹنا سزا دینا۔

منہ بگڑنا۔ چہرہ متغیر ہونا ذائقہ خراب ہونا پریشانی منہ پر چھا جانا۔ **اسیرؔ۔** غنچہ کا روبروے دہن منہ بگڑ گیا + دیکھا وہ قد تو خاک میں شمشاد گر گیا۔ **میرؔ۔** بوسہ لبوں کا مانگتے ہی منہ بگڑ گیا + کیا انکی میری بات کا انکو برا لگا۔

منہ بنانا۔ منہ بنالینا۔ ہونٹھ نکالنا ناک بھوں چڑھالینا صورت بدل لینا ناراض یا غصہ سے۔ **میرؔ۔** اسنے جب نہ تب ہمسے منہ بناہی پایا یہی اچھے

منھ کو بنا جانتا ہے۔ **ولہ** سو باریوں تو غیروں سے کرتے ہو ہنس کے بات + کچھ منھ بنا رہے ہو ہماری ہی بار کو۔

منھ بند کرنا - خاموش کرنا رشوت دینا۔

منھ بند ہو جانا - خاموش ہو جانا زخم کا بھر جانا **ناسخ** - تبر سے نالے نکلتے ہیں پیلے ہجر میں + منھ مرا ہوتا نہیں مثل لب سوفار بند۔

منھ بنوانا - اپنے منھ کو لایق جانے کسی مجلس یا کلام کرنے کے بنانا قابلیت پیدا کرنا۔ **آتش** - تری صورت سے ہنسنا نہانہ لازم + گاؤں سے منھ کو بنوایا تو ہوتا۔

منھ بھر آنا - بادی کے سبب منھ میں پانی بھر آنا۔

منھ بھرائی دینا - زبان بند کرنے والی چیز دینا یعنی رشوت وغیرہ جس سے دشمن کی زبان بند ہو جاتی ہے۔

منھ بھر دینا - رشوت دیکر خاموش کر دینا

منھ بھر کے گالیاں دینا - فحش گالیاں دینا۔

منھ پر بسنت کھلنا - چہرہ زرد ہو جانا۔

منھ پر تھوک دینا - بے عزت کرنا۔

منھ پر جانا - خاطر کرنا لحاظ کرنا۔

منھ پر چڑھنا - مقابل ہونا گستاخ ہونا۔ **آتش** - تمہارے تیغ کے زخموں نے ماسوا کوئی + بہادروں کے جو منھ پر چڑھے مجال نہیں۔

منھ پر رکھنا - جو کہنا ہو روبرو کہہ دینا۔ **میر** - خلوت رکھو کہا ہمیں بہت ہمت تو باحتیں + رکھیں تمہارے منھ پہ نہ تمکو برا لگے۔

منھ پر شفق پھولنا - چہرہ پر سرخی آجانا۔

منھ پر لانا - ذکر کرنا ظاہر کرنا۔

منھ پر مہر یا قفل لگانا - بولنے نہ دینا **جرأت** - آگے آواز اپنی جب در پر سنا جاتے ہو تم + منھ پہ میرے مہر خاموشی لگا جاتے ہو تم۔

منھ پر مہر لگی ہوئی ہونا - منھ بند ہونا۔ **ذوق** - بیٹھے بھرے ہوئے ہیں خم مے کی طرح ہم + پر کیا کریں کہ مہر ہے منھ پر لگی ہوئی۔

منھ پر ناک نہ ہونا - بے شرم و بے لحاظ ہونا۔

منھ پر ہوائیاں اڑنا - چہرہ کا رنگ اڑ جانا متحیر ہونا **بحر** - آہ سوزان دل پر داغ سے کیونکر جا گرے + اک ہوائی سی بھی مہتاب کے منھ پر چھوٹے۔ **شوق** - غم نے کی دل سے کچھ ادا ایسی + منھ پہ چھٹنے لگی ہوائی سی۔

منھ پڑنا - کھایا جانا النصیب میں ہونا کام آجانا مشہور ہو جانا۔

منھ پسارنا - پھیلانا - ہکا بکا و حیران رہ جانا طمع اور لالچ کرنا۔

منھ پکڑنا - منھ بند کرنا۔

منھ پھر جانا - کھانے کی خواہش نہ رہنا شکست کھا جانا۔ **ذوق** - پھرا سیل حوادث سے کوئی مردوں کا منھ + شیر سیدھا تیرتا ہے وقت رفتن آب میں۔

منھ پھلانا - منھ بنانا ناراض ہونا۔

منھ پھوڑ کر - منھ سے بولکر دلیری کرنا۔ **ذوق** - تو نے گل کو سر پہ رکھا جب چمن میں توڑ کر + میں بھی حاضر ہوں کہا غنچہ نے یہ منھ پھوڑ کر۔

منھ پھیرنا - منھ موڑنا - الگ ہونا کنارہ کرنا آنکھیں بدلانا۔ **نظیر** - اب آ کے بڑھاپے نے کیا ہائے یہ اندھیر + جو دوڑ کے ملتے تھے وہ اب جاتے ہیں منھ پھیر۔ **آتش** - نہ ہم پھر جائیں گے ہزار آپ ہم سے منھ پھیریں + بتیں ہے سہل ہمیں بیوفائی مشکل ہے۔

منھ تکنا - حسرت کی نگاہ سے دیکھنا۔ **شوق** - کوئی ہٹی پہ سر پٹکنے لگا + کوئی حسرت سے منھ کو تکنے لگا۔

منھ توڑنا - مارنا شرمندہ کرنا ذلیل کرنا۔

منھ تھتھانا - پھلانا سجانا - روٹھنا ناراض ہونا۔ **رنگین** - شب کو آئے جو میرے گھر رنگین + منھ تھتھا کر میں بولی اس ڈھب سے + خیر سے جاؤ یہاں سے گھر اپنے + دشمنوں کو بخار ہے شب سے۔

منھ جوڑنا - کانا پھوسی کرنا مسکرانا جیسے مشورہ کرنا۔

منھ جھٹالنا - کچھ کھلا دینا ناشتا کرنا

منھ جھٹک جانا - منھ اتر جانا لاغر ہونا۔ **آتش** - کیسے سمن ہوا دردمیرا منھ جھٹکا + کیسے پاؤں میں موچ آئی میں نے سر پٹکا۔

منھ جھلسنا - کیسا منھ جلا دینا برا کرنا رشوت دینا۔ **ذوق** - یہاں تک عدو زمانہ ہے مرد دلیر کا + جھلسیں ہیں منھ شکار کیے پر بھی شیر کا۔

منھ چاٹنا - پیار کرنا خوشامد کرنا۔

منھ چڑانا - منھ بنانا نقلیں لگانا کھجانا۔ **آتش** - پری ہے جہرے کے اوپر نہیں ہے لہر آتی + یہ منھ چڑاتی ہے گیسوئے یار نکہت کا۔

منھ چڑھا - گستاخ بے ادب سر چڑھا۔

منھ چڑھنا - بے ادب و گستاخ ہونا مقابل ہونا۔ **صبا** - میری طرح سے بھی ملا دے نہ خاک میں + آئینہ اس صنم کے بہت منھ چڑھے نہیں۔

منھ چلانا - کھانا اور کاٹ کھانا۔

منھ چلنا - کوئی چیز کھاتے رہنا بولتے رہنا۔

منھ چھتے ہی گال کاٹنا - ابتدائی میں نقصان دیا۔

منھ چوم کر چھوڑ دینا - عزت کے بعد ذلیل کرنا۔ **داغ** - چوس لیتے ہیں مرے زخم زبان پیکان + چھوڑ دیتے ہیں یہ منھ چوم کے سوفاروں کا +

منھ چھپانا - منھ پر نقاب لینا۔ **میر** - کوئی نا امیدانہ کرتے نگاہ +

سو تم ہم سے مُنھ ہی چھپا کے چلے۔
مُنھ چھونا۔ بلا وا دینا لطا سر کوئی چیز مانگنا۔ ۵ بھلاوہ اور دینا بوسۂ لب ✤ فقط چھونا تھا ہمکو یار کا مُنھ۔
مُنھ خشک ہونا۔ بسبب پیاس یا دہشت کے زبان خشک ہونا۔ مومن
شعر زدہ ہین مرے مومن کہ ہنگام جواب ۔ خوف سے مُنھ اور زبان ہر سخنور خشک ہو۔
مُنھ در مُنھ کہنا۔ روبرو تقریر کرنا۔
مُنھ دکھانا۔ ملنا سامنے ہونا میر۔ وصل مین رنگ اُڑ گیا میرا ہکیا جدائی کو مُنھ دکھاؤنگا۔
مُنھ دھونا۔ مُنھ صفا کرنا وضو کرنا۔ داغ۔ فلک نے خوب خدمت لی ہمارے دیدۂ تر سے ✤ کہ ہر آنسو نے مُنھ دھویا شب مہتاب ہجران کا۔
مُنھ دیکھتے رہجانا۔ حیران و مایوس ہوکر رہجانا تک و کے رہجانا۔ جرأت۔
اپنے پہلو سے وہ جب اُٹھکے چلا ای جرأت ✤ کیسے مُنھ دیکھتے اور رہ گئے یا رب سے ہم۔
مُنھ دیکھکر اُٹھنا۔ علی الصباح کسیکے چہرہ پر نظر پڑنا۔ بحر۔ اللہ نے جمال دکھایا حبیب کا ✤ مُنھ دیکھکر اُٹھے تھے کسی خوش نصیب کا۔ ذوق۔
جسجگہ بیٹھے ہین یا دینہ تم اُٹھے ہین ✤ آج کس شخص کا مُنھ دیکھکے ہم اُٹھے ہین۔
مُنھ دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا آئینے سے منتظر اور امیدوار ہونا بحر۔ مقبول کوئی عرض گنہگار کی ہوئین ✤ مُنھ دیکھتی ہین میری دعائین مجیب کا۔
مُنھ دیکھکر کہنا۔ مُنھ دیکھے کی سی کہنا۔ مُنھ پر طرفداری یا خوشامد کی باتین کرنا۔
مُنھ ڈالنا۔ مُنھ دینا۔ پاک برتن مین کُتے وغیرہ کا مُنھ ڈالکر پلید کرنا۔
مُنھ ڈھانکنا۔ نوحہ کرنا عورتون کا۔ بحر۔ نہ کہتا تھا مین اسیر جان بھی دو دنگا تو کیا ہوگا ✤ ہوا غم کسکو میرا کون رو یا کسنے مُنھ ڈھانکا۔
مُنھ زرد یا فق ہونا۔ خوف یا غم سے رنگ چہرہ کا متغیر ہوجانا۔
ذوق۔ سینہ مین لہو وہ سکے بھی تھا آبلہ گر ✤ نشتر کا نام سنتے ہی مُنھ زرد ہوگیا۔
مُنھ زوری کرنا۔ زبردستی کرنا گالیان دینا۔
مُنھ سرخ ہوجانا۔ غضب سے لال ہوجانا۔
مُنھ سجانا۔ رنجیدہ ہونا۔
مُنھ سکیڑنا۔ ناراض ہونا۔
مُنھ سنبھالنا۔ زبان کو روکنا۔
مُنھ سوکھنا۔ زبان خشک ہونا۔
مُنھ سے بات لپکنا۔ کسیکی زبان سے بات نکلنے سے پہلے وہ بات بیان کردینا۔ شوق۔ یہی بتلانے کو تھا مین بھی گھات ✤ چھین لی گویا مُنھ سے مُنھ کی بات۔
مُنھ سے بات نکلنا۔ اتفاقاً زبان سے بات نکلنا بے ارادہ بات کہدینا۔ ۵ تجربے مین اپنے دنیا مین یہ آئی بات ہے ✤ بات جو مُنھ سے نکلجائے پرائی بات ہے۔
مُنھ سے بات نہ نکل سکنا۔ خوف کے مارے زبان بند ہوجانا
مُنھ سے بس کرنا۔ انکار کرنا۔ ذوق۔ مُنھ سے بس کرتے نہ ہرگز یہ خدا کے بندے ✤ گر حریصون کو خدا ساری خدائی دیتا۔
مُنھ سے بولنا۔ مُنھ سے پھوٹنا۔ بات کہنا جواب دینا۔ اہتماس۔ کھلتی نہین گل کی بدمزاجی ✤ غنچے نہین مُنھ سے پھوٹتے ہین۔
مُنھ سے پھول جھڑنا۔ میٹھی میٹھی باتین کرنا۔ ناسخ۔ پھول جھڑتے ہین مرے مُنھ سے جو رنگین بیان ✤ نکتہ چین آیا تری محفل مین گلچین ہوگیا۔
مُنھ سی دینا۔ مُنھ کو ٹانکے لگا دینا۔ بند کردینا۔
مُنھ سے مُنھ لگانا۔ بوسہ لینا چومنا۔
مُنھ کا پھوہڑا۔ بدزبان مُنھ پھٹ۔
مُنھ کا کچا۔ بدلگام گھوڑا۔
مُنھ کالا کرنا۔ اپنے آپ کو بدنام کرنا۔
مُنھ کا میٹھا۔ شیرین زبان۔
مُنھ کرنا۔ روبرو ہونا سامنے ہونا میر۔ اُن نے پہچان کر ہمین مارا ✤ مُنھ نکرنا ادھر تجاہل تھا۔
مُنھ کو زہر لگ جانا۔ افیون وغیرہ کھانے کی عادت ہوجانا۔ داغ۔ لیتا ہون بوسہا غلط سینہ کے مزے ✤ ہے زہر ان دونون مسے مُنھ کو لگا ہوا۔
مُنھ کو لہو لگنا۔ حرام اور رشوت کھانے کی عادت ہوجانا۔
مُنھ کھل جانا۔ بدزبان ہوجانا گستاخ ہوجانا
مُنھ کھلوانا۔ بولنے کے واسطے مجبور کرنا۔ جرأت۔ دیکھ ادھر کو مین نے کہا تھا غیرون کو مت آنے دو ✤ چپکے ہی مُنھ کھلواؤ نہیں جانے دو بس جانے دو۔
مُنھ کھولنا۔ بے پردہ ہونا کلام کرنا زبان درازی کرنا۔ مومن۔ بات پوری بھی مُنھ سے نکلی نہین ✤ آپنے گالیون پہ مُنھ کھولا۔
مُنھ کی کھانا۔ سزا پانا گوشمالی پانا۔ شوق۔ ہین ہر ایک سے جو پھانس لاؤگے ✤ اک نہ اک روز مُنھ کی کھاؤگے۔ پھر۔ شوق۔ بنگیا دل سے شیق بوسۂ لب ✤ بارہا آپنے مُنھ کی کھائی ہے۔ شوق۔ عزت اللہ نے بچائی آج ✤ ہم تو سمجھے تھے مُنھ کی کھائی آج۔
مُنھ کیلنا۔ جادو کے زور سے خاموش رکھنا بولنے نہ دینا سانپ کا مُنھ کیلنا زہر کی تاثیر نہونے دینا رشوت دینا۔

منہ کی لوئی اتر جانا۔ بے پردہ و بے حیا ہو جانا۔
منہ لال کرنا۔ منہ پر تماچے مارنا گلگونہ ملنا۔
منہ لال ہو جانا۔ پان کھانے یا غصہ کے سبب سے منہ لال ہو جانا۔
منہ لپیٹ کر پڑ رہنا۔ بیمار یا غمگین ہونا
منہ لگانا۔ دوست بنانا التفات کرنا۔ آتش۔ سبوے و شیشہ وخم کسی کی نہ پا بوسی ٭ کسی نے منہ نہ لگایا مجھے سوائے قدح۔
منہ لگنا۔ گستاخ ہونا عادی ہونا برابری کرنا۔
منہ مارنا۔ جلد جلد کھانا منہ بند کرنا محروم رکھنا۔ بحر۔ خوان نعمت سے کبھی حظ نہ اٹھائینگے بخیل + مال کھا سکتے ہیں نقد پہ لے منہ مارے ہیں۔
منہ سکوڑنا۔ پھیر لینا ناک بھوں چڑھانا۔
منہ موڑنا۔ روگردانی کرنا توجہ نہ کرنا۔ صبا۔ منہ موڑنا بتان حسین سے حرام ہے + موقوف ہے نماز نہیں ہے سلام پر۔
منہ میٹھا کرنا۔ کسی نیک تقریب میں شیرینی تقسیم کرنا۔ آتش۔ حسرت ہے بوسہ اس لب شیرین کا رہ گیا + میٹھا نہ منہ کو تیرے نگوڑے کیا۔ جرأت۔ سبھی انعام نت پاتے ہیں اے شیرین دہن تجھ سے + کبھی تو ایک بوسے سے ہمارا منہ بھی میٹھا کر۔
منہ میں پانی بھر آنا۔ کسی چیز کی طرف طبیعت کی خواہش ظاہر ہونا۔ آتش۔ بھر آئے دیکھ کے منہ میں نہ کس طرح پانی + تمہاری ناف کا چشمہ ذقن سا چاہ نہیں۔
منہ میں پانی چوانا۔ نزع کی حالت میں بیمار کے منہ میں پانی دینا۔ ذوق۔ منہ میں گر پانی چواوے یار اپنے ہاتھ سے + مرگ کی تلخی سے شیرین تر کوئی شربت نہیں۔
منہ ہی منہ میں پڑھنا۔ آہستہ آہستہ پڑھنا۔
منہ میں تنکا لینا۔ نہایت منت کرنا۔
منہ میں زبان نہ ہونا۔ کم زبان و کم سخن ہونا۔ آتش۔ تجھ سا کوئی زمانہ میں معجز بیان نہیں + آگے ترے مسیح کے منہ میں زبان نہیں۔
منہ میں گھنگنیاں بھر جانا۔ بول نہ سکنا۔ ذوق۔ سنڈال آبلے ہر گری فغاں منہ میں + کہ جیسا بیٹھ رہوں بھر کے گھنگنیاں منہ میں۔
منہ بند ہو جانا۔ شرم یا کسی اور سبب سے بول نہ سکنا۔ ے شکوہ کرنے گئے تھے سنو آئے + دیکھ کر منہ بند نہ منہ اپنا۔
منہ نکل آنا۔ لاغر ہو جانا دبلا ہو جانا۔
منہ ہی منہ میں کہنا۔ آہستہ آہستہ بولنا۔ جرأت۔ منہ ہی منہ میں کہتے ہیں ہم وہ دہان تنگ دیکھ + بلبلا سب سے بھلا کیونکر مزا لے جلیبی۔
منیا بولنا۔ اچھا شگون ہونا۔

منہ بولتی صورت۔ نہایت عجیب صورت کہ منہ سے بولتی معلوم ہو اور انسان جو حیوان ناطق ہے۔
منہ دیکھے کی پریت۔ ظاہری محبت اور ریا مثل الفت۔ ے یوں تو منہ دیکھے کی ہوتی ہے محبت سب کو + پیچھے جو یاد کرے اسکو وفا کہتے ہیں۔
منہ پر۔ روبرو سامنے مقابل۔
منہ زور۔ جو بے سوچے سمجھے بات کہے منہ پھٹ اور منہ چھٹ بھی اسکو کہتے ہیں۔
منہ چھپور۔ نہایت شرمناک کسی سے نہ ملنے والا کسیکو منہ نہ دکھلانے والا۔
منہ تو دیکھو۔ اسکی صورت تو دیکھو جیو دیکھو۔ ے متاع حسن ارزان آجکل ہے + نکالا خط بتان کا منہ تو دیکھو۔
منہ کالا ہو۔ یہ ایک بد دعا ہے۔ یار علی۔ یا جی ہوا ایسی جو جی ہاما کا کالا منہ + لیجائے روشیان جو چرا کر انوار میں۔
منھا منہ۔ لبالب کناروں تک بھرا ہوا۔ ناسخ۔ بھر جائے اگر بادہ منھا منہ نکروں بس + میخواری میں ہے ظرف مرا خم سے زیادہ۔
منگلا مکھی۔ خوبصورت جسکے چہرہ دیکھنے سے خوشی حاصل ہو۔
منہ اٹھائے۔ منہ اٹھا کر۔ اندھا دھند بلا تحاشا منہ اونچا کرکے۔ ے دور منزل ہے راستہ ہے تنگ + تو کہاں منہ اٹھائے جاتا ہے بد ہیئت۔
منہ اٹھا کر نہ چلو اونٹ کی چال اے بلو + کھاتے اندھوں کی طرح راہ میں ٹھوکر کیوں ہو۔
منھ اندھیرے۔ علی الصباح قبل طلوع آفتاب۔
منہ بند کلی۔ غنچہ ناشگفتہ اور کنواری عورت
منہ زبانی۔ حفظ یا دازبر۔
منہ دکھائی۔ وہ زیور یا نقد جو عروس کو پہلے روز دیتے ہیں۔
منہ دھو رکھے۔ اپنی صورت بنائے کہ اس نعمت کے لائق وہ نہیں ہے۔ جرأت۔ کوئی دل مانگے تھا تو کہتے تھے ہم منہ دھو رکھے + اب تو آب اشک سے اپنا ہی منہ دھونا پڑا۔

میم یا واو

سویرا آنا۔ میوہ کا چھلکی برا آنا۔
موت آنا۔ اجل آنا مرگ آنا۔ قطعہ از مولف۔ ہر گھڑی ہر وقت ہر شام و سحر + سر پہ ہے نقارہ بجتا موت کا + جسگھڑی پیدا ہوا تھا آدمی + ساتھ ہی قاصد تھا آیا موت کا۔
موت کا پسینہ آنا۔ نزع کے وقت کا پسینہ۔ شوق۔ ہچکی آتی ہے سرد سینہ ہے + چھوٹتے ہے موت کا پسینہ ہے۔
موت کا چلو ہاتھ میں دینا۔ پٹیا یہ کا چلو ہو خود سلامت بچوں کی

نسبت کہتے ہین کہ آنسو سوا ئے موت کے نہ ہوئے اور کچھ نصیب نہین۔

موت نکلنا۔ بہت ڈرنا نہایت خوف کرنا پیشاب نکلنا۔

موتی پرونا۔ شعر کہنا نظم لکھنا فصاحت و بلاغت سے کلام کرنا رونا آنسو بہانا۔ **غالب**۔ وہان خود آرائی سے تھا موتی پرونے کا خیال یہان ہجوم اشک مین تار نگہ نایاب تھا۔

موتی چھیدنا یا **موتی بیدھنا**۔ موتی کو سوراخ کرنا باکرہ کا ازالہ بکارت کرنا۔

موتی کی سی آب جانا۔ بے آبرو و بے توقیر ہونا۔ **میر تقی**۔ گر کر اسکی گلی کی خاک مین مفت + اشک کے موتی کی سی آب گئی۔

موتیون سے منھ بھرنا۔ بخشش کرنا مال اور دولت سے نہال کر دینا۔ **سودا**۔ ثنا مین کسکی غنچون نے دہن کھولا تھا ای شبنم پھولون کا موتیون سے منھ ترے قطرے جو بھرتے ہین۔ **ولی**۔ جسکی دریا دلی ایسی کہ ثنا خوانون کے موتیون سے بھرے جاتے ہین صدف وار دہن۔

موٹا جھوٹا پہننا۔ غریبانہ لباس پہننا۔

موٹا دکھائی دینا۔ بصارت کا کم ہو جانا۔

موٹھ چلانا۔ کسی پر جادو کرنا۔

موٹھ چلنا۔ جادو چلنا سحر کا موثر ہونا۔ **برق**۔ نہ پہونچا کبھی یا ترک دست و ہم + یہان موٹھ ساحر کی چلتی نہین۔

موٹھ مارنا۔ ہاتھ سے کبوتر پکڑنا جادو کرنا کسیکے مال مین سے مٹھی بھر کر لے دینا۔ **سودا**۔ دل پہ یون زخم نہان تیغ نگہ نے مارا + موٹھ جیسے کہ کسی پر کوئی دشمن مارے۔

موج مارنا۔ لہرین مارنا بہنا۔ **آرزو**۔ دریائے اشک اپنا جب سر پہ موج مارے + طوفان نوح بیٹھا گوشہ مین موج مارے۔

موجودات۔ حاضری لینا پڑتا لنا۔

موجین کرنا۔ عیش کرنا مزے اڑانا۔ **حاتم**۔ مثل بحر موجین مارتا ہے + کیا ہے جس نے دنیا سے گذارہ۔

موچھون پر تاؤ دینا۔ ہاتھ پھیرنا غرور و تکبر کرنا اترانا گھمنڈ کرنا۔ **بحر**۔ تاؤ موچھون پہ دیا کرتے ہین زاہد کے حضور + تیری بخشش پہ جو بھولے ہین گنہگار گھمنڈ۔

موچھون سے چنگاریان نکلنا۔ غضب و غصہ کی حالت مین ہونا۔

موذی پنا یا **موذی پنا کرنا**۔ بخل کرنا کنجوسی کرنا نہ خود کھانا نہ کسیکو دینا۔

مورچہ مارنا۔ لڑائی مارنا دشمن کو شکست دینا۔

موزون کرنا۔ شعر لکھنا وزن درست کرنا۔

مسوس کے کھا جانا۔ دغا فریب سے مال مارنا۔

موسلا دھار برسنا۔ سخت بارش ہونا۔

موسلون ڈھول بجانا۔ زور سے ڈھول بجانا۔

موقع کو نہ جانے دینا یا **موقع ہاتھ سے نہ دینا**۔ وقت پر کام آنا +

مول لگانا یا **مول تول ٹھہرانا**۔ قیمت مقرر کرنا سودا کرنا بھاؤ قایم کرنا۔

مول لیکے چھوڑ دینا۔ ناچیز سمجھنا غلامی کے لایق بھی نہ تصور کرنا۔

موم کرنا۔ ملایم و نرم کر لینا۔

موم ہو جانا۔ ملایم و نرم ہونا۔ **داغ**۔ مین وہ ہون آتش قدم جلسے پگھلتے ہین پہاڑ + موم ہو جاتا ہے جو آتا ہے پتھر زیر پا۔

مومیائی نکالنا۔ سخت محنت کرانا زد و کوب کرنا۔

مونڈ مارنا۔ سر مارنا۔

مونڈ منڈانا۔ سر کے بال استرے سے اتروانا کسی گرو کا چیلا ہونا۔ **کبیر**۔ مونڈ منڈائے جبار کھلے نگن بھرے جو بھینسا + کھلڑی اوپر راکھ لگائے من جیسے کا تیسا۔

مونڈی کاٹا۔ سر کٹا۔

مون سادھنا۔ چپ رہنا خاموشی اختیار کرنا۔

مونگ کی دال کھانے والا۔ بزدل ڈرپوک۔ دوکاندار لالہ جی۔

موے جیتے اکھاڑنا۔ پرانے قصے بیان کرنا مرے ہوئے اور زندون کو برا بولنا۔ **شوق**۔ موے جیتے اکھاڑ ڈالونگی ہکڑی کیطرح جھاڑ ڈالونگی۔

مونا سا پیٹ۔ نہایت نرم و ملایم پیٹ۔

موم کی ناک۔ جو شخص اپنی بات پر قایم نہو۔

موچھ کا بال۔ سچا آدمی راستگو آدمی ہر ایک بات منھ پہ کہنے والا +

موم دل۔ نرم دل رحیم بردبار۔

موٹا قلم۔ جلی قلم لکھنے کا۔

موم ہو گئے ہین۔ نرم دل ہو گئے ہین۔

مونگ کی پھلیان۔ نہایت نازک انگلیان۔

موتیون کا نوالہ۔ عمدہ اور قیمتی غذا۔

موچی کا سکہ۔ سی ہوئی جوتی۔

موٹی اسامی۔ دولتمند مالدار۔

موٹی بات ہے۔ قریب الفہم ہے۔

مولا دولا ہے۔ فیاض سخی بے پروا ہے۔

مونڈھے واکی۔ کسبی رنڈی۔

موے پر سو درے۔ مرے ہوے آدمی پر سو تازیانے لگانے غریب پر ظلم کرنا۔

مولی مٹی کی نشانی۔ کسی مری ہوئی عورت یا مرد کی نشانی لڑکی یا لڑکا وغیرہ۔

میم با ہاے ہوز

مہاپورا - سب گنونمین کامل بڑے بیان ٹھہرے حضرت جناب العالی -

مہا مانس بیچنا - غلام بیچنا بردہ فروشی کرنا -

مہتاب کا کھیت کرنا - چاندا ور چاندنی نکلنا - **برق** - یون ترے رخسے عیان ہی ترے تن مین مہتاب + کھیت جسطرحسے کرتا ہے چمن مین مہتاب -

مہر اکرنا - جلا کرنا -

مہرانہ دینا - مہر لگوانے کے رسوم کی رقم ادا کرنا اجرت دیگر گواہی کرانا -

مُہرے پر رکھنا - نشانہ پر رکھنا -

مہان سے بولنا - نرمی سے کلام کرنا -

مہنگ مولا - گران فروش - .

مہورت کرنا - وقت اور ساعت مقرر کرنا -

مہینا چڑھنا - مہینے کی تنخواہ کا روپیہ چڑھنا حیض کے دنونکا نزدیک آنا -

مہین گندا - نہایت بدمعاش -

مہینے سے ہونا - حیض سے ہونا -

مہا پرش - اچھا آدمی -

مہا برہمن - اچارج مُردے کا مال کھانے والا -

مہاجنی چٹھی - ہنڈی روپیون کی -

مہا مائی - دیوی ماتا -

میم با یاے

میان سے باہر ہونا - تلوار کا میان سے نکلنا غصہ کا جوش ہونا -

میان سے کھینچنا - کسیکے قتل کے ارادہ پر تلوار میان سے نکالنا - **میر** - کھینچ اک وودم مین کیونکر تیغ ہو اسکی بلند + گرچہ اس سفاک نے ہی میان سے کھینچی ابھی -

میان مین کرنا - تلوار کو میان مین ڈال لینا -

میٹھا بولنا - خلق و آداب سے بولنا -

میٹھا لوٹیا - نرم رفتاری گھوڑے کی -

میٹھا منھ کرانا - شیرینی کھلانا رشوت دینا -

میٹھا میٹھا - تھوڑا تھوڑا خفیف سا - **جرأت** - طبیب مُس لب شیرین کی جو مجکو تمنا ہی + تو دل مین کیا کہون اک میٹھا میٹھا درد ہوتا ہی -

میٹھا ہونا - شیرین ہونا لالچ یا فائدہ ہونا - **ذوق** - حرف تلخ اس لب شیرین سے ہر ایک بات مین آہ + ناصحا سننے مین ہم کچھ تو ہی میٹھا ہمکو -

میٹھی مار مارنا - اسطرح سے مارنا کہ خون نہ نکلے مگر بدن میمہ ہو جائے -

میٹھے منھ پر ہونا - **میٹھی باڑھ پر ہونا** - تلوار یا چھری کا تیز ہونا - **بجر** -

تلخی مرگ سے ہرگز مجھے اندیشہ نہین + میٹھی منھ پر ہی مرے یار کی تلوار بہت -

میٹھی نظرون سے دیکھنا - محبت کی نگاہ سے دیکھنا - **ناسخ** - میٹھی نظرون سے وہ کیا دیکھے مجھے + اس پری کی آنکھین ہین بادام تلخ -

میخ مارنا - کسیکے کام مین حارج ہونا بھانجی مارنا -

میدان جانا - قضا حاجت کو جانا -

میدان چھوڑنا - لڑائی سے بھاگ جانا -

میدان دینا - فراخ زمین کر دینا اور دور ہٹ جانا -

میدان کرنا - جنگ کرنا لڑنا -

میدان مارنا - لڑائی جیتنا -

میدان مین آنا - جنگ کو آنا -

میدہ سا - نہایت باریک -

میزان بیٹھنا - موافقت آنا معاملہ ہونا -

میکا بسانا - خاوند کے گھر سے نکلکر عورت کا نیہان باپ کے گھر جانا -

میلا اجڑنا - **میلا لگنا** - لوگون کا ہجوم ہونا -

میلا کرنا - گندہ کرنا غلیظ کرنا خراب کرنا پاخانہ پھرنا -

میلا کرنا - سیر تماشا کو جانا لطف اُٹھانا -

میل خورا - وہ کپڑا جو کپڑون کے نیچے پہنا جاتا ہی اور صابن جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہین -

میل لانا - اُداس ہونا طبیعت مین رنجیدگی لانا -

میلی سر سے ہونا - عورت کا حیض سے ہونا - **راحت** - ہان میلی سر سے سر مجھے دھونا ضرور ہی + صحنک مین شامل ہی لوا ہونا ضرور ہی -

مینا کاری چھانٹنا - غور سے دیکھنا ہر ایک چیز کی بھلائی اور برائی کو جانچنا -

مینڈکی کو زکام ہوا - چیونٹی کو بھی پر لگے - **شوق** - اور یا تو نکا اب پیام ہوا + مینڈکی کو بھی لو زکام ہوا -

مینڈھا اچھلنا - دریا مین بڑی بڑی موجون کا ظاہر ہونا - **بحر** - بحر غم نے کھائی ٹکر ایسی موج اشک کی + ہر بھنور چکر اگیا مینڈھا اچھلکر رہگیا -

مینڈھا لڑانا - شرکت اور ساجھا کرنا -

مینڈھے لڑانا - بھیڑون کو آپس مین لڑوانا خانہ جنگی کرانا -

مین میکھ نکالنا - فال بینی کرنا اپنے آپ کو وہم مین ڈالنا ہر ایک کام مین نکتہ چینی کرنا -

میدہ و شہاب - سرخ و سپید نہایت حسین -

مے پرست - جسکو شراب پینے کی عادت ہو -

میٹھی نیند - بیفکری کی نیند جوانی کی نیند -

میک ڈمبر - بڑا خیمہ و ربا ول اور نام ایک قسم کی پالکی کا جو ہاتھی پر کسی جاتی ہے۔
میٹھا برس - اٹھار وان برس عمر کا۔
میر آتش - سلاح خانہ کا داروغہ۔
میر فرش - وہ وزن دار پتھر جو فرش کے گوشون پر رکھدیتے ہین۔
میٹھا ٹھگ - فریب دینے والا مکار جو میٹھی باتین کر کے ٹھگ لے۔
میل میل - ہاتھی کے بٹھلانے کی آواز۔
مین مین - ہنکار غرور گھمنڈ۔
میان مٹھو - سادہ لوح بھولا بھالا آدمی اور خطاب طوطی کا اور نام ایک مجذوب کا جسکے مرنے کی تاریخی رباعی یہ ہے - **رباعی** - میان مٹھو جو ذاکر حق تھے + ذکر حق مین سدا رہا کرتے + گریہ مرگ سے جو آدابا + کچھ نہ بولے سوائے ٹین ٹین کے -
میان آدمی - بھلا آدمی نیک آدمی۔
میان بھائی - ایک عورت کے دو آشنا آپسمین میان بھائی ہوے چنانچہ ایک میان مین دو تلوار ین -
میانجی - معلم مکتب پڑھانے والا۔
میٹھی بولی - شیرین زبان۔
میٹھی چھبری - منافق آدمی جو بظاہر میٹھی میٹھی باتین کرے اور باطن مین دشمن ہو۔
میدہ کی لوئی - نہایت ملایم پیٹ۔
میرا ماتم کرے - مجھے روئے - میرا حلوا کھائے - میری بھتی کھائے - بازاری فاحشہ عورتین اپنے آشناؤن کو اسطرح کی قسمین دیتی ہین اور کہتی ہین کہ اگر تو فلان کام نکرے تو میرا ماتم کرے وغیرہ وغیرہ۔
میرا لہو پیے - یہ بھی ایک جملہ قسمیہ ہے - **ذوق** کہے ہے خنجر قاتل سے بہ گلو میرا + کہ جو مجھ سے کرے تو پیے لہو میرا۔

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

میم با الف

ماء - فارسی مین آب ہندی مین اسکو پانی کہتے ہین جو ایک عنصر اربع عناصر بسیط سے ہے اور فائدے اس سے جو انسان کو حاصل ہین نص الٰہی ومن الماء کل شیٔ حی کا سب گواہ ہے پانی کے بہت سے اقسام ہین بارش کا پانی نہر کا پانی چشمہ کا پانی حوض کا پانی سمندر کا پانی کنوئین کا پانی وغیرہ انکی تاثیرین الگ الگ طبیہ کتب مین تحریر ہین بخوف طوالت درج نہین کیا گیا۔
مالیا - یہ ایک درخت شام کی ولایت مین اسکے بیٹے و شیع تمیست ماثرین یعنی سانپ کے زہر کا علاج ہے اور لکڑی زہر قاتل ہے ہند مین اسکو اکول کہتے ہین -
مامیثا - بہ ثلثہ مثلثہ ایک قسم کی جنگلی خشخاش ہے پھول اسکا زرد ہے اسکے پھل کو کوٹ کر ٹکیان بنا رکھتے ہین اسکو عصارہ مامیثا اور شیاف مامیثا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض ورادع و محلل دافع درد سر و خفقان و اسہال صفراوی و مسمن بدن ہے۔
مار ماہیج - یہ ایک مچھلی ہے سانپ کی طرح لمبی جسکو فارسی مین مار ماہی کہتے ہین یہ اور مچھلیون کیطرح پانی کے اوپر نہین آتی طبیعت اسکی گرم و خشک اسکا گوشت باہ کو بڑھاتا ہے درد پشت کو دور کرتا ہے -
ماہی زہرج - معرب ماہی زہر ہے چونکہ کھانا اسکا مچھلی کو مار دیتا ہے اسلیے اسکا زہر ماہی نام رکھا ہے یہ ایک گھانس شیردار ہے طبیعت اسکی گرم خشک مسہل قوی اقسام بلغم کا محلل ریاح دافع درد مفاصل ونقرس وعرق النسا ہے۔
ماء القداح - عرق نارنج کا جو گلاب کیطرح کھینچا جاتا ہے عرق بہار بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع درد سر و امراض بارده ہے -
ماغر - مشہور جانور ہے جسکو فارسی مین بز اور ہندی مین بکرا بکری کہتے ہین گوشت اسکا عام و خاص کھاتے ہین نہایت لذیذ ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم تر صالح الکیموس مولد خون لطیف ہے۔
ماس - مشہور اور قیمتی پتھر ہے جسکو فارسی مین الماس اور ہندی مین ہیرا کہتے ہین نہایت سخت اور خشک ہر ایک رنگ کا ہوتا ہے سپید اور زرد اور سیاہ و سرخ اور خاکی یعنی تیلیا سپید بکثرت ملتا ہے یکرنگ اور بے رگ بڑی قیمت پاتا ہے طبیعت سرد اور خشک ہے پاس رکھنا اسکا دلکو قوت دیتا ہے دافع خوف و دہشت ہے زہر قاتل ہے تھوڑا کھانا اسکا بھی مار ڈالتا ہے۔
ماش - مشہور غلہ ہے جو کھانے مین آتا ہے طبیعت اسکی سرد مائل بخشکی کثیر الغذا مولد خلط صالح بطی الانحدار ہے۔
مازریون - یہ ایک درخت شیردار کا ہے بقدر درخت سماق کے تین قسم پر منقسم ہے ایک کے پتے سفید اور بڑے اور نازک اسکو شخیص کہتے ہین دوسرے کے پتے زرد زیتون کے پتون سے چھوٹے فارسی مین اسکا ہفت رنگ نام ہے تیسری قسم کے پتے سیاہ ان تینون مین سے مستعمل سفید پتون والا ہے طبیعت اسکی گرم و خشک جالی و منقی و مسہل قوی ہے۔
ماسفود وات - ایک قسم ریحان کا ہے نہایت خوشبو طبیعت گرم خشک

سب افعال وخواص اسکے سنبل ہندی کے سے ہین منھ مین خوشبوئی کے واسطے رکھتے ہین۔

مالک الحزین - یہ ایک جانور ہی جسکو فارسی مین بوتیمار اور ہندی مین بگلا کہتے ہین پانی کے کنارے رہتا ہی سپید رنگ اور چھوٹی مچھلیان کھاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا غلیظ مولد ریاح مقوی گردہ و محرک باہ ہی۔

مالیقراطن - ماء العسل یعنے شہد اور پانی پکایا ہوا یونانی لغت ہی مالی یعنی شہد اور قراطین یعنی پانی ہی ایک حصہ شہد اور دو حصہ پانی ملا کر پکاتے ہین دو تہائی رہجائے تو آگ سے اتارلین اور عند الحاجت کام مین لائین طبیعت اسکی گرم تر مقوی اعضاے باردہ و امراض باردہ دافع درد مفاصل و قرانفس تسکیم ادرار بول و حیض ہی۔

مامیران - یہ دوا ہلدی کے اقسام سے ہی ساق اور شاخین اسکی نبات کی زمین سے اونچی ہی مشابہ لبلاب کیہی کے گول سفید مائل بزردی ہو لزوجت کی جڑ ہلدی سے چھوٹی اور پتلی گرہدار غیر مستقیم معہ پتلے ریشون کے خراسان اور ہند مین پیدا ہوتی ہی بہتر وہ ہی جو چین سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک ہی ہزارون خواص اسکے درج کتب طبیہ ہین بڑا خاصہ یہ ہی کہ آنکھون کو روشن کرتی ہی ناخنہ و تاریکی دور کرتی ہی آنکھ کی ہر ایک بیماری کا علاج ہی۔

ماہوانہ - اسکو حب السلاطین و حب الملوک بھی کہتے ہین مسہل قوی ہی درد مفاصل و نقرس کو دفع کرتا ہی زیادہ کھانا منع ہی اور اسہال کی کثرت سے ہلاکت کا اندیشہ ہی۔

مال کنگنی - مشہور دوا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی دماغ و قوت حافظہ و ذہن دافع درد مفاصل و نقرس و عرق النسا و امراض باردہ رطبہ دماغی ہی۔

میم با ثاے مثلث

مثلث - یہ ایک قسم کی شراب ہی کہ تین حصہ انگور کا پانی اور ایک حصہ خالص پانی ملا کر جوش دین ایک حصہ جل جائے تو اتار لین پینا اسکا مولد خون صالح مقوی ہاضمہ دافع ذات الجنب و ذات الصدر و چیچک و مقوی باہ مگر کثرت اسکی مضر ہی۔

مثنان - یہ نبات دو قسم پر منقسم ہی ایک کی شاخین بہت سی اور لمبی بقدر دو گز کے اور پتے باریک ان کے سے ساتھ رطوبت نمیں دار کے پھول سپید اور پھل سرخ جسکو حب المثنان و گرم دانہ کہتے ہین پتے اور بیج اسکے مستعمل ہین طبیعت اسکی گرم و خشک اور مسہل قوی بلغم کا ہی

معدے اور امعا کے کرم کو نکالتا ہی دوسری قسم کی نبات بقدر دو بالشت کے بلند ہوتی ہی پھول زرد طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مسہل بلغم خام کا ہی اور استسقا کو نہایت مفید ہی۔

میم با جیم

منجح - بضم میم و سکون جیم و فتح نون و سکون حاے حطی ایک جیوان کا نام ہی جو قسم ریاحین سے ہی طبیعت سرد خشک حابس اسہال و سیلان خون ہی۔

مجوفان - یہ جڑ کسی نبات کی ہی جو شہر مجوفان سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ساتھ قوت مسہلہ کے ہر ایک قسم نزلہ اور درد مفاصل و امراض گردہ و قولنج کو نافع ہی۔

میم با حاے حطی

محروث - بیخ انگورہ مشہور چیز ہی ہاضم مصفی معدہ محلل ریاح مانند حلتیت کے ہی۔

میم با خاے

مخ - وہ مغز جو ہڈی کے اندر ہو طبیعت اسکی گرم تر ملین و مرخی اعضا کثیر الغذا مسمن بدن ہی۔

مخیض - چھاچھ جسمین سے مسکہ نکل چکا ہو طبیعت اسکی سرد تر مسکن غلیان خون محرک باہ محرورین و مشتہی و مسمن دافع حرارت و سوزش معدہ ہی۔

مخلصہ - یہ دوا اعلی تریاق سانپ کے زہر کا ہی باعتبار اماکن مختلف کے مختلف شکلین اسکی ہوتی ہین طبیعت اسکی گرم خشک قولنج کو دفع کرتی ہی معدہ کو تقویت دیتی ہی ہر ایک قسم کے زہر خصوصاً سانپ کے زہر کا علاج ہی

میم با دال

مداد - مرکب یعنی وہ سیاہی جو کاجل و گوند وغیرہ سے لکھنے کے لیے بناتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض و مجفف حابس دم دافع شقیقہ ہی۔

میم با راے

مرقشیشا - یہ ایک پتھر نہایت روشن و مصفا ہوتا ہی عربی مین اسکو حجر النور فارسی مین سنگ روشنی ہندی مین سوناکھی کہتے ہین ذہبی و فضی و نحاسی و حدیدی ہوتا ہی جس کان مین پیدا ہوتا ہی اُسی سے منسوب کیا جاتا ہی اور کانی جوہر اسمین شور دار ہوتے ہین قوی سب سے نحاسی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل و جالی و قابض ہی سرمہ اسکا محرق وغیرہ محرق آنکھ کی روشنی کیواسطے مجرب علاج ہی تعلیق اسکا باعث دفع

خوف و دہشت کا ہے۔

مُرداسنج۔ معرب مرداسنگ یہ ایک مصنوعی پتھر ہے جو جسباد معدنی سے سوا سے لوہے کے بنایا جاتا ہے مزاج اسکا خشک مائل بگرمی کھانا اسکا زہر قاتل ہے اکثر مرہمون مین داخل کیا جاتا ہے کہ کاٹنے والا گوشت زائد فاسدکا اور جمانے والا اچھے گوشت اور بند کرنے والا زخمون کا۔

مرمازاو۔ یہ ایک نبات ہے جسکی ایک ساق بقدر بالشت کے پھول بنفشی مائل بسرخی چھوٹی پتی طبیعت گرم و خشک مقوی دماغ دافع درد سر بلغمی مقوی جگر محلل ریاح ہے۔

مُرّ۔ عربی لغت ہے ہندی مین اسکو بول بضم باے موحدہ کہتے ہین ایک درخت کا گوند ہے جو مغرب کی سمت سے لاتے ہین درخت اسکا بلند اور خوبصورت گرہ دار بانس کیطرح ہوتا ہے بعض اجزا اسکے بوے ہوتے ہین ذائقہ مین تلخ گوند اس سے کئی طرح سے نکلتا ہے ایک گوند تو وہ ہے جو درخت کو کوچتے ہین اور نیچے برتن رکھدیتے ہین گوند درخت سے نکلکر برتن مین جمع ہوتا ہے اسکو مر صاف کہتے ہین اور جو خود بخود درخت سے نکلتا ہے اسکو لطاج بولتے ہین اور جو درخت کی پوست کو جوش دیکر نکالتے ہین اسکو سیاہ مغشوش کہتے ہین یہ اچھا نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم و خشک یہ دوا ادویہ جلیلہ عظیم النفع سے ہے ہزارون فائدے اسکے کتابون مین درج ہے۔

مُرار۔ یہ ایک کانٹا گرمی کی ابتدا مین پیدا ہوتا ہے پتے اسکے مشابہ پتے چقندر کے ہوتے ہین پھول اسکا زرد اور تخم کسونب کے تخم کیطرح ہوتا ہے طبیعت اسکی معتدل حرارت مین اور خشک ہے دافع درد پہلو و ضعف جگر و جرب و حکہ مدر بول و حیض ہے۔

مرکر۔ مشہور پتھر ہے رخام بھی اسکو کہتے ہین اسکو جلا کر راکھ اسکی دانتونکو ملین تو دانت مضبوط رہتے ہین۔

مرماحوز۔ یہ پہاڑی بوٹی ہے ساق اسکی ایک بالشت پتی لمبی اور گول رنگ تیرہ پھول زرد مائل بہ تیرگی طبیعت گرم خشک ملطف و محلل شراب مین اگر اسکو ڈالکر پئین تو نشہ زیادہ ہوتا ہے۔

مرطس۔ یہ ایک درخت بقدر قد آدم ہوتا ہے پتی باریک بال کیطرح تیز بو اور تلخ طبیعت گرم و خشک طلا اسکا سانپ و بچھو وغیرہ زہردار جانورون کے نیش پر لگائین تو زہر دفع ہوجاتا ہے عسر ولادت کے وقت اگر اسکی لکڑی عورت ہاتھ مین رکھے تو بچہ فی الفور باہر آجاوے دوا و قیہ پانی اسکا زہر قاتل ہے۔

مرطیس۔ یہ ایک پتھر سیاہ خط دار اور ہلکا ہوتا ہے اگر اسکو پہنین تو شراب کی بو آتی ہے دافع وجع الفواد و درد پشت ہے۔

مرزنجوش۔ یہ ایک نبات ہے جسکے پتے جو ہے کے کان کیطرح ہوتے ہین اصل مین یہ لفظ مرزنگوش ہے معرب اسکا مرزنجوش ہوا طبیعت اسکی گرم خشک محلل و مفتح جالی و جاذب دافع درد سر بارد وامراض بلغمی و مالیخولیا و لقوہ ہے۔

مرغ۔ نام ایک گھانس کا ہے جسکو دوب کہتے ہین دافع گزندہر مار و زہر گزدم و سوزش سینہ ہے۔

مُرّان۔ یہ ایک درخت عرب کی زمین مین ہے سب اجزا اسکے تلخ اور لکڑی سخت ہے طبیعت گرم خشک جوشاندہ دافع زہر مار ہے۔

مرجان۔ مشہور چیز ہے جسکو ہندی مین مونگا بولتے ہین دریائی جواہر مین سے ایک جوہر ہے جو بحر مین بطور درخت پیدا ہوتا ہے سرخ اور سپید اور سیاہ ہوتا ہے ایک یا ڈیڑھ گز تک بڑھتا ہے پتے اور پھل نہین ہوتے بہتر سرخ رنگین چمکتا ہوا اور بہت خراب سیاہ طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و مجفف و حابس تعلیق اسکا معدہ پر معدہ کی سب بیماریون کو دفع کرتا ہے۔

مرارہ۔ فارسی مین اسکو زہرہ اور تلخہ ہندی مین پتا کہتے ہین اور وہ ایک عضو اعضاے اندرونی سے ہے اور صفرا اسمین جمع رہتا ہے طبیعت اسکی گرم و خشک اور خواص ہر ایک جانور کے پتے کے الگ الگ درج کتب طبیہ ہین۔

مرعزی۔ مرعز مین ایک قسم کی بکری ہوتی ہے جسکے بال دراز ہین اور بالون کی جڑ مین باریک بال ہوتے ہین انکو پشم مرعزے کہتے ہین جو نہایت قیمتی ہوتی ہے اسکے کپڑے کا پہننا ہر ایک مزاج کے موافق ہے مقوی گردہ و محرک باہ ہے۔

مری۔ یہ ایک قسم کی روٹی جو کے آٹے کی پکائی جاتی ہے جسمین بہت سے اشیا ممزوج ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ذائقہ مین لذیذ۔

میم با زاے معجمہ

مرز۔ اقسام ہندسے ہے جو مصر مین چانولون سے بنائی جاتی ہے ہند مین اسکو بوزہ کہتے ہین۔

مزمارالراعی۔ یہ ایک نبات مشابہ بانگ ساق باریک بدون گرہ کے جڑ سیاہ نمناک زمین مین پیدا ہوتی ہے طبیعت گرم خشک جالی و محلل اورام دافع سموم مفتح سدہ و دافع سنگ گردہ و مثانہ ہے۔

میم با سین

مسحوقونیا۔ عربی مین اسکو ملاح زجاج اور فارسی مین کف آبگینہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک دافع بیاض چشم و ظلمت بصر و ناخنہ مجلا دانتون کو اور قالع گوشت فاسد اور خشک کرنے والی زخمون کی ہے۔

مسیمسکدہ۔ وہ کا مربا بد افضع جسکے لقد اطریفہ شہد اور قند مین ڈالا جاتا ہے نہایت لذیذ ہوتا ہے طبیعت عسلی کی مائل بگرمی اور قندی کی معتدل ملطف اخلاط و مدر فضلات مسمن بدن محرک باہ ہے۔

مِسک - فارسی مین اسکو مشک اور ہندی مین کستوری کہتے ہین ایک قسم کا ہرن ہی جسکی ناف مین خون منجمد ہو کر مشک پیدا ہوتی ہی اور وہ ہرن چین اور ختن کے پہاڑون مین رہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک مفرح و مقوی دل و دماغ و تمام اعضائے رئیسہ بڑھانے والی حرارت غریزی طاقت دینے والی اعضائے ظاہری اور باطنی کو مضبوط کرنے والی حواس ظاہری و باطنی کی ہی۔

مستعجلہ - بعض کے نزدیک بیلوزبدان بعض کے نزدیک سورنجان ہی بعض کے خیال مین فروع لعبت بربری اور وہ ریشے ہین یاسمین لپیٹے ہوئے سخت مربع شکل اگر انکو آپس سے جدا کرین لکڑی اسکی مربع متساوی الاضلاع دیکھی جاتی ہی بہتر اسکی شیرین اور سخت اور خوش جوہر ہی مستعجلہ اسکو اسواسطے کہتے ہین کہ تقویت باہ مین یہ بہت جلدی کرتی ہی طبیعت اسکی گرم تر مقوی اعصاب و قوت باہ ہی عضو تناسل کو سخت کرتی ہی۔

میم با شین معجمہ

مِشمِش - یہ ایک پھل ہی فارسی مین اسکو زردآلو کہتے ہین خشک کیا ہوا تازہ سے بہتر ہی طبیعت اسکی سرد تر ملین طبع مسکن تشنگی مسہل صفرا دافع تپ صفراوی ہی۔

مشکطرامشیع - ایک قسم کا پودینہ پہاڑی ہی باغی پودینہ سے پتی بڑی اور گول خوشبو اور خشونت زیادہ طبیعت اسکی گرم اور خشک یہان تک کہ اگر شیر دار بکری اسکو کھا جائے تو اسکا دودھ خون ہو جاتا ہی پینا اسکا مخرج رطوبات غلیظہ مقوی اشتہا مفتح قولنج مدر بول و حیض ہی۔

مشط الغول - یہ ایک نبات شاخدار ہی پتلی پتلی جسکی شاخین ہندی مین اسکو کنگھی کہتے ہین پتی اسکی دھنیا کی سی بغیر پھل اور پھول کے طبیعت گرم و خشک محلل قوی ریاح غلیظہ و مفتح سدہ ہی پینا اور قبہ پینا اسکے پانی کا واسطے دفع سمہاؤلے کتے کے مجرب ہی۔

مشکدانہ - یہ ایک بیج ہی دانہ تبد مسور کے ہند مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک آنکھ کو روشن کرتا ہی دافع ثقل معدہ و ریاح معدہ و برص و سیلان منی ورعاف

میم با صاد

مصوص - ایک طرح کے کباب کا نام ہی جسکے بنانے کی کئی ترکیبین ہین جو صالح الغذا سریع الہضم ہی۔

مصطگی - گوند ایک درخت کا جو شام اور روم اور نواح ارمنیہ مین ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک ملطف و محلل و جالی و قابض و مقوی اعضائے رئیسہ جاذب رطوبات دافع صداع و نزلات باردہ و وسواس و مالیخولیا ہی۔

میم با ضاد

مضض - جنگلی انار جو بستانی انار سے چھوٹا اور شیرین ہوتا ہی میوہ اسکا مین کثیر الوجود ہی کوئی بہت بڑا درخت نہین ہوتا بلکہ زمین سے نکلکر دو چار

ہاتھ بلند ہوتا ہی تو پھول سرخ نکل آتا ہی پھول جھڑ جاتا ہی تو انار بننا شروع ہو جاتا ہی اسکی جڑ کا طلا ایک ضرب کے صدمہ کے درد کو تسکین دیتا ہی۔

میم با غین معجمہ

مغنیسیا - ایک پتھر کا نام ہی جسکو فارسی مین سنگ کاسہ کہتے ہین کہ کاسہ گراس سے پیالون کو رنگ کرتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک پینا اسکا مقوی معدہ و منقی رطوبات دافع سنگ مثانہ و گردہ و عسر بول ہی۔

مغاث - یہ ایک جڑ لمبی اور موٹی ہی سیاہی مایل طبیعت گرم و خشک محلل و قابض و مقوی اعصاب مسمن بدن ہی۔

مغرہ - یہ ایک مٹی سرخ و نیرہ مایل بزردی ہی جو روم سے لاتے ہین ہند مین بھی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک قابض و مجفف اور حابس ہی جریان کبد کا علاج ہی معدہ اور امعا کے کرمون کو مارتی ہی حیض کو بند کرتی ہی۔

میم با قاف

مُقل - مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین گوگل کہتے ہین یہ گوند ایک درخت کا ہی جو سمندر کے کنارے ہند کے ملک مین بہت ہوتا ہی جو مایل بسرخی و تلخی ہی اسکو مقل ازرق کہتے ہین اور جو مایل بزردی ہی اسکو مقل الیہود بولتے ہین اور جو مایل بہ تیرگی و کثافت و سیاہی و نرمی ہی وہ ناکارہ ہی اور برادہ بخالی رنگ مقل عربی نام ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک جالی و محلل دافع درد گلو و سرفہ و ضعف جگر و عرق النسا ہی۔

مقل مکی - یہ پھل ایک درخت کا ہی جو خرما کی درخت کیطرح ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد و خشک قابض و مقوی معدہ حابس اسہال و سیلان خون دافع تقطیر البول و نفث الدم ہی۔

میم با کاف

مکھارہ - لغت ہندی ہی اسکو تال مکھانہ بھی کہتے ہین اسکا نبات تالابون مین ہوتا ہی پھول اور پتے اسکے نیلوفر کیطرح ہوتے ہین بعد کم ہونے پانی کے جڑ اسکی بقدر چقندر کے نکالتے ہین پوست اسکا سیاہ اور اسکے جوف نمانے مین ایک بیج سیاہ اور بیج کا مغز سپید اور شیرین اور لوگ تازہ کچا کھاتے ہین اور خشک کو بریان کرکے طبیعت اسکی گرم تر مقوی بدن و باہ ہی منی کو زیادہ کرتا ہی۔

میم با لام

ملح - نمک فارسی مین اور لون ہندی مین اسکا نام ہی مشہور چیز ہی حاجت تشریح کی نہین اور کئی اقسام مین منقسم ہی چنانچہ ملح اسود و ملح طبرزد و ملح سانبھر و ملح مر و ملح العجین و ملح اندرانی و ملح رشیدی و ملح نفطی و ملح ہندی وغیرہ تفصیل سب کی کتب طبیہ مین درج ہی۔

میم با نون

مَن - ایک قسم شبنم کا ہی جو درختون پر ہوا سے گر کر منجمد ہو جاتا ہی ذائقہ مین شیرین مثل ترنجبین و گزانگبین و شیرخشت وغیرہ جو سمی درختون پر منعقد ہوتی ہی مانند شکر العشر کے سم ہی اور جو نباتات قالبضہ پر منجمد ہوتی ہی قالبض ہی اور مسہلہ پر مسہل۔

منج زراوشان - یہ ایک تخم اجواین کی طرح ہی بعض کے نزدیک جنگلی خیری کا تخم ہی۔

میم با واو

مومیا - مومیائی مشہور چیز ہی جو بعض پہاڑون سے نکلتی ہی بہتر وہ ہی جو کوہ داراب توابع فارس سے نکلتی ہی پہلے پہل فریدون کے وقت مین اس عجیب و غریب چیز کو معلوم کیا گیا اور تجربہ اور امتحان ہوا طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی ارواح و دل و مفرح و محلل مواد بارد و مقوی اعضاے ظاہری و باطنی مجفف رطوبات معین باہ حافظ بدن سریع النفوذ ٹوٹے ہوے جوڑون کو پیوند کرنیوالی دافع فالج و رعشہ و لقوہ و جراحت مثانہ و سلسل البول وغیرہ امراض اندرونی و بیرونی ہی۔

مونج - ہندی لفظ ہی سرکنڈہ بھی اسکو کہتے ہین سرد اور خشک ہی اسکے جوشاندہ کے ساتھ غرغرہ کرنا جوشش دہان اور مسوڑون کے ورم کو دور کرتا ہی دافع بواسیر خونی و ریحی و درد گردہ و مثانہ ہی۔

موز - مشہور میوہ ہی جسکو کیلا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر جالی اور کثیر الغذا دیر ہضم مولد خون مسمن بدن ہی۔

موسجر - ایک گھانس کی ہی خوشبو اور رنگ مین مشابہ غاریقون کے مائل بزردی و تلخی و حدت منقد و نبہ ملک روم سے لاتے ہین طبیعت گرم اور خشک قابض و ملطف و منوم دافع نزلات ہی۔

موسنی - ہی سنبل کی جو ہنوز نہ پھولا ہو سیاہ و سپید طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع ضیق النفس و مقوی باہ اور زیادہ کرنے والی منی کی ہی۔

مول سری - یہ ایک درخت قد آور اور خوش منظر ہند مین ہوتا ہی پھل اسکا بقدر عناب کے پھول چھوٹا اور چوڑا اور گول خوشبودار برسات مین پھولتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک اور پھل سرد خشک حابس سیلان منی دافع حرقت البول و آتشک و درد دندان و درد سر ہی۔

مونڈی - مشہور ہندی دوا ہی کثیر المنافع طبیعت اسکی گرم تر ساتھ قوت قابضہ کے مقوی اعضاے رئیسہ دافع خفقان و توحش و یرقان ہی۔

میم با ہا

مہا - سنگ چقماق مشہور پتھر ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع بیاض چشم ہی۔

مہلبیہ - لذیذ غذاؤن سے ایک غذا کا نام ہی کہ چاولون کے آٹے اور دودھ اور شکر سے بناتے ہین طبیعت اسکی گرم تر دافع مالیخولیا و جنون و درد سر ہی۔

میم با یا

میفخج - بضم میم و سکون یاے و ضم فاے و سکون خاے و فتح تاے و جیم اخیر مین انگور کا پانی کہ پکاتے ہین زیادہ دو تہائی بسے نہ جلے طبیعت اسکی گرم خشک ملین طبع محرک باہ دافع درد گردہ و مثانہ ہی۔

میسنون - یہ ایک حجری جسم لمبا تخم خرا کی مقدار پر سپید خاکستری رنگ جو قسم زبد البحر سے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع استسقا و ورم الطحال و درد گردہ ہی۔

میس - یہ ایک عالیشان درخت ہی پھل اسکا بڑا مرچ سے خوش مزہ و خوشبو مثلث مائل بزردی لکڑی سرخ و سیاہ سخت اور خوشبو طبیعت اسکی گرم خشک پھل دافع سرفہ و مقوی معدہ و قرحہ امعا ہی۔

میبہ - شراب انگوری کے اقسام سے ایک شراب ہی مفرح و منشی و مقوی معدہ

میعہ سائلہ - یہ گوند ایک درخت کا ہی بہت خوشبودار معطر اسکے درخت کو عبہر کہتے ہین طبیعت گرم اور خشک مقوی و محلل ریاح دمین دافع سرفہ و زکام و خدر ہی اور میعہ یابسہ اسی درخت کے گوند کا نام ہی جو اسکی لکڑی کے اجزا کو نچوڑ کر نکالتے ہین۔

اُنتیسوان باب

حرف نون کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے بیان مین

نون با الف

نا - حرف نفی کا ہی مشتقات و صفات مین چنانچہ نابالغ و نامراد و ناسپاس و ناانصاف و ناتوان وغیرہ۔ **سعدی** - امید ہست پرستندگان مخلص را بدکہ نا امید نگردند ز استان آلہ۔

ناشتا - نہار علی الصباح وہ وقت جو ابھی کچھ کھایا نہو۔ **درویش آلہ ہروی** - سینہ از داغ ناشتا شکن ہست چاک تا روز سیہ گریبان ہست۔

نان حلوا - نام ایک کتاب کا جو مثنوی مصنفہ مولانا بہاء الدین آملی بجواب مثنوی مولانا روم۔

ناخدا - مخفف ناو خدا کشتی کا مالک جہاز چلانیوالا اصطلاح نعتیہ از رسول الف۔

بیتسک رسد بساحل امید۔ ورحشر + چون ناخداے کشتی امت محمد ست۔
نازا - ہرایک حیوان کی مادہ جو بچہ دینے کے لایق نہو۔
ناپیدا - چھپا ہوا جو ظاہر نہو۔
نابینا - اندھا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ **قطعہ از مولف** - خاکساران جناب احمدی + خاک سے نی الفور سونا بن گئے + جتنے نادان تھے ہوے اہل شعور + جتنے نابینا تھے بینا بن گئے۔
ناروا - ناجائز شرع کے برخلاف۔
نابہرا - نازیبا نالائق۔
ناکدخدا - جسکی ہنوز شادی نہوئی ہو۔
ناب - فارسی مین خالص وصاف بیغش ہو رعربی مین ناقہ پیر یعنی بوڑھی اونٹنی اور چارپایون کے اگلے دانت جنکو دندان نشتر کہتے ہین **شوقی** - نوش کن جام محبت نوش کن + مست زین رنگین شراب ناب شو۔
ناصب - برپا اور قائم کرنے والا۔
نائب - قائم مقام بیشکار۔ **درویش والہ ہروی** - ای چہرہ طراز خاک گردون + نائب کرم خداے بیچون۔
ناکب - اوندھا ڈھلنے والا رنج پہونچانے والا۔
ناسوت - عالم اجسام و عالم موجودات و عالم شریعت۔
ناشرات - تند ہوائین اندھیرے۔
نابت - اُگنے والا اور اُگانے والا۔
ناکاج - یکایک اچانک ناگاہ **حکیم سوزنی** - بے فکرت مداحی صدر تو بہ عمر + چانسا کہ زنم یک خزہ را بر خزہ ناکاج۔
ناہج - راست چلنے والا کشادہ راستہ پیدا کرنے والا۔
نارنج - معرب نارنگ جو ایک مشہور میوہ ہے۔
نالج - کپڑا بننے والا جولاہا۔
نانخواہ - اجوائن کا [illegible] جو ایک مشہور بیماری ہے۔
نانخواہ - [illegible] منشا خطی نستر آب کش وہ اوشہ جسیر بانی الدکرالادین۔
ناصح - نصیحت کرنے والا۔
ناطح - سینگ مارنے والا جانور۔
ناکح - نکاح کرنے والا۔
ناچخ - چھوٹا نیزہ اور تبر جو سپاہی زین کے ساتھ باندھ لیتا ہے۔ **نظامی** - جہان نرد بر ناچخ نہ گرہ ملکہ ہم کالبد سفتہ شد ہم زرہ۔
ناسخ - منسوخ کرنے والا دور کرنے والا لکھنے والا۔
نافخ - ناف وسط شکم کا سوراخ۔

نافورخ - بیخ سوسن جنگلی۔
نافخ - پھونکنے والا۔
ناورد - جنگ لڑائی مقابلہ میدان۔ **سعدی** - بہ پیکار دشمن دلیران فرست + ہژبران بناورد شیران فرست۔
ناقد - صراف روپیہ کھرے کھوٹے کو پہچاننے والا۔
نارو - چچری جو ایک جانور ہے اور گائے بیل اونٹ وغیرہ کے بدن کو چمٹکر خون چوستی ہے۔
ناہد - جوان لڑکی جسکے پستان ابھر آئے ہون۔
ناہید - ستارہ زہرہ مشتری جو تیسرے آسمان پر چمکتا ہے اور اسکو مطرب فلک کہتے ہین۔
نافذ - جاری ہونے والا۔
ناہار - ناشتا جو ابھی کچھ چیز کھائی نہو۔
ناسور - جو زخم ہمیشہ بہتا رہے۔
ناصر - یاری دینے والا مددگار۔
ناظر - دیکھنے والا اور وہ افسر منشیون کا جو دفتر مین مقرر ہو۔ **سعدی** - چو مشرف دو دست از امانت گذاشت + بباید برو ناظرے کس گماشت + ور او نیز در ساخت با خاطرش + ز مشرف عمل بر کن و ناظرش۔
نافر - نفرت کرنے والا بھاگنے والا۔
ناقور - سنگھا اور نرسنگے جسکو بجاتے ہین۔
نادر - وہ چیز جو کم بہم پہونچ سکتی ہو عجیب وغریب۔
ناطور - نگہبان و پاسبان۔
نار - عربی مین آگ جو چار عنصر سے ایک عنصر ہے اور فارسی مین مشہور میوہ ہے۔ **سعدی** - نہ بہار از تفرج بہار + وقنا ربنا عذاب النار۔
ناشر - پراگندہ کرنے والا نشر کرنے والا۔
ناشز - نحو مین زن سے سجدہ بالا نشین بلند بیٹھنے والا۔
ناز - استغنا و بے پروائی و بدماغی اور ایک درخت سرو و صنوبر۔ **سعدی** - منیکس بسے روکہ طلبگار تست + ناز بر ان کن کہ خریدار تست۔
ناموس - عصمت و عفت و عزت و حرمت و نیکنامی و تدبیر اور فرشتے اور جبرئیل علیہ السلام و قاعدہ و دستور۔
ناکس - بکسر کاف عربی مین نگونسار و سرنگون۔
ناکس - بضم کاف فارسی مین نا اہل ہو فرمایا کہ **سعدی** - شمشیر نیک ز آہن بد چون کند کسے + ناکس بتربیت نشود ای حکیم کس + باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست + در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس۔
ناخس - ایک بیماری اور درد کا نام ہے جس سے بیمار کو معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اسکے جسم مین سوئی چبھو رہا ہے۔

ناوس - بروزن طاوس آتشخانہ آتش پرستون کا۔

ناس - آدمی یہ لفظ مفرد اور جمع دونون پر آتا ہی۔

ناقوس - نرسنگا اور سنگھ جو ہندو عباد تگاہوںمین بجاتے ہین۔

نابلوس - نام ایک ساز کا جسکو موسیقار بھی کہتے ہین۔

ناعس - اونگھنے والا یعنے جسکی آنکھ مین نیند بھری ہوئی ہو۔

نان خورش - سالن جو روٹی کے ساتھ کھائین۔ س - یکی نان خورش جز پیازی نداشت + چو دیگر کسان برگ سازی نداشت۔

ناعش - زندگانی بخشنے والا۔

نالش - رونا چلانا فریاد کرنا۔

ناقص - ناتمام اور وہ چیز جو کامل نہو حسن سنجری - گنج بخش دین و دنیا جامع صدق و صفا + کاملان را پیر کامل ناقصان را رہنما۔

نافض - اخیر مین ضاد معجمہ جھاڑنے والا ہلانے والا جنبش دینے والا۔

ناشط - خوشی کرنے والا نشاط مین آنے والا۔

ناحفاظ - بے شرم و بے حیا و فاسق و فاجر حکیم سنائی - یک جہان ناحفاظ و نابینا + در عبادت فرنج و نازیبا۔

ناصع - بکسر صاد مہملہ خالص۔

ناف - مشہور لفظ ہی ہندی - صفا سینہ شکم و پایے سیاب + ناف افتادہ اندر و چہ گرداب + نافش سخن گفتن محال است + کہ از پردہ وہم خیال است۔

ناصف - نصف نصف کرنے والا آدھا آدھا بانٹنے والا۔

ناہق - نرگدھا۔

ناسق - انتظام کرنے والا بند و بست کرنے والا۔

ناحق - جو بات سچ نہو۔

ناطق - بولنے والا کلام کرنے والا صائب - نہ بند حجت ناطق زبان منکران ورنہ + ز عیسے رو سے شرم آلود مریم بود گویا تر۔

نازک - تراشیدہ و موزون و خوبصورت و نرم و پاکیزہ صائب - بیتوان بی رنگ گل از سر نگار سود سنہ بست + بلبلکہ رنگ جہرۂ آن نازک بہانا نیست۔

ناوک - ایک قسم کے چھوٹے تیر کا نام ہی - حافظ - تیم چون ناوک غمزہ کشاید + دل مجروح بیمارم سپر باد۔

ناک کلمہ نسبت ہی اور افادہ معنی انصاف کا بھی کرتا ہی چنانچہ خطرناک و غمناک و اندیشناک وغیرہ حکیم زلالی - بپا ظہار عشق آرزو ناک + چو لعل از کان تہمت دامنش پاک۔

ناخنک - ناخنہ نام ایک بیماری کا ہی جو آنکھ مین ظاہر ہوتی ہی عبد العزیز عارف - شمع محفل کنم آن دم کہ دل روشن را + ملوہ ناخنک دیدہ شود روزن را۔

ناسک - عبادت کرنے والا قربانی کرنے والا۔

نال - وہ باریک تار جو قلم کے اندر سے نکلتا ہی اور منشکلو رنی جو اندر سے پولی ہو میر معزی - نمود پیش تو دشمن چو پیش صرصر گاہ + نمود پیش تو حاسد چو پیش آتش نال۔

ناسپال - انار کا پوست۔

ناغول - نردبان - زینہ - پوڑی سیڑھی۔

نارجیل - ناریل کھوپرا جو ایک مشہور درخت ہی۔

نازل - اترنے والا۔

ناقل - نقل کرنے والا۔

نائل - پہونچنے والا حاصل کرنے والا۔

ناعم - نرم و ملایم اور نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون مین سے۔

نائم - بحالت خواب یعنے سویا ہوا۔

نادم - منفعل و شرمندہ و پشیمان۔

ناظم - صاحب انتظام نظم لکھنے والا موتی پرونے والا شاہ ابو المعانی لاہوری - ناظم این سلک در ہاے ثمین + ہدیہ رحمت معانی خیر دین۔

ناروَن - بفتح واو یہ نام ایک انار کے درخت کا ہی جسکا پھول صد برگ یعنی بہت بڑا ہوتا ہی اور نام ایک درخت پر برگ و سایہ دار و بضم واو نار بن یعنی انار کا درخت - حکیم ازرقی - ناروان کرد از قدست آن بلب جون روان + ناروان باز و سر شکم در فراق روان - مولانا جامی - انار آن تا خ نارک ناروَن را + کہ می بخشد نو بی نارکمن را۔

نازنین - صاحب ناز خوب و پسندیدہ - میر خسرو - بناگوشی چو برگ یاسمین تر + بر اندام از گل نازنین تر - شیخ العارفین علیہ الرحمہ - تو قد بناز بر افراز تا ز پاے در فتم + چو زلف سجدہ کنان پاے نازنین تو بوسد۔

ناودان - بدررو پرنالہ جسکے رستے کسی چھت کا پانی گرتا ہو۔

نار بن - انار کا درخت۔

ناخن - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو ظفرہ اور ہندی مین نکھ کہتے ہین - عبد العزیز عزت - شعار کار کشایان ملال خاطر نیست + گرہ چگونہ کند جادو ابروے ناخن۔

نان - عربی مین خبز ہندی مین روٹی - حکیم انوری لاہوری - ہیچو مہر و ماہ ہر شام و سحر + بر درد و نان مرد و بہر و نان۔

نارو - خیار یا سبزو کا درخت۔

ناجو - صنوبر کا درخت۔

ناخن دیو - ایک قسم کا سیپ ہوتا ہی جو ناخن کی صورت ہوتا ہی نہایت

خوشبودار عطریات اور معجونات میں ڈالا جاتا ہے جس عورت کا حیض بند ہو اسکا دھواں عورت کا اندام نہانی میں پہونچائیں تو فوراً جاری ہو جائے۔

نارو ۔ ایک پرند خوش آواز بلبل کی طرح ہوتا ہے جسکو جل بھی کہتے ہیں۔

نالو ۔ وہ گیت جو عورتیں بچوں کے سلانے کے وقت گاتی ہیں

ناؤ ۔ پانی کی نہر اور ہر چیز جو اندر سے پولی ہو اور پیٹ خالی اور رخنہ و سوراخ و کشتی و جہاز کو چک اور گھر کا پرنالہ۔

نازو ۔ گریہ یعنی بلی جو مشہور جانور ہے۔ **شیخ ازری** ۔ چون قسمت انداف کند شیر فلک را + باور یچہ خوان تو زند عربدہ نازو۔

ناخنہ ۔ آنکھ کی بیماری کا نام ہے جسمیں ... ایک گوشت سفیدی پر ظاہر ہو جاتا ہے۔

ناپرہ ۔ سولہ آنہ یعنی پورے ... کی لونی۔

نازلہ ۔ سختی و آفت و حادثہ۔

نائبہ ۔ حادثہ و واقعہ و شب گرم۔

نالہ ۔ بلند آواز جو سوز دل سے نکلے۔ **صائب** ۔ ہر جسے قیمت نداند نالۂ شب خیز را + مردہ باید کہ داند قدر این شب خیز را۔

نائحہ ۔ گریہ و نالہ در مصیبت۔

ناصیہ ۔ پیشانی کے بال اور مطلق پیشانی۔ **عرفی** ۔ سیاہ کو بان بحجم رفیتم و علیم کرو ناید + بر روز ... ناصیہ کو بالہ رفتم۔

نانخواہ ۔ ایک تخم کا نام ہے جسکو ہندی میں اجوائن کہتے ہیں۔

ناظورہ ۔ محبوبہ و معشوقہ منظور نظر۔

ناودہ ۔ ... لکڑی کا پرنالہ جس سے پانی گھر کا گرتا ہو۔

نافلہ ۔ وہ عبادت جو سوائے فرض و واجب و سنت کے ہو۔

نامہ ۔ شراب خالص۔

نامیہ ۔ وہ قوت جسکے ذریعہ سے حیوانی و نباتی جسم عرض و طول و عمق میں بڑھتے جاتے ہیں۔

ناصرہ ۔ غیر خالص سونا چاندی اور کھوٹا روپیہ و پیسہ و کلام ناموزون۔

ناحیہ ۔ کنارہ اور طرف و نواح۔

ناجیہ ۔ صاحب نجات و رہائی۔

نابغہ ۔ تخلص ایک شاعر کا ہے جو مداح نعمان بن منذر کا تھا۔

نائرہ ۔ آگ کا شعلہ و دشمنی اور بھاگنے والا۔

نافہ ۔ وہ جھلی جسمیں کستوری جمع ہوتی ہے اور ہرن کی ناف سے زمین پر گر پڑتا ہے۔ **نظامی** ۔ نافہ در بیت اتقصے کشادہ ز ناف زمین سر بانقطۂ نہاد۔

نامہ ۔ خط اور کتابت جو کسی کے نام پر لکھی جائے۔ **نظامی** ۔ چو بران شود نامہا سوے مرد + من آن نامہ را بر کشایم تو زرد۔ **جرأت** ۔ کھیو قاصد حال دلکا دیکھو نامہ سپید + خط نہیں دیتے ہیں لکھنے نامہ پر آنسو مجھے۔

ناقہ ۔ شتر مادہ اونٹنی۔ **فریدالدین عطار** ۔ آنکہ اعدا را بدریا در کشید + ناقہ را از سنگ خارا بر کشید۔

ناشی ۔ بشین معجمہ پیدا ہونے والا اور نوجوان۔

ناسی ۔ بسین مہملہ بھول جانے والا۔

ناہی ۔ نہی کرنے والا منع کرنے والا باز رکھنے والا۔

نائی ۔ وہ نے جسکو بجاتے ہیں اور گلو و حلقوم اور کوچہ اور عربی میں نزدیک کرنا اور دور کرنا۔

نامی ۔ مشہور و معروف آدمی نامور نامدار۔

ناجی ۔ صاحب نجات عذاب سے رہائی پائے ہوے۔

ناری ۔ آگ کی پیدائش جن بلو پری۔

ناشپاتی ۔ مشہور میوہ ہے۔

نادی ۔ ندا کرنے والا آواز دینے والا۔

نافی ۔ نفی کرنے والا نیست کرنے والا۔

نون با باے موحدہ

نبا ۔ خبر و اطلاع۔

نبات ۔ گھانس اور سبزہ اور درخت جو زمین سے اُگتے ہوں اور ایک قسم کی شیرینی جسکو مصری کہتے ہیں۔ **نعمت خان عالی** ۔ بی تعلق شوکت شادی جو میسر نبود نبات + قالب امروز میسازد کہ فردا بشکند۔ **مولف** ۔ فیض ابر ست این کہ از صحن چمن + بشگفد گلزار و میروید نبات۔

نبت ۔ پیدا ہونا گھانس اور سبزہ کا۔

نبالت ۔ بزرگواری و خبرداری و مشہوری۔

نبوت ۔ نبی ہونا پیغمبر ہونا رہنما ہونا۔ **لعتبہ مولف** ۔ ای نبی بر تو نبوت ختم گشت + سید ابر تو سیادت شد تمام + خاتم پیغمبرانی یا رسول + بے شبہ لاریب بیشک لاکلام۔

نباہت ۔ چمک دمک شان و شوکت۔

نباج ۔ وہ دو عورتیں جو ایک مرد کے نکاح میں ہوں آپسمیں نباج ہیں نباغ و انباغ بھی انکو کہتے ہیں۔

نباخ ۔ بہ جانے حطی آواز سگ یعنی کتے کی آواز۔

نبرد ۔ جنگ لڑائی فتنہ و فساد۔ **سعدی** ۔ نخسپند در خانہ شل زنان + نبرد آزمایان و جنگ آوران۔

نبذ ۔ بذال معجمہ تھوڑی سی چیز اور بقیہ کسی چیز کا۔

نبیذ - وہ شراب جو خرما اور جو سے بناتے ہین ہندی مین اسکو بوزہ کہتے ہین۔
نبایر - پوتے یعنے بیٹون کے بیٹے۔
نبیرہ - فرزندزادہ یعنے پوتا۔
نیور - کرنائے خورد یعنے چھوٹی نفیری بجانے کی۔
نبس - دخترزادہ یعنے دھوتا۔
نبراس - چراغدان لالٹین وغیرہ سامان روشنی کا۔
نباش - کفن دزد جو قبرون کو کھود کر مردون کے کفن چرا لیتا ہو کفن کش بھی اسکو کہتے ہین۔
نبارش - وہ چوبی ستون جو چھت کے شکستہ شہتیر کے نیچے بطور استحکام کے قائم کیا جائے۔
نبض - رگ شریان جو متحرک رگ ہوتی ہی اور اطبا اسکی حرکت سے بیمار کا حال دریافت کرتے ہین - آرزو - نبض نگاہ طبیبانہ جوشی آرزو اگر آمد تو مردہ بجسم رسیدہ است۔
نباض - طبیب معالج چارہ گر۔ ... اگر از درد این بیچارہ بیچارہ کند + اضطراب نبض من مضطر کند نباض را۔
نبع - جاری ہونا پانی کا چشمہ سے۔
نبوع - نکلنا پانی کا زمین سے۔
نبایع - بفتح ... وہ عورتین جو ایک خاوند کے نکاح مین ہون۔
نبق - بیر کے درخت کا پھل بسفر ما سکا نبقہ ہی۔
نبسک نبشنگ - قرضدار اور وام دار۔
نبک - پانی نکلنے کی جگہ۔
نبیل نبیلہ - بزرگ و دانا و نیکو و فربہ و خوبصورت۔
نبائل - نیکو کاریان بھلائیان اور بھلے لوگ۔
نبل - بفتح اول وسکون ثانی خبردار ہونا تیر چلانا اپنی طرف کھینچنا۔
نبل - بفتح اول و دوم بزرگ و خرد۔
نبہ - بفتح اول اور آخیر مین ہائے ہوز آگاہ ہونا خبردار رہونا۔
نبہ - بفتح اول و کسر ثانی و ہائے ملفوظ نام غلام پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم جسکو حضرت نے آزاد کر دیا تھا۔
نبیرہ - بروزن صغیرہ پسرزادہ و دخترزادہ۔
نبلہ - بضم اول استنجے کا ڈھیلا۔
نبرجہ - دلاور و بہادر آدمی۔
نبیہہ - بروزن فعیل خبردار اور خبردار کرنے والا شخص۔

نبیرہ - پوتا اور دھوتا۔
نبی - پیغمبر جو نبوت کا درجہ رکھتا ہو - سعدی - شفیع مطاع نبی کریم + قسیم جسیم نسیم وسیم۔
نباتی - شیرین اور نام ایک رنگ کا جو سبز ہوتا ہے - نعمت خان عالی - شد جلوہ گر آن رنگ نباتی شب مہتاب + دارد مزہ این عیش نشیرینی و شکر آم۔

نون با تاے مثناۃ

نتائج - جمع نتیجہ بہت سے نتیجے۔
نتاج - بچہ جننا نتیجہ نکالنا پیدائش۔
نہال کرنا - امیر بنا دینا خوش و رضامند کرنا - ناسخ - ہے وہ گل چمنستان دہر مین شاداب + دکھا کے سرو سا قامت کیا نہال مجھے -
نہال ہونا - امیر بن جانا آسودہ حال ہونا - ہ بڑیگا صدعنلول کا باغبان پہ ضرور + درخت چھانٹ کے ظالم نہال کیا ہوگا -
نہانے کی حاجت ہونا - احتلام ہونا خواب مین انزال ہو جانا -
نہانی ہونا - عورت کا حیض سے ہونا -
نہنگ لاڈلا - انتر ناشایستہ بےحیا لڑکا -
نہورا ماننا - احسانمند ہونا ممنون ہونا -
نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے - ہر طرح سے خرابی ہے نہ راہ مین نہ روے ماندن -

نون با یاے

نیا ٹیرا نا ہونا - بہت مدت کا ہونا -
نیا راجہ یا نواب ہونا - نئی دولت حاصل ہونا -
نیار بھوسی کرنا - مویشی کا چارہ تیار کرنا -
نیار بان کرنا - مٹی سے چاندی نکالنا -
نیاز حاصل کرنا - ملاقات کرنا -
نیا کرنا - پہلے پہل کوئی نیا پھل کھانا -
نیچا او نچا دیکھنا - غور سے کسی کو دیکھنا -
نیچا پڑنا - مغلوب ہو جانا عاجز ہونا -
نیچا دکھانا - بعزتی کرنا بے آبرو کرنا -
نیزون پانی چڑھجانا - کسی مصیبت کا بڑھجانا فساد پھیل جانا -
نیلا پیلا ہونا - غضب مین آنا - جرأت - کل تلک چو گھر تھا اپنا گھر سو اُٹھگئے - رہ یہ آج + نیلا پیلا دیکھکر کیا کیا ہمین دربان ہوا -
نیل بگڑنا - نیل کا ماٹ بگڑنا - چونکہ نیل کے حوض بگڑجانے پر نیل والے ٹوٹکے کے طور پر بے پر کی اُڑایا کرتے ہین از حد جھوٹ بولنا جھوٹی باتین بنانا - اسیر - باندھی ہے سب نے زیر فلک جھوٹ پر کمر + شاید بگڑ گیا ہے کہین ماٹ نیل کا -
نیل ڈھلنا - نزع کیوقت آنکھون سے پانی بہنا - مومن - کیا رو دون خیرہ چشمی بخت سیاہ کو + وہان شغل سرمہ ہی ابھی یہان نیل ڈھل گیا -
نیل کی سلائیان آنکھون مین پھیرنا - اندھا کرنا -
نیل گھوٹنا - لڑائی مچانا فساد پیدا کرنا -
نیم ملا - جو بخوبی پڑھا ہوا نہو - مثل - نیم ملا خطرۂ ایمان نیم حکیم خطرۂ جان -
نیم کی ٹہنی ہلانا - زخم سے مکھیان اُڑانا آتشک کی بیماری مین مبتلا ہونا
نیند اُچٹ جانا - اُڑجانا - بیدار ہونا نیند نہ آنا - بحر - سو نے سونے جب پکار اُٹھتا ہون اپنے یار کو + مرقدون کے سونے والون کی اُچٹ جاتی ہے نیند -
نیند بھر کے سونا - بیفکری کے ساتھ سونا - بحر - پھونکا کرینگے سور جو نالے اسی طرح + سوئیگا نیند بھر کے نہ عالم تمام رات -
نیند حرام کرنا - سونے نہ دینا -
نیند کا ماتا - نیند کا ستایا جسکو سونے کی عادت ہو - جرأت - رندان اسکی جو بیخوابی کا مجکو ہے خیال + تو یہ حالت ہے کہ گویا نیند کا ماتا ہو مین -
نین گنوانا - اندھا ہو جانا -
نیوا ناس کھونا - بیخ و بن سے تباہ کرنا
نیو جمانا - نیو بھرنا - ڈالنا - بنیاد رکھنا کسی کام کو شروع کرنا -
نئے بیچ - وہ گھوڑا جسکو پانچوان برس شروع ہو -

نئی سر سے سازسر نو شروع سے۔ جرأت۔ دیکھا اس گل کو تو شعلہ سا جگر سے جمکا ٭ کیا مرا داغ کہین پھر نئی سر سے جمکا۔ نئی سر سے جنم لیا ہے۔ بیماری سے شفا پائی ہے مر کر بچا ہے۔

پانچوین فصل

اور بات یعنی لغات متعلق علم طب کے بیان مین

نون با الف

نارکیوا ۔ یہ ایک نبات نیستان اور سایہ دار زمینون مین ہوتی ہے قد ادم بلند پتیون کے سے پتے خیر و جیسا پھول پھل بقدر فندق کے تیرہ رنگ اور تیز اور لذاع طبیعت اسکی گرم خشک محلل ریاح دافع بلغم مصفی جلد محلل اورام۔

نارنج ۔ مشہور پھل ہے طبیعت اسکے پوست زرد اور شگوفہ کی گرم خشک اور تخم سرد خشک ترشی اسکی دوسرے درجہ مین سرد پہلے درجہ مین خشک اور تمام اجزا اسکے گرم و خشک کھانسی گرم کو مفید ہے پانی اسکا ساتھ شکر کے مسہل صفرا ہے اور مسکن صفرا کی تیزی کا۔

نارقیصر ۔ یہ ایک نبات ہے ساق اسکی پتلی اور سرخ زردی مائل پھول زرد اور خوشبو روم سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک پینا اسکا واسطے تقویت معدہ سرد و تحلیل ریاح و ادرار بول و درد مفاصل مفید ہے۔

ناگیسر ۔ ایک درخت عظیم الشان بنگال مین ہوتا ہے بقدر درخت اکھروٹ کے پتی امرود کی سی پھول خوشبو عطر اسکے پھولون اور پھولون کی زردی کا عمدہ ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک پھول اسکا دافع صفرا اور بلغم اور ہر قسم کے زہرون اور ریاح اور بواسیر ہر قسم ہے پیٹ کے کیڑون کو نکالتا ہے چہرے کے رنگ کو صاف کرتا ہے خون کو صاف کرتا ہے۔

ناطف ۔ مشہور چیز ہے جسکو فارسی مین قبیلہ کہتے ہین عوام ہند مین کمیلہ مشہور ہے طبیعت اسکی گرم خشک سینہ اور ریہ اور سرفہ اور خلط بلغمی کے موافق مسمن بدن ہے۔

نارمشک ۔ شگوفہ ایک نبات کا ہے جو خراسان مین بہت ہے شکل مین مشابہ چھوٹے انار کے جو نہ پھولا ہو طبیعت اسکی گرم خشک ملطف و مرقق اخلاط مانع تحلیل ارواح و صعود بخارات بطرف دماغ دافع مالیخولیا و وسواس ہے۔

نارجیل ۔ مشہور چیز ہے جسکے تازہ پھل کو ناریل خشک کو کھوپرا عربی مین جوز ہندی یہ درخت دریاے ہند کے کنارے دکن اور بنگال مین بکثرت ہوتا ہے پھل اسکا خرما کی طرح خوشہ مین ہوتا ہے اور ہر خوشہ مین آٹھ سے اٹھارہ تک پھل ہوتے ہین درخت بھی اسکا درخت خرما سے ملتا ہے پھل اسکا تین پوست رکھتا ہے پانی اور بتل اسکا کارآمد ہے پختہ پھل اسکا لذیذ حلوون مین ڈالا جاتا ہے طبیعت تازہ پھل کی دوسرے درجہ مین گرم پہلے درجہ مین خشک اور پانی پہلے درجہ مین گرم تر مقوی حرارت غریزی مسمن بدن مولد خلط صالح دافع مواد باردہ بلغمی و سوداوی و استرخا و فالج و جنون ہے۔

ناردین ۔ یہ ایک جڑ مشابہ مامیران اور دھنیا کے اور شکل مین مشابہ اسارون بہتر زرد اور تازہ اور خوشبو ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع فالج و لقوہ و ادرار بول و حیض محلل اورام رحم ہے سرمہ اسکا پلکون کے بالون کو جماتا ہے اور آبزن اسکے جوشاندے کا درد گردہ کو دفع کرتا ہے۔

نانخواہ ۔ مشہور تخم ہے جسکو ہندی مین اجوائن کہتے ہین مائل بزردی تیز و بتیز مزہ تھوڑا تلخ ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم خشک ساتھ قوت مجففہ تریاقیہ و ملینہ کے ہے پینا اسکا دافع فالج اور رعشہ و استرخا و درد سینہ ہے۔

نارجیل بحری ۔ ناریل دریائی مشہور چیز ہے طبیعت اسکی مرکب القوی ہے ساتھ قوت تریاقیت و حفظ قواے بدن کے اور جو ہر ہفتہ مین دو یا ایک مرتبہ مقدار ایک حبہ اسکو ساتھ گلاب کے سنگ سماق پر پیس کر کھالے اکثر امراض سے نجات پالے اور جو مقدار چار پانچ حبہ کے گھسکر صاحب ہیضہ یا شارب زہر کو کھلادین اور قے کرادین تو مواد فاسدہ و سمیہ نکال ڈالتا ہے۔

نون با باے

نبیذ ۔ یہ ایک مسکر چیز سواے خمر کے بنائی جاتی ہے اقسام اسکے بہت ہین ہر قسم کے اناج اور میوون سے تیار کی جاتی ہے ہندی مین اسکو بوزہ کہتے ہین انمین سے ایک نبیذ الزبیب جو میوے سے بنائی جاتی ہے اور نبیذ العسل شہد سے اور نبیذ السکر قند سے اور نبیذ الفواکہ میوون کے پانی سے اور نبیذ التمر کھجور سے اور نبیذ الارز جو چاول کے غلہ سے بناتے ہین خواص انکے الگ الگ ہین۔

نون با حاے

نحاس ۔ ایک دھات ہے جسکو فارسی مین مس ہندی مین تانبا کہتے ہین طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم اور خشک محلل و محرق ساتھ قوت مدملہ اور قابضہ کے اگر اسکو سرکے مین بھگو رکھین اور اسمین منفذی خمیر کر کے ضماد کرین تو نزلات اور کھانسی کو دفع کرتا ہے سرمہ لگانا اس سے باعث تیزی نظر کا ہے پینا محلول اسکا ساتھ ماء العسل کے مسہل زرد پانی کا ہے استسقا کے ابتدا مین اور پیسا ہوا پینا اسکا قے

لاتا ہی اور افیون کے زہر کو نکالتا ہی۔

نحل۔ نحس شہد یعنے شہد کی مکھی طبیعت اسکی گرم اور خشک اسکے بچے کو جو ہنوز پر نہ نکالے ہون سایہ مین سکھا کر ایک درم ساتھ فالودے کے دس مثقال گیہون کے نشاستہ کا ہو پانچ مثقال قند سے ملا کر کھائین تو بدن جلد موٹا ہوتا ہی۔

نخام۔ یہ ایک آبی جڑیا ہی جو اکثر پانیون کے کنارے رہتی ہی ابلق سپید و سیاہ مائل بزردی طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا نہایت چرب اور بدبو دار ہوتا ہی مولد خون متین اور رمنی ہی۔

نون با خاے معجمہ

نخاع۔ حرام مغز جو انسان اور حیوان کی نسبت کی ہڈیون مین موجود ہوتا ہی دماغ اور گردن اور نسبت کے استخوانی مہرون کے اندر رہکر اعصاب و اعضا کی ترتیب اسکا کام ہی طبیعت اسکی گرم تر طلا اسکا ملین صلابات ہی ضماد اسکا قروح کو اچھا کرتا ہی استسقاء طب اور رباڑی کو نافع ہی۔

نخالہ۔ معروف ہلنی گیہون کے غلہ کے چھلکے جو بعد آٹا چھاننے کے نکلتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک محلل اور منقی ہی بخور اسکے خیسانہ کا سرکہ مین زکام کو نافع ہی ضماد اسکے جوشاندے کا مولی کے پتون کے پانی مین بچھو کے کاٹنے کے درد کو تسکین دیتا ہی۔

نون با دال

ند۔ یہ ایک دوا نباتی قبل بخور سے غالیہ کیطرح خوشبو خلفاے عباسی کیوقت یہ تجویز ہوئی عود ہندی و عنبر اشہب و صندل سپید وغیرہ خوشبو دار چیزین اسمین ملائی گئین اور بتیان بنا کر جلائی گئین جلنے کیوقت علاوہ روشنی کے تمام مجلس خوشبو ہوجاتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی قلب و دماغ و حواس خمسہ ہی۔

نون با راے

نرمیقس۔ یہ ایک نبات مشابہ اندراین ہی اسکے جوف مین شحم ہی اور بیج اسکے کسیلے طبیعت اسکی گرم اور بہت خشک دافع بدبوے بینی ذرعاف ہی ضماد اسکا شراب کے ساتھ بچھو کے زہر کو دفع کرتا ہی۔

نرجس۔ نرگس۔ مشہور پھول خوشبو دار اور مطبوع طبع ہر تین اقسام کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک جالی جاذب و محلل قوی سونگھنا اسکے پھول کا دافع درد سر بلغمی و سوداوی و زکام و نزلہ بینا اسکی جڑ کی پیاز کے جوشاندے کا نہایت منقی رحم کا اور مسقط جنین ہی اور نکالنے والا کرم معدے کا اور التیام دینے والا زخمون ظاہری اور باطنی کا اور دافع کرنے والا درد مثانہ اور رحم کا ہی۔

نروک۔ بسکون واو یہ ایک جڑ ہی ایران سے لاتے ہین نبات اسکی کرمان کے پہاڑون مین ہوتی ہی جہان پلنگ بہت رہتے ہین جڑ کا رنگ بھی ابلق برنگ پلنگ ہوتا ہی مادہ پلنگ جب بچہ جننے کے وقت تکلیف پاتی ہی تو اس جڑ کو نکالکر کھاتی ہی اور آئندہ حاملہ نہین ہوتی اعلے خواص اس جڑ کے یہ ہین کہ جوش کھاتی ہوئی دیگ پر اسکو رکھدین تو جوش فرو ہوجائے تنور گرم مین ڈالدین تو سرد ہوجائے روٹیان نہ پکیں دودھ مین ڈالین تو دودھ پھٹ جاتا ہی عورت اسکو کھائے یا اندام نہانی مین رکھے کبھی حاملہ نہو اگر مرد کھالے تو اسکے نطفہ سے کوئی عورت حاملہ نہو دافع ناسور و خنازیر کیلیے مجرب دوا ہی۔

نون با سین

نسر۔ ایک جانور پرندہ کا نام ہی جسکو فارسی مین کرکس ہندی مین گدھ کہتے ہین تیز پروازی مین اس سے زیادہ کوئی پرندہ نہین ہی طبیعت اسکی گرم خشک گوشت اسکا دافع تشنج اور اکتحال اسکے خون کا دافع نزول الماء و سفیدی چشم ہی پینا اسکی چربی کا کھانسی کو دفع کرتا ہی۔

نسرین۔ مشہور پھول ہی جسکو ہندی مین سیوتی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک سونگھنا اسکا مقوی دل و دماغ و حواس دافع سردی اعصاب و صداع و زکام ہی اور پینا اسکے پانی کا منقی سینہ دافع اورام لثہ و حلق و خفقان سرد و مقوی معدہ ہی۔

نون با شین

نشا۔ نشاستہ جو گیہون کو بھگو کر اور گلا کر نکالتے ہین طبیعت اسکی پہلے درجہ مین سرد اور خشک بعض تر بتاتے ہین رادع اور قابض مقوی بصر فالودہ بنا کر پینا اسکا ساتھ صمغ عربی اور روغن بادام کے قاطع نفث الدم و خشونت حلق و کھانسی گرم و درد سینہ و ذوبان و اسہال ہی۔

نشف۔ بیخ مرجان جسکو بسد بھی کہتے ہین مگر بعض کے نزدیک ایک اور قسم کا پتھر ہی طبیعت اسکی خشک زیادہ ہی بسد سے قاطع خون اور التیام دینے والا زخمون کا اور بھرلانے والا تازہ گوشت کا زخمون مین ہی۔

نشارہ۔ یہ ایک لکڑی کا برادہ جو لکڑی کے چیرنے کیوقت گرتا ہی اگر طبیعت اسکی اس لکڑی کی طبیعت کے مطابق ہوتی ہی مگر گرم اور خشک زیادہ ہوتا ہی خالص اور رجالی اور برادہ لکڑی گرم خوردہ کا منقی و مدمل زخمون کا ہی۔

نون با عین

نعنع۔ یہ ایک سبزہ کا نام ہی جو بستانی اور جنگلی ہوتا ہی نازک و نرم

تیز اور خوشبو دینہ اسیطرح حسب افعال وخواص اسکے بو دینہ سے قوی تر طبیعت اسکی گرم خشک دافع درد سر قاطع نزف الدم ونفث الدم و درد سینہ و پہلو مقوی معدہ ہی۔

نعام شتر مرغ جو مشہور پرندہ ہی بڑے قد وقامت کا گردن اسکی لمبی اونٹ کیطرح ہوتی ہی اور سم بیل کیطرح بہت پرواز نہین کرسکتا طبیعت اُسکی گرم خشک گوشت محلل ریاح و قاطع بلغم دافع قولنج ولقوہ وخدر و درد مفاصل و بواسیر وغیرہ۔

نون با غین معجمہ

نغر — بہ رائے مہملہ نام ایک چڑیا کا ہی جسکو [illegible] کاوک اور ہندی مین ممولا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک [illegible] گوشت اسکا جسپر نمک ملا ہوا ہو واسطے سہال کے اور [illegible] واسطے عسر البول اور سنگ مثانہ اور گردہ کے نہایت مفید ہی۔

نون با فا

نفط — یہ ایک رطوبت تیز بو رقیق اور [illegible] زمین سے نکلتی ہی سیاہ اور سپید طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع فالج ولقوہ و رعشہ و خدر و اوجاع باردہ رطبہ و درد مفاصل ہی۔

نفل — یہ نبات مازو کی ہی مشابہ رطبہ کے بخار بنفشئی مائل بسرخی شاخین گرہ دار عرب مین بکثرت ہی طبیعت اسکی گرم خشک پینا پہول اور بیج اسکے کا آنتی کی بیماری کو مفید ہی اور [illegible] پہول اسکا تخم مین زیادہ قوی ہی۔

نون با کاف

نکاچونی — یہ ایک نبات زمین پر پھیلتی ہی [illegible] اسکی نہایت [illegible] ہوتی ہین ریگستان پانی کے نزدیک پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک پینا شیری یا کوٹی ہوئی پتیون اسکی کا دافع سموم ہوا ہی اور ساتھ دودھ کے پینا مسہل اخلاط فاسدہ۔

نون با میم

نمر — یہ ایک جانور ہی جسکو فارسی مین پلنگ ہندی مین تیندوا کہتے ہین صورت اسکی شیر کے مشابہ ہی کثیر الحیا کوئی جانور اسکا گوشت نہین کھاتا بدن مین گیتے سے بڑا تیلا اور سبک رفتار تیز رو شدید الغضب صاحب غیرت اور مشہور ہی کہ زخمی پلنگ کے زخم پر اگرچہ موت جائے تو پلنگ زندہ نہین رہتا اور چوہا حریص ہی اس امر پر کہ زخمی پلنگ پر پیشاب کرے اور پلنگ اس سے اپنے آپ کو بچاتا ہی طبیعت اسکے گوشت کی گرم اور خشک اسکی چربی کے ملنے سے فالج دفع ہو جاتا ہی خدر اور وجع مفاصل اور نقرس کا علاج ہی اسکے خون سے آنکھ کی بیماریان دفع ہوتی ہین قطور اسکے سر کے مغز کا تحلیل مین محرک جماع اور جلوس اسکے پوست پر مسکن بواسیر۔

نموس — ایک جانور گیدڑ کے قد پر [illegible] رنگ خطوط سینے کے ساتھ بال [illegible] ہوتے ہے اور چوہون کو شکار کرتا ہی مستی کے وقت بلی کی آواز دیتا ہی سعوط اسکے خون کا عورتون کے دودھ کو بڑھاتا ہی سرمہ اسکے زہرہ یعنی پتے کا آنکھ کے امراض کو دفع کرتا ہی۔

نمل — [illegible] مور یعنی چیونٹی طبیعت اسکی گرم خشک ہی ساتھ قوت سمعہ کے اگر اسکو روغن زیتون مین جوش دیکر کان مین ٹپکا دین بہرا پن جاتا رہے۔

نون با واو

نوشادر — مشہور چیز ہی معدنی اور مصنوعی [illegible] نون قسم کا ہوتا ہی معدنی [illegible] ملتا ہی مصنوعی جو اینٹون کے پژاوے سے نکالا جاتا ہی مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم خشک استعمال اسکا واسطے التیام زخم چشم اور رفع ہونے دمعہ سرد کے مفید ہی پینا اسکا سینہ کے میل کو نکالتا ہی۔

نوانکس — یہ ایک خاردار درخت ہی شاخین اسکی پتلی تین گز تک اونچی پہول زرد خوشبو کانٹے تیز [illegible] ورم و صلب مین بہت ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی پینا اسکے عصارے کا واسطے قرحہ ریہ اور ذات الجنب کے بے نظیر ہی۔

نون با ہا

نہیا — یہ ایک پہاڑی درخت قد آدم بلند شگوفہ مائل بسفیدی پتی گول و لمبی بدون پہل کے طبیعت گرم خشک سونگھنا اسکا واسطے بند کرنے نزلہ اور زکام کے مفید ہی اور پینا دافع خفقان اگر سرکہ کے ساتھ پئین تمام زہرون کی تاثیر کو روکتا ہی۔

نون با یا

نیلج — یہ دوا سوائے نیل کے ہی پتے اسکے مشابہ پتون سعتر کے زمین پر پھیلی ہوئی بوٹی ہوتی ہی اسکے پتون کی ٹکیا بناتے ہین اور گھسکر سفیدی چشم کے علاج مین استعمال کرتے ہین۔

نیلوفر — مشہور پہول ہی جو پانی مین پیدا ہوتا ہی اصل نام ہندی زبان مین ہی جسکا نیلوفر بنا لیا گیا ہی طبیعت اسکی گرم سرد اور تر پہول اسکا زیادہ تر لطیف ہی جڑ اسکی گرم خشک ہی پہول مقوی دل و دماغ مسکن حرارت اور تشنگی ہی دافع درد سر و خشکی دماغ و درد سینہ و [illegible] گرم و مفرح ظاہری و باطنی ہی۔

نیل — مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم خشک عضون کے نزدیک [illegible] محلل و مجفف ورم و قاطع نفث الدم و نزف الدم پینا اسکا بقدر ربع جو

واسطے سرفہ شدید بچون کے مفید ہی اور بھی فائدے اسکے درج کتب طبیہ بہت ہین۔

نیم۔ مشہور درخت ہی حاجت تشریح کی نہین طبیعت اسکی سرد خشک بخور اسکے پتون کے جوشاندے کا کان کے درد کو تسکین دیتا ہی وجع مفاصل کا علاج ہی قطور اسکے پتون کے عصارہ کا ناک مین درد سر کو دور کرتا ہی اسکے پتون کے جوشاندے سے ہر ایک زخم کو دھونا فائدہ کثیر دیتا ہی زخم جلد خشک ہوجاتا ہی اور نیا گوشت بھر آتا ہی۔

نیدہ۔ اکثر شہرون مین یہ غذا اغذیہ معروفہ سے ہی اور دولتمند بصرف زر کثیر اسکو بناتے ہین نہایت شیرین اور لذیذ ہوتی ہی ترکیب اسکے پکانے کی مفصل درج مخزن الادویہ ہی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل مولد خلط صالح مسمن بدن معدل بلغم ہی۔

تیسوان باب

حرف واؤ کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے ذکر مین

واؤ با الف

واسنار۔ سیدہ و کشادہ و جدا۔ صفدر قوقائی۔ ہان بجنبان حلقۂ عجز و نیاز + تا بر رویت باب رحمت وا شود۔

والا۔ نام ایک قسم کے ابریشمی کپڑے کا اور بلند نجیب عزت و مرتبہ چنانچہ والا جاہ و والا ہمت وغیرہ حکیم محمد انور لاہوری۔ نماند مفلس و نادار و محتاج + نہ دولتمند و والا جاہ ماند طغرا سدر تعریف دختر رز + نباشد جرا بجو گل شوخ و شنگ + مکرر دارد لباسی زروالا سے رنگ۔

واویلا۔ نوحہ و ماتم و افسوس مرکب واے اور ویل سے جسکے معنی افسوس کے ہین۔ مولانا اکبر لاہوری۔ غنی را بزبان ہنگام رحلت + بجز افسوس و واویلا نباشد۔

وابا۔ بہ باے موحدہ قوت فہم و عقل۔

واجب۔ وہ امر جسکا کرنا انسان پر حکماً ضروری ہو جیسے خدا کی عبادات اور قرضہ یا حسب مصلحت اسکو کرنا ضرورت پڑجانے اور وہ وجود جو اپنی بقا مین محتاج غیر نہو۔ سے سادلاً ہر فرض و واجب کن ادا + بعد ازان سر سنت خیر الوریٰ۔

واہب۔ بخشنے والا بخشش کرنے والا۔

واخواست۔ محاسبہ و مطالبہ۔

وات۔ حرف و سخن و تقریر اور پوستین۔

واجبات۔ جمع ہی واجب کی ضروری فرائض۔

واقعات۔ جمع ہی واقعہ کی۔

واقفیت۔ واقف ہونا آگاہ ہونا۔

وارث۔ میراث لینے والا متوفی کا۔ سعدی۔ چہ خوش گفت شوریدۂ در عجم + بکسرے کہ ای وارث ملک جم + اگر ملک بر جم بماندی و بخت + ترا کی میسر شدی تاج و تخت۔

واج۔ ژندی زبان مین بگو یعنی کہو اور عربی مین قل۔

وادیج۔ بہ دال ابجد وہ شی جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین۔

وارنج۔ ساعد و بازو و آرنج۔

واضح۔ روشن اور ظاہر اور برملا۔

واخ۔ یہ ایک کلمہ ہی جو خوشی کے موقع پر بولا جاتا ہی اور بمعنی راست اور درست۔

وارد۔ آنے والا قاصد و پیک۔

وافد۔ بکسر فاے ایلچی سفیر پیغام بر اور جو نجیب گھوڑے پر سوار ہو یا اونٹ پر۔

واماند۔ بقا و قیام۔

والد۔ باپ جسکو فارسی مین پدر کہتے ہین۔

واعد۔ وعدہ کرنے والا۔

واحد۔ ایک اکیلا یکتا۔ توحید۔ خدا است واحد و یکتا و بیمثال واحد + خدا است ذات صمد لم یلد و لم یولد۔

واجد۔ پانے والا نئی بات نکالنے والا وجود دینے والا۔

واد۔ پہلوی مین بیٹا مقابل دختر کے اور ہوا فارسی مین جسکو باد کہتے ہین۔

وارخد۔ سست اور کاہل آدمی۔

والا۔ گھر کی چھت اور پردہ اور تختہ اور رنگین عبارت۔

وار۔ مانند و لائق و طرز و روش اور کلمہ نسبت کا چنانچہ سوگوار و تقصیر وار و بزرگوار وغیرہ۔

وانشر۔ ایک شہر کا نام ہی۔

واگیر۔ کشتی گیرون کی ایک ورزش کا نام ہی۔

وانگر۔ سخنور اور شاعر۔

واجار۔ ژندی زبان مین بازار جسکو عربی مین سوق کہتے ہین۔

وافر۔ بہت زیادہ۔

واز۔ کھلا اور کشادہ

واثر - کج اور باج جو بادشاہ رعایا سے لیتا ہی -
والیس - پیچھے ڈالنا پھیر دینا - میر خسرو - آن حرم قدس چو واپس نگند + راہ در افضائے مقدس فگند -
واس - گیہون کا خوشہ -
والیس - ایک حکیم کا نام ہی جو مقرب اسکندر رومی کا تھا -
واسط - عراق عرب مین ایک شہر ہی جو بغداد اور بصرہ کے درمیان واقع ہی -
واعظ - وعظ کرنے والا نصیحت کہنے والا - سعدی - وعظ ارباب نشینند بزرفشانند دست را + محتسب گر مخورد معذور دارد مست را -
وازع - بزائے معجمہ وعین مہملہ باز رکھنے والا لشکر کا افسر اور حاکم اور بادشاہ -
وادع - وداع کرنے والا رخصت کرنے والا -
واسع - پھیلنے والا وسعت دینے والا -
واقع - ہونے والا -
واضع - رکھنے والا کسی چیز کا اسکی جگہ پر پیدا کرنے والا بنانے والا -
واقف - ٹھہرنے والا ٹھہرا ہونے والا خبردار آگاہ - توحید - بمال و دولت دنیائے دون مشو نازان + اگر تو واقف حالی ز اہل عقل و نوف -
واف - بلبل جو مشہور پرندہ ہی -
واجف - جسکا دل دھڑکتا ہو -
وامق - نام ایک شخص کا جو عذرا پر عاشق تھا -
واق - نگہ رکھنے والا اور تشفیع اور نام ایک پرندہ کا اور نام ایک درخت کا جو ہر روز صبح کو بہار اور شام کو خزان کرتا ہی اور نام ایک جزیرہ اور پہاڑ کا -
واثق - نہایت مضبوط اور مستحکم - توحید - یاد کن مہر عبادت ز الست + با خدا عہدے کہ واثق کردہ -
واورنگ - ترنج جو ایک مشہور میوہ ہی -
واشنگ - چوبک زن پاسبان -
واک - نام ایک پرندہ کا ہی جو پانی کے کنارے رہتا ہی -
وابل - بہ بائے موحدہ وہ بارش جسکے قطرے بڑے بڑے ہوں اور نام ایک قبیلہ عرب کا -
وائل - نام عرب کے ایک قبیلہ کا اور نام ایک گانؤن کا -
وال - ایک قسم کی مچھلی کا نام ہی جو فلوس دار ہوتی ہی اور عربی مین بناہ چاہنا -
وام - قرض اور رنگ و لون - صائب - گوش گیرد گل پیام از عندلیب + ہر کجا صائب سخن گستر شود -
واہم - وہم اور گمان کرنے والا -

واژون - واژونہ - شوم و نامبارک و سرنگون -
والان - بادیان جسکو ہندی مین سونف کہتے ہین -
وان - نام ایک شہر کا اور حرف تشبیہ جسکے معنی مانند کے ہین اور نیز بمعنے دارندہ یعنے رکھنے والا -
وادی ایمن - جس جنگل مین موسی کو درخت پر جلوہ الٰہی نظر آیا تھا - حافظ - شب تاریک و رہ وادی ایمن در پیش + آتش طور کجا موعد دیدار کجا -
واپسین - پچھلا آخر کا -
واو - ایک حرف حروف تہجی سے ہی جسکے عدد چھ ہین -
واقعہ - حالت خواب کی و جنگ و حادثہ - قاسم ارسلان - سعدی در واقعہ نمود بیار شب + ہست جان بردن از این واقعہ غمخوار شب -
والہ - دیوانہ اور شیدا و عاشق و شیفتہ و سرگشتہ -
واہمہ - وہم و گمان و شک - میرزا جلال اسیر - مل خوردہ اسیر تو و ما واہمہ خوردیم + گر کعبہ دلیل ست چہ باک ست درین راہ -
وایہ - خواہش و آرزو - طاہر وحید - گر کام وحید از تو طلب کرد نرنجے + جز سوختن خویش دگر وایہ ندارد -
واعیہ - حافظ و نگہبان اور فریاد کرنے والا -
وارستہ - آزاد و فارغ البال -
واگفتہ - نام ایک منزل کا مکہ کی راہ مین -
واہلہ - حضرت نوح کی عورت کا نام -
واہیہ - گرا ہوا اور سست و کاہل -
واہمہ - ایک قوت کا نام ہی جو متعلق وہم و خیال کے ہی -
وایہ - حاجت و مراد و معتاد ہر روزہ مثلاً کھانا افیون و کوکنار وغیرہ کا جسکی عادت ہو جائے -
وارہ - شبیہ و نظیر و مانند -
واردنہ - بدبخت و نامراد -
واژونہ - معکوس و منقلوب -
واشامہ - رومال جس سے منہ پونچھین -
واشہ - باشہ جو ایک شکاری جانور ہی -
والدہ - مادر یعنے مان -
واشی - دروغگو جھوٹھا کذاب -
واہی - سست اور کاہل اور بے معنو باتین - حرروفیس الہروی - حسن عمر و بانگشت او مجنون را حیلہ ست بین تنہاش یکے واہی ست -
وارستگی - آزادگی بے قید ہونا -

وافی - تمام و کمال اور وفا کرنے والا - نعتیہ از مولف - برائے مغفرت روز قیامت - فقط لطف نبی کافی و وافی ست -

واقی - بکسر قاف نگاہ رکھنے والا مشتق از وقایت سے -

واعی - حفظ کرنے والا یاد کرنے والا -

والی - دوست و حاکم و مالک سے بہ کشور شکن و کشور کشائی تو وی والی بہر ملک و ولایت

وادی - جنگل و یرانہ غم آباد زمین - حافظ - ہر راہرو کہ رہ بحریم درش نبرد مسکین برید وادی و رہ در حرم نداشت -

واجبی - وظیفہ و روزینہ جو مقرر ہو - صائب - میرسد و اجبی ما تمنا خانہ غیب + ما چہ شرمندگی از عالم امکان داریم -

واصفی - ایک شاعر ہرات مین رہتا تھا -

وائے - وا کلمۂ افسوس ہی - میر معز فطرت - منال انگشتی زند گر بر لب خاموش من + آسمان فریاد بر وا رو گہ ای وا گوش من - مخفی - گرچہ دارند عندلیبان ہائے و ہوئے در چمن + مخفیا مرغ دلت را وائے وائے دیگر ست -

واو با بائے

وبا - مرگ عام جو بسبب فساد ہوا کے ظاہر ہوتی ہی - شفیع اثر - از بسکہ با مزاج عدو سازگار نیست + افتادہ زاب تیغ تو در ملک او وبا -

وبر - ایک جنگلی جانور بلی کی طرح ہوتا ہی اور اُسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین نیز بمعنی پشم شتر -

وبض - روشن ہونا چمکنا -

وبال - سختی و گرانی و خرابی و عذاب و دشواری - نظامی - گر این اژدہا خوی مردم خصال + نہنگ ست کاورده بر ما وبال -

واو با تائے فوقانی

وت - پوستین جو مشہور چیز ہی -

وتد - لکڑی کی میخ اوتاد اسکی جمع ہی -

وتر - تنہا اور طاق اور اکیلا -

وتگر - پوستین دوز پوستین سینے والا -

وتنک - نام ایک پرندہ کا جسکو عربی مین سلوے کہتے ہین -

وتین - وہ رگ جس سے دل سینہ مین معلق ہی -

وتیرہ - طرز طریق روش - علی خراسانی - تقدم جدا نشود در طریق شوق از ہم + بیک وتیرہ روم صبح و شام چون پرکار -

واو با ثائے مثلثہ

وثاق - بکسر اول بندش اور قید و مضبوطی -

وثاق - بضم اول خانہ و حرم سرائے -

وثوق - بضمتین استواری و اعتماد -

وثیق - استوار و محکم و مضبوط -

وثوق - اعتماد و مضبوطی -

وثن - بفتحتین بت جو پتھر او مٹی سے بنائے جائین -

وثیقہ - استواری و عہد و پیمان اور وہ کاغذ جو بطور سند لکھا جائے - مدحیہ حکیم محمد انور - وہ کیون بخشانہ جائیگا بھلا روز قیامت کو + مریدا لتحف کا ور بغل جسکے وثیقہ ہو -

وثنی - بت پرست بت پوجنے والا -

واو با جیم

وجا - بکسر اول خصی کرنا مارنا -

وجا - بفتح اول خوف اور غم اور مُڑکا لگانا -

وجب - بفتحتین ایک بالشت -

وجوب - واجب ہونا لازم ہونا سزاوار ہونا مقرر ہونا -

وجنات - جمع وجنہ بہت سے رخسارے -

وجاہت - خوبروئی و روشناسی و عزت و آبرو -

وج - ایک دوائی کا نام ہی -

وجد - بکسر اول تونگر ہونا یا ناتوانا ہونا -

وجد - بفتح اول غمناک ہونا شیفتہ ہونا اور حالت ذوق شوق کی جو صوفیان سماع پسند کو ہوتی ہی - ظفر - بس پردہ سُنکے تیری صدا مرا شوق دید جو بڑھ گیا + مجھے اضطراب کمال تھا ہی وجد تھا یہی حال تھا -

وجود - پانا مطلوب اور ہستی کا اور وہ چیز جو ظہور مین آچکی ہو - توحید - ز جود تو ظہور جسم و جان ست + وجود ہر وجود از تست موجود -

وجار - جس جگہ کفتار اور بھیڑیا رہتا ہو -

وجور - ربیق دوا جو حلق مین ڈالین -

وجیز - کوتاہ و مختصر -

وجر - شرعی فتوے جو قاضی و مفتی لکھے -

وجارش - ژندی زبان مین گذارش -

وجع - درد جو پیٹ یا کسی اور عضو مین ہو -

وجیع - وہ شخص جسکو درد ہو -

وجنک - مرغون کی چونچ -

وجل - بفتحتین ڈرنا خوف کرنا -

وجدان - بکسر اول کسی گم شدہ کو پانا -

وَجہ - بفتح اول چہرہ اور منہ اور طریقہ اور طور اور ذات اور حقیقت کسی چیز کی اور وہ چیز جس سے معاش کیجائے مثلاً زمین وغیرہ ہو وغیرہ اور طرف و جانب -

وِجہَ - بکسر اول اور آخر مین تاے فوقانی جو بحالت وقف ہاے ہوز بنجاتی ہے قبلہ یعنے وہ سمت جسکی طرف منہ کیا جائے -

وجنہ - رخسار یعنے گال آدمی کے -

وجوہ - جمع وجہ -

وجیہ - روشناس و صاحب عزت آدمی -

واو با حاے حطی

وحدت - یگانہ ہونا اکیلا ہونا ایک ہونا - توحید - بے مکان بود مکان طالبان وحدت است + بے نشان ہون نشان عاشقان وحدت است - ولہ - از مکان و لامکان بالا مکان وحدت است + از فنا و از بقا بیرون نشان وحدت است -

وحشت - تنہائی و رمیدگی و نفرت - صائب - کند دور رشتہ ہمتاب را یکے + دیوانہ وحشت از دل دیوانہ می برد -

وحدانیت - واحد ہونا ایک ہونا -

وحید - اکیلا یکتا یگانہ - توحید - منور است بہر سمت نیر توحید + ز شرق و غرب نماید جمال این خورشید + خداے واحد - بے مثل و لاشریک و وحید + خدا است مظہر تفرید و جامع تجرید -

وحش - جمع وحشی جنگلی جانور - توحید - گہے از وحش شد ظاہر گہ از طیر + گہے از مور شد پیدا گہ از مار -

وحوش - جمع وحش اور وحش جمع وحشی - مولف - خدا رازق روزی مار و مور + خبر گیر حال وحوش و طیور -

وَحل - بمعنے کیچڑ اور دلدل زمین - سعدی - نہ کہ سلطان عالی محل + خود غش در بلادید و خر در وحل -

وحدان - جمع واحد -

وحی - خدا کا پیغام و آسمانی حکم - سعدی - بدو گفت سالار بیت الحرام + کہ اے حامل وحی برتر خرام -

وحشی - جنگلی جانور و دام دود - مولف - چرا وحشی شدی اے آدمی زادہ بگو + تا فت زا جا بہنام کردی -

واو با خاے

وخامت - ناسازگاری و دشواری و گرانی -

وَخم - ایک صفت واہ واہ و زنانہ و نخرہ کے کلمات جیسکے معنے ہندی مین آوئی آئے ہے -

وخ وخ - واہ واہ واہ واہ - فوقی یزدی - بباغ کس چو ترنم ذوق میکاشت + نواے وخ وخ باخروش مید انست -

وخوخ - وہ کلمات جن سے کسیکا دل خوش کیا جائے -

وَخر - جگہ اور مکان -

وخشور - قدیم فارسی مین خطاب رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم -

وخش - بفتح اول وسکون ثانی نام ایک شہر کا ولایت ختلان مین -

وَخَش - بفتحتین نام ایک بیماری کا ہے جو گھوڑون کو ہوتی ہے -

وخم - ناگوار و ناساز گار و دشوار و گران و بدبو -

وخشینہ - ایک آبی جانور کا نام ہے بعض کے نزدیک وخشینہ مرغابی کا نام ہے بعض کے نزدیک سواے اسکے وخشینہ اور آبی پرندہ ہے -

واو با دال مہملہ

ودیعت - امانت جو کسیکے پاس رکھی جائے - درویش والہ ہروی - نکشم ناز اکا برکہ ودیعت کردست + فقر در پنبہ من وصلۂ قناعت -

وِدَاج - گردن کی ایک رگ اور دونون کو ودجین کہتے ہین -

وداد - محبت و دوستی پیار - خداوند عالم خلاے ودود + کند لطف و رحمت باہل وداد -

ودود - دوست پیارا صاحب محبت - توحید - خدا است واحد و موجود و حامد و محمود + خداے ودود و خدا مہربان خدا معبود -

وُدّ - بضم اول تشدید ثانی دوستی اور چاہنا -

وَدّ - بفتح اول و تشدید نام اس بت کا جسکو حضرت نوح کی قوم پوجتی تھی -

وداع - پدرود کرنا رخصت کرنا - توحید - بر سر ت پیک اجل حاضر شود + ناگہان چون بیخبر بے اطلاع + جان عزیزی بر بستر در ماندگی + با ہزاران عجز ای مرد شجاع + گرد واز ہر چہار سو غوغا بلند + الوداع الوداع والوداع -

ودایع - جمع ودیعت بہت سی امانتین -

ودع - خرمہرہ کلان یعنی سنکہ جو ہنود عبادت کے وقت بجاتے ہین -

وداغ - آگ جسکو آتش اور نار کہتے ہین -

ودجین - ایک آبی جانور کا نام ہے جو مگر اور گھڑیال پانی مین رہتا ہے وہ آنکھین نہین رکھتا خالق نے اسکو اندھا پیدا کیا ہے -

واو با راے مہملہ

وراء - خیر مین ہمزہ بمعنے بعد اور جانب پس یعنی پیچھے اور بمعنی سوای با بغیر -

ورا - بغیر ہمزہ مخلوقات انکی جن و انس وغیرہ اور فارسی مین مخفف

اور یعنے اسکو۔ نعتیہ از مؤلف ۔ مصطفےٰ اخیر الورا نور الہدیٰ صلِّ علیٰ + احمد مرسل محمد مصطفےٰ صلِّ علیٰ ۔ س ۔ ورا بین کہ با ما چہا می کند + ستم میکند یا جفا میکند ۔
ورشا ۔ فاختہ وکبوتر ۔
ورکتا ۔ زندی زبان مین استخوان یعنے ہڈی ۔
ورنا ۔ یعنے برنا جوان آدمی اور خوب و نیک ۔
وریب ۔ وریب اور شیڑھا اور کج ۔
ورت ۔ برہنہ و عریان یعنے ننگا ۔
ورغنت ۔ ایک گھانس کا نام ہی ۔
وراثت ۔ مردہ کا مال ۔
ورتاج ۔ ایک پھول ہی جسکو آفتاب پرست کہتے ہین ۔
ورتیج ۔ ایک پرندہ ہی جسکو عربی مین سلوی اور سمانی کہتے ہین ۔
ورج ۔ سبزرنگی و شان و شوکت اور اکھاڑنا درخت برابر شکست کے ۔
ورج ۔ نبات اور پلید و بدصورت ۔
ورغنج ۔ گھر کی چھت اور دہلیز ۔
ورنج ۔ صاحب حرص و طمع ۔
وروخ ۔ اخیر مین خائے معجمہ آرونغ یعنے ڈکار ۔
ورد ۔ بفتح اول عربی مین گل سرخ یعنی گلاب کا پھول اور فارسی مین شاگرد و مرید ۔
وِرد ۔ ہر روز کا ذکر اور وظیفہ اور وہ جگہ جہان پانی پیا یا اٹھایا جائے ۔
وُرود ۔ اندر آنا وارد ہونا ۔
ورید ۔ گردن کی رگ اور وہ رگ جو متحرک نہو ۔
ورزاد ۔ وہ بیل جس سے ہل چلائین ۔
ور ۔ فارسی مین کلمہ نسبت اور مخفف آور ہی ۔ سعدی ۔ نان بہر کر در آفاق کیست + کہ دست ضعیفان بجاہش قویست ۔
ورکار ۔ وہ میوہ جسکا درخت نہین مانند خربزہ و ہندوانہ وغیرہ ۔
ورحس ۔ جو ورم ناخن مین پیدا ہو ۔
ورس ۔ لکڑی کی کیل جو اونٹ کی ناک مین ڈالکر مہار کی رسی اسکے ساتھ باندھتے ہین ۔
ورزش ۔ مشق کرنا واسطے سیکھنے کام کشتی وغیرہ کے ۔
ورع ۔ پرہیزگاری ۔
وراغ ۔ بغین معجمہ آگ کا شعلہ اور روشنی آگ کی ۔
ورغ ۔ وہ بند جو دریا کے پانی کے روکنے کے واسطے گھانس اور لکڑی اور رسی سے باندھتے ہین ۔

وَرّاق ۔ کاغذ کاٹنے والا اور کاتب ۔ ورلاشد یہ سبزی زمین کی گھانس سے ۔
وَرَق ۔ پتا درخت کا اور کاغذ کا ٹکڑا ۔ مؤلف ۔ درکتاب دل نظر کن کاندرا د + دفتر توحید باشد ہر ورق ۔
ورک ۔ آدمی کے سُرین یعنے چوتڑ اور فارسی مین نام ایک درخت کا جسکی آگ تیز ہوتی ہی نیز نام ایک جانور کا ۔
وردک ۔ جہیز کا سامان جو باپ اپنی دختر کو نکاح کیوقت دیتا ہی ۔
وروک ۔ چھوٹا اخس اور نی کا جو فقرا بنا کر پہنتے ہین ۔
ورسنگ ۔ پاسنگ ترازو کا اور عجیب اور معتبر اور خوش ۔
ورکاک ۔ ایک مرغ مردار خوار کا نام ہی ۔
ورناک ۔ کشمیر مین ایک چشمہ کا نام ہی ۔
ورل ۔ نام ایک جانور کا جو سوسمار کی صورت پر ہی ۔
ورم ۔ آماس یعنی سوجن اور دماغ کرنا ۔
ورسن ۔ بند ریسمان سوت کا بند ۔
وَرمان ۔ ایک پرندہ ہی جسکو فارسی مین مرغ آبی بھی کہتے ہین اور وہ جنگلی کبوتر ہوتا ہی اور روح اور نفس ناطقہ ۔
ورکو ۔ خراسان مین ایک بستی ایک پتھر آبادہ ہی اور چار طرف اس پتھر کے نیچے سے چشمے پانی کے جاری ہین ۔
ورطہ ۔ گرداب پانی کا اور وہ زمین جسکا راستہ نہ ملے ۔ سعدی ۔ درین ورطہ کشتی فرو شد ہزار + کہ پیدا نشد تختہ بر کنار ۔
وَرَثہ ۔ میراث پانے والے جمع وارث ۔
وریوشہ ۔ دامنی اور چادر ۔
وردہ ۔ تیسرا حرف دال وہ برج جسمین کبوتر رکھے جائین ۔
ورواره ۔ بالاخانہ جو گھر کے اوپر ہو ۔
ورجی ۔ زشتی و زبونی ۔

واو بازاے معجمہ

وزارت ۔ بکسر اول وزیر ہونا بار اٹھانا ۔
وِزر ۔ گرانی اور بھاری بوجھ اور ہتیار اور اٹھانا بار کا نسبت بر اور گناہ اور ہتھیار جسکی جمع اوزار ہی ۔
وزیر ۔ شریک بار اٹھانے کا کسیکے ساتھ اور بادشاہ کا ۔ سعدی ۔ در میر و وزیر و سلطان را بے وسیلت مگرد پیرامن ۔ سگ و دربان چو یافتند غریب + این گریبان گرفت وآن دامن ۔
وزش ۔ وزیدگی یعنے چلنا ہوا کا ۔
وزغ ۔ بفتح غ ۔ مینڈک یعنی مینڈک جو آبی جانور مشہور ہی اور بعض کے

نزدیک یہ نام ایک جانور قسم جلپاسہ کا ہی -
وزن - طول قدر منزلت عزت و وقار -
وزان - بتشدید زاے وزن کرنے والا -
وزغہ - غوک یعنے بینڈک -

واؤ با سین

وسطے - الف بصورت یاے درمیانہ انگلی ہاتھ کی -
وستا - خدا کی تعریف اور نام ایک کتاب کا جسکو زردشت نے تصنیف کیا احکام آتش پرستی مین -
وسعت - کشادگی و فراخی - سعدی - وسعت میدان ارادت بیار + تا بزند مرد سخنگوے گوے -
وساطت - درمیان ہونا واسطہ ہونا وسیلہ ہونا -
وسمت - داغ کرنا رنگ کرنا تہمت کرنا -
وسیلت - نزدیکی راہ و دست آویز -
وسالت - وسیلہ ہونا ذریعہ ہونا -
وسامت - خوبی و زیبائی و رنگینی -
وسخ - چرک اور ریم اور میل -
وسایید - جمع وسادہ کی -
وسناد - ہر ایک چیز زیادہ اور انبوہ -
وسواس - اندیشہ بیجا دل مین خطور کرے - توحید - دل از غبار + بکن پاک و سینہ از وسواس + شود وگرنہ بجانت تسلط خناس -
وساوس - وسواس کی جمع ہی -
وسس - بمعنے لبس -
وسط - بفتح اول و سکون ثانی میانہ ہر ایک چیز کا -
وسط - بفتحتین وہ چیز جو درمیانہ ہو یعنی متوسط طول و عرض و فربہی و لاغری -
وسایط - جمع واسطہ بہت سے وسیلے -
وسیط - نام ایک کتاب کا ہی فقہ مین اور وہ شخص جو نسب مین میانہ اور محل مین رفیع ہو -
وسع - فراخی و دسترس و توانائی -
وسیع - فراخ اور کشادہ -
وسنگ - نام ایک گھانس کا ہی جو شہر کے درزون سے اُگتی ہی اور اسکے پتون سے لیمو کی بو آتی ہی -
وسایل - جمع وسیلہ کی بہت سے وسیلے -

وسم - عیب و نشان و داغ -
وسیم - رنگدار خوبصورت حسین جمیل - سعدی - شفیع مطاع نبی کریم + قسیم جسیم نسیم وسیم -
وستم - وہ بخار جو گرم پانی اور پکتی ہوئی دیگ سے نکلے -
وسن - غنودگی جو نیند کی ابتدا مین ہوتی ہی اور فارسی مین آلایش و آلودگی -
وسادہ - بالش و بالین یعنی تکیہ -
وسمہ - سیاہ رنگ جو نیل وغیرہ سے بالون پر کیا جاتا ہی اور داغ و نشان - صائب - وسمہ بر ابروے تلخ آن نگار تندخوے + زہر خون خواری ست کز تیغ تغافل میچکد -
وسیلہ - واسطہ اور ذریعہ جو کسی کام مین ہو - نعتیہ اردو - محمد ہی وسیلہ عاجزون کا دین و دنیا مین + وہ حیلہ بیکسون کا ہی ذریعہ خاکسارونکا - درویش والہ ہروی - وسیلہ رفتن خود را + نرفتن من کردہ مقرر ست کہ باشد بہانہ جو گستاخ -
وسمہ - چوب دستی و عصا -
وسمی - بڑی بارش اور پہلی بارش موسم بہار کی -
وسنی - دو عورتین جو ایک شوہر کے نکاح مین ہون آپسمین سوکنین -
وسنی - شرح اور ترجمہ کسی کتاب کا -

واؤ با شین معجمہ

وشتا - شرح و ترجمہ کتاب احکام دین آتش پرستان -
وشات - سخن چینیان اور غمازیان اور دروغگو جمع واشی چنانچہ قضات جمع قاضی کی -
وشت - خوب و خوش و رقص و رقاصی -
وشاح - بر جاے حلی گلے کا ہار اور گلو بند -
وشیں - خوب و خوش و مانند اور نام ایک شہر کا ترکستان مین اور ایک قسم بافتہ ابریشمی کا -
وشق - بفتحتین اندازہ ایک اونٹ کے بار کا جو ساٹھ ساع ہوتا ہی اور ترکی مین نام ایک جانور کا جو روباہ کے قد پر سفید رنگ ہوتا ہی اور سیاہ داغ اسپر ہوتے ہین اسکے چمڑے کے پوستین بناتے ہین -
وشاق - مخنث ستمگر اور غلام مصاحب بادشاہ کے - سعدی - شود از وشاقان گردن فراز + کسے دیگر آنجا بغیر از ایاز -
وشترک - دوا ہے گھٹنے کی ٹکیلی -
وشفنگ - خرفہ جو مشہور سبزہ ہی -

وشک - موتی جسکو فارسی مین زرب کہتے ہین مشہور چیز ہی۔
وشکت - سیاہ بوغیرہ یعنے جوتی۔
وشنگ - بیلنا جس سے کپاس سے روئی الگ کرتے ہین۔
وشیک - جلدی کرنیوالا ایک تیز رفتار۔
وشکل - گوسپند شاخدار جنگلی۔
وشکول - چالاک و ہوشیار و قوی و حریص۔
وشل - آب اندک تھوڑا پانی۔
وشن - بفتح اول کفار کے اعتقاد مین ایک پیغمبر کا نام ہی۔
وشکلہ - انگور کا دانہ۔
وشکنہ - آلہ تناسل۔
وشنی - گلگونہ اور سرخ رنگ۔
وشی - منسوب بشہر وشی جس جگہ کے آدمی خوبصورت ہوتے ہین اور اطلس نہایت عمدہ بنتا ہی۔

واو با صاد مہملہ

وصایا - جمع وصیت کی بہت سی وصیتین۔
وصب - بفتحتین بیماری اور رنج۔
وصلب - بضم اول پیوند و خویشی و پیوستگی۔
وصمت - بفتح اول عیب۔
وصیت - سمجھانا بوقت سفر یا قبل از مرگ اپنے وابستون کو کسی امر کے کرنے کے لیے - سعدی - سپیرے راید رد صیت بکرد + کاے جوانمرد یادگیر این پند + ہر کہ با اہل خود وفا نکند + نشود دوست روے دولتمند -
وصید - آستانہ دہلیز۔
وصف - صفت اور تعریف اور سراہنا - سعدی - وصف ترا گر کنند ور نکنند اہل فضل + حاجت مشاطہ نیست روے دلارام را -
وصاف - صفت کرنیوالا تعریف کرنیوالا - نعتیہ از مولف - خود خدا ناطق ہو جسکی وصف مین + کیون نہ اسکا ہر کوئی وصاف ہو -
وصل - پیوند اور ملنا مقابل جدائی کے - مولوی معنوی - تو برائے وصل کردن آمدی + نے برائے فصل کردن آمدی -
وصال - ملنا مرجانا وصل پانا - ہمہ عمر اندر جدائی نماند + نشد وصل ممکن بغیر از وصال -
وصول - پہونچنا اور مل جانا کسی چیز کا۔
وصلہ - کپڑے یا کاغذ کا پیوند اور ٹکڑا۔
وصی - جسکو وصیت کیجائے۔

وصالی - سپارہ دوز جو کپڑے کو کسی سے سیکر درست کرتا ہی - محسن تاثیر - چند در ملک عدم تعمیر راو کی کنم + این کہن مجموعہ را تا چند وصالی کنم -

واو با ضاد معجمہ

وضاءت - پاکیزگی و خوبی۔
وضاح - بہت روشن اور ظاہر اور آدمی سپید رنگ۔
وضوح - ظاہر اور واضح ہونا۔
وضع - بفتح اول رکھنا ترتیب کرنا۔
وضع - بضم اول وہ بچہ جسکا نطفہ آخر ایام حیض مین ان کے پیٹ مین قرار پاکر منعقد ہو کیونکہ وہ بچہ ضعیف الخلقت ہوتا ہی۔
وضیع - بروزن فعیل آدمی کمذات و فرومایہ۔
وضو - بفتحتین منہ ہاتھ دھونا نماز کے واسطے - میرزا بیدل - یا شہیدان راہ وضوے دادہ اند از آب تیغ + سجدۂ آموز سرا نیست جز محراب تیغ -
وضاحہ - بتشدید ضاد بہت روشن کرنے والا۔

واو با طاے

وطا - بفتح اول و دوم پامال کرنا۔
وطار - بکسر اول اور راخیمہ ہمرہ موافقت کرنا اور روہ کپڑا جو ہودج وغیرہ پر ڈالتے ہین۔
وطر - بفتح اول و دوم حاجت۔
وطواطہ - ایک جانور کا نام ہی جسکو پرستو و خطاف و ابابیل کہتے ہین اور لقب ایک شاعر کا۔
وطن - جس ملک مین کوئی رہتا ہو وہ اسکا وطن ہی - ملا شانی تکلو - جو من بنیم غریبے بسر کوی تو مے ترسم + کہ دامنگیر خاک ست آن مبادا آنجا وطن گیرد -
وطی - جمع کرنا پامال کرنا۔

واو با ظاے معجمہ

وظائف - وظیفہ کی جمع ہی بہت سے وظیفے۔
وظیفہ - روزینہ جو کسی کا مقرر ہو - خداوند رزاق روزی رسان + وظیفہ خورش نیک و بد در جہان -

واو با عین مہملہ

وعا - آوند و ظرف یعنے برتن۔
وعد - بفتح اول نوید دادن یعنی خوشخبری پہونچانا - ظہوری - شب و روز در کار وعدہ وعید + ہمہ وقتہا تہمہ روز و روز وعید -
وعید - وعدہ بدی کیواسطے کیا جاوے یعنی کہا جاسکے ہین کہ

کل ضرو بیزاد ونگا - میر معزی - وعدهٔ خلد و وعید حشر نماید ہمی + دست او در بزمگاہ و تیغ او در رزمگاہ +

وعود - وعدہ کی جمع ہے -

وعور - مشکل جگہ اترنے یا گذرنے کی -

وعظ - نصیحت و پند -

وعاظ - وعظ کرنے والا -

وعوع - آواز سگ کتے کی آواز -

وعدہ - نوید دینا نیکی مین - سعدی - وعدهٔ وصل چون شود نزدیک + آتش شوق تیز تر گردد -

واو با غین

وغا - بفتح اول جنگ لڑائی شور و فساد -

وغد - کمینہ و فرومایہ اور بادنجان یعنے بیگن -

واو با فاے

وفا - وعدہ پورا کرنا دوستی قایم رکھنا - میرزا اشرف الہام - وعدہ گر یک نفس بود عمرے ست + بلکہ عمرانہ بقدر وفا نکند -

وفات - فوت ہونا مر جانا - توحید - میانہ بازی ناحقہ در جہان ہر دم + کہ در وفات بہر بازی تو آید مات -

وفاقت - موافقت و سازداری -

وفادت - ایلچی ہونا پیغامبر ہونا -

وفد - ایلچی گری کرنا ایلچی بنکر جانا -

وفود - جمع ہے وفد کی -

وفور - تمام ہونا بہت ہونا وافر ہونا -

وفر - بہتایت اور زیادتی -

وفاق - موافقت و سازگاری کرنا -

وفق - سازگار و موافق -

وفضہ - ترکش تیرون کا -

وفی - تمام و کمال -

واو با قاف

وقاحت - بیحیائی و بے شرمی و بے ادبی -

وقایت - نگاہ رکھنا اور وہ چیز جس سے کوئی چیز درست رہے جیسے کتاب کا مقوا اور نام ایک کتاب کا فقہ مین -

وقیعت - ملامت اور عیب گوئی و غیبت و غمازی -

وقعت - سختی و آسیب و جنگ و لڑائی -

وقت - گھڑی ساعت زمانہ - جمال الدین سلمان - سنہ بیہ بسینہ خرم کم اندر زدہ باز + وقت من شوریدہ ہم بر زدہ باز -

وقح - بے شرمی و بے حیائی -

وقیح - بے شرم و بے حیا -

وقاد - آگ جلانے والا اور افروختہ ہونے والا -

وقود - بروزن ودود ایندھن جس سے آگ جلاتے ہین -

وقود - مصدر ہے آگ روشن کرنا -

وقید - ایندھن جس سے آگ جلاتے ہین -

وقار - آہستگی و حلم و تمکین -

وقر - بفتح اول بھاری پن اور گرانی کانون کی -

وقر - بکسر اول اسقدر بار جسکو گدھا یا خچر اٹھا سکے -

وقور - صاحب وقر ذی عزت -

وقاص - گردن توڑنے والا جنگجو اور نام ایک اصحاب کا رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب مین سے جو فن کمانداری و تیر اندازی مین یگانہ تھا -

وقاع - بکسر اول جماع و جنگ -

وقع - اعتبار و عزت جلی اور بلند -

وقایع - خبرین اور واقعات زمانہ کے -

وقوع - اترنا اور ظاہر ہونا -

وقف - کھڑے ہونا توقف کرنا در جگہ کھڑے ہونیکی اور جاننا آگاہ ہونا اور وہ چیز جو کسی کے ملک مین نہو جیسے مسجد اور بیمارستان متعلق مسجد وغیرہ جو خدا کے نام پر ملکیت سے نکال دیا ہو - در ولیش والہ ہروی - بر آتش وقف کردم ہیچو قرص مہر خرمن را + برین آتش زند چندانکہ خواہد چرخ دامن را -

وقوف - شعور و آگاہی و خبر اور ایستادن یعنی کھڑے ہونا - نور الدین ظہوری - آگر تنگ و زری ندارد خروف + بمعنی تراشی ندارد وقوف -

وقواق - نام ایک جزیرہ اور پہاڑ کا ہے جس مین سونیکی کان ہے اسمین ایک درخت بھی اسی نام کا ہے جسکے ساتھ بجاے پھل آدمیون کے سر لگتے ہین اور اس پھل سے عجیب و غریب آوازین نکلتی ہین وہ سر لوگون کی باتین سنتے اور جواب دیتے ہین اور کدو کیطرح درخت کے ساتھ لٹکے ہوے ہوتے ہین عورت مرد دونون قسم کے سر ہوتے ہین عورتون کے چہرے نہایت [illegible] ہوتے ہین جب یہ سر درخت سے جدا ہوتا ہے بالکل [illegible] ہوجاتا ہے -

وقایہ - نام ایک کتاب کا فقہ مین اور وہ چیز جو کسی چیز کی درستی اور قیام کا باعث ہو -
وقیہ - نام ایک وزن کا ہی جو چالیس درم تول مین ہوتا ہی -
وقفہ - ٹھہراؤ اور توقف جو تھوڑا سا ہو -
وقی - نگاہ رکھنا -

واؤ با کاف

وکلا - جمع وکیل کی بہت سے وکیل -
وکانا - خوشہ خرما کا ایک ٹکڑا -
وکالت - وکیل ہونا منتظم کسی کے کام کا ہونا -
وکر - آشیانہ مرغ مرغ کا گھونسلا -
وکس - نقصان و زیان -
وکاف - پالان گدہے اور گھوڑے کا -
وکف - عیب اور گناہ -
وک - آبی جانور کا نام ہی جسکو ہندی مین مینڈک فارسی مین غوک عربی مین ضفدع کہتے ہین -
وکوک - کتون کے بھونکنے کا شور -
وکال - زغال یعنے کوئلہ -
وکل - بے بس آدمی جو اپنا کام دوسرے شخص کے بھروسہ پر چھوڑ دے -
وکیل - وہ شخص جسکے بھروسے پر اپنا کام چھوڑ دیا جائے -
وکرہ - وہ ضیافت دوستون کی جو بتقریب تعمیر حویلی جدید کیجائے -
وکدہ - ژندی زبان مین مادہ جو مقابل نر کے ہو -

واو با لام

ولا - دوستی محبت اور پے درپے کرنا کسی کام کا -
ولات - جمع والی حاکم لوگ اور جمع ولی دوست لوگ -
ولادت - پیدا ہونا بچہ کا -
ولایت - سلطنت اور زمین جو آباد ہوا اور مالک اور والی ہونا و نصرت و دوستی و حکومت و امارت و تقرب بندہ نیک با خدا تعالے - سعدی -
ولایت چہ باشد غم خویش خور + کہ از عمر بہتر شد و بیشتر -
ولوج - آنا ایک چیز کا دوسری چیز مین -
ولج - ایک پرندے کا نام ہی جسکو عربی مین سلوے کہتے ہین -
ولد - بیٹا فرزند -
ولود - وہ عورت جو بہت سی اولاد جنے -
ولید - لڑکا اور نام بہت سے لوگون کا اور نام ایک خلیفہ کا بنی امیہ مین سے -

ولع - بفتحتین فریفتگی اور حرص -
ولع - بضم اول دروغ و کذب -
ولوع - حریص ہونا -
ولوغ - بغین معجمہ بفتحتین پانی پینا کتے کا اور منہ پانی پر رکھنا -
ول - شگوفہ ہر چیز کا خصوصاً شگوفہ انگور کا -
ولین - خارش کی بیماری -
والہ - متفرق و پریشان -
ولہ - سرگشتگی و عشق و خشم و غضب -
ولولہ - واو بلا گفتن و جوش و خروش و آشوب و غوغا - میر معزی
ہزار ولولہ و مشغلہ در افتاد است + ز تیغ شاہ بہندوستان و ترکستان
ولیمہ - شادی کدخدائی کی ضیافت -
والہ - جراحت اور زخم -
ولادہ - وہ گول چمڑا جو آہنی تکلے مین ڈالکر سوت کاتتے ہین
ولی - دوست یاری دینے والا صاحب خداوند و لی ولایت مقرب حق - نظامی - نرسیں ناز و نعمت کرو رانده اند + ولی نعمت عالمش خوانده اند - ۵ - علی راز دار خفی و جلی + علی بادشاہ ولایت ولی -
ولائی - شراب جو نئی کھینچی گئی ہو -

واو با نون

وندا - ژندی زبان مین خواہش اور حرص -
وند - بھانڈا برتن کاسہ و کوزہ و بمعنی صاحب و مالدار - نظامی -
خداوند بالی و ماہنده ایم + بہ نیروے تو سر بسر زنده ایم -
ونجنگ - ایک قسم پھول کا ہی جسکو ضیمران و شاہ اسپرم کہتے ہین -
ونگ - ایک جانور ہے دم بلی کی طرح سے
ونگ - لکڑی یا طناب جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین -
ونگول - ضروری کام اور حاجت -
ون - ایک میوہ کا نام ہی جسکو ہندی مین چرونجی کہتے ہین و بمعنے شبیہ و نظیر -
وندہ - تروتیزک جو ایک سبزہ مشہور ہی -
ونی - سستی کرنا کام مین -

واو باہے

وہاب - بہت سی بخشش کرنے والا -
وہیج - شعلہ مارنا آگ کا اور روشن ہونا -
وہج - روشن و درا فروختہ اصفہانان -

وہاد - پست زمین اور نشیب -
وہر - ایک ملک کا نام ہی -
وہق - کمند جو مشہور چیز ہی -
وہنگ - وہ چوبی حلقہ جو آہنی رکاب کے بدلے باندھ لیتے ہین -
وہل - سرو کوہی جسکو درخت عرعر بھی کہتے ہین -
وہم - جانا دل کا کسی چیز کیطرف بغیر قصد اور گمان لیجانے کے سعدی
اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم + وز ہر چہ دیدہ ایم و شنیدیم و خواندہ ایم -
وہن - سستی اعضا کی -
وہدہ - زمین پست اور نشیب -
وہ - کلمہ تعجب و تحسین و افسوس -
وہلہ - خوف و ترس و نوبت و کرت -
وہمہ - دردزہ جو عورت کو ولادت کیوقت ہوتا ہی -
وہی - بخشش کی ہوئی چیز -
وہی - نرم اور سست ہونا -

واو بایاے

ویدا - کم اور تھوڑا مقابل بہت کے -
ویلنج - ایک قسم حلیے کی ہی -
وید - اندک مقابل بسیار اور کم مقابل بہت کے -
ویتر - بناے مثلثہ ہر ایک پھول جو سپید ہو -
ویاستر - وہ جانور جسکو بیدستر بھی کہتے ہین اور خصیہ اسکا دوائی
مین مستعمل ہی -
ویر - ایک گانون متصل شہر اردبیل کے آباد ہی -
ویتر - ہر ایک چیز جو خالص ہو -
ویس - پہلے معروف نام ایک معشوقہ کا جسپر رامین عاشق تھا -
ویس - بفتح اول کلمہ حقارت عربی مین ہی -
ویل - عربی مین اسکے معنے واے و افسوس و عداوت و سختی و شور
و فغان و ہلاک اور نام ایک وادی کا ہی دوزخ مین اور فارسی مین
فتح و ظفر و فرصت وقت -
ویم - گلابہ جو دیوار پر ملتے ہین -
ویران - وہ زمین جو آباد نہو اور وہ گھر جسمین کوئی رہتا نہو نظامی
گو زنے کہ در شہر شیران بود + بمرگ خودش خانہ ویران بود -
وین - سیاہ انگور -
ویلان - ناغہ یعنے جس روز کام کرنے والا ہر روز کا کام نکرے -

ویرہ - وہ درخت جو ساق نرکھتا ہو زمین پر پھیلیا و دوسرے درخت پر چڑھ جاے -
ویرہ - پاک اور بے عیب -
ویلہ - صدا و آواز و فریاد و شور سعدی - فرو آمد از تخت ویلہ
کنان + زنان بر سر و دست و بازو کنان -

دوسری فصل

اُردو لغات کے ذکر مین

واو باالف

واہ وا - یہ کلمہ بمقام تعجب و تحسین مین کہا جاتا ہی سودا - غیر پر ہی
نت کرم ہمپہ ستم واہ وا + دیکھ لیا بس تمھین ہمنے صنم واہ وا -
وار - حملہ جو تلوار وغیرہ سے کسیکے مارنے کے لیے کیا جائے مؤلف
جھکا دے گا سر تسلیم بندہ + کرے گی ناگہان جس دم جلی وار -
وارن - وارنا - نثار اور تصدق جو کسی پر کیا جائے -
واری - تصدق و نثار -

واو باراے

وردی - لباس وغیرہ نشان جس سے ملازم سرکار پہچانا جائے -

واو باہاے

وہان - اس جگہ اس مقام پر -

واو بایاے

ویرا - زبردستی سے کوئی جنس رائج قیمت سے کم لوگون کے پاس
فروخت کرنا جیسے کہ پہلے حکام کا دستور تھا کہ پرانے ذخیرہ کی جنس
نکالکر زبردستی رعیت کے پاس فروخت کرتے تھے -

تیسری فصل

اصطلاحات و محاورات فارسی کے بیان مین

واو باالف

واہی الغرا - دست آویز جو لکھی جاتی ہی -
واقعہ طلب - جنگجو دلاور پہلوان -
وافی عقرب - ستارہ مریخ کیونکہ عقرب مریخ کا گھر ہی -
وافی الحسب - جو شخص مالدار و عالم و فاضل و دیندار ہو -
واضع چار کتاب - حق تعالیٰ جل شانہ جسنے چار کتابین توریت
موسیٰ نبی اور انجیل عیسیٰ نبی زبور داؤد نبی قرآن محمد صلے اللہ علیہ
وسلم پر نازل کین -

واژون شیر - **واژون بخت** - بدبخت کم نصیب برگشته طالع - **طالب آملی** - طالب از باغ امیدم میدمد گلہاے یاس + واژگون سیرست آری کوکب سیارہ ام + **سعدی** - چه کند روزمند واژون بخت -

واپیچ - وہ پیچ جو ایسے میں پڑے ہوے ہوں - **ملا طغرا** - باغ احمد نگر کی تعریف میں - زوا پیچ یک عشق پیچان او + دگرگون نماید درختان او -

وادی نورد - صحرانورد وحشی دیوانه - **درویش واله ہروی** - بعلے از وادی نوردان ہمیں دستار ست ننگ + حسن را گرد بیابان جنون محمل یکے ست -

واجب الوجود - وہ شخص جسکی ذات مقتضی اسکے وجود کی ہو چنانچہ ذات باری تعالیٰ جل شانہ کہ ذات اسکی وجود میں غیر کی محتاج نہیں -

واگیر - کشتی میں ایک ورزش کا نام ہی - **میر نجات** - وقت واگیر تو شاید بفسون و نیرنگ + که ناستد بجہان سنگ دگر بر سر سنگ -

والاباف - عالم و بیاباف - **سیفی** - یار والاباف وکسب کار من سوداے اوست + قیمت ہر کس بقدر ہمت والاے اوست -

واداد سبق - سبق کا بھول جانا -

واافتادن - رہ جانا بچھڑ جانا - **آصفی** - آصفے مرغ سحر نعرہ زنان ست ہنوز + گل بصد ناز قبا کندہ وا افتادہ ست -

وادید - **دوا دیدن** - کسی کو دوبارہ دیکھنا - **صائب** - بعبث میں جہان ہراتا کند قطع امید از تو + که دیدن ہاے ہمی را زپی وادید میباشد - **وله** - کشودم سرسرے بر روے دنیا چشم زہی غافل + که دیدہاے رسمی در عقب وادیدنی دارد -

وادی مجنون - وہ ویرانہ جسمیں مجنون رہتا تھا - **صائب** - دامن صحرا چراغان شد ز نقش پاے من + وادی مجنون ندارد گرم رفتارے چنین -

واسوختن - روگردانی کرنا باز آنا کسی کام کا ترک کرنا عشق ومحبت کا - **[illegible] قوی** - گویند داغ سوز که واسوزی از غمش + خود را تمام سوختم و وا نسوختم -

واشدن - شگفتہ ہونا کھلنا ہونا اور پردہ سے نکلنا - **صائب** - صد خندہ [illegible] ازدل [illegible] وا کشیدہ ان غنچه [illegible] دائمی شود -

واقع شدن - روبرو ہونا مقابلہ ہونا [illegible] ہونا - **معصوم ساوجی** - [illegible] شکستہ [illegible] یک [illegible] گردم [illegible] اگر واقع شود این حرف ما خاطر [illegible] کن -

واقف شدن - خبردار ہونا آگاہ ہونا - **صائب** - مگر واقف شد از جوش تماشاے من صائب + که می بینیم ز قفل خود پشیمان آن جفا جو را -

واکردن - کھولنا فارغ کرنا جدا کرنا - **سعیدائی مولوی** - دل غیر تو بر سر چه نظر داشت رہا کرد + چون غنچه ہواے تو مرا از ہمه وا کرد -

واکشیدن - دراز کھینچنا لیٹ جانا تالینا اور وصول کرنا - **صائب** - سرو تر از سایه جلکاب زندگی + اگر دید خضر ہر که درین سایه واکشید - **وله** - ہرگز نشد که بر سر حرف آورم ترا + من کز دہان غنچه سخن واکشیده ام -

واگشتن - **واگردیدن** - واپس ہونا پھرنا کھلنا - **صائب** - جسان زمیکدہ محروم بگذرم صائب + نمی توان ز لب بحر تشنه واگردید - **وله** - دل جسته زده از سینه کجا یاد کند + چه خیال ست که گوہر بصدف واگردد -

وابوسیده - روگردان ہوا ہوا ناامید [illegible] ہوا - **محمد سعید اشرف** - از بوسه ام دلشاد کن زانجام حسنت یاد کن + کز بوسه گاہت رسته خط وز عشق وابوسیده من -

واکرده - کھولا ہوا دروازہ وغیرہ - **صائب** - دیدن پیشانی واکردہ ات ہر صبحگاه + چین جوہر از جبین وا میکند آئینه را -

وارنگی - ایک رنگین چیز کے رنگ سے دوسری چیز کو اثر ہونا - **محسن تاثیر** - صفائی صبحدم آئینہ وارنش + شفق وارنگی رنگین عذارش -

واو با جیم

وجود نہادن چیزے را - کسی کو صاحب قدر و توقیر جاننا - **سلیم** - آسمان راکی وجودے مے نہد ہرگز سلیم + آنکه آه او دست درو زر آسمان سازے کند -

وجود عنقا دارد - نایاب چیز ہی -

وجب کردن - بالشت سے ناپنا - **محمد قلی سلیم** - از جنون این خرابه را ہر روز + بسبکتم ہمچو آفتاب وجب -

وجد کردن - حرکت کرنا مستی اور شوق و ذوق کیحالت میں - **سلیم** - در تنگناے خلوت غم میکند سلیم + وجدے که گرد باد بصحرا نمی کند -

وجود نگذاشتن - کسی چیز کی قدر نکرنا ہیچ اور نابود جاننا - **سلیم** - خنده موجم درین دریا کجا تہ میکند + منکه دریا را وجودے شبنمی نگذاشتم -

وجود ہستی - ہستی کا وجود - **طاہر وحید** - ہست از جسم مرغ جانان نمود ہستیم + عکس آئینه ہست پنداری وجود ہستیم -

واو با حاے حطی

وحدت وجود - صوفیوں کی اصطلاح میں ہر ایک وجود مخلوق کو

خالق کا وجود تصور کرنا جیسا کہ موج و حباب و گرداب و قطرہ و ژالہ سب کو
پانی کی ذات سمجھنا۔ **توحید**۔ تن بخشیم وحدتش جلوہ دہد مانند جان +
ہر کسے کز دیدۂ دل دید دیدار وجود۔
وحی منزل ۔ قرآن مجید۔
وحدت پیشہ ۔ ہر ایک چیز کو عین حق دیکھنے والا۔ **تاثیر**۔ نیست آئین
دو بینی چشم وحدت پیشہ را + دیدہ پوشیدا ز دو عالم ہر کہ شد مینائے عشق۔
وحشت زدہ ۔ دیوانہ وحشی مزاج۔ **صائب**۔ آن درہ کز تیزی
دندان جگر کش زہر ہو زمشرب وحشت زدگان بین سلام ست۔
وحدت نوعی ۔ ایک جنس ہونے کی وحدت جیسا کہ زید عمر و خالد
وغیرہ سب آدمی نوع میں ایک ہیں۔
وحدت ارادی ۔ اپنے ارادہ سے مسلمان ہونا۔
وحدت قہری ۔ زبردستی سے مسلمان ہونا۔

واو با راے

ورق کباب ۔ کباب کے ورق جو بطور ٹکیا کے بنا کر بھونتے ہیں۔
طاہر وحید۔ ہمہ شرح سوز و اشک و غم و پیچ و تاب باشد + ورق
کتاب عاشق ورق کباب باشد۔
ورق سنج ۔ کتاب کو دیکھنے والا۔ **امیر خسرو**۔ حکیمان دانائے گنج
راز + ز رتا ون حکمت گرہ کردہ باز۔
ورق باد ۔ کنایہ زبان اور عین ہوا اور نفس گل۔ **مولوی جامی**۔
حکم خدائے ست کہ از کاف کن + ہر ورق باد نو یسد سخن۔
ورق داغ ۔ وہ ہندسہ جو اوراق کی پیشانی پر شمار کے واسطے
لکھتے ہیں۔ **نعمت خان عالی**۔ دفتر لالہ تمامی بورق داغ نست +
باد دل خون شدۂ خویش حسابے دارم۔
ورق خام ۔ کچا کاغذ یا ایک حساب کا جس میں کسی کی دست اندازی
نہیں ہوئی۔ **ملا طغرا**۔ ناوک انداز غمش زین دل نا پختہ رمید چون
دبیرے کہ خطا از ورق خام کشید۔
ورشیدن ۔ نشستن یعنے بیٹھنا۔ **ملا فوقی یزدی**۔ چون
ورشند بمسند شیرین نکلے + کی کو ز نطق من بہ بہائے شکر دہد۔
ورق از سر وا کردن ۔ پھینکنا ورق کم کا واسطے نکالنے ورق
بیش کے بازی گنجفہ میں۔ **واصب قندھاری**۔ سلسلہ آن رق
کہ ز سر وا کند کسے + حسنت بچرخ گنجفہ داد آفتاب را
ورق برگردانیدن ۔ **ورق برگشتن** ۔ ایک حالت کو کلٹ
دینا اور پلٹنا حالت کا۔ **نورالدین ظہوری**۔ ز گل ربا ست

در سن بازی بلبل زبر کردن + بہ تحریک صبا آخر ورق گریہ نگرداند۔
ورق چیزے خواندن ۔ کسیکی حالت اور اوصافکو پڑھنا۔
حافظ۔ تا صبا بر گل و بلبل ورق حسن تو خواند + ہمہ را نعرہ زنان
جامہ دران میداری۔
ورق در نوشتن ۔ **ورق طی کردن** ۔ **ورق راندن** ۔ طے کرنا
کسی مسافت کا گذر جانا کسی زمانہ کا۔ **نظامی**۔ چو گیتے زمین را ورق
در نوشت + ز پہلوے وادی درآمد بدشت۔ **ولہ**۔ چو عمرش ورق راند
بر بیست سال + بشاہنشہی بر زد بال زد و وال۔
ورق دریدن ۔ ترک کر دینا اور چھوڑ دینا کسی امر کا۔ **زلالی**۔ خدائے
کو شکستن آفریدہ + ورق بر ساغر و مینا دریدہ۔
ورق را دفتر ساختن ۔ جمع کرنا اوراق کا۔ **صائب**۔ مشمر زعمر
خویش نفس ناشمردہ را + دفتر مساز این ورق باد بردہ را۔
ورق سیاہ کردن ۔ مسودہ کرنا۔ **طاہر غنی**۔ ورق و دوات
و کاغذ ہمہ جمع کرد نرگس + کہ بوصف چشم خوبان ورقے سیاہ سازد۔
ورق نانوشتہ خواندن ۔ غیب کا حال جاننا۔
ورق ورق گشتن ۔ ایک ایک ورق دیکھنا۔ **امان اللہ امانی**۔
کتابخانہ عالم ورق ورق گشتم + خط تو دیدم و گفتم کہ مدعا این ست۔
ورق بہ ہمیائے ۔ ورق دیکھنے والا۔ **ملا طغرا**۔ دل بہ ہمیائے
راز ست + ازان طومار منقارش دراز ست۔

واو با زاے معجمہ

وزغ در آستین دارد ۔ میلا اور خراب آدمی۔
وزن بر خویش گذاشتن ۔ غرور اور تکبر کرنا۔ **میرزا طاہر وحید**۔
وزن گر بر خویش بگذاری بمطلب میرسی + میشود باد مراد کشتیت
بے لنگری۔
وزیدن بو ۔ ظاہر ہونا بو کا۔ **سنجر کاشی**۔ ہمہ وسواس تمنا ہمہ
سودائے وصال + می وزد بوئے جنون از گل اندیشۂ ما۔
وزیدن شعلہ ۔ بلند ہونا شعلہ کا۔ **علی خراسانی**۔ دشت مجنون
نہ ہمین بے سبز نالۂ ماست + میوزد شعلۂ این برق بصحرائے دگر۔

واو با ضاد معجمہ

وضو تازہ داشتن ۔ عبادت کے لیے وضو کرتے رہنا۔ **سعدی**۔
بآب عبادت وضو تازہ دار + کہ فردا ز آتش شوی رستگار۔
وضو داشتن ۔ حاجت وضو کی رکھنا۔ **حسن رفیع**۔ کاہلہ نماز
کردام وز + نا ہدا مگر وضو دارد۔

وضع اوراقی و وضع بے شیرازہ - وہ شخص جسکا حال ایک وتیرہ پر نہو - محسن تاثیر - وضع او تاثیر بے شیرازہ چون دفتر شود + قسمت آنرا کہ از سر رشتہ دفتر کنند -

واؤ با طاے معجمہ

وظیفہ - وظیفہ خور - روزمرہ کا روزانہ پانیوالا - سعدی - اگر کسے کہ از خزانہ غیب + گبر و ترسا وظیفہ خور داری -

واؤ با عین

وعدۂ حق رسیدن - نزع کا وقت پہونچنا - سنگرد و در آندم دست پیش رلیس + چو آن وعدۂ حق رسد ناگہان -

وعدۂ شب درمیان - جو وعدہ کل وفا ہوگا - صائب - امید وعدۂ شب درمیان زلفا و + روزگار سے شد کہ روز از کیسۂ ما میرود -

وعدہ گاہ - جس جگہ وعدہ کیا جاوے - رضی دانش - وعدہ گاہ گرم خوبان گوشۂ میخانہ است + سر زمینے نیست غیر از پای خم دلکش مرا -

واؤ با قاف

وقت فلان تنگ ست - نازک ست - فرصت بہت کم ہے - صائب - بوسۂ دل ما شاد کن در آخر حسن + کہ وقت ماؤ تو ای نازنین بسر تنگ ست - جمال الدین سلمان - دم مزن بلبل کہ وقت گل بغایت نازک ست + بانگ و تشنیع و تقاضا بر نیاید ہیچ زین -

وقت و ساعت - گھڑی اور گھڑیال جس سے وقت معلوم کرتے ہین - محسن تاثیر - چو وقت و ساعت آلساعت دماغم کوک میگردد + کہ میگیرم حساب دفتر لیل و نہار خود -

وقت گرگ و میش - بہت صبح کا وقت جسوقت آسمان پر سیاہی باقی ہو - واعظ قزوینی - موے چون گردید گندم جو دکو شیار شو + وقت گرگ و میش صبح مرگ شد بیدار شو -

وقر نہادن - وقع نہادن - معتبر رکھنا - ظہوری - نغمہ سر سبتی تا ز و گردیدہ متابع انجنین + می پرستان بادہ را نہند و قع آنچنان -

وقت روا رو - چلنے کا وقت - علی خراسانی - اکنون کہ دل شگفتہ شد گرم روا رو + این وقت نشستن نبود وقت روا روست -

وقت سحرگاہ - صبحگاہ - فجر کا وقت - سعدی - شنیدم کہ وقتی سحرگاہ عید + ز گرمابہ آمد برون بایزید -

واؤ با ہاے

وہمناک - صاحب وہم و خیال - فیضی و فیاضی - طبع تو اگرچہ وہمناک ست + چون من تو ام تراچہ باک ست -

واؤ با یاے

ویران شہر - ایک شہر کا نام ہے جہان زعفران اعلے قسم کی ہے - محمد قلی سلیم - از حال خراب من خبر میگوید + رنگم کہ چو زعفران ویران شہر ست -

ویران گر - غارت گر - ملا کو - عبد اللہ ہاتفی - چو آمد ز ویران گران غلغلہ + فگندند در بام و در زلزلہ -

ویحک - یہ کلمہ جو کمال ترحم کے وقت زبان پر لاتے ہین اور معنی اسکے افسوس ہے - علی خراسانی - سرور اولیا امام زمن + آنکہ جبریل گویدش ویحک -

ویرانہ نشین - جنگل مین بیٹھنے والا - ابو طالب کلیم - کلبۂ فقر ہم اسباب تجمل دارد + بوریا مسند ویرانہ نشین میباشد -

چوتھی فصل

اُردو محاورات کے بیان مین

واؤ با الف

واجبی سا - تھوڑا سا -

وار کرنا - ہاتھ مین ہتھیار لیکر کسی پر حملہ کرنا - مولانا اکبر - کبھی وہ دام گیسو مین پھنسا کر مار دیتے ہین + کبھی عاشق پہ تیغ غمزہ نگہ سے وار کرتے ہین -

وار لینا - کسیکا وار اپنے اوپر لینا - حکیم محمد انور - لگانا دل یہ تیغ ابروے خمدار مشکل ہے + کہ اس تلوار کا گردن پہ لینا وار مشکل ہے -

وارنٹ جاری کرانا - گرفتاری پر پروانہ جاری کرانا -

واری جانا - صدقے جانا -

وارنا - تصدق کرنا -

وارے نیارے ہونا - بہت سا کمانا اور فائدہ ہونا -

واہ واہ ہونا - تعریف ہونا شاباش ہونا -

واہی تباہی پھرنا - بیکار اور ڈانواں ڈول پھرنا -

واہ رے مین - ایک فخریہ جملہ ہے -

واحد شاہد ہے - خدا گواہ ہے -

واؤ با باے

وبال ہونا - ناگوار ہونا بھاری ہونا مشکل ہونا کسی امر کا - مؤلف - مبتلاے غم ہوے مارے گئے + بال زلفون کے وبال جان ہوے -

واؤ با جیم

وجود پانا - پکڑنا - پیدا ہونا ظہور پکڑنا ہستی میں آنا - سے حق ہے موجود جسکے جلوون سے + جزو و کل نے وجود پکڑا ہے +

واؤ با رائے

وردی بجانا - شاہی محل پر طنبور تاشہ وغیرہ بجانا نوبت بجانا -
وردی بولنا - کسی ضروری امر کی خبر اپنے افسر کو دینا -
ورق بکھرنا - اتفاقی ہوجانا تباہ و برباد ہوجانا -
ورق گردانی کرنا - کتاب کے ورق ادھر ادھر کرنا کچھ نہ پڑھنا وقت ضائع کرنا -
ور ہونا - ور رہنا غالب رہنا زبردست رہنا سبقت لیجانا -

واؤ با ضاد معجمہ

وضع حمل ہونا - بچہ پیدا ہونا -
وضو ٹوٹنا - ناپاک ہونا ناجائز کام کرنا ناسخ - دیکھ لینا کہ ترا ہم بھی وضو توڑینگے + محتسب تونے اگر شیشہ ہمارا توڑا -
وضو ٹوٹنا - ناپاک ہونا ناجائز کام ہونا شوق - نہ بھر کر لگا دے منھ سے سبو + خیر ٹوٹے جو ٹوٹتا ہو وضو -
وضو ٹھنڈے ہوجانا - ڈھیلے ہوجانا - ارادہ ٹوٹ جانا شکست ہوجانا -

واؤ با عین

وعدہ یا وقت برابر ہوجانا - میعاد پورا ہونا اخیر وقت آجانا - جرأت - وقت جب اپنا برابر ہو سدھارو اسوقت + عرض کرتے ہین یہ باد دیدۂ تر تم سے ہم -

واؤ با قاف

وقت پانا - موقع حاصل کرنا صفدر رامپوری - وقت پاکر یہ کہا اس نے کہ ای جان جہان + یہی دن ہین جوانی کے نکالو ارمان -
وقت کاٹنا - دفع الوقتی کرنا دن گذارنا - ؎ - گذرا جو عیش کا زمانہ تھا + اب مصیبت کا وقت کاٹتے ہین -
وقت نکل جانا - زمانہ گذرجانا موقع جاتے رہنا قطعہ از مولف - عالم فانی سے جلد وگے دہین + ناگہان جسوقت وہ آئے گا وقت + اب کرو جو کام کرنا ہے تمھین + آئیگا کب جب نکل جائیگا وقت -

واؤ با لام

ولایت پانا - بادشاہ ہوجانا ولی ہوجانا -

پانچوین فصل

اودویات یعنی لغات متعلق علم طب کے بیان مین

واؤ با الف

واق - مرغابی جو مشہور پرندہ ہے اور پانی مین خوش رہتا ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک گوشت اسکا محلل ریاح روغن اسکا دافع فالج وامراض عصبی ہے -

واؤ با جیم

وج - یہ ایک نبات ہے جو پانی مین پیدا ہوتی ہے فارسی مین اسکو سوسن زرد کہتے ہین نرگس کی سی پتی پھول زرد جڑ گرہ دار تیز و تلخ ساتھ حرارت و حراقت کے طبیعت اسکی گرم و خشک ملطف و جلالی و قاطع بلغم تریاق سموم دافع فالج و استرخا و خدر و لکنت زبان ہے -

واؤ با دال

ودع - دریائی چیز قسم اصداف سے ہے جسکو خرمہرہ اور ہند مین گھونگا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک دافع عسر البول نشف رطوبات اعضائے ظاہری رافع بیاض عین ہے -

واؤ با رائے

ورد - پھول جسکو ہند مین گلاب کا پھول کہتے ہین بہت اقسام کا ہوتا ہے خوشبو کسی مین زیادہ کسی مین کم ہے رنگ کسیکی کم کسیکی زیادہ سرخ ہے طبیعت اسکی مرکب القوی پہلے درجہ مین سرد دوسرے درجہ مین خشک اور بعض کے نزدیک گرم اور تر ہے اور بعض اسکو معتدل ساتھ قوت قابضہ کے اور خشک پھولونمین قبض زیادہ مقوی ارواح مفرح و ملطف و مسہل و مسکن صفرا و بلغم رقیق عرق اور جوشاندہ اسکا مسہل اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے -
ورد اصفر - یہ نام سوسن زرد بری کا ہے درخت اسکا خاردار خوشبو و مفرح و مقوی باہ ہے -
ورس - یہ پھل ایک درخت کا ہے جو یمن مین ہوتا ہے اسکے پھل سے جو پک کر پھٹتا ہے زرد ریشہ مایل بسرخی بالون سے مشابہ نکلتا ہے اس سے لوگ زعفرانی کپڑے رنگتے ہین اور قسم سیاہ حبشہ سے لاتے ہین اسکا رنگ سرخ و تیرہ ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم خشک مقوی و مفرح عظیم بڑھانے والا باہ کا دافع برص و خارش ہے -
ورد الحماق - یہ ایک پھول ہے عربی مین اسکو ورد العجائز فارسی مین گل رعنا و گل قحبہ کہتے ہین یہ پھول اندر سے سرخ باہر سے زرد زعفرانی کوئی خوشبو اور کوئی بغیر بو کے ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم خشک اور محلل قوی ہے -
ورل - یہ ایک جانور ہے جسکا سر چھوٹا اور دم دراز ہے دشتی طبیعت گرم خشک مقوی باہ و محلل جاذب زہر ہوام ہے -
ورشان - یہ مشہور پرندہ ہے خاکستری رنگ جسکو فاختہ کہتے ہین گوشت اسکا

کبوتر کے گوشت سے ہلکا ہی اور طبیعت گرم و خشک دافع فالج و سردی گردہ و مثانہ و درد پشت۔

واؤ با سین

وسخ۔ آدمی کے جسم کا میل طبیعت اسکی گرم و خشک باعتبار امزجہ و اغذیہ و اعضا مختلف بھی ہوتا ہی طلا کرنا کان کے میل کا واسطے پھٹ جانے ہونٹھون اور واسطے کاٹنے سانپ کے مفید ہی پینا اسکا مورث بیہوشی و استسقا و زیادہ مقدار قاتل ہی طلا اسکا دافع بواسیر و اورام پستان ہی۔

وسخ الکوائر۔ یہ ایک طرح کا میل شہد کی مکھیون کے چھتون مین پایا جاتا ہی جو موم کے علاوہ مائل بسبزی نرم و خوشبودار ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک لطیف و جالی و جاذب و محلل اورام ہی بخور اسکا دافع نزلہ زکام مین اور ضرب مین قایم مقام مومیائی کا۔

واؤ با شین

وشیج۔ یہ ایک نبات کوہی متشابہ لیموں ہی لکڑی اسکی سخت ہی کہ اسکے نیزے بناتے ہین پتی و شنہ کی سی جڑ گرہ دار طبیعت سرد و خشک رادع و مقوی اعضا و علاج شکستگی اعضا و دافع سیلان و نزف الدم و بواسیر ہی۔

وشق۔ ایک جانور کی پوستین ہی جو کتے سے بڑا اور چیتے سے چھوٹا بری بحری دونون قسم کا ہوتا ہی انڈے اپنے خشکی مین رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع فالج و رعشہ غرض کہ پہننا اس پوستین کا کثیر النفع و فائدہ بخش ہی۔

واؤ با عین

وعل۔ یہ ایک قسم کی پہاڑی گائے ہی سیاہ رنگ بقدر چھوٹی بھینس کے مزاج اسکا گرم و خشک گوشت اسکا جید الغذا مقوی اعضا سے مبرودین چربی اسکی دافع فالج و وجع المفاصل ہی۔

واؤ با لام

ولب۔ نبات اسکی بقدر ایک گز کے بلند پتی متشابہ زیتون کے شیردار طبیعت اسکی گرم و خشک منقی و مقی ساتھ قوت مسہلہ کے مخرج اخلاط فاسدہ منقی بدن عجیب خواص اسکا یہ ہی کہ اگر پتے اسکے اوپر سے کاٹین مقی ہوتے ہین مع درد و اسکے قوت مسہلہ انمین نہین ہوتی اور اگر نیچے سے کاٹین صرف مسہل ہی مقی نہین ہوتی اور اگر نیچے اور اوپر کی ملا کر استعمال کرین تو قوا و اسہال دونون وقوع مین آتے ہین۔

باب اکتیسواں

لغات ہائے ہوز کے بیان مین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے ذکر مین

ہائے با الف

ہا۔ ایک حرف حروف تہجی مین سے ہی عربی مین اسکے معنے صیغہ امر بگیر ہی یعنی پکڑ اور فارسی مین حرف جمع اور کبھی زاید بھی لاتے ہین و بمعنی اینک و مصغر این و اشارہ اُسکی طرف جو قریب ہو اور طمانچہ جو کسی کے مُنھ پر مارا جائے۔

ہٰہُنَا۔ عربی مین بمعنے اینجا یعنے اس جگہ اس اول حرف ہا کے ساتھ جو الف ہی لکھنے مین نہین آتا پڑھنے مین آتا ہی۔

ہاریا۔ ایک قسم مچھلی کی ہی جسکے سبب سے پانون ہین اور تمام جسم پر کانٹے۔

ہائِب۔ بکسر ہمزہ خائف اور ڈرپوک۔

ہارِب۔ بھاگ جانے والا۔

ہات۔ امر ہی بخش اور آراستہ کر۔

ہاروت۔ نام ایک فرشتہ کا جو چاہ بابل مین ہمراہ دوسرے فرشتے ماروت کے مقید ہی۔ حافظ۔ لطف باشد گر نپوشی از گدا ✤ ہاروت را ✤ ناکام دل بہ بیند دیدۂ ماروت را۔

ہاوخت۔ نام ایک نسک کا ہی اکیس نسک کتاب زند زردشت سے اور نسک بمعنی قسم اور باب کے ہی۔

ہاوُشت۔ زندی زبان مین امت اور پیرو جیسے امام یا پیغمبر کے ہون۔

ہار۔ سلک مروارید اور پھولون کا مالا اور گراہوا منہدم ہونے والا اور آدمی کا گوہ اور تمام حیوانات کا گوبر۔ سلمان۔ نیز بدر خلق شاہنشاہ دوران ✤ ز ہار گل ملایک بچہ گردان۔

ہالوبر۔ ایک شہر کا نام ہی۔

ہاجر۔ پریشان بات کہنے والا۔

ہادر۔ بدال مہملہ بے اختیار آدمی۔

ہامر۔ ابر بہت برسنے والا۔

ہامزر۔ پہلوی زبان مین برخیز یعنے اُٹھ۔

ہاجس۔ دل مین آنے والا خیال۔

ہاوش۔ بواو مفتوح امت پیغمبر کی اور پیرو کسی امام کے۔

ہابط۔ نیچے اُترنے والا۔

ہارح۔ بددل اور ڈرپوک آدمی۔

ہائع - خائف و ڈرپوک آدمی -
ہاتف - آواز دینے والا اور فرشتہ جو غیب سے آواز دیوے -
ہاک - ژندی زبان مین بیضہ یعنی انڈا جسکو تخم مرغ کہتے ہین -
ہالک - ہلاک کرنے والی بیماری وغیرہ -
ہال - الایچی سپید و قرار و آرام اور وہ پختہ میل جو واسطے حد بندی میدان چوگان بازی کے بناتے ہین -
ہاطل - بہت برسنے والا بادل -
ہابیل - نام حضرت آدم کے فرزند کا جسکو قابیل اُسکے بھائی نے قتل کیا تھا -
ہائل - ہولناک جس سے خوف آئے -
ہامال - بے شبیہ و نظیر و مانند -
ہاہول - سم الفار سنکھیا جو مشہور زہر ہی -
ہادم - منہدم کرنے والا گرانے والا کسی عمارت وغیرہ کو -
ہائم - سرگشتہ و شیفتہ ہونے والا کسیکے عشق مین اور نہایت پیاسا -
ہاشم - رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے جد کے باپ کا نام ہی جو نہایت خوش خلق تھا اور شجاعت و سخاوت ہاشمی خاندان کے لیے ہی -
ہاضم - ہضم کرنے والی -
ہارون - حضرت موسے پیمبر کے بھائی کا نام ہی جو نبی تھا و نام خلیفہ عباسی جسکو ہارون رشید کہتے تھے و قاصد و پیک و نقیب و پاسبان -
ہامان - فرعون کے وزیر کا نام ہی اور نام ایک گانون کا کرمان کے علاقہ مین کہ میر نعمت اللہ اُس جگہ مدفون ہین - **توحید** - بگربا ندگے در صحن بستان ابر گریان را + بخند اندگے بر چہرۂ گل برق خندان را + ز بے با مور بخشید پایۂ تخت سلیمانی + گہے کمزور مثل مور بیسازد سلیمان را + رہا از دو رطہٴ محنت کلیم اللہ را سازد + کند غرقاب دریا ہے فنا فرعون و ہامان را -
ہاون - او کھلی جسکے اندر ادویات وغیرہ کو کوٹتے ہین -
ہامون - وہ جنگل جسکی زمین ہموار ہو - **سعدی** - ز دریاے عمان بر آمد کسے + سفر کردہ ہامون و دریا بسے -
ہان - خبردار ہو یہ ایک کلمہ تنبیہ ہی جو کسی کام کی تاکید مین بولا جاتا ہی اور مقابل نہین کے اور بعض موقع پر بجوش طبعی و ظرافت - **نادم گیلانی** - بہر چندانی ندارم از حیات ہوا زممات + چون چراغ صبحدم ہان مردن و ہان زیستن +
ہاجن - کنواری لڑکی جس سے صحبت نہ کیجاے اور سنگ جقماق -

ہازو - متحیر و سرگشتہ و دیوانہ -
ہامہ - کاسۂ سر و پیشانی -
ہائلہ - ہولناک اور ڈراؤنی صورت -
ہالہ - جو دائرہ چاند سورج کے گرد پڑجاتا ہی - **طاہر وحید** - **جنش** - ہزار تیر گذارد بیک کمان + مانند آفتاب کہ در ہالہ میرود -
ہاویہ - ساتوین دوزخ کا نام ہی جو سب سے اسفل طبقہ ہی -
ہاگاہ - چوگان بازی کا میدان -
ہازہ - متفکر و متحیر -
ہاکرہ - جسکی زبان مین لکنت ہو ہاکلہ بھی اُسکو کہتے ہین -
ہانیہ - ناچار و لاعلاج -
ہاجرہ - مادر اسماعیل پیغمبر علیہ السلام -
ہالکہ - نفس حریص -
ہارونی - قاصدی و نقیبی و پاسبانی - **نظامی** - بہ ہارونیش خضر و موسیٰ دوان + مسیحا چہ گویم بموکب روان -
ہاروتی - جادوگری و سحر سازی -
ہاشمی - وہ قریش جو ہاشم کی اولاد سے تھے چنانچہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہاشم کی اولاد سے تھے اس سبب سے لقب آپکا ہاشمی تھا -
نعتیہ از مولف - سرور رسید رسول ہاشمی آنکی لقب ناسخ الادیان و ختم الانبیا صل علیٰ -
ہارمی - کناس میلا اُٹھانے والا -
ہادی - ہدایت کرنے والا راستہ دکھلانے والا اور فارسی مین ایک پتھر کا نام ہی جسکے پاس وہ پتھر ہو کتا اُسکو نہین بھونکتا -
ہامی - سرگشتہ و حیران -
ہانی - پہلوی مین نشیمن یعنے بیٹھ -
ہاے - دردناک آواز ہی -

ہاے با یاے موحدہ

ہَبَا - گرد و غبار اور ضایع اور تباہ - **مولانا مظہر** - ترک آورد زن و زر و فرزند و خانمان + اسباب و ملک و مال ہمہ را ہبا کند -
ہُبُوب - ہوا کا چلنا -
ہَبّ - بفتح اول و تشدید ثانی عربی مین نیند سے جاگنا اور چلنا تلوار کا مضروب -
ہِب - بکسر اول ژندی زبان مین گمذار یعنے چھوڑدے -
ہبت - بخشنا ہبہ کرنا -

ہبد - وہ آلہ اور وزن دار لکڑی جس سے ہل چلی ہوئی زمین کو ہموار اور صفا کرتے ہین -
ہبید - تخم حنظل جو مشہور چیز ہی -
ہبیر - پیپ اور زرد پانی جو زخم سے نکلے -
ہبط - نیچے اتارنا نقصان کرنا -
ہبوط - نیچے اترنا تنزل مین آنا -
ہبنق - احمق بیوقوف بے عقل -
ہباک - فرق سر یعنے چوٹی سر کی -
ہبک - کف دست ہاتھ کی ہتھیلی -
ہبل - نام ایک بت کا جو کفار نے کعبہ مین رکھا تھا -
ہبل - کاہل و سست و گران تن -
ہبہ - بخشش کرنا بخش دینا -

ہاے با تاے فوقانی

ہتر - سخن بیفائدہ و سختی زمانہ و غیبت و پردہ دری -
ہتف - آواز اور صدا جو کان مین پڑے -
ہتاک - پردہ در اور بیعزت کرنے والا -
ہتک - بیعزتی اور پردہ دری -
ہتیہ پول - ہتیہ پور - نام اُس جگہ کا جس جگہ شاہجہان بادشاہ کے حکم سے دربار شاہی کے چپ و راست دو مست ہاتھی واسطے تنبیہ اور سزا دہی مجرمان کے کھڑے رہتے تھے جس مجرم کے لیے حکم ہوتا اسکو مست ہاتھیون کے آگے ڈلوا دیا جاتا -
ہتنالچی - ہتھنال یعنے چھوٹی توپ کا چلانے والا گولہ انداز -

ہاے با جیم

ہجا - ہجو کرنا برا بولنا اور حروف تہجی کو باعراب ادا کرنا -
ہجرت - اپنے وطن کو چھوڑنا جدا ہونا -
ہجعت - سونا نیند کرنا -
ہج - ہیج - علم اور نیزہ اور ستون اور سیدھا کھڑا ہونا -
ہجند - نام ایک گھانس کا ہی جو خود رو ہوتی ہی -
ہجد - بیداری نیند سے اٹھنا -
ہجاور - ملک خطا مین ایک شہر کا نام ہی -
ہجیر - کارن بن کاوہ کے بیٹے کا نام ہی جسکو سہراب نے ایران جانے کے وقت قلعہ سپید کے پاس زندہ پکڑ لیا تھا -
ہجر - عربی مین جدائی اور ملنے کی - صائب معدوم با یک بیعی و

وصل ہجران میکشند + مرغ زیرک گر بشاخ گل نشیند دام اوست +
ہجوع - خواب و آرام - سعدی - ہمہ شب نبودش قرار و ہجوع + ز تسبیح و تہلیل ما را زجوع -
ہجع - بیہوش و بیخود -
ہجف - بھوکا ہونا -
ہجوم - جمع ہونا مجمع کرنا - طالب آملی - عشق پر شورت از شش جہت آورد ہجوم + پر حذر باش کہ تسخیر بلاد تو از اوست -
ہجو - بدگوئی و بدکلامی -
ہجمہ - اونٹون کا گلہ جو چالیس سے زیادہ ہو -
ہجدہ - اٹھارہ عدد ہین -
ہجری - سنہ ہجری جو اسلام مین رائج ہی ابتدا اسکی حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے مکہ چھوڑنے اور مدینہ مین داخل ہونے پر قرار پائی جو آج ۲۷ ماہ شوال ۱۳۰۶ ہجری ہی -

ہاے با دال

ہدا - ہدایت اور سیدھا راستہ -
ہدایا - جمع ہدیہ بہت سے تحفے -
ہدات - ہدایت کرنے والے ہادی کی جمع ہی -
ہدایت - سیدھا راستہ دکھلانا رہنمائی کرنا -
ہدنج - خنگ گھوڑا جسکے بال سپید ہون -
ہدہ - لغت یزد مین ایک مقام ہی - محسن تاثیر - شد خامۂ من باین فضائل + در وصف ہدشش بعجز قائل -
ہدہد - مشہور پرندہ ہی - حافظ - ای ہدہد صبا بسبا میفرستمت + بنگر کہ از کجا بکجا میفرستمت -
ہدر - خون مباح ہونا باطل و ضایع و ناچیز ہونا -
ہدشس - لغت یزد مین ایک مقام کا نام ہی - محسن تاثیر - خوش آب و ہواے آن گلستان + اول ہدشس ست و لبن طرز جان -
ہدف - نشانہ تیر کا -
ہدنگ - خنگ گھوڑا -
ہدم - ویران کرنا گرانا مسمار کرنا -
ہدان - بددل و احمق بیوقوف -
ہدن - صلح و صفائی -
ہدمان - ایثار کرنا یعنے کوئی چیز اپنے خرچ سے نکالکر دوسرے شخص کو دیدینا -
ہندہ - سود و فائدہ و حق اور بیہندہ بیفائدہ -

ہدیہ - تحفہ اور اچھی چیز جو کسی دوست کو دیجاوے - فردوسی - ہمہ ہدیہ ہا ساختند و نثار + ز دینار و از گوہر شاہوار -
ہدہد - ایک جانور ہی جسکے بہت سے ہاتھ پاؤن ہین اور عوام اسکو خر خدا کہتے ہین -
ہدہینہ - نردبان - زینہ - پوری -
ہدی - وہ اونٹ اور بکری وغیرہ جانور جو کعبہ کو قربانی کے لیے بھیجے جائین اور فارسی مین وہ زمین جسمین بارانی زراعت ہوجاتی ہے کھیتی نہو سکے -

ہائے باذال معجمہ

ہذر - ہیچکارہ و بیہودہ -
ہذیل - عرب مین ایک قبیلہ ہی -
ہذیان - بیماری کی بیہوشی مین بکنا و اہیات باتین کرنا -

ہائے باراے

ہرا - بفتح گلولی سونے اور چاندی کی جو گھوڑے کے زین کے تخت مین لگائی جاتی ہی گھوڑے کی حمائل مین بھی نصب کرتے ہین -
ہرّا - بضم اول و تشدید راے شور و فریاد و آواز مہیب و ترس و بیم اور جھنکارہ دینا چمکنا -
ہرا - بفتح اول مخفف ہرات جو مشہور شہر ہی -
ہرب - بفتحتین فرار کرنا بھاگنا اور شدت غم و الم کی -
ہرات - ایک شہر دار الملک خراسان ہی بعض بکسر ہاے و بعض بفتح ہاے اسکو بولتے ہین ہری بھی اسکا نام ہی - رباعی - لہراسب نہاد دست ہری را بنیاد + گشتاسپ در گرد و بنا ے بنہاد + بہمن پس ازان عمارت دیگر کرد + سکندر رومیش ہمہ داد بباد + خواجہ نظام الدین نظامی گنجوی اس شہر کی آبادی منسوب بسکندر رومی کرکے لکھتے ہین - نظامی - بہرا ے گنجش چو بدرام کرد + بہ پہلو زبانش ہری نام کرد -
ہر ہفت - سات سنگار عورتون کے جو ہر ایک ملک مین الگ الگ ہین ہندوستان کی زنانہ آرایش - پوشاک زیور حنا سرمہ پان مسی کنگھی چوٹی اور ایرانی آرایش ہر ہفت وسمہ حنا گلگونہ سفیداب زرک غالیہ سرمہ ہی - صائب - در انتظار تو ہر ہفت کردہ ہشت بہشت + نظر سیاہ مگردان بہر تماشاے -
ہرمست - بفتح اول و ضم میم نام ستارہ مشتری و نام روز پنجشنبہ و نام روز اول ہر ماہ شمسی -
ہرلوث - مکر و حیلہ خست خیانت بدگوئی و غصہ و کینہ جو دل مین ہو -

ہرج - بفتح اول و سکون ثانی فتنہ و آشوب -
ہرج مرج - سرگشتگی و آوارگی -
ہراشبد - حقیقت و چگونگی -
ہرد - زرد چوب جسکو ہندی مین ہلدی و ہردی کہتے ہین -
ہرمزد - نام ستارہ مشتری و روز پنجشنبہ -
ہرند - ایک نہر جرجان شہر کے نیچے جاری ہی -
ہر - بفتح اول فارسی مین ایک کلمہ ہی جو افادہ معانی عموم کرتا ہی اور کبھی افادہ معنی شرط کرتا ہی چنانچہ کہا جاے کہ ہر کہ در اینجا آید او را سلام کند سعدی - عزیزے کہ از درگہش سر بتافت + بہر در کہ شد ہیچ عزت نیافت -
ہر - بکسر اول و تشدید ثانی و گربہ یعنی بلی جو مشہور جانور ہی -
ہرّ - بفتح اول و تشدید ثانی ساخت اسپ مثل زین و لگام وغیرہ -
ہریر - بوزن فقیر بانگ سگ کتے کی آواز -
ہرگز - کسی وقت کسی زمانہ مین کبھی ہمیشہ ابدالآباد - سعدی - تا بدکان خانہ در گردی + ہرگز ای خام آدمی نشوی -
ہرمز - ہر شمسی مہینے کا پہلا دن اور نام ستارہ مشتری کا اور نام نوشیروان کے بیٹے کا - سعدی - شنیدم کہ در وقت نزع سوان + بہرمز چنین گفت نوشیروان + کہ خاطر نگہدار درویش باش + نہ در بند آسایش خویش باش -
ہرتوز - بتاے فوقانی سچ کہنا اور سچی خبر پہونچانا -
ہرز - وہ مغاک جسمین ناکا نہ پانی جمع ہو -
ہرنیز - ژندی زبان مین صدق و یقین -
ہرموز - ایک شہر کا نام ہی -
ہرمس - بکسر اول نام ادریس علیہ السلام جو نبی اور بادشاہ اور حکیم تھا اور حساب و ہندسہ و ہیئت سب اسیکا پیدا کیا ہوا ہی -
ہرماس - شیر درندہ -
ہراس - ترس و بیم و خوف - سعدی - چنین گفت مرد حقایق شناس + ازین ہم کہ گفتی ندارم ہراس -
ہرس - چھت کی لکڑیان جو مکان پر ڈالی جاتی ہین -
ہرقلوس - ایک قسم کی کاسنی کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
ہراش - قے کرنا اور استفراغ و شگوفہ -
ہرش - کتون کو لڑنے پر برانگیختہ کرنا -
ہرشنگ - ایک گھانس کا نام ہی جو گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی

اسکا بیج گیہون مین مل جاتا ہی جو نکال ڈولتے ہین اگر کھایا جاتا ہی تو دل کو گھبراتا ہی۔

ہرگ ۔ احمق بے عقل و بے وقوف۔

ہرمزک ۔ نام خسرو بن پرویز بادشاہ کا۔

ہرناک ۔ کم فہم آدمی جو بہت جلد دوسرے شخص کے کہنے مین ہو جاوے۔

ہراول ۔ وہ فوج جو سب سے اول لڑائی پر ہو۔

ہرقل ۔ روم کے بادشاہ کا لقب ہی۔

ہرول ۔ ایک دانہ بقدر ماش کے ہوتا ہی جسکو ملک بھی کہتے ہین۔

ہروہالہ ۔ کنجارہ یعنے کھلی تلون کی جو تیل نکالنے کے بعد رہجاتی ہی۔

ہرم ۔ بفتحتین نہایت بوڑھا و ضعیف ہونا **سعدی** مگر او ہرم دست قدرت بہ بست + ترا بر کرم ہمچنان دست ہست۔

ہردم ۔ نام ایک شہر اور پہلوان کا اسی شہر مین نوشابہ فرمان فرما تھی اسکندر رومی نے اسکا نام بردع رکھا۔

ہرونوم ۔ تخم بذر قطونا یعنے اسپغول جو مشہور دوا ہی۔

ہرمان ۔ یہ دو گنبد ملک مصر مین قدیم زمانے کے بنے ہوے ہین اور حکمانے قبل از طوفان نوح انکو بنایا تھا بعض کا قول ہی کہ وہ دونون گنبد ادریس علیہ السلام نے تعمیر کیے تھے طوفان مین وہ منہدم نہین ہوے حضرت علی علیہ السلام نے ایک طلسم کیصورت سے جو ایک کرگس کی شکل ہی اور پنجیا یہ کو پنجہ مین پکڑے ہوے انکی بنا کی تاریخ معلوم کی یعنی الہرمان النسر فے السرطان یعنے بنائے گئے ہرمان نسر طائر مین اس سے ظاہر ہوا کہ تقریباً پانچہزار سال آدم کی پیدایش سے پیشتر جنون نے اُن گنبدون کو بنایا تھا کیونکہ اب نسر جاری مین ہی اور نسر دو ہزار سال مین ایک برج طی کرتا ہی۔

ہرجان ۔ پہاڑی بادام جنکا تیل قوت باہ بڑھاتا ہی عربی مین اسکو زبیب الہرجان کہتے ہین۔

ہرطمان ۔ ایک گھاس کا نام ہی جسکو قرطمان بھی کہتے ہین۔

ہرفولیون ۔ یونانی زبان مین ایک قسم کے پودینہ کا نام ہی۔

ہرین ۔ دہشتناک آواز مانند آواز شیر وغیرہ درندون کے جو خوفناک ہون۔

ہراسان ۔ ڈرتا ہوا اور خوفناک۔

ہرو ۔ فارسی مین شجاع و دلیر اور عربی مین مارنا جو بدبختی وغیرہ سے۔

ہراسہ ۔ خوفناک شکل جو باغبان زراعت مین بناتا ہی تاکہ اس سے جانور ڈر کر بھاگ جائین۔

ہرزہ ۔ بیہودہ و بے فائدہ۔

ہرآئینہ ۔ البتہ بیشک **استاد فرخی** ۔ ہرآئینہ نبود دست خاک را بر باد + چنانکہ آتش سوزندہ را بآب روان۔

ہرمسیہ ۔ منسوب بہرمس جو ایک فرقہ ہرمس حکیم کا پیرو ہی بعض کے نزدیک ہرمس ایک اور حکیم سوائے ادریس نبی علیہ السلام کے تھا جس سے فرقہ ہرمسیہ منسوب ہی۔

ہرّہ ۔ بکسر اول گربہ مادہ جو نر نہو یعنے بلی۔

ہرولہ ۔ گھوڑے کی رفتار جسکو پویہ کہتے ہین۔

ہریسہ ۔ ایک قسم کے آش کا نام ہی جو گیہون کوٹکر اور گوشت در روغن و نمک مصالحہ ملا کر پکاتے ہین۔

ہربد ۔ آتشکدہ اور آتش پرست۔

ہرنغہ ۔ عشق پیچان جو مشہور بیل ہی۔

ہرقلوہ ۔ ایک قسم کی جنگلی کاسنی ہی۔

ہرگارہ ۔ بکاف پارسی پتھر کی ہنڈیا اور لوہے کی کڑاہی یا ہنڈیا جسمین حلوا پکاتے ہین

ہرنوہ ۔ میوہ درخت عود کا جو مرچ کیطرح ہوتا ہی اور عود کی بو دیتا ہی۔

ہرواہگہ ۔ بہ واو کہ تیسرا حرف ہی بیمارخانہ جسکو دار الشفا کہتے ہین۔

ہرشّہ ۔ مقعد کا سوراخ جس سے اندرونی فضلہ نکلتا ہی اور نام ایک قسم کی گھاس کا جسکا غورہ خشخاش کے غورہ کیطرح ہوتا ہی اور اسکے کھانے سے بیہوشی آتی ہی۔

ہری ۔ نام شہر ہرات جو دار الملک خراسان کا ہی **نظامی** ۔ نبا کرد شہرے چو شہر ہری + کزو انسان کند شہر کم دیگری۔

ہری ۔ منسوب بہرات اور نام ایک قسم زبان فارسی کا ہفت اقسام پارسی مین سے۔

ہاے بازاے معجمہ

ہزت ۔ عیش و خوشی۔

ہزیمت ۔ بھاگنا کسی جنگ کے موقع سے **نظامی** ۔ ہزیمت درافتاد بدخواہ را + جہان داد شاہی جہان شاہ را۔

ہزج ۔ وہ آواز جو ترنم کے ساتھ ہو اور نام ایک بحر کا جو نظم
[illegible]

ہزد ۔ ایک آبی جانور کا نام ہی اور نام جو بھتی بازی نرد کا۔

ہزار ۔ بلبل جو مشہور جانور ہی اور بعض کے نزدیک ہزار ایک جانور سوائے بلبل کے ہی **حافظ** ۔ صد ہزاران گل شگفت و بانگ مرغے برنخاست + عندلیبان را چہ پیش آمد ہزاران را چہ شد۔

ہزبر - بکسر اول و فتح ثانی شیر درندہ - نظامی - گرم شیر پیش آید و گر
ہزبر + بر و پیل بارم چو باز ندہ ابر -
ہزیارہ - زاید دانت گھوڑے کے جنکے سبب سے وہ چارہ
نہین چر سکتا جب تک وہ اکھاڑے نہ جائین -
ہژیر - بحرف سوم یاے تحتانی جلدی و چابکی و ہشیاری و ستودہ
و پسندیدہ و خوب و نیک -
ہژاہژ - خوف و ترس و جنبش و ہزیمت - سنجر کاشی - ہنگام
ہژاہژ خزان ست + در مرزاران صبا وزان ست -
ہژاع - مرد ضعیف و خوفناک -
ہزال - لاغری و ضعف -
ہزل - بیہودہ باتین اور مسخری -
ہزو - مرد شجاع و دلیر -
ہزہ - ہلانا کسی چیز کو جنبش دینا و بکسر اول جنبش سوارون کی
اور غوغا خوشی کا -
ہزینہ - بروزن خزینہ خرچ و نفقہ جو عیال کو دیا جائے -

ہاے با سین

ہست - ہے اور موجود مقابل نیست اور معدوم کے - مولف -
نیست و ہست ہر چہ ہست از تست + راست و چپ بلند و پست از تست
ہستہ - خستہ یعنی تخم خرما وغیرہ کا جو میوہ کے اندر ہو -
ہسترہ - بالان گدھے وغیرہ کا جسمین اینٹ و مٹی وغیرہ ڈالکر اسپر لادین -
ہستی - عالم موجودات و مخلوقات - نظامی - پناہ بلندی و
پستی توئی + ہمہ نیستند آنچہ ہستی توئی -

ہاے با شین

ہشت - آٹھ عدد ہین -
ہشت - بکسر اول چھوڑا اور چھوڑنا - سعدی - قیامت کسے
بینی اندر بہشت + کہ معنی طلب کرد و دعوے بہشت -
ہشش - بفتح اول شادان و کشادہ رو -
ہشش - بضم اول مخفف ہوش -
ہشاش - شگفتہ چہرہ اور خندہ رو -

ہاے با ضاد معجمہ

ہضیمت - ظلم اور غضبناکی -
ہضم - توڑنا کسی چیز کا ریزہ ریزہ کرنا اور پچ جانا طعام کا معدہ مین -
ہضیم - ستم رسیدہ و مظلوم -

ہضبہ - بلند زمین اور پشتہ -

ہاے با طاے

ہطلان - خفیف بارش جو چند روز برابر ہوتی رہے -

ہاے با فاے

ہفت - سات عدد ہین جسکو عربی مین سبع کہتے ہین - کمال
اسمعیل - دہان تست بہفت آب خاک و نو بہ نمود + بدست
تو کہ نگوید چنین سخنہا باز -
ہفت - بضم اول ایک گھونٹ شراب یا پانی کا جسکو فارسی مین
دم عربی مین جرعہ کہتے ہین -
ہفوت - بیہودہ گوئی و لغزش و خطا -
ہفتاد - ستر عدد ہین - سہ - دریغا کہ عمرت بہفتاد رفت +
بلہو و لعب ہفت برباد رفت -
ہفوش - ایک قسم کے چاول ہین جو تکلف سے پکائے جاتے
ہین اور ترکیب اسکے پکانے کی ہفت قلزم مین لکھی ہے -
ہفہف - آواز سنگ گرتے کی آواز -
ہفتہ - سات دن کا عرصہ شنبہ سے جمعہ تک - سعدی - شنیدم
کہ یک ہفتہ ابن السبیل + بیامد بمہمان سراے خلیل -
ہفدہ - سترہ عدد ہین -

ہاے با قاف

ہقعہ - بفتحتین و عین مہملہ نام منزل پانچوین کا منازل قمر سے اور
وہ تین ستارے جوزا مین ایک دوسرے کے پاس ہین -

ہاے با کاف

ہکزا - پہلا الف اسکا تحریر مین نہین آتا مگر تلفظ مین آتا ہے بمعنی
اسکے فارسی مین ہمچنین اور ہندی مین اسی طرح -
ہکہک - ہچکی جو ایک بیماری ہے -
ہکل - بضم سمارغ و نوع بیننے خاکی انڈا جو برسات کے موسم مین
زمین سے سپید رنگ انڈے کی صورت پر خود رو نکلتا ہے اور لوگ اسکو
پکا کر کھاتے ہین -

ہاے با لام

ہلا - کلمہ تنبیہ ہے فارسی مین اسکے معنی آگاہ باش اور ہندی مین خبردار ہو -
سعدی - شنیدم ز روزان عابد آواز پا + ہلا گفت بر در چہ پاے بیا -
ہلب - موے خوک یعنی سور کے بال اور وہ لکڑی جو ملاح ہاتھ مین
رکھتے ہین اور چھوٹی کشتی کو اس سے چلاتے ہین ہندی مین اسکو

چبا کہتے ہین -
ہلاکت - ہلاک کرنا تلف کرنا مار دینا ضائع کرنا -
ہلند - مرد بیگانہ و بیچارہ -
ہلند وزر - ایک گھاس کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
ہلالوش - شور و غوغا فتنہ و آشوب -
ہلش - ایک مردار خوار جانور کا نام ہی -
ہلک - بضم اول ہلاکت و نیستی -
ہلک - بفتحتین فارسی مین ہکہک یعنی ہچکی جو ایک بیماری ہی -
ہلاک - ہلاکت تلف کرنا مار دینا - سعدی - قارون ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت + نوشیروان نمرد کہ نام نکو گذاشت - لاہجی نوربخش - رہزنے کو نام خود رہبر کند + عامیان را در ہلاکت افگند -
ہلتاک - برف جو ہوا سے برستی ہی -
ہلیک - زرد آلو جو مشہور چیز ہی -
ہلاہل - ایک قسم کے زہر قاتل کا نام ہی جو کسی تریاق سے علاج پذیر نہین ہی اور ہلاہل نام ایک پہاڑ کا ہی چین مین جسپر یہ زہر ہلا سبزہ ملتا ہی اسواسطے اسکا نام بھی ہلاہل رکھا گیا اور وہ زہر نہایت موثر زہر ہی -
ہلال - نیا چاند جسکو تین شب تک ہلال کہہ سکتے ہین - محمد قلی سلیم - بہ ہنگام ستم بائے دل خراشی + ہمہ ناخن چو انگشت ہلال ست -
ہلال ہلال - لخت لخت و پارہ پارہ - صائب - اگر زسنگ حوادث شود ہلال ہلال + صدا بلند نگردد ز جام درویشان -
ہل - بضم اول فارسی مین آغوش و بغل -
ہل - فارسی مین بگذار یعنی چھوڑ اور کھلی تل وغیرہ کی جس سے تیل مرنکل چکے اور عربی مین چھوٹی الایچی جسکو قاقلہ صغار بھی کہتے ہین -
ہلل یہ ایک دوا واسطے بند کرنے خون اور تحلیل کرنے ورمون کے عصارہ درخت مغیل سے بناتے ہین -
ہلہال - غربال یعنی چھلنی جسمین آٹا چھانتے ہین جسکو پرویزن بھی کہتے ہین -
ہلم - فارسی مین اسکے معنے بیا یعنے آ صیغہ امر ہی -
ہلہ لم - یہ ایک بازی کا نام ہی جو کرمان مین لڑکے کھیلتے ہین - شرف الدین شفائی - مومن ہلہ لم بازی چہل الدہ کجا رفت + بازکان صید و رصید کرمان کجا رفت -
ہلاشتم - ہر ایک چیز جو زبون و زشت ہو -

ہلوچین - جھولنا جو چھت یا درخت کے ساتھ رسن باندھکر جھولتے ہین -
ہلوزن - وہ نقش جو دیوار پر کرین -
ہلہلیون - ایک جنگلی میوے کا نام ہی جو سیب کی صورت پر ہوتا ہی مگر سیب سے چھوٹا علف شیران و علف خرس و تفلح البری بھی اسکو کہتے ہین -
ہلیون - یہ ایک گھاس ہی جسکو مارچوبہ اور مارگیاہ کہتے ہین اسکا آبجوش اگر کتے کو دین کتا فی الفور مرجاتا ہی اور جانورون کے زہرون کو دفع کرتا ہی -
ہلاکو - ایک ظالم سیاہکار بد سیرت بادشاہ کا نام ہی جسنے اہل بغداد کو قتل کیا خاندان خلفائے عباسیہ برباد کیا لاکھون آدمی تہ تیغ کیے اسکے باپ کا نام تولی خان بن چنگیز خان تھا - ع - گہ از نوشیروان چہرہ نماید + گہے حجاج گردد گہ ہلاکو -
ہلو - ایک قسم کے شفتالو کا نام ہی جو نہایت شیرین اور لذیذ ہوتا ہی - محسن تاثیر - شفتالوئے دلبران ہلو بش + خوبان جہان درآرزو یش -
ہلیجو - ژند کی لغت مین آلوچہ جو مشہور میوہ ہی -
ہلیسہ - وہ چپہ یعنی چوڑی لکڑی جس سے ملاح کشتی چلاتے ہین اور وہ ستون جس سے کشتی باندھتے ہین -
ہلیلہ - مشہور پھل ہی جسکی تشریح ادویات کی فصل مین کی گئی ہی -
ہلیانہ - شاہترہ جو ایک مشہور دوا ہی -
ہلی - چھوڑ دے تو صیغہ امر ہلیدن سے - سعدی - درختے کہ اکنون گرفت ست پائے + بہ نیروے مردی برآید ز جائے + وگر ہمچنان روزگارے ہلی + بگردونش از بیخ برنگسلی -
ہلالی - منسوب بہ ہلال جیسے جام ہلالی وغیرہ اور تخلص ایک شاعر کا - صائب - زدل بجام ہلالی برآر زنگ غم + کہ صیقل آئینہ را میکند زجوہر صاف - ہلالی - گر یار کند میل ہلالی عجبی نیست + شاہان چہ عجب گر بنوازند گدا را -

ہائے با میم

ہماتا - گویا شاید و ہمچنان و ہمچنین -
ہما - مشہور جانور ہی اسکا سایہ جسکے سر پر پڑ جاتا ہی سلطنت اور دولت پر پہونچ جاتا ہی - سعدی - ہمائے بر سر مرغان ازان شرف دارد + کہ استخوان خورد و طائرے نیازارد -
ہمجا - ملامت و ابتلا -
ہمیلا - شیرین کی ایک کنیز کا نام ہی -

ہمت۔ قصد ارادہ مستحکم زور و طاقت۔ سعدی۔ کسے راکہ ہمت
بلند او فتد + مرادش کم اندر کمند او فتد۔
ہَمَار۔ بفتح اول اندازہ و حساب و شمار۔
ہَمّار۔ عربی مین پرگو و بسیار گو۔
ہَمز۔ آنکھ سے اشارہ کرنا اور ریختہ مروڑنا عیب کرنا مارنا جلانا۔
ہمیز۔ زندی زبان مین گرمی کا موسم۔
ہمس۔ نرمی آواز کی اور نرم آواز۔
ہماس۔ شریک و رفیق۔
ہمرس۔ درم و دینار۔
ہمال۔ مثل و مانند و شبیہ و نظیر۔
ہموم۔ غم اور فکر اور اندیشے۔
ہِمم۔ بہت سی ہمتین اور ارادے۔
ہُمام۔ مہتر قوم و مرد بزرگ۔
ہم۔ بفتح اول فارسی مین اسکے معنی نیز اور ہندی مین بھی۔ نظامی۔
جہان آنچنان شد کہ درویش راست + کہ ہم خویشتن را و ہم خویش راست۔
ہَمّ۔ بفتح اول و تشدید ثانی غم و فکر و اندیشہ اور ارادہ و قصد کرنا اور
وہ حالت کہ کسیکو ایک ہی مرتبہ خوف و اندیشہ لاحق حال ہوجاے
اور وہ حالت جو خوف و رجا کے درمیان ہو۔
ہمایون۔ مبارک و خجستہ اور نام ایک بادشاہ مغل کا جو بابر کا بیٹا تھا۔
س۔ بیا پیاے بوسش چرخ گردد + بر تبہ بندہ اش بخت ہمایون۔
ہمیان۔ وہ کیسہ جسمین روپیہ پیسہ رکھا جاوے۔ ابوطالب۔
خواجہ ہر جا قصہ پیراہن یوسف شنید + بنیش جشمش جلوۂ ہمیان
درہم میکند۔
ہمدان۔ مشہور شہر ایران کے علاقہ مین۔ کلیم۔ در دامن اوند
اگر غنچہ شود گل + زنہار بگوئید کلیم از ہمدان نیست۔
ہمارہ۔ اندازہ و حساب و ہمیشہ مخفف ہموارہ۔
ہمہمہ۔ بولنا شیر درندہ۔
ہمہ۔ سب تمام بالکل۔ سعدی۔ ہمہ تخت و ملکی پذیرد زوال +
نماند بجز ملک ایزد تعال۔
ہماے۔ نام دختر بہمن کہ باجازت ملت آتش پرستان اپنے باپ کے
نکاح مین تھی اور دارا اسکے بطن سے پیدا ہوا اور نام اسفندیار
کی بہن کا جسکو ارجاسپ نے قلعہ روئین مین قید کیا اور اسفندیار
نے اسکو رہائی دلوائی اور ارجاسپ کو قتل کیا۔

ہاے با نون

ہندبا۔ کاسنی جو مشہور دوا ہی۔
ہنگفت۔ بفتح اول و ضم کاف فارسی موٹا و سطبر کپڑا وغیرہ۔ سعدی۔
کمان کشید و نزد بر ہدف کہ نتوان دوخت + مگر بسوزن فولاد جامۂ ہنگفت۔
ہند۔ ولایت ہند جو مشہور ولایت ہی۔ نعتیہ از مولف۔ توئی ہادی
عرب را و عجم را + توئی رہبر بہند و چین و ماچین۔
ہنوند۔ حیا و شرم پہلوی زبان مین۔
ہنجار۔ بفتح اول راستہ طریق طرز روش۔ استاد فرخی۔ ہنجار
برد بیش شب اندر شب تاریک + جائیکہ دران رہ برود باد بہنجار۔
ہنر۔ اچھی خصلت اور اچھا کسب مقابل عیب کے۔ س۔ بندۂ
عاصیم سراپا عیب + زانکہ در خود ہنر نہ پندارم۔
ہنکار۔ تیزی و تندی۔
ہنوز۔ تا حال اب تک اور نام ایک سپہدار ایرانی کا کہ گرشاسپ
پدر نریمان کی جنگ مین مارا گیا۔ فردوسی۔ نبرد از سرافرازان کیے
کینہ توز + سپہدار او بود نامش ہنوز۔ سعدی۔ ہنوزت اگر سر صلح
ست باز آے + کزان محبوب تر باشی کہ بودی۔
ہنوتاس۔ مقربان بارگاہ الٰہی۔
ہنگ۔ بفتح اول اس لفظ کے بارہ معنے ہین ۱ اول ارادہ و قصد
و آہنگ ۲ اور طرف اور جگہ ۳ دوسرے سنگین و وقار ۴ تیسرے وزن و
مقدار و اندازہ ۵ چوتھے زور و قوت و طاقت و قدرت ۶ پانچوین
غار و شگاف جو پہاڑ مین ہو ۷ چھٹے نگاہ رکھنا و غمخواری کرنا ۸ ساتوین
زیرکی و عقل و دانائی و ہشیاری ۹ آٹھوین لبسیار و وافر یعنے بہت سا
۱۰ نوین قوم و قبیلہ و لشکر و سپاہ ۱۱ دسوین ضرب و صدمہ و آسیب و آزار
۱۲ گیارھوین وہ پانی جو پیا جاوے بارھوین زکام و ہوازدگی و نزلہ۔
ہِنک۔ بکسر اول زحیر و پیچش کی بیماری۔
ہنگام۔ ہنگامہ۔ وقت و زمانہ اور ہجوم آدمیون کا۔ سعدی۔
موذن بانگ بے ہنگام برداشت + نمیداند کہ چند از شب گذشت
ست + درازی شب از مژگان من پرس + کہ یکدم خواب در چشمم نگشت
ست۔ نظامی۔ نہادم زیر شیوہ ہنگامہ + مگر در سخن نو کنم نامہ۔
ہنام۔ زندی زبان مین بمعنے اندام۔
ہنجام۔ بیکار و کاہل و باطل و مہمل۔
ہندوستان۔ مشہور ولایت ہی۔ نظامی۔ دو ہندو بر آید
ز ہندوستان + یکے دزد باشد دگر پاسبان۔

ہَمن - بفتح اول منت و احسان -

ہندو - وہ شخص جو ہند مین رہنے والا ہو فارسی مین کبھی اطلاق چور پر کرتے ہین اور کبھی پاسبان اور کبھی غلام اور کبھی کافر پر - توحید - نمود حضرت واحد در دوئی مسدود + بچار سوے جہان باب اتحاد کشود + بہر حساب خداے یگانہ محسوب ست + شمار واحد مطلق بہر عدد معدود + مجوس تابع فرمان و بندہ اش ہندو + غلام زار مسلمان مطیع حکم یہود -

ہِندہ - عرب کی ایک عورت کا نام ہی جو کفار قریش کے سردار ابوسفیان کی زوجہ اور معاویہ امیر شام کی والدہ تھی جب ابوسفیان لشکر لیکر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر مدینہ جاتا تو یہ بھی ساتھ جاتی بدر کی جنگ مین اسکا بھائی سید الشہدا امیر حمزہ رضہ کے ہاتھ سے قتل ہوا وہ کینہ اس عورت کے دل مین تھا اُحد کی جنگ مین جب امیر حمزہ رض شہید ہوے تو یہ عورت بہت خوش ہوئی اور نعش پر جا کر حضرت حمزہ رض کے ہاتھ پانون ناک کان عضو تناسل کاٹے یعنی مثلہ کیا اور سینہ چیر کر دل و جگر نکالا اور دانتون مین چبایا خدا کی پناہ -

ہَنعہ - بفتح اول وہ داغ جو اونٹ کی گردن کے نیچے ہو اور نام چھٹی منزل کا منازل قمر سے -

ہندوانہ - مشہور پھل ہی -

ہندسہ - اندازہ اور نام ایک علم کا جس سے معرفت اشکال و مقادیر اشیا حاصل ہی -

ہندوکوہ - نام ایک پہاڑ کا ہی جو کابل سے چالیس کوس پر واقع ہی -

ہندی - منسوب بہند یعنی ہند کا رہنے والا یا ہند کی بنی ہوئی کوئی چیز جیسے ہندی تلوار وغیرہ اور تخلص ایک شاعر کا جسکا اصلی نام راے بہادر کنہیا لال تھا فارسی نظم و نثر اردو کتابین اسکی مثلاً ظفرنامہ رنجیت و مثنوی نگارین نامہ اور دیوان مناجات ہندی اردو وغیرہ بہت ہین سب کتابین بارہ فارسی و اردو ہین انگریزی مین بھی یہ بزرگ صاحب تصنیف گذرا ہی لاہور مین قیام پذیر تھا محکمۂ انجنیری مین عہدہ ایگزیکٹیو انجنیری پر ممتاز تھا - ہندی - در زبان پارسی ہندی نوشت + نسخۂ مطبوع و نظم دلپذیر -

ہنی - خوشگوار و بامزہ -

ہاے با واو

ہوا - جوف فلک یعنی وہ فاصلہ جو آسمان اور زمین مین ہی اور خالی اور باوجود ایک عنصر عناصر اربعہ سے ہی آرزو و اشتیاق و خواہش و دوستی و خیرخواہی - نظامی - نبارد ہوا تا نگوئی ببار + نروید زمین تا نگوئی بیار - حافظ - فتاد در سر حافظ ہواے چون تو شہی + کمینہ بندۂ خاک در تو بودی کاج -

ہویدا - ظاہر اور سب کے سامنے -

ہوسرب - ژندی زبان مین نیکنامی اور نیکی و خوبی -

ہویت - مرتبۂ وحدت و ذات باری تعالے -

ہوخت - نام بیت المقدس جو قبلہ انبیا کا تھا اور اب نصارا اسکو قبلہ مانتے ہین -

ہودج - کجاوہ پردہ دار سواری اونٹ اور ہاتھی کی عورات کے لیے -

ہوادج - جمع ہودج -

ہوج - نادانی و شتابی -

ہوخ - بہ خاے معجمہ بیت المقدس -

ہود - نام ایک پیغمبر کا ہی جنکی نافرمانی کے سبب سے قوم عاد پر عذاب نازل ہوا اور نام ایک سورۃ کا قرآن مین اور توبہ کرنا اور خدا کیطرف رجوع لانا -

ہور - بواو مجہول آفتاب عالمتاب - سعدی - بتابد بسے ماہ و پروین و ہور + کہ سر برنداری ز بالین گور -

ہوبر - بہ باے موحدہ دوش و بغل و کنارہ و حمایت و امداد و نسبت -

ہودر - بواو مجہول و فتح دال زشت و زبون و بدقیافہ آدمی -

ہورمز - ستارہ مشتری -

ہوز - طاس برنجی کی آواز -

ہوشاز - تشنگی گھوڑے اور اونٹ کی -

ہواجس - شیطانی وسوسے جو دل مین گذرتے ہین -

ہوس - آرزوے نفس و خواہش - بابا فغانی - نسیم دمے زد بران روے تو بس نکرد + روے تراکہ دید کہ بازش ہوس نکرد -

ہولس - حرکت غیر معلوم و جان و روح و جوہر لطیف -

ہوش - زیرکی و عقل و دانائی و بمعنی جان و موت و مرگ - میرزا معز فطرت - خانہ زاد چشم آہو بود داغ لالہ اش + از نگاہ او نصیحت اے کہ ہوشم بردہ بود -

ہوشنگ - نام پسر آدم علیہ السلام جو پہلے بادشاہون مین سے بن سیامک بن کیومرث -

ہوگویک - ایک جانور ہی جو ہر وقت بولتا رہتا ہی جب تک خون اسکے گلے سے نہین نکلتا خاموش نہین ہوتا -

ہوگیگ - چھوٹا خربزہ -

ہولشک - بدبخت و بدنصیب آدمی۔
ہولک - گیند کھیلنا اور چوگان بازی۔
ہویدک - ملحدوں کے ایک پیشوا کا نام ہے۔
ہوالک - جمع ہالک ہلاک کرنے والی بیماریاں۔
ہول - ڈر اور خوف اور بیم و ہیبت و ترس - سعدی - چنان
ہول زان حال برمن نشست + کہ ترسید نم پائے رفتن ببست۔
ہودل - عمارت رصد جو ستاروں کے دیکھنے کے لیے بناتے ہیں۔
ہوام - حشرات الارض مار کژدم وغیرہ۔
ہوم - ایک درخت کا نام ہے جسکے تئیں آتش پرست عبادت کیوقت اپنے پاس رکھتے ہیں۔
ہَون - بفتح اول عربی میں آرام و آہستگی اور وقار اور نرمی اور سبکی اور فارسی میں وہ زراعت جسمیں مٹی کے ڈھیلے زیادہ ہوں۔
ہُون - بضم اول عربی میں خواری اور بےعزتی اور فارسی میں کلمۂ تاکید و استکراہ اور ایک قسم کا دینار سکوک جو دکن میں رائج تھا۔
ہو - بضم اول و واو معروف خوف و بیم و اسم حضرت حق سبحانہ تعالے۔
ہَوُو - بفتح اول و واو معروف مضموم بروزن سبو اتباع یعنی دو عورتیں جو ایک مرد کے نکاح میں ہوں۔
ہَو - بفتح اول ریم اور زرد پانی جو زخم سے نکلتا ہے۔
ہوناک - ہولناک و خوفناک۔
ہویہ - دوش و کتف۔
ہودہ - بے دال مہملہ حق و راست و درست چنانچہ بیہودہ ناحق و ناراست۔
ہوزہ - چکاوک جو ایک پرندہ ہے۔
ہوائی - عاشق بوالہوس اور ایک قسم کی آتشبازی - میر خسرو۔
بدست باد صبا زان نمیدہم پیغام + کہ محرم تو نشد کار رہوائے نیست۔
ہولے - بکسر لام وہ گھوڑا جسکی پیٹھ پر زین نہ باندھا گیا ہو۔
ہوئی - ترس و بیم و خوف۔

ہائے بایائے

ہیجا - جنگ و کارزار یعنی لڑائی۔
ہیولا - مادہ ہر شئی کا اور اصل اور ماہیت ہر ایک چیز کی و جوہر اول و روح اعظم۔
ہیمیا - علم طلسم کا۔
ہیلا - باشہ کہ ایک شکاری جانور ہے۔
ہیہات - بعید ہوا اپنے مطلب و مقصود سے یہ لفظ افسوس کے مقام پر بولا جاتا ہے - سعدی - کہ ہیہات قدر تو نشناختم + بشکر قدومت نپرداختم۔
ہیئت - بروزن خیرت بن جانا کسی صورت اور شکل کا اور نام ایک علم کا جس سے مساحت کرہ زمین اور اشکال افلاک کی تشریح کیجاتی ہے۔
ہیلاج - زائچہ ولادت مولود کا جس سے منجم اسکی عمر دریافت کرتے ہیں۔
ہیج - بفتح اول و جیم عربی گرد و غبار اور اٹھایا جانا۔
ہیّج - بفتح اول و تشدید یائے تحتانی مکسور بروزن سید اکھلنے والا۔
ہیچ - ناچیز و معدوم و اندک اور تھوڑا سا - دنیا ہیچ ست و کار دنیا ہمہ ہیچ + ای ہیچ ز بہر ہیچ بر ہیچ مپیچ۔
ہیراج - گھوڑا جو تیز اور تند ہو۔
ہید - وہ آلہ چوبی جس سے زمیندار ہوا میں اڑا کر غلہ بھوسہ سے جدا کرتے ہیں۔
ہیربد - خادم آتشخانہ کا پوجاری کسی بت خانہ اور عبادت گاہ و مندر کا و صاحب و خداوند۔
ہیر - آگ جسکو آتش بھی کہتے ہیں اور نام ایک معشوقہ کا جو جھنگ علاقہ پنجاب میں تھی اور رانجھا ہیر عاشق تھا قصہ انکا مشہور ہے۔
ہیگر - وہ گھوڑا سرخا جو سیاہی مائل ہو۔
ہیز - مخنث جو نہ عورت ہو نہ مرد بددل اور ڈرپوک آدمی۔
ہیش - بمعنی ہیچ و لاشی و ناچیز اور قسم ایک کپڑے کی جسکو بافتہ کہتے ہیں۔
ہیرک - بچۂ بز یعنی بکری کا بچہ۔
ہیکل - کوئی ایسا جسم جس سے اسکی عظمت دیکھتے ہی ظاہر ہوجائے و صورت و شکل و حمائل و تعویذ - سعدی - بہ ہیکل قوی چون تناور درخت + ولیکن فرومانده بے برگ سخت۔
ہیاکل - جمع ہیکل۔
ہیل - الایچی سپید جسکی تشریح ادویات کی فصل میں ہوئی ہے۔
ہَیم - بفتح اول سرگشتگی و حیرانی۔
ہِیم - بکسر اول پیاسا اونٹ۔
ہیزم - خشک لکڑی جلانی کی - نظامی - ہمہ سختی از سستگی لازم ست + چو در سستی خانہ بر ہیزم ست - مولوی معنوی - آدمی را آدمیت لازم ست + عود را گر بو نباشد ہیزم ست۔
ہیون - اونٹ اور گھوڑا - ظہوری - روز رزم تو گشتہ خفتان پوش + تن گردان ز نقش نعل ہیون۔
ہیجان - برانگیختہ ہونا۔

ہین — بالکسر سیلاب اور بمعنی بانگ اسپ وقت او رچھوڑ اورشتاب ہو اور خبردار ہو یہ کلمہ زجر کا ہی —
ہنتیان — کذب و دروغ یعنے جھوٹ —
ہیرون — ایک قسم کا بانس ہی جسکو قصب کہتے ہین —
ہیمان — سرگشتگی و حیرانی —
ہیاسہ — دوال یعنی ڈور اچمڑے کا ہو یا سوت کا —
ہیمہ — جلانے کی لکڑی —
ہیلہ — مخفف ہلیلہ —
ہیضہ — بدہضمی جو ایک بیماری ہی —
ہی — فارسی مین ایک کلمہ تنبیہ اور خبرداری و چشم نمائی و آگاہی کا ہی — اسیری لاہیجی — گفتم کہ سر عشق کنم فاش در جہان + پیر خرد درآمد و گفتا کہ ہی خموش —
ہیولانی — منسوب بہ ہیولا جو ہر ایک چیز کی اصل اور مادہ کو کہتے ہین اور در حالت نسبت نون زاید بھی لے آتے ہین چنانچہ روحانی و حقانی و نورانی وغیرہ — طالب — بکنہ جوہر ذات تو چون رسم تیہات + ہنوز طفل صفت عقل من ہیولانی ست —

دوسری فصل

اردو لغات کے ذکر مین

ہاے با الف

ہاتھی دانت — ہاتھی کا دانت جسکو فارسی مین دندان فیل کہتے ہین —
ہاٹ — دوکان اور بازار —
ہار — پھولون یا موتیون کا مالا اور مات جو بازی شطرنج وغیرہ مین آجائے — مولانا اکبر — اگر جراحِ قیب روسیہ کے ہاتھ سے پہنا + گلے کے ہار ہو جائینگے ہم دلمین یقین رکھنا —
ہانس — گلے کی ہڈی جسکو ہانسلی کہتے ہین —
ہالون — یہ ایک تخم مشہور ہی جسکو حب الرشاد عربی مین کہتے ہین —
ہاتھ — فارسی مین دست عربی مین ید ہی — مولانا اکبر لاہوری — غیر کی مجلس مین جاؤگے اگر ای شمع رو + اپنی کھو بیٹھوگے تم تو قیر اپنے ہاتھ سے —
ہاتھی — مشہور چارپایہ ہی جسکو فارسی مین پیل عربی مین فیل کہتے ہین — حکیم محمد انور لاہوری — بہت سا رہے گا جہان مین نہ ٹھوڑا + نہ یہ پالکی اور نہ ہاتھی نہ گھوڑا —
ہانڈی — دیگ جسمین کھانا پکاتے ہین —

ہانسی — ہند مین مشہور شہر ہی —
ہاے — کلمہ افسوس ہی —

ہاے با تاے

ہتھوڑا — لہارون اور سنارون کا آہنی اوزار ہی —
ہتھیا — وہ شدت کی بارش جو موسم برسات کے اخیر مین ہوتی ہی فارسی مین اسکو بیل باران کہتے ہین —
ہٹ — ضد و اصرار کرنا ایک بات پر کھڑے ہو جانا —
ہتھیار — تلوار بندوق وغیرہ سامان لڑائی کا —
ہتھوڑی — لہارون کے چھوٹے آہنی اوزار کا نام ہی —
ہتھیلی — کف دست —
ہتھنی — فیل مادہ —

ہاے با جیم

ہیچکی — ایک بیماری ہی جسکو فارسی مین سکسکہ کہتے ہین —

ہاے با دال

ہڈی — فارسی مین استخوان عربی مین عظم —

ہاے با راے

ہرا — سرسبز لوتنہر و تازہ —
ہرنا — آہوے نر اور ہاتھی کا ہرنا فارسی مین جسکو خنگلے زرین کہتے ہین —
ہرنوٹا — ہرن کا بچہ عربی مین اسکو غزال اور فارسی مین آہوبرہ کہتے ہین —
ہڑ — ہلیلہ جو مشہور دوا ہی —
ہریاول — جس جگہ بہت سا سبزہ ہو —
ہڑتال — ایک کانی جو ہر ہی جسکو عربی مین زرنیخ کہتے ہین اور بند ہو جانا بازار کی دوکانون کا بسبب کسی فساد کے —
ہرن — مشہور جنگلی چارپایہ ہی جسکو فارسی مین آہو اور عربی مین ظبی کہتے ہین —
ہرکارہ — جاسوس جو دور دور سے خبرین لائے اور خطوط لیجائے —
ہریسہ — ایک کھانے کا نام ہی —
ہرنی — مادہ آہو —
ہرجائی — جسکو ایک جگہ قرار نہو — مؤلف — ایک مسکن مین نہین پاتا دل مضطر قرار + جیسے ہرجائی ہوا ہی یار ہرجائی مرا —

ہاے با زاے

ہزارہ — ملک پنجاب کی سرحدی ملک مین ایک پہاڑی کے علاقہ کا نام ہی —

ہاے با سین

ہُشش ہُشش - وہ آواز جس سے اونٹ کو بٹھلاتے ہین -

ہاے با کاف

ہکا بکا - متحیر و سراسیمہ حیران و پریشان -
ہکلا - جو بولنے پر بخوبی قادر نہو عربی مین اسکو الکن اور فارسی مین گنگاج کہتے ہین -
ہگوڑا - جو بار بار پاخانہ جائے -
ہگاسا - جسکو ہر وقت پاخانہ کی حاجت رہے -
ہگنتھی - پاخانہ پھرنے کی جگہ بیت الخلا -

ہاے با لام

ہلانا - حرکت دینا جنبش دینا -
ہلکا - جو بھاری اور وزن دار نہو -
ہلاس - تنباکو کو پیسکر جو ناک مین چڑھاتے ہین -
ہل - مشہور چیز ہی جس سے زمین قابل زراعت کرتے ہین -
ہل چل - اضطراب و بے آرامی -
ہلدی - زرد چوبہ جو مشہور چیز ہی -

ہاے با میم

ہمجولی - ہم سن ہم عمر دوست یار -
ہمیانی - روپیہ پیسہ ڈالنے کا کیسہ -

ہاے با نون

ہنڈیا - وہ دیگ جسمین کھانا پکاتے ہین -
ہنڈوانا - گدھے پر بٹھلا کر کسی مجرم کو شہر مین تشہیر کرنا -
ہنسیا - وہ شخص جسکو ہنسی کی عادت ہو -
ہنسراج - ایک گھانس کا نام ہی جو پانیون کے کنارے پر پیدا ہوتی ہی -
ہنسوڑ - ہنسنے والا آدمی -
ہنس مکھ - خندان و ظریف -
ہنڈی - ایک جگہ روپیہ دیکر دوسری جگہ بذریعہ تحریر ہنڈی دینے والے کی سے لینا یہ رسم ہند مین جاری ہی -
ہنسی - خندہ کرنا ظرافت کرنا -
ہنسلی - ایک زیور کا نام ہی جو گلے مین پہنتے ہین -

ہاے با واو

ہوّا - بہ تشدید واو وہ مہیب صورت جس سے خورد سال لڑکے ڈرین -
ہوس - خواہش اور چاہ اور باد یعنے ہوا -
ہوشیار - صاحب عقل و ہوش آدمی -

ہول - خوف و بیم -
ہول دل - دل کا دھڑکنا -
ہونٹھل - جسکے ہونٹھ پھٹے ہون -
ہوبہو - بعینہ ملتی ہوئی صورت -
ہونٹھ - لب انسان کے -
ہولے ہولے - آہستہ آہستہ -
ہولی - ہندوون کے ایک تہوار کا نام ہی -

ہاے با یاے

ہیجڑا - مخنث جو مردی سے بے بہرہ ہو -
ہیرا - مشہور قیمتی جواہر ہی جسکو الماس کہتے ہین -

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے ذکر مین

ہاے با الف

ہاے و ہو - شور و غوغا جو برپا ہو - ظہوری - بباغ طرب نیست یک نغمہ سنج + ز بس در غمش ہاے و ہو کردہ ایم -
ہاے ہاے - غم و مصیبت کیوقت بولا جاتا ہی - شیخ - دل بہتیو جو شیشہ شکستہ + از گریہ ہاے ہاے مارا -

ہاے با جیم

ہچ ہچ - بوسہ کی آواز - ملا فوقی یزدی - نمودہ از در عشرت سرکہ خوش کو کست + نواے ہچ و ہچ بوسہ باغزلخوانی -
ہچ کردن - راست کرنا علم کا اور درست کرنا منجنیق کا - ۵ گردون علم حکمت بربام تو ہچ کرد + بینی بخط خویش بکوس و علم اندر -

ہاے با راے

ہران کجا ہر کجا - ہر جگہ اور ہر موقع پر - میر معزی - از آتش جگر لب بدخواہ تست خشک + وز آب دیدگان رخ بدگوے تست تر + اے سر آن کجا کہ خلاف تو بگذرد + ہم آب دیدہ باشد و ہم آتش جگر -
ہر جا کہ پری وشے ست دیوے با اوست - مثل ہی یعنی جس جگہ بھلائی ہی برائی ساتھ لگی ہوئی ہی -
ہر چہ خوشتر ست - جو کچھ ہی خوشتر ہی خوب و پسندیدہ ہی - ظہیر فاریابی - گفتار تلخ زان لب شیرین نہ درخورست + خوش کن عبارتے کہ خلعت ہر چہ خوشتر ست -
ہر چہ از غیب میرسد نیکوست - جو چیز غیب سے پہونچے اچھی ہی

۵ - آنچہ ز دشمن رسد بد ہر نکو ست ۔ ہر چہ از غیب میرسد نکوست ۔
ہرج مرج - فتنہ و آشوب اور خلط ملط تشبیب و فراز - مسیح کاشی - من و خیال لبش ہرج مرج دہر نگر ۔ کہ گاہ ملک مگس میشود شکر زاری ۔
ہر چند - جسقدر ہر قدر - حکیم محمد انور لاہوری - بر حالت خویش تر مسارم ہر چند ۔ در چشم جہان ذلیل و خوارم ہر چند ۔ بر فضل خدا امید وارم ۔ انور ۔ بیکسی عاجز گناہگارم ہر چند ۔
ہر چہ از آسمان آید زمین بردارد - یعنی جو حاکم حکم کرے محکوم مانتا ہے ۔ رباعی - آنکہ غم ہر دو جہان بردارم ۔ بر دوش دل این بار گران بردارم ۔ ہر چہ از جانان و ام رسیل اندوہ چو زمین ۔ ہر چیز آید ز آسمان بردارم ۔
ہر چہ در دیگ ست بہ چمچہ بر می آید - مثل ہے ۔
ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانے دارد - مثل ہے ۔
ہر کجا دریا بود آب از جو بدریا میرود - رعیت کا مال بادشاہ کے خزانہ میں جاتا ہے ۔
ہر کہ از خدا نترسد از و باید تر سید - جو خدا سے ڈرے اس سے ڈرنا چاہیے - سعدی - زمستکبران دلاور مترس ۔ ہر ان کو نترسد ز داور بترس ۔
ہرزہ گرد - ہرزہ دو - بیفائدہ پھرنے والا - میرزا بیدل - گرد نفس آئینہ دار آبروست ۔ چون ہوا از ہرزہ گردی منفعل شد شبنم ست - طاہر غنی - فارغ نیم ز ہرزہ دوی ہمچو آسیا ۔ بیہودہ ملاے خویش بدامن کشیدہ ام ۔
ہرلیسہ پز - وہ شخص جو ہرلیسہ پکاتا ہے ہرلیسہ گر بھی اسکو کہتے ہین - سیفی - خوش نعمتی ست وصل جوان ہرلیسہ پز ۔ مائیم و ہر صباح دکان ہرلیسہ پز - فوقی یزدی - شنیدہ ام کہ فضولے از خام طمعیا ۔ بدیع کردہ جقندر کہ من ہرلیسہ گرم ۔
ہرزہ مرس - بیہودہ گرد خراب آدمی - علی خراسانی - بر سر کوی توا ز کثرت فریاد رقیب ۔ شب ہمہ شب چو سگ ہرزہ مرس میگردد ۔
ہرزہ نال - ہرزہ جنگ - ہرزہ خند - ہرزہ خرج - ہرزہ دوست - انکے معانی قریب الفہم ہین - صائب - نیم از ہرزہ نالان چون جرس در راہ عشق او ۔ بمنزل میرسلم کارد نہان ۔ آقا شاپور - چہ در رست دگر چشم ہرزہ جنگ ترا ۔ کہ لبستہ راہ تبسم دہان تنگ ترا - صائب - بچشم ہرزہ خرج ہیچ دخل در نمی آید ۔ چہ حاصل زین کہ بر من مسخر کرد دریا را - ابو طالب کلیم - ہر تنک ظرف ست مینا ہرزہ خند افتاد جام ۔ بد حریفانند دیگر

میکشی تنہا خوش ست ۔
ہر زمان - ہر وقت ہر گھڑی دن رات - توحید - گردن فرمانبری خم دار بیش ذوالجلال ۔ ہر زمان ہر ساعت ہر وقت ہر شام و صباح ۔
ہر کہ - ہر واحد اور ہر شخص اور ہر کس - محسن تاثیر - ہر گلِ ہر کہ شاہد بے نیاز بہائے اوست ۔ رونق گلشن ز ناز باغبان معلوم شد ۔
ہر چہ - ہر چیز اور ہر قدر - نظامی - ہمی ہر چہ زور آورد اہرمن دیو نژاد ۔ قوی دست گردد کہ دستش مباد ۔
ہر جائی - جسکو ایک جگہ قرار نہو - محسن تاثیر - بیدل حریف شیوہ ہر جائی تو نیست ۔ مستانہ جلوہ کن و ما را ز ما بر آر ۔
ہر کارے و ہر مردے - ہر ایک کام ہر ایک مرد کے واسطے - میرزا بیدل - یا زاہد طریق صلح کل ہم عالمے دارد ۔ تو و تسبیح ما و میکشی ہر کار و ہر مردی ۔
ہر ہمہ و ہر یک و ہر یکے - معانی انکے معلوم ہین - امیر خسرو - عالم مطلق نہ بتعلیم کس ۔ ہر ہمہ زو یافتہ تعلیم و بس - نظامی - چگونید ہر یک درین داستان ۔ کہ دولت نہ پیچد سر از راستان - ولہ - یکے تو ملا بندہ ہر یکے ست ۔ ہمہ ہستی از ملک او اندکے ست ۔
ہرزہ درای - ہرزہ زبان - ہرزہ گو - ہرزہ لای - جو آدمی بے صرفہ گو ہو - طالب آملی - شب دراز ست مکن ہرزہ درائی طالب ۔ تا دم نالہ مرغان سحر خوان برسد - صائب - در کاروان ما جرس قال و قیل نیست ۔ راہ سخن بہرزہ درایان نمیدہیم - حکیم سنائی - ہر کہ او شعر ترا گوید جواب از اہل عصر ۔ ہرزہ دا و آنکس نماید ہرزہ گوی ہرزہ لاے ۔

ہائے با زاے

ہزار اسپ - ہزار ہ بر سنام دو قلعون کا خراسان میں اور ہزار اسپ یک قلعہ ملک خوارزم مین بھی ہے - انوری - ای شاہ ہمہ ملک جہان حسب تراست ۔ دو دولت و اقبال جہان کسب تراست ۔ بیک حیلہ ہزار اسپ بگیر ۔ فردا خوارزم و صد ہزار اسپ تراست ۔
ہزار جریب - ایران مین ایک باغ ہے جسکی زمین ہزار جریب ہے اور شاہ عباس نے تعمیر کیا تھا - محسن تاثیر - چہ حاجت ست بگلگشت باغ اسیران را ۔ قفس ہزار جریب است عندلیبان را ۔
ہزار ہیچو و سکا و یا یبہ در شکم ست - یعنی وہ شخص پہلے سے ہزار مرتبہ بہتر ہے - محمد سعید اشرف - قدِ نگار من و شمع گر چہ ہم باشند ۔ ہزار ہیچو و لیکن بیبہ در شکم باشند ۔

ہزار میخ - ایک قسم کا فرقہ درویشوں کا جو طرح طرح ٹکڑے کپڑے کے اسکو لگاتے جاتے ہیں - **میر خسرو** - چو گشت نغمہ مرغان صبحگاہ بلند + ہزار میخی شب برخود آسمان بدرید -

ہزار اسفند - سداب کوہی جو ایک گھاس ہی -

ہزر برانداز - بہادر پہلوان - **عرفی** - چو جعد شاہد دولت بدست عزت داشت + رکاب شاہ پلنگ افگن و ہزر برانداز -

ہزار آواز - بلبل جو مشہور جانور ہی -

ہژدہ ہزار عالم - اٹھارہ ہزار عالم مخلوقات -

ہزار آستین - گوریا کیونکہ ہر شعبہ اس سے بمنزلہ آستین ہی -

ہزار افشان - انگور کا جنگلی درخت -

ہزار پیرہن گوشت گرفتن - بہت سا موٹا ہو جانا - **شانی تکلو** - دوش ہزار پیرہن گوشت گرفتہ ام کہ گفت + پارہ استخوان شدہ شانی وردمندما -

ہزار رنگ برآمدن - طرح طرح کے رنگ دکھلانا اور اپنے آپ کو آراستہ کرنا - **سلیم** - ہزار رنگ برآمد بہ پیش روے تو گل + ولی نشد کہ تواند نمود رنگ ترا -

ہزار ستون - وہ عمارت جو محمد تغلق بادشاہ نے تعمیر کی تھی - **بدر چاچی** - نہ سقف بے ستون کہ گشتش ہنوز شد تمام + در گوشہ ہزار ستون تو مضمر است -

ہزار داستان - بلبل -

ہزار پیشہ - وہ ایک چیز جو بہت سے کام آئے مثلاً ایک کارد جسکے دستہ میں مقراض وغیرہ اوزار کارآمد رکھے گئے ہوں - **صائب** - چہ غم تہی اگر از بادہ جام و شیشۂ ماست + کہ چشم پرنم ساقی ہزار پیشۂ ماست -

ہزار چشمہ - دنبل جسکو سرطان کہتے ہیں اکثر پشت پر انسان کے نکلتا ہی اور یہ پھوڑا اکثر مہلک ہوتا ہی -

ہزار خوابہ - بہت سی سونے والی آنکھیں - **میر خسرو** - بعد ہزار شب ہم اکنون شبے بخسپید + این دیدہ کہ شبہا بودی ہزار خوابہ -

ہزار دانہ - ہزار دانہ کی تسبیح - **جمال الدین سلمان** - نہ چرخ ہزار دانہ گردان + در حلقۂ ذکر خانقاہت -

ہزار پایہ - ایک زہریلے کرم کا نام ہی جسکے بہت سے پاؤں ہوتے ہیں ہندی میں اسکو کنسلائی کہتے ہیں -

ہزار پائی - کنسلائی جسکا ذکر تحریر ہو چکا - **کمال اسمعیل** - ترسم کہ چون دراز شد این شعر ہمچو کس + در گوشش خانشین رود ہمچون ہزار پای -

ہاے باسین

ہستی فروش - وہ شخص جو اپنے اوپر اثبات ہستی کا کرے اور حقیقت میں ایسا نہو - **ظہوری** - توی گشتہ روت دوائی بحر + ز ہستی فروشان فنائے بحر -

ہستی موہوم - ہستی دو روزہ - ہستی دہ روزہ - حیات چند روزہ -

ہست و بود کردن - موجودہ چیز پر کفایت کرنا - **طالب لاری** - یک بوسہ دار ہیش نباشد دہان یار + باید برائے قوت دل ہست و بود کرد -

ہستی جاودانہ - ہمیشہ کی زندگی - **قطعہ** - حق ترا داد ملک و دولت و مال + سلطنت در زمانہ بخشیدت + ذکر نکو نامی و نکو کارے + ہستی جاودانہ بخشیدت -

ہاے باشین

ہشت مشت - لڑنا آپس میں لات مکا طمانچہ ایک دوسرے کو مارنا

ہشت بہشت - آٹھ بہشت جنکے اسامی یہ ہیں - خلد - دار السلام - دار القرار - جنت عدن - جنت الماوی - جنت النعیم - علیین - فردوس -

ہشت صفات - آٹھ صفتیں انسانی - معرفۃ اللہ خدا کو پہچاننا - علم دین پڑھنا - شکر ہر حالت میں کرنا - رضامند بقسمت ازلی ہونا - صبر بلا و قلت رزق پر کرنا - خدا کے حکم کو تعظیم کے ساتھ ادا کرنا - خدا کی خلقت پر شفقت کرنا - عفت و عصمت و دیانت و امانت کے ساتھ زندگی بسر کرنا - مرگ کو ہر وقت یاد رکھنا -

ہشت گنج - آٹھ خزانے خسرو پرویز کے جو اسکے پاس جمع تھے - گنج افراسیاب - گنج عروس - گنج باد آورد - گنج بازو - گنج دیبۂ خسروی - گنج سوختہ - گنج خضرا - گنج شاد آورد -

ہشت و چار چشم فلک - بارہ بروج -

ہشتن - چھوڑنا -

ہاے بافا

ہفت آسیا - سات آسمان - **صائب** - کیم من وجہ لہو رزق ہمچو من موسرے + کہ بار خاطر این ہفت آسیا شدہ ام -

ہفت اعضا - انسان کا تمام بدن سر مع گردن - سینہ مع اسکے متعلقات کے - پشت مع آلت تناسل - دونوں ہاتھ - دونوں پاؤں -

ہفت دریا - سات سمندر - دریاے اخضر - دریاے عمان - دریاے

قلزم جسکو بحر احمر بھی کہتے ہین سدر یکے بربر دریائے اد قیانوس دریائے قسطنطنیہ یعنی بحر الروم دریائے اسود سعدی۔ سنگ بدریائے ہفتگانہ بشو + چونکہ تر شد پلید تر گردد ۔

ہفت قرا ۔ سات قاری قرآن پڑھنے والے جو علم قرأت کے امام تھے اول نافع دوسرے ابو عمر تیسرے ابن عامر چوتھے عاصم پانچوین حمزہ چھٹے کسائی ساتوین عبد اللہ ابن کثیر ۔

ہفت اژدہا ۔ سات ستارے آسمانی ۔ زحل و مشتری و مریخ و شمس و زہرہ عطارد و قمر ست ۔

ہفت بنا ۔ سات آسمان ۔ منہدم گر شود کنون چہ عجب + کہنہ گشت ست کاخ ہفت بنا ۔

ہفت چشمہ بہشت ۔ کوثر کافور سلسبیل تسنیم معین زنجبیل رحیم ۔

ہفت در ہفت ۔ مبالغہ زینت و آرائش مین ۔ خاقانی ۔ بہشت بیتو بہشت اندرین سہ غرفہ مغز + بہفت حجلہ نور اندرین دو حجرہ خواب

ہفتاد و ہفت ۔ معانی قریب الفہم ہین ۔ نظامی ۔ چو ہنجوان خضر در ین طرف جوے + بہفتاد و ہفت آب لب را بشوے ۔

ہفت و ہشت ۔ فساد جھگڑا لڑائی ۔

ہفتاد و دو ملت ۔ بہتر مذہب جو اسلام مین رائج ہین چنانچہ اہل سنت و شیعہ امامیہ و رافضیہ و خارجیہ و قدریہ وغیرہ مگر زمانہ حال مین ایک مذہب اور ایجاد ہوا جنکو وہابیہ کہتے ہین اور وہ کسی امام کے پیرو نہین اپنے آپکو اہل حدیث و موحد کہتے ہین دوسرا نیچریہ جسکے موجد سید احمد ہین انکے خیالات اور یہی وضع کے ہین جو قرآن اور حدیث سے برخلاف ہین ۔

ہفت دوزخ ۔ ایک دوزخ سات طبقون مین منقسم ہی سقر سعیر لظی حطمہ جحیم جہنم ہاویہ ۔

ہفتاد و دو شاخ ۔ بہتر مذہب ۔

ہفت اختر ۔ سات ستارے آسمانی ۔

ہفت کشور ۔ سات ولایتین چین ترکستان ہند توران ایران روم و شام ۔

ہفت پرکار ۔ سات آسمان ۔

ہفت پیکر ۔ سات ستارے ۔

ہفت حجلہ نور ۔ سات طبقے آنکھون کے ملتحمہ ۔ قرنیہ عنبیہ عنکبوتیہ شبکیہ مشیمیہ صلبیہ ۔

ہفت در ۔ ہفت دربار ۔ ہفت دور ۔ ہفت قلعہ خیبر سات قلعہ خیبر کے کتیبہ ناعم شق قموص نطاة وطیح سلالم ۔

ہفت جوش ۔ سات دھاتین ملا کر جو چیز بنائی جاے اور سات دھاتین یہ ہین زر نقرہ تانبا جست لوہا سکہ قلعی ۔ محمد سعید اشرف چار آئینہ چیا ۔ کان بدن + باشمشیر ہفت جوش گردون چہ کند ۔

ہفت خط ۔ سات طرح کا خط اول خط جور دوم خط بغداد تیسرا خط بصرہ چوتھا خط ازرق پانچوان خط اشک چھٹا خط کاسہ گر ساتوان خط فرو دینہ ۔

ہفت محیط ۔ سات سمندر ۔

ہفت سبع ۔ سات منزلین قرآن کی ۔ سعدی ۔ اگر خود ہفت سبع از بر بخوانی + چو آشفتی الف با تا ندانی ۔

ہفت اورنگ ۔ سات ستارے اور سات رنگ سیاہ سپید سرخ سبز زرد کبود عباسی ۔

ہفت ہیکل ۔ ایک ہفت روزہ دعا کا نام ہی ۔

ہفت امام ۔ سات امام امام اعظم ابو حنیفہ کوفی امام شافعی امام مالک امام احمد حنبل امام ابو یوسف امام محمد امام زفر ۔

ہفت لاے چشم ۔ ہفت پردہ چشم آنکھونکے سات پردے ۔

ہفت قلم ۔ سات طرح کا خط ثلث محقق توقیع ریحان رقاع نسخ تعلیق ۔

ہفت اندام ۔ جسم انسان کا دل جگر سپر زہ شش زہرہ معدہ دماغ انسان کا اور نام ایک رگ کا ۔

ہفت اقلیم ۔ سات ولایتین سرزمین جو سات ستارون کے ساتھ تعلق رکھتی ہین ۔

ہفت سلام ۔ سات سلام جو قرآن شریف مین ہین اول سلام قولا من رب الرحیم دوسرا سلام علی ابراہیم تیسرا سلام علی نوح فی العالمین چوتھا سلام علی موسی و ہارون پانچوین سلام علی الیاسین چھٹے سلام طبتم فادخلوہا خالدین ساتوین سلام ہی حتی مطلع الفجر ۔

ہفت طارم ۔ سات آسمان ۔

ہفت خوان ۔ جب کیکاؤس مازندران مین قید تھا اور رستم اسکی رہائی کے واسطے گیا سات دن مین مازندران مین پہونچا اور کیکاؤس کو رہائی دلوائی راستے مین جو صعوبتین اسکو ہوئین انکو ہفت خوان عجم کہتے ہین ۔ دوسرے جب ارجاسپ بادشاہ توران نے اسفندیار کی بہنون کو قلعہ روئینہ دژ مین قید کیا اور اسفندیار اسوقت باپ کی قید مین تھا جب خلاص ہوا ہفت خوان کے راستے سے جیسے مصائب اٹھا کر روئینہ دژ مین پہونچا اور ارجاسپ کو مار کر اپنی بہنون کو

خلاص کرلایا ان سات منزلون کو جو راہ مین اسکو طے کرنی پڑین ہفت خوان اسفندیار اسکو کہتے ہین - محمد سعید اشرف - گرد سفید موے چو زال اولین قدم + رستم اگر نکند از ہفتخوان برف -

ہفت مردان - رسول صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر عمر عثمان علی المرتضیٰ حسن حسین علیہم السلام -

ہفت زمین - سات ولائتین -

ہفت خواہران - سات ستارے -

ہفت الوان - وہ خوانچہ جو عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان سے اترا اور وہ سات قسم کا کھانا تھا نان نمک مچھلی سرکہ شہد روغن ترہ یعنے سبزہ -

ہفت تنان - اصحاب کہف جو گنتی میں سات ہین اور سات قسم کے ولی اللہ غوث قطب اوتاد ابدال نقبا نجبا فضلا -

ہفت سلطان - سات شاہنشاہ ظاہری و باطنی حضرت امام رضا شاہ خراسان سلطان ابراہیم بن ادہم سلطان بایزید بسطامی سلطان ابوسعید ابوالخیر سلطان محمود غزنوی سلطان سنجر سلطان اسمٰعیل سامانی -

ہفت پشت کسے را بسنگ آبی رسانیدن کسیکو تعریف وغیرہ سے خوش کرنا اغراق و مبالغہ کا ذہ کے ساتھ سراہنا - محمد سعید اشرف - مون کجا او اختلاط آن سگ کو کز شرف + با سگ آبی رساند ہفت پشت خویش را -

ہفت پردہ - سات آسمان اور سات پردہ آنکھون کے -

ہفت خلیفہ - ساتوان عضو باطنی دل جگر شش زہرہ تپز معدہ دماغ -

ہفت طبقہ - آنکھون کے سات پردے -

ہفت میوہ - کشمش انجیر شفتالو خرما آلو سیب انگور - میرزا ملک مشرقی - چندین دل شکستہ رسوا المزاج غم + بیمار ہفت میوہ این سینہ ملازم ست -

ہفت کوہ - سات پہاڑ جو بہت بڑے شمار کیے جاتے ہین ایک کوہ قاف دوسرا کوہ دماوند تیسرا کوہ سراندیپ چوتھا کوہ گلستان نواحی طوس مین پانچوین کوہ ورن ممالک مغرب مین چھٹا کوہ لزکیان جسکو فتق بھی کہتے ہین ساتوان کوہ چین جسکو کوہ ہمالہ بھی بولتے ہین اس پہاڑ مین بڑے بڑے ملک اور ریاستین مثل کشمیر و تبت و کابل وغیرہ ہین -

ہاے با لام

ہلال رکاب - صاحب رتبہ و اقتدار - سے - زاوج چرخ سرین مہر و مہ شود حاضر + بیاے بوسیت ای سرور ہلال رکاب -

ہلال کمان - بادشاہون کی تعریف مین بولا جاتا ہے - سید حسین عرفی - ستارہ جیش و زحل ہیبت و سہیل کمین + شہاب رمح سہانا وک و ہلال کمان -

ہلال ابرو - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین - جمال الدین سلمان - بہ بنما بد شاہد عیدے ہلال ابرو جمال + سوے ساقی میکند ایما بابروے ہلال -

ہاے با میم

ہمانا - شاید - گویا - گمان غالب کے موقع پر بولا جاتا ہے بیشک لاریب - سعدی - کہ پندارم ز عقل بیگانہ + نہ مستی ہمانا کہ دیوانہ -

ہمتا - برابر و مثل و مانند -

ہمپا - ہمراہ و مددگار - صائب - وقت آن دیوانہ خوش کز شہر چون میشد بردن + نعرہ زنجیر جنون با آن کسے ہمپا شدے -

ہمدست - شریک و ہمدم و متفق - طالب کلیم - بقتلم غمزہ خونریز را ہمدست مژگان کن + چہ سود از تیغ تنہا گر نباشد کارفرمائش -

ہم صحبت و ہم نشست - مصاحب و حاضر باش - سعدی - بشنو ای خردمند از ان دوست دست + کہ با دشمنانت بود ہم نشست -

ہمہ جا خانۂ عشق ست چہ مسجد چہ کنشت یعنی ہر جگہ عشق کا ظہور ہے - سے ہمہ جا مسکن دل ار چہ دوزخ چہ بہشت + ہمہ جا خانۂ عشق ست چہ مسجد چہ کنشت -

ہم آورد - دو حریف جو آپس مین لڑ رہے ہون - میر صیدی - بہتر از خویش ہم آورد ندارد صیدی + مدام بر دوشت ز تاول نبرد آگاہی -

ہمداماد - ہمریش - ہمزلف - عورت کی بہن کا خاوند ساڑھو -

ہم خوند - ایک مالک کے دو نوکر خواجہ تاش -

ہم نبرد - جو آپس مین دو شخص جنگ کرتے ہون -

ہمایون شکار - اچھے شکار کھیلنے والا - شیخ العارفین - امروز طبع دری فکر بلند نیست + شہباز ما ہمیشہ ہمایون شکار بود -

ہمسر - برابر و ہم رتبہ - فوقی یزدی - جہ خوش باشد شود گر ہمسر ما + قضا او را باید شوہر ما -

ہمشیرۂ انگور - شراب انگوری - جمال الدین سلمان - ظاہرا ہمشیرۂ انگور بود در ازل + آب حیوان کو کفیل عمر جاویدان شدہ -

ہمکار - ہم پیشہ و ہم کسب - مسیح کاشی - بے ستون سینہ را ناخن کند روے مسیح + بجشیم کم مبین ہمکار فرہاد ست این -

ہمگیر - ثابت و قایم ہونے والا ملنے والا - محسن تاثیر - حسنت بخط سبز چو ہمگیر میشود + فرمان رواے خطۂ کشمیر میشود -

ہموار - برابر و یکسان - صائب - این دو رو نند روی ہمت کہ ہمواری رود

از دل + این داغ نہ داغی ست کہ ہموار توان کرد -
ہم آواز - جن دو شخصوں کی ایک آواز ہو - صائب - جیب و داماں فلک پر میشد از گفتار من + در سخن صائب ہم آواز ے اگر میدا شتم
ہمچو روز - دن کیطرح بہت روشن اور ظاہر و آشکارا - ظہوری - بزیر پردۂ ایام ہیچ راز نماند + کہ ہمچو روز نشد بر دل منور او -
ہمراز - دو شخص جنکا بھید ایک ہو -
ہم نفس - رفیق و ہمراز -
ہم سلک - سمدھی جنکے لڑکی لڑکا آپسمین بیاہے ہوے ہون -
ہم آہنگ - موافق و برابر -
ہمسنگ - برابر و ہموزن -
ہم تگ - ہم پا برابر چلنے والا -
ہم قلم - دو شخص جو تحریر مین شامل ہون - سعدی - دو ہمجنس بر یکدیگر و ہم قلم + نباید فرستاد یکجا بہم
ہمدم - رفیق دوست آشنا -
ہمت بکسے کردن - اعانت و امداد کرنا - شاہی سبزواری - قدم بکوے وفا مردوار نہ شاہی + کہ پیر عشق چنین کرد با تو ہمت خویش -
ہمداماں - ہم ردیف یعنے ساتھ ہو -
ہمراہی کردن - کسیکے ساتھ برابری کرنا ساتھ جانا - حافظ - شبے با عارضش مہ ہمرہی کرد + دگر شب دیدمش قالب تہی کرد -
ہمقران - ہمقرین - بہت نزدیک - نصیرای بدخشانی - بدور حسن تو در عشقبازی چون مثل گشتم + براہ عاشقی کس را ندیدم ہمقرین خود -
ہمگنان - جماعہ حاضرین - ظہوری - ہیچ از ہیچکس دریغ نداشت + ہمہ از بہر ہمگنان آورد -
ہمیدون - ہمچنین ایسی ہی - نظامی - ہمیدون و برین چشم روشن دماغ + ابوبکر شمع ست و عثمان چراغ -
ہمداستان - ہمکلام و ہم صحبت -
ہمعنان - ہمراہ چلنے والا -
ہمچو - یہ افادہ تشبیہ کرتا ہی مفرد ہو خواہ مرکب فارسی مین ہمچنین کے معنی بھی دیتا ہی - سلیم - لذت دشنام او دل میبرد از کف سلیم + ہمچو شیرینی ندیدم کو تلخی دل برد -
ہمترازو - ہم پلہ ہم وزن ہم مرتبہ -
ہمراہ - رفیق راستہ کا بدرقہ - سعدی - ہمراہ اگر شتاب رود ہمرہ تو نیست + دل در کسے مبند کہ دل بستہ تو نیست -
ہمسایہ - جسکا گھر پاس پاس ہو -
ہمہ - سب تمام - سعدی - ہمہ در ہوائے ہوس ساختی + دمے با مصالح نپرداختی -
ہمخوابہ - جو ہم بستر ہو -
ہم پشتی - امداد و تقویت -
ہمزولی - ہم عمر و ہم سن جسکو ہندی مین ہمجولی کہتے ہین -
ہمکاری - ہم پیشگی -

ہاے با نون

ہنوز دہلی دور ست - ابھی اس کام مین توقف ہی مثل ہی -
ہنر پیوند - ہنر خداوند - ہنر سنج - ہنر پیشہ - ہنرمند - ہنرور - ہنری - صاحب ہنر - **ہنر پرداز** - صاحب ہنر کو کہتے ہین جو کوئی ہنر جانتا ہو - میر خسرو - خیرہ شد طوطی ہنر پرداز + داد صیاد خویش را آواز - ابو طالب کلیم - دل زیب و زینت گشتی ہنر پرور نہ بست + غیر نقش بوریا بر خویشتن زیور نہ بست - سعدی - شبے سر فرو شد باندیشہ ام + بدل بر گذشت آن ہنر پیشہ ام - میر خسرو - شاہ گفتا کہ آن ہنر پیوند + نہ بہ تنہا اساس کار افگند - ولہ - چون بدیدند آن ہنرمندی + خیرہ شد زان ہنر خداوندی - سعدی - ہنرور چو بخشش نباشد بکام + بجائے رود کش ندانند نام - معزی - گشادہ بندہ معزی در خزانہ شعر + نمودہ گوہر حکمت ز خاطر ہنرے -
ہندسہ باز - مکار و فریبی -
ہنر فروش - اپنے ہنر پر فخر کرنے والا اور ہنر بیچنے والا - ابو طالب کلیم - کمال کسب کن اما ہنر فروش مباش + کہ ہست اہل ہنر را ہنر فروشی عیب -
ہندوانہ از ترس افگندن - نہایت خوف اور دہشت سے ہگ دینا - آرزو - انداز داز مہابت او ہندوانہ فیل + گر گمترین غلام تو گوید باو ہری -
ہندوے دریا نشین - قلم جس سے لکھتے ہین -

ہاے با واو

ہوش افزا - دانا اور لائق آدمی -
ہوا پرست - جو اپنے مطلب کا یار ہو - طالب آملی - طالب ز ہوا پرستی ہند + برگشت و سوے مطالب آمد -
ہوس آباد - ہوس پخت - ہوس پرور - ہوس پیشہ

ہوس پیشہ - ہوس خانہ - انکے معانی قریب الفہم ہین - طالب آملی - چند با عشق ازل طوف ہوس خانہ کنم + در حرمگاہ ہوس جلوہ پروانہ کنم - میر خسرو - ہوس پیشہ چون آدمی نیست کس + کہ دارد بنا دیدن بر ہوس - عرفی - قصیدہ نظم ہوس پیشگاہ بود عرفی + نوا ز قبیلۂ عشقنے و لطیفات غزل ست - زلالی - کہ اگر وسعت طراز سینہ تنگ + ہوس بخت فضاے دشت فرسنگ -

ہشیار مغز - دانا و لئیق -

ہوا پست کردن - کم کرنا آرزو نفس کا - زلالی - ہواے بید باغی پست گردان + رضا را با قضا ہمدست گردان -

ہوا خوردن و ہوا یافتن - تصرف کرنا ہوا کا مزاج مین - صائب - با دم جان پرور شمشیر عادت کردہ است + از دم عیسی ہوا یابد دل بیمار من - میر مہدی - آن چشم ناتوان غم مردم کجا خورد + ہرگز بہ کار کشتن نگہ خود ہوا خورد -

ہوا در گرہ بستن - ہوا پیمودن - بیجا اور لغو حرکت کرنا -

ہوا زدن - پہونچنا ہوا کا - ظہوری - تا ہواے تو در دماغ بزد + لب در آستان باغ بزد -

ہوا شگفتن - موسم بہار کا آنا - صائب - بسیار شگفت ست ہواے چمن امروز + ترسیم کہ ما از دل تنگ برآرد -

ہوا گرفتن - پرواز کرنا - میرزا صائب - ز خاکدان تعلق گرفتہ ایم ہوا + غبار دست ندارد بطرف دامن ما -

ہوا خوردن بادہ - تصرف کر جانا ہوا کا شراب مین اسکی کیفیت کا خراب ہو جانا - صائب - رنگ نماند در لبش از نفس سر دگان بادہ ہوا چو میخورد پا بر کاب میشود -

ہوا شدہ - جو چیز ہوا مین مل گئی ہو - میرزا بیدل - آفتاب طلب شبنم ہوا شدہ را + دل رسیدہ ما را ز ما چہ میجوئی -

ہاے بایاے

ہیچ و پوچ - خراب و ناکارہ و مہمل و بے مغز لغو بے معنی - محسن تاثیر - گرد پہلو خالی از ما یار دیرین چون حباب + نزد ہیچ و پوچ برہم ربط چندین سالہ را -

ہیچ مرد - ناکارہ اور خراب آدمی ضعیف و زبون و عاجز - نظامی - جہانی آن کسے راست کو در نبرد + ز مردی نگذاشت بر ہیچ مرد -

ہیر مند - آتش پرست اور لقب گشتاسپ کا -

ہیچکس - ناکارہ و ناقص و ناکس و کمینہ - حکیم شفائی - سلب بدنام چو تو ہیچکس نکشایم + ظلم بر ہجو تو بر طبع سخندان نکنم -

ہیزم کش - وہ شخص جو آگ مین لکڑیان ڈالے تا آگ جلتی رہے - سعدی - میان دو کس جنگ چون آتش ست + سخن چین بدبخت ہیزم کش ست -

ہیچدان - ہیچدان - احمق بیوقوف - ظہوری - بسکہ ہر چیز از نئے شوق تو بیخود گشتہ است + لب بتصیف تو بکشاد دست عقل ہیچدان -

ہیمہ دان - جس جگہ لکڑیون کا انبار لگایا ہوا ہو - علی خان موجی - دودش ہیمہ دان مطبخ فکر + بخت شعرے کہ وصف حالی شد -

ہیزم تر فروختن و ہیمہ تر فروختن - خراب کام کرنا کھوٹا پن کرنا - صائب - در محبت لب خشک و مژہ تر بالیست ہیزم تر نفروشند ز مسواک اینجا - درویش والہ ہروی - در گریہ ام چہ راحت وصل وچہ سوز ہجر + نفروخت کس بعشق چو من ہیمۂ تری -

ہیضہ زدن - قی اور اسہال کرنا بسبب بدہضمی طعام کے - مسیح کاشی - ای مرد قناعت ست خواہش پی کن + منقطع نظر از حاصل وجہ رے کن + زنہار شکوہ کہ کرس سخوری بر سرہم + گو ہیضہ زن و گیشت عالم قی کن -

ہیکل بستن - فوت ہونا مرجانا - فردوسی - در آن خانہ شہنشاہ یزدان پرست + فرود آمد از اسپ و ہیکل ببست -

ہیاہو - شور و غوغا و ہاے ہو - عبد اللہ ہاتفی - چو از آب آمو گذشت آن سپاہ + برآمد ہیاہو ز ماہی بماہ -

ہیچکارہ - نکما - و بے اعتبار آدمی - سہ - در فکر آن دہانم و دریاد آن کمر + چون من بروزگار کسے ہیچکارہ نیست -

ہیربد - آتشخانہ آتش پرستون کا - میر معزی - در ہیربد گر نہ مدیح تو بخوانند + بیزار شود ہیربد از زند و زبا ژند -

چوتھی فصل

محاورات و اصطلاحات اردو کے بیان مین

باے بالالف

ہاتھا پائی کرنا - مار پیٹ زد و کوب کرنا دھول دھپا -

ہاتھ اتر جانا - ہاتھ کے جوڑ کا اپنی جگہ سے بے جگہ ہو جانا -

ہاتھ اٹھا کے دینا - خوشی کے ساتھ دینا -

ہاتھ اٹھا کے کوسنا - ہاتھ اٹھا اٹھا کر بد دعا دینا - نظیر - ہاتھ اٹھا کر وہ کوسنے جو لگے + واہ رے ہم سمجھے دعا سمجھے -

ہاتھ اٹھانا - ہاتھ اونچا کرنا دعائیں مانگنا سلام کرنا مارنا -

وستہ بردار ہونا۔ **ذوق**۔ نائل کبھی نہ تو نے اٹھائے ہزار حیف + آکر مزار کشتۂ تیغ نظر پہ ہاتھ۔ **سحر**۔ رازپوشی سے کبھی ہاتھ اٹھایا نہ گیا + نبض دکھلا کے مرض اپنا بتایا نہ گیا۔

ہاتھا چھانٹی کرنا۔ کسی سے لیکر نہ دینا قرض نہ ادا کرنا بدمعاملگی کرنا چوری کرنا۔

ہاتھ آنا ہاتھ لگنا۔ قبضے میں آنا وصول ہونا۔

ہاتھ اونچا ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔

ہاتھ باندھنا۔ ہاتھ جوڑنا منت کرنا۔ حکیم محمد انور۔ وہ ستمگار لات مارتا ہے + جسقدر بندہ باندھتا ہے ہاتھ۔

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا۔ حاضر وموجود رہنا **قطعہ** بسند حسن یہ۔ بیٹھا ہے وہ مہوش جیسے + ایک عالم در دولت پہ کھڑا رہتا ہے۔ پاؤن دابے ہے کوئی مارے خوشامد کے کوئی + ہاتھ باندھے ہوئے خدمت میں کھڑا رہتا ہے۔

ہاتھ بڑھانا۔ لینے دینے کے لیے ہاتھ لمبا کرنا کسی امر میں دخل دینا۔

ہاتھ بکانا۔ ہاتھ بکنا۔ عہد وپیمان کرنا کسیکے ہاتھ فروخت ہوجانا غلام ہونا۔ **مؤلف**۔ خوبرو جو تھے اس بازار میں + مثل یوسف بک گئے وہ انکے ہاتھ۔

ہاتھ بند ہونا۔ تنگ ہونا مفلس ونادار ہونا۔ مولانا اکبر الہٰ آبادی۔ حق تلاش تجکو بخشیگا ضرورت تنگدستی میں نہ رکھنا لکو تنگ + جب خزان بلبل سے ہی گلزار سے + تازہ آجاتا ہے گلزار وے گل پہ رنگ۔

ہاتھ بھرجانا۔ ہاتھ تھک جانا خون اتر آنا۔ ہاتھ بھاری اور سن ہوجانا کسی چیز سے آلودہ ہوجانا۔

ہاتھ بھر کا دل ہوجانا۔ خوشی سے دل بڑھ جانا۔

ہاتھ بھر کی زبان ہوجانا۔ زبان دراز ہوجانا۔

ہاتھ بیٹھنا۔ جمنا۔ کوئی کام کرنے لگنا محاورہ ہوجانا کام سے واقف ہوجانا۔

ہاتھ پانی لینا۔ آبدست لینا واستنجی کرنا۔

ہاتھ پاؤن بچانا۔ چوٹ نہ لگنے دینا۔

ہاتھ پاؤن بھول جانا۔ حواس قائم نہ رہنا کسی خوشی یا خوف سے گھبرا جانا۔ **قطعہ از مؤلف**۔ باغ میں جبکہ یا وہ غیرت گل + راگ سب بلبلوں کو بھول گئے + ہوگئیں بند سربسر کلیان + پھول کے ہاتھ پاؤن بھول گئے۔ **جرأت**۔ ابھی باتیں ہی بنا کر دست و پا بھولے مرے یار و یہ دھڑکا ہے جب اس گلرو کو کہلاؤ گے تو کیا ہوگا۔

شوق۔ تم بھی صاحب نصیب بلتیک ہو + خود وہ آتی ہیں لو مبارک ہو + شمع کی یہ ہاتھ پاؤن بھول گئے + رنج فرقت تمام بھول گئے

ہاتھ پاؤن توڑنا۔ خوب مارنا محنت کرنا۔

ہاتھ پاؤن ٹوٹنا۔ اعضا شکنی ہونا درد ہونا۔ **ناسخ**۔ محتسب نے میکدہ میں کیا کوئی توڑا ہے خم + ٹوٹتے ہیں آج ساقی کچھ ہمارے ہاتھ پاؤن۔

ہاتھ پاؤن ٹھنڈے ہوجانا۔ قریب مرگ کے ہونا۔

ہاتھ پاؤن چلنا۔ کام کے لائق ہونا۔ **عرش**۔ نہ گریبان چھٹے نہ دامن دشت + جب تلک ہاتھ پاؤن چلتے ہیں۔

ہاتھ پاؤن سے چھوٹنا۔ عورت کا بخیریت جننے سے فراغت پانا نہا دھو اٹھنا۔

ہاتھ پاؤن مارنا۔ دریا میں تیرنا محنت کرنا بیقرار ہونا بسمل ہونا۔ **ناسخ**۔ دیکھ پائے گورے گورے جو تمھارے ہاتھ پاؤن + زیست بھر مانند بسمل کیوں نہ مارے ہاتھ پاؤن + کشتئ مے نے لگایا پار بیڑا ساقیا + مدتوں دریائے غم میں ہمنے مارے ہاتھ پاؤن۔

ہاتھ پاؤن نکالنا۔ جوان ہونا ہوش میں آنا۔ **قطعہ**۔ عمر چھوٹی ہے ابھی اس شوخ کی + اور نہیں ابتک سنبھالے ہاتھ پاؤن + کون جانبر ہوگا اسکے ہاتھ سے + جس گھڑی اسنے نکالے ہاتھ پاؤن۔

ہاتھ پاؤن ہارنا۔ سست اور کاہل ہوجانا۔

ہاتھ پاؤن ہلانا۔ کچھ کام کرنا بیکار نہ بیٹھنا۔ **آتش**۔ پہونچے قریب نزع کے بھی چلا ڈنک نہ ہم + طاقت سے ہاتھ پاؤن زیادہ ہلا چکے۔

ہاتھ پر قرآن یا گنگا جل رکھکر قسم کھانا۔ کسی امر میں اپنی تصدیق بیان کے لیے شرعی قسم اٹھانا۔

ہاتھ پر ناک رکھلانا۔ جان اپنی کو خطرہ میں ڈالنا جوکھوں کا کام کرنا۔

ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہنا۔ کوئی کام نہ کرنا بیکار ومعطل بیٹھے رہنا

ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ وعدہ دینا اقرار کرنا شرط لگانا۔ **نسیم**۔ تب مار کے اسکو ہاتھ پر ہاتھ + بولا کہ یہی قول جان کے ساتھ۔

ہاتھ پڑجانا۔ کسی چیز میں سے کچھ نقصان ہوجانا۔

ہاتھ پسارنا۔ ہاتھ پھیلانا۔ گدائی کرنا سوال کرنا بھیک مانگنا۔

ہاتھ پسارے جانا۔ دنیا سے خالی ہاتھ جانا۔

ہاتھ پکڑنا۔ دستگیری وامداد کرنا۔ **آتش**۔ عجب نا آشنا ہے یہ آشنا اس بحر ہستی کے + ڈبو دیتے ہیں اسکو ہاتھ جسکا پکڑتے ہیں۔

ہاتھ پھیرنا۔ چمکارنا پیار کرنا ٹھگنا۔

ہاتھ چھینکنا۔ سپے بازی کرنا تلوار یا پٹے کے ہاتھ ہلانا کسیکا مال

مارنا جلد جلد کھانا بڑے بڑے نوالے مارنا۔
ہاتھ پیلے کرنا۔ غریبانہ شادی کر دینا۔
ہاتھ تکنا۔ دست نگر ہونا ادھین ہونا۔
ہاتھ تلنا۔ کسیکے ہاتھ کو گرم تیل میں تل دینا۔
ہاتھ ٹھمکانا۔ ہاتھوں کو نچانا عشوہ سازی کرنا۔
ہاتھ جوڑنا۔ منت خوشامد کرنا توبہ کرنا۔ رشک سیاؤں اُنھیں تو اتنا کہوں ہاتھ جوڑ کر ہکیا ملگیا تمھیں دل عشاق توڑ کر۔
ہاتھ جھاڑ کے کھڑے ہو جانا۔ اپنے پاس کچھ باقی نہ رکھنا سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔
ہاتھ جھاڑنا۔ تھپڑ لگانا۔
ہاتھ جھٹکنا۔ خفگی کے ساتھ کسیکے ہاتھ سے کوئی چیز چھین لینا۔
ہاتھ جھوٹا کرنا۔ آشش کر دینا۔
ہاتھ جھوٹا ہو جانا۔ کسی صدمہ سے ہاتھ بیکار ہو جانا کام سے جاتا رہنا۔ بحر۔ پنجے کے جھونک سے بیکل کلائی ہوگئی + میں نے کھایا زخم اسکا ہاتھ جھوٹا ہوگیا۔
ہاتھ چڑھنا۔ ہاتھ کا کسی کام پر روان ہونا۔
ہاتھ چلانا۔ مارنے لگ جانا۔
ہاتھ چلنا۔ آسودہ حال ہونا غالب ہونا کسی کام میں دخل ہونا۔ سہ جنون کی جیب دری پر ہیں خوب چلتے ہاتھ + سلوک سینہ سے بھی کچھ تو کرلے چلتے ہاتھ۔
ہاتھ چمکانا۔ ہاتھوں کو اونچا اور انگلیوں کو ٹیڑھا کر کے نچانا۔ رشک۔ بکھو لکر زلف کہا اُن دنوں سے کیا ہے + ہاتھ چمکا کے وہ بولے یہ بیچنا کیا ہے۔
ہاتھ چومنا۔ نہایت درجہ کی تعظیم کرنا۔ سہ۔ لکھ لیے مانی نے جب اُس بت بے مہر کے ہاتھ + چومتا تھا کبھی اپنے کبھی تصویر کے ہاتھ۔
ہاتھ چھوڑنا۔ ضرب لگانا تلوار مارنا۔ برق۔ رشک قتل غیر سے تن میں لہو کھاتا ہے جوش + ہاتھ تجھ پر بھی کوئی اے مہتابان چھوڑ دے۔
ہاتھ خالی جانا۔ ضرب نہ لگنا تیر نشانہ پر نہ لگنا بازی میں داؤں خالی جانا۔
ہاتھ دانتوں سے کاٹنا۔ کسی بات پر افسوس کرنا۔ آتش۔ دامن چھڑا کے جیب سے گیا ہے وہ بیوفا + دانتوں سے کاٹتا ہوں میں بے اختیار ہاتھ۔
ہاتھ خالی نہ ہونا۔ ہر وقت کام میں مصروف رہنا۔

ہاتھ دکھانا۔ نبض دکھانا نجومی کو ہاتھ کے خطوط دکھلا کر حال پوچھنا کسی کو اپنی دلاوری و بہادری دکھلانا۔ جرأت۔ نگانے ہاتھ وہ پردہ نشین نہ پردہ سے + ہزار میں کے نجومی کہیں دکھاؤ ہاتھ
ہاتھ دوڑانا۔ کسی چیز کے چھین لینے کا ارادہ کرنا۔
ہاتھ دھرنا۔ رکھنا۔ تھامنا روکنا پکڑنا مدد کرنا۔ ذوق۔ ہر ذوق وقت نالے کے رکھلے جگر پہ ہاتھ + ورنہ جگر کو روئیگا تو رکھ کے سر پہ ہاتھ + خط دست کے بلین تھا کہ زبانی بھی کچھ کہے + پر آسنے رکھدیا دہن نامہ بر پہ ہاتھ۔
ہاتھ دھو کے پیچھے پڑنا۔ کسی کام کے سر ہو جانا لپٹ جانا پیچھے پڑ جانا۔
ہاتھ دھو بیٹھنا۔ ناامید ہو جانا۔ جرأت۔ اشک خونیں کا یہی جوش ہے جرأت تو بس آہ + ہاتھ دامن سے ہی دھو بیٹھینگے دھوتے دھوتے۔ بحر۔ یہ دی ہے بیکلی تو نے کہ دل میں ہے یہی کل سے + میں دھو کر زندگی سے ہاتھ پونچھوں تیرے آنچل سے۔
ہاتھ دیکھنا۔ ہاتھ تکنا محتاج ہونا ہاتھوں کے خط دیکھکر حال بتلانا۔ آتش۔ کہتے ہیں ہاتھ دیکھکے اُس بت کا برہمن + تم عاشقوں کو قتل کروگے حجاب سے۔
ہاتھ دینا۔ مدد کرنا کسی چیز کو ہاتھ سے پھیلانا ملنا یک دستی کرنا کپڑے میں ہاتھ دیکر گھوڑے کی قیمت دریافت کرنا۔
ہاتھ ڈالنا۔ ہاتھ لگانا چھونا کھانا کھانا شروع کرنا کسی غیر عورت کو چھیڑنا غارت کرنا لوٹنا کام شروع کرنا۔
ہاتھ رنگنا۔ مفت کا روپیہ مارنا۔
ہاتھ روکنا۔ باز رہنا دست کشی کرنا۔
ہاتھ سادھنا۔ ہاتھ صاف کرنا مشق کرنا۔
ہاتھ سر پر رکھنا۔ حمایت کرنا سر کی قسم کھانا۔
ہاتھ سے جانا۔ اختیار سے نکل جانا۔ یکرنگ۔ گر خبر لینی ہے تو لے صیاد + ہاتھ سے یہ شکار جاتا ہے۔
ہاتھ سے دینا۔ بخشنا۔ کھونا۔ تسلیم۔ آشنا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجے + جاتا ہو تو اُسکا غم نہ کیجے۔
ہاتھ سے نکلنا۔ کام ہاتھ سے کیا جانا۔
ہاتھ صاف کرنا۔ مارنا زد و کوب کرنا لوٹنا غارت کرنا۔ ذوق۔ چھوڑا نہ دل میں صبر نہ آرام نہ شکیب + تیری نگہ نے صاف کیا گھر سنگھر پہ ہاتھ۔
ہاتھ کا جھوٹا۔ بد دیانت و بے اعتبار۔
ہاتھ کا سچا۔ دیانت دار۔ اعتباری۔

ہاتھ کٹ جانا۔ تحریری اقرار ہوجانا۔

ہاتھ کھینچنا۔ الگ ہوجانا ہاتھ روک لینا۔ ناسخ۔ خاک مین ملجائیگا خاربیابان کیطرح + ہاتھ اپنا کاوشون سے ای غریب آزار کھینچ۔

ہاتھ لانا۔ تحسین وآفرین کا اظہار کرنا ہاتھ ملاکر خوشی ظاہر کرنا۔

صبا۔ منھدی ملکر یہ چوٹ مرجان پر + ہاتھ لانا لگار کیا کہنا۔

ہاتھ لگانا۔ چھونا۔ شروع کرنا آغاز کرنا۔ یکرنگ۔ زبان شکوہ ہی منھدی کا ہر بات + مکہ خوبون نے لگائے ہین مجھے ہاتھ۔ برق۔ مرجائیے تو جاتا رہے درد سر عاشق + صندل کے عوض ہاتھ لگایا نہین جاتا۔

ہاتھ لگنا۔ پانا۔ دستیاب ہونا چھوا جانا۔ شوق۔ بولی باتین بنا نہ میرے ساتھ + کہیں تو مین لگ گئی ہون تیرے ہاتھ۔

ہاتھ مارنا۔ چرانا۔ غبن کرنا۔ رشوت کھانا۔ بہت سا کھانا کھانا۔ جلد جلد کھانا۔ ذوق۔ ای شمع ایک چوری باد نسیم صبح + مارے ہی کوئی دم مین ترے تاج زر پہ ہاتھ۔ ولہ۔ کھاتا ہی اس مزے سے غم عشق میرا دل + جیسے گرسنہ مارے ہی حلوائے زر پہ ہاتھ۔

ہاتھ ملانا۔ ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا ملاقات کرنا پنجہ کرنا۔ لین دین کرنا سخاوت کرنا۔ قطعہ۔ کیون نہ تجائیگا خدا انکو + ہاتھ سے ہاتھ جو ملاتے ہین + جاتے واپس نہین کبھی خالی۔ سائل انکے جو در پہ آتے ہین۔

ہاتھ ملنا۔ افسوس کرنا تاسف کھانا۔ ذوق۔ برگ تر انکو جو صیاد نے چاہی مقراض + ہاتھ ملتی تھی مرے حال پہ کیا ہی مقراض۔

ہاتھ مین ٹھیکرا دینا۔ مفلس ونادار کردینا۔

ہاتھ مین ٹھیکرا لینا۔ مفلس ہوجانا۔

ہاتھ مین دل رکھنا۔ کسیکو رضامند رکھنا۔

ہاتھ مین لیے پھرنا۔ خواہش نفسانی کا زور ہونا۔

ہاتھ مین ہاتھ دینا۔ مصافحہ کرنا۔ جرات۔ گر ملون مین کف افسوس تو ہنستا ہی وہ شوخ + ہاتھ مین ہاتھ کسی شخص کو دیکر اینا۔

ہاتھ مین ہنر ہونا۔ صاحب کمال ہونا۔

ہاتھ نہ رکھنے دینا۔ سخت ویر تلخ بن جانا۔

ہاتھ ہلائے جانا۔ کام کرتے جانا۔

ہاتھی کے دانت بٹھانا۔ جوان آدمی کو تعلیم دینا۔ مشکل کام کرنا۔

ہار ڈالنا۔ گلے مین کسیکے ہار پہنانا کوئی مشکل کام کسیکے متعلق کردینا۔

ہانجی کے نوکر ہونا۔ کسی افسر کے تابع ہونا۔

ہانڈی ابلنا۔ دیگ کا جوش کھانا اپنی حیثیت سے بڑھکر کام کرنا۔

ہانڈی پکنا۔ آپسمین صلاح مشورہ ہونا۔

ہانڈی گرم کرانا۔ رشوت دلانا مال گھٹانا۔

ہانڈی چڑھنا۔ گرم کرنا۔ مفت کا مال مل جانا۔

ہان مین ہان ملانا۔ ہانجی ہانجی کرنا۔ سبکی سن لینا بظاہر سب کے خیرخواہ بنے رہنا خوشامد سے کام چلانا۔

ہاڑے کھانا۔ خوشامد کرنا گڑگڑانا تلوون کی خاک چاٹنا۔

ہا ہا ہی ہی کرنا۔ بیہودہ طور سے ہنسنا۔ قہقہے اڑانا۔

ہائے ہائے کرنا کسی بیماری یا مصیبت مین رونا۔

ہاتھ بھر۔ بیچ کی انگلی سے کہنی تک لمبا آدھ گز۔

ہاتھ چالاک۔ چالاکی سے کام کرنے والا۔

ہاتھ کا میل۔ ادنے اور ناکارہ۔

ہاتھ کی لکیر مین۔ قسمت مقسوم بخت اور وہ تحریر جو بیٹا نہین کھا سکتی۔

ہاتھ لگے میلا ہو۔ نہایت خوبصورت اور اُجلا۔

ہانڈی والی۔ باہمی شراکت جو کسی کام مین ہو۔

ہار کے۔ ہار کے جھک مار کے۔ ناچار ہوکر آخری حالت مین۔

ہاتھ ہلاتے ہوئے آئے۔ یعنے خالی ہاتھ آئے۔

ہاتھی نکل گیا دم باقی ہی۔ بہت سا کام ہوچکا ہی تھوڑا باقی ہی۔

ہاتھ کے نیچے۔ اپنے ماتحت حکومت مین۔

ہاتھ سے۔ معرفت۔ ذریعہ سے۔

ہاتھ جھلائی۔ وہ روپیہ پیسہ جو حکام اور زمینداروں کے نوکر مسافرون سے بنے لیتے ہین۔

ہاتھ تلے۔ ہاتھ کے نیچے۔ قبضہ مین

ہائے باباے

ہپا دینا۔ کھانا دینا رشوت دینا۔

ہپ کرجانا۔ کھاجانا نگل جانا۔ ہضم کرجانا۔

ہائے باتاے

ہتھون سے اکھڑ جانا۔ پتنگ کی ڈور کا ٹوٹ جانا دوستی کا جاتا رہنا قبضے سے نکل جانا۔

ہتھے مارنا۔ پتنگ کی ڈور کو جلد جلد گھسیٹنا۔ کسی چیز کو اپنے قبضے مین لانا۔

ہتھ ادھار دینا۔ دستگردان۔ قرض دینا۔

ہتھا مارنا۔ کسی چیز کو چھین لینا۔ برق۔ نقد دل لیکے نہ گیا برق مجھے + ہاتھ ملتے ہی ستمگار نے ہتھا مارا۔

ہتھ پھیری کرنا - مکر و فریب سے کسیکا مال لے لینا۔ فریب سے کسیکو اپنے دام مین لانا۔
ہتھون سے جانا - پتنگ کا ہاتھ سے ٹوٹ جانا تعلق موقوف ہونا۔
ہتھے چڑھنا - قابو اور بس مین آنا۔ بحر - سب قبضے مین ہاتھ رکھتے ہین + وہ بات بات مین ہیکیا نچہ ہی یار سکے ہتھے چڑھا ہوا۔
ہتھیا مول لینا - فیل یادہ مول لینا کسی جھگڑے مین پھنس جانا۔
ہتھیلی بجانا - تالی بجانا تالی پیٹنا۔
ہتھیلی پر سرسون جمانا - پھرتی سے کوئی کام کر لینا۔ میر تقی۔ نہ ہی رشک بہار آنکھین ملئے نسبت یاسے تو + ہتھیلی پر اگر سرسون ترے آگے جماؤن مین۔
ہتھیلی پر پیے پھرنا - کسی کام کرنے کے واسطے ہر وقت مستعد رہنا خواہش نفسانی کے لیے کسی عورت کا مجبور ہو جانا۔
ہتھیلی ٹیکنا - غلام بنانا۔
ہتھیلی دینا - سہارا دینا۔
ہتھیلی کا پھپھولا - وہ چیز جو ذراسی ٹھیس سے ٹوٹ جائے۔ بحر - آجکل جسنے تجھے چھیڑا اورا مین رو دیا + غم سے ہی یہ دل ہتھیلی کا پھپھولا ہو گیا۔ ذوق - پھینک کر شیشہ دل ہاتھ سے کہتا ہی وہ مست ہیکیا بنا یا تھا ہتھیلی کا پھپھولا مجکو۔
ہتھیلی کھجانا - روپیہ ملنے کی امید ہونا۔
ہٹاکٹا - توانا و تندرست۔
ہٹ دھرمی کرنا - بے ایمانی سے ضد کرنا۔

ہاے با جیم

ہچکیان بندھ جانا - دردناک حالت مین رونا۔
ہیچر میچر کرنا - پس و پیش آجکل کرنا۔
ہجے کرنا - حروف کو ملانا بات مین حجتین نکالنا۔

ہاے با دال

ہدف مارنا - تیر نشانہ پر مارنا تیر چلانا۔ سہ - تیر جو ایک سطرف مارا + تمنے گویا ہیا ہدف مارا۔
ہڈیان توڑنا - مارنا زد و کوب کرنا۔
ہڈیان نکل آنا - نہایت لاغر ہو جانا۔

ہاے با راے

ہرا باغ دکھلانا - کسی امر مین زبانی باتین کر کے تسلی کر دینا۔
ہرا ہو جانا - سر سبز ہو جانا پک جانا۔ بحر - پھر کسی کان کے منہ سے لڑی آنکھ اپنی + پھر ہرا ہو گیا زخم جگر اچھا ہو کر۔
ہر بابی ہونا - ہر ایک کام سے واقف ہونا۔
ہرہو جانا - غائب ہو جانا گم ہو جانا۔
ہرواٹھل جانا - سینہ صاف ہو جانا۔
ہر دیگی چمچہ - ایک بی مذہب جسطرف کچھ حاصل ہو اسی کا بن جانا۔
ہرو سے کرنا - حفظ کرنا یاد کرنا۔
ہر فن مولا - ہر کسب مین استاد۔
ہرن ہو جانا - بھاگ جانا۔ ناسخ - پھر ہرن ہو گئی مری وحشت + پھر وہ رعنا غزال آہو چشم۔
ہڑک اٹھنا - ہڑک لگنا - باؤلے کتے کیطرح بھونکنے لگنا۔
ہڑکائی کتیا - دیوانی کتیا۔
ہرن دھوپ مین کالے ہوے جاتے ہین - سخت دھوپ پڑتی ہی جسکی گرمی سے ہرن کالے ہوے جاتے ہین۔

ہاے با زاے معجمہ

ہزار منھ ہزار باتین - ہر کوئی بات بنا کر کرتا ہی۔
ہزارون مین - ہزارون لوگون مین۔ سہ - وہی پاک ذات سیکڑون مین ہی + وہی لاکھون مین اور ہزارون مین۔
ہزاری - دولتمند - بڑا آدمی۔

ہاے با شین

ہشت مشت ہونا - آپس مین لات مکا ہونا۔

ہاے با ضاد معجمہ

ہضم کرنا - کسی کا مال کھا جانا - پچا جانا۔

ہاے با فاے

ہفت زبان ہونا - بہت سی زبانون سے واقف ہونا۔
ہفت قلم ہونا - عربی فارسی وغیرہ خطوط لکھ سکنا۔

ہاے با کاف

ہکا بکا رہجانا - حیران و سرگردان رہجانا۔
ہگ دینا - خوف سے پاخانہ نکل جانا۔

ہاے با لام

ہلاس ہو جانا - ہلاس کی طرح جلدی جلدی ہٹ جانا سب خرچ ہو جانا۔
ہل چل پڑنا - بھاگنے پر مستعد ہو جانا۔ میر - دریھی آگئی اکبار صف اعدا مین ہمایک دو ناظرے کے چلنے مین پڑی ہیہل چل۔

ہلدی کی گرہ لیکر پنساری بن بیٹھنا - تھوڑے سے سرمایہ پر دولتمند بن بیٹھنا -

ہلدی لگا کر بیٹھنا - چوٹ لگنے کا بہانہ کرنا -

ہلکا پھلکا - نہایت ہلکا بہت سبک -

ہلکا کرنا - بوجھ کم کرنا - شرمندہ کرنا - کم عزت و بے آبرو کرنا - جگر - کیا ہی تجھ کو نہیں مجھکو عشق نے ہلکا کیا + جنبش دامان ناز سے میں اکثر اُڑ گیا -

ہلکا کھانا - وہ کھانا جو جلد ہضم ہو جائے -

ہلکا ہونا - بوجھ کم ہونا - بیماری کم ہو جانا - غصہ اُتر جانا - جوش جوانی اُتر جانا -

ہلکورے لینا یا ہلکورے مارنا - ندی کے پانی کا ہلنا دریا کا موجزن ہونا -

ہل کے پانی نہ پینا - اپنی جگہ سے اُٹھ نہ سکنا نہایت سست و کاہل ہونا - کیف - ہوگئے ہل کے نہ پانی بھی بار پیری میں + جو کیفیت حال تمھارا ہی شباب میں رہی -

ہلکی بات کہنا - خراب بات مُنھ سے نکالنا -

ہلکے بھاری ہونا - رنجیدہ ہونا ناراض ہونا خفیف و ذلیل ہونا -

ہلا کرنا - دفعۃً دشمن پر حملہ کرنا -

ہل مل جانا - موافقت ہو جانا -

ہلہلا اُٹھانا - اشتعلہ اُٹھانا -

ہلدی لگا کے بیٹھو گے - چوٹ لگیگی تو ہلدی لگانی پڑے گی -

ہلدی لگے نہ پھٹکری - کچھ خرچ نہوا مفت کام بن گیا -

ہلکے ہلکے - ہولے ہولے آہستہ آہستہ -

ہلکا لہو ہی - پتلا خون ہی زود اثر ہی -

ہائے با میم

ہماہمی کرنا - غرور و تکبر کرنا زور و طاقت کو دکھلانا -

ہم بستر ہونا - مباشرت کرنا -

ہم پلہ ہونا - ہموزن و ہمرتبہ ہونا -

ہم پیالہ و ہم نوالہ ہونا - کھانے پینے میں شریک ہونا -

ہائے با نون

ہن برسنا - روپیہ برسنا خوب آمدنی ہونا -

ہندی کی چندی کرنا - ہندی زبان کی شرح کرنا بیفائدہ تقریر کرنا - نکتہ چینی کرنا -

ہنڈیا پکنا - دیگ و دم ہونا -

ہنڈیا چڑھنا - ہنڈیا چولھے پر رکھنا -

ہنسلی اُتر جانا - گردن کے نیچے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا -

ہنسنا بولنا - خوش خوش رہنا -

ہنسی اُڑانا - مسخری کرنا - داغ - ہماری تربیت یہ تم جو آتا تو پیار آنسو گرا کے جاتا ہزار بے پاس آبرو بھی ہنسی ہماری نہ تم اُڑاتا -

ہنسی میں کھنسی ہو جانا - ہنستے ہنستے لڑ پڑنا -

ہنسی میں لیجانا - کسی بات کو مذاق سمجھنا -

ہنکارا بھرنا - بات سنتے سنتے ہوں ہوں کرتے جانا -

ہنر کی پوٹ - ہنرمند آدمی -

ہنڈیا ڈوئی - گھر کا سامان -

ہنستی پیشانی - خندہ پیشانی ہنس مکھ -

ہنستے گھر بسنے - خوشی میں گھر آباد ہیں - ذوق - سینہ دلریش مرے زخم جگر ہنستے ہیں + ہنسنے دو چارہ گرو ہنستے ہی گھر بستے ہیں -

ہنسی خوشی سے - رضامندی سے -

ہنسی کے مارے پیٹ پھٹ جاتا ہی - بہت سی ہنسی آتی ہی -

ہائے با واؤ

ہوا چھوڑنا - گوز چھوڑنا -

ہوا اُڑ جانا - مشہور ہو جانا - بھرم ظاہر ہونا -

ہوا اُکھڑ جانا - بے اعتبار ہو جانا -

ہوا باندھنا - عزت قائم کرنا نام بڑھانا -

ہوا بتانا - ٹال دینا -

ہوا بدلنا - حالت پلٹ جانا - موسم بدل جانا -

ہوا بگڑ جانا - ہوا خراب ہو جانا - اعتبار میں فرق آنا - میر - واللہ کچھا گئے آہ سے ہوتی تھی دل کے تسکین + اقلیم عاشقی کی ہوا اب بگڑ گئی - فغان - صحبت گل ہی فقط بلبل سے کیا بگڑی ہوئی + آجکل سارے چمن کی ہی ہوا بگڑی ہوئی -

ہوا بندھنا - ہوا رک جانا - ناموری حاصل ہونا مشہور ہو جانا -

ہوا بھر جانا - فربہ ہو جانا مغرور و متکبر ہونا -

ہوا پھانکنا - فاقہ کشی کرنا -

ہوا پر چڑھ جانا یا ہوا آجانا - متکبر و مغرور ہو جانا - برق - وہ بلا ہیں جو ہوا پر کبھی آجاتے ہیں + کوچۂ زلف کی بھی خاک اُڑا جاتے ہیں -

ہوا پر سوار ہونا - ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا - جلدی کرنا

سُستانی کرنا۔ سہولت سے کام نکرنا۔
ہوا پر گرہ لگانا۔ شعبدہ بازی کرنا۔ چالاکی وعیاری کرنا۔ ناممکن کام کر دکھانا۔
ہوا پر ہونا۔ متکبر و مغرور ہونا۔ برق ۔ ہماری خاک کی مد نظر ہو بربادی + مزاجِ یار بہت اندنوں ہوا پر ہے۔
ہوا پھر جانا۔ زمانہ کا رخ بدل جانا۔ جرأت ۔ مزاج سیرِ چمن سے جو یار کا پھر جائے + گلون کا اور ہی کچھ رنگ ہو ہوا پھر جائے۔
ہوا دینا۔ ہوا میں رکھنا۔ دو شخصوں میں عناد کرانا۔
ہوا زدگی ہو جانا۔ زکام و نزلہ ہو جانا۔
ہوا سا۔ بہت ہلکا پھلکا۔
ہوا سے باتیں کرنا۔ تکبر کرنا۔
ہوا کا تھپیڑا۔ ہوا کا زور سے چلنا۔
ہوا کرنا۔ پنکھا کرنا۔
ہوا کھانا۔ سیر کرنا۔ دل بہلانا۔
ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا۔ ہر کام میں جلدی کرنا۔ آتش ۔ پیادہ پا جو چمن میں بہار کو دیکھا + ہوا کے گھوڑے کے اوپر خزان سوار ہوئی۔
ہوا لگنا۔ غرور و تکبر میں آجانا۔
ہوا ہونا۔ ہوا ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ غائب ہو جانا۔ دکھائی نہ دینا۔
ہوائیاں اُڑنا۔ ہوائیاں چھوٹنا ۔ آتشبازی چلنا۔ چہرہ کا رنگ متغیر ہونا۔ چہرہ پر پریشانی برسنا۔
ہو بیٹھنا۔ کسی جگہ قیام کر بیٹھنا۔ مالک ہو بیٹھنا۔
ہوتا رہیگا۔ تو ہی ایسا ہوگا تجھ پر بات پڑیگی۔ میر۔ تو یون گالیاں غیر کو شوق سے دے + ہمین کچھ کہیگا تو ہوتا رہیگا۔
ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ نکل آنا۔ پورا ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔ سیکھ لینا۔
ہو چکنا۔ ختم ہو جانا۔ مر جانا۔ رند ۔ قرآن اٹھاتے ہیں طمع زر کے واسطے + دیندار گر یہی ہیں تو اسلام ہو چکا۔
ہو حق کرنا۔ پکار پکار کر ذکر الٰہی کرنا۔ شور و غوغا کرنا ۔ آتش ۔ مقام عبرت ہے کہ خشم زدن کا وقفہ ملے لیکن ہو حق زیر جلبات نشین تھوڑی سی۔
ہو رہنا۔ ایک مقام پر بیٹھ رہنا۔ چپک جانا۔ کمال تک پہونچنا۔ پیوند ہو جانا۔
ہوڑ باندھنا۔ شرط لگانا۔ دعوے کرنا۔
ہوس پکانا۔ خواہش کرنا۔
ہو سکنا۔ ممکن ہونا۔

ہوش اُڑنا۔ بیہوش و متحیر ہو جانا۔ ناسخ ۔ تیری محفل وہ چمن ہے جس میں ای رشکِ چمن + عاشقوں کے ہوش اُڑتے ہیں بجائے عندلیب۔
ہوش بجا ہونا۔ حواس درست ہونا۔
ہوش پکڑنا۔ یا سنبھالنا۔ ہوش میں آنا۔ بالغ ہونا۔ سن تمیز کو پہونچنا۔ ہشیار ہونا۔
ہُو کا عالم ہونا۔ ہُو کا مقام ہونا۔ فنا کا [illegible] ہونا۔ [illegible] ہونا۔ کیف ۔ اللہ رے شوق دلکو اس بت کی جستجو تھا + کعبہ بھی دیکھ آئے تھا اک مقام ہُو کا۔
ہو کر رہنا۔ ضرور ہونا۔
ہول بیٹھ جانا۔ خوف قائم ہو جانا۔
ہول دلا۔ ڈرپوک آدمی۔
ہولی کا بھڑوا۔ مسخرہ آدمی۔
ہو لینا۔ ختم ہو جانا۔ بس ہو جانا۔
ہونٹ چبانا۔ ہونٹ کاٹنا۔ افسوس کرنا۔ تاسف کرنا۔ پچھتانا ۔ آتش ۔ تونے منہ پھیرا سوال بوسہ پر مجھسے جو یار + ہونٹھ اپنے اپنے دانتوں سے چبا کر رہ گیا۔
ہونٹ چاٹنا ۔ لذیذ چیز کے ذائقہ میں ہونٹھوں پر زبان پھیرنا۔ ۔ چسکا تیرے لبون کا جو شیرین دہن لگا + ہونٹ اپنے چاٹنے کو عقیق یمن لگا۔
ہونٹ ہلانا۔ بولنا۔ بات کرنا۔ نظیر ۔ ٹک ہونٹ ہلاؤں تو یہ کہتا ہے نہ بک بے + اور پاس جو بیٹھوں تو سنا تا ہی سرک بے۔
ہونٹوں کا ہلنا۔ آہستہ بات کرنا۔
ہولنس لگنا۔ بری نظر کا اثر ہو جانا۔
ہول جول ۔ تردد و اضطراب۔
ہوادار مکان ۔ کھلا مکان۔
ہوا کا رخ بتاؤ ۔ منہ مت لگاؤ ۔ اٹھا کر پھینک دو ۔
ہوا کھاؤ ۔ لمبے ہو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ شوق ۔ دیکھو دیکھو بہت نہ اتراؤ + ٹھنڈے ٹھنڈے چلو ہوا کھاؤ۔
ہوا ہو ۔ دفع ہو ۔ دور ہو۔ جرأت ۔ آہ یہ باد خزاں یارب ہو دنیا سے ہوا + دم میں نقشہ اور ہی کچھ ہوگیا بستان کا۔
ہوش میں آؤ۔ ہوش پکڑو ۔ ہوش کے ناخن لو۔ ہوش کی لو۔ ہوش کی ہنوا ؤ ۔ ہشیار ہو سنبھلو۔ آپے میں آؤ۔

ہواخواہ ۔ دوست ہمدرد۔

ہوائی دیدہ ۔ شوخ چشم بیحیا۔

ہواسے لڑتی ہی ۔ لڑنے والی عورت ہی ۔ ذوق شعلہ بھڑکے نہ کیونکر محفل مین + شمع تجھ بن ہواسے لڑتی ہی ۔ شوق سا در رکھو بولون تو بگڑتی ہی + تو تو ماما ہواسے لڑتی ہی ۔

ہونی آئی ہی ۔ قدیم رسم ہی ۔ مصرع ۔ ہونی آئی ہی کہ اچھون کو برا کہتے ہین ۔

ہوتے سوتے ۔ در صورت موجودگی ۔

ہوتے سوتے ۔ خویش ۔ رشتہ دار ۔ بیگانے ۔ میر حسن کہا ہوتے سوتون سے اپنے کہو + فقیرون کو چھیڑو نہ بیٹھے رہو ۔ شوق ۔ ہوتون سوتون سے اپنے کیجیے پیار + چل بچے ہو تجھے خدا کی مار ۔

ہوڑا ۔ ہوڑی ۔ بجنا بجتی ضد اضدی ۔

ہاے با یاے

ہیٹی کرنا ۔ بیعزتی کرانا ذلت اٹھانا ۔

ہیرے کی کنی کھا جانا ۔ زہر کھا کر مرجانا ۔ ذوق ۔ تاب دعلان نہ دکھا بزم مین تو ہنس ہنس کر + کوئی کھا جائے جو ہیرے کی کنی خوب نہین ۔

ہیر پھیر کی باتین کرنا ۔ فریب کی باتین کرنا ۔

ہیلا دینا ۔ دھکا دینا پانی مین ڈھکیل دینا ۔

ہینگ لگانا ۔ چونا لگانا ۔ زک دینا ۔

ہینگ ہگنا ۔ پیچش کی بیماری ہونا اگر الفرض سلطنت معکوس ہو ہیا ۔

ہیے کی پھوٹنا ۔ کور باطن ہونا بیوقوف ہوجانا کچھ نہ دکھائی دینا ۔

ہی ہی کرنا ۔ رونا پیٹنا ماتم کرنا ۔ شوق ۔ مجکو بیٹھے سواری گر منگوائے + ہمکو ہی ہی کرے جو گھر کو جاے ۔

ہی ہی کرنا ۔ ٹھٹھے کرنا ۔ بیہودگی کے ساتھ ہنسنا دانت نکالنا ۔

ہیرا آدمی ہی ۔ بھلا آدمی ہی ۔

پانچوین فصل

ادویات یعنی اُن لغات کے ذکر مین جو علم طب کے متعلق ہین

ہاے با الف

ہامیمونا ۔ یہ ایک نبات ہی ساق اسکی بلند ساتھ رطوبت لزجہ کے شاخین باریک پتے چھوٹے مثل صعتر کی سی اسکو پکا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ملطف اخلاط غلیظہ مقوی قلب جالی و محلل دافع کھانسی و درد سینہ و امراض گردہ و مثانہ ہی ۔

ہارسنگھار ۔ یہ ایک ہندی درخت ہی اور پھول اسکا خوشبودار مشابہ پھول چنبیلی کے اسکے پانی سے کپڑے رنگتے ہین جو زرد رنگ ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک پتے اسکے ساتھ قدرے ادرک کے برای حمیات کو مفید ہی اور بیج اسکے پیس کر اور پانی مین ملا کر سر کے بالون کو دھوتے ہین ۔

ہاے با دال

ہُدہُد ۔ مشہور پرندہ ہی چونچ اسکی لمبی اور سر پر تاج پرون کا فارسی مین اسکو مرغ سلیمانی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک سرمہ اسکے خون سے پسا ہوا دفع بیاض چشم کے واسطے مفید ہی ۔

ہدیہ ۔ یہ ایک جانور بقدر باقلا کے خاکستری رنگ نمناک مقامات مین ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد و تر مطبوخ اسکے جوشاندے کا پوست انار کے ساتھ کان کے درد کو دفع کرتا ہی عسر النفس کا علاج ہی عسر البول اور یرقان کے لیے مفید ہی ۔

ہرطمان ۔ یہ دانہ گیہون اور جو کی زراعت مین پیدا ہوتا ہی بعض لوگ اسکو جلبان جانتے ہین کہ ہرطمان کا رنگ سیاہی مائل اور جلبان کا خاکستری ہی طبیعت اسکی سردی مین معتدل مائل بخشکی ہی اسکا جوشاندہ کھانسی کو دفع کرتا ہی حابس بطن ہی اور ورم حارہ کو تحلیل کرتا ہی ۔

ہرنوہ ۔ عود کے درخت کا پھل ہی مرچ سے چھوٹا ہی ساتھ تھوڑی زردی کے مزہ تیز و خوشبو مرکب القوی گرمی اور خشکی مین معتدل مفرح و محلل نافع زکام و نزلہ دافع اوجاع حلق ہی ۔

ہریسہ ۔ یہ ایک قسم کا کھانا لحوم اور حبوب ہر ایک قسم کے ملا کر پکاتے ہین طبیعت اسکی گرم و تر کثیر الغذا مسمن بدن و گردہ مقوی عصب و باہ بڑھانے والا منی کا ہی ۔

ہرولی ۔ یہ ایک جڑ کشمیر کے پہاڑون سے لاتے ہین سیاہ اور سنگری رنگ کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک سموم قتالہ سے ہی آدھے چنے کے برابر اگر انسان کھائے فوراً مرجائے ۔

ہرفروری ۔ تیسرا حرف فاے موحدہ ہندی لغت ہی ایک درخت کا ہی جو ہندہ مین پیدا ہوتا ہی شاخین اسکی بہت اور گنجان پتے لمبے پھول چھوٹے صندلی رنگ پھل گول پختہ زرد رنگ بکا اور پکا کھایا جاتا ہی اچار بھی ڈالتے ہین طبیعت سرد و تر قاطع صفرا تسکین خون تسکین دینے والا حرارت کا پیدا کرنے والا بلغم کا ہی ۔

ہاے با لام

ہلام — ایک قسم کی غذا کا نام ہے جو گوشت سے پکائی جاتی ہے روغن مین داغ کرکے غنداور دارچینی اسمین ملاکر روٹی کے ساتھ کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم تر کثیر الغذا مسمن بدن مقوی باہ و گردہ و مثانہ ہے۔

ہلیون — یہ ایک نبات بستانی و جنگلی ہوتی ہے ہندی مین اسکو ناکرون کہتے ہین درخت اسکا انار کی جڑ سے پیدا ہوتا ہے اور درخت پر لپٹ جاتا ہے طبیعت اسکی گرم خشک محلل و مفتح سدہ دافع ظلمت بصر و درد سینہ و ریہ و پہلو و استسقا ہے۔

ہاے با نون

ہندبا — فارسی مین اسکو کاسنی کہتے ہین باغی اور جنگلی دونون قسم کی ہوتی ہے مشہور دوا ہے طبیعت اسکی سرد تر مفتح و مسکن حدت صفرا و خون و تشنگی دافع درد سر گرم و درد سر صفراوی ساتھ صندل سرخ و سرکہ و گلاب کے اور ضماد اسکے پتون کا دافع خفقان و محلل ورم ہے اور پینا اسکے پانی کا دافع یرقان و استسقاے گرم و مقوی جگر و تشنگی و غشیان و ہیجان ہے۔

ہندبا بری — جنگلی کاسنی طبیعت اسکی سرد خشک قابض طبع و مقوی معدہ قوی زیادہ بستانی سے ہے۔

ہاے با واو

ہوا — فارسی مین اسکو باد کہتے ہین یہ ایک عنصر عناصر اربعہ سے مٹی اور پانی سے لطیف آگ سے ثقیل اور ایک ستہ ضروریہ موجودات جسمانی یعنی موالید ثلاثہ سے ہے اور راحت دینے والی روح حیوانی کو جو دل مین ہے اگر ایک دم اسکو نہ پہونچے تو انسان مرجاے طبیعت اسکی بالذات گرم تر ہے مگر باعتبار اختلاف اوضاع فلکی و ارضی و باعتبار جہات مختلف بھی ہوجاتی ہے۔

ہوم المجوس — یہ ایک گھاس ہے ساق اسکی ایک عدد پتلی اور سخت پھول زرد تیرہ مشابہ یاسمین طبیعت گرم خشک اور پھول سرد خشک ہے اسکے پھول کا جوشاندہ مدر بول ہے سنگ گردہ و مثانہ کو نکالتا ہے اور روز چالیس خون ہر ایک زخم کا ہے۔

ہوم — یہ ایک نبات ہے شاخین اسکی گرہ سے بھری ہوئی پھل مشابہ بکوھکے ہے چکور اسکو دیکھکر بہت خوش ہوتا ہے اسکے پتی نہین ہوتی اور نہ لمبی جڑ ہوتی ہے سموم قتالہ سے ہے۔

ہوفاریقون — ایک نبات ہے جو تین قسم پر ہوتی ہے اور تینون کا پھل مشابہ جو کے ایک قسم کا قد بقدر بالشت کے پتے سداب کے سے بہت سرخ اور سپید پھول طبیعت اسکی گرم خشک مجفف و محلل و ملطف نافع ادرار بول و حیض و اسہال صفراوی ہے دوسری قسم کی شاخین زیادہ پتی لغناع کی سی ساق سرخ پھول زرد طبیعت اسکی گرم اور خشک بنا دو ورم اسکا مسہل صفراے غلیظ اور سب افعال مین مانند پہلی قسم کے ہے تیسری قسم کہ اسکو دار بردی کہتے ہین نبات اسکی پہلی قسم سے بڑی اور چھوٹی دوسری قسم سے بہت سرخ شاخین چوڑی پھول زرد طبیعت اسکی گرم اور خشک مگر پہلے درجہ سے کمتر مسہل رطوبات معدہ بنا دو ورم اسکا مسہل صفراے غلیظ ہے و مقوی معدہ دافع فالج و عرق النسا و عسر البول۔

ہاے با یاے

ہیل بوا — خیر بوا بھی اسکا نام ہے جسکا ذکر حرف خاے مین ہو گو ہوا ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک الایچی سے زیادہ لطیف ہے مقوی جگر و معدہ و ہاضم طعام ہے۔

ہیشتہ — اس نبات کی بلندی ایک گز تک ندرسے خالی شگوفہ چوڑا اور بنفشئی درمیان شگوفہ کے ایک چیز روئی کیطرح ہوتی ہے اگر وہ روئی کان مین جاے بہرا کردیوے پینا اسکے جوشاندے کا واسطے کھانسی کے نافع ہے۔

باب بتیسوان

لغات یاے تحتانی کے بیانمین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے ذکر مین

یاے با الف

یا — فارسی مین یہ حرف عاطفہ ہے اور افادہ تردید کا کرتا ہے معطوف اور معطوف علیہ دونون پر آتا ہے۔ سعدی — یا مکن با پیلبانان دوستی ✦ یا بنا کن خانۂ درخورد پیل ✦ یا مرو با یار ازرق پیرہن ✦ یا بکش بر خانمان انگشت نیل۔

یا — عربی مین حرف ندا ہے۔ توحید — مالک ملک جہانی یا الٰہ العالمین ✦ نیست ذات بے مثالت را تعلق با شریک ✦ بے نظیرے بے نظیرے بے نظیرے بے نظیر ✦ لاشریکے لاشریکے لاشریکے لاشریک۔

یا اسفا۔ یا اسفی — واے افسوس۔

یارا — قوت۔ توانائی۔ طاقت۔ مولانا جامی — زلیخا گفت دیوے را چہ یارا ✦ کہ بنماید چنین شکل دلآرا۔

یاسا - ترکی میں ماتم و غم و اندوہ و قتل و غارت و قصاص -
یاب - پانے والا اور صیغہ امر یعنی پا اور حاصل کر - **توحید** - ہست ہر ذرہ ز لطفت مستفید + ہست ہر قطرہ ز فیضت بہرہ یاب -
یاقوت - مشہور جواہر ہی جو سرخ و زرد و کبود و سپید ہوتا ہی اور نام ایک خوشنویس کا جو غلام معتصم باللہ خلیفہ عباسی کا تھا اور نام ایک قسم کے پلاؤ کا اور نام ایک جزیرہ کا -
یاسج - بفتح سین تیر پیکان دار اور نیزہ -
یاجوج ماجوج - نام ایک جنگلی آدم خوار قوم کا ہی جنکو سکندر نے آہنی دیوار بناکر ایک پہاڑ میں قید کر دیا ہی -
یافوخ - اخیر میں خائے معجمہ شیر خوار بچہ کا تالو جو اوپر سے متحرک ہوتا ہی ہندی میں اسکو تالو کہتے ہیں -
یاد - حافظہ میں بیٹھا ذہن نشین کرنا حفظ و قوت حافظہ **نظامی** - مراد پس پردہ خاموش کرد + بیکبار یادم فراموش کرد -
یازند - شکل و شباہت -
یاور - تیسرا حرف واو مددگار و معاون **سعدی** - گر ز سعد زنگی مثل ماند و باد + خدایا و سعد ابوبکر باد -
یار - قوت بازو معاون و مددگار مخفف یارا جسکے معنی طاقت کے ہیں - **مولانا جامی** - وفادار او وفاداری نہ این بود + بہ یاران شیوۂ یاری نہ این بود -
یادر - بفتح دال بارھوان روز ہر شمسی ماہ کا -
یاتمشلر - ترکی میں داخل ہوے ہیں -
یافر - بفتح فاے بازیگر اور ناچنے والا -
یاذر - بکسر ذال وہ زر ہی جو بادشاہ و حاکم وقت وجہ معیشت کو کسی مستحق کو مرحمت کریں -
یاز - بالندہ یعنی پھولنے پھلنے والا -
یاس - عربی میں ناامیدی کی حالت - **توحیدی** - نماند دولت و حشمت نہ تنگی و افلاس + نماند وقت امید و نماند حالت یاس + نہ ملک ماند نہ مالک نہ تاجدار نہ تاج + نہ تخت ماند نہ کرسی نہ صاحب اجلاس -
یابس - خشک اور خشک کرنے والا -
یانع - بکسر نون وہ میوہ جو پک چکا ہو -
یاغ - ترکی میں روغن گھی تیل وغیرہ -
یارق - ترکی میں روشن اور سفید -
یارک - بچہ دان یعنی عورت کا رحم -
یال - گردن اور گردن کے بال -

یام - وہ گھوڑا جو بطور ڈاک راستے کی ہر ایک منزل پر باندھا جائے اور سوار بوقت پہونچنے کے فوراً اسپر سوار ہو جاے اور نام ایک قبیلہ کا یمن میں اور نام حضرت نوح کے بیٹے کا جو بعد طوفان کے زندہ تھا -
یاسین - نام ایک سورۃ کا قرآن کی سورتوں سے اور نام حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا - **حکیم محمد انور در نعت** - والضحے نازل بوصف چہرۂ تابان تو + سورۂ طاہا و یاسین ناطق اندر شان تو -
یاسمین - مشہور پھول زرد اور سپید ہوتا ہی جسکو ہند میں چنبیلی کہتے ہیں یاسم و یاسمن بھی اسکو کہتے ہیں **مولف** - گل خجل از آب و تاب چہرہ ات + منفعل از رنگ و بو ہست یاسمین -
یان - وہ خراب باتیں جو بیماری بیہوشی کی حالت میں کہتے ہیں اور وہ حالات جو صوفیۂ کرام کو کشف سے ظاہر ہوتے ہیں -
یاسان - لائق و سزاوار اور نام ایک پیغمبر کا پیغمبران عجم سے -
یابو - ترکی میں بارکش گھوڑا **حکیم کاظم توفی** - ہست یابندہ مردہ یابوے + عنکبوتے تنیدہ بر ہوے -
یاہو - ایک قسم کا کبوتر ہی جو یاہو یاہو بولتا رہتا ہی - **طغرا** - کبوتر جو یاہو زوا ز روے ذوق + شد از ذکر او بوستان گرم شوق -
یاوہ - بفتح واو گم و ناپدید و بیہودہ - **میر خسرو** - اے بیخبران کہ یکند گوید + مہر دل یاوہ گرد ما را -
یانہ - ترکی میں طرف و جانب -
یاقہ - ترکی میں کپڑے کا گریبان -
یافہ - گم شدہ و مفقود اور بیہودہ باتیں لغو تقریریں -
یارہ - کنگن جو ایک زیور ہاتھوں میں پہنا جاتا ہی اور حلقۂ گلو یعنی ہنسلی اور نام ایک مرکب دوا کا جسکو ایارج بھی کہتے ہیں اور وہ مسہل دوا ہی -
یاسہ - حکم و قانون و ریاست -
یازندہ - کسی کام کے کرنے کے لیے ہاتھ دراز کرنے والا -
یازہ - بزاے معجمہ لرزہ کھانا کانپنا -
یالہ - گاے کے سینگ -
یاوگی - بیہودگی و گمشتگی یعنے گم ہونا اور یاوہ ہونا -
یارگی - قوت طاقت و توانائی حوصلہ ہمت جرات جسارت **نظامی** - کرا یارگی کز سر گفتگو + زمین جاے آبا کند جستجو -
یاری - ظاہری امداد جو انسان انسان کو دیتا ہی -

باوری - باطنی امداد جو خدا کیطرف سے ہو۔
یاے - ترکی مین تیر اندازی اور موسم گرمی کا۔
یاغی - بغین معجمہ نافرمان۔
یاقوت رمانی - وہ یاقوت جسکا رنگ انار کے دانہ کا ایسا ہو۔
یاقوت گرگانی - وہ یاقوت جو گرگان کی کان سے نکالا گیا ہو۔
یاقوت جگری - جسکا رنگ جگر سا ہو۔
یارائے - طاقت و حوصلہ و جرأت - سعدی - یکے زہرہ خرج کردن نداشت ✤ زرش بود یارائے خوردن نداشت۔

یاے با باے موحدہ

یباب - جو چیز خراب ہو۔
یلب - تیر پیکان دار۔
یبوست - خشکی مقابل رطوبت کے۔
یبات - ویران و غیر آباد۔
یبست - جنگلی پالک کا ساگ جو کھانے مین بھی آتا ہی۔
یبروج - مردم گیاہ جو ایک گھاس ہی اور اسکی جڑ عورت مرد کی صورت پر باہم لپٹی ہوئی ہوتی ہی اس جڑ کو جو زمین سے نکالتا ہی مر جاتا ہی اسواسطے لوگ کتے سے کھجو اکر اسکو نکلواتے ہین نکالنے کیوقت چارون طرف سے زمین کھود کر جڑ کو کمزور کر لیتے ہین پھر رسی کا ایک سرا کتے کے گلے مین اور دوسرا سرا جڑ مین باندھ دیتے ہین اور کتے کے سامنے کچھ دور فاصلہ پر گوشت رکھدیتے ہین کتا گوشت کھانے کے لالچ سے آتا ہی اور زور سے جڑ کو نکال لاتا ہی وہ کتا بھی زندہ نہین رہتا۔
یبس - خشکی اور خشک ہونا۔

یاے با تاے

یتیلو - منڈی جگہ غلہ وغیرہ اجناس بکنے کی جہان سوداگری مال آکر فروخت ہوتا ہو یہ لغت ترکی ہی۔
یتمش - ترکی مین بمعنی رسیدہ یعنے پہونچا۔
یتورش - ترکی مین پہونچا یا گیا۔
یتوع - ہر ایک درخت جسکے پتون سے دودھ نکلتا ہو۔
یتاق - پاسبانی و نگہبانی - سعدی - تو مست شراب ناز و یارا ✤ بیداری گشت در یتاقت۔
یتیم - جس بچہ کا باپ یا مان مرگئی ہو - سعدی - مرنجان یتیمی که عرش عظیم ✤ بلرزد ہمی چو بگرید یتیم۔
یتن - وہ بچہ جو حسب معمول پیدا ہوئے یعنے پہلے مان کے پیٹ سے پانٔون نکلین۔
یتاقی - پاسبان چوکیدار۔

یاے با ثاے مثلثہ

یثرب - پہلا نام شہر مدینہ کا ہی جب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم اسمین تشریف لیگئے تو نام اسکا مدینۃ النبی رکھا گیا۔

یاے با حاے حطی

یحمور - گورخر جو مشہور جانور ہی۔
یحموم - دود سیاہ کالا دھوان
یحییٰ - نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا ہی۔

یاے با خاے

یخاچ - وہ متبرک پانی جو نصاریٰ حضرت عیسیٰ کی تصویر دھوکر پیتے ہین۔
یخ - وہ برف جو موم کیطرح ہوا سے برسکر پتھر کیطرح جم جاتی ہی اور فرق یخ اور برف مین یہ ہی کہ برف غبار کیطرح برستی ہی اور یخ گلائے ہوئے موم کیطرح قطرہ قطرہ - ابوطالب کلیم - در عینک یخ نہان شد امسال ✤ کشمیر کہ چشم روزگار ست۔
یخدان - جسمین یخ رکھی جائے۔
یخچہ - ژالہ یعنے اولا جو بادل سے برستا ہی۔
یخشی - ترکی مین خوب و مبارک و بہتر۔
یخنی - تیار کھانا اور ذخیرہ جو حاجت کیوقت کام آئے۔

یاے با دال

ید بیضا - حضرت موسیٰ کا ہاتھ جو معجزہ کے انوار سے روشن ہوتا تھا۔
توحید - زنور خود ید بیضا بموسیٰ مرحمت کردے ✤ ز لطف خود دم جان بخش بخشیدی مسیحا را۔
ید طولا - ید طولیٰ - کمال جو کسی ہنر مین ہو۔
ید - دست یعنی ہاتھ و نعمت و دولت و نیکی و قدرت و طاقت۔
یدک - کوتل گھوڑا جسکو عربی مین جنیبت کہتے ہین - نزلالی - تا بر و لخت جگر از سر میدان غمت ✤ تاختہ از پے آن ہم سر اسیمہ یدک۔
یدرہ - عشق پیچان کی بیل جو درختون پر چڑھ جاتی ہی۔
یدقہ - نام ایک درخت کا جسکے پھل کو بل کہتے ہین۔
یدہ - برف و باران و عمل سحر و ساحری۔

یاے با ذال

یذفہ - نام ایک درخت کا قسم زرد آلو سے ہی

یاے با راے

یرغا - راہوار و تیز رو و یلغار۔

یَرَا - جین اور شکن جو لاغر آدمی کے جسم پر پڑ جاتی ہین -
یَرَنَا - وسمہ یا مہندی وغیرہ جس سے ہاتھ یا بالون کو رنگین -
یَرت - منزل و مقام یہ لغت ترکی ہی -
یرخفج - بیماری کابوس کی یعنی خواب مین ڈرنا -
یرمر - انتظار کرنا راستہ دیکھنا -
یرانش - رغبت و توجہ -
یرآع - بہ عین مہملہ بانس جسکو نے کہتے ہین -
یرامیع - ایک دوا کا نام ہی جسکو ہلیون کہتے ہین -
یرغ و یراغ - بہ غین معجمہ وہ گھوڑا جو سواری کے لائق ہو -
یرلیغ - بادشاہی فرمان جسکو مثال و منشور کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی یرلغ اسکا اختصار ہی - **جمال الدین سلمان** - سپہر مرتبہ شاہا چو رفت یرلغ شاہ + کہ بندہ باز نماند ز پایبوس رکاب + اگرچہ برگ نوائے نداشتم لیکن + شدم بحکم اشارت مصاحب اصحاب -
یَرَاق - سامان و اسباب و مصالح اور فوج کا سامان -
یرمق - درہم و دینار روپیہ پیسہ -
یرنلاق - آستین یعنی رودے جانور کے اور تسمہ چمڑے کا - **قدسی** - گھوڑے کی تعریف مین مصرع یراقش نشیمن شیر و دُرد میان خالی اما کفل کیسہ بر -
یرقان - ایک بیماری ہی جس سے انسان کا بدن زرد ہو جاتا ہی **زلالی** - چہ خلوت خلوتے کز رنگ خستہ + اثر بر چہرۂ یرقان شکستہ -
یرمغان - ارمغان یعنی سوغات -
یرپان - نام شہر سمرقند کا جو مشہور شہر ہی -
یرغو - سیاست و حکومت -
یراغہ - نی قلم اور کرم شب تاب یعنی جگنو اور آدمی ڈرپوک -
یَرَہ - ترکی مین زمین -

یاے با زاے معجمہ

یزدجرد - یزدگرد - نام بہرام گور بادشاہ کے باپ کا جو کمال ظالم تھا اور گھوڑے نے اسکو دولتی مار کر مار دیا اور نام نوشیروان کے پوتے کا جسکو شہریار بھی کہتے تھے اسنے چالیس سال سلطنت کی آخر حضرت عمر خلیفہ ثانی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین جب اصحاب کا لشکر عجم پر حملہ آور ہوا تو اسنے شکست کھائی اور بھاگ کر نیشاپور چلا گیا اور اپنے نوکرون کے ہاتھ سے مارا گیا شاہان عجم کی سلطنت اسپر ختم ہوئی -

یزد - فارسی مین ایک شہر ہی -
یزکدار - سردار فوج طلیعہ کا جس فوج کو ترکی مین قراول کہتے ہین - **نظامی** - برون شد یزکدار دشمن شناس + بتیاسفے کمر بست بر جاے پاس -
یزدان بخش - نوشیروان اور ہرمز اسکے بیٹے کا وزیر تھا اور مزدک حکیم کو جسنے اپنا مذہب ایجاد کر کے قباد نوشیروان کے باپ کو گمراہ کیا تھا اسنے نوشیروان کے حکم سے اسی ہزار آدمی کے ساتھ جو حکیم کے پیرو تھے قتل کیا -
یزک - فوج قراول جسکو طلیعہ کہتے ہین پاسبان اور پہرہ دار فوج -
یزدان - فارسی اسماے الٰہی مین سے ایک نام ہی زمانہ سابق مین فارسی آتش پرستون کا یہ اعتقاد تھا کہ خدا دو ہین ایک یزدان دوسرا اہرمن یزدان انسان سے نیکی کراتا ہی اور اہرمن برائی یزدان روشنی پیدا کرتا ہی اور اہرمن تاریکی - **نظامی** - بیزدان کہ اہرمنش دشمن ست + بہ زردشت کو خصم آہرمن ست -
یزدادین - ایک کھانے کا نام ہی جو قیمہ گوشت مین انڈے ڈالکر پکاتے ہین -
یَزَنَہ - بہن کا شوہر جسکو بہنوئی کہتے ہین -
یزدی - منسوب بہ یزد شہر یزد کا رہنے والا -

یاے با سین

یسارت - توانگری و دولتمندی -
یسار - عربی مین توانگری و دولتمندی و ثروت اور بایان ہاتھ اور فارسی مین شوم و نا مبارک - **نورالدین ظہوری** - نشست مدعیا تند از یمین و یسار + بخلاے را کہ بہ پیر از یسار ے چند -
یُسر - آسان ہونا اور آسانی - سے مشو دلتنگ اندر تنگدستی + کہ یسر از عسر میگردد نمودار -
یسیر - بروزن فقیر آسان -
یساق - یاساق - مہم تیاری جنگ کی - **ظہوری** - خفتان و زرہ ز تیغ و تیرش + دل کسب نکردہ در یساق ست -
یَسَاوَل - میر تزک و نقیب و چوبدار - **فوقی یزدی** - بندہ آن نگاہ خشم آلود + کہ یساول مجلسش غضب ست -
یسال - یسل - پرہ فوج کا ترکی ہی - **فوقی یزدی** - زلہ بر وار لات بیش از شمار + نمود ند چندے یسال از یسار -

یاے با شین

یشب – ایک قیمتی پتھر کا نام ہے جو سپید مائل بسبزی ہوتا ہے اسکا بڑا فائدہ یہ ہے کہ جسکے پاس ہو اسپر بجلی نہین گرتی –
یشت – نام ایک نسک کا کتاب ژند سے جسکے اکیس نسک یعنی ابواب تھے –
یشکاف – تیسرے دانت شیر و فیل و گرگ وغیرہ کے
یشم – ایک پتھر جسکو یشب اور یشف کہتے ہین –

یاے باعین

یعقوب – نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا جو حضرت یوسف علیہ السلام کے والد بزرگوار تھے اور یہ لفظ عبرانی ہے اور نام امام ابو یوسف کا –
یعسوب – شہد کی مکھیون کے بادشاہ کا نام ہے کہ سب مکھیون سے بڑا ہوتا ہے اور سرگروہ قوم کا اور یعسوب المومنین لقب ہے علی مرتضے علیہ السلام کا –
یعوق – نام ایک بت کا تھا جسکو ایک گروہ قوم نوح علیہ السلام کی پوجتی تھی –

یاے باغین

یغما – غارت و تاراج اور نام ایک شہر کا ترکستان مین جسمین خوبصورت لوگ رہتے ہین – **سعدی** – دے کہ جور بہشتی رلود و یغما کرد + کے التفات کند بر بتان یغمائی –
یغمیصا – ریواس جو ایک خودرو گھاس ہے اور دوا مین مستعمل ہے –
یغلا – ایک آہنی برتن کا نام ہے جسمین حلوائی حلوا اور شیرینی بناتے ہین ہندی مین اسکو کڑاہی کہتے ہین –
یغوث – ایک بت بشکل شیر تھا جسکو کفار پوجتے تھے –
یغنج – یغنتج – یہ ایک سانپ زرد رنگ خوش خال و خط سبزہ زار مین ہوتا ہے کسی کو کاٹتا نہین –
یغماناز – نام دختر خاقان چین جو بہرام گور کے نکاح مین تھی –
یغلغ – تیر پیکان دار –
یغناغ – وہ کلاہ جو زرد و زرہ ہو اور جمعیت لشکر و فوج و اجتماع مردم اور میدان جسمین لوگ جمع ہون –
یغالم – غول بیابانی جو جنگل مین رہتے ہین –
یغلو – لوہے کی کڑاہی –
یغمائی – لوٹا ہوا مال اور وہ شخص جو شہر یغما مین رہتا ہو –

یاے بافاے

یفاع – وہ زمین جو بلند ہو –
یفن – بہت ضعیف آدمی –

یاے باقاف

یقلمش – ترکی ہین بمعنی خوش آمد یعنی پسند ہوا –
یقین – وہ بات جسمین شک و شبہ نہو یقین تین مراتب رکھتا ہے اوّل علم الیقین دوم عین الیقین تیسرے حق الیقین علم الیقین وہ ہے کہ ایک امر کا یقین انسان کو باقوال ثقات و روایات صحیحہ ہو جاے – عین الیقین وہ جو آنکھ سے دیکھکر یقین کیا جائے حق الیقین وہ جسکو حواس خمسہ راست و درست تصور کرین یہ قسم اعلی قسم یقین کی ہے – سجدہ کن بر خاک عجز ای خاکسار + از رہ تصدیق و اخلاص و یقین –
یقظ – بیدار مقابل خفتہ کے –
یقظان – بیدار –
یقطین – وہ درخت جو زمین پر پھیل جائے جیسے کدو اور خربزہ اور تربوز و ایسے کی بیل –
یقظہ – عالم بیداری –

یاے باکاف

یک – ترجمہ واحد یک و رانک یعنی تھوڑا اور پارہ اور یکبارگی – بہ یکی کن محبت تو ای حق شناس + بہ یکتائیش از دوئی دور باش –
یکران – خوبصورت گھوڑا اور اصیل – **سعدی** – سوار جہانگیر یکران براق + کہ بگذشت از قصر نیلی رواق –
یگانہ – اکیلا بے مثل و بے نظیر – **توحید** – خدا بے مثل و یکتا و یگانہ + خدا خلاق و رزاق زمانہ + خدا اہل محبت را بہ بخشد + خلوص و صدق و سوز عاشقانہ –
یکے – مزید علیہ لفظ یک – **نظامی** – یکے گرگ را کو بود خشمناک + ز بسیاری گوسپندان چہ باک –

یاے بالام

یلدا – شب تار یعنی اندھیری رات – جلوہ گر روے روشن از گیسوے مثل مہتاب در شب یلدا –
یلا یلا – بیا بیا آؤ آؤ –
یاسنب – نکاح کے سامان کی تیاری کرنیوالا از دواج کے لوازمات بہم پہونچانے والا –
یلوج – بلغت چین صنم و الوہ پیغمبر رسول یہ لغت ترکی ہے –
یلغار – حملہ کرنا نام نوح کا دشمن ہے –
یلدگر – قزل ارسلان بادشاہ کے باپ کا نام ہے –
یلدز – نام ایک پہلوان اور ستارہ کا –

یلمق - قبا جو ایک پہننے کا کپڑا ہی -
یلاق - نام ایک بادشاہ ترک کا اور ٹوٹا ہوا مٹی کا برتن جسمین سے کتے اور بلی وغیرہ کو پانی پلائین یا کھانا کھلائین -
یلک - بادشاہون کے پہننے کا تاج -
یل - پہلوان و شجاع و دلاور - **فردوسی** - منش کردہ ام رستم داستان + وگرنہ یلی بود در سیستان -
یلہ شیم - قزوین کے علاقہ مین ایک پہاڑ ہی اسکو کھودین تو طرح طرح کے آدمیون اور جانورون کے بت سنگین نکلتے ہین جس سے معلوم ہوتا ہی کہ کبھی اس جگہ شہر آباد تھا اور غضب الٰہی سے سب رہنے والے انسان و حیوان پتھر ہوگئے ہین -
یلمان - پھلانا تلوار کا کسیکے جسم مین - **ملا وحشی** - سینہ ہاہی و پشت گاو درہم دوخت رہ + تیغ را تا دست او یلمان کردہ بود -
یلابستان - طبرستان اور جرجان کے درمیان ایک بستی کا نام ہی -
یلکن - منجنیق جسکے ذریعہ سے جنگ کے وقت محصور دشمن کے قلعہ مین پتھر اور آگ پھینکتے ہین -
یلمن - دو دھاری تلوار جو دونون طرف کاٹ کر سکتی ہی -
یلیزن - بلانیوالا اور گانے والا -
یلمہ - بفتحتین و یاے موحدہ ایک قسم کی زرہ کا نام ہی جو حیوانات کے چمڑون سے بنائی جاتی ہی -
یلہ - چھوڑا گیا بے قید - لامذہب آزاد کیا گیا - اور دوڑتا ہوا - جابجا پھرنے والا اور فاحشہ عورت -
یلمہ - جو چیز تغاری مین رکھکر حیوانات کو کھلائین -
یللی - بفتح اول و تشدید لام اول و کسر لام ثانی و یاے مجہول یہ ایک کلمہ ہی کہ مست لوگ وقت نشاط و سماع کے زبان پر لاتے ہین -
سنجر کاشی - اد مطرب دف بدستم یللی بیخود و مدہوش و مستم یللی -
سید حسین خالص - اے حریفان حق پرستم یللی ہا زمی توحید مستم یللی -
یلی - مخفف یللی - **میر خسرو** - گشتہ یلی زن ہمہ بربانگ نے + ہیچو زنان یلہ از بہر می -
یلچی - بضم اول گذربان اور وہ گدا گر جو راستہ مین بیٹھکر مانگے -

یاے بامیم

یمرود - نازک آدمی اور پودا ہی ایک درخت کا جو نیا لگایا گیا ہو -
یماک - نام ایک بادشاہ کا اور نام قیصر روم کے ایک غلام کا -
یمک - نام ایک شہر کا اور نام ایک بادشاہ کا -
یمام - جنگلی کبوتر -
یم - دریا یہ مشہور لفظ ہی - **سعدی** - ز ابر افگند قطرۂ سوے یم + ز صلب آورد نطفہ در شکم -
یمان - منسوب بہ یمن یمن کا رہنے والا -
یمن - بضم اول برکت و خوبی و مبارکی -
یمن - بفتحتین نام ایک ولایت کا - **نظامی** - سہیلے بر اوج عرب تافتہ + ادیم یمن رنگ زر یافتہ -
یمین - دہنا ہاتھ اور دہنی طرف اور قسم و سوگند و قوت و توانائی و رتبہ و درجہ - **توحید** - دید جلوہ نور خدا پیش و پس + نماید رخ از سوے یمین و یسار -
یمکان - ایک بستی بدخشان مین ہی اور اس جگہ حکیم ناصر خسرو کی قبر ہی -
یمسو - بارود جس سے بندوق اور توپ چلائی جاتی ہی -
یمزدہ - مردم گیاہ جسکا بیان پہلے ہوچکا ہی -
یمینہ - معدہ جسمین کھانا جاتا ہی -
یمانی - منسوب بہ یمن جو ایک ملک ہی -

یاے بانون

ینگا - بھائی کی زوجہ اور چچا کی بی بی و کدبانو و مشاطہ -
ینگ دنیا - نئی دنیا امریکہ کا ملک جو پہلے کسیکو معلوم نہ تھا اور اب انگریزون مین سے کلنبس نام ایک انگریز نے معلوم کیا -
حیاتی گیلانی - عاقلان را دہر زندان ست و بند + عاقلان را نیک دنیاے خوش ست -
ینبوع - بڑا چشمہ پانی کا -
ینابیع - جمع ینبوع بہت سے چشمے -
ینق - شیرمایہ و شیردان جسکو کھیری بھی کہتے ہین -
ینک - شکل و مانند و طرز و روش و آئین و طریق و قاعدہ و قانون و تمکین و وقار اور نام ایک جانور کا جو ہمیشہ گھاس مین رہتا ہی اور ترکی مین آستین - **سلمان ساوجی** - گل رخسار ندیدیم بدین حسن و جمال + شکر نیکی نشنیدیم بدین شیوہ و ینک -
ینتون - ایک گھاس کا نام ہی پودینہ کیطرح اسکے کھانے سے قوت باہ جاتی رہتی ہی عورت حاملہ کھا جائے تو اسقاط حمل ہو جائے -
ینپلو - وہ منڈی جسمین ہر ایک جنس تجارت اگر فروخت ہو - و کاروان و قافلہ و بازار -
ینمہ - ایک گھاس کا نام ہی -

یاے با واؤ

یوسف زلیخا — یہ کتاب یوسف زلیخا کی عشقیہ حالت بین مصنفہ مولانا جامی نظم مین مشہور ہی اور شعرا نے بھی یہ قصہ منظوم لکھا ہی — **محمد سعید اشرف** — سرگشتی حرف عشق و عاشقی را واگذارد خواندن طفلان بود یوسف زلیخا بیشتر —

یوب — مکلف اور قیمتی فرش جو کسی عالیشان مکان مین بچھایا جائے —

یوت — بتاے فوقانی دیا یعنے مرگ جو انسان اور حیوان مین پڑ جاتی ہی —

یواقیت — جمع یاقوت —

یوج — وہ جانور جو گھاس کھاتے ہین —

یوح — بحاے حطی آفتاب عالمتاب —

یولاخ — بخاے معجمہ ویرانہ جو بے آب اور آبادی سے دور ہو —

یولقار — ترکی مین وہ تار جو رود خشک سے بناتے ہین و مطلق تار اور سوت — **شرف الدین شفائی** — ریزد از تار تنبورے آہنگ انزبرونش اگر کشی یولقار —

یوز — ڈھونڈھنا تلاش کرنا اور تلاش کرنے والا اور نام ایک شکاری جانور کا جسکو چیتا ہندی مین کہتے ہین —

یونس — ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ہی جسکو مچھلی نگل گئی تھی سعدی — قرص خورشید در سیاہی شد — یونس اندر دہان ماہی شد —

یوالش — گھوڑا کوتل اور نرم رفتار اور سواری کے لایق —

یورش — حملہ کرنا لشکر کا دشمن پر ایک ہی دفعہ —

یوش — تلاش کرنا جستجو کرنا —

یوغ — جوا جو ایک لکڑی کا حلقہ بنا ہوا ہوتا ہی اور قلبہ رانی کیوقت بیلون کے گلے مین ڈالتے ہین —

یوسف — ایک پیغمبر کا نام ہی اور نام ایک سورۃ کا قرآن کی سورتون مین سے جسمین قصہ حضرت یوسف کا مفصل تحریر ہی اور اس قصہ کو حق جل وعلے نے احسن القصص فرمایا ہی —

یوزک — شکاری کتا —

یوک — رفیدہ نان پزون کا جسپر روٹی رکھکر تنور مین لگاتے ہین —

یونت ئیل — ترکی زبان کے سالون مین سے ایک سال کا نام ہی معنے اسکے سال اسپ یعنے گھوڑے کا سال ہی کیونکہ وہ بارہ سال ہین اور نام ہر ایک سال کا جانورون کے نام پر رکھا گیا ہی —

یوم — ضد و زر یعنے دن —

یونان — مشہور ولایت ہی جو زمانہ سلف مین علم و ہنر کا معدن تھا اور بڑے بڑے حکما اس ملک سے نکلے یہ ملک اقلیم پنجم مین واقع ہی اور داخل روم کے ملک مین اس ملک کو یونان بن یافث بن نوح نے آباد کیا ہی —

یوکان — بچہ دان مادہ کا انسان ہو یا حیوان —

یون — تانبے کا سکہ یعنے پیسا اور نمد زین اور نام ایک رود کا اور رنگ اور لون جیسا کہ آذریون یعنی آگ کے رنگ —

یو — پہلوی زبان مین ایک جسکو عربی مین واحد کہتے ہین —

یوبہ — بہر دو یاے تحتانی عزم و ارادہ و قصد —

یوبہ — بیاے موحدہ آرزو و تمنا و خواہش و اشتیاق —

یوجہ — بجیم تازی قطرہ پانی یا خون و شراب وغیرہ —

یوخر — جماع کی لذت اور ترکی مین پتلی روٹی یعنے پھلکا —

یوزہ — گدائی اور درخت کاٹنا اور لیٹنا جانورون کا مٹی مین —

یوسہ — آرہ جس سے لکڑی چیرتے ہین —

یورتگہ — جگہ رہنے اور بیٹھنے کی اور پاسبانی کی جگہ —

یوفی — بفاے مکسور بیہودہ گو و بکواسی —

یولچی — ترکی مین محافظ راستہ کا اور بمعنی سفیر ایلچی —

یوزباشی — وہ سردار جو ایکسو آدمی پر حکمران ہو —

یوسفی — نام ایک کتاب کا طب مین —

یاے با ہاے

یہودا — نام بڑے بھائی یوسف علیہ السلام کا —

یہود — فرقہ یہودیون کا —

یہان — ژندی زبان مین نام باری تعالے —

یہودانہ — وہ زرد کپڑا جو یہودی اپنے دوش پر بطور نشان رکھتے ہین —

یاے با یاے

ییلاق — سرد مقام اور ہوادار جگہ جہان انسان گرمیون کے موسم مین بآرام زندگی بسر کرے یہ ترکی لفظ ہی —

ییل — ترکی مین بروزن فیل سال یعنی برس —

ییلان — ترکی مین مار یعنی سانپ —

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

باب الالف

یاد — یہ لغت فارسی اُردو مین مستعمل ہی عربی مین اسکو حفظ کہتے ہین۔ **مؤلف** — آپکی رسم پر جو تھی پہلی عنایت یاد ہی + پہلی صحبت بے تکلف اور محبت یاد ہی۔

یادگار — وہ عمل جس سے کوئی بعد مرگ یاد ہو — **مؤلف** — یادگم جس سے رہو نیکی کے ساتھ + کر لو اپنی کوئی قائم یادگار۔

یار — دوست مہربان محبوب معشوق — ہم نے اسکو ہم نے جابجا دیکھا + کہین ظاہر کہین چھپا دیکھا۔

یاقوتی — ایک مرکب معجون کا نام ہی جسمین یاقوت بھی ایک جزو ہوتا ہی۔

تیسری فصل

اصطلاحات و محاورات فارسی کے بیان مین

یارب — اے پروردگار یہ کلمہ کبھی بموقع دعا اور کبھی بموقع تعجب زبان پر لاتے ہین — **رباعی** — گنج زر خواہی اگر یارب بگو + گرطالب داری گہر یارب بگو + تاج سواری اگر مطلوب تست + لیس بنہ بر خاک سر یارب بگو۔

یاقوت لب — محبوب کی تعریف مین بولتے ہین — **میر معزی** — جام زرین تو پر کردہ زیاقوت روان + ساقی بزم تو یاقوت لب سیمبرے۔

یاقوت مذاب — شراب سرخ اور عاشق کے خونی آنسو۔

یا دوست — یہ ایک صدا ہی جو فقرائے آزاد گدائی کیوقت کہتے ہین — **میرزا محمد سعید** — بجز یاد دوست جہنے بر سر ما ہش نمیگویم + تکلف بر طرف اکثر گدائے انجمن باشد۔

یاقوت قدح — یاقوت روان — سرخ شراب — **حافظ** — یاد باد آنکہ چو یاقوت قدح خندہ زدے + در میان من و لعل تو حکایتہا بود۔

یادبود — یادگار — یادگاری — وہ نشان جو کسی شخص سے زمانہ مین رہجائے اور لوگ اسکے ذریعہ سے اسکو یاد کرین — **سنجر کاشی** — فراموشم شود از وعدہ ات زان گونہ دست از پا + کہ یہیاد بود تو رشتہ انگشت پا بندم — **محمد قلی سلیم** — برائے سوختن من چو شعلہ تند مشو + اگر بہ خار و خسم یادگاری چمنم — **صائب** — بر گ عیشے نیست چشم از تو نہاد او مرا + بس بود چون لالہ داغے یادگار او مرا۔

یاد کرد — یاد کردن — کسیکو یاد کرنا — **حافظ** — سنگویم از من بیدل بسہو کردی یاد + کہ در حساب خرد نیست سہو قلم۔

یار مند — **یاری گر** — مدد و معاون و مددگار — **فردوسی** — تو بالا و بر و برت شود یار مند + ہمش راہبر باش و ہم یار مند — **نظامی** — جہان را بدین خوبی آراستی + برون زانکہ یاری گری خواستی۔

یال — عمدہ گھوڑا جسکے یال کے بال دراز ہون — **شفیع اثر** — گھوڑے کی تعریف مین — جلو دارش ز بخت خویش تا دست + رواکا مش کہ یارین یال مرادست۔

یادش بخیر — یہ کلمہ دعائیہ غائب کے حق مین کہا جاتا ہی — **صائب** — بیگانگی نگر کہ شنست ز عالم مراد ما + یادش بخیر ہر کہ نمیگفت یہ یاد ما۔

یار غار — مصیبت کے وقت کا دوست اور خطاب حضرت صدیق اکبر ابو بکر جانشین اول رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا جو تین روز ہجرت مین مدینہ کے پہاڑ کے غار مین حضرت کے ساتھ رہا تھا — حضرت صدیق یار غار بود + جانشین سیدابرار بود۔

یازدہ در — گیارہ دروازے یعنی انسان کے جسم کے سوراخ یعنی دو سوراخ کانون کے دو سوراخ ناک کے دو سوراخ آنکھون کے دو سوراخ حلق کے ایک سانس آنے اور کھانا کھانے کے واسطے دو سوراخ ذکر کے یعنی ایک بول کا دوسرا منی کا ایک سوراخ مقعد کا جو براز اور ہوا کے اخراج کے لیے ہی عورت کے جسم مین دو سوراخ پستان کے علاوہ ہین۔

یار رس — مدد و معاون و مددگار — **فردوسی** — بہر حال خواہند زو یار رس + کلاہ و ر جاندار یار ست و بس +

یاری گر — مددگاری کرنے والا — **نظامی** — نہ بگاز برگی دہا بہ کیسم + تو ای یاوری بخش و یاری رسم۔

یاوری بخش — مدد کرنے والا مدد و معاون — **توحید سنبلی** — یاوری بخش ہمہ یاوران + توئی حاکم ای داور داوران۔

یاقوت فروغ — وہ چیز جسکی روشنی یاقوت کی سی ہو — **میرزا صائب** — دہان تر ہوا — لب یاقوت فروغ تو عقیق سا اشک گرمی ست از چشم سہیل افتادہ ست۔

یاقوت نرم — ایک قسم کا یاقوت ہی جو کم قیمت اور نرم ہوتا ہی کنایہ معشوق کے لب — **صائب** — می خورد و فروزان شد + دانہ نرم برآمد یاقوت لب لعل عجب نرم برآمد۔

یاقوت جام — معشوق کے لب۔

یاد بودن — یاد داشتن — یاد ہونا اور یاد رکھنا — **محمد قلی سلیم** — بر گفتہ حباب بسے گوش نہادیم + حرفے نشنیدیم کہ دریاد نباشد۔

یا خضر — سا ہر نکالنا ظاہر کرنا کوئی بڑا کام کرنا۔

یار بدن - یار زدن - درازی کرنا اور کسی کام کرنے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔

یارستن - طاقت و قدرت رکھنا۔

یاقوت روان - سرخ شراب۔

یار فروشی - اپنے دوست کی تعریف کرنا - **نور الدین ظہوری** - دو چشم بجو ز بادہ نوشی کرد ند + بر شعلہ پنبہ پردہ پوشی کرد ند + ظاہر شد از او سیل خریداری من + اغیار ہمہ یار فروشی کرد ند +

یار کردن چیزے با چیزے - ایک چیز کو دوسری چیز میں ملانا - **خسرو** - بریں بیمار شیریں گشت معجون اجل + زانکہ عشقت چاشنی چاشنی با آن یار کرد -

یاقوت اسکندری - وہ یاقوت جو ظلمات سے اسکندر کا لشکر اٹھا لایا تھا اور وہ سب لشکر جا کر اٹھا لائے گئے تھے جب روشنی میں آکر دیکھا تو سب قیمتی یاقوت معلوم ہوئے سب پچھتانے لگے یعنی جو کم لائے وہ پچھتائے کہ زیادہ کیوں نہ لائے اور جو نہ لائے تھے وہ اور زیادہ پچھتائے کہ ہم بالکل محروم رہے - **نظامی** - چو دیدند لشکر رہ آورد خویش + نہادند سنگ رہ آورد پیش + ہمہ سنگہا سرخ یاقوت بود + کزو دیدہ را روشنی قوت بود + یکی را ز گوہر گرسنہ دل بر نبد + بگی پیش گوہر آوردند بعد یاد سرد + پشیمان شد آنکس کہ باقی گذاشت + پشیمان تر آنکس کہ او بر نداشت -

یافہ درائی - بیہودہ گوئی -

یائے با خائے

یخ در بہشت - ایک قسم کا حلوا ہے حلوے نرم بھی اسکو کہتے ہیں ہند میں جو ایک حلوا در بہشت عام ہے یہ سوا سے یخ در بہشت کے ہے -

یخ بسیار آب شود تا فلان کار بر آید - یعنی وہ کام جلدی ہونے والا نہیں - **سید حسین خالص** - فلک آسان بکام زاہد طامع کجا گردد + یخ بسیار گردد آب تا این آسیا گردد -

یخدان کش - وہ شخص جو یخ کا صندوق اٹھا کر جا بجا لیجاتا ہے - **میر نجات** - سفرہ بردوشی از شیخ جہ آسان باشد + بہتر آنست کہ یخدان کش رندان باشد -

یخنی کش - باورچی اور خدمتگار ہے - **میر نجات** - سفرہ بردوشی از شیخ چہ آسان باشد + بہتر آنست کہ یخنی کش رندان باشد -

یخ لخشک - بروزن نغز کہ یخ کے اوپر سے پھسلنا یہ ایک کھیل ہے جو برفستان کے لڑکے کھیلتے ہیں - **محمد سعید اشرف** - باز از صف ملحمے بیشک + مبرود خامہ ام بہ یخ لخشک -

یخ بستن - یخ کردن - بستہ ہونا پانی کا بسبب سردی کے - **قاسم مشہدی** - بر عکس چہرہ موج جبین یخ نہند + بر رو سے چراغ آستین یخ نہند + از غایت تاثیر ہوا زاہد را + وقت است کہ سجدہ بر زمین یخ نہند + شمع افسردہ شود صاف دل رنگین + آب یخ میکند چو استادہ دست -

یخ خوردن - سرد مہری کرنا -

یائے با عین

یعنی چنین باشد - یعنی ایسا ہی ہوگا - **طاہر وحید** - گفتنیم گشت جانان مہربان یعنی چنین باشد + چو شمعش دل بکے شد با زبان یعنی چنین باشد -

یعنی چہ - یعنی کیا - **حافظ** - ماہ من بر چہ برانداختہ یعنی چہ + مست از خانہ برون تاختہ یعنی چہ -

یائے با کاف

یک بادام جا - بہت تھوڑی جگہ - **شوکت** - کرا نداند کہ خود باشد نظارہ ام بیرون + نگاہ من ز کوے یار یک بادام جا گیرد -

یک بام و دو ہوا - ایک گاؤں میں دو حکومتیں - **شاپور** - بجا ز نشیم کوے یار یم + کانجا دو ہوا بود بیک بام -

یک سر ہزار سودا - ایک آدمی کے متعلق بہت سے کام -

یک دیدہ خواب - یک چشم خواب - تھوڑی سی نیند - **میرزا جلال اسیر** - یکدیدہ خواب راحت سیما لکم ز دست + بے طاقتی بمذہب من آرمیدگی ست - **صائب** - عالمی کہ دیدۂ ما راکشودہ اند + یک چشم خواب دولت بیدار بیش نیست -

یک رقیب - ذات حق تعالے -

یکدست - ایک ہی دفعہ یکسان و برابر - **صائب** - نقطہ پست و بلندی نیست ما را در سخن + گفتگو یکدست مانند قلم داریم ما -

یک لخت - ایک ہی دفعہ یکسان - **اسمعیل ایما** - سخن نغز تو بآدمی کہ یک لخت است + حکایتے ست کہ دیوار گوش میدارد -

یکمشت - باہمی اتفاق و اختلاط - کنندہ عقدہ کشائی بکارہائے درشت + چو اتفاق بیکمشت کرد پنج انگشت -

یکہ بیت - غزل میں سے جو شاہ بیت ہو - **فوقی یزدی** - ستانہ ایکہ بیت از طبع تو زیروز بر + چہار بازار رباعی گشتہ از کلکت خراب -

یک صدی ذات - یہ ایک شاہی منصب کا نام ہے اور صاحب منصب کے لیے دو لکھ دام مقرر ہوتا ہے جسکا پانچہزار روپیہ سکہ حال ہے -

یک چند - کسیقدر مدت تھوڑے دن - **حافظ** - از قیل و قال مدرسہ حالی دلم گرفت + یک چند نیز خدمت معشوق و مے کنیم -

یک چشم زدن - ایک لمحہ بھر -

یک تو رو - ایک طریق ایک ہی طرح -

یک چشمہ کار - یک کار منظوم و آراستہ - **صائب** - بشوخی حسن تو صائب نیاید در شمار + دلبری یکچشمہ کار از نرگس جادوے او ست -

یک سر - ناگاہ و تنہا اور اچانک -
یک سراسر - تمام و مجموع بالکل - باقر کاشی - آن جوہرم کہ
می شکنند از ہراس سرہا و رکشی اگر بیری بیک سراسر دم -
یکہ سوار - یکسوارہ - بہت اچھا سوار اکیلا سوار - سعدی - اگر
پائے نہی رضا بیش گیر ہدگر یک سوارہ رہ خویش گیر - مخلص کاشی -
یکہ سوار جلوہ ہا صف شکن ہرکون کن ہر شکار غمزہ را نیست ترکتازدہ -
یکہ تاز - سعہ بہادر سوار جو تنہا دشمن پر جا پڑے - فوقی یزدی - آن سوار
یکتاز م و بیابان جنون ہ کافتاب برکنند م آرزو سے شاطری -
یکہ انداز - ایک تیر سے شکار مارنے والا - مجیر الدین بیلقانی - پاسخے
کز غمزۂ چشم یک اندازش برفت + گرچہ از دل بگذرد بیکانش در ریشکنند -
یک نفس - ایکدم - دوست ہمدم -
یکتا یک کردن متاع - گران کردینا جنس کا - سید حسین خالص - در
سیر زلفش دو بالا میشود سودا سے دل + این متاع کم بہا اینجا یکایک میکند -
یکبدگر گرفتن ورق - باہم چسپان ہو جانا کتاب کے اوراق کا - میر خسرو -
دفتر غمزہ را کہ نم بگرفت + ورقش یکدگر گرفت اینک -
یکیک - یکایک - یک بیک - ایک ایک فرد فرد اچانک - نظامی -
یکایک ورقہا سے مازین درخت + بریز او فتند چون ورزد باد سخت - خاقانی -
دو بدو با حریف جان بنشین + یک بیک غمہ آسمان بر گیر - سید حسن غزنوی -
کتا سلطان یمین محمود و فرزندان پاک + زمان سوان یکیک چم در گیتا نوذر -
یک بغل - مقدار اندک یعنی تھوڑا - طغرا - یک بغل مشک میشروش
نافہ صفت ہ دست شانہ چو گیسوے رسا سے تو رسید -
یک قد آدم - آدمی کے قد کی مقدار - محمد اسحاق شوکت - شد
بسنگ آہن کہ افروز و چراغ خویش را + یک قد آدم علم شد آتش و بالا سوخت -
یک قلم - ایک ہی دفعہ تمام و مجموع - محمد سعید اشرف - بسکہ قلم یک قلم
گردید صرف خطان + نامۂ عصیان من چون مشق طفلان شد سیاہ -
یک چشم - آفتاب -
یک آب خوردن - دیک شربت آب خوردن - ایک دفعہ
سیر ہو کر پانی یا شربت پینا - میر معزی - لعل آن بت آب حیوان ست پنداری
کزو + ہر کہ یک شربت خورد جاوید ماند خضروار - صائب - اے سکندر تا بکہ
حسرت خوری بر حال خضر + عمر جاویدان ادیک آب خوردن بیش نیست -
یک آتش پختن - ساتنا عرصہ جتنے میں آتش پختہ ہو جائے تھوڑا وقت
میں پکنا - خبیر آزری - میخورد خام گوشت را چو شیر بر + کہ ندارد
تاب تحمل یک آتش پختن صبر -

یکپا شدن - تیز چلنا اور دوڑنا -
یک پشت کارد ماندن - نہایت نزدیک رہنا - ابراہیم ادہم -
در جب آل صاحب تیغ دو سر علی + یک پشت کارد ماندہ کہ گویند خالی ام -
پشت ناخن - پشت کمان - تھوڑا میدان - حسن بیگ رفیع -
دل من زان خم ابرو نشود رو گردان + زانکہ دوری ز تو یک پشت کمان بسیار است -
صائب - چون قلم شد تنگ بر من از سیہ کار سے جہان + نیست جز یک
پشت ناخن دستگاہ خندہ ام -
یک پہلو افتادن - ایک پہلو پڑنا - عبد الغنی قبول -
ز ابرو سے تو نتوان بر دجان نشاد یک پہلو + بقصد قتل ما چون ہو بت شمشیر بر کاغذ -
یکتا پیراہن - جسکے پاس ایک ہی پیراہن ہو - ابو طالب کلیم -
شب قبا سے صبر ما چاک شد چون آمدی + تو چو شمع خلوت فانوس یکتا پیرہن -
یک جلو رفتن - تیز چلنا دفعتہ جانا - محسن تاثیر - گرچنین کار خرام
قدش از پیش رود + یک جلو تا بقیامت الف از خویش رود -
یک چشم زدن - یک چشم پریدن - ایک لحظہ تھوڑا وقت - ملا
خیالی - تا چشم من ز خون جگر ما آشنی گرفت + یک چشم زد نشد غلط میہمان
آب - صائب - نتوان گرفت یک چشم پریدن تا مقصد + بو سے پیراہن اگر قافلہ سالار بود -
یک چشمہ کردن - زیب و زینت کرنا - میر خسرو - عروس صبحدم یک چشمہ
کردہ + ببام چار مین ایوان بر آمد -
یک خانہ شدن کمان - خم کھانا کمان کا - میر خسرو - گشت
چو یک خانہ کمان سپہر + داد سپہر آتش تیرش بہر -
یک دہن - ہر چیز قلیل یعنی جسقدر دانتوں سے کاٹ لی جائے +
میرزا صادق دست غیب - زان زنخدان یک دہن جا ما سے سیب +
گرد ہد میدارم از جان بہترش -
یک دہن لب خندان - مسکرانا - صائب - تا خندہ بر بساط
فریب جہان کنم + چون صبح یک دہن لب خندانم آرزوست -
یکرو کردن - یکسرخ کرنا نفاق دور کرنا - اسمعیل ایما - اہل نفاق
بودن بدتر ز کینہ جوئی ست + یکرو کنم بہر کس با من کند دوروئی -
یک سر و گردن بلند شدن - افتادن - بڑھنا پھولنا زیادہ
ہونا اونچا ہونا بلند ہونا - صائب - سنداپر و یک سر و گردن بلند افتادہ
مژگانش + کمان بر زور چون باشد خدنگ او رسا باشد -
یکسو کردن - فیصلہ کرنا معاملہ ختم کرنا - نبیرۂ شاہ طہماسپ
صفوی - سر بر باد ادا باد حرفے چند میگویم یاد + کار خود در عاشقی
این بار یکسو میکنم -

یک کاسہ کردن - آپس مین ملا دینا۔ چیز کا - شفیع اثر - سنگدا شست حسن تو چیز سے برائے گل + یک کاسہ کردہ است جام آب و رنگ را۔
یکہ خوان - وہ شخص جو تنہا دم بخوبی لگا سکتا ہو دکش کی حاجت نرکھتا ہو - میفید بلخی - کدام شوخ درین پردہ نغمہ پرداز ست + کہ بہر ہستار دخستہ ہیچ آواز ست + ز اقتدار بدم ساز افتیاجش نیست + بہ یکہ خوانی خود در زمانہ ممتاز ست۔
یکے خوردن - یکہ خوردن - اچانک متحیر و سراسیمہ ہو جانا کسی عجیب یا مہیب چیز کے دیکھنے سے - محسن تاثیر - سراسیمہ شد آندم کہ گل روے تو دید + یکہ خورد الف تا قد دلجوے تو دید - عرفی یزدی - دوشم زلب جانان میل و وسبوسی شد + کواز رقیب آمد از دور یکے خوردم۔
یک پہلو - ایک طرف اور وضع پر قایم جیسا کہ خواب یک پہلو خوے یک پہلو وغیرہ - صائب - بر نمی آید کسے باخوے یک پہلوے تو + ہست یک پہلو ترا زخوے جو امان خوے تو۔
یک جلو - تیز چلنے والا - ملا طغرا - ای طفل اشک تند رو کز شوق گشتی یک جلو + حرفے از ین یعقوب تو با یوسف ثانی بگو۔
یک رو - ایک رخا اور ایک طرفہ آدمی۔
یک اسپہ - بہادر نہ تیز و تند - طالب آملی - خور رایک اسپہ بر سر افلاک میزنم + خورشید سان سرا بینک بر کف نہادہ ایم۔
یک دندانہ - یکسان و برابر۔
یک دہن خندہ - یک دہن خمیازہ - ایک دفعہ کا ہنسنا اور خمیازہ لینا اور دہن کا لفظ اسکے ساتھ ایسا ہی جیسا کہ یک نفر آدم و یکراس اسپ و یک مہار شتر وغیرہ ہے - سالک یزدی - تا لب شکل گشاییت یک دہن خندیدہ است + نیشکر بے عقدہ رو یا از شکر زار دلم - صائب - سراپایم چو ساغر یک دہن خمیازہ میگردد + چو میگردد بخاطر یاد آن لبہاے می نوشش۔
یک سوارہ - یکتا بہادر سوار - صائب - پیادہ وار مکر سپہر سرکش را + فگندہ در جلو خویش یکسوارۂ دل۔
یک سرہ - اچانک اور یکبارگی۔
یک شبہ - ایک رات کا جیسا کہ ہلال یکشبہ و طفل یکشبہ وغیرہ اور نام ایک نازک کپڑے کا - سعید اشرف - چو خورشید خاور نہان ساخت چہر + برلور درآمد عروس سپہر + فزون گشت از کوکبش کوکبہ + لبسر کرد از ماہ نو یک شبہ۔
یک غنچہ - مقدار یک غنچہ - صائب - غم عالم فراوان ست و من یک غنچہ دل دارم + چسان در شیشۂ ساعت کنم ریگ بیابان را۔

یک کوچہ راہ - راستہ جو ایک کوچہ کی مقدار ہو - صائب - با عقل گشتتم ہم سفر یک کوچہ رہ از بیکسی + شد ریشہ ہا شیشہ ام از خار استدلالہا
یکہ و جنازہ - نام ایک بندوق کا ہے جسکو دانیال نام ایک شخص نے ایجاد کیا - ماز شوق شکار تو شود جان ز دو تازہ + بر سر کوئی خود نبر تو یکہ و جنازہ۔
یک تنہ - تنہا و یکتا۔
یک دلہ - بے ریا و بے نفاق۔
یک رشتہ - ہم جدی آدمی۔
یکروئی - بے ریائی کرنا ایک رخ ہونا۔
یک رکابی - مصروف ہونا بجلدی ہونا شتابی کرنا اور کوتل گھوڑا۔
یک چشمی - نیک و بد کو ایک آنکھ سے دیکھنا اور وہ تصویر جو یک چشمی ہو۔
یک تہی - وہ کپڑا جو دوسرا ہوا کہرا ہو۔
یک رنگی - بظاہر و باطن یکسان ہونا۔

یاے با واو

یوم الحساب - قیامت کا دن۔
یوسف زرین نقاب - آفتاب عالمتاب۔
یوم التناد - دن قیامت کا۔
یوسف زار - یوسفستان - یوسف کے رہنے کا مقام اور مقام سکونت معشوقون کا - عرفی - بر تربع کنعان کہ ہست حسن آبلا بجلہ گاہ زلیخا کہ بود یوسف زار - سیاق کاشی - بسکہ لبست ست بدل نقش جمالت ما فر ہلا یوسفستان شدہ ہر گوشہ بیت الحزن ما۔
یوسف نگار - وہ چیز جو نقش یوسفی رکھتا ہو اور وہ شخص جو یوسف کا نقش کھینچے - قاسم مشہدی - سنامہ ام یوسف نگار پردہاے گوش بود + عشق گوئی در صغیرم خامۂ بہزاد داشت - طالب آملی - از بادۂ برفروز برخ شاہدانہ را + یوسف نگار کن در و دیوار خانہ را۔
یوم النشور - قیامت کا دن۔
یوم البحور - سنب کے بحران کے دن جو اطبا کے نزدیک پہلے دن سے پانچوان ساتوان گیارھوان چودھوان سترھوان انیسوان بیسوان اکیسوان چوبیسوان ستائیسوان ہے۔
یوسفی کردن - بادشاہی کرنا - نعتیہ - بارگاہ مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کاندر جہان + یوسفی را دست غلام بار گاہش میکند۔
یوزیدن - طلب کرنا اور ڈھونڈھنا۔

چوتھی فصل
محاورات اردو کے بیان مین

یاے با الف

یاد گدگدانا - باربار یاد آنا رہ رہکر خیال آنا -

یار کرنا - دوست بنانا دوستی پیدا کرنا کسی سے آنکھ لگانا - راحت -
نکل جاؤ گلی مین بھی یار کرکے دیکھنا اک دن + رہو گھر سوت کے اچھا
بچھوڑو جانا تم وان کا -

یار بنانا - دوست بنانا محبت کرنا - سہ - دشمن اپنون کو جانتے ہین
ہم + یار اغیار کو بناتے ہین -

یارماری کرنا - دوست بنکر دغا دینا -

یاری دینا - مدد کرنا امداد دینا پشتی کرنا -

یاد بخیر - جبکسی عزیز کا غیر حاضری مین ذکر آتا ہے تو یہ کلمہ زبان پر
لاتے ہین یعنی خدا اسکو بخیر رکھے - داغ - نہین معلوم اک مدت سے
قاصد حال کچھ وانکا + مزاج اچھا تو ہے یاد بخیر اُس آفت جانکا -

یارمار - دغاباز جو دوستون سے فریب کرے -

یارباز - فاحشہ عورت -

یارباش - زندہ دل صاحب دل لگی کا یار دن کا یار خوش طبع ہر ایک
سے ملنے والا پرہیز - جرات - کیونکہ سہین یہ ظلم جو کیونکہ ملالک ہر طور +
غیرت عشق ہمکو ہے آپ ہین یار باش سے -

یاد اللہ - سلام علیکم میل ملاقات صاحب سلامت سلام بندگی
قطعہ از مولف - خلق مین ہین جو لوگ صاحب خلق + الفت انکی ہے سب سے
خاطر خواہ بیاد رکھتے ہین وہ انھین دن رات + جنسے ہوتی ہے انکی یاد اللہ -

یافت کے اسامی - آمد کی نوکری -

یاے با قاف

یقین کے بندے ہوگے تو سچ مانوگے - اگر خدا پر تمھارا
یقین ہے تو میری بات کو سچ جانوگے -

یاے با کاف

یک جان دو قالب - نہایت یکا اور گہرا دوست -

یاے با واو

یون تون کرنا - گالی دینا - کوسنا -

یون ہی ہو - تم نالائق ہو بیکار ہو -

یون ہی - اسی طرح ہے اتفاقاً بلا وجہ بے سبب -

یون ہی سہی - اسیطرح ٹھیک اور درست ہے ظفر - جو کہوگے
تم کہینگے ہم بھی ہان یون ہی سہی + یون خوشی ہے آپکی تو مہربان یون ہی سہی -

یاے با ہاے

مہمان کا بہین - دنیا کا دنیا ہی مین - ضمیر - جاہو جتنا لگیٹ لو
لوگون کا تم صاحب گلا + ہاتھ خالی جاؤگے یان کا یہین رہجائیگا -

یہ کیا ہے - آج یہ کیا نئی بات ہے آج کیا دنیا جاتے دیکھی - داغ -
یہ کیا ہے آج غیرون سے مری تعریف ہوتی ہے + یہ کیا ہے خود بیان
ہوتا ہے اپنے جور پنہان کا -

پانچوین فصل

ادویات یعنے لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

یاے با الف

یاقوت - قیمتی اور عظیم القدر پتھرون مین سے یہ ایک پتھر ہے سرخ
نیلہ کبود و سبز پستئی سپید وغیرہ رنگ اسکے بہت ہین اسکے اعلےٰ قسم سرخ رمّانی
اور سخت ہے اُسی کو لعل کہتے ہین یہ پتھر سب پتھرون سے زیادہ سخت
ہے البتہ الماس اس سے زیادہ سخت ہے سرخ کو ہندی مین مانک زرد کو
پکھراج کبود کو نیلم بولتے ہین مادہ اسکی پیدایش کا گندھک اور پارہ ہے
اور فاعل سردی ہیگو مین اسکی کان ہے جس سے اعلیٰ قسم کا یاقوت
نکلتا ہے اور مقامات مثل جزیرہ سیلان وہزاریل وارض سیدین مین بھی
اسکی کانین ہین طبیعت سرخ کی گرمی اور سردی مین معتدل اور دوسرے
درجہ مین خشک اور زرد دوسرے درجہ مین گرم اور خشک کبود پہلے درجہ مین
گرم اور تیسرے درجہ مین خشک سفید معتدل گرمی اور سردی مین اور پہلے
درجہ مین خشک ہے مفرح و مقوی دماغ دافع صرع و وسواس و خفقان
و طاعون و نزف الدم ہے ہر ایک زہر کا علاج ہے محافظ حرارت غریزی کا
رکھنا اسکے نگینہ کا انگوٹھی مین دافع گرنے بجلی کا ہے -

یاسمین - یہ ایک پھول ہے جسکو ہندی مین چنبیلی کہتے ہین خوشبو
سپید زرد کبود بستانی جنگلی پہاڑی ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک
مفرح دل کا کھولنے والا اسدد ون کا قوی کرنے والا دماغ کا دافع درد سر
بارد و ریاح دماغ مسہل بلغم و سودا ہے -

یاے با باے

یبروج - مردم گیاہ اسکا حال پہلے درج ہو چکا ہے یبروج الصنم بھی
اسکو کہتے ہین کہ جڑ اسکی زن و مرد آدمی کی شکل آپسمین لپٹی ہوئی ہوتی
ہے بتیا اسکے مشابہ پتے ازمرہ کے پھل سرخ رنگ بقدر زیتون کے بو مین
مشابہ بوبیعہ سائلہ کے پھول سپید رنگ نبات اسکی بات کو چمکتی ہے طبیعت
اسکی سرد و خشک دوسرے درجہ مین پوست اسکی جڑ کا مقوی اور مجفف
و مخدر مغز جڑ کا ضعیف ہے خشک ذرہ ہر ایک عضو ماؤف جڑ کا موافق کے

اسی عضو کی دوا ہی اور ہر ایک عضو قسم نر کا عورتون کی اسی عضو کی دوا ہی پینا اسکا سنوم ہی اگر شراب مین ڈالین تو مستی زیادہ ہو اور اگر زعفران کے ساتھ پیین تو وجع مفاصل و عرق النسا و نقرس کا علاج ہی اور تعلیق اسکا دافع صرع ہی۔

باب یا تا

یتوع — یتوع سے مراد وہ درخت شیر دار ہین یعنی انسے دودھ نکلتا ہی اور وہ دودھ گرم اور تیز اور مسہل و محرق ہو اور انسے سات نبات ہین عشر شبرم لاعیہ عرطنیثا ماہودانہ مازریون بنطافلن ساہ اور یہ سب زہر قاتل ہین انکے بغیر اور یتوعات حادہ خارجیہ مانند آذان الفار و لبلاب و خرفہ جنگلی و قوسنجی وغیرہ جنکی تشریح کتب طبیہ مین ہی انکے علاوہ ایک اور یتوع ہی جسکو شمس یعنے آفتاب گرد کہتے ہین پھل اور پتے اسکے مشابہ خرفہ کے جنبر مشابہ جنبر سوئی کے عموما طبیعت ان یتوعون کی نہایت گرمی اور خشکی مین چوتھے درجہ تک اور یتوع متوسط کی طبیعت گرم خشک تیسرے درجہ تک مگر قوت سمیت سب مین ہوتی ہی دودھ انکا قاطع ناخنہ ہی جو آنکھ مین پڑجاتا ہی اور کرم خوردہ دانت کا علاج ہی۔

باب یا را

یربوع — فارسی مین موش دشتی اسکا نام ہی اس چوہے کے ہاتھ چھوٹے ہوتے ہین پانون اور دم بلند اور دراز ویرانون مین ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک کثیر الغذا ملین طبع فالج اور لقوہ اور رعشہ و درد مفاصل کا علاج ہی۔

باب یا قاف

یقطین — یہ بھی اسم جنس یتوع کی طرح ہی اور ہر ایک نبات کا نام جو زمین پر پھیل جائے جیسے کہ بیل کدو اور خربزہ اور تربوز اور عشق پیچہ وغیرہ مگر عوام یقطین سے کدو مراد لیتے ہین جسکا ذکر پہلے قرع مین لکھا گیا ہی۔

باب یا نون

ینبوت — یہ ایک نبات پرانی دیوارون اور باغون کے گوشون مین جمتی ہی خرنوب نبطی بھی اسکو کہتے ہین جسکا ذکر پہلے درج ہو چکا ہی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل دافع سیلان حیض و اسہال ہی۔

ینمہ — یہ ایک دوا ہی پتے اسکے مشابہ پتے کاسنی کے مگر چھوٹے اور رونگٹے دار ساق کا رنگ زرد بلند بقدر ایک بالشت کے پھول زرد ہی ضماد اسکے تازے پتون کا واسطے اندمال تازہ زخمون کے اور خشک پتون کا واسطے اندمال پرانے زخمون کے مفید ہی۔

باب یا واو

یوز — مشہور درندہ شکاری جانور ہی جسکو ہندی مین چیتا کہتے ہین یہ جانور مشابہ پلنگ کے ہی اسکو شکار کرنے کی تعلیم دیتے ہین اور رکا بیٹھتے ہین طبیعت اسکی گرمی اور خشکی مین پلنگ سے کم ہی اور سب خواص مین مانند پلنگ کے ہی۔

مثنوی در خاتمۂ کتاب ہذا

نسخۂ جامع لغات تمام
ہوگیا بالسلام والاکرام

کب تھا ممکن کہ سرور ناچیز
باوجود قصور عقل و تمیز

ایسی جامع کتاب لکھ لیتا
جسکا لکھنا کمال مشکل تھا

تھا مین اس کام مین فقط تنہا
اور بھروسا جناب باری کا

ضعف و پیری تھی ناتوانی تھی
اسپہ یہ سخت جانفشانی تھی

محنت اس کام مین بہتسی کی
سالہا سال کی عرق ریزی

نیند شب کو نہ دن کو تھا آرام
تھا یہی شغل اپنا صبح اور شام

گذرا دن لکھتے لکھتے شام ہوئی
رات تحریر مین تمام ہوئی

اس تردد سے اور محنت سے
ایسی محنت سے اور مشقت سے

شکر اللہ کہ یہ بڑا نسخہ
خاتمہ پر بفضل حق پہونچا

گرچہ یہ کام تھا بہت بھاری
تھی مگر غیب سے مددگاری

کیونکہ ہے ذات خالق اکبر
کس ہر بیکس و بے پر

اب خدا کی جناب مین سرور
مانگتا ہے دعا جھکا کر سر

کہ یہ نسخہ ہو جا بجا مشہور
ہو مری سعی خلق مین مشکور

خلق طالب ہو اور یہ مطلوب
لوگ راغب ہون اور یہ مرغوب

اسکو جو صاحب نظر دیکھے
اسکو حق دل کی روشنی بخشے

کرے جو حق سے التجا پائے
مانگے جو منہ سے مدعا پائے

باخبر علم اور ہنر سے ہو
بہرہ ور مال اور زر سے ہو

جسم خاکی ہے چونکہ انسان کا
ایک پتلا خطا و نسیان کا

کوئی خاکی نہین ہے عیب سے پاک
ہے مرکب بسہو و نسیان خاک

عیب دیکھے جو اسمین صاحب دید
عیب پوشی کرے بلطف مزید

عیب ڈھک لے مری خطا بخشے
وہ خطا از رہ عطا بخشے

کر سکے وہ اگر کرے اصلاح
کہ ہے اصلاح کار اہل فلاح

یا الٰہی طفیل پیغمبر
بہر آل و صحابۂ اطہر

کر مرے جتنے ہین گناہ معاف
بغض و کینہ سے کر دل صاف

نور ایمان سے سینہ روشن کر
نقش حق سے نگینہ روشن کر

خاتمۃ الطبع از محمد علی مصحح

شکر وسپاس بےقیاس اُس خالق انس وجان مالک کون ومکان کے واسطے ہی جسنے اپنی قدرت کاملہ وحکمت بالغہ سے انسان کی زبان کو
انواع کلام سے گویا فرمایا اور ہر کلام سکے افہام وتفہیم سکے واسطے علم حل لغات جسکو مفتاح کنز اسرار کہنا زیبا ہی عنایت کیا
جس سے ہر زبان کے مشکل الفاظ واصطلاحات کی ترتیب وتدوین مین صدہا کتابین مرتب ہوئین - اور درود نامحدود اُس سرور کائنات
برگزیدۂ مخلوقات پر جسنے اپنے چراغ ہدایت سے گم گشتگان وادی ضلالت کو راہ راست دکھلائی طالبان حق کو انوار فیض آلہی سے
خلعت علم معرفت پہنایا حقیقت اسرار باریتعالی کو واضح بیان فرمایا جمیع راغبان الی اللہ کو معدن عرفان آلہی بنایا جنکے فیض تعلیم سے
بڑے بڑے عالم کامل ہوسے جنھون نے ہر علم وفن مین اور خاصکر علم لغت مین بیشمار کتابین جمع فرمائین جنکی تالیفات بطور یادگار کے آجتک
تمام عالم مین مند احل طلبہ وعلما ہین جس سے قیامت تک انکا نام نامی اس عالم فانی مین باقی رہیگا گو فارسی وعربی کی بہت سی
کتابین لغت کی تالیف ہوئین جس سے ایک زمانہ فیضیاب ہو رہا ہی لیکن زبان اردو جو کئی زبانون فارسی وعربی وترکی وغیرہ سے ملی ہوئی
ایک پسندیدہ زبان ہی جسکو عطر مجموعہ کہنا زیبا ہی اس زبان مین ابتک کوئی کتاب لغت کی ایسی جامع ومانع مرتب نہین ہوئی تھی
جس مین مشکل الفاظ کی تسہیل اور محاورات واصطلاحات کی تحقیق ایکہی جگہ پر جمع ہوتی الحمد للہ کہ یہ کتاب نایاب نافع ہر شیخ وشاب
جامع جمیع لغات حاوی محاورات واصطلاحات المسمّے بہ **جامع اللغات** جو بہت بڑا ذخیرہ انواع لغات کا ہی جسمین عربی وفارسی
وترکی واردو کے لغات طرز تصریح کے ساتھ مندرج ہین اور اردو وفارسی کے روزمرہ ومحاورے جنکا علم ہر شخص کو ضروری ہی اور
ایک حصہ مین وہ لغت جو علم طب سے متعلق ہین یعنے ادویہ مع انکے مزاج وخواص وطریقہ استعمال کے مفصلاً ومشرحاً مذکور
ہین ہر باب وفصل کو برعایت حروف تہجی لکھا ہی جسکو گنجینۂ لغات ومعدن محاورات واصطلاحات کہنا بجا ہی جسکو جامع کمالات صوری
ومعنوی جناب مفتی غلام سرور صاحب لاہوری مرحوم نے حسب ایماے مالک مطبع موصوف بہ اداے معاوضہ موزون بعرق ریزی
تمام کتب لغات معتبرہ متقدمین ومتاخرین سے اسم بامسمّے تصنیف وتدوین فرمایا یہ کثیر الحجم تصنیف واسطے استفادہ عام تعلیم علوم کے
مزین بطبع ہوئی یہ نایاب کتاب دو جلدون پر مشتمل ہی جلد اول حرف الف سے حرف زاے معجمہ تک کے لغات کو شامل ہی اور جلد دوم
سین مہملہ سے آخر یا تک ایک مجلد ہی المنۃ للہ کہ ہر دو جلد بار دوم مطبع نامی گرامی منشی نولکشور مقام لکھنؤ مین بعلوے ہمت آقاے نامدار
جناب بابو پراگ نرائن صاحب دام اقبالہ مالک مطبع موصوف بحسن اہتمام بابو منوہر لال صاحب بھارگو سپرنٹنڈنٹ - بماہ دسمبر
سنہ ۱۹۰۸ع مطابق ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۲۶ ہجری چھپکر شائع ہوئی - والحمد للہ علے اتمامہ -

اعلان - حق تالیف اس کتاب کا بحق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہے

نام کتاب	قیمت
اساس البلاغۃ منقول از مطبوعۂ مصر تصحیح مولوی سید عابد حسین جدید الطبع بشرح ذیل۔	
(۱) کاغذ سفید گندہ۔	سے پ
(۲) کاغذ گلابی۔	عہ ر پ
مجمع البحار۔ مصنفۂ محمد طاہر فتنی لغات احادیث دو مجلد کامل نہایت صحیح۔	۸ر پ
منتہی الارب۔ معنی الفاظ عربی بزبان فارسی ہندو جلد مطبوعۂ غیر۔	ہے پ
قاموس۔ از محدث فیروز آبادی بحر زخار لغات عرب معروف کامل دو مجلد کاغذ سفید گندہ واضح قلم۔	سے ا پ
ایضاً حسب مراتب بالا کاغذ حنائی۔	عہ پ
ایضاً متوسط قلم کاغذ سفید چکنا۔	۴ر پ
صراح مع فرہنگ قراح۔ معروف متداول منقول از مطبوعۂ کلکتہ دو مجلد کاغذ سفید چکنا۔	۸ر پ
ایضاً۔ کاغذ حنائی۔	۸ر
کتب لغت مختص بمفردات طبیہ اُردو	
مخزن المفردات معروف بہ جامع الادویہ لغت طب۔	۱۴ر پ
ترجمۂ مخزن الادویہ۔ تین کالم کامل دو جلد مین یکجائی مترجمہ حکیم محمد نور کریم۔	۸ر پ
ضروری المطلب۔ از حکیم مہتاب رائے صاحب۔	۹ پائی
مقالات احسانی۔ دواؤن کے نام وخواص ہندی مین۔	۴ر
تحقیقات نادرۂ طبی۔ معروف بہ مفردات ہندی از حکیم بشیر احمد گوپاموی۔	۵ر
بستان المفردات۔ مجموعۂ افعال وخواص ادویۂ مفردہ طب یونانی مؤلفہ حکیم محمد عبد الحکیم مطبوعۂ غیر۔	۸ر پ
کتب لغات مختص بمفردات طب فارسی	
مخزن الادویہ۔ بغیر تحفہ از حکیم محمد حسین علوی۔	سے پ
مجموعۂ الفاظ الادویہ۔ چار رسالہ مع علاج۔	عہ
فرہنگ نصیریہ۔ حل مخزن الادویہ از حکیم نصیر	۹ پائی
انیس المعالجین۔ از حکیم عین الملک شیرازی۔	۳ر
اختیارات بدیعی۔ از حکیم علی بن منصور معروف بحاجی زین	۸ر
مخزن الادویہ مع تحفۃ المومنین از حکیم محمد حسین علوی	

نام کتاب	قیمت
مطبوعۂ ۱۹۰۱ء۔	سے پ
کتب طب مختص بعلاج انسان اُردو	
تشریح الاسباب مع نقشۂ بروج فلکی از حکیم قاضی الٰہی بخش	۸ر
رسالہ زبدۃ المفردات۔ مع رسالہ نظم بارق از حکیم سید علی حسین صاحب۔	۲ر ۹
زبدۃ الحکمت۔ تینون فصلون کے خورد ونوش کا طریقہ حفظ صحت مؤلفہ حکیم مولوی محمد قمر علی۔	ا ر ۶
رسالہ تعریف النبض۔ مؤلفہ حکیم مرزا بشیر احمد۔	۲ر
شفاء الامراض۔ از حکیم محمد عبد الحکیم صاحب۔	عہ ر پ
ترکیب العلاج۔ مع ترمیم واضافہ نسخہ جات مؤلفہ حکیم امیر الدین خان جدید الطبع۔	۸ ا پ
رسالۂ دافع طاعون۔ مؤلفہ رائے نہرادی لال صاحب ہیڈ ماسٹر اودیپور۔	۲ر پ
مفید الاجسام مع فوائد عجیبہ۔ ہر مرض کے نسخے مؤلفہ سید فضل علی۔ ڈپٹی ڈاکٹر۔	۳ر ۳
طب جسمانی۔ مؤلفہ حکیم احسان علی۔	۳ر ۶
مجمع البحرین۔ از حکیم حیدر خان حاوی طب یونانی وڈاکٹری	سے پ
علاج الغربا۔ مترجمہ حکیم اصغر علی۔	۸ر
اُردو ترجمہ کلیات سدیدی فن اول۔ مترجمہ مولوی حکیم سید عابد حسین لکھنوی الخاطب بہ عالم فاضل۔	۱۲ر پ
اُردو ترجمہ مفردات سدیدی فن دوم۔ مترجمہ مولوی صاحب موصوف۔	۱۲ر پ
اُردو ترجمہ معالجات سدیدی فن سوم وچہارم۔ یکجائی مترجمہ مولوی صاحب موصوف۔	۵ر پ
ترجمہ طب اکبر۔ از حکیم محمد حسین نہایت سلیس مرغوب عام۔	۸ر پ
اکسیر القلوب ترجمہ مفرح القلوب از حکیم محمد نور کریم۔	۸ر
ترجمہ قرابادین شفائی۔ مترجمہ حکیم ہادی حسین خان مرادآبادی۔	۶ر
قرابادین ذکائی اُردو۔ مترجمہ حکیم ہادی حسین خان۔	۱۳ر
قانون عشرت۔ علاج ہر قسم تپ خصوصاً تپ دق از حکیم عشرت حسین۔	۲ر ۹
رسالۂ مزیل الاوہام۔ ہر مرض کے مجربات نسخے از حکیم	

نام کتاب	قیمت
مرزا محمد کاظم صاحب۔	۲ر
ترجمہ نادر غریب۔ مترجمۂ حکیم محمد ہادی حسین خان۔	۲ر
مخزن سلیمانی۔ ترجمۂ اکسیر عربی از حکیم محمد شمس الدین۔	عہ پ
ترجمۂ ہر دو جلد قرابادین کبیر۔ مشہور و معروف مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان مرادآبادی کاغذ سفید۔	لعہ پ
تریاق مسموم۔ علاج زہر مع اشکال اقسام سانپوں کے از حبیب الدین احمد	۲ر
ترجمہ قانون شیخ الرئیس حکیم ابو علی سینا عبد اللہ بن حسین جسکا ترجمہ اردو سلیس از جانب مطبع حکیم غلام حسنین صاحب کنتوری نے فرمایا کاغذ سفید کامل پانچ جلد وان ہین۔	لعہ پ
جلد اول۔ امور کلیہ طب۔	عہ پ
جلد دوم۔ ادویہ مفردہ۔	عہ پ
جلد سوم۔ امراض جزئیہ۔	لعہ پ
جلد چہارم۔ امراض عامہ۔	لعہ پ
جلد پنجم۔ قرابادین و مرکبات۔	عہ پ
ترجمۂ علاج الامراض۔ از علامہ حکیم شریف خان دہلوی مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان۔	عہ پ
دستور النجات عن مصائب الحمیات۔ اقسام تپ مع علاج بقاعدۂ یونانی و ڈاکٹری مصنفۂ حکیم اصغر حسین۔	۵ر
جواہر النفیس فی شرح ارجوزۂ شیخ الرئیس عربی با ترجمۂ اردو از حکیم محقق ابو عبد العزیز محمد ثبالوی مترجم و شارح کاغذ سفید ولایتی۔	عہ
مجربات اکبری۔ مترجمۂ حکیم واجد علی سوہانی۔	۵ر
طب نبوی۔ انتخاب علاج احادیث نبوی سے مولفہ حافظ اکرام الدین۔	۴ر
رموز الحکمت۔ علامات سے شناخت انجام نیک و بد مع تدابیر مولفہ حکیم رجب علی۔	۴ر
معالجات احسانی۔ دلائل تشخیص مع علاج مولفہ حکیم احسان علی کاغذ حنائی۔	۴ر
مرکبات احسانی۔ بطور قرابادین کے بترتیب حروف تہجی از حکیم احسان علی۔	۶ر
رسالۂ قارورہ۔ نہایت عمدہ رسالہ مولفہ حکیم غلام مہدی۔	۱ر
عجالۂ مسیحی۔ معالجۂ امراض وبائی و دستور العمل مولفہ حکیم سید محمد ولی	۸

نام کتاب	قیمت
تریاق ہیضہ۔ مصنفۂ حکیم سید علمدار حسین۔	۱ر
رسالہ معالجۂ تپ و لرزہ۔ از علمدار حسین صاحب۔	۲ر
کیمیاے عناصری۔ ترجمۂ قرابادین قادری مترجمۂ حکیم نور کریم	عہ
علاج برمحل ترجمۂ کتاب انگریزی فرسٹ ایڈ ٹو انجورڈ مصنفہ ڈاکٹر سمول آسبرن صاحب بہادر مترجمۂ منشی زوار حسین صاحب مترجم اودھ اخبار کاغذ سفید ولایتی چکنا۔	عہ پ
ایضاً۔ کاغذ رسمی۔	عہ پ
ترجمۂ ذخیرۂ خوارزم شاہی۔ کلیات و معالجات طب میں اعلیٰ درجہ کی کتاب مشہور عام ہے اسکا ترجمہ اردو کامل پورے دس حصہ میں منجانب مطبع حکیم ہادی حسین خان نے بہت سلیس اردو میں فرمایا۔	عسہ پ
امرت ساگر اردو مجربات علاج بیدک مترجمۂ پنڈت پیارے لال مرحوم۔	۴ر
مجموعۂ میزان الطب اردو مع پنج رسالہ نفیس دیگر مترجمۂ حکیم صادق علی۔	۸ر
اکسیر الامراض۔ مصنفۂ حکیم سید علمدار حسین۔	۸ر
مطلوب الطالبین۔ خطوط استعلاجی۔	۲ر
مجربات بشیر۔ علاج قوت باہ از حکیم بشیر احمد۔	۲ر
اردو ترجمہ دستور العلاج فن طب میں نہایت جامع و نافع کتاب ہے ابواب طب حفظ صحت امراض و علاج اسمیں مذکور ہیں۔	عہ ر
ترجمۂ قانونچہ اردو۔ مع رسالہ قبریہ حامل المتن اور فقرہ فقرہ کا علیحدہ ترجمہ گویا عربی قانونچہ پڑھانے والا استاد موجود ہے مترجمۂ حکیم غلام حسنین کنتوری منجانب مطبع اودھ اخبار۔	۵ر
بحر محیط۔ طب میں بے نظیر کتاب حاوی علم نظری و عملی مع جملہ اقسام کے جسکے سبب سے آدمی طبیب حاذق ہو سکتا ہے مولفۂ علامہ حکیم اصغر حسین فرخ آبادی کامل دو جلد ہیں بتفصیل ذیل۔	
(جلد اول) نظریات تا بیان زمانۂ مرض۔	۹ر پ
(جلد دوم) تا بیان پھوڑے پھنسی۔	۸ر پ
ترجمۂ کفایۂ منصوری مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان مرادآبادی	عہ
اردو ترجمہ نفیسی۔ مترجمۂ مولوی سید عابد حسین صاحب	للعہ پ